کرنسی کے سوال پر دونوں حکومتوں کے درمیان جو معاہدہ ہوا ہے اس کا ایک اہم جز یہ بھی ہے کہ ہندوستان ریزرو بنک کے اثاثات کے ان حصوں کو جو پاکستانی بنکوں اور خزانوں میں جمع شدہ ہندوستانی کرنسی نوٹوں اسٹاک سے زائد ہوں گے ادا نہیں کرے گا۔ اسٹاک ہندوستان کو واپس کئے جائیں گے بشرطیکہ پاکستان کے حصہ کی اثاثات کی پوری رقم پاکستان لے سکتا ہے۔ ۳۰ جون ۱۹۴۸ء کے بعد [illegible] ریزرو بنک کو اگر کوئی بھی پیش آئے پاکستان کا اس سے کوئی تعلق نہ ہو گا

سکوں کو اسٹرلنگ کی حمایت حاصل نہیں ہے پاکستان نے مختلف قیمتوں کے سکے اپنے ہاں رائج کر لئے ہیں جو کہ محض رائج کرنے کے امتحان کا پتہ دیتے ہیں اور بہت عرصہ تک پاکستان اس قابل نہ ہو گا کہ وہ اپنی ضروریات کے تناسب سے مختلف سکوں کی کافی مقدار رائج کر سکے لیکن پاکستان جوں جوں اپنے سکوں کو رواج دیتا رہے گا ہندوستانی سکے ریزرو بنک کو واپس کرتا رہے گا۔ معاہدہ کی رو سے پاکستان حسب سلسلہ ہندوستان کو واپس کرے گا اس کی اصل قیمت ادا نہیں کی جائے گی پاکستان صرف اس کی دھات کی قیمت پانے کا حقدار ہے یا درہے کہ سکے کی اصل قیمت پانے کا حقدار ہے یاد رہے کہ سکے کی اصل قیمت اور اس کی دھات کی قیمت کے درمیان جو تفاوت یا منافع ہوتا ہے وہ اس مرکزی خزانے کا ہوتا ہے جہاں سے سکہ جاری ہوا تھا ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے ۳۰ جون ۱۹۴۸ء تک پاکستانی علاقوں میں سکے جاری کرنے میں ریزرو بنک کو جو منافع ہو گا وہ پاکستان کے نام پر درج کر لیا جائے گا اور سکے واپس کرنے سے ان علاقوں میں جو خسارہ ریزرو بنک کو ہو گا وہ پاکستان کے منافع میں سے کاٹ لیا جائے گا۔ چونکہ [illegible]

سکے واپس کرنے میں پاکستان کو سکے کی قیمت نہیں ملے گی بلکہ دھات کی قیمت ہندوستان ادا کرے گا۔ اسی بنا پر یہ خیال ہے کہ پاکستان میں اسی وقت جو ہندوستانی سکے رائج ہیں سوائے چند کے پاکستان واپس نہیں کرے گا۔

بروده مسلم کانفرنس

بروده ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست بروده کی مسلم کانفرنس نے فیصلہ کیا ہے کہ کانفرنس کی تمام سیاسی سرگرمیوں کو ختم کر کے اس کو ایک مذہبی اور سماجی جماعت بنا دی جائے۔ کانفرنس میں مہاراجہ کو مبارکباد دی گئی کہ انہوں نے ریاست میں ذمہ دار حکومت قائم کر دی۔

مہاتما گاندھی

کی یادگار قائم کرنے کے لئے ان کے میموریل فنڈ میں چندہ دیجئے

شیخ عبد اللہ کی تقریر

(صفحہ تین سے آگے)

سے کہہ دیا کہ وہ ہم سے مطالبات منوانا چاہیں ہم سے یہ بات بھی غلط ہے کہ جب تک عبد اللہ موجود ہے اس وقت تک استصواب رائے غیر جانبدارانہ اور منصفانہ نہیں ہو سکتے۔ یہ کسی شخص کا معاملہ نہیں ہے۔ یہ تو ایک اصولی سوال ہے۔

[illegible]

مسٹر کھوڑو کیخلاف تحقیقات کیلئے

خاص عدالت کا قیام

کراچی ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ سندھ کے گورنر شیخ غلام حسین ہدایت اللہ نے کل ایک عدالت خصوصی کا سنگ بنیاد قانون نافذ کیا ہے۔ اس قانون کی رو سے سندھ کے سابق وزیر اعظم شیخ محمد ایوب کھوڑو کے خلاف کار منصبی کو ایمان داری سے انجام نہ دینے اور رشوت ستانی اور خویش نوازی کے جرم میں تحقیقات شروع ہو گی یہ عدالت جو ہندوستان اور پاکستان میں اپنی قسم کی پہلی عدالت ہے کا ممبران مشرقی بنگال یا مغربی پنجاب کی ہائی کورٹ کا چیف جسٹس ہو گا۔ یہ امید کی جا رہی ہے کہ یہ عدالت اپنی کارروائی جون کے پہلے ہفتہ میں کر دی جائے گی اس عدالت کے اختیارات عام عدالتوں کی طرح ہوں گے لیکن اس کو یہ حق بھی دیا گیا ہے کہ اگر کسی دن مسٹر کھوڑو یا ان کا قانونی صلاح کار اجلاس میں شریک نہ ہو تو کارروائی جاری رکھے گی تحقیقاتی عدالت اپنی رپورٹ گورنر کو پیش کرے گی جس کا فیصلہ آخری قطعی تصور ہو گا۔ یہ بھی فیصلہ ہوا ہے کہ اگر مسٹر کھوڑو پر عائد کردہ الزامات صحیح ثابت ہوئے تو ان پر کسی باقاعدہ عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا۔

فلسطین میں طاقوں تہذیب کا آخری دن

(صفحہ اول کا بقیہ)

عرب لیگ کے جنرل سکریٹری عزام پاشا نے بتایا کہ عرب لیگ دمشق میں ایک نوٹ تیار کر رہی ہے جو فلسطین میں عرب نوجوانوں کی مدافعت کے حساب سے اتحادی اقوام کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ [illegible]

ایک کانسٹبل کی دیوانگی

پانچ کانسٹبلوں کو ہلاک کر دیا

کانپور ۱۳ مئی۔ کانپور کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ایک کانسٹبل نے یکایک رائفل اٹھا کر پانچ کانسٹبلوں پر گولی چلا دی جس سے تین تو اسی وقت ہلاک ہو گئے۔ اور دو اسپتال میں چل بسے۔ ملزم کا نام مختار دہر ہے۔ اس نے خاموشی سے اپنے آپ کو گرفتار کر دیا۔ کہا جاتا ہے کہ مقتول اسے پریشان کیا کرتے تھے۔

روس کے علاوہ یوگوسلاویہ سعودی عرب میں پاکستانی سفیر مقرر ہونگے

اسٹرلنگ بندیوں میں کمی برداشت نہ کی جائیگی پارلیمنٹ کی کارروائی

کراچی ۱۳ مئی۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خان نے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ کی طرف سے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے اعلان کیا کہ حکومت بہت جلد روس، یوگوسلاویہ اور سعودی عرب میں اپنے سفارت خانے قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

[illegible]

کمیونسٹوں پر پابندی عائد کرنے پر صدر ٹرومین کا اعتراض

واشنگٹن ۱۳ مئی۔ کانگریس کے سامنے ایک بل بغرض منظوری پیش ہے۔ اس کے قانون بننے سے امریکہ میں کمیونزم پر سخت پابندیاں عائد ہو جائیں گی۔ صدر ٹرومین نے کل اس بل کے خلاف اپنی رائے کا اظہار کیا۔ اگر امریکی سرکار کو ختم کرنے کے لئے کوئی گروہ یا پارٹی امریکہ میں موجود ہے تو اس سے قانون کی رو سے نپٹا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں ۰۰ غیر ملکی ہواباز

کراچی ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ۰۰ جہاز راں ماہر انجینئر پاکستان حکومت سے تین سال کے معاہدہ پر پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ ان کو پاکستان ہوائی محکمہ میں مقرر کر دیا جائے گا۔ وہ پاکستانی ہوائی فوج کو تربیت دینے کا کام انجام دیں گے۔

پیغام مبارکباد

دہلی ۱۳ مئی۔ جموں اور کشمیر نوجوان کانفرنس نے شیخ عبد اللہ کو کشمیر کی آزادی کے موقعہ پر پیغام مبارکباد ارسال کیا۔

کانگریسی لیڈر کو پاکستان کا انعام

پشاور ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ سابق کانگریسی لیڈر مسٹر چرچند کھنہ کو پاکستان کے لئے حسن خدمات کے صلہ کے طور پر جاگیر تسلیم نہیں کیا ہے بلکہ وہ پاکستانی باشندے کی حیثیت سے دہلی میں رہ کر اپنے مکانات کا کرایہ وغیرہ وصول کر سکتے ہیں۔

اگر روس کو جنگی سامان بھیجا گیا تو امریکہ مالی امداد نہیں دیگا

روس کے حامی ملکوں کو امریکہ کی ایک اور دھمکی

مارشل امداد کمیٹی کے منتظم کا اعلان

واشنگٹن ۱۳ مئی۔ مارشل امداد کے منتظم مسٹر پال ہوف مین نے ایک بیان میں کہا کہ اگر کسی یورپین ملک نے روس کو جنگی سامان مہیا کیا تو امریکہ اس ملک کو کوئی امداد نہیں دیگا۔ [illegible]

اسلامی حکومت اور علمائے پاکستان

کراچی میں ایک اہم کانفرنس

کراچی ۱۳ مئی۔ کراچی کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] علماء اور مولویوں کی ایک کانفرنس کراچی میں ہونے والی ہے جس میں اسلامی حکومت کی تشریح کے لئے ایک منشور تیار کیا جائے گا۔ اس کانفرنس میں مشہور ماہر اقتصادیات اور قانون دان بھی شریک ہوں گے۔ منشور کو سلطان ممالک کے نمائندوں کے لیڈروں کے پاس رائے حاصل کرنے کے لئے بھیجا جائے گا۔

پاکستان میں ایک نئی پارٹی کا قیام

کانگریس کی سیاسی حیثیت ختم

کراچی ۱۳ مئی۔ کراچی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ پاکستان پارلیمنٹ کی کانگریس پارٹی کے ممبروں نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۵ جون سے ایک آزاد جماعت بنائی جائے جس کا مقصد فرقہ وارانہ اتحاد اور مزدوروں اور کسانوں کا رعاج قائم کرنا ہو گا۔ ۱۵ جون کو کانگریس سیاسی پارٹی کی حیثیت سے پاکستان میں ختم ہو جائے گی۔

کوریا کمیشن کے ممبروں پر حملہ کا خطرہ

حفاظت کیلئے زبردست فوجی پہرہ مقرر کر دیا گیا

سیول ۱۳ مئی۔ سیول کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ وہاں کے دو ہوٹلوں پر کل سے سخت پہرہ لگا دیا گیا ہے۔ ان ہوٹلوں میں کوریا کمیشن کے ممبران ٹھہرے ہوئے ہیں۔ ملاقات کرنے والوں کی تلاشی لی جاتی ہے اور ہوٹلوں کے گرد [illegible] کمیشن کے حکم کی تعمیل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

جہاز کلکتہ کے لئے روانہ ہو رہے ہیں۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

نرم کمیں اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہمیشہ ہول سیل و ریٹیل نرخ پر کفایت ملتا ہے۔

جانسن اوپٹیکل کمپنی

حوالی حسام الدین حیدر، چاندنی چوک۔ دہلی

ڈاکٹر کاٹجو کی کٹک کو واپسی

نئی دہلی ۱۳ مئی۔ اب یہ یقینی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اڑیسہ کے گورنر ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو مسٹر اجگوپال آچاریہ کے بجائے مغربی بنگال کے گورنر ہو جائیں گے۔ یاد رہے کہ مسٹر راجگوپال آچاریہ جون کے تیسرے ہفتہ میں ہندوستان کے گورنر جنرل بن جائیں گے۔ [illegible] آج ہوائی جہاز کے ذریعہ

وزیر اعظم پاکستان کا بیان

(صفحہ اول کا بقیہ)

[illegible] انہوں نے ممبروں سے اپیل بھی کی کہ وہ معززین اور صاحب لوگوں کو اس تحریک میں شریک ہونے پر مائل کریں۔ اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں فوجی تربیت کے متعلق وزیر اعظم نے کہا کہ گذشتہ نومبر میں تعلیمی کانفرنس میں اس تجویز کو منظور کیا جا چکا ہے اور صوبائی حکومتوں سے مشورہ طلب کیا گیا ہے جن کے جواب کا انتظار ہے مرکزی حکومت اس تجویز سے پورا اتفاق رکھتی ہے اور اب صوبائی حکومتوں کے فیصلہ کی منتظر ہے۔

وزیر اعظم نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان اپنے پڑوسیوں کے ساتھ امن سے رہنا چاہتی ہے اور کسی کے خلاف کوئی جارحانہ ارادہ نہیں رکھتی لیکن پاکستان اپنے اقتدار اور آزادی کے قائم رکھنے کے لئے اپنے تمام ذرائع استعمال کرے گا۔ دوران بحث میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ مشرقی بنگال کی حفاظت کی جائے، اور اس کو ذرائع مہیا کئے جائیں۔ اس مطالبہ کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ فوج پاکستان کے استحکام کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے۔ مشرقی بنگال کے لوگوں پر کسی قسم کی پابندی نہیں ہے وہ جس قدر تعداد میں چاہیں ملازمتوں میں داخل ہو سکتے ہیں۔

فرانس میں شاہزادی الزبتھ کی حفاظت

ریلوے لائن کے دونوں طرف پولیس کا پہرہ

پیرس ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ شہزادی الزبتھ اپنے شوہر ڈیوک آف ایڈنبرگ کے ہمراہ پیرس جانے والی ہیں جس ٹرین سے آپ پیرس پہنچ رہی ہیں اس کے گذرنے کے وقت ریلوے لائن کے دونوں طرف ہر کلومیٹر پر پولیس انسپکٹر مقرر کر دیئے جائیں گے۔ حکام شہزادی کی حفاظت کے لئے ضروری اور مناسب اقدام کر رہے ہیں۔

مغربی پنجاب کی کابینہ میں تبدیلی

لاہور ۱۳ مئی۔ سر فرانسس موڈی گورنر مغربی پنجاب کے آج رات لاہور واپس آ جانے پر مغربی پنجاب کی وزارت میں تبدیلی کی امید کی جا رہی ہے۔ گورنر جنرل ہاؤس سے پرسوں رات ایک اعلان جاری کیا گیا ہے کہ قائد اعظم جناح نے مغربی پنجاب کے گورنر کو مغربی پنجاب کی وزارت کا نئے سرے سے تشکیل کرنے کا پورا پورا اختیار دیدیا ہے۔

ایک کمیونسٹ لیڈر کا بمبئی کے اسپتال میں انتقال

انتقال سے صرف ایک دن پہلے رہا کئے گئے تھے

بمبئی ۱۶ مئی۔ ہندوستانی کمیونسٹ پارٹی کے مرکزی دفتر سے بمبئی سے آج کمیونسٹ لیڈر مسٹر ڈی۔ پی کلکرنی کی احمد نگر کے اسپتال میں ۱۴ مئی کو وفات کی اطلاع دی ہے۔

ابھی کچھ روز پہلے ہاپور کے کانگریسی راج میں مشہور کمیونسٹ لیڈر کامریڈ بھاردواج بیماری کی حالت میں گرفتار ہوئے اور جیل ہی میں شہید ہو گئے تھے۔ ان کے بعد مدراس میں ایک اور کمیونسٹ رہنما کو جیل میں زہر دے کر ہلاک کیا گیا تھا۔ مسٹر کلکرنی نے جو آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے سابق نائب صدر تھے تمام ہندوستان میں کمیونسٹ پارٹی کے لیڈروں کی عام گرفتاری کے موقعہ پر گرفتار ہو گئے تھے۔

کمیونسٹ پارٹی کے بیان میں کہا گیا ہے کہ مسٹر کلکرنی پر ۴ مئی کو جب کہ احمد نگر جیل میں نظر بند تھے۔ لقوہ کا سخت حملہ ہوا۔ اس کے بعد انہیں احمد نگر کے گورنمنٹ اسپتال میں منتقل کرایا گیا۔ ۸ مئی کو ان پر پھر شدید حملہ ہوا اور انہیں ۱۳ مئی کو رہا کر دیا گیا۔ ۱۴ مئی کو اسپتال میں ان کا انتقال ہو گیا۔

کشمیر کے وزیر صرف ایکہزار روپیہ ماہوار تنخواہ لینگے

مہاراجہ کو بھی چار لاکھ کے بجائے صرف ۳۳۳۳ روپے ماہوار ملینگے

سری نگر ۱۶ مئی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت کشمیر نے مہاراجہ کے نجی اخراجات کے لئے چار لاکھ روپیہ سالانہ کی بجائے صرف چالیس ہزار روپیہ سالانہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ کشمیر کی دن بدن کم ہوتی ہوئی آمدنی اور موجودہ مالی مشکلات کی وجہ سے شیخ عبداللہ نے تنخواہ کی کمی کی اپیل کی ہے، اس سلسلہ میں مہاراجہ سے بھی اپنے نجی اخراجات کی رقم کم کرانے کی درخواست کی گئی ہے اور انہوں نے چالیس ہزار روپے لینا منظور کر لئے ہیں، بعد میں حالات بہتر ہونے پر اس رقم میں اضافہ کر دیا جائیگا۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیروں نے بھی اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ وہ صرف ایک ہزار روپے ماہوار تنخواہیں وصول کریں گے۔ سکریٹریوں کی تنخواہ چھ سو تک ہوگی۔ بیکار لوگوں کو امداد دینے سے بھی ریاست کے خزانہ پر بہت بار پڑ رہا ہے۔ دس ماہ پہلے اندازہ لگایا گیا تھا کہ ریاست کی آمدنی ۶ کروڑ سالانہ ہوگی اور اب اس بات کا اندازہ ہوا ہے کہ سالانہ آمدنی ڈھائی کروڑ سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت کشمیر حکومت ہند سے نقد روپیہ قرض لے گی، اور یہ بھی درخواست کرے گی کہ جس طرح اب اس کو مختلف اجناس کی امداد جس طرح اس وقت مل رہی ہے آئندہ بھی دی جائے۔

دکن نیوز سروس کا افترا پردازانہ بیان

مولانا طاہر احمد القاسمی کی تردید

دیوبند ۱۸ مئی۔ (بذریعہ ڈاک) مولانا طاہر احمد القاسمی مطلع فرماتے ہیں کہ رہبر دکن مورخہ ... عرفان صاحب کے حوالہ سے دکن نیوز سروس کا ایک بیان شائع کرایا ہے۔ اس سروس نے یہ بیان میرے نام سے منسوب کیا ہے۔ اس بیان میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ حیدرآباد کے خلاف پنڈت نہرو، مولانا آزاد و شیخ الہند وغیرہ نے ایک سازش کی تھی جس میں بعض دوسرے قوم پرست مسلمان بھی شریک تھے۔ اس بیان میں بتایا گیا ہے کہ اس سازش کا مقصد حیدرآباد اور ہند کے مسلمانوں کو ایک دوسرے سے متنفر کرنا تھا۔ مولانا موصوف نے اس بیان کی تردید کرتے ہوئے بتایا کہ یہ بیان سراسر مفتریانہ اور بالکل بے بنیاد ہے بلکہ ایک ایذا رساں فرضی اتہام ہے۔ اس خبر میں کوئی اصلیت نہیں۔ مولانا نے کہا کہ وہ عرصہ سے سیاست سے کنارہ کش ہیں اور یہ بیان کسی شرارت پسند شخص نے ان کی طرف سے منسوب کرا کر شائع کرایا ہے۔ آپ نے اس بیان سے اپنی بیزاری کا اظہار کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ آج تک مولانا آزاد سے یا کسی اور سے اس قسم کے مسائل میں مخالفت یا موافقت کا پہلو لئے ہوئے آج تک آپ کی کوئی بات چیت ہی نہیں ہوئی۔ آخر میں آپ نے عرفان صاحب سے ناواقفیت کا بھی اظہار کیا۔

کشمیر پر اتحادی اقوام کا فیصلہ نہیں ٹھونسا جا سکتا

ریاست کے نظم و نسق میں تبدیلیوں کا مطالبہ احمقانہ ہے

پریس کانفرنس میں شیخ عبداللہ کا بیان

سری نگر ۱۳ مئی۔ اتحادی اقوام کا کمیشن ہماری مرضی کے بغیر کچھ نہیں کر سکتا۔ اتحادی اقوام سے اپنا ... [illegible]

... اور تمام واقعات کو بچشم خود دیکھے۔ کشمیر دس ہزار میل پر سے سر ظفر اللہ دنیا کو اس بات کا یقین دلاتے ہیں کہ کشمیر میں ایک شخص بھی شیخ عبداللہ کے ساتھ ... [illegible]

... یہ بڑی عجیب و غریب بات ہے کہ دنیا کے دوسرے ...

(باقی صفحہ ۷ پر)

چندر نگر کے فرانسیسی علاقہ میں سول نافرمانی کا آغاز

فارورڈ بلاک کے مشہور کارکن امین گھوش کی گرفتاری

چندر نگر ۱۶ مئی۔ چندر نگر فارورڈ بلاک کے صدر امین گھوش کو جنہیں فرانسیسی چندر نگر سے باہر نکال دیا گیا تھا ... [illegible]

ضلع جمعیۃ علما مظفرنگر کے اجلاس کا خاتمہ

مظفر نگر۔ بذریعہ ڈاک۔ مظفر نگر ضلع جمعیۃ علما کا کانفرنس کا اجلاس ختم ہو گیا۔ ... [illegible]

روسی سپاہی یہودیوں کی امداد پر

بین الاقوامی زراعتی کانفرنس

حیدرآباد کو وفد کی روانگی

نواب چھتاری قیادت نہیں کرینگے

ریاست حیدرآباد کو بیس ہزار ٹن غلہ

مسلم ملازمین کی شکایتوں کا تدارک

جمعیۃ علماء یوپی کا اہم اجلاس

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء یوپی کا جلسہ

تنظیمی سب کمیٹی کا تقرر

مذاق ذوق حضرات کیلئے دعوت عمل

تصحیح

فلسطین میں عربوں کی فوجوں کی کمان

برطانیہ اور ہند میں نیا ہوائی معاہدہ

ہندوستان و پاکستان میں ایک اور کانفرنس

دیرپا تجارتی معاہدہ کی بات چیت

پاکستان میں غیر ملکی ہوا باز

پنڈت جواہر لال نہرو شملہ گئے

فلسطین میں خوراک کی بہم رسانی

یہودیوں کی مشکلات

فلسطین میں عربوں کی کاروائی

... فلسطین کے مسئلہ کو پرامن طریقہ سے حل نہیں کیا جا سکے گا۔ اسلئے عربوں کے سامنے صرف یہی راستہ ہے کہ وہ فوراً فلسطین پر حملہ کر دیں۔

ماہنامہ جمیل دہلی

دہلی میں اردو و ادب کے موقر رسائل و جرائد کی جو کمی ہو گئی ہے اسے پورا کرنے کے لئے جمیل دہلی کے اجرا کا اہتمام کیا گیا ہے جو ادب لطیف اور اتحاد جمیل کی گلکاریوں کا بہترین مرقع ہوگا۔ اس کی ادارت علامہ اخلاق دہلوی کے سپرد کی گئی ہے جو انجمن ترقی اردو (ہند)، دہلی کے موقر رسائل و جرائد کی ادارت و انتظام کی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جمیل کا پہلا صحیفہ استقبالیہ ہوگا جو ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کرے گا۔ توقع ہے کہ معزز اہل قلم موضوع سے متعلق اپنے نگارشات جمیل جلد ارسال فرما کر ممنون فرمائیں گے۔ مشتہرین حضرات سے توقع ہے کہ وہ ماہنامہ جمیل میں اشتہارات دیکر تجارتی فائدہ حاصل کرینگے۔

نیازمند:۔ شیخ عبد الحق پراچہ دہلوی

مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

بچو والو یہ یاد رکھو

بال جیون گھٹی

انتظم:۔ مینیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ یوپی

جے ہند

باپو کا کہنا تھا کہ دیش کی ترقی اور آزادی قائم رکھنے کے لئے ملک کی صنعت کو ترقی دینا ہے۔ آپ نے دلیش کے بنے ہوئے

ہولو گراؤنڈ ریزرس

۹ سال سے ہندوستان بھر میں مشہور ہیں عمدہ اسٹیل اور چلنے میں اچھے ثابت ہوئے ہیں

نوٹ:۔ ہماری کمپنی کا ٹریڈ مارک ۱۱۲ ہے ہر ریزر کی ڈنڈی پر M.F.D RAFIQ 112 MEERUT دیکھ کر خریدیے۔

سول ایجنٹ:۔
۱۱۲ ہتھوڑی مارکہ ۱۱۷ الیں کلوا اینڈ سنس میرٹھ
تاج مارکہ ۱۱۲ تاج اینڈ کو میرٹھ
عبد الکریم شمس الدین برما (رنگون)
ترشول مارکہ ۱۱۲ پرتاما سرن اینڈ کو میرٹھ
طیب علی اینڈ کو بمبئی

ہمارا پتہ:۔ رفیق ریزرس فیکٹری ۱۱۲ کوٹلہ محلہ میرٹھ شہر

پانچ صد روپیہ مفت انعام

عمل محبت کے شائقین ہمارا اصلی جادو تعویذ منگائیں۔ اس کے پاس رکھکر اپنے دل میں جس کسی کا نام لیں خواہ وہ کیسا ہی پتھر دل مغرور سخت کلام کیوں نہ ہو، جہاں کہیں بھی ہوگا آپ سے ملنے کے لئے تڑپنے لگے گا اور جب آپ اس کے سامنے جائیں گے وہ آپ سے محبت کا اظہار کرے گا۔ نیز گمشدہ کی تلاش کرنا۔ کسی کے دل کا بھید معلوم کرنا غرضیکہ آپ کے ہر سوال کا جواب آپ کو مل جائے گا۔ اور اگر آپ کے دل میں کوئی خواہش ہے جو باوجود کئی ہزار کوشش کے پوری نہیں ہوئی تو وہ بھی ہمارے اصلی جادو تعویذ کے پاس رکھنے سے گنتی کے دنوں میں پوری ہو جائے گی۔ معاوضہ فی تعویذ دو روپیہ۔ تین تعویذ کی قیمت پانچ روپے۔ محصول ڈاک علاوہ۔ ہمارے تعویذ سے اچھا کوئی اور تعویذ ثابت کرنے والے کو پانچ صد روپیہ نقد انعام دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:۔ موہنی بھنڈار رجسٹرڈ (A-P) دہلی

ریزرو بنک کے اثاثات کی قطعی تقسیم ۳۰ جون ۱۹۴۹ء تک ہوگی

پاکستان میں مستعمل ہندوستانی نوٹ پر لفظ پاکستان کا اضافہ

سکہ واپس لیتے وقت ہندوستان اصل قیمت کے بجائے دھات کی قیمت ادا کریگا

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ حالانکہ ریزرو بنک آف انڈیا پاکستان کے اندر یکم جولائی ۱۹۴۸ء سے کام کرنا بند کر دے گا۔ لیکن اس کے اثاثات اور واجبات کی قطعی تقسیم دونوں حکومتوں کے درمیان ۳۰ جون ۱۹۴۹ء تک ہو سکے گی حال ہی میں نئی دہلی اور بمبئی میں پاکستان اور ہندوستان کے نمائندوں کے درمیان کرنسی کے معاملہ پر جو گفتگو ہوئی ہیں اور جن کے نتیجہ پر دونوں حکومتوں کے مابین ایک معاہدہ بھی ہو گیا ہے اُن کے مطابق ۳۰ جون ۱۹۴۸ء کے بعد ہندوستان پاکستان سے ریزرو بنک کے جاری کردہ کرنسی نوٹ واپس نہیں لے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ کراچی اور نئی دہلی کے معاہدات کی رو سے اس کے کم از کم ایک سال بعد تک جب تک پاکستان نے اپنے سکے رائج کئے ہیں ہندوستانی ہم قیمت سکے بند نہیں ہوں گے۔

ریزرو بنک کے پاس کرنسی نوٹوں کی قیمت کے برابر کا جو زر خالص ہے اس کے اثاثات دونوں حکومتوں کے مابین ان طریقوں پر تقسیم کئے جائیں گے جو معاہدہ کے اندر درج ہیں پاکستان صرف اس حصہ پانے کا حقدار ہوگا جس کے اندر حسب ذیل مد اقسام شامل ہیں (۱) ریزرو بنک کے جاری کردہ بے رائج نوٹ جن پر ۳۰ جون ۱۹۴۸ء تک لفظ ہندوستان کے بجائے پاکستان نہ بنا دیا گیا ہو (۲) ہندوستانی نوٹ جو پاکستان میں ۳۰ جون ۱۹۴۸ء تک رائج رہیں گے۔

ریزرو بنک نے تقریباً ایک ارب پچاس کروڑ روپیہ کی قیمت کے نوٹوں پر لفظ پاکستان لکھنے کا بندوبست کر لیا ہے اور وہ ۳۰ جون ۱۹۴۸ء تک پاکستان میں رائج رہیں گے۔

کرنسی کے سوال پر دونوں حکومتوں کے مابین جو معاہدہ ہوا ہے اس کا ایک اہم جزو یہ بھی ہے کہ ہندوستان ریزرو بنک کے اثاثات کے ...

... پاکستان کو اسٹرلنگ کی حمایت حاصل نہیں ہے پاکستان نے مختلف قسموں کے سکے اپنے ہاں رائج کر لئے ہیں جو کہ محض رائج کرنے کے امتحان کا نتیجہ ہیں اور بہت عرصہ تک پاکستان اس قابل نہ ہوگا کہ وہ اپنی ضروریات کے تناسب سے مختلف سکوں کی کافی مقدار رائج کر سکے لیکن پاکستان جوں جوں اپنے سکوں کو رواج دیتا رہے گا ہندوستانی سکے ریزرو بنک کو واپس کرتا رہے گا۔ معاہدہ کی رو سے پاکستان جو سکے ... ہندوستان کو واپس کرے گا اس کی اصل قیمت ادا نہیں کی جائے گی ... یہ یاد رہے کہ سکے کی اصل قیمت اور اس کی دھات کی قیمت کے درمیان جو تفاوت ہے اس کا منافع ہونا ہے وہ اس مرکزی خزانے کا ہوتا ہے جہاں سے سکہ جاری ہوا تھا ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے ۳۰ جون ۱۹۴۸ء تک پاکستانی علاقوں میں سکے جاری کرنے میں ریزرو بنک کو جو منافع ہوگا وہ پاکستان کے نام پر درج کر لیا جائے گا اور سکے واپس کرنے سے ان علاقوں پر جو خسارہ ریزرو بنک کو ہوگا وہ پاکستان کے نام میں سے کاٹ لیا جائے گا۔ چونکہ ...

سکے واپس کرنے میں پاکستان کو سکے کی قیمت نہیں ملے گی بلکہ دھات کی قیمت ہندوستان ادا کرے گا۔

اس بنا پر یہ خیال ہے کہ پاکستان میں ... جو ہندوستانی سکے ہیں ان میں سے چند کے پاکستان واپس ... کرے گا۔

شیخ عبداللہ کی تقریر

(بسلسلہ صفحہ اول سے آگے)

... یہ بات چیت ٹھیک نہیں ... اس وقت تک ... نہیں ہو سکتے ... کسی شخص کا معاملہ نہیں ہے ... سوال ہے۔

مسٹر کھوڑو کیخلاف تحقیقات کیلئے

خاص عدالت کا قیام

کراچی ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ سندھ کے گورنر شیخ غلام حسین ہدایت اللہ نے کل ایک عدالت خصوصی کے قیام کا قانون نافذ کیا ہے۔ جس قانون کی رو سے سندھ کے سابق وزیر اعظم شیخ محمد ایوب کھوڑو کے خلاف کار منصبی کی انجام دہی ... اور خویش نوازی کے جرم میں تحقیقات شروع ہوگی۔ یہ عدالت جو ہندوستان اور پاکستان میں اپنی قسم کی پہلی عدالت ہے ... مشرقی بنگال یا مغربی پنجاب کی ہائی کورٹ کا چیف جسٹس ہوگا۔ یہ امید کی جا رہی ہے کہ یہ عدالت اپنی کارروائی جون کے پہلے ہفتہ میں شروع کر دی جائے گی ... اس عدالت کے اختیارات عام عدالتوں کی طرح ہوں گے۔ لیکن اس کو یہ حق بھی دیا گیا ہے کہ اگر کسی دن مسٹر کھوڑو یا ان کا قانونی مشیر اجلاس میں شریک نہ ہو تو کارروائی جاری رکھے گی تحقیقاتی عدالت اپنی رپورٹ گورنر کو پیش کرے گی جس کا فیصلہ آخری قطعی تصور ہوگا۔ یہ بھی فیصلہ ہوا ہے کہ اگر مسٹر کھوڑو پر عائد کردہ الزامات صحیح ثابت ہوئے تو ان پر کسی باقاعدہ عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا۔

فلسطین میں طانوی انتداب کا آخری دن

(بسلسلہ صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

عرب لیگ کے جنرل سکریٹری عزام پاشا نے بتایا کہ عرب لیگ دمشق میں ایک نوٹ تیار کر رہی ہے جو فلسطین میں عرب فوجوں کی مداخلت کے جواز میں اتحادی اقوام کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ امریکہ کی یہ تجویز کہ بڑی طاقتیں فلسطین کے لئے ایک ہائی کمشنر مقرر کریں آج اتحادی اقوام کے سامنے پیش کر دی گئی ہے ... واشنگٹن میں ٹرومین نے اس بات پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا کہ امریکہ یہودیوں کی ریاست ...

بغداد اور دمشق سے آنے والی اطلاعات میں عربوں کی ... کی خبر دی ہے۔ بغداد کے امیر عبداللہ ... عراق کے وزیر دفاع ارشد عمری عراقی افواج کے چیف آف اسٹاف کے ہمراہ اس وقت دمشق میں موجود ہیں۔ شام میں فلسطین کے مسئلہ پر کامل اتحاد ... غرض سے ... کے اندر اندر وزارت کی تشکیل ہونے والی ہے۔

... کم کردی گئی ہے۔ صرف ان لوگوں کو آنے دیا جا رہا ہے جن کے پاس ... اجازت نامہ ہیں۔

... اعلان میں ... سے زائد آدمی مارے گئے ... اعلان میں بتایا گیا ہے ... ۲۵۰ رائفلیں اور ... ہاتھ آئے۔

وزیر اعظم پاکستان کا بیان

(بسلسلہ صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

میں زیادہ دلچسپی نہیں لے رہے۔ انہوں نے ممبروں سے اپیل بھی کی کہ وہ موزوں اور مناسب لوگوں کو اس تحریک میں شریک ہونے پر مائل کریں۔ اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں فوجی تربیت کے متعلق وزیر اعظم نے کہا کہ گذشتہ نومبر میں تعلیمی کانفرنس میں اس تجویز کو منظور کیا جا چکا ہے اور صوبائی حکومتوں سے مشورہ طلب کیا گیا ہے جن کے جواب کا انتظار ہے مرکزی حکومت اس تجویز سے پورا اتفاق رکھتی ہے اور اب صوبائی حکومتوں کے فیصلہ کی منتظر ہے۔

وزیر اعظم نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان اپنے پڑوسیوں کے ساتھ امن سے رہنا چاہتی ہے اور کسی کے خلاف کوئی جارحانہ ارادہ نہیں رکھتی لیکن پاکستان اپنے اقتدار اور آزادی کے قائم رکھنے کے لئے اپنے تمام ذرائع استعمال کرے گا۔ دوران بحث میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ مشرقی بنگال کی حفاظت کی جائے اور اس کو دفاع میں لے جائیں۔ اس مطالبہ کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ فوج پاکستان کے استحکام کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے۔ مشرقی بنگال کے لوگوں پر کسی قسم کی پابندی نہیں ہے وہ جس قدر چاہیں فوج ... ملازمتوں میں داخل ہو سکتے ہیں۔

فرانس میں شہزادی الزبتھ کی حفاظت

ریلوے لائن کے دونوں طرف پولیس کا پہرہ

پیرس ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ شہزادی الزبتھ اپنے شوہر ڈیوک آف ایڈنبرگ کے ہمراہ پیرس جانے والی ہیں جب ٹرین سے آپ پیرس پہنچ رہی ہیں اس کے گذرنے کے وقت ریلوے لائن کے دونوں طرف ہر کلومیٹر پر پولیس انسپکٹر مقرر کر دیئے جائیں گے۔ حکام شہزادی کی حفاظت کے لئے ضروری اور مناسب اقدام کر رہے ہیں۔

مغربی پنجاب کی کابینہ میں تبدیلی

لاہور ۱۴ مئی۔ سر فرانسس موڈی گورنر مغربی پنجاب کے آج رات لاہور واپس آ جانے پر مغربی پنجاب کی وزارت میں تبدیلی کی امید کی جا رہی ہے۔ گورنر جنرل ہاؤس سے پرسوں رات ایک اعلان جاری کیا گیا ہے کہ قائد اعظم جناح نے مغربی پنجاب کے گورنر کو مغربی پنجاب کی وزارت کا مسئلہ حل کرنے کا پورا پورا اختیار دیدیا ہے۔

ایک کانسٹبل کی دیوانگی

پانچ کانسٹبلوں کو ہلاک کر دیا

کانپور ۱۳ مئی۔ کانپور کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ایک کانسٹبل نے یکا یک رائفل اٹھا کر پانچ کانسٹبلوں پر گولی چلا دی جس سے پانچوں اسی وقت ہلاک ہو گئے۔ ... ہسپتال میں چل بسے۔ ملزم کا نام ... ہے۔ ... خاموشی سے اپنے آپ کو گرفتار کرا دیا۔ کہا جاتا ہے کہ مقتول اسے پریشان کیا کرتے تھے۔

بڑودہ مسلم کانفرنس

بڑودہ ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست بڑودہ کی مسلم کانفرنس نے فیصلہ کیا ہے کہ کانفرنس کی تمام سیاسی سرگرمیوں کو ختم کر کے اس کو ایک مذہبی اور سماجی جماعت بنا دیا جائے۔ کانفرنس نے مہاراجہ کو مبارکباد دی کہ انہوں نے ریاست میں ذمہ دار حکومت قائم کر دی۔

مہاتما گاندھی

کی یادگار قائم کرنے کے لئے

ان کے

میموریل فنڈ میں چندہ دیجئے

روس کے علاوہ یوگوسلاویہ اور سعودی عرب میں پاکستانی سفیر مقرر ہونگے

اسٹرلنگ ہنڈیوں میں کمی برداشت نہیں کی جائیگی پارلیمنٹ کی کارروائی

کراچی ۱۴ مئی۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ کی طرف سے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انکشاف کیا کہ حکومت بہت جلد روس، یوگوسلاویہ اور سعودی عرب میں اپنے سفارت خانے قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

... کے وزیر ... غضنفر علی خاں نے کہا کہ پاکستان کو حکومت ہند کی جانب سے ... آنے والے ... کی جانب ... ابھی ان کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

پاکستان کے وزیر مالیات ... نے کہا کہ حکومت پاکستان اسٹرلنگ ہنڈیوں میں کمی کرنے کی ہر تجویز کی مخالفت کرے گی ... انہوں نے کہا کہ اس سوال پر ہندوستان سے بھی ... ہے۔

وزیر مالیات نے بتایا کہ ... بات چیت کرنے کے لئے ان کا ... کمیشن بھی ... کے آخری ایام میں کراچی سے روانہ ہو جائے گا۔

انہوں نے ... سوال کے جواب میں کہا کہ پاکستان نے اسٹرلنگ ... میں کمی کرنے کی تجویز کی تائید نہیں کی ہے اور امید ظاہر کی کہ ہندوستان اور پاکستان ایک مشترکہ راہ ... اختیار کریں گے۔

کمیونسٹوں پر پابندی عائد کرنے پر

صدر ٹرومین کا اعتراض

واشنگٹن ۱۳ مئی۔ کانگریس کے سامنے ایک بل ... جس کے قانون بننے سے امریکہ میں کمیونزم پر سخت پابندیاں عائد ہو جائیں گی۔ صدر ٹرومین نے کل اس بل کے خلاف اپنی رائے کا اظہار کیا۔ اگر امریکی سرکار کا تختہ الٹنے کے لئے کوئی گروہ یا پارٹی امریکہ میں موجود ہے تو اس سے قانون کی رو سے نپٹا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں ... غیر ملکی ہواباز

کراچی ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ... ہواباز ماہر انجینئر ... تین سال کے معاہدہ پر پاکستان پہنچ گئے ہیں ... پاکستان ہوائی محکمہ میں ملازم ... وہ پاکستانی ہوائی فوج کو تربیت دینے کا کام انجام دیں گے۔

پیغام مبارکباد

دہلی ۱۳ مئی۔ جموں اینڈ کشمیر نوجوان کانفرنس نے شیخ عبداللہ کو کشمیر کی آزادی کے موقعہ پر پیغام مبارکباد ارسال کیا۔

کانگریسی لیڈر کو پاکستان کا انعام

پشاور ۱۳ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ سابق کانگریسی لیڈر مسٹر مہر چند کھنہ کو پاکستان کے لئے حسن خدمات کے صلہ کے طور پر ... تسلیم نہیں کیا ہے بلکہ وہ پاکستان کی ... باشندے کی حیثیت سے ... کرایہ وغیرہ وصول کر سکتے ہیں۔

اگر روس کو جنگی سامان بھیجا گیا تو امریکہ مالی امداد نہیں دیگا

روس کے حامی ملکوں کو امریکہ کی ایک اور دھمکی

مارشل امداد کمیٹی کے منتظم کا اعلان

واشنگٹن ۱۳ مئی۔ مارشل امداد کے منتظم مسٹر ہافمین نے ایک بیان میں کہا کہ اگر کسی یورپین ملک نے روس کو جنگی سامان مہیا کیا تو امریکہ اس ملک کو کوئی امداد نہیں دیگا۔ سینیٹ کمیٹی کے ایک اجلاس میں ان سے سوال کیا گیا کہ جن ملکوں کو ہم امداد دے رہے ہیں اگر انہوں نے اسی روپیہ سے سامان خرید کر روس کو فوجی سامان فراہم کرنے میں استعمال کیا تو اس کا کیا علاج ہوگا اس کا جواب دیتے ہوئے صاحب موصوف نے کہا کہ ... جن ملکوں کو امداد دے رہے ہیں لیکن ... مالک روس کو جنگی سامان ... انہیں اس سامان کو روک دینا چاہیے۔ ورنہ ہم امداد بند کر دینگے ... ہم اس کی نگرانی بھی کرینگے کہ ان ملکوں کا کیا ... جن کو ہم امداد دے رہے ہیں۔

اسلامی حکومت اور علمائے پاکستان

کراچی میں ایک اہم کانفرنس

کراچی ۱۳ مئی۔ کراچی کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ کراچی میں علماء اور مولویوں کی ایک کانفرنس کراچی میں ہونے والی ہے۔ جس میں اسلامی حکومت کی ... اور تشریح کے لئے ایک منشور تیار کیا جائے گا اس کانفرنس میں مشہور ماہر اقتصادیات اور قانون دان لوگ بھی شریک ہوں گے۔ منشور کو مسلمانوں کے ممتاز فرقوں کے لیڈروں کے پاس رائے حاصل کرنے کے لئے بھیجا جائے گا۔

پاکستان میں ایک نئی پارٹی کا قیام

کانگریس کی سیاسی حیثیت ختم

کراچی ۱۳ مئی۔ کراچی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ پاکستان پارلیمنٹ کی کانگریس پارٹی کے ممبروں نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۰ جون سے ایک آزاد جماعت بنائی جائے جس کا مقصد فرقہ وارانہ اتحاد اور مزدوروں اور کسانوں کا رفاہ قائم کرنا ہوگا۔ ۱۰ جون کو کانگریس سیاسی پارٹی کی حیثیت سے پاکستان میں ختم ہو جائے گی۔

کوریا کمیشن کے ممبروں پر حملہ کا خطرہ

حفاظت کیلئے زبردست فوجی پہرہ مقرر کردیا گیا

سیول ۱۳ مئی۔ سیول کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ وہاں کے دو ہوٹلوں پر کل سے سخت پہرہ لگا دیا گیا ہے۔ ان ہوٹلوں میں کوریا کمیشن کے ممبران ٹھہرے ہوئے ہیں۔ ملاقات کرنے والوں کی تلاشی لی جاتی ہے اور ہوٹلوں کے گرد و نواح میں امریکن پولیس بڑی تعداد میں مقرر کر دی گئی ہے۔ کمیشن کے چیرمین نے شامی نمائندے نے انتخابات کے متعلق ایک بیان دیا ہے۔ اس بیان پر سخت اظہار ناراضگی کیا جا رہا ہے۔ کوریا کی ... کے لیڈر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس بیان ... جنرل ... نے حکم دیا کہ کمیشن اپنی رپورٹ تیار کرنے سے ... معلوم ہوا ہے کہ کمیشن مذکور نے اس حکم کی تعمیل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

ڈاکٹر کاٹجو کی کٹک کو واپسی

نئی دہلی ۱۲ مئی۔ اب یہ یقینی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اڑیسہ کے گورنر ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو مسٹر جگجیون آچاریہ کی جگہ مغربی بنگال کے گورنر ہو جائیں گے۔ یاد رہے کہ مسٹر راج گوپال آچاریہ جون کے تیسرے ہفتہ میں ہندوستان کے گورنر جنرل بن جائیں گے۔ ڈاکٹر کاٹجو کو غالباً اسی سلسلہ میں نئی دہلی طلب کیا گیا تھا اور وہ آج بذریعہ جہاز کلکتہ کے لئے روانہ ہو رہے ہیں۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ... ہول سیل و ریٹیل نرخ پر کفایت ملتا ہے۔

جانزنا اوپٹیکل کمپنی

... حسام الدین ... جاندنی چوک۔ دہلی

دہلی السلطنت

۱۴ مئی ۱۹۴۸ء

بم برآمد ہوا سبزی منڈی میں ایک شخص کے ... کی تلاشی لینے پر ایک بم بھی برآمد ہوا ملازم مذکور ... اس کو گرفتار کر لیا گیا۔

ایک لاش ملی ایک ادھیڑ عمر کے شخص کی لاش ... فیروز شاہ کوٹلہ ... کے قریب ... پائی گئی۔ اس کی گردن پر زخم ہے۔ پولیس نے قتل کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ہڑتال ... پاکستان سے آئے ہوئے جو لوگ پٹڑیوں پر بیٹھ کر سامان فروخت کرتے ہیں انہوں نے دکانوں کے الاٹمنٹ کے سلسلہ میں بعض شکایتوں کی بنا پر ہڑتال کر دی۔ ... ان کی ہمدردی میں ہڑتال کی۔

نعوذ باللہ

ایک اور ابراہیم پیدا ہو گئے

کلکتہ ۱۳ مئی۔ ایک شخص ... نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ اسے خدا کی طرف سے یہ حکم ملا تھا کہ وہ اپنے لڑکے کی قربانی ادا کرے ... چار سالہ معصوم لڑکے کو ... ذبح کر دیا۔

... کے مقدمہ میں عمر قید کی سزا دی ہے ملزم نے اس سزا کے خلاف اپیل دائر کی ہے۔

روس کو سامان جنگ دینے والوں کی

امریکہ امداد بند کردے گا

واشنگٹن ۱۳ مئی۔ مسٹر پال ہافمین ... منتظم نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ امریکہ اس ملک کو کسی قسم کی امداد دینا فوراً بند کر دے گا جس نے روس کو سامان جنگ پہنچایا ... ہم کسی ملک کو امداد دے رہے ہیں ... اور ہمارے مفاد کو دھکا نہیں لگتا ...

جوناگڈھ اور سوراشٹر

راجکوٹ ۱۳ مئی۔ سوراشٹر کے وزیر اعظم نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ابھی تک حکومت ہند اس کا فیصلہ نہیں کر سکی ہے کہ ریاست جوناگڈھ اور ... کو سوراشٹر میں شامل کر دیا جائے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس مسئلہ پر غور و خوض ہو رہا ہے اور جلد کوئی فیصلہ کیا جانے والا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جوناگڈھ کے عوام کو انتظامی امور میں داخل کیا جائے گا۔

خان عبدالصمد خاں کی رہائی

نئی دہلی ۱۳ مئی۔ بلوچستان کی انجمن وطن کے صدر خان عبدالصمد خاں آج ... جیل میں رکھے جانے کے بعد رہا کر دیئے گئے۔ خان عبدالصمد خاں بلوچستان ... اسمبلی ... کے ماتحت ... گرفتار ... مسٹر ... بخش ... ممبر ہو سکتے ... علاوہ قلات ... پارٹی کے جنرل سکریٹری ... مولوی مرتضیٰ محمد صاحب اور ان کے ساتھی ... ریاست قلات کے پاکستان سے الحاق کے بعد پاکستان کے خلاف ... کرنے کے سلسلہ میں گرفتار کر لئے گئے تھے۔

ایک حملہ آور کا بہیمانہ فعل

عورتوں کے ناک کان کاٹ دیئے

بٹھنڈہ ۱۳ مئی۔ اطلاع ملی ہے کہ بٹھنڈہ سے شام کو ... بجے چلنے والی ٹرین میں ... کے قریب ... واردات ہوئی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ... اسٹیشن سے جب گاڑی چلی تو ایک ڈاکو ... گاڑی کے زنانہ ڈبہ میں سوار ہو گیا ... جس میں عورتیں سفر کر رہی تھیں ... عورتوں کے ناک کان ... کاٹ کر زیورات ... اتار ... جب گاڑی ... اسٹیشن پر رکی تو حملہ آور ... بھاگ گیا۔ ... پولیس اس حملہ آور کی گرفتاری کے لئے بہت ...

رجسٹرڈ ڈی ۵۰

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

محمد سلیمان صابر شیخ احمد ایم اے

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر 6841 — تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۶ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۷ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۶ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور فیورلیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی و جیب کی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی!
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب کیجئے

بیت المقدس میں عربوں اور یہودیوں میں خونریز جنگ ۔ امریکہ نے یہودی حکومت کو تسلیم کرلیا

عرب فوجوں کی کمانڈ شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ کریں گے

یکم اگست تک برطانوی فوجیں مکمل طور پر فلسطین خالی کردیں گی

فلسطین سے برطانوی فوجوں کا انخلا تیزی سے شروع ہوگیا

مصری فوجوں نے فلسطین میں چالیس میل آگے بڑھکر ایک گاؤں پر قبضہ کرلیا

قاہرہ ۔ ۱۶ مئی ۔ برطانوی انتداب کے خاتمہ کے فوراً بعد فلسطین پر عرب فوجوں نے تین طرف سے یلغار شروع کردی ہے ۔ مصری فوجیں چالیس میل اندر گھس گئی ہیں اور انہوں نے ایک گاؤں پر قبضہ کرلیا ہے ۔ دوسری فوجیں بھی شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ کی کمان میں آگے بڑھ رہی ہیں ۔

اگرچہ امریکہ نے یہودی حکومت کو جو دو ہزار سال کے بعد پہلی بار معرض وجود میں آئی ہے تسلیم کرلیا ہے لیکن عربوں کا عزم یہ ہے کہ وہ ارض مقدس میں اس یہودی اسٹیٹ کو قائم نہ رہنے دیں گے ۔ فلسطین عربوں کا ہے اور عربوں ہی کا رہے گا ۔

(باقی صفحہ ۴ کالم ۵ میں)

لال قلعہ دہلی میں ایک اور تاریخی مقدمہ کی سماعت

گاندھی جی کا مبینہ قاتل اور دوسرے آٹھ اشخاص پر فرد جرم

نئی دہلی ۱۵ مئی ۔ مہاتما گاندھی کے مبینہ قاتل گوڈسے اور آٹھ دیگر اشخاص کے خلاف ... اس مقدمہ کی سماعت لال قلعہ دہلی میں ہوگی ۔ ... گاندھی جی کے قتل کی سازش ... کے الزامات ... ان ملزموں کے نام یہ ہیں: (۱) ناتھو رام گوڈسے (۲) نرائن دتاتریہ آپٹے ... (۷) شنکر ... گوپال ونائک گوڈسے (۸) ...

عربوں اور برطانیہ کے مفاد ایک دوسرے سے وابستہ ہیں

برطانوی دارالعوام میں بعض اہم اعلانات

لندن ۔ ۱۴ مئی ۔ آج برطانوی دارالعوام میں وزیر دفاع مسٹر البرٹ الیگزینڈر نے ایوان کو یقین دلایا کہ برطانیہ کا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ وہ فلسطین میں فوجیں ... وزیر دفاع نے یہ اعلان بھی کیا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے آدمیوں کی حفاظت کے لئے جس قدر فوجوں کی ضرورت ہوگی اتنی فوجیں ضرور رکھی جائیں گی ۔ ... برطانیہ فوجی کمک ارسال کرے گا ۔ ... برطانوی فوجوں نے محض حفاظت اور انخلا کو مکمل کرنے کے لئے کچھ اقدام کئے ۔ ... اس میں کوئی شک نہیں کہ ... عربوں اور برطانوی لوگوں کے مفاد ایک دوسرے سے وابستہ ہیں ۔

دارالعوام میں یہ اعلان بھی کیا گیا ہے کہ سائپرس میں جو یہودی مقید ہیں انہیں ... برطانوی فوج مکمل طور پر یکم اگست تک فلسطین خالی کردے گی ۔

جو قوم دو ہزار سال سے خانماں برباد تھی اب اس کو اپنا گھر مل گیا ۔ یہودی ایجنسی کا اعلان

صوبہ دہلی میں پنچایتی راج قائم کرنے کی اسکیم تیار ہوگئی

۲۷۵ مواضعات میں پنچایتیں قائم کرنے کیلئے پنچایت افسر کا تقرر

دہلی ۱۵ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ دہلی کے انتظامی محکمہ نے صوبۂ دہلی کے تمام دیہی علاقوں میں پنچایتیں قائم کرنے کے لئے ایک اسکیم تیار کی ہے ۔ اس اسکیم میں ۲۷۵ مواضعات ... شامل کرلیا گیا ہے ۔ پنچایتی اسکیم کا منشاء صوبہ کے دور افتادہ دیہی علاقوں میں جمہوری نظام کو رائج کرنا ہے ۔ ...

آزادی عطا نہیں ہوتی بلکہ حاصل کی جاتی ہے

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں یہودیوں کی بڑھ بڑھ کے باتیں

لیک سکسس ۱۴ مئی ۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی سیاسی کمیٹی نے آخری وقت اس امر کی کوشش کی کہ فلسطین کے متعلق کوئی فیصلہ ہو سکے ۔ ... عرب اور روسی نمائندے بھی ... یہودی ایجنسی کے امریکن سیکشن کے چیئرمین نے کمیٹی مذکور کو مطلع کیا کہ فلسطین میں یہودی حکومت کا اعلان کردیا گیا ہے ۔ ...

تاریخ نے ہمیں یہ سبق دیا ہے کہ آزادی کبھی عطا نہیں کی جاتی ۔ بلکہ یہ حاصل کی جاتی ہے اور ہم نے اب اس آزادی کو حاصل کرلیا ہے ۔

کمیونسٹوں کے قتل پر حکومت روس کا احتجاج

روس کا حکومت یونان کو احتجاجی نوٹ!

ماسکو ۔ ۱۴ مئی ۔ حکومت یونان سے روسی حکومت نے سرکاری طور پر درخواست کی ہے کہ یونانی کمیونسٹوں کو پھانسی دینا موقوف کردیا جائے ۔ روس کی سرکاری خبر ایجنسی تاس ... روسی حکومت اس بات کو ضروری سمجھتی ہے کہ یونانی حکومت کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرائے کہ یونان میں وطن پرستوں کو پھانسی دئے جانے سے روسی عوام میں سخت برہمی اور غصہ پھیل رہا ہے ۔

مہذب دنیا میں ان یونانیوں کو پھانسی دینے کو کبھی برداشت نہیں کرسکتی جو کسی وقت میں جرمن حملہ آور کے خلاف لڑے تھے ۔ روسی عوام ان لوگوں کو پھانسی دینے کو بند کرنے کا فوری مطالبہ کرتے ہیں ۔

... یونانی ترجمان نے اپنے جواب میں کہا ہے کہ ... یونانی حکومت ... روسی حکومت اس طرح کمیونسٹوں کا حوصلہ بلند کرنے کی کوشش کررہی ہے ۔

حیدرآباد پولیس اور کمیونسٹوں میں تصادم

بیس کمیونسٹ ہلاک

حیدرآباد دکن ۱۵ مئی ۔ حکومت نظام کے جاری کردہ ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ کمیونسٹوں کی حیدرآباد پولیس سے جو مڈبھیڑ ہوگئی تھی اس میں کمیونسٹوں کے ۲۰ آدمی کام آگئے ۔ ...

روسی سفیر اوری کے محاذ پر

سری نگر ۱۶ مئی ۔ روسی سفیر متعینہ ... خوف اور سفارت خانہ کے دو سرے ممبروں نے ... بارہ مولا اور اوڑی کے علاقوں کا معائنہ کیا ۔ روسی سفیر پچھلے چند دنوں سے سری نگر میں مقیم ہیں ۔ ...

کشمیر کمیشن کے لئے نمائندوں کا اعلان

لیک سکسس ۱۴ مئی ۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کے لئے ... نمائندوں کا اعلان کردیا ۔ ...

فیض آباد میں فساد ہوگیا

شہر میں کرفیو کا نفاذ

فیض آباد ۔ ۱۵ مئی ۔ یہاں پر ایک فساد ہو جانے سے چند دوکانوں کو نذر آتش کردیا گیا اور کئی دوکانوں کو لوٹ لیا گیا ۔ شہر میں کرفیو کا نفاذ کردیا گیا ہے ۔ ...

مہاراجہ الور ڈیڑھ دن جیل میں

الہ آباد ۱۶ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست الور کے سابق حکمران مہاراجہ سر تیج سنگھ جو اب تک دہلی جیل میں نظر بند تھے ڈیڑھ دن ڈسٹرکٹ جیل میں تبدیل کردیئے گئے ہیں ۔

فلسطین پر حملہ کرنے کیلئے حکومت شام ایک کروڑ پونڈ خرچ کرے گی

دمشق ۱۵ مئی ۔ کل رات دمشق میں شامی پارلیمان کا اہم اجلاس شروع ہوگیا ۔ اجلاس میں فلسطین پر حملہ کرنے اور عربی افواج کی سرگرمیوں ... کے لئے ایک کروڑ پونڈ مخصوص کرنے کے مسودہ پر بحث ہوئی ۔ ...

ہندو مسلم سکھ سب کے دردمند ہند کے سب سے بڑے حکیم بھورے خان کا قائم کردہ

بڑا دواخانہ آج مایوسوں کی امیدگاہ ہے، حالات لکھکر طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے

دوا چاہے جہاں سے خریدیں
منیجر بڑا دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۷ مئی ۱۹۴۸ء

ہندیونین کے مسلمانوں سے

ہندیونین کے اطراف سے ہمیں جو خطوط اور شکایات موصول ہو رہے ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسلمان ملک کی موجودہ صورت حال سے مطمئن نہیں ہیں اور ان کی بے چینی میں قابل قدر حد تک کوئی کمی واقع نہیں ہوئی ہے، ان تحریرات اور شکایات سے ہمیں یہ اندازہ بھی ہوا کہ مسلمانوں کو عام طور پر حکام سے بہت شکایت ہے اور وہ انکی زیادتیوں اور بے اعتنائیوں سے بہت پریشان ہیں، عام گلہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی طرف سے سرکاری افسروں کا دل صاف نہیں ہے اور وہ انصاف اور حق رسی کے معاملہ میں اپنی ذمہ داریوں کو محسوس نہیں کرتے، ملاقاتوں میں وہ خوشدلی نہیں پائی جاتی جو تعاون کا لازمہ ہے گفت و شنید میں وہ خوشگواری نہیں جو ربط اور ہم آہنگی کے لئے ضروری ہے، باتیں سنیں گے مگر اس طرح کہ ان پر ایک بوجھ پڑ رہا ہے، کام کریں گے اس انداز سے کہ ان پر ایک بیگار ڈالی جا رہی ہے!

مسلمانوں کو ہند کی اکثریت سے بھی شکوہ ہے اور وہ محسوس کرتے ہیں کہ اس کی ذہنیت میں ابھی کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی ہے!

جہاں تک ماحول کی ناسازگاری کا تعلق ہے ہم عرض کریں گے کہ مسلمانوں کو مایوس نہ ہونا چاہیئے یہ انقلاب کے اثرات ہیں جو بھیانک صورتوں میں پیش آ رہے ہیں، اور یہ ان اعمال کا رد عمل ہے جنکی ذمہ داری میں ہم بھی برابر کے حصہ دار ہیں!

انسانی فطرت پر نظر ڈالو، تضاد اور تلون کا مجموعہ نظر آئے گی، خاکساری اور رواداری پیدا ہوئے گا تو فرشتہ معلوم ہوگا، ظلم اور بے رحمی پر اتر آئیگا تو عفریت بنجائے گا، جہاں دماغ کا پردہ ڈھیلا ہوا اس نے طوفان مچایا، ہزار سمجھاؤ کسی کی نہیں سنے گا اور حیوانیت کا پورا تماشا دکھا کر چھوڑیگا لیکن یہی انسان ہے کہ جہاں دماغ کا سودا رنج سیدھا ہوا اور بحران کی کیفیت زائل ہوئی محبت اور رفاقت کی تصویر بنجائے گا، اور گزشتہ باتوں کو بھلا کر تعاون و اشتراک انصاف و رفاقت کی طرحیں ڈالنی شروع کر دے گا، اور یہ باور کرا دے گا کہ وہ ایک ایسا انسان ہے جو انسانیت کے لئے باعث فخر ہو سکتا ہے۔

آج جن لوگوں سے ہمیں شکایت ہے کیا اسکا امکان نہیں کہ کل وہ ہمارے دست و بازو بنجائیں اور ہمارا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیں! جو لوگ ہمیں دیکھ بھی نہیں سکتے کل وہ یہ بھی کر سکتے ہیں کہ ہمیں اپنی آنکھوں میں جگہ دیں اور ہمارا بار اپنے کندھوں پر اٹھالیں، انسان کو انسان سے اسقدر مایوس نہ ہونا چاہیے کہ مستقبل بھی تاریک ہو جائے، ذہن میں تغیر پیدا ہوتے ہی حالات منقلب ہو سکتے ہیں جہاں دلوں میں تبدیلی پیدا ہوئی آسمان و زمین خود بدل جائیں گے! کلکتہ کے ہندو اور مسلمان جنہوں نے ایک دوسرے کے خون میں ہاتھ رنگے اور جن کی حیوانیت نے کشتوں کے پشتے لگائے تھے بدلے تو یا ان کی از سر نو پیدائش ہوئی ہے

گردن کاٹنے والوں نے شربت کے گلاس پیش کیے پیٹ چاک کرنے والوں نے مٹھائیوں کی تواضع کی، عورتوں اور بچوں کو ذبح کرنے والوں کا جب کانٹا بدلا تو مسجد اور مندر کی کوئی تمیز نہ رہی مسلمان پر مندر کے اور ہندوؤں پر مسجدوں کے دروازے کھلوا دیے گئے، اب وہ لوگ گذشتہ حیوانیت پر ہنستے ہیں اور دل ہی دل میں سوچتے ہیں کہ کیا ایک دوسرے کا خون بہانے میں ہماری ہی کارفرمائی کو دخل تھا؟

اس کے ساتھ ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ موجودہ مصائب کو خود ہم ہی نے سمیٹا ہے اور ہم خود اپنے ہاتوں برباد ہوئے ہیں، قصوروار صرف ہندو ہی نہیں مسلمان بھی ہے، وہ مسلمان جو لیگ کی گمراہ قیادت پر اپنا سب کچھ قربان کر بیٹھا اور پاکستان بنا کر اپنی بدبختی اور غلامی کو دعوت دی۔

جو مسلمان اپنے مستقبل سے مایوس ہیں یا انہیں عوام اور حکام سے شکایت ہے وہ اپنے دلوں کو ٹٹول کر کوئی فیصلہ کریں، جب تک وہ خود نہ بدلینگے اور اپنے لیے حالات کو سازگار نہ بنائیں گے ان کی بے چینی دور نہ ہوگی، حکومت گھر گھر جا کر اطمینان کی قاشیں تقسیم نہیں کرے گی، ایک ایک افسر کے پیچھے سی۔ آئی۔ ڈی نہیں لگائیگی عوام کے دلوں میں اپنا دل نہیں ڈالے گی، وہ صرف یہ کر سکتی ہے کہ اقلیتوں کو حفاظت کا یقین دلائے، اور اکثریت کے دباؤ میں اعتدال پیدا کرے، اس کے بعد حالات سے مقابلہ کرنا حالات کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو بدلنا، وقت کے تقاضوں کا ساتھ دینا اور اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرنا خود مسلمانوں کا کام ہے مسلمان اپنی طرف دیکھیں پاکستان کا سہارا چھوڑیں اپنے آپ سے وفاداری کا عہد باندھیں کہ حکومت سے وفاداری کے یہی معنے ہیں، اور اس کے بعد اکثریت کو بھی مالی کارروائیوں کے لیے آزاد چھوڑ دیں، انسان اپنے کیے کا پھل پاتا ہے اچھی زندگی اچھا پھل دیگی بری زندگی برا پھل لائے گی، نہ اس میں اکثریت کچھ کر سکتی ہے اور نہ اس پر حالات اثر ڈال سکتے ہیں۔ اپنا معاملہ ٹھیک رکھو، انسان کو درست ہونے میں دیر نہیں لگے گی، باقی مسلمان کے لیے ہزار تسلیوں کی تسلی صرف خدا کی ذات ہے اور اسکا وہ کلام جو انسان کی فطرت کو بیدار کرتا اور اسکی روح سے سرگوشیاں کرتا ہے۔

وقال موسیٰ لقومہ استعینوا باللہ واصبروا ان الارض للہ یورثھا من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین۔

حضرت موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی پناہ ڈھونڈو، اور صبر سے کام لو اور یاد رکھو کہ زمین اللہ کی ہے وہ جسے چاہتا ہے اس پر مسلط کر دیتا ہے مگر انجام کار کامرانی صرف اہل تقویٰ کے لئے ہی مخصوص ہے۔

ایک معاصر کی فروگذاشت

ہم پہلے بھی ایک معاصر کے متعلق عرض کر چکے ہیں کہ وہ عنوان قائم کرنے میں احتیاط سے کام نہیں لیتا، فرقہ پرست اخباروں کا دستور ہے کہ وہ ہر برائی کا جوڑ "مسلمان" کے ساتھ لگا دیتے ہیں واقعہ ہو کراچی یا حیدرآباد میں اور اسے منسوب کر دیا جائے مسلمانوں کی طرف گویا کسی شخص کا جرم بین الاقوامی جرم بنا دیا جاتا ہے، لیکن ایک ایسے اخبار کو جو سوشلزم کا علمبردار اور سوشلسٹوں کا ترجمان ہے یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ اپنے عنوانوں میں "مسلمان" کو نشانہ بنائے اور حیدرآباد کے جیسے موسمی پن کے نام سے انفرادی معاملات کو اجتماعی جرم بنانے کی کوشش کرے ہمیں یقین تھا کہ ہمارا محترم معاصر اپنی غلطی کو محسوس کرکے احتیاط سے کام لے گا۔ لیکن ہماری یہ توقع پوری نہ ہوئی اور اس کے انداز میں کوئی فرق نہیں آیا، وہی جلی سرخیاں اور وہی فرقہ پرورانہ عنوانات شاید محترم معاصر کی نظر سے ہماری درخواست نہیں گذری، اس لئے دوبارہ عرض ہے کہ وہ سوشلزم کا احترام کرتے ہوئے اپنے مسلک سے انحراف نہ کرے اور ان جغرافیائی گناہ کو غریب مسلمانوں کے سر نہ منڈھے۔

پڑوسی کا حق

واللہ لایومن، قیل من؟ قال الذی لایومن الجار بوائقہ

(حدیث)

پیغمبر اسلام نے تین دفعہ قسم کھا کر فرمایا کہ خدا کی قسم وہ شخص مومن نہیں ہے جسکے شر سے اس کا پڑوسی مامون نہ ہو

اسلام کے ہادی کی تعلیم یہ ہے کہ اپنے پڑوسی کو ایذا دو اور کسی نوعیت سے بھی تکلیف نہ پہونچاؤ اس میں مسلمان اور نامسلمان کی کوئی امتیاز نہیں، جو شخص بھی پڑوس میں رہتا ہے وہ اس حق [illegible] کا مستحق ہو جاتا ہے۔ [illegible] تکلیف پہونچاتا ہے وہ مومن کا کام نہیں ہے اور جو تکلیف پہونچاتا ہے وہ مومن نہیں ہو سکتا۔ ایک گاؤں میں بسنے والے ہمارے پڑوسی ہیں، ایک شہر میں بسنے والے ہمارے ساتھی ہیں، دوسری حکومتیں جن کی سرحد ہماری سرحد سے ملی ہوئی ہے ہماری پڑوسی ہے اور مومن کا کام یہ ہے کہ اپنے پڑوسیوں کو ایذا نہ دے، اور انہیں شکایت کا کوئی موقع بہم نہ پہونچائے۔

فلسطین میں برطانوی انتداب کی تاریخ

فلسطین میں برطانوی فوجوں پر دس کروڑ پونڈ صرف ہوئے

لندن ۱۶ مئی فلسطین پر برطانوی انتداب ۱۹۲۲ء میں سنبھالا گیا تھا۔ اب اس واقعہ کو چھبیس سال ہوتے ہیں۔ انتداب سنبھالنے سے اب تک فلسطین پر ۲۵۰ برطانوی باشندے کام آ چکے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر گذشتہ تین سالوں میں مارے گئے ہیں اور اب تک فلسطین میں مقیم برطانوی فوجوں پر صرف کی تعداد جو [illegible] تھی۔ اسی طرح دس کروڑ پونڈ صرف ہو چکے ہیں [illegible] دفتر نوآبادیات نے شائع کر [illegible] ایک اعلان شائع کیا جو برطانوی فلسطین کی تاریخ کا آخری باب ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ فلسطین میں برطانوی انتظام کو عربوں اور یہودیوں کے نقطۂ نظر سے نہیں بلکہ ان کوائف سے دیکھنا چاہیے کہ انہیں اقوام کے مقرر کردہ فرائض کو انجام دیا گیا۔

اس میں ایک دوسری بات جو کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ اگرچہ فلسطین اب برطانیہ کی ذمہ داری میں نہیں ہے لیکن حکومت برطانیہ کو اس بات کی امید ہے کہ دونوں طاقتیں طاقت کے بل پر فلسطین پر قبضہ کرنے کی خرابیوں اور نقصانات کو سمجھ جائیں گی اور ان تمام چیزوں کو تباہ نہ ہونے دیں گی جو گذشتہ تیس سال کی محنتوں سے حاصل ہوئی ہیں۔ اس اعلان میں کہا گیا ہے کہ اس بارے میں [illegible] کی صرف طاقت کے بل پر کوئی فیصلہ منوانے کے علاوہ وہ سب کچھ کرنے کو تیار ہے۔

آج فلسطین میں عربوں اور یہودیوں کی تعداد ۱۸ لاکھ [illegible] ہے۔ جب برطانوی حکومت شروع ہوئی اسی وقت ملک بہت غریب غیر ترقی یافتہ اور بالکل ابتدائی حالت میں تھا اس وقت فلسطین کی آبادی ساڑھے سات لاکھ تھی۔ اس ترقی کا ایک نمونہ یہودیوں کا شہر تل ابیب ہے۔ جو ۱۹۱۱ء میں قائم ہوا تھا اور اب اس کی آبادی ۲,۰۰,۰۰۰ ہے۔ اس کے بعد اس بیان میں ان اصلاحات کا ذکر ہے جو برطانیہ نے فلسطین میں کیں۔

۱۹۲۲ء اور ۱۹۴۶ء کے درمیان فلسطین میں عرب بچوں کی موت کی شرح کم ہو جانے سے دوگنی ہو گئی ہے۔ ۱۹۲۰ء سے اب تک ۸ لاکھ یہودی فلسطین میں [illegible] آ کر اور [illegible] کروڑ پونڈ سے نئی صنعتیں قائم کی گئیں۔ فلسطین کی بابت کچھ اعداد و شمار [illegible]

۱۹۱۷ء میں ترکوں کی سلطنت سے لارڈ ایلنبی نے فلسطین کو نجات دلائی۔ اس موقعہ پر عربوں کی آزادی اور یہودیوں کو قومی حکومت کے قیام کا وعدہ دیا گیا۔ ۱۹۲۲ء میں برطانیہ کو فلسطین کا انتداب سونپ دیا گیا اور یہودیوں کے خلاف فسادات شروع ہو گئے۔ ۱۹۲۹ء میں یہودیوں کے خلاف [illegible] فسادات ہوئے جس میں ۸۷ عرب شہید ہوئے اور ۱۳۲ یہودی مارے گئے۔

فلسطینی حکومت کے خلاف عربوں نے فسادات شروع کر دیے ۱۹۳۶ء میں [illegible] کی مدد سے عربوں نے فلسطین میں پھر [illegible] گرڑ بڑ مچائی۔ اس دوران میں فلسطین پر [illegible] کا اسکوڈ [illegible] کام انجام دیا۔

یہ قرطاس ابیض میں کہا گیا ہے کہ ۷۵ ہزار یہودیوں کے داخلے کے بعد فلسطین میں مزید یہودیوں کو آنے نہیں دیا جائیگا۔ یہودیوں نے خاص تجویز کی سخت مخالفت کی اور غیر قانونی ہجرت شروع ہوئی۔ یہودیوں اور عربوں دونوں نے ان تجویزوں کو مسترد کر دیا۔

۱۹۴۵ء میں عرب لیگ کا قیام عمل میں آیا۔

۱۹۴۵ء میں لڑائی کا خاتمہ اور یورپ میں لاکھوں یہودیوں کے خانماں برباد ہو جانے کی وجہ سے یہ مسئلہ اور پیچیدہ ہو گیا۔ صدر ٹرومین نے اپیل کی کہ فلسطین میں فوراً ایک لاکھ یہودیوں کو بسا دیا جائے۔ ۱۹۴۶ء میں امریکہ اور برطانیہ کی مشترکہ تحقیقاتی کمیٹی نے تقسیم فلسطین کے فیصلہ کو مسترد کر دیا لیکن اس بات کی سفارش کی کہ فلسطین میں ایک لاکھ یہودی بسا دیئے جائیں۔

۱۹۴۷ء میں برطانیہ نے ۵ سال کے لیے فلسطین پر اپنی تولیت قائم رکھنے کی پیشکش کی بشرطیکہ اس کے بعد فلسطین کو آزادی دیدی جائے۔ اس تجویز کو یہودیوں اور عربوں نے نامنظور کر دیا۔ برطانیہ نے یہ فیصلہ کیا کہ اس مسئلہ کو اتحادی اقوام کے سامنے پیش کر دیا جائے۔ اتحادی اقوام کی خصوصی کمیٹی نے تقسیم فلسطین اور بیت المقدس کے غیر جانبدار علاقہ بنانے کی سفارش کی۔ عربوں نے یہ تجویز نامنظور کر دی لیکن یہودیوں نے مان لی۔ اتحادی اقوام کی جنرل اسمبلی نے اس بات کا فیصلہ کیا کہ تقسیم فلسطین کی جدید اسکیم جس میں کچھ تبدیلیاں کی گئی تھیں پانچ ممبروں کے ایک کمیشن کے ذریعہ بغیر فوج اور پولیس کی مدد کے نافذ کی جائے۔

لوکنڈہ ۱۶ مئی معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے گورنر جنرل مسٹر محمد علی جناح ۱۹ مئی کو کوئٹہ پہونچیں گے اور بلوچستان کے لئے گورنر جنرل کی مشاورتی کونسل کے ممبروں کو نامزد کریں گے۔

نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ وہ صحت کی وجہ سے گورنر جنرل کے ایجنٹ کے گرمائی ہیڈ کوارٹر زیارت میں کچھ عرصہ قیام کریں گے۔

مغربی بنگال میں کپڑے کا دوبارہ راشن

کلکتہ ۱۶ مئی معلوم ہوا ہے کہ حکومت مغربی بنگال نے حکومت ہند سے درخواست کی ہے کہ اس کو کپڑے پر دوبارہ کنٹرول لگانے کی اجازت دیدی جائے کپڑے کا راشن دوبارہ شروع کر دیا جائے۔ حکومت ہند اس بارہ میں غور کر رہی ہے۔ اور جلد ہی کوئی فیصلہ دے دے گی۔

روس اور یہودی اسٹیٹ

امریکہ میں یہ افواہ گشت کر رہی ہے کہ جوں ہی فلسطین میں یہودی اسٹیٹ کا اعلان ہو گا روس آگے بڑھ کر اس کا خیر مقدم کریگا اور اسے تسلیم کرکے ایسے ماہرین بھیجے گا جو مشرق قریب میں کمیونزم کا جال بچھائیں گے اور امریکن اثرات کو ختم کرنے کی کوشش کریں گے۔ اگر یہ خیال صحیح ہے تو پھر امریکہ نے فلسطین کو یہود کے حوالہ کرنے کی تجویز کیوں کی؟ اور مشرق وسطیٰ کو کمیونزم کی گود میں کیوں ڈالا؟ اگر فلسطین میں یہودی اسٹیٹ بن گئی تو وہ امریکہ اور روس کی جنگ زرگری کا بہت بڑا اور اہم مرکز ثابت ہوگا، اور اس کی ذمہ داری صرف امریکہ کے سر ہوگی! فلسطین کی تقسیم اسی لئے معرض التوا میں ڈالی گئی ہے کہ اس فرض کو خود یہود انجام دے لینگے اور یہودی اسٹیٹ خود یہودیوں کے ہاتھوں قائم ہو جائے گی، اور یہ صاف دعوت ہے کمیونزم کو کہ وہ آئے اور مشرق قریب کی سیاست پر قابو حاصل کر لے! یہود کی رعایت کمیونزم کی اعانت ہے اور اسکا ثبوت ہاتھوں ہاتھ ملنے والا ہے۔

سیر و سیاحت

سیاح

[illegible] صاحب کی طرف سے ہمیں ایک طویل خط موصول ہوا ہے جس کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں "محترم! آپ نے بہت سے سفر کیے یہاں تک کہ بمبئی کا سفر بھی کر ڈالا لیکن ابھی تک آپ ہوائی اور غیر ملکی سفر سے محروم ہیں۔ اسی سلسلہ میں یہ گذارش [illegible] ہے لیکن ہم بھی ہیں آپ کو مشورہ دیں گا کہ جب تک کشمیر اور قبائلی علاقے [illegible] آپ ملک سے باہر جانے کا [illegible] نہ کریں۔ بالخصوص ہوائی جہاز سے اور لکھنؤ کے اسٹیشن سے وغیرہ وغیرہ"

[illegible] کیسے دوست کو پہونچانے گئے تھے کہ خواہ مخواہ مصیبت میں پھنس گئے اور [illegible] الحمد للہ کہ جس [illegible] حالت میں [illegible] اس کے [illegible] کہ کان پکڑ لئے کہ کبھی ہوائی جہاز کا سفر نہ کریں گے [illegible] قرآن شریف [illegible] ہوائی جہاز کا سفر کرے گا [illegible] فرمایا آپ نے اچھا ہوا آپ کا خط مجھے موصول ہو گیا ورنہ میں نے [illegible] لاہور جا پہنچتے [illegible] سیر و سیاحت میں اضافہ کریں اور کچھ اس لئے کہ [illegible] اخراجات کے لئے مسٹر غضنفر علی کی ایک اسلامی روح [illegible] معاف چاہتے ہیں غضنفر علی صاحب

[illegible] یہ خبر سنکر اس بات سے خوشی ہوئی کہ اپنے رفیق جی کا ایک محکمہ تو ٹھیک کام کر رہا ہے ہوائی محکمہ [illegible] کا محکمہ نہیں کہ [illegible] پرانی دلی پہونچنے میں ایک ماہ کا عرصہ لگے [illegible]

[illegible] کا نظریہ ہے جا بجا تیزی سے بات کرتے [illegible] انسانیت ہے کہاں [illegible] تو اس دن کا انتظار کرو جب پھر انسانیت کی طرف [illegible]

[illegible] ہندوستان سے گیا تو گیا فلسطین سے کیوں چلا گیا اور [illegible] آ گیا [illegible] انگریز فلسطین میں [illegible] فلسطین کی خدمت کی ان کی آبادی کو [illegible] یہودی اسٹیٹ کا جو اعلان کیا تھا اس کی بات رہ جائے [illegible]

[illegible] سوال اس بات کا کہ [illegible] اور یہودیوں [illegible] برطانیہ کی [illegible] اور انگریز کو فلسطین [illegible] مگر جب عربوں سے [illegible] حکومت کو تسلیم کرے [illegible]

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

پس ماندہ مسلمان

جناب اڈیٹر صاحب، حکومت بہار نے پیک ورڈ (پسماندہ) کلاسز کمیٹی کے نام سے ایک کمیشن اور محدود ذات پات رکھنے والوں کے تعلیم کی ترقی کے لئے ایک کمیٹی قائم کی ہے جس پر حکومت کا لاکھوں روپیہ کا خرچ ہوتا ہے۔ میرے خیال میں یہ جو مسلمانوں میں بیک ورڈ مسلم کی تفریق کی گئی ہے وہ بھی ایک ذات پات کی بنیاد پر ہے۔ ... تفریق بین المسلمین کی بنیاد ہے دوسرے معنی میں اسے پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو کا نظریہ کہا جا سکتا ہے۔ اس سے ہم مسلمانوں میں ایک بہت بڑی خلیج پیدا کی جا رہی ہے۔ جبکہ بیک ورڈ مسلم کو ایک خاص گروپ بنایا گیا ہے۔ اگر حقیقتاً مسلم عوام کے غریب و نادار طبقہ کے تعلیم و معیار کی خواہش ... ہے تو تمام مسلمانوں کو بغیر کسی ذات پات یا کسی خاندان یا کسی قبیلہ سے تعلق رکھتا ہو سید یا شیخ ہو، انصاری ہو یا منصوری یا کوئی ہو، اس کے نادار و غریب اور ہونہار بچوں کی تعلیم میں مدد دے [illegible] کا ہونہار بچہ فرقہ بندی کی ذلیل ذہنیت سے الگ ہو کر پاک و صاف رہے۔ مسلم تو ہر وہ شخص ہے جو ایک خدا اور ایک آخری رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہو اور ارکان اسلام کو فرض کا درجہ دیتا ہو، بیک ورڈ و فارورڈ کی تفریق ذات پات کی بنیاد پر ہونی چاہیے یہ تو سیاسی جماعتوں نے ایسی تفریق بنا رکھی ہے میں اس کی سخت مذمت کرتا ہوں کہ ایسی تفریق کو بہانہ بنا کر مسلم عوام کو منتشر کیا جائے۔ عام طور سے مؤدبانہ گذارش ہے کہ اس زہریلی اسکیم کے نقائص پر غور کریں جو ہندوستانی مسلمانوں کے لئے خاص کر اور نیز حکومت کے لئے خطرہ کا باعث ہوگا۔ حافظ علیم الدین مونگیر (بہار)

رفیق احمد۔ دہلی۔ ۱۳ مئی

پہلی جون کے بعد!

جناب اڈیٹر صاحب! ہماری حکومت کی [illegible] پر ایمان لانے کا اندازہ اس سے لگئے کہ بہت سے لوگ اب بھی یہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان خود مختار نہیں ہے تھوڑے بہت جو تمام اختیارات ہیں [illegible] لے لئے گئے ہیں [illegible] تھوڑے بہت اختیارات بھی برطانیہ یا اتحادی اقوام ہر وقت ہندوستان سے چھین سکتی ہیں۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ جب کبھی ۳ جون کے پلان کا ذکر ہوتا ہے تو لوگ یہ کہتے ہیں کہ گھبراؤ نہیں یہ مصیبت صرف جون تک کی ہے۔ اس کے بعد یہ ہند اور پاکستان سب ختم ہو جائیں گے۔ آخر ان کو کس طرح سمجھایا جائے کہ ہندوستان خود مختاری حاصل کر چکا ہے دنیا بھر کے اہم ممالک کے سفیر یہاں اور ہندوستان کے سفیر ان کے ہاں موجود ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ہندوستان ابھی برطانوی دولت مشترکہ کا رکن ہے۔ لیکن یہ بات تو بالکل ایسی ہے جیسے کسی بڑے گھر میں دو چار خاندان رہتے ہوں۔ جس طرح اس گھر میں رہنے والے خاندان کسی کے ماتحت نہیں ہوتے بلکہ اپنے اپنے گھر کے خود مختار ہوتے ہیں اسی طرح برطانوی دولت مشترکہ میں شامل ہونے والے ممالک کا حال ہے۔ یہ سمجھنا کہ ہندوستان کی خود مختاری صرف جون تک اور اتحادی اقوام کو یا برطانیہ کو ہندوستان سے اختیارات سلب کرنے کا حق ہے یہ ایسی بات ہے جسے نادان آدمی بھی تسلیم نہیں کر سکتے۔ اگر برطانیہ میں اتنی ہمت اور سکت ہوتی کہ وہ جون کے بعد اختیارات لے سکتا تو وہ ہندوستان سے جاتا ہی کیوں جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ مصیبتیں جون تک کی ہیں اس کے بعد نہ یہ مصیبتیں رہیں گی نہ ان کے لانے والے ان کی بابت صرف اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ ان کے سوچنے سمجھنے کی قوتیں ختم ہو چکی ہیں۔ دماغ ماؤف ہو چکا ہے اور جلسے اس کے کہ وہ اپنے آپ کو حالات کے مطابق جدید سانچے میں ڈھالیں۔ اس قسم کی افواہیں گھڑ کر اپنے آپ کو جھوٹی تسلی اور دوسروں کو خوفناک کرتے ہیں۔

اسٹرلنگ ہنڈیوں کے متعلق گفت و شنید

نئی دہلی ۱۶ مئی اسٹرلنگ بیلنس کے متعلق گفت و شنید لندن میں جون کے پہلے ہفتہ میں شروع ہوگی۔ کہا گیا ہے کہ پاکستان ہندوستان اور برطانوی حکومتوں نے یہ متفقہ فیصلہ کیا ہے۔ اس گفت و شنید میں تینوں حکومتوں کے وزیر خزانہ حصہ لیں گے۔ دونوں ملکوں کے افسران اس ماہ کے آخر میں لندن پہونچ جائیں گے تاکہ برطانوی افسران سے ابتدائی بات چیت کر سکیں۔ (رائٹر)

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی ۔ ۵۷

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

مدیر محمد سلیمان صابر شیخ احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی! اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب کیجئے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۶ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۷ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۶ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیور لیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب کی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی سے حاصل کیجئے
[illegible]

بیت المقدس میں عربوں اور یہودیوں میں خونریز جنگ ۔ امریکہ نے یہودی حکومت کو تسلیم کرلیا

عرب فوجوں کی کمانڈ شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ کرینگے

یکم اگست تک برطانوی فوجیں مکمل طور پر فلسطین خالی کردیں گی

فلسطین سے برطانوی فوجوں کا انخلا تیزی سے شروع ہوگیا

مصری فوجوں نے فلسطین میں چالیس میل آگے بڑھکر ایک گاؤں پر قبضہ کرلیا

قاہرہ ۔ ۱۵ مئی ۔ برطانوی انتداب کے خاتمہ کے فوراً بعد فلسطین پر عرب فوجوں نے تین طرف سے یلغار شروع کردی ہے ۔ مصری فوجیں چالیس میل اندر گھس گئی ہیں اور انہوں نے ایک گاؤں پر قبضہ کرلیا ہے ۔ دوسری فوجیں بھی شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ کی کمان میں آگے بڑھ رہی ہیں ۔

اگرچہ امریکہ نے یہودی حکومت کو جو دو ہزار سال کے بعد پہلی بار معرض وجود میں آئی ہے تسلیم کرلیا ہے لیکن عربوں کا عزم یہ ہے کہ وہ ارض مقدس میں اس یہودی اسٹیٹ کو قائم نہ رہنے دیں گے ۔ فلسطین عربوں کا ہے اور عربوں ہی کا رہے گا ۔

(باقی صفحہ ۲ کالم ۵ میں)

لال قلعہ دہلی میں ایک اور تاریخی مقدمہ کی سماعت

گاندھی جی کا مبینہ قاتل اور دوسرے آٹھ اشخاص فرد جرم

نئی دہلی ۱۵ مئی ۔ مہاتما گاندھی کے مبینہ قاتل گوڈسے اور آٹھ دیگر اشخاص کے خلاف جن میں ساورکر [illegible] سابق صدر ہندو مہا سبھا بھی شامل ہیں مقدمہ کی سماعت [illegible] لال قلعہ دہلی میں ہوگی ۔ [illegible]

[illegible]

عربوں اور برطانیہ کے مفاد ایکدوسرے سے وابستہ ہیں

برطانوی دار العوام میں بعض اہم اعلانات

لندن ۱۳ مئی ۔ [illegible]

[illegible]

جو قوم دو ہزار سال سے خانماں برباد تھی اب اس کو اپنا گھر مل گیا ۔ یہودی ایجنسی کا اعلان

صوبہ دہلی میں پنچایتی راج قائم کرنے کی اسکیم تیار ہوگئی

۲۵ مواضعات میں پنچایتیں قائم کرنے کیلئے پنچایت افسر کا تقرر

دہلی ۱۵ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ دہلی کے انتظامی محکمہ نے صوبہ دہلی کے تمام دیہی علاقوں میں پنچایتیں قائم کرنے کے لئے ایک اسکیم تیار کی ہے ۔ [illegible]

[illegible]

آزادی عطا نہیں ہوتی بلکہ حاصل کی جاتی ہے

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں یہودیوں کی بڑھ بڑھ کے باتیں

لیک سکسس ۱۵ مئی ۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی سیاسی کمیٹی نے آخری وقت اس امریکی کوشش کی کہ فلسطین کے متعلق کوئی فیصلہ ہو سکے ۔ [illegible]

[illegible]

کمیونسٹوں کے قتل پر حکومت روس کا احتجاج

روس کا حکومت یونان کو احتجاجی نوٹ!

ماسکو ۱۳ مئی ۔ حکومت یونان نے روسی حکومت کے [illegible]

[illegible]

حیدرآباد پولیس اور کمیونسٹوں میں تصادم

بیس کمیونسٹ ہلاک

حیدرآباد دکن ۱۵ مئی ۔ حکومت نظام کے جاری کردہ ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے [illegible]

روسی سفیر اوڑی کے محاذ پر

سری نگر ۱۵ مئی ۔ [illegible]

[illegible]

کشمیر کمیشن کے لئے نمائندوں کا اعلان

لیک سکسس ۱۵ مئی ۔ [illegible]

[illegible]

فیض آباد میں فساد ہوگیا

شہر میں کرفیو کا نفاذ

فیض آباد ۱۵ مئی ۔ یہاں پر ایک فساد ہو جانے سے چند دوکانوں کو نذر آتش کردیا گیا اور کئی دوکانوں کو لوٹ لیا گیا ۔ شہر میں کرفیو کا نفاذ کردیا گیا ہے ۔ [illegible]

مہاراجہ بھرتپور ڈیرہ دون جیل میں

الہ آباد ۱۵ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] سابق حکمران مہاراجہ سر گلاب سنگھ [illegible] جیل میں نظر بند تھے ڈیرہ دون ڈسٹرکٹ جیل میں تبدیل کردیئے گئے ہیں ۔

[illegible]

فلسطین پر حملہ کرنے کیلئے حکومت شام ایک کروڑ پونڈ خرچ کرے گی

دمشق ۱۵ مئی ۔ کل رات دمشق میں شامی پارلیمان کا اہم اجلاس شروع ہوگیا ۔ اجلاس میں فلسطین پر حملہ کرنے اور عربی افواج کی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے ایک کروڑ پونڈ مخصوص کرنے کے مسودہ پر بحث ہوئی [illegible]

ہندو مسلم سکھ سب کے درمند ہند کے سب سے بڑے حکیم بھورے خان کا قائم کردہ

بڑا دواخانہ ہے ۔ آج مایوسوں کی امیدگاہ ۔ حالات لکھکر طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے

دوا چاہے جہاں سے خریدیں

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۷ مئی ۱۹۴۸ء

ہند یونین کے مسلمانوں سے

ہند یونین کے اطراف سے ہمیں جو خطوط اور ... موصول ہو رہے ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسلمان ملک کی موجودہ صورت حال سے مطمئن نہیں ہیں اور ان کی بے چینی میں قابل قدر حد تک کوئی کمی واقع نہیں ہوئی ہے۔ ان تحریرات اور شکایات سے ہمیں یہ اندازہ بھی ہوا کہ مسلمانوں کو عام طور پر حکام سے بہت شکایت ہے اور وہ انکی زیادتیوں اور بے اعتنائیوں سے بہت پریشان ہیں، عام گلہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی طرف سے سرکاری افسروں کا دل صاف نہیں ہے اور وہ انصاف اور حق رسی کے معاملہ میں اپنی ذمہ داریوں کو محسوس نہیں کرتے، ملاقاتوں میں وہ خوشدلی نہیں پائی جاتی جو تعاون کا لازمہ ہے شکایات و شنید میں وہ خوشگواری نہیں جو ربط اور ہم آہنگی کے لئے ضروری ہے، باتیں سنیں گے مگر اس طرح کہ ان پر ایک بوجھ پڑ رہا ہے، کام کریں گے اس انداز سے کہ ان پر ایک بیگار ڈالی جا رہی ہے!

مسلمانوں کو ہندو اکثریت سے بھی شکوہ ہے اور وہ محسوس کرتے ہیں کہ اس کی ذہنیت میں ابھی کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی ہے!

جہاں تک ماحول کی ناسازگاری کا تعلق ہے ہم عرض کریں گے کہ مسلمانوں کو مایوس نہ ہونا چاہئے یہ انقلاب کے اثرات ہیں جو بھیانک صورتوں میں پیش آ رہے ہیں، اور یہ ان اعمال کا رد عمل ہے جنکی ذمہ داری میں ہم بھی برابر کے حصہ دار ہیں!

انسانی فطرت پر نظر ڈالو، تضاد اور تلون کا مجموعہ نظر آئے گی، خاکساری اور رواداری پر آئے گا تو فرشتہ معلوم ہوگا، ظلم اور بے رحمی پر اتریگا تو عفریت بنجائے گا، جہاں دماغ کا پرزہ ڈھیلا ہوا اس نے طوفان مچایا، ہزار سمجھاؤ کسی کی نہیں سنے گا اور حیوانیت کا پورا تماشا دکھا کر چھوڑیگا لیکن یہی انسان ہے کہ جہاں دماغ کا سوراخ سیدھا ہوا اور بحران کی کیفیت زائل ہوئی محبت اور رفاقت کی تصویر بنجائے گا۔ اور گذشتہ باتوں کو بھلا کر تعاون و اشتراک انصاف و خدمت کی طرح میں ڈالنی شروع کر دے گا، اور یہ باور کرا دے گا کہ وہ ایک ایسا انسان ہے جو انسانیت کے لئے باعث فخر ہو سکتا ہے۔

آج جن لوگوں سے ہمیں شکایت ہے کیا اسکا امکان نہیں کہ کل وہ ہمارے دست و بازو بنکر اور ہمارا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیں، جو لوگ ہمیں دیکھ بھی نہیں سکتے، کل وہ یہی کر سکتے ہیں کہ ہمیں اپنی آنکھوں میں جگہ دیں اور ہمارا بار اپنے کندھوں پر اٹھالیں۔ انسان کو انسان سے اسقدر مایوس نہ ہونا چاہئے کہ مستقبل بھی تاریک ہو جائے، ذہن میں تغیر پیدا ہوتے ہی حالات منقلب ہو سکتے ہیں، جہاں دلوں میں تبدیلی پیدا ہوئی آسمان اور زمین خود بدل جائیں گے، کلکتہ کے ہندو اور مسلمان جنہوں نے ایک دوسرے کے خون میں ہاتھ رنگے اور جن کی حیوانیت نے کشتوں کے پشتے لگائے وہ ایسے بدلے گویا ان کی از سر نو پیدائش ہوئی ہے۔

گردن کاٹنے والوں نے شربت کے گلاس پیش کئے پیٹ چاک کرنے والوں نے مٹھائیوں کو تقسیم کی، عورتوں اور بچوں کو ذبح کرنے والوں کا جب کانٹا بدلا تو مسجد اور مندر کی کوئی تمیز نہ رہی مسلمانوں پر مندر کے اور ہندوؤں پر مسجدوں کے دروازے کھولدئے گئے، اب وہ لوگ گذشتہ حیوانیت پر پچھتے ہیں اور دل ہی دل میں سوچتے ہیں کہ کیا ایک دوسرے کا خون بہانے میں ہماری ہی کارفرمائی کو دخل تھا!

اس کے ساتھ ہمیں یہ بھی سوچنا چاہئے کہ موجودہ مصائب کو خود ہم ہی نے سمیٹا ہے اور ہم خود اپنے ہاتھوں برباد ہوئے ہیں، قصوروار صرف ہندو ہی نہیں، مسلمان بھی ہے، وہ مسلمان جو لیگ کی گمراہ قیادت پر اپنا سب کچھ قربان کر بیٹھا اور پاکستان بنا کر آبرو باختگی اور بربادی کو دعوت دی۔

جو مسلمان اپنے مستقبل سے مایوس ہیں یا جنہیں عوام اور حکام سے شکایت ہے وہ اپنے دلوں کو ٹٹول کر کوئی فیصلہ کریں، جب تک وہ خود نہ بدلینگے اور اپنے لئے حالات کو سازگار نہ بنائیں گے ان کی بے چینی دور نہ ہوگی، حکومت گھر گھر جا کر اطمینان کی قاشیں تقسیم نہیں کرے گی، ایک ایک افسر کے پیچھے سی۔ آئی۔ ڈی نہیں لگائیگی عوام کے دلوں میں اپنا دل نہیں ڈالے گی، وہ صرف یہ کر سکتی ہے کہ اقلیتوں کو حفاظت کا یقین دلائے، اور اکثریت کے دباؤ میں اعتدال پیدا کرے۔ اس کے بعد حالات سے مقابلہ کرنا حالات کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو بدلنا، وقت کے تقاضوں کا ساتھ دینا اور اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرنا خود مسلمانوں کا کام ہے مسلمان اپنی طرف دیکھیں، پاکستان کا سہارا چھوڑیں اپنے آپ سے وفاداری کا عہد باندھیں کہ حکومت سے وفاداری کے یہی معنے ہیں، اور اس کے بعد اکثریت کو من مانی کارروائیوں کے لئے آزاد چھوڑ دیں، انسان اپنے کئے کا پھل پاتا ہے اچھی زندگی اچھا پھل دیگی، بری زندگی برا پھل لائے گی، نہ آس میں اکثریت کچھ کر سکتی ہے اور نہ اس پر حالات اثر ڈال سکتے ہیں اپنا معاملہ ٹھیک رکھو، انسان کو درست ہونے میں دیر نہیں لگے گی، باقی مسلمان کے لئے ہزار تسلیوں کی تسلی صرف خدا کی ذات ہے اور اسکا وہ کلام جو انسان کی فطرت کو بیدار کرتا اور اسکی روح سے سرگوشیاں کرتا ہے۔

وقال موسیٰ لقومه استعینوا بالله واصبروا ان الارض لله یورثها من یشاء من عباده والعاقبة للمتقین ۔

حضرت موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی پناہ ڈھونڈو، اور صبر سے کام لو اور یاد رکھو کہ زمین اللہ کی ہے وہ جسے چاہتا ہے اس پر مسلط کر دیتا ہے مگر انجام کار کامرانی صرف اہل تقویٰ کے لئے ہی مخصوص ہے۔

ایک معاصر کی فروگذاشت

ہم دہلی کے ایک معاصر کے متعلق عرض کر چکے ہیں کہ وہ عنوان قائم کرنے میں احتیاط سے کام نہیں لیتا، فرقہ پرست اخبارات کا دستور ہے کہ وہ ہر برائی کا جزو "مسلمان" کے ساتھ لگا دیتے ہیں خواہ وہ کراچی یا حیدرآباد کی ہو اور اسے منسوب کیا جاتا ہے مسلمانوں کی طرف کر دیا کسی شخص کا جرم ... مسلمانوں کا جرم بنا دیا جاتا ہے، لیکن ایک ایسے ... ترجمان ہے یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ اپنی عنوانوں میں "مسلمان" کو نشانہ بنائے اور حیدرآباد جیسی موسی بھی کے نام سے انفرادی معاملات کو اجتماعی جرم بنانے کی کوشش کرے ہمیں یقین تھا کہ ہمارا محترم معاصر اپنی غلطی کو محسوس کر کے احتیاط سے کام لے گا۔ لیکن ہماری یہ توقع پوری نہ ہوئی اور اس کے انداز میں کوئی فرق نہیں آیا، وہی جلی کٹی سرخیاں اور وہی فرقہ پرورانہ عنوانات شاید محترم معاصر کی نظر سے ہماری درخواست نہیں گذری، اس لئے دوبارہ عرض ہے کہ وہ مسلم ...

پڑوسی کا حق

واللہ لایومن، قیل من؟ قال الذی لایومن الجار بوائقه

(حدیث)

پیغمبر اسلام نے تین دفعہ قسم کھا کر فرمایا کہ خدا کی قسم وہ شخص مومن نہیں ہے جسکے شر سے اسکا پڑوسی مامون نہ ہو

اسلام کے ہادی کی تعلیم یہ ہے کہ اپنے پڑوسی کو ایذا نہ دو اور کسی نوعیت سے بھی اسے تکلیف نہ پہونچاؤ اس میں مسلمان اور نامسلمان کا کوئی امتیاز نہیں، جو شخص بھی پڑوس میں رہتا ہے یا جسے عرف عام میں پڑوسی کہا جاتا ہے، اسے تکلیف پہونچانا کسی مومن کا کام نہیں ہوسکتا اور جو تکلیف پہونچاتا ہے وہ مومن نہیں ہوسکتا۔ ایک محلہ میں رہنے والے ہمارے پڑوسی ہیں، ایک شہر میں بسنے والے ہمارے ساتھی ہیں، دوسری حکومت جس کی سرحد ہماری سرحد سے ملی ہوئی ہے ہماری پڑوسی ہے اور مومن کا کام یہ ہے کہ اپنے پڑوسیوں کو ایذا نہ دے، اور انہیں شکایت کو نیکا موقع بہم نہ پہونچائے۔

فلسطین میں برطانوی انتداب کی تاریخ

فلسطین میں برطانوی فوجوں پر دس کروڑ پونڈ صرف ہوئے

[illegible]

مغربی بنگال میں کپڑے کا دوبارہ راشن

[illegible]

روس اور یہودی اسٹیٹ

[illegible]

سیر

[illegible]

ائمہ مساجد سے اپیل

[illegible]

علماء اہلحدیث کا جلسہ

[illegible]

کوریل فنڈ میں چندہ

[illegible]

خطوط اڈیٹر کے نام

پہلی جون کے بعد!

[illegible]

پس ماندہ مسلمان

[illegible]

اسٹرلنگ ہنڈیوں کے متعلق گفت وشنید

[illegible]

انظار کا مشیر چرچل کے منہ چڑھا ہوا اور ماؤنٹ بیٹن کا دوست ہے

حیدرآباد کا وفد پانچ مرتبہ دہلی آیا لیکن کچھ نتیجہ نہ نکلا

حکومت ہند کو کسی تاخیر کے بغیر حیدرآباد کے خلاف کاروائی کرنا چاہیے

[illegible]

حیدرآباد کا مسئلہ فوراً ہی حل نہ کیا گیا تو نہ صرف جنوبی ہندوستان بلکہ تمام ملک تباہ و برباد ہو سکتا ہے۔

پولینڈ میں ایٹمی طاقت پر ریسرچ

لندن ۱۵ مئی۔ اس وقت پولینڈ ان ممالک میں سے ایک ہے جس میں ایٹمی طاقت کی ریسرچ کے سلسلہ میں اپنی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں اس کام پر جو سائنس دان لگائے گئے ہیں ان کی تعداد دگنی کر دی گئی ہے یہ سائنسدان اس وقت سرکاری لیبارٹریز اور دوسرے اداروں میں جو اس سلسلے میں خاص طور پر بنائے گئے ہیں کام کر رہے ہیں پچھلے دنوں ملک کے نیز تمام سائنسدانوں کی وارسا میں ایک کانفرنس ہوئی جس میں ملک سے بجلی کی صورت میں غور کیا گیا۔ عام طور پر اس بات کا اظہار کیا گیا کہ بجلی ایٹمی فون کے ذریعے سے ہو سکتا ہے۔

مسلمانانِ ہند کا مستقبل روشن اور شاندار ہے

فیض آباد جمعیت علماء کے جلسہ میں حضرت شیخ الہند کی تقریر

[illegible]

مستقبل ہندوستان میں روشن اور شاندار ہوگا۔

[illegible]

مولانا نے آخر میں جمعیت علماء میں شامل ہونے کی اپیل کی ... آدمی شریک ہوئے کرتل رکھنے کر جلسہ ختم ... (نامہ نگار)

ائمہ مساجد سے اپیل

[illegible]

جمعیۃ علماء ہلدوانی کا جلسہ

[illegible]

گاندھی میموریل فنڈ میں چندہ
مسلمان کمائیوں سے اپیل

[illegible]

چندر نگر میں ستیہ گرہ کی تحریک

چندر نگر ۱۵ مئی۔ چندر نگر کی ... کمیٹی کے ایک ترجمان نے ... کو بتلایا کہ چندر نگر میں ستیہ گرہ کی تحریک اگلے ہفتے کے شروع میں شروع کی جائے گی پچاس عورتوں نے بھی اس تحریک میں حصہ لینے کے لئے اپنے نام پیش کئے ہیں۔

حکومت عدن کی احتیاطی تدابیر

[illegible]

شام کی طرف سے فلسطین کی مالی امداد

دمشق ۱۴ مئی۔ شام کی پارلیمنٹ نے فلسطین کے عربوں کی مالی مدد کرنے کے لئے ... (رائٹر)

آزاد لائبریری داؤد نگر ضلع گیا کا قیام

[illegible]

جامعہ ملیہ کے زیر اہتمام دہلی میں تعلیم و ترقی کی مہم

ہند کے سابق سفیر مسٹر آصف علی کی صدارت میں خاص جلسہ

[illegible]

آزاد دیس میں سب شہریوں کی تعلیم کا انتظام کرنا ہماری ... کام ہے ...

[illegible]

یو۔پی اسمبلی کا ضمنی انتخاب مولانا حفظ الرحمن صاحب کو موقعہ دیا جائے

صوبہ کانگریس پارلیمنٹری بورڈ سے حکیم مشتاق احمد صاحب کی اپیل

میرٹھ ۱۵ مئی۔ حکیم سید مشتاق احمد صاحب ممبر ... کانگریس کمیٹی نے یو۔پی کے ضمنی انتخاب کے بارے میں کہا کہ یو۔پی اسمبلی میں ایک مسلم نشست میرٹھ ... کی خالی ہوئی ہے ... مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی و جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند ...

[illegible]

... قوم کو آپ جیسے تجربہ کار سیاستدانوں کی سخت ضرورت ہے۔

ہند اور پاکستان میں جنگ کا خطرہ

دن بدن کم ہو رہا ہے

لندن ۱۴ مئی۔ لندن کے اخبار ... نے آج اپنی اشاعت میں لکھا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ کا خطرہ دن بدن کم ہو رہا ہے اور عملی طور پر اس ... تصادم کو ختم کرنے کے آثار رونما ہو رہے ہیں۔

متحدہ اقوام کی انجمن کی نامزد کمیشن کا ذکر کرتے ہوئے اس اخبار نے لکھا ہے کہ جب یہ کمیشن اپنا کام شروع کرے گی تو اس سے معلوم ہو جائے گا کہ اس مسئلہ کا حل نہایت ہی آسان ہے اور عین ممکن ہے کہ استصواب رائے میں کسی قسم کی مشکل ... اور سفارش کرے کہ علاقہ کی تقسیم کی جائے ... کشمیر میں استصواب رائے کی رہے۔ اس کے سوا کشمیر کے مسئلہ کا اس سے بہتر کوئی اور حل نہیں ہے۔

مسٹر کھوڑو اپنا مکان خالی کر دیں

حکومت سندھ کا مطالبہ

کراچی ۱۴ مئی۔ حکومت سندھ نے سندھ کے سابق وزیر اعظم مسٹر کھوڑو سے مکان خالی کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ حکومت سندھ نے اس مکان کو اپنے لئے حاصل کر لیا ہے۔ مسٹر کھوڑو کو یہ مکان خالی کرنے کا نوٹس دے دیا گیا ہے۔ اس وقت مسٹر کھوڑو اور ان کے خاندان والے اس مکان میں مقیم ہیں۔ مسٹر کھوڑو کے اخبار سندھ آبزرور نے حکومت کے اس اقدام پر سخت تنقید کی ہے۔ اور اسے انتہا سے زیادہ بد خلقی سے تعبیر کیا ہے۔

خواجہ غریب نوازؒ کا سالانہ عرس

دہلی ۱۵ مئی۔ جناب پیرزادہ بلال قطبی صاحب ... حضرت خواجہ قطب صاحب سے مطلع فرماتے ہیں کہ آج سے سات سو برس پہلے انسانیت ... اور ... کا پیغام جن بزرگوں نے ہندوستان کے ہر گھر میں پہنچایا وہ حضور خواجہ غریب نوازؒ اجمیری اور حضرت کے جانشین حضرت خواجہ قطبؒ صاحب تھے جن کے آستانہ آج بھی اس پاک مشن اور نیک مقصد کے کامیاب مرکز ہیں۔

[illegible]

کمیونسٹ قیدیوں کی بھوک ہڑتال

جبلپور ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ... سنٹرل جیل میں جو ... کمیونسٹ قیدی ہیں ان میں سے ... نے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔ انھوں نے بھوک ہڑتال اس وجہ سے کی ہے کہ سیاسی قیدیوں کو جو آسائشیں دی جاتی ہیں وہ ان کو نہیں ملیں علاوہ ازیں ان کی سزا میں ... کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

الجمعیۃ بک ڈپو کی کتابیں

نام کتاب	قیمت
قصص القرآن حصہ اول	[illegible]
حصہ دوم	[illegible]
حصہ سوم	[illegible]
حصہ چہارم	[illegible]
فہم قرآن	[illegible]
نظام تعلیم و تربیت حصہ اول	[illegible]
حصہ دوم	[illegible]
اسلام کا نظام حکومت	[illegible]
قرآن اور تصوف	[illegible]
لغات القرآن جلد اول	[illegible]
جلد دوم	[illegible]
اقتصادی نظام	[illegible]
غلامی کی حقیقت	[illegible]
نقش حکمت	[illegible]
شہنشاہیت	[illegible]
انقلاب روس	[illegible]
سیاسی معلومات	[illegible]
جنگ بدر	[illegible]
خلاصہ سفرنامہ ابن بطوطہ	[illegible]
ہندوستان اور آزادی	[illegible]
الصدیق (سوانح حیات حضرت ابوبکر صدیقؓ)	[illegible]

نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اہم واقعات کو تحقیق جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب طالبعلموں، مدرسوں اور عام مسلمانوں کے لئے بہت مفید ہے۔ کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف ... قیمت ایک روپیہ۔

خلافت راشدہ

یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تمام اہم واقعات مستند تاریخوں سے جمع کر دیئے گئے ہیں ہر مسلمان مرد، عورت کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیے۔ کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ۲۴۴ قیمت مجلد ...

خلافت بنی اُمیہ

یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں خلفاء بنی امیہ کے صحیح حالات عربی تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں ہر خلیفہ کے دور حکومت اور اس کی خصوصیات پر تبصرہ بھی کیا گیا ہے زبان نہایت سلیس اور آسان ہے۔ اسکول اور کالج کے طلباء خصوصیت کے ساتھ مطالعہ کریں۔ کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ۳۲۸ قیمت مجلد ...

(نوٹ) مبلغ ... روپیہ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں ۲ رسالے مفت پیش کئے جائیں گے۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت
(دہلی ۱۵ مئی ۱۹۴۸ء)

صفائی کی مہم

سوشلسٹ پارٹی وارڈ نمبر ۱ نے علاقہ میں بیماری کو دور کرنے اور گندگی کے خلاف صفائی کی ایک زبردست مہم شروع کردی ہے۔ سوشلسٹ کارکن ان محلوں کی صفائی خود اپنے ہاتھوں سے کرتے ہیں اور ہیضہ کا ٹیکہ لگوانے کی تلقین کرتے ہیں۔ نیز علاقہ میں جگہ جگہ پر سوشلسٹ پارٹی کے سرخ پوسٹر لگائے دیتے ہیں جن میں عوام کو صفائی کے متعلق ہدایات دی گئی ہیں۔

مسز ارونا آصف علی نے حال ہی میں دہلی سوشلسٹ پارٹی کی تمام شاخوں کا معائنہ کیا اور وارڈ نمبر ۱ کی سوشلسٹ پارٹی کو ہر طرح کی امداد کے لئے ہدایات دیں۔

ایک ہزار کوارٹر

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کے ایک ہزار کوارٹروں پر پناہ گزینوں اور غیر مجاز لوگوں نے قبضہ کر رکھا ہے اب تک ان سے کوئی کرایہ وصول نہیں کیا جا سکا۔ معلوم ہوا ہے کہ دہلی میونسپل کمیٹی نے ان کوارٹروں کے پانی اور بجلی کی سپلائی کے اخراجات کے سلسلہ میں دو لاکھ سے زائد روپوں کا مطالبہ کیا ہے اور حکومت نے میونسپلٹی سے کہا ہے کہ ان کوارٹروں کو پانی اور بجلی کی سپلائی موقوف کی جائے۔

خنجرزنی کا حادثہ

زیورات کی چوری

کارآمد کارتوس ملے

جیب کترے کو سزا

بچوں کا کلب جامعہ

ہتھیار رکھنے کے جرم میں سزا

کنوئیں میں لاش ملی

نزدیک ایک کنوئیں سے ایک ادھیڑ عمر کے آدمی کی لاش ملی ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص رات کو کنوئیں میں گر گیا تھا۔

راج گھاٹ میں پرارتھنا

جمعہ کی شام کو راج گھاٹ میں جہاں گاندھی جی کی آخری رسوم ادا کی گئی تھیں پرارتھنا منعقد کی گئی جلسہ میں بہت کافی آدمی شریک ہوئے۔

صوبہ دہلی میں ابتدائی تعلیم لازمی قرار دیدی گئی

شرنارتھی طلباء کی امداد کیلئے محکمہ تعلیم کا اہم اعلان

نئی دہلی ۱۵ مئی۔ صوبہ دہلی کے سپرنٹنڈنٹ تعلیمات مسٹر اے ایل سیٹھی نے کل سہ پہر ایک پریس کانفرنس کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ دہلی کے تمام تعلیمی اداروں نے یکم جولائی سے صوبہ بھر میں ابتدائی تعلیم کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ آپ نے بتایا کہ لازمی تعلیم لڑکوں اور لڑکیوں دونوں ہی کو مفت دی جائے گی۔ اس اسکیم کا آغاز صوبہ کے دیہات اور دہلی کے زراعتی علاقوں سے کیا جائے گا۔

شرنارتھی طلباء کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر سیٹھی نے کہا کہ ہمارے محکمے کی زیر نگرانی ۳۴ تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں جن میں ... شرنارتھی طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور ان اداروں کو چلانے میں تین لاکھ روپیہ سالانہ کا خرچ آئیگا۔ ایک سال تک شرنارتھیوں کے اسکولوں میں پنجاب یونیورسٹی کے نصاب کے مطابق درس دیا جائے گا۔ اور اس کے بعد انہیں دہلی بورڈ کے نصاب کے مطابق تعلیم دی جائے گی مسٹر سیٹھی نے اپنے بیان میں اور جو اطلاعات فراہم کیں ان میں سے خاص خاص یہ ہیں۔

صرف کیمپوں ہی میں ۹ پرائمری اسکول اور ۵ مڈل اسکول ہیں جن میں تقریباً ۳۴۰۰ طلباء ہیں۔ علاوہ ازیں لڑکوں کے چار اور لڑکیوں کے ایک ہائی اسکول کھولے گئے ہیں۔ ستمبر میں پنجابی طلباء کے لئے اگلے سیشن سے لڑکیوں کے ... کالج بھی دو ... ہائی اسکول کھولے جائیں گے۔ جو طالب علم فیس ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں ان کی فیس معاف ہے اور وظائف بھی پاتے ہیں ... ہائی اسکول کے طلباء کو ۵ روپیہ ... کتابیں کے خریدنے کے لئے بھی دئے گئے ہیں۔ امداد سے فیس امتحان بھی سنی لی گئی ہے۔

آخر میں مسٹر سیٹھی نے بتایا ہے کہ محکمہ تعلیم زیادہ سے زیادہ طلباء کی امداد کرنے کا خواہش مند ہے اور جو طالب علم کسی جگہ بھی داخل نہیں ہو سکے ہیں۔ ان کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے۔

حضرت سحبان الہند کا کتب خانہ نذیریہ میں ورود

لائبریری کا معائنہ اور اہل خیر سے امداد کی اپیل

دہلی ۱۵ مئی۔ حال ہی میں حضرت سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب نے کتب خانہ نذیریہ کا معائنہ کیا آپ نے فرمایا ایک عرصہ کے بعد مجھے خوش قسمتی سے کتب خانہ نذیریہ کو دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ حضرت مولانا سید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی سے علمی دنیا واقف ہے آپ مولانا محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ دہلوی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے اور آپ نے ایک مدت تک دہلی میں تفسیر و حدیث کا درس دیا۔

پھاٹک حبش خاں دہلی میں حضرت میاں صاحب سید نذیر حسین رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے اب تک ایک عربی مدرسہ جاری ہے حضرت میاں صاحب کے نواسے مولانا سید محمد عبدالرؤف صاحب نے ان ہی کے نام سے نذیریہ پبلک لائبریری قائم کی جو مدتوں سے تشنگان علم کو سیراب کر رہی ہے۔ مجھے یہ دیکھکر حیرت ہوئی کہ اس کتب خانہ میں پندرہ ہزار کتابیں موجود ہیں۔ ان کا اکثر تعداد میں قلمی کتابیں بھی جو نایاب ہیں۔ لائبریری ایک وسیع مکان میں قائم ہے یہ مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ اتنا بڑا کتب خانہ دہلی میں موجود نہیں ہے۔

اگرچہ میونسپل کمیٹی سے اس لائبریری کو امداد ملتی ہے لیکن وہ بہت ناکافی ہے۔ ضرورت اس کی ہے کہ اہل خیر اس کتب خانہ کی دستگیری فرمائیں۔ اس قسم کے کتب خانہ کے لئے ذاتی مکان کی بھی ضرورت ہے۔ مجھے امید ہے کہ اہل خیر حضرات اس کتب خانہ کی مالی امداد کی طرف متوجہ ہوں گے۔

اسٹرلنگ قرضوں کی بابت ہندکاروپیہ

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ آج نئی دہلی میں لندن میں اسٹرلنگ قرضوں کی بابت ہونے والی گفت و شنید کے بارے میں ابتدائی بات چیت ہوئی۔ اس میں وزیر خزانہ اور دوسرے سرکاری اور غیر سرکاری ممبروں نے حصہ لیا ہے۔ اس بات چیت کے نتیجہ میں جو امور طے ہوئے ہیں ...

خارسوان اور سرائے کیلہ کی ریاستوں کا مسئلہ

نئی دہلی ۱۵ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے خارسوان اور سرائے کیلہ کی ریاستوں کے بارے میں فیصلہ کیا ہے ...

ہندی سرکاری زبان قرار دیدی گئی

دہلی ۱۵ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان دستور ساز اسمبلی نے ... ہندی کو ہندوستان کی سرکاری زبان قرار دیدیا جائے۔

گوداوری دریا پر بند کی تعمیر

ایک ارب روپیہ صرف ہوگا

مدراس ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ گوداوری دریا پر جو بند باندھا جا رہا ہے اس پر ایک ارب روپیہ لاگت آئیگی جوائنٹ انجینیر اس بارہ میں تحقیقات کر رہا ہے اس کو مزید دو سال کے لئے روک لیا گیا مدراس کی حکومت نے اس بارہ میں ایک پریس نوٹ شائع کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اس بند کے بالائی حصے سے حیدرآباد ریاست بستر اور صوبہ اڑیسہ کی زمینوں پر اثر پڑیگا۔ اب ان حکومتوں سے بات چیت کی جا رہی ہے۔

مسلمان عورتوں کو نکالنے کی کوشش

حکومت پاکستان کا غیر مناسب اقدام

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند پاکستان کے اس فیصلہ کے خلاف سخت احتجاج کر رہی ہے جس میں ان سے مغربی پنجاب میں رجسٹرڈ کی ہوئی کمپنیوں کے حصوں کی آمدنی غیر مسلموں کو ادا کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔ امداد و بحالیات کی وزارت کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کا یہ طرز عمل مارچ میں دونوں حکومتوں کا جو معاہدہ ہوا تھا اس کی صریحی خلاف ورزی ہے۔ اسی نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگر یہ برداشت کرنے سے مطلب ہے ... حکومت ہند مسلمانوں کو ایسے ہی حصوں پر ان کی آمدنی کی ادائیگی کی ممانعت کر دے گی۔

پنڈت کاک کے مقدمہ کی سماعت

سری نگر ۱۴ مئی۔ کشمیر کے سابق وزیر اعظم پنڈت رامچندر کاک کے خلاف آج پھر مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی اور مسٹر پی ای چاند کی شہادت قلم بند کی گئی۔ آپ نے شہادت دیتے ہوئے کہا کہ آپ نے حکومت کو مشورہ دیا تھا کہ زیادہ سے زیادہ بولی دینے والے کو سلک (ریشمی کپڑا) فروخت کیا جائے لیکن سلک سب سے کم نرخوں پر اس فرم کو فروخت کیا گیا جس کا مالک پنڈت رامچندر کاک کا بھائی ہے۔ بیان دیتے ہوئے آگے چلکر آپ نے کہا کہ اس سے حکومت کو زبردست مالی نقصان ہوا ہے۔ اس وقت پنڈت رامچندر کاک کشمیر کے وزیر اعظم تھے اور باقاعدہ طور پر انہیں سب حالات سے مطلع کر دیا گیا تھا۔

ظفر اللہ خاں کراچی واپس آگئے

کراچی ۱۴ مئی۔ کراچی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سر ظفر اللہ خاں پاکستان وزیر خارجہ جو لیک سکسس کشمیر کے معاملہ میں اقوام متحدہ میں پاکستانی نمائندہ بن کر گئے تھے۔ چار مہینہ کی غیر حاضری کے بعد کراچی واپس پہونچ گئے۔ انھوں نے ایک مہینے کے قریب لیک سکسس میں گذارا۔ ہوائی اڈہ پر اعلیٰ افسران نے ان کا استقبال کیا۔ انھوں نے فلسطین کے متعلق کچھ کہنے سے یہ کہکر انکار کر دیا کہ میں عرب ہیں ہوں انھوں نے بتایا کہ وہ اپنے دوستوں سے ملاقات کرنے کے لئے دمشق ٹھیرے تھے۔ اور شام کے صدر سے بھی ملاقات کی۔ کشمیر کے معاملہ کے متعلق انھوں نے موجودہ صورت حال سے لاعلمی کا اظہار کیا۔

گاندھی میموریل فنڈ میں

دس لاکھ روپیہ کا عطیہ

کوئمبٹور ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ جلد ہی پنڈت جواہر لال نہرو کو ئمبٹور جانے والے ہیں وہاں کے مل مالکوں اور کپڑے کے سوداگروں کی طرف سے وہاں گاندھی میموریل فنڈ کے لئے دس لاکھ روپیہ کی ایک تھیلی آپ کی خدمت میں پیش کی جائے گی۔

ہندوستان اور فلسطین کے درمیان

ہوائی ڈاک اور تار کا سلسلہ منقطع

بمبئی ۱۵ مئی۔ بمبئی سنٹرل ٹیلیگراف آفس کے چیف سپرنٹنڈنٹ نے ایک حکم جاری کیا ہے جس کے مطابق بیت المقدس کو تار نہیں بھیجے جا سکیں گے۔ پوسٹ ماسٹر جنرل صوبہ بمبئی نے بھی اعلان کر دیا ہے کہ فلسطین اور مشرق اردن کو ہوائی ڈاک نہیں جائے گی۔

عربوں اور یہودیوں میں شاندار لڑائی

خوفناک جنگ اور تقریر

خوفناک جنگ ہو رہی ہے۔ اسی علاقہ میں عرب اسلام مولانا ... فلسطین پر تبصرہ کر رہا ہے۔

کل صبح میں ... یہودی ہلاک اور زخمی ہوئے ... نے اعلان کیا ہے کہ ایک ... اور ... نے اس علاقہ سے نکال دیں۔

دمشق میں عرب لیگ سکریٹری جنرل عزام پاشا نے جنگ کی حالت کا اعلان کر دیا ہے۔ مصری فوجیں ... فلسطین پر حملہ آور ہوں گی۔

قاہرہ کے سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ مصری فوجیں ... عرب ریاستوں کے تعاون سے تمام فلسطین پر حملہ کریں گی ... ایک سرکاری مصری اعلان میں اطلاع دی گئی ہے کہ جب باقاعدہ جنگ شروع ہوگی ... کے علاوہ ۱۰ ہزار سعودی فوجوں کے مقابلہ ... ہزار مصری ... ہزار عراقی ۱۲ ہزار شرق اردن اور دس ہزار شامی اور لبنانی فوجیں ہوں گی۔ برطانوی انتداب کے ختم ہونے ہی مصر نے قاہرہ کی حالت کا اعلان کر دیا ہے اور مصری فوجیں جنوبی فلسطین میں داخل ہو گئی ہیں۔

قاہرہ اور اسکندریہ میں ہوائی حملوں سے حفاظت کے لئے تدابیر اختیار کرلی گئی ہیں۔ تمام پلوں اور دوسرے اہم مقامات کی سخت حفاظت کی جا رہی ہے۔ یہودیوں کی عمارتوں پر پولیس پہرہ لگا دیا گیا ہے نیز آج پہلی مرتبہ قاہرہ اور اسکندریہ میں یہودی علاقوں میں پولیس نے گشت کیا۔ فلسطین کے آس پاس کی حکومتوں میں مارشل لا جاری کر دیا گیا ہے۔

امریکہ نے یہودی حکومت تسلیم کرلی

مصر کا سرکاری اعلان

شاہ عبداللہ کا اعلان

برطانوی انتداب

عراق میں مارشل لا

زبان کے ذریعہ مارشل لا جاری کر دیا گیا ہے۔ ایک مصری اخبار نے اپنے خاص اڈیشن میں اطلاع دی ہے کہ مصری فوج کی دو پلٹنوں نے فلسطین کی سرحد کو پار کر لیا ہے۔

یہودی حکومت

تل ابیب میں یہودیوں نے اپنی اسرائیلی حکومت کی کابینہ کے ...

ائمہ مساجد کا تقرر

کلکتہ ... مولانا ... آزاد ...

پیغام فلسطین

اعلان

اسی وقت تک یہودیوں کی منتخب کونسل عارضی حکومت کے طور پر کام کرتی رہیگی۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ یہودی حکومت میں تمام یہودیوں کو داخل ہونے کی اجازت عام ہوگی۔ ملک کی ترقی کے لئے کام کیا جائے گا۔ حکومت کی بنیاد انصاف امن اور آزادی پر ہوگی۔ ... اس حکومت میں ... تمام باشندوں کو سیاسی اور سماجی حقوق حاصل ہوں گے اور ہر شخص کی آزادی تعلیم اور تمدن کی حفاظت کی جائے گی۔

کشمیر میں ہندی توپخانہ کی گولہ باری

کانگریس کے مستقل سکریٹری

بھوک ہڑتال ملتوی

ایم گردا ہیگو کی دست برداری

تپ دق T.B ٹی۔بی

پرانے بخارات — JABRI

جبری

ٹی۔بی، خواہ پھیپھڑوں کا ہو یا انتڑیوں کا، بڑا خوفناک مرض ہے

(۱) اسٹیج شروع (۲) دوسری اسٹیج (۳) تیسری اسٹیج (۴) چوتھی اسٹیج (۵) آخری اسٹیج
معمولی بخار کھانسی — بخار کھانسی کی زیادتی — جسم کا سوکھنا بخار کھانسی کی بے حد زیادتی — حالت خراب دستوں کا شروع ہو جانا — مریض کی مہوت جراثیم کا ادھر ادھر پھیلنا

اس خوفناک مرض کے جراثیم کو ہلاک کرنیوالی اگر کوئی دوا ہے تو لیس جبری ہے۔ جبری کے بارے میں اب ڈپلوما کی ضرورت نہیں رہی ہندوستان کے کونے کونے میں مریضوں نے اس کا نام دوا نہیں بلکہ تپ دق اور پرانے بخارات کے مریضوں کو موت کے منہ سے بچانے والی الٰہی طاقت رکھ دیا ہے۔ ...

قیمت اس طرح ہے: مکمل کورس چالیس روز کا کورس ... روپے ... نمونہ دس روز کے لئے بیس روپے ...

پتہ: ایل شرما اینڈ سنز ریسنٹ اینڈ بینکرز دیہہ جگادھری ضلع انبالہ (پنجاب)

ماہنامہ جمیل دہلی

دہلی میں اردو ادب کے مؤقر رسائل و جرائد کی جو کمی ہو گئی ہے
اسے پورا کرنے کے لئے جمیل دہلی کے اجراء کا اہتمام کیا گیا ہے

ادب لطیف اور ماہنامہ جمیل کی نگارشوں کا بہترین مرقع ہوگا اس کی ادارت علامہ اخلاق دہلوی کے سپرد کی گئی ہے جو انجمن ترقی اردو (ہند)، دہلی کے مؤقر رسائل و جرائد کی ادارت و انتظام کی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جمیل کا پہلا نمبر ... ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کرے گا توقع ہے کہ معزز اہل قلم ... نگارشات جمیل کے لئے ارسال فرما کر ممنون فرمائیں گے۔ مشتہرین حضرات سے توقع ہے کہ وہ ماہنامہ جمیل میں اشتہارات دیکر تجارتی فائدہ حاصل کریں گے۔

نیازمند: شیخ عبدالحق پراچہ دہلوی

مینجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم، کیس اور سامان متعلقہ چشمہ ہمارے یہاں ہول سیل و ریٹیل نرخ پر بکفایت ملتا ہے۔

چاندنا آپٹیکل کمپنی دہلی
حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

مفت

نہایت کارآمد ہند جنتری ۱۹۴۸ء ایک کارڈ لکھ کر مفت منگا لیجیے۔

ہندسی بی ورکس منوناتھ بھنجن یو۔پی (انڈیا)

برائے فروخت

لیتھو مشین کی نئی پلیٹیں (ولایتی) ہر سائز کی ہمارے اسٹاک میں موجود ہیں۔

دلی پرنٹنگ ورکس چاوڑی بازار دہلی

نظام کا مشیر چرچل کے منہ چڑھا ہوا اور ماؤنٹ بیٹن کا دوست ہے

حیدرآبادی وفد پانچویں مرتبہ دہلی آیا لیکن کچھ نتیجہ نہ نکلا

حکومت ہند کو کسی تاخیر کے بغیر حیدرآباد کے خلاف کاروائی کرنا چاہئے

حیدرآباد کا مسئلہ جتنی جلد حل کیا جائے ... ہندوستان ... تباہ و برباد ہو سکتا ہے۔

پولینڈ میں ایٹمی طاقت پر ریسرچ

لندن ۱۵ مئی۔ اس وقت پولینڈ ان ممالک میں سے ایک ہے جس میں ایٹمی طاقت کی ریسرچ کے سلسلہ میں اپنی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں اس کام پر جو سائنس دان لگائے گئے ہیں ان کی تعداد دگنی کر دی گئی ہے۔ سائنسدان اس وقت سرکاری لیبارٹریز ... خفیہ ... بنانے کے بھی کام کر رہے ہیں پچھلے دنوں ملک کے ... ایک کانفرنس ہوئی جس میں اٹامک سے بچاؤ کی صورتیں غور کیا گیا ... اس بات کا اظہار کیا گیا کہ بچاؤ خندقوں کے ذریعے سے ہو سکتا ہے۔

مسلمانان ہند کا مستقبل روشن اور شاندار ہے

فیض آباد جمعیۃ علماء کے جلسہ میں حضرت شیخ الہند کی تقریر

... جمعیۃ علماء کانفرنس کا پہلا اجلاس ... حضرت شیخ الاسلام مولانا ... صاحب مدنی کی صدارت میں منعقد ہوا ...

... مستقبل ہندوستان میں روشن اور شاندار ہوگا۔

حضرت شیخ نے انگریزوں کی ... مولانا نے آخر میں جمعیۃ علماء میں شامل ہونے کی اپیل کی ... (نامہ نگار)

ائمہ مساجد سے اپیل

...

جمعیۃ علماء ہلدوانی کا جلسہ

...

گاندھی میموریل فنڈ میں چندہ

مسلمان بھائیوں سے اپیل

... (نامہ نگار)

چندر نگر میں ستیہ گرہ کی تحریک

چندر نگر ۱۴ مئی۔ چندر نگر کی ... ایک نوجوان نے ... کو بتایا کہ چندر نگر میں ستیہ گرہ کی تحریک اگلے ہفتے سے شروع کی جائے گی۔ ... اس تحریک میں حصہ لینے کے لئے اپنے نام پیش کئے ہیں۔

حکومت عدن کی احتیاطی تدابیر

عدن ۱۴ مئی۔ ... فلسطین ... عربوں کی آزادی ... حکومت عدن ... احتیاطی تدابیر ... ہونے پائے۔

شام کی طرف سے فلسطین کی مالی امداد

دمشق ۱۴ مئی۔ شام کی پارلیمنٹ میں ... فلسطین کے ... مالی مدد کرنے کے لئے ۲۹ کروڑ ... منظور کئے ہیں۔ (الکرب)

آزاد لائبریری داؤ دنگر ضلع گیا کا قیام

...

جامعہ ملیہ کے زیر اہتمام دہلی میں تعلیم و ترقی کی مہم

ہند کے سابق سفیر مسٹر آصف علی کی صدارت میں خاص جلسہ

...

... پروگرام درج ذیل ہے۔ ... ۳ بجے سہ پہر تعلیمی نمائش اور بچوں کا میلہ ... شام ... بچوں کا جلسہ ... تقسیم انعامات ... شب ... ڈرامہ۔

یوپی اسمبلی کا ضمنی انتخاب مولانا حفظ الرحمن صاحب کو موقع دیا جائے

صوبہ کانگریس پارلیمنٹری بورڈ سے حکیم مشتاق احمد صاحب کی اپیل

سیوہارہ ۱۵ مئی۔ حکیم سید مشتاق احمد صاحب ممبر ... کانگریس کمیٹی نے یوپی کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں کہا کہ یوپی اسمبلی میں ایک مسلم نشست ... خالی ہوئی ہے جس کے لئے بہت سے امیدواروں کے نام سے جا رہے ہیں ... مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی و جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند کی ذات اس نشست کے لئے سب سے زیادہ موزوں ... قوم کی ... کی سخت ضرورت ہے۔

ہند اور پاکستان میں جنگ کا خطرہ

دن بدن کم ہو رہا ہے

لندن ۱۴ مئی۔ لندن کے اخبار نیو اسٹیٹس مین نے آج اپنی اشاعت میں لکھا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جنگ کا خطرہ دن بدن کم ہو رہا ہے اور عملی طور پر اس بے معنی تصادم کو ختم کرنے کے آثار رونما ہو رہے ہیں۔

متحدہ اقوام کی انجمن کی نامزد کمیشن کا ذکر کرتے ہوئے اس اخبار نے لکھا ہے کہ جب یہ کمیشن اپنا کام شروع کرے گی تو اس سے معلوم ہو جائے گا کہ اس مسئلہ کا حل نہایت ہی آسان ہے اور عین ممکن ہے کہ استصواب رائے میں کسی قسم کی شکل درپیش نہ آئے اور سفارش کرے کہ علاقہ کی تقسیم کی جائے ... کشمیر میں استصواب رائے کی رائے۔ اس کے سوا کشمیر کے مسئلہ کا اس سے بہتر کوئی اور حل نہیں ہے۔

مسٹر کھوڑو اپنا مکان خالی کر دیں

حکومت سندھ کا مطالبہ

کراچی ۱۴ مئی۔ حکومت سندھ نے سندھ کے سابق وزیر اعظم مسٹر کھوڑو سے مکان خالی کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ حکومت سندھ نے اس مکان کو اپنے لئے حاصل کر لیا ہے۔ مسٹر کھوڑو کو یہ مکان خالی کرنے کا نوٹس دیا گیا ہے۔ اس وقت مسٹر کھوڑو اور ان کے خاندان والے اس مکان میں مقیم ہیں۔ مسٹر کھوڑو کے اخبار سندھ آبزرور نے حکومت کے اس رویہ پر سخت تنقید کی ہے۔ اور اسے انتہا سے زیادہ بداخلاقی سے تعبیر کیا ہے۔

خواجہ غریب نوازؒ کا سالانہ عرس

دہلی ۱۵ مئی۔ جناب پیرزادہ ہلال قطبی صاحب ... حضرت خواجہ قطب صاحب سے مطلع فرماتے ہیں کہ آج سے سات سو برس پہلے انسانیت، پریم اور مانگلیہ اتحاد کا پیغام جن بزرگوں نے ہندوستان کے ہر گھر میں پہونچایا وہ حضرت خواجہ غریب نوازؒ اجمیری اور حضرت کے جانشین حضرت خواجہ قطب صاحب تھے جن کے آستانے آج بھی اس پاک مشن اور نیک مقصد کے کامیاب مرکز ہیں۔

پہلی رجب ... سے اس مشن کی تبلیغ و تعلیم کے لئے اجمیر شریف میں حضرت خواجہ اجمیری کا سالانہ عرس ... کے مطابق درگاہ حضرت خواجہ قطب صاحب ... ہفتہ ۲۵ رجب ... مطابق ۱۵ مئی ... کی رات ... سالانہ عرس ہوگا ... حکومت سے درخواست کر دی گئی ہے ... اور ... دروازے سے چلانے کی درخواست کی ہے۔

کمیونسٹ قیدیوں کی بھوک ہڑتال

جبلپور ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے ... سنٹرل جیل میں ... کمیونسٹ قیدیوں ... نے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے ... ان قیدیوں کو سخت سزائیں دی جاتی ہیں ... علاوہ ازیں ان کی سزاؤں میں چھ ماہ کا اضافہ کر دیا گیا۔

الجمعیۃ بکڈپو کی کتابیں

نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اہم واقعات کو تحقیق جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب طالب علموں، مردوں، اور عام مسلمانوں کے لئے بہت مفید ہے۔

کاغذ، لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ...

قیمت ایک روپیہ۔

خلافت راشدہ

یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تمام اہم واقعات مستند تاریخوں سے جمع کر دیے گئے ہیں ہر مسلمان مرد و عورت کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیئے۔ کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ۳۴۴ قیمت مجلد ...

خلافت بنی امیہ

یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں خلفائے بنی امیہ کے صحیح حالات عربی تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں ہر خلیفہ کے دور حکومت اور اسکی خصوصیات پر تبصرہ بھی کیا گیا ہے زبان نہایت سلیس اور آسان ہے۔ اسکول اور کالج کے طلبا خصوصیت کے ساتھ مطالعہ کریں۔ کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ۳۴۸ قیمت مجلد ...

قیمت	نام کتاب
[illegible]	قصص القرآن حصہ اول
[illegible]	حصہ دوم
[illegible]	حصہ سوم
[illegible]	حصہ چہارم
[illegible]	فہم قرآن
[illegible]	نظام تعلیم و تربیت حصہ اول
[illegible]	حصہ دوم
[illegible]	اسلام کا نظام حکومت
[illegible]	قرآن اور تصوف
[illegible]	لغات القرآن جلد اول
[illegible]	جلد دوم
[illegible]	اقتصادی نظام
[illegible]	غلامی کی حقیقت
[illegible]	نقش حکمت
[illegible]	شہنشاہیت
[illegible]	انقلاب روس
[illegible]	سیاسی معلومات
[illegible]	جنگ عبد
[illegible]	خلاصہ سفرنامہ ابن بطوطہ
[illegible]	ہندوستان اور شادی
[illegible]	الفتیق دسوانح حیات حضرت ابوبکر صدیقؓ

(نوٹ) مبلغ ... یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں ۲ رسالے مفت پیش کئے جائیں گے۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت
(دہلی ۱۵ مئی ۱۹۴۸ء)

صفائی کی مہم

سوشلسٹ پارٹی وارڈ نمبر ۱ نے علاقہ دہلی میں بیماریوں اور گندگی کے خلاف صفائی کی ایک زبردست مہم شروع کر رکھی ہے۔ سوشلسٹ کارکنان محلوں کی صفائی خود اپنے ہاتھوں سے کرتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی ٹکڑیوں میں لوگوں کو صفائی رکھنے اور ہیضہ کا ٹیکہ لگوانے کی تلقین کرتے ہیں۔ ...

ایک ہزار کوارٹر

خنجرزنی کا حادثہ

زیورات کی چوری

کارآمد کارتوس ملے

جیب کترے کو سزا

بچوں کا کلب

ہتھیار رکھنے کے جرم میں سزا

کنوئیں میں لاش ملی

راج گھاٹ میں پراتھنا

صوبہ دہلی میں ابتدائی تعلیم لازمی قرار دیدی گئی

شرنارتھی طلبار کی امداد کیلئے محکمہ تعلیم کا اہم اعلان

نئی دہلی ۱۵ مئی۔ صوبہ دہلی کے ... تعلیمات مسٹر اہل ... نے ایک پریس کانفرنس کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ دہلی کے شاذی تعلیمی بورڈ نے کیم جولائی سے صوبہ بھر میں ابتدائی تعلیم کو لازمی قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ آپ نے بتایا کہ لازمی تعلیم کو پہلے ان کمیپوں اور دوسرے ... کو مفت دی جائے گی۔ اس اسکیم کا آغاز صوبہ کے دیہات اور دہلی کے زائد علاقوں میں کیا جائے گا۔

شرنارتھی طلبار کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر سنگھی نے کہا ... پنجاب یونیورسٹی کے نصاب کے مطابق درس دیا جائے گا۔ ...

حضرت سحبان الہند کا کتب خانہ نذیریہ میں ورود

لائبریری کا معائنہ اور اہل خیر سے امداد کی اپیل

دہلی ۱۵ مئی۔ حال ہی میں حضرت سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب نے کتب خانہ نذیریہ کا معائنہ کیا آپ نے فرمایا ایک عرصہ کے بعد مجھے خوش قسمتی سے کتب خانہ نذیریہ کو دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ حضرت مولانا سید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی سے علمی دنیا واقف ہے آپ مولانا محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ دہلوی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے اور آپ نے ایک مدت تک دہلی میں تفسیر و حدیث کا درس دیا۔

پھاٹک حبش خاں دہلی میں حضرت میاں صاحب سید نذیر حسین رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے اب تک ایک عربی مدرسہ جاری ہے حضرت میاں صاحب کے نواسے مولانا سید محمد عبدالرؤف صاحب نے اپنے نانا کے نام سے نذیریہ پبلک لائبریری قائم کی جو مدتوں سے تشنگان علم کو سیراب کر رہی ہے۔ مجھے یہ دیکھکر حیرت ہوئی کہ اس کتب خانہ میں ... ہزار کتابیں موجود ہیں۔ اور کافی تعداد میں قلمی کتابیں بھی جو نایاب ہیں۔ لائبریری ایک وسیع مکان میں قائم ہے بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ اتنا بڑا کتب خانہ دہلی میں موجود نہیں ہے۔

اگرچہ میونسپل کمیٹی سے اس لائبریری کو امداد ملتی ہے لیکن وہ بہت ناکافی ہے۔ ضرورت اس کی ہے کہ اہل خیر اس کتب خانہ کی دستگیری فرمائیں۔ اس قسم کے کتب خانہ کے لئے ذاتی مکان کی بھی ضرورت ہے۔ مجھے امید ہے کہ اہل خیر حضرات اس کتب خانہ کی مالی امداد کی طرف متوجہ ہوں گے۔

اسٹرلنگ قرضوں کی بابت ہند کا رویہ

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ آج نئی دہلی میں لندن میں اسٹرلنگ سٹیلوں کی بابت ہونے والی گفت و شنید کے بارے میں انتہائی بات چیت ہوئی۔ اس میں وزیر خزانہ ... سرکاری اور غیر سرکاری ممبروں نے حصہ لیا۔ ...

خارسواں اور سرائے کیلہ کی ریاستوں کا مسئلہ

نئی دہلی ۱۵ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند ...

گوداوری دریا پر بند کی تعمیر

ایک ارب روپیہ صرف ہوگا

... مدراس کی حکومت نے اس بارہ میں ایک پریس نوٹ شائع کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اس بند کے باندھنے سے حیدرآباد ریاست بستر اور صوبہ اڑلیسہ کی زمینوں پر اثر پڑیگا۔ اب ان حکومتوں سے بات چیت کی جا رہی ہے۔

ہندی سرکاری زبان قرار دیجائے

مسلمان عورتوں کو نکالنے کی کوشش

فیروزپور ۱۴ مئی۔ فیروزپور سے اطلاع ملی ہے کہ مشرقی پنجاب کے محکمہ پناہ گزینی کی طرف سے اغوا شدہ مسلمان عورتوں اور بچوں کو نکالنے کی مہم جاری ہے ...

حکومت پاکستان کا غیر مناسب اقدام

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند پاکستان کے اس فیصلہ کے خلاف سخت احتجاج کر رہی ہے جس میں ان سے مغربی پنجاب میں رجسٹرڈ کی ہوئی کمپنیوں کے حصوں کی آمدنی غیر مسلموں کو ادا کرنے کی ممانعت کر دی ہے۔ امداد و مالیات کی وزارت کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کا یہ طرز عمل مارچ میں دونوں حکومتوں کا جو معاہدہ ہوا تھا اس کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اسی نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگر یہ درست کرنے سے معذور ہو تو نتیجہ نکلے گا کہ حکومت ہند مسلمانوں کو ایسے ہی حصوں پر ان کی آمدنی کی ادائیگی کی ممانعت کر دے گی۔

پنڈت کاک کے مقدمہ کی سماعت

سری نگر ۱۴ مئی۔ کشمیر کے سابق وزیر اعظم پنڈت رامچندر کاک کے خلاف آج پھر مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی اور مسٹر بی ای چاند کی شہادت قلم بند کی گئی۔ آپ نے شہادت دیتے ہوئے کہا کہ آپ نے حکومت کو مشورہ دیا تھا کہ زیادہ سے زیادہ بولی دینے والے کو سلک ... فروخت کیا جائے لیکن سلک ... پر اس فرم کو فروخت کیا گیا جس کا مالک پنڈت رامچندر کاک کا بھائی ہے۔ بیان دیتے ہوئے آگے چلکر آپ نے کہا کہ اس سے حکومت کو زبردست مالی نقصان ہوا ہے۔ اس وقت پنڈت رامچندر کاک کشمیر کے وزیر اعظم تھے اور باقاعدہ طور پر انہیں سب حالات سے مطلع کر دیا گیا تھا۔

ظفر اللہ خاں کراچی واپس آگئے

کراچی ۱۴ مئی۔ کراچی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ سر ظفر اللہ خاں پاکستان وزیر خارجہ جو لیک سکسس کشمیر کے معاملہ میں اقوام متحدہ میں پاکستانی نمائندہ ...

گاندھی میموریل فنڈ میں دس لاکھ روپیہ کا عطیہ

ہندوستان اور فلسطین کے درمیان ہوائی ڈاک و تار کا سلسلہ منقطع

بمبئی ۱۵ مئی۔ بمبئی سنٹرل ٹیلیگراف آفس کے چیف سپرنٹنڈنٹ نے ایک حکم جاری کیا ہے جس کے مطابق بیت المقدس کو تار نہیں بھیجے جا سکیں گے۔ پوسٹ ماسٹر جنرل صوبہ بمبئی نے بھی اعلان کر دیا ہے کہ فلسطین اور مشرقی یردن کو ہوائی ڈاک نہیں جائے گی۔

عربوں اور یہودیوں میں خونریز جنگ

خوفناک جنگ

امریکہ نے یہودی حکومت تسلیم کرلی

مصر کا سرکاری اعلان

شاہ عبداللہ کا اعلان

برطانوی انتداب

عراق میں مارشل لا

یہودی حکومت

قرطاس ابیض

اعلان

کشمیر میں ہندی توپخانہ کی سرگرمیاں

کانگریس کے مستقل سکریٹری

بھوک ہڑتال ملتوی

یم گردمانیکو کی دست برداری

ماہنامہ جمیل دہلی

دہلی میں اردو ادب کے موقر رسائل و جرائد کی جو کمی ہو گئی ہے اسے پورا کرنے کے لئے جمیل دہلی کے اجراء کا اہتمام کیا گیا ہے

ادب لطیف اور ... جمیل کی کڑیاں کا بہترین مرقع ہوگا اس کی ادارت علامہ اخلاق دہلوی کے سپرد کی گئی ہے جو انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی کے موقر رسائل و جرائد کی ادارت و انتظام کی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جمیل کا پہلا صحیفہ استقبالیہ ہوگا جو ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کرے گا۔ توقع ہے کہ معزز اہل قلم موضوع کے متعلق اپنے نگارشات جمیل جلد سال ... فرما کر ممنون فرمائیں گے۔ مشتہرین حضرات سے توقع ہے کہ وہ ماہنامہ جمیل میں اشتہارات دیکر تجارتی فائدہ حاصل کریں گے۔

نیاز مند: شیخ عبدالحق پراچہ دہلوی
مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے یہاں سے ہول سیل و ریٹیل نرخ پر بکفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی دہلی
حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

مفت

نہایت کارآمد ہند جنتری ... ایک کارڈ لکھکر مفت منگا لیجئے۔
ہندسی بی ورکس متھرا ... یو۔ پی (انڈیا)

برائے فروخت

... دہلی پرنٹنگ ورکس ... بازار دہلی

تپ دق — T.B — برائے بخارات — JABRI — جبری

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو یا انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے ...

... جبری جگادھری

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط!
ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر۔ شیخ احمد ایم اے
روزنامہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمائیے

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تین روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۸ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۹ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۷ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیور لیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیبی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

فلسطین میں عرب فوجوں کی فاتحانہ پیشقدمی جاری ہے

مصری ہوائی جہازوں نے تل ابیب کی بندرگاہ تباہ کردی
عرب فوجیں دریائے اردن کو پار کر کے بحر روم کی طرف بڑھ رہی ہیں

قاہرہ ۱۸ مئی۔ محاذ فلسطین کی تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ عرب فوجیں تمام محاذوں پر تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں۔ مصری فوجیں غازہ پر قبضہ کرنے کے بعد اب اسکلیون پہنچ گئی ہیں۔ جہاں سے یہودی اسٹیٹ کا دارالسلطنت تل ابیب صرف میل دور رہ گیا ہے۔ ایک طرف مصری طیاروں نے تل ابیب پر بار بار شدت سے بمباری کی اور دوسری طرف مشرقی حدود میں شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ نے متعدد دیہاتوں پر قبضہ کر لیا۔

بجلی گھر پر قبضہ

[illegible]

(باقی صفحہ ۲ کالم ۳ میں دیکھئے)

کمیونسٹ فوجوں کی جیہول کے دارالسلطنت پر زبردست یلغار
دارالخلافہ صرف دس میل دور رہ گیا

[illegible]

مارسیلز میں سیاسی اختلافات کی بنا پر ہندچینیوں میں سخت فساد
پچاس گرفتاریاں اور اسلحہ کی کثیر تعداد پر پولیس کا قبضہ

پیرس ۱۸ مئی۔ گذشتہ شب مارسیلز میں ہندچینی کے مزدوروں میں فساد ہو جانے کی وجہ سے پولیس نے ... ریوالور، چاقوؤں اور دوسرے آلات کی بہت کافی تعداد کو ضبط کر لیا ہے۔ اس فساد میں ۲۰ آدمی زخمی ہوئے اور تین آدمی مارے گئے۔ پولیس نے ۵۰ آدمیوں کو گرفتار کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ فسادات آپس میں سیاسی اختلافات کی بنا پر ہوئے ... [illegible]

سب فرقوں کو چاہئے کہ دوسروں کو ایک ہی خاندان سمجھیں
دارجلنگ میں باہمی اتحاد کیلئے ڈاکٹر جگوال چارسا کی تقریر

[illegible]

جرمنی کا روسی علاقہ آزاد کر دیا جائیگا

برلن ۱۷ مئی۔ سیاہ سفید اور سرخ رنگ کے جھنڈے جرمنی کے روسی حصہ میں بکثرت تیار کئے جا رہے ہیں ... [illegible]

اقوام متحدہ کا نصب العین امن ہونا چاہئے — امریکہ نے یہودی ریاست کو تسلیم کر کے سخت غلطی کی ہے — (دہرہ دون ایکسپریس کے پٹری سے اتر جانے کی تفصیلات۔ کل ۲۱ اشخاص ہلاک ہوئے)

فلسطینی امن کمیشن سے امریکی ممبر کو نکال دیا جائے
سلامتی کونسل سے چینی نمائندہ کا مطالبہ

لیک سکسس ۱۸ مئی۔ برطانوی انتداب کے ختم ہوتے ہی فلسطین کے اندر تیزی سے خانہ جنگی شروع ہو گئی ہے ... [illegible]

شکایتی درخواستیں

[illegible]

چین کی تنقید

[illegible]

(باقی صفحہ ۲ کالم ۶ میں دیکھئے)

صنعتی جھگڑوں کے فیصلے کیلئے ایک قانون بنایا جائے
بمبئی میں مزدوروں کے جلسہ کی کارروائی۔ پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کے پیغام

[illegible]

(بقیہ صفحہ ۲ کالم ۶ میں دیکھئے)

حادثہ مذکور پر کسی سازش کا شبہ کیا جا رہا ہے
نامہ نگار الجمعیۃ کا موقع واردات کا دورہ

[illegible]

فقیر ایپی بستر مرگ پر

پشاور ۱۸ مئی۔ پشاور سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ فقیر ایپی ... [illegible]

مصر کو فلسطین کے معاملہ میں مداخلت کا پورا حق ہے
مجلس تحفظ میں مصری اور عرب لیگ کے نمائندے کا بیان

لیک سکسس ۱۸ مئی۔ یہودیوں کے نمائندے نے آج مجلس تحفظ سے یہ مطالبہ کیا کہ مجلس تحفظ عرب حکومتوں کو حکم دینا چاہئے کہ وہ فلسطین کے معاملہ میں مداخلت ... [illegible]

حیدرآباد میں ذمہ دار حکومت قائم نہیں ہو سکتی
سید قاسم رضوی کا ایک جلسہ عام میں اعلان

حیدرآباد ۱۷ مئی۔ مجلس اتحاد المسلمین کے صدر سید قاسم رضوی نے ایک جلسہ میں ... [illegible]

نئی ریاست کو تسلیم کرانے کیلئے یہودیوں کی دوڑ دھوپ

تل ابیب ۱۸ مئی۔ یہودیوں کی نام نہاد ریاست اسرائیل نے اقوام متحدہ کے ... [illegible]

ہندو مسلم سب کے دردمند ہند کے سب سے بڑے حکیم گھورے خاں کا قائم کردہ
بڑا دواخانہ
ہے۔ آج مایوسوں کی امیدگاہ ہے۔ حالات لکھ کر طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے
دوا چاہے جہاں سے خریدیں
منیجر بڑا دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۳۵ دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۱۹ مئی سنہ ۱۹۴۸ء

حکومت بنی اسرائیل

انتداب ختم ہونے سے آدھ گھنٹہ پہلے یہودیوں نے بنی اسرائیل کی حکومت قائم کرنے کا اعلان کر دیا تھا اب انتداب بھی ختم ہوا اور بنی اسرائیل کی حکومت بھی قائم کر دی گئی، مگر اس کا نتیجہ خون خرابہ اور جنگ کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے؟ چنانچہ ادھر انتداب ختم ہوا اور ادھر حکومت مصر کی افواج نے یہودی علاقوں پر حملہ کر دیا اور ان کے اہم مرکز کو بمباری کا نشانہ بنایا۔

فلسطین کی موجودہ صورت حال پر نظر ڈالئے دو باتیں بالکل صاف نظر آئیں گی، اول یہ کہ امریکہ اور برطانیہ نے دانستہ فلسطین میں خونریزی کرائی ہے اور سوچی سمجھی اسکیم کے مطابق ایسے حالات پیدا کئے ہیں کہ عرب اور یہودیوں میں جنگ ہو، ارض انبیاء کا گوشہ گوشہ انسانی خون سے رنگین ہو جائے اور عرب مجبور ہو کر یہودی اسٹیٹ تسلیم کریں، امریکہ اور برطانیہ دونوں کو معلوم تھا کہ انتداب ختم ہوتے ہی خون کا سیلاب بہہ جائے گا مگر انہوں نے اس تباہی کو برداشت کیا بلکہ اسے خود دعوت دی اور عرب اور یہود کو کھلی جنگ کے لئے آزاد چھوڑ دیا اب فلسطین میں جو کچھ ہوگا اسکے ذمہ دار برطانیہ اور امریکہ ہیں، برطانیہ ڈبل مجرم ہے کہ ۲۵ سال سے آگ لگاتا رہا اور آخری تباہی کے لئے میدان صاف کر کے رخصت ہوا۔

دوسری بات یہ ہے کہ انتداب کا خاتمہ برطانیہ کے لئے نقصان دہ اور یہود کے لئے مفید تھا ...

برطانیہ بھی اس حمام میں ننگا ہو جائے اور وہ بھی یہودی اسٹیٹ کو تسلیم کر کے امریکن پالیسی کی حمایت کرے۔ ان حالات میں ظاہر ہے کہ عربوں کی پوزیشن کسقدر نازک ہو گئی ہے ...

بھوکوں کی خبر گیری

لیس المومن الذی یشبع وجارہ جائع

(حدیث)

پیغمبر اسلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص خود
پیٹ بھر کر کھائے اور اسکا پڑوسی بھوکا رہے
وہ مومن نہیں ہے

اگر مومن کے سینہ میں دل ہو تو وہ کبھی گوارا نہیں کریگا کہ خود شکم سیر ہو کر کھائے اور اسکا پڑوسی بھوک سے تڑپے، اگر پڑوسی بھوکا ہے تو مومن کو چاہئے کہ اپنے کھانے میں اسے بھی شریک کرے اور رات بھوکا نہ سونے دے، پڑوسی روٹی کیلئے ترسے اور مومن ڈکار لیکر چین کرے، اور پھر وہ مومن بھی رہ جائے، جو لوگ خوشحال ہیں انکے ایمان کا تقاضا ہونا چاہئے کہ بھوکوں کا خیال رکھیں اور کسی نادار کو دیکھ کر بے چین ہو جائیں، مال دولت خدا کی امانت ہے اور اس میں ان سب کا حصہ ہے جو کسی وجہ سے روٹی مہیا نہیں کر سکتے۔

اگر آج پیغمبر اسلام کے اس ارشاد پر عمل ہونے لگے تو معاشی انقلاب خود ختم ہو جائے اور وہ لوگ تباہی سے بچ جائیں جو سوسائٹی کے ہاتھوں کمزور ہو چکے ہیں۔

سیر و سیاحت

سیاح

بنارسی کپڑے کے کاریگروں کا جلسہ

اڈیٹر کے نام خط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں)

فلسطین

سہارنپور میں صوبہ تنظیمی کمیٹی کے راعی کی آمد

ایک دن میں تین مکتبوں کا قیام

اہالی خانپور کی تعلیمی سرگرمیاں

اڑیسہ میں مٹی کے تیل پر کنٹرول

سانحہ ارتحال

ضلع اتحاد ترقی کانفرنس مظفرنگر

لبنان کے وزیر خارجہ کا اعلان

خیریت مطلوب ہے

خیریت مطلوب ہے

کانگریس کی کامیابی

بنگال کی اقلیتوں کا تحفظ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط!
ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر، شیخ احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیورلیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
[illegible]

فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۸ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۹ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۷ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

فلسطین میں عرب فوجوں کی فاتحانہ پیشقدمی جاری ہے

مصری ہوائی جہازوں نے تل ابیب کی بندرگاہ تباہ کر دی
عرب فوجیں دریائے اردن کو پار کر کے بحر روم کی طرف بڑھ رہی ہیں

قاہرہ ۱۸ مئی۔ محاذ فلسطین کی تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ عرب فوجیں تمام محاذوں پر تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں۔ مصری فوجیں غازہ پر قبضہ کرنے کے بعد اب اس علاقہ میں پہنچ گئی ہیں۔ جہاں سے یہودی اسٹیٹ کا دارالسلطنت تل ابیب صرف بیس میل دور رہ گیا ہے۔ ایک طرف مصری طیاروں نے تل ابیب پر چار مرتبہ سخت بمباری کی اور دوسری طرف مشرقی علاقہ میں شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ نے [illegible] پر قبضہ کر لیا۔

بجلی گھر پر قبضہ

لنبیاد کے ایک کیمپ میں کے مطابق عراقی افواج نے جو دریائے اردن کو پار کر کے شاہ عبداللہ کی فوجوں کے ساتھ مغرب کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ [illegible] کے بجلی گھر پر قبضہ کر لیا ہے [illegible]

(باقی صفحہ ۳ کالم ۳ میں دیکھئے)

[illegible]

کمیونسٹ فوجوں کی جیہول کے دارالسلطنت پر زبردست یلغار
دارالخلافہ صرف دس میل دور رہ گیا

کنٹگ ۱۸ مئی۔ چینی خانہ جنگی کی جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیونسٹ فوجیں بڑھتی ہوئی صوبہ جیہول کے دارالسلطنت چنگ تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئی ہیں اور دارالسلطنت صرف دس میل دور رہ گیا ہے۔ باشندے شہر چھوڑ کر بھاگ رہے ہیں۔ چینی فوجوں کے کمانڈر نے جیہول کے باشندوں سے وعدہ کیا ہے کہ کمیونسٹ فوجوں کو شکست دینے کے لئے جلد ہی امداد بھیجی جائے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ اس علاقہ میں حکومتی فوجوں نے کمیونسٹوں کے کئی حملے پسپا کر دیے ہیں۔ یہ اعلان بھی کیا گیا ہے کہ دارالسلطنت کو آخر تک بچایا جائے گا۔ شہر سے جانے والوں میں زیادہ تر عورتیں اور بچے ہیں۔ مشرقی علاقوں میں بھی سخت خونریز جنگ ہو رہی ہے۔ [illegible] ریلوے لائن پر سخت جنگ ہو رہی ہے۔ دریائے زرد کے ساحل پر کمیونسٹ فوجوں کی سرگرمیاں تیز ہو گئی ہیں۔

مارسیلز میں سیاسی اختلافات کی بنا پر ہندچینیوں میں سخت فساد
پچاس گرفتاریاں اور اسلحہ کی کثیر تعداد پر پولیس کا قبضہ

...بند کا دعوت... اس ہیں۔ حیدہ کے سعاملات پر کر کے یہودیوں نے قاہرہ کرلیا ہے۔ اور وہاں عرب کسی وقت بھی ہتھیار ڈال سکتے ہیں۔ اب تک کی خبروں سے اندازہ ہوتا ہے کہ [illegible] یہودیوں کی انتہائی کوشش [illegible] کے درمیان انقلاب پیدا کرنے۔

یہودیوں کو کمک

[illegible] یہودیوں کو کمک پہنچ رہی ہے [illegible] فوجوں کی مدد کرنے آگئے۔ ان میں اسپین اور سیکسن کے یہودی شامل ہیں۔

[illegible] اندازہ کیا جاتا ہے کہ اور یہودی اور اسلحہ عنقریب پہنچنے والے ہیں۔

یہودیوں کی دہشت پسند جماعت ارغون زوائی لیومی کے کمانڈر نے اعلان کیا ہے کہ کل رات سے اس جماعت کی جداگانہ حیثیت ختم ہوگئی ہے۔ اب یہ نئی ریاست اسرائیل کے حامی بن گئے ہیں اور وہ [illegible] کرنے کی مہم شروع کردیں گے۔

مفتی اعظم کی فلسطین میں آمد

مفتی اعظم کل صبح بذریعہ ہوائی جہاز شام کے صدر مقام سے قاہرہ روانہ ہو چکے ہیں جہاں سے آپ فلسطین جانے کا عزم کرچکے ہیں۔ آپ کے ہمراہ عرب اعلیٰ کمیٹی کے چند ممبر بھی ہیں۔ یاد رہے کہ مفتی اعظم اس کمیٹی کے صدر ہیں۔

حکومت شام کے صدر شکری القوتلی شام کے جنگی محاذ کا معائنہ کرنے تشریف لے گئے آپ کے ہمراہ وزیر جنگ اور وزیر داخلہ اور جنگ کے چیف آف اسٹاف بھی تھے۔ شامی صدر نے فوجوں کو خطاب کرتے ہوئے کہا۔ فلسطین ایک ہزار سال سے آپ کے آباء و اجداد کی سرزمین رہا ہے۔ آپ کو اس کے اندر قدم جمائے رکھنا ہیں۔ آپ کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ عام طور پر تمام دنیا کے مسلمانوں اور خاص کر سات کروڑ عربوں کی نظریں آپ کی پیش قدمی کی طرف لگی ہوئی ہیں۔ اگر ارض مقدس کو بچانے کے لئے آپ نے بے دریغ قربانیاں دیں تو قیامت تک عرب آپ لوگوں کو یاد کرے گی۔ [illegible]

دنیائے اسلام کی بے چینی

کراچی کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ [illegible]

قاسم رضوی کا اعلان

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

اقتصادی ناکہ بندی کے متعلق سید قاسم رضوی نے کہا کہ یہ ایک دو دھاری ہتھیار ہے اور ریاست کی طرف سے اس کا جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے ریاست سے اپیل کی کہ وہ انڈین یونین کا مقابلہ کرنے کا تہیہ کرلے اور عوام سے اپیل کی کہ وہ غیر ملکی سامان کا استعمال بند کردیں۔ اور صرف وہ اشیاء استعمال کریں جو ریاست میں تیار ہوتی ہیں۔

سید قاسم رضوی نے کہا کہ حیدرآباد اس وقت تک ہے جب انڈین یونین سے وابستگی اور دوسرا مارکومت کے خلاف کرا کر کے دیا جائے۔ ورنہ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ وہ بھی مدراس یا شولاپور جاکر انڈین یونین کے دیوتا کی پرستش کریں۔

چینی نمائندہ کی اپیل

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

ڈاکٹر سیاسی ٹنگ نے کہا کہ اقوام متحدہ کا نصب العین امن ہونا چاہئے۔ ہمارے خیال میں جب تک عارضی صلح کے ساتھ عسکری امن نہیں ہوسکتا۔

فلسطین اور پانچ بڑی طاقتیں

آج دوپہر کے دن سلامتی کونسل کی میٹنگ ہوگی تو امید ہے کہ اندر غالباً پانچ بڑی طاقتوں کو عربوں کے یہودیوں کی نئی ریاست پر حملوں پر غور کرنے کی دعوت دی جائے گی۔ یہ تحریک کو لمبیا کے نمائندے ڈاکٹر [illegible] پیش کی۔

اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق کونسل کو حق دیا گیا ہے کہ بین الاقوامی امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے کیلئے بڑی طاقتوں سے کوئی منشور کرا تمام کرانے کی بابت مشورہ کرسکتی ہے۔ جنرل اسمبلی نے جمعہ کے دن اظہار رضامندی کیا ہے کہ دنیا کی پانچ عظیم طاقتیں کونسل کی میٹنگ میں شریک ہو سکتے ہیں۔ [illegible]

ثالث کا تقرر

[illegible] شاہ سویڈن کے بھتیجے شاہزادہ فاک برناڈوٹ کو ثالث کے عہدہ کے لئے چنا جائے گا۔ [illegible] کا میونسپل کمشنر مقرر کیا گیا تھا کو بنایا جائیگا۔ شاہزادہ برناڈوٹ سویڈن کی ریڈ کراس (ہلال احمر) کے صدر ہیں اور آپ نے جرمنی سے صلح کی بات چیت میں بھی نمایاں حصہ لیا تھا۔

بمبئی میں مزدوروں کا جلسہ

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

کانگریس کے جنرل سکریٹری مسٹر شنکر راؤ دیو نے تقریر کرتے ہوئے ہند کے مزدوروں سے انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے جھنڈے تلے جمع ہونے کی اپیل کی۔ [illegible] رزولیوشن منظور کئے۔ ایک میں گاندھی جی کی موت پر دوسرے میں [illegible] انتقال پر اظہار افسوس کیا گیا۔ کانفرنس کو پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کے پیغامات بھی موصول ہوئے۔ پنڈت نہرو نے اپنے پیغام میں اس کے پیش رفت کے لئے اپنی نیک خواہشات کا ذکر کیا۔ سردار پٹیل نے اپنے پیغام میں اس بات کی امید ظاہر کی کہ یہ کانفرنس ملک اور مزدوروں کے حقوق کی حفاظت کرے گی۔ اپنے پیغام میں گاندھی جی کے جانے کا ذکر کیا۔ [illegible] کے اور ان کی سرگرمیوں کا ذکر بھی کیا۔

JABRI जबरी جبری JAGADHRI

پرانے بخارات T.B تپدق

T.B ٹی بی تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو دیکھو

جناب توسل حسین صاحب رئیس موضع مردوے پوسٹ آفس [illegible] تحریر فرماتے ہیں۔ ہم کو خیال تھا کہ تپدق (ٹی بی) مرض کی دنیا میں کوئی دوا نہیں ہے لیکن آپ کی دوا جبری نے اس خیال کو غلط ثابت کردیا ہے۔ جس مریض کے لئے دوا منگائی تھی بہت فائدہ ہوا ہے مریض دن دونی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے ہم تہہ دل سے مشکور ہیں۔ الشہور (پاک پروردگار) آپ کے کارخانے کو دن دگنی ترقی دیں۔

صاحبان پچاسوں ایسے خطوط بلکہ ٹی بی ہسپتال کے مریضوں کے آپ سرٹیفکیٹ ان کالموں میں پہلے بھی دیکھ چکے ہیں۔ ہندوستان کے کونے کونے میں لوگوں نے مان لیا ہے کہ اس خوفناک مرض کی جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ جبری ہی ہے۔ اگر آپ سب طرف سے نا امید ہوچکے ہیں تو پرماتما کا نام لے کر ایک بار جبری کی آزمائش کریں۔ اسی آزمائش کے لئے ہم نے دس روز کا نمونہ بھی رکھ دیا ہے تاکہ تسلی ہوسکے۔ بس آج ہی آرڈر دیں۔ ورنہ پھر دہی مثل ہوگی کہ اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ دہلی حکیم ڈاکٹر وید صاحبان اپنے مریضوں پر استعمال کرکے نام پیدا کر رہے ہیں اور تار سے آرڈر دیتے ہیں۔ تار سے اگر آرڈر دیں تو اپنا پورا پتہ نیز نام ضرور تحریر کریں۔ قیمت اس طرح پر ہے۔ جبری اسپیشل جس میں ساتھ ساتھ طاقت بڑھانے کے لئے قیمتی کشتہ جات سونا، موتی، ابرک وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ مکمل چالیس روز کا کورس ایک سو پچیس روپیہ نمونہ دس روز بیس روپے۔ جبری ۱ جس میں صرف قیمتی جڑی بوٹیاں شامل ہیں، امیر غریب سب استعمال کرسکتے ہیں مکمل کورس چھ روپے نمونہ دس روز صرف چار روپے محصول ڈاک علیحدہ ہے آرڈر دینے والا اخبار کا نام ضرور لکھیں۔ جلد آرڈر دے کر مریض کی جان بچا دیں۔ تار کا پتہ جبری جگادھری (JABRI JAGADHRI)

پتہ: رائے صاحب ایل شمر اینڈ سنز رئیس اینڈ بینکرز جگادھری ڈسٹرکٹ انبالہ ایسٹ پنجاب

رجسٹرڈ ڈی ۔ مبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط
ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر ۔ شیخ احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے

تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ ۔ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳ | دہلی یوم پنجشنبہ ۹ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۰ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۸ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیوریبو با اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں!
ایس ۔ ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
حویلی حسام الدین حیدر بلیماران چاندنی چوک دہلی سے حاصل کیجئے
[illegible]

یہودی بستیوں اور شہروں پر عراقی و مصری ہوائی جہازوں کی تباہ کن بمباری

ہوائی حملوں کا انتقام لیا جائیگا ۔ یہودیوں کی عربوں کو گیدڑ بھبکیاں

مصری اور لبنانی فوجیں ایکدوسرے سے ملنے والی ہیں

یہودیوں کی لاچاری ۔ امریکہ سے امداد کی توقع

بیت المقدس ۱۹ مئی ۔ فلسطین کی خانہ جنگی کے متعلق بیت المقدس سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ مصری فوجیں تل ابیب سے صرف ۲۵ میل دور رہ گئی ہیں ۔ [illegible]



[illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

ہوائی جنگ

[illegible]

عراقی کمپنیاں

[illegible]

یہودیوں کا انتباہ

[illegible]

سخت نقصان

[illegible]

امن عالم کو خطرہ

[illegible]

مصری فوجیں

[illegible]

غیر منصفانہ طریقہ پر قائم ہونے والی ریاست میں انصاف کا ڈھونگ

یہودیوں نے اقوام متحدہ کی آنکھوں میں خاک جھونکنا شروع کر دی

حکومت اسرائیل کی طرف سے جنرل سکریٹری کو تار

لیک سکسس ۱۹ مئی ۔ یہودیوں کی نام نہاد جارح ریاست "اسرائیل" نے [illegible]

عرب لیگ کا تار

[illegible]

روس نے یہودی حکومت تسلیم کر لی

ماسکو ۱۸ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت روس نے سرکاری طور پر یہودیوں کی نئی حکومت اسرائیل کو تسلیم کر لیا ہے ۔

حیفہ پر ابھی تک انگریز قابض ہیں

کسی کو لڑنے کی اجازت نہیں دی جائیگی

لندن ۱۹ مئی ۔ حیفہ میں برطانوی فوجی کمانڈر [illegible]

حکومت ہند یہودیوں کی نام نہاد چھار روزہ ریاست کو تسلیم نہیں کرے گی

اگلے ہفتہ قلعہ معلی میں مہاتما کے قتل کا تاریخی مقدمہ شروع ہو جائیگا

عالمگیر نظام کے پیش نظر ہندوستان کسی علاقہ کی تقسیم کو پسند نہیں کرتا

نامہ نگار الجمعیۃ سے وزارت خارجہ کے ایک افسر کا بیان

نئی دہلی ۱۹ مئی ۔ حکومت ہند کی وزارت امور خارجہ و تعلقات دولت مشترکہ کے اعلیٰ افسران نے اس افواہ کی تردید کر دی ہے کہ حکومت ہند یہودیوں کی نئی حکومت اسرائیل کو تسلیم کر لیگی ۔ [illegible]

مسلمانوں کی کانفرنس طلب کر کے عربوں کو حمایت کا یقین دلا دیجئے

مسلمانان خاندیش کا مرکزی جمعیۃ علماء ہند سے فوری مطالبہ

[illegible]

ملزمان مہاتما کے قتل اور ہندی ہنماؤں کے قتل کی سازش کا الزام

نئی دہلی ۱۹ مئی ۔ قلعہ معلی میں [illegible]

(بقیہ صفحہ ۳ پر)

اقوام متحدہ ۔ روس اور امریکہ کا رچا ہوا ایک ڈھونگ ہے

فلسطین کے لئے آخری دم تک جنگ کریں گے ۔ عرب لیگ کے ترجمان کا بیان

قاہرہ ۱۸ مئی ۔ عرب لیگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ [illegible]

جھنگڑ کے شمال مشرق میں ہندوستانی فوجوں کا ایک اور پہاڑی پر قبضہ

جموں ۱۸ مئی ۔ حکومت ہند کی وزارت دفاع کا ایک اعلان [illegible]

جنوبی جیہول پر کمیونسٹوں کی یلغار

چاروں طرف سے کمیونسٹ فوجیں ٹوٹ پڑیں

[illegible]

وطن کی حفاظت کے لئے کشمیری نوجوان میدان میں

نیشنل ملیشیا کی دو پلٹنیں محاذ جنگ پر

سری نگر ۱۸ مئی ۔ اس ہفتہ کشمیر کی قومی فوج (نیشنل ملیشیا) کی دو پلٹنیں حملہ آوروں کی کارروائیوں کے خلاف [illegible]

سکھوں کے کم سے کم مطالبات

[illegible]

[illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۰ مئی ۱۹۴۸ء

ہماری آزادی اور ہمارا مقصد

یہ ایک حقیقت ہے ناقابل انکار حقیقت، کہ آزاد ہونے سے پہلے ہمارے دماغوں میں آزادی کا جو تصور تھا وہ حاصل شدہ آزادی سے بالکل مختلف تھا، ہم سمجھتے تھے کہ آزاد ہونے کے بعد ہمیں وہ دیوار نظر آجائے گی جو خود مختاری اور غلامی کے درمیان ہم اپنے ہاتھوں کھڑی کر رہے ہیں، اور جس کے ذریعہ ہماری ایک نئی زندگی کا آغاز ہوتا ہے، ہم جب آزادی کی بلندی سے پس دیوار کی غلامی پر نگاہ ڈالیں گے تو ہمیں اپنے موقف کی قدر معلوم ہوگی مگر ماندلت اور پستی پر ہنسی آئے گی اور اپنی آزادی پر پھولے نہ سمائیں گے، غلامی کا زمین و آسمان، آزادی کے زمین و آسمان سے بدلا ہوا نظر آئے گا، اور ہمارا ہر نقش پا اسبات کا ثبوت ہوگا کہ ہم آزاد و مختار ہیں، استقلال حیات کی نعمت سے بہرہ اندوز ہیں۔

مگر آزاد ہونے کے بعد جب آزادی کے حسن پر نظر ڈالی تو ہمارے دلوں میں مسرت و فخر کی کوئی لہر پیدا نہ ہوئی، ہم نے غلامی اور آزادی کے خط امتیاز کو ٹٹول ٹٹول کر دیکھا مگر وہ ہمارے ہاتھ نہ آیا، زمین و آسمان بھی بدلے ہوئے نظر نہ آئے، اپنے حالات پر نظر کی تو ان میں بھی آزادی کی کوئی کرن نظر نہ آئی زندگی کے ہر شعبہ کا جائزہ لیا کہ کوئی شاخ تو ہری بھری نظر آئے اور کوئی پھول پتہ تو گواہی دیدے کہ اس کی شادابی محض آزادی کا صدقہ ہے، مگر دل یہی کہتا ہے کہ کہنے کو تو سب کچھ کہدوں جھوٹ بول کر اپنے آپ کو دھوکہ نہیں دے سکتا اور کہنے کی بات صرف یہ ہے کہ آزادی کا سودا بہت گراں پڑا اور خود مختاری کی کوئی قاش کام و دہن کو راس نہ آئی!

یہ مادی دنیا ہمیشہ مادی آثار سے خوش ہوتی ہے، وہ ذہنی انقلابات جن کے آثار ہماری زندگی پر مرتب نہ ہوں بڑے لوگوں کو تو خوش کر سکتی ہے عوام کو اپنا وجود محسوس نہیں کرا سکتی، ہندوستان آزاد ہوا، اور پاکستان کو بھی آزادی ملی، دونوں جگہ کے بڑے لوگ خوش ہیں کہ ہمیں ضرور آزادی ملی ہے کیونکہ ہم میں سے کوئی گورنر جنرل بنا ہے... [illegible]

کوئی حملہ آور تو موجود نہیں ہے؟ — اور یہ آزادی کا دور ہے، خود مختاری کا عہد ہے — اسے بھی جانے دیجئے، لوٹ کھسوٹ اور رشوتوں کا وہ بازار گرم ہے، خود غرضی اور انانیت کا وہ زور ہے کہ اس کی شدت اور ہمہ گیری کو ظاہر کرنے کے لئے الفاظ تک نہیں ملتے۔ پاکستان کا وہ کونسا افسر ہے جس نے عزبا کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا پیشہ اختیار نہ کیا ہو؟ سندھ کے وزیر اعظم مسٹر کھوڑو کو رشوت ستانی کے الزام میں منصب وزارت سے علیحدہ کر دیا گیا اور ان پر مقدمہ چلانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں، جس حکومت کے وزیر اعظم کا کردار اس قدر شرمناک ہو اس کے حکام اور افسروں کی خود غرضیوں اور ستم آرائیوں کا کیا کہنا، ہندمیں بھی مردم آزاری اور اقرباء پرستی کا یہی حال ہے اور رشوتوں کے سیلاب نے اعتماد و ذمہ داری کا بند توڑ رکھا ہے! جس شخص کو دیکھو بدنظمی اور لوٹ کھسوٹ کی ضربوں سے زار و نزار، جس فرد کو دیکھو آزادی کے نتائج پر ماتم سرا! انگریز کے عہد میں بھی لوٹ کھسوٹ تھی، رشوت ستانی تھی ناانصافی اور جانبداری تھی مگر آزادی ملتے ہی ان جرائم کا جو سیلاب امنڈا ہے اسے دیکھ کر پیروں سے زمین نکلی جا رہی ہے، اور رہ رہ کر غلامی کا دور یاد آ رہا ہے! — خدا یا ہماری آزادی کو نظر بد سے محفوظ رکھ! ہماری آزادی کو حقیقی آزادی کا جامہ عطا فرما۔ ان غداروں سے ہمیں بحث نہیں جو حکام کی خام کاریوں سے گھبرا کر انگریز کو واپس بلانے کی آرزو رکھتے ہیں، اور نہ ان لوگوں سے ہمیں کوئی سروکار جو آزادی کو مقصد سمجھ بیٹھے ہیں اور محض نام کی مالا جپنے کو کافی سمجھتے ہیں، ہمارا خطاب ان لوگوں سے ہے جو آزادی کو غلامی سے بہتر ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ وہ نام سے آگے بڑھیں اور کام کر کے دکھائیں اور ان خرابیوں کو دور کریں جو نظام حکومت کے رگ و ریشہ میں سرایت کر چکی ہیں اور جن کی موجودگی میں آزادی کی کوئی قدر و قیمت باقی نہیں رہتی! بھلا یہ بھی کوئی آزادی ہے کہ ریاستوں کو ملا دیا مگر ریاستی باشندوں کے پلے کوڑی نہیں پڑی! ... [illegible]

دھمکی

[illegible]

جمعیۃ العلماء

یہ مردان وفا ہیں صاحب علم و بصیرت ہیں
اصول دیں کے شیدائی امام قوم و ملت ہیں

مجاہد ہیں مجاہد وارثان انبیاء بھی ہیں
ہماری کشتی ملت کے یکتا ناخدا بھی ہیں

انہیں جنگ آزما و سرفروشان وطن کہیے
انہیں اہل عمل اور صاحبان علم و فن کہیے

یہی دنیا کو دیتے ہیں سبق علم و مروت کا
مساوات و اخوت کا حکومت کا سیاست کا

انہیں کے دم سے روح انقلاب و حریت زندہ
انہیں کی کوششوں سے ہوگا مستقبل بھی تابندہ

یہ بیدار عمل قانون اسلامی کے ماہر ہیں
یہ پختہ کار پابند نواہی و اوامر ہیں

یہی لیتے ہیں ٹکر کفر کی سنگین موجوں سے
یہی لڑتے ہیں میداں میں ضلالت کی فوجوں سے

یہی ہیں زندہ جاوید کے بیدار نظارے
یہی ہیں آسمان ارتقا کے ضو فگن تارے

یہی زہد و تقدس والے ہیں ایمان والے ہیں
یہی اللہ والے ہیں یہی قرآن والے ہیں

یہ ہیں تلوار کی دھاروں سے محشر کھیلنے والے
برائے قوم تکلیف و مصیبت جھیلنے والے

محشر صادقی اعظمی

یہودیوں کی نئی ریاست کو تسلیم کرنے کا مسئلہ

بیشتر ممالک ابھی تک کوئی فیصلہ نہ کر سکے

صدر ٹرومین نے فلسطین کی یہودی ریاست کو فوری طور پر تسلیم کر لینے پر یہاں سخت تعجب کا اظہار کیا گیا۔ یہ تعجب اس وجہ سے نہیں تھا کہ امریکہ نے اس ریاست کو تسلیم کر لیا بلکہ اس سے تھا کہ اس عجلت کی وجہ سے فلسطین اور دوسرے مقامات میں لڑنے والوں کی دشمنی کے شدید تر صورت اختیار کر جانے کا اندیشہ ہے۔

کناڈا میں یہودیوں نے صدر ٹرومین کی اس عنایت پر بڑی خوشیاں منائی گئیں۔ ٹورنٹو، مانٹریل اور کناڈا کے دوسرے شہروں میں یہودی ریاست کے قیام پر اظہار مسرت کیا گیا۔ کناڈا میں فلسطین کی بابت جو خیالات محسوس کیے جا رہے ہیں ان کی تصویر بہت نمایاں صرف اس بات سے بھی کہ برطانیہ نے اس مسئلہ میں بہت اہم کردار کیا جس کے حل سے دنیا کی سب طاقتیں عاجز آگئیں۔

جمعہ کو دارالعوام میں تقریر کرتے ہوئے معاملات خارجہ کے وزیر نے کہا کہ دنیا بھر کے لوگ برطانیہ کے ممنون ہیں کیونکہ ... [illegible]

یہاں دوسری ریاستوں سے پولینڈ کی گفت و شنید جاری ہے۔ یہودی لیڈر اس بات کے بے چینی سے منتظر ہیں کہ کب پولینڈ یہودی ریاست کو تسلیم کرتا ہے اور روس اور دوسرے ممالک کے مسلح یہودی فلسطین روانہ کیے جاتے ہیں۔ پولینڈ کے تمام اخبارات میں فلسطین کے واقعات خوب بڑھا چڑھا کر شائع کیے گئے اور یہودیوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔ بعض اخبارات نے برطانیہ کی پولیسی پر تنقید کی۔ مقامی کمیونسٹ اخباروں نے نئی ریاست کے قیام کو خوش آمدید کہا اور اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ برطانوی شہنشاہیت کے اثر سے ایک اور ریاست کا آزاد ہو گی۔

مختلف اخبارات نے بھی اسی طرح برطانیہ اور امریکہ کی شہنشاہیت پسندانہ پالیسی پر فلسطین کے موجودہ گڑبڑ کے لیے الزام لگایا۔

... [illegible]

مشرقی پنجاب میں ہیضہ

[illegible]

یہود اور اسپین

[illegible]

سیر و سیاحت

سیاح

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

توجہ کی ضرورت

محترمی ایڈیٹر صاحب سلام مسنون

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی دہلی
فیورلیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں!
ایس۔ ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

فون نمبر: 6841

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط
ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر ۔ شیخ احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۹ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۰ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۸ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

یہودی بستیوں اور شہروں پر عراقی مصری ہوائی جہازوں کی تباہ کن بمباری

ہوائی حملوں کا انتقام لیا جائیگا۔ یہودیوں کی عربوں کو گیدڑ بھبکیاں

مصری اور لبنانی فوجیں ایکدوسرے سے ملنے والی ہیں

یہودیوں کی لاچاری۔ امریکہ سے امداد کی توقع

بیت المقدس ۱۸ مئی۔ فلسطین کی خانہ جنگی کے متعلق بیت المقدس سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ... شاہ عبداللہ کی عرب فوجیں ... مصری فوجیں جنوب کی طرف سے ...

ہوائی جنگ

عراقی کیمپ کے

سخت نقصان

یہودیوں کا انتباہ

مصری فوجیں

امن عالم کو خطرہ

(باقی صفحہ ۴ پر)



غیر منصفانہ طریقہ پر قائم ہونے والی ریاست میں انصاف کا ڈھونگ

یہودیوں نے اقوام متحدہ کی آنکھوں میں خاک جھونکنا شروع کردی

حکومت اسرائیل کی طرف سے جنرل سکریٹری کو تار

لیک سکسس ۱۸ مئی۔ یہودیوں کی نام نہاد جمہوری ریاست "اسرائیل" نے ... جنرل سکریٹری کو ایک تار ارسال کیا ہے ...

عرب لیگ کا تار

روس نے یہودی حکومت تسلیم کرلی

ماسکو ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت روس نے سرکاری طور پر یہودیوں کی نئی حکومت اسرائیل کو تسلیم کرلیا ہے۔

حیفہ پر ابھی تک انگریز قابض ہیں

کسی کو لڑنے کی اجازت نہیں دیجائیگی

لندن ۱۸ مئی۔ حیفہ میں برطانوی فوجی کمانڈر نے ...

حکومت ہند یہودیوں کی نام نہاد جمہوری ریاست کو تسلیم نہیں کرے گی

اگلے ہفتہ قلعہ معلی میں مہاتما کے قتل کا تاریخی مقدمہ شروع ہو جائیگا

عالمگیر نظام کے پیش نظر ہندوستان کسی علاقہ کی تقسیم کو پسند نہیں کرتا

نامہ نگار الجمعیۃ سے وزارت خارجہ کے ایک افسر کا بیان

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ حکومت ہند کی وزارت امور خارجہ و تعلقات دولت مشترکہ کے اعلیٰ افسران نے اس افواہ کی تردید کی ہے کہ حکومت ہند یہودیوں کی نئی حکومت اسرائیل کو تسلیم کرلیگی ...

مسلمانوں کی کانفرنس طلب کرکے عربوں کو حمایت کا یقین دلایئے

مسلمانان خاندیش کا مرکزی جمعیۃ علماء ہند سے فوری مطالبہ

ملزمان مہاتما کے قتل اور ہندی رہنماؤں کے قتل کی سازش کا الزام

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ قلعہ معلی میں ...

اقوام متحدہ۔ روس اور امریکہ کا رچا ہوا ایک ڈھونگ ہے

فلسطین کے لئے آخری دم تک جنگ کریں گے۔ عرب لیگ کے ترجمان

قاہرہ ۱۸ مئی۔ عرب لیگ کے ایک ترجمان نے ...

چھنگڑ کے شمال مشرق میں ہندوستانی فوج کا ایک اور پہاڑی پر قبضہ

جموں ۱۸ مئی۔ حکومت ہند کی وزارت دفاع کا ایک اعلان ...

وطن کی حفاظت کے لئے کشمیری نوجوان میدان میں

نیشنل ملیشیا کی دو پلٹنیں محاذ جنگ پر

سری نگر ۱۸ مئی۔ ...

جنوبی چہول پر کمیونسٹوں کی یلغار

چاروں طرف سے کمیونسٹ فوجیں ٹوٹ پڑیں

شنگھائی ۱۸ مئی۔ ...

سکھوں کے کم سے کم مطالبات

امرتسر ۱۸ مئی۔ ...

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۰ مئی ۱۹۴۸ء

ہماری آزادی اور ہمارا مقصد

یہ ایک حقیقت ہے۔ ناقابل انکار حقیقت، کہ آزاد ہونے سے پہلے ہمارے دماغوں میں آزادی کا جو تصور تھا وہ حاصل شدہ آزادی سے بالکل مختلف تھا، ہم سمجھتے تھے کہ آزاد ہونے کے بعد ہمیں وہ دیوار صاف نظر آجائے گی جو خود مختاری اور غلامی کے درمیان ہم اپنے ہاتھوں کھڑی کر رہے ہیں، اور جس کے ذریعہ ہماری ایک نئی زندگی کا آغاز ہوتا ہے، ہم جب آزادی کی بلندی سے پس دیوار کی غلامی پر نگاہ ڈالیں گے تو ہمیں اپنے موقف کی قدر معلوم ہوگی محکومانہ ذلت اور پستی پہنچی آسے گی اور اپنی آزادی پر پھولے نہ سمائیں گے، غلامی کا زمین و آسمان، آزادی کے زمین و آسمان سے بدلا ہوا نظر آئے گا، اور ہمارا ہر نقش پا اسباب کا ثبوت ہوگا کہ ہم آزاد و مختار ہیں، استقلال حیات کی نعمت سے بہرہ اندوز ہیں۔

مگر آزاد ہونے کے بعد جب آزادی کے حسن پر نظر ڈالی تو ہمارے دلوں میں مسرت و فخر کی کوئی لہر پیدا نہ ہوئی، ہم نے غلامی اور آزادی کے خط امتیاز کو ٹٹول ٹٹول کر دیکھا مگر وہ ہمارے ہاتھ نہ آیا، زمین و آسمان بھی بدلے ہوئے نظر نہ آئے، اپنے حالات پر نظر کی تو ان میں بھی آزادی کی کوئی کرن نظر نہ آئی زندگی کے ہر شعبہ کا جائزہ لیا کہ کوئی شاخ تو ہری بھری نظر آئے اور کوئی پھول پتہ تو گواہی دیے کہ اس کی شادابی محض آزادی کا صدقہ ہے، مگر دل یہی کہتا ہے کہ کہنے کو تو سب کچھ کہہ دوں جھوٹ بول کر اپنے آپ کو دھوکہ نہیں دے سکتا اور کہنے کی بات صرف یہ ہے کہ آزادی کا سودا بہت گراں پڑا اور خود مختاری کی کوئی قاش کام و دہن کو راس نہ آئی؛

یہ مادی دنیا ہمیشہ مادی آثار سے خوش ہوتی ہے، وہ ذہنی آزادی جس کے آثار ہماری زندگی پر مرتب نہ ہوں بڑے لوگوں کو تو خوش کر سکتی ہے، عوام کو اپنا وجود محسوس نہیں کرا سکتی، ہند بھی آزاد ہوا اور پاکستان کو بھی آزادی ملی، دونوں جگہ کے بڑے لوگ خوش ہیں کہ ہمیں ضرور آزادی ملی ہے کیونکہ ہم میں سے کوئی گورنر جنرل بنا بیٹھا ہے کسی کو ہز ایکسلینسی گورنر بننے کا فخر حاصل ہے اور کوئی وزارت عظمیٰ کی کرسی پر رونق افروز ہے، اور کیمپ وزیراعظم قسم کے لوگوں کا تو کہنا ہی کیا ہے، پوچھتے ہی حلف اٹھالیں گے کہ ہند و پاکستان آزاد ہوا اور پرانے خواب کی تعبیر نکل آئی، لیکن بھوکے اور جفاکش مزدوروں سے پوچھو کہ ان کی زندگی پر آزادی نے کیا اثر ڈالا؟ بیواؤں سے دریافت کرو کہ آزادی سے انہیں کیا فائدہ پہنچا، کمر خمیدہ بوڑھوں سے شہادت دلاؤ کہ آزادی نے ان کے لئے کونسا دستگیر پیدا کیا!

غلامی کے زمانہ میں دلوں کو جو تھوڑا بہت سکون حاصل تھا، آزادی میں وہ بھی غائب ہوا، ہر شخص آزادی کے ساتھ سونا اچھالتا ہوا چلا جا رہا ہے اور بے فکر ہو کر گھاٹ گھاٹ کا پانی پیتا پھرتا ہے، مگر یہ غلامی کا دور تھا۔ اور اب نہ آزادی سے آنا جانا اور نہ آزادی سے چلنا پھرنا، جو کھنے ہو اور پھر باہر نکلو اور چاروں طرف دیکھتے جاؤ کہ خیریت تو ہے اور کوئی حملہ آور تو موجود نہیں ہے! ۔ اور یہ آزادی کا دور ہے، خود مختاری کا عہد ہے ۔ اسے بھی جانے دیجئے، لوٹ کھسوٹ اور رشوتوں کا وہ بازار گرم ہے، خود غرضی اور انانیت کا وہ زور ہے کہ اس کی شدت اور ہمہ گیری کو ظاہر کرنے کے لئے الفاظ تک نہیں ملتے ۔ پاکستان کا وہ کونسا افسر ہے جس نے غربا کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا پیشہ اختیار نہ کیا ہو! سندھ کے وزیر اعظم مسٹر کھوڑو کو رشوت ستانی کے الزام میں منصب وزارت سے علیحدہ کر دیا گیا اور ان پر مقدمہ چلانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں! جس حکومت کے وزیر اعظم کا کردار اس درجہ شرمناک ہو اس کے حکام اور افسروں کی خود غرضیوں اور ستم آرائیوں کا کیا کہنا! ہند میں بھی مردم آزاری اور اغراض پرستی کا یہی حال ہے اور رشوتوں کے سیلاب نے اعتماد اور ذمہ داریوں کا بند توڑ رکھا ہے! جس شخص کو دیکھو بدنظمی اور لوٹ کھسوٹ کی ضربوں سے زار و نزار، جس فرد کو دیکھو آزادی کے نتائج پر ماتم سرا! انگریز کے عہد میں بھی لوٹ کھسوٹ تھی، رشوت ستانی تھی ناانصافی اور جانبداری تھی مگر آزادی ملتے ہی ان جرائم کا وہ سیلاب امنڈا ہے اسے دیکھ کر پیروں سے زمین نکلی جا رہی ہے، اور رہ رہ کر غلامی کا دور یاد آ رہا ہے! ۔ خدایا ہماری آزادی کو نظر بد سے محفوظ رکھ! ہماری آزادی کو حقیقی آزادی کا جامہ عطا فرما ۔ ان غداروں سے ہمیں بحث نہیں جو حکام کی خام کاریوں سے گھبرا کر انگریز کو واپس بلانے کی آرزو رکھتے ہیں، اور نہ ان لوگوں سے ہمیں کوئی سروکار جو آزادی کو مقصد سمجھ بیٹھے ہیں اور محض نام کی مالا جپنے کو کافی سمجھتے ہیں، ہمارا خطاب ان لوگوں سے ہے جو آزادی کو غلامی سے بہتر ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ وہ نام سے آگے بڑھیں اور کام کرکے دکھائیں اور ان خرابیوں کو دور کریں جو نظام حکومت کے رگ و ریشہ میں سرایت کر چکی ہیں اور جن کی موجودگی میں آزادی کی کوئی قدر و قیمت باقی نہیں رہتی! بھلا یہ بھی کوئی آزادی ہے کہ ریاستوں کو ملا دیا مگر ریاستی باشندوں کے پلہ پھوٹی کوڑی نہیں پڑی! یہ بھی کوئی اچھی حکومت ہے کہ جفاکش مزدور زندگی کی دوڑ میں ایک انچ آگے نہیں بڑھا اور اسکی مصیبتوں میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی؟ یہ اچھی آزادی ملی کہ رشوتوں کے پل ٹوٹ گئے اور بدنظمی خود غرضی اور خویش پروری نے دیانتداری اور فرض شناسی کا جنازہ نکال ڈالا ۔ مدعا یہ ہے کہ آزادی کو غلامی سے بہتر بناؤ اور عوام کو موقعہ نہ دو کہ غلامی کو یاد کرکے آزادی پر آخری حرف بھیجیں اور اپنوں پر غیروں کو ترجیح دیں! غلاموں کو صرف آزادی کی ہی ضرورت نہیں ان چیزوں کی ضرورت ہے جو آزادی کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں، اور حکومت کا فرض ہے کہ ان ضروریات کو پورا کرے اور آزادی کو مقصد بنا کر اور حکومت کو منتہا قرار دیکر اپنے فرض سے غافل نہ ہو جائے!

جمعیۃ العلماء

یہ مردان وفا ہیں صاحب علم و بصیرت ہیں
اصول دیں کے شیدائی امام قوم و ملت ہیں

مجاہد ہیں مجاہد وارثان انبیا بھی ہیں
ہماری کشتیٔ ملت کے یکتا ناخدا بھی ہیں

انہیں جنگ آزما و سرفروشان وطن کہیے
انہیں اہل عمل اور صاحبان علم و فن کہیے

یہی دنیا کو دیتے ہیں سبق علم و مروت کا
مساوات و اخوت کا حکومت کا سیاست کا

انہیں کے دم سے روح انقلاب و حریت زندہ
انہیں کی کوششوں سے ہوگا مستقبل بھی تابندہ

یہ بیدار عمل قانون اسلامی کے ماہر ہیں
یہ تجربہ کار پابند نواہی و اوامر ہیں

یہی لیتے ہیں ٹکر کفر کی سنگین موجوں سے
یہی لڑتے ہیں میدان میں ضلالت کی فوجوں سے

یہی ہیں زندہ جاوید کے بیدار نظارے
یہی ہیں آسمان ارتقا کے ضو فگن تارے

یہی زہد و تقدس والے ہیں ایمان والے ہیں
یہی اللہ والے ہیں یہی قرآن والے ہیں

یہ ہیں تلوار کی دھاروں پہ ہنس کر کھیلنے والے
برائے قوم تکلیف و مصیبت جھیلنے والے

محشر صادق اعظمی

یہودیوں کی نئی ریاست کو تسلیم کرنے کا مسئلہ

بیشتر ممالک ابھی تک کوئی فیصلہ نہ کر سکے

صدر ٹرومین نے فلسطین کی یہودی ریاست کو فوری طور پر تسلیم کر لینے پر یہاں سخت تعجب کا اظہار کیا گیا۔ یہ تعجب اس وجہ سے نہیں تھا کہ امریکہ نے اس ریاست کو تسلیم کر لیا بلکہ اس لئے تھا کہ اس عجلت کی وجہ سے فلسطین اور دوسرے [illegible]

[illegible]

مشرقی پنجاب میں ہیضہ

[illegible]

یہود اور اسپین

[illegible]

دھمکی

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

توجہ کی ضرورت

[illegible]

سیر و سیاحت

سیاح

[illegible]

یہودیوں سے آزاد کرائے ہوئے علاقوں میں فوجی حکومت قائم کردی گئی

عرب فوجیوں کو عورتوں بچوں اور بوڑھوں سے درگزر کرنے کی ہدایت

قاہرہ ۱۸ مئی۔ قاہرہ کے ایک اخبار میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ جن علاقوں میں مصری فوجیں قبضہ کر چکی ہیں ان میں فوجی حکومت قائم کر دی گئی ہے۔ آگے چل کر اس اخبار نے لکھا ہے کہ نماز اور رہنماؤں کے معاملوں پر مصری پرچم بھی لہرایا جائے گا کیونکہ مصری فوجیں فلسطین میں عرب لیگ کی سرپرستی میں داخل ہوئی ہیں شاہ عبداللہ اور جنرل نوذی کے مابین کل بات گفت و شنید ہوئی۔ عربوں کی فوجوں کا معاملہ بھی زیر بحث لایا گیا۔ شاہ عبداللہ نے بعد کو اس کی تجویز کو منظور کر لیا ہے مگر اس میں شرط یہ لگا دی ہے کہ یہودی بیت المقدس سے اپنی فوجیں ہٹا لیں اور اسلحہ غیر جانبدار کے سپرد کر دیں۔ شاہ عبداللہ نے ایک فرمان جاری کیا ہے کہ عرب میں یروشلم میں امن بحال کرنے اور عربوں کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لئے داخل ہو رہی ہیں آپ نے مزید کہا کہ عربوں کی پرانی روایات کے مطابق بوڑھوں، بچوں اور عورتوں پر ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا۔

انڈونیشیا کی طرف سے لڑنے والی ہندوستانی فوج

بٹاویا ۱۸ مئی۔ انڈین قونصل جنرل کے دفتر سے اعلان کیا گیا ہے کہ ۰۰ ہندوستانیوں کو ہندوستان بھیجا جا رہا ہے۔ انہوں نے انڈونیشیا کی جمہوری حکومت کی طرف سے ڈچ کے خلاف جنگ میں حصہ لیا تھا۔ انہوں نے جنگ کے بعد برطانوی ہندوستانی فوجوں کو چھوڑ دیا تھا اور انڈونیشیا کی جمہوری فوجوں میں شریک ہو گئے تھے۔

بریلی میں گائے کشی بند

بریلی ۱۷ مئی۔ بریلی میونسپل بورڈ نے آخرکار وہ قوانین منظور کر لئے جن کے ماتحت گائے کا ذبیحہ اور اس کے گوشت کی فروخت میونسپل علاقہ میں ممنوع قرار دے دی جائیگی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بکری کے گوشت فروخت کرنے والی دوکانیں جو گوشت کی منڈی کے باہر قائم ہیں۔ جولائی کے پہلے ہفتہ تک سب دوکانیں گوشت کی منڈی میں منتقل کر دی جائیں گی۔

ارناکلم ۱۷ مئی۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ریاست کوچین کے حکمران عنقریب ریاست میں آئین ساز اسمبلی کے قیام کے سلسلے میں اعلان کریں گے۔

متحدہ کرناٹک کا نیا صوبہ

بنگلور ۱۷ مئی۔ کرناٹک صوبائی کانگریس کمیٹی کی نامزد گنگ ورکنگ کمیٹی اور میسور کانگریس کمیٹی کی ۲۲ مئی کو ایک کانفرنس ہو رہی ہے جس میں متحدہ کرناٹک کا نیا صوبہ بنائے جانے کے معاملے کو زیر غور لایا جائیگا۔

سندھ کے سابق وزیر اعظم مسٹر کھوڑو کے نام سمن جاری کر دئے گئے

سرکاری پریس سے ایک مشین غائب کرانے کا شاخسانہ

کراچی ۱۸ مئی۔ سندھ کے سابق وزیر اعظم اور سندھ ہم بزرورون کے ڈائرکٹروں کے بورڈ کے صدر مسٹر کھوڑو ان نام پانچ اور میوں میں سے ایک ہیں جن کے خلاف سندھ کے سرکاری پریس سے ایک مشین غائب کرنے کے سلسلے میں پاکستان کی پولیس نے کراچی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں الزامات کی فہرست پیش کر دی ہے دوسرے ملزمان مسٹر جی ایس کھیر سکریٹری محکمہ صنعت مسٹر صدیقی سپرنٹنڈنٹ سندھ پریس اور مسٹر سوپاری والا اور مسٹر ناہل داما لی ہیں آخری دونوں اصحاب سندھ آبزرور سے تعلق رکھتے ہیں مسٹر کھوڑو اور مسٹر کھیر کو جمعرات کے دن عدالت میں طلب کیا گیا ہے مسٹر سپاری والا اور مسٹر ناہل داما لی کو جو آج کل ضمانت پر رہا ہیں ۲۹ جولائی کو عدالت میں بلایا گیا ہے۔ استغاثہ کی طرف سے ۳۳ گواہوں کے نام پیش کرے گئے ہیں ابھی تک مسٹر کھیر کے خلاف مقدمہ چلانے کی اجازت نہیں دی ہے لیکن اسپیشل پولیس نے بسرلاٹ کر مطلع کیا ہے کہ جوں ہی پاکستان اسمبلی میں پیش کئے ہوئے نئے قانون کے منظور ہونے سے حکومت پاکستان کو اس قسم کے اختیارات حاصل ہوں گے۔ مسٹر کھیر کے خلاف مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی جائے گی معلوم ہوا ہے کہ اس مقدمہ کے لئے ایک خاص عدالت کا تقرر قریب شدہ آئین کے تحت مقرر کی جائیگی یہ قانون اس لئے بنایا جا رہا ہے کہ ملازمین اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی کے دوران میں اگر جرائم کے مرتکب ہوں تو ان کو فوری سزا دی جا سکے۔ اس قسم کے مقدموں کی تعداد ۵۰ سے زیادہ ہے۔

لارڈ مونٹ بیٹن کے خاص سفیر کی حضور نظام سے ملاقات

مقامی لیڈروں سے اہم گفتگو اور مقامی حالات کا جائزہ!

حیدرآباد دکن ۱۸ مئی۔ لارڈ ماونٹ بیٹن کے خاص سفیر مسٹر کیمبل جونسن کل نظام کے حضور میں باریاب ہوئے معلوم ہوا ہے کہ وہ آج حضور نظام سے پھر ملیں گے۔ کل انہوں نے لارڈ ماونٹ بیٹن کی طرف سے حضور نظام کو ایک خط دیا۔ ایک باخبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ... لارڈ ماونٹ بیٹن نے حضور نظام سے دہلی آن کر گورنر جنرل سے ملنے کی پھر زوردار طریقہ پر درخواست کی ہے ... مسٹر جونسن کی واپسی کی تاریخ مقرر نہیں ہوئی ہے۔ مسٹر جونسن حیدرآباد کے حالات سے باخبر ہونے کی پوری کوشش کر رہے ہیں ... آج آپ نے کچھ لیڈروں سے ملاقات کی ہے۔ آج آپ بذریعہ پرواز ورنگل روانہ ہو جائیں گے۔ شام کو وہاں سے واپس آئیں گے ... مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں سے ملیں گے اور ان کے خیالات معلوم کریں گے۔ مسٹر منشی جو بنگلور سے تعطیل کے دوران میں آپ سے ملنے یہاں آئے تھے آج بنگلور روانہ ہو گئے۔

روس میں مسٹر والس کی تجویزوں کا خیر مقدم

ماسکو ۱۷ مئی۔ روسی اخبارات کے تبصرہ نگاروں نے آج روس اور امریکہ کے باہمی تعلقات پر تبصرہ کرتے ہوئے مسٹر والس کی سمجھوتہ کی تجویزوں کو خوش آمدید کہا انہوں نے لکھا کہ بڑا اختلاف کے باوجود ان کا نقطہ نظر حقیقت پسندانہ اور صحیح ہے۔ اس سے امریکہ اور روس کے درمیان اختلافات کو ختم کرنے کی سچی خواہش کا پتہ چلتا ہے۔

مسٹر والس نے مارشل اسٹالین کو اپنے کھلے خط میں لکھا تھا کہ امریکہ اور روس کے درمیان نظریوں کے تبادلے سے ساری دنیا کی حوصلہ افزائی ہوگی ہے۔

اجمیر کے عرس میں پانچ ہزار زائرین کی شرکت۔ ہندو مسلم اتحاد کے روح پرور نظارے

درگاہ میں مذہبی رسوم کی ادائیگی میں آچاریہ ونوبا بھاوے کی شرکت

فرقہ وارانہ صورت کے بہتر ہونے پر خوشی کا اظہار

اجمیر ۱۸ مئی۔ خدا کے فضل سے اب فرقہ وارانہ صورت حالات میں خوشگوار تبدیلی ہو گئی ہے اور باپو کی قربانی پھل لا رہی ہے۔ یہ الفاظ آچاریہ ونوبا بھاوے کی عبادتی تقریر کے ہیں جو انہوں نے اجمیر میں خواجہ صاحب کے عرس کے موقعہ پر کی۔ یہ عرس کل ختم ہو گیا۔ عرس میں تقریباً دس ہزار مسلمانوں نے شرکت کی۔ بہت سے ہندو بھی درگاہ میں گئے۔

... کہ یہ بہت اچھا ہے۔ خدا کے فضل سے اب فرقہ وارانہ صورت حالات میں خوشگوار تبدیلی ہو گئی ہے اور باپو کی قربانی پھل لا رہی ہے اب اس دوستانہ ماحول کو برقرار رکھنا سب کا فرض ہے۔ قدیم زمانے سے اجمیر مختلف تہذیبوں کا سنگم رہا ہے۔ یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ اجمیر میں اس طرح مختلف تہذیبوں کے ملنے سے ہم سب کو فائدہ پہنچا ہے۔ اجمیر محبت کا سبق دیگا۔ عدم تشدد کا پیغام گاندھی جی نے ...... دیا۔ درحقیقت وہ ہند کا پیام ہے۔ گاندھی جی کے ذریعہ تو صرف وہ پیغام دیا گیا۔ ہمارے ملک میں جس میں مختلف قسم کے فرقے موجود ہیں آزادی اور صلح صرف عدم تشدد کے ذریعہ ہی محفوظ رہ سکتی ہے آپ نے کہا۔ ہمارا ملک صرف اسی صورت میں ترقی کر سکتا ہے جب کہ سزا دینے کا کام صرف حکومت کے ہاتھ میں چھوڑ دیا جائے اگر عوام نے اس طاقت کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اور اس کا بیجا استعمال شروع کر دیا تو ملک میں قومی حکومت قائم نہیں رہ سکتی۔ ہم کو خیال کرنا چاہئے کہ صرف حکومت اس طاقت کو استعمال کر سکتی ہے ہم کو عدم تشدد سے کام لینا چاہئے۔ اگر ہم نے اسی دیوانگی کی پیروی کی جس کا مظہر یہ دور دورہ ہے تو ہم اپنی اصل طاقت سے محروم ہو جائیں گے۔ کسی ملک کی تاریخ اتنی شاندار نہیں جتنی ہماری ہے جو ویدوں سے لے کر گاندھی جی تک پھیلی ہوئی ہے ہمارے نوجوانوں کو سیدھی تہذیب سے سبق حاصل کرنا چاہئے جو دنیا کی پرانی تہذیب ہے .... ہم کو زبردست ملک میں پیدا ہونے پر فخر کرنا چاہئے ہزاروں سال گزرے تہذیب اور تمدن کا آغاز ہندوستان سے ہوا اور ہمارے بزرگوں نے اپنی محبت کے زور سے دنیا بھر میں امن کو پھیلایا۔ ہندوستان نے کبھی کسی غیر ملک پر حملہ نہیں کیا بلکہ باہر سے آنیوالوں کو اپنے یہاں پناہ دی۔ اتنے وسیع النظر تمدن کے وارث ہوتے ہوئے ہم کو اپنی عظیم ہستی کا احساس ہونا چاہئے۔ میں چاہتا ہوں کہ اجمیر پیام امن کے لئے اور مختلف تہذیبوں کے امتزاج کے لئے دنیا میں نمونہ بن جائے۔

درگاہ بھاوے کی آمد سے مختلف فرقوں کے باہمی تعلقات پر بہت اچھا اثر پڑا ہے۔ چنانچہ ہندو اور مسلمان عرس اور عبادتی تقریروں میں ساتھ ساتھ شریک ہوئے۔ حکومت کے انتظامات بہت اچھے تھے آچاریہ ونوبا بھاوے کو اس مقدس انجمن پر بڑی خوشی ہوئی۔ آپ نے درگاہ میں مذہبی رسموں میں بڑی آزادی کے ساتھ شرکت کی۔ درگاہ میں عبادتی تقریر بھی کی گئی جس میں مسلمانوں نے بھی شرکت کی۔ عبادتی تقریروں میں گیت کی تلاوت بھی کی گئی۔

عبادت کے بعد تقریر کرتے ہوئے آچاریہ ونوبا بھاوے نے کہا

ایڈیٹر کے نام خط (صفحہ ۲ کالم ۶ سے آگے)

الٹ دئے گئے، اپنی حکومت برسر اقتدار ہے پھر بھی وہی خوف اور دہشت اور بدحواسی ہے جو انگریزوں کے دور حکومت میں تھی مسلمان اقلیت کے مسلمان پریشان ہیں کہ ان کا کوئی معاملہ نہیں۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم کی تقریروں سے ان کا دل بڑھتا ہے مگر اسرار پسند مہاسبھا کے جارحانہ اقدام اور صوفیانہ روش سے وہ خوف زدہ ہیں، حالانکہ دنیا جانتی ہے اور ہر کس و ناکس کو معلوم ہو گیا ہمیں عوام کا تصور ہی کیا جو حکومت ہوتی ہے اس کا اثر دیکھنا ہے اب تو مسلم لیگ مردہ ہو چکی، ہندوستان سے لیگیوں کا خاتمہ ہو گیا، حکومت بدلی عوام و خواص کے خیالات و جذبات بدل گئے وفاداری اور عدم وفاداری کا سوال ہی پیدا نہیں ہونا چاہئے اور مسلمانوں سے بڑھ کر کون وفادار ہو سکتا ہے، ایک حکم پر سارے معاملات ختم کر دئے گئے ہر جگہ مسلم لیگ کی پارٹیاں ختم کر دی گئیں اور خیالات بھی بدل گئے مگر بد گمان دلوں کی ذہنیت نہیں بدلی، ظالموں کو آج بھی آزادی ہے، وہ جہاں بھی چاہتے ہیں اپنی زشت خوئی کا ثبوت دیتے رہتے ہیں ذرا غور تو کریں آج ہمیں غدار کہا جاتا ہے حالانکہ ہمارے بزرگوں نے جنگ آزادی میں ساتھ دیا آج بھی امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد، شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی، مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی وغیرہم پیش پیش ہیں مگر نہیں معلوم کیا بے اعتمادی ہے، بہر کیف حکومت کے ذمہ دار حضرات کو چاہئے کہ اقلیت کے باشندوں کو اطمینان دلائیں اور ان کے لئے سکون و طمانیت کے سامان فراہم کریں تاکہ ان کے دلوں سے خوف و ہراس کا خاتمہ ہو۔

(محمد حنیف عزیزی دادو نگر ضلع گیا)

ڈاکٹر محمد حسین پاکستان کے تعلیمی مشیر

کراچی ۱۸ مئی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ڈھاکہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد حسین حکومت پاکستان کے تعلیمی مشیر مقرر کئے گئے ہیں۔ ڈاکٹر محمد حسین

پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر کراچی کو

نئی دہلی ۱۷ مئی۔ پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر میجر جنرل عبد الرحمن جو کہ سینچر وار کو مشرقی پنجاب کے دورہ سے واپس آئے ہیں حکومت پاکستان کے سامنے اپنی رپورٹ پیش کرنے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز نئی دہلی سے آج کراچی روانہ ہو گئے ہیں۔ امید ہے کہ میجر جنرل عبد الرحمن اس ہفتہ کے اختتام تک واپس آ جائیں گے۔

الجمعیۃ بکڈپو کی کتابیں

نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اہم واقعات کو تحقیق جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب طالب علموں، عورتوں اور عام مسلمانوں کے لئے بہت مفید ہے۔ کاغذ، لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف، صفحات ۱۹۰ قیمت ایک روپیہ۔

خلافت راشدہ

یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفاء راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تمام اہم واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دئے ہیں ہر مسلمان مرد و عورت کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہئے۔ کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ۲۳۲ قیمت مجلد ۱۲/

خلافت بنی امیہ

یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے۔ جس میں خلفائے بنی امیہ کے صحیح حالات دریائے کوزہ کی طرح سمیٹ لئے گئے ہیں۔ ہر خلیفہ کے دور حکومت اور اس کی خصوصیات پر تبصرہ کیا گیا ہے۔ سہل بیانی نہایت سلیس اور آسان ہے۔ اسکول اور کالج کے طلباء خصوصیت کے ساتھ مطالعہ کریں کاغذ لکھائی چھپائی بہت عمدہ اور صاف صفحات ۲۲۸ قیمت ۱۲/

نام کتاب		قیمت
تفصیل القرآن	حصہ اول	۱/۸
،، ،،	،، دوم	۱/۸
،، ،،	،، سوم	۲/۸
،، ،،	،، چہارم	۲/۸
فہم قرآن		۲/۸
نظام تعلیم و تربیت	حصہ اول	۵/۸
	حصہ دوم	۵/۸
اسلام کا نظام حکومت		۸/۸
قرآن اور تصوف		۲/-
لغات القرآن	جلد اول	۸/۸
،، ،،	جلد دوم	۸/۸
اقتصادی نظام		۵/۸
غلامی کی حقیقت		۱/۸
نقش حکمت		۲/-
شہنشاہیت		۱۲/
انقلاب روس		۲/-
سیاسی معلومات		۸/
جنگ بدر		۸/
خلاصہ سفرنامہ ابن بطوطہ		۱/۸
ہندوستان اور آزادی		۸/
العتیق (سوانح حیات حضرت ابوبکر صدیق)		۱/۸

نوٹ:۔ مبلغ پانچ روپے یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں ۲ رسالے مفت پیش کئے جائیں گے

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

جوالاپور کے تباہ حال مسلمانوں کی آبادکاری پر فوری توجہ کی ضرورت ہے

ناظم جمعیۃ علماء جوالاپور کی پرزور اپیل

سہارنپور ۔ بذریعہ ڈاک۔ جناب تحسین علی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء جوالاپور تحریر فرماتے ہیں کہ میں جمعیۃ کا ایک ادنیٰ خادم ہونے کے علاوہ جمعیۃ علماء جوالاپور کا ناظم اعلیٰ ہونے کی حیثیت سے آل انڈیا جمعیۃ علماء سے پرزور الفاظ میں اپیل کرتا ہوں کہ جوالاپور کے تباہ حال مسلمانوں کی حالت زار کی طرف فوراً توجہ فرمائیں۔ ... آٹھ ماہ کا عرصہ ہو گیا ہے اور کوئی پرسان حال نہیں۔ ... کچھ نہ کہہ کر صرف آل انڈیا جمعیۃ علماء سے یہی اپیل کرتا ہوں کہ اس طرف فوراً توجہ دیں تاکہ ان تباہ حال مسلمانوں کو مزید تباہ ہونے سے بچایا جا سکے۔ نیز میں امام الہند حضرت مولانا ابو الکلام آزاد وزیر تعلیم کی خدمت اقدس میں بھی اپیل کرتا ہوں کہ ۵۰ ... حکومت یوپی کی اس طرف توجہ مبذول کرائیں۔ تاکہ حکومت ان کو دوبارہ آباد ہونے میں ہر قسم کی امداد اور آسانیاں بہم پہنچائے۔

اگر ملک متحدہ ہوا اور مہاتما کی راہ پر نہ چلا تو تباہ ہو جائے گا

جامعہ ملیہ کے تعلیمی مرکز میں مسٹر آصف علی کی تقریر

دہلی ۱۸ مئی۔ کل شام ساڑھے پانچ بجے تعلیمی مرکز جامعہ ملیہ واقع باڑہ ہندو راؤ میں ایک شاندار اجتماع ہوا جس میں شہر کے تعلیمی مراکز کے ارباب نے اپنے اپنے مراکز کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ صدر جلسہ ہند کے سابق امریکی سفیر مسٹر آصف علی تھے۔ ایک دل گیر منظر اس وقت دیکھنے میں آیا جب جامعہ کے ننھے ہندو اور سکھ طالب علموں نے مسٹر آصف علی کے گلے میں ہار ڈالے۔ مسٹر آصف علی نے ان کو سینے سے لگا لیا۔ اجتماع میں مسٹر قدوائی، مسز قدوائی، ڈاکٹر سید اور جمعیت العلماء ہند کے سکریٹری مولانا محمد میاں، مفتی عتیق الرحمن اور دیگر کانگریس کے سرکردہ ارکین شریک تھے۔

ابتداء میں مولانا شفیق الرحمن صاحب قدوائی نے ایک جامع تقریر میں مراکز کی ضرورت اعلان کی خدمات پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مولانا برکت علی اور مولانا عبد الرزاق صاحب اور دیگر منتظمین مراکز نے اپنے اپنے مرکز کا کچھ حال بتایا۔ آخر میں صاحب صدر نے تقریر کرتے ہوئے جامعہ کی خدمات پر اظہار تحسین کیا۔ آپ نے فرمایا کہ جامعہ نے تعلیمی اور تعمیری کام کیا ہے وہ ہند کی تعمیر میں زبردست حصہ لے رہا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ بین الاقوامی صورت حال بہت خطرناک ہے۔ اگر ملک اس وقت متحدہ نہ ہوا اور اس نے مہاتما گاندھی کے بتائے راہ پر قدم نہ بڑھائے تو تباہی اور بربادی کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ آگے چل کر آپ نے فرمایا۔ جذبات کی آندھیاں اور زلزلے آتے ہیں۔ لیکن اب ان کا وقت بیت گیا۔ اب یہ احمقی موت ثابت ہوگی۔ ہم اپنے گھریلو مسائل میں اس قدر الجھے ہوئے ہیں کہ ہم بین الاقوامی صورت حال کی نزاکت کا پورا احساس نہیں کرتے۔ آپ نے کہا کہ جامعہ متحدہ قومیت کی تعمیر میں جو کوشش کر رہا ہے۔ اس میں ہم سب کو اس کا ہاتھ بٹانا چاہئے۔

مشرقی بنگال کی مسلم لیگ میں پھوٹ

کراچی ۱۸ مئی۔ ڈان میں شائع شدہ ایک خبر سے معلوم ہوا ہے کہ مشرقی بنگال مسلم لیگ کے رجحان اور قیادت کے مسئلے پر اختلافات دن بدن بڑھ رہے ہیں۔

میاں افتخار الدین کے حالیہ سفر کے بعد یہ اختلافات اور زیادہ ... مولانا عبد الحمید خاں ... انہوں نے مشرقی پاکستان کی مسلم لیگ کے موجودہ آرگنائزر پر کئی الزامات لگائے ہیں ... مسلم لیگ کا جلسہ ... مولانا اکرم خاں ... مشرقی پاکستان میں مسلم لیگ کے آرگنائزر ہیں ...

ای۔ آئی۔ آر کے لیڈ ڈبوں کی منظوری

لکھنؤ ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ای آئی آر لائن کے مختلف اسٹیشنوں سے مختلف قسم کے سامان لانے اور لیجانے کے لئے ڈیڑھ ہزار ریگین ... منظور کی گئی ہے۔ مختلف صنعتوں کے لئے ... ڈبوں کی تعداد متعین کر دی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ... سب سے زیادہ ریل کے ڈبے منظور کئے گئے ہیں ...

یوگوسلاویہ بھی اسرائیل کو تسلیم کر لیگا

بلغراد ۱۸ مئی۔ بلغراد کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ یوگوسلاویہ کے ایک افسر نے کہا یہودی حکومت اب ایک حقیقت بن چکی ہے اور اس کو ایک حقیقت کے طور پر ہی تسلیم کیا جانا چاہئے۔ افسر مذکور نے یہ بھی کہا کہ یوگوسلاویہ کی حکومت اس مسئلہ پر غور کر رہی ہے۔ اور جلد ہی اپنے فیصلہ کا اعلان کر دیگی۔

گمشدہ کی تلاش

شبیر حسین صاحب ساکن ... زندگی والا باغ مطلع کرتے ہیں کہ ان کا لڑکا شوکت حسین کل شام ۴ بجے سے غائب ہے۔ شوکت حسین کی عمر ۹ سال ہے رنگ گندمی۔ دبلا بدن بال گھنگھریالے۔

سیدھی آنکھ میں آپریشن کا نشان ہے جن صاحب کو یہ لڑکا ملے وہ شبیر حسین صاحب کے پاس پہنچا کر ممنون فرمائیں۔

مسماۃ ہاجرہ کے عزیز کہاں ہیں؟

مسماۃ ہاجرہ بنت شیرا ساکن بلاسپور تحصیل ... ضلع فیروزپور زوجہ حبیب ... ساکن ... تحصیل ... ضلع فیروزپور ۷ مئی ... کو دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی میں پہنچ گئی ہے۔ اس کے حسب ذیل عزیزوں کی تلاش ہے مسماۃ ہاجرہ کی والدہ مسماۃ فاطمہ زوجہ شیرا۔ بہن مسماۃ ... زوجہ ... ساکن ... بھائی ... فتح محمد، ... وغیرہ مسماۃ ہاجرہ کے یہ عزیز جہاں کہیں ہوں اپنے موجودہ پتہ سے دفتر جمعیۃ علماء ہند کو فوراً مطلع کریں تاکہ ان کے پاس مسماۃ ہاجرہ کو بھیج دیا جائے یا وہ خود آ کر لے جائیں جلد سے جلد اطلاع دینا ضروری ہے۔

محمد قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی۔ ۱۸ مئی ۱۹۴۸ء

ہند میں خاکسار تحریک کا خاتمہ

حکیم عبد الغفار صاحب دہرہ دون سے مطلع کرتے ہیں کہ موجب اعلان ... تحریک خاکسار اور ہندیہ کی طرف سے بالکل ختم کر دی گئی ہے اور خاکسار جماعت کا ہر فرد اس تحریک سے دستبردار ہو گیا ہے میں بھی اس تحریک سے سبکدوش ہو گیا ہوں اور جملہ سیاسی سرگرمیاں ختم کر دی ہیں اور شہری زندگی بسر کرنے لگا ہوں پھر بھی اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ میں خاکسار تحریک کا علمبردار ہوں لہٰذا بذریعہ اخبار ہر خاص و عام پر اس امر کا اظہار کرتا ہوں کہ میرا تحریک سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ہندیونین کا سچا وفادار اور امن پسند شہری ہوں۔

سر محمد حبیب اللہ کا انتقال

مدراس ۱۷ مئی۔ مدراس سے اطلاع ملی ہے کہ کراچی میں سر محمد حبیب اللہ کا انتقال ہو گیا، آپ کی عمر ۸۰ سال تھی آپ وائسرائے ایگزیکٹیو کونسل کے ممبر رہ چکے تھے۔ اس کے علاوہ مدراس ایگزیکٹیو کونسل کے ممبر بھی تھے۔

برطانوی جہاز غرق

ہیگ ۱۸ مئی۔ ہیگ کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ایک برطانوی اسٹیمر سور جلم کے قریب ایک بحری سرنگ سے ٹکرا کر سمندر میں غرق ہو گیا۔ جہاز کے ۱۴ ملاحوں کو ایک ڈچ جہاز نے بچایا۔ برطانوی اسٹیمر ہیمبرگ سے برطانیہ واپس آ رہا تھا۔

پٹیالہ ۱۶ مئی۔ آج سہ پہر کو پناہ گزینوں کے ایک کیمپ میں آگ لگ گئی۔ میونسپل فائر بریگیڈ آگ بجھانے کے لئے فوراً روانہ ہو گیا اور تقریباً آدھ گھنٹہ کے بعد آگ پر قابو پا لیا گیا۔

جمعیت علماء کے دفتروں کو خدمت خلق اور مسلمانوں کی امداد کا مرکز بنایا جائے

ممبر سازی کا کام فوراً شروع کر کے ۱۵ نومبر تک ختم کر دیا جائے

نظام کو زیادہ سے زیادہ وسعت دینے کیلئے ناظم جمعیۃ علماء کی اپیل

...

فارم ممبری اپنے ضلع کی جمعیۃ سے طلب کیجیے اور ضلع جمعیۃ صوبہ سے فارم طلب کریگی، تمام وصول شدہ فارم اور ان کا حساب ایک رجسٹر میں درج ہو۔ جن کو کاپیاں دی جائیں ان کے نام اور دستخط ایک رجسٹر میں محفوظ ہوں تاکہ فارموں کا حساب باضابطہ رہے۔ ایک رجسٹر میں تمام ممبران کے نام، مع ولدیت سکونت وغیرہ درج ہوں۔

ہر ایک جمعیۃ پر لازم ہے کہ ۳۱ مئی ۱۹۴۸ء تک گزشتہ سال کے گوشوارہ آمد و صرف اور سال آئندہ کے منظور شدہ میزانیہ کی نقلیں جمعیۃ علماء ضلع، جمعیۃ علماء صوبہ اور مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں بھیجدے اگر کسی وجہ سے سال آئندہ کا میزانیہ ابھی تک منظور نہیں ہوسکا تو ۲۵ مئی تک مجلس منتظمہ کا اجلاس کر کے میزانیہ بجٹ منظور کیا جائے اور اسکی نقلیں ۳۱ مئی تک بھیجدی جائیں۔

... نظام کو زیادہ سے زیادہ وسیع کیا جائے، اسکے دفاتر سب جگہ باضابطہ ہوں، جو خدمت خلق اور مسلمانوں کی امداد کا مرکز ہوں۔ اور عام مسلمان اس کے ممبر ہوں، تاکہ مسلمانوں کے مذہبی، تمدنی اور معاشرتی حقوق کے متعلق جمعیۃ علماء کی آواز عام مسلمانوں کی آواز سمجھی جائے، اور اس طرح مذہبی تعلیم، اصلاح معاشرت اور نظام قضا کے متعلق وہ نقشہ مکمل ہوسکے جو جمعیۃ علماء ہند نے انڈین یونین کے مسلمانوں کیلئے تجویز کیا ہے۔

عام دستور یہ ہے کہ ابتدائی ممبری کی آخری تاریخیں جب قریب پہونچتی ہیں تو ممبر سازی شروع کی جاتی ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مدت میں توسیع کرائی جاتی ہے مگر پھر بھی خاطر خواہ ممبر سازی نہیں ہوسکتی نہ ممبر بننے والے کو ممبری کا مقصد سمجھایا جاسکتا ہے۔ نہ ان کا باضابطہ رجسٹروں میں اندراج ہوتا ہے۔ نہ اضلاع اور صوبہ میں بروقت ابتدائی ممبران کی فہرستیں ...

مشرقی پنجاب کی وزارت کی جدید ترتیب کا مسئلہ

ڈاکٹر گوپی چند کی پنڈت نہرو سے ملاقات، آخری فیصلہ نہرو ہی کریں گے

...

یہودیوں کی لاچاری

...

شمالی محاذ

...

پرواز پر پابندی

...

یہودیوں کو امداد

...

مصری انتباہ

... کہا ہے کہ فلسطین کے ساحل پر کسی جہاز کو ...

ولندیز کے جہاز پر حملہ

تاہم وہی ہولینڈ کے سفیر نے حکومت مصر سے احتجاج کیا کہ مصری ہوائی جہازوں نے تل ابیب پر ہولینڈ کے ایک جہاز پر بمباری کی۔ ہولینڈ نے حکومت مصر سے معاوضہ کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

دو سو کانگریسیوں کیخلاف تادیبی کارروائی

... کانگریسیوں کے نام یوپی کی صوبائی کانگریس کمیٹی کے پاس بھیج دیئے گئے ہیں۔ ان کانگریسیوں نے ڈسٹرکٹ بورڈ کے گذشتہ انتخابات میں کانگریس کے سرکاری نمائندوں کی مخالفت کی تھی۔ ۳ مئی کو کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں ان لوگوں کی بابت غور کیا جائے گا۔

یہودیوں کیلئے ہتھیار لانیوالا جہاز

اسکندریہ کی بندرگاہ پر روک لیا گیا

... کر جہاز کو روک رکھا جائے گا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس جہاز کے بارے میں تحقیقات شروع ہو گئی ہے جس سے کئی مفید انکشافات ہونے کی امید ہے۔

فلسطین کے معاملہ پر ثالث کا تقرر

ابھی تک فیصلہ نہیں ہوا

لیک سکسیس ۱۰ مئی۔ لیک سکسیس کی ایک خبر ... بتایا گیا ہے کہ پانچ بڑی طاقتوں کے ایک اجلاس میں ... اور ... اجلاس فلسطین کے معاملہ پر ثالث مقرر کئے جانے کے مسئلہ پر اتفاق رائے نہیں ...

نئی دہلی ۱۰ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندی فوج کے چیف آف اسٹاف میجر جنرل کلونت سنگھ کی فوجی سرگرمیوں کی وجہ سے ان کی خاص طور پر تعریف کی جا رہی ہے۔ ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ جموں اور کشمیر میں ہندی فوجوں کی کمان سنبھالنے کے بعد میجر جنرل کلونت سنگھ کی خدمات کا ذکر خاص طور پر تذکرہ کیا گیا۔ میجر جنرل کلونت سنگھ کشمیر کی لڑائی میں بالکل شروع سے حصہ لے رہے ہیں۔ اور اب تک جو کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں وہ انہی کی قابلیت کی وجہ سے ہیں۔

مشرقی پنجاب میں فرقہ پرستی کا سیلاب ہند کی آزادی اور اتحاد کیلئے خطرہ ہے

اکالی پارٹی سکھ طلباء کو بھی منظم کر رہی ہے

امرتسر ۱۰ مئی۔ حال ہی میں دیوان چمن لال ... نے دہلی کی ایک ... میں فرمایا کہ مشرقی پنجاب میں فرقہ وارانہ ... ہند کی آزادی اور اسکے مستقبل کے لئے انتہائی خطرناک ہے۔ مشرقی پنجاب میں اکالی پارٹی اور اس کے رہنما ماسٹر تارا سنگھ علیحدگی اور فرقہ پرستی کی تحریک ... طلبہ ... کر رہے ہیں۔

...

اردو اور ناگری رسم الخط کیساتھ ہندوستانی کو سرکاری زبان قرار دیا جائے

مغربی بنگال کی جمعیۃ العلماء کے اجلاس کی کارروائی اور اہم قراردادیں

کلکتہ ۱۰ مئی۔ کل شام یہاں مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی صدارت میں مغربی بنگال کی جمعیۃ علماء کا اجلاس ہوا جس میں سیاست سے علیحدگی اور ہندی یونین کے مسلمانوں کی مذہبی، معاشرتی، تعلیمی اور تہذیبی ترقی کے لئے کام کرنے کا ... کے فیصلہ کی تائید کی گئی۔ اس اجلاس میں جو قراردادیں منظور کی گئی ان میں یہ بھی طے پایا کہ مغربی بنگال کی جمعیۃ علماء مرکزی ہدایات کے مطابق اپنے پروگرام کو مرتب کریگی۔ اس کانفرنس نے انڈین یونین پارلیمنٹ کو اس پر مبارکباد دی کہ اس نے آزاد اور جمہوری ریاست کے قیام کے لئے جمہوری اصول کو قبول کیا ہے۔ ...

امریکہ عربوں کے خلاف پوری طاقت استعمال کریگا

یہودیوں کو امریکہ سے اسلحہ اور سامان جنگ بھیجا جائے گا

واشنگٹن ۱۰ مئی۔ امریکہ کی سینیٹ کے ایک اجلاس میں ری پبلکن اور ڈیموکریٹ ممبروں نے صدر ٹرومین کے اس فعل کی تائید کی کہ انہوں نے فوراً یہودی حکومت اسرائیل کو تسلیم کر لیا۔ ممبران مذکور نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ اس نئی حکومت کو اسلحہ بھیجنے پر جو پابندی عائد ہے اس کو فوراً دور کر دیا جائے۔ ایک ری پبلکن ممبر نے مصر کے اس فعل کی مذمت کی کہ اس نے اپنی فوجیں فلسطین میں بھیجدی ہیں۔ اور امریکہ سے مطالبہ کیا کہ مصر پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی کر کے اقوام متحدہ ... تل ابیب پر بمباری پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مصر نے اتحادیوں کے ساتھ جنگ میں حصہ نہیں لیا لیکن اس نے یہ کیوں مناسب خیال کیا کہ وہ فلسطین پر حملہ کردے۔

فلسطین کے عربوں کی امداد کیلئے پاکستانی لیگ کی عوام سے اپیل

یہودیوں کی نئی حکومت کو تسلیم کرنیوالے ممالک کی شدید مذمت

کراچی ۱۰ مئی۔ آج پاکستان اسمبلی کی مسلم لیگ پارٹی کا ایک فوری جلسہ مسٹر لیاقت علی خان وزیر اعظم پاکستان کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں ایک تجویز پاس ہوئی اور پاکستان کے عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ فلسطینی عربوں کی ... جارحانہ کارروائیوں کے خلاف ذاتی ... اعانت کریں۔ اس جلسہ میں ایک سب کمیٹی بھی مقرر کی گئی جس کے سپرد اس امداد کو منظم کرنے کا کام کیا گیا۔ ... اور تمام ممبران نے اسے متفقہ طور پر پاس کیا۔ اس قرارداد میں کہا گیا ہے کہ فلسطین میں یہودیوں کی جارحانہ کارروائیوں کے علاوہ اسرائیلی حکومت قائم ہوئی۔

امریکہ، نیوزی لینڈ اور دیگر ممالک کی طرف سے ... تسلیم کرنے کے اقدام کی مسلم لیگ پارٹی پر زور مذمت کرتی ہے اور ان تمام حکومتوں کو آگاہ کر دینا چاہتی ہے کہ ان کا یہ اقدام بالکل ناجائز اور غیر منصفانہ ہے اور عربوں اور تمام دنیا کے مسلمانوں کے مفاد کے سراسر خلاف ہے۔

ہندوستان میں پاکستانی صوبے بنائے جائینگے

پناہ گزینوں کو آباد کرنیکی ایک دلچسپ اسکیم

نئی دہلی ۱۰ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند انڈین یونین میں سندھ، بلوچستان اور سرحدی صوبہ قائم کرنے کی اسکیم پر غور کر رہی ہے تاکہ ان لوگوں کو وہاں آباد کیا جاسکے جو پاکستان کے ان علاقوں سے آئے ہیں۔ لطف کی بات یہ ہے کہ ان مقامات کے نام بھی رکھے جائیں گے یعنی صوبہ سندھ، صوبہ بلوچستان، صوبہ سرحد۔ اسیطرح ریاست بہاولپور بھی انڈین یونین میں اسی مقصد کے لئے قایم کی جائے گی اس سلسلہ میں ضلع میرٹھ کے تین مقامات انتخاب کئے گئے ہیں ایک مودی نگر دوسرا مراد نگر، تیسرا اسی کے قریب معلوم ہوا ہے کہ ہر صوبہ میں ۵۰ ہزار پناہ گزیں آباد کئے جائینگے۔

فیض آباد جمعیۃ علماء کانفرنس کا دوسرا اجلاس

۸ مئی۔ ... فیض آباد جمعیۃ علماء کانفرنس کا دوسرا عظیم الشان اجلاس دوشنبہ کی شب کو منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے کی۔

حافظ خان زماں نے تلاوت کلام کی اور ... نے نظمیں پڑھیں اس کے بعد حضرت مولانا ابو الوفا صاحب صدر جمعیۃ علماء یوپی نے تقریر شروع کی۔ ...

آخر میں مولانا شاہد فاخری صدر صوبائی جمعیۃ علماء نے ایک جامع تقریر کی، انہوں نے کہا اگر ہندی یونین میں مسلمانوں کا مستقبل سنور سکتا ہے تو صرف جمعیۃ علماء کی قیادت میں ہی۔

انہوں نے کہا مجھے کامل یقین ہے کہ جو مسلمان جمعیۃ کے بتلائے ہوئے مذہبی اصول پر عمل کرے گا اور احکام خداوندی بجا لائیگا اسے دنیا کی کوئی طاقت مٹا نہیں سکتی۔

برطانوی لیبر پارٹی اور مسٹر بیون کی پالیسی کی حمایت

۱۲۰۰ نمائندوں کی اہم کانفرنس

اسکاربرگ ۱۰ مئی۔ اسکاربرگ کی ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ برطانوی لیبر پارٹی کے چالیسویں سالانہ اجلاس کی کانفرنس میں برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون کی خارجی پالیسی کی حمایت کی گئی۔ ۱۲۰۰ نمائندوں میں صرف ۲۰ ممبروں نے پالیسی مذکور کی مخالفت کی پارلیمنٹ کے ایک ممبر مسٹر جان کو اس جرم میں کہ انہوں نے اٹلی کے انتخابات کے سلسلہ میں بائیں بازو کی حمایت کی تھی پارٹی کی ممبری سے خارج کر دیا گیا تھا۔ کانفرنس میں انہوں نے تقریر کرنا چاہی جس میں وہ مسٹر بیون کی خارجی پالیسی کی مذمت کرنا چاہتے تھے لیکن ایوان نمائندگان نے انکی تقریر سننے سے انکار کر دیا۔ مسٹر جان کا کہنا ہے کہ برطانیہ اسوقت اقتصادی تباہ حالی میں مبتلا ہے۔ اگر مسٹر بیون وزیر خارجہ نہ ہوتے تو اس مشکل کو حل کیا جاسکتا تھا۔ مسٹر جان کہتے ہیں کہ اگر مسٹر بیون برسراقتدار رہے تو برطانیہ کو آج نہیں تو کل جنگ کا سامنا کرنا پڑیگا مسٹر بیون روس سے جھگڑ کر برطانیہ کو جنگ کی آگ میں جھونک دینا چاہتے ہیں۔

بس سروس

دہلی میں بس سروس قوم کی ملکیت بنا دی گئی۔ حکومت ہند ۱۶ مئی سے جی۔ این۔ آئی۔ ٹی کمپنی کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ مسٹر ... ٹرانسپورٹ نے بتایا کہ سفر میں عوام کے لئے حکومت مزید سامان پیدا کرے گی موجودہ ٹرانسپورٹ کا موجودہ انتظام ...

توقع ہے امید ہے کہ اگلے سال ایک سو ... بسیں چالو ہو جائیں گی اور اہم راستوں پر ... کے بعد ایک بس آیا کرے گی ... نئی بسیں ابھی سے چلنی شروع ہو گئی ہیں ... حکومت کا مقصد ٹرانسپورٹ کا انتظام ...

دار السلطنت

جمعیۃ علماء علاقہ ...

...

چالیس ہزار روپے کا کپڑا

... پاکستان سے بھیجا گیا تھا ... ریلوے اسٹیشن پر ... کی تحقیقات عمل میں آرہی ہیں۔

متھرا روڈ پر آتشزدگی

کل شام کو متھرا روڈ کی ... بیرکوں میں آگ لگ گئی۔ ... ۱۵ بارکوں میں ڈاک اور تار کے محکمے کے ملازم رہتے تھے ... ان بارکوں پر ... کی اطلاع ملتے ہی ڈاک اور تار کے ملازم بھی ... آگ بجھانے پہنچ گئے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے فائر بریگیڈ کو کام بہت مشکل تھا تاہم پولیس کی مدد سے آگ پر قابو پا لیا گیا۔ آگ لگنے کے نتیجہ میں کئی پناہ گزینوں کا ... بہت سا سامان بھی ختم ہو گیا جو وہ پاکستان سے بچا کر لائے تھے۔ بعد میں ڈاک اور تار کے افسروں نے ان تباہ شدہ بارکوں کا معائنہ کیا۔

ایک لاش ملی

ہفتہ کے دن نئی دہلی میں ... کے قریب ایک لاش ملی جس کے پاس سے زہر کی ایک خالی بوتل بھی پڑی تھی۔ اس کے خودکشی کرنے کا سبب معلوم نہ ہو سکا۔

سکھ گرفتار

معلوم ہوا ہے کہ ... میں ہفتہ کے دن ایک سکھ ... سنگھ کو ایک دوسرے سکھ نے قتل کر دیا قتل کا سبب پرانی دشمنی بتائی جاتی ہے قاتل کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔

مہاتما جی کے قتل کا مقدمہ

(انتظامات کا لال قلعہ میں)

اس ... کمرے میں دو سو کرسیاں ترتیب کے ساتھ لگا دی گئی ہیں۔ ان میں سے اکثر اخبار والوں کے لئے ... ہونگے۔ کمرہ عدالت ... ان ملزموں کو ... کیا گیا ہے ... پولیس ... ایک ... اخبار نویسوں کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے۔ ... ایک کمرہ ... ایڈوکیٹ جنرل کے اسٹاف ... ملزمان ...

اطلاع

ستمبر ۱۹۴۷ء کے ہنگامے میں انجمن ترقی اردو (ہند)، دہلی کو سخت نقصان پہنچا تھا جس میں سامان کے ساتھ علمی اور دیگر دفتری کاغذات بھی ضائع اور منتشر ہوگئے تھے اب تک ہم اس کی ... ترتیب اور درستی کے لئے مناسب جگہ کے حصول کی کوشش میں لگے ہوئے تھے ... دفتر اور انجمن کے کاروبار کو از سر نو مرتب اور منظم کیا جا رہا ہے یہ خوشی ہے کہ دونوں مرحلے طے ہو گئے ہیں اور ہم جلد ہی انجمن اور اردو کے کاموں کو باقاعدہ شروع کرنے کا اعلان اور اخبار و رسائل کے اجرا کا انتظام کرسکیں گے۔ خط و کتابت حسب ذیل پتے سے کی جائے۔

انجمن ترقی اردو (ہند) عربک کالج، اجمیری گیٹ دہلی

یہودیوں سے آزاد کرائے ہوئے علاقوں میں فوجی حکومت قائم کر دی گئی

عرب فوجیوں کو عورتوں بچوں اور بوڑھوں سے درگزر رکھنے کی ہدایت

قاہرہ ۱۸ مئی۔ قاہرہ کے ایک اخبار میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ جن علاقوں میں مصری فوجیں قبضہ کر چکی ہیں ان میں فوجی حکومت قائم کر دی گئی ہے۔ ... شاہ عبداللہ ... بیت المقدس ... بچوں اور عورتوں پر ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا۔

لندن ۱۸ مئی۔ لندن میں اسٹرلنگ بیلنس کے متعلق جو آئندہ گفت و شنید ہو رہی ہے۔ اس سلسلہ میں جو وفد حکومت ہند کی طرف سے شمولیت کے لئے جا رہا ہے۔ اس کی رہنمائی وزیر خزانہ مسٹر شنمکھم چیٹی کریں گے۔ اس وفد کے دوسرے ممبر ریزرو بینک کے گورنر سر ... اور برطانیہ میں مقیم ہندوستان کے ہائی کمشنر مسٹر ... وغیرہ ہیں۔ ان کے علاوہ کئی ایک سرکاری افسران بھی اس سلسلہ میں برطانیہ جا رہے ہیں۔ ... اس وفد کے سیکریٹری مقرر کئے گئے ہیں۔ (نگوب)

امریکہ میں عرب لیگ کا دفتر بند ہوگیا

واشنگٹن ۱۸ مئی۔ یہاں عرب آفس نے افسوس کے ساتھ اس بات کا اعلان کیا کہ وہ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بحیثیت ایک دفتر اطلاعات کے اپنی سرگرمیاں ختم کر رہا ہے ... عرب لیگ ... نومبر ... جب کہ یہ قائم ہوا تھا ... تقسیم فلسطین کی سخت مخالفت کی تھی ... گذشتہ دسمبر میں ... بند ہو گیا تھا۔

اڑی کے محاذ پر دشمن کے شدید نقصانات!

دو ہفتہ کے اندر اندر دو ہزار آدمی ہلاک اور مجروح ہوئے

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ فوجی حلقوں سے اطلاع ملی ہے کہ اڑی کے محاذ پر ۹ اپریل سے ۲۴ اپریل تک دشمن کے دو ہزار آدمی مارے گئے اور زخمی ہوئے اس وقت حملہ آوروں نے بعض گروہوں نے اڑی پہونچنے کے لئے ہمارے مورچوں کو نظر انداز کر کے آگے بڑھنے کی کوشش کی تھی۔ اڑی کے شمال میں ہندواڑہ کے علاقہ میں ہندی فوجوں نے حملہ آوروں کی سری نگر پہونچنے کی کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ ہندی توپوں نے اس موقع پر حملہ آوروں کو شدید نقصان پہونچایا اور کئی حملوں کو ناکام بنا دیا۔ ۹ اپریل کو حملہ آوروں کو جو شدید نقصان پہونچا ہے اس کے بعد دشمن شدید کوشش کر رہے ہیں کہ پاکستان سے مزید کمک حاصل کرے پونچھ اب بالکل محفوظ ہے۔ اور حملہ آوروں کی توپوں کی زد سے باہر ہے۔ پونچھ کے ارد گرد کی تمام پہاڑیاں اب ہمارے قبضہ میں ہیں ہمارے فوجی دستے ارد گرد کے علاقہ پر روزانہ حملہ کرتے ہیں۔ حملہ آوروں کے چھوٹے چھوٹے دستے جنہوں نے پونچھ دریا کو پار کرنے کی کوشش کی ہمارے سپاہیوں کی گولیوں کا نشانہ بنے۔

ہمارے لئے علیحدہ ریاست قائم کیجائے

حکومت برما سے کرین فرقہ کا مطالبہ

رنگون ۱۸ مئی۔ کرین برادری نے ... علیحدہ ریاست کے قیام کا پر زور مطالبہ کیا ہے ... حکومت برما نے ایک ... کمیشن مقرر کیا ہے جو فیصلہ کرے گا کہ کرین علاقوں میں ... [illegible]

کرین نیشنل ... پارلیمنٹ کے ممبر ... کے صدر مقرر کئے گئے ہیں یہ کمیشن اپنی رپورٹ ... حکومت کو پیش کرے گی۔

... کرین فرقہ کا مطالبہ ... [illegible]

ایٹم کنٹرول کمیشن توڑ دیا گیا

لیک سکسس ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ اقوام متحدہ کی ایٹمی طاقت پر کنٹرول کرنے والا کمیشن دو سال سے اس امر کی کوشش کر رہا تھا کہ ایٹم کے متعلق کوئی سمجھوتہ ہو جائے لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کمیشن نے کام کرنے سے ہاتھ اٹھا لیا اور روس دونوں نے کمیشن توڑ دیا۔

بنگال کے ہر سکول کیلئے ریڈیو سیٹ

کلکتہ ۱۸ مئی۔ مغربی ممالک کی طرح ہر سکول میں ریڈیو سیٹ مہیا کرنے کی تجویز مغربی بنگال کی حکومت کے زیر غور ہے۔ اس وقت صوبہ میں ... کے قریب ہائی سکول ہیں۔

امید ہے کہ ریڈیو سیٹ کے ذریعہ طلباء کو ملک کی سیاسیات اور جغرافیہ کی تعلیم میں امداد پہونچیگی نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مغربی بنگال کی حکومت کلکتہ کے ریڈیو گھر سے یہ انتظام کر رہی ہے کہ برطانیہ کی نشر کرنے والی ایجنسی کی طرح یہاں سے بھی طلباء کا پروگرام نشر کیا جائے۔

مزدوروں کی بھوک ہڑتال

سہارنپور ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ سہارنپور کی لارڈ کرشنا شوگر ملز کے دس مزدوروں نے تین مستقل مزدوروں کے ملازمت سے علیحدہ کئے جانے کی وجہ سے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔

مسلم اوقاف

صفحہ ۲ سے آگے

... وقف ہوگا۔ وقف ثابت کرنے کی کوشش شروع کر دی گی ایسی حالت میں ... [illegible]

... اوقاف کا ... صحیح مصرف میں بھی صرف ہوگی ... متولیوں کے قبضہ میں رہ جائے گا ... جمعیۃ العلماء ... مسلمانوں کی ... [illegible]

ہندو مسلم اتحاد کا روح پرور نظارہ

دہلی ۱۸ مئی۔ مرزا نواب بیگ نے تقریباً پندرہ ہوئے اپنی جائداد واقع گلی ڈور والان بازار گندہ نالہ کے کرایہ نامہ وغیرہ لکھانے کے لئے ... [illegible] ... انہوں نے اپنی غلطی کا اعتراف کر لیا اور انہیں ... پورا کرنے میں ہر ممکن مدد کی ... [illegible]

... اس دوران میں مرزا صاحب ... کی تیمارداری کے لئے بھی آتے رہے ... ۱۳ مئی کو ... مرزا نواب بیگ نے بھی ... ایک دوپٹہ اور گیارہ روپے ... یہ نظارہ نہایت ہی رقت انگیز اور پر درد تھا ... [illegible]

پیگو میں گرفتاریاں

رنگون ۱۸ مئی۔ پیگو میں جو گڑبڑ پھیلی ہوئی ہے اس سلسلہ میں جو بلیٹن شائع کیا گیا ہے اس میں بتایا گیا کہ ایک پولیس کے تھانہ پر حملہ کرنے اور حکومت کے خلاف جنگ کرنے والی عوام کے ایک انجمن کے ایک ممبر کے بے رحمانہ قتل کے سلسلہ میں آج اٹھارہ شورش پسندوں کو گرفتار کیا گیا ... پیگو کے ضلع میں ایک کمیونسٹ لیڈر کو گرفتار کیا گیا ... پولیس کے سپرد کرنے کے بارے میں سوچ بچار کر رہے ہیں ... شورش پسندوں اور پولیس میں تصادم ہوا ... شورش پسند مارے گئے اور ... مجروح ہوئے۔

ہندوستان کا تمدنی مشن جنوبی افریقہ کو

بمبئی ۱۸ مئی۔ بھارت سیوا سنگھ کلکتہ کی زیر سرکردگی ہندوستان کا تمدنی مشن جنوبی افریقہ جا رہا ہے تاکہ وہاں کے ہندوستانیوں سے راہ و رسم قائم کرے اور ہندوستان کی تہذیب و تمدن کا پرچار کرے۔

مشن ۲۸ مئی کو دار السلام روانہ ہوگا۔ وفد کے ممبر ۲ مئی کو کلکتہ سے بمبئی آجائیں گے۔ مشن کے مقصد کی کامیابی کے سلسلہ میں جن اشخاص سے پیغامات وصول ہوئے ہیں ان میں سے کانگریس کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد ... مغربی بنگال کے وزیر اعظم ... کے نام قابل ذکر ہیں۔

آسٹریلیا راقلین فروخت نہیں کریگا

کینبرا ۱۸ مئی۔ مسٹر چیفلی وزیر اعظم آسٹریلیا نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جو رائفلیں مشرق وسطی بھیجی جانے والی تھیں وہ اب نہیں بھیجی جائیں گی ... انہوں نے بتایا کہ ... یہودیوں کے ... رائفلیں خریدنے کی کوشش کی تھی ... [illegible]

برائے فروخت

... کی نئی پیلیٹیں (ولایتی) ہر سائز کی ... اسٹاک میں موجود ہیں۔

دلی پرنٹنگ ورکس چاوڑی بازار دہلی

بحیرہ روم میں امریکی جہازوں کی جنگی مشق

لندن ۱۸ مئی۔ امریکن بحری بیڑہ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ بحیرہ روم میں ۱۳ امریکی بحری جہازوں کے ... [illegible] ... بحیرہ روم میں امریکن جہازوں کی جنگی مشق ... [illegible]

برمنگھم میں ہندیوں پر سنگباری

برمنگھم ۱۸ مئی۔ برمنگھم کے ... ہندوستانیوں کے مکانات پر ... [illegible] ... پولیس نے ... مکانات کی حفاظت ... [illegible]

ریڈیو سیٹ کی فروخت پر پابندی

رنگون ۱۸ مئی۔ حکومت برما نے ریڈیو کے تاجروں کو اطلاع دی ہے کہ وہ کوئی ریڈیو سیٹ فروخت نہ کریں اور اسٹاک کی ایک فہرست ... [illegible]

برطانیہ میں پونڈ کی قیمت کم نہیں ہوگی

لندن ۱۸ مئی۔ واشنگٹن میں پونڈ کی قیمت کم ہونے کے متعلق افواہیں ... [illegible]

یوپی میں فوجی ٹریننگ کے مرکز

بنارس ۱۸ مئی۔ حکومت یوپی فیصل ... فوجی ٹریننگ کے سلسلہ میں ... [illegible]

ایشیائی اقتصادی کمیشن کا اجلاس

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ایشیا اور دوسرے دور مشرقی ممالک کی جو اقتصادی کمیشن کا اجلاس ... [illegible] ... معلوم ہوا ہے کہ اجلاس کے ایجنڈا پر ... ان میں ایشیائی ممالک میں کاشتکاری اور صنعتی مسائل بھی ہیں جنہیں کانگریس کے اجلاس میں زیر غور لایا جائے گا۔

حیدر آباد میں ستیہ گرہ کی تحریک

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ آل انڈیا ہریجن لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے حیدر آباد میں ستیہ گرہ کی تحریک جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ستیہ گرہ کی تحریک جاری کرنے سے پہلے ہریجن لیگ کا ایک وفد ریاستی افسران سے ملاقات کرے گا۔

نیز ورکنگ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ ایک کمیٹی زیر صدارت چودھری ... سنگھ بنائی جائے جو پاکستان سے ... لاکھ ہریجنوں کو ہندوستان لانے کا انتظام کرے۔

گاندھی میموریل فنڈ میں

... کا ثبوت پیش کیجئے

روزنامہ الجمعیۃ قومی اخبار ہے

اس کو ترقی دیجئے

T.B

تپ دق اور پرانے بخارات

JABRI

جبری

... جبری کا استعمال شروع کر کے دس روز میں ... [illegible]

پتہ۔ رائیصاحب کے ایل شرما اینڈ سنز ... (2/5) جگادھری (مشرقی پنجاب)

ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل ادب جمیل کے پاکیزہ لباس اور اتحاد کی ... [illegible]

سالانہ قیمت

پانچ روپیہ فی پرچہ آٹھ آنے

نیاز مند

شیخ عبد الحق ... دہلوی

منیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل دہلی کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

دار السلطنت

(۱۹ مئی ۱۹۴۸ء)

سینما میں قتل کا مقدمہ گوپال داس ... گرفتار ہوگئے۔ گزشتہ اور کرن کے لڑکے قادرہ کے ایک سینما کے قریب جو برن سنگھ کے قتل کے ... ایک سیشن جج کی عدالت میں مقدمہ شروع ہو گیا۔

وکیلوں کا ستیہ گرہ ... نئے پاکستان سے آئے ہوئے وکیلوں نے ستیہ گرہ شروع کر دیا ...

سکھوں کی گرفتاری

جوتے چرانے کی سزا

کارتوس رکھنے پر سزا

ڈاکیہ کے خلاف مقدمہ

ستیہ گرہ کی دھمکی

نیا سپرنٹنڈنٹ

سنگدلانہ ڈاکہ

ڈاکٹر قریشی کی اپیل، مقدمہ کی سماعت پھر ملتوی

شملہ ۱۸ مئی۔ ڈاکٹر عبد العلی قریشی کی اپیل جس پر بندرہ دن تک مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ میں جو مسٹر جسٹس سیجی ... دلوان رام لال اور جسٹس ... پر مشتمل ہے ... اس کی سماعت ... تک کے لئے ملتوی کر دی ...

ار ستمبر کو دہلی میں ... ہوائی جہاز آئے ... کے کاغذات اور متعلقہ شہادتیں عدالت میں طلب کئے جانے چاہئیں ... کو شش کرنے کا وعدہ کیا ہے ... اس کی اپیل ... ملتوی کر دی جائے۔

گودھرا میں صوبہ بمبئی کے وزیروں کا ورود

مسلمانوں سے ماضی کو بھول جانے کی درخواست

گودھرا ۱۸ مئی۔ وزیر اعظم بمبئی مسٹر بی جی کھیر اور وزیر داخلہ مسٹر مرار جی ڈیسائی آج صبح یہاں آئے ... گزشتہ مارچ کے فسادات کے دوران میں گودھرا کے شہر کا ... حصہ جل کر تباہ ہو گیا تھا ... اس بات کی اپیل کی کہ وہ لوگ گودھرا ... مکانات بنوائے جائیں گے۔

مجلس تحفظ فلسطین کی جنگ بند کرانے کی درخواست

روس نے امریکی تجویز کی حمایت کی

لیک سکسیس ۱۸ مئی۔ گذشتہ شب روس نے مجلس تحفظ میں امریکہ کے اس ریزولیوشن کی حمایت کی جس میں فلسطین میں قیام امن کی سفارش کی گئی ہے ... یہودی حکومت اور عرب لیگ کو ... مجلس تحفظ کو لڑائی بند کرانے کے لئے فوری اقدام کرنا ...

فارس الخوری نے کہا یہودی حکومت سے سوالات

پولینڈ نے یہودی حکومت تسلیم کر لی

لندن ۱۹ مئی۔ کل رات وارسا ریڈیو سے اعلان کیا گیا کہ حکومت پولینڈ نے سرکاری طور پر یہودیوں کی نئی حکومت اسرائیل کو تسلیم کر لیا ہے۔ روس، امریکہ، گوئٹے مالا پہلے ہی اس حکومت کو تسلیم کر چکے ہیں۔

دمشق کے ہوائی اڈے میں کوئی جہاز داخل نہ ہو

دمشق کے ریڈیو کا اعلان

لندن ۱۹ مئی۔ دمشق ریڈیو سے اعلان کیا گیا ہے کہ اگر کوئی ہوائی جہاز کسی شہر کے ۵ میل کے اندر اڑتا ہوا دکھائی دیا تو بغیر تنبیہ کے اس پر فائرنگ کر دیا جائے گا۔ اعلان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ دمشق کا ہوائی اڈہ بند کر دیا گیا ہے۔

پاکستان اسمبلی کے انتخابات کیلئے نئے قواعد وضع کر لئے گئے

مسٹر سہروردی کی قواعد میں ترمیم کرنے کی درخواست نامنظور

کراچی ۱۸ مئی۔ مسٹر حسین شہید سہروردی سابق وزیر اعظم بنگال نے کل رات پاکستان کی دستور ساز اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے ظاہر کیا ... پاکستان اسمبلی کے انتخابات میں کوئی ایسا آدمی حصہ نہیں لے سکتا جو پاکستان میں مستقل طور پر ...

ہندوستان فلسطین کے معاملہ میں غیر جانبدار رہے گا!

نئی دہلی ۱۹ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند فلسطین کے معاملہ میں اپنے غیر جانبدارانہ رویہ پر قائم رہے گی اور اس کی کوئی ضرورت محسوس نہیں کی جا رہی ہے کہ اس رویہ میں کوئی تبدیلی کی جائے ... کہ اس معاملہ میں حکومت ہند برطانوی نقطۂ نظر سے بھی متاثر ہوئی ہے۔ حکومت برطانیہ نے اپنے نقطۂ نظر سے نوآبادیاتی حکومتوں کو مطلع کر دیا تھا ... اگر اقوام متحدہ ... فلسطین میں کوئی آزاد حکومت قائم ہو گئی تو حکومت برطانیہ اس کو تسلیم نہیں کرے گی۔

یہودیوں نے ہتھیار ڈال دیے

(مشرقی دہلی کا قلعہ عربوں کے قبضہ میں آ گیا)

عشنر پر قبضہ ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے ...

تل ابیب پر حملہ ... مصری ہوائی جہازوں نے ...

دمشق ... کہ شامی فوجوں نے یہودیوں کے ایک ہوائی جہاز کو گرا لیا ہے۔

طبریہ پر حملہ

آڑیسہ کی ریاستوں کی یونین

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ اڑیسہ اور چھتیس گڑھ کی ریاستوں کی جلد یونین بنانے کے سلسلہ میں کچھ لوگوں کی طرف سے ایجی ٹیشن شروع کیا جا رہا ہے۔ حکومت ہند اس بات کو واضح کر دینا چاہتی ہے کہ وہ کسی صورت میں ایسی یونین کے قیام کے لئے تیار نہ ہوگی ...

ریلوں میں زہر خورانی کے واقعات

الہ آباد ۱۸ مئی۔ الہ آباد سے بمبئی جانے والی ریلوے لائن پر مسافروں کو زہر دینے کی اطلاع موصول ہوئی ہے ...

کلکتہ میں ہیضہ

یوپی میں ہیضہ اور طاعون

عبرانی عیسائیوں کو یہودیوں کی دھمکی

فلسطین امن کے لئے دعا

عراقی وزیر اعظم نے ایک بیان میں کہا ... عراق ... فلسطین کو نجات دلانے کے لئے آخر تک لڑیں گی ...

عرب دفتر بند ... عرب دفتر کو بند کیا جا رہا ہے۔

سعودی مصری فوجیں

صلح کی بات چیت ... عرب صلح پر آمادہ نہیں ہوں گے۔

قاہرہ پر حملہ ... یہودی ہوائی جہازوں نے قاہرہ پر حملہ کیا ...

عرب بالائی گلیلی کا اعلان

تیل کے ذخیرے

مغربی پنجاب کی وزارت کا مسئلہ

خان ممدوٹ کراچی طلب کر لئے گئے

شاہزادی الزبتھ پیرس سے واپس

لندن ۱۸ مئی۔ شاہزادی الزبتھ اور ڈیوک آف ایڈنبرا لفٹننٹ فلپ اوُ ... پیرس سے لندن واپس آ گئے ہیں ...

ضرورت رشتہ

ایک عالی خاندان ہونہار ۲۱ سالہ خوبصورت لڑکے کے لئے جو ہزار روپیہ ماہوار کا اسٹوڈیو آرٹسٹ ہے سلیقہ شعار اور خوبصورت لڑکی کی ضرورت ہے اور ایک ۱۶ سالہ عالی خاندان خوبصورت اور سلیقہ شعار لڑکی کے لئے ہونہار برسر روزگار لڑکے کی تلاش۔

معرفت غفران فوٹو کمپنی مظفر نگر

بچو والو یہ یاد رکھو

بال جیون گھٹی

... المشتہر حکیم بال جیون کار یالیہ علی گڑھ ...

گاندھی نیشنل میموریل فنڈ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیور لیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں
ایس، ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
حویلی حسام الدین حکیماں چاندنی چوک دہلی سے حاصل کیجئے
[illegible]

فون نمبر 6841

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط!
ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر شیخ احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے	جلد ۳۰	دہلی یوم شنبہ ۱۱ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۲ مئی ۱۹۴۸ء	نمبر ۱۱۵	قیمت فی پرچہ چھ پیسے

بیت المقدس بقیہ فلسطین سے منقطع ہو گیا عرب فوجوں کی چاروں طرف سے یلغار

شہر کے قدیمی علاقہ میں عربوں اور یہودیوں میں خونریز جنگ
شرق اردن کی فوجیں شمال مغرب کی طرف سے شہر میں داخل ہو گئیں

لندن - ۲۰ مئی - فلسطین کی جنگ میں دن بدن زیادہ تیزی پیدا ہوتی جا رہی ہے - شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ کی فوجوں نے کل رات اعلان کیا ہے کہ انہوں نے بیت المقدس کا گھیرا ڈال لیا ہے اور وہ برابر آگے بڑھتی چلی جا رہی ہیں یہاں تک کہ بیت المقدس کے نئے شہر کے مرکز سے صرف ایک میل دور رہ گئی ہیں - یہ علاقہ اس وقت یہودیوں کے قبضہ میں ہے - عمان میں عرب لیجن کی طرف سے ایک کمیونک شائع ہوا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ عرب فوجیں ہر طرف سے بڑھتی چلی جا رہی ہیں - اور یہودی سینٹ جارج کے کوارٹر سے پسپا ہو رہے ہیں یہ کوارٹر شہر کے وسطی حصہ الیمن یانی اسکوائر سے ایک میل دور شمال کی جانب ہے -

یہودیوں کا اقرار

[illegible]

ناکہ بندی

[illegible]

حج کے شائقین کو خوشخبری، سنٹرل حج کمیٹی کا قیام
حاجیوں کی شکایات دور کرنے کے لئے حکومت ہند کا اقدام

گذشتہ جنگ عظیم کے دوران میں جہازوں کی کمی کے باعث حجاج کے لئے سوبہ دار کوٹہ مقرر کر دیا گیا تھا اور اس کنٹرول کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے حج بکنگ آفس قائم کیا گیا تھا اور مختلف انتظامات کئے گئے تھے چونکہ اب وہ ضرورتیں باقی نہیں رہی ہیں لہٰذا حج بکنگ کا وہ سلسلہ بھی ختم کر دیا گیا ہے البتہ حجاج کو اس مبارک فریضہ کی ادائیگی میں جو دشواریاں پیش آتی ہیں ان کو رفع کرنے اور ان کے لئے سہولتوں کا انتظام کرنے کے واسطے حکومت ہند نے سنٹرل حج کمیٹی کے نام سے ایک کمیٹی بنا دی ہے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، مولانا محمد میاں صاحب فاروقی الہ آبادی، نواب اسمٰعیل صاحب، بیگم اعزاز رسول صاحبہ اور حج ڈیپارٹمنٹ کے سکریٹری اس کمیٹی کے ارکان ہوں گے - یہ کمیٹی سفر حج کی سہولتوں اور ان کی شکایات کے ازالہ کے لئے سفارشات کرے گی امید ہے کہ المدین یونین کا یہ مبارک اقدام حجاج کے لئے سہولتیں پیدا کرنے کا متکفل ہو گا۔ (نامہ نگار)

پاکستان اور ایران اپنی ایک با اثر وحدت بنائیں
با اثر ایرانی اخبار کیہان کے اڈیٹر سے مسٹر جناح کی بات چیت

[illegible]

پاکستان کے سفیروں کا تقرر
پارلیمنٹ میں دلچسپ جوابات

[illegible]

گوہاٹی میں فساد

[illegible]

یہودیوں کی شکست

[illegible]

(باقی صفحہ ۳ کالم ۵ دیکھئے)

بیت المقدس میں جنگ

[illegible]

مجلس تحفظ کی طرف سے فلسطین کے یہودیوں اور عربوں کو سوالنامہ - ۳۶ گھنٹے کا وقت

لیک سکسس - ۲۰ مئی - معلوم ہوا ہے کہ اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ نے عربوں اور یہودیوں کے بعض سوالات کا جواب دینے کے لئے ۳۶ گھنٹے کا وقت دیا ہے - [illegible]

ہندوستان عنقریب مکمل آزاد ہونے یا برطانوی نوآبادیات میں رہنے کا قطعی فیصلہ کر دیگا

نئی دہلی - ۲۰ مئی - باخبر سیاسی حلقوں کی اطلاع کے مطابق حکومت ہند کے سامنے یہ مسئلہ زیر غور ہے کہ آیا ہندوستان کو جلدی دولت مشترکہ میں رہنا ہے یا اسے ایک کامل آزاد ملک قرار دیا جانا ہے - [illegible]

برطانیہ کی نئی سامراجی چالیں یہودیوں اور عربوں دونوں سے اظہار ہمدردی مسٹر موریسن کا اعلان

اسکاربرک - ۲۰ مئی - برطانیہ کے نائب وزیر اعظم مسٹر موریسن نے لیبر پارٹی کے سالانہ اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے اس امر کا یقین دلایا کہ اگر برطانیہ فلسطین کی خونریزی بند کرنے کے لئے کچھ کر سکتا ہے تو [illegible]

امریکہ ابھی یہودیوں کو اسلحہ نہیں دیگا
سکریٹری آف اسٹیٹ مارشل کا اعلان

واشنگٹن - ۲۰ مئی - [illegible]

کشمیر کے مسئلہ پر ہند و پاکستان کے درمیان براہ راست گفتگو کا امکان - ظفر اللہ

کراچی - [illegible]

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۲ مئی ۱۹۴۸ء

اتحاد کی دعوتِ عام!

پروپیگنڈا کے زمانہ میں کسی ایسی جماعت کا تذکرہ یقیناً حیرتناک اور مانوس ہوگا جس نے آج تک اپنے متعلق کوئی پروپیگنڈا نہیں کیا اور جس نے ہمیشہ شہرت پر خاموشی کو ترجیح دی۔ دنیا میں آج جو پروپیگنڈا ہے وہ تو سے فیصدی جھوٹا ہے۔ مگر اس کے زور پر دنیا کو باور کرایا جاتا ہے کہ وہ سچا ہے! ایسے ماحول میں یہ سنکر واقعی تعجب ہوگا کہ دنیا میں کوئی جماعت ایسی بھی ہے جو سچا پروپیگنڈا بھی کرنا نہیں چاہتی اور جس کا خلوص اسے اس کی بھی اجازت نہیں دیتا کہ لوگ اسے پہچانیں، اسے خراج تحسین ادا کریں اور اسے منظر عام پر لاکر اس کی ہمت بڑھائیں، کام سب سے زیادہ مگر شہرت میں صفر، کام حقیقی اور پائدار مگر تذکار اور یاد آوری سے قطعی محروم، عمل و حرکت میں سب سے آگے مگر نمائش میں اپنی نظیر آپ! آپ یقیناً اس باعمل مگر گمنام جماعت کو جاننے اور پہچاننے کی کوشش کریں گے مگر وہ جانی نہیں جاتی جب تک انسان اسکے اندر اپنے آپ کو گم نہ کرے اور اپنی شہرت اور یاد آوری سے ہاتھ نہ دھو بیٹھے۔

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خدا رسیدہ اور درویش صفت لوگوں کی ایک جماعت بنائی تھی، اپنے طرز کی نرالی اور انوکھی جماعت اپنے دور کی مخلص اور باعمل جماعت! اور مقصد یہ تھا کہ جماعت کا ہر فرد اسلام کی مقدس تعلیم اور قرآن کریم کے فطری اصولوں کا عملی نمونہ بنے اور اسلام کے ان تقاضوں کو پورا کرے جنکے بغیر نام کا مسلمان کام کا مسلمان نہیں بن سکتا۔ آپ کے مشن کی پہلی شرط یہ تھی کہ کوئی شخص مسلمان کہلا کر غیر اسلامی حرکات کا مرتکب نہ ہو اور اسلام کی سچائی پر اپنے عمل سے شہادت دے، آپ نے اپنی ساری عمر ظاہر و باطن کے اس نفاق کو دور کیا جو ایک طرف مسلمانوں کی سیرت میں گھن بن کر لگ گیا ہے اور دوسری طرف انسانیت میں لاقوامی اتحاد اور قومی توانائی کو روز بروز کمزور کرتا جارہا ہے۔ اسلام نے جس انسانیت پر اپنی تعلیم کی بنیاد رکھی تھی آپ نے اسے بیدار کیا اور اپنی جماعت کو اپنے عمل سے ہدایت کی وہ انسانیت کی خادم بنے انسانوں کو محبت اور تعاون کی دعوت دے مختلف قوموں کو امت واحدہ سمجھ کر انہیں یکجان دو قالب بنادے۔ آپ کے وعظ و ارشاد، تعلیم و ہدایت کا مرکزی نقطہ یہ تھا کہ ایک مسلمان کو تمام انسانوں سے بغایت محبت کرنی چاہیئے کیونکہ اسلام محبت ہے، اگر ایک مسلمان سب کچھ کرتا ہے، محبت نہیں کرتا تو اسے اپنے ایمان کی کمزوری پر متنبہ ہوجانا چاہیئے، وہ جسقدر زیادہ محبت کریگا اسی قدر اس کے ایمان کی تکمیل ہوگی اور اسی قدر وہ اسلام کے تقاضوں کو پورا کرسکے گا۔ جس شخص نے حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی تحریک کو زیادہ قریب سے دیکھا ہے وہ بلاخوف تردید کہہ سکتا ہے کہ ہندوستان میں اتحاد و تعاون پیدا کرنے کی یہ ایک ایسی تحریک ہے جس کی مثال عہد حاضر میں نہیں مل سکتی! گاندھی جی کی تحریک آسمان شہرت پر آفتاب بن کر چمکی اور ساری دنیا نے اسے دیکھا اور پہچانا، لیکن مولانا مرحوم کی تحریک گوشۂ گمنامی سے باہر نہ نکل سکی، کیونکہ مقصد یہ نہ تھا کہ اسے شہرت ہو مقصد یہ تھا کہ وہ اندر ہی اندر پھلے پھولے اور مسلمان اس کا عملی نمونہ بنکر نفرت کو محبت سے، عداوت کو دوستی سے، سختی کو نرمی سے بدل دیں اور امن و سلامتی کی اسلامی تعلیم انکے ضمیر و خمیر کا جزو لاینفک بنجائے!

مولانا مرحوم تو گذر چکے، اب یہ کام آپ کے صاحبزادہ مولانا محمد یوسف نے اپنے ہاتھ میں لیا ہے اور ایک مدت سے مرحوم کے نقشہ کے مطابق اس فرض کو انجام دے رہے ہیں، جو لوگ آپ کی زیر تربیت ہیں وہ تزکیہ نفس اور مکارم اخلاق کا درس حاصل کرکے آپ کی اجازت سے باہر نکلتے ہیں اور مسلمانوں کو حقیقی اور اعلیٰ مسلمان بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

یہ درویش صفت لوگ شہر بہ شہر اور قریہ بقریہ گھومتے ہیں عوام کو مخاطب کرتے ہیں، انہیں اصلاح و ہدایت کی طرف بلاتے ہیں، اور محبت و الفت کے پورے جذبات کے ساتھ انہیں بتاتے ہیں کہ انکے فرائض کیا ہیں اور انہیں اسلام کی روشنی میں کیا کرنا چاہیئے! محبت کے ان دیوانوں کو نہ سیاسیات سے کوئی تعلق نہ سیاسی حقوق و مطالبات سے کوئی لگاؤ، وہ انسانیت کے بازار میں محبت کے خریدار ہیں، اور اتحاد و تعاون کے سب سے بڑے علمبردار!

مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ایسے مخلص، بے غرض اور انسانیت کے خادموں کا خیر مقدم کریں اور ان کی دعوت کو لبیک کہیں، اور ایک ایسی جماعت کو قریب سے دیکھیں جس کی دنیا پروپیگنڈے کی دنیا سے بالکل الگ ہے اور جسکا پیغام نفرت و حقارت، اختلاف و نزاع، نفاق اور ظاہر داری سے بالکل مبرا!

سہروردی اور جناح

مسٹر سہروردی کی صاف گوئی ان کے حق میں وبال جان بن گئی ہے، وہ چاہتے ہیں کہ ہند اور پاکستان کی اقلیتوں کا تحفظ ہو اور اس مقصد کے لئے حقوق کا ایک چارٹر مرتب کیا جائے، یہ بات پاکستان کے ناخداؤں پر بہت شاق گذری اور وہ اس فکر میں لگ گئے کہ آپ کو دستور ساز اسمبلی کی رکنیت سے علیحدہ کردیں، اس مقصد کے لئے اسمبلی کے قوانین میں ایک ترمیم منظور کرلی گئی ہے کہ جس شخص کا مستقل قیام پاکستان میں نہ ہو اور جو پاکستان کے علاوہ کسی دوسری حکومت سے بھی وفاداری کا اظہار کرے اسے اتنی بات میں حصہ لینے کے حق سے محروم کردیا جائے! اور صرف یہی نہیں بلکہ مسٹر جناح کو کسی شخص کی وفاداری اور غداری کو جانچنے کا حق بھی دیدیا گیا ہے، یعنی آئندہ وہ شخص وفادار کہلائے گا جسے جناح صاحب وفادار قرار دیں اور غدار وہ جسے آپ غدار کہدیں حق و باطل کا معیار جناح صاحب کی ذات گرامی ٹھہری اس سے بحث نہیں کہ فی نفسہ حق کیا ہے اور باطل کیا؟ غریب سہروردی چلاتے رہیں مگر انکا حشر معلوم، اگر پاکستان کی آمریت اسد رجہ تک پہونچ گئی ہے تو اس کی جمہوریت اور اسلامیت کا خدا حافظ!

امریکہ کی تجویز

سلامتی کونسل میں امریکہ نے یہ تجویز پیش کی کہ چونکہ فلسطین کی جنگ سے امن کو خطرہ ہے اسلئے عربوں اور یہودیوں کو ہدایت کیجائے کہ وہ جنگی کارروائیاں فوراً بند کردیں! روس جو اس معاملہ میں امریکہ کے ساتھ ہے آگے بڑھا اور اس تجویز کا حامی بن گیا!

اس معصومانہ تجویز کی داد دیجئے کہ امریکہ اور روس کو امن کسقدر پیارا ہے، مگر مقصد کو دیکھئے کسقدر زہر آلود اور شرارت آمیز ہے۔ عربوں اور یہودیوں،، کو ہدایت کیجائے کہ وہ لڑائی بند کردیں کیونکہ ان کی جنگ سے امن کو خطرہ پیدا ہوگیا ہے یعنی فلسطین میں عربوں کے ساتھ یہودی حکومت بھی قایم ہے اور ان کی قایم شدہ حکومت سے درخواست کیجارہی ہے کہ امن کی خاطر لڑائی بند کردیں! گویا تجویز کیا ہے سلامتی کونسل سے اعلان کرانا ہے کہ یہودی اسٹیٹ بین الاقوامی قانون کی رو سے جائز ہے۔ فلسطین میں اسرائیلی حکومت قایم ہوچکی ہے الفاظ تو سلامتی کونسل سے جنگ بند کرانے کی درخواست ہے مگر باطن مقصد یہ ہے کہ اس طریقہ سے اقوام متحدہ اقوام یہودی اسٹیٹ کو منظور کرلے! اور واقعہ یہ ہے کہ مجلس اقوام متحدہ شروع ہی سے یہودی اسٹیٹ کی حمایت میں ہے، اگر عربوں نے جلد یہود کا قصہ تمام کردیا تو امریکہ اور روس کیطرح وہ بھی یہودی اسٹیٹ کو تسلیم کرلیگا اور اگر نتیجہ ہوگا کہ جنگ طول کھینچے گی اور عربوں کو مجبور کیا جائیگا کہ اسرائیلی حکومت کو تسلیم کرلیں۔

کالے ناگ!

ان الذین یکنزون الذھب والفضۃ لاینفقونھا ...... الخ (قرآن مجید)

جو لوگ سونے چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں یہ خبر سنادو کہ نہایت دردناک عذاب سے دوچار ہونا پڑیگا۔

روپیہ پیسہ، سونے چاندی سب انسان کی خدمت کے لئے ہیں مگر لوگ سمجھتے ہیں کہ انسان ان کی خدمت کے لئے بنایا گیا ہے کہ جوڑ جوڑ کر رکھے، کالا ناگ بنکر ان پر پھنکارے اور خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا نام تک نہ لے مال و دولت خدا کی امانت ہے، مالدار اپنے مال کا مالک نہیں ہے امین ہے، امانتدار کا کام یہ ہے کہ حکم ملتے ہی اپنی دولت خدا کے حوالہ کردے اور وہ جہاں کہے وہاں خرچ کرکے اپنی دیانتداری کا ثبوت دے۔ غریب بھوکے مریں، قرضدار قرض کے بوجھ سے دبے رہیں، نادار نان جویں تک کو ترسیں اور مالدار اپنے سونے چاندی کی حفاظت میں لگا رہے!

مال خرچ کرنے سے دل سیر رہتا ہے اور اجتماعی کام آسانی سے پورے ہوتے رہتے ہیں، اس میں شک نہیں کہ دولت خدا کی نعمت ہے۔ بغیر دولت کے انسان کی زندگی محال ہے، لیکن اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد امرا کا فرض ہے کہ اپنی دولت کو اجتماعی کاموں میں لگائیں اور اسے جمع کرکے بیکار نہ ڈالیں۔ جو لوگ سونا چاندی جمع کرکے خوش ہوتے ہیں اور غریبوں کی پرواہ نہیں کرتے وہ اپنے آپ کو خدا کے عذاب سے نہیں بچا سکتے

کانگریس کی طے شدہ پالیسی کیمطابق ہندوستانی کو سرکاری بنانا چاہیئے

ضلع فیض آباد جمعیۃ علماء کے اجلاس کی کاروائی اور اہم قراردادیں

[illegible] ضلع فیض آباد جمعیۃ کانفرنس منعقد ہوئی جس میں [illegible] پاس ہوئے۔ حسب ذیل عہدہ داران کا انتخاب عمل میں آیا۔

صدر مولوی سید محمد نصیر صاحب۔ نائب صدر [illegible] صاحب۔ ناظم [illegible] صاحب۔ نائب ناظم مولوی مقبول صاحب۔ خازن شیخ غلام حسین صاحب۔ نائب ناظم مولوی ظہور الحق صاحب۔

پہلا ریزولیوشن گاندھی جی کی ناگہانی موت کے متعلق تھا [illegible]

[illegible] ریزولیوشن میں ہند کے فرقہ پرور اور جمہوری ریاست بنائے جانے پر حکومت کو مبارکباد دی گئی تھی [illegible]

جمعیۃ علماء ضلع فیض آباد کانفرنس کا یہ اجلاس انڈین یونین کو [illegible] مبارکباد دیتا ہے کہ [illegible] دستور ساز اسمبلی [illegible] ہندوستان کا مکمل جمہوری حکومت مقرر کیا ہے وہ ہر طرح قابل اطمینان ہے جس میں کسی فرقہ کی حکومت نہ ہوگی اور اقلیتوں کے مذہبی، تمدنی، معاشرتی، ثقافتی امور کے تحفظ کی ضمانت ہے اور یہ بنیادی اصول انڈین نیشنل کانگریس کا رہا ہے اور اب تک ہے۔

[illegible] واضح کردینا چاہتا ہے کہ [illegible] اور ہر جگہ کے ذکی حکام کی ایسا رویہ اختیار کئے ہوئے ہے جو انڈین یونین اور کانگریس سے کھلی ہوئی بغاوت اور انتہائی تنگ نظری اور تعصب کا بدترین مظاہرہ ہے [illegible] مسلم اقلیت کو تلاشی، گرفتاری اور روزمرہ کی زندگی میں [illegible] حکام کی ذہنیت کا شکار بننا پڑتا ہے اس نے ایک ایسی اور انتہائی بے اطمینانی پیدا کر رکھی ہے۔

یہ اجلاس حکومت سے پرزور درخواست کرتا ہے کہ ان حکام کی [illegible] ایک پبلک کی مشترکہ کمیٹی بنائے اور جلد سے جلد حکام کے رویہ کی اصلاح کرے جس سے ملک میں بے اطمینانی اور فرقہ واریت کے مہلک امراض بڑھنے کا اندیشہ ہے جو ہمارے ملک کی آزادی اور جمہوریت کے واسطے سم قاتل اور انڈین نیشنل کانگریس اور ہندیونین کے واسطے ایک بدنما داغ ہے

چوتھے ریزولیوشن میں جسے [illegible] صاحب نے پیش کیا تھا اور محمد نبی خاں صاحب نے جس کی تائید کی تھی ہاتھ سے بنے ہوئے اور رنگے ہوئے کپڑے کے نیپال بھیجنے کی پابندی کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

زبان کا مسئلہ

پانچواں ریزولیوشن زبان کی بابت تھا مولوی محمد اسحاق صاحب نے پیش کیا تھا اور جناب منظور اشرف صاحب نے اس کی تائید کی تھی۔ اس کا متن حسب ذیل ہے۔

جمعیۃ علماء ضلع فیض آباد کا یہ اجلاس اس امر کا بے لاگ اظہار کرتا ہے کہ جس طرح آزادی ہند و مسلم اتحاد سے حاصل ہوئی ہے۔ اسی طرح اس کی بقا بھی بلا اتحاد و اتفاق کے ناممکن ہے لہذا حکومت کو پالیسی کی پرواہ کئے بغیر تمام وہ چیزیں بروئے کار لانی چاہئیں جو اتحاد و اتفاق پیدا کریں اور منافرت اور فرقہ واریت کے استیصال کا باعث ہوں اسی سلسلہ کی ایک اہم چیز ہندوستانی زبان کا مسئلہ ہے جو فارسی اور دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے بدقسمتی سے پچھلے سال کے فرقہ وارانہ پروپیگنڈے نے اس خالص مشترکہ مسئلہ کو فرقہ واریت کا جامہ پہنا دیا۔ حالانکہ یہ زبان نہ تنہا مسلمانوں کی تھی اور نہ ہندوؤں کی، مسلمانوں کی تھی نہ ہندوؤں کی۔ مسلمانوں کی مذہبی زبان عربی اور ملکی و سیاسی فارسی تھی اور ہندوؤں کی سنسکرت، مذکورہ ہندوستانی زبان ہندوستان کی مختلف قوموں کے میل ملاپ سے پیدا ہوئی۔ کانگریس ہمیشہ اسی بات کو بنیادی طور پر آزاد ہندوستان کی زبان اپنی تجاویز اور ہدایتوں میں تسلیم کرتی رہی اور اب تک اصولاً اسی پر قائم ہے مگر تعجب ہے کہ صوبائی حکومتیں اور لوکل بورڈس اس سے علانیہ بغاوت کرکے میل ملاپ پر ایک کاری ضرب لگا رہے ہیں آزاد ہندوستان کے مفاد کے سامنے رکھتے ہوئے انڈین نیشنل کانگریس اور ہندیونین اور خصوصاً یوپی گورنمنٹ کو توجہ دلاتا ہے کہ کانگریس کی عام طے شدہ پالیسی کے مطابق آزاد ہندوستان کی سرکاری زبان وہی ہو جو فارسی اور دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے اور جلد از جلد اس فیصلے کو عملی جامہ پہنائیں تاکہ نفرت اور نفاق کی خلیج ہٹ سکے اور میل و ملاپ ترقی کرے جس پر ملک کی آزادی و خوشحالی کا دار و مدار ہے۔

چھٹے ریزولیوشن میں تانڈہ اکبر پور ریلوے لائن کے اجرا کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ اس کے محرک مولوی نور محمد خاں صاحب اور موید محمد نبی صاحب تھے

(باقی صفحہ ۴ پر)

سیر و سیاحت

سیّاح

آج کل ہمارے معاصرین ارض مقدس کے عربی ناموں کی جو مٹی پلید کررہے ہیں وہ شاید ملک چین کے ناموں کی بھی نہ ہوئی ہوگی۔ — مثال کے طور پر [illegible] کو کوئی ایکڑ لکھ دیتا ہے اور کوئی ایکہ — غنیمت ہے کسی نے ابھی تک اکیڑ نہیں لکھا۔ آج ہمارے محترم معاصر تیج نے دہلی کے تاریخی اخباروں سے ایسے متاثر ہوئے کہ ایکڑ لکھ گئے۔ — گو ہم انہیں نسخ کی رعایت قائم رکھی جو عربی کا خاص حرف ہے — گر غیر وہ اپنی غلطی پر نادم ہیں — اسی طرح ایک اور شہر تل ابیب ہے کوئی صاحب اپنی عربیت جتانے کے لئے تل عفیف لکھ دیتے ہیں اور کوئی تل اولیف آج ایک اخبار نے تالولیف ہی لکھ مارا — سنو اسرائیل کا توقصہ شاید آپ کو معلوم ہی ہے ایک معاصر نے اسے عزرائیل کی حکومت بنادیا یعنی موت کی حکومت — وقت کے لحاظ سے یہ کسی حد تک صحیح بھی ہے [illegible] حضرت عزرائیل کا دور دورہ ہے۔ آزادی کس کو ہے — ہم اپنے معاصر کو اس وقت شناسی کی داد دیتے ہیں —

دراصل ان ناموں میں اس وقت جو غیر یکسانیت نظر آرہی ہے اس میں ہمارے ان معاصرین کا کوئی قصور نہیں۔ اب تک ایسے معاملات میں آل انڈیا ریڈیو رہنمائی کیا کرتا تھا اور جو کچھ وہ کہہ دیتا تھا گویا پتھر کی لکیر تھی لیکن چونکہ آج کل اسے عربی نام بتاتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے کہ کہیں ہندی پرچار سبھا اس پر کفر کا فتویٰ نہ لگادے۔ اس لئے وہ انگریزی پالیسی پر عمل کررہا ہے۔ ایسے میں آپ خود فیصلہ کریں کہ یکسانیت قائم ہو تو کیوں کر —

ہمارے خیال میں ارگوں کی کڑی کوری [illegible] کا ایک آسان سا نسخہ یہ ہے کہ ہمارے معاصرین ارض مقدس کی خبریں چھاپنا ہی بند کردیں — نہ ہوگا بانس اور نہ بجے گی بانسری یا پھر اگر فلسطین کی خبریں شائع کرنی ہی ہیں تو وہ آل انڈیا ریڈیو کی پالیسی پر عمل کریں۔ الخبر وں کو ایسے غیر اہم بنادیں کہ خبروں میں پھیر دار ہے کہ بات بھی جائے اور نام غلط چھاپنے کے الزام سے بھی بچ جائیں — اخبار کے سب سے آخر والے کالم میں بہت چھوٹی چھاپ کر دی سرخی دیدیں — کسی کی نظر پڑے گی اور کسی کی نہیں — اس صورت میں اگر کوئی غلطی بھی ہوئی تو آسانی سے اسے کاتب کے سر تھوپا جاسکتا ہے — گو یہاں یہ دور ہے کہ پھر ہندی پرچار سبھا یا ریڈیو والے کوئی نئے ایجاد شدہ ناموں کی فہرست شائع کرتی رہیں گے — اور اس کے بعد غیر یکسانیت کی شکایت دور ہو کر ایسی یکسانیت قائم ہو جائیگی کہ چینی کیا تندن بھی اور ان کے چیلے جانتے ہیں —

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

"ہندی"

جناب اڈیٹر صاحب۔ "لڑاؤ اور حکومت کرو" کی پالیسی کے تحت برطانیہ نے ہندوستان میں جہاں اور بیسیوں چالیں چلیں اور ہتھکنڈوں سے اختلافات پیدا کئے وہاں ہندی اور اردو سے الفاظ میں بھی زبان کے اختلاف کا بیج بھی بو یا۔ برطانیہ کی حکومت قائم ہونے تک ہندی کا کوئی وجود ہی نہ تھا۔ اس وقت عوام کی زبان اردو تھی۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ وہ اضلاع و ریاستیں ہیں اب بھی پرانے زمانے کے جو عمر اور ضعیف لوگ موجود ہیں وہ ہندی یا کسی دوسری زبان کی نسبت اردو سے زیادہ واقف ہیں۔ اس زمانہ میں عوام کی زبان اردو تھی۔ البتہ پڑھے لکھے اور اعلیٰ طبقہ کے ہندو اپنے خیالات کے اظہار کے لئے سنسکرت سے کام لیتے تھے اور مسلمان عربی یا فارسی سے۔ مغل سلطنت کے خاتمہ کے بعد ہندوؤں نے سنسکرت رسم الخط میں اردو زبان کو لکھنا شروع کردیا۔ اور اگر میں بھولتا نہیں تو فورٹ ولیم کالج میں اس طرز عمل کی مزید سرپرستی کی گئی۔ یعنی قیمتی سے اسی دوران میں کسی طرح ہندو مسلم جھگڑے شروع ہوگئے۔ اس موقع پر اس زبان کو ہندی کا نام دے کر ایک علیحدہ زبان بنادیا گیا۔ ہندی کبھی شمالی ہندوستان کی زبان نہیں بنی۔ چنانچہ اب بھی ہندی کی مقبولیت کے لئے عظیم الشان جدوجہد کرنے کے بعد بھی شمالی ہندوستان کے ہندوؤں کے اخبارات کا بہت بڑا حصہ اردو میں نکلتا ہے۔ علاوہ ازیں ابھی کچھ عرصہ پہلے تک ہندی کو شمالی ہندوستان کے ہندو گھرانوں میں بار بھی حاصل نہ تھا۔ چنانچہ اب بھی شمالی ہند کے ہندوؤں کی بہت بڑی تعداد اپنی خط و کتابت اردو ہی میں ہوتی ہے۔ اب اردو میں سنسکرت کے غیر مانوس الفاظ ٹھونس ٹھونس کر ہندی کے لئے میدان ہموار کیا جارہا ہے۔

(رفیق احمد دہلی ۱۹ مئی ۱۹۴۸ء)

آل انڈیا ریڈیو کی زبان ابھی اس کیسے متعلق نہیں بہتر ہے کہ سال بھر سے پہلے ریڈیو میں جو سادہ اور شیریں زبان بولی جاتی تھی اس کے مقابلہ میں آج کل کی زبان سخت کرخت اور ناگوار معلوم ہوتی ہے۔ ریڈیو کی اس زبان کی ایک اور خصوصیت ہے وہ یہ کہ اس کے سمجھنے والے تھوڑے ہیں اور اس پر رنگ چڑھانے والے بہت ہیں۔

(رشید احمد دہلی - ۱۵ مئی)

فوری توجہ کی ضرورت

جناب اڈیٹر صاحب۔ دہلی کی حالت پھر خراب ہونے لگی ہے، سکھوں کی خاص شرارتیں یعنی اورانہ گشتی کی ہیرز شروع ہوگئی ہیں۔ کہیں کہیں اکا دکا آدمی کو پیٹ بھی دیا جاتا ہے کیونکہ یہ واقعات ایسے مقامات پر ہوتے ہیں جہاں آمد و رفت کم ہوتی ہے۔ اس لئے اس قسم کے واقعات اخبارات میں نہیں آپاتے۔ اس قسم کی بلا کی خلاف ہیبت ناک گوکہ میں کہ لوگوں کو ان کی دکانوں پر آکر ان کو دھمکایا جاتا ہے اور سخت سست کہا جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ پکڑی اور اشتعال انگیز باتیں بڑھتا جاتا ہے یہ بھی صحیح ہے کہ پولیس بھی پہلے کی نسبت زیادہ مستعد ہے لیکن ایک دفعہ امن قائم ہوجانے کے بعد پھر گڑبڑ ہونا بہت عجیب سی بات ہے اور خصوصاً اس صورت میں کہ امن کی بحالی کے لئے ہندو کو اپنی سب سے زیادہ قیمتی رتن کی قربانی دینی پڑی ہو۔ ہماری خواہش ہے کہ مرکزی حکومت پولیس اور فرض شناس حکام ان حالات پر خاص طور سے نگاہ رکھیں اور بعض لوگوں کے بیجا اشتعال کو روکنے کی کوشش کریں جو خواہ مخواہ دوسروں کی تخریب کا باعث ہوتے ہیں۔

(رفیق احمد دہلی ۱۹ مئی ۱۹۴۸ء)

ہند میں حیدرآباد کے تمام فرقوں کی مذہبی وفد کی آمد

اجمیر کے عرس میں شرکت۔ پنڈت نہرو اور مولانا آزاد سے ملاقات

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ کل وزیراعظم پنڈت نہرو سے حیدرآباد کے مذہبی لیڈروں کے ایک وفد نے ملاقات کی مولانا سید ولی اللہ حسینی اس وفد کے لیڈر ہیں۔ یہ وفد جو شمالی ہند کا دورہ اس لئے کر رہا ہے کہ مختلف فرقوں میں خیر سگالی کی فضا پیدا کی جائے اور حیدرآباد اور ہندیونین میں تعلقات خوشگوار کئے جائیں۔ سوال ہے کہ وفد خواجہ صاحب کے عرس میں اجمیر گیا۔ یہ وفد مولانا آزاد وزیر تعلیم سے بھی ملاقات کرچکا ہے۔ دہلی میں کچھ روز قیام کے بعد یہ وفد شملہ روانہ ہوجائیگا جہاں مسٹر سی راجہ گوپال اچاری سے ملاقات کریگا۔ مولانا حسینی کے علاوہ اس وفد میں سوامی واسدیو شاستری، ایونڈ میویل دت، ہوستم جی شلپی اور سردار جگموہن سنگھ شامل ہیں۔ سہروردی صاحب اس وفد کے سکریٹری ہیں۔

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط!
ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر سیح احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمائیے

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۱۱ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۲ مئی ۱۹۴۸ء | نمبر | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیورلیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

بیت المقدس بقیہ فلسطین سے منقطع ہو گیا عرب فوجوں کی چاروں طرف سے یلغار

شہر کے قدیمی علاقہ میں عربوں اور یہودیوں میں خونریز جنگ

شرق اردن کی فوجیں شمال مغرب کی طرف سے شہر میں داخل ہو گئیں

لندن ۔ ۲۰ مئی ۔ فلسطین کی جنگ میں دن بدن زیادہ تیزی پیدا ہوتی جا رہی ہے ۔ شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ کی فوجوں نے کل رات اعلان کیا ہے کہ انہوں نے بیت المقدس کا گھیرا ڈال دیا ہے اور وہ برابر آگے بڑھتی چلی جا رہی ہیں یہاں تک کہ بیت المقدس کے نئے شہر کے مرکز سے صرف ایک میل دور رہ گئی ہیں ۔ یہ علاقہ اسوقت یہودیوں کے قبضہ میں ہے ۔ عمان میں عرب لیجن کی طرف سے ایک کمیونک شائع ہوا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ عرب فوجیں ہر طرف سے بڑھتی چلی جا رہی ہیں ۔ اور یہودی سینٹ جان کے کوارٹر سے پسپا ہو رہے ہیں یہ کوارٹر شہر کے وسطی حصہ ایلین یانی اسکوائر سے ایک میل دور شمال کی جانب ہے ۔

یہودیوں کا اقرار

ناکہ بندی

حج کے شائقین کو خوشخبری، سنٹرل حج کمیٹی کا قیام

حاجیوں کی شکایات دور کرنے کے لئے حکومت ہند کا اقدام

گذشتہ جنگ عظیم کے دوران میں جہازوں کی کمی کے باعث حجاج کے لئے سو سو دار کوٹہ مقرر کر دیا گیا تھا اور اس کنٹرول کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے حج بکنگ آفس قائم کیا گیا تھا اور مختلف انتظامات کئے گئے تھے چونکہ اب وہ ضرورتیں باقی نہیں رہی ہیں لہذا حج بکنگ کا وہ سلسلہ بھی ختم کر دیا گیا ہے البتہ حجاج کو حرمین مبارک زادہما اللہ شرفاً کی روانگی میں جو دشواریاں پیش آتی ہیں ان کو رفع کرنے اور ان کے لئے سہولتوں کا انتظام کرنے کے واسطے حکومت ہند نے سنٹرل حج کمیٹی کے نام سے ایک کمیٹی بنا دی ہے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، مولانا نامعلوم الہ آبادی، نواب اسمٰعیل صاحب، بیگم اعزاز رسول صاحبہ اور حج ڈپارٹمنٹ کے سکریٹری اس کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ یہ کمیٹی سفر حج کی سہولتوں اور ان کی شکایات کو زائل کرنے کے لئے سفارشات کرے گی ۔ امید ہے کہ الدین بیتین کا یہ مبارک اقدام حجاج کے لئے سہولتیں پیدا کرنے کا مشغل ہوگا۔ (نامہ نگار)

پاکستان اور ایران اپنی ایک باثر وحدت بنائیں

باثر ایرانی اخبار کیہان کے اڈیٹر سے مسٹر جناح کی بات چیت

پاکستان کے سفیروں کا تقرر

پارلیمنٹ میں دلچسپ جوابات

گوہاٹی میں فساد

بیت المقدس میں جنگ

یہودیوں کی شکست

(باقی صفحہ ۸ کالم ۱ پر)

مجلس تحفظ کی طرف سے فلسطین کے یہودیوں اور عربوں کو سوالنامہ ۔ ۴۸ گھنٹے کا وقت

ہندوستان عنقریب مکمل آزاد ہونے یا برطانوی نو آبادیات میں رہنے کا قطعی فیصلہ کر دیگا

نئی دہلی ۔ ۲۰ مئی ۔ ...

برطانیہ کی نئی سامراجی چالیں یہودیوں اور عربوں دونوں سے اظہار ہمدردی مسٹر موریسن کا اعلان

اسکاربرگ ۔ ۲۰ مئی ۔ برطانیہ کے نائب وزیر اعظم مسٹر موریسن نے ...

امریکہ ابھی یہودیوں کو اسلحہ نہیں دیگا

سکرٹری آف اسٹیٹ مارشل کا اعلان

کشمیر کے مسئلہ پر ہندو پاکستان کے درمیان براہ راست گفتگو کا امکان ۔ ظفر اللہ

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۲ مئی ۱۹۴۷ء

اتحاد کی دعوتِ عام!

پروپیگنڈا کے زمانہ میں کسی ایسی جماعت کا تذکرہ یقیناً غیر مانوس ہوگا جس نے آج تک اپنے متعلق کوئی پروپیگنڈا نہیں کیا اور جس نے ہمیشہ شہرت پر خاموشی کو ترجیح دی۔ دنیا میں آج جو پروپیگنڈا ہے وہ نوّے فیصدی جھوٹا ہے۔ مگر اس کے زور پر دنیا کو باور کرایا جاتا ہے کہ وہ سچا ہے۔ ایسے ماحول میں سنکر واقعی تعجب ہوگا کہ دنیا میں کوئی جماعت ایسی بھی ہے جو سچا پروپیگنڈا بھی کرنا نہیں چاہتی اور جس کا خلوص اسباب کی بھی اجازت نہیں دیتا کہ لوگ اسے پہچانیں، اسے خراج تحسین ادا کریں اور اسے منظر عام پر لاکر اس کی ہمت بڑھائیں۔ کام سب سے زیادہ مگر شہرت میں صفر، کام حقیقی اور پائیدار مگر تذکار اور یادآوری سے قطعی محروم، عمل و حرکت میں سب سے آگے مگر گمنامی میں اپنی نظیر آپ۔ آپ یقیناً اس باعمل مگر گمنام جماعت کو جاننے اور پہچاننے کی کوشش کریں گے مگر وہ جانی نہیں جاتی جب تک انسان اسکے اندر اپنے آپ کو گم نہ کردے اور اپنی شہرت اور یادآوری سے ہاتھ نہ دھو بیٹھے۔

حضرت مولانا محمد الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خدا رسیدہ اور درویش صفت لوگوں کی ایک جماعت بنائی تھی، اپنے طرز کی نرالی اور انوکھی جماعت اپنے دور کی مخلص اور باعمل جماعت! اور مقصد یہ تھا کہ جماعت کا ہر فرد اسلام کی مقدس تعلیم اور قرآن کریم کے فطری اصولوں کا عملی نمونہ بنے اور اسلام کے ان تقاضوں کو پورا کرے جنکے بغیر نام کا مسلمان کام کا مسلمان نہیں بن سکتا۔ آپ کے مشن کی پہلی شرط یہ تھی کہ کوئی شخص مسلمان کہلاکر غیر اسلامی حرکات کا مرتکب نہ ہو اور اسلام کی سچائی پر اپنے عمل سے شہادت دے۔ آپ نے اپنی ساری عمر ظاہر و باطن کے اس نفاق کو دور کیا جو ایک طرف مسلمانوں کی سیرت میں گھن بن کر لگ گیا ہے اور دوسری طرف انسانیت کے بین الاقوامی اتحاد اور قومی توانائی کو روز بروز کمزور کرتا جارہا ہے۔ اسلام نے جس انسانیت پر اپنی تعلیم کی بنیاد رکھی تھی آپ نے اسے بیدار کیا اور اپنی جماعت کو اپنے عمل سے ہدایت کی وہ انسانیت کی خادم بنے انسانوں کو محبت اور تعاون کی دعوت دے مختلف قوموں کو امت واحدہ سمجھ کر انہیں یک جان و قالب بنادے۔ آپ کے وعظ و ارشاد، تعلیم و ہدایت کا مرکزی نقطہ یہ تھا کہ ایک مسلمان کو مسلمان سے نہایت محبت کرنی چاہیئے، کیونکہ اسلام محبت ہے، اگر ایک مسلمان نفرت کرتا ہے، محبت نہیں کرتا تو اسے اپنے ایمان کی کمزوری ...

... پر متنبہ ہوجانا چاہیئے، وہ جسقدر زیادہ محبت کریگا اسی قدر اس کے ایمان کی تکمیل ہوگی اور اسیقدر وہ اسلام کے تقاضوں کو پورا کرسکے گا۔ جس شخص نے حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کی تحریک کو زیادہ قریب سے دیکھا ہے وہ بلاخوف تردید کہہ سکتا ہے کہ ہندوستان میں اتحاد و تعاون پیدا کرنے کی یہ ایک ایسی تحریک ہے جس کی مثال عہد حاضر میں نہیں مل سکتی! گاندھی جی کی تحریک آسمان شہرت پر آفتاب بن کر چمکی اور ساری دنیا نے اسے دیکھا اور پہچانا، لیکن مولانا مرحوم کی تحریک گوشہ گمنامی سے باہر نہ نکل سکی، کیونکہ مقصد یہ نہ تھا کہ اسے شہرت ہو مقصد یہ تھا کہ وہ اندر ہی اندر پھلے پھولے اور مسلمان اس کا عملی نمونہ بنکر نفرت کو محبت سے، عداوت کو دوستی سے، سختی کو نرمی سے بدل دیں اور امن و سلامتی کی اسلامی تعلیم انکے ضمیر و خمیر کا جزو لاینفک بنجائے!

مولانا مرحوم تو گذر چکے، اب یہ کام آپ کے صاحبزادہ مولانا محمد یوسف نے اپنے ہاتھ میں لیا ہے اور ایک مدت سے مرحوم کے نقشہ کے مطابق اس فرض کو انجام دے رہے ہیں۔ جو لوگ آپ کی زیر تربیت اپنی وہ تزکیہ نفس اور مکارم اخلاق کا درس حاصل کرکے آپ کی اجازت سے باہر نکلتے ہیں اور مسلمانوں کو حقیقی اور اصلی مسلمان بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

یہ درویش صفت لوگ شہر بہ شہر اور قریہ بقریہ گھومتے ہیں عوام کو مخاطب کرتے ہیں، انہیں اصلاح و ہدایت کی طرف بلاتے ہیں، اور محبت و الفت کے پورے جذبات کے ساتھ انہیں بتاتے ہیں کہ انکے فرائض کیا ہیں اور انہیں اسلام کی روشنی میں کیا کرنا چاہیئے! محبت کے ان دیوانوں کو نہ سیاسیات سے کوئی تعلق نہ سیاسی حقوق و مطالبات سے کوئی لگاؤ، وہ انسانیت کے بازار میں محبت کے خریدار ہیں، اور اتحاد و تعاون کے سب سے بڑے علمبردار!

مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ایسے مخلص، بے غرض اور انسانیت کے خادموں کا خیر مقدم کریں اور ان کی دعوت کو لبیک کہیں، اور ایک ایسی جماعت کو قریب سے دیکھیں جس کی دنیا پروپیگنڈے کی دنیا سے بالکل الگ ہے اور جسکا پیغام نفرت و حقارت، اختلاف و نزاع، بد لفظی اور ظاہرداری سے بالکل مبرا!

کالے ناگ!

ان الذین یکنزون الذھب والفضۃ ولا ینفقونھا...... الخ (قرآن مجید)

جو لوگ سونے چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں یہ خبر سنادو کہ نہایت دردناک عذاب سے دوچار ہونا پڑیگا۔

روپیہ پیسہ، سونے چاندی سب انسان کی خدمت کے لئے ہیں مگر لوگ سمجھتے ہیں کہ انسان ان کی خدمت کے لئے بنایا گیا ہے کہ جوڑ جوڑ کر رکھے، کالا ناگ بنکر ان پر بیٹھا رہے اور خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا نام تک نہ لے، مال و دولت خدا کی امانت ہے، مالدار اپنے مال کا مالک نہیں ہے امین ہے، امانتدار کا کام یہ ہے کہ حکم ملتے ہی اپنی دولت خدا کے حوالہ کردے اور وہ جہاں کہے وہاں خرچ کرکے اپنی دیانتداری کا ثبوت دے! غریب بھوکے مریں، قرضدار قرض کے بوجھ سے دبے رہیں، نادار نان جویں تک کو ترسیں اور مالدار اپنے سونے چاندی کی حفاظت میں لگا رہے!

مال خرچ کرنے سے دل سیر رہتا ہے اور اجتماعی کام آسانی سے پورے ہوتے رہتے ہیں، اس میں شک نہیں کہ دولت خدا کی نعمت ہے۔ بغیر دولت کے انسان کی زندگی محال ہے، لیکن اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد امراء کا فرض ہے کہ اپنی دولت کو اجتماعی کاموں میں لگائیں اور اسے جمع کرکے بیکار نہ ڈالیں۔ جو لوگ سونا چاندی جمع کرکے خوش ہوتے ہیں اور غریبوں کی پرواہ نہیں کرتے وہ اپنے آپ کو خدا کے عذاب سے نہیں بچا سکتے

کانگریس کی طے شدہ پالیسی کیمطابق ہندوستانی کو سرکاری زبان بنانا چاہیئے

ضلع فیض آباد جمعیۃ علماء کے اجلاس کی کاروائی اور اہم قرار دادیں

[illegible]

زبان کا مسئلہ

... سے بکی سے اظہار کرتا ہے کہ جس طرح آزادی ہند و مسلم اتحاد سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اسی طرح سے اس کی بقا بھی بلا اتحاد و اتفاق کے ناممکن ہے لہذا حکومت کو بلا کسی کی پرواہ کئے ہوئے تمام وہ چیزیں بروئے کار لانی چاہیئیں جو اتحاد و اتفاق پیدا کریں اور منافرت اور فرقہ واریت کے استیصال کا باعث بنیں اسی سلسلہ کی ایک اہم چیز ہندوستانی زبان کا مسئلہ ہے جو فارسی اور دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے بدقسمتی سے وہ بھی فرقہ وارانہ پروپیگنڈے سے اس خالص مشترکہ مسئلہ کو فرقہ واریت کا جامہ پہنادیا۔ حالانکہ یہ زبان نہ تنہا مسلمانوں کی تھی اور نہ ہندوؤں کی۔ مسلمانوں کی مذہبی زبان عربی اور ملکی و سیاسی فارسی تھی اور ہندوؤں کی سنسکرت، مذکورہ ہندوستانی زبان ہندوستان کی مختلف قوموں کے میل ملاپ سے پیدا ہوئی۔ کانگریس ہمیشہ اسی زبان کو بنیادی طور پر آزاد ہندوستان کی زبان کی حیثیت سے ...

[illegible]

سیاح

آج کل ہمارے معاصرین ازمنہ مقدس کے عربی ناموں کی جو مٹی پلید کر رہے ہیں وہ شاید ملک چین کے ناموں کی بگاڑ سے کچھ کم نہ ہوں گے ...

[illegible]

در اصل ان ناموں میں اس وقت جو فیشن نظر آرہا ہے اس میں ہمارے ان معاصرین کا کوئی قصور نہیں۔ اب تک ایسے معاملات میں آل انڈیا ...

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

"ہندی"

[illegible]

... ہو گئے۔ اس موقع پر اس زبان کو ہندی کا نام دے کر ایک علیحدہ زبان بنا دیا گیا۔ ہندی کبھی شمالی ہندوستان کی زبان نہیں رہی۔ چنانچہ اب بھی ہندی کی مقبولیت کے لئے منظم طور پر جدوجہد کرنے کے بعد بھی شمالی ہندوستان کے ہندوؤں کے اخبارات کا بہت بڑا حصہ اردو میں نکلتا ہے۔ علاوہ ازیں ابھی کچھ عرصہ پہلے تک ہندی کو شمالی ہندوستان کے ہندو گھرانوں میں بار بھی حاصل نہ تھا۔ چنانچہ اب بھی شمالی ہند کے ہندوؤں کی بہت بڑی تعداد کی بھی خط و کتابت اردو ہی میں ہوتی ہے۔ اب اردو میں سنسکرت کے غیر مانوس الفاظ ٹھونس ٹھونس کر ہندی کے لئے میدان ہموار کیا جا رہا ہے۔

فوری توجہ کی ضرورت

[illegible]

... کوشش کریں جو خواہ مخواہ دو مسئلوں کی تخفیف کا باعث ہوتے ہیں۔

(رفیق احمد دہلی ۱۶ مئی ۱۹۴۷ء)

ہند میں حیدرآباد کے تمام فرقوں کی مذہبی وفد کی آمد

اجمیر کے عرس میں شرکت۔ پنڈت نہرو اور مولانا آزاد سے ملاقات

نئی دہلی ۲۰ مئی۔ ...

[illegible]

سہروردی اور جناح

مسٹر سہروردی کی صاف گوئی ان کے حق میں بلائے جان بن گئی ہے، وہ چاہتے ہیں کہ ہند اور پاکستان کی سرحدوں کا تحفظ ہو اور اس مقصد کے لئے حقوق کا ایک ...

[illegible]

آئندہ وہ شخص وفادار کہلائے گا جسے جناح صاحب وفادار قرار دیں اور غدار وہ جسے آپ غدار کہدیں حق و باطل کا معیار جناح صاحب کی ذات گرامی ٹھری اس سے بحث نہیں کہ فی نفسہ حق کیا ہے اور باطل کیا؟ غریب سہروردی چلاتے رہیں ...

[illegible]

امریکہ کی تجویز

... معاملہ میں امریکہ کے ساتھ سے آگے بڑھا اور اس تجویز کا حامی بن گیا!

اس معصومانہ تجویز کی داد دیجئے کہ امریکہ اور روس کو امن کسقدر پیارا ہے ... عربوں اور یہودیوں کو ہدایت کیجائے کہ وہ لڑائی بند کریں کیونکہ ان کی جنگ سے امن کو خطرہ پیدا ہوگیا ہے یعنی فلسطین میں عربوں کے ساتھ یہودی حکومت بھی قائم ہے اور ان کی قائم شدہ حکومت سے درخواست کیجارہی ہے کہ امن کی خاطر لڑائی بند کردیں ...

[illegible]

ریاست پٹیالہ کے مسلم پناہ گزین کیمپ کی حالت زار جنرل عبدالرحمن کا اظہار حیرت

ہندوستانی قومی کارکن نے ۵۳ مسلم لڑکیوں کو پاکستان جانے سے روک دیا

ضلع کرنال کے دیہات میں ۱۵ ہزار مسلمانوں کی بازیابی کا سوال

نئی دہلی ۱۹ مئی ۔ پاکستانی نائب ہائی کمشنر متعینہ ہند میجر جنرل عبدالرحمن خان جو مشرقی پنجاب کا مختصر دورہ ختم کرنے کے بعد کل شام بذریعہ ہوائی جہاز کراچی گئے ہیں ۔ ۱۶ مئی کو شملہ سے قلعہ بہادر گڑھ کیمپ دیکھنے کے لئے ریاست پٹیالہ آئے ۔ بہادر گڑھ میں نائب ہائی کمشنر نے پاکستان لیاسن آفیسر سے متعلقہ مسائل پر ریاستی حکام سے گفتگو کی ۔ آپ نے انبالہ کیمپ کا بھی معائنہ کیا ۔

ذمہ دار افسران کے ہمراہ نائب پاکستانی ہائی کمشنر نے کیمپ کا معائنہ کیا اور جو حرکات انہیں نظر آئیں ان سے ریاستی حکام کو باخبر کیا گیا ۔ پاکستانی ہائی کمشنر کا کیمپ ایک مرتبہ بہادر گڑھ کو دیکھنے گئے ۔ کرایا جو شدہ رہے اور ہدایات افسران کر دی گئی ہیں ان کو ملی جامہ پہنانے کا وعدہ کیا گیا ہے ۔ بیان ہے کہ میجر جنرل عبدالرحمن نے جب یہ سنا کہ ایک ہندوستانی قومی کارکن نے ریاستی افسروں کو دھمکی دی ہے کہ پاکستان جانے کی منتظر ۵۳ مغویہ مسلمان لڑکیوں کو اگر بھیجا جائے تو انہیں بڑا تعجب ہوا ۔ چونکہ میجر جنرل عبدالرحمن کی نظر میں الستوائی معاہدے ۔۔۔ معاہدہ کے مطابق چونکہ جنرل عبدالرحمن نے قومی کارکن کی اس حرکت کو بیجا تصور کیا ۔ انہوں نے فوراً ہی احتجاجی رپورٹ لکھی ہے ۔

دہلی واپس آتے ہوئے نائب ہائی کمشنر جنرل عبدالرحمن کرنال کیمپ گئے ۔ جہاں کہ ۲۳۰۰ آدمی ایسے رہتے ہیں جن کا مذہب تبدیل کرا دیا گیا تھا ۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک کرنال کے ضلع میں ہی ۱۵ ہزار اشخاص ایسے ہیں جن کا مذہب جبراً تبدیل کرا دیا گیا ہے ۔ اور ان کو نکالنا ہے ۔

۱۸ مئی کو دہلی آکر میجر جنرل عبدالرحمن نے سر محمد اسمٰعیل ہائی کمشنر پاکستان سے تبادلۂ خیال کیا ۔ اس کے بعد آپ بذریعہ جہاز دہلی سے کراچی روانہ ہو گئے ۔ معلوم ہوا ہے کہ میجر جنرل عبدالرحمن آج کل میں کراچی سے دہلی واپس آجائیں گے ۔

میجر جنرل عبدالرحمن ۔۔۔ کے ہمراہ ۔۔۔ جینڈ کا صدر مقام ہے ۔ ریاستی حکام نے آپ کو شہر کے ان علاقوں کی سیر کرائی جہاں کسی وقت مسلمان آباد تھے ۔ ریاست جینڈ کے وزیر اعظم نے میجر جنرل عبدالرحمن کو یقین دہانی کرائی کہ ان کی پیش کردہ شکایات کو جلد از جلد رفع کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔ نائب ہائی کمشنر نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ وہاں ایک اور کیمپ کھول دیں اور پاکستانی ملٹری کے ایک دستہ کو وہاں متعین کیا جائے جسے وزیر اعظم نے منظور کر لیا ۔

جینڈ کے صدر مقام کا معائنہ کرنے کے بعد جنرل عبدالرحمن ریاست نابھ گئے ۔ یہاں آپ نے مسلم پناہ گزین کیمپ کا معائنہ کیا ۔ کیمپ کے حکام کو آپ نے کئی مفید مشورے دئے ۔ جنرل عبدالرحمن نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ علاوہ ازیں بہت ہی ۔۔۔ علاقوں میں عورتوں ۔۔۔ ریاست نابھ کے مقام ۔۔۔ میں ایک کیمپ کھولنا ضروری ہے ۔ اس کیمپ کے قیام سے نہ صرف عورتوں کی بازیابی میں مدد ملے گی بلکہ مستورات کے سفر کرنے میں آسانی پیدا ہو جائے گی ۔ نائب ہائی کمشنر نے پٹیالہ میں مکرر ریاستی حکام اور سول کارکنوں سے بہت دیر تک گفتگو کی ۔ آپ ان کے سامنے سنگین شکایات کی ایک فہرست پیش کی ۔ جو عورتوں کی بازیابی کے بارے میں عموماً ریاست کے خلاف ہوئی ہیں ۔ آپ نے ۔۔۔ پناہ گزین کیمپ میں ۔۔۔ کا بہت کم خیال رکھا جاتا ہے ۔ ۔۔۔ کے انتظامات میں بڑی ۔۔۔ کے مطابق ۔۔۔ شکایات رفع ہو سکتی ۔۔۔ کیمپ کا قیام ۔۔۔

ایک فارم پر مزدوروں نے قبضہ کرلیا

لکھنؤ ۔ ۱۹ مئی ۔ یہاں پہنچنے والی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ لکھیم پور سے دس میل کے فاصلہ پر واقع ہولی فارم پر جاٹ مزدوروں اور جلیانوالہ والوں نے قبضہ کر لیا ہے اور اس پر لال جھنڈا بھی لگا دیا ہے ۔

ایک پاکستانی ہوائی جہاز کو حادثہ

پشاور ۔ ۱۹ مئی ۔ پاکستانی ہوائی فوج کا ایک ہوائی جہاز اسلامیہ کالج کے قریب گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ۔ خوش قسمتی سے اس ہوائی جہاز کا پائلٹ بچ گیا ۔

سری نگر یونیورسٹی کا قیام

کشمیر ۱۹ مئی ۔ حکومت جموں و کشمیر نے ریاست میں نئی یونیورسٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے اس کا نام کشمیر یونیورسٹی رکھا جائے گا ۔

آئین ساز اسمبلی کے ضمنی انتخاب

نئی دہلی ۱۹ مئی ۔ آئین ساز اسمبلی کے دس ضمنی انتخابات کے متعلق ابھی تک کوئی مکمل فیصلہ نہیں ہوا ۔ جہاں تک ہندوستانی ریاستوں کا تعلق ہے ۔۔۔ ان نشستوں کو پر کرنے کے لئے طریقہ ۔۔۔ ریاستی حلقوں کے درمیان ۔۔۔ بات چیت شروع ہو جائے گی ۔

ہندی اخبار نویس برطانیہ میں

لندن ۱۹ مئی ۔ ہندوستانی اخباری ایڈیٹروں کی پہلی پارٹی آج لندن پہنچ گئی ہے ۔ ۔۔۔ برٹش ایسوسی ایشن کی طرف سے ہندوستانی اخبار نویسوں کو ۔۔۔ کی دعوت دی گئی ہے ۔۔۔ اپنے قیام کے دوران ۔۔۔ برطانیہ ۔۔۔ [illegible]

ریاست جے پور میں آتشزدگی کی وارداتیں

جے پور ۱۹ مئی ۔ ریاست جے پور کے موضع ۔۔۔ پچھلے دنوں آگ لگ جانے سے ۔۔۔ مکان جل کر راکھ ہو گئے اور پانچ ہزار من غلہ ۔۔۔ لاکھ روپے کے لگ بھگ ہے تباہ ہو گئی ۔

ترکی کے نامزد ہندوستانی سفیر

نئی دہلی ۱۹ مئی ۔ ترکی کے نامزد ہندوستانی سفیر دیوان چمن لال ۲۲ مئی کو بمبئی روانہ ہو جائیں گے ۔ جہاں سے انقرہ تشریف لے جائیں گے ۔

مولانا راشد حسن صاحب عثمانی کا دورہ

ڈیرہ دون بذریعہ ڈاک ۔ ۱۵ مئی ۔ ۱۷ مئی تک جمعیۃ العلماء ڈیرہ دون کا ایک وفد ۔۔۔ ضلع ڈیرہ دون کے متعدد مقامات کی سیر کر دی ۔ حضرت مولانا راشد حسن صاحب شامل تھے ۔

گاؤں والوں نے اپنے تباہ شدہ مکانات کھنڈر کی شکل میں مولانا کو دکھائے ۔ مولانا نے متعدد مقامات پر مسلم اتحاد پر تقریریں کیں ۔ لوگوں کو ۔۔۔ کے سلسلے میں یقین دلایا ۔

بریلی میں مزدور لیڈروں کی گرفتاری

بریلی ۱۹ مئی ۔ کیسر شوگر ملس کے مزدوروں کی مجلس عاملہ کے اجلاس کے ۔۔۔ پر جھگڑا ہونے کے سلسلے میں اب تک ۳۵ آدمی گرفتار ہو چکے ہیں ۔ گرفتار شدگان میں یو ۔ پی اور بہار کے ۔۔۔ فیڈریشن کے جنرل سکریٹری ۔۔۔ بھی شامل ہیں ۔ فیکٹری کی حفاظت پر مسلح پولیس تعینات کر دی گئی ہے ۔

مشرقی بنگال کیلئے بجلی کی فراہمی

ڈھاکہ ۱۹ مئی ۔ چٹا گانگ کے پہاڑی علاقے میں کرنافلی پر بند وغیرہ باندھ کر مشرقی بنگال کے جنوب مشرقی علاقہ کے لئے بجلی مہیا کرنے کا جو پروگرام بنایا گیا تھا ۔ اب اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ اس بارہ میں ابتدائی کام شروع ہو گیا ہے ۔ راستوں کی تیاری ۔ گوداموں وغیرہ کی تعمیر کے سلسلے میں ۔۔۔ مشینری کی درآمد شروع ہو گئی ہے ۔ ۔۔۔ چٹا گانگ کی بندرگاہ کے لئے بھی بجلی فراہم کی جا سکے گی ۔

عزت کی موت ذلت کی زندگی سے بہتر ہے ۔ شامی نمائندگیان

فلسطین کی بابت امریکہ کا رویہ ۔ عربوں کی خلاف اقتصادی پابندیاں

لیک سکسس ۱۹ مئی ۔ ۔۔۔ نمائندہ نے ۔۔۔ فلسطین میں آخری دم تک ۔۔۔ [illegible]

متحدہ اقوام کی انجمن کو ۔۔۔ اقتصادی پابندیاں ۔۔۔ [illegible]

گوڑگانوہ میں کانگریسیوں کا اجتماع

گوڑگانوہ ۔ بذریعہ ڈاک ۔ ہم ہندوستان کے وفادار ہیں اور ہم ہمیشہ وفادار رہیں گے ہم پہلے ہندوستان کے اندر رہے ہیں ۔ ہم سنگرام رانا سانگا کے ساتھ مل کر بابر کے مقابلہ میں لڑے ۔ ہم نے غیاث الدین بلبن اور شاہجہاں کا مقابلہ کیا اگر حکومت ہماری وفاداری کا امتحان چاہتی ہے تو ہماری ایک رجمنٹ بنائے ہم کشمیر پر حملہ آوروں کا مقابلہ کرکے اپنی وفاداری کا ثبوت دیں ۔ ہر حال ہم ۔۔۔ کر سکتے ہیں خطرات کا مقابلہ کر سکتے ہیں ۔ ان الفاظ میں میوقوم کے لیڈر ۔۔۔ نے گوڑگانوہ میں مشرقی پنجاب کے کانگریسی کارکنوں کے اجتماع میں تقریر کی ۔

یہ اجتماع ۔۔۔ ایڈووکیٹ سابق ایم ایل اے کی صدارت میں منعقد ہوا تھا ۔ اس میں ۔۔۔ گوڑگانوہ کے دور دور کے علاقوں کے لوگ شریک تھے ۔ ۔۔۔ شامل ہونے والوں میں ۔۔۔ پنڈت ۔۔۔ کے نام قابل ذکر ہیں ۔

اہم قرار دادیں

(صفحہ ۔۔ سے آگے)

۔۔۔ صاحب کی تائید سے منظور ہوا ۔ اس میں پناہ گزینوں کو ان کے اپنے وطن کی واپسی اور ان کو ہر قسم کی سہولتیں دینے کا مطالبہ ہند اور پاکستان سے کیا گیا تھا ۔ آخر میں تجویز کشمیر اور حیدرآباد کے بارے میں تھی ۔ ۔۔۔ صاحب نے پیش کیا تھا اور ۔۔۔ احمد صاحب نے ۔۔۔ تائید کی تھی ۔ اس قرار داد میں دونوں حکومتوں سے پرزور اپیل کی گئی تھی کہ اس مسئلہ کو باہم مصالحت سے اس طرح سے کیا جاوے جو ہندوستان کی آزادی کو مضبوط کرکے دشمنوں کے ناپاک منصوبے کو خاک میں ملادے ۔ ۔۔۔ کشمیر و حیدرآباد کے باشندوں کی آزاد رائے ۔۔۔ اس قرار داد میں ۔۔۔ اظہار بیزاری کیا گیا ۔۔۔ مصالحت کی راہ میں روڑا ۔۔۔ ڈال رہے ہیں ۔

حیدرآباد کے میونسپل ملازمین ۲۴ گھنٹے ہڑتال کریں گے

حیدرآباد ۱۹ مئی ۔ حیدرآباد میونسپل کمیٹی کے کارکنوں نے ۲۴ گھنٹے کے لئے ہڑتال کرنے کا نوٹس دیا ہے اور ان کے مطالبات منظور نہ ہونے کے ۔۔۔ ان کا مطالبہ یہ ہے کہ ۔۔۔ روپے ماہوار تنخواہ ۔۔۔ روپے مہنگائی الاؤنس اور ۔۔۔ روپے ۔۔۔ الاؤنس دیا جائے ۔

اس کے علاوہ ۔۔۔ رخصت اور پنشن کے متعلق بھی جلد از جلد فیصلہ کیا جائے ۔

ہفت روزہ سلطان کا اجراء

بھوپال ۔۔ مئی ۔ ۔۔۔ بھوپال سے ۔۔۔ ایک ہفت روزہ ۔۔۔ سلطان شائع ہو رہا ہے ۔ ۔۔۔ کی ادارت ۔۔۔

ڈاکوؤں کے ایک گروہ کی گرفتاری

ہندوستان ٹائمز کے مکتوب نگار کی بصیرت ماری گئی ہے کہ تریاق کو زہر اور زہر کو تریاق بتا رہا ہے اگر وہ اپنے گرد و پیش کے حالات پر نظر ڈالتا تو وہ اسلام اور مسلمانوں پر کبھی الزام نہ لگاتا۔ بلکہ شریفوں کی طرح اسلام کے ان احسانات کا اعتراف کرتا جو اس نے دنیا پر کئے ہیں، لطف کی بات ہے طلاق کے مسئلہ میں اسلام کی تقلید، لڑکیوں کی وراثت کے معاملہ میں اسلام سے خوشہ چینی نکاح بیوگان، مساوات، چھوت چھات کی مخالفت میں اسلام کے عالمگیر اصولوں سے استفادہ مگر وہ ہندوستانی پہلے اور بعد میں سب کچھ کی بدمستی میں ارشاد یہ ہے کہ مسلمان تنگ نظر ہے مسلمان غیر وفادار ہے، مسلمان دوسروں سے میل نہیں کھا سکتا، مسلمان ہندوستانی نہیں بن سکتا! گویا خود ایسے ہیں کہ آسمان شہرت پر آفتاب بن کر چمک رہے ہیں، اور ساری دنیا ان کی فراخدلی فیاضی، انصاف اور انسانیت کی معترف ہے۔

اگر یہ حقیقت ہے کہ "جو مسلمان ہند یونین سے وفاداری کا اظہار کرتے ہیں وہ اپنے آپ کو اور حکومت کو دھوکہ دیتے ہیں" تو پھر جن لوگوں نے مسلمانوں سے وفاداری کا مطالبہ کیا اور ثبوت مانگا وہ شاید اب تک حماقت ہی کرتے رہے اور پھر یہ کتنی بڑی وفاداری ہے کہ ہندوستان کے وزیر اعظم تو یہ فرمائیں کہ "مسلمانوں کی زیادہ تعداد وفادار ہے اور ہندوؤں کی زیادہ تعداد غیر وفادار" اور مکتوب نگار کا یہ ارشاد ہو کہ مسلمان اگر وفاداری کا اظہار بھی کرے تو جھوٹا ہے خدا معلوم یہ وفاداری کی کونسی قسم ہے کہ مکتوب نگار ہند کے وزیر اعظم کو جھوٹا قرار دے کر اور خود وفادار بنکر مسلمانوں کی وفاداری کو مشکوک بنا رہا ہے اور سمجھتا ہے کہ اس نے ہند یونین کو ایک ایسی پتہ کی بات بتائی ہے، جو اگر نہ بتائی جاتی تو ہندوستان کا بیڑا غرق ہو جاتا اور مسلمانوں کا اظہار وفاداری پورے ملک کو تباہ کر ڈالتا؟

مکتوب نگار نے ہند یونین کو جو مشورہ دیا ہے وہ واقعی قابل قدر ہے یعنی "اسلامی حکومتوں کی طرح ہند یونین بھی مسلمانوں کو ..... شہری قرار دینے کی بجائے ذمی قرار دے اور انکے ساتھ وہی سلوک کرے جو انہوں نے غیر مسلموں کے ساتھ کیا تھا"

ہم نہ تو اسلامی حکومتوں کی تاریخ پر کوئی روشنی ڈالنا چاہتے ہیں کیونکہ دنیا جانتی ہے کہ غیر مسلموں کے ساتھ ان کا کیسا رہا ہے، اور نہ ہم اس مشورہ کی تردید کرنا چاہتے ہیں، ہم تو خدا سے چاہتے ہیں کہ ہر طاقت اپنے اصلی رنگ میں نمایاں ہو، اور جو شخص جس قسم کا سلوک مسلمانوں سے کرنا چاہتا ہے کر گزرے، ہم کسی سے بھیک نہیں مانگتے کسی سے رحم کی درخواست نہیں کرتے، صرف

انقلاب کا تجربہ کرنا چاہتے ہیں، تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ ہو جائے، اور دلوں کی بات زبان پر آکر ہماری قسمت کا دو ٹوک فیصلہ کر دے!

ہم ہندوستان ٹائمز کے مکتوب نگار کو ایک اور مکتوب کی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں جو اخبار اسٹیٹسمین میں سنت رام پریذیڈنٹ جات پات توڑک منڈل ہوشیار پور کی طرف سے ۲۳ مئی ۱۹۴۸ء کی اشاعت میں شائع ہوا ہے، اس مکتوب میں لکھا ہے کہ

"پنڈت جواہر لال نہرو نے ہند یونین کو ایک غیر مذہبی حکومت قرار دیکر اور ہند میں آنے والے مسلمانوں کا خیر مقدم کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ مہاتما جی کے سچے چیلے ہیں، لیکن فرقہ وار ہم آہنگی کی راہ میں جو چیز حائل ہے وہ مذہب نہیں ہے بلکہ نسلی امتیاز اور ذات پات کا سسٹم ہے جس نے نہ صرف ہندو اور مسلمان کو جدا کر رکھا ہے بلکہ ہندو اور ہندو کے درمیان بھی تفریق پیدا کر رکھی ہے کاسٹ سسٹم (نسلی امتیاز) فرقہ پرستی سے زیادہ خطرناک اور قومیت کش ہے اگر ذات پات ختم ہو جائے تو مذہب صرف پرائیویٹ معاملہ رہ جاتا ہے یہ نسلی امتیاز کا تصور اور ذات پات کا نظریہ کوئی معمولی مسئلہ نہیں ہے جس کا صرف ہندوؤں سے تعلق ہو بلکہ ایک زبردست سیاسی مسئلہ ہے جس نے تیرہ سو سال سے قومیت کے تصور کو گندہ کر رکھا ہے ملک کا معاشی مسئلہ ذات پات کو ختم کئے بغیر کبھی حل نہیں ہو سکتا، ایک ممبلی ہوٹل کھولکر کبھی فائدہ حاصل نہیں کر سکتا، کیونکہ کوئی ہندو اس میں قدم رکھنے کی جرأت نہیں کرے گا۔

امریکہ میں سر ظفر اللہ خاں اور مسٹر اصفہانی نے اور دوسرے ہندوستانی مسلمانوں نے بار بار کہا ہے کہ ہندوستان میں تمام مصیبتوں کی جڑ ہندوؤں کی ذات پات اور چھوت چھات ہے جس نے زندگی کے ہر شعبہ میں مسلمانوں کا ناک میں دم کر رکھا ہے۔ سر ظفر اللہ اور مسٹر جناح اصلاح کے محتاج نہیں ہیں اصلاح کی محتاج ہندو سوسائٹی ہے اگر اس کی اصلاح نہ ہوئی تو ہندوستان

کبھی اپنے قدموں پر کھڑا نہیں ہو سکتا جس ملک کے باشندے غیر جمہوری ہوں وہاں جمہوری حکومت کا نشوونما پانا محال ہے، ہندو مسلم سوال کو حل کرنے کی صرف ایک ہی صورت ہے کہ نسلی امتیاز کی مصیبت ختم ہو اور ملک چھوت چھات سے نجات پائے"

اس مکتوب کو بار بار پڑھئے اور اس حقیقت سے انکار نہ کیجئے کہ چھوت چھات غیر جمہوری ہے، نسلی امتیاز کا تصور قومیت کش ہے اور دو قوموں کا نظریہ ملک کی تقسیم اور ہندو مسلمانوں کی عداوت و نفرت اسی شجر ملعونہ کے برگ و بار ہیں، اگر چھوت چھات کی غیر جمہوری اور قومیت کش لعنت ختم نہ ہوئی تو نہ ہندو اور مسلمان سچا ہندوستانی بن سکیگا اور نہ ہماری جمہوریت انصاف و رواداری کی بنیادوں پر قائم ہو سکے گی، البتہ یہ ہوگا کہ نسلی قوم اپنی تمام برائیاں مسلمانوں کے سر پھینکتی رہے اور "ہندوستان ٹائمز" مصنوعی خطوط شائع کر کے مسلمانوں کی عام جلا وطنی کے لئے فضا ہموار کرے!

پانی میں زہر ملانیکی کوشش

لندن ۔ ۳۱ مئی ۔ ۲۲ مئی کو غازہ کے علاقہ میں گرفتار ہونے یہودیوں کے قبضہ سے پانی کی جو بوتل برآمد ہوئی ہے اس کا تجزیہ کرنے کے بعد معلوم ہوا ہے کہ اس پانی میں مختلف قسم کے جراثیم ڈالے گئے ہیں

اس کا تجزیہ کرنے والے مشہور ڈاکٹر احمد حبیش نے حکومت مصر کو یہ رپورٹ بھیجی ہے کہ یہودیوں نے پانی میں زہریلے کیڑے پھیلانے کی کوشش کی ہے۔ جن دو یہودیوں کو گرفتار کیا گیا تھا۔ انہوں نے یہ بات تسلیم کر لی ہے کہ یہودی حکام نے ضلع غازہ میں پانی کے کنوؤں میں زہریلے کیڑے چھپنکنے کے لئے بھیجا تھا۔ (گلوب)

راجستھان کے وزیروں کی تنخواہ

جے پور ۳۱ مئی راجستھان یونین گورنمنٹ کے وزیروں کی تنخواہ ساڑھے سات سو روپے ماہوار مقرر کی گئی ہے اس کے علاوہ وزیروں کو مکان اور کار کے الاؤنس کی صورت میں ۳ سو روپے ماہوار ملیں گے۔

گندم اور پارچہ کی خریداری

آگرہ یکم جون حکومت یو ۔ پی نے مقررہ نرخوں پر گیہوں اور کپڑا خریدنے کا فیصلہ کیا ہے خرید کی ہوئی گندم اور کپڑے عوام کو کنٹرول نرخوں پر فروخت کر دیا جائے گا۔

بندگی

وعباد الرحمٰن ..... تا ..... قالوا سلاما ؛
(قرآن ۱۹ ع ۴)

اللہ کے بندوں کی ایک نشانی یہ ہے کہ وہ زمین پر ہلکی چال چلتے ہیں اور جب جاہلوں سے خطاب کرتے ہیں تو کہتے ہیں، تم پر سلامتی ہو۔

خدا پرست لوگ کبھی تکبر اور غرور کی چال نہیں چلتے اور کبھی اپنی اصلیت کو نہیں بھولتے ان کی رفتار و گفتار، نشست و برخاست ہر چیز میں اعتدال ہوتا ہے، اور ان کے کردار سے پتہ چل جاتا ہے کہ انکا دماغ متوازن، ان کی فطرت نیک اور ان کے اطوار شریف ہیں، زمین پر اکڑ کر چلنے کے معنے یہ ہیں کہ انسان اپنی اصلیت کو بھول گیا اور کم ظرفی اور چھچھورپن پر اتر آیا۔

اور پھر خدا دوستوں کی نشانی یہ ہے کہ وہ جہلا سے نہیں لڑتے، نہ جاہلوں میں بیٹھ کر جاہل بنتے ہیں، بلکہ اگر اتفاق سے گفتگو کا موقعہ آئے یا کسی بات میں دخل دینا پڑے تو وہ جہالت پر ترس کھاتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ تم پر سلامتی ہو، خدا انہیں دماغی اور اخلاقی صحت عطا فرمائے، پس اپنے آپ کو عاجز سمجھنا تاکہ انسانوں کی خدمت کا زیادہ سے زیادہ موقعہ ملے اور جہلا کی جہالت پر ترس کھانا تاکہ ان کی اصلاح ہو، خدا ترسی کی سب سے بڑی نشانی ہے۔

اڈیٹر کے نام

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

افواہیں

جناب اڈیٹر صاحب ۔ آجکل شہر میں جون کے متعلق بہت بے سروپا افواہیں گشت کر رہی ہیں اور خاص کر سرائے خلیل اور قصاب پورے کی طرف تو افواہوں کا طوفان بندھا ہوا ہے۔ اور اس بات سے بہت زیادہ افسوس ہوتا ہے کہ اس قسم کی خوف و ہراس اور انتشار پھیلانے والی افواہیں کوئی غیر نہیں! بلکہ اپنے ہی بھائی مسلمان پھیلاتے ہیں۔ لوگ آپس میں اس افواہ کے متعلق طرح طرح کی چہ میگوئیاں اور قیاس آرائیاں کر رہے ہیں کوئی ان سے دریافت کرنے والا نہیں کہ یہ خبر کہاں تک صحیح ہے اور یہ کس نے بنائی۔

حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس قسم کے مفسدہ پردازوں سے بلا لحاظ مذہب و ملت سخت بازپرس کرے اور سختی سے حفاظتی ایکشن لے کہ کہیں اس قسم کی افواہوں سے پبلک میں انتشار و بے چینی زیادہ ہو کر کوئی ناخوشگوار واقعہ ظہور پذیر نہ ہو جائے۔ کیا حکومت کے ارباب بست و کشاد اس طرف توجہ دیں گے؟

ایم ۔ اے فاروقی دہلی ۳۰ مئی

"پس ماندہ مسلمان"

جناب اڈیٹر صاحب ۔ مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۴۸ء کو آپکے کثیر الاشاعت اخبار الجمعیۃ میں ..... [illegible]

مسلمان محترم حافظ محمد ..... نظریے گزر رہے ہیں ..... [illegible]

..... سکیں گے۔

ملک عبد الرحمٰن انصاری

سفر حج کے کرایہ میں اضافہ

جہازوں کی روانگی ملتوی نہیں ہوگی

دہلی ۳۰ مئی ۔ حکومت پاکستان نے مغل لائن سے کہا کہ رمضان سے پہلے عازمین حج کو لے کر جہاز جانے والے تھے انکی روانگی منسوخ کر دی جائے حکومت پاکستان کے نزدیک موجودہ کرایہ غیر معمولی طور سے زیادہ ہے لیکن حکومت ہند کے نزدیک اس اقدام کو مناسب نہیں سمجھتی اسے یقین ہے کہ جہاز راں کمپنی عازمین حج کے ارادے سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہیں کر رہی ہیں اور جہازوں کی روانگی کی منسوخی سے عازمین حج کو دشواری ہوگی۔

اس میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مغل لائن اور سندھیا کمپنی نے امسال کرایہ میں اضافہ کر دیا ہے گذشتہ سال رمضان سے پہلے اور رمضان کے بعد جانے والے جہازوں کا کرایہ بالترتیب ۲۳۰ روپے اور ۲۶۰ روپے تھا اور اس سال جہاز راں کمپنیوں نے یہ شرح بڑھا کر بالترتیب ۳۰۵ روپے اور ۳۴۰ روپے کر دی ہے۔ کرایہ میں اضافہ کی وجوہ حسب ذیل ہیں۔

اول ۔ مصارف بڑھ گئے ہیں، دوسرے عازمین حج کو کم از کم ۱۶ مربع فٹ عرشہ پر جگہ دی جائیگی تیسرے تحفظ کے لئے کمپنیوں نے ضروری انتظامات کئے ہیں ان وجوہ اور دوسرے اسباب نے کمپنیوں کو کرایہ میں اضافہ پر مجبور کر دیا۔ اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حکومت ہند کو جہاز رانی کے ان معاملات پر کنٹرول کے اختیارات حاصل نہیں ہیں۔ اگر چہ بعض کمپنیوں نے کرایہ مقرر کرنے سے پہلے حکومت سے مشورہ کیا تھا وہ محض اخلاقی طور پر تھا۔ اس کے علاوہ کرایہ میں اضافہ کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ حکومت نے ان جہازوں میں کپاس لے جانے کی ممانعت کر دی ہے تاکہ مسافروں کو آتشزدگی سے کوئی خطرہ نہ رہے۔ کپاس لے جانے کی ممانعت ایام جنگ میں معطل کر دی گئی تھی اس وقت جنگ کا زمانہ تھا اور جہازوں کی تعداد کم تھی لیکن اب یہ ممانعت پھر نافذ کر دی گئی ہے۔

قابل اعتراض اشتہارات کی اشاعت

حکومت سی ۔ پی میں پابندی

ناگپور ۳۱ مئی ۔ یکم جون سے سی ۔ پی و برار میں قابل اعتراض اشتہارات کی اشاعت پر پابندی لگانے والا قانون نافذ ہو جائے گا۔ اس قانون کے مطابق کسی دکان یا عام جگہ پر قابل اعتراض اشتہار نہیں لگائے جا سکیں گے۔ اور نہ ہی کسی اخبار یا رسالے وغیرہ میں کوئی قابل اعتراض اشتہار شائع کیا جا سکیگا

ناخواندگی دور کر...

حکومت سی ۔ پی ...

[illegible]

انڈین نیشنل ٹریڈ یونین ...

[illegible]

حکومت ٹراونکور

[illegible]

اسٹرلنگ فاضلات کے بارے میں ہند اور برطانیہ کی گفت و شنید شروع

دو تین ہفتہ میں ہند کے حصے کے اسٹرلنگ فاضلات کا تصفیہ ہو جائے گا

لندن ۲ جون۔ ہند کے اسٹرلنگ فاضلات کے بارے میں لندن میں ہند اور برطانیہ کی گفتگو آج شروع ہو رہی ہے۔ ہند کے حصہ کے اسٹرلنگ فاضلات کی رقم کا اندازہ ایک ارب میں کروڑ پونڈ سے لگ بھگ کیا جاتا ہے۔

حکومت ہند کا وفد وزیر خزانہ مسٹر شانمکھم چیٹی کی سرکردگی میں لندن میں پہنچ گیا ہے۔ ریزرو بینک کے گورنر مسٹر چنتامنی دیشمکھ بھی ان کے ہمراہ ہیں۔ وفد کے اراکین کو اس بات کی امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ دو تین ہفتوں میں یہ گفت ختم ہو جائے گی جو ہند کے مستقبل کے سیاسی منصوبوں کے لئے سب سے زیادہ اہم ہے۔

یہ اسٹرلنگ فاضلات دوران جنگ میں جبکہ برطانیہ اور امریکہ کی فوجوں کو سامان جنگ کی فراہمی کا کام ہندوستان سے جاری تھا کہ ہندوستان فوجی سامان کی فراہمی کا تاریخ کا سب سے بڑا اڈہ بن گیا تھا۔ اسی وقت جمع ہو گئے تھے۔ ہند کے وزیر خزانہ مسٹر شانمکھم چیٹی نے آج چند سوالات کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ اسٹرلنگ فاضلات زمانہ جنگ کے قرضہ کی حیثیت نہیں رکھتے بلکہ حکومت کے ریزرو بینک کے روپیہ کی حیثیت رکھتے ہیں جو اسی طرح روزمرہ کے کاروبار کی طرح بینک آف انگلینڈ میں جمع کرایا تھا۔ اسی لئے اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ ان حقوق کو نظر انداز کیا جائے۔ انگلستان میں اس بات کو پوری طرح نہیں سمجھا جاتا ہے۔ اصولاً ریزرو بینک آف انڈیا کو اسی بات کا حق ہے کہ وہ جب چاہے بینک آف انگلینڈ سے اپنا روپیہ نکلوا لے۔ ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے بتایا کہ مطلوبہ سامان کو ہند تک پہنچانے میں اب تک تجارت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ یہ ہے ... دو تین سال پہلے دیئے تھے اب تک پورے نہیں کئے گئے۔ مسٹر چیٹی نے ایک اور سوال کے جواب میں کہا۔ ... ہیں لیکن اصل مسئلہ سامان کا دیر سے پہنچنا ہے۔

فیض آباد کا افسوسناک حادثہ

جمعیۃ علماء کی تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

دہلی ۲ جون۔ جناب محمد قاسم صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ العلماء یو پی مطلع فرماتے ہیں کہ مولانا شاہد فاخری صدر جمعیۃ العلماء نے حسب ذیل کمیٹی بنائی ہے جو کیم جون کو فیض آباد کے حالیہ افسوسناک حادثہ کی تحقیقات کے لئے فیض آباد پہنچ رہی ہے۔

(۱) مولانا ابرار رضا صاحب۔ مولانا قاسم صاحب (جنرل سکریٹری صوبہ جمعیۃ العلماء)۔ مسٹر محمد احمد کاظمی بیرسٹر الہ آباد۔ پنڈت ستیا نام شکل (ممبر صوبہ کانگریس کمیٹی)۔ بابو رامیشور پرشاد اگروال ایڈووکیٹ الہ آباد۔ اس وفد کی سرکردگی خود مولانا شاہد فاخری فرمائیں گے۔

فیض آباد کے حکام، کانگریس کمیٹی، جمعیۃ العلماء اور حالات کے جاننے والے ہندو مسلمان حضرات سے پوری امید ہے کہ وہ اس سلسلے میں اس کی ہر ممکن امداد فرمائیں گے۔ تاکہ یہ وفد صحیح نتائج تک پہنچ سکے۔

جمعیۃ علماء چندوسی کا اجلاس

تاریخوں میں تبدیلی

چندوسی۔ بذریعہ ڈاک۔ ناظم صاحب جمعیۃ العلماء چندوسی مطلع فرماتے ہیں کہ بعض وجوہ جمعیۃ العلماء چندوسی کے عام اجلاس کی تاریخوں میں تبدیلی ہو گئی ہے۔ اور اب بجائے ... ۱۴ اور ۱۵ جون ۱۹۴۸ء کو عام اجلاس ہوگا۔

پروگرام حسب ذیل ہے۔

۱۴ جون ۱۹۴۸ء بعد نماز مغرب عام اجلاس۔ ۱۵ جون ۱۹۴۸ء صبح ۹ بجے سے ۱۱ بجے تک اور عصر سے مغرب تک ضلع جمعیۃ العلماء مراد آباد کے ممبران کا سالانہ اجلاس (مجلس شوریٰ) بعد مغرب عام اجلاس۔

ہسٹاریکل ریکارڈ کمیشن کا اجلاس

نئی دہلی یکم جون۔ انڈین ہسٹاریکل ریکارڈ کمیشن کا چھبیسواں اجلاس ۱۰ دسمبر میں دہلی یونیورسٹی کے زیر اہتمام دہلی میں منعقد ہوگا۔

حکومت ہند ہسٹاریکل ریکارڈ کمیشن کے اس اجلاس کو سلور جوبلی اجلاس قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکہ اور یورپ کے بعض ملکوں کو اس اجلاس کے دعوت نامے ارسال کئے گئے ہیں کہ وہ اس اجلاس میں حصہ لینے کے لئے اپنے نمائندے بھیجیں۔ امید کی جاتی ہے کہ برطانیہ، فرانس، روس، بلجیم اور امریکہ سے پرانے تاریخی ریکارڈوں کے مشہور ماہرین اس اجلاس میں شامل ہونے کیلئے پہنچیں گے۔

ہندوستان میں چینی کی پیداوار

نئی دہلی ۳۱ مئی۔ سال ۱۹۴۷ء تا ۱۹۴۸ء میں ہندوستان میں ... ۵۰،۰۰۰ ٹن چینی کی پیداوار ہوئی۔ یہ پیداوار اس مقدار سے ... ۰۰۰ ٹن زائد ہے جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا ہندوستان پیدا کرے گا۔ زیادہ پیداوار کی وجوہات گنے کی قیمت بڑھ جانا اور اچھی فصل بتائے جاتے ہیں۔

یوپی اور بہار میں بالترتیب ۶۷۱۰۰۰ اور ۱۶۹۰۰۰ ٹن چینی کی پیداوار ہوئی۔ اس سال پچھلے سال کے مقابلہ فیکٹریاں اوسطاً زیادہ دیر کام کرتی رہی ہیں۔

ہندو پاکستان کی امداد کیلئے اپیل

لندن۔ یکم جون۔ برطانوی انجمن صلیب احمر (برٹش ریڈ کراس سوسائٹی) کے صدر نے ہندوستان اور پاکستان کے پناہ گزینوں کی امداد کے سلسلہ میں مزید چندہ کے لئے ایک عالمی اپیل کی ہے۔

روس میں ایٹمی تحقیقات

لندن ۳۱ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ روس کے پہاڑوں میں واقع ایک لیبارٹری میں کام کرنے والے روسی سائنس دانوں نے ایٹمی تحقیقات کرنے کافی ترقی کر لی ہے روس آج تک اس سلسلہ میں بڑی رازداری سے کام لے رہا ہے۔ لیکن روسی سائنس دانوں کے مندرجہ بالا دعوے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ روس ایٹمی تحقیقات میں کافی آگے بڑھ چکا ہے۔

اسٹیٹ منسٹری توجہ کرے

میواتیوں کی دردمندانہ اپیل

دہلی یکم جون سکریٹری صاحب سنٹرل میواتی پنچایت بیان ذیل مطلع فرماتے ہیں کہ ہم میواتی سال بھر سے انڈین یونین کے علاقہ ضلع گوڑگانوہ میں اپنے وطن اور آبائی گھروں کی خاطر طرح طرح کے مصائب برداشت کر رہے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ اب اسٹیٹ منسٹری ہمیں جلد سے جلد ہمارے گھروں میں آباد کرا کر اپنی جمہوریت پسندی کا ثبوت دے گی۔

یہ عام ہم بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہماری سارا قوم زراعت پیشہ ہے اگر پندرہ جون تک زمین دی تو پھر زراعت کا وقت نکل جاوے گا اور میو قوم پھر سال بھر تک بے روزگاری کا شکار رہے گی نیز الور اور بھرت پور کی گیارہ لاکھ بیگھہ زمین بغیر زراعت کے پڑی رہے گی۔ اس لئے اب اسٹیٹ منسٹری میواتیوں کی واپسی کا فوری اعلان کرے۔ حکومت ہند بھی اس معاملہ میں جلد سے جلد غور فرما کر میواتیوں کے بسانے کا فیصلہ صادر فرمائے۔

ولیدپور مومن کانفرنس کا جدید انتخاب

ولیدپور۔ بذریعہ ڈاک۔ بہار مومن کانفرنس ولیدپور (اعظم گڑھ) ایک میٹنگ بصدارت مولوی عبد السبحان صاحب منعقد ہوئی جس میں حسب ذیل عہدہ داران کا انتخاب اتفاق رائے سے عمل میں آیا۔

(۱) جناب مولوی عبد الحکیم صاحب اعظمی صدر۔ (۲) جناب مولوی عبد السبحان صاحب نائب صدر (۳) جناب مولوی محمد اختر علی صاحب جنرل سکریٹری (۴) جناب محمد سلیمان صاحب انصاری نائب سکریٹری (۵) جناب محمد ... صاحب انصاری خزانچی (۶) جناب محمد اسحاق صاحب انصاری محاسب۔

احمد آباد میں اسلحہ پر پابندی

احمد آباد ۳۱ مئی۔ کل شام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی میں ہتھیار رکھنے کے سلسلہ میں شہر میں خانہ تلاشیاں ہوئیں۔ اس وقت تک ۲۵ اشخاص گرفتار کئے جا چکے ہیں۔

کوریا اسمبلی کے نئے صدر

سیئول ۳۱ مئی۔ کوریا کے معمر لیڈر ڈاکٹر سنگمین ری جو کوریا کو جلد آزاد کرنے کی سوسائٹی کے لیڈر تھے۔ آج کوریا کی پہلی منتخب اسمبلی کے ابتدائی اجلاس میں چیئرمین چنے گئے۔

حکومت یوپی کی اردو سے لاپرواہی

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا احتجاج

علی گڑھ۔ بذریعہ ڈاک آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ خاص مستقر دفتر کانفرنس جہاں منزل علی گڑھ میں زیر صدارت مولوی محمد عبد المقیت خاں صاحب منعقد ہوا۔ مندرجہ ذیل ریزولیوشن متفقہ زبان اردو کے بارے میں بالاتفاق منظور ہوا اور اس کی نقل گورنمنٹ آف انڈیا و گورنمنٹ یوپی کو روانہ کی گئی ہیں۔

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا یہ جلسہ وزارت تعلیم صوبہ متحدہ آگرہ و اودھ کی ان قابل تعریف کوششوں کا خیر مقدم کرتا ہے جو ابتدائی تعلیم کی توسیع و ترقی کے لئے جاری ہیں لیکن ساتھ ہی اردو کی تعلیم کو جو پست درجہ دیا گیا ہے۔ اس پر شدید کنسلسیس کا اظہار کرتا ہے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اس صوبہ کے لوگوں کی غالب اکثریت کی مادری زبان بلا تخصیص مذہب و ملت اردو ہے۔ پرائمری مدارس کے نصاب میں اس کا ایک اختیاری مضمون کے طور پر بھی قطعاً نظر انداز کیا جانا ایک بہت بڑا تعلیمی حادثہ ہے کسی بھی زبان پر کوئی مذہبی یا فرقہ وارانہ نشان نہیں لگتا بلکہ وہ صرف علم بہم پہنچانے کا ایک ذریعہ ہوتی ہے اور کسی زبان یا رسم الخط سے محض عام واقفیت اسی کے لئے وجہ ترجیح ہوا کرتی ہے۔

اسلامی حکومت میں فارسی دفتری زبان تھی لیکن ساتھ کے ساتھ ہندی بھی بطور زبان تعلیم پڑھائی جاتی رہی۔ ... آئی تو فارسی اور ہندی کی بجائے اردو کا رواج ہوا اور اس زبان نے ہندو اور مسلمانوں کی مشترکہ کوششوں سے ترقی کر کے ملک میں آئندہ قائم ہونے والی جمہوری حکومت کی زبان کی حیثیت حاصل کر لی۔ گذشتہ سو سال سے اردو نے اپنی قدر و قیمت کو اچھی طرح ثابت کر دیا اور اس زبان کے ذریعہ مختلف گروہوں میں امتزاج پیدا ہو گیا۔

اندریں حالات اگر ہمارے آئندہ نظام تعلیم میں اردو کو اس کا واجبی مقام نہ دیا گیا تو ہمارے مفاد کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا اور ہمارے ملک کی ترقی میں زبردست رکاوٹ حائل ہو جائے گی۔

لہذا آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس ورکنگ کمیٹی کا یہ اجلاس گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اردو کی موجودہ اہم ترین پوزیشن کو قائم و برقرار رکھے کیونکہ بقول ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو "اردو زبان ہندو اور مسلمانوں کی ایک ناقابل تقسیم وراثت ہے" اور اس کے بغیر ہندوستان تعلیمی اور کلچرل نقطہ نظر سے ایک دیوالیہ ملک ہو جائے گا۔

فلسطین کے بارے میں بڑی طاقتوں کی خودغرضی

جمعیۃ علماء ضلع بہرائچ کا احتجاجی جلسہ

بہرائچ۔ بذریعہ ڈاک۔ آج زیر صدارت مولانا حمید الدین صاحب ضلع بہرائچ کا اجلاس ہوا۔ جلسہ میں مولانا شاہد فاخری (صدر صوبہ جمعیۃ علماء) مولانا محمد قاسم صاحب (جنرل سکریٹری صوبہ جمعیۃ العلماء) نے حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی اور کاموں کی تفصیل بتائی۔ یہ تجویزیں پاس ہوئیں۔

(۱) جمعیۃ علماء ضلع بہرائچ عرب اعلیٰ کمیٹی اور اس کے محترم ارکان کو اس جرأت آمیز سربرانہ اقدام پر مبارکباد دیتا ہے جو اس نے مسلمانان فلسطین کی امداد کے لئے کیا ہے اور ان حکومتوں کے ظلم کو جو غیر ملکی یہودیوں فلسطین میں طاقت سے مسلط کر کے یکجانب دار اور ناانصافی بتلیں اس طرح اعلیٰ کمیٹی نے حق کے لئے طاقت کی ناانصافی کے خلاف اقدام کرنے میں اپنی روایات کو زندہ کر دیا ہے۔

جمعیۃ العلماء کو افسوس ہے کہ اس موقعہ پر دنیا کی بڑی طاقتوں روس اور امریکہ نے اپنی سطح سے گر کر خودغرضیوں کا نامناسب مظاہرہ کیا ہے جس سے دہشت خوردہ دنیا میں امن کی بنیادیں ہل گئیں۔

(۲) جمعیۃ علماء ضلع بہرائچ کا یہ اجلاس حکومت یوپی کے فیض آباد کے حالیہ افسوسناک فساد کی طرف توجہ دلاتا ہے اور حکومت یوپی سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس کی آزادانہ تحقیقات کا فوری بندوبست کرے تاکہ عوام کا خوف و ہراس دور ہو اور لوگوں کو امن و عافیت کی امید بندھے۔

امریکہ میں سیلاب کی تباہ کاریاں ڈان پورٹ کا شہر زیر آب

تقریباً بیس ہزار اشخاص لاپتہ، ہزاروں مکانات منہدم

اوریگان ۳۱ مئی۔ کل دوپہر کو لمبیا کے پانی کی ایک دیکھی دیوار اٹھی اور سیلاب کا ریلا جنگ کے لڑنے میں بنے ہوئے شہر ڈان پورٹ پہنچا۔ اندیشہ ہے کہ سیکڑوں اشخاص... ہزاروں لوگوں کو موت اپنے سروں پر منڈلاتی نظر آ رہی حکام کا بیان ہے کہ یہ سیلاب بہت خوفناک تھا۔ ہزاروں کی گنتی میں مکان بہہ گئے ہلاک شدگان میں اکثریت ان کی ہے جو سیلاب کے بہاؤ میں کھیل رہے تھے کل رات بجلی کی تیز روشنی میں کشتیوں پر سوار ہو کر لاشوں کو پانی سے نکال رہے تھے شہر میں ہر طرف پانی ہی پانی نظر آتا تھا۔ سب سے ادھر ... مکانوں کے نیچے آ گئے نشیب والے علاقوں کے ... سو آدمی ... اکثر گر چکے ہیں ... ہیں مدد کرنے والے ہیں۔

عراق کے یہودی عربوں کی طرف سے جنگ کریں گے

بغداد ۳۰ مئی۔ عراقی یہودی صیہونیت کی ہر تحریک کی شدید مخالفت کرنے اور عربوں کے ساتھ شانہ بشانہ ملا کر دہشت پسند یہودیوں کے خلاف لڑنے کو تیار ہیں۔ ان الفاظ ڈاکٹر ساسون صدوری کے جو عراقی یہودیوں کے بڑے ربی ہیں آپ نے عراقی وزیر اعظم کو ایک خط لکھا ہے کہ عراقی یہودی فلسطین کے یہودیوں کے طرز عمل کے لئے بہت شرمندہ ہیں اس خط میں مزید کہا گیا ہے کہ فلسطین میں عربوں کے ... مطالبات کے ساتھ ہمیں پوری ہمدردی ہے اور ہم ... کے لئے تیار ہیں۔ ان خط میں یہ کہا گیا ہے کہ عراقی یہودی عربوں کے ساتھ امن و خوشی رہتے ہیں عراقی یہودیوں کا یقین ہے کہ صیہونیت نازی ازم سے بھی زیادہ خراب ہے کوئی باعزت آدمی بھی اس دہشت انگیزی کو تسلیم نہیں کر سکتا جو فلسطین میں یہودیوں نے روا رکھی ہے۔ اس کے آخر میں کہا گیا ہے کہ ہم عراقی یہودی کبھی صیہونی نہیں ہو سکتے۔

اکالی دل کے صدر کا انتخاب

ماسٹر تارا سنگھ پھر منتخب ہو گئے

امرتسر ۳۱ مئی کو شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے انتخاب کے نتیجہ آج اکالی دل کا انتخاب ہوا۔ ماسٹر تارا سنگھ اجیندر کی صدارت کے امیدوار تھے آج شرومنی اکالی دل کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے۔ اکالی پارٹی کے ناگر کے گروپ نے اس انتخاب میں کوئی حصہ نہیں لیا۔ اکالی دل کے ... ممبران میں سے آج ۵۰ کے قریب میٹنگ میں موجود تھے۔ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ماسٹر صاحب نے ہندو اور سکھوں کے کامل اتحاد پر زور دیا۔ مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے قیام پر آپ نے خوشی کا اظہار کیا۔ ماسٹر تارا سنگھ نے مطالبہ کیا کہ ریاستوں کی اس یونین کی وزارت شرومنی اکالی دل کے مشورہ سے بنائی جائے۔ آپ نے اس بات کی سخت مخالفت کی کہ اس یونین کا کچھ حصہ مشرقی پنجاب میں ضم کیا جائے آپ نے کہا مغربی پنجاب کے پناہ گزینوں کے بسانے کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر ہے۔ آپ نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ آٹھ مہینے گذر چکے ہیں اور حکومت ہند نے اب تک کوئی عملی کارروائی نہیں کی ہے۔ آپ نے اکالی دل کی ورکنگ کمیٹی سے پناہ گزینوں کو بسانے کے سلسلے میں مؤثر اقدامات کرنے کی درخواست کی۔ آپ نے پنجابی صوبہ کا بھی مطالبہ کیا اور یہ بھی کہا کہ پنجابی کو حکومت ہند دوسری زبانوں کی طرح سرکاری زبان تسلیم کرے۔

کینیڈا میں زبردست طغیانی

نیویارک ۳۱ مئی۔ مغربی کینیڈا اور شمالی مشرقی افریقہ میں فریزر، کولمبیا اور ایک تیسرے دریا میں زبردست طغیانی آئی ہے۔ اس کے باعث ۲۵ ہزار آدمی بے گھر ہو گئے ہیں قریباً ایک ہزار مربع میل کا رقبہ اس طغیانی کی زد میں ہے۔ برٹش کولمبیا کا جنوبی حصہ کٹ گیا ہے۔ حالات پر قابو پانے کی کوشش کر رہی ہے۔

مسٹر سہروردی کلکتہ پہونچ گئے

کلکتہ ۳۱ مئی۔ آج بعد دوپہر مسٹر ایچ۔ ایس۔ سہروردی کراچی سے کلکتہ پہونچے۔ آپ نے کراچی میں پاکستان آئین ساز اسمبلی میں شرکت کی۔ وہ ۳ جون کو امن مشن پر مشرقی بنگال کا دورہ کرنا شروع کر دیں گے۔

کمیونسٹوں کا نیا حملہ

چینی خانہ جنگی کی رفتار

نانکنگ ۳۰ مئی۔ چینی سرکاری اطلاعات مظہر ہیں کہ ۲۰ ہزار کمیونسٹ فوجوں نے تینسن نانکنگ ریلوے کے کلیدی شہر ... دار پر نیا حملہ شروع کر دیا ہے۔ شہر ... طرف زبردست لڑائی ہو رہی ہے۔ ... لڑائی ہو رہی ہے اور ... جاگنگ ... جانے کی سرکاری فوجیں کوشش کر رہی ہیں۔ اسے روکنے کے لئے زبردست کمک شہر روانہ کر دی گئی ہے۔

... کراچی کو ... معلوم ہوا ہے کہ پاکستان ہائی کمشنر مقیم لندن ... کو بیرون وزارت کا عہدہ دے دیا جائے گا ... کی جگہ مقرر کیا جائے گا جن کو افغانستان میں سفیر بنا کر بھیجا گیا ہے۔

حیدرآباد سندھ کے ہندوؤں کی وزیر پناہ گزیں اور مسٹر جناح سے فریاد

حیدرآباد سندھ یکم جون۔ اخبار اسٹیٹسمین کا نامہ نگار رقمطراز ہے کہ اقلیتوں کی انجمن نے سندھ میں مقیم سندھی ہندو، سکھوں اور شرنارتھیوں کے مفاد کے پیش نظر گورنر جنرل پاکستان کے نام ایک عرضداشت بھیجی ہے جس میں قائد اعظم جناح کی توجہ غیر مسلموں کی مجبور ہو کر ... جائدادوں کی طرف مبذول کرائی گئی ہے۔ انجمن نے چند مثالیں پیش کی ہیں کہ اکثر غیر مسلموں کو جو ہندوستان نہیں گئے ہیں۔ ان کی زیر کاشت زمینوں سے محروم کر کے زمینوں کو مسلم پناہ گزینوں کے حوالہ یا نیلام کر دیا گیا ہے۔ نیز مسلمان پناہ گزیں کرایہ دار ہندو مالکان مکان کو کرایہ ادا کرنے سے انکار کر رہے ہیں بلکہ ان پر کنٹرول رکھنے والا محکمہ بھی ہندوؤں کے ساتھ زیادتی کر رہا ہے۔

اقلیتوں کی انجمن نے سندھ کے وزیر پناہ گزیں سید میراں محمد شاہ کو بھی ایک عرضداشت اسی مضمون کی بھیجی ہے اور مزید شکایت کی گئی ہے کہ حکومت کی طرف سے جن ہندو جائدادوں پر مہریں لگا دی گئی تھیں مسلم پناہ گزیں انہیں کھول کر بطور رہائش استعمال کرنا شروع کر رہا ہے۔

یونان میں باغی کمیونسٹوں کے خلاف کارروائی

ایتھنز ۳۰ مئی۔ یونان میں باغی کمیونسٹوں کے خلاف سخت کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ یونان کی سرکاری فوجوں نے کمیونسٹ لیڈروں کو البانیہ کی سرحد تک پیچھے دھکیل دیا ہے۔ گذشتہ دو ماہ کے دوران میں قریباً ۳۲۱۳ باغی کمیونسٹ ہلاک، گرفتار یا فرار ہوئے ہیں۔ بہت سے باغی کمیونسٹ بھاگ کر البانیہ پہنچ گئے ہیں۔

سینماؤں میں قومی ترانہ

شملہ ۳۱ مئی۔ مشرقی پنجاب حکومت نے صوبہ کے تمام سینما کے مالکان کو ہدایت کی ہے کہ پکچر کے خاتمہ پر کسی قسم کا قومی ترانہ نہ بجایا جائے بلکہ یکم مہر کے لئے محض قومی جھنڈا سکرین پر دکھایا جائے۔ اس حکم پر عملدرآمد فی الفور شروع ہوگا اور اس کی خلاف ورزی کی سزا دی جائے گی۔

دارالسلطنت
یکم جون

سرکاری کوارٹروں پر قبضہ

نئی دہلی میں ان کوارٹروں پر زبردستی قبضہ کرنے کی کئی وارداتیں ہو چکی ہیں جو پی ڈبلیو ڈی کی طرف سے مختلف لوگوں کو الاٹ کر دیئے گئے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ پی ڈبلیو ڈی نے اس سلسلہ میں پارلیمنٹ اسٹریٹ اور تغلق روڈ کے تھانہ میں شکایت کی ہے۔ پولیس کو تحقیقات پر معلوم ہوا ہے کہ سرکاری کوارٹروں پر قبضہ کرنے کی بابت گڑ گاؤں میں ایک خاص تحریک موجود ہے۔ اس بارہ میں سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ماتحت افسروں کو ایسے لوگوں کی گرفتاری کے لئے ہدایات جاری کر دی ہیں۔

میونسپل ملازموں کا مظاہرہ

کل دہلی میونسپلٹی کے تقریباً پچاس ملازموں نے ٹاؤن ہال کے سامنے مظاہرہ کیا۔ اس مظاہرہ کا مقصد ایک میونسپلٹی کے ملازم ایک انسپکٹر کی رہائی تھی جسے پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا۔ اس مظاہرہ سے نئی دہلی میونسپلٹی کے حکام کو تعجب ہوا۔ کیونکہ ان کو اس انسپکٹر کی گرفتاری کی خبر نہ تھی۔

کناٹ پلیس میں آتشزدگی

کل کناٹ پلیس میں ریڈین سنیما کے سامنے ایک چوبی زینہ میں آگ لگنے کی وجہ سے کئی آدمی آگ میں پھنس گئے۔ فائر بریگیڈ کے آدمیوں نے ان کو بچایا۔ چند آدمی جو زینہ سے نیچے اترنے کی کوشش کر رہے تھے سخت مجروح ہوئے۔ آگ پر جلد ہی قابو پا لیا گیا۔

ایک مسلح آدمی کی گرفتاری

فتح پوری کے قریب ایک شخص پر پولیس کو کچھ شبہ ہوا۔ اس پر پولیس نے اس کو روک کر اس کی تلاشی لی۔ جس پر اس کے پاس سے ایک ریوالور اور گولیاں برآمد ہوئیں۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے سپاہیوں کو گولی مارنے کی کوشش کی مگر سپاہیوں نے اس پر قابو پا لیا۔

شراب بندی

چیف کمشنر کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ آج سے دہلی میں جزوی طور پر شراب بندی کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔ اس اسکیم کی رو سے دہلی کی لائسنس یافتہ جگہوں پر دیسی اور ولایتی شراب اور بھنگ کی فروخت کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ ابھی یہ بات معلوم نہیں ہو سکی کہ اس کا اطلاق کلبوں پر بھی ہوگا یا نہیں۔

زنانہ پولیس

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے دہلی میں مسلح پولیس دستوں کے اضافہ کرنے کی اسکیم کو منظور کر لیا ہے۔ تا حال دہلی مسلح پولیس میں ایک ہزار سے زائد جوان بھرتی کئے جا چکے ہیں۔ بھرتی شدہ لوگوں میں اکثر سابق فوجی ہیں۔ مسلح پولیس دستوں کو آزاد ہندوستان کے دارالسلطنت کے شایان شان تربیت دینے کے لئے چند فوجی ماہرین کی خدمات حاصل کر کے اور جدید اسلحہ مہیا کرنے کا بندوبست کیا جا رہا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت زنانہ پولیس قائم کرنے پر بھی غور کر رہی ہے۔ اس وقت دہلی میں تقریباً ۵۰ عورتیں پولیس میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ اور اس تعداد کو اتنے بڑے شہر کے لئے نہ ہونے کے برابر سمجھا جا رہا ہے۔

کوچین۔ یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ کراچی سے ایک جہاز پاکستان کا ۵ ہزار ٹن چاول لے کر کوچین پہنچ گیا۔ یہ چاول مدراس اور کوچین میں برابر تقسیم کر دیا جائے گا۔

یو۔پی میں مسلم لیگ کی جدید تنظیم
مسٹر لاری صدر منتخب ہو گئے

لکھنؤ ۱۳ مئی۔ کل شام صوبہ یو۔پی کی مسلم لیگ کے تقریباً ۵۰ ممبروں کا ایک اجلاس ہوا اور مسٹر ظہیر الحسن لاری کو لیگ کا پریذیڈنٹ اور بیگم اعزاز رسول کو جنرل سکریٹری منتخب کیا گیا۔ اس سے قبل مسٹر رضوان اللہ اور مسٹر حبیب الرحمن کی سخت مذمت کی گئی۔ اور انہیں صدر اور سکریٹری کے عہدوں سے برخاست کر دیا گیا۔ چونکہ فرقہ وارانہ لائنوں پر کوئی پارلیمنٹری سرگرمیاں ممکن اور پسندیدہ نہیں ہیں۔ اس لئے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اسمبلی کی لیگ پارٹی اور مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کو بھی توڑ دیا جائے۔ جلسہ میں آل انڈیا مسلم لیگ کے پریذیڈنٹ مسٹر محمد اسمٰعیل سے یہ درخواست کی گئی کہ وہ کسی مرکزی مقام لکھنؤ یا کلکتہ میں مسلم لیگ کا اجلاس طلب کریں تاکہ مسلم لیگ کی آئندہ پالیسی اور پروگرام پر مزید غور کیا جا سکے۔ جلسہ میں فیصلہ کیا گیا کہ انڈین یونین میں مسلم اقلیت کے مفاد کی نگہداشت اور اسے بڑھانے کے لئے صرف ایک جماعت ہونی چاہئے۔ اور نئے صدر مسٹر لاری کو اس سلسلہ میں مناسب قدم اٹھانے کے اختیارات دیئے گئے ہیں۔

عربوں نے یہودیوں کی دو بستیوں پر قبضہ کر لیا

لندن ۳۱ مئی۔ وسط مشرق سے جو تازہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ عربوں نے یہودیوں کی دو اور بستیوں پر قبضہ کر لیا ہے۔ ان بستیوں پر قبضہ ہو جانے سے تل ابیب اور حیفہ کے رسل و رسائل کے سلسلہ کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ کل یہودی ہوائی جہازوں نے چند مقامات پر حملہ کیا لیکن نقصان بہت معمولی ہوا۔ عراقی ہوائی جہازوں نے یروشلم تل ابیب سڑک پر یہودیوں کی موٹروں کے ایک قافلہ پر حملہ کیا۔

قاہرہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ مصر میں رہنے والے یہودیوں کو یا عارضی طور پر اور یا مستقل طور پر ملک سے باہر جانے دیا جائے گا۔ خواہ ان کے پاس جانے کی اجازت ہو۔ کل پولیس نے مختلف مقامات پر چھاپے مارے اور چند ریڈیو سیٹ اپنے قبضہ میں لے لئے۔ ان کے علاوہ پچاس اشخاص کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔

اوٹاکمنڈ میں پنڈت نہرو کا شاندار استقبال
آپ اقتصادی سیشن کا افتتاح کرینگے

اوٹاکمنڈ یکم جون۔ وزیر اعظم ہند پنڈت نہرو نے جو ایشیائی و مشرق بعید کے ممالک کے اقتصادی کمیشن کے تیسرے سیشن کا افتتاح کرنے کے لئے کل شام اوٹاکمنڈ تشریف لائے ہیں۔ کونیورریں میں شاہی ہندوستانی فضائیہ کے اسکول کا معائنہ فرمایا۔ آپ نے وہاں زیر تربیت نوجوانوں کو خطاب بھی کیا جس میں انہیں تلقین کی گئی کہ انہیں اور صفات کے ساتھ ساتھ غیر فرقہ وارانہ ذہنیت کا مالک ہونا چاہئے۔

اوٹاکمنڈ میں پنڈت نہرو کا پرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ وزیر اعظم پنڈت نہرو کے ہمراہ ان کی بھانجی مس ریتا پنڈت بھی تھیں۔ گورنمنٹ ہاؤس میں گورنر مدراس سر آرکیبالڈ نائے کی لیڈی نے آپ کا استقبال کیا۔

معلوم ہوا ہے کہ کرور سے اوٹاکمنڈ کے دس میل لمبے راستے کے دونوں طرف بے پناہ ہجوم وزیر اعظم کو دیکھنے کے لئے جمع تھا۔

لائق علی اور منشی کی گفت و شنید
بقیہ صفحہ اول کالم ۵

ایک تازہ اطلاع کے مطابق پنڈت نہرو نے حکومت نظام کی اس دعوت کو نامنظور کر دیا ہے جس میں وزیر اعظم سے درخواست کی گئی تھی کہ اوٹاکمنڈ سے واپس آتے ہوئے وہ حیدرآباد میں قیام فرمائیں۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت نظام نے حکومت ہند کو ایک چٹھی بھیجی ہے جس میں حکومت نظام پر ہندوستان کی پیش کردہ تجاویز کے رد عمل کا اظہار کیا گیا ہے اگرچہ اس چٹھی کا متن ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا ہے تاہم سرکاری حلقوں نے اس افواہ کی تردید کر دی ہے کہ حیدرآباد نے ہندوستانی تجاویز کو ٹھکرا دیا ہے اور مصالحتی سلسلہ گفتگو کے ختم ہو جانے کا امکان پیدا ہو گیا ہے۔

اتحاد المسلمین کے صدر سید قاسم رضوی کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے کل ایک اعلانیہ کے ذریعہ برسر اقتدار ذمہ دار حکومت کے قیام ریاست میں اہل الرائے کے مطالبات کی شدید مخالفت کی ہے۔

یہودی جہاز غرق کر دیا گیا

دمشق یکم جون۔ شامی فوج کے ایک کمونیکے میں بتایا گیا ہے کہ ایک یہودی جہاز کو ہوائی بمباری سے ڈبو دیا گیا۔ شامی ہوائی جہازوں نے یہودیوں کے الکیبے گاؤں پر زبردست بمباری کی جس سے ... ایک اڈہ پر شامی ہوائی جہازوں نے سخت گولہ باری کی اور حیفہ میں ایک یہودی کشتی کو غرق کر دیا۔

بیت المقدس میں یہودیوں کی شرارت
گرجوں کو فوجی اڈے بنا لیا

بیت المقدس یکم جون۔ فلسطین کی عیسائی دنیا کی طرف سے یہ شکایت کی گئی ہے کہ یہودی فلسطین کے مقدس مقامات کو فوجی اڈوں کی صورت میں استعمال کر رہے ہیں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہودیوں نے کئی عمارتوں اور گرجوں پر قبضہ کر لیا ہے۔

وزیر اعظم اٹلی کا دروغ مصلحت آمیز
صفحہ اول سے آگے

گذشتہ جمعرات کو مسٹر ہربرٹ موریسن (لیڈر) نے اعلان کیا تھا کہ مسٹر بیون ایک بیان دیں گے۔ وزارت امور خارجہ کے نائب وزیر مسٹر کرسٹوفر میہیو نے فلسطین سے متعلق کئی سوالات کے جوابات دیتے ہوئے اسلحہ کے متعلق مسٹر کرسٹوفر نے بتایا کہ انتداب کے ختم ہونے تک مصر، عراق یا شرق اردن کے ذریعہ برطانوی جنگی سامان کام میں لانے کی براہ راست کوئی شہادت موجود نہیں۔ البتہ ہم ان کے بعد ... عرب فوجوں نے فلسطین کے اندر وہ اسلحہ استعمال کیا جو گذشتہ سال میں انہیں برطانیہ نے دیا تھا۔

اب چونکہ سلامتی کونسل نے جنگی سامان کی فراہمی کو ممنوع قرار دینے کی تجویز کو منظور کر لیا ہے۔ حکومت برطانیہ اس پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ مسٹر کرسٹوفر نے بتایا کہ برطانیہ نے تقریباً چالیس لاکھ پونڈ شرق اردن کو اس کے دفاع کے لئے دے رکھے ہیں۔ آئندہ ہم کوئی رقم ادا کرینگے اس کا فیصلہ بھی کریں گے۔ ایک یہودی لیبر ممبر مسٹر سڈنی سلورمین کے اس سوال پر ... برطانیہ ... کے خلاف اپنا احتجاج ... مسٹر ... خاموش رہے۔ اگرچہ بعض نشستوں سے شور و غوغا بھی بلند ہوتا رہا۔

ڈیرہ دون ۳۱ مئی۔ صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد جو کچھ عرصہ سے علیل تھے اب بہتر ہیں۔ سمجھا جاتا ہے کہ آپ اگلے ہفتہ دہلی روانہ ہو جائیں گے۔

اقلیتوں سے اچھا برتاؤ کیا جائے
مسٹر سہروردی کی اپیل

کراچی ۳۱ مئی۔ بنگال کے سابق وزیر اعظم مسٹر سہروردی نے کلکتہ روانہ ہونے سے قبل بیان ایک ملاقات میں سندھ کے مہاجر اور مقامی مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ ہندوؤں کے ساتھ اچھا سلوک کریں آپ نے کہا کہ پاکستان کی بقا کے لئے یہاں اقلیتوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جانا ضروری ہے۔ آپ نے کہا کہ جنگ ... تب تک شائد نہیں رہ سکتی جب تک سب ... اور امن و اتحاد کی ضرورت ہے۔ آپ نے کہا کہ پاکستان میں مسلمانوں کا اور ہندوستان میں ہندوؤں کا اسے حاصل کرنا ضروری ہے۔ آپ نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر حکومت اور اکثریت سندھ سے ہندوؤں کی ہجرت کو روکنا چاہیں تو ایسا ہو سکتا ہے اور گئے ہوئے لوگ واپس آ سکتے ہیں۔ آپ نے کہا سندھ کے ہندوؤں کو کابینہ میں نمائندگی دی جائے۔ ان کو پولیس سپرنٹنڈنٹ اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی جگہیں بھی دی جائیں۔ اور جب پاکستان کے کانگریسی ہندو یونین کی کانگریس سے قطع تعلق کر چکے ہیں تو ان باتوں پر عمل ہونے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونا چاہئے۔

لندن یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ کاؤنٹ برناڈوٹ جن کو مجلس تحفظ کی طرف سے فلسطین میں ثالث مقرر کیا ہے۔ کل قاہرہ سے بذریعہ ہوائی جہاز تل ابیب گئے اور یہودی حکومت اسرائیل کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ قاہرہ روانہ ہونے سے قبل انہوں نے اعظم پاشا سے بھی ملاقات کی تھی۔ با خبر لوگوں کا خیال ہے کہ اس گفتگو کا کوئی مفید نتیجہ نہیں نکل سکا۔ معلوم ہوا ہے کہ اعظم پاشا نے صاف طور پر کاؤنٹ سے کہدیا کہ عرب جنگ نہیں چاہتے لیکن اب جبکہ فلسطین کے عربوں کو پے درپے فتوحات حاصل ہو رہی ہیں۔ اقوام متحدہ یہودیوں کو بچانے کے لئے فلسطین کے معاملے میں مداخلت کر رہی ہے۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ اپنے ہمارے یہاں ہول سیل اور ریٹیل نرخ پر کفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین طبیاران چاندنی چوک دہلی

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی ورفیوریبو اینڈ کمپنی کی کلائی او جیبی گھڑیاں

میجاس سٹول ۱۷ جیول سولڈ کیس، نکلس گلاس، شیب پروف، جوکل کیس مع سکنڈ ریڈیم ڈائل خوشنما اور پائیدار مع اسٹراپ ... قیمت ساٹھ روپے۔

سکنڈ پاکٹ واچ ۱۵ جیول نکل سلور کیس، اسٹرانگ کیس سکنڈ دار، خوبصورت اور مضبوط وقت نہایت صحیح بتانے والی گارنٹی دس سال قیمت چالیس روپے۔ ہر دو گھڑیات کے ہمراہ فرمائش دس روپے پیشگی بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیے۔ محصول ڈاک بذمہ خریدار

ایس۔ ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس حویلی حسام الدین طبیاران چاندنی چوک دہلی

سرمہ مقوی بصر — ابتدائی نزول الماء کو روکنے۔ دھند، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے، ڈوروں کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنے (۱۸)

سرمہ اصلاح چشم — دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے۔ بارہا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشے ... روپے ...

سفوف شجاعی — جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو خرابی صحبت کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہیں نہایت مجرب ہے۔ بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ قیمت چالیس خوراک پانچ روپے دس روپے فی خوراک چار آنہ (۴)

حب شمسی — آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتی ہے آزمودہ ہے قیمت مکمل خوراک معہ ... روپے۔

حب مسیحی — ہاضمہ، ریاح، البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنے (۲/۸)

حب شیر مینٹن — بچوں کے امراض جگر، ڈبہ، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ قیمت فی شیشی دس گولی دو روپے

سفوف سلطانی — سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے (۱۵)

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

ضروری اطلاع

بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو اطلاع دیجاتی ہے کہ آپ نے پاکستان کیواسطے ہندوستان سے جو مال روانہ کیا ہے تقریباً ۶۵ گاڑیاں ابوہر منڈی پر رکی ہوئی پڑی ہیں جب تک آپ یا آپ کا نمایندہ ابوہر منڈی کسٹم پر جا کر مال کو چیک نہیں کرائیگا اسوقت تک آپکا مال پاکستان نہیں جا سکیگا، اگر آپنے لاپرواہی سے کام لیا تو ہوسکتا ہے کہ مال نیلام ہو جائے اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ آپ فوراً توجہ دیں تمام گاڑیوں کے نمبر میرے پاس موجود ہیں، آپ اس سلسلہ میں میری خدمات لے سکتے ہیں فوراً توجہ دیں، آیندہ پاکستان کیواسطے آپ کہیں سے بھی بکنگ کرائیں اسوقت تک نہ کرائیں جبتک کسٹم پر انتظام نہو آپکے فائدہ کیواسطے شائع کیا گیا

محمد سلام اینڈ کمپنی

کمیشن ایجنٹ ہملٹن روڈ

مال گودام دہلی

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو اطلاع دیجاتی ہے کہ میں ایک قطعہ اراضی موسومہ باغ بیرجی واقع محلہ قاسم پورہ متصل رام باغ، بنگش دہلی، عملہ جات جو اس پر بنی ہوئی ہیں جن کے نمبر میونسپلٹی ہوس ٹیکس نمبر ۱۸۴۸ تا ۱۱۶ بمعہ ... میں اس کی مالک ہوں مجھے معلوم ہوا ہے کہ چند اشخاص بھی طور پر عملہ جات مذکورہ اپنی ملکیت ظاہر کر کے فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کرتی ہوں کہ کسی شخص کو عملہ جات مذکورہ کو فروخت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ میں جائداد مذکورہ کی واحد مالک ہوں اور اگر کوئی شخص ان کو خرید کرے گا تو اس کو کسی قسم کے حقوق حاصل نہ ہوں گے اور نہ میں اس کی پابند ہوں گی۔ فقط۔

المشتہرہ: مسماۃ بیگم جان صاحبہ زوجہ شیخ فیروز الدین صاحب جاپان والے بذریعہ محمد سلیمان مختار عام معرفت ... علیش خان گلی ہنگا بنگش دہلی

جب آپ دہلی تشریف لائیں

تو

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہائش کا بہترین انتظام ہے

افضل پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل اردو منزل اردو بازار دہلی

اسٹرلنگ فاضلات کے بارے میں ہند اور برطانیہ کی گفت وشنید شروع

دو تین ہفتہ میں ہند کے حصے کے اسٹرلنگ فاضلات کا تصفیہ ہو جائے گا

لندن ۳۰ رمئی ۔ ہند کے اسٹرلنگ فاضلات کے بارے میں لندن میں ہند اور برطانیہ کی گفتگو آج شروع ہو رہی ہے ۔ ہند کے حصے کے اسٹرلنگ فاضلات کی رقم کا اندازہ ایک ارب میں کروڑ پونڈ کے لگ بھگ کیا جاتا ہے ۔

حکومت ہند کا وفد وزیر خزانہ مسٹر شان مکھم چیٹی کی سرکردگی میں لندن میں پہونچ گیا ہے ۔ ریزرو بنک کے گورنر مسٹر چنتامنی دیشمکھ بھی اس کے ہمراہ ہیں ۔ وفد کے اراکین کو اس بات کی امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ دو تین ہفتوں میں یہ گفت ختم ہو جائے گی جو ہند کے مستقبل کے سیاسی منصوبوں کے لحاظ سے نہایت اہم ہے ۔

یہ اسٹرلنگ فاضلات دوران جنگ میں جب کہ برطانیہ اور امریکہ کی فوجوں کو سامان جنگ کی فراہمی کا کام اسی زور وشور سے جاری تھا کہ ہندوستان فوجی سامان کی فراہمی کا تاریخ کا سب سے بڑا اڈہ بن گیا تھا ۔ اسی وقت جمع ہو گئے تھے ۔ ہند کے وزیر خزانہ مسٹر شان مکھم چیٹی نے آج چند سوالات کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ اسٹرلنگ فاضلات زمانہ جنگ کے قرضہ کی حیثیت نہیں رکھتے بلکہ حکومت کے ریزرو بنک کے روپیہ کی حیثیت رکھتے ہیں جو اسی طرح روزمرہ کے کاروبار کی طرح بنک آف انگلینڈ میں جمع کرایا گیا تھا ۔ اس بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ ان رقوں کو قرض دیا گیا ہے ۔ انگلستان میں اس بات کو کوئی طرح نہیں سمجھا جاتا ہے ۔ اس لئے ریزرو بنک آف انڈیا کو اسی بات کا حق ہے کہ وہ جب چاہے بنک آف انگلینڈ سے اپنا روپیہ نکلوا لے ۔ ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے بتایا کہ علاوہ سامان کا ذریعہ پہونچانا اب تک تجارت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے ۔ ہلیکن اگر ہم نے دو تین سال پہلے دئے تھے وہ اب تک پورے نہیں کئے گئے ۔ مسٹر چیٹی نے ایک اور سوال کے جواب میں کہا ۔ اس میں بھی شک نہیں کہ قیمتیں زیادہ ہیں لیکن اصل مسئلہ سامان کا دیر سے پہونچنا ہے ۔

فیض آباد کا افسوسناک حادثہ

جمعیۃ علماء کی تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

دہلی ۲ جون ۔ جناب مولانا محمد قاسم صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ العلماء یوپی مطلع فرماتے ہیں کہ مولانا شاہد فاخری صدر صوبہ جمعیۃ العلماء نے حسب ذیل کمیٹی بنائی ہے جو کیم جون کو فیض آباد کے حالیہ افسوسناک حادثہ کی تحقیقات کے لئے فیض آباد پہنچ رہی ہے ۔

(۱) مولانا ابوالوفا صاحب ۔ مولانا قاسم صاحب (جنرل سکریٹری صوبہ جمعیۃ العلماء ۔ مسٹر محمد احمد کاظمی بیرسٹر الہ آباد ۔ پنڈت ستیاکام شکل (ممبر صوبہ کانگریس کمیٹی) بابو رامیشور پرشاد اگروال ایڈووکیٹ الہ آباد ۔ اس وفد کی سرکردگی خود مولانا شاہد فاخری فرمائیں گے ۔

فیض آباد کے حکام ، کانگریس کمیٹی ، جمعیۃ العلماء اور حالات کے جاننے والے ہندو مسلمان حضرات سے پرکا امید ہے کہ وہ اس سلسلے میں اس کی ہر ممکن امداد فرمائیں گے ۔ تاکہ یہ وفد صحیح نتائج تک پہونچ سکے ۔

جمعیۃ علماء چندوسی کا اجلاس

تاریخوں میں تبدیلی

چندوسی ۔ بذریعہ ڈاک ناظم صاحب جمعیۃ العلماء چندوسی مطلع فرماتے ہیں کہ بعض وجوہ جمعیۃ العلماء چندوسی کے عام اجلاس کی تاریخوں میں تبدیلی ہو گئی ہے ۔ اور اب بجائے ۱۹ و ۲۰ جون ۱۹۴۸ء کے ۱۹ و ۲۰ جون ۱۹۴۸ء کو عام اجلاس ہوگا ۔

پروگرام حسب ذیل ہے ۔

۱۹ جون ۱۹۴۸ء بعد نماز مغرب عام اجلاس ۔ ۲۰ جون ۱۹۴۸ء صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک اور بعد مغرب تک ضلع جمعیۃ العلماء مراد آباد کے ممبران کا سالانہ اجلاس (مجلس شوری) بعد مغرب عام اجلاس ۔

ہسٹاریکل ریکارڈ کمیشن کا اجلاس

نئی دہلی ۔ کیم جون ۔ انڈین ہسٹاریکل ریکارڈ کمیشن کا پچیسواں اجلاس ۱۰ دسمبر میں دہلی یونیورسٹی کے زیر اہتمام دہلی میں منعقد ہوگا ۔

حکومت ہند نے ہسٹاریکل ریکارڈ کمیشن کے اس اجلاس کو سلور جوبلی اجلاس قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ امریکہ اور یورپ کے بعض ملکوں کو اس امر کے دعوت نامے ارسال کئے گئے ہیں کہ وہ اس اجلاس میں حصہ لینے کے لئے اپنے نمائندہ بھیجیں ۔ امید کی جاتی ہے کہ برطانیہ ، فرانس ، روس ، بلجیم اور امریکہ سے پرانے تاریخی ریکارڈوں کے مشہور ماہرین اس اجلاس میں شامل ہونے کے لئے پہنچیں گے ۔

ہندوستان میں چینی کی پیداوار

نئی دہلی ۱ جون ۔ سال ۱۹۴۷ء تا ۱۹۴۸ء میں ہندوستان میں ۰۰۰,۵۰ ۔ ۱ ٹن چینی کی پیداوار رہی ۔ یہ پیداوار اس مقدار سے ۰۰۰ ۔ ۔ ۔ ٹن زائد ہے جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ ہندوستان پیدا کرے گا ۔ زیادہ پیداوار کی وجوہات گنے کی قیمت بڑھ جانا اور اچھی فصل بتائے جاتے ہیں ۔

یوپی اور بہار میں بالترتیب ۵۷۱۰۰۰ اور ۱۶۹۰۰۰ ٹن چینی کی پیداوار ہوئی ۔ اس سال پچھلے سال کے مقابلے فیکٹریاں اوسطاً زیادہ دیر کام کرتی رہی ہیں ۔

ہند و پاکستان کی امداد کیلئے اپیل

لندن ۔ کیم جون ۔ برطانوی انجمن صلیب احمر (برٹش ریڈ کراس سوسائٹی) کے صدر نے ہندوستان اور پاکستان کے پناہ گزینوں کی امداد کے سلسلہ میں مزید چندہ کے لئے ایک عالمی اپیل کی ہے ۔

روس میں ایٹمی تحقیقات

لندن ۳۱ رمئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ روس کے پہاڑوں میں واقع ایک لیبارٹری میں کام کرنے والے روسی سائنس دانوں نے ایٹمی تحقیقات کے لئے کافی ترقی کر لی ہے روس آج تک اس سلسلے میں بڑی رازداری سے کام لے رہا ہے لیکن روسی سائنس دانوں کے مندرجہ بالا دعوے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ روس ایٹمی تحقیقات میں کافی آگے بڑھ چکا ہے ۔

اسٹیٹ منسٹری توجہ کرے

میواتیوں کی دردمندانہ اپیل

دہلی ۔ کیم جون ۔ سکریٹری صاحب سنٹرل میواتی پنچایت بیاران دہلی مطلع فرماتے ہیں کہ ہم میواتی سال بھر سے انڈین یونین کے علاقہ ضلع گوڑگانوہ میں اپنے وطن اور آبائی گھروں کی خاطر طرح طرح کے مصائب برداشت کر رہے ہیں ۔

ہمیں امید ہے کہ اب اسٹیٹ منسٹری ہمیں جلد سے جلد ہمارے گھروں میں آباد فرما کر اپنی جمہوریت پسندی کا ثبوت دے گی ۔ یہ عام ہم بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہماری سارا قوم زراعت پیشہ ہے اگر پندرہ جون تک زمین نہ ملی تو پھر زراعت کا وقت نکل جائے گا اور یہ قوم پھر سال بھر تک بیروزگاری کا شکار رہے گی نیز الور اور بھرت پور کی گیارہ لاکھ بیگھہ زمین بغیر زراعت کے پڑی رہے گی ۔ اس لئے اب اسٹیٹ منسٹری میوات کی آبادی کا فوری اعلان کردے ۔ حکومت ہند بھی اس معاملہ میں جلد سے جلد غور کر کے میوات کے بارے کا فیصلہ صادر فرمائے ۔

ولید پور مومن کانفرنس کا جدید انتخاب

ولید پور ۔ بذریعہ ڈاک ۔ یہاں مومن کانفرنس ولید پور (اعظم گڈھ) کی ایک میٹنگ بصدارت مولوی عبدالسبحان صاحب منعقد ہوئی جس میں حسب ذیل عہدہ داران کا انتخاب اتفاق رائے سے عمل میں آیا ۔

(۱) جناب مولوی عبدالکلیم صاحب اعظمی صدر ۔ (۲) جناب مولوی عبدالسبحان صاحب نائب صدر (۳) جناب مولوی محمد اختر علی صاحب اعظمی جنرل سکریٹری (۴) جناب محمد سلیمان صاحب انصاری نائب سکریٹری (۵) جناب محمد ۔ ۔ صاحب انصاری خزانچی (۶) جناب محمد کافی صاحب انصاری محاسب ۔

احمد آباد میں اسلحہ پر پابندی

احمد آباد ۱ رمئی ۔ کل شام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں ہتھیار رکھنے کے سلسلہ میں شہر میں خانہ تلاشیاں ہوئیں ۔ اس وقت تک ۲۵ اشخاص گرفتار کئے جا چکے ہیں ۔

کوریا اسمبلی کے نئے صدر

سیول ۳۱ رمئی ۔ کوریا کے بھاری لیڈر ڈاکٹر سنگمین ری جو کوریا کو جلد آزاد کرنے کی سوسائٹی کے لیڈر ہیں آج کوریا کی پہلی منتخب اسمبلی کے ابتدائی اجلاس میں چیئرمین چنے گئے ۔

حکومت یوپی کی اردو سے لاپرواہی

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا احتجاج

علی گڈھ ۔ بذریعہ ڈاک آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ خاص دفتر کانفرنس جہاں منزل علی گڈھ میں زیر صدارت مولوی محمد عبدالمقتدی خاں صاحب منعقد ہوا ۔ جس میں ذیل ریزولیوشن متعلقہ زبان اردو کے بارے میں بالاتفاق منظور ہوا اور اس کی نقل گورنمنٹ آف انڈیا و گورنمنٹ یوپی کو روانہ کی گئی ہیں ۔

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا یہ جلسہ وزارت تعلیم صوبہ متحدہ آگرہ و اودھ کی ان قابل تعریف کوششوں کا خیر مقدم کرتا ہے جو ابتدائی تعلیم کی توسیع و ترقی کے لئے جاری کی ہیں لیکن ساتھ ہی اردو کی تعلیم کو جو پست درجہ دیا گیا ہے ۔ اس پر شدید تشویش کا اظہار کرتا ہے ۔

یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ اس صوبہ کے لوگوں کی غالب اکثریت کی مادری زبان بلا تخصیص مذہب و ملت اردو ہے ۔ پرائمری مدارس کے نصاب میں اس کا ایک اختیاری مضمون کے طور پر بھی قطعاً نظر انداز کیا جانا ایک بہت بڑا تعلیمی حادثہ ہے کسی بھی زبان پر کوئی مذہبی یا فرقہ وارانہ نشان نہیں لگایا جا سکتا بلکہ وہ صرف علم پہنچانے کا ایک ذریعہ ہوتی ہے اور کسی زبان یا رسم الخط سے محض عام واقفیت اسی کے لئے وجہ ترجیح ہوا کرتی ہے ۔

اسلامی حکومت میں فارسی دفتری زبان تھی لیکن ساتھ کے ساتھ ہندی کا بھی بطور ذریعہ تعلیم پورا پورا تحفظ کیا گیا ۔ حکومت اسلامیہ کے خاتمہ پر جب ایک تیسری غیر ملکی حکومت آئی تو فارسی اور ہندی کی بجائے اردو کا رواج ہوا اور اس زبان نے ہندو اور مسلمانوں کی مشترکہ کوششوں سے ترقی کر کے ملک میں آئندہ قائم ہونے والی جمہوری حکومت کی زبان کی حیثیت حاصل کر لی ۔ گذشتہ سو سال سے اردو نے اپنی قدر وقیمت کو اچھی طرح ثابت کر دیا اور اسی زبان کے ذریعہ مختلف کلچروں میں اشتراک پیدا ہو گیا ۔

ان حالات اگر ہمارے آئندہ نظام تعلیم میں اردو کو اس کا واجبی مقام نہ دیا گیا تو ہمارے مفاد کو ناقابل تلافی نقصان پہونچے گا اور ہمارے ملک کی ترقی میں زبردست رکاوٹ حائل ہو جائے گی ۔

لہذا آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس ورکنگ کمیٹی کا یہ اجلاس گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اردو کی موجودہ اہم ترین پوزیشن کو قائم و برقرار رکھے کیونکہ بقول ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو اردو زبان ہندو اور مسلمانوں کی ایک ناقابل تقسیم وراثت ہے اور اس کے بغیر ہندوستان تعلیمی اور کلچرل نقطۂ نظر سے ایک دیوالیہ ملک ہو جائے گا ۔

فلسطین کے بارے میں بڑی طاقتوں کی خودغرضی

جمعیۃ علماء ضلع بہرائچ کا احتجاجی جلسہ

بہرائچ ۔ بذریعہ ڈاک ۔ آج زیر صدارت مولانا حمید الدین صاحب ضلع بہرائچ کا اجلاس ہوا ۔ جلسہ میں مولانا شاہد فاخری (صدر صوبہ جمعیۃ علماء) مولانا محمد قاسم صاحب (جنرل سکریٹری صوبہ جمعیۃ العلماء) نے حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی اور کاموں کی تفصیل بتائی ۔ یہ تجویز پاس ہوئیں ۔

(۱) جمعیۃ علماء ضلع بہرائچ عرب اعلیٰ کمیٹی اور اس کے محترم ارکان کو اس جراءت آمیز مدبرانہ اقدام پر مبارکباد دیتا ہے جو اس نے مسلمانان فلسطین کی امداد کے لئے کیا ہے اور ان حکومتوں کے علی الرغم کیا ہے جو غیر ملکی یہودیوں کو فلسطین میں طاقت سے مسلط کرنے میں جانب دار اور ناانصاف تھیں اس طرح اعلیٰ کمیٹی نے حق کے لئے طاقت کی ناانصافی کے خلاف اقدام کرنے میں اپنی روایات کو زندہ کر دیا ہے ۔

جمعیۃ العلماء کو افسوس ہے کہ اس موقعہ پر دنیا کی بڑی طاقتوں روس اور امریکہ نے اپنی سطح سے گر کر خودغرضیوں کا نامناسب مظاہرہ کیا ہے جس سے دہشت خوردہ دنیا میں امن کی بنیادیں ہل گئیں ۔

(۲) جمعیۃ علماء ضلع بہرائچ کا یہ اجلاس حکومت یوپی کے فیض آباد کے حالیہ افسوسناک فساد کی طرف توجہ دلاتا ہے اور حکومت یوپی سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس کی آزادانہ تحقیقات کا فوری بندوبست کرے تاکہ عوام کا خوف و ہراس دور ہو اور لوگوں کو امن و عافیت کی امید بندھے ۔

امریکہ میں سیلاب کی تباہ کاریاں ڈان پورٹ کا شہر زیر آب

تقریباً بیس ہزار اشخاص لاپتہ، ہزاروں مکانات منہدم

اوریگان ۳۱ رمئی کل دریائے کولمبیا کے پانی کی ایک دھکی دیوار اٹھی اور سیلاب کا ریلا جنگ کے لئے بنے ہوئے شہر ڈان پورٹ پہنچا ۔ اندیشہ ہے کہ سیکڑوں اشخاص سیلاب میں بہ گئے ہیں ۔ ڈان پورٹ میں نصف گھنٹہ تک لوگوں کو موت اپنے سروں پر منڈلاتی نظر آتی رہی حکام کا بیان ہے کہ یہ سیلاب بہت خوفناک تھا ۔ مردوں کی گنتی میں مشکل ہوگی کیونکہ ہلاک شدگان میں اکثریت بچوں کی ہے جو سیلاب سے پہلے وہ باہر کھیل رہے تھے ۔ کل رات بجلی کی تیز روشنی میں کشتیوں پر سوار ہوکر لاشوں کو پانی سے نکال رہے تھے ۔ شہر میں ہر طرف پانی ہی پانی نظر آتا تھا ۔ سب سے اونچی عمارتیں بھی پانی میں ہیں ۔ سیکڑوں آدمی گرتے ہوئے مکانوں کے نیچے آگئے ۔ نشیب والے علاقوں کے ۱۸ ہزار ۵ سو آدمی لاپتہ ہیں ۔ مکانات اکثر گر چکے ہیں اور باقی گرنے ہی والے ہیں ۔

عراق کے یہودی عربوں کی طرف سے جنگ کریں گے

بغداد ۳۰ رمئی ۔ عراقی یہودی صیہونیت کی تحریک کی شدید مخالفت کرتے اور عربوں کے ساتھ شانہ بشانہ ملا کر دہشت پسند یہودیوں کے خلاف لڑنے کو تیار ہیں ۔ یہ الفاظ ڈاکٹر ساسون خضوری کے جو عراقی یہودیوں کے بڑے ربی ہیں آپ نے عراقی وزیر اعظم کو ایک خط لکھا ہے کہ عراقی یہودی فلسطین کے یہودیوں کے اغراض کے لئے سخت شرمندہ ہیں اس خط میں مزید کہا گیا ہے کہ فلسطین میں عربوں کے انسانی مطالبات کے لئے یہودی عربوں کے شانہ بشانہ لڑنے کے لئے تیار ہیں ۔ اس خط میں کہا گیا ہے کہ عراقی یہود عربوں کے ساتھ ہنسی خوشی رہتے ہیں عراقی یہودیوں کا یقین ہے کہ صیہونیت نازی ازم سے بھی زیادہ خراب ہے کوئی باعزت آدمی بھی اس دہشت انگیزی کو تسلیم نہیں کر سکتا جو فلسطین میں یہودیوں نے روا رکھی ہے ۔ اس کے آخر میں کہا گیا ہے کہ ہم عراقی یہودی کبھی صیہونی نہیں ہو سکتے ۔

اکالی دل کے صدر کا انتخاب

ماسٹر تارا سنگھ پھر منتخب ہو گئے

امرتسر ۳۱ رمئی کو شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے انتخاب کے بعد آج اکالی دل کا انتخاب ہوا ۔ ماسٹر تارا سنگھ جو دوسروں کی صدارت کے امیدوار تھے آج شرومنی اکالی دل کے بلامقابلہ صدر منتخب ہو گئے ۔ اکالی پارٹی کے ناگر کے گروپ نے اس انتخاب میں کوئی حصہ ہی نہ لیا ۔ اکالی دل کے ۰۰ ۔ کے قریب ممبروں میں سے آج ۵۰ کے قریب میٹنگ میں موجود تھے ۔ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ماسٹر صاحب نے ہندو اور سکھوں کے کامل اتحاد پر زور دیا ۔ مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے قیام پر آپ نے خوشی کا اظہار کیا ۔ ماسٹر تارا سنگھ نے مطالبہ کیا کہ ریاستوں کی اس یونین کی وزارت شرومنی اکالی دل کے مشورہ سے بنائی جائے ۔ آپ نے اس بات کی سخت مخالفت کی کہ اس یونین کا کچھ حصہ مشرقی پنجاب میں ضم کیا جائے آپ نے کہا مغربی پنجاب کے پناہ گزینوں کے بسانے کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر ہے ۔ آپ نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ آٹھ مہینے گذر چکے ہیں اور حکومت ہند نے اب تک کوئی عملی کارروائی نہیں کی ہے ۔ آپ نے اکالی دل کی ورکنگ کمیٹی سے پناہ گزینوں کو بسانے کے سلسلے میں مؤثر اقدامات کرنے کی درخواست کی ۔ آپ نے پنجابی صوبہ کا بھی مطالبہ کیا اور یہ بھی کہا کہ پنجابی کو حکومت ہند دوسری زبانوں کی طرح سرکاری زبان تسلیم کرے ۔

کینیڈا میں زبردست طغیانی

نیویارک ۳۱ رمئی ۔ مغربی کینیڈا اور شمالی مشرقی افریقہ میں فریزر ، کولمبیا اور ایک تیسرے دریا میں زبردست طغیانی آئی ہے ۔ اس کے باعث ۲۵ ہزار آدمی بے گھر ہو گئے ہیں قریباً ایک ہزار مربع میل کا رقبہ اس طغیانی کی زد میں ہے ۔ برٹش کولمبیا کا جنوبی حصہ کٹ گیا ہے ۔ حالات پر قابو پانے کی کوشش کر رہی ہے ۔

مسٹر سہروردی کلکتہ پہونچ گئے

کلکتہ ۳۱ رمئی ۔ آج بعد دوپہر مسٹر ایچ ایس سہروردی کراچی سے کلکتہ پہونچے وہاں انہوں نے کراچی میں پاکستان آئین ساز اسمبلی میں شرکت کی ۔ ۵ ۔ ۳ دن جون کراچی سے مشرقی بنگال کا دورہ کرنا شروع کریں گے ۔

کمیونسٹوں کا نیا حملہ

چینی خانہ جنگی کی رفتار

نانکنگ ۳۰ رمئی چینی سرکاری اطلاعات مظہر ہیں کہ ۶۰ ہزار کمیونسٹ فوجوں نے ٹیننگ ، نانکنگ ریلوے کے کیٹون شہر کے وان پر نیا حملہ شروع کر دیا ہے شہر کی طرف زبردست لڑائی ہو رہی ہے ۔ شہر کے قریب شمالی مغرب کی طرف لڑائی ہو رہی ہے ۔ اور زمین ہلڈ کی جھیل کے علاقے یانگ سے کمیونسٹ دباؤ بڑھتا جا رہا ہے جنوب مشرق سے جانے کی امکانی فوجوں کو کمک بھیجی جا رہی ہے ۔ انہیں روکنے کے لئے زبردست گورنمنٹ فوج روانہ کر دی گئی ہے ۔

کراچی ۔ کیم جون ۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستانی ہائی کمشنر مقیم لندن مسٹر ابراہیم رحمت اللہ کو پاکستان کابینہ میں وزارت کا عہدہ دے دیا جائے گا ۔ آپ کو مسٹر ۔ ۔ ۔ کی جگہ مقرر کیا جائے گا جن کو افغانستان میں سفیر بنا کر بھیجا گیا ہے ۔

حیدرآباد سندھ کے ہندوؤں کی

وزیر پناہ گزیں اور مسٹر جناح سے فریاد

حیدرآباد سندھ ، کیم جون ۔ اخبار اسٹیٹسمین کا نامہ نگار رقمطراز ہے کہ اقلیتوں کی انجمن نے ہندوستان میں مقیم سندھی ہندو شرنارتھیوں کے مفاد کے پیش نظر گورنر جنرل پاکستان کے نام ایک عرضداشت بھیجی ہے جس میں قائد اعظم جناح کی توجہ غیر مسلموں کی چھوڑی ہوئی سکھر لاڑکانہ اور نوابشاہ کی جائدادوں کی طرف مبذول کرائی گئی ہے ۔ انجمن نے چند مثالیں پیش کی ہیں کہ اکثر غیر مسلموں کو جو ہندوستان بھیجے گئے ہیں ۔ ان کی زیر کاشت زمینوں سے محروم کر کے زمینوں کو مسلم پناہ گزینوں کے حوالہ یا نیلام کر دیا گیا ہے ۔ نیز مسلمان پناہ گزیں کرایہ دار سے ہندو مالکان مکان کو کرایہ ادا کرنے سے انکار کر دیتے ہیں ۔ مکانات پر کنٹرول رکھنے والا محکمہ بھی ہندوؤں کے ساتھ زیادتی کر رہا ہے ۔

اقلیتوں کی انجمن نے سندھ کے وزیر پناہ گزیں سید میراں محمد شاہ کو بھی ایک عرضداشت اسی مضمون کی بھیجی ہے ۔ اور مزید شکایت کی گئی ہے کہ حکومت کی طرف سے جن ہندو جائدادوں پر تالے لگا دئیے گئے تھیں مسلم پناہ گزینوں نے انہیں کھول کر بطور رہائش استعمال کرنا شروع کر دیا ہے ۔

یونان میں باغی کمیونسٹوں کے خلاف کارروائی

ایتھنز ۳۱ رمئی ۔ یونان میں باغی کمیونسٹوں کے خلاف سخت کارروائی شروع کر دی گئی ہے ۔

معلوم ہوا ہے کہ یونان کی سرکاری فوجوں نے کمیونسٹ لیڈروں کو بلغاریہ کی سرحد تک پیچھے دھکیل دیا ہے ۔ گذشتہ دو ماہ کے دوران میں قریباً ۱۳۰۰ باغی کمیونسٹ ہلاک ، مجروح یا گرفتار ہوئے ہیں ۔ بہت سے باغی کمیونسٹ بھاگ کر بلغاریہ پہونچ گئے ہیں ۔

سینماؤں میں قومی ترانہ

شملہ ۳۱ رمئی ۔ مشرقی پنجاب حکومت نے صوبہ کے تمام سینما کے مالکان کو ہدایت کی ہے کہ ہر کھیل کے خاتمہ پر کسی قسم کا قومی ترانہ نہ بجایا جائے بلکہ ایک لیڈر کے فوٹو یا جھنڈے کا فوٹو اسکرین پر دکھایا جائے ۔ اس حکم پر عملدرآمد فی الفور شروع ہوگا اور اس کی خلاف ورزی کی سزا دی جائے گی ۔

دارالسلطنت

یکم جون

سرکاری کوارٹروں پر قبضہ

نئی دہلی میں ان کوارٹروں پر زبردستی قبضہ کرنے کی کئی وارداتیں ہو چکی ہیں جو پی ڈبلیو ڈی کی طرف سے مختلف لوگوں کو الاٹ کر دیئے گئے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ پی ڈبلیو ڈی نے اس سلسلہ میں پارلیمنٹ اسٹریٹ اور تغلق روڈ کے تھانہ میں شکایت کی ہے۔ پولیس کی تحقیقات پر معلوم ہوا ہے کہ سرکاری کوارٹروں پر قبضہ کرنے کی پناہ گزینوں میں ایک خاص تحریک موجود ہے۔ اس بارہ میں سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ماتحت افسروں کو ایسے لوگوں کی گرفتاری کے لئے ہدایات جاری کر دی ہیں۔

میونسپل ملازموں کا مظاہرہ

کل دہلی میونسپلٹی کے تقریباً پچاس ملازموں نے ٹاؤن ہال کے سامنے مظاہرہ کیا۔ اس مظاہرہ کا مقصد ایک میونسپلٹی کے ملازم ایک الکٹریشن کی رہائی تھی جسے پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا۔ اس مظاہرہ سے تمام دہلی میونسپلٹی کے ملازموں کو تعجب ہوا۔ کیونکہ ان کو اس الکٹریشن کی گرفتاری کی خبر نہ تھی۔

کناٹ پلیس میں کشیدگی

کناٹ پلیس میں ریگل سینما کے سامنے ایک چوبی ڈیرہ میں آگ لگنے کی وجہ سے تین آدمی آگ میں جھلس گئے۔ فائر بریگیڈ کے آدمیوں نے ان کو بچایا۔ چند آدمی جھلس جانے کے باعث زیادہ بیچنے بچانے کی کوشش کی۔ سخت مجروح ہوئے۔ آگ پر جلد ہی قابو پا لیا گیا۔

ایک مسلح آدمی کی گرفتاری۔

فتح پوری کے قریب ایک شخص پر پولیس کو کچھ شبہ ہوا۔ اس پر پولیس نے اسکو روک کر اسکی تلاشی لی جس پر اس کے پاس سے ایک ریوالور اور گیارہ کارتوس برآمد ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے سپاہیوں کو گولی مارنے کی کوشش کی مگر سپاہیوں نے اس پر قابو پا لیا۔

شراب بندی

چیف کمشنر کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ آج سے دہلی میں جزوی طور پر شراب بندی کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔ ایک حکم کی رو سے جنگل کے دن دہلی کی لائسنس یافتہ جگہوں پر دیسی اور ولایتی شراب اور بھنگ کی فروخت کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ ابھی یہ بات معلوم نہیں ہو سکی کہ اس کا اطلاق کلبوں پر بھی ہوگا یا نہیں۔

زنانہ پولیس

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے دہلی میں مسلح پولیس دستوں کے اضافہ کرنے کی اسکیم کو منظور کر لیا ہے۔ تا حال دہلی مسلح پولیس میں ایک ہزار سے زائد جوان بھرتی کئے جا چکے ہیں۔ بھرتی شدہ لوگوں میں اکثر سابق فوجی ہیں۔ مسلح پولیس دستوں کو آزاد ہندوستان کے دارالسلطنت کے شایان شان تربیت دینے کے لئے چند فوجی

یوپی میں مسلم لیگ کی جدید تنظیم

مسٹر لاری صدر منتخب ہو گئے

لکھنؤ ۳۱ مئی۔ کل شام صوبہ یوپی کی مسلم لیگ کے تقریباً ۵۰ ممبروں کا ایک اجلاس ہوا اور مسٹر ظہیر الحسن لاری کو لیگ کا پریزیڈنٹ اور بیگم اعزاز رسول کو جنرل سکریٹری منتخب کیا گیا۔ اس سے قبل مسٹر معتوان الشاہد مسٹر ظہیر الحسن کی سخت مذمت کی گئی۔ اور انھیں صدارت سکریٹری کے عہدوں سے برخاست کر دیا گیا۔ چونکہ فرقہ وارانہ انجمنوں پر کوئی پارلیمنٹری سرگرمیاں عمل اور پسندیدہ نہیں ہیں۔ اس لئے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اسمبلی کی لیگ پارٹی اور مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کو بھی توڑ دیا جائے۔ جلسہ میں آل انڈیا مسلم لیگ کے پریزیڈنٹ مسٹر محمد اسمٰعیل سے یہ درخواست کی گئی کہ وہ کسی مرکزی مقام لکھنؤ یا کلکتہ میں مسلم لیگ کا اجلاس طلب کریں تاکہ مسلم لیگ کی آئندہ پالیسی اور پروگرام پر مزید غور کیا جا سکے۔ جلسہ میں فیصلہ کیا گیا کہ انڈین یونین میں مسلم اقلیت کے مفاد کی نگہداشت اور اسے بڑھانے کے لئے صرف ایک جماعت ہونی چاہئے۔ اور نئے صدر مسٹر لاری کو اس سلسلہ میں مناسب قدم اٹھانے کے اختیارات دیئے گئے ہیں۔

عربوں نے یہودیوں کی دو اور بستیوں پر قبضہ کر لیا

لندن ۳۱ مئی۔ وسط مشرق سے جو تازہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ عربوں نے یہودیوں کی دو اور بستیوں پر قبضہ کر لیا ہے۔ ان بستیوں پر قبضہ ہو جانے سے تل ابیب اور حیفہ کے رسل و رسائل کے سلسلہ کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ تل یہودی ہوائی جہازوں نے چند مقامات پر حملہ کیا لیکن نقصانات بہت معمولی ہوا۔ عراقی ہوائی جہازوں نے یروشلم تل ابیب سڑک پر یہودیوں کی موٹروں کے ایک قافلہ پر حملہ کیا۔

قاہرہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ مصر میں رہنے والے یہودیوں کو نہ ہی عارضی طور پر اور نہ ہی مستقل طور پر ملک سے باہر جانے دیا جائے گا۔ خواہ ان کے پاس جانے کی اجازت ہو۔ کل پولیس نے مختلف مقامات پر چھاپے مارے اور چند ریڈیو سٹ اپنے قبضہ میں لے لئے۔ ان کے علاوہ پچاس اشخاص کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔

ماہرین کی خدمات حاصل کرنے اور جدید اسلحہ مہیا کرنے کا بندوبست کیا جا رہا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت زنانہ پولیس فورس بنانے پر بھی غور کر رہی ہے۔ اس وقت دہلی میں تقریباً ۵۰ عورتیں پولیس میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ اور اس تعداد کو اتنے بڑے شہر کے لئے نہ ہونے کے برابر سمجھا جا رہا ہے۔

کوچین۔ یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ کراچی سے ایک جہاز پاکستان کا ۵ ہزار ٹن چاول لے کر کوچین پہنچ گیا۔ یہ چاول مدراس اور کوچین میں برابر تقسیم کر دیا جائے گا۔

اوٹا کمنڈ میں پنڈت نہرو کا شاندار استقبال

آپ اقتصادی سیشن کا افتتاح کرینگے

اوٹا کمنڈ یکم جون۔ وزیر اعظم ہند پنڈت نہرو نے جو ایشیائی و مشرق بعید کے ممالک کے اقتصادی کمیشن کے تیسرے سیشن کا افتتاح کرنے کے لئے کل شام اوٹا کمنڈ تشریف لائے ہیں۔ کونیور میں جوائنٹ شاہی ہندوستانی فضائیہ کے اسکول کا معائنہ فرمایا۔ آپ نے وہاں زیر تربیت نوجوانوں کو خطاب کیا جس میں انہیں تلقین کی گئی کہ انہیں اور صفائی کے ساتھ ساتھ غیر فرقہ وارانہ ذہنیت کا مالک ہونا چاہئے۔ اوٹا کمنڈ میں پنڈت نہرو کا پرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ وزیر اعظم پنڈت نہرو کے ہمراہ ان کی بھانجی مس ریتا پنڈت بھی تھیں گورنمنٹ ہاؤس میں گورنر مدراس سر آرکیبالڈ نائی کی لیڈی نے آپ کا استقبال کیا۔

عینی شاہدوں کا کہنا ہے۔ کہ کونور سے اوٹا کمنڈ کے دس میل لمبے راستے کے دونوں طرف بے پناہ ہجوم وزیر اعظم کو دیکھنے کے لئے جمع تھا۔

لائق علی اور مینن کی گفت و شنید

بقیہ صفحہ اول کالم ۵

ایک تازہ اطلاع کے مطابق پنڈت نہرو نے حکومت نظام کی اس دعوت کو نا منظور کر دیا ہے جس میں وزیر اعظم سے درخواست کی گئی تھی کہ اوٹا کمنڈ سے واپس آتے ہوئے وہ حیدرآباد میں قیام فرمائیں۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت نظام نے حکومت ہند کو ایک چٹھی بھیجی ہے جس میں حکومت نظام نے ہندوستان کی پیش کردہ تجاویز کے رد عمل کا اظہار کیا ہے اگرچہ اس چٹھی کا متن ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا ہے تاہم سرکاری حلقوں نے اس افواہ کی تردید کر دی گئی ہے کہ نظام نے ہندوستانی تجاویز کو ٹھکرا دیا ہے اور مصالحتی سلسلہ گفتگو کے ختم ہو جانے کا امکان پیدا ہو گیا ہے۔

اتحاد المسلمین کے صدر سید قاسم رضوی کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے کل ایک اعلانیہ کے ذریعہ ذمہ دار حکومت کے قیام ریاست میں ہندو ابادی کے مطالبات کی شدید مخالفت کی ہے۔

ضروری اطلاع

بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ نے پاکستان کیواسطے ہندوستان سے جو مال روانہ کیا ہے تقریباً ۶۵ گاڑیاں ابوہر منڈی پر رکی ہوئی پڑی ہیں جب تک آپ یا آپ کا نمائندہ ابوہر منڈی کسٹم پر جا کر مال کو چیک نہیں کرائیگا اسوقت تک آپ کا مال پاکستان نہیں جا سکیگا، اگر آپ نے لاپرواہی سے کام لیا تو ہو سکتا ہے کہ مال نیلام ہو جائے اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ آپ فوراً توجہ دیں تمام گاڑیوں کے نمبر میرے پاس موجود ہیں، آپ اس سلسلہ میں میری خدمات لے سکتے ہیں فوراً توجہ دیں، آئندہ پاکستان کیواسطے آپ کہیں سے بھی بکنگ کرائیں اسوقت تک نہ کرائیں جبتک کسٹم کا انتظام نہ ہو، آپکے فائدہ کیواسطے شائع کیا گیا

محمد سلام اینڈ کمپنی

کمیشن ایجنٹ ہملٹن روڈ

مال گودام دہلی

یہودی جہاز غرق کر دیا گیا

دمشق یکم جون۔ شامی فوج کے ایک ترجمان نے بتایا گیا ہے کہ ایک یہودی جہاز کو ہوائی بمباری سے ڈبو دیا گیا۔ شامی ہوائی جہازوں نے یہودیوں کے الکیہ گاؤں پر زبردست بمباری کی بطریں کے جزیرہ میں صبح ناکے ایک اڈہ پر شامی توپخانے نے سخت گولہ باری کی اور جھیل میں ایک یہودی کشتی کو غرق کر دیا۔

بیت المقدس میں یہودیوں کی شرارت

گرجوں کو فوجی اڈے بنا لیا

بیت المقدس یکم جون۔ فلسطین کی عیسائی کونسل کی طرف سے یہ شکایت کی گئی ہے کہ یہودی فلسطین کے مقدس مقامات کو فوجی اڈوں کی صورت میں استعمال کر رہے ہیں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہودیوں نے کئی عمارتوں اور ۳ گرجوں پر قبضہ کر لیا ہے۔

وزیر اعظم اٹلی کا دروغ مصلحت آمیز

بقیہ صفحہ اول سے آگے

گذشتہ جمعرات کو مسٹر ہربرٹ موریسن (لندن) نے اعلان کیا تھا کہ مسٹر بیون ایک بیان دیں گے۔ ... خارجہ کے نائب وزیر مسٹر کرسٹوفر میہیو نے فلسطین سے متعلق کئی سوالات کے جوابات دیتے ہوئے ... اسلحہ کے متعلق مسٹر میہیو نے بتایا کہ تولیت کے ختم ہونے تک مصر، عراق یا شرق اردن کے ذریعہ برطانوی جنگی سامان کام میں لانے کی براہ راست کوئی شہادت موجود نہیں۔ البتہ ۱۵ مئی کے بعد جاننا ہے کہ عرب فوجوں نے فلسطین کے اندر وہ اسلحہ استعمال کیا جو گذشتہ سالوں میں انہیں برطانیہ نے دیا تھا۔

اب چونکہ سلامتی کونسل نے جنگی سامان کی فراہمی کو ممنوع قرار دینے کی تجویز کو منظور کر لیا ہے۔ حکومت برطانیہ اس پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ مسٹر کرسٹوفر نے بتایا کہ برطانیہ نے تقریباً چالیس لاکھ پونڈ شرق اردن کو اس کے دفاع کے لئے دیے ہیں۔ آئندہ ... اس کا تعین نہیں کیا۔ ایک یہودی لیبر ممبر مسٹر سڈنی سلورمین کے اس سوال پر کہ ... امداد کس کے خلاف دفاع کر رہا ہے مسٹر کرسٹوفر خاموش رہے۔ اگرچہ بعض نشستوں سے شور و غوغا بھی بلند ہوتا رہا۔

ڈیرہ دون ۳۱ مئی۔ صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیا جو کچھ عرصہ سے علیل تھے اب بہتر ہیں۔ اس بات کی امید ہے کہ آپ اگلے ہفتہ دہلی روانہ ہو جائیں گے۔

اقلیتوں سے اچھا برتاؤ کیا جائے

مسٹر سہروردی کی اپیل

کراچی ۔ ۳۱ مئی۔ بنگال کے سابق وزیر اعظم مسٹر سہروردی نے کلکتہ روانہ ہونے سے قبل یہاں ایک ملاقات میں سندھ کے مہاجر مقامی مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ ہندوؤں کے ساتھ اچھا سلوک کریں آپ نے کہا کہ پاکستان کی بقاء کے لئے یہاں اقلیتوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جانا ضروری ہے۔ آپ نے کہا کہ دہشت انگیزی نہ ہونے سے یہ سمجھنا کہ سب ٹھیک ٹھاک ہے مناسب نہیں اس وقت خیر سگالی کے سرگرم جذبہ کی اور امن اور اتحاد کی ضرورت ہے۔ آپ نے کہا کہ پاکستان میں مسلمانوں کا اور ہند میں ہندوؤں کا اسے حاصل کرنا ضروری ہے۔ آپ نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر حکومت اور اکثریت سندھ سے ہندوؤں کی ہجرت کو روکنا چاہیں تو ایسا ہو سکتا ہے اور گئے ہوئے لوگ واپس آ سکتے ہیں۔ آپ نے کہا سندھ کے ہندوؤں کو کابینہ میں نمائندگی دی جانے۔ ان کو پولیس سپرنٹنڈنٹ اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی جگہیں بھی جائیں۔ اور جب پاکستان کے کانگریسی ہند یونین کی کانگرس سے قطع تعلق کر چکے ہیں تو ان باتوں پر عمل ہونے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونا چاہئے

لندن یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ کاؤنٹ برناڈوٹ جن کو مجلس تحفظ کی طرف سے فلسطین میں ثالث مقرر کیا ہے کل قاہرہ سے بذریعہ ہوائی جہاز تل ابیب گئے اور یہودی حکومت اسرائیل کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی قاہرہ روانہ ہونے سے قبل انہوں نے اعظم پاشا سے بھی ملاقات کی تھی۔ باخبر لوگوں کا خیال ہے کہ اس گفتگو کا کوئی مفید نتیجہ نہیں نکل سکا۔ معلوم ہوا ہے کہ اعظم پاشا نے صاف طور پر کاؤنٹ سے کہدیا کہ عرب جنگ نہیں چاہتے لیکن اب جبکہ فلسطین پر عربوں کو بے در بے فتوحات حاصل ہو رہی ہیں۔ اقوام متحدہ یہودیوں کو بچانے کے لئے فلسطین کے معاملے میں مداخلت کر رہی ہے

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم، کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ اپنے ہاں سے یہاں ہول سیل اور ریٹیل نرخ پر کفایت ملتے ہیں۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین طبیاران چاندنی چوک دہلی

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی ورفیوریلو بااینڈ کمپنی کی کلائی اور جیبی گھڑیاں

میچلس سپیشل ... قیمت ساٹھ روپے

سکلنڈ پاکٹ واچ ... دس سال گارنٹی قیمت چالیس روپے ... محصول ڈاک بذمہ خریدار

ایس۔ ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس حویلی حسام الدین طبیاران چاندنی چوک دہلی

سرمہ مقوی بصر	ابتدائی نزول الماء کو روکنے، دھند، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے، ڈھلکے ہونے ... کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنے
سرمہ اصلاح چشم	دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے۔ بارہا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشے دو روپے
سفوف شجاعی	جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو خرابی صحت کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہیں نہایت مجرب ہے۔ بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ قیمت چالیس خوراک بیس روپے فی خوراک چار آنہ
حب شمسی	آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتی ہے آزمودہ ہے قیمت مکمل خوراک ... روپے۔
حب مسیحی	ہاضمہ، ریح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنے
حب شیر مینن	بچوں کے امراض جگر، نیز دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ قیمت فی شیشی دس گولی ... روپے
سفوف سلطانی	سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب و الجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ میں ایک قطعہ آراضی موسومہ باغ پیر جی والا محلہ قاسم جان متصل رام باغ لنکش دہلی۔ عملہ جات جو اس پر بنی ہوئی ہیں جن کے نمبر میونسپلٹی ہوس ٹیکس نمبر ۵ ۱۱۷۸ تا ۱۲۰۱۶ ہیں بلا شرکت غیرے ان کی مالک ہوں مجھے معلوم ہوا ہے کہ چند اشخاص بھی طور پر عملہ جات مذکورہ اپنی ملکیت ظاہر کر کے فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کرتی ہوں کہ کسی شخص کو عملہ جات مذکورہ کو فروخت کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ میں عملہ جات مذکورہ کی واحد مالک ہوں اور اگر کوئی شخص ان کو خرید کرے گا تو اس کو کسی قسم کے حقوق حاصل نہ ہوں گے اور نہ میں اس کی پابند ہوں گی۔ فقط

المشتہرہ: مسماۃ بیگم جان صاحبہ زوجہ شیخ فیروز الدین صاحب جاپان والے بذریعہ محمد سلیمان مختار عام مہانک علی بخش خان گلی ہنگا بیگ دہلی

جب آپ دہلی تشریف لائیں

آزاد ہند ہوٹل نو جامع مسجد دہلی

میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہائش کا بہترین انتظام ہے

افضل پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل اردو منزل اردو بازار دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۹۷ نمبر

الجمعیۃ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط

ادارۂ تحریر
محمد سلیمان صابر ۔ شیخ احمد ایم اے

روزانہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے

نمبر ۱۱۱

دہلی یوم جمعہ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۶۶ھ مطابق ۴ جون ۱۹۴۷ء

پاکستان کے پولیٹیکل ایجنٹ بے رحمانہ طور پر قتل کردیئے گئے

پشاور ۳ جون ۔ اطلاع ملی ہے کہ مسٹر بی ۔ ٹی ڈکمن جو جنوبی وزیرستان میں حکومت پاکستان کی طرف سے پولیٹیکل ایجنٹ مقرر تھے ۔ پچھلے دنوں ایک محسود قبائلی کی گولی کا نشانہ بن گئے ۔ [illegible]

حکومت صوبہ سرحد کے ایک پریس کمیونک میں مسٹر بی ۔ ٹی ڈکمن کے حادثۂ قتل پر اظہار افسوس کیا گیا ہے ۔ [illegible]

کمیونسٹ بہت بڑے پیمانہ پر ہندوستان میں بغاوت کی تیاریاں کررہے ہیں

مدراس بنگال اور برما کے کمیونسٹوں کا گٹھ جوڑ

مغربی بنگال کے وزیر داخلہ کا اہم انکشاف

کلکتہ ۳ جون ۔ کمیونسٹ پارٹی کا پروگرام جو اس وقت پوشیدہ طور پر اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے یہ ہے کہ خفیہ اور ظاہرہ طور پر آئندہ ۶ ماہ کے لئے اس بات کی مسلسل کوشش کی جائے کہ مسلح بغاوت [illegible] حکومت پر قبضہ کرنے کے لئے میدان تیار کیا جائے ۔ [illegible] مغربی بنگال کے وزیر داخلہ مسٹر کرن شنکر رائے کے جو انہوں نے اخبارات کے نام جاری کئے ہوئے ایک بیان میں کہے ہیں ۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ ہمارے پاس اس بات کی شہادت موجود ہے کہ مغربی بنگال کے کمیونسٹوں کا مدراس اور برما کے کمیونسٹوں سے تعلق ہے اور وہ مختلف مقامات پر ہتھیار جمع کرنے کی کوشش کررہے ہیں ان میں سے کچھ ہتھیار پولیس کے حالیہ چھاپوں میں برآمد ہوئے ہیں ۔

کمیونسٹ پارٹی کے جن خفیہ کاغذات پر حکومت نے قبضہ کیا ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی تمام ملک میں کانگریسی حکومت کو ناکام بنانے کے لئے ہڑتال کرنے کی سوچ رہی ہے ۔ ان اطلاعوں سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پارٹی کا آخری مقصد ملک میں مسلح بغاوت ہے چنانچہ ابھی سے "خانہ جنگ" کے لئے اور دوسری امور کے لئے چندہ جمع کیا جارہا ہے ۔ حکومت کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ انڈر گراؤنڈ کمیونسٹ پارٹی گزشتہ چند دنوں میں مختلف انجمنوں کے نام سے جلسے جلوس ہڑتال اور مظاہرے کرنے کا انتظام کررہی ہے تاکہ حکومت کے ساتھ ٹکر لی جاسکے ۔ مسٹر رائے نے اپنے بیان کے آخر میں پبلک سے اپیل کی ہے کہ قبل اس کے کہ یہ سازش کوئی خوفناک شکل اختیار کرسکے وہ اس کے خاتمہ میں حکومت کے ساتھ تعاون کریں ۔

بمبئی یکم جون ۔ بمبئی کے ایک ہفتہ وار اخبار [illegible] کے ۔ سرمایہ کے پرچے حیدرآباد دکن پہنچتے ہی ضبط کرلئے گئے ۔

ڈاکٹر مستھائی معاشی کمیشن کے صدر منتخب ہو گئے

[illegible] ڈاکٹر جان مستھائی منتخب [illegible] اور مشرق بعید کے معاشی کمیشن کے ۱۹۴۸ء کے لئے صدر منتخب کرلئے گئے ۔ [illegible] ڈاکٹر مستھائی کا نام چینی وفد کے صدر [illegible] ۔ [illegible] اور سامان کی تقسیم کا مناسب انتظام ۔ آپ نے ایشیائی ممالک کے لئے ایک انجمن قائم کرنے کی بھی سفارش کی ۔ [illegible] بھی اپنے نائب صدر منتخب ہونے پر اراکین کمیشن کا شکریہ ادا کیا ۔ ڈاکٹر مستھائی کے صدر منتخب [illegible] وفد کی قیادت سے فرائض ڈاکٹر [illegible] انجام دیں گے ۔

نئی دہلی ۳ جون ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند [illegible] اور اس سلسلہ میں کمیٹی [illegible] گفت و شنید ہو رہی ہے ۔ اور جلد ہی [illegible] کے ہاتھ بیچنے کا فیصلہ [illegible] نہیں کرسکے ۔

یہودیوں نے بھی عارضی صلح کی اسکیم منظور کرلی

عراقی فوجوں نے یہودیوں کے دارالسلطنت کا محاصرہ کرلیا

لندن ۳ جون ۔ یہودیوں کی حکومت اسرائیل نے فلسطین میں ایک ماہ کے لئے جنگ بندی [illegible] اپنے فیصلہ سے اقوام متحدہ کو مطلع کردیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ عرب اقوام متحدہ کی تجویز کو تسلیم کرتے ہیں ۔ یہودی حکومت نے یہودی نوجوانوں کو اس شرط پر [illegible] ۔ [illegible]

وسطی محاذ عراقی فوجوں نے [illegible] کا محاصرہ [illegible]

جنوبی محاذ [illegible]

فلسطین کی لڑائی فلسطین کی لڑائی کا تیسرا ہفتہ ہے اور لڑائی کی صورت حال یہ ہے ۔

شمالی محاذ یہودی ہوائی جہازوں نے شرق اردن کے دارالسلطنت عمان پر حملے کئے ۔ [illegible]

مصری ہوائی جہازوں نے تل ابیب کے جنوب مشرق میں ۱۰ میل کے فاصلہ پر بمباری کرکے ایک یہودی مقام پر بمباری کرکے آگ لگادی ۔

مسٹر جناح نے اتحادالمسلمین رضاکاروں سے ملنے سے انکار کردیا

کوئٹہ ۔ یکم جون ۔ مسٹر محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان سے ملنے کے لئے حیدرآباد کی مجلس اتحادالمسلمین کے تین نمائندے کسی منصب [illegible] کوئٹہ پہنچے ۔ یہ اطلاع جو گورنر کے کیمپ سے جاری ہوئی ہے [illegible] کی گئی ہے اس میں بتایا گیا کہ ان نمائندوں سے کہہ دیا گیا کہ مسٹر جناح کو اس بات کا سخت افسوس ہے کہ وہ ان نمائندوں سے ملاقات نہیں کرسکتے ۔ [illegible]

ہند کی حکومت اور کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی کے افراد بالغان رائے دہندگان سے منتخب ہوکر نہیں آئے ہیں

مشرقی بنگال میں نہیں آنے کا چاول اور ایک روپیہ سیر چاول بک رہا ہے

ان کو کوئی حق نہیں کہ دوسروں کو ذمہ دار حکومت کی تلقین کریں

حیدرآباد کو شمولیت سے باز رکھنے کے لئے مسٹر رضوی کا عذر لنگ

نئی دہلی ۔ ۳ جون ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی ریاستی وزارت کے سکریٹری مسٹر وی پی مینن نے جو نظام حیدرآباد سے ملنے کے لئے کل حیدرآباد روانہ ہونے والے تھے اپنی روانگی کو اس وقت تک کے لئے ملتوی کردیا ہے جب تک کہ سرکاری طور پر حکومت نظام ہندوستانی تجاویز کو منظور نہیں کرتی ۔

[illegible] کے ساتھ کسی نتیجہ پر نہ پہنچنے کے باعث ان کی آمد میں تاخیر ہوگی ۔

مجلس اتحادالمسلمین جو ریاست حیدرآباد کی ایک مقتدر اور بااثر جماعت ہے کے صدر سید قاسم رضوی نے ہندوستانی تجاویز کے قبول کرنے یا رد کرنے کے بارے میں کسی قسم کا تبصرہ کرنے سے انکار کردیا ہے البتہ مسٹر رضوی نے حکومت ہند پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ہند جو "ذمہ دار حکومت" کا پرچار کررہی ہے اور جس کی کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی کے افراد بالغان کے حق رائے دہی سے منتخب ہوکر نہیں آئے ہیں کہ حیدرآباد میں ذمہ دار حکومت قائم کرنے کا ذمہ دار [illegible]

سرکاری ہسپتالوں میں دوائیں نہ ملنے سے ڈاکٹر مستعفی ہو رہے ہیں

مشرقی پاکستان میں نازک صورت حالات

کراچی ۔ یکم جون ۔ اب تک مشرقی پاکستان کے صنعتی تجارتی اور تعلیمی ترقی کے لئے کوئی سوچی سمجھی اسکیم تیار نہیں کی گئی ہے اور نہ صوبائی حکومت نے ۔ یہ وہ انکشافات جو مولوی نور احمد صاحب نے کیا ۔ آپ مشرقی بنگال کی طرف سے پاکستان پارلیمنٹ کے ممبر ہیں آپ نے پاکستان پارلیمنٹ میں گزشتہ سیشن میں [illegible]

مشرقی بنگال کی عام حالت کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا [illegible]

حکیم مولانا لدھیانوی کا انتقال پر ملال

دہلی ۳ جون ۔ نہایت افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی کی اہلیہ محترمہ جو چند روز سے علیل تھیں کل رات انتقال فرماگئیں ۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

ادارہ الجمعیۃ اس سانحہ میں مولانا حبیب الرحمن کا شریک ہے ۔ بارگاہ ایزدی میں دعا ہے کہ مرحومہ کی روح کو جوار رحمت میں جگہ عطا ہو اور پسماندگان کو صبر جمیل ۔

باہمی رواداری اور یکجہتی سے آگے بڑھو

کشن گنج اتحاد و ترقی کانفرنس کا تجویزیں

[illegible] کشن گنج میں انجمن اتحاد و ترقی کا ایک شاندار جلسہ [illegible] منعقد ہوا ۔ [illegible]

B4

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۴ جون ۱۹۴۸ء

ہندوستان اور فلسطین

تنگ نظری اور تعصب کو کون برا نہیں کہتا، اس کی مذمت میں کس کی زبان نہیں کھلتی؟ ہندوستان اسی لئے تباہ ہوا کہ یہاں تعصب کی کارفرمائی حد سے بڑھ گئی اور انصاف اور حق پرستی کا گلا گھونٹ دیا گیا، لاکھوں انسان قتل ہوئے اور بیشمار لوگوں کو دیس نکالا ملا، کوئی مشین تعصب سے بڑا کام نہیں کرتی، کوئی حرکت نفرت کا مقابلہ نہیں کر سکتی اگر حکومت چاہتی کہ ایک کروڑ انسان گھر سے بے گھر ہو جائیں تو وہ ناکام رہتی، اور بیس سال میں بھی یہ خواہش پوری نہ ہوتی مگر تعصب اور نفرت ظلم اور ناانصافی نے ناممکن کو ممکن اور غیر فطری چیز کو فطری بنا کر دکھا دیا اور بیشمار انسان دیکھتے ہی دیکھتے اس طرح ادھر سے ادھر ہو گئے، گویا کسی زبردست اور طاقتور جن کھیل نے انہیں یہاں سے وہاں اور وہاں سے یہاں اٹھا کر پھینک دیا ہے، جہاں تعصب نے انسان کا زاویہ نگاہ بدلا ساری دنیا بدلی ہوئی نظر آئے گی اور انسان مجبور ہو گا کہ دو اور دو کو پانچ سمجھے اور سفید پر سیاہی کا حکم لگا دے!

فلسطین کے بارے میں ایک نئے تعصب نے سر اٹھایا ہے اور ہندوستان کے کچھ غیر مسلم لیڈر اور اخبارات نے اس مسئلہ کو بھی فرقہ وار بنانے کی کوشش شروع کر رکھی ہے، معاملہ اتنا صاف ہے کہ اس پر تعصب کا غبار ہرگز نہ پڑنا چاہیے، مگر فرقہ پرستانہ تنگ نظری کو اس پر خاک اڑانے کا پورا موقعہ مل گیا ہے۔

بات صرف اتنی ہے کہ فلسطین عربوں کا وطن ہے اور اس پر ان ہی کو حکمرانی کا حق حاصل ہے لیکن لوگوں نے سمجھا یہ کہ عربوں سے مراد صرف مسلمان ہیں اور عربوں کی حمایت مسلمانوں کی حمایت ہے اور چونکہ ہندوستان کی تاریک فضا میں مسلمانوں کی حمایت برداشت نہیں کی جا سکتی اس لئے ضروری ہے کہ ان کی مخالفت ہو اور فلسطین کی جنگ میں یہود کی حمایت کی جائے، عربوں کی مخالفت اس لئے کہ مسلمانوں کی مخالفت ضروری ہے، اور یہود کی حمایت اس لئے کہ دشمن کا دشمن ہمیشہ دوست ہوتا ہے!

حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ عربوں سے مراد صرف مسلمان نہیں ہیں بلکہ ان میں عرب عیسائی عرب یہودی، عرب مسلمان سب ہی شامل ہیں یعنی فلسطین پر اہل فلسطین کو حکومت کرنے کا حق حاصل ہے خواہ وہ یہودی ہوں یا عرب اور عیسائی، اور باہر کے لوگوں کو وہاں آباد ہونے اور اس پر حکومت کرنے کا کوئی حق نہیں خواہ مسلمان ہوں یا یہودی اور عیسائی اگر ہم اہل فلسطین کی حمایت کرتے ہیں تو گویا... عیسائیوں، یہودیوں اور مسلمانوں کی حمایت کرتے ہیں اور حق و انصاف کا ساتھ دیتے ہیں اگر صیہونیت کی حمایت کرتے ہیں تو اس سے نہ صرف ظلم و عدوان کی حمایت لازم آتی ہے بلکہ بیک وقت یہود، عیسائی اور مسلمان کی مخالفت بھی لازم آتی ہے اور یہ وہ جرم ہے جس کا مرتکب کوئی بھی انصاف پسند نہیں ہو سکتا! لیکن افسوس ہے کہ ہندوستان کے بعض اخبارات اور لیڈروں نے مسلم دشمنی کے پردہ میں عربوں کی مخالفت اور یہود کی حمایت شروع کر رکھی ہے بلکہ حکومت کو بھی مشورہ دیا جا رہا ہے کہ وہ اسرائیلی حکومت کو تسلیم کرلے اور اپنی اصول پسندی اور جمہوریت نوازی کو بالائے طاق رکھ دے!

چنانچہ اکالی لیڈر ماسٹر تارا سنگھ نے نام نہاد اسرائیلی حکومت کو اپنی تبریک و تہنیت سے نوازا ہے اور حکومت ہند کو بھی اس جرم میں شرکت کی دعوت دی ہے۔

مشہور سوشلسٹ لیڈر رام منوہر لوھیا نے لکھنؤ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ وہ پندرہ سال پہلے عربوں کے حامی تھے، مگر اب وہ ان بہادر یہودیوں کے حامی ہیں جو اپنی ریاست کے قیام کے لئے زبردست قربانیاں دے رہے ہیں چند اخبارات کو چھوڑ کر اکثر و بیشتر غیر مسلم اخبارات بھی مسلم دشمنی کے شوق میں کھلم کھلا یہود کی حمایت پر اتر آئے ہیں اور عربوں کی مخالفت پر اپنا زور صرف کر رہے ہیں! مثلاً ایک اخبار اپنے اداریہ میں لکھتا ہے کہ "چونکہ عربوں کو ابتدا میں کچھ کامیابی حاصل ہو گئی ہے اس لئے ان کا دماغ خراب ہو گیا ہے، لیکن جب یہود کو باہر سے امداد ملنی شروع ہو گی تو انہیں آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے گا"! ایک دوسرا اخبار لکھتا ہے کہ "یہ عرب ریاستیں کیا ہیں، انہیں تو اکیلا امریکہ ہی کافی ہے"!

حالانکہ جہاں تک امریکہ کی طاقت کا سوال ہے وہ عرب ریاستوں کے لئے ہی کیا ہند اور پاکستان سب کے لئے کافی ہے مگر تنگ نظری اور تعصب کے زور کو دیکھئے کہ وہ چرکے لگا کر اور منہ چڑا کر اپنا کلیجہ ٹھنڈا کر لینا چاہتا ہے!

تحریک خلافت کو ہندو مسلمانوں نے چلایا اور اسپرٹ حریت وطن کی داغ بیل ڈالی فلسطین اور مصر کے معاملہ میں کانگریس نے ہمیشہ انصاف کا ساتھ دیا اور انگریزی پالیسی کو چیلنج کیا، ترکوں کے معاملہ میں کبھی ہندو مسلمانوں کی دو رائیں نہیں ہوئیں مگر اب جبکہ برطانیہ کی جمہوریت کش اور امریکہ کی یہود نواز پالیسی نے عربوں (یہود عیسائی اور مسلمانوں) کے لئے زندگی اور موت کا سوال پیدا کر دیا ہے تو ہمارے برادران وطن محض گھریلو اختلاف سے متاثر ہو کر نہ صرف دنیائے اسلام کی مخالفت پر اتر آئے ہیں بلکہ اپنی سیاسی روایات اپنے وطنی نقطہ نگاہ اور اپنی ملکی مصلحتوں کو بھی تلانجلی دے رہے ہیں!

گھریلو اختلافات کا ایک دائرہ ہوتا ہے۔ ذاتی کشاکش کی ایک حد ہوتی ہے اور جس قوم کا کوئی کیرکٹر ہو وہ اپنی نفسی شرافت اور نزاعی حدود کو بھی ملحوظ رکھتی ہے، لیکن یہ کیا کہ ہے یہاں کے مسلمان سے اختلاف ہوتے ہی عربوں کی مخالفت شروع کر دی گئی اور ملک کی تقسیم کے نتیجہ میں تپی ہمدردیاں یہود کے حوالہ کر دی گئیں؟ یہ طرز عمل کسی گھٹیا قسم کی اور سبک نظرت قوم کو تو زیب دے سکتا ہے، اعلیٰ کیرکٹر کی قوم کو زیب نہیں دے سکتا، کیسی نازیبا حرکت ہے کہ یہاں کی مخالفت کا بدلہ عربوں سے لیا جائے اور یہاں کا تعصب وہاں بجلی بن کر گرے! حکومت ہند اپنی پرانی پالیسی پر قایم ہے اور بقول ہندی سفیر متعینہ مصر "حکومت ہند کی تمام ہمدردیاں عربوں کے ساتھ ہیں" اس کے بعد حالات کا تقاضہ یہ ہے کہ ہندوستان فلسطین کے معاملہ میں عربوں کا ساتھ دے اور مشرقی وسطیٰ کو تیسری جنگ کا مرکز نہ بننے دے!

جون میں کیا ہو گا؟

ہند اور پاکستان دونوں میں شہرت ہے کہ جون میں ہندو مسلمان پھر جون بدلیں گے، دلیل یہ کہ پندرہ اگست کے بعد انگریز کے جاتے ہی خون خرابہ ہوا، فلسطین سے جاتے ہی انگریز نے عرب اور یہود کو خوب لڑایا، اب پندرہ جون کے بعد موجودہ وائسرائے کی تشریف بری بھی کچھ ایسا ہی گل کھلائیگی ان احمقانہ خیالات اور دلائل کا صرف ایک ہی جواب ہے کہ یہ افواہیں قطعی بے بنیاد ہیں، جو شخص اس قسم کی افواہیں پھیلائے اس کی گوشمالی کرو اور زبان سے اچھی باتیں نکالو، پاکستان اور ہند میں جنگ کا خیال احمقانہ ہے، دانشمندی اسی میں ہے کہ ہم صلح و امن کی باتیں کریں اور خوف و ہراس کو پاس نہ پھٹکنے دیں۔

بزرگانہ روش

والذین لا یشہدون الزور ۔۔۔ الخ

(قرآن مجید ۔۔۔)

خدا پرست وہ لوگ ہیں جو کبھی جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب وہ کسی لغویات کو دیکھتے ہیں تو بزرگانہ انداز سے گذر جاتے ہیں۔

کسی کے خلاف جھوٹی گواہی دینا فساد کا دروازہ کھولنا اور ایک پورے انسان کو نقصان پہونچانا ہے، جو شخص جھوٹی گواہی دے کر دوسروں کو ذلیل کریگا وہ اس بات کے لئے تیار رہے کہ دوسرے بھی اس کے خلاف جھوٹی گواہی دیں اور اسے رسوا کریں، اس قسم کے کذاب لوگ سوسائٹی کے مجرم ہیں اور اخلاق کی بارگاہ سے انہیں کبھی معافی نہیں مل سکتی۔

جو لوگ وسیع النظر اور شریف نژاد ہوتے ہیں وہ کبھی لغویات میں مبتلا نہیں ہوتے اور فضولیات کو اچھال کر معاملہ کو طول نہیں دیتے وہ ان لغویات کو دیکھ کر کچھ ایسی روش اختیار کرتے ہیں کہ اصلاح بھی ہو جائے اور ان کی شان کو بٹہ بھی نہ لگے۔ اکابر کا کام اپنی شان کے شایاں ہوتا ہے، اور ان کی عبادات بزرگانہ شفقت کا مظہر ہوتی ہے، پس جھوٹی گواہی سے بچو اور اپنی عظمت پر کبھی داغ نہ آنے دو۔

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

قوم کی امانت

دہلی میں بچوں کے گھر کے نام سے ایک یتیم خانہ انجمن مؤید الاسلام دریا گنج کی بلڈنگ میں عرصہ سے قائم ہے۔ اس یتیم خانہ کی حیثیت عام یتیم خانوں سے بالکل الگ ہے۔ یہاں بچوں کی تعلیم اور تربیت کے لئے جامعہ ملیہ کے قابل ترین استاد مقرر ہیں جو بچوں کی تعلیم و تربیت کا نہایت بلند مذاق رکھتے ہیں سنی اوقاف کمیٹی، بچوں کے گھر کی نگراں ہے اور اس کے ماتحت یہ ادارہ چل رہا ہے۔

یتیم بچے قوم کی امانت ہیں لیکن افسوس ہے کہ لوگوں نے ان بچوں کو کھانے کمانے کا ٹھیکرا بنا رکھا ہے، ہر اجتماع میں بچوں سے بھیک منگوانا، گھر گھر بھیج کر آٹا جمع کرانا، وردیاں پہنا کر انہیں دعوتوں میں بھیجنا اور اس طرح ان کی بے کسی کی نمائش کرنا یہ عام یتیم خانوں کا طرز عمل ہے، لیکن بڑی خوشی کی بات ہے کہ بچوں کا گھر ان تمام باتوں سے پاک ہے اور اس میں ایسے طریقہ پر بچوں کی پرورش اور انکی تعلیم ہوتی ہے کہ نہ دیکھنے والا یہ محسوس کر سکتا ہے کہ وہ ایسے بچوں کو دیکھ رہا ہے جن کے سروں سے ان کے ماں باپوں کا سایہ اٹھ چکا ہے۔ اور نہ بچوں میں احساس یتیمی پیدا ہوتی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ بات کہ بچوں کے گھر میں بچوں کو ابتدا ہی سے ایسی دستکاریاں سکھائی جاتی ہیں جن کے ذریعے بچے بخوبی اپنا پیٹ بھر سکتے ہیں۔

ایسی صورت میں اسے قوم کی بدنصیبی کہئے کہ کچھ لوگ یتیم بچوں کو سمیٹ کر ان کے ذریعے دکانداری کا سلسلہ شروع کرنا چاہتے ہیں۔ انجمن حیات الاسلام سے ہم کافی سبق لے چکے ہیں اس لئے عام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس قسم کے لوگوں کو آگے نہ آنے دیں اور سنی اوقاف کمیٹی سے یہی عرض کروں گا کہ وہ قانونی طور پر اس قسم کے فتنوں کا انسداد کرے کیونکہ موجودہ حالات میں صرف دہی ادارہ ہے جو اس قسم کے کاموں کی تنظیم کر سکتا ہے۔

اخلاق حسین قاسمی۔ ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

یکم جون ۴۸ء

شکریہ

جناب اڈیٹر صاحب۔ حکومت یو۔پی کے محترم وزیر اعظم اور وزیر تعمیرات کی خدمت میں اپنے موقر اخبار کے ذریعہ میرا دلی شکریہ اور مبارکباد پہنچا دیجئے کہ جناب معظمین نے ضلع عنور اور ضلع نینی تال کو پختہ سڑکوں کے ذریعے ملا دینے اور سہولت سفر بہم پہنچانے کے لئے انتظامات شروع کرا دیئے ہیں جس کی وجہ سے تاجر پیشہ لوگوں کو نہایت ہی خوشی ہوئی اور انہوں نے اطمینان کا سانس لیا مگر ایک بات لائق غور اتفاق ہے وہ یہ کہ موسم برسات میں بعض ندیاں اتنی تیزی سے بہتی ہیں کہ آمد و رفت حتیٰ کہ ڈاک کا نظام بھی ابتر ہو جاتا ہے علاوہ ازیں جس آبادی سے ان کا گذر ہوتا ہے اس کے قرب و جوار کی کھیتی وغیرہ کو تباہ کر دیتی ہیں۔ لہٰذا میں وزرا موصوف سے پرزور اپیل کروں گا کہ ان ندیوں کے پلوں کی تعمیر بھی شروع کرا دی جائے۔ صوبہ کی ضروریات اور بجٹ کا لحاظ رکھتے ہوئے میری رائے میں یہ ہو سکتا ہے کہ ضلع بجنور میں سیرکوٹ اور دانیا والا یا افضل گڑھ کے درمیان دریائے رام گنگا پر اور ضلع نینی تال میں کاشی پور اور جسپور کے درمیان، دریائے ڈھیلا پر پلوں کی تعمیر تو ضرور ہی شروع کرا دی جائے، تاجر پیشہ لوگوں کے علاوہ، ضلع کے صدر مقامات کو جانے کے لئے عام ۔۔۔ اور سرکاری لوگوں کو برسات کے موسم میں بہت زبردست دقت اور اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مجھے توی امید ہے کہ آنریبل وزرا اس اپیل پر غور کریں گے اور پوری توجہ دیں گے۔ اور عوام کی دعائیں حاصل کرینگے۔

حکیم منشی محمد عبدالحکیم قریشی نگینوری۔ ہلدوانی۔

۳۰ مئی ۱۹۴۸ء

پاکستان کی اقلیتیں

مسٹر شہید سہروردی نے کراچی سے روانہ ہوتے ہوئے اخبارات کے نمایندوں سے فرمایا کہ پاکستان کے مسلمانوں کو اپنی اقلیتوں کیساتھ بہتر سلوک کرنا چاہیئے تاکہ ہند کے ساڑھے چار کروڑ انسانوں کے ساتھ بھی بہتر سلوک ہو یہ بھی کہا کہ سندھ اسمبلی میں اقلیتوں کے نمایندے موجود ہونے چاہئیں اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ کے عہدے بھی غیر مسلموں کو ملنے چاہئیں۔

بلاشبہ پاکستان کا فرض ہے کہ اپنی اقلیتوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے مگر ہم سودا بازی کے قائل نہیں ہیں کہ یہ سلوک صرف ہماری خاطر ہو یا پاکستان اپنی اقلیتوں کے ساتھ بہتر سلوک کرے مگر اپنا اسلامی اخلاقی اور وطنی فرض سمجھ کر، ہماری غیرت یہ کبھی گوارا نہیں کریگی کہ پاکستان کے حسن سلوک کا معاوضہ ہمیں ملے اور ہم ہمیشہ سودا بازی کے چکر میں رہیں پاکستانیوں کو ہماری پروا نہیں ہونی چاہیئے اور نہ ہمیں اسکی خواہش ہے، ہم یہاں کی اکثریت کا ہر سلوک برداشت کریں گے مگر یہ اجازت نہ دیں گے کہ پاکستان اپنی اقلیتوں کے ساتھ محض ہماری خاطر بہتر سلوک کرے، اس کا ہر کام اپنی خاطر ہونا چاہیے، ہماری خاطر جو بھی کام ہوگا وہ ہمیں کبھی راس نہ آئے گا۔

سیر و سیاحت

سیاح

لڑائی کے زمانہ میں ہندوستان کے اندر جو بہار تھی اسے لوگ آج تک یاد کرتے ہیں ۔۔۔ مختلف تاریخی عمارتوں اور مقبروں کے مجاوروں کی تو ٹولیوں کی ٹولیاں کھمبی کی طرح ایسے ڈیرے ڈالے کہ شاید پھر نہ اٹھیں گے ۔۔۔

۔۔۔ اللہ کے مجاور امریکنوں کی راہ تو ایسے دیکھتے رہتے تھے جیسے ارجن اپنی لیلیٰ کے انتظار میں بیٹھا ہو ۔۔۔ اور کوئی آیا تو جھٹ اس کے پیچھے لگ گئے اور اس وقت تک پیچھا نہ چھوڑا جب تک اس کی اچھی طرح حجامت نہ بنا دی ۔۔۔

ایک مجاور سے راقم الحروف نے پوچھا کہ امریکن بڑے فیاض ہوتے ہیں؟ ۔۔۔ کہنے لگے میاں آجکل فیاض وہی ہے بے شک لیکن دنیا فیاضوں سے خالی ہو چکی ہے ۔۔۔ امریکن بے وقت بہتے ہیں ۔۔۔ ہندوستان میں آ جاتے ہیں۔ یوں بھی ان کے پاس مفت کا پیسہ آتا ہے خرچ کرتے ہوئے درد محسوس نہیں ہوتا۔ وہ ہندوستانی نہیں کہ ۔۔۔ کام کرنے کے بعد بھی سوکھی روٹی بھی نصیب نہ ہو ۔۔۔

سننا ہے ۔۔۔ نے اس مگر مجاور نے بات بڑے پتے کی کہی ۔۔۔ معلوم ہوتا ہے وہ علم نفسیات کا بڑا ماہر تھا اور وہی کیا ہر مجاور علم نفسیات کا بڑا ماہر ہے خاص کر امریکنوں کے متعلق ۔۔۔ ہمیں یہ بات اس وقت معلوم ہوئی جب روضہ تاج محل کے مجاوروں نے ۔۔۔ بھی کچھ نہیں صرف ڈیڑھ سو ڈالر ایک ڈالر تقریباً چار روپے کے برابر ہیں میں روضہ تاج کو فروخت کر ڈالا ۔۔۔ سو ڈالر اصل قیمت اور پچاس ڈالر ہندوستان سے امریکہ پہونچانے کا خرچہ ۔۔۔

یہ اس وقت کی بات ہے جب مسلمان کثیر تعداد میں اپنی ہزاروں کی خیر کوڑیوں میں نثار کر پاکستان بھاگ رہے تھے ۔ امریکنوں نے سوچا لاؤ کروڑوں روپے کی ایک چیز چند سو روپیوں میں ہمارے ہاتھ بھی لگی لیکن انہیں یہ پتہ نہ تھا کہ روضہ تاج محل کی فروختگی کے ساتھ انہیں بے وقوفی کی سند بھی دی گئی ہے ۔۔۔

۔۔۔ چنانچہ ڈیڑھ سو ڈالر کی جو رسید انہیں دی گئی اس پر صاف لکھا تھا "امریکن دنیا میں سب سے زیادہ بے وقوف ہوتا ہے" ۔۔۔

سنا ہے یہ امریکن سر پکڑ کر رو رہے ہیں۔ مگر اب پچھتائے کیا ہوت ہے ۔۔۔ وہ کیلی فورنیا (امریکہ) سے اڈیٹر ۔۔۔ کی معرفت کیا اگر ادارہ ۔۔۔ وزیر اعظم دلکیں تب بھی روضہ تاج اپنی جگہ سے ہلنے والا نہیں ۔۔۔

۔۔۔ ہمارے خیال میں اڈیٹر ۔۔۔ کو چاہیے وہ ہزار سے سنگ ۔۔۔ کا کوئی روضہ خرید کر امریکہ بھیجیں اس سے امریکنوں کی بے وقوفی پر بھی پردہ پڑ جائے گا اور ہندوستانی اڈیٹروں کی بات بھی رہ جائے گی ۔۔۔ نام ہو جائے گا نام اور نام پر آج کل دنیا مرتی ہے

آسام کے ساتھ تار و ٹیلیفون کا انتظام

نئی دہلی۔ یکم جون آسام اور ہندوستان میں شامل ہونیوالی مشرقی ریاستوں کے درمیان تار و ٹیلیفون کا براہ راست سلسلہ قایم ہو چکا ہے، گوہاٹی شیلانگ اور کلکتہ کے درمیان وائرلیس کا انتظام بھی کیا گیا ہے، ہندوستان کی تقسیم کے بعد اس نئی سکیم کو عملی جامہ پہنانے کا کام گذشتہ ماہ اکتوبر میں شروع کیا گیا تھا یہ کام ماہ فروری کے آخیر تک ختم ہو گیا اور اس پر ۲۵ لاکھ روپیہ صرف ہوئے ہیں۔ اب آسام کو پاکستان کے راستے پیغام بھیجنے کی ضرورت نہیں، مارچ ۱۹۴۸ء کے بعد صرف چند ایک تار آسام کو پاکستان کے رستے بھیجی گئیں۔

بوجہ ۔۔۔

بموجب دفعہ ۔۔۔ ایکٹ ۔۔۔ صاحب جن جائدادوں کا ۔۔۔ چاہتے ہیں ۔۔۔ ایک ماہ ۔۔۔ فہرست مکانات ۔۔۔ کی ہے جو مکان یا ساتھ کرایہ دار ۔۔۔ ۔۔۔ باہر نہیں گئے ہیں ان ۔۔۔ ۹ بجے سے ۱۲ بجے اور شام ۔۔۔ اور مکان ساحبان جو بیان ۔۔۔ سکریٹری

فہرست جائداد ۔۔۔ غیر معمولی ۔۔۔

نمبر شمار	نمبر مکان معہ میونسپل نمبر	
138	6731 بڑا بازار پہاڑ گنج	
139	2221 رشی بلڈنگ	
140	3/4	
141	206/1	
142	1290	
143	1289	
144	180/2	
145	180/3	
146	180/1	
147	601	
148	605	
149	604	
150	968	
151	529	
152	1285	
153	1349	
154	1346	
155	1330	
156	90	
157	88	
158	1256	
159	180/4	
160	1387.G.F.	
161	6543	
162	6456	
163	5525, 5524	
164	6457	
165	8897	
166	8847	
167	6595	
168	4/18/41	
169	9650 D	
170	9644	
171	9649	
172	9650 A	
173	9551	
174	9551 B	
175	9650	
176	9599	
177	9594	
178	9591	
179	9570	
180	9565	
181	9566	
182	9577	
183	8564	
184	9627	
185	9552	
186	9551 A	
187	9555	
188	9519	
189	95050 A	
190	9505 A	
191	9506	
192	9516 A	
193	6454	
194	6496	

رجسٹرڈ ڈی ۹۷

الجمعیۃ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط

ادارہ تحریر
محمد سلیمان صابر، شیخ احمد ایم اے

روزانہ الجمعیۃ دہلی
اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب فرمائیے

نمبر ۱۱۱

دہلی یوم جمعہ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۴ جون ۱۹۴۸ء

پاکستان کے پولیٹیکل ایجنٹ بے رحمانہ طور پر قتل کر دیئے گئے

پشاور ۲ جون۔ اطلاع ملی ہے کہ مسٹر ایل۔ ٹی ڈنکن جو جنوبی وزیرستان میں حکومت پاکستان کی طرف سے پولیٹیکل ایجنٹ مقرر تھے، پیر کے دن ایک محسود قبائلی کی گولی کا نشانہ بن گئے۔ ان کے دو باڈی گارڈوں کو بھی گولی کا نشانہ بن جانے سے چوٹ آئی لیکن ایک اردلی کا مذکورہ گولی کا حملہ آور کا نشانہ بن گیا۔

حکومت صوبہ سرحد کے ایک پریس کمیونک میں مسٹر ڈی ڈنکن کے حادثہ قتل پر اظہار افسوس کیا گیا ہے ... یہ واقعہ ۳۱ مئی ... مقام ... کے قریب ... ہلاک کر دیئے گئے۔

کمیونسٹ بہت بڑے پیمانہ پر ہندوستان میں بغاوت کی تیاریاں کر رہے ہیں

مدراس بنگال اور برما کے کمیونسٹوں کا گٹھ جوڑ
مغربی بنگال کے وزیر داخلہ کا اہم انکشاف

کلکتہ ۲ جون۔ کمیونسٹ پارٹی کا پروگرام جو اس وقت پوشیدہ طور پر اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے یہ ہے کہ خفیہ اور ظاہرہ طور پر آئندہ ۱۰ ماہ کے لئے اس بات کی مسلسل کوشش کی جائے کہ مسلح بغاوت اور ہندوستانی حکومت پر قبضہ کرنے کے لئے میدان تیار کیا جائے۔ یہ الفاظ ہیں مغربی بنگال کے وزیر داخلہ مسٹر کرن شنکر رائے کے جو انہوں نے اخبارات کے نام جاری کئے ہوئے ایک بیان میں کہے ہیں۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ ہمارے پاس اس بات کی شہادت موجود ہے کہ مغربی بنگال کے کمیونسٹوں کا مدراس اور برما کے کمیونسٹوں سے تعلق ہے اور وہ مختلف مقامات پر ہتھیار جمع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان میں سے کچھ ہتھیار پولیس کے حالیہ چھاپوں میں برآمد ہوئے ہیں۔

کمیونسٹ پارٹی کے جن خفیہ کاغذات پر حکومت نے قبضہ کیا ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی تمام ملک میں کانگریسی حکومت کو ناکام بنانے کے لئے ہڑتال کرنے کی سوچ رہی ہے۔ ان بلیٹنوں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ پارٹی کا آخری مقصد ملک میں مسلح بغاوت ہے چنانچہ ابھی سے "خزانہ جنگ" کے لئے اور دوسری امور کے لئے چندہ جمع کیا جا رہا ہے۔ حکومت کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ انڈر گراؤنڈ کمیونسٹ پارٹی گذشتہ چند دنوں میں مختلف انجمنوں کے نام سے جلسے جلوس ہڑتال اور مظاہرے کرنے کا انتظام کر رہی ہے تاکہ حکومت کے ساتھ ٹکر لی جا سکے۔ مسٹر رائے نے اپنے بیان کے آخر میں پبلک سے اپیل کی ہے کہ قبل اس کے کہ یہ سازش کوئی خوفناک شکل اختیار کر سکے وہ اس کے خاتمہ میں حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔

بمبئی یکم جون۔ بمبئی کے ایک ہفتہ وار اخبار "انڈیا" کے ... کے پرچے حیدرآباد دکن میں ضبط کر لئے گئے۔

ڈاکٹر متھائی معاشی کمیشن کے صدر منتخب ہو گئے

اوٹاکمنڈ، یکم جون۔ آج ڈاکٹر جان متھائی متفقہ طور پر ایشیا اور مشرق بعید کے معاشی کمیشن کے ۱۹۴۸ء کے لئے صدر منتخب کر لئے گئے ... ڈاکٹر متھائی کا نام چینی وفد کے صدر ... نے پیش کیا تھا ... برطانوی وفد کے صدر نے اس کی حمایت کی تھی۔ مسٹر ... ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی ... ڈاکٹر متھائی نے کمیشن کا شکریہ ادا کیا ... اصل مسئلہ یہ ہے کہ غربت سے نجات حاصل کی جائے۔ اس کے حاصل کرنے کے دو طریقے ہیں۔ پیداوار کی کثرت اور سامان کی تقسیم کا مناسب انتظام۔ آپ نے اس بارے میں ایک انجمن قائم کرنے کی بھی سفارش کی ... اپنے نائب صدر منتخب ہونے پر اراکین کمیشن کا شکریہ ادا کیا ... ڈاکٹر متھائی کے صدر منتخب ہونے سے ہندوستانی وفد کی قیادت کے فرائض ... انجام دیں گے۔

نئی دہلی ۲ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند ... ایئر ویز ... مذکور ... کمپنی ... املاک ... کا اندازہ ... تعین کریں گے۔

مسٹر جناح نے اتحاد المسلمین کے نمائندوں سے ملنے سے انکار کر دیا

کوئٹہ، یکم جون۔ مسٹر محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان سے ملنے کے لئے حیدرآباد کی مجلس اتحاد المسلمین کے تین نمائندے کسی ... اطلاع کے کوئٹہ پہنچے ... کمپ سے جاری شدہ ایک کمیونک میں شائع کی گئی ہے اس میں بتایا گیا کہ ان نمائندوں سے کہہ دیا گیا کہ مسٹر جناح کو اس بات کا سخت افسوس ہے کہ وہ ان نمائندوں سے ملاقات نہیں کر سکتے کیونکہ وہ حیدرآباد کی ایک سیاسی جماعت کے نمائندے ہیں اور مسٹر جناح کی رائے میں ان سے ملاقات کرنا ... مسٹر جناح نے ان کو بتایا کہ ان کے خیالات حکومت ہند اور حکومت حیدرآباد کو خوب معلوم ہیں ... کہ حیدرآباد ایک آزاد اور خود مختار ریاست ہے اور اب یہ ... کہ وہ ہندوستان میں شامل ہوں یا ایک آزاد ریاست کی حیثیت سے اپنی ہستی برقرار رکھیں ... مسٹر جناح کے ان الفاظ کا ذکر کیا گیا تھا ... ہندوستان کے ... اخلاق اور انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے۔

یہودیوں نے بھی عارضی صلح کی اسکیم منظور کر لی
عراقی فوجوں نے یہودیوں کے دارالسلطنت کا محاصرہ کر لیا

لندن ۲ جون۔ یہودیوں کی حکومت اسرائیل نے فلسطین میں ایک ماہ کے لئے جنگ بند کرنے کی تجویز قبول کر لی ہے اور اپنے فیصلے سے اقوام متحدہ کو مطلع کر دیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ عرب اقوام متحدہ کی تجویز کو تسلیم کرتے ہیں۔ یہودی حکومت نے یہودی فوجوں کو اس شرط پر کہ اگر عرب بھی جنگ بند کر دیں جنگ بند کر دینے کا حکم دیا ہے۔

یہودیوں کا کہنا ہے کہ یہودی حکومت نے اس تجویز کو مندرجہ ذیل معروضات پر قبول کیا ہے۔

(۱) عرب ملکوں کو ہتھیار نہیں دئے جائیں گے۔ نیز اگر کسی غیر ملک کا ہتھیاروں کا ذخیرہ کسی عرب ملک میں ہے تو وہاں سے بھی عربوں کو ہتھیار نہیں ملیں گے۔

(۲) اس دوران میں کوئی فریق ان حدود سے آگے بڑھنے کی کوشش نہیں کرے گا جہاں تک وہ پہنچ گیا ہے۔

(۳) بیت المقدس میں خوراک اور شہریوں کا آزادانہ داخلہ کی اجازت ہوگی۔

(۴) اگر حکومت اسرائیل کو جانے والے مال کو روکا گیا تو اس کو خلاف ورزی تصور کیا جائے گا۔

وسطی محاذ

عراقی فوجوں نے تل ابیب کا گھیرہ نصف دائرہ کی شکل میں ڈال دیا ہے۔ یہ فوجیں تل ابیب سے ۹ میل سے ۱۰ میل کے فاصلہ پر ہیں۔ عربوں کی باقاعدہ فوج نے اس اسٹیشن پر قبضہ کر لیا ہے جہاں سے بیت المقدس کو پانی سپلائی ہوتا ہے یہ مقام تل ابیب سے ۸ میل کے فاصلہ پر ہے۔

جنوبی محاذ

اس محاذ پر یہودیوں کے خلاف مصری فوجوں نے کارروائی کی ہے۔ اس محاذ پر یہودی ہوائی جہازوں نے بڑی سرگرمی دکھائی ... فلسطین کی فضاء میں لڑائی ہو رہی ہے۔ تل ابیب سے بیت المقدس جانے والی سڑک پر عربوں کی پوزیشن پر حملے کئے گئے۔ ... جنوب مشرق میں ... بیت المقدس پر قابض ہو گئیں ... مصری فوجیں اسدود تک پہنچ گئی ہیں عرب ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ عرب فوجیں فلسطین کے ساحل پر ۵ میل کی ... تل ابیب سے اسدود تک پہنچ گئی ہیں ... مقامات پر حملے کر رہی ہیں۔

مصری ہوائی جہازوں نے تل ابیب کے جنوب مشرق میں ۱۰ میل کے فاصلہ پر بمباری کر کے ایک یہودی مقام پر بمباری کر کے آگ لگا دی۔

فلسطین کی لڑائی

فلسطین کی لڑائی کا تیسرا ہفتہ ہے اور لڑائی کی صورت حال یہ ہے۔

شمالی محاذ

یہودی ہوائی جہازوں نے شرق اردن کے دارالسلطنت عمان پر حملے کئے۔ یہودی ہوائی جہازوں نے عربوں کے مثلث نما پوزیشن کے شمالی علاقہ پر حملہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ ۲۰ عرب ہلاک ہوئے ... اعلان کیا ہے کہ عراق کی ... اس طرح تل ابیب اور ... کا راستہ بند ہو گیا ہے۔

ہند کی حکومت اور کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کے افراد رائے بالغان کے ذریعہ منتخب ہو کر نہیں آئے | مشرقی بنگال میں تین آنے کا ماچس اور ایک روپیہ سیر چاول بک رہا ہے

ان کو کوئی حق نہیں کہ دوسروں کو ذمہ دار حکومت کی تلقین کریں
حیدرآباد کو شمولیت سے باز رکھنے کے لئے مسٹر رضوی کا عذر لنگ

نئی دہلی ۳ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی ریاستی وزارت کے سکریٹری مسٹر وی پی مینن نے وزیر اعظم حیدرآباد اور نظام سے ملنے کے لئے کل حیدرآباد روانہ ہونے والے تھے اپنی روانگی کو اس وقت تک کے لئے ملتوی کر دیا ہے جب تک کہ ... طور پر حکومت نظام ہندوستانی تجاویز کو منظور نہیں کرتی۔

چند روز قبل حکومت نظام نے مسٹر مینن کو حیدرآباد آنے کی دعوت دی تھی تاکہ ریاستی سکریٹری سے حیدرآباد کے غیر تصفیہ شدہ مسائل اور مسٹر مینن کے فارمولا پر گفت و شنید ہو جائے۔ یہاں کے مشاہدین کی رائے ہے کہ مسٹر مینن کا حیدرآباد جانا اسی وقت بار آور ہو سکتا ہے جب کہ حکومت نظام ہندوستان کی پیش کردہ شرائط نامہ کو تسلیم کرے اس کے بعد صلحنامہ کی مزید تفصیلات کے لئے ریاستی سکریٹری کو ... کیا جا سکتا ہے۔ بعض حلقوں میں یہ توقع کی جا رہی ہے ... وزیر اعظم حیدرآباد میر لائق علی ہی آئندہ جمعہ یا شنبہ تک دہلی آکر ریاستی وزارت کو حکومت نظام کے جواب سے مطلع کریں گے۔

... کے ناکام کسی نتیجہ پر نہ پہنچنے کے باعث ان کی آمد میں تاخیر ہو گئی۔

مجلس اتحاد المسلمین جو ریاست حیدرآباد کی ایک مقتدر اور با اثر جماعت ہے کے صدر سید قاسم رضوی نے ہندوستانی تجاویز کے قبول کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں کسی قسم کا تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ البتہ مسٹر رضوی نے حکومت ہند پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ہند جو "ذمہ دار حکومت" کا پرچار کر رہی ہے اور جس کی کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کے افراد بالغ رائے دہی کے حق سے منتخب ہو کر نہیں آئے ہیں ... حیدرآباد میں ذمہ دار حکومت قائم کرنے کے لئے ... حکومت یا استصواب رائے کے مطالبات کو ... شمولیت کے ... سکتی ہے۔

سرکاری ہسپتالوں میں دوائیں نہ ملنے سے ڈاکٹر مستعفی ہو رہے ہیں
مشرقی پاکستان میں نازک صورت حالات

کراچی، یکم جون۔ ... مشرقی پاکستان کے صنعتی تجارتی اور تعلیمی ترقی کے لئے کوئی سوچی سمجھی اسکیم ... نہ صوبائی حکومت نے ... یہ وہ انکشاف ہے جو مولوی نور احمد صاحب نے کیا۔ آپ مشرقی بنگال کی طرف سے پاکستان پارلیمنٹ کے ممبر ہیں۔ آپ نے پاکستان پارلیمنٹ میں گذشتہ سیشن میں ۵۰ ... سوالات کئے تھے۔

مشرقی بنگال کی عام حالت کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا وہاں آبادی بہت زیادہ ہے بعض بعض مقامات پر ... ۹۰ فیصدی ملیریا اور دوسری بیماریوں کا شکار ہیں۔ تعلیم یافتہ آدمیوں کی تعداد مردوں میں ۱۴ سے ۱۶ فیصدی اور عورتوں میں ۳ سے ۵ فیصدی تک ہے۔

مشرقی بنگال کے ایک ایم ایل اے نے ... کہا کہ مشرقی پاکستان میں غذائی حالت بہت خراب ہے۔ تعلیم صحت اور صنعتوں کی حالت بھی بہتر نہیں ہے۔ اس وقت ... چاول بک رہا ہے۔ زمانہ جنگ سے پہلے چار روپے من ملتا تھا ... مشرقی بنگال ...

... ۲۸ سال سے آپ ... میونسپل کمیٹی کے ... بنگال کے ایوان اسمبلی کے ممبر ... اگرچہ ہندوستان کی ... مشرقی بنگال کی ترقی کی تمام اسکیمیں بند ہو گئی ہیں اور مشرقی بنگال کی حکومت کو ... کروڑ ... مشرقی بنگال میں ... اگرچہ وہاں معدنیات وغیرہ ... زرخیز ... کارخانے قائم نہ کئے جائیں ... مشرقی بنگال ...

حکیم مولانا لدھیانوی کا انتقال پُر ملال

دہلی ۳ جون۔ نہایت افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی کی اہلیہ محترمہ جو چند روز سے علیل تھیں کل رات انتقال فرما گئیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

ادارہ الجمعیۃ اس سانحہ پر مولانا حبیب الرحمن کا شریک غم ہے۔ بارگاہ ایزدی میں دعا ہے کہ مرحومہ کی روح کو جوار رحمت میں جگہ عطا ہو اور پسماندگان کو صبر جمیل۔

باہمی رواداری اور یکجہتی سے آگے بڑھو
کشن گنج اتحاد و ترقی کانفرنس کی تجویزیں

کشن گنج ... انجمن اتحاد و ترقی کا ایک شاندار جلسہ ... مندرجہ ذیل ... تجاویز منظور کی گئیں ... اس تجویز میں ... ہندوستان ...

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۴ جون ۱۹۴۸ء

ہندوستان اور فلسطین

تنگ نظری اور تعصب کو کون برا نہیں کہتا؟ اس کی مذمت میں کس کی زبان نہیں کھلتی؟ ہندوستان اسی لئے تباہ ہوا کہ یہاں تعصب کی کارفرمائی حد سے بڑھ گئی اور انصاف اور حق پرستی کا گلا گھونٹ دیا گیا، لاکھوں انسان قتل ہوئے اور بیشمار لوگوں کو دیس نکالا ملا! کوئی مشین تعصب کے برابر کام نہیں کرتی، کوئی حرکت نفرت کا مقابلہ نہیں کر سکتی اگر حکومت چاہتی کہ ایک کروڑ انسان گھر سے بے گھر ہو جائیں تو وہ ناکام رہتی، اور بیس سال میں بھی یہ خواہش پوری نہ ہوتی مگر تعصب اور نفرت ظلم اور ناانصافی نے ناممکن کو ممکن اور غیر فطری چیز کو فطری بنا کر دکھا دیا اور بیشمار انسان دیکھتے ہی دیکھتے اس طرح ادھر سے ادھر ہو گئے، گویا کسی زبردست اور طاقتور جرثقیل نے انہیں یہاں سے وہاں اور وہاں سے یہاں اٹھا کر پھینک دیا ہے، جہاں تعصب نے انسان کا زاویہ نگاہ بدلا ساری دنیا بدلی ہوئی نظر آئے گی اور انسان مجبور ہوگا کہ دو اور دو کو پانچ سمجھے اور سفید پر سیاہی کا حکم لگا دے!

فلسطین کے بارے میں ایک نئے تعصب نے سر اٹھایا ہے اور ہندوستان کے کچھ غیر مسلم لیڈر اور اخبارات نے اس مسئلہ کو بھی فرقہ وار بنانے کی کوشش شروع کر رکھی ہے، معاملہ اتنا صاف ہے کہ اس پر تعصب کا غبار ہرگز نہ پڑنا چاہیے، مگر فرقہ پرستانہ تنگ نظری کو اس پر خاک اڑانے کا پورا موقعہ مل گیا ہے۔

بات صرف اتنی ہے کہ فلسطین عربوں کا وطن ہے اور اس پر ان ہی کو حکمرانی کا حق حاصل ہے لیکن لوگوں نے سمجھا یہ کہ عربوں سے مراد صرف مسلمان ہیں اور عربوں کی حمایت مسلمانوں کی حمایت ہے اور چونکہ ہندوستان کی تاریک فضا میں مسلمانوں کی حمایت برداشت نہیں کی جا سکتی اس لئے ضروری ہے کہ ان کی مخالفت ہو اور فلسطین کی جنگ میں یہود کی حمایت کی جائے، عربوں کی مخالفت اس لئے کہ مسلمانوں کی مخالفت ضروری ہے، اور یہود کی حمایت اس لئے کہ دشمن کا دشمن ہمیشہ دوست ہوتا ہے!

حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ عربوں سے مراد صرف مسلمان نہیں ہیں بلکہ ان میں عرب عیسائی عرب یہودی، عرب مسلمان سب ہی شامل ہیں یعنی فلسطین پر اہل فلسطین کو حکومت کرنے کا حق حاصل ہے خواہ وہ یہودی ہوں یا عرب اور عیسائی، اور باہر کے لوگوں کو وہاں آباد ہونے اور اس پر حکومت کرنے کا کوئی حق نہیں خواہ مسلمان ہوں یا یہودی اور عیسائی اگر ہم اہل فلسطین کی حمایت کرتے ہیں تو گویا... عیسائیوں، یہودیوں اور مسلمانوں کی حمایت کرتے ہیں اور حق و انصاف کا ساتھ دیتے ہیں اگر صیہونیت کی حمایت کرتے ہیں تو اس سے نہ صرف ظلم و عدوان کی حمایت لازم آتی ہے بلکہ بیک وقت یہود، عیسائی اور مسلمان کی مخالفت بھی لازم آتی ہے اور یہ وہ جرم ہے جس کا مرتکب کوئی بھی انصاف پسند نہیں ہو سکتا! لیکن افسوس ہے کہ ہندوستان کے بعض اخبارات اور لیڈروں نے مسلم دشمنی کے پردہ میں عربوں کی مخالفت اور یہود کی حمایت شروع کر رکھی ہے بلکہ حکومت کو بھی مشورہ دیا جا رہا ہے کہ وہ اسرائیلی حکومت کو تسلیم کرے اور اپنی اصول پسندی اور جمہوریت نوازی کو بالائے طاق رکھ دے!

چنانچہ اکالی لیڈر ماسٹر تارا سنگھ نے نام نہاد اسرائیلی حکومت کو اپنی تبریک و تہنیت سے نوازا ہے اور حکومت ہند کو بھی اس جرم میں شرکت کی دعوت دی ہے۔

مشہور سوشلسٹ لیڈر رام منوہر لوھیا نے لکھنؤ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ وہ پندرہ سال پہلے عربوں کے حامی تھے، مگر اب وہ ان بہادر یہودیوں کے حامی ہیں جو اپنی ریاست کے قیام کے لئے زبردست قربانیاں دے رہے ہیں چند اخبارات کو چھوڑ کر اکثر و بیشتر غیر مسلم اخبارات بھی مسلم دشمنی کے شوق میں کھلم کھلا یہود کی حمایت پر اتر آئے ہیں اور عربوں کی مخالفت پر اپنا زور صرف کر رہے ہیں! مثلاً ایک اخبار اپنے اداریہ میں لکھتا ہے کہ "چونکہ عربوں کو ابتدا میں کچھ کامیابی حاصل ہوگئی ہے اس لئے ان کا دماغ خراب ہو گیا ہے، لیکن جب یہود کو باہر سے امداد ملنی شروع ہوگی تو انہیں آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے گا"۔

ایک دوسرا اخبار لکھتا ہے کہ "یہ عرب ریاستیں کیا ہیں، انہیں تو اکیلا امریکہ ہی کافی ہے!"

حالانکہ جہاں تک امریکہ کی طاقت کا سوال ہے وہ عرب ریاستوں کے لئے ہی کیا ہند اور پاکستان سب کے لئے کافی ہے مگر تنگ نظری اور تعصب کے زور کو دیکھیے کہ وہ چڑ کے لگا کر اور منھ چڑا کر اپنا کلیجہ ٹھنڈا کر لینا چاہتا ہے!

تحریک خلافت کو ہندو مسلمانوں نے چلایا اور اسپر حریت وطن کی داغ بیل ڈالی فلسطین اور مصر کے معاملہ میں کانگریس نے ہمیشہ انصاف کا ساتھ دیا اور انگریزی پالیسی کو چیلنج کیا، ترکوں کے معاملہ میں کبھی ہندو مسلمانوں کی دو رائیں نہیں ہوئیں مگر اب جبکہ برطانیہ کی جمہوریت کش اور امریکہ کی یہود نواز پالیسی نے عربوں (یہود عیسائی اور مسلمانوں) کے لئے زندگی اور موت کا سوال پیدا کر دیا ہے تو ہمارے برادران وطن محض گھریلو اختلاف سے متاثر ہو کر نہ صرف دنیائے اسلام کی مخالفت پر اتر آئے ہیں بلکہ اپنی سیاسی روایات اپنے وطنی نقطہ نگاہ اور اپنی ملکی مصلحتوں کو بھی تلانجلی دے رہے ہیں!

گھریلو اختلافات کا ایک دائرہ ہوتا ہے، ذاتی کشاکش کی ایک حد ہوتی ہے اور جس قوم کا کوئی کیرکٹر ہو وہ اپنی نفسی شرافت اور نزاعی حدود کو بھی ملحوظ رکھتی ہے، لیکن یہ کیا کہ یہاں کے مسلمان سے اختلاف ہوتے ہی عربوں کی مخالفت شروع کر دی گئی اور ملک کی تقسیم کے نتیجہ میں اپنی ہمدردیاں یہود کے حوالہ کر دی گئیں؟ یہ طرز عمل کسی گھٹیا قسم کی اور سبک فطرت قوم کو تو زیب دے سکتا ہے، اعلی کیرکٹر کی قوم کو زیب نہیں دے سکتا، کیسی نازیبا حرکت ہے کہ یہاں کی مخالفت کا بدلہ عربوں سے لیا جائے اور یہاں کا تعصب وہاں بجلی بن کر گرے! حکومت ہند اپنی پرانی پالیسی پر قائم ہے اور بقول ہندی سفیر متعینہ مصر "حکومت ہند کی تمام ہمدردیاں عربوں کے ساتھ ہیں" اس کے بعد حالات کا تقاضہ یہ ہے کہ ہندوستان فلسطین کے معاملہ میں عربوں کا ساتھ دے اور مشرقی وسطی کو تیسری جنگ کا مرکز نہ بننے دے!

جون میں کیا ہوگا؟

ہند اور پاکستان دونوں میں شہرت ہے کہ جون میں ہندو مسلمان پھر جون بدلیں گے، دلیل یہ ہے کہ پندرہ اگست کے بعد انگریز کے جاتے ہی خون خرابہ ہوا، فلسطین سے جاتے ہی انگریز نے عرب اور یہود کو خوب لڑایا، اب پندرہ جون کے بعد موجودہ وائسرائے کی تشریف بری بھی کچھ ایسا ہی گل کھلائے گی ان احمقانہ خیالات اور دلائل کا صرف ایک ہی جواب ہے کہ یہ افواہیں قطعی بے بنیاد ہیں، جو شخص اس قسم کی افواہیں پھیلائے اس کی گوشمالی کرو اور زبان سے اچھی باتیں نکالو، پاکستان اور ہندوستان میں جنگ کا خیال احمقانہ ہے، دانشمندی اس میں ہے کہ ہم صلح و امن کی باتیں کریں اور خوف و ہراس کو پاس نہ پھٹکنے دیں۔

بزرگانہ روش

والذین لایشھدون الزور... الخ

(قرآن مجید پ ۱۹ ع ۴)

خدا پرست وہ لوگ ہیں جو کبھی جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب وہ کسی لغویات کو دیکھتے ہیں تو بزرگانہ انداز سے گذر جاتے ہیں۔

کسی کے خلاف جھوٹی گواہی دینا فساد کا دروازہ کھولنا اور ایک اچھے انسان کو نقصان پہونچانا ہے، جو شخص جھوٹی گواہی دے کر دوسروں کو ذلیل کریگا وہ اس بات کے لئے تیار رہے کہ دوسرے بھی اس کے خلاف جھوٹی گواہی دیں اور اسے رسوا کریں، اس قسم کے کذاب لوگ سوسائٹی کے مجرم ہیں اور اخلاق کی بارگاہ سے انہیں کبھی معافی نہیں مل سکتی۔

جو لوگ وسیع النظر اور شریف نژاد ہوتے ہیں وہ کبھی لغویات میں مبتلا نہیں ہوتے اور فضولیات کو اچھالکر معاملہ کو طول نہیں دیتے وہ ان لغویات کو دیکھ کر کچھ ایسی روش اختیار کرتے ہیں کہ اصلاح بھی ہو جائے اور ان کی شان کو بٹہ بھی نہ لگے، الکابر کام اپنی شان کے شایاں ہوتا ہے، اور ان کی صحبات بزرگانہ شفقت کا مظہر ہوتی ہے، پس جھوٹی گواہی سے بچو اور اپنی عظمت پر کبھی داغ نہ آنے دو۔

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

قوم کی امانت

دہلی میں بچوں کے گھر کے نام سے ایک یتیم خانہ انجمن مؤید الاسلام دریا گنج کی بلڈنگ میں عرصہ سے قائم ہے۔ اس یتیم خانہ کی حیثیت عام یتیم خانوں سے بالکل الگ ہے۔ یہاں بچوں کی تعلیم اور تربیت کے لئے جامعہ ملیہ کے قابل ترین استاد مقرر ہیں جو بچوں کی تعلیم و تربیت کا نہایت بلند مذاق رکھتے ہیں، یتیمی اوقاف کمیٹی، بچوں کے گھر کی نگراں ہے اور اس کے ماتحت یہ ادارہ چل رہا ہے۔

یتیم بچے قوم کی امانت ہیں لیکن افسوس ہے کہ لوگوں نے ان بچوں کو کمانے کھلانے کا ٹھیکہ بنا لیا ہے، ہر اجتماع میں بچوں سے بھیک منگوانا، گھر گھر سیپارہ (؟) ختم کرانا۔ وردیاں پہنا کر انہیں دعوتوں میں بھیجنا اور اس طرح ان کی بے کسی کی نمائش کرنا یہ عام یتیم خانوں کا طرز عمل ہے، لیکن بڑی خوشی کی بات ہے کہ بچوں کا گھر ان تمام باتوں سے پاک ہے اور اس میں ایسے طریقہ پر بچوں کی پرورش اور ان کی تعلیم ہوتی ہے کہ دیکھنے والا یہ محسوس کر سکتا ہے کہ وہ ایسے بچوں کو دیکھ رہا ہے جن کے سروں سے ان کے ماں باپ کا سایہ اٹھ چکا ہے۔ اور نہ بچوں میں احساس یتیمی پیدا ہوتی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ بات کہ بچوں کے گھر میں بچوں کو ابتدا ہی سے ایسی دستکاریاں سکھائی جاتی ہیں جن کے ذریعے بچے بخوبی اپنا پیٹ بھر سکتے ہیں۔

ایسی صورت میں اسے قوم کی بدنصیبی کہیئے کہ کچھ لوگ یتیم بچوں کو سمیٹ کر ان کے ذریعے دکانداری کا سلسلہ شروع کرنا چاہتے ہیں۔ انجمن حیات الاسلام سے ہم کافی سبق لے چکے ہیں اس لئے عام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس قسم کے لوگوں کو آگے نہ بڑھنے دیں۔

یتیمی اوقاف کمیٹی سے یہی عرض کروں گا کہ وہ قانونی طور پر اس قسم کے فتنوں کا انسداد کرے کیونکہ موجودہ حالات میں صرف وہی ادارہ ہے جو اس قسم کے کاموں کی تنظیم کر سکتا ہے۔

اخلاق حسین قاسمی۔ ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی
یکم جون ۱۹۴۸ء

شکریہ

جناب اڈیٹر صاحب، حکومت یو۔ پی کے محترم وزیر اعظم اور وزیر تعمیرات کی خدمت میں اپنے موقر اخبار کے ذریعہ میرا دلی شکریہ اور مبارکباد پہنچا دیجئے کہ جناب صدر صاحب نے ضلع بجنور اور ضلع نینی تال کو پختہ سڑکوں کے ذریعے ملا دینے اور سہولت سفر بہم پہنچانے کے لئے انتظامات شروع کر دیئے ہیں جس کی وجہ سے تاجر پیشہ لوگوں کو نہایت ہی خوشی ہوئی اور انہوں نے اطمینان کا سانس لیا مگر ایک بات لائق غور اتفاق ہے وہ یہ کہ موسم برسات میں بعض ندیاں اتنی تیزی سے بہتی ہیں کہ آمد و رفت حتی کہ ڈاک کا نظام بھی ابتر ہو جاتا ہے علاوہ ازیں جس آبادی سے ان کا گذر ہوتا ہے اس کے قریب و جوار کی کھیتی وغیرہ کو تباہ کر دیتی ہیں۔ لہذا میں وزیر موصوف سے پرزور اپیل کروں گا کہ ان ندیوں کے پلوں کی تعمیر شروع کرا دی جائے۔ صوبہ کی ضروریات اور بجٹ کا لحاظ رکھتے ہوئے میری رائے ہے یہ ہو سکتا ہے کہ ضلع بجنور میں سیر کوٹ اور راشد والہ یا افضل گڑھ دریائے رام گنگا پر اور ضلع نینی تال میں کاشی پور اور جسپور کے درمیان دریائے ڈھیلا پر پلوں کی تعمیر تو فوراً ہی شروع کرا دی جائے تاجر پیشہ لوگوں کے علاوہ ضلع کے صدر مقامات کو جانے کے لئے عام پبلک اور سرکاری لوگوں کو برسات کے موسم میں بہت زبردست دقت اور اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مجھے توی امید ہے کہ آنریبل وزراء اس اپیل پر فوراً اور پوری توجہ دیں گے۔ اور عوام کی دعائیں حاصل کرینگے۔

حکیم منشی محمد عبدالحکیم قریشی بجنوری۔ ہلدوانی۔
۲۸ مئی ۱۹۴۸ء

پاکستان کی اقلیتیں

مسٹر شہید سہروردی نے کراچی سے روانہ ہوتے ہوئے اخبارات کے نمایندوں سے فرمایا کہ پاکستان کے مسلمانوں کو اپنی اقلیتوں کیساتھ بہتر سلوک کرنا چاہیئے تاکہ ہند کے ساڑھے چار کروڑ انسانوں کے ساتھ بھی بہتر سلوک ہو یہ بھی کہا کہ سندھ اسمبلی میں اقلیتوں کے نمایندے موجود ہونے چاہئیں اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ کے عہدے بھی غیر مسلموں کو ملنے چاہئیں۔

بلاشبہ پاکستان کا فرض ہے کہ اپنی اقلیتوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے مگر ہم سودا بازی کے قائل نہیں ہیں کہ یہ سلوک صرف ہماری خاطر ہو، پاکستان اپنی اقلیتوں کے ساتھ بہتر سلوک کرے مگر اپنا اسلامی اخلاقی اور وطنی فرض سمجھ کر، ہماری غیرت یہ کبھی گوارا نہیں کریگی کہ پاکستان کے حسن سلوک کا معاوضہ ہمیں ملے اور ہم ہمیشہ سودا بازی کے چکر میں رہیں پاکستانیوں کو ہماری پروا نہیں ہونی چاہیئے اور نہ ہمیں اسکی خواہش ہے، ہم یہاں کی اکثریت کا ہر سلوک برداشت کریں گے مگر یہ اجازت نہ دیں گے کہ پاکستان اپنی اقلیتوں کے ساتھ محض ہماری خاطر بہتر سلوک کرے، اس کا ہر کام اپنی خاطر ہونا چاہیئے، ہماری خاطر جو بھی کام ہوگا وہ ہمیں کبھی راس نہ آئے گا۔

سیر و سیاحت

سیاح

زوال کے زمانہ میں ہندوستان کے اندر یہ بہار تھی کہ لوگ آج تک یاد کرتے ہیں مختلف تاریخی عمارتوں اور مقبروں کے مجاوروں کی ٹولیوں کی کچھ نہ پوچھو، ان میں سے بعض ایسے مزے اڑاتے کہ ہندوستان کو... یاد کریں گے

اور یہ مجاور امریکنوں کی راہ تو ایسے دیکھتے رہتے تھے جیسے زمیندار اپنی بیل کے انتظار میں ہو... اور کوئی آیا تو بس اس کے پیچھے لگ گئے اور اس وقت تک پیچھا نہ چھوڑا جب تک اس کی اچھی طرح حجامت نہ بنا دی۔

ایک مجاور سے راقم الحروف نے پوچھا کہ امریکن جب فیاض ہوتے ہیں تو... کہنے لگے کہ میاں آج کل فیاض وغیرہ نام ہے... ہندوستانی ہی نہیں... بے وقوف ہوتے ہیں، ...جو آج کل ہیں ان کے پاس دولت کا پیسہ تو ہے خرچ کرتے ہوئے... ہندوستانی نہیں کر... کام کرنے کے بعد بھی سو کھی روٹی بھی نصیب نہیں۔

شاید یہ مذاق نگری وہ بات بڑے پتے کی کہی معلوم ہوتا ہے وہ علم نفسیات کا بڑا ماہر تھا اور یہی کیا ہر مجاور علم نفسیات کا بڑا ماہر ہے خاص کر امریکنوں کے متعلق — یہی بات اس وقت معلوم ہوئی جب روضہ تاج محل کے مجاوروں نے اور کچھ نہیں صرف ڈیڑھ سو ڈالر (ایک ڈالر تقریباً چار روپے کے برابر) میں خاص روضہ تاج کو فروخت کر ڈالا — سو ڈالر اصل قیمت اور پچاس ڈالر ہندوستان سے امریکہ پہونچانے کا خرچ —

یہ اس وقت کی بات ہے جب مسلمان کثیر تعداد میں اپنے گھر بار کو کوڑیوں میں بیچ کر پاکستان بھاگ رہے تھے۔ امریکنوں نے سوچا لاکھ کروڑوں روپیہ کی ایک چیز چند سو روپوں میں ہمارے ہاتھ لگی لیکن انہیں یہ پتہ نہ تھا کہ روضہ تاج محل کی فروختگی کے ساتھ انہیں بے وقوفی کی سند بھی دی گئی ہے —

چنانچہ ڈیڑھ سو ڈالر کی جو رسید انہیں دی گئی اس پر صاف لکھا تھا "امریکن دنیا میں سب سے زیادہ بے وقوف ہوتا ہے" —

سنا ہے اب یہ امریکن سر پکڑ کر رو رہے ہیں۔ مگر اب پچھتائے کیا ہوت ہے — وکیل فرنیا (امریکہ) سے اور بمبئی کی معرفت کیا گیا ہے... وزیر اعظم کو لکھیں تب بھی روضہ اپنی جگہ سے ہٹنے والا نہیں —

ہمارے خیال میں اڈیٹر صاحب کو چاہیئے وہ بازار سے سنگ مرمر کا کوئی روضہ خرید کر امریکہ بھیجدیں اس سے امریکنوں کی بے وقوفی پر بھی پردہ پڑ جائے گا اور ہندوستانی مجاوروں کی بات بھی رہ جائے گی — نام ہو جائے گا تاج محل کا اور نام پر آج کل دنیا مرتی ہے —

آسام کے ساتھ تار و ٹیلیفون کا انتظام

نئی دہلی یکم جون، آسام اور ہندوستان میں شامل ہونیوالی مشرقی ریاستوں کے درمیان تار و ٹیلیفون کا براہ راست سلسلہ قائم ہو چکا ہے، گوہاٹی شیلانگ اور کلکتہ کے درمیان وائرلیس کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ ہندوستان کی تقسیم کے بعد اس نئی سکیم کو عملی جامہ پہنانے کا کام گذشتہ ماہ اکتوبر میں شروع کیا گیا تھا یہ کام ماہ فروری کے آخیر تک ختم ہو گیا اور اس پر ۲۵ لاکھ روپیہ صرف ہوئے ہیں۔ اب آسام کو پاکستان کے راستے پیغام بھیجنے کی ضرورت نہیں، ماہ مئی کے بعد صرف چند ایک تاریں آسام کو پاکستان کے رستے بھیجی گئیں۔

برا...

بموجب دفعہ (۱) ایسٹ... صاحب جن جائدادوں کا ... ہا ہو نہیں ہے تو ایک ماہ ... فہرست مکانات ... کی ہے جو مکان یا سالم ... یونین سے باہر نہیں گئے ہیں ان ... بجے سے ۵ بجے اور شام ... اور دکلا صاحبان ... سکریٹری

فہرست جائداد ... غیر معمولی ...

نمبر شمار	نمبر مکان معہ ...
138	6731 بڑا باڑا چاندنی چوک
139	222/1 رشنی بلڈنگ
140	3/4
141	1/200
142	1290
143	1259
144	180/2
145	180/3
146	180/1
147	601
148	605
149	604
150	968
151	529
152	1285
153	1349
154	1346
155	1330
156	90
157	88
158	1256
159	180/4
160	اسمتھ اینڈ ... 1387 C.F.
161	6543
162	6456
163	5525, 5524
164	6457
165	8897
166	8847 زیرین
167	6595
168	4/18/41
169	ڈی 9650 D
170	9644
171	9649
172	9650 A
173	9551
174	بی 9551 B
175	بی 9650
176	9599
177	9594
178	9591
179	9576
180	9565
181	9560
182	9577
183	8564
184	9627
185	9552
186	9551 A
187	9555
188	9519
189	95050 A
190	9505 A
191	9506
192	9516 A
193	6454
194	6496

B4

B4

صوبائی حکومت کی لسانی پالیسی پر شدید احتجاج

ضلع جمعیۃ علماء پورنیہ کی کارروائی

پورنیہ بہار (ڈاک سے) یہاں ۱۰ مارچ کو ضلع جمعیۃ علماء پورنیہ کا اجلاس کے خاتمہ پر کئی رزولیوشن پاس کئے گئے پہلا رزولیوشن گاندھی جی کی موت کے بارے میں تھا۔ اس کو جناب صدر نے پیش کیا تھا۔ اس رزولیوشن کا متن یہ ہے۔

مسلمانان پورنیہ کا یہ اجلاس ہندوستان کے نجات دہندہ اور دنیا کی بے نظیر شخصیت امن اور آشتی کے عظیم رہنما مہاتما گاندھی کے سفاکانہ قتل پر دلی رنج و ملال کا اظہار کرتا ہے اور دشمن انسانیت قاتل اور اس کے حامیوں کے خلاف نفرت و بیزاری کا اظہار کرتا ہے۔

دوسرے رزولیوشن میں حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری جنہوں نے موجودہ دور میں اسلام کی بڑی بڑی خدمتیں انجام دی ہیں ان کی وفات حسرت آیات پر اور مولانا عبد الرؤف صاحب داناپوری و حضرت مسٹر سید عبد العزیز صاحب کے انتقال پر ملال پر رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور دعا کی گئی کہ خدا انہیں جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

تیسرا رزولیوشن فسادات کے بارے میں تھا۔ جس میں کہا گیا تھا کہ یوم آزادی ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے پہلے انڈیا اور پاکستان میں فرقہ وارانہ فسادات و کشت و خون ہوئے ہیں یہ اجلاس انہیں بہیمانہ اور انسانیت سوز حرکت قرار دیتے ہوئے دلی نفرت و بیزاری کا اظہار کرتا ہے اور انڈیا اور پاکستان سے رہنے والے باشندوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اپنے مذہبی تعلیم کی روشنی میں انسانیت اور رواداری کو فروغ دیتے ہوئے آپس میں دوستانہ تعلقات قائم رکھیں۔

چوتھے رزولیوشن میں صوبائی حکومت اور حکام اور حکام ضلع پورنیہ کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کرائی گئی کہ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے ضلع میں بدامنی بہت زیادہ ترقی پر ہے خصوصاً علاقہ صدر کے جنوب مشرقی حصہ میں چوری ڈکیتی اور آتش زنی کے واردات بکثرت ہوتے رہتے ہیں جس وجہ سے عوام پریشان حال ہیں ضرورت ہے کہ اس سلسلہ میں بہت زیادہ سرگرمی سے کام لیا جائے گا اور سختی کے ساتھ تدارک کر کے اس بدامنی کو دور کیا جائے۔

پانچواں رزولیوشن ہند کے دستور اساسی میں ... اس میں کہا گیا تھا کہ

جمعیۃ علماء ضلع پورنیہ کا یہ اجلاس اس امر کو لائق تحسین اور قابل شکر خیال کرتا ہے کہ واضعین ہند کے دستور اساسی کے ذریعہ ہندوستان کی اقلیتوں کو اس امر کا اطمینان دلایا ہے کہ ان کو قومی حکومت میں ان کی تہذیب و معاشرت محفوظ رہے گی لیکن باوجود اس کے صوبائی حکومتوں میں بعض ایسی چیزیں پائی جاتی ہیں اور لائی جا رہی ہیں جو دستور ساز آئین کے منافی ہیں جیسے زبان کا مسئلہ اور بعض صوبے میں زبان اور ذبیحہ گاؤ کا مسئلہ اس لئے جمعیۃ علماء پورنیہ کا یہ اجلاس حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ایسے اقدامات کو فوری طور پر رد کیا جائے اور اقلیتوں کو مطمئن کر کے صحت مند فضا قائم کرنے کی کوشش کی جائے۔ زبان کے بارے میں بھی ایک رزولیوشن منظور کیا گیا۔ اس میں کہا گیا تھا۔

کانگریس نے ہمیشہ یہ اعلان کیا ہے کہ انڈیا میں سرکاری زبان ہندوستانی ہوگی جو دیوناگری اور اردو رسم الخط میں لکھی جائے گی اور اپنے دستوروں میں بھی اس کو تسلیم کیا ہے۔ اس کے باوجود کانگریس، مہاتما گاندھی اور پنڈت جواہر لال نہرو کے منشا کے خلاف صوبائی حکومتیں اردو رسم الخط اور ہندوستانی زبان کو سرکاری دفتروں سے خارج کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اور ایک نہایت ہی مشکل دیمنت زبان دیوناگری رسم الخط میں رائج کر رہی ہے صوبائی حکومت کی اس روش پر یہ اجلاس شدید احتجاج کرتا ہے اور حکومت وقت سے پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ اپنی روش پر نظر ثانی کرے اور ہندوستانی زبان کو دونوں رسم الخط میں مروج رکھے۔

ساتویں رزولیوشن میں آل انڈیا اجلاس جمعیۃ علماء ہند منعقدہ ۲۰ و ۲۱ اپریل ۱۹۴۹ء کے منظور شدہ تجاویز کی پر زور تائید و توثیق کی گئی۔

سر والٹر مانکٹن

نئی دہلی یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ نظام حیدرآباد کے آئینی مشیر سر والٹر مانکٹن بھی حکومت حیدرآباد کے اس وفد میں شامل ہوں گے جو غالباً ۱۴ جون کو حکومت ہند سے بات چیت کرنے کے لئے نئی دہلی پہنچے گا۔

جموں میں فصلوں کی کٹائی

ہندی فوجوں کی اہم خدمات

سری نگر یکم جون۔ نامہ نگار گلوب کو معلوم ہوا ہے کہ جموں میں ہندوستانی فوجوں کے سپرد فصل کاٹنے کا کام کیا گیا ہے۔ سب سے زیادہ فصل کاٹنے والے یونٹ کو دو سو روپیہ انعام دیا جائے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت کشمیر نے جموں اور پاہال میں تنگ کے بہت سے بنک پر قبضہ کر لیا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یہ بنک پنبک ایمرجنسی فروخت کرنے کے لئے سری نگر پہنچایا جا رہا تھا۔

مصر کے لئے امریکی ہتھیار

لندن یکم جون۔ امریکہ کی طرف سے مرکزی طور پر یہودیوں کی حکومت اسرائیل کی حمایت کئے جانے کے باوجود اس امر کا امکان موجود ہے کہ امریکہ سے مصر کو ہتھیار بھیجے جا رہے ہیں۔ یہ اطلاع ایڈنبرگ کے ڈپلومیٹک نامہ نگار نے دی ہے۔ نامہ نگار نے مزید لکھا ہے کہ ہر ایک کے وزیر اعظم نے امریکہ کے حق میں پالیسی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور حکومت مصر امریکہ سے قرضہ اور ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت مصر امریکی ہوائی جہاز کا ایک سکوئیڈرن خریدنے کے لئے بات چیت کر رہی ہے۔ اور مصر نے امریکہ زیکو سلوا کیا اور کچھ دوسرے ملکوں کو فوجی ملازمت کے لئے شرائط ...

نئی دہلی یکم جون۔ دہلی کے برطانوی محکمہ اطلاعات کے مطابق پاکستان، ہندوستان اور لنکا کے وزیر اعظموں کو لندن جانے کی دعوت دی گئی ہے لندن میں برطانوی دولت مشترکہ کے وزیر اعظموں کی ایک کانفرنس ہو رہی ہے جس میں باہمی دفاع اقتصادی معاملات وغیرہ پر تبادلہ خیالات ہوگا۔

ایڈیٹر اخبار پرتاب کا قابل مذمت رویہ

جمعیۃ علماء تستری بازار کا احتجاج

ژورہ ۲۵ مئی اخبار پرتاب کے نااہل ایڈیٹر نے فلسطین پر ایڈیٹوریل لکھتے ہوئے پیغمبر اسلام اور قرآن کریم کی شان میں جو الفاظ استعمال کیا ہے وہ نہ صرف گستاخانہ اور دل آزار ہیں بلکہ ایڈیٹر نے تاریخ کی مسلمہ حقیقت کے خلاف نہایت ہی بھدا مذاق کیا ہے۔

اخبار پرتاب کی اس الزام تراشی، شرمناک جھوٹ اور ناقابل برداشت دل آزاری سے حکومت ہند کے مسلم حلقوں میں سخت بے چینی پیدا ہوگئی ہے اور ان کی نظریں ہند کی اس جمہوری حکومت پر لگی ہوئی ہیں جس نے مہاتما گاندھی کے اصول پر چلتے ہوئے مذہب کے وقار کی حفاظت کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

ایڈیٹر پرتاب کی اس ذلیل حرکت سے مہاتما گاندھی کی روح کو جس قدر صدمہ پہنچا ہوگا اس کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ مجھے امید ہے کہ حکومت ہند اخبار پرتاب کے گستاخ ایڈیٹر سے باز پرس کرے گی۔ اس طرح مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو جو ٹھیس لگی ہے اس کی تلافی ہو سکے گی۔ ساتھ ہی ساتھ میں ہندوستان کے ان اخبارات سے استدعا کرتا ہوں جو مہاتما گاندھی کے اصول پر چلنا اپنا فرض اولین سمجھتے ہیں کہ وہ ایڈیٹر پرتاب کے اس ناشائستہ اور دل آزار رویہ کے خلاف متحد ہو کر آواز اٹھائیں تاکہ آئندہ کوئی بھی مذہبی پیشواؤں کی شان میں اس قسم کے الفاظ کہنے یا لکھنے کی جرات نہ کر سکے۔

دیوبند میں گاندھی میموریل کلب

دیوبند ... [illegible] ... مہاتما گاندھی کی یادگار کے سلسلہ میں دیوبند میں ایک کلب قائم کیا گیا ہے۔

کلب کا اجلاس ... [illegible] ... کے علاوہ شاعرہ اور ریسلنگ کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ کلب کے مقاصد حسب ذیل ہیں۔

(۱) گاندھی جی کے مجوزہ مقاصد اور ارادوں کی اشاعت (۲) فرقہ داری دور کرنا اور آپس میں میل و محبت پیدا کرنا (۳) عوام کو بہترین شہری بنانا (۴) آزاد ہندوستان کا شہری بنانا وغیرہ وغیرہ۔ ہم ملک کے نوجوانان وطن سے پرزور اپیل کریں گے کہ ملک کے گوشہ گوشہ میں اس قسم کے کلب قائم کریں گے اور اس طرح نہ صرف خود ہی مستفیض ہوں گے بلکہ اپنے ملک کی سیوا بھی کر سکیں گے۔

مسٹر شنکر راؤ دیو کی تقریر

پٹنہ۔ یکم جون۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر شنکر راؤ دیو نے ایک تقریر میں کہا کہ آزادی حاصل کرنا انسان کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ اور انسان کو اپنی آزادی کی ہر قیمت پر حفاظت کرنی چاہئے۔ آپ نے عوام سے گاندھی میموریل فنڈ میں چندہ دینے کی اپیل کی۔

آسام میں لیگ کا خاتمہ

گوہاٹی ۲ جون۔ آسام میں صوبائی مسلم لیگ ختم کر دی گئی کل یہاں آسام مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے اس مطلب کا ایک رزولیوشن منظور کیا۔

صوبائی مسلم لیگ کے صدر مسٹر عبد اللہ نور الحق صدر جلسہ تھے۔ اخبارات کو ایک بیان دیتے ہوئے مسٹر نور الحق نے کہا کہ ہند یونین کے موجودہ سیاسی صورت حالات میں فرقہ پرست جماعتیں کسی صورت میں زندہ نہیں رہنی چاہئیں۔

انہوں نے کہا آسام کے مسلمانوں نے بڑی ہمت اور استقلال سے کام لیا ہے۔ اور انہوں نے ہر وقت عدم تشدد کو اپنے سامنے رکھا ہے۔ انتہائی اشتعال کے موقعہ پر بھی انہوں نے گاندھی جی کے اصول عدم تشدد سے کام لیا ہے۔ آخر میں آپ نے آسام میں برسر اقتدار پارٹی سے اس بات کی اپیل کی کہ وہ زندگی کے تمام شعبوں میں آسام کے مسلمانوں کے ساتھ انصاف سے کام لے۔

دو سائیکل سوار ہلاک

لدھیانہ ۲ جون۔ یہاں سے چند میل کے فاصلہ پر موضع ... کے قریب گولیاں چلا کر ایک سائیکل سوار کو ہلاک کر دیا گیا۔ دوسرا شدید زخمی ہوا۔

کہا جاتا ہے کہ دو بدمعاشوں نے جنہوں نے اپنے چہرہ نقابوں میں چھپا رکھے تھے ان پر حملہ کیا۔ زخمی بعد میں اسپتال پہنچ گیا۔ مجرموں کا اب تک پتہ نہیں ملا۔

گمشدہ کی تلاش

فیاض احمد ولد طفیل احمد عمر تقریباً ۱۳ سال قد میانہ رنگ گندمی ... پر نشان خاکی قمیض اور میلا پاجامہ پہنے ہوئے چار دن سے گھر سے غائب ہے جن صاحب کو ملے بپتہ ذیل پر پہنچا دیں: طرلیف احمد بریکان حاجی محمد خان کارخانہ ظروف مسروں تحصیل نگینہ بدھن شاہ مراد آباد۔

لوچھ سے پناہ گزینوں کا انخلاء

ہندی ہوائی بیڑے کو خراج تحسین

سری نگر۔ یکم جون۔ جنرل کیری آپا نے جو حال ہی میں پونچھ کے دورے سے سری نگر واپس آئے ہیں ایک ملاقات میں بتایا کہ پونچھ میں ہندی فوجوں کی حالت اب بہت بہتر ہے اور اس علاقہ میں حالات بہت بہتر ہو گئے ہیں۔ اس بات کا انکشاف کرتے ہوئے کہ یکم فروری سے مئی کے آخر تک ۵۰ ہزار پناہ گزینوں کا انخلاء بذریعہ طیارہ عمل میں آیا ہے۔ آپ نے بتایا کہ اب پونچھ میں صرف دس ہزار آدمی رہ گئے ہیں۔ انہیں سے ہر شخص کو کافی کھانا مل رہا ہے۔ اور اس کی صحت بالکل ٹھیک ہے آپ نے ہندی ہوائی بیڑے کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے بڑی ہمت اور خطروں کے مقابلے کے بعد پونچھ سے پناہ گزینوں کے انخلاء کا کام کیا۔

علمی تحقیقات کے شعبہ کا قیام

نئی دہلی۔ یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند عنقریب سائنٹفک ریسرچ ڈپارٹمنٹ (شعبہ علمی تحقیقات) قائم کرنے والی ہے۔ صدر ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت نہرو جو کہ سیاسی ہونے کے ساتھ ساتھ ممتاز سائنسدان بھی ہیں اس شعبہ کے صدر ہوں گے اور ڈاکٹر ایس ایس بھٹناگر ڈائرکٹر سائنٹفک و انڈسٹریل ریسرچ غالباً اس شعبہ کے سکریٹری مقرر کئے جائیں گے۔ ... [illegible] ... سائنسدانوں پر مشتمل ایک نگران کمیٹی بھی ہوگی۔

نمبر شمار	نمبر مکان معہ علاقہ میونسپل کمیٹی	علاقہ وقوع جائداد	
252	14804	موتیاکھان	پہاڑگنج
253	14666	〃	〃
254	14667	〃	〃
255	14651	〃	〃
256	14934	〃	〃
257	14928	〃	〃
258	14761	〃	〃
259	14012/13	جھنڈے والا پہاڑگنج	
260	14019-20	〃	〃
261	14192	〃	〃
262	14033/36	〃	〃
263	14041/44	〃	〃
264	14055 A	〃	〃
265	14177	〃	〃
266	بالمقابل مکان 14181	〃	〃
267	14182-83	〃	〃
268	14566	کوچہ نبی کریم	〃
269	14567	〃	〃
270	14554	کوچہ نبی کریم	〃
271	14560	〃	〃
272	14559	〃	〃
273	14558	〃	〃
274	14553	جھنڈے والا پہاڑگنج	
275	14506	〃	〃
276	14499	جھنڈے والا روڈ	〃
277	14502	〃	〃
278	14438	〃	〃
279	14430	〃	〃
280	14439	〃	〃
281	14416/14419	〃	〃
282	14427	〃	〃
283	14369	〃	〃
284	14355	〃	〃
285	14353	〃	〃
286	14354	〃	〃
287	14351	〃	〃
288	14298	جھنڈے والا روڈ۔ پہاڑگنج	
289	14269	〃	〃
290	14234	〃	〃
291	14233	〃	〃
292	14232/36	〃	〃
293	14736	موتیاکھان گلی	〃
294	14705	〃	〃
295	14736	〃	〃
296	14824	〃	〃
297	14834	〃	〃
298	14935	〃	〃
299	14824	〃	〃
300	12327/31	عثمانی دھانڈہ	〃

(باقی صفحہ ۴ پر ملاحظہ کیجئے)

اطلاع عام

... ایویکوئیز ایکٹ (انتظام جائداد) جس کا نفاذ صوبہ دہلی میں بھی کر دیا گیا ہے۔ کسٹوڈین ... ان کی فہرست بذریعہ گزٹ شائع کریں گے اور دفعہ ... کے بموجب اگر کوئی شخص ... کے اندر اندر اپنی جائداد کے لئے اعتراض کر سکتا ہے۔

... دکان، کارخانہ جات کسٹوڈین صاحب دہلی نے حسب اختیارات ۲۰ مئی کے گزٹ میں شائع ... ان کو واپس لینا چاہتے ہیں اور ... خوف فساد یا بوجہ تقسیم ہندوستان ہند ... ضرورت ہے کہ وہ دفتر قانونی امداد کمیٹی جمعیۃ العلماء ہند واقع گلی قاسم جان دہلی میں ... تک علاوہ اتوار کے تشریف لا کر جائداد کے قبضے واپس لینے کی درخواست ... انتظام دے رہے ہیں ان کی درخواستوں کی پیروی کا مرتب ... قانونی امداد کمیٹی جمعیۃ العلماء ہند گلی قاسم جان دہلی۔

... مکانات جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بذریعہ گزٹ مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۴۹ء ... ان میں سے بیشتر کی فہرست الجمعیۃ مورخہ ۲۸ مئی ۱۹۴۹ء میں ... ہے

...وقوع جائداد	نمبر شمار	نمبر مکان معہ علاقہ میونسپل کمیٹی	علاقہ وقوع جائداد
... پہاڑگنج	195	2244	کوچہ کاشغری دریاگنج
〃	196	3020/46/47	جی، بی روڈ دریاگنج
... پہاڑگنج	197	2245	کوچہ کاشغری 〃
〃	198	2246	〃 〃
... پہاڑگنج	199	2248	〃 〃
	200	2249	کوچہ کاشغری دریاگنج
... پہاڑگنج	201	1980	گلی نقارچیان بازار سیتارام 〃
〃	202	1840	گلی فیروز کلاں 〃
〃	203	572	چاندنی محل دریاگنج
... پہاڑگنج	204	4997	فیض بازار ڈیوڑھی اشرفیہ دریاگنج
〃	205	6	فیض بازار 〃
〃	206	1045-1047	منشی والان ... بازار سیتارام
... پہاڑگنج	207	1635	چاہ سنگھ کالی مسجد 〃
〃	208	XIII/1455	عقب کالی مسجد 〃
〃	209	1431	کوچہ نظر خان کلاں مسجد 〃
〃	210	20-21	فیض گنج - دریاگنج
〃	211	III/670	پھاٹک مفتی والان
〃	212	X/678	〃 〃 〃
〃	213	1447	عقب کلاں مسجد بازار سیتارام
〃	214	2008	فیض بازار 〃
... والان	215	XI/3434	کوچہ چیلان 〃
〃	216	XI/3418-19	
〃	217	XI/3284-85	کوچہ چیلان دریاگنج
... سبزی منڈی	218	3395	〃 〃
〃	219	XI 3386	〃 〃
〃	220	3229	فیض گنج 〃
〃	221	XI 3388-89	کوچہ چیلان 〃
... پہاڑگنج	222	XI/18/19 قطعہ	فیض بازار 〃
〃	223	XI 1949	〃 〃
〃	224	XI 1972-73	〃 〃
... بازار	225	XI 1956	〃 〃
... سبزی منڈی	226	XI 1955	فیض بازار دریاگنج
〃	227	XI 1918	〃 〃
〃	228	XI 1887	〃 〃
〃	229	XI 1886	〃 〃
سبزی منڈی	230	پلاٹ نمبر ...	جی، بی روڈ دریاگنج
	231	3009	... بلڈنگ جی بی روڈ دہلی
... گنج	232	13495	پہاڑگنج
...	233	14732	موتیاکھان پہاڑگنج
〃	234	13453	پہاڑگنج
〃	235	13454	〃
〃	236	14298	جھنڈے والا روڈ پہاڑگنج
〃	237	14444	〃 〃
〃	238	14738	〃 〃
〃	239	14705	〃 〃
〃	240	14639/43	موتیاکھان 〃
〃	241	14703	〃 〃
〃	242	14626/28	〃 〃
〃	243	14930	〃 〃
〃	244	14931	〃 〃
〃	245	14932	〃 〃
〃	246	14933	〃 〃
〃	247	15063	〃 〃
〃	248	11992	〃 〃
〃	249	14169	〃 〃
〃	250	14664	〃 〃
〃	251	14665	〃 〃

ایشیائی ممالک کے مکمّل طور پر آزاد ہونے سے ہی دُنیا کے مسائل کا حل ہو سکتا ہے

ہمیں امداد کی ضرورت ہے لیکن اقتصادی غلبہ نہیں چاہتے

اقتصادی کانفرنس میں پنڈت نہرو کا خطبہ

اوٹاکمنڈ ۲۰ جون - کل صبح گیارہ بجے یہاں ایشیا اور مشرق بعید کے اقوام متحدہ کے کمیشن کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر اعظم ہندوستان پنڈت نہرو نے کہا کہ جس قدر جلد اس حقیقت کو تسلیم کر لیا جائے اتنا ہی بہتر ہے کہ ایشیا کے ہر ملک کو یہ پورا حق حاصل ہے کہ وہ سیاسی طور پر مکمل آزاد ہو اور دنیا میں اپنے مقرر کئے ہوئے راستے پر چل سکے۔ آپ نے کہا ایک بات یقینی ہے۔ اور وہ یہ کہ اگر ایک ملک دوسرے ملک پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا تو ایشیا کے کسی حصہ میں امن نہیں ہو سکتا۔ یہ امر قابل افسوس ہے کہ ایشیا کے بعض حصوں میں اس قسم کی کوشش کی جا رہی ہے۔ میری ذاتی رائے میں یہ کوشش نہ صرف ناپسندیدہ ہے بلکہ اس میں ... اور تدبر کو بھی دخل نہیں جو ممالک امداد دینے کے قابل ہیں وہ اگر ایشیائی ممالک کی صنعتی اور تجارتی امداد کریں تو وہ قابل قبول ہے لیکن کسی صورت میں بھی اقتصادی یا صنعتی غلبہ کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔ اس غلبہ سے تو بہتر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اپنی صنعتی ترقی میں تاخیر برداشت کر لیں ایک کا دوسرے پر غلبہ باہمی جذبات میں تنفر پیدا کرتا ہے۔

ٹھیک گیارہ بجے پنڈت نہرو گورنر مدراس کے ہمراہ کانفرنس ہال کے صدر دروازے میں داخل ہوئے جہاں پرزور تالیوں سے آپ کا استقبال کیا گیا۔ آپ کے داخلے کے فوراً بعد کانفرنس کے چیرمین نے افتتاح کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم نے اپنی تقریر میں ایشیائی ممالک کے مسائل کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مجھے امید ہے کہ اس کانفرنس میں اقتصادی امور کو طے کرتے وقت انسانی نقطۂ نظر کو بھی سامنے رکھا جائیگا۔ آپ نے مختلف ممالک کے نمائندوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے یہ عجیب تجویز پیش فرمائی کہ کانفرنس اپنا صدر مقام ہندوستان میں مقرر کرے۔ اگر کانفرنس نے ایسا کیا تو پنڈت نہرو نے یقین دلایا کہ حکومت ہند ایسی امداد کریگی لیکن آخر میں آپ نے یہ بھی کہا کہ خواہ کانفرنس ہندوستان میں اپنا صدر مقام بنائے یا نہ بنائے۔ ہندوستان کانفرنس کی کوششوں میں پورا تعاون کرے گا۔ آپ نے خاص طور پر برما اور نیوزی لینڈ کے نمائندوں کا خیر مقدم کیا اور فرمایا کہ کیا اچھا ہوتا کہ انڈونیشیا کے نمائندے بھی اس وقت ہمارے ساتھ اس کانفرنس میں شریک ہوتے ہندوستان کے متعلق آپ نے کہا کہ اس کو زیر دست مادی ذرائع حاصل ہیں اور آبادی کے لحاظ سے بھی بہت اہمیت ہے آپ نے فرمایا کہ ہندوستان ایشیائی ممالک سے تعاون حاصل کرکے کام کرنا چاہتا ہے ان کا لیڈر بننا نہیں چاہتا کیونکہ لیڈر شپ میں ایک احساس برتری ہوتا ہے ہندوستان تو صرف مشترکہ مفاد میں نمایاں حصہ لینا چاہتا ہے ہند کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ اگرچہ ہندوستان ایک زراعتی ملک ہے پھر بھی یہاں خوراک کی کمی محسوس کی جاتی ہے آپ نے فرمایا کہ ہندوستان کے متعلق یہ کہنا کہ یہاں آبادی زیادہ ہو گئی ہے۔ غلط ہے ہندوستان کے بعض حلقوں میں تو آبادی زیادہ ہے لیکن دوسرے علاقے ویران ہیں مجموعی طور پر ہندوستان میں زمین کی وسعت کے لحاظ سے آبادی کم ہے آپ نے اقوام متحدہ کے اصولوں سے وابستگی رکھی ہے اور ہندوستان کی رائے میں جتنا کہ انہیں اصولوں پر عمل کرنا چاہیئے اقوام متحدہ کا سیاسی نقطۂ نظر کچھ بھی ہو لیکن اقتصادی نقطۂ نظر میں کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا۔ سیاسی طور پر بھی زیادہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی ہے لیکن مجھے توقع ہے کہ اگر ہم اقتصادی طور پر کامیاب ہو گئے تو اس کا اثر ہمارے سیاسی حالات پر بھی پڑے گا۔

آپ نے فرمایا کہ ہم یہاں ایشیا اور مشرق بعید کے اقتصادی معاملات پر غور کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ ان علاقوں میں ایک ارب انسان آباد ہیں۔ اگر ہم ان مسائل پر انسانی ہمدردی کے جذبات سے نظر ڈالیں تو یہ مسائل زیادہ اہم ہو جاتے ہیں۔ ان کا تعلق ایک ارب انسانوں کے رنج و غم مصائب و مشکلات سے ہو جاتا ہے اور بعض اقتصادی مسائل کے مقابلہ میں ان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایشیا کے مسائل کو ابھی تک وہ اہمیت نہیں دی گئی جس کے وہ مستحق تھے۔ اس وقت یہ سوال نہیں کہ امداد دینے والے ممالک ہمارے ساتھ فیاضانہ برتاؤ کریں بلکہ سوال یہ ہے کہ اگر دنیا کے بعض حصوں کو غیر ترقی یافتہ چھوڑ دیا گیا تو ان کا اثر ترقی یافتہ ممالک پر پڑے گا اور یہ اثر اچھا نہیں ہوگا۔ اس لئے ضروری ہے کہ دنیا کے غیر ترقی یافتہ ممالک کی بہبود اور بہتری کی اہمیت کو پورے طور پر سمجھا جائے۔ اگر ایشیائی ممالک کی طرف مناسب توجہ نہیں دی گئی تو اس سے اقوام متحدہ کے اصولوں کا مقصد فوت ہوتا ہے۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ ہندوستان جیسے زراعتی ملک میں خوراک کی کمی ہو۔ اور ہمیں اس کمی کو پورا کرنے ... آپ نے آگے چل کر فرمایا کہ یہ تسلیم کر لیا جائے کہ ایشیائی ممالک کو صنعتی اعتبار پر ترقی یافتہ ہونا چاہیئے لیکن اس ترقی کے لئے سب سے بڑی ضرورت ضروری سامان اور سرمایہ کی ہے۔ اس کے حصول سامان اور سرمایہ کی ہے۔ اس کے حصول کا آسان طریقہ یہ ہے کہ جو ممالک امداد دے سکتے ہیں وہ امداد دیں۔ لیکن ایشیائی ممالک کسی ایسی امداد کو قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں جس کا نتیجہ اقتصادی غلبہ کی صورت میں ظاہر ہو۔ آپ نے حکومت ہند کی ان کوششوں کا تذکرہ کیا جو وہ ہندوستان میں بجلی کی طاقت پیدا کرنے کے سلسلہ میں کر رہی ہے۔

آپ نے سماجی ناانصافیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان اور دوسرے ایشیائی ممالک کے ساتھ اس قسم کی ناانصافی روا رکھی گئی ہے اور اس کا مداوا صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ اس حقیقت کا احساس کیا جائے اور اس ناانصافی کو دور کرنے کی کوشش کی جائے۔

صفحہ اول کالم ۶ سے آگے

حال ہی میں دوائیوں کی سپلائی نہ ہونے سے حکومت نے دو ملازم ڈاکٹروں نے استعفے دیدئے ہیں ڈھاکہ یونیورسٹی کی بھی حالت خراب ہے۔ آجکل مشرقی بنگال میں دیا سلائی کا بکس ۳ روپے میں فروخت ہوتا ہے۔ آپ نے یہ بھی کہا ہے کہ اس وقت مشرقی پاکستان میں موجودہ وزارت کے خلاف سخت غصہ ہے لوگوں کی خواہش ہے کہ ہر ممکن طریقے پر اس کو تبدیل کر دیا جائے۔

بقیہ صفحہ ۳

نمبر شمار	نمبر مکان معہ علاقہ میونسپل کمیٹی	علاقہ و قسم جائداد
301	13348/49	ملتانی ڈھانڈا - پہاڑ گنج
302	12350	〃
303	12596	〃
304	15043/52	مہتیاکھان پہاڑ گنج
305	14181	جھنڈے والا روڈ
306	14694	مہتیاکھان پہاڑ گنج
307	14670	نزد عید گاہ - پہاڑ گنج
308	14651	〃
309	14884/87	مہتیاکھان
310	14761	〃
311	14732	〃
312	14503	جھنڈے والا روڈ پہاڑ گنج
313	14824	مہتیاکھان
314	13926	باغیچی علاؤالدین
315	12816	ملتانی ڈھانڈا
316	12994	〃
317	12764	〃
318	12319/22	〃
319	12795	〃
320	13260	〃
321	13205	〃
322	13185	〃
323	13223	〃
324	14455	کوچہ نبی کریم
325	13024	ملتانی ڈھانڈا
326	14501	کوچہ نبی کریم
327	13684	〃
328	13923	〃
329	12930	ملتانی ڈھانڈا
330	12958	〃
331	13494	〃
332	13418	〃
333	14469	〃
334	13471	〃
335	13897	〃
336	13209	〃
337	13713	باغیچی علاؤالدین
338	27	بابر روڈ نئی دہلی
339	35- بی	کناٹ سرکس نئی دہلی
340	25	بابر لین
341	1545	گلی بیری والی گندہ نالہ کشمیری دروازہ

نوٹ: - بقیہ فہرست دوکانیں کل کی اشاعت میں ملاحظہ فرمائیں۔

نوٹ: - کسی قسم کی غلطی یا مس پرنٹ کی کوئی ذمہ داری نہیں۔

دارالسلطنت

۲۰ جون ۱۹۴۸ء

کھلا خط

جناب حکیم سید حسین سکریٹری کانگریس کمیٹی بستی نظام الدین نے جناب مسلم احمد صاحب ... جمعیۃ العلماء مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم سے ایک کھلی چٹھی میں ... کی اردو ... سے متعلق مبہم بیان کی بابت کہا ہے کہ ... اس کمیٹی کی ساکھ اور اس کی خدمات پر ناواجب حملہ ہوتا ہے۔ اس لئے وہ اپنے غلط بیان کی تردید شائع کریں۔

پانی کی قلت

نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے ... پانی کی کمی کے بارے میں غور کیا۔ اس مقصد کے ... کرو۔ ... بجے سے ... بجے تک اور دن کو ... بجے سے ... بجے تک نلوں میں پانی کی سپلائی بند کر دی جائے۔

بینک کے ملازموں کی گرفتاری

ایک مقامی بینک کی ... شاخ کے دو ملازموں کو کل پولیس نے ... روپے خوردبرد کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ ملزموں کو دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا۔ بعد ازاں ... سات سات ہزار کی ضمانت پر رہا کر دیا۔

وداعی دعوت

نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو وداعی دعوت اور مسٹر راجگوپال آچاریہ کو سپاسنامہ پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ضروری انتظامات کے لئے ایک سب کمیٹی بنا دی گئی ہے۔

دھوکہ دہی کے سلسلہ میں گرفتاری

ایک مقامی ... کے ... لال نامی ایک ... کو کل ڈسٹرکٹ کورٹ کے کمپاؤنڈ میں پولیس نے گرفتار کر لیا ایک شخص عبدالرزاق کو دھوکا دے کر اس کا چیک ... کے الزام میں پولیس ملزم کی تلاش میں تھی۔

کانگریسیوں کیلئے رہائش کا انتظام

صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد کی کوششوں سے ... کے کوارٹروں میں پناہ گزین کانگریسیوں کی رہائش کے لئے ایک کیمپ کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کیمپ میں ۵۰ گھرانے رہ سکیں گے۔ ان کے لئے صدر صوبائی کانگریس کمیٹی دہلی سے اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

چھتیں اُڑ گئیں

آج شام تقریباً پانچ بجے تیز آندھی آنے کی وجہ سے ... ہزاروں کی تعداد ... کی چھتیں اڑ گئیں ہیں ... سخت زخمی ہو گئے۔ ان میں سے تین اشخاص کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔ زخمیوں کو فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

خودکشی

... کی صبح کو ایک پناہ گزین نے ... کے قریب ... لٹک کر خودکشی کر لی۔ پولیس نے اس کی جیب سے اس مضمون کا ایک خط برآمد کیا ہے "میں زندگی سے بہت تنگ آ گیا ہوں اور خدا مجھے معاف کرے"۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا۔

اناج کی غیر قانونی فروخت

آدمی ... مشرقی پنجاب سے غیر قانونی طور پر اناج لا کر فروخت کر رہے ہیں۔ اندازہ ہے کہ ... لائن سے آنے والی ہر گاڑی سے تقریباً سو بوری گیہوں لائے جاتے ہیں۔ ایک شخص نے بتایا کہ وہ ... روپے کمانے کے لئے ... رہا ہے ... روپے من گیہوں خرید کر ... روپے من فروخت کرتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ریلوے کے حکام اس سلسلہ کو روکنے کے لئے زبردست اقدام کرنے والے ہیں۔

راجگوپال آچاری کی آمد

نامزد گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاری جمعرات کے دن ہوائی جہاز کے ذریعہ کلکتہ سے دہلی آ رہے ہیں یہاں چند روز قیام کے بعد آپ کلکتہ واپس چلے جائیں گے۔

ضلع کانگریس کا انتخاب

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ... کے عہدیداروں کا انتخاب ... ضلع کانگریس کمیٹی میں ہوا جس میں مندرجہ ذیل اصحاب کو عہدیداران منتخب کیا گیا۔

۱۔ صدر - جناب مولانا رفیق احمد صاحب رحمانی
۲۔ نائب صدر - جناب ہری کشن صاحب ...
۳۔ ناظم - جناب ادم پرکاش صاحب ...
۴۔ نائب ناظم - ... بہاری ...
۵۔ خزانچی - جناب برج بھوشن صاحب ...

منتظمہ کمیٹی کے لئے جناب ... الدین صاحب انصاری اور لالہ جگن ناتھ ... صاحب منتخب کئے گئے۔

مسلمان قلیوں کی طرف سے امداد

دہلی ریلوے اسٹیشن کے مسلمان قلیوں نے ... کے تباہ حال ... کی مدد کے لئے چندہ جمع کر کے جمعیۃ علماء ہند کو بھیجا ہے۔ جمعیۃ علماء ہند نے یہ رقم ... کمیشن کے ریلیف ... کو بھیج دی ہے۔ بہت سے مسلم قلیوں نے اپنی دن بھر کی کمائی ... دی۔ اس سے قبل بھی دہلی کے مسلمان ... جمعیۃ علماء کی معرفت پناہ گزینوں کے لئے اناج ... اور روپے ارسال کر چکے ہیں۔ ... دفتر جمعیۃ علمائے ہند

(باقی آئندہ)

آپکے یہاں شادی ہے؟

تو ہماری خدمات حاصل کیجئے دیسی دستکاری کا بہترین نمونہ یعنی چار گلاس ... عدد ... پیالہ اور ... عدد چمچہ چاندی کی چمکدار پالش ... عدد پتیل کے بنے ہوئے صرف ۱۳ روپے ... روپے ... آنے ... پانی پینا باعث برکت اور بیماروں کے لئے شفا ہے صرف ... روپے ... طلب فرماویں۔

ڈی - بی اینڈ کو کسٹرلی مراد آباد یو۔ پی

ضرورت موذن

جامع مسجد نئی دہلی واقع بالمقابل کونسل ہاؤس کے لئے ایک سنی مسلمان موذن کی ضرورت ہے رہنا مسجد میں ہی ہوگا۔ ایسے شخص کی ضرورت ہے جو دہلی میں رہتا ہو۔ اردو لکھنا جانتا ہو۔ کوئی خطرہ نہیں ہے۔ پولس کا گارڈ ہر وقت رہتا ہے تنخواہ کے لئے امام صاحب سے مسجد میں ہی آ کر بات کریں۔ ملاقات کے لئے ظہر اور عصر کے درمیان کا وقت ہے۔

خوشخبری

ہر قسم کے سیپارے۔ بغدادی قاعدے۔ نماز مترجم اور قرآن پاک ارزاں نرخ سے ملنے کا پتہ

منصور بک ایجنسی بجنور یو۔ پی

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیوریلو با اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں
ایس، ایم، عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

حویلی حسام الدین بلیماران چاندی چوک دہلی سے حاصل کیجئے

میچلس سٹوواچ ۱۲ سائز نکل سلور کیس موٹا گلاس گول شیپ لیور ۱۵ جویل کیلس معہ سکنڈ ریڈیم ڈائیل خوشنما اور پائیدار معہ اسٹراپ گارنٹی دس سال قیمت ساٹھ روپے

سکنڈ پاکٹ واچ لیور ۱۵ جویل نکل سلور کیس ۱۵ سائز کیلس سکنڈ دار خوبصورت اور مضبوط وقت نہایت صحیح بتانے والی گارنٹی دس سال قیمت چالیس روپیہ۔

بیرونجات سے ہمراہ فرمائش دس روپے پیشگی بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمایئے، محصولڈاک وغیرہ بذمہ خریدار ہوگا۔

نظم و نثر کی اصلاح مفت لیجئے

ہم نے دنیائے ادب کے نامور ادیب و شاعر کی خدمات حاصل کر لی ہیں آپ کے ذوق شباب کی تسکین حسب پسند ہوگی۔ اشاعت و طباعت کا بھی معقول انتظام ہے آج ہی چھ پیسے کے ٹکٹ بھیجکر ممبری فارم طلب کیجئے۔

مہتمم ادارہ ترویج ادب اردو منزل اردو بازار دہلی

ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل ———— امن کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دے گا
جمیل ———— سنجیدہ، متین اور اتحادی مضامین کا مخزن ہوگا
جمیل ———— زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع ہوگا
جمیل ———— اکابرین ادب اور راہ نمایان قوم کے کردار نظریات اور سوانح کو پیش کریگا
جمیل ———— بالتصویر اور مرقع کار ہوگا

پہلا نمبر ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کرے گا اور مسابرکباد پیش کرے گا۔

سالانہ قیمت پانچ روپے (عہ) فی پرچہ آٹھ آنے (۸)

عبدالحق پراچہ دہلوی

مینجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

صوبائی حکومت کی لسانی پالیسی پر شدید احتجاج

ضلع جمعیۃ علماء پورنیہ کی کارروائی

پورنیہ (بذریعہ ڈاک) یہاں ۱۸ مئی کو ضلع جمعیۃ علماء پورنیہ کا اجلاس ہوا جس میں حسب ذیل رزولیوشن پاس کئے گئے۔ پہلا رزولیوشن گاندھی جی کی وفات پر اظہار رنج و غم کا تھا ...

جمعیۃ علماء ضلع پورنیہ کا یہ اجلاس اس امر کو افسوس اور قابل گرفت سمجھتا ہے کہ آزاد ہندوستان میں ... کانگریس نے ہمیشہ یہ اعلان کیا ہے کہ ہندوستانی زبان ہندوستان کی مشترکہ زبان ہوگی ... سرکاری دفتروں سے خارج کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ... یہ اجلاس صوبائی حکومت کی اس پالیسی پر شدید احتجاج کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اپنی روش پر نظر ثانی کرے ...

ساتویں رزولیوشن میں آل انڈیا اجلاس جمعیۃ علماء ہند منعقدہ ۲۰ و ۲۱ و ۲۲ اپریل ۱۹۴۸ء کے منظور شدہ تجاویز کی پرزور تائید و توثیق کی گئی۔

سر والٹر مانکٹن

نئی دہلی یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ نظام حیدرآباد کے آئینی مشیر سر والٹر مانکٹن بھی حکومت حیدرآباد کے اس وفد میں شامل ہوں گے جو غالباً ۴ جون کو حکومت ہند سے بات چیت کرنے کے لئے دہلی پہونچے گا۔

جموں میں فصلوں کی کٹائی

ہندی فوجوں کی اہم خدمات

سری نگر یکم جون۔ نامہ نگار گڈ کو معلوم ہوا ہے کہ جموں میں ہندوستانی فوجوں کے سپرد فصل کاٹنے کا کام کیا گیا ہے۔ سب سے زیادہ فصل کاٹنے والے رجمنٹ کو دو سو روپے انعام دیا جائے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت کشمیر نے جموں اور پاہال میں نمک کے بہت سے سٹاک پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یہ نمک پیک مارکیٹ میں فروخت کرنے کے لئے سری نگر بھیجا جا رہا تھا۔

مصر کے لئے امریکی ہتھیار

لندن یکم جون۔ امریکہ کی طرف سے سرکاری طور پر یہودیوں کی حکومت اسرائیل کی حمایت کئے جانے کے باوجود اس امر کا امکان موجود ہے کہ امریکہ سے مصر کو ہتھیار بھیجے جا رہے ہیں۔ یہ اطلاع ایونگ نیوز کے ڈپلومیٹک نامہ نگار نے دی ہے۔ نامہ نگار نے مزید لکھا ہے کہ امریکہ کے وزیر اعظم نے امریکہ کے حق میں پالیسی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور حکومت مصر امریکہ سے قرضہ اور ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت مصر امریکی ہوائی جہازوں کا ایک سکوئیڈرن خریدنے کے لئے بات چیت کر رہی ہے۔ اگر مصر سے امریکہ زکہ سلجھا گیا تو کچھ دوسرے ملکوں کو فرحوں ملے گا۔

نئی دہلی یکم جون۔ دہلی کے برطانوی حلقہ اطلاعات کے مطابق پاکستان، ہندوستان اور لنکا کے وزیر اعظموں کو لندن جانے کی دعوت دی گئی ہے لندن میں برطانوی دولت مشترکہ کے وزیر اعظموں کی ایک کانفرنس ہو رہی ہے جس میں باہمی دفاع اقتصادی معاملات وغیرہ پر تبادلہ خیالات ہوگا۔

اڈیٹر اخبار پربھات کا قابل مذمت رویہ

جمعیۃ علماء ستری بازار کا احتجاج

... پربھات ... پیغمبر اسلام اور قرآن کریم کی شان میں ... نہایت گستاخانہ الفاظ ... اس امر کی سخت مذمت کرتا ہے ...

جس قدر صدمہ پہونچا ہے اس کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ مجھے امید ہے کہ حکومت ہند اخبار پربھات کے گستاخ اڈیٹر سے بازپرس کرے گی اور اس طرح مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو جو ٹھیس لگی ہے اس کی تلافی ہو سکے گی۔ ساتھ ہی میں ہندوستان کے ان اخبارات سے استدعا کرتا ہوں جو مہاتما گاندھی کے اصول پر چلنا پسند کرتے ہیں کہ وہ اڈیٹر پربھات کے اس ناشائستہ رویہ کے خلاف متحد ہو کر آواز اٹھائیں تاکہ آئندہ کوئی بھی مذہبی پیشواؤں کی شان میں اس قسم کے الفاظ کہنے یا لکھنے کی جرأت نہ کر سکے۔

دیوبند میں گاندھی میموریل کلب

دیوبند بذریعہ ڈاک۔ نیشنل کا نشل تحریر فرماتے ہیں کہ اپنے محبوب اور پیارے لیڈر مہاتما گاندھی کی یادگار کے سلسلہ میں ہم نے دیوبند میں ایک کلب قائم کیا ہے۔

کلب کا اجلاس روزانہ ہوا کرے گا۔ تقاریر کے علاوہ مشاعرے اور سیمینار کے انتظامات بھی کئے گئے ہیں۔ کلب کے مقاصد حسب ذیل ہیں۔

(۱) گاندھی جی کے محبوب مقاصد اور ارادوں کی اشاعت (۲) فرقہ واری دور کرنا اور آپس میں میل محبت بڑھانا (۳) ہمارا کوہیر کے مقصد بنانا (۴) آزاد ہندوستان کا شہری بنانا وغیرہ وغیرہ۔ ہم ملک کے نوجوانان وطن سے پرزور اپیل کریں گے کہ ملک کے گوشہ گوشہ میں اسی قسم کے کلب قائم کریں گے اور اس طرح نہ صرف خود ہی مستفیض ہوں گے بلکہ اپنے ملک کی سیوا بھی کر سکیں گے۔

مسٹر شنکر راؤ دیو کی تقریر

پٹنہ۔ یکم جون۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر شنکر راؤ دیو نے ایک تقریر میں کہا کہ آزادی حاصل کرنا انسان کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ اور انسان کو اپنی آزادی کی ہر قیمت پر حفاظت کرنی چاہئے۔ اپ نے عوام سے گاندھی میموریل فنڈ میں چندہ دینے کی اپیل کی۔

آسام میں لیگ کا خاتمہ

گوہاٹی ۳۰ جون۔ آسام میں صوبائی مسلم لیگ ختم کر دی گئی یہاں آسام مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے اس مطلب کا ایک ریزولیوشن منظور کیا۔

صوبائی مسلم لیگ کے صدر مسٹر عبداللہ نور اکتی صدر جلسہ تھے۔ اخبارات کو ایک بیان دیتے ہوئے مسٹر نور اکتی نے کہا کہ ہند یونین کے موجودہ سیاسی صورت حالات میں فرقہ پرست جماعتیں کسی صورت میں زندہ نہیں رہنی چاہئیں۔

انہوں نے کہا آسام کے مسلمانوں نے بڑی ہمت اور استقلال سے کام لیا ہے۔ اور انہوں نے ہر وقت عدم تشدد کو اپنے سامنے رکھا ہے۔ انتہائی اشتعال کے موقعہ پر بھی انہوں نے گاندھی جی کے اصول عدم تشدد سے کام لیا ہے۔ آخر میں آپ نے آسام میں برسر اقتدار پارٹی سے اس بات کی اپیل کی کہ وہ زندگی کے تمام شعبوں میں آسام کے مسلمانوں کے ساتھ انصاف سے کام لے۔

دو سائیکل سوار ہلاک

رمپاد ۳۰ جون۔ یہاں سے چند میل کے فاصلہ پر موضع حسن پور کے قریب گولیاں چلا کر ایک سائیکل سوار کو ہلاک کر دیا گیا۔ دوسرا شدید زخمی ہوا۔

کہا جاتا ہے کہ دو بدمعاشوں نے جنہوں نے اپنے چہرے نقابوں میں چھپا رکھے تھے ان پر حملہ کیا۔ زخمی لیڈی ہسپتال میں داخل ہے۔ مجرموں کا اب تک پتہ نہیں ملا۔

گمشدہ کی تلاش

فیاض احمد ولد طفیل احمد عمر تقریباً ۱۲ سال قد لمبا رنگ گندمی، چہرے پر نشان خاکی قمیص اور سیلا پاجامہ پہنے ہوئے چار دن سے گھر سے غائب ہے جن صاحب کو ملے پتہ ذیل پر پہنچا دیں۔ شریف احمد برمکان حاجی محمد خاں کارخانہ ظروف تحصیل بلیکہ بدھن شاہ مراد آباد۔

مغربی پنجاب میں ایک ہندو کی واپسی

مستقل سکونت کا ارادہ

کیمبلپور یکم جون۔ لالہ بالمکند جو ہزارہ کے ایک پرانے کانگریسی کارکن ہیں اور ہجرت کر کے مشرقی پنجاب چلے آگئے تھے۔ اب ہزارہ لوٹ آئے ہیں۔ مسٹر ایس ایم راشد ڈپٹی کمشنر نے ان کو مکمل حفاظت کا یقین دلا دیا ہے۔ لالہ بالمکند نے یہاں ایک بیان دیا۔ آپ نے کہا کہ میں نے پاکستان کے وفادار شہری کی حیثیت سے ہزارہ میں مستقل طور پر سکونت اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

کشمیری پناہ گزینوں کیلئے کیمپ

جموں یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے جموں اور کشمیر کے پناہ گزینوں کی امداد کا فیصلہ کیا ہے۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اس سلسلہ میں کیمپ کھولے جا رہے ہیں۔ جہاں ایک لاکھ کے قریب پناہ گزین رکھے جائیں گے۔ یہ دونوں کیمپ حکومت ہند کی طرف سے جاری کئے جا رہے ہیں۔ اور کیمپوں میں پناہ گزینوں کو مناسب سہولتیں دی جائیں گی۔

حیدرآبادی عوام سے سوشلسٹوں کی ہمدردی

اجتماعی ستیہ گرہ کی تجویز

بمبئی یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ سوشلسٹ پارٹی اس تجویز پر غور کر رہی ہے کہ انڈین یونین کے رضاکاروں کو اجتماعی طور پر حیدرآباد کے علاقہ میں داخل کیا جائے۔ اس طرح اس بات کا اظہار ہوگا کہ حیدرآباد ہند یونین کا ہی حصہ ہے نیز یہ کہ اس طرح ریاستی عوام سے ہمدردی کا اظہار بھی ہوگا اس بارے میں تفصیلات مرتب کی جا رہی ہیں اور جلد ہی اعلان کیا جائے گا سوشلسٹ پارٹی کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس وقت حیدرآباد کی سازش کے مقابلہ کے لئے ہند کے لوگوں میں بہت بے چینی ہے۔ حکومت ہند نے اب تک اس بارہ میں کچھ نہیں کیا ہے ہند یونین کے باشندوں کے لئے ریاست کے عوام کی مدد کے سوا اور کوئی چارہ نہیں اس طرح ستیہ گرہ یا اس طرح کے سخت اقدام کی سخت ضرورت ...

یوپی سے پناہ گزینوں کا نکالا

ہندی ہوائی بیڑے کو خراج تحسین

سری نگر۔ کرم جون۔ جنرل کریپا آپاسے نے حال ہی میں پونچھ کے دورے سے سری نگر واپس آئے ہیں ... ہندی ہوائی بیڑے ... دس ہزار آدمی رہ گئے ہیں ... آپ نے ہند کے ہوائی بیڑے کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے بڑی ہمت اور خطروں کے مقابلے کے بعد پونچھ سے پناہ گزینوں کے نکالنے کا کام کیا۔

علمی تحقیقات کے شعبہ کا قیام

نئی دہلی۔ یکم جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند عنقریب سائنٹیفک ریسرچ ڈیپارٹمنٹ (شعبہ علمی تحقیقات) قائم کرنے والی ہے۔ ... ساتھ ساتھ ممتاز سائنسدان بھی اس شعبہ کے صدر ہوں گے اور ڈاکٹر ایس ایس بھٹناگر ڈائرکٹر سائنٹیفک و انڈسٹریل ریسرچ غالباً اس شعبہ کے سکریٹری مقرر کئے جائیں گے۔ اس محکمہ کی نگرانی کے لئے مشہور ہندوستانی سائنسدانوں پر مشتمل ایک نگراں کمیٹی ہوگی۔

علاقہ وقوعہ جائداد	نمبر مکان معہ علاقہ میونسپل کمیٹی	نمبر شمار
موتیا کھان پہاڑ گنج	14804	252
" "	14666	253
" "	14667	254
" "	14652	255
" "	14934	256
" "	14928	257
" "	14761	258
جھنڈے والا پہاڑ گنج	14012/13	259
" "	14019-20	260
" "	14192	261
" "	14033/36	262
" "	14041/44	263
" "	14055	264
" "	14177	265
" "	14181 مقابل مکان	266
" "	14182-83	267
کوچہ نبی کریم "	14566	268
" "	14567	269
کوچہ نبی کریم "	14554	270
" "	14560	271
" "	14559	272
" "	14558	273
جھنڈے والا پہاڑ گنج	14553	274
" "	14506	275
جھنڈے والا روڈ "	14499	276
" "	14502	277
" "	14438	278
" "	14436	279
" "	14439	280
" "	14406 تا 14419	281
" "	14427	282
" "	14369	283
" "	14355	284
" "	14353	285
" "	14354	286
" "	14351	287
جھنڈے والا روڈ پہاڑ گنج	14298	288
" "	14269	289
" "	14234	290
" "	14233	291
" "	14232/36	292
موتیا کھان گلی "	14736	293
" "	14705	294
" "	14736	295
" "	14824	296
" "	14834	297
" "	14935	298
" "	14624	299
ملتانی ڈھانڈہ "	12327/31	300

(باقی صفحہ ۳۲ پر ملاحظہ کیجئے)

اطلاع عام

... ایکٹ (انتظام جائداد) کا نفاذ صوبہ دہلی میں بھی کر دیا گیا ہے۔ کسٹوڈین ... کی فہرست بذریعہ گزٹ شائع کریں گے ... کے بموجب اگر کوئی شخص ... کے اندر اندر اپنی جائداد کے لئے اعتراض کر سکتا ہے۔

... کسٹوڈین صاحب دہلی نے حسب اختیارات ... مئی کے گزٹ میں شائع ... جو فساد یا بوجہ تقسیم ہندوستان ... دفتر قانونی امداد کا کیمپ جمعیۃ العلماء ہند ... قاسم جان دہلی میں ... علاوہ اتوار کے تشریف لا کر جائداد کے قبضے واپس لینے کی درخواست ... اپنی درخواستوں کی پیروی کا موقعہ دیں۔

قانونی امداد کا کیمپ جمعیۃ العلماء ہند گلی قاسم جان دہلی۔

مکانات جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بذریعے گزٹ مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۴۸ء ... کی فہرست الجمعیۃ مورخہ ۲۸ مئی ۱۹۴۸ء میں ... شائع ہو چکی ہے

علاقہ وقوعہ جائداد	نمبر مکان معہ علاقہ میونسپل کمیٹی	نمبر شمار
کوچہ کاشغری دریا گنج	2244	195
جی بی روڈ دریا گنج	3020/46/47	196
کوچہ کاشغری "	2245	197
" "	2246	198
" "	2248	199
کوچہ کاشغری دریا گنج	2249	200
گلی تعارچیان بازار سیتارام "	1980	201
گلی فیروز کلاں "	1840	202
چاندی محل دریا گنج	572	203
فیض بازار ڈیوڈ اسٹریٹ دریا گنج	4997	204
فیض بازار "	6	205
منڈی والان اسٹریٹ بازار سیتارام	1045-1047	206
چاہ سنگھ کالی مسجد "	1635	207
عقب کالی مسجد "	XIII/1455	208
کوچہ نظر خان کلاں مسجد "	1431	209
فیض گنج دریا گنج	20-21	210
پھاٹک مفتی والان "	III/670	211
" "	X/678	212
عقب کلاں مسجد بازار سیتارام "	1447	213
فیض بازار "	2008	214
کوچہ چیلان "	XI/3434	215
" "	XI/3418-19	216
کوچہ چیلان دریا گنج	XI/3284-85	217
" "	3395	218
" "	XI 3386	219
فیض گنج "	3229	220
کوچہ چیلان "	XI 3388-89	221
فیض بازار "	XI/18/19 وظیفہ	222
" "	XI 1949	223
" "	XI 1972-73	224
" "	XI 1956	225
فیض بازار دریا گنج	XI 1955	226
" "	XI 1918	227
" "	XI 1887	228
" "	XI 1886	229
جی بی روڈ دریا گنج	پلاٹ نمبر ... بلڈنگ	230
افضل الدین بلڈنگ جی بی روڈ دہلی	3009	231
پہاڑ گنج	13495	232
موتیا کھان پہاڑ گنج	14732	233
پہاڑ گنج	13453	234
" "	13454	235
جھنڈے والا روڈ پہاڑ گنج	14298	236
" "	14444	237
" "	14738	238
" "	14705	239
موتیا کھان "	14639/43	240
" "	14703	241
" "	14626/29	242
" "	14930	243
" "	14931	244
" "	14932	245
" "	14933	246
" "	15043	247
" "	11992	248
" "	14669	249
" "	14664	250
" "	14665	251

ایشیائی ممالک کے مکمل طور پر آزاد ہونے سے ہی دنیا کے مسائل کا حل ہوسکتا ہے

ہمیں امداد کی ضرورت ہے لیکن اقتصادی غلبہ نہیں چاہتے

اقتصادی کانفرنس میں پنڈت نہرو کا خطبہ

اوٹاکمنڈ۔ ۲ جون۔ کل صبح گیارہ بجے یہاں ایشیا اور مشرق بعید کے اقوام متحدہ کے کمیشن کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر اعظم ہندوستان پنڈت نہرو نے کہا کہ جس قدر جلد اس حقیقت کو تسلیم کرلیا جائے اتنا ہی بہتر ہے کہ ایشیا کے ہر ملک کو یہ پورا حق حاصل ہے کہ وہ سیاسی طور پر مکمل آزاد ہو اور دنیا میں اپنے مقرر کئے ہوئے راستے پر چل سکے۔ آپ نے کہا ایک بات یقینی ہے۔ اور وہ یہ کہ اگر ایک ملک دوسرے ملک پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا تو ایشیا کے کسی حصہ میں امن نہیں ہوسکتا۔ یہ امر قابل افسوس ہے کہ ایشیا کے بعض حصوں میں اس قسم کی کوشش کی جارہی ہے۔ میری ذاتی رائے میں یہ کوشش نہ صرف ناپسندیدہ ہے بلکہ ان کا انجام بھی اور تدبر کو بھی دخل نہیں جو ممالک امداد دینے کے قابل ہیں وہ اگر ایشیائی ممالک کی صنعتی اور تجارتی امداد کریں تو وہ قابل قبول ہے لیکن کسی صورت میں بھی اقتصادی یا صنعتی غلبہ کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔ اس غلبہ سے تو بہتر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اپنی صنعتی ترقی میں تاخیر برداشت کرلیں ایک کا دوسرے پر غلبہ باہمی خدمت میں تنفر پیدا کرتا ہے۔

ٹھیک گیارہ بجے پنڈت نہرو گورنر مدراس کے ہمراہ کانفرنس ہال کے صدر دروازے میں داخل ہوئے جہاں پر زور تالیوں سے آپ کا استقبال کیا گیا۔ آپ کے داخلہ کے فوراً بعد کانفرنس کے چیرمین نے افتتاح کا اعلان کردیا۔ وزیر اعظم نے اپنی تقریر میں ایشیائی ممالک کے مسائل کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مجھے امید ہے کہ اس کانفرنس میں اقتصادی امور کو طے کرتے وقت انسانی نقطۂ نظر کو بھی سامنے رکھا جائے گا۔ آپ نے مختلف ممالک کے نمائندوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے یہ دلچسپ تجویز پیش فرمائی کہ کانفرنس اپنا صدر مقام ہندوستان میں مقرر کرے۔ اگر کانفرنس نے ایسا کیا تو پنڈت نہرو نے یقین دلایا کہ حکومت ہند پوری امداد کریگی لیکن آخر میں آپ نے یہ بھی کہا کہ خواہ کانفرنس ہندوستان میں اپنا صدر مقام بنائے یا نہ بنائے۔ ہندوستان کانفرنس کی کوششوں میں پورا تعاون کرے گا۔ آپ نے خاص طور پر انڈونیشیا کے نمائندوں کا خیر مقدم کیا اور فرمایا کہ کیا اچھا ہوتا کہ انڈونیشیا کے نمائندے بھی اس وقت ہمارے ساتھ اس کانفرنس میں شریک ہوتے۔ ہندوستان کے متعلق آپ نے کہا کہ اس کو زبردست مادی ذرائع حاصل ہیں اور آبادی کے لحاظ سے بھی بہت اہمیت ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہندوستان ایشیائی ممالک سے تعاون حاصل کرکے کام کرنا چاہتا ہے ان کا لیڈر بننا نہیں چاہتا کیونکہ لیڈر شپ میں ایک احساس برتری ہوتا ہے ہندوستان تو صرف مشترکہ مفاد میں نمایاں حصہ لینا چاہتا ہے۔ ہند کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ اگرچہ ہندوستان ایک زراعتی ملک ہے پھر بھی یہاں خوراک کی کمی محسوس کی جاتی ہے آپ نے فرمایا کہ ہندوستان کے متعلق یہ کہنا کہ یہاں آبادی زیادہ ہوگئی ہے۔ غلط ہے ہندوستان کے بعض حلقوں میں تو آبادی زیادہ ہے لیکن دوسرے علاقے ویران ہیں۔ مجموعی طور پر ہندوستان میں زمین کی وسعت کے لحاظ سے آبادی کم ہے۔ آپ نے اقوام متحدہ کے اصولوں سے وابستگی رکھی ہے اور ہندوستان

کی رائے میں جن کو انہیں اصولوں پر عمل کرنا چاہیے اقوام متحدہ کا سیاسی نقطۂ نظر کچھ بھی ہو لیکن اقتصادی نقطۂ نظر میں کوئی اختلاف نہیں ہوسکتا۔ سیاسی طور پر بھی زیادہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی ہے لیکن ہمیں توقع ہے کہ اگر ہم اقتصادی طور پر کامیاب ہوگئے تو اس کا اثر ہمارے سیاسی حالات پر بھی پڑے گا۔

آپ نے فرمایا کہ ہم یہاں ایشیا اور مشرق بعید کے اقتصادی معاملات پر غور کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ ان علاقوں میں ایک ارب انسان آباد ہیں۔ اگر ہم ان مسائل پر انسانی ہمدردی کے جذبات سے نظر ڈالیں تو یہ مسائل زیادہ اہم ہوجاتے ہیں۔ ان کا تعلق ایک ارب انسانوں کے رنج و غم مصائب و مشکلات سے ہوجاتا ہے اور محض اقتصادی مسائل کے مقابلہ پر ان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایشیا کے مسائل کو ابھی تک وہ اہمیت نہیں دیکھی جس کے وہ مستحق تھے۔ اس وقت یہ سوال نہیں کہ امداد دینے والے ممالک ہمارے ساتھ فیاضانہ برتاؤ کریں بلکہ سوال یہ ہے کہ اگر دنیا کے بعض حصوں کو غیر ترقی یافتہ چھوڑ دیا گیا تو ان کا اثر ترقی یافتہ ممالک پر پڑے گا اور یہ اثر اچھا نہیں ہوگا۔ اس لئے ضروری ہے کہ دنیا کے غیر ترقی یافتہ ممالک کی بہبود اور بہتری کی اہمیت کو پوری طور پر سمجھا جائے۔ اگر ایشیائی ممالک کی طرف مناسب توجہ نہیں دی گئی تو اس سے اقوام متحدہ کے اصولوں کا مقصد فوت ہوتا ہے۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ ہندوستان جیسے زراعتی ممالک میں خوراک کی کمی ہے۔ اور ہمیں اس مسئلہ کو حل کرنا ہے۔

آپ نے آگے چل کر فرمایا کہ یہ تسلیم کرلیا گیا ہے کہ ایشیائی ممالک کو صنعتی اعتبار سے ترقی یافتہ ہونا چاہیے لیکن اس ترقی کے لئے سب سے بڑی ضرورت ضروری سامان اور سرمایہ کی ہے۔ اس کے حصول سامان اور سرمایہ کی ہے۔ اس کے حصول کا آسان طریقہ ہے کہ جو ممالک امداد دے سکتے ہیں وہ امداد دیں۔ لیکن ایشیائی ممالک کسی ایسی امداد کو قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں جس کا نتیجہ اقتصادی غلبہ کی صورت میں ظاہر ہو۔ آپ نے حکومت ہند کی ان کوششوں کا تذکرہ کیا جو وہ ہندوستان میں بجلی کی طاقت پیدا کرنے کے سلسلے میں کررہی ہے۔

آپ نے ساجی ناانصافیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان اور دوسرے ایشیائی ممالک کے ساتھ اس قسم کی ناانصافی روا رکھی گئی ہے اور اس کا مداوا صرف اسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ اس حقیقت کا احساس کیا جائے اور اس ناانصافی کو دور کرنے کی کوشش کی جائے۔

صفحہ اول کالم ۶ سے آگے

حال ہی میں دوائیوں کی سپلائی نہ ہونے سے حکومت نے دو ملازم ڈاکٹروں نے استعفے دیدیئے ہیں۔ ڈھاکہ یونیورسٹی کی بھی حالت خراب ہے۔ آجکل مشرقی بنگال میں دیا سلائی کا بکس ۳ روپے میں فروخت ہوتا ہے۔ آپ نے یہ بھی کہا ہے کہ اس وقت مشرقی پاکستان میں موجودہ وزارت کے خلاف سخت غصہ ہے لوگوں کی خواہش ہے کہ ہر ممکن طریقے پر اس کو تبدیل کردیا جائے۔

بقیہ صفحہ ۳

نمبر شمار	نمبر مکان معہ محلہ میونسپل کمیٹی	علاقہ و قسم جائداد
301	12348/49	ملتانی ڈھانڈا۔ پہاڑ گنج
302	12350	〃
303	12596	〃
304	12343/52	موتیا کھان پہاڑ گنج
305	14181	جھنڈے والا روڈ
306	14694	موتیا کھان پہاڑ گنج
307	14670	نزد عیدگاہ۔ پہاڑ گنج
308	14651	〃
309	14684/87	موتیا کھان
310	14761	〃
311	14732	〃
312	14503	جھنڈے والا روڈ پہاڑ گنج
313	14824	موتیا کھان
314	13926	باغیچی علاؤ الدین
315	12816	ملتانی ڈھانڈا
316	12994	〃
317	12764	〃
318	12319/22	〃
319	12795	〃
320	13260	〃
321	13205	〃
322	13185	〃
323	13223	〃
324	14455	کوچہ نبی کریم
325	13024	ملتانی ڈھانڈا
326	14501	کوچہ نبی کریم
327	13684	〃
328	13923	〃
329	12930	ملتانی ڈھانڈا
330	12958	〃
331	13494	〃
332	13418	〃
333	14469	〃
334	13471	〃
335	13897	〃
336	13209	〃
337	13713	باغیچی علاؤ الدین
338	27	بابر روڈ نئی دہلی
339	35-بی	کناٹ سرکس نئی دہلی
340	25	بابر لین
341	1545	گلی بیری والا گندہ نالہ کشمیری دروازہ

نوٹ: ۔۔۔ دوکانیں کل کی اشاعت میں ملاحظہ فرمائیں۔

دار السلطنت

۲ جون ۱۹۴۸ء

کھلا خط — جناب حکیم سید حسین سکریٹری کمیٹی بستی نظام الدین نے جناب سلیم احمد صاحب ۔۔۔ شمس العلماء مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم سے ایک کھلی چٹھی میں بعض ۔۔۔ کی کمیٹی سے متعلق مبہم بیان کی بابت کہا ہے کہ اس کمیٹی کی ساکھ اور اس کی خدمات پر ناواجب حملہ ہوتا ہے اس لئے وہ اپنے غلط بیان کی تردید شائع کریں۔

پانی کی قلت — نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے اپنے حالیہ اجلاس میں پانی کی کمی کے بارے میں غور کیا۔ اور فیصلہ کیا کہ گرمیوں کی گو کہ رات کو ۱۱ بجے سے ۴ بجے تک ۔۔۔ صبح کے چار بجے تک نلوں میں پانی کی سپلائی بند کردی جائیگی۔

بینک کے ملازموں کی گرفتاری — ایک مقامی بینک کی شاخ کے دو ملازموں کو کل پولیس نے دس ہزار روپے خورد برد کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا۔ ملزموں کو دہلی کے سٹی مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا۔ مجسٹریٹ نے ان کو ساڑھے سات سات ہزار کی ضمانت پر رہا کردیا۔

وداعی دعوت — نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو وداعی دعوت اور مسٹر راجگوپال آچاریہ کو سپاسنامہ پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ضروری انتظامات کے لئے ایک سب کمیٹی بنادی گئی ہے۔

دھوکہ دہی کے سلسلہ میں گرفتاری — ایک مقامی ۔۔۔ کل ڈسٹرکٹ کورٹ کے کمپاؤنڈ میں پولیس نے گرفتار کرلیا ایک شخص عبد الرزاق کو دھوکا دے کر اس کا چیک ۔۔۔ کے الزام میں پولیس ملزم کی تلاش میں تھی۔

کانگریسیوں کیلئے رہائش کا انتظام — صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد کی کوششوں سے فیروز شاہ کوٹلہ میں پناہ گزینوں کا کانگریسیوں کی رہائش کے لئے ایک کیمپ کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کیمپ میں ۵۰ آدمی رہ سکیں گے۔ ان کے لئے صدر صوبائی کانگریس کمیٹی دہلی سے اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

چھتیں اُڑ گئیں — آج شام تقریباً پانچ بجے تیز آندھی آنے کی وجہ سے ۔۔۔ بازار میں تقریباً ۲۰ شالوں کی چھتیں اڑ گئیں جن سے چند انتخاص سخت زخمی ہوئے۔ ان میں سے تین اشخاص کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ زخمیوں کو فوراً ہسپتال پہونچا دیا گیا۔

خودکشی — ۔۔۔ کل صبح کو ایک پناہ گزین نے قطب مینار سے چھلانگ لگا کر خودکشی کرلی۔ پولیس نے اس کی جیب سے اس مضمون کا ایک خط برآمد کیا ہے۔ میں زندگی سے بہت تنگ آگیا ہوں۔ اور خدا مجھے معاف کرے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا۔

اناج کی غیر قانونی فروخت

آج کل دہلی میں جو اناج آرہا ہے مشرقی پنجاب سے غیر قانونی طور پر لاکر فروخت کررہے ہیں۔ اندازہ ہے کہ ۔۔۔ ریلوں سے آنے والی ہر گاڑی سے تقریباً سو من سے زیادہ گیہوں لائے جاتے ہیں۔ ایک شخص ۔۔۔ ایک دو دن میں ۔۔۔ کما لیتا ہے۔ یہ لوگ ۔۔۔ روپے من گیہوں خرید کر ۔۔۔ روپے من فروخت کرتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ریلوے کے حکام اس سلسلہ کو روکنے کے لئے زبردست اقدام کرنے والے ہیں۔

راجگوپال آچاریہ کی آمد

نامزد گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ جمعرات کے دن ہوائی جہاز کے ذریعہ کلکتہ سے دہلی آرہے ہیں۔ یہاں چند مقامی ۔۔۔ کے بعد آپ کلکتہ واپس چلے جائیں گے۔

ضلع کانگریس کا انتخاب

دہلی کانگریس کمیٹی کے عہدہ داران کا انتخاب ۔۔۔ کو عمل میں آیا۔ جس میں مندرجہ ذیل اصحاب کو عہدہ داران منتخب کیا گیا۔

۱۔ صدر۔ جناب مولانا ۔۔۔ احمد صاحب رحمانی
۲۔ نائب صدر۔ جناب ہرکشن صاحب نزل۔
۳۔ ناظم۔ جناب ادم پرکاش صاحب۔ بہل
۴۔ نائب ناظم۔ رام بہاری رود ۔۔۔
۵۔ خزانچی۔ جناب برج بھوشن صاحب کپور۔
منتظمہ کمیٹی کے لئے جناب بدرالدین صاحب انصاری اور لالہ ۔۔۔ صاحب منتخب کئے گئے۔

مسلمان قلیوں کی طرف سے امداد

دہلی ۔۔۔ جون۔ دہلی اسٹیشن کے مسلمان قلیوں نے کنگڑہ کے کیمپ کے تباہ حال شرنارتھیوں کی مدد کے لئے چندہ جمع کرکے جمعیۃ علماء ہند کو بھیجا ہے۔ جمعیۃ علماء ہند نے یہ رقم ۔۔۔ کمیشن کے ریلیف ۔۔۔ کو بھیجدی ہے۔ بہت سے مسلم قلیوں نے اپنی دن بھر کی کمائی چندہ میں دیدی۔ اس سے قبل بھی دہلی کے مسلمانوں نے جمعیۃ علماء کی معرفت پناہ گزینوں کے لئے اناج، ۔۔۔ اور روپے ارسال کئے ہیں۔ محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند

(باقی پوسٹ ہیں)

آپکے یہاں شادی ہے؟

تو ہماری خدمات حاصل کیجئے دیسی دستکاری کا بہترین نمونہ یعنی چار کا سیٹ ۳ عدد پیالے اور ۳ عدد چمچے، چاندی کی چمکدار پالش ۱۳ عدد پیتل کے بنے ہوئے صرف ۱۳ روپے میں خرچ ڈاک ۳ روپے بہ پاسٹ ۱۶ روپے آٹھ آنے میں۔ خرچ ڈاک ۳ روپے آٹھ آنے کرامانی پیتل کا کٹورہ جس پر آیۃ کرسی نقش ہے جس میں پانی پینا باعث برکت اور بیماروں کے لئے شفا ہے صرف ۲ روپے خرچ ڈاک بارہ آنے پتہ ذیل سے طلب فرمادیں۔

ڈی۔ بی اینڈ کو کسرول مراد آباد یو۔ پی

جمیل
ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل — امن کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دے گا
جمیل — سنجیدہ، متین اور اتحادی مضامین کا مخزن ہوگا
جمیل — زبان وادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع ہوگا
جمیل — اکابرین ادب اور راہ نمایان قوم کے کردار، نظریات اور سوانح کو پیش کریگا
جمیل — بالتصویر اور مرصع کار ہوگا

پہلا صحیفہ ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کرے گا اور سپاسنامہ پیش کرے گا۔

سالانہ قیمت پانچ روپے (صہ)
فی پرچہ آٹھ آنے (۸ر)

عبد الحق پراچہ دہلوی
مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ
چاندنی چوک دہلی

ضرورت مؤذن

صبر کرنا، رضاء الٰہی کے لئے مصائب کو برداشت کرنا، نماز قائم کرنا اور اس کے ذریعہ اپنی اخلاقی قوتوں کی تربیت کرنا، اپنے مال میں سے ضرورتمندوں کی امداد کرنا، اور اسے خفیہ دینا تاکہ اخلاص کا جوہر پیدا ہو اور علانیہ دینا تاکہ دوسروں کو بھی رغبت ہو اور پھر برائی کا جواب برائی سے نہ دینا بلکہ بھلائی سے دینا اور دلوں کی اصلاح اپنی اچھائی سے کرنا، ان لوگوں کا کام ہے جو عاقبت کی فکر کرتے ہیں، اور جن کا ایمان قانون مجازات پر ہے، ایسے لوگ کبھی ناکام نہیں ہوں گے اور ان کی دین و دنیا دونوں سنور جائیں گی، صبر سے انسان کی اخلاقی قوت کا پتہ چلتا ہے، نماز جسمانی قربانی کی علامت ہے، اور راہ خدا میں مال خرچ کرنا مالی ایثار ہے اور ان سب کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان سراپا خیر بن جاتا ہے اور اس کی بھلائیاں دوسروں کی برائیوں کو مٹا دیتی ہیں، کیا مسلمانوں کو توفیق ہوگی کہ اس میزان میں اپنے آپ کو تولیں؟

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

از:- ڈاکٹر سید محمود
(قسط دوم)

ہندوستان میں مسلمانوں نے کبھی مذہب کے لئے جنگ نہیں کی۔ اس ملک میں جس قدر لڑائیاں ہندو اور مسلمانوں میں ہوئیں وہ حکومت اور سیاسی بنا پر لڑی گئی تھیں۔ ان میں ہندو کے ساتھ مسلمان بھی ہوتے اور مسلمانوں کے ساتھ ہندو بھی۔ ایک گروہ دوسرے گروہ سے اس لئے لڑتا کہ وہ ایک حکومت کو اکھاڑ دے اور دوسری حکومت قائم کرے۔ اس میں مذہب کا سوال نہ تھا گو اس ملک گیری کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کبھی کبھی مذہب کا نام لے لیا جاتا تھا جیسا کہ محمود غزنوی اور تیمور نے کیا۔ تیمور کی غرض تو ملک گیری تھی مگر اس نے مذہب کا نام لیا اور اس نے یہاں کے مسلمان حکمرانوں اور ہندوستانی مسلمانوں پر یہ الزام لگایا کہ وہ ہندوؤں میں اس درجہ مل جل گئے ہیں کہ وہ بالکل ہندو بن گئے ہیں لیکن محمود اور تیمور ہندوستانی نہ تھے۔ اورنگ زیب کو کبھی یہ ہمت نہ ہوئی کہ مذہب کے نام پر کوئی لڑائی لڑتا۔ اورنگ زیب کی لڑائیاں تو اپنے خاندان یا دکن کے مسلمان سلاطین سے ہوتی رہیں مسلمان ہندو جیسی کی طرح ملے جلے اور تہواروں میں ہندو مسلم اتحاد کا منظر نظر آتا۔ آٹھ سو برس کی تاریخ میں ہندو مسلمانوں کے درمیان صرف دو بلوے ہوئے یہ دو بلوے جن کا ذکر تاریخ میں ملتا ہے مغلوں بالکل آخری دور یعنی محمد شاہ کے عہد میں ہوئے ایک احمد آباد اور دوسرا کشمیر میں ان دونوں بلووں میں مسلمانوں کا قصور ثابت ہوا اور ان کو سخت سزائیں دی گئیں۔

ہم بلاشبہ کہہ سکتے ہیں کہ اس زمانہ کے لحاظ سے مسلمانوں کی حکومت ایک طرح کی نیشنل گورنمنٹ (قومی حکومت) تھی ہندو اور مسلمان مل کر حکومت کو چلاتے تھے اور دونوں یکساں طور پر فائدہ اٹھاتے تھے۔ اس حکومت کا عام مقصد ہر طرح عوام اور ملک کو فائدہ پہنچانا اور عدل و انصاف کرنا ہوا کرتا تھا۔ اگر باہر سے کوئی دشمن ملک کے امن کو خطرہ میں ڈالدیتا تو سب مل کر اس کا مقابلہ کرتے، نادرشاہ کے حملے کے وقت سندھیا کو پیشوا نے ایک خط لکھا تھا کہ اس ملک میں دو دشمن نمودار ہوئے ہیں ایک پرتگیز اور دوسرا اور اگر ہم نے مل کر مقابلہ نہ کیا تو خوف ہے کہ مغلوں کی حکومت کہیں برباد نہ ہو جائے۔

انگریزوں نے اپنی حکومت کو مضبوط کرنے کے لئے مسلمانوں کو کچلنا شروع کیا اور ۱۸۵۷ء تک انہوں نے ہندوؤں کو ابھارا۔ انگریزی حکومت کے شروع زمانہ سے ہندوؤں کو ہر قسم کے ترقی کے مواقع ملتے رہے اور وہ آگے بڑھتے گئے جب دولت اور تعلیم کی وجہ سے ہندوؤں میں کافی ترقی ہوگئی اور حکومت پر انہوں نے نکتہ چینی شروع کی تو انگریز حکام گھبرانے لگے جب ۱۸۸۵ء میں کانگریس کی بنیاد ڈالی گئی تو انگریزوں کی آنکھیں کھلیں اور انہوں نے کہنا شروع کیا کہ اب تو تمہارا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔

(باقی صفحہ ۳ پر)

اخبارات کی آزادی

معاصر "ریاست" اور "حریت" ہندوستان کے مشہور قوم پرور اور ایثار پیشہ اخبارات ہیں، انہیں شکایت ہے کہ ان کے اخبارات کو آئے دن حکومت کی طرف سے وارننگ ملتی رہتی ہے! واقعی افسوس کی بات ہے کہ قوم پرور اخبارات کو آزادی کے بعد اپنی حکومت میں بھی پناہ نہیں آخر یہ غریب جائیں تو کہاں جائیں اور کس سے اپنا دکھڑا روئیں! مگر اسی کے ساتھ یہ امر قابل اطمینان ہے کہ دہلی پریس برانچ کے نگران جناب امن صاحب نہ صرف ایک قابل ترین اخبار نویس اور اردو علم و ادب میں بے داغ شہرت کے سرمایہ دار ہیں بلکہ پیشہ صحافت کی مشکلات اور .... نزاکتوں کا بھی پورا احساس رکھتے ہیں، ہمیں امید ہے کہ قوم پرور اخبارات آپ کے .... ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنی مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کریں گے اور امن صاحب اخبارات کے حقوق کا خیال رکھتے ہوئے اپنی علم دوستی، انصاف پروری اور فرض شناسی کا زیادہ سے زیادہ ثبوت بہم پہونچائیں گے۔

افواہیں

عجیب مصیبت ہے کہ افواہوں کا کوئی سر پیر نہیں ہوتا مگر چہار اطراف میں بجلی کی طرح کوند جاتی ہیں اور کوشش کے باوجود قابو میں نہیں آتیں، موجودہ وائسرائے کی تشریف بری بھی ایک قیامت ہے کہ لوگ بدحواس ہوئے چلے جا رہے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ پندرہ جون کے بعد ہند اور پاکستان میں جنگ ہوگی کسی کا ارشاد ہے کہ سکھ اور ہندو تصادم ہوگا کسی کا فرمان ہے کہ پناہ گزینوں اور مقامی باشندوں میں چلے گی جتنے منہ اتنی باتیں، مرکزی ایڈمنسٹریشن ان حالات سے پوری طرح باخبر ہے اور اس نے ابھی سے فساد انگیز حرکتوں کی نگرانی شروع کر دی ہے، عوام کا فرض ہے کہ وہ افواہوں پر ایمان نہ لائیں اور خوف و ہراس پھیلا کر امن سلامتی کی فضا کو مکدر نہ کریں۔

سیر و سیاحت

سیاح

پہلے دلی کی پولیس نے آخری گروہ کا پتہ لگا لیا جو دارالسلطنت میں چوریاں اور ڈکیتیاں ڈال رہا تھا اور جس نے سیکڑوں سائیکلیں اور سائیکلیں حتی کہ دسوں موٹریں غائب کر دی تھیں —

— مولانا حفیظ الرحمن جمعیت علماء صوبہ دہلی اور متعلقہ انسداد کرنا چاہیے کہ اب ان کی تعیین ہو رہی ہے کی سائیکل ملا دی جاتی ہے — اور یہ بھی ملحوظ رہے کہ پولیس کی بنا کر کارگذاری ہے کہ اس نے سائیکل اور موٹر چوروں کا پتہ لگا کر ... سال ہم دہلی کے حق دار ہیں —

خبر ہے کہ اب ان چوروں کے خلاف دہلی کے سیشن جج کی عدالت میں مقدمہ چلے گا — ایک دوست فرماتے ہیں بہت ظلم ہے انگلستان میں سزائے موت ختم کی جا رہی ہے اور دارالسلطنت ہند میں چوروں کو جیل میں ڈالنے اور سزا دینے کا سوچا جا رہا ہے کہ انہیں ایک جج کے سپرد کر دیا گیا —

— بات کسی حد تک صحیح ہے ہمارے خیال میں ہند کے تمام چوروں کو منظم ہو کر اس بے انصافی کے خلاف احتجاج اور مظاہرہ کرنا چاہئے — دارالسلطنت ہند میں عنقریب بہت سے مظاہرے ہونے والے ہیں — ماسٹر جی کا مظاہرہ بنارس کی ہندی پرچیوں کا مظاہرہ اور شرنارتھیوں کا مظاہرہ وغیرہ وغیرہ — ایک چوروں کا مظاہرہ بھی سہی —

اور کیا ہے اس معاملہ کو بین الاقوامی انجمن میں پیش کر دیا جائے اپنی اہمیت میں کشمیر اور فلسطین کے مسئلے سے کم نہیں ہے آخر ایک طبقہ کی موت و زندگی کا سوال ہے — اور یہ سوال ہر کسی طبقہ کی موت و زندگی نہیں وہ امن عالم کے لئے ہر وقت خطرہ بن سکتا ہے — اور پھر جناب وہ انجمن جو آنجہانی لیگ آف نیشنز کی جگہ بنی ہے ... کی —

— مگر اس معاملہ میں جلدی کرنی چاہئے کہ ابھی تک ... وقت مقرر ہے اور وہ وقت بھی ہونا چاہئے — ایسا نہ ہو سانپ نکل جائے اور پھر لکیر پیٹی جائے —

بہرحال اقوام متحدہ میں نمائندگی کا تو کہنا ہی کیا مظلوموں کے بڑے بڑے جرگے اور انجمنیں موجود ہیں جو سیاہ کو سفید اور سفید کو سیاہ کرکے ثابت کر دیں —

— اگر ایسا سہی بیچارے چور کیا کریں وہ مظلوموں کے بڑے ہمدرد بھی ہیں اور پھر کہیں پہنچے کوئی بڑا ملک ہے ان ہی کی طرف رجوع کیا جائے —

— ویسے سیاح بھی حاضر ہے — کچھ نہیں ہے تو سیاحی ہی سہی — ہبی کی سیر کرتے تھے اب کے غیر ملک کی بھی سیر ہو جائے گی —

ایڈیٹر کے نام — خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ریاست حیدرآباد دکن اور حکومت ہند

جناب ایڈیٹر صاحب! اگر دونوں حکومتوں میں باعزت سمجھوتہ ہو جائے تو آنے والی نسلیں اور مورخ ملک کے چالیس کروڑ باشندوں کی حالت پر اظہار افسوس کریں گے اور یہ کہیں گے کہ ملک میں چند نفوس بھی ایسے نہ تھے جن میں خیر سگالی کا جذبہ ہوتا۔

حال ہی میں حکومت سرکار عالی حیدرآباد دکن اور آنریبل پنڈت جواہر لال نہرو چیف منسٹر انڈیا کے جو خطوط ہمیں موصول ہوئے ہیں ان کے مطالعہ سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ دونوں حکومتوں کے حکمرانوں میں باہمی سمجھوتے کی خواہشات موجود ہیں اور دونوں حکمران رجعت پسندی سے مطلق امید رکھ کر دانشمندانہ عمل کو پسند کرتے ہیں۔

ہم اس وقت بلا خوف تردید کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ جو مساعی اب تک سمجھوتے کے بارے میں کی گئیں وہ یقینا خلوص سے خالی تھیں، ورنہ سمجھوتے میں رکاوٹ کی کوئی وجہ ظاہر معلوم نہیں ہوتی۔ مگر حالات نازک صورت اختیار کرتے جا رہے ہیں لیکن ہم ان حالات میں بھی دونوں حکومتوں سے باہمی سمجھوتے کی طرف سے مایوس نہیں ہیں۔ تلوار کی جھنکار اور توپوں کی گرج میدان جنگ کی خون ریز فضا میں بھی انسانی مفاہمت کی ... باز نہیں رہنا چاہئے۔ خدا نخواستہ حکومت ہند اور حکومت حیدرآباد کے درمیان ایسی کوئی صورت پیدا نہیں ہوئی ہے۔ جو لوگ اس وقت حیدرآباد اور حکومت ہند کے ٹکراؤ کا خواب دیکھ رہے ہیں یا انتظار کر رہے ہیں ہم ان لوگوں کو بنی نوع انسان کا دشمن سمجھتے ہیں۔ دونوں حکومتوں کا ٹکراؤ ملک کے امن کو تباہ کر دے گا۔ اور آزادی کے وہ مقاصد جو ملک کو شاہراہ ترقی پر گامزن کر سکتے ہیں خاک میں مل جائیں گے۔ گذشتہ فرقہ وارانہ فسادات کا یہ نتیجہ ہے کہ کہ اب تک صوبائی اور مرکزی حکومتوں کی توجہ سے طور پر ملک کے سدھار کی طرف مبذول نہیں ہو سکی۔ ہم ہر طبقہ اور ہر خیال کے لوگوں سے خواہ وہ ہندوستان میں رہتے ہوں یا پاکستان میں یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ حکومت ہند اور حیدرآباد کے درمیان سمجھوتے کی جلد از جلد امکانی کوشش کریں، اس وقت لوگوں کے اشتعال انگیز تقریروں اور تحریروں سے باز رہنا چاہئے۔ کیا اس ملک کے چالیس کروڑ باشندے اپنی کوشش سے حکومت سرکار عالی اور حکومت ہند کے درمیان ایسا باعزت سمجھوتہ نہیں کرا سکتے جس سے دونوں حکومتوں کا وقار قائم رہے۔ اور اختلافی مسائل آسانی سے حل ہو جائیں۔ اگر ایسا نہ ہوا تو مورخ اس ملک کی تاریخ لکھتے وقت اس بات پر اظہار افسوس کرے گا کہ اس ملک کے چالیس کروڑ باشندے امن پسندی اور خیر سگالی کے جذبے سے خالی تھے۔ اور آئندہ نسلیں ہم پر افسوس کریں گی۔

حکیم آفتاب احمد خاں علی گڑھ

مولانا آزاد کی خدمت میں

محترم ایڈیٹر صاحب تسلیم۔ میں آپ کے مقتدر اخبار کے ذریعے مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم کی خدمت میں ایک گذارش کرنا چاہتا ہوں۔

یہ امر قابل افسوس ہے کہ زبان کے مسئلہ میں حکومت ہند کی پالیسی مبہم ہے اور وہ ابھی اس حد تک کہ یہ اندیشہ پیدا ہو گیا ہے کہ مرکزی حکومت دیدہ و دانستہ اس سے چشم پوشی کرنا چاہتی ہے۔ جس کا خوف سے ہندی ہندوستانی کے حامیوں کو ہے۔ زبان کے متعلق کانگریس کے سابقہ اعلانات کی روشنی میں اگر موجودہ صوبائی حکومتوں کے طرز عمل کو دیکھا جائے تو حد درجہ تشویشناک ہے اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اردو کو ختم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ جیسے یوپی سی۔ پی وغیرہ میں جہاں کی زبان بلاشبہ اردو تھی اور ہے۔ ہندی کو سرکاری زبان قرار دے کر اردو کو مٹانے کی کوشش کی گئی ہے۔ کیا ان صوبائی حکومتوں کا یہ طرز عمل مرکزی حکومت کی پالیسی کے مطابق ہے؟ زبان کے متعلق مرکزی حکومت کی پالیسی کیا ہے؟ افسوس ہے کہ ابھی تک حکومت ہند نے جہاں تک زبان کا تعلق ہے تمام ہندوستان کے لئے ایک واضح پالیسی کا اعلان نہیں کیا تاکہ تمام صوبوں کے لئے ایک ہدایت ہو جاتی۔ اور کسی صوبہ کو اس سے سرتابی کا موقع نہ ملتا۔ اگر میری یادداشت غلطی نہیں کرتی ہے تو مولانا موصوف نے زبان کے متعلق ہندوستانی زبان کا اعلان کیا ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حکومت ہند کی زبانی پالیسی صرف ان اعلانوں تک محدود ہے جو مرکزی حکومت کے ہوتے ہیں یا مرکزی حکومت کو ایک مشترکہ پالیسی تیار کرنی چاہئے تاکہ ہند یونین کے تمام صوبوں میں اسی پر عمل ہو اور یہ محسوس نہیں کیا جا سکے کہ ایک زبان کو غلط طور پر دوسری پر ترجیح دی جا رہی ہے۔ شاید مرکزی حکومت کے افراد جو کانگریس کے ذمہ دار افراد بھی ہیں اس سے مطمئن ہیں کہ کانگریس نے گذشتہ دور میں اپنی بعض پالیسیوں کا اعلان کر دیا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ زمانہ بدل چکا ہے اور خود کانگریس کے افراد نے ان اصولوں سے انحراف شروع کر دیا ہے۔ ایسی صورت میں یہ ضروری ہے کہ ان اعلانات کی تجدید کی جائے اور عوام کے سامنے ایک واضح اور غیر مبہم پالیسی رکھدی جائے میرا مطلب یہ ہے کہ مولانا آزاد وزیر تعلیم کی حیثیت سے یہ اعلان کر دیں کہ تمام ہندوستان کی ایک مشترکہ زبان ہوگی اور یہی زبان سرکاری زبان قرار دی جائے۔ اس اعلان میں رسم الخط کے مسئلہ کی وضاحت ضروری ہے، کیونکہ یہ مسئلہ بہت پیچیدہ ہے اور تشریح کا طالب ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ صوبوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مقامی زبان کو سرکاری زبان قرار دے دیں لیکن اس کے ساتھ ان کو ایک مرکزی زبان بھی تسلیم کرنا ہوگی۔ تمام زبانوں کو مرکزی زبان تسلیم نہیں کیا جا سکتا اور یہ اجازت اصولاً نہیں دی جا سکتی کہ مرکزی اسمبلی میں بھانت بھانت کی بولیاں بولی جائیں ایسی صورت میں تمام صوبوں میں ایسی مرکزی زبان کی تعلیم کو لازمی قرار دینا ضروری ہوگا۔

کیا مولانا آزاد اس گذارش پر توجہ فرمائیں گے۔

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

ادارۂ تحریر محمد سلیمان صابر شیخ احمد ایم اے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب کیجئے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور فیورلیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
حویلی حسام الدین، بلیماران، چاندنی چوک دہلی

[illegible]

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۹ رجب المرجب ۱۳۶۷ھ مطابق ۹ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۱۵ | قیمت فی پرچہ چھ پیسے

ارض مقدس میں ۱۱ جون سے لڑائی بند ہو جائیگی شاہ عبداللہ سے مشورہ کے بعد تاریخ کا تعین

روس اور امریکہ کی یہود نواز پالیسی پر صدر جمعیۃ علماء کا احتجاج

جینن کی لڑائی میں یہودیوں کا سخت نقصان اور پسپائی۔ ۵۵۰ یہودی کام آئے

۱۱ جون کو ہند کے طول و عرض میں یوم فلسطین منانے کا پروگرام

[illegible]

صلح کرانے کیلئے اقوام متحدہ کے ثالث کی دوڑ دھوپ جاری ہے

یہودی ہر محاذ جنگ پر عرب مجاہدین کے ہاتھوں پٹ رہے ہیں

[illegible]

عراقی فوجوں کی کارگذاری پر امیر عبداللہ کا اظہار خوشنودی

شمالی اور جنوبی فلسطین میں شامی اور مصری طیاروں کی سرگرمیاں

[illegible]

ناظم اعلیٰ کی اپیل

[illegible]

بیت المقدس میں تین اخبار نویس زخمی

[illegible]

انڈین یونین اور حیدرآباد کی گفت و شنید فیصلہ کن مرحلہ پر پہنچ گئی

میر لائق علی نظام حیدرآباد کی جوابی تجویزیں لیکر دہلی آگئے

حیدرآباد کے انڈین یونین میں شامل ہونے کے سوال کو نظر انداز کر دیا

[illegible]

پنڈت نہرو کی تقریر سے دار السلطنت میں اعتماد کی فضا پیدا ہوگئی

شامی نمائندہ کے سلامتی کونسل کے صدر ہو جانے پر صیہونی لیڈر اغ پا ہوگیا

وزیر اعظم کا فرقہ پرستوں اور فسادیوں کو زبردست چیلنج

(نامہ نگار الجمعیۃ)

[illegible]

بنگال نے بہار کے بعض علاقوں کی واپسی کا مطالبہ کر دیا

مسز سرت چندر بوس اس مطالبہ کی علمبرداری کر رہے ہیں

[illegible]

ثالث اور شامی صدر کے درمیان ٹیلیفون پر بات چیت

[illegible]

ہندو مسلم سکھ سب کے درد مند سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ
بڑا دواخانہ
آج مایوسوں کی امیدگاہ ہے مفت حاصل کیجئے حالات لکھ کر طبی مشورہ
دوا چاہے جہاں سے خریدیے
منیجر بڑا دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۹ر جون ۱۹۴۸ء

حکومت ہند کا شرائط نامہ

حکومت ہند نے حیدرآباد سے مفاہمت کے لئے جو شرائط پیش کی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے :-

(۱) حیدرآباد کی قوت دفاع، معاملات خارجہ اور رسل و رسائل حکومت ہند کے قبضہ میں رہیں گے۔

(۲) حیدرآباد دیگر ممالک سے تجارتی تعلقات قائم کر سکے گا مگر اس پر نگرانی حکومت ہند کی ہوگی۔

(۳) نظام کی حکومت میں ہزار فوج رکھ سکتی ہے مگر اس پر حکومت ہند کو نگرانی کا حق حاصل ہوگا۔

(۴) حکومت نظام کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ پرائیویٹ فوج اور عسکری اداروں کو توڑ دے اور حکومت ہند کی فوج کو ہنگامی حالات پر قابو پانے کے لئے اپنی قلمرو میں قیام کرنے کی اجازت دے۔

(۵) حیدرآباد کی انٹرم گورنمنٹ میں ہندو مسلمانوں کو برابر کی نمایندگی حاصل ہو اور دستور ساز اسمبلی میں ساٹھ فیصدی ہندوؤں کو اور چالیس فیصدی مسلمانوں کو نمایندگی دی جائے۔ نمایندگی کا یہ تناسب ملازمتوں میں بھی برقرار رکھنا ہوگا۔

(۶) حکومت ہند حیدرآباد کو اسلحہ بہم پہنچائے گی یعنی حکومت نظام کو براہ راست اسلحہ فراہم کرنے کا حق حاصل نہ ہوگا۔

یہ ہیں وہ شرائط جن پر حکومت ہند اور نظام میں مصالحت اور مفاہمت ہو سکتی ہے اور جنہیں تسلیم کرنا حکومت نظام کے لئے ناگزیر ہے۔ جہاں تک نتائج کا تعلق ہے اغلب یہ ہے کہ نہ تو نظام حکومت ہند کی ان شرائط پر مہر تصدیق لگائے گا اور نہ حکومت ہند نظام کی تجاویز کو منظور کرے گی۔ مجلس اتحاد المسلمین کی مشاورتی کمیٹی نے ان تجاویز پر جس رد عمل کا اظہار کیا ہے اس سے دونوں کی گفت و شنید کے انجام کا اندازہ آسانی سے لگایا جا سکتا ہے۔ تفصیلات حیدرآباد کے جواب سے معلوم ہوں گی جو عنقریب منظر عام پر آنے والا ہے۔

انصاف اور مصالح کا تقاضا یہ ہے کہ حیدرآباد میں ذمہ دار حکومت کا قیام عمل میں آئے اور اس کا الحاق ہندیونین سے ہو۔ ہمارا فائدہ اور حیدرآباد کی جغرافیائی اور اقتصادی پوزیشن اسی امر کی متقاضی ہے کہ اس میں ذمہ دار حکومت قائم ہو اور الحاق کا اصول چون وچرا کے بغیر تسلیم کر لیا جائے۔ اگر یہ دونوں مسئلے حل ہو جائیں تو باقی امور خود بخود حل ہو سکتے ہیں کیونکہ ہندیونین میں شمولیت کے معنے ہی یہ ہیں کہ حیدرآباد بعض داخلی اور خارجی پابندیاں قبول کرے اور ہندیونین کی سرپرستی میں مشترک مفاد کے لئے قدم اٹھائے۔

لیکن ہمیں جس چیز سے اختلاف ہے وہ ہندو مسلم نمایندگی کا تناسب یعنی ساٹھ فیصدی نمایندگی ہندوؤں کو اور چالیس فیصدی نمایندگی مسلمانوں کو۔ سوال یہ ہے کہ کیا کسی جمہوری نظام میں حقوق کی تقسیم مذہب کی بنیادوں پر جائز ہوگی؟ کیا ہندو مسلمان کے نام پر ذمہ دار حکومت کی تشکیل جمہوریت کے منافی تو نہیں ہے؟ کیا جداگانہ انتخاب کی لعنت کو اسی لئے ختم نہیں کیا گیا کہ غیر مذہبی حکومت میں اس کے لئے کوئی گنجائش نہیں؟ اگر یہ باتیں مسلم ہیں تو حیدرآباد میں ہندو مسلمان کے نام سے فرقہ پرستی کا یہ بت کیوں تراشا گیا؟ مذہب کے نام پر حقوق اور نمایندگی کا فیصلہ کیوں کر لیا گیا؟ غیر مذہبی حکومت کے سامنے یہ کس طرح جائز ہوا کہ وہ مذہب کے نام پر کسی ریاست کا نظام بدل ڈالے؟

آخر ہندوؤں کو ساٹھ فیصدی نمایندگی کا حق کیوں ملے اور اسی فیصدی نمایندگی کا حق کیوں نہ ملے؟ مسلمانوں پر مذہب کے نام پر چالیس فیصدی کی حد کیوں لگائی گئی؟ اور یہ امکان کیوں تسلیم نہ کیا گیا کہ وہ سو فیصدی نمایندگی بھی حاصل کر سکتے ہیں، اور دو فیصدی نمایندگی سے بھی محروم ہو سکتے ہیں؟ کیا مذہب کے بجائے پارٹی کے نام پر نمایندگی کا اصول حیدرآباد جا کر بدل گیا ہے؟ ذمہ دار حکومت کے معنے ہی یہ ہیں کہ جس پارٹی کو اکثریت حاصل ہوگی نظام کار اسی کے قبضہ میں آئے گی اور اقلیت کو اپنے اختیارات سے دستبردار ہونا پڑے گا مگر ہندو مسلمان کے نام پر حقوق کی جو تقسیم منظور کی گئی ہے وہ ذمہ دار حکومت کی کونسی قسم ہے جس کی ایجاد کا فخر حکومت ہند کو حاصل ہوا ہے؟ جمہوری اور غیر مذہبی نظام پارٹی کا مطالبہ کرتا ہے مذہب کو منہ نہیں لگاتا۔ مگر حکومت ہند کے شرائط نامہ میں پارٹی کو نہیں مذہب کو مداخلت کی اجازت دی گئی ہے جس کے معنے یہ ہیں کہ فرقہ پرستی برحق اور جداگانہ انتخاب عین انصاف اور جمہوریت! ذمہ دار حکومت کا نتیجہ بھی تو آخر یہی ہے کہ ملک کی اکثریت کو زیادہ سے زیادہ حقوق ملیں، اور چونکہ حیدرآباد میں ہندو اکثریت میں ہیں، لہذا حقوق بھی زیادہ ان ہی کو ملیں گے مگر یہ حقوق مذہب کے نام پر کیوں طلب کئے گئے اور غیر مذہبی حکومت میں مذہب کا پیوند لگانے کی زحمت کیوں اٹھائی گئی؟

ہمیں خطرہ ہے کہ ہندو مسلمان کے نام پر نمایندگی کا مطالبہ مسلمانوں میں یہ تصور پیدا کرے گا کہ حیدرآباد کے مسئلہ کو ہندو مسلم سوال بنا لیا گیا ہے اور حکومت ریاست کو اس لئے ملانا چاہتی ہے کہ ایک مسلم ریاست کا زور ٹوٹے اور ہندو اکثریت اپنے غلبہ کو موثر بنا کر ریاست کے دروبست پر قابض ہو جائے ہم جانتے ہیں کہ حکومت کا یہ منشا نہیں ہے، مگر حکومت کا دل چیرنے کی کس کو فرصت ہے کہ نیت کا جائزہ لیتا ہے! یہاں تو اس صاف اور سیدھی بات کو دیکھا جائے گا کہ ہماری جمہوری حکومت جو غیر مذہبی ہے اور جس نے فرقہ پرستی کی جڑ کاٹنے کے لئے جداگانہ انتخاب کا قلع قمع کیا وہ حیدرآباد کے معاملہ میں حقوق کی تقسیم مذہب کے نام پر کر رہی ہے اور مذہب کے نام پر مسلم ریاست کو دبانا اور ہندو عوام کو ابھارنا چاہتی ہے! اچاریہ کرپلانی نے دہلی کی ایک تقریر میں اور رام منوہر لوھیا نے لکھنؤ کے ایک اجتماع میں کہا تھا کہ حیدرآباد میں ۱۲ فیصدی مسلمانوں کو ۸۸ فیصدی ہندوؤں پر حکومت کرنے کا کیا حق ہے! ہمارا ایما تھا اسی وقت کھٹکا تھا کہ حیدرآباد کے معاملہ کو مذہبی رنگ دے کر مسلمانوں کی غیرت کا امتحان لیا جا رہا ہے، مگر ہم نے سمجھا حکومت کی پالیسی واضح ہے اس لئے باہر کی غوغا آرائی سے اصل حقیقت مستور نہیں ہو سکتی ...... مگر اب ہم کیا کہیں کہ خود حکومت ہند نے ہندو مسلمان کے نام پر نمایندگی کا قضیہ کھڑا کر دیا اور مذہب کی بنیاد پر حقوق کی قاشیں تقسیم کر ڈالیں! ہمارے خیال میں حکومت ہند اپنی مشہور پالیسی پر قائم ہے، مگر حیدرآباد کے معاملہ میں اس سے چوک ہوگئی۔ امید ہے کہ ہماری مذہبی اور جمہوری حکومت اپنے شرائط نامہ پر نظر ثانی کی زحمت گوارا فرما کر ان شبہات کو دور کرنے کی کوشش کرے گی اور فرقہ پرستی کو سر اٹھانے کا موقعہ نہ دے گی۔

اخبارات کی آزادی

معاصر "ریاست" اور "حریت" جو ہندوستان کے مشہور قوم پرور اور محب وطن اخبارات ہیں، انہیں شکایت ہے کہ ان اخبارات کو آئے دن حکومت کی طرف سے [illegible] رہتی ہے! واقعی افسوس کی بات ہے کہ قوم پرور اخبارات کو آزادی کے بعد اپنی حکومت میں بھی پناہ نہیں آخر یہ غریب جائیں تو کہاں جائیں اور کس سے اپنا دکھڑا روئیں! مگر اس کے ساتھ یہ امر قابل اطمینان ہے کہ دہلی پریس برانچ کے نگران جناب امن صاحب نہ صرف ایک قابل ترین اخبار نویس اور اردو علم و ادب میں بے داغ شہرت کے سرمایہ دار ہیں بلکہ پیشہ صحافت کی مشکلات اور ...... نزاکتوں کا بھی پورا احساس رکھتے ہیں، ہمیں امید ہے کہ قوم پرور اخبارات آپ کے ...... ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنی مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کریں گے اور امن صاحب اخبارات کے حقوق کا خیال رکھتے ہوئے اپنی علم دوستی، انصاف پروری اور فرض شناسی کا زیادہ سے زیادہ ثبوت بہم پہنچائیں گے۔

افواہیں

عجب مصیبت ہے کہ افواہوں کا کوئی سر پیر نہیں ہوتا مگر چہار اطراف میں بجلی کی طرح کوندجاتی ہیں اور کوشش کے باوجود قابو میں نہیں آتیں، موجودہ وائسرائے کی تشریف بری بھی ایک قیامت ہے کہ لوگ بدحواس ہوئے چلے جا رہے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ پندرہ جون کے بعد ہند اور پاکستان میں جنگ ہوگی کسی کا ارشاد ہے کہ سکھ اور ہندو تصادم ہوگا کسی کا فرمان ہے کہ پناہ گزینوں اور مقامی باشندوں میں چلے گی جتنے منہ اتنی باتیں، مرکزی ایڈمنسٹریشن ان حالات سے پوری طرح باخبر ہے اور اس نے ابھی سے فساد انگیز حرکتوں کی نگرانی شروع کر دی ہے، عوام کا فرض ہے کہ وہ افواہوں پر ایمان نہ لائیں اور خوف وہراس پھیلا کر امن و سلامتی کی فضا کو مکدر نہ کریں۔

دستورزندگی

والذین صبروا ابتغاء ...... الخ (قرآن پ ۱۳ ع ۹)

جو لوگ اپنے پروردگار کی خوشنودی کے لئے صبر کرتے ہیں اور نماز سے غافل نہیں ہوتے ہیں اور وہ اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے علانیہ اور پوشیدہ طور پر خرچ کرتے ہیں اور برائی کا جواب بھلائی سے دیتے ہیں ان ہی کے لئے عاقبت کی زندگی ہے۔

صبر کرنا، رضاء الٰہی کے لئے مصائب کو برداشت کرنا، نماز قائم کرنا اور اس کے ذریعہ اپنی اخلاقی قوتوں کی تربیت کرنا، اپنے مال میں سے ضرورتمندوں کی امداد کرنا، اور اسے خفیہ دینا تاکہ اخلاص کا جوہر پیدا ہو اور علانیہ دینا تاکہ دوسروں کو بھی رغبت ہو اور پھر برائی کا جواب برائی سے نہ دینا بلکہ بھلائی سے دینا اور بروں کی اصلاح اپنی اچھائی سے کرنا، ان لوگوں کا کام ہے جو عاقبت کی فکر کرتے ہیں، اور جن کا ایمان قانون مجازات پر ہے ایسے لوگ کبھی ناکام نہیں ہوں گے اور ان کی دین و دنیا دونوں سنور جائیں گی، صبر سے انسان کی اخلاقی قوت کا پتہ چلتا ہے، نماز روحانی قربانی کی علامت ہے، خدا کی راہ پر مال خرچ کرنا مالی ایثار ہے اور ان سب کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان سراپا خیر بن جاتا ہے، اور اس کی بھلائیاں دوسروں کی برائیوں کو مٹا دیتی ہیں، کیا مسلمانوں کو توفیق ہوگی کہ اس میزان میں اپنے آپ کو تولیں؟

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

از:- ڈاکٹر سید محمود

(قسط دوم)

ہندوستان میں مسلمانوں نے کبھی مذہب کے لئے جنگ نہیں کی۔ اس ملک میں جس قدر لڑائیاں ہندو اور مسلمانوں میں ہوئیں وہ حکومت اور سیاسی بنا پر لڑی جاتی تھیں ایسی ہندوؤں کے ساتھ مسلمان بھی ہوتے اور مسلمانوں کے ساتھ ہندو بھی۔ ایک گروہ دوسرے گروہ سے اس لئے لڑتا کہ وہ ایک حکومت کو اکھاڑ دے اور دوسری حکومت قائم کرے اس میں مذہب کا سوال نہ تھا گو اس ملک گیری کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کبھی کبھی مذہب کا نام لے لیا جاتا تھا جیسا کہ محمود غزنوی اور تیمور نے کیا۔ تیمور کی غرض گو ملک گیری تھی مگر اس نے مذہب کا نام لیا اور اس نے یہاں کے مسلمان حکمرانوں اور ہندوستانی مسلمانوں پر یہ الزام لگایا کہ وہ ہندوؤں میں اس قدر مل جل گئے ہیں کہ وہ بالکل ہندو بن گئے ہیں لیکن محمود اور تیمور ہندوستانی نہ تھے۔ اورنگ زیب کو کبھی یہ ہمت نہ ہوئی کہ مذہب کے نام پر کوئی لڑائی لڑتا۔ اورنگ زیب کی لڑائیاں تو اپنے خاندان یا دکن کے مسلمان سلاطین سے ہوتی رہیں مسلمان ہندو بھائی بھائی کی طرح تھے۔ میلے ٹھیلے اور تہواروں میں ہندو مسلم اتحاد کا منظر نظر آتا۔ آٹھ سو برس کی تاریخ میں ہندو مسلمانوں کے درمیان صرف دو بلوے ہوئے یہ دو بلوے جن کا ذکر تاریخ میں ملتا ہے مغلوں بالکل آخری دور یعنی فرخ سیر کے عہد میں ہوئے ایک احمدآباد اور دوسرا کشمیر میں ان دونوں بلوؤں میں مسلمانوں کا قصور ثابت ہوا اور ان کو سخت سزائیں دی گئیں۔

ہم بلا شبہ کہہ سکتے ہیں کہ اس زمانہ کے لحاظ سے مسلمانوں کی حکومت ایک طرح کی نیشنل گورنمنٹ (قومی حکومت) تھی ہندو اور مسلمان ملکر حکومت کو چلاتے تھے اور دونوں یکساں طور پر فائدہ اٹھاتے تھے۔ اس حکومت کا اہم مقصد ہر طرح عوام اور ملک کو فائدہ پہنچانا اور عدل و انصاف کرنا ہوا کرتا تھا۔ اگر باہر سے کوئی دشمن ملک کے امن کو خطرہ میں ڈالدیتا تو سب مل کر اس کا مقابلہ کرتے۔ نادرشاہ کے حملے کے وقت سندھیا کو نظام نے ایک خط لکھا تھا کہ اس ملک میں دو دشمن نمودار ہوئے ہیں ایک پرتگیز اور دوسرا نادر اگر ہم نے مل کر مقابلہ نہ کیا تو خوف ہے کہ مغلوں کی حکومت کہیں برباد نہ ہو جائے۔

انگریزوں نے اپنی حکومت کو مضبوط کرنے کے لئے مسلمانوں کو کچلنا شروع کیا اور ۱۸۵۷ء تک انہوں نے ہندوؤں کو بڑھایا۔ انگریزی حکومت کے شروع زمانے سے ہندوؤں کو ہر قسم کے ترقی کے مواقع ملتے رہے اور وہ آگے بڑھتے گئے سب دولت اور تعلیم کی وجہ سے ہندوؤں میں کافی ترقی ہوگئی اور حکومت پر انہوں نے نکتہ چینی شروع کی تو انگریز حکمران گھبرانے لگے۔ جب ۱۸۸۵ء میں کانگریس کی بنیاد ڈالی گئی تو انگریزوں کی آنکھیں کھلیں اور انہوں نے کہنا شروع کیا کہ اب تو ان کا ہمارا مقابلہ کرنا چاہتے ہیں۔

(باقی صفحہ ۳ پر)

سیر و سیاحت

سیاح

پیچھے دلی کی پولیس نے آزاد ان گروہ کا پتہ لگایا جو دارالسلطنت میں چوریاں اور ڈکیتیاں ڈال رہا تھا اور جس کے قبضہ سے بائیسکل سائیکلیں اور موٹر سائیکلیں حتی کہ دو موٹر کاریں برآمد ہوئیں —

— مولانا ابوالوفاء [illegible] جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کو مشاغل [illegible] ان کی تین سو سائیکلیں [illegible] ہے — اور پرندیٰ [illegible] کر [illegible] ہے [illegible] اور [illegible] بہرحال ہم [illegible] —

جس کی [illegible] چوروں کے خلاف [illegible] کی عدالت میں مقدمہ چلے گا — [illegible] بہت بہادر ہیں [illegible] — پاکستان میں [illegible] اڑائی جا رہی ہے اور دارالسلطنت ہند میں چوروں کو بھی [illegible] کے [illegible] ایک جج کے سپرد کر دیا ہے —

— بات کی [illegible] ہے ہمارے خیال میں ہند کے تمام چوروں کو [illegible] کے خلاف احتجاج اور مظاہرہ کرنا چاہیے — [illegible] میں عنقریب بہت سے مظاہرے ہونے والے ہیں — ماسٹری کا مظاہرہ، بنارس کے ہندی پرچارکوں کا مظاہرہ اور [illegible] کا مظاہرہ وغیرہ وغیرہ — ایک چوروں کا مظاہرہ بھی سہی —

اور کیا ہے کہ اس معاملہ کو بین الاقوامی انجمن میں پیش کر دیا جائے ذرا اہمیت میں کشمیر اور فلسطین کے مسئلے سے کم تو نہیں ہے آخر ایک طبقہ کی موت و زندگی کا سوال ہے — اور بین الاقوامی انجمن میں کسی طبقہ کی موت و زندگی مضمر ہو وہاں عالم کے لئے ہر وقت خطرہ بن سکتا ہے — اور جناب وہ انجمن جو آنجہانی لیگ آف نیشنز کی چھوٹی بہن ہے جھوٹے معاملہ کو تو دوڑ کر لپکے گی —

— مگر اس معاملہ میں جلدی کرنی چاہیے۔ کرپلانی جی نے جو [illegible] ایک وقت مقرر ہے اور وہ وقت آ پہنچا ہے — ایسا نہ ہو سانپ نکل جائے اور ہم لکیر پیٹتے رہ جائیں —

سنا ہے اقوام متحدہ میں نمایندگی کا آخر [illegible] بڑے بڑے جوشیلے اور بلکے جوان موجود ہیں جو سیاہ کو سفید اور سفید کو سیاہ کر کے [illegible] بند کر دیں —

— اگر آپ ماسٹری تیار ہو جائیں اور کیا [illegible] وہ مظلوموں کے بڑے ہمدرد ہیں اور [illegible] لاکھ کا مسئلہ ہے ان ہی کی طرف رجوع کیا جائے — ویسے سیاح بھی حاضر ہے — کچھ نہیں ہے — آپ سیاح ہی سہی — بمبئی کی سیر کر رہے تھے اب کے قیر سلفن [illegible] کی بھی سیر ہو جائے گی —

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ریاست حیدرآباد دکن اور حکومت ہند

جناب اڈیٹر صاحب [illegible] ملک میں [illegible] مسلمہ ہو کہ آئندہ نسلیں [illegible] کی حالت پر اظہار افسوس کریں گی [illegible] نفوس بھی اپنے [illegible] کا جذبہ پیدا ہو۔

حال ہی میں حکومت [illegible] حیدرآباد [illegible] پنڈت جواہر لال نہرو جیسے مدبر [illegible] خطرہ [illegible] ہوئے ہیں ان کے مطالعہ سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ دونوں حکومتوں کے حکمرانوں میں باہمی سمجھوتے کی خواہش موجود ہے اور دونوں [illegible] دانشور اس حل کو پسند کرتے ہیں۔

ہم اس وقت بلا خوف تردید [illegible] رہ سکتے کہ جو عام [illegible] سمجھوتے کے بارے میں [illegible] مخلص سے خالی [illegible] معلوم نہیں ہوتی کہ حالات نازک [illegible] لیکن ہم ان حالات میں بھی دونوں حکومتوں سے باہمی سمجھوتے کی طرف سے مایوس نہیں ہیں۔ لیکن [illegible] کی گرج میدان جنگ کی خون ریز فضا میں بھی صلح کی مخلصانہ مساعی سے باز نہیں رہنا چاہیے۔ خدا نخواستہ حکومت ہند اور حکومت حیدرآباد کے درمیان ایسی کوئی صورت پیدا نہیں ہوئی ہے۔ جو لوگ اس وقت حیدرآباد اور حکومت ہند کے ٹکراؤ کا خواب دیکھ رہے ہیں یا انتظار کر رہے ہیں ہم ان لوگوں کو بنی نوع انسان کا دشمن سمجھتے ہیں۔ دونوں حکومتوں کا ٹکراؤ ملک کے امن کو تباہ کر دے گا۔ اور آزادی کے وہ مقاصد جو ملک کو شاہراہ ترقی پر گامزن کر سکتے ہیں خاک میں ملائیں گے۔ گذشتہ فرقہ وارانہ فسادات کا یہ نتیجہ ہے کہ ابتک صوبجاتی اور مرکزی حکومتوں کی توجہ پورے طور پر ملک کے سدھار کی طرف مبذول نہیں ہو سکی۔ ہم ہر طبقہ اور ہر خیال کے لوگوں سے خواہ وہ ہندوستان میں رہتے ہوں یا پاکستان میں یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ حکومت ہند اور حیدرآباد کے درمیان سمجھوتے کی جلد از جلد امکانی کوشش کریں۔ اس وقت لوگوں کے اشتعال انگیز تقریروں اور تحریروں سے باز رہنا چاہیے۔ کیا اس ملک کے چالیس کروڑ باشندے اپنی کوشش سے حکومت سرکار عالی اور حکومت ہند کے درمیان ایسا باعزت سمجھوتہ نہیں کرا سکتے جس سے دونوں حکومتوں کا وقار قائم رہے۔ اور اختلافی مسائل آسانی سے حل ہو جائیں۔ اگر ایسا نہ ہوا تو مورخ اس ملک کی تاریخ لکھتے وقت اس بات پر اظہار افسوس کرے گا کہ اس ملک کے چالیس کروڑ باشندے امن پسندی اور خیر سگالی کے جذبے سے خالی تھے۔ اور آئندہ نسلیں ہم پر افسوس کریں گی۔

حکیم [illegible] احمد خاں [illegible]

مولانا آزاد کی خدمت میں

محترم اڈیٹر صاحب تسلیم۔ میں آپ کے متعدد اخبار کے ذریعے مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم کی خدمت میں مندرجہ ذیل گذارش کرنا چاہتا ہوں۔

یہ امر قابل افسوس ہے کہ زبان کے مسئلہ میں حکومت ہند کی پالیسی مبہم ہے اور وہ ابھی اس حد تک کہ یہ اندیشہ پیدا ہو گیا ہے کہ مرکزی حکومت دیدہ و دانستہ اس سے چشم پوشی کرنا چاہتی ہے۔ جس کا ثبوت سندھ جو دل امروز سے ملتا ہے۔ زبان کے متعلق کانگریس کے سابقہ اعلانات کی روشنی میں اگر موجودہ صوبائی حکومتوں کے طرز عمل کو دیکھا جائے تو حد درجہ تشویشناک ہے اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اردو کو بالقصد ختم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ جیسا کہ یو۔ پی۔ سی۔ پی وغیرہ میں جہاں کی زبان بلا شبہ اردو تھی اور ہے۔ ہندی کو سرکاری زبان قرار دے کر اردو کو مٹانے کی کوشش کی گئی ہے۔ کیا ان صوبائی حکومتوں کا یہ طرز عمل مرکزی حکومت کی پالیسی کے مطابق ہے؟ زبان کے متعلق مرکزی حکومت کی پالیسی کیا ہے؟ افسوس ہے کہ ابھی تک حکومت ہند نے جہاں تک زبان کا تعلق ہے تمام ہندوستان کے لئے ایک واضح پالیسی کا اعلان نہیں کیا اگر تمام صوبوں کے لئے ایک ہدایت ہو جاتی۔ اور کسی صوبہ کو اس سے سرتابی کا موقعہ نہ ملتا۔ اگر میری یادداشت غلطی نہیں کرتی ہے تو مولانا محترم نے دہلی کے متعلق ہندوستانی زبان کا اعلان کیا ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حکومت ہند کی پالیسی صرف ان علاقوں تک محدود ہے جو مرکزی حکومت کے تحت ہیں یا مرکزی حکومت کو ایک مشترکہ پالیسی تیار کرنی چاہیے جس کا انڈین یونین کے تمام صوبوں کو پابند ہونا ہو اور یہ محسوس نہیں کیا جا سکے کہ ایک زبان کو نظر انداز کر کے دوسری پر ترجیح دی جا رہی ہے۔ شاید مرکزی حکومت کے آزاد جو کانگریس کے ذمہ دار افراد بھی ہیں اس سے مطمئن ہیں کہ کانگریس نے گذشتہ دور میں اپنی بعض پالیسیوں کا اعلان کر دیا ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ زمانہ بدل چکا ہے اور افراد نے ان اصولوں سے انحراف شروع کر دیا ہے۔ اس صورت میں یہ ضروری ہے کہ ان اعلانات کی تجدید کی جائے اور عوام کے سامنے ایک واضح اور غیر مبہم پالیسی رکھدی جائے میرا مطلب یہ ہے کہ مولانا آزاد وزیر تعلیم کی حیثیت سے یہ اعلان کر دیں کہ تمام ہندوستان کی ایک مشترکہ زبان ہوگی اور یہی زبان سرکاری زبان قرار دی جائے گی۔ اس اعلان میں رسم الخط کے مسئلہ کی وضاحت ضروری ہے۔ کیونکہ یہ مسئلہ خوب بہت پیچیدہ ہے اور تشریح طلب ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ صوبوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مقامی زبان کو سرکاری زبان قرار دے دیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان کو ایک مرکزی زبان بھی تسلیم کرنا ہوگی۔ تمام زبانوں کو مرکزی زبان تسلیم نہیں کیا جا سکتا اور یہ اجازت، اصولاً نہیں دی جا سکتی کہ مرکزی اسمبلی میں جماعت جماعت کی بولیاں بولی جائیں ایسی صورت میں تمام صوبوں میں اسی مرکزی زبان کی تعلیم کو لازمی قرار دینا ضروری ہوگا۔

کیا مولانا آزاد اس گذارش پر توجہ فرمائیں گے۔

لندن میں مسٹر چیٹی اور سر اسٹیفورڈ کرپس میں بات چیت

اسٹرلنگ بیلنس کم نہیں کئے جاسکتے ۔ مسٹر چیٹی کی تقریر

لندن ۶ جون ۔ لندن میں اسٹرلنگ بیلنس کے سلسلہ میں بات چیت [illegible] ہو رہی ہے ۔ آج مسٹر چیٹی برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس سے ملاقات کریں گے ۔ کل ایک دعوت میں تقریر کرتے ہوئے ہند کے وزیر خزانہ مسٹر شنمکھم چیٹی نے اس بات کو مضحکہ خیز بتایا کہ برطانیہ ہند کو پورا اسٹرلنگ بیلنس نہیں دے گا [illegible] بینک آف انگلستان [illegible] اسٹرلنگ کے متعلق کوئی خطرہ نہیں ۔ برطانیہ کو ہند کا [illegible] ۔ آپ نے تقریر میں [illegible] اسٹرلنگ بیلنس ایک قرضہ ہے جو جنگ کے دوران میں برطانیہ نے [illegible] ہندوستان سے پٹ سن اور کپاس وغیرہ خریدی اور اس کی قیمت [illegible] حکومت ہند [illegible] ریزرو بینک آف انڈیا [illegible] بینک آف انگلستان [illegible] اسٹرلنگ کی بجائے [illegible] سامان خرید سکیں [illegible] برطانیہ کی ضروریات کو محسوس کرتے ہیں [illegible] ہند کی ضروریات محسوس کرنی چاہئیں ۔

الور، بھرت پور اور گوڑگاؤں کے میواتیوں کی حالت زار

مرکزی حکومت فوری توجہ دے

[illegible]

(سنٹرل میواتی پنچایت دہلی) پریذیڈنٹ

نوٹس برائے اطلاع عام

بموجب دفعہ ۱۶ (۱) ایسٹ پنجاب [illegible] ایکٹ (انتظام جائداد) [illegible] کسٹوڈین [illegible] کا قبضہ لینا چاہتے ہیں ان کی فہرست [illegible] گزٹ) کے اندر اندر اپنی جائداد کے لئے [illegible] ۔

فہرست مکانات [illegible]

جو مالکان یا [illegible] اپنی جائدادوں کو واپس لینا چاہتے ہیں [illegible] ان سے درخواست ہے کہ وہ دفتر قانونی امدادی کمیٹی جمعیۃ العلماء ہند [illegible] صبح [illegible] بجے اور شام [illegible] بجے تک علاوہ اتوار کے تشریف لا کر جائداد کے [illegible] انجام دے رہے ہیں ان کو اپنی درخواستوں کی پیروی کا [illegible] ۔

(سکریٹری قانونی امدادی کمیٹی جمعیۃ العلماء گلی قاسم جان دہلی)

فہرست مکانات جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بذریعہ گزٹ غیر معمولی مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۴۸ء لیا ۔ اس سے قبل کی مکانات کی فہرست جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بذریعہ گزٹ مورخہ ۱۷ مئی ۱۹۴۸ء و ۲۰ مئی ۱۹۴۸ء لیا ہے ۔ الجمعیۃ کی اشاعت مورخہ ۲۶ مئی ۱۹۴۸ء و ۴ جون ۱۹۴۸ء شائع ہو چکی ہے

نمبر شمار	حوالہ جائداد و میونسپل نمبر	وقوع جائداد
۳۴۲	65 شفیع بلڈنگ	روشن آرا روڈ سبزی منڈی
۳۴۳	17 "	"
۳۴۴	4910	گلی بوڑل سبزی منڈی
۳۴۵	4880	"
۳۴۶	4878	"
۳۴۷	4881	"
۳۴۸	34 شفیع بلڈنگ	روشن آرا روڈ سبزی منڈی
۳۴۹	44 " "	"
۳۵۰	44 " "	"
۳۵۱	48 " "	"
۳۵۲	46 " "	"
۳۵۳	4677	گلی بوڑل سبزی منڈی
۳۵۴	6455	مغلپورہ سبزی منڈی
۳۵۵	34 شفیع بلڈنگ	روشن آرا روڈ سبزی منڈی
۳۵۶	5519	"
۳۵۷	12 شفیع بلڈنگ	"
۳۵۸	5520	"
۳۵۹	55 شفیع بلڈنگ	"
۳۶۰	5614	"
۳۶۱	6459	مغلپورہ سبزی منڈی
۳۶۲	4066	گلی بوڑل سبزی منڈی
۳۶۳	66 شفیع بلڈنگ	روشن آرا روڈ سبزی منڈی
۳۶۴	72 شفیع بلڈنگ	"
۳۶۵	4492	مغلپورہ سبزی منڈی
۳۶۶	5515	روشن آرا روڈ سبزی منڈی
۳۶۷	32 شفیع بلڈنگ	"
۳۶۸	15 شفیع بلڈنگ	"
۳۶۹	55 " "	"
۳۷۰	59 " "	"
۳۷۱	8842	کھاریاں باغ سبزی منڈی
۳۷۲	4549	مغلپورہ سبزی منڈی
۳۷۳	8818	کھاریاں باغ "
۳۷۴	6681	مغلپورہ "
۳۷۵	9670	راحت گنج سبزی منڈی
۳۷۶	9650E (ای)	"
۳۷۷	5230	منڈی تیل، پہاڑ گنج
۳۷۸	4368	"
۳۷۹	4711	گلی رام ناتھ "
۳۸۰	4592	وریہ پان "
۳۸۱	4516	"
۳۸۲	305	گلی مرچیان "
۳۸۳	154	"
۳۸۴	1222	محلہ چاندی والا سبزی منڈی
۳۸۵	1305	گلی علاؤ الدین "
۳۸۶	1304	"
۳۸۷	4714	گلی رام ناتھ "
۳۸۸	155	گلی مرچیان "
۳۸۹	1234	محلہ چاندی والا پہاڑ گنج
۳۹۰	1193	"
۳۹۱	1194	"
۳۹۲	1163	"
۳۹۳	537	گلی ڈنڈے والی دہلی
۳۹۴	1300	گلی علاؤ الدین "
۳۹۵	1313	گلی نور شاہ سبزی منڈی
۳۹۶	553	[illegible] "
۳۹۷	1150	محلہ چاندی والا "
۳۹۸	472/2	گلی حلوائیان "
۳۹۹	472/1	"
۴۰۰	507/1	گلی [illegible] "
۴۰۱	606	"
۴۰۲	475	گلی حلوائیان "
۴۰۳	4417	گلی کھاریان "
۴۰۴	5707	دال منڈی "
۴۰۵	7392	"
۴۰۶	7398	دال منڈی، پہاڑ گنج
۴۰۷	5796	"
۴۰۸	5709	"
۴۰۹	5706	"

[illegible] صفحہ پر ملاحظہ کیجئے

آئینی اسمبلی اور سکھ نمائندے

امرتسر ۶ جون ۔ [illegible] گوردوارہ [illegible] کے صدر [illegible] سنگھ [illegible] ہندوستانی آئین ساز اسمبلی کے دونوں سکھ ممبران سردار [illegible] سنگھ اور سردار [illegible] [illegible] شبہ نہیں ہے ۔ سکھ سکول نہ کرنے کے متعلق کا اہم مسئلہ قابل ترین آئینی ماہرین کی رہنمائی کا متقاضی ہے ۔ انھوں نے دونوں ممبروں کو یقین دلایا ہے کہ اس سوال کا تصفیہ ہو جانے کے بعد ان کو اسمبلی میں واپس بھیجا جائے گا ۔

مسٹر سہروردی کی گرفتاری پر کراچی میں احتجاج

کراچی ۸ جون ۔ مسٹر سہروردی کی گرفتاری [illegible] مشرقی بنگال [illegible] [illegible]

کیرانہ میں اندھیر گردی

[illegible]

شاہجہانپور کے قریب خوفناک آتشزدگی

ایک گاؤں جلکر راکھ ہو گیا

[illegible]

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھیئے

ہوتا ہی جاوے پہا پھر کاروان ہمارا

(مظفر رہا سے آگے)

[illegible]

مسلمانوں کی غلط سیاست

[illegible]

(دلی ایجنسی)

چین میں کمیونسٹوں کی پیشقدمی

سرکاری فوجوں کی جوابی کارروائی

[illegible]

لندن ۸ جون ۔ ایک مشہور سیاسی مبصر

[illegible] فلسطین کی بابت [illegible] عرب ریاستوں کو فوجی امداد دے [illegible] ایران پر روس کا دباؤ بڑھ جائے گا [illegible] فلسطین کی کشمکش سے روس [illegible] نادر موقع ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں کمیونزم کی اشاعت کرے ۔

[illegible] ہوائی جہاز ہونے کے بجاؤ میں مدد دے رہے ہیں اور دوسرے محصور شہروں کو بھی کمیونسٹوں سے بچانے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹہ میں چین کے دوسرے محاذوں پر سکون رہا ۔

ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل ۔۔۔۔ امن کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دے گا ۔
جمیل ۔۔۔۔ سنجیدہ متین اور اتحادی مضامین کا مخزن ہوگا ۔
جمیل ۔۔۔۔ زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین [illegible] ہوگا
جمیل ۔۔۔۔ اکابرین ادب اور رہنمایان قوم کے کردار نظریات [illegible] پیش کریگا ۔
جمیل ۔۔۔۔ باتصویر اور [illegible] ہوگا ۔
پہلا [illegible] ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کریگا اور مبارکباد پیش کرے گا ۔
سالانہ قیمت ۔۔۔۔ پانچ روپیہ ۔۔۔۔ فی پرچہ آٹھ آنے (۸)

عبدالحق پراچہ دہلوی

مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

سرمہ مقوی بصر

ابتدائی نزول الماء کورے ۔ دھند آنکھوں کی خارش پلکوں کے گرنے ڈھلکوں کے موٹا ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے
قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ [illegible]

سرمہ اصلاح چشم

دھند ، جالا ، پھولا ۔ کے لئے اکسیر ہے ۔ بارہا آزمودہ ہے
قیمت فی شیشی [illegible] ماشہ [illegible]

سفوف شجاعی

[illegible] کثرت احتلام [illegible] کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہوں ۔ نہایت مجرب ہے ۔ [illegible]
قیمت چالیس خوراک دس روپے فی خوراک [illegible]

حب شمسی

آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ۔ ایک ہفتہ میں جڑ سے آرام ہو جاتا ہے آزمودہ ہے ۔ قیمت مکمل خوراک سات روپے [illegible]

حب مسیحی

ہاضمہ ، ریح البواسیر ، درد شکم ، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے ۔
قیمت فی شیشی چالیس گولیاں [illegible]

حب شیریں

بچوں کے امراض جگر ، ڈبہ ، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے ۔
قیمت فی شیشی دس گولی [illegible]

سفوف سلطانی

سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے ۔
قیمت چالیس خوراک [illegible] روپے [illegible]

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

یہودیوں کی پسپائی

(صفحہ اول کالم ۱ سے آگے)

جو عربوں اور یہودیوں کے درمیان جو جنگ ہو رہی ہے اس کے مختلف محاذوں کی موجودہ پوزیشن یہ ہے

وسطی محاذ عربوں کا دعویٰ ہے کہ بیت المقدس میں عبرانی یونیورسٹی اور ہداسہ ہسپتال کے یہودیوں نے ہتھیار ڈال دیئے انہوں نے سفید جھنڈے لگا دیئے اور عربوں سے بمباری بند کرنے کی درخواست کی۔ ... کے مطابق بیت المقدس میں سخت جنگ ہو رہی ہے اور عرب فوجیں یہودیوں پر دباؤ ڈال رہی ہیں۔ تل ابیب سے بیت المقدس جانے والی سڑک پر ... کوئی تازہ خبر موصول نہیں ہوئی ہے۔

شمالی محاذ لبنان کی وزارت خارجہ کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ لبنان اور شام کی فوجوں کو ایک پر فتح حاصل ہوئی ہیں۔ یہودیوں کا ایک مضبوط گروہ ... اور یہودیوں کی دہشت پسند فوج ہگانا اس کا مقابلہ کر رہی تھی۔

جنوبی محاذ کیرو میں عرب حلقوں کے مطابق یہودی ریاست اسرائیل کے صدر مقام تل ابیب کے جنوب میں سخت خوفناک جنگ ہو رہی ہے پرسوں رات مصری فوجوں نے یہودیوں کی قاتلی ...

پنڈت نہرو کی تقریر

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

سے زیادتی ... کا پروپیگنڈا ... اور فسادیوں کے خلاف ... پنڈت نہرو نے ... عوام سے اپیل کی کہ وہ فسادیوں کی سرگرمیوں سے الگ رہیں اور حکومت کا ساتھ دیں اور ... کریں۔

سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا۔ فرقہ پرستی کی وجہ سے ملک کو زبردست نقصان پہنچ چکا ہے۔ مزید ہنگامے مستقل طور پر اسٹیٹ کو کمزور کر دیں گے۔ اس وقت نئی سلطنت کی تعمیر کے لئے امن کی ... سخت ضرورت ہے اس سے قبل اتنی زیادہ ضرورت کبھی نہ تھی۔ آپ نے کہا۔ ان ہنگاموں سے سوائے گنے چنے لیڈروں کے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ ... عوام سے اپیل کی کہ وہ امن و امان قائم رکھیں تاکہ حکومت ان اہم مسائل کو حل کر سکے جو اس وقت اس کے سامنے ہیں۔

پنڈت جی نے اپنی تقریر میں حیدر آباد اور کشمیر کا مسئلہ کا بھی ذکر کیا اور لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی تعریف کی۔ ان کی تقریر کے مختلف نکات ...

حیدر آباد ... لوگوں کی تجویز کے مطابق ہندوستان کی فوجیں حیدر آباد کی طرف ... اور اس طرح وہ موجودہ ... کو ... کر سکتی ہے لیکن اس معاملے میں حکومت کو تمام دوسرے مسائل کو سامنے رکھنا پڑتا ہے ...

کشمیر ... ہندوستانی فوجوں نے ... کشمیر میں ...

ہندوستان اور تمام دنیا ...

پاکستان کے ساتھ رشتہ ...

صوبہ پرستی ... اور کہا مختلف صوبوں کے بعض لوگ اس طرح بولتے ہیں جیسے وہ کسی اور ملک سے تعلق رکھتے ہوں جب ہندوستان ایک ہے تو صوبائی حدود میں ترمیم و تنسیخ اس موقع پر جبکہ دوسرے مسائل ہمارے سامنے ہیں بے معنی ہے۔

سرکاری مشنری وزیر اعظم نے سرکاری مشنری کی حالت پر بھی تبصرہ کیا اور کہا کہ وہ انہیں کتنی سست رفتار مشنری ملی ہے۔ وہ پرانے زمانے کی مشنری ہے جسے بدلنے اور بہتر بنانے کے لئے ... نہ ... جا سکا۔ لیکن اس مشنری کو ہمیں تباہ نہیں کر دینا چاہئے ... ایسا کرنے کی کوشش کی تو اس کا کام رک جائیگا۔

ٹیلیفون پر بات چیت

(صفحہ اول سے آگے)

اقوام متحدہ کا مقصد ... کونسل کی ... تجویز کا مقصد ... فلسطین میں عربوں اور یہودیوں کے درمیان ... پیدا ہو گیا ہے اسے ... ایک ... جبکہ عربوں اور یہودیوں کے حقوق ... نقصان نہ ہو۔

... عرب اور یہودی ... امریکی صیہونی یہودیوں کے ... فلسطین کی جنگ کے دوران میں ...

فلسطین میں صلح

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

کے جنوب میں پہاڑیوں کے دامن میں واقع ہے ان فوجوں کی نقل و حرکت سے اس بات کا اندازہ ہوتا تھا کہ یہودی حملہ کرنے والے ہیں اور عراقی فوجیں یہودی حملہ کے وقت بالکل تیار ہیں۔ یہودیوں نے اپنے حملہ کو ... سے شروع کیا۔ ایک عراقی میجر کے بیان کے مطابق یہ ... پہونچنے میں ناکام رہے ہیں اور ... زخمی چھوڑ کر بھاگ نکلیں پھر یہودیوں نے دوسرا حملہ کیا۔ اس میں ان کے ... آدمی کام آئے ... یہودیوں کی لاشیں ... جمع کرنے کے لئے ... اپنے چہرے دکھانے کا ... اس میجر کے بیان کے مطابق ان یہودیوں میں ... سپاہی تھے۔

گزشتہ شب عراقی ... میں بہت سے تبدیلی ... ایک ... کی ... اس عراقی میجر نے یہ بھی بتایا کہ یہودیوں کی ہمت پست ہو گئی ہے۔ انہوں نے بڑی ہوشیاری سے حملہ کیا تھا لیکن ہم نے ان کو سخت نقصان پہنچایا۔

کشمیر پاکستان کی اطاعت نہیں کریگا

بخشی غلام محمد کا بیان

جموں ۸ر جون ... نائب وزیر اعظم کشمیر بخشی غلام محمد نے ... کالج میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ تمام دنیا میں کشمیر ہی ایک ... جگہ ہے جس نے مسٹر جناح کے دو قوموں کے نظریہ کو باطل کر دکھایا ... کا نام ... کالج رکھا گیا ہے۔ مسٹر غلام محمد نے کہا کہ کشمیری آخر دم تک لڑتے رہیں گے ...

ہند اور حیدر آباد کی بات چیت

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

کے متعلق ایک طویل سمجھوتہ کی تجویز پیش کی گئی ہے جو نظام کے لئے قابل قبول ہے۔ نظام ... کرنا چاہتے ہیں ہندو اور مسلمان دونوں کی نمائندگی ... مجوزہ ... مجلس دستور ساز ... ووٹ حاصل ہوں۔ ... وزیر اعظم ... ہندو اور مسلمان ... ہوں گے ... دستور ساز اسمبلی ... کر دی جائے گی ... دستور ساز اسمبلی ... دستور ساز اسمبلی ... دونوں فرقوں کی نمائندگی ... کرے گی۔ دستور ساز اسمبلی جو دستور حکومت مرتب کرے گی ... پر نظر ثانی کی جائے گی۔ ریاست کی فوج بیس ہزار تک محدود کر دی جائے گی۔ ... حیدر آباد کے ... ایجنٹ جنرل ... کام کرتے رہیں گے جیسا کہ پہلے ... ہو چکا ہے۔

نظام نے اس تجویز کو نامنظور کر دیا ہے کہ معاملات خارجہ اور رسل و رسائل کے متعلق حیدر آباد کے قوانین میں حکومت ہند کو ترمیم و تنسیخ کا اختیار ہوگا۔ نظام کا کہنا ہے کہ حیدر آباد کو یہ حق حاصل ہونا چاہئے کہ وہ اگر ... حکومت ہند کے قوانین حیدر آباد کے مفاد کے خلاف ہیں تو وہ ان کو نامنظور کر سکتا ہے۔ نظام کے خیال کے مطابق ...

مسٹر رضوی کی تقریر

حیدر آباد (دکن) ... کرنے کے لئے ... ہماری آزادی چھیننے کی ... ہم ... اپنی آزادی کی حفاظت کریں گے اگر وہ ... کے زور سے ہماری آزادی چھیننا چاہیں گے تو ہم اپنی آزادی کے تحفظ میں جان دے دیں گے۔

نوٹس برائے اطلاع عام

(صفحہ ۳ سے آگے)

نمبر شمار	... نمبر	وقوع جائداد
410	7302	...
411	7301	〃
412	7419	〃
413	7320	〃
414	3087	بی۔ بی روڈ دریا گنج
415	5020/II/12	〃
416	5020/46/47	〃
417	مارق بلڈنگ	〃
418	3088	〃
419	ام الناس بلڈنگ	〃
420	نسیم بلڈنگ 30/1/2	〃
421	260 کھتہ لال میاں	گلی پہاڑ والی
422	5914	قاضی واڑہ
423	XIII کوچہ باقی خاں	انار... دریا گنج
424	18 محلہ بہرام خاں	مسجد ...
425	XI. 3296	ترا بہرام خاں
426	پلاٹ نمبر 11-19	فیض بازار
427	گلاب بالی بلڈنگ	بی۔ پی روڈ دریا گنج
	XII 3020	
428	XI 1923-24	فیض گنج
429	XI-1921	〃
430	XI 3481	کوچہ چیلان
431	XI 3483	〃
432	XI-3209	کوچہ نعمت اللہ خاں
433	XI 3225	〃
434	XI 3197	〃
435	XI 3198	〃
436	XI 3199	〃
437	XI 2988	کوچہ چیلان دہلی
438	XI 2988 C	〃
439	XI 2988 (F)	〃
440	XI-2988 (J)	〃
441	[illegible]	کوچہ چیلان
442	〃 - 2983	〃
443	〃 - 2988 (A)	〃
444	〃 - 2988 - 90	〃
445	〃 - 2988 - 90 (I)	〃
446	... منزل	〃
447	... منزل	〃
448	XI 2988 (A)	〃
449	〃 - 2982	〃
450	〃 - 2988 (B)	〃
451	〃 - 2988 (C)	〃
452	〃 - 2980	〃
453	〃 - 2981	〃
454	〃 - 2975	〃
455	〃 - 2977	〃
456	〃 - 2972	〃
457	〃 - 2973	〃
458	〃 - 2974	〃
459	〃 - 3432	〃
460	〃 - 3433	〃
461	〃 - 3422	〃
462	〃 - 3423	〃
463	〃 - 3430	〃
464	〃 - 3436	〃
465	〃 - 3264	ترا بہرام خاں
466	〃 - 3265	〃
467	XI - 3266	ترا بہرام خاں ...
468	〃 - 3282	〃
469	〃 - 3283	〃
470	〃 - 3387	〃
471	〃 - 3380	〃
472	〃 - 3351	〃
473	〃 - 3492	〃
474	〃 - 3499	〃
475	〃 - 3495	〃
476	〃 - 3406	〃
477	〃 - 3506	〃
478	〃 - 3448	...
479	〃 - 3494	کوچہ چیلان دہلی
480	〃 - 1957	فیض گنج
481	- 1953	〃
482	XI - 1944-45	... دریا گنج
483	〃 - 1936	〃
484	〃 - 1930	... مسجد
485	XI - 1999	فیض گنج - دریا گنج دہلی
486	〃 - 2062	〃
487	〃 - 3496	کوچہ چیلان دہلی
488	〃 - 3501	〃
489	〃 - 3502	〃
490	〃 - 3500	〃
491	〃 - 3493	〃
492	〃 - 3492	〃
493	〃 - 3491	〃
494	〃 - 3440	〃
495	〃 - 1965	فیض گنج
496	〃 - 1960	〃
497	XI - 3489	کوچہ چیلان دریا گنج
498	〃 - 3424	〃
499	〃 - 3425	〃
500	〃 - 3420	〃
501	〃 - 3421	〃
502	〃 3206	〃
503	〃 3207	〃
504	〃 3208	〃
505	〃 3019	〃
506	〃 3020	〃
507	〃 2984	〃
509	〃 R. N. 1221/1224	〃
510	〃 3042	〃
511	〃 3062	〃
512	XI - 3085	〃
513	〃 - 3116	〃
514	〃 - 3121	〃
515	〃 - 3127	〃
516	〃 - 3177	〃
517	〃 - 5178	〃
518	〃 - 3179	〃
519	3019	کوچہ چیلان دہلی
520	3019 - A	〃
521	3019 - (C)	〃
522	3019 - (D)	〃
523	3019 - (E)	〃
524	3019 (E)	〃
525	XIII - 57	کوچہ ...
526	〃 - 43	〃

پردہ ترک کرنے پر فساد

امرتسر ۸ر جون ... سے آنے والی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ وہاں عورتوں کے پردہ ترک کرنے پر مسلمانوں کے دو گروہوں میں آپس میں سخت جھگڑا ہو گیا۔ ایک عورت جس نے پردہ ترک کر دیا تھا گولی مار کر ہلاک کر دی گئی۔ اس کے علاوہ چار دوسرے مسلمان بھی مارے گئے۔ اور ایک کانسٹبل بھی کام آیا۔

اعلان

میں نے اپنے لڑکے مسمی محمد تقی عمر ۱۸ سال ساکن کٹرہ شیخ چاند دہلی کو دو سال ہوئے گھر سے نکال دیا ہے۔ اب میرا کوئی تعلق اس سے نہیں ہے لہذا اس اعلان کے ذریعہ لوگوں کو مطلع کرتا ہوں کہ محمد تقی کو کوئی ... دین کی ذمہ داری مجھ پر نہیں ہے۔ محمد ... کٹرہ شیخ چاند دہلی

AMICO TONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکو ٹانک

ناطاقتی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ اور مجرب دوا ہے۔ اس دوا نے ملک میں بہت شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور ناطاقتی کی ہر شکایت کو دور کرتی ہے۔ دماغ ... قوت کو بڑھاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت پہونچاتی ہے۔ خون بڑھانا اور تازہ خون پیدا کرنا اس کی خاص صفت ہے۔ اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ... اختلاج قلب، اعضا شکنی وغیرہ رفع ہو جاتی ہیں۔ صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے۔ مرد اور عورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں۔ مرد اور زن دونوں کیلئے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔ زندگی کا پورا لطف حاصل ہوتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۳۲ خوراکیں ۳ روپے تین شیشیاں ... علاوہ محصولڈاک۔

امیکو طلا

یہ نہایت موثر اور کامیاب دوا ہے سائنس کے جدید اصول پر تیار کیا گیا ہے۔ ... تمام خرابیاں اور جملہ کمزوریاں رفع ہو جاتی ہیں۔ یہ طلا نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ اس کے استعمال سے ... کریم کی شکل میں ٹیوب میں بند ہے۔ قیمت فی ٹیوب تین روپے تین ٹیوب ... علاوہ محصولڈاک مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات طلب کیجئے۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ ۶۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

نظم و نثر کی اصلاح مفت لیجئے

ہم نے دنیائے ادب کے نامور ادیب و شاعر کی خدمات حاصل کر لی ہیں آپ کے ذوق جواب کی تسکین حسب پسند ہوگی۔ اشاعت و طباعت کا بھی معقول انتظام ہے آج ہی چھ پیسے کے ٹکٹ بھیجکر ممبری فارم طلب کیجئے

مہتمم ادارہ ترویج ادب اردو منزل اردو بازار دہلی

یہ بچی کس کی ہے

... سال ... بچی ... انگریزی ... جمعیۃ علماء ... موجود ہے ... جمعیۃ علماء

روزنامہ الجمعیۃ (۳) ۹ر جون ۱۹۴۸ء

مسٹر سہروردی کی گرفتاری پر کراچی میں احتجاج

کراچی ۷ر جون۔ مسٹر سہروردی کی گرفتاری پر کلکتہ مشرقی بنگال کے مدیر کی مذمت کرتے ہوئے پاکستان کی اسلامی کونسل کے صدر مسٹر یوسف المطلبی نے بیان دیا ہے...

کیرانہ میں اندھیر گردی

شاہجہانپور کے قریب خوفناک آتشزدگی

ایک گاؤں جلکر راکھ ہوگیا

شاہجہاں پور ۸ر جون۔ یہاں سے چھ میل کے فاصلہ پر موضع ... میں آتشزدگی کی خوفناک واردات ہوئی۔ تقریباً ایک گھنٹہ کے اندر اندر تمام گاؤں جلکر راکھ ہوگیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ تین آدمی اور کئی مویشی زندہ جل گئے۔ آگ لگنے سے تقریباً تین سو آدمی بے گھر ہوگئے۔ فوری امداد کی اشد ضرورت ہے۔

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھیے

نوٹس برائے اطلاع عام

بموجب دفعہ ۱۱۱۲ ایسٹ پنجاب ایواکوئی پراپرٹی ایکٹ (انتظام جائداد) جس کا نفاذ صوبہ دہلی میں بھی کر دیا گیا ہے، کسٹوڈین جن جائداد کا قبضہ لینا چاہتے ہیں ان کی فہرست بذریعہ گزٹ شائع کریں گے ... تو ایک ماہ کے اندر اندر اپنی جائداد کے لئے اعتراض کر سکتا ہے۔

... ان سے درخواست ہے کہ وہ دفتر قانونی امدادی کمیٹی جمعیۃ العلماء ہند میں ... تشریف لا کر جائداد کے قبضے واپس لینے کی درخواستیں ... ان کو اپنی درخواستوں کی پیروی کا موقع دیں۔

(سکریٹری قانونی امدادی کمیٹی جمعیۃ العلماء گلی قاسم جان دہلی)

فہرست مکانات جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بروئے گزٹ غیر معمولی مورخہ ۲۷ر مئی ۱۹۴۸ء لیا۔ اس سے قبل کی مکانات کی فہرست جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بروئے گزٹ مورخہ ۱۰ر مئی ۱۹۴۸ء و ۲۰ر مئی ۱۹۴۸ء لیا ہے۔ الجمعیۃ کی اشاعت مورخہ ۳۱ر مئی ۱۹۴۸ء و ۴ر جون ۱۹۴۸ء میں شائع ہو چکی ہے

نمبر شمار	حوالہ جائداد معہ نمبر علاقہ پولیس	وقوع جائداد	نمبر شمار	حوالہ جائداد معہ نمبر علاقہ پولیس	وقوع جائداد
۳۴۲	۶۶ شفیع بلڈنگ	روشن آرا روڈ سبزی منڈی	۳۹۵	۱۳۱۵	گلی ... شاہ سبزی منڈی

آئینی اسمبلی اور سکھ نمائندے

... سکھ اپنا معاملہ سردار ... سنگھ وزیر داخلہ مشرقی پنجاب اور سردار ہرنام سنگھ ایڈووکیٹ جنرل مشرقی پنجاب کی وساطت سے پیش کر سکیں۔ یہ دونوں نمائندے ماسٹر تارا سنگھ کی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔

جتھیدار ... سنگھ نے اپنی اپیل میں کہا ہے کہ انھیں موجودہ نمائندوں کی قابلیت پر ذرا بھی شبہ نہیں ہے۔ سکھ ... کے مستقبل کا اہم مسئلہ قابل ترین آئینی ماہرین کی رہنمائی کا مقتضی ہے۔ انھوں نے دونوں ممبروں کو یقین دلایا ہے کہ اس سوال کی تصفیہ ہو جانے کے بعد انہی کو اسمبلی میں واپس بھیجا جائے گا۔

لندن میں مسٹر چیٹی اور سر اسٹیفورڈ کرپس میں بات چیت

اسٹرلنگ بیلنس کم نہیں کئے جا سکتے۔ مسٹر چیٹی کی تقریر

لندن ۶ر جون۔ لندن میں آج اسٹرلنگ بیلنس کے سلسلے میں پھر گفت و شنید ہو رہی ہے۔ آج مسٹر چیٹی برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس سے ملاقات کریں گے۔ ... مسٹر چیٹی نے اس بات کو مضحکہ خیز بتایا کہ برطانیہ ہندوستان کو اسٹرلنگ بیلنس نہیں دے گا ... ہمیں اس اسٹرلنگ کے متعلق کوئی خطرہ نہیں۔ برطانیہ کو ہند کا ایک ارب ... پونڈ دینا ہے۔ ... ہم برطانیہ کی ضروریات کو محسوس کرتے ہیں ... ہند کی ضروریات محسوس کرنی چاہئیں۔

الور، بھرت پور اور گوڑگاؤں کے میواتیوں کی حالت زار

مرکزی حکومت فوری توجہ دے

... اور اگر حکومت ہند ان کو انھیں بسانا چاہتی ہے تو پھر اپنی جمہوری پالیسی کے خلاف صاف صاف اعلان کر دے تاکہ ان بیچاروں کو ... اپنے دامن کو بچا سکے۔

پریزیڈنٹ (سنٹرل میواتی پنچایت دہلی)

لندن ۸ر جون۔ ایک مشہور سیاسی مبصر کرنل ... نے ایک مضمون میں روس کی موجودہ پالیسی پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے ... کہ اگر فلسطین کی بابت کوئی سمجھوتہ نہ ہو تو عرب ریاستوں کو فوجی امداد دے گا۔ ترکی اور ایران پر روس کا دباؤ بڑھ جائے گا ... روس کے لئے بہترین موقع ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں کمیونزم کی اشاعت کرے۔

حملہ کر دیں گے۔ آج سرکاری فوجوں کی نقل و حرکت کے نتیجہ میں دو مزید شہروں پر کمیونسٹوں نے قبضہ کر لیا۔ اور شہر ... پر زبردست حملہ کر دیا۔ سرکاری ہوائی جہاز ... دوسرے محصور شہروں کو بھی کمیونسٹوں سے بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں چین کے دوسرے محاذوں پر سکون رہا۔

ہونہاری جان پیا پھر کارزار ہمارا

(صفحہ ۵ سے آگے)

...

مسلمانوں کی غلط سیاست

...

(باقی آئندہ)

چین میں کمیونسٹوں کی پیشقدمی

سرکاری فوجوں کی جوابی کارروائی

...

ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل — امن کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دے گا۔
جمیل — سنجیدہ، حسین اور اتحادی مضامین کا مخزن ہوگا۔
جمیل — زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع ہوگا۔
جمیل — اکابرین ادب اور راہ نمایان قوم کے کردار، نظریات اور دعوت پیش کریگا۔
جمیل — باتصویر اور مرقع کار ہوگا۔

پہلا ضخیم ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کریگا اور مبارکباد پیش کرے گا۔

سالانہ قیمت پانچ روپیہ۔ فی پرچہ آٹھ آنے

عبدالحق پراچہ دہلوی

مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

سرمہ مقوی بصر — ابتدائی نزول الماء، کورو کے، دھند، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے، ڈلوں کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے لاجواب ہے۔
قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنہ عہ

سرمہ صلاح چشم — دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے۔ بارہا آزمودہ ہے۔
قیمت فی شیشی چھ ماشہ ...

سفوف شجاعی — جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام ... کے لئے نہایت مجرب ہے۔
قیمت چالیس خوراک دس روپے ...

حب شمسی — آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی، ایک ہفتہ میں ... آرام ہو جاتا ہے۔ آزمودہ ہے۔ قیمت مکمل خوراک سات روپے عہ

حب مسیحی — بواسیر، ریح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے۔
قیمت فی شیشی چالیس گولیاں ...

حب شیر مشین — بچوں کے امراض جگر، ڈبہ، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے۔
قیمت فی شیشی دس گولی ...

سفوف سلطانی — سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے۔
قیمت چالیس خوراک ایک روپیہ ...

ملنے کا پتہ: حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

یہودیوں کی پسپائی

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

ہوتا ہے کہ عربوں اور یہودیوں کے درمیان جو جنگ ہو رہی ہے اس کے مختلف محاذوں کی موجودہ پوزیشن یہ ہے

اسی لئے اسلام نے خیالات، اخلاق، اور اصول کو اپنی تحریک کی بنیاد قرار دیا، اور نسلی، قومی اور وطنی امتیازات کو مٹانے کی کوشش کی، آج دنیا ترقی کے بہت سے مرحلے طے کر چکی ہے، مگر ابھی تک انسان کو نسلی تعصبات سے نجات نہیں دلا سکی، اگر ہندوستان چاہتا تو ساری دنیا کو روحانی اور اخلاقی سبق دے سکتا تھا، مگر وہ خود چھوت چھات میں گرفتار ہو کر اس فرض کی انجام دہی سے محروم ہو چکا ہے۔

اونچی گردن کے کرشمے

دنیا خوب ہے کہ مسٹر ٹنڈن یوپی اسمبلی کے اسپیکر ہیں، انہیں اپنی ذمہ داری کا احساس، کانگریس اور مہاتما گاندھی کی پالیسی کا بھی علم ہے، اس کے باوجود ... کے ایک اجتماع میں کہتے ہیں کہ مرکزی حکومت کی ہندی اور ہندوستانی ... کانگریس کی ... پالیسی قابل مذمت ہے اور ساتھ ہی دستور ساز اسمبلی سے مطالبہ کیا کہ وہ ہندی کو ہندو یونین کی سرکاری زبان قرار دے ... کہ ہندوستان کو ایک ... زبان اختیار کرنی چاہئے ... کے پیٹ کو صبر کہاں!

ابھی یہی شکوہ ہے کہ مرکزی حکومت زبان کے معاملے میں ناانصافی کر رہی ہے اور اسوقت تک انصاف کا مزہ ہی کیا کہ زبان کے ساتھ زبانداںوں کا قصہ بھی تمام ہو جائے!

ہندوستان میں اب کوئی کام باقی نہیں رہا، نہ رشوت ستانی، نہ فرائض سے غفلت، نہ چھوت چھات اور نسل پرستی، نہ فرقہ وار نفرت، صرف ہندی کا کام باقی رہ گیا ہے جس پر ٹنڈن جی کو سارا زور صرف کر دینا پڑا! جب کوئی قوم بگڑتی ہے تو اسکی حد نہیں رہتی اب ٹنڈن جی کی گردن اونچی ہے، اسکو حرام ہے کہ اپنی طرف سے کوئی کسر باقی رہے!

عربوں کا فوجی اخلاق

ہندوستان و پاکستان کے فرقہ پرست دشمنوں کو شاید اس خبر پر یقین نہیں آئے گا کہ عربوں نے جنگجو یہودی عورتوں کو گرفتار کیا مگر فوراً ہی یہودیوں کے حوالے کر دیا کہ ان کا عسکری اخلاق اور ان کی قومی روایات عورتوں کو محارب (جنگی سپاہی) تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں، عورتیں حالت جنگ میں پکڑی جاتی ہیں مگر عربوں کی غیرت گوارا نہیں کرتی کہ ان سے انتقام لیں اور انہیں جنگی قیدیوں کی طرح مردوں جیسا سلوک کریں یہ مانا کہ انہوں نے عربوں کے مقابلہ پر تلوار اٹھائی اور جنگ کے میدان میں فریق محارب کی حیثیت سے نکلیں، لیکن اسلامی اور قومی شرف ان کی نسائیت کو نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔ انہوں نے عورت کو عورت کی جگہ رکھا اور ان پر جنگی قوانین کا اطلاق نہ ہونے دیا! عورت پھر عورت ہے اور وہ مرد ہی کیا جو عورت کو عورت نہ سمجھے اور اس سے انتقام لے کر اپنی شجاعت کو بٹہ لگائے اب مقابلہ کرو ہندوستان کے ہندو اور مسلمانوں کی شجاعت اور غیرت کا کہ ان کے ہاتھوں سے بے گناہ عورتوں اور معصوم بچوں کو پناہ نہ مل سکی۔ بغیر لڑے تو ہماری بہنوں اور بیٹیوں کا یہ حشر ہوا، اگر وہ مقابلہ پر لڑتیں اور ان کی چھریاں سینوں میں پیوست ہوتیں تو خدا معلوم ان کے ساتھ کیا سلوک ہوتا، ہندوستان کے یہ بزدل ہیرو اگر پانی میں ڈوب مرتے تو ان کا مرنا ان کی بے غیرت زندگی سے ہزار درجہ بہتر ہوگا۔

دل کی بات

واذا اذقنا الناس رحمۃ ..... الخ (قرآن ...)

جب ہم لوگوں پر اپنی رحمتوں کی بارش کرتے ہیں تو مارے خوشی کے پھولے نہیں سماتے اور جب کبھی ان پر ان کی بداعمالیوں کی بنا پر کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے تو فوراً مایوس ہو جاتے ہیں۔

یہ انسان کی نفسیاتی کیفیت کا نقشہ ہے اور سوچو کتنا صحیح نقشہ ہے عیش اور آرام کی زندگی میں انسان مستقبل کی پروا نہیں کرتا، سمجھتا ہے کہ زندگی کا باغ ہمیشہ ہی گلزار رہے گا، کیا مجال کہ عیش پرستی میں خدا یاد آئے، یا مظلوموں کی امداد کا خیال چٹکیاں لے، مگر جب اس کی غفلتوں اور عیش کوشیوں کا نتیجہ نکلتا ہے اور خدا کے قانون عدل کو حرکت ہوتی ہے تو دل توڑ کر اور مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے، حالانکہ بات سیدھی سی ہے کہ مصیبت میں خدا کی طرف رجوع کرو، اپنے اعمال کا جائزہ لو اور خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔

جو خدا ہمیں سزا دیتا ہے وہی خدا ہمیں نیک اعمال کی توفیق بھی دیسکتا ہے، اسلام جو کیرکٹر پیدا کرنا چاہتا ہے اس میں مایوسی کے لئے کوئی گنجائش نہیں، ہمت کرو، آگے بڑھو، امید کا سرچشمہ خشک نہ ہونے دو۔

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

آخری قسط

پاک شخص نے اس کے لئے انتھک کوشش کی، اب وہ پریم کی بانسری بجانے والا ہم میں باقی نہیں رہا مگر اس بانسری کی رسیلی آواز سب کے کانوں تک پہونچ چکی ہے اور یہ پریم کی سریلی آواز آج نہیں تو کل اپنا کام کرکے رہے گی۔

خود اعتمادی کرنا سیکھو، ترقی کے میدان میں تمہارا دماغ ... نہیں ہوا ہے، ہر شعبہ زندگی میں کوڈٹ جاؤ اور اپنی محنت و مشقت سے اپنی موجودہ زندگی میں انقلاب پیدا کردو۔

پست ہمتی کی کوئی وجہ نہیں۔ تم نے آج بھی کم کارنامے نہیں کئے ہیں۔ آزادی کی لڑائی میں بھی مسلمانوں کا قدم کبھی پیچھے نہیں رہا۔ ۱۸۵۷ء تک ملک کی حفاظت اور آزادی حاصل کرنے کا بوجھ زیادہ تر مسلمانوں ہی پر تھا۔ انگریزوں کی بڑھتی ہوئی طاقت سے مقابلہ کرنے میں وہ بالکل پیش پیش تھے اور انگریز کی طاقت سب سے زیادہ ان ہی کو کچلنے اور ختم کرنے میں صرف ہوتی تھی۔

۱۸۵۷ء تک بھی مسلمان ہی زیادہ تر انگریزوں کے مقابلے میں کام آتے رہے۔ ۱۸۵۷ء کے بعد مسلمان زیادہ پامال ہوگئے اور ان میں مقابلے کی طاقت باقی نہ تھی لیکن پھر ۱۹۲۰ء میں جب گاندھی جی نے ترک موالات کا جھنڈا اٹھایا تو اس وقت بھی مسلمان جنگ آزادی کے لئے آگے بڑھے اور مہاتما جی کی آواز پر سب سے پہلے لبیک کہا۔ ۱۹۳۰ء میں سرحد کے مسلمانوں نے جس بہادری کے ساتھ قربانی دی ہے وہ ہندوستان کی جنگ آزادی کا ایک زریں کارنامہ ہے ۱۹۳۱-۳۲ء میں مسلمان گول میز کانفرنس کے طلسم میں پھنس گئے اور اس امید پر کہ انگریز ان کے سیاسی حقوق کی حفاظت کرکے ان کو اور مضبوط بنا ئیں گے۔ انہوں نے ہندوؤں سے بالکل قطع تعلق کر لیا ۱۹۳۲ء سے ۱۹۴۷ء تک ان کے قدم اس راہ میں سست پڑ گئے۔ وہ انگریزوں کے بہکاوے میں آگئے وہ مسلمان جو اس وقت تک آزادی کی جنگ میں برابر کے شریک تھے اور آزادی کے لئے جانیں دیتے تھے، وہ اب ہندو اکثریت سے ڈرنے لگے، اور دو قوموں کا نعرہ لگا کر تقسیم ملک کا مطالبہ کرنے لگے تمہارے دوست نما دشمن، انگریزوں نے تم کو بہکایا، تم نے اس کا نتیجہ دیکھ لیا۔ ملک تقسیم تو ہوگیا، مگر وہ دونوں گروہ جو کل تک بھائی بھائی تھے، ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہوگئے۔

(۶) ہم کو اپنے بچوں کے لئے ابتدائی تعلیم کا بھی انتظام کرنا ہے۔ یہ بہت بڑا پیچیدہ مسئلہ ہے اور نئے سرے سے ہمارے غور و فکر کا محتاج ہے۔ ہندوستان میں سیکولر اسٹیٹ (غیر مذہبی حکومت) قائم ہو چکی ہے۔ یہ حکومت کسی کی مذہبی تعلیم کا حصہ نہیں لیتی اگر تم ایسا دماغ چاہتے ہو جو صحیح معنوں میں ہماری چارہ اور آخرت تعمیر کرے تو تم کو اپنے بچوں کی قرآنی تعلیم اور اخلاقی تربیت کا خود انتظام کرنا ہوگا اور یہی کام ہیں جو رفتہ رفتہ تم کو خود کرنے ہیں سر دست یہی چند موٹی موٹی باتیں ہیں جن کی طرف تمہاری توجہ مائل کرانا چاہتا ہوں۔

(۷) ظاہر ہے کہ ان کاموں کے لئے تنظیم کی ضرورت ہے بڑے سرمایہ کی ضرورت نہیں۔ ہر محلے اور گاؤں میں کام ہو سکتا ہے مگر اصل سوال کام کرنے والوں کا ہے۔ ہم نے کام کرنے والے نہیں پیدا کئے۔ ہمارے لیڈروں نے ساری توجہ ایک طرف رکھی تعمیری کاموں کی طرف توجہ نہ دی۔

۱۹۳۰ء میں میں نے ملک میں دورہ کرکے بہت سی نیشنلسٹ پارٹیاں قائم کی تھیں۔ ہر شخص نے واہ واہ کی اور مجھے مبارکباد دی لیکن گاندھی جی نے کہا کہ میں تم کو اس وقت تک مبارکباد کا مستحق نہ سمجھونگا جب تک تم مسلمانوں میں مخلص کام کرنے والوں کا ایک بڑا گروہ نہ پیدا کرلو جو مسلمانوں کا کام بغیر کسی لالچ اور معاوضہ کے کریں اور مسلمان بھی کہ ان کا کام ہوا ہے ۱۹۳۱ء میں اسی شخص کا خیال تھا جس نے ہندوؤں میں مجاہد کارکنوں کی ایک بڑی جماعت پیدا کرکے اپنے انقلاب کا خواب دیکھا تھا اس کو پورا کر دکھایا۔ میں نے ایک اپیل کی تھی کہ مجھ کو کارکنوں کی ضرورت ہے۔ کچھ لوگوں نے اپنی خدمات پیش کی ہیں مگر امید سے کم تعداد نے میری اپیل پر لبیک کہا۔ میں عنقریب اس فہرست کو غور سے دیکھونگا۔ اگرچہ مجھ کو یقین ہے کہ اس میں صحیح مرتبے کے مجاہد کارکن بہت کم نکلیں گے

(۸) ہندوؤں پر بھروسہ کرو۔ ترکی بہ ترکی جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ ان اللہ مع الصابرین تم صبر سے کام کرو شر رسا کرو ... کے بعد ان کے دل محبت خود ہی ابھر جائیں گے۔ اسی میں ہمارے زمانہ میں جیسا

(باقی صفحہ تین کالم میں)

سیر و سیاحت

سیاح

چین کی ایک جیتی ساٹھ لاکھ کی مس پانگ لی کا دعویٰ ہے کہ اس نے نو سال سے کچھ نہیں کھایا۔ کہتی ہے ایک گولی کھاتی تھی بس روزانہ اور اس گولی کا ان ایسی بھوک اڑ جاتی کہ روٹی کی کبھی ضرورت ہی باقی نہ رہی۔

— اور پھر آج تک زندہ ہے اور تندرست بھی ہے۔

— خبر ہے کہ امریکہ کے ماہرین طب عنقریب چین جا رہے ہیں جہاں وہ اس معاملہ کی تحقیقات کریں گے

کیا اچھا ہو ہماری سرکار بھی امریکہ کے نقش قدم پر چل کر اپنا ایک ہی مشن چین بھیجے۔ ہمارے وزیر خوراک جواہر لال دولت رام کی قابلیت کا بہت پریشان ہیں، ملک بھی ہے ان کی ایک بڑی دور ہو جائے — اور ان ہی پر کیا منحصر ہے پورا انڈین منسٹل ذمہ داریوں کے ... بچ جائیں گے آسانی سے ... مسائل ایسے حل ہو جائیں جیسے کہ وہ تھے ہی نہیں۔

مثال کے طور پر انڈسٹری کا مزدور ہاتھ سے روٹی روٹی کا نعرہ لگا کر ہڑتال کر بیٹھے تو اسے بندوق کی گولی دینے کے بجائے چینی گولی دیدو اور مزدور سے کہو تم روٹی مانگتے ہو، ہم تمہیں روٹی کا ہم ہر روز دیتے ہیں۔ فوراً کام پر واپس جا ئے تمہارا وقت — کھیت کا کسان جب شکوہ کرے کہ میں دن رات کام کرتا ہوں روٹی نہیں ملتی فوراً اس کے گھر چینی گولی پہنچا دو۔ وہ خوش اور اس کے بال بچے خوش۔ ایسی دعائیں دیں کہ ہمارے وزیروں ہے اٹھانی بھی نہ جائیں۔ اسی طرح سرکاری کرسیوں پر بیٹھنے والا صاحب جب دفتر کو ہی کبھی دھرنا مار کر بیٹھے کی دھمکی دیتا ہے چینی گولی دیدیا تا کہ عمر بھر احسان مند رہے — ہمارا دعویٰ ہے وہ چھ گھنٹے کے بجائے پورے بارہ گھنٹے کام کرے گا — اور شرنارتھی بچارے ہم کچھ نہ پوچھو ہمارا خیال ہے چینی گولی کا نام سن کر وہ خوشی سے ناچنے لگیں گے —

— آج کل کو مدد اب روپیہ سیر بھی نہیں ملتا

سے خریدا کر لائیں اور آٹے بھی آئیں تو پھر روٹی کہاں پکائیں۔ چینی گولی مل گئی تو کم از کم ایک مسئلہ سے تو نجات ملے گی —

اور پھر اس گولی کا اقتصادی فائدہ ہی نہیں سیاسی فائدہ بھی ہوگا۔ آجکل سوشلسٹ اور کمیونسٹ سرکار کو بڑا پریشان کر رہے ہیں — روٹی روٹی کہہ کر غریب مزدوروں کو بہکاتے ہیں جب روٹی کا سوال ہی نہ ہوگا تو ان کی سرگرمیاں خود بخود ختم ہو جائیں گی — اور پھر ہماری سی۔ آئی۔ ڈی اور جیل والوں کو بھی آرام مل جائے گا سی۔ آئی۔ ڈی والوں کو خواہ مخواہ بھاگ دوڑ کی پریشانی ... اور جیل والوں کو ان لیڈروں کے لئے خاص انتظام کرنا پڑتا ہے — اے اور اسپیشل کلاس سے بھی اونچا — آخر سیاسی قیدی جو ہوتے ہیں —

گر سرکار کو اس معاملہ میں جلدی کرنی چاہئے۔ ایسا نہ ہو امریکی ماہرین پہلے پہنچ کر چینی گولی کا راز لے اڑیں اور یہ نوراک ڈالر میں اس کی مانگ پیدا کر دی جائے — امریکہ والے اس معاملہ میں بڑے کنجوس واقع ہوئے ہیں وہ کسی کو یہ راز بتانے والے نہیں کیونکہ ان کی نہ صرف چودھراہٹ ختم ہو جائے گی بلکہ امریکن کسان بھی بھوکوں مر جائیں گے۔ آج کل تو ان کے گلے سڑے اناج کے لئے ہندوستان کی منڈیاں کے دروازے اور مفلوک الحال جاہلوں کے پیٹ کھلے ہیں —

اور اگر ہندوستان کے یہ راز ہاتھ لگ گیا تو دنیا ایک بڑی مصیبت سے بہرہ مند ہوگی — خوراک کے سارے مسائل آن واحد میں حل ہو جائیں گے اور پھر سب چین کی بنسری بجا رہے ہوں گے — کچھ دنوں کے لئے یا ہمیشہ کے لئے یہ ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ آپ کچھ انتظار کریں تو شاید بتا سکیں کہ اس شرط پر کہ سرکار ہند ایسا اپنا لمبی مشن چین بھیجنے کا فیصلہ کرے —

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

باپو کی یادگار

محترم اڈیٹر صاحب! ہندوستان کے آزاد ہوتے ہی غلامی کے دور کی تمام رسومات آہستہ آہستہ چھوٹتی چلی جا رہی ہیں۔ گو حکومت قانوناً بند کر رہی ہے اور کچھ عوام خود بخود ترک کرتے جا رہے ہیں۔ برٹش حکومت کے زمانے میں تمام سرکاری و غیر سرکاری دفاتر میں اتوار کے دن کی تعطیل عام ہوا کرتی تھی اور ابتک برابر ہوتی چلی آرہی ہے۔ حالانکہ اتوار کی چھٹی مذہب کے اصول کے مطابق منائی جاتی ہے۔ اب چونکہ انڈین گورنمنٹ کے پردھان منتری حکومت کو غیر مذہبی ہونے کا اعلان کر چکے ہیں اس لئے کسی ایک مذہب کے اصول پر ہفتہ میں ایک دن کی تعطیل کرنا اس اعلان کی مخالفت کرنا ہے۔ ہماری حکومت سے استدعا ہے کہ وہ اتوار کی تعطیل کو قانوناً بند کرکے اور جمعہ یا اتوار کے بجائے اس دن کی تعطیل عام قرار دی جائے جس دن کہ راشٹر پتا مہاتما گاندھی نے شہادت پاکر اس دنیا سے کوچ فرمایا۔ اس دن کی تعطیل پر کسی مذہب والے کو اعتراض نہیں ہو سکتا اور آزاد ہندوستان میں باپو کی یادگار ہمیشہ ہمیشہ قائم رہ سکیگی۔ ہمیں امید ہے کہ حکومت ہند ہماری اس تجویز پر ضرور غور کرے گی۔

عزیز الرحمن و ہام پور ، جون

افواہیں

مکرمی تسلیم! دہلی میں بہت عرصے سے مختلف قسم کی افواہیں اڑ رہی تھیں۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ دہلی کی حکومت نے اس مرتبہ سخت قسم کی احتیاطی تدابیر اختیار کر لی ہیں۔ اور اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ پہلے کی طرح حکومت کی لاعلمی میں گڑبڑ شروع ہو جائے اس سلسلہ میں بہت سی گرفتاریاں بھی ہو چکی ہیں۔ لیکن فسادات صرف غنڈے ہی برپا نہیں کرتے۔ بلکہ دوسرے لوگ بھی شریک ہوتے ہیں جہاں جہاں بھی فسادات ہوئے وہاں کے واقعات سے اس بات کی تائید ہوتی ہے۔ میری رائے میں ان احتیاطی انتظامات کے علاوہ جو حکومت نے کئے ہیں، حکومت کو اس بات کا بھی اعلان کرنا چاہئے کہ قانون شکنی کرنے والے ہر آدمی کو گولی مار دی جائے گی۔ اگر حکومت نے اس قسم کا اعلان کر دیا اور ایسا طرز عمل اختیار کیا جس سے فسادیوں کو اس بات کا یقین ہو گیا کہ حکومت اپنے اس اعلان پر پوری طرح چلے گی تو فسادیوں کو کسی بات کی ہمت نہ ہوگی۔

احمد علی دہلی ۸ جون

سڑکوں کے نئے نام

مکرمی تسلیم! یہاں بہت سے لوگوں میں یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ کیونکہ ہند ایک غیر مذہبی ریاست ہے اس بات کا اظہار ہماری زندگی کے ہر پہلو میں ہونا چاہئے۔ اس لئے اگر ہند کی کل و عرض میں نہیں تو کم سے کم دہلی میں ان سڑکوں اور رستوں کے نام بدل دئے جائیں جو فرقہ وارانہ ہیں اور ہندوستان کی تاریخ کے ناگوار واقعات کی یاد دلاتے ہیں۔ اس تجویز کے پیش کرنے والے جن سڑکوں کے خاص طور سے نام بدلنا چاہتے ہیں وہ یہ ہیں۔ بابر روڈ، شاہجہاں روڈ، اورنگ زیب روڈ، لودی روڈ، تغلق روڈ، جہانگیر روڈ وغیرہ وغیرہ۔ اس تجویز کے مجوزوں نے ان سڑکوں کے مندرجہ ذیل نئے نام تجویز کئے ہیں۔ بھگت سنگھ روڈ، لوکمانیہ تلک روڈ، بوس بھائی پٹیل روڈ، سبھاش روڈ وغیرہ وغیرہ

ہم نے بعض بعض مقامات پر مختلف شہروں کے ناموں کے بدلنے کی بات گذشتہ سال کے آخر میں بہت سرعت کے ساتھ چل تھی لیکن پھر سمجھدار طبقے کے سمجھانے بجھانے سے اس میں بڑی حد تک کمی ہو گئی تھی۔ اب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیماری پھر عود کر رہی ہے۔ اس بحث سے قطع نظر کہ اس طرح ناموں کی تبدیلی کس حد تک مناسب ہے۔ صرف ایک خاص قسم کے ناموں کی سڑکوں سے متعلق ہونے کی وجہ سے یہ تجویز دل میں عجیب قسم کے شبہات پیدا کرتی ہے۔ مثلاً یہ کہ ہر آدمی کے دل میں سب سے پہلے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ سڑکوں کے ناموں کی اس تبدیلی سے ملک کو غیر مذہبی ریاست ثابت کرنے سے زیادہ ایک خاص فرقہ کی رہی سہی یادگاروں کو مٹانا مقصود ہے۔ کیونکہ اگر فرقہ وارانہ ناموں کو مٹانا ہی ہوتا تو رنجیت سنگھ روڈ، شیواجی روڈ اور اسی قبیل کی دوسری سڑکوں کے نام بھی اس فہرست میں ہوتے۔

زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس تجویز کے مجوزوں نے مقامی حکومت سے اس تجویز کو اپنانے کی درخواست کی ہے یوں تو ہر شخص اپنے اپنے نقطۂ نظر کے اظہار کی آزادی ہے اور ہر شخص کو اس بات کا بھی حق ہے کہ وہ حکومت سے اپنے مطالبات تسلیم کرائے لیکن کیا ہم یہ امید کریں کہ حکومت اس تجویز سے ویسی ہی بے خبری اور لاپروائی برتے گی جس کی یہ مستحق ہے۔

اعجاز بخش دہلی ۸ جون

خطوط کتابت کے وقت پتہ صاف اور خوشخط لکھئے نیز

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

مدیر محمد عثمان فارقلیط
معاون محمد سلیمان صابر

فون نمبر 6841 — تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی — رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۳ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۲ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۱۸ | قیمت فی پرچہ ایک آنہ

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور فیور لیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب کی گھڑیاں

ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

حصار کا سول سرجن گرفتار

دودھ چرانے کا الزام

فلسطین میں جمعہ کے دن صبح چھ بجے سے لڑائی بند ہو جائے گی

عرب اور یہودی دونوں غیر مشروط طور پر عارضی صلح کیلئے تیار ہو گئے

اقوام متحدہ کے ثالث کی طرف سے متفقہ پارٹیوں کا شکریہ

لیک سکسس ۔ ۱۰ جون ۔ فلسطین میں اقوام متحدہ کے ثالث نے مجلس تحفظ کو بتایا کہ عرب اور یہودی دونوں نے چار ہفتوں کے لئے جنگ بندی کی تجویز کو غیر مشروط طور پر منظور کر لیا ہے ...

افریقہ میں عربوں اور یہودیوں میں تصادم

تین ہفتوں میں ۱۳ ہزار مربع میل کے علاقہ کو آزاد کر لیا گیا

ہندوستانی فوجوں کی کشمیر کے محاذوں پر شاندار کامیابی

سید قاسم رضوی لال قلعہ پر آصف جاہی جھنڈا لہرانے کے خواب دیکھنے لگے

کہتے ہیں اگر ہندوستان نے حملہ کیا تو ایک اور پانی پت کی لڑائی لڑی جائے گی

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی طرف سے یوم فلسطین کا پروگرام

(مولانا) اخلاق حسین قاسمی سکریٹری جمعیۃ علماء

حیدرآباد اور انڈین یونین میں سمجھوتے کی بات چیت کی افسوسناک ناکامی

نظام ذمہ دار حکومت قائم کر کے عوام کو حقوق دینا نہیں چاہتے

حکومت ہند نے حیدرآباد سے آخری جواب طلب کر لیا

لاہور میں بم پھٹنے کا واقعہ

لاہور ۱۰ جون ۔ لاہور کی شاہراہ مال کی نیلی بلڈنگ میں ایک بم پھٹنے سے ایک عورت سخت زخمی ہو گئی اور دو ماہ گرد معمولی طور پر زخمی ہوئے ...

ایوان نمائندگان کے ممبر میں جنگ

۵۰ سکھوں کا ایک جتھا لاہور کو

لاہور ۹ جون ۔ مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب کی حکومتوں کے درمیان معاہدہ کے نتیجہ کے طور پر مشرقی پنجاب سے ۵۰ سکھ ... گوردوارہ ... کے لئے لاہور روانہ ہوں گے ...

ہند و پاکستان کے ضروری چیزوں کی بہم رسانی کے معاہدہ کی تفصیل

پاکستان اناج، پٹسن اور روئی کے بدلہ کوئلہ اور کپڑا لے گا

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۲ رجون ۱۹۴۸ء

امریکہ کے کالے اور گورے

جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں اور کالے رنگ کے افریقیوں اور مزدوروں کے خلاف ایک مدت سے کالا قانون جاری ہے جس کی رو سے یہ لوگ نہ تو انتخابات میں ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں، نہ سفید فاموں کے ساتھ گاڑیوں میں سفر کر سکتے ہیں نہ یورپین پارکوں میں قدم رکھ سکتے ہیں نہ ان کی سڑکوں پر چل پھر سکتے ہیں، نہ ان کی آبادیوں میں کوئی مکان لے سکتے ہیں اور نہ ان کے اسکولوں میں اپنے بچوں کو تعلیم دلا سکتے ہیں، اور صرف اس لئے کہ وہ کالے ہیں ہندوستانی ہیں، مزدور ہیں، نسل پرستی وطن پرستی اور زبان پرستی اپنے شباب پر ہے اور جنرل سمٹس کی حکومت انہیں ۲۰ سال سے تباہ کرنے پر تلی ہوئی ہے! کالا اور گورا ہونا انسان کے اختیار میں نہیں، رنگوں کا اختلاف ایک قدرتی چیز ہے مگر جنوبی افریقہ کے سفید باشندوں کی نظروں میں سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ انسان کالا کیوں پیدا ہوا اور اسے کیا حق ہے کہ گوروں کی طرح انسانی حقوق کا مطالبہ کرے اور معیار زندگی بلند کرکے سیاسی حقوق کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھے!

مجلس متحدہ اقوام میں جنرل سمٹس کی نسل پرستانہ سیاست کے خلاف ایک قرارداد منظور ہوئی مگر اس نے اس کی کوئی پروا نہیں کی اور صاف کہہ دیا کہ ہندوستانیوں اور کالے رنگ کے باشندوں کے ساتھ انصاف اور مساوات کا سلوک نہیں کیا جائے گا، اگر مجلس اقوام متحدہ کو کچھ کرنا ہے تو کر دیکھے یہ فیصلہ اپنی جگہ سے کبھی نہ بدلا جائے گا۔

یہ نسلی منافرت جنرل سمٹس کے دور میں برابر قائم رہی لیکن اتنی بات ضرور تھی کہ اسے اس منافرت کو بھی حد میں رکھا، مگر اب جدید انتخاب میں ڈاکٹر ملان کامیاب ہو گئے، گو یا جنرل کی جگہ جنونی لیلی اور یہ اندیشہ اور قوی ہو گیا کہ ڈاکٹر ملان نسلی منافرت کے جذبہ کو زیادہ سے زیادہ ابھاریں گے اور سفید قوموں کا اعتماد حاصل کرنے کے لئے کالے قوانین کو اور زیادہ سخت بنائے گا! جمہوریت کے علمبردار انصاف اور مساوات کے حامی، انسانی حقوق کے محافظ اور انسانی دشمنی کا یہ افسوسناک منظر ہ!

اب دوسری طرف امریکہ پر نظر ڈالئے، وہ امریکہ جس نے سب سے پہلے انسانی حقوق کا اعلان کیا، جو منشور اوقیانوس (اٹلانٹک چارٹر) کا مصنف ہے جس نے چار آزادیوں (فور فریڈم) کے نام سے دنیا کو سبز باغ دکھائے، اس میں امریکی جبشیوں کا مسئلہ کھل چکا ہوا ہے وہاں بھی ان جبشیوں پر وہی پابندیاں عاید ہیں جو افریقہ کے ہندوستانیوں کے لئے گلو گیر ہیں، ہزار کوشش کی گئی کہ امریکہ اپنے قول وعمل کے تضاد کو دور کرے اور ان پابندیوں کو منسوخ کرکے جبشیوں کو انسانی حقوق سے نوازے مگر یہ کوششیں ناکام ہوئیں اور امریکہ کی روشن خیالی دھری کی دھری رہ گئی۔

حال ہی میں امریکن سینیٹ میں امریکہ کی مسلح فوجوں میں نسلی امتیاز کو ختم کر دینے کی تجویز نامنظور کر دی گئی، اس تجویز کا منشا یہ تھا کہ امریکن فوج میں گوروں کے ساتھ جبشیوں کی بھی بھرتی ہو اور کسی جبشی کو نسلی امتیاز کی بنا پر فوجی خدمات سے محروم نہ رکھا جائے۔

مگر وہ روشن خیال امریکہ جو ابتک لنچنگ کی ظالمانہ رسم کو دور نہ کر سکا اور جس نے کوکلکس کلان جیسی خطرناک تحریک کو اب تک جاری رہنے کی اجازت دی وہ ایسی تجویز کس طرح منظور کر سکتا تھا جو کالوں کو گوروں کے دوش بدوش کر دے اور پسماندوں کو میدان ترقی میں قدم مارنے کا موقع دے! چنانچہ نسلی امتیاز کو مٹانے کی تجویز نامنظور کر دی گئی اور یہ بتا دیا گیا کہ کالوں کو گوروں کے ساتھ فوجی خدمات انجام دینے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے!

جنوبی افریقہ کی نسل پرستی آپنے ملاحظہ فرمائی امریکہ کی نسلی منافرت، اور جبشیوں کے ساتھ عداوت کی داستان سنی اس کے بعد آزادی جمہوریت اور مساوات کے بلند بانگ دعاوی کی کیا حقیقت رہ جاتی ہے!

جو قوم نسلی برتری کے چکر میں مبتلا ہو اور جو رنگ کی بنیاد پر انسانیت کو تقسیم کر ڈالے اس کی آزادی محض ڈھونگ اور اس کی جمہوریت محض فریب ہے افسوس یہ ہے کہ ہندوستان بھی اس نسلی اور لونی لعنت میں گرفتار ہے، بلکہ افریقہ اور امریکہ کی نسل پرستی سے اس کی نسل پرستی زیادہ خطرناک اور زیادہ شرمناک ہے، انکی نسل پرستی کی بنیاد سیاست ہے اور ان کی نسل پرستی مذہب کے ستونوں پر قایم ہے!

اسی لئے اسلام نے خیالات، اخلاق، اور اصول کو اپنی تحریک کی بنیاد قرار دیا، اور نسلی، قومی اور وطنی امتیازات کو مٹانے کی کوشش کی، آج دنیا ترقی کے بہت سے مرحلے طے کر چکی ہے، مگر ابھی تک انسان کو نسلی تعصبات سے نجات نہیں دلا سکی، اگر ہندوستان چاہتا تو ساری دنیا کو روحانی اور اخلاقی سبق دے سکتا تھا، مگر وہ خود چھوت چھات میں گرفتار ہو کر اس فرض کی انجام دہی سے محروم ہو چکا ہے۔

اونچی گردن کے کرشمے

ذرا غور کیجئے مسٹر ٹنڈن یوپی اسمبلی کے اسپیکر ہیں، انہیں اپنی ذمہ داری کا احساس ہے کا لحاظ ہونا چاہئے تھا کانگریس کی پالیسی کا بھی علم ہے، اس کے باوجود الہ آباد کے ایک اجتماع میں کہتے ہیں کہ مرکزی حکومت کی ہندی اور دیو ناگری کی مخالف پالیسی قابل مذمت ہے اور ساتھ ہی دستور ساز اسمبلی سے مطالبہ کیا کہ وہ ہندی کو ہندو یونین کی سرکاری زبان قرار دے! حتی کہ یہ بھی کہہ گئے کہ ہندوستان کو ایک لپی اور ایک زبان اختیار کرنی چاہئے! اکثریت [illegible] ہے جو چاہتے ہے کرے [illegible] کیونکہ ہندی کو سرکاری زبان قرار دینے والی مسٹر ٹنڈن کے پیٹ کو صبر کہاں؟

انہیں شکوہ ہے کہ مرکزی حکومت زبان کے معاملے میں ناانصافی کر رہی ہے اور اس وقت تک انصاف کا مزہ ہی کیا کہ زبان کے ساتھ زبان والوں کا قصہ بھی تمام ہو جائے!

ہندوستان میں اب کوئی کام باقی نہیں رہا نہ رشوت ستانی، نہ فرائض سے غفلت، نہ چھوت چھات اور نسل پرستی، نہ فرقہ وارانہ نفرت صرف ہندی کا کام باقی رہ گیا ہے جس پر ٹنڈن جی کو سارا زور صرف کر دینا پڑا! جب کوئی قوم بگڑتی ہے تو کسی حد میں نہیں رہتی اب ٹنڈن جی کی گردن اونچی ہے انکو حرام ہے کہ انکی طرف سے کوئی کسر باقی رہے!

عربوں کا فوجی اخلاق

ہند اور پاکستان کے فرقہ پرست وحشیوں کو شاید اس خبر پر یقین نہیں آئے گا کہ عربوں نے جنگجو یہودی عورتوں کو گرفتار کیا مگر فوراً ان کے یہودیوں کے حوالہ کر دیا کہ ان کا عسکری اخلاق اور ان کی قومی روایات عورتوں کو محارب (جنگی سپاہی) تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں! عورتیں حالت جنگ میں پکڑی جاتی ہیں مگر عربوں کی غیرت گوارا نہیں کرتی کہ ان سے انتقام لیں اور انہیں جنگی قیدیا گردان کے ساتھ مردوں جیسا سلوک کریں یہ مانا کہ انہوں نے عربوں کے مقابلہ پر تلوار اٹھائی اور جنگ کے میدان میں فریق محارب کی حیثیت سے نکلیں، لیکن اسلامی اور قومی شرف ان کی نسوانیت کو نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔ انہوں نے عورت کو عورت کی جگہ رکھا اور ان پر جنگی قوانین کا اطلاق نہ ہونے دیا! عورت پھر عورت ہے اور وہ مرد ہی کیا جو عورت کو عورت نہ سمجھے اور اس سے انتقام لے کر اپنی شجاعت کو بٹہ لگائے اب مقابلہ کرو ہندوستان کے ہندو اور مسلمانوں کی شجاعت اور غیرت کا کہ ان کے ہاتھوں سے بے گناہ عورتوں اور معصوم بچوں کو پناہ نہ مل سکی۔ بغیر لڑے تو ہماری بہنوں اور بیٹیوں کا یہ حشر ہوا، اگر وہ مقابلہ پر لڑتیں اور ان کی چھریاں سینوں میں پیوست ہوتیں تو خدا معلوم ان کے ساتھ کیا سلوک ہوتا، ہندوستان کے یہ بزدل بے غیرت اگر پانی میں ڈوب مریں تو ان کا مرنا ان کی بے غیرت زندگی سے ہزار درجہ بہتر ہوگا۔

دل کی بات

واذا اذقنا الناس رحمۃ ... الخ (قرآن پ ۲ ع ۱)

جب ہم لوگوں پر اپنی رحمتوں کی بارش کرتے ہیں تو مارے خوشی کے پھولے نہیں سماتے اور جب کبھی ان پر ان کی بداعمالیوں کی بنا پر کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے تو فوراً مایوس ہو جاتے ہیں۔

یہ انسان کی نفسیاتی کیفیت کا نقشہ ہے اور سوچو کتنا صحیح نقشہ ہے عیش اور آرام کی زندگی میں انسان مستقبل کی پروا نہیں کرتا، سمجھتا ہے زندگی کا باغ ہمیشہ ہی گلزار رہے گا، کیا مجال کہ عیش پرستی میں خدا یاد آئے، یا مظلوموں کی امداد کا خیال چٹکیاں لے، مگر جب اس کی غفلتوں اور عیش کوشیوں کا نتیجہ نکلتا ہے اور خدا کے قانون عدل کو حرکت ہوتی ہے تو دل توڑ کر اور مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے، حالانکہ بات سیدھی ہے کہ مصیبت میں خدا کی طرف رجوع کرو، اپنے اعمال کا جائزہ لو اور خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔

جو خدا انہیں سزا دیتا ہے وہی خدا انہیں نیک اعمال کی توفیق بھی دے سکتا ہے۔ اسلام جو کیرکٹر پیدا کرنا چاہتا ہے اس میں مایوسی کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہمت کرو۔ آگے بڑھو، امید کا سرچشمہ خشک نہ ہونے دو۔

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

آخری قسط

(۶) ہم کو اپنے بچوں کے لئے ابتدائی تعلیم کا بھی انتظام کرنا ہے۔ یہ بہت ہی پیچیدہ مسئلہ ہے اور نئے سرے سے ہمارے غور وفکر کا محتاج ہے۔ ہندوستان میں سیکولر اسٹیٹ (غیر مذہبی حکومت) قائم ہو چکی ہے۔ یہ حکومت کسی کی مذہبی تعلیم کا حصہ نہیں لیگی اگر تم اپنا دماغ بچانا چاہتے ہو جو صحیح معنوں میں جانی چاہئے اور اخوت قائم کرے تو تم کو اپنے بچوں کی قرآنی تعلیم اور اخلاقی تربیت کا خود انتظام کرنا ہوگا اور یہی کام میں جو رفتہ رفتہ تم کو خود کرنے پڑیں گے۔ سردست یہی دو موٹی موٹی باتیں ہیں جن کی طرف تمہاری توجہ مائل کرنا چاہتا ہوں۔

(۷) ظاہر ہے کہ ان کاموں کے لئے تنظیم کی ضرورت ہے بڑے سرمایہ کی ضرورت نہیں۔ یہ شہر اور گاؤں میں کام ہو سکتا ہے مگر اصل سوال کام کرنے والوں کا ہے۔ ہم نے کام کرنے والے نہیں پیدا کئے۔ ہمارے لیڈروں نے سارا زور ایک طرف رکھی تعمیری کاموں کی طرف توجہ نہ دی۔

۱۹۳۰ء میں میں نے ملک میں دورہ کرکے بہت سی نیشنلسٹ پارٹیاں قائم کی تھیں۔ ہر شخص نے واہ واہ کی اور مجھے مبارکباد دی لیکن گاندھی جی نے کہا کہ میں تم کو اس وقت تک مبارکباد کا مستحق نہ سمجھونگا جب تک تم مسلمانوں میں مخلص کام کرنے والوں کا ایک بڑا گروہ نہ پیدا کرلو جو مسلمانوں کا کام بغیر کسی لالچ اور معاوضہ کے کرے اور مسلمان سمجھیں کہ ان کا کام ہو رہا ہے سنہ ۳۰ء میں اس شخص کا خیال تھا جس نے ہندوؤں میں مجاہد کارکنوں کی ایک بڑی جماعت پیدا کرکے اس انقلاب کا خواب دیکھا تھا اس کو پورا کر دکھایا۔ میں نے ایک اپیل کی تھی کہ مجھ کو کارکنوں کی ضرورت ہے۔ کچھ لوگوں نے اپنی خدمات پیش کی ہیں مگر امید سے کم تعداد نے میری اپیل پر لبیک کہا۔ میں عنقریب اس فہرست کو غور سے دیکھوں گا۔ اگرچہ مجھ کو یقین ہے کہ اس میں صحیح مرتبہ کے مجاہد کارکن بہت کم نکلیں گے

(۹) ہندوؤں پر جبر وستم کرو۔ ترکی بترکی جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ ان اللہ مع الصابرین تم صبر سے کام کرنا شروع کرو تھوڑے دنوں کے بعد ان کے دل محبت سے خود ہی بھر جائیں گے۔ اس ملک میں تھوڑے زمانہ میں جس

پاک نفوس نے اس کے لئے انتھک کوشش کی اب وہ پریم کی بانسری بجانے والا ہم میں باقی نہیں مگر اس بانسری کی دیلی آواز سب کے کانوں تک پہونچ چکی ہے اور یہ پریم محبت کی سریلی آواز آج نہیں تو کل اپنا کام کرکے رہے گی۔

خود اعتمادی کرنا سیکھو، ترقی کے میدان میں تمہارا دماغ ازکار رفتہ نہیں ہوا ہے ہر شعبہ زندگی میں کود جاؤ اور اپنی محنت ومشقت سے اپنی موجودہ زندگی میں انقلاب پیدا کرو۔

پست ہمتی کی کوئی وجہ نہیں تم نے آج بھی کم کارنامے نہیں کئے ہیں۔ آزادی کی لڑائی میں بھی مسلمانوں کا قدم کبھی پیچھے نہیں رہا۔ ۱۸۵۷ء تک ملک کی حفاظت اور آزادی حاصل کرنے کا بوجھ زیادہ تر مسلمانوں ہی پر تھا انگریزوں کی بڑھتی ہوئی طاقت سے مقابلہ کرنے میں وہ بالکل پیش پیش تھے اور انگریز کی طاقت سب زیادہ ان ہی کو کچلنے اور نیست ونابود کرنے میں صرف ہوتی تھی۔ ۱۹۱۴ء تک بھی مسلمان ہی زیادہ تر انگریزوں کے مقابلے میں کام آتے رہے۔ ۱۹۱۹ء کے بعد مسلمان زیادہ پامال ہو گئے اور ان میں مقابلے کی طاقت باقی نہ تھی لیکن پھر ۱۹۲۰ء میں جب گاندھی جی نے ترک موالات کا جھنڈا اٹھایا تو اس وقت بھی مسلمان جنگ آزادی کے لئے آگے بڑھے اور مہاتما جی کی آواز پر سب سے پہلے لبیک کہا۔ ۱۹۳۰ء میں سرحد کے مسلمانوں نے جس بہادری کے ساتھ قربانی دی ہے وہ ہندوستان کی جنگ آزادی کا ایک زریں کارنامہ ہے ۱۹۳۱-۳۲ء میں مسلمان گول میز کانفرنس کے طلسم میں پھنس گئے اور اس امید پر کہ انگریز ان کے سیاسی حقوق کی حفاظت کرکے ان کو اور مضبوط بنائیں گے۔ انہوں نے ہندوؤں سے بالکل قطع تعلق کر لیا ۱۹۳۲ء سے ۱۹۴۲ء تک ان کے قدم اس راہ میں سست پڑ گئے۔ وہ انگریزوں کے بہکاوے میں آ گئے وہ مسلمان جو اس وقت تک آزادی کی جنگ میں برابر کے شریک تھے اور آزادی کے لئے جانیں دیتے تھے، وہ اب ہندو اکثریت سے ڈرنے لگے، اور دو قوموں کا نعرہ لگا کر تقسیم ملک کا مطالبہ کرنے لگے تمہارا دوست تمہارا دشمن، انگریزوں نے تم کو بہکایا۔ تم نے اس کا نتیجہ دیکھ لیا۔ ملک تقسیم ہو گیا، مگر وہ دونوں گروہ جو کل تک بھائی بھائی تھے، ایک دوسرے کے خون

(باقی صفحہ ۶ کالم ۴ میں)

سیر و سیاحت

سیاح

چین کی ایک بیس سالہ لڑکی مس یانگ لی وو جو دعویٰ ہے کہ اس نے ۹ سال سے کچھ نہیں کھایا۔ گوشت ہے ایک روٹی کھائی تھی اس دن سے اسے کھانے کی ایسی بھوک اڑی کہ روٹی کی گویا ضرورت ہی باقی نہ رہی۔

— اور لڑکی آج تک زندہ ہے اور تندرست بھی ہے۔

— خبر ہے کہ امریکہ کے ماہرین طب [illegible] جا رہے ہیں جہاں وہ اس معاملہ کی تحقیقات کریں گے

کیا اچھا ہو ہماری سرکار بھی امریکہ کے نقش قدم پر چل کر اپنا ایک طبی مشن چین بھیجے [illegible] خوراک کا مسئلہ [illegible] آج کل [illegible] بہت پریشان [illegible] اس کی پیچیدگی دور ہو جائے — اور [illegible] بہت سی ذمہ داریوں کے بھی پہاڑ کے پہاڑ [illegible] آسانی سے [illegible] سارے مسائل ایک دم حل ہو جائیں [illegible] نہیں —

[illegible] روٹی کا نعرہ لگا کر [illegible] ایسا [illegible] لے جائے چینی لڑکیاں [illegible] لوگ تم روٹی مانگتے ہو ہم تمہیں روٹی [illegible] فوراً کام پر واپس [illegible] کا سال جب شکوہ کرے کہ میں دن رات کام کرتا ہوں روٹی نہیں ملتی فوراً اس کے گھر چینی لڑکی [illegible] وہ خوش اور اس کے بال بچے خوش [illegible] ہمارے وزیروں کے اخراجات بھی [illegible] اسی طرح سرکاری کرسیوں پر بیٹھنے والے صاحب [illegible] کبھی بھوک ہڑتال کر کے دھمکی دیں تو [illegible] چینی لڑکی دیکھ کر [illegible] رہے — ہمارا دفتر [illegible] گھنٹے کام [illegible] اور [illegible] پوچھو ہمارا خیال ہے چینی لڑکی کا نام سن کر وہ خوشی سے ناچنے لگیں گے —

— آج کل تو دودھ روپیہ سیر بھی نہیں ملتا

سے خرید کر لائیں اور اگر ایسے بھی آگئیں تو پھر روٹی کہاں پکائیں چینی لڑکی مل گئی تو کم از کم ایک مسئلے سے نجات ملے گی —

اور پھر اس لڑکی کا اقتصادی فائدہ بھی [illegible] بھی ہوگا۔ آجکل سوشلسٹ اور کمیونسٹ سرکار کو [illegible] کر رہے ہیں — روٹی روٹی کہہ کر غریب مزدوروں کو بہکاتے ہیں جب روٹی کا سوال ہی نہ رہا تو ان کی سرگرمیاں خود بخود ختم ہو جائیں گی — اور ساتھ ہی [illegible] آر ایس [illegible] والوں کو [illegible] کی [illegible] والوں کو خواہ مخواہ [illegible] لائسنس کے لئے [illegible] — [illegible] ہوتے ہیں —

مگر سرکار کو اس معاملہ میں جلدی کرنی چاہئے ایسا نہ ہو امریکن ماہرین پہلے پہونچ کر چینی لڑکی کا مالک بن [illegible] خوراک کی [illegible] — امریکہ والے اس معاملہ میں بہت ہوشیار واقع ہوئے ہیں وہ کسی کو یہ راز بتانا پسند نہیں کریں گے ان کی نہ صرف [illegible] ختم ہو جائے گی بلکہ امریکن کسان بھی بیکار ہو جائیں گے۔ آج کل تو ان کے گلے سڑے اناج کے لئے ہندوستان کی منڈیاں کھلی ہیں اور مفلوک الحال ہندوستانیوں کے پیٹ کھلے ہیں —

اور اگر ہندوستان کے ہاتھ لگ گیا تو دنیا ایک بڑی دولت سے بہرہ اندوز ہوگی — خوراک کے سارے مسائل آن واحد میں حل ہو جائیں گے اور پھر سب چینی لڑکی بنا کر بیٹھیں گے — پیٹوں کے لئے بیٹھے [illegible] ہم کچھ نہیں کہہ سکتے آپ کچھ انتظار کیجئے [illegible] اس شرط پر کہ سرکار پہلے [illegible] اپنا [illegible] چین بھیجنے کا فیصلہ کرے —

اڈیٹر کے نام ← خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

سڑکوں کے نئے نام

مکرمی تسلیم۔ یہاں بہت سے لوگوں میں یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ کیونکہ ہندوستان ایک غیر مذہبی ریاست ہے اس لئے اس بات کا اظہار ہماری زندگی کے ہر پہلو میں ہونا چاہئے۔ اس لئے کہ ہندوستان میں [illegible] ہو چکی ہے۔ یہ بات کم وبیش ہی ہے اس لئے سڑکوں اور راستوں کے نام بدل دئے جائیں جو فرقہ وارانہ ہیں اور ہندوستان کی تاریخ کے ناگوار واقعات کی یاد دلاتے ہیں۔ اس تجویز کے پیش کرنے والے جن سڑکوں کے خاص طور سے نام بدلنا چاہتے ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔ ارون روڈ، ہیلی روڈ، اورنگ زیب روڈ، تغلق روڈ، جہانگیر روڈ وغیرہ وغیرہ اس تجویز کے مجوزوں نے ان سڑکوں کے سلسلہ میں ذیل کے نام تجویز کئے جائیں۔ سنگت سنگھ روڈ، لوکمانیہ تلک روڈ، دیش بندھو روڈ، سبھاش روڈ وغیرہ وغیرہ

نام اور بعض مقامات کے مختلف شہروں کے ناموں کے بدلے جانے کی تبدیلی کا سلسلہ گذشتہ سال کے آخر میں بہت شور کے ساتھ پھیلا تھا لیکن پھر رفتہ رفتہ یہ جذبہ ٹھنڈا ہو گیا اور دبا ہی بڑی حد تک کم ہو گیا تھا۔ اب جیسا معلوم ہوا ہے کہ یہ بیماری پھر عود کر رہی ہے۔ اس بحث سے قطع نظر کہ اس طرح ناموں کی تبدیلی کس حد تک مناسب ہے۔ صرف ایک خاص قسم کے ناموں کی سڑکوں سے متعلق ہونے کی وجہ سے یہ تجویز دل میں عجیب قسم کے شبہات پیدا کرتی ہے خلاصہ یہ کہ ہر آدمی کے دل میں سب سے پہلے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ سڑکوں کے ناموں کی اس تبدیلی سے ملک کو غیر مذہبی ریاست ثابت کرنے سے زیادہ ایک خاص فرقہ کی رہی سہی یادگاروں کو مٹانا مقصود ہے۔ کیونکہ اگر فرقہ وارانہ ناموں کو مٹانا ہی ہوتا تو رنجیت سنگھ روڈ، شیواجی روڈ اور اسی قبیل کی دوسری سڑکوں کے نام بھی اس فہرست میں ہوتے۔

زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس تجویز کے مجوزوں نے مقامی حکومت سے اس تجویز کو اپنانے کی درخواست کی ہے یوں تو ہر شخص اپنے اپنے نقطہ نظر کے اظہار کی آزادی ہے اور ہر شخص کو اس بات کا بھی حق ہے کہ وہ حکومت سے اپنے مطالبات تسلیم کرائے لیکن ہم یہ امید کریں کہ حکومت اس تجویز سے ویسی ہی سرد مہری اور لاپروائی برتے گی جس کی یہ مستحق ہے۔

احمد بخش دہلی ۸ رجون

خط وکتابت کے وقت پتہ صاف اور خوشخط لکھئے نمبر

باپو کی یادگار

محترم اڈیٹر صاحب۔ ہندوستان کے آزاد ہوتے ہی غلامی کے دور کی تمام رسومات آہستہ آہستہ چھوٹتی چلی جا رہی ہیں، کچھ کو حکومت قانوناً بند کر رہی ہے اور کچھ عوام خود بخود ترک کرتے جا رہے ہیں۔ برٹش حکومت کے زمانے میں تمام سرکاری وغیر سرکاری دفاتر میں اتوار کے دن کی تعطیل عام ہوا کرتی تھی اور ابتک برابر ہوتی چلی آ رہی ہے۔ حالانکہ اتوار کی چھٹی مذہب کے اصول کے مطابق منائی جاتی ہے۔ اب جبکہ انڈین گورنمنٹ کے بہت سے منسٹر حکومت کو غیر مذہبی ہونے کا بارہا اعلان کر چکے ہیں اس لئے کسی ایک مذہب کے اصول پر چھٹی ہی اگر ان کی تعطیل کرنا اس اعلان کی مخالفت کرنا ہے۔ میری حکومت ہند سے درخواست ہے کہ وہ اتوار کی تعطیل کو قانوناً بند کر دے اور جمعہ کے دن کی تعطیل عام قرار دی جائے جس روز کہ راشٹر پتا مہاتما گاندھی نے شہادت پا کر اس دنیا سے کوچ فرمایا۔ اس دن کی تعطیل پر کسی مذہب والے کو اعتراض نہیں ہو سکتا اور آزاد ہندوستان میں باپو کی یادگار ہمیشہ ہمیشہ قائم رہ سکے گی۔ ہمیں امید ہے کہ حکومت ہند ہماری اس تجویز پر ضرور غور کرے گی۔

عزیز الرحمٰن دام پور ۸ رجون

افواہیں

مکرمی تسلیم۔ دہلی میں بہت عرصے سے مختلف قسم کی افواہیں اڑ رہی تھیں۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ دہلی کی حکومت نے اس مرتبہ سخت قسم کی احتیاطی تدابیر اختیار کر لی ہیں۔ اور اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ پہلے کی طرح حکومت کی لاعلمی میں گڑبڑ شروع ہو جائے اس سلسلہ میں بہت سی گرفتاریاں بھی ہو چکی ہیں۔ لیکن فسادات صرف غنڈے ہی برپا نہیں کرتے۔ انہیں دوسرے لوگ بھی شریک ہوتے ہیں جہاں جہاں بھی فسادات ہوئے وہاں کے واقعات سے اس بات کی تائید ہوتی ہے۔ میری رائے میں ان احتیاطی انتظامات کے علاوہ جو حکومت نے کئے ہیں۔ حکومت کو اس بات کا بھی اعلان کرنا چاہئے کہ قانون شکنی کرنے والے ہر آدمی کو گولی مار دی جائے گی۔ اگر حکومت نے اس قسم کا اعلان کر دیا اور ایسا طرز عمل اختیار کیا جس سے فسادیوں کو اس بات کا یقین ہو گیا کہ حکومت اپنے اس اعلان پر پوری طرح چلے گی تو فسادیوں کو کسی بات کی ہمت نہ ہوگی۔

احمد علی دہلی ۸ رجون

دارالسلطنت

۱۰ جون ۱۹۴۸ء

دکان میں قتل

دہلی کی پولیس نے کل ایجرٹن روڈ پر ایک دوکان کا تالا توڑ کر کھولا۔ دوکان میں سے ایک نوجوان کی لاش ملی، جس کی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ اس کو گذشتہ شب دکان میں گلا گھونٹ کر ہلاک کر دیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے اور تحقیقات شروع کر دی ہے۔ لیکن ابھی کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

ٹاؤن ہال میں ایمرجنسی دفتر

مقامی حکومت نے ٹاؤن ہال میں ایک ایمرجنسی آفس کھولنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ حکومت کے تمام حفاظتی انتظامات کو ایک مرکز کے ماتحت کیا جا سکے۔

گرفتاریاں

حفظ امن کے لئے پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت جو گرفتاریاں عمل میں لائی جا رہی ہیں ان کی تعداد ۱۵۰ تک پہونچ گئی ہے۔ آج صبح پولیس نے قرول باغ سے کیمبل پور کے مشہور کانگریسی لیڈر رسالا رام پودھا کو گرفتار کر لیا۔

لیڈی مونٹ بیٹن کی سرگرمیاں

کل لیڈی مونٹ بیٹن نے دریا گنج میں راما کرشنا مشن کے تپ دق کے اسپتال کا معائنہ کیا۔ آپ نے ڈاکٹروں اور مریضوں سے دیر تک بات چیت کی۔ ایک سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے لیڈی مونٹ بیٹن نے کہا کہ وہ رام کرشنا مشن کے شاندار کام کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی ہیں۔ اس سے پہلے اسپتال کی مجلس منتظمہ کے صدر سر شنکر لال نے لیڈی مونٹ بیٹن کا استقبال کیا۔ آپ نے بتایا کہ فسادات سے پہلے تقریباً ایک لاکھ مریض سالانہ اسپتال میں علاج کرانے کے لئے آتے تھے۔ آپ پہلے دکٹوریہ زنانہ اسپتال کا بھی معائنہ کیا۔

نئی دہلی سے اخبار مساوات کا اجراء

نواب بلڈنگ بہادر گنج نئی دہلی سے جناب لالہ سنگھ صاحب آزاد کی زیر ادارت مساوات کا اجرا ہو رہا ہے۔ یہ اخبار پہلے پشاور (صوبہ سرحد) سے نکلتا تھا۔ ہندو مسلم اتحاد، کانگریسی اصولوں کا پرچار، آزادی کی جنگ اور خدائی خدمتگار تحریک کا زبردست حامی تھا۔ اب یہ جریدہ علاوطنی کے بعد دہلی سے شائع ہو رہا ہے۔

(باقی صفحہ پر دیکھیے)

سہارنپور کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

جھگڑا ہو گیا

گذشتہ روز شام کے ۶ بجے کے قریب بازار خلیجہ (؟) نخاس سنٹرل بینک کے سامنے اکثریتی فرقہ کے دو آدمیوں میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ مشتبہ ہے کہ ایک نے دوسرے کے سر میں بندوق کا کندہ مار دیا جس کی وجہ سے سر میں شدید ضرب آئی اور سر پھٹ گیا۔ زخمی کو فوراً ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن زخمی کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔

صدر کانگریس کو صدمہ

اہل مولوی عبدالحق صاحب ایڈوکیٹ صدر شہر کانگریس کی جواں سال دختر اس دار فانی سے کوچ کر گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور مولوی صاحب و دیگر پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمادے۔ آمین

جلسہ عام

گذشتہ رات حلقہ عربی ... کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام محلہ ... دروازہ متصل پل کمبوہان پر ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں لالہ بہادر چند سابق صدر ضلع کانگریس کمیٹی و بابو سیلارام ایڈوکیٹ اور سید راغب حسن صاحب نے ہندو مسلم اتحاد پر تقاریر کیں۔ اور اہل شہر سے پر امن رہنے اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی پرزور اپیل کی۔ سامعین پر کافی اثر ہوا۔

آگ لگ گئی

آج شام ساڑھے چار بجے ایم۔ ای۔ ایس۔ کے دفتر میں اچانک آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ سے بھی آگ پر قابو نہ پایا جا سکا۔ نقصان کا اندازہ ایک لاکھ روپیہ کا ہے۔

بچہ کٹ گیا

آج چھوٹی لائن دہرہ کو جانے والی ... شاہدرہ تک جاتی ہے۔ کے اسٹیشن کے قریب ایک چھ سات سالہ بچہ ریل کے نیچے آکر کٹ گیا۔ بچہ کو فوراً ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن ہسپتال پہونچنے کے چند منٹ بعد ہی مر گیا۔

(نامہ نگار خصوصی)

بلدوانی جمیعۃ علماء کا تعزیتی جلسہ

بلدوانی ۸ جون (بذریعہ ڈاک) جمیعۃ علماء بلدوانی کی مجلس منتظمہ کا اجلاس دفتر جمیعۃ میں منعقد ہوا جس میں دیگر امور کے علاوہ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت کی تجویز پاس ہوئی۔

ہم زمینداروں کو ختم نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ آچاریہ نرنیدر دیو

سوشلسٹ پارٹی کے اس اعلان سے خوش ہو کر زمیندار ناچنے لگے

لکھنؤ ۸ جون۔ الٰہ آباد سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ یو پی سوشلسٹ پارٹی نے جس کے ممبران ناسک کانفرنس کے فیصلوں کے مطابق یو پی اسمبلی سے علیحدہ ہو گئے ہیں، وہاں اپنی انتخابی مہم کو تیز کر دیا ہے۔ وہ عوام کے سامنے اپنا نصب العین ان چند الفاظ میں رکھتے ہیں کہ ہم زمین، بینک، بیمہ اور تجارتی اداروں کو قومی ملکیت بنانے کے لئے جد و جہد کر رہے ہیں۔

ہم مزدوروں اور کسانوں کے اقتصادی اور معاشی حالات کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ ہم کو کسی پارٹی سے جھگڑا نہیں کرنا چاہئے اور نہ زمینداروں کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ آچاریہ نرنیدر دیو نے زمینداروں کی تباہی جب زمینداروں نے اس ... سنا کہ سوشلسٹ پارٹی زمینداروں کو ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تو انہوں نے آچاریہ جی کو حمایت کا یقین دلایا ہے۔ کوآپریٹو بنانے کی سوشلسٹوں کی پالیسی سے لیفٹ کمیونسٹ سوشلسٹوں کے حامی بن گئے ہیں اور اب اس نقطۂ نظر کو مشتہر کرانے کے لئے کوشاں ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ اگر سوشلسٹ انتخابات میں کامیاب ہو گئے تو وہ موجودہ حکومت کی مخالفت نہیں کریں گے۔ ان کا ارادہ ہے کہ وہ ایک مستحکم اور موثر حزب مخالف قائم کریں گے۔

بعض جوشیلے سوشلسٹوں کا کہنا ہے کہ وہ زمینداری کا استیصال کر کے رہیں گے اور مالگذاری کی وصولیابی بھی پنچایتوں کے ذریعہ کرائیں گے۔ کچھ اضلاع میں ایسے مزدوروں نے جن کے پاس زمین نہیں ہے فصلوں کے کاٹنے سے انکار کر دیا ہے۔ ان کا مطالبہ ہے کہ ان کو دو بیگھہ فی کس بغیر مالگذاری زمین دی جائے اور ان کی مزدوری کا معقول معاوضہ دیا جائے۔ اس بات پر ایک جگہ زمینداروں میں اور مزدوروں میں جھگڑا بھی ہو گیا جس میں مزدور پٹ گئے۔

مزدوروں کے کانگریس سے بدظن ہو جانے اور یوپی کی مسلم لیگی پارٹی کے صدر مسٹر ظہیر الحسنین لاری اور آچاریہ نرنیدر دیو کے درمیان مفاہمت ہونے سے یو پی کے کانگریسی حلقوں میں تشویش ہے کہ کانگریس کے استعفیٰ میں گاندھی جی کا نام ایسا موثر حربہ ہے جس کے استعمال سے کانگریسی امیدواروں کو انتخابات میں کامیاب ہو جانے کی توقع امید ہے۔

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

(بقیہ صفحہ ۲ کالم ۲)

سے کھیلنے لگے اور ہر طرح بے نقاب ہوئے۔ عین وقت پر تمہاری قربانیاں سامنے نہ آئیں اور تمہارے شاندار ماضی نے جو ساکھ پیدا کی تھی وہ تم کھو بیٹھے۔ آؤ اس ملک میں پھر سے اپنا اعتماد پیدا کریں اور وہ کر دکھائیں جو ہمارے اسلاف نے کیا تھا، محبت، ایکتا، پریم اور انسانیت کی لہریں ملک میں پھیلا دیں۔ صوفیائے کرام کے طریقوں کو اختیار کریں۔ خواجہ اجمیری کے نقش قدم پر چلیں۔ سلطان الاولیاء خواجہ نظام الدین کی پیروی کریں۔ بہار میں اخوت انسانی اور خدمت خلق کا جو پیغام حضرت شہاب الدین، یحییٰ منیری، اور حضرت مخدوم شرف الدین بہاری نے پہنچایا تھا اس کی از سر نو تکمیل کریں، خدا یقیناً ہماری مدد کرے گا اور ہمارے مستقبل کو روشن تر بنائے گا۔

آئندہ آنے والے چند سال تمہارا موت یا زندگی کا پیغام لائیں گے۔ اب تمہیں اختیار ہے کہ ان میں سے کون سا پیغام پسند کرتے ہو ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا جا سکتا۔

ہم کو چار پانچ برس ان مصیبتوں کو برداشت کرنا ہے۔ بڑھو اور آگے بڑھو۔ آؤ ہمت کر کے ان مصائب کو کاٹ ڈالیں اور اپنی سوسائٹی میں ایک نیا انقلاب پیدا کریں۔

اٹھ اور زمیں پہ نیا لالہ زار پیدا کر
نہ آئی ہو جو کبھی وہ بہار پیدا کر
بہار میں تو زمیں سے بہار اگلتی ہے
جو مرد ہے تو خزاں میں بہار پیدا کر

چین میں ۳ محاذوں پر سرکاری فوجوں کی کامیابی

شانٹنگ میں ۳ ہزار کمیونسٹ کام آئے بھاگتے ہوئے کمیونسٹوں پر بمباری

نانکنگ ۹ جون۔ یہاں نیم سرکاری حلقوں میں کہا جا رہا ہے کہ چین کی سرکاری فوجوں نے جنگ کے ۳ اہم محاذوں پر اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ گذشتہ چند ہفتوں میں وسطی چین کے محاذ پر جس فتح پر فوجی مبصر سب سے بڑی خوشخبری قرار دے رہے ہیں وہ جنوب مغربی ہنان میں حاصل ہوئی ہے جہاں کمیونسٹ فوجیں جو ۳ نامور کمیونسٹ جنرلوں کے ماتحت لڑ رہی تھیں پیچھے ہٹ رہی ہیں۔ طیارے بھاگتے ہوئے سپاہیوں پر بمباری کر رہے ہیں۔ قوم پرستوں نے بہت کافی مال غنیمت ملنے اور ایک کمیونسٹ بریگیڈیر کو گرفتار کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اس فتح سے سینکیانگ اور شمالی ہوپی کے صوبے کو جو خطرہ تھا وہ ٹل گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سرکاری مشینیں دستے بڑھتے ہوئے کمیونسٹوں کے رسل و رسائل کے مرکز ہوپانگ سے ۱۵ میل کے فاصلہ پر پہنچ گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جوں جوں کمیونسٹ فوجوں نے بڑھنا شروع کیا۔ ہزاروں سپاہی جو ابھی ہونان کی ادرحن (؟) کی بندرگاہ پر پہنچے ہیں۔ محاذ جنگ کو روانہ ہو رہے ہیں گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں ان کو کافی کامیابی ہوئی ہے۔ جنوب مغربی شانٹنگ میں جنوبی چین کی سرکاری فوجوں نے خوفناک جنگ کے بعد اس کو کمیونسٹوں سے خالی کرا لیا ہے اس جگہ ۳ ہزار کمیونسٹ صرف ایک ہی لڑائی میں مارے گئے۔

بنا دیہودی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس طرح عربوں کی حمایت کی۔

تجویز نمبر ۲ مسلمانان مراد آباد کا یہ جلسہ ... کے اس ایڈیٹوریل جس میں قرآن پاک اور حضور اکرم پر گستاخانہ حملے کئے ہیں بہ نظر حقارت دیکھتا ہے۔ اور اخبار ... کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ اس قسم کے حرکات سے مسلمانوں کے جذبات سے نہ کھیلے۔ ہم قرآن کو خدا کی کتاب اور سچی کتاب سمجھتے ہیں ہمارا یقین ہے کہ یہود جس طرح سینکڑوں برس سے ذلت کی زندگی بسر کر رہے ہیں اسی طرح آئندہ بھی دربدر مارے مارے پھریں گے۔ امریکہ اور روس کی امداد ان کو خدائی عذاب سے نہیں بچا سکتی۔ نجات صرف ملدار استہ کو چھوڑ دینے (؟) سے حاصل ہو سکتی ہے۔

اور یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ایسے شرارت پسند اخبارات سے باز پرس کرنی چاہیئے۔

اس کی تائید مولانا محمد حیات صاحب نے فرمائی۔

ساورکر کے مقدمہ کی پیروی

ڈاکٹر جیکر نے انکار کر دیا

بمبئی ۹ جون۔ پریوی کونسل کے سابق ممبر ڈاکٹر ایم۔ آر۔ جیکر نے آل انڈیا ہندو مہا سبھا کے سابق صدر مسٹر وی ڈی ساورکر کے مقدمہ کی پیروی کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

اطلاع ملی ہے کہ مہاراشٹر صوبائی ہندو مہا سبھا کی قائم کردہ ڈیفنس کمیٹی نے جو کہ مسٹر ساورکر اور دوسرے ملزمان کے مقدمہ کی پیروی کے لئے انتظامات کر رہی ہے۔ ڈاکٹر جیکر سے مسٹر ساورکر کا مقدمہ لینے کی درخواست کی تھی لیکن ڈاکٹر جیکر نے "دوسری مصروفیات" کی وجہ سے معذوری کا اظہار کیا ہے۔

مراد آباد کی خبریں

۹ جون ۱۹۴۸ء

جلسہ ملتوی

نائب صدر جمعیۃ علمائے ضلع مراد آباد اطلاع دیتے ہیں کہ جمعیۃ علماء ضلع مراد آباد کا جو جلسہ چندوسی میں ہونے والا تھا چندوسی کی موجودہ فضا کے ماتحت ملتوی کر دیا گیا ہے۔ چندوسی میں بم کے حادثہ کے بعد حالات قطعی اس کی اجازت نہیں دیتے کہ وہاں ضلع کا جلسہ کیا جا سکے۔ لہٰذا تمام اراکین ضلع کو نوٹ کر لینا چاہیئے کہ مرسلہ ایجنڈا منسوخ کیا جاتا ہے۔ آئندہ مقام اور تاریخ کے لئے دوسرے اعلان کا انتظار فرمائیں۔ جو بذریعہ خطوط تمام اراکین کی خدمت میں بھیجا جائے گا۔

جلسہ معراج النبی

رات مسلمانان مراد آباد کا ایک جلسہ عام محلہ ... میں ہوا۔ اس جلسہ میں حضرت مولانا محمد اسمٰعیل ... نے معراج اور اس کے نکات پر سیر حاصل تبصرہ فرمایا۔ مولانا اشتیاق حسین صاحب ناظم جمیعۃ علماء ضلع ... نے تجویز پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ اگر فلسطین کے معاملہ میں امریکہ اور روس جیسی خود غرض حکومتیں مداخلت نہ کرتیں تو یہ جنگ لازمی عربوں کے ہاتھ میں ہوتی۔ ہم مسلمان ہندوستانی عربوں کے ساتھ ہیں ہم کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے کہ فلسطین تقسیم ہو۔

مسلمانان مراد آباد کا یہ جلسہ عربوں کے اس مطالبہ کو کہ فلسطین عربوں کا ہے اس میں کسی بھی غیر کا حصہ برداشت نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اور نہ فلسطین کو تقسیم کیا جا سکتا ہے معقولیت پر مبنی سمجھتا ہے۔ اور عربوں کو یقین دلاتا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان عربوں کے ساتھ ہیں۔

نیز حکومت ہند کو مبارکباد دیتا ہے کہ اس نے ...

فسادات بہاولپور:

مظلوموں کی اعانت کا اسلامی فرض علمائے حق نے کس طرح ادا کیا

ہزاروں اشخاص نے ایک فتویٰ سے متاثر ہو کر لوٹا ہوا مال واپس کر دیا

دہلی ۱۰ جون۔ علمائے حق نے نازک سے نازک اوقات میں ہمیشہ اپنا اسلامی فرض ادا کیا ہے اور اس کے لئے انہوں نے بڑی سے بڑی قیمت ادا کی ہے ریاست بہاولپور میں فساد ہوا اور غیر مسلموں کو جان کے لالے پڑ گئے مگر علمائے حق نے صرف عوام کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا بلکہ انہیں اسلام کی روشن تعلیم کے ذریعہ ان کا فرض یاد دلایا اور غیر مسلموں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے اپنی ساری قوت صرف کر دی ۱۳ ستمبر کو فساد ہوا اور ۱۹ ستمبر کو بہاولپور کے شیخ الجامعہ کا فتویٰ شائع ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے لئے غیر مسلموں کا مال قطعی حرام ہے اور انکی جان اور عزت و آبرو کا تحفظ ہر مسلمان کا مذہبی فریضہ ہے۔ علمائے کرام کا یہ فتویٰ جو ۱۹ ستمبر کو بصورت اشتہار شائع ہوا۔ بہمیں حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی کے توسط سے حاصل ہوا ہے جسے ہم مولانا محترم کے شکریہ کے ساتھ ذیل میں درج کرتے ہیں۔

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارے میں کہ جو ہندو اپنے گھروں کو مقفل کر کے سامان چھوڑ کر شہر چھوڑ چکے ہیں ان لوگوں کی قفل شکنی کرنا۔ ان کا سامان لوٹ کر اپنے گھروں میں لے جانا اور استعمال میں لانا طبیعت ان مسلمانوں کا جو غافل ہو کر حلال طیب سمجھ کر کھانا اور استعمال کرنا شرعاً کیسا ہے؟

اگر مسلمان لاعلمی کی وجہ سے ایسا سامان قبضہ میں کر چکے ہوں تو علم ہو جانے کے بعد انہیں کیا کرنا چاہیئے؟

فقط

خاکسار

تاج محمد ... دفتر ... بہاولپور

۱۹ ستمبر ۱۹۴۷ء

الجواب

جو غیر مسلم پاکستان کے حدود کے اندر رہتے ہیں اُن کے مال، جان، عزت سب محفوظ اور معصوم ہیں۔ ان سے کسی قسم کا تعرض کرنا۔ لوٹ کر گھر لانا قفل شکنی کرنا سب قطعی حرام ہے اس کو مال غنیمت قرار دینا حرام کو حلال کرنا ہے جو کفر تک پہنچا ہے ہاں جو غیر مسلم قوم آلات جنگ کا استعمال کر کے جنگ کرے اس کا مال، مال غنیمت ہے گروہ مسلمان بادشاہ اور اس کی فوجی جماعت کے لئے ہے دوسرے لوگوں کے لئے جائز نہیں ایسے مال کی تقسیم بادشاہ وقت اپنے ہاتھوں شرعی قوانین کے مطابق کرے گا۔ اگر لاعلمی میں ایسا ہوا ہے تو فوراً ایسے مال کو واپس کر دینا چاہیئے۔ واللہ اعلم

مولوی غلام محمد صاحب گھوٹوی۔ بہاولپور

اس فتویٰ کی اشاعت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہزاروں فرزندان توحید نے لوٹا ہوا مال واپس کر دیا۔

امرتسر میں دو سکھ خاندانوں میں فساد

چار آدمی قتل ہو گئے

امرتسر ۹ جون۔ چوک بابا اٹل سے چار سکھوں کے قتل کی خبر موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دو سکھ خاندانوں میں سخت فساد ہو گیا۔ ... چار سکھ قتل اور کچھ زخمی ہوئے۔ ڈاکٹر ... ہسپتال ... کو مقتول قرار دیدیا گیا ...

ابھی کی اطلاع ہے کہ مقتول ... کے ...

نوٹس برائے اطلاع عام

بموجب دفعہ ۶ ... ایکٹ ... جن جائداد ... جن کا قبضہ ... جائداد کا قبضہ لیا جا چکا ہے ان کی فہرست ... گزٹ شائع کی جاتی ہے اور ... ایک ماہ تاریخ گزٹ کے اندر اندر ... کر سکتا ہے۔

یہ فہرست ... کسٹوڈین صاحب ... حسب اختیارات ... کے گزٹ میں شائع کی جاتی ہے ... مالکان یا ... اپنی جائداد ... لینا چاہتے ہیں اور ... باہر چلے گئے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ ... جمعیۃ علماء ہند ... کو ... تک ... بجے تک ... تشریف لائیں ... قبضہ ... درخواست ... صاحبان جو بلا ... انتظام ... ان کو اپنی ... کا موقعہ دیا جائے ...

سکریٹری ... جمعیۃ علماء ہند دہلی

فہرست جائداد جن کا قبضہ کسٹوڈین نے برائے گزٹ نمبر (۳) مورخہ ۲۶ مئی ۱۹۴۸ء لیا

نمبر شمار	تفصیل جائداد	علاقہ	نمبر شمار	تفصیل جائداد	علاقہ
۸۵۹	فلیٹ نمبر [illegible]	پہاڑ گنج	۹۱۴	13795	شیدی پورہ قرولباغ
۸۶۰	12230/11	[illegible] پہاڑ گنج	۹۱۵	13796	،، ،،
۸۶۱	12210 - 14	پہاڑ گنج	۹۱۶	13797	،، ،،
۸۶۲	9360	[illegible]	۹۱۷	13796	،، ،،
۸۶۳	8674	سٹیشن [illegible]	۹۱۸	13792	،، ،،
۸۶۴	8673		۹۱۹	13791	،، ،،
۸۶۵	(زیریں) 3249	[illegible]	۹۲۰	13912 - 13	،، ،،
۸۶۶	(کل) 15/2056	ایسٹ پارک روڈ	۹۲۱	13910	،، ،،
		قرولباغ	۹۲۲	13909	،، ،،
۸۶۷	1/581	گوہر روڈ قرولباغ	۹۲۳	13867	،، ،،
۸۶۸	1/1401	ذاکر حسین لین	۹۲۴	13868	،، ،،
۸۶۹	(کل) 21	رتک روڈ	۹۲۵	13866	،، ،،
۸۷۰	کل 422	ایسٹ پارک روڈ	۹۲۶	13870	،، ،،
۸۷۱	دل کی	رتک روڈ	۹۲۷	13871	،، ،،
۸۷۲	(کل) [illegible]	[illegible]	۹۲۸	13873	،، ،،
۸۷۳	کل 739 - 11	ایسٹ پارک لین	۹۲۹	13874	،، ،،
۸۷۴	4505	مغلپورہ	۹۳۰	13874	،، ،،
۸۷۵	4503	،،	۹۳۱	13875	،، ،،
۸۷۶	4523	،،	۹۳۲	13876	،، ،،
۸۷۷	4851	،،	۹۳۳	13877	،، ،،
۸۷۸	4903	پولیس اسٹیشن قرولباغ	۹۳۴	13878	،، ،،
۸۷۹	4906	،،	۹۳۵	13879	،، ،،
۸۸۰	4907	،،	۹۳۶	13880	،، ،،
۸۸۱	5354	[illegible]	۹۳۷	1388[illegible]	،، ،،
۸۸۲	5435	،،	۹۳۸	13882	،، ،،
۸۸۳	5464	،،	۹۳۹	13883	،، ،،
۸۸۴	5471 - 72	تھانہ پولیس اسٹیشن	۹۴۰	13884	،، ،،
۸۸۵	5486	[illegible] روڈ	۹۴۱	13885	،، ،،
۸۸۶	5485	،،	۹۴۲	13886	،، ،،
۸۸۷	5535	[illegible] قرولباغ	۹۴۳	13887	،، ،،
۸۸۸	فلیٹ نمبر 12	بستی [illegible] سنگھ	۹۴۴	13888	،، ،،
۸۸۹	1/165	[illegible] سول لائنز	۹۴۵	1389[illegible] - 92	،، ،،
		کشمیری گیٹ	۹۴۶	13893 -	،، ،،
۸۹۰	2/469	[illegible] روڈ	۹۴۷	13899	،، ،،
		قرولباغ	۹۴۸	13499	،، ،،
۸۹۱	1/378	[illegible] قرولباغ	۹۴۹	13496	،، ،،
۸۹۲	11/2479 - 80	قرولباغ	۹۵۰	13511	،، ،،
۸۹۳	1/10	کشمیری گیٹ	۹۵۱	13513	،، ،،
۸۹۴	1321	[illegible] کشمیری گیٹ	۹۵۲	13512	،، ،،
۸۹۵	4/5	گلی [illegible] کشمیری گیٹ	۹۵۳	13548 - 52	،، ،،
۸۹۶	1/49	گلی [illegible]	۹۵۴	13555	،، ،،
۸۹۷	1/104	گلی دفتریان	۹۵۵	13556	،، ،،
۸۹۸	1358	دھوبی واڑہ	۹۵۶	13557 - 8	،، ،،
۸۹۹	XI 2479 - 80	دریا گنج دہلی	۹۵۷	13559 - 60	،، ،،
۹۰۰	1/104	کشمیری گیٹ	۹۵۸	13544 -	،، ،،
۹۰۱	35 C	بابر روڈ نئی دہلی	۹۵۹	13543	،، ،،
۹۰۲	27	،، ،،	۹۶۰	13522	،، ،،
۹۰۳	XIV 13724	شیدی پورہ قرولباغ	۹۶۱	13523	،، ،،
۹۰۴	13732 - 45	،، ،،	۹۶۲	13531	،، ،،
۹۰۵	13761	،، ،،	۹۶۳	13532	،، ،،
۹۰۶	13762	،، ،،	۹۶۴	13533	،، ،،
۹۰۷	1376[illegible]	،، ،،	۹۶۵	13514	،، ،،
۹۰۸	13759	،، ،،	۹۶۶	13534	،، ،،
۹۰۹	13790	،، ،،	۹۶۷	13534	،، ،،
۹۱۰	13788	،، ،،	۹۶۸	13536	،، ،،
۹۱۱	13789	،، ،،	۹۶۹	1390[illegible]	،، ،،
۹۱۲	13787	،، ،،	۹۷۰	1390[illegible]	،، ،،
۹۱۳	13786	،، ،،			

(باقی صفحہ ... پر ملاحظہ کیجئے)

نوٹس برائے اطلاع عام

بموجب دفعہ ... ایکٹ ... جائداد ... جائدادوں کا قبضہ ... ہے۔ جن کی فہرست ... شائع کی جاتی ہے ... ایک ماہ کے اندر ... درخواست دے سکتا ہے۔

یہ فہرست ... کسٹوڈین صاحب ... ہر ایک گزٹ میں شائع کی جائے ... جو مالکان ... باہر نہیں گئے ہیں ... دفتر ... ۱/۲ ۹ بجے ... صبح کے ... درخواست دیں ... مہمان ...

سکریٹری ... جمعیۃ علماء دہلی

فہرست جائداد جس کا قبضہ کسٹوڈین نے برائے گزٹ نمبر (۳) مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۴۸ء لیا

علاقہ	تفصیل جائداد	نمبر شمار	علاقہ	تفصیل جائداد	نمبر شمار
شیدی پورہ قرولباغ	13795	۹۱۴	پہاڑ گنج	فلیٹ نمبر ۲-۱۲۳۵۶/۱	۸۵۹
"	13796	۹۱۵	جمال الدین بلڈنگ	12250/10	۸۶۰
"	13797	۹۱۶	پہاڑ گنج	12.18 - 16	۸۶۱
"	13796	۹۱۷	سبزی منڈی	4360	۸۶۲
"	13792	۹۱۸	روشن آرا روڈ	8674	۸۶۳
"	13791	۹۱۹	"	8673	۸۶۴
"	13912-13	۹۲۰	منٹگمری	(اراضی) 1329	۸۶۵
"	13910	۹۲۱	۱۱ ایسٹ پارک روڈ قرولباغ	(کل) 15/2050	۸۶۶
"	13909	۹۲۲	کمہار محلہ قرولباغ	6/581	۸۶۷
"	13867	۹۲۳	ذاکر حسین	6/1408	۸۶۸
"	13868	۹۲۴	رنگ روڈ	(کل) 21	۸۶۹
"	13869	۹۲۵	ایسٹ پارک روڈ	کل 6/1422	۸۷۰
"	13870	۹۲۶	رنگ روڈ	دل کت	۸۷۱
"	13871	۹۲۷	گرونانک	(کل) [illegible]	۸۷۲
"	13873	۹۲۸	ایسٹ پارک لین	کل 11-908	۸۷۳
"	13874	۹۲۹	مغلپورہ	4500	۸۷۴
"	13874	۹۳۰	"	4503	۸۷۵
"	13876	۹۳۱	"	4523	۸۷۶
"	13876	۹۳۲	"	4851	۸۷۷
"	13877	۹۳۳	پولیس اسٹیشن قرولباغ	4403	۸۷۸
"	13878	۹۳۴	"	4906	۸۷۹
"	13879	۹۳۵	"	4907	۸۸۰
"	13880	۹۳۶	بنولبل	5354	۸۸۱
"	1388	۹۳۷	"	5438	۸۸۲
"	13883	۹۳۸	"	5466	۸۸۳
"	13883	۹۳۹	بازار پولیس اسٹیشن	5471-72	۸۸۴
"	13884	۹۴۰	روشن آرا روڈ	5486	۸۸۵
"	13885	۹۴۱	"	5485	۸۸۶
"	13886	۹۴۲	بنولبل - قرولباغ	5535	۸۸۷
"	13887	۹۴۳	بستی ہربھل سنگھ متصل باغ	فلیٹ نمبر 12	۸۸۸
"	13888	۹۴۴	گانا پاڑہ سول لائنز	1/165	۸۸۹
"	13891-92	۹۴۵	کشمیری گیٹ		
"	13893-	۹۴۶	شیدی پورہ کمہار روڈ	2/469	۸۹۰
"	13499	۹۴۷	قرولباغ		
"	13499	۹۴۸	ایسٹ روڈ قرولباغ	1/378	۸۹۱
"	13494	۹۴۹	قرولباغ	11/2479-80	۸۹۲
"	13511	۹۵۰	کشمیری گیٹ	1/15	۸۹۳
"	13513	۹۵۱	... کشمیری گیٹ	1321	۸۹۴
"	13512	۹۵۲	محل ... کشمیری گیٹ	4/5	۸۹۵
"	13548-52	۹۵۳	گلی بازار کھجور	1/98	۸۹۶
"	13556	۹۵۴	گلی دفتریان	1/104	۸۹۷
"	13556	۹۵۵	دھوبی واڑہ	1358	۸۹۸
"	13557-58	۹۵۶	دریا گنج دہلی	XI 2474-80	۸۹۹
"	13559-60	۹۵۷	کشمیری گیٹ	1/104	۹۰۰
"	13544-	۹۵۸	بابر روڈ نئی دہلی	35 C	۹۰۱
"	13543	۹۵۹	"	27	۹۰۲
"	13522	۹۶۰	شیدی پورہ قرولباغ	XIV 13724	۹۰۳
"	13525	۹۶۱	"	13732-45	۹۰۴
"	13531	۹۶۲	"	13761	۹۰۵
"	13532	۹۶۳	"	13762	۹۰۶
"	13533	۹۶۴	"	13760	۹۰۷
"	13514	۹۶۵	"	13759	۹۰۸
"	13534	۹۶۶	"	13790	۹۰۹
"	13534	۹۶۷	"	13788	۹۱۰
"	13536	۹۶۸	"	13789	۹۱۱
"	13909	۹۶۹	"	13787	۹۱۲
"	13908	۹۷۰	"	13786	۹۱۳

(باقی صفحہ ۸ پر ملاحظہ کیجئے)

"ہم زمینداروں کو ختم نہیں کرنا چاہتے ہیں" آچاریہ نریندر دیو

سوشلسٹ پارٹی کے اس اعلان سے خوش ہو کر زمیندار ناچنے لگے

لکھنؤ ۸ جون۔ الٰہ آباد سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ یو پی سوشلسٹ پارٹی نے جس کے ممبران ناسک کانفرنس کے فیصلوں کے مطابق یو پی اسمبلی سے علیحدہ ہو گئے ہیں۔ وہاں اپنی انتخابی مہم کو تیز کر دیا ہے وہ عوام کے سامنے اپنا نصب العین ان چند الفاظ میں رکھتے ہیں کہ ہم ملوں، فیکٹریوں اور تجارتی اداروں کو قومی ملکیت بنانے کے لئے جد و جہد کر رہے ہیں۔

ہم مزدوروں اور کسانوں کے اقتصادی اور معاشی حالات کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ہم کو کسی پارٹی سے جھگڑا نہیں کرنا چاہئے اور نہ زمینداروں کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ آچاریہ نریندر دیو نے کی بنا پر جب زمینداروں نے اس خوشخبری کو سنا کہ سوشلسٹ پارٹی زمینداروں کو ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تو انہوں نے آچاریہ کو حمایت کا یقین دلایا۔ اس طرح کوتنی بنانے کی سوشلسٹوں کی پالیسی سے بعض کمیونسٹ سوشلسٹوں کے مخالف بن گئے ہیں اور اب اس نقطہ نظر کو مشتہر کرانا بنانے کے کوشاں ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ اگر سوشلسٹ انتخابات میں کامیاب ہوگئے تو وہ موجودہ حکومت کی مخالفت نہیں کریں گے۔ ان کا ارادہ ہے کہ وہ ایک مستحکم اور موثر حزب مخالف قائم کریں گے۔

بعض ہنگامے سوشلسٹوں کا کہنا ہے کہ وہ زمینداری کا استیصال کرنے کے حق میں ہیں اور مالگذاری کی وصولیابی دیہی پنچایتوں کے ذریعہ کرائیں گے۔ کچھ اضلاع میں ایسے مزدوروں نے جن کے پاس زمین نہیں ہے فصلوں کے کاٹنے سے انکار کر دیا ہے۔ ان کا مطالبہ ہے کہ ان کو وہ حق دیا جائے کہ بغیر مالگذاری زمین دی جائے اور ان کی مزدوری کا معقول معاوضہ دیا جائے۔ اس بات پر ایک جگہ زمینداروں اور مزدوروں میں جھگڑا بھی ہو گیا جس میں مزدور پٹ گئے۔ مزدوروں کے کانگریس سے بددل ہو جانے اور یو پی میں کانگریس پارٹی کے صدر مسٹر ظہیر الحسنین لاری اور آچاریہ نریندر دیو کے درمیان مفاہمت ہونے سے یو پی کے کانگریسی حلقوں میں تشویش ہو رہی ہے تاہم کانگریس کے اسلحہ خانہ میں کانگریس کا ایسا موثر حربہ ہے جس کے استعمال سے کانگریسی امیدواروں کو انتخابات میں کامیاب ہو جانے کی توقع ہے۔

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

(بقیہ صفحہ دو کالم ۴)

سے کھیلنے لگے اور ہر طرح بے خانماں ہوئے۔ عین وقت پر تمہاری قربانیاں سامنے نہ آئیں اور تمہارے شاندار ماضی نے جو ساکھ پیدا کی تھی وہ تم کھو بیٹھے۔ آؤ اس ملک میں پھر سے اپنا اعتماد پیدا کریں اور وہ کر دکھائیں جو ہمارے اسلاف نے کیا تھا، محبت، ایکتا، پریم اور انسانیت کی لہریں ملک میں پھیلا دیں۔ صوفیائے کرام کے طریقوں کو اختیار کریں۔ خواجہ اجمیری کے نقش قدم پر چلیں۔ سلطان الاولیاء خواجہ نظام الدین کی پیروی کریں۔ بہار میں اخوت انسانی، اور خدمت خلق کا جو پیغام حضرت شہاب الدین، یحییٰ منیری اور حضرت مخدوم شرف الدین بہاری نے پہنچایا تھا اس کی از سر نو تکمیل کریں، خدا یقیناً ہماری مدد کرے گا اور ہمارے مستقبل کو روشن تر بنا دے گا۔

آئندہ آنے والے چند سال تمہارا موت یا زندگی کا پیغام لائیں گے۔ اب تمہیں اختیار ہے کہ ان میں سے کون سا پیغام پسند کرتے ہو ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا جا سکتا۔

ہم کو چار پانچ برس ان مصیبتوں کو برداشت کرنا ہے بڑھو اور آگے بڑھو۔ آؤ ہمت کر کے ان جھاڑیوں کو کاٹ ڈالیں اور اپنی سوسائٹی میں ایک نیا انقلاب پیدا کریں۔

اٹھ اور زمیں پہ نیا لالہ زار پیدا کر
شراب کہنہ کو پھر ... پیدا کر
بہار میں تو زمیں سے بہار اگلتی ہے
جو مرد ہے تو خزاں میں بہار پیدا کر

چین میں ۳ محاذوں پر سرکاری فوجوں کی کامیابی

شانٹنگ میں ۳ ہزار کمیونسٹ کام آئے بھاگتے ہوئے کمیونسٹوں پر بمباری

نانکنگ ۸ جون۔ یہاں کے سرکاری حلقوں میں کہا جا رہا ہے کہ چین کی سرکاری فوجوں نے جنگ کے ۳ اہم محاذوں پر اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں گذشتہ چند ہفتوں میں وسطی چین کے محاذ پر جس فتح پر فوجی مبصر سب سے بڑی خوشخبری قرار دے رہے ہیں وہ جنوب مغربی ہنان میں حاصل ہوئی ہے جہاں کمیونسٹ فوجیں جو ۳ نامور کمیونسٹ جنرلوں کے ماتحت لڑ رہی تھیں پیچھے ہٹ رہی ہیں۔ طیارے بھاگتے ہوئے سپاہیوں پر بمباری کر رہے ہیں۔ قوم پرستوں نے بہت کافی مال غنیمت ملنے اور ایک کمیونسٹ بریگیڈیر کو گرفتار کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اس فتح سے سیناتگ اور شمالی ہوپی کے صوبے کو جو خطرہ تھا وہ ٹل گیا ہے کہا جاتا ہے کہ سرکاری مشینی دستے بڑھتے ہوئے کمیونسٹوں کے رسل و رسائل کے مرکز ہوپانگ سے ۱۵ میل کے فاصلہ پر پہنچ گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جون جون کمیونسٹ فوجوں نے بڑھنا شروع کیا۔ ہزاروں سپاہی جو ابھی ابھی ہونانی اور ... کی مینڈگاہ پر پہنچے ہیں۔ محاذ جنگ کو روانہ ہو رہے ہیں گذشتہ ۴ ہفتوں میں ان کو کافی کامیابی ہوئی ہے۔ جنوب مغربی شانٹنگ میں جنوبی چین کی سرکاری فوجوں نے خوفناک جنگ کے بعد اس کو کمیونسٹوں سے خالی کرا لیا ہے اس جگہ ۳ ہزار کمیونسٹ صرف ایک ہی لڑائی میں مارے گئے۔

... یہودی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس طرح عربوں کی حمایت کی۔

تجویز نمبر ۲ مسلمانان مرادآباد کا یہ جلسہ ... کے اس ایڈیٹوریل جس میں قرآن پاک اور حضور اکرم پر گستاخانہ حملے کئے ہیں بہ نظر حقارت دیکھتا ہے۔ اور اخبار ... کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ اس قسم کی حرکات سے مسلمانوں کے جذبات سے نہ کھیلے۔ ہم قرآن کو خدا کی کتاب اور سچی کتاب سمجھتے ہیں ہمارا یقین ہے کہ یہودی جس طرح سینکڑوں برس سے ذلت کی زندگی بسر کر رہے ہیں اسی طرح آئندہ بھی دربدر مارے مارے پھریں گے۔ امریکہ اور روس کی امداد ان کو خدائی عذاب سے نہیں بچا سکتی۔ نجات صرف غلط راستہ کو چھوڑ دینے سے حاصل ہو سکتی ہے۔

اور یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ایسے شرارت پسند اخبارات سے بازپرس کرنی چاہئے۔

اس کی تائید مولانا محمد حیات صاحب نے فرمائی۔

ساورکر کے مقدمہ کی پیروی

ڈاکٹر جیکر نے انکار کر دیا

بمبئی ۸ جون۔ پریوی کونسل کے سابق ممبر ڈاکٹر ایم۔ آر۔ جیکر نے آل انڈیا ہندو مہا سبھا کے سابق صدر مسٹر وی۔ ڈی۔ ساورکر کے مقدمہ کی پیروی کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

اطلاع ملی ہے کہ مہاراشٹر صوبائی ہندو مہا سبھا کی قائم کردہ ڈیفنس کمیٹی نے جو کہ مسٹر ساورکر اور دوسرے ملزمان کے مقدمہ کی پیروی کے لئے انتظامات کر رہی ہے۔ ڈاکٹر جیکر سے مسٹر ساورکر کا مقدمہ لینے کی درخواست کی تھی لیکن ڈاکٹر جیکر نے "دوسری مصروفیات" کی وجہ سے معذرت کا اظہار کیا ہے۔

مرادآباد کی خبریں

۹ جون ۱۹۴۸ء

جلسہ ملتوی نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع مرادآباد اطلاع دیتے ہیں کہ جمعیۃ علماء ضلع مرادآباد کا جو جلسہ چندوسی میں ہونے والا تھا چندوسی کی موجودہ فضا کے باعث ملتوی کر دیا گیا ہے۔ چندوسی میں ... حالات ... اس کی اجازت نہیں ... ضلع کا جلسہ کیا جا سکے لہٰذا تمام اراکین ضلع کو ... چاہئے کہ مرسلہ ... منسوخ کیا جاتا ہے آئندہ ... تاریخ کے لئے دوسرے اعلان کا انتظار فرمائیں۔ ... تمام اراکین کی خدمت میں بھیج دیا جائے گا۔

جلسہ معراج النبی رات مسلمانان مرادآباد کا ایک جلسہ عام ... منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں حضرت مولانا محمد ... نے معراج اور اس کے نکات پر سیر حاصل بیان فرمایا۔ مولانا اشتیاق حسین صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع ... کی تجویز پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ فلسطین کے مسئلہ میں امریکہ اور روس بھی خود غرض حکومتیں مداخلت نہ کریں ... جنگ فلسطین عربوں کے ہاتھ میں ہو۔ ہم مسلمان ... عربوں کے ساتھ ہیں ہم کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے کہ فلسطین تقسیم ہو۔

مسلمانان مرادآباد کا یہ جلسہ عربوں کے اس مطالبہ کو کہ فلسطین عربوں کا ہے اس میں کسی بھی غیر کا حصہ برداشت نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اور نہ فلسطین کو تقسیم کیا جا سکتا ہے معقولیت پر مبنی سمجھتا ہے۔ اور عربوں کو یقین دلاتا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان عربوں کے ساتھ ہیں۔

نیز حکومت ہند کو مبارکباد دیتا ہے کہ اس نے ...

سہارنپور کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

جھگڑا ہو گیا گذشتہ روز شام کے ۷ بجے کے قریب بازار ... میں سنٹرل بینک کے سامنے اکثریت فرقے کے دو آدمیوں میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ سنا ہے کہ ایک نے دوسرے کے سر میں بندوق کا کندہ مار دیا جس کی وجہ سے سر میں شدید ضرب آئی۔ اور سر پھٹ گیا۔ زخمی کو فوراً ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن زخمی کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔

صدر کانگریس کو صدمہ مولوی عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ صدر شہر کانگریس کی جوان سال دختر اس دار فانی سے کوچ کر گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور مولوی صاحب و دیگر پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

جلسہ عام گذشتہ رات حلقہ حزبی ... کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام محلہ ... دروازہ متصل ... پر ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں لالہ ... سابق صدر ضلع کمیٹی و بابو ... ایڈووکیٹ اور سید راغب حسن صاحب نے ہندو مسلم اتحاد پر تقاریر کیں۔ اور اہل شہر سے پرامن رہنے اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی پرزور اپیل کی۔ سامعین پر کافی اثر ہوا۔

آگ لگ گئی آج شام ساڑھے چار بجے ایم۔ ای۔ ایس کے دفتر میں اچانک آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ سے بھی آگ پر قابو نہ پایا جا سکا۔ نقصان کا اندازہ ایک لاکھ روپیہ کا ہے۔

بچہ کٹ گیا آج جمہوٹی لائن (جو کہ ... سے شاہدرہ تک جاتی ہے) کے اسٹیشن کے قریب ایک ... سالہ بچہ ریل کے نیچے آ کر کٹ گیا۔ بچہ کو فوراً ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن ہسپتال پہنچتے ہی چند منٹ بعد مر گیا۔

(نامہ نگار خصوصی)

بلدوانی جمعیۃ علماء کا تعزیتی جلسہ

بلدوانی ۸ جون (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء بلدوانی کی مجلس منتظمہ کا اجلاس دفتر جمعیۃ میں منعقد ہوا جس میں دیگر امور کے علاوہ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت کی تجویز پاس ہوئی۔

دارالسلطنت

۱۰ جون ۱۹۴۸ء

دکان میں قتل دہلی کی پولیس سے کل ... روڈ پر ایک دکان کا تالا توڑ کر کھولا۔ دکان میں سے ایک ... جوان کی لاش ملی۔ جس کی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ اس کو گذشتہ شب دکان میں گلا گھونٹ کر ہلاک کر دیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے اور تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ لیکن ابھی کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

ٹاؤن ہال میں ایمرجنسی دفتر مقامی حکومت نے ٹاؤن ہال میں ایک ایمرجنسی آفس کھولنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ حکومت کے تمام حفاظتی انتظامات کو ایک مرکز کے ماتحت کیا جا سکے۔

گرفتاریاں حفظ امن کے لئے پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت جو گرفتاریاں عمل میں لائی جا رہی ہیں ان کی تعداد ۱۵۰ تک پہنچ گئی ہے۔ آج صبح پولیس نے قرولباغ سے کیمپس پور کے شہر کانگریسی لیڈر ... کو گرفتار کر لیا۔

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی سرگرمیاں کل لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے دریا گنج میں راما کرشنا مشن کے تپ دق کے اسپتال کا معائنہ کیا۔ آپ نے ڈاکٹروں اور مریضوں سے دیر تک بات چیت کی۔ ایک پاسبان کا جواب دیتے ہوئے لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے کہا کہ وہ راما کرشنا مشن کے شاندار کام کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی ہیں۔ اس سے پہلے اسپتال کی مجلس منتظمہ کے صدر سر ... لال نے لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا استقبال کیا۔ آپ نے بتایا کہ فسادات سے پہلے تقریباً ایک لاکھ مریض سالانہ اسپتال میں علاج کرانے کے لئے آتے تھے۔ آپ نے وکٹوریہ زنانہ اسپتال کا بھی معائنہ کیا۔

نئی دہلی سے اخبار مساوات کا اجراء نواب بلڈنگ بہادر گنج نئی دہلی سے جناب ... سنگھ صاحب آزاد کی زیر ادارت "مساوات" کا اجرا ہو رہا ہے یہ اخبار پہلے پشاور صوبہ سرحد سے نکلتا تھا ہندو مسلم اتحاد، کانگریسی اصولوں کا پرچار۔ آزادی کی جنگ اور خدائی خدمت گار تحریک کا زبردست حامی تھا۔ اب یہ جریدہ علاوطنی کے بعد دہلی سے شائع ہو رہا ہے۔

(باقی صفحہ ۸ پر دیکھئے)

مظلوموں کی اعانت کا اسلامی فرض علمائے حق نے کس طرح ادا کیا

فسادات بہاولپور

ہزاروں اشخاص نے ایک فتوی سے متاثر ہو کر لوٹا ہوا مال واپس کر دیا

دہلی ۱۰ جون۔ علمائے حق نے نازک سے نازک حالات میں ہمیشہ اپنا اسلامی فرض ادا کیا ہے اور اس کے لئے انہوں نے بڑی سے بڑی قیمت ادا کی ہے۔ ریاست بہاولپور میں فساد ہوا اور غیر مسلموں کو جان کے لالے پڑ گئے مگر علمائے حق نے صرف عوام کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا بلکہ انہیں اسلام کی روشن تعلیم کے ذریعہ ان کا فرض یاد دلایا۔ اور غیر مسلموں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے اپنی ساری قوت صرف کر دی۔ ۱۳ ستمبر کو فساد ہوا اور ۱۹ ستمبر کو بہاولپور کے شیخ الجامعہ کا فتویٰ شائع ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے لئے غیر مسلموں کا مال قطعی حرام ہے اور ان کی جان اور عزت و آبرو کا تحفظ ہر مسلمان کا مذہبی فریضہ ہے۔ علمائے کرام کا یہ فتویٰ جو ۱۹ ستمبر کو بصورت اشتہار شائع ہوا۔ ہمیں حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی کے توسط سے حاصل ہوا ہے جسے ہم مولانا محترم کے شکریہ کے ساتھ ذیل میں درج کرتے ہیں۔

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارے میں کہ جو ہندو ان اپنے گھروں کو مقفل کر کے سامان چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ ان لوگوں کی قفل شکنی کرنا۔ ان کا سامان نکال کر اپنے گھروں میں لے جانا اور استعمال بطیب خاطر کرنا یا جائز اپنی ... کو حلال طیب سمجھ کر کھانا یا استعمال کرنا شرعاً کیسا ہے؟

اگر مسلمان لاعلمی کی وجہ سے ایسا سامان قبضہ میں کر چکے ہوں تو علم ہو جانے کے بعد انہیں کیا کرنا چاہئے؟

خاکسار

تاج محمد دانی۔ ڈپٹی انسپکٹر مدارس ضلع رحیم یار خاں

۱۹ ستمبر ۱۹۴۷ء

الجواب

جو غیر مسلم پاکستان کے حدود کے اندر رہتے ہیں ان کے مال، جان، عزت سب محفوظ اور معصوم ہیں۔ ان سے کسی قسم کا تعرض کرنا۔ لوٹ کر گھر لانا قفل شکنی کرنا سب قطعی حرام ہے اس کو مال غنیمت قرار دینا حرام کو حلال کرنا ہے جو کفر تک پہنچاتا ہے ہاں جو غیر مسلم قوم آلات جنگ کا استعمال کر کے جنگ کرے اس کا مال، مال غنیمت ہے مگر وہ مسلمان بادشاہ اور اس کی فوجی جماعت کے لئے ہے دوسرے لوگوں کے لئے جائز نہیں ایسے مال کی تقسیم بادشاہ وقت اپنے ہاتھوں شرعی قوانین کے مطابق کرے گا۔ اگر لاعلمی میں ایسا ہوا ہے تو فوراً ایسے مال کو واپس کر دینا چاہئے۔ واللہ اعلم

مولوی غلام محمد صاحب گھوٹوی۔ بہاولپور

اس فتوی کی اشاعت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہزاروں فرزندان توحید نے لوٹا ہوا مال واپس کر دیا۔

امرتسر میں دو سکھ خاندانوں میں فساد

چار آدمی قتل ہو گئے

امرتسر ۸ جون۔ چک ... اٹل سے چار شخصوں کے قتل کی خبر موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دو سکھ خاندانوں میں سخت فساد ہو گیا۔ اور چار سکھ قتل اور کچھ زخمی ہوئے ... ہری سنگھ ... ہسپتال ... ڈاکٹر ... اور ان کے ساتھ ...

بعد کی اطلاع ہے کہ مقتول ... سنگھ ... کے ...

ایکماہ کے اندر ہندوستانی فوجیں کشمیر کی سرزمین سے حملہ آوروں کو نکال باہر کردیں گی

مسٹر لیاقت علیخاں وزیر اعظم پاکستان پھر میدان خطابت میں

ہندوستان کے خلاف کہنہ و فرسودہ الزامات کا اعادہ

کراچی ۱۰ جون۔ مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے ایک بیان میں ہندوستان کے اس احتجاج کا ذکر کیا جو ہندوستان نے ... پاکستان خاموش ... ہندوستان سے دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتا تھا ... جبر و جور کا راستہ اختیار کرے گا۔

... کے فیصلے سے انحراف کر رہا ہے۔ مجلس تحفظ نے ... ہندوستان کا مطلب حل ہو گیا ... ہندوستانی ہوائی جہازوں نے ... پر ہوائی حملہ کیا جس میں ... آدمی ہلاک اور ... زخمی ہوئے۔ کشمیر کے جن علاقوں پر ہندوستانی فوجوں نے قبضہ کر لیا ہے ان میں وہ بربریت سے ... ظلم و ستم کو روا رکھ رہے ہیں۔ حکومت ہند ... کشمیر سے باہر نکال دینا چاہتی ہے ... تاکہ کشمیر میں ایک آزاد اور غیر جانبدار استصواب ... نہ ہو سکے۔

ہندوستان نے ... نسل کشی اور معاہدوں کی خلاف ورزی کی ... کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد ہیں تو ہندوستان ان سے اس قدر خائف کیوں ہے ... لیاقت علی خاں نے کہا کہ اس سلسلہ میں مجلس تحفظ نے ... جون کو جو فیصلہ کیا ہے اس سے کسی کو تعجب نہیں ہونا چاہئے بلکہ تعجب کی بات یہ ہے کہ گذشتہ دسمبر میں ہندوستان نے ہی کشمیر کے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے پیش کیا اور اب خود کشمیر کمیشن اور مجلس تحفظ ...

... سے خوف و ہراس پیدا ہونا اور فرقہ وارانہ تعلقات بگڑنے کا اندیشہ ہے مثلاً اگر قانون شکنی کی کوئی واردات ہوئی یا کسی نے کوئی گڑبڑ کرنے کی کوشش کی تو حکومت اسے پوری سختی سے دبا دے گی۔ تمام ... کو اس سلسلہ میں ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

کراچی ۱۰ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت سندھ نے کراچی کی ایک فرم کو یہ اجازت دیدی ہے کہ وہ ان الزامات کو شائع کر دے جو مسٹر کھوڑو سابق وزیر اعظم سندھ پر لگائے گئے ہیں۔ مسٹر کھوڑو کے مقدمہ کی تحقیقات ایک عدالت خاص کر رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ فرم مذکور ان الزامات کو ایک کتابی صورت میں شائع کرے گی۔ حکومت سندھ گورنمنٹ ... ان الزامات کی ایک فہرست ریکارڈ اور افسران کے استعمال کے لئے شائع کر رہی ہے۔

شرارت کرنیوالوں کا سر کچل دیا جائے گا

حکومت یو۔پی کا انتباہ

لکھنؤ ۱۰ جون۔ یو۔پی سرکار کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ دہلی اور ملک کے دوسرے حصوں میں فساد ہو جانے کے متعلق جو افواہیں پھیل رہی تھیں وہ یو۔پی کے بعض اضلاع میں بھی پہنچ گئی ہیں اور لوگوں کو خیال پیدا ہو گیا ہے کہ ۱۵ جون یا اس کے بعد فرقہ وارانہ نوعیت کی کچھ گڑبڑ ہو جانے کا خدشہ ہے لیکن حکومت یہ واضح کر دینا چاہتی ہے کہ صوبے کے سارے اضلاع میں حالات پر امن ہیں اور لوگوں کے خدشات بالکل بے بنیاد ہیں اور یہ خدشہ صرف ان لوگوں کے ہی دلوں میں ہے جو شرارت کرنا چاہتے ہیں۔ حکومت محسوس کرتی ہے کہ اس قسم کی افواہوں

آج شہر میں پولیس اور فوج پریڈ کرے گی

دہلی ۹ جون۔ شہر میں امن برقرار رکھنے اور شہریوں میں اعتماد پیدا کرنے کے سلسلے میں کل پولیس کے حکام کی ایک میٹنگ زیر صدارت مسٹر ایس ار دہری انسپکٹر جنرل پولیس منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں فیصلہ ہوا کہ ۱۰ جون کی شام کو اور ۱۱ جون کی صبح کو ملٹری اور پولیس شہر میں ایک پاسٹ کریں۔ اس کے علاوہ ... ایک کنٹرول روم بنایا جا رہا ہے۔ ۱۱ جون سے ملٹری اور پولیس شہر میں باقاعدہ گشت کرے گی۔ بیان میں لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پر امن رہیں اور شرارتی عنصروں کو الگ کرنے میں حکومت کی مدد کریں۔

سکھ حوالدار گرفتار

دہلی ۱۰ جون۔ دہلی پولیس نے چاندنی چوک میں ایک سکھ حوالدار کو گرفتار کیا ہے جو فوجی وردی پہنے ہوئے تھا۔ وہ ... چاندی کے زیور بیچ رہا تھا۔ پولیس کے پوچھنے پر ملزم نے یہ اقرار کر لیا کہ اس نے یہ زیور ... کے فرقہ وارانہ ہنگامہ کے وقت امرتسر میں لوٹے تھے۔

بموں کی چوری

پانچ بکس جن میں دو سو بم تھے دہلی فرید آباد کے درمیان حکومت ہند کی اسلحہ کی ایک گاڑی سے چرالئے گئے۔ پولیس کا ایک خاص اسٹاف اس بارہ تحقیقات کر رہا ہے۔ یہ چوری کسی زبردست سازش کا نتیجہ سمجھی جاتی ہے۔

ریوالوروں اور کارتوسوں کی برآمدگی

تین بکس جن میں ۱۵ ریوالور تین ہزار کارآمد کارتوس اور ۳۰۰ کی ایک رائفل تھی۔ دہلی ریلوے اسٹیشن پر گم شدہ سامان کے دفتر سے ملے۔ یہ بکس جن کا دوسرے سامان کے ساتھ نیلام ہونے والا تھا۔ ان پر فوراً پولیس نے قبضہ کر لیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ سامان گذشتہ اگست سے پہلے لایا گیا تھا۔

میونسپل اسٹالیں

میونسپل اسٹالوں کے لئے شرنارتھیوں کی طرف سے جو درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ دہلی میونسپل کمیٹی ان کی ۱۱ اور ۱۲ جون کو تین بجے سے ۵ بجے تک جانچ پڑتال کرے گی۔ جو لوگ پٹڑیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں انہیں چاہئے کہ وہ اپنی درخواستوں کی رسیدیں اپنے پاس تیار رکھیں جن کے پاس رسیدیں نہیں ہوں گی ان کی درخواستیں مسترد ہو سکتی ہیں۔

دو ضروری اعلان

درگاہوں، خانقاہوں اور مزارات کے متولیوں سجادہ نشینوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اولیائے کرام صلحائے عظام اور فقہائے نیک نام کے عرس یا فاتحہ خوانی جن جن تاریخوں میں ہوتی ہے یا فسادات سے پہلے ہوتی تھی ان تاریخوں سے سکریٹری خدام خلق اردو بازار جامع مسجد۔ دہلی کو جلد از جلد مطلع فرمائیں۔ تاکہ ان کی مرمت اور ان کا انتظام ہو سکے۔

نیز ان عربی خوانندہ اصحاب کو جو مولوی یا قاری ہوں اور دیگر ضروریات مساجد پوری کرنے کے لئے اپنی پیش کر سکیں۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام سکریٹری احرار خدام خلق اردو بازار جامع مسجد دہلی کو بھیجکر ممنون فرمائیں۔

حیدرآباد کی اقتصادی ناکہ بندی کی افواہیں بے بنیاد ہیں

لندن پریس کانفرنس میں ہندوستانی ہائی کمشنر کا بیان

لندن ۱۰ جون۔ ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ لندن مسٹر وی۔ کے کرشنا مینن نے کل یہاں کی ایک پریس کانفرنس میں اس امید کا اظہار کیا کہ ایک ماہ کے اندر حملہ آوروں کو کشمیر سے نکال باہر کر دیا جائیگا۔ آپ نے کہا ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہماری حدود سلطنت پر کوئی جارحانہ کارروائی نہ کی جائے ... حیدرآباد کی اقتصادی ناکہ بندی ... کشمیر اور حیدرآباد کی تشویشناک صورت کے بارے میں ... اگر وہ خود مختاری رہے تو وہ اپنی دفاع اور رسل و رسائل کے متعلق کیا کر سکتا ہے۔ اگر وہ ہندوستان کے ساتھ شامل نہیں ہوتا ہے تو اس کا مستقبل بے معنی ہو جائیگا ... یہ الزام کہ حیدرآباد کی اقتصادی ناکہ بندی کر دی گئی ہے سراسر بے بنیاد ہے۔

... اور حیدرآباد کے نمائندوں کے درمیان دوستی کی فضا کے اندر اسٹینڈ اسٹل کے بارے میں بات چیت جاری ہے۔ ہندوستان کو بھاری مشینوں کی ضرورت ہے اور وہ برطانیہ کے پاس ہیں اور ہم بہت حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

کراچی کے مسئلہ پر پاکستان جھک گیا۔ آمدنی سندھ کو ملا کرے گی

حیدرآباد سندھ کے ایک جلسہ میں مسٹر لیاقت علیخاں کی تقریر

کراچی ۹ جون حیدرآباد سندھ کے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر لیاقت علیخاں نے کراچی کی سندھ سے علیحدگی کے بارے میں کہا کہ حکومت پاکستان کو جو آمدنی ہو رہی تھی اس میں ایک پائی کی بھی کمی نہ ہوگی جلسہ کی صدارت کے فرائض میراں محمد شاہ وزیر خارجہ نے انجام دیے۔ آپ نے کراچی کے مستقبل کی بابت سندھیوں کے خدشات کا ذکر کیا تھا مسٹر لیاقت علیخاں نے کہا کراچی کو

پاکستان کا دار السلطنت بنانے سے سندھیوں کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ ہم نے اس سلسلہ میں کلکتہ کی مثال دی اور بتایا کہ کراچی کی ترقی کے لئے ایک اور دو ارب کے درمیان روپیہ صرف کرنے کی۔ کراچی کی آبادی اس وقت ... لاکھ ہو جائے گی ... پاکستان کی ترقی ... حکومت پاکستان ... کراچی کی ترقی اور آبادی ... کا ذکر کیا۔

... لیاقت علیخاں ... کے نمائندوں ... سندھ ... معاملہ ... کی اور ہندوستانی ... کیا۔

۱۰۳۱	XI - 3434	کوچہ چیلان۔ دریا گنج
۱۰۳۲	XI. 3419/3419	" "
۱۰۳۳	" 3294/3295	" "
۱۰۳۴	3395	" "
۱۰۳۵	XI. 3386	" "
۱۰۳۶	3229	فیض گنج "
۱۰۳۷	XI. 3388-89	" "
۱۰۳۸	XI. 17/1400 فلیٹ نمبر	" "
۱۰۳۹	" - 1949	" "
۱۰۴۰	" - 1972-73	" "
۱۰۴۱	" - 1956	" "
۱۰۴۲	" - 1955	" "
۱۰۴۳	" - 1918	" "
۱۰۴۴	XI - 1987	فیض گنج۔ دریا گنج
۱۰۴۵	" - 1986	" "
۱۰۴۶	پلاٹ نمبر ۴۔ علیہ بلڈنگ	جی۔ بی روڈ "
۱۰۴۷	3509 فضل الدین بلڈنگ	"
۱۰۴۸	2428	پھاٹک بدل بیگ۔ حوض قاضی
۱۰۴۹	1928-29	فیض گنج دریا گنج
۱۰۵۰	2247	کوچہ کاشغری "
۱۰۵۱	1947	فیض گنج "
۱۰۵۲	3200	کوچہ چیلان "
۱۰۵۳	3201	" "
۱۰۵۴	3202	کوچہ چیلان "
۱۰۵۵	3427	" "
۱۰۵۶	3203	کوچہ بہرام خاں "
۱۰۵۷	3204	" "
۱۰۵۸	3206	" "

نمبر	تفصیل جائداد	پتہ
۹۶۱	13906	فیض بازار۔ سکوبارغ
۹۶۲	13905	" "
۹۶۳	13904	" "
۹۶۴	13703	" "
۹۶۵	13716	" "
۹۶۶	13718	" "
۹۶۷	13714	" "
۹۶۸	13717	" "
۹۶۹	13711-16	" "
۹۸۰	13858	" "
۹۸۱	13859	" "
۹۸۲	13860	" "
۹۸۳	13861	" "
۹۸۴	13862	" "
۹۸۵	13863	" "
۹۸۶	13864-66	" "
۹۸۷	13866	" "
۹۸۸	13820	" "
۹۸۹	13821	" "
۹۹۰	13822	" "
۹۹۱	13823	" "
۹۹۲	13824	" "
۹۹۳	13825	" "
۹۹۴	13849	" "
۹۹۵	13851	" "
۹۹۶	13855	" "
۹۹۷	13852	" "
۹۹۸	13850	" "
۹۹۹	13849	" "
۱۰۰۰	13854	" "
۱۰۰۱	13856	" "
۱۰۰۲	13849	" "
۱۰۰۳	13839	" "
۱۰۰۴	13838	" "
۱۰۰۵	13840-41	" "
۱۰۰۶	13842 -	" "
۱۰۰۷	[illegible]	" "
۱۰۰۸	13843	" "
۱۰۰۹	13845	" "
۱۰۱۰	13846	" "
۱۰۱۱	13847	" "
۱۰۱۲	2244	کوچہ کاشغری۔ دریا گنج
۱۰۱۳	2245	" "
۱۰۱۴	2246	" "
۱۰۱۵	2249	" "
۱۰۱۶	2240	" "
۱۰۱۷	1950	گلی قاریان۔ دریا گنج
۱۰۱۸	1540	گلی ... ۔ دریا گنج
۱۰۱۹	572	چاندنی محل "
۱۰۲۰	4403	فیض بازار ... اسٹریٹ دریا گنج
۱۰۲۱	"	فیض بازار ... اسٹریٹ دریا گنج
۱۰۲۲	1045-47	... اسٹریٹ بازار سیتارام دریا گنج
۱۰۲۳	1635	چاہ ... کلاں مسجد "
۱۰۲۴	XIII - 1455	... کلاں مسجد "
۱۰۲۵	1431	کوچہ نیاز خاں "
۱۰۲۶	2021	فیض گنج "
۱۰۲۷	III/620	پھاٹک مفتی والان
۱۰۲۸	X - 678	" "
۱۰۲۹	1447	... بازار سیتارام
۱۰۳۰	2008	فیض گنج۔ دریا گنج

آپ کی مہمان نوازی اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک آپ روح افزا کا ایک مفرح گلاس پیش نہ کریں۔

روح افزا

مفرح، مسکن، مقوی شربت

پیاس بجھاتا ہے، تسکین و فرحت بخشتا ہے، گرمیوں کے شدید موسم میں آپ کو چست تندرست اور ٹھنڈا رکھتا ہے ہر جگہ مل سکتا ہے یا براہ راست طلب فرمایئے۔

ہمدرد دواخانہ دہلی

Hamdard DAWAKHANA, DELHI

Adarts (Delhi) Ltd.

جب آپ دہلی تشریف لائیں

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہائش کا بہترین انتظام ہے

افضل پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل اردو منزل اردو بازار دہلی

ضرورت رشتہ دامادی

ایک لڑکی دوشیزہ خواندہ، پابند صوم و صلوٰۃ امور خانہ داری سے واقف کے لئے ایک لڑکا عمر ۲۰ تا ۲۵ سال تندرست خواندہ برسر روزگار یا برسر ملازمت ہو، ذات پٹھان، شیخ صدیقی یا شیخ فاروقی ہو۔ بقیہ امور دریافت طلب پتہ ذیل پر کریں۔

پتہ یہ ہے:۔ ایم جمیل اینڈ سنز چوک، شہر بنارس (یو۔پی)

T.B. تپ دق

اور پرانے بخار JABRI جبری

... جبری کا استعمال شروع کر کے دس روز میں ہی کرشمہ دیکھو ... ہندوستان کے کونے کونے سے ... اس خوفناک مرض کی جان بچانے والی ... صرف ... جبری ... قیمت ... جبری جگادھری

پتہ:۔ رائے صاحب ایل شریانس اینڈ سنز نمبر ۲۵ جگادھری (مشرقی پنجاب)

دارالسلطنت

۱۰ جون ۱۹۴۸ء

دکان میں قتل

دہلی کی پولیس نے کل ایجرٹن روڈ پر ایک دکان کا تالا توڑ کر کھولا۔ دوکان میں سے ایک نوجوان کی لاش ملی۔ جس کی بابت یہ کہا جاتا ہے کہ اس کو گذشتہ شب دکان میں گلا گھونٹ کر ہلاک کر دیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے اور تحقیقات شروع کردی ہے۔ لیکن ابھی کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

ٹاؤن ہال میں ایمرجنسی دفتر

مقامی حکومت نے ٹاؤن ہال میں ایک ایمرجنسی آفس کھولنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ حکومت کے تمام حفاظتی انتظامات کو ایک مرکز کے ماتحت کیا جا سکے۔

گرفتاریاں

حفظ امن کے نئے پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت جو گرفتاریاں عمل میں لائی جا رہی ہیں ان کی تعداد ۱۵۰ تک پہونچ گئی ہے۔ آج صبح پولیس نے قرول باغ سے کیمبل پور کے مشہور کانگریسی لیڈر رسالا رام پودہ کو گرفتار کر لیا۔

لیڈی ماونٹ بیٹن کی سرگرمیاں

کل لیڈی ماونٹ بیٹن نے دریا گنج میں راما کرشنا مشن کے ٹپ دق کے اسپتال کا معائنہ کیا۔ آپ نے ڈاکٹروں اور مریضوں سے دیر تک بات چیت کی۔ ایک سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے لیڈی ماونٹ بیٹن نے کہا کہ وہ راما کرشنا مشن کے شاندار کام کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی ہیں۔ اس سے پہلے اسپتال کی مجلس منتظمہ کے صدر سرشنکر لال نے لیڈی ماونٹ بیٹن کا استقبال کیا۔ آپ نے بتایا کہ فسادات سے پہلے تقریباً ایک لاکھ مریض سالانہ اسپتال میں علاج کرانے کے لئے آتے تھے۔ آپ نے دکٹوریہ زنانہ اسپتال کا بھی معائنہ کیا۔

نئی دہلی سے اخبار مساوات کا اجراء

نواب بلڈنگ بہادر گنج نئی دہلی سے جناب ملا سنگھ صاحب آزاد کی زیر ادارت مساوات کا اجرا ہو رہا ہے۔ یہ اخبار پہلے پشاور صوبہ سرحد سے نکلتا تھا ہندو مسلم اتحاد، کانگریسی اصولوں کا پرچار، آزادی کی جنگ اور خدائی خدمت گار تحریک کا زبردست حامی تھا۔ اب یہ جبریہ جلاوطنی کے بعد دہلی سے شائع ہو رہا ہے۔

(باقی صفحہ ۴ پر دیکھیے)

سہارنپور کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

جھگڑا ہو گیا

گذشتہ روز شام کے ۷ بجے کے قریب بازار خلیل گنج میں سنٹرل بنک کے سامنے اکثریت کے فرقے کے دو آدمیوں میں کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ سنا ہے کہ ایک نے دوسرے کے سر میں بندوق کا کندہ مار دیا جس کی وجہ سے سر میں شدید ضرب آئی۔ اور سر پھٹ گیا۔ زخمی کو فوراً ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن زخمی کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔

صدر کانگریس کو صدمہ

کل مولوی عبدالحق صاحب ایڈوکیٹ صدر شہر کانگریس کی جوان سال دختر اس دار فانی سے کوچ کر گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں۔ اور مولوی صاحب و دیگر پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

جلسہ عام

گذشتہ رات حلقہ عربی اسلامیہ کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام محلہ لکھی دروازہ مشعل بل کمبوہان پر ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں لالہ بہادر چند سابق صدر ضلع کانگریس کمیٹی و بابو سلیم اسلام ایڈوکیٹ اور سید راغب حسن صاحب نے ہندو مسلم اتحاد پر تقاریر کیں۔ اور اہل شہر سے پر امن رہنے اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی پر زور اپیل کی۔ سامعین پر کافی اثر ہوا۔

آگ لگ گئی

آج شام ساڑھے چار بجے ایم۔ ای۔ ایس کے دفتر میں اچانک آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ سے بھی آگ پر قابو نہ پایا جا سکا۔ نقصان کا اندازہ ایک لاکھ روپیہ کیا ہے۔

بچہ کٹ گیا

آج جیون پی لائن (جو کہ سہارنپور سے شاہدرہ تک جاتی ہے) کے اسٹیشن کے قریب ایک چھ سات سالہ بچہ ریل کے نیچے آکر کٹ گیا۔ بچہ کو فوراً ہسپتال لے جایا گیا۔ لیکن ہسپتال پہونچنے کے چند منٹ بعد مر گیا۔

(نامہ نگار خصوصی)

بلدوانی جمعیۃ علماء کا تعزیتی جلسہ

بلدوانی ۵ جون (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء بلدوانی کی مجلس منتظمہ کا اجلاس دفتر جمعیۃ میں منعقد ہوا۔ جس میں دیگر امور کے علاوہ مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت کی تجویز پاس ہوئی۔

ہم زمینداروں کو ختم نہیں کرنا چاہتے ہیں آچاریہ نریندر دیو

سوشلسٹ پارٹی کے اس اعلان سے خوش ہو کر زمیندار ناچنے لگے

نئی دہلی ۱۰ جون۔ اتنا جو سے آمد اطلاعات منظر ہیں کہ یوپی سوشلسٹ پارٹی نے جس کے ممبران ناسک کانفرنس کے فیصلوں کے مطابق یوپی اسمبلی سے علیحدہ ہو گئے ہیں۔ وہاں اپنی انتخابی مہم کو تیز کر دیا ہے وہ عوام کے سامنے اپنا نصب العین ان چند الفاظ میں رکھتے ہیں کہ ہم ملوں، فیکٹریوں اور تجارتی اداروں کو قومی ملکیت بنانے کے لئے جد و جہد کر رہے ہیں۔

ہم مزدوروں اور کسانوں کے اقتصادی اور معاشی حالات کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ہم کو کسی پارٹی سے جھگڑا نہیں کرنا چاہیے اور نہ زمینداروں کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ آچاریہ نریندر دیو نے کہا کہ جب زمینداروں نے اس خوشخبری کو سنا کہ سوشلسٹ پارٹی زمینداروں کو ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تو انہوں نے آچاریہ جی کو حمایت کا یقین دلایا۔ اگرچہ کرنے کو قومی بنانے کی سوشلسٹوں کی پالیسی سے بعض کمیونسٹ سوشلسٹوں کے حامی بن گئے ہیں اور اب اس نقطہ نظر کو مشترکہ کارنامے کے لئے کوشاں ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ اگر سوشلسٹ انتخابات میں کامیاب ہو گئے تو وہ موجودہ حکومت کی مخالفت نہیں کریں گے۔ ان کا ارادہ ہے کہ وہ ایک مستحکم اور موثر حزب مخالف قائم کریں گے۔

بعض جوشیلے سوشلسٹوں کا کہنا ہے کہ وہ زمینداری کا استیصال کرتے رہیں گے اور مالگذاری کی وصولیابی دیہی پنچایتوں کے ذریعہ کرائیں گے۔ کچھ اضلاع میں ایسے مزدوروں نے جن کے پاس زمین نہیں ہے فصلوں کے کاٹنے سے انکار کر دیا ہے۔ ان کا مطالبہ ہے کہ ان کو دو بیگھہ فی کس بغیر مالگذاری زمین دی جائے اور ان کی مزدوری کا معقول معاوضہ دیا جائے۔ اسی بات پر ایک جگہ زمینداروں میں اور مزدوروں میں جھگڑا بھی ہو گیا جس میں مزدور پٹ گئے۔ مزدوروں کے کانگریس سے بدظن ہو جانے اور یوپی میں کی جنتا پارٹی کے صدر مسٹر ظہیر الحسنین لاری اور آچاریہ نریندر دیو کے درمیان مفاہمت ہونے سے یوپی کے کانگریسی حلقوں میں تشویش ہو رہی ہے تاہم کانگریس کے اسلحہ خانہ میں گاندھی جی کا نام ایسا موثر حربہ ہے جس کے استعمال سے کانگریسی امیدواروں کو انتخابات میں کامیاب ہو جانے کی قوی امید ہے۔

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

(بقیہ صفحہ ۲ کالم ۴)

سے کھیلنے لگے اور ہر طرح بے خانماں ہوئے۔ عین وقت پر تمہاری قربانیاں سامنے نہ آئیں اور تمہارے شاندار ماضی نے جو ساکھ پیدا کی تھی وہ تم کھو بیٹھے۔ تم اس ملک میں پھر سے اپنا اعتماد پیدا کریں اور وہ کر دکھائیں جو ہمارے اسلاف نے کیا تھا۔ محبت، الفت، پریم اور اخلاص کی لہریں ملک میں پھیلا دیں۔ صوفیائے کرام کے طریقوں کو اختیار کریں۔ خواجہ اجمیری کے نقش قدم پر چلیں۔ سلطان الاولیاء خواجہ نظام الدین کی پیروی کریں۔ بہاریں اخوت انسانی اور خدمت خلق کا جو پیغام حضرت شہاب الدین، یحییٰ منیری اور حضرت مخدوم شرف الدین بہاری نے پہنچایا تھا اس کی از سر نو تکمیل کریں، خدا یقیناً ہماری مدد کرے گا اور ہمارے مستقبل کو روشن تر بنائے گا۔

آئندہ آنے والے چند سال قوموں کی موت یا زندگی کا پیغام لائیں گے۔ اب تمہیں اختیار ہے کہ ان میں سے کون سا پیغام پسند کرتے ہو۔ ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا جا سکتا۔

ہم کو چار پانچ برس ان مصیبتوں کو برداشت کرنا ہے بڑھو اور آگے بڑھو۔ آؤ ہمت کرکے ان جھاڑیوں کو کاٹ ڈالیں اور اپنی سوسائٹی میں ایک نیا انقلاب پیدا کریں۔

اٹھ اور زمیں پہ نیا لالہ زار پیدا کر
نہ آئی ہو جو کبھی وہ بہار پیدا کر
بہار میں تو زمیں سے بہار اگتی ہے
جو مرد ہے تو خزاں میں بہار پیدا کر

چین میں ۳ محاذوں پر سرکاری فوجوں کی کامیابی

شانٹنگ میں ۳ ہزار کمیونسٹ کام آئے بھاگتے ہوئے کمیونسٹوں پر بمباری

نانکنگ ۸ جون۔ یہاں نیم سرکاری حلقوں میں کہا جا رہا ہے کہ چین کی سرکاری فوجوں نے جنگ کے ۳ اہم محاذوں پر اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں گذشتہ چند ہفتوں میں وسطی چین کے محاذ پر جس فتح پر فوجی مبصر سب سے بڑی خوشخبری قرار دے رہے ہیں وہ جنوب مغربی ہنان میں حاصل ہوئی ہے جہاں کمیونسٹ فوجیں جو ۳ نامور کمیونسٹ جنرلوں کے ماتحت لڑ رہی تھیں پیچھے ہٹ رہی ہیں۔ طیارے بھاگتے ہوئے سپاہیوں پر بمباری کر رہے ہیں۔ قوم پرستوں نے بہت کافی مال غنیمت ملنے اور ایک کمیونسٹ بریگیڈیر کو گرفتار کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اس فتح سے سیناتنگ اور شمالی ہوپی کے صوبے کو جو خطرہ تھا وہ ٹل گیا ہے کہا جاتا ہے کہ سرکاری مشینی دستے بڑھتے ہوئے کمیونسٹوں کے رسل و رسائل کے مرکز ہویانگ سے ۱۵ میل کے فاصلہ پر پہنچ گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جوں جوں کمیونسٹ فوجوں نے پیچھے ہٹنا شروع کیا۔ ہزاروں سپاہی جو ابھی ہونان کی ادرعیں۔ کی بندرگاہ پر پہونچے ہیں۔ محاذ جنگ کو روانہ ہو رہے ہیں گذشتہ ۴۸ گھنٹوں میں ان کو کافی کامیابی ہوئی ہے۔ جنوب مغربی شانٹنگ میں جنوبی چین کی سرکاری فوجوں نے خوفناک جنگ کے بعد اس کو کمیونسٹوں سے خالی کرا لیا ہے اس جگہ ۳ ہزار کمیونسٹ صرف ایک ہی لڑائی میں مارے گئے۔

بنا دیا یہودی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس طرح عربوں کی حمایت کی۔

تجویز نمبر ۲ مسلمانان مرادآباد کا یہ جلسہ اخبار پربھات کے اس ایڈیٹوریل جس میں قرآن پاک اور حضور اکرم پر گستاخانہ حملے کئے ہیں بہ نظر حقارت دیکھتا ہے۔ اور اخبار پربھات کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ اس قسم کی حرکات سے مسلمانوں کے جذبات سے نہ کھیلے۔ ہم قرآن کو خدا کی کتاب اور سچی کتاب سمجھتے ہیں ہمارا یقین ہے کہ یہودجس طرح سینکڑوں برس سے ذلت کی زندگی بسر کر رہے ہیں اسی طرح آئندہ بھی دربدر مارے مارے پھریں گے۔ امریکہ اور روس کی امداد ان کو خدائی عذاب سے نہیں بچا سکتی۔ نجات صرف خدا کا راستہ کو چھوڑنے سے حاصل ہو سکتی ہے۔

اور یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ایسے شرارت پسند اخبارات سے بازپرس کرنی چاہیئے۔

اس کی تائید مولانا محمد حیات صاحب نے فرمائی۔

ساورکر کے مقدمہ کی پیروی

ڈاکٹر جیکر نے انکار کر دیا

بمبئی ۹ جون۔ پریوی کونسل کے سابق ممبر ڈاکٹر ایم۔ آر۔ جیکر نے آل انڈیا ہندو مہا سبھا کے سابق صدر مسٹر وی۔ ڈی ساورکر کے مقدمہ کی پیروی کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

اطلاع ملی ہے کہ مہاراشٹر صوبائی ہندو مہا سبھا کی قائم کردہ ڈیفنس کمیٹی نے جو کہ مسٹر ساورکر کی امداد سے لڑنا ہے کے مقدمہ کی پیروی کے لئے انتظامات کر رہی ہے۔ ڈاکٹر جیکر سے مسٹر ساورکر کا مقدمہ لینے کی درخواست کی تھی لیکن ڈاکٹر جیکر نے "دوسری مصروفیات" کی وجہ سے معذوریت کا اظہار کیا ہے۔

مرادآباد کی خبریں

۹ جون ۱۹۴۸ء

جلسہ ملتوی

نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع مرادآباد اطلاع دیتے ہیں کہ جمعیۃ علماء ضلع مرادآباد کا جو جلسہ چندوسی میں ہونے والا تھا چندوسی کی موجودہ فضا کے باعث ملتوی کر دیا گیا ہے۔ چندوسی میں ہے۔ تا وقتیکہ حالات تعلیمی اس کی اجازت نہیں دیتے کہ وہاں ضلع کا جلسہ کیا جا سکے۔ لہٰذا تمام اراکین ضلع کو ترتیب دینا چاہیئے کہ مرسلہ پمفلٹ منسوخ کیا جاتا ہے آئندہ جلسہ کی تاریخ کے لئے دوسرے اعلان کا انتظار فرمائیں۔ جو بعد میں تمام اراکین کی خدمت میں بھیجا جائے گا۔

جلسہ معراج النبیؐ

رات مسلمانان مرادآباد کا ایک جلسہ عام محلہ ... میں ہوا۔ اس جلسہ میں حضرت مولانا محمد ... نے معراج اور اس کے نکات پر سیر حاصل تقریر فرمائی۔ مولانا اشتیاق حسین صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع مرادآباد نے تجویز پیش کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ فلسطین کے مسئلہ میں امریکہ اور روس جیسی خود غرض حکومتیں مداخلت کر رہی ہیں جنگ فلسطین عربوں کے ہاتھ میں ہے۔ ہم مسلمان ... عربوں کے ساتھ ہیں ہم کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے کہ فلسطین تقسیم ہو۔

مسلمانان مرادآباد کا یہ جلسہ عربوں کے اس مطالبہ کو سراہتا ہے کہ فلسطین عربوں کا ہے اس میں کسی بھی غیر کا حصہ برداشت نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اور نہ فلسطین کو تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ معقولیت پر مبنی سمجھتا ہے۔ اور عربوں کو یقین دلاتا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان عربوں کے ساتھ ہیں۔

نیز حکومت ہند کو مبارکباد دیتا ہے کہ اس نے تمام

فسادات بہاولپور

مظلوموں کی اعانت کا اسلامی فرض علمائے حق نے کس طرح ادا کیا

ہزاروں اشخاص نے ایک فتوی سے متاثر ہو کر لوٹا ہوا مال واپس کر دیا

دہلی ۱۰ جون۔ علمائے حق نے نازک سے نازک وقت میں ہمیشہ اپنا اسلامی فرض ادا کیا ہے اور اس کے لئے انہوں نے بڑی سے بڑی قیمت ادا کی ہے ریاست بہاولپور میں ہندوؤں اور غیر مسلموں کو جان کے لالے پڑ گئے۔ مگر علمائے حق نے صرف عوام کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا بلکہ انہیں اسلام کی روشن تعلیم کے ذریعہ ان کا فرض یاد دلایا اور غیر مسلموں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے اپنی ساری قوت صرف کر دی۔ ۶ ستمبر کو فساد ہوا اور ۱۹ ستمبر کو بہاولپور کے شیخ الجامعہ کا فتوی شائع ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے لئے غیر مسلموں کا مال قطعی حرام ہے اور انکی جان اور عزت و آبرو کا تحفظ ہر مسلمان کا مذہبی فریضہ ہے۔ علمائے کرام کا یہ فتوی جو ۱۹ ستمبر ۴۷ء کو بصورت اشتہار شائع ہوا ہمیں حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کے توسط سے حاصل ہوا ہے جسے ہم مولانا محترم کے شکریہ کے ساتھ ذیل میں درج کرتے ہیں۔

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس بارے میں کہ جو ہندو اپنے گھروں کو مقفل کرکے سامان چھوڑ کر شہر سے چلے گئے ہیں ان لوگوں کی قفل شکنی کرنا۔ ان کا سامان لوٹ کر اپنے گھروں میں لے جانا اور استعمال میں لانا اور مسلمانوں کا فاسق ہو کر حلال طیب سمجھ کر کھانا پینا استعمال کرنا شرعاً جائز ہے؟

اگر مسلمان لاعلمی کی وجہ سے ایسا سامان قبضہ میں کر چکے ہوں تو علم ہو جانے کے بعد انہیں کیا کرنا چاہیئے؟

خاکسار
تاج محمد درانی۔ ڈپٹی انسپکٹر مدارس اسلامیہ بہاولپور
۱۹ ستمبر ۱۹۴۷ء

الجواب

جو غیر مسلم پاکستان کے حدود کے اندر رہتے ہیں ان کے مال، جان، عزت سب محفوظ اور معصوم ہیں۔ ان سے کسی قسم کا تعرض کرنا۔ لوٹ کر گھر لانا قفل شکنی کرنا سب قطعی حرام ہے اس کو مال غنیمت قرار دینا حرام کو حلال کرنا ہے جو کفر تک پہنچاتا ہے ہاں جو غیر مسلم قوم آلات جنگ کا استعمال کرکے جنگ کرے اس کا مال، مال غنیمت ہے گروہ مسلمان بادشاہ اور اس کی فوجی جماعت کے لئے ہے دوسرے لوگوں کے لئے جائز نہیں۔ ایسے مال کی تقسیم بادشاہ وقت اپنے ہاتھوں شرعی قوانین کے مطابق کرے گا۔ اگر لاعلمی میں ایسا ہوا ہے تو فوراً ایسے مال کو واپس کر دینا چاہیئے۔ واللہ اعلم

مولوی غلام محمد صاحب گھوٹوی۔ بہاولپور

اس فتوی کی اشاعت کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہزاروں فرزندان توحید نے لوٹا ہوا مال واپس کر دیا۔

امرتسر میں دو سکھ خاندانوں میں فساد

چار آدمی قتل ہو گئے

امرتسر ۹ جون۔ چوک بابا اٹل سے چار سکھوں کے قتل کی خبر موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دو سکھ خاندانوں میں سخت فساد ہو گیا۔ اور چار سکھ قتل اور کچھ زخمی ہوئے۔ ڈاکٹر ہری سنگھ بانی سکھ ایڈیٹر روزنامہ ڈاکٹر (گورمکھی) اور ان کے سات رشتہ دار گرفتار کر لئے گئے۔

بعد کی اطلاع ہے کہ مقتول حکیم گیند سنگھ اور ان کے

نوٹس برائے اطلاع عام

بموجب دفعہ ۶ (۱) ایسٹ پنجاب ایڈمنسٹریشن انتظام جائداد جس کا نفاذ صوبہ دہلی میں بھی کر دیا گیا ہے۔ کسٹوڈین جن جائدادوں کا قبضہ لینا چاہتے ہیں ان کی فہرست بذریعہ گزٹ شائع کرتے ہیں اور دفعہ مذکورہ کے بموجب اگر کوئی شخص چاہے تو ایک ماہ تاریخ گزٹ کے اندر اندر اعتراض کر سکتا ہے۔

فہرست جائدادہائے ... کسٹوڈین صاحب ... حسب احکامات ... گزٹ میں شائع کی جاتی ہے ... مالکان یا ساکنین جائداد ... اپنی درخواست ... بمقام ... دفتر ... ۵ بجے اور قیام ... دفتر ... تک تشریف لا کر ... درخواست دیں ... صاحبان جو بلا اجازت ... مقیم ہیں ...

سکریٹری ... جمعیۃ علماء ہند

فہرست جائداد جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بذریعہ گزٹ نمبر (۳) مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۴۸ء لیا

نمبر شمار	تفصیل جائداد	علاقہ
۸۵۹	فلیٹ نمبر ۲-۱۲۲۵۶	پہاڑ گنج
۸۶۰	12250/10	جمال الدین بلڈنگ
۸۶۱	12/1 - 19	پہاڑ گنج
۸۶۲	9300	سبزی منڈی
۸۶۳	8674	روشن آرا روڈ سبزی منڈی
۸۶۴	8673	〃
۸۶۵	(زیریں) 13283	مغلپورہ
۸۶۶	(کل) 10/2050	۲ ایسٹ پارک روڈ قرولباغ
۸۶۷	6/581	مسجد روڈ قرولباغ
۸۶۸	6/1408	ذاکر جوشکا لین
۸۶۹	(کل) 21	رہتک روڈ
۸۷۰	کل 6/1422	ایسٹ پارک روڈ
۸۷۱	دل کش	رہتک روڈ
۸۷۲	(کل) ... 6-XVI	گرپرشاد
۸۷۳	کل 11-788	ایسٹ پارک لین
۸۷۴	4500	مغلپورہ
۸۷۵	4503	〃
۸۷۶	4523	〃
۸۷۷	4859	〃
۸۷۸	4903	پولیس اسٹیشن قرولباغ
۸۷۹	4906	〃
۸۸۰	4907	〃
۸۸۱	5354	بنرلی
۸۸۲	5438	〃
۸۸۳	5464	〃
۸۸۴	5471 - 72	بازار پولیس اسٹیشن
۸۸۵	5496	روشن آرا روڈ
۸۸۶	5465	〃
۸۸۷	5535	بنرلی - قرولباغ
۸۸۸	فلیٹ نمبر ۱۲	بستی ہرپھول سنگھ صدر بازار
۸۸۹	1/165	گانان پاڑہ سول لائن کشمیری گیٹ
۸۹۰	2/459	تیلی پورہ ... روڈ قرولباغ
۸۹۱	1/379	... قرولباغ
۸۹۲	11/2479-80	قرولباغ
۸۹۳	1/10	کشمیری گیٹ
۸۹۴	1321	دھوبی والا کشمیری گیٹ
۸۹۵	4/5	گلی ... کشمیری گیٹ
۸۹۶	1/98	گلی چنار کھجور
۸۹۷	1/104	گلی دفتریان
۸۹۸	1358	دھوبی والا
۸۹۹	XI. 2479-80	دریا گنج دہلی
۹۰۰	1/184	کشمیری گیٹ
۹۰۱	35 C	بابر روڈ نئی دہلی
۹۰۲	27	〃
۹۰۳	XIV. 13724	شیدی پورہ قرولباغ
۹۰۴	13732-45	〃
۹۰۵	13761	〃
۹۰۶	13762	〃
۹۰۷	13760	〃
۹۰۸	13759	〃
۹۰۹	13790	〃
۹۱۰	13788	〃
۹۱۱	13789	〃
۹۱۲	13787	〃
۹۱۳	13786	〃

نمبر شمار	تفصیل جائداد	علاقہ
۹۱۴	13795	شیدی پورہ قرولباغ
۹۱۵	13796	〃
۹۱۶	13797	〃
۹۱۷	13796	〃
۹۱۸	13794	〃
۹۱۹	13791	〃
۹۲۰	13912-13	〃
۹۲۱	13916	〃
۹۲۲	13909	〃
۹۲۳	13867	〃
۹۲۴	13868	〃
۹۲۵	13869	〃
۹۲۶	13870	〃
۹۲۷	13871	〃
۹۲۸	13873	〃
۹۲۹	13872	〃
۹۳۰	13874	〃
۹۳۱	13875	〃
۹۳۲	13876	〃
۹۳۳	13877	〃
۹۳۴	13878	〃
۹۳۵	13879	〃
۹۳۶	13880	〃
۹۳۷	[illegible]	〃
۹۳۸	13883	〃
۹۳۹	[illegible]	〃
۹۴۰	[illegible]	〃
۹۴۱	13885	〃
۹۴۲	13886	〃
۹۴۳	13887	〃
۹۴۴	13888	〃
۹۴۵	13891-92	〃
۹۴۶	13893-	〃
۹۴۷	13899	〃
۹۴۸	13499	〃
۹۴۹	13494	〃
۹۵۰	13511	〃
۹۵۱	13513	〃
۹۵۲	13512	〃
۹۵۳	13549-52	〃
۹۵۴	13555	〃
۹۵۵	13556	〃
۹۵۶	13557-8	〃
۹۵۷	13559-60	〃
۹۵۸	13567-	〃
۹۵۹	13543	〃
۹۶۰	13522	〃
۹۶۱	13523	〃
۹۶۲	13531	〃
۹۶۳	13532	〃
۹۶۴	13533	〃
۹۶۵	13514	〃
۹۶۶	13534	〃
۹۶۷	13534	〃
۹۶۸	13536	〃
۹۶۹	13903	〃
۹۷۰	13905	〃

(باقی صفحہ ۴ پر ملاحظہ کیجئے)

ایک ماہ کے اندر ہندوستانی فوجیں کشمیر کی سرزمین سے حملہ آوروں کو نکال باہر کردیں گی

مسٹر لیاقت علیخاں وزیراعظم پاکستان پھر میدان خطابت میں

ہندوستان کے خلاف کہنہ و فرسودہ الزامات کا اعادہ

کراچی ۱۰ رجون ۔ مسٹر لیاقت علی خاں وزیراعظم پاکستان نے ایک بیان میں ہندوستان کے اس اعتراض کا ذکر کیا جو ہندوستان نے مہاجرین اور نسل کشی کے سلسلہ میں کشمیر کے اخبارات کی تردید کے سلسلہ میں کیا ہے۔ لیاقت علی خاں نے کہا موسم گرما کے شروع ہوتے ہی ہندوستان نے کشمیر میں فوجی کارروائی شروع کردی ہے اور وہ طاقت سے اس کا فیصلہ چاہتا ہے۔ انہوں نے پاکستان کی سرحدی حدود کے متعلق تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خاموش رہا اس لئے کہ وہ ہندوستان سے دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتا تھا۔ انہوں نے کہا اب یہ امید ہے کہ پاکستان کو زیادہ صبر سے کام لینا ہوگا۔ اور ہندوستان بہتر طریقہ کار اختیار کرے گا۔

ہندوستان نے جو ناگڑھ، نسل کشی اور معاہدہ کی خلاف ورزی کی شکایات پر احتجاج کیا ہے۔ وہ نیا نہیں ہے۔ اس سے قبل بھی ہندوستانی وفد نے کئی مرتبہ اعتراض کیا لیکن وہ کسی کو متاثر نہیں کرسکے سمجھا جاتا ہے کہ نسل کشی اور خلاف ورزی کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد ہیں تو ہندوستان ان سے اس قدر خائف کیوں ہے ہندوستان نے جس زور و شور سے احتجاج کیا ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان کو اپنے معاملہ کی صحت کا اس قدر یقین نہیں ہے جتنا کہ وہ دنیا کو دلانا چاہتا ہے۔ لیاقت علی خاں نے کہا کہ اس سلسلہ میں مجلس تحفظ نے ۳ رجون کو جو فیصلہ کیا ہے اس سے کسی کو تعجب نہیں ہونا چاہیے بلکہ تعجب کی بات یہ ہے کہ گذشتہ دسمبر میں ہندوستان نے ہی کشمیر کے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے پیش کیا اور اب خود کشمیر کمیشن اور مجلس تحفظ کے فیصلے سے انحراف کر رہا ہے۔ مجلس تحفظ نے اس وقت اس بحث میں یہ سمجھا کہ ہندوستان کا مطلب حل ہو گیا لیکن کشمیری لڑائی کو سخت سردی کا زمانہ گذر گیا۔ اب موسم گرما شروع ہو چکا ہے۔ اور ہندوستان پھر فوجی طاقت سے آزاد کشمیر کے میدانی علاقوں پر قبضہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ہندوستانی ہوائی جہاز پاکستان کی سرحد کے گاؤں پر حملے کرنے سے دریغ نہیں کر رہے۔ حال ہی میں ہندوستانی ہوائی جہازوں نے گاؤں [illegible] پر ہوائی حملہ کیا جس میں ۲ آدمی ہلاک اور دس زخمی ہوئے۔ کشمیر کے جن علاقوں پر ہندوستانی فوجوں نے قبضہ کرلیا ہے ان میں وہ نہایت بے رحمانہ ظلم و ستم کو روا رکھ رہے ہیں۔ حکومت ہند دراصل کشمیر جا بجا ہر اس شخص کو کشمیر سے باہر نکال دینا چاہتی ہے جو کشمیر کے پاکستان میں شامل ہونے کے حق میں ووٹ دے تاکہ کشمیر میں ایک آزاد اور غیر جانبدارانہ استصواب ہی نہ ہو سکے۔

آج شہر میں پولیس اور فوج گشت کرے گی

دہلی ۹ رجون ۔ شہر میں امن برقرار رکھنے اور شہریوں میں اعتماد پیدا کرنے کے سلسلے میں کل پولیس ہیڈکوارٹر میں ایک میٹنگ زیر صدارت مسٹر ایس ار چودھری انسپکٹر جنرل پولیس منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں فیصلہ ہوا کہ ۱۰ رجون کی شام کو اور ۱۱ رجون کی صبح کو ملٹری اور پولیس شہر میں مارچ پاسٹ کریں۔ اس کے علاوہ ایمرجنسی کی صورت میں پولیس دستوں کو ضروری ہدایات دینے کے لئے پولیس کی زیر نگرانی ایک کنٹرول روم بنایا جا رہا ہے۔ ۱۰ رجون سے ملٹری اور پولیس شہر میں باقاعدہ گشت کرے گی۔ بیان میں لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پرامن رہیں اور شرارتی عنصروں کو دبانے میں حکومت کی مدد کریں۔

سکھ حوالدار گرفتار

دہلی ۱۰ رجون ۔ دلی پولس نے چاندنی چوک میں ایک سکھ حوالدار کو گرفتار کیا ہے جو فوجی وردی پہنے ہوئے تھا۔ دس سیر چاندی کے زیورات بیچ رہا تھا۔ پولس کے پوچھنے پر ملزم نے یہ اقرار کرلیا کہ اس نے یہ زیور مشرقی پنجاب کے فرقہ وارانہ جھگڑوں کے وقت امرتسر میں لوٹے تھے۔

بموں کی چوری

پانچ بکس جس میں دو سو بم تھے دہلی فرید آباد کے درمیان حکومت ہند کی اسلحہ کی ایک گاڑی سے چرالئے گئے۔ پولس کا ایک خاص اسٹاف اس بارہ تحقیقات کر رہا ہے۔ یہ چوری کسی زبردست سازش کا نتیجہ سمجھی جاتی ہے۔

ریوالوروں اور کارتوس کی برآمدگی

تین بکس جن میں ۱۵ ریوالور تین ہزار کارآمد کارتوس اور ۳۰۰ بم کی ایک رائفل تھی۔ دہلی ریلوے اسٹیشن میں گم شدہ سامان کے دفتر سے ملے۔ یہ بکس جن کا دوسرے سامان کے ساتھ نیلام ہونے والا تھا۔ ان پر فوراً پولس نے قبضہ کرلیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ سامان گذشتہ اگست سے پہلے لایا گیا تھا۔

میونسپل اسٹالیں

میونسپل اسٹالوں کے لئے ٹرنسفر کے لئے شرنارتھیوں کی طرف سے جو درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ دہلی میونسپل کمیٹی ان کی ۱۱ اور ۱۲ رجون کو تین بجے سے ۲ بجے تک جانچ پڑتال کرے گی۔ جو لوگ پڑولوں پر بیٹھے ہوئے ہیں انھیں چاہیے کہ وہ اپنی درخواستوں کی رسیدیں اپنے پاس تیار رکھیں جن کے پاس رسیدیں نہیں ہوں گی ان کی درخواستیں مسترد ہوسکتی ہیں۔

دو ضروری اعلان

درگاہوں، خانقاہوں اور مزارات کے متولیوں

سجادہ نشینوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اولیائے کرام، علمائے عظام اور فقرائے نیک نام کے عرس یا فاتحہ خوانی جن جن تاریخوں میں ہوتی ہے یا فسادات سے پہلے ہوتی تھی ان تاریخوں سے سکریٹری خدام خلق اردو بازار جامع مسجد دہلی کو علد از جلد مطلع فرمائیں۔ تاکہ ان کی مرمت اور ان کا انتظام ہو سکے۔

نیز ان عربی خواندہ اصحاب کو جو مولوی، فاضل یا فارسی جوں اور خالی شدہ مساجد کی امامت سنبھالیں اور دیگر ضروریات مساجد پوری کرنے کے لئے اپنے نام پیش کرسکیں۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام سکرٹیری احرار خدام خلق اردو بازار جامع مسجد دہلی کو بھیجکر ممنون فرمائیں۔

حیدرآباد کی اقتصادی ناکہ بندی کی افواہیں بے بنیاد ہیں

لندن پریس کانفرنس میں ہندوستانی ہائی کمشنر کا بیان

لندن ۱۰ رجون ۔ ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ لندن مسٹر وی کے کرشنا مینن نے کل یہاں کی ایک پریس کانفرنس میں اس امید کا اظہار کیا کہ ایک ماہ کے اندر حملہ آوروں کو کشمیر سے نکال باہر کیا جائیگا۔ آپ نے کہا ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہماری حدود سلطنت پر کوئی جارحانہ کارروائی نہ کرے۔ جیسے آپ جانتے ہیں کہ آج دنیا کے اندر کوئی حکومت ایسی نہیں ہے جو حکومت ہند سے زیادہ نزاعی مسئلہ کا پرامن تصفیہ کی خواہاں ہو۔ کشمیر کو آج اقتصادی مشکلات سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے لیکن میں کہنا ہوں کہ بعض شکایات ہیں جو سیاح کشمیر کی سیر کرنا چاہتے ہیں اب وہ بلا خوف وخطر جاسکتے ہیں۔

پنڈت نہرو کے عزم لندن کے متعلق مسٹر مینن نے کہا کہ وہ شاید مولانا آزاد کے ساتھ اکتوبر میں آئیں گے۔

ہندوستان میں فرانسیسی اور پرتگیزی مقبوضات کے بارے میں آپ نے کہا کہ ہم دونوں ملکوں سے دوستانہ طور پر گفت وشنید کر رہے ہیں۔ اسٹرلنگ قرضہ جات پر تبصرہ کرتے ہوئے ہندوستانی ہائی کمشنر نے اظہار کیا کہ ہند اور برطانیہ کے نمائندوں کے درمیان دوستی کی فضا کے اندر اسٹرلنگ کے بارے میں بات چیت جاری ہے۔ ہندوستان کو ہماری مشینوں کی ضرورت ہے اور وہ برطانیہ سے حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

کشمیر اور حیدرآباد کی تشویش کے بارے میں ہندوستانی ہائی کمشنر نے بتایا کہ ریاستی عوام ہی کو اپنے مستقبل کے بارے میں طے کرنا ہے۔ کشمیر پر ہندوستان کا کوئی دباؤ نہیں ہے۔ وہاں کے نظام حکومت میں نہ تو ہندوستان کا کوئی افسر شامل ہے اور نہ کوئی مشیر بلکہ پورا نظام کشمیریوں کے ہاتھ میں ہے۔ جہاں تک حیدرآباد کا تعلق ہے بالفرض محال اگر وہ خود مختار بھی رہے تو وہ اپنی دفاع اور رسل ورسائل کے متعلق کیا کرسکتا ہے۔ اگر وہ ہندوستان کے ساتھ شامل نہیں ہوتا ہے تو اس کا مستقبل بہت سنگین ہوجائیگا۔ یہ افواہیں کہ حیدرآباد کی اقتصادی ناکہ بندی کردی جائیگی سراسر بے بنیاد ہیں۔

کراچی کے مسئلہ پر پاکستان جھک گیا۔ آمدنی سندھ کو ملا کریگی

حیدرآباد سندھ کے ایک جلسہ میں مسٹر لیاقت علیخاں کی تقریر

کراچی ۹ رجون حیدرآباد سندھ کے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر لیاقت علیخاں نے کراچی کی سندھ سے علیحدگی کے بارے میں کہا کراچی سے حکومت پاکستان کو جو آمدنی ہو رہی تھی اس میں ایک پائی کی بھی کمی نہ ہوگی جلسہ کی صدارت کے فرائض میراں محمد شاہ وزیر خارجہ نے انجام دیئے۔ آپ نے کراچی کے مستقبل کی بابت سندھیوں کے شبہات کا ذکر کیا تھا۔ مسٹر لیاقت علیخاں نے کہا کہ کراچی کو پاکستان کا دارالسلطنت بنانے سے سندھیوں کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ سندھ نے اس سلسلہ میں نکلنے کی مثال دی اور بتایا کہ کراچی کی ترقی کے لئے ایک ارب روپیہ کے درمیان روپیہ صرف کرے گی۔ کراچی کی آبادی اس وقت ۹ لاکھ ہے اس وقت تک ۳۰ لاکھ ہو جائے گی آپ نے یہ بھی کہا کہ کراچی کو دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت کے شایان شان بنایا جائے گا۔ مسٹر لیاقت علیخاں نے تیام پاکستان کے بعد سے پاکستان کو جن مصائب اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان کا ذکر کیا اور کہا یہ ہو سکتا ہے کہ پاکستان کی ترقی کی رفتار سست ہو لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ پاکستان برابر ترقی کر رہا ہے اور دن بدن مضبوط ہو رہا ہے آخر میں آپ نے لوگوں سے باہمی اختلافات کو ختم کرکے متحد ہونے کی اپیل کی۔ آپ نے کہا صرف اسی صورت میں پاکستان غیر ملکی حملہ سے محفوظ رہ سکتا ہے بعد میں آپ نے سندھی ہندوؤں سے ملاقات کی اور ان کو اطمینان دلایا کہ اور اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ سندھیوں کو ہر قسم کی سہولتیں دینے کے باوجود یہاں سے بھاگے چلے جا رہے ہیں بعد میں ایک دعوت میں تقریر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ سندھی اور مہاجر کا فرق دور ہو جانا چاہیے ان دونوں کی بقا سندھ سے ہے اگر سندھ ترقی کرنا ہے تو دونوں ترقی کریں گے ورنہ دونوں نقصان اٹھائیں گے آپ نے یہ بھی کہا کہ پسماندہ لوگوں کی ترقی پاکستان کا سب سے پہلا فرض ہے۔ آپ نے ان لوگوں کی بھی مذمت کی جو سندھی اور مہاجر کا فرق پیدا کر رہے ہیں مسٹر لیاقت علیخاں بیرک ... حیدرآباد پہنچے تھے آپ یہاں دس گھنٹے ٹھہرے آپ نے ۳ جلسوں میں تقریریں کی اور ہندو مسلمانوں کے کیمپوں کا معائنہ کیا

لاہور ۹ رجون ۔ آج مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی نے اس مقام کا معائنہ کیا۔ جہاں دریائے ستلج سے نہر کھودی جا رہی ہے ۔ اس نہر کو دیپالپور کی نہر سے ملانے کا منصوبہ کیا گیا ہے۔

۱۰۳۱	XI-3434	کوچہ چیلان - دریاگنج	
۱۰۳۲	XI.3418/3419	"	"
۱۰۳۳	3394/3395	"	"
۱۰۳۴	3395	"	"
۱۰۳۵	XI.3386	"	"
۱۰۳۶	3229	فیض گنج	"
۱۰۳۷	XI.3388-89	"	"
۱۰۳۸	XI.18/1402 فلیٹ نمبر	"	"
۱۰۳۹	1949	"	"
۱۰۴۰	1972-73	"	"
۱۰۴۱	1956	"	"
۱۰۴۲	1955	"	"
۱۰۴۳	1919	"	"
۱۰۴۴	XI-1887	فیض گنج - دریاگنج	
۱۰۴۵	1936	"	"
۱۰۴۶	پلاٹ نمبر ۴۷ - علیہ بلڈنگ	جی - بی روڈ	
۱۰۴۷	3009 فضل الدین بلڈنگ	"	"
۱۰۴۸	2428	پھاٹک بڑا بیگ - حوض قاضی	
۱۰۴۹	1928-29	نئیں گنج	دریاگنج
۱۰۵۰	2247	کوچہ کاشغری	"
۱۰۵۱	1947	فیض گنج	"
۱۰۵۲	3211	کوچہ چیلان	"
۱۰۵۳	3201	"	"
۱۰۵۴	3202	کوچہ چیلان	"
۱۰۵۵	3427	"	"
۱۰۵۶	3203	کوچہ بہرام خاں	"
۱۰۵۷	3204	"	"
۱۰۵۸	3205	"	"

نوٹس برائے اطلاع عام

نمبر	تفصیل جائداد	پتہ
۹۶۱	13906	شیشہ پارہ - سوئیوالان
۹۶۲	13905	"
۹۶۳	13904	"
۹۶۴	13903	"
۹۶۵	13716	"
۹۶۶	13718	"
۹۶۷	13719	"
۹۶۸	13717	"
۹۶۹	13711-16	"
۹۷۰	13859	"
۹۷۱	13859	"
۹۷۲	13860	"
۹۷۳	13861	"
۹۷۴	13862	"
۹۷۵	13863	"
۹۷۶	13864-66	"
۹۷۷	13866	"
۹۷۸	13820	"
۹۷۹	13821	"
۹۸۰	13822	"
۹۸۱	13823	"
۹۸۲	13824	"
۹۸۳	13825	"
۹۸۴	13849	"
۹۸۵	13851	"
۹۸۶	13855	"
۹۸۷	13852	"
۹۸۸	13850	"
۹۹۹	13049	"
[illegible]	13854	"
[illegible]	13854	"
۱۰۰۲	13848	"
۱۰۰۳	13838	"
۱۰۰۴	13136	"
۱۰۰۵	13840-41	"
۱۰۰۶	13842	"
۱۰۰۷	4093	"
۱۰۰۸	13843	"
۱۰۰۹	13845	"
۱۰۱۰	13846	"
۱۰۱۱	13847	"
۱۰۱۲	2244	کوچہ کاشغری - دریاگنج
۱۰۱۳	2245	"
۱۰۱۴	2246	"
۱۰۱۵	2248	"
۱۰۱۶	2240	"
۱۰۱۷	1850	گلی قاسم جان - بلیماران
۱۰۱۸	1541	گلی ... - دریاگنج
۱۰۱۹	572	چاندنی محل
۱۰۲۰	4402	فیض بازار، ڈیوڈ اسٹریٹ دریاگنج
۱۰۲۱	6	فیض بازار ڈیوڈ اسٹریٹ دریاگنج
۱۰۲۲	1045-47	... اسٹریٹ - بازار سیتارام دریاگنج
۱۰۲۳	1635	چاہ رہٹ کالی مسجد
۱۰۲۴	XIII-1455	عقب کلاں مسجد
۱۰۲۵	1431	کوچہ نیاز خاں
۱۰۲۶	2021	فیض گنج
۱۰۲۷	III/620	پھاٹک مفتی والان
۱۰۲۸	X-678	"
۱۰۲۹	1447	عقب ... بازار سیتارام
۱۰۳۰	2008	فیض گنج - دریاگنج

آپ کی مہمان نوازی اس وقت تک مکمل نہیں ہوسکتی جب تک آپ روح افزا کا ایک مفرح گلاس پیش نہ کریں۔

روح افزا

مفرح، مسکن، مقوی شربت

پیاس بجھاتا ہے، تسکین و فرحت بخشتا ہے، گرمیوں کے شدید موسم میں آپ کو چست تندرست اور ٹھنڈا رکھتا ہے ہر جگہ مل سکتا ہے یا براہ راست طلب فرمایئے۔

ہمدرد دواخانہ دہلی

Hamdard DAWAKHANA, DELHI

Adarts (Delhi) Ltd.

جب آپ دہلی تشریف لائیں

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہایش کا بہترین انتظام ہے

افضل پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل اردو منزل اردو بازار دہلی

ضرورت رشتہ دامادی

ایک لڑکی دوشیزہ خواندہ، پابند صوم وصلوٰۃ امور خانہ داری سے واقف کے لئے ایک لڑکا عمر ۲۰ تا ۲۵ سال تندرست خواندہ، برسر روزگار یا برسر ملازمت ہو، ذات پٹھان، شیخ صدیقی یا شیخ فاروقی ہو۔ بقیہ امور دریافت طلب پتہ ذیل پر کریں۔

پتہ یہ ہے:- ایم جمیل اینڈ سنز، چوک، شہر بنارس (یو، پی)

تپ دق T.B.

اور پرانے بخار کا جبری JABRI

مریضو! اب ... جبری کا استعمال شروع کرکے دس روز میں ہی کرشمہ دیکھو ... جب ... ہندوستان کے کونہ کونہ سے ... [illegible]

پتہ: ... اینڈ سنز نمبر ۲۵ جگادھری (مشرقی پنجاب)

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ ۴ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۳ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۱۹ | قیمت فی پرچہ ۱ آنہ، بذریعہ ہوائی جہاز ۲

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
فیور لیوبا اینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب کی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس
حویلی حسام الدین حیدر، چاندنی چوک دہلی سے حاصل کیجئے

امریکی نگران فلسطین کو روانہ

واشنگٹن ۱۱ر جون۔ معلوم ہوا ہے کہ امریکہ کے دو بحری افسر فلسطین میں عارضی صلح کی نگرانی کریں گے۔ آج واشنگٹن سے فلسطین روانہ ہو جائیں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ ان لوگوں کو کاونٹ برنیڈوٹ کی درخواست پر بھیجا جا رہا ہے، جنہوں نے اپنی مدد کے لئے امریکہ، فرانس اور بلجیم سے درخواست کی تھی۔

آج دن کے ساڑھے گیارہ بجے فلسطین میں لڑائی بند کرنے کا حکم دیدیا گیا

بین الاقوامی نگران اس حکم کی تعمیل کی نگرانی کریں گے

کاونٹ برنیڈوٹ کی امریکہ، فرانس اور بلجیم سے امداد کی درخواست

لڑائی کے متعلق آخری اطلاعات

حملہ آور فوجی امداد کیلئے فلسطین بھیجا جائے، مسٹر جناح سے وزیر جج اردن کا مطالبہ

افغانستان اپنے پڑوسی ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتا ہے

افغان پارلیمنٹ کے افتتاح پر بادشاہ ظاہر شاہ کی تقریر

وندھیا پردیش کی ریاستوں میں سخت اختلافات پیدا ہو گئے

ریاستی امور کی وزارت دیکھ بھال کیلئے منسٹر مقرر کریگی

ڈاکٹر ملان کی وزارت سمٹس کے نقش قدم پر

ہندوستانیوں کو نمائندگی نہ دینے کا واضح اعلان

فرانسیسی قونصل کی بیوی پر حملہ

ترکی کی نئی وزارت

انہدام سے بچنے کے لئے حکومت نظام کا اقدام

لاہور کے گردوارہ میں سکھوں نے گرنتھ صاحب کو پڑھا

جبریہ فوجی بھرتی کا قانون

امریکی سینیٹ نے منظور کر لیا

حکومت ہند لنکا کی حمایت پر

مسٹر قاسم رضوی کی دھمکی پر

انصاری ہردانی کا بیان

ہندو مسلم سکھ سب کے درد مند
سب سے بڑے حکیم محبوب خاں کا
قائم کردہ
بڑا دواخانہ
آج مایوسوں کی امید گاہ ہے
حالات لکھ کر طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے
دوا اچھے جہاں سے خریدیئے
منیجر بڑا دواخانہ
پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

الجمعیۃ دہلی روزنامہ
۱۳ جون ۱۹۴۸ء

ہند اور پاکستان کا معاہدہ

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان خام اور مصنوعی پیداوار کے مبادلہ پر جو معاہدہ منعقد ہوا ہے اس پر دونوں ملکوں کے نمائندوں نے ۲۶ مئی کو دستخط کر دیئے اور جانبین سے یہ معاہدہ منظور کر لیا گیا۔ اس معاہدہ کا نفاذ یکم جولائی سے ہوگا۔ بشرطیکہ کوئی افتاد پیش نہ آئے اور جانبین خلوص کے ساتھ اسے تکمیل تک پہونچانے کا عزم کریں۔

اس معاہدہ کی رو سے پاکستان، ہندوستان کو جوٹ (سن) روئی، غلہ، نمک وغیرہ دے گا اور ہندوستان پاکستان کے لئے کوئلہ، کپڑا، اور سوت، ریلوے اسٹور، تمباکو اور جائے بہیا کرے گا۔ خام پیداوار پاکستان سے آئے گی اور مصنوعی اشیاء ہندوستان سے جائیں گی، گویا ہند اور پاکستان میں یہ دادوستد کی ابتدا ہے، تعاون کا آغاز ہے، مفاہمت کی تمہید ہے اور اسبات کا کھلا ثبوت کہ ہند کو پاکستان کی اور پاکستان کو ہند کی ضرورت ہے۔ کہنے کو کہا جا سکتا ہے کہ انہیں ایک دوسرے کی ضرورت نہیں، اور دونوں اپنا کام آپ چلا سکتے ہیں، مگر واقعات کی دنیا خوش فہمیوں کی دنیا سے بالکل الگ ہے، اگر ایک انسان دوسرے انسان کے کام آ سکتا ہے، اگر ایک کا پیسہ دوسرے کی مدد کر سکتا ہے تو ایک حکومت بھی دوسری حکومت کے کام آ سکتی ہے، اور حکومتیں بھی وہ جو جغرافیائی اور تہذیبی اعتبار سے ایک دوسرے سے قریب ترین ہیں اور جن کو جدا ہوئے ایک سال بھی نہیں گذرا۔

نامردوں کی حیات نو کا پیغام ہے۔ قیمت فی شیشی جو ایک مریض کا مکمل علاج ہے …

(۶) عرق حیات

… چھیپ اور موتی جھیرہ کا اکسیری علاج ہے قیمت فی بوتل …

(۷) حب بدر سفید

ایام ماہواری کی بے اعتدالیوں کا واحد علاج ہے۔ خوراک ۲ حب تا ۶ قیمت فی حب …

پتہ: حکیم انتظار احمد رجسٹرڈ طبیب اے کلاس۔ مراد آباد یوپی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
فون نمبر 6841
سالانہ قیمت تین روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۲ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۱ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۲۶ | فی پرچہ ۱ بذریعہ ہوائی جہاز ۲

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
نیو یو بائینڈ کمپنی کی کلائی اور جیب کی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی لمیٹڈ
حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی سے حاصل کیجئے

پنڈت جواہر لال نہرو ستمبر میں انگلستان جائیں گے

نئی دہلی ۱۸ جون خیال ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو ماہ ستمبر میں انگلستان جائیں گے۔ ہند پارلیمنٹ کا اجلاس اگست کے تیسرے ہفتہ میں ہونا تھا، مگر شاید اب یہ اجلاس اگست کے شروع میں ہو تاکہ یہ اپنا کام ستمبر کے آغاز میں ہی ختم کر دے۔ پنڈت نہرو کو برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر ایٹلی نے برطانیہ آنے کی دعوت دی تھی جسے آپ نے مشروط طور پر پہلے دنوں منظور کیا تھا۔

کشمیر کمیشن آخر جون تک ہندستان آ کر اپنا کام شروع کر دیگا

کشمیر کے متعلق پہلی رپورٹ اکتوبر میں جنرل اسمبلی کے سامنے پیش کر دیجائیگی

سب سے پہلے ارجنٹینا کا نمائندہ کمیشن کا چیرمین منتخب کیا گیا

وزیر اعظم برما کے بیان پر مسٹر ہیون کا اظہار ناراضگی

لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو سپاسنامہ پیش کرنے کے عظیم الشان انتظامات

لارڈ موصوف ایک کھلی گاڑی میں چاندنی چوک سے گزریں گے

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

تقریب کا پروگرام یہ ہے

انڈونیشی جمہوریت کے خاتمہ کے لئے ولندیزیوں کی شرمناک کوششیں

جمہوری علاقوں کا شدید محاصرہ۔ وزیر اطلاعات انڈونیشیا کا بیان

وان موک سے گفتگو

برطانوی فوجوں کے جاتے ہی عرب عام حملہ شروع کر دیں گے

وزیر اعظم اسرائیل کا یہودیوں کو انتباہ

انگریزی حکومت کی آخری یادگار لارڈ ماؤنٹ بیٹن اپنے عہدے سے سبکدوش

پیر کی صبح ساڑھے دس بجے سر گوپال آچاریہ حلف اٹھائینگے

ہندوستان کے پہلے ہندستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم

ڈیورنڈ لائن کا پھر مطالبہ

کابل ریڈیو کا اعلان

مسٹر کھوڑو کے مقدمہ میں سندھ کے ایڈووکیٹ جنرل کی گواہی

سابق وزیر اعظم ایڈووکیٹ جنرل کو علیحدہ کرنا چاہتے تھے

مسٹر کھوڑو کی طرف سے سر اقبال احمد کی جرح

بقیہ صفحہ ... پر دیکھئے

مشترکہ سرحدی پولیس کا قیام

ہندو مسلم سکھ سب کے درد مند ہند کے سب سے بڑے حکیم محبوب خاں کا قائم کردہ
برادواخانہ آج مایوسوں کی امید گاہ ہے۔ حالات لکھ کر طبی مشورہ مفت حاصل کیجیے
دوا چاہے جہاں سے خریدیئے
منیجر برادواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

روزنامہ دہلی
الجمعیۃ
۲۱ جون ۱۹۴۸ء

پاکستانی چھینٹے

حیدرآباد کے سید قاسم رضوی کی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ تقریروں نے جو کہرام مچایا ہے وہ ہندوستان کے مسلمانوں پر مخفی نہیں، یہ تقریریں ہمارے لئے رنج دہ ہیں کیونکہ انسے ہمیں فائدہ کے بجائے اسقدر نقصان پہونچ سکتا ہے جس کا اندازہ حیدرآباد اور پاکستان کے لوگ نہیں لگا سکتے۔ پاکستان بننے کا جو خمیازہ ہمیں بھگتنا پڑا اور ملک کی تقسیم کی جو قیمت ہم سے وصول کی گئی اس کا تقاضہ ہے کہ اب ہندوستان کے مسلمان دوست اور دشمن میں تمیز کریں اور باہر کی ہمدردیوں کو اپنے حق میں سم قاتل سمجھیں، ہم سے بڑھ کر کون نادان ہوگا کہ پاکستان یا اپنے آپ کو بیعت چڑھا کر قاسم رضوی کو نہ پہچانیں اور ان کی ہمدردیوں کے جال میں پھنسکر اپنے مستقبل کو اور زیادہ تاریک بنائیں!

چنانچہ سید صاحب کی ہرزہ سرائیوں کے مضرات کا اندازہ لگاکر مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند کو ایک بیان دینا پڑا جس میں آپ نے لگی لپٹی کے بغیر صاف صاف فرمایا کہ ہندی مسلمان اپنے وطن ہند کے وفادار شہری ہیں، اگر قاسم رضوی کا خیال یہ ہے کہ مسلمانان ہندان کے سیاسی کھیل میں مہرہ بنیں گے تو وہ ایک بہت بڑے فریب میں مبتلا ہیں اگر وہ اب بھی نہ سمجھے تو انہیں مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

اس بیان کی اہمیت اور صداقت کا.... احساس ان ہی لوگوں کو ہوسکتا ہے جو ہندیونین کے شہری ہیں اور اپنے ماحول میں اپنی بھلائی برائی کو سمجھتے ہیں، پاکستان کے لوگ یا حیدرآباد کے باشندے جو اپنے آپ کو ہر بلا سے محفوظ سمجھتے ہیں اور انہیں اقلیتوں کی مشکلات اور نزاکتوں کا کوئی احساس نہیں وہ اس بیان کی اہمیت کا ادراک کرنے سے قطعی قاصر ہیں وہ تو زیادہ سے زیادہ یہی کرسکتے ہیں کہ اس بیان کا مذاق اڑائیں، اسے بزدلی پر محمول کریں، اگر وہ ہماری جگہ ہوتے اور شہری ذمہ داریوں کو سمجھتے تو یہی سب کچھ کہتے جو اب تک نیشنلسٹ مسلمانوں کی طرف سے کہا گیا ہے۔

معاصر "زمیندار" لاہور جیسے تدبر و فراست کا کچھ اچھا مظاہرہ کرنا چاہیے تھا، ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کے بیان سے آتش زیر پا ہوگیا ہے، چنانچہ لکھتا ہے کہ "جمعیۃ علماء ہند کے جنرل سکریٹری حفظ الرحمٰن نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں انہوں نے سید قاسم رضوی صدر انجمن اتحاد المسلمین حیدرآباد دکن کو گنگا جل پی پی کر کوسا ہے۔"

مگر معاصر کو چاہیے کہ سید قاسم رضوی کی بیباکانہ روش کا حال اعلیٰ حضرت میر عثمان علی خاں اور میر لائق علی سے دریافت کرے کہ وہ کس حد تک تنگ آچکے ہیں، یا ان مسلمانوں سے دریافت کرے جنہیں ملک کی تقسیم نے زندہ درگور کر رکھا ہے!

اور رضوی صاحب کی اس شرارت کا کیا علاج کہ وہ ہند کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو غدار ثابت کررہے ہیں اور صاف صاف کہہ رہے ہیں کہ مسلمانان ہند حیدرآباد کے ففتھ کالم ہیں اور وقت آنے پر حیدرآباد کا ساتھ دیں گے،

جو شخص مسلمانان ہند کو اپنا حامی قرار دیکر انکی وفاداری پر ضرب لگائے اور انہیں مشکوک بناکر تباہی کے غار میں دھکیلے کیا اس کی نسبت یہ کہنا کہ وہ مسلمانان ہند کو اپنی سیاست کا مہرہ بنا رہے ہیں "گنگا جل پی پی کر کوسنے" کے مرادف ہے؟ ہماری سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ ہمیں ایسی حالت پر چھوڑ دیا جائے اور ہمیں مخاطب کرنے کی زحمت نہ اٹھائی جائے

مگر رضوی صاحب ہمارے حامی بنکر ہمارے مستقبل کو ختم کردینا چاہتے ہیں اور جب ہم احتجاج کرتے ہیں تو "زمیندار" کو جوش آجاتا ہے کہ ناظم اعلیٰ رضوی صاحب کو گنگا جل پی پی کر کوس رہے ہیں!

معاصر "زمیندار" کو ناظم اعلیٰ کا یہ ارشاد کہ "رضوی صاحب اس غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں کہ مسلمانان ہندان کا ساتھ دیں گے"، بہت ناگوار گذرا، چنانچہ لکھتا ہے۔

"سید قاسم رضوی نے کب کہا تھا کہ مسلمانان ہند دولت آصفیہ کی امداد کریں گے، جس ملک میں جمعیۃ علماء ہند ایسی جماعتیں ہوں وہاں کے مسلمان کیا کرسکتے ہیں، وہ تو خود ذبح کئے جارہے ہیں، چنانچہ دہلی میں مولوی حفظ الرحمٰن کے سامنے ہزاروں مسلمان شہید کئے گئے اگر وہ بیچارے کسی امداد کے قابل ہوتے تو اپنے آپکو بچاتے"۔

یعنی جمعیۃ علماء ہند نے مسلمانوں کو اس قابل ہی نہیں رکھا کہ وہ حیدرآباد کی تو کیا اپنی ہی امداد کرسکیں اور یہ جمعیۃ علماء تو ایسی ہے کہ اسکے سامنے ہزاروں مسلمان شہید کئے گئے، مگر وہ بیچارے اپنے آپ کو نہ بچا سکے! اور جب جمعیۃ علماء ایسی ہے تو ان لیگی لیڈروں کی نسبت کیا کہا جائیگا جو نفرت و عناد کی آگ بھڑکا کر اور مسلمانوں کی کشتی کو منجدھار میں چھوڑ کر لوٹڑیوں کی طرح پاکستان کو سدھارے اور مسلمانوں کو قربانی کا ذبیحہ بناکر چھوڑ گئے! اگر یہ مولوی حفظ الرحمٰن کے سامنے ہزاروں مسلمان شہید کئے گئے، تو وہ لاکھوں مسلمان جو شہید ہونے سے بچ گئے انہیں بچانے کے لئے شاید مسٹر جناح تشریف لائے ہونگے، اگر وہ نہ آتے تو ایک مسلمان بھی زندہ نظر نہ آتا!

زمیندار کو معلوم ہونا چاہیے کہ لیگی لوٹڑیوں کے فرار کے بعد یہ جمعیۃ علماء ہی تھی جس نے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو بچایا اور دہلی کے مسلمانوں کو روک کر غیرت ملی کی لاج رکھلی۔ مہاتما گاندھی تھے اور مولانا حفظ الرحمٰن کے دن رات ایک کردیا اور اس وقت تک چین سے نہ بیٹھے جب تک کہ مسلمانوں کے تحفظ کی گارنٹی نہ لے لی، ہزاروں کیا لاکھوں مسلمان قتل ہوئے مگر کس کی بدولت؟

پاکستان بنتے ہی لاکھوں مسلمانوں کی جان لے لی گئی، نہ پاکستان بنتا، نہ یہ مصیبت نازل ہوتی، اگر کہیں جمعیۃ علماء پاکستان بننے دیتی اور پھر لاکھوں مسلمانوں کا قتل عام ہوتا تو معاصر زمیندار کے دلائل کیا ہوتے اور وہ کس طرح پھاڑ کھانے کو دوڑتا، یہ تو غنیمت ہوئی کہ لیگ نے پاکستان بنایا، لیگی لیڈر دم دبا کر بھاگے اور لاکھوں مسلمان ذبح کردئے گئے مگر اسپر بھی صبر نہیں اور ارشاد ہے کہ جمعیۃ علماء نے سوائے اس کے کچھ نہیں کیا کہ ہزاروں مسلمانوں کی شہادت کا تماشا دیکھتی رہی! اگر زمیندار کو یقین نہ آئے تو وہ ان لیگی مسلمانوں سے دریافت کرے جو اس وقت لاہور، ملتان، کراچی، لائل پور، راولپنڈی میں موجود ہیں، وہ شہادت دیں گے کہ.... مصیبت میں جمعیۃ علماء کام آئی اور لیگی لیڈروں نے آکر یہ بھی نہ پوچھا کہ مرنے والوں نے کس طرح جان دی!

"زمیندار" سن لے، ہم اب حیدرآباد میں دوسرا پاکستان نہ بننے دیں گے، ایک پاکستان کی قیمت تو یہ ادا کرنی پڑی کہ لاکھوں شہید ہوئے

جان اور مال

انما المومنون۔ تا۔ ھم الصادقون (پ ۲۶ ع)

مومن وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور اپنی جان و مال سے خدا کی راہ میں کوشش کرتے ہیں، اور یہی ہیں وہ جو راستباز کہلاتے ہیں۔

ایمان باللہ کا مطلب یہ ہے کہ خدا پرستی رگ رگ میں پیوست ہوجائے اور ہر کام میں خدا کا تصور غالب رہے۔ رسول پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ ان کی اعلیٰ شخصیت کو ہم اپنے لئے نمونہ عمل بنائیں اور ان کے احکام کی تعمیل میں سب سے آگے رہیں خدا کی راہ میں کوشش کرنا اور اس راہ میں جان و مال سب کچھ قربان کرنا ایمان کا تقاضہ ہے کوشش کرو، حرکت میں آؤ، خاموش نہ بیٹھو اور اپنے اعلیٰ مقصد کے لئے جان و مال کی کوئی حیثیت نہ سمجھو، جان بچانا چاہتے ہو تو جانوں کو قربان کرو۔ دولت حاصل کرنا چاہتے ہو تو دولت کو مٹاؤ۔

تم نے دیکھا کہ خدا کی راہ میں اور اجتماعی مقاصد کے لئے جب کبھی مسلمان سے دولت مانگی گئی تو اسنے اپنی غربت کا رونا رویا، اور حق کے لئے اس کی جیب سے کبھی دو کوڑی روپیہ بھی نہ نکلا مگر جب ان پر تباہی نازل ہوئی تو انہی غریب مسلمان کو اربوں روپے چھوڑ کر بھی جان بچانی مشکل ہوگئی جو لوگ بچوں کی تعلیم پر دس روپے بھی خرچ نہ کرسکتے تھے انہیں دس ہزار چھوڑنے پڑے، قدرت نے دکھایا کہ غربت کا رونا محض فریب تھا اور اس فریب کی سزا یہ کہ سب کچھ چھین لیا گیا۔

اب معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند سنٹرل سکریٹریٹ کے موجودہ سرکاری ملازموں میں سے پچاس فیصدی کو مستقل کرنے والی ہے تاکہ وہ دلجمعی اور اطمینان کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرسکیں اور انہیں برطرفی کے خطرہ سے نجات ملے، لیکن حکومت نے ان افسروں کی سرمہری اور غفلت کا کوئی علاج نہیں سوچا جو مستقل ہیں مگر ذمہ داری اس لئے محسوس نہیں کرتے کہ اب انکا کوئی کیا بگاڑ سکتا ہے، نہ برطرفی کا خطرہ نہ باز پرس کا اندیشہ، لہذا مزے کرو اور مفت کی تنخواہ مارو!

ہزاروں بہنوں اور بیٹیوں کی آبروریزی ہوئی اور بیشمار عورتیں اغوا کرلی گئیں، اب اگر کہیں دوسرا پاکستان بن گیا تو زمیندار تو مقالات ہی لکھتا رہیگا اور لیگی لیڈر مونچھوں پر تاؤ دیتے رہیں گے اور یہاں ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی جان پر بن جائے گی اور پھر یہی جمعیۃ علماء ہند اور یہی مولانا حفظ الرحمٰن ہوں گے جو تحفظ ملک کے لئے سینہ سپر ہوکر میدان میں آئیں گے اور لیگی بہادروں کی شکل تک کوئی نہ دیکھ سکیگا۔

پنڈت نہرو کا اعلان

وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے پریس کانفرنس میں حیدرآباد کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے تین باتوں پر خاص زور دیا۔

(۱) حکومت ہند الحاق کے لئے حیدرآباد پر کوئی جبر کرنا نہیں چاہتی، اس کی خواہش ہے کہ شمولیت کا مسئلہ معاہدہ کے ذریعے طے ہو۔

(۲) حکومت ہند حیدرآباد کے خلاف جنگ نہیں کرے گی۔

(۳) حکومت ہند، حیدرآباد کی فوجی ناکہ بندی کرے گی یعنی کسی راہ سے حیدرآباد کو فوجی سامان جانے کی اجازت نہ دے گی۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ حکومت ہند مزید گفتگو کرکے وقت ضائع نہ کرے گی، اگر نظام مصالحت چاہتے ہیں تو حکومت ہند کے شائع کردہ نامہ پر دستخط کردیں۔

ہمارے خیال میں پنڈت جی کا یہ بیان گو قدرے الجھا ہوا ہے مگر بہت مدبرانہ ہے خصوصاً یہ اعلان کہ حکومت ہند جنگ کرنے کی کوئی خواہش نہیں رکھتی اور نہ زبردستی حیدرآباد کو اپنے اندر شامل کرنا چاہتی ہے احتیاط مآل اندیشی اور احساس ذمہ داری کی انتہا ہے اب یہ کام رضاکاروں کا ہے کہ وہ اپنی مشکلات کا جائزہ لیں اور اس سلسلہ میں غلط قدم اٹھاکر حکومت ہند کو جوابی اقدام کے لئے مجبور نہ کریں

مستقل کرنے کی تجویز

ہمنے ان ہی کالموں میں عرض کیا تھا کہ سرکاری محکموں میں تعطل اور ابتری کی وجہ کیا ہے اور سرکاری ملازم اپنا فرض محسوس کرکے دفتری فرائض کیوں انجام نہیں دیتے؟

اس کی ایک وجہ ہم نے یہ بیان کی تھی کہ دس دس سال کے سرکاری ملازموں کو اب تک مستقل نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے ان میں خوشدلی اور دلجمعی سے کام کرنے کا جوش باقی نہیں رہا اور بات بھی سچ ہے کہ جس ملازم کو ہر وقت اپنی علیحدگی کا خطرہ لگا رہتا ہو وہ انہماک اور خوشدلی کے ساتھ کس طرح کام کرسکے گا۔

میوات پر ایک نظر

راجپوتانہ ہندوستان کے تمام صوبوں میں ہر اعتبار سے پست سمجھا جاتا ہے یہ سارا صوبہ ریاستوں میں بٹا ہوا ہے بارش بہت کم ہوتی ہے ریگستانی و پہاڑی علاقہ ہے۔ پہاڑ بھی خشک ہیں۔ سرسبز پہاڑ نہیں ہیں۔ گرمی اس قدر سخت پڑتی ہے مئی۔ جون کے مہینوں میں یہاں رہنا مشکل ہوجاتا ہے۔ الور اور بھرتپور میں سب سے زیادہ خراب زمین ہے الور اور بھرتپور کی اکثر زمین پہاڑ اور گداڑوں نے گھیر رکھی ہے جس زمین کو اچھا سمجھا جاتا ہے۔ اس میں بھی صرف ایک فصل ہوتی ہے۔ اس پر بھی میو قوم جسقدر مشقت کرتی ہے وہ شاید ہی ہندوستان کے کسی صوبہ میں ہوتی ہو فصل میں جو اناج پیدا ہوتا ہے۔ وہ باجرہ، جوار، گوار ہی پیدا ہوتا ہے۔ کنوؤں سے آبپاشی کرنی پڑتی ہے کنوؤں کی گہرائی ساٹھ ستر گز کے قریب ہے دونو ریاستوں میں نہر قطعی نہیں ہے۔ ریل کی لائن صرف ایک ہے۔ پکی سڑک نہیں ہے۔ کھیتوں میں لیجھا کے کچھ نہیں ہوتا۔ میو قوم مویشیوں کو ساتھ لے کر آٹھ ماہ جنگل میں رات دن رہتی ہے جب کچھ پیدا ہوتا ہے جنگلی درندے کثرت سے ہیں۔ اگر چوبیس گھنٹے آدمی نہ رہے تو ساری فصل برباد ہوجاوے لگان و ٹیکس کی شرح حد سے زیادہ ہے جس زمین کا لگان ضلع گوڑگانوہ میں آٹھ آنہ یا چھ آنہ ہے ان ریاستوں میں پانچ روپے سے لیکر دس روپیہ فی بیگھہ فی سال ہے یہ بارانی زمین کی جمع ہے۔ چاہی کی سات سے لے کر پندرہ روپیہ فی بیگھہ تک ہے کسٹم محصول کی ریاستوں میں کوئی حد نہیں۔ آمد و رفت دونو پر کسٹم ہے۔ مثال کے طور پر چند چیزوں کی کسٹم ڈیوٹی حسب ذیل ہے۔

ریاست سے باہر جانے کا کسٹم بھینس پر ساٹھ سے لے کر نوے روپیہ تک۔ بیل پر پچیس روپیہ۔ بکری پر پانچ روپیہ۔ گھی پر تینتالیس روپیہ فی من۔ غرضکہ کوئی جز کسٹم سے خالی نہیں سب سے بڑی لعنت ان ریاستوں میں یہ ہے کہ ہندوستان آزاد ہوچکا ہے۔ مگر ریاستوں میں بدستور غلامی کی لعنت موجود ہے۔ انڈین یونین کے باشندے ہوتے ہوئے کوئی آدمی ریاستی غلامی کو برداشت نہیں کرسکتا۔ میو قوم کا تو یہ آبائی وطن ہے وطن کی محبت ہر چیز کو برداشت کرنے پر مجبور کرتی ہے شرنارتھیوں کو اسٹیٹ منسٹری سبز باغ دکھاتی ہے اور کہتی ہے کہ میوؤں کی زمین زرخیز ہے۔ حکومت ہند اعلان کرچکی ہے کہ جو مسلمان پاکستان نہیں گئے۔ انڈین یونین میں مقیم ہیں ان کی زمین اور مکان ان کے ہیں۔ کسی کو نہیں دیئے جائیں گے۔ مرکزی حکومت کے تمام ارکان کو معلوم ہے کہ مہاتما گاندھی جی میوات گئے اور بار بار اپنی پراتھنا سبھا میں فرمایا کہ میو میرے ملک کی طاقت ہیں میں ان کو ان کے گھروں میں آباد کروں گا۔

مگر اسٹیٹ منسٹری ہے کہ حکومت ہند کے اعلان کے خلاف عمل کررہی ہے۔ مہاتما گاندھی جی کے فرمان کو بھی پس پشت ڈال رہی ہے۔ سال بھر سے اجڑے ہوئے میو برابر درخواست کررہے ہیں کہ ہم پاکستان نہیں گئے اپنے گھروں میں بسیں گے اور مہاتما جی کے بتائے ہوئے راستوں پر چلیں گے مگر اسٹیٹ منسٹری غریب شرنارتھیوں کو ان کے ساتھ کوئی ہمدردی نہ کرتے ہوئے۔ زبردستی ریاستوں میں دھکیل رہی ہے اور میوؤں کو ہمیشہ کیلئے غلامی کی لعنت میں گرفتار کرنا چاہتی ہے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ریاستیں ختم ہوگئیں وہ اس بات کو نہیں سمجھتے کہ ابھی تک راجہ ہی حکومت کررہے ہیں۔ پرجا منڈل کو برائے نام وزارت دی گئی ہے۔ الور بھرتپور کے راجہ یہ سمجھتے ہیں کہ جب ہم نے ہزاروں میوؤں کو قتل کیا۔ ہزاروں دیہات کو جلاکر خاکستر کردیا۔ تمام مساجد و مقابر کو نیست و نابود کردیا۔ دنیا کی ایک عظیم الشان ہستی کو بھی قتل کرادیا۔ پھر بھی اسٹیٹ منسٹری نے راجاؤں کو صاف بری کردیا۔ الٹا میوؤں کو مجرم قرار دیدیا۔ دنیا کی کسی بھی عدالت کا قانون نہیں کہ ملزم کو بغیر

(باقی صفحہ ۳ پر دیکھئے)

سیر و سیاحت

سیاح

۱۵ر جون آیا اور گذر گیا۔ اس دن کیا ہوا؟ سورج اپنے وقت پر نکلا اور اپنے وقت پر غروب ہوا اور اس کے سوا سب خیریت ہے۔

اب لوگ پوچھتے ہیں [illegible] جون آرہا ہے اس دن کیا ہوگا؟ [illegible] کو ہوا [illegible] طرح ۱۵ر جون کو اٹھے تھے اور انشاءاللہ اسی طرح اپنے وقت پر جاکر سو رہیں گے [illegible] البتہ ایک تاریخی واقعہ ضرور پیش آئے گا [illegible] گورنر جنرل [illegible] گورنر جنرل کی حیثیت سے آل انڈیا [illegible] میں [illegible] گے [illegible]

[illegible] مختلف تقریبات ہوں گی جن میں سیاح کو بھی شرکت کرنے اور [illegible] اٹھانے کا شرف حاصل ہوگا۔

اگر آپ کے پاس بھی دعوت نامہ موجود ہے تو تشریف لے آئیں ساتھ رہے گا [illegible] خصوصی طور پر متوجہ ہوں۔

۱۵ر اور ۲۱ر جون کا ذکر آیا تو یہ بھی سن لیں کہ جن لوگوں نے ۲۱ر جون کو ایک ہوا بنا دیا تھا [illegible] تاکہ مفت کی دولت اڑانے کا ایک موقعہ ہاتھ آجائے۔

ان کے ہاں صف ماتم بچھی ہوئی ہے اسی لئے نہیں کہ ایک ذریں موقعہ ان کے ہاتھ سے نکلا جارہا ہے بلکہ اس لئے کہ اب عام لوگوں میں [illegible] اور ان افواہ بازوں اور [illegible] کو ہمیشہ کیلئے مرجانا ہے۔

چلئے [illegible] کے لئے ایک مصیبت سے چھٹی تو حاصل ہوگئی [illegible] جو احباب آنے والے موسم [illegible] کے [illegible] کے متعلق [illegible] وہ اب اپنا خیال بدل سکتے ہیں [illegible] اور اگر وہ خود تشریف لائیں تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں [illegible]

[illegible]

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آپ کا مخلص

مکرمی تسلیم۔ حکومت ہند نے حال میں فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ سے سرکاری مراسلات میں [illegible] آپ کا [illegible] فرمانبردار خادم کی بجائے "آپ کا مخلص" کے الفاظ استعمال کئے جائیں۔ [illegible] کے [illegible] دور میں شاید حکومت ہند کے اس فیصلہ کو زیادہ اہمیت نہ دی جائے اور یہ بہت جزئی اور معمولی تبدیلی سمجھی جائے۔ لیکن جو لوگ اس امر سے واقف ہیں کہ اب سے پہلے ان الفاظ کے استعمال پر کس قدر زور دیا جاتا تھا اور کس سختی [illegible] ایک [illegible] بہت سے لوگوں کے خیال میں یہ حصول آزادی کا قدرتی نتیجہ ہے۔ بیشک ایک زمانہ میں ضابطہ کے بے کار اور بے معنی الفاظ کے استعمال پر سخت زور دیا جاتا تھا ان کو نظر انداز کرنا ایک ناقابل معافی جرم سمجھا جاتا تھا لیکن اب جبکہ وہ دن ہی ختم ہوگئے تو ان کھوکھلے الفاظ کے استعمال کی بھی کوئی ضرورت نہیں رہی۔ اس لئے حکومت ہند کا یہ اقدام [illegible] تعریف اور [illegible] ہے۔

رشید احمد [illegible]
نئی دہلی ۱۸ر جون

غلط فہمی

مکرمی اڈیٹر صاحب۔ سلام مسنون۔ ۱۰ر جون کے الجمعیۃ میں میرے محترم اور مخلص دوست شاہد عزت خان غازی صاحب [illegible] کا ایک مراسلہ [illegible] کے نام شائع ہوا ہے جس میں موصوف نے احمد بخش صاحب دہلوی کے [illegible] مضمون کے ساتھ شائع شدہ ایک مضمون [illegible] بہت سخت الفاظ میں نکتہ چینی فرمائی ہے میرے خیال میں خان صاحب کو غلط فہمی ہوگئی۔ یا انہوں نے احمد بخش صاحب کے مضمون کو غور سے نہیں پڑھا۔ کیونکہ احمد بخش صاحب نے اپنے مضمون میں [illegible] کا قطعاً مطالبہ نہیں کیا تھا۔ بلکہ انہوں نے ان لوگوں پر نکتہ چینی کی تھی جو مسلم سلاطین کے ناموں سے موسوم سڑکوں کے نام بدلنا چاہتے ہیں۔ [illegible] اگر یہ نام فرقہ وارانہ ہیں اور ان کا بدلا جانا ضروری ہے تو بہت سی ایسی سڑکیں جو غیر مسلموں کے ناموں سے موسوم ہیں ان کے نام بھی بدلنے چاہئیں لیکن خان صاحب احمد بخش صاحب پر ہندوؤں کی دلشکنی کا الزام لگاتے ہیں جو میرے خیال میں قطعاً غلط ہے کیونکہ احمد بخش صاحب نے اپنے مضمون میں کسی جگہ بھی ہندوؤں کی دلشکنی نہیں کی میری خان صاحب سے درخواست ہے کہ وہ احمد بخش صاحب کے مضمون کو دوبارہ پڑھیں۔ انشاءاللہ سب غلط فہمی رفع ہوجائیگی۔

محمد اسحاق حافظ [illegible]
۱۸ر جون

ایک فرقہ کی زبان!

مکرمی تسلیم۔ اردو کو صرف مسلمانوں کی زبان قرار دے کر ہندی کو جس طرح ہمارے صوبہ پر مسلط کیا گیا اس کی بابت کچھ کہنا لاحاصل ہے کیونکہ یہ امر بالکل واضح ہے اور کسی بحث مباحثہ کی حاجت نہیں۔ لیکن اس سلسلہ میں یہ بتانا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ہندی کو مسلط کرنے کی ہمہ گیر کوششوں کے باوجود شعبہ تعلیم اس مہم میں کوئی خاص کامیابی نہ ہوئی کی۔ چنانچہ [illegible] کے امتحان میں سولہ ہزار طلبا میں سے صرف چار ہزار طلبا نے ہندی میں امتحان دیا تھا۔ باقی کے [illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر دیکھئے)

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر 6841

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۲ شعبان المعظم ۱۳۶۶ھ مطابق ۲۱ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۲۶ | فی پرچہ ... بذریعہ ہوائی جہاز ۲

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور
... کی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی ...

پنڈت جواہر لال نہرو ستمبر میں انگلستان جائیں گے

نئی دہلی ۔ ۱۸ جون خیال ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو ماہ ستمبر میں انگلستان جائیں گے ۔ ہند پارلیمنٹ کا اجلاس اگست کے تیسرے ہفتہ میں ہونا تھا ۔ مگر شاید اب یہ اجلاس اگست کے شروع میں ہوتا کہ یہ اپنا کام ستمبر کے آغاز میں ہی ختم کر دے ۔ پنڈت نہرو کو برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر ایٹلی نے برطانیہ آنے کی دعوت دی تھی جسے آپ نے مشروط طور پر پہلے دنوں منظور کیا تھا ۔

کشمیر کمیشن آخر جون تک ہندستان آکر اپنا کام شروع کر دیگا

کشمیر کے متعلق پہلی رپورٹ اکتوبر میں جنرل اسمبلی کے سامنے پیش کی جائیگی

سب سے پہلے ارجنٹینا کا نمائندہ کمیشن کا چیرمین منتخب کیا گیا

[illegible]

لارڈ اور لیڈی ماونٹ بیٹن کو سپاسنامہ پیش کرنے کے عظیم الشان انتظامات

لارڈ موصوف ایک کھلی گاڑی میں چاندنی چوک سے گزریں گے

[illegible]

انڈونیشی جمہوریت کے خاتمہ کے لئے ولندیزیوں کی شرمناک کوششیں

جمہوری علاقوں کا شدید محاصرہ ۔ وزیر اطلاعات انڈونیشیا کا بیان

[illegible]

وزیر اعظم برما کے بیان پر

مسٹر بیون کا اظہار ناراضگی

[illegible]

برطانوی فوجوں کے جاتے ہی عرب عام حملہ شروع کر دیں گے

وزیر اعظم اسرائیل کا یہودیوں کو انتباہ

[illegible]

انگریزی حکومت کی آخری یادگار لارڈ ماونٹ بیٹن اپنے عہدے سے سبکدوش

پیر کی صبح ساڑھے دس بجے راجگوپال آچاریہ حلف اٹھائینگے

ہندوستان کے پہلے ہندستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم

[illegible]

مسٹر کھوڑو کے مقدمہ میں سندھ کے ایڈوکیٹ جنرل کی گواہی

سابق وزیر اعظم ایڈوکیٹ جنرل کو علیحدہ کرنا چاہتے تھے

مسٹر کھوڑو کی طرف سے سر اقبال احمد کی جرح

[illegible]

مشترکہ سرحدی پولیس کا قیام

[illegible]

ڈیورنڈ لائن کا پھر مطالبہ

کابل ریڈیو کا اعلان

[illegible]

ہندو مسلم سکھ سب کے دردمند ہند کے سب سے بڑے حکیم ممبورے خاں کا قائم کردہ

بڑاد واخانہ آج مایوسوں کی امیدگاہ ہے حالات لکھکر طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے

دوا چاہے جہاں سے خریدئے

منیجر بڑاد واخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

الجمعیۃ
روزنامہ دہلی

۲۱ جون ۱۹۴۸ء

پاکستانی چھینٹے

حیدرآباد کے سید قاسم رضوی کی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ تقریروں نے جو کہرام مچایا ہے وہ ہندوستان کے مسلمانوں پر مخفی نہیں، یہ تقریریں ہمارے لئے رنج دہ ہیں کیونکہ ان سے ہمیں فائدہ کے بجائے اسقدر نقصان پہونچ سکتا ہے جس کا اندازہ حیدرآباد اور پاکستان کے لوگ نہیں لگا سکتے، پاکستان بننے کا جو خمیازہ ہمیں بھگتنا پڑا اور ملک کی تقسیم کی جو قیمت ہم سے وصول کی گئی اس کا تقاضہ ہے کہ اب ہندوستان کے مسلمان دوست اور دشمن میں تمیز کریں اور باہر کی ہمدردیوں کو اپنے حق میں سم قاتل سمجھیں، ہم سے بڑھ کر کون نادان ہوگا کہ پاکستان یا اپنے آپ کو بھینٹ چڑھا کر قاسم رضوی کو نہ پہچانیں اور ان کی ہمدردیوں کے جال میں پھنسکر اپنے مستقبل کو اور زیادہ تاریک بنائیں!

چنانچہ سید صاحب کی ہرزہ سرائیوں کے مضرات کا اندازہ لگا کر مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند کو ایک بیان دینا پڑا جس میں آپ نے تلخ بینی کے بغیر صاف صاف فرمایا کہ ہندی مسلمان اپنے وطن عزیز کے وفادار شہری ہیں۔ اگر قاسم رضوی کا خیال یہ ہے کہ مسلمانان ہند ان کے سیاسی کھیل میں مہرہ بنے رہیں گے تو وہ ایک بہت بڑے فریب میں مبتلا ہیں [illegible] انہیں مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

اس بیان کی اہمیت اور صداقت کا احساس ہر اس شخص کو ہوسکتا ہے جو ہندیونین کے شہری ہیں اور اپنے ماحول میں اپنی بھلائی برائی کو سمجھتے ہیں۔ پاکستان کے لوگ یا حیدرآباد کے باشندے چونکہ اپنے آپ کو ہر بلا سے محفوظ سمجھتے ہیں اور انہیں اقلیتوں کی مشکلات [illegible] کا کوئی احساس نہیں ہے اس لئے وہ اس بیان کی اہمیت کا ادراک کرنے سے قطعی قاصر ہیں [illegible] وہ زیادہ سے زیادہ یہ کر سکتے ہیں کہ اس بیان کا مذاق اڑائیں، اسے بزدلی پر محمول کریں [illegible] مسلمانوں کی طرف سے کہا گیا ہے۔

معاصر زمیندار لاہور [illegible] ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند [illegible] حفظ الرحمن نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں انہوں نے سید قاسم رضوی صدر اتحاد المسلمین حیدرآباد دکن کو گنگا جل پی پی کر کوسا ہے۔ مگر معاصر کو چاہیے کہ سید قاسم رضوی کی تہا کن روش کا حال اعلیٰ حضرت میر عثمان علی خاں اور میر لائق علی سے دریافت کرے کہ وہ کس حد تک سنگ آچکے ہیں، یا ان مسلمانوں سے دریافت کرے جنہیں ملک کی تقسیم نے زندہ درگور کر رکھا ہے!

آخر رضوی صاحب کی اس شرارت کا کیا علاج کہ وہ ہند کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو غدار ثابت کر رہے ہیں اور صاف صاف کہتے ہیں کہ مسلمانان ہند حیدرآباد کے ففتھ کالم ہیں اور وقت آنے پر حیدرآباد کا ساتھ دیں گے؟

جو شخص مسلمانان ہند کو اپنا حامی قرار دیکر ان کی وفاداری پر ضرب لگاے اور انہیں مشکوک بنا کر تباہی کے غار میں دھکیلے کیا اس کی نسبت یہ کہنا کہ وہ مسلمانان ہند کو اپنی سیاست کا مہرہ بنانے [illegible] گنگا جل پی پی کر کوسنے [illegible] ہے؟ [illegible] یہ ہے کہ انہیں اپنی حالت پر چھوڑ دیا جائے اور انہیں مخاطب کرنے کی زحمت نہ اٹھائی جائے۔

مگر رضوی صاحب ہمارے حامی بنکر ہمارے مستقبل کو ختم کر دینا چاہتے ہیں اور جب ہم احتجاج کرتے ہیں تو "زمیندار" کو جوش آجاتا ہے کہ ناظم اعلیٰ رضوی صاحب کو گنگا جل پی پی کر کوس رہے ہیں!

معاصر "زمیندار" کو ناظم اعلیٰ کا یہ ارشاد کہ "رضوی صاحب اس غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں کہ مسلمانان ہند ان کا ساتھ دیں گے"، بہت ناگوار گذرا، چنانچہ لکھتا ہے۔

"سید قاسم رضوی نے کب کہا تھا کہ مسلمانان ہند دولت آصفیہ کی امداد کرینگے، جس ملک میں جمعیۃ علماء ہند ایسی جماعتیں ہوں وہاں کے مسلمان کیا کر سکتے ہیں، وہ تو خود ذبح کئے جا رہے ہیں، چنانچہ دہلی میں مولوی حفظ الرحمن کے سامنے ہزاروں مسلمان شہید کئے گئے اگر وہ بیچارے کسی امداد کے قابل ہوتے تو اپنے آپکو بچاتے"

یعنی جمعیۃ علماء ہند نے مسلمانوں کو اس قابل ہی نہیں رکھا کہ وہ حیدرآباد کی تو کیا اپنی ہی امداد کر سکیں [illegible] اور جمعیۃ علماء کو اتنی بے ہے کہ اس کے سامنے ہزاروں مسلمان شہید کئے گئے، مگر وہ بچارے اپنے آپ کو نہ بچا سکے۔

اور جب جمعیۃ علماء [illegible] جو نقارہ [illegible] تھا مسلمانوں کی [illegible] مسلمانوں کو [illegible] پاکستان کو [illegible] حفظ الرحمن کے سامنے ہزاروں مسلمان شہید ہونے سے بچ گئے وہ لاکھوں مسلمان [illegible] مسٹر جناح تشریف لائے ہونگے؟ اگر وہ نہ آتے تو یہ [illegible] بھی زندہ نظر نہ آتا!

زمیندار کو معلوم ہونا چاہیے کہ لیگی ہوٹڑیوں کے ستارے کے بعد یہ جمعیۃ علماء ہند ہی تھی جس نے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں [illegible] مسلمانوں کو دوکر غیرت ملی کی لاج رکھ لی۔ [illegible] مولانا حفظ الرحمن کے زندہ [illegible] اس وقت تک چین سے نہ بیٹھے جب تک کہ مسلمانوں کے تحفظ کی کارنگی نہ کر لی، ہزاروں کیا لاکھوں مسلمان شہید ہوئے مگر کس کی بدولت؟

پاکستان بنتے ہی لاکھوں مسلمانوں کی جان لے لی گئی، نہ پاکستان بنتا، نہ یہ مصیبت نازل ہوتی، اگر کہیں جمعیۃ علماء پاکستان بنانے پر تلی ہوتی اور پھر لاکھوں مسلمانوں کا قتل عام ہوتا تو خدا معلوم معاصر زمیندار کے دلائل کیا ہوتے اور وہ کس طرح پھاڑ کھانے کو دوڑتا، یہ تو خیریت ہوئی کہ لیگ نے پاکستان بنایا، لیگی لیڈر دم دبا کر بھاگے اور لاکھوں مسلمان ذبح کر دیئے گئے مگر اس پر بھی صبر نہیں اور ارشاد ہے کہ جمعیۃ علماء نے سوائے اس کے کچھ نہیں کیا کہ ہزاروں مسلمانوں کی شہادت کا تماشا دیکھتی رہی! اگر زمیندار کو یقین نہ آئے تو وہ ان لیگی مسلمانوں سے دریافت کرے جو اس وقت لاہور، ملتان، کراچی، لائل پور، راولپنڈی میں موجود ہیں، وہ شہادت دیں گے کہ... مصیبت میں جمعیۃ علماء کام آئی اور لیگی ہوٹڑیوں نے آکر یہ بھی نہ پوچھا کہ مرنے والوں نے کس طرح جان دی!

"زمیندار" سن لے، ہم اب حیدرآباد میں دوسرا پاکستان نہ بننے دیں گے، ایک پاکستان کی قیمت تو یہ ادا کرنی پڑی کہ لاکھوں شہید ہوئے

جان اور مال

انما المؤمنون ... اولئک ہم الصادقون (پ ۲۶ ع ۱۴)

مومن وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور اپنی جان و مال سے خدا کی راہ میں کوشش کرتے ہیں، اور یہی ہیں وہ جو راستباز کہلاتے ہیں۔

ایمان باللہ کا مطلب یہ ہے کہ خدا پرستی رگ رگ میں پیوست ہو جائے اور ہر کام میں خدا کا تصور غالب رہے۔ رسول پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ ان کی اعلیٰ شخصیت کو ہم اپنے لئے نمونہ عمل بنائیں اور ان کے احکام کی تعمیل میں آگے رہیں خدا کی راہ میں کوشش کرنا اور اس راہ میں جان و مال سب کچھ قربان کر دینا ایمان کا تقاضہ ہے کوشش کرو، حرکت میں آؤ، خاموش نہ بیٹھو اور اپنے اعلیٰ مقصد کے سامنے جان و مال کی کوئی حیثیت نہ سمجھو، جان بچانا چاہتے ہو تو جانوں کو قربان کرو۔ دولت حاصل کرنا چاہتے ہو تو دولت کو مٹا دو۔

تم نے دیکھا کہ خدا کی راہ میں اور اجتماعی مقاصد کے لئے جب کبھی مسلمان سے دولت مانگی گئی تو اس نے اپنی غربت کا رونا رویا۔ اور حق کے سامنے اس کی جیب سے ایک پیسہ بھی نہ نکلا مگر جب ان پر تباہی نازل ہوئی تو اس غریب مسلمان کو اربوں روپے چھوڑ کر بھی جان بچانی مشکل ہوگئی جو لوگ بچوں کی تعلیم پر دس روپے بھی خرچ نہ کر سکتے تھے انہیں دس ہزار چھوڑنے پڑے، قدرت نے دکھایا کہ غربت کا رونا محض فریب تھا اور اس فریب کی سزا یہ کہ سب کچھ چھین لیا گیا۔

ہزاروں بہنوں اور بیٹیوں کی آبروریزی ہوئی اور بیشمار عورتیں اغوا کرلی گئیں، اب اگر یہی سرا پاکستان بن گیا تو زمیندار تو مقالات ہی لکھتا رہیگا اور لیگی لیڈر مونچھوں پر تاؤ دیتے رہیں گے اور یہاں ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی جان پر بن جائے گی اور پھر یہی جمعیۃ علماء ہند اور یہی مولانا حفظ الرحمن ہوں گے جو تحفظ ملک کے لئے سینہ سپر ہو کر میدان میں آئیں گے اور لیگی بہادروں کی شکل تک کوئی نہ دیکھ سکیگا۔

پنڈت نہرو کا اعلان

وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے پریس کانفرنس میں حیدرآباد کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے تین باتوں پر خاص زور دیا۔

(۱) حکومت ہند الحاق کے لئے حیدرآباد پر کوئی جبر کرنا نہیں چاہتی، اس کی خواہش ہے کہ شمولیت کا مسئلہ معاہدہ کے ذریعہ طے ہو۔

(۲) حکومت ہند حیدرآباد کے خلاف جنگ نہیں کرے گی۔

(۳) حکومت ہند، حیدرآباد کی فوجی ناکہ بندی کرے گی یعنی کسی راہ سے حیدرآباد کو فوجی سامان جانے کی اجازت نہ دے گی۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ حکومت ہند مزید گفتگو کر کے وقت ضائع نہ کرے گی، اگر نظام مصالحت چاہتے ہیں تو حکومت ہند کے شرائط نامہ پر دستخط کر دیں۔

ہمارے خیال میں پنڈت جی کا یہ بیان گو قدرے الجھا ہوا ہے مگر بہت مدبرانہ ہے خصوصاً یہ اعلان کہ حکومت ہند جنگ کرنے کی کوئی خواہش نہیں رکھتی اور نہ زبردستی حیدرآباد کو اپنے اندر شامل کرنا چاہتی ہے احتیاط مآل اندیشی اور احساس ذمہ داری کی انتہا ہے اب یہ کام رضاکاروں کا ہے کہ وہ اپنی مشکلات کا جائزہ لیں اور اس سلسلہ میں غلط قدم اٹھا کر حکومت ہند کو جوابی اقدام کے لئے مجبور نہ کریں

مستقل کرنے کی تجویز

ہم نے انہی کالموں میں عرض کیا تھا کہ سرکاری محکموں میں تعطل اور ابتری کی وجہ کیا ہے اور سرکاری ملازم اپنا فرض محسوس کر کے دفتری فرائض کیوں انجام نہیں دیتے؟

اس کی ایک وجہ ہم نے یہ بیان کی تھی کہ دس دس سال کے سرکاری ملازموں کو ابتک مستقل نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے ان میں خوشدلی اور دلجمعی سے کام کرنے کا جوش باقی نہیں رہا اور بات بھی سچ ہے کہ جب ملازم کو ہر وقت اپنی علیحدگی کا خطرہ لگا رہتا ہو وہ انہماک اور خوشدلی کے ساتھ کس طرح کام کر سکے گا۔

اب معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند سنٹرل سکریٹریٹ کے موجودہ سرکاری ملازموں میں سے پچاس فیصدی کو مستقل کرنے والی ہے تاکہ وہ دلجمعی اور اطمینان کے ساتھ اپنے فرائض ادا کر سکیں اور انہیں برطرفی کے خطرہ سے نجات ملے۔ لیکن حکومت نے ان افسروں کی سردمہری اور غفلت کا کوئی علاج نہیں سوچا جو مستقل ہیں مگر ذمہ داری اس لئے محسوس نہیں کرتے کہ اب ان کا کوئی کیا بگاڑ سکتا ہے، نہ برطرفی کا خطرہ نہ باز پرس کا اندیشہ، لہذا مزے کرو اور مفت کی تنخواہ مارو!

سیر و سیاحت

سیاح

دارجون آیا اور گذر گیا — اس دن کیا ہوا؟ — سورج اپنے وقت پر نکلا اور اپنے وقت پر غروب ہوا اور [illegible] خیر و عافیت —

اب لوگ پوچھتے ہیں ۱۵ر جون آرہا ہے اس دن کیا ہوگا؟ — [illegible] کہا — یہی کہ [illegible] طرح ۱۵ر جون کو [illegible] اپنے وقت پر [illegible] ایک [illegible] — یعنی [illegible] انگریزی گورنر جنرل [illegible] پہلا ہندوستانی گورنر جنرل کی حیثیت سے آل انڈیا [illegible] میں [illegible] گے —

— [illegible] تقریبات ہوں گی جن میں سیاح کو بھی شرکت کرنے اور دعوتیں اڑانے کا شرف حاصل ہوگا —

اگر آپ کے پاس بھی دعوت نامہ موجود ہے تو تشریف لے آئیں ساتھ رہیے گا — علامہ [illegible] خصوصی طور پر متوجہ ہوں —

۱۵ر اور ۱۶ر جون کا ذکر آیا تو یہ بھی سن لیں کہ جن لوگوں نے ۲۱ر جون کو ایک ہوا بنا دیا تھا — تاکہ مفت کی دولت اڑانے کا ایک موقعہ ہاتھ آجائے —

ان کے ہاں صف ماتم بچھا ہوئی ہے اس لئے نہیں کہ ایک [illegible] ان کے ہاتھ سے نکلا جا رہا ہے بلکہ اس لئے کہ اب عام لوگوں میں جذبہ اعتقادی پیدا ہوگیا ہے [illegible] اور لیڈروں کا [illegible] ہے —

چلئے [illegible] کے لئے ایک مصیبت سے چھٹی تو ملی ہوگی — جواب [illegible] موسم [illegible] نام کے [illegible] کے متعلق [illegible] تھے وہ اب اپنا خیال بدل چکے ہیں — اور اگر وہ خود تشریف لائیں تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں — خدا نے چاہا تو ۲۱ جون [illegible] —

مولانا ظفر علی خاں نے مقامی ہامرحکم کر [illegible] کے لئے ملاپ پریس پر تنقید کیا ہے — [illegible] کر ملاپ پریس ایک سال کے لئے [illegible] کے متعلق [illegible] اخباروں میں [illegible] شروع ہوگئی [illegible] دوسروں کے [illegible] خود تو اس [illegible] —

خطوط — اڈیٹر کے نام

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آپ کا مخلص

مکرمی تسلیم۔ حکومت ہند نے حال ہی میں فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ سے سرکاری مراسلات میں "آپ کا مخلص" کے بجائے زیادہ تر "بندہ/فادم" کے "آپ کا مخلص" کے الفاظ استعمال کئے جائیں۔ [illegible] دور میں شاید حکومت ہند کے اس فیصلہ کو زیادہ اہمیت نہ دی جائے اور یہ بہت جزئی اور معمولی تبدیلی سمجھی جائے لیکن جو لوگ اس امر سے واقف ہیں کہ اب سے پہلے ان الفاظ کے استعمال پر کس قدر زور دیا جاتا تھا اور کس سے زور دیا جاتا تھا [illegible] ایک انقلابی اقدام ہے [illegible] کے خیال میں [illegible] کا قدرتی نتیجہ ہے۔ بیشک ایک زمانہ میں ضابطہ کے پابند اور بے معنی الفاظ کے استعمال پر سخت زور دیا جاتا تھا اور ان کو نظر انداز کرنا ایک ناقابل معافی جرم سمجھا جاتا تھا لیکن اب جبکہ وہ زمانہ ختم ہو گیا [illegible] ان الفاظ کے استعمال کی بھی کوئی ضرورت نہیں رہی اس لئے حکومت ہند کا یہ اقدام بجا طور پر تعریف اور [illegible] کا مستحق ہے۔

رشید احمد [illegible]
نئی دہلی ۱۰ر جون

غلط فہمی

مکرمی ایڈیٹر صاحب، سلام مسنون۔ ۱۰ر جون کے الجمعیۃ میں میرے محترم اور مخلص دوست شاعر حریت جناب خان [illegible] صاحب [illegible] کا ایک مراسلہ بعنوان "سڑکوں کے نام" شائع ہوا ہے جس میں موصوف نے احمد بخش صاحب دہلوی کے مضمون کے ساتھ شائع شدہ ایک عنوان [illegible] سخت الفاظ میں نکتہ چینی فرمائی ہے۔ میرے خیال میں خان صاحب کو غلط فہمی ہوگئی، یا انہوں نے احمد بخش صاحب کے مضمون کو غور نہیں پڑھا۔ کیونکہ احمد بخش صاحب نے اپنے مضمون میں سڑکوں کے [illegible] کا قطعاً مطالبہ نہیں کیا تھا۔ بلکہ انہوں نے ان لوگوں پر نکتہ چینی کی تھی جو مسلم سلاطین کے ناموں سے موسوم سڑکوں کے نام بدلنا چاہتے ہیں۔ اور کہا تھا کہ اگر یہ نام فرقہ وارانہ ہیں اور ان کا بدلا جانا ضروری ہے تو بہت سی ایسی سڑکیں جو غیر مسلموں کے ناموں سے موسوم ہیں ان کے نام بھی بدلنے چاہئیں لیکن خان صاحب [illegible] صاحب پر ہندوؤں کی خوشامد کا الزام لگاتے ہیں جو میرے خیال میں قطعاً غلط ہے کیونکہ احمد بخش صاحب نے اپنے مضمون میں کسی جگہ بھی ہندوؤں کی خوشامد نہیں کی۔ میری خان صاحب سے درخواست ہے کہ وہ احمد بخش صاحب کے مضمون کو دوبارہ غور سے پڑھیں۔ انشاء اللہ سب غلط فہمی رفع ہو جائیگی۔

محمد اسحاق حافظ [illegible] ۱۴ر جون

ایک فرقہ کی زبان!

مکرمی تسلیم۔ اردو کو صرف مسلمانوں کی زبان قرار دے کر ہندی کو جس طرح ہمارے صوبہ پر مسلط کیا گیا ہے اس کی بابت کچھ کہنا لاحاصل ہے کیونکہ یہ امر بالکل واضح ہے اور کسی بحث مباحثہ کی حاجت نہیں۔ لیکن اس سلسلہ میں یہ بتانا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ہندی کو مسلط کرنے کی ہمہ گیر کوششوں کے باوجود گذشتہ سال اس مہم میں کوئی خاص کامیابی نہ ہوئی تھی۔ چنانچہ گذشتہ سال ہائی سکول کے امتحان میں سولہ ہزار طلباء میں سے صرف چار ہزار طلباء نے ہندی میں امتحان دیا تھا۔ اس کے بعد سرگرمیوں کو تیز [illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر دیکھئے)

میوات پر ایک نظر

(۲)

راجپوتانہ ہندوستان کے تمام صوبوں میں ہر اعتبار سے پست سمجھا جاتا ہے۔ یہ سارا صوبہ ریاستوں میں بٹا ہوا ہے بارش بہت کم ہوتی ہے ریگستانی و پہاڑی علاقہ ہے۔ پہاڑ بھی خشک ہیں، سرسبز پہاڑ نہیں ہیں۔ گرمی اس قدر سخت پڑتی ہے کہ مئی۔ جون کے مہینوں میں یہاں رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ الور اور بھرتپور میں سب سے زیادہ خراب زمین ہے الور اور بھرتپور کی اکثر زمین پہاڑ اور گداؤڑوں نے گھیر رکھی ہے جس زمین کو اچھا سمجھا جاتا ہے۔ اس میں بھی صرف ایک فصل ہوتی ہے۔ اس پر بھی میو قوم جسقدر مشقت کرتی ہے وہ شاید ہی ہندوستان کے کسی صوبہ میں ہوتی ہو۔ فصل میں جو اناج پیدا ہوتا ہے۔ وہ باجرہ، جوار، گوار ہی پیدا ہوتا ہے۔ کنوؤں سے آبپاشی کرنی پڑتی ہے کنوؤں کی گہرائی ساٹھ ستر گز کے قریب ہے دونو ریاستوں میں نہر قطعی نہیں ہے۔ ریل کی لائن صرف ایک ہے۔ پکی سڑک نہیں ہے۔ کھیتوں میں بغیر ہل کے کچھ نہیں ہوتا۔ میو قوم مویشیوں کو ساتھ لے کر آٹھ ماہ جنگل میں رات دن رہتی ہے جب کچھ پیدا ہوتا ہے جنگلی درندے کثرت سے ہیں۔ اگر چوبیس گھنٹے آدمی نہ رہے تو ساری فصل برباد ہو جاوے لگان و ٹیکس کی شرح حد سے زیادہ ہے جس زمین کا لگان ضلع گوڑگانوہ میں آٹھ آنہ یا چھ آنہ ہے ان ریاستوں میں پانچ روپے سے لیکر دس روپیہ فی بیگھہ فی سال ہے یہ بارانی زمین کی شرح ہے۔ چاہی کی سات سے لے کر پندرہ روپیہ فی بیگھہ تک ہے کسٹم محصول کی ریاستوں میں کوئی حد نہیں۔ آمد و رفت دونو پر کسٹم ہے۔ مثال کے طور پر چند چیزوں کی کسٹم ڈیوٹی حسب ذیل ہے۔

ریاست سے باہر جانے کا کسٹم بھینس پر ساٹھ سے لے کر نوے روپیہ تک۔ بیل پر پچیس روپیہ۔ بکری پر پانچ روپیہ۔ گھی پر تینتالیس روپیہ فی من۔ غرضکہ کوئی چیز کسٹم سے خالی نہیں سب سے بڑی لعنت ان ریاستوں میں یہ ہے کہ ہندوستان آزاد ہو چکا ہے۔ مگر ریاستوں میں بدستور غلامی کی لعنت موجود ہے۔ انڈین یونین کے باشندے ہوتے ہوئے کوئی آدمی ریاستی غلامی کو برداشت نہیں کر سکتا۔ میو قوم کا تو یہ آبائی وطن ہے وطن کی محبت ہر چیز کو برداشت کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ شرنارتھیوں کو اسسٹنٹ منسٹری سبز باغ دکھاتی ہے اور کہتی ہے کہ میوؤں کی زمین شرنارتھیوں کی ہے۔ حکومت ہند اعلان کر چکی ہے کہ جو مسلمان پاکستان نہیں گئے۔ انڈین یونین میں مقیم ہیں ان کی زمین اور مکان ان کے ہیں۔ کسی کو نہیں دیئے جائیں گے۔ مرکزی حکومت کے تمام ارکان کو معلوم ہے کہ مہاتما گاندھی جی میوات گئے اور بار بار اپنی پرارتھنا سبھا میں فرمایا کہ میو میرے ملک کی طاقت ہیں میں ان کو ان کے گھروں میں آباد کروں گا۔

مگر اسٹیٹ منسٹری ہے کہ حکومت ہند کے اعلان کے خلاف عمل کر رہی ہے۔ مہاتما گاندھی جی کے فرمان کو بھی پس پشت ڈال رہی ہے۔ سال بھر سے اجڑے ہوئے میو برابر درخواست کر رہے ہیں کہ ہم پاکستان نہیں گئے اپنے گھروں میں بسیں گے اور مہاتما جی کے بتائے ہوئے راستوں پر چلینگے مگر اسٹیٹ منسٹری غریب شرنارتھیوں کو ان کے ساتھ کوئی ہمدردی نہ کرتے ہوئے۔ زبردستی ریاستوں میں دھکیل رہی ہے اور ہمیشہ کیلئے غلامی کی لعنت میں گرفتار کرنا چاہتی ہے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ریاستیں ختم ہوگئیں وہ اس بات کو نہیں سمجھتے کہ ابھی تک راجہ ہی حکومت کر رہے ہیں۔ پرجا منڈل کو برائے نام وزارت دی گئی ہے۔ الور بھرتپور کے راجہ یہ سمجھتے ہیں کہ جب ہم نے ہزاروں میوں کو قتل کیا۔ ہزاروں دیہات کو جلا کر خاکستر کر دیا۔ تمام مساجد و مقابر کو نیست و نابود کر دیا۔ دنیا کی ایک عظیم الشان ہستی کو بھی قتل کرا دیا۔ پھر بھی اسٹیٹ منسٹری نے راجاؤں کو صاف بری کر دیا۔ الٹا میوؤں کو مجرم قرار دیدیا۔ دنیا کی کسی بھی عدالت کا قانون نہیں کہ ملزم کو بغیر

(باقی صفحہ ۳ پر دیکھئے)

دار السلطنت

نئی دہلی ۱۷ جون

وداعی دعوت

لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو چیمسفورڈ کلب میں مختلف ممالک کے سفیروں کی طرف سے ایک پرتکلف وداعی دعوت دی گئی۔ اس موقعہ پر چینی اور برمی نمائندوں نے تقریریں کیں اور لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا جام صحت تجویز کیا۔ اس موقعہ پر دیگر معزز مہمانوں کے علاوہ پنڈت نہرو بھی موجود تھے۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنی تقریر میں تمام مہمانوں اور بالخصوص چین اور برما کے نمائندوں کا شکریہ ادا کیا۔ آپ نے اپنی تقریر میں چین اور برما کی حالت پر بھی روشنی ڈالی اور گزشتہ جنگ کے واقعات کا ذکر کیا۔ آپ نے برما چین اور ہندوستان کے تعلقات کی طرف بھی اشارہ کیا۔ [illegible]

امن بریگیڈ کا قیام

نئی دہلی میں امن کی فضا قائم رکھنے کے لئے [illegible] ایک کمیٹی بنائی گئی جو وزیر داخلہ کے سامنے نئی دہلی کے شہریوں کے مطالبات پیش کرے گی۔

مکانات

[illegible]

ایڈیٹر انجام کی رہائی

[illegible]

ضروری گذارش

[illegible]

داعیان: ممبران مجلس شوریٰ

[illegible]

شاہدرہ میں ڈاکہ کا مقدمہ

دہلی کے ایڈیشنل سیشن جج نے شاہدرہ میں ڈاکہ کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ دھرم پرشاد کو شاہراہ پر ڈاکہ ڈالنے کے جرم میں سات سال قید بامشقت کی سزا دی گئی اور ابرام اپدھیائے کو بری کر دیا گیا۔ استغاثہ کے بیان کے مطابق چاندنی چوک کا ایک صراف [illegible] سونا اور ۳۰۰ روپیہ نقد لیکر گھر جا رہا تھا کہ ابرام اور دھرم پرشاد نے اس کے مکان کے قریب ایک گلی میں روک لیا۔ اور اس کا روپیہ وغیرہ چھین لیا۔ [illegible] جب اس صراف نے مدد کے لئے شور مچایا تو یہ دونوں بھاگ گئے۔ دھرم پرشاد تو اسی وقت گرفتار ہو گیا اور ابرام گرفتار نہیں ہو سکا۔

کانسٹیبل کو پیٹ دیا

پولیس کے فرائض کی ادائیگی میں رکاوٹ ڈالنے کے الزام میں کل پربلا نامی ایک شخص کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ملزم اور اس کے ساتھی سیتا رام نے اپنے دوستوں کی مدد سے ایک کانسٹیبل کو پالم کے ہوائی اڈہ پر پیٹا تھا۔ اس کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔

کولڈ اسٹوریج پلانٹ

حکومت ہند کی وزارت زراعت کے سرکاری شعبہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ اگلے موسم گرما کے آنے سے قبل مختلف چیزوں کو محفوظ رکھنے کے لئے ۶۰ پلانٹ لگائے جائیں گے۔ ان میں پھل، سبزیاں، دودھ اور اس کی مصنوعات، انڈے، گوشت اور مچھلی وغیرہ شامل ہیں۔

یوم خان عبد الغفار خاں

[illegible]

مشاعرہ

[illegible]

ہندوستان کا نیا سفیر امریکہ میں

[illegible]

خیریت مطلوب ہے

[illegible]

محمد یعقوب صاحب توجہ دیں

[illegible]

رامپور میں نئی ریلوے لائن

[illegible]

رامپور کی نہروں کا مسئلہ

[illegible]

مجلس انتظامیہ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کا سالانہ اجلاس

[illegible]

بادشاہ خان منٹگمری جیل میں

[illegible]

ایڈیٹر کی ڈاک

[illegible]

سر والٹر مانکٹن لندن روانہ ہو گئے

[illegible]

سمتی پور میں یوم فلسطین

[illegible]

صابون کا استعمال ختم

[illegible]

برطانیہ کی آبادی میں اضافہ

[illegible]

فرانس میں ایک گھنٹہ کی عام ہڑتال

[illegible]

حسین کا سفر بیت المقدس

[illegible]

ایرانی سرحد پر سونا پکڑا گیا

[illegible]

سرائے ترین میں یوم فلسطین

[illegible]

منگلور میں یوم فلسطین

[illegible]

شاہپور میں یوم فلسطین

[illegible]

میوات پر ایک نظر

[illegible]

اطلاع ضلع مظفر پور کا فیصلہ

[illegible]

سفیر دار العلوم دیوبند کی آمد

[illegible]

پاکستان کے طلبا کی کنونشن

[illegible]

ہوائی ڈاک کیلئے خاص قسم کے لیٹر بکس

[illegible]

لال کنواں کانگریس کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

جمعیۃ علماء شہر میرٹھ کا جلسہ

[illegible]

مظفر پور میں یوم فلسطین

[illegible]

انڈونیشیا میں صورت حال نازک تر ہو گئی
جمہوری حکومت زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتی

لیک سیکسس ۱۰ جون ۔ انڈونیشیا کی نمائندے ڈاکٹر پی پا پے نے کل سیکورٹی کونسل کو انتباہ کیا کہ انڈونیشیا میں صورت حال نازک ہے اور حالیہ سیاسی واقعات سے انڈونیشی جمہوریت کے درہم برہم ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ ڈاکٹر پلے نے کہا کہ ... کے بعد سے ولندیزوں نے اپنی فوجی کارروائی کے ذریعہ جمہوریت کے ... کا فی علاقہ چھین لیا ہے۔ اور صلح نامے کے ... ولندیزی حکومت کو انڈونیشیا کے ... کے طور پر ... لیکن ہر مرحلے پر واضح کیا گیا کہ ... ایک عارضی تدبیر ہے۔

اور اس کے بعد ان میں کوئی فریق دوسرے فریق کی پوزیشن کو نقصان پہنچانے والے اقدامات اختیار نہیں کرے گا۔

ڈاکٹر پلے نے کہا کہ ... کے تحت ... عارضی ... اور جمہوریت کی ... جو ... کے خلاف ... صلح کے منافی ہو گی۔ انڈونیشیا ... جمہوریت کو ... پروگرام کا حصہ تھا۔

ریاست ٹونک اور ملحقہ علاقوں کے پیچیدہ حالات
حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند ٹونک تشریف لے گئے

دہلی ۱۰ جون ۔ ہندوستان کی آزادی اور ملک میں آئینی تبدیلیوں کے بعد ہندوستانی ریاستوں کا مسئلہ ... دارالنظامی زیادہ صاف نہیں ہے۔ پچھلے کئی مہینوں سے مسلمانان ٹونک ...

... مسلمان باشندے خصوصاً نیا ہزاد وغیرہ کے مسلم باشندے سخت پریشانیوں میں مبتلا ہیں۔ حالات کے ردوبدل نے چند ماہ سے ایسی صورت اختیار کر لی ہے جو وہاں کے مسلمان باشندوں کیلئے پریشانیوں کا باعث بنی ہے۔ اس کے علاوہ وہاں کی ...

... تھا کل شام حضرت مولانا بمعیت مولانا عبدالماجد صاحب دہلوی ٹونک تشریف لے گئے۔ مولانا ریاست اور آس پاس کے علاقوں کے حالات کا جائزہ لیکر حکام سے اصلاح احوال کے لئے گفتگو کریں گے۔ اور مسلمانان ٹونک کی ...

مسٹر کھرو کا مقدمہ
(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

ایڈوکیٹ جنرل نے کہا میں نے اس گفتگو سے چیف جج کو مطلع کیا۔ چیف جج نے مجھ سے ... ملاقات کرنے کو کہا۔ میں نے چیف جج کو مطلع کیا کہ ان قوانین کی بنا پر میری ذاتی پریکٹس میں خلل واقع ہوتا ہے میں اس عہدہ پر قائم رہنا بھی نہیں چاہتا۔ ... چیف جج سے ملا۔

چیف جج نے مجھے بتایا کہ میں ملازمت ترک کرنے کا خیال چھوڑ دوں اور وہ اس معاملہ کو وزیر اعظم سے طے کر لیں گے۔

۲۷ مارچ کو مجھے وزیر اعظم کا خط ملا جس میں لکھا تھا کہ قوانین کے مطابق ... افسران ساٹھ سال کی عمر میں ملازمت سے سبکدوش کر دیئے جاتے ہیں ... مطالبہ کیا گیا تھا کہ میں جلد از جلد اپنا استعفیٰ ارسال کر دوں ...

... میں استعفیٰ نہ دوں ... وزیر اعظم سے کہا کہ اگر اس معاملہ میں ضرورت ہوئی تو میں تم کو پھر طلب کر دوں گا اس کے بعد سرا قبال احمد نے جرح شروع کر دی ابھی جرح ختم نہیں ہوئی تھی کہ عدالت برخاست ہو گئی۔

میر لائق علی کی نشریاتی تقریر

حیدر آباد ۔ ۱۰ جون ۔ میر لائق علی وزیر اعظم حیدر آباد نے عوام سے ریڈیو پر خطاب کرتے ہوئے اپیل کی ہے کہ وہ تمام مشکلات کا مقابلہ کریں اور اقتصادی ناکہ بندی کی صورت میں سختیاں جھیلیں۔

آپ نے کہا کہ جو لوگ ان سختیوں اور مشکلات کو برداشت نہیں کر سکیں گے یا جن کے قدموں میں لغزش پیدا ہو جائے گی ان کو ریاست کا دشمن خیال کیا جائیگا اور انکے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کیا جائیگا۔

سید قاسم رضوی کی ایک اور تقریر

حیدر آباد ۱۰ جون ۔ قاسم رضوی نے گذشتہ شب ایک عام جلسے میں جو ایام شہدا کے سلسلے میں منایا گیا۔ تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ہم اس کا خیال رکھیں گے کہ کوئی رضا کار آپ کے علاقے میں داخل نہ ہونے پائے۔ لیکن اگر آپ کا ایک سپاہی بھی ہمارے علاقے میں داخل ہوا تو ... لاکھ رضا کار آپ کی یونین پر یلغار کر دیں گے۔ اور ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہ پھر کہاں پہنچ کر دم لیں گے۔ وہ نہ صرف لال قلعہ پر آصف جاہی پرچم نصب کر دیں گے بلکہ دوسرے مقامات پر بھی ہو سکیں گے۔ ہم اپنے علاقہ پر دست درازی برداشت نہیں کر سکتے۔

پنڈت نہرو کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے جو انہوں نے کل کی پریس کانفرنس میں دیا۔ قاسم رضوی نے کہا کہ میں خوش ہوں کہ گفت و شنید ناکام ہو گئی ہے۔ ہماری طرف سے زیادتی نہیں ہوگی۔ اگر پنڈت نہرو جنگ نہیں چاہتے تو ہم بھی جنگ نہیں چاہتے۔

رضوی نے پنڈت نہرو کے اس بیان کی تردید کی کہ انہوں نے (قاسم رضوی) نے کبھی حیدر آباد ...

... ہے کہ حکومت ہند کوئی سمجھوتہ کرنا نہیں چاہتی۔ ان کا مقصد حیدر آباد میں "برہمن راج" قائم کرنا ہے ہم با عزت سمجھوتہ کے لئے ہر وقت تیار ہیں لیکن ہم غلامی کے پٹہ پر دستخط نہیں کرینگے۔

گورنر جنرل کو سپاسنامہ
(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

کریں گے۔ ... وزیر اعظم کی تقریر (۹) ہز ایکسیلنسی کا جواب (۱۰) مسٹر جمال احمد زبیری ترجمہ کریں گے (۱۱) مسٹر شام ناتھ جرنیر ہاؤس پریذیڈنٹ شکریہ ادا کریں گے (۱۲) قومی گیت (۱۳) لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی روانگی ... وقت تک اپنی جگہوں پر بیٹھے رہیں گے جب تک کہ ... (۱۴) ... کی روانگی۔

یہودیوں کو انتباہ
(صفحہ اول سے آگے)

ابھی خاموش ہیں۔ جزیرہ رہوڈس سے جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کو اپنے امن قائم کرنے کی مشن کی زیادہ کامیابی کی امید نہیں ہے۔ کیونکہ انہوں نے یہودیوں اور عربوں سے گفت و شنید کے بعد یہ نتیجہ نکالا ہے کہ شاید فلسطین میں امن قائم نہ ہو سکے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ دونوں کے مطالبات ... ہیں۔ عرب کہتے ہیں کہ امن کی گفتگو صرف اسی وقت ممکن ہے جب یہودی حکومت کو ختم کر دیا جائے۔ یہودیوں کا کہنا ہے کہ عربوں سے امن کی گفت و شنید اسی وقت ممکن ہے جب یہودی حکومت اسرائیل کے وجود کو تسلیم کر لیا جائے۔

برائے اطلاع عام

فہرست ۔ دو کانیں جس کا قبضہ کسٹوڈین نے بروئے گزٹ غیر معمولی نمبری ۵ مورخہ ۴ جون ۱۹۴۸ء لیا

جائے وقوعہ	نمبر شمار	نمبر مکان	جائے وقوعہ	نمبر شمار	نمبر مکان
قطب روڈ	۲۶۳	۸۷/۸۷۱۶	۱۰ ۔ ۱۰	۳۳۲	۱۳۱۲
نبی کریم	۲۶۴	۸۳۱۹			۲۱۹
	۲۶۵	۸۳۱۵	بڑا بازار	۳۳۴	۱۲۴۳۴
	۲۶۶	بالمقابل ۹۴۳۳	منڈہ والا روڈ	۳۳۵	۱۲۲۴۵
آرام نگر	۲۶۷	۹۲۹۱	جھنڈہ والا روڈ	۳۳۶	۸۷/۳۰۹
[illegible]	[illegible]	[illegible]	جھنڈہ والا روڈ	۳۴۵	۱۲۲۵۶
				۳۴۶	[illegible]
			(باقی کل	لاحظہ کیجئے)	

ضروری تصحیح

کل کے پرچے (مورخہ ۱۰ جون) میں اشتہارات کی فہرست میں جن کا قبضہ کسٹوڈین نے لیا ہے غلطی سے فہرست دکانات کا بجائے فہرست مکانات سکنی شائع ہو گیا۔ ناظرین تصحیح فرمالیں۔ ادارہ اس ہو کے لئے معذرت کا خواہاں ہے۔

شیخ عبداللہ دہلی میں

دہلی ۱۰ جون ۔ معلوم ہوا ہے کہ شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر جمعہ کے دن دہلی آگئے۔ آپ نے پنڈت نہرو سے ملاقات کر کے کشمیر کمیشن اور اس کے فرائض کے متعلق گفت و شنید کی۔ آپ نے مسٹر گوپال سوامی آینگر سے بھی ملاقات کی جو مجلس تحفظ میں ہندوستانی وفد کے لیڈر تھے۔

سندھ سے غیر مسلموں کا انخلاء
دو تہائی سے زائد ہند پہنچ گئے

نئی دہلی ۱۰ جون ۔ سندھ کی غیر مسلم آبادی کا ... ہندوستان پہنچ چکا ہے ۔ اب سندھ میں اندازاً چار لاکھ غیر مسلم باقی رہ گئے ہیں۔ مئی کے بعد سے ہند آنے والوں کی تعداد بہت کم ہو گئی ہے۔ مئی کے پہلے تین ہفتوں میں دس ہزار سے زائد آدمی ہند آئے ۔ ۱۰ مئی سے ۱۷ مئی تک سمندر کے راستے ... آدمی لائے گئے ۔ ۱۷ مئی سے ... ۸۷۰ اشخاص حیدر آباد سے ریل کے ذریعہ لائے گئے۔ انخلاء کا کام تقریباً ختم ہو گیا ہے۔ سندھ سے آنے والوں کو مویشی نہیں لانے دیئے جاتے۔ اس لئے بریکیوں کو آنے میں بڑی دقتیں پیش آ رہی ہیں حکومت ہند اس مسئلہ کو بین الانوابی کانفرنس میں پیش کرے گی۔ مئی کے پچھلے ۳ ہفتوں میں جہاز کے ذریعے بھی ۵۰۰۰ آدمی ہند لائے گئے ہیں۔ ... ان لوگوں کو ... ہوتے ہوئے ہند لایا جائے گا۔

بہتوں کا بھلا ہوگا اس کے پڑھنے سے

ناظرین، نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں

بدقسمتی سے مجھے جوانی کو ستیاناس کرنے والی بدعادت ... جو ... پڑ گئی۔ جس کے انجام سے میں ناواقف تھا عرصہ ... سال کے بعد مجھے کمزوری کی بیماری لاحق ہو گئی ... چہرے کا رنگ دن بدن زرد ہوتا جاتا تھا ... اگر چہ دوران لاہور اور دیگر شہروں کے بڑے بڑے ڈاکٹروں اور طبیبوں سے ... کا علاج کرایا لیکن ... مایوسی کے سوا کوئی چیز ہاتھ نہ آئی ...

میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا خوش نصیبی سے مجھے ایک ملازمت

کے سلسلہ میں نیپال جانا پڑا ... میرے ساتھ ایک فقیر ... صورت ... مجھ سے پوچھنے لگے کہ تم اداس اور تمہاری صورت مریضوں کی سی کیوں ہے؟ میں نے حرف بحرف اپنی داستان ... بیان کر دی اور صاف الفاظ میں کہہ دیا کہ اب اپنے جینے سے ... انہوں نے ازراہ شفقت میرے حال زار پر رحم فرما کر ایک نسخہ مقوی اعصاب ... کو دور کرنے کے لئے ... بازار سے لا کر ان کے سامنے استعمال کرنا شروع کیا۔

میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر سچ کہہ رہا ہوں

کہ ساتویں روز ہی میری تمام شکایتیں جو ایک مریض کو لاحق ہوا کرتی ہیں دفع ہونی شروع ہو گئیں ... روز تک برابر ... استعمال جاری رکھا ...

میرے تجربہ اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

کشتہ جات کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

ماہر معالج شیخ غلام احمد طاقت کی مشہور دوائی ... لاہور

ڈھوپ اور نظر کے چشمے

فریم، کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے ہمارے یہاں ہول سیل اور ریٹیل نرخ پر کفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

جب آپ دہلی تشریف لائیں

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہائش کا بہترین انتظام ہے

فضل پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل اردو بازار دہلی

ایجنسیاں لینے، روپیہ کمانے، نئے نئے کاروبار کرنے کے لئے رسالہ روزگار پڑھا کریں

سالانہ چندہ چار روپے ۔ آٹھ آنہ میں ہر اخبار کی ایجنسی ... تفصیل مفت رسالہ روزگار (۵) قطب روڈ نئی دہلی

دارالسلطنت

وداعی دعوت

لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو جم خانہ کلب میں مختلف ممالک کے سفراء کی طرف سے ایک پرتکلف وداعی دعوت دی گئی۔ اس موقع پر چینی اور برمی نمائندوں نے تقریریں کیں اور لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا جام صحت تجویز کیا۔ اس موقعہ پر دیگر معزز مہمانوں کے علاوہ پنڈت نہرو بھی موجود تھے۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنی تقریر میں تمام مہمانوں اور بالخصوص چین اور برما کے نمائندوں کا شکریہ ادا کیا۔ آپ نے اپنی تقریر میں چین اور برما کی حالت پر بھی روشنی ڈالی اور گزشتہ جنگ کے واقعات کا ذکر کیا۔ آپ نے برما چین اور ہندوستان کے تعلقات کی طرف بھی اشارہ کیا۔ اخیر میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ایک مرتبہ پھر سفیروں کا شکریہ ادا کیا اور اس امر کا [illegible] آپ نے ہندوستان سے جانے پر اپنے دلی تاسف کا بھی اظہار کیا۔

امن بریگیڈ کا قیام

نئی دہلی [illegible] کے جلسہ میں نئی دہلی کے لئے امن کی فوج تیار کرنے کی تجویز کی گئی نیز نئی دہلی میں امن قائم کرنے کے لئے اپیل کی گئی [illegible] ایک کمیٹی بنائی گئی جو وزارت کے سامنے نئی دہلی کے شہریوں کے مطالبات پیش کرے گی۔

مکانات

ایڈیٹر انجام کی رہائی

ضروری گذارش

شاہدرہ میں ڈاکہ کا مقدمہ

کانسٹیبل کو پیٹ دیا

کولڈ اسٹوریج پلانٹ

یوم خان عبدالغفار خاں

مشاعرہ

ہندوستان کا نیا سفیر امریکہ میں

خیریت مطلوب ہے

محمد یعقوب صاحب توجہ دیں

رامپور میں نئی ریلوے لائن

رامپور کی نہروں کا مسئلہ

مجلس انتظامیہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کا سالانہ اجلاس

بادشاہ خان منٹگمری جیل میں

ایڈیٹر کی ڈاک

سر والٹر مانکٹن لندن روانہ ہو گئے

سمتی پور میں یوم فلسطین

صابون کا استعمال ختم

برطانیہ کی آبادی میں اضافہ

فرانس میں ایک گھنٹہ کی عام ہڑتال

سید حسین کا سفر بیت المقدس

ایرانی سرحد پر سونا پکڑا گیا

سرائے ترین میں یوم فلسطین

منگلور میں یوم فلسطین

خانپور میں یوم فلسطین

ہوائی ڈاک کے لئے خاص قسم کے لیٹر بکس

میوات پر ایک نظر

اطباء ضلع مظفر پور کا فیصلہ

سفیر دارالعلوم دیوبند کی آمد

پاکستان کے طلبا کی کونشن

لال کنواں کانگریس کمیٹی کا اجلاس

جمعیۃ علماء شہر میرٹھ کا جلسہ

مظفر پور میں یوم فلسطین

انڈونیشیا میں صورت حال نازک تر ہو گئی

جمہوری حکومت زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتی

نیک لیک ۔ ۔ ۔ ہندوستان کی نمائندے ڈاکٹر پی پی ۔ ۔ ۔ سیکورٹی کونسل کو اشتباہ کیا کہ انڈونیشیا میں صورت حال نازک ہے اور حالیہ سیاسی واقعات سے انڈونیشی جمہوریت کے درہم برہم ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے ۔ ڈاکٹر ۔ ۔ ۔ نے کہا ۔ ۔ ۔ [illegible]

اور اس کے بعد ان میں کوئی فریق دوسرے فریق کی پوزیشن کو نقصان پہونچانے والے کارروائیاں اختیار نہیں کرے گا۔ [illegible]

ریاست ٹونک اور ملحقہ علاقوں کے پیچیدہ حالات

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند ٹونک تشریف لے گئے

دہلی ۹ ارجون شنبہ ۔ ہندوستان کی آزادی اور ملک میں آئینی تبدیلیوں کے بعد ہندوستانی ریاستوں کا مسئلہ بہت اہمیت اختیار کر گیا ۔ ۔ ۔ [illegible]

دارالقضا بھی زیادہ صاف نہیں ہے ۔ ۔ ۔ [illegible]

۔ ۔ ۔ سخت پریشانیوں میں مبتلا ہیں ۔ علاقہ کے ۔ ۔ ۔ نے چند ماہ سے ایسی صورت اختیار کر لی ہے جو وہاں کے مسلمان باشندوں کیلئے پریشانیوں کا باعث بنگئی ہے ۔ اس کے علاوہ وہاں کی فرقہ [illegible]

۔ ۔ ۔ صاحب دہلوی ٹونک تشریف لیگئے ۔ مولانا ریاست اور آس پاس کے علاقوں کے صحیح حالات کا جائزہ لیکر حکام سے اصلاح احوال کے لئے گفتگو کریں گے ۔ اور مسلمانان ٹونک کی [illegible]

بہتوں کا بھلا ہوگا اسکے پڑھنے سے

ناظرین، نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں

بدقسمتی سے ۔ ۔ ۔ جوانی کو ستیاناس کرنے والی بد عادت کا ۔ ۔ ۔ [illegible]

میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا خوش نصیبی سے مجھے ایک ملازمت

[illegible]

میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر سچ کہتا ہوں

[illegible]

میرے تجربہ اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

[illegible]

کشتہ جات کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

[illegible]

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

[illegible]

شیخ غلام احمد طاقت کی مشہور دوائی ۔ ۔ ۔ لاہور

مسٹر کھرو کا مقدمہ

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

ایڈوکیٹ جنرل نے کہا کہ میں نے اس گفتگو سے چیف جج کو مطلع کیا ۔ چیف جج نے مجھ سے دوران بعد ملاقات کرنے کو کہا ۔ میں نے چیف جج کو مطلع کیا کہ ان حالات کی بنا پر میری ذاتی پریکٹس میں خلل واقع ہوتا ہے میں اس عہدہ پر قائم رہنا بھی نہیں چاہتا ۔ دودن بعد میں پھر چیف جج سے ملا ۔

چیف جج نے مجھے بتایا کہ میں ملازمت ترک کرنے کا خیال چھوڑ دوں اور وہ اس معاملہ کو وزیر اعظم سے طے کر لیں گے ۔

۲۷ مارچ کو مجھے وزیر اعظم کا خط ملا جس میں لکھا تھا کہ قوانین کے مطابق محکمہ قانون کے افسران ساٹھ سال کی عمر میں ملازمت سے سبکدوش کر دیئے جاتے ہیں ۔ ۔ ۔ [illegible]

سید قاسم رضوی کی ایک اور تقریر

حیدرآباد ۱۰ ارجون ۔ قاسم رضوی نے گذشتہ شب ایک عام جلسے میں جو عام شہداء کے سلسلے میں منایا گیا ۔ تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ہم اس کا خیال رکھیں گے کہ کوئی رضاکار آپ کے علاقے میں داخل نہ ہونے پائے ۔ لیکن اگر آپ کا ایک سپاہی بھی ہمارے علاقے میں داخل ہوا تو پانچ لاکھ رضاکار آپ کی یونین پر یلغار کر دیں گے ۔ اور میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ پھر کہاں پہونچ کر دم لیں گے ۔ وہ نہ صرف پلم لال قلعہ پر آصف جاہی پرچم نصب کر دیں گے بلکہ ۔ ۔ ۔ دوسرے مقامات پر بھی پہونچیں گے ۔ ہم اپنے علاقہ پر دست درازی برداشت نہیں کر سکتے ۔

پنڈت نہرو کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے جو انہوں نے کل کی پریس کانفرنس میں دیا ۔ قاسم رضوی نے کہا کہ میں خوش ہوں کہ گفت و شنید ناکام ہو گئی ہے ۔ ہماری طرف سے زیادتی نہیں ہوئی ۔ اگر پنڈت نہرو جنگ نہیں چاہتے تو ہم بھی جنگ نہیں چاہتے ۔ [illegible]

۔ ۔ ۔ ہو کر حکومت ہند کوئی سمجھوتہ کرنا نہیں چاہتی ۔ ان کا مقصد حیدرآباد میں "برہمن راج" قائم کرنا ہے ہم باعزت سمجھوتہ کے لئے ہر وقت تیار ہیں لیکن ہم غلامی کے پٹہ پر دستخط نہیں کریں گے ۔

گورنر جنرل کو سپاسنامہ

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

کراچی ۔ ۔ ۔ وزیر اعظم کی تقریر (۹) ہزایکسیلنسی کا جواب (۱۰) مسٹر ۔ ۔ ۔ احمد زبیری کی ترجمہ کریں گے (۱۱) مسٹر شاہ ۔ ۔ ۔ پریذیڈنٹ شکریہ ادا کریں گے (۱۲) ۔ ۔ ۔ لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی مد اگی ۔ ۔ ۔ وقت تک اپنی جگہوں پر بیٹھے رہیں گے جب تک ۔ ۔ ۔ ہزایکسیلینسیز ۔ ۔ ۔ (۱۴) ۔ ۔ ۔ کی روانگی ۔

یہودیوں کو انتباہ

صفحہ اول سے آگے

ابھی خاموش ہیں ۔ جزیرہ ۔ ۔ ۔ جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ کے نائندہ ۔ ۔ ۔ کو اپنے امن کی کوشش کی زیادہ کامیابی کی امید نہیں ہے ۔ کیونکہ انہوں نے یہودیوں اور عربوں سے گفت و شنید کے نتیجہ نکالا ہے کہ شاید فلسطین میں امن قائم نہ ہو سکے ۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ دونوں کے مطالبات میں بنیادی اختلاف ہیں ۔ عرب سمجھتے ہیں کہ ان کی گفتگو صرف اسوقت ممکن ہے جب یہودی حکومت کو ختم کر دیا جائے ۔ یہودیوں کا کہنا ہے کہ عربوں سے امن کی گفت و شنید اسی وقت ممکن ہے جب یہودی حکومت اسرائیل کے وجود کو تسلیم کیا جائے ۔

میر لائق علی کی نشری تقریر

حیدرآباد ۔ ۱۰ جون ۔ میر لائق علی وزیر اعظم حیدرآباد نے عوام سے ۔ ۔ ۔ خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ۔ ۔ ۔ مشکلات کا مقابلہ کریں اور اقتصادی ناکہ بندی کی صورت میں سختیاں جھیلیں ۔ ۔ ۔ [illegible]

کہ جو لوگ ان سختیوں اور مشکلات کو برداشت نہیں کر سکیں گے یا جن کے قدموں میں لغزش پیدا ہو جائے گی ان کو ریاست کا دشمن خیال کیا جائیگا اور ان کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کیا جائیگا ۔

برائے اطلاع عام

فہرست ۔ دو کانیں جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بروئے گزٹ غیر معمولی نمبری ۵ مورخہ ۴ ؍ جون ۱۹۴۸ء لیا

جائے وقوع	نمبر شمار	نمبر مکان	جائے وقوع	نمبر شمار	نمبر مکان
قطب روڈ	۲۶۲	۲۷/۵۲۱۶	۔۔۔	۳۳۲	۱۳۱۲
بھا کرم	۲۶۴	۸۳۱۹			۳۱۹
	۲۶۵	۸۳۱۵	بڑا بازار	۳۳۳	۱۳۴۳۸
	۲۶۶	۹۳۳	منڈہ والا روڈ	۳۳۵	۱۳۳۴۵
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ضروری تصحیح

[illegible]

شیخ عبداللہ دہلی میں

دہلی ۱۰ ارجون ۔ معلوم ہوا ہے کہ شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر جمعہ کے دن دہلی آ گئے ۔ آپ نے پنڈت نہرو سے ملاقات کر کے کشمیر ۔ ۔ ۔ اور اس کے ۔ ۔ ۔ کے متعلق گفت و شنید کی ۔ آپ نے مسٹر گوپال سوامی آینگر سے بھی ملاقات کی جو مجلس تحفظ میں ہندوستانی وفد کے لیڈر تھے ۔

سندھ سے غیر مسلموں کا انخلاء

دو تہائی سے زائد ہند پہونچ گئے

نئی دہلی ۱۰ ارجون ۔ سندھ کی غیر مسلم آبادی کا ۔ ۔ ۔ ہندوستان پہونچ چکا ہے ۔ اب سندھ میں ۔ ۔ ۔ لاکھ غیر مسلم باقی رہ گئے ہیں ۔ مئی کے بعد سے ۔ ۔ ۔ آنے والوں کی تعداد بہت کم ہو گئی ہے ۔ ۔ ۔ [illegible]

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم، کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے ۔ ۔ ۔ نیز ۔ ۔ ۔ بکفایت ملتا ہے ۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین ۔ ۔ ۔ چاندنی چوک دہلی

جب آپ دہلی تشریف لائیں

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہائش کا بہترین انتظام ہے

افضل پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل ۔ ۔ ۔ اردو بازار دہلی

ایجنسیاں

لینے، روپیہ کمانے، نئے نئے کاروبار ۔ ۔ ۔ کرنے کے لئے رسالہ روزگار پڑھا کریں

سالانہ چندہ چار روپے ۔ آٹھ آنہ میں ہر ۔ ۔ ۔

اخباری ایجنٹ ۔ ۔ ۔ مکمل تفصیل مفت رسالہ روزگار (۵) قطب روڈ نئی دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۵

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۱۴ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۳ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۴۷ | فی پرچہ

چاول کی پیداوار میں اضافہ

نئی دہلی ۱۲ جون۔ دنیا بھر کی خوراک کی حالت کا ریکارڈ رکھنے والے دفتر کی طرف سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ اس سال دنیا میں چاول کی پیداوار گذشتہ سال کی نسبت ۲ فیصدی زیادہ ہے۔ اس سال ۷ ارب ۱۵ کروڑ ٹن چاول پیدا ہوا لیکن جنگ سے قبل کی پیداوار سے یہ ۹ فیصدی کم ہے۔ اس کی کا سبب کھاد کی کمیابی بتایا جاتا ہے۔

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی اور ...

مسٹر راجگوپال اچاریہ نے گورنر جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدہ کا حلف اُٹھالیا

ہندوستان میں نسل یا جبر کے ذریعہ حکومت کرنے کے دن ختم ہوگئے

حلف وفاداری اُٹھانے کے بعد نئے گورنر جنرل کا اہم اعلان

وائسرائے محل کے دربار ہال میں عظیم الشان تاریخی تقریب

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۲۱ جون۔ آج صبح ساڑھے دس بجے مسٹر سی راجگوپال اچاریہ نے گورنر جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ حلف اٹھانے کی رسم چیف جسٹس آف انڈیا کے ہاتھوں سر انجام پائی۔ کابینہ کے تمام ممبران، چیف جسٹس آف انڈیا، اسپیکر مجلس دستور ساز، غیر ملکی سفرا، ہندوستانی ریاستوں کے حکمران ... حکومت ہند اور مسلح طاقتوں کے بڑے شہری اور فوجی افسران اس تقریب میں شامل تھے۔

[illegible]

دربار ہال میں دھماکہ

[illegible]

ہندوستان کے مستقبل کی تاریخ بہت شاندار ہوگی

آل انڈیا ریڈیو سے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا آخری پیغام

[illegible]

آزادی کی سب سے بڑی ستاویز

[illegible]

افغانستان نے پاکستان سے پٹھان علاقوں کا پھر مطالبہ کیا

[illegible]

ملتان کے صدر مقام پر کمیونسٹ ...

[illegible]

گورنمنٹ ہاؤس کے میدانوں میں آخری انگریز گورنر جنرل کو رخصت کرنے کیلئے ہزاروں آدمیوں کا اجتماع

کھلی گاڑی میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا جلوس، گورکھا سپاہیوں کی سلامی

پالم کے ہوائی اڈے سے گورنر جنرل کے خاص طیارے کی روانگی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

[illegible]

ملایا میں گڑبڑ جاری ہے

[illegible]

کابینہ کی الوداعی قرارداد

[illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

ہندو مسلم سکھ سب کے دردمند ہند کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ

بڑا دواخانہ — آج ڈاکٹر سوئی ایجنسی کے حالات لکھ کر طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے

دوا چاہے جہاں سے خریدئے — منیجر بڑا دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۲۵ دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی
۲۳ جون ۱۹۴۸ء

احوال وکوائف

خوش آمدید

دنیا کیا ہے؟ مسافر خانہ! حکومتیں کیا ہیں؟ تربیت گاہیں اور خدمت گزاروں کی امتحان گاہ! ایک آتا ہے، دوسرا جاتا ہے، ایک کو الوداع۔ ایک کا استقبال، ایک جاتا ہے کہ اپنا فرض ادا کر چکا، ایک آتا ہے کہ اپنا فرض ادا کرے! ہندوستان کے وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے لئے بھی آخری ساعت آگئی کہ اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوں اور اس ملک کو آخری سلام کریں۔ انگریزی حکومت نے ڈیڑھ سو سال سے پہلا جو ساہ ہوا ایسا تھا، مسٹر راجگوپال آچاریہ کے لئے بھی وقت آیا کہ گورنر جنرل شپ کا بار کندھوں پر اٹھا کر اپنی خدمات، اپنی صلاحیتوں اپنی کارگذاریوں کا مظاہرہ کریں اور اس ملک کی تربیت فرمائیں جسے آزاد ہوئے ایک سال بھی نہیں گذرا اور جسے چند ماہ کے اندر بڑے بڑے انقلابات سے گزرنا پڑا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا جانا اور راجہ جی کا آنا مبارک ہو اور آنے والا امن و سلامتی، فارغ البالی محبت، اتحاد، تعاون اور خوشگواری کی نوید لے کر آئے۔ راجہ جی پر ہندوستان کو فخر ہے، خوش قسمتی سے ہندوستان کو ایک ایسا شخص ملا ہے جو تدبر و فراست میں اپنا نظیر نہیں رکھتا۔ انسانی نفسیات کا وہ کونسا گوشہ ہے جس میں راجہ جی کو درک حاصل نہیں [illegible] ہے جو آپ کی دسترس سے باہر رہ گیا ہو۔

[illegible] بے لوث خادم، سچائی کا پرستار [illegible] جو اپنی بالغ نظری اور حوصلہ مندی میں اپنی مثال آپ ہے، راجہ جی سے ہندوستان کو بہت سی توقعات ہیں، اور ملک کا شاندار مستقبل آپ کے انتظار میں ہے، یقین کرنا ہے کہ ملک کا یہ مدبر اعظم اپنے وطن کو تمام بحرانوں سے صاف بچا لیجائے گا، اور آج جو بات ناممکن نظر آتی ہے اسے ممکن کر دکھائے گا۔

ہندوستان میں بیسیوں وائسرائے آئے، مگر راجہ جی جیسا وائسرائے ملک کو ابتک نصیب نہیں ہوا۔ اے کاش! ہندوستان کو قدر شناسی کی توفیق ارزانی ہو اور ہمارا ملک اس راہ پر چلے جس پر آپ چلانا چاہیں، ہمیں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی تشریف بری کا ملال ہے، مگر راجہ جی کی تشریف آوری ہماری دیرینہ آرزوؤں کی تکمیل ہے۔

ہم چاہتے ہیں کہ اپنے سابق وائسرائے کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کریں اور موجودہ گورنر جنرل کے لئے اپنی آنکھوں کو فرش راہ بنائیں۔

فلسطین

فلسطین میں عارضی صلح کے لئے جو فضا ہموار کی گئی ہے اس کا سازگار ہونا مشکل ہے، دونوں طرف سے عارضی صلح کی خلاف ورزی کے الزام لگائے جا رہے ہیں، عرب کہتے ہیں کہ یہودیوں [illegible]

اور تلوار کی نوبت نہیں آئے گی؟ اور تلوار کا فیصلہ ایسا ہے جس کے لئے عرب اور یہود دونوں تیار ہیں! عربوں نے پہلے ہی بھانپ لیا ہے کہ مجلس متحدہ اقوام کا کمیشن کس نہج پر گفتگو کریگا اور اسکا اصل منشا کیا ہے؟ چنانچہ انہوں نے صاف صاف کہدیا ہے کہ یہودیوں کو اسرائیلی سلطنت کی طرف سے بولنے کا حق حاصل نہ ہوگا اور عرب کبھی نہ چاہیں گے کہ یہود اسرائیلی حکومت کا پشتارہ لے کر گفتگو کے میدان میں آئیں اور عربوں کے ساتھ مساوی حیثیت سے بات چیت کریں کیونکہ عربوں کی جنگ صرف اس لئے ہے کہ اسرائیلی حکومت قائم نہ ہو، اور یہ کوئی منطق نہیں کہ جو چیز مابہ النزاع ہو پہلے اسے تسلیم کرا لیا جائے اور پھر گفتگو شروع کی جائے!

سو باتوں کی ایک بات تلوار ہے، اگر امریکہ اور برطانیہ درمیان میں حائل نہ ہوتے تو ابتک یہود کا ہوائی قلعہ نذر غبار ہو جاتا اور اسرائیلی حکومت کے بانیوں کا نام و نشان تک باقی نہ رہتا، لیکن انجام کا لحاظ کرتے ہوئے عربوں کو مجبور کر دیا گیا کہ وہ عارضی صلح پر آمادہ ہو جائیں، اور اس طرح یہود کو سانس لینے کا موقع ملجائے۔

غرض روڈس میں آیندہ ہفتہ جو بات چیت شروع ہونے والی ہے اس کی کامیابی کے آثار نظر نہیں آتے، شاید فلسطین کی قسمت میں ایسا ہی لکھا ہے کہ اس کا فیصلہ تلوار کے ذریعہ ہو، اور عرب ایک آخری امتحان کے لئے تیار ہو جائیں۔

اور لیجئے!

خان عبد الغفار خاں کو تین سال قید سخت کی سزا دیکر بھی پاکستان کو صبر نہیں آیا، جی، ایم سید جو پاکستان کی عوامی جماعت کے سکریٹری تھے وہ بھی گرفتار کر کے اپنے گاؤں میں نظر بند کر دیے گئے، مگر پاکستان کا غصہ پھر بھی نہ اترا، خان عبد الصمد خان، بلوچستان کے مخلص لیڈر ہیں انہیں بھی ان کے گاؤں گلستان میں محبوس کر دیا گیا!

یہ سب پاکستان کے تدبر کا دیوالہ کہ اسمیں کسی مخلص اور ایثار پیشہ لیڈر کے لئے پناہ نہیں ان گرفتاریوں پر ہند اور پاکستان دونوں جگہ ایک ہیجان برپا ہے، لندن میں بھی اس پر اضطراب اور نفرت کا اظہار کیا جا رہا ہے، اب وہ لوگ جو انگریز کے زمانہ میں چرچل کے مددگار اور گورنروں کے زلہ خوار تھے وہ آج پاکستان کے دروبست پر قابض ہیں، اور شیروں کے شکار پر لومڑیوں کی طرح جھپٹے ہیں، لیکن کیا دنیا ان مخلصین کو فراموش کر دے گی؟ کیا وطن و ملت کے غدار من مانی کارروائیاں کرنے میں آزاد رہیں گے؟ ہمارا ایمان ہے کہ راستباز کبھی ضائع نہیں ہوں گے اور غداروں کو کسی نہ کسی وقت اپنی جگہ ...... خالی کرنی پڑے گی۔

سازشوں کی بھرمار

دہلی کے ایک پنجابی اخبار کی تین کالمی سرخی ملاحظہ ہو:

[illegible]

پاکستانی سازش

ہندوستان میں اٹلو پاکستان [illegible]

ایک دوسری خبر کی سرخی

دہلی میں پاکستانی جاسوس

ایک تیسری خبر کے عنوان

[illegible]

اور چوتھی خبر کے کئی عنوانوں سے ایک عنوان سی پی کے مختلف حصوں میں نظام کے گیارہ جاسوس اور ایجنٹ گرفتار

یہ صرف ایک اخبار کی خبروں کے عنوانات ہیں جنہیں پڑھ کر ہر شخص پریشان ہو جائیگا کہ سارے ہندوستان میں پاکستان اور نظام کی سازشوں کا جال پھیلا ہوا ہے، ممکن ہے کہ ایسا ہی ہو مگر حکومت کا فرض ہے کہ ایسے لوگوں کو تحقیق کے بعد پھانسی پر چڑھا دے اور ایسے غداروں پر کوئی رحم نہ کرے، لیکن ایسا نہ ہو کہ یہ ڈھنڈورا کچھ اسی طرح پیٹا جائے کہ ہند کے مسلمانوں پر لگا دیں اور لفظ مسلمان، گویا جاسوسی اور غداری کا مرادف سمجھ لیا جائے، یہ ہم نے اسلئے لکھا ہے کہ ابھی عوام اور حکام کا دماغ [illegible] ہوا ہے اور پیرانی عادت نہیں گئی ہے کہ [illegible] پاکستانی اور بھگوڑے ہندوستانی!

سُنو!

کم ترکوا من جنٰت و عیون (پ ۲۵ ع ۱۴)

(دیکھو) وہ لوگ کیسے کیسے باغات اور چشمے چھوڑ گئے کیسی کیسی کھیتیاں اور عالیشان مکانات تھے جنہیں مڑ کر بھی دیکھا کیسی کیسی نعمتوں اور پھلوں میں پلے تھے؟ ہم اس طرح ایک قوم کو دوسری قوم کا وارث بنا دیا کرتے ہیں، ان لوگوں کی بربادی پر آسمان و زمین کسی کو بھی رونا نہ آیا اور انہیں تھوڑی بہت مہلت بھی نہ دی گئی!

سربفلک عمارتیں، صاف و شفاف چشمے لہلہاتے باغ سرسبز کھیتیاں نعمتوں کا کیا کہنا دن میں دوبار کپڑے زیب تن کرنا معمول تھا پھلوں کی اسقدر بہتات کہ ٹوکرے کے ٹوکرے چلے آ رہے ہیں قریب سے نکل جاؤ تو عطر بیزی سے دماغ معطر ہو جائے خدام لگے ہوئے لذیذ سے لذیذ کھانے ہر وقت مہیا سیر و تفریح کے لئے اعلیٰ سے اعلیٰ سواریاں ایسے لوگوں نے بھلا تلوار کی جھنکاریں کہاں سنی تھیں، لاشوں کے انبار کہاں دیکھے تھے مگر یہ نعمتیں چلتی پھرتی چھاؤں ہیں جب وقت آیا تو ایسے جاتے کہ نازنینوں کے سروں پر دوپٹے تک نہ تھے اور اتنی بھی مہلت نہ ملی کہ اپنے عالیشان مکانات اور باغات پر مڑ کر نظر ڈال لیتے [illegible] قوم آئی اور تمام اموال کی وارث ہو گئی اور برباد ہونے والوں پر آسمان اور زمین کو بھی رحم نہ آیا! واقعات کی اس سچی تصویر سے؟ دہلی کے مسلمانوں سے زیادہ اس صداقت پر کون گواہ ہو سکتا ہے؟

تلہر میں جمعیۃ علما کانفرنس

مورخہ ۲۱، ۲۲، ۲۳ جون ۱۹۴۸ء قصبہ تلہر ضلع شاہجہانپور میں جمعیۃ علماء کانفرنس ہوگی۔ مولانا شاہد فاخری اور مولانا محمد میاں شاہجہانپوری شرکت فرمائیں گے، مولانا شاہد فاخری تلہر سے [illegible] تشریف لے جائیں گے۔

مئو میں یوم فلسطین

مئو۔ بذریعہ ڈاک۔ [illegible] جون ۱۹۴۸ء کو شاہی مسجد کٹرہ میں یوم فلسطین کے سلسلے میں ایک جلسہ ہوا جسمیں مولانا محمد ایوب و مولانا غلام رسول صاحبان نے تقریریں کیں اور روس و امریکہ کی پالیسی پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ روس و امریکہ کو فلسطین میں یہودیوں کی حکومت قائم کرنا اصول جمہوریت کے خلاف اور سراسر ناانصافی ہے۔ بعدہٗ مولانا محمد ایوب صاحب نے عربوں کی حمایت میں ایک قرارداد پیش کرتے ہوئے [illegible] کی وضاحت کی جو مولانا غلام رسول صاحب کی تائید کے بعد باتفاق آراء منظور ہوئی۔ اس جلسہ کی تجویز کی ایک نقل مجلس تحفظ کے صدر کے پاس بھی بھیجی گئی۔

ریاست حیدرآباد میں ستیہ گرہ

بیزواڑہ [illegible] جون۔ [illegible] ضلع کرشنا کی طرف سے ریاست حیدرآباد کی سرحد میں داخل ہوگئے ہیں۔ اور انہوں نے رضاکاروں اور نظام پولیس کے مظالم کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے ریاست میں ستیہ گرہ شروع کر دیا ہے۔ ان کے ساتھ ۱۲ اور ستیہ گرہی ہیں۔

راجکوٹ کے قریب فرقہ وارانہ فساد

چار اشخاص ہلاک ہو گئے

راجکوٹ ۲۰ جون۔ [illegible] ۱۰ میل کے فاصلہ پر فرقہ وارانہ کشیدگی ہوگئی جس کے نتیجہ میں دو اشخاص ہلاک ہو گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ چند پناہ گزینوں نے جو ایک ارتھی لے جا رہے تھے اقلیت کی دکانوں پر حملہ کر دیا۔ پولیس نے حالات پر قابو پا لیا۔ لیکن رات کو پھر گڑبڑ ہوگئی اور دو اشخاص کے ہلاک اور چند کے زخمی ہونے کی خبر ملی ہے۔

نظام حیدرآباد نے

ماؤنٹ بیٹن کی اپیل مسترد کر دی

حیدرآباد ۲۰ جون معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد اور ہند کے درمیان سمجھوتہ کی آخری کوشش کے طور پر لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے [illegible] جون کو نظام حیدرآباد کو ایک تار ارسال کیا تھا جس میں نظام سے اپیل کی گئی ہے کہ مجوزہ مسودہ کی بنا پر ہند سے باعزت سمجھوتہ کر لیں نظام نے آج اس کے جواب میں انکار کے دوران میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی اپیل مسترد کر دی ہے۔

گورنر جنرل نے اپنے تار میں ہند و حیدرآباد کے آئندہ تعلقات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے نظام کو نظمائی مشورہ دیا تھا کہ وہ ہند سے سمجھوتہ کر لیں۔ آپ نے نظام سے درخواست کی تھی کہ [illegible] گفتگو کے اندر اس کا جواب دیں۔ نظام نے اپنے جواب میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں اپنے وزراء کے مشورہ سے انحراف کرنے کی کوئی وجہ نہیں دیکھتا۔

نظام پولیس نے حیدرآباد کے بڑے بڑے تاجروں کی دکانوں میں قفل لگا دیئے

حیدرآباد [illegible] جون آج نظام پولیس نے ریاست کے طول و عرض میں [illegible] مال کی تجارت کرنے والے تمام [illegible] دکانوں کو سربمہر کر دیا۔ کپڑے کی دکانوں کے علاوہ ہر قسم کے [illegible] بجلی کا سامان [illegible] بھی شامل ہیں [illegible] ریاست کی مکمل ناکہ بندی [illegible] کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ اقدام روزمرہ کی ضروریات کے نرخوں پر [illegible] نرخوں پر کنٹرول کا حکم نافذ کر دیا گیا ہے۔

ضلع بلند شہر دو ماہ کے لئے فساد زدہ علاقہ قرار دے دیا گیا

لکھنؤ ۲۲ جون کل شام کو سرکاری گزٹ کی ایک غیر معمولی اشاعت میں اعلان کیا گیا ہے کہ یو پی کے تحفظ عامہ کے قانون کی دفعہ ۱۱ کے تحت اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے گورنر یو۔ پی نے ہدایت کی ہے کہ قانون مذکور کی دفعہ ۸۔ ۱۰ کی ضمنی دفعہ ۱۵ (۸) کے تحت انہیں جو اختیارات حاصل ہیں ان کا استعمال ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بلند شہر بھی اپنے ضلع میں دو ماہ کے لئے کر سکیں گے۔ گورنر یو۔ پی نے یو۔ پی کے فسادات کی روک تھام کے قانون کی دفعہ ۸ ضمنی دفعہ (۱۱) کے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ضلع بلند شہر کو اس اعلان کی تاریخ سے دو ماہ کے لئے فرقہ وارانہ طور پر فساد زدہ علاقہ قرار دے دیا ہے۔

سیر و سیاحت

— از سیاح —

ماؤنٹ بیٹن کو الوداع

ایک زمانہ تھا — وہ زمانہ جب ہوائی جہاز نہ تھے — کہ جب کبھی وائسرائے یا گورنر جنرل اپنے محل سے باہر نکلتے تھے تو ملک میں ایک دھوم ہو جاتی تھی دور دور کے راستے بند ہو جاتے اور لوگ پہنچے کر کیا ہوا تو جواب ملا کہ لاٹ صاحب کی سواری جا رہی ہے — سواری کا نکل جاتی لیکن کسی کو یہ بھی نہ معلوم ہوتا کہ یہ سواری نکلی کب — ریل کی پٹری پر پہلے انجن دوڑتے تھے اور اس کے بعد ان ہی گاڑیوں میں سے کسی ایک گاڑی کے کسی خانہ میں لاٹ صاحب بیٹھے جایا کرتے تھے گویا وائسرائے کیا تھے ایک ہوا تھے جو لوگوں کی نظر سے ہٹ کر چلتے تھے —

اس کے بعد ہوائی جہاز کا زمانہ آیا۔ سفر آسان ہو گیا کہیں جانا ہوا جھٹ اپنا اسپیشل طیارہ منگایا اور اڑ گئے — اب کسی کی ہمت ہے کہ ان پر تیر چلائے یا بم پھینکے — اور ہم ایک طیارہ اڑتا ہی ہے جو معلوم ہوا کہ کسی بڑے لاٹ صاحب چڑھے ہوئے ہیں — [illegible] — ہمارے الفاظ نوٹ کرے —

لیکن ایک زمانہ آگیا، لاٹ صاحب کھلی موٹر میں چلتے ہیں۔ کہتے ہیں ہم عوام سے ملنا چاہتے ہیں کیونکہ ہم عوام کے ہیں اور عوام ہمارے ہیں۔

عوام نے لاٹ صاحب کا یہ روپ دیکھ کر دہلی [illegible] نے یہ بدعت کی کہ آخری انگریز لاٹ [illegible]

کا ہونا معمولی بات تھی تقریباً ایک درجن سائیکلیں ٹوٹیں اور کچھ لوگ زخمی ہوئے — جیبکتروں کی بن آئی اور انہوں نے کچھ لوگوں کو لاٹ صاحب کے دیکھنے کا مزہ چکھایا — [illegible] بھی قائم رہی اور ایک عورت کسی ہم جنس کا سنہری زیور تار کی پکڑی گئی — داد دیجئے ان عورتوں کو جنہوں نے اتنی بھیڑ کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔

سنتے ہیں کہ انگلستان کے لوگوں میں اتنا ضبط ہے کہ جب ایک لیڈر بس بھر جاتا ہے تو لوگ لیڈر میں ڈالنے والے اپنے لفافوں کو لیکر قطار میں کھڑے چلے جاتے ہیں اور ان قطاروں کی بدولت لمبی لمبی قطار لگ جاتی ہے اور کیا مجال کہ کوئی شخص اس قطار کو توڑے لیکن ہندوستان کی حالت یہ ہے کہ یہاں لفافوں کی قطار کیسے لگائیں کہ خود اپنی قطار نہیں لگا سکتے — اور جب کبھی گاندھی گراؤنڈ میں جلسہ ہو جاتا ہے تو پھر لوگ کچھ بدنظمی اور بے ضابطگی ان کی کمزوری کی زندگی بن جاتی ہے —

[illegible]

اگر کبھی [illegible] ہمدردی اور امداد کرتے اور بھی پلیٹ فارم کے اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے بازو سے نکال کر دکھاتے تو آپ یقین کیجئے آپ کا سیاح انسانوں کے اس سمندر میں غوطے لگا رہا ہوتا —

(بقیہ کالم اول صفحہ ۳ پر)

صاحب کو دیکھنے کا اشتیاق لاکھوں آدمیوں کو کھینچ لایا آدمیوں کا ایک سمندر تھا کہ حد نظر تک پھیلا ہوا تھا — یہ پوچھو تو گاندھی گراؤنڈ میں جلسہ ہوا کیا اس میں اتنی جگہ ہی نہ تھی کہ اپنے اندر اتنے آدمیوں کو سموئے — [illegible]

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اردو دشمنی

مکرمی ایڈیٹر! تسلیم۔ پندرہ اگست سے پہلے جب کبھی بھی اردو ہندی سوال کے متعلق ذمہ دار لوگوں سے پوچھا جاتا وہ یہ کہدیا کرتے تھے ہندوستان میں دو سو سال غلامی کی لعنت ہے اس کا واحد حل بھارت کی آزادی ہے! لیکن آج غلامی کا دور ختم ہو چکا ہے! دیکھئے دیکھئے ہندوستان آزاد ہو گیا۔ آزاد ہندوستان کا دستور اساسی بھی مرتب ہو چکا جس میں [illegible]

[illegible]

کے لئے بڑی شہرت رکھتی ہے۔ اردو کو ایسا سمجھ بیٹھے ہیں کہ آج [illegible] کو ختم کیا جا رہا ہے اور ایک ایسی خیالی زبان استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جسے عوام بالکل نہیں سمجھتے۔

بھلا فرمائیے —؟ وہ ۵۵ سالہ ضعیف انسان جس نے اپنی زندگی بھر اردو تقریر اور تحریر سے وطن میں آزادی کا صور پھونکا ہو جس نے اپنی [illegible] اور تجربہ میں "قرض تمام زندگی کی ہر چیز وطن کی آزادی [illegible]

[illegible]

انجم عالم بی اے فاضل

خلیل عثمانی [illegible]

رجسٹرڈ ڈی — نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۔ 6841 — تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۱۴ شعبان المعظم ۶۷ھ مطابق ۲۳ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۴۷

چاول کی پیداوار میں اضافہ

نئی دہلی ۔ ۲۱ جون دنیا بھر کی خوراک کی حالت کا ریکارڈ رکھنے والے دفتر کی طرف سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ اس سال دنیا میں چاول کی پیداوار گذشتہ سال کی نسبت ۲ فیصدی زیادہ ہے

اس سال ۷ ارب ۱۵ کروڑ ٹن چاول پیدا ہوا ہے لیکن جنگ سے قبل کی پیداوار سے یہ ۴ فیصدی کم ہے اس کی کا سبب کھاد کی کمیابی بتایا جاتا ہے

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی

مسٹر راجگوپال اچاریہ نے گورنر جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدہ کا حلف اٹھالیا

ہندوستان میں نسل یا جبر کے ذریعہ حکومت کرنے کے دن ختم ہوگئے

حلف وفاداری اٹھانے کے بعد نئے گورنر جنرل کا اہم اعلان

وائسرائے محل کے دربار ہال میں عظیم الشان تاریخی تقریب

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۔ ۲۱ جون آج صبح ساڑھے دس بجے مسٹر سی راجگوپال اچاریہ نے گورنر جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ حلف اٹھانے کی رسم چیف جسٹس آف انڈیا نے ادا کی ... کابینہ کے تمام ممبران، چیف جسٹس آف انڈیا، صدر اور اسپیکر ... غیر ملکی سفراء، ہندوستانی ریاستوں کے حکمران ... [illegible]

ہندوستان کے مستقبل کی تاریخ بہت شاندار ہوگی

آل انڈیا ریڈیو سے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا آخری پیغام

نئی دہلی ۲۱ جون ۔ آج لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے آل انڈیا ریڈیو دہلی سے ... پیغام نشر کرتے ہوئے ... [illegible]

دربار ہال میں دھماکہ

[illegible]

آزادی کی سب سے بڑی دستاویز

[illegible]

افغانستان نے پاکستان سے پٹھان علاقوں کا پھر مطالبہ کردیا

[illegible]

ہندوستان کے معدہ مقام پر گورنر جنرل

[illegible]

گورنمنٹ ہاؤس کے میدانوں میں آخری انگریز گورنر جنرل کو رخصت کرنے کیلئے ہزاروں آدمیوں کا اجتماع

کھلی گاڑی میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا جلوس گورکھا سپاہیوں کی سلامی

پالم کے ہوائی اڈے سے گورنر جنرل کے خاص طیارہ کی روانگی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دہلی ۔ ۲۱ جون ۔ آج غیر منقسم ہندوستان کے آخری وائسرائے اور آزاد ہند کے پہلے گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا تاریخی دور حکومت ختم ہوگیا ... [illegible]

ملایا میں گڑبڑ جاری ہے

[illegible]

کراچی ۔ ۲۰ جون ۔ پاکستان اسپیشل پولیس نے ... [illegible]

کابینہ کی الوداعی قرارداد

[illegible]

(باقی صفحہ ۲ پر)

ہندو مسلم سکھ سب کے دردمند ہند کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ

بڑا دواخانہ — آج ہی یونانی امیدگاہ ہے طبی مشورہ مفت حاصل کیجئے حالات لکھ کر

دوا چاہے جہاں سے خریدئے — منیجر بڑا دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۲۵ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۳ جون ۱۹۴۸ء

احوال وکوائف

اور تلوار کی نوبت نہیں آئے گی، اور تلوار کا فیصلہ ایسا ہے جس کے لئے عرب اور یہود دونوں تیار ہیں! عربوں نے پہلے ہی بجا طور پر یہ کہہ دیا ہے کہ مجلس متحدہ اقوام کا کمیشن کس چیز پر گفتگو کریگا اور اسکا اصل منشا کیا ہے؟ چنانچہ انہوں نے صاف صاف کہہ دیا ہے کہ یہودیوں کو اسرائیلی سلطنت کی طرف سے بولنے کا حق حاصل نہ ہوگا اور عرب کبھی نہ چاہیں گے کہ یہود اسرائیلی حکومت کا... پشتارہ لے کر گفتگو کے میدان میں آئیں۔ عربوں کے ساتھ مساوی حیثیت سے بات چیت کریں کیونکہ عربوں کی جنگ صرف اس لئے ہے کہ اسرائیلی حکومت قائم نہ ہو، اور یہ کوئی منطق نہیں کہ جو چیز باعث النزاع ہو پہلے اسے تسلیم کرایا جائے اور پھر گفتگو شروع کی جائے!

سو باتوں کی ایک بات تلوار ہے، اگر امریکہ اور برطانیہ درمیان میں حائل نہ ہوتے تو اب تک یہود کا ہوائی قلعہ نذر غبار ہو جاتا اور اسرائیلی حکومت کے بانیوں کا نام و نشان تک باقی نہ رہتا، لیکن انجام کا لحاظ کرتے ہوئے عربوں کو مجبور کر دیا گیا کہ وہ عارضی صلح پر آمادہ ہو جائیں، اور اس طرح یہود کو سانس لینے کا موقع مل جائے۔

غرض روڈس میں آئندہ ہفتہ جو بات چیت شروع ہونے والی ہے اس کی کامیابی کے آثار نظر نہیں آتے، شاید فلسطین کی قسمت میں ایسا ہی لکھا ہے کہ اس کا فیصلہ تلوار کے ذریعہ ہو اور عرب ایک آخری امتحان کے لئے تیار ہو جائیں۔

اور لیجئے!

خان عبد الغفار خاں کو تین سال قید سخت کی سزا دیکر بھی پاکستان کو صبر نہیں آیا۔ جی، ایم سید جو پاکستان کی عوامی جماعت کے سکریٹری تھے وہ بھی گرفتار کر کے اپنے گاؤں میں نظر بند کر دیئے گئے، مگر پاکستان کا غصہ پھر بھی نہ اترا، خان عبد الصمد خان، بلوچستان کے مخلص لیڈر ہیں انہیں بھی ان کے گاؤں گلستان میں محبوس کر دیا گیا!

یہ ہے پاکستان کے تدبر کا دیوالہ کہ اسمیں کسی مخلص اور ایثار پیشہ لیڈر کے لئے پناہ نہیں ان گرفتاریوں پر ہند اور پاکستان دونوں جگہ ایک ہیجان برپا ہے، لندن میں بھی اس پر اضطراب اور نفرت کا اظہار کیا جا رہا ہے، اب رہ گئے وہ لوگ جو انگریز کے زمانہ میں چرچیل کے مداح بردار اور گورنروں کے زلہ خوار تھے وہ آج پاکستان کے در و بست پر قابض ہیں اور شیروں سے شکار پر لومڑیوں کی طرح چمٹے ہوئے ہیں، لیکن کیا دنیا ان مخلصین کو فراموش کر دے گی؟ کیا وطن و ملت کے غدار من مانی کارروائیاں کرنے میں آزاد رہیں گے؟ ہمارا ایمان ہے کہ راستباز کبھی ضائع نہیں ہوں گے اور غداروں کو کسی نہ کسی وقت اپنی جگہ ...... خالی کرنی پڑے گی!

سازشوں کی بھرمار

دہلی کے ایک پنجابی اخبار کی تین کالمی سرخی ملاحظہ ہو۔

"کشمیر، دہلی، یو۔ پی۔ بہار کو حاصل کرنے کی منظم پاکستانی سازش
ہندوستان بھر میں انڈو پاکستان لیگ کا جال بچھا دیا گیا"

ایک دوسری خبر کی سرخی
"دہلی میں پاکستانی جاسوس"

ایک تیسری خبر کے عنوان
"کانپور میں چار اشخاص پاکستان کا پروپیگنڈا کرتے ہوئے گرفتار
گھروں سے پاکستانی لٹریچر برآمد ہوا"

اور چوتھی خبر کے کئی عنوانوں سے ایک عنوان
"سی پی کے مختلف حصوں میں نظام کے گیارہ جاسوس اور ایجنٹ گرفتار"

یہ صرف ایک اخبار کی خبروں کے عنوانات ہیں جنہیں پڑھ کر ہر شخص پریشان ہو جائیگا کہ سارے ہندوستان میں پاکستان اور نظام کی سازشوں کا جال پھیلا ہوا ہے، ممکن ہے کہ ایسا ہی ہو مگر حکومت کا فرض ہے کہ ایسے لوگوں کو تحقیق کے بعد پھانسی پر چڑھا دے اور ایسے غداروں پر کوئی رحم نہ کرے، لیکن ایسا نہ ہو کہ باہر کے یہ جاسوس کی وجہ سے ہند کے مسلمانوں پر کام میں دقتیں لگیں اور لفظ "مسلمان" کو جاسوسی اور غداری کا مرادف سمجھ لیا جائے، یہ ہم نے اسلئے لکھا ہے کہ ابھی عوام اور حکام کا دماغ صاف نہیں ہوا ہے اور پرانی عادت نہیں گئی ہے کہ سب پاکستانی اور بھرے ہندوستانی!

خوش آمدید

دنیا کیا ہے؟ مسافر خانہ! اکو جیسے کیا ہیں؟ تربیت گاہیں اور خدمت گذاریوں کی امتحان گاہ، ایک آتا ہے، دوسرا جاتا ہے، ایک کو الوداع، ایک کا استقبال، ایک جاتا ہے کہ اپنا فرض ادا کر چکا، ایک آتا ہے کہ اپنا فرض ادا کرے! موجودہ وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے لئے بھی آخری ساعت آگئی کہ اپنے عہدہ سے سبکدوش ہوں اور اس ملک کو آخری سلام کریں جسے انگریزی حکومت نے ڈیڑھ سو سال سے پالا پوسا اور جوان کیا تھا، مسٹر راجگوپال آچاریہ کے لئے بھی وقت آگیا کہ گورنر جنرل شپ کا بار کندھوں پر اٹھا کر اپنی خدمات، اپنی صلاحیتوں اپنی کارگذاریوں کا مظاہرہ کریں اور اس ملک کی تربیت فرمائیں جسے آزاد ہوئے ایک سال بھی نہیں گذرا اور جسے چند ماہ کے اندر بڑے بڑے انقلابات سے گذرنا پڑا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا جانا اور راجہ جی کا آنا مبارک ہو اور آنے والا امن و سلامتی، فارغ البالی، محبت، اتحاد، تعاون اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے، راجہ جی پر ہندوستان کو فخر ہے، خوش قسمتی سے ہندوستان کو ایک ایسا محقق ملا ہے جو تدبر و فراست میں اپنا نظیر نہیں رکھتا۔ انسانی نفسیات کا وہ کونسا گوشہ ہے جس میں آپ کو درک حاصل نہیں، ہندی کا وہ کونسا فلسفہ ہے جو آپ کی دسترس سے باہر رہ گیا ہو۔

سچائی پسند، سچے دوست، خادم، سچائی کا پرستار امن کا دیوتا، جو اپنی بالغ نظری اور حوصلہ مندی میں اپنی مثال آپ ہے، راجہ جی سے ہندوستان کو بہت سی توقعات ہیں، اور ملک کا شاندار مستقبل آپ کے انتظار میں ہے، یقین تو یہ ہے کہ ملک کا یہ مدبر اعظم اپنے وطن کو تمام ہولناکیوں سے صاف بچا لیجائے گا، اور آج جو بات ناممکن نظر آ رہی ہے اسے ممکن کر دکھائے گا۔

ہندوستان میں سینکڑوں وائسرائے آئے، مگر راجہ جی جیسا وائسرائے ملک کو اب تک نصیب نہیں ہوا۔ اے کاش! ہندوستان کو ندر شناسی کی توفیق ارزانی ہو اور ہمارا ملک اس راہ پر چلے جس پر آپ چلانا چاہیں، ہمیں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی تشریف بری کا ملال ہے، مگر راجہ جی کی تشریف آوری ہماری دیرینہ آرزوؤں کی تکمیل ہے۔

ہم چاہتے ہیں کہ اپنے سابق وائسرائے کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کریں اور موجودہ گورنر جنرل کے لئے اپنی آنکھوں کو فرش راہ بنائیں۔

فلسطین

فلسطین میں عارضی صلح کے لئے جو فضا ہموار کی گئی تھی اس کا سازگار ہونا مشکل ہے، دونوں طرف سے عارضی صلح کی خلاف ورزی کے الزام لگائے جا رہے ہیں، عرب کہتے ہیں کہ یہودی [illegible] جنگ بند نہیں کی، اور وہ عرب بستیاں [illegible] ... [illegible] زیادہ پابند یا [illegible] ... کو نہیں [illegible] دوسری طرف یہودی آئندہ جنگ کے [illegible] ... اور لوگ تربیت یافتہ ہیں انہیں جنگ کے لئے [illegible] ... اور دوسرے ممالک سے [illegible] ... فلسطین میں یہودی کی در آمد [illegible] ... ان حالات میں کون کہہ سکتا ہے [illegible] ... دیکھنے ہوگا۔

سنو!

کم ترکوا۔ تا۔ منظرین (پ ۲۵ ع ۱۴)

(دیکھو) وہ لوگ کیسے کیسے باغات اور چشمے چھوڑ گئے کیسی کیسی کھیتیاں اور عالیشان مکانات تھے جنہیں مڑ کر بھی نہ دیکھا کیسی کیسی نعمتوں اور پھلوں میں پلے تھے، ہم اس طرح ایک قوم کو دوسری قوم کا وارث بنا دیا کرتے ہیں، ان لوگوں کی بربادی پر آسمان و زمین کسی کو بھی رونا نہ آیا اور انہیں تھوڑی سی بہت مہلت بھی نہ دی گئی!

سر بفلک عمارتیں، صاف و شفاف چشمے لہلہاتے باغ سرسبز کھیتیاں نعمتوں کا کیا کہنا دن میں دو بار چکن کے کپڑے زیب تن کرنا معمول تھا پھلوں کی اسقدر بہتات کہ ٹوکروں پر ٹوکرے چلے آ رہے ہیں قریب سے نکل جاؤ تو عطر بیزی سے دماغ معطر ہو جائے خدام لگے ہوئے لذیذ سے لذیذ کھانے ہر وقت مہیا سیر و تفریح کے لئے اعلیٰ سے اعلیٰ سواریاں ایسے لوگوں نے بھلا تلوار کی جھنکاریں کہاں سنی تھیں، لاشوں کے انبار کہاں دیکھے تھے مگر یہ نعمتیں چلتی پھرتی چھاؤں ہیں جب وقت آیا تو ایسے بھاگے کہ نازنینوں کے سروں پر دوپٹے تک نہ تھے اور اتنی بھی مہلت نہ ملی کہ اپنے عالیشان مکانات اور باغات پر مڑ کر نظر ڈال لیتے، ایک قوم آئی اور تمام املاک کی وارث ہو گئی اور برباد ہونے والوں پر آسمان اور زمین کو بھی رحم نہ آیا! واقعات کی کیسی سچی تصویر ہے؟ دہلی کے مسلمانوں سے زیادہ اس صداقت پر کون گواہ ہو سکتا ہے!

ٹلہر میں جمعیۃ علماء کانفرنس

مورخہ ۲۱، ۲۲، ۲۳ جون ۱۹۴۸ء کو قصبہ ٹلہر ضلع شاہجہانپور میں جمعیۃ علماء کانفرنس ہوگی۔ مولانا شاہد فاخری اور مولانا محمد قاسم شاہجہانپوری شرکت فرمائیں گے، مولانا شاہد فاخری ٹلہر سے سہارنپور تشریف لے جائیں گے۔

مئو میں یوم فلسطین

مئو ناتھ بھنجن ۔ ۱۸ جون ۱۹۴۸ء کو شاہی مسجد کٹرہ میں یوم فلسطین کے سلسلے میں ایک جلسہ ہوا جس میں مولانا محمد ایوب، مولانا غلام رسول صاحبان نے تقریریں کیں اور روس و امریکہ کی پالیسی پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ روس و امریکہ کو فلسطین میں یہودیوں کی حکومت تسلیم کرنا اصول جمہوریت کے خلاف اور سراسر ناانصافی ہے۔ بعدہ مولانا احمد اللہ صاحب نے عربوں کی حمایت میں قرارداد پیش کرتے ہوئے تجویز کی وضاحت کی جو مولانا غلام رسول صاحب کی تائید کے بعد بالاتفاق منظور ہوئی۔ اس مجلس کی تجویز کی ایک نقل مجلس متحدہ کے صدر کے پاس بھی بھیجی گئی۔

ریاست حیدرآباد میں ستیہ گرہ

بیزواڑہ ۲۰ جون ۔ پروفیسر رنگا سائی موضع گرساود ضلع کرشنا کی طرف سے ریاست حیدرآباد کی حدود میں داخل ہو گئے ہیں۔ اور انہوں نے رضاکاروں اور نظام پولیس کے مظالم کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے ریاست میں ستیہ گرہ شروع کر دیا ہے، ان کے ساتھ ۱۴ اور ستیہ گرہی ہیں۔

راجکوٹ کے قریب فرقہ وارانہ فساد
چار اشخاص ہلاک ہو گئے

راجکوٹ ۲۰ جون۔ پرسوں راجکوٹ سے ۸۰ میل کے فاصلہ پر فرقہ وارانہ گڑبڑ ہو گئی جس کے نتیجہ میں دو اشخاص ہلاک ہو گئے، بیان کیا جاتا ہے کہ چند پناہ گزینوں نے جو ایک ارتھی لئے جا رہے تھے اقلیت کی دکانوں پر حملہ کر دیئے، پولیس نے حالات پر قابو پا لیا، لیکن رات کو پھر گڑبڑ ہو گئی۔ اور دو اشخاص کے جسموں میں چھرے گھونپ دیئے گئے۔

نظام حیدرآباد نے
ماؤنٹ بیٹن کی اپیل مسترد کر دی

حیدرآباد ۲۰ جون معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد اور ہند کے درمیان سمجھوتہ کی آخری کوشش کے طور پر لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ۱۸ جون کو نظام حیدرآباد کو ایک تار ارسال کیا تھا جس میں نظام سے اپیل کی گئی تھی کہ مجوزہ مسودہ کی بنا پر ہند سے بات چیت کر لیں نظام نے آج اس کے جواب میں انکار کے دوران میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی اپیل مسترد کر دی ہے۔

گورنر جنرل نے اپنے تار میں ہند و حیدرآباد کے آئندہ تعلقات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے نظام کو مشورہ دیا تھا کہ ہند سے سمجھوتہ کریں۔ ہم نے نظام سے درخواست کی تھی کہ ۲۴ گھنٹوں کے اندر اس کا جواب دیدیں۔ نظام نے اپنے جواب میں اپنی بے صرف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے اپنے وزراء کے مشورہ سے انحراف کرنے کی کوئی وجہ نہیں دکھائی دیتی۔

نظام پولیس نے حیدرآباد کے بڑے بڑے تاجروں کی دکانوں میں قفل لگا دیئے

حیدرآباد ۲۰ جون آج نظام پولیس نے ریاست کے طول و عرض میں بہت سے درآمد شدہ مال کی تجارت کرنے والے تمام تاجروں کی دکانوں، گوداموں کو سربمہر کر دیا۔ کپڑے کی دکانوں کے علاوہ ہر قسم کے ... [illegible] ... بجلی کا سامان ... [illegible] ... اس حکم کی زد میں آ گئے ہیں ... [illegible] ... کا خیال ہے کہ ہند سرکار کی طرف سے ریاست کی مکمل ناکہ بندی کی وجہ سے ... [illegible] ... لیکن نظام گورنمنٹ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یہ اقدام روزمرہ کی ضروریات کے نرخوں پر ... [illegible] ... نرخوں پر کنٹرول ... [illegible] ... کر دیا گیا ہے۔

ضلع بلند شہر دو ماہ کے لئے فساد زدہ علاقہ قرار دے دیا گیا

لکھنؤ ۲۳ جون کل شام کو سرکاری گزٹ کی ایک غیر معمولی اشاعت میں اعلان کیا گیا ہے کہ یو پی کے تحفظ عامہ کے قانون کی دفعہ ۱۱ کے تحت اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے گورنر یو پی نے ہدایت کی ہے کہ قانون مذکور کی دفعہ ۸ — ۱ کی ضمنی دفعہ (۸) ۱۵ کے تحت انہیں جو اختیارات حاصل ہیں ان کا استعمال ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بلند شہر بھی اپنے ضلع میں دو ماہ کے لئے کر سکیں گے۔ گورنر یو۔ پی نے یو۔ پی کے فسادات کی روک تھام کے قانون کی دفعہ ۵ ضمنی دفعہ (۱۱) کے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ضلع بلند شہر کو اس اعلان کی تاریخ سے دو ماہ کے لئے فرقہ وارانہ طور پر فساد زدہ رقبہ قرار دے دیا ہے۔

سیر و سیاحت

— از سیاح

ماؤنٹ بیٹن کو الوداع

ایک زمانہ تھا — وہ زمانہ جب ہوائی جہاز نہ تھے — کہ جب کبھی وائسرائے یا گورنر جنرل اپنے محل سے باہر نکلتے تھے تو ملک میں ایک دھوم مچ جاتی تھی دور دور کے راستے بند ہو جاتے اور لوگ پوچھتے کہ کیا ہوا تو جواب ملتا کہ لاٹ صاحب کی سواری جا رہی ہے — سواری نکل جاتی لیکن کسی کو یہ بھی نہ معلوم ہوتا کہ یہ سواری نکلی کب — ریل کی سڑک پر ہر گام پر سپاہی دوڑتے تھے اور راستے میں لوگ ان کے انتظار میں کھڑے رہتے کہ ایک گاڑی کے کمرے میں لاٹ صاحب بیٹھا کرتے تھے گویا لاٹ صاحب کیا تھے ایک تماشا ہوا تھے جو دور سے نظر آ کر چھپتے تھے —

اس کے بعد ہوائی جہاز کا زمانہ آیا — سفر آسان ہو گیا کہیں جانا ہوا جھٹ اپنا اسپیشل طیارہ منگایا اور اڑ گئے — اب کس کی ہمت ہے کہ ان پر تیر چلائے یا بم پھینکے — اور پھر ایک طیارہ تھوڑا ہی ہے جو معلوم ہو کہ کس میں لاٹ صاحب پدھارے ہوئے ہیں — "ہندلا ریڈیو" — ہمارے الفاظ نوٹ کرے —

لیکن ایک زمانہ آج آیا کہ لاٹ صاحب کھلی موٹر میں چلتے ہیں۔ کہتے ہیں ہم عوام سے رابطہ جوڑنا چاہتے ہیں کیونکہ ہم عوام کے ہیں اور عوام ہمارے —

عوام سے لاٹ صاحب کی یہ دلچسپی دیکھ کر دہلی میونسپلٹی نے یہ بدعت کی کہ آخری انگریز لاٹ صاحب (لارڈ ماؤنٹ بیٹن) کو الوداعی ایڈریس دے ڈالا — حالانکہ اس سے پہلے کبھی کسی میونسپلٹی کو یہ ہمت نہ ہوئی تھی کہ کسی لاٹ کو ایڈریس پیش کرے — کمیٹی والوں نے چاہا کہ اس کا زبردست پروپیگنڈا ہو اور دھوم دھام کی جائے کہ عوام اس میں شریک ہوں اور جانے والے لاٹ صاحب کو ایک نظر دیکھ لیں کیونکہ پھر ہندستان میں انگریز گورنر جنرل کی صورت نظر نہ آئے گی —

انگریز کا جانا کوئی معمولی بات نہ تھی — لاٹ صاحب کو دیکھنے کا اشتیاق لاکھوں آدمیوں کو کھینچ لایا — آدمیوں کا ایک سمندر تھا کہ حد نظر تک پھیلا ہوا تھا — سچ پوچھو تو ٹاؤن ہال کے سامنے جلسہ گاہ کیا اتنی بڑی جگہ بھی نہ تھی کہ اپنے اندر اتنے آدمیوں کو سمولے — ایک ایک فٹ پر ...

کا ہونا معمولی بات تھی تقریباً ایک درجن سے زیادہ لوگ بیہوش اور کچھ لوگ زخمی ہوئے — جب یہ کرسیاں کم ہو گئیں اور انہوں نے کچھ لوگوں کو لاٹ صاحب کے دیکھنے کا موقع دیا — کمیٹی والوں نے یہاں بھی غلطی کی اور ایک عورت کسی اہم جگہ پر بیٹھ کر زیادہ تماشا دیکھنے لگی — داد دیجئے ان عورتوں کو جنہوں نے اسے چاروں طرف سے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔

سنتے ہیں کہ انگلستان کے لوگوں میں اتنا ضبط و نظم ہے کہ جب ایک بڑا مجمع جمع ہو جاتا ہے تو لوگ قطاریں بنا لیتے ہیں۔ دیکھنے والے اپنے لفافوں کو پیچھے قطار میں لگا کر چلے جاتے ہیں اور ان کی دوکان تک ایک لمبی قطار لگ جاتی ہے اور کیا مجال کہ کوئی شخص اس قطار کو توڑ دے لیکن ہندوستان کی حالت یہ ہے کہ یہاں انسانوں کی قطار تو کیا لفافوں کی بھی قطار نہیں لگا سکتے — اور جب بھی کوئی بڑا جلسہ ہو جائے تو پھر بدنظمی اور بے قاعدگی الٹے گھر کی زندگی بن جاتی ہے —

کمیٹی والوں نے ہر چند سارا انتظام قاعدہ میں کیا اور پریس اور دوسرے معزز مہمانوں کی الگ الگ قطاریں لگا دیں لیکن وہ ہندوستانی کیا جو کسی قاعدہ کی پابندی کو تسلیم کرے — اور جب لارڈ ماؤنٹ بیٹن ہندوستانی بن کر ۵ بجے کے بجائے پانچ بجے تشریف لائیں تو خوب عوام کا ہجوم انہیں بھی خالص ہندوستانی بننے کا حق حاصل ہو گیا —

— بکھرے ہوئے گھوڑوں کی طرح اس طرح بھاگ کر ڈائس پر جا کر دم لیا — اور وہ پریس گیلری یا معزز مہمانوں کی گیلریاں تھیں وہ انسانوں کے اس سمندر میں ڈوب کر رہ گئیں —

— اب ہر شخص دم بخود تھا شیم ہیں بھی سب ایک قسم کا سکتہ طاری ہو گیا تھا — اصل میں دہلی کے شہری گھبرا کر اپنا فرض ادا کر رہے تھے —

اگر کمیٹی کے ایک ہمدرد ہماری امداد نہ کرتے اور ہمیں پلیٹ فارم تک اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے پاس سے نکال کر نہ لاتے تو آپ یقین کیجئے آپ کا سیاح انسانوں کے اس سمندر میں غوطے لگا رہا ہوتا —

(بقیہ کالم اول صفحہ ۳ پر)

خطوط — ایڈیٹر کے نام

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اردو دشمنی

مکرمی ایڈیٹر تسلیم! پندرہ اگست سے پہلے جب کبھی بھی اردو ہندی سوال کے متعلق ذمہ دار لوگوں سے پوچھا جاتا وہ کہا کرتے "ہندوستان میں یہ بھی غلامی کی لعنت ہے اس کا واحد حل بھارت کی آزادی ہے!" لیکن آج غلامی کا دور ختم ہو چکا ہے! دیکھتے دیکھتے ہندوستان آزاد ہو گیا۔ آزاد ہندوستان کا دستور اساسی تک مرتب ہو چکا جس میں ہر فرقہ کے حقوق کے تحفظ کی ذمہ داری لی جا چکی ہے مگر یہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ملک میں "اینٹی اردو پالیسی" کا منظاہرہ قدم قدم پر کیا جا رہا ہے۔ اکثریت کے لوگ تو غلطی سے یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ اردو سے ان کو دور کا بھی واسطہ نہیں! وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ اردو ہندو مسلمان اتحاد کی نشانی ہے وہ تو ان دونوں کی مشترکہ زبان ہے۔ ہندو مسلمان دونوں نے اپنی اپنی قومی اور ملکی زبانوں کو چھوڑ کر اردو کو پیدا کیا اور اس کو اختیار کیا جو صحیح معنوں میں ہندوستان کی عام زبان ہے۔ چونکہ ان مقامات پر جہاں یہ بولی نہیں جاتی بخوبی سمجھی جاتی ہے اور دیگر زبانوں کا یہ حال ہے کہ وہ صرف اپنے اپنے صوبہ یا خطہ میں بولی اور سمجھی جاتی ہیں مگر دوسری جگہ ان کا بولنا اور سمجھنا دشوار ہے۔ مثلاً کشمیر میں اگر مرہٹی بولی جائے بہار میں گجراتی اور سندھ میں تامل تو بھلا کون ان کو سمجھے گا مگر یہ زبان جس کو اردو یا ہندوستانی کہتے ہیں ہر شخص اپنے ذاتی تجربہ سے بتلا سکتا ہے کہ ہندوستان کے کونہ کونہ میں نہیں بلکہ ہندوستان سے باہر بھی مثلاً عدن، ملایا، سنگاپور وغیرہ میں بھی بخوبی سمجھی جاتی ہے

میں اپنے برادران وطن سے معافی کا خواستگار ہوں اور کسی دوسری دیسی زبان کی توہین یا برائی نہیں کرنا چاہتا مگر حقیقت یہ ہے کہ تمام دیگر دیسی زبانیں مثلاً مرہٹی، پنجابی، بنگالی وغیرہ کسی ایک صوبہ کی مخصوص زبان کہی جا سکتی ہیں — اور یہ عزت اردو ہی کو حاصل ہے کہ وہ تمام ملک کی زبان عام ہے جو فصاحت بلاغت اور ادبی مطلب کے لئے بڑی شہرت رکھتی ہے۔ اردو کو ایسا سمجھ بہت جلد ہی آج کل ختم کیا جا رہا ہے اور ایک ایسی خالص زبان استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جس کو عوام بالکل نہیں سمجھتے۔

بھلا بتایئے — ؟ وہ ۵۵ سالہ ضعیف انسان جس نے اپنی زندگی بھر اردو تقریباً دو تحریر سے واسطہ رکھا آزادی کا صور پھونکا جس نے اپنی ...... تک اردو اور ہندی میں غرض متاع زندگی کی ہر چیز وطن کی آزادی کی خاطر قربان کر دی ہو، اگر آج اردو میں اپنی درخواست لکھ کر سرکاری دفتر جاتا ہے تو دفتر کا کلرک درخواست کی تحریر دیکھ کر درخواست کو ہاتھ تک نہیں لگاتا اور یہی پہلا سوال ہے یہ کہہ کر کہ جاؤ ہم اردو نہیں جانتے درخواست ہندی میں لکھوا کر لاؤ اس غریب کو دھتکار دیتا ہے —

اب آپ ہی بتلایئے یہ مصیبت کا مارا اپنی فریاد لے کر کہاں جائے؟ یہ وہی ضعیف و ناتواں انسان ہے جو انقلاب زندہ باد کے نعرے سن کر اپنے لرزتے ہوئے جوڑوں سے نکل پڑتا تھا اور ترنگا جھنڈا اپنے کمزور ہاتھوں میں تھام کر آزادی کی کٹھن منزل پر ایک مضبوط عزم کے ساتھ آگے بڑھتا تھا! یہ وہی ہے جس نے ترنگا جھنڈے کی آن کی خاطر اپنے سینے پر زندگی کی گولیوں کے ساتھ تاں دیتا تھا اور جس کے کانوں نے برسوں جیل کی تاریک کوٹھریوں میں زنجیروں کی جھنکار سنی تھی آج اسی بیکس اور بیکس بیچارے ہوئے انسان سے آزاد ہندوستان میں یہ سلوک روا رکھا جاتا ہے آخر کیوں؟ کیا صرف اس لئے کہ اس کی درخواست اردو میں ہے؟ اگر یہی سبب ہے تو یہ ہمارے ملک کے لئے اچھی فال نہیں۔ ضرورت ہے کہ ہماری حکومت جلد سے جلد اردو کو بھی سرکاری زبان قرار دے اور اس بات کی آزادی دی جائے کہ ہر شخص جس زبان کو جانتا ہو اسی میں سرکاری کام کرے۔ ایسا کرنے سے ہی صرف ملک میں زبان کی گتھی سلجھ سکتی ہے۔

اختر عالم بی۔ اے فاضل۔ مظفر نگر ۱۱ جون

١٨

مغربی جرمنی میں کرنسی کی اصلاحات

بنکوں سے روپیہ نکالنے کیلئے لمبی قطار

دار السلطنت

بہرابا و کمیٹی کا جلسہ

گاندھی گراؤنڈ میں دو لاکھ کا عظیم الشان اجتماع

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو دہلی میونسپلٹی کی طرف سے سپاسنامہ

گورنر جنرل کی ہندوستانی میں تقریر

برائے اطلاع عام

فہرست دوکانات جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بردے گزٹ غیر معمولی نمبری ۵ مورخہ ۴ جون ۱۹۴۸ء لیا

نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

سیر و سیاحت صفحہ ۱۰ پر

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر ضرور لکھیے

١٨

ہندوستان اور پاکستان کی کانفرنس غیر معینہ عرصہ کیلئے ملتوی کر دی گئی

وزیر اعظم پاکستان کی علالت ، ہندوستانی حلقوں میں قیاس آرائیاں

ریاستی تنظیم پر بات چیت

بجنور میں قتل کی واردات

ریاستی ریڈیو کی خبروں پر پابندی

سردار پٹیل سے وزیر دفاع اور مسٹر ... کی ملاقات

گورنر جنرل کی روانگی

تاریخی تقریر بقیہ صفحہ اول

مغربی جرمنی میں کرنسی کی اصلاحات

بنکوں سے روپیہ نکالنے کیلئے لمبی قطاریں

برلن ۲۰ جون - کل مغربی جرمنی میں کرنسی کی اصلاحات کا اعلان تھا۔ صبح سویرے ہی سے بنکوں کے باہر لوگوں کی لمبی لائنیں لگ گئیں۔ ہر ایک شخص اپنے شناختی کارڈ اور ساٹھ پرانے مارک لے گیا تھا جس کے بدلے میں ۔۔۔ مارک دیئے گئے اور شناختی کارڈ پر نشان لگا دیا گیا۔ باقی ۲۰ مارک بعد میں دیئے جائیں گے۔ صبح لاکھوں مارک جرمن پولیس اور اتحادی فوج کے پہرہ میں بنکوں سے لائے گئے تھے لوٹنا بنانے والوں سے بالکل مختلف میں برطانوی علاقے سے کسی جھگڑے کی اطلاع نہیں ملی۔ مگر سوویٹ منطقہ میں فوج کی اور جانے کی کوشش پر جھگڑا ہو گیا فرشقوق میں آج جو نئے مارک آئے وہ ختم نہیں ہوئے تھے اس لئے تقسیم کل بھی دیئے جائیں گے۔

سیر و سیاحت صفحہ ۲ سے آگے

— اور جو آم آنے والے موسم میں آپ ان کے کھانے کے لئے بھیجتے وہ دفتر ہی میں پڑے سڑتے رہتے۔

لیکن ان سب خالص ہندوستانی ماحول میں کانگرس کا حال واقعی رقت انگیز تھا۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن مسکرا رہے تھے مگر چہرے سے صاف ظاہر تھا کہ ان کی مسکراہٹ مصنوعی ہے۔ انہیں ہندوستان سے اب جانے کا قلق تھا۔ نہیں اپنے جانے کا نہیں بلکہ انگریزی اقتدار کے جانے کا — اور انہیں ہی کیا سب کو یہ کہتا تھا خود آسمان نے بھی ان کی آمد سے پہلے دو چار آنسو بہا دئے تھے — اور اس طرح سے ہی رقت انگیزی میں اور زیادہ اضافہ کر دیا تھا۔ سچی بات کل ۲۱ ر جون سے ان ہی ان کے غم میں گھٹا شروع ہو جائے گا۔

ایڈیٹر کی ڈاک صفحہ ۲ سے آگے

مذہب اور فسادات

مکرمی السلام علیکم۔ خیالات و تصورات کی دنیا عمل کی دنیا سے کس قدر دور واقع ہوئی ہے۔ اس کا اندازہ آپ اس سے کر سکتے ہیں کہ ہندوستان کے باشندوں نے حصول آزادی کے قبل ہندوستان کا جو نقشہ اپنے ذہن میں جما رکھا تھا آج حالات اس کے برعکس ہیں۔ ہم نے کیسے کیسے عہد و پیمان کئے تھے کہ "مفاد عامہ" کو ہر کام میں ملحوظ رکھا جائے گا۔ پبلک کے معیار زندگی کو بلند کیا جائے گا۔ ضروریات زندگی کو سستا کیا جائے گا۔ غرض ہم نے سوچا تھا آزادی کے بعد ہماری زندگی کا ایک نیا باب شروع ہو گا۔ حکومت اپنی ہو گی ہم اپنی قسمت کے مالک ہوں گے۔ مسرت و شادمانی کا دور دورہ ہو گا لیکن ... ہماری یہ خیالات صرف خواب ہو کر رہ گئے۔ ۱۵ ر اگست ۴۷ء کو صبح آزادی نے ... دکھلائی۔ کون جانتا تھا کہ "اس صبح امید کے دامن میں ... شام غم" بھی پوشیدہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں پیا معلوم نہ ہو سکا کہ ہم آزاد ہو گئے۔ لاکھوں آدمی خانماں برباد ہو گئے ... ہو گئیں۔ وحشت و بربریت کا دور تھا۔ حکومت کی ساری توجہ اس طرف ... ہو گئی۔ اور آج بھی حکومت انہیں مسائل میں پھنسی ہوئی ہے۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ ان فسادات کا ذمہ دار مذہب ہے میں اس غلط فہمی کو دور کرنا چاہتا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان فسادات میں فسادیوں کا خاص مقصد قتل و غارتگری اور لوٹ مار تھا نہ کہ اپنے مذہب کی ترقی۔

دیکھنا یہی ہے کہ ان کی ذمہ داری "مذہب" پر عائد نہیں ہوتی۔ دنیا کا کوئی مذہب اس قسم کی تعلیم نہیں دیتا۔ دنیا کے کسی مذہب کی یہ تعلیم نہیں ہے کہ کسی بے گناہ کو قتل کرو۔ بچوں پر ظلم توڑو۔ عورتوں کے ساتھ برا سلوک کرو۔ جب مذہب ان باتوں کی تعلیم نہیں دیتا۔ بلکہ ان باتوں کو منع فرماتا ہے تو ان باتوں کا ذمہ دار مذہب کو کیوں ٹھہرایا جائے۔ اگر کوئی یہ کہے کہ "فسادی" ہندو اور مسلمان تھے۔ تو اس بات سے یہ نتیجہ نکالنا کافی ہے کہ اس جگہ بھی "مذہب" اس الزام سے بری ہو جاتا ہے۔ کیونکہ فسادی "مذہب" کے صحیح مفہوم سے ناآشنا تھے۔ انہیں "مذہب" کے متعلق صحیح معلومات نہیں تھی وہ اپنے مذہب کے صرف نام کے پیرو تھے۔ ... مذہب ... نہیں آتا۔

محمد سہیل انصاری ۱۷ ر جون

دار السلطنت

پھر بساؤ کمیٹی کا جلسہ

دہلی ۱۹ ر جون ۱۹۴۸ء - پناہ گزینوں کو پھر سے بسانے کے مسئلہ پر پھر بساؤ کمیٹی کے زیر اہتمام ایک ضروری اجلاس پھر بساؤ کمیٹی کے دفتر میں ہوا جس میں شری رنبا جتا صاحب ... اور شری ... صاحب صدر آل انڈیا اسٹیٹس پیپلز کانفرنس۔ پنڈت سندر لال صاحب حضرت مولانا احمد سعید صاحب۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب اور ... رام کیل ... اور ... سردار ... ایم ایل اے ... لالہ حکیم صاحب ... حضرت مولانا احمد میاں صاحب۔ حضرت مولانا حبیب الرحمن حافظ محمد نسیم صاحب ... پرائیویٹ سکریٹری ڈاکٹر سید محمود صاحب ... صاحب اعلیٰ سکریٹری ... عبد الستار کے علاوہ ... اس اہم مسئلہ پر غور ... صاحب ... پنڈت سندر لال صاحب مولانا احمد سعید صاحب مولانا حفظ الرحمن صاحب اور مولانا حبیب الرحمن صاحب حکومت ہند کے وزیر اعظم صاحب اور نائب وزیر اعظم ... اور متعلقہ ... ان کی قطعی اور آخری فیصلہ کی ... اور اس فیصلہ کی روشنی میں اور ان حضرات کی رہنمائی میں اگر کسی ضروری اور فوری اقدام کی ضرورت ہو تو پوری مضبوطی کے ساتھ وہ قدم کیا جا سکے تاکہ لاکھوں انسانوں ... کے لئے گروہ گاؤں کے دوسرے بیوپاریوں پر ناقابل برداشت بوجھ نہ ہو ... آباد ہو سکیں۔

عبد الغنی ڈار سکریٹری پھر سے بساؤ کمیٹی ہندوستان پاکستان دہلی

ابتدائی ممبرسازی کی کاپیاں

جا چکی ہے کہ جن حضرات کے پاس جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی ابتدائی ممبرسازی کی کاپیاں رہ گئی ہیں وہ مع اس کی فیس کے دفتر میں پہنچا دیں۔ افسوس کہ ابھی تک اس طرف توجہ نہیں کی اور کاپیاں نہیں پہنچائیں۔ اس لئے ان سے پھر ایک بار درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اب بیل تغافل نہ کریں مہربانی فرما کر ۲۲ ر جون کی شام تک دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی میں کاپیاں پہنچ جانی چاہئیں۔ امید ہے کہ آپ اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے تاریخ مقررہ پر کاپیاں پہنچا کر ممنون فرمائیں۔

ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

مدرسہ عالیہ مسجد فتحپوری کا سالانہ جلسہ

دہلی ۱۸ ر جون - مورخہ ۲۴ ر جون مطابق ۱۷ ر شعبان بروز منگل ساڑھے سات بجے صبح مدرسہ عالیہ مسجد فتحپوری کا سالانہ جلسہ ہو گا۔ جس میں حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ختم بخاری شریف و تقسیم اسناد و انعام و دستار بندی فرمائیں گے اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ العلماء ہند دہلی حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند کے مواعظ حسنہ ہوں گے۔ امید ہے کہ مسلمانان دہلی اس دینی مجلس میں شرکت کر کے ثواب دارین حاصل کریں گے۔

علمائے کرام کا فیصلہ

حسب اعلان ۱۹ ر جون ۱۹۴۸ء کو صبح آٹھ بجے مسجد فتحپوری میں رویت ہلال کا جلسہ ہوا۔ علمائے کرام شریک ہوئے۔ حضرت مولانا مفتی محمد مظہر اللہ صاحب حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب حضرت مولانا مفتی عبد الغفار صاحب حضرت مولانا ولایت احمد صاحب اور دیگر مستند علمائے کرام نے شہادتیں سننے کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ ۲۹ ر رجب کو رویت ہلال ثابت نہیں جو شہادتیں پیش ہوئیں ان سے چاند کا ثبوت نہیں ہوتا۔ اس لئے شب برات چہار شنبہ کو ہو گی۔ دستخط احمد امام مسجد ... بازار ... دہلی

محفل وعظ

چونکہ علمائے کرام نے ۲۹ ر رجب کی رویت ہلال تسلیم نہیں کی۔ اس لئے دہلی کی جامع مسجد میں جو محفل وعظ ۲۳ ر جون کو منعقد ہونے والی تھی۔ اب یہ محفل مبارک ۱۵ ر شعبان المعظم بروز بدھ مطابق ۲۳ ر جون ۱۹۴۸ء بعد نماز عشاء تمام شب جامع مسجد میں منعقد ہو گی۔

مسلح سکھوں کا چلتی ٹرین پر ڈاکہ

احمد آباد ۱۹ ر جون۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کراچی سے مسلح تقریباً ۹ سکھوں نے کل ایک لوکل ٹرین جو احمد آباد اور ... کے درمیان چلتی ہے۔ ایک تھرڈ کلاس کے ڈبہ کے مسافروں کو لوٹ لیا جب ٹرین کھڑی ہوئی۔ تو فرار ہو گئے۔ سابرمتی ریلوے اسٹیشن سے ریلوے پولیس نے ... ہتھیار ... گرفتار کر لیا۔

گاندھی گراؤنڈ میں دو لاکھ کا عظیم الشان اجتماع

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو دہلی میونسپلٹی کی طرف سے سپاسنامہ

دہلی ۱۹ ر جون۔ ہم آنجناب کی اہلیہ ہم دونوں اس حیرت انگیز شفقت و محبت کو ہمیشہ یاد رکھیں گے جو ہمیں ... سے حاصل ہوئی۔ ہم پیارے ہندوستان سے ... کرتے رہیں گے۔ اور اس کی آئندہ خوشحالی میں ذاتی طور پر دلچسپی لیتے رہیں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ ہندوستان کے گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے آج شام دہلی میونسپل کمیٹی کے سپاسنامہ کا جواب دیا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو الوداعی سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے صدر میونسپل کمیٹی ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے کہا "آپ نے اپنی دور اندیشی۔ بیدار مغزی اور اعلیٰ قابلیت سے سیکڑوں سال کی اس تلخی کو ختم کیا جو ہندوستانیوں اور انگریزوں کے درمیان چلی آ رہی تھی۔"

اس سے قبل مسٹر طال احمد زیدی سینیئر وائس پریذیڈنٹ نے لارڈ و لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور پامیلا ماؤنٹ بیٹن کو ہار پہنائے اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو ہاتھی دانت کے ایک تخت پر مہاتما گاندھی کا ایک مجسمہ پیش کیا۔ مہاتما گاندھی کو ترنگے جھنڈے کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑا دکھایا گیا ہے۔ اس موقعہ پر دہلی کے گاندھی گراؤنڈ میں دو لاکھ سے زیادہ آدمیوں کا اجتماع ہو گیا تھا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن لیڈی ماؤنٹ بیٹن۔ پامیلا ماؤنٹ بیٹن اور پنڈت جواہر لال ایک ساتھ ایک گاڑی میں آئے۔ لوگ سڑک کے دونوں طرف کھڑے ہوئے تھے۔ اور جس وقت ان کی سواری گذری تو ہر طرف سے جے کا نعرے بلند ہو رہے تھے۔ مکانوں کی چھتوں پر بھی عورتیں، مرد اور بچے کھڑے ہوئے تھے۔ اور پھول برسا رہے تھے جب پنڈت جی کے گلے میں بہت زیادہ ہار جمع ہو جاتے تو وہ گلے سے ہار نکال کر لوگوں کی طرف پھینک دیتے تھے۔ اسی طرح لارڈ ماؤنٹ بیٹن اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن بھی کر رہے تھے۔ لوگوں کے نعروں اور سلام کا جواب لارڈ ماؤنٹ بیٹن ایک ہاتھ سے دیتے اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کبھی کبھی دونوں ہاتھ جوڑ کر مسکرا رہی جاتی تھیں۔

گاندھی گراؤنڈ پر ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ، مسٹر طال احمد زیدی اور دیگر ممبران کمیٹی نے استقبال کیا۔ اس کے بعد پنڈت نہرو لارڈ و لیڈی ماؤنٹ بیٹن کے ہمراہ ممبران کمیٹی نے ایک فوٹو گروپ تیار کرایا۔

میونسپلٹی کے صدر ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے سپاسنامہ پڑھتے ہوئے کہا کہ۔ سپاسنامہ یہ بڑی خوشی اور فخر کی بات ہے کہ دہلی نے آپ کی نیک دلی اور دانشمندی کی بدولت برطانوی سامراج کو تباہ و برباد ہوتے ہوئے نہیں دیکھا۔ بلکہ ۱۵ ر اگست کو وہ شاندار اور باوقار منظر دیکھا ہے جب آپ نے امن و شانتی کے ساتھ خود اپنے ہاتھوں سے حکومت کی باگ ڈور مادر ہند کے ان سپوتوں کے سپرد کر دی جو حقیقت میں اس کے مستحق تھے اور جس کا نام زبان پر آتے ہی ہمارا نطق پاکیزہ اور ہمارے دل باغ باغ ہو جاتے ہیں۔

ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے کہا۔ کہ آپ نے اپنی دور اندیشی۔ بیدار مغزی اور اعلیٰ قابلیت سے سیکڑوں سال کی اس تلخی کو ختم کر دیا جو ہندوستانیوں اور انگریزوں کے درمیان چلی آ رہی تھی۔ آپ نے وہ جادو کیا کہ عوام ان تمام مصائب اور شدائد کو بالکل بھول گئے جو آزادی کی راہ میں بے شمار نوجوان مردوں اور عورتوں اور بچوں کو پیش آئے تھے اور جنہیں برداشت کرتے ہوئے بے شمار جانیں قربان گاہ آزادی کی بھینٹ چڑھ گئیں اس طرح آپ نے ہندوستانیوں اور انگریزوں کی وہ قابل یادگار خدمت انجام دی ہے جو دونوں ملکوں کی تاریخ میں ہمیشہ درخشاں اور تابناک رہے گی۔ آپ کی جلیل القدر خدمات ہی کا نتیجہ تھا کہ آزاد ہندوستان نے آپ کو ہی متفقہ اپنا پہلا گورنر جنرل منتخب کیا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جہاں ایک طرف یہ انتخاب آپ کے لئے افتخار و اعزاز کا موجب ہے وہاں دوسری جانب آپ کے کارناموں کی بدولت آپ کو منتخب کرنے والوں کا سر بھی اونچا رہا۔ آپ نے آزادی کے بعد جس اخلاص مندی، دل سوزی اور بلند ہمتی کے ساتھ خوش اسلوبی سے اپنے فرائض کو انجام دیا اور ترقی کی راہ میں جو منحوس رکاوٹیں حائل ہوگئی تھیں ان کو دور کرنے اور انتہائی پیچیدہ اور مشکل مسائل کو حل کرنے میں اپنی کابینہ و وزارت کو جس صداقت اعتماد اور دانشمندی کے ساتھ مدد دی اس سب کے لئے ہم آپ کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

سپاسنامہ میں لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا بھی شکریہ ادا کیا گیا اور آخر میں کہا گیا کہ ہمیں یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ آج اس ناگزیر جدائی کے موقعہ پر آپ کو خیرباد کہنے کے لئے وہ ہستی ہمارے درمیان نہیں ہے جسے

گورنر جنرل کی ہندوستانی میں تقریر

حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے رخصت ہونے والے گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ہندوستانی زبان میں کہا۔

دہلی کے باشندو میں اور میری اہلیہ بہت خوش ہیں کہ اس موقعہ پر اتنی بڑی پارٹی جمع ہوئی ہے۔ ہم دونوں آپ سے وداع ہونے آئے ہیں۔ اس جدائی سے ہم دونوں کو بڑا دکھ ہے۔ لیکن آپ کی دوستی اور پریم ہمیشہ ہمارے دل میں رہیں گے۔ میں ہندوستانی بہت کم جانتا ہوں اس لئے میں پوری تقریر ہندوستانی میں نہیں کر سکتا۔ باقی انگریزی میں بولوں گا۔ میں اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ خدا آپ کی مدد کرے۔

ہز ایکسلینسی نے پھر الوداعی پیغام انگریزی میں دیا۔ آپ نے اپنی تقریر ان الفاظ پر ختم کیا۔ جو کچھ میں نے انگریزی میں کہا اس اجتماع عظیم میں شریک ہونے والے آپ سمجھ سکے اس کو سنا اور اب تھوڑی دیر بعد ہی اس کا ہندوستانی ترجمہ بھی آپ کو سنایا جائے گا۔ اس ملک میں اور بھی کروڑوں باشندے ہیں جن کو میں اسی صورت سے خطاب کرنا چاہتا ہوں۔ اس لئے میں اپنی اس تقریر کو آل انڈیا ریڈیو سے آج شام کے ساڑھے آٹھ بجے براڈکاسٹ کروں گا۔ مختصراً اپنی بیوی اور اپنی طرف سے یہ کہنا چاہتا ہوں۔ آپ کا شکریہ۔ خدا کرے کہ آئندہ آپ اور ہندوستان پھلیں پھولیں۔

پنڈت نہرو کا خراج عقیدت

وزیر اعظم پنڈت نہرو نے بھی ایک مختصر سی تقریر کی جس میں آپ نے کہا۔ اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کا یہاں جمع ہونا اس بات کا ثبوت ہے۔ ہندوستان کے باشندوں کے دلوں میں لارڈ و لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی بہت زیادہ قدر اور محبت ہے۔ گذشتہ پندرہ مہینے کے اندر ہندوستان کو متعدد مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن ان سے ہندوستان کے لوگوں کو گورنر جنرل سے محبت میں کمی واقع نہیں ہوئی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے ملک کی خدمت ایمانداری اور بے غرضانہ انداز میں کی اور عوام کا اعتماد حاصل کیا۔ وزیر اعظم نے لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور ان کی صاحبزادی اور لیڈی پامیلا ماؤنٹ بیٹن کی خدمات کو سراہا۔

مسٹر گاندھی اور ڈاکٹر راجندر پرشاد کا لارڈ و لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو تحفہ

نئی دہلی ۲۱ ر جون - مہاتما گاندھی کے پوتے مسٹر کنو گاندھی نے پرسوں رات وزیر اعظم پنڈت نہرو کی جانب سے دی گئی پارٹی میں لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو گاندھی جی کے چودہ فوٹوؤں کے دو البم پیش کئے۔ یہ فوٹو خود مسٹر کنو گاندھی نے ہی کھینچے تھے۔ اور ان میں مہاتما جی کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا اظہار کیا گیا ہے۔ گورنر جنرل اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور وزیر اعظم نے ان البموں کو بے حد پسند کیا۔ لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو جتنے تحائف پیش ہوئے ان میں سے صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد کے ہاتھ کا تیار کردہ کپڑے کے ... تھان بھی ہیں۔

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر ضرور لکھئے

برائے اطلاع عام

فہرست دوکانین جس کا قبضہ کسٹوڈین نے بروئے گزٹ غیر معمولی نمبری ۵ مورخہ ۴ ر جون ۱۹۴۸ء لیا

نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ		نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ
[illegible]	۳۵۷	۱۳۳۶۹	۳۵۵		۱۳۴۳۰	۳۴۸	حویلی اعظم خاں روڈ	
۱۳۳۸۱	۳۵۸	۱۳۳۸۱	۳۵۶		۱۳۴۵۳	۳۵۱	۱۳۱۲۹	۳۴۹
[illegible]	۳۶۰	[illegible]	۳۵۵		۱۳۱۰۰	۳۵۰	منشی ... روڈ	
[illegible]	۳۶۲	۱۳۳۸۹	[illegible]		۱۳۴۳۰	۳۵۲	بازار خاص	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳۶۳		۱۳۳۱۳	۳۵۳	منشی ...	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

مکانات کی تفصیل دیکھ تقسیم ... کی گئی ہے تاہم اگر کچھ ... کے ذمہ دار نہیں۔

برطانیہ میں یہودیوں کی خفیہ بھرتی

وزارت خارجہ اس کے خلاف اقدام کرے گی

لندن ۱۸ ر جون - وزارت خارجہ ان جماعت کے خلاف فوری اقدام کرنے والی ہے جو لندن میں خفیہ طور سے بھرتی کر کے یہودیوں کو ... سے فلسطین بھیج رہی ہے۔

لندن کی ایک ... نے اطلاع دی ہے کہ کئی یہودیوں کو فرانس کے ایک خفیہ ٹریننگ اسکول میں تربیت دے کر ارض مقدس کو بھیجا جا چکا ہے۔ جو جماعت اس کا انتظام کر رہی ہے وہ اچھی طرح منظم معلوم ہوتی ہے اور خاصے بڑے پیمانے پر کام کر رہی ہے۔

کمسن بچوں کے ہاتھ سگریٹ کی فروخت ممنوع

لاہور ۱۹ ر جون - کمسن بچوں کو سگریٹ نوشی کی عادت سے باز رکھنے کے لئے حکومت مغربی پنجاب نے سگریٹ فروشوں کو ہدایات کی ہیں کہ ۱۶ برس سے کم عمر کے بچوں کو سگریٹ فروخت نہ کریں۔ ایک خاص حکم کے ذریعہ پولیس افسروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ دیکھ بھال رکھیں کہ سگریٹ کی دوکانوں پر چھاپے مارے اور دیکھے کہ اس حکم کی کہاں تک تعمیل ہو رہی ہے۔

یہودی جہاز کا کیپٹن گرفتار

حیفہ ۲۰ ر جون - یہودی جہاز کا کیپٹن کو ... بحری کمانڈر کے حکم سے گرفتار کر لیا گیا۔ اس پر صلح کے احکام کی دانستہ طور پر خلاف ورزی کا الزام ہے۔ کیپٹن ... کا دعویٰ ہے کہ برطانوی کمانڈر کو یہ حق حاصل نہیں کہ اس کے جہاز کو روکے۔ یہ جہاز ... لے کر ... کی بندرگاہ کے ممنوع علاقہ میں داخل ہو گیا تھا۔

قاہرہ کی یہودی بستی میں دھماکہ

قاہرہ ۲۰ ر جون - آج صبح ایک زبردست دھماکے سے قاہرہ کی یہودی بستی لرز اٹھی بیان کیا جاتا ہے کہ یہ دھماکہ دو بموں کے پھٹنے سے ہوا جس سے ... کے قریب مکانات گر گئے ۱۴ آدمی جاں بحق اشخاص ہلاک اور کئی مجروح ہوئے۔

کالی کٹ مسلم لیگ سے استعفیٰ

کالی کٹ ۱۹ ر جون - معلوم ہوا ہے کہ کالی کٹ کی مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کے ۱۳ ممبروں نے ورکنگ کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ استعفیٰ دینے کا سبب یہ بتایا گیا ہے کہ مسلم لیگ جمہوری جماعت بھی ایک سیاسی جماعت کی حیثیت سے اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

ہند اور پاکستان کی کانفرنس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی

وزیر اعظم پاکستان کی علالت، ہندوستانی حلقوں میں قیاس آرائیاں

کانفرنس کی التوا کی تاریخ ابھی ... مقرر نہیں ہوئی۔ ... پاکستان بوجہ کانفرنس کو سرے سے التوا میں ڈال دینا مناسب سمجھتا ہے۔

گورنر جنرل کی روانگی

موسٹ بیٹن کا جواب

آپ کے یہاں شادی ہے؟

مشرقی پنجاب صرف پنجاب ہوگا

ڈی پی اینڈ کو کسرول مراد آباد یوپی

روز نامہ فلسطین پر بات چیت

مغربی بنگال تا بار آسکی کی آمد کی

بجنور میں قتل کی وارداتیں

سردار پٹیل وزیر دفاع اور مشرقی کی ملاقات

کشمیر میں لڑکیوں کی اندرونی تربیت

بجنور میں یوم فلسطین

بجنور دیندار لاک ... آل انڈیا جمعیۃ علماء کی ہدایات ... تمام شہروں اور قصبوں میں ... تقاریر ہوئیں ... عربوں کی کامیابی کے لئے ... اور یہودیوں کی حمایت میں قرار دادیں منظور کی گئیں۔

پاکستانی ریڈیو کی خبروں پر پابندی

تاریخی تقریر بقیہ صفحہ اول

آچاریہ جی کل آئے تھے

کانگرس نے ان کا استقبال کیا۔

اس کے پڑھنے سے بہتوں کا بھلا ہوگا

ناظرین ـ نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں

... میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا خوش قسمتی سے مجھے ایک لامت ...

میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر سچ کہہ رہا ہوں

میرے تجربہ اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

کشتہ وغیرہ کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

شیخ غلام احمد (طاقت کی مشہور دوا والے) گیلانی اسٹریٹ لاہور

نظم و نثر کی اصلاح مفت لیجئے

ہم نے دنیائے ادب کے نامور ادیب و شاعر کی خدمات حاصل کر لی ہیں، آپ کے ذوق ادب کی ... حسب پسند ہوں، اشاعت و طباعت کا بھی معقول انتظام ہے ... آنے کے ٹکٹ بھیج کر ممبری فارم طلب کیجئے

مہتمم ادارہ ترویج ادب اردو منزل اردو بازار دہلی

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریض نوٹ کر لو

چتر کوٹ بوٹی

... 2/6/- ...

پتہ :- رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رشی آشرم (25) جگا دھری مشرقی پنجاب

عازمین حج کو بہترین مشورہ

حاجیوں کو چاہیے کہ سفر حج پر ایسی دوا ضرور اپنے پاس رکھیں جو وقت ضرورت کسی مرض میں مبتلا ہو جانے پر فوراً شفا حاصل ہو ...

امیکو ڈراپ

AMICO DROPS

جادو اثر دوا ہے

... قیمت ...

ایمن اینڈ ... لمیٹیڈ انگریزی دواخانہ ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل ——— اس کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کا نمونہ ہوگا

جمیل ——— سنجیدہ، متین، اور اتحادی مضامین کا مخزن ہوگا

جمیل ——— زبان و ادب اور نگارش جمیل کا ... مرقع ہوگا

جمیل ——— اکابرین ادب اور رہنمایان قوم کے کردار، نظریات اور ... پیش کریگا

جمیل ——— باتصویر اور سرمع کلر ہوگا

پہلا پرچہ ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کرے گا اور مبارکباد پیش کرے گا

سالانہ قیمت ——— پانچ روپیہ

فی پرچہ آٹھ آنہ

عبدالحق پراچہ دہلوی

منیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد ... چاندنی چوک دہلی

سرمہ مقوی البصر

مرہم اصلاح چشم

سفوف ...

حب شمسی

حب ...

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحت سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

گاندھی گراؤنڈ میں دو لاکھ کا عظیم الشان اجتماع

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو دہلی میونسپلٹی کی طرف سے سپاسنامہ

دہلی ۲۰ جون۔ ہم آسانی سے یہ بات نہیں کہہ سکتے کہ ہم دونوں اس حیرت انگیز شفقت و محبت کو ہمیشہ یاد رکھیں گے جو ہمیں یہاں سے حاصل ہوئی۔ ہم برابر ہندوستان سے پیار کرتے رہیں گے۔ اور اس کی آئندہ بھلائی میں ذاتی طور پر گہری دلچسپی لیتے رہیں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ ہند کے گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے آج شام دہلی میونسپل کمیٹی کے سپاسنامہ کا جواب دیا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو الوداعی سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے صدر دہلی میونسپل کمیٹی ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے کہا آپ نے اپنی دور اندیشی، سیاسی معاملہ فہمی اور اعلیٰ قابلیت سے سیکڑوں سال کی اس تلخی کو ختم کیا جو ہندوستانیوں اور انگریزوں کے درمیان چلی آ رہی تھی۔

اس سے قبل مسٹر ہال احمد میری سینیئر وائس پریذیڈنٹ نے لارڈ ایڈوینا ماؤنٹ بیٹن اور مس پامیلا ماؤنٹ بیٹن کو ہار پہنائے۔ میونسپل کمیٹی کی جانب سے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو ہاتھی دانت کے ایک فریم میں بابائے قوم مہاتما گاندھی کا ایک مجسمہ پیش کیا۔ جس میں مہاتما گاندھی کو ... ہاتھ اٹھائے کھڑا دکھایا گیا ہے۔ اس موقع پر دہلی کے گاندھی گراؤنڈ میں دو لاکھ سے زیادہ آدمیوں کا اجتماع ہو گیا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن، لیڈی ماؤنٹ بیٹن، مس پامیلا ماؤنٹ بیٹن اور پنڈت جی ایک ساتھ ایک گاڑی میں آئے اور ... شرکت کے ... [illegible]

اس کا افتخار تھا اور جسے ہم راشٹرپتا کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ان کی مدح کا اثر یاد آپ کو ضرور حاصل ہوگا۔ آپ نے ان کے پیارے ملک کی جو خدمت کی ہے زندگی ہی میں انہوں نے اس کی تعریف کی تھی۔ آج ہم آپ کو الوداع کہتے ہوئے ان کا یہ مجسمہ بطور نذر پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ہماری یہ پیشکش آپ کو باپو کی شخصیت اور سب سے زیادہ ان کی سچائی اور امن کے پیغام کی یاد دلاتی رہے گی۔

گورنر جنرل کی ہندوستانی میں تقریر

حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے رخصت ہونے والے گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ہندوستانی زبان میں کہا۔

دہلی کے باشندو۔ میں اور میری اہلیہ بہت خوش ہیں کہ اس موقعہ پر آپ کی بار جمع ہوئی ہے۔ ہم دونوں آپ سے وداع چاہتے ہیں ... [illegible]

ہندوستان کے لوگوں کو گورنر جنرل سے محبت میں کمی واقع نہیں ہوئی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے ملک کی خدمت ایماندارانہ اور بے غرضانہ انداز میں کی اور عوام کا اعتماد حاصل کیا۔ وزیر اعظم نے لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور ان کی صاحبزادی اور لیڈی پامیلا ماؤنٹ بیٹن کی خدمات کو سراہا۔

کنو گاندھی اور ڈاکٹر راجندر پرشاد کا لارڈ و لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو تحفہ

نئی دہلی۔ ۲۱ رجب۔ مہاتما گاندھی کے پوتے مسٹر کنو گاندھی نے پرسوں رات وزیر اعظم پنڈت نہرو کی جانب سے دعوتی پارٹی میں لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو گاندھی جی کے چودہ چودہ فوٹوؤں کے دو البم پیش کئے۔ یہ فوٹو خود مسٹر کنو گاندھی نے ہی کھینچے تھے۔ اور ان میں مہاتما جی کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا اظہار کیا گیا ہے۔ گورنر جنرل و لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور وزیر اعظم نے ان مرقعوں (البم) کو بے حد پسند کیا۔ لارڈ اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن کو جتنے تحائف پیش ہوئے ہیں ان میں سب سے عمدہ کانگریس کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد کے ہاتھ کا تیار کردہ کپڑے کے دو تھان بھی ہیں۔

انگریزوں کے درمیان چلی آ رہی تھی۔ آپ نے وہ جادو کیا کہ عوام ان تمام مصائب اور رنج و الم کو بالکل بھول گئے جو آزادی کی راہ میں بے شمار نوجوان مردوں اور عورتوں اور بچوں کو پیش آئے تھے اور جنہیں برداشت کرتے ہوئے بے شمار جانیں قربان کی گئیں۔ آزادی کی بھینٹ چڑھ گئیں۔ اس طرح آپ نے ہندوستانیوں اور انگریزوں کی وہ قابل یادگار خدمت انجام دی ہے جو دونوں ملکوں کی تاریخ میں ہمیشہ روشن اور درخشاں رہے گی۔ آپ کی جلیل القدر خدمات ہی کا نتیجہ تھا کہ آزاد ہندوستان نے آپ ہی کو اپنی مرضی سے اپنا پہلا گورنر جنرل منتخب کیا۔ ... کر جہاں ایک طرف یہ انتخاب آپ کے لئے افتخار و اعزاز کا موجب ہے وہاں دوسری جانب آپ کے کارناموں کی بدولت آپ کو منتخب کرنے والوں کا سر بھی اونچا رہا۔ آپ نے آزادی کے بعد جس اخلاص، ہمدردی، دل سوزی اور بلند ہمتی کے ساتھ خوش اسلوبی سے اپنے فرائض کو انجام دیا اور ترقی کی راہ میں جو مخوس رکاوٹیں حائل ہو گئی تھیں ان کو دور کرنے اور انتہائی پیچیدہ اور مشکل مسائل کو حل کرنے میں آپ نے اپنی کابینہ و وزارت کو جس صداقت، اعتماد اور دانشمندی کے ساتھ مدد دی۔ اس سب کے لئے ہم آپ کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

سپاسنامہ میں لیڈی ماؤنٹ بیٹن کا بھی شکریہ ادا کیا گیا اور آخر میں کہا گیا کہ ہمیں یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ آج اس ناگزیر جدائی کے موقعہ پر آپ کو خیرباد کہنے کے لئے وہ ہستی ہمارے درمیان نہیں ہے جسے

> خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر ضرور لکھئے

برائے اطلاع عام

فہرست دوکانات جن کا قبضہ کسٹوڈین نے بروئے گزٹ غیر معمولی نمبری ۵ مورخہ ۴ جون ۱۹۴۸ء لیا

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان		نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان
چاندنی محل روڈ		۳۴۸	۱۳۲۲۸		۴۵۵	۱۳۲۰۹	۴۵۷	۱۳۲۳۹-۳۲
۳۴۹	۱۳۱۲۹	۳۵۱	۱۳۲۵۲		۴۵۸	۱۳۳۸۱	۴۵۹	۱۳۳۸۱
		۳۵۰	۱۳۱۰۸		۴۵۹	۱۳۳۹/۳۱	۴۶۰	[illegible]
بازار خاص		۳۵۲	۱۳۳۴۰		۴۶۱	۱۳۳۴۹	۴۶۲	۱۳۲۵-۵۱
		۳۵۳	۱۳۳۱۳		۴۶۳	۱۳۲۵-۵۱	۴۶۴	۱۳۲۵۰
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

مکانات کی تفصیل دیتے وقت ہر طرح کی احتیاط کی گئی ہے تاہم الجمعیۃ کسی غلط اندراج کے لئے ذمہ دار نہیں۔

برطانیہ میں یہودیوں کی خفیہ بھرتی
وزارت خارجہ اس کے خلاف اقدام کرے گی

لندن ۲۰ جون۔ وزارت خارجہ ... [illegible]

کمسن بچوں کے ہاتھ سگریٹ کی فروخت ممنوع

لاہور ۲۰ جون۔ کمسن بچوں کو سگریٹ نوشی کی عادت سے باز رکھنے کے لئے حکومت مغربی پنجاب نے سگریٹ فروشوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ۱۶ برس سے کم عمر کے بچوں کو سگریٹ فروخت نہ کریں۔ ایک خاص حکم کے ذریعہ پولیس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ... [illegible]

یہودی جہاز کا کپتان گرفتار

حیفہ ۲۰ جون۔ یہودی جہاز ... کے کپتان کو ... کمانڈر کے حکم سے گرفتار کر لیا گیا۔ اس پر جہازی ... کے احکام کی دانستہ طور پر خلاف ورزی کا الزام ہے۔ کپتان ... کا دعویٰ ہے کہ ... یہ جہاز ... [illegible]

قاہرہ کی یہودی بستی میں دھماکہ

قاہرہ ۲۰ جون۔ ... [illegible]

کالی کٹ مسلم لیگ سے استعفیٰ

[illegible]

دار السلطنت

دہلی ۲۰ جون ۱۹۴۸ء

پچھڑا سبھا و کمیٹی کا جلسہ

بساتیوں کو پچھڑے سبھا کے مسئلہ پر پچھڑا سبھا کمیٹی کے زیر اہتمام ایک ضروری اجلاس پچھڑا سبھا کمیٹی کے دفتر میں ہوا جس میں شری وزیا صاحب مہا مشاف اور شیر کشمیر شیخ عبداللہ صاحب صدر آل انڈیا اسٹیٹس پیپلز کانفرنس، پنڈت سندر لال صاحب، حضرت مولانا احمد سعید صاحب، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب، لالہ ست رام ... مہمان ... سردار اندر سنگھ ... حضرت مولانا محمد میاں صاحب، حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب، حافظ محمد نصیر صاحب ... پرائیویٹ سکریٹری جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب ... [illegible]

ابتدائی ممبر سازی کی کاپیاں

جا چکی ہے کہ جن حضرات کے پاس جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی ابتدائی ممبر سازی کی کاپیاں رہ گئی ہیں وہ جلد از جلد اس کی فیس کے دفتر میں پہنچا دیں۔ افسوس کہ ابھی تک اس طرف توجہ نہیں کی اور کاپیاں نہیں بھجوائیں۔ اس لئے ان سے پھر ایک بار درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس میں تغافل نہ کریں مہربانی فرما کر ۲۲ جون کی شام تک دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی میں کاپیاں بھجوا دیں۔ ... ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

مدرسہ عالیہ مسجد فتحپوری کا سالانہ جلسہ

دہلی ۲۱ رجب۔ بروز جمعہ ۲۵ جون مطابق ۱۷ شعبان بعد نماز ... بجے صبح مدرسہ عالیہ مسجد فتحپوری کا سالانہ جلسہ ہوگا۔ جس میں حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب ختم بخاری شریف و تقسیم اسناد و انعام و دستار بندی فرمائیں گے اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ العلماء ہند و حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی، حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند کے مواعظ حسنہ ہوں گے۔ امید ہے کہ مسلمانان دہلی اس دینی مجلس میں شرکت کر کے ثواب دارین حاصل کریں گے۔

علمائے کرام کا فیصلہ

حسب اعلان ۱۹ جون ۱۹۴۸ء

کو صبح آٹھ بجے مسجد فتحپوری میں رویت ہلال کا جلسہ ہوا۔ علمائے کرام شریک ہوئے۔ حضرت مولانا مفتی محمد مظہر اللہ صاحب، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا مفتی عبد الغفار صاحب، حضرت مولانا ولایت احمد صاحب اور دیگر مستند علمائے کرام نے شہادتیں سننے کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ ۲۹ رجب کو رویت ہلال ثابت نہیں ہوئی ... چاند کا ثبوت نہیں ملا۔ اس لئے شب برات چہار شنبہ کو ہوگی۔ دستخط احمد امام شرکت دار مسجد ... [illegible]

محفل وعظ

چونکہ علمائے کرام نے ۲۹ رجب کی رویت ہلال تسلیم نہیں کی۔ اس لئے دہلی کی جامع مسجد میں جو محفل وعظ ۲۲ جون کو منعقد ہونے والی تھی۔ اب یہ محفل مبارک ۱۴ شعبان المعظم روز ... ۲۳ جون ۱۹۴۸ء بعد نماز ... شب میں تمام شب جامع مسجد میں منعقد ہوگی۔

مسلح سکھوں کا چلتی ٹرین پر ڈاکہ

احمد آباد ۲۰ جون۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کرپانوں سے مسلح تقریباً ۹ سکھوں نے کل ایک لوکل ٹرین جو کہ احمد آباد اور ... کے درمیان چلتی ہے ... ایک تھرڈ کلاس کے ڈبہ کے مسافروں کو لوٹ لیا۔ جب ٹرین ... کھڑی ہوئی ... سارجنٹ ریلوے ... پولیس نے ... [illegible]

مغربی جرمنی میں کرنسی کی اصلاحات
بنکوں سے روپیہ نکالنے کیلئے لمبی قطاریں

برلن ۲۰ جون۔ آج مغربی جرمنی میں کرنسی کی اصلاحات کا پہلا دن تھا۔ صبح سویرے ہی سے بنکوں کے باہر لوگوں کی لمبی لائنیں لگ گئیں۔ ہر ایک شخص اپنے شناختی کارڈ اور ساٹھ پرانے مارک لے گیا خاص کے بدلے اسے ... مارک دیئے گئے اور شناختی کارڈ پر نشان لگوا لیا گیا۔ باقی ... مارک بعد میں دیئے جائیں گے۔ آج صبح لاکھوں مارک جرمن پولیس اور اتحادی فوج کے پہرہ میں بنکوں سے لائے گئے۔ نئے نوٹ پرانے نوٹوں سے بالکل مختلف ہیں۔ برطانوی علاقے سے کسی جھگڑے کی اطلاع نہیں ملی۔ مگر سوویت علاقہ ... [illegible] ... اس لئے نئے مارک کل بھی دیئے جائیں گے۔

> سیر و سیاحت صفحہ ۲ سے آگے

— اور جو آم آنے والے موسم میں آپ اسے کھانے کے لئے بھیجے وہ دفتر میں پڑے سڑتے رہتے۔ ... [illegible]

... بلکہ انگریزی اقتدار کے جانے کا ... سب کو دکھ تھا ... اور ... رقت انگیزی میں اور زیادہ اضافہ کر دیا تھا ... کل ۲۱ جون سے ان کی ... [illegible] ... ہو جائے گا۔

> ایڈیٹر کی ڈاک صفحہ ۲ سے آگے

مذہب اور فسادات

مکرمی السلام علیکم۔ خیالات و تصورات کی دنیا عمل دنیا سے کس قدر دور واقع ہوئی ہے۔ اس کا اندازہ آپ اس امر سے کر سکتے ہیں کہ ہندوستان کے باشندوں نے حصول آزادی سے قبل آزاد ہندوستان کا جو نقشہ اپنے ذہن میں بنا رکھا تھا۔ آج حالات اس کے برعکس ہیں۔ ہم نے کیسے کیسے عہد و پیماں کئے تھے کہ "مفاد عامہ" کو ہر کام میں ملحوظ رکھا جائے گا۔ پبلک کے معیار زندگی کو بلند کیا جائے گا ... آزادی کے بعد ہماری زندگی کا ایک نیا باب شروع ہوگا۔ حکومت اپنی ہوگی ہم اپنی قسمت کے مالک ہوں۔ مسرت و شادمانی کا دور دورہ ہوگا۔ لیکن ... آہ! ہمارے یہ خیالات صرف خواب ہو کر رہ گئے ... [illegible] ... حقیقت یہ ہے کہ ان فسادات میں فسادیوں کا خاص مقصد قتل و غارتگری اور لوٹ مار تھا کہ اپنے مذہب کی ترقی ... [illegible]

محمد سہیل انصاری ۱۱ جون

ہند اور پاکستان کی کانفرنس غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دی گئی

وزیر اعظم پاکستان کی علالت ہندوستانی حلقوں میں قیاس آرائیاں

گورنر جنرل کی روانگی

مونٹ بیٹن کا جواب

بجنور میں قتل کی واردات

ریڈیو کی خبروں پر پابندی

تاریخی تقریر بقیہ صفحہ اول

بجنور میں یوم فلسطین

مشرقی پنجاب صرف پنجاب کہلائیگا

آپ کے یہاں شادی ہے؟

چونکہ ذیل سے طلب فرمائیں

ڈی پی ایجنٹ کوکسٹرل مرادآباد یو۔پی

اس کے پڑھنے سے بہتوں کا بھلا ہوگا

ناظرین۔ نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں

میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا خوش قسمتی سے مجھے ایک ملا مت

میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر سچ کہہ رہا ہوں

میرے تجربہ اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

قیمت روغن ۳ روپے۔

کشتہ وغیرہ کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

بوالی ڈاک سے خط بھیجئے۔

شیخ غلام احمد طاقت کی مشہور دوا لی والا گیلانی اسٹریٹ لاہور

نظم و نثر کی اصلاح مفت لیجئے

آٹھ آنہ کے ٹکٹ بھیجکر ممبری فارم طلب کیجئے

مہتمم ادارہ ترویج ادب اردو منزل اردو بازار دہلی

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریض نوٹ کرلو

چترکوٹ بوٹی

پتہ:۔ رائے صاحب کے اہل شرما اینڈ سنز رکس آشرم (2.5) جگادھری مشرقی پنجاب

عازمین حج کو بہترین مشورہ

AMICO DROPS

امیکو ڈراپ

قیمت

مزید معلومات اور دیگر ادویات کیلئے فہرست ادویہ مفت طلب کریں

ماہنامہ جمیل دہلی

جمیل ۔۔۔ ان کے دیوتا مہاتماجی کے مقاصد کو نقش دماغ کریگا

جمیل ۔۔۔ سنجیدہ، متین اور انتخابی مضامین کا مخزن ہوگا

جمیل ۔۔۔ زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع ہوگا

جمیل ۔۔۔ اکابرین ادب اور راہ نمایان قوم کے کردار و تعلیمات پیش کریگا

جمیل ۔۔۔ باتصویر اور مرصع کار ہوگا

پہلا صحیفہ ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کریگا اور سپاس پیش کریگا

سالانہ قیمت ۔۔۔ فی پرچہ آٹھ آنہ

مالک و مدیر

عبدالحق پراچہ دہلوی

مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد درگاہی چاندنی چوک دہلی

سرمہ مقوی البصر

سرمہ اصلاح چشم

سفوف شجاعی

حب شمسی

حب ہیجی

حب نیر اعظم

سفوف اطفال

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحت سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۴ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۲۸ | فی پرچہ ... بذریعہ ہوائی جہاز ...

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی کی کلائی اور جیب کی گھڑیاں

ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی ...

ملایا میں سینکڑوں ہندوستانیوں کی گرفتاری

فلسطین کے مسئلہ پر ریاض میں عرب دنیا کے تین بادشاہوں کی کانفرنس

قیام امن کیلئے آخری اسکیم عرب لیڈروں کا غور و خوض

شاہ عبداللہ ہوائی جہاز میں قاہرہ پہونچ گئے

آج سے لال قلعہ میں گاندھی جی کے مقدمۂ قتل کی باقاعدہ سماعت شروع ہو گئی

چار بحری جہاز اتحادی ثالث کے حوالے کر دیے گئے

فلسطین کے ساحل پر سمجھوتہ پر عملدرآمد کی دیکھ بھال کریں گے

عراقی کابینہ نے استعفیٰ دیدیا

صدر امریکہ کا پیغام مبارکباد

کیا افغانستان اور قلات پاکستان کے خلاف سازش کر رہے ہیں

افغانستان کے خفیہ قاصد قبائلی علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

حکومت پاکستان کی زبردست انسدادی تدابیر

نظام حیدرآباد اپنی ریاست کا مسئلہ مجلس تحفظ میں پیش کریں گے

نظام کے قانونی مشیر کی وزیر خارجہ پاکستان سے پراسرار ملاقات؟

کراچی سے حیدرآباد کو اسلحہ، ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار بے پر کی اڑانے لگا

کانگریس کے ایک اور ممبر بن گئے

نازیوں کا لوٹا ہوا سونا

حیدرآباد کے مسئلہ کو مجلس تحفظ ...

ہند پارلیمنٹ کا موسم گرما کا اجلاس

ماؤنٹ بیٹن اور اٹیلی کی ملاقات

مجلس تحفظ میں حیدرآباد کا مسئلہ

پاکستان سے ہمدردی اقدام کی درخواست

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷

فون نمبر 6841

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۴ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۴۵ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی کی
کلائی اور جیب کی گھڑیاں
ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی دل مشفق

فلسطین کے مسئلہ پر ریاض میں عرب دنیا کے تین بادشاہوں کی کانفرنس

قیام امن کیلئے آخری اسکیم عرب لیڈروں کا غور و خوض

شاہ عبداللہ ہوائی جہاز میں قاہرہ پہونچ گئے

آج سے لال قلعہ میں گاندھی جی کے قتل کی باقاعدہ سماعت شروع ہو گئی

چار بحری جہاز اتحادی ثالث کے حوالے کر دیے گئے

یہ فلسطین کے ساحل پر سمجھوتہ پر عملدرآمد کی دیکھ بھال کریں گے

صدر امریکہ کا پیغام مبارکباد

عراقی کابینہ نے استعفیٰ دیدیا

بغداد ۲۲ جون۔ عراق کے ریجنٹ امیر عبداللہ نے عراقی کابینہ کے مستعفی ہو جانے کا اعلان کیا ہے۔

کیا افغانستان اور قلات پاکستان کے خلاف سازش کر رہے ہیں

نظام حیدرآباد اپنی ریاست کا مسئلہ مجلس تحفظ میں پیش کریں گے

افغانستان کے خفیہ قاصد قبائلی علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

حکومت پاکستان کی زبردست انسدادی تدابیر

نظام کے قانونی مشیر کی وزیر خارجہ پاکستان سے پراسرار ملاقات؟

کراچی سے حیدرآباد کو اسلحہ۔ ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار بے پر کی اڑانے لگا

کانگریس کے ایک کروڑ ممبر بن گئے

نازیوں کا لوٹا ہوا سونا لندن بھیجا جا رہا ہے

حیدرآباد کے مسئلہ کو ہمت و علم اقتدار کی عینک سے نہ دیکھا جائے

حاجی محمد صدیق کا بیان

ہند پارلیمنٹ کا موسم گرما کا اجلاس

دہلی ۲۲ جون۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستانی یونین پارلیمنٹ کا موسم گرما کا اجلاس ۹ اگست سے شروع ہوگا۔ یہ اجلاس چار ہفتہ تک جاری رہے گا۔ اس اجلاس کی وجہ سے نہ صرف بہت اہم اور ضروری بلوں کو پاس کرنے کا موقع مل جائے گا بلکہ پارلیمنٹ کے ممبر ۱۵ اگست کو دہلی میں یوم خود مختاری کی جو تقریب منائی جائے گی اس میں بھی حصہ لے سکیں گے۔

ماؤنٹ بیٹن اور اٹیلی کی ملاقات

لندن ۲۲ جون۔ لندن کے باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن جو پیر کے دن ہندوستان کے گورنر جنرل کے عہدہ سے سبکدوش ہو کر لندن روانہ ہو گئے آپ بدھ کے دن لندن پہونچ جائیں گے اور پہونچنے کے فوراً ہی بعد وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی سے ملاقات کریں گے۔

مجلس تحفظ میں حیدرآباد کا مسئلہ

پاکستان سے ضروری اقدام کی درخواست

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۲۲ جون ۱۹۴۸ء

ہمارے گورنر جنرل!

[illegible]

کی سرحد نہیں ہے ، مغربی بنگال کے باشندوں کو بتا دینا چاہیئے کہ سرحد کے متعلق انکا تصور ، تمام تصورات کو بالاتر ہے ، ان کی سرحد محبت کی سرحد ہے نفرت اور عداوت کی سرحد نہیں ہے کلکتہ کے باشندوں کو ایک ایسے وقت میں جبکہ ہم دنیا کی دیگر مشکلات میں مبتلا ہیں ، ہندوستان پاکستان میں جنگ کا خیال دماغ سے نکال دینا چاہیئے ۔

مغربی بنگال کی جمعیۃ علما کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ

" ہندوستان اور پاکستان تقسیم ہوگئے مگر وہ دونوں مہذب اور تجدد [illegible] ہیں اور دونوں کی زندگی اور ترقی اس میں ہے کہ وہ ایک دوسرے کی مدد کریں اور تعاون کی اسپرٹ کو کام میں لائیں ۔

مسلمانان کلکتہ کی [illegible] جو پارٹی دی گئی اس میں قیام امن کی ضرورت پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا

" آپ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ پولیس یا فوج کے ذریعہ بنگال میں امن و امان قائم ہو سکے گا ، یہ صرف باہمی اعتماد اور نیک احساسات سے پیدا ہوگی اگر آپ امن اور خوشحالی چاہتے ہیں تو آپ خواہ ہندو ہوں یا مسلمان مارواڑی ہوں یا بنگالی گورنمنٹ کی طرف نہ دیکھیں ، بلکہ اپنے دلوں کو ٹٹولیں کہ خدا آپ کے اندر [illegible] کی خواہش ہے یا نہیں [illegible] ایک فریق قصوروار ہو لیکن اگر ہم خود [illegible] غلطیوں کی اصلاح کر لیں تو دوسرا [illegible] ہی آپ اپنی اصلاح کرلے گا "

آپ نے اپنے منصب کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ

" گورنر یا گورنر جنرل کا اولین فرض یہ ہے کہ وہ تمام لوگوں میں [illegible] کے جذبات پیدا کرے اور جمہوریت کو عوام کی خوشحالی کا ذریعہ بنائے "

عوام کا فرض کیا ہے ؟ ہندوستان کلب میں تقریر کرتے ہوئے کہا

" خوش قسمتی سے تم ایک اچھے ملک کے باشندے ہو ، تمہارے لیڈر بھی اچھے ہیں اور تم نے آزادی بھی حاصل کرلی ؟ اس مسئلے کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ تم بھی اچھے شہری بنو ، اور اچھے رہنماؤں کی پیروی کر کے خوشحالی سے ہمکنار ہو "

ان پاکیزہ اور بلند خیالات سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہمارے نئے گورنر جنرل کے عزائم کیا ہیں اور وہ ہندوستان کو کس شکل میں دیکھنا چاہتے ہیں ، حلف وفاداری کے بعد جو [illegible] تقریر آپ نے فرمائی اس سے آپ کے عزائم اور بھی زیادہ جلی ہو جاتے ہیں ، ہمیں پوری توقع ہے کہ آپ کا وجود گرامی ملک کے لئے سفینہ نجات ہوگا اور آپ کی رہنمائی ہم سب کے لئے شمع ہدایت کا کام دے گی ۔

[illegible]

یو پی اسمبلی کا انتخاب

[illegible]

کانگریس کے وقار پر حرف نہ آنے دیں ہمیں امید ہے کہ یوپی کے عوام اپنے پرانے خادموں کو نہ بھولیں گے اور کانگریسی امیدوار کو کامیاب بنا کر جمہوری اصولوں کا ساتھ دیں گے ، آج ملک کو کانگریس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے کیونکہ آزادی کے بعد اس کے اصلی کام کا آغاز ہوا ہے اور اس کا اصلی کام یہ ہے کہ کانگریس کے اصول و نظریات کو زندہ اور پائندہ بنائے اور ملک کی کشتی کو فرقہ پرستی کے گرداب سے نکال کر ساحل نجات پر لگا دے ۔

اڈیٹر کے نام — خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

وزیر اعظم پاکستان سے خطاب

[illegible]

ہندوستان کے باشندے چین و آرام کی ...

[illegible]

تجارت میں مسلمانوں کی فلاح

[illegible] نہیں کر سکتی اور [illegible]

... پیام انسانیت جاری کر دیا گیا ہے ، دستور العمل کیلئے آپ منگا سکتے ہیں ۔

ناظم جامعہ الہیات چمن گنج ، کانپور

مخالفت بھی ضروری ہوگئی ! مہاتما جی اردو اور ناگری رسم الخط کے ساتھ ہندوستانی زبان کے حامی تھے اور آخر دم تک اس پر قائم رہے اور صاف کہہ گئے کہ حکومت یو. پی نے ہندی زبان کو سرکاری زبان قرار دیکر سخت غلطی کی ! پنڈت جی جیسے ذمہ دار شخص کے لئے یہی زیبا ہے کہ وہ اپنا معیار نظر و فکر بلند رکھیں اور ان باتوں سے پرہیز کریں جنہیں فرقہ پرست آسانی سے اپنے لئے استعمال کر سکتے ہیں ۔

یقین نہیں آتا !

مگر ہمارے محترم پنتھ جی نے کانگریسی امیدوار کی حمایت کرتے ہوئے کچھ ایسی باتیں بھی کہدی ہیں جنہیں باور کرتے ہوئے ہمیں [illegible] نہیں ہوتی ہے کیونکہ ہم پنڈت جی کی عالی ظرفی سنجیدگی اور احساس ذمہ داری سے پوری طرح باخبر ہیں [illegible] آپ نے [illegible] میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا

" کانگریس ، ہندی زبان کی حامی ہے اور اس نے اسے تمام سرکاری محکموں میں جاری کر دیا ہے [illegible] ہندوستانی زبان کے حامی ہیں جو ناگری اور اردو رسم الخط میں لکھی جاتی ہے ، اب یہ فیصلہ آپ لوگوں کا کام ہے کہ جو زبان اردو رسم الخط میں لکھی جاتی ہے اس کے ذریعہ [illegible] کلچر کی حفاظت ہو سکتی ہے "

(ہندوستان ٹائمز ۲۱ جون)

غلط نتائج

ہمیں افسوس ہے کہ جو باتیں بیان کی گئی ہیں ان میں کوئی بات بھی صحیح نہیں ہے ، کانگریس نے کب کہا تھا کہ اکثریت کے کلچر کو اقلیتوں پر جبراً لادا جائے گا ، اور یہ کون کہتا ہے کہ ملک کی [illegible] زبان جو اردو اور ناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے ملک کے کلچر کو تباہ کر دے گی ؟ گاندھی جی کو اس قدر جلدی بھلا دیا گیا کہ ہندوستانی کی

اڑیسہ اور مغربی بنگال کے نئے گورنر

حلف وفاداری اٹھا لیا

کلکتہ ۲۱ جون آج صبح گیارہ بجے ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو نے مغربی بنگال کے گورنر کے عہدہ کا حلف وفاداری لیا ، یہ تقریب گورنمنٹ ہاؤس کے دربار ہال میں ہوئی ۔ اور اس میں مغربی بنگال کے وزراء کلکتہ میں غیر ملکی سفیر سرکردہ شہری چیدہ سول و فوجی افسر شامل ہوئے ۔ کلکتہ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس [illegible] نے ڈاکٹر کاٹجو سے حلف وفاداری لیا ۔ ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو کی جگہ مسٹر آصف علی نے اڑیسہ کے گورنری کا حلف اٹھایا ۔ آپ نے ہری کرشن مہتاب وزیر اعظم اور دوسرے وزراء کا تعارف کرایا گیا ۔ نئے گورنر یا رابطہ کے باشندگان اڑیسہ کے نام ایک پیغام نشر کریں گے ۔

دہلی میں " یوم پناہ گزین "

دہلی ۲۱ جون ۔ اکالی جتھہ نے گردوارہ شیش گنج (چاندنی چوک) میں اتوار کے دن " یوم پناہ گزین " منایا ۔ حاضرین نے ایک قرار داد کے ذریعہ مشرقی پنجاب میں آمدہ پناہ گزینوں کی حالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور حکومت سے فوری امداد کی درخواست کی ۔ اس کے بعد شاعروں کا ایک دربار بھی منعقد ہوا ۔

سیر و سیاحت

کل جب کار [illegible] میں [illegible] لارڈ ماؤنٹ بیٹن تقریر کر رہے تھے ... [illegible] ... ایک تصویر [illegible] ایک ایرانی شاعر کا ... یہاں بھی [illegible] کا یہ شعر [illegible] میں ... لکھا ہے ۔

[illegible]

بنا ملتا جلتا ہے جو دیوان خاص میں شاہجہاں نے کندہ کرایا تھا ۔

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین است و ہمین است و ہمین است

[illegible]

لارڈ ماؤنٹ بیٹن ہندوستان کے چیتیس [illegible] ... یادگار [illegible] ... وہ [illegible] کے نشانات ہیں ۔

آگرہ میں قیامت کی گرمی

آگرہ ۱۹ رجون ۔ معلوم ہوا ہے کہ پچھلے ہفتہ دنوں میں ضلع آگرہ میں ایک سو سے زائد اشخاص لو لگنے سے مر گئے ہیں اگرچہ اس سال درجہ حرارت میں [illegible] نہیں ہوا ، لیکن شدت کی لو چل رہی ہے ۔ اب تک گرمی کے باعث [illegible] مر چکے ہیں ۔

کیرانہ میں یوم فلسطین

۱۸ رجون ۱۹۴۸ء کو قبل نماز جمعہ مولانا احمد حسین صاحب نائب صدر جمعیۃ علما کیرانہ نے حالات فلسطین پر روشنی ڈالتے ہوئے روس اور امریکہ کے خلاف عوام کے سامنے تجویز پیش کی جو باتفاق رائے پاس ہوئی بعد نماز جمعہ نہایت خشوع اور خضوع کے ساتھ عربوں کی کامیابی کے لئے دعا کی گئی اور ایک تار سندھ [illegible] دہلی صدر سیکوریٹی کونسل کے نام ارسال کیا گیا ۔

آرہ میں فرقہ وارانہ کشیدگی

آرہ ۔ ۱۲ رجون ۔ گذشتہ پیر کو ایک سندھی شرنارتھی اور ایک مسلمان دوکاندار میں جھگڑا ہو جانے سے یہاں کی فضا میں یکایک کشیدگی پیدا ہو گئی ۔ لیکن پولیس کی بر وقت مداخلت سے حالات کو خراب تر ہونے سے بچا لیا ، دونوں طرف کے اشخاص تیار ہو کر موقع پر پہونچنا شروع ہو گئے تھے اس سلسلے میں آٹھ گرفتاریاں عمل میں لائی گئی ہیں ۔ پولیس نے گشت شروع کر دیا ہے ۔

شرنارتھیوں اور دیہاتیوں میں تصادم

جبلپور ۔ ۲۱ جون ۔ اطلاع ملی ہے کہ دھاگاؤں شرنارتھی کیمپ کے نزدیک دیجے راگھو گڑھ میں شرنارتھیوں اور دیہاتیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا جس کے نتیجہ میں کچھ اشخاص زخمی ہوگئے خبر ملتے ہی پولیس فوراً موقعہ واردات پر پہونچ گئی اور حالت کو قابو میں کر لیا ۔ پتہ چلا ہے کہ ایک آم کے باغ میں شرنارتھیوں کے گرے ہوئے پھلوں کو اٹھا لینے سے دیہاتیوں میں برہمی پیدا ہو گئی ۔

اشتعال انگیزی کی مذمت

جھانسی بذریعہ ڈاک ۔ جمعیۃ علماء جھانسی کا ایک جلسہ ۱۰ رجون کو ہوا جس میں سید قاسم رضوی کی اشتعال انگیز تقریروں کے بارے میں یہ قرارداد منظور کی گئی ۔ حکیم عبدالوہاب صاحب دہلوی صدر جلسہ تھے ۔

جمعیۃ علماء جھانسی کا یہ جلسہ قاسم رضوی صاحب کی اشتعال انگیز تقاریر کو نظر حقارت دیکھتا ہے اور اپنی بیزاری کا اظہار کرتا ہے نیز یہ جلسہ انڈین یونین سے حیدر آباد کا الحاق جغرافیائی حیثیت سے ضروری سمجھتا ہے اور امید کرتا ہے کہ نظام حیدر آباد اس معاملہ میں اپنی تدبیر سے کام لینگے ۔

پھر ہو سکتا ہے [illegible] ... کل لارڈ ماؤنٹ بیٹن ... [illegible] ... گورنر جنرل کا [illegible] ... جائے ۔

[illegible] ... گورنر جنرل نہیں بن سکتے

چاہیئے کہ آپ [illegible] ... ہے ایک طرف گورنر جنرل جا رہے ہیں دوسری طرف نہرو کی پوری وزارت

آج کل یہ [illegible] ... آئی نو کا انسان ... [illegible] سیٹھو کو مر لیں ۔

[illegible] سلطنت کا قیام ... [illegible] ... منظور کیا جائے ۔

جزائر غرب الہند میں ایک شہر جلکر راکھ ہو گیا

پورٹ آف اسپین ۔ (ٹری نیڈاڈ) ۲۰ رجون سینٹ لوسیا نامی ریاست کا صدر مقام کیسٹریس رات کو آگ لگنے سے پوری طرح جلکر خاک ہو گیا ۔ عمارتوں کے چودہ بلاک جن میں سرکاری دفاتر اور بڑے بڑے تجارتی دفاتر بھی شامل تھے وہ بھی جل گئے ۔ کسی نقصان جان کی اطلاع نہیں ملی لیکن شہری آبادی میں سے تقریباً بالکل بے خانماں ہو گئے ۔ سینٹ لوسیا جزائر غرب الہند میں واقع ہے ۔

نظام کا مسلم لیڈروں سے ملنے سے انکار

مولانا حبیب الرحمن کی وضاحت

دہلی ۱۱ رجون سر سلطان احمد ، نواب اسمٰعیل خاں ، مسٹر حسین امام ، مولانا جمال میاں ، مسٹر محمد جان ، مولانا حبیب الرحمن ، نواب حلیم نواز جنگ اور نواب جمشید علی خاں دہلی بہ غیبت نے اظہار نفرت کیا ہے کہ حضور نظام نے ان کو ملاقات کی اجازت نہیں دی ۔ انہوں نے حکومت ہند کے فراخدلانہ رویہ کا ذکر کرتے ہوئے حکومت ہند کی پیش کش کی تعریف کی ہے اور نظام کے اس پیشکش کو قبول کرنے کیلئے کہا ہے ۔ جب اس خبر کا مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی سے ذکر کیا گیا تو انہوں نے مسکراتے ہوئے اخبار الجمعیۃ کے نمائندہ کو بتایا کہ ان کو اس خبر کا علم ہی اسوقت ہوا جب انہوں نے اس کو اخبارات میں دیکھا ۔

ایچولی میں یوم فلسطین

۱۸ رجون ۱۹۴۸ء یوم جمعہ کو بعد نماز جمعہ یوم فلسطین کا جلسہ حسب ہدایت جمعیت العلما جامع مسجد ایچولی ضلع میرٹھ میں جلسہ کیا گیا جس میں جناب مولانا حنیف صاحب سفیر دارالعلوم دیوبند نے نہایت بصیرت افروز ولولہ انگیز تقریر فرمائی اور فلسطین کی تاریخ بیان فرمائی ۔ آپ نے کہا ہم صرف دعائے خیر کے ذریعہ عربوں کی مدد کر سکتے ہیں ۔ اس لئے نہایت گریہ و زاری سے دعا کریں کہ خدائے تعالیٰ مسلمانان عرب کو کامیابی فرمائے ۔ اسکے بعد الحاج و زاری کے ساتھ دعا کی گئی جلسہ میں تقریباً پانچسو اصحاب شریک تھے ۔

بناسپتی گھی اور دالوں کی برآمد

دہلی ۲۱ رجون ۔ وزارت خوراک کے ایک تازہ اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ہند سرکار نے ہند ڈومینین سے باہر کسی علاقہ کو بناسپتی گھی کی

رجسٹرڈ ڈی — نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841 — تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے — جلد ۳۰ — دہلی یوم پنجشنبہ ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۴ جون ۱۹۴۸ء — نمبر ۱۴۸ — فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی کی کلائی اور جیب کی گھڑیاں

ایس ایم عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

حویلی حسام الدین بلیماران، چاندنی چوک دہلی [illegible]

ملایا میں سینکڑوں ہندستانیوں کی گرفتاری

سنگاپور ۲۰ جون۔ ایک اطلاع کے مطابق ایک شخص [illegible] پولیس کو دہشت انگیزوں کے [illegible] ملایا [illegible] گرفتار کر لیا۔

فلسطین کے مسئلہ پر ریاض میں عرب دنیا کے تین بادشاہوں کی کانفرنس

قیام امن کیلئے آخری اسکیم عرب لیڈروں کا غور و خوض

شاہ عبد اللہ ہوائی جہاز میں قاہرہ پہونچ گئے

قاہرہ ۲۲ جون۔ عرب دنیا کے تین طاقتور بادشاہ یعنی شرق اردن کے شاہ عبد اللہ اور مصر کے شاہ فاروق اور سعودی عرب کے سلطان ابن سعود اس ہفتہ سعودی عرب کے دارالسلطنت ریاض میں فلسطین کے اندر امن و امان قائم کرنے کے متعلق آخری پلان پر غور و خوض کریں گے۔ شاہ عبد اللہ بذریعہ ہوائی جہاز آج صبح قاہرہ پہنچ گئے۔ جہاں وہ کل تک رہیں گے اور اس کے بعد سلطان ابن سعود سے ملاقات کرنے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز تشریف لے جائیں گے۔ گذشتہ ربع صدی میں سلطان ابن سعود اور شاہ عبد اللہ کے مابین پہلی ملاقات ہوگی۔ فلسطین میں کسی مرکزی عرب انگریز [illegible] کے فقدان کی بناء پر باخبر حلقوں کا بیان ہے کہ مستقبل کے کسی سمجھوتے کا انحصار انہی تینوں بادشاہوں پر ہے جنہوں نے فلسطین کے معاملہ میں مداخلت کی ہے۔ بہت ممکن ہے کہ اس اہم کانفرنس میں سرحدوں کے رد و بدل کا سوال بھی زیر بحث آئے۔

[illegible]

آج سے لال قلعہ میں گاندھی جی کے مقدمہ قتل کی باقاعدہ سماعت شروع ہوگئی

دہلی ۲۲ جون۔ آج دہلی کے لال قلعہ میں گاندھی جی کے قتل اور حکومت ہند کے خلاف سازش کے الزام میں گوڈسے اور اس کے دوسرے آٹھ ساتھیوں کے خلاف مسٹر آتما چرن اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں مقدمہ کی سماعت شروع ہو گئی۔ [illegible]

صدر امریکہ کا پیغام مبارکباد

واشنگٹن ۲۳ جون۔ مسٹر ٹرومان صدر امریکہ نے مسٹر راجگوپال آچاریہ کو ہندستان کا پہلا گورنر جنرل ہونے کے موقعہ پر ایک پیغام مبارکباد ارسال کیا ہے۔ [illegible]

چار بحری جہاز اتحادی ثالث کے حوالے کر دیے گئے

یہ فلسطین کے ساحل پر سمجھوتہ پر عملدرآمد کی دیکھ بھال کریں گے

لیک سکسس ۲۰ جون۔ اتحادی اقوام کے [illegible] جنگی کشتی اتحادی ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کے سپرد کر دی گئی ہے [illegible] فلسطین کے ساحل پر [illegible] امید ظاہر کی کہ یہ [illegible] اچھی طرح انجام دیں گے۔

عراقی کابینہ نے استعفیٰ دیدیا

بغداد ۲۲ جون۔ عراق کے ریجنٹ امیر عبد اللہ نے عراقی کابینہ کے مستعفی ہو جانے کا اعلان کیا ہے۔ [illegible]

کیا افغانستان اور قلات پاکستان کے خلاف سازش کر رہے ہیں

افغانستان کے خفیہ قاصد قبائلی علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

حکومت پاکستان کی زبردست انسدادی تدابیر

کراچی ۲۲ جون۔ افغانستان اور علاقہ پاکستان پر ایک مطالبہ کا معاملہ [illegible] افغانستان کے سفیر متعینہ پاکستان نے باضابطہ طور پر اس کا اعلان کر دیا ہے کہ افغانستان کو پاکستان [illegible] کے ریڈیو کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ افغانستان کے سفیر متعینہ پاکستان نے جو بیان دیا ہے وہ غلط ہے [illegible] اور حکومت پاکستان پر ان علاقوں [illegible]

[illegible] پاکستان کے خلاف کسی قسم کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ لیکن حکومت پاکستان بے خبر نہیں۔ بلکہ وہ ان کی انسدادی تیاریوں میں پوری طرح مصروف ہے۔ اور اسی باعث یہ سازشیں ابھی تک کامیابی کا منہ نہیں دیکھ سکی ہیں۔

[illegible]

ہند پارلیمنٹ کا موسم گرما کا اجلاس

دہلی ۲۲ جون۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ہند ڈومینین پارلیمنٹ کا موسم گرما کا اجلاس ۱۵ اگست سے شروع ہوگا۔ یہ اجلاس چار ہفتہ تک جاری رہے گا۔ اس اجلاس کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ اہم اور بہت ضروری بلوں کو پاس کرنے کا موقع مل جائے گا بلکہ پارلیمنٹ کے ممبر ۱۵ اگست کو دہلی میں یوم خود مختاری کی جو تقریب منائی جائے گی اس میں بھی حصہ لے سکیں گے۔

ماؤنٹ بیٹن اور اٹیلی کی ملاقات

لندن ۲۲ جون۔ لندن کے باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن جو بیر کے دن ہندوستان کے گورنر جنرل کے عہدہ سے سبکدوش ہو کر لندن روانہ ہو گئے آپ بدھ کے دن لندن پہونچ جائیں گے اور پہونچنے کے فوراً ہی بعد وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی سے ملاقات کریں گے۔

نظام حیدر آباد اپنی ریاست کا مسئلہ مجلس تحفظ میں پیش کریں گے

نظام کے قانونی مشیر کی وزیر خارجہ پاکستان سے پر اسرار ملاقات؟

کراچی سے حیدر آباد کو اسلحہ۔ ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار بے پر کی اڑانے لگا

لندن ۲۱ جون۔ برطانیہ کے مشہور اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کے نامہ نگار خصوصی نے کراچی سے اپنے اخبار کو ایک تار بھیجا ہے جس میں پاکستان سے حیدر آباد کو اسلحہ کی فراہمی کا ذکر ہے۔ [illegible]

[illegible]

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ نظام کے قانونی مشیر سر والٹر مونکٹن [illegible] بذریعہ طیارہ لندن روانہ ہو گئے۔ انہوں نے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ سے بہت طویل گفتگو کی۔ [illegible] سر والٹر مونکٹن کے جلد ہی حیدر آباد پہنچ جانے کی توقع ہے۔

مجلس تحفظ میں حیدر آباد کا مسئلہ

پاکستان سے ضروری اقدام کی درخواست

کراچی ۲۳ جون۔ آل ایشیا اسلامک مسلم لیگ کے صدر مسٹر [illegible] نے ایک بیان میں کہا کہ امن قائم کرنے کے لئے پاکستان کو چاہئے کہ وہ حیدر آباد کے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے رکھے۔ ہندوستان اور حیدر آباد کی گفت و شنید کی ناکامی پر اظہار خیال کرتے ہوئے [illegible] کہا کہ تعجب کی بات ہے [illegible] ہندوستان نے [illegible] لیکن حیدر آباد کے معاملہ [illegible] اصول کو تسلیم نہیں کیا۔

کانگریس کے ایک کروڑ ممبر بن گئے

نئی دہلی ۲۲ جون۔ [illegible]

نازیوں کا لوٹا ہوا سونا لندن بھیجا جا رہا ہے

[illegible]

حیدر آباد کے مسئلہ کو ہندو مسلم اختلاف کی عینک سے نہ دیکھا جائے

حاجی محمد صدیق کا بیان

دہلی ۲۲ جون۔ دہلی کے مشہور [illegible] حاجی محمد صدیق [illegible] نے پریس کے ایک نمائندہ کو بیان دیتے ہوئے حیدر آباد کے مسئلہ پر [illegible] کا اظہار کیا۔ [illegible]

اس سوال کی نسبت کہ حیدر آباد [illegible] اقوام کی انجمن کا ممبر نہیں لیکن اس کے پاس ایسے وزراء موجود ہیں جن کی بناء پر وہ اپیل کر سکتا ہے [illegible] کے تعلقات کی وجہ سے دنیا کا امن خطرہ میں پڑ جانے کا اندیشہ ہے۔ حفاظتی کونسل میں نمائندگی حاصل کرنے کے سلسلہ میں ایک مثال قائم ہے [illegible] کو عربوں کے خلاف اپنا کیس پیش کرنے کے لئے حفاظتی کونسل میں نمائندگی دی گئی تھی۔ [illegible] کہ اگر حیدر آباد نے اس سلسلہ میں کوئی اقدام کیا تو ممکن ہے کہ برطانیہ ویٹو کا استعمال کرے۔ تاکہ ہندوستان [illegible] سے علیحدہ ہو جائے۔

گلوب کا سیاسی نامہ نگار [illegible] داستان بالکل نظام کے ان ارادوں کے متعلق کچھ علم نہیں [illegible] ممکن ہے کہ برطانیہ ویٹو کا استعمال نہ کرے۔ اور حفاظتی کونسل میں برطانوی نمائندہ کو ہدایات جاری کر دے کہ وہ اس سے [illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۴ جون سنہ ۱۹۴۷ء

ہمارے گورنر جنرل!

کی سرحد نہیں ہے، مغربی بنگال کے باشندوں کو بتا دینا چاہیے کہ صوبہ کے متعلق انکا تصور، تمام تصورات کو بالاتر ہے ...

ایڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

وزیر اعظم پاکستان سے خطاب

تجارت میں مسلمانوں کی فلاح

یقین نہیں آتا!

آسام اور مغربی بنگال کے نئے گورنر

غلط نتائج

دہلی میں "یوم پناہ گزین"

سیر و سیاحت

آگرہ میں قیامت کی گرمی

کیرانہ میں یوم فلسطین

آمرہ میں فرقہ وارانہ کشیدگی

شہر نارنھیوں اور دیہاتیوں میں تصادم

اشتعال انگیزی کی مذمت

جزائر غرب الہند میں ایک شہر جلکر راکھ ہوگیا

نظام کا مسلم لیڈروں سے ملنے سے انکار

مولانا حبیب الرحمن کی وضاحت

ایچولی میں یوم فلسطین

بناسپتی گھی اور دالوں کی برآمد

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی ٹونک سے واپسی

اصلاح احوال کیلئے امن پرور جد وجہد - ٹونک میں جمیعتہ علماء کا قیام

دہلی ... ہندوستان کے نئے دور میں دیگر ریاستوں کے ساتھ ساتھ ریاست ٹونک میں بھی جو اہم تبدیلیاں ہوئی ہیں ... ریاستی نظام میں رد و بدل ہوا ہے ... باشندگان ریاست کو ایک نئی صورت حال کے سپرد کر رہا ہے۔ ... مسلمانان ٹونک ان نئے حالات ... اور نئے نظام سے بہت زیادہ اضطراب میں مبتلا ہو گئے تھے۔ اور ان کے لئے طرح طرح کی الجھنیں پیدا ہو گئی تھیں۔

چنانچہ علمائے ٹونک کے اصرار پر حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمیعتہ علمائے ہند نے ... مولانا عبد الماجد صاحب دہلوی کے ہمراہ ٹونک پہنچ کر ... حالات کا جائزہ لیا۔ ... مختلف طبقوں کے وفود ... ملے جنہوں نے اپنی تکالیف و ضروریات کی تفصیلات آپ کے سامنے رکھیں۔ ... رعایا کی فلاح بہبودی کے لئے کام کر رہی ہیں۔

بہر حال - البتہ ریاست کے انتظامات میں جو تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ ان کے باعث وہ سہولتیں جو مسلمانان ٹونک کو حاصل تھیں وہ روز بروز کم ہوتی جا رہی ہیں سرکاری ملازمتوں میں بھی مسلمانوں کا حصہ بہت کم رہ گیا ہے اور جو زندگی کی تجارت یا صنعت و حرفت ٹونک کے مسلمانوں میں ... ہے۔ ... مسلمان عام طور پر نئی صورت حال سے ... سرگرداں نظر آتے ہیں۔ ریاست ٹونک خاص طور پر اسلامی درسگاہوں اور شرعی ... اداروں کے زمانہ قدیم سے ایک مرکزی حیثیت رکھتی تھی اب نئے حالات میں اس کی یہ مرکزی حیثیت معرض خطرہ میں ہے۔ مسلمانوں کی مذہبی زندگی ان کے مذہبی شعائر احکام کی پابندی ...

...

شاہ جارج کا شاہی فرمان

ذیل میں شاہ جارج کا وہ فرمان درج ہے جس کے ذریعہ راجہ گوپال کا تقرر عمل میں آیا۔

بفضل خدائے تعالیٰ بادشاہ برطانیہ عظمیٰ آئرلینڈ اور سمندر پار کی برطانوی نوآبادیات کے شاہ اور حافظ دین شاہ جارج کی طرف سے

ہمارے معتمد اور محبوب شری چکرورتی راج گوپال آچاریہ کے نام۔

(۱) ہم اپنے دستخطی اور مہر کئے ہوئے فرمان کے تحت آپ یعنی مذکورہ شری راج گوپال آچاریہ کو ... جب تک کہ ہم پسند کریں ہند کا گورنر جنرل مقرر کرتے ہیں۔

اور وہ تمام اختیارات حقوق اور استحقاق اور مراعات ... عطا کرتے ہیں جو اس عہدہ سے وابستہ ہیں۔

(۲) ہم اس فرمان کے ذریعہ آپ کو بااختیار اور حکم دیتے ہیں کہ ان تمام اختیارات اور فرائض کو انجام دیں جو ہند کے گورنر جنرل کو ہماری فرمانروائی کے ... سال آزادی کے قانون آزادی کے تحت ... عائد کئے گئے ہیں ...

(۳) اور ہم آپ کو اپنے نام پر اور اپنی طرف سے اختیار عطا کرتے ہیں کہ آپ ہند میں ...

... حلف اٹھائیں گے۔ ہمارا یہ فرمان ہمارے ... اگست ۱۹۴۷ء کے اس فرمان کو کالعدم کردے گا۔ جس کے ذریعہ لوئی فرانسس البرٹ وکٹر نکولس اول ماؤنٹ بیٹن آف برما ... ہمارا گورنر جنرل مقرر کیا گیا تھا۔

(۸) اور ہم یہ بھی حکم دیتے ہیں کہ اس فرمان کے تحت جو شخص بھی حلف اٹھانے پر مجبور ہے اگر اسے حلف اٹھانے پر کوئی اعتراض ہے تو وہ محض تصدیق و توثیق کر سکتا ہے۔

سینٹ جیمز میں ہمارے دربار سے ۴ر جون ۱۹۴۸ء کو ہماری حکومت کے بارھویں سال میں جاری کیا گیا۔

۲۱ ہزار اشخاص کو ملازمتیں دی گئیں

دہلی ۲۱ر جون - دلانیکا لیبر و لفارت کارگزار دلانیوالا محکمہ یا ہر آٹھ ماہ سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو روزگار کا نیا ریکارڈ قائم کر رہا ہے مئی ۱۹۴۸ء میں ہندوستان کے ۷۰ روزگار دلانے والے دفاتر نے ۳۶۲۱۱ مردوں اور عورتوں کو روزگار مہیا کیا۔ اس طرح محکمہ بحالی اور روزگار قائم ہونے سے لیکر ماہ مئی کے آخر تک ملازمت کرنیوالوں کی تعداد ... تک پہنچ گئی ہے ... اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ اس دفعہ اپریل ۱۹۴۸ء میں ملازمت حاصل کرنیوالوں کی تعداد سے ۲۵۰۵ زیادہ اشخاص کو روزگار پر لگایا گیا۔

جلسوں پر پابندی — دہلی ۲۲ر جون - دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے عام سڑکوں پر پانچ یا پانچ سے زیادہ اشخاص کے اجتماع پر جو پابندی لگائی گئی اب اس کی ۲۱ر جولائی تک توسیع کردی گئی ہے۔ آتشیں یا دوسرے ہتھیاروں کو لیکر چلنے کی بابت جو امتناعی حکم جاری کیا گیا تھا۔ اس کی بھی ۲۲ر جولائی تک توسیع کردی گئی ہے۔ نیز ہیڈ کانسٹبل اور اس سے اوپر کے ہر پولیس افسر کو موٹروں کی تلاشی کا حکم بھی دیدیا گیا ہے۔

دو اشخاص کی گرفتاری — کل ریلوے پولیس نے دہلی جنکشن پر دو اشخاص کو گرفتار کر لیا۔ ان کے پاس سے دیسی شراب کی دس بوتلیں برآمد ہوئیں۔

ٹوکیو میں حکومت ہند کا نیا نمائندہ

نئی دہلی ۲۱ر جون - حکومت ہند نے سر بی ... کی جگہ مسٹر بی این چکرورتی کو ٹوکیو میں انڈین لائزن مشن کا ہیڈ مقرر کیا ہے۔ سر بی ... کو واشنگٹن میں ہندوستانی سفیر مقرر کیا گیا ہے۔

مشرقی بنگال میں خوراک کی قلت

وزیر رسد کا بیان

کراچی ۱۱ر جون - وزیر رسد ... بنگال مشرقی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت مشرقی بنگال ابھی چاولوں کی قلت کو دور کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی ہے چاول کی غیر معمولی گرانی سے کئی اور علاقوں میں تشویش پیدا ہو گئی ہے اور حکومت حالات پر قابو پانے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے اس سلسلہ میں ایک بل منظور کیا گیا ہے جس کی رو سے حکومت ذخیرہ اندوزوں کے انسداد کیلئے کسی مشتبہ اشخاص کے خلاف مقدمہ چلائے جانے سے پہلے ہی اس کی منقولہ اور غیر منقولہ جائداد کو ضبط کر سکے گی۔ کپڑے، فولاد، لوہے اور دوسری تعمیری مواد کی بھی کمی ہے۔ اس کی وجہ سے ڈھاکہ اور چٹاگانگ میں تعمیروں کا کام ہو رہا ہے اور مکانات کی قلت ہے۔

کرپان پر کوئی پابندی نہیں

... کے اندر بات چیت جاری تھی۔ ... کے بعد اعلان کر دیا گیا کہ کرپان پر کوئی پابندی نہیں۔ اس نے مورچہ ختم کیا جا سکتا ہے۔ اس نے مورچہ ختم ہو گیا ... حلقوں میں تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ ہنگامی صورت حالات میں پابندی لگائی جا سکتی ہے۔

ملایا میں دہشت انگیزی کی رفتار

پولیس کو غیر معمولی اختیارات

سنگاپور ۲۱ر جون - ایک مسلح شخص نے جس کی پہچان نہیں ہو سکی - کل رات ... کے نزدیک کے موضع ... میں ایک چینی کو گولی سے ہلاک کر دیا۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ قبل ہنگامی اختیارات کے ماتحت پولیس نے تقریباً تمام ملک میں چھاپے مار کر سینکڑوں چینیوں اور ہندوستانیوں کو اس دہشت انگیزی سے تعلق رکھنے والوں کے شبہ میں گرفتار کر لیا۔ سنگاپور میں ۱۱۳ اور ... میں ۱۰۶ اشخاص گرفتار ہوئے۔

جوہور اور ... سے گرفتاریوں کی اطلاع ملی ہے فوجی جہاز گشت لگا رہے ہیں اور پولیس جنگل میں موجود پوشیدہ اسلحہ کی تلاش کر رہی ہے۔

سنگاپور کے اخبار سٹریٹس ٹائمز کے نامہ نگار نے ... خبر دی ہے کہ کمیونسٹ ضلع میں ... جنگ سے پہلے دور میں کامیاب رہے ہیں انہوں نے ربڑ کے جنگلوں میں یورپینوں کی زندگی اور ربڑ کی پیداوار کو غیر ممکن بنا دیا ہے۔ ... جو موجودہ ... اطلاع سے پتہ چلتا ہے ...

... نے کہا ہے کہ ... کمیونسٹ گرفتاری سے بچ گئے ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اس وقت تک تین سو گرفتاریاں ہو چکی ہیں جن میں سے پچاس جوہور اور تیس سمبلین میں ہوئیں۔ نئے ہنگامی اختیارات کے ماتحت پولیس کسی شخص کو مقدمہ چلائے بغیر چیف سکرٹری کی اجازت سے ایک سال تک نظر بند رکھ سکتے ہیں۔

آچاریہ جی کو مبارکباد

۲۱ر جون کو امن کمیٹی بستی نظام الدین دہلی کا ایک جلسہ ہوا جس کی صدارت علامہ سید اخلاق حسین صاحب اخلاق دہلوی نے فرمائی اور حسب ذیل تجویز منظور کی گئی امن کمیٹی کا یہ جلسہ شری چکرورتی راج گوپال آچاریہ بالقابہ کے گورنر جنرل کے عہدے پر سرفراز ہونے پر دلی مسرت کا اظہار کرتا ہے اور دلی مبارکباد پیش کرتا ہے اور توقع رکھتا ہے کہ آپ کا عہد حکومت امن و انصاف اور ترقی و خوشحالی کا یادگار دور ہوگا۔ (سکریٹری)

خط و کتابت کرتے وقت پتہ صاف اور خوشخط لکھو

برائے اطلاع عام

فہرست دکانات جس کا قبضہ کسٹوڈین نے بذریعہ گزٹ غیر معمولی نمبری ۵ مورخہ ۴ر جون ۱۹۴۸ء لیا۔

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	نمبر سلسلہ	نمبر مکان
کڑہ لال ... سبزی منڈی	۴۸۷	دوکان ۲۹۶		اور ... روڈ قرولباغ	۵۴۰	۱۶/۵۰۱	
... سبزی منڈی	۴۸۸	دوکان ۴۳۶		چھپر والا کنواں روڈ	۵۴۱	[illegible]	
سبزی منڈی ...	۴۸۹	دوکان ۱۲/۸۳۲		عبد الرحمن روڈ قرولباغ	۵۴۲	۱۶/۱۱۵۶	
... سبزی منڈی	۴۹۰	دوکان ۲۳		اجمل خاں روڈ	۵۴۳	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ٹونک میں یوم فلسطین

مسلمانان ٹونک کا ایک عظیم الشان جلسہ ۱۱ر جون کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر صدارت جناب مولانا ... منعقد ہوا جس میں جناب ... مولوی صدیق حسن صاحب ... ارض مقدس فلسطین کی تاریخ اور عزت مجاہدین کی سرفروشانہ جدوجہد پر بصیرت افروز تقریر فرمائی حاضرین جلسہ نے نہایت خلوص عقیدت کے ساتھ بارگاہ ایزدی میں عربوں کی کامیابی کیلئے دعائیں مانگیں اور ذیل کی تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں۔

(۱) عرب متحدہ نے تقسیم فلسطین کے خلاف جو جدوجہد کر رہے ہیں اس کے ساتھ ہماری دلی دعائیں اور بہترین تمنائیں وابستہ ہیں ... خدائے قدوس سے دعا ہے کہ وہ اس مقدس مقصد میں کامیاب ہوں اور ارض فلسطین میں کامل امن و امان قائم ہو۔ آمین۔

(۲) مسلمانان ٹونک کا یہ جلسہ ان حکومتوں کی مذمت کرتا ہے جنہوں نے عربوں کے خلاف اسرائیلی حکومت کے قیام میں یہودیوں کی سامان جنگ سے امداد دی ... ان تجویزوں کی نقلیں صدر مجلس تحفظ ... اور صدر ناظم جمیعتہ علمائے ہند کو بھیجی گئیں۔

رڑکی میں یوم فلسطین

آج بتاریخ ۱۱ر جون بعد جمعہ جامع مسجد رڑکی میں زیر صدارت ... احمد صاحب انصاری ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا گیا - مولانا عبد الرؤف صاحب صدر جمیعتہ علماء رڑکی نے تقریر فرمائی - ایک ریزولیشن پاس کیا گیا کہ مسلمانان رڑکی کا یہ عظیم الشان جلسہ امریکہ اور روس کی یہود نوازی کے خلاف اظہار نفرت و حقارت کرتے ہوئے سکیورٹی کونسل کو بتلانا چاہتا ہے کہ تقسیم فلسطین اور اسرائیلی حکومت کا قیام سراسر زیادتی اور بے انصافی ہے۔ فلسطین پر صرف اہل فلسطین ہی کو حکومت کا حق حاصل ہے - اس کے بعد جلسہ میں مجاہدین فلسطین کیلئے دعا مانگی گئی پھر جلسہ برخاست ہو گیا۔

مہوبا میں یوم فلسطین

مہوبا بذریعہ ڈاک - ۱۱ر جون ۱۹۴۸ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد مہوبا اللہ رب العزت کی درگاہ میں تمام مسلمانان مہوبا نے خضوع و خشوع کے ساتھ عربوں کے مقدس مقصد کی کامیابی کی دعا کی - اور بعد نماز جمعہ ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب مولانا محمد اسمٰعیل صاحب نائب صدر جمیعتہ علماء مہوبا منعقد ہوا جس میں فلسطین کی اہمیت پر جناب حافظ محمد بشیر خاں صاحب ناظم جمیعتہ علماء مہوبا نے کافی روشنی ڈالی اس کے بعد ایک ریزولیشن روس اور امریکہ کی یہود نواز پالیسی پر اظہار نفرت اور افسوس کیا گیا جو جمہوری اصول کے مطابق اپنے وطن کی حفاظت کیلئے عظیم الشان قربانیاں دے رہے ہیں صدر مجلس کو ایک احتجاجی تار بھی روانہ کیا گیا۔ فقط ناظم جمیعتہ علماء مہوبا ... نائب ناظم جمیعتہ علماء مہوبا۔

خان عبد الغفار خاں کے مختصر مقدمہ کی دلچسپ تفصیل

بادشاہ خاں نے مقدمہ کی پیروی بھی نہیں کی

ایبٹ آباد ۲۲ جون - معلوم ہوا ہے کہ صوبہ سرحد میں خان عبد الغفار خاں کی گرفتاری پر عوام کی طرف سے کوئی خاص احتجاج نہیں کیا گیا - خانصاحب کی ۴۰ سالہ سیاسی زندگی میں یہ پہلا موقعہ ہے کہ آپ کی گرفتاری پر یوں بے نیازی ہوئی ہے۔

نیرا کو جانے والی سڑک پر بندہ دون خان کے مکان میں خان عبد الغفار خاں کے لئے عدالت میں مقدمہ ہوئی۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس نے خان صاحب پر بغاوت اور فقیر ایپی سے ساز باز کا الزام عائد کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے جج کی حیثیت سے خان عبد الغفار خاں سے مقدمہ کی پیروی کے لئے کہا۔ نیز جج نے خان صاحب سے کہا کہ اگر وہ ۳ سال کے لئے اچھے چال چلن کی ضمانت پیش کریں تو ان کو رہا کیا جا سکتا ہے لیکن خان صاحب نے اس قسم کی ضمانت دینے سے انکار کر دیا اور صرف اتنا کہا کہ میں مجرم نہیں ہوں - اس کے بعد خان صاحب کو ۳ سال کی کم سزا دی گئی۔ صوبائی حکومت حسب قاعدہ آپ کے مقدمہ پر مناسب وقت پر غور کرے گی۔

سرحد کے طول و عرض میں ... خان صاحب کے طرفداروں کی تعداد اور اس قدر ... گئی ہے کہ وہ کسی پارٹی مظاہرے کی جرأت نہیں کر سکتے اس لئے اس احتجاج کو کسی دوسرے وقت کے لئے ملتوی کر گیا ہے - آپ کی گرفتاری سے آپ کے طرفداروں کی تعداد پر بھی اثر پڑا ہے اور اب آپ کی پارٹی کو ایک ایسا نیا طریقہ ایجاد کرنا پڑیگا جو عوام کا تعاون حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکے۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حکومت کو اپنی کاروائیوں میں کافی آزادی حاصل ہوگئی - برعکس عوام کی ایک بہت بڑی تعداد نے سرحدی وزیر اعظم خاں عبد القیوم خاں کو خان عبد الغفار خاں کی گرفتاری پر مبارکباد کے تار ارسال کئے ہیں۔

فرقہ وارانہ اتحاد کی تلقین

شیخ عبد اللہ کی ایک تقریر

ڈاکٹر جوشی کے قتل کا مقدمہ

گواہوں پر وکیل صفائی کی بحث

شملہ ۲۱ جون - ڈاکٹر جوشی کے قتل کے مقدمہ کے سلسلہ میں مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے دیوان رام لال اور مسٹر جسٹس اچھورام کی عدالت میں ڈاکٹر قریشی کی اپیل کی مزید سماعت ہوئی - ایڈوکیٹ جنرل سردار ... سنگھ نے دو گواہ ... وکیل صفائی نے تین گواہ پیش کئے - عدالت نے ایڈوکیٹ جنرل کو اس بات کی اجازت دی کہ ... گواہ پیش کریں فلائٹ لفٹننٹ پرشوتم لال نے بیان دیا ... ڈاکٹر قریشی کے سامان کی پالم کے ہوائی اڈہ پر تلاشی لی تھی لیکن اس رجسٹر کے علاوہ جو عدالت میں دکھایا گیا ہے کوئی اور رجسٹر نہیں مل سکا - فلائٹ لفٹننٹ جی سی گپتا سینئر ٹریفک آفیسر پالم نے ہوائی جہازوں کی آمد اور پرواز کا تفصیل سے ذکر کیا ... کہا کہ وہ ڈکوٹا جو ۹ ستمبر کو پالم ہوائی اڈہ پر نہیں اترا ... وکیل صفائی کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر قریشی اس ڈکوٹا جہاز میں لاہور سے روانہ ہوئے اور ۹ ستمبر کو پالم کے ہوائی اڈہ پر اترے ...

لندن کے بندرگاہ کے مزدوروں کی ہڑتال

امریکہ کی امداد پر غور

چینی پارلیمنٹ کا خاص اجلاس

پیکنگ ۲۲ جون - امریکن کانگریس نے چینی کی مالی امداد کا جو پروگرام منظور کیا ہے - اس پر چینی پارلیمنٹ کل غور و خوض کرنے والی ہے - چینی پارلیمنٹ کے فیصلہ کے بعد امریکہ اور چین میں اس امداد کے متعلق ...

سالار اعظم احرار کی اپیل

دہلی ۱۰ جون ... سالار اعظم احرار ... نے ...

بعض علاقوں سے یہ شکایات موصول ہوئی ہیں کہ بعض بچے نا سمجھی کی وجہ سے ایسی حرکات کرتے ہیں جن سے ... کو تکلیف پہنچتی ہے ... آتش بازی وغیرہ ... والدین کو سمجھایا جائے کہ وہ بچوں کی اس قسم کی لغو حرکتوں سے اپنے بچوں کو سختی سے باز رکھیں۔

مجھے امید ہے کہ ... اس حکم کی ہوالنیٹر پوری تعمیل کریں گے اور کوئی واقعہ ایسا نہ ہونے دیگا جس سے شکایت کا موقعہ ملے ...

موضع دہور ... میں جمعیۃ العلماء کا قیام

ڈھاکہ میں برسات شروع ہوگئی

تبت میں حکومت ہند کا نمائندہ

... نمائندہ کے طور پر مقیم ہیں۔ حکومت ہند نے آپ سے مزید ایک سال کیلئے یہ فرائض سرانجام دینے کیلئے کہا ہے - اس عرصہ میں آپ کی جگہ لینے کے لئے کسی ہندوستانی کو مسٹر ... ٹریننگ دیجائیگی۔ مسٹر ... حال ہی میں برطانیہ میں رخصت گذار کر ... واپس پہنچے ہیں۔

روسی سفیر نے اپنا عہدہ سنبھال لیا

حیدر آباد میں بسیں پھر چلنے لگیں

وزیر اعظم لنکا کا پیغام مبارکباد

پنڈت نہرو کو پان کیلئے ۵ روپے ...

روسی جرمنی میں سکوں کی اصلاح

برلن ۲۲ جون - معلوم ہوا ہے کہ برلن میں روسی ... سکہ کی اصلاح کے متعلق ... روسیوں کی طرف سے مغربی طاقتوں کو مطلع کیا گیا ہے ... کانفرنس کی تاریخ بدلنے کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے ... روسی حلقوں میں سکہ کی اصلاح کے متعلق اہم فیصلے کئے جائینگے۔

ڈی ولیرا آئرلینڈ پہنچ گئے

نامردوں کی حیات نو کا پیغامبر ہے، قیمت فی شیشی جو ایک مریض کا مکمل علاج ہے ...

(۶) عرق حیات

حمیٰ مزمنہ اور تپ لازمی کی بہت موثر دوا ہے چیچک اور موتی جھرہ کا اکسیری علاج ہے قیمت فی بوتل ...

(۷) حب مدر سفید

ایام ماہواری کی بے اعتدالیوں کا واحد علاج ہے، خوراک ۲ حب تا ۴ قیمت فی حب ...

پتہ:۔ حکیم انظار احمد رجسٹرڈ طبیب اے کلاس مرادآباد یوپی

ستم رسیدہ مسلمانوں کو ان کا حق دلانے کیلئے جان کی بازی لگادونگا مظلوم میواتیوں سے ونوبا بھاوے کا وعدہ

سسکتے ہوئے میواتیوں کو دیکھکر اچاریہ جی کے آنسو نکل آئے

کارکنان جمعیۃ علما اور اچاریہ ونوبا بھاوے کا دورہ میوات

دہلی ۲۷ جون ۔ مصیبت زدہ اور پریشان حال میواتیوں کی امداد اور آبادکاری کے سلسلے میں جمعیۃ علما کا ایک وفد ... میں ضلع گوڑگانوہ کے دورہ پر گیا تھا۔ جناب ونوبا بھاوے صاحب بھی اس وفد کے ہمراہ تھے۔ وفد نے کئی مقامات کا دورہ کیا ... اچاریہ ونوبا بھاوے ... میواتیوں کے مصائب اور آلام کو دیکھ کر ... ان کے حقوق دلوانے کے لئے ... جان کی بازی لگادونگا۔

بتایا کہ جمعیۃ علما ہند تمہارے لئے پوری سعی کررہی ہے۔ ... مالکان آراضی اور معزز ہندوؤں نے بھی ان مصیبت زدہ بھائیوں کو سمجھایا اس کے بعد یہ وفد ... کی طرف روانہ ہوگیا اور ...

جمعیۃ علماء فرخ آباد کا جلسہ

ایک لاکھ روپیہ عطیہ

خیریت مطلوب ہے

... ڈاکٹر ... منظور احمد ... ایم ۔ دہلی متصل ... خریطہ بہار ... ۔

روس امریکہ کے نقش قدم پر

ماسکو ۲۰ جون ... ریڈیو نے گزشتہ شب اعلان کیا ہے کہ روس اور یہودیوں کی نئی حکومت اسرائیل ... ہیں۔

یوم فلسطین

فرخ آباد (بذریعہ ڈاک) ۔ جون کو فرخ آباد میں زیر اہتمام حکیم ... صاحب صدر جمعیۃ علماء فرخ آباد میں یوم فلسطین منانے کے لئے تمام شہر میں اعلان کیا گیا۔ خاص طور پر جامع مسجد اور دیگر مساجد میں اعراب فلسطین کی فتح ونصرت کے لئے دعا مانگی گئی ۔ صدر مجلس ... کو ایک تار دیا گیا کہ عربوں کی شرطوں کو منظور کیا جائے۔

دیودیا (بذریعہ ڈاک) ... ناظم اعلیٰ جمعیۃ علمائے ہند ... کو نماز جمعہ ... عرب ... کی کامیابی کے لئے دعا کی گئی اور بعد نماز جمعہ یوم فلسطین کے سلسلہ میں ایک جلسہ ہوا جس میں امریکہ اور روس کے رویہ کی مذمت کی گئی ...

الیکشن کی ہماہمی

... (نامہ نگار الجمعیۃ)

سہارنپور کی خبریں

(الجمعیۃ)

قبول اسلام

گذشتہ جمعہ کو ایک شخص مسمی ... ولد ... عمر تقریباً ۔۔ سال باشندہ ... حال ... جامع مسجد میں آیا اور کہا کہ میں اپنی خوشی و رغبت دلی سے مسلمان ہونا چاہتا ہوں ... خطیب جامع مسجد نے کلمہ طیبہ اور کلمہ شہادت پڑھا کر مشرف بہ اسلام کیا اور اسلامی نام محمد سلیم رکھا ...

وزیر اعظم پاکستان کو تار

بجانب ... فان ... دہلی کی ... نے ... مطالبہ کیا کہ پاکستان کی ... اقلیت ... اور ان کے جان و مال کی پوری حفاظت کی جائے ...

قومی اتحاد بورڈ کا جلسہ

گذشتہ ... قومی اتحاد بورڈ کی طرف سے ایک جلسہ زیر صدارت لالہ ... منعقد ہوا ...

قماربازوں کی گرفتاریاں

... ملتان میں ... قماربازوں کو گرفتار کیا ... اندر سے بند کرکے جوا کھیل رہے تھے ... قماربازی اور جیب تراشی کی وارداتیں ہو رہی ہیں ...

برائے اطلاع عام

فہرست مکانات جو کسٹوڈین صاحب نے بذریعہ گزٹ مورخہ ۱۷ جون ۱۹۴۸ء قبضہ میں لئے ۔ سلسلہ کے لئے دیکھئے الجمعیۃ مورخہ ۱۹ جون

نمبر شمار	نمبر مکان	نمبر شمار	نمبر مکان		نمبر شمار	نمبر مکان	نمبر شمار	نمبر مکان
گلی تاشان	—	۲۲۳۵	۳۰۱/۱		وارڈ نمبر VII شاہدرہ		۲۵۴۳	۳۰
۲۲۳۶	۵۵/۳۰۵۲	۲۲۳۷	۳۰۵۳		۲۵۴۴	۳۸	۲۵۴۵	۳۰۹
گلی ...	—	۲۲۳۸	۵۹/۲ ۳۰		۲۵۴۶	۳۰۹	۲۵۴۸	۳۱۰
...	—	۲۲۳۹	۴۴/۷۱		۲۵۴۰	۳۱۱	۲۵۴۹	۳۱۳

بہتوں کا بھلا ہوگا اس کے پڑھنے سے

ناظرین نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں

بدقسمتی سے مجھے جوانی کو ستیاناس کرنے والی بدعادات آغاز جوانی میں پڑگئی جس کے انجام سے میں ناواقف تھا ... سال کے بعد مجھے کمزوری کی بیماری لاحق ہوگئی ۔ جریان وغیرہ سے میرے چہرے کا رنگ دن بدن زرد ہوتا جاتا تھا ... مجھے میری پژمردگی کا سبب پوچھتے تھے ۔ میں کسی کو اپنی حالت سے آگاہ کرنا نامناسب سمجھتا تھا مگر ... دیگر شہروں کے بڑے بڑے ڈاکٹروں حکیموں ... اشتہاروں کا شمار نہیں ان کا علاج کرایا لیکن بالکل بے سود ... تکلیف اور مایوسی کے سوا کچھ ...

میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا خوش نصیبی سے مجھے ایک ملازمت

کے سلسلہ میں نیپال جانا پڑا ... نیپال کے مشہور شہر کھٹمنڈو میں ...

میں اپنے خدا کو حاضر وناظر جان کر سچ کہہ رہا ہوں

میرے تجربہ اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

کشتہ جات کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

... شیخ غلام احمد (طاقت کی مشہور دوا والا) گیلانی اسٹریٹ لاہور

جبری

JABRI

जबरी

JAGADHRI

پرانے بخارات T.B تپدق

ٹی بی تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو دیکھو

جناب ... صاحب ... ضلع ... سے تحریر فرماتے ہیں ... میرا خیال تھا کہ تپدق (ٹی بی) مرض کی دنیا میں کوئی دوا نہیں ہے ۔ لیکن آپ کی دوا جبری نے اس خیال کو غلط ثابت کردیا ہے ... مریض دن بدن ... ترقی کرے ... آپ کے کارخانہ کو ترقی دے ...

(JABRI – JAGADHRI)

... جگادھری (مشرقی پنجاب)

مہاتما گاندھی کے مقدمے کی مزید سماعت۔ شریف ہوٹل کے مالک اور ملازم کی شہادتیں

[illegible]

دارالسلطنت

بنجابی لیڈروں کی رہائی

[illegible]

ہڑتال

[illegible]

مزدوروں کا مطالبہ

[illegible]

پستول برآمد

[illegible]

قیمتوں میں اضافہ

[illegible]

کپڑا برآمد

[illegible]

اسلحہ سازی کے کارخانے

پنجاب کی پولیس نے مشرقی پنجاب میں اسلحہ سازی کے ناجائز کارخانوں کا پتہ چلانے کے لئے مہم شروع کر دی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ کارخانے دہلی اور مشرقی پنجاب کی سرحد پر کام کر رہے ہیں۔ اسلحہ کی خرید و فروخت کا خاص مرکز ۔۔۔ ہے۔

بس سے ہلاک

ایک تین سالہ بچی تیزی سے گذرتی ہوئی ایک بس کے نیچے آ کر ہلاک ہو گئی۔

بھوک ہڑتال

... وزیر امداد بحالی مسٹر موہن لال سکسینہ کے مکان کے سامنے بھوک ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ ہڑتال اس وقت تک جاری رہے

شیخ سنوسی نے بادشاہ ہونے کا اعلان کر دیا

[illegible]

ایک چوکیدار کا قتل

[illegible]

سیلنٹ افسر کے لئے

[illegible]

مغویہ عورتیں

... ہیں ان کی کل تعداد ۲۰۳۰۲ ہے۔ اس رقم کی دونوں حکومتوں کی طرف سے تصدیق کر دی گئی ہے۔ انڈین یونین سے برآمد شدہ ۹۰۵ مسلم عورتیں پاکستان کے حوالہ کر دی گئی ہیں۔ پاکستانی علاقوں سے برآمد شدہ ۷۰۵ ہندو سکھ عورتیں حکومت ہند کے حوالہ کر دی گئی ہیں۔

دہلی ہوم گارڈ

دہلی ہوم گارڈ میں بھرتی ہونے والوں سے ایک کمیٹی منگل سے انٹرویو شروع کرے گی۔ انٹرویو صبح ۱۰ بجے سے ۱۱ بجے تک ہوا کرے گا۔ بھرتی ہونے والوں کی عمر ۲۰ سے ۴۵ سال تک ہونی چاہئے ایسے لوگوں کا مڈل کلاس تک تعلیم یافتہ ہونا اور ۱۵ اگست سے پہلے سے دہلی میں مقیم ہونا ضروری ہے۔

ریلوے ملازموں کی گرفتاری

دہلی ریلوے اسٹیشن پر ریل کے ڈبوں سے سامان چرانے کے الزام میں ریلوے کے دو ملازم گرفتار کر لئے گئے۔ چاندنی چوک میں ایک شخص زیورات فروخت کرتا ہوا گرفتار ہوا۔ ان نے پولیس کو بتایا کہ اس نے یہ زیورات گاندھی گراؤنڈ میں سوتی ہوئی ۲ عورتوں کے پاس سے چرائے ہیں۔

[illegible]

بن کھلے مرجھا گئے

مولانا محمد وحید قاسمی کا فرزند رشید الدین سوا پانچ ماہ کی عمر میں ۱۹ جون کو صبح کے چھ بجے اپنے والدین کو داغ مفارقت دے گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ادارہ جمعیۃ اس حادثہ ناگہانی پر مولانا موصوف سے اظہار ہمدردی کرتا ہے

شانتی دل کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس

۔۔۔ از نامہ نگار الجمعیۃ ۔۔۔

دہلی ۲۵ جون۔ کل ساڑھے پانچ بجے شام شانتی دل کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس، انخلاء مساجد، تعمیر مساجد، آباد شدہ مساجد پر مسلمانوں کو قبضہ دلانے، منہدمین تبدیل شدہ مساجد کو بحال کرنے اور ہندو محلوں کی مساجد کی حفاظت اور نگرانی کے مسئلہ پر غور کرنے کیلئے منعقد ہوا جس میں جمعیۃ علماء کانگریس کمیٹی اور سوشلسٹ پارٹی کے ارکان نے شرکت فرمائی۔ انخلاء مساجد کمیٹی کے ارکان میں سے مسٹر ہرچند کھنہ مسٹر سلطان یار خاں اور کھنہ جی کے پرائیویٹ کارکن چودھری عبدالستار بھی شریک ہوئے۔ مولوی محمد مجتبیٰ صاحب وکیل نے بھی بے ضابطہ طور پر کمیٹی میں شرکت کی۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، مولانا احمد سعید صاحب اور کھنہ جی کمیٹی کے ارکان نے ان تمام کارگزاریوں پر تبصرہ کیا جو اس کمیٹی کی نگرانی میں ابتداء سے عمل میں آئیں مس مردولا بین مسٹر پریم پرکاش جنرل سکریٹری کانگریس

باقی پوسٹ میں

یہودیوں کی دہشت پسند جماعت نے اسرائیلی فوج سے اپنے دستوں کو الگ کر لیا
یہودی لیڈروں کا اختلاف نازک صورت اختیار کر گیا

تل ابیب ۲۵ جون۔ اسرائیل کی باقاعدہ فوج نے آج فلسطین کے تمام یہودی علاقوں میں اندرونی حفاظتی دستے تعینات کر دیئے ہیں تاکہ غیر مطلق ارگن دستوں کے ہاتھوں عارضی صلح میں خلل اندازی کا انسداد کیا جائے کل رات ارگن کے ساٹھ ارکان کو ان کے تل ابیب کے گڑھ سے گرفتار کر لیا گیا تھا۔ یہ گرفتاریاں ارگن دستوں کے کمانڈر انچیف مناہم بیگن کے اس بیان کے بعد عمل میں لائی گئیں کہ ان کے دستے جو اسرائیلی فوج میں شامل کر دیئے گئے تھے۔ اب اسرائیل کی عارضی حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں اور اس کے لئے اپنے ہاتھ آزاد کرنا چاہتی ہے۔

... علیحدگی کا مطالبہ کرتے ہیں۔

مناہم بیگن نے اعلان کیا کہ ارگن کے دستوں کو اسرائیل کی باقاعدہ فوج سے کنارہ کشی کا حکم دیدیا گیا ہے۔ ... کے دستوں سے ... کر ... رہیں گے۔ ... کسی بھی حالت میں اسرائیل کے ...

[illegible]

لکھنؤ میں پنڈت نہرو کی آمد پر
بم اور پستول والے نوجوان گرفتار

لکھنؤ ۲۶ جون لکھنؤ پولیس نے کانپور روڈ پر دو سکھ نوجوانوں کو جن کے نام موہن سنگھ اور سوہن سنگھ ہیں گرفتار کیا ہے ان کے قبضہ سے ایک پستول اور ایک دستی بم برآمد ہوا ہے۔ پنڈت نہرو کی آمد کے سلسلہ میں پولیس کی حفاظتی تدابیر سخت تھیں۔ پولیس انسپکٹر کو ان دونوں کی حرکات مشتبہ معلوم ہوئیں چنانچہ انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

نئی دہلی ۲۲ جون۔ توقع کی جاتی ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو اتوار یا پیر کے دن کشمیر کے دورہ پر جائیں گے

آزاد کشمیر کے میئوں کو بسانے کا مسئلہ

[illegible]

(۱) سفوف رحیم
پیچش کے ازالہ کی بے مثل دوا ہے۔ فی خوراک (۲ر) دن میں دو خوراک دی جاتی ہیں
(۲) سفوف راحت
درد سر اور بخار اتارنے کی بے نظیر دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ... خوراک ... ماشہ
(۳) حب زحیر
بچوں کی پیچش کی عجیب دوا ہے، بڑوں کی پیچش کا بھی استیصال کرتی ہے خوراک ... حب قیمت فی شیشی ...
(۴) معجون اعادۂ شباب
قوت رفتہ کی واپسی کے لئے حیرت انگیز دوا ہے، نامردوں کی حیات کا پیغامبر ہے قیمت ... خوراک ...
(۵) طلاء برق
نامردوں کی حیات نو کا پیغامبر ہے، قیمت فی شیشی جو ایک مریض کا مکمل علاج ہے۔ ...
(۶) عرق حیات
حمی مزمنہ اور تپ لازمی کی بہت موثر دوا ہے چیچک اور موتی جھرہ کا اکسیری علاج ہے قیمت فی بوتل ...
(۷) حب مدر سفید
ایام ماہواری کی بے اعتدالیوں کا واحد علاج ہے، خوراک ۴ حب تا ... قیمت فی حب ...
پتہ:۔ حکیم انظار احمد رجسٹرڈ طبیب اے کلاس مراد آباد یوپی

جب آپ دہلی تشریف لائیں
آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی
میں قیام فرمائیں جہاں کھانے اور رہائش کا بہترین انتظام ہے
فضل الٰہی پشاوری مالک آزاد ہند ہوٹل ... دہلی

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

تار کا پتہ : الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپیے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۱ شعبان المعظم مطابق ۳۰ جون ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۳۳ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے "چشمہ شاہی" پر ایک اہم کانفرنس

ہندوستان اور ریاست کے وزیر اعظموں اور دوسرے افسروں کے باہمی مشورے

عوام کالی جھنڈیوں سے کمیشن کا استقبال کریں گے

پولیس نے دو دہشت پسندوں کو ہلاک کر دیا

ملایا میں دہشت پسندوں کی خلاف سخت اقدام

پاکستان کے پٹھان علاقوں سے افغانستان دست بردار نہیں ہوا

افغانستان کے سرکاری اخبار اصلاح کا بیان

کل سے یوپی اسمبلی کے ضمنی انتخابات شروع ہو رہے ہیں

کانگریس اور سوشلسٹ کارکنوں کی سرگرمیاں مسٹر ٹنڈن کی تقریر

ہند یونین میں مسلمان صرف ایک مضبوط پریس کے ذریعہ باعزت جگہ حاصل کر سکتے ہیں

جمعیت علماء کے شعبۂ نشر و اشاعت کو مضبوط بنانے کے لئے ایک اپیل

کورونیشن ہوٹل میں شاندار اور کامیاب اجتماع

مولانا حبیب الرحمٰن

مصری وزیر خارجہ مستعفی

ضروری اعلان

دیکھیے مہذب حکومتیں اپنی قوم کو اس طرح پالتی ہیں

برطانیہ میں ۵۰ کروڑ پونڈ عوام کی حفاظت پر صرف ہوں گے

(باقی صفحہ ۸ کالم ۲ پر)

شمالی چین میں کمیونسٹوں نے پھر ایک لاکھ سپاہ سے حملہ کر دیا

کمیونسٹ کمانڈر منچوریا میں اپنا ہیڈکوارٹر قائم کرنا چاہتا ہے

پاکستان کے وزیر صنعت کا دورہ

(باقی صفحہ ۸ کالم ۲ پر)

ہندو مسلم سکھ سب کے درد مند ہند کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ برادواخانہ — آج مایوسوں کی امید گاہ ہے — حالات لکھ کر طبی مشورہ مفت حاصل کیجیے — دوا چاہیے جہاں سے خریدیے — منیجر برادواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۳۰ جون ۱۹۴۸ء

خود فراموشی

واذا مسنا ... (پ ۲ ع ۲)

جب ہم انسان کو نعمتیں عطا کر کے چھین لیتے ہیں تو وہ مایوس ہو کر کفران نعمت پر اتر آتا ہے، اگر مصیبتوں کے بعد اس کو اپنی نعمتوں سے نوازتے ہیں تو وہ فخر کے ساتھ کہنے لگتا ہے کہ مصیبتوں کے دن بیت گئے اور برائیوں سے جان بچی۔

انسان بھی کس قدر خود فراموش ہے کہ مصیبتوں میں گزشتہ نعمتوں کو بھول جاتا ہے اور نعمتوں میں اپنی پچھلی مصیبتوں کو فراموش کر دیتا ہے چاہئے تو یہ کہ راحتوں میں خدا کا شکر کرے اور مصیبتوں میں توبہ اور انابت میں لگ جائے مگر وہ دونوں حالتوں میں اپنے ساتھ خدا کو بھی فراموش کر دیتا ہے۔

زمانہ کی راحتوں کے بعد ذراسی مصیبت بھی ناقابل برداشت ہو اور راحتوں میں خدا فراموشی کا یہ عالم کہ مونچھوں پر تاؤ دے کر فخر و غرور کا مظاہرہ کرتا ہے، اور لن ترانیاں ہانکتا ہے کہ دیکھو ہم مصیبتوں پر کیسے غالب آئے اور اپنی تدبیر سے نجات کی راہ کیسے تلاش کی ... امتحان راحت میں بھی ہوتا ہے اور مصیبت میں بھی ... جو شخص راحتوں میں خدا کو نہ بھولا اور مصیبتوں میں مایوس نہ ہوا، دین و دنیا کی کامیابی اسکے لئے ہے

احوال وکوائف

... کا تقرر عمل میں آئے اور انہیں ان کے نفاذ کے لئے خصوصی اختیارات دیئے جائیں اور ساتھ ہی صاف صاف اعلان ہو کہ جو شخص بھی ان کی خلاف ورزی کرکے اقلیتوں کو پریشان کرے گا اسے کوئی مددی جائیگی ہندوستان اور پاکستان تو اب بھی نہیں چاہتے کہ اقلیتوں کے ساتھ ظلم ہو، اب جو کچھ بھی ظلم ہو رہا ہے وہ حکام اور عوام کی بدولت ہے اور حقوق کے بارے میں یہی ایک رکاوٹ ہے، جس کا انسداد کئے بغیر اقلیتوں کو اطمینان نہیں ہو سکتا۔

خوش خبری

حکومت مغربی بنگال کا یہ اعلان یقیناً دلچسپی کیساتھ پڑھا جائیگا کہ ۱۵ جون کے بعد جو غیر مسلم مشرقی بنگال سے آئیں گے انہیں پناہ گزیں تسلیم نہیں کیا جائے گا کیونکہ اب ان کے ترک وطن کے لئے کوئی مضبوط بنیاد موجود نہیں ہے، اپریل ۴۸ء سے پہلے جو کچھ ہوا سو ہوا لیکن انٹرڈومینین کانفرنس کے بعد مشرقی بنگال کے حالات بہت بڑی حد تک سدھر گئے ہیں، اور جو لوگ وہاں سے آرہے ہیں وہ اپنے ترک وطن کے لئے کوئی معقول وجہ پیش نہیں کر سکتے، اب مشرقی بنگال میں بالکل امن ہے اور لوگوں کی آمد فرقہ وارانہ بنیاد پر نہیں بلکہ اقتصادی بنیاد پر ہے مگر یہ کوئی ایسی وجہ نہیں کہ غیر مسلم اپنے گھروں کو چھوڑنا شروع کر دیں!

مدتوں کے بعد یہ خوشخبری سننے میں آئی کہ مشرقی اور مغربی بنگال میں اب بالکل امن ہے اور لوگوں کی آمد و رفت محض اقتصادی بنیادوں پر ہے اخبارات کا روز روز یہ پروپیگنڈا کہ مشرقی بنگال غیر مسلموں سے خالی ہوتا جارہا ہے، سوہان روح بنا ہوا تھا مگر مغربی بنگال نے حقیقت کو بے نقاب کر کے عوام کو ایک بڑی تشویش سے نجات دلا دی ہے، امید ہے کہ اخبارات بھی مغربی بنگال کے اعلان کو ملحوظ رکھیں گے اور عوام کو گمراہ کرنے کے شغل سے باز آجائیں گے۔

خبردار!

اس امر کی پے بہ پے خبریں موصول ہو رہی ہیں کہ یو پی، سی پی، برار اور مدراس میں نظام کے جاسوس گرفتار کر لئے گئے ...

میوقوم کی حالت زار

اقلیتوں کا چارٹر

حیدرآباد کا مسئلہ

جناب وینکٹ راؤ کے خیالات

قابل فخر!

سیاست امروز

فلسطین

روس کا رویہ

چین کی خانہ جنگی

جرمنی میں کرنسیوں کی لڑائی

اڈیٹر کے نام خطوط

قومی زبان

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷ ۔ قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ دہلی ۔ فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تین روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۱ شعبان المعظم مطابق ۳۰ جون ۱۹۴۸ع | نمبر ۱۳۳ | فی پرچہ ... بذریعہ ہوائی جہاز

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی لمیٹڈ

کلائی اور جیب کی گھڑیاں

ایس ۔ ایم ۔ عثمان اینڈ کمپنی واچ مرچنٹس

حویلی حسام الدین حیدر، بلیماران، چاندنی چوک دہلی ... [illegible]

فون نمبر ... [illegible]

فسادزدہ ملازموں کو معاوضہ

شملہ ۲۸ جون ۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب کی حکومت نے ... [illegible]

کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے چشمہ شاہی پر ایک اہم کانفرنس

ہندستان اور ریاست کے وزیر اعظموں اور دوسرے افسروں کے باہمی مشورے

عوام کالی جھنڈیوں سے کمیشن کا استقبال کریں گے

سری نگر ۲۹ جون ۔ معلوم ہوا ہے کہ چشمہ شاہی کے مقام پر پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے ایک کانفرنس میں شرکت کی ۔ اس کانفرنس میں ریاست جموں اور کشمیر کے مستقبل کے متعلق فیصلہ کر دیا جائیگا ۔ اگرچہ کانفرنس کا کوئی مقررہ ایجنڈا نہیں تھا ، لیکن کانفرنس میں پہلے ریاست کی فوجی اور اقتصادی حالات پر غور کیا گیا اور فوجی افسروں نے کشمیر کے مختلف محاذوں پر جنگ کے حالات بتائے ۔

اس کے بعد اس پر غور کیا گیا کہ کشمیر کمیشن کے آنے کے بعد ریاست کا رویہ کیا ہوگا ۔ شرکا میں شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر ، بخشی غلام محمد نائب وزیر اعظم کشمیر ، مسٹر گوپال سوامی آینگر ، سردار بلدیو سنگھ ، ڈیفنس سکریٹری مسٹر ... ایم پٹیل ، لفٹنٹ جنرل کیری آپا ، مغربی کمانڈ کے کمانڈر انچیف میجر جنرل کلونت سنگھ ، میجر جنرل تھمایا ... [illegible]

پہلا اجلاس ہوا ۔ لنچ کے بعد دوسرا اجلاس شروع ہوا ۔ کشمیری لیڈروں اور فوجی افسروں کو اس جواب سے مطلع کیا گیا جو ہندستان نے کشمیر کمیشن اور مجلس تحفظ کو دیا تھا ... [illegible]

یہ کہا جاسکتا ہے کہ کشمیر کمیشن کی آمد کے متعلق کشمیری عوام کے خیالات میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی ... [illegible] کشمیر کمیشن کا استقبال سیاہ جھنڈیوں سے ہوگا ۔

توقع ہے کہ آج شام پنڈت نہرو معہ اپنی پارٹی کے دہلی واپس آجائیں گے ۔

پاکستان کے پٹھان علاقوں سے افغانستان دست بردار نہیں ہوا

افغانستان کے سرکاری اخبار اصلاح کا بیان

دہلی ۲۹ جون ۔ افغانستان کے مشہور اور نیم سرکاری اخبار "اصلاح" نے سرحد کے بارے میں پاکستان کی غلط بیانیوں کی تردید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حال ہی میں پشاور ریڈیو سے پاکستان میں افغانی سفیر مارشل شاہ ولی خاں کی ایک تقریر نشر ہوئی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ صاحب موصوف نے علیگڑھ کالج کے طلبا کی ایک دعوت میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سے سرحد کے بارے میں افغانستان کا کوئی مطالبہ نہیں ہے ... [illegible]

پولیس نے دو دہشت پسندوں کو ہلاک کر دیا

ملایا میں دہشت پسندوں کی خلاف سخت اقدام

سنگاپور ۲۹ جون ... [illegible]

کل سے یو ۔ پی اسمبلی کے ضمنی انتخابات شروع ہو رہے ہیں

کانگریس اور سوشلسٹ کارکنوں کی سرگرمیاں ۔ مسٹر ٹنڈن کی تقریر

لکھنؤ ۲۹ جون ... [illegible]

ہند یونین میں مسلمان صرف ایک مضبوط پریس کے ذریعہ باعزت جگہ حاصل کر سکتے ہیں

جمعیت علماء کے شعبہ نشر و اشاعت کو مضبوط بنانے کے لئے پانچ لاکھ کی اپیل

کورونیشن ہوٹل میں شاندار اور کامیاب اجتماع

دہلی ۲۹ جون ۔ کل شام کورونیشن ہوٹل میں دہلی کے ... [illegible]

مصری وزیر خارجہ مستعفی

قاہرہ ۲۹ جون ۔ سرکاری طور پر اس اطلاع کی تصدیق ہوئی ہے کہ مصر کے وزیر خارجہ احمد ... پاشا اپنے عہدہ سے مستعفی ہوگئے ۔

مولانا حبیب الرحمٰن

... [illegible]

ضروری اعلان

کسٹوڈین دہلی کے جن مکانات ، دوکانات اور کارخانہ جات کو اپنے قبضہ میں لیا ہے ان کے سلسلہ میں درخواستیں جمعیۃ علماء کی قانونی کمیٹی کی معرفت دی جارہی ہیں ... [illegible]

پاکستان کے وزیر صنعت کا دورہ

... [illegible]

دیکھئے مہذب حکومتیں اپنی قوم کو اس طرح پالتی ہیں

برطانیہ میں ۵۰ کروڑ پونڈ عوام کی حفاظت پر صرف ہونگے

لندن ۲۹ جون ... [illegible]

(باقی صفحہ ۷ کالم ۳ پر)

شمالی چین میں کمیونسٹوں نے پھر ایک لاکھ سپاہ سے حملہ کر دیا

کمیونسٹ کمانڈر منچوریا میں اپنا ہیڈ کوارٹر قائم کرنا چاہتا ہے

نانکنگ ۲۹ جون ... [illegible]

ہندو ، مسلم ، سکھ سب کے درد مند ہند کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ

بڑا دواخانہ

آج مایوسوں کی امیدگاہ ہے

طبی مشورہ مفت حاصل کیجیے حالات لکھ کر

دوا چاہے جہاں سے خریدیے

منیجر بڑا دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۱۳۵ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۳۰ جون ۱۹۴۸ء

احوال وکوائف

میوقوم کی حالت زار

حکومت ہند کا اولین فرض ہے کہ وہ میو قوم کی حالت زار کا اندازہ لگا کر اسے دوبارہ بسانے کی کوشش کرے اور اسے اپنی فصلوں کو بونے کا موقع دے۔ یہ غریب دو چار ہزار نہیں پورے ڈیڑھ لاکھ کی تعداد میں کس مپرسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ گوڑگانوں کے زمین ان کی ہے مگر یہ اجازت نہیں کہ وہاں جا کر اپنا سر چھپا سکیں اور اپنی املاک کو کام میں لائیں۔ یہ لوگ ہیں، بیدا کاشت کی تاخیر، یہ جنگلے اور کھیت میدان اور سے لبریز ... سینکڑوں بچے باد گرم کی نذر ہو گئے اور جن کی عورتوں نے ایک سال سے پیٹ بھر کر روٹی نہیں کھائی! یہ لوگ پاکستان نہیں گئے، ہندوستان ہی میں رہے اور انہیں رہنے کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ افسادہ اور عمل عام سے بچے اور گھروں کو چھوڑنے کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی املاک پر حکومت قبضہ کر لے اور وہ جنگلوں کی خاک چھانتے پھریں؟ انصاف یہ ہے کہ ان بے کسوں کی ہر چیز لوٹا دی جائے اور ان کا محض مسلمان ہونا جرم نہ سمجھا جائے۔

آچاریہ ونوبا بھاوے جو گاندھی جی کے جانشین اور ان کے اصولوں کے سب سے بڑے مبلغ ہیں وہ خود میوؤں کی حالت زار بچشم سر دیکھ کر آئے ہیں۔ انہوں نے وہاں جا کر جو کچھ دیکھا اس پر وہ آبدیدہ ہوئے بغیر نہ رہ سکے ... اس تاثر کا نتیجہ تھا کہ راجکماری میں تقریر کرتے ہوئے آپ نے وہ سب کچھ کہا جو ایک مظلوم قوم کے لئے کہنا چاہیئے۔ ... اس قوم کی بربادی سے بہت متاثر ہیں۔ وہ بہت مغموم ہیں، بہت پریشان اور بہت ملول ہیں۔

لیکن یہ دیکھ کر ایک گونہ اطمینان ہوا کہ آبادکاری کے مشترک بورڈ میں میو قوم کو دوبارہ بسانے کی ... بہت کچھ اخلاقی ... ایک اسکیم منظور کی گئی۔ اس اجلاس میں پنڈت جواہر لال نہرو اور آچاریہ ونوبا بھاوے بھی شریک ہوئے ہیں۔ امید ہے کہ یہ کام جلد سے جلد پایہ تکمیل کو پہنچے گا اور مظلوم میوؤں کی پہلی فرصت میں دلدہی کی جائے گی۔

اقلیتوں کا چارٹر

پاکستان کی دستور ساز اسمبلی نے اقلیتوں کے بنیادی حقوق کی جو کمیٹی مقرر کی تھی اس نے اپنی رپورٹ مکمل کر لی ہے۔ رپورٹ میں اقلیتوں کے بنیادی حقوق کی فہرست ... [illegible]

... کا تقرر عمل میں آئے اور انہیں ان کے نفاذ کے لئے خصوصی اختیارات دیئے جائیں اور ساتھ ہی صاف صاف اعلان ہو کہ جو شخص بھی ان کی خلاف ورزی کرے اقلیتوں کو پریشان کرے گا اسے گولی مار دی جائے گی۔ ہندوستان اور پاکستان تو اب بھی نہیں چاہتے کہ اقلیتوں کے ساتھ ظلم ہو، اب جو کچھ بھی ظلم ہو رہا ہے وہ حکام اور عوام کی بدولت ہے اور حقوق کے معاملہ میں یہی ایک رکاوٹ ہے، جس کا انسداد کئے بغیر اقلیتوں کو اطمینان نہیں ہو سکتا۔

خوش خبری

حکومت مغربی بنگال کا یہ اعلان یقیناً دلچسپی سے پڑھا جائے گا کہ ۲۵ جون کے بعد جو غیر مسلم مشرقی بنگال سے آئیں گے انہیں پناہ گزین تسلیم نہیں کیا جائے گا کیونکہ اب ان کے ترک وطن کے لئے کوئی معقول بنیاد موجود نہیں ہے۔ اپریل ۴۸ء سے پہلے جو کچھ ہوا سو ہوا، لیکن انٹر ڈومینین کانفرنس کے بعد مشرقی بنگال کے حالات بہت بڑی حد تک سدھر گئے ہیں۔ اور جو لوگ وہاں سے آ رہے ہیں وہ اپنے ترک وطن کے لئے کوئی معقول وجہ پیش نہیں کر سکتے۔ اب مشرقی بنگال میں بالکل امن ہے اور لوگوں کی آمد ورفت کا بنیاد پر نہیں بلکہ اقتصادی بنیاد پر ہے مگر یہ کوئی ایسی وجہ نہیں کہ غیر مسلم اپنے گھروں کو چھوڑنا شروع کر دیں!

مدتوں کے بعد یہ خوشخبری سننے میں آئی کہ مشرقی اور مغربی بنگال میں اب بالکل امن ہے اور لوگوں کی آمد ورفت محض اقتصادی بنیادوں پر ہے۔ اخبارات کا روز روز پروپیگنڈا کہ مشرقی بنگال غیر مسلموں سے خالی ہوتا جا رہا ہے، سوہان روح بنا ہوا تھا مگر اب مغربی بنگال نے حقیقت کو بے نقاب کر کے عوام کو ایک بڑی تشویش سے نجات دلا دی ہے۔ امید ہے کہ اخبارات بھی مغربی بنگال کے اعلان کو ملحوظ رکھیں گے اور عوام کو گمراہ کرنے کے شغل سے باز آ جائیں گے۔

خبردار!

اس امر کی پے بہ پے خبریں موصول ہو رہی ہیں کہ یو۔پی، سی۔پی، برار اور مدراس میں نظام کے جاسوس گرفتار کر لئے گئے۔ فلاں مقام پر کچھ ایسے لوگ گرفتار ہوئے جو مسلمانوں کو نظام کی فوج میں بھرتی کر رہے تھے۔ پولیس نے کچھ ایسے مسلمانوں کا سراغ لگایا ہے جو ہتھیار جمع کر رہے تھے۔ کچھ ایسے مسلمانوں پر قبضہ کیا جو حیدرآباد سے ہندیونین میں گڑبڑ پھیلانے کے لئے بھیجے گئے تھے۔

چونکہ اس قسم کی خبریں پروپیگنڈا کا جز بن چکی ہیں، اس لئے ہم اس سلسلہ میں صرف دو باتیں عرض کرنا چاہتے ہیں، اوّل یہ کہ جو مسلمان کسی غیر ملک کا جاسوس اور ہندیونین کا غدار ہو اسے کڑی سے سخت اور عبرتناک سزا دی جائے، ہم بہت خوش ہوں گے کہ ملک کے غدار اپنے کیفر کردار کو پہونچیں اور اپنے کئے کی سزا پائیں، دوم یہ کہ مسلمانوں کو گرفتار کرنے میں پوری احتیاط برتی جائے اور انہیں حکام کے تعصب کا شکار نہ ہونے دیا جائے، ہمیں مسلمانوں کی نازک پوزیشن اور حکام کے تاثرات کا پورا علم ہے، اگر ہم کسی غدار کے لئے رحم کی درخواست نہیں کر سکتے تو کسی بے گناہ کی گرفتاری کو بھی برداشت نہیں کر سکتے۔

ہمیں معلوم ہے کہ وہ مسلمان جنہوں نے کانگریس پر اپنا سب کچھ قربان کر ڈالا اور دس سال تک لیگ کا مقابلہ کیا حکام گردی سے نہ بچ سکے اور گرفتار کر کے جیلوں میں ڈال دیئے گئے، انگریز کے بگاڑے ہوئے حکام اپنے اور پرائے میں تمیز نہیں کر سکتے لیکن جو کانگریسی کارکن حکام کی ذہنیت سے باخبر ہیں انہیں چاہیئے کہ حکومت کو بھی اصل واقعات سے باخبر رکھیں۔

قابل فخر!

[illegible]

خودفراموشی

[illegible]

حیدرآباد کا مسئلہ

جناب ویلنگ راؤ کے خیالات

[illegible]

(باقی صفحہ ۳ کالم ...)

سیاسیات عالم

فلسطین

[illegible]

جرمنی میں کمیونسٹوں کی لڑائی

[illegible]

چین کی خانہ جنگی

[illegible]

خطوط ایڈیٹر کے نام

قومی زبان

[illegible]

باقی ماندہ ... بھرت پور کے ضلع میں بسایا جائے گا

... کا اہم فیصلہ ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کر دی گئی

[illegible]

سیاست امروز

(صفحہ ۲ سے آگے)

[illegible]

کشمیر کمیشن کی آمد

[illegible]

حیدرآباد کا مسئلہ

[illegible]

اعلان داخلہ

[illegible]

حکومت پاکستان کو چاہئے کہ وہ ہجرت کرنے والے لوگوں کو واپس لے جائے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا بیان۔ تبادلہ آبادی کو منسوخ کرنے کا مطالبہ

دہلی ... حضرت مولانا احمد سعید صاحب ... جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان ... پریس کو دیا ہے۔

[illegible]

جمعیۃ علماء نینی تال کا انتخاب

[illegible]

ضروری اطلاع

[illegible]

المشتہر

احقر محمد ظفر ہاشمی ... مدرسہ تجوید القرآن ...

دیہاتیوں اور رضا کاروں ...

[illegible]

اس کے پڑھنے سے بہتوں کا بھلا ہوگا

ناظرین:- نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں بدقسمتی سے مجھے جوانی کو ستیاناس کرنے والی بد عادت آغاز جوانی میں پڑ گئی ... ۱۲ سال کے بعد مجھے کمزوری کی بیماری لاحق ہو گئی جریان وغیرہ ... جاتا تھا عزیز و اقربا مجھ سے میری پژمردگی کا سبب پوچھتے تھے ... سمجھتا تھا مگر دریردہ لاہور اور دیگر شہروں کے بڑے بڑے ڈاکٹروں اور حکیموں سے جن کے جہازی اشتہاروں کی کوئی شمار نہیں ان کا علاج کراتا رہا لیکن ... بے سود ...

میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا خوش نصیبی سے مجھے ایک ملازمت

کے سلسلے میں نیپال جانا پڑا ... ۱۹۴۰ء کو میں لاہور سے نیپال روانہ ہوا ... میں ایک فقیر خضر صورت ... کاستان ان کے سامنے بیان کر دی ...

[illegible]

میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر سچ کہہ رہا ہوں

[illegible]

میرے تجربے اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

[illegible]

کشتہ جات کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

[illegible]

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

[illegible]

شیخ غلام احمد طاقت کی مشہور دوائی والا گیلانی سٹریٹ لاہور

تحریک حریت کی مکمل تاریخ

۱۸۵۷ء سے ۱۹۳۶ء تک اسی سال کی سیاسی اور انقلابی ڈائری

یعنی

علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے

جلد اول

مصنفہ مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

جس میں ہندوستان کی سیاسی اور انقلابی تحریکات کو نہایت مستند اور مدلل طور پر بیان کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ جہاد حریت اور جنگ آزادی میں علماء حق نے کس طرح حصہ لیا۔ کیا کیا مصیبتیں برداشت کیں۔ تحریکات کا منشا کیا تھا۔ علماء کرام اپنے منشا اور مقصد میں کہاں تک کامیاب رہے۔ کانگریس کب قائم ہوئی؟ اس کے بنیادی مقاصد کیا تھے۔ مسلم لیگ، جماعت فارورڈ بلاک، انقلاب پارٹی وغیرہ وغیرہ نے کیا کیا خدمات انجام دیں۔ اور اس کتاب میں اس قسم کے مباحث پر عجیب و غریب عالمانہ اور مورخانہ انداز سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

اس کا پہلا ایڈیشن

طباعت سے چند ہفتہ بعد ہاتھوں ہاتھ ختم ہو گیا۔ اب تقریباً دس ماہ بعد دوبارہ حلیہ طباعت سے مزین ہو چکی ہے۔ جگہ جگہ مضامین میں قیمتی اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ کتابت و طباعت اور جلد بندی وغیرہ بھی پہلے سے بہت بہتر ہے۔ قیمت مجلد صرف تین روپیہ دس آنہ (۳ روپے ...)

علماء حق جلد دوم - یہ کتاب گذشتہ دس سال کے انقلابی دور کی مکمل تاریخ ہے اس میں جمعیۃ علماء ہند، انڈین نیشنل کانگریس اور مسلم لیگ کی انقلابی، انگریز اور جمعیت پسند تحریکات کو مستند حوالوں کے ساتھ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب معلومات کا بہترین ذخیرہ اور سیاسی مفکرین کے لئے ... جلد مراحل ... یکم جولائی ۱۹۴۷ء تک طے کر کے یہ کتاب مکمل آ جائے گی۔ ضخامت ساڑھے سات سو صفحات قیمت مجلد سات روپیہ آٹھ آنہ (۷ روپے ۸ آنے)

خاص رعایت دونوں جلدوں یعنی مکمل کتاب کی جو قیمت ... ۔ الغیر محصول ڈاک معاف۔ فرمائشیں مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال فرمائیے۔

پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

جمیل دہلی

... کو شائع ہوگا

جس کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دیگا۔

سنجیدہ، متین اور اتحادی مضامین کا مخزن ہوگا

زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع ہوگا۔

... قوم کے کردار، نظریات اور سوانح کو پیش کریگا

باتصویر اور مرصع کار ہوگا۔

ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کریگا اور مبارکباد پیش کریگا۔

فی پرچہ ... آنہ

ہندو مسلم سکھ ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ

... چاندنی چوک دہلی

فلسطین میں یہودیوں کیلئے اپنا وجود قائم رکھنا مشکل ہو گیا

ریلوں کے ڈبے چرا کر سامان لوٹنے لگے

لندن ۲۸ جون۔ حیفہ سے آمدہ ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ حال ہی میں یہودیوں نے چھ ریوے ڈبے اور ایک ٹینک گرانے کی کوشش کی۔ اس ٹینک میں برطانوی فوجوں کے استعمال کے لئے ۱۱ ہزار گیلن پٹرول بھرا ہوا تھا۔ یہودیوں کی یہ کوشش ایک برطانوی افسر کی ہوشیاری اور چستی کی وجہ سے ناکام ہو گئی۔

دارالمبلغین لکھنؤ میں داخلہ

کانگریس مجلس عاملہ کشمیر کے معاملہ پر غور کرے گی

سوشلسٹ پارٹی نے دنیا بھر میں برطانیہ کا وقار گرا دیا

برطانیہ کے سابق وزیر اعظم مسٹر چرچل کا واویلا

لندن ۲۷ جون مسٹر چرچل نے کل رات یہاں قدامت پسند پارٹی کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے کہا شاہ جارج ششم کا "قیصر ہند" کے لقب سے دستبردار ہو جانا ایک المناک واقعہ ہے۔

ایران کے خارجی اور داخلی مسائل

نئے وزیر اعظم کو مشکلات کا سامنا

تہران ۲۸ جون۔ ایران کے وزیر اعظم آقائے عبدالحسین ہژیر کو وزارت سنبھالتے ہی کئی خارجی اور داخلی مسائل کا سامنا ہے۔

شانتی دل کے جلسہ میں

مولانا حفظ الرحمن صاحب کی تقریر

دہلی ۲۸ جون۔ کل شام شانتی دل میری گیٹ کی جانب سے اسٹوڈنٹ پارک میں ایک عام جلسہ ہوا۔ جس کی صدارت مولانا رفیق احمد صاحب رحمانی نے کی۔

کورونیشن ہوٹل میں اجتماع

مولانا عبدالوحید صاحب

مولانا حفظ الرحمن

مہذب حکومتیں

حضرت سید حسن رسولنما کا عرس

سوئٹزرلینڈ میں یہودیوں کی کانفرنس

پنڈت نہرو سری نگر میں

نیشنل کانفرنس میں شمولیت

کراچی کا مستقبل

انجمن ترقی اردو بھوپال کا سالانہ انتخاب

چھٹیاں منسوخ حکومت مصر کا حکم

نظام کے ایجنٹوں کی گرفتاری

گاندھی گراؤنڈ میں جلسہ اور مشاعرہ

راجستھان میں ذبیحہ گاؤ کی ممانعت

صیہونی حکومت سے سفارتی تعلقات

گلگت کے لئے پاکستانی گورنر

برلن کے مغربی حصوں میں فاقہ کشی

دو مسلمان لڑکیاں برآمد

اسمائے گرامی معطیان

ماہوار امداد

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریض نوٹ کر لو

چترکوٹ بوٹی حیرت انگیز سنیاسی دوا

رائے صاحب کے، ایل، شرما اینڈ سنز

دھوپ اور نظر کے چشمے

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

نظم و نثر کی اصلاح مفت لیجئے

مہتمم ادارہ ترویج ادب اردو منزل اردو بازار دہلی

تباہ حال میوؤں کو الور بھرت پور کے ضلع میں بسایا جائے گا

آبادکاری کے بورڈ کا اہم فیصلہ - ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کر دی گئی

سیاست امروز

(صفحہ ۲ - ۲)

کشمیر کمیشن کی آمد

حیدرآباد کا مسئلہ

(صفحہ ۵ کالم ۳ کا باقی)

اعلان داخلہ

داخلہ ۱۵ جون سے شروع ہو کر ۱۰ رجب تک جاری رہے گا۔ شائقین حضرات مزید معلومات کے لئے خط و کتابت کریں۔ اور مدرسہ کا مطبوعہ دستور العمل اور نصاب تعلیم طلب فرمائیں۔ ناظم جامعۃ الہیات (انجمن گنج) کانپور

حکومت پاکستان کو چاہیئے کہ وہ ہجرت کرنے والے لوگوں کو واپس لے جائے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا بیان۔ تبادلہ آبادی کو منسوخ کرنے کا مطالبہ

دہلی ۲۰ جون - حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان برائے اشاعت پریس کو دیا ہے۔

پاکستان اور ہندوستان کے وزراء کی دہلی میں جو کانفرنس ہونے والی ہے اس کے متعلق یہ امید کی جا رہی ہے کہ اس میں دونوں حکومتوں کے مابین جو ضروری معاملات زیر غور ہوں گے اور بہت سی الجھی ہوئی گتھیاں سلجھ جائیں گی۔ اس کانفرنس میں علاوہ دیگر ضروری امور کے مہاجرین کے ...

... کھلا دئیے تھے۔ اگر یہودیوں کی حفاظت کا ذمہ لینے اور ان کے ساتھ مساویانہ اور برادرانہ سلوک کرنے کا یا خلیفہ ثانی کی حکومت پر کوئی حرف گیری نہیں کی جا سکتی۔ تو پاکستان کے غیر مسلموں کو واپس لے جا کر بسانے اور ان کو حفاظت کا یقین دلانے سے پاکستان کی حیثیت میں کیا فرق ہو سکتا ہے۔ اگر مہاجرین کی باعزت واپسی کا معاملہ طے ہو جاتا ہے تو دونوں ملکوں کو خوشحالی اور اطمینان ...

... یا اسلامی حکومت کی ... کو باعزت طریقے سے واپس لے جانا چاہیئے اور کم از کم ان کو اس قدر حفاظت کا یقین دلانا چاہیئے۔ جتنا خلیفہ ثانی نے بیت المقدس میں یہودی مہاجرین کو دلا کر ان کے گھروں ...

... کو غور کرنا چاہیئے اور اپنے اپنے گھر جانے والوں کے لئے آسانیاں بہم پہنچائی جائیں ورنہ اگر یہ کام بے ترتیبی اور غیر منظم شکل میں شروع ہو گیا اور انسداد مفسدوں نے گھر چھوڑ کر بھاگنا شروع کر دیا تھا اسی بے ترتیبی سے واپس ...

جمعیۃ علماء نینی تال کا انتخاب

نینی تال ... جمعیۃ علماء ... کا انتخابی جلسہ جامع مسجد میں منعقد ہوا جس میں مولانا حکیم اللہ صاحب سکرٹری ضلع جمعیۃ علماء ... جمعیۃ علماء کی ... مسلمانوں کی مذہبی ... جمعیۃ علماء کے ...

ضروری اطلاع

... وصول کر لیا ہے۔

المشتہر

احقر محمد ظفر ہاشمی مہتمم مدرسہ تجوید القرآن قصبہ سیانہ ضلع بلند شہر (یو۔ پی)

دیہاتیوں اور رضاکاروں میں ...

بہتوں کا بھلا ہوگا

اس کے پڑھنے سے

ناظرین: نہ تو میں اشتہاری حکیم ہوں نہ ڈاکٹر بلکہ ایک معمولی کلرک ہوں

بدقسمتی سے مجھے جوانی کو ستیاناس کرنے والی بدعادت آغاز جوانی میں پڑ گئی جس کے انجام سے میں ناواقف تھا۔ ۱۰ سال کے بعد مجھے کمزوری کی بیماری لاحق ہو گئی۔ جریان وغیرہ سے میرا چہرے کا رنگ دن بدن زرد ہوتا جاتا تھا۔ عزیز و اقارب مجھ سے میری پژمردگی کا سبب پوچھتے تھے۔ میں کسی کو اپنی حالت سے آگاہ کرنا نامناسب سمجھتا تھا۔ مگر دہلی، لاہور اور دیگر شہروں کے بڑے بڑے ڈاکٹروں اور حکیموں سے جن کے جہازی اشتہار ... ان کا علاج کراتا رہا لیکن بالکل بے سود ... کے سوا کوئی چیز ... حاصل نہ ہوئی یہاں تک کہ

میں زندہ درگور ہونے کو ترجیح دیتا تھا۔ خوش نصیبی نے مجھے ایک ملازمت

کے سلسلے میں نیپال جانا پڑا۔ جولائی سنہ ۱۹۰۱ء کو میں لاہور سے نیپال روانہ ہوا۔ تیرہویں دن نیپال کے مشہور ... میں پہنچا ... ایک فقیر خضر صورت ... نے مجھ سے پوچھنے لگے کہ تم اداس اور تمہاری صورت مریضوں کی سی کیوں ہے؟ میں نے حرف بحرف اپنی داستان الم ان کے سامنے بیان کر دی اور صاف صاف کہہ دیا کہ ... اس فقیر نے از راہ شفقت میرے حال زار پر رحم فرما کر ایک نسخہ مقوی اعصاب گولیوں اور دوسرا نسخہ رگوں پٹھوں وغیرہ کی کمزوری کو دور کرنے کے لئے مالش کے تیل کا بتایا۔ چنانچہ میں نے بموجب ارشاد اپنے ...

میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر سچ کہہ رہا ہوں

کہ ... روز ہی میری تمام شکایتیں ... اور آج ... قابل فخر مرد کہنے کا مستحق ہو گیا۔ اگرچہ میرے لئے چند دن کا ضبط کرنا بھی دشوار تھا مگر بموجب ہدایت ... ایک برابر پرہیز اور استعمال جاری رکھا۔ تین سیر دودھ روزانہ ہضم ہونے لگا۔ اب میں ایسا مرد ہوں کہ بیان کرنے کی تہذیب اجازت نہیں دیتی۔ میں نے واپس آ کر باقی ماندہ دوائی کا چند مریضوں پر تجربہ کیا جس سے ان کی ہر قسم کی کمزوری جریان وغیرہ کے لئے اکسیر پایا۔ اگر کوئی صاحب میری طرح بدعادت کے شکار ہو کر میری طرح جان سے بیزار ہوں جیسے پہلے میں تھا اور میری طرح ہر قسم کے علاجوں سے ناکام ہوں۔

میرے تجربے اور ہزاروں مریضوں کو شفا بخشنے والی مشہور عالم دوا

موثر اور کم قیمت دوا استعمال کر کے تندرستی حاصل کریں۔ لاگت ادویات اور خرچ اشتہارات پر قیمت بمشکل ... اور ذاتی فائدہ بہت کم ہوتا ہے۔ قیمت روغن تین روپے آٹھ آنے۔ قیمت مقوی اعصاب نیپالی گولیاں ... فی شیشی سات روپے آٹھ آنے۔ دونوں دوائیاں منگوانے پر صرف دس روپے بارہ آنے ... کمل کیس میں ... گولیاں اور ایک شیشی روغن مالش بند ہوگا۔

کشتہ جات کی آمیزش سے بالکل پاک ہے

اس لئے بچہ، بوڑھا، نوجوان اسے ہر موسم میں استعمال کر سکتا ہے۔ ... کوئی جزو خلاف دھرم (ایمان) نہیں ہے۔ اس دوا کے استعمال کرنے والے دنیا کے ہر حصہ میں موجود ہیں۔

تندرست اصحاب بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں

جو دوا کے استعمال سے سست سے چست اور چست سے طاقتور پہلوان بن جاتا ہے اور بڑھاپے میں نوجوان معلوم ہونے لگتا ہے۔ نیپالی گولیوں کا یہی عام فائدہ ہے کہ ایک دفعہ کے استعمال کے بعد آپ کو دوبارہ کسی دوائی کی ضرورت نہ رہے گی۔ دیگر یہ گولیاں جریان کے لئے بے حد مفید ہیں اور روغن مالش سے ... ہوتی ہے ... ہر موسم میں استعمال ہو سکتا ہے۔ تین مکمل کیس ایک دفعہ خریدنے پر قیمت ستائیس روپے ... محصول ڈاک معاف ... ہوائی ڈاک سے ...

ماہر معالج امراض مخصوصہ } شیخ غلام احمد طاقت کی مشہور دوائی والا گیلانی اسٹریٹ لاہور

تحریک حریت کی مکمل تاریخ

۱۸۵۷ء سے ۱۹۳۷ء تک اسی سال کی سیاسی اور انقلابی تاریخ

یعنی

علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے

جلد اول

مصنفہ مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

جس میں ہندوستان کی سیاسی اور انقلابی تحریکات کو نہایت مستند اور مدلل طور پر بیان کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ جہاد حریت اور جنگ آزادی میں علماء حق نے کس طرح حصہ لیا۔ کیا کیا مصیبتیں برداشت کیں۔ تحریکات کا ... کیا تھا۔ علماء کرام اپنے منشا اور مقصد میں کہاں تک کامیاب رہے۔ کانگریس کب قائم ہوئی اور اس کے بنیادی مقاصد کیا تھے۔ مسلم لیگ، جماعت فارورڈ بلاک، انقلاب پارٹی وغیرہ وغیرہ نے کیا کیا خدمات انجام دیں۔ اور اس کتاب میں اس قسم کے مباحث پر عجیب و غریب عالمانہ اور محققانہ انداز سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

اس کا پہلا ایڈیشن

طباعت سے چند ہفتہ بعد ہاتھوں ہاتھ ختم ہو گیا۔ اب تقریباً دس ماہ بعد دوبارہ حلیہ طباعت سے مزین ہو چکی ہے۔ جگہ جگہ مضامین بیش قیمتی اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ کتابت و طباعت اور جلد بندی وغیرہ بھی پہلے سے بہت بہتر ہے۔ قیمت مجلد صرف تین روپیہ دس آنہ (...)

علماء حق جلد دوم

یہ کتاب گذشتہ دس سال کے انقلابی دور کی مکمل تاریخ ہے۔ اس میں جمعیۃ علماء ہند، انڈین نیشنل کانگریس اور مسلم لیگ کی انقلاب انگیز اور حریت پسند تحریکات کو مستند حوالوں کے ساتھ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب معلومات کا بہترین ذخیرہ اور سیاسی مفکرین کے لئے ... مراحل یکم جولائی ۱۹۴۸ء تک طے کر کے یہ کتاب مکمل آ جائے گی۔ ضخامت ساڑھے سات سو صفحات۔ قیمت مجلد سات روپیہ آٹھ آنہ۔

خاص رعایت: دونوں جلدوں یعنی مکمل کتاب کی جو فرمائش ۳۰ جون تک ڈاک میں ڈال دی جائیگی۔ انھیں محصول ڈاک معاف۔ فرمائش مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال فرمائیے۔

پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

ماہنامہ جمیل دہلی

یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو شائع ہوگا

امن کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دیگا۔

سنجیدہ، متین اور اتحادی مضامین کا مجموعہ ہوگا

زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع ہوگا،

... ماہرین ادب اور رہنمایان قوم کے کردار، نظریات اور سوانح کو پیش کریگا

باتصویر اور مرصع کار ہوگا

... ہندوستان کے پہلے ہندوستانی گورنر جنرل کا خیر مقدم کریگا، اور مبارکباد پیش کریگا

فی پرچہ ... آنہ

منیجر دفتر ماہنامہ جمیل کوچہ استاد داغ چاندنی چوک دہلی

فلسطین میں یہودیوں کیلئے اپنا وجود قائم رکھنا مشکل ہو گیا
ریلوں کے ڈبے چرا کر سامان لوٹنے لگے

ایران کے خارجی اور داخلی مسائل
نئے وزیر اعظم کو مشکلات کا سامنا

تہران ۲۶ جون۔ ایران کے وزیر اعظم آقائے عبد الحسین ہژیر کو وزارت سنبھالتے ہی کئی خارجی اور داخلی مسائل کا سامنا ہے روسی ایرانی سرحد پر آذربائیجان میں ایک روسی طیارہ کے ساتھ ایک حادثہ پیش آ جانے کی وجہ سے جس کی تفصیلات خفیہ رکھی گئی ہیں پھر انتہائی خطرناک صورت پیدا ہو گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس طیارہ کا ہوا باز نظر بند کر دیا گیا ہے ایران کی مشرقی سرحد پر دریائے ہلمند کے پانی کے بارے میں افغانستان سے جو جھگڑا چل رہا ہے اب ایک مرتبہ پھر اس کا ذکر اخبارات میں آگیا ہے۔ تہران کے افغانی سفارت خانے کا ایک ترجمان ایران کے نیم سرکاری اخبار اطلاعات میں شائع ہوا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ سیستان میں پانی کی کوئی کمی نہیں ہے بلکہ کابل میں مقیم ایرانی سفیر نے افغان حکومت سے احتجاج کیا ہے کہ دریائے ہلمند میں پانی کی کمی نہ کی جائے ورنہ سیلاب آ جائے گا۔ داخلی مسئلوں میں ایک یہ ہے کہ امریکی سفارت خانے نے اعلان کر دیا ہے کہ امریکی فوجی مشن جو ایرانی پولیس کے ساتھ وابستہ تھا اب صرف مشاورتی حیثیت سے اسی طرح کام کرے گا جس طرح ایرانی فوج سے وابستہ امریکی فوجی مشن کام کرتا ہے نیز وزیر اعظم کو ان احتجاجی مظاہروں کا بھی سامنا کرنا ہے جو ان کے وزارت عظمیٰ کے سنبھالنے کے چار دن بعد سے شروع ہو گئے تھے جن میں ۱۸ پولیس والے، دس مرد اور ایک عورت زخمی ہوئے ہیں۔

شانتی دل کے جلسہ میں
مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی تقریر

دہلی ۲۶ جون۔ کل شام شانتی دل کمیٹی کی جانب سے اسٹوڈنٹ پارک میں ایک عام جلسہ ہوا۔ جس کی صدارت مولانا رفیق احمد صاحب رحمانی نے کی۔ اس جلسہ میں مولانا رفیق احمد صاحب رحمانی بیگم مت کسور وغیرہ کی تقریروں کے بعد مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے ایک مؤثر تقریر فرمائی۔

مولانا نے کہا میں دہلی والوں کو مبارکباد اور بدھائی دیتا ہوں کہ آپ نے دہلی میں امن قائم رکھکر اس غنڈہ گروہ کو ناکام بنا دیا جس نے ۱۵ اور ۲۱ جون کو فساد ہونے کی افواہیں اڑائی تھیں۔

آپ پوری طرح سمجھ بھی نہیں سکتے کہ بد امنی اور فساد ہمارے ملک کو کتنا زبردست نقصان پہونچاتا ہے اور دنیا بھر میں ہماری کسقدر بدنامی ہوتی ہے۔

آج ہم آزاد ہو چکے ہیں۔ ہم نے آزادی سے پہلے دنیا سے وعدے کئے تھے کہ ہم آزادی بخود غرضی اور ہوس ملک گیری کیلئے نہیں چاہتے بلکہ اسلئے چاہتے ہیں کہ ہندوستان کی آزادی پورے ایشیا کی آزادی اور دنیا کے امن و ترقی کی ضامن ہو گی۔ آج اگر ہمارے ملک میں بد امنی ہوتی ہے تو دنیا کو یہ کہنے کا موقع ملتا ہے کہ یہی ہندوستانی جو پوری دنیا کے امن و ترقی کے دعویدار تھے آزاد ہونے کے بعد کس طرح حیوانیت کے درجہ سے بھی گر گئے ہیں اور آپس ہی میں لڑ کٹ کر مر رہے ہیں۔ کیا کوئی جانور بھی اپنے ہم جنس جانور کو اس طرح مارتا اور پھاڑتا ہے جیسے ہندوستان میں بسنے والے انسان ایک دوسرے کو مارتے اور ہلاک کرتے ہیں!

مولانا نے کہا، دہلی میں شانتی دل کا نظام اسی لئے بنایا گیا ہے کہ ہم میں یہ احساس پیدا ہو جائے کہ حکام کا کہنا یا حکومت کا خوف اور ڈر ہی نہیں۔ بلکہ ہماری انسانیت شرافت اور اخلاق کا تقاضہ ہے کہ ہم آپس میں مل جل کر امن و اتحاد کے ساتھ رہیں اور دنیا کے سامنے خود کو ایک مہذب انسان کی شکل میں پیش کریں۔ مجھے امید ہے کہ آپ اپنے فرض کو محسوس کریں گے اور شانتی دل کے مقصد کو کامیاب بنائیں گے۔

دار المبلغین لکھنؤ میں داخلہ

دار المبلغین لکھنؤ کا تعلیمی سال حسب دستور ۱۰ شوال المکرم سے شروع ہو جائے گا۔ دار المبلغین کے نصاب میں تقریر و تحریر تصنیف و تالیف کے ساتھ ساتھ مناظرین اسلام سے مناظرہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ مدت تعلیم دو سال ہے۔ ...

دار المبلغین میں داخل ہونے والے حضرات کو علاوہ قیام و طعام کے ادارہ کی طرف سے مصارف کے لئے معقول وظیفہ بھی دیا جائے گا۔ ...

مہتمم دار المبلغین پاٹا نالہ لکھنؤ

نظام کے ایجنٹوں کی گرفتاری

... مسلمانوں کو نظام کا ایجنٹ ہونے کے شبہ میں گرفتار کر لیا۔ ...

کانگریس مجلس عاملہ کشمیر کے معاملہ پر غور کرے گی

دہلی ۲۶ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم اور ۲ جولائی کو کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہو رہا ہے جس میں کشمیر کے مسئلہ اور خاص طور پر کشمیر کمیشن کی آمد کے متعلق غور کیا جائے گا۔ ...

گاندھی گراؤنڈ میں جلسہ اور مشاعرہ

سوئٹزرلینڈ میں یہودیوں کی کانفرنس

کراچی کا مستقبل

انجمن ترقی اردو بھوپال کا سالانہ انتخاب

پنڈت نہرو سری نگر میں

نیشنل کانفرنس میں شمولیت

چھٹیاں منسوخ حکومت مصر کا حکم

راجستھان میں ذبیحہ گاؤ کی ممانعت

صیہونی حکومت سے سفارتی تعلقات
حکومت شام کا پرزور احتجاج

سوشلسٹ پارٹی

کوردنیشن ہوٹل میں اجتماع
(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

مولانا عبد الوحید صاحب
مولانا عبد الوحید صاحب صدیقی ...

مدیر الجمعیۃ نے بھی پریس کی ... پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ... اب وقت آگیا ہے کہ ہم ادھر توجہ کریں کیونکہ ہند میں ایک اچھی جگہ حاصل کرنے کے لئے مسلمانوں کو ایک مضبوط پریس کی ضرورت ہے۔ آپ نے یہ بھی بتایا کہ اردو ہندی اور انگریزی اخبار کو کامیابی کے ساتھ چلانے اور پریس قائم کرنے کے لئے یہ اخبارات چھپ سکیں کم از کم ۵ لاکھ روپے چاہئیں اور یہ رقم بہت معمولی رقم ہے جو ہند کے ساڑھے چار کروڑ مسلمان آسانی سے جمع کر سکتے ہیں۔

مولانا حفظ الرحمٰن
حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے بھی پریس کی اہمیت ... اس نازک حالت میں بھی دہلی کے مسلمانوں کو زبردست مالی نقصان اٹھانا پڑا ...

مہذب حکومتیں
(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

اندازہ کیا گیا ہے کہ آئندہ سال ... پونڈ صرف ہوں گے ان مصارف کا کچھ حصہ حکومت ادا کرے گی۔ اور بقیہ مصارف مالکان اور ملازمین سے لازمی چندہ کی صورت میں وصول کئے جائیں گے۔ ملازمین کو یہ چندہ ہفتہ وار ادا کرنا ہو گا ... اس اسکیم پر مصارف کا اندازہ ... کروڑ پونڈ کیا گیا ہے۔

حضرت سید حسن رسولنما کا عرس

حضرت سید حسن رسولنما کی درگاہ پنچکوئیاں روڈ نئی دہلی میں ہے جہاں ہر سال شعبان میں عرس ہوتا ہے ...

اسمائے گرامی معطیان

ماہوار امداد

گلگت کے لئے پاکستانی گورنر

سری نگر ۲۶ جون۔ پشاور سے وصول شدہ اطلاعات سے اندازہ ہوتا ہے کہ ... جہانگیر کے ... جمال خاں کو آزاد کشمیر کے نام پر پاکستان کے عہدہ داروں نے گلگت کا گورنر مقرر کر دیا ہے ...

(باقی کالم ۲ کے نیچے)

ریاست کشمیر کی طرف سے گلگت کے گورنر ... راجہ جمال خاں کی قید میں ہیں۔ اس بات کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ گلگت اور صوبہ سرحد کے درمیان براہ راست ڈاک اور تار کا سلسلہ قائم ہو گیا ہے۔ ابھی گلگت سے اس تمام علاقہ میں جو دشمنوں کے قبضے میں ہے سلسلہ ...

برلن کے مغربی حصوں میں فاقہ کشی

برلن ۲۶ جون ... برلن کے مغربی حصوں میں ... سامان ... برلن کے مشرقی حصوں سے ... کی وجہ سے ... کارخانے بند ہو گئے ...

دو مسلمان لڑکیاں برآمد

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریضو نوٹ کرو

چترکوٹ والی حیرت انگیز سیناسی دوا، جو ہر پورنماشی کو آشرم میں سینکڑوں مریضوں کو مفت تقسیم ہوتی ہے ...

رامپورہ کے ایل۔ شرما اینڈ سنز ...

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس، اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہمارے یہاں ہول سیل اور نہایت ارزاں نرخ پر کفایت ملتا ہے

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

نظم و نثر کی اصلاح مفت لیجئے

ہم نے دنیائے ادب کے نامور ادیب و شاعر کی خدمات حاصل کر لی ہیں آپکے ذوق ادبی کی تسکین حسب پسند ہو گی۔ اشاعت و طباعت کا بھی معقول انتظام ہے۔
آج ہی چھ پیسے کے ٹکٹ بھیجکر ممبری فارم طلب کیجئے۔

مہتمم ادارہ ترویج ادب اردو منزل اردو بازار دہلی

July is missing

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

الجمعیۃ میں
اشتہار دیکر آپ
اپنی تجارت اور کاروبار کو
یقیناً
کامیاب بنا سکتے ہیں

منی آرڈر کوپن اور خطوط میں اپنا پتہ اور خریداری نمبر صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں (منیجر)

دہلی اور اسکے قرب وجوار کیلئے

اوقات سحر و افطار

یوم	انتہائے سحر	وقت افطار
جمعہ ۲۳ رمضان المبارک	۴ بجکر منٹ	۷ بجکر ۳۰ منٹ
ہفتہ ۲۴	۴ بجکر منٹ	۷ ۱۹
اتوار ۲۵	۴ ۹	۷ ۱۸
پیر ۲۶	۴ ۱۰	۷ ۱۸

گھڑیاں اور گھنٹوں کا ٹائم ریڈیو سے ملائیں

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۶۷ھ مطابق یکم اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۱ | فی پرچہ امریکہ بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

یہودیوں نے بیت المقدس سے اپنی فوجیں ہٹانے سے انکار کردیا

بیت المقدس کو بین الاقوامی شہر تسلیم نہیں کیا جائیگا

یہودیوں کی نام نہاد حکومت اسرائیل کے وزیر خارجہ کا اعلان

تل ابیب ۳۰ر جولائی۔ تل ابیب سے اطلاع آئی ہے کہ یہودی حکومت نے کاؤنٹ برنا ڈوٹ کی اس تجویز کو ماننے سے انکار کردیا کہ بیت المقدس سے فوجیں ہٹالی جائیں۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ ہم کاؤنٹ برنا ڈوٹ کی اس تجویز کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔ لیکن ہم فلسطین میں امن قائم کرنے کے لئے مناسب سمجھوتہ کرنے کو تیار ہیں۔ لیکن ہم یہ تسلیم نہیں کرسکتے کہ فلسطین میں یہودیوں کا داخلہ بند کردیا جائے اور عرب پناہ گزینوں کو پھر سے آباد کیا جائے۔ نہ ہم بیت المقدس کو بین الاقوامی شہر تسلیم کرنے کو تیار ہیں۔

مغربی بنگال سے دوسو آدمی روزانہ کلکتہ پہونچ رہے ہیں

کلکتہ ۳۰ر جولائی۔ بنگال کانگریس کے امداد بحالیات کے سکریٹری کی اطلاع کے مطابق مشرقی بنگال سے روزانہ دو سو آدمی کلکتہ میں پہونچ رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر مہاجرین کی یہ آمد جاری رہی تو مغربی بنگال کے کیمپ ان مہاجرین سے پُر ہوجائیں گے۔ ۲۸ر جولائی کو بالی گنج میدان کے فوجی کیمپ سے تقریباً چار سو پناہ گزین شمالی کلکتہ کے دوسرے کیمپ میں منتقل کئے گئے۔ ان پناہ گزینوں کو ہم گئے کا ارش[illegible]

[illegible] کیونکہ بنگال پراونشل فیڈیا کی تیسری بٹالین کو اس کیمپ کی ضرورت تھی۔

کشمیر میں معمولی جھڑپیں

وزارت دفاع کا اعلامیہ

دہلی ۳۰ر جولائی۔ وزارت دفاع کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ سوائے دشمن کی طرف سے گولہ باری اور معمولی جھڑپوں کے اور کشمیر کے متعلق کوئی خاص بات قابل ذکر نہیں۔ اڑی، چکوٹھی، ... کے شمال میں پہاڑی علاقہ میں کچھ لڑائی ہوئی۔ اس علاقہ میں ہماری فوجوں کے پاس دس ہزار فٹ بلندی کا ایک مقام ہے۔ اس پر دشمن نے حملہ کیا۔ یہ حملہ ۲۸ اور ۲۹ جولائی کی درمیانی تمام رات ہوتا رہا۔

اس علاقہ میں جنگل ہی جنگل ہیں اور راستے نہیں ہیں۔ دشمن اس سے فائدہ اٹھانا چاہتا تھا۔ ہماری فوجوں نے حملہ کو پسپا کردیا۔ ایک دوسرے علاقہ میں ہماری فوجوں کا دشمن کے ایک دستہ سے مقابلہ ہوا۔ دشمن کے آدمیوں کی تعداد سو کے قریب تھی۔ نوشہرہ کے جنوب میں ہمارے توپخانے نے دشمن کے ایک ہوائی دستے پر گولے برسائے۔ دوسرے علاقوں میں ہمارے گشتی دستے برابر مصروف کار ہیں۔

حکومت برطانیہ نے روس کو جنگ کی دھمکی دے دی

مسٹر بیون برطانوی وزیر خارجہ کا دارالعوام میں بیان

لندن ۳۰ر جولائی۔ کل دارالعوام میں ایک بیان دیتے ہوئے برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون نے کہا کہ برلن کا معاملہ ان معاملات میں سے ایک ہے جہاں ممکن ہے طاقت کا استعمال کرنا پڑے۔ اس لئے حکومت کو تمام صورت حال پر نظر ثانی کرکے یہ فیصلہ کرنا پڑا کہ ضرورت کے وقت ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔

دارالعوام میں ... حال کے چیف ... ۳۰ ہزار آدمیوں کی جن کو فوج ... ہر علیحدہ ... سیاسی صورت حال کا جائزہ دیتے ہوئے مسٹر بیون نے کہا کہ حکومت برطانیہ ہر وقت ... کے معاملہ پر تبادلہ خیال کرنے کو تیار ہے لیکن وہ کسی صورت میں بھی کسی جبر یا ان حالات میں گفت وشنید کرنے کے لئے تیار نہیں ہے جو روس نے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ مسٹر بیون نے سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ایوان ملک اور دنیا کو معلوم ہے کہ ہم اپنی زمانہ جنگ کی فوجوں میں برابر کمی کرتے چلے جارہے ہیں۔ ہم نے اپنی طاقتوں کو از سر نو تنظیم ... از سر نو آبادی میں لگا دیا ہے۔ اور ہمارے آدمی ان تباہ کاریوں کی اصلاح کرنے میں مصروف ہیں جو جنگ سے پیدا شدہ ہیں۔ ہم اپنی اقتصادی حالت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں اور اپنی اقتصادی کے توازن کو برابر کرنا چاہتے ہیں۔ میں یہ اقرار کرتا ہوں کہ حالات زیادہ سے زیادہ مشکل اور ابتر ہوتے چلے جارہے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ میرا یہ قوی یقین ہے کہ ہمارے زمانہ جنگ کے اتحادی وہ پالیسی اختیار نہیں کریں گے جو طاقت کے استعمال کو ناگزیر بنا دے۔ ... جو حالات پیدا ہوگئے ہیں انہوں نے حکومت برطانیہ کو مجبور کیا ہے کہ وہ اپنی پوزیشن پر نظر ثانی کرے اور یہ فیصلہ کرے کہ اگر وقت کی ضرورت نے مجبور کیا تو وہ ہر ممکن اقدام کرنے کو تیار ہے۔ مجھے امید ہے کہ ایوان اس امر کو اچھی طرح محسوس کرے گا کہ حکومت نے جو اقدام کئے ہیں یا جو اقدام وہ کرنے والی ہے ان کے متعلق کوئی بیان دیا جائے اور انکو ایسے نازک موقع پر ظاہر کردیا جائے۔

جہاں تک سیاسی صورت حال کا تعلق ہے حکومت برطانیہ برلن کے معاملہ پر روس سے گفت وشنید کرنے کو ہر وقت تیار ہے ... اس سے گریز نہیں کیا لیکن یہ گفت وشنید کسی جبر یا دباؤ کی صورت میں نہیں ہوسکتی یعنی

(باقی صفحہ ۴ پر)

ڈاکٹر قریشی کی پھانسی کی تاریخ

سابقہ اطلاع کی تردید

دہلی ۳۰ر جولائی۔ کل یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ ڈاکٹر قریشی کی پھانسی کی تاریخ مقرر کردی گئی ہے۔ اس خبر کی تردید آگئی ہے۔ سرکاری حلقوں کے بیانات کے مطابق ڈاکٹر قریشی کی پھانسی کی تاریخ کا اعلان قبل از وقت ہے۔

حکومت نے ابھی تک اس بارہ میں کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔

قلات کے وزیر اعظم

پشاور ۳۰ر جولائی۔ مرحوم صاحب ... محمد ظریف خان ... کو قلات کا وزیر اعظم مقرر کیا گیا ہے۔ ... کے نمائندہ کی حیثیت سے ... اور سرحد ... سروس کمیشن سے مستعفی ہوئے ہیں۔

دنیا کے امن پسندوں کی کانفرنس

نئی دہلی ۳۰ر جولائی۔ دنیا کے امن پسندوں کی کانفرنس جنوری ۱۹۴۹ء میں شانتی نکیتن میں ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر کانگریس نے اپنے ایک بیان میں اپیل کی ہے کہ وہ اس کانفرنس کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ امداد کریں۔ یہ کانفرنس اولاً مہاتما گاندھی کی زیر صدارت ہونے والی تھی تاکہ دنیا کی موجودہ تاریکی میں تمام دنیا کے امن پسندوں کی ایک جماعت عمل میں آئے لیکن اب ان کے بعد یہ کانفرنس مہاتما گاندھی کے طریقہ عمل کی روشنی میں ... کام شروع کرے گی۔

مہرولی میں مسلمانوں کا شاندار اجتماع

۲۸ر جولائی۔ کو مہرولی قطب صاحب میں شبینہ ہوا۔ شہر کے ممتاز حفاظ اور قاری صاحبان نے کئی قرآن کریم ختم کئے۔ دس ہزار کے قریب مسلمان تراویح میں شریک ہوئے۔ باوجود اس بات کے کہ بسوں کا انتظام معقول نہ تھا اور سینکڑوں مسلمان اس وجہ سے واپس ہوگئے تھے پھر بھی مسلمان ...

تقسیم ہند کے بعد مستعفی ہونیوالے ہندوؤں کو پھر ملازم رکھا جائے گا

سندھ حکومت کا ایک مستحسن اقدام

لڑکانہ ۳۰ر جولائی۔ سندھ کی حکومت نے اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ جن ہندو ملازموں نے تقسیم ہند کے بعد اپنی ملازمتوں سے استعفے دیدیا تھا۔ اور ہند چلے گئے تھے۔ ان کو پھر ملازم رکھ لیا جائے۔ حکومت سندھ کی یہ نئی پالیسی حکومت سندھ کے ایک سرکلر میں بیان کی گئی ہے۔ لیکن جو لوگ اس طرح ملازم رکھے جائیں گے۔ ان کے معاملہ پر انفرادی حیثیت سے غور کرنے کے بعد ان کو ملازم رکھنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔

ایسے لوگوں کے ساتھ ایک خاص رعایت یہ کی جائیگی کہ ایسے جو لوگ ملازم رکھے جائیں گے ان کی سابقہ ملازمت کا خیال رکھا جائے گا۔ اور ان کی غیر حاضری کی مدت تعطیل بلا اجرت میں شمار ہوگی۔ حکومت سندھ کے اس اقدام کا سبب بتاتے ہوئے اس سرکلر میں

کہا گیا ہے کہ حال ہی میں کچھ ایسے واقعات پیش آئے ہیں۔ جب ہندو گزیٹڈ افسروں نے جنہوں نے تقسیم ہند کے موقعہ پر استعفے دیدیا تھا۔ اور ہند چلے گئے تھے حکومت سے اس بات کی درخواست کی کہ ان کو پھر

(باقی صفحہ ۴ پر)

ہند و پاکستان کی دوستی

بمبئی ۳۰ر جولائی۔ ایک مقامی ہندو جوتشی نے یہ پیش گوئی کی ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات ۱۹۴۹ء میں بالکل دوستانہ ہوجائیں گے اور آخر سال میں وہ تمام اختلافات جو اس وقت موجود ہیں ختم ہوجائیں گے۔ جوتشی مذکور نے یہ ... کہ حیدرآباد اور ہندوستان کے تعلقات ... میں باہمی حل ہوجائیگا اور حکومت ہند کو کسی فوجی کارروائی کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ اس جوتشی کی پیشین گوئی کے مطابق ... میں ہندوستانی حکومت میں ایک زبردست تبدیلی ہوگی جس کی تفصیل بتانے سے جوتشی نے انکار کردیا۔

سندھی پناہگزین دہلی نہ آئیں

دہلی ۳۰ر جولائی۔ سندھ پراونشل کانگریس ریلیف کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ سندھ کے پناہگزین دہلی نہ آئیں۔ ... دہلی میں ان کے قیام کے لئے جگہ ... سندھی کا گذارہ کرسکیں۔ ... حکومت نے ... کا سلسلہ بند کردیا ہے۔ دہلی آنے والے ... تکلیف اٹھانی پڑیگی۔ ... تمام ورکرس کا فرض ... اس وقت قیام ... کیمپ ... منتقل ... اس کیمپ ... دہلی میں مزید پناہگزین ... کوئی ... امداد ... نہیں مل سکتی۔

سندھ سے ہندوؤں کی ہجرت

کراچی ۲۹ر جولائی۔ بدستمبر تک شہریت کے اعلان کے بارے میں حکومت ہند کے کمیونک کی وجہ سے سندھ سے ہندوؤں کی ہجرت دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ اس سلسلہ میں پاکستان سے ہندوستان جانے والے اشخاص کے لئے حکومت ہند کی جانب سے پرمٹ سسٹم کے نفاذ کا بھی کافی حصہ ہے کیونکہ اس سے خدشات پیدا ہوگئے ہیں کہ کہیں حکومت پاکستان جوابی کارروائی نہ کرے۔

اس ہجرت سے سندھ کا اقتصادی نظام درہم برہم ہوگیا ہے۔ مثلاً بعض دیہاتوں میں عام ضروریات زندگی کی اشیا کا دستیاب ہونا بھی محال ہوگیا ہے۔

پولیس پارٹی پر حملہ کردیا

پشاور ۳۰ر جولائی۔ گذشتہ ۲۸ر جولائی کو ضلع ... ایک پولیس پارٹی پر ... حملہ ... ایک ... سخت مجروح ہوئے۔ پولیس نے ایک رائفل برآمد کی ہے اور اس حادثہ کے سلسلہ میں دو اشخاص کو گرفتار عمل میں آئی ہے۔

اُردو کو خارج کرکے مہاتما گاندھی کے طریقہ کار اور کانگریس کی پالیسی کے خلاف اقدام کیا گیا ہے

حکومت یو۔ پی کے نصاب تعلیم پر حضرت مولانا حفظ الرحمن کا بیان

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دہلی۔ مورخہ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلے جمعیۃ علماء ہند نے حکومت یو۔ پی کے نصاب تعلیم پر بیان دیتے ہوئے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ حکومت یو۔ پی نے نصاب تعلیم میں تمام ابتدائی درجوں سے اردو کو خارج کرکے مہاتما گاندھی کے طریقہ اور کانگریس کی قرار دادوں کے بالکل برعکس اقدام کیا ہے۔

حضرت مولانا نے فرمایا کہ کانگریس نے اپنی قراردادوں میں اس امر کی صاف طور پر وضاحت کی ہے کہ آزاد ہندوستان کی زبان ہندوستانی رہے گی جو ہندی اور اردو دونوں رسم الخطوں میں لکھی جائے گی۔ یہی طریقہ کار تھا جس کے مہاتما گاندھی کا بھی رہا اور وہ اس بات پر زور دیتے رہے کہ ملک کی زبان ہندوستانی ہی رہنی چاہئے جو دونوں رسم الخطوں میں لکھی جائے ... حصول آزادی کے بعد یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ ہندی اور اردو زبانیں انگریزی کی حریف بن جائیں لیکن یہ تصور بھی نہ تھا کہ ہندی اور اردو کو ایک دوسرے کا حریف بنا دیا جائے گا۔ حکومت یو۔ پی نے اردو ہندی کو ایک دوسرے کا حریف بنا کر اور تمام ادنیٰ جماعتوں سے اردو کو خارج کرکے حقیقتاً مہاتما گاندھی کے طریق کار اور کانگریس کی پالیسی ...

پالیسی کے خلاف اقدام کیا ہے۔

حضرت مولانا نے وزیر تعلیم یو۔ پی اور محکمہ تعلیم کے دیگر ذمہ داران افسران سے اپیل کی کہ وہ اپنی پالیسی پر نظر ثانی کریں اور ایسی اصلاح کریں کہ صوبہ کے کسی طبقہ کو شکوہ شکایت کا موقع پیدا نہ ہو۔ مولانا صاحب نے آخر میں اردو داں طبقہ کو اطمینان دلایا ہے کہ وہ جلد ہی حکومت یو۔ پی کے متعلق کوئی رائے قائم نہ کریں جب تک اس گفت وشنید کا نتیجہ نہ نکل آئے جو حضرت مولانا اور اردو سے دلچسپی رکھنے والے دیگر حضرات حکومت یو۔ پی کے ارباب اختیار سے کرنے والے ہیں۔ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ حکومت یو۔ پی اپنی موجودہ پالیسی پر قائم رہے گی۔ غالباً اس سلسلہ میں ... وزیر تعلیم یو۔ پی کی امریکہ سے واپسی کا انتظار کیا جارہا ہے۔

مسٹر فضل حق زخمی ہوگئے

کلکتہ ۳۰ر جولائی۔ مسٹر اے کے فضل الحق سابق وزیر اعظم بنگال کو دو دن قبل ایک کار کا حادثہ پیش آگیا لیکن وہ بچ گئے اور معمولی طور پر مجروح ہوئے۔ ان کی کار کو سخت نقصان پہنچا۔

دہلی میں تین طلبا کی گرفتاری

شہر کے امن وامان میں خلل ڈالنے کا الزام

دہلی ۲۹ر جولائی۔ پولیس نے مقامی کالجوں کے تین طلبا کو اس الزام میں قانون تحفظ عامہ کے تحت گرفتار کرلیا کہ وہ شہر کے امن وامان میں خلل ڈالنا چاہتے تھے۔

اس سے پہلے چند طلبا نے سبزی منڈی کے علاقے میں مظاہرہ کیا تھا۔ اور سخت گیری کی مزاحمت کرو کے نعرے لگائے تھے۔ پولیس نے سائیکلو اسٹائل پر چھپے ہوئے چند اشتہارات بھی پکڑے۔ جو مظاہرین کی طرف سے سخت گیری کی مزاحمت کے سلسلہ میں تقسیم کئے جا رہے تھے۔

ملایا کے رسد کے کارخانوں کے مالکوں کا برطانیہ کو الٹی میٹم

کمیونسٹوں سے اپنی حفاظت کے لئے فوج کا مطالبہ

کوالالمپور ۳۰ر جولائی۔ ملایا کے رسد کے کارخانوں کے مالکوں نے برطانوی دفتر نو آبادیات کو اپنے محفوظ ذخیرے فوراً کے بند ہوجانے پر ایک الٹی میٹم بھیجا ہے۔ مالکان مذکور کے ایک نمائندے نے کہا کہ ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ آیا برطانوی حکومت جنگ ... ملایا ... سے فوج بھیجنے اور ہماری ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے تیار ہے یا نہیں۔ ایک دوسرے نمائندے نے کہا کہ ملایا کے کم از کم دفاع کے لئے دو ڈویژنوں کی ضرورت ہے۔

کمیونسٹوں نے اپنی بہر قیمت ستمبر کو ختم کرنی ہے۔ ... کی ... کے ۱۵ ہزار ... کو ... جانیں ... اس کا کیا ہوا ... کو دیدی جائیں۔ ... نمائندہ نے یہ بھی کہا کہ ... کردیا ہے کہ ایک غیر تربیت یافتہ آدمی کے پاس ... رائفل سے زیادہ بہتر اور کامیاب ہتھیار ہے۔

مرزا اسمٰعیل اور نہرو ملاقات

دہلی ۳۰ر جولائی۔ حیدرآباد کے سابق وزیر اعظم سر مرزا اسمٰعیل بدھ کے دن دہلی آگئے ہیں اور گورنر جنرل کے مہمان ہیں۔ انہوں نے جمعرات کے دن پنڈت نہرو اور سردار پٹیل سے ملاقات کی۔

کوہ نور خضاب نمبر ۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

روزانہ الجمعیۃ دہلی

یکم اگست ۱۹۴۸ء

بین الاقوامی امن کا خاتمہ

یورپ میں پہلی جنگ عظیم کے بعد ہی ایک تحریک شروع ہوئی تھی جس کا نام ہے تخفیف اسلحہ کی تحریک یا تقلیل اسلحہ کا پروگرام، اس کا مقصد یہ تھا کہ دنیا کی بڑی بڑی طاقتیں بخوشی سے اپنے اوپر اسلحہ کی پابندی لگالیں اور اپنی ایک حد مقرر کرکے جنگ کے آیندہ امکانات کو ختم کردیں کسی حکومت کو اجازت نہ ہو کہ وہ جتنا چاہے اسلحہ سازی کے کارخانے کھولے اور جس تعداد میں چاہے ہتھیار بنائے، ہر حکومت کے پاس صرف اس قدر اسلحہ ہوں کہ داخلی انتظام کو برقرار رکھ سکے اور بین الاقوامی مقاصد کے کارآمد ہو سکے، ہوائی جہازوں کی مقدار ہو تو محدود ہو، بحری جہازوں کی تعداد ہو تو ضرورت کے مطابق ہو، بم اور دوسرے آتشیں اسلحہ کی تعداد بھی تلی ہو اور ان کا حساب و کتاب بھی اتنا واضح ہو کہ بین الاقوامی کمیشن آسانی کے ساتھ ان کی جانچ پڑتال کر سکے، گذشتہ دور میں ۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۴ء تک تقلیل اسلحہ کی متعدد کانفرنسیں ہوئیں اور ان میں اسلحہ کی تخفیف کا مسئلہ زیر بحث لایا گیا۔

برطانیہ، فرانس، امریکہ، اٹلی، روس، اور دوسرے ممالک کے نمایندوں نے ان کانفرنسوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور سب نے رضامندی ظاہر کی کہ اسلحہ سازی پر پابندی لگے اور ہر بڑی حکومت ایک خاص مقدار سے زیادہ اسلحہ جمع نہ کر سکے، مگر جب کبھی اس قسم کی کوئی ...

... اعداد اور ہر سو کے بجائے ایک ہزار طیاروں کیلئے ... اپنے آتشیں ذخائر کو لبریز کیا جا رہا تھا چنانچہ تقلیل کی آڑ میں یہ اسکیم کامیاب ہوئی اور تخفیف سازی کی تمام کانفرنسوں کو انجام کار ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔

اگرچہ تخفیف اسلحہ کی تحریک کامیاب نہ ہوسکی اور اسکی آڑ میں ہتھیار بندی کی دوڑ میں خوب زور پیدا کیا گیا تاہم یورپ کی طاقتوں نے ظاہرا ہی کے لئے اس کے نام کو زندہ رکھنے کی کوشش کی، اور اس خیال سے اس تحریک کے کاغذات محفوظ رکھے کہ شاید اس میں پھر زندگی پیدا ہو اور تھکی ماندی طاقتیں ہار کر پھر اس کی طرف آئیں، لیکن اب یہ سنکر افسوس ہوگا کہ مجلس متحدہ اقوام نے دو سال کی مساعی کے بعد یہ فیصلہ کرلیا کہ آیندہ اس تحریک کا نام بھی زبانوں پر نہ آئے اور کوئی شخص اس کوشش میں وقت ضائع نہ کرے؛ مجلس متحدہ اقوام کا یہ فیصلہ کہ وہ تخفیف اسلحہ کی تحریک کو کامیاب بنانے کی کوشش سے دستبردار ہوتی ہے" انتہائی افسوسناک رنجیدہ اور مایوس کن ہے اور دنیا میں اس فیصلہ کو حیرت اور ملال کے ساتھ سنا جائیگا۔

تخفیف اسلحہ کمیشن کی ورکنگ کمیٹی نے دو دو ووٹوں کے مقابلہ پر نو ووٹوں کی اکثریت سے یہ اعلان کردیا کہ تخفیف اسلحہ کے کام کو جاری رکھنا اب ناممکن ہے کیونکہ ...

مالی حقوق

وَآتِ ... تَبْذِيرًا ... كَفُورًا ... (پ ۱۵ ع ۳)

قرابتداروں کے حقوق ادا کرو، مسکینوں اور مسافروں کی خبر گیری کرو اور فضول خرچی سے بچو اور یاد رکھو کہ فضول خرچ شیطان کے بھائی ہیں اور شیطان کی حالت یہ ہے کہ اس نے اپنے مربی اور پالنہار کو بھی دغا دینے کی کوشش کی۔

یہاں مالیات کے ایک بنیادی اصول کی طرف توجہ دلائی گئی ہے یعنی فضول خرچی سے بچنا اور اپنے مال کو صحیح مصرف میں کھپانا اگر تم اسراف سے بچوگے تو تمہیں دوسروں کے حقوق یاد آئینگے اور تم سوسائٹی کے مالی نظام کو باقی رکھ سکوگے اپنے مال کو فضولیات سے بچانا بھی ایک بہت بڑی سیاست ہے کیونکہ اس طرح جو پیسہ بچیگا وہ سوسائٹی کی تنظیم میں کام آئے گا اور تم حقوق کے ادا کرنے پر قادر ہو سکوگے، اسراف بجائے خود صرف حقوق کا اتلاف ہوتا ہے بلکہ سوسائٹی کا مالی نظام بھی درہم برہم ہو جاتا ہے اور وہ قوم کبھی ترقی نہیں کرسکتی جس کے آمدو خرچ پر کنٹرول نہ ہو اور جس کا بجٹ ہمیشہ غیر متوازن رہے یہاں یہ بھی بتادیا کہ اسراف کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں جس طرح اس شیطان نے اپنے مربی اپنے محسن اور اپنے خالق کو دغا دی تم بھی فضول خرچی بن کر اپنے نفس کو دغا دوگے اور وقت پر بجز افسوس ملنے کے کچھ نہ کرسکوگے

سیاست امروز

یہ پرمٹ سسٹم

دلیل کی گوہر افشانی

چینی کمیونسٹ

جاسوسوں کی ارزانی

(جناب شیخ احمد صاحب ایم اے)

کچھ عرصہ سے اخبارات میں پاکستان اور حیدرآباد ... نگاہ اس کو جاسوس بنادے۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

ٹنڈن جی کی دعوت

آسٹریلیا کے وڈھیاں کی ...

سلامتی کونسل کا انصاف

انٹر ڈومینین کانفرنس

دہلی کے لال قلعہ میں مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل

وعدہ معاف گواہ پر آج بھی جرح جاری رہی

لال قلعہ دہلی ۱۹ جولائی۔ آج لنچ کے بعد وعدہ معاف گواہ پر گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کی مزید سماعت ہوئی ...

بڈگے کو آج پہلے سے معلوم ہو گیا تھا جیسے اس کو حال اخبار وں سے معلوم ہوا تھا کہ ۲۰ جنوری کو مہاتما گاندھی نے برت رکھا تھا اور ان کی حالت نازک تھی۔ ...

یوپی میں خوراک کی حالت بہت ہی نازک ہو گئی

غذائی بحران کو دور کرنے کے لئے کابینہ کا اہم اجلاس

لکھنؤ ۱۹ جولائی۔ جب صوبہ کی اقتصادی حالت پر غور کرنے کے لئے وزیر اعظم اور دوسرے وزیر سول سکریٹریٹ میں آئے تو اس وقت تمام برآمدے چپراسیوں اور کم تنخواہ والے ملازمین سے بھرے ہوئے تھے۔

چپراسی اس امید پر جمع ہوئے تھے کہ ان کو ضروری امداد دی جائیگی لیکن سکریٹری اور وزیر اعظم نے ان کو یقین دلا کر منتشر کر دیا کہ ان کے معاملہ پر ہمدردانہ غور و خوض کیا جائیگا۔ گذشتہ سال تنخواہ کمیشن نے جو سفارشیں کی تھیں ان سے چپراسیوں کو کچھ نہیں ملا تھا جو کچھ ایک ہاتھ سے دیا گیا تھا وہ دوسرے ہاتھ سے چھین لیا گیا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ ان کی تنخواہیں اب زیادہ ہو گئی ہیں لیکن مہنگائی کچھ بہت بڑھا ہے اس سے ان کی آمدنی میں کوئی خاص اضافہ نہیں ہوتا۔ ...

ہیں اور عوام برابر یہی تقاضہ کر رہے ہیں کہ اس سلسلہ میں جلد سے جلد آخری فیصلہ کیا جائے۔

بہرحال وقت کم ہے اور وزیر اعظم پنڈت پنت نے دو تین روز قبل نامہ نگاروں سے کہا ہے کہ جو فیصلہ بھی ہوتا ہے وہ اس ماہ کے آخر سے پہلے پہلے ہو جانا چاہئے یعنی دو تین ہفتہ میں۔

کابینہ کے اس اجلاس سے قبل کانگریس اسمبلی پارٹی کا اجلاس ہو چکا ہے اس میں زیادہ سے زیادہ ممبروں نے شرکت کی تھی۔ تقریباً تمام وزراء وغیرہ موجود تھے۔ اس اجلاس میں بھی خوراک کے مسئلہ پر غور و خوض کیا گیا اور ممبران سے تجاویز پیش کرنے کا مطالبہ کیا گیا یہ اجلاس چار گھنٹہ تک ہوتا رہا لیکن کوئی آخری فیصلہ نہیں ہو سکا۔ ...

... دیہاتی آبادی کی دسترس سے باہر ہے۔ یہاں تک کہ شہری آبادی کے لئے بھی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہو گیا ہے ... بہت احتیاط سے قدم اٹھانا ہے۔

شاہ جارج کے نام نظام حیدرآباد کا خط لیجانے والا انگریز

اس کا کہنا ہے کہ کسٹم والوں نے اسے ہائی کمشنر سے ملاقات نہیں کرنے دی

لندن ۱۹ جولائی نظام کے ایجنٹ مشیر سر والٹر مانکٹن کے سکریٹری رچرڈ ہیموینٹ نے نئی دہلی کے اس واقعہ کے بارے میں جب ان کی تلاشی لی گئی تھی۔ ایک بیان دیا ہے۔ مسٹر ہیموینٹ کہتے ہیں "جب میں نئی دہلی میں ولنگڈن کے فضائی مستقر پر پہنچا تو کسٹم کے عملہ نے میری تلاشی لی نیز وہ میرے تمام خطوط دیکھنا چاہتے تھے۔ چنانچہ میں نے یہ تمام خطوط دکھا دئے۔ نیز میں نے وہ خط بھی دکھایا جو بادشاہ کے نام لکھا ہوا تھا۔ مجھ سے سوال کیا گیا کیا میرے پاس کوئی ڈپلومیٹک پاسپورٹ ہے۔ میں نے کہا کہ اگر کوئی دقت کی بات ہے تو میں چاہتا ہوں کہ برطانوی ہائی کمشنر سے بات کر لوں۔ لیکن مجھے بتایا گیا کہ میں کسی شخص سے بات نہیں کر سکتا۔ اور مجھے جہاز سے نیچے اتار لیا گیا۔ اور کسٹم ڈپارٹمنٹ لے جایا گیا۔ جہاں کسٹم کے افسران نے کہا کہ انہیں یہ یقین نہیں ہے کہ بادشاہ کے نام خط واقعی بادشاہ کو لکھا گیا ہے۔"

... کے ڈیڑھ گھنٹے تک کمرہ میں رکھا گیا۔ اس دوران میں مجھے کسی سے بات کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ ...

انہوں نے کہا کہ وہ اس خط کو کھولیں گے ہیں نے اس کے خلاف احتجاج کیا۔ اور پھر کہا کہ مجھے برطانوی ...

(باقی کالم کے نیچے)

اڈیٹر کے نام خطوط

... مراسلہ نگار کا لب و لہجہ جس قدر مبتذل اور استہزائی ہے۔ اس کے لئے میں شاکی نہیں ہوں وہ خود اپنے کئے ہوں کے لئے مبارکباد دیں۔

آخر میں یہ عرض کروں گا کہ چھاپرہ صاحب نے حضرت مدنی کے متعلق شاید سمجھا ہی نہیں اُن کا مسلک مدنی صاحب کے متعلق کا جواب ہر گز نہیں ہے۔ فقط والسلام

نیاز مند محمد حنیف ایم اے۔ (اسلامیہ ہائی اسکول میرٹھ) ۱۷ جولائی

مسلمان دوکاندار

مکرمی تسلیم۔ مسلمانوں کی اقتصادی خراب حالت کا ذکر سن سن کر اکثر یہ خیال آیا کہ مسلمانوں سے سودا خریدا جائے تاکہ وہ ترقی کر سکیں ایک مرتبہ تقدیر کے چکر میں پھنس کر میں ایک مسلمان دوکاندار کے پاس پہنچا تھی اول تو اس نے ہندو دوکانداروں کی قیمت ... اور پھر اس کا سامان بھی اتنا اچھا نہیں تھا۔ خیر ان دونوں باتوں کو برداشت کیا جا سکتا ہے لیکن اس بات کا کیا علاج کہ سیر بھر ... گھر لے جاکر تولا تو صرف ... رہ جاتے ... صرف مسلمان دوکانداروں پر ہی موقوف ...

آپکے یہاں شادی ہے؟

تو ہماری خدمات حاصل کیجئے دیسی دستکاری کا بہترین نمونہ یعنی چائے کا سٹ مع ۲ عدد پرچ پیالہ اور ۲ عدد چمچہ چاندی کی چمک اور پالش ۱۲ عدد پیتل کے بنے ہوئے صرف ۱۳ روپے میں خرچہ ڈاک ۲ روپے۔ ...

کراماتی پیتل کا کٹورہ جس پر آیۃ الکرسی نقش ہے جس میں پانی پینا باعث برکت اور بیماروں کے لئے شفا ہے صرف ۳ روپے میں خرچہ ڈاک بارہ آنے

پتہ ذیل سے طلب فرمائیں

ڈی بی اینڈ کو کسرول مراد آباد یوپی

ضرورت ہے

...

دار السلطنت

(۲۰ جولائی)

راج گھاٹ پر پراتھنا

...

بیس ہزار روپے اڑالئے

...

ڈاکوؤں کے ایک گروہ کا مقدمہ

بدمعاشوں اور ڈاکوؤں کا ایک گروہ جو حال ہی میں گرفتار کیا گیا تھا ... مسٹر کپور مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ یہ گروہ ۱۲ جولائی کو ... گرفتار کیا گیا تھا ...

شرنارتھیوں کی اپیل

...

جوہری کی گرفتاری

ایک جوہری کو پولیس نے گرفتار کیا ہے

کہا جاتا ہے کہ جوہری اور اس کے ساتھی نے ... ہزار روپیہ کا سونا ناجائز طور پر ہضم کر لیا۔ ... اس کی دوکان پر آئے اور ... ہزار روپیہ کا سونا رکھ کر بازار چلے گئے۔ جب وہ واپس آئے تو جوہری نے کہا سونا چوری ہو گیا ہے ... رپورٹ درج کرادی اور پولیس نے جوہری کو گرفتار کر لیا لیکن اس کا ساتھی مفرور ہے۔

شرنارتھی مظاہرین گرفتار

کورو کمیشنر کیمپ کے گیارہ مظاہرین کو کل نئی دہلی پولیس نے گرفتار کر لیا جبکہ وہ مرکزی سکریٹریٹ کے سامنے مظاہرہ کر رہے تھے۔ اپنے آپ کو گرفتاری کے لئے پیش کرنے والے شرنارتھی مظاہرین کا یہ دوسرا دستہ تھا۔

پیدائش و اموات

دہلی میونسپلٹی کے حدود میں ۱۰ جولائی کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ۔ ۹۲ پیدائش اور ۱۱۵ اموات کا اندراج کیا گیا۔

سکھوں کا مطالبہ

گوردوارہ سیس گنج میں سکھوں کے ایک خاص دیوان میں اس بات کا مطالبہ کیا گیا کہ آئندہ بار دی پولیس کو گوردوارہ میں داخلہ کی ممانعت کر دی جائے نیز اس اجلاس میں اس بات پر بھی احتجاج کیا گیا کہ حال ہی میں ایک جلسہ کے سلسلہ میں قیام امن کے لئے پولیس کیوں گوردوارہ میں داخل ہوئی۔

پٹھان کوٹ جموں روڈ خراب ہو گیا

سیالکوٹ ۱۹ جولائی ... آج یہاں اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ حال ہی جو پٹھان کوٹ جموں روڈ بنایا گیا تھا اس کو بارشوں سے بڑی نقصان پہنچا ہے۔

مسٹر رندھاوا کی شہادت

... پانچ آدمیوں کا مقدمہ پیش ہوا۔ ان پر یہ الزام ہے کہ ... مسٹر رندھاوا کی شہادت کے بعد مقدمہ ... تک ملتوی ہو گیا۔

راج گھاٹ پر کشمیر کمیشن

مہاتما گاندھی کو نذر عقیدت

نئی دہلی ۱۹ جولائی۔ اقوام متحدہ کی جانب سے مہاتما گاندھی کی یادگار پر عقیدت کے پھول چڑھانے کی غرض سے اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کے صدر اور دیگر ارکان آج صبح راج گھاٹ گئے۔

...

اگر آج گاندھی جی زندہ ہوتے تو دوسرے لوگوں کی طرح کمیشن بھی ان کا صلاح و مشورہ اور ہدایات حاصل کرنے کی غرض سے ان کے پاس جاتا۔

پاکستان میں صنعتوں کو قومی ملکیت بنایا جائے

کراچی ۱۹ جولائی۔ پاکستان کی مرکزی سوشلسٹ پارٹی نے اس بارے میں قرار داد پیش ... کر لیا جائے ... تمام پاکستان میں ... پاکستان کی حکومت کی موجودہ صنعتی پالیسی پر ... کرتے ہوئے ... پاکستان تمام صنعتوں کو قومی ملکیت بنائے۔

کالم ۴ سے آگے

... جانے کی اجازت دی گئی۔ ... تمام ہائی کمشنر کو واپس کر دیئے گئے۔ ... خط انہیں دیئے اور اب لندن میں انہوں نے یہ خطوط سر والٹر مانکٹن کو پہنچا دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ سر والٹر نے نظام کا خط شاہ تک پہنچا دیا ہے یا نہیں۔

رمضان کا احترام

مکرمی السلام علیکم۔ کیا جناب میرا یہ خط الجمعیۃ میں شائع کر کے مشکور فرمائیں گے۔

گذشتہ ستمبر کے فسادات کے بعد ایک جمعہ کو جامع مسجد دہلی میں حضرت مولانا عبدالحکیم صاحب صدیقی نے ... تباہی آئی ہے وہ شاید اسی وجہ سے ہے کہ دہلی میں جس طریقہ سے رمضان المبارک کا احترام ہوتا تھا وہ اس سال دہلی کے مسلمانوں نے نہیں کیا۔

خیر یہ تو گذشتہ سال کی بات تھی ... ہو چکا لیکن اب پھر رمضان المبارک اپنی پوری برکتوں کے ساتھ آیا ہے لیکن مسلمان اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتے ...

... مسجد کی بے حرمتی کرنے میں کسی طرح کم نہیں۔ مسجد میں نماز ہو رہی ہے اور یہ مسجد کے دروازے پر بیٹھے ہیں ... آخری عشرہ شروع ہو رہا ہے۔ ابھی وقت ہے کہ کم از کم دس روز کے لئے ان باتوں پر عمل کر کے دیکھیں۔ ... کے زمانہ میں بھی تو ایک ایک ہفتہ تک مسلسل دوکانیں بند رہی ہیں۔ یہ تو وہ مبارک مہینہ ہے جس کا کہ غیر مسلم تک احترام کرتے تھے۔ میری ارکان جمعیۃ علماء سے درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں پوری پوری کوشش کریں۔

محمد دین

دہلی ۲۰ جولائی

سرمہ مقوی بصر

ابتدائی نزول الماء کو روکنے کے علاوہ آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے، ڈھلکوں کے ... کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنہ (۱۸)

سرمہ اصلاح چشم

دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے۔ بارہا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ (تین روپیہ) (۳)

سفوف شجاعی

جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو خرابی صحت کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہیں۔ نہایت مجرب ہے۔ بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ قیمت چالیس خوراک دس روپے ...

حب شمسی

آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے۔ آزمودہ ہے۔ قیمت مکمل خوراک سات روپے (۷)

حب مسیحی

ہاضمہ، ریاح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنہ (۲/۸)

حب شیر مینشن

بچوں کے امراض جلد ... دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے ... (۲)

سفوف سلطانی

سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے (۱۵)

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب و الجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور (یوپی)

حج

بیت اللہ کا مبارک ارادہ رکھنے والوں کو خوشخبری ہو کہ "حج" نام کی ضخیم اور قیمتی کتاب مع دو کارآمد رسالوں کے ایک اہل خیر کی طرف سے ہدیۃً مفت تقسیم ہو رہی ہے ان کے مطالعہ سے دشوار فریضہ حج کا ادا کرنا نہایت آسان اور قابل اطمینان ہو جاتا ہے۔ کئی اور کتابیں بھی مفت ملتی ہیں۔ فہرست مفت روانہ ہوتی ہے ان سب کے ملنے کا پتہ

محمد مقتدیٰ خاں شروانی علیگڈھ

دولت مشترکہ کی کانفرنس
پنڈت نہرو بھی شریک ہوں گے

لندن ۲۹ جولائی - اپریل میں برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر ایٹلی نے دولت مشترکہ کے ممالک کی جس پارلیمنٹری کانفرنس کے انعقاد کا اعلان کیا تھا وہ اکتوبر کے پہلے ہفتہ میں ہو رہی ہے اور اس میں ہند پاکستان اور دولت مشترکہ کے دوسرے تمام ممالک حصہ لے رہے ہیں۔ ... کی پارلیمنٹوں کے ممبروں کو دعوت دی گئی ہے۔ ... یہ کانفرنس اپنی نوع کا دولت مشترکہ کا سب سے بڑا اجتماع ثابت ہوگا۔

پھلکیاں یونین میں سکھ وزارت بنائی جائے
ماسٹر تارا سنگھ کی سرپرستی میں اکالیوں کا مطالبہ

امرتسر ۲۹ جولائی - ماسٹر تارا سنگھ کی صدارت میں شرومنی اکالی دل کے ایک جلسہ میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ ... پھلکیاں ... میں سکھ وزیر اعظم مقرر کیا جائے ... شرومنی اکالی دل کو وزارت بنانے کے لئے مدعو کیا جائے۔

جنگ کشمیر میں پاکستان کی باقاعدہ فوجیں لڑ رہی ہیں
کشمیر کمیشن کے ممبر مسٹر باجپائی کا بیان

نئی دہلی ۲۹ جولائی - اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کا آج فرید کوٹ ہاؤس نئی دہلی میں ایک اجلاس ہوا۔ کل کشمیر کمیشن کراچی روانہ ہو جائے گا۔ روانگی سے قبل کشمیر کمیشن کا یہ آخری اجلاس تھا۔ اس میں حکومت ہند کے نمائندوں مسٹر جی۔ ایس۔ باجپائی اور مسٹر ایم کے ...

کے ذریعہ ان کو اشیائے ضروریہ پہنچائی جا رہی ہے ان کو وہاں سے نکالنے کا مسئلہ زیر غور نہیں کیونکہ وہ علاقے حملہ آوروں سے گھرے ہوئے ہیں ... ہے کہ اگر ان کو نکالا گیا تو ان پر حملہ نہ ہو جائے۔ کمیشن کے صدر ڈاکٹر ریفیے نے حکومت ہند کے تعاون کا شکریہ ...

... یہ مطلب نہیں کہ کمیشن کے کام میں کوئی آئینی مشکل پیدا ہو گئی ہے۔ کمیشن نے لیک سکسیس سے فوجی مشیر کی روانگی کے لئے جو درخواست کی تھی ابھی اس کا جواب موصول نہیں ہوا۔ کمیشن کل صبح ۱۱ بجے کراچی روانہ ہو جائیگا۔

... کہا جا سکتا۔ لیکن اب حملوں کو کامیابی سے پسپا کر دیا گیا ہے۔

کشمیر کے اکا دکا مقامات پر گھرے ہوئے شہریوں کی پوزیشن کے متعلق مسٹر باجپائی نے کہا کہ ہندوستان کی فوج ان کی نگہداشت کر رہی ہے اور ہوائی جہاز ...

پاکستان کی طرف سے پنڈت نہرو کی تقریر پر تنقید

کراچی - ۳۰ جولائی - وزارت خارجہ پاکستان نے ایک اعلامیہ میں کہا کہ حکومت پاکستان نے ایک اعلامیہ میں کہا ہے کہ حکومت پاکستان نے نہایت افسوس کے ساتھ اس تقریر کو پڑھا۔ جو پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند نے مدراس میں ۲۵ جولائی کو کی اور جس میں انہوں نے یہ کہا کہ پاکستان کی پالیسی کی بنیاد بہت دغا اور فریب پر ہے۔

اعلامیہ میں مزید کہا گیا کہ پنڈت نہرو نے پاکستان کے ساتھ اپنے رویہ کے متعلق کسی شک کی گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔ ... انہوں نے اس قسم کی قابل اعتراض باتیں کہی تھیں۔ اس سے زیادہ غیر ذمہ دارانہ اور اشتعال انگیز باتیں اور کیا ہو سکتی ہیں۔ حکومت پاکستان ... دونوں ملکوں کے درمیان خیر سگالی پیدا کرنا چاہتی ہے لیکن اس قسم کی باتیں ... پنڈت نہرو نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ... اس معاہدہ کا خیال رکھا گیا ہے جو دونوں ملکوں کے درمیان کلکتہ میں ہوا تھا اور کشمیر کمیشن کی اس اپیل کا لحاظ رکھا گیا ہے جس میں دونوں ملکوں سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ ایسے بیانات سے گریز کریں جو حالات کو بدتر بنائیں۔ حکومت پاکستان کے خیال میں پنڈت نہرو کی اس ...

سندھ کے ہندوؤں کی حالت
مسٹر سری پرکاش کا بیان

بمبئی ۳۰ جولائی - پاکستان میں ہند کے ہائی کمشنر مسٹر سری پرکاش نے بتایا کہ سندھ کی ۱۴ لاکھ غیر مسلم آبادی میں سے ... لاکھ سندھ سے آ چکے ہیں۔ سندھ میں جو لوگ رہ گئے ہیں وہ زیادہ تر ہریجن ہیں اور ... یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کیا یہ لوگ بھی ہند جائیں گے۔ ہریجنوں کے دیگر مذاہب قبول کرنے کے امکان کی بابت ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مسٹر سری پرکاش نے کہا - جہاں تک میرے علم میں ہے حکومت سندھ ہر لحاظ سے ان کی حفاظت ...

مشہور ڈاکوؤں کی گرفتاری

کشمیر میں مسافروں کا بورڈ

اکھاڑہ کا سامان رکھنے پر چھ ماہ قید

بھوپال میں کارخانے بند

بھوپال ۲۹ جولائی - معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ چند روز میں ریاست بھوپال کی پولیس نے ٹریڈ یونین کے تقریباً ... ورکروں کو گرفتار کیا ہے ... جن کے باعث ریاست میں ... مزدوروں میں بے چینی پھیلی ہوئی ہے ... ضلع مجسٹریٹ نے ایک حکم جاری کیا ہے ... اور عام جلسوں اور جلوسوں کی ممانعت کر دی گئی ہے۔

کراچی کے انتظام میں مناسب تبدیلیاں

کراچی ۳۰ جولائی - کراچی کے پاکستانی حکومت کے زیر اقتدار آ جانے کے بعد ... انتظامی مشینری کی از سر نو تنظیم شروع ہو گئی ہے۔ پولیس کے انتظام پر خاص طور پر زور دیا جا رہا ہے ... اس کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ کراچی کے لئے تین سپرنٹنڈنٹ پولیس مقرر کئے جائیں گے ...

پاکستانی اطلاعات کی تردید

کراچی کے نزدیک تیل کی تلاش

مفرور کمیونسٹ گرفتار

بجنور بھی دوسرے اضلاع کے نقش قدم پر

روس کو دھمکی
(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

بجالیات کے مشترکہ بورڈ میں میوؤں کے مسئلہ پر پھر غور و خوض
اگر انہیں نہ بسایا گیا تو یہ انسانیت کے اصولوں کی خلاف ورزی ہوگی

نئی دہلی - ۳۰ جولائی - کیا ہندوستان میں رہنے والے ہندی شہری اپنے مکانات اور زمینوں سے محروم کئے جا سکتے ہیں؟ یہ ہے وہ سوال جو الور اور بھرت پور سے نکالے ہوئے میواتیوں کی آبادکاری کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے کل بحالی کے مشترکہ بورڈ کے سامنے آئے گا۔ یہ میواتی اپنے گھروں سے نکالے جانے کے باوجود ایک سال کا عرصہ گزر چکا ہے - آج تک ہندوستان سے ... نہیں گئے ہیں۔

اس بنیادی اصول کے بارے میں لوگوں کی دو رائیں ہیں۔ ... گروہ جو میواتیوں کی آبادکاری کے مسئلہ کو شبہ کی نظر سے دیکھتا ہے۔ میواتیوں کے بارے میں اس بنا پر ... جاتا ہے کہ وہ گڑبڑ پھیلانے والے لوگ ہیں اور ریاست کی حفاظت کے لئے ایک خطرہ ہیں۔

... لیکن ایسا ہو رہا ہے تو کل ایک سیاسی اقلیت کے ساتھ بھی ایسا ہی ہو سکتا ہے - مشترکہ بحالی بورڈ مشرقی پنجاب اور مرکزی حکومت کے نمائندوں پر مشتمل ہے مسٹر گوپال سوامی آئنگر صدارت کریں گے۔ ایجنڈہ میں حسب ذیل امور شامل ہیں۔ میوؤں کی بحالی کے علاوہ بحالی کا عام جائزہ شرنارتھیوں کو الاؤنس دینے کی تجویز پر غور اور لاہور کانفرنس کے نتیجے میں شرنارتھیوں کی جائدادوں کے بارے میں پیدا ہونے والے نکات پر غور۔ دہلی میں شرنارتھیوں کا داخلہ۔ اور کوروکشیتر شرنارتھی کیمپ کا انتظام۔

توقع کی جاتی ہے کہ وزیر اعظم پنڈت نہرو اور نائب وزیر اعظم سردار پٹیل اس جلسہ میں شرکت کریں گے۔

میرٹھ میں سخت بارش
سینکڑوں مکانات گر گئے

حکومت سندھ کا مستحسن اقدام
(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

ملایا کے لئے امریکہ سے ہتھیار بھیجے

... کی ایک کانفرنس میں بتایا کہ برطانیہ نے جارحانہ حملہ کرنے والے دستے جن کو جنگل کی لڑائی کی خاص طور پر تربیت دی گئی ہے - ملایا بھیج دیئے جائیں گے۔

حکومت کی پالیسی میں تبدیلی کی ضرورت

کلکتہ ۲۹ جولائی - مسٹر ایچ۔ این جنرل مینیجر ... کلکتہ اسٹاک ایکسچینج ایسوسی ایشن نے ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو سخت قسم کے معاشی بحران کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا ایک طرف کوئی واضح صنعتی پالیسی نہ ہونے کی وجہ سے دوسری طرف ٹیکسوں کی زیادتی ...

... آخر میں آپ نے حکومت پر زور دیا کہ حکومت اپنی معاشی پالیسی میں فوراً تبدیلی کرے۔ انہوں نے کہا کہ ... کی کامیابی مرکزی اور صوبہ جات، وزراء اور افسران اور ... اداروں کے ماہرین کے تعاون پر منحصر ہوگا۔

التماس شرکت دعا

دہلی - ۳۰ جولائی (حضرت مولانا عبدالحکیم صاحب صدیقی) ان شاء اللہ تعالیٰ، آج شب کو جامع مسجد میں قرآن کریم ختم کریں گے - حق تعالیٰ قبول فرمائے۔ احباب سے دعا میں شرکت کی استدعا ہے۔

معلوم ہوا ہے حضرت مولانا کل ۲۴ رمضان المبارک (۳۱ جولائی) کو دہرہ ایکسپریس سے روانہ ہو کر ... پہنچیں گے۔ (نامہ نگار)

پاکستانی روئی کے خریدار

کراچی - ۲۹ جولائی - معلوم ہوا ہے کہ پچاس سے زیادہ ممالک نے جن میں، برطانیہ، روس، جاپان، جرمنی، اسپین، ہالینڈ، بلجیم، پولینڈ اور رومانیہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ حکومت پاکستان سے اس بات کی درخواست کی ہے کہ ۴۹-۱۹۴۸ء میں ان کو لمبے ریشے والی پاکستانی روئی فراہم کی جائے۔

حکومت یوپی کی لسانی پالیسی پر اضطراب

لکھنؤ ۲۷ جولائی - پنڈت پنت وزیر اعظم یوپی اور مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن موجودہ صدر کانگریس کمیٹی ممالک متحدہ کی حالیہ تقریروں سے یہاں کے بعض حلقوں میں بے چینی پھیل رہی ہے اور اردو داں طبقہ یوپی کی اردو کش پالیسی پر ماتم سرائی کر رہا ہے ضلع کے چند افراد نے پرسوں بابو گوبند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری یوپی جو یہاں دورہ پر آئے ہوئے تھے ضلع کی عام حالت، کانگریسی کارکنوں کی بدعنوانیوں اور حکومت یوپی کی لسانی پالیسی کے تاثرات سے آگاہ کرنا چاہا مگر صاحب موصوف کی شدید مصروفیتوں کے باعث وہ ملاقات کرنے میں ناکام رہے مجھے غیر مصدقہ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اگست کے پہلے ہفتہ میں یہاں کے چند نوجوان اردو کش پالیسی کے خلاف احتجاج ... اور بھوک ہڑتال شروع کریں گے۔

پاکستانی صوبوں کو امداد

کراچی ۳۰ جولائی - معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے ایک کروڑ چالیس لاکھ روپیہ مغربی پاکستان ...

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء | رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

فون نمبر ۵۸۵۵ | تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۶۷ھ مطابق ۲ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۲ | فی پرچہ ۲ نیا پیسہ، بذریعہ ہوائی جہاز ۲

دہلی اور اسکے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

یوم	انتہائے سحر	وقت افطار
ہفتہ ۲۳ رمضان المبارک	۴ بجکر ۹ منٹ	۷ بجکر ۱۹ منٹ
اتوار ۲۴	[illegible]	[illegible]
پیر ۲۵	[illegible]	[illegible]
منگل ۲۶	[illegible]	[illegible]

گھڑی اور گھنٹوں کا ٹائم ریڈیو سے ملائیں

الجمعیۃ میں
اشتہار دیکر آپ
اپنی تجارت اور کاروبار کو
یقیناً
کامیاب بنا سکتے ہیں
منی آرڈر کوپن اور خطوط میں ہمیشہ پتہ اور خریداری نمبر صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں
(منیجر)

دارالعوام میں حیدرآباد اور انڈین یونین کے جھگڑے کی گونج

مسٹر اٹیلی ہندستان اور مسٹر چرچل حیدرآباد کی حمایت میں

ایوان پارلیمنٹ میں سخت جھڑپیں۔ دلچسپ اور اہم بحث

لندن ۳۱ جولائی۔ کل دارالعوام میں دو گھنٹے تک حیدرآباد کے متعلق سخت گرما گرم بحث ہوئی۔ مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ اور مسٹر چرچل کے درمیان دوران بحث میں تلخ گفتگو بھی ہوئی اور ایک دوسرے پر الزامات بھی عائد کئے گئے۔ مسٹر اٹیلی نے مسٹر چرچل پر یہ الزام عائد کیا کہ مسٹر چرچل نے یہ مفروضہ قائم کر رکھا ہے کہ ہندستان ہر کام غلط ہی کرتا ہے۔ مسٹر چرچل نے برہم ہو کر فوراً ہی جواب دیا کہ اس ریمارک پر مسٹر اٹیلی کو چیلنج ہے کہ وہ اپنی بات کا ثبوت پیش کریں۔ مسٹر چرچل نے کہا کہ یہ بیان ایک شرمناک بیان ہے۔ اس شور و غل میں مسٹر چرچل کے حامیوں نے مطالبہ کیا کہ مسٹر اٹیلی اپنے الفاظ واپس لیں۔ لیکن مسٹر اٹیلی نے اپنے الفاظ واپس لینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ مسٹر چرچل ہمیشہ حالات کی تائید میں ہمیشہ ایک طرف واقعات کا انتخاب کر لیتے ہیں۔

[illegible]

چرچل کا الزام

مسٹر چرچل نے حکومت برطانیہ پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ اس نے حیدرآباد سے کئے ہوئے وعدے کو فراموش کر دیا ہے جو حکومت برطانیہ نے ریاستوں کے ساتھ یہ وعدہ کیا تھا کہ دونوں ملکوں یعنی ہندستان اور پاکستان کو انتقال اختیارات کے بعد ریاستوں کو آزاد رہنے کا حق حاصل ہوگا۔ [illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

پانچ انگریزوں کی پیروی

"اسرائیل" سے برطانوی قونصل کی درخواست

تل ابیب ۳۱ جولائی۔ مسٹر جون شیرن گھم جو یروشلم کے عرب مقبوضہ علاقہ میں برطانیہ کے نائب قونصل ہیں انہوں نے اسرائیلی ایمرجنسی جنرل مسٹر جیکب شپیرو سے دریافت کیا ہے کہ کیا ان پانچ انگریزوں کو جنہیں سازش کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا ہے پیروی کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ مسٹر شپیرو نے مسٹر شیرن گھم سے کہا کہ وہ وکیل صفائی کو اجازت دئے جانے کی پوری کوشش کریں گے لیکن ساتھ ہی کہا کہ یہ یقینی نہیں ہے آیا ایک غیر ملکی وکیل کو "اسرائیلی" عدالت کے سامنے حاضر ہونے کی اجازت دی جا سکے گی۔ ایمرجنسی جنرل جو ان پانچ انگریزوں پر عائد کردہ الزامات کی جانچ پڑتال کر رہے ہیں اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ آیا پندرہ دن کے اندر ان کے خلاف مقدمہ چلایا جائے گا یا نہیں۔

کراچی ۔ ۳۱ جولائی۔ حکومت پاکستان نے [illegible]

کراچی کا تعلیمی کمیشن

کراچی ۳۱ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے کراچی کے تعلیمی طریقہ کار کو از سر نو منظم کرنے کیلئے ایک کمیشن مقرر کرے گی۔ تعلیمی نظام کے علاوہ کمیشن ... تعلیمی ترقی دینے کے سلسلہ میں اپنے مشورے بھی دے گا۔ اس وقت شہر میں حسب ذیل انتظامی ادارے ہیں:
(۱) پاکستان وزارت تعلیم (۲) [illegible] (۳) اور کراچی کارپوریشن۔

برطانیہ اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا

لندن ۳۱ جولائی۔ دارالعوام میں مسٹر بیون برطانوی وزیر خارجہ سے پوچھا گیا کہ کیا وہ حکومت اسرائیل کو تسلیم کر لینے کی تجویز کر رہے ہیں اس کے جواب میں مسٹر بیون نے کہا کہ اس معاملہ پر میں جو کچھ کہہ چکا ہوں اس میں اسوقت کسی اضافہ کی ضرورت نہیں۔ مسٹر بیون نے ۹ جون کو کہا تھا کہ حکومت اسرائیل کے تسلیم کرنے کے سوال پر حکومت برطانیہ بین الاقوامی قانون کے ماتحت غور کرے گی۔

مسٹر ندیام رکباون جو اسوقت بٹاویہ میں ہندستانی قونصل جنرل ہیں انہیں چیکوسلواکیہ میں ہندستانی سفیر مقرر کیا گیا ہے۔

پاکستان میں ابھی تک ہزاروں مہاجرین کس مپرسی کی حالت میں پڑے ہوئے ہیں

لاہور ۳۱ جولائی۔ مغربی پنجاب کے کیمپوں میں اب بھی ہزاروں آدمی ہیں جو انتہائی کس مپرسی کی حالت میں پڑے ہوئے ہیں ان میں اکثر ایسے ہیں جنہیں امداد ملنے کی کوئی امید نہیں ... [illegible] ... لاہور کے چار کیمپوں ۔ والٹن، چائنا پارک ... میں اس وقت مہاجرین کی تعداد ڈیڑھ لاکھ ہے۔

مغربی طاقتوں کے سفیروں سے وزیر خارجہ روس کا ملنے سے گریز

اعلان کر دیا گیا کہ موسیو مولوٹوف ماسکو میں موجود نہیں ہیں

ماسکو ۳۱ جولائی۔ [illegible]

چیکوسلاواکیہ کی طرف سے پاکستان کو صنعتی پیشکش

کراچی ۳۱ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ چیکوسلاواکیہ نے حکومت پاکستان کو اس کی صنعتی ترقی میں امداد کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ چیکوسلاواکیہ نے ... پاکستان کے اندر چھوٹے چھوٹے انجینئرنگ کے کارخانوں کا ایک جال بچھانے اور نوجوان پاکستانیوں کو یہ کارخانے چلانے کی تربیت دینے کی پیشکش کی ہے۔ جب پاکستانی کاریگر تربیت حاصل کر لیں گے تو یہ کارخانے حکومت پاکستان کی نگرانی میں دیدیے جائیں گے۔ حکومت پاکستان اس پیشکش پر غور کر رہی ہے۔ اور اس امر کا قطعی امکان ہے کہ چیکوسلاواکیہ کی یہ پیشکش منظور کر لی جائے گی۔

اٹلی کی ناپاک خواہش

لندن ۳۱ جولائی۔ لندن میں برطانوی سفیر نے شمالی افریقہ میں اٹلی کی سابقہ نوآبادیات کے بارے میں برطانیہ، فرانس اور امریکہ کے نمائندوں کے سامنے اطالوی حکومت کے نظریات پیش کر دیے۔
حکومت اٹلی نے کہا ہے کہ لیبیا کے پورے علاقہ کو اٹلی کی تولیت میں دیا جائے۔

اقوام متحدہ کی پیش رو پارٹی

[illegible]

سری نگر میں مدینۃ العلوم

سری نگر ۳۱ جولائی۔ سری نگر میں کشمیری مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے لئے ایک مدینۃ العلوم کی تعمیر ... [illegible]

حیدرآباد سے دوائیوں کیلئے اپیل

کراچی ۳۱ جولائی۔ پاکستان ریڈ کراس سوسائٹی نے ... حیدرآباد کو ریاست کی ریڈ کراس سوسائٹی کی اپیل پر دوائیاں بھیجی گی۔

پانچ ماہ کے اندر مل والوں نے عوام کی جیبوں پر ۵۷ کروڑ کا ڈاکہ ڈالا

اگر اب بھی باز نہ آئے تو سخت کارروائی کیجائیگی

کوٹہ کی تقسیم پر صوبوں کو اختیارات دیدیئے گئے

نئی دہلی ۳۱ جولائی۔ حکومت ہند نے ... [illegible] ... پانچ ماہ کے عرصہ میں ان منافع خور سرمایہ داروں نے عوام کی جیبوں پر ۵۷ کروڑ روپیہ کا ڈاکہ ڈالا۔

[illegible]

جامع مسجد کی مرمت کیلئے نظام کا عطیہ

حیدرآباد دکن ۳۱ جولائی۔ [illegible]

کراچی ۳۱ جولائی۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان جونا گڑھ اور مناودر ریاستوں کے لئے کوئی ڈاک ٹکٹ منظور نہیں کرے گی۔

سندھ کے ضلع لاڑکانہ میں امن و اتحاد کا نظارہ

کراچی ۳۱ جولائی۔ ہندستان ٹائمز کا نامہ نگار کراچی سے رقمطراز ہے کہ جب میں لاڑکانہ میں سندھ ہندو کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے گیا تو مجھے یہ دیکھ کر سخت تعجب ہوا کہ بعض سکھ پہلے کی طرح اپنے کاروبار میں مشغول ہیں اور شہر میں آزادی کے ساتھ آتے جاتے ہیں ... پورے پاکستان میں صرف لاڑکانہ ہی ایک ایسا ضلع ہے جہاں سکھ لوگ بغیر کسی خوف و ہراس کے رہ سکتے ہیں۔

[illegible]

نئی دہلی میں امن کانفرنس

نئی دہلی ۳۱ جولائی۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد آج شام کو ساڑھے ۶ بجے امن و شانتی کے جلسہ کا نہرو پارک نئی دہلی میں افتتاح کریں گے۔ مسز راشیدی نہرو کانفرنس کی صدارت کریں گی۔ یہ کانفرنس آج اور کل جاری رہے گی۔

بجالیات کے بورڈ نے مہاتما گاندھی کا وعدہ نظر انداز کر دیا

[illegible]

میووں کے لبانے میں لیت و لعل

[illegible]

کراچی: کراچی ۳۱ جولائی۔ تنخواہ کمیشن کی عارضی امداد سے غیر مطمئن ہو کر سکریٹریٹ کے تقریباً چار سو چپراسیوں نے جنہوں نے بھوک ہڑتال کی ... [illegible]

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲ر اگست ۱۹۴۸ء

ہند اور پاکستان کے تعلقات

ہمارے وزیر اعظم اور ملک کے محبوب رہنما پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی مدراس والی تقریر میں فرمایا تھا کہ ہم نے ملک کی تقسیم کو بطیب خاطر تسلیم کیا ہے۔ پہلے ہماری طرف سے انکار تھا مگر بعد میں آخری چارہ کار کے طور پر ملک کی تقسیم کو ہم نے خود تسلیم کیا اور اس پر اپنی تصدیق ...

کسی نہ کسی پر ڈالا گیا اور ان کی عظمت اور جو بہت سے چہ باتوں کا مذاق اڑایا گئی، گویا معاہدے کیا ہوئے بچوں کا کھیل ہو گئے، اگر دنیا ہماری ان حرکتوں کو دیکھ کر ہمیں اناڑی قرار دے اور ہماری نا اہلیت اور کم ظرفی کا صور پھونکے تو ہمارے پاس ندامت اور شرمندگی کے سوا اس کا کیا جواب ہو سکتا ہے؟

...

دوسرے کے خلاف اسقدر جھوٹ بولا ہے اور اس قدر مفتریانہ پروپیگنڈا کیا ہے جس کی نظیر تلاش نہیں ملتی اخلاق اور مروت تک کو بالائے طاق رکھ دیا گیا شرافت اور انصاف کی قبر کھود ڈالی گئی، انسانیت اور اسکے تقاضوں کا گلا گھونٹ دیا گیا، مگر کلکتہ کی انڈو ڈومینین کانفرنس کے فیصلے بحالہ قائم ہیں اور دونوں حکومتیں اس صورت حال کو روز روشن میں برداشت کر رہی ہیں!

ابھی حال ہی میں لاہور کے اندر ہند اور پاکستان کے نمائندوں کا اجتماع ہوا اس میں جو مسائل زیر بحث آئے وہ اپنی جگہ بہت ہی اہم تھے مگر کارروائیوں کو دیکھ کر صاف طور پر معلوم ہو گیا کہ یہ لوگ بیدلی کے ساتھ جمع ہوئے اور نامراد ہو کر منتشر ہو گئے، معاملات اور کانفرنسوں کی وہ مٹی پلید ہو رہی ہے کہ الامان الحفیظ! آسانی سے جمع ہو جاتے ہیں اور آسانی سے منتشر ہو جاتے ہیں، نہ اعتماد اور اتحاد کی کوئی شکل ہے، نہ تعاون اور ... کیا یہ صورت حال کسی خود دار ... کے لئے بھی زیبا ہے؟ کیا زندہ اور ترقی پذیر حکومتوں کے یہی لچھن ہیں کہ مارے باندھے جمع ہوں اور نا فرجام بن کر چلتے بنے؟

اگر ہند اور پاکستان دونوں زندہ رہنا چاہتے ہیں تو وہ اپنی اس طفلانہ روش کو بدلیں اور اپنے استحکام کے لئے اپنے معاہدوں کا احترام کریں ... دوسرے کی شکل نہ دیکھنے کے ... کانفرنسوں میں ... اپنی صلاحیتوں کا ثبوت بہم پہنچانا ہے اور یہ دکھانا ہے کہ اگر ہمیں آزادی ملی ہے تو ہم اسکے صحیح استعمال پر بھی قادر ہیں اور اپنی ذمہ داریوں کے احساس میں کسی سے کم نہیں ...

برطانیہ کی دھمکی

[illegible]

اعتدال کی راہ

ولا تجعل ... تا ... محسورا ... (پ ۱۵ ع ۳)

اپنے ہاتھ کو اپنی گردن میں نہ لپیٹو اور نہ اسے ضرورت سے زیادہ پھیلاؤ اگر ایسا کرو گے تو تمہیں ندامت اور افسوس کے ساتھ بیٹھنا ہوگا۔

اسلام کی ہر تعلیم اعتدال پر مبنی ہے اور یہاں مالیات کے سلسلہ میں اسی اعتدال کی طرف اشارہ کیا گیا ہے فرمایا نہ تو اسقدر بخیل بنو گویا تمہارے ہاتھ گردن میں بندھ کر رہ گئے ہیں اور نہ اسقدر سخی بنو کہ اگر ہاتھ کھل گئے تو بس کھل گئے پہلی راہ خست اور بخل کی ہے دوسری راہ اسراف و تبذیر کی ہے، سوسائٹی کا نظام نہ تو بخل سے قائم رہ سکتا ہے اور نہ اسراف سے بخل کرو گے تو سرمایہ کی گردش بند ہو جائے گی اور گردش کے بند ہونے سے معاشی نظام میں خلل واقع ہوگا، اسراف کرو گے تو تمہاری حالت بگڑے گی اور یہ بگاڑ سوسائٹی کو نقصان پہونچائے گا، پس مالیات کے سلسلہ میں اعتدال کو ملحوظ رکھو، نہ تو اپنی ذات کو نقصان پہونچا کر سوسائٹی پر بار بنو نہ سوسائٹی کو نقصان پہونچا کر نظام تمدن کی رفتار کو روکو۔

یہودی حکومت کے وزیر خارجہ کی دھمکیاں

فلسطین کے مزید علاقوں کو فتح کرنے کے ناپاک منصوبے

تل ابیب، ۳۰ر جولائی، کل رات اسرائیلی حکومت نے یروشلم کو غیر فوجی علاقہ قرار دینے کے بارے میں کاؤنٹ برناڈوٹ کی تجویز کو قطعی طور پر مسترد کر دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اسرائیل کے وزیر خارجہ موسیٰ شرتاک نے کہا کہ ان کی حکومت ایک ایسی "معقول" تجویز پر غور کرنے کے لئے تیار ہے جس کی وجہ سے فلسطین کے مسئلہ کے آخری تصفیہ پر کوئی اثر نہ پڑے۔

اسرائیل کی عارضی حکومت کے سامنے تقریر کرتے ہوئے مسٹر شرتاک نے کہا کہ یہودی یروشلم میں لاکھ عرب پناہ گزینوں کے داخلہ کو بھی تسلیم نہیں کر سکتے!

موسیٰ شرتاک نے اپنی ایک گھنٹہ کی تقریر میں ... کی جنگ ... اور کہا کہ عرب عارضی صلح کی شرائط کی ... کہا کہ ... عارضی صلح کی خلاف ورزی کی ہے۔

...

مہاجرین پر پابندی

...

ہند اور پاکستان کے مابین جودھپور کا راستہ بھی بند ہو گیا

جودھپور ریلوے سندھ سیکشن پر پاکستان نے قبضہ کر لیا

نئی دہلی، ۳۰ر جولائی، جودھپور سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ پاکستان کے حکام نے جودھپور سٹیٹ ریلوے کے سندھ سیکشن پر قبضہ کر لیا ہے۔ اور جودھپور ریلوے سٹاف کی جگہ اپنا سٹاف تعینات کر دیا ہے۔ جودھپور سٹیٹ ریلوے ہند اور پاکستان کے درمیان ٹرینوں کی آمد و رفت بھی بند ہو گئی ہے ... اب تک یہی راستہ تھا جو ہند اور پاکستان کے درمیان کھلا ہوا تھا۔

معلوم ہوا ہے کہ جودھپور سٹیٹ ریلوے کے باقی سیکشن کے انتقال کے متعلق پاکستان اور جودھپور کے حکام میں ...

سماجی کاموں کا ادارہ

مجلس متحدہ اقوام نے سماجی کاموں کا ایک ادارہ قائم کیا ہے۔ یہ ادارہ مختلف ممالک کے بکال اور لوگوں ...

حریت پسند کے علاقہ میں گھس آئے

...

گاندھی جی کے مقدمۂ قتل میں سلطانی گواہ باڈگے پر مزید جرح

لال قلعہ دہلی ۳۰ر جولائی، سرکاری گواہ باڈگے نے گوپال گوڈسے کے وکیل کی جرح کے جواب میں کہا کہ میں ۱۹ر جنوری کو دہلی آیا تھا اور ... میں ٹھہرا تھا۔ میں رات کے ساڑھے گیارہ بجے سویا میں نے ہال میں اپنے پیچھے کسی داڑھی والے کو نہیں دیکھا ...

گوپال گوڈسے کے بستر ہال میں پڑے ہوئے تھے۔

باڈگے پر سرکاری وکیل مسٹر دفتری نے دوبارہ جرح کی۔ مسٹر دفتری نے کہا کہ اس نے مسٹر بھوپٹکر کے سوال کے جواب میں کہا تھا کہ وہ اپنے آپ کو اگرچہ آزاد خیال لوگ تھے لیکن انہوں نے بعض اوقات دوسروں سے مشورہ کر لیا کرتے تھے ...

...

ڈرامہ نویس برنارڈ شاہ کا نیا مشغلہ

...

تاج پر قبضہ کے خلاف

حکومت نظام کی طرف سے احتجاج

حیدرآباد، ۳۰ر جولائی، حکومت نظام نے ایک پریس نوٹ میں اس بات کو دوہرایا گیا ہے کہ حکومت نے ریاست حیدرآباد کے ضلع عثمان آباد کے تاج پر ہند کی ...

بخیر گذشت

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی مدراس والی تقریر میں پاکستان پر جو نکتہ چینی کی تھی اور کہا تھا کہ پاکستان کی پالیسی، دھوکہ، فریب اور مکاری پر مبنی ہے، اس کے جواب میں حکومت پاکستان کی وزارت خارجہ نے ایک کمیونک شائع کیا ہے جس میں اسبات کی تو شکایت کی گئی ہے کہ پنڈت نہرو نے انٹر ڈومینین فیصلہ اور کشمیر کمیشن کی درخواست کو نظر انداز کرتے ہوئے پاکستان کے حق میں سخت اور ناگوار زبان استعمال کی مگر خود جواب میں کوئی سخت کلمہ یا لفظ استعمال نہیں کیا بلکہ پاکستان اپنی زبان پر ...

جھنگڑ کے علاقہ میں

ہندوستانی فوجوں کی کامیابی

نئی دہلی، ۳۰ر جولائی، حکومت ہند کے محکمہ دفاع کا اعلان مظہر ہے کہ آج نمتھرول کے علاقہ میں ہمارے توپ خانہ نے دشمن کی توپوں کی گولہ باری کو ناکام کر دیا۔ دشمن نے نمتھرول کے جنوب مغرب میں ہمارے مورچوں پر گولہ باری کی ... دشمن نے ۲۵ پونڈ کی توپوں ... جھنگڑ کے سیکٹر ... ہمارے توپ خانہ نے دشمن کی کئی پارٹیوں ...

...

کشمیر کمیشن کے ممبر

مسٹر جناح سے ملنے زیارت جائیں گے

نئی دہلی، ۳۱ر جولائی، اقوام متحدہ کا کمیشن جس کے ممبر ...

مسٹر جناح آج کل زیارت میں مقیم ہیں۔

روزنامہ الجمعیۃ ۳ اگست ۱۹۴۸ء

حیدرآباد اور کشمیر دونوں استصواب رائے کیلئے آمادہ تھے مسٹر چرچل کا انکشاف

دار العوام میں حیدرآباد کے مسئلہ پر بحث

(بقیہ صفحہ اوّل)

مسٹر چرچل نے وزیر اعظم ہندسے اس بات پر بھی زور دیا کہ وہ حیدرآباد کا اپنا معاملہ اقوام متحدہ میں پیش کرنے میں مدد دیں۔ انھوں نے یہ بھی تجویز پیش کی کہ اقوام متحدہ کے ماتحت حیدرآباد میں استصواب کیا جائے۔

[illegible]

بحث کا افتتاح

مسٹر سیلوان لائڈ نے بحث کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ان کا مقصد حالات کو زیادہ بدتر بنانے کی کوئی خواہش نہیں نہ ہی پرانی بحثوں کو شروع کرنا اور نہ غیر معمولی مشکلات پیدا کرنا مقصود ہے۔ . . .

ایک سال قبل کی ہندوستان کی آزادی کے ... موضوع پر بحث کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا اس بارہ میں دار العوام میں جس نکتہ تک بحث ہوئی تھی یہ تھا کہ ہندوستانی ریاستیں اور آزاد ...

[illegible]

باقی صفحہ ۲ پر

سوالات کا اصول

[illegible]

ڈومینین کا معاملہ

[illegible]

مسٹر کھوڑو کا مقدمہ:۔

نائب افسر بحالیات پر عدالت میں جرح

گواہ نے بتایا مسٹر کھوڑو نے زبانی احکام دیے تھے

کراچی ۲۱ جولائی۔ کل مسٹر کھوڑو کے مقدمہ میں سرکاری وکیل مسٹر پھاگن داس نے ... سے پورے چار گھنٹے تک سوالات کئے ... کے سلسلہ میں سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے لئے دیئے گئے تھے ... گواہ نے کہا جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ... جنوری کو نائب افسر بحالیات مقرر کیا گیا۔

سوال:۔ کیا آپ نے پابندی کے بارے میں جسٹرار کو کوئی زبانی حکم دیا۔

جواب:۔ ۲ فروری کو میں نے نسب رجسٹرار کراچی کے نام ایک سرکلر لیٹر بھیجا تھا کہ ... کا معاملہ اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک کہ نائب افسر بحالیات کی اس پر تصدیق نہ ہو جائے۔

... کو بہت نقصان ہو رہا ہے ... اس قسم کے احکام جاری کرنا ضروری ہے۔

سوال:۔ کیا یہ سرکلر جاری کرنے سے قبل آپ نے افسر بحالیات سے مشورہ کیا تھا۔

جواب:۔ جی نہیں۔

جواب:۔ نہیں۔ لیکن میں نے انھیں اس سرکلر کی ایک کاپی بھیجی تھی۔

سوال:۔ اس سرکلر کے جاری کرنے سے قبل مسٹر کھوڑو نے آپ سے کیا کہا تھا۔

جواب:۔ مجھ سے کہا گیا تھا کہ ... کی املاک کے تبادلے کے بارے میں ... پیمانہ پر ... گفت و شنید ہو رہی ہے اور چونکہ ... وصول کی جا رہی ہے۔ اور خرید و فروخت کا سودا ظاہر نہ ہونے کی وجہ سے سرکاری ٹکٹ فروخت نہیں ہو رہے اس لئے حکومت ...

کھوڑو سے گفتگو

سوال:۔ کیا آپ نے اور مسٹر اللہ بخش انصاری اسسٹنٹ جنرل رجسٹریشن کراچی نے اس پابندی کے سلسلہ میں مسٹر کھوڑو سے ملاقات کی۔

جواب:۔ ۱۱ فروری ۱۹۴۸ء کو مسٹر انصاری اور میں ...

[illegible]

حکومت ہند نے کپڑے کی تقسیم اور اس کی قیمتوں پر پھر کنٹرول قائم کر دیا

ملوں کے کپڑے کے تمام اسٹاک پر قبضہ کر لیا گیا

نئی دہلی ۳۱ جولائی۔ کل دوپہر بعد ہند کے وزیر صنعت و رسد ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے ایک پریس کانفرنس میں حکومت ہند کے اس فیصلہ کا اعلان کیا کہ کپڑے کی تقسیم اور اس کی قیمتوں پر کنٹرول ... کپڑا اور سوت کے اسٹاک کو ضبط کر لیا گیا ہے ... کے مطابق قیمتیں لکھی جائیں گی ...

جب تک حکومت ٹیرف بورڈ کی سفارشات پر اپنا کوئی فیصلہ دے گی اس وقت تک حکومت موجودہ کپڑے کی عارضی طور پر قیمتیں مقرر کر دے گی۔ بغیر مہر کے کپڑے کو فروخت کرنے کے لئے ۳۱ اکتوبر تک کی اجازت دی گئی ہے۔

[illegible]

... حصہ کی تقسیم کے لئے فرنچ کی سرکاری دوکانیں کھولے گی۔ باقی کپڑا خریداروں کی کوآپریٹو سوسائٹیوں کے ذریعہ اور عام تجارتی ذرائع سے فروخت ہوگا۔ حکومت نئی پالیسی کے نفاذ کے لئے ایک محکمہ قائم کر رہی ہے۔



دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

خاص ــ حج ــ سروس

حاجیوں کے لئے مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ امسال اگلے پانچ مندرجہ ذیل جہازوں کا اعلان کرتی ہے۔

(۱) ایس ایس اسلامی ـــــ وزن ۵۸۶۹ ٹن
۱۲ اگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

(۲) ایس ایس مظفری ـــــ وزن ۷۰۲۴ ٹن
۱۴ اگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

(۳) ایس ایس رضوی ـــــ وزن ۵۴۴۸ ٹن
۱۴ اگست ۱۹۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۴) ایس ایس اکبر ـــــ وزن ۴۰۴۳ ٹن
۱۹ اگست ۱۹۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۵) ایس ایس علوی ـــــ وزن ۲۵۶۶ ٹن
۲۳ اگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہازوں کا کرایہ خوراک کے ساتھ

بمبئی تا جدہ اور واپسی	کراچی تا جدہ اور واپسی
درجہ اول: ۱۰۷۵ روپے	۱۰۵۰ روپے
عرشہ ۳۸۸ روپے	۳۶۰ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ، کامران کی فیس جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۷ روپے ۸ آنے ہوتی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ ایجنٹ بمبئی

دس خصوصیتوں والی

"خوشنما حمائل شریف مترجم"

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے، اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا اشرف علیؒ مع توضیحی عبارات۔
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانویؒ)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادرؒ)
(۸) تفسیر ابن کثیر، معالم، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
(۱۰) خط خوشنما، صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے ہدیہ مجلد جرمی کلکتہ کی جلد ساتھ روپے چار آنے۔ معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپے، ہدیہ مجلد دس روپے۔

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

اعلان عام

جدید ہندوستان اہل اسلام متصل کوٹلہ فیروز شاہ دہلی کے گھاس کا ٹھیکہ برائے یکسال آئندہ از ۳ اگست ۱۹۴۸ء تا ۱۵ جون ۱۹۴۹ء فروخت کیا جائیگا۔ خریداران گھاس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ۲ اگست ۱۹۴۸ء تک اپنی درخواستیں بخدمت سید شاہ کرامت حسین صاحب دہلی دریا گنج درگاہ صابری میں پیش کر دیں۔ واضح رہے کہ جس ٹھیکیدار کی درخواست منظور ہو جائے گی اسکی نصف رقم ٹھیکہ فوراً داخل کرنی ہوگی۔
سکریٹری صاحبان جدید قبرستان اہل اسلام متصل کوٹلہ فیروز شاہ دہلی۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

فرم کیس، اور سب سامان متعلقہ چشمہ جات سستے داموں اسیل و رٹیل نرخ پر کفایت سے ملتا ہے۔

چاندنا اور مینکل کمپنی

حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی جڑی بوٹی ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ برص کوڑھ سنبہری کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے ابتک سینکڑوں کی تعداد میں صحتیاب ہو چکے ہیں اسکا اثر اکیس یوم میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے اور ۲ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

حکیم قاری عزیز الرحمن دہلوی چشتی قاسمی ۔ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

لندن پارلیمنٹ میں سخت جھڑپیں

(بقیہ صفحہ ۳)

کہ حیدرآباد کے ساتھ جو وعدے کئے گئے تھے ان کو پورا کیا گیا۔

ذرا غور کیجئے کہ اگر کسی ڈاکو نے اسی طریق کو خود قائم رکھا ... کیا مہذب دنیا گوارا کرے گی۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں ... حالانکہ وہ ابھی تک ان ... آتا ہے۔

معاہدوں کا ذکر

مسٹر چرچل نے کہا کہ حیدرآباد اور برطانوی تاج کے مابین تعلقات ان معاہدہ جات کے مطابق ہیں جن کی وقتاً فوقتاً تصدیق ہوتی رہی ہے۔ ... معاہدات کو ناقابل تنسیخ قرار دیدیا گیا۔ جب سر اسٹیفورڈ کرپس ۱۹۴۲ء میں مشترکہ حکومت کی طرف سے ہندوستان گئے تو انہوں نے حیدرآباد کے نمائندوں سے کہا کہ "اگر آپ خود مختار رہنا چاہتے ہیں تو بتا دیجئے آپ کو یہ خود مختاری مل جائیگی۔ شمالی مغربی ریاستیں ایک یونین بنا سکتی ہیں اور آپ چاہیں تو اس یونین میں شامل ہو سکتے ہیں۔ بہرحال ہم کسی صورت سے بھی اپنے فرائض کو نظر انداز نہیں کر سکتے"۔

مسٹر چرچل نے کہا یہ بہت ضروری ہے کہ ہم ...

اپنے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے پیش کرے اور انصاف کی درخواست کرے۔ خاص طور پر اس وقت جب کہ اس کو خطرہ لاحق ہو جائے۔

میں وزیراعظم سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا حکومت برطانیہ حیدرآباد کی امداد کرے گی کہ وہ اپنے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے پیش کرے۔

اور کہا حکومت برطانیہ اپنے نمائندوں کو یہ ہدایت کریگی کہ وہ اس کا انتظام کریں کہ دونوں طرف کے بیانات کو منصفانہ طریقہ سے سنا جائے۔

ناکہ بندی کا ذکر

آگے چل کر مسٹر چرچل نے کہا کہ ہندوستان کی مرکزی حکومت نے حیدرآباد کی سخت ناکہ بندی کر رکھی ہے۔ یہ ناکہ بندی اس ناکہ بندی سے بہت ملتی جلتی ہے جو روس نے برلن کی کر رکھی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ روسی ناکہ بندی کا شکار ۲ لاکھ آدمی ہیں اور ہندوستانی ناکہ بندی کی مصیبت میں ایک کروڑ ۷۰ لاکھ مبتلا ہیں۔ حکومت ہندوستان نے بہت ہی سخت اقدام کئے ہیں۔ مثلاً ادویات اور ہسپتالوں کا سامان وغیرہ لے جانیکی قطعی ممانعت کر دی گئی ہے۔

ایک اخبار کا حوالہ

مسٹر چرچل نے کہا مجھے معلوم ہے کہ وزیراعظم ان واقعات سے انکار کرتے ہیں۔ لیکن میں ان کو ...

کشمیر کی مثال

... کہا ہے۔ اگر کشمیر کے تقسیم شدہ حصے ... ہو سکتی ہیں تو ہندوستان کے کیا کہنے ہیں۔

ان دونوں حکومتوں کے متعلق حکومت برطانیہ کا جو رویہ ہے اس کا اصول میری سمجھ میں نہیں آتا۔ کشمیر میں آبادی مسلمان ہے اور حکمراں ہندو۔ ہندوستان میں اس کی شمولیت کو بغیر عوام سے پوچھے تسلیم کر لیا گیا۔ حیدرآباد میں معاملہ اس کا الٹا ہے۔ حکمراں مسلمان ہے اور آبادی کا زیادہ حصہ ہندو ہے۔ لیکن نہرو کی حکومت کی منطق ملاحظہ فرمایئے ایک صورت میں تو عوام کی مرضی سب کچھ ہے۔ اور دوسرے معاملہ میں حکمراں کا فیصلہ قطعی۔ لیکن نہرو کی حکومت نے اپنے دونوں مقاصد حل کر لیے۔

لیکن میں تجویز کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ حکومت برطانیہ اس معاملہ میں میرے ساتھ اتفاق رائے کرے گی کہ دونوں ریاستوں یعنی حیدرآباد اور کشمیر کے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے پیش ہونا چاہئے اور ہمیں دونوں ریاستوں کی اس معاملہ میں امداد کرنی چاہئے۔ میرے خیال میں ہمیں یہاں بھی اس اصول کا اطلاق کرنا چاہئے جس کے لئے ہم نے اپنی سلطنت میں عظیم الشان قربانیاں کی ہیں اور وہ یہ کہ حکومتوں کو عوام کی مرضی کے مطابق طاقت حاصل ہونی چاہئے اور جہاں یہ صورت حال مشتبہ ہو تو اقوام متحدہ کے فیصلہ کو آخری تسلیم کیا جائے ...

حیدرآباد میں استصواب

انتباہ

۲۲ مئی کو جو بیان دیا تھا اس میں بھی اس معاملہ کا ذکر کیا گیا تھا۔ میں اس وقت ان الفاظ کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

"جبکہ نئی خود مختار حکومت عالم وجود میں آئے گی اس وقت ملک معظم کی حکومت اقتدار اعلیٰ کے فرائض کی انجام دہی کے قابل نہیں رہے گی اور نہ اس نئی حکومت کو یہ اقتدار تفویض کیا جا سکیگا۔ یہ ایک منطقی نتیجہ ہے اور ریاستوں کی اظہار کردہ خواہش کی روشنی میں ملک معظم کی حکومت کا اقتدار اعلیٰ ختم ہو جائے گا"۔

اس کے بعد مسٹر اٹیلی وزیراعظم نے انڈیا ایکٹ سے ایک حوالہ دیا جس میں اسی اقتدار اعلیٰ کے متعلق تذکرہ تھا۔ مسٹر چرچل نے اس وقت یہ اعتراض کیا کہ انڈیا ایکٹ خود معاہدات کی خلاف ورزی ہے۔ اس پر وزیراعظم نے کہا۔ مسٹر چرچل اس معاملہ کا ذکر تو شروع کرنا چاہتے تھے جس پر دارالعوام میں بحث ہو چکی ہے میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس بحث کے وقت ایسی کوئی تجویز کی گئی تھی کہ ہم کو حیدرآباد کے معاملے میں اپنا اقتدار اعلیٰ قائم رکھنا چاہئے۔

شمولیت کا مسئلہ

اس کے بعد ریاستوں کی شمولیت کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ یہ سلسلہ گفتگو جاری ... اور ریاستوں کی مرضی سے طے ہوا اور بہت سی ریاستیں اپنی مرضی سے ایک یا دوسرے ملک میں شامل ہو گئیں۔

کشمیر کا سوال

مسٹر اٹیلی نے کہا کہ کشمیر کے حکمراں نے اپنی مرضی سے انڈین یونین میں شمولیت اختیار کی۔ میں جاننا چاہتا ہوں کہ کیا مسٹر چرچل حکمرانوں کے حقوق کے طرفدار ہیں۔

اقوام متحدہ کا کمیشن

ایک فرمان کا ذکر

ایوان میں شور وغل

وزیراعظم برطانیہ کا جواب

اقتدار اعلیٰ

نہرو کی تقریر کا حوالہ

اندیشہ بابل کا حوالہ

تنسیخ معاہدات

ریاستی آزادی

حیدرآباد کا حق

اندوہناک حادثہ

سید توقیر حسین صاحب کو تعزیت

جمعیۃ علماء کے حلقہ میں یہ خبر رنج اور افسوس کے ساتھ پڑھی جائے گی کہ سید توقیر حسین صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع دہرہ دون کے برادر خورد سید تنویر حسین صاحب گذشتہ ہفتہ اس دار فانی سے عالم جاودانی کو رخصت ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

سید توقیر حسین صاحب نے گذشتہ فسادات دہرہ دون کے دوران میں جس حوصلہ اور دلیری سے کام کیا اور مسلمانوں کے دوبارہ آبادکاری کے سلسلے میں جو نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں ان کا شکریہ ملقہ جمعیۃ کے احباب اور بزرگ اسی طرح کر سکتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ ایصال ثواب کر کے مرحوم کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کریں۔

مرحوم کے پسماندگان میں والد والدہ بھائیوں کے علاوہ بیوہ اور ایک یا دو بچے بھی ہیں۔ دعا ہے کہ خدا تعالیٰ ان سب کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ نصیب ہو۔

ہندوستان مغربی پاکستان سے

گیہوں کا بیج حاصل کرے گا

نئی دہلی ۳۱ جولائی۔ گذشتہ ہفتہ ہندوستان اور پاکستان کے مابین جس معاہدہ پر دستخط ہوئے ہیں اس کے تحت یہ خیال کیا جاتا ہے ہندوستان ...

بغیر اجازت کپڑا فروخت نہ کرو

ٹیکسٹائل کمشنر کا مل والوں کو حکم

بمبئی ۳۱ جولائی۔ ٹیکسٹائل کمشنر بمبئی نے کپڑے کے ۶۰ ملوں پر نوٹس تعمیل کیا ہے جس کی رو سے انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس کی اجازت کے بغیر کپڑا یا سوت کسی کے ہاتھ فروخت نہ کریں۔ اس نوٹس کے ذریعہ ان سے یہ بھی دریافت کیا گیا ہے کہ ان کے پاس اس وقت کتنا اسٹاک ہے ... ۳۰ جولائی تک انہوں نے کتنا کپڑا فروخت کیا ... اسی قسم کے احکام جاری کئے گئے ہیں ... تاکہ کپڑا باہر نہ جا سکے۔

مانگرول اور ماناودر کا مستقبل

راجکوٹ ۳۱ جولائی۔ اس وقت تک کاٹھیاواڑ کی دو ریاستوں یعنی مانگرول اور ماناودر کا انتظام حکومت ہند کے ہاتھ میں تھا۔ لیکن اب ۵ اگست کو سوراشٹر کی حکومت ان دونوں ریاستوں کا انتظام ...

کوئلہ پر بھی کنٹرول؟

فرضی سوال

منی آرڈر

ادھر کوپن اور خطوط پر اپنا خریداری نمبر ضرور تحریر فرمائیں تاکہ دفتر کو اندراج اور تعمیل ارشاد میں سہولت ہو۔

روزانہ الجمعیۃ کا چندہ

سالانہ	تیس روپے
ششماہی	سولہ روپے
سہ ماہی	آٹھ روپے

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۰۵۵

سالانہ قیمت تین روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۶۷ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۳ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ
اپنی تجارت و کاروبار کو
یقیناً
کامیاب بنا سکتے ہیں!
منی آرڈر کوپن اور خطوط میں ہمیشہ اپنا پتہ اور خریداری نمبر صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں

دہلی اور اسکے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

یوم		انتہائے سحر	وقت افطار
پیر	۲۵ رمضان المبارک	۴	۷ بجکر ۱۸ منٹ
منگل	۲۶	۴ بجکر ۱۱ منٹ	۷ ۱۷
بدھ	۲۷	۴ ۱۲	۷ ۱۶
جمعرات	۲۸	۴ ۱۳	۷ ۱۶
[illegible]	۲۹	۴ ۱۳	۷ ۱۶

گھڑی اور گھنٹوں کا ٹائم ریڈیو سے ملائیں

بیت المقدس کو کھلا شہر قرار دینے کیلئے کاؤنٹ برناڈوٹ کی کوشش

کاؤنٹ شاہ عبداللہ سے ملنے عمان پہنچ گئے

یہودیوں اور عربوں نے بیت المقدس سے فوجیں ہٹانا مان لیا

لندن ۔ ۳ اگست ۔ عمان کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ بیت المقدس سے فوجیں ہٹانے کے مسئلہ پر شرق اردن کے بادشاہ عبداللہ سے گفت و شنید کرنے عمان پہنچ گئے ہیں۔ وہاں سے کاؤنٹ بیت المقدس اور اسکندریہ جائیں گے اور وہ بعد میں تل ابیب بھی جائیں گے۔

کاؤنٹ کے ساتھ انکے اسٹاف کے آٹھ آدمی گئے ہیں۔ توقع ہے کہ وہ شاہ عبداللہ سے نہ صرف بیت المقدس کے معاملہ پر بلکہ فلسطین میں صلح قائم کرنے کے دوسرے پہلوؤں پر بھی گفتگو کریں گے۔ اس گفتگو میں ان عربوں کا سوال بھی پیش ہوگا جو ان علاقوں سے بھاگ گئے ہیں جن پر یہودیوں نے دوران جنگ میں قبضہ کر لیا ہے۔

عمان میں کاؤنٹ نے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ عربوں اور یہودیوں نے اصولی طور پر بیت المقدس سے فوجیں ہٹانے کو منظور کر لیا ہے۔ آپ نے کہا کہ یہ اس وقت تک ممکن نہیں ہو سکتا جب تک بین الاقوامی پولیس کا انتظام نہ کیا جائے۔ لیکن اقوام متحدہ کو پولیس تیار کرنے اور وہاں بھیجنے میں ... دو تین ماہ کا عرصہ لگے گا۔ بہر حال یہ امید ہے کہ بعض بیرونی حکومتیں اپنے یہاں سے پولیس اس مقصد کیلئے ارسال کر دیں گی۔

عمان میں اقوام متحدہ کے ایک نمائندے نے بتایا کہ یہ اطلاع ملی ہے کہ دو جہاز یہودیوں کے لئے اسلحہ کر رہے ہیں۔ ان جہازوں ... کھولنے کے لئے ہوائی اور بحری نقل و حرکت ... اقوام متحدہ کے تمام مشاہد بالکل تیار ہیں۔ نمائندے نے کہا کہ یہ اطلاع ملی ہے کہ جہاز اطالیہ سے روانہ ہوئے ہیں۔ اس لئے اس سلسلہ میں حکومت اطالیہ سے بھی احتجاج کیا جا رہا ہے۔ تل ابیب میں اعلان کیا گیا ہے کہ کل جو لائی سے جب سے کہ دوبارہ صلح ہوئی ہے پہلا یہودی دستہ بیت المقدس بغیر کسی واقعہ کے پہنچ گیا۔ اس سے قبل جتنے یہودی قافلے گئے اس کو عرب علاقوں کے مقام پر روک دیا۔ حالانکہ صلح کی شرائط کے مطابق ... کا حق حاصل نہیں تھا۔

ڈاکٹر خان صاحب بھی گرفتار

پشاور ۔ ۳ اگست ۔ صوبہ سرحد کے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر خان صاحب کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کو ضلع ہزارہ میں کسی نامعلوم مقام پر رکھا گیا ہے۔

کراچی کے قریب ہوائی جہاز کو حادثہ

کراچی ۔ ۳ اگست ۔ کل صبح کراچی کے نواح میں مودی پور کے قریب ایک مسافر ہوائی جہاز ٹکرا گیا۔ جہاز میں چار آدمی تھے جو ہلاک ہو گئے اور جہاز بالکل تباہ ہو گیا۔ پاکستان کی وزارت رسل و رسائل کے ایک اعلانیہ میں اس حادثہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حادثہ کی تفصیلات کا ابھی علم نہیں ہو سکا ہے۔ شہری ہوائی محکمہ کے انسپکٹر تحقیقات کو مقرر کیا گیا ہے۔ ابھی تک یہ بھی معلوم نہیں ہو سکا کہ ہوائی جہاز کس ملک کا تھا اور اس میں کون لوگ تھے۔

دہلی ۔ ۳ اگست ۔ مدراس ایک جہاز ۴۴۴ ٹن غلہ لیکر مدراس ۲۹ جولائی کو پہنچ گیا ہے ... سے مدراس کو ۵۹۴۴ ٹن اور میسور کو ... ۵ ٹن غلہ ملے گا۔

قاہرہ میں زبردست دھماکہ

قاہرہ ۔ ۳ اگست ۔ کل قاہرہ میں ایک زبردست دھماکہ ہوا ... جس سے شہر کا کچھ حصہ ہل گیا لیکن کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

جنگ کشمیر میں پاکستانی فوجیں

کشمیر کمیشن سے پاکستانی نمائندوں کا اعتراف

دہلی ۔ یکم اگست ۔ پاکستانی وفد کے اراکین نے کشمیر کمیشن کو مطلع کیا ہے کہ پاکستانی فوجیں کشمیر کی جنگ میں حصہ لینے کے لئے مجبور ہو گئیں تاکہ پاکستان کے خلاف ہندوستانی فوجی کارروائی کو ناکام بنایا جا سکے۔ یہ اطلاع لاہور کے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ کی ۳۱ جولائی کی اشاعت میں شائع ہوئی ہے۔ اس خبر میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان نے یہ اقدام حفاظت خود اختیاری کے سلسلے میں کیا گیا ہے اور پاکستانی سپاہی ہندوستانی فوجوں کو پاکستان کی سرحدوں سے دور رکھ رہی ہیں۔

بمبئی ۔ ۳ اگست ۔ کلیان کے قریب جمعہ کے دن سکھوں کے ایک گروہ نے ایک چلتی ریل گاڑی کو روک لیا اور ۱۵ آدمیوں کو کرپانوں سے مجروح کر دیا ان کے پاس سے ۳ ہزار کی رقم چھین لی۔ ... دھمکی دی کہ اگر ... گاڑی چلائی تو اس کو سزا دی جائے گی۔ ... پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ایک آدمی کو گرفتار کر لیا۔ ... [illegible]

دس لاکھ روپے کا ناجائز کپڑا برآمد کرنے کی سازش

دہلی پولیس کی بروقت کارروائی سے ناکام بنا دی گئی

دہلی ۔ ۳ اگست ۔ دس لاکھ روپے کا ناجائز کپڑا برآمد کرنے کا ایک منصوبہ جس کا مرکز دہلی میں تھا اور اس کی شاخیں یوپی اور مشرقی پنجاب میں قائم کی گئی تھیں۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر امرناتھ بھاٹیہ کی بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیا گیا۔ ... ان لوگوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ جو ناجائز طور پر پاکستان کپڑا بھیج رہے تھے۔ دہلی میں ناجائز کپڑے کی نقل و حرکت میں ستر فی صدی کمی ہو گئی ہے۔

... لانے کا سب سے زیادہ مقبول طریقہ بستر میں رکھ کر لانے کا تھا۔ دہلی کے بڑے اسٹیشن پر پہنچ جانے سے پہلے ... انجن ڈرائیوروں کو رشوت دیکر دہلی سے باہر غیر معروف مقامات پر ریل رکوائی جاتی تھی تاکہ کپڑا اتارا جا سکے۔ دہلی سے مشرقی پنجاب کپڑا بھیجنے پر پابندی نہ ہونے کی وجہ سے یہ کپڑا امرتسر بھیج دیا جاتا تھا۔ اور وہاں سے ... [illegible]

... کاروباری اور ... لیکن ریلوے ملازمین اور پولیس والوں کی گرفتاری سے معلوم ہوتا ہے کہ ... تاجر بھی شریک ہیں۔ ... سختی کرنے کی وجہ سے یہ نتیجہ برآمد ہوا ہے۔ ... احمد آباد اور بمبئی ... کپڑا لانے کا مرکز بنایا گیا تھا ... [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی جدید مجلس عاملہ

صدر محترم مدظلہ کا اعلان

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ صدر جمعیۃ علماء ہند نے سال رواں کے لئے جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ میں حسب ذیل حضرات کو منتخب کیا ہے ایک نام کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔

(۱) شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ صدر جمعیۃ علماء ہند۔
(۲) حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب مدظلہ مفتی اعظم
(۳) امام الہند حضرت مولانا ابو الکلام آزاد
(۴) حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند
(۵) حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء
(۶) حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی
(۷) حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری
(۸) حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی۔
(۹) حضرت مولانا عبد الصمد صاحب رحمانی (۱۰) مولانا حکیم سید نور اللہ صاحب بہار (۱۱) مولانا بشیر احمد صاحب (۱۲) قاضی محمد احمد صاحب کاظمی الہ آباد (۱۳) مولانا سید محمد شاہد میاں صاحب فاخری (۱۴) مولانا محمد میاں صاحب قائد قنوج (۱۵) مولانا ابو الوفا صاحب شاہجہانپوری (۱۶) شیخ محمد ... صاحب کلکتہ (۱۷) مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی (۱۸) سید محمد صاحب جعفری (۱۹) مسٹر ... زبیری (۲۰) مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

یوپی میں خوراک پر کنٹرول پھر قائم کر دیا گیا

لکھنؤ ریڈیو سے وزیر اعظم یوپی کی تقریر

لکھنؤ ۔ ۳ اگست ۔ اس وقت یوپی میں خوراک کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ایک اہم اقتصادی مسئلہ بنا ہوا ہے۔ حکومت یوپی نے اس مسئلہ پر بڑی صبر آزما خاموشی کے بعد اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے بالآخر دوبارہ کنٹرول کرنے کا اعلان کر ہی دیا۔ اس اعلان سے قبل کابینہ کے چار اجلاس ہوئے ... کانگریس پارٹی سے صلاح و مشورہ کیا گیا۔ اس تمام بحث مباحثہ میں سخت رازداری سے کام لیا گیا تھا لیکن اب جس اسکیم کا اعلان کیا گیا ہے وہ ان تجویزوں سے بہت ملتی جلتی ہے جو چند ہفتے قبل اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں۔ وزیر خوراک مسٹر ... پی گپتا کا نام اس بحث و مباحثہ میں کوئی نمایاں حیثیت نہیں رکھتا۔ کل شام کو وہ ایک پریس کانفرنس کرنے والے تھے لیکن عین وقت پر اعلان کر دیا گیا کہ کانفرنس کا انعقاد نہ ہوگا۔ پنڈت پنت وزیر اعظم پر یہ سارا معاملہ چھوڑ دیا گیا۔ اور ان کو ہی فیصلہ کرنے کا حق دیدیا گیا۔ کل رات پنڈت پنت نے لکھنؤ ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے حکومت کی نئی پالیسی اور پروگرام کا اعلان کیا شاید آج مسٹر گپتا پریس کانفرنس منعقد کریں گے۔ نئی اسکیم کی بنیاد ... دالی دکانوں پر ہی ... تمام وہ لوگ ...

لندن ۳۱ جولائی ۔ آج اولمپک ہاکی کے مقابلہ میں ہندوستان نے آسٹریا کی ٹیم کو ۸ گولوں سے ہرا دیا۔ آسٹریا کی ٹیم کوئی گول نہ کر سکی۔ کھیل کا خاتمہ پہلے ہی نظر آنے لگا۔ کیونکہ دونوں بار کی ٹیمیں ... کی ٹیم کھیل شروع ہوتے ہی آسٹریا کی ٹیم پر چھا گئی اور ہندوستانی کھلاڑیوں نے چاروں طرف سے یورش کر دی۔ آسٹریا کی طرف سے گول کیپر نے اچھا کھیل دکھایا اور کئی گول بچائے۔ اگر وہ اچھا شاندار کھیل نہ دکھاتا تو وہ بہت سے گولوں سے ہارتی۔

عیدگاہ میں عید الفطر کی نماز اور اس کی امامت

دہلی ۔ ۳ اگست ۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن نے حسب ذیل اعلان جاری کیا ہے۔

"عیدگاہ کے شاہی امام مولانا سید ... حسن صاحب اور ان کا خاندان پاکستان چلا گیا ہے۔ چونکہ امام صاحب کا خاندان ... نامی درگاہ کے آس پاس ... اور یہ علاقہ پہاڑ گنج سے ملا ہوا ہے۔ اس لئے فی الحال مسلمانوں کا وہاں رہنا ممکن نہیں تھا۔ اسی وجہ سے امام صاحب بھی پاکستان چلے گئے ہیں۔ دہلی کے تمام مسلمانوں کی خواہش یہ ہے کہ امسال حضرت امام الہند مولانا ابو الکلام صاحب آزاد عیدگاہ میں عید کی نماز پڑھائیں۔ اگر مولانا نے امامت کو قبول نہ کیا تو مولانا احمد سعید صاحب امامت کی خدمت انجام دیں گے"۔

برلن میں روسیوں اور مغربی طاقتوں میں زبردست رسہ کشی

روسیوں اور برلن والوں نے علیحدہ علیحدہ پولیس قائم کر دی

لندن ۔ ۳ اگست ۔ گفت و شنید ... تین مغربی طاقتوں برطانیہ، فرانس اور امریکہ کے نمائندوں نے علیحدہ علیحدہ روسی وزیر خارجہ مسٹر مولوٹوف سے ملاقات کی۔ کہا جاتا ہے کہ ان نمائندوں نے ... جھگڑے کو ختم کرنے کے لئے ... مارشل اسٹالن سے ... ملاقات کا انتظام کرایا جائے۔

یہ توقع کی جا رہی ہے کہ مسٹر اسٹالن شاید کل تینوں نمائندوں سے کریملن میں ملاقات کریں گے۔ برطانیہ کی طرف سے مسٹر بیون کے پرائیویٹ سکریٹری نمائندہ بن کر گئے ہیں۔ لیکن چونکہ برطانوی سفیر متعینہ ماسکو علیل ہیں اس لئے پرائیویٹ سکریٹری ان سے ملنے گئے اور ان کے ساتھ سفیر مذکور کی قیام گاہ ... ۱۴ میل کے فاصلے پر ہے روانہ ہو گئے۔

واشنگٹن کے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ مسٹر بیون اتوار کے دن بھی لندن میں رہے ... مسٹر بیون کے پرائیویٹ سکریٹری ... مسٹر مولوٹوف کی ملاقات کی اطلاع کی تفصیل مسٹر بیون کو بھیجدی ... مسٹر مولوٹوف اپنی تعطیل سے مغربی طاقتوں کے نمائندوں سے ملنے کے لئے ماسکو واپس آگئے ہیں۔ ... ان کو ایک اچھی ملاقات قرار دیا جا رہا ہے۔ برلن میں خیال کیا جا رہا ہے کہ اگر انہوں نے اپنی مقرر کردہ پولیس کے احکام کی تعمیل کی تو انکی گرفتاری کا اندیشہ ہے۔ ... افسر ... کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ اگر روس کی مقرر کردہ پولیس کے افسر اعلیٰ کا کسی نے حکم مانا تو اس کو گرفتار کر لیا جائے گا اور ... عدالت کے سامنے پیش کیا جائیگا۔

برلن کی بلدیہ نے ... کو ... پولیس کا افسر اعلیٰ مقرر کیا ہے ... کرنل مارکیب کو روسیوں نے ... پولیس کا افسر اعلیٰ تسلیم کیا ہے۔ اس سے برلن والوں کے لئے شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں اور انکو اپنے خطوں کے قواعد کے مطابق کام کرنے پڑ رہے ہیں

امن کے لئے تقریر

نیویارک یکم جولائی۔ امریکہ کی ری پبلکن پارٹی کے امیدوار مسٹر ڈیوی نے ... کی قوموں سے زیادہ سے زیادہ تعاون کی اپیل کی ... امریکہ کی دونوں پارٹیوں کے صدارتی امیدوار ... مسٹر ڈیوی نے ... امن ... مسٹر ڈیوی نے کہا کہ ہم کو سمجھنا چاہئے ... [illegible]

مشہور کمیونسٹ اطالوی لیڈر جیل ... گئے

لندن ۳ اگست ... مشہور کمیونسٹ لیڈر ... [illegible]

روس نے دریائے ڈینیوب میں مغربی طاقتوں کے حقوق تسلیم نہیں کئے

ڈینیوب کانفرنس میں روس کا عزم و غصہ فرانس اور برطانیہ کی پریشانی

بلغراد ۳ اگست ۔ یہاں دس ملکوں کی کانفرنس ہو رہی ہے عام طور پر یہ خیال ظاہر کیا جا رہا ہے کہ اس کانفرنس کا یہ نتیجہ نکلے گا کہ مغربی طاقتوں کو دریائے ڈینیوب میں جہاز رانی کے جو حقوق حاصل ہیں ان سے انہیں محروم کر دیا جائیگا توقع کی جاتی ہے کہ مغربی طاقتیں اپنے ان حقوق پر اصرار کریں گی لیکن ان کے اصرار کا کوئی نتیجہ نکلے گا ... وہ اپنے ان حقوق کو قائم نہیں رکھ سکیں گی یہ حقوق ان کو جنگ اول کے بعد ۱۹۲۱ء کی کانفرنس کے مطابق حاصل ہوئے تھے۔ کل کے اجلاس میں فرانس اور برطانیہ نے اپنے ان حقوق کو پوری شد و مد سے دعویٰ کیا۔ لیکن روس کے نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ جنگ سے قبل مغربی طاقتوں نے جن معاہدات پر دستخط کئے تھے ... کے ملیامیٹ ہو جانے کے بعد ... کی رو سے ۱۹۲۱ء کا معاہدہ ختم ہو گیا۔ روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ اس کانفرنس کے انعقاد سے قبل ہی مغربی طاقتوں نے ایک طرح کا الٹی میٹم دینا شروع کر دیا تھا حکومت روس اس الٹی میٹم کو قبول نہیں کرتی اور اس سے اپنی بے تعلقی کا اعلان کرتی ہے۔ آپ نے کہا کہ مغربی طاقتوں کی طرف سے جو اعلان ہوا ہے وہ اعلان نہیں ہے بلکہ حکم کی زبان ایسی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک قسم کا حکم ہے اور اس سے ظاہر نہیں ہوتا کہ مغربی طاقتیں تعاون کی کوئی خواہش رکھتی ہیں۔ روسی نمائندے نے اس سے زیادہ سخت الفاظ استعمال کرتے ہوئے کہا کہ اگر مغربی طاقتوں نے کانفرنس کے فیصلے منظور کرنے کے لئے شرائط کو پیش کرنے پر اصرار کیا تو جس طرح کانفرنس کے دروازے ان کے آنے کے لئے کھلے ہوئے تھے اسی طرح جانے کے لئے بھی کھلے ہوئے ہیں۔ برطانوی نمائندے نے فرانس کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ اور فرانس اپنے ان حقوق سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں جو ان کو ۱۹۲۱ء کی ڈینیوب کی کانفرنس کی رو سے ...

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے منوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۴ اگست ۱۹۴۷ء

احوال و کوائف

جمہوریت کو بچاؤ

اگر آپ اس بات کو مبالغہ پر محمول نہ کریں تو حقیقت یہ ہے کہ اس وقت ہندوستان میں جمہوریت سے مراد پنڈت جواہر لال نہرو کی ذات ہے۔ آپ جمہوریت کے لئے ...

چرچل نے اگر اپنی پوزیشن کا غلط اندازہ لگا بیٹھے، اسکی مدد کو نہ چرچل صاحب آ سکیں گے اور نہ پارلیمنٹ کی بنچیں اسے مدد پہنچا سکیں گی، امید ہی راہ یہ ہے کہ وہ حکومت ہند سے گفتگو کرے اور اپنی قسمت ہندوستان سے وابستہ کر کے چرچل کی سازشوں کو ناکام بنا دے!

دوبارہ کنٹرول

ایک اچھی خبر

مسٹر چرچل کی گرج

فلسطین کی سیاست

دارالسلطنت ہند میں آزادی کے ہفتے کا پروگرام

تمام وارڈوں میں ترنگے جھنڈے لہرائے جائینگے

دہلی صوبہ کانگریس کمیٹی نے ہفتۂ آزادی منانے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل پروگرام مرتب کیا ہے ...

ہفتۂ آزادی

حکومت کو بہت سے مسائل کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے

شرنارتھی نمائندوں کے سامنے پنڈت نہرو کی تقریر

نئی دہلی یکم اگست۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے آج ...

مراسلات و اطلاعات

جامعہ مسعودیہ نور العلوم

جمعیۃ علماء دلوریا کی تنظیم جدید

سیاست امروز

روس کے مطالبات

سوویٹ روس نے برطانیہ، فرانس اور امریکہ کو جو جواب بھیجا ہے ...

یہودیوں کی کزوری

اطلاعات کی آزادی

اڈیٹر کے نام خطوط

وزیر اعظم اور ریڈیو

مکرمی تسلیم۔ کل پرسوں کا ذکر ہے، وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے مدراس میں تقریر کرتے ہوئے ہندوستان کی لسانی گتھی پر روشنی ڈالی اور یہ فرمایا کہ زیادہ سے زیادہ آسان اور سادہ زبان استعمال کی جائے جسے سب لوگ بخوبی سمجھ سکیں۔

اردو اور ہندی

یوپی میں سستے داموں کے اناج ڈپو کھولنے کا اعلان کر دیا گیا

لکھنؤ یکم اگست ۔ وزیر اعظم یوپی پنڈت گوبند بلبھ پنت نے ایک براڈ کاسٹ میں اعلان کیا کہ ایک لاکھ یا زیادہ آبادی رکھنے والے شہروں یا سخت قلت رکھنے والے قصبوں میں گورنمنٹ سستے اناج کے ڈپو جلد سے جلد کھولے گی ۔ گورنمنٹ کسی بھی شہری کو بغیر کام کئے نہ دیگی ۔ ایک سو روپیہ یا اس سے کم آمدنی والوں کو ان ڈپوؤں سے اناج ملیگا ۔ باقاعدہ رو پہ سٹوں کے طلبا اور نئے سرکاری ملازمین کو بھی رعایت دی جائیگی ۔ اس ساری سکیم پر زیادہ سے زیادہ عمل شروع ہوگا ۔ [illegible] ذخیرہ بازوں کو سخت سزا دی جائیگی ۔ [illegible] کپڑے کے متعلق آپ نے کہا کہ گورنمنٹ کی تازہ کارروائی سے اب سستے داموں کپڑا مل سکیگا ۔

حیدر آباد کا مسئلہ اقوام متحدہ میں پیش نہیں کیا جائیگا

حکومت برطانیہ نے جواب دے دیا

نئی دہلی یکم اگست معلوم ہوا ہے کہ برطانوی وزیر اعظم مسٹر ایٹلی نے نظام حیدر آباد کی اس درخواست کا جواب دے دیا ہے جس میں برطانوی حکومت سے حیدر آباد کے مسئلہ کو اقوام متحدہ میں پیش کرنے کے لئے درخواست کی گئی تھی ۔ ڈومینیوں اور برطانیہ کی حکومت کے درمیان مروجہ دستور کے مطابق حکومت برطانیہ نے نظام کے نام مسٹر ایٹلی کے اس خط کی ایک نقل حکومت ہند کے پاس بھی بھیجدی ہے ۔

معلوم ہوا ہے کہ برطانوی حکومت نے نظام کو یہ مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے دنیاوی حقوق اور استحقاق پر جمے رہنے کی بجائے مصالح کو پیش نظر رکھیں اور ہندوستان کے ساتھ پر امن تصفیہ کر لیں ۔ اور یہ نہ بھولیں کہ حیدر آباد کا مستقبل ہندوستان کے ساتھ وابستہ ہے اور اسے الگ نہیں کیا جا سکتا ۔

مذہب کی بنیاد پر حکومت قائم کرنا تاریخ کیخلاف ہے

علی گڈھ میں مسٹر گیڈگل کی تقریر

علی گڈھ ۔ یکم اگست ۔ مسٹر گیڈگل نے علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کے طلبا کے سامنے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان میں ایک غیر مذہبی حکومت ہے اس کی بنیاد شہریوں کی غیر مشروط اور مکمل وفاداری پر ہے جو لوگ اس بات میں یقین رکھتے ہیں کہ ریاست کی بنیاد مذہب ہے وہ اس ملک سے رخصت ہو چکے ہیں ہندوستان میں ایک نئی ریاست وجود میں آ گئی ہے ہم یہ یقین نہیں رکھتے کہ جدید ریاست کی بنیاد زبان ۔ نسل یا کلچر ہے مذہب ایک انتشار پھیلانے [illegible] طاقت ثابت ہوا ہے ۔ مذہب کی بنیادوں پر ریاست قائم کرنا تاریخ کے رخ کے خلاف ہے اگر آپ ایسا کریں گے تو تاریخ اپنا انتقام ضرور لے گی آپ نے یہ بھی کہا کہ ہم پاکستان کا دوبارہ الحاق نہیں چاہتے ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں اپنے مسائل حل کرنے کے لئے تنہا چھوڑ دیا جائے ۔

ضلع جالندھر کا اکالی جتھہ ختم

جالندھر ۲ اگست ۔ یہاں سردار بسنت سنگھ [illegible] کی صدارت میں ایک جلسہ اکالی کارکنوں نے اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ ضلع کے اکالی دل کو ختم کر دیا جائے صدر نے اپنی تقریر میں کہا ہماری حکومت کا نقطۂ نظر قوم پرستانہ ہے اکالی دل جو ایک فرقہ پرست جماعت ہے ہمارا قومی مقاصد سے ہم آہنگ نہیں ہو سکتی یہ ظاہر ہے کہ ہم کو ایسی تحریکوں کی حوصلہ افزائی ترک کر دینی چاہیئے ۔ جو حکومت کی پریشانی کا باعث ہوں ۔ اس جلسہ نے اس بات کا بھی فیصلہ کیا کہ سکھوں کی مذہبی جماعت کی حیثیت سے [illegible] کو منظم کیا جائے ۔ اور دھرم سنگھ [illegible] سے ملنے کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی ۔

مراسلات

(دائیں صفحہ ۲ کا)

[illegible]

بیٹی سے پیشہ کرانے والی گرفتار کر لی گئی

بمبئی پولس کی کارگذاری

بمبئی یکم اگست ۔ [illegible]

ضرورت ہے

[illegible]

دار السلطنت

۲ اگست ۱۹۴۸ء

زیورات کی چوری

[illegible]

صدر کانگریس بیمار

[illegible]

مس راتھر کا مقدمہ

[illegible]

ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی

[illegible]

ونوبا بھاوے دورہ کریں گے

[illegible]

ملازمین ڈاک کی زبوں حالی

[illegible] اسامیاں کو مستقل نہیں کیا گیا ۔ کیمپ اور دیگر عارضی ڈاکخانے مقامات پر ڈاک اٹھانے کے لئے تھیلیوں کا انتظام نہیں ۔ [illegible] ڈاکیوں کی حالت خراب ہے ۔ ان کی تنخواہیں [illegible] اگر ان شکایات کی طرف توجہ نہ دی گئی تو یونین کو عملی اقدام کرنا پڑے گا ۔

سی ۔ آئی ۔ ڈی کی کارگزاری

دہلی یکم اگست ۔ [illegible]

لوک سبھا اور پرجا منڈل میں سمجھوتہ

[illegible]

رائے صاحب اور انکی بیوی کا دردناک قتل

[illegible]

ایک طالب علم کی خودکشی

[illegible]

ساٹھ جواری گرفتار

[illegible] نے ساٹھ زبردست جواری گرفتار کئے ۔ پولیس نے شہر میں جوئے کے اڈوں پر اچانک چھاپہ مار کر پانچ ہزار روپے بھی برآمد کئے ۔ پولیس جوئے کو روکنے کے لئے سخت تدبیریں اختیار کر رہی ہے ۔

ہفتہ وار الجمعیۃ کے متعلق ضروری استفسار

بعض مخلصین اور ہمدردان الجمعیۃ ہمیں مشورہ دے رہے ہیں کہ روزانہ الجمعیۃ کا ہفتہ وار ایڈیشن بھی شائع ہونا ضروری ہے، جس کا سائز ۲۰×۳۰ ہو (یعنی روزانہ الجمعیۃ کے سائز کا نصف) اور رنگین خوشنما سرورق کے ساتھ کم سے کم ۲۴ صفحات ہوں، ان کا خیال ہے کہ

(۱) ہفتہ وار الجمعیۃ کے ذریعہ جمعیۃ علماء ہند کی مفید اور ضروری رہنمائی سے ان مقامات کے مسلمان بھی فائدہ اٹھا سکیں جہاں روزانہ الجمعیۃ ہر روز نہیں پہنچ سکتا۔

(۲) شہروں، قصبوں، اور گاؤں میں رہنے والے مسلمانوں تک ایسے نہایت ضروری، مذہبی، اصلاحی، سیاسی اور اقتصادی مضامین بآسانی پہونچائے جا سکیں گے جن کے لئے روزنامہ میں گنجائش نکالنا دشوار ہے۔

(۳) اتوار کو روزانہ الجمعیۃ کے شائع نہ ہونے کیوجہ سے جو خلا رہ جاتا ہے ہفتہ وار الجمعیۃ اس خلا کو بھی پُر کر دے گا اور الجمعیۃ کے قدر دانوں کو اپنے ذوق اخبار بینی کی تکمیل کے لئے ادھر ادھر ہاتھ پیر مارنے سے نجات مل جائے گی۔

(۴) ان کے علاوہ بہت سی وہ اہم ضروریات جو ایک ہفتہ وار اخبار ہی کے ذریعہ پوری ہو سکتی ہیں ہفتہ وار الجمعیۃ کے ذریعہ پوری ہونے لگیں گی۔

جہاں تک ہفتہ وار اخبار کے اجرا کی ضرورت اور بیان کردہ وجوہ کی معقولیت کا تعلق ہے وہ ہمیں بھی تسلیم ہیں لیکن ہم اس اہم مسئلہ کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ کرنے سے قبل ضروری سمجھتے ہیں کہ الجمعیۃ کے قارئین اور جمعیۃ علماء ہند کے مخلص ہمدردوں کی رائے بھی معلوم کر لی جائے۔

لہٰذا تمام ایسے مسلمانوں سے جو جمعیۃ اور الجمعیۃ کے ساتھ ہمدردانہ تعلق رکھتے ہیں امید کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد ہمیں مطلع فرمائیں گے کہ

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجراء

ان کے نزدیک مفید اور ضروری ہے یا نہیں؟

اگر ہمدردوں کی معتد بہ تعداد نے ہفتہ وار الجمعیۃ کے اجرا کی رائے ظاہر فرمائی تو ہم انشاء اللہ تعالیٰ اسکے اجرا میں تاخیر و تامل سے کام نہ لیں گے۔

براہ کرم جلد اپنی رائے سے آگاہ فرمائیے۔

(آپکا مخلص عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر روزانہ الجمعیۃ)

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف صحف سے کی گئی ہے۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی معہ توضیحی عبارات۔
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبد الرحمن صفوی)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبد القادر)
(۸) تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
(۱۰) خط خوشنما، صاف روشن، تقطیع نہایت موزوں ۲۲×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے

ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد سات روپے چار آنے معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپے، ہدیہ مجلد دس روپے۔

مکتبہ برھان اردو بازار جامع مسجد دہلی

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن مؤلفہ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بعض حصوں کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرت اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں حصہ اول مجلد چار روپے حصہ دوم مجلد [illegible] حصہ سوم مجلد پانچ روپے حصہ چہارم مجلد [illegible] آٹھ آنے۔

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضرت کے تمام حالات زندگی کو اختصار و جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے اس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں قیمت [illegible]

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں زبان نہایت سادہ اور سہل ہے قیمت تین روپیہ بارہ آنے

جمعیۃ علما کیا ہے جمعیۃ اول کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنے

جمعیۃ علما کیا ہے حصہ دوم یعنی مجموعہ جمعیۃ علماء ہند کی تیس سالہ تجاویز کا مجموعہ قیمت [illegible]

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے جھنڈے پر فاضلانہ اور اسلامی روشنی میں تبصرہ قیمت ۳

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اور اسکا اردو ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلبا کے لئے بہت مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے قیمت حصہ اول ۸ حصہ دوم ۸

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بھی [illegible] مدارس کے درس میں شامل ہے قیمت ۶

اربعین اسلامی تعلیمات کا قابل دید مجموعہ [illegible]

جنگ بدر [illegible] ہزاروں کافروں پر فتح پائی قیمت صرف ۸

نوٹ ۔ [illegible] اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں چھ رسالے [illegible] مفت پیش کی جائیں گی۔

منیجر الجمعیۃ بکڈپو ۔ گلی قاسم جان دہلی

ریلوں کے متعلق پاکستان اور جودھپور کا جھگڑا

پاکستان نے سارا الزام ریاستی حکام پر ڈال دیا

کراچی یکم اگست - یہاں ایک پریس کانفرنس میں پاکستان کی رسل و رسائل کی وزارت کے سکریٹری مسٹر [illegible] زبیری نے بتایا کہ سندھ اور جودھپور کے درمیان تمام راست سروسیں بند ہو جانے کے بعد سندھ اور مغربی پاکستان میں ریلوں کی آمد و رفت مکمل طور پر منقطع ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ۱۰ جولائی کو جودھپور اسٹیٹ ریلوے کے حکام نے میل ٹرین کی سروس بند کر دی۔ دوسرے دن اس ریل کے سندھی حصہ میں انہوں نے تمام راست سروسیں بند کر دیں۔ [illegible] کی صبح کو ہمارے پاس ریل کی [illegible] کے سندھی حصہ میں صرف چار انجن مسافروں کے لانے لے جانے کے ۴۰ ڈبے اور مال لانے کے دو سو ڈبے رہ گئے تھے۔ [illegible] کی صبح کو وہ ریل گاڑیاں سندھ سے باہر جانے والی تھیں اگر ہم ان کو جانے دیتے تو ۱۰ جولائی کو ہمارے پاس جو کچھ باقی رہ گیا تھا اس کا آدھا بھی ہمارے پاس سے چلا جاتا۔ اس لئے [illegible] ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ان ریلوں کو روک لیا۔ اس وقت سے مغربی پاکستان اور جودھپور کے درمیان کسی قسم کی ریلوے سروس جاری نہیں ہے۔

مسٹر زبیری نے کہا یہ ریلوے لائن سنہ ۱۹۲۰ء میں بنائی گئی تھی۔ اور اس وقت کی حکومت ہند نے سنہ ۱۹۲۲ء میں اسے حکومت جودھپور کے حوالے کیا تھا۔

معاہدہ کے مطابق ریلوے لائن اور ریلوے کے اسٹیشن حکومت ہند کی ملکیت رہے لیکن انجن اور ریل کے ڈبے جودھپور کی حکومت کے ملکیت ہوں گے۔ معاہدہ کے مطابق جودھپور ریلوے کے انتظام کو بہتر [illegible] حکومت ہند کے پاس اس ریل کے سندھی حصہ کی آمدنی جمع کرانی ہوتی تھی۔ یہ معاہدہ [illegible] کے ختم پر ختم ہونا تھا۔ جب ہندوستان کی تقسیم [illegible] ہوئی اور یہ معلوم ہوا کہ اس ریلوے کا سندھی حصہ پاکستان کے حصہ میں آئے گا تو اس وقت کی حکومت ہند نے جودھپور ریلوے کے نام ایک نوٹس جاری کر دیا۔ یہ نوٹس گذشتہ سال جولائی میں دیا گیا تھا۔ آج اس نوٹس کی میعاد ختم ہو رہی ہے۔ اور ریلوے کو پاکستان کے حوالے کر دیا جانا چاہئے۔ یکم اور ۲ جولائی کو جودھپور میں ایک جلسہ ہوا جس میں پاکستان کے نمائندے بھی موجود تھے۔ تاکہ اس ریلوے کے سندھی حصہ کے بارے میں تفصیلات مرتب کر سکیں۔ [illegible]

ریلوے کے حکام نے تین نکات پیش کئے۔

۱۔ حکومت پاکستان اپنے حصہ کے انجنوں اور ڈبوں کی قیمت جمع کرائے۔ (۲) جودھپور ریلوے تنخواہ کمیشن کے فیصلہ کو یکم جنوری سے علیحدہ رکھنا چاہتی ہے اور حکومت پاکستان ان دنوں کی تنخواہوں کی بقایا کا ایک حصہ ادا کرے۔ (۳) پاکستان ریلوے ملازموں کی تعطیل کی تنخواہوں اور انعاموں کا ایک حصہ بھی ادا کرے۔ مسٹر زبیری نے بتایا کہ سرسری اندازے کے مطابق پاکستان کے حصہ کے انجنوں اور ڈبوں کی قیمت ۵۰ لاکھ روپے ہوتی ہے۔ حکومت پاکستان نے جودھپور ریلوے کے سندھی حصہ کی آمدنی کا مطالبہ کر دیا جو آمدنی معاہدہ کے مطابق ہر ماہ حکومت پاکستان کے پاس جمع ہونی چاہئے تھی وہ ۶۰ لاکھ روپے ہوتی ہے۔ انہوں نے اس مطالبہ کو منظور کر لیا۔ یکم جولائی سنہ ۱۹۴۷ء سے ۱۴ اگست سنہ ۱۹۴۷ء کے تنخواہوں کے بقایا کے بارے میں یہ کہا گیا کہ یہ حکومت ہند سے وصول کیا جائے۔ انجنوں اور ڈبوں کی بابت انہوں نے بتایا کہ ۵۰ لاکھ روپے امپیریل بینک آف انڈیا میں جمع کرا دیئے گئے۔ جودھپور ریلوے والوں نے کہا کہ وہ انجنوں وغیرہ کو پاکستان کے حوالے نہیں کریں گے۔ بلکہ یہ تبادلہ صرف کاغذی ہوگا اور کتابوں میں [illegible] کہ پہلے یہ بات طے ہوئی تھی کہ اسٹیٹ ریلوے [illegible] انجن، ۱۱۹ مسافر گاڑیاں اور سامان لانے لے جانے کے [illegible] ڈبے خریدے جائیں۔ مسٹر زبیری نے کہا کیونکہ جودھپور ریلوے نے پہلے سروس بند کی ہے اس لئے ان کو ابتدا کرنی چاہئے اور سندھ میں ڈبے اور انجن بھیجے جائیں ان کو چاہئے کہ انجن اور ڈبے پاکستان کے حوالے کر دیں۔ پاکستان نے ہند کے ہائی کمشنر کی معرفت یہ بھی تجویز کی ہے کہ ہندوستان اور پاکستان دو افسر مقرر کریں جن کی نگرانی میں حساب کھولا جائے۔ اس اطلاع کی تردید کرتے ہوئے کہ مسٹر زبیری پر کانفرنس میں [illegible] جودھپور میں اس بارے میں بات چیت میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا یہ جلسہ ان کی حکومت کے ایما پر ہوا تھا۔ مسٹر [illegible] نے ہماری بہت معاونت کی۔ مسٹر زبیری نے آخر میں کہا

مسٹر شیروانی وزیر زراعت کا دورہ

ہاپوڑ یکم اگست۔ گذشتہ ۲۹ جولائی کو مسٹر [illegible] خان شیروانی وزیر زراعت حکومت یوپی نے مسٹر پی۔ ایم جھا کی معیت میں ہاپوڑ کا دورہ کیا۔ [illegible] کی کاشت کرنے والوں کے روبرو انہوں نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت یوپی سب سے عمدہ آلو لگانے والے کو انعام دیا جائے گا اور اس کے بعد گنا اور اچھا گیہوں لگانے والوں کو بھی انعامات دیئے جائیں گے۔ انعام ضلع وار اور تمام صوبائی [illegible] ترقی کی کمیٹیوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ پہلا انعام مہاتما گاندھی کے نام پر [illegible] ہوگا۔ مسٹر شیروانی نے آلو لگانے والوں [illegible] ہاپوڑ میں ایک کولڈ اسٹوریج تعمیر کیا جائے۔ اس سال اچھا آلو لگانے کے سلسلہ میں [illegible] کسان، ہاپوڑ کے [illegible] آنریری [illegible] کو انعامات دیئے گئے [illegible] کے جلسہ میں تقریباً سرکاری افسران بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ (وطن کار)

کراچی یکم اگست۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ مغربی پاکستان میں پٹرول کے بنیادی راشن یکم اگست سے دو گنا کر دیا گیا ہے۔ پٹرول کی کوپن نوٹوں کی بنیادی مقدار ایک گیلن سے دو گیلن کر دی گئی ہے۔

یوپی میں خوراک کا کنٹرول

(بقیہ صفحہ اول کالم ۳ کا باقی)

جن کی آمدنی سو روپیہ یا اس سے کم ہے۔ ان دکانوں سے اپنے اور اپنے لواحقین کے لئے روزانہ راشن لیں گے۔ راشن کی مقدار تین چھٹانک گیہوں یا چار چھٹانک جوار اور گیہوں کا مساوی ملا ہوا آٹا مقرر کی گئی ہے۔ گیہوں اور آٹے کے نرخ علی الترتیب یہ ہوں گے۔ ۳ سیر چار چھٹانک اور ۳ سیر فی روپیہ لیکن یہ تجویز ہے کہ یکم اکتوبر سے شرح حسب ذیل کر دی جائیگی۔ گیہوں ۴ سیر ۸ چھٹانک اور آٹا ۳ سیر ۵ چھٹانک فی روپیہ۔ اور یکم دسمبر سے۔ گیہوں ۴ سیر ۴ چھٹانک اور آٹا ۳ سیر دس چھٹانک۔

حکومت کو توقع ہے کہ کم از کم آگرہ، کانپور، بنارس اور الہ آباد میں اس ماہ کے وسط سے ان دکانوں کو کھول دیگی۔ ۱۵ اگست تک امدادی سوسائٹیوں کو حکومت کافی غلہ فراہم کر دے گی۔ اور توقع ہے کہ پوری اسکیم پر یکم ستمبر سے پورے طور پر عمل شروع ہو جائے گا میرٹھ۔ ڈیرہ دون، متھرا۔ علی گڑھ۔ بریلی۔ مراد آباد سہارنپور۔ گورکھپور۔ جھانسی۔ مرزاپور، فیض آباد نینی تال۔ مسوری۔ الموڑہ، سانی کھیت، لینس ڈاؤن اور رڑکی میں بھی یہ سسٹم یکم ستمبر تک جاری ہو جائیگی۔ سو روپیہ کی آمدنی میں پناہ گزیں بھی شامل ہیں۔ لیکن نہ تو قیمتوں پر کوئی کنٹرول کیا جائیگا۔ اور نہ غلہ کی نقل و حرکت پر کوئی پابندی ہوگی۔ سوائے اس کے [illegible] کو صوبہ سے باہر جانے کی اجازت نہیں دی جائیگی حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ذخیروں کو اپنی مقررہ قیمت پر خرید لے۔ جو لوگ اپنے ذخیروں کو نہیں بیچیں گے ان کی قیمت [illegible]

ان کو کم قیمت پر فروخت کرنا ہوگا خوراک کی قیمت میں کمی کرنے کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہے کہ آئندہ فصل سے گنے کی قیمت میں کمی کر دی جائے۔

حکام متعلقہ کے خیال میں قیمتوں میں یہ اضافہ نامناسب ہے۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ امسال فصلیں اچھی ہوتی ہیں۔ حکام کا خیال ہے کہ غلہ کی قیمتوں میں اضافہ کپڑے کی قیمتیں بڑھنے سے ہوا لیکن اب چونکہ کپڑے پر کنٹرول کر دیا گیا ہے۔ اس لئے ان قیمتوں کے اضافہ کو بھی قائم نہیں رہنا چاہئے ممکن ہے کہ کپڑا سستا ہو جانے کی وجہ سے دیہاتی لوگ [illegible]

دہلی پولیس کی کارروائی

(بقیہ صفحہ اول کالم ۳ کا باقی)

رات کی تاریکی میں سرحد پر پہونچا دیا جاتا تھا۔ اس ناجائز تجارت سے ہندوستان کو کتنا نقصان رہا۔ ابھی اس کی بابت کوئی اعداد و شمار نہیں شائع کئے گئے۔ جب سے پولیس نے اپنی کارروائی شروع کی۔ پولیس نے بیسیوں کو پکڑا [illegible] اور بیشتر کو گرفتار کیا جو کپڑے لے جایا کرتے تھے پہلے کپڑا لانے کا ایک عام طریقہ یہ تھا کہ [illegible] کے بل پرمٹ سے کام چلایا جائے یہاں تک کہ ایک [illegible] اور ٹرانسپورٹ کی فرضی کمپنیوں کا سراغ [illegible] ۱۶۰۰۰ روپے لے کر غازی آباد سے فرضی پرمٹوں کے ذریعہ دہلی کپڑا بھیجا کرتی تھیں۔ شروع میں سنٹر لیا اور ان کے ماتحتوں نے تنہا کام کیا۔ لیکن جب بمبئی اور یوپی کی پولیس کو اس بارہ میں تعاون کرنے اور ضروری اقدام کرنے کے لئے مجبور کیا گیا تو مطلوبہ نتائج حاصل ہوئے۔

میں اپنے ماتھے پر لکھ کر لگا لوں گا کہ میں فرقہ پرست ہوں

یہ گوروؤں کا فرمان ہے کہ خالصہ راج کرے گا

(ماسٹر تارا سنگھ)

نئی دہلی یکم اگست۔ آج صبح جلد نبی گوردوارہ بنگلہ صاحب میں ماسٹر تارا سنگھ نے تقریر کی چونکہ پچھلے ہفتہ جتھیدار اودھم سنگھ ناگوکے اور سردار ایشر سنگھ مجھیل کی تقریروں میں مخالف گروپ کی طرف سے گڑبڑ پیدا کی گئی تھی اس لئے گذشتہ چند دنوں سے شہر میں چرچا تھا کہ ماسٹر تارا سنگھ کی تقریر میں بھی مخالف گروپ کی طرف سے گڑبڑ کی جائیگی۔ چنانچہ گوردوارہ کے باہر پولیس بھی موجود تھی۔ لیکن ماسٹر صاحب کی تقریر میں کسی قسم کا مظاہرہ نہیں ہوا۔

ماسٹر جی نے کہا کہ اس وقت ہندوستان کے اندرونی اور بیرونی حالات نہایت نازک ہیں۔ پاکستان کا خطرہ ہر وقت موجود ہے کشمیر کی جنگ ختم نہیں ہوئی۔ اور حیدرآباد کی جنگ ٹل نہیں سکتی۔ میں مسلمانوں کو اپنی قوم کا حصہ نہیں سمجھ سکتا۔ کانگریس نے بھی پاکستان قبول کر کے ہمیں غیر تسلیم کر لیا ہے۔ پاکستان میں ہندو اور سکھ جتنی زمینیں چھوڑ کر آئے ہیں۔ انہیں ہندوستان میں مسلمانوں کی چھوڑی ہوئی اتنی ہی زمینیں اور برابر کی ملنی چاہئے

گوڑگاؤں میں مسلمان

جب ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مشرقی اور مغربی پنجاب کی آبادیوں کے تبادلہ کا فیصلہ ہو چکا ہے تو پھر گوڑگاؤں میں مسلمانوں کو آباد کرنا کہاں کی عقلمندی ہے۔ اور اس حالت میں جب کہ ہندو سکھ شرنارتھیوں کو ابھی تک آباد نہیں کیا گیا ہے۔

پنتھ سارے سکھوں کی جماعت بندی کا نام ہے۔ پنتھ کانگریس میں شامل ہو کر نہیں رہ سکتا ہے۔ پنتھ اگر بچتا ہے۔ تو گورو گوبند سنگھ جی کی شکتی اور سر دیا ہے بچتا ہے۔ مجھے یہ دلائل دیئے جاتے ہیں کہ کانگریس میں شامل ہونے سے فائدہ ہے۔ اور اگر کانگریس میں شامل نہ ہوں گے تو ہم مر جائیں گے۔ انگریز کے زمانہ میں بھی یہی کہتے تھے۔ کہ پنتھ انگریز کے سہارے سے جیئے گا۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ پنتھ زندہ رہا ہے۔ اور ہمیشہ زندہ رہے گا کانگریس کوشش کر رہی ہے کہ سکھ جذب ہو جائیں۔ ہمارے جینے کی شان تو یہ ہے کہ ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں اگر پنتھ فرقہ داری کا نام ہے۔ تو میں فرقہ واریت کے حق میں ہوں۔ میں سب کچھ چھوڑنے کے لئے تیار ہوں۔ مگر پنتھ کو نہیں چھوڑ سکتا میں پنتھ کو گورو مانتا ہوں۔

اور مسلمانوں کے ساتھ بھی صلح چاہتا ہوں۔ لیکن سالم ہی میں پنجرے کے اندر پڑنے کے لئے تیار نہیں ہوں قوم پرستوں کی ڈکشنری میں داڑھی کیس رکھنا بھی فرقہ پرستی ہے۔ اگر اس طرح ہمیں فرقہ پرست کہا گیا۔ تو میں اپنے ماتھے پر لکھ کر لگا لوں گا کہ میں فرقہ پرست ہوں۔ سکھوں کو ختم کرنے کا طریقہ کامیاب نہیں ہوگا

پنجابی زبان کے صوبہ کا مطالبہ

آپ نے پنجابی زبان کے صوبہ کے مطالبہ کی حمایت میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ سنہ ۱۹۱۸ء میں کانگریس نے زبان کے لحاظ سے صوبوں کی از سر نو تنظیم کو منظور کیا اور اب کانگریسی حکومت نے اس صوبہ کے لئے کمیشن مقرر نہیں کیا گیا۔

پنجابی ہندوؤں پر پھبتی

پنجابی ہندوؤں کے اندر حد سے زیادہ فرقہ واریت پائی جاتی ہے۔ وہ پنجابی کی بجائے ہندی کو اپنی مادری زبان لکھاتے ہیں۔ جالندھر میونسپلٹی نے یہ پاس کیا۔ کہ ہماری مادری زبان ہندی ہے۔

ہندو سکھ اتحاد

میں ہندوؤں اور سکھوں کو کہوں گا کہ ہندو سکھوں میں اتفاق نہ ہونے کا نقصان وہ ہے۔ میں ہر ایک بات ماننے کے لئے تیار ہوں۔ لیکن اس بات کے لئے تیار نہیں۔ کہ پنتھ کی موت ہو۔ اور اگر مرنا ہی ہے۔ تو پاکستان کی گولی یا ہندوستان کی گولی سے مرنے میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ سکھ پنتھ کے قائم رہنے سے ہندوؤں کا ہی بھلا ہے۔ گورو گوبند سنگھ نے خالصہ کا قیام ہندو دھرم کی رکھشا کے لئے رکھا تھا۔ اور خالصہ ہمیشہ ہندوؤں کی حفاظت کرتا رہا ہے۔ اور کرتا رہے گا۔ اب اگر خالصہ پنتھ مارا گیا تو باقی ہندوستان بھی نہیں بچ سکیگا۔

سکھ راج کے خواب

مسلمان اور سکھ ایک قوم نہیں بن سکتے۔ پاکستان اور ہندوستان زیادہ دیر تک علیحدہ علیحدہ حکومتیں قائم نہیں رہ سکتیں۔ دونوں میں سے ایک کو ختم ہونا ہوگا حیدرآباد کا مسئلہ جنگ کے بغیر حل نہیں ہو سکتا۔

آپ نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ خالصہ راج کریگا۔ یہ گورو صاحب کا حکم ہے اور پورا ہوگا۔ لیکن کب۔ یہ میں نہیں کہہ سکتا۔ آخر میں آکالی جھنڈا دہلی کی طرف سے آپ کو سروپا پیش کیا گیا۔ (پرتاپ)

صلح کے خواہاں!

میں ہر ایک کے ساتھ صلح چاہتا ہوں اور کانگریس کے ساتھ سب سے زیادہ صلح کا خواہاں ہوں۔ ہندوؤں

ضروری اطلاع

ہم ہر قسم کی درخواستیں، نوٹس برائے قبضہ و کرایہ جائداد وغیرہ اور تمام تجارتی چٹھیاں انگریزی میں ترجمہ کر کے نفاست ٹائپ کرتے ہیں۔ ہمارے ۲۵ سالہ تجربہ کا دیوانی و فوجداری معاملات میں مفت فائدہ اٹھائیے۔

آزمائش شرط ہے غریبوں کے لئے خاص رعایت۔ المشتہر: سید محمد احمد گورنمنٹ [illegible] منیجر سعید [illegible] ترجمہ و ٹائپ کرنے والے بارہ دری شیر افگن خاں گلی حاجی قیام الدین والی دہلی۔

اپنے غلہ کے ذخیروں کو تیار رکھیں۔ [illegible] حکومت نے اپنے قبضہ میں کر لیا ہے۔ کپڑے پر قیمتیں درج کر دی جائیں گی۔ یہ قیمتیں پہلے کپڑے کی قیمتوں سے صرف ۳۳ فی صدی زیادہ ہوں گی۔

ہند اور پاکستان کے درمیان تجارت بند ہونے سے

حکومت ہند کو ایک لاکھ یومیہ کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے

امرتسر یکم اگست۔ پچھلے ایک ہفتہ سے ہند پاکستان کی سرحدی علاقہ واہگہ کے مقام پر ہند پاکستان کی تجارت بالکل رکی ہوئی ہے کیونکہ حکومت ہند نے اب پاکستان کو ہندوستان جانے کے لئے پرمٹ سسٹم جاری کر دیا ہے۔ جو لوگ سرحد پار کر کے ہندوستان جاتے ہیں جن کے پاس الاٹمنٹ یا ڈپٹی ہائی کمشنر کا دیا ہوا پرمٹ ہے [illegible] کہ سرحد اس تجارت کے بند ہونے سے حکومت ہند کو کسٹم کی آمدنی میں ایک لاکھ روپیہ یومیہ کا نقصان ہو رہا ہے۔

ادھر جودھپور ریلوے کے بند ہو جانے سے [illegible] کے درمیان ریل کے ذریعہ مسلسل آمد و رفت بھی منقطع ہو چکی ہے اور تمام ٹریفک بالکل بند ہو چکا ہے۔

اگرچہ حکومت پاکستان نے ابھی تک پرمٹ سسٹم کا اجرا نہیں کیا لیکن اس نے انتقامی کارروائی کی دھمکی دی ہے اسی اثنا میں پاکستان کی نوآبادیاتی پولیس نے [illegible] اختیارات سے کام لیتے ہوئے ہندوستان سے تجارت کی غرض سے پاکستان میں داخل ہونے والے تمام اشخاص کا داخلہ بند کر دیا ہے۔

ان پابندیوں کا فوری اثر یہ ہوا ہے کہ تجارت بالکل بند ہو گئی ہے اور امرتسر [illegible] یہ ہے کہ اس طرح حکومت ہند کو ایک لاکھ روپیہ کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے کسٹم کا اسٹاف اور پولیس بیکار بیٹھے ہیں۔

سب سے زیادہ نقصان ان تاجروں کو ہوا ہے ان میں سے بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جنہوں نے ہاتھ سے بنے ہوئے کپڑے اور دوسری اشیاء کی کافی مقدار مناسب قیمتوں پر خرید لی تھی۔ کیونکہ ہندوستان کی سرحد کے پار مسلمان تاجر عید کے قریب کافی مال خریدنا چاہتے تھے تمام اندازے الٹ پلٹ ہو گئے ہیں اور عام کاروباری لوگوں کو نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ ان میں سے اکثر نے اپنے اسٹاک سرحد پر جمع کر رکھے تھے۔ اور چونکہ وہاں کوئی گودام نہیں ہے اس لئے مال کھلے میدان میں رکھا گیا اور بارش سے کافی نقصان پہنچا صرف ایک تاجر کو دس ہزار روپے کا نقصان پہنچا۔

جودھپور ریلوے کا معاملہ ابھی تک طے نہیں ہوا ہے ریاست جودھپور کے وزیر مسٹر جے نرائن ویاس نے ایک بیان میں کہا تھا کہ پاکستان نے ریلوے پر ناجائز قبضہ کر لیا ہے اور اس کے اسٹاف کو نکال کر اپنے ملازم مقرر کر دیئے ہیں حالانکہ قیمت کی ادائیگی کے سوال پر ابھی گفت و شنید جاری تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ جودھپور کی حکومت حکومت ہند سے اس معاملہ کو از سر نو بہتر سطح پر طے کرنے کے لئے درخواست کر رہی ہے۔

پاکستان کو کپڑے کی ناجائز برآمد

کلکتہ ۲ اگست۔ مغربی بنگال پولیس کی ایک اطلاع کے مطابق مغربی بنگال سے کپڑے کی بہت بڑی تعداد ناجائز طور پر پاکستان روانہ کی جا رہی ہے صرف مئی اور جون ہی میں وہ تقریباً ۳۵ ہزار گانٹھ [illegible] ہزار دوسرے سلے ہوئے کپڑے ۲ ہزار گانٹھیں کا کپڑا ۱۲۰۰ من سوت اور ۲ ہزار گانٹھ سوتی کپڑا برآمد کیا ہے رات کے اندھیرے میں ناجائز [illegible] مغربی بنگال کے مختلف مقامات کے قوانین سے کام لیا جا رہا ہے۔ ان علاقوں میں کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ کپڑے اور سوت کا اسٹاک ضبط کر لیا ہے اور ان کی فروخت پر پابندی لگا دی گئی ہے۔

مسٹر کاٹن کا ہوائی لائسنس منسوخ

لندن ۳ اگست۔ حکومت برطانیہ کی وزارت ہوابازی نے عارضی طور پر مسٹر سڈنی کاٹن کے ہوائی لائسنس کو منسوخ کر دیا ہے مسٹر کاٹن ۲۹ جولائی کو کراچی سے حیدرآباد بلا اجازت حکومت پاکستان گئے تھے مسٹر کاٹن کے پاس ۲۳ سال سے ہوائی لائسنس ہے۔ وزارت ہوابازی کے ایک نمائندے نے [illegible] بتایا کہ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ ہندوستانی علاقہ پر پرواز کرتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ یا تو ہندوستان کے علاقے میں اتر جائے یا پرواز کی اجازت حاصل کی جائے لیکن مسٹر کاٹن نے کچھ بھی نہیں کیا۔ حکومت ہند کی درخواست پر مسٹر سڈنی کاٹن کے لائسنس کو اس وقت تک کے لئے منسوخ کر دیا گیا ہے جب تک کہ ان کی طرف سے تحریری طور پر جواب موصول ہو جائے۔

ڈینیوب کانفرنس

(بقیہ صفحہ اول کالم ۵ کا باقی)

حاصل ہوئے تھے۔ ان حقوق کی رو سے کام ان طاقتوں کو جنہوں نے اس کانفرنس میں معاہدہ پر دستخط کئے تھے دریائے ڈینیوب میں کسی پابندی کے بغیر آزادی کے حقوق حاصل ہیں۔ ان میں برطانیہ، بلجیم اور یونان بھی شامل ہیں۔ اگرچہ وہ کانفرنس میں شریک نہیں تھے۔

اس کانفرنس میں چار بڑی طاقتوں کے علاوہ ڈینیوب کے ملک بلغاریہ، یوکرین، رومانیہ، یوگوسلاویہ، ہنگری اور چیکوسلواکیہ کے نمائندے بھی شامل ہیں۔ برطانوی نمائندوں نے کہا کہ مغربی طاقتوں کے ان حقوق کی حفاظت کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا جائے امریکہ کی طرف سے بھی یہ تجویز ہوئی کہ آسٹریا کو بھی ووٹ دینے کا حق دیا جائے۔ لیکن یہ تجویز رد کر دی گئی۔ اس میں فرانس نے ووٹ نہیں دیا۔

الجمعیۃ کا عید نمبر

روزنامہ الجمعیۃ کا عید نمبر $\frac{20 \times 30}{4}$ سائز کے ۱۲ صفحات پر بڑی آب و تاب کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔ عید نمبر میں ملک کے مایہ ناز اہل علم اور ارباب قلم کے بیش بہا مضامین پیش کئے جا رہے ہیں۔

عید نمبر میں انڈین یونین کے صف اول کے ذمہ داران حکومت اور رہنمایان محترم کے وہ قیمتی پیغامات بھی موجود ہوں گے۔ جو انہوں نے خاص طور پر الجمعیۃ کے ذریعہ قوم اور ملک کو عنایت فرمائے ہیں۔

آج ہی اپنی کاپی کے لئے اپنے مقامی ایجنٹ کو نوٹ کرا دیجئے ورنہ ممکن ہے آپ کو اس نمبر کے نہ مل سکنے کا افسوس رہ جائے

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی تعداد سے فوراً مطلع کریں۔

واضح رہے کہ عید نمبر دہلی سے ۵ اگست کی شام کو روانہ کر دیا جائے گا۔ اس کے بعد ۸ اگست تک جمعۃ الوداع۔ عید الفطر اور اتوار کی وجہ سے تعطیل رہے گی۔ اور ۹ اگست کی شام کو ۱۱ اگست کا اخبار روانہ ہوگا۔

عید نمبر کی قیمت ۳ فی پرچہ ہوگی۔

عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ

الجمعیۃ کا آزادی نمبر

۱۵ اگست — وہ مبارک تاریخی دن ہے

— جس میں ہندوستان کو اجنبی غلامی کی لعنت سے نجات ملی۔ ہندوستانی اس دن کو ہمیشہ بطور عید شان و شوکت کے ساتھ منائیں گے۔

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۵ اگست کو الجمعیۃ کا شاندار آزادی نمبر شائع کیا جائے چنانچہ پوری سرگرمی کے ساتھ اس نمبر کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔

آزادی نمبر میں ملک کے ہر خیال اور ہر مذہب کے صف اول کے رہنماؤں، مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ ذمہ داروں اور ممتاز لکھنے والوں کے بیش بہا مضامین بلند پایہ شعراء کی خاص نظمیں اور اہل علم کے حیات افزا علمی مقالات پیش کئے جائیں گے۔

آزادی نمبر $\frac{20 \times 30}{4}$ سائز کے کم از کم ۲۴ صفحات پر شائع ہوگا۔ قیمت فی کاپی ۴ر

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی صحیح تعداد سے مطلع فرمائیں۔

مشتہرین کے لئے یہ ایک نادر موقعہ ہے۔ وقت بہت کم ہے اس لئے جلد اشتہارات کے لئے جگہ بک کرا لی جائے۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۰۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعرات ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۶۷ھ مطابق ۵ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۴ | فی پرچہ ... ہوائی جہاز

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

دہلی اور اس کے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

گھڑی اور گھنٹوں کا ٹائم ریڈیو سے ملائیں!

فلسطین کے بعض علاقوں میں مارشل لا نافذ کر دیا گیا

عربوں کا اقوام متحدہ پر سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے
مصری سینیٹر محمود عبد الفتاح کا نیویارک میں بیان

مصری سینیٹر کا دورہ

چین میں کمیونسٹوں کی پسپائی

قاہرہ میں دھماکوں کی تفصیل

دریائے ڈینیوب میں برطانیہ و فرانس کے حق کا مسئلہ
روس دونوں ملکوں سے اس حق کو چھین لینا چاہتا ہے

پٹنہ پولیس کا ریڈیو سیٹ

کشمیر کے محاذ پر ہندی طیاروں کی سرگرمیاں
حملہ آوروں کا رسد رسانی کا راستہ منقطع ہو گیا

ملایا میں دہشت پسندوں پر ہوائی حملے

آسام میں سیلاب

ہندوستان کی فٹ بال ٹیم فرانس کے مقابلہ میں ہار گئی

مغربی پنجاب کے پانچوں دریاؤں میں زبردست سیلاب

کراچی میں کشمیر کمیشن کا اجلاس

عربوں کا یہودی قافلہ پر حملہ

آسٹریلیا ملایا کو ہتھیار دے گا

مارشل اسٹالن کی امریکہ فرانس اور برطانیہ کے قاصدوں سے ملاقات
چار بڑی طاقتوں کی ایک اور کانفرنس کے انعقاد کی تجویز

سر مرزا اسمعیل کے خطوط نظام اور میر لائق علی کے نام

حیدرآباد کے بارے میں ...

دہلی کے لئے میڈیکل کالج کا قیام
حکام نے اسکیم منظور کر لی

شاہ ایران برطانیہ سے واپس

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۵ راگست ۱۹۴۸ء

"یہ قربانی کے بکرے"

یہ سطور ان ہی کالموں میں شائع ہو چکی ہیں کہ ہندوستان کی موجودہ صورت حال سے مسلمان بہت پریشان ہیں اور اس پریشانی سے نکلنے کیلئے انہیں کوئی راہ نہیں ملتی۔

اس پر دہلی کا ایک معاصر "یہ قربانی کے بکرے" کے عنوان سے اس کے جواب میں لکھتا ہے کہ "معاصر (الجمعیۃ) نے جو کچھ لکھا ہے اس کا ایک ایک حرف درست ہے" اور اس کی تشریح اس طرح کرتا ہے کہ مسلمانوں کی حالت واقعی قابل رحم ہے ساڑھے چار کروڑ ہونے پر بھی ان کی کوئی حیثیت نہیں، لیکن اپنی موجودہ حالت کے لئے وہ خود ذمہ دار ہیں اس لئے کسی سے شکایت کرنے کا حق نہیں رکھتے، پاکستان کے جنم داتا وہ ہیں، انہوں نے گلا پھاڑ پھاڑ کر...

اعلیٰ اور نسل پرستی وغیرہ غیر انسانی حرکتیں تو اس جدائی کی ذمہ دار نہیں؟ کیا صدیوں کے اقتصادی بائیکاٹ اور ذلیل برتاؤ نے تو یہ تصور پیدا نہیں کیا کہ چونکہ ہندو ہمیں ذلیل اور اپنے سے جدا سمجھتے ہیں لہٰذا ہم ان سے جدا ہیں؟ آخر دنیا میں وہ کونسی قوم ہے جو اپنے افراد کو اپنے سے جدا سمجھتی ہو جس نے اپنی ہی قوم کے افراد کا اقتصادی بائیکاٹ کیا ہو، اور پھر خود ہی یہ طعنہ بھی دیتی ہو کہ اس کے بعض ہم وطن اپنے آپ کو جدا سمجھتے ہیں!

مطلب یہ ہے کہ تم نے مسلمان کو ذلیل سمجھا اس کے سایہ سے بچتے رہے، اس کے ساتھ چھوت چھات کا برتاؤ کیا اور تمہارے ہی لیڈروں نے نسل پرستی کی بنیاد پر دو قوموں کی تصویری ایکاد کی اور تم ہی نے مسلمانوں میں جدائی کا احساس پیدا کرکے پاکستانی...

ہمارے بچے

ولا تقتلوا ... تا ... کبیرا (پ ۱۵ ع ۴)

اپنی اولاد کو قتل مت کرو کہ انہیں کھلانا پلانا پڑے گا پرورش اور رزق رسانی کا ذمہ تو ہم نے لیا ہے اولاد کا قتل بہت ہی بڑا گناہ ہے۔

عربوں میں بچوں کو زندہ درگور کرنے کی مذموم رسم رائج تھی، یونان میں اطفال کشی کو قانوناً ناجائز قرار دیا گیا تھا، اور بہت سے فلاسفر اور مقننوں نے اس رسم کی حمایت کی تھی عیسائیت نے اطفال کشی کے خلاف کچھ نہیں کہا ہندوستان کی بعض قوموں میں ابتک یہ رسم رائج ہے لیکن دنیا پر یہ صرف اسلام ہی کا احسان ہے کہ اس نے بچوں کے قتل کو سخت اور سنگین جرم قرار دیا اور ان اسباب کا انسداد فرمایا جو اس رسم کے لئے محرک تھے فرمایا بچوں کو قتل کرنا بہت ہی بڑا گناہ ہے، ماں باپ اور حکومت کسی کو حق نہیں کہ معصوم بچوں کو قتل کرے اور انسانیت کے پودوں کو کھلتے ہی خاک میں ملا دے پھر کیا حال ہوگا ان لوگوں کا جو دوسروں کے بچوں کو محض اس لئے قتل کرتے ہیں کہ وہ ہندو یا مسلمان کا بچہ ہے؟ بچہ انسانیت کی امانت ہے اور جو اس امانت کو ضائع کرتا ہے وہ دوسروں کا نہیں اپنا ہی نقصان کرتا ہے!

ڈاکٹر قریشی کا معاملہ

کراچی ۲ راگست۔ پاکستان میں ہند کے ہائی کمشنر شری پرکاش نے ایسوسی ایٹیڈ پریس کے نامہ نگار کو بتایا کہ ڈاکٹر قریشی کو پھانسی دینے کی تاریخ ابھی مقرر...

اور جو لوگ ملک کی تقسیم کے بعد انتقام کے طور پر سنسکرت آمیز ہندی کو رواج دینا چاہتے ہیں وہ سخت غلطی پر ہیں پنڈت جی کا فیصلہ کانگریس کا فیصلہ ہے، مہاتما گاندھی کا فیصلہ ہے، ہندوستان کی لسانی پوزیشن کا فیصلہ ہے مگر مسٹر ٹنڈن کا فیصلہ انتقامی اور جذباتی ہے...

یہ اندھیر نگری کب تک؟

مرکزی کابینہ کے چار نئے وزرا

ہماری زبان

سیاست امروز

دنیا کی مشترکہ حکومت

سر مرزا اسمٰعیل کا مشن

پارسی فرقہ کی بلند حوصلگی

خطوط اڈیٹر کے نام

ٹنڈن جی کی دعوت

ہند اور پاکستان کے جھگڑے

مسلمان مہاجرین کی چھوڑی ہوئی جائیدادیں فروخت نہیں کیجائینگی

مشرقی پنجاب کے گورنر کا نیا آرڈیننس

شملہ ۴ر اگست۔ گورنر مشرقی پنجاب نے آج ایک نئے آرڈیننس کا نفاذ کیا ہے۔ اس کا نام ہے مہاجرین کی جائیداد کا انتظام کرنے والا دوسرا ترمیمی آرڈیننس ۱۹۴۸ء۔ اس آرڈیننس کی رو سے یہ اعلان کیا گیا ہے جو جائیداد کسٹوڈین کے قبضہ میں ہے اس کی کسی ریونیو یا دیوانی عدالت کی ڈگری کے سلسلہ میں یا کسی اور افسر کے حکم سے نہ تو قرقی ہو سکیگی نہ اسے بیچا جا سکیگا اور نہ کسی دوسرے شخص کے نام اسے منتقل کیا جا سکیگا۔ ۱۳ ستمبر کے بعد کی تمام مہاجرین کی جائیداد کی قرقیاں جنہیں کسی دیوانی یا ریونیو عدالت نے یا کسی دوسرے افسر نے جاری کیا ہے۔ اب غیر مؤثر ہو جائیں اور ۱۳ ستمبر ۱۹۴۷ء کے بعد کی تمام ڈگریاں بیچے اور انتقال کی دوسری تمام صورتوں کو بھی بحال کیا جائیگا۔

سلطانی گواہ کو غیر قانونی طور پر معافی دی گئی ہے

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں وکیل صفائی کا اعتراض

سڈنی کاٹن کا ایک اور بیان

حکومت ہند مجھے گرفتار کرنا چاہتی تھی

لندن ۳ر اگست۔ مسٹر سڈنی کاٹن کا لندن کے اخبار سنڈے ڈسپیچ میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جس میں انہوں نے حیدرآباد کو براہ راست ہوائی جہاز سے اسلحہ لے جانے کا بیان کیا ہے۔

دارالسلطنت

۳ر اگست ۱۹۴۸ء

مس عذرا کا مقدمہ

مسٹر کپور نے مس راشیل اور مس عذرا کو مقدمہ کی سماعت کے سیشن سپرد کر دیا گیا۔ ان پر اسپتال کی سکریٹری مس ٹرنر پر حملہ کرنے اور روپیہ لانے کا الزام ہے مجسٹریٹ نے ان سے پوچھا کیا وہ اپنا وکیل کرنا چاہتی ہیں ان عورتوں نے اپنے بیان میں کہا کہ کیونکہ ان کا روپیہ ایک بنک میں مقدمہ بازی کی وجہ سے مقفل ہے اس لئے وہ اپنی صفائی میں کسی وکیل کو کھڑا نہیں کر سکتیں۔

قاتل کا مقدمہ

بارش ہوگی

بچہ دب کر مر گیا

امتناعی احکام میں توسیع

حیدرآباد کی حالت پر برطانوی اخبار کا تبصرہ

دفتر کے اوقات میں گھر نہ ٹھہرو

چوریاں

ڈپٹی کمشنر کی ہدایات

سیر گلفروشاں

جمعیۃ علماء کی طرف سے عصرانہ

عید پر کل فرقوں کی دعوت

ماسٹر جی کی دعوت

خریداران الجمعیۃ کی خدمت میں ھدیہ

(۱۱) شریعت بل اور لیگ (۱۲) سول میرج اور لیگ پاکستان کیا ہے

ڈاک اور رجسٹری کا محصول معاف

محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند

الجمعیۃ کا عید نمبر

روزنامہ الجمعیۃ کا عید نمبر $\frac{20\times30}{4}$ سائز کے ۱۶ صفحات پر بڑی آب و تاب کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے، عید نمبر میں ملک کے مایۂ ناز اہل علم اور ارباب قلم کے بیش بہا مضامین پیش کئے جا رہے ہیں۔

عید نمبر میں انڈین یونین کے صف اول ذمہ داران حکومت اور رہنمایان محترم کے وہ قیمتی پیغامات بھی موجود ہوں گے جو انہوں نے خاص طور پر الجمعیۃ کے ذریعہ قوم اور ملک کو عنایت فرمائے ہیں۔

آج ہی اپنی کاپی کے لئے اپنے مقامی ایجنٹ کو نوٹ کرا دیجئے ورنہ ممکن ہے آپ کو اس نمبر کے نہ ملنے کا افسوس ہو جائے

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی تعداد سے فوراً مطلع فرمائیں۔ واضح رہے کہ عید نمبر دہلی سے ۵ر اگست کی شام کو روانہ کر دیا جائے گا، اسکے بعد ۸ر اگست تک جمعۃ الوداع، عید الفطر اور اتوار کی وجہ سے تعطیل رہے گی، اور ۹ر اگست کی شام کو ۱۰ر اگست کا اخبار روانہ ہوگا۔

عید نمبر کی قیمت ۳ر فی پرچہ ہوگی۔

عبد الوحید (صدیقی) جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن مؤلفہ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں حصہ اول مجلد ۲ حصہ دوم مجلد ۲ حصہ سوم مجلد ۲ حصہ چہارم مجلد چھ روپے آٹھ آنے ہے۔

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفاء راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں قیمت مجلد ۳

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں زبان نہایت سادہ اور سہل ہے قیمت تین روپیہ بارہ آنے ہے

جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ اول ملک کے اغراض و مقاصد اور ملک کی خدمات قیمت چھ آنے (۶ر)

جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ دوم مع تتمہ جمعیۃ علماء ہند کی تیس سالہ تجاویز کا مجموعہ قیمت ۱۲

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے جھنڈے پر فاضلانہ اور اسلامی روشنی میں تبصرہ قیمت ۲

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اور اس کا اردو ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلبہ کے لئے بہت زیادہ مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے عہ

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے قیمت حصہ اول ۸ر حصہ دوم ۸ر حصہ سوم ۸ر

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے درس میں شامل ہے قیمت ۶ر

اربعین اسلامی تعلیمات کا قابل قدر ذخیرہ ہے قیمت ۱۲

جنگ بدر کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزار کفار پر فتح پائی قیمت صرف ۸

نوٹ: مبلغ پانچ روپیہ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں چھ رسالے (۱) پاکستان کیا ہے (۲) لیگ کیا ہے (۳) شریعت بل اور لیگ (۴) سول میرج اور لیگ (۵) لیگ کی غلطیاں مفت پیش کی جائیں گی۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

مسلم یونیورسٹی کا نیا نصاب

مراسلات و اطلاعات

انجمن اطبا کا جلسہ

مسٹر گوپال کی گواہی

برطانیہ کی طرف سے حیدرآباد کا مسئلہ اقوام متحدہ میں لیجانیکی مخالفت

لندن ۳ اگست۔ یہاں حکام نے اس خبر پر کسی تعجب کا اظہار نہیں کیا جا رہا کہ مسٹر ایٹلی نے نظام کو خط لکھا ہے کہ حیدرآباد کا معاملہ اقوام متحدہ میں جانے کی صورت میں برطانیہ حیدرآباد کی حمایت نہیں کرے گا۔ اگرچہ ایٹلی کا [illegible] اس نے [illegible] اختیار کیا ہے جو ہندوستان پاکستان کے کشمیر کے جھگڑے کے موقع پر اختیار کیا گیا تھا۔

ہندوستان کی آزادی کا قانون پاس ہونے کے بعد حالات پیدا ہوئے ہیں ان کی روشنی میں [illegible] ہے کہ برطانیہ کس طرز عمل اختیار کر سکتا ہے۔ مسٹر ایٹلی کا مسٹر چرچل سے دارالعوام میں [illegible] واضح کر دیا تھا۔

خیال کیا جاتا ہے کہ مسٹر ایٹلی کا جواب ارسال کرنے سے پہلے [illegible] مشورہ کیا گیا تھا۔ [illegible] ہے کہ ان خطوط کی اشاعت کے بعد بھی کیا حیدرآباد اپنا معاملہ اقوام متحدہ میں پیش کرے گا۔ اگر حیدرآباد کا معاملہ اقوام متحدہ کے سامنے آیا تو شام اس کو پیش کرے گا۔ کیونکہ اس کی حمایت کریگا لیکن اقوام کے معاملات سے باخبر حلقوں کے خیال کے مطابق یہ مسئلہ زیادہ دیر تک نہیں رہے گا۔ جنرل اسمبلی کا اجلاس اور ستمبر کو پیرس میں ہو رہا ہے لیکن اکتوبر تک حیدرآباد کا مسئلہ اقوام متحدہ میں پیش نہ ہو سکیگا۔ واقعات کی موجودہ رفتار کے لحاظ سے اس وقت تک صورت حال بالکل بدل چکی ہوگی۔

سی پی ہوم گارڈ کا کمانڈر

ناگپور ۳ اگست۔ صوبہ میں ہوم گارڈ بہت زیادہ بڑھ جانے کی وجہ سے حکومت سی پی نے کرنل [illegible] سکرٹری محکمہ تعلیم کو سی پی اور برار کے ہوم گارڈوں کا جنرل آفیسر کمانڈنگ مقرر کیا ہے۔

کراچی سے حیدرآباد کو ناجائز طور پر اسلحہ بھیجا جا رہا ہے

مسٹر سڈنی کاٹن لندن سے کراچی واپس آگئے

دہلی ۳ اگست۔ معتبر ذریعہ سے دہلی میں پیر کے دن اطلاع دی گئی ہے کہ کراچی سے حیدرآباد ناجائز طور پر اسلحہ بھیجا جا رہا ہے۔ اتوار کے دن کراچی کے قریب جو لنکا سٹر ہوائی جہاز حادثہ کا شکار ہوا وہ ان چار ہوائی جہازوں میں سے ایک تھا جو اس اسلحہ لیجانے میں استعمال ہو رہے ہیں۔ یہ ہوائی جہاز بھی جو حادثہ کا شکار ہوا اسلحہ اور برین گنوں سے بھرا ہوا تھا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان اسلحہ پر کنارڈا کا نشان تھا۔ اور وہ اسی کمپنی کے تھے۔ جس کے جنرل منیجر مسٹر سڈنی کاٹن ہیں۔ یہ ہوائی جہاز اسلحہ لیکر میری پور ہوائی اڈہ سے روانہ ہوا تھا۔ مگر تھوڑی دور ہی جا کر یہ گر گیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ہوائی جہاز کراچی سے جنوب کی طرف اڑتے ہیں۔ اور پھر سمندر پر سے ہوتے ہوئے ایسے مقام سے [illegible] بتائے ہوئے حیدرآباد میں داخل ہو جاتے ہیں۔ جہاں انہیں کم سے کم علاقہ ہند کا طے کرنا ہوتا ہے۔

پاکستان کی وزارت رسل و رسائل نے ایک اعلامیہ میں ان چاروں آدمیوں کے نام دیئے ہیں جو اس ہوائی جہاز کے تصادم میں ہلاک ہوئے۔ وہ یہ ہیں۔ جے فرڈن (پائلٹ)، مسٹر پی مارگریوز، مسٹر ڈبلیو ہے وڈ (یہ تینوں انگریز تھے) اور مسٹر سی اوکیف (یہ آئرش تھے) مسٹر سڈنی کاٹن جو گذشتہ ماہ بغیر حکومت ہند کی اجازت کے حیدرآباد پہنچ گئے تھے۔ لندن سے ایک پان امریکن ہوائی جہاز میں کراچی واپس آگئے۔

کلکتہ میں پولیس کا لاٹھی چارج

کلکتہ ۴ اگست۔ کلکتہ کے شمالی علاقہ میں دلی کے ایجنٹوں کی تین لاریاں ہجوم نے روک لیں اور لاریوں پر بوریاں اتار کر پھینک دیں پولیس نے لاٹھی چارج کیا اور دس آدمیوں کو گرفتار کر لیا۔ عوام کا کہنا ہے کہ دلی کے ایجنٹ کوہیں کر گندم کے آٹے میں ملا دیا جاتا ہے۔ پولیس نے ان کو سمجھایا اور کہا کہ یہ ملوں میں کام آتے ہیں لیکن ہجوم کو یقین نہ آیا۔

پنڈت نہرو کی کوٹھی کے باہر مرن برت

نئی دہلی ۴ اگست۔ آل انڈیا فوجی فیڈریشن کے صدر مسٹر لال چند کپور نے کل سے پنڈت نہرو کی کوٹھی کے سامنے مرن برت شروع کرنے کا اعلان کیا ہے جب تک مطالبات منظور نہ کئے جائیں گے وہ برت جاری رکھیں گے۔

گمشدہ کی اطلاع

۱۲ سال کا ایک لڑکا صرف ایک کرتہ پہنے ہوئے دفتر میں لایا گیا ہے جن صاحب کا ہو دفتر میں آکر لے جائیں۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند

تباہی کی برسی

ٹوکیو ۴ اگست۔ جاپان سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ہیروشیما کی ایٹم بم سے تباہی کی تیسری برسی منائی جائے گی۔ ٹھیک اس وقت جب کہ شہر پر ایٹم بم گرایا گیا تھا سیٹیاں اور گھنٹیاں بجائی جائیں گی۔ اور ان لوگوں کے لئے دعا کی جائے گی جو اس حادثہ میں ہلاک ہو گئے تھے۔ ایٹم بم سے تمام شہر تباہ ہو گیا تھا۔ اب اس کی جگہ نیا شہر بسا دیا گیا ہے جس کی آبادی ڈھائی لاکھ ہے۔

چینیوں کی افیم خوری کی نہ شاہ

یورپ میں جنگ شروع ہونیکی افواہ

شنگھائی ۴ اگست۔ یہ افواہ پھیل جانے کے بعد کہ یورپ میں جنگ چھڑ گئی۔ شنگھائی کے مالی حلقوں میں سخت اضطراب پھیل گیا۔ [illegible] ایک ڈالر کی قیمت بڑھ کر [illegible] ہو گئی۔ [illegible] ایک امریکی ڈالر کی قیمت صرف اسی لاکھ چینی ڈالر تھی۔ لیکن بعد میں امریکی ڈالر کی قیمت کم ہو کر ۵۰ لاکھ ڈالر تک پہنچ گئی۔ [illegible] بلیک مارکیٹ کرنے والوں کو [illegible] تجارتی کمپنیوں کے [illegible] کی تحقیقات [illegible] معلوم ہوگا۔

پاکستان اور ہندوستان میں پٹ سن کے متعلق سمجھوتہ

کراچی ۴ اگست۔ یہاں معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان اور ہندوستان کی کامرس وزارتوں کے درمیان پٹ سن اور پٹ سن کے بنے ہوئے سامان کے متعلق سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ یہ سمجھوتہ تو پہلے ہی ہو چکا تھا۔ اس مرتبہ اس پر عمل درآمد کرنے کے طریقہ پر غور کیا گیا اور اسی طریقہ پر بھی اتفاق رائے ہو گیا۔ پاکستان ہندوستان کو پٹ سن دیگا۔ اور ہندوستان پاکستان کو پٹ سن کا بنا ہوا سامان ایک خاص تعداد میں فراہم کریگا۔ اس معاہدہ کو دونوں حکومتوں کے پاس تصدیق کے لئے ارسال کیا جائیگا۔ تصدیق کے بعد اس معاہدہ کو شائع کر دیا جائیگا۔

یہ طے ہوا ہے کہ [illegible] میں پاکستان ہندوستان کو پٹ سن کی ۵۰ لاکھ گانٹھیں دیگا۔ اس سال پاکستان میں پٹ سن کی پیداوار ۷۰ لاکھ گانٹھیں ہونگی۔ اور ہندوستان کو دینے کے بعد پاکستان کے پاس صرف ۲۰ لاکھ گانٹھیں بچیں گی۔ پاکستان میں ذاتی خرچ کے لئے صرف ایک لاکھ گانٹھوں کی ضرورت ہے۔

برطانیہ میں کمیونسٹ پارٹی خلاف قانون قرار نہیں دی جائیگی

لندن ۴ اگست۔ [illegible] پارلیمنٹ میں [illegible] کمیونسٹ پارٹی کو خلاف قانون قرار دیا جائے۔ [illegible] حکومت اپنی حکومت کے خلاف سازشیں کر رہی ہے۔

ختم قرآن مجید

دہلی ۴ اگست۔ ۷ اگست شب بروز منگل لال مسجد پہاڑی دروازہ میں جمعیۃ علماء ضلع نیرہ کے زیر اہتمام شبینہ ختم قرآن کریم ہوگا۔ مسلمانوں سے امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ شرکت کر کے خیر و برکت حاصل کریں گے۔ حفاظ کرام خاص طور پر توجہ فرمائیں۔

فقیہ الدین سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع نیرہ دہلی

[illegible]

ہمدردان جمعیۃ علماء ہند توجہ فرمائیں

دفتر جمعیۃ علماء ہند کو جو حضرات امدادی رقوم بذریعہ منی آرڈر بھیجتے ہیں ان کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ براہ کرم دو باتوں کا خیال فرمائیں۔

۱۔ پتہ صرف یہ کافی ہے ناظم جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی

۲۔ منی آرڈر کے کوپن پر کیفیت ضرور لکھیں اور اپنا نام اور مفصل پتہ اور چندہ کی مد تحریر کریں

محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

شبینہ

مسجد اہلی والی بازار لال کنواں دہلی ۲۷، ۲۸، ۲۹ رمضان شب کو تین دن شبینہ ہوگا۔ نذر محمد پہلوان بازار لال کنواں دہلی

ماسٹر تارا سنگھ کی ہوس اقتدار نئے روپ میں

لسانی بنیاد پر الگ صوبہ کے مطالبہ کی مخالفت کرنیوالوں کو فرقہ پرست بتانے لگے

نئی دہلی ۴ اگست۔ آج یہاں ایک پریس کانفرنس میں اکالی لیڈر ماسٹر تارا سنگھ نے مشرقی پنجاب کے پنجابی بولنے والے لوگوں کے لئے الگ صوبہ کی تشکیل سکھوں کے تمدن اور زبان کے تحفظ اور ہندوستان میں سکھوں کی انفرادیت کا مطالبہ کیا۔

موجودہ مشرقی پنجاب سے پنجابی بولنے والا صوبہ علیحدہ کرنے کی حمایت میں تقریر کرتے ہوئے [illegible] پنجابی بولنے والوں کے لئے الگ صوبہ کا مطالبہ [illegible] کانگریس کے فیصلے سے مطابقت رکھتا ہے [illegible] لسانی صوبوں کے اصول کو تسلیم کیا ہے [illegible] کانگریس [illegible] ایک ممتاز کمیٹی بھی مقرر کر دی ہے [illegible] پنجابی بولنے والوں کے لئے الگ صوبہ کیوں نہ ہو؟

ماسٹر تارا سنگھ نے بتایا کہ پیشتر ازیں وہ اس مسئلہ میں ڈاکٹر راجندر پرشاد کو ایک مکتوب ارسال کر چکے ہیں اور وہ یقیناً اس معاملہ میں مزید اقدام کریں گے۔

ماسٹر تارا سنگھ نے کہا کہ جو لوگ پنجابی بولنے والوں کے الگ صوبہ کے مطالبہ کی مخالفت کرتے ہیں وہ یقیناً فرقہ وارانہ ذہنیت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ یہ مسئلہ بنیادی طور پر مشرقی پنجاب کے ہندوؤں اور سکھوں سے تعلق رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ مطالبہ فرقہ پرستی پر مبنی نہیں اور یہ بات [illegible] ہے کہ ہندو اور سکھ [illegible] سکھوں کے تمدن، زبان، مذہب اور [illegible] مفادات کی حفاظت کے لئے سکھوں کی انفرادیت برقرار رکھی جائیگی۔ [illegible] پنجاب کے رہنماؤں کی ایک کانفرنس بلائیں گے تاکہ پنجابی بولنے والے لوگوں کے لئے الگ صوبے کے مطالبے کو تقویت ملے۔

ماسٹر تارا سنگھ نے کہا "میرے دل میں ذرہ بھر شک نہیں کہ [illegible] پریس، کانگرس پر کمیونسٹ اور دوسرے لوگ نئے صوبے کے مطالبہ کی مخالفت نہ کریں گے؟"

بمبئی کے وزیر داخلہ کا دورہ

بارسی ۴ اگست۔ بمبئی کے وزیر داخلہ مسٹر مرار جی ڈیسائی جو یہاں کل پہونچے ہیں انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کا مسئلہ دو تین ماہ کے اندر اندر حل ہو جائے گا۔ آپ نے اس بات پر زور دیا کہ لوگوں کو اپنے گھروں کو نہیں چھوڑنا چاہئے تو وہ ہند یونین میں واقع ہوں اور یا حیدرآباد کے علاقہ میں۔ ناسک میں جو اس وقت ہندوستانی فوجوں کے قبضہ میں ہے مسٹر ڈیسائی نے بریگیڈیئر [illegible] اور لفٹننٹ کرنل لیل کمانڈنگ [illegible] سے کچھ دیر تک بات چیت کی۔ بعد کو وزیر داخلہ [illegible] گئے۔ جو حیدرآباد کی سرحد سے صرف دو میل دور ہند یونین کا شہر ہے بارسی سے اس گاؤں کا فاصلہ ۲۱ میل ہے۔ دو جلسوں میں تقریر کرتے ہوئے بمبئی کے وزیر داخلہ نے کہا کہ اگر ضرورت محسوس کی گئی تو حکومت بمبئی متعلقہ گاؤں کی حفاظت کے لئے اسلحہ بھی دے گی۔

ڈاکٹر خان کی منتقلی

[illegible] ۴ اگست۔ صوبہ سرحد کے سابق وزیر ڈاکٹر خان صاحب کی بابت معلوم ہوا ہے کہ آپ کو مردان سے ٹھنڈیانی میں رکھا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر خان کو ان کے گاؤں سے کل پشاور لایا گیا اور پھر وہاں سے بذریعہ ایبٹ آباد موضع ٹھنڈیانی لے گئے۔ ٹھنڈیانی ضلع ہزارہ کا ایک پہاڑی مقام ہے۔

آخری انگریز گورنر بھی رخصت

مدراس ۴ اگست۔ مدراس کے آخری انگریز گورنر سر آرچی بالڈ نائی ۷ ستمبر کو اپنے عہدہ کو چھوڑ دیں گے معلوم ہوا ہے کہ ان کے جانشین کے نام کا ایک ہفتہ کے اندر اندر اعلان کیا جائے گا۔

جموں میں جرائم میں اضافہ

جموں ۴ اگست۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ گذشتہ سال کے مقابلہ میں صوبہ جموں میں کہیں زیادہ قتل کی وارداتیں ہوئیں۔ گذشتہ سال کے پہلے تین ماہ میں صرف دو قتل کی وارداتیں ہوئی تھیں۔ لیکن اس سال کے پہلے تین ماہ بیسیوں قتل کی وارداتیں ہوئیں۔ ان میں حملہ آوروں کی کی ہوئی وارداتیں شامل نہیں ہیں۔

کشمیر کمیشن کی پیش رپورٹ

دہلی ۴ اگست۔ کشمیر کمیشن کی پیش رو پارٹی جو ابتدائی تحقیقات کے لئے جموں اور کشمیر گئی ہوئی تھی آج اس کے دہلی واپس آجانے کی توقع ہے۔

شرنارتھی دہلی نہیں بس سکیں گے!

نئی دہلی یکم اگست۔ حکومت اس بات پر غور کر رہی ہے کہ مشرقی پنجاب گورنمنٹ سے کہا جائے کہ کسی کیمپ کو توڑنے سے پہلے محکمہ کو اطلاع دے۔ مشرقی پنجاب حکومت کا ایک افسر بھی دہلی میں رہے گا۔ اس کا کام یہ ہوگا کہ مشرقی پنجاب سے جو لوگ آگئے ہیں ان کو وہاں بھیجدے جو صوبہ یا ضلع ان کے لئے مقرر [illegible] موصول ہوئی ہے کہ شرنارتھی کیمپ [illegible] دہلی آچلتے ہیں۔ دہلی میں آبادی پہلے سے [illegible] ہے کہ کوہ کشمیر کیمپ کا چارج مشرقی پنجاب [illegible] جلد ہی سنبھال لے گی۔

دہلی میں کنسٹیبل بھی چوریاں کرنے لگے

دہلی ۴ اگست۔ کل شام چھ بجے کے قریب [illegible] میں سائیکل چرانے کی ایک عجیب و غریب واردات ہوئی ۱۲-۱۳ سال کے ایک لڑکے نے اپنا نیا سائیکل [illegible] کے ساتھ رکھ دیا۔ اور ایک دوکان سے کچھ خریدنے لگا۔ ایک باوردی پولیس کنسٹیبل وہاں آیا اور سائیکل پر سوار ہو کر بھاگ گیا۔ دوکاندار نے دیکھ لیا۔ اور پوچھا کہ کس کا سائیکل تھا اس نے مڑ کر دیکھا۔ تو سائیکل [illegible] وہ شور مچاتا ہوا کنسٹیبل کے پیچھے بھاگا اور تھوڑی دور جا کر جب لوگوں نے کنسٹیبل کا تعاقب کیا۔ تو [illegible] گیا۔ وہ بچانے ایسے لڑکے سے معذرت کرتا [illegible] دھمکانا شروع کر دیا جس پر لڑکے نے رونا شروع کر دیا آخر کار سائیکل اس کو واپس دلا دی گئی۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہمارے ہاں ہول سیل و ریٹیل نرخ پر کفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین پنساریان چاندنی چوک دہلی

مکانات کی قلت کو دور کرنیکے لئے ایک نیا محکمہ قائم کیا جائیگا

وزرائے صحت کی کانفرنس میں پنڈت نہرو کا اعلان

دہلی ۴ اگست۔ پنڈت نہرو نے وزرائے صحت کی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے پیر کے دن کہا کہ حکومت ہند نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ شرنارتھیوں کے آجانیکی وجہ سے مکانات کی جو قلت محسوس ہو رہی ہے۔ اس کو دور کرنے کے لئے ایک نیا محکمہ وزارت صحت عامہ کے ماتحت قائم کیا جائے۔ کانفرنس مذکور کی صدارت راجکماری امرت کور نے کی پنڈت نہرو نے کہا کہ حکومت نے ایسے مکانات کی تعمیر کی اسکیم بنائی ہے جس میں فولاد اور سیمنٹ کی ضرورت نہ ہوگی کیونکہ ان چیزوں کی سخت کمی محسوس کی جا رہی ہے۔ ان مکانات میں دو چھوٹے کمرے ایک باورچی خانہ ایک غسل خانہ ایک برآمدہ ہوگا۔ ایک احاطہ بھی ہوگا۔ ایک مکان پر ڈھائی ہزار روپیہ صرف ہوگا۔ یہ مکانات پائدار اور ٹھنڈے ہوں گے

وزیراعظم نے خوراک کے مسئلہ پر بھی بحث کی اور کہا کہ عوام کی اکثریت کو حیات بخش غذا میسر نہیں اور بغیر اس قسم کی غذا کے بیماری اور صحت کی خرابی کو دور نہیں کیا جا سکتا۔ اسکولوں میں غذا کی حالت کو بہتر بنانا ضروری ہے۔ حال ہی میں مدراس میں ایک [illegible] اشوک وہار نامی کا دورہ کیا اس ادارے میں بچوں کو طبی امداد دی جاتی ہے۔ اور [illegible] کے والدین سے ایک آنہ [illegible] لیا جاتا ہے۔ یہ خیال بہت قابل تعریف ہے [illegible] کے متعلق ہمارے پاس صحیح اعداد و شمار نہیں ہیں یہ امر قابل افسوس ہے۔ اعداد و شمار کی فراہمی مشکل کام ہے اور صرف ماہرین ہی اس کام کو خوبی انجام دے سکتے ہیں۔

مولانا لقاء اللہ عثمانی

پانی پت سے دہلی میں

دہلی ۴ اگست۔ حضرت مولانا لقاء اللہ صاحب عثمانی جو پانی پت میں اکیلے مسلمان مقیم تھے نماز تراویح میں ختم قرآن مجید کے بعد دہلی تشریف لے آئے ہیں اور مدرسہ تعلیم القرآن مکان نمبر ۲۹۴ کوکری دالان چوڑی والان میں مقیم ہیں۔

ایک اڑن کشتی کی گمشدگی

پیرس ۴ اگست۔ ۳ مختلف براعظموں کے ہوائی جہاز ایک فرانسیسی اڑن کشتی کی تلاش کر رہے ہیں اس میں ۵۲ آدمی سوار ہیں اور یہ گذشتہ ۲۴ گھنٹوں سے گم ہے۔ برنگالی طیارے تمام رات تلاش کرتے رہے۔ صبح کے وقت فرانسیسی طیارے بھی شامل ہو گئے۔ امریکہ اور افریقہ سے بھی اس کی تلاش کی جا رہی ہے ایک فرانسیسی جہاز اس راستہ پر روانہ ہو گیا ہے جس پر یہ کشتی روانہ ہوئی تھی۔

وزیر بحالیات کے مکان پر

مشرقی پنجاب [illegible] کالج یونین سے ایک ممبر سردار [illegible] سنگھ گذشتہ چار دن سے یونین کے مطالبات پیش کرنے کے خلاف وزیر بحالیات کے مکان پر بھوک ہڑتال کر رہے ہیں۔

سر مرزا اسمٰعیل کے خطوط

(بقیہ مضمون صفحہ اول)

چرچل کی سوئٹزرلینڈ اور چیکوسلاواکیہ کی مثال کا اطلاق ہندوستان پر نہیں ہو سکتا۔ دونوں ملک چاروں طرف سے گھرے ہوئے ضرور ہیں۔ لیکن کئی آزاد ملکوں سے اور حیدرآباد صرف ایک آزاد ملک سے چاروں طرف سے گھرا ہوا ہے۔ برطانوی دارالعوام میں حیدرآباد کے مسئلہ پر جو بحث ہوئی تھی اس میں حکومت برطانیہ نے صاف طور پر کہدیا تھا کہ وہ ہندوستان کے داخلی معاملہ میں کوئی مداخلت کرنا نہیں چاہتی۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا اس سے کوئی سبق حاصل کیا گیا ہے؟

گاندھی جی کے قتل کا مقدمہ

(بقیہ صفحہ ۳ کالم ۔)

مسٹر منگلے کی جرح

[illegible]

شنکر کی درخواست منظور

[illegible]

دوسرے گواہ کا بیان

[illegible]

... کرنا نہیں چاہتا۔

شنکر جی نہیں۔

اس مرحلے پر عدالت کل صبح [illegible] بجے تک کے لئے ملتوی ہو گئی۔

الجمعیۃ کا آزادی نمبر

۱۵ اگست وہ مبارک تاریخی دن ہے

جس میں ہندوستان کو اجنبی غلامی کی لعنت سے نجات ملی۔ ہندوستانی اس دن کو ہمیشہ بطور عید شان و شوکت کے ساتھ منائیں گے۔

ادارۂ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۵ اگست کو الجمعیۃ کا شاندار آزادی نمبر شائع کیا جائے۔ چنانچہ پوری سرگرمی کے ساتھ اس نمبر کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔

آزادی نمبر میں ملک کے ہر خیال اور ہر مذہب کے صف اول کے رہنماؤں مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ ذمہ داروں اور ممتاز لکھنے والوں کے بیش بہا مضامین، بلند پایہ شعراء کی خاص نظمیں اور اہل علم کے حیات افزا علمی مقالات پیش کئے جائیں گے۔

آزادی نمبر ۲۰×۳۰/۴ سائز کے کم از کم ۲۴ صفحات پر شائع ہوگا۔ قیمت فی کاپی ۴

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی صحیح تعداد سے مطلع فرمائیں۔

مشتہرین کے لئے یہ ایک نادر موقعہ ہے۔ وقت بہت کم ہے اس لئے جلد اشتہار کے لئے جگہ بک کرا لی جائے۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر: محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵۱

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعہ ۲۹ رمضان المبارک ۱۳۶۷ھ مطابق ۶ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۵ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

الجمعیۃ میں
اشتہار دیکر آپ
اپنی تجارت اور کاروبار کو
یقیناً
کامیاب بنا سکتے ہیں
منی آرڈر کوپن اور خطوط میں ہمیشہ اپنا پتہ اور خریداری نمبر صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں

دہلی اور اسکے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

یوم	انتہائے سحر	وقت افطار
بدھ ۲۸ رمضان المبارک		۷ بجکر ۔ منٹ
جمعرات ۲۸	۴ بجکر ۱۳ منٹ	۷ ۔ ۱۶
جمعہ ۲۹	۴ ۔ ۱۴	۷ ۔ ۱۵
ہفتہ ۳۰	۴ ۔ ۱۵	۷ ۔ ۱۵

گھڑی اور گھنٹوں کا ٹائم ریڈیو سے ملائیں

جنگ کشمیر میں پاکستانی فوجوں کی شرکت سے برطانوی حلقوں میں اضطراب

دہلی ۴ اگست۔ وزارت دفاع کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ کشمیر میں گذشتہ ۲۴ گھنٹے میں ہماری فوجوں اور دشمن کے دستوں کے درمیان توپوں کی گولہ باری کا تبادلہ ہوا۔

کیا دولت مشترکہ کے دو ممبروں کے مابین جنگ ہو سکتی ہے؟
ہند اور پاکستان سے انگریز افسروں کو واپس بلا لیا جائے گا

لندن ۴ اگست۔ حکومت برطانیہ اس پر غور کر رہی ہے کہ کس طرح سے ان تمام برطانوی افسروں کو جلد سے جلد واپس بلا لیا جائے جو پاکستان اور ہندوستان کی فوجوں میں ملازم ہیں جبکہ دونوں ملکوں کی فوجیں کشمیر میں برسر پیکار ہیں۔ ...

امریکہ برطانیہ فرانس اور روس میں باہمی گفتگو کی توقع
کریملن میں مغربی حکومتوں کے سفیروں کی اسٹالن سے ملاقات

ماسکو ۴ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ تین مغربی حکومتوں کے نمائندے جنہوں نے مارشل اسٹالن سے اپنی دو گھنٹہ کی ملاقات کی رپورٹ اپنی اپنی حکومتوں کو بھیجدی تھی اب ہدایات کے منتظر ہیں۔ ...

نظام کے ایجنٹ جنرل دہلی واپس آگئے

نئی دہلی ۴ اگست۔ نواب زین یار جنگ ... حیدرآباد ... ہوائی جہاز سے دہلی واپس آگئے۔ ...

کاٹن کھڑنا کہ بندی توڑے گا

عرب اور یہودی پناہ گزینوں کیلئے ایک لاکھ پونڈ کا عطیہ
برطانوی نمائندہ کا مجلس تحفظ کے اجلاس میں اعلان

برنادوٹ اور کلب پاشا کی ملاقات

کیا حکومت ہند پاکستان سے معاشی تعلقات منقطع کرلیگی؟
۱۲ اگست کی بین الملکتی کانفرنس میں آخری فیصلہ ہوجائیگا

نئی دہلی ۴ اگست۔ جنگ کشمیر میں پاکستان کے سپاہیوں کی مبینہ شرکت کو بیان کے باخبر حلقوں میں سنگین ترین امر قرار دیا جارہا ہے۔ ...

مغربی پنجاب میں سیلاب کی زبردست تباہ کاریاں جان و مال کا زبردست نقصان
دریائے جہلم کا پانی گجرات شہر کی سڑکوں پر بھرا ہوا ہے
راولپنڈی اور پشاور کے درمیان ریلوے لائن ٹوٹ گئی

لاہور ۴ اگست۔ اس وقت مغربی پنجاب کے تمام دریاؤں میں سیلاب آیا ہوا ہے۔ ...

یہودیوں کا الزام

تل ابیب ۴ اگست۔ اسرائیل کے ایک فوجی نمائندے نے کہا کہ کل رات مصری فوجوں نے ...

کراچی میں کشمیر کمیشن کا جلسہ

کیا پاکستان کی فوجیں کشمیر میں لڑ رہی ہیں؟
وزیراعظم پاکستان کی خاموشی

کراچی ۴ اگست۔ اطلاعات کی اطلاع ہے کہ پاکستان کے نمائندوں نے کشمیر کمیشن کے سامنے اس امر کا اعتراف کر لیا ہے کہ پاکستان کی فوجیں ...

ڈاکٹر ملان نے جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے وفد سے ملنے سے انکار کر دیا

ڈربن ۴ اگست۔ جنوبی افریقہ کے وزیراعظم ڈاکٹر ملان نے ہندوستانی لیڈروں کے وفد سے ملنے سے انکار کر دیا ...

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۶ راگست ۱۹۴۸ء

جمہوری ریاست کا اخلاقی پہلو

حکومت ہند کے وزیر مسٹر گاڈگل نے علیگڑھ میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان کی حکومت ایک لادینی اور غیر مذہبی حکومت ہے اور شہریوں کی غیر مشروط وفاداری اس کی بنیاد ہے، جدید دور میں کسی ریاست کو مذہب نسل، اور زبان کی بنیادوں پر قائم نہیں کیا جاسکتا کیونکہ جہاں تک مذہب کا سوال ہے وہ تو ایک انتشار پھیلانے والی طاقت ہے جس سے ہندوستان کو پرہیز کرنا چاہیئے!

بلا شبہ ہندوستان کا نظام حکومت جمہوری ہے اور اس کی طاقت کا سرچشمہ عوام کی رائے اور بھروسہ اتفاق ہے، ہم خود بھی اس بات کے قائل نہیں کہ نئے ماحول میں کوئی حکومت، مذہبی بنیادوں پر قائم ہو اور مذہب کی تشریح ان لوگوں پر چھوڑ دی جائے جو مذہب کو اپنے اغراض کا آلۂ کار بنا سکتے ہیں اہل مذاہب کی غلط کاریوں نے مذہب کے لئے سیاست میں کوئی گنجائش نہیں چھوڑی، ان کی غلط اندیشیوں اور غلط کاریوں کا علاج یہی ہو سکتا ہے کہ مذہب اور سیاست میں خط امتیاز کھینچ دیا جائے اور آئندہ مذہب کی بنیاد پر کسی نظام حکومت کی تعمیر نہ ہو، جب تک کوئی قوم انسانی اور اخلاقی زندگی کے مراحل سے گزرتی ہے اس کے لئے، مذہبی زندگی کا افتیار کرنا بھی محال ہے، انسانیت سے بغاوت اور اخلاق سے عداوت کے بعد صرف حیوانی زندگی باقی رہ جاتی ہے جس پر مذہب کا روغن چڑھا لینا تو آسان ہے لیکن کوئی حکومت مذہبی نہیں کہا سکتی۔

لیکن ہمیں جس چیز سے اختلاف ہے وہ یہ ہے کہ لادینی حکومت کا صور پھونکنے والے نفی سے گزر کر اثبات کی طرف نہیں آتے اور نہیں بتاتے کہ کس ریاست کو کن بنیادوں پر قائم ہونا چاہیئے، شہریوں کی وفاداری کسی حکومت کے لئے شیرازہ ہو سکتی ہے۔ ان کے محرکات اور مقاصد کا سرچشمہ قرار نہیں پاسکتی ہر حکومت کے لئے ایک بنیادی فکر ضروری ہے تاکہ وہ اس کے کردار کا رخ متعین کر سکے اور اس کے طریق کار کو واضح کر دے، صرف اس کہہ دینے سے کام نہیں چل سکتا کہ ہندوستان کا نظام حکومت لادینی ہے، کیونکہ یہ صرف نفی ہے اور نفی سے کسی ثبوتی حقیقت کا سراغ نہیں مل سکتا، اگر مذہب کسی حکومت کے لئے بنیاد قرار نہیں پاسکتا تو ہمیں اخلاق کو سیاست کی بنیاد قرار دینا ہوگا، جس سیاست کی حقیقت صرف نفی ہو اور اخلاق کو اس کی بنیاد قرار نہ دیا جائے وہ لادینی اور غیر مذہبی اسٹیٹ تو ہو سکتی ہے، حق و انصاف اور مساوات کی حکومت نہیں ہو سکتی، خالی لادینی حکومت انسانی تقاضوں کی تکمیل نہیں ہو سکتی اس سے تو منافرت جنگ، رقابت، مسابقت، خود غرضی اور طبقاتی کشمکش کے شعلے بلند ہوتے ہیں اور انسان حیوان بن کر اپنی گردن اپنے ہاتھوں سے کاٹنے پر آمادہ ہو جاتا ہے آخر روس، امریکہ، برطانیہ، فرانس بھی تو لامذہبی سیاست کے علمبردار ہیں لیکن ان کی اس سیاست نے دنیا کو کیا فائدہ پہونچایا! ان کی سیاست میں تو انسانیت کو بھی اماں نہیں، اگر لادینی حکومت اسی کا نام ہے کہ انسان انسان کا شکار کرتا رہے قومیں قوموں کے خلاف صف آرا ہوں اور ایٹم بم سے بسے بسائے شہروں کا نام ونشان تک مٹا دیا جائے تو زمانے یہ نئی جہالت ہمارے لئے کسطرح قابل فخر ہو سکتی ہے؟

بلا شبہ کسی ریاست کی بنیاد مذہب نسل اور زبان پر نہ ہونی چاہیئے مگر اس نفی سے آگے بڑھ کر یہ تو کہو کہ ریاست کے لئے اخلاق اور انسانیت کی بنیاد ضروری ہے ! ہر زمانہ کا ایک خاص فیشن ہوتا ہے، آج کل کا فیشن یہ ہے کہ حکومت کی تشریح کرنے بیٹھے اور اس پر لادینیت کا لیبل لگا دیا گویا یہ ہی فخر کی بات ہے کہ کوئی حکومت لامذہب ہو اور عوام فرشتے نفی پر راضی ہو جائیں ! نفی کے بعد اثبات کی طرف آؤ اور اخلاق وانسانیت کو حکومت کی بنیاد قرار دو یعنی جھوٹ، فریب، خلف عہد، ظلم، بدخواہی، بدنیتی اور دوسری کے بجائے، راستی، دیانت، ایفائے عہد انصاف، ایثار، مساوات اور ہمدردی کے اصول ہوں اور اخلاقی حکومت انکی علمبردار بنے۔

مہاتما گاندھی ہمیشہ اخلاقی ریاست کا نقشہ پیش کرتے رہے مگر مادی تہذیب کے علمبردار وقت اس کی اہمیت کبھی محسوس نہیں کی اور ہمیشہ غیر اخلاقی جمہوریت کی وادیوں میں ٹھوکریں کھاتے رہے ہے، کوئی لادینی اور جمہوری حکومت جو اخلاقی اور انسانی اوصاف سے خالی ہو ہمارے لئے مفید نہیں ہو سکتی، حکومت کو ضرور لادینی اور جمہوری ہونا چاہیئے لیکن اس کی اساس وہ اخلاق ہوں جو انسانی نفسیات سے ابھرتے ہیں اور جن کے بغیر ہم انسانی معاشرہ اور انسانی تمدن کی کوئی خدمت نہیں کر سکتے، اگر ہم پر مذہب کا راستہ بند کیا جاتا ہے تو ہمارے لئے اخلاق وانسانیت کا دوسرا راستہ کھول دینا چاہیئے۔

آج بڑے سے بڑا جرائم پیشہ بڑے سے بڑے عہدے پر فائز ہو سکتا ہے، ہر ظالم اور ستمگر کے لئے جج بننے کے مواقع حاصل ہو سکتے ہیں، ہر شرابی اور رشوت خور قانون وامن کا محافظ بن سکتا ہے، اور غیر مذہبی حکومت میں ان سب کے لئے گنجائش ہے، لیکن اخلاقی ریاست ایسے غیر اخلاقی عناصر کو کبھی برداشت نہیں کرے گی، ہم یہی چاہتے ہیں کہ لادینی سیاست میں اخلاق کا پیوند لگے اور ہمارا ملک انصاف، سچائی، مساوات، محبت، رواداری اور انسانیت کا بہشت زار بن جائے!

ڈاکٹر خان بھی!

حکومت سرحد نے خان عبدالغفار خان پر ہاتھ صاف کیا، خان عبدالصمد خان کو جیل میں ٹھونسا، ڈاکٹر خان کے فرزندوں کو گرفتار کیا اور اب تازہ شاہکار یہ ہے کہ خود ڈاکٹر خان صاحب کو گرفتار کر کے ضلع ہزارہ کے ایک گاؤں میں نظر بند کر دیا! آزادی کے بعد آزادی کے علمبرداروں کا یہ حشر قابل عبرت ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انگریز ابھی تک اپنی تمام خونخواریوں کیساتھ موجود ہے اور ملک کے سرفروشوں سے انتقام لے رہا ہے، کہاں خان عبدالغفار خان اور کہاں خان عبدالقیوم خان! کہاں پاکستان اور کہاں صوبہ سرحد کا انگریزی انقلاب! قدرت کی یہ تمام ستم ظریفیاں جاکر بین کرنا ہوگا کہ آزاد ملک کے حکمران ! اب آزادی کے پہلے آزادی کے بعد ابھی یہ سلسلہ جاری ہے، آزادی حکومت آزادی سے نظام بدلا لیکن بے دردی سے ہاتھ کا ہاتھ بھی کچھ نہیں بچا

جہاں حالات کا رخ بدلا سیاست کی یہ سب دھوپ چھاؤں دھری کی دھری رہ جائیگی اور سرحد کی سرزمین پھر اپنے مجاہدوں کے قدم چومنے پر آمادہ ہوگی۔

مسٹر ایٹلی اور نظام

وزیر اعظم برطانیہ مسٹر ایٹلی نے نظام کو آگاہ کر دیا ہے کہ اگر حکومت نظام نے مجلس متحدہ اقوام کی طرف رجوع کیا تو برطانیہ اس کی تائید نہیں کریگا!

ہمیں برطانیہ سے یہی توقع تھی کہ وہ ہندوستان کے معاملات میں مداخلت نہیں کریگا اور کسی ایسی اپیل پر توجہ نہیں دے گا جس کا تعلق براہ راست حکومت ہند سے ہو، ہماری یہ توقع مسٹر ایٹلی کے بیان سے پوری ہوگئی ہے مگر یکی بات یہ ہے کہ ہمیں برطانیہ کی انصاف پسندی سے یہ امید نہیں کہ وہ آخر تک اس روش پر قائم رہیگا اور وقت آنے پر نیا رنگ اختیار نہیں کریگا فلسطین کا حشر سامنے ہے، عربوں کو انگلستان نے جنگ کا میدان گرم کرادیا مگر جب عرب پوری طرح یہود کی طرف گئے تو برطانیہ نے آنکھیں بدل لیں اور عربوں کو کسی طرف کا نہ چھوڑا اسوقت تک تو دیانتداری کی حد ہے کہ نظام کو کورا جواب دیدیا گیا، آگے کی خبر نہیں کہ حالات کے ساتھ خیالات کی رفتار کیسی رہے اور نقشوں میں کیا کچھ آجائے

بچو!

ولا تقربوا ...... تا ...... سبیلا ...... (پ ۱۵ ع ۴)

حرامکاری کے قریب بھی مت جاؤ کیونکہ وہ بہت ہی بے حیائی کی بات ہے اور یہ راستہ بہت ہی برا اور نفرت انگیز ہے۔

اسلام نے حرامکاری کی ہر قسم کو خواہ وہ شوقیہ ہو یا پیشہ ورانہ چھپی ہو یا کھلی، قطعی حرام اور سنگین جرم قرار دیا ہے، کیونکہ یہ انسانیت کے لئے شرمناک ہے اور اس حرکت سے نسلیں خراب ہوتی ہیں، حسب و نسب پر بٹہ لگتا ہے اور انسانی اخلاق کی بنیادیں اکھڑ جاتی ہیں، اسلام نے کہا کہ حرامکاری کے قریب بھی مت جاؤ یعنی ان اسباب سے بھی بچو جو انسان کو حرامکاری کی طرف لیجاتے ہیں چھپی آشنائی۔ بے پردگی، عورت اور مرد کا اختلاط، صنفی تعلقات پر گفتگو یہ سب حرام ہیں اور جو قوم اس میں مبتلا ہوتی ہے وہ کسی نہ کسی وقت برباد کر دی جاتی ہے۔ اسلام نے مسلم اور غیر مسلم عورت میں کوئی فرق نہیں رکھا، غیر مسلم عورت کا ناموس بھی مسلم عورت کی طرح محفوظ ہونا چاہیئے، اس کی نظر میں زنا بالجبر اور زنا بالرضا دونوں حرام ہیں اور دونوں قابل تعزیر جرم پس جو شخص مسلمان ہے اس کا فرض ہے کہ دنیا سے صنفی انتشار کو مٹائے اور ایک ایسی سوسائٹی پیدا کرے جسمیں عصمت فروشی کے لئے کوئی گنجائش نہ ہو۔

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں مزید شہادتیں

دہلی ۵ راگست آج اسپیشل جج کی عدالت میں گاندھی کے مقدمہ قتل کے سرکاری وکیل مسٹر دفتری نے عدالت کے سامنے یہ درخواست پیش کی کہ سلطانی گواہ رام چندر بڈگے کی درخواست برائے لائسنس فروخت اسلحہ اور اس کی سفارشی چٹھیاں جن میں مسٹر ایل۔ بی بھوپٹکر کی چٹھی بھی شامل ہے۔ مثل میں شامل کرلی جائے۔ مسٹر دفتری نے اپنی درخواست میں بیان کیا ہے کہ سلطانی گواہ سے جرح کے دوران گواہ سے کیریکٹر کے متعلق چند سوالات کئے گئے یہ بھی سوال پوچھا گیا کہ ملزم کے پاس اسلحہ کی خرید فروخت کا لائسنس بھی تھا یا نہیں۔ مسٹر دفتری نے اپنی درخواست میں یہ بھی کہا کہ دوبارہ جرح کے دوران انہوں نے سرکاری وکیل نے سلطانی گواہ کو درخواست لائسنس اور سفارشی خطوط جن میں مسٹر بھوپٹکر کا خط بھی تھا عدالت میں پیش کرنے کے لئے کہا تاکہ گواہ کے کیریکٹر پر روشنی ڈالی جائے۔ لیکن عدالت نے اس سوال کی اجازت نہ دی۔ یہ درخواست اس لئے پیش کی جارہی ہے کہ حقائق کو مثل میں شامل کیا جاسکے۔ اپنی درخواست میں دفتری نے اس رائے کا اظہار کیا کہ سوال کا رد کرنا قانونی لحاظ سے غلط ہے۔ بڈگے نے اپنی درخواست برائے لائسنس میں کہا تھا کہ وہ پچھلے دس سال سے مہاراشٹر بھنڈار میں دکان چلا رہا ہے۔ میں ضروری ہتھیار بیچتا رہا ہوں جس کی رو سے تو کوئی اجازت ہے۔ اس طرح میں نے بوقت ضرورت خود حفاظتی اقدامات میں کافی امداد دی ہے۔

لنچ کے بعد استغاثہ کی مزید گواہوں کی شہادت قلمبند کی گئی گیا پرشاد دوبے نے بیان کیا کہ میں آریہ پاتھک آشرم کا منیجر ہوں اور میں اسی آشرم میں رہتا ہوں یہ سینڈہرسٹ روڈ بمبئی میں ہے۔ میں یہاں بطور منیجر سات سال سے کام کر رہا ہوں۔ میں ملزم آپٹے کو جانتا ہوں اس کو میں نام میں دوسرے دو نام نارائن ڈی راؤ اور ڈی این آپٹے ہیں۔ میں اسے ڈیڑھ سال سے جانتا ہوں یہ میرے آشرم ہوٹل میں آکر ٹھہرا کرتا تھا اور ہمیشہ اوپر کا کمرہ بک کرتا تھا۔ گواہ نے ملزم آپٹے کو عدالت میں شناخت کیا۔ میں حاضریوں کا رجسٹر رکھتا ہوں گواہ نے عدالت میں وہ رجسٹر شناخت کیا۔ ملزم کرکرے کو شناخت کیا۔ ملزم آپٹے ۲۳ جنوری کو ہوٹل میں رات کے ۸ بجے آیا۔ اس وقت میں نے اس کا اندراج سیریل نمبر ۳۸۳ پر کیا یہ اندراج مجرمانہ ہے اس کے ساتھ ایک آدمی اور تھا اس نے کہا ہے ایک کمرہ چاہئے۔ لیکن ایسا کوئی کمرہ خالی نہ تھا میں نے کہا کہ کمرہ بالکل خالی نہیں۔ میں نے ان کو دو بستر دیئے جن میں دو سیٹیں تھیں اس میں انہوں نے اپنا سامان رکھا دو بیگ چمڑے کے اور ایک بستر تھا جیسے تالا لگا تھا رجسٹر میں ان دونوں کی آمد کا وقت اور تاریخ میں نے خود لکھی ہے نارائن آپٹے نے رجسٹر پر دستخط نہیں کئے اور یہ کہکر میں دستخط پھر کردوں گا۔ دونوں باہر چلے گئے۔ یہ دونوں رات کے وقت ایک بجے ہوٹل میں آئے میں نے دیکھا کہ ۱ ½ بجے رات کے وقت ان کے کمرہ کی بجلی جل رہی تھی میں وہاں گیا اور بجلی بند کرنے کو کہا۔ نارائن آپٹے نے کہا کہ ہم بات چیت کر رہے ہیں۔ یہ ختم ہو جانے کے بعد بجلی بند کرا دی جائے گی۔ میں دوسرے دن ۷ بجے صبح آیا اور آپٹے کے ساتھی سے کہا کہ تم اپنا نام رجسٹر میں درج کردو تو وہ ملزم آپٹے کی طرف دیکھنے لگا اس پر نارائن آپٹے نے کہا کہ یہ میرا آدمی ہے۔ میں اسے اسٹیشن چھوڑنے جا رہا ہوں اور واپس آکر اسکا نام رجسٹر میں لکھ دوں گا۔ میرے لئے ایک الگ کمرے کا انتظام نہ کرنا۔

۲۴ جنوری کو نرائن آپٹے ساڑھے گیارہ بجے کے قریب واپس آیا۔ میں نے اسی وقت انہیں کمرہ نمبر ۲ دیدیا۔ اس میں چار سیٹیں تھیں۔ انہوں نے مجھے چھ روپے دیئے۔ اس وقت بھی اس نے رجسٹر میں اندراج نہ کیا اور باہر چلے گئے۔

ملزم عورت کے ساتھ

کچھ دیر بعد ملزم آپٹے پھر آیا۔ اس وقت اس کے ساتھ ایک عورت تھی۔ اس نے رجسٹر میں اپنا نام درج کر دیا۔ وہ عورت ۲۴ جنوری کا تمام دن اور تمام رات ہوٹل میں اس کے ساتھ رہی اور دوسرے دن صبح دونوں چلے گئے۔ اس وقت ۷ بجے کا وقت تھا۔ قدرے اندھیرا تھا۔ آدمی ایک دوسرے کو پہچان نہیں سکتا تھا۔ اس نے اپنا نام پہلے ڈی نارائن لکھنے کو کہا تھا۔ اس لئے میں نے ڈی نارائن رجسٹر میں لکھدیا عدالت میں آپٹے اور گواہ ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکراتے رہے۔ ایک دفعہ اس نے مسٹر اینڈ مسز آپٹے کے نام پر کمرہ لیا۔

پانچ فروری کو پھر میرے ہوٹل میں آیا اور اسپیشل کمرہ مانگا لیکن میں نے کہا کہ میرے پاس کوئی پورا کمرہ خالی نہیں ہے۔ میں نے اس کو ایک سیٹ دی۔

گواہ نے فیشن میاں بدلا

میں نے اس وقت ملزم کو دیکھا کہ وہ گاندھی ٹوپی اور قمیص پاجامہ پہنے تھا۔ لیکن جب وہ پہلے آیا کرتا تھا تو وہ ٹائی کوٹ پتلون پہن کر آیا کرتا تھا۔ اس لئے میں نے اس سے دریافت کیا کہ آپ اب انگریزی لباس چھوڑ کر دیسی لباس پہننے پر آگئے ہیں۔ اسوقت ملزم آپٹے سیڑھی اتر رہا تھا اس نے کہا کہ لباس ایسے ہی ملتا ہے۔ اسوقت یہ میلے کپڑے پہنے تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ ان کپڑوں کو کافی دنوں سے پہن رہا ہے۔ اس وقت اس کے پاس کوئی سامان نہیں تھا میں نے شناخت پریڈ میں ملزم آپٹے کو شناخت کیا تھا گواہ پر صفائی کی طرف سے کسی وکیل نے جرح نہ کی۔ اور گواہ کا بیان ختم ہوا۔ ع

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

قومی زبان

تقسیم سے پہلے اور تقسیم کے بعد اردو زبان کی مقبولیت اور لطف کی جتنی شہرت ہو چکی ہے ان میں ہندوستان کی مشترکہ زبان ہونے کے متعلق اخبارات میں اس قدر بحث ہو چکی ہے اور ایسی ایسی مستحکم اور دلنشین دلیلیں اس کی موافقت میں پیش کی جا چکی ہیں کہ کوئی منصف مزاج ہندوستانی عالم اس سے کہ وہ کسی مذہب یا سیاسی جماعت سے تعلق رکھتا ہو، اس کو ہندوستان کی ترقی زبان ماننے سے انکار نہیں کر سکتا۔ آپ کے موقر اخبار کی اشاعت ..... میں بیرونی کے ایک معزز ہندو جناب ..... صاحب کا ..... مورخہ ۲۸ جولائی کا جو شائع ہوا ہے وہ اس بات کا روشن ثبوت ہے ..... صاحب موصوف کے خطبہ سے آپ نے ..... اردو زبان کے ہندو مسلمانوں کی مشترکہ زبان ہونے کے ثبوت میں سیکڑوں ہندو اخبار کا حوالہ دیئے جا رہے ہیں ..... اور ہزاروں ہندو شاعروں اور ادیبوں کا ذکر کیا ہے جو اپنے خیالات اردو کے ذریعہ سے ظاہر کرتے ہیں اس کے بعد اب کسی مزید ثبوت کی ضرورت نہیں رہتی ہے ہم ایک اور ثبوت بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا وہ یہ کہ گذشتہ جنگ عظیم میں برلن اور ٹوکیو سے جو خبریں نشر کی جاتی تھیں اور جن کا مقصد ہندوستانی عوام کو آگاہ کرنا ہوتا تھا وہ ہم اردو میں ہوتی تھیں لیکن سوال یہ ہے کہ دنیا میں انصاف پسند لوگ کتنے ہیں۔ انسان کی دماغی کیفیت نظرتاً ایسی واقع ہوتی ہے کہ عوام الناس تو درکنار بڑے بڑے آزاد خیال اور صاحب الرائے اور اہل فکر ۹۹ فیصدی حالات میں مسائل زندگی کے متعلق غیر جانبدارانہ طور پر خالص شعوری نقطۂ نظر سے غور کرنے سے معذور ہیں

انسان کی دماغی کیفیت دو قسم کی ہوتی ہے ایک شعوری دوسری جذباتی لیکن عادت استعمال، مشق وممارست اور رشتہ وعلائق کے باعث شعوری اور جذباتی کیفیات دونوں آپس میں ایسی متصل ومربوط ہو جاتی ہیں کہ ان میں تمیز کرنا محال ہو جاتا ہے اور مسائل زندگی پر خالص شعوری نقطۂ نظر سے غور کرنے کے وقت مذہبی جذبات اکتسابی رجحانات، فطری میلانات یا اجتماعی واحولی تاثرات مداخلت ایسے غیر محسوس طور پر ہو جاتی ہے کہ متفکر اپنی رائے، عقیدہ یا نظریہ ہی کو حرف دلیل سمجھنے لگتا ہے بیکن کا قول ہے کہ کوئی چیز کتنی ہی تیز اور صاف روشنی میں رکھی ہوئی ہو لیکن اگر بصارت میں نقص ہے یا آنکھ دوسری طرف متوجہ ہے تو وہ ہرگز پوری طرح نظر نہیں آسکتی یہی حال ذہن بشری کا ہے کسی حقیقت

..... کے نمونے میں کہتے ہیں ..... دلائل ..... ہوں لیکن اگر دل میں پہلے سے اس کے خلاف تعصب موجود ہے تو کیا اسے طبیعت قبول کرے گی"

اس سے صاف ثابت ہو جاتا ہے کہ آپ دلائل وبراہین کے ذریعہ متعصب اشخاص ..... کے دل سے ..... نہیں کر سکتے ہو کہ ..... ہو گیا ہے ..... پہلے ہی ..... اسی طرح ..... ہے بعض صوبوں کی سرکاری زبان ہندی کر دینا اور ہندو یونیورسٹی کی زبان کو سنسکرت آمیز ہندی بنا دینا چند ..... مقبول بنانے کے مصنوعی ذرائع ہیں جن طرح ایک سیاہ فام عورت کو پاؤڈر لگا کر ....

خوبصورت بنا یا جاسکتا ہے نہیں یہ طریقے پاؤڈر کے ذریعہ سے ..... اور عام مقبولیت بہم نہیں کی جاسکتی۔ اسی طرح حکومت کے دباؤ سے کسی زبان کو مقبولیت حاصل ہو سکتی ہے اور نہ زبان کا صحیح مقصد حاصل ہو سکتا ہے اور یہ ہندوستان کی کسی بدقسمتی ہے کہ ..... رہنما ..... ہندوستان میں ایک قومیت اور ایک ..... ہی ..... ایک قومیت ..... اردو کو جو ہندو مسلمان سکھ عیسائی ..... سب کی مشترکہ زبان ہے اور جس کے ..... قومیت کی ..... ہیں ..... کوشش کر رہے ہیں۔

عبدالحفیظ

دیوبند ۳۱ جولائی

دو مناسب اقدام

مکرمی تسلیم۔ حکومت ہند نے حکومت یو۔ پی کے ..... کا کنٹرول ..... اور ..... کی جزوی راشن بندی کر کے ..... ہے اس پر جتنا بھی اظہار مسرت کیا جائے کم ہے ..... قابل تعریف ہے ..... کی پالیسی ..... سے عمل کر رہی ہے ..... امید ہے کہ ملک ..... کی تکلیفوں سے نجات مل جائیگی۔ یو۔ پی کے بڑے بڑے شہروں میں ..... ہے کہ ..... کا خیر مقدم کیا جائے گا ..... مصنوعی زندگی کی دوسری ..... ضروریات ..... گراں ہیں ایسی ہی پالیسی اختیار کرے تاکہ ..... اور ..... کی شکایتیں ..... زیادہ کمی ..... آسانیاں پیدا ہوں

اشتیاق علی میرٹھ ..... راگست ۱۹۴۸ء

مراسلات واطلاعات

راندیر کے مدارس عربیہ

راندیر۔ ابتدا بعید اوائل جمعیۃ علماء راندیر ضلع سورت نے مرکزی جمعیۃ کی ہدایت کے ماتحت صوبہ گجرات کے مدارس عربیہ کی تنظیم واصلاح وترقی کے لئے تعلیمی کمیٹی کا قیام کر کے مدارس نصاب کی اصلاح اور تنظیم کے لئے مضبوط قدم اٹھانے کا عزم صمیم کیا ہے۔

۲۲ شعبان المعظم کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ ماہ رمضان المبارک میں تنظیم کا مسودہ اور ضروری دفعات مرتب کئے جائیں بمنشور ہذا اعلان کیا جاتا ہے کہ اراکین کمیٹی، ۳ شوال المکرم کو دفتر جمعیۃ علمائے راندیر میں رونق افروز ہوں۔ مذکورہ تاریخ کو بعد نماز ۱۰ بجے تعلیمی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہونا قرار پایا ہے۔ امید ہے کہ ممبران کمیٹی شریک اجلاس ہو کر زیر بحث مسائل کو انجام دیں تاکہ تنظیم کا کام جلد از جلد شروع ہو سکے

(عبدالصمد کاچھوی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علمائے راندیر ضلع سورت)

دردمندان ملت سے استدعا

مہتمم صاحب مدرسہ صدیقیہ مطلع فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی تعلیمی حالت جس قدر گری ہوئی ہے وہ کسی فرد ملت سے پوشیدہ نہیں۔ اس لئے اس بارے میں کسی تفصیل کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوتی۔

آج ..... موضع ..... ضلع مظفرنگر میں ہیں ..... مسلم ..... آباد ہے وہاں کوئی دینی مدرسہ ایسا قائم نہ کیا جاسکا جو موضع کے بچوں کی ضرورت علم کو پورا کر سکتا۔ اس حالت سے یہاں کی تعلیمی پستی وجہالت کا ثبوت ملتا ہے لیکن اب ایک مدرسہ زیر سرپرستی حضرت ..... مولانا مولوی محمد یوسف صاحب ..... حضرت ..... کے ..... جاری کیا جا چکا ہے جو صرف ..... ماہ سے بہترین تدریسی خدمات انجام دے رہا ہے ابتدائی قیام سے اب تک ایک صد سے زائد طلباء داخل ہوئے ..... آگیا ہے کا شتکار پیشہ عوام لوگوں نے کچھ بچوں کو اپنے ساتھ کھیت کے کاموں میں لگا لیا ہے۔ پھر بھی مدرسہ میں اسی سے زائد طلباء کا باقاعدہ داخلہ ہے اس کے علاوہ بھی کچھ بچے آ رہے ہیں۔ مدرسہ میں تعلیم القرآن شریف حفظ وناظرہ کے علاوہ اردو ہندی کی پرائمری جماعتوں تک تعلیم کا انتظام کیا جا چکا ہے۔ نہایت محنتی وتجربہ کار مدرسین تدریسی خدمات پر مامور ہیں۔ جس کو ایک معقول رقم بطور تنخواہ کے ہر ماہ دی جاتی ہے مدرسہ کے کثیر مصارف ہیں غریب طلبہ کو کتابیں اور امداد کی ..... مدرسہ کی طرف سے کفالت ہی اور باہر کے طلبہ کے قیام وطعام کا انتظام کیا جاتا ہے۔

ان حالات میں مدرسہ کا ..... ہوتا ہے۔ جبکہ یہ ..... اخراجات کی غیر مستقل ..... سے حاصل کی جاتی ہے اور ..... اخراجات کو کم کیا جاتا ہے

(باقی صفحہ ۴ پر)

ایک مرہٹہ کا بیان

گوبند دشوانا تھ ملک نے بیان کیا کہ میری ۴۲ برس کی عمر ہے میں ایلفنسٹن ہوٹل کارنس روڈ بمبئی میں ملازم ہوں میں وہاں ۹ سال سے بطور بیرہ کا کام کر رہا ہوں۔ میں جنوری میں بھی وہاں موجود تھا۔ پولیس وہاں ان مسافروں کے متعلق تحقیقات کرنے آئی تھی۔ ج

(باقی صفحہ ۴ پر)

کشمیر کمیشن یا کسی قسم کی مصالحت مسئلہ کشمیر کو حل نہیں کرسکتی

جے پور میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

جے پور ۹ راگست۔ کل دوپہر ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے سوشلسٹ رہنما مسٹر جے پرکاش نرائن نے کہا "کشمیر کمیشن یا کسی قسم کی مصالحت مسئلہ کشمیر کو حل نہیں کرسکتی۔ اس مسئلہ کا فیصلہ صرف میدان جنگ میں ہوسکتا ہے اور یہی ایک واحد راستہ ہے"۔

تقریر جاری رکھتے ہوئے مسٹر جے پرکاش نرائن نے کہا کہ اقوام متحدہ کی پالیسی اخلاق اور صداقت پر مبنی نہیں [illegible] کمیشن اس مسئلہ کو حل کرسکے ... کشمیر کو تقسیم کردیا جائے۔ ایک حصہ ہندوستان کو اور ایک حصہ پاکستان کو دے دیا جائے اور تیسرا حصہ آزاد علاقہ ہے۔

[illegible]

عورت کا قتل

دہلی پولیس کے ایک سپاہی کی [illegible] سال بیوی ... کے علاقہ میں بڑی سنگدلی سے قتل کردیا گیا۔ اس عورت کو گلا [illegible] ... کہا جاتا ہے کہ قاتل پہلے اس عورت کو اغوا کرکے لے گیا ... [illegible]

بمبئی ٹنگل کا مقدمہ

دہلی ۹ راگست ... [illegible]

کنوئیں میں لاش ملی

شاہدرہ ... [illegible] ... پولیس نے ... درج کرلیا۔

مراسلات واطلاعات

(صفحہ ۲ کالم ۶ سے آگے)

جب ہی پورا ہونے کی کوئی امید ہے۔ اس لئے جب کہ یہ بہترین خیر و برکات کا خدا کی عنایت سے ہمارے اور آپ کے درمیان موجود ہے اور بہتر یہ ہے بہترین اجر و ثواب کے خواہاں زیادہ سے زیادہ فی سبیل اللہ خرچ فرماتے ہیں تو اس غریب مدرسہ کو بھی زکوٰۃ و صدقات فطرہ کے علاوہ عطایا سے امداد فراکر ہمیں عند اللہ مشکور فرمائیں۔ اور خداوند کریم رضا و خوشنودی سے عظیم اجر و ثواب کے مستحق ہوں۔ مدرسہ کے اپنا دلنواز کا ہر مخلص فرد سے مطلب کرو اس کی ... اس کی سخت والے ... امداد فرماکر ثواب دارین حاصل فرمادیں۔ امید ہے کہ کنٹ کے مخلص و درد مند حضرات ہماری درخواست کو بغور ملاحظہ فرماکر جلد از جلد امدادی رقوم مع تفصیل پتہ ذیل پر روانہ فرمائیں گے۔

محمد صدیق احمد ... مہتمم مدرسہ صدیقیہ موضع گڈھی ... (ڈاکخانہ پوسٹ قصبہ کاندھلہ ضلع مظفرنگر (یوپی))

یوم آزادی کی تیاری

دہلی ۹ راگست ... کے ایک جلسہ میں یوم آزادی منانے کے لئے ایک پروگرام منظور کیا گیا۔ اور اس موقعہ پر مختلف اخراجات کے لئے ... روپے بھی منظور کئے گئے۔ پانچ اصحاب پر مشتمل ایک کمیٹی بھی بنائی گئی۔

مرکز تعلیم امروہہ

امروہہ ... ڈاک محمد احسان حسین صاحب مہتمم مرکز تعلیم تحریر فرماتے ہیں کہ موجودہ ... کے پیش نظر ضرورت محسوس ہوئی کہ مرکز تعلیم امروہہ کے نصب العین کی وضاحت کردی جائے ... [illegible]

... کے حالات سے متاثر ہوکر نہیں ... دنیا خاص اور مرکز کے پرانے اجادی ... مرکز کے اساتذہ ... بالکل ... کے حامل ہیں۔ ...

مشرقی پنجاب میں ایک لاکھ کا ... گھر

... [illegible] ... ۵۰ دیہات ایسے ہیں جہاں مسلمان ... ۔ ... [illegible]

مدرسہ اسلامیہ مصباح العلوم!

... سیتاپور ۵ ربیع الاول ... سیتاپور فارسی، عربی کی تعلیم ... کی تعلیم کا کوئی مستقل انتظام ... مدرسہ کی مالی حالت ... [illegible]

... تو امید ہے کہ یہ ادارہ قائم رہے ... ضلع سیتاپور ...

حکیم ... احمد ... سیتاپور

ہالینڈ میں جلسہ

... [illegible]

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی لیشی اسپیشلسٹ۔ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ جو برص کوڑھ ... کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سیکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہوچکے ہیں ... مکمل صحت ہوجاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی ... بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

مہاتما گاندھی کا مقدمہ

(صفحہ ۲ کالم ۵ سے آگے)

۳۰ جنوری کو ... [illegible] ... ۲۰ جنوری کی صبح کو ... ہوٹل ... گوپال گاڈسے کو شناخت کرکے کہا کہ ... [illegible]

دار السلطنت

(۹ راگست ۱۹۴۸ء)

سول لائنز میں چوری

... [illegible]

ریڈیو کالونی میں چوری

... [illegible]



دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہازراں کمپنی

خاص — حج — سروس

حاجیوں کے لئے مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ امسال اگلے پانچ مندرجہ ذیل جہازوں کا اعلان کرتی ہے۔

(۱) ایس ایس اسلامی ——— وزن ۵۸۷۹ ٹن
۱۲ راگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

(۲) ایس ایس مظفری ——— وزن ۷۰۳۴ ٹن
۱۴ راگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

(۳) ایس ایس رضوی ——— وزن ۵۴۴۸ ٹن
۱۴ راگست ۱۹۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۴) ایس ایس اکبر ——— وزن ۴۰۴۳ ٹن
۱۹ راگست ۱۹۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۵) ایس ایس علوی ——— وزن ۲۵۶۶ ٹن
۲۳ راگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہازوں کا کرایہ خوراک کے ساتھ

بمبئی سے تاجدہ اور واپسی ——— کراچی تاجدہ اور واپسی
درجہ اول ۱۰۷۵ روپے ——— ۱۰۵۰ روپے
عرشہ ۳۸۸ روپے ——— ۳۷۸ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ، کامران کی فیس جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں، جن کی مجموعی رقم ۷۳ روپے ۸ر آنے ہوتی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

آرام دہی

تیز رفتاری — حج لائن — خدمات

حج لائن ... سے جدہ جانے والے حاجیوں کے جہاز کی روانگی کا اعلان کرنے میں خوشی محسوس کرتی ہے ... بمبئی سے ۱۱ راگست اور ۶ ستمبر ۱۹۴۸ء کو روانہ ہوگا اس کے علاوہ امسال حاجیوں کے آرام و آسائش کے لئے ڈیک کلاس میں جو ... لگا دیئے گئے ہیں۔

کرایہ آمد و رفت معہ خوراک

فرسٹ کلاس ۱۰۷۵ روپے
سکنڈ کلاس ۷۶۵ روپے
ڈیک ۳۸۸ روپے

کامران کا قرنطینہ اور حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کرایہ کشتی وغیرہ جو جملہ مبلغ ۷۳ روپے ۸ر آنے ہوتے ہیں اس میں شامل نہیں ہیں۔

حاجیوں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ بغیر کافی سرمایہ کے ہرگز حج کا ارادہ نہ کریں۔

اپنے ملک قوم کی عزت بڑھایئے

دی سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی لمیٹڈ سندھیا ہاؤس بلارڈ اسٹیٹ بمبئی

AMIGO. COUGH SYRUP

سرخ پہاڑی — کاغذی بوتل

امیکوکف سیرپ

کھانسی کی ہر قسم واجوائنے اثرات میں سو فیصدی کامیاب ہے استعمال کریں

یہ دوا ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ میں مجرب ہے کھانسی نئی ہو یا پرانی، خشک ہو یا بلغمی، نزلہ اور زکام کی کھانسی دمہ اور سانس پھولنا، تپ دق اور سل کی کھانسی میں بے نظیر ہے۔

امیکوکف سیرپ سے ہزاروں ... مریض شفایاب ہوئے ہیں اس نے ملک میں بہت شہرت اور مقبولیت حاصل کی ہے۔ نہایت معتبر اور مستند دوا ہے حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت پسند کی ہے۔ پیدا ہوتے بچوں سے کر بوڑھوں تک کے لئے یکساں مفید ہے اور خوش ذائقہ ہے۔

آج ہی ایک شیشی طلب فرمائیں مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنہ، تین شیشیاں چار روپے چار آنے علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ

ایمن اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے۔ اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی عبارات۔
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
(۸) تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
(۹) جن آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شرح میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
(۱۰) خوشنما صاف و روشن ... [illegible]

... قیمت ... [illegible]

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

کپڑے اور سوت پر کنٹرول کے متعلق حکومت نے نیا حکم جاری کر دیا

مہر شدہ کپڑا ۳۱ اکتوبر تک فروخت کرنا ہوگا!

نئی دہلی ۴ اگست۔ گورنمنٹ کی غیر معمولی اشاعت کے ذریعہ گورنمنٹ نے آج کاٹن ٹیکسٹائل کنٹرول آرڈر جاری کر دیا ہے۔ یہ آرڈر تمام صوبوں میں نافذ ہوگا۔ ... کپڑا ... سوت اور اون ... ٹیکسٹائل کمشنر ...

کوئی کارخانہ دار یا ڈیلر مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت پر فروخت نہیں کر سکے گا۔ اصل خریدار کو اکس مل قیمت اور دلال کا ... کوئی ڈیلر یا کارخانہ دار ... وجوہات کے سوا کپڑا فروخت کرنے سے انکار نہیں کر سکتا۔

کارخانہ داروں اور کچھ خاص خریداروں کی صورت میں یہ معیاد ... ہوگی ...

مقررہ میعاد کے بعد اگر مہر والا کپڑا بچ جائے تو اسے ٹیکسٹائل کمشنر کی ہدایات کے مطابق فروخت کیا جائے گا۔ کوئی کارخانہ دار اپنے پاس تین ماہ کی پیداوار سے زیادہ کپڑا نہیں رکھ سکتا۔ سوت کی صورت میں صرف دو مہینے کی پیداوار کو ذخیرہ کی گنجائش ہے باقی تمام کپڑا ساخت کرنے دیگر خریدار ... کپڑا اپنے پاس نہیں رکھ سکتے جس کے پاس فالتو کپڑا ہو ...

... ضروری واقفیت حاصل کر سکتا ہے۔ کتابوں اور کاغذات کی پڑتال کر سکتا ہے۔ تلاشی لے سکتا ہے۔ یا کسی شخص کو کوئی خاص حساب رکھنے یا کپڑے کا دوبارہ گوشوارہ پیش کرنے کا حکم دے سکتا ہے۔

سندھ سیکشن پر پاکستان کا قبضہ خلاف قانون ہے

پاکستان کے جواب میں حکومت ہند کا اعلان

دہلی ۵ اگست۔ ہند سرکار کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان گورنمنٹ نے جودھپور اسٹیٹ ریلوے کے سندھ سیکشن پر خلاف قانون طور پر جبراً قبضہ کر لیا ہے اور پاکستان گورنمنٹ کا یہ بیان بھی غلط ہے کہ اس نے امپیریل بنک کے پاس پچاس لاکھ روپے جمع کرائے ہیں تاکہ جودھپور گورنمنٹ کو دے دئے جائیں۔ جودھپور اسٹیٹ ریلوے کے سندھ سیکشن کو پاکستان کے حوالے کرنے کے متعلق ایک میٹنگ ہوئی تھی جس میں ہند کی ریلوں کے فنانشل کمشنر بھی موجود تھے۔ جودھپور کے نمائندوں نے اس بات پر رضامندی ظاہر کی تھی کہ وہ جودھپور اسٹیٹ ریلوے کا سندھ سیکشن ۳۱ جولائی کی آدھی رات کو پاکستان گورنمنٹ کے حوالہ کر دیں گے بشرطیکہ ۱۵ جولائی سے پہلے پہلے پاکستان گورنمنٹ ان انجنوں مشینوں اسٹور وغیرہ کی قیمت جو کہ وہ خرید رہی ہے۔ ریزرو بنک آف انڈیا یا امپیریل بنک جودھپور کے پاس جمع کرا دے یہ کام چند شرطوں کے ماتحت کیا جانا تھا۔ پاکستان گورنمنٹ نے یہ تجویز منظور نہ کی اور نہ اس رقم کو ثالث کے حوالے کرنا چاہا۔ اگرچہ معاہدہ کے مطابق یہ رقم ...

... اس کے حوالے کر دی لیکن پاکستان نے ابھی کوئی توجہ نہیں دی۔ ۲۶ جولائی کو جودھپور ریاست کے جنرل منیجر نے حیدرآباد سندھ کو جانے والی ٹرینوں میں کچھ کمی کر دی کیونکہ پرمٹ سسٹم کے اجراء کے بعد مسافروں کی تعداد گھٹ گئی تھی۔ پاکستان گورنمنٹ نے اسے بہانہ بنا کر نہ صرف جودھپور کو آنے والی باقاعدہ ریل گاڑی روک دی بلکہ سندھ سے آنے والے ہندو پرشارتھیوں کی اسپیشل ٹرین بھی روک دی علاوہ بریں اس نے اسٹیشنوں اور میرپور خاص کے کنٹرول آفس پر جبراً قبضہ کر لیا۔ جودھپور ریلوے کے عملہ کی جگہ پاکستانی عملہ رکھ لیا اور اول الذکر پاکستان میں ہی روک لیا سولہ لاکھ روپے کا سٹاک بھی قبضہ کر لیا ... پریس کانفرنس میں پاکستانی نمائندہ کا بیان سراسر غلط ہے کہ پچاس لاکھ روپے امپیریل بنک جودھپور کے پاس جمع کرا دئے گئے ہیں۔ ٹرینوں کی آمد و رفت بالکل بند کر دی گئی ہے ... پاکستان میں کہیں تو ان پر بھی جبراً قبضہ کر لیا جائے ...

... پاکستان گورنمنٹ پر عائد ہوتی ہے کہ جودھپور گورنمنٹ کو ... جس کی وہ قیمت ادا کرے گا۔

ڈاکٹر خانصاحب کو سزا دیدی گئی

پشاور ۴ اگست۔ صوبہ سرحد کے سابق وزیراعظم ڈاکٹر خان صاحب کو جنہیں صوبہ سرحد کے پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا۔ ... سرگرمیوں کی بنا پر حکومت سرحد کے حکم کے تحت تین سال کی سزا دی گئی ہے۔

آج ایک پریس کمیونکے میں بتایا گیا ہے کہ انہیں ضلع ہزارہ کے ایک صحت افزا مقام ... ایک ڈاک بنگلے میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

صوبائی حکومت نے ڈاکٹر خانصاحب کے متعلق کہا ہے کہ ان کی بیگم ان کے پاس رہ سکتی ہیں ... لیکن ... اجازت نہیں دی جائے گی۔

تارا سنگھ پھر بولے

مسلمانوں پر ہند دشمنی کا الزام

نئی دہلی ۳ اگست۔ یونائیٹڈ پریس کے نمائندے ایک خاص انٹرویو کے دوران میں کشمیر کی موجودہ صورت حال کے بارے میں ہوئے اکالی لیڈر ماسٹر تارا سنگھ نے کہا کہ جنگ کشمیر میں پاکستان کی سازباز کے کھلے اعتراف کے پیش نظر اور ہندوستان کے بارے میں مسلمانوں کے دشمنانہ رویہ کے پچھلے پس منظر کے پیش نظر یہ نہایت ضروری ہے کہ ہند یونین جنگ کشمیر میں اپنی فوجی کارروائی کو کسی طرح بھی کم نہ کرے۔

ہمارے لئے یہ تازہ ثبوت کافی ہے کہ ہم کشمیر کو ہندوستان میں رکھنے کی غرض سے ... کشمیر کمیشن خواہ کچھ بھی کیوں نہ کرے ... کر سکتا۔ کہ ہندوستانی فوجوں کو واپس بلا ...

بیان جاری رکھتے ہوئے ماسٹر تارا سنگھ نے کہا کہ کشمیر سارے ہندوستان کی دفاع کے لئے فوجی لحاظ سے نہایت اہم ہے اور اگر کسی غلط اقدام کی وجہ سے ہندوستان ... کشمیر کو کھو بیٹھا تو سارے ملک کو ناقابل تلافی نقصان ہوگا۔ فوجی کارروائی کو محدود کر لینے یا فوجیں واپس بلانے کے اقدام سے نہ صرف ہمارے حوصلے پست ہو جائیں گے بلکہ پاکستان اور باقی ساری دنیا اس سے یہی اندازہ لگائے گی کہ ہم بہت کمزور ہیں اور شکست کھا گئے ہیں۔

حیدرآباد کی نازک صورت حال کا ذکر کرتے ہوئے ماسٹر تارا سنگھ نے کہا کہ جتنی جلدی کارروائی کی جائے اتنی ہی بہتری ہوگی۔ مزید تاخیر اس مسئلہ کو اور بھی زیادہ پیچیدہ بنا دے گی۔ اور صورت حال دگرگوں ہو جائے گی۔

سڈنی کاٹن کی برطانیہ سے اپیل

لندن ۴ اگست۔ مسٹر سڈنی کاٹن نے حکومت برطانیہ سے اپیل کی ہے کہ ان کا ہوائی لائسنس جو منسوخ کر دیا گیا ہے انہیں واپس دیدیا جائے۔ مسٹر کاٹن نے حکومت ہند کی اجازت کے بغیر کراچی سے حیدرآباد براہ راست پرواز کی تھی۔ اس پر حکومت ہند نے حکومت برطانیہ سے شکایت کی تھی۔ اس شکایت پر حکومت برطانیہ نے مسٹر سڈنی کاٹن کا ہوائی لائسنس منسوخ کر دیا تھا۔ سڈنی کاٹن نے اپنی اپیل کے ساتھ اپنی پرواز کے متعلق ایک مفصل بیان بھی دیا ہے۔

وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کل نمبر ۱۷ یارک روڈ سے گورنمنٹ ہاؤس کے قریب سابق کمانڈر انچیف کے محل میں منتقل ہو گئے۔

پاکستان کا اقرار اور حکومت ہند کے تاثرات

کیا دولت مشترکہ کے ایک دوسرے برسرپیکار ہو سکتے ہیں

نئی دہلی ۴ اگست۔ دہلی کے سیاسی حلقوں میں یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ چونکہ اب پاکستان نے کشمیر کمیشن کے سامنے یہ تسلیم کر لیا ہے کہ اس کی فوجیں کشمیر میں ہندوستانی فوجوں سے برسرپیکار ہیں اس لئے ہندوستان کا معاملہ اور زیادہ قوی ہو جاتا ہے۔

اس اعتراف سے کشمیر کمیشن کا کام بہت سہل ہو جاتا ہے۔ ... پاکستان فریب کارانہ معصومیت کا اظہار کرتا رہا کشمیر کمیشن کا کام بھی الجھا رہا کیونکہ جب تک پاکستان اقرار نہ کرتا تھا۔ اس وقت تک کشمیر کے لڑنے والوں کی ذمہ داری پاکستان پر نہیں ڈالی جا سکتی ہے۔ اگرچہ پاکستان کے باشندے ایک ایسے علاقے میں لڑ رہے تھے۔ جو ہندوستان میں شامل ہو چکا تھا پھر بھی پاکستان کو اس کا ذمہ دار قرار نہیں دیا جا سکتا تھا۔ اب پاکستان کے اقرار کے بعد یہ تمام ذمہ داری پاکستان پر عائد ہو جاتی ہے۔ اب کمیشن دونوں لڑنے والے ملکوں کی مرضی سے کشمیر میں جنگ بند کرانے کا کام انجام دے سکتی ہے۔ اس سے کمیشن کے کام میں سہولت تو پیدا ہو گئی ہے۔ لیکن اس واقعہ سے کہ اگرچہ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کے خلاف اعلان جنگ نہیں کیا ہے پھر بھی دونوں ایک دوسرے سے لڑ رہے ہیں خطرات زیادہ پیدا ہو گئے ہیں۔ اس اعتراف سے کشمیر کی جنگ بند کرنے میں آسانی بھی پیدا ہو سکتی ہے اور مخالفت اور دشمنی بڑھ بھی سکتی ہے۔ پاکستان کا یہ الزام کہ ہندوستان پاکستان پر حملہ کرنا چاہتا تھا بالکل بے بنیاد ہے۔ اگر ہندوستان کا یہ ارادہ ہوتا تو وہ اس معاملہ کو کبھی اقوام متحدہ کے سامنے نہیں لے جاتا۔

ہندوستانی حکومت کے حلقے اس اطلاع سے بہت خوش ہیں کہ حکومت برطانیہ اپنے افسران کو واپس بلانا چاہتی ہے اگرچہ اس صورت میں حکومت ہند کو بھی اپنے برطانوی افسروں سے ہاتھ دھونا پڑے گا۔ برطانوی کمشنر کے حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت برطانیہ اس سلسلہ میں کوئی جلد بازی نہیں کرے گی کیونکہ اس کا امکان ہے کہ جنگ بند ہو جائے۔ برطانوی دولت مشترکہ کے دو ممبروں کے برسرپیکار ہونے کے یہ معنی ہیں کہ بادشاہ خود ہی اپنے خلاف جنگ کر رہا ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں حکومت برطانیہ ایسی کسی جدوجہد میں حصہ نہیں لے سکتی۔ اس سلسلہ میں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ برطانوی افسروں کی خدمات دونوں ڈومینینوں کو اس شرط پر دی گئی تھیں کہ دونوں پر امن رہیں گی۔

کاؤنٹ برناڈوٹ کی

عرب لیڈروں سے ملاقات

اسکندریہ ۴ اگست۔ اقوام متحدہ کی طرف سے مقرر ثالث اسکندریہ پہنچے۔ جہاں آپ مصر کے وزیر اعظم اور دوسرے عرب حکام سے ملاقات کریں گے۔ ... آپ ... گفت و شنید کرتے جائیں گے ... چلے جائیں گے ... عرب بیت المقدس سے فوجیں ہٹانے کے مسئلہ پر گفت و شنید کرنے کو تیار ہو گئے ہیں۔ بیت المقدس سے فوجیں ہٹانے کے بعد ... ہزار سپاہیوں کی ضرورت ہوگی جن کے مہیا کرنے میں وہ ذمہ لیتے ہیں ... اپنی فوجیں دیں گے جن کے نمائندے فلسطین کمیشن میں ہیں۔

دہلی میں شرنارتھیوں کو بسانے کیلئے حکومت کسی بھی خطہ آراضی پر قبضہ کر لیگی

نئی دہلی ۴ اگست۔ ہند کے گورنر جنرل نے ایک نیا آرڈی ننس بعنوان بے گھر لوگوں کو پھر سے بسانے کے لئے آراضی کا حصول مجریہ ۱۹۴۸ء نافذ کیا ہے اور اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ ایسی ہنگامی صورت حال پیدا ہو گئی ہے جس کی وجہ سے یہ بات ضروری ہو گئی ہے کہ بے گھر لوگوں کو پھر سے بسانے کے لئے اراضیات کے جلد تر حصول کے مناسب احکام جاری کئے جائیں۔ ... اس آرڈی ننس کی رو سے کلکٹروں یا دیگر ... افسروں کو جنہیں صوبائی حکومت مقرر کرے خاص اختیارات دئے گئے ہیں۔ اراضی سے مراد زمین اور اس پر واقع عمارات درخت فصل باغات وغیرہ بھی شامل ہیں لیکن ایسی زمین شامل نہ ہوگی جو کسی سکول یتیم خانہ ہسپتال یا مذہبی ... استعمال کی جا رہی ہو۔ حاصل شدہ زمینوں کا معاوضہ دیا جائے گا اور اس کا فیصلہ ایک ثالث کرے گا۔ جو شخص حصول آراضی کے کام میں رکاوٹ ڈالے گا اسے ایک ماہ قید اور پچاس روپے جرمانہ تک کی سزا دی جا سکتی ہے۔

جاسوسی کے الزام میں گرفتاریاں

بمبئی ۴ اگست۔ بمبئی کی سی آئی ڈی نے ایک ہوٹل پر چھاپہ مارا۔ اور پانچ مارواڑی بیوپاریوں کو گرفتار کر لیا۔ اور ان کے قبضہ سے کافی تعداد میں کپڑا برآمد کیا جو وہ حیدرآباد بھیج رہے تھے۔

بمبئی پولیس نے نظام کے ایک جاسوس کو گرفتار کر لیا ہے۔ پونا کی ایک اطلاع ہے کہ وہاں ایک مسلمان گڈس کلرک بھی گرفتار کر لیا گیا۔

لکڑی کے کوئلہ پر دوبارہ کنٹرول

معلوم ہوا ہے کہ کنٹرول مشاورتی کمیٹی کی کل کی میٹنگ میں لکڑی کے کوئلے کی بلیک مارکیٹ کو روکنے کے لئے دوبارہ کنٹرول کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اول درجہ کی لکڑی کی قیمت ساڑھے چھ روپے تھوک و ساڑھے سات روپے پرچون اور دوم درجہ کے ساڑھے پانچ روپے تھوک اور چھ روپے پرچون مقرر کی گئی ہے اور کوئلے کا نرخ ساڑھے چار روپے فی من مقرر ہوا ہے۔

میں پاکستان کا ساتھ نہیں دے سکتا جب تک وہاں قانون شریعت کا نفاذ نہ ہو

فقیر صاحب ایپی کا طلبا کے وفد کو کورا جواب

پشاور ۲۹ جولائی۔ بنوں مسلم سٹوڈنٹ فیڈریشن کا ایک وفد فقیر ایپی سے اس کے غار میں جو افغانستان کی سرحد پر واقع ہے۔ جا کر ملا۔ طلبا قبائلی وضع کے لباس پہنے ہوئے تھے۔ تین گھنٹہ آپس میں گفتگو ہوتی رہی اور جو انقلابات ایک سال کے اندر ملک میں رونما ہو چکے ہیں۔ ان سے فقیر مذکور کو آگاہ کیا۔ جن میں انگریزوں کا چلا جانا اور پاکستان کا قیام بھی بتایا گیا۔ اور فقیر صاحب سے کہا گیا کہ پاکستان دنیا کی سب سے بڑی مسلم ریاست ہے جس کے لئے آپ انگریزوں سے عمر بھر لڑتے رہے ہیں۔ آپ کو لازم نہیں ہے کہ پاکستان کی مخالفت کیجائے۔ اور اس کے دشمنوں کو مدد دیں۔

فقیر ایپی نے جو ... بیماری میں مبتلا ہیں تمام باتیں خاموشی سے سنیں اور بعد میں بڑی کوشش سے مختصر سا جواب دیا۔ انہوں نے تمام الزام مصائب کا ذمہ دار انگریزوں کو قرار دیا ... بھی کہ میں پاکستان کا ساتھ نہیں دے سکتا۔ تاوقتیکہ وہاں قانون شریعت کا نفاذ نہ ہو۔ فقیر ایپی نے کہا اب تو میرے تمام ہو چکے ہیں۔ جب میں مر جاؤں تو مجھے کسی الگ تھلگ جگہ دفن کر دینا۔ جہاں انگریز کا سایہ نہ پڑے۔ ...

کھیل کی خبریں:

لندن ۱۳ اگست۔ آج اولمپک کے ہاکی کے مقابلہ میں پاکستان نے ڈنمارک کی ہاکی ٹیم کو ۲ گول سے ہرا دیا۔ ڈنمارک کی ٹیم ایک گول بھی نہ کر سکی ... پاکستان کی ٹیم نے ۵ گول کئے ... پاکستان کی ٹیم میں عزیز اور عبد الحمید سب سے اچھے کھیلے۔ ... ہالینڈ کی ہاکی ٹیم نے پاکستان کی ہاکی ٹیم کو ایک گول سے ...

برطانیہ روس کی دھمکیوں سے مرعوب نہیں ہو سکتا

ڈینیوب کانفرنس میں برطانوی نمائندہ کا اعلان

بلگریڈ ۴ اگست۔ دس قوموں کی ڈینیوب کانفرنس میں برطانوی نمائندے نے کہا کہ برطانیہ روسی وفد سے مرعوب نہیں ہو سکتا اور روسی اطاعت کو تسلیم نہیں کرتا۔ برطانوی نمائندے نے کہا کہ روسی نمائندے نے مغربی طاقتوں کو دھمکی دی ہے کہ اگر انہوں نے اپنے مطالبے کو ترک نہیں کیا تو اس کانفرنس سے چلے جانے کے لئے راستہ کھلا ہوا ہے۔ ... حکومت برطانیہ اس دھمکی کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ... کیا ان حکومتوں سے جو اس میں شریک ... سامراجیت ہے ... روسی حکومت نے یہ الزام لگایا ہے کہ برطانیہ نے الٹی میٹم دیا ہے لیکن برطانیہ نے کوئی الٹی میٹم نہیں دیا ...

انڈونیشیا میں ہالینڈ والوں کے مظالم

شہری باشندوں کو قتل عام کر رہی ہیں

لندن ۴ اگست۔ ہیگ در لندن میں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ڈچ فوجوں نے انڈونیشیا میں مقامی باشندوں کا قتل عام شروع کر دیا ہے۔ ہزار ہا شہری باشندے ہلاک کئے گئے ان پر بمباری کی گئی اور انہیں سنگینوں سے ہلاک کیا گیا۔ مقامی فوجی حلقوں کا کہنا ہے کہ انڈونیشیا کو دوبارہ فتح کرنے کے لئے ایسی حرکات روز مرہ کا کام ہے یہ قتل عام ایک ڈچ کپتان کر رہا ہے ... اس کی حمایت کر رہے ہیں۔

بمبئی میں ایک دن کے اندر لاکھوں روپیہ کا کپڑا فروخت ہو گیا

کنٹرول کی نئی پالیسی کا اعلان کل ہو جائے گا

بمبئی ۴ اگست۔ توقع کی جاتی ہے کہ ہند سرکار کپڑے پر کنٹرول کے متعلق نئی پالیسی کے مطابق کپڑے کے عارضی نرخوں کے متعلق اعلان جمعرات کو کر دیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں ٹیرف بورڈ کی سفارشات اور کپڑے کے موجودہ نرخوں کے متعلق غور کیا جا رہا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گورنمنٹ نے ... کپڑے کے نرخوں پر ... فی صدی اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا اور ... فی صدی اضافہ کیا جا رہا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ یہ عارضی قیمتیں حکومت ہند کے وزیر سپلائی اور ٹیکسٹائل انڈسٹری کے دو نمائندوں نے بمبئی میں ... کانفرنس میں منظور کر لی ہیں۔ ... بمبئی کے دوکانوں میں کپڑا خریدنے کے لئے ... گذشتہ دو روز کے اندر اندر لاکھوں روپیہ کا کپڑا ... مثال کے طور پر ... ایک دکان پر صرف ایک دن میں ... لاکھ روپیہ کا کپڑا فروخت ہوا ...

میونسپلٹی کے سکریٹری چھٹی پر

دہلی میونسپلٹی کے سکریٹری ۱۵ اگست سے چار ماہ کی چھٹی پر جا رہے ہیں۔ تعطیل ختم ہونے کے بعد وہ ریٹائر ہو جائیں گے۔ مسٹر ... کی بجائے کام کریں گے۔ میونسپلٹی نے نئے سکریٹری کے لئے مسٹر تارا چند اگروال کا نام پیش کیا تھا لیکن ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

ہند اور پاکستان کے معاشی تعلقات

(صفحہ اول کالم ۶ سے آگے)

اہم فیصلے کئے گئے تھے۔ ابھی تک ان پر عمل نہیں کیا گیا۔ اس بارہ میں کہا جاتا ہے کہ ہند کو آنے والا اناج جس کی قیمت ۳۱ دسمبر سے پہلے ادا کر دی گئی تھی۔ اس کو ہندوستان آنے نہ دیا جائے۔ اس قسم کے بعض واقعات حکومت ہند کے علم میں آئے ہیں۔ جب کہ پاکستان نے اس شرط پر عمل درآمد نہیں کیا اور چار پانچ لاکھ روپے کا مال روک لیا ہے۔ اس میں مشین وغیرہ شامل ہیں آسام اور شمالی بنگال کی پٹ سن بھی راستہ میں روک لی گئی ہے۔ جب کہ مشرقی بنگال کے علاقے سے چٹاگانگ کو پٹ سن بھیجنے میں آسانیاں دی گئیں۔ ہندوستان کو آنے والا اناج بھی روک لیا گیا ہے۔ جب کہ کلکتہ سے برابر ڈھاکہ سامان جا رہا ہے۔ تریپورہ جانے والا سامان میں بھی مداخلت کی جاتی ہے۔ جس کو مشرقی پاکستان سے گذرنا ہوتا ہے۔ یہاں لوگوں کا عام خیال یہ ہے کہ جنگ کشمیر میں پاکستان کے حصہ لینے کی روز افزوں شہادت کی بنا پر دونوں حکومتوں میں معاشی تعلقات کا قیام ناممکن ہو جائیگا۔

مغربی پنجاب میں سیلاب

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

اور لوگوں کی جانیں بچانے کے لئے وہ کارروائی کریں جو وہ ضروری سمجھیں۔ انہیں یہ بھی ہدایت کی گئی کہ وہ بہت جلد حکومت کو مطلع کریں کہ فصلوں کو کس قدر نقصان پہنچا ہے۔ ڈائریکٹر زراعت مغربی پنجاب نے بتایا کہ فصلوں کو نقصان یقینی طور پر بہت زیادہ ہوگا۔ لیکن ابھی صحیح اندازہ لگانے کے لئے کچھ وقت درکار ہوگا۔ امداد کے سلسلہ میں بہت کافی گنجائش رکھی گئی ہے۔ میجر مبارک علی شاہ نے کہا ہے کہ وہ سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کریں گے۔

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ۔ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳ | دہلی یوم شنبہ یکم شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۷ راگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۶ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ

اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

منی آرڈر کوپن اور خطوط میں ہمیشہ اپنا پتہ اور خریداری نمبر صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں

(منیجر)

دہلی اور اسکے قرب و جوار کیلئے

اوقات سحر و افطار

یوم	انتہائے سحر	وقت افطار
جمعرات ۳۰ رمضان المبارک		۷ بجکر ۱۴ منٹ
جمعہ ۲۹	۴ بجکر ۱۴ منٹ	۷ ۱۵
ہفتہ ۳۰	۴ ۱۵	۷ ۱۵

گھڑی اور گھنٹوں کا ٹائم ریڈیو سے ملائیں

نظام ۱۷ جون کے معاہدہ پر دستخط کرنیکو تیار ہو گئے

امن اور رعایا کے مفاد کی خاطر نظام کا مستحسن اقدام

سر مرزا اسمٰعیل کی سمجھوتہ کرانے کی کوششیں بار آور ہوئیں

نئی دہلی ۵ راگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ نظام حیدرآباد ۱۷ جون کے سمجھوتہ کے مسودہ پر دستخط کرنے کے لئے تیار ہیں۔ شاید وہ حکومت ہند سے یہ درخواست کریں کہ اس مسودہ میں ایک ایسی دفعہ شامل کر دی جائے جس کی مدد سے باہمی اختلافات کو ایک ثالث کے ذریعے طے کیا جا سکے اور نظام اپنی فوج کو مقررہ معیار تک بڑھا سکیں۔

خان عبدالصمد خان پھر گرفتار اور نظر بند

اتحادی اقوام کی رکنیت

امریکہ حکومت اسرائیل کی حمایت کریگا

لیک سکسیس ۵ راگست معلوم ہوا ہے کہ امریکہ حکومت نے اس بات کا فیصلہ کر لیا ہے کہ اگر حکومت اسرائیل نے اتحادی اقوام کی ممبری کے لئے درخواست کی تو وہ اس کی حمایت کریگی۔

پاکستان اسمبلی کا اجلاس نہیں ہوگا

ماسکو کے متعلق قیاس آرائیاں

مسٹر مارشل کا بیان

برطانیہ امریکہ اور فرانس کے قاصدوں کی اسٹالن سے دوسری ملاقات

مقام اور وقت کا اعلان ملاقات ہونے کے بعد کیا جائیگا

کراچی میں کشمیر کمیشن کا اجلاس

پاکستان نے اپنا نقطہ نظر پیش کر دیا

کراچی ۵ راگست بدھ کے دن صبح کشمیر کمیشن کا دو گھنٹہ تک اجلاس ہوا۔ اس اجلاس میں پاکستان کے نمائندوں نے کشمیر کے بارے میں حکومت پاکستان کے نقطہ نظر کو پیش کیا۔

یہودیوں کی برطانوی لوگوں کو دھمکی

اگر انگریز فلسطین پر اترے تو نظر بند کر دیا جائے گا

مصری سفیر کی برطانوی وزیر خارجہ سے ملاقات

افریقی نو آبادیات کے متعلق لندن میں کانفرنس

خوراک کے بین المملکتی معاہدہ پر عمل درآمد

ہند اور پاکستان اور گندم اور چاول کا تبادلہ

پاکستان میں کرنسی نوٹوں کی سخت قلت

برطانوی فرم کو نوٹ چھاپنے کا آرڈر دیا گیا ہے

لاہور ۵ راگست۔ کہا جاتا ہے کہ پاکستان میں کرنسی نوٹوں کی سخت قلت محسوس کی جا رہی ہے۔

ملایا میں ایک انگریز منیجر کو قتل کر دیا گیا

کمیونسٹوں کی خوفناک سرگرمیاں

امریکہ برلن خالی کر رہا ہے

حکومت ہنگری کا نیا صدر

نائب وزیر اعظم کو منتخب کر لیا گیا

بڈاپسٹ ۵ راگست۔ ہنگری کی پارلیمنٹ نے سابق نائب وزیر اعظم کو ہنگری کا نیا صدر متفقہ طور پر منتخب کر لیا ہے۔

روس نے سرحد کھولدی

گاندھی یادگاری ٹکٹ

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۰ اگست ۱۹۴۸ء

بین الاقوامی پارلیمنٹ

دنیا تمدن کے اعتبار سے مختلف دور گذر چکی ہے پتھر کے زمانہ میں سوائے پتھر کے کچھ نہ تھا، اسکے بعد تحجری عہد کا آغاز ہوا جس میں انسان نے پتھروں سے کام لینا شروع کیا، پھر وہ زمانہ آیا جسے دنیا کا سب سے بڑا انقلاب انگیز زمانہ کہنا چاہیے اور جب ہمارے بزرگوں نے آگ کا انکشاف کیا، آگ کی دریافت نے ...

... کا پیغام دنیا پہنچایا ہے۔

صدا مریکہ مسٹر ٹرومین نے دو بڑی پارٹیوں کی صدارت کرتے ہوئے قیام امن کے لئے تین نکات پیش فرمائے ہیں، یعنی بین الاقوامی اعتماد کی بحالی باہمی اعتماد اور الہام و تفہیم کی ہمت افزائی معاشی بحالی ...

... جو آتش پیکار مشتعل کر کے خرمن امن ... کرتی ہیں تعمیری امن کے لئے موثر ... ہیں، جنگجو قاتلوں کو امن پسند بنانے ... یہی ہے کہ انہیں ہجومی اور دفاعی طاقتوں ... کر دیا جائے اور ان کی زمام کار بین الاقوامی ... حکومت کے دست تصرف میں ہو، کیا ... پسند اس تحریک کو موثر اور کامیاب ... سعی کریں گے؟

... اعتراف کرنا پڑا۔

حکومت برطانیہ جو اس سارے ... بیٹھی تماشہ دیکھ رہی ہے صرف ... فوجی افسروں کو واپس بلانے والی ہے ... جنگ کے الزام سے بال بال بچ جائیں ... صرف ہندو پاکستان پر عائد ہو! کیا یہ ... پاکستان اپنی افواج کو واپس بلالے اور ... کا فیصلہ اہل کشمیر پر چھوڑ دے؟

کشمیر میں پاکستانی فوجیں

آخر پاکستان کو کشمیر کمیشن کے سامنے اقرار کرنا پڑا کہ اس کی فوجیں کشمیر کے میدان میں ہندوستانی فوجوں سے نبرد آزما ہیں، اور پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کے لئے مجبور ہوا ہے کہ وادی کشمیر میں گھس کر جنگی افواج کے اقدام کو روکے، اگر اسکا اعتراف پہلے سے ہوجاتا تو بہتر تھا، کیونکہ اس صورت میں کمیشن نئی ہدایات، نئے نقشے اور نئی اسکیمیں لیکر ... تاہم اچھا ... کشمیر کمیشن ہی کے ...

تہذیبی تعلقات

سیاسی تعلقات کے قیام کے لئے تہذیبی تعلقات کی استواری بھی ضروری ہے اور کہیں فریب کہ حکومت ...

ارض مقدس میں پھر جنگ شروع ہونے کا خطرہ پیدا ہوگیا

اقوام متحدہ نے عرب لیگ کی شرائط منظور نہیں کیں

مشرقی پنجاب میں کپڑے کا راشن

کپڑا برآمد کرنے والوں کی چالیں

کپڑے کے تاجروں کو تنبیہ

الہ آباد میں کپڑے کا راشن

یتیم

وَلَا تَقْرَبُوا ... (پ ۱۵)

یہاں تک کہ یتیم بالغ نہ ہوجائے تم اس کے مال کو ہاتھ بھی نہ لگاؤ، اگر لگاؤ تو اس کا طریقہ اچھا اور معقول ہونا چاہیے اور عہد کی پابندی کرو کیونکہ اس کے متعلق تم سے باز پرس ہوگی۔

اسلام نے یتیم کی آہ سے بہت ڈرایا ہے اور اس کے مال کی حفاظت کی سخت تاکید کی ہے اگر ماں باپ چھوٹے بچے پیچھے چھوڑ جائیں اور وہ نابالغ ہوں تو مال کی نگرانی ...

... اس سے ماں باپ ہزار آرزوؤں کے بعد چھوڑ گئے ہیں۔

وزیر اعظم بمبئی کو مہاتما گاندھی کے قتل کی سازش سے مطلع کردیا گیا تھا

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں ایک پروفیسر کا بیان

پروفیسر جین کا بیان

دار السلطنت

دلی میں جرائم کی رفتار

ستیہ گرہ ختم

طلباء کا مظاہرہ

نقلی سونا فروخت کرنے والا گرفتار

اڈیٹر کے نام خط

شکایتوں کا لٹریچر

احمد علی قریشی - میرٹھ ... اگست

دریائے جمنا میں سیلاب آنے کا خطرہ پیدا ہو گیا

[illegible] اگست پچھلے دو تین دنوں میں دہلی کے گردونواح میں بارش کے علاقوں میں بارش ہونے سے جمنا میں پانی بہت بڑھ گیا ہے۔ اور دریا میں پانی کی سطح [illegible] فٹ تک آ چکی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ابھی تک اس پانی سے کوئی خطرہ نہیں لیکن اگر پانی [illegible] ساحلی بستیوں کے لئے خطرہ ہو جائے گا۔ اور اگر پانی [illegible] فٹ اور چڑھ گیا تو پھر سیلاب [illegible] کے تمام علاقے زیر آب ہو جائیں گے۔ اور آگرہ اور متھرا کے شہروں میں [illegible]

[illegible] جمنا کے بڑھنے کی کوئی امید نہیں۔ لیکن پھر بھی صوبائی حکومت نے ہر قسم کے خطرہ کا مقابلہ کرنے کی تیاری کر رکھی ہے۔ پچھلے سال جو سیلاب آیا تھا وہ گذشتہ پچیس سال میں سب سے بڑا سیلاب تھا جس سے ہزاروں لوگ بے گھر ہو گئے [illegible] لیکن اس وقت جمنا کے [illegible] بھی ایسی حالت نہیں ہے۔ ابھی تک کوئی خطرہ پیدا نہیں ہوا لیکن محسوس کیا جاتا ہے کہ کسی وقت بھی سیلاب آ سکتا ہے۔

پبلک سیفٹی ایکٹ کے خلاف بیگم تصدق حسین کا بیان

لاہور میں پبلک سیفٹی ایکٹ کے بے تحاشا استعمال پر نکتہ چینی کرتے ہوئے مغربی پنجاب اسمبلی کی ممبر بیگم تصدق حسین نے ایک بیان میں کہا ہے "آج آزادی تقریر و عمل کو آہنی دستوں سے کچلا جا رہا ہے۔"

انہوں نے کہا ہے "مسلم لیگ کے کارکنوں نے جمہوریت کے قیام اور غیر ملکی سامراجی حکومت کی بیرونی [illegible] کے خاتمہ کے لئے یونینسٹ حکومت کے خلاف جنگ آزادی لڑی۔ انہی نیک مقاصد کے حصول کے لئے ہم خواتین گھروں سے باہر نکلیں اور پاکستان کے حصول کے لئے جدوجہد کی۔"

"مجھے یہ دیکھ کر رنج ہوا ہے کہ آج بھی حکومت کی [illegible] نوکر شاہی کی پرانی مصلحتوں پر مبنی ہے۔ طریقہ کار بھی وہی ہے آج آزادی تقریر و عمل کو سختی کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے کچلا جا رہا ہے۔"

"میں نہایت عاجزی سے صاحب اقتدار حکام سے عرض کروں گی کہ وہ اپنی پالیسی پر نظرثانی کریں۔ پاکستان کے بلند ترین مفاد اس کا مطالبہ کرتے ہیں۔"

"پبلک سیفٹی ایکٹ جس کا نفاذ خضر حکومت نے مسلم لیگ کی عوامی تحریک کو کچلنے کی غرض سے کیا تھا۔ نہایت آزادانہ اور غیر قانونی استعمال کیا جا رہا ہے۔ اسمبلی کے بجٹ سیشن میں ہم نے اس کی تنسیخ کے لئے بل پیش کیا تھا لیکن حکومت نے اسے منظور نہیں کیا۔ اس وقت تو شاید اسے برقرار رکھنے کا کوئی جواز ہو۔ لیکن آج یقینی طور پر کوئی نہیں۔"

حکومت غنڈوں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے مجرموں کے خلاف ضرور کارروائی کرے۔ لیکن [illegible] عام قوانین کے ماتحت ہو۔ جو میرے خیال میں ہر صورت حال کے لئے کافی ہیں۔

شاہ ایران نپولین کے مزار پر

پیرس ۵ اگست۔ یہاں گذشتہ شب ایک [illegible] میں شاہ ایران نے جمہوریہ فرانس کے صدر ایم اوریل اوریول کا [illegible] ضیافت کیا۔ اس [illegible] پیلے ہوٹل کریلن میں ایک شاندار استقبالیہ دعوت دی گئی۔ جس میں فرانسیسی وزیر اعظم ایم ماری اور فرانس کے دوسرے وزیر اور مختلف سفرا [illegible] تھے۔

ایرانی اعزاز [illegible] کے بعد صدر جمہوریہ فرانس نے شاہ ایران کو ایک فرانسیسی اعزاز عطا کیا۔ شاہ ایران نے کل نپولین کے مقبرہ کا سیر کی اور بعد میں [illegible] طیاروں کا معائنہ کیا۔

شکر کی پیداوار اور ذخیرہ

دہلی ۵ اگست۔ ڈائرکٹر صاحب انسٹی ٹیوٹ آف شوگر ٹکنالوجی کانپور کو شکر کے قواعد مرتبہ ۱۹۳۵ء کی رو سے جو نقشے جمع کئے گئے ہیں۔ ان کے مطابق ۱۵ جون ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے پندرھواڑے میں ہندوستان کی مرکزی فیکٹریوں میں شکر کی پیداوار اور ذخیرہ کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں۔ مقابلہ کے لئے پچھلے سال کی اسی مدت کے اعداد و شمار بھی پیش کئے جاتے ہیں۔

	۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے پندرھواڑے کی پیداوار	پچھلے سال کی اس مدت کی پیداوار
(۱) بقایا ذخیرہ جو فیکٹریوں میں	۱۴۴۲۱۴۰	۱۰۹۳۰۲۲
(۲) شکر کی پیداوار (پچھلے ہندوستان میں)	۸۷۷۱۱	۷۵۱۰۰۲
(۳) شکر کی نکاسی (پچھلے ہندوستان میں)	۸۹۰۵۵۳	۸۰۹۰۵۰
(۴) موجودہ ذخیرہ (فیکٹریوں میں)	۱۳۴۲۹۳۴	۱۰۰۹۲۲۰

پوپ کے شہر میں بم پایا گیا

وٹیکن سٹی ۵ اگست۔ سینٹ پیٹر کے اسکوائر میں ایک سڑک صاف کرنے والے کو ایک چھوٹا سا بم ملا۔ پولیس نے فوراً فوجی ماہرین کو طلب کیا جنہوں نے بتایا کہ اس بم کو چھوا نہیں جا سکتا کیونکہ سیفٹی پن کو علیحدہ کر لیا گیا ہے۔ اس لئے بم کو وہیں پھٹنے کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے۔ اور تمام راستوں کو بند کر دیا گیا۔ سپاہیوں نے کپڑوں اور ریت سے بم کو ڈھک دیا۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

بقیہ مضمون مہاتما گاندھی

[illegible] ساتھیوں کے ہمراہ مدن لال کو شناخت کر چکنے کے بعد مزید بیان کیا کہ چند دن بعد مدن لال میرے گھر آیا۔ اور [illegible] سنگھ کی موجودگی میں مدن لال نے احمد نگر میں اپنی کارگزاری کے حالات سنائے۔ مدن لال نے کہا کہ جب [illegible] صاحب احمد نگر میں ہندو مسلم اتحاد پر تقریر کر رہا تھا تو میں نے ان پر حملہ کر دیا۔ اس وقت جلوس نکل رہا تھا۔ لیکن پولیس نے ہندوؤں کی طرف داری کی وجہ سے [illegible] مدن لال نے مزید کہا کہ میں نے شرنارتھیوں اور ہندوؤں کے لئے [illegible] جس کی اخبارات میں تعریف کی گئی۔ [illegible] مدن لال نے [illegible] کو مالی امداد کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ ہم نے احمد نگر میں ایک پارٹی منظم کر لی ہے جس کو وہ [illegible]

لیڈروں کی قتل کی سازش

مدن لال نے مزید کہا کہ پارٹی اسلحہ بارود اکٹھا کر رہی ہے جسے جنگل میں رکھا گیا ہے۔ [illegible] کارناموں کے متعلق سنا تو انہوں نے مجھے [illegible] مدن لال نے بتایا کہ میں دوسرے ساتھیوں کے ساتھ [illegible] بمبئی جا رہا ہوں۔ [illegible] مدن لال نے کہا کہ میری پارٹی نے چند لیڈروں کو ہلاک کرنے کی سازش کی ہے۔ [illegible] مدن لال نے لیڈروں کے نام بتانے میں تامل کیا [illegible]

[illegible]

مراسلات و اطلاعات

[illegible]

درگاہ نظام الدین میں نماز عید

دہلی [illegible] اگست۔ درگاہ شریف حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی کی جامع مسجد میں نماز عید [illegible] بجے [illegible] ہوگی۔

عیدگاہ میں احرار کا کیمپ

دہلی [illegible] اگست [illegible]

کرکشیتر کیمپ میں سیلاب

[illegible]

پشاور سے بارہ آدمی مفرور

[illegible]

چار سو گانٹھ کپڑا برآمد

[illegible] کل شام جب یہاں کپڑے کے گوداموں پر پولیس نے چھاپہ مارا تو کپڑے کی بہت [illegible] اسی وقت کپڑے کو مقفل کر دیا گیا [illegible] کپڑے کی بڑی مقدار پر قبضہ کر لیا۔

ضروری اطلاع

[illegible]

مدرسہ مفتاح الاسلام

[illegible]

میرٹھ میں جلسہ رویت ہلال

[illegible]

موری دروازہ کے میدان میں نماز عید

دہلی [illegible] اگست حسب دستور [illegible] جماعت اہل حدیث کی نماز عید [illegible] بجے موری دروازہ [illegible] میں ادا ہوگی۔

میرٹھ کالج میں نیا دار؟

میرٹھ ۴ اگست۔ میرٹھ کالج نے اپنی آمدنی بڑھانے کے لئے جس میں یو پی کی نئی تعلیمی اسکیم کے ماتحت بہت زیادہ کمی ہو جانے کا خطرہ ہے اس بات کا فیصلہ کیا ہے نیز استادوں کی تربیت کا بھی انتظام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بیرونی طلباء کے لئے ہوسٹل کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے۔ طلباء میں اس فیصلے پر تشویش کا اظہار بھی کیا ہے۔

سرحدوں پر حملوں کے خلاف حکومت ہند سے حکومت نظام کا احتجاج

نئی دہلی ۴ اگست۔ [illegible] یہاں نظام حیدرآباد کے ایجنٹ جنرل [illegible] نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ حیدرآباد [illegible] ہندوستانی فوجیوں اور ہتھیار بند ہندوؤں نے [illegible] خلاف حکومت نظام نے حکومت ہند سے [illegible] احتجاج کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ نظام حکومت حالیہ [illegible] نقصانات کی تلافی [illegible] کو ہندوستانی فریق برحالات کو بہتر بنانے کی کوشش کی تو خطرناک حالات پیدا ہو جائیں گے۔

ناجائز کپڑا برآمد کرنے والوں کو تنبیہ مشرقی پنجاب کے وزیر صنعت کی تقریر

[illegible] ۴ اگست۔ مشرقی پنجاب کے وزیر صنعت نے تاجروں اور کارخانہ داروں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے [illegible] ناجائز طور پر کپڑا برآمد کرنے والوں کو تنبیہ کی [illegible] پاکستان [illegible] سرحدوں میں ان سے پولیس اور فوج کو بہت تعاون رہنا چاہئے۔

بجلی چوری کی گرفتاری

[illegible] ایک آدمی کو بجلی کا ناجائز استعمال کرنے کے جرم میں زیر دفعہ ۴۴ الیکٹرسٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ گذشتہ ۲ ماہ سے بلا میٹر کے بجلی استعمال کر رہا تھا۔ اس امر کی اطلاع اس کے ایک ملازم نے افسران کو کر دی۔

ایک پولیس افسر کا مقدمہ

علی گڑھ ۳ اگست [illegible] اور عبد الغفار نامی ہیڈ کانسٹیبل اور دوسرے سپاہیوں پر علی گڑھ کے سیشن جج کی عدالت میں مقدمہ چلایا جا رہا ہے ان پر انتہائی جذبہ کے ماتحت [illegible] کے قتل کا الزام ہے۔

قاہرہ میں دھماکہ

قاہرہ ۴ اگست جنوبی قاہرہ میں ایک کمپنی کے دفتر میں دھماکہ ہونے سے کچھ نقصان پہنچا لیکن کوئی شخص ہلاک یا زخمی نہیں ہوا۔

کشمیر میں ہندوستانی فوج کے ساتھ کوئی انگریز نہیں

نئی دہلی ۴ اگست۔ یہاں سرکاری حلقوں میں دریافت کرنے پر بتایا گیا ہے کہ ہندوستان کی فوج میں مختلف حیثیتوں سے صرف چند انگریز کام کر رہے ہیں۔ کمانڈر انچیف جنرل بوچر کے علاوہ فوج کی مختلف ٹیکنیکل برانچوں میں کچھ ہیں۔ برطانوی خبر لندن کی اس خبر کے سلسلہ میں اب برطانوی حکومت کو اس بات سے تشویش پیدا ہوئی ہے کہ ہندوستانی، پاکستانی فوجوں کے انگریز افسر ایک دوسرے سے برسرپیکار ہیں۔ اور غالباً برطانوی حکومت ان انگریز افسروں کو واپس بلانے کی دریافت کر رہی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ہندوستان کی فوج کی طرف سے کوئی بھی انگریز کشمیر کی جنگ میں شامل نہیں۔ ہندوستانی فوج کا کوئی انگریز ملازم یہاں تک کہ کمانڈر انچیف بھی کشمیر کے محاذ پر نہیں گیا ہے۔ کشمیر میں بھی سرحدوں کی ذمہ داریاں براہ راست ویسٹرن کمانڈ میں ہیں جو جنرل کری آپا کے تحت کام کر رہا ہے۔ اس کے مقابلہ میں کچھ انگریز افسران پاکستان کی فوجوں میں موجود ہیں جو کشمیر کی لڑائی میں لڑ رہے ہیں۔ سرکاری حلقوں میں بتایا گیا ہے کہ ۱۵ اگست کو ہندوستانی فوج میں کام کرنے والے انگریز ملازموں کو جو شرائط پیش کی گئی ہیں ان کے مطابق برطانوی سرکار کسی بھی وقت انہیں واپس بلا سکتی ہے۔

صوبہ سرحد کی اسمبلی میں نمائندگی قبائلیوں کا مطالبہ

کراچی [illegible] اگست۔ پاکستان دستور ساز اسمبلی [illegible] وہب سردار [illegible] قبائلیوں کے اس مطالبہ کی حمایت کی ہے کہ انہیں صوبہ سرحد کی اسمبلی میں نمائندگی دی جائے۔

سردار [illegible] قبائلی علاقوں کے پٹھانوں میں سیاسی شعور [illegible] اس نے مزید کہا ہے کہ ان حالات نے قبائلیوں کو صوبہ سرحد کی حکومت اور سیاسی زندگی میں ان کے جائز اور مناسب حصہ سے محروم رکھا ہے۔ اگست ۱۹۴۷ء کے ردوبدل کے پیش نظر ان پالیسی کو تبدیل کیا جانا چاہئے قائد اعظم جناح کو چاہئے کہ اپنے خاص اختیارات کا استعمال کریں اس بارے میں قوانین کی ترمیم کریں تاکہ پاکستان کی خدمت کے صلے میں قبائلیوں کا یہ مطالبہ پورا کیا جا سکے۔

جمعیت العلمائے سرحد کے صدر مولانا سعید بادشاہ گل بھی گرفتار کر لئے گئے

پشاور ۴ اگست بادشاہ خان۔ ڈاکٹر خان صاحب اور سینکڑوں خدائی خدمتگار لیڈروں اور کارکنوں کی گرفتاریوں کے بعد سرحد حکومت جمعیت علمائے سرحد کے لیڈر مولانا سعید بادشاہ گل بھی گرفتار کر لئے گئے۔

عیدگاہ میں عید کی نماز کا وقت

عیدگاہ میں نماز عید ٹھیک ۹ بجے ہوگی

عازمین حج کو بہترین مشورہ

حاجیوں کو چاہئے کہ سفر حج میں ایسی دوا ضرور اپنے پاس رکھیں جو وقت ضرورت کسی مرض میں مبتلا ہو جانے پر فوراً شفا حاصل ہو، تجربات نے ثابت کر دیا کہ سفر حج میں بارہا ہمارا ایمیکو ڈراپ کی آب و ہوا ہمدرد [illegible] دوا بڑی کامیاب اور اکسیر ثابت ہوئی ہے۔

AMICO DROPS

ایمیکو ڈراپ — جادو اثر دوا ہے

یہ بڑی موثر اور کامیاب دوا ہے جو ڈاکٹری ادویات کا خالص مرکب ہے سائنس کے اصول پر تیار کیا گیا ہے اس کے فوائد بھی حیرت انگیز ہیں، اس دوا کے چند قطرے ایک ہی مرتبہ کے استعمال میں اپنا اثر دکھاتے ہیں۔ [illegible] متلی، قے، اور دستوں کا ہونا، پیٹ میں درد ہونا، سینہ جلنا، کھٹی اور بدمزہ ڈکاریں آنا، کھانا ہضم نہ ہونا، ڈیپش اور مروڑ ہونا، بار بار پاخانہ آنا، درد گردہ، درد قولنج اور جملہ شکمی امراض میں تیر بہدف ہے [illegible] جراثیم ہیں۔ غذا کے فاسد مادہ کو دور کرتی ہے۔ مریض ہیضہ یعنی کالرا میں [illegible] مرض کی شکایت جاتی رہتی ہے۔ جسم کے تمام اندرونی اور بیرونی دردوں میں بھی بہت مفید ہے۔ پیٹ کی گرانی، بخار وغیرہ کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ اس دوا کے فوائد بہت کثیر ہیں جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ ہر حیثیت سے مسافروں کے لئے بہترین دوا ہے۔ ہر گھر اور سفر میں یہ دوا ضرور رہنی چاہئے۔ ضرورت کے وقت آپ جان کا کام کرے گی۔ لوگوں کو بڑے حیرت انگیز فوائد اس دوا سے پہنچے ہیں۔ حکما کی بہت پسندیدہ ہے۔

قیمت بڑی شیشی دو روپیہ بارہ آنہ۔ تین شیشیاں سات روپے بارہ آنہ
نصف شیشی ایک روپیہ بارہ آنہ۔ تین شیشیاں پانچ روپیہ
چوتھائی شیشی ایک روپیہ۔ تین شیشیاں دو روپیہ بارہ آنہ
علاوہ محصول ڈاک

مزید معلومات اور دیگر امراض کے لئے فہرست ادویہ مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

تپ دق T.B. — پرانے بخارات — JABRI جبری

ٹی۔ بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو یا انتڑیوں کا خوفناک مرض ہے

(۱) پہلی سٹیج شروع: معمولی بخار، کھانسی — (۲) دوسری سٹیج: بخار، کھانسی کی زیادتی — (۳) تیسری سٹیج: جسم کا سوکھنا، بخار کھانسی کی بے حد زیادتی — (۴) چوتھی اسٹیج: حالت خراب، دستوں کا شروع ہو جانا — (۵) آخری اسٹیج: مریض کی موت، مرض کے جراثیم کا دوسروں میں پھیلنا

اس خوفناک مرض کے جراثیم کو ہلاک کرنے والے اگر کوئی دوا ہے تو بس جبری ہے جبری کے بارے میں اب زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں رہی ہندوستان کے کونے کونے میں مریضوں کا نام دوا نہیں بلکہ تپ دق اور پرانے بخارات سے مریضوں کو موت کے منہ سے بچانے والی غذائی طاقت رکھ دیا ہے آپ نے ان ہی کالموں میں دیکھ چکے ہیں اگر آپ سب طرف سے مایوس ہو چکے ہیں اور ایکسرے EXRAY وغیرہ کے بعد ڈاکٹروں، حکیموں، وید و لینے بھی جواب دے دیا ہے تو ایک بار ضرور آزمائش کیجئے۔ اس آزمائش کے لئے ہم نے دس روز کا نمونہ بھی رکھ دیا ہے تاکہ تسلی ہو سکے دس روز میں ہی حیرت انگیز اثر ظاہر ہوگا۔ آج ہی آرڈر دیں ورنہ پھر وہی مشکل ہوگی کہ اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ سینکڑوں حکیم، ڈاکٹر، وید صاحبان اپنے مریضوں پر استعمال کر کے نام پیدا کر رہے ہیں اور بذریعہ تار کے آرڈر دیتے ہیں تار کا پتہ اور خط و کتابت کا جبری جگادھری (JABRI JAGADHRI) لکھنا کافی ہے قیمت اس طرح ہے۔ جبری اسپیشل نمبر ۱ مکمل کورس چالیس روز کا ۵۰ روپے نمونہ دس روز کے لئے بیس روپے۔ جبری اسپیشل نمبر ۲ مکمل کورس [illegible] روپے نمونہ دس روز صرف چھ روپے (ٹکٹ)

محصول وغیرہ الگ ہے آرڈر معہ اپنا پورا پتہ خوشخط تحریر کریں تار دیں تو اپنا پورا پتہ تحریر کریں۔ رائے صاحب ایل شرما اینڈ سنز لمیٹڈ بلڈنگ نمبر ۵۲ جگادھری مشرقی پنجاب

ہند پر ایک روسی رسالہ کا تبصرہ

شہنشاہیت پسندانہ منصوبہ بندی کا الزام

ماسکو، ۱۴ اگست۔ ہندوستان سے جاہ طلب اور شہنشاہیت پسندانہ نہرو پلانوں نے انداز دیا ہے۔ ہندوستانی قوام کے قدرتی ساتھیوں اور دوستوں سے جدا کر دیا ہے اور ایشیائی عوام میں ایک نئی نفرت پیدا کر رہا ہے۔ یہ الفاظ ہیں روسی رسالہ نیو ٹائم کے۔ اس رسالہ نے آگے چل کر لکھا ہے کہ پنڈت نہرو ایک ایسے ایشیائی معاشی اور فوجی بلاک کے لیڈر بننا چاہتے ہیں جو پاکستان، برما، سیام، ملایا اور انڈونیشیا پر مشتمل ہو۔ ہند کے سابق وزیر تجارت مسٹر بھابھا کے ہندوستان سے جاپان کی خالی کی ہوئی کلیدی پوزیشنوں کو سنبھال لینے کے ذکر سے یہ مقصد ہے کہ سرمایہ پرست ہندوستان جاپان کا جانشین بن جائے۔

مسجد نواب میں جلسہ وعظ

علمائے کرام کی روح پرور تقریریں

آج ۲۹ رمضان المبارک کی شب بعد نماز عشاء مسجد نواب والی گلی قاسم جان میں وعظ ہوگا۔ اس جلسہ وعظ کا خاص اہتمام کیا جا رہا ہے۔ حضرت مولانا عبدالماجد صاحب، حضرت مولانا [illegible] حسین صاحب شرکت اور تقریر کا وعدہ فرما چکے ہیں۔ امید ہے کہ حضرت مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمٰن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند بھی شرکت فرمائیں گے اور ارشادات سے حاضرین کو مستفیض کریں گے۔

کارپردازان مسجد نواب والی

برما سے انگریزوں کا انخلاء

کمیونسٹوں کی گڑبڑ خطرناک ہوتی جا رہی ہے

رنگون ۱۵ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ رنگون کے شمال میں کمیونسٹوں کی گڑبڑ کی وجہ سے برطانوی لوگوں کو اس علاقہ سے نکالا جا رہا ہے۔ رنگون سے ۲۰ میل کے فاصلہ پر بندرگاہ پہنچ سے برطانوی عورتوں اور بچوں کو ایک جہاز میں سوار کر دیا گیا۔ مزید برطانویوں کو بھی جگہ جگہ یہاں سے نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ برمی کمشنر نے صاف طور پر کہہ دیا ہے کہ وہ حالات پر قابو نہیں کر سکتا۔

یورپین مسلمانوں کیلئے ترکی میں پناہ

لندن ۱۴ اگست۔ بین الاقوامی پناہ گزینوں کی جماعت نے ترکی کے ساتھ ایک معاہدے کا اعلان کیا ہے۔ اس معاہدے کی بنا پر ترکی مسلم پناہ گزینوں کے کنبوں کو ترکی میں آباد کرنے کے لئے تیار ہے۔ اس معاہدے کی وجہ سے ان پناہ گزینوں کا مسئلہ حل ہو جائے گا جو آجکل جرمنی، آسٹریا اور اٹلی کے کیمپوں میں مقیم ہیں۔ ان پناہ گزینوں کو فوراً ترکی کا باشندہ بنا دیا جائے گا اور ان کو مناسب روزگار مہیا کئے جائیں گے۔

شملہ ۱۴ اگست۔ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے اس خبر کی تردید کی ہے کہ مشرقی پنجاب کی وزارت میں عنقریب تبدیلیاں ہونے والی ہیں۔ آپ نے کہا کہ اس خبر میں کوئی صداقت نہیں۔

کلکتہ ۱۴ اگست۔ مغربی بنگال سرکار نے صوبہ میں لاہور سے شائع ہونے والے ہفتہ وار اخبار [illegible] کا صوبہ میں داخلہ بند کر دیا ہے۔

چینی فوجوں نے کمیونسٹوں کے ایک اہم مورچہ پر قبضہ کر لیا

نانکنگ ۱۵ اگست۔ شمالی چین کی کمانڈ آفیسر جنرل [illegible] کی فوجوں نے کمیونسٹوں کے ایک اہم مقام [illegible] پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ مقام پاپنگ سے ۷۰ میل شمال میں ہے۔ پہلا امید کیا گیا تھا کہ کمیونسٹوں کی ان تیاریوں کو ختم کر دیا جائے تو پاپنگ [illegible] علاقہ پر حملہ کرنے کے لئے کر رہے تھے۔ کل اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔ اب یہ معلوم ہوتا ہے کہ کمیونسٹوں نے شمال میں اپنی ایک اہم مقام پر قبضہ کر لیا ہے جس سے چینی فوجوں کی پوزیشن کمزور ہوگئی ہے۔ چینی فوجیں اب اس مقام کو گھیر رہی ہیں۔

ختم قرآن

دہلی ۵ اگست۔ آج شب حافظ حسام الدین حیدر (نیاداران) کی بڑی مسجد میں مولانا انیس الحسن صاحب کے بھائی قرآن شریف ختم فرمائیں گے۔ تمام حضرات سے شرکت کی درخواست ہے۔

ایک مہاجر کو ۷ سال قید

سفیر کی بیوی پر قاتلانہ حملہ

لاہور ۱۴ اگست۔ سوبرس کے ایک پناہ گزین علی محمد آغا خاص کو کابل کے فرانسیسی سفیر کی بیوی [illegible] پر قاتلانہ حملہ کرنے کے سلسلے میں گرفتار کر لیا گیا تھا۔ آج اسے سات سال قید سخت کی سزا کا حکم سنا دیا۔

سرکاری دعوت پر مظاہرہ

جالندھر ۱۴ اگست۔ سکھوں کی بڑھتی ہوئی قتلیوں اور مہاجرین کی بڑھتی ہوئی ناراضگی کے باعث ایک ہفتہ کے دوران میں دوسری بار ۱۲ جولائی کو ملکی ہوٹل کے سامنے مظاہرہ ہوا۔ جب کہ صوبائی کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ارکان کے اعزاز میں ایک دعوت ہو رہی تھی۔ اس دعوت میں مشرقی پنجاب کے لیڈر مسٹر لہری سنگھ آزاد، مشرقی پنجاب کانگریس کے صدر گیانی گورمکھ سنگھ جی اور جنرل سکریٹری [illegible] سنگھ شیخی اور دوسرے کانگرسی شریک تھے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ جب دعوت ہو رہی تھی تو دو سو سے اوپر مہاجرین ہوٹل کے سامنے جمع ہوگئے اور انہوں نے نعرے لگانے شروع کر دیئے اور ان کا مطالبہ تھا کہ ہمارے مسائل کے مکمل انتظام کئے جائیں۔ انہوں نے احتجاج کیا کہ جب مہاجرین بھوکوں مر رہے ہیں یہ لوگ دعوتیں اڑا رہے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ مہاجرین نے مسٹر بہری سنگھ کی کار کو روک دیا اور جب کار کو زبردستی چلانے کی کوشش کی گئی تو کسی نے آزاد صاحب پر پتھر پھینکے۔ ہاتھا پائی میں ۲ آدمی زخمی ہوئے۔ ایک مقامی جرنلسٹ اور صوبائی کمیٹی کے پروپیگنڈا سکریٹری مسٹر [illegible] بال بال بچ گئے۔

ڈینیوب کانفرنس میں برطانیہ کو روس کا جواب

بلگریڈ ۱۴ اگست۔ بلگریڈ میں ڈینیوب کانفرنس آج بھی جاری رہی۔ برطانوی نمائندے سر چارلس پیک نے صدارت کی۔ سوویٹ نمائندے مسٹر ویشنسکی نے نئے ڈینیوب کنونشن کے بارے میں اپنی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ہم ڈینیوب کے مسئلہ پر مساوات کے نقطہ نظر سے نہیں دیکھ سکتے کیونکہ جب سوئز اور پناما نہر دونوں میں سب قوموں کو برابر کے حقوق حاصل نہیں ہیں تو دریائے ڈینیوب میں ایسا کیوں ہو۔ نئے پلان کے تحت ڈینیوب کی ریاستوں کے حقوق کا بہترین تحفظ تجویز کیا گیا ہے اور غیر منصفانہ حقوق کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔ نئے پلان کے تحت ڈینیوب کے دو کمیشن، ایک یورپین کمیشن اور دوسرا ڈینیوب کمیشن نہیں ہوگا۔ بلکہ ڈینیوبی ریاستیں [illegible] ایک کمیشن ہوگا [illegible] آسٹریا کو اس کمیشن میں اس وقت نمائندگی دی جائیگی جب اس کے معاہدے کا تصفیہ ہو جائے گا۔ یاد رہے ۱۹۲۱ء کے ڈینیوب کنونشن کے تحت برطانیہ اور فرانس کو ڈینیوب میں جہاز رانی کے بعض خاص حقوق حاصل ہیں۔

طالب علموں کے لیڈر کا مرن برت

حالت نازک ہوگئی ہے

نئی دہلی ۹ اگست۔ ایسٹ پنجاب یونیورسٹی کیمپ کالج کے طلباء کے مطالبات منوانے کے لئے اسٹوڈنٹ لیڈر سردار [illegible] سنگھ نے شری [illegible] کی کوٹھی کے باہر مرن برت شروع کر رکھا ہے۔ آج بھوک ہڑتال کا [illegible] روز ہے۔ سردار [illegible] سنگھ کافی کمزور ہوگئے ہیں۔ آج ڈاکٹر لفٹیننٹ کرنل چاولہ نے آپ کا طبی معائنہ کیا۔ آپ کا وزن ۱۲ پونڈ کم ہوگیا ہے۔ دل اور نبض کی رفتار کم ہے اور رات پھر اچھی طرح سو بھی نہیں سکے۔ ایسٹ پنجاب اسٹوڈنٹس کانگریس کے جنرل سکریٹری اس سلسلہ میں آج آچاریہ ونوبا بھاوے سے ملے اور تمام صورت حالات سے آگاہ کیا۔

آچاریہ جی نے کہا کہ اگر حکومت نے طلباء کے ساتھ وعدہ کیا ہے تو اسے ہر حالت میں پورا کیا جانا چاہئے۔

کراچی میں کپڑے کی تقسیم

۱۴ اگست۔ پاکستان کے ٹیکسٹائل کمشنر نے جمعہ کو ایک پریس نوٹ شائع کیا ہے اس میں کہا گیا ہے کہ جو لوگ کارڈ رکھتے ہیں وہ اللاٹمنٹ کی ہر دکان سے جا کر کپڑا خرید سکتے ہیں۔ اس کوپن کا ایک حصہ اس دکان پر چھوڑنا ہوگا۔ آگے چل کر پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ چونکہ ہندوستان سے کافی مقدار میں کپڑا نہیں آیا ہے لہٰذا اس کی کوشش کی جا رہی ہے کہ مغربی پاکستان کے صوبوں اور ریاستوں میں علیحدہ علیحدہ کا مقررہ کپڑا فوراً بھیجا جائے۔ اسکے علاوہ حکومت نے طے کیا ہے کہ ۱۵۰۰۰ گانٹھیں فوراً تقسیم کر دی جائیں۔

قبائلیوں کی دھمکی

پشاور ۱۴ اگست۔ بڑے تعجب کی بات ہے کہ ہند جس نے خود آزادی حاصل کر لی ہے اب دوسروں کو غلام بنانا چاہتا ہے۔ ہند کی بھلائی اسی میں ہے کہ وہ شہنشاہیت پرستانہ کھیل ختم کر دے ورنہ وہ اپنے لئے کوئی جلد ہی ایک دوسرے محاذ پر کھڑا ہو پائیگا۔ یہ الفاظ ہیں صاحبزادہ محمد سعید کے جو محمود زئی قبیلہ کے روحانی لیڈر ہیں۔ انہوں نے پنڈت نہرو کو تنبیہ کی کہ تمام دنیا کے مسلمان ایک مذہبی رشتہ میں منسلک ہونے کی وجہ سے دنیا بھر کے مسلمان حیدرآباد کے دفاع میں اپنے ہم مذہبوں کی امداد کے لئے اٹھ کھڑے ہونگے۔ اگر حکومت نے حیدرآباد کی بابت اپنے عزائم کو نہ بدلا تو قبائلی جہاد شروع کرنے سے بہت خوش ہوں گے۔

مسٹر کھوڑو نے اپنی بیگم کو خریداری بورڈ کا ممبر نامزد کر دیا

خریداری بورڈ کے ڈائرکٹر مسٹر ملک کی شہادت

کراچی ۱۶ اگست۔ بیگم آف سندھ کھوڑو خریداری بورڈ کے ڈائرکٹر مسٹر [illegible] ملک عدالت میں گواہ کی حیثیت سے پیش ہوئے اور کہا کہ مسٹر کھوڑو نے مسٹر عبدالحکیم کو اس بورڈ کا ممبر بنانے کی سفارش کی اور بعد میں ان کی جگہ بیگم کھوڑو کو نامزد کر دیا۔

آج سندھ تحقیقاتی عدالت میں صرف ایک گواہ سے جرح کی گئی۔

مسٹر کھوڑو نے وکیل صفائی مسٹر محمد حنیف نے عدالت سے اپیل کی کہ وہ حکومت سندھ کے سکریٹری پر یہ زور دالت سے درخواست کرے کہ وہ فرنیچر کی خرید کے متعلق تمام فائل عدالت میں پیش کریں۔ وکیل سرکار مسٹر [illegible] نے اس پر اعتراض کیا۔ عدالت نے مسٹر [illegible] کو جواب دیا کہ چونکہ اصلی وکیل صفائی عدالت میں موجود نہیں ہیں اس لئے اس درخواست پر فائل پیش نہیں کئے جا سکتے۔

آج سندھ کے خریداری بورڈ کے ڈائرکٹر مسٹر [illegible] ملک عدالت میں گواہ کی حیثیت سے پیش ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ خریداری بورڈ ۱۹۴۳ء میں قائم ہوا اور ۲۲ لاکھ روپے دیئے گئے۔

یہ بورڈ اکتوبر ۱۹۴۳ء میں حکومت کے خریداری ایجنٹوں کا کام کرنے کے لئے قائم ہوا۔ ہر ممبر کو فی جلسہ ۲۰ روپیہ ملتے ہیں اور جلسہ ہر ہفتہ ہوتا ہے۔ بورڈ کی شاخیں حیدرآباد، سکھر اور جیکب آباد میں ہیں اور چھوٹی چھوٹی شاخیں کئی اور مقامات پر ہیں۔ بورڈ ضلع افسران، ملازم رکھتا ہے جو چاول خریدنے کا کام کرتے ہیں۔ فروخت کرنے والے کو فوراً ۷۰ فی صدی قیمت ادا کر دی جاتی ہے اور بقیہ رقم کی ادائیگی گودام پر مال پہنچنے کے بعد ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بارش کی وجہ سے چاول کا کچھ ذخیرہ خراب ہو گیا۔ گواہ نے بتایا کہ حاجی غلام حیدر کھوڑو سے بخوبی واقف ہوں اور عبدالحکیم کو بھی جانتا ہوں جو بعد میں بورڈ کے ممبر ہو گئے۔ مسٹر کھوڑو نے بورڈ کی ممبری کے لئے عبدالحکیم کے نام کی سفارش کی اور مسٹر مقبول حیدر نے میر مقبول کا نام دیا۔ یہ صرف زبانی طور پر طے پایا اور ان دونوں کو ممبر قرار دے دیا گیا۔ ۲۵ روز بعد مسٹر کھوڑو نے ایک خط لکھا جس میں بتایا گیا کہ عبدالحکیم کی جگہ نامزد کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ بیگم کھوڑو نے اس سلسلہ میں کوئی درخواست نہیں دی اور نہ ہی بورڈ کے کسی جلسہ میں شرکت کی۔

بیگم کھوڑو اور غلام علی نے جلسہ میں شرکت کی جس کی فیس مسٹر کھوڑو اور ان کے منشی کو ادا کر دی جاتی تھی۔ ان کی طرف سے ہزار اور ۲ ہزار چار سو روپے ادا کئے گئے۔ یہ جلسہ میں شرکت کرنے کی فیس تھی۔ حالانکہ ان دونوں میں سے کسی نے دراصل جلسوں میں شرکت نہیں کی۔

مسٹر غلام علی کے داماد کے چچا غلام علی کی طرف سے مسٹر کھوڑو نے دستخط کر دیئے تھے۔ حاجی غلام علی اور بیگم کھوڑو اب بھی بورڈ کے ممبر ہیں۔

گواہ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ [illegible] کی جنوری والی پہلی ہی تاریخ مسٹر کھوڑو کو بھیجی جاتی تھی۔ گواہ نے ایک اور سوال کے جواب میں بتایا کہ بعد میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ چاول [illegible] کو [illegible] ہندوستان کی تحقیقات [illegible] کر دی جائے گی اور بقیہ رقم گودام پر چاول پہنچنے پر ادا کی جائے گی۔ [illegible] کی وجہ سے عدالت ملتوی ہوگئی۔

ہند آنیوالی گاڑی واپس کر دی گئی

حیدرآباد (سندھ) ۱۴ اگست۔ ایک اسپیشل ٹرین جو ایک ہفتہ پہلے دو ہزار ہندو پناہ گزینوں کو لے کر حیدرآباد سے روانہ ہوئی تھی میرپور خاص سے واپس بلا لی گئی۔ اسے میرپور خاص سے آگے نہیں جانے دیا گیا۔ اس وقت قلعہ کے علاقہ میں دو ہزار ہندو مقیم ہیں۔ اب ان کو کراچی جانے کی ہدایت کی جا رہی ہے تاکہ وہ بحری جہاز کے ذریعہ ہند پہنچ جائیں۔ ہندو ریلوے کی خریداری پر تجویز اشرمار [illegible]

کھیل کی خبریں

۔۔۔ ۱۴ اگست کو لندن میں ہندوستان کی ہاکی ٹیم نے اردن اور جنوبی افریقہ کی ٹیم کو ہاکی کے ایک مقابلہ میں دو گولوں سے ہرا دیا۔ ہندوستان کی طرف سے جانسن اور کرشن لال نے بالترتیب ۴ اور ۱ دو گول کئے۔ ہاف ٹائم تک ہندوستان کی ٹیم نے دو گول کر لئے تھے۔

۔۔۔ آرم مسٹر کوہی نے ہرڈل ریس میں نیا ریکارڈ قائم کیا۔ انہوں نے اسی میٹر کا فاصلہ ۱۳۲ سکنڈ میں طے کر کے تماشائیوں سے تحسین وصول کی۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ [illegible] کا تھا۔

۔۔۔ ایک فرانسیسی کھلاڑی مقابلے میں زخمی ہوگیا۔

۔۔۔ ترک پہلوانوں نے آج کشتی کے مختلف مقابلوں میں جو کامیابیاں حاصل کیں ان پر ترک قوم نے خوشیاں منائیں۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن مولفہ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصے کی مستند تفسیر بھی ہے۔ اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے۔ اس کے چار حصے ہیں۔ حصہ اول مجلد ۶ روپے، حصہ دوم مجلد ۶ روپے، حصہ سوم مجلد ۵ روپے، حصہ چہارم ۶ روپے ۸ آنے۔

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ قیمت ایک روپے بارہ آنے۔

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے ہیں۔ قیمت ۱؎۔

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور سہل ہے۔ قیمت ۳ روپے بارہ آنے۔

جمعیۃ علما کیا ہے جمعیۃ علماء ہند کی اغراض و مقاصد اور اساسی خدمات۔ قیمت مجلد آنے ۲؎

جمعیۃ علما کیا ہے حصہ دوم مع جمعیۃ علماء ہند کی ۲۰ سالہ تاریخ کا مجموعہ۔ قیمت ۶؎

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے عقائد اور مسلمانوں اور اسلامی زندگی پر تبصرہ۔ قیمت ۳؎

نورالاصباح یعنی نورالایضاح اور اس کا اردو ترجمہ اور شرح۔ جو عربی کے ابتدائی طلبہ کے لئے بہت زیادہ مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہترین ذخیرہ ہے۔ قیمت ایک روپے ۴ آنے۔

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دارالعلوم دیوبند کے نصاب میں داخل ہے۔ قیمت حصہ اول ۸؎ حصہ دوم ۸؎ حصہ سوم ۸؎

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے۔ یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے کورس میں شامل ہے۔ قیمت ۸؎

اربعین اسلامی تعلیمات کا قابل قدر مجموعہ۔ قیمت ۱۲؎

جنگ بدر۔ کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کفار پر فتح پائی۔ قیمت صرف ۶؎

نوٹ۔ مبلغ پانچ روپے یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں جو رسالے [illegible] کیا ہے مسلم لیگ کیا ہے، مسٹر جناح کا پراسرار معمہ، شریعت بل اور لیگ، سول میرج اور لیگ کی غلطیاں۔ مفت پیش کی جائیں گی۔

مینیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

کا

عید نمبر

نہایت آب و تاب کے ساتھ کل شائع ہو رہا ہے

عید نمبر افتتاحیہ اور سیاسی تبصرے کے علاوہ عید سے متعلق اعلیٰ مضامین، افسانوں اور نظموں کا مرقع ہے۔ بہادر شاہ کی عید، پہلی عید اور اب کی عید، عید کا پیام مسلمانوں کے نام، عید کا خواب (افسانہ) چاند رات (مذاحیہ) مزدور کی عید (نظم) اور نشید عید (نظم) یہ ان چند مضامین کے عنوانات ہیں جو آپ کو عید نمبر میں ملیں گے۔ ان کے علاوہ عید نمبر میں ہز ایکسیلینسی گورنر جنرل اور دیگر حضرات کے وہ پیغامات بھی درج ہیں جو اس مبارک ساعت پر موصول ہوئے ہیں۔

اپنی کاپی آج ہی محفوظ کرالیں ایسا نہ ہو کہ آپ کو کف افسوس ملنا پڑے۔

سائز ۳۰×۲۰/۴ صفحات ۲۴ قیمت صرف ۳؍

مینیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

الجمعیۃ کا آزادی نمبر

۱۵ اگست ← وہ مبارک تاریخی دن ہے

جس میں ہندوستان کو اجنبی غلامی کی لعنت سے نجات ملی۔ ہندوستانی اس دن کو ہمیشہ بطور عید شان و شوکت کے ساتھ منایا کریں گے۔

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۵ اگست کو الجمعیۃ کا شاندار آزادی نمبر شائع کیا جائے۔ چنانچہ پوری سرگرمی کے ساتھ اس نمبر کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔

آزادی نمبر میں ملک کے ہر خیال اور ہر مذہب کے صف اول کے رہنماؤں، مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ ذمہ داروں اور ممتاز لکھنے والوں کے بیش بہا مضامین، بلند پایہ شعراء کی خاص نظمیں اور اہل علم کے حیات افزا علمی مقالات پیش کئے جائیں گے۔ آزادی نمبر ۳۰×۲۰ سائز کے کم از کم ۲۴ صفحات پر شائع ہوگا۔ قیمت ۴؍

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی صحیح تعداد سے مطلع فرمائیں۔

مشتہرین کے لئے یہ ایک نادر موقعہ ہے۔ وقت بہت کم ہے اس لئے جلد اشتہارات کی جگہ بک کرالی جائے۔

مینیجر روزانہ الجمعیۃ دہلی

قایم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

عید نمبر

الجمعیۃ

مدیر معاون
محمد سلیمان

فون نمبر ۵۸۵۵

مدیر مسئول
محمد عثمان فارقلیط

نمبر ۱۶۷ | دہلی یوم یکشنبہ ۲ شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۸ اگست ۱۹۴۸ء | جلد ۳۰

ہلال عید

ناظرین الجمعیۃ کو

عید مبارک

از

ادارۂ الجمعیۃ

فہرست مضامین صفحہ ۲ پر ملاحظہ ہو

نشیدِ عید

(از حضرت علامہ سیماب اکبر آبادی)

گا مغنّی! [illegible] سے گا ترانہ عید کا
ٹھونس دے بہروں کے کانوں میں فسانہ عید کا

کہدے ساقی سے، پلائے آج جی بھر کر شراب
سال بھر تک تو رہے کیفِ شبانہ عید کا

بعد ازیں کیسی نماز اور پھر کہاں کی عید گاہ
دو گھڑی کا ایک تماشا ہے دوگانہ عید کا

عید ہی کیا جو گراں باری نہ لائے قرض کی
کیا وہ مومن جو نہ بن جائے نشانہ عید کا

پستی کردار پر دنیا لگائے قہقہے
اتنا گر جائے مذاق عامیانہ عید کا

اطلس و دیبا سے ہوں ملبوس فرزندانِ قوم
لوگ دیکھیں طمطراق خسروانہ عید کا

دعوتِ کام و دہن کا ہو خصوصی انتظام
دورِ عسرت میں غنیمت ہی بہانہ عید کا

ساز اور آواز سے گونجی ہوئی ہو کائنات
اللہ اللہ یہ وقار مطربانہ عید کا

سرخوشی کی پھر غمِ فردا میں فرصت ہو نہ ہو
شام سے پہلے ہی لٹ جائے خزانہ عید کا

الغرض اس سے تعلق روح دل کو کچھ نہ ہو
سجدہ گاہ نفس ہو تصویر خانہ عید کا

بے خودی میں بھول کر آئے نہ یاد اللہ کی
عیش و مستی میں گذر جائے زمانہ عید کا

پیغامِ مبارک

ہز ایکسیلنسی شری راجگوپال اچاریہ گورنر جنرل ہندوستان

"کیا ہی اچھا ہو کہ اس عید الفطر کے مبارک موقع پر ہماری۔ نمازیں، دعائیں اور بارگاہ ایزدی میں ہماری حضوری، باہمی نفرت و کدورت کے احساس کو دور کر کے ہمارے اندر برادرانہ محبت، اخوت اور تعاون کی صحیح روح پیدا کر دے۔

کیا ہم یہ توقع کر سکتے ہیں کہ ہماری باہمی غلط فہمیوں کے بادل چھٹ جائینگے اور اس عید کے بعد ہم خدائے بزرگ و برتر کے صحیح اور سچے قانون پر عمل پیرا ہوں گے جو باہمی رواداری اور ایک دوسرے سے محبت کے سوا اور کچھ نہیں۔"

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی۔ وَذَکَرَ اسْمَ رَبِّہٖ فَصَلّٰی (س الاعلیٰ ع ۱ پ ۳۰)
ترجمہ:۔ جس نے نماز پڑھی صفائی باطن کی غرض سے جس نے خیرات وصدقات ادا کئے۔ اللہ کے نام کو ورد زباں رکھا۔ وہ یقیناً کامیاب ہوگیا۔

عید بالکسر ہر چہ باز آید وجشن اہل اسلام (صراح) یعنی مسرت وخوشی کا تیوہار۔ جو بار بار پھر پھر کر آتا ہے۔ اسی لئے عید کو عید کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ بھی تو ہر سال لوٹ لوٹ کر آتی ہے۔ لِاَنَّہٗ یَعُوْدُ اَوْ یُعَادُ فِیْ کُلِّ سَنَۃٍ اَلْفِطْرُ وَمِنْہُ الْاِفْطَارُ، کھولنا یا افطار کرنا شوال المکرم کے چاند دیکھنے کے بعد رمضان المبارک کے روزوں کا افطار کرنا اور ختم ہونا یقینی ہے۔ اسی لئے شوال کی عید کو عید الفطر کہتے ہیں۔ یہ ایک ایسا لطف افزا اور مسرت انگیز مبارک دن ہے، کہ اس دن نیک بندوں پر جناب باری کی طرف سے برکت و رحمت، سرور وفرحت عود کرتی اور لوٹتی ہے۔ گنہگار بندے روزے کی ریاضت، تراویح و نوافل کی محنت ومشقت کے بعد پاک روح وصاف دل ہوکر فرحاں وشاداں خوش خوش اپنے مولائے کریم کی طرف رجوع کرتے اور لوٹتے ہیں۔ اور جناب باری بھی ازراہ شفقت ورحمت اس رجوع اور انابت الی اللہ کے صلہ میں عید کے دن اپنے بندوں پر بے حساب انعام واکرام لٹاتا ہے۔ فَلِذٰلِکَ سُمِّیَ الْعِیْدُ عِیْدًا
چنانچہ عید الفطر کے دن اظہار مسرت کی غرض سے نیک بندوں کی نسبت اللہ تعالیٰ فرشتوں سے یوں دریافت فرماتا ہے:۔ یَامَلَائِکَتِیْ مَا جَزَاءُ اَجِیْرٍ وَفّٰی عَمَلَہٗ۔ فرشتو! اس مزدور کا بدلہ کیا ہے؟ جو اپنا سارا کام پورا کر چکا ہو۔ فرشتے جواب عرض کرتے ہیں:۔
رَبَّنَا جَزَاءُہٗ اَنْ یُّوَفّٰی اَجْرُہٗ۔
اے رب اس کا بدلہ تو یہی ہے، کہ اس کے کام کی پوری پوری مزدوری دی جائے۔
یہ جواب سنکر باری تعالیٰ عز اسمہٗ گواہ بناتے ہوئے فرشتوں سے پھر یوں خطاب فرماتا ہے۔ اَشْھَدُکُمْ یَا مَلَائِکَتِیْ اِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ ثَوَابَ صِیَامِھِمْ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ وَقِیَامِھِمْ رِضَائِیْ وَمَغْفِرَتِیْ۔ الخ فرشتو! میں تمہیں گواہ بناتا ہوں، کہ میں نے رمضان کے روزے رکھنے والوں اور تراویح و نوافل میں قیام کرنے والوں کا ثواب بدلہ اپنی رضامندی اور مغفرت بنایا ہے۔
کیونکہ انہوں نے میرا فرض ادا کیا ہے اور پھر نماز عید اور دعا کے شوق میں اَللّٰہُ اَکْبَرُ

عید الفطر

اداره

اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ، کہتے ہوئے اپنے گھروں کو چھوڑ کر جوق در جوق میدان عیدگاہ کی طرف نکل کھڑے ہوئے ہیں۔ لہذا مجھے بھی اپنی عزت وبزرگی جلال وجبروت کی قسم ہے۔ کہ میں ان کی خطاؤں سے درگذر کرتے ہوئے ان کی ستر پوشی کروں اور ان کی فضیحت ورسوائی نہ کرتے ہوئے میں ان کے حق میں ان کی دعائیں بھی قبول کروں گا۔

پھر اللہ تعالیٰ بندوں سے خطاب فرماتا ہے۔ اِرْجِعُوْا فَقَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ وَبَدَّلْتُ سَیِّاٰتِکُمْ حَسَنَاتٍ ط قَالَ فَیَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَھُمْ (بیہقی)
بندو! واپس جاؤ! میں نے تمہیں بخشدیا۔ اور تمہاری برائیاں بھلائیوں سے بدل ڈالیں
اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگ اپنے گھروں کو اس حالت میں واپس ہوتے ہیں، کہ ان کو گناہوں کی معافی ہوچکی ہے۔
مسلمانو! اچھے کھلنے کھانے نئے کپڑے اور لباس پہننے، خوشبو ملنے۔ عطر وگلاب سونگھنے۔ ظاہری زیب وزینت دکھانے۔ گاڑی موٹر۔ بگی۔ گھوڑے۔ خچر۔ اونٹ وغیرہ پر سوار ہونے۔ مکلف فرش وفروش بچھانے وغیرہ کا نام عید نہیں ہے۔ بلکہ عید سے یہ مقصد ہونا چاہئے، کہ عمل خالص۔ خدا کی وعید سے پناہ سچی توبہ۔ تقویٰ وپرہیزگاری۔ ترک معاصی اور صراط مستقیم پر چلنے اور خوشنودی مولائے کریم کی توفیق نصیب ہو۔
وَعِنْدِیْ عِیْدٌ کُلَّ یَوْمٍ اَرٰی بِہٖ
جَمَالَ مُحَیَّاہُ بِعَیْنٍ قَرِیْرَۃٍ
جس دن میں اس محبوب حقیقی کے پر نور چہرے کی تجلیات وانوار کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہوں، میرے لئے تو وہی عید کا دن ہوتا ہے۔

مسائل عید الفطر

عید کے دن یہ باتیں مسنون ہیں۔ مسواک وضو۔ اور غسل کرنا۔ اچھا لباس پہننا۔ خوشبو لگانا۔ عید الفطر کی نماز کے لئے جانے سے پہلے کھجوریں، یا میٹھی چیز کھانا۔ صدقہ فطر ادا کرکے جانا۔ عیدگاہ میں عید کی نماز پڑھنا پیدل جانا۔ ایک راستہ سے جانا۔ دوسرے سے واپس آنا۔ عید کی نماز سے پہلے گھر میں یا عیدگاہ میں نفل نماز نہ پڑھنا۔ (مگر صبح کی قضا نماز پڑھ سکتا ہے) عید کی نماز کے بعد بھی عیدگاہ میں نفل نہ پڑھنا چاہئے۔ عید کی صبح کو وضو اور غسل کرکے حسب حیثیت لباس پہن کر خوشبو لگانا سنت ہے۔ طاق عدد چھوہارے کھاکر آہستہ آہستہ تکبیر، اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔ پڑھتا ہوا عیدگاہ کو جائے صدقۃ الفطر نماز سے پہلے مساکین کو دے دینا چاہئے۔ اگر نماز سے پہلے نہیں دیا گیا۔ تو بعد میں بھی دینا جائز ہے۔ دو رکعت نماز ہر مسلمان بالغ مقیم غیر معذور پر واجب ہے۔ عیدین کی نماز عیدگاہ میں پڑھنا مسنون ہے۔

عید الفطر کی نماز

عید الفطر کی نماز کا طریقہ یہ ہے

نیت۔ میں نماز عید الفطر واجب کی مع چھ زائد تکبیروں کے پیچھے اس امام کے پڑھنے کی نیت کرتا ہوں۔ پھر تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھ لے۔ اور پھر ثناء یعنے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ پڑھے۔ پھر امام کے اللہ اکبر کہنے کے ساتھ دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھائے۔ اور پھر چھوڑ دے۔ پھر اللہ اکبر کہہ کر دوسری بار کانوں تک ہاتھ اٹھائے۔ اور چھوڑ دے۔ پھر تیسری بار کانوں تک ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہہ کر باندھ لے۔ پھر امام تعوذ و تسمیہ (اعوذ۔ بسم اللہ) سورۃ فاتحہ اور دوسری سورۃ پڑھ کر رکوع کرے۔
دوسری رکعت کے لئے جب کھڑا ہو، تو امام پہلے قراۃ پڑھے گا۔ پھر قرأت سے فارغ ہوکر کانوں تک ہاتھ اٹھاکر تکبیر کہے۔ اور ہاتھ چھوڑ دے۔ پھر کانوں تک ہاتھ اٹھاکر دوسری تکبیر کہے۔ اور ہاتھ چھوڑ دے۔ پھر کانوں تک ہاتھ اٹھاکر تیسری تکبیر کہے اور ہاتھ چھوڑ دے پھر بغیر ہاتھ اٹھائے چوتھی تکبیر کہہ کر رکوع کرے اور حسب قاعدہ نماز پوری کرے۔ پھر امام کھڑا ہوکر خطبہ پڑھے۔ اور تمام لوگ خاموش بیٹھ کر سنیں۔ عیدین میں بھی دو خطبے پڑھنا اور دونوں کے درمیان بیٹھنا مسنون ہے۔

صدقۃ الفطر

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ الخ (سورہ توبہ رکوع ۷، پ ۱۰)
صدقات وخیرات تو صرف غرباء اور محتاج ومساکین ہی کا حق ہے۔
روزے دار کو لغو، ولہو، فحش و بدکلامی کی آلودگی سے پاک صاف ہوکر مسرت وخوشی کے ساتھ روزے کی تکمیل کا شکریہ بجالاتے ہوئے نیز غرباء ومساکین کی اعانت ودستگیری کا خیال کرتے ہوئے صدقۃ الفطر کا ادا کرنا واجب وضروری ہے۔ زَکٰوۃُ الْفِطْرِ مُطَھِّرَۃٌ لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّھْوِ وَاللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَۃٌ لِلْمَسَاکِیْنِ۔ (مجالس الابرار)
صدقہ فطر ہر مسلمان پر واجب ہے، عید کی نماز سے پہلے اپنے ہی شہر اور اپنی بستی کے محتاجوں، یا غریب قریبی رشتہ داروں، یتیموں اور مسکینوں پر تقسیم کرکے نماز کے لئے عیدگاہ میں جانا مستحب ہے۔ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِزَکٰوۃِ الْفِطْرِ قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ اِلَی الصَّلٰوۃِ (بخاری شریف ۲۰۴)
محتاج فقیروں کو اتنا صدقہ دو، کہ اس دن یہ غنی ہوجائیں۔ کیونکہ ان کی واقعی عید تو اسی صورت میں ہوسکتی ہے کہ ان کو سوال کرنے کی ضرورت باقی نہ رہے۔ یہ بات نامناسب سی معلوم ہوتی ہے، کہ فریضہ خداوندی رمضان المبارک کے روزے تو سارے رکھ کر باوجود قدرت و استطاعت کے صدقہ فطر ادا نہ کیا جائے۔ اسی بناء پر کہا گیا ہے۔
مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَلَمْ یُؤَدِّ نِصْفَ صَاعٍ مِّنْ بُرٍّ کَانَ صِیَامُہٗ مُعَلَّقًا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ ط
جس شخص نے رمضان المبارک کے روزے رکھے۔ اور باوجود استطاعت کے پونے دو سیر گیہوں صدقہ میں نہ دئے۔ تو اس کے روزے آسمان اور زمین کے درمیان یوں ہی لٹکے رہیں گے
صدقہ فطر چونکہ ایک قسم کی خیرات ہے اس کی ادائیگی سے روزے کا ثواب اور

دوسرے صفحات پر

افتتاحیہ	صفحہ	۳
عید (نظم) (اشرف بھوپالی)	"	۳
شاہجہاں کی عید (خواجہ عبد الحمید)	"	۵
پہلی عید اور اب کی عید (مولانا محمد میاں)	"	۷
عید یا بارگراں (غزل) عزیز جون پوری	"	۷
چاند رات (مذاحیہ) سیاح	"	۹
عید کا خواب (اشرف بھوپالی بی اے)	"	۱۱
عید کا پیام (مولانا حبیب الرحمن شاہ)	"	۱۱

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۸ راگست ۱۹۴۸ء

روحانی شہنشاہیت کا دربار عام

اے خدا! ہم تیرے عاجز بندے ایک ماہ کا امتحان دینے کے بعد تیرے آستانہ پر حاضر ہیں، تیری چوکھٹ پر سرنگوں ہیں، تیرے دامن تقدیس کو تھامے ہوئے ہیں کیا ہمارے اعمال اور کیا ہماری بندگی؟ ہمارا خلوص تجھ پر ظاہر، ہماری اطاعت تجھ پر آشکارا۔ ہمارے اعمال و اخلاص کو نہ دیکھ کہ ان کا کوئی وزن نہیں، ہماری بندگی کو امتحان میں نہ ڈال کہ اس کی کوئی قیمت نہیں۔ اپنی شان کبریائی کو دیکھ۔ اپنی ستاری و غفاری پر نظر رکھ۔ اپنی بے نیازی اور کارسازی کو نہ بھول! ہم اس لئے حاضر نہیں ہوئے کہ کامیابی کا صلہ پائیں بلکہ حاضر ہوئے ہیں کہ عطا و بخشش سے محروم نہ رہ جائیں۔ تیری رحمت عام ہے۔ تیرا در سب کے لئے ہے، تیرا انعام و اکرام بے حد و حساب ہے۔ ہم آئے ہیں کہ کچھ لے کر لیں گے کیونکہ تو غنی ہے ہم سائل ہیں دامن مراد بھر دے کیونکہ تو مالک ہے! اے عاجز بندوں کی پناہ گاہ! اے خطا کاروں کے آخری سہارے اے درماندہ روحوں کے لئے سرتاپا سکون و محبت!

رمضان المبارک کا مہینہ ختم ہوا اور اس کے ثمرات و نتائج سے بہرہ اندوز ہونے کا وقت آیا۔ اب دنیا کے ہر مسلمان کی عید ہے۔ ہیئت اجتماعیہ اسلامیہ کا جشن شادمانی ہے۔ کس بات کی خوشی؟ کس بات پر مسرت؟ اس بات کی خوشی کہ ایک مسلمان کے لئے امتنان و تشکر، تکبیر و تحمید کا ایک اور موقعہ ہاتھ آیا کہ وہ اللہ کی نعمتوں کا قدرشناس بنے، اپنے مولا کا سہارا ڈھونڈے اور اپنے قلب کو اس محبوب حقیقی کے ذکر سے معمور کرے جسے کائنات ہستی کا ذرہ ذرہ یاد کرتا ہے۔ مسلمان کی خوشی لہو و لعب میں نہیں ہو سکتی۔ شراب و کباب میں اس کے لئے مسرت کہاں۔ اس کی خوشی اللہ کی یاد میں ہے اس کی شادمانی حق کی سربلندی میں ہے۔ اس کا عروۃ الوثقیٰ اور نصب العین یہ ہے کہ اپنے خالق کے احکام کی تعمیل کرے اور مخلوق کے لئے خیر مجسم بن جائے!

یہ زندگی بخش نغمہ کیسا دلکش ہے، اللہ اکبر، اللہ اکبر! ہماری خوشی اسی میں ہے کہ اس نغمے کا اجتماعی مظاہرہ ہو اور سب مسلمان اجتماعی طاقت کے ساتھ اللہ کا کلمہ بلند کریں۔ اللہ کی اطاعت کا عہد کریں۔ اللہ کی حکومت میں وفادار بن کر رہیں۔ ولتکملوا العدۃ ولتکبروا اللہ علیٰ ما ھدٰکم ولعلکم تشکرون "اور تمہیں چاہئے کہ رمضان المبارک کے روزوں کی گنتی پوری کرو اور اللہ نے ہدایت کی جس نعمت سے مالا مال کیا اس پر اس کی بڑائی کرو اور سپاس گزاری کو اپنا شیوہ بناؤ!"

کہاں ہیں وہ مسلمان جو اس ہدایت کا عملی نمونہ ہے؟ کہاں ہیں وہ پاک اور مقدس ہستیاں جنہوں نے شریعت کی روح کو تازہ رکھا؟ کہاں ہیں وہ خیر مجسم بلند اخلاق عالی حوصلہ، خیر و عدل کی میزان جن کے دم قدم سے عید کی مسرتیں وابستہ تھیں؟ ہم کہاں اور ہماری عید کہاں۔ کہاں ہم اور کہاں عید سعید کے روحانی جلوے سینکڑوں عیدیں آئیں اور گزر گئیں مگر ہماری حالت میں کوئی انقلاب نہ آیا کتنے رمضان گزرے مگر ہمارے اسلامی مزاج کو صیقل نہ ہوئی!

اے عید مبارک! بار بار آ اور بار بار آتی رہ کہ ہم تیرے لئے سراپا استقبال ہیں۔ تیرا آنا ہی ہمارے لئے مفید ہے۔ ہم پر ابر رحمت کا کوئی چھینٹا تو ڈال دے کہ روحانی کشت میں کچھ شادابی۔ کچھ تر و تازگی پیدا ہو جائے اور ہم تیری رحمتوں سے فیض پانے کے قابل ہو جائیں!

تم دن میں پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہو اور شاید اس خیال میں ہو کہ عید کی خوشی میں یہ عبادت معاف ہو جائے اور تمہیں صرف ایک روز کی ہی آزادی مل جائے۔ مگر بات یہ ہے کہ عبادت ہی ہماری خوشی ہے، اللہ سے لو لگانا ہی ہماری عید ہے۔ پانچ وقت کی نمازیں بھی اپنی جگہ باقی اور عید کے روز ایک نماز بھی تم پر لازم اور مزید یہ کہ تم اللہ کا کلمہ اور دنوں سے زیادہ بلند کرو اور اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر کا نعرہ لگا کر ثابت کردو کہ تم ہی دنیا کی صالح ترین قوم ہو اور انصاف کی میزان صرف تمہارے ہی ہاتھ میں دی گئی ہے!

اسلام میں اجتماعی خوشی کے لئے دو تہوار ہیں۔ عید الفطر اور عید اضحیٰ ان کے علاوہ اسلام کا کوئی تہوار مگر ان میں جو شان اور آن پوشیدہ ہے اس کی نظیر تلاش کرنے سے بھی نہیں ملے گی، یہاں نہ یوم ولادت، نہ نوروز، کیونکہ اسلام کو اشخاص اور موسم پرستی سے کوئی تعلق نہیں۔ اس کا تعلق اللہ سے ہے اور اس کا مقصد یہ ہے کہ

اللہ اکبر۔ اللہ اکبر، وللہ الحمد

کی شان قائم رہے اور مردہ دلوں کو نئی زندگی کا پیغام ملتا رہے۔

ایک مسلمان روزہ رکھ کر سعادتوں کی بہت بڑی مقدار سے اپنا دامن بھر لیتا ہے۔ اس نے روزے رکھے رزق کی قدر معلوم ہوگئی، غریبوں کی غربت کا احساس پیدا ہوا احسن عمل اور مکارم اخلاق کی توفیق سے بہرہ یاب ہوا بھوک، پیاس کی برداشت کرنے اور صبر و استقامت پر قائم رہنے کی کلید ہاتھ آگئی اور پھر عید کی خوشی مناکر اور اجتماعی رنگ میں خدا کا نام بلند کرکے اپنا سر عبودیت اپنے معبود برحق کے سامنے جھکا دیا۔ ایسی عید۔ ایسی تقریب اور ایسی مسرت کسی اور قوم کے حصہ میں کبھی آئی ہے کہ اس کی ابتدا بھی خدا پرستی اور نفس کے مجاہدہ سے ہو اور اس کی انتہا بھی تکبیر و تہلیل، نماز و عبادات اور جماعتی اتحاد پر!

موجودہ دور کا مسلمان اسلام کی خصوصیات کا حامل نہیں رہا، اس کی عبادت ایک قسم کی رسم بن کر رہ گئی ہے، وہ نماز پڑھتا ہے مگر اس کے مقصد سے ناواقف ہے، وہ عید سعید کی تقریب مناتا ہے مگر اپنے اندر انقلاب کی کوئی علامت نہیں پاتا۔ وہ عید کے روز ہی سب سے زیادہ گناہگار بنتا ہے کیونکہ اسلام کی روح سے بیگانہ ہے۔ وہ عید کے روز سینما جاکر اپنے اخلاق کا دیوالہ نکال دیتا ہے کیونکہ وہ اسلام کے انقلابی تصور سے بیگانہ ہے۔ کتنے مسلمان ہیں جو دوسروں کی خوشی کو مقدم رکھیں گے اور جماعتی نیکیوں کی طرف مائل ہوں گے۔ کتنے مومن ہیں جو اسراف سے بچ کر غربا کی امداد، غریبوں کی غمخواری، تعلیم کی اشاعت اور جماعتی ایثار کا سبق سیکھیں گے؟

پس ہم نے رمضان المبارک کے روزے رکھے عید کی مسرتوں میں حصہ لیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہونا چاہئے کہ ہمارے حسن کردار کا اثر دوسروں پر پڑے اور دوسروں کو محسوس ہو جائے کہ جو مذہب اپنے پیروؤں میں ایک ماہ کے انقلاب سے یہ انقلاب پیدا کر سکتا ہے۔ وہ یقیناً نوع انسانی کا ہمدرد ہے۔ اگر عید کے بعد بھی ہمارے اندر شریعت کی مخالفت کا شعلہ جوش زن رہا اور ہمارے کردار و خیالات میں کوئی تغیر نمایاں نہ ہوا تو ہم نہ صرف رمضان المبارک کی برکتوں سے محروم رہے بلکہ اپنے جمود و تعطل سے اسلام کی رسوائی کا باعث بھی بنے۔ خدا کے وعدے بے عمل اور ریاکاروں کے ساتھ پورے نہیں ہوتے ایمان و اخلاص کی کشش انہیں پورا کراتی ہے پس آؤ ہم سب مل کر اطاعت و فرمانبرداری کا عہد کریں اور اس کے سایہ میں عید کی خوشی منائیں۔

ان الفاظ کے بعد کارکنان الجمعیت کی طرف سے ناظرین کرام کی خدمت میں عید سعید کا ہدیہ تبریک پیش کیا جاتا ہے۔

فطوبیٰ لمن آمن وعمل صالحا

زندگی کا دستور العمل

تم نے رمضان المبارک کے روزے رکھے اور خدا کے ذکر سے اپنی روح کا تزکیہ کیا، اب تم اس صفائی اور طہارت سے فائدہ اٹھاؤ اور چند باتوں کو اپنی زندگی کا دستور العمل بناؤ۔

(۱) دماغ کو ترو تازہ رکھو، طبیعت کو ہلکا پھلکا رکھو۔ دل پر میل نہ آنے دو، دل کی افسردگی روح کی موت ہے، اور دماغ کا الجھاؤ عقلی زندگی کا سب سے بڑا نقصان۔ اگر تم اپنے ذہن کو صاف رکھو گے اور نازک سے نازک حالات میں بھی پریشانی کو راہ نہ دوگے تو زندگی کی راہیں صاف نظر آتی رہیں گی اور تمہارا حوصلہ پست نہ ہوگا۔

(۲) دل سے خوف و ہراس بالکل نکال دو کیونکہ خوف روح کی دیمک ہے، بہادر اور حوصلہ مند انسان کبھی خائف نہیں ہوتا اور دنیا کے حوادث پر ہنستا رہتا ہے، انسان کو موت صرف ایک ہی دفعہ آئے گی مگر ڈرپوک اور بزدل کو روز موت آتی ہے اور وہ ہر آن سکرات میں مبتلا رہتا ہے، اسلام کی تعلیم میں خوف کے لئے کوئی گنجائش نہیں، خدا کا خوف اور مخلوق کا ڈر ایک سینہ میں جمع نہیں ہو سکتے مومن کی زندگی اس لئے کامیاب ہے کہ خوف و ہراس اس کے پاس نہیں پھٹکتے۔ اس کے نزدیک زندگی و موت صرف خدا کے قبضے میں ہے اور اس کا مصرف یہ ہے کہ زندگی کو بے خطر بنائے اور موت کے معاملے کو خدا کے سپرد کر دے!

(۳) دماغ کی صفائی کے بعد اعمال کی صفائی کی بھی ضرورت ہے، ہر مسلمان عزم کرے کہ وہ اپنے اخلاق کو درست کرے گا اور سیرت کو سنوارے گا۔ آج مسلمانوں کی قوم ہندوستان بھر میں اپنی بداخلاقی اور بدکرداری کے لئے مشہور ہو چکی ہے۔ اگر وہ اس وقت نہ سنبھلی تو اس کا زندہ درگور ہونا یقینی ہے، پس جھوٹ سے پرہیز کرو بددیانتی سے بچو سچائی اور اخلاص کو اپنا شعار بناؤ اور خیر مجسم بن کر دنیا کو اپنی افادیت کا یقین دلاؤ، قرآن نے تم کو فرقان دیا ہے یعنی امتیازی زندگی کہ تمہارا کردار اسلام کی شہادت دے اور تمہاری پاک زندگی دوسروں پر اثر انداز ہو۔ اگر تم نے اپنی سیرت کی خبر نہ لی تو تم بے نام و نشان ہو جاؤ گے۔ اور تمہاری بربادی پر کسی کو بھی ترس نہ آئے گا۔

(۴) آپ اپنے اوقات کو منظم بنائیں اور اعمال کو ضبط میں لائیں، کام کو دوسرے وقت پر ٹالنا فضول باتوں میں وقت صرف کرنا، اصل کام کو تاخیر سے انجام دینا۔ موت کی نشانی ہے، جو شخص صبح صادق تک بستر سے نہیں اٹھتا اس کا وجود بے کار ہے وہ سارا دن پریشان رہتا ہے اور اپنے فرائض سے غفلت برتتا ہے، صبح سویرے اٹھنے والا اپنے کام پر سوار رہتا ہے اور دیر سے اٹھنے والا اپنے کام سے مغلوب ہو جاتا ہے، اگر کسی قوم کے تنزل کا اندازہ لگانا چاہو تو ان افراد کو دیکھو جو طلوع آفتاب کے بعد تک بستروں پر دراز رہتے ہیں اور اٹھنے کے بعد یہ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے کہ دن کا پروگرام کیا ہے، پس زندگی کو منظم بنانے کے لئے اوقات، خیالات اور اعمال کو منظم بناؤ۔ اوقات کی تنظیم اعمال کو منظم بناتی ہے اور اعمال کی پختہ تنظیم کا نام ہی بیداری، ترقی اور طاقت ہے۔

(۵) آج سے یہ عہد کرلو کہ جہاں تک ممکن ہو سکے گا، تم دوسروں کو فائدہ پہنچاؤ گے اور اپنی ذات سے کسی کو تکلیف نہ دوگے۔ کسی کی بات ہمدردی کے ساتھ سننا کسی سے ٹھیک وعدے پر ملنا، کسی کو مفید مشورہ دینا، کسی کا وقت ضائع نہ کرنا، کسی کے مرتبہ اور وقار کا خیال رکھنا بھی فائدہ پہنچانا ہے، ایک چیز تو یہ ہے کہ تم کسی (باقی)

عید

جناب اشرف بھوپالی

اس پار کی ہنستی دُنیا سے میں دھوم مچانے آئی ہوں
جلووں کو لٹانے آئی ہوں گلشن کو سجانے آئی ہوں
سورج کی شعاعوں کی گرمی اور چاند کی کرنوں کی ٹھنڈک
افلاک کی بستی سے لے کر دُنیا میں لٹانے آئی ہوں
رستا ہوا شبنم تاروں سے لائی ہوں کٹوروں میں بھر کر
کلیوں کو پلانے آئی ہوں پھولوں کو دہلانے آئی ہوں
غرفوں سے ملائک ہنستے ہیں دروازوں سے حوریں تکتی ہیں
جنت کی نکھاروں کو لیکر دھرتی پہ جمانے آئی ہوں
اس خام خرد نے دُنیا کو بھول بھلیوں میں ڈالا
مستانہ جوانی کے ساغر دُنیا کو پلانے آئی ہوں
مخمور گھٹائیں لائی ہوں سرشار ہوائیں لائی ہوں
نغموں کے شرارے ہلکے میں گیت سنانے آئی ہوں
ساغر بھی کھنکنے لگتے ہیں میکش بھی بہکنے لگتے ہیں
ساقی کی نگاہوں سے بھر کر میں جام پلانے آئی ہوں
ولتوں کو حلاوت بخشی ہے بے خواب جوانی دیدی ہے
سوتی ہوئی دل کی مستی کا ہر لمحہ جگانے آئی ہوں
بادل کی گرج دھیمی دھیمی بجلی کی چمک ہلکی ہلکی
دُنیا کو سنانے آئی ہوں دُنیا کو دکھانے آئی ہوں
میں ہوش و خرد تو لے لوں گی اور عشق کی تابش دیدونگی
حیوان نما انسانوں کو انسان بنانے آئی ہوں
فکروں کی بلائیں لے لوں گی مستی کی ادائیں دیدونگی
پژمردہ سی دُنیا کو ہنسکر پھولوں سا کھلانے آئی ہوں
میں عید ہوں عیدی دیتی ہوں دنیا کو نکھاریں دیتی ہوں
سوتوں کو جگانے آئی ہوں روتوں کو ہنسانے آئی ہوں

شربتِ فولاد

معدہ کو قوت دیتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ چہرے کا رنگ سُرخ کرتا ہے۔ طحال و جگر بڑھجانے میں مفید ہے جگر کو قوت دیتا ہے۔ دست جو بوجہ ضعف معدہ آتے ہوں معاً روک دیتا ہے جسمانی قوتوں میں ترقی دیتا ہے۔

دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر۔ دہلی

قوم کے باپو مہاتما گاندھی کی یاد میں

پندرہ روزہ **شیدا** دہلی

کا

باپو نمبر

شائع ہو رہا ہے

باپو نمبر بے شمار خصوصیات کا حامل ہے اور باپو کے مشن قومی اتحاد کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

باپو نمبر میں گاندھی جی کا مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم شیدا سے گہرا تعلق اور ان کی دیسی طب سے دلچسپی نیز اردو زبان کے متعلق انکے خیالات کا اظہار خاص طور پر کیا جائے گا۔

باپو نمبر شیدا کے سابق نمبر کی طرح پورے اشاعتی حسن کے ساتھ کافی ضخیم شائع ہوگا۔

قیمت دو روپے شیدا کے مستقل خریداروں کو مفت ہی دیا جائیگا
سالانہ چندہ پانچ روپے۔ فی پرچہ چار آنے

ایجنٹ صاحبان کاپیوں کی تعداد سے جلد مطلع کریں۔ اگرچہ کافی تعداد میں شائع کرنے کا پروگرام ہے۔ پھر بھی بڑھتی ہوئی مانگ کی وجہ سے ختم ہو جانے کے بعد مایوسی ہوگی۔

نوٹ شعر و ادب سے دلچسپی رکھنے والے دس معززین کے صحیح پتے آنے پر شیدا کا نمونہ مفت روانہ کیا جاتا ہے۔

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے خریدیے

شیدا پبلشنگ ہاؤس دہلی نے شائع کیا

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

بہادر شاہ ظفر کی عید

(از جناب خواجہ عبدالمجید صاحب دہلوی بی اے)

عیدیں دو ہیں، ایک عید الفطر دوسری عید الضحیٰ پھر پھر کر آتی رہتی ہیں۔ اس لئے عید کہلائیں مادہ عَود ہے۔ عید الفطر میں فطرے کے معنے کھلنے کے ہیں یہ دن عید الفطر ہوئی۔ عورتیں اس کو میٹھی عید بھی کہتی ہیں وجہ یہ کہ آج کے دن سیویاں پکتی ہیں اور کھائی جاتی ہیں۔ مگر یہ ہندوستان کی رسم ہے، اور کہیں نہیں ہیں دوسرے ملکوں میں تو ان کا نام بھی نہیں جانتے۔ دوسری عید "عید الضحیٰ" وجہ تسمیہ یہ کہ ضحی کہلائی۔ دوسرا نام عید قربان ہے، اسلئے اس دن قربانی ہوتی ہے۔ یہ عید فریضۂ حج کی ادائیگی کا شکریہ ہے اسمٰعیلی یادگار ہے، تفصیل بے موقع ہے عورتیں اس کو بکرعید کہتی ہیں، عید البقر کی خرابی ہے، یہ ایک اور اسی کا نام ہے۔ یہاں تک تو عیدین کے ناموں کا تذکرہ ہوا۔ اب اگر میں آج کی عید کا بیان کروں تو تحصیل حاصل ہوگی شنیدہ کے بود مانند دیدہ۔ آپ نے سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہاں اگر بہادر شاہ کے وقت کی عید کا کچھ بیان ہو تو شاید یہ میٹھی عید کچھ سلونی ہو جائے مٹھاس سے تو دل بھر گیا ہوگا، اب سلونے کو جی چاہتا ہوگا۔ تو لیجئے یہی سہی:-

بہادر شاہ لال قلعے میں رہنے والا آخری بادشاہ اس کے بعد قلعہ ویران دلّی اجاڑ محل سنسان پڑا توبول رہا ہے۔ دیکھیں بھائی اس بادشاہ کے پاس کیا دھرا تھا۔ بتاؤ تو کسی ملک پر حکمرانی تھی کہنے کو سارے ہندوستان کی سلطنت، مگر حقیقت میں قلعہ کی چار دیواری کے اندر حکومت باہر چار دانگ ہند میں سرکار کمپنی کا ڈنکا بج رہا تھا۔ قلعہ پر قلعہ دار انگریز دروازہ کے اوپر رہتا ہے نیچے اُس کے سپاہی پہرے پر تعینات ہیں۔ پرچم شاہی لہرا رہا ہے قلعہ ہی پر ہے اور کہیں نہیں باقی سارے ملک میں بیرق انگلیسی اب مالی حالت سنیئے ایک لاکھ روپے کی پنشن پر گذر اوقات ہے سارے شاہی خاندان کی پرورش اور شاہی ساز و سامان کا بار اور یہ قلیل رقم۔ یہ وہی قلعہ ہے جہاں کروڑوں روپے لٹتے تھے اور دن عید اور رات شب برات ہوتی تھی یا اب یہ حال ہے۔ یہ بھی غنیمت ہے خدا لارڈ لیک کا بھلا کرے کہ مرہٹوں کی بلاسے نجات دلائی اور ایک لاکھ روپے ماہوار کی پنشن مقرر کر دی اس سے پہلے مرہٹوں کی طرف سے شاہ جی نے تو ناطقہ بند کر رکھا تھا۔ یہ وہی حضرت ہیں جن کے نام سے آج "شاہ جی" کا چھتہ اور شاہ جی کا تالاب مشہور ہے۔ خدا کا شکر ہے تالاب تو مٹ گیا۔ مگر چھتہ باقی ہے۔ ماشاء اللہ فقیر زادے ہیں اور خود بھی فقیری میں دم مارتے ہیں مگر کونکسا یہ ہیں کہ بادشاہ اور شاہزادوں کو فاقہ مار رکھا ہے اور خود لقمہ تر کھاتے ہیں۔ صبح شام فصیل پر چڑھا

لے، ور معنی دیگر۔ چونکہ اس کے تلفظ میں کسی قدر کھراوپ ہے۔ اس لئے "ذ" "نہ" "میلا ہے تاکہ" "اور" ضحیٰ سے ممتاز ہو جائے۔

بادشاہ زادے کوسے نظر آتے ہیں صرف پچاس ہزار ٹکے کا روپیہ ماہوار ملتا ہے (یہ روپیہ آٹھ آنے کی بلا بھوتا تھا) وہ بھی دو دو مہینے ندارد۔ اب فرمایئے جب ایک لاکھ روپیہ ملنے لگا اور وہ بھی ماہ بماہ، اچھا ہوا یا بُرا؟

یہ سب کچھ تھا، مگر ساری پرانی باتیں موجود تھیں۔ وہی سارے کارخانے، وہی سارے عہدے جن عہدوں کی تنخواہیں ایک زمانہ میں لاکھ لاکھ روپیہ تھیں اب گھٹتے گھٹتے دس دس اور پانچ پانچ پر نوبت آگئی، نام وہی تھے گو درشن تھوڑے۔

لیجئے اسی زمانہ میں عید آتی ہے۔ بہار کا موسم ہے، جاڑا رخصت ہوا ہے گرمی کی آمد آمد ہے سرسوں پھول رہی ہے، سارا جنگل زرد وردی پہنے کھڑا ہے جدھر آنکھ اٹھتی ہے زرد کے سوا دوسرا رنگ ہی نظر نہیں آتا جب وقت کا یہ تقاضہ ہے تو ہم بھی بسنتی پوش کیوں نہ ہو جائیں۔ منع کس نے کیا ہے۔ شوق سے سرسوں کے کھیت سجائیے اس زمانہ کا یہی دستور تھا اور یہی ہوتا تھا سب زندہ دل تھے اب کی طرح مردہ دل نہیں۔

زندگی زندہ دلی کا ہے نام
مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں

لیجئے عید کی صبح ہوئی، فراش تین چار دن سے سرگرم کار تھے۔ دیوان عام کو جھاڑ پونچھ کر سجا دیا ہے۔ دروں پر بسنتی پردے لٹک رہے ہیں، ستونوں پر زر بفت تو اب کہاں ہاں کپڑا زرد رنگ کا لپٹا ہوا ہے اس پر دھنک ٹکی ہوئی ہے، خدا معلوم کھری ہے یا کھوٹی تخت پر فرش بھی بسنتی ہے۔ سورج نکلتے ہی امیر امراء آنے شروع ہو گئے، اور دیوان عام میں قرینہ قرینے سے کھڑے ہونے لگے ابھی کرامات تسبیح خانہ میں برآمد ہیں یا دعا میں مشغول۔ فوج فرا حاضر ہو گئی، سارا جلوس لگنا شروع ہو گیا۔ اہتمام اور بندوبست وہی ہے جو سلف سے چلا آتا ہے لیکن ہر چیز پر فلاکت کے آثار نمایاں ہیں گویا عہد ماضی کا منہ چڑایا جا رہا ہے۔ امیر بھی ٹوٹے پھوٹے ہیں۔ لباس اور سواریاں ویسی ہی

(باقی صفحہ ۲۶)

مزدور کی عید

از جناب ایم اے اختر صاحب اکبرآبادی ...!

دیکھ اے سرمایہ دار

واقف حزن و ملال! آرہا ہے خستہ حال
دیکھ اے سرمایہ دار

کیا تجھے معلوم ہے کس لیے مغموم ہے!
خادم مخدوم ہے مطلقاً مظلوم ہے!
عید کا دن اور یہ غم!
جیسے ہے وقف الم
آرہا ہے خستہ حال! مظہر رنج و ملال!
دیکھ اے سرمایہ دار

تیری دنیا خوشگوار تیری محفل شاندار
تیرے چہرے پر نکھار تیرے گلشن میں بہار
ہائے وہ مزدور ہے
کس قدر مجبور ہے
عید کے دن پُر ملال آرہا ہے خستہ حال
دیکھ اے سرمایہ دار

تو سراپا عید ہے! مرکز امید ہے
محفل جمشید ہے! عیش کی تمہید ہے
اور وہ بیکس غریب
مضمحل ہے بدنصیب
آرہا ہے خستہ حال دل میں ہے جوش ملال!
دیکھ اے سرمایہ دار

قطعہ

دل کی حالت سنبھل نہیں سکتی
تیری دنیا بدل نہیں سکتی
عید آئے ہزار بار بھی ہو
یہ طبیعت سنبھل نہیں سکتی

(اشرف بھوپالی)

کاشی کی تسبیح ہیں کاٹ کا امام۔ اب سارا انتظام درست ہوگیا۔ بادشاہ سلامت ہوادار پر ہوا تشریف لا رہے ہیں، چار کہار کندھوں پر اٹھائے ہوئے ہیں، ان کی وردیاں بھی زرد ہیں داہنے ہاتھ کی طرف ہوادار کا ڈنڈا پکڑے ہوئے حکیم احسن اللہ خاں ساتھ ہیں، طبیب خاص بھی ہیں اور وزیر اعظم بھی۔ یہ وہی صاحب ہیں جن کی سعی دوران غدر میں کامیاب ہوئی اور ظل سبحانی بہادر شاہ انگریزوں کے ہاتھ میں گرفتار ہوگئے۔ ورنہ خدا معلوم کیا بل چل مچتی۔ اس جھگڑے کو چھوڑیے اس سے ہمیں کیا مطلب۔ دوسری طرف محبوب علی خاں خواجہ سرا ہیں، یہ ناظر محلات ہیں حکیم صاحب کے بعد انہی کا نمبر ہے۔ ان دونوں میں قدرے چشمک ہے اور کبھی کبھی اس کا اظہار بھی ہو جاتا ہے۔ ایام غدر میں رحلت فرمائی۔ عارضہ لقوہ کے مریض تھے آخر کار استسقاء ہوگیا ہوادار آگے بڑھا اور اب دوسرے ہوادار آنے شروع ہوئے۔ دیکھیں یہ کون لوگ ہیں، پہلے ہیں مرزا مغل سوار ہیں، یہ ولی عہد بہادر ہیں اس وقت جام عشرت سے سرمست ہیں، غدر میں جام شہادت نوش فرمائیں گے عنفوان شباب ہے۔ صورت شکل ماشاء اللہ شہزادوں میں ایک، کیوں نہ ہو مغل بچہ ہیں۔ اب دوسرا ہوادار نمودار ہوا، اس پر مرزا جواں بخت سوار ہیں یہ لاڈلی بیوی کے لاڈلے بیٹے ہیں۔ کم سن ہیں چھریرا بدن ہے، خط و خال نازک اور خوشنما ہیں۔ ممتاز محل اور حکیم احسن اللہ خاں اس فکر میں ہیں کہ ان کو ولی عہد بنائیں۔ سازش کا جال بچھا ہوا ہے انگریزوں سے گفت و شنید ہو رہی ہے، کچھ وعدہ وعید بھی ہو گئے ہیں، اس وقت ذکر کا موقع نہیں صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ یہ اور ان کی ماں بادشاہ کے ساتھ رنگون میں جلا وطن ہوں۔

لیجئے سواری آگے بڑھی اور کرامات کا ہوادار لال پردے سے باہر نکلا سامنے مولا بخش ہاتھی کھڑا ہے۔ اس کو بٹھایا گیا، سیڑھی لگی اور بادشاہ سلامت عماری میں رونق افروز ہوئے پیچھے حکیم احسن اللہ خاں بیٹھے۔ ان کے ہاتھ میں دم کا وقت کا مورچھل ہے مگس رانی کر رہے ہیں بادشاہ کے سامنے پیکدان اور خاصدان رکھا ہے۔ جھنڈا بردار جھنڈا لیے پیچھے کھڑے ہیں نشان کی نے عماری پر رکھی ہے۔ ہاتھی کو چرکے لگے ہوئے ہیں۔ ادھر ہاتھی کھڑا ہوا ادھر باہر سے سلامی کی توپیں سر ہوئیں پیچھے دو اور ہاتھی ہیں۔ ان پر دو ہودے کسے ہوئے ہیں پہلے پر مرزا مغل براجمان ہیں اور دوسرے پر مرزا جواں بخت۔ سواری قلعے کے دروازہ پر پہنچی انگریز قلعہ دار اپنی فوج کے دستہ کے حاضر ہے انگریزی قاعدے سے سلامی اتاری سواری کی ترتیب یہ ہے، آگے آگے توپ خانہ ہے توپیں باپ دادا کے وقت کی ہیں تو اچھا دہنیں۔ اب تو بس دھماکے ہی کے کام کی رہ گئی ہیں۔ ان کو چار چار چھ چھ بیلوں کی جوڑیاں گھسیٹ رہی ہیں سامنے کالے خاں گولنداز گھوڑے پر سوار چلا جاتا ہے، یہ ترک بچہ ہے، خوش رو ہے اور قدآور اور جسیم بھی۔ غدر میں اس کی ایک ٹانگ گولے سے اڑ گئی اور اس کے صدمہ سے فوت ہوگیا اس کے بعد روشن چوکی کا ہاتھی ہے سواری چلتی جاتی ہے روشن چوکی بجتی جاتی ہے پیچھے پیچھے سواروں کی فوج ہے کچھ زیادہ نہیں کم و بیش سو ہوں گے سب ہتھیاروں اور وردیوں سے آراستہ ہیں پرا باندھے چلے جا رہے ہیں۔ ان کے پیچھے پیدل فوج ہے، یہ بھی کثیر نہیں، تاہم کیل کانٹے سے درست ہے۔ لیجئے اب جھنڈی برداروں کی باری آگئی۔ یہ کم عمر لڑکے ہیں سرخ زرد جھنڈیاں ان کے ہاتھوں میں ہیں صرف سواری کی آرائش ہیں کسی کام کاج کے نہیں۔ اب خود بدولت کا ہاتھی آگیا جھومتا جھامتا چلا جا رہا ہے عجیب انداز کا ہاتھی ہے قد و قامت میں معمولی ہاتھیوں سے بہت بڑا ہے، اور وفاداری کا تو ذکر کیا۔ جب بادشاہ قید ہو گئے، اس نے دانہ پانی ترک کر دیا، لاکھ کوشش کی کچھ نہ ہوا۔ آخر روتے روتے مر گیا۔ کیوں بھائی ہم تم بھی اپنے آقا کے ایسے جاں نثار ہیں؟ جانور سے سبق لو اور جاں نثاری سیکھو دیکھو اس کی بدولت اس کا نام آج تک زبان زد خلائق ہے۔ اب ولی عہد مرزا جواں بخت کے ہاتھی آ رہے ہیں۔ مرزا جواں بخت کے ہاتھی کے آگے چھپر اپلٹن ہے چھوٹی چھوٹی بندوقوں پہ سنگینیں چڑھی ہوئی ہیں۔ یہ سب ہماری دلی ہی کی بنی ہوئی ہیں۔ خانم کے بازار کے کاریگروں نے تیار کی ہیں اب نہ وہ بازار رہا نہ وہ کاریگر۔ ان کی وردی گھاگرا پلٹن کی سی ہے اور قواعد بھی انگریزی طرز کی کرتے ہیں۔ یہ پلٹن حضرت پیر و مرشد کی ایجاد ہے اپنے چہیتے صاحبزادے کے لئے بنائی ہے۔ اس کا ان کو بڑا خیال ہے لڑکے کم سن ہیں اور بے ریش، قد و قامت میں برابر شکل صورت میں ایک سے ایک افضل، سب شریف زادے ان کا کپتان ایک مغل بچہ ہے، خاندانی لڑکا ہے، یہ گھوڑے پہ سوار ننگی تلوار لیے آگے آگے چلا جا رہا ہے۔ غدر میں اس پلٹن کا کیمپ جھجر کے سامنے ریتی میں پڑا ہوا تھا۔ پلٹن کٹ کٹ کے لڑی اور سب نے جان دیدی اللہ تعالیٰ غریق رحمت کرے۔

اب کبوتر خانے کے ہاتھی کی باری ہے کبوتروں کی کابک اس پر لدی ہوئی ہے اور چھتری بندھی ہوئی تھوڑی تھوڑی دیر میں کبوتر باز ان کو جھپی دکھا دیتا ہے یہ اڑتے ہیں اور شاہی عماری کا دوا کاٹ کر پھر چھتری پر آن بیٹھتے ہیں۔ یہ پرانی رسم ہے ہمیشہ سے

(باقی صفحہ پر)

شاعر جذبات حضرت افضل پشاوری مدیر عظمت

رندوں کی عید

عید آئی ہے تکلف اب اٹھا دے ساقی
آنکھوں ہی میں مدہوش بنا دے ساقی
آغاز کی ہے پرواہ، نہ کر انجام کی فکر
مے خانے کا مے خانہ پلا دے ساقی

تصریحات عید

آسان نہ کہے کوئی کہ مشکل ہے عید
گم گشتہ منزل کی تو منزل ہے عید
دیکھا بھی ہے افضل نے سنا بھی ہے یہی
اک چاند کے نظارہ کا حاصل ہے عید

تکلفات عید

کیا تکلف ہے بس اے ساقی گلفام پلا
دل کھول کے اب بادہ آشام پلا
ورنہ مے خانے پہ رندان خراب آئے ہیں
عید کا دن ہے پلا جام پس جام پلا

عید مبارک

افسانۂ عیش و عشرت کی رنگین و حسین تمہید مبارک
ارمان مبارک دید مبارک دل کی ہو امید مبارک
یہ رنگ مسرت ساز و ترنم غنچوں کے ہونٹوں پہ تبسم
بول اٹھے سب اہل گلستاں عید مبارک عید مبارک

مذاحیہ

چاندرات

سیّاح کے قلم سے

زاہد:۔ دکھ گیا، دکھ گیا، دکھ گیا

نسیمہ:۔ کیا دکھ گیا؟

زاہد:۔ چاند۔ وہ عید کا چاند۔

نسیمہ:۔ دیکھوں کہاں ہے؟

زاہد:۔ وہ رہا۔ سامنے والے درخت کی ٹوٹی ہوئی شاخ کے اوپر نیچے۔

نسیمہ:۔ تم تو پاگل ہو رہے ہو، یہ اوپر نیچے کیا؟

زاہد:۔ یوں کھڑے ہو کر دیکھو تو شاخ کے نیچے۔ اور پنجوں کے بل کھڑے ہو کر دیکھو، تو شاخ کے اوپر۔"

نسیمہ:۔ اب سمجھی، تو آپ نے اوپر بھی دیکھا، اور نیچے بھی۔ یعنی یوں کھڑے ہو کر بھی۔ اور پنجوں کے بل کھڑے ہو کر بھی۔

زاہد:۔ جی ہاں، یہی تو بات ہے۔ بھئی عید کا چاند ہے عید کا ہر طرح سے دیکھا جاتا ہے۔

نسیمہ:۔ تو لیٹ کر اور بیٹھ کر کیوں نہیں دیکھا؟

زاہد:۔ تم تو مذاق کرتی ہو۔

نسیمہ:۔ مسخرے تو تم بنے ہوئے ہو۔

زاہد:۔ اچھا بتاؤ عید کی تیاریاں کیا ہونگی ہاں وہ شیر خرما۔ کل اڑے گا نا میرے منہ میں تو ابھی سے پانی بھرا آتا ہے۔

نسیمہ:۔ تمہاری نیت بہت خراب ہے۔

زاہد:۔ اور تمہاری نیت بڑی اچھی ہے۔

نسیمہ:۔ اور سوئیوں کو تو بھول گئے۔

زاہد:۔ لاحول ولاقوۃ۔ بھلا کہیں سوئیوں کو بھول سکتا ہوں۔ اجی وہ تو دماغ کے یاد والے گوشہ سے ذرا سرک گئی تھیں اب پھر آ گئیں۔

نسیمہ:۔ تو سوئیاں لاؤ۔

زاہد:۔ ارے کہاں سے؟

نسیمہ:۔ تم تو دیوانے ہو گئے۔ بازار سے اور کہاں سے؟

زاہد:۔ ہیں، ابھی تک تم نے سوئیاں نہیں منگائیں۔

نسیمہ:۔ کیا فرشتوں سے منگا لیتی، گھر میں کام کرنے والا دوسرا کون ہے؟

زاہد:۔ ارے وہ جو نوکر ہے۔ وہ آخر کس مرض کی دوا ہے۔

نسیمہ:۔ وہ نکھٹو ہے کس کام کا۔ تم سے کتنی مرتبہ کہا، کہ اس کا رکھنا نہ رکھنا برابر ہے۔ اسے نکال باہر کرو۔ مگر تم سنتے ہی نہیں ہو۔ اس کم بخت سے اتنا تو ہوتا ہی نہیں، کہ وہ دو پیسے کی چیز لے آئے۔ لائے گا سوئیاں۔

زاہد:۔ اُف، تو آج تو چاندرات ہے اب کیا بازار جاؤں، یا خدا یہ کیا مصیبت ہے؟

نسیمہ:۔ تو کیا لوگ چاندرات کو بازار نہیں جاتے؟ تم تو نئی نئی باتیں کرتے ہو۔

زاہد:۔ مگر خدا کا غضب عین وقت پر سوئیاں آتی ہیں۔

نسیمہ:۔ تو کیا ہوا۔ آسمان گر پڑا۔ یا زمین پھٹ گئی؟

زاہد:۔ بس باتیں بند کرو۔ جلدی روپیہ دو۔ سوئیاں لے کر آؤں۔

نسیمہ:۔ ہاں میں بھول ہی گئی۔ اور میوہ بھی تو آئے گا۔

زاہد:۔ یا خدا، یوں کہو، کہ گھر میں کچھ بھی نہیں سوئیاں بھی نہیں، میوہ بھی نہیں۔ تو یہ بتاؤ، کہ پھر گھر میں کیا ہے؟

نسیمہ:۔ برتن ہیں۔ بستر ہے۔ پلنگ ہیں، پانی ہے۔ آٹا ہے۔ دال ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

زاہد:۔ مگر عید کے لئے سوئیاں اور میوہ نہیں

نسیمہ:۔ ہاں بس یہی کمی ہے۔

زاہد:۔ اچھا تو لاؤ لا دوں، کیا یاد کرو گی۔

نسیمہ:۔ اور دیکھو، بازار تو جا ہی رہے ہو، ذرا چینی بھی لیتے آنا۔

زاہد:۔ کیا مطلب تمہارا؟

نسیمہ:۔ مطلب وطلب کچھ نہیں۔ صرف چینی لے آؤ۔

زاہد:۔ تو کیا گھر میں چینی بھی نہیں۔

نسیمہ:۔ کیا تم لائے تھے۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے جو چیز تم نہ لاؤ، وہ آئی کہاں سے؟

زاہد:۔ کتنی چینی آئے گی۔ لاؤ جلدی دام دو

نسیمہ:۔ ہاں خوب یاد آیا۔ ذرا اور آگے بڑھ کر درزی سے بچوں کے عید کے کپڑے بھی لیتے آنا۔ کم بخت نے خدا جانے سئے یا نہیں۔

زاہد:۔ یا خدا۔ لعنت ہے اس گھر پر۔ کل عید ہے اور آج اس گھر میں یوں تو سب کچھ ہے مگر عید کے لئے ایک تنکا بھی نہیں۔

نسیمہ:۔ تمہاری تو عادت ہو گئی ہے۔ بیکار باتوں پر غصہ کرتے ہو۔ تم کپڑے لائے تھے تو گھر میں آئے؟

زاہد:۔ ارے تو کیا عید اور عید کی تیاریوں کیلئے میں ہی رہ گیا تھا۔ آخر تمہارا دیور یہ نعیم کس کام کا ہے

نسیمہ:۔ تو نعیم میاں ماشاء اللہ تمہاری ہی طرح لاٹ صاحب ہیں۔ بھلا وہ گھر کے کام کاج کو ہاتھ لگا لیں۔

زاہد:۔ دیکھو میں سوئیاں، میوہ چینی اور کپڑے لائے دیتا ہوں، اسکے بعد کچھ نہیں جانتی ہو کل عید ہے۔ مجھے اپنی تیاریاں کرنا ہیں۔ یار دوستوں سے ملنے جانا ہے۔ تم ہو کہ ابھی سے تھکائے ڈالتی ہو۔

نسیمہ:۔ نہیں نہیں میں تمہیں پریشان نہیں کرتی جاؤ جاؤ لے آؤ۔ مگر اتنا اور کرنا، کہ صبح کو دودھ مہنگا ملے گا۔ ابھی سے پانچ سیر دودھ اور لیتے آنا۔

زاہد (نہایت برہم ہو کر، پھر وہ دودھ آ گیا۔ میں نے کہہ دیا کہ میں سوئیاں، میوہ چینی اور کپڑے کے سوا اور کچھ نہیں لاؤنگا

نسیمہ:۔ تو سوئیاں کاہے سے کھاؤ گے۔

زاہد:۔ تم نے دودھ کا انتظام پہلے سے کیوں نہیں کیا۔

نسیمہ:۔ کرتی کیسے؟

زاہد:۔ نعیم سے کہہ دیا ہوتا۔

نسیمہ:۔ وہ صبح کے گئے ہیں ابھی تک ان کا پتہ نہیں۔

زاہد:۔ تو یہ مصیبت بھی مجھے ہی بھگتنا ہو گی۔

نسیمہ:۔ اس میں مصیبت کاہے کی۔ گھر کا کام سب ہی کرتے ہیں۔

(زاہد نسیمہ سے روپیہ لیتا ہے۔ کپڑے اور برتن اٹھا کر باہر جانے کو تیار ہوتا ہے کہ۔۔۔)

نسیمہ:۔ ذرا سنو تو۔ بڑا نہ مانو تو ایک چیز اور لیتے آنا۔

زاہد:۔ (بغیر سنے ہوئے۔ برتن، کپڑا اور روپیہ زمین پر پھینک کر) کچھ نہیں اب کچھ نہیں آتا۔ تم نے میری زندگی اجیرن کر دی۔ خدا کسی مرد کا واسطہ ایسی بیوی سے نہ ڈالے۔

نسیمہ:۔ اور خدا کسی عورت کا واسطہ ایسے شوہر سے نہ ڈالے۔

زاہد:۔ پھر تم نے وہی کہا

نسیمہ:۔ اور تم بھی تو یہی کہہ رہے ہو۔

زاہد:۔ میں تمہیں تمہارے میکے پہنچا دوں گا نہیں رکھوں گا۔ خدا کی قسم نہیں رکھوں گا

نسیمہ:۔ تمہیں ایسی باتیں کرتے شرم نہیں آتی میں بھی خدا کی قسم کھا کر کہتی ہوں، کہ ایسے گھر میں نہیں رہوں گی نہیں رہونگی

زاہد:۔ (کچھ نرم ہو کر) اچھا لاؤ لا دوں بتاؤ اور کیا یاد آیا؟

نسیمہ:۔ کچھ نہیں مجھے کچھ یاد نہیں آیا، میں کچھ نہیں منگاتی۔ تم چلے جاؤ۔ میں قسم کھا کر کہتی ہوں کہ گھر میں کچھ نہیں اب نہ آئے گا۔ اور نہ عید ہو گی۔

زاہد:۔ خفا نہیں ہوتے۔ لاؤ لا دوں۔

نسیمہ:۔ یوں انسانیت سے باتیں کرو۔ ہاں تو میں کہہ رہی تھی، سوئیاں۔ کپڑے۔ چینی دودھ۔ میوہ۔ بچوں کے جوتے۔ بچوں کیلئے بنیان۔ موزے۔ میرے لئے بنیان۔ موزے جوتا۔ پاؤڈر۔ سلائی مشین۔ پان چھالیہ کتھہ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

زاہد:۔ بس کرو بس۔ خدا کی قسم تم اس قابل نہیں کہ گھر میں رہو، تم جیسی بیوی پر ہزار بار لعنت۔

نسیمہ:۔ پھر تمہارا دماغ خراب ہوا۔ تم جیسے شوہر پر ہزار بار لعنت۔

زاہد:۔ تم چپ رہو۔ ورنہ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

نسیمہ:۔ ورنہ ورنہ کیا۔ میں کیوں چپ ہونے لگی۔ چپ ہوں میرے دشمن۔ ۔ ۔ ورنہ ورنہ کیا کرتے ہو۔ تم نے اگر بدزبانی کی تو میں ابھی میکے چلی جاؤں گی۔

زاہد:۔ تم کیا چلی جاؤ گی۔ میں خود تمہیں ابھی پہنچائے دیتا ہوں۔

نسیمہ:۔ بس باتیں بند کرو۔ لاؤ تانگہ۔ میں ہرگز اس گھر میں نہیں ٹھہر سکتی۔

زاہد:۔ آنے دو اس نعیم کو۔ ابھی تمہیں تمہارے گھر پہنچائے دیتا ہوں۔

زاہد دل ہی دل میں پیچ و تاب کھاتا ہوا بستر پر جا لیٹا۔ رات دیر تک اسے نیند نہ آئی کبھی بیوی کی بے سلیقگی کا خیال آتا۔ کبھی اسکی بدزبانی کا تصور بندھتا۔ کبھی یہ خیال آتا کہ گھر میں کچھ بھی نہیں اب کل عید کے دن کیا ہو گا بچے کہاں سے کپڑے پہنیں گے۔ بیوی پر ہزار نفرین بھیجتا۔ کبھی قسمت کو کوستا کہ ایسی بیوی سے پالا پڑا۔ غرض اسی ادھیڑ بن میں بمشکل نیند آئی۔ چونکہ رات کو دیر تک جاگا تھا۔ صبح دیر تک سوتا رہا۔ کسی نے اسکو جگایا بھی نہیں۔ جب آنکھ کھلی تو دیکھا کہ بچے کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ میز پر قرینے سے سوئیاں رکھی ہوئی ہیں نسیمہ نے لباس تبدیل کر لیا ہے۔ وہ اٹھا اور حیرت سے تمام سامان دیکھتا ہوا سیدھا غسل خانہ میں چلا گیا۔ وہاں اس کے کپڑے وغیرہ سب موجود تھے۔ جب باہر آیا تو بڑی محبت سے بیوی کا ہاتھ پکڑ لیا۔ نسیمہ نے پوچھا رات کا ڈرامہ کیسا رہا۔ زاہد ہنسنے لگا۔

عید کے مبارک موقع پر عمائدین ملک کے الجمعیۃ کی وساطت سے مسلمانان ہند کو پیغامات

مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنے دماغوں کو صاف دلوں کو بڑا اور ہمتوں کو اونچا رکھیں

پنڈت سندر لال کا حقیقت افروز پیغام

یہ ایک تاریخی سچائی ہے کہ ہندوستانیوں کے اندر آزادی کی لگن، اس کے لئے جدوجہد اور سیاسی وسماجی نگاہ سے ایک ملی جلی قومیت کے جذبے کو زندہ اور بیتاب رکھنے میں جو کام ۱۸۵۷ء سے اب تک ملک کے مسلمان علماء نے کیا ہے - اور جو خاص کر اس صدی میں جمعیۃ العلماء نے کیا ہے۔ وہ ایک کانگریس کو چھوڑ کر دوسری کسی جماعت نے نہیں کیا ایک نگاہ سے اس بارے میں جمعیۃ کا کام کانگریس کے کام سے بھی زیادہ بے لاگ اور قیمتی ہے۔ پھر بھی ہندوستان کے مسلمانوں کے دلوں کی اس وقت جو حالت ہے۔ اس میں عید الفطر جیسا تہوار بھی ان کو دلوں کی کلیوں کو پوری طرح نہیں کھلا سکتا۔ ایسی حالت میں انھیں کوئی پیام دیتے ہوئے دل رکتا ہے۔ پھر بھی اس حالت کے لئے وجوہات صاف ہیں۔ زیادہ گہرے جانے کی ضرورت نہیں جس طرح ایک گھر میں کچھ لوگوں کی غلطیوں کا خمیازہ تمام گھر والوں کو اٹھانا پڑتا ہے، اسی طرح ایک قوم اور جماعت میں ہوتا ہے۔ ابھی چار ہی دن تو ہوئے ہیں اس ملک کے مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد بھی۔ اس بہکنے کے لئے ان کے ہندو دیس بھائی کہاں تک ذمہ وار تھے - یہ الگ سوال ہے۔ بہکنے والوں کی ظاہرہ مراد بر آئی۔ تب جو مسلمان پاکستان سے باہر رہ گئے۔ ان میں سے بہت سوں کی آنکھیں کھلتی نظر آئیں۔ وہ وقت تھا ہندو راج کا جی لیڈروں کی پرکھ کا۔ اخلاقی اور روحانی نگاہ کو چھوڑ کر اگر ان میں صرف راج کاجی (سیاسی) نگاہ بھی دور کی ہوتی، تو وہ شاید صدیوں کے لئے اپنے مسلمان دیس بھائیوں کے دلوں کو اپنے ہاتھ میں لے سکتے تھے۔ لیکن الیسا نہ ہوا ملک کی بدقسمتی سے انہوں نے اپنی تنگ نگاہ، غلط عمل اور جلدبازی سے بہت درجہ تک جیتی جتائی بازی ہار دی۔ قومی بولی ہندی، اور وہ ہندی جسے خود لکھنے والا بھی خود چار دن کے بعد بغیر اس سخت کوشش (لغت) کی مدد کے نہیں سمجھ سکتا - جس سے اس نے اپنے شبدوں کو نکال کر رکھا ہے۔ ملک کے عوام اور ان کی زبان کے ساتھ دشمنی۔ ناگری لکھاوٹ سیکھنے کے لئے تین تین مہینے کے نوٹس۔ اور جو نہ سیکھ سکیں۔ ان کے نکل جانے پر... خوشیاں منانا۔ یہ اسی تنگ نظری اور جلدبازی

کی چند مثالیں ہیں۔

لیکن اس میں اچمبھے (تعجب) کی کیا بات ہے؟ اگر ایک طوفان کے وقت جمعیۃ العلماء مسلمان لیڈروں اور مسلمان عوام کو نہ سنبھال سکی۔ تو اس کے بعد کے اس طوفان کے وقت جو ایک حد تک پہلے طوفان کی آواز بازگشت ہے ملکی اتحاد اور ملکی ترقی کے سچے دلداروں کا ہندو لیڈروں اور ہندو عوام کو نہ سنبھال سکنا کب تعجب کی بات ہے؟ مولانا حسین احمد مدنی کی ڈاڑھی کا نوچنا، مولانا ابوالکلام آزاد کی کھلی توہین۔ اور گاندھی جی کا قتل آخر ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔ دن کبھی ایک سے نہیں رہتے۔ اگر وہ دن نہیں رہے، تو یہ بھی نہیں رہیں گے۔ موجودہ حالت کو دیکھ کر کسی مسلمان کا پھیے

پڑھیں۔ ایسے کو کیوں اتنا کند ذہن سمجھیں کہ ہندی نہ آ سکے گی؟ انہیں ہندوستان سے باہر لے جانے کی کوشش کیوں کریں؟ میں ہر انسان اور ہر گروہ کے لئے پوری مذہبی آزادی کا قائل ہوں کسی کے ساتھ کوئی زبردستی روا نہیں جو حکومت مذہب کی بنا پر اپنے شہریوں کے حقوق میں ذرہ بھر بھی فرق کرتی ہے وہ مہذب کہلانے کی مستحق نہیں۔ میں کسی مذہبی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا لیکن آخر ایشور اللہ تیرے نام سب کو سنمتی دے

بھگوان"۔

ولله الاسماء الحسنیٰ (سب اچھے نام اسی کے ہیں)، اسی آیۂ کریمہ کی ہی گونج ہے۔ میری خواہش اور میری التجا بھی ہے کہ اس ملک کے مسلمان بھائی جن کے جسم اسی زمین کی مٹی سے بنے ہیں اپنے دماغوں کو صاف، اپنے دلوں کو بڑا اور اپنی ہمتوں کو اونچا رکھیں اور اپنے آنسوؤں اور ضرورت پڑنے پر۔ اپنے خون سے بھی محبت اور رواداری کے اس پودے کو سینچتے رہیں جسے اس سرزمین پر نظام الدین اولیا، معین الدین چشتی جیسے بے شمار اللہ والوں نے بو دیا تھا مجھے یقین کامل ہے کہ یہ بادل چھٹیں گے مطلع صاف ہوگا۔ ہندوستان پھر دنیا کے سامنے یکجہتی روحانیت اور رواداری کی جگمگاتی مثال قائم کرے گا۔ شرط یہی ہے کہ مسلمان صبر و صلوٰۃ سے کام لیتے رہیں یہی اس سال کی عید پر میرا پیغام ہے۔

مجھے تاریکیوں میں جھلملاتا وہ بلند مقام نظر آرہا ہے جو ہمارا ہے

مولانا حفظ الرحمن

ہم ایک انتہائی آزمائش کے دور سے گذر رہے ہیں ہم آزمائش میں پورے اتریں گے یا نہیں اسی پر ہمارے ملک اور ہندی قوم کے مستقبل کا دارومدار ہے۔ کاش ہم اس آزمائش کے وقت اپنی حوصلہ مندی اور راست قدمی سے اپنی جدوجہد کی ایک شاندار مثال آنے والی نسلوں کے لئے ورثہ میں چھوڑیں جس پر وہ فخر کر سکیں اور سر اونچا کر کے ہماری ہمت اور صبر کا ذکر کریں۔ اور کہیں کہ یہ وہ لوگ تھے جن کو مصائب کے پہاڑ اپنی جگہ سے نہ ہلا سکے۔

کاش ہمارے قدم نہ ڈگمگائیں اور ہم آنے والی نسلوں کے لئے ذلت اور پشیمانی کا سامان نہ چھوڑیں۔ ہماری جدوجہد ہماری بہترین صلاحیتوں اور اوصاف کے طلبگار ہیں۔ تاریخ کی دائم بیدار و ناظر نگاہ ہماری قیمت اور قدر کو پرکھے گی۔ کاش وہ اس کی عظمت کی گواہ بن جائے۔

ان تاریکیوں میں مجھے وہ مقام نظر آرہا ہے جو ہمارا ہے جس پر ہمیں پہنچنا ہے لیکن اس تاریکی میں ہر ٹھوکر سے منزل کی تڑپ کا بڑھنا ایک شرط ہے

میں دعا کرتا ہوں کہ یہ عید ہمارے دلوں میں امید کی شمع روشن کر دے۔ خدا ہماری مدد کرے۔

ایمان، نیکی اور صبر — تمام مذاہب کی ایک ہی تعلیم ہے

مہاتما گاندھی کے جانشین آچاریہ ونوبا بھاوے کا پیغام

مہاتما گاندھی کے جانشین اور مہاتما گاندھی کے بقول "سب سے ستیہ گرہی" آچاریہ ونوبا بھاوے نے الجمعیۃ کے ذریعہ مسلمانان ہند کو مندرجہ ذیل پیغام ارسال فرمایا ہے۔

ھنگی بستی - ۲۸ / ۱۵ اگست ۱۹۴۸ء

عید الفطر ایک پاک دن ہے۔ سارا مہینہ روزے رکھ کر قرآن شریف کی نصیحت پڑھنے، سننے اور سمجھنے میں بتایا۔ اب وہ دن آیا جب ہمارے روزے پورے ہوتے ہیں اور ہم اللہ کو حاضر و ناظر سمجھ کر پائی ہوئی نصیحت پر چلنے کا وعدہ کرتے ہیں۔

کیا تھی وہ نصیحت؟

ایمان رکھنا - نیک کام کرنا - ایک دوسروں کی امید کرنا، حق پر چلنے اور صبر رکھنے میں۔

اللہ میاں۔ ہمارا وعدہ پورا کرنے کی ہمیں طاقت دے۔ ہندو، مسلمان، سکھ، جینی، بودھ، پارسی، عیسائی، یہودی سب مذہب یہی سکھاتے ہیں اور اسی پر عمل کرنا ہے۔

اس غلط اور مہلک خیال کی طرف ڈھلکنا! ہندو الگ الگ قومیں اور اس بنا پر دو الگ الگ حکومتوں کا تخیل ہی صحیح تھا پھر سے اس ملک کے مسلمان اور سارے ملک کو بربادی کی راہ پر لے جاتا ہے۔ اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے ہمیں زبردست بردباری سے کام لینا ہے۔ مسلمانوں کا اور ملک کا دونوں کا بھلا اسی میں ہے کہ مسلمان اس وقت کے برسر اقتدار ہندوؤں کی غلط حرکتوں کو اپنے لاکھوں ہم مذہبوں کی حال کی غلطیوں کا کفارہ سمجھ کر برداشت کریں۔ مسلمان ہندی کیوں نہ سیکھیں؟ علم تو سب اچھے ہیں۔ اور پھر اپنے ملک کا ایک علم اگر عربی فارسی وہ پڑھ سکتے ہیں تو سنسکرت کیوں نہ

ہم کو ایمانداری سے انڈین یونین حکومت کا ساتھ دینا چاہیے

رفیع احمد قدوائی

آج عید کے موقع پر ہم ہندوستان کے مسلمانوں کو اطمینان ہونا چاہیے کہ ہندوستان میں ہم اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی کی آزادی حاصل ہے اور پرامن طریقہ سے ہم عید کی خوشی منا رہے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ ہندوستان کی تقسیم کی بڑی ذمہ داری ہم پر ہے۔ ہم میں سے اکثر کو اپنی غلطی کا احساس ہے اور اس غلطی کا بدل صرف یہ ہے کہ ہم ایمانداری سے انڈین یونین کے ساتھ دیں جس وقت ہمارے دوسرے بھائیوں کو یہ اطمینان ہو جائے گا کہ ہم ہندوستان کی ترقی کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار ہیں ہماری موجودہ مشکلات دور ہو جاویں گی اور ہم ہندوستان میں آزاد زندگی بسر کر سکیں گے۔

گذارش

اچاریہ ونوبا بھاوے، پنڈت سندر لال، مسٹر رفیع احمد قدوائی کے پیغامات آخری لمحات میں موصول ہوئے۔ ان کو عجلت میں شائع کیا جا رہا ہے۔ پنڈت نہرو، سردار پٹیل، مولانا آزاد، مولانا احمد سعید صاحب کے پیغامات کا بھی انتظار رہا۔ ہمیں افسوس ہے، کہ تاخیر کے باعث یہ پیغامات عید نمبر میں شائع نہ ہو سکے۔ (مدیر)

پہلی عید اور اگلی عید

(حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی)

عید بایۃ حال عدت یا عید بما مضیٰ ام بامرٍ فیک تجدید (متنبی)

ہمارے سامنے عید ہے۔ اے عید تو کس حالت میں دوبارہ آئی ہے۔ اُسی پہلی حالت کے ساتھ۔ یا کوئی نئی حالت لے کر۔

۳۵۵ دن کے بعد آج پھر کہا جا رہا ہے کہ ہم عید الفطر کی خوشیاں منائیں جبکہ ایک مومن کی حیثیت سے ہم پر خدا کا شکر واجب ہے۔

اُس نے توفیق بخشی کہ ہم نے رمضان کے روزے رکھے۔ ہم میں بہت سے ہیں جنہوں نے اس ماہ مبارک کی راتوں میں ذکر و شغل کی زندگی بھی حاصل کی ہوگی، بارگاہ رب العزت میں مناجات اور گریہ وزاری سے فریضۂ عبودیت ادا کیا ہوگا۔ تلاوت کلام اللہ کے قند مکرر سے حلاوت ایمانی حاصل کی ہوگی۔ آج ہم اسی ماہ مبارک کے فرائض اور آداب سے فارغ ہوئے۔ بیشک یہ مقام مسرت ہے۔ لیکن ہماری معاشرت اور ثقافت نے اگر عید کے ساتھ یہ بھی لازم کر دیا ہے کہ دل و دماغ کی فراغت کے ساتھ کچھ مسرت کے لمحات گذاریں۔ اپنے اعزا اور اقارب سے ملاقات کی خوشیاں منائیں۔ دوست اور احباب کے حسن مذاق سے اپنی مجلسوں کو گرم کریں تو ان باتوں کے لئے ہم اپنے اندر آمادگی نہیں پاتے۔ ماضی کا تصور، پھر مستقبل کا تخیل۔ پیچیدگیاں پیدا کر دیتا ہے۔ اور مسرت کے جذبات ان پیچیدگیوں میں اُلجھ جاتے ہیں۔

گذشتہ سال ہم سمجھ رہے تھے کہ ہماری عید حقیقی عید ہے۔ تقریباً ڈیڑھ سو سال کی غلامی کے بعد آزادی کی عید ہے۔

جشن آزادی

اس عید سے دس روز پہلے ہم نے ۱۵ اگست کو جشن آزادی بڑی دھوم سے منایا تھا۔ دہلی کی میونسپلٹی اور شہر دہلی کے ہندو مسلمان باشندوں نے لاکھوں روپیہ جمع کرکے فرش زمین کی دہلی کو ساتویں آسمان کا بیت معمور بنانے کی کوشش کی تھی۔ سینکڑوں گیٹ دہلی کی سڑکوں اور اس کی گلیوں اور کوچوں کو آراستہ کئے ہوئے تھے۔ لاکھوں قمقموں نے دہلی کے ایک ایک ذرہ کو آئینہ جہاں نما بنا دیا تھا۔ مگر چند روز بعد معلوم ہوا کہ یہ ہماری تمام مسرت غلط تھی۔ جس وقت ہم یہاں خوشیاں منا رہے تھے اسوقت اسی ملک کے بڑے رقبہ میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑک رہی تھی۔ اسی بھارت ماتا کے سینہ پر اُس کے سپوتوں کے خون کی ندیاں بہہ رہی تھیں۔

وہ طوفان جو ایک علاقہ میں محدود تھا چند روز بعد سیلاب کی شکل میں بڑھا۔ اور کم از کم اس ملک کے ⅓ حصہ کو تباہ و برباد کرتا ہوا گذر گیا۔ لاکھوں مرد عورتیں اور بچے موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے اور تقریباً ایک کروڑ انسان بے خانماں ہو گئے۔ آج ان کے جتھے ملک کے گوشہ گوشہ میں خانہ بدوشی کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور اہل ملک کی ہر ایک خوشی کو کرکری کر رہے ہیں۔

ایک عرصہ سے قتل و خون کی واردات بند ہیں۔ اور سچ تو یہ ہے کہ مہاتما گاندھی نے اپنی جان دے کر دلوں کی دنیا میں بہت بڑی تبدیلی پیدا کر دی ہے۔ لیکن اس سکون کے باوجود تلخیاں دور نہیں ہوئیں۔ اور کدورتیں سینوں کو چھلنی ہوئی ہیں۔ اور تقسیم ہند کے ناپاک منصوبہ کے باعث انقلاب کے اس بحرانی دور میں ہندو مسلم کا سوال ایسا پیدا ہو گیا ہے کہ آئے دن کے سیاسی جھگڑے فرقہ وارانہ جذبات کو اُبھارتے ہیں اور دبی ہوئی چنگاریوں کو بھڑکنے کی دعوت دیتے ہیں۔ ان فسادات کے سلسلہ میں زیادہ نقصان کس کو ہوا۔ مسلمان زیادہ برباد ہوئے یا ہندو اور سکھ۔

عید یا بار گراں

(حضرت عزیز ربانی۔ عزیز۔ جونپوری)

میری آنکھوں میں ہے بے کیف تری شام جواں
چاندنی ہے بہت دور غریبوں کا جہاں

مے خوش رنگ ہے پیمانۂ زردار میں رقصاں
اور غربت کے پیالوں میں فقط اشک رواں

وہ مرے عہد طربناک کا معصوم جہاں!
تھی نہ بیوہ کی صدائیں نہ غریبوں کی فغاں

جب نہیں میرے لئے کوئی خوشی کا ساماں
میں نہ سمجھا تری آمد میں ہے کیا رمز نہاں

ہائے اُڑتا ہے فضاؤں میں شرارا بن کر
آج بھی مفلس نادار کی آہوں کا دھواں

حیف! آزادئ کامل بھی دکھاتی ہے مجھے
کتنے پیشانی پہ احساس غلامی کے نشاں

مجھ کو بہلا نہ سکے گا کبھی نظارۂ عید
میرے سینے میں دھڑکتا ہی دل کون و مکاں

آہ! اے عید ہے تو میرے لئے بار گراں!
نغمۂ عیش کہاں دل سے نکلتی ہے فغاں

ماہنامہ جمیل دہلی باتصویر

جمیل کا استقبالی صحیفہ شائع ہو گیا ہے۔ جو نامور شعراء و اہل قلم کے ان مضامین و مقالات اور کلام دلنواز کا جامع ہے جو انہوں نے ہندوستانی گورنر جنرل ہز ایکسیلینسی شری چکرورتی راج گوپال آچاریہ جی بالقابہ کے استقبالی صحیفہ جمیل کے لئے خصوصیت سے قلم بند فرمائے ہیں۔ ان کے علاوہ راجہ جی کے سوانح اور ان کی اہم تقریریں بھی شامل ہیں۔ یہ صحیفہ تاریخی نوعیت سے بھی خاص اہمیت رکھتا ہے یہ اشاعت خاص الخاص ہے۔

جمیل دہلی کی اہم خصوصیات

جمیل ——— سنجیدہ متین اور اتحادی مضامین کا مخزن ہے
جمیل ——— ان کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دیتا ہے
جمیل ——— زبان و ادب اور رنگارنگ جمیل کا بہترین مرقع، مصور اور مرصع کاتب ہے
جمیل ——— اکابرین ادب اور راہ نمایان قوم کے کردار و نظریات دوسرا رخ پیش کرتا ہے
جمیل ——— مشتہرین کی تجارت کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ ہے۔
سالانہ قیمت ——— پانچ روپے ——— فی پرچہ آٹھ آنے

شیخ عبد الحق پراچہ پہلوی مینیجنگ ڈائرکٹر ماہنامہ جمیل دہلی کو اُستاد داغ چاندنی چوک دہلی

جانی نقصان کس کا زیادہ ہوا۔ اور مالی نقصان کس کا زیادہ۔ ہم ان سوالات کا کوئی فیصلہ کرنا نہیں چاہتے ہمارے پاس صحیح اعداد و شمار کسی جماعت کے بھی نہیں ہیں۔ لیکن جب ہم یہ غور کرتے ہیں کہ جو فرائض ملی اور مذہبی اعتبار سے عائد ہوتے ہیں اور جو فرائض حقیقت میں ہندو اور مسلمان کے امتیازات قائم کرتے ہیں ان کے لحاظ سے کون فریق زیادہ مجرم ہے اور کس نے اپنے منصبی فرائض کو ادا کرنے میں زیادہ کوتاہی کی۔ تو ہم بلا خوف و خطرہ فیصلہ دے سکتے ہیں کہ مسلمان اپنے فرائض منصبی کو ادا کرنے میں قاصر رہے ہیں۔ اور ملی مقاصد کے لحاظ سے ان کا جرم بہت بڑھا ہوا ہے

مسلمانوں کا یہ دعویٰ ہے کہ جس مقدس نبی کے پاک دامن سے وہ وابستہ ہیں۔ وہ اس لئے دنیا میں آیا تھا کہ تمام جہانوں پر رحم کی بارش برسائے۔

وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین

اس دعوے کی بنا پر لطف و کرم۔ سوز و گداز۔ رحم و رافت ان کا منصبی فرض ثابت ہوتا ہے۔

رحم کے جواب میں رحم۔ مہربانی کے جواب میں مہربانی۔ درحقیقت رحم اور مہربانی نہیں۔ وہ محض بدلہ ہے۔

حقیقی رحم

حقیقی رحم یہ ہے کہ ظلم و ستم۔ بے رحمی اور سنگدلی کے مقابلہ میں رحم ہو بے رخی کے مقابلہ میں حسن التفات ہو تو سوال یہ ہے کہ کیا رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم کے متبعین نے اپنے دعوے کی تصدیق پیش کی۔ کیا ان کا کردار شہادت دے سکتا ہے کہ یہ رحمۃ للعالمین کے متبع اور پیرو ہیں۔

(صلی اللہ علیہ وسلم)

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تشریف آوری کی غرض و غایت یہ فرمائی تھی کہ بعثت لاتمم مکارم الاخلاق یعنی اخلاق عالیہ اور خصائل حمیدہ کا درس جواب تک ناتمام تھا اس کو پورا کرنے کے لئے آیا ہوں۔"

کیا فسادات کلکتہ سے لے کر فسادات پنجاب کے خاتمہ تک ہم نے مکارم اخلاق کی کوئی مثال پیش کی۔ ہمارے مقابلہ کا یہ منشا رہا کہ زیادہ ظلم کون کرتا ہے اور اسی میں ہم

ناکام رہے۔ نہ مقابل کے سامنے جیتے نہ خدا کے سامنے سرخرو ہوئے۔

رحمۃ للعالمین۔ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد میں شرکت اس لئے کی تھی کہ دنیا وسیاست کے اس اہم عملاً ضروری جز کی اصلاح

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہازراں کمپنی

خاص حج سروس

حاجیوں کے لئے مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ امسال اگلے پانچ مندرجہ ذیل جہازوں کا اعلان کرتی ہے

(۱) ایس ایس اسلامی ——— وزن ۵۸۷۹ ٹن
۱۲ اگست ۴۸ء کو بمبی سے روانہ ہوگا

(۲) ایس ایس مظفری ——— وزن ۷۰۲۴ ٹن
۱۴ اگست ۴۸ء کو بمبی سے روانہ ہوگا

(۳) ایس ایس رضوی ——— وزن ۸۴۴۸ ٹن
۱۴ اگست ۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۴) ایس ایس اکبر ——— وزن ۴۰۴۳ ٹن
۱۹ اگست ۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۵) ایس ایس علوی ——— وزن ۲۵۶۶ ٹن
۲۳ اگست ۴۸ء کو بمبی سے روانہ ہوگا

جہازوں کا کرایہ خوراک کے ساتھ

	بمبئی تا جدہ اور واپسی	کراچی تا جدہ اور واپسی
درجہ اول	۱۰۷۵ روپے	۱۵۰ روپے
عرشہ	۳۸۸ روپے	۳۷۸ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ، کامران کی فیس، جدہ پر صفائی کے محصول اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۷ روپے ۸ آنے ہوتی ہے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

کی جائے۔ اور وہ اصول طے کر دیئے جائیں جن کا مفاد جملہ اقوام کے لئے عام ہو چنانچہ آپ نے سختی سے ہدایت فرمائی۔

عورتوں۔ بوڑھوں۔ اپاہج اور محتاج مردوں۔ فقیروں۔ کو نہ قتل کیا جائے کسی کے ناک کان نہ کاٹے جائیں۔ صرف مقابلہ کرنے والوں سے مقابلہ کیا جائے کیا ہم نے ان ہدایات پر عمل کیا۔ اگر ہم نے کسی ایک معصوم بچے کو بھی قتل کیا ہے کسی ایک عورت کو بھی مجروح کیا ہے تو درحقیقت ہم نے اسلام کے کاز کو نقصان پہنچایا۔ ملت کے مقصد اور مشن سے ہم نے غداری کی۔

آج ہزاروں مائیں بہنیں اغیار کے پنجہ میں اس طرح پھنسی ہوئی ہیں کہ انہیں نہ عید کی خبر ہے نہ ہولی دیوالی کی۔ جہاں ہی میں ایک خاتون کسی طرح جان بچا کر دہلی پہنچی۔ یہاں پہنچ کر اس کو معلوم ہوا کہ پندرہ روز سے رمضان شریف تشریف لا چکے ہیں۔ جب ملک کے گوشہ گوشہ میں ایسے ستم رسیدہ موجود ہوں۔ اور لاکھوں مظلوموں بیکسوں کے دل اپنے عزیز و اقارب کی یاد میں تڑپ رہے ہوں تو اہل ملک کی کیا عید بقر عید اور کیا ہولی دیوالی۔

تاریخ عماری ...

امیر وزیر سب اپنی اپنی سواریوں پر ...

چلے آتے ہیں۔ کوئی گھوڑے پر کوئی ہاتھی پر کوئی رتھ میں ... تمام جھام اور پالکیوں میں سوار ہیں ان کے ... جلو داران کے اردگرد ... ہیں لوگ دور ... کو جمع ... تہ ... ہوا ہے ... شہر کی ... سواری ... اور ... جامع ... ہوگئی ... عید گاہ ... ہے ... سے ... صفوں سے گذرتے ہوئے امام صاحب کے پیچھے قالین کے مصلے پر جا بیٹھے۔ پوری صف انکے اور ساتھیوں کے لئے روک لی گئی ہے۔ امیر وزیر جس کو جہاں جگہ ملی کھڑا ہو گیا یہ خدا کا گھر ہے یہاں تفاوت مراتب نہیں بس جہاں پناہ کی سواری کا آنا تھا کہ تکبیر ہوئی اور نماز شروع ہوگئی۔ نماز کے بعد خطبہ پڑھا گیا اور خطبہ حضور کے نام سے مزین تھا خطبہ ختم ہوا۔ بادشاہ کی طرف سے امام صاحب کو خلعت عطا ہوا اور

کوہ نور خضاب ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

جانی نقصان کس کا زیادہ ہوا۔ اور مالی نقصان کس کا زیادہ۔ ہم ان سوالات کا کوئی فیصلہ کرنا نہیں چاہتے ہمارے پاس صحیح اعداد و شمار کسی جماعت کے بھی نہیں ہیں۔ لیکن جب ہم یہ غور کرتے ہیں کہ جو فرائض ملی اور مذہبی اعتبار سے عائد ہوتے ہیں اور جو فرائض حقیقت میں ہندو اور مسلمان کے امتیازات قائم کرتے ہیں ان کے لحاظ سے کون فریق زیادہ مجرم ہے اور کس نے اپنے منصبی فرائض کو ادا کرنے میں زیادہ کوتاہی کی۔ تو ہم بلا خوف و خطرہ فیصلہ دے سکتے ہیں کہ مسلمان اپنے فرائض منصبی کو ادا کرنے میں قاصر رہے ہیں۔ اور ملی مقاصد کے لحاظ سے ان کا جرم بہت بڑا ہوا ہے مسلمانوں کا یہ دعویٰ ہے کہ جس مقدس نبی کے پاک دامن سے وہ وابستہ ہیں۔ وہ اس لئے دنیا میں آیا تھا کہ تمام جہانوں پر رحم کی بارش برسائے۔

وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین

اس دعوے کی بنا پر لطف و کرم۔ سوز و گداز، رحم و رافت ان کا منصبی فرض ثابت ہوتا ہے۔

رحم کے جواب میں رحم۔ مہربانی کے جواب میں مہربانی۔ در حقیقت رحم اور مہربانی نہیں۔ وہ محض بدلہ ہے۔

حقیقی رحم

حقیقی رحم یہ ہے کہ ظلم و ستم۔ بے رحمی اور سنگدلی کے مقابلہ میں رحم ہو بے رخی کے مقابلہ میں حسن التفات ہو تو سوال یہ ہے کہ کیا رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم کے متبعین نے اپنے دعوے کی تصدیق بھی کی۔ کیا ان کا کردار شہادت دے سکتا ہے کہ یہ رحمۃ للعالمین کے متبع اور پیرو ہیں۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تشریف آوری کی غرض و غایت یہ فرمائی تھی کہ بعثت لاتمم مکارم الاخلاق یعنی اخلاق عالیہ اور خصائل حمیدہ کا درس جواب تک نا تمام تھا اس کو پورا کرنے کے لئے آیا ہوں۔"

کیا فسادات کلکتہ سے لے کر فسادات پنجاب کے خاتمہ تک ہم نے مکارم اخلاق کی کوئی مثال پیش کی۔ ہمارے مقابلہ کا یہ منشا رہا کہ زیادہ ظلم کون کرتا ہے اور اسی میں ہم

ناکام رہے۔ نہ مقابل کے سامنے جیتے نہ خدا کے سامنے سرخرو ہوئے۔

رحمۃ للعالمین۔ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد میں شرکت اس لئے کی تھی کہ دنیا و سیاست کے اس اہم عملاً اور ضروری جز کی اصلاح

کی جائے۔ اور وہ اصول طے کر دیئے جائیں جن کا مفاد جملہ اقوام کے لئے عام ہو چنانچہ آپ نے سختی سے ہدایت فرمائی۔

عورتوں۔ بوڑھوں۔ اپاہج اور محتاج مردوں۔ فقیروں۔ کو نہ قتل کیا جائے کسی کے ناک کان نہ کاٹے جائیں۔ صرف مقابلہ کرنے والوں سے مقابلہ کیا جائے۔

کیا ہم نے ان ہدایات پر عمل کیا۔ اگر ہم نے کسی ایک معصوم بچے کو بھی قتل کیا ہے کسی ایک عورت کو بھی مجروح کیا ہے تو در حقیقت ہم نے اسلام کے کاز کو نقصان پہنچایا۔ ملت کے مقصد اور مشن سے ہم نے غداری کی۔

آج ہزاروں مائیں بہنیں اغیار کے پنجے میں اس طرح پھنسی ہوئی ہیں کہ انہیں نہ عید کی خبر ہے نہ ہولی دیوالی کی۔ حال ہی میں ایک خاتون کسی طرح جان بچا کر دہلی پہنچی۔ یہاں پہنچ کر اس کو معلوم ہوا کہ پندرہ روزے رمضان شریف کے گذر چکے ہیں۔ جب ملک کے گوشہ گوشہ میں ایسے ستم رسیدہ موجود ہوں۔ اور لاکھوں مظلوموں بیکسوں کے دل اپنے عزیز و اقارب کی یاد میں تڑپ رہے ہوں تو اہل ملک کی کیا عید بقر عید اور کیا ہولی دیوالی۔

... عماری بہت ... ہوئے آتے ہیں۔ اب میر وزیر سب اپنی اپنی سواریوں پر سوار چلے آتے ہیں۔ کوئی گھوڑے پر ہے کوئی ہاتھی پر کوئی ... ہیں۔ زیادہ تر تمام حمام اور پالکیوں میں سوار ہیں ان کے نوکر چاکر ان کے ارد گرد ہیں بازار میں لوگ دو طرفہ کوٹھوں پر سواری کی سیر دیکھنے کو جمع ہیں شہر سارا دلہن بنا ہوا ہے اور شہری برات۔

سواری خراماں خراماں چاندنی چوک اور کھاری باؤلی ہوتی ہوئی عیدگاہ جا پہنچی۔ بادشاہ ہاتھی سے اترے ہوادار پر سوار ہوئے اور اندر داخل ہو گئے۔ اب عمر بڑھ گئی ہے زیادہ پاپیادہ چلنے سے معذور ہیں۔ صفوں سے گذرتے ہوئے امام صاحب کے پیچھے قالین کے مصلے پر جا بیٹھے۔ پوری صف انکے اور ساتھیوں کے لئے روک لی گئی ہے۔

امیر وزیر جس کو جہاں جگہ ملی کھڑا ہو گیا ہے خدا کا گھر ہے یہاں تفاوت مراتب نہیں بس جہاں پناہ کی سواری کا آنا تھا کہ تکبیر ہوئی اور نماز شروع ہو گئی۔ نماز کے بعد خطبہ پڑھا گیا اور خطبہ حضور کے نام سے مزین تھا خطبہ ختم ہوا۔ بادشاہ کی طرف سے امام صاحب کو خلعت عطا ہوا اور

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہازران کمپنی

خاص حج سروس

حاجیوں کے لئے مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ امسال اگلے پانچ مندرجہ ذیل جہازوں کا اعلان کرتی ہے

(۱) ایس ایس اسلامی ——— وزن ۵۸۷۹ ٹن
۱۲ اگست ۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

(۲) ایس ایس مظفری ——— وزن ۷۰۴۴ ٹن
۱۴ اگست ۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

(۳) ایس ایس رضوی ——— وزن ۴۴۸۵ ٹن
۱۴ اگست ۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۴) ایس ایس اکبر ——— وزن ۴۰۴۳ ٹن
۱۹ اگست ۴۸ء کو کراچی سے روانہ ہوگا

(۵) ایس ایس علوی ——— وزن ۲۵۶۶ ٹن
۲۳ اگست ۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہازوں کا کرایہ خوراک کے ساتھ

	بمبئی تا جدہ اور واپسی	کراچی تا جدہ اور واپسی
درجہ اول	۱۰۷۵ روپے	۱۵۰ روپے
عرشہ	۳۸۸ روپے	۳۷۸ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ، کامراں کی فیس، جدہ پر صفائی کے محصول اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۷ روپے ۸ آنے ہوتی ہے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

کوہ نور خضاب ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

عید کا خواب

(جناب اشرف بھوپالی)

محمودہ شہر کے بڑے جاگیردار میاں منور حسین خاں کے یہاں ملازم تھی۔ دن بھر گھر کا سارا کام کاج کرنا بچوں کو کھلانا اس کے فرائض تھے۔ دس روپیہ ماہوار اس کو تنخواہ ملتی تھی۔ اس کا شوہر وحید دن بھر غریب مزدوری کرتا۔ بہ مشکل دس بارہ آنے روز کماتا۔ دونوں کی ایک بچی رابعہ نام کی تھی۔ جو آٹھ یا نو برس کی ہوگی۔ ماں کے ساتھ جاگیردار صاحب کے یہاں کام پر جاتی۔ کبھی بچوں کو رکھ لیتی۔ کبھی گھر کا چھوٹا موٹا کام کر دیتی۔ کبھی اس کو کھانا مل جاتا۔ کبھی کوئی پھٹا پرانا کپڑا دے دیا جاتا۔

وحید اور محمودہ کی گذر اوقات بہ مشکل ہوتی تھی۔ ایک تو آمدنی کی کمی۔ دوسرے اشیاء کی گرانی۔ باوجود اس کے گھر میں صرف تین آدمی تھے۔ پھر بھی گذر ہونا بہت مشکل ہوتا تھا۔ بعض وقت محمودہ اور وحید آدھے پیٹ کھا کر ہی سو رہے تھے۔ اولاد کی محبت بھی عجیب چیز ہوتی ہے۔ دونوں کو اس کا خیال نہیں تھا کہ ان کو پیٹ بھر کر کھانا مل جاتے بلکہ ہمیشہ یہ فکر رہتی تھی کہ بچی کا پیٹ بھر جائے۔ تن ڈھک جائے اور وہ خوش و خرم رہے۔

آسمان پر عید کا چاند نظر آیا۔ شہر میں دھوم مچ گئی۔ پیسہ والے دوڑ دوڑ کر بازار جاتے۔ خرید و فروخت کرتے بچوں کے لئے کھلونے خریدے جاتے درزیوں کے یہاں تقاضوں پر تقاضے ہوتے۔ مٹھائی والوں کی چاندرات سے عید شروع ہوگئی تھی۔ دکانداروں کو سر اٹھانے کی فرصت نہیں ملتی تھی لیکن خدا کی مخلوق کا ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو ایسے مبارک وقت میں ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھا تھا۔ نہ اس کو بازار دوڑ دوڑ کر جانے کی ضرورت تھی۔ نہ بچوں کے لئے کپڑوں اور کھلونوں کی فکر۔ . . . . اصل سبب ایک ہی تھا . . . .

یہ نہ تھا کہ دل میں ارمان نہ ہوں۔ آرزوئیں نہ مچلتی ہوں۔ وہ اپنے بچوں کو اچھے کپڑوں میں ملبوس نہ دیکھنا چاہتے ہوں۔ کھلونوں سے کھیلتا ہوا دیکھنا نہ چاہتے ہوں . . . .

بلکہ اس تمام بے حسی اور بے نیازی کی صرف ایک ہی وجہ تھی اور وہ مفلسی

چاندرات تھی۔ اس لئے محمودہ کو جاگیردار کے صاحب کے یہاں کام کرتے ہوئے دیر ہوگئی تھی۔ عید کی وجہ سے کام بڑھ گیا تھا۔ بازار سے چیزوں پر چیزیں آ رہی تھیں۔ نوکروں کی بازار دوڑاتے دوڑتے ٹانگیں ٹوٹی جا رہی تھیں بچوں کے لئے کھلونے آ رہے تھے اچھے اچھے کپڑے مہیا کئے جا رہے تھے۔ جوتوں کا انتخاب ہو رہا تھا . . . .

محمودہ سن رسیدہ تھی۔ مدتیں ہو چکی تھیں کہ اس کی آرزوئیں فنا کی میٹھی نیند سو چکی تھیں۔ عرصہ ہوا کہ ارمانوں نے دل میں تڑپنا چھوڑ دیا تھا لیکن . . . . .

رابعہ . . . . . . رابعہ تو ابھی بچی تھی۔ بھولی بھالی۔ ناسمجھ۔ دنیا سے ناواقف غریبی اور سرمایہ داروں کے رازوں سے ناآشنا . . . . مفلسی کی تاریکیاں اور سرمایہ داری کے روشنیوں سے بے بہرہ . . . . . اسے کیا معلوم تھا کہ دنیا میں دو طبقے ہیں . . . . دو اور صرف دو . . . . یوں تو دنیا میں پارٹیوں کی کوئی انتہا نہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ دنیا صرف دو کیمپوں میں تقسیم ہے۔ ایک غریب۔ دوسرے سرمایہ دار ایک کی قسمت میں دنیا کی ہر آرائش ہر عیش اور دوسرے کی قسمت میں کچھ بھی نہیں۔ . . . . لیکن رابعہ نے ابھی زندگی کی کتنی بہاریں دیکھی تھیں جو ان رازوں کو سمجھتی۔ آجکل لوگ پاکستان اور

تپ دق کا آخری علاج
رجسٹرڈ
کیلسو
"KELSO"
WONDERFUL FOR TUBERCULOSIS

جب ماتا جی میری زندگی سے مایوس ہوگئیں — اور — پتاجی کی آنکھوں سے ہر وقت آنسو نکلنے لگے اور تمام رشتہ داروں نے ڈاکٹروں حکیموں اور ویدوں کی رائے کے مطابق میرے مرجانے کا فیصلہ کر لیا تو ہمارے پتاجی کے ایک سچے اور مخلص دوست نے کیلسو کیمیکل ورکس کی تیار کردہ دوا کیلسو کے استعمال کرانیکا فوری مشورہ دیا، پتاجی نے فوراً روپے بذریعہ تار روانہ کرکے کیلسو کا مکمل کورس منگوایا، اس کے کھاتے ہی میرے جسم میں نئی روح پڑ گئی ہر روز بخار، کھانسی، سینہ کا درد، خون تھوکنے، گلے کی خراش، بلغم اور دستوں میں کمی ہونے لگی، بھوک کھل گئی، خون میں سرخی بڑھنے لگی اور چند دنوں میں چہرہ بارونق ہو گیا۔ ہڈیوں اور سینہ کی جلن بالکل غائب ہوگئی، گھبراہٹ کا نام و نشان نہ رہا اور اب کوئی شخص مجھے دیکھ کر ہرگز یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ کبھی تپ دق کے پنجہ میں گرفتار ہوئی تھی

اس دوا کو کیلسو کیمیکل ورکس نے ریسرچ کی نئی تھیوری کے مطابق سونا اور سچے موتیوں جیسی قیمتی چیزوں سے تیار کیا ہے۔ تپ دق کے ماہر اور دہلی کے مشہور طبیب پروفیسر حکیم محمد مظہر الدین صاحب اجملی وائس پرنسپل جامعہ طبیہ، صدر مجلس اطبا، و ایڈیٹر رسالہ مسیح الملک تپدق کے مریضوں کو کیلسو ہی کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں کیلسو جسم میں داخل ہوتے ہی جرثومہ سل (ٹیوبرکل بیسلس) کو فوراً ہلاک کرکے کمزوری کو دور کر دیتا ہے اسی وجہ سے یہ دق کی ہر قسم میں چاہے پھیپھڑے کی ہو یا آنتوں کی، گلٹیوں کی ہو یا ہڈیوں کی سل شدید ACUTE PHTHISIS ہو یا سل مزمن CHRONIC PHTHISIS کیلئے آخری دوا ہے جن مریضوں نے سنی ٹوریم میں رہ کر علاج کرالیا ہے ان میں سے اکثر نے اپنی لاکھوں روپے کی جان کیلسو ہی کے استعمال سے بچائی ہے۔

سنی ٹوریم کے ایک مریض کی رائے
ہر وقت تپ دق کیلئے کیلسو بہترین دوا ہے میں کافی عرصے تپدق میں مبتلا تھا۔ بہت کچھ علاج کرائے دہلی سنی ٹوریم میں بھی کافی عرصہ تک رہا۔ ذاتی تجربہ ہے کہ اس وقت کیلسو سے بہتر تپدق کیلئے کوئی دوا نہیں میری مایوسی دور کرنیوالی یہی دوا ہے۔ کے قریشی دہلوی،

قیمت مکمل کورس ... روپے ... ڈاک خرچ
سول ایجنٹ دہلی کیلئے دواخانہ مجلس اطبا ... دہلی
اپنے شہر کے انگریزی دوا فروشوں سے خریدیے

تار کا پتہ۔ کیلسو دہلی
پتہ: مینیجر کیلسو کیمیکل ورکس صدر بازار دہلی
KELSO CHEMICAL WORKS. SADAR BAZAR DELHI.

ہندوستان کی تقسیم پر تو بڑے چراغ پا ہیں لیکن کسی کی نظر مزدور اور سرمایہ دار کی اس غیر فطری تقسیم پر نہیں پڑتی .... خدا معلوم اس دنیا کا کیا حشر ہونے والا ہے ......

ہاں تو رابعہ بچی تھی وہ ان چیزوں سے ناواقف تھی اس کا دماغ ان گتھیوں کو سلجھا نہیں سکتا تھا ....

وہ جاگیردار صاحب کے یہاں عید کی تیاریوں کو بڑے اشتیاق سے دیکھ رہی تھی۔ دیکھو وہ منا کیسے کپڑے پہنے گا اور وہ منے میاں کا جوتا کیسا اچھا ہے۔ اور فرحت بیا کے کھلونے کیسے پیارے ہیں۔ رابعہ کی نظر حیرت سے ہر چیز پر پڑتی۔ اس کا دل اندر ہی اندر تڑپ جاتا۔ وہ بیتاب ہو جاتی۔ اس کا دل چاہتا کہ وہ تمام کپڑوں، جوتوں اور کھلونوں۔ غرض ہر چیز کو اٹھا کر کلیجے سے لگالے۔ گودی میں رکھ لے۔ اور سب کو گھر لیجائے۔ مگر غریب کی قسمت میں یہ نعمتیں کہاں .... رابعہ دل ہی دل میں سوچتی کہ اماں سے وہ کہے گی کہ مجھے بھی ایسے ہی کپڑے بنا دو ...... ایسے ہی کھلونے لا دو ...... کر اس نے ڈرتے ڈرتے اپنی اماں سے کہا "اماں مجھے ننھے میاں کی طرح کپڑے بنا دو۔ دیکھو تو کیسے اچھے ہیں۔ ننھے میاں کا جوتہ دلا دو کیسا اچھا ہے۔ اور فرحت بیا کے کھلونے کیسے عمدہ ہیں، ایسے ہی کھلونے مجھے دلا دو"

ماں نے اپنے جگر کے ٹکڑے کے اس سوال کو سنا۔ اس کا دماغ چکرانے لگا۔ وہ بھول گئی کہ ایسے موقع پر بچوں کو انکاری جواب نہیں دیتے بلکہ بہلا کر کے تسلیاں دیتے ہیں۔ اس کے منہ سے بے ساختہ نکل گیا "بیٹا ہم غریب ہیں ایسی چیزیں امیروں کو ملتی ہیں۔ غریبوں کو نہیں"

بچی کا ننھا سا دل ٹوٹ گیا۔ اسکی آنکھوں میں آنسو ناچنے لگے۔ اس کے دل میں ایک ہوک اٹھی اور اس کی غریبی پر لعنت کہنے لگی۔ رابعہ نہ غریبی کا مطلب سمجھی اور نہ امیری کا راز پا سکی ماں کے اس جواب سے اس کی سمجھ میں صرف اتنا ہی آیا کہ اسے یہ چیزیں نہیں مل سکتیں۔

رات کے گیارہ بجے بمشکل محمود کا کام ختم ہوا۔ رابعہ ابھی تک جاگ رہی تھی۔ وہ بے حس و حرکت فرش پر پڑی ہوئی تھی۔ اس کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں اور وہ خلا میں کسی نامعلوم شے کو دیکھنے کی کوشش کر رہی تھیں۔

ماں نے بڑے پیار سے بچی کو گود میں اٹھایا اور گھر چلدی۔ گھر پہنچی۔ وحید اس کے انتظار میں بیٹھا بیڑی پی رہا تھا اس کو دیکھ کر بولا۔

"آج تو بہت دیر ہو گئی۔"

"ہاں کل عید ہے۔ کام بہت ہو گیا تھا" ماں باپ کی اس گفتگو کو رابعہ برداشت نہیں کر سکی اس نے ... بیچ میں مداخلت کی۔ دوڑ کر باپ کے گلے لگ گئی اور بڑے پیار سے بولی۔

"ابا۔ ننھے میاں، منے میاں اور فرحت بیا کے کپڑوں، جوتوں اور کھلونوں جیسے مجھے بھی لا دو۔

باپ۔ بیوقوف باپ بھی اپنی عقل کھو بیٹھا وہ بھی بھول گیا کہ ایسے

آرام وہی

تیز رفتاری **حج لائن** خدمات

حج لائن اپنے بمبئی سے جدہ جانے والے حاجیوں کے جہاز کی روانگی کا اعلان کرنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔ ایس ایس "جہاد ودرگا" بمبئی سے ۱۱ اگست اور ۲ ستمبر ۴۷ء کو روانہ ہوگا اس کے علاوہ امسال حاجیوں کے آرام و آسائش کے لئے ڈیک کلاس میں چبوترے لگا دیئے گئے ہیں۔

کرایہ آمد و رفت معہ خوراک

فرسٹ کلاس	۱۰۷۵ روپے	کامران کا قرنطینہ اور حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کرایہ کشتی وغیرہ جو جملہ مبلغ ۳۷ روپے ۸ آنے ہوتے ہیں اس میں شامل نہیں ہیں
سکنڈ کلاس	۷۶۵ روپے	
ڈیک	۳۸۸ روپے	

حاجیوں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ بغیر کافی سرمایہ کے ہرگز حج کا ارادہ نہ کریں

اپنے ملک و قوم کی عزت بڑھائیے

دی سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی لمیٹڈ سندھیا ہاؤس بلارڈ اسٹیٹ بمبئی

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے۔ اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علیؒ معہ توضیحی عبارات
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانویؒ)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
(۸) تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب المنقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
(۱۰) خط خوشنما، صاف، روشن تقطیع نہایت موزوں $\frac{۲۲ \times ۳۱}{۸}$ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپیہ چار آنے ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد سات روپیے چار آنے معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپے، ہدیہ مجلد دس روپے۔

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

SWEET HOUSE

Bazar Ballimaran, DELHI.

خالص دیسی گھی کی مٹھائیاں اور نمکین سامان

شاہی سوئٹ ہاؤس

بازار بلیماران سے تشریف لاکر خریدیں

وقت عقل نہیں کھوتے سمجھداری سے کام لیتے ہیں وہ بیوقوف تھا۔ لیکن ایسے نازک وقت پر اس کی بیوقوفی کی انتہا نہیں رہی اس نے بھی بے ساختہ جواب دے ہی دیا۔

"بیٹا۔ ایسی چیزیں امیروں کو ملتی ہیں جن کے پاس پیسہ ہوتا ہے ہم تو غریب ہیں۔ ہمیں ایسی چیزیں کہاں ملیں گی؟"

بچی کا ٹوٹا ہوا دل اور ٹوٹ گیا ماں کے جواب سے جو شگاف پڑا تھا وہ اب اور زیادہ طویل اور گہرا ہو گیا لڑکی بستر پر گر پڑی۔ ماں باپ نے بہت کوشش کی کہ اس سے باتیں کریں لیکن بے سود لڑکی کی آنکھیں کھلی ہوتی تھیں لیکن نہ وہ سن رہی تھی اور نہ وہ دیکھ رہی تھی۔ رات زیادہ ہو گئی تھی۔ محمودہ اور وحید سو گئے۔ لڑکی نہ معلوم کب تک جاگتی رہی۔ بمشکل اسکی نیند لگی۔ نیند کا لگنا تھا کہ ایک میٹھے خواب نے اس کی دنیا کو روشن کر دیا۔

"ایک خوبصورت مکان ہے وہ اس میں رہتی ہے اس کے ماں باپ بڑے امیر آدمی ہیں۔ بہت سا پیسہ ہے۔ مکان بالکل جاگیردار صاحب کے مکان کی طرح ہے۔ عید آتی ہے۔ اس کا باپ اس کے لئے بالکل ایسے کھلونے لاتا ہے جیسے ننھے میاں ننھے میاں اور فرحت بیا کے ہیں۔ وہی کپڑے وہی جوتے وہی کھلونے۔ اس کے یہاں بھی وہی کلو شمو اور رمضانی ملازم ہیں گھر میں جاگیردار صاحب کی موٹر کی طرح بالکل اسی رنگ کی ایک موٹر ہے"

لڑکی خواب دیکھتی رہی۔ دیکھتی رہی اچھلتی رہی۔ کودتی رہی۔ ناچتی رہی۔۔

صبح ہو گئی۔ ماں نے بڑے پیار سے پکارا۔ رابعہ۔ رابعہ۔۔۔۔۔۔ کئی آوازوں پر رابعہ کی نیند کھل گئی اس نے گھبرا گھبرا کر چاروں طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ وہی پھٹا ہوا بستر وہی پرانا مکان۔ وہی میلے کپڑے نہ جوتے نہ کھلونے۔۔۔۔

کبھی وہ اس امید میں کہ پھر سے وہی چیزیں نظر آجائیں آنکھیں بند کر لیتی لیکن وہ نیند کا طلسم ٹوٹ چکا تھا۔ وہ خوابوں کی دنیا کا نور ہو چکی تھی وہ آنکھیں کھولتی اور پھر بند کرتی۔۔۔

لڑکی کو بخار ہو گیا۔ بخار تیزی سے بڑھنے لگا۔۔۔۔۔۔ لڑکی کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ اس کا جسم تپنے

عید کا پیام

پاکستان کے مسلمانوں کے نام

مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے لاہور کے ایک بڑے مشہور عالم کے نام ایک خط لکھا جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

"پاکستان کے بعض اخبارات میں یہ شور برپا ہے کہ پاکستان میں اسلامی نظام حکومت قائم ہونا چاہئے غیر مسلم دنیا اس اعلان کو سن کر گھبرانے لگتی ہے کیونکہ ان کے نزدیک اسلامی نظام حکومت یا اسلامی قانون کے معنی یہ ہیں جو انھوں نے ہمارے انفرادی اور اجتماعی طرز عمل سے دیکھا اور سمجھا ہے

بہت سے اسلام کے نام پر ہم نے اسلام کو بدنام کرنے کا طرز عمل اختیار کیا ہے۔ کاش پاکستان بننے کے بعد پاکستان میں اسلامی قانون کی کسی ایک دفعہ کا بھی احترام کیا جاتا تو آج کی دنیا میں اسلام کا نام اور کلمۂ اسلام بلند ہو جاتا۔ یعنی پاکستان کے غیر مسلموں کو قانون اسلام کے مطابق پاکستان میں مسلمانوں سے زیادہ عزت و آبرو کے ساتھ رکھا جاتا تاکہ وہ یہ اعلان کرنے پر مجبور ہوتے کہ حکومت پاکستان میں ہمیں جو آرام و راحت حاصل ہے وہ اپنی حکومت میں بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ میں یہ کوئی نئی اور عجیب بات نہیں لکھ رہا بلکہ بعض بدترین مسلمان خلفاء کے عہد میں بھی ذمی یعنی غیر مسلم پکار پکار کر یہ کہتے رہے کہ اسلامی حکومت میں جو آزادی حاصل ہے وہ اپنی حکومت میں بھی میسر نہیں۔

پاکستان کے عوام اور وہاں کی حکومت نے جو شدید تر غلطی کی ہے اور جو اسلام کے نام پر بدنما داغ بن گئی ہے۔ وہ یہ ہے کہ پاکستان میں غیر مسلم نہ رہ سکے۔ اسلامی قانون میں غیر مسلم کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت لازمی اور واجب ہے۔ اگر آج سچ مچ پاکستان کے عوام اور علماء یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں اسلامی قانون کی حکومت رائج ہو تو ان کا پہلا فرض یہ ہے کہ وہ ان تمام غیر مسلموں کو پاکستان میں لے جا کر باعزت طریق پر آباد کریں اور ان کی جان و مال آبرو اور مذہب کی پوری پوری حفاظت کا یقین دلائیں اور اس سلسلہ میں جو کچھ ان کا اب تک نقصان ہوا ہے۔ اس کا پورا پورا بدل دیں اور ان کی جو آبرو مسلمانوں کے ہاتھوں لوٹی گئی ہے۔ اس کی معافی مانگیں۔ اسلام ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ اسلامی حکومت سے باہر رہنے والے مسلمانوں کے ساتھ اگر برائی یا ظلم ہو تو اس کا بدلہ اسلامی حکومت کے غیر مسلموں سے لیا جائے۔ ہاں اگر ان میں کوئی بغاوت کرے تو اس کی سزا صرف باغیوں کو ملے گی نہ کہ سب غیر مسلموں کو۔ اگر کوئی غیر مسلم کسی مسجد کی توہین کرے تو کیا اس کے بدلے میں قرآن عزیز ان کی کسی عبادت گاہ کی بے حرمتی کرنے کی اجازت دیتا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں بلکہ وہ ہر حال میں ان کی عبادت گاہوں کے احترام کرنے کا حکم دیتا ہے؟

میرے محترم! پاکستان میں غیر مسلموں کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے وہ کم ہو یا زیادہ اس پر علماء کو اظہار افسوس کرنا چاہئے اور ان کو پھر سے بسانے کے لئے عوام مسلمانوں کو بہت جلد کوشش کرنی چاہئے۔

اسلام اب اس وقت تک ہندوستان میں ترقی نہیں کر سکتا جب تک اس غلطی کا اعتراف نہ کیا جائے۔ جب تک غیر مسلموں کو باعزت طریقہ پر ان کے گھروں میں آباد نہ کیا جائے اور اپنی غلطی کا اعتراف نہ کیا جائے۔

میرے محترم! آج یہودیوں سے عربوں کی جنگ ہے مگر قاہرہ (مصر) میں جو یہودیوں کی بستیاں آباد ہیں۔ ان میں سے کسی یہودی کی نکسیر پھوٹنے کی خبر بھی آپ نے پڑھی ہے؟ نہیں۔ کیونکہ مصر کا مسلمان ذمیوں کے حقوق سے پورا پورا واقف ہے۔ خدا بھلا کرے مولانا غلام محمد صاحب بھوڑی شیخ الجامعہ رحمۃ اللہ علیہ کا کہ جب بہاولپور میں فساد ہوا تو انہوں نے فوراً فتویٰ شائع کیا کہ یہ جہاد نہیں فساد ہے اور کسی غیر مسلم کی جان، مال اور آبرو ضائع کرنا حرام ہے۔ کاش پاکستان کے سارے علماء اس قسم کا اعلان اردو ہندی اور انگریزی میں لاکھوں کی تعداد میں چھپوا کر شائع کرتے۔ دہلی کے ایک بہت بڑے عالم سے کسی نے پوچھا کہ یہ جہاد ہے یا فساد یا یہ قوموں کے درمیان یعنی ہندو مسلمان اور سکھ کے درمیان جنگ ہے۔ انہوں نے فرمایا یہ جہاد نہیں ہے فساد ہے اور نہ یہ مختلف قوموں کے درمیان جنگ ہے کیونکہ جہاں ہر قوم کے آدمیوں نے ایک دوسرے پر ظلم کیا ہے۔۔ وہاں ہر قوم کے آدمیوں میں ایسے بہت سے لوگ موجود ہیں جنہوں نے ایک دوسرے کو اپنی قوم کے ظلم سے بچانے کے لئے اپنی جان کی بازی تک لگا دی اور ہر قوم کے آدمی ان آدمیوں کا نام لے کر فخر کرتے ہیں کہ ہمارے آدمیوں نے فلاں قوم کے آدمیوں کو بچایا اس طرح بچنے والے ایک دوسرے کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

میں نے سنا ہے کہ پاکستان میں کہا جاتا ہے ہندو تو برداشت کیا جا سکتا ہے لیکن سکھ کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ اگر یہ بات واقعی کہی جاتی ہے تو اس سے زیادہ کوئی غلط اور بری بات نہیں ہو سکتی مجھے ہزاروں سکھ ملے ہیں جو ان مسلمانوں کی تعریف کرتے ہیں جنہوں نے ان کو پاکستان میں بچایا ہے بلکہ آج بھی ان کی ان سے خط و کتابت ہے اور اسی طرح میں ہزاروں اور سینکڑوں سکھوں کو جانتا ہوں جنہوں نے مشرقی پنجاب میں مسلمانوں کو بچایا ان کی عورتوں کو بچا کر واپس کیا اس کے لئے صرف بابو بچن سنگھ ایم ایل اے کی مثال کافی ہے جنہوں نے جان پر کھیل کر مسلمانوں کو بچانے کی کوشش کی میں اور دوسرے سکھوں کی بے شمار مثالیں اسی طرح کی پیش کر سکتا ہوں۔ اگر مشرقی پنجاب کا وزیر بابو بچن سنگھ کو بنا دیا جاتا تو میرا خیال ہے کہ وہاں مسلمان آباد رہتے۔

میرے محترم! یہ فساد نہ مذہبی تھا نہ قومی اور نہ ہندو اور سکھ اور مسلمانوں میں کوئی لڑائی تھی بلکہ ان فسادات کے پیچھے انگریز کی سیاست کے گہرے اغراض تھے جس کے یہ نتائج ہیں۔ وقت ہر خبر کو سامنے لے آئے گا اور یہ لڑنے والے شرمندہ ہوں گے کہ ہم کیوں لڑے اور کس کے لئے لڑے۔

میں نے یہ سب کچھ تفصیل سے اس لئے لکھا ہے کہ آپ جیسے علماء کو ٹھیک ٹھیک اسلام پیش کرنا چاہئے اور غیر مسلم دنیا پر یہ بات ظاہر ہو جائے کہ اسلام امن ہے فساد نہیں۔ میرا تو خیال تھا کہ پاکستان بننے کے بعد وہاں کے غیر مسلم اعلان کریں گے کہ ہمیں جو امن و راحت پاکستان کی حکومت میں حاصل ہے وہ کسی حکومت میں حاصل نہیں ہو سکتی۔

"اے بسا آرزو کہ خاک شدہ"

میرے محترم اصل مقصد تو اسلام کی عزت اور اس کی سربلندی ہونی چاہئے لیکن اگر آپ ہندوستان کے چار کروڑ مسلمانوں کو باعزت دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے بھی اشد ترین ضرورت ہے کہ پہلی فرصت میں پاکستان کے عوام اور حکومت ہاتھ جوڑ کر مغربی پاکستان کے غیر مسلموں کو یہاں سے لے جائیں۔ لاکھوں غیر مسلم اس وقت اپنے گھروں کو واپس جانے کے لئے تیار ہیں اور پوری وفاداری کے ساتھ وہاں رہنا چاہتے ہیں بشرطیکہ ان کو امن کے ساتھ وہاں رہنے کا یقین ہو جائے۔

اندکے پیش تو گفتم غم دل ترسیدم
کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

(مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی)

کی طرح دیکھنے لگا۔

آج عید تھی۔۔۔۔۔۔ لیکن وحید اور محمودہ دونوں گھبرا گئے۔۔۔

ان کی سمجھ میں کچھ نہ آتا تھا کہ کیا کریں لڑکی آہیں بھر رہی تھی۔ کرب و درد میں مبتلا تھی۔ باپ نے ایک میلا کپڑا اوڑھا کر اسے گود میں لیا۔ ڈاکٹر کی دکانیں بند تھیں۔ آج عید تھی۔ ڈاکٹر کہاں ملتے ہیں اولاد کی محبت اسے ایک ڈاکٹر کے گھر کھینچ کر لے گئی۔ ڈاکٹر صاحب کو دیکھتے ہی غصہ آ گیا کمبخت آج عید کا دن ہے اور تو اس وقت بھی پیچھا نہیں چھوڑتا

"حضور میری بچی کی طبیعت بہت خراب ہے ایک نظر دیکھ لیجئے۔ آپ تو مائی باپ ہیں"

ڈاکٹر کو رحم آ گیا اس نے بچی پر ایک نظر ڈالی اور صرف اتنا کہا۔

"بچی کی حالت بہت نازک ہے"

ندوۃ المصنفین دہلی

کی

چند جدید اور بلند پایہ مطبوعات

ترجمان السنۃ یعنی "احادیث نبوی کا مکمل و مستند عظیم الشان مجموعہ" یہ کتنا ایک حقیقت کا اعلان کرتا ہے کہ ارشادات نبوی کا اتنا جامع اور مہتم بالشان مجموعہ اب تک ہماری زبان میں شائع نہیں ہوا تھا اس متبرک مجموعے کی ترتیب میں حدیث کی مشہور کتابوں کے علاوہ مسند احمد، مجمع الزوائد، سنن کبریٰ بیہقی اور حکومت مصر کی زیر نگرانی اور انتظام کی شائع کی ہوئی کتاب "**التاج الجامع الاصول**" کو خاص طور پر سامنے رکھا گیا ہے۔ "التاج" میں "صحاح ستہ" کی حدیثیں نئے عنوانوں کے ساتھ درج کی گئی ہیں، ترجمان السنہ میں ان حدیثوں پر بہت کچھ اضافہ کیا گیا ہے اور احادیث کے بہت سے مستور اور چھپے ہوئے فائدوں کو جدید عنوانوں کے نیچے لایا گیا ہے، کتاب کی ترتیب یوں قائم کی گئی ہے

(۱) متن مع اعراب، خط نہایت صاف اور روشن

(۲) سلیس اور عام فہم ترجمہ

(۳) ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ

(۴) ہر کتاب کے خاتمہ پر اوس کتاب کی حدیثوں کے مضامین کے متعلق ایک عام اور سیر حاصل بحث شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جس میں ارشادات نبوی کی اہمیت اور حدیث کے درجۂ استناد و اعتبار کی زبردست بحثوں کے علاوہ دیگر مضامین متعلقہ پر بھی تفصیلی کلام کیا گیا ہے۔ دین کے چاروں اماموں اور بعض اون مشہور آئمۂ حدیث کے ضروری حالات دیئے گئے ہیں جن کی کتابوں سے اس مجموعے کو مرتب کیا گیا ہے۔ ابھی اس عظیم الشان کتاب کی صرف جلد اول طبع ہوئی ہے، قابل دید اور قابل مطالعہ کتاب ہے، صفحات جلد اول ۶۰۰ تقطیع بڑی $\frac{۲۲ \times ۲۹}{۸}$ قیمت غیر مجلد دس روپے۔ قیمت مجلد چرمی عمدہ — بارہ روپے۔

مسلمانوں کا نظم مملکت

مسلمانوں کا نظم حکومت و سلطنت تاریخ کا ایک درجہ اہم اور معرکہ خیز موضوع ہے لیکن عجیب بات ہے کہ اس پر اب تک کوئی ایسی جامع کتاب نہیں لکھی گئی تھی جس کا قالب وقت کے تقاضوں کے مطابق ہو، مصر کے مشہور فاضل اور علوم قدیمہ و جدیدہ کے ماہر ڈاکٹر حسن ابراہیم حسن نے اس موضوع پر پہلی محققانہ اور بے مثل کتاب لکھی، مسلمانوں کا نظم مملکت اسی کتاب کا نہایت کامیاب ترجمہ ہے، جس میں اصل کی تمام خوبیوں اور خصوصیتوں کو اسی شان سے قائم رکھا گیا ہے اس کتاب کے مطالعہ سے مسلمانوں کے نظم مملکت کی صاف، سنہری اور محققانہ تاریخ سامنے آجاتی ہے۔ کتاب کی پوری خصوصیتوں کا اندازہ مطالعہ کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔

تقطیع $\frac{۲۰ \times ۲۶}{۸}$ صفحات ۳۸۰

قیمت چار روپے

" مجلد پانچ روپے

مسلمانوں کا عروج و زوال

جدید اور مکمل ایڈیشن

اس کتاب میں اولاً خلافت راشدہ کے اور اس کے بعد مسلمانوں کی دوسری مختلف حکومتوں، ان کی سیاسی حکمت عملیوں اور مختلف دوروں میں مسلمانوں کے عام اجتماعی اور معاشرتی احوال و واقعات پر تبصرہ کر کے اون اسباب کا تجزیہ کیا گیا ہے جو مسلمانوں کے غیر معمولی عروج اور اس کے بعد ان کے حیرت انگیز زوال میں موثر ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کے عروج و زوال کی تاریخ پر یہ بہت ہی نفیس اور بلند پایہ کتاب ہے

صفحات ۳۵۰ - تقطیع $\frac{۲۰ \times ۲۹}{۸}$

قیمت چار روپے

مجلد پانچ روپے

اسلام کا اقتصادی نظام

تیسرا ایڈیشن

ادارے کی مشہور و معروف معرکۃ الآرا کتاب جس میں اسلام کے نظام معاشی کا مکمل خاکہ پیش کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ دنیا کے تمام اقتصادی اور معاشی نظاموں میں اسلام کا نظام اقتصادی ہی ایسا نظام ہے جس نے سرمایہ و محنت کا صحیح توازن قائم کر کے اعتدال کا راستہ پیدا کیا ہے، کتاب کے اس جدید ایڈیشن میں بہت سی جدید بحثیں بڑھائی گئی ہیں، ترتیب بھی پہلے سے زیادہ دل نشین ہوگئی ہے۔

صفحات ۴۰۸ تقطیع $\frac{۲۰ \times ۲۶}{۸}$

قیمت چار روپے آٹھ آنے

" مجلد پانچ روپے آٹھ آنے

غلامان اسلام

ادارے کی یہ مقبول عام کتاب کئی سال سے ناپید تھی اب اس کا جدید ایڈیشن آگیا ہے، غیر معمولی لاگت کے باوجود قیمت وہی رکھی گئی ہے۔

قیمت پانچ روپے آٹھ آنے

مجلد چھ روپے آٹھ آنے

ندوۃ المصنفین اردو بازار۔ جامع مسجد دہلی

اس کی خوبیاں بڑھ جاتی ہیں یعنی صدقۂ فطر ادا کرنے سے روزہ مکمل طور سے مقبول ہو جاتا ہے۔ گناہ اور روزے کی لغزشیں معاف ہو جاتی ہیں۔ صدقۃ الفطر اس مسلمان پر واجب ہے جس کے پاس ضروریات زندگی کے علاوہ ساڑھے باون تولہ چاندی یا اس کی قیمت اسی قدر وزن کے روپے ہوں، زیور، مال، تجارت، جائیداد یا اور جو مال بھی ہو یا ساڑھے سات تولہ سونا۔ یا اسی قدر وزن کی اشرفیاں ہوں، تو یہ شخص صاحب نصاب کہلاتا ہے۔ ادائیگی صدقۃ الفطر کے لئے موجودہ مال پر سال بھر گذرنا ضروری نہیں۔ اگر کسی کے پاس مال تو ہے لیکن اس پر قرض بھی اس قدر ہے۔ کہ ادا کیا جائے، تو ساڑھے باون تولے چاندی یا اس کی قیمت کا اسباب باقی نہیں رہتا، تو اس پر صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے پس صاحب نصاب کو اپنی طرف سے اپنی طرف سے اور اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنا واجب ہے۔ حتیٰ کہ جو ننھا بچہ ابھی ابھی عید کے دن صبح صادق سے پہلے پیدا ہوا ہے۔ اس کا صدقۂ فطر بھی ادا کرنا پڑیگا

وَیُخْرِجُ عَنْ اَوْلَادِہِ الصِّغَارِ (ہدایہ)

ایک شخص کا صدقۂ فطر پونے دو سیر گیہوں یا ساڑھے تین سیر جَو ہیں۔ ان کی قیمت بھی ادا کی جاسکتی ہے۔ ان دونوں چیزوں کے علاوہ اور غلہ یا اور جنس بھی صدقہ میں دی جاسکتی ہے۔ مگر پونے دو سیر گندم یا ساڑھے تین سیر جَو کی قیمت میں جس قدر وہ جنس آئے گی۔ اتنی ہی صدقۃ الفطر میں دینی پڑے گی۔ ایک شخص کو کئی آدمیوں کا صدقۃ الفطر لینا درست ہے۔ اسی طرح ایک آدمی کا صدقۃ الفطر کئی محتاجوں کو دے دیں تو بھی درست ہے۔ عید کا چاند دیکھ کر اگر رات ہی کو صدقہ فطر تقسیم کر دیں، تو بھی درست ہے ورنہ عید کی نماز سے پہلے ہی صدقۃ الفطر ادا کر دینا چاہئے۔ بعض صحابہ سے تو یہ بھی ثابت ہے، کہ وہ رمضان ہی میں صدقۃ الفطر دیا کرتے تھے۔ وَکَانُوْا یُعْطُوْنَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِیَوْمٍ اَوْ یَوْمَیْنِ۔ (بخاری شریف)

جس شخص نے کسی عذر سے یا مالک نصاب نے شامت اعمال اور غفلت سے روزے ہی نہیں رکھے۔ تاہم ان پر صدقۃ الفطر واجب ہے۔ جن لوگوں کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔ ان کو صدقۃ الفطر دینا بھی جائز ہے۔ مؤذن اور امام وغیرہ کو صدقۃ الفطر اجرت میں دینا جائز نہیں۔

میت کی تجہیز و تکفین نیز مسجد کی تعمیر یا اس کے مصارف میں بھی صدقۃ الفطر کا لگانا درست نہیں ہے۔

وَمَا ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ



حب نعمت

جریان۔ رقت۔ سرعت۔ کثرت احتلام۔ ضعف اعضاء رئیسہ ان تمام شکایتوں کو دور کر کے قوت مردمی میں حیرت انگیز اضافہ کرتی ہے

۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ

دواخانہ بقائی۔ بازار چتلی قبر۔ دہلی

آپ بیمار کیوں ہیں

دنیا میں کامیابی کا راز دو لفظوں میں یہ ہے، کہ محنت کیجئے اور خوب محنت کیجئے محنت سے دولت پیدا ہو گی اور دولت سے عیش و آرام۔ مگر اس کیلئے تندرستی کی ضرورت ہے اگر نہیں اور آپ بیمار ہیں تو محنت، دولت آرام صرف خواب و خیال، ساری عمر تکلیف و مصیبت میں گزارنا ہو گی کبھی بھی کامیابی نصیب نہیں ہو سکتی،

بیماری خدا دشمن کو بھی نہ دے، پیسہ کا خرچ، روزگار بند، مصیبت پر مصیبت علاج پر پیسہ پانی کی طرح بہہ رہا ہے مگر فائدہ نہیں مرض بڑھتا گیا۔ جوں جوں دوا کی۔ یہ مرض کیوں بڑھ رہا ہے فائدہ کیوں نہیں ہوتا اس کا جواب یہ ہے کہ مرض کی تشخیص نہ ہو سکی، دوا خالص اور عمدہ نہیں ملسکی، سڑی گلی دواؤں اور ناتجربہ کار طبیب سے فائدہ کی کیا امید ہو سکتی ہے

اگر آپ کے دوستوں میں سے کوئی صاحب کسی پیچیدہ اور پرانے مرض میں گرفتار ہیں تو اُن کے حالات ناظم شعبہ تشخیص مجلس الطباء پوسٹ بکس نمبر ۵۹ دہلی کو فوراً لکھ کر روانہ کیجیے!

یہاں مرض کے حالات تجربہ کار کہنہ مشق طبیبوں کی مجلس میں پیش ہوتے ہیں اس مجلس کے صدر حکیم محمد مظہر الدین صاحب اجملی دہلی کے مشہور طبیب و پروفیسر جامعہ طبیہ و ایڈیٹر رسالہ مسیح الملک ہیں سینیر ہاؤس فزیشن وائس پرنسپل مجلس الطباء میں مرض کے تمام پہلوؤں پر غور کیا جاتا ہے، بحث ہوتی ہے، ہر طبیب اپنے تجربہ کی بنا پر رائے ظاہر کرتا ہے، اور بالآخر متفقہ رائے سے مرض کی صحیح تشخیص عمل میں آتی ہے دوا تجویز ہوتی ہے مریض کو اطلاع دیجاتی ہے اور اس طرح روزانہ صدہا پیچیدہ مسئلے حل ہوتے ہیں یہ طریقہ اس قدر صحیح اور بہتر ثابت ہوا ہے، کہ اب صرف ملک کے ہر گوشے کے مریض، بلکہ بہت سے طبابت پیشہ اصحاب ڈاکٹر، حکیم اور وید بھی اپنے زیر علاج مریضوں کے پیچیدہ امراض کی بابت مجلس الطباء کا مشورہ طلب کرتے ہیں اس طرح ہزاروں مایوس مریض اس مجلس کی صحیح تشخیص کی بدولت نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں اگر آپ کسی پیچیدہ یا پرانے مرض میں گرفتار ہیں اور آپ کا وقت خراب ہو چکا ہے اور دولت برباد ہو چکی ہے، تو ایک بار ہمیں حالات لکھ کر یا اجملی شفاخانہ بلیماران میں تشریف لا کر مشورہ کیجیے، جواب طلب امور کیلئے ٹکٹ یا لفافہ آنا ضروری ہے، رسالہ مسیح الملک بطور نمونہ طلب فرمائیے، اوقات مشورہ صبح ۱۰ سے ۱۲ بجے تک، شام ۶ سے ۹ بجے شب تک

عہد حاضر کا مایہ ناز طبی شاہکار
مسیح الملک کا علاج
رعایتی قیمت پر

جماہنامہ مسیح الملک کی جانب سے اپریل ۱۹۳۱ء میں خاص نمبر کی صورت میں نہایت شاندار طریقہ پر شائع کیا گیا ہے اس میں سر سے پاؤں تک کے وہ تمام پیچیدہ اور پرانے امراض نہایت تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں جن کے علاج میں اکثر مریضوں اور معالجوں کو ناکامی ہوتی رہتی ہے، اور ساتھ ہی ہر ایک مرض کے ذیل میں اجمل اعظم مسیح الملک حکیم اجمل خان مرحوم کے خاص نسخے رموز و نکات طریقۂ علاج اور وہ بیش قیمت مجربات پیش کئے گئے ہیں جن کی تلاش میں دنیا چلی ہے ضخامت دو سو صفحات سے زائد کتابت طباعت نہایت نفیس و قیمتاً سستہ ہیں کہ باوجود صرف خاص رعایت، لیکن جو لوگ تین روپیہ سالانہ چندہ بھیجکر ماہنامہ مسیح الملک کے مستقل خریدار بنیں گے اُن سے دو روپیہ کے بجائے اس کی قیمت صرف ایک روپیہ لی جائے گی، اور اس طرح وہ پانچ کے بجائے چار روپے میں حاصل کر سکیں گے، لہٰذا آپ بھی آج ہی مبلغ چار روپے بذریعہ منی آرڈر بھیجئے، ایک سال تک مسیح الملک بھی پڑھیے اور بیش قیمت مجربات کا ذخیرہ بھی رعایت کے ساتھ حاصل کیجیے منی آرڈر بھیجنے والوں کے لیے محصول ڈاک معاف، بطور نمونہ مفت طلب کیجیے

دفتر ماہنامہ مسیح الملک پوسٹ بکس نمبر ۵۹ دہلی

منیجر مجلس الطباء پوسٹ بکس نمبر ۵۹ دہلی

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی رجسٹرڈ۔ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص کوڑھ

سنبھری کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سیکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہو چکے ہیں۔ اگر کسی بدن میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ ۳ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کیلئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی نمبر ۶ بولائی اسٹریٹ کلکتہ

مصفی جدید

خون کی خرابی اور جلدی بیماریوں کی سائنٹی فک دوا

کڑوی اور بڑی بڑی خوراکوں کے مقابلہ میں فوری اثر کرنیوالی "چھوٹی چھوٹی گولیاں"

عام طور پر مصفی دوائیں کڑوی اور زیادہ مقدار میں ہوا کرتی ہیں جس کو مریض پسند نہیں کرتے مجلس اطباء سالہا سال سے اس فکر میں تھی کہ دیسی جڑی بوٹیوں کا سائنٹی فک طور پر خلاصہ تیار کرکے گولیوں کی شکل میں برتی جائیں چنانچہ مجلس اس کوشش میں کامیاب ہوگئی یہ چھوٹی چھوٹی گولیاں خون کو صاف کرنے میں بے نظیر ثابت ہوئی ہیں بچے بھی آسانی سے کھا لیتے ہیں ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ اس کے مقابلہ کی دوا یورپ بھی پیش نہیں کر سکتا — مصفی جدید، داد، خارش، پھوڑے، پھنسی مہاسے اور جذام وغیرہ کے زہریلے مادوں کو فوراً دفع کر دیتے اور جلد کی گلٹیوں کے فعل کو درست کرکے بدن سے خارج کرتی ہے تمام سوداوی و جلدی بیماریوں کی بے مثل دوا ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ ۸ آنے۔ تین شیشیاں چار روپے ۸ آنے تین شیشیوں تک محصول ڈاک۔ ارزانی طور پر دواخانہ مجلس اطباء کی قاسم جان بلیماران سے خریدیں منیجر دواخانہ مجلس اطباء دہلی پوسٹ بکس نمبر ۵۹



فاسد مادہ کے بغیر جراثیم مرض پیدا نہیں کر سکتے

خون صاف رکھنا نہایت ضروری ہے



قدیم یونانی نظریہ کی تائید میں جب ڈاکٹر پیٹنکوفر پروفیسر ویانا یونیورسٹی نے یہ فیصلہ کر لیا کہ مادہ کے بغیر جراثیم مرض پیدا نہیں کر سکتے تو ایک دن انہوں نے ایک عجیب و غریب مظاہرہ کیا۔ وہ کلاس کو پڑھا رہے تھے ان کے ہاتھ میں ایک ٹیسٹ ٹیوب تھی جس میں ہیضہ کے زندہ جراثیم موجود تھے جو ایک پوری رجمنٹ کو ہلاک کرنے کے لیے کافی تھے۔ ڈاکٹر نے ان سب جراثیم کو نگل لیا مگر اس خطرناک تجربہ کا نتیجہ سوائے ہلکی سی تکلیف کے اور کچھ بھی نہ ہوا۔ آخر کیوں؟ ہیضہ کے زندہ جراثیم نے ڈاکٹر کو ہلاک کیوں نہیں کر ڈالا؟ صرف اس لئے کہ ڈاکٹر کا خون فاسد مادوں سے صاف تھا اور یہی ڈاکٹر کا دعویٰ تھا

یقیناً جراثیم کو مارنا قطعاً غلط ہے اصل چیز جسم و خون کو فاسد مادوں سے صاف رکھنا ہے صافی اسی اصول کے پیش نظر تیار کی گئی ہے یہ خون کو صاف رکھتی ہے اور جسم کی قوت مدافعت کو مرض کے خلاف قوی رکھتی ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ ۱۲؍

استعمال کیجیے

صافی

Hamdard

ہمدرد دواخانہ دہلی

خون صاف کرنے کی ... دو

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر: ۵۸۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۵ شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۸ | فی پرچہ ۲ بذریعہ ہوائی جہاز ۳

امریکہ کے صدر کا انتخاب
امریکن عورتوں کے ووٹ کی اہمیت

نیویارک ۱۰ اگست۔ امریکہ کے دو سیاسی پارٹیاں جلسے کر رہی ہیں اور عنقریب صدر کا انتخاب کرتی ہیں۔ اسی وجہ سے صدر روزویلٹ اور ان کے ری پبلیکن پارٹی کے مخالف امیدوار مسٹر ڈیوی عورتوں کے ووٹ حاصل کرنے کے لئے چند دن بعد شروع ہونے والے انتخابی مہم میں سخت کوششیں شروع کر رہے ہیں۔ اگرچہ رائے دینے والی مردوں اور عورتوں کی تعداد کے متعلق سرکاری

دوسری طرف

پہلی طرف آگے

اعداد و شمار نہیں رکھے جاتے۔ لیکن ماہرین کا خیال ہے کہ رائے دہندگان کی تعداد برابر رہتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ۱۹۳۶ء کے انتخابات میں ووٹ دینے والی عورتیں ... فی صدی اور ۱۹۴۴ء میں ... فی صدی تھیں۔ اس لحاظ سے عورتوں کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہے لیکن بعض ریاستوں میں اس سے پہلے بھی عورتوں کو ووٹ دینے کا حق حاصل تھا۔

بیت المقدس کے قریب ایک لاکھ عرب پناہ گزینوں کی حالت زار

موتی جھرہ پھیلنے سے دس فیصدی افراد کے ضائع ہونے کا اندیشہ
طاعون اور ہیضہ پھیلنے کا بھی ڈر ہے

لندن ۱۰ اگست۔ کل ماسکو ریڈیو نے غیر ملکی اخبارات کی اس اطلاعات کو غلط بتایا کہ روس یہودیوں کی نام نہاد حکومت اسرائیل کو اسلحہ سپلائی کر رہا ہے۔ ریڈیو نے اس امر کا اقرار کیا کہ یہودیوں کے نمائندوں نے غیر سرکاری طور پر روس سے اسلحہ فراہم کرنے کی درخواست کی تھی۔ روس اقوام متحدہ کا ممبر ہے اور دوسرے ممبروں کی طرح وہ بھی فلسطین کی جنگ کو ختم کرانا چاہتا ہے۔ اس لئے اس نازک موقعہ پر لڑنے والوں کو کسی قسم کی امداد دینے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

...

امریکہ میں بموں کی تیاری

واشنگٹن ۱۰ اگست۔ امریکہ کے ایٹمی طاقت کے کمیشن نے گذشتہ شب اپنی تنظیم میں تبدیلیوں کا اعلان کیا۔ تاکہ بموں کی تیاری اور ایٹمی طاقت کی ترقی کے کام کو زیادہ سرعت سے انجام دیا جا سکے۔ ... ٹیکنیکل کاموں کے لئے بڑے افسر مقرر کئے گئے۔

دریائے گھاگرا سے بجلی حاصل کی جائیگی

لکھنؤ ۱۰ اگست۔ حکومت یو۔ پی اس پر غور کر رہی ہے کہ دریائے گھاگرا سے بجلی حاصل کی جائے۔ اس دریا کے سیلابوں کو روکنے کی تدابیر پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ یہ دریا نیپال میں ہوتا ہوا آتا ہے۔ اس لئے اس علاقہ کی پیمائش وغیرہ کے لئے حکومت نیپال کی اجازت کی ضرورت ہوگی۔

حضرت مولانا احمد سعید کا پیغام

ہم ایسی کشتی میں سوار ہیں جو اندھیری رات میں سمندر کی بے پناہ طوفانی موجوں میں گھری ہوئی ہے۔ ساحل دور ہے کشتی کا ناخدا لاپتہ ہے۔ خدا جانے وہ غرق ہو چکا ہے یا موجوں نے اس کو چھپا لیا ہے۔ ظلمات بعضھا فوق بعض اذا اخرج یدہ لم یکد یرھا۔

لیکن ان تمام خوفناک تاریکیوں اور بے سروسامانی کے باوجود الحمدللہ ہم مایوس نہیں ہیں۔ ومن یقنط من رحمۃ ربہ الا الضالون۔

البتہ صبر، ثبات اور توکل علی اللہ کی ضرورت ہے اور ایسے نازک موقع پر انہی چیزوں کی تاکید کی گئی ہے واصبر علی ما اصابک ان ذلک من عزم الامور۔

(فقیر احمد سعید کان اللہ لہ)

گاندھی گراؤنڈ میں پنڈت نہرو کی تقریر

دہلی ۱۰ اگست۔ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو آزادی ہفتہ کے آغاز کے سلسلہ میں آج گاندھی گراؤنڈ میں شام کے ... بجے ایک عام جلسہ میں تقریر کریں گے۔ مولانا ابوالکلام آزاد صدر جلسہ ہوں گے۔ آج شہر کے مختلف وارڈوں میں جھنڈے کی سلامی کی رسمیں ادا کی گئیں۔

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ
ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا اعلامیہ

جمعیۃ العلماء ہند کی مجلس عاملہ میں جو ایک جگہ خالی تھی اس کے لئے حضرت صدر محترم جمعیۃ علماء ہند مدظلہ العالی نے حضرت مولانا سید فخرالدین صاحب مدظلہ العالی شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد کا اسم گرامی منتخب فرمایا ہے۔ حضرت مولانا کو اس کی اطلاع دیدی گئی ہے۔

(مولانا) حفظ الرحمن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند

ہند پارلیمنٹ کا موسم خزاں کا اجلاس شروع ہوگیا
بنارس اور علی گڈھ یونیورسٹیوں کے نام بدلنے کا بل پیش کر دیا گیا

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ آج ہند پارلیمنٹ کا موسم خزاں کا اجلاس شروع ہوگیا۔ سرکاری طور پر آج ایک درجن بل پیش کئے جا رہے ہیں ان میں سے ایک گاندھی نیشنل میموریل فنڈ سے متعلق ہے۔ جس کی منظوری کے بعد کمپنیاں اس فنڈ میں عطیات دے سکیں گی۔ دوسرے بل کا مقصد ریزرو بنک کو قومی ملکیت بنانا ہے۔ سابقہ اجلاس کے گیارہ بلوں میں سے نو اپنی دوسری اور تیسری خواندگی کے لئے پیش ہوں گے۔ ... ممبر شریک ہوئے ہیں۔ آج نئے ممبروں نے حلف وفاداری اٹھایا۔ نئے ممبروں کی تعداد ستره ہے ان میں دو ممبر ایسے بھی شامل ہیں جو سفیر بن جانے والے ممبران کی جگہ منتخب ہوئے ہیں۔

آج جو بل پیش ہو رہے ہیں انہیں وزیر تعلیم مولانا آزاد کے دو دلچسپ بل بھی شامل ہیں ایک کے ذریعے امپیریل لائبریری کلکتہ کا نام انڈین لائبریری رکھا جانا تجویز کیا گیا ہے اور دوسرے کے ذریعے بنارس اور علی گڈھ یونیورسٹیوں کے ناموں سے ہندو اور مسلم کے الفاظ حذف کئے گئے ہیں۔

اس کے علاوہ اجلاس میں کم سے کم ... اور نئے بل پیش کئے جائیں گے۔ چونکہ موجودہ اجلاس کی ... نشستیں ہوں گی جس سے تین پرائیویٹ ممبروں کے لئے مخصوص کر دی گئی ہیں اس لئے حکومت کا پروگرام مکمل کرنے کے لئے ... بل پیش کرنے ہوں گے لیکن اس امر میں شبہ ہے کہ ایسا ہو سکے گا۔ ... اسمبلی کے کل ممبروں کی تعداد ... ہے لیکن جب اسمبلی ملک کی پارلیمنٹ کی حیثیت سے کام کرتی ہے تو مشکل سے نصف ...

سرخ پوشوں کی گرفتاری پر سرحد کی حکومت کا عذر لنگ
مخالفانہ مظاہرہ کر کے یوم پاکستان کے جشن کو ناکام بنانا چاہتے تھے

پشاور ۱۰ اگست۔ پاکستان کے سرکاری حلقوں میں کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر خان کی گرفتاری ایک سازش کے سلسلے میں عمل میں آئی ہے جو سرخ پوشوں نے صوبہ سرحد میں یوم پاکستان کے بائیکاٹ کے بارے میں تیار کی تھی۔

حکومت صوبہ سرحد کے ایک قریبی حلقہ سے معلوم ہوا ہے کہ سرخ پوشوں کی ایک جماعت نے جو بادشاہ خان کی گرفتاری کے بعد سے ڈاکٹر خان کی رہنمائی میں کام کر رہی تھی۔ یوم پاکستان کے موقعہ پر پشاور، مردان، چارسدہ، بنوں اور کئی دوسرے مقامات پر جہاں اب بھی ان کا تھوڑا بہت اقتدار باقی ہے۔ ۱۴ اگست کو مخالفانہ مظاہرہ کرنے کا ارادہ کیا تھا اس مقصد کے ماتحت سرخ پوشوں کے کئی دستے ان مقامات پر میدان ہموار کرنے کے لئے روانہ کئے گئے۔ سرخ پوشوں نے اس سے بھی زیادہ خوفناک پروگرام بنایا تھا کہ جلیوں پر حملہ کر کے سرخ پوش ... کو رہا کرالیا جائے۔ لیکن بروقت اطلاع ملنے سے یہ سازش ناکام بنا دی گئی۔ صوبہ سرحد میں سرخ پوشوں کی مزید گرفتاریوں کی توقع ہے۔

عید الفطر خیریت سے گذری
اجمیر شریف اور دہلی میں پولیس کے معقول انتظامات

... صاحب صدر منتظم مجلس درگاہ حضرت خواجہ غریب نواز نے حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کو سندیسہ ... ارسال کیا ہے۔ ... عید کی مبارکباد ... حکومت کے انتظامات بہت تسلی بخش تھے۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب نے جو پیغام دہلی سے اجمیر بھیجا ... پولیس کے انتظامات قابل تعریف تھے۔

برلن کے معاملہ پر روس اور مغربی طاقتوں میں سمجھوتہ کا امکان
لیکن روس مغربی جرمنی کے معاملہ پر اتحادیوں سے متفق نہیں

برلن ۹ اگست۔ ماسکو میں جرمنی اور برلن کے معاملات پر جو گفت و شنید ہو رہی ہے۔ اس سے اتحادی کسی نہ کسی سمجھوتہ کے قریب آ گئے ہیں۔ یہ رائے اتحادیوں کی ہی نہیں بلکہ روسیوں کی بھی یہی رائے ہے۔ ایک روسی افسر نے مندرجہ بالا رائے کا اظہار بھی کر دیا ہے۔ افسر مذکور نے کہا کہ اس کا بہت امکان پیدا ہو گیا ہے کہ جلد ہی چاروں وزرائے خارجہ کی ایک کانفرنس اس معاملہ پر غور کرنے کے لئے منعقد ہو۔ اس گفت و شنید کو چار حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) برلن کا معاملہ: — مخالفت کم ہو گئی ہے۔ اور ... کا امکان پیدا ہو گیا ہے کہ روسی برلن کی ناکہ بندی کو عارضی طور پر ختم کر دیں۔ مغربی طاقتیں ایسٹرن سکہ کو برلن کا واحد سکہ تسلیم کر لیں گی۔

(۲) مغربی جرمنی: تینوں مغربی قاصدوں نے مارشل اسٹالن سے مغربی جرمنی کے لئے علیحدہ سکہ، فرانکفورٹ گورنمنٹ اور دوسرے معاملات پر گفت و شنید کی لیکن نتیجہ امید افزا نہیں۔

(۳) تاوان: — روس کا کہنا تھا کہ تاوان کا مسئلہ پوٹسڈم میں طے ہو گیا ہے۔ اور مغربی طاقتوں کی یہ خواہش غلط ہے کہ اس پر مزید گفت و شنید کی جائے روسی اپنی اس رائے پر کہ وہ موجودہ پیداوار سے تاوان وصول کرتے رہیں گے۔ اڑے ہوئے ہیں۔ اور اس کے مخالف ہیں کہ وزرائے خارجہ کی کانفرنس میں اس معاملہ کو پیش کیا جائے۔

(۴) جرمنی کا مستقبل: روس اس معاملہ پر ایک فیصلہ کر چکا ہے۔ لیکن مغربی طاقتوں کا کہنا ہے کہ اگر سمجھوتہ کرنا ہے تو اس پر مزید غور و خوض ہونا ضروری ہے۔

قائد اعظم اور قیام پاکستان کی سالگرہ

کراچی ۱۰ اگست۔ قائد اعظم گورنر جنرل پاکستان نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ ان کو افسوس ہے کہ وہ حصول آزادی اور قیام پاکستان کی پہلی سالگرہ کی تقریبات میں شریک نہ ہو سکیں گے۔

جمعیۃ العلمائے ہند کی طرف سے امپیریل ہوٹل میں شاندار دعوت عید
گورنر جنرل وزیر اعظم اور دوسرے معزز حضرات کی شرکت

(نامہ نگار الجمعیۃ)

۱۰ اگست بروز سہ شنبہ شام کو جمعیۃ العلماء ہند کی طرف سے عید کے سلسلے میں ایک شاندار دعوت کا انتظام کیا گیا جس میں تقریباً تمام افراد حکومت مدعو تھے۔ میں جس وقت دوسرے مہمانوں کے ہمراہ اس ہال میں داخل ہوا۔ جس میں دعوت کا انتظام کیا گیا تھا۔ تو یہ دیکھ کر بہت مسرور ہوا کہ دعوت کا انتظام نہ صرف اعلیٰ پیمانہ پر کیا گیا تھا۔ بلکہ جس سلیقہ اور خوش اسلوبی سے یہ انتظام ہوا تھا۔ وہ بہت قابل تعریف تھا۔ ہوٹل کے ایک بڑے ہال میں جس میں دونوں طرف دیواروں میں بہت بڑے بڑے آئینے لگے ہوئے تھے۔ قرینے سے میزیں لگی ہوئی تھیں۔ جن کے چاروں طرف چار چار یا پانچ پانچ کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔ میزوں پر پھل وغیرہ اور چائے کی پیالیاں وغیرہ رکھی ہوئی تھیں وسط ہال میں معزز مہمانوں یعنی گورنر جنرل، اور وزیر اعظم اور دوسرے حضرات .... کے لئے صوفے ایک چھوٹے سے دائرہ کی شکل میں بچھے ہوئے تھے۔ جن کے سامنے بڑی اور چھوٹی چھوٹی میزوں پر پھل وغیرہ تھے۔ دعوتی رقعوں میں دعوت کا وقت ساڑھے پانچ بجے دیا ہوا تھا۔ لیکن بعض وجوہ سے دیر ہوگئی۔ اور جب گورنر جنرل شری چکرورتی راج گوپال آچاریہ اور وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو تشریف لائے، تو چھ بج چکے تھے۔ سب سے پہلے مولانا ابوالکلام آزاد تشریف لائے۔ آپ کے چہرہ سے غیر معمولی متانت اور سنجیدگی مترشح تھی۔ آپ خاموشی سے ایک صوفہ ...

(باقی صفحہ ۶ پر)

پنڈت نہرو کا پیغام عید

PRIME MINISTER,
INDIA

MESSAGE.

On the coming Id I send my greetings and good wishes to my fellow citizens the Muslims of India. Id is a day of rejoicing after a long vigil but it is difficult to rejoice after the sorrows and sufferings we have all endured during the past year and more. Yet for this very reason it is all the more necessary that on this great day we should clear our minds of ill-will and rancour and dedicate ourselves to the service of the country. The service of the country means the service of all the people of the country. Those who seek to serve a lesser cause or a particular group only, ultimately fail to serve even that for all lesser causes and smaller groups are bound up in the great cause of India and her manifold people.

India will only progress when her people of all religions work together for common ends. Therefore we have to remember the lesson that Mahatma Gandhi taught us, the lesson of communal harmony, mutual forbearance and cooperative effort.

(ترجمہ کالم ایک اور دو پر)

Jawaharlal Nehru

New Delhi,
5th August, 1948.

ہمیں مہاتماجی کا فرقہ وارانہ اتحاد اور رواداری کا سبق یاد رکھنا چاہئے
عید کے مبارک موقعہ پر الجمعیۃ کی وساطت سے ہند کے وزیر اعظم کا پیغام

میں عید کے موقعہ پر اپنے ساتھی شہری ہندی مسلمانوں کو تہنیت اور نیک تمناؤں کا پیغام بھیجتا ہوں۔ عید طویل ریاضت کے بعد خوشیوں کا ایک دن ہے لیکن گذشتہ سال بھر یا اس سے بھی زیادہ عرصہ میں ہم سب نے جو مصیبتیں جھیلی ہیں۔ ان کے بعد خوشیاں منانا ہمارے لئے مشکل ہے لیکن جو کچھ ہوا اس کے باعث یہ اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ ہم اس عظیم دن اپنے ذہنوں کو کدورت اور کینہ سے پاک کر لیں اور اپنے آپ کو ملک کی خدمت کے لئے وقف کر دیں۔ ملک کی خدمت کے معنے ملک کے سب ہی لوگوں کی خدمت ہے وہ لوگ جو اس سے کمتر کاز یا صرف ایک گروہ یا طبقہ کی خدمت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ بالآخر اپنے مقصد میں ناکام رہتے ہیں کیونکہ تمام چھوٹے کاز اور تمام چھوٹے چھوٹے گروہ ہند کے بڑے کاز اور اس کی مختلف مذاہب رکھنے والی ایک قوم سے وابستہ ہیں۔

ہند اسی وقت ترقی کر سکیگا جب اس کے تمام مذاہب کے ماننے والے لوگ مشترک مقاصد کے لئے مل جل کر کام کریں گے اس لئے ہم پر لازم ہے کہ ہم مہاتما گاندھی کا سکھایا ہوا فرقہ وارانہ اتحاد، باہمی رواداری اور مشترک کوشش کا سبق یاد رکھیں۔

(دستخط) جواہر لال نہرو — نئی دہلی ۵ اگست ۱۹۴۸ء

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۱ر اگست ۱۹۴۸ء

احوال و کوائف

فلسطین کا انجام؟

جہاں تک سلامتی کونسل کے رجحان، امریکہ کی امداد، برطانیہ کے فریب اور بنی اسرائیل کی طاقت اور جسارت کا تعلق ہے۔ فلسطین کے حالات عربوں کے خلاف جا رہے ہیں۔ عربوں کا یہ اندیشہ صحیح ثابت ہوا، کہ عارضی صلح کے بعد یہودی تازہ دم ہو کر مقابلہ پر آجائیں گے۔ اور باہر سے ان کے لئے امداد کا ایک سیلاب امنڈ آئے گا۔ چنانچہ صلح کے بعد جب دوبارہ جنگ چھڑی، تو یہودیوں نے نئے ٹینک نئے ہوائی جہاز اور نئے سپاہی میدان میں لاکھڑے کئے اور عربوں کو مجبور کیا کہ وہ جنگ بند کر کے اسرائیلی حکومت کو تسلیم کرلیں ...

متحدہ اقوام میں پیش کرے۔ اور پاکستان کی سرزنش کے لئے کوئی سبیل نکالے!

خان عبدالقیوم خاں کی سرحدی حکومت نے مجاہدین سرحد کو گرفتار کر کے، اور قبائل کو بموں کا نشانہ بنا کر اپنی جس سیاست کا ثبوت دیا ہے وہ پاکستان کے لئے بہت گراں ثابت ہوگی۔ اور افغان قوم اس کی اس چنگیزیت کو کبھی معاف نہیں کرے گی بہتر یہ ہے کہ پاکستان تلافی مافات کے لئے قبائل سے معافی مانگے۔ اور سرحدی لیڈروں کو رہا کر کے اپنی کوئی ایسی واضح پالیسی مرتب کرے۔ جو پڑوسی حکومتوں کو مطمئن کر سکے۔ پاکستان کی پوزیشن خواہ کتنی ہی بلند ہو، لیکن افغانستان سے ٹکر لینا بھی اس کے لئے آسان نہیں ہے!

اعترافِ جرم سے انکار!

کئی روز سے یہ اطلاع گشت کر رہی ہے کہ کشمیر کمیشن کے سامنے پاکستان نے جنگِ کشمیر میں اپنی شرکت کا اعتراف کر لیا ہے۔ اس اطلاع پر ضروری تھا کہ قیاس آرائیاں ہوں اور ہندوستان و پاکستان کے تعلقات کا تجزیہ عمل میں آئے۔ چنانچہ یہی ہوا، اور مختلف قسم کی افواہیں پوری گرمی کے ساتھ فضا میں پھیلیں۔ مگر اب حکومت پاکستان کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ کمیشن سے اب تک جو گفت و شنید ہوئی ہے، وہ بصیغہ راز ہے۔ اور اس کے متعلق باہر جو کچھ بھی کہا جا رہا ہے، وہ سراسر بے بنیاد ہے ...

قہر اور مہر

کرنل ڈہلوں مرن برت رکھیں گے

افغانستان میں ہیجان

جنگِ کشمیر میں پاکستانی فوج کی شرکت
حکومت پاکستان کا پریس نوٹ

کراچی ۱۰ر اگست۔ حکومت پاکستان نے آج شب ایک پریس نوٹ میں بتایا کہ اخبارات میں کشمیر کمیشن کے سامنے پاکستان کے نمائندوں کے جن بیانات کی اشاعت کی جا رہی ہے وہ غیر مصدقہ ہیں۔ کمیشن کے خاص ... کی صورت ... جو رپورٹ ... اور ... بالکل خفیہ رکھا گیا ہے اس بارے میں اخبارات میں جو ... شائع ہوئی ہیں وہ سب خیالی ہیں۔

پروفیسر بھنسالی نے پھر فاقہ کشی شروع کردی

شیخ عبداللہ کو گرفتار کرنے کی سازش

بنارس کے اردگرد سیلاب کی تباہ کاریاں
ریسپل کمیٹی نے دو درجن مکان خود گرادیئے

سنسکرت انگریزی کی جگہ حاصل کر سکتی ہے
مسلمہ زبان کے متعلق مکرجی کی تقریر

اڈیٹر کے نام — خطوط

دینی اصلاح

کالا قانون

ہند اور حیدرآباد کی گفت و شنید
میر لائق علی کا بیان

ہندو اور مسلمان ایک ہو کر رہیں

تارا سنگھ مردہ باد کے نعرے

سیاستِ امروز

جنگِ کشمیر

پاکستان کا اقرار

برلن کا تنازعہ

انڈونیشیا میں پھر جنگ کا خطرہ

ملایا میں کمیونسٹوں نے ایک پولیس اسٹیشن اور ایک سینما ہال کو نذر آتش کر دیا

مشرقی جرمنی میں ایک خفیہ تحریک

مراسلات واطلاعات

دیوبند کانگریس کا انتخاب

دیوبند (بذریعہ ڈاک) ۵ راگست ... بوقت ۲ بجے دن حسب ہدایت ضلع کانگریس کمیٹی ... کا انتخابی اجلاس ... منعقد ہوا۔ جلسہ میں سال رواں کے لئے مندرجہ ذیل عہدہ داران منتخب ہوئے
صدر مولوی ... صاحب۔ نائب صدر ... صاحب ... سکریٹری ... صاحب ... نائب سکریٹری حاجی سید ... صاحب ... خزانچی ... صاحب

جمعیۃ علماء احمد آباد کے نئے عہدیدار

احمد آباد (بذریعہ ڈاک) ... دفتر جمعیۃ علماء میں ورکنگ کمیٹی کے ایک خاص جلسہ میں سابق ناظم اعلیٰ اور ناظم دفتر کے بجائے مولانا سید محمد صاحب اور جناب مولانا عبدالرحمٰن صاحب منتخب کئے گئے۔ جمعیۃ علماء احمد آباد کی تمام خط و کتابت مذکورہ عہدہ داروں کے نام سے دفتر کے پتہ پر کی جائے۔ (ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء احمد آباد)

حدیث کے طلبہ

کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ۱۵ شوال سے مدرسہ ... اور مدرسہ دارالسلام ... میں ... حدیث کے شائقین جلد متوجہ ہوں۔ سید ... احمد
ایڈیٹر اخبار ... دہلی

ادارہ تعلیمات اسلام کا نیا پروگرام

... اب تک ادارہ تعلیمات اسلام ... صرف ... تعلیم کا انتظام تھا۔ لیکن اب شائقین کے اصرار سے اس کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے ...

صدر جمعیۃ علمائے مردان بھی گرفتار

پشاور ... صدر جمعیۃ علمائے مردان ... صاحب گرفتار کر لئے گئے ... مولانا موصوف کو ... جیل بھیج دیا گیا۔

نظام کے نئے ایجنٹ جنرل
قاسم رضوی کے رشتہ دار نہیں ہیں

دہلی ۹ راگست۔ نظام گورنمنٹ کے ایجنٹ جنرل کے دفتر سے مندرجہ ذیل اعلان جاری کیا گیا ہے ... یہ خبر شائع کرائی ہے کہ دہلی میں نظام کے نئے ایجنٹ جنرل مسٹر ایس ایم رضوی مسٹر قاسم رضوی کے قریبی رشتہ دار ہیں۔ یہ خبر گمراہ کن ہے ... مجلس اتحاد المسلمین کے لیڈر ... رشتہ دار نہیں ہیں ...

ہر قسم کی خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمائیے تاکہ جواب میں تاخیر نہ ہو۔ — مینیجر

ہماری آزادی کے دشمن آج ہماری آزادی کے ٹھیکیدار بن بیٹھے ہیں
عیدگاہ میں وزیر اعظم کشمیر کی تقریر۔ مفاد پرستوں کو سخت انتباہ

سری نگر ۹ راگست۔ عیدگاہ میں پچاس ہزار سے زائد عام مجمع کے سامنے تقریر کرتے ہوئے شیخ محمد عبداللہ نے پاکستان کو ... کہ اگرچہ پاکستان ... اور انہیں ختم کرنے کے درپے ہے لیکن وہ اپنے اس ناپاک ارادے میں ... کامیاب نہیں ہوگا ... پاکستان کے خلاف جنگ میں اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیں گے ... انہیں غلام بنانے کے لئے ہو رہا ہے

آگے چل کر شیخ عبداللہ نے فرمایا کہ پاکستان پرپیگنڈا کر رہا ہے کہ حکومت ہند کی فوج کشمیر میں مسلمانوں کو قتل کرنے کے لئے لائی گئی ہے۔ اگر یہ سچ ہوتا تو آج کشمیر میں ایک مسلمان بھی نظر نہ آتا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ہندوستان کی فوج مسلمانوں کی عزت و آبرو کی حفاظت کرنے اور انہیں آزاد کرانے کے لئے کشمیر آئی ہے۔ پاکستان کی تمام تر عمارت دھوکہ اور فریب کی بنیادوں پر تعمیر کی گئی ہے۔

اسلام کے نام پر پاکستان نے ... دنیا میں شہری آبادی پر جو بھیانک مظالم توڑے ہیں ان پر ظلم و تباہی چھائی ہے۔ کشمیر سرکار اسلامی قانون کے ماتحت اس کا بدلہ کرے گی۔ حکومت ہند سے فوجی امداد طلب کرنے پر نکتہ چینی کرنے والوں کو جواب دیتے ہوئے شیخ صاحب نے فرمایا کہ جب ریاست کی تمام فوج اور حکومت کی مشینری حملہ آوروں کے قبضے سے شکستہ ہو کر اور خود سری نگر کا شہر بھی نیست و نابود ہونے والا تھا تو ہمارے لئے اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ تھا کہ ہم فوجی امداد کے لئے حکومت ہند کا دروازہ کھٹکھٹاتے لیکن پھر بھی ہند کی جمہوریت پرستی کے جذبہ کی داد دینی چاہئے کہ اس نے کشمیر کی شمولیت کو ہماری رائے عامہ کے باوجود مشروط رکھا اور شمولیت کی تصدیق کشمیر کے عوام پر چھوڑ دی۔ نیشنل کانفرنس کو تحریک آزادی پر روشنی ڈالتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ جب کشمیر اپنی آزادی کے لئے لڑ رہا تھا تو اسے ہندوستان کی ہمدردی اور امداد حاصل تھی ... لیکن مسٹر جناح اور مسلم لیگی ہیرو ہماری تحریک کی مخالفت کا نام دے کر ہمارا مذاق اڑاتے رہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ کشمیر کے سب فرقے کے مسلمانوں نے ایک ہی جگہ عید کی نماز پڑھی۔ شیخ عبداللہ نے کہا اگر ہمارے اندر اختلافات ہیں تو اس مبارک دن پر ہمیں ان تمام اختلافات کو ختم کر دینا چاہئے اور متحد و متفق ہو کر حالات کا مقابلہ کرنا چاہئے۔ آپ نے کہا بعض مفاد پرست ... مذہبی جذبات برانگیختہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ وہ بھائی کو بھائی سے لڑائیں۔ شیخ عبداللہ نے یہ بتاتے ہوئے کہا کہ تمام فرقوں میں اچھے برے لوگ ہیں۔ کشمیر میں صرف ہندو اور سکھ ہی جاگیردار نہیں ہیں بلکہ مسلمان بھی جاگیردار ہیں۔ مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ صرف مفاد پرست لوگ ہی موجودہ نظم و نسق کے خلاف ہیں۔ یہ ایک قدرتی بات ہے کیونکہ موجودہ حکومت مفاد پرست لوگوں کی مخالف ہے۔

عید کی نماز خود شیخ عبداللہ نے پڑھائی۔

دہلی میں عید امن سے گذر گئی

دہلی ۹ راگست ... مسلمانوں نے عید منائی ... عید کی نماز ... جامع مسجد میں ... مولانا ابوالکلام آزاد نے ... عیدگاہ میں ... اور ... صاحب نے امامت کے فرائض انجام دئے ... عیدگاہ ... پولیس کا انتظام بہت اچھا تھا۔

کراچی اور ڈھاکہ میں عید

کراچی ۹ راگست۔ کراچی میں ... کراچی کے لاکھوں مسلمانوں نے عید کی نماز ادا کی۔ مشرق وسطیٰ کے ممالک کے سفیر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ مولانا شبیر احمد عثمانی ممبر پاکستان دستور ساز اسمبلی نے نماز پڑھائی۔ وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں بھی نماز میں موجود تھے۔ ڈھاکہ میں کچھ ... عید سادگی سے منائی گئی ... میدان میں نماز کے لئے ہزاروں آدمیوں کا اجتماع ہوا۔ خواجہ ناظم الدین وزیر اعظم بنگال نے بھی یہیں نماز پڑھی۔

لاہور میں عید کے دن افسوسناک حادثہ
چوبیس آدمی ہلاک، ۱۹ زخمی ہوئے

لاہور ۹ راگست۔ لاہور میں عین عید کے دن ایک سخت افسوسناک حادثہ پیش آیا۔ نماز کے بعد بادشاہی مسجد سے نکلتے ہوئے ... ۲۴ آدمی ہلاک اور ۱۹ آدمی زخمی ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ بادشاہی مسجد میں ... لاکھ آدمی نماز کے لئے جمع ہوئے۔ شاہی مسجد میں نماز کے لئے تاریخ کا یہ سب سے بڑا اجتماع تھا۔ نماز ختم ہوتے ہی لوگ بڑے دروازے سے نکلنے کے لئے جلدی کرنے لگے ... رش میں ... آدمی زمین پر گر پڑے ... اور نہ اٹھ سکے ... اور کچلے جانے سے ان کی موت واقع ہو گئی۔ جب تک تمام مجمع باہر نہ نکل سکا اس وقت تک کسی کو اس حادثہ کا پتہ ہی نہ لگ سکا ...

برما میں سفید گھوڑے والی دیوی کی سرگرمیاں
کئی مرتبہ پولیس کو دھوکہ دے گئی اور گرفتار نہ ہو سکی

رنگون ۹ راگست۔ وسط برما میں آج کمیونسٹ کا جنگلی علاقوں پر قابض ہیں اور دن رات پولیس چوکیوں اور سرکاری اور غیر سرکاری قافلوں پر حملے کرتے رہتے ہیں۔ ان گوریلوں کی سردار ایک نوجوان خوبرو عورت بتائی جاتی ہے۔ جو ہمیشہ ایک جنگلی گھوڑے پر سوار دکھائی دیتی ہے اور جو مسلسل ڈیڑھ سال سے کئی مرتبہ پولیس کی آنکھوں میں دھول جھونک کر صاف بچ نکلنے میں کامیاب ہو چکی ہے۔ برمیوں میں یہ عورت سفید گھوڑے والی دیوی کے نام سے مشہور ہو گئی ہے۔

پچھلے دنوں اس عورت نے رنگون و مانڈلے کے درمیان ضلع ... میں کئی تھانوں پر چھاپہ مارنے میں نام حاصل کیا۔ لیکن اس کا نام ... کے آغاز میں بھی سننے میں آیا تھا۔ جبکہ ابھی کمیونسٹوں کی جنگ شروع نہ ہوئی تھی۔ پولنگ ... کے عہد حکومت میں بھی جب کمیونسٹوں کے خلاف کارروائی شروع کی گئی تو معلوم ہوا کہ ڈاکوؤں کی سردار ایک عورت ہے جو سب سے زیادہ قانون کی مزاحمت کرتی ہے۔ اس سفید گھوڑے کی دیوی کو گرفتار کرنے کے لئے انتہائی کوشش کی گئی لیکن یہ ہمیشہ پولیس اور فوج کو چل دے گئی۔ آج ۱۹ ماہ تک قانون کو چیلنج کرتے رہنے کے بعد اس کی سرگرمیاں انتہائی شدید ہو گئی ہیں ...

محب الوطن عورت قرار دیا گیا ہے۔ ... کے علاوہ دو اور عورتیں بھی ڈاکو گروہوں کی رہنمائی کر رہی ہیں اور کہیں کہیں قرآن کے گروہ بیشتر عورتوں پر ہی مشتمل ہیں۔

مسٹر جناح کی مسلم ریاستوں سے متحدہ محاذ بنانے کی اپیل
گورنر جنرل پاکستان کا عید کا پیغام

زیارت ۹ راگست۔ پاکستان کے گورنر جنرل مسٹر جناح نے عید کے اپنے پیغام میں ہر مسلمان سے اس بات کی اپیل کی کہ وہ پاکستان کی دیانت داری ... سے خدمت کرے ... انڈونیشیا اور کشمیر کے واقعات ... کرتے ہیں تہنیت کا پیغام بھیجا ... مشرقی پنجاب ... مسلمانوں کی ہجرت ...

ہندوستان نے ماہ جون میں باہر سے ۲ لاکھ ۸۳ ہزار ٹن خوراک برآمد کی

دہلی ۹ راگست ... ماہ جون میں ہندوستان نے باہر سے ... غذا ... حاصل کی ...

سرکاری خزانہ سے دس ہزار روپیہ گم

... سرکاری خزانہ سے دس ہزار روپیہ ... کی اطلاع ...

اٹامک کمیشن کا قیام

کلکتہ ۹ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند جلد ...

ہندو مہاسبھا نے پھر سے سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا فیصلہ کر دیا

دہلی ۹ راگست۔ آج ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی کا ایک اجلاس زیر صدارت مسٹر ایل بی بھوپٹکر منعقد ہوا۔ ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی وزیر صنعت بھی اس اجلاس میں شریک ہوئے۔ کمیٹی نے ایک قرارداد کے ذریعہ سیاسی سرگرمیوں کو پھر سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔ قرارداد میں کہا گیا کہ تمام صوبائی ہندو مہاسبھاؤں اور افراد کی آرا پر غور کرنے کے بعد کمیٹی اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ سیاسی سرگرمیوں کو ملتوی کرنے کے متعلق اس کی سابقہ قرارداد پر نظر ثانی کی جائے۔ اور ہندو سبھا کو محض کلچرل اور سماجک میدان تک ہی اپنی سرگرمیوں کو محدود نہیں کرنا چاہئے۔ بلکہ سیاسی سرگرمیوں کو پھر سے شروع ...

... آزاد ہند کے ان بنیادی عوامل کو مضبوط بنانے میں اپنا حصہ ادا کرنا چاہئے جو ہماری آزاد قوم کے مقاصد کی تکمیل میں ... قرارداد میں ... کہ دوسری باتوں کے علاوہ وہ اس بات پر بھی غور کرے کہ سبھا کے دروازے ہند کے تمام شہریوں کے لئے بلا امتیاز مذہب و ذات کھول دئے جائیں ... ورکنگ کمیٹی ہندو سبھا کی آل انڈیا کمیٹی کا اجلاس ... جس میں اپنے آئندہ لائحہ عمل ...

... بابت اپنی آرزوؤں اور تمناؤں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ایک ماہ کے روزوں کے بعد آج ہم عید کی خوشیاں منا رہے ہیں۔ اگر روزوں کا مقصد ... کرنا تھا تو روزے مسلمانوں پر کیوں فرض کئے گئے۔ یہ خوبیاں ہیں جو ہم کو اپنے اندر پیدا کرنی چاہئیں۔ انہی پر ہماری نجات کا دار و مدار ہے۔ مسلم ریاستوں کو میں دوستی اور خیر سگالی کا پیغام بھیجتا ہوں۔ ہم بہت پرخطر دور سے گذر رہے ہیں۔ فلسطین، انڈونیشیا اور کشمیر میں جو جنگ اقتدار جاری ہے وہ ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے۔ صرف متحدہ محاذ قائم کرنے پر ہی دنیا بھر کے معاملات میں ہماری آواز سنی جا سکتی ہے۔ ... میری آپ سے درخواست ہے خواہ آپ میری نصیحت کو کسی بھی قسم کے الفاظ میں ادا کریں اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر مسلمان دیانت، خلوص اور بے غرضی سے پاکستان کی خدمت کرے۔

... تمام شہر میں عید بڑے شاندار طریقے پر منائی گئی۔ تمام شہر میں صبح کے وقت پاکستان کی خوشحالی کے لئے دعائیں مانگی گئیں۔ نماز کے بعد انصار اور مہاجرین نے ایک دوسرے کو مبارک باد دی۔

مسٹر سری کانش کا پیغام تہنیت

کراچی ۹ راگست۔ پاکستان میں مقیم ہندی ہائی کمشنر مسٹر سری پرکاش نے قائد اعظم جناح گورنر جنرل پاکستان کو عید کے موقع پر یہ پیغام تہنیت روانہ کیا۔ آج عید کے مقدس اور مبارک موقع پر میں اپنی نیک خواہشات پیش کرتا ہوں اور آپ کی صحت اور خوشی کے لئے دعا کرتا ہوں آپ کی حکومت اور آپ کے عوام کے لئے بھی دعا کرتا ہوں خدا کرے یہ مقدس دن سب لوگوں کے لئے امن اور خیر سگالی کا باعث ہو۔

ڈھاکہ میں امن کے جلوس

ڈھاکہ ۹ راگست ... ہزاروں آدمیوں نے امن کے سالانہ جلوس میں شرکت کی۔

کوئلہ نکالنے کی نئی مشین

لندن ۹ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ... ماہرین صنعت کاری نے کوئلہ نکالنے کی جدید ترین مشین ... کہا جاتا ہے کہ اس ایجاد کے مکمل ہونے پر کوئلہ نکالنے کی صنعت میں انقلاب عظیم آجائیگا۔ اس مشین کے ذریعہ کوئلہ کاٹنے کے ساتھ ساتھ اس کو کوئلہ لانے والی مشین پر لادا بھی جا سکتا ہے۔

روس نے یہودیوں کو اسلحہ نہیں دیا
ماسکو ریڈیو کی تردید

لندن ۹ راگست۔ ماسکو ریڈیو نے آج غیر ملکی اخباروں کی اس اطلاع کی تردید کی کہ روسی حکومت اسرائیل کو اسلحہ اور سامان جنگ مہیا کر رہی ہے ... روسی خبر رساں ایجنسی تاس کا بیان نشر کرتے ہوئے کہا ... روس نے ... فلسطین میں جنگ بند ... فلسطین کا ... ہو سکے گا۔

قبائلی علاقوں پر بمباری
افغانستان کے اخباروں کا احتجاج

نئی دہلی ۹ راگست۔ کابل کے اخبارات نے قبائلی علاقوں پر پاکستان کے ہوائی جہازوں کی بمباری کی شدید مذمت کی ہے ... اس بمباری کی کوئی بھی وجہ جواز پیش نہیں کر سکتا ...

مزدور لیڈروں کی بھوک ہڑتال

بھوپال ۹ راگست۔ بھوپال کی مزدور سبھا کے صدر خان شاکر علی خاں اور ... نے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔ ان کے مطالبات حسب ذیل ہیں۔ گرفتار شدگان کی رہائی، سبکدوش شدہ مزدوروں کی بحالی، بقایا تنخواہ کی ادائیگی وغیرہ ہیں۔ بھوپال میونسپل بورڈ نے اپنے اجلاس میں اس معاملے کے بارے میں ایک ریزولیوشن پاس کیا ہے جس میں ہڑتالیوں سے اظہار ہمدردی کیا ہے۔

مسٹر رضوی کی سردار پٹیل سے ملاقات

نئی دہلی ۹ راگست۔ نئی دہلی میں حیدرآباد کے ... ایجنٹ جنرل مسٹر ... رضوی نے کل نائب وزیر اعظم اور ریاستی امور کے وزیر سردار پٹیل سے ملاقات کی۔

الجمعیۃ کا آزادی نمبر

۱۵ راگست — وہ مبارک تاریخی دن ہے

جس میں ہندوستان کو اجنبی غلامی کی لعنت سے نجات ملی۔ ہندوستانی اس دن کو ہمیشہ بطور عید شان و شوکت کے ساتھ منائیں گے۔

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۵ راگست کو الجمعیۃ کا شاندار آزادی نمبر شائع کیا جائے۔ چنانچہ پوری سرگرمی کے ساتھ اس نمبر کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔

آزادی نمبر میں ملک کے ہر خیال اور ہر مذہب کے صف اول کے رہنماؤں، مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ ذمہ داروں اور ممتاز لکھنے والوں کے بیش بہا مضامین، بلند پایہ شعراء کی خاص نظمیں اور اہل علم کے حیات افزا علمی مقالات پیش کئے جائیں گے۔

آزادی نمبر ۲۰×۳۰/۴ سائز کم از کم ۴۴ صفحات پر شائع ہوگا۔
قیمت فی کاپی چار آنے (۴ر)

ایجنٹ صاحبان: اپنے مطلوبہ پرچوں کی صحیح تعداد سے مطلع فرمائیں۔
مشتہرین: کے لئے یہ ایک نادر موقع ہے، وقت بہت کم ہے اس لئے جلد اشتہارات کے لئے جگہ بک کرا لی جائے۔

مینیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دار السلطنت

طالب علم لڑکیوں کا ستیہ گرہ

ایک مشرقی پنجاب یونیورسٹی کالج کی طالبات اور حکومت ہند کی کالجوں کی ملازمت کے درمیان سمجھوتہ کرانے کے لئے ...

سر مرزا اسمٰعیل

پنڈت نہرو لندن اور پیرس کی کانفرنس میں شرکت کرینگے

کانگریس پارٹی کے اجلاس میں وزیر اعظم کا سیاسی حالات پر تبصرہ

دہلی ۱۰ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ اتوار کے دن پنڈت نہرو نے کانگریس پارٹی کو بتایا کہ وہ لندن میں منعقد ہونے والی دولت مشترکہ کے وزراء اعظموں کی کانفرنس میں شریک ہوں گے۔ اور ستمبر میں وہ پیرس میں ہونے والی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کریں گے۔ کانگریس پارٹی کا یہ اجلاس ہندوستانی پارلیمنٹ کے اگست ستمبر والے اجلاس سے پہلے منعقد ہوا تھا۔ اس میں پنڈت نہرو نے بین الاقوامی حالات پر تبصرہ کیا۔ اور ساتھ ہی ساتھ اندرونی سیاسی حالات پر بھی روشنی ڈالی۔ آپ نے خاص طور پر حیدرآباد اور کشمیر کا ذکر کیا۔ نیز بتایا کہ حکومت ہند اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کا مقابلہ کرنے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے۔

آپ نے کہا کہ کشمیر کی جنگ میں پاکستان کے کھلے طور پر حصہ لینے سے کشمیر کی جنگ کا رُخ ہی بدل گیا ہے۔ آپ نے حیدرآباد کی تشویشناک صورت حال پر بھی تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ان حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے۔ اشیاء کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ پر بھی حکومت توجہ دے رہی ہے ...

امپیریل ہوٹل میں شاندار دعوت

(صفحہ اول کالم ۶ سے آگے)

... پر تشریف فرما ہوگئے۔ اس کے بعد دوسرے مہمان لائے ... بعد ازاں عالی جناب راج گوپال آچاریہ گورنر جنرل ہندوستان تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ آپکے ...

... خاتمہ پر سب سے پہلے حضرت مولانا ابوالکلام آزاد تشریف لے گئے۔ اور اس کے تقریباً بیس منٹ بعد گورنر جنرل تشریف لے گئے۔ وزیر اعظم تقریباً آخر وقت تک موجود رہے۔ اور شرکاء مجلس سے بہت سے افراد سے گفتگو فرماتے رہے۔ تقریباً سات بجے یہ شاندار دعوت نہایت کامیابی کے ساتھ ختم ہوئی۔

گاندھی میموریل فنڈ

دوسرے بل

پنڈت نہرو یہ بل پیش کریں گے کہ سیاسی ... افسروں سے حلف لیا جائے۔ اور ان ... کے سرکاری عہدوں کے فرائض کی انجام دہی کے لئے ... پنڈت نہرو ایک بل پیش کریں گے جس میں ہندوستانی تجارتی جہازرانی ایکٹ میں ترمیمیں تجویز کی جائیں گی۔ سردار پٹیل مردم شماری کے متعلق تجویز بل کی صورت میں پیش کریں گے۔ مسٹر ... یہ تجویز بھی کریں گے کہ بینکنگ کمپنی بل کو ایک کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے۔ اور یہ ہدایت کی جائے کہ کمیٹی اپنی رپورٹ ۲۵ راگست سے پہلے پہلے پیش کر دے۔ مسٹر گیڈگل سلیکٹ کمیٹی کے پیش کردہ بجلی کے سپلائی بل کی تائید کریں گے۔ مسٹر شیاما پرشاد مکرجی یہ تجویز کریں گے کہ مرکزی سلک بل کو ایک کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے۔ ڈاکٹر متھائی بمبئی، کلکتہ، مدراس پورٹ ٹرسٹ اور انڈین ریلوے بل میں ترمیمیں تجویز کریں گے۔

گمشدہ کی تلاش

ہرو لیش لال پسر اہر عج رام لال بیرسٹر ایٹ لا لائیڈک ہاؤس نمبر ۹۵۶۲ بھاؤ گڑھ روشن آرا روڈ سبزی منڈی دہلی عمر تقریباً ۱۱ سال قد ۴ فٹ، سر لمبوترہ، موٹی آنکھیں سانولہ۔ سینٹ فرانسس ہائی اسکول لکھنؤ سے کل ۸ راگست سے لاپتہ ہے جس صاحب کو ملے یا جو شخص میرے پاس پہنچا دے اس کو کرایہ ریل کے علاوہ مبلغ چالیس روپے انعام دیا جاوے گا۔ اگر برخوردار خود پڑھے تو خود پہنچ جاوے یا پتہ سے مطلع کرے اسے کچھ نہ کہا جاوے گا۔

برطانوی گورنروں کی کانفرنس

(بقیہ کالم ۴ سے آگے)

استحاد المسلمین نے میری کوششوں کو کامیاب نہیں ہونے دیا

دہلی سے جاتے وقت سر مرزا اسمٰعیل کا بیان

دہلی ۱۰ راگست۔ سر مرزا اسمٰعیل اتوار کے دن بنگلور روانہ ہوگئے۔ انہوں نے جاتے وقت ایک بیان دیا جس میں کہا کہ حیدرآباد اور انڈین یونین کے درمیان سمجھوتہ کرانے کی میری کوششوں کو حیدرآباد کے انتہا پسند عناصر اور خاص طور پر حیدرآباد کونسل کے اتحاد المسلمین کے ممبروں نے ناکام بنا دیا۔ ان ممبروں نے ہز اگزالٹڈ ہائینس کو اس بات پر آمادہ کر لیا کہ وہ میرے مشورہ کو منظور نہ کریں ... میں اپنا فرض محسوس کرتا ہوں کہ میں یہ بتاؤں کہ میں کیا کر رہا تھا۔ اور اس کا کیا نتیجہ نکلا۔ بعض حلقوں میں میری ... کے متعلق غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں۔ اور اس لئے اس کی وضاحت اور بھی ضروری ہوگئی ہے۔

آپ نے کہا کہ حیدرآباد اور انڈین یونین کے تعلقات میں ابتری سے مجھے تشویش پیدا ہوگئی تھی اور ایک محب وطن ہونے کی حیثیت سے میں نے اپنا فرض محسوس کیا کہ میں نظام اور حکومت ہند کے درمیان سمجھوتہ کرانے میں اپنے اثرات کو استعمال میں لاؤں۔ خاص طور پر اس صورت میں جبکہ میری رائے میں نظام اور حکومت ہند ...

کھیل کی خبریں

پاکستان نے ہالینڈ کو ۶ گول سے ہرا دیا

لندن ۹ راگست۔ آج پاکستان کی ہاکی ٹیم نے ...

آسٹریلیا اور لنکا شائر میں کرکٹ کا مقابلہ

متھرا میں سنگھیوں کی سرگرمیاں

متھرا ۹ راگست۔ یہاں آر۔ ایس۔ ایس کے ...

آسام کی ہائیکورٹ

شیلانگ ۸ راگست۔ آئندہ ۱۲ راگست سے آسام کی ہائیکورٹ اپنا کام شروع کر دے گی۔ گوہاٹی اس علاقہ کا صدر مقام رہے گا۔

اولمپک ہاکی کے سیمی فائنل

دہلی ۹ راگست۔ اولمپک کھیلوں کے سلسلہ میں لندن میں ۹ راگست کی شب کو ہاکی کی ٹیموں کے مقابلہ کی ترتیب اندازی کی گئی اور آج (پیر کے دن) ہندوستان اور ہالینڈ اور پاکستان اور برطانیہ کا ... ویمبلے اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔

امریکہ نے ۲۶ تمغے جیت لئے

لندن ۹ راگست۔ گزشتہ شب تک امریکہ نے اولمپک کے کھیلوں میں سب سے زیادہ تمغے جیتے ہیں۔ امریکہ کے کھلاڑیوں نے ۲۶ طلائی ... تمغے جیتے ہیں ... سویڈن کا نمبر دوسرا ہے جس نے ... تمغے جیتے ہیں ان میں پانچ سونے کے تین چاندی کے اور تین برنج کے ہیں۔

گھوڑ دوڑ بازی میں پاکستان کی ہار

مدرسہ جامع العلوم فتحپوری مسجد

یلو دریگن پہاڑوں سے کمیونسٹوں کو نکالا جا رہا ہے

چین کی خانہ جنگی کی رفتار۔ گذشتہ شش ماہی پر تبصرہ

نانکنگ ۹ راگست۔ نیم سرکاری اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ جنوبی شانسی پر حملہ کرنے کے سلسلہ میں ابتدائی اقدامات کی حیثیت سے جنرل ہو چنگ نان شمالی چین میں چین کی سرکاری فوجوں کے کمانڈر نے یلو دریگن پہاڑوں کو کمیونسٹوں سے صاف کرنا شروع کر دیا ہے۔ چین کی خانہ جنگی کے سلسلہ میں مختلف محاذوں سے صرف یہی ایک اطلاع موصول ہوئی ہے ...

(باقی کالم اول کے نیچے)

مخلصین جمعیۃ علماء سے ضروری درخواست

جمعیۃ علماء ہند کے حلقہ اثر کو بڑھانا درحقیقت اس اہم وقت میں مسلمانوں کی سب سے بڑی خدمت انجام دینا ہے لہذا جمعیۃ کے مخلصوں اور ہمدردوں سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ مسلمانوں تک جمعیۃ کے پروگرام کو پہنچانے کی کوشش کریں گے جس کی سہل ترین صورت صرف یہ ہے کہ

جمعیۃ علماء ہند کے واحد ترجمان الجمعیۃ

کو مسلمانوں کی ہر بستی اور ہر گھر میں پہنچانے کا انتظام کیا جائے۔ اس لئے جمعیۃ کے ہر ہمدرد کو اپنی اپنی جگہ پر غور کرنا چاہئے (۱) کہ ان کے زیر اثر کون کون سے مقامات ایسے ہیں جہاں ریلوے ڈاک کے ذریعے اخبار پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں ابتک الجمعیۃ کی ایجنسی قائم نہیں ہوئی ہے ایسے مقامات بہم پہنچا کر ... ایجنسی طلب کرکے ان کے مطابق ایجنسی قائم کرانے کا جلد از جلد انتظام کرائیں۔

(۲) اور کون کون سی ایسی جگہیں ہیں جہاں ایجنسی قائم نہیں ہو سکتی ایسے مقامات پر کوشش کرکے چند مخلصین خریدار بنائے جائیں ...

آپ کی کوشش آپ کے اخبار کو ہندوستان کا سب سے کثیر الاشاعت اخبار بنا سکتی ہے۔

نیاز کیش۔ عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

جمعیۃ علماء کیا ہے؟

جمعیۃ علماء کیا ہے؟

اسلامی پرچم

نور الاصباح

تاریخ اسلام

ہمارے پیغمبر

قصص القرآن

نبی عربی

خلافت راشدہ

خلافت بنی امیہ

جنگ بدر

انقلاب

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دھوپ اور نظر کے چشمے

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین حیدر بلیماران چاندنی چوک دہلی

تپدق اور پرانے بخارات جبری

... جبری جگادھری (مشرقی پنجاب)

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۶ شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۲ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۹ | فی پرچہ ۲ آنہ، بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

اشتہار کے لئے جگہ خالی ہے

جالندھر میں عورتوں کا مظاہرہ

جالندھر ۱۰ اگست۔ کل صبح صوبہ پنجاب میں اناج اور ضروری اشیاء کی قیمتیں گرانی کو دور کرنے کا مطالبہ کرنے کے لئے جن کانفرنس کے زیر اہتمام یہاں ڈی۔ اے وی کالج سے ایک جلوس نکالا جس میں تقریباً پانچ صد عورتوں نے سیتا دیوی ایم۔ ایل۔ اے کی رہنمائی میں حصہ لیا۔ مظاہرین کے ہاتھوں میں بلیک مارکیٹ کرنیوالوں کو پھانسی دو۔ اناج سستا کرو۔ پنجاب کو بنگال کے قحط کی طرح بچنے سے بچاؤ کے ماٹو تھے۔

ہم نے ذمہ داریوں کو سنبھالا ہے تو مشکلات بھی یقیناً ہماری راہ میں آئیں گی

لیکن ان مشکلات سے گھبرانا نہیں بلکہ ان کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہیے

گاندھی گراؤنڈ کے جلسہ میں حضرت مولانا آزاد کی تقریر

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

"اس بنیادی بات کو نہ بھولئے کہ جو لوگ چلتے ہیں ان ہی کو ٹھوکر لگتی ہے ... ہم نے ذمہ داریوں کو سنبھالا ہے تو لازمی طور پر مشکلات کا ہمارے سامنے آئیں گی ... ان مصیبتوں اور ٹھوکروں سے گھبرانا نہیں بلکہ ان کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہیے" یہ ہیں ... ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم حکومت ہند نے گاندھی گراؤنڈ میں آزادی کے ہفتہ کا افتتاح کرتے ہوئے ...

حضرت مولانا نے فرمایا:

"دنیا میں ہر شخص آدمی ہی پیدا نہیں ہوتا بلکہ موت اور پیدائش کا یہ قانون سب کے لئے یکساں ہے۔ قومیں بھی اسی طرح پیدا ہوتی ہیں ...

نیا واقعہ

... اس کیفیت وہ حادثے سے جو ختم ہوں گے وہ ایسے نہیں ہیں کہ جلد بھر جائے۔ انہیں آج تک ختم نہیں ہوئے باقی ہے اور معاملہ اسی پر ختم نہیں ہو جاتا بلکہ جب ہم چاروں طرف دیکھتے ہیں تو پریشانی ہی پریشانی نظر آتی ہے۔ قدم قدم پر رکاوٹیں اور الجھنیں ہیں لیکن اس کے باوجود ہمیں ایک بنیادی بات کو نہیں بھولنا چاہیے کہ جو آدمی چلتے ہیں ٹھوکریں ان ہی کو لگتی ہیں۔ کانٹے ان ہی کے تلووں میں چبھتے ہیں جو چلتے ہیں۔ بارہ مہینے ملک اپنی قسمت کا مالک نہیں تھا بلکہ اس کی قسمت دوسروں کے ہاتھوں میں تھی جب ملک میں برائی پیدا ہوتی تھی تو ہم اپنی طرف نہیں بلکہ ان کی طرف دیکھتے تھے۔ لیکن آج ہم اپنی قسمت کے خود مالک ہیں اور ظاہر ہے جب ہم خود اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ اور کھڑے ہوں گے تو ہماری راہ میں لازمی طور پر مصیبتیں آئیں گی اگر ذمہ داری کا بوجھ اٹھایا ہے تو قدم قدم پر ٹھوکریں بھی کھانی پڑیں گی۔ لیکن ہمیں ان مصیبتوں اور ٹھوکروں سے گھبرانا نہیں بلکہ ان کا مردانہ وار مقابلہ کرنا چاہیے (باقی صفحہ ۴ پر)

(باقی صفحہ ۴ پر)

برلن میں صورت حال اور زیادہ نازک ہو گئی

روسیوں کی جنگی تیاریاں، خندقیں کھودی جانے لگیں

ماسکو ۱۰ اگست۔ ... مسٹر مولوٹوف وزیر خارجہ اور مغربی طاقتوں کے نمائندوں کے درمیان ایک ... ملاقات ہوئی ... برطانوی نمائندے ... کوئی یہ کہہ نہیں سکتا کہ یہ آخری ملاقات تھی اور اس کے بعد کوئی ملاقات نہیں ہو گی ... ان نمائندوں کو ایمون، پیرس اور واشنگٹن سے نئی ہدایات موصول ہوئی ہیں ... روسیوں نے ... جرمن ریلوے حکام کو حکم دیا ہے ...

بجالیات کا مسئلہ

... دوسرے سوالات صفحہ ۲ پر ملاحظہ کیجئے۔

امام صاحب جامع مسجد دہلی

آپ کے خلاف جعلی پرمٹ فروخت کرنے کا الزام غلط ثابت ہوا

جامع مسجد دہلی کے بڑے امام صاحب ... کے خلاف پروپیگنڈہ کیا گیا تھا کہ آپ ... جعلی پرمٹ ... معلوم ہوا کہ یہ خبر سراسر بے بنیاد ہے ...

کراچی ۱۰ اگست۔ مولانا سید احمد صاحب امام دہلی کے بارہ میں جو یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ ان پر جعلی پرمٹ فروخت کرنے کا الزام ہے یہ خبر سراسر غلط اور بے بنیاد ثابت ہوئی ... جنرل صاحب کراچی نے اس امر کی تصدیق کر دی ہے ... امام صاحب ... کی پرمٹ کے سلسلہ میں ... پولیس کی طرف سے کوئی الزام نہیں ہے۔

خوشخبری

مسلمانان دہلی کے لئے یہ خبر باعث مسرت ہوگی کہ امام صاحب عارضی طور پر چند روز کے لئے تشریف لے گئے تھے ... عنقریب واپس تشریف لے آئیں گے۔ (نامہ نگار خصوصی)

لاہور میں نیا گزینوں کا مظاہرہ

شکایتیں درج کرانے کا نیا طریقہ

لاہور ۱۰ اگست۔ لاہور میں مقیم پناہ گزینوں نے اپنے جذبات ... کے لئے ایک نیا طریقہ ایجاد کیا ہے ... جمعیت کے مارے سڑکوں پر ... نعرے لگاتے ہیں ...

نئی دہلی ۹ اگست۔ سلیکٹ کمیٹی نے ... سفارش کی ہے ... منظور ... کی جانی چاہیے۔

ملایا میں ایک اور دہشت انگیزی

... ۱۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ چینی دہشت پسندوں ... ایک اسکول ... کو گولی مار کر ہلاک کر دیا ... ان تمام چینیوں ... کی مدد کریں گے۔

عربوں اور یہودیوں میں صلح کی سب سے اہم تجویز

کاؤنٹ برناڈوٹ کی رپورٹ

... ۱۰ اگست ... کاؤنٹ برناڈوٹ ... رپورٹ ... عربوں اور یہودیوں ... بیت المقدس ... آپ نے ... سے ... معلوم ... نہیں ...

بہار میں زبردست سیلاب

سکھالی کیمپ کا نام بھی تبدیل

کشمیر کمیشن کے پروگرام میں تبدیلی

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ ... کمیشن ... کراچی ... اس کے پروگرام میں تبدیلی ...

ہڑتالی طلبا کے مطالبات منظور

حکومت کو جھکنا پڑا!

نئی دہلی ۹ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند اس بات کے لئے تیار ہو گئی ہے کہ ... ہڑتالی طلبا کے مطالبات تسلیم کر لئے ... طلبا کو ... ہوسٹل ...

اچکن اور پاجامہ

دہلی ۱۰ اگست۔ کل آل انڈیا ریڈیو کے اطلاعی ... گاندھی گراؤنڈ کے جلسہ ... ابوالکلام آزاد کا ... اچکن اور پاجامہ پہن ... پاجامہ کا لفظ ... اس پر ایک زور کا قہقہہ لگا۔

حیدرآباد میں زور شور سے جنگی تیاریاں جاری ہیں

نظام نے یورپ کے ممالک سے پچاس کروڑ روپیہ کا جنگی سامان خرید لیا

بمبئی ۹ اگست۔ اخبار "بمبئی کرانیکل" کا نامہ نگار ... لکھتا ہے کہ سڈنی کاٹن اپنے چار انجنوں والے ... طیارے میں ... ٹن اسلحہ ... کے لئے مامور کیا گیا ہے۔ خود سڈنی کاٹن کو اس کی ہر پرواز کے لئے دس لاکھ روپیہ دیا گیا ہے۔

خیال تھا کہ سڈنی کاٹن کے آخری جہاز میں ... بہت پرانی اور بیکار ... سامان بھرا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ جہاز اسی قسم کا سامان لے کر حیدرآباد پہنچتے ہیں ... حیدرآباد کے ایک ذمہ دار شخص نے بتایا کہ ... وقت حیدرآباد شہر اور دوسرے شہروں میں سخت ... یورپ کے ممالک سے ۵۰ کروڑ روپیہ کا جنگی سامان خرید ... اور سڈنی کاٹن کی کمپنی ... اس سامان کو پوشیدہ طور پر حیدرآباد لے جانے ...

کراچی ۱۰ اگست۔ یہاں پراگندہ اطلاعات ... تصادم ... ایک پولیس افسر ...

حیدرآباد کے متعلق قرطاس ابیض

دہلی ۱۰ اگست۔ خیال ہے کہ آج پارلیمنٹ میں سردار پٹیل نائب وزیر اعظم حیدرآباد کے بارے میں قرطاس ابیض پیش کر دیں گے۔

حیدرآباد کے انگریزوں کی حفاظت

لندن ۱۰ اگست۔ تعلقات دولت مشترکہ کے ایک نمائندے نے کہا کہ اگر بدقسمتی سے ضرورت پیش آئی تو حیدرآباد کے یورپینوں کی حفاظت کا انتظام برطانیہ کے ہائی کمشنر متعینہ دہلی کریں گے۔ ہائی کمشنر حالات پر گہری نگاہ رکھ رہے ہیں اور افسران متعلقہ سے اس سلسلہ میں ربط قائم کئے ہوئے ہیں۔

حیدرآباد میں اسلحہ کی تیاری

مدراس ۱۰ اگست۔ ... سے موصول شدہ ایک اطلاع مظہر ہے کہ حیدرآباد میں الومینیم فیکٹری ہیں اور ... ایک خفیہ کارخانے میں اسلحہ اور ... بنایا جا رہا ہے۔

ٹوڈاکوؤں کی گرفتاری!

جبل پور ۱۰ اگست۔ جبل پور سے ... میل کے فاصلہ پر ... کے مقام پر ڈاکوؤں کی ایک جماعت گرفتار ہوئی ہے۔ ان کے پاس سے متعدد ہتھیار برآمد ہوئے ہیں ... گرفتار شدہ لوگوں میں ... ایک سپرنٹنڈنٹ ... پناہ گزین ہیں یہ جماعت گزشتہ ... ڈکیتی کر رہی ہے۔

۱۵ ہزار مغویہ عورتیں نکالی گئی ہیں

امرتسر ۱۰ اگست۔ دونوں پنجابوں کے متعلق جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں صوبوں میں اغوا شدہ عورتوں کو نکالنے کا کام ناقابل اطمینان ہے۔ اگرچہ صحیح طور پر نہیں معلوم کہ کتنی عورتوں کو اغوا کیا گیا ہے اور کتنی عورتوں کا جبراً مذہب تبدیل کیا گیا لیکن یہ خیال ہے کہ ایسی عورتوں کی تعداد ۵۰ ہزار ہے۔ ان میں سے صرف ۱۵ ہزار عورتیں نکالی جا سکی ہیں۔

لاہور ۱۰ اگست۔ ... ریاست بہاولپور ... ۱۱۴۶۹ روپے ہو گئی ہے اس رعایت ... ایک ... کے ہے۔

کشمیر کمیشن کی پاکستان کے فوجی افسروں سے ملاقات

کراچی ۱۱ اگست۔ کل صبح کشمیر کمیشن نے پاکستان کے نمائندوں اور فوجی افسروں سے ملاقات کی۔ افسران میں ... جنرل سر ڈگلس گریسی، میجر جنرل ... بریگیڈیئر ... شامل تھے ... کمیشن ... دہلی ... جائے گا ... ہندوستانی فوج ...

یہودی نواز ملکوں کا بائیکاٹ

دمشق ۱۰ اگست۔ ...

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۲ اگست ۱۹۴۸ء

مہا سبھا پھر میدانِ سیاست میں

۸ اگست کو نئی دہلی میں ماسٹر مہو پنکر کی زیر صدارت اور ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی کی موجودگی میں آل انڈیا ہندو مہاسبھا کی مجلس عاملہ کا اجلاس ہوا جس میں مہاسبھا نے پھر تیار رنگ بدلنے اور چھ ماہ کی کینچلی اتارنے کے بعد پھر ایک نئی کروٹ لی۔ اور فیصلہ کیا، کہ ہندو مہاسبھا کو پھر سے سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لے کر "آزاد ہندوستان کی سیاسی زندگی کے بنیادی تحریکات اور عوامل کو مضبوط بنانے کے لئے" میدان میں آ جانا چاہئے۔

مہاتما گاندھی کے قتل کے بعد جب حکومت نے فرقہ پرست طاقتوں کے خلاف قدم اٹھایا۔ اور زمانہ ساز اور مفسد لیڈروں کی گردن ناپنی شروع کی، تو روباہ صفت لیڈروں نے رنگ سے رنگ ملانے کے لئے چولے بدلنے کی کوشش کی۔ اور فرقہ پرستی سے توبہ کرنے کی ٹھان لی۔ چنانچہ ہندو مہاسبھا جو ہندوستان میں فرقہ پرستی کی جان اور طبقاتی منافرت کی ...

... کہا ہے کہ ہندوستان میں قدرے سکون کے بعد پھر ہیجان پیدا ہو۔ اور اصلاح احوال کی تدابیر پر پانی پھر جائے؟

اقلیت کی فرقہ پرستی تو سمجھ میں آسکتی ہے، کہ اسے اپنے مذہبی، سماجی اور تہذیبی حقوق کی طرف سے اطمینان نہیں ہوتا۔ اور وہ اپنے آپ کو اکثریت کے جارحانہ حملوں سے محفوظ نہیں سمجھتی لیکن اکثریت کی فرقہ پرستی سمجھ میں نہیں آسکتی آخر اسے کیا مصیبت پڑی ہے کہ اپنے حقوق کا شور مچائے اور اپنے مخصوص مفاد کے مورچے لگائے۔ اکثریت کا عددی غلبہ ہی اس کے حقوق کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔ کیونکہ وہ حکومت کے دروبست پر سنتری بن کر کھڑی رہتی ہے۔ اور وہ فائدہ کماتا ہے، کہ جس طرح چاہے، حقوق کی قاشیں تقسیم کرے۔ اور جب چاہے۔ اقلیتوں کی کل مروڑ کر رکھ دے! ایسی حالت میں اگر اکثریت اپنے کلچر یا سیاسی حقوق کا ڈھونگ ...

... کا صدقہ ہے کہ اقلیتوں کے حقوق محفوظ ہیں مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ عوام اور حکام سے شکایت ہے لیکن انہیں راہ راست پر لانا مسلمانوں کی عزیمت پر موقوف ہے۔ تحمل اور استقامت کا اظہار ہونا چاہئے حالات خود بخود بدلتے چلے جائیں گے۔

... مہاسبھا میں بلا امتیاز مذہب و مشرب ہر شخص شریک ہوسکتا ہے۔ کیونکہ جانتے ہیں کہ مسلمان تو اس کا نام نہیں لے گا سنگھی ذہنیت اس میں جذب ہوتی چلی جائیگی مگر یہ کھلا فریب ہے۔ اور حکومت کا کام ہے کہ اس کا ادراک کرے۔

ہڑتالیں!

مزدوروں کی ہڑتال ایک ایسا ہتھیار ہے جسے غلط اور صحیح دونوں طریقوں پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ انگریز کے زمانہ کی ہڑتالیں ... مزدور دشمنی کے خلاف ایک مؤثر حربہ ... ہوئیں۔ لیکن آزاد ہندوستان کی ہڑتالیں اگر انہیں قابو میں نہ رکھا جائے، تو ملک ...

... پیدا نہیں کرسکتیں۔ بمبئی میں لاکھوں مزدوروں کی عام ہڑتال کا عام شہرہ ہے۔ لیکن یہ فیصلہ مزدور ہی کرسکتے ہیں کہ ان کی ہڑتال سے ملک کی اقتصادی اور صنعتی حالت پر کیا کچھ اثر پڑے گا۔ اور مزدوروں کے مطالبات کس حد تک تسلیم کئے جاسکیں گے!

سال رواں کے ابتدائی چھ ماہ میں ریلوے کارخانوں میں جو ہڑتالیں ہوئیں۔ ان کا نتیجہ یہ نکلا، کہ تین لاکھ دس ہزار دنوں کا کام مٹی میں مل گیا۔ غور کیجئے، کہ تین لاکھ دنوں میں ...

گودھرا کے مسلمان

گذشتہ مارچ، گودھرا میں زبردست فرقہ وارانہ فساد ہوا۔ اکثریت کے فرقہ نے اقلیت کے فرقہ پر بڑھ چڑھ کر مظالم توڑے بہت سے مکانات کو نذر آتش کیا گیا۔ ہزاروں مسلمان تباہ ہوکر گھر سے بے گھر ہوئے۔ اور بہت سے مصیبت زدوں کو پاکستان جانا پڑا۔ غرض سب کچھ ہوا۔ اور خوب جی بھر کر ہوا۔ لیکن ہمارے لئے یہ امر باعث فخر ہے کہ حکومت نے حالات پر بہت جلد قابو حاصل کرکے تلافی مافات کی پوری کوشش کی۔ اور ایک افسوسناک ٹریجڈی کا ... حسن سلوک سے حرف غلط کی طرح مٹا دیا۔ حکومت نے ایک لاکھ روپے سے مظلومین کی امداد کی۔ ستر ہزار ڈیڑھ لاکھ روپیہ قرض دے کر بے روزگاروں کو روزگار سے لگایا۔ جو لوگ گھر سے بے گھر ہوئے۔ ان کے لئے دو سو عارضی مکانات تعمیر کرلئے۔ اور چھ سو مکانات مزید تعمیر ہوں گے بیس ہزار ضرورت مندوں کو راشن مفت دیا گیا جو پندرہ اگست تک جاری رہے گا۔ یہ کوشش بھی ہو رہی ہے کہ جو لوگ پاکستان چلے گئے ہیں۔ وہ واپس آجائیں۔ اور انہیں پرمٹ حاصل کرنے کی سہولتیں دی جائیں۔ امداد و اعانت کا یہ کام اس حکومت کی طرف سے ہو رہا ہے۔ جو پاکستان کی نظروں میں معتوب ہے، اور جسے مسلمانوں کا دشمن قرار دیا جارہا ہے۔ اور دراصل یہ سب کچھ ...

فلسطین کا مستقبل

ایک انگریز اخبار نویس کا تبصرہ

فلسطین میں یہودیوں نے مجلس متحدہ کے حکم سے جو عارضی صلح منظور کی ہے اس سے یہ بات ظاہر ہورہی ہے، کہ شدید جنگ ہوکر رہیگی۔ یہ صلح کسی مضبوط بنیادوں پر قائم نہیں ہوسکی ہے۔ دونوں پارٹیاں بار بار یہ کہہ رہی ہیں کہ عارضی صلح زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتی۔ اور اگر کوئی تصفیہ نہ ہوسکا تو نئے سرے سے جنگ اس وقت تک لڑی جائیگی جب تک فلسطین کی الجھن ختم نہیں ہوجاتی۔ عرب حکومتوں نے یہ صلح شدید دباؤ کی وجہ سے قبول کی ہے۔ عرب یہودیوں پر یہ الزام عائد کرتے ہیں کہ انہوں نے پہلی صلح کی شرائط کو توڑا ہے۔ اور وہ صلح کے دوران میں جنگی اسلحہ اور سپاہی باہر سے لاتے رہے ہیں۔ اور یقینی طور پر کہا جاسکتا ہے۔ کہ جب لڑائی نئے سرے سے شروع ہوگی تو اسرائیلی فوجوں کے پاس پہلے سے زیادہ جنگی جہاز اور توپیں ہونگی۔ سیکورٹی کونسل نے عرب ریاستوں پر جو عارضی صلح ٹھونسی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کونسل اس قضیہ کے حل کو بھی ٹھونسنے کے لئے بالکل تیار ہے۔ اور اس حل یا تصفیہ میں یہودی ریاست کا قیام بھی شامل ہوگا۔ اس فیصلہ نے عربوں کو عملاً یہ بتا دیا ہے کہ ان کو اس بات کی اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ اسرائیلی ریاست کو طاقت کے زور سے ختم کریں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہودی ریاست اقوام کی کونسل کی سرپرستی میں آگئی ہے۔ اور عربوں کو بھی اس بات کا علم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے عارضی صلح کو بہت بے دلی اور تلخی سے قبول کیا وہ جانتے ہیں کہ انہیں نہ صرف عارضی صلح کو قبول کرنے بلکہ فلسطین کی تقسیم اور یہودی ریاست کو تسلیم کرنے کا حکم ملا ہے۔ دوسرے الفاظ میں ان کو اس بات کا حکم ملا ہے کہ فلسطین کی آزادی اور وحدت کے حقوق کو ...

... توصل ہوجائے، مگر اس نے ایک نیا مسئلہ پیدا ہوجاتا ہے۔ یہ مسئلہ فلسطین کے عربوں کے متعلق ہے فلسطین کی معاشی زندگی ختم ہوچکی ہے۔ لاکھ عرب کی تعداد میں پناہ گزین بن چکے ہیں۔ دونوں قوموں کے درمیان تلخی اور بدگمانی بڑھ گئی ہے۔ ان باتوں سے کہا جاسکتا ہے کہ فلسطین کے مستقبل کے متعلق کوئی امید نہیں رکھی جاسکتی۔ عربوں کی تلخی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ دو لاکھ فلسطینی عرب اسرائیلی ریاست سے باہر نکلنے پر مجبور ہوئے ہیں اب وہ پناہ گزینوں کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان کی مصیبتیں بہت زیادہ ہیں اگر ان مہاجرین کو فوراً اپنے گھروں میں واپس بلا لیا جائے اور ان کو ان کی جائیداد وغیرہ واپس کردی جائیں ...

... خدشہ اس بات کا ہے کہ اسرائیلی ریاست کا بننا تو محض ابتدا ہے۔ جوں جوں اسرائیل کی آبادی بڑھتی جائے گی یہودیوں کے مطالبات بھی بڑھتے جائیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ وہ تمام فلسطین کا مطالبہ کریں اور اس کے بعد وہ اپنی سرحدوں کو شرق اردن اور اس کے پرے تک پھیلانے کی کوشش کریں۔

... بے انصافی کا شکار ہوئے ہیں۔ وہ شکایت کریں گے کہ یہ فیصلہ فلسطین کی فلاح و بہبود یا انصاف کو مدنظر رکھ کر نہیں کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ غیر ضروری سیاسی مصلحتوں کی بنا پر کیا گیا ہے۔ اس طرح فلسطین کا پرانا مسئلہ ...

پاکستان جانیوالی گولہ بارود کی گاڑی اڑانے کی اسکیم بنائی گئی تھی

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں ایک گواہ کا انکشاف

لال قلعہ (دہلی) ۹ اگست۔ آج مقدمہ میں ایک گواہ گرموکی شری کرشناجی جاوج نے بیان دیتے ہوئے سنسنی خیز انکشاف کیا کہ آپٹے نے ایک گاڑی میں سامان جنگ اڑانے کی سکیم تیار کی تھی۔ گواہ ایک ... نے اپنا بیان گجراتی زبان میں دیا۔

... آپٹے نے کہا کہ اس کے پاس دو پستول ہیں جو قابل اعتماد نہیں۔ اگر ان پستولوں کو ریوالوروں سے بدل دیا جائے تو وہ کام کو پورا کر دے گا۔ آپٹے میرے پاس دو پستول لایا ایک میں نے اسے واپس کر دیا دوسرے کے بدل میں میں نے اسے ریوالور دے دیا۔ ...

... چلا گیا واپسی پر میں نے آپٹے سے کہا کہ پاکستان جانے والی اسلحہ و بارود کی گاڑی کو ضرور تباہ کیا جانا چاہئے۔ اگر وہ چاہے تو میں اسے دستی بم اور ڈائنامیٹ مہیا کرسکتا ہوں۔ آپٹے نے کہا کہ اسلحہ اور بارود کی گاڑی پاکستان ۱۶ اکتوبر کو جارہی ہے اور وہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۴۷ء تک بمبئی آئے گا۔ آپٹے ۱۲ اکتوبر کو مجھے نہیں ملا اور دیوالی سے ۵-۶ دن پہلے مجھے ملا۔ آپٹے کے ساتھ دوبارہ گفتگو ہوئی کہ پاکستان جانے والی اسلحہ اور بارود کی گاڑی کو اڑانے کے سوال پر پھر بات چیت ہوئی۔ میں نے آپٹے کو کہا کہ اس گاڑی کو ضرور تباہ کیا جانا چاہئے۔ ...

بیاور میں کرفیو لگا دیا گیا

اجمیر ۹ اگست۔ اجمیر مارواڑ کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے بیاور شہر میں ۳۶ گھنٹہ کا کرفیو لگا دیا ہے یہاں دو پارٹیوں میں جھگڑا ہوگیا تھا جس میں چند اشخاص زخمی ہوئے تھے ایک ہلاک بھی ہوگیا۔

مراسلات و اطلاعات

احمد آباد کے افغانوں کا احتجاج

احمد آباد ... صدر انجمن اصلاح افغان ... نے حسب ذیل بیان اخبارات کو دیا ہے۔

حکومت پاکستان کے نقیر ایپی کے ... پر دبا لیں ... افغانان شہر احمد آباد نہایت نفرت اور غصہ کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس بیان سے یہ ثابت ہوگیا ہے کہ حکومت پاکستان اور حکومت برطانیہ میں کوئی فرق نہیں ہے ... جو لوگ برطانیہ کے دوست تھے وہ اب پاکستان کے دوست ہیں اور جو برطانیہ کے دشمن تھے وہ اب پاکستان کے دشمن ہیں لیکن ایک دن آئے گا کہ افغان بیدار ہوں گے ... افغانان احمد آباد حکومت پاکستان کو ... صدر انجمن اصلاح افغان۔ احمد آباد

پانی پت کا رمضان

شرنارتھی بھائیوں کا مخلصانہ طرز عمل

پانی پت وہ قدیم بستی ہے جہاں ایک عرصہ دراز سے قرآن کی تعلیم ہوتی رہی۔ یہ اور یہاں سے قرآنی علم و عرفان کے چشمے ابلتے رہے۔ یہاں رمضان المبارک میں ... قرآن پاک ختم ہوا کرتے تھے۔ ... حالات کے باعث مسلمان اس مرکز علمی اور چشمہ قرآنی کو چھوڑنے پر مجبور ہوئے ... ایسی حالت میں ...

ایڈیٹر کے نام خطوط

ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

عید کی خوشی

مکرمی تسلیم۔ عید کا دن دنیا بھر کے مسلمانوں کی خوشی کا دن ہے۔ رمضان کے ایک ماہ کے روزوں کے بعد عید کی خوشی کے محسوس نہیں ہوتی۔ لیکن بڑے تعجب کی بات ہے کہ ہم رمضان کا پیغام اتنی جلد بھول جاتے ہیں۔ رمضان کے روزوں کا مقصد یہ تو ہوتا ہے کہ ہم ضبط نفس سیکھیں اور ہم میں تنظیم اور اپنے فرائض کو پورا کرنے کا جذبہ پیدا ہو۔ صبح صادق سے غروب آفتاب تک اپنی بھوک پیاس کو مار کر اور تنہائی اور علیحدگی میں بھی کھانے پینے سے بچ کر ضبط نفس کے اصول کو سمجھے اور سیکھنے کی کوشش کرتا ہے لیکن عید کے آتے ہی وہ اس سبق کو اس طرح بھلا دیتا ہے کہ بیان نہیں کیا جاسکتا۔ روزوں سے ہم میں تنظیم و ڈسپلن پیدا کرنا مقصود ہوتا ہے لیکن ہم لوگ ... یہ سبق حاصل ہی نہیں کرتے ... عید کو تو بالکل ہی بھلا دیتے ہیں۔ اگر ہم رمضان کی اہمیت کو سمجھ کر اس کے احکام بجا لائیں تو بہت زیادہ فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

ہند اور پاکستان کی جنگ

مکرمی تسلیم۔ جب سے یہ خبر شائع ہوئی کہ پاکستان نے ... کمیشن کے سامنے کشمیر کی جنگ میں شرکت کا اقرار کرلیا ہے۔ اس وقت سے ہند اور پاکستان کے تعلقات کی عجیب نوعیت ہوگئی ہے۔ ...

جنرل موہن سنگھ کی طرف سے

حکومت مشرقی پنجاب کے الزامات کی تردید

امرتسر ۹ اگست۔ جنرل موہن سنگھ ... ایک طویل بیان جو ان کے خلاف لگائے گئے مشرقی پنجاب کی حکومت کے الزامات کو غلط ...

پاکستان کی پالیسی جھوٹ اور فریب پر مبنی ہے اسکی فوجیں شروع سے کشمیر کی جنگ میں حصہ لے رہی ہیں

حیدرآباد آزاد رہ سکتا ہے یا ہندستان

گاندھی گراؤنڈ کے جلسہ عام میں پنڈت نہرو کی تقریر

[illegible]

ناکہ بندی کی تردید

[illegible] کہا کہ ہم نے محض اسلحہ اور ایسی اشیاء پر پابندی لگائی ہے جو اسلحہ سازی میں کام آسکتی ہے۔ چاول، چینی کی اشیاء اور ادویات کی نقل و حرکت پر کوئی پابندی نہیں بلکہ بھاری مقدار میں حیدرآباد جا رہا ہے۔

پاکستان کی امداد

حیدرآباد کو اسلحہ پہنچانے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ ایک اور معاملہ ہے جہاں پاکستان سرگرمی سے ہند کے خلاف برسر پیکار ہے۔ آپ نے اعلان کیا ہے کہ ہند صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے پوری تیاریاں کر رکھی ہیں۔ ہم طاقت کا استعمال پسند نہیں کرتے لیکن ہند کو ہتھیار اٹھانا پڑے تو وہ اس سے گریز نہ کرے گا بلکہ مستحکم ارادے سے جنگ میں شامل ہوگا۔

کرنسی کا مصنوعی پھیلاؤ

آپ نے کہا کہ ایک ضروری مسئلہ جو ہمیں پریشان کر رہا ہے کرنسی کا پھیلاؤ ہے۔ آپ نے کہا کہ کپڑے پر سے کنٹرول اٹھانے کے لئے حکومت کی غلطی تسلیم کی اور کہا کہ اس سے کچھ لوگوں کی جیبیں ضرور بھر گئیں لیکن زیادہ کی خالی ہو گئیں۔ آپ نے عندیہ دیا کہ اس کے علاوہ کرنسی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔

آپ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ گاندھی جی کے نقش قدم پر چلیں اور ان کے دئے ہوئے درس کو یاد رکھیں۔

مضحکہ خیز جواب

[illegible]

حیدرآباد کی خود مختاری

[illegible]

فوجی اقدام

[illegible]

حیدرآباد کی ایجنٹ جنرل کی مسٹر مینن سے ملاقات

دہلی ۱۰ اگست۔ ایجنٹ جنرل حیدرآباد متعینہ ہندوستان مسٹر ایس ایم اے رضوی نے محکمہ ریاستی کے سکریٹری مسٹر مینن سے ملاقات کی۔ وہ آج پنڈت نہرو وزیر اعظم سے بھی ملاقات کرنے والے ہیں۔

دارالسلطنت

اسلحہ کی برآمد

کل دہلی پولیس نے ... ایک مکان پر چھاپہ مار کر اسلحہ اور گولہ بارود کی بہت بڑی مقدار برآمد کی جس میں ہزاروں روپے کی مالیت کی بندوقیں، پستول اور کارتوس شامل تھے۔ رام سنگھ نامی ایک شخص سے پوچھ تاچھ کرنے پر اس بات کا پتہ چلا اور پولیس نے چھاپہ مارا۔ [illegible]

قتل کا مقدمہ

[illegible]

اچاریہ ونوبا بھاوے کی تقریر

کل ہندو کالج میں اچاریہ ونوبا بھاوے نے تقریر کرتے ہوئے طلباء سے کہا کہ وہ ان کے نقش قدم پر چلیں جنہوں نے ملک کی خاطر اپنی جان قربان کر دی۔ آپ نے کہا کہ ۹ اگست ہند کی تاریخ میں عظیم اہمیت کا حامل ہے۔ اس دن ہزاروں آدمی قید کر دئے گئے اور کئی آدمی جنگ آزادی میں کام آئے۔ ہمیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ ان معلوم اور غیر معلوم بہادروں کی بدولت ہی ہم نے آزادی حاصل کی۔ اب برائی میں سے بھلائی پیدا کرنا ہمارا کام ہے۔ شہید تو مر چکے ہم ان کے ناموں کی عزت کی جائے گی اور ان کے ناموں کو باقی رکھا جائیگا۔ آپ نے کہا کہ گمنام رہ کر کام کرنا مشہور ہو کر کام کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔ پرنسپل ... نے جلسہ کی صدارت کی انہوں نے بھی طلباء سے اس بات کی اپیل کی کہ وہ اپنے کو آزادی کے مستحق بنائیں۔

ہفتہ آزادی کی تفصیلات

کل ضلع کانگریس کمیٹیوں کے اہتمام سے دہلی اور نئی دہلی میں مختلف مقامات پر ہفتہ آزادی کا افتتاح ہوا۔ پروگرام میں جھنڈا سلامی اور ماتم شہیدان شامل تھے۔ نئی دہلی میں ماتا سندری روڈ پر آچاریہ کرپلانی نے جھنڈا سلامی کی رسم ادا کی۔ اس موقعہ پر بندے ماترم اور ٹیگور کے دوسرے گیت گائے گئے۔ نہرو پارک اور لودھی روڈ پر بھی جھنڈا سلامی کی رسمیں ادا کی گئیں۔ صبح

سویرے سے پہلے لوگ جھنڈا سلامی اور پربھات پھیریوں میں مشغول تھے۔ آچاریہ جگل کشور جنرل سکریٹری کانگریس کمیٹی، مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات اور مسٹر گاڈگل وزیر محنت معادن وصنعت نے اجمل پارک جھنڈے والان اور کشمیری گیٹ میں جھنڈا سلامی کی رسم ادا کی۔ پہاڑ گنج اور سبزی منڈی میں بھی یہ رسم ادا کی گئی۔

پولیس افسروں کا تبادلہ

دہلی کی پولیس اور سی آئی ڈی کے بعض اعلیٰ عہدہ داروں کے متوقع تبادلہ کی خبر سنی جا رہی ہے۔ یہ تبادلہ ان جنرل ہیڈکوارٹرز کے اسلحہ خانہ سے ہتھیار چرانے والے گروہ کا پتہ چلانے میں ناکام رہنے کی وجہ سے کیا جا رہا ہے۔

قاتلانہ حملہ

اتوار کی شب کو سبزی منڈی ایک شخص میلا رام پر لاٹھیوں اور کرپانوں سے حملہ کیا گیا۔ حملہ آور جن کی تعداد تین تھی بھاگ گئے۔ میلا رام کے شدید زخم آئے اور اسے اسپتال پہنچا دیا گیا۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

دو آدمی گرفتار

کنگسوے کیمپ سے دو آدمی بلا اجازت خیمے لے جانے کے الزام میں گرفتار کئے گئے۔

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۱

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۱ میں ہفتہ آزادی کا افتتاح صبح ۷ بجے جھنڈا سلامی سے ہوا۔ سب سے پہلے چودھری نوبت سنگھ چوہان نائب صدر ضلع کانگریس کمیٹی نے ایک نظم دلکش شہید محمد عثمان کی زندگی پر اور ایک نظم ... کے شہید پر پڑھی۔ جھنڈا سلامی کی رسم مولانا حفظ الرحمن صاحب نے ادا کی۔

آخر میں آپ نے تمام ہندو مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ آپس میں بھائی چارہ، محبت اور امن و شانتی سے رہیں کیونکہ اسی میں ہم سب کی بھلائی ہے نیز مہاتما گاندھی کے اصولوں پر چلیں اور نہرو حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں۔ اس کے بعد چمن لال جی جنرل سکریٹری نے ہفتہ آزادی کا پروگرام بنایا۔ ۱۲ اگست کو نشہ بندی اور رشوت کے خلاف دفتر ضلع کانگریس کمیٹی سے رات کو ۹ بجے تقریریں نشر کی جائیں گی جس میں مولانا احمد سعید، مولانا حفظ الرحمن، مسٹر جگل کشور کھنہ، مسٹر برجندر کھنہ اور مولانا نورالدین بہاری حصہ لیں گے۔ چندہ جمع کرنے کے لئے ممبران نے علاقہ کا گشت کیا۔

جناح کے بعد پاکستان کی تباہی

برطانوی اخبار کا تبصرہ

لندن ۹ اگست۔ برمنگھم پوسٹ نے ایک مضمون میں لکھا ہے کہ مسٹر جناح ذاتی طور پر واقعی قابل ادمی آدمی ہیں۔ لیکن ان کی حیثیت اس بادشاہ کی سی ہے، جس کا کوئی قابل جانشین نہ ہو۔ اس لئے پاکستان کا مسٹر جناح کے بعد برا حشر ہوگا۔

اسمبلی میں سوالات

میواتیوں اور شرنارتھیوں کی آبادکاری

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ آنریبل ... وزیر بحالیات نے کل ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے اسمبلی میں بتایا کہ اب تک مختلف بستیوں اور محلوں میں ... پناہ گزیں بسائے جا چکے ہیں۔ آپ نے انکشاف کیا کہ حکومت ہند نے پناہ گزینوں کے ... کیمپ قائم کر رکھے ہیں ان کے اخراجات کے بارے میں تحقیقات کی جا رہی ہے۔ ... پناہ گزینوں کو ملازمت دی جا چکی ہے۔

حکومت ہند کی مختلف وزارتوں میں ... پناہ گزین ملازم رکھے گئے ہیں ... وزارت صحت کے ماتحت ملازم رکھے گئے ہیں۔ ایمپلائمنٹ ایکسچینج ان ... آدمیوں کے نام درج ہیں۔

اسمبلی میں میواتیوں کی آبادکاری کی بابت ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر بحالیات نے بتایا کہ ابھی تک کوئی آخری فیصلہ نہیں کیا گیا۔ بحالی کمشنر کی ... ضلع گوڑگانوہ ... لئے تجویز ... میواتیوں ... [illegible]

... وزیر بحالیات نے کہا کہ ... پاکستان ... آچکے ہیں ... اب بھی چند ہزار ہندو اور سکھ موجود ہیں۔

ڈاکٹر قریشی

مسٹر ... وزیر ... نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ڈاکٹر قریشی کو اس وقت تک جانشین نہیں رکھا جائے گا جب تک کہ ہند اور پاکستان کے درمیان قیدیوں کے تبادلہ کا مسئلہ حل نہیں ہو جائے گا۔ منسٹر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ حکومت کے سامنے ملازموں کا قومی لباس مقرر کرنے کی کوئی تجویز نہیں۔

مسٹر گاڈگل نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ... دہلی کی تعمیر کے لئے ایک جامع اسکیم مرتب کی گئی ہے اسکیم ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے اس کے تحت دہلی میں میونسپل حدود سے باہر کے علاقے شامل کئے جائیں گے۔ شہر میں بجلی، پانی وغیرہ کی سپلائی تیز کی جائے گی اور ایک صنعتی بستی بھی تعمیر کی جائے گی۔

ڈاکٹر خان کی گرفتاری پر احتجاج

ڈاکٹر خان کی گرفتاری پر ہمعصر انقلاب لاہور نے ذیل کا شذرہ سپرد قلم کیا ہے۔

مسٹر عبدالقیوم وزیر اعظم سرحد کی پریس کانفرنس میں ... ڈاکٹر خان صاحب ایم ایل اے کو ... آرڈیننس کے ماتحت نظر بند کر دیا گیا ہے ... ہمیں تعجب نہیں ہوا بلکہ تعجب اس پر تھا کہ خان عبدالغفار خان کے سارے خاندان کی گرفتاری کے بعد ڈاکٹر خان اب تک کیا آزاد ہیں۔

صوبہ سرحد میں خدائی خدمتگاروں کو جو اقتدار حاصل تھا اس کا تقاضا یہ تھا کہ ان کو پاکستان کا مضبوط ترین ... [illegible] ... مسلم لیگ ... پاکستان کی خدمت میں مصروف ہو جاتیں لیکن بدقسمتی سے صوبہ کی فانی حکومت ایک ایسے شخص کے ہاتھ میں ہے ... [illegible] ... استعمال کر رہا ہے۔

[illegible]

الزامات کی تردید

[illegible]

اس الزام کے جواب میں کہ آپ طاقت اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں، جنرل ... نے کہا کہ مجھے ... ہم منسٹروں نے پوچھا ہے کہ آپ نے ... اس کو مجھے اپنی ... کا چارج بھی سنبھال لینے پر کیوں مجبور کیا۔ اگر میرے مقاصد اتنے خطرناک تھے تو مجھے گرفتار کر کے آپ نے میرے خلاف مقدمہ کیوں نہ چلایا؟

... بھی تیز کی جائے گی۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن مولفہ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر ہے۔ اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد ... حصہ چہارم مجلد چھ روپے آٹھ آنے۔

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ بارہ آنے۔

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دئے گئے ہیں۔ قیمت مجلد تین روپے بارہ آنے

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور سہل ہے قیمت تین روپیہ بارہ آنے۔

جمعیۃ علماء کیا ہے (حصہ اول) جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات۔ قیمت چھ آنے۔

جمعیۃ علماء کیا ہے (حصہ دوم) مع تمام جمعیۃ علماء ہند کی تیس سالہ تجاویز کا مجموعہ۔ قیمت دو روپے چار آنے

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے جھنڈے پر فاضلانہ اور اسلامی روشنی میں تبصرہ۔ قیمت تین آنے۔

نورالاصباح یعنی نورالایضاح اور اس کا اردو ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلبہ کے لئے بہت زیادہ مفید ہے۔ اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔

تاریخ اسلام حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دارالعلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے۔ قیمت حصہ اول ۸ر حصہ دوم ۱۰ر حصہ سوم ۱۲ر

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا محمد میاں صاحب کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے درس میں شامل ہے قیمت ۶ر

جنگ بدر کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کفاروں پر فتح پائی قیمت صرف آٹھ آنے

اربعین :۔ اسلامی تعلیمات کا مرقع قیمت بارہ آنے۔

نوٹ :۔ مبلغ پانچ روپے یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں چھ رسالے ۱ پاکستان کیا ہے۔ ۲ لیگ کیا ہے۔ ۳ مسٹر جناح کا پراسرار معمہ ۴ شریعت اور لیگ۔ ۵ سول میرج اور لیگ۔ ۶ لیگ کی غلطیاں مفت پیش کی جائیں گی۔

ملنے کا پتہ

منیجر "الجمعیۃ بکڈپو" گلی قاسم جان دہلی

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور اپنی خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کی مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔

(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی معہ توضیحی عبارات

(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔

(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔

(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری۔

(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانوی)

(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)

(۸) تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔

(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔

(۱۰) خط خوشنما، صاف، روشن۔ تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے ہدیہ مجلد جرمی کلکتہ کی جلد سات روپے چار آنے۔ معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپے ہدیہ مجلد دس روپے۔

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

تپ دق اور پرانے بخارات جبرالی

[illegible] ... ہندوستان کے کونے کونے نے یہ مان لیا ہے کہ اس خوفناک مرض کی جان بچانے والی اکسیر ... جبرالی ہے ... [illegible] ... قیمت ... جبرالی اسپیشل نمبر ۱ امیروں کے لئے جس میں ساتھ ساتھ طاقت ... [illegible]

دیکھئے ایل شرما میں اینڈ سنز (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P

ہمدردان جمعیۃ علماء ہند سے گذارش

روزانہ الجمعیۃ جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان ہونے کی وجہ سے آپ کی ہمدردی اور امداد کا مستحق ہے آپ کی سب سے زیادہ سہل امداد یہ ہو سکتی ہے کہ

اگر آپ کے شہر میں یا قصبہ میں ابھی تک الجمعیۃ کی ایجنسی قائم نہیں ہوئی ہو تو شرائط ایجنسی طلب فرما کر کسی معتمد آدمی کو ایجنسی دلوا دیجئے۔

اگر پہلے سے ایجنسی موجود ہے تو ایجنٹ کو اشاعت بڑھانے کی تاکید کیجئے اور توسیع اشاعت میں ہر قسم کی ممکن امداد دیجئے۔

اگر آپ گاؤں میں رہتے ہیں تو اپنے یہاں الجمعیۃ کے مستقل خریدار پیدا کر کے اخبار کی قیمت براہ راست دفتر کو بھجوا دیجئے۔ ان طریقوں سے آپ اپنے اخبار کا حلقہ اثر بڑھا سکتے ہیں اور جمعیۃ علماء ہند کی رہنمائی میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو داخل کر سکتے ہیں۔ یاد رکھیئے کہ الجمعیۃ آپ کی آواز ہے اس لئے الجمعیۃ کا حلقہ جتنا وسیع ہوگا آپ کی آواز اتنی ہی طاقتور ہوگی۔

"منیجر روزانہ الجمعیۃ"

چینی فوجوں کی کمیونسٹوں پر ایک اور فتح

کمیونسٹ فوجیں بے ترتیبی سے فرار ہو رہی ہیں

نانکنگ ۱۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ ہوپائی میں چینی فوجوں کو کمیونسٹ فوجوں کے مقابلہ میں ایک نمایاں فتح حاصل ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ کمیونسٹ فوجیں بے ترتیبی سے فرار ہو رہی ہیں اور دریا چینی پارک کے صوبہ جیہول میں داخل ہو رہی ہیں۔ مغربی جیہول میں کمیونسٹوں کے داخلہ کو روکنے کے لئے چینی فوجیں پہلے کو درہ تک پہنچ گئی ہیں اور اس کے راستہ کو بند کر دیا ہے۔

چینی فوجوں کی اس فتح کو بہت اہم اس لئے بتایا جا رہا ہے کہ اس سے ٹائنٹسن ریلوے کو جو خطرہ لاحق ہو گیا تھا۔ وہ دور ہو گیا۔

ملتان میں مہاجرین کے جلوس پر پولیس کا لاٹھی چارج

لاہور ۱۰ اگست۔ آمدہ اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ ملتان کیمپ کے پناہ گزینوں نے راشن لینے سے انکار کر دیا ہے پناہ گزینوں کے ایک جلوس نکالا جس پر پولیس نے لاٹھی چارج کیا جس وقت یہ جلوس واپس آ رہا تھا تو مسلح پولیس نے اس پر حملہ کیا جس کے نتیجہ پر ۱۲ پناہ گزین ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوئے۔ دو زخمیوں کو ہسپتال میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ حکام کے رویہ کے خلاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

حکومت برما کا کمیونسٹوں کے خلاف اقدام

پیرس میں برما کے وزیر خارجہ کا اعلان

پیرس ۱۰ اگست۔ برما کے وزیر خارجہ مسٹر [illegible] نے نمائندگان پریس کی ایک کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت برما نے اس بات کا پختہ عزم کر لیا ہے کہ دس سال کے اندر اندر کمیونسٹوں کی شورش کو ختم کر دے گی۔ [illegible] حکومت نے اعلان کیا ہے کہ جو باغی ہتھیار ڈال دیں گے انہیں معافی دے دی جائے گی [illegible] اس اعلان کے باوجود بہت سے باغیوں نے ہتھیار ڈالے [illegible]

حکومت ہند فیصلہ کن اقدام کرے

حیدرآباد کے بارے میں مہا سبھا کا مطالبہ

نئی دہلی ۹ اگست۔ کل ہندو مہا سبھا جو ہندو اہل [illegible]

[illegible]

ایک تیسرا ریزولیوشن ہندوؤں کے مذہبی اور اقتصادی نظام سے متعلق امور پر اثر انداز ہونے والی ایسی تبدیلیوں کے بارے میں ہے جو آئندہ کونسل کے ذریعہ کی جا رہی ہیں۔ پاس کیا گیا۔

حیدرآباد میں جنگ کی تیاریاں

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

کشمیر کی پالیسی جاتی ہے۔ ہوائی حملوں سے بچاؤ کے انتظامات پر عمل کیا جا رہا ہے۔ خندقیں [illegible]

[illegible]

ناکہ بندی سے اقتصادیات پر اثر

[illegible]

رضاکاروں کی حکومت نہیں بلکہ اصل میں ان پر بھی نظام کی کا قبضہ ہے اور ان رضاکاروں کی حیثیت غیر سرکاری فوج کی سی ہے۔ اس طرح ایک طرف تو حکومت ان کی تنخواہ کے خرچ سے بچ گئی ہے اور دوسری طرف وہ ان کی حرکتوں کی ذمہ داری سے بھی سبکدوش ہو گئی ہے۔

ایک بچہ کی خوشی

دہلی ۱۰ اگست۔ کل امپیریل ہوٹل کی پارٹی میں جو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی جانب سے گورنر جنرل اور وزیر اعظم پنڈت نہرو کے اعزاز میں دی گئی تھی۔ ایک ۱۱ سالہ بچے عتیق احمد ولد محمد ابراہیم چاول والے نے ہندی میں یہ الفاظ لکھکر پنڈت نہرو کے سامنے پیش کئے "جے ہند! پنڈت جواہر لال نہرو کی جے ہو" پنڈت جی اس سے بہت خوش ہوئے اور اس پر ہندی رسم الخط میں اپنے دستخط کر دیئے۔

بمبئی ۱۰ اگست۔ بمبئی پراونشل کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی کے چیئرمین مسٹر ایس کے پاٹل نے بمبئی میونسپل کارپوریشن کانگریس پارٹی کی لیڈرشپ سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر پاٹل [illegible]

[illegible]

سندھ میں دو نئے اضلاع

کراچی ۱۰ اگست۔ صوبہ سندھ سے کراچی کی علیحدگی کے بعد حکومت سندھ نے فیصلہ کیا ہے کہ دو نئے اضلاع ٹھٹھہ اور ساکرو قائم کئے جائیں جن کے عارضی ہیڈکوارٹرز کراچی اور شہداد پور میں ہوں۔ اگرچہ کراچی کا الحاق تعلقہ مرکزی حکومت نے لے لیا ہے اور بقیہ علاقے اس طرح کے پولیس تھانے ضلع دادو میں شامل کر دئے گئے ہیں کراچی کا مشرقی علاقہ جو ہیری ندی کے اس پار ہے ضلع ساکرو میں شہداد پور سنگھر شہداد پور۔ اور کیٹی بندر کے تعلقے شامل ہوں گے۔ کیٹی بندر کا تعلقہ پہلے ٹھٹھہ پار کر ضلع میں شامل تھا۔

یو۔ پی میں ایک نئی تحریک

یو۔ پی کے وزیر آبکاری کا بیان

لکھنؤ [illegible]

[illegible]

آپ نے کہا کہ کسی شخص پر کسی کام کے لئے صرف اسی لئے دور نہیں رہنا چاہیئے کہ وہ پہلے بھی ایسا کرتا تھا۔ لیکن صدیوں کی روح میں بہہ کر کسی شخص کو اپنے فائدہ کو انسانی محنت کی عظمت کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے۔ آخر میں آپ نے پر بھنوں سے اپیل کی کہ وہ اس تحریک سے متاثر نہ ہوں۔

عازمان حج کو مشورہ

ہندوستان کے مختلف ضلع و شہروں کے حجاج کو معلم جمیل الرحمن مکی صاحب کی خدمات کا تجربہ ہو گیا ہے اگر آپ آرام و سہولت و لطافت سے فرائض کو ادا کرنا چاہتے ہوں تو ہالوں سے بچکر جدہ کے بلیٹ فارم پر معلم جمیل الرحمن کی کا نام یاد رکھیں۔ خاص کر پردہ نشین عورتوں کے لئے معقول انتظام ہوتا ہے۔

مرسلہ۔ جمیل الرحمن مکی مطوف

نائب جاجی۔ حافظ مکہ

وزیر اعظم سندھ کا دورہ

کراچی ۱۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم سندھ پیر الٰہی بخش ۱۰ اگست کو تمام صوبہ کے دورہ کے لئے روانہ ہونے والے ہیں۔ آپ کا یہ دورہ بیس دن تک جاری رہے گا اور دادو، لاڑکانہ، میرپور خاص، نواب شاہ، سکھر، شکارپور اور جیکب آباد کے اضلاع کا خاص طور پر معائنہ فرمائیں گے۔ پیر الٰہی بخش صاحب ۲۰ اگست تک کراچی واپس آئیں گے اس عرصہ میں آپ ۱۴ اور ۲۲ اگست کو بھی کسی خاص مقصد کے لئے کراچی آئیں گے۔

حیدرآباد اور سر مرزا اسمٰعیل

اخباری اطلاعات کی تردید ہو گئی

مدراس ۹ اگست۔ کل سر مرزا اسمٰعیل ہوائی جہاز کے ذریعے مدراس پہنچے۔ اخبار "ہندو" کے نامہ نگار سے ایک ملاقات کے دوران میں انہوں نے خیال ظاہر کیا کہ وہ حیدرآباد کے بارے میں کچھ کہنا نہیں چاہتے اور انہوں نے نئی دہلی میں اپنی گذشتہ دس یوم کی سرگرمیوں کے بارے میں جو بیانات دیئے ہیں اس پر وہ حیدرآباد اور ہندوستان کا رد عمل دیکھنا چاہتے ہیں۔

سر مرزا نے "سنٹرل فیچرز" کی اس اطلاع کی تردید کی کہ انہوں نے بیان میں یہ کہا تھا کہ سردار پٹیل نے مجھ سے کہا تھا کہ میں بیوقوفوں کی جنت میں رہتا ہوں۔ مجھے معلوم نہیں کہ مجھے حیدرآباد میں کن لوگوں سے سابقہ پڑ رہا ہے اور سردار پٹیل ٹھیک ہی کہتے ہیں۔

سر مرزا نے کہا کہ میں نے یہ الفاظ کبھی نہیں کہے اور میں اس اطلاع کی تردید کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ ان کی ذات سے اس قسم کا بیان منسوب کر دیا گیا۔

مہاراجہ بڑودہ کو تخت سے دستبردار ہو جانا چاہیئے

ریاستی اسمبلی کی مہاراجہ کے خلاف ایک تجویز

بڑودہ ۱۰ اگست۔ کل ریاست بڑودہ کی مجلس قانون ساز کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایک تجویز پاس ہوئی کہ مہاراجہ بڑودہ اپنے سب سے بڑے لڑکے کے حق میں گدی سے دستبردار ہو جائیں۔ تجویز مذکور میں حکومت ہند سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ نئے مہاراجہ کی کم عمری کے زمانے کے لئے ایک ایجنٹ مقرر کر دے۔ تجویز ۳۸ ووٹوں سے پاس ہوئی۔ ایک دوسری تجویز میں حکومت ہند سے درخواست کی گئی ہے کہ چونکہ مہاراجہ نے ۹ اپریل سے لیکر ۹ مئی تک ۳ کروڑ روپیہ ہضم کر لیا ہے اس لئے حکومت ہند اس امر کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جائے۔ تجویز میں مہاراجہ سے درخواست کی گئی ہے کہ چونکہ انہوں نے اس رقم کو ریاستی خزانہ سے ناجائز طور پر حاصل کیا ہے۔ اس لئے وہ اس رقم کو واپس کر دیں۔

بجلاس منشی احمد رضا صاحب سب جج صاحب بہادر

سمن بنام مدعا علیہ بنابر حاضری اصالتاً لغرض قرارداد امور تنقیح طلب

(آرڈر ۵ قاعدہ ۳)

بعدالت سب ججی دوئم سہارنپور

مقدمہ نمبر ۱۲۳ بابت ۱۹۴۸ء

لالہ رام کشن پسر لالہ کنہیا لال قوم ویش اگروال پیشہ ملازمت ساکن حال سہارنپور مدعی

بنام

لالہ اوم پرکاش ولد خالہ [illegible] مدعا علیہ

[illegible]

آج بتاریخ ۔۔ ماہ ۔۔ ۱۹۴۸ء کو میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا

(مہر عدالت و دستخط) منصرم

فلسطین کے لئے زکوٰۃ

عدن (بذریعہ ڈاک) عدن کے ایک ہفتہ وار عربی اخبارات "الجزیرہ" کے ایڈیٹر نے ایک مضمون سپرد قلم کیا ہے۔ جس میں لڑکیوں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس سال زکوٰۃ کی تمام رقم فلسطین کے عرب مقاصد کے لئے وقف کر دی جائے۔

مل مزدوروں کی ہڑتال خلاف قانون

بمبئی ۱۰ اگست۔ بمبئی کی صنعتی عدالت نے ۱۱ اگست والے مل مزدوروں کی ہڑتال کو ناجائز قرار دیدیا ہے۔ یہ ہڑتال کمیونسٹ اور سوشلسٹ کرانے [illegible]

[illegible]

گاندھی گراؤنڈ میں جلسہ

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

"میں ان حالات سے بے خبر نہیں ہوں جو ملک کے اندر پیدا ہو چکے ہیں۔ ہمارے سینکڑوں بھائیوں کے دلوں میں جو خیالات [illegible]

[illegible]

اخبار والوں سے باادب اپیل کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کریں اور اشتعال انگیزی سے کام نہ لیں۔

یدھ، یدھ، یدھ

پنڈت نہرو نے ایک ہندی اخبار کا جو دہلی اور کلکتہ دونوں جگہ سے نکلتا ہے ذکر کیا اور کہا جب کلکتہ میں میں نے اس اخبار کو دیکھا کہ اس میں میرے نام کے ساتھ پانچ جگہ "یدھ" (لڑائی) لکھا ہوا تھا تو میں حیران رہ گیا۔ نہرو نے لڑائی کی سخت مذمت کی اور کہا کہ اس زمانہ میں کوئی بھی ملک لڑائی کو پسند نہیں کرتا۔ ہندوستان بھی لڑائی کو پسند نہیں کرتا اگرچہ وہ وقت پڑنے پر پوری طرح تیار ہے۔

پنڈت نہرو نے پاکستان کی برائیوں پر تبصرہ کیا ساتھ ہی ہندوستانیوں کو بھی متنبہ کیا اور کہا کہ ہندوستان کے اندر بھی سب لوگ اچھے نہیں ہیں ان میں بہت کا برا ایک موجود ہیں جن کا خمیازہ ہم نے بھگتا اور آگے بھگتیں گے۔

پنڈت نہرو کی تفصیلی تقریر صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے۔

سردار عبدالرب نشتر

ٹرکی میں سفیر مقرر کئے جائیں گے

کراچی ۹ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان کے وزیر مواصلات سردار عبدالرب نشتر جلد ہی پاکستان کی طرف سے ٹرکی میں پہلے سفیر مقرر کئے جائیں گے۔

احمد سعید کس کے ہاں ہے؟

دہلی۔ محمد رشید فوٹوگرافر گلی ۱۲۸ بیڈن پورہ قرول باغ میں رہتے تھے جو فسادات کے زمانہ میں وہیں شہید ہو گئے تھے ان کا ایک ۷ سالہ بچہ احمد سعید بچ گیا تھا۔ سنا ہے کہ وہ آج کل بلیماران میں کسی صاحب کے پاس ہے جن صاحب کو اس بچہ کی خبر ہو وہ براہ کرم حسب ذیل پتہ پر اطلاع دیں۔ سید انیس الحسن دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی۔

وارث علی صاحب توجہ کریں!

دہلی۔ وارث علی صاحب ولد عباس علی صاحب چرخی دادری والے (ریاست جنید) آج کل جہاں کہیں ہوں فوراً اپنی خیریت اور اپنا پتہ مجھے لکھیں۔ ان کے کچھ رشتہ دار مستورات ان کی خیریت کے لئے مضطرب ہیں۔ سید انیس الحسن۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

جامعہ نائٹ اسکول بلیماران

دہلی ۱۰ اگست۔ چاہ والی گلی حویلی حسام الدین بلیماران میں جامعہ نائٹ اسکول کے نام سے ایک تعلیمی ادارہ قائم ہوا ہے جس میں اردو، فارسی، ہندی، انگریزی کی ہر قسم کی تعلیم کا بندوبست کیا گیا ہے اور جس کا داخلہ آج سے شروع ہو رہا ہے آٹھ بجے رات امام صاحب مسجد حویلی حسام الدین حیدر نے اس کا افتتاح فرمایا۔ (نامہ نگار)

حکومت سرکاری لباس مقرر نہیں کرے گی

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ آج ہندو پارلیمنٹ میں لالہ [illegible]

[illegible]

ہندو پاکستانی ٹکٹوں کی مقبولیت

[illegible]

پاکستانی ٹکٹوں کی دنیا بھر کے ممالک میں زبردست مانگ ہے دوسرے ممالک کے دارالسلطنتوں میں بھی اسی طرح کے ٹکٹ فروخت کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔

گورنر جنرل کو پارٹی

کل کے انجام میں امپیریل ہوٹل کے اندر گورنر جنرل کی پارٹی کی اطلاع شائع ہوئی ہے جو بجائے جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے نہیں بلکہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی طرف سے دی گئی تھی۔ ناظرین تصحیح فرما لیں۔ ہم ارکان جمعیۃ علماء صوبہ دہلی سے اس غلطی کے لئے معذرت خواہ ہیں۔

پاکستان ریڈیو کا قیام

۱۴ اگست کو افتتاح ہوگا

کراچی ۹ اگست۔ آج یہاں ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ریڈیو پاکستان کراچی ۱۴ اگست کو صبح ۹ بجے سے نشریات شروع کرے گا۔ ۱۴ اگست کو پاکستان اپنی آزادی کا پہلا سالگرہ منا رہا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ ۱۴ اگست کو پاکستان کے گورنر جنرل قائداعظم، مسٹر لیاقت علی خان، خواجہ شہاب الدین سندھ کے وزیر اعظم پیر الٰہی بخش اور سندھ کے ریڈیو منسٹر سید غلام علی تالپور تقریریں کریں گے۔ یوم آزادی کا پیغام مغربی پنجاب، مشرقی بنگال، ایسٹ ... کے وزراء اعظم کی آوازیں بھی ریڈیو پاکستان پر سنی جائیں گی۔

ریڈیو پاکستان کے ہیڈ آف ٹرانسپورٹ ایک ترجمان نے بتایا [illegible] میں شرکت کے لئے اہم مصنفین، شعراء، موسیقار اور کثیر تعداد میں ... حکومت میں پہنچنا شروع ہو گئی ہے۔

اجتماعی جرمانہ

[illegible] ۱۰ اگست۔ ایجبہار ویٹرنری ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے بیاوارہ کے غیر مسلموں پر تیس ہزار روپیہ کا اجتماعی جرمانہ کیا ہے۔ یہ جرمانہ حالیہ فسادات کے سلسلہ میں کیا گیا ہے۔ اب تک ۷ آدمی گرفتار کئے جا چکے ہیں۔

انتقال پرملال

کل ۱۰ اگست کو حاجی محمد ولی صاحب ابن وحاجی عکبرزادہ پانچ سالہ لڑکا جاعت کو بھی اپنے والدین کو داغ مفارقت دے گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ اس معصوم بچہ کو والدین کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے اور متعلقین حاضرہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

کھیل کی خبریں

پاکستان برطانیہ سے ہار گیا

لندن ۹ اگست۔ آج اولمپک کے ہاکی کے سیمی فائنل میں پاکستان کی ہاکی ٹیم برطانیہ کی ہاکی ٹیم سے صفر کے مقابلہ میں ۲ گولوں سے ہار گئی۔ برطانیہ کے دو کھلاڑیوں ڈمبیر، وہائٹ اور آر ایڈلر نے ایک ایک گول کیا۔ پاکستان کی ٹیم کوئی گول نہ کر سکی۔ ہاف ٹائم سے پہلے کھیل برابر رہا اور کوئی ٹیم گول نہ کر سکی۔ ہاف ٹائم کے بعد ۲ منٹ برطانیہ کی ٹیم نے پہلا گول کر دیا۔ پانچ منٹ بعد برطانیہ کی ٹیم نے دوسرا گول کر دیا۔

سائکلنگ کا مقابلہ

لندن ۹ اگست۔ فرانس نے اولمپک سائکلوں کی چار ہزار میٹر کی ریس جیت لی۔ فائنل میں فرانس اور اٹلی کا مقابلہ ہوا تھا۔

ہندی ٹیم کی چڑیا خانہ کی سیر

لندن ۹ اگست۔ آج اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والی ہندی ٹیم نے لندن کے چڑیا خانہ کی سیر کی اولمپک میچوں سے فارغ ہو کر ہندی ہاکی اور فٹ بال کی ٹیمیں برطانیہ اور دوسرے یورپی ممالک کی سیر کریں اور مختلف مقامات پر میچ کھیلیں گی۔

آسٹریلیا اور لنکا شائر کا کرکٹ میچ

مانچسٹر۔ آسٹریلیا اور لنکا شائر کی ٹیموں کے کرکٹ کے مقابلہ میں آسٹریلیا کی ٹیم نے کل ۳۲۱ رن بنائے۔ لنکا شائر کی ٹیم نے سات وکٹ کے مقابلہ میں ۱۱۷ رن بنائے۔

ہند نے ہالینڈ کو ہرا دیا

لندن ۹ اگست۔ آج اولمپک ہاکی کے سیمی فائنل میں ہندی ہاکی ٹیم نے ہالینڈ کی ہاکی ٹیم کو ایک گول سے ہرا دیا۔ ہند کی ٹیم نے دو گول کئے۔ پہلا گول جینسن نے کیا دوسرا گول کے ڈی سنگھ نے۔ ڈچ ٹیم صرف ایک گول کر پائی یہ گول بردم برگ نے ہاف ٹائم کے ۵ منٹ بعد کیا۔ اب فائنل میں ہند اور برطانیہ کی ہاکی ٹیم کا میچ ہوگا ہاکی کا فائنل میچ جمعرات کے دن کھلا جائیگا۔

ہندوستانی مکہ بازی کی شکست

لندن ۹ اگست۔ آج اولمپک کے کم وزن کے مکہ بازی کے مقابلہ میں ہندوستانی مکہ باز بوس کو ارجنٹائن کے مکہ باز الینا نکنیرو نے پہلے ہی دور میں ہرا دیا۔

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳ | دہلی یوم جمعہ ۷ شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۷۰ | فی پرچہ ۱ آنہ، بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

اولمپک کی خبریں

(۱۱ اگست شدہ)

— پولینڈ کے گھونسہ باز الیفزاندی مورانے ہندی گھونسہ باز مسٹر جو شیم کو ہرادیا۔

— گھونسہ بازی کے ایک دوسرے مقابلہ میں پورٹو ریکو کے گھونسہ باز جے ۔ وی ویگا سی نے ہندی گھونسہ باز بابو لال کو شکست دی۔

— ہندوستانی ہاکی ٹیم کے کپتان کشن لال نے بتایا کہ ڈچ ہاکی ٹیم کو ہرانے میں ہم کو اپنی پوری طاقت خرچ کرنی پڑی۔ ان کا کسل بہت زیر [illegible]

(باقی دوسری طرف)

(پہلی طرف سے آگے)

اور شامل ہوں گے ... پاکستان اور انگلستان کے ہاکی کے مقابلہ میں پاکستان کا ایک مشہور اور تجربہ کار کھلاڑی [illegible] ... چوٹ لگ جانے کی وجہ سے ... کھیل سکا تھا۔

— لندن کی ایک اور اطلاع مظہر ہے کہ ایشیائی ممالک کے ایک اجتماع میں اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ نئی دہلی میں فروری ۱۹۴۹ء میں ایشیائی ممالک کے کھلاڑیوں کے مقابلہ میں شرکت کی جائے۔

— آج ویمبلے میں اعلان کیا گیا کہ اب تک ... لاکھ ... ہزار آدمی اولمپک کے کھیلوں کو دیکھ چکے ہیں۔ کل دس ہزار آدمیوں نے ہاکی کے میچ کو دیکھا۔

فلسطین میں امن قائم رکھنے میں اقوام متحدہ کی ناکامی

مشاہدین عربوں اور یہودیوں کو جنگ سے باز نہ رکھ سکے

عربوں اور یہودیوں پر عارضی صلح کی خلاف ورزیوں کے الزامات

لندن ۱۱ اگست ۔ اخبار ٹائمز کا نامہ نگار تل ابیب سے رقمطراز ہے کہ گذشتہ چند دنوں کے اندر اندر عربوں اور یہودیوں کی عارضی صلح کی خلاف ورزیوں میں اضافہ ہوگیا ہے ... لیکن ۸ اگست کو اسرائیلی حکومت نے شکایت کی ہے کہ عرب یروشلم کو شہری ... ہے ۔ [illegible]

نامہ نگار کہتا ہے کہ عارضی صلح کی ... خلاف ... اور اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے ... دونوں پارٹیاں اقوام متحدہ ... ابھی تک صرف ... مشاہدین فلسطین پہنچے ہیں ... [illegible] ... مشاہدین عرب اور اسرائیلی ... [illegible]

لنگایت فرقہ کا وزیر

لائق علی وزارت سے مستعفی ہوگیا

حیدرآباد ۱۰ اگست ۔ حیدرآباد لنگایت کانفرنس کی کمیٹی عاملہ کی ہدایت پر حیدرآباد اسمبلی کے ان سات ممبران نے جو لنگایت فرقہ کی نمائندگی کرتے ہیں استعفیٰ دے دیا ہے۔ کمیٹی نے طویل بحث و مباحثہ کے بعد یہ بھی فیصلہ کیا کہ مسٹر ... وزیر رفاہ عامہ سے استعفیٰ دینے کے لئے کہا جائے۔ گلوسلی کی اطلاع کے مطابق وزیر موصوف اپنا استعفیٰ پیش کر رہے ہیں۔ کمیٹی نے اس بارے میں جو قرارداد منظور کی ہے اس میں کہا گیا ہے کہ موجودہ حکومت وقت کی ضروریات کو پورا نہیں کرسکتی اور نہ وہ ریاست کے اندر امن قائم رکھ سکتی ہے ... کانفرنس نے ریاست کے اندر فوراً ایک ذمہ دار حکومت اور ایک ایسی آئین ساز اسمبلی کے قیام کا مطالبہ کیا ہے جو بالغ رائے دہندگی کے اصول پر ہو۔

مہاراجہ گوالیار نے فوجوں کا معائنہ کیا

شرنگا پٹم ۱۱ اگست ۔ مہاراجہ جیاجی راؤ سندھیا کل صبح بمبئی سے یہاں پہنچے۔ انہوں نے فوجی رپورٹوں میں ہندوستانی ریاستوں کی فوجوں کے چار یونٹوں کا معائنہ کیا۔ ضلع شرنگا پٹم کے ... اور فوج اور پولیس کے ... حکام نے ان کا استقبال کیا۔

شیخ عبداللہ دہلی آرہے ہیں

سری نگر ۱۱ اگست ۔ شیخ عبداللہ وزیر اعظم جموں اور کشمیر حکومت ہند سے مشورہ کرنے کے لئے ... اگست کو دہلی پہنچ رہے ہیں۔ وہ پنڈت نہرو سے کشمیر کمیشن کے بارے میں بات چیت کریں گے اور حکومت ہند کو ... سے آگاہ کریں گے۔ آپ حکومت ہند سے ریاست کے غذائی معاملات پر بھی گفتگو کریں گے۔

پروفیسر بھنسالی واردھا کو

ناگپور ... اگست ۔ پروفیسر بھنسالی آج ... ایکسپریس سے ناگپور پہنچ گئے ہیں۔ آپ ... واردھا روانہ ہوگئے۔ پروفیسر بھنسالی کا برت جاری ہے۔ آپ بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔

مسٹر رضوی کی پنڈت نہرو سے ملاقات

نئی دہلی ۱۱ اگست ۔ مسٹر ایس ۔ ایم ۔ اے رضوی ... حیدرآباد کے ایجنٹ جنرل نے کل صبح پنڈت نہرو سے ملاقات کی اور ان سے دیر تک بات چیت کرتے رہے۔ بعد میں انہوں نے گورنر جنرل سے بھی ملاقات کی۔

ہندی کے خلاف مظاہرہ

مدراس ۱۱ اگست ۔ ... تامل نیڈو ... نے ہندی کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے ... ایک اسکول میں جہاں ہندی ... [illegible] ... لیکن کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

حیدرآباد کے لئے ہند یونین میں شامل ہونے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے

ہند پارلیمنٹ میں سردار پٹیل نے قرطاس ابیض پیش کردیا

نئی دہلی ۱۱ اگست ۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کے تمام ممبران نے جن میں مسلمان ممبر بھی شامل ہیں حکومت ہند کی طرف سے حیدرآباد کے متعلق پالیسی کی تائید کی اور جس وقت سردار پٹیل تقریر کر رہے تھے بار بار ممبران زور سے تالیاں بجا رہے تھے۔ سردار پٹیل نے اعلان کیا کہ حیدرآباد کا مسئلہ کا حل صرف یہی ہے کہ وہ انڈین یونین میں شامل ہو جائے اور وہاں ذمہ دار حکومت قائم کردی جائے۔

ان معاملات پر سمجھوتہ نہیں ہوسکتا کیونکہ سمجھوتہ کے معنی خودکشی ہوں گے ... کار رویہ اس معاملے میں واضح اور کھلا ہوا ہے کہ اگر حیدرآباد آزاد ہو تو نہ صرف وہ انڈین یونین کی ترقی میں رکاوٹ ہوگا بلکہ انڈین یونین کے وجود کو بھی خطرہ لاحق ہو جائیگا ... حیدرآباد کو دفاع، رسل و رسائل اور امور خارجہ کی پالیسی کے ماتحت ہو جانا ہے ... معاملات میں حیدرآباد کو داخلی آزادی حاصل ہوگی۔

سردار پٹیل کے اس اعلان سے کہ حکومت ہند حالات کا بہت غور سے جائزہ لے رہی ہے اور تمام ہنگامی حالات کا مقابلہ کرنے کو تیار ہے ایوان میں ایک اطمینان کی لہر دوڑ گئی۔ سردار پٹیل نے ایوان سے کہا کہ حکومت پر اعتبار کیجئے اور آپ اپنے اس اعتبار میں مایوس نہیں ہوں گے۔ حیدرآباد کے متعلق قرطاس ابیض کو ایوان میں پیش کرتے ہوئے ... قرطاس ابیض ۷۶ صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں جغرافیائی، اقتصادی، تاریخی وغیرہ کے لحاظ سے حیدرآباد کے حالات پر نظر ڈالی گئی ہے۔

مسٹر جناح تندرست ہیں

کراچی ۱۱ اگست ۔ وزارت داخلہ پاکستان کی طرف سے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ چند روز میں بعض مخالف پارٹیوں کی طرف سے یہ افواہ شائع ہورہی ہے کہ قائد اعظم بیمار ہیں ان اطلاعات سے پاکستان کے عوام میں ایک قسم کی پریشانی پیدا ہوگئی ہے چونکہ قائد اعظم پاکستان کے جشن سالگرہ میں شرکت نہیں کر رہے ہیں اس لئے مخالف عناصر اس سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ حکومت پاکستان اس بات کا اظہار ضروری تصور کرتی ہے کہ قائد اعظم تندرست ہیں اور ان کے کام کے بار کو ہلکا کرنے کے لئے ان کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اس ماہ کے آخر تک زیارت میں قیام کریں۔

یوم آزادی پر قیدیوں کی رہائی

مدراس ۱۰ اگست ۔ مدراس کی حکومت نے ۱۵ اگست کو چار ہزار قیدیوں کو رہا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس وقت مدراس کی مختلف جیلوں میں کئی ہزار قیدی موجود ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یوم آزادی پر جو قیدی رہا کئے جائیں گے انہیں سیاسی قیدی شامل نہ ہوں گے۔

حیدرآباد دکن ۔ حکومت نظام نے مرہٹی زبان کے ایک پمفلٹ ... کی اشاعت ... اور تقسیم ... اور پونا کے ایک ... مرہٹی اخبار ... کا ریاست حیدرآباد میں داخلہ ممنوع قرار دیدیا ہے۔

مسٹر مارشل کی استعفیٰ کی دھمکی

نیو یارک ۱۱ اگست ۔ نیو یارک اسٹار نے آج اطلاع دی ہے کہ امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر مارشل نے کہا ہے کہ صدر ٹرومین نے اپنی یہود نوازی کی پالیسی جاری رکھی جس میں اسرائیل کو ازسر نو تسلیم ... حکومت تسلیم کرنا بھی شامل ہے تو وہ مستعفی ہو جائیں گے۔

ملایا میں کمیونسٹوں کے خلاف کاروائی

کوالالمپور ۱۰ اگست ۔ برطانیہ کی ہوائی اور زمینی فوجوں نے شمالی مشرقی ملایا میں کمیونسٹوں کے گڑھ بلائی کو زمین کے برابر کردیا ہے۔ بلائی ملایا کے دسلاس سنگاپور سے دو سو میل کے فاصلے پر واقع ہے برطانوی گورکھا اور ملایائی فوجوں نے اب تک ایک ہزار باغیوں اور ان کے خاندان والوں کا کھوج لگایا ہے سوابھی تیمور اور ... کے دیہات میں پہنچ گئے ہیں جو بلائی کو شاہی فضائی بیڑہ کے راکٹ چلانے والے بمباروں نے زمین کے برابر کردیا۔ صرف چند مکان کھڑے رہ گئے ہیں۔ یہاں سے حملہ آوروں نے ۱۷ جولائی کو گوام سنگ پر حملہ کر دیا۔ ایک چشم دید گواہ نے بتایا کہ گوام سنگ پر قبضہ کے بعد حملہ آوروں نے اس کو تباہ کرلیا۔ اور فتح کا جشن منایا۔ اس شہر کو چند دن بعد واپس لے لیا گیا۔

دنیا کس طرح غیر مسلح ہوسکتی ہے

لیک سیکس ۱۱ اگست ۔ اقوام متحدہ میں برطانیہ کے نمائندہ مسٹر الیگزینڈر کاڈوگن نے کمیشن تخفیف اسلحہ کے روبرو کہا کہ تمام دنیا کو غیر مسلح کرنا اس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ حسب ذیل شرطوں کو پورا نہ کیا جائے۔

(۱) جرمنی اور جاپان کے ساتھ معاہدات صلح کی تکمیل (۲) مجلس تحفظ کے اختیار میں ایک بین الاقوامی فوج کا قیام اور (۳) ایٹمی طاقت پر بین الاقوامی کنٹرول۔

عید کے حادثے کی تحقیقات

لاہور ۱۱ اگست ۔ لاہور میں عید کے حادثے کی تحقیقات کے لئے جو اشخاص مقرر کئے گئے تھے اگرچہ وہ حادثہ کے اسباب کا پتہ نہ چلاسکے لیکن انہوں نے آئندہ کے لئے اس قسم کے حادثات سے بچنے کے لئے سفارش کی ہے کہ آئندہ ایسے مبارک اور اہم موقعوں پر حکومت ہی مسجد کا انتظام سنبھال لیا کرے اور سیڑھیوں اور مسجد کے دروازوں کے قریب فقیروں کو بھیک مانگنے سے روکا جائے۔ نیز مسجد میں پولیس کی زبردست جمعیت مقرر کی جائے اور ایک کمرہ پولیس کے لئے مخصوص کیا جائے جس میں لاؤڈ اسپیکر وغیرہ لگائے جائیں تاکہ مجمع کو کنٹرول کیا جاسکے۔

مغربی پنجاب میں ۳۰ ستمبر سے شراب ممنوع قرار دیدی جائیگی

غیر مسلم امتناعی احکامات سے مستثنیٰ ہوں گے

لاہور ۱۱ اگست ۔ مغربی پنجاب کے مالیات سردار شوکت حیات خاں نے امتناع شراب کے بارے میں جو بیان دیا ہے اس میں کہا ہے کہ ۳۰ ستمبر سے عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ شراب بندی مکمل نہیں ہوگی غیر مسلم اپنے پرمٹ دکھا کر شراب حاصل کرسکیں گے ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ دکھا کر مسلمان بھی شراب حاصل کرسکیں گے جو مسلمان شراب پینے یا بیچنے کے ملزم ہوں گے ان کو سزائے قید کے علاوہ جرمانہ کی سزا بھی دی جائے گی جس کی مدت دو سال کی قید اور دو ہزار روپے جرمانے یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔

غیر مسلموں کو شراب کی چار بوتلیں ماہوار ملا کریں گی۔ تقسیم سے پہلے ۱۵ کروڑ روپے کی شراب فروخت ہوتی تھی اب یہ مقدار کم ہو کر رہ گئی ہے شراب بندی سے حکومت کو ۵۰ لاکھ روپے کا نقصان ہوگا جو غیر مسلمانوں کو شراب کے ... پورا کیا جائے گا۔ ہوٹل والوں کا خیال ہے کہ حکومت سے امتناع شراب کے اطلاق کی درخواست کرنا بیکار ہوگا۔ ایک ہوٹل والے نے بتایا کہ تقسیم سے پہلے یا اس کے بعد ہندو اور صحابی ... شراب پیتے تھے۔ شراب کی فروخت ... کو روکنے کے لئے بھی سخت سزائیں دی جائیں گی۔

ماروار کا راستہ نہیں کھلا لیکن لوگ اب بھی آ اور جارہے ہیں

سامان لے جانے کا مسئلہ گدھوں اور اونٹوں نے حل کر دیا

حکومت پاکستان اور حکومت جودھپور کے مابین جودھپور ریلوے سندھ سیکشن کی خرید و فروخت کے سلسلے میں جو جمود پیدا ہوگیا تھا اگرچہ آج دو ہفتے گذر چکے ہیں لیکن ابھی تک اس پریشانی کو دور کرنے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ہے۔ جو مارواڑ راستہ کے بند ہونے کی وجہ سے پیدا ہوگئی ہے۔ یاد رہے کہ مغربی پاکستان اور ہندوستان کے درمیان صرف یہی ایک راستہ باقی رہ گیا ہے۔

آج کل یہ راستہ بالکل بند ہوچکا ہے گاڑیوں کی آمد کا تعلق پاکستان سے ... ہندوستان رک گئی ہیں ... کے افسروں نے عوام کو خوش ... جو لوگ خشکی کے راستے سے آ رہے ہیں انہیں بھی پرمٹ دیئے جاتے ہیں۔ خشکی کے راستے سے آنے والوں میں مسلمان بھی ہیں۔

ذمہ دار حلقوں میں تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ تقریباً ۴ سو ہندو اور مسلمان پناہ گزین اس طرف سے کھوکھرا پار تک سفر کرتے ہیں جہاں پاکستانی فوج سرحد تک ان کی حفاظت کرتی ہے اس کے بعد جودھپور کی پولیس اپنی حفاظت میں انہیں منابو تک لے جاتی ہے جہاں وہ ہندوستان کے لئے ریل گاڑی میں سفر کرتے ہیں۔ ہندوستان سے بھی پاکستان جانے کے لئے اس طرح راستہ طے ہوتا ہے۔ سامان کا مسئلہ گدھوں اور اونٹوں سے حل ہو گیا ہے جو باربرداری کی حیثیت کے مطابق علی الترتیب دس اور بیس روپیہ وصول کرتے ہیں ڈاک کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ بھٹنڈہ کے راستہ جاتی ہے۔

تجارتی حلقوں میں جس چیز کی وجہ سے تشویش پیدا ہورہی ہے وہ یہ کہ مال کا آنا جانا قطعی طور پر بند ہوگیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ عام طور پر ہندوستان سے روزانہ ۲۲ گاڑیاں [illegible]

کشمیر میں معمولی جھڑپیں

نئی دہلی ۱۱ اگست ۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹیتھوال، کھچوتی اور جھنگڑ کے علاقوں میں توپ خانے کی گولہ باری کے علاوہ کسی اور اہم واقعہ کی اطلاع نہیں ملی سوتین کی ملکی فوج نے جو ٹھکانوں کے مورچہ پر میں اور دو ہمارے مورچوں پر گولہ باری کررہی تھیں ان کو خاموش کردیا گیا۔ بیرکٹی کے شمال میں ہندی فوجوں کے ایک دستہ کا دشمن کے [illegible]

(باقی صفحہ ...)

صوبہ سندھ کی چاول کی فصل کو شدید خطرہ

سکھر بیگاری نہر میں ساڑھے چار سو گز چوڑا شگاف

کراچی ۱۱ اگست ۔ سندھ کا دھان پیدا کرنے والا تمام علاقہ جو سکھر، لاڑکانہ، شکارپور اور دادو کے اضلاع پر مشتمل ہے سکھر بیگاری نہر میں سکھر سے ۵۰ میل کے فاصلے پر ایک شگاف پڑ جانے کی وجہ سے سیلاب کے خطرہ میں آ گیا ہے یہ شگاف ساڑھے چار سو گز چوڑا ہے۔ ابھی تک کسی نقصان جان کی اطلاع نہیں ملی لیکن بہانی خطرناک علاقہ کو خالی کر رہے ہیں۔

سپلائی کے افسران صوبہ کی غذائی حالت خراب ہو جانے کے پیش نظر گیہوں حاصل کرنے کی مہم کو تیز تر کر رہے ہیں۔

اگر سیلاب کو روکنے کی کوشش نہ کی گئی تو دھان کی فصل کو ۴ کروڑ روپے کا نقصان ہوگا۔ سکھر میں دریائے سندھ کا پانی برابر چڑھ رہا ہے سکھر میں دریا کا قریبی علاقہ ایک ایک فٹ گہرے پانی میں ڈوبا ہوا ہے وزیر اعظم سندھ پیر الٰہی بخش اور مسٹر غلام علی نابور، پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے افسران کے ساتھ کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز سکھر آ رہے ہیں تاکہ اس شگاف کو بند کرنے کا انتظام کیا جاسکے۔ سکھر کے دن صبح کو بھی دریا کی سطح برابر بلند ہوتی رہی۔ سیلاب کی سطح بلند ہو جانے کی وجہ سے ... پانی کا رخ دادو اور شمال مغربی نہروں کی طرف موڑا جا رہا ہے۔ سیلاب کی وجہ سے سندھ قلت کے علاقوں کو ناج نہیں پہنچ سکے گی سول [illegible]

نئی دہلی ۱۱ اگست ۔ دہلی میں شراب نوشی خوب رہی ہے۔ حالانکہ سنگل ... کے روزنامہ اس کی منافی ہے اس امر کا انکشاف سردار پٹیل نے آج ہند پارلیمنٹ میں سرکٹ بہاری لال کے سوال کے جواب میں دیا۔ سردار پٹیل نے بتایا کہ جون ۱۹۴۸ء میں ۴۳۰۹۹ گیلن شراب دہلی اور نئی دہلی میں استعمال کی گئی۔ مسز سندھیر کی ۱۹۴۷ء بوتلیں ہضم ہوئیں۔ اس سال مارچ اور جون کے درمیان ۵۰۲، ۱۴۴ گیلن شراب دہلی میں کام آئی۔ پچھلے سال انہی مہینوں کے مقابلے میں اب ۱۶۹۳ بدیسی شراب کی بوتلیں زیادہ استعمال کی گئیں۔

حیدرآباد کی سرحدی فوجوں میں اضافہ

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حیدرآباد نے غیر ممالک سے انگریز اور دوسرے افسر بھرتی کرنے ہیں جو ریاستی فوجوں کو تربیت دے رہے ہیں۔

ٹائمز کے نامہ نگار کا بیان

لندن ۱۱ اگست ۔ ٹائمز کے دہلی کے نامہ نگار نے ایک مستند ذریعہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حیدرآباد کی ریاستی فوج گزشتہ ماہ بڑی حد تک مضبوط بنالی گئی ہے اور اب اس کی تعداد ۲۰ ہزار کے لگ بھگ ہے اسکے علاوہ ... کی تعداد بھی شامل ہیں ... [illegible] ... بڑی سڑکوں پر ... بنائے گئے ہیں ... پلوں کو اڑانے کا بھی بندوبست کردیا گیا ہے۔

مولانا حفظ الرحمن صاحب کا عزم لکھنؤ

دہلی ۱۱ اگست ۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند آج رات دہرہ دون ایکسپریس سے تین روز کے لئے لکھنؤ تشریف لے گئے۔ آپ وہاں حکومت یوپی کی عربی، فارسی تعلیمی کمیٹی کی میٹنگ میں شریک ہوں گے۔ پروفیسر سید احمد صاحب اکبرآبادی بھی آپ کے ہمراہ ہیں۔ (نامہ نگار)

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء

صحتمند سوسائٹی

ہم جب کبھی کوئی بہترین سوسائٹی قائم کرنا چاہیں گے تو ہمارے لئے لازم ہوگا کہ بہترین قسم کے دماغ پیدا کریں اور مشق و تمرین کے ذریعہ انسانی دماغوں کو جلا دیں۔ ایسے دماغ جو ذہنی امراض سے مبرا اور نفسی خرابیوں سے پاک ہوں، ہماری تعلیم و تربیت، ہماری تہذیب و معاشرت، اور ہماری علمی صلاحیتیں اور اخلاقی قابلیتیں اس وقت تک بیکار رہیں گی جب تک کہ ہم نفسیات کے اصول پر اپنے ذہنوں کو استوار نہ کریں گے اور دماغی امراض سے نجات پانے کے لئے اپنی شعوری کیفیات کو سطح پر نہ لائیں گے۔ علم النفس، رسائکو انیلاسس اپنے بڑی تحقیق اور کاوشوں کے بعد یہ بات پایۂ ثبوت تک پہنچا دی ہے کہ سو فیصدی دماغ ذہنی امراض میں مبتلا ہیں اور نظام زندگی کی ابتری اور نفسانی حرکات کا انتشار، اسی ذہنی خرابی کا نتیجہ ہے۔ جو لوگ دماغی کی جدید تحقیقات کے منائج سے آگاہ نہیں ہیں وہ یہ کہنے لگے کہ سو فیصدی انسانوں کو خبطی اور نیم مجنون قرار دیا جا رہا ہے کیونکہ کوئی شخص یہ نہیں چاہتا کہ اس کے دماغ پر حرف آئے اور وہ اسی ذہنی خرابیوں سے آگاہ ہو۔ لیکن جن لوگوں کو نفسیات کی وادیوں میں گھومنے اور دماغ کے جزائیہ پر نظر ڈالنے کا موقعہ ملا ہے۔ وہ شہادت دیں گے کہ علماء نفسیات کا یہ فیصلہ سو فیصدی درست ہے اور اپنے دماغ پر غور کرنے کے بعد اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ہم سب کم و بیش ذہنی خرابیوں میں مبتلا ہیں۔

علماء نفسیات ایک مدت سے اس کوشش میں ہیں کہ کوئی ایسا طریقہ معلوم ہو جائے، جسے اختیار کرکے ہم اپنی دماغی سیرت کو بلند کر سکیں، اور ایک ایسی سوسائٹی کی تعمیر میں کامیاب ہو جائیں جو دماغی اعتبار سے صحتمند اور نفسی اعتبار سے خوشحال اور بشاش ہو۔ اس سلسلہ میں ڈاکٹر فرائڈ کے نظریات، ڈاکٹر ایڈلر اور ژنگ کے تجربات، ولیم جیمس اور میگڈوگل کی تحقیقات اور دانش اور پروفیسر کی علمی کاوشوں سے مدد لی گئی ہے اور تجربہ ہے کہ دماغی توانائی کے لئے ایک منظم تحریک شروع کی جائے اور انسانی ذہن کو صحیح معنوں میں انسانی ذہن بنانے کی کوشش کی جائے۔ چنانچہ دماغی صحت کی بین الاقوامی کانگریس کا اجلاس لندن میں اسی ماہ منعقد ہو رہا ہے جس میں تقریباً تمام ممالک کے دو ہزار نمائندے شریک ہو کر اس تحریک کو آگے بڑھانے اور زیر عمل لانے کی تجاویز پر غور کریں گے اور اس سلسلہ میں اپنے تجربات پیش کرکے کانگریس کے مقصد کو کامیاب بنانے کی کوشش فرمائیں گے۔

اگر ہندستان کے لوگ اس تحریک پر غور کریں گے تو انہیں اس کی افادیت میں کوئی شک نہ رہے گا، ہر انسان کا اور ہر ہندستانی کا فرض ہے کہ وہ اپنی دماغی خرابیوں کو دور کرکے اور اپنی صلاحیتوں سے کام لے۔ دماغ کی صحت اور درستی کے بعد ہم ایک صحتمند سوسائٹی کی تشکیل میں آسانی سے کامیاب ہو سکیں گے اور ہمیں ہمیشہ کے لئے نفرت، دشمنی، رقابت، خود غرضی، جنگ و فساد سے نجات مل سکے گی۔

اگر ہمیں خیالات پر قابو حاصل نہیں اور ہر ایک خیال ہمارے دماغ میں آسانی سے داخل ہو سکتا ہے تو سمجھ لو دماغ کی چولیں ہلی ہوئی ہیں اور دماغ کی خرابی کا آغاز ہو چکا ہے، اگر ہمارے اندر جذبات کی فراوانی ہے، ہم غم و غصے سے مغلوب ہیں، ہماری نگاہ کا زاویہ ٹیڑھا ہے۔ تعصب دماغ کے سوراخ پر سنتری بن کر کھڑا ہے، ہم مخالف رائے کو برداشت نہیں کرتے، ہمارے افکار و اعمال میں توازن مفقود ہے، ہم خوشی اور مسرت سے بیگانہ اور رنجوری و مہجوری کا شکار ہیں تو ہم ذہنی اعتبار سے صحتمند نہیں ہیں اور ہم کبھی صالح اور صحتمند سوسائٹی پیدا نہیں کر سکتے۔ تم خود اپنی دماغی کیفیات پر غور کرو، پہلے ہی احساس میں تم کو سکون اور راحت مفقود نظر آئے گی، اس کا اثر تمہارے افکار اور جذبات پر مرتب ہوگا اور نظام فکری بوسیدہ نظر آئے گا، اس کی ضرب تمہارے اعمال پر پڑے گی۔ اور تمہارے نظام زندگی میں پراگندگی کے سوا کچھ باقی نہ رہے گا، جس شخص کا دماغ حاضر اور طبیعت بشاش ہو اور اس میں اتنی طاقت ہو کہ خیالات پر قابو پا سکے، اس سے یقیناً حیوانی صفات کا ظہور ہوگا، یعنی قتل، دشمنی، بغاوت، خود غرضی، احساس برتری، اور افسوس ہے کہ موجودہ انسان میں ان اوصاف کی کوئی کمی نہیں ہے!

ہمارا خیال یہ ہے کہ ہندستان کی اعلیٰ اور ادنیٰ درسگاہوں میں علم النفس اور علم تجزیہ نفس کے اصول پر طلباء کے دماغوں کی اصلاح ہو اور بجائے اس کے انہیں تعلیم یافتہ بنایا جائے۔ انکی صلاحیتوں کو نمود کر انہیں انسان بنانے کی کوشش کی جائے!

پنڈت نہرو اور اخبارات

ہفتۂ آزادی کے سلسلہ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے دہلی کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے ... [illegible]

... سری اور خود بینی کا یہ حال ہو کہ وزیر اعظم تک کو خاطر میں نہ لائیں اور اخبارات کے متعلق ان کے خیالات پر سنسر بٹھا دیں وہ اپنی بد دیانتی کا جس قدر بھی بڑھ چڑھ کر ثبوت پیش کریں کم ہے ... [illegible]

اخبارات کی شرانگیزی

[illegible]

پھول والوں کی سیر

مولانا احمد سعید صاحب کے قلم سے

شاہ عالم ثانی کے عہد میں بادشاہوں نے قطب میں ... [illegible]

[illegible]

۱۸۵۷ء کا انقلاب

[illegible]

قتل کا ملزم بری

دہلی ۱۱ اگست ... [illegible]

دو بیاہیوں کا مقدمہ

[illegible]

اڈیٹر کے نام خطوط

اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

یہ لعنت

[illegible]

جمہوریت کے دعویدار

[illegible]

سنی مجلس اوقاف

[illegible]

عید اور مسلمان

[illegible]

مراسلات و اطلاعات

ٹونک میں عید الفطر کی مسرتیں

[illegible]

ریاست کشن گڑھ میں عید الفطر

[illegible]

عرس مبارک

[illegible]

عرس مبارک

[illegible]

سی پی کے وزیر اخلاقیات

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ دہلی 3 ۱۲ اگست ۱۹۴۸ء

سابق سپاہیوں کی خفیہ فوج جو کرایہ پر لڑتی ہے

باغی طاقتوں کو اسلحہ مہیا کرنیوالے بین الاقوامی گروہ اور خفیہ فوج کا انکشاف

لندن ۱۰ اگست۔ لندن ایکسپریس کا نامہ نگار رونیٹگولیس نے ریلیز سے اطلاع دی ہے کہ برینز کے قریب ایک ہوائی اڈے پر جہاز اسلحہ اٹھائے کھڑے تھے۔ انھوں نے خود کو چھپانے کی ہر کوشش کی جب میں ان کے پاس گیا تو دیکھا کہ وہ کشتیوں اور ان کے قریب اسلحہ اور گولہ بارود کے ڈھیرے ہوئے ہیں ... ان میں ... ۹ کلو طرز کی توپیں اور ۱۵۰ رائفلیں تھیں یہ تمام اسلحہ تقریباً ۳۵۰۰۰ روپے کا تھا اور جو ہوائی جہاز کے ذریعہ پیرا گوئے بھیجا جا رہا تھا۔ جہاں بغاوت کو عالمی میں دبا دیا گیا تھا۔

جب کبھی ہندوستان میں فرقہ وارانہ فساد ہوں ... جب بھی یہودیوں اور عربوں میں تصادم ہو ان میں جو اسلحہ استعمال کیا جاتے ہیں ... یہ اسلحہ ان لوگوں نے ارسال کیا ہے ... بین الاقوامی گروہ ... [illegible]

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس گروہ کی پشت پناہی بڑے بڑے لیڈر کر رہے ہیں ... [illegible]

(بقیہ کالم ۲)

استقبال کریں گے جھنڈا لہرانے سے قبل پنڈت نہرو گارڈ آف آنر کا معائنہ کریں گے ہوائی جہازوں کا ایک دستہ سرکاری جھنڈے کو سلامی دے گا سکھ بینڈ اس موقعہ پر موجود رہے گا۔

دار السلطنت

مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۴۸ء

کنٹرول کی خلاف ورزی پر جرمانہ

ایک فرم کے مالکان رام سروپ اور گردھاری کو بلا پرمٹ کپڑا فروخت کرنے کے جرم میں ... روپے جرمانہ کی سزا دی گئی ... ایک شخص کو اسی جرم میں دو صد روپے جرمانے کی سزا دی گئی ہے۔ ... نامی ایک شخص کو کنٹرول کی قیمت سے مہنگی برف فروخت کرنے کے جرم میں سو روپے کی سزا دی گئی ... ایک شخص کو ۳ درجن دیاسلائی کے بکس ... کے جرم میں ۵۰ روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔

مسلح کانسٹبل غائب

ریلوے پولیس کا ایک مسلح کانسٹبل ... رائفل اور ... کارتوس لے کر غائب ہو گیا ... [illegible]

نئی دہلی سوسائٹی کا فیصلہ

[illegible]

جیت کمشنر سے ملنے کا فیصلہ کیا ... تعمیر کرائی گئی ہیں ان کے بارے میں کوئی فیصلہ کن اقدام کیا جاسکے۔ ... میونسپل ملازموں کے مطالبات پر بھی ... غور کیا ... دہلی میں پختہ پیاؤ بنانے کی ... دی گئی۔

مزدور ڈے

دہلی صوبہ سوشلسٹ پارٹی کے پروگرام کے مطابق آج دہلی کے ایک لاکھ مزدوروں نے مزدور پنچایت کے ماتحت مزدور ڈے منایا۔ جگہ جگہ قومی جھنڈے لہرائے گئے اور اس کو سلامی دی گئی۔ صبح کو ... میں ریلوے قلی یونین کی طرف سے ایک جلسہ ہوا مشتاق احمد سکریٹری سوشلسٹ پارٹی صوبہ دہلی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ قومی نشان ... میں لہراتے ہوئے آزادی حاصل کرنے کا عہد کیا جاتا تھا۔ آج ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم اس ملک کی جھنڈے کی عزت کو قائم رکھیں گے آج ... آزادی کے ایک سال بعد بھی ہم غریب اور محنت کش طبقہ کی حالت وہی ہے جو انگریزی راج میں تھی ... بھوک اور ننگاپن اسی طرح ہے البتہ کچھ ... دولت بڑھا رہے ہیں آج اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ محنت کش طبقہ متحد ہو کر ایک جھنڈے کے نیچے جمع ہو جائیں اور اپنی آواز میں طاقت پیدا کریں آج کے دن ہمیں آزادی کے جھنڈے ... [illegible]

کوئلہ کا کنٹرول

کلکتہ کے کوئلہ پر کنٹرول اٹھا ... کے سوال پر ڈائرکٹر سول سپلائیز نے غور کیا اور کنٹرول اٹھانے کی مشاورتی کمیٹی سے مشورہ کے بعد یہ طے پایا کہ اس کو ملتوی کر دیا جائے۔

ایک گمشدہ مسلمان

رام لال اور دہلی ... کے حالات ... مقدمہ کی کل دہلی کے ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں سماعت ہوئی ... ملزموں پر جرم کے ... کیا ... استغاثہ کی چند شہادتیں گذرنے کے بعد مقدمہ ملتوی کر دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ یکم اکتوبر کو عبدالرزاق اور بعض دوسرے مسلمان فوارہ کے ... بجے مسلمانوں کو دیکھنے گئے ... دروازہ میں ایک ... دیکھ کر وہ لوٹنے لگے ... ان مسلمانوں پر حملہ کر دیا عبدالرزاق کے ساتھی تو بچ کر نکل آئے لیکن اس دن سے عبدالرزاق کا پتہ نہیں ہے۔

یوم آزادی کا پروگرام

۱۵ اگست کو ... بجے ... پنڈت نہرو لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرائیں گے اسی موقع پر فوجوں کی پریڈ بھی ہو گی۔ تینوں منظم کی فوجوں کی سلامی اس موقع پر گارڈ آف آنر پیش کریں گے۔ لال قلعہ ... پر وزیر دفاع اور دیگر ... افسران ان کا

(باقی کالم ۲ ملاحظہ)

سرمہ مقوی بصر

ابتدائی نزول الماء کو روکتے ... آنکھ کی خارش ... کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے

قیمت فی شیشی ... ایک روپیہ ... (عیر)

سرمہ اصلاح چشم

دھند، ... کے لئے اکسیر ہے۔ ... قیمت فی شیشی ... (ایک روپیہ)

سفوف شباب

[illegible]

حب شمسی

[illegible]

حب مسیحی

[illegible]

حب شیر مینہ

[illegible]

سفوف سلطانی

سیلان الرحم کیلئے اکسیر ہے

قیمت چالیس خوراک ... روپے

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحت سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔ پی)

تار کا پتہ ... پزل ... ماڈل ٹاؤن

پانچہزار (۵۰۰۰) روپیہ کے

نقد انعامات

داخلہ کی آخری تاریخ ۲۶ اگست ۱۹۴۸ء

پہلا انعام (صحیح حل) تین ہزار روپیہ (۳۰۰۰) دوسرا انعام (ایک غلطی) بارہ سو روپیہ (۱۲۰۰) تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپیہ چوتھا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو ایک سو پچاس روپیہ ...

معمہ حل کرنیکا طریقہ خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پُر کریں۔ (اشارات) (۱) ایک پھل کا نام (۲) ... ایک کمزوری ہے۔ ... (۳) ایسی چیزیں کھلانے سے صحت پر برا اثر پڑتا ہے۔ (۴) صرف بھیک مانگ کر ہی گزارہ کرنے والے لوگ اچھے نہیں ہوتے بلکہ ... (۵) ... [illegible]

✓			ت	۲	۱
✓	۲			ب	۲
✗	ی		۲	ب	۳
✗	✓	ی	ف		۴
✗	✗		ح	ب	۵
✗	✗		۲	د	۶
✗		م		ھ	۷
✗		ن	ف		۸
✗		ن	و		۹

فیس داخلہ ... [illegible]

شرائط ... [illegible]

آسان اُردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۸ (ڈی)، ماڈل ٹاؤن

لاہور

الجمعیۃ کا آزادی نمبر

۱۵ اگست — وہ مبارک تاریخی دن ہے

جس میں ہندوستان کو اجنبی غلامی کی لعنت سے نجات ملی - ہندوستانی اس دن کو ہمیشہ بطور عید شان و شوکت کے تھا منائینگے

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیاہے کہ

۱۵ اگست کو الجمعیۃ کا شاندار آزادی نمبر

شائع کیا جائے۔ چنانچہ پوری سرگرمی کے ساتھ اس نمبر کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔

آزادی نمبر میں ملک کے ہر خیال اور ہر مذہب کے صف اول کے رہنماؤں، مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ ذمہ داروں اور ممتاز لکھنے والوں کے بیش بہا مضامین۔ بلند پایہ شعراء کی خاص نظمیں اور اہل علم کے حیات افزا علمی مقالات پیش کیے جائیں گے۔

قیمت فی کاپی چار آنے (۴)

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی صحیح تعداد سے مطلع فرمائیں

مشتہرین کے لئے یہ ایک نادر موقعہ ہے۔ وقت بہت کم ہے

اس لئے جلد اشتہارات کے لئے جگہ بک کرالی جائے۔

مینیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

خط و کتابت کرتے وقت

چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

پنجابی اسلامیہ ہائر سیکنڈری اسکول

قطب روڈ دہلی

بلڈنگ کی واگذاری تک

حویلی حسام الدین حیدر بازار بلیماران میں

منتقل کر دیا گیا ہے

ابتدائی چار جماعتوں کا داخلہ جلد شروع ہونے والا ہے

محمد احمد معتکف، آنریری سکریٹری پنجابی اسلامیہ ہائر سیکنڈری اسکول دہلی

پرانے بخارات T.B. اور

تپدق

जबरी JABRI جبری JABRI JAGADARI

تپدق کی مشہور عالم دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ

(۱) جناب ... صاحب ... ڈاکخانہ ... ضلع فیض آباد (۲) جناب ... پرشاد ... ڈاکخانہ ... (۳) ڈاکٹر ... ضلع ... (۴) ... ڈاکخانہ بازار کوٹ ضلع اعظم گڑھ (۵) جناب ... ضلع نینی تال (۶) جناب گوبند رام ... (۷) جناب ... ضلع ہزاری باغ (۸) ... [illegible] ... کا یہی فیصلہ ہے کہ اس موذی مرض سے مریض کی جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ صرف جبری ہی ہے اور یہ سب صاحبان کے پتہ جات بالکل ٹھیک ہیں کوئی بات پوشیدہ نہیں۔ آپ جس سے بھی چاہیں دریافت کرکے تسلی کر سکتے ہیں۔ ... جبری کے بارے میں ہندوستان کے کونے کونے سے عوام کا یہی فیصلہ ہے کہ درحقیقت جبری ... [illegible] ... ایک بار ضرور آزمائش کیجئے۔

تپ دق اور پرانے بخارات کے مریضو! اب بھی سمجھو!

... [illegible] ... جبری جگادھری (JABRI JAGADHRI) کافی ہے۔ ... [illegible]

... جگادھری (مشرقی پنجاب)

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی لیشی (رجسٹرڈ) ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے۔ برص کوڑھ سلیمری کا جادو اثر علاج ہے۔ سال ہا سال کے پرانے مریض اس سے ... تندرست ہو چکے ہیں۔ اس کا اثر ... ظاہر ہوتا ہے۔ اور چار ... مکمل صحت ہو جاتی ہے۔

دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن

درویشی فارمیسی بولائی ڈاکٹر اسٹریٹ

کلکتہ

چار ہزار پانچ سو روپیہ کے نقد انعامات تقسیم کردیے گئے

آسان اُردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۶ - ماڈل ٹاؤن (لاہور) کا شاندار نتیجہ

ی	د	۲	ب	ر	ب	۱
✗	ر	ی	ر	ح	ت	۲
✗	✗	ج	۲	م	س	۳
✗	✗	ت	س	و	د	۴
✗	✗	ت	ر	و	ع	۵
✗	✗	ر	۲	م	ش	۶
✗	✗	ر	ط	۲	ن	۷
✗	✗	✗	ل	ق	ع	۸
✗	✗	✗	ت	۲	م	۹

۲۶ جولائی تک آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۶ کے جو حل ہم کو وصول ہوئے اور جن میں قواعد معمہ کی پابندی کی گئی تھی شامل مقابلہ کر لیے گئے۔ پہلا انعام مبلغ تین ہزار روپیہ بالکل صحیح حل بھیجنے پر مسٹر رشید احمد صدیقی ... (مغربی پنجاب) کو دیا گیا۔ ایک غلطی والے ... حل نکلے جن پر دوسرا انعام مبلغ نو سو روپیہ بحساب ۷۵ روپیہ فی حل تقسیم کیا گیا (۱) ایم اے رحمان ایبٹ آباد (۲) سعیدہ خاتون کراچی (۳) شوکت علی ملک لاہور (۴) کندن لال کشور امرتسر (۵) ... سیالکوٹ (۶) محمود علی ... کوٹری (۷) محمد ایوب ... (۸) مسز ... دہلی (۹) ایم ایس شفیع دہلی (۱۰) ... کلکتہ (۱۱) مقبول احمد کراچی (۱۲) خان عبداللہ خاں پشاور (۱۳) محمد اسلم راولپنڈی (۱۴) ایس اے رشید ملتان ... تیسرا انعام مبلغ پانچ سو روپیہ بحساب ... روپیہ فی حل تقسیم کیا گیا چوتھا انعام مبلغ ایک سو پچاس روپیہ سب سے زیادہ ... حل بھیجنے پر مسٹر ایم اے رحمان ایبٹ آباد کو دیا گیا۔ سب کو انعامات بھیج دیئے گئے ہیں۔ صحیح حل اور پر ... آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۶ کا مکمل نتیجہ اور صحیح حل صرف پندرہ روزہ "حسرت" ماڈل ٹاؤن لاہور مورخہ یکم ستمبر میں چھپے گا ... آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۵ کا مکمل نتیجہ "حسرت" مورخہ یکم اگست میں دیکھیے۔

مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی سماعت

گوسوامی گرشن جی مہاراج کی گواہی اور زبردست جرح

لال قلعہ دہلی ۱۰ اگست۔ مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل میں گوسوامی کرشن جی مہاراج پر جرح جاری رہی۔ مسٹر ڈانگے وکیل کو کرنے کے ایک سوال کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میں نے دسویں جماعت کا امتحان دیا تھا۔ لیکن پاس نہیں ہوا۔ میرا باپ دو سال ہوئے مر گیا ہے۔ اس کے بعد میں گدی لیتا رہا ہوں۔ میں نے سنسکرت کی سٹڈی کی ہے۔ گیتا کا بھی میں نے مطالعہ کیا ہے۔ میں اپنے پیروؤں کو گیتا پڑھاتا رہا ہوں۔

عدالت۔ ان سوالوں سے آپ کا کیا مطلب ہے۔ آپ گواہ سے کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

مسٹر ڈانگے۔ مہاتما گاندھی اپنی پراتھنا میں قرآن ...

...

نے کرائی تھی۔ اس کے بعد گواہ کا بیان ختم ہو گیا۔ ایک اور گواہ دھرمپال کی گواہی کے بعد عدالت کل پر ملتوی ہو گئی۔

استغاثہ کے ۷۰ گواہ بیان دے چکے ہیں

دہلی ۱۱ اگست۔ مسٹر دی آتما رام مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل میں اس وقت تک ۷۰ گواہان استغاثہ کے بیانات سن چکے ہیں۔ ابھی تک ۲۰۰ اور گواہ پیش ہونے باقی ہیں۔ مسٹر دفتری استغاثہ کا خیال ہے کہ ان تمام گواہوں کے بیانات ستمبر کے وسط تک ختم ہو جائیں گے۔

فسادات کے زمانہ میں گمشدہ مردوں

عورتوں اور بچوں کے متعلق ضروری اعلان

تقریباً چھ ماہ ہوئے کہ میں اور میرے ساتھ چند حضرات محمد تقی صاحب وغیرہ صوبہ دہلی اور آس پاس کے علاقوں سے اغوا شدہ ہندو مسلمان عورتوں کی برآمدگی کی خدمت میں مصروف ہیں۔ اس سلسلہ میں میرے پاس دفتر جمعیۃ علماء ہند میں بہت سے خطوط ...

... ایسے گمشدہ افراد کے متعلق الجمعیۃ میں ایک قسط وار سلسلہ شروع ہونے والا ہے انسانیت و اخلاق کے تمام ہمدردوں سے اپیل ہے کہ وہ ان قسطوں کو بغور پڑھیں اور جن صاحبان کو بھی ان گم شدگان میں سے کسی کا پتہ معلوم ہو وہ براہ کرم فوراً اطلاع دیکر انسانی ہمدردی کا ثبوت دیں۔

سید انیس الحسن۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مولانا فقیہہ الدین علی گڈھ کو

دہلی ۱۱ اگست۔ آج رات ۹ بجے دی ایکسپریس سے مولانا فقیہہ الدین صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع دہلی علی گڈھ روانہ ہو گئے۔ انشاء اللہ ۱۳ اگست کو واپس آئیں گے۔ (نامہ نگار)

محمود الحسن جلد توجہ کریں

محمود الحسن ولد منشی سید شوکت علی جو ایک سال سے دہلی سے لاپتہ تھے ان کا ایک خط کلکتہ سے آیا ہے جس میں ان کا پتہ نہیں لکھا ہے۔ اگر محمود الحسن واقعی کلکتہ میں ہیں تو وہ فوراً دہلی آ جائیں اور اپنے مکان واقع نواب گنج نہ جائیں بلکہ سیدھے میرے پاس آئیں ان کی والدہ اور بہن بھائی سب یہیں ہیں۔ سید انیس الحسن، دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی

آزادی کی سالگرہ پر

ضلع کانگریس کمیٹی ۲ کا پروگرام

۹ اگست سے ۱۵ اگست تک تمام ہندوستان میں آزادی کی پہلی سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ کانگریس کمیٹیوں کی جانب سے ہر جگہ خاص اہتمام میں اور بڑے بڑے پروگرام مرتب کئے گئے ہیں۔

ضلع کانگریس کمیٹی ۲ دہلی نے بھی اس ہفتہ کے لئے بڑے شاندار اور وسیع پروگرام بنائے ہیں جن کا اعلان اخبارات اور اشتہارات کے ذریعہ کیا جا چکا ہے۔ ضلع ۲ دہلی کا سب سے بڑا اور سب سے ممتاز علاقہ ہے۔ اس لئے تمام علاقہ کے باشندوں سے اپیل ہے کہ وہ ان تمام پروگراموں میں پوری دلچسپی کے ساتھ حصہ لیں اور اس طرح اپنی قومی روایات کو شاندار پیمانے پر منائیں۔

سید انیس الحسن رکن ضلع کانگریس کمیٹی ۲ دہلی۔

بکری ٹیکس کے خلاف احتجاج

میرٹھ ۱۱ اگست۔ میرٹھ ضلع کے تاجروں کے ایک جلسۂ عام میں حکومت یوپی کے بکری ٹیکس پر اظہار تشویش کیا گیا ان تاجروں کا کہنا ہے کہ جس طرح اس ایکٹ میں کہا گیا ہے اس طرح ...

اپنی فرقہ پرستی کو چھپانے کیلئے مہاسبھائیوں کی نئی چال

لفظ ہندو کی تعریف تو بدلنا چاہتے ہیں لیکن نام بدلنے کیلئے تیار نہیں

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ دہلی میں ہندو مہاسبھا کے لیڈروں سے اس اطلاع کی تصدیق ہو گئی ہے کہ ہندو مہاسبھا فرقہ وارانہ کیریکٹر ختم کرنے والی ہے۔ مہاسبھا نے سیاست میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے لیکن وہ اپنی پرانی پالیسی کا اعادہ نہیں کرے گی۔ مہاسبھا کے جنرل سکریٹری مسٹر آشوتوش لاہری نے کہا کہ شملہ میں ایک کمیٹی جو پالیسی کے تعین کے لئے مقرر کی گئی تھی محسوس کر لیا گیا تھا کہ آزاد ہندوستان میں فرقہ وارانہ جماعتوں کا کوئی کام نہیں۔ مہاتما گاندھی کے قتل کے بعد ...

سکریٹری مذکور نے کہا کہ اب مہاسبھا کی پالیسی یہ ہے کہ ہندوستان کا ہر وفادار شہری ہندو مہاسبھا کا ممبر بن سکتا ہے۔ اور مہاسبھا کا فرض ہے کہ وہ اقلیتوں میں حفاظت کا احساس پیدا کرے۔ یہ اسلئے اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ کانگریس نے مہاسبھا کی اس پالیسی کو تسلیم کر لیا ہے کہ ...

اختلافات بغیر کسی فرق و امتیاز کے ہوں۔ تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ مہاسبھا کے نام کے تبدیل کرنے کے متعلق مہاسبھا کے حلقوں میں سخت اختلاف پیدا ہو گیا ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ہندو مہاسبھا کے نام کو برقرار رکھا جائے۔ لیکن لفظ ہندو کی تعریف بدل دی جائے یعنی ہندو کے معنی یہ قرار دیئے جائیں کہ ہندوستان کا ہر باشندہ ہندو ہے۔ خواہ کسی مذہب سے تعلق رکھتا ہو۔ دوسرے حلقے کا خیال ہے کہ اس کا نام بدل کر ... کے عوام کی اقتصادی حالت کو درست نہیں کر سکی۔ سب کا یہ خیال ہے کہ پارلیمنٹ میں ایک حزب مخالف ضروری ہے۔ حزب مخالف کا کام سوشلسٹ پارٹی انجام نہیں دے سکتی۔ مہاسبھا ایک نئے اقتصادی پروگرام کو تیار کرے گی تاکہ آئندہ انتخابات میں وہ ایک نئی اسکیم کے ماتحت لڑ سکے۔

حیدرآباد پر حکومت ہند کا قرطاس ابیض

حیدرآباد میں جو لاقانونیت ... پھیلی ہوئی ہے حکومت ہند اس کو ایک خاموش تماشائی کی حیثیت سے نہیں دیکھ سکتی اگر یہی صورت حال بدستور جاری رہی تو ہندوستان کے نظم اور امن کو خطرہ پیدا ہو جائے گا ... حکومت نظام کے آزادی کے مطالبہ کو تسلیم نہیں کر سکتی۔ کیونکہ حکومت ہند اقتدار اعلیٰ ہونے کی حیثیت سے ...

...

دہلی میں تیس ہزار مسلمان واپس آ گئے یونین میں مسلمانوں کی گرفتاریاں

حیدرآباد میں رضاکاروں کی سرگرمیاں۔ فرمانرواؤں کے ذاتی مصارف

اسمبلی میں سوالات

دہلی ۱۰ اگست۔ ہندوستانی پارلیمنٹ میں ... کے ایک تحریری سوال کے جواب میں ... بیان کیا کہ مہاتما گاندھی کے برت کے بعد تیس ہزار مسلمان دہلی واپس آ گئے ہیں۔

... ہندوستان میں ... اقلیت کی ... چند ماہ سے دہلی میں حالات پر امن ہیں ... وہ یقیناً پاکستان میں مستقل ارادہ ... گئے۔

...

حیدرآباد کے متعلق

...

فرمانرواؤں کے ذاتی مصارف

مسٹر آر۔ کے سدھوا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ ریاستوں کے ...

عازمین حج کو بہترین مشورہ

حاجیوں کو چاہیئے کہ سفر حج میں ایسی دوا ضرور اپنے پاس رکھیں جو وقت ضرورت کسی مرض میں مبتلا ہو جانے پر فوراً شفا حاصل ہو۔ تجربہ نے ثابت کر دیا کہ سفر حج میں ریل۔ جہاز اور عرب کی آب و ہوا میں ... یہ دوا بڑی کامیاب اور اکسیر ثابت ہوئی ہے۔

AMICO DROPS

امیکو ڈراپ

جادو اثر ہے

یہ بڑی موثر اور کامیاب دوا ہے جو ڈاکٹری ادویات کا خاص مرکب ہے سائنس کے اصول پر تیار کیا گیا ہے اس کے فوائد بڑے حیرت انگیز ہیں اس دوا کے چند قطرے ایک ہی مرتبہ کے استعمال میں اپنا اثر دکھاتے ہیں ... متلی، دستوں کا ہونا۔ بار بار پاخانہ آنا۔ پیٹ میں درد ہونا۔ سینہ جلنا ... کے فاسد مادہ کو دور کرتی ہے ... شکایات جاتی رہتی ہیں جسم کے تمام اندرونی اور بیرونی دردوں میں بھی بے حد مفید ہے۔ پیٹ کی گرانی سے بخار وغیرہ کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ اس دوا کے فوائد بہت کثیر ہیں جس قدر تعریف کی جائے کم ہے ... مسافروں کے لئے بہترین دوا ہے۔ ہر گھر میں سفر میں یہ دوا ضرور رہنی چاہئے ضرورت کے وقت آب حیات کا کام کرتی ہے۔ لوگوں کو بڑے حیرت انگیز فوائد اس دوا سے پہنچے ہیں ...

قیمت:- بڑی شیشی دو روپیہ بارہ آنہ تین شیشیاں سات روپیہ بارہ آنہ

نصف شیشی ایک روپیہ بارہ آنہ تین شیشیاں پانچ روپے — محصول ڈاک علاوہ

چوتھائی شیشی ایک روپیہ تین شیشیاں دو روپیہ بارہ آنہ

مزید معلومات اور دیگر امراض کے لئے فہرست ادویہ مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

این اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۸ر شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۴ر اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۶۱ | فی پرچہ اور بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

اشتہار کے لئے جگہ خالی ہے

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں!

منی آرڈر کوپن اور خطوط میں ہمیشہ اپنا پتہ اور خریداری نمبر صاف اور خوشخط تحریر فرمائیں۔ (منیجر)

بیت المقدس میں پھر جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے۔ عربوں نے یہودیوں کے آٹھ دیہات پر قبضہ کرلیا

کاؤنٹ برناڈوٹ نے متحارب فریقین کو متنبہ کردیا

اگر جنگ بند نہوئی تو معاملہ پھر مجلس تحفظ کے سامنے پیش کردیا جائیگا

لندن ۱۳ر اگست۔ روڈس میں اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کے ہیڈ کوارٹر کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ عرب لیڈروں نے ان کی اس تجویز کو منظور کرلیا ہے کہ جمعہ کے دن ... کوئی بھی فریق کسی دوسرے کی گولی کا جواب نہیں دے گا۔ ابھی تک یہودیوں کے جواب کا انتظار کیا جارہا ہے۔

اس سے قبل کی اطلاعات مظہر ہیں کہ بیت المقدس کے ... زبردست لڑائی شروع ہو گئی ہے۔ ...

کاؤنٹ کا انتباہ

ایک پریس کانفرنس میں کاؤنٹ برناڈوٹ نے ... دونوں پارٹیوں کو بتا دینا چاہتا ہوں کہیں سخت بھی ہوسکتا ہوں ...

حکومت ہند نے فرقہ وارانہ جماعتوں کی خلاف ایک اور قدم اٹھایا

فرقہ وارانہ نفرت کو روکنے کے لئے صوبائی حکومتوں کو ہدایت

نئی دہلی ۱۳ر اگست۔ حکومت ہند نے صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی ہے کہ ... فرقہ وارانہ جماعتوں کے خلاف ...

سندھ اور مغربی پنجاب میں عظیم الشان سیلاب

لاکھوں انسان خانماں برباد ہوگئے

کراچی ۱۲ر اگست۔ صوبہ سندھ اور مغربی پنجاب دونوں صوبوں کو ایک مرتبہ اور ایک زبردست مصیبت کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔ دونوں صوبوں کی حکومتیں اس سے قبل لاکھوں پناہ گزینوں کو آباد کرنے اور خوراک دینے کے عظیم الشان مسئلہ کا مقابلہ کر رہی ہیں لیکن اب دونوں حکومتوں میں سیلاب کی زبردست تباہ کاریوں نے ان کے پھر لاکھوں انسانوں کو تباہ دیے، آباد کرنے اور خوراک مہیا کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ ...

عدالت میں مسٹر کھوڑو کے اخبار اور اللہ بخش کے قتل کا ذکر

مسٹر کھوڑو کے مقدمہ میں ڈائرکٹر تعلقات عامہ اور انسپکٹر جنرل پولیس کی شہادت

کراچی ۱۰ر اگست۔ آج مسٹر کھوڑو کے مقدمہ کے سلسلہ میں قاضی عبد الرحمن ڈائرکٹر تعلقات عامہ نے شہادت دیتے ہوئے کہا ...

روسی ہوائی جہازوں کی معاہدہ کی خلاف ورزی

حکومت برطانیہ کا روس سے احتجاج

برلن ۱۳ر اگست۔ ...

یہودیوں کے لرزہ خیز مظالم

مجلس تحفظ کے نام عزام پاشا کا تار

لندن ۱۳ر اگست۔ کاؤنٹ برناڈوٹ کے ہیڈ کوارٹر ... عرب لیگ کے سکریٹری جنرل عزام پاشا نے مجلس تحفظ کے نام ایک تار بھیجا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یہودیوں نے ۲۸ عربوں کو زندہ جلا دیا ہے۔ ...

کشمیر کمیشن اور جنگ بند کرنے کا مسودہ

کراچی ۱۲ر اگست۔ ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا نے اطلاع دی ہے کہ کشمیر کمیشن کشمیر میں جنگ بند کرنے کے مسودہ کو تیار کر رہا ہے جو حکومت ہند اور حکومت پاکستان کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ ...

سیام میں بغاوت کا اندیشہ

حکومت کا احتیاطی اقدام

بنکاک ۱۳ر اگست۔ سیام میں عام بغاوت کا اندیشہ کیا جارہا ہے اس لئے فوجیوں کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔ وزیر اعظم نے ایک براڈ کاسٹ تقریر میں عوام سے امن قائم رکھنے اور حکومت سے تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ ...

رنگون میں کرفیو کا نفاذ

رنگون ۱۲ر اگست۔ آج رنگون میں ۲۴ گھنٹہ کا کرفیو نافذ کردیا گیا ہے کیونکہ کمیونسٹوں کی بغاوت کا خطرہ محسوس کیا جارہا تھا۔ ...

ہند اور پاکستان کی کانفرنس ملتوی

دہلی ۱۲ر اگست۔ ہندوستان اور پاکستان میں جو کانفرنس ہونے والی تھی وہ غیر محدود مدت کے لئے ملتوی کردی گئی ہے۔ ...

یوم آزادی پر مخالفانہ مظاہرے

ہند اور پاکستان میں قیدیوں کا تبادلہ

کراچی میں پھر گفت و شنید شروع

کراچی ۱۲ر اگست۔ پاکستان میں مقیم ہندی ہائی کمشنر ...

پاکستان کا ثقافتی مشن

اسلامی ممالک کے دورہ کا پروگرام

کراچی ۱۲ر اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان مشرق وسطیٰ کے ممالک میں پانچ اشخاص پر مشتمل ایک ثقافتی مشن بھیج رہی ہے۔ یہ مشن مصر، شام، لبنان، شرق اردن، عراق، ترکی، ایران، افغانستان اور سعودی عرب کا دورہ کرے گا۔ ...

افغانستان کا مطالبہ پٹھانستان

کراچی ۱۲ر اگست۔ پاکستان کے سفیر متعینہ کابل ... آج ... ہوائی جہاز سے کابل روانہ ہوگئے۔ ...

مشرقی پاکستان میں تیل نکلنے کے امکانات

ڈھاکہ ۱۰ر اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک کمپنی ... تیل نکالنے کی کوشش کرنے کے لئے تیار ہے۔ ...

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۴ اگست ۱۹۴۸ء

حکومت ہند کا قرطاس ابیض

کرنے کے لئے دلائل و شواہد بھی پیش کئے گئے ہیں، جن میں بعض تو معقول ہیں، بعض کمزور ہیں اور بعض ایسے ہیں جنکا اظہار قطعاً مناسب نہ تھا، یہ بنیادی حقیقت مسلم کہ حیدرآباد کو ہند یونین میں شامل

وزیراعظم سرحد کے مکان پر مسلح پٹھانوں کا مظاہرہ

پٹھانستان زندہ باد کے نعرے اور خان برادران کی رہائی کا مطالبہ

پشاور ۱۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ پانچ سو مسلح پٹھانوں کے ایک گروہ نے ڈاکٹر خان کی گرفتاری پر صوبہ سرحد کے وزیراعظم خان عبدالقیوم خاں کے بنگلہ پر احتجاجی مظاہرہ کیا اور بادشاہ خاں اور سابق وزیراعظم سرحد ڈاکٹر خان کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے بادشاہ خان زندہ باد اور پٹھانستان زندہ باد کے نعرے بھی لگائے۔ پولیس کی درخواست پر بھی منتشر ہونے سے انکار کر دیا۔ آخر کار پولیس کو اشک آور گیس استعمال کرنی پڑی۔ مظاہرین ... کو آگ لگا دی۔ جن پر مسلم لیگ کے جھنڈے لہرا رہے تھے۔ اس وقت بھی فوج شہر کا گشت کر رہی ہے اور احتیاطی تدابیر اختیار کی گئی ہیں۔ (نیوز)

شام سکیورٹی کونسل میں مسئلہ حیدرآباد پیش کریگا

قاہرہ ۱۰ اگست۔ مقامی سیاسی حلقوں میں یہ خیال ظاہر کیا جا رہا ہے کہ شام سکیورٹی کونسل کی ممبری سے سبکدوش ہونے سے پہلے مسئلہ حیدرآباد پیش کرے گا۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ عرب لیگ کے سکرٹری جنرل عزام پاشا عرب لیگ کا فوری اجلاس طلب کر ... جس میں حیدرآباد کے مسئلہ پر غور و خوض کیا جائے گا۔

... شاہی خاندان کے فرد ہیں، پنڈت جواہر لال نہرو کے نام ایک تحریری پیغام ارسال کیا ہے جس میں درخواست کی گئی ہے کہ حکومت ہند حیدرآباد کے خلاف جارحانہ اقدام سے باز رہے اور حکومت نظام سے مفاہمت کی کوشش کرے۔

یہاں اس خبر کو سخت ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا گیا کہ حکومت ہند نے حکومت نظام سے اس امر کے خلاف احتجاج کیا ہے کہ اس نے سرمایہ امداد فلسطین میں دس لاکھ روپے کیوں دیئے۔ بعض انجمنوں کی طرف سے سفیر ہندوستان باہر ... کو اس معاملہ کے متعلق اپنے خیالات سے آگاہ کریں گی۔

نظام کے ولی عہد شہزادہ برار کمانڈر انچیف کے عہدے سے دستبردار ہوگئے

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ نظام کے بڑے بیٹے شہزادہ برار نے ریاست حیدرآباد کی فوجوں کے کمانڈر انچیف کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اس بارے میں ابھی تک کوئی تصدیق شدہ اطلاع موصول نہیں ہوئی کہ آیا ان کے استعفیٰ کی وجہ نظام گورنمنٹ سے اختلاف ہے یا انہیں کوئی اور اعلےٰ سیاسی عہدہ دیا جا رہا ہے۔ شہزادہ برار فوجوں کے کمانڈر انچیف ہیں اور جنرل ال ادروس ریاستی فوجوں کے کمانڈر ہیں۔ حیدرآباد کی اطلاع ہے کہ نظام گورنمنٹ کے قریبی حلقے اس بارے میں سخت رازداری سے کام لے رہے ہیں کہ شہزادہ برار کیوں مستعفی ہوئے ہیں۔

بنارس میں سیلاب کی تباہکاریاں

بنارس ۱۱ اگست۔ سخت بارش کی وجہ سے بنارس کی تحصیل میں ۳۰ ہزار ایکڑ زمین پانی میں ڈوبی ہوئی ہے۔ خریف کی فصل کو سخت نقصان پہنچا ہے اور ہزاروں مکانات گر گئے ہیں۔ کئی مقامات پر گرانڈ ٹرنک روڈ پانی میں ڈوب گئی تھی کیونکہ پانی آ گیا ہے۔ حکومت نے سیلاب زدہ لوگوں کی امداد کے لئے ۵۰ ہزار کی رقم منظور کی ہے۔

مولینا محمد عبداللہ شاہ مسلم کانفرنس سے مستعفی ہوگئے

سری نگر ۱۱ اگست۔ کشمیر اور جموں مسلم کانفرنس کے صدر مولانا محمد عبداللہ شاہ نے کشمیر اور جموں مسلم کانفرنس کی صدارت سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ آپ نے سری نگر سے ... میل کے فاصلے پر ایک جگہ تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جموں اور کشمیر پر پاکستان کے حملہ آوروں کے حملہ سے میری آنکھیں کھل گئی ہیں۔ اور ان کے ہولناک مظالم سے مجھے نفرت ہوگئی ہے۔

مسلمانوں کی فراخدلی

قیدیوں کی سزا میں رعایت

یہ سیاسی قیدی

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جشن آزادی

پٹنہ میں ہیضہ پھوٹ پڑا!

۳۶ گھنٹہ میں دو سو واردات

مراسلات واطلاعات

دہلی مومن کانفرنس کا اہم جلسہ

تاریخ ۱۲ اگست بعد نماز ... مومن کانفرنس صوبہ دہلی کا ایک اہم جلسہ منعقد ہوگا جس میں ... کو ... بھیجنے کے متعلق غور کیا جائے گا۔ مومن کانفرنس کے ممبران سے درخواست ہے کہ وقت معینہ پر تشریف لائیں اور اپنے قیمتی مشورہ سے مستفید فرمائیں۔

عید کی دعوت

اپیل

مسٹر اصفہانی واپس امریکہ میں

اغوا شدگان کے لئے درخواستیں

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ہماری نماز عید

جناب اڈیٹر صاحب زاد فیضہ۔ اپنے اصول کی خاطر جینے والے ... بے غرض، مخلص اور سچائی کے پرستار ... نے راہ حق پر چلنے اور سچائی کو اختیار کرنے میں دنیا کی ... کو اپنے راستے میں حائل نہیں ہونے دیا ... نے یقین کیا اس پر عمل کیا۔ دنیا ان کو کامیاب سمجھے یا ناکامیاب خیال کرے وہ اس سے بے نیاز ہوتے ہیں۔

صیاد اور باغبان

مغربی پنجاب اور شراب

دشمن کشمیر میں پاکستان سے مزید کمک لے آیا اوڑی چکوٹی کے محاذ پر خونریز جنگ

ہندستانی مورچے بھی مضبوط کردئے گئے

ٹتھوال کے جنوب میں دشمن کا حملہ ناکام بنادیا گیا

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ وزارت دفاع کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ دیکھ بھال کرنے والے ہندستانی ہوائی جہازوں نے رپورٹ دی ہے کہ دشمن پاکستان سے بھاری تعداد میں کشمیر کے محاذ دن بدلے آیا ہے اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ اطلاع مزید بتایا گیا ہے کہ کل ٹتھوال کے جنوب میں دشمن نے ایک زبردست منظم حملہ کیا۔ جسے ہندستانی فوجوں نے پسپا کر دیا۔ بہت گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی جس میں دشمن کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ دشمن کے ۱۳ اشخاص ہلاک اور ۳۰ مجروح ہوئے ہیں۔

تفصیل سے پتہ چلا ہے کہ دشمن نے رات کی تاریکی میں توپوں، مشین گنوں اور برین گنوں کی زد سے ہمارے مورچوں پر زبردست حملہ کیا۔ ایک مقام پر دشمن ہمارے مورچوں سے صرف ۲۰ گز کے فاصلہ پر رہ گیا اور یہاں بڑے گھمسان کا رن پڑا۔ ہماری فوجوں نے شدید ترین مزاحمت کے بعد دشمن کا حملہ ناکام کر دیا۔ ٹتھوال کے شمال میں ہمارے گشتی دستے دشمن سے تصادم ہوا۔ جسے منتشر کر دیا گیا۔ نوشہرہ کے محاذ پر مجروں کے ایک قافلہ پر گولہ باری کی گئی جس سے دشمن کو بہت نقصان پہنچا۔ دیکھا گیا کہ دشمن کے ۱۰ آدمی مر گئے۔

گولہ باری ہوئی۔ دوسرے علاقوں میں ہماری فوجیں گشت کرتی رہیں۔

ہندستانی ہوائی بیڑے کے جہاز پرواز کرتے رہے اور ان کے مشاہدے کے مطابق دشمن کو پاکستان سے زبردست کمک پہنچ رہی ہے۔

اوڑی چکوٹی کا محاذ

اوڑی چکوٹی کے محاذ پر بھی گولہ باری کی گئی دیگر محاذوں پر گشتی سرگرمیاں جاری رہیں۔ یونائیٹڈ پریس کا نامہ نگار محاذ جنگ سے اطلاع دیتا ہے کہ مشرق میں لیپہ سے لیکر مغرب میں اوڑی چکوٹی محاذ تک تمام علاقہ میں ہندوستانی اور پاکستانی فوجوں میں زبردست زور آزمائی جاری ہے جس میں طرفین جدید ترین نوعیت کے اسلحہ کو پورا پورا استعمال کر رہے ہیں۔

اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ جمعہ کو لیپہ کے شمال مغرب میں زبردست گھمسان کی لڑائی ہوئی جبکہ دشمن نے پیش قدمی کرنے کی زبردست کوشش کی اور ہمارے مورچوں پر ۲۵ پونڈ کی توپوں سے گولے پھینکے۔ شدید جنگ ہوئی جس کے دوران میں ہمارے مقابل صف کے دستوں نے بڑا حملہ کرکے دشمن کو شکست فاش دی۔ دشمن کو زبردست نقصان اٹھانا پڑا۔ پاکستانیوں کے نقصان کی تفاصیل کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

اوڑی چکوٹی محاذ پر بھی گولہ باری جاری ہے۔ دشمن نے ہمارے ہوائی جہازوں پر گولہ باری کی لیکن ناکام رہا۔ ہماری توپوں نے دشمن کی کئی جیپ کاریں تباہ کر دیں۔

گریز میں ہندوستانی ہوائی جہازوں نے بمباری کرکے دشمن کو زبردست نقصان پہنچایا۔ سکردو سے کرگل تک تمام محاذوں پر دشمن کو بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ سکردو میں ہندوستانی ہوائی جہازوں نے دشمن کے مورچوں اور ہیڈ کوارٹر پر زبردست بمباری کی جس سے دشمن کو سخت نقصان پہنچا۔

ٹتھوال کے جنوب میں زبردست لڑائی

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ آج ڈی مِلن ملٹری کے ایک کمیونکے میں بتایا ہے کہ ۱۰ اگست کی صبح ٹتھوال کے جنوب میں ۴۸ گھنٹے کی لڑائی کے بعد ہمارے سپاہیوں نے دشمن کے حملے کو پسپا کر دیا اور دشمن کے ۱۰ آدمی ہلاک ہوئے اور خیال کیا جاتا ہے کہ اتنے ہی زخمی ہوئے۔

توپوں، مشین گنوں اور برین گنوں سے دشمن نے اندھیرے میں مورچوں پر زبردست حملہ کیا اور ہماری لائنوں کے ۲۰ گز قریب تک پہنچ گیا اور آمنے سامنے لڑائی ہوئی۔ ہمارے سپاہیوں نے سخت مقابلہ کیا اور آخرکار دشمن کو پسپا کر دیا۔

ٹتھوال کے شمال کی جانب ہمارے گشتی دستوں نے حملہ آوروں کی ایک معمولی سی جمعیت سے جھڑپ لی اور اسے منتشر کر دیا۔

۱۰ اگست کی صبح کو نوشہرہ کے جنوب مغرب میں ہمارے توپ خانے نے خچروں اور اونٹوں پر مشتمل دشمن کے ایک قافلہ پر گولہ باری کی۔ ۱۰ جانور ہلاک ہوگئے۔

اڑی کیوشنی کے علاقہ میں توپ خانوں کے مابین

دارالسلطنت

مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۴۸ء

ڈاکٹر خان کی گرفتاری پر احتجاج

کارکنان احرار خدام خلق صدر بازار کا ایک جلسہ محمد احمد صاحب کی زیر صدارت ہوا جس میں دوسرے دو قرار دادوں کے علاوہ ڈاکٹر خان کی گرفتاری پر احتجاجی قرارداد منظور ہوئی۔

سرکاری کوارٹر

تقریباً سو شرنارتھی خاندان جن کو سرکاری کوارٹر خالی کر دینے کا حکم ہوا تھا۔ اب ان سے اس وقت تک کوارٹر خالی نہ کرائے جائیں گے جب تک کہ ان کے لئے رہائش کا انتظام نہ ہو جائے۔ ان لوگوں نے سرکاری کوارٹروں پر زبردستی قبضہ کر لیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ چند ماہ میں ۱۳۰۰ آدمیوں کو زبردستی قبضہ کئے ہوئے مکانات خالی کرنے کا نوٹس دیا گیا ہے لیکن اسٹیٹ آفیسر کی پالیسی یہ ہے کہ ان شرنارتھیوں کو نہ نکالا جائے جن کے پاس رہنے کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔ ستمبر کے فسادات میں ۱۲۲۰ سرکاری کوارٹروں پر قبضہ کر لیا گیا تھا جن میں سے صرف ۳۰۰ کوارٹر خالی کرائے گئے ہیں۔

پاکستان میں ہندوں کی دیکھ بھال ایک بورڈ قائم کیا جائیگا

کراچی ۱۱ اگست۔ پاکستان کے [illegible] نے اس بات کو پھر دہرایا کہ پاکستان میں جتنے ہندو ہیں ان کی حفاظت کی جائے گی اور پاکستان میں ہندوؤں کا ایک بورڈ بنایا جائے گا۔ جو ان کی دیکھ بھال کرے گا۔

”ہمارے علاقے سے اپنی فوجیں ہٹالو“

حکومت ہند سے حکومت نظام کا مطالبہ

حیدرآباد ۱۱ اگست۔ نظام گورنمنٹ نے حکومت ہند سے حیدرآباد کے علاقہ پر ہندوستانی فوج کے قبضہ کے خلاف احتجاج کرکے مطالبہ کیا ہے کہ اس فوج کو فوراً ہٹا لیا جائے۔ احتجاج نامے میں کہا گیا ہے کہ ہندوستانی فوج نے برالگی کے گاؤں اور اسٹیشن نیز نیخ پر قبضہ کر رکھا ہے۔ جب سے صورت حال زیادہ خراب ہوتی جارہی ہے۔ اور کشیدگی کی فضا میں اور اضافہ ہو رہا ہے جو ہندوستان اور حیدرآباد کے درمیان پیدا ہوگئی ہے۔ برالگی شولاپور سے ۰ میل کے فاصلہ پر حیدرآباد کے علاقہ میں واقع ہے۔ اور ہندوستانی فوج نے حال ہی میں ایک رضاکار کردہ کاملا پاکرنے کی کارروائی میں پر قبضہ کر لیا ہے۔ اس سے ایک ہفتہ قبل تیج کے مقام پر قبضہ کیا گیا تھا۔ جب رضاکاروں نے چھپکر ہندوستانی فوج کے ایک قافلہ پر حملہ کیا۔ جب سے ہندوستانی فوج ان مقامات پر متعینات ہے۔ اور نظام گورنمنٹ نے اسے فوراً نکالنے کا مطالبہ کیا ہے۔

نظام گورنمنٹ کے ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ہندیارلیمنٹ میں ہوکر یہ بیان کہ حیدرآباد کی آنکھ بندی صرف سامان جنگ کی روک تک محدود ہے حقائق کے خلاف ہے تاکہ بندی کا اثر تمام اشیاء پر ہے۔ یہاں تک کہ دوائیاں تک نہیں آنے دی جاتیں۔

نام کی تبدیلی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے جاری کردہ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ریٹ ٹیمریا کمیٹی کے ایک جلسہ میں منظور شدہ ریزولیوشن کے مطابق سول لائنز کے عثمان پور روڈ کو نام بدل کر نیا روڈ رکھدیا گیا ہے۔

طلبا کی ستیہ گرہ

شرنارتھی طلبا کی ایک ہفتہ پرانی ستیہ گرہ جو ۲۸ اگست کو مشرقی پنجاب یونیورسٹی کالج کے طلبا نے معاہدہ پر حکومت کے عمل درآمد کرنے پر اور طلبا پر لاٹھی چارج کرنے پر بطور احتجاج شروع کی تھی۔ وہ آج جب حکومت نے ان کے مطالبات منظور کر لئے تو ختم ہوگئی۔ حکومت نے طلبا کے تمام مطالبات منظور کر لئے ہیں تقریباً ۸۰۰ طلبا کے لئے خیموں کا انتظام کر دیا گیا ہے اور ایک دو دن میں ۵۰ لڑکیوں کے لئے ہوسٹل میں گنجائش فراہم کر دی جائے گی۔ تقریباً سات سو طلبا کو فرنیچر بھی دیا جائے گا۔ ستیہ گرہی طلبا جو گرفتار ہوئے تھے وہ کل شام رہا کر دئے گئے۔

پالم میں ڈاکہ کا مقدمہ

جوندہ نامی ایک شخص کے خلاف مقدمہ جس پر پالم کے ریلوے اسٹیشن کے قریب دن دہاڑے ڈاکہ ڈالنے کا الزام ہے۔ آج مسٹر منوہر لال جج ایڈیشنل سیشن جج دہلی کی عدالت میں پیش ہوا۔ استغاثہ کے بیان کے مطابق ملزم نے میرا تو نام کی ایک عورت کے گلے سے زبردستی ایک نکلس چھیننے کی کوشش کی جو اپنے سسرال جارہی تھی ایک ڈاکیہ اور گاؤں کا چوہدری جو وہاں سے گذر رہا تھا انہوں نے عورت کو بچالیا اور ملزم کو پولیس کے حوالہ کر دیا۔

پولیس اسپتال کے ایک ڈاکٹر کی شہادت بھی لی گئی۔ مقدمہ کی مزید سماعت تمام گواہوں کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے ۱۲ اگست تک ملتوی کر دی گئی۔

کم کپڑا خریدو

معلوم ہوا ہے کہ حکومت کپڑے کی غیر معمولی خریداری کے پیش نظر کم کپڑا خریدنے کی تحریک شروع کر رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس وقت بھی کپڑے کے تاجروں کے پاس چھ ماہ کا اسٹاک موجود ہے۔ خریداروں کو اس بات کا خطرہ ہے کہ کنٹرول شدہ کپڑا آسانی سے میسر نہ آئے گا اس لئے وہ غیر ضروری کپڑے کو بکثرت خرید رہے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ اگر خریداروں نے آنے والے چند ماہ تک کپڑا نہ خریدا تو کپڑے کی قیمتیں گر جائیں گی اور کپڑے کی بابت نئی پالیسی کامیاب رہے گی۔

سفارت خانوں کیلئے مخصوص علاقہ

ایک سو ایکڑ [illegible] نئی دہلی کے سرکاری دفتر سے ملحقہ اراضی کے لئے سفارت خانوں کی اسکیم جسے پر دارالسلطنت کے تمام سفارت خانے بنائے جائیں گے حکومت ہند نے منظور کر لی ہے۔ یہ علاقہ لی کے جنوب مغرب میں وزیر اعظم کی اقامت گاہ کے عقب میں واقع ہے وزارت صحت کی مجلس قائمہ نے آج صبح یہ اسکیم منظور کر لی۔

مزید ہتھیار برآمد

چٹاگانگ میں ۲۰۰ کی دو رائفلیں بھی ۱۰۰ کے درمیان گرفتار کر لئے گئے۔ پولیس نے بعض ایسے ہتھیار بھی کی غیر قانونی برآمد کے سلسلے میں بیان کے جواب دہا۔

کراچی ۱۱ اگست۔ کہا جاتا ہے کہ ریاست بہاولپور کے وزیر اعظم نواب مشتاق احمد خان گورمانی جو اس وقت کراچی میں پاکستان کی مرکزی کابینہ میں لئے

دس خصوصیتوں والی!

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی رحمۃ اللہ علیہ معہ توضیحی عبارات
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانوی رح)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
(۸) تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
(۱۰) خط خوشنما، صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے۔ ہدیہ مجلد جرمی کلکتہ کی جلد سات روپے چار آنے

معجز نما حمائل شریف

مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپے، ہدیہ مجلد دس روپے۔

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

الجمعیۃ کے ناظرین ذرا غور سے پڑھیں

جناب بی، پی کھرے ٹکٹ کلکٹر ریلوے اسٹیشن آگرہ سٹی کا دل ہلا دینے والا خط

میں تاریخ یکم مئی ۱۹۴۸ء کو ڈیوٹی پر پہونچا۔ آگرہ جیسی شدت کی گرمی کہیں نہیں دیکھی تھی ایک آرام کرسی ڈال کر بیٹھ گیا وہاں پلیٹ فارم پر بہت سے آدمی بیٹھے تھے اور ادھر ادھر کی باتیں کر رہے تھے۔ اسی طرح ڈیڑھ گھنٹہ گذرا اتفاقاً کھانسی کا ایک ٹھسکا آیا اس سے پہلے نہ مجھے بار بار کھانسی نہ کوئی شکایت تھی پہلا ٹھسکا آیا تو رومال سے دیکھا ایک منٹ کے بعد دوسرا اور پھر تیسرا ٹھسکا آیا۔ منہ میں پانی کی طرح سے پتلی کوئی چیز معلوم ہوئی۔ دل میں کچھ شک ہوا تو منہ کا کر تھوکا میں دیکھا تو خون تیزی سے گر رہا تھا۔ سانس لگا سے نیچے کو نا امید ہوگیا۔ ایسا معلوم ہونے لگا کہ کچھ ہی منٹوں میں ہلاکت نہیں ہو جائیگا۔ پاس بیٹھنے والے بھی گھبرا گئے۔ دوڑ شروع ہوئی تو ایک حکیم صاحب کو بلا یا گیا حالت دیکھکر کہنے لگے کہ دیسی علاج سے خون دیر میں بند ہوگا کسی ڈاکٹر کو بلا کر انجکشن کرا یا جائے جس سے خون جلدی بند ہو جائے بس دوسرے نے کرکے [illegible]

[illegible]

فرق دکھائی دینے لگا۔ ایک ہفتہ میں تقریباً بارہ آنہ جسم ٹھیک ہوگیا میں پورا تندرست ہونے تک برابر علاج جاری رکھوں گا۔ لیکن غریبی کی وجہ سے پورے چالیس دن تک دوا ایک ساتھ نہیں منگا سکتا ہوں۔ براہ مہربانی پہلے کی طرح سے ہی دس روز کی دوا فوراً روانہ کر دیں یہ خط لکھ کر میں نے آپ کا کافی وقت لیا ہے۔ معاف فرمائیے گا۔ امید ہے کہ ۲۹ / ۳۰ تاریخ تک آپ کا پارسل آہی جاویگا۔ فقط

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو! اب بھی سمجھو!

اسی قسم کے پچاسوں تعریفی خطوط ”جبری“ کے بارے میں ہم چھپوا چکے ہیں آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں ہندوستان کے کونہ کونہ میں لوگوں نے یہ مان لیا ہے۔ اس خوفناک مرض میں مریض کی جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ جبری JABRI ہی ہے جبری کے نام میں ہی عبادت کے قابل تعظیم رشیوں اور ولی اللہ لوگوں کی روحانی طاقت کا کچھ ایسا راز پوشیدہ ہے کہ اول روز سے ہی اس خوفناک مرض کے جراثیم ہلاک ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ سب طرف سے نا امید ہو چکے ہوں تو بھی پاک پروردگار کا نام لے کر ایک بار جبری کی آزمائش کریں۔ اسی آزمائش کے لئے ہم نے دس روز کا کورس بھی رکھدیا ہے تاکہ تسلی ہو سکے۔ بس فوراً آرڈر دے کر مریض کی جان بچا لیں ورنہ پھر یہی کہاوت ہوگی اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ سیکڑوں ڈاکٹر حکیم وید صاحبان اپنے مریضوں پر استعمال کرکے نام پیدا کر رہے ہیں اور ہم کو آرڈر دے رہے ہیں۔ تار کے لئے ہمارا پتہ صرف جبری جگادھری JABRI JAGADHRI کافی ہے تار دیں تو اپنا پتہ پورا دیں۔ قیمت اس طرح ہے جبری اسپیشل نمبر ۱۔ امیروں کے لئے جس میں ساتھ ساتھ طاقت بڑھانے کے لئے سونا، موتی، ابرک وغیرہ کے قیمتی کشتہ جات بھی شامل ہیں۔ کل چالیس روز کا کورس ۵۰ روپے نمونہ دس روز صرف تیرہ روپے۔ جبری نمبر ۲ جس میں قیمتی جڑی بوٹیاں شامل ہیں کل کورس ۲۰ روپے نمونہ دس روز صرف چھ روپے محصول ڈاک الگ ہے۔

آرڈر میں اخبار کا حوالہ نیز نمبر ۱ یا نمبر ۲ ضرور تحریر کریں۔ فوراً آرڈر دے کر مریض کی جان بچائیں۔

ملنے کا پتہ لالہ رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رجسٹرڈ مینوفیکچررز (۲۴) جگادھری مشرقی پنجاب

ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی

(مجریہ وزیرآباد۔ پنجاب)

شائقین ہومیوپیتھی ہمدرد خوردان ادویات و کتب ہومیوپیتھی خصوصاً اور دیگر پبلک عموماً نوٹ کرلیں کہ

(۱) ہومیوپیتھک ہسپتال متعدی کے ساتھ ۱۹۱۰ء سے پبلک کی خدمت گذار ہے جو دہلی میں منتقل کیا گیا ہے
(۲) ڈاکٹر ٹیپال صاحب ساہنی ایم۔ بی۔ بی۔ ایس اور لیڈی ڈاکٹر سوشیلا صاحبہ ساہنی ایل۔ ایم۔ ایف انچارج ہسپتال ہذا ایلوپیتھی کے ساتھ ہومیوپیتھی کے بھی ماہر ہیں۔

چنانچہ ایک نایاب ہومیوپیتھی پرچیہ سودیشی ڈاکٹر دولت سنگھ صاحب مصنف کی ہومیوپیتھک لٹریچر ثانی اور اضافہ جدید کردہ کتاب ہومیوپیتھی زیر طبع ہے جو عنقریب پبلک کو میسر ہو سکیگی۔

(۳) ہومیوپیتھک یا ایلوپیتھک جس طریقہ علاج سے مناسب ہوتا ہے۔ مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔ فرمایا وقت مطب میں فیس معاف۔

منیجر وزیرآبادی ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی۔ کمرہ بنگش بازار حبش خاں قبر

”الجمعیۃ“ کا آزادی نمبر

۱۵ اگست — وہ مبارک تاریخی دن ہے

جس میں ہندوستان کو اجنبی غلامی کی لعنت سے نجات ملی۔ ہندوستانی اس دن کو ہمیشہ بطور یادگار شان و شوکت کے ساتھ منائیں گے۔

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ

۱۵ اگست کو الجمعیۃ کا شاندار آزادی نمبر

قیمت فی کاپی چار آنے (۴ر)

ایجنٹ صاحبان اپنے مطلوبہ پرچوں کی صحیح تعداد سے مطلع فرمائیں۔

مشتہرین کے لئے یہ ایک نادر موقعہ ہے، وقت بہت کم ہے اس لئے جلد اشتہارات کے لئے جگہ بک کرالی جائے۔

(منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی)

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم گلاس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے ہمارے یہاں سے اسپیشل نرخ پر بکفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

[illegible] چاندنی چوک دہلی

مسٹر اٹیلی کا بیان یک طرفہ اور واقعات کے خلاف ہے

حیدر آباد کے وزیر خارجہ کا مسٹر اٹیلی کو جواب

حیدرآباد ۱۳ اگست۔ حیدرآباد کے وزیر خارجہ نواب معین نواز جنگ نے ایک بیان میں ان الزامات کی سخت تردید کی جو مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ نے حیدرآباد پر بحث کے دوران میں حیدرآباد پر لگائے ہیں۔ آپ نے کہا کہ حکومت حیدرآباد کے خلاف معاندانہ رویہ رکھتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ جنوبی ہندوستان میں کمیونسٹ زور پکڑ رہے ہیں۔

ہند پارلیمنٹ میں اشیاء کی گرانی پر پرزور بحث

حکومت سخت قدم اٹھانے والی ہے۔ وزیر اعظم نے یقین دلادیا

نئی دہلی ۱۳ اگست۔ کل ہند پارلیمنٹ میں ایک غیر سرکاری قرارداد کے ذریعہ ملک میں اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ تمام ضروری اشیاء، غذائی اجناس اور دوسری غذائی چیزوں اور کپڑوں کی قیمتوں کو کم کرنے کے لئے ضروری اقدامات اختیار کئے جائیں۔ بعض ممبروں نے یہ تجویز کی کہ تمام کارخانوں کو قومی ملکیت میں دے دیا جائے اور اشیاء کی تقسیم پر قطعی کنٹرول ہو۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے ان کے جذبات کا احساس کرتے ہوئے فوراً کھڑے ہوئے اور انہوں نے کسی نئی پالیسی کا اعلان نہ کرتے ہوئے اجلاس سے اس سوال کو حل کرتے ہوئے ضروری تجاویز پیش کرنے کا وعدہ کیا۔

اس سے قبل ایوان نے ایک قرارداد پر بحث کی جس کا منشا یہ ہے کہ سرکاری ملازمتوں میں سے ذات پات کی تخصیص کو ختم کردیا جائے۔ لیکن یہ قرارداد سردار پٹیل کے یہ یقین دلانے پر واپس لے لی گئی کہ وہ اس معاملہ کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کریں گے۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ ملک کی موجودہ اقتصادی حالت کو سہارا دینے کے لئے قطعاً ضروری ہے کہ اقتصادی امور مجلس معاملات کی ایک مدد گار جماعت قائم کی جائے۔ اس وزیر کو تمام شعبوں کی خدمات حاصل ہوں گی اور کوئی انتظامی یا عاملانہ فرائض انجام نہیں دینے پڑیں گے۔ اس کا خاص کام یہ ہوگا کہ ملک کے اقتصادی مسائل پر غور کرے اور مختلف وزارتوں کو ان کے کام میں ضروری مشورے دے اور ان کے کام میں ارتباط پیدا کرے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں کمیشن قائم کرنے میں کوئی فائدہ نظر نہیں آتا۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ حکومت نے سونے چاندی کے بارے میں اپنی پالیسی بدل دی ہے اور چند مقاصد کے لئے دوبارہ کنٹرول نافذ کردیا گیا ہے اگر ضرورت ہوئی تو ہم سخت تر کنٹرول لگائیں گے لیکن بحران کے دوران میں بعض اوقات ایک خاص نظام کو توڑنا مشکل ہو جاتا ہے کسی بھی پالیسی کو اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ سوشلسٹ یا کمیونسٹ حکومت کے پاس جملہ معلومات اور اعداد و شمار ہونے چاہئیں۔ اعداد و شمار کے بغیر یہ کہنا مشکل ہے کہ کونسی پالیسی صحیح ہے یا غلط۔

وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں ایوان کے سامنے اس امر کا اقرار کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے کہ ابھی تک ان کی سمجھ میں نہیں آیا۔

وزیر صنعت کی تقریر

حکومت نے اپنی پالیسی بدل لی ہے اور اب وہ اپنی پالیسی پر پوری طاقت سے عمل کرے گی اور ملوں کی پیداوار کو اپنے قبضہ میں رکھے گی اور اپنی مقرر کردہ قیمتوں پر فروخت کرے گی۔ تقسیم کا کام صوبائی حکومتوں کے سپرد کیا گیا ہے اور عوام کو واجبی قیمتوں پر کپڑا مہیا کرنے کی ایک اسکیم پر ایک طرح سے عمل شروع ہو چکا ہے۔

حکومت کی اس پالیسی کے خلاف اقدام کرنے والوں کو سخت سزائیں دینے کے لئے قانون بنائے جائیں گے اور جرمانہ کے علاوہ قید کی سزائیں بھی دی جائیں گی۔

اکبر رحمٰن مقررین

وزیر اعظم اور ڈاکٹر کرجی کے علاوہ تقریباً ایک درجن مزید ممبروں نے تقریریں کیں۔ تمام تقریریں بہت مدد معین اور نہایت سوچ سمجھ کر کی گئی تھیں۔

کرنسی پالیسی

ایوان میں صرف قیمتوں پر ہی بحث نہیں ہوئی بلکہ حکومت کی کرنسی کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا۔

دریائے گنگا میں طغیانی

کانپور ۱۳ اگست۔ گنگا میں طغیانی کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ اس وقت پانی کی سطح ۳۰۰ فٹ ہے جو خطرہ کے نشان سے صرف ایک فٹ نیچی ہے تقریباً ایک درجن دیہات کو نقصان پہنچا ہے۔ فصلیں بھی خراب ہوگئی ہیں۔

مہاراجہ بڑودہ دہلی آنیوالے ہیں

دہلی ۱۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ بڑودہ جلد ہی دہلی آکر ریاستی محکمہ سے حالات کے متعلق گفت و شنید کرنے والے ہیں۔

کلکتہ ملوں کی ایک روزہ ہڑتال

ناکام رہی

پشاور میں ہیضہ

اموات کی تعداد میں اضافہ

ایصال ثواب کی اپیل

گمشدہ لڑکی کی تلاش

ایک لڑکی جس کی عمر ۱۴ سال ہے رنگ سفید، صرف تنبان پہنے ہوئے ہے گلے میں چاندی کا توڑا، ہاتھ میں چاندی کی چوڑیاں، سر میں بائیں جانب چوٹ کا نشان، سر کے بال چھوٹے۔ کل ۱۱ اگست شام کے پانچ بجے سے گم ہے۔ اگر کسی صاحب کو یہ لڑکی مل جائے تو اس کو ذیل کے پتے پر پہنچا دیں۔ شمس الدین، کوچہ مصطفیٰ بیگ، مکان نمبر ۹۱۸، اجمیری دروازہ دہلی۔

کیا آپکو کہانیاں جاننے والے کی ضرورت ہے؟

دق کے ٹیکے بنانے کے مرکز کا افتتاح

مدراس ۱۲ اگست۔ راجکماری امرت کور وزیر صحت نے آج یہاں دق کے ٹیکے بنانے کے مرکز کا افتتاح کیا۔ ہندوستان میں دق سے ہر سال پانچ لاکھ آدمی مرتے ہیں۔ اس ادارہ کا افتتاح کرتے ہوئے راجکماری امرت کور نے ایک تقریر بھی کی۔

رکشا میں مردوں کی ممانعت

کراچی ۱۲ اگست۔ کراچی کے پولیس افسران کی ایک کانفرنس ہوئی جس میں یہ طے کیا گیا کہ رکشا میں سواری کرنے والے مردوں کی اجازت نہ دی جائے۔

مدراس میں سنگسار کی موت

خبریں ہندوستانی زبانوں میں بھیجی جائیں

وزیر مواصلات سے اخباری وفد کی تجویز

نئی دہلی ۱۲ اگست۔ ہندوستانی زبانوں میں چھپنے والے اخباروں کی انجمن کے ایک وفد نے وزیر مواصلات سے ملاقات کی اور یہ تجویز پیش کی کہ مقامی زبانوں میں چھپنے والے اخبار کو جس زبان میں وہ چھپتے ہوں ان کو اسی زبان میں پریس ٹیلیگرام کے ذریعہ خبریں بھیجنے کی اجازت دی جائے۔

پاکستانی روئی کی برآمد

کراچی ۱۲ اگست۔ تمام پاکستان سے اس سال ۱۲ جولائی تک پاکستان نے روئی کی ۰۰۰،۹ گانٹھیں ہندوستان کو اور ۰۰۰،۳ چین کو برآمد کی ہیں۔

برطانیہ اور ترکی کا تجارتی سمجھوتہ

ابتدائی گفت و شنید شروع ہو گئی

لندن ۱۲ اگست۔ استنبول سے ٹائمز کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ برطانیہ اور ترکی کے تاجروں میں برطانیہ کو ترکی کے غذائی سامان جیسے انڈے، مچھلی وغیرہ فراہم کرنے کے بارے میں ایک سمجھوتہ کے سلسلہ میں بات چیت شروع ہوگئی ہے۔ حال ہی میں ترکی تاجروں نے برطانیہ سے اپنی برآمدی تجارت کو بڑھانے کے لئے جو اظہار کیا تھا۔ یہ بات چیت اس کے نتیجہ میں عمل میں آئی ہے۔ ترکی برطانیہ سے بھی بہت کافی مال خریدتا ہے اس گفت و شنید کا مقصد یہ ہے کہ ترکی اور برطانیہ کی درآمدی اور برآمدی تجارت میں توازن قائم ہو جائے۔ سامان کے علاوہ ترکی تمباکو کی برآمد کی کوشش کی جائے گی۔ کہا جاتا ہے کہ برطانیہ ترکوں کے تمام مطالبات تسلیم کرلے گا۔

تبصرہ: نڈر گاندھی

آزادی کی خوشی میں

مسلم خواتین کی شاندار پارٹی

کھیل کی خبریں

آسٹریلیا اور ورسیسٹر کا کرکٹ میچ

لندن ۱۱ اگست۔ آج آسٹریلیا اور ورسیسٹر کا کرکٹ میچ ہوا۔

برطانوی سلطنت میں کھیلوں کا مقابلہ

برطانیہ ہار گیا

لندن ۱۱ اگست۔ آج اولمپک کے فائنل کے فٹ بال میچ میں یوگوسلاویہ نے برطانیہ کو دو کے مقابلہ میں تین گول سے ہرادیا اور اب فائنل میں یوگوسلاویہ اور سویڈن کی ٹیم ہیں۔

مولانا شاہ عبدالعزیز محدث کا عرس

(منجانب یعقوب علی)

مسٹر کھوڑو کا مقدمہ

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

آزادی نمبر

ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

واضح ہو کہ آزادی نمبر ۱۵ اگست کی صبح کو شائع ہوگا اور باہر بھی اسی وقت کی ٹرینوں سے روانہ کیا جائے گا۔

عبدالوحید صدیقی

جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ

کرنل ڈھلن کا مرن برت

مرکزی حکومت سے تحقیقات کا مطالبہ

امرتسر ۱۱ اگست۔ کرنل گربخش سنگھ ڈھلن نے آج جنرل موہن سنگھ کے خلاف مشرقی پنجاب سرکار کی طرف سے عائد کردہ الزامات کے خلاف احتجاج کے طور پر جلیانوالہ باغ میں اپنا مرن برت شروع کردیا۔

سکھوں کے حقوق کا تحفظ

ایک خصوصی کمیٹی کا قیام

امرتسر ۱۱ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے جتھے دار اودھم سنگھ، سردار بسنت سنگھ، سردار امر سنگھ، سردار پریم سنگھ پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی مقرر کی ہے جو سرکاری ملازمتوں میں سکھوں کے حقوق کی دیکھ بھال کرے گی۔

نینی تال میں بھرتی کا میلہ

ڈپٹی کمشنر میلہ کی صدارت کریں گے

تبت کے ایجنٹ کی استعفیٰ پر رضامندی

تبت میں بغاوت کی افواہ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

قیمت سالانہ
تیس روپے
ششماہی سولہ روپے
سہ ماہی آٹھ روپیہ آٹھ آنہ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۰۵۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ ۹ شوال المکرم ۱۳۶۶ ہجری مطابق ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۷۲ | فی پرچہ ۱ آنہ، بذریعہ ہوائی جہاز ۲

الجمعیۃ میں
اشتہار دیکر آپ
اپنی تجارت اور کاروبار کو
یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں
منی آرڈر کوپن اور خطوط میں ہمیشہ اپنا پتہ اور خریداری نمبر صاف تحریر فرمایا کریں۔

فلسطین کو شاہ عبداللہ کی ماتحتی میں دیدیا جائے گا؟

برطانیہ کے دباؤ کے ماتحت کاؤنٹ برناڈوٹ کی نئی اسکیم

ایک روسی اخبار کا دلچسپ انکشاف

لندن ۱۳ اگست۔ روس کے ترجمان اخبار ازویسٹیہ میں ایک روسی مضمون نگار ... نے اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ نے فلسطین کے متعلق ایک نئی اسکیم پیش کی ہے ... اور وہ یہ کہ فلسطین کو برطانیہ کے ... شرق اردن کے شاہ عبداللہ کی ماتحتی میں دیدیا جائے۔

گلب پاشا لندن جارہے ہیں

عمان ۱۲ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ گلب پاشا جو عرب لیجن کے انگریز کمانڈر ہیں۔ اس ہفتہ بذریعہ ہوائی جہاز لندن جارہے ہیں۔

بڑودہ کے عوام اور مہاراجہ سے اپیل

پونچھ اور نوشہرہ میں توپخانہ کی سرگرمیاں

زوجیلا کے جنوب میں دشمن کا ناکام حملہ

نئی دہلی ۱۳ اگست۔ ایک اعلان مظہر ہے کہ گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں زوجیلا درہ کے پاس ایک تصادم کے سوا کوئی خاص سرگرمی عمل میں نہ آئی۔ ... درہ زوجیلا کے جنوب میں دشمن نے توپوں اور مشین گنوں کی مدد سے ہمارے مورچوں پر حملہ کیا لیکن ہماری فوجوں نے انہیں زبردست نقصان پہنچا کر مار بھگایا۔ دشمن کے ۱۵ اشخاص ہلاک اور ۴ مجروح ہوئے۔ پونچھ اور نوشہرہ محاذوں پر ہمارے توپخانہ کی سرگرمیاں جاری رہیں۔ دشمن کو زبردست نقصان پہنچایا گیا۔ ہمارے ہوائی جہازوں نے بھی اڑانیں کیں اور بری فوجوں کا ہاتھ بٹایا۔

کشمیر کمیشن کا فوجی مشن راولپنڈی میں

راولپنڈی ۱۳ اگست۔ راولپنڈی کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ کشمیر کمیشن کا فوجی مشن راولپنڈی پہنچ گیا ہے۔ ہوائی اڈہ پر اس کا استقبال کیا گیا۔ مشن ... جائے گا اور وہاں سے اڑی کے محاذ پر جائے گا ... ہوتے ہوئے ... میرپور بھی جائے گا۔ مشن ... اگست کو دہلی آئے گا۔

کشمیر کمیشن کے دو حصے

کراچی ۱۳ اگست۔ کراچی سے معلوم ہوا ہے کہ کشمیر کمیشن کے دو حصے کر دئے جائیں گے۔ ایک حصہ ہفتہ کے دن دہلی آجائے گا اور دوسرا کراچی ہی میں رہے گا۔ کمیشن کے ممبر اب بھی جنگ بند کرنے کے مسودہ پر غور و خوض کر رہے ہیں۔ خیال ہے کہ ممبروں کے درمیان اختلاف رائے ہے۔ ہفتہ تک یہ مسودہ تیار ہو جائے گا اور پیر کے دن حکومت ہند اور حکومت پاکستان کو بھیج دیا جائے گا۔ ممبروں کا خیال ہے کہ اگر دونوں حکومتوں نے رواداری سے کام لیا تو دونوں حکومتیں اس کو منظور کر لیں گی۔

جمہوریہ انڈونیشیا کی بابت نئی ولندیزی حکومت کی پالیسی

ڈچ پارلیمنٹ میں نئے وزیر اعظم مسٹر ڈریس کی تقریر

ملایا میں دہشت پسندیاں جاری ہیں

چینیوں، ہندوستانیوں اور یورپینوں کا قتل

سنگاپور ۱۳ اگست۔ ملایا کی خبروں میں بتایا گیا ہے کہ کوالا ... سے جو ۹ میل جنوب میں ہے دہشت پسندوں کے ایک گروہ نے دو چینیوں اور ملایا کے ... کو قتل کر دیا۔ انہوں نے ... پر حملہ کیا ... دہشت پسندوں کے ایک اور گروہ نے ... اور دو ہندوستانیوں کو زخمی کر دیا ... چار چینیوں کو قتل کر دیا۔ اور دوسرے کو زخمی کر دیا۔

مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری

حکومت پاکستان کے گرفتار کرنے کا افسانہ غلط ہے

دہلی ۱۳ اگست ... مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ... سے دریافت کیا کہ مولانا عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کو گرفتار کر کے حکومت پاکستان نے ... جواب میں ... آغا شورش صاحب نے اسکی تردید کر دی ... ان کی گرفتاری کا کوئی قصہ نہیں ہوا۔

روسی فوجیں برلن کے برطانوی علاقہ میں داخل ہو گئیں

برلن میں روسیوں اور انگریزوں کے تصادم کا زبردست اندیشہ

مسٹر مالوٹوف اور مغربی قاصدوں میں ملاقات

ماسکو ۱۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ کل پھر شام کو ... برلن میں مغربی قاصدوں اور روسی وزیر خارجہ مسٹر مالوٹوف میں ... ملاقات ہوئی جو ... گھنٹہ ... تک جاری رہی۔

مشرقی پنجاب میں جرائم دن بدن بڑھتے ہی چلے جارہے ہیں

صوبائی حکومت اور پولیس کا عملہ انسداد میں ناکام رہا

امرتسر ۱۳ اگست۔ مشرقی پنجاب کے متعلق جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں وہ بہت افسوسناک ہیں۔ کہا جاتا ہے شہروں اور دیہات ہر جگہ اس قدر غنڈہ گردی پھیلی ہوئی ہے کہ امن پسند عوام کی زندگی دوبھر ہو گئی ہے ... کے ایک ممبر سردار ... سنگھ نے ... اس بیان کو غلط بتاتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم میں کوئی کمی نہیں ہوئی بلکہ ہر طرف غنڈہ گردی کا دور دورہ ہے ...

لاہور کے غنڈوں کی شرارتیں

حیدرآباد کے انگریز فوجی افسروں کو مستعفی ہونے کا حکم دیدیا گیا

نظام نے انگریزوں کی حفاظت کی گارنٹی دینے سے انکار کر دیا

ملایا میں ڈیڑھ سو ہندوستانی گرفتار

ڈینیوب کانفرنس میں برطانیہ کا روس کو چیلنج

زبردست ڈاکہ

ہوانا ۱۳ اگست۔ ... کی ایک شاخ پر بارہ مسلح آدمیوں نے حملہ کر کے ۵ لاکھ روپے کی رقم لوٹ لی۔ پولیس اس گروہ کی تلاش میں ہے۔ یہ واقعہ گذشتہ رات ہوا ہے جب کہ بینک بند ہی ہوا تھا۔ دو آدمی پولیس کی وردی پہنے ہوئے آئے اور گارڈوں کو مجبور کیا کہ وہ تجوری کھولے۔ اس کے بعد بقیہ آدمیوں نے لوٹ کا کام انجام دیا۔

مہاتما جی کے قتل کا مقدمہ

ملزم کی علالت کے باعث ملتوی

دہلی ۱۲ اگست۔ مسٹر آتما چرن سپیشل جج لال قلعہ کے اجلاس میں آج بھی گاندھی جی کے مقدمہ کی سماعت ملتوی کر دی گئی ہے کیونکہ شنکر ملزم بیماری کی وجہ سے اجلاس میں حاضر نہ تھا۔

بنارس کے عوامی وزیروں کا استعفیٰ

حیدرآباد اور ہند کے جھگڑے میں مسلمانوں کو ہند یونین کا ساتھ دینا چاہیئے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۵ اگست ۱۹۴۸ء

آزادی کا ہفتہ

آزادی کے تصور میں کس قدر دلکشی ہے، نام آتے ہی روح و دماغ پر وجد کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور دل مارے خوشی کے بلیوں اچھلنے لگتا ہے! ڈیڑھ سو سال کی طویل غلامی کے بعد آزادی کا حصول ہماری تمناؤں کی تکمیل گاہ اور ہماری آرزوؤں کی تکمیل ہے، جو شخص اپنی امانت کی واپسی سے مایوس ہو چکا ہو اور جس نے اس کے لئے ہر قسم کے مصائب جھیلے ہوں اگر اسے دفعتاً اس کی امانت مل جائے اور امانت بھی ایسی جو نسل در نسل کے لئے کافی ہو تو اس پر اسے جو خوشی حاصل ہوگی اس کا اندازہ الفاظ سے نہیں لگایا جا سکتا۔ ہماری روح مسرور ہے، ہمارا دل بشاشش ہے، ہمارے دل کو چین ہے کہ ہماری امانت واپس ملی اور مدتوں کے بعد ہماری آرزوؤں کو تکمیل پانے کا موقع ملا۔ ہماری آزادی، ہمارے ملک کی آزادی اور ہماری قوم کی آزادی! ہمیں ہماری آزادی مل گئی گویا دنیا کی ساری نعمتیں مل گئیں، اس پرندہ کی خوش بختی کا کیا کہنا جسے پنجرہ سے آزادی ملے اور اس کی قوت پرواز بحال ہو جائے۔

غلامی کی نحوست سے ہمارے قومی مزاج پر نارستی اور پستی، تنگ نظری اور غفلت، ذہنی ابتری، اور اخلاقی زوال کے جو زنگ چڑھ چکے تھے اس کے آثار اب تک باقی ہیں اور کچھ مدتوں اور باقی رہیں گے، اس غلامی نے ہمیں کسی دنیا کا نہ چھوڑا، نہ ہم اپنے ہی لئے مفید ثابت ہو سکے اور نہ دوسروں کو ہم سے فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملا، ہم خود بھی ذلیل ہوئے اور دوسروں کو بھی ذلیل کرنے کی کوشش کی، ہماری فوج نے اشارہ و اشارہ روپے پر اپنے سر کٹوائے اور اپنی بندوقوں سے اپنوں کے سینوں کو چھلنی کیا، آزاد دنیا حیران تھی کہ چالیس کروڑ انسانوں کی بھیڑ، بھیڑوں کی طرح آگے آگے ہے اور اس کا اجنبی چرواہا اسے ہانکے لئے جا رہا ہے، غیرت و حمیت، ہمت و جرأت جوش اور سرگرمی کا نام و نشان تک نہ تھا، ہم دنیا کے لئے خدا کا عذاب بنے ہوئے اپنی قبریں اپنے ہاتھوں کھود رہے تھے، اور انگریز بیٹھا ہنس رہا تھا کہ یہ خدا کی مخلوق! یہ بے غیرتی کے پتلے! یہ ننگ انسانیت! اپنی قسمتوں سے اب تک غافل ہیں۔

بلاشبہ ہندوستان میں ان اعیان و اکابر کی سرفروشیوں کو کبھی نہیں بھلایا جا سکتا جو کارگاہ آزادی میں... انقلاب بدوش اپنی زندگیوں سے کھیلنے کے لئے تیار کھڑے تھے، انہوں نے قوم کو بیدار کیا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا، ہمت دلا کر کھڑا کیا، اور آزادی کی روح پھونک کر میدان حریت میں اپنے ساتھ لے دوڑے، مہاتما گاندھی جو آخری دور میں اس قافلہ کے سالار بنے، آخر ملک آگے بڑھے اور عدم تشدد کے ہتھیاروں سے غلامی کی صفوں کو چیرتے ہوئے اس مقام پر جا پہونچے جہاں آزادی کے حسن و جمال کو قریب سے دیکھا جا سکتا ہے!

ناممکن ہے کہ آزادی کے ذکر میں انگریز کا نام نہ آئے، یہ انگریز جو ڈیڑھ سو سال تک ہندوستان کے گھوڑے پر سوار رہا، پندرہ اگست ۱۹۴۷ء کو اس طرح غائب ہوا گویا کسی نے چھو منتر کر دیا ہو، ہندوستان نہ چاہتا تھا کہ وہ اتنی جلدی رخصت ہو جائے۔ مگر وہ تھا کہ پر تولکر اڑنے کے لئے بے تاب تھا، اور اس کی حالت سے ظاہر ہوتا تھا کہ اگر اس کے پیر میں پتھر بھی لٹکا دیا جائے تو وہ ٹھہرنے پر آمادہ نہ ہوگا، وہ رخصت ہوا اور اڑ کر وہائٹ ہال میں جا کر دم لیا اور جانا تھا کہ ہم آزاد ہوئے اور آج آزاد ہوئے ایک سال ہوتا ہے کہ اس نے مڑ کر بھی نہ دیکھا اور ہمیں موقعہ ملا کہ آزادی کی سالگرہ منائیں اور سالگرہ کیلئے ہفتہ آزادی کی تقریب میں حصہ لیں! اب ہم ہفتہ آزادی منا رہے ہیں اور خوش ہیں کہ ہمیں اس تقریب کو منانے کا موقعہ ملا!

اے آزادی! اے ہماری آرزوؤں کی تکمیل، ہماری امیدوں کی پناہ گاہ! ہم تیرے لئے جیئے اور تیرے لئے مریں گے، آ اور ہماری کشت حیات کو شاداب کر دے! اگر ہم نے اپنے اطوار کو بدلا اور تیرے تقاضوں سے غافل رہے، تیری دعوت پر حرکت نہ کی اور اپنی انسانیت کو نہ پہچانا تو تیری آمد بے سود، تیرا وجود بیکار، تیرا سایہ بے نتیجہ! جب تک ہمارے دل نہ جڑیں گے، ہماری محبت کا چشمہ نہ ابلے گا، ہمیں حق پرستی کی توفیق نہ ہوگی اور ہماری انسانیت کے سرچشمہ سے انصاف، رواداری، سرچشمی، فیاضی، رحم دلی ہمدردی کی سوتیں نہ ابلیں گی ہمیں اپنے آپ کو آزاد سمجھنے کا کوئی حق نہ ہوگا اور ہم تباہی اور ذلت سے نہ بچ سکیں گے! آزاد وطن کے آزاد فرزندو! تمہیں ہفتہ آزادی مبارک ہو، خوش رہو اور اپنی قسمت پر فخر کرو کہ آزادی کا پیام آیا، پیام نہیں خود آزادی نے بڑھ کر تمہارے قدم چومے اور تمہارے قدموں نے ایک سال کی منزلیں طے کر لیں! آج تم آزاد ہو، اس لئے اپنا فرض پہچانو، اپنے کردار کا جائزہ لو، اپنی غلطیوں کا اعتراف کرو، اور مستقبل کے امانت دار بننے کے لئے اپنی اہلیت کا بڑھ چڑھ کر ثبوت دو! باقی آزادی کے متعلق آزاد گفتگو آزادی نمبر میں ہوگی اور اس میں تم سے کھل کر خطاب کیا جائے گا۔

دہلی کا پنجابی اسکول

پنجابی اسلامیہ ہائر سیکنڈری سکول کی بنیاد ۱۹۳۸ء میں دہلی کی ممتاز مسلم پنجابی برادری کے چند مخلص بزرگوں نے رکھی، اور یہ درسگاہ اپنے بانیوں کے اخلاص کی بدولت خوب پھلی پھولی، ابتدا میں درس کا سلسلہ پانچ بچوں سے شروع کیا گیا پھر قطب روڈ پر ایک زبردست اور شاندار عمارت وجود میں آئی اور اس میں سائنس کی تجربہ گاہیں اور لائبریریاں بھی قائم کی گئیں، اس درسگاہ کے قیام میں راجاؤں اور نوابوں کا ہاتھ نہ تھا، انگریزوں کی امداد شامل نہ تھی، اسے یتیموں اور بیواؤں کے پیسوں سے قائم ہونے اور ترقی کرنے کا موقع ملا، گذشتہ ستمبر میں تباہی کا جو سیلاب امنڈا یہ اسکول بھی اس کی زد سے نہ بچ سکا، اب حال یہ ہے کہ اسکول کی عمارت میں شرنارتھی آباد ہیں اور اسی کے باعث اسے حویلی حسام الدین حیدر کے ایک مکان میں منتقل کر دیا گیا ہے، اگرچہ ہمیں اپنے پناہ گزین بھائیوں سے پوری ہمدردی ہے مگر یہ بات بھی ہمارے لئے رنجدہ ہے کہ بچوں کی یہ تربیت گاہ پناہ گزینوں کی اقامت گاہ بن جائے اور قوم کے بچے در در مارے مارے پھریں، حکومت سے درخواست ہے کہ وہ ان شرنارتھیوں کے قیام کے لئے کوئی دوسرا انتظام کرے اور اسکول کی عمارت منتظمین کے حوالہ کر کے تعلیم و تربیت کا... سلسلہ جاری رکھنے میں مدد دے، عوام کا بھی فرض ہے کہ وہ ان مخلصین کا ہاتھ بٹائیں جو اس نازک دور میں ادارہ کو زندہ رکھنے کے لئے... ایک سخت جدوجہد میں مصروف ہیں۔

یہ فلسطین!

مجلس متحدہ اقوام کے مقرر کئے ہوئے ثالث کاؤنٹ برنا ڈوٹ فلسطین کے معاملہ کو طول دیئے جا رہے ہیں اور یہودیوں کے لئے، فوجی طاقت فراہم کرنے کا موقعہ دے رہے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ یروشلم کو آزاد رکھا جائیگا مگر یہود اس تجویز کو ٹھکرا دیتے ہیں کبھی فرماتے ہیں کہ عرب اور یہود کو شرائط صلح کی خلاف ورزی نہ کرنی چاہیئے مگر یہود عربوں پر حملہ کر رہے ہیں اور الزام دیتے ہیں کہ عربوں نے ان پر حملہ کیا، اب ایک تازہ فریب کا انکشاف ہوا ہے۔ یعنی کاؤنٹ برنا ڈوٹ فلسطین کو شاہ عبداللہ کے حوالہ کرنا چاہتے ہیں، جہاں اسرائیلی حکومت بھی قائم ہوگی، فلسطین کو تقسیم بھی کیا جائے گا، باقی جو حصہ عربوں کے حصہ میں آئے گا اس پر شرق اردن کی سیادت قائم ہوگی! یہ کھیل نہ سمجھ میں آنے والا ہے، آئے گا بس کہ واقعات منظر عام پر آجائیں اور بڑی طاقتوں کے فیصلے عملی شکل اختیار کر لیں۔

ہم کس کو الزام دیں! دنیا بیدار ہوئی اور عرب سوتے رہے، دنیا آگے بڑھی اور عربوں کی آنکھیں بند رہیں قوموں نے علم ہم ایجاد کئے اور سائنس کو عروج پر پہونچا کر آفتاب تک رسائی حاصل کر لیا مگر عربوں نے سوئی بنانی تک نہ سیکھی، حکومت کرنے کو عرب میں اور ان کا حربی سامان [illegible] کے کارخانوں میں! جہاں اعمال [illegible] کر دیاں نتائج بھی اسی کے مطابق [illegible]

ہماری زبان

[illegible] کی ایک صدارتی تقریر

[illegible] ہے کہ ہندوستان کی زبان کا [illegible] ہے، یہی زبان ہے کہ ہندوستان کی [illegible] ہے [illegible] اس ملک کی تمام قوموں اور جماعتوں کے باہم اشتراک سے پروان چڑھی [illegible]۔ اسی زبان نے [illegible] اقبال [illegible] کی نثر [illegible] نذیر احمد اور شرر کا طرز [illegible] مسلمان، سکھ، عیسائی [illegible] سب لوگ اس میں ملتے ہیں۔ یہ اردو زبان ہے جو ہندوستان کی [illegible]، اپنی [illegible] اس میں جلوہ افروز ہے اور یہ فخر کسی دوسری زبان کو حاصل نہیں ہے اس زبان کو بچانا، اس کی ترقی میں مدد کرنا اور اس کے صحیح مقام پر پہنچانا ہمارا اور آپ کا فرض اولین ہے ہم اس کے لئے [illegible] کیونکہ یہ ہماری زبان ہے، ہماری مشترکہ تہذیب کی وراثت ہے [illegible] یہی زبان ہے جس میں پنڈت جواہر لال نہرو اور مولانا ابوالکلام آزاد نے ہندوستان کے [illegible] قوم پرستی کی آگ لگائی ہے یہی زبان ہے جس میں اقبال نے سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا کا ترانہ گایا ہے۔ یہی زبان ہے جس میں پریم چند نے ہماری آزادی تحریک کے افسانے ارشاد کئے ہیں۔ اسی زبان میں جوش نے مزدوروں اور کسانوں کے لئے انقلاب کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ اسی زبان میں فراق نے اس ملک کی آرزوئے سندرتا کی جوت جگائی ہے۔ ہم اس کے لئے تڑپ تڑپ کے مریں گے، بہر صورت اسے زندہ رکھیں گے اور دنیا کی کوئی طاقت ہمیں اس سے نہیں روک سکتی۔

سمندر پار سے گاندھی یادگار ٹکٹوں کی مانگ
امریکہ اور برطانیہ کے بڑے آرڈر

نئی دہلی ۱۳ اگست - تمام دنیا کے ٹکٹ جمع کرنے والوں کے گاندھی یادگار ڈاک ٹکٹوں کے لئے بہت بڑے آرڈر موصول ہو رہے ہیں - یہ ٹکٹ یوم آزادی سے فروخت ہونے شروع ہوں گے - امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، برازیل، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، فرانس، جرمنی، بلجیم، مصر، ایران، افغانستان، برما، لنکا، سیام، انڈونیشیا اور جاپان سے ان ٹکٹوں کے لئے آرڈر موصول ہو رہے ہیں خصوصاً امریکہ اور برطانیہ سے آرڈروں کی تعداد بہت بڑی ہے - امریکہ نے دس ہزار خاص رنگین لفافوں کے لئے بھی لکھا ہے۔ تقریباً دو ہزار ایسے رنگین لفافے برطانیہ کو بھی بھیجے جا چکے ہیں - ان کے علاوہ لفافوں کی بڑی مانگ [illegible] رنگون اور [illegible] ہیں - امریکہ کو گاندھی یادگار ٹکٹیں بھیجی جا چکی ہیں - ان میں چار ٹکٹ [illegible] زیادہ قیمت کا بھی [illegible]۔

پٹنہ میں ہیضہ سے پچاس اموات

پٹنہ ۱۳ اگست - غیر سرکاری تخمینوں کے مطابق یہاں اب تک ہیضہ سے پچاس آدمی مر چکے ہیں۔ بدھ کی شام تک صرف [illegible] ہیضہ کی [illegible] اور احتیاطی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں اور متاثرہ علاقوں میں لوگوں کے ٹیکے لگائے جا رہے ہیں۔

تبصرہ

امداد الصلوٰۃ

مولانا عاشق الہی صاحب بلند شہری نے حال ہی میں امداد الصلوٰۃ کے نام سے ایک مفید رسالہ شائع کیا ہے۔ نماز اسلام کا سب سے اہم اور سب سے پہلا فرض ہے لیکن افسوس ہے کہ آج مسلمانوں میں بہت کم ہیں جو اس کے پابند اور اس سے واقف ہیں۔

مولانا عاشق الہی صاحب نے یہ رسالہ اس لئے شائع کیا ہے کہ تعلیم یافتہ اور ان پڑھ بڑے اور بچے، مرد اور عورتیں سب اس سے یکساں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اور بہت کم وقت میں نماز کا طریقہ سیکھ سکیں۔

اس میں شک نہیں کہ رسالہ اپنے مقصد میں کامیاب ہے ہندوستان کی چوٹی کے علماء حضرت مولانا طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب، حضرت مولانا عبد اللطیف صاحب سہارنپوری اور دوسرے چیدہ علماء نے اس رسالہ کو بہت پسندیدگی کی نظر سے دیکھا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ مسلمان ایک ہمدرد کی پرخلوص خدمت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں اور اپنے بچوں اور سرناواقف کو سکھائیں اور ان سے بھی نماز کی پابندی کرائیں رسالہ کی طباعت [illegible] اور اچھے کاغذ پر ہے قیمت کے اعتبار سے بھی نہایت ارزاں ہے یعنی قیمت صرف [illegible] ہے تاجروں کو کمیشن کا بھی اعلان ہے

ملنے کا پتہ یہ ہے۔ حافظ عظیم الدین صاحب مسجد نواب والی قصاب پورہ دہلی۔

پاکستان میں ملازموں کی چھانٹی
آٹھ سو ملازموں کو نوٹس

کراچی ۱۱ اگست - کل پاکستان کی مرکزی حکومت کے آٹھ سو ملازموں کو ایک ماہ کا نوٹس دیدیا گیا - پہلے ان سب کو فاضل اشخاص قرار دیدیا گیا تھا۔ ان فاضل ملازموں کی بہت بڑی تعداد حکومت پاکستان ذیلی دفاتر میں کام کر رہی ہے جو تمام پاکستان میں پھیلے ہوئے ہیں۔ مرکزی حکومت کے بڑے دفاتر میں اس قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔

روس یوگوسلاویہ کی ناکہ بندی کریگا

لندن ۱۳ اگست - کچھ یورپین ممالک سے اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ مارشل ٹیٹو کو حکومت سے نکال باہر کرنے کے لئے روس یوگوسلاویہ کی اقتصادی ناکہ بندی کرے گا۔ البانیہ نے حال ہی میں یوگوسلاویہ کے ساتھ اقتصادی معاہدہ منسوخ کر لیا ہے بتایا جاتا ہے کہ دیگر یورپین ممالک بھی یوگوسلاویہ سے قطع تعلق کریں گے، چیکو سلاواکیہ نے پہلے ہی یوگوسلاویہ کے خلاف تجارتی کنٹرول سخت کر دیا ہے۔

کرنل ڈھلون نے فاقہ کشی شروع کر دی

امرتسر ۱۲ اگست - جنرل موہن سنگھ کے خلاف مشرقی پنجاب کی حکومت نے جو الزامات لگائے ہیں - ان الزامات کے خلاف احتجاج کے طور پر آزاد ہند فوج کے کرنل گوربخش سنگھ ڈھلون نے کل کچہری ہاؤس میں ایک خیمے کے اندر مرن برت شروع کر دیا ہے۔ مشرقی پنجاب کی حکومت نے الزام لگایا تھا کہ جنرل موہن سنگھ نے [illegible] کے ذریعہ [illegible] کی تھی کہ صوبہ کی حکومت پر قبضہ کرنا چاہتے تھے کرنل ڈھلون کا بیان ہے کہ وہ اس وقت تک برت نہیں توڑیں گے جب تک مشرقی پنجاب کی حکومت اپنے الزامات پر افسوس ظاہر نہ کرے یا حکومت مداخلت کر کے کسی غیر جانبدار ٹریبونل سے ان الزامات کی تحقیقات نہ کرائے

چھ کنوارے بیوی کی تلاش میں
۷۴ سے محبت کی لیکن قابل بیوی نہ ملی

سڈنی ۱۲ اگست - نیو ساؤتھ ویلز کے ایک شہر غوریز کے چھ کنواروں کو ابھی تک بیوی بننے کے قابل کوئی عورت نہیں ملی۔ جبکہ وہ اپنے شہر کی ۷۴ لڑکیوں سے محبت کر چکے ہیں۔ ان کنواروں کے گروہ میں سے ایک نے یہ انکشاف کیا کہ وہ جب بیوی کی تلاش میں نکلا ہیں تو وہ روٹی پکانے اور قابلیت کے کچھ نمبر مقرر کر دیتے ہیں۔ اور جو لڑکی ۵۰ فیصدی نمبر حاصل نہ کر سکے اسے بیوی کے ناقابل سمجھا جاتا ہے۔ اب ۲۰۰ میل دور رہا یہ دانتہ ایک شہر پاکیزہ میں جانے والے ہیں۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آخر کب تک

مکرمی تسلیم۔ ایک فرد وہ اس سے پہلا اپنا کام پورا تمام ہو [illegible] پانی ہی پانی دکھا۔ [illegible] پانی سے لبریز تھی، چاروں طرف پانی ہی پانی تھا [illegible] پانی ہی پانی۔ اور [illegible] بارش [illegible] اور اب ایک سیر [illegible] انقلاب [illegible] کیا حکومت اس [illegible] کے فرقان [illegible] روکی۔ تمام دن [illegible] کو پیٹ بھر کر دال [illegible] اور غریب طبقہ فاقوں سے تنگ آ رہا ہے کیا ہماری قومی حکومت اس پر جب غور کرے گی۔ جب کہ ان غریبوں کی حالت مصیبت زدہ سے [illegible] ہو جائے گی۔

محمد اسلام مراد آباد، ۹ اگست ۱۹۴۸ء

زہر کا خاتمہ

مکرمی تسلیم! سرکاری ملازموں کی فرقہ پرستی سے اس دور میں بے حساب نقصان پہنچا ہے اور حکومت کے انتظام و انصرام میں جو خلل اور خرابیاں پیدا ہوئی ہیں وہ اس کے نتیجہ ہیں۔ اس لئے ہر اس حکم اور ہر اس تحریک کو خوش آمدید کہا جائے گا جس میں سرکاری ملازموں کو فرقہ وارانہ سرگرمیوں میں حصہ لینے اور اس قسم کے اجتماعات میں شرکت کی ممانعت کی جائے۔ حال ہی میں حکومت بمبئی نے بھی اس قسم کا ایک حکم جاری کیا ہے۔ فرقہ وارانہ سرگرمیوں میں حصہ لینے والے ملازموں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

حکومت بمبئی کا یہ اقدام اتنا کہ جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے - اس سے زیادہ کا مستحق ہے۔ یقین ہے کہ سرکاری ملازموں کے خیالات پر فرقہ وارانہ جماعتوں سے [illegible] کا اچھا اثر پڑے گا۔ وہ اس قسم کے [illegible] سے رفتہ رفتہ دور ہو جائے گا۔

فرقہ وارانہ جماعتیں ملک کے لئے زہر سے زیادہ ہیں بلکہ اگر ایسی جماعتوں کا خاتمہ نہیں کیا جا سکتا تو کم از کم سرکاری ملازموں سے ہی اس زہر کو دور کیا جائے لیکن صرف اس حکم سے کام نہیں چلتا اصل چیز عملدرآمد ہے لیکن جو کچھ بھی ہے غنیمت ہے - اور اس بات کی ضرورت ہے کہ مرکز اور دیگر صوبہ جات کی حکومتیں بھی حکومت بمبئی کے اس اقدام کی تقلید کریں۔

احمد داد ابہائی، بمبئی ۱۱ اگست

نیا نصاب

مکرمی السلام علیکم - یو۔ پی میں جولائی ۱۹۴۸ء سے جو نصاب انگریزی اور پرائمری اسکولوں میں رائج کیا جا رہا ہے اس میں عملی طور پر اردو کو بالکل ختم کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ نصاب مذکور میں درجہ اول سے درجہ ہفتم تک اردو کا نام و نشان بھی نہیں ہے۔ درجہ ششم میں طلباء کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ انگریزی کی جگہ پر دیگر زبان (سکنڈ فارم) کی حیثیت سے اردو پڑھ سکتے ہیں لیکن انگریزی اسکولوں میں طلباء انگریزی ہی پڑھنے کے لئے داخل ہوتے ہیں۔ لہٰذا انگریزی چھوڑ کر اردو پڑھنا تقریباً ناممکن ہے۔ چنانچہ اس سال انگریزی اسکولوں کے درجہ ششم جدید میں پورے صوبہ میں کہیں بھی اردو کی تعلیم نہ ہوتی ہوگی۔ جو لڑکے درجہ ششم جدید میں اردو نہ پڑھیں گے وہ ساتویں اور آٹھویں درجہ میں بھی اردو نہیں پڑھ سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں طلباء درجہ ہشتم پاس کرنے کے بعد بھی اردو کے حروف تہجی سے ناواقف رہیں گے اور درجہ نہم میں اختیاری مضمون کی حیثیت سے اگر اردو پڑھنا بھی چاہیں تو نہیں پڑھ سکتے۔ کیونکہ جو طالب علم الف بے سے ناواقف ہوں گے وہ نویں درجہ کا کورس کیسے پڑھ سکیں گے۔ اس لئے موجودہ نصاب بلا ترمیم کے اگر رائج ہو گیا تو ایک طرف تو اردو زبان تقریباً بالکل ہی ختم ہو جاوے گی اور دوسری طرف اردو اور فارسی پڑھانے والے ہزاروں مدرسین برطرف کر دیئے جاویں گے جس کی ابتدا ابھی سے ہو گئی ہے۔ ضرورت ہے کہ ہمی خواہان اردو خصوصاً حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، خواجہ عبد المجید صاحب قاضی محمد عدیل صاحب عباسی اور خان محمود علی خاں صاحب اس طرف فوری توجہ فرما کر حکومت یوپی سے اس سلسلہ میں خط و کتابت فرما دیں۔

ابو السلطان۔ گورکھپور ۱۰ اگست

مراسلات و اطلاعات

ہفتہ آزادی

دہلی ۱۰ اگست۔ کل صبح ہفتہ آزادی کے سلسلہ میں گاندھی دیالیہ کشمیری گیٹ نے صحت و صفائی کا دن بڑی شان و شوکت سے منایا۔ ساڑھے چھ بجے صبح جناب بہیا شنکر پنڈت دلیپ داس صاحب کی رہنمائی میں جلوس بعد تمام طلباء گلی کوچوں کو صاف کرتا ہوا۔ تمام کشمیری گیٹ میں گھومتا رہا۔ پنڈت جی خود اپنے ہاتھوں سے نالیوں کو صاف کرتے رہے اور جھاڑو کا انہوں نے تحریر اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا تھا۔ جس سے صاحب کشمیری گیٹ میں ایک اچھا اثر پڑا۔ عبد الحلیم نرمل۔ گاندھی دیالیہ دہلی

محمد حبیب قریشی کو صدمہ

نہایت رنج ہے الجمعیۃ کے ایجنٹ محمد حبیب قریشی کے بچے کا حال ہی میں [illegible] کی علالت کے بعد انتقال ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انہیں اپنے ہر بچے سے شدید محبت تھی۔ ہم کو اس حادثے میں حبیب صاحب سے بڑی ہمدردی ہے۔ خدا ان کو صبر اور بچے کو نعم البدل عطا فرمائے۔

متھرا میں عام جلسہ

متھرا ۸ جولائی بعد نماز جمعہ انجمن اسلامیہ متھرا کا ایک عام جلسہ بعد نماز جمعہ الوداع منعقد ہوا جس میں کئی مقررین نے جن میں بسے لال صاحب مومن اور سید عبد الغنی وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ حیدرآباد و کشمیر کے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس بارے میں چند تجاویز بھی منظور ہوئیں جن میں حکومت ہند کو اپنی وفاداری اور مکمل تعاون کا یقین دلایا گیا۔ نیز ایک قرارداد میں بریگیڈیر عثمان کی بہادرانہ موت پر گہرے رنج و ملال کا اظہار کیا گیا اور خدا تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ (نامہ نگار)

شہداء کیلئے دعائے مغفرت

سرینگر۔ جمعیۃ الوداع کے مبارک موقع پر [illegible] بعد شہیدان جموں و کشمیر و عالم اسلامیان انڈونیشیا، فلسطین وغیرہ کے حق میں دعائے مغفرت مانگی گئی۔ حاضرین نے شہداء کے پسماندگان کے ساتھ ان کی بے بسی و بے کسی پر ان کے استقلال اور صبر و شکر کے لئے جو کہ گوناگوں آلام و مصائب کے برداشت کرنے میں انہوں نے مردانہ وار ظاہر کئے اظہار تبریک کرتے ہوئے ہمدردی کا اظہار کیا۔ ان کی حل مشکلات کے لئے بارگاہ صمدانی میں عاجزانہ دعائیں کی گئیں۔ نیز قرار پایا کہ اس کارروائی کی نقول جملہ اخبارات جموں و کشمیر، ہندوستان، پاکستان و بلاد اسلامیہ کو بھیجی جائیں۔

مسلمانان دہلی کا فرض

۱۵ اگست ۱۹۴۸ء ہفتہ کے دن ۹ بجے آزاد پارک زیر جامع مسجد جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی جانب سے آزاد ہند کی پہلی سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ دہلی کے ہر طبقہ کے مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس تقریب سعید میں حصہ لے کر اپنے سچا ہونے کا ثبوت دیں اور برادران وطن کو دکھا دیں کہ اس گراں مایہ نعمت سے ہم کو بھی اتنا ہی شرف حاصل ہے جتنا آپ لوگوں کو۔

خداوند کریم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ دو سو برس کی مسلسل غلامی کے بعد یہ دن نصیب ہوا۔ اگرچہ انگریز نے جاتے وقت اپنی نحوست سے ہندوستانیوں کی باہمی محبت کو دشمنی سے تبدیل کر دیا لیکن ہندوستان کی دنیا جلد بدل گئی اور دوستی کی روپ میں نمایاں ہونے لگی۔ ہمارا فرض ہے کہ ہر ہندوستانی اس روز ایک دوسرے سے گلے ملے اور اپنے پیارے وطن کی ترقی اور دشمنوں کی دست برد سے بچانے کے لئے دل و جان سے تیار ہو جائے۔ عن قریب وہ وقت آنے والا ہے جب تک ہر ہندوستانی اپنے وطن عزیز کو بچانے کے لئے ایک اصلی سپاہی نظر آئے گا۔

میں اپنے دہلی والوں سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ ہفتہ کے دن اس تقریب سعید میں شریک ہو کر جلسہ کی شان کو بڑھائیں۔

بڑی خوشی

یہ ہے کہ اس جلسے میں ہمارے گورنر جنرل شری چکرورتی راج گوپال اچاریہ و دام اقبالہ کی شرکت کی امید ہے۔

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

بقیہ مراسلات
(صفحہ ۲ کالم اول پر)

جمعیۃ علماء بریاؤ کا نیا انتخاب

بریاؤ ... ڈاک - جمعیۃ علماء بریاؤ ضلع سورت کا انتخاب ... اگست ۱۹۴۷ء کو بعد نماز ظہر تلاوت قرآن کے بعد جناب مولانا محمد ... صاحب کی زیر نگرانی شروع ہوا۔ اکثریت رائے سے منتخب شدہ ممبران و عہدیداران کے نام حسب ذیل ہیں۔

صدر حضرت مولانا حکیم محمد شفیع صاحب - نائب صدر حافظ محمد خطیب صاحب ناظم حافظ محمد ابراہیم ... مولوی کریم بخش صاحب نائب ناظم جناب ... خزانچی حافظ ... احمد صاحب کتب فروش

ممبران عاملہ (۱) جناب ... (۲) جناب قاسم خاں ... (۳) قاری احمدی صاحب (۴) محمد خاں صاحب

آزاد لائبریری امروہہ

حضرت شیخ الہند مولانا مدنی کا پیام

جناب حافظ محمد یونس صاحب شہباز صدیقی ناظم آزاد لائبریری سابق مسلم اردو لائبریری امروہہ ... سے ... واقف ہوں۔ اگرچہ بدقسمتی سے اب تک مجھے موصوف کی لائبریری دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ لیکن جناب مولانا سید اختر الاسلام صاحب اور مولانا حکیم فضل الرحمن صاحب نے اس کا معائنہ فرمایا ہے۔ ان دونوں حضرات پر پورا اعتماد ہے۔ اس اعتماد کی بنا پر میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ لائبریری امروہہ کے اطراف میں رہنے والوں کے لئے ایک بہا علمی خزانہ ہے ...

[illegible]

حافظ کی ضرورت

مدرسہ اسلامیہ ... ضلع میرٹھ میں ایک ایسے حافظ قرآن کی ضرورت ہے جو قرآن پاک بچوں کو عمدہ طریقہ سے حفظ کرا سکے اور مدرسہ میں امامت کے فرائض انجام دے سکے اور رمضان المبارک میں قرآن شریف بھی سنا سکے۔ تنخواہ کے علاوہ قیام و طعام کا انتظام بھی مدرسہ کی جانب سے ہوگا۔ لہٰذا اس سلسلہ میں حسب ذیل پتہ پر خط و کتابت کی جائے۔

(مولانا) سید شفیق احمد مہتمم مدرسہ اسلامیہ ... ضلع میرٹھ (یو۔ پی)

مزید اسلحہ کی برآمدگی

دہلی پولیس نے جمعرات کی شام ... ایک پستول ایک ... برآمد کئے۔ مکان کا مالک جو ایک سکھ بتایا جاتا ہے گرفتار کر لیا گیا ہے

آپ کے یہاں شادی ہے

[illegible]

دار السلطنت

دفتر انجام پر پولیس کا چھاپہ

پولیس نے اخبار انجام دہلی کے دفتر کی تلاشی لی اور ... کر لیا ... "ہماری عید" کے عنوان سے شائع ہوا تھا جسے قابل اعتراض بتایا جاتا ہے۔

پولیس نے ... اخبار کے ایڈیٹر پرنٹر اور پبلشر ... شیخ محمد یٰسین کو گرفتار کر لیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اسی سلسلہ میں دہلی پرنٹنگ پریس کی بھی جہاں یہ اخبار چھپتا تھا تلاشی لی گئی ہے۔

ہند اور پرتگال میں

سفارتی تعلقات قائم کرنے کا اعلان

نئی دہلی ... اگست - ایک پریس نوٹ ... ہے کہ حکومت ہند اور حکومت پرتگال نے باہمی دوستانہ تعلقات کو استوار کرنے کے لئے فیصلہ کیا ہے کہ لائحہ کی سطح پر ایک دوسرے کے ہاں ڈپلومیٹک نمائندے مقرر کئے جائیں۔

تانگہ سے لاش برآمد

[illegible]

ضلع مراد آباد میں اجتماعی جرمانے

لکھنؤ ۱۴ اگست۔ حکومت یو۔ پی نے یو۔ پی ... کے تحت ضلع مراد آباد کے ... میں ... مسلمان اور ہندو باشندوں کو بالترتیب پچاس ہزار ... ہزار روپے کے اجتماعی جرمانے کئے گئے۔

راجہ جی کی نشری تقریر

ہند کے گورنر جنرل ... راجگوپال آچاریہ یوم آزادی سے ایک روز قبل یعنی ۱۴ اگست کی شام کو ... بجے آل انڈیا ریڈیو سے تقریر نشر کریں گے جو آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشن ریلے کریں گے۔

فوج کے نام یوم آزادی کا براڈ کاسٹ

نئی دہلی ۱۳ اگست - یوم آزادی کے دن سردار بلدیو سنگھ وزیر دفاع ... بجے شام ہندوستانی افواج کے نام ایک خاص پیغام نشر کریں گے۔

اغوا شدگان کے بارے میں

اہم اعلان

دہلی ۱۳ اگست - وزارت دفاع کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ پاکستان سے مغویہ عورتوں اور بچوں کی بازیابی کے سلسلہ میں آل انڈیا ریڈیو سے ایک اہم اعلان ۱۴ اگست بروز جمعہ ... بجے شب کو نشر کیا جائے گا ...

[illegible]

چاندنی چوک میں ہنگامہ

[illegible]

دہلی میں یوم آزادی کا پروگرام

[illegible]

کیا شیخ عبداللہ پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں

سول اینڈ ملٹری گزٹ کی عجیب و غریب اطلاع

پاکستان کے ایک انگریزی اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ میں ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کے حوالہ سے ایک بہت ہی سنسنی خیز اطلاع درج کی گئی ہے جس کو یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ خبر کی ابھی کوئی تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔

ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ جموں و کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ نے آزاد کشمیر کے رہنماؤں کے پاس قاصد بھیجے ہیں تاکہ یہ معلوم کر سکیں کہ اگر کشمیر ... رائے کے بغیر پاکستان میں شامل ہو ... نیشنل کانفرنس کے رہنماؤں کو کیا ...

[illegible]

... کہ آخر کار کبھی نہ کبھی کشمیر پاکستان میں شامل ہو جائے گا یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آیا شیخ عبداللہ کو کوئی جواب دیا گیا ہے یا نہیں۔

اسی طرح مسلمانوں کے بارے میں ...

یوم آزادی پر اپنے آپکو قومی خدمت کیلئے وقف کرنیکا عہد کیجیو

صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد کی اپیل

نئی دہلی ۱۴ اگست صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد نے یوم آزادی کے سلسلہ میں ... ہے ۱۵ اگست کے دن کی یاد منانا ... اپنے آپ کو وقف کرنے ... لیکن اس دن سے پہلے اور بعد میں ... جن کا رد عمل ... بہار اور ... اختیار کر گیا ہے۔

چنانچہ گاندھی جی نے کلکتہ میں ... بجا طور پر ایک معجزہ کہا گیا ہے ... مسلمانوں میں اعتماد بحال کیا اور حکومت کی ... اور عام لوگوں کی معقولیت پسندی ... صورت حال جلد ہی قابو میں آ گئی ... حالات مختلف رہے اور اگرچہ ... گاندھی اور حکومت ...

[illegible]

ماسٹر تارا سنگھ سنگرور میں منظر عام پر تقریر نہ کرسکے

سنگرور ... ۱۲ اگست - یہاں ہونے والی ... کانفرنس کی صدارت ماسٹر تارا سنگھ نے ... کانفرنس میں ... مخالفین ... تعداد زیادہ تھی ... ماسٹر جی کے مخالفوں نے ... سکھوں میں پھوٹ ڈالنے کا الزام لگایا ...

(اسٹیٹس پریس آف انڈیا)

حیدرآباد ۱۲ اگست ... بات کا امکان ہے حکومت نظام حکومت ہند کے قرطاس ابیض کا جواب شائع کرے ... یہ جواب حکومت ہند کے قرطاس ابیض کی تفصیلات موصول ہونے کے بعد شائع کیا جائے گا۔

پریس نوٹ میں نواب ... یار جنگ کی اس بات کو بھی نقل کیا گیا کہ قرطاس ابیض میں کئی غلط بیانیاں ہیں۔

ٹرک سے ٹکر

بدھ کے دن ایک ٹرک سے ایک سائیکل سوار کی ٹانگ ... ٹرک کا ڈرائیور بھاگنے میں کامیاب ہو گیا۔

میونسپلٹی کی کارروائی

دہلی میونسپلٹی کے چیئرمین و وائس پریسیڈنٹ کا انتخاب ۲۰ اگست کو ہوگا ... میونسپلٹی کے اجلاس میں مسٹر رام نواس اگروال نے ... تجویز پیش کی کہ ...

[illegible]

... ایک ڈرامہ ہوگا جس میں ۱۸۵۷ء سے ۱۹۴۷ء تک ہندوستان کی جنگ آزادی کے مناظر پیش کئے جائیں گے داخلہ بذریعہ ٹکٹ ہوگا۔

(باقی صفحہ ۷ پر)

الجمعیۃ کا آزادی نمبر

بہت سے ایجنٹ صاحبان کے مطالبہ اور فرمائش پر فیصلہ کیا گیا ہے کہ الجمعیۃ کا آزادی نمبر اخبار کے پورے سائز ۲۰×۳۰ پر شائع کیا جائے۔ صفحات میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یعنی اب یہ نمبر بڑے سائز کے ۱۶ صفحات پر شائع ہوگا۔ لوح کا صفحہ رنگین اور خوشنما طبع ہوگا۔ تازہ ترین خبریں بھی درج کی جائیں گی۔ قیمت فی کاپی ...

ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

جن ایجنٹ صاحبان نے اب تک آزادی نمبر کی مطلوبہ تعداد سے مطلع نہیں کیا ہے وہ بذریعہ تار مطلع کر دیں۔ ورنہ انہیں صرف اتنے ہی پرچے بھیجے جا سکیں گے جتنے روزانہ بھیجے جاتے ہیں۔ واضح رہے کہ

آزادی نمبر ۱۵ اگست کی صبح کو شائع ہوگا

اور باہر بھی اسی وقت کی ٹرینوں سے روانہ ہوگا

عبدالوحید صدیقی

(جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ)

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن — مؤلفہ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے۔ اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے۔ اس کے چار حصے ہیں۔ قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ... حصہ سوم ... حصہ چہارم ...

نبی عربی — (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

خلافت راشدہ — یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے ... راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے ... قیمت ...

خلافت بنی امیہ — یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے ... کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے ... زبان نہایت سادہ ... قیمت ...

جمعیۃ علماء کیا ہے — (حصہ اول) جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد ... اس کی خدمات قیمت ...

جمعیۃ علماء کیا ہے — (حصہ دوم) ... جمعیۃ علماء ہند کی ... سالہ تجاویز کا مجموعہ قیمت ...

اسلامی پرچم — ... قیمت ...

نور الاصباح — ... کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت زیادہ مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے۔ قیمت ایک روپیہ ...

تاریخ اسلام — ... دارالعلوم دیوبند ... قیمت ...

ہمارے پیغمبر — حضرت مولانا ... اسلامی مدارس کے ... قیمت ...

جنگ بدر — ... قیمت ...

نماز اربعین — اسلامی تعلیم کا مرقع قیمت ...

نوٹ — ... مسلم لیگ کی ...

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بکڈپو - گلی قاسم جان دہلی

بندوق — اور پرانے بجارات جبری

[illegible]

ریشم کی صنعت کو ترقی دینے سے متعلق بل چیدہ کمیٹی کے سپرد

اسٹرلنگ فاضلات پر بحث آج بھی جاری رہی

…اگست - ہندپارلیمنٹ کے آج کے اجلاس میں وزیر صنعت و حرفت ڈاکٹر مکرجی نے مرکزی حکومت کے کنٹرول میں خام ریشم کی صنعت کو ترقی دینے کے متعلق بل کو چیدہ کمیٹی کے سپرد کرنے کی تحریک پیش کی۔ اس بل کے ذریعہ اس صنعت کو ترقی دینے کے لئے ایک مرکزی بورڈ کے قیام کی تجویز کی گئی ہے۔

اسمبلی کے آج کے اجلاس میں کل کی اسٹرلنگ پر بحث جاری رہی۔ مسٹر گیڈگل نے مکانوں اور تیل کے چشموں کی بابت ایک بل پیش کیا۔ آج ندیر خزانہ مسٹر شان مکھم چیٹی نے ریزرو بنک کو قومی ملکیت بنانے سے متعلق بل کو ایک چیدہ کمیٹی کے سپرد کرنے کی تحریک پیش کی۔ آپ نے انکم ٹیکس کے بارے میں ایک دوسرا ترمیمی بل بھی پیش کیا۔

ہوتا ہے کسی قسم کا سامان ایسا نہیں ہے کہ جس کے لئے قیمت دینے سے ہم نے انکار کر دیا ہے۔ اس ضمن میں ادائیگی شدہ کہ اسٹرلنگ کو کم ہو جائے گی۔ گفت و شنید میں اہم ترین مسئلہ اسٹرلنگ کی واگذاری کا تھا۔ طویل بات چیت کے بعد طے ہوا ہے کہ اگلے تین سالوں کے دوران میں برطانیہ … کرے گا۔

مسٹر لاری نے … کہا کہ اس امر پر بحث کی جائے کہ حکومت ہند اس بات کو یقینی بنانے میں ناکام رہی ہے کہ مستقبل میں اسٹرلنگ قرضہ جات میں کمی نہیں کی جائے گی۔ … اسٹرلنگ کی قیمت میں کمی نہیں ہو جائے گی۔

پروفیسر شبن لال سکسینہ نے ایک تحریک تخفیف اس امر پر بحث کرنے کے لئے پیش کی …

مطالبات زر

…

پنشنوں کی بابت شرائط

…

پارلیمنٹ میں سوالات:

حیدرآباد کو ہتھیاروں کی فراہمی - فرانسیسی ہند کا مستقبل - انڈیا اسلام لیگ سیلون کے ہندوستانی - پاکستان میں غیر مسلم تجارتی کمپنیاں آسام کو خصوصی اختیارات لاچت رائے کا بت - ممالک خارجہ میں پروپگنڈا۔

دہلی ۱۳ اگست - کل ہند پارلیمنٹ میں سوالات کے وقفہ میں وزیراعظم پنڈت نہرو نے کہا کہ پرتگالی حکومت نے اس بات کی قطعی طور پر تردید کی ہے کہ پرتگال کی بندرگاہوں کے راستہ حیدرآباد کو جنگی سامان بھیجا جا رہا ہے۔ نیز حکومت ہند کی تحقیقات سے بھی اس بات کی تصدیق نہیں ہوئی کہ حیدرآباد جانے والا اسلحہ ان بندرگاہوں سے جاتا ہے۔ پنڈت نہرو نے کہا کہ ہندوستان میں پرتگیزی مقبوضات کے بارے میں پرتگال سے براہ راست کوئی بات چیت نہیں ہوئی تھی کیونکہ اس وقت تک حکومت ہند کے ساتھ سفارتی تعلقات نہیں تھے۔

فرانسیسی ہند کے مستقبل کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے پنڈت نہرو نے کہا کہ ان علاقوں میں تازہ میونسپل انتخابات کے انتظامات کئے جا رہے ہیں، اور ان کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے عنقریب استصواب رائے کر دیا جائے گا۔

وزیر تجارت مسٹر کے۔ سی۔ نیوگی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جرمنی نے تاوان جنگ کے سلسلہ میں تقریباً … روپیہ کا سامان ہندوستان آچکا ہے … لاکھ روپے کا سامان مقرر کیا گیا ہے۔

آسام سرکار کو یہ اختیارات دینے کے بعد غور کیا جا رہا ہے جس سے مشرقی بنگال سے آسام میں لوگوں کا آنا رک جائے۔ اس وقت تو یہی خیال ہے کہ آسام مشرقی بنگال سے شرنارتھی نہ آئیں۔ لیکن اگر کچھ لوگ وہاں پہنچ گئے تو انہیں دوسرے مقامات پر بسانے کا بندوبست کیا جائے گا …

… کے سوال کے جواب میں مسٹر سکسینہ نے بتایا کہ ریل کے راستہ سندھ سے ۳۰ جون ۱۹۴۸ء تک کیارہ لاکھ ۷۷ ہزار شرنارتھی پہنچ چکے ہیں۔ ان شرنارتھیوں کے نکالنے کے لئے ریل کا راستہ بند ہے اس لئے انہیں سمندری راستہ لانے پر غور ہو رہا ہے۔

پنڈت نہرو نے بتایا کہ غیر ممالک میں پبلسٹی کے کام بھی منظم کیا جا رہا ہے۔

سیٹھ گوبند داس: یہ امر واقع ہے کہ امریکہ و دیگر غیر ممالک میں اب بھی ہندوستان کے خلاف پروپگنڈا ہو رہا ہے۔ لیکن اس پروپیگنڈا کا توڑ ابھی تک کچھ نہیں کیا گیا۔

پنڈت نہرو: یہ ایک حقیقت ہے کہ چند غیر ممالک میں جیسے امریکہ میں ہے ہندوستان کے خلاف پروپگنڈا کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا سبب یہ ہے کہ وہاں کے لوگ ہندوستان سے لاعلم ہیں۔ اور ہندوستان کے متعلق انہیں …

…

اولمپک ہاکی میں ہندی ٹیم کی شاندار کامیابی

لندن ۱۳ اگست - کل ۱۹۴۸ء کے اولمپک ہاکی فائنل کو ہندی ٹیم نے شاندار طریقے پر جیت لیا۔ برطانیہ کی ٹیم جس نے پاکستان کی ٹیم کو دو گول سے ہرا دیا تھا۔ ہندوستان کی ٹیم سے چار گول سے ہار گئی۔ برطانیہ کی ٹیم ایک گول بھی نہ کر سکی۔ ہندوستانی ٹیم نے اپنے خیال کو پورا کر دکھایا۔ کھیل میدان کی خرابی اور کھیل کے دوران میں بارش ہونے کے باوجود بھی برطانیہ کی نسبت ہندوستان کے کھیل کا معیار بہت بلند رہا۔ ہندوستانی ٹیم ہر لحاظ سے برطانیہ کی ٹیم سے افضل تھی۔ برطانیہ نے ہندی ٹیم کی … مزاحمت کی۔ لیکن وہ ہندی ٹیم کے حملوں کی تاب نہ لا سکے۔ … ہندوستانی ٹیم ۱۹۲۸ء سے ہاکی کے اولمپک مقابلوں میں اول رہی ہے۔

اقوام متحدہ کی رکنیت کا مسئلہ

سیلون کی درخواست پر کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا

لیک سکس ۱۱ اگست - اتحادی اقوام میں سیلون کی رکنیت کے مسئلہ کا ابھی تک کوئی تصفیہ نہیں ہو سکا۔ باخبر لوگوں کا خیال ہے کہ شاید روس کی مخالفت کی وجہ سے اس کی درخواست جنرل اسمبلی میں پیش کئے جانے کے لئے جلد منظور نہ ہو سکے۔ حکومت سیلون نے اپنی رکنیت کے راستہ کو صاف کرنے کے لئے مجلس تحفظ کو ایک میمورنڈم پیش کیا ہے جس میں سیلون کے رقبہ اور اتحادی اقوام میں رکنیت کے استحقاق کے بارے میں تفصیلات پیش کی گئی ہیں۔

مہاراجہ کشمیر دہلی کو

سری نگر ۱۲ اگست - معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ کشمیر ۱۷ اگست کو دہلی آ رہے ہیں جہاں وہ پنڈت نہرو سے اور سردار پٹیل سے اہم مسائل پر بات چیت کریں گے۔

شاہزادہ معظم جاہ بہادر کی مستعفی

ابھی تصدیق نہیں ہوئی

نئی دہلی ۱۲ اگست - نظام کے دوسرے بیٹے شہزادہ معظم شاہ بہادر نے بھی حیدرآباد امپرومنٹ ٹرسٹ کی صدارت سے استعفی دے دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ شہزادہ برار کمانڈر انچیف کے عہدہ سے اور شہزادہ معظم کا یہ استعفیٰ حکومت حیدرآباد سے گہرے اختلافات کی وجہ سے عمل میں آیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ برسر اقتدار پارٹی کا رویہ نہایت ناپسندیدہ ہے اس کے عدم تعاون کے خلاف برطانیہ کے طور پر دونوں نے استعفے دیئے ہیں۔ تاحال حیدرآباد کے کسی حلقے سے اس کی تصدیق نہیں ہوئی۔

لاہور کی مشہور لائبریری کھل رہی ہے

لاہور ۱۳ اگست - شمالی ہندوستان کی مشہور لائبریری دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری جو گزشتہ سال سے پنجاب کے فسادات کی وجہ سے بند تھی اب پھر کھل جائے گی۔ مغربی پنجاب کی حکومت اس کو اگلے ماہ کھولنے کے انتظامات کر رہی ہے۔

ہندو مہاسبھا کا فیصلہ

مسٹر پٹوردھن کا اظہار افسوس

مدراس ۱۳ اگست - مشہور سوشلسٹ لیڈر مسٹر پٹوردھن نے ہندو مہاسبھا کے سیاسی تحریکات میں حصہ لینے کے فیصلے کو ایک بدقسمتی سے تعبیر کیا ہے۔ انہوں نے کہا اندیشہ ہے کہ جلد ہی ہندو مہاسبھا فرقہ وارانہ پروگرام شروع کر دے گی … ہندوستان میں ان قسم کی جماعتوں کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

فوج پر چین کے عظیم مصارف

نانکنگ ۱۰ اگست - امریکہ نے بیرونی ممالک کے … بل کے تحت چین کو بارہ کروڑ پچاس ڈالر کی جو امداد دی تھی اب معلوم ہوا ہے کہ حکومت چین اس کا … فیصدی اپنی بری فوج پر صرف کر رہی ہے۔ چینی حکومت نے اس بارے میں ایک مفصل پلان بھی مرتب کر لیا ہے۔ باقی رقم چین کی بحری اور فضائی فوج کے حوالہ کر دی جائے گی۔

مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی

لکھنؤ ۱۳ اگست - حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کے مکتوب گرامی سے معلوم ہوا ہے کہ آپ … لکھنؤ سے … اور جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا فرمائیں گے۔ حضرت مولانا ۲۳ رمضان المبارک کو دہلی سے ٹانڈہ پہنچے جہاں آپ نے … جلسہ دستار … میں شرکت فرمائی۔ وہاں سے ۹ رمضان المبارک کو لکھنؤ پہنچے …

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی واپسی

دہلی ۱۳ اگست - حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند … کی شرکت کے لئے لکھنؤ تشریف لے گئے تھے … آج واپس تشریف لے آئے ہیں۔ مولانا سید احمد اکبر آبادی … دہلی واپس تشریف لے آئے ہیں۔

یوپی میں سیلاب سے نقصان

بنارس ۱۳ اگست - اندازہ لگایا گیا ہے کہ ضلع بنارس میں سیلاب کی وجہ سے دو لاکھ روپے سے زائد کی فصلیں وغیرہ تباہ ہو گئی ہیں۔

مشرقی بنگال میں ۳۲ میل لمبی نہر

ڈھاکہ ۱۰ اگست - مشرقی بنگال کے اندر دریائی بندرگاہوں سے جوٹ کی درآمد میں آسانی پیدا کرنے کے لئے ۳۲ میل لمبی ایک نہر بنانے کی تجویز ہے۔ اس پر تقریباً ۳ کروڑ روپے صرف ہوں گے … بارشوں کے ختم ہونے پر شروع کیا جائے گا۔

جنگ کی تیاریاں

بیت المقدس ۱۳ اگست - فلسطین کے تمام … عرب اعلیٰ کمیٹی نے حکم دیا ہے کہ وہ … جنگی خدمات میں کام کریں۔ فلسطین کے عربوں کی کمیٹی نے اپنے نیویارک کے نمائندہ کو کہا ہے کہ وہ اپنا دفتر ختم کر کے فوراً واپس آجائیں۔ کمیٹی نے کل ایک میمورنڈم شائع کیا ہے جو عرب لیگ کے نام ارسال کیا گیا ہے۔ اس میمورنڈم میں پناہ گزینوں کی ایک مرکزی دفتر قائم کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ یہ دفتر پناہ گزینوں کے بین الاقوامی امداد کے سلسلہ میں گفت و شنید کرے گا۔

جودھپور ریلوے کا جھگڑا

حکومت ہند اور پاکستان میں گفت و شنید

کراچی ۱۳ اگست - ریاست جودھپور ریلوے کے متعلق ہند اور پاکستان میں گفت و شنید جلد ہی شروع ہونے والی ہے۔ ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ پاکستان کو امید ہے کہ یہ جھگڑا دوستانہ طریقے پر طے ہو جائے گا۔

مہاراجہ بڑودہ انگلینڈ میں

ساؤتھمپٹن ۱۳ اگست - مہاراجہ بڑودہ کوئن الزبتھ جہاز میں ہندوستان واپس جاتے ہوئے یہاں پہنچے۔ مہارانی لندن سے … ہوائی جہاز میں پرواز کر گئے … ان کا استقبال کیا گیا …

جمعیۃ اسلامی وارڈ نمبر ۵

دہلی ۱۳ اگست - مورخہ ۱۴ اگست … صبح … محلہ … مقابل … حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند و ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی … تقریر فرمائیں گے۔

کنوینر … علی

ایجنٹ صاحبان نوٹ کرلیں

دہلی کے ایجنٹ صاحبان

آزادی نمبر ۱۵ اگست (اتوار) کی صبح کو ۹ بجے جید برقی پریس یا اخبار کے دفتر سے حاصل کریں۔ ۱۴ اگست کی شام کو پرچہ شائع نہ ہوگا۔

باہر کی ایجنسیاں ۱۴ اگست ہی کی شام کو روانہ کر دی جائیں گی۔ ایجنٹ صاحبان بدستور اپنے اپنے اسٹیشنوں پر ڈلیوری لیں۔

منیجر
روزنامہ الجمعیۃ دہلی

… مسٹر … نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہندسرکار کو سیلون سرکار کی طرف سے ایک بل کا مسودہ موصول ہوا ہے جس کا تعلق سیلون میں بسنے والے ہندوستانی باشندوں کے ساتھ ہے۔ … ہندسرکار نے سیلون حکومت کو لکھا ہے کہ یہ بل اگر پاس ہو جائے تو ہندوستانی باشندوں کے متعلق … سیلون میں ہندوستان کے باشندوں کے متعلق ہے۔

مسٹر … کے ایک سوال کے جواب میں وزیر تجارت کے۔ سی۔ نیوگی نے کہا کہ مغربی پنجاب کی سرکار پاکستان کی کمپنیوں میں سے غیر مسلموں کے حصوں یا اس پر منافع کو روکنا نہیں چاہتی … البتہ مغربی پنجاب کی حکومت نے ہدایت جاری کی ہے کہ کمپنیوں کے ایسے حصے جو کہ غیر مسلموں کی ملکیت ہیں …

وزیر مالیات موہن لال سکسینہ نے بتایا کہ کوچ بہار اور تریپورہ کی ریاستوں میں پوربی بنگال سے … شرنارتھی پہنچ چکے ہیں … آسام میں ہندو اور مسلمان … آسام حکومت نے لکھا۔ … پوربی بنگال سے آنے والوں کے لئے کسی گنجائش نہیں۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی اپیل

(بقیہ صفحہ ۳ سے)

(بقیہ صفحہ ۳ سے)

…

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا مستقبل

لندن ۱۳ اگست - اگرچہ برطانیہ کے بحری محکمہ نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے متعلق یہ اعلان کیا ہے کہ وہ اکتوبر کے آخر پر پہلے کروزر سکواڈرن کی کمان سنبھالیں گے تاہم آپ کے مستقبل کے متعلق قیاس آرائیاں بدستور جاری ہیں۔ لیکن وہ بطور خیالات کا کہنا ہے کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو ماسکو بھیجا جائے گا۔ جہاں آپ برطانیہ کے وقار کو بلند کریں گے اور روس کی غلط فہمی کو دور کریں گے۔ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی ان تقرری کا استقبال کیا جائے گا۔

کناڈا پر حملہ کا خطرہ

اوٹاوہ ۱۳ اگست - معلوم ہوا ہے کہ امریکہ اور کناڈا نے یہ تجویز کیا ہے کہ الاسکا پر دفاعی بندرگاہ کے طور پر ایک راڈار جال بچھا دیا جائے تاکہ کسی حملہ کا خطرہ نہ رہے۔

جوالا پور (ضلع سہارنپور)

میں روزنامہ الجمعیۃ دہلی شیخ … سے طلب فرمائیں۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

بھوپال

میں روزنامہ اخبار الجمعیۃ دہلی - … بیوز ایجنسی … سے طلب فرمائیں۔ منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھئے

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
فون نمبر ۵۸۵۵
جاری شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ دھلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
ید اللہ علی الجماعۃ
آزادی نمبر
تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ایڈیٹر
محمد عثمان فارقلیط
قیمت فی پرچہ ۴ آنے
جلد ـــ ۳۰ دھلی یوم دوشنبہ ۱۰ شوال المکرم سنہ ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۶ اگست سنہ ۱۹۴۸ء نمبر ۱۷۳



آزاد ہندوستان کے عہد ماضی کا ایک نشان

وہ گھر جہاں سے دنیا کو سب سے پہلے امن، اتحاد، انسانیت اور آزادی کا پیغام دیا گیا!



آزاد افغانستان کے دارالسلطنت کابل کی جامع مسجد



تربیت گاہ مجاھدین جنگ آزادی (دارالعلوم دیوبند) کے شاندار دارالتفسیر کا ایک حصہ۔

دارالعلوم دیوبند کا عظیم الشان مغربی دروازہ "باب الظاہر" جسے شاہ افغانستان ظاہر شاہ نے تعمیر کرایا۔

گوالیار کا تاریخی قلعہ جہاں کے مہاراجہ آزاد ہند میں مالوہ یونین کے راج پر مکھ بنائے گئے ہیں۔

ملک ہر شخص سے تعاون، قربانی اور شہری اسپرٹ کی توقع رکھتا ہے

اگر دماغ میں تنگی اور دل میں نفرت پیدا ہو جائے تو آزادی کے کوئی معنی نہیں

آزادی کی سالگرہ پر قوم کے نام گورنر جنرل کا پیغام

نئی دہلی ۱۴ اگست ہز ایکسیلنسی گورنر جنرل مسٹر راجگوپال اچاریہ نے آزادی کی پہلی سالگرہ کے موقع پر قوم کے نام حسب ذیل پیغام دیا ہے۔

[illegible]

ملک ہر شہری سے زیادہ سے زیادہ تعاون کا مطالبہ کرتا ہے

آزادی کے دن پر سردار پٹیل کا پیغام

درحقیقت آزادی کا پہلا سال دکھوں اور غموں کا سال تھا لیکن ہم نے ان خطرات کا کامیابی سے مقابلہ کیا جو ہماری آزادی کی بنیاد کو ہلا دینے کے لئے تیار تھے۔ سوراج کے پہلے سال میں ہم نے جس جذبہ ارادے اور نہ ہارنے والی ہمت سے کام لیا ہے اگر اس میں کوئی فرق نہ آیا اور اگر ہم نے سپاہیوں کی طرح ضبط سے کام لیا اور اپنی ذمہ داریوں کا خیال رکھا تو ہم یقیناً مستقبل کے متعلق پر امید ہونے میں حق بجانب ہیں۔

نائب وزیر اعظم سردار ولبھ بھائی پٹیل نے آزادی کے دن پر جو پیغام دیا ہے اس کا متن یہ ہے ... پیغام حسب ذیل ہے۔

[illegible]

سمندر پار ہندوستانیوں کے نام پنڈت نہرو کا پیغام

ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے یوم آزادی پر حسب ذیل پیغام سمندر پار رہنے والے ہندوستانیوں کے نام بھیجا ہے۔

آزادی کی پہلی سالگرہ کے موقعہ پر سمندر پار رہنے والے اپنے ہم وطنوں کو میں اپنی مبارکباد بھیجتا ہوں۔ گزشتہ سال ہمارے لئے مشکلات اور مصیبتوں سے بھرپور سال تھا۔ ہم نے بہت سے خطرات پر قابو پالیا ہے لیکن کئی پہلوؤں میں ہم ناکام بھی رہے ہیں ...

[illegible]

... ملک کے شایان شان بننے کا از سر نو عزم کر لینا چاہیئے۔ جے ہند۔

(باقی صفحہ ۵ پر)

یہ نہ سوچو تم نے ابتک کیا کیا بلکہ یہ سوچو تم نے کیا کچھ نہیں کیا (پنڈت نہرو)

نئی دہلی ۱۴ اگست وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کا پہلی سالگرہ کے موقع پر پیغام حسب ذیل ہے۔

[illegible]

... جیسا کہ ہم آزادی کے اس سال پر از سر نو ہندوستان کے بلند مقاصد اور اصولوں کے حصول کے لئے اپنے آپ کو وقف کرتے ہیں میری دعا ہے کہ ہم اس کام کے قابل بن سکیں۔ جے ہند۔

... ہم اس دن کو اس طرح منائیں جس طرح اسے منانا چاہیے لیکن یہ فرسودہ خوشیاں ...

خوشخبری

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجراء

ہمارے استفسار پر ملک کے ہر گوشہ سے ہفتہ وار الجمعیۃ کے اجراء کی نہایت پرتپاک طریقہ پر تائید کی گئی ہے لہٰذا ہم حق تعالیٰ کی توفیق و امداد کے بھروسے پر ہمدردان الجمعیۃ کی خواہش کے احترام میں اعلان کرتے ہیں کہ جونہی

خریداران اور ایجنٹ صاحبان

کی طرف سے مناسب تعداد میں ہمارے پاس فرمائشیں پہونچ جائیں گی ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت شروع کر دیجائے گی۔ ہماری خواہش ہے کہ

ستمبر کے پہلے ہفتہ سے

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجراء ہو جائے، لیکن ہماری اس خواہش کے پورا ہونے کا انحصار مناسب تعداد میں فرمائشیں موصول ہو جانے پر ہے، لہٰذا

ایجنٹ صاحبان بلا تاخیر اپنی مطلوبہ تعداد سے مطلع فرمائیں۔

خریدار صاحبان فرمائش ارسال فرمانے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

ہفتہ وار الجمعیۃ ہر اتوار کو ۲۰×۳۰/۴ سائز کے ۲۰ صفحات پر خوشنما اور رنگین ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوگا۔

قیمت سالانہ بارہ روپے، ششماہی چھ روپے آٹھ آنے

فی پرچہ چار آنے

(عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی)

ہندوستان ہر مشکل پر عبور حاصل کرلے گا

لارڈ اور لیڈی ماونٹ بیٹن کے پیغامات

لارڈ و لیڈی ماونٹ بیٹن نے ہندوستان کے یوم آزادی کے لئے مندرجہ ذیل پیغامات بھیجے ہیں۔

لارڈ کا پیغام

میں اور میری بیوی ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کا دن کبھی نہیں بھول سکتے۔ ہندوستان کو مکمل سوراج ملنے پر گزشتہ سال نئی دہلی میں اس دن جو جشن و مسرت کے مناظر دیکھنے میں آئے۔ ان کی یاد ہر سالگرہ پر ہمارے دل میں چٹکیاں لیتی رہے گی۔ پہلا سال کوئی اب سہل نہیں رہا ہے ہند اس عرصہ میں مصیبت اور غم کے حالات سے دوچار رہا لیکن اس کڑی آزمائش کو اس نے بڑی جان سے جھیلا۔ میرا یقین ہے کہ ہندوستان ہر سال اپنی عظمت اور آزادی کو سنوارتا ہوا دنیا کی پرامن زندگی میں اپنا اہم حصہ ادا کریگا۔ جے ہند

لیڈی ماونٹ بیٹن کا پیغام

۱۵ اگست کو آزاد ہندوستان کی پہلی سالگرہ پر ہندوستان اور اس ملک کے لوگ میرے ذہن و دل میں ایک یادگار کی طرح رہیں گے۔ ہم ہندوستان باشندگان کو پیار، تشکر اور فخر سے یاد کریں گے۔

گزشتہ سال دہلی میں ہم ان خوشیوں اور جلوس میں شامل تھے جو ہندوستان کی مکمل آزادی کے دن کے اعزاز میں منائے گئے۔ اس ...

سال میں میرا خاوند اور ہماری لڑکی سندن میں ہندوستانیوں اور ہندوستان کے دوستوں سے مل کر ہندوستان کی آزادی کی پہلی سالگرہ منائیں گے۔

اس سال کی یاد کے دامن میں غم دیا ہے۔ گاندھی جی کے ہمارے درمیان نہ ہونے پر ... دیا ہے کی صورت کیسی۔ آج صرف ان کا حسن عمل اور درس ہی ہمیں فیضان اور سنبھالا دے سکتے ہیں۔ گزشتہ بارہ ماہ ہندوستان، اس کے رہنماؤں اور اس کے لوگوں کے لئے امتحان کے مانند رہے ہیں۔ انہیں الجھے ہوئے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ اور یاس، غم و الم کی بھرمار رہی لیکن دنیا کے اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی شاندار رہنمائی کے زیر اثر اور لوگوں کی انتھک ہمت اور حوصلہ کی بدولت ہندوستان نے ہر للکار کو پچھاڑا ہے اور طوفان کا مقابلہ کرتے ہوئے جس ہمت سے ہندوستان کی کشتی کو گرداب سے نکالا ہے وہ بجا طور پر باعث فخر ہے۔

ہندوستان کے سامنے اب بھی بہت سی دشواریاں اور مسائل ہیں لیکن میں سمجھتی ہوں کہ پکے ارادے اور حوصلے سے ہندوستان اپنی دشواریوں پر قابو حاصل کرے گا اور اپنے غیر متزلزل اعتقاد سے ترقی اور انصاف کی راہ کو سنوارے گا۔ مجھے یقین ہے کہ ہندوستان امتیازی طور پر سرخرو ہوگا۔ جے ہند۔

سچائی اور نوع انسان کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لو

یوم آزادی کے موقع پر مسٹر آصف علی گورنر اڑیسہ کا پیغام

[illegible] جناب آصف علی صاحب گورنر اڑیسہ نے مسلمانان ہند کے نام حسب ذیل پیغام دیا ہے ... اس مبارک دن کے موقعہ پر جب ہم اپنے ملک کی آزادی کی پہلی سالگرہ منا رہے ہیں ... ہندوستان کے مسلمانوں کے نام میرا پیغام یہ ہے کہ وہ ہم آہنگی ... سچائی اور نوع انسانی کی خدمت اور محبت کو اپنی زندگی کا مقصد بنالیں ... [illegible]

(پرسنل اسسٹنٹ گورنر اڑیسہ)

مجھے یقین ہے ہند اور پاکستان انسانیت کی صحیح خدمت بجا لائینگے

دونوں ملکوں کا فائدہ باہمی تعاون اور خیر اندیشی ہی میں ہے (ہائی کمشنر پاکستان)

نئی دہلی ۱۵ اگست ہند میں پاکستانی ہائی کمشنر مسٹر محمد اسمٰعیل نے یوم آزادی کے موقعہ پر حکومت ہند اور ہندی عوام کو ایک پیام دیتے ہوئے فرمایا ... ہندوستان کی آزادی کی سالگرہ کے عظیم الشان دن پر حکومت ہند اور ہندی عوام کو خیر سگالی اور تہنیت کا پیغام دیتے ہوئے مجھے بڑی مسرت ہوتی ہے ... [illegible] ... مجھے یقین ہے کہ ہند اور پاکستان ... انسانیت کی خدمت بجا لائیں گے اور بین الاقوامی سیاست کے حلقہ میں اہم کردار ادا کریں گے۔

آزادی کا پہلا برس دونوں ملکوں کے لئے سختیوں اور مشکلات کا سال تھا۔ اس دوران میں ان کو ایسے حوصلہ شکن مسائل کا سامنا کرنا پڑا جن کی نظیر نہیں ملتی۔ میری دلی آرزو ہے کہ یہ سال ان دونوں مملکتوں کے عوام کے لئے خوشحالی، مسرت اور امن کا سال ثابت ہو۔ ایک دوسرے کے قریب ترین پڑوسی ہونے کی حیثیت سے دونوں ممالک کو ایسے مفادات ... جو باہمی تعاون اور خیر اندیشی سے ہی زیادہ نفع بخش ثابت ہو سکتے ہیں۔

قطعہ

از ناقد — نظری مظفر نگری

تو میں کی بلا چھپا ہے دم میں کا ہر دم بھرتا ہے
تو بھا مار کے اوروں کو بھی جگ میں ہند کہلاتا ہے

افسوس اسی کے بندوں سے اس درجہ نفرت کرتا ہے
نادان وہ زندہ رہتا ہے اوروں کے لئے جو مرتا ہے

مخلوق کی خدمت کرتا ہے کہتے ہیں ایک عبادت ہے
ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی سب ایک خدا کے بندے ہیں

بندوں سے محبت کرتے ہیں خالق سے جن کو محبت ہے
اے نفرت کرنے والے کہہ یہ نفرت کس سے نفرت ہے

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے منوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۴ اگست ۱۹۴۸ء

ہماری آزادی کا ایک سال

آزادی انسان کا پیدائشی حق ہے۔ اس پر شبہ کرنا اپنی فطرت پر شبہ کرنا ہے۔ یہ ایک واقعہ ہے جسے الفاظ کا جامہ پہنایا گیا ہے۔ ایک حقیقت ہے جسے معنی کے رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ آزادی انسان کی فطرت ہے۔ جو ذرہ ذرہ کو آزادی اور خواہشوں میں جھلکتی اور زندگی کے فانوس میں چمکتی ہے۔ آزادی ہے تو سب کچھ ہے۔ آزادی نہیں تو کچھ بھی نہیں! زندگی اور اس کے تقاضے اسی آزادی سے ابھرتے ہیں اور اسی سے امیدوں اور خواہشوں کا چراغ روشن ہوتا ہے!

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ڈیڑھ سو سال کی محکومی کے بعد ہندوستان کو آزادی ملی اور ہندو یونین جیسی عظیم سلطنت کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ کسے امید تھی کہ غلام آباد ہند پر آزادی کا آفتاب طلوع ہوگا؟ بڑی آرزوؤں، بڑی امیدوں اور بڑی خواہشوں کے بعد یہ دن دیکھنا نصیب ہوا۔ یہ ہماری قومی رفعت اور ملکی جبروت کا بڑا ہی مبارک دن تھا کہ ہمیں ہماری امانت واپس ملی اور ڈیڑھ سو سال کی متاع رفتہ واپس آئی۔

اس آزادی میں ہمارے لئے ایک نئی بات بھی تھی۔ یہ فخر ہندوستان کو ہی حاصل ہوا کہ جنگ کے بغیر ہی جنگ آزادی کامیاب ہوئی۔ اور تیر و تفنگ کا کام عدم تشدد نے انجام دیا۔ کیا مجال کہ کسی کی نکسیر بھی پھوٹی ہو، کیا مجال کہ ایک دن بھی خون ریزی کی نوبت آئی ہو۔ نہ جنگ کا بگل بجا، نہ بندوق کی ایک گولی چلی، نہ تلوار کی کڑی ضرب پڑی، نہ الٹی میٹم، نہ محاصرہ، نہ جنگی قیدی کا سلسلہ۔ عدم تشدد کی نہتی اور دست بریدہ فوج اٹھی، مقاومت مجہول کا ہتھیار لے کر آگے بڑھی، قدم بڑھایا، اور گری مقابلہ پر آئی اور پٹی، زخمی ہوئی، جیلوں میں گئی، پھانسی پر چڑھی، مگر پھر میدان میں آئی، بار بار آئی، بار بار پیچھے دھکیلی گئی، بار بار سنگینوں اور بندوقوں سے دو چار ہوئی! بالآخر عدم تشدد نے تشدد کو، مظلومی نے ظلم کو، مقتول نے قاتلوں کو شکست دی اور ملک کو ۱۵ اگست کی تاریخ پر آزاد کرا لیا اور آج اس سارے برّ اعظم میں ۴۰ کروڑ انسانوں کے درمیان اسی آزادی کی سالگرہ منائی جا رہی ہے۔

مصائب کا ریلا

یہ سچ ہے کہ ۱۵ اگست ہماری آزادی کی یادگار اور ہماری امیدوں کی تکیہ گاہ ہے مگر عین اس وقت جبکہ آزادی کا آفتاب طلوع ہوا۔ پورے ملک میں فتنہ و فساد کی آگ بڑک اٹھی جس نے متاع امن کو جلا کر خاک سیاہ کر دیا۔ بیشمار انسان، ہندو اور مسلمان ہونے کے جرم میں مار گئے۔ مال، متاع لٹا۔ جائدادیں نذر آتش ہوئیں۔ آبروؤں اور عزتوں کا جنازہ نکلا۔ عورتوں کی عصمتوں پر ڈاکے پڑے۔ بھائیوں نے بھائیوں کی گردنیں کاٹیں اور پڑوسیوں نے پڑوسیوں سے بے وفائی کی۔ مغربی پاکستان سے ۴۴ لاکھ غیر مسلموں کو دیس نکالا ملا۔ مشرقی پنجاب و دلی، آس پاس کے علاقوں اور ریاستوں سے ۴۴ لاکھ مسلمان گھر سے بے گھر کئے گئے۔ ظاہر ہے کہ ان دردناک حالات کی سوگواری میں ۱۵ اگست کی آزادی کی قدر کون کرتا؟ ہماری مسرتوں اور آرزوؤں کا جنازہ نکل گیا اور ہم اچانک ایسے مصائب سے دو چار ہوئے جن کا خواب و خیال تک نہ تھا!

مگر زندہ قومیں نازک حالات سے نہیں گھبراتیں، بلکہ تیز بادیوں کے طوفانوں میں اپنی صلاحیتوں کو آزمانے اور نشو و نما دینے کا موقعہ ملتا ہے اور ان ہی بحرانوں میں عمل و اقدام کے جوہر کھلتے ہیں۔ اب مصائب کا یہ سیلاب گذر چکا ہے۔ اور ہمیں موقعہ ہے کہ گرد و پیش کے حالات کا جائزہ لیکر آزاد فضا میں آزاد ملک کے لئے آزادی کے ذریعہ تعمیر کا نقشہ بنائیں اور اس کا خاکہ تیار کریں اور جلد سے جلد تباہ شدہ توانائی کو بحال کرنے کی تدابیر عمل میں لائیں!

آزادی

یہ سچ ہے کہ ہمیں آزادی مل گئی ہے مگر ہمیں اس پر خوش ہونے سے پہلے اس کا مطلب سمجھ لینا چاہئے آزادی کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے اپنے اختیار سے اپنے فائدہ کے لئے اپنے اوپر کچھ پابندیاں عائد کی ہیں۔ اور ہمیں احساس ہوا ہے کہ ہمارے فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہیں۔ آزادی سے ہمارا بوجھ ہلکا نہیں ہوا ہے بلکہ ملک اور قوم کا بار تم نے سر پر اٹھایا ہے۔ اگر تم اپنی ذمہ داری کے عناصر میں اضافہ نہیں کرتے اور اپنے آپ کو مسئول نہیں سمجھتے تو یہ انارکی اور فوضویت ہے۔ انارکی کا نام آزادی نہیں ہے آزادی ان پابندیوں کا نام ہے جو ہمارے آزاد قانون کے ذریعہ ہم پر عائد ہوتی ہیں۔ اور جنہیں ہم نے بخوشی منظور کیا ہے۔ آزادی کا سرچشمہ آزاد قانون ہے ورنہ آزادی نہیں انارکی اور آوارگی ہے۔ اور ہم یہ سالگرہ آوارگی کی خاطر نہیں آزادی کی خاطر منا رہے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ بھی سمجھ لو کہ غلامی اور محکومی کا نہ ہونا آزادی نہیں ہے۔ یہ سمجھ لینا کہ چونکہ ہم غلام نہیں رہے لہذا آزاد ہیں بہت بڑی گمراہی ہے۔ ہم غلامی سے نکل گئے یعنی نقصان سے بچ گئے۔ لیکن نقصان سے بچنا آزادی نہیں بلکہ فائدہ حاصل کرنا، مقصد کو پالینا آزادی ہے۔ جب تم ہم غلامی کی ذلت سے بچ کر آزادی کی عزت سے ہم کنار نہ ہوں۔ آزاد نہیں ہو سکتے۔ ہمیں اپنے آپ کو گڑھے سے ضرور بچایا جانا ہے مگر ساتھ ہی بلندی پر بھی پہونچنا چاہئے۔ بس نہیں جس آزادی کی ضرورت ہے وہ تعمیری آزادی ہے۔ ایک طرف غلامی سے نجات حاصل کرنا دوسری طرف اس آزادی سے ہم کنار ہونا ہماری تعمیر کی بنیاد، ہمارے اقدام کی محرک ہماری خواہشوں کی ضامن اور ہمارے مقصد کی محافظ ہے اور جو ہمیں ماضی کا پاسبان اور مستقبل کا امین بنا دے!

ملک کا اخلاقی نقشہ

اس وقت ہمارے سامنے ملک کا نقشہ یہ ہے کہ اس کی سطح غلامی کے داغوں سے تو بالکل صاف ہے لیکن اس میں آزادی کا وہ رنگ موجود نہیں ہے جو ہمارے نظام زندگی کو نمایاں کر دے، ہمارا ہندوستان اس وقت اندر اور باہر کے اضطراب طوفان میں گھرا ہوا ہے، عوام پریشان ہیں، رگوں کا خون سرد پڑا ہوا ہے حکومت اور جمہوریت میں تعاون و اشتراک کی روح مفقود ہے۔ امیر اور غریب کی تباہ کن تفریق بحالہ قائم ہے۔ جماعتی تعصب، تنگ نظری، دشمنی، منافرت زوروں پر ہے، سراسیمگی، ہیجان بے کلی اور بے چینی کا دور دورہ ہے۔ خواص کی بے حسی اور خود غرضی میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ ارباب اختیار، عوام اور ذمہ داری کے احساس سے خالی ہیں۔ مناصب پر قبضہ کرنے کی ہوس اور طاقت کو استعمال کرنے کی کشاکش اپنے عروج پر ہے۔ مردم آزاری، گروہ بندی، فرقہ وارانیت، نسل پرستی، احساس برتری کی وبا پہلے کی طرح عام ہے، ہر ہماری میں سو فیصدی اضافہ، ہر کمزوری پہلے کی بہ نسبت کہیں زیادہ اہم غلام تو نہ رہے اور لفی کے درجے میں آگئے۔ لیکن تعمیری آزادی نے ہمیں چھوا تک نہیں۔ اگر ہمیں اجنبی غلامی سے آزادی نصیب ہوتی ہے تو ہمیں آگے بڑھ کر اس نصب العین تک بھی پہونچنا چاہئے جس کا خلاصہ تعاون و اشتراک اطمینان و مسرت اخلاص اور دیانت، انصاف و مساوات۔ اقدام و عمل اور ذمہ داری کا احساس ہے اور جن کے بغیر ہم نظام زندگی کا کوئی جلی عنوان قائم نہیں کر سکتے!

آزادی کے ہیرو

جہاں تک ملک کی آزادی اور اس کی جد و جہد کا تعلق ہے تاریخ میں علماء حق کے کارنامے ہمیشہ زریں عنوان رہیں گے ۱۸۵۷ء کا ناکام انقلاب جو آزادی کا پیش لفظ تھا۔ سرتاسر علماء کی قراردادوں اور کوششوں کا رہین منت رہا۔ سابق اور لاحق کی کڑیوں کو نظر انداز کر کے ہمیں کانگریس کے دور میں

پندرہ اگست!

(حضرت انور صابری)

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

مرتب ہو رہا ہے بزم عشرت کا انتظام ہر سو
ہے جشن یوم آزادی کا حسن اہتمام ہر سو

نظر آتے ہیں ارباب محبت شاد کام ہر سو
سناتی ہیں فضائیں امن کامل کا پیام ہر سو

زمین ہند کے ذروں کی پیشانی درخشاں ہے
مجسم بنگئیں نظریں رخ ماہ تمام ہر سو

وطن دشمن عناصر کو بچانے ناچ تگنی کا
جوانان وطن بڑھنے لگے ہیں تیز گام ہر سو

فساد انگیزیاں گردش فلک کی کر نہیں سکتی
محبت سے ہم آہنگ ہیں صبح و شام ہر سو

مخالف قوتوں پر کپکپی کیوں کر نہ ہو طاری
جیوش ہند ہیں باعز و شان محشر خرام ہر سو

غلط راہوں پہ جائے ابلق ایام ناممکن
جواہر نے سنبھالی ہے قباد کی زمام ہر سو

ولی اللہ سے لیکر حسین احمد کی ہستی تک
وطن پرور اکابر کا ہے جاری ذکر عام ہر سو

خدا کا شکر ہے انور خدا کی مہربانی سے
زباں زد ہو گیا "باپو" کا انداز کلام ہر سو

کانگریس کے مقاصد کی تعمیر کے لئے حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ، مولانا عبید اللہ صاحب سندھی مرحوم و مغفور، مولانا سید حسین احمد مدنی اور جمعیۃ علماء ہند کے گذشتہ اور موجودہ ارکان اور نمائندے نظر آتے ہیں۔ کیا یہ عجیب نہ تھا وہ وقت کہ زمانہ کے تعلیم یافتہ اور روشن خیال کالجوں اور یونیورسٹیوں کے تربیت یافتہ نوجوان انگریز کے دامن سے لپٹا ہوا تھا۔ اور فاقہ مست ملاّ اور مدرسوں کے یہ بوریہ نشین جنہیں تاریک خیال اور دقیانوسی تصور کیا جاتا تھا۔ کانگریس کے پلیٹ فارم پر آزادی کا علم لہرا رہے تھے! جو جل کہتا تھا کہ مسلمان کانگریس سے الگ ہیں۔ مگر جواہر لال نہرو کی غیرت نے بڑھ کر جواب دیا کہ چشم بصیرت کھول ہندوستان کے مسلمانوں کی نمائندہ جمعیۃ علماء ہند کانگریس کے ساتھ ہے۔ سول نافرمانی کے دوروں میں بڑے بڑوں کا پتہ پانی ہو گیا۔ مگر جمعیۃ علماء ہند نے کانگریس کی اس دعوت کو ہر بار لبیک کہا۔ علماء حق کانگریس کے پلیٹ فارم سے جیلوں میں گئے اور جو جل کے پندار پر کاری ضرب لگائی۔ حتیٰ کہ پنڈت موتی لال نہرو آنجہانی نے جمعیۃ علماء کو تحریری مبارکباد دی کہ ان بوریہ نشین اور درویش صفت لوگوں نے رفاقت کی مدد کر دی اور کانگریس کی آبرو کو دونوں ہاتھوں سے تھام کر ملک کی لاج رکھ لی!

آزادی اور مہاتماجی

لیکن ہمیں تسلیم کرنا چاہئے کہ تحریک آزادی کی مرکزیت کے لئے، قدرت نے جس شخص کا انتخاب کیا وہ مہاتما گاندھی کی ذات تھی گلشن آزادی کے اس باغبان نے اگرچہ آزادی کی ایک بہار بھی نہ دیکھی مگر زمین و آسمان گواہ ہیں کہ اگر آپ کی بے مثال عزیمت، بے ریا قیادت اور بے پناہ خلوص اس راہ میں یاوری نہ کرتا تو ہندوستان عدم تشدد کے ذریعہ آزادی کی دولت سے مالا مال نہ ہوتا۔ یہ آزادی، مہاتماجی کی مساعی کا نتیجہ اور خلاصہ ہے اور آج ہم آپ کے ہی صدقہ میں اس قابل ہوئے ہیں کہ دنیا کو اپنا روشن چہرہ دکھا سکیں اور ملک کی زمام کار کو سنبھال کر آزاد قوموں کی صف میں کھڑے ہوں! افسوس بہت دیکھے مگر مہاتماجی کی موت کے بعد تو دل ایسا بھرا کہ اب صرف افسردگی کی یاد باقی رہ گئی۔! اگر ہندوستان کی آزادی کو دوام اور بقا کی دولت حاصل رہی تو مہاتماجی کی یاد بھی آزادی کے ساتھ ہمیشہ منسلک رہے گی۔ آزادی اور گاندھی جی۔ گاندھی جی اور آزادی ایک ہی مفہوم کو ادا کرتے ہیں۔ اور رہتی آزادی تک ادا کرتے رہیں گے!

افسوس! ہندوستان کی نمک حرامی اور احسان فراموشی! کتنی جلدی مہاتما کو بھلا دیا؟ دنیا کا ہر گناہ معاف ہو سکتا ہے مگر ہمارا یہ گناہ کبھی معاف نہ ہوگا اور ہمیں ہرگز حیرت نہ ہوگی اگر ہمیں پھر کسی نہ کسی رنگ میں اس نمک حرامی کی سزا ملے اور آزاد ہندوستان کے آزاد باشندے اپنے اس کمینہ پن

کا خمیازہ بھگتیں! لیکن وہ دنوں کا نصیب ہوا ہم سے عین وقت پر چھین لیا گیا۔ اپنا فرض ادا کر گیا۔ اور ایک ایسا باغ لگا کر جس کے سایہ میں ہم ہمیشہ پناہ لیتے رہیں گے ہم سے جدا ہوا۔

آزاد حکومت کی بنیاد

چونکہ اب ہم آزاد ہیں اس لئے ہمیں آغاز ہی میں اس کی نوعیت متعین کر لینی چاہئے۔ ہمیں معلوم ہے کہ ہماری آزاد حکومت، جمہوری اور غیر مذہبی ہے یعنی ہماری حکومت عوام کی حکومت ہے اور چونکہ عوام کا کوئی ایک مذہب نہیں اس لئے وہ غیر مذہبی ہے اور یہ دونوں باتیں اپنی اپنی جگہ ٹھیک ہیں، نہ ہمیں مذہبی حکومت کی ضرورت ہے۔ اور نہ آمرانہ حکومت کی لیکن ہم چاہتے ہیں اس حکومت کی ایک بنیاد مقرر ہو جائے اور وہ بنیاد اخلاق کے سوا کچھ نہ ہو۔ یعنی ہماری جمہوری اور غیر مذہبی حکومت اور اس کی مشین کے تمام کل پرزے راستی، سچائی، دیانتداری، خدا ترسی، فیاضی، انصاف، مساوات، سرچشمی، ہمدردی، محبت اور خدمت خلق کے جذبات پر مبنی ہوں اور ان میں ظلم اور بے انصافی، تنگ نظری، جھوٹ، فریب، غداری، دشمنی، نفرت، حرص، خود غرضی جانبداری اور تعصب کے لئے کوئی گنجائش باقی نہ رہے، ورنہ جمہوریت کا مادی تصور، ہماری آزادی کو پنپنے نہ دے گا۔ اور ہمارا بھی وہی حشر ہوگا جو امریکہ روس، برطانیہ، فرانس اور دوسرے مغربی ممالک کی جمہوریتوں کا ہو رہا ہے کہ وہ غیر مذہبی حکومتیں ہیں۔ اس کے باوجود دنیا کے لئے ایک عذاب ہیں۔ اگر ہماری جمہوریت بھی غیر اخلاقی بنیادوں پر قائم رہی تو وہ مادی لعنتوں میں ایک اور لعنت کا اضافہ ہوگی اور مادیت کے کرتے ہی اس کے ستون بھی متزلزل ہو جائیں گے!

ہند اور پاکستان

ہماری آزادی کے استحکام کے لئے ضروری ہے کہ ہند اور پاکستان کے تعلقات مضبوط ہوں۔ دونوں آپ کو ایک سمجھیں اور دوسرے کی بھلائی کو اپنی بھلائی اور برائی کو اپنی برائی تصور کریں۔ ہندوستان کا نظام حکومت تقسیم ہوا ہے۔ جغرافیائی پوزیشن تقسیم نہیں ہوئی، اصل کے اعتبار سے اب بھی دونوں ایک ہیں۔ اور دونوں کا مفاد ایک دوسرے سے وابستہ ہے۔ روز روز کی چپقلش نے دلوں کو ویران کر رکھا ہے، نہ ہند کو چین نہ مسلمان کو اطمینان، روز روز کا گل کھلنا اور روز روز کی ادھیڑ بن کسی کے لئے بھی مفید نہیں ہو سکتی۔ اگر اقتدار اور برتری کی جنگ ختم ہو جائے تو ہند اور پاکستان کو مشترک بنیادوں پر بہت جلد استوار کیا جا سکتا ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ ہند اور پاکستان کے اختلافات سے دونوں کا منہ کالا ہو رہا ہے۔ اور ہم خود دنیا کو یہ اندازہ لگانے کا موقعہ دے رہے ہیں کہ ہمارے اندر سلطنت کرنے کی اہلیت موجود نہیں ہے اور انگریز کا یہ قول صداقت پر مبنی تھا کہ اس نے ہندوستان کو امن اور قانون کی نعمت دی ہے۔ اگر اسے آزاد کر دیا گیا تو قانون، امن دونوں کی مٹی پلید ہوگی!

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

آزادی کی مبارکباد

مولانا آزاد نے ایک مرتبہ جب وہ قید خانہ میں تھے ... کے متعلق بادشاہ نے فرمایا تھا کہ "تداخل" ... موسموں کے بیچ کا ... زمانہ بڑا خطرناک ہے ... دیکھ ... اور دیکھو ... نشانہ ... لبعض لوگ تو ان نزلہ اور زکام سے لئے پریشان ہوتے ہیں کہ گردن سے اوپر کے حصہ کو جسم سے الگ کر دینے کی خواہش کرنے لگتے ہیں۔ ... بخار وغیرہ بھی سب ان تداخل ہی کی برکتیں ہیں ... جو تداخل کا زمانہ ... اس مہینہ کو ستمبر نہیں بلکہ ستمگر کہنے لگے ہیں ... گرمی جاتی ہے اور سردی اپنا منہ دکھاتی ہے اور جب تک وہ اپنی بہار پر نہ آ جائے تداخل ہی رہتا ہے

انگریز گیا تو کم بخت نے اپنے جانے کے "تداخل" کے قریب کا زمانہ پسند کیا ... ایک حکومت کی جگہ دوسری کے جگہ لینے پر تداخل ہی کا دور ہوا لیکن قدرتی موسم "تداخل" کے قریب سے سیاسی انقلاب کا موسم "تداخل" کر لیا اور تم چڑھا بن گیا ... آزادی کی چڑیا لوگوں کے کیا ہاتھ آئی اسے پانے کے لئے ... ایسے مست ہوئے کہ دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو گئے ... اپنے اپنے مذاق کے مطابق خوب خوشی منائی ... سیاسی لیڈروں نے جلسے کئے ... طلباء نے مٹھائی کھائی ... شرابیوں نے جام پر جام لنڈھائے ... ناچنے گانے والوں نے محفلیں جمائیں ... رقص و سرود گرم کیں ... اور مجرموں نے دل بھر کر اپنے جی کی بھڑاس نکالی ... اگست تو جیسے تیسے گذر گیا لیکن ستمبر کو واقعی ستمگر بنا کے رکھ دیا ... وہ وہ کارہائے نمایاں انجام دئیے کہ جنگلوں کے وحشی درندے بھی دور کہیں جا کے بلوں میں گھس گئے تاکہ انسانی بھیڑیوں کی پرچھائیں انہیں نہ لگ جائے ... الاماں الحفیظ۔

اب یہ تداخل کا زمانہ ختم ہو رہا ہے بلکہ یوں کہئے ختم ہو گیا ... شجر آزادی کے جو ننھے ... اب نئی کونپلیں پھوٹ پڑی ہیں اور جب ... تھا اور آزادی کے "دیوتا" کے خون کا رس ان کونپلوں کو مل رہا ہو تو

گرمی زن مہا ہے یہ شجر سارے ہندوستانیوں کو اپنے گھنے سایہ میں لے لیگا اور ان کے بیچ ہم وحدت کی ہوا چلا کر سب کے دلوں کی کدورتیں نکال پھینکیں گے ... لیکن ... کہ ... اس شجر کو ہمارا ... دل جلوں کی نظر پڑ رہی ہے ... نے جس سلگتی آگ کو بجھا دیا تھا وہ اب پھر سے سلگنے لگی ہے اور ... ٹکڑے ... کی دیکھا دیکھی ... تداخل کا زمانہ ابھی اور آگے چلے ... گا کیا جو لوگ اس شجر کے پھلنے پھولنے ... سایہ سے لذت اندوز ہونے ... ہیں وہ اپنے پیارے ... کو جلتا دیکھ سکیں گے؟

بعض نکتہ سنج کہتے ہیں "دارو بے تلخ است دافع مرض" پر عمل کیا جائے ... یعنی کہ جن لوگوں کے جیبوں میں رہ رہ کر فرقہ پرستی کی مروڑ اٹھ رہی ہے ان کا ان طور پر آپریشن ہو کر یا صحیح الدماغ بن کر اچھے ہوں اور یا پھر اس دنیا سے ان کا قصہ پاک ہو تاکہ دوسروں میں بیماری پھیلنے کا اندیشہ نہ رہے ... مرض خانہ میں جب بیماری پھیلتی ہے ایسا ہی کیا جاتا ہے اور جو ایسا نہیں کرتا وہ راقم الحروف کی طرح پرائمری خانہ کو سمجھتا ہے ... متعدی بیماری کا واحد علاج یہی ہے کہ مریض کو بھلے چنگوں سے الگ کر دیا جائے ...

اب یہ اپنے لیڈروں کا کام ہے کہ پوری احتیاط سے کام لیں اور جو پیڑ ... گاندھی لگا کر چھوڑ گئے وہاں کی آبیاری کریں اور اس پر خزاں نہ آنے دیں ...

ہمیں اتنا سمجھنا ہے کہ آزادی کا یہ شجر اب پوری طرح محفوظ ہے اور باغبان ملک نے اس کے چاروں طرف اپنے پہرے دار ... کے گھیرا ڈالا ہے بلکہ اس کے ... کانٹے دار تاریں لگا رکھے ہیں جن پر بجلی دوڑ رہی ہے تاکہ جو اس کی ہر کلی و خوبصورت کونپلوں کو توڑنے کے لئے ... خود ڈھیر ہو کر رہ جائے ... اس لئے راقم الحروف اپنے ناظرین کرام کو آزادی کی مبارکباد دینے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتا ... آپ کے دل رنجیدہ ہوں تب بھی آپ یہ مبارکباد قبول کریں ... مصیبت کے بعد ہی راحت ہے ...

انقلاب زندہ باد ... آزادی پائندہ باد ...

تعمیری پروگرام

ہمارے سامنے ایک اہم ترین سوال یہ ہے کہ ہمارے آزاد ملک کو اب کیا کرنا چاہئے؟ وہ کونسا راستہ ہے جس پر چل کر ہم آزادی کی حفاظت اور آزاد مقصد کی تکمیل کر سکتے ہیں؟

(۱) محکومی کی زندگی نے ہماری قوم کے فکر و نظر پر غیر ذمہ داری کا جو زنگ چڑھا رکھا تھا۔ وہ دور نہیں ہوا ہے۔ ہمیں اسے دور کرنا چاہئے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ قوم میں استقلال اور آزادی کے اس احساس کو بیدار کریں۔ جسے طویل مدت کی محکومی نے پژمردہ کر رکھا ہے۔ جب تک آزادی کے مناسب مزاج پیدا نہ ہوگا ہم صحیح معنے میں آزاد قوم نہیں بن سکتے!

(۲) حکومت اور عوام میں یکجہتی اور ہم آہنگی کی روح مفقود ہے۔ حکام اور حکومت میں تعاون ہے حکومت اور عوام میں تعاون نہیں۔ ہمیں سب سے پہلی فرصت میں اس دوئی کو ختم کرنا چاہئے۔ کیونکہ جب تک یہ چیز حاصل نہ ہوگی۔ ہم آزادی کی حفاظت نہیں کر سکتے۔

(۳) آزاد ہندوستان کو نظام حکمرانی کے لئے آزاد مشنری تیار کرنی چاہئے۔ ہماری حکومت کا نظام پرانے انداز اور ناہموار لکیروں پر چل رہا ہے۔ یہ انداز ہمارے مزاج اور تقاضوں سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا، انگریز کے زمانہ کے آرڈیننس ختم ہوں، انگریز کا پیدا کیا ہوا مزاج بدلے، انگریز کے پروردہ اور بگاڑے ہوئے حکام کو حکومت کے دائرہ سے باہر نکالا جائے۔

(۴) حکومت کے ہر شعبہ کو رشوت ستانی، خود غرضی تساہل و تغافل، فرقہ وارانیت اور تعصب سے پاک صاف رکھنے کی کوشش کی جائے!

(۵) اقلیتوں کی حفاظت کے لئے حکومت خاص طور پر انتظام کرے۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں کہ ایک طرف اکثریت اپنے غرور میں سرشار رہے اور دوسری طرف

(باقی صفحہ ۔۔)

اب یہ ہمارا کام ہے کہ اس نظریہ کی بنیادی غلطی کو اپنے عمل سے دور کر دیں۔

اکثریت و اقلیت

جہاں تک ہند میں رہنے والے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کا تعلق ہے ہم ان سے صرف ایک بات عرض کریں گے۔ جو مسلمان ہند کی جمہوری حکومت میں اپنے آپ کو حصہ دار نہیں سمجھتا اس کا اور ہمارا بھلا اس میں ہے کہ وہ یہاں سے پاکستان کو روانہ ہو جائے۔ باقی عام مسلمانوں کا فرض یہ ہے کہ وہ جمہوری حکومت کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں اور اس میں اپنے آپ کو برابر کا حصہ دار سمجھیں۔ ہمیں مدتوں کے بعد خدا خدا کر کے آزادی ملی ہے۔ اس آزادی کی حفاظت کرنا، اسے نمودار ترقی دینا، اس کے بنیادی تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ ہونا اور اپنی قسمت کو اس کے ساتھ وابستہ کر دینا ہر ہندی مسلمان کا فرض ہے۔ اگر وہ اپنے آپ کو وقت کے سانچوں میں نہیں ڈھالتے۔ اور حالات کے مطالبات کو پورا نہیں کرتے تو وہ ملک کے ساتھ اپنا ہی نقصان کریں گے اور ملک کی سیاست کا ناسور بن کر ملک کی اجتماعی خرابیوں کے لئے ذمہ دار قرار پائیں گے۔

دوسری طرف ہم ہندوستان کی اکثریت سے بھی کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ مگر بہت ہی مختصر الفاظ میں، یعنی ہند کی اکثریت نے آزادی کے بعد اپنے سیاسی اور قومی کیرکٹر کا کچھ اچھا ثبوت فراہم نہیں کیا۔ ہند کی اکثریت بہت ہی تنگ نظر ہے۔ اتنی تنگ نظر کہ تاریخ کا کوئی روشن زمانہ اس کی نظیر پیش نہیں کر سکتا۔ اس کیرکٹر کی پستی کی تفصیلات بہت طویل ہیں، ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ یہاں کی اقلیتوں کے ساتھ یہاں کی اکثریت رواداری برتے اور اپنی ادا اپنی تنگ دلی کو خیرباد کہہ کر فیاضی، بسرچشمی، اور انصاف پروری کا ثبوت دے اور پھر دیکھے کہ مسلمان اپنے وطن پر کس طرح قربان ہوتا ہے۔ اور شیخ عبداللہ اور بریگیڈیر عثمان کے شاندار کارناموں کو کس طرح اپنے لئے نمونہ عمل بناتا ہے۔

مہاتما جی کی دُنیا

ہم کیا ہوتے اگر مہاتما جی کی تعلیم پر چلتے

(۱) عدم تشدد میری ہر قسم سرگرمی کا اصل اصول ہے۔ اور ان میں عام مرکزی تحریکات بھی یہ اصول کار فرما ہے۔ جن کے سلسلے میں نمایاں طور پر میری قوت صرف ہو رہی ہے۔ ... تحریکات ہیں۔ اچھوت سیوا۔ کھدر پرچار ... دیہات سدھار، ہندو مسلم اتحاد ... لیکن جہاں تک کسی نمایاں کامیابی کا تعلق ہے مجھے شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ عوام کو یہ نہیں خیال کر لینا چاہئے ... میری عملی سرگرمیوں میں فرق آ گیا ہے میں ... جانتا ہوں، کہ اگر میری زندگی میں نہیں تو موت کے بعد ہندو اور مسلمان اس چیز کی شہادت دیں گے۔ کہ میں نے فرقہ وارانہ امن ... کی کوشش میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔

(۲) میں دونوں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان کامل یکجہتی کا سبب بننے کی کوشش کر رہا ہوں۔ میری آرزو ہے، کہ اگر ضرورت پیش آئے، تو میں اپنے خون سے دونوں کے درمیان رشتۂ اتحاد قائم کر دوں۔ ...

عدم تشدد پر یقین رکھتے ہیں۔ اور اسے حقیقی آزادی کے حصول کا ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ موجودہ گھٹا ٹوپ تاریکی میں عدم تشدد کی شمع کو روشن رکھنا چاہئے۔ چند اشخاص کی صداقت کا اثر کارگر ثابت ہوگا۔ لاکھوں کی غلط کاری خس و خاشاک کی طرح آندھی کے ایک جھونکے میں غت ربود ہو جائے گی۔ یہی وجہ ہے، کہ میں نے کبھی تمام غیر ہندو افراد سے یہ درخواست کرنے میں تامل نہیں کیا، کہ وہ اس مشن میں مجھے اپنی دعاؤں سے امداد دیں مجھے اپنے مشن پر پورا بھروسہ ہے اور یہ بھروسہ ایک وسیع تجربہ کے بعد حاصل ہوا ہے۔ میں نے نہایت عزم و وثوق کے ساتھ یہ کہنے میں تامل نہیں کیا، کہ اگر ہم ہندو اس چھوت چھات کے بھوت کو تباہ نہیں کریں گے تو یہ ہندوؤں اور ہندو دھرم کو ہڑپ کر جائے گا جب میں تم سے یہ مطالبہ کرتا ہوں، کہ تم اپنے دلوں کو چھوت چھات کی آلودگیوں سے پاک و صاف کر لو، تو میرا مقصد یہی ہوتا ہے ...

... ہماری مرضی کے خلاف ممد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ ہمیں جدید مواقع بہم پہنچاتی ہے۔ تازہ امیدوں کی راہیں استوار کرتی ہے۔ موت نیند کی طرح ہمیں امن و سکون کی دولت سے مالا مال کرتی ہے

آزادی کے بعد ہند اور چین کی دوستی بڑھ گئی ہے

چین میں مقیم ہندوستانی سفیر کا یوم آزادی پر پیغام

... ریڈیو خبر ... ہندوستان کی یوم آزادی کی تقریب پر چین میں مقیم ہندوستانی سفیر سردار ... ایک پیغام دیتے ہوئے کہا ہے ... آزادی حاصل کرنے سے پہلے بھی ہندوستان کو اپنے عظیم الشان ملک چین کی دوستی اور ... حاصل تھا ہندوستان صدق دلی سے اس دوستی کا اعتراف کرتا ہے اور نہایت گرمجوشی ... ہندوستان کی آزادی کے بعد سے ان دونوں ممالک کے درمیان محبت ... تعلقات کا رشتہ زیادہ مضبوط ہو گیا ہے۔ یہ دونوں ملک جمہوری نظام کو قائم ... نمایاں کام انجام دیں گے"

تحریک خدائی خدمتگار کے قائد بادشاہ خان

خان غازی کابلی او فغانی کے قلم سے

ہزاروں سال نرگس اپنی بےنوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

یہ چیزیں خلاف انسانیت ہیں۔ خدائی خدمتگاروں کی وردی اور ان کے جھنڈے کا رنگ سرخ ہے اس رنگ سے شہیدان وطن کے خون سے اپنی ... ظاہر کرنا مقصود تھا لیکن چونکہ ذہنی حکومت کے ... انہیں اشتراکی ... خدائی خدمتگاروں کو ... بابائے پختون بادشاہ خان ...

... لیکن ان کا نام سرحدی گاندھی بھی سرحد کے ... لیڈروں نے مشہور کیا تھا۔ قوم نے کبھی انہیں اس نام سے یاد نہیں کیا۔ بادشاہ خان نے خود بھی کئی تقریروں اور بیانات میں کہا ہے

تحریک خدائی خدمتگار میں شمولیت کے لئے ہر شخص کو ایک حلف نامے پر دستخط کرنا ضروری ہے۔

خدائی خدمتگاروں کا حلف نامہ

میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر اقرار کرتا ہوں ...

> **فخر افغان**
> جس کے دل میں ہے وطن کی سربلندی کی لگن
> سختیاں وہ قید کی سہتے ہیں اور خوش رہتے ہیں
> حریت کا ہے تو خود اس قید خانہ کا طواف
> فخر افغاں چار دیواری میں جس کی بزم ہے
> (خان غازی کابلی — دہلی)

... جو لوگ مجھے سرحدی گاندھی کہتے ہیں وہ ٹھیک نہیں کرتے۔ گاندھی ایک ہی ہے اور وہ موہن داس کرم چند گاندھی ہے دوسرا کوئی نہیں ہے۔ ۱۹۳۰ء میں راوی کے کنارے ...

اس ذات پاک پر حلفیہ اقرار کرتا ہوں کہ مندرجہ ذیل اصولوں کا پابند رہوں گا۔
(۱) میں اپنا نام خدائی خدمت گاری کے لئے صدق اور ایمانداری سے پیش کرتا ہوں۔ ...

قومی خدمت کے میدان میں

...

ایک ہزار سرخ پوش میدان میں

...

تحریک خدائی خدمتگار

...

ہندوستان مخالف گروہ

...

تقسیم وطن کے بعد

...

پختونستان کے قیام کا مطالبہ

...

فریب اور ظلم!

مولانا عبید اللہ سندھی

ہندوستان کی جنگ آزادی کا ایک ممتاز ہیرو

(از مولانا عبد الرحمن صاحب جامی لدھیانوی، تم الدہلوی)

یہ ان دنوں کی بات ہے۔ جب مکہ میں سلطان ابن سعود نے "موتمر اسلامی" کا اجلاس بلایا تھا جس میں ہندوستان کی طرف سے حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی کی زیر قیادت کافی بڑی تعداد پر مشتمل ہندوستانی رہنماؤں کا ایک وفد بھی شامل ہوا تھا ۱۹۲۶ء کا یہ زمانہ حجاز و نجد پر سعودی راج کا دوسرا سال تھا۔ حجاز کے بدوؤں پر سعودی رعب طاری تھا۔ شریف کے زمانہ کے بڑے بڑے شیوخ سانس نہ لیتے تھے۔ اس وقت مکہ میں دنیا کے دو بڑے انقلابی وارد ہوئے۔ ان میں سے ایک شیخ سنوسی جو مجاہد ریف عبد الکریم غازی کی تحریک کے رفیق رہے تھے۔ اور فرانس کے ظلم و ستم سے بچ کر کسی طرح نکل آئے تھے۔ دوسرے مولانا عبید اللہ سندھی تھے۔

حضرت شیخ سنوسی تو بیت اللہ سے پہلے ہی مکہ معظمہ آ چکے تھے۔ اور ان کی بڑی شہرت تھی۔ جس جگہ "شیخ" کا قیام تھا۔ میں نے دیکھا، سینکڑوں نہیں۔ ہزاروں لوگ صبح و شام تک وہاں آ جا رہے ہیں۔ شیخ فرانس کے باغی تھے۔ فرانس برطانیہ کا اتحادی تھا اس لئے وہ برطانیہ کے بھی باغی تھے۔ ان کا جرم صرف یہ تھا کہ انہوں نے ایک باہمت نوجوان عبد الکریم کے ساتھ مل کر سپین کو دوبارہ فتح کرنے اور مراکش کو آزاد کرانے کی کیوں کوشش کی۔

شیخ سنوسی نماز عصر کے بعد مغرب تک اپنے حجرے کے باہر بیٹھتے۔ ان کے گرد سینکڑوں تشنگان علوم دینیہ اور علماء و فضلاء کا مجمع رہتا۔ سیاسیین بھی اس مجمع میں ہوتے۔ لیکن حکومت کے خوف کی وجہ سے کسی کو جرأت نہ ہوتی کہ کوئی سیاسی سوال شیخ سے کرے۔ البتہ عبادات معاملات و بعض دقیق نکات اور قرآنی حکمتوں کے بارے میں لوگ سوالات پوچھتے تھے جن کا پوری بصیرت کے ساتھ مدلل جواب شیخ سنوسی ارشاد فرماتے۔ اور لوگ شیخ کی تقریر سننے کے لئے ہمہ تن گوش ہو جاتے۔

میں بھی شیخ کی اس مجلس میں روزانہ جاتا، اور اکثر شیخ کے دائیں پہلو کے قریب ہو کر بیٹھ جاتا شیخ بھی مجھ سے محبت کرتے تھے۔ کیونکہ وہ شاید سمجھتے تھے کہ یہ بھی ایک باغی کا بیٹا ہے مجھے بھی اس پر فخر ہے کہ شیخ نے یہ حقیقت معلوم کر لی تھی، کہ وہ بھی ہمارے ہی خاندان کی طرح انگریز دشمن کے باغی تھے۔

مکہ میں آمد

کوئی دو چار مہینے گذرنے کے بعد ایک شام کو ایک اور شخص سے میرے استاد نے تعارف کرایا۔

"انہیں جانتے ہو کون ہیں؟"

میں نے عرض کیا "نہیں"

"حضرت شیخ الہند دیو بند والوں کے شاگرد مولانا عبید اللہ ہیں۔ یہ بھی انگریز کے دشمن ہیں۔ اور بڑی مدت سے ہندوستان سے بھاگے ہوئے ہیں" مولانا عبید اللہ صاحب ہم لوگوں سے کچھ فاصلے پر بیت اللہ شریف کی کنکریوں پر بیٹھے ہوئے تھے ننگے سر تھے۔ کھدر کا کرتا، کھدر کا کُرتا۔ اور پاجامہ عربی تھا۔ یہ ان کا لباس تھا۔ مولانا عبید اللہ کا قد درمیانہ۔ رنگ گندمی۔ پیشانی کشادہ بیضوی چہرہ۔ بڑی بڑی چمکدار آنکھیں۔ چال مجاہدانہ۔ گفتگو عالمانہ اور حکیمانہ۔ حافظے کے قوی دل کے سخی۔ جفاکش۔ متقی بزرگ تھے۔ دنیا کے ہزاروں مصائب بھی ان کے دل کو متزلزل نہ کر سکے۔ وہ ہندوستان سے حضرت شیخ الہند کے حکم پر کابل گئے تھے۔ اور کابل میں ایک حد تک اپنے مشن میں کامیاب رہے۔ امان اللہ سے انہوں نے ہندوستان پر حملہ کرا دیا۔ لیکن شکست کے بعد مولانا نے اپنا رابطہ امان اللہ سے ختم کر کے ماسکو سے جوڑ ملا لیا۔ اور بقول مولانا:

"ہم نے سات برس تک سرحد آزاد میں ایک فارمیدہ کھیل دستاں کو رہ نمائی دی۔ اور سرحد آزاد میں انگریزوں کے خلاف بغاوت بند نہ ہونے دی۔"

امان اللہ خاں کے انگلستان (لندن) کو روانہ ہونے سے چند دن پیشتر ہی سرحد آزاد اور کابل کی حدود سے نکل کر روس چلے گئے اور تین سال تک روس کے دفتر خارجہ میں مقیم رہے۔ روسی انقلاب پسند لیڈر لینن سے مولانا نے تبادلہ خیالات کیا۔ اور ایک حد تک روس کے سائنٹفک اقتصادی کمیونزم کے ماننے والوں کو قائل کیا بقول مولانا کے:

"ہم روس میں اسلام کی حقانیت کو سمجھے بیٹھے تھے۔ اور سمجھاتے بھی تھے۔ دونوں باتیں ایک ساتھ چلتی رہتی تھیں"

دفتر خارجہ روس میں

دفتر خارجہ روس میں مولانا کا کام برطانوی حکومت کے ایسے سوالات کا جواب دینا تھا جو برطانوی حکومت کی طرف سے سرحد آزاد کی بغاوت کے متعلق بار بار روس کو بھیجے جاتے تھے۔ مولانا نے ایک موقعہ پر فرمایا۔

"جب برطانوی وزیر خارجہ نے روس کو لکھا کہ روس عبید اللہ کے ذریعہ سرحد آزاد میں بغاوت کرا رہا ہے۔ اور عبید اللہ کی امداد کے لئے چالیس ہزار روپیہ سالانہ خرچ کیا گیا ہے۔ تو ہم نے اس کے جواب میں روس کے وزیر خارجہ سے لکھوایا کہ برطانیہ نے امان اللہ کے ذریعہ انور پاشا کو روس کے خلاف جنگ کرنے پر اکسایا۔ اور لاکھوں روپے اور آدمیوں سے مدد بھیجی۔ اس لئے کیوں نہ برطانیہ کے ساتھ ہم اپنے صلح کے عہد کو منسوخ کر دیں۔ بس اس جواب کو پڑھ کر برطانیہ کے وزیر خارجہ ٹھنڈے پڑ گئے"

روس میں مولانا کے ساتھ ہندوستان کے انگریزی داں طلبہ بھی تھے۔ جو مولانا ہی کی طرح بھاگ کر روس آ گئے تھے۔ مولانا اپنے ان ساتھیوں کی بے حد تعریف فرماتے تھے کہ یہ لوگ سچے انقلابی تھے۔ اور مشکل سے مشکل جد و جہد کرنے میں بھی نہ گھبراتے تھے۔

اسی دوران میں مولانا کی ملاقات پنڈت جواہر لال نہرو سے ہوئی۔ پنڈت نہرو نے "میری کہانی" میں مولانا کی ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ ایسے ذہین، دور بین، انقلابی عالم میں نے کم دیکھے ہیں۔ پنڈت نہرو مولانا کی قابلیت کا اعتراف کرتے ہیں۔

نظریہ فیڈرل حکومت

مولانا روس سے سیدھے ترکی آ گئے ترکی آ کر مولانا نے ہندوستان اور ترکی کو فیڈرل حکومت بنانے کا مشورہ دیا۔ اور ایک مکمل خاکہ فیڈرل حکومت کا شائع کیا۔ جو آپ نے روس کے دوران قیام میں سوچا اور سمجھا تھا۔ اس وقت ترکی میں پارلیمنٹ کا اجلاس ہو رہا تھا۔

اور ہندوستان میں دستور کی اور آئینی بحثیں چل رہی تھیں۔ مولانا فرماتے ہیں:

"ہم نے فیڈرل نظام حکومت روس میں دیکھا تھا۔ جب ہم ترکی آئے تو اس فیڈرل نظام حکومت کا خاکہ شائع کر دیا۔ ترکوں نے ہماری بات نہ سنی۔ اور انہوں نے ہم سے بحث کی اور ہم انہیں اکثر باتیں سمجھانے میں کامیاب ہو گئے اور ہندوستان والوں نے اس وقت ہمارے پیغام کو نہ سنا۔ اور ہماری بات کو نہ مانا لیکن برطانوی حکومت ہمارے بیان کو سمجھ گئی۔ اور اس نے ہندوستان میں غلط قسم کی فیڈرل حکومت بنانے کا اعلان کر دیا۔"

مولانا عبید اللہ صاحب چار برس تک ترکی میں مقیم رہے۔ آخر ۱۹۲۶ء کے آخر میں آپ ترکی سے مکہ معظمہ تشریف لے آئے۔ یہاں پہنچ کر آپ نے حضرت شاہ ولی اللہ کی کتاب حجۃ اللہ البالغہ کا درس دینا شروع کیا لیکن مولانا یہ کتاب بھی اپنے مخصوص طرز و کر پڑھا سکتے تھے۔ اس لئے مکہ میں آپ کو شیخ سنوسی سے بھی زیادہ خطرناک باغی تصور کیا جاتا تھا۔ مولانا عبید اللہ سندھی نہایت درجہ خود دار اور غیور تھے۔ مکہ معظمہ میں آپ کی آمد نی کے تمام سلسلے منقطع ہو گئے تھے۔ اور کسی طرف سے ایک پیسہ کی امداد نہ ملتی تھی۔ لیکن ارض مقدس کے وہ ٹکڑے اب بھی شاہد ہیں۔ جن پر مولانا عبید اللہ کی زندگی کے دس برس گذرے۔ کہ اس مرد مجاہد نے کسی کے سامنے دست سوال دراز نہیں کیا۔ اسی مکہ میں ابن سعود کی نوازشیں اطراف و اکناف عالم سے آنے والے علماء پر ہوتی تھیں۔ لیکن عبید اللہ اور شیخ سنوسی دو ایسی ہستیاں بھی مکہ میں تھیں جنہوں نے ابن سعود کی ہر پیشکش کو رد کر دیا اور عسرت میں، مگر خود داری کی زندگی بسر کرتے رہے۔

قیام مکہ میں آپ کی خدمت میں پروفیسر محمد سرور صاحب نے حاضر ہو کر ڈاکٹر ذاکر حسین شیخ الجامعہ کا خط دیا۔ مولانا نے سرور صاحب کو چند ہی دنوں میں جانچ لیا کہ یہ نوجوان میرے کام کا ہے۔ اور ڈاکٹر صاحب کا انتخاب غلط نہیں۔ پروفیسر محمد صاحب نے مولانا کی خدمت میں کافی عرصہ گذارا۔

جب آپ ہندوستان تشریف لائے تو ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی درخواست پر جامعہ کو اپنایا۔ اور جامعہ میں بیت الحکمت کی بنیاد رکھی۔

مکہ کے بعد میری پہلی ملاقات مولانا سے کراچی میں ہوئی۔ مکہ میں جو مولانا عبید اللہ میں نے دیکھے تھے۔ وہ اب نہ تھے بلکہ مزاج میں بے حد تیزی پیدا ہو گئی تھی۔ اور یہ تیزی بھی واقعات پر مبنی تھی۔ اس دفعہ دوران گفتگو میں فرمانے لگے۔

فکر اور پیش گوئی

"ہم لوگوں کی باتیں اس لئے نہیں سننا چاہتے کہ ان لوگوں نے گذشتہ ۲۵ برس باتیں بنائی ہیں۔ یہ لوگ عمل سے عاری ہو چکے ہیں۔ ہمارے پاس ایک پروگرام ہے۔ اور فکر ہے۔ ہم اپنا فکر دوسروں سے منوانا چاہتے ہیں۔ اور ہمارے پروگرام پر لوگوں کو چلنا پڑے گا۔ اگر کوئی ہمارا پروگرام قبول نہیں کرے گا۔ تو اس کے لئے ہلاکت ہے۔"

ایک دفعہ مکان جا رہی رہے تھے۔ کہ لوگوں کے مصائب کا ذکر آ گیا۔ فرمانے لگے "ہندوستان میں کس نے مصیبت دیکھی ہے۔ یہاں جیل خانہ بڑی قربانی ہے۔ ہمارے ساتھیوں نے جو مصیبت اٹھائی ہے اس کا اندازہ اس سے لگاؤ کہ ہماری ایک رات بھی جلا وطنی میں چین سے نہیں گذری۔ لیکن ہمارے ساتھیوں کے مصائب کے مقابلہ میں یہ کچھ بھی مصیبت نہیں تھی۔ کابل میں جمال پاشا کی بیوی کا خط جرمنی سے آیا تھا۔ کہ اگر ایک ماہ کے اندر ایک ہزار پونڈ جرمنی نہیں آئے گا۔ تو میں اور لڑکیاں خودکشی یا پیشہ کرنے پر مجبور ہونگی۔ یہ ہے مصیبت ہندوستان میں مصائب کا ذکر کرنے والے بزدل ہیں۔"

مولانا غلط خوشامد، جھوٹی عقیدت سے نہ صرف گریز کرتے تھے بلکہ ہر گفتگو میں ان چیزوں کی مخالفت کرتے۔ جھوٹی عقیدت خوشامد اور شیخت کو اتنا برا کہتے تھے، کہ بعض وقت سننے والوں کے لئے یہ موضوع گفتگو ناقابل برداشت ہو جاتا تھا۔

مولانا عبید اللہ سندھی نے ہندوستان پہنچ کر بہت بڑا کام یہ کیا کہ اپنے فکر کو بہت جلد علمی طبقہ سے روشناس کرایا۔ اپنے فکری رجحانات اور پروگرام کے بارے میں خود بھی بہت لکھا۔ اور مولانا کے فکری اسکول کے ماننے والوں نے بھی ان سے سن کر بہت کچھ قلم بند کیا۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی سیاسی تحریک سے لے کر دیو بند کے مدرسہ فکر تک کی تاریخ ایسے انداز میں سامنے آئی۔ جو آج تک نہ آئی تھی۔ مولانا شدت کے ساتھ آنے والے انقلاب کی پیشگوئیاں کر گئے ہیں۔ اور ان کی پیشگوئیاں واقعات اور دلائل پر مبنی ہیں۔ آنے والے حالات کا مولانا صحیح اندازہ لگا گئے ہیں۔

(باقی صفحہ ۔۔۔ پر)

پریمی ترانہ

از زیڈ اے شاکر سہارنپوری بانی "تحریک بھائی چارہ پارٹی"

گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

آؤ جوانو! قدم بڑھاؤ — راہ کے کانٹے مل کے ہٹاؤ
صحرا کو گلزار بناؤ — اپنی محفل آپ سجاؤ
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

غنڈوں کے کہنے میں نہ آؤ — بچوں پر مت ہاتھ اٹھاؤ
بوڑھوں کو ہرگز نہ ستاؤ — عزت ماں بہنوں کی بچاؤ
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

آپس میں مزدور کسانو! — کیسا جھگڑا اے نادانو
اپنے دشمن کو پہچانو! — باپو جی کا کہنا مانو!
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

مذہب کو مت آڑ بناؤ — ہندو مسلم کو نہ لڑاؤ
بھٹکے ہوؤں کو راہ پہ لاؤ — جا کر جنتا کو سمجھاؤ
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

دکھی دلوں کی آس بندھاؤ — چھوت چھات کے جھگڑے مٹاؤ
دیش کی بگڑی بات بناؤ — پریم کی اجڑی بستی بساؤ
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

آپس میں یہ لڑنے والے! — غنڈے ہیں بھڑکانے والے
مسجد مندر ڈھانے والے — دیش کی شان گھٹانے والے
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

عہد کرو اب ہم نہ لڑینگے — گاندھی جی کا کہنا کرینگے
مل جل کر سب ساتھ رہینگے — ہر اک کو یہ سکھا دینگے
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

عید آئے یا آئے ہولی — بولو مل کر پریم کی بولی
دکھیاروں کی بھر دو جھولی — مار فسادی کے تم گولی
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

روتے ہوئے چہروں کو ہنسا دو — اجڑے ہوؤں کو پھر سے بسا دو
حق کی خاطر جان لڑا دو — ہر اک کو یہ بات سنا دو
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

سچے رب کی عبادت کرنا — ہر انساں کی خدمت کرنا
مظلوموں سے محبت کرنا — معصوموں پر شفقت کرنا
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

آؤ مٹائیں مایہ پرستی — نشیالوں کی اتاریں مستی
کیسی بلندی کیسی پستی — اپنی حکومت اپنی بستی
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

ہندو مسلم سکھ عیسائی — اپنے من کی کریں صفائی
بن کے رہیں سب بھائی بھائی — اس میں ہے جنتا کی بھلائی
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

پچھلی باتیں بھول بھی جاؤ — بچھڑے ہوؤں کو گلے لگاؤ
پریمی بن کر جگ پر چھاؤ — گا کر پریم کا راگ سناؤ
گاندھی جی کا مشن ہے پیارا
میل ملاپ اور بھائی چارہ

جمہوریہ انڈونیشیا

محمد سلیمان (سیاح) مدیر معاون

بہت کم لوگوں کو انڈونیشیا کے متعلق علم ہے شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ دو سو سال کی انگریزی غلامی کی بدولت ہم اپنے گھریلو معاملات میں کچھ ایسے الجھ گئے کہ ہمیں بیرونی دنیا سے تعلق قائم کرنے کی فرصت ہی نہ ملی۔ دوسری طرف جو سامراجی قوت برسراقتدار تھی جس کا فائدہ اسی میں تھا کہ ہندوستانی عوام تاریکی میں رہیں اور اپنے آقاؤں کے علاوہ کسی قسم کا کوئی علم نہ رکھیں لیکن آج جبکہ ہندوستان نے غلامی کا جوا اتار پھینکا ہے اور انڈونیشیا سے بھی ہالستانیوں کا اقتدار زوال ہونے والا ہے ضروری ہے کہ ہم اپنے چند پڑوسیوں کے متعلق کچھ معلومات حاصل کریں۔ انڈونیشیا اس مجموعۂ جزائر کا نام ہے جو بحرہند اور بحر الکاہل میں اس طرح بکھرے ہوئے ہیں جس طرح کہ ستارے ٹوٹ کر بکھر جاتے ہیں۔ دنیا میں بہت کم ایسے مقامات ہوں گے جو اپنے باشندوں کے عادات و اطوار اور جغرافیائی حالت کے اعتبار سے اس قدر دلکش اور عجیب ہوں گے جس قدر یہ جزائر ہیں۔ سیاحوں نے انہیں جنت ارضی کا خطاب دیا ہے اور ان جزیروں میں جاوا کی خاص طور پر تعریف کی ہے۔

انڈونیشیا پر قدرت کی نوازشیں بے شمار ہیں۔ آب و ہوا نہایت خوشگوار ہے۔ کثرت بارش کی وجہ سے سارا ملک سدا بہار اور جنگلوں سے [illegible]

طور پر قابل ذکر ہیں۔ کمیونسٹ پارٹی کو بھی خاص ہر دلعزیزی حاصل ہے اور ۱۹۲۰ء سے لے کر ۱۹۲۶ء تک تو ان کا بہت زیادہ زور رہا۔

پہلی شیرازہ بندی

اکتوبر ۱۹۲۸ء میں مختلف حصوں کے نوجوانوں کی جماعتوں کی ایک کانفرنس بٹاویہ میں منعقد ہوئی۔ جس میں انڈونیشیا کو واحد وطن اور ایک قوم قرار دیا گیا پھر ایک قومی ترانہ بھی منظور کیا گیا۔ ۱۹۳۰ء میں مشرق بعید کی جنگ چھڑ گئی اور اس سے انڈونیشیا کی سیاسی جدوجہد اور تیز ہو گئی۔ ۱۹۳۹ء میں جرمنی کی بڑھتی ہوئی پیش قدمی سے ساری دنیا میں ہل چل مچ گئی اور قدرتی طور پر اس کا اثر انڈونیشیا پر بھی اثر پڑا اور اب ملک میں اس بات پر غور کیا جانے لگا کہ آنے والے انقلاب میں انڈونیشیا کا طرز عمل کیا ہو گا۔

۱۹۴۲ء میں جاپانیوں نے ہالستانیوں کو انڈونیشیا سے نکال دیا اور ۱۹۴۵ء میں جاپانیوں نے بھی اتحادیوں کے آگے گھٹنے ٹیک دئے۔ جاپان کے ہتھیار ڈالنے کے کچھ دن ہی پیشتر ڈاکٹر سوکارنو اور ان کے ساتھیوں نے جمہوریہ انڈونیشیا

(REPUBLIC OF INDONESIA) قائم کی۔ ملک کے تمام انتظامی امور پر قابض ہونے کے بعد ملک میں امن و امان قائم کرنے کے لئے پولیس کا نیا انتظام کیا گیا [illegible]

[illegible]

ہندوستان کی آزادی

(از جناب [illegible] صاحب [illegible])

عزیز کیوں نہ ہو ہندوستاں کی آزادی — کہ اصل میں ہے یہ سارے جہاں کی آزادی

ہزار شکر کہ وہ دور جبر ختم ہوا — نہ تھی اسیر کو جس میں فغاں کی آزادی

جو رسُتگوئی پہ پابندیاں بندشیں تھیں — ملی زبان کو حق کے بیان کی آزادی

دلیل راہ ہے اب آپ شوق منزل کا — مگر ہے شرط سفر کارواں کی آزادی

نہ رہنے پائیگی اب سرزمین مشرق پر — یہ مشق جور میں ہفت آسماں کی آزادی

ہمارا بخت کھٹکتا ہے چشم دشمن میں — کہ چاہتا نہیں خواب گراں کی آزادی

چناں چنیں ہے بہت ہند کے حریفوں نہیں

کہ مل گئی اسے کیوں این و آں کی آزادی

کا اظہار قومی مشاورتی مجلس کے ذریعہ ہوتا ہے "قومی مشاورتی مجلس" قومی نیابتی کونسل کے ممبران پر اور مختلف حلقوں کے ان نمائندوں پر مشتمل ہے جو مختلف سماجی جماعتوں سے منتخب ہوتے ہیں [illegible]

کا اعلیوں کی آزادی کا اور خیال کی آزادی کا اور پریس کی آزادی کا حق دے گا۔

(۷) ریاست کے بنیادی اصول قادر مطلق کی خدمت گذاری اور بندگی کے خیال پر مبنی ہوں گے۔

(۸) ریاست مذہب کے انتخاب کا حق اپنی ہر رعایا کو دے گی۔

(۹) ہر شہری کو تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہو گا۔

[illegible]

جمہوریہ انڈونیشیا کی طاقت

[illegible]

حکومت کی ساخت

انڈونیشیا صورت پارلیمانی حکومت ہے۔ جمہوریہ کا ہنگامی دستور حکومت حسب ذیل نکات پر مشتمل ہے:

(۱) قومی مشاورتی مجلس

(۲) قومی نیابتی کونسل

(۳) اعلیٰ نیابتی کونسل

جمہوریہ کے اندر اعلیٰ کی رہنمائی [illegible]

(۳) ہر شہری اصلی باشندے اور مختلف نسلوں کے وہ لوگ ہوں گے جو قانونی طور پر شہری تسلیم کئے جائیں گے۔

(۴) ہر شہری کو مساوی عدالتی اور سیاسی حقوق حاصل ہوں گے اور ریاست سے اس کی وفاداری ایک لازمی فرض ہو گی۔

(۵) ہر شہری انسانی طور پر کام کرنے اور زندگی بسر کرنے کا حقدار ہو گا۔

(۶) ریاست کا قانون شہریوں کو تنظیم کی آزادی

ناپاک ارادے

انڈونیشیا آزاد ہو چکا ہے اب سوال صرف یہ ہے کہ اس کی آزادی کو کس طرح قائم رکھا جائے [illegible]

(باقی صفحہ ۱۱ پر)

مہاتما گاندھی اور ہندو مسلم اتحاد

[illegible]

مسلمان اور گائے کشی

[illegible]

اکیلے من کا برت

[illegible]

مسلمان لیڈروں دو دوستی

[illegible]

پاکستان کا مطالبہ

[illegible]

تحریک خلافت

[illegible]

وہ روشنی نظر آرہی ہے

[illegible]

مصفی جدید

خون کی خرابی اور جلدی بیماریوں کی سائنٹیفک دوا

کڑوی اور بڑی بڑی خوراکوں کے مقابلہ میں یہ فوری اثر کرنے والی

"چھوٹی چھوٹی گولیاں"

عام طور پر مصفی دوائیں کڑوی اور زیادہ مقدار میں ہوا کرتی ہیں جس کو مریض پسند نہیں کرتے۔ مجلس اطبا سالہا سال سے اس فکر میں تھی کہ دیسی جڑی بوٹیوں کا سائنٹیفک طور پر خلاصہ تیار کر کے گولیوں کی شکل میں بہم کی جائیں۔ چنانچہ مجلس اطبا اس کوشش میں کامیاب ہو گئی [illegible]

قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے [illegible]

مینیجر دواخانہ مجلس اطبا پوسٹ بکس نمبر ۵۹ دہلی

ANICO Cough Syrup

اینیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا جو اپنے اثرات میں سو فیصدی کامیاب ہے

یہ دوا ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ میں بے حد مفید ہے [illegible]

پتہ: ایمن اینڈ اسمعیل لمیٹیڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولو ٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

علماء ہند کا سیاسی موقف

از مولانا سعید احمد اکبر آبادی ایم اے
(صدر شعبہ عربی فارسی و اردو دہلی یونیورسٹی و مدیر برہان)

موجودہ حالات میں یہ بات نہایت ضروری ہے کہ علماء ہند کے سیاسی موقف کو خوب اچھی طرح سمجھ لیا جائے تاکہ یکسلامت برادران وطن کسی اشتباہ میں نہ رہیں اور بعض اسلامی تعلیمات کی نسبت غلط فہمی کے باعث علمائے سیاسی تکرعمل اور ان کی کثیر جمعیت میں جو عدم تطابق محسوس ہوتا ہے وہ رفع ہو جائے اور دوسری جانب مسلمان اس فکر کو خوب اچھی طرح سمجھ کر اور اپنا کر اس کو عمل جامہ پہنائیں تاکہ وہ اپنے مستقبل کی تعمیر جمعیت خاطر اور دل و دماغ کی یکسوئی کے ساتھ کر سکیں۔ اس سلسلہ میں چند سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ ان کے جواب سے ہی علمائے ہند کا سیاسی موقف سمجھ میں آئے گا۔

(۱) ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کے زوال کے بعد علمائے مسلمانوں کی عظمت رفتہ کو واپس لانے کے لئے کچھ کیا یا نہیں؟ اگر کچھ کیا تو اس کا مقصد کیا تھا؟ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کو دوبارہ قیام ان کا مقصد تھا یا ان کا نصب العین ایک جمہوری حکومت کا قائم کرنا تھا؟

غازی کا جھنڈا

مظہر شان جلالی ہے ترنگا جھنڈا
گلشن ہند کا مالی ہے ترنگا جھنڈا
آج حاصل ہو وہ عظمت وہ کرامت اسکو — سرنگوں کر نہیں سکتی کوئی طاقت اس کو
جوش جن کا نہ ہو ابد فنا بھی ٹھنڈا
ان شہیدوں کی شہادت کا ہی شاہد جھنڈا
جذبہ حب وطن کو یہی گرماتا ہے — خون تازہ مری رگ رگ میں دوڑاتا ہے
جوش ایثار نہ ہوگا میرا ہرگز ٹھنڈا
میرے ہوتے نہ جھکا ہے نہ جھکے گا جھنڈا
فتنہ پرداز شرارت سے ملیں یا جلیں — آتش بغض و عداوت میں وہ لاکھ جلیں
یہ بدستور اسی شان سے لہرائے گا!
موہنہ کی لے خان وہ کھائیگا جو موہنہ آئیگا

خان غازی کابلی ← کوچہ رحمان لال گلی دہلی

گاندھی جی اور انقلاب عظیم

پروفیسر ہمایوں کبیر

شاید دنیا کی تاریخ میں کسی پس ماندہ اور محکوم ملک کے کسی باشندے کو اپنے زمانے میں وہ قدر و منزلت نصیب نہ ہوئی ہو، جو مہاتما گاندھی کو حاصل ہوئی۔ ان کی شہرت صرف ایک بلند پایہ مدبر اور سیاسی لیڈر کی حیثیت سے نہ تھی، بلکہ ایک مذہبی رہنما کی حیثیت سے بھی جس نے بنی نوع انسان کو ایک خاص پیغام دیا۔ جدید یورپی تہذیب و تمدن کی بنیاد جمہوریت کے اصولوں پر رکھی گئی ہے، مگر خود اہل یورپ کو اعتراف ہے کہ جس سچائی اور خلوص کے ساتھ ان اصولوں پر مشرق کے اس عظیم فرزند نے عمل کیا مغرب میں کوئی شخص نہ کرسکا۔

مشرق و مغرب دونوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ...

ابھی لوگوں کے دلوں سے وہ زخم مندمل نہیں ہوئے تھے لیکن اس کے اثرات مختلف فرقوں پر مختلف تھے۔ ہندوستانی مسلمانوں کا شیرازہ بکھر گیا تھا۔ ان کی قوت عمل سلب ہو گئی تھی۔ اور ان کے دل غصہ اور نفرت سے بھرے ہوئے تھے۔ ہندوؤں میں مختلف قسم کے احساسات تھے۔ بعض لوگ ان حالات سے مطلقاً بے فکر تھے۔ مگر بعض ایسے بھی تھے جنہیں شکست یا مایوسی کا مطلق احساس نہ تھا۔ بعض چھوٹے فرقوں کا خیال تھا کہ انگریزوں کی فتح ان کی فتح ہے۔ اس میں وہ بھی شریک ہیں۔

یہ وہ زمانہ ہے جبکہ برطانوی اقتدار کا سکہ صرف ہندوستان ہی پر نہیں، بلکہ ہندوستان سے باہر بھی بیٹھ چکا تھا۔ ...

ماہنامہ جمیل دہلی (باتصویر)

جمیل کا استقبالیہ صحیفہ شائع ہوگیا ہے، جو نامور شعراء اور اہل قلم کے ان مضامین و مقالات اور کلام دلنواز کا جامع ہے جو انہوں نے ہندوستانی گورنر جنرل ہز ایکسیلینسی شری چکرورتی راج گوپال آچاریہ جی بالقابہ کے استقبالی صحیفہ جمیل کے لئے خصوصیت سے قلم بند فرمائے ہیں، ان کے علاوہ راجہ جی کے سوانح اور ان کی اہم تقریریں بھی شامل ہیں یہ صحیفہ تاریخی نوعیت سے بھی خاص اہمیت رکھتا ہے یہ اشاعت خاص الخاص ہے۔

جمیل دہلی کی اہم خصوصیات

جمیل ــــ سنجیدہ متین اور انتخابی مضامین کا مخزن ہے
جمیل ــــ امن کے دیوتا مہاتما جی کے مقاصد کو فروغ دیتا ہے
جمیل ــــ زبان و ادب اور نگارش جمیل کا بہترین مرقع مصور اور مرصع کار ہوتا ہے
جمیل ــــ اکابرین ادب اور راہ نمایان قوم کے کردار و نظریات و سوانح پیش کرتا ہے
جمیل ــــ مشتہرین کی تجارت کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ ہے۔
سالانہ قیمت ــــ پانچ روپیہ ــــ فی پرچہ آٹھ آنہ

شیخ عبدالحق پراچہ دہلوی منیجنگ ایڈیٹر ماہنامہ جمیل دہلی

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

ملک کے طول و عرض میں جشن آزادی کی رنگین اور مسرت افزا تقریبات

ہندوستان کے ہر شہر میں جلسے جلوس اور جھنڈا لہرانے کی رسمیں
راتوں کو چراغاں ۔ ہر مذہب اور فرقہ کا بے پناہ جوش و خروش

دہلی ۱۶ اگست ۔ ملک کے طول و عرض سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے ہر حصہ میں جشن آزادی کا ہفتہ نہایت دھوم دھام سے منایا جا رہا ہے ۔ ہر جگہ جلسے جلوس ہو رہے ہیں ۔ مقررین اپنی تقریروں سے عوام کو آزادی کا مفہوم اور آزادی کو قائم رکھنے کے طریقے سمجھا رہے ہیں ۔ تقریباً ہندوستان کے تمام شہروں میں جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی جا رہی ہے ۔ اور راتوں کو چراغاں کیا جا رہا ہے ۔ شہروں کے علاوہ دیہاتوں میں بھی یہ پروگرام نہایت شان و شوکت سے جاری ہے ۔ شہروں اور دیہاتوں دونوں جگہ ہر طبقہ اور ملت کے لوگ اپنے ملک کی آزادی کی پہلی سالگرہ بڑے جوش و خروش سے منا رہے ہیں ۔ مدراس ۔ بمبئی ۔ کلکتہ ۔ ناگ پور ۔ لکھنؤ ۔ الہ آباد ۔ کان پور ۔ بنارس ۔ امرت سر ۔ جالندھر ۔ دہلی میں جشن آزادی کا پروگرام خاص طور پر مرتب کیا گیا ہے ۔

اسٹرلنگ فاضلات محفوظ ہیں پارلیمنٹ میں مسٹر چیٹی کا بیان
ایوان نے ڈیڑھ دن کی بحث کے بعد دونوں ضمنی مطالبات زر بھی منظور کر لئے

نئی دہلی ۱۳ اگست ۔ ہند پارلیمنٹ نے ڈیڑھ دن کی گرماگرم بحث کے بعد آج اسٹرلنگ معاہدہ کی منظوری دیدی ہے ۔ اسٹرلنگ معاہدہ کے ماتحت عائد شدہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے سلسلہ میں فائنینس منسٹر کے دونوں ضمنی مطالبات زر بھی منظور کر لئے گئے ۔ آج کی بحث کا نمایاں پہلو یہ ہے کہ فائنینس منسٹر نے معاہدہ کے حق میں دلائل پیش کرنے اور نکتہ چینیوں کے اعتراضات کا جواب دینے میں ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا ہے ۔ اور ہند ولیجسلیشن کے غیر سرکاری ممبر مالی کرشنما چاری نے اس بارہ میں آپ کا اچھی طرح ساتھ دیا ۔ اسٹرلنگ قرضہ جات میں کمی کے خدشات کو دور کرتے ہوئے مسٹر چیٹی نے کہا ہند میں برطانوی اثاثہ کی موجودگی کے پیش نظر ہمیں زیادہ تشویش کی ضرورت نہیں رہتی ۔ ہاؤس کو کامل یقین رکھنا چاہئے کہ اسٹرلنگ قرضہ جات محفوظ ہیں ۔

ملایا میں اشتراکی حکومت قائم کرنے کی پہلی کوشش ناکام ہو گئی
برطانوی ہوائی جہازوں نے باغیوں کے ہیڈکوارٹر کو تباہ کر دیا

کوالالمپور ۱۳ اگست ۔ ... ہوائی جہازوں نے ملایا میں باغیوں کے ہیڈکوارٹر ... کی فوجوں نے ... برطانوی سلطنت ... گر کیا گیا ہے ۔ ایک کمیونسٹ ... ہیڈکوارٹر ... اس جگہ سے باغیوں کو ... باقاعدہ ... ایک برطانوی ... اشتراکی ... کی پہلی اسکیم ناکام ہو گئی ۔

... ہوائی جہاز ملایا میں باغیوں کے خلاف اقدام کرنے کیلئے ... کر دیئے گئے ... ہوائی جہازوں کی کمک روانہ ہو گئی ہے ۔ ... مسلح چینیوں نے ایک ... کو قتل کر دیا اور اس کے ساتھی کو زخمی کر دیا ... ملایا میں جب سے دہشت انگیزی شروع ہوئی ہے اس وقت سے ... ہلاک کر دیئے گئے ہیں ۔

یہودیوں نے لڑائی بند کرنے سے پھر انکار کر دیا
بیت المقدس میں شدید جنگ ۔ مزید مشاہدین کی آمد

بیت المقدس ۱۳ اگست ۔ یہودیوں نے آج جوابی فائرنگ کی مخالفت کا حکم دینے سے انکار کر دیا ۔ بیت المقدس ...

برطانوی اور امریکی سامراج پر روسی اشتراکیت کی ضرب
روسی تجویز کے مطابق برطانیہ اور امریکہ کو ڈینیوب کمیشن سے نکال دیا گیا

بلگریڈ ۱۳ اگست ۔ ... ڈینیوب کانفرنس نے یہ فیصلہ کر دیا کہ برطانیہ ، فرانس اور امریکہ کو ... روس کی طرف سے یہ تجویز کی گئی تھی کہ ...

حکومت برما کا تختہ الٹنے کی زبردست سازش کا انکشاف
سابقہ فوجیوں اور کمیونسٹوں کا حکومت قائم کرنے کا خواب !

رنگون ۱۲ اگست ۔ ایک سرکاری کمیونیکے ...

پھول والوں کی سیر

دہلی ۱۳ اگست ۔ ...

پاکستان ٹیم پھر ہار گئی

لندن ۱۳ اگست ۔ آج پاکستان ہاکی ٹیم ... پاکستان کی ٹیم نے ... زبردست مقابلہ کیا لیکن بارش کی وجہ سے گراؤنڈ ... ان کی ایک بھی نہ چلی

پاکستان کے ریڈیو پر ایک نظر
کراچی سے مسٹر شہاب الدین کی نشری تقریر

مغربی نمائندے پھر مارشل اسٹالن سے ملاقات کریں گے
جرمنی کی گفت و شنید اپنے نقطۂ عروج پر

آج پاکستان ایک سال پہلے سے زیادہ طاقتور ہے
وزیر اعظم مغربی پنجاب کا پیغام آزادی

لاہور ۱۳ اگست ۔ ...

جواہر لعل

قاضی ... ناظم ... ہاردوی

دامن مادر وطن ناظم	ہے زر حریت سے مالامال
خادم ملک اور محب وطن	دُر اخلاص ہے جواہر لعل

مغربی پنجاب اور دہلی میں سیلاب میں کوئی کمی نہیں ہوئی
سینکڑوں گاؤں بہہ گئے اور ہزاروں بے خانماں ہو گئے

کشمیر کمیشن دہلی آ رہا ہے

مسلمانوں کی پستی کا واحد علاج

بک ڈپو انجمن ترقی اردو جامع مسجد اردو بازار دہلی

امن اتحاد باہمی اعتماد اور حب الوطنی کے بغیر آزادی کا صحیح استعمال نہیں کیا جاسکتا

(مولانا آزاد)

شمع حریت کے پروانے

جمعیۃ علماء نے کانگریس کے ساتھ مشترکہ پلیٹ فارم سے آج تک ملک و قوم کی جو خدمت انجام دی ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اس وقت جب کہ ہندی مسلمانوں کی اکثریت غلطیاں مسلم لیگ کے ساتھ ہو گئی تھی یہی رہبران جمعیۃ جو ... [illegible] ... حضرت مولانا آزاد ... [illegible] ... یہ سلسلہ محض تعارف کی حیثیت رکھتا ہے ... [illegible]

حضرت مولانا آزاد

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی بزرگ ہستی سے کون ناواقف ہے آپ کی علمی اور سیاسی سرگرمیوں کا آپ کے دشمن بھی لوہا مانتے ہیں۔ آپ کا نام احمد، کنیت ابوالکلام اور تخلص آزاد ہے لیکن دنیا ابوالکلام آزاد کے نام سے ... [illegible]

حضرت شیخ الاسلام

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کو شیخ الاسلام کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ آپ ۱۹ شوال ۱۲۹۶ھ ... کو قصبہ بانگرمئو ضلع اناؤ میں پیدا ہوئے لیکن آپ کا اصل وطن موضع ... [illegible]

مفتی اعظم

[illegible]

سحبان الہند

[illegible]

حضرت مولانا منصور انصاری

[illegible]

حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن

[illegible]

مولانا آزاد کا پیغام

خود ان کے قلم سے

آزادی ہم نے حاصل کر لی ہے لیکن آزادی کا صحیح طور پر کام میں لانا ابھی باقی ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ اپنی ساری طاقتیں اس دوسرے کام کے لیے وقف کر دیں۔ امن، اتحاد، باہمی اعتماد اور حب الوطنی کے بغیر یہ مہم سر نہیں کی جا سکتی۔

ابوالکلام آزاد

آزادی قایم رکھنا آزادی حاصل کرنے سے زیادہ مشکل ہے

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا پیغام

دہلی ۱۴ اگست۔ سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند نے یوم آزادی پر حسب ذیل پیغام دیا ہے۔

اہل ملک نے جن سخت مصائب کو برداشت کرنے کے بعد آزادی حاصل کی تھی وہ پوشیدہ نہیں ہے لاکھوں انسان جیل خانے گئے ہزاروں پھانسی کے پھندوں کی نذر ہوئے۔ نصف صدی تک یہ تکالیف و مصائب اٹھانے اور صبر آزما اور حوصلہ شکن پریشانیوں کا مقابلہ کرنے کے بعد خدا خدا کر کے ہمیں آزادی نصیب ہوئی ہے لیکن آزادی حاصل کرنے کے بعد ... [illegible] ... آزادی کا قائم رکھنا آزادی حاصل کرنے سے بہت زیادہ مشکل ہے اور بات بھی سمجھ میں آنے کے قابل ہے کہ قربانی تو ہر شخص دے سکتا ہے لیکن عقل و فہم کے ساتھ مختلف خیال انسانوں پر حکومت کرنا ہر شخص کا کام نہیں ہے ... [illegible] ... ملک رانی مشکل ہے ... کہ اللہ تعالیٰ ہماری امداد فرمائے اور ہمارے ملک کو ہر قسم کے حوادث سے محفوظ رکھے۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب

[illegible]

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب

[illegible]

ہمیں مساوات اور آزادی پر مبنی ایک نیا سماج قائم کرنا ہے

یوم آزادی پر پنڈت پنت وزیر اعظم یوپی کا پیغام

لکھنؤ ۱۴ اگست۔ ... [illegible] ... گووند بلبھ پنت وزیر اعظم یوپی نے ... یوم آزادی کی ... [illegible]

بلکہ دنیا کی تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا اس دن ہمارے ملک اور اس کے کروڑوں باشندوں کو دو صدیوں سے بیرونی حکمرانوں کے پیروں سے روندے جا رہے تھے دوبارہ زندگی ملی اس دن ہم نے شایان شان طریقہ پر آزادی کا جشن منایا۔ آج ہم اس دن کی سالگرہ منا رہے ہیں جب ہمارے ملک میں آزادی کا آفتاب طلوع ہوا۔ ان بارہ مہینوں میں بہت سی دشواریوں، آزمائشوں اور ہنگاموں کا سامنا رہا ہے ... [illegible]

مولانا محمد میاں صاحب

مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کا اخلاص و تقویٰ اور علمی اور سیاسی خدمات ... [illegible]

مولانا فخر الدین صاحب مرادآبادی

[illegible]

مولانا نور الدین صاحب بہاری

[illegible]

سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری

[illegible]

مولانا سید محمد سجاد رحمۃ اللہ بہاری

[illegible]

مولانا بشیر احمد صاحب

[illegible]

حضرت مولانا عبد الحلیم

[illegible]

علماء ہند کا سیاسی موقف

(صفحہ ... سے آگے)

مغلیہ قائم رہی اور دربار پر علماء کا اثر و اقتدار رہا سلطنت انتظامی معاملات میں بھی عدل و انصاف کے اصول پر عامل رہی۔ اس بنا پر تخت حکومت پر اگرچہ بادشاہ مسلمان نظر آتا تھا لیکن در اصل حکومت کا نظم و نسق جمہوری تھا۔ آجکل جمہوریتوں میں عوام کی رائے الکشن اور انتخابات سے معلوم ہوتی ہے اور اس زمانے میں جبکہ یہ جدید طریقہ مروج نہیں تھا۔ شاہی عمال حکومت، جاسوسوں اور ملک کے عام حالات وغیرہ کے ذریعے عوام کی رائے اور ان کی خواہشوں کا بادشاہ کو علم حاصل ہوتا رہتا تھا اور وہ ان کی روشنی میں اپنی پالیسی متعین کرتا اور عوام کو مطمئن کرنے کے لئے احکام جاری کرتا تھا چنانچہ انگلستان کے مشہور مقرر اڈمنڈ برک نے پارلیمنٹ میں ایک مرتبہ تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں کے نظام حکومت کے متعلق صاف اور واضح لفظوں میں کہا تھا۔

"عیسائی بادشاہوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کے قانون میں بدرجہا زیادہ مضبوطیاں ہیں۔ ان کا ہر قانون کی نسبت یہ عقیدہ ہے کہ وہ خدا کی طرف سے ہے اس لئے بادشاہ سے لے کر رعایا تک سب کے سب یکساں طور پر قانون اور مذہب کے پابند ہیں ...... قرآن کے قانون کا ہر مرتبہ کا ..."

... نگرو نہیں ہم بہرحال انصاف ...

مغل بادشاہوں نے اس معاملہ میں کس حد تک بے تعصبی برتی ہماری تاریخ کے دفتر اس سے بھرے ہیں اکبر جہانگیر شاہجہاں ان سے قطع نظر خود اورنگ زیب عالمگیر جو اپنی غلو کے مذہبیت کے لئے بدنام ہے اس کے عہد حکومت میں راجپوت اور ہندو حکمراں کی تعداد میں بڑے بڑے عہدوں اور مناصب پر فائز ہے۔ اور جب کسی نے اس پر اعتراض کیا تو اس نے فورا کہا۔ دینی اور حکومت کے معاملات کا دائرہ الگ الگ ہے ... تعلیم ... میں مذہب کو دخل ہرگز نہیں ہونا چاہئے۔

زوال حکومت کے بعد علماء کا نصب العین

یہ جو کچھ آپ نے پڑھا اس زمانے سے متعلق ہے جبکہ ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کا اقتدار پوری طرح پر قائم تھا۔ پھر جب اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد اس میں اضمحلال آنا شروع ہوا اور حالات روز بروز بد سے بدتر ہوتے رہے تو اب علماء نے ان کی اصلاح کی کوشش کی اور اس کوشش سے ان کا مقصد ملک کی خوشحالی، امن و امان سکون و اطمینان، ظلم و جور کی بیخ کنی اور خلق خدا کی عام رفاہیت و بہبودی تھا، ان کو اس سے کوئی دلچسپی نہیں تھی ...

آزادی کی پہلی سالگرہ

ہندوستانی وزارتوں کے کام پر ایک طائرانہ نظر

از :- منی لال صاحب

وزارت داخلہ

پچاس لاکھ پناہ گزیں کی نقل و حرکت۔ دہلی اور اجمیر کی پولیس کی ... تبادلۂ آبادی اور تقسیم ملک کے نتائج ایسے واقعات ... ہوا کہ جس کا خیال بھی اب عجیب نظر آتا ہے۔ ... ہندو اور مسلمان افسروں کے جانے سے اور جانے ...

جولائی ... فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے ان جگہوں کو پر کرنے کے ... امیدوار چنے اور ... مزید افسران ... میں فرقہ وارانہ تناسب ... قائم کیا گیا ہے۔ ہندو ۷۰ فی صدی اور دلت ... فی صدی۔ مسلمان ... فی صدی اور ... دوسرے فرقے ... سنٹرل کلرکوں کے لئے ٹریننگ اسکول بھی کھول دیا ہے۔ پناہ گیر سرکاری ملازموں کے لئے ... کی تشکیل کی گئی۔ اس کے علاوہ وزارت داخلہ کی قابل ذکر اصلاحات حسب ذیل ہیں۔ فرقہ وارانہ تعلیمات کی تنسیخ۔ ... کے بارے میں ... سفارشات کی تنقیح ... پولیس قوانین کے متعلق ... ۵ نمبر فرقہ وارانہ ادارات کے خلاف قانون قرار دیا جانا۔ دہلی میں اسپیشل پولیس کے عملہ کا تقرر ...

... تمام ملک میں وائرلیس کا جال بچھایا جائے گا۔ ۱۵ اپریل تک ٹیلیفونوں کی تعداد ۱۳۳۸۱ تھی۔ گذشتہ سال اور اس مرتبہ یوم آزادی کے لئے خاص یادگاری ٹکٹ ... ہیں۔

محکمۂ شہری ہوابازی

ایئر انڈیا انٹرنیشنل نیم سرکاری کمپنی بین الاقوامی جہاز رانی کے لئے بنائی گئی۔ اس عرصہ میں پاکستان، سویڈن، چین، آسٹریلیا، مصر، سوئٹزرلینڈ، امریکہ، فرانس، ہالینڈ، برطانیہ اور ایران کے ساتھ ہوائی معاہدے کئے گئے۔ آج کل ۲۷ راستوں پر ۲۱ ہوائی سروسیں چل رہی ہیں۔ ہندوستان کے آٹھ ٹرانسپورٹ اداروں میں ۱۲۷ ہوائی جہاز، ۲۳۴ ہوا باز ہیں۔ اس وقت ۳۰ ہوائی اڈے ہیں جن میں ۳ بین الاقوامی ۷۰ بڑے اور ۱۲ درمیانی ہوائی اڈے ہیں۔

وزارت صنعت

پنڈت نہرو کی صدارت میں تین سالہ پروگرام ۳۲ صنعتی اداروں کے لئے مرتب کیا گیا۔ ان میں فولاد، پارچہ بافی، سیمنٹ، کاغذ، ادویات، مشینی اوزار، موٹر کار، بیٹریاں اور بجلی کے سامان کے کارخانے ہیں۔ تجارت کے لئے جہاز سازی کی وسیع پیمانے کی بڑی ضرورت ہے ...

تجارتی بیڑہ

...

وزارت قانون

...

وزارت تعلیم

...

محکمۂ تحقیقات

...

وزارت خوراک

...

محکمۂ موسمیات

...

وزارت رسل و رسائل

... ۱۳۴۸ ... ڈاکخانے ہیں ... اور دوسری کمپنیاں دنیا بھر میں ہند کی ڈاک تقسیم کرتی ہیں۔ ۵ لاکھ کے سرمایہ ...

وزارت زراعت

... سے مقابلہ کیا گیا تو اس سال چاول، باجرہ، جو، مکئی، گندم کی پیداوار دس لاکھ ٹن کا اضافہ ہوا ہے ...

وزارت صحت

...

محکمۂ روزگار

... ۱۱۵ پیشہ ورانہ مرکز نے ... اشخاص کو ٹریننگ دی۔ جس میں سابق فوجی بھی شامل تھے۔

... پانچ سال میں منتخب انجینیروں کو ... سازی کی تربیت کے لئے امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، سوئٹزرلینڈ اور روس بھیجا جائے گا۔

(باقی صفحہ ۱۱ پر)

گاندھی جی اور انقلاب عظیم

(صفحہ ... سے آگے)

جدوجہد کے بجائے انہوں نے عدم تعاون کی تحریک چلائی جس میں ہندوستانیوں کی انفعالیت اور ظلم سہنے کی عادت ان کے لئے قوت کا خزانہ بن گئی۔

ہندوستانیوں کے سیاسی اور قومی نصب العین کا دوبارہ احیاء اور ان میں ہم آہنگی پیدا کر دینا گاندھی جی کی تلاش حق کا صرف ایک پہلو تھا۔ ان کا اعلیٰ اور بنیادی مقصد سماج اور ریاست کے متعلق ایک نیا نظریہ پیش کرنا تھا۔ ان کی کوشش یہ تھی، کہ وہ ہندوستانی فکر اور روایات کو موجودہ ماحول سے مطابقت دے کر عہد حاضر کی تمام برائیوں کا حل پیش کریں۔ زندگی اور عمل کے اس نئے فلسفہ میں ان کی ذہنی سیادت کی بنیاد تھی۔ مغرب کے روایتی طرز فکر نے انسان کو ایک گھپ اندھیرے میں لاکر چھوڑ دیا تھا جہاں اسے کوئی راہ نہیں سوجھتی تھی۔ گاندھی جی کے تجربات نے اس سیاسی اور سماجی ظلمت سے نکلنے کی ایک راہ دکھائی۔

یورپ کے ذہنی مرض کا سبب یہ تھا کہ انہیں خود اپنے ہی تجربات سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت نہ رہی تھی۔ اٹھارھویں اور انیسویں صدی نے آدمی کو یہ سبق دیا تھا کہ سیاسی آزادی کا پھل ...

تھی۔ بے چارے بے زبان اور بے عمل ہندوستانی عوام ان لوگوں کی بات سمجھ تک نہ سکتے تھے ان سے متاثر کیا ہوتے۔

ہندوستان کے اونچے طبقوں اور عوام میں دوبارہ روحانی تعلق پیدا کرنا گاندھی جی کا سب سے اہم مقصد تھا۔ لیکن یہ کوئی آسان کام نہ تھا اس سلسلہ کا پہلا قدم یہ تھا کہ دونوں کی زندگی مشترک ہو۔ چنانچہ گاندھی جی نے ملک کے سیاسی رکنوں سے جو سب سے پہلا مطالبہ کیا اس سے ان کی خداداد فہم و فراست کا پتہ چل گیا۔ انہوں نے کہا، تم لوگ اپنی عادات و اخلاق، فکر و عمل، وضع قطع اور رہن سہن کو ان ننگے بھوکے جاہل عوام کے سانچے میں ڈھالنا چاہئے۔ انہوں نے سیاسی کارروائیوں کے لئے عوام کی زبان اختیار کی خود ان کا طرز زندگی ایسا تھا کہ ان میں اور ایک کسان میں فرق کرنا مشکل تھا۔

اس کا عوام پر حیرت انگیز اثر ہوا انہوں نے اپنے لیڈر کا جو ان کی بولی بولتا تھا۔ ان ہی جیسا لباس پہنتا اور ان ہی جیسا کھاتا تھا، دل و جان سے خیر مقدم کیا ... لیکن ...

...

مسلمانوں کا عروج و زوال

جدید اور مکمل ایڈیشن

اس کتاب میں اولاً خلافت راشدہ کے اور اس کے بعد مسلمانوں کی دوسری مختلف حکومتوں، ان کی سیاسی حکمت عملیوں اور مختلف دوروں میں مسلمانوں کے عام اجتماعی اور معاشرتی احوال و واقعات پر تبصرہ کر کے اُن اسباب کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ جو مسلمانوں کے غیر معمولی عروج اور اس کے بعد ان کے عبرت انگیز زوال میں مؤثر ہوئے ہیں۔ اندلس جو مسلمانوں کی ترقی و عروج اور انحطاط و تنزل کی عجیب و غریب اور غالباً سب سے زیادہ پُر حسرت یادگار ہے پہلے ایڈیشن میں اسے طوالت کے خوف سے چھیڑا ہی نہیں گیا تھا۔ اس دفعہ ہزاروں صفحوں کی ورق گردانی کے بعد زیادہ سے زیادہ مختصر اور جامع الفاظ میں اس قصۂ درد و عبرت کے وہ تمام ٹکڑے لے لئے گئے ہیں جن کا تعلق اس سرزمین پر مسلمانوں کے انتہائی اقتدار اور پھر عبرت انگیز زوال سے ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے وطن ہندوستان کی حکومت اور اس کے زوال پر ۱۵۰ صفحات کا ایک مستقل باب رکھا ہے۔ ان تفصیلی اضافوں کے بعد اس موضوع پر یہ ایک بہت ہی اونچی اور نفیس کتاب ہو گئی ہے۔

صفحات ۵۰۳ تقطیع $\frac{20 \times 26}{8}$ قیمت چار روپے۔ مجلد پانچ روپے۔

ندوۃ المصنفین - اردو بازار جامع مسجد دہلی

ناظرین الجمعیۃ کے لئے چند تحفے

مفید الوارثین جو تقریباً ۱۰ سال سے نایاب تھی حال ہی میں طبع کرائی ہے قیمت ۱۲/ ...

نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ہمارے آقائے نامدار کی مفصل سوانح حیات اردو میں مولانا اشرف علی صاحب کی تصنیف قیمت ...

سوانح حیات حضرت میاں اصغر حسین میاں صاحب کی ۶۹ سالہ زندگی کے واقعات قیمت ایک روپیہ

حیات شیخ الہند جس کا ۱۰ اگست سے بہت انتظار تھا جلد توجہ کریں ورنہ انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت ۱۲/

سیرۃ النبی یعنی اوجز السیر حضور اکرم کی نہایت جامع اور مختصر۔ مولانا مفتی شفیع صاحب کی لکھی ہوئی۔ قیمت ایک روپیہ ۴/

اشاعت اسلام یعنی دنیا میں اسلام کیونکر پھیلا قابل دید رسالہ تاریخ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لئے قیمت ۲ روپے

فتاویٰ محمدی ... ہزاروں فتاویٰ گزرے ہوں گے لیکن حضور اکرم کے فتاویٰ کہیں نہیں دیکھے ہوں گے آج ہی آرڈر دیجئے۔ قیمت ایک روپیہ

علاوہ بالا کتب اور ہر قسم کی سیاسی، علمی، دینی، درسی وغیرہ کتابیں ملنے کا پتہ۔

سید فرحت حسین ناظم کتب خانہ اصغریہ دیوبند - یو۔پی

قومی تہوار اور وطن کی عید!

(اسید انیس حسن رکن جمعیۃ علماء ہند)

ہمارا وطن دو سو سال کی ظالمانہ غلامی کے بعد ۱۵ اگست کو آزاد ہوا۔ یہ دن ہماری سب سے بڑی خوشی کا دن تھا اور یہی دن ہمیشہ کے لئے ہمارا قومی تہوار اور وطن کی عید بن سکتا ہے۔

آج ہم اسی دن کی پہلی سالگرہ منا رہے ہیں مگر شاید آج ہمارے چہروں پر مسرت و شادمانی کا وہ رنگ نہیں ہے جو اس دن ہونا چاہیے۔ اس لئے کہ قانون قدرت کے مطابق ہمارے ملک میں بھی انقلاب اپنی تعمیر و تخریب کی پوری صلاحیتوں کے ساتھ آیا۔ ملک کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا اور یہاں بھی وہ سب کچھ ہوا جو ایک انقلاب سے ملک میں ہوا کرتا ہے۔

ہندوستان تقسیم ہوا۔ اور تقسیم کے بعد اس کے دونوں ٹکڑوں میں جو ہولناک خون خرابے اور حیا سوز مناظر دیکھنے میں آئے ان سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شاید ہندوستان کے ساتھ ساتھ ہندوستانیوں کے دل بھی ہمیشہ کے لئے تقسیم ہو گئے ہیں اور اب کبھی بھی ہندوستان میں بسنے والے لوگ ایک جا ہو کر نہ مل سکیں گے۔ مگر نہیں پہلا سا میل جول پھر پیدا ہو سکے گا۔ ممکن ہے کہ یہ بھائی اب بھی یہی سمجھ رہے ہوں اور یہ واقعہ بھی ہے کہ گزشتہ فسادات، لوٹ مار اور قتل و خونریزی کی نوعیت کچھ ایسی ہی تھی کہ جس کی تلخی کا دماغ و ذہن کو محسوس ہوتی ہے مگر نہیں! ہم فطرت کے تقاضوں کو زیادہ عرصہ تک نہیں بھلا سکتے۔ وقت گزر گیا اور گزر جائے گا۔ ایک دور آئے گا جب ہمارے ذہن و دماغ کی ساری کثافت، فتنہ انگیزی سے پیدا ہوئے ہوں گے۔ ہماری آنکھوں سے فرقہ پرستی کی پٹی دور ہو جائے گی۔ ہم ایک دوسرے کو دیکھیں گے اور پہچانیں گے۔

آہ! ہم نے کس کو مارا! اپنے بھائی کو! اور کس کو لوٹا! اپنے ہی گھر کو! اور کس کو ستایا! اپنی بہن کو! حقیقت ہمارے سامنے ہوگی اور ہمارے دل اعتراف گناہ کے ساتھ لرز اٹھیں گے۔ اپنے کئے پر پچھتائیں گے اور دوڑ کر ایک دوسرے کو گلے لگا لیں گے جیسے ایک بھائی اپنے بچھڑے ہوئے بھائی کو۔

پھر یہی ۱۵ اگست صحیح معنی میں ہمارا قومی تہوار اور ہمارے وطن کی عید ہوا کرے گی۔

آزادی کی پہلی سالگرہ

(صفحہ ۱ سے آگے)

وزارت تجارت

ملک کو بڑے بڑے ماہر سالک ہیں شامل کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ ملک میں صنعتی خوشحالی اور پیداوار میں جو اضافہ کے حصول کے لئے ہم کو جلد از جلد زیادہ سے زیادہ مشین اور مستعمل سامان منگوانا ضروری ہے۔ گزشتہ کی پارلیمنٹ میں بمبئی اور کلکتہ کی بندرگاہ جلد سے دور اب تین کروڑ تجارت پر آمد ہوئی ہے اور جب کہ گزشتہ سال صرف ایک ارب ۹۲ کروڑ ہوئی تھی۔ بحر عرب تجارت بحال کرنے کے لئے گفت و شنید۔ پاکستان کے علاوہ جاپان، جرمنی، فرانس، چیکوسلوواکیہ، پرتگال اور سویڈن سے ہوئی۔

وزارت مہاجرین

اختیار سے یہ وزارت مشرقی پنجاب، سندھ، بلوچستان سے آنے ہوئے مہاجرین کی نقل و حرکت، حفاظت، طعام و قیام اور روزگار کا انتظام کرتی ہے۔ ان ... پر نظر ڈال کر بڑی حیرت ہوتی ہے کہ تقریباً پچاس لاکھ بے گھر پناہ گیروں کو کسی طرح اتنی قلیل مدت میں انتظام ہوا۔ ... تک کل پناہ گیر ۱۰۵۵۰۲ تھی۔ پناہ گیروں کی فوری طعام و قیام کے بعد روزگار فکر اب اولیں ہے۔ ان پناہ گیروں میں زراعت، صنعت، تجارت اور پرائیویٹ کے پیشہ سے تعلق رکھنے والے حضرات کافی ہیں۔ دہلی اور مشرقی پنجاب میں ان کے لئے وسیع اسکیمیں وضع کی گئیں۔ ... تعلیم ... اور دیگر ... کا انتظام۔ ... پناہ گیر بستیاں ... کی آبادکاری کا خاص خیال رکھا گیا۔ گمشدہ پناہ گیروں اور مغویہ عورتوں کی واپسی کے لئے بین الاقوامی کوششیں کی جا رہی ہیں۔

ہماری آزادی کا ایک سال

(صفحہ ۲ سے آگے)

ہند کی ایک بہت بڑی اقلیت خوف و ہراس میں زندگی گزار رہی۔ اگر یہ صورت حال قائم رہی تو ہند کی جمہوری حکومت میں ایک ایسا ناسور پڑ جائے گا جو آسانی سے مندمل نہ ہو سکے گا۔

(۲) حکومت، افراد کی سیرت کو بلند کرنے اور اخلاق زندگی کو سنوارنے کے لئے خاص انتظام کرے۔ خاص جمہوری اور غیر مذہبی حکومت ہندوستان کے مزاج کو راس نہ آئے گی۔ بہیں راستی، انصاف، رواداری، محبت، فیاضی، سیر چشمی، ہمدردی اور ایثار کی زیادہ ضرورت ہے اور ان اوصاف کی دولت ہمیں صرف اخلاق کے آستانہ سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

آج ہم آزاد ہیں۔ آج ہم اپنی قسمتوں کے مالک ہیں۔ اور آج ہی ہم وعدہ کرتے ہیں کہ اپنے ملک کو دولت، ثروت، خوش حالی اور ترقی کی بلندی پر پہنچائیں گے اور متحدہ ہندوستان کی تعمیر کے لئے اپنی عزیز متاع تک قربان کر ڈالیں گے۔ آج ہم اپنی آزادی پر خوش ہیں لیکن ہماری روح کو اس وقت اطمینان ہوگا جب ہم آزادی کے مقصد کو بھی پا لیں گے اور اس گم شدہ مقام کو حاصل کر لیں گے جس کے لئے ہم نے ہزار دقتوں کے بعد آزادی حاصل کی ہے۔

برائے فروخت

ہمارے پاس کپڑا چھاپنے کے لکڑی کے چھاپے بہترین قسم کے مختلف ڈیزائن کے برائے فروخت بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ ضرورت مند اصحاب پتہ ذیل پر صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے دوپہر تک ملیں۔

المشتہر

ایس ایم۔ کامل نمبر ۶۰۶

حویلی حسام الدین حیدر بلیماران اسٹریٹ دہلی

اسلام کا اقتصادی نظام

تیسرا ایڈیشن

ادارے کی مشہور و معروف معرکۃ الآرا کتاب جس میں اسلام کے نظام معاشی کا مکمل خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ اور بتایا گیا ہے کہ دنیا کے تمام اقتصادی اور معاشی نظاموں میں اسلام کا نظام اقتصادی ہی ایسا نظام ہے جس نے سرمایہ و محنت کا صحیح توازن قائم کر کے اعتدال کا راستہ پیدا کیا ہے۔ کتاب کے اس جدید ایڈیشن میں بہت سی جدید بحثیں بڑھائی گئی ہیں۔ ترتیب بھی پہلے سے زیادہ دل نشین ہو گئی ہے۔

یہ تسلیم کیا جا چکا ہے کہ اس تفصیل و جامعیت کے ساتھ اب تک کسی نے اس مسئلے پر نگاہ نہیں ڈالی تھی اور اس موضوع پر اس سے بہتر کتاب کسی زبان میں نہیں لکھی گئی۔ صفحات ۸۰۰ بڑی تقطیع ۲۶×۲۰ قیمت چار روپے آٹھ آنہ

مجلد پانچ روپے ۴ آٹھ آنے

مکتبہ برہان۔ اردو بازار جامع مسجد دہلی

آزادی کے بعد — عمل کی پکار

(اشرف بھوپالی بی اے)

رخصت اے عیش و دوام زندگی
رخصت اے رنگیں پیام زندگی

محفلِ عشرت کے ساماں الوداع
تابش شمع فروزاں الوداع

رخصت اے جام شراب ارغواں
الوداع اے ساقی رنگیں بیاں

الوداع اے مطرب آتش نوا
نغمہ ہائے عیش کی رنگیں فضا

رخصت اے سوز و ساز زندگی
رخصت اے ناز و نیاز زندگی

رخصت اے مایوسیوں کی بارگاہ
رخصت اے محرومیوں کی جلوہ گاہ

عشق کی مجبوریوں کو اب سلام
قلب کی بے چینیوں کو اب سلام

اضطراب دل سے رخصت چاہیے
دشتیوں سے دل کی وحشت چاہیے

الوداع اے ہجر کی تاریک رات
الوداع اے غم بھری شام حیات

الوداع اے عالم سوز و دروں
الوداع اے میرے بخت واژگوں

رخصت اے ویرانی بزم جہاں
رخصت اے بیداد و جور آسماں

ان پرانے روز و شب کو چھوڑ کر
جا رہا ہوں ان سے رشتہ توڑ کر

اب نئے سانچے میں ڈھل ہی جائیگی
زندگی پہلو بدل ہی جائیگی

کوشش پیہم کی ہو گی زندگی
پھیل جائیگی عمل کی چاندنی

اب نہیں وہ عیش کی رنگینیاں
اب نہیں وہ ہجر کی محرومیاں

وقف بے تابی جوانی تا بکے
حسرتوں کی زندگانی تا بکے

عشق کی بدمستیاں بے ہوشیاں (ق)
حسن کی رنگینیاں سرمستیاں

دل کی یہ محرومیاں ناکامیاں (ق)
ہجر میں عاشق کی یہ بے تابیاں

بادۂ غفلت کے رنگیں جام ہیں (ق)
فطرت غافل کے گویا نام ہیں

اب جوانی رنگ لائے گی ضرور
آنکھ سے پردہ اٹھائیگی ضرور

ہم ہوں اب اور ہے عمل کی بارگاہ
دور ہو اے غفلتوں کی جلوہ گاہ

اب نہیں وہ ساغر صہبائے غم
دور ہوں دنیا کے یہ رنج و الم

ساز دل پر ایسے نغمے گاؤنگا
مستیوں کو ہوش میں اب لاؤنگا

چیر کر اس طرح قلب حیات
فاش کر دوں گا میں راز کائنات

غفلتوں کے ان بتوں کو توڑ کر
جا رہا ہوں بتکدہ کو چھوڑ کر

دیدنی ہے میرے گلشن کا سماں
دور ہیں اب آشیاں سے بجلیاں

دام ہے صیاد کا ٹوٹا ہوا
رشتۂ امید ہے چھوٹا ہوا

سن رہا ہوں دور سی آواز ایک
بج رہا ہے دیر سے یہ ساز ایک

آ رہی ہے دور سے شیریں صدا
وہ بلاتا ہے عمل کا دیوتا

فرقہ پرستی اور بدامنی کو دفن کر دو

اگر ہندوستان کی آزادی کو برقرار رکھنا ہے۔ تو ہمیں فرقہ پرستی اور بدامنی کو فوراً دفن کر دینا پڑے گا۔ آج کا یوم آزادی ہمیں یہی پیغام دیتا ہے۔

(چودھری محمد تقی)

جمہوریہ انڈونیشیا

(صفحہ ۱ سے آگے)

اگرچہ مختلف قسم کی سامراجی چالیں چل رہے ہیں لیکن جو قوم ایک مرتبہ آزادی کی ہوا میں سانس لے چکی ہو اسے دوبارہ غلام بنانا موجودہ دنیا میں مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔

دنیا کا وہ کون محب وطن ہوگا جو ڈاکٹر سوئیکارنو کے ان الفاظ کی تائید نہ کرے کہ انڈونیشیا ڈچ نو آبادیات کی کوئی شکل ایک لمحہ کے لئے برداشت نہیں کر سکتا۔ اس قسم کی اصلاحات کو زبردستی نافذ کرنے کی کوشش کا نتیجہ محض سالہا سال کا المناک ہنگامہ اور انقلاب ہوگا۔

جمہوریہ انڈونیشیا کو ابھی تک اقوام متحدہ نے تسلیم نہیں کیا۔ اکثر ممالک بھی اسے تسلیم کرتے ہوئے جھجک رہے ہیں۔ لیکن وہ دن دور نہیں جبکہ دنیا اس جمہوریہ کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوگی اور ہالستانیوں کے ناپاک منصوبے خاک میں مل جائیں گے۔

آج جبکہ ہم یوم آزادی منا رہے ہیں انڈونیشیا کو اس کی جد و جہد آزادی کے لئے مبارکباد دیتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ وہ مستقبل قریب میں ایک بڑی طاقت بن جائے گا۔

حیدر آباد میں برطانوی شہری
برطانوی ہائی کمشنر کی طرف سے تردید

نئی دہلی ۱۴ اگست۔ برطانوی ہائی کمشنر نے ایک پریس نوٹ میں حیدر آباد اور برطانوی باشندوں کے بارے میں اطلاعات ... کی تردید کی ہے ... اسی طرح یہ اطلاعات بھی غلط ہیں ... انگریزوں کے خلاف ... اور اس بارے میں حکومت نظام کو ... برطانوی باشندوں کا تعلق ہے ... اپنے کیمپوں سے مستعفی ہو جائیں۔

کراچی کی آبادی

کراچی ۱۴ اگست۔ کراچی کے نئے ایڈمنسٹریٹر مسٹر ہاشم رضا نے یہاں ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ اس وقت کراچی کی آبادی سات لاکھ کے لگ بھگ ہے۔ ۱۹۴۱ء میں کراچی کی آبادی ۰۰۰،۳۸۶ تھی۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو یہ آبادی بڑھ کر ۰۰۰،۴۷۵ ہو گئی تھی۔ مہاجرین کی مردم شماری سے معلوم ہوا ہے کہ ۳۱ مئی تک ۰۰۰،۲۴۷ اشخاص آئے ان میں صرف ڈیڑھ لاکھ سرکاری ملازمین اور ان کے خاندان کے افراد تھے۔

مہاتما گاندھی اور ہندو مسلم اتحاد

(صفحہ ۱ سے آگے)

حقوق ہندوؤں سے کم نہ ہوں گے تو انہوں نے گاندھی جی کو قتل کرنے کی ناپاک سازش کی اور آپ کو گولی کا نشانہ بنا کر ہلاک کر دیا۔

کانگریس میں ہر مذہب و ملت کے لوگ شامل ہو سکتے تھے اور گاندھی جی سب کا درد رکھتے تھے تاہم قوم پرست مسلمان بھی ایک ایک کر کے کانگریس چھوڑ کر مسٹر جناح کی مسلم لیگ میں شامل ہو گئے کیونکہ مسلمان کانگریس پر کیوں ناراض تھے؟ اور پاکستان کے لئے کیوں یک زبان ہو کر نعرے بلند کرتے تھے؟ اگر ہندوؤں کو کیوں یہ موقعہ ملا کہ وہ ہماری چھوت کا فائدہ اٹھائیں؟

ہندو کسی بھی مسلمان کی چھوئی ہوئی روٹی نہیں کھاتے اور ان کے ہاتھ سے بالکل صاف پانی بھی نہیں پیتے۔ اس سوشل بائیکاٹ کا جواب ہوا پاکستان کا مطالبہ۔ کوئی بھی غیرت رکھنے والا مسلمان ایسے شرمناک سلوک پر نارافگی کا اظہار کئے بغیر نہ رہ سکتا تھا۔

گاندھی جی نے مسلمانوں کو ہندوستان میں باعزت رکھنے کے لئے اپنی جان کی بازی لگا دی اور ہندو مسلم کھانا کھا کر مسلمانوں کا سوشل بائیکاٹ اٹھا دینا چاہا۔ ان کے ساتھ کسی کے ساتھ کھانا پینے میں صرف صحت اور صفائی کے اصولوں کی پابندی ضروری ہے اور شادی کے وقت طرفین کی لیاقت اور خوبیاں۔ پنڈت نہرو کی لڑکی نے پارسی نوجوان سے شادی کی۔ مسٹر جناح کی بیوی بھی پارسی بیوی تھیں۔ ہندو شہزادی اور مسلمان مسٹر آصف علی سے شادی کی اور یہ شادیاں کامیاب ہوئیں۔ یہی مذہبی تنگ دلی چھوڑ دینی چاہئے۔ ہندو مسلم اتحاد زندہ باد۔ فرقہ پرستی مردہ باد۔

باپو زندہ باد گاندھی

شہزادہ برار کے استعفے کی تردید

دہلی ۱۴ اگست۔ سند میں نظام کے ایجنٹ جنرل نے ان اطلاعات کی تردید کی اجازت دی ہے کہ جو حال میں اخبارات میں شہزادہ برار کے کمانڈر انچیف کے عہدہ سے مستعفی ہونے اور شہزادہ معظم جاہ کے ... کی صدارت سے استعفے دینے کی بابت شائع ہوئی تھیں۔

— دہلی ۱۴ اگست۔ دہلی کے اخبار نویسوں کی انجمن اور غیر ملکی نامہ نگاروں کی ایسوسی ایشن کی طرف سے مشترکہ طور پر گورنر جنرل مسٹر راج گوپال اچاریہ کو ایک پارٹی دی گئی۔

قوم کے باپو مہاتما گاندھی کی یاد میں!

ماہنامہ

شیدا

دہلی

کا

باپو نمبر

شائع ہو رہا ہے

باپو نمبر بے شمار خصوصیات کا حامل ہے۔ اور باپو کے مشن قومی اتحاد کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوگا

★ جن گاندھی جی کا مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم شیدا سے گہرا تعلق اور ان کی دیسی طب سے دلچسپی۔ نیز اردو زبان کے متعلق ان کے خیالات کا اظہار خاص طور پر کیا جائے گا۔

★ شیدا کے سابق نمبر کی طرح باپو نمبر اشاعتی حسن کے ساتھ کافی ضخیم شائع ہوگا

★ کی قیمت دو روپے۔ شیدا کے مستقل خریداروں کو مفت ہی دیا جائے گا۔ سالانہ چندہ پانچ روپے۔ فی پرچہ چار آنے۔

ایجنٹ صاحبان کاپیوں کی تعداد سے جلد مطلع کریں۔ اگرچہ کافی تعداد میں شائع کرنے کا پروگرام ہے۔ پھر بھی بڑھتی ہوئی مانگ کی وجہ سے ختم ہو جانے کے بعد مایوسی ہوگی۔

نوٹ شعر و ادب سے دلچسپی رکھنے والے دس معززین کے صحیح پتے آنے پر شیدا کا نمونہ مفت روانہ کیا جاتا ہے۔

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے خریدیئے۔

شیدا پبلشنگ ہاؤس دہلی نے شائع کیا

حصول آزادی کے بعد ہندوستان کی تاریخ میں جو زبردست انقلاب رونما ہوا اس میں پاکستان سے زیادہ ریاستوں کے ہندیونین سے الحاق کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ برطانوی حکومت کے ۳ر جون والے اعلان کے بعد ان ریاستوں پر سے برطانیہ کی بالادستی ختم ہو گئی تھی۔ اس لئے اصولی طور پر تمام والیان ریاست آزاد ہو گئے۔ اور ہندیونین کی آزادی اور استقلال کے لئے بڑی اہم بن گئی۔ کیونکہ اگر تمام والیان ریاست اپنی اس آزادی پر قائم رہتے تو ملک چھوٹے چھوٹے حصوں میں بٹ جاتا اور اس سے نہ صرف ملک کی اقتصادیات برباد ہو جاتی بلکہ قومی حیثیت سے اس کی وحدت بھی ختم ہو جاتی۔ ملک کی سلامتی ہر وقت خطرہ میں رہتی اور اس کی جمہوریت کو صدمہ پہنچتا اور ملک اس طرح تقسیم ہوتا کہ اس کے نقصانات ناقابل تلافی ہو جاتے۔

سردار پٹیل نے محکمہ ریاست ہائے ہند سنبھالنے کے بعد والیان ریاست سے ہندیونین میں شامل ہونے کی اپیل کی اور تمام فرمان رواؤں کو یقین دلایا کہ نظام یونین ان کی ریاستوں کو پہلے سے زیادہ اونچا درجہ دے گا۔ اور وہ ہندیونین کی مجلس قانون ساز میں مناسب نیابت کے ساتھ برابر کے شریک رہیں گے۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے بھی جو اس وقت تک ہند کے گورنر جنرل تھے۔ ہندوستانی ریاستوں کو مشورہ دیا کہ انہیں ہندیونین میں شامل ہو جانا چاہئے۔

والیان ریاست نے الحاق کی اس اپیل کا حوصلہ افزا جواب دیا اور ۱۵ر اگست سے پہلے جوناگڈھ، کشمیر اور حیدرآباد کے سوا سب والیان ریاست نے حتی کہ ان والیان ریاست نے بھی جنہوں نے ابتدا میں کچھ ہچکچاہٹ یا مخالفت کا اظہار کیا تھا۔ ہندیونین کے ساتھ الحاق منظور کر لیا۔

رقبہ اور آبادی

تقسیم ہند سے قبل ۱۵ لاکھ ۸۱ ہزار ۴۱۰ مربع میل علاقے میں سے ہندوستان کی ریاستیں ۷ لاکھ ۱۵ ہزار ۹۶۴ مربع میل یعنی علاقہ ہند کے ۴۵ فی صدی حصہ میں پھیلی ہوئی تھیں۔ تقسیم کے بعد جو ریاستیں جغرافیائی طور پر ہندوستان سے متصل ہیں۔ ان کا رقبہ گھٹ کر ۵ لاکھ ۸۷ ہزار ۸۸۸ مربع میل رہ گیا اور یہ رقبہ مملکت ہند کے کل رقبہ ۱۲ لاکھ ۲۰ ہزار ۹۹ مربع میل کا ۴۸ فی صدی تھا۔ ریاستوں میں سب سے بڑے علاقے کشمیر اور حیدرآباد کے تھے۔ کشمیر کا رقبہ ۸۴۴۷۱ مربع میل اور حیدرآباد کا ۸۲۳۱۳ میل ہے۔ ۱۱۵ ایسی ریاستیں تھیں جن کا رقبہ ایک ہزار میل سے دس ہزار مربع میل تک تھا اور دو سو دو ایسی ریاستیں تھیں جن کا رقبہ دس دس مربع میل سے کم تھا۔

۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے مطابق ریاستوں کی کل آبادی ۹ کروڑ ۳۱ لاکھ ۸۹ ہزار ۲۳۳ تھی۔ گویا یہ تقسیم سے پہلے کے ہندوستان کی آبادی کا ۲۴ فی صدی تھی۔ غیر منقسم ہندوستان کی آبادی ۳۸ کروڑ ۸۹ لاکھ ۹۷ ہزار ۹۵۵ تھی۔ تقسیم کے بعد مملکت ہند کی آبادی ۳۱ کروڑ ۸۹ لاکھ ۱۲ ہزار ۵۰۶ رہ گئی اور اس کے جغرافیائی طور کی ریاستوں کی آبادی ۸ کروڑ ۸ لاکھ ۵ ہزار ۴۳۲ رہ گئی گویا کہ یہ بہ نسبت ۲۴ فی صدی سے بڑھ کر ۲۷ فی صدی ہو گئی۔

الحاق وادغام

چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے الحاق وادغام کا کام اڑیسہ میں شروع ہوا جہاں ۲۵ مشرقی ریاستیں جن کا رقبہ ۲۰ ہزار مربع میل، آبادی ۳۱ لاکھ سے زیادہ اور آمدنی ۸۰ لاکھ تھی۔ صوبہ اڑیسہ کے ساتھ مدغم ہو گئیں۔ کچھ سابق والیان ریاست نے اڑیسہ کی ریاستوں کی یونین بنانے پر زور دے کر اپنی فرماں روائی کو پھر قائم کرنا چاہا لیکن وہاں کے عوام اس کے خلاف تھے۔ اڑیسہ کی طرح چھتیس گڑھ کی ۱۴ ریاستیں بھی یونین میں مدغم ہونے کیلئے تیار ہو گئیں اور اس طرح ۹۳ ہزار مربع میل کا علاقہ صوبوں میں مدغم ہو گیا۔

ہماچل کی ۲۱ ریاستوں کا نیا صوبہ بن گیا۔ ہماچل پردیش۔ انتظام مرکزی حکومت کرتی ہے اور جب تک نئے آئین کے مطابق ان کو لفٹنٹ گورنر مقرر کیا جائے وہاں اب چیف کمشنر رہے گا۔

جو ریاستیں ابھی تک مدغم یا شامل نہیں کی گئی ہیں حسب ذیل ہیں۔

سندور (مدراس) [illegible] گڑھوال [illegible] اور دام پور (یوپی) [illegible] [illegible] (آسام)

یونینوں کا ارتقاء

ریاستوں کی اور وحدتیں بھی قائم کی گئی ہیں جو یونین یا یونائیٹڈ اسٹیٹس کے نام سے پکاری جاتی ہیں۔

یہ متصل ریاستوں کو شامل کر کے بنائی جاتی ہیں۔ اور ان ریاستوں کا ایک فرماں روا اس کا صدر بنا دیا جاتا ہے۔ جسے راج پرمکھ کہا جاتا ہے۔ یہاں وزارتیں بنا دی گئی ہیں۔ اور ایک مجلس آئین ساز بنائی گئی ہے جو وہاں کا آئین بنائے گی۔ ان یونینوں میں شامل ہونے والی ریاستوں کے فرماں رواؤں کے حقوق اور اعزازات اور میثاق کے مطابق ان کا جیب خرچ قائم رہے گا۔

ان کے میثاق میں ایک یہ دفعہ بھی ہے کہ مرکزی مجلس قانون ساز کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی پہلی جدول اور تیسری جدول کے امور کے متعلق قوانین پاس کر سکے گی۔ البتہ جدول اول میں ٹیکس اور محصول کے جو اندراج ہیں وہ اس میں شامل نہیں ہوں گے۔ یہ یونینیں مرکز سے اپنے آئینی تعلق کے سلسلہ میں صوبوں کے مساوی ہوں گی۔

سب سے پہلے کاٹھیاواڑ کی یونین کے قیام کا اعلان ہوا جو سوراشٹر کے نام سے مشہور ہے۔ اس علاقہ میں ریاست کچھ براہ راست حکومت ہند کے انتظام میں آ گئی۔ جوناگڈھ کو ابھی شامل کرنا باقی ہے۔ ریاست کچھ کو اس لئے مرکز کے انتظام میں رکھا گیا ہے کہ وہ مغربی پاکستان سے نزدیک ترین علاقہ ہے۔

۱۵ر فروری ۱۹۴۸ء کو کاٹھیاواڑ کا افتتاح ہوا اس کے بعد الور بھرت پور دھول پور اور قرولی کی ریاستوں نے ۱۷ر مارچ ۱۹۴۸ء کو متسیہ یونین قائم کی اس کی ۱۸ لاکھ سے زیادہ آبادی قریباً دو کروڑ روپے سالانہ آمدنی اور ۷ ہزار ۶۰۰ مربع میل رقبہ ہے۔ بھرت پور اس کی راج دہانی اور مہاراجہ دھول پور اس کے راج پرمکھ ہیں۔ وندھیا پردیش میں ریوا اور بندیل کھنڈ کی ۳۴ ریاستیں ہیں اس کا افتتاح ۱۲ر اپریل ۱۹۴۸ء کو ہوا اس کا میثاق بھی سوراشٹر جیسا ہے۔

راجستھان کا افتتاح پہلے کوٹہ میں ۲۵ر مارچ ۱۹۴۸ء کو ہوا اور اس میں کوٹہ بانسواڑہ بوندی ڈونگر پور جھالاواڑ کشن گڑھ پرتاب گڑھ شاہ پورا اور ٹونک شامل تھیں۔ لیکن بعد میں اودے پور میں ۱۸ر اپریل ۱۹۴۸ء کو اس کا دوبارہ افتتاح ہوا۔ اور اس میں میواڑ شامل ہو گیا۔ اس نئی ترتیب کے بعد مہاراجہ اودے پور اس کے نئے راج پرمکھ ہوئے۔ مہاراجہ صاحب کوٹہ پہلے سینیر وائس پریذیڈنٹ اور بوندی اور ڈونگر پور کے مہاراجہ جونیر وائس پریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔

مالوہ یا مدھیہ بھارت یونین

ان میں سب سے زیادہ اہم مالوہ یونین یا مدھیہ بھارت کا قیام ہے۔ اس کا رقبہ ۴۷ ہزار مربع میل ہے ۷۲ لاکھ آبادی ہے۔ اور سالانہ آمدنی ۸ کروڑ ہے۔ سردار پٹیل کے الفاظ میں یہ ہندوستان کی بڑی یونینوں میں سے ایک ہے اور کوئی دوسری یونین ذرائع یا آبادی کے لحاظ سے اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی یہ علاقہ فوجی لحاظ سے اہم ہے۔ اور صنعتی لحاظ سے راہ ترقی پر گامزن ہے۔

اس یونین کی سب سے اہم ریاست گوالیار ہندوستان کی چوتھی بڑی ریاست ہے اور اس کی آبادی ۴۰ لاکھ ہے۔ اندور کی آبادی ۱۴ لاکھ ہے۔

آزاد ہند میں ایک پُر امن انقلاب

محکمہ ریاستہائے ہند کی کارگزاریاں

(ادارہ)

پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے قیام کے بعد ریاستوں کی وحدت اور ان میں جمہوری نظام قائم کرنے کے بڑے مسائل ختم ہو گئے اس کا نام اس کی مجلس آئین ساز خود طے کرے گی مہاراجہ پٹیالہ تاحیات اس کے راج پرمکھ ہوں گے اور مہاراجہ کپورتھلہ اس کے اپ راج پرمکھ ہوں گے اور اس میں پٹیالہ، نابھہ، فرید کوٹ، جیند، مالیر کوٹلہ، نالاگڑھ اور کلسیہ شامل ہیں۔

جہاں تک مختلف صوبوں میں ریاستوں کے ادغام ہونے کا تعلق ہے۔ تمام سیاسی حلقوں میں اس پر اظہار مسرت کیا گیا لیکن نئی ریاستوں کو یکجا کر کے انہیں مختلف یونینوں میں تبدیل کرنے کی اکثر سیاسی حلقوں میں حمایت نہیں کی گئی۔ ان حلقوں کے خیال کے مطابق ایک وقت ایسا آ سکتا ہے کہ یہ یونین خود ہندیونین کے لئے ایک خطرہ بن جائیں۔ [illegible] راجوں مہاراجوں کی غیر ذمہ دارانہ سیاست [illegible] ہے۔ [illegible] یونینوں کا داعی طور پر راج پرمکھ یا اپ راج پرمکھ بنانے کے معنی یہ ہیں کہ ہم نے انسانیت کے ان دشمنوں کو لاکھوں انسانوں کی قسمت کا مالک بنا دیا۔ جن سے حق و انصاف کی کبھی امید نہیں ہو سکتی اور نہ انہیں صحیح جمہوریت کا علمبردار کہا جا سکتا ہے۔

جو کچھ ہو اس مضمون کا موضوع یونینوں کے نقائص گنانا نہیں ہے بلکہ صرف ان واقعات کو بتانا ہے جو سردار پٹیل کی کوششوں سے ایک "پر امن انقلاب" کی صورت میں نمودار ہوئے۔ سردار پٹیل کی کوششیں کس حد تک ہمارا وجود میں اور یہ یونین کس حد تک انسانیت اور جمہوریت کے تقاضوں کو پورا کریں گی۔ یہ آنے والے واقعات بتائیں گے۔

ذیل میں ان اہم واقعات کا روزنامچہ درج ہے جو محکمہ ریاست ہائے ہند کی کوششوں کا نتیجہ ہیں۔

اہم واقعات کا روزنامچہ

۵ر جولائی ۱۹۴۷ء — محکمہ ریاست ہائے ہند کا قیام سردار پٹیل نے ریاستوں کے متعلق ہند سرکاری پالیسی کی وضاحت کرنے کے لئے ایک بیان دیا۔ ریاستوں پر ارادہ قطعی نہیں رکھا جائے گا۔ لیکن بالادستی عوام کے مفاد کی ہوگی۔

۲۵ر جولائی — ہز اکسیلنسی لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ایوان والیان ریاست کے ایک خاص اجلاس میں تقریر کی۔ انہیں مشورہ دیا کہ وہ دفاع امور خارجہ اور رسل و رسائل کے معاملات میں اپنی ریاستوں کا الحاق مناسب مملکت سے کر لیں۔

۱۵ر اگست ۱۹۴۷ء — ہند کے علاقہ میں حیدرآباد، جوناگڈھ اور کشمیر کے سوا باقی سب ریاستیں مملکت ہند میں شامل ہو گئیں۔

۲۷ر اکتوبر ۱۹۴۷ء — کشمیر ہند میں شامل ہو گیا۔

۹ر نومبر ۱۹۴۷ء — حکومت ہند نے جوناگڈھ کا انتظام سنبھال لیا۔

۱۴ر نومبر ۱۹۴۷ء — اڑیسہ اور چھتیس گڈھ کی ۳۹ ریاستوں کے فرماں رواؤں نے ہند سے الحاق کے معاہدہ پر دستخط کر دیئے۔

۱۷ر دسمبر ۱۹۴۷ء — سردار پٹیل نے ایک بیان جاری کیا جس میں اڑیسہ اور چھتیس گڈھ کی ریاستوں کے فرماں رواؤں سے معاہدہ کا پس منظر بتایا۔ ۱۵ر اگست سے ریاستوں میں جمہوری انقلاب کا قیام بہت ضروری ہو گیا ہے۔ اور جمہوری انقلاب کے لئے چھوٹی ریاستوں کی وحدت بھی ضروری ہے۔

یکم جنوری ۱۹۴۸ء — حکومت اڑیسہ نے صوبہ کی ۲۵ ریاستوں کا انتظام سنبھال لیا۔ جہاں دس لاکھ سے [illegible] ریاستیں شامل تھیں صوبہ متوسط میں چھتیس گڈھ کی ریاستیں اڑیسہ کا ایک حصہ بن کر رہ گئیں۔

۲۳ر جنوری ۱۹۴۸ء — یونائیٹڈ اسٹیٹس آف سوراشٹر کے میثاق پر دستخط ہوئے۔

یکم فروری — مکراں سی۔ پی میں مل گیا۔

۱۵ر فروری — یونائیٹڈ اسٹیٹس آف سوراشٹر کا افتتاح۔

۱۹ر فروری ۱۹۴۸ء — دکن کی ریاستوں نے صوبہ بمبئی میں جانے کے معاہدہ پر دستخط کر دیئے۔

۲۲ر فروری ۱۹۴۸ء — بنگنا پلے مدراس میں ملگئی۔

۲۳ر فروری ۱۹۴۸ء — پٹیالہ اور مشرقی پنجاب یونین قائم ہوئی۔

باقی صفحہ ۱۳ پر

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے ہمارے یہاں ہول سیل اور ریٹیل نرخ پر بکفایت ملتا ہے

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز

ریشمی کپڑا ایک روپے گز آپ کو کسی جگہ سے نہیں مل سکتا۔ البتہ ہم آپ کو بازار سے سستے نرخوں پر دے سکتے ہیں ... امریکن سفید سلکی کپڑا فی سوٹ یعنی پوری ۱۲ گز ... صرف دس روپے ... ڈاک خرچ معاف ... ہماری گارنٹی ... آرڈر دیتے وقت اپنا نام و پورا پتہ صاف اور خوشخط لکھیں۔

امریکن ٹریڈنگ کمپنی (اے، ڈی)

ریشمی کپڑے کے مشہور سوداگر پی۔ بی ۲۵ امرتسر

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

دردویشی جسٹرڈ۔ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہی برص کوڑھ سنگرہنی کا جادو اثر علاج ہے سال ہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سینکڑوں کی تعداد میں مکمل طور پر صحت یاب ہو چکے ہیں اس کا اثر اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے اور ۴ سے ۶ ماہ تک مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔ ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی ۹۵ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

آپ کے یہاں شادی ہے

تو ہماری خدمات حاصل کیجئے دستی سنکاری کا سمبرن نمونہ یعنی جائے کا سٹ مع ۳ عدد پرچ پیالے اور ۳ عدد چمچہ چاندی کی چمکدار پالش ۱۲ عدد پتیل کے بنے ہوئے صرف ۱۲ روپے میں ... خرچ ڈاک بارہ آنے پتہ ذیل سے طلب فرمائیں

ڈی، بی اینڈ کو کسرول مرادآباد یوپی

آپ کے بیمار

دنیا بھر کی کامیابی کا راز دو لفظوں میں ہے یعنی محنت کیجئے اور خوب محنت کیجئے ... [illegible]

بیماری ... [illegible]

عہد حاضر کا مایہ ناز طبی شاہکار

مسیح الملک کا علاج

[illegible]

دفتر مسیح الملک پوسٹ بکس نمبر ۵۹ دہلی

مینیجر مجلس الاطبا پوسٹ بکس نمبر ۵۹ صدر دہلی

غلامان اسلام

ادارے کی یہ مقبول عام کتاب کئی سال سے ناپید تھی اب اس کا جدید ایڈیشن آ گیا ہے۔ اس کتاب میں اُن مقتدر ہستیوں کے سوانح حیات اور کمالات و فضائل بڑی تحقیق و کاوش سے یکجا کئے گئے ہیں جن کو غلام ہونے کے باوجود اسلامی سوسائٹی میں عظمت و اقتدار کا فلک الافلاک سمجھا گیا ہے۔ اور جن کے کارنامے نقش دوام بن کر سینۂ عالم پر ثبت ہو چکے۔ غیر معمولی لاگت کے باوجود قیمت وہی رکھی گئی ہے۔ جو پہلے تھی۔ قیمت پانچ روپے آٹھ آنہ مجلد چھ روپے آٹھ آنہ

مکتبہ برہان۔ اردو بازار جامع مسجد دہلی

آزادی اور اسکا تجزیہ

از جناب اشرف بھوپالی

مضمون ذیل میں کوشش کی گئی ہے کہ آزادی کے ساتھ آزادی کے نتائج و ثمرات اور آزاد ملک کی مشکلات بھی ایک نظر سامنے آجائیں اور ہم اپنے شاندار مستقبل کے ساتھ اپنے تعمیری کاموں کا جائزہ لے سکیں۔ ضرورت تھی کہ استقلال وطن کی خوشیوں میں تعمیری نکتہ چینی کی ایک ہلکی سی چاشنی بھی شامل ہو۔ امید ہے کہ اس محققانہ مقالہ سے یہ ضرورت بآحسن طریق پوری ہو جائے گی۔ (ایڈیٹر)

کہنے کو تو ہندوستان کو آزاد ہوئے ایک سال کا عرصہ ہو گیا لیکن سوچنے والے دماغ ابھی تک جن مسائل پر غور کر رہے تھے وہ بدستور قائم ہیں۔ بہی نہیں بلکہ ان مسائل کی پیچیدگیوں میں اضافہ ہو گیا ہے ... [illegible]

ہیں دوسری طرف بعض راجے اور مہاراجے اپنے وجود کو برقرار رکھتے ہیں؟ ایک ہی قسم کے رنگوں سے حالت ... [illegible]

[illegible]

ترنگا جھنڈا

(از جناب سلطان حسین صاحب سلطان)

مرحبا قومی حکومت تیرا سہ رنگا نشان — جھک رہے ہیں تیرے قدموں پہ سیاہی نکھر و اں
آج تو ہے اور تیرے زیر نگیں سارا جہاں — تیرے دم سے رشک جنت بن گیا ہندوستان

کامیابی نے اڑا دیں دھجیاں تک رنج کی
مرحبا صد مرحبا کیا چال تھی شطرنج کی

وہ کٹھن منزل کہ ہمت بھی جہاں معذور تھی — جس کی ہر گھاٹی طلسم سامری مشہور تھی
پا برہنہ منزل مقصود کافی دور تھی — درحقیقت طاقت پرواز تک مجبور تھی

تیری انتھک کوششوں نے پا لیا اس کا نشاں
جس کی جانب بڑھ رہا تھا اہل دل کا کارواں

آج اپنے مرقدوں میں خوش ہیں بھارت کے سپوت — کیا پٹھان اور کیا برہمن کیا مغل کیا راجپوت
ہم تو قائم ہیں یہاں کے مسلم و ہندو اچھوت — لٹ گئی سوداگری باقی نہیں انٹی میں سوت

آفریں صد آفریں اے ہمت مردانہ وار
مٹ گیا تیرے مقابل تاجروں کا اقتدار

آج مولانا کے دل کی مٹ رہی ہے بیکلی — ہنس رہے ہیں خلد کے اندر میاں شوکت علی
آج انصاری و اجمل خاں کی کلفت مٹ چلی — کھلی ہو بھاش و ڈلیپائی کی پژمردہ کلی

آج خوش ہیں اپنے مرقد میں اسیر مالٹا
مدعا ہوتا ہے پورا آج موتی لال کا

دے رہا ہے درس راحت چشم نرگس کا خمار — چشم بد ہیں کور باشد جھومتا ہے سبزہ زار
کیسی رحمت ہے کہ ہر سو چھا گئے تسکین و پیار — بلبلیں خوش ہیں کہ پھر آئی گلستاں میں بہار

نور کے بادل برستے ہیں در و دیوار پر
اے خوشا ساعت بھگت کی روح خوش ہے دار پر

مدتوں تک جس کو سینچا دیدہ خوں بار سے — جس کے نگراں بارہا ٹکرا گئے تلوار سے
جس کی وسعت بھر گئی تھی قوم کے ایثار سے — جس کے میدان میں بیٹھے گر گئے معیار سے

آج اس کا فیض ہے دشت و بیار و راغ میں
دوستو پھل آ گئے جلیانوالے باغ میں

جن کی یہ تحریک آزادی تھی اک مثل خواب — ہو گیا قربان عروس ملک پر جن کا شباب
وہ مقدس رہنما جو مٹ گئے مثل حباب — کاش وہ بھی دیکھتے اپنی نظر سے انقلاب

تم نہ سمجھے لیکن اے سلطان ان کی چال کو
ان کی روحیں آ گئی ہیں جھنڈے کے استقبال کو

آزاد ہند میں ایک پرامن انقلاب

صفحہ ۱۲ سے آگے

۲۸ فروری - یونائیٹڈ اسٹیٹس آف متسیہ کے میثاق پر دستخط ہو گئے۔

۲۹ فروری ۱۹۴۸ء ریاست جوناگڑھ کے ۹۰ ووٹوں کے مقابلہ میں ایک لاکھ ۹۰ ہزار ووٹوں سے ہند میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔

۳ مارچ ۱۹۴۸ء - پدوکوٹہ مدراس میں مدغم ہو گئی ... [illegible]

۸ مارچ ۱۹۴۸ء حکومت بمبئی نے دکن کی ۱۷ ریاستوں کا انتظام سنبھال لیا۔

مشرقی پنجاب کی پہاڑی ریاستوں کے راجاؤں اور سرداروں نے اپنی ریاستوں کو حکومت ہند کو سونپنے کے معاہدہ پر دستخط کر دیے۔

۱۳ مارچ - وندھیا پردیش کے میثاق پر دستخط ہو گئے۔

۱۷ مارچ ۱۹۴۸ء ریاست ہائے گجرات کے فرمانرواؤں نے بمبئی میں مدغم ہو جانے کا فیصلہ کیا۔

۱۸ مارچ - یونائیٹڈ اسٹیٹس آف متسیہ کا افتتاح۔

۱۹ مارچ - ریاست ہائے گجرات کے فرمانرواؤں نے صوبہ بمبئی میں مدغم ہو جانے کے معاہدہ پر دستخط کر دیے۔

۲۵ مارچ - یونائیٹڈ اسٹیٹس آف راجستھان کا افتتاح

۴ اپریل - یونائیٹڈ اسٹیٹس آف وندھیا پردیش کا افتتاح

۱۷ اپریل ۱۹۴۸ء پٹودی مشرقی پنجاب کے ساتھ مدغم ہو گئی۔

۱۵ اپریل - مشرقی پنجاب کی ۲۱ پہاڑی ریاستوں نے یونین قائم کی۔ مرکزی حکومت ان کا ایک وحدت کی حیثیت سے انتظام کرے گی۔ اس یونین کا نام ہماچل پردیش رکھا گیا۔

۱۸ اپریل - راجستھان کی نئی ترتیب ادے پور کی شمولیت کے ساتھ افتتاح۔

۲۲ اپریل - گوالیار اندور اور مالوہ یونین کے میثاق پر دستخط ہو گئے۔

۴ مئی ۱۹۴۸ء فرماں روائے کچھ نے اپنی ریاست کا انتظام ہند کو سونپنے کے معاہدہ پر دستخط کر دیے۔

۵ مئی - پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے میثاق پر دستخط ہو گئے۔

۷ مئی - یونائیٹڈ اسٹیٹس آف کاٹھیاواڑ، راجستھان، وندھیا پردیش اور متسیہ کے راج پرمکھوں اور وزراء نے فیصلہ کیا کہ سب یونینوں کے راج پرمکھ از سر نو الحاق کی دستاویزوں پر دستخط کرنے چاہئیں۔

۱۸ مئی ۱۹۴۸ء سرائے کیلا اور کھرسوان کی ریاستیں بہار کو دے دی گئیں۔

۲۸ مئی ۱۹۴۸ء یونائیٹڈ اسٹیٹس آف گوالیار اندور اور مالوہ کا افتتاح۔ کچھ کا انتظام و انصرام ہند نے سنبھال لیا۔

۱۰ جون ۱۹۴۸ء گجرات کی وہ ریاستیں جنہیں الفاف سے متعلق پورے اختیارات تھے صوبہ بمبئی کے ساتھ مل گئیں۔

۱۵ جولائی - یونائیٹڈ اسٹیٹس آف پٹیالہ اور ریاست ہائے مشرقی پنجاب کا افتتاح۔

۱۶ جولائی - بھوپال میں راج پرمکھوں ہماچل پردیش اور اجمیر میواڑ کے چیف کمشنر ریاستہائے یونین کے وزراء ... اعظم صوبوں کے وزرائے اعظم کا ایک جلسہ ہوا۔

۱۷ جولائی - جس میں مجلس آئین ساز میں نیابت کے لئے ریاستوں کی از سر نو ترتیب پر غور کیا گیا۔

۱۸ جولائی ۱۹۴۸ء راج پرمکھوں اور ریاستی افواج کے اعلیٰ افسران نے سردار پٹیل سے ملاقات کی اور ان سے ریاستی افواج کی تعداد اور ان کی تنظیم کے متعلق گفتگو کی۔

آزادی کا پہلا سال

از ڈاکٹر شنکر داس مہرہ پی ایچ ڈی، ایم اے، بی ایس

ہندوستان (انڈین یونین اور پاکستان) کے باشندے اپنی آزادی کے پہلے سال پر نظر ڈال رہے ہیں ... [illegible]

[illegible]

... گورنمنٹ کی پالیسی ہے ... [illegible]

آزادی کی موت

آزادی کی موت غلامی کی زندگی سے بہتر ہے

[illegible]

(افسانہ)

آزادی کے درشن

اشرف صبوحی ایم اے

کھیا پور کے چھوٹے سے گاؤں میں ایک سنسان شام کو جبکہ ہوائیں چلنے کی آواز بھی سامعہ خراشی نہیں کر رہی تھی ایک گھنے درخت کے نیچے کلو، نتھو اور بدھو بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔ کلو نے چلم کا ایک زوردار کش لگاتے ہوئے کہا۔

کلو۔ ابے بھیا۔ آج دار وگہ جی (داروغہ) کہوت تھے۔ کہ بھارت کو آجادی (آزادی) مل گئی۔

نتھو۔ ابے الو کی دم پھاکتہ (فاختہ)۔ آجادی ملے تو سال بھر ہو گیو (ہو گیا)

بدھو۔ ابے جا۔ بڑا لاٹ ساب (صاحب) بنکے آیا۔ آجادی کہیں ملت ہے (ملتی ہے)۔

نتھو۔ رمیا کی ماں کی سوگند بھیا آجادی تو مل گئی۔

بدھو۔ کب ملی تجھے کیا کھبر (خبر)

کلو۔ ابے۔ دار وگہ جی سے پتا کہوت تے (کہتا تھا)

نتھو۔ بھیا رہنے دے۔ آجادی ہم کو لوں پر پڑی نہیں رہتی جو مل جائے۔

بدھو۔ ابے تو کیا ہمیں تمہیں ملے گی۔ بھیا وہ تو ہمارے نیتاؤں کو ملی ہوگی۔ بڑے بڑے لوگوں کو۔ ہم تم تو گریب (غریب) ٹھہرے

کلو۔ بات تو من کو لگتی ہے۔ مگر یار آجادی ہوتی کیسی ہے۔

نتھو۔ دار وگہ جی کا پتر کہوت تھا، کہ وہ ہیرے جیسی چمکت ہے۔ اور اس کی رنگت لال ہووت ہے۔

بدھو۔ ہائے ہائے مجھے کیوں نہ ملی، اور بھیا کتنی بڑی ہووت ہے۔

نتھو۔ ارے ہووے تو جرا سا ہے لیکن ہوتی ہے بڑی کیمت والی (قیمت والی)

کلو۔ یار کتنی کیمت ہوگی۔

نتھو۔ دار وگہ جی کا پتر کہوت تھا، کہ سنسار میں اس سے جادہ (زیادہ) کیمت کی کوئی چیج (چیز) نہیں۔

بدھو۔ یار اپن کو مل جائے تو پھر اپن تو لاٹ صاحب بن جاویں

کلو۔ ہاں یار ہے تو یہی بات۔ میرے منہ میں تو پانی بھر بھر آوت ہے

بدھو۔ مگر یار یہ آجادی ہے کہاں؟ کبھی دیکھیں تو۔۔۔

نتھو۔ ابے جا بے۔ کبھی تیرے باپ دادا نے بھی دیکھی ہے۔ ارے بھیا اس کو تو سب نیتاؤں نے بانٹ رکھی ہوگی۔ اور گھر میں چھپا کے رکھا ہوگا۔

بدھو۔ تو یار گھر پر کس جگو (جگہ) چھپائیں گے۔

نتھو۔ ارے یار اسی جگہ جس میں روپیا اور پیسہ رکھت ہیں!

بدھو۔ تو یار کسی (کبھی) چل کے دیکھیں

نتھو، کلو اور بدھو نے اسکیم بنائی کہ وہ چل کر آزادی کو دیکھیں۔ مگر سوال یہ تھا آزادی کو لیڈروں نے بانٹ کر تجوریوں میں چھپا رکھا ہے۔ اب اسے کیسے دیکھا جائے۔ چنانچہ طے ہوا کہ وہ نقب لگا کر لباس بدل کر جائیں۔ اور جب آدھی رات کو کسی لیڈر کے گھر نقب لگائی جائے۔ تجوری کو توڑا جائے۔ لیکن ۔۔۔ وہ چوری نہیں کرنی

چاہئے۔ بلکہ ہمارا مقصد تو صرف دیکھنا ہے۔ اس لئے اسے دیکھ کر وہیں واپس رکھ دیا جائے اور ایماندار وں کی طرح واپس آجائیں چنانچہ اس پر کثرت رائے سے فیصلہ ہو گیا۔ لیکن سوال پیدا ہوا کہ اب جائیں کیسے۔ یہ مسئلہ بھی جلد حل ہو گیا اور یہ طے پایا کہ لباس بدلا جائے۔ اور وہ اس طرح کہ نتھو کے کپڑے کلو پہنے۔ اور کلو کے کپڑے بدھو پہنے۔ اور بدھو کے کپڑے نتھو پہنے۔ اس طرح بھیس بدل جائے گا۔ اور وہ پہچانے نہیں جا سکیں گے۔

چنانچہ ایک دن مقرر ہوا۔ اور تینوں اس دن وقت مقررہ پر گاؤں کے باہر ایک درخت کے نیچے جمع ہوئے۔ اس وقت کوئی رات کے گیارہ بجے ہوں گے۔ رات کو روانگی اس لئے رکھی گئی تھی، کہ اگر دن کو چلے اور کسی نے پوچھ لیا کہ کہاں جا رہے ہو تو جواب کیا دیں گے۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ اپنی اسکیم کو دوسروں پر ظاہر کریں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسرے بھی ان کے ہمراہ آزادی کے درشن کرنے چلیں۔

جب تینوں جمع ہو گئے تو لباس تبدیل ہونے لگا۔ نتھو نے کلو کے کپڑے پہنے۔ کلو نے بدھو کے کپڑے اور بدھو نے نتھو کے کپڑے

پہن لئے۔ تو تینوں چلنے پر آمادہ ہو گئے۔ احتیاط کے طور پر تینوں نے ایک ایک لکڑی بھی اپنے ساتھ رکھ لی تھی۔ کہ کہیں کسی جانور کا سامنا نہ ہو جائے۔ انہیں یہ تو معلوم نہیں تھا کہ سفر کتنا طویل ہے اور کتنے دن صرف ہوں گے۔ وہ گھروں سے کھانا بھی خوب کھا کر چلے تھے۔ پھر بھی ناشتہ کے طور پر انہوں نے تھوڑا تھوڑا ناشتہ بھی اپنے ساتھ رکھ لیا تھا۔

چلنے کے لئے انہوں نے لکڑیاں اٹھائی ہی تھیں کہ انہیں یاد آیا کہ کہاں جائیں۔ سوال واقعی نہایت اہم تھا۔ تینوں دیہاتی دماغ اس سوال پر غور کرنے کے لئے مستعد ہو گئے۔ آخر بدھو کی دیہاتی عقل کام آئی۔ اور لبوں پر ایک ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ بولا۔

"بھیا وہیں چلو۔ جہاں اپنے نیتا رہتے ہیں"

بات معقول تھی تینوں کی سمجھ میں آ گئی۔

لیکن فوراً ہی ایک دوسرے سوال نے انہیں آگھیرا، کہ نیتا کہاں رہتے ہیں؟ یہ سوال پہلے سے زیادہ مشکل تھا۔ لیکن کلو تینوں میں سب سے زیادہ سیاست داں تھا۔ وہ دیر تک اس اہم ترین مسئلہ پر غور کرتا رہا۔ بالآخر اس کی سمجھ میں آ گیا اور اس نے بڑے مفاخرانہ انداز میں کہا۔

"ابے یار میری سنو تم بدھو بدھو، ہمارے نیتا دلی میں رہوت ہیں دلی میں"

مشکل حل ہو گئی۔ سب نے کلو کی سیاست دانی کیا، بلکہ ہمہ دانی پر صاد کیا۔ اور تینوں دلی کو روانہ ہو گئے۔

دلی پہنچ کر ان کو ایک اور مشکل پیش آئی اور وہ یہ کہ ان نیتاؤں میں سے کسی ایک کے گھر کو

تلاش کیا جائے۔ جنہوں نے آپس میں آزادی بانٹ رکھی ہے۔ بہرحال یہ مشکل بھی کسی طرح حل ہو گئی۔ اور انہیں کسی ایک ایسے نیتا کا گھر معلوم ہو گیا۔ جس نے بھی ان کے یقین کے مطابق آزادی کی بانٹ میں حصہ لیا تھا۔ اس علم کے بعد ان کی مسرت کی انتہا نہ رہی۔ اگر کسی مزدور کو شہنشاہ جارج کا تاج و تخت بھی مل جاتا، تو شاید اسے یہ دولت نصیب ہو تی۔ لیکن قسمت کے ماروں کے لئے قدم قدم پر مشکلات تھیں۔ گاؤں کے سیدھے سادے بھلا کیا جانیں کہ شہروں میں نقب کس طرح لگتی ہے۔ ان کے پھٹے دماغ میں تو صرف اتنا آتا ہے کہ کسی لوہے کی چیز سے کچی دیوار کو توڑ لیا۔ اور اندر گھس گئے۔ لیکن یہ رہا شہر کا مکان، اینٹ اور چونے کی تعمیر۔ بھلا ان کے بس میں کہاں، کہ اس کو توڑ سکیں۔ لیکن ارادہ ہمیشہ راہ پیدا کر ہی دیتا ہے۔ پہلے تو غریبوں نے سوچا کہ دروازے سے داخل ہونے کی کوشش کی جائے لیکن فوراً اس کا ناممکن ہونا ان پر ظاہر ہو گیا۔ بھلا ان کو کون اجازت دے سکتا تھا، کہ وہ گھر میں داخل ہو جائیں۔ یا کون انہیں تجوری میں سے آزادی جیسی بیش قیمت چیز کو نکال کر دکھا سکتا تھا۔ بالآخر یہی طے پایا کہ نقب لگائی جائے۔ اب دیوار اور وہ بھی پختہ دیوار توڑ پھینکنے کے لئے کوئی چیز کہاں سے فراہم کی جائے۔ یہ مشکل تمام یہ مرحلہ بھی طے ہو گیا۔

رات کا سہانا وقت۔ آسمان پر بادل اور وہ بھی کالے زلف سے بادلوں کی طرح کالے بادل چھائے ہوئے ہیں ہر طرف تاریکی ہی تاریکی

کا دور دورہ ہے یوں کہئے کہ لیلیٰ شب نے سیاہ نقاب اوڑھ رکھی ہے۔ ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہیں دیتا۔ اور یہ تینوں نیتا کے مکان پر نقب لگانے جا رہے ہیں۔

تینوں نے مکان کے چاروں طرف چکر کر خوب دیکھا بھالا۔ اور نقب لگانے کے لئے پیچھے کی دیوار کا انتخاب کیا۔

کلو تینوں میں زیادہ قوی تھا۔ دیکھنے میں چوڑا چکلا چست و تندرست۔ اس نے لوکدال کو اٹھایا۔ اور زور سے دیوار پر دے مارا۔ دیوار ہل سی گئی۔ رات کے بارہ بجنے کے ایک دھماکے سے کچھ کام نہیں چلا۔ پھر مردانہ وار ہاتھ پر ہاتھ مارنے ۔۔۔۔۔ دھم ۔۔۔۔۔ دھم ۔۔۔۔۔ دھم ۔۔۔۔۔ دھم ۔۔۔۔۔ دھم ۔۔۔۔۔ گھر والوں کی آنکھ کھل گئی۔ لوگ باہر نکل آئے اور تلاش ہونے لگی۔ کہ یہ آواز کہاں سے آ رہی ہے ۔۔۔۔۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے پیچھے کی دیوار تک پہنچ گئے۔

یہاں کلو۔ نتھو۔ اور بدھو کھڑے تھے کلو اپنے کام میں مصروف تھا۔ لوگوں کو آتے دیکھا، تو ہاتھ روک لیا۔ لوگوں نے غل مچایا ۔۔۔ ڈاکو ۔۔۔ ڈاکو ۔۔۔۔۔ ایک شخص دوڑا دوڑا گیا۔ اور تھانہ میں اطلاع دی ۔۔۔۔ پولیس موقعہ واردات پر پہنچ گئی ۔۔۔ تینوں کو گرفتار کر لیا گیا ۔۔۔۔۔

نیتا جی بھی باہر نکل آئے ۔۔۔

نیتا۔ ارے کم بختو! میرے گھر میں کیا رکھا ہے، جو تم ڈاکہ ڈالنے آئے۔

کلو۔ ہجور۔ ہم آجادی کے درشنوں کو آئے ہیں۔

نیتا جی کچھ نہیں سمجھے کہنے لگے بدمعاش! لے جاؤ انہیں تھانے میں۔

نتھو۔ ہجور آجادی ۔۔۔ میں کیا درشن کرا دیجئے

بدھو۔ ہجور ہم چوری کرنے نہیں آئے ہیں آجادی کے درشن کو آئے ہیں۔ تاکہ آپ کے گھر میں آجادی آ گئی ہے۔

نیتا۔ گدھے کہیں کے۔ الو کے پٹھے۔ تم اور آزادی؟ کمبخت ہو آزادی جا رہے ہیں جا رہے ہیں۔

نتھو، کلو اور بدھو آپس میں "گریبوں کو آجادی کہاں ملت ہے بھیا!"

بقایا مولانا عبیداللہ سندھی

دیوبند (صفحہ ۔۔ سے آگے)

مولانا نے ایک موقعہ پر دیوبند کے مکتب خیال پر گفتگو کرتے ہوئے فرمایا۔

"جب کبھی ہندوستان میں روسی انقلاب آیا تو ممکن ہے کہ ہندوستان کے مذہبی اداروں میں دیوبند کا خیال قائم رہ جائے۔ کیونکہ ہم نے اور ہمارے شیخ یعنی حضرت شیخ الہند رحمتہ اللہ علیہ نے روس سے دیوبند کا تعارف ایسے انقلابی اسلامی فکر کے ذریعہ کرایا ہے جس فکر سے سوشلزم کی تحریک کو پورا تعاون حاصل ہوتا ہے۔"

بچو والو یہ یاد رکھو

حکیم ۔۔۔ پرشاد گرمال علی گڑھ کی اعلیٰ رجسٹرڈ

بال جیون گھٹی

بچوں کی ہر ایک بیماری کو دور کرتی اور بچوں کو تندرست و خوبصورت بناتی

ذرا سی مقدار میں چٹا دیجئے

بچے کبھی ہرگز بیمار نہیں ہونگے، دانت بڑی آسانی سے نکل آئیں گے سب جگہ فروخت ہوتی ہے ۔۔۔ نقلی جعلی گھٹیوں سے بچیں

قیمت فی شیشی ۔۔۔ علاوہ محصول ۔۔۔ سوداگر و دکانداروں کو مفت ۔۔۔

المشتہر منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ (یو۔ پی)

ندوۃ المصنفین دہلی

کی

چند جدید اور بلند پایہ مطبوعات

"ترجمان السنۃ"

یعنی احادیث نبوی کا مکمل و مستند عظیم الشان مجموعہ

یہ کہنا مبالغہ سے پاک ہے کہ ارشادات نبوی کا اتنا جامع اور مہتم بالشان مجموعہ اب تک ہماری زبان میں شائع نہیں ہوا تھا۔ اس مبارک مجموعے کی ترتیب میں حدیث کی مشہور کتابوں کے علاوہ مسند احمد۔ مجمع الزوائد۔ سنن کبریٰ بیہقی اور حکومت مصر کی زیر نگرانی شائع کی ہوئی کتاب "التاج الجامع الاصول" کو خاص طور پر سامنے رکھا گیا ہے۔ "التاج" میں صحاح ستہ کی حدیثیں نئے عنوانوں کے ساتھ درج کی گئی ہیں۔ ترجمان السنہ میں ان حدیثوں پر بہت کچھ اضافہ کیا گیا ہے اور احادیث کے بہت سے مستور اور چھپے ہوئے فائدوں کو جدید عنوانوں کے نیچے لایا گیا ہے۔ کتاب کی ترتیب یوں قائم کی گئی ہے۔

(۱) متن مع اعراب، خط نہایت صاف اور روشن

(۲) سلیس اور عام فہم ترجمہ۔ (۳) ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ

(۴) ہر کتاب کے خاتمہ پر اس کتاب کی حدیثوں کے مضامین کے متعلق ایک اور سیر حاصل بحث۔ شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جس میں ارشادات نبوی کی اہمیت اور حدیث کے درجۂ استناد و اعتبار کی سیر حاصل اور ناقدانہ بحثوں کے علاوہ دیگر مضامین متعلقہ مثلاً تدوین حدیث کی تاریخ۔ مقام رسالت و نبوت خاص خاص حدیثوں کی نسبت کلامی بحثیں ان تمام حقائق پر ایسی بصیرت و مہارت کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے کہ فن حدیث کا کوئی گوشہ تشنہ نہیں رہا ہے۔ دین کے چاروں اماموں اور بعض اُن مشہور ائمہ حدیث کے ضروری حالات بھی دیئے گئے ہیں جن کی کتابوں سے اس مجموعے کو مرتب کیا گیا ہے۔ ابھی اس عظیم الشان کتاب کی صرف جلد اول طبع ہوئی ہے۔ قابل دید اور لائق مطالعہ کتاب ہے صفحات جلد اول ۵۹۶ تقطیع بڑی ۲۹×۲۲ قیمت غیر مجلد دس روپے۔ قیمت مجلد چرمی عمدہ بارہ روپے

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی

تپدق (T.B) - اور پرانے بخارات کے مریضو۔ غور سے پڑھو

بھارت کے پوجیہ رشیوں کی کھوج (ریسرچ Research) کا حیرت انگیز نظارہ جبری

جناب بی۔ بی۔ اکھلانے ٹکٹ کلکٹر ریلوے اسٹیشن آگرہ سٹی کا دل ہلا دینے والا خط

میں تاریخ یکم مئی ۔۔۔ کو ۔۔۔ پہنچا ۔۔۔ بیٹھے ادھر ادھر کی باتیں کر رہے تھے ۔۔۔ کھانسی کا ایک ٹھسکا آیا ۔۔۔ پہلا ٹھسکا آیا تو کوئی خیال نہ کیا۔ ایک منٹ کے بعد دوسرا اور پھر تیسرا ٹھسکا آیا۔ منہ میں پانی کی طرح سے پتلی کوئی چیز معلوم ہوئی۔ دل میں کچھ شک ہوا۔ ۔۔۔ روشنی میں دیکھا تو خون تھا۔ خون تیزی سے گرنے لگا۔ سانس گلے سے نیچے آنا بند ہو گیا۔ ایسا معلوم ہونے لگا کہ کچھ ہی منٹوں میں ہارٹ فیل ہو جائے گا۔ پاس بیٹھنے والے بھی گھبرائے۔ دوڑ شروع ہوئی۔ پہلے ایک حکیم صاحب کو بلایا۔ نبض وغیرہ دیکھ کر کہنے لگے کہ دیسی علاج سے خون دیر میں بند ہوگا کسی ڈاکٹر کو بلا کر انجکشن کرایا جائے۔ جس میں خون جلدی بند ہو جائے ۔۔۔ ڈاکٹر کو بلانے کے لئے آدمی دوڑا۔ قریباً پون گھنٹہ میں ڈاکٹر صاحب کا تانگہ آیا۔ پہلا انجکشن دیا۔ خون جمنے لگا۔ پھر دوسرا انجکشن کیا جمے ہوئے خون کے ٹکڑے گلے کے باہر آنے لگے۔ ۔۔۔ بیماری کبھی نہیں دیکھی تھی۔ نصف گھنٹہ میں جس قدر جما ہوا خون تھا سب نکل آیا۔ طبیعت کچھ ہلکی معلوم ہوئی۔ تیسرا انجکشن دے کر ڈاکٹر صاحب جانے لگے تو اپنی فیس طلب کی ۔۔۔ اس طرح سے ۴۵ روپے لے کر رخصت ہوئے۔ جاتے وقت کہہ گئے کہ صبح دوا منگا لینا اور پھر دوسرے روز انجکشن ہوگا ۔۔۔ علاج کم از کم ایک ماہ چلنا چاہئے۔ ۔۔۔

۔۔۔ (Sick Report) سک رپورٹ بھی دی گئی۔ دوسرے دن ڈاکٹر بھی آئے ۔۔۔ صبح دوا آئی۔ تین خوراک کی قیمت ڈیڑھ روپے ہے کمزوری میرے جسم میں اس قدر تھی کہ بیان نہیں کر سکتا ہوں۔ ڈاکٹر صاحب کے کہنے کے مطابق بارہ دن میں چھ انجکشن لئے جن کی قیمت ساٹھ روپے دیئے۔ پندرہ روز تک دوا جاری رہی لیکن کمزوری وغیرہ میں کوئی فرق نہیں ہوا۔ دل پریشان ہوا۔ علاج بند کیا اور دوسرے ڈاکٹر کے پاس پہنچا تسلی کے الفاظوں کے ساتھ علاج شروع ہوا۔ ۔۔۔ ڈاکٹروں کو لوٹنے کا موقعہ ملا۔ ہر ایک ڈاکٹر سوائے تسلی کے الفاظ کے اور کچھ نہ کر سکا ۲۲ جون تک پانچ ڈاکٹروں کا علاج رہا لیکن حالات میں کوئی فرق نہ ہوا۔ اس عرصہ میں قریباً تین سو روپیہ خرچ ہوا۔ میری اوقات ہی کتنی ہے۔ گھر میں دس یا پندرہ روپیہ نقد تھا۔ اس کے بعد عورت کا زیور بکنا شروع ہوا۔ اس کی حالت مجھ سے دیکھی نہیں جاتی۔ میں فقیر ہو گیا ہوں۔ بیمار رہنے کی وجہ سے تنخواہ سب کٹتی گئی۔ ایک پیسہ بھی پاس میں نہ رہا۔ عورت اور بچوں کو بھوک سے تڑپتا ہوا دیکھا نہیں گیا۔ لاچار ہو کر ۲ جون سے سب علاج بند کر کے ڈیوٹی پر آ گیا جس میں تنخواہ کا کچھ تو بھروسہ ہو جائے۔ مجھے تنخواہ ہی کیا ملتی ہے اگر پورے ماہ کی تنخواہ ملے تو ۶۰ روپے ہر آنے ہوتے ہیں۔ بیماری میں رہنے کی وجہ سے دو روپے پانچ آنے روزانہ کے حساب سے کٹتے ہیں۔ سات آدمیوں کی پرورش کا بوجھ سر پر ہے کیسے جیون کا ٹرپا دیکھتا ہوں۔ کمزوری کی حالت میں ہی ڈیوٹی پر آنا پڑا۔ سوائے نوکری کے کوئی دوسرا ذریعہ نہیں۔ اپنی زندگی سے مایوس ہو کر ایک روز "سینک" اخبار آگرہ کا دیکھ رہا تھا کہ جبری (JABRI) کے اشتہار پر نظر پڑی دیکھا اور سوچا کہ جو دوا زندگی سے ناامید ہوئے مریضوں کو بھی اٹھا کر کھڑا کر سکتی ہے۔ اس دوا سے میرا مرض کیوں دور نہیں ہوگا۔ ضرور ہوگا۔ بس فوراً آپ کی خدمت میں دوا کے لئے خط ڈال دیا۔ وی۔ پی آنے پر فوراً وصول کر کے بموجب ترکیب استعمال دوا شروع کر دی۔ واہ دوا کی طاقت۔ اس پاک پرور دگار کی سچی کرامات۔ پانچ خوراک کے بعد ہی جسم میں زمین و آسمان کا فرق دکھلائی دینے لگا۔ ایک ہفتہ میں تقریباً بارہ آنے جسم ٹھیک ہو گیا۔ میں پورا تندرست ہونے تک برابر علاج جاری رکھوں گا لیکن غریبی کی وجہ سے پورے چالیس دن تک دوا ایک ساتھ نہیں منگا سکتا ہوں برائے مہربانی پہلے کی طرح سے ہی دس روز کی دوا فوراً روانہ کر دیں۔ یہ خط لکھ کر میں نے آپ کا کافی وقت لیا ہے معاف فرمایئے گا۔ امید ہے ۲۹ ر ۳۰ تاریخ تک آپ کا پارسل آ ہی جاوے گا۔ فقط۔

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو اب بھی سمجھو اسی قسم کے بیسیوں تعریفی جبری کے بارے میں پہلے بھی آپ ان ہی کالموں میں دیکھ چکے ہیں۔ ہندوستان کے کونے کونے میں لوگوں نے یہ مان لیا ہے۔ اس خوفناک مرض سے مریضوں کی جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ جبری (JABRI) ہی ہے۔ جبری کے نام میں ہی عبادت کے قابل تعظیم رشیوں اور ولی اللہ لوگوں کی روحانی طاقت کا کچھ ایسا راز پوشیدہ ہے کہ اول روز سے ہی اس خوفناک مرض کے جراثیم ہلاک ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ سب طرف سے ناامید ہو چکے ہیں تو اس پاک پروردگار کا نام لے کر ایک بار "جبری" کی آزمائش کریں۔ اسی آزمائش کے لئے ہم نے دس روز کا نمونہ بھی رکھ دیا ہے تاکہ تسلی ہو سکے بس فوراً آرڈر دے کر مریض کی جان بچاویں ورنہ پھر وہی کہاوت ہوگی "اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت" سینکڑوں ڈاکٹر، حکیم، وید صاحبان اپنے مریضوں پر استعمال کر کے نام پیدا کر رہے ہیں اور بیشمار آرڈر دیتے ہیں۔ تار کے لئے ہمارا پتہ صرف جبری۔ جگادھری (JABRI JAGADHRI) کافی ہے۔ تار دیں تو اپنا پتہ پورا دیں۔ قیمت اس طرح ہے۔ جبری اسپیشل نمبر ۱۔ امیروں کے لئے جس میں ساتھ ساتھ طاقت بڑھانے کے لئے سونا، موتی، ابرک وغیرہ کے قیمتی کشتہ جات بھی شامل ہیں۔ مکمل چالیس روز کا کورس ۵۰ روپیہ نمونہ دس روز صرف ۲۰ روپیہ جبری نمبر ۲ جس میں قیمتی جڑی بوٹیاں شامل ہیں مکمل کورس ۲۰ روپے نمونہ دس روز صرف چھ روپے محصول ڈاک وغیرہ علیحدہ ہے۔ آرڈر میں اخبار کا حوالہ نیز نمبر ۱ یا نمبر ۲ ضرور تحریر کریں فوراً آرڈر دے کر مریض کی جان بچائیں۔ جلد حاصل کرنے کے لئے قیمت بذریعہ منی آرڈر روانہ کریں تاکہ فوراً پارسل بھیج دیا جائے۔

ملنے کا پتہ:- رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رئیس اینڈ بینکرز (۴۵) جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P

ایک دلچسپ مضمون

اودھ کی سلطنت کو زندہ کرنے کی طفلانہ کوششیں

آزادی کی تاریخ کا ایک دلچسپ باب!

گذشتہ سال ۱۵ اگست کو جب ہندوستان میں برطانوی اقتدار کا خاتمہ ہوا تو ... سالہ شہزادہ یوسف مرزا نے اپنے شاہ اودھ ہونے کا اعلان کر دیا۔ اور ان کا لقب ابوالفتح معین الدین ثریا جاہ سلطان زماں نوشیرواں عادل حضرت شاہ قرار پایا۔ اس موقع پر جس سلطان زماں کے حامیوں کو جو سب سے بڑی الجھن پیش آئی وہ یہ تھی کہ تاجپوشی کی رسم کہاں ادا کی جائے۔ اس قسم کی رسمیں اور ایسے تاریخی دربار جن محلوں میں انجام پاتے تھے انھیں انگریز حکومت برطانیہ اودھ کے الحاق کے بعد ضبط کر چکی تھی۔ اودھ کے سابق حکمران واجد علی شاہ کے دیگر محلات بھی اسی طرح حکومت کے قبضہ میں تھے۔ آخر ... سابق وزیر کی قیام گاہ پیش کی ... میں انجام پائے۔

تاجپوشی کی رسم ... شاہ ... کی گئی ... نوجوان کا مذاق ... کے مطابق تمام رسموں کو بڑی شان و شوکت اور کروفر سے انجام دیا گیا۔ شاہ اودھ کے روحانی مرشد شمس العلماء مولوی ابن حسن صاحب اور شاہی خاندان کے معمر ترین فرد شہزادہ ہادی حسین مرزا نے تاج بادشاہ کے سر پر رکھا۔

نئے بادشاہ کا پہلا فرمان!

اس موقع پر نئے بادشاہ کی طرف سے ایک ... ورقی فرمان بھی جاری کیا گیا جس میں اودھ کی عنان حکومت سنبھالنے اور ... کا ذکر تھا اور رعایا کی خوشی ... حکومت ... کرنے کے ارادہ کا اظہار تھا۔ فرمان کے آخر میں ... اور ... کی گئی تھی اور رعایا کو خبردار کیا گیا تھا کہ ... موجودہ "غاصب" حکام کو ... تعاون کرے۔

تاجپوشی کے دن سے نئے بادشاہ نے زمانہ کے ساتھ ... شاہانہ روایات کو خیرباد ... ایک بادشاہ ... بادشاہ ... بادشاہ ... خاک ... ہی ...

رحلت۔ وہ واجد علی شاہ کی واحد زندہ دختر تھیں۔ لکھنؤ میں کرایہ کے ایک دو منزلہ مکان میں انھوں نے اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کی۔ مرحومہ اسی مکان میں ... سال سے مقیم تھیں۔ اودھ کی حکومت کو واپس لینے کے سلسلہ میں ان کا آخری کام تھا کہ انھوں نے ایک ایسی دستاویز پر دستخط کئے جس میں شاہزادہ یوسف کی حمایت کی گئی تھی۔

ایسی بھی عورتیں ہوتی ہیں جو اپنی ... اور غریبی کے دنوں میں بھی اپنی سابقہ حشمت اور شوکت کو نہیں بھولتیں شاہزادی نصیر ... بیگم بھی اسی قسم کی عورت تھیں۔ ... بعد ... آمدنی ڈھائی سو روپیہ کا وہ مختصر وظیفہ تھا جو ان کو حکومت کی طرف سے ملتا تھا لیکن وہ اپنے آخری دم تک دربار اودھ کے شاہی آداب اور رسوم کی سختی سے پابند رہیں۔ ... شادی کے بعد سے کبھی اپنے گھر سے باہر نہیں نکلیں۔ ... عورتوں کو ... باہر کی دنیا ... پیدا ہی ہوئی لیکن انھوں نے ... کے نام ... وہ شاہی خاندان کی اس پرانی روایت کو ہر قیمت پر برقرار رکھنا چاہتی تھیں۔ یہ شاہزادی مرنے کے بعد اپنی چھوٹی بہن شہزادی بزم آرا بیگم کے پہلو میں دفن ہوئیں اور صرف چند قریبی رشتہ داروں نے جنازہ میں شرکت کی۔

شاہزادہ کے داخلہ پر پابندی

شاہزادہ یوسف ... کے لکھنؤ میں داخلہ پر جو پابندی تھی اگرچہ اس کو اٹھے ہوئے بیس سال گذر چکے ہیں لیکن وہ اپنے بزرگوں کے قدیم دارالسلطنت لکھنؤ میں بہت کم جاتے ہیں۔ اس سے پرانی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ اس وقت بھی وہ کلکتہ میں رہتے ہیں۔ جہاں انکے دادا سلطان عالم واجد علی شاہ نے جلاوطنی میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا تھا۔ ... نئے طرز کے مکان میں عہد جدید کی آسائشوں اور دلچسپیوں میں ... زندگی گذار رہے ہیں۔

اودھ کے ... بادشاہ اور شہزادہ کی ... کا بھی ... شاہی ... جاسکا۔

اودھ کے بادشاہوں کی طرز معاشرت کا نمونہ ...

... بادشاہ کی ...

شاہی خاندان کی تاریخ

یہ اپنے ... کو میر محمد امیر کی اولاد میں ہیں جو نسلاً ایرانی تھا۔ وہ ... میں دہلی ... مغل سلطنت کے ... میں سکونت اختیار کی۔ وہ ... تھا۔ ایک ... محمد شاہ کی جان بچائی۔ یوں اس کی قسمت کا ستارہ چمکا۔ بادشاہ نے اس کو سعادت خاں برہان الملک بہادر جنگ کا خطاب دیکر پہلے آگرہ اور بعد میں اودھ کا گورنر مقرر کیا۔ ... میر محمد امیر اور اس کی اولاد مغل بادشاہوں کے نام پر اودھ میں حکومت کرتی رہی۔ اودھ کا گورنر نواب وزیر کہلاتا تھا۔ ... نواب وزیر غازی الدین حیدر نے ... پاکر اپنی بادشاہت کا اعلان کیا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حمایت حاصل کرکے ... آپ کو بڑا خوش قسمت ...

... بادشاہوں نے ... کمپنی نے ... روپے وصول کئے۔

آخری بادشاہ کی معزولی

۱۸۵۶ء میں آخری بادشاہ واجد علی شاہ کی تخت نشینی کے ... سال بعد کمپنی نے انکو ... قرار دیکر انکی سلطنت ضبط کر لی۔ ... بادشاہ نے لندن جانے ... پنا لیا ... پنشن ... کلکتہ ... کا سفر ... قیدی ...

ایک لکھنؤ ... سرمایہ

واجد علی شاہ ... اپنی سلطنت کو برقرار ... ہاتھوں ... خزانہ ... حاصل کرکے ... ایک لاکھ روپے سالانہ کی رقم مقرر کر دی تھی لیکن بادشاہ کی وفات کے بعد ... کر ... فرد ...

... سب سے بڑا صدمہ ... شاہزادہ ... زندگی ... کو ... ان کے ...

شاہی خاندان کی موجودہ حیثیت

... شاہی خاندان کے ... لکھنؤ ...

زوال کی عبرتناک داستان

ایک ... شہزادہ ... مرزا ... آپ اس ... ملیں تو آپ ... اگر ... مت ... کو ... چھوڑ ... روپیہ ... کی آمدنی ہوتی ...

ایک اور شہزادہ ... مرزا کی زندگی رنج و ملال کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ دن بھر ایک محلہ ... کا محل ... کا کام کرتے رہتے ہیں۔ ... بھر کی محنت کے بعد ... ملتا ہے ... شام ... ہوکر وہ ... مسجد کے سنہری گنبدوں کو جن پر ڈوبتے ہوئے سورج کی آخری کرنیں ناچتی ہوتی ہیں حسرت سے تکا کرتے ہیں۔ اس طرح گذشتہ بادشاہوں کے جاہ و جلال اور شان و شوکت کی تصویر ان کی نظروں میں پھرنے لگتی ہے۔ وہ گھنٹوں کسی ناقابل بیان تصور میں ڈوبے وہیں کھڑے رہتے ہیں۔ جلد ہی وہ دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو جاتے ہیں۔ آخر ان کا کوئی ہمسایہ انکو ان کے گھر پہونچا دیتا ہے۔

لیکن تمام شاہزادے ابھی اس طرح مفلوک نہیں۔ بعض آرام سے زندگی ... ایک شہزادہ سلطان ... حیدر ...

دادا اور پوتا

اپنے دوستوں میں نواب ... صاحب کے نام سے موسوم ... شہزادہ ... بادشاہ کی ... شہزادی ... بیگم ... دولت ... لیکن ... خاندانی ... کو ... خاصا ... جب ... ایک ... کہ ... گیا۔

... مدارات ... نوبت ... کی ... داستان ... ان کا ... اودھ کے ... کی عبرت انگیز داستان!

شام

روشنی شام کی چادر میں بدلنے کے قریب

پرسکوں ہوتی ہیں جب دریا کی کچلتی لہریں

اور جب سیکڑوں طیور کے گرجتے گھڑیال

بھو کے طبقے پہ رحم کھاتے ہیں۔

برف پوش بلند کہساروں سے پرے

اور ذرا دور۔

ڈھلکتے ہوئے آفتاب کے پاس

سرخ ہو جاتے ہیں مغرب کے

سرسے آپ ہی آپ۔

مضامین کاغذ کے ایک طرف لکھکر بھیجیے۔

سردار پٹیل کا پیغام

(صفحہ ۲ سے آگے)

... داروں کا مقابلہ کرنا پڑا۔ پھر بھی عوام کی مخلص مدد، رضاکار جماعتوں کی محنت اور دوسرے ملکوں میں ہمارے دوستوں کی فراخدلانہ مدد سے ہم نے ان مشکلات پر قابو پا لیا۔ جن سے ہماری آزادی کی بنیاد کو ہی خطرہ پیدا ہو گیا تھا ان جھگڑوں کو دور کرنے اور ان کے مقابلہ میں مصروف ہونے کی وجہ سے ہم پوری طرح اپنی اقتصادی اور سماجی گتھیوں کو سلجھانے کا کام نہیں کر سکے حالانکہ ان کا حل جلدی سے جلدی تلاش کرنا چاہیے تھا لیکن یقین کیجیے ان کا حل ہمہ تن کوششوں کا محتاج تھا ہم نے بیکار اسباب کی کوشش کی کہ سانس لینے کی مہلت ملے تاکہ ہم امن اور تعمیری کاموں کی طرف بھی دھیان دے سکیں ایسے کاموں کی طرف توجہ دے سکیں جن سے ہمیں جنگ کی کامیابیوں کے برابر ہی کامیابیاں نصیب ہوں۔

سب سے بڑا حادثہ

مجھے اس امر کا احساس ہے کہ پچھلے برس ہمارے دلوں میں جو گھاؤ لگے تھے وہ ابھی تک ہرے ہیں ابھی ہمارے سامنے لاکھوں شرنارتھی ہیں جن کا مطالبہ ہے کہ ہمیں جلد سے جلد بسایا جائے اور سر چھپانے کی جگہ دی جائے۔ جموں اور کشمیر کی سرزمین میں اب بھی غیر ملکی لوگوں کے گروہ موجود ہیں ملک کی تقسیم سے جو غیر یقینی حالت پیدا ہو گئی ہے۔ ابھی وہ دور نہیں ہوئی۔ اس سال کا سب سے بڑا غمناک حادثہ راشٹر پتا کا قتل ہے ابھی تک ہمارے دلوں پر اس کا اثر ہے ہم نے اس روشنی کو کھو دیا جس نے ہمیشہ اندھیرے میں راستہ دکھایا اور اس کا ہمیں سب سے بڑا احساس ہے اور ہر اقتصادی مورچے پر ہم بے جا اطمینان، اتحاد و تعاون کی کمی، کارخانہ داروں اور مزدوروں میں صلح اور سمجھوتہ کے فقدان اور حب الوطنی کے جذبہ پر دھیان نہ دینے کی سزا بھگت رہے ہیں۔

اس لئے پچھلے سال میں ہم نے کچھ امیدوں کو پورا کیا اور کچھ اندیشوں کو غلط ثابت کیا مجموعی طور پر ہم نے بہت سی ان دشواریوں کو دور کر دیا جو ہمارے سامنے آئیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اب ہمارے دل گذشتہ غموں اور آنے والے زمانے کے خطروں سے بھرے ہوئے ہیں لیکن میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جس حالت سے ہم نے آزادی حاصل کی ہے اور اس کا آغاز کیا ہے۔ اگر وہی ہماری رہنمائی کرتا رہا اور ہم نے سوراج کے پہلے سال میں مشکلوں اور خطروں کا جس پکے ارادے سے اور نہ ہارنے والی ہمت سے مقابلہ کیا اور ہم نے سپاہیوں کی طرح ضبط سے کام لیا اور اپنی ذمہ داریوں کا خیال کیا تو ہم مستقبل کے متعلق پرامید ہونے میں حق بجانب ہیں۔

دو رخی پالیسی

ہندوستان کی تاریخ میں ایک برس بعد ہم اس بڑے جغرافیائی علاقے کو ایک کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں جسے ہندوستان کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یکجہتی اور ملک کے انتظام کو مضبوط بنانے کا کام اب تیز رفتاری سے ہونا چاہیے۔ ہمیں اپنی اقتصادی گتھیوں کو سلجھانے کے لئے بلند ہمت، اٹل ارادے، باہمی تعاون اور دوستی کے جذبہ سے کام لینا چاہیے۔ اپنے غیر ملکی تعلقات میں ہمیں ان ملکوں سے جن سے ہم نے دوستی کا رشتہ قائم کیا ہے دوستی کو اور زیادہ مضبوط بنانا چاہیے۔ اپنے گھریلو معاملوں میں ہمیں ان اصولوں کو سامنے رکھنا چاہیے جو دین و مذہب کی بنیاد پر نہیں ہیں اور وفاداری اور دوستی کے جذبہ سے اپنے کام چلانے چاہئیں ہم میں سے ہر ایک کو بڑا دیش کے بارے میں اپنی ذمہ داری اور حکومت سے وفاداری کو صحیح طور پر محسوس کرنا چاہیے ہندوستان میں دو رخی وفاداری اور متضاد مفادات سے عقیدت رکھنے کی گنجائش نہیں ہے۔ ملک کا یہ مطالبہ ہے اور اسے اس بات کا حق ہے کہ وہ ہر ایک شہری سے ان گھریلو اور خارجی گتھیوں کو جنہیں فوری طور پر حل کرنے کی ضرورت ہے سلجھانے میں زیادہ تعاون اور امداد کا مطالبہ کرے اس لئے آزادی کے اس دوسرے سال میں اپنے آپ کو ان فرائض کو سرانجام دینے کے لئے وقف کر دینا چاہیے جو ہم پر اس مادر وطن کے سپوت ہونے کی وجہ سے عائد ہوتے ہیں اور ہم میں سے ہر ایک کو اس کی عزت بڑھانے اور اس کی عزت کو بچانے اور اس کے مفاد کی حفاظت کے لئے اپنا اپنا فرض پورا کرنا چاہیے۔ کوئی فرض اس فرض سے زیادہ مقدس اور کوئی آرزو، اس آرزو سے زیادہ بلند نہیں ہو سکتی"۔

مسلمانوں کا نظمِ مملکت

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو! اب بھی سمجھو

... JABRI JAGADHRI ...

... جگادھری ضلع انبالہ مشرقی پنجاب

سرحد میں قیوم حکومت کی زیادتیاں

سرخپوشوں کا کمانڈر گرفتار کر لیا گیا

پشاور ۱۸ اگست۔ صوبہ سرحد کی حکومت نے سرخپوشوں کے کمانڈر انچیف سردار امین جان خان کو اس الزام پر گرفتار کر لیا ہے کہ آپ نے چارسدہ میں سرخپوشوں کے مظاہرہ کو منظم کیا تھا۔ حکومت سرحد نے چارسدہ تحصیل کے سرخپوشوں پر ملکی طور پر پچاس ہزار روپیہ جرمانہ کیا ہے۔ اس رقم کو چارسدہ سے وصول کیا جائیگا اور تعزیراتی پولیس پر خرچ کیا جائیگا۔ چارسدہ بازار اور پڑانگ میں کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ جلسوں، جلوسوں اور مظاہروں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ زیادہ سخت کر دیا گیا ہے۔ چارسدہ کے سرخپوشوں کے مظاہرہ پر قیوم خاں کی حکومت کی طرف سے شدید لاٹھی چارج اور ۱۰ سرخپوشوں کی شہادت سے عام پٹھانوں میں غم و غصہ کی ایک لہری دوڑ گئی ہے۔ پٹھان اس واقعہ کو قصہ خوانی کے واقعہ سے بھی زیادہ وحشیانہ تصور کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ تو ایک بدیسی حکومت کا سیاہ کارنامہ تھا۔ اور یہ آزاد پاکستان کی ایک صوبہ کی قومی حکومت کا تحت گیر اقدام ہے۔

صوبہ پرستی کو ختم کر دو

خان ممدوٹ کی پاکستانیوں سے اپیل

لاہور ۱۸ اگست۔ یوم آزادی کی تقریب پر مغربی پنجاب کے وزیر اعظم خان ممدوٹ نے اپنے نشری پیغام میں تمام مردوں، عورتوں اور بچوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے کسی مفاد کے بغیر سچائی اور اسلامی جذبے کے ساتھ ملک کی بنیادوں کو مضبوط بنانے میں لگ جائیں۔ خان ممدوٹ نے کہا کہ ... پاکستان صرف دس سال کی کوشش کا نتیجہ ہے۔ ...

خان ممدوٹ نے یہ بتاتے ہوئے کہ پاکستان کی بنیاد ... اس کے علاوہ اس تعصب اور نفرت اور حقارت ... پاکستان کو ...

خان ممدوٹ نے صوبہ پرستی ختم کرنے کی اپیل کی اور کہا کہ صرف اسی طرح ہم پاکستان کو مضبوط کر سکتے ہیں اور پاکستان کی مضبوطی پوری مسلم دنیا کی مضبوطی ہے۔

کپڑے کی پیداوار میں اضافہ

لاہور ۱۸ اگست۔ آئندہ اپریل تک مغربی پنجاب میں ۲۵۰۰۰ گز کپڑا روزانہ تیار ہونے لگے گا۔ مغربی پنجاب کے سپلائی منسٹر نے یہ انکشاف یہاں کی ایک پریس کانفرنس میں کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کپڑا بننے کی ۱۳۶ مشینیں تیار کی گئی ہیں۔ ... ۱۳۴ مشینیں ... نیز ۱۲۱۲ ... ایسی مشینیں بنانے کی ترغیب دی گئی ہے۔ ... اس وقت صوبہ میں ۲۲ ہزار چرخوں سے کام لیا جا رہا ہے۔ ... بارہ ہزار چرخوں کی تیاری جاری ہے۔ ... کسانوں کو کھادی ... استعمال کرنے کی ترغیب دینے کے لئے عنقریب ایک تحریک شروع کی جائے گی۔ ... کپڑا بلیک مارکیٹ کرنے والوں کو قوم کا دشمن قرار دیا۔

لندن میں پاکستان کا جشن استقلال

مسٹر کرشنا مینن کی شرکت

لندن ۱۸ اگست۔ لندن میں مقیم ہندی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن نے جشن استقلال پاکستان کے جشن میں شرکت کی۔ ... مسٹر نور ... مسٹر ... اور لارڈ ... پاکستان کا جھنڈا ...

اسمبلی میں سوالات

ہند اور جاپان کی تجارت — پرمٹ کا مسئلہ

شرنارتھیوں کی بحالی — جنرل موہن سنگھ کی فوج

نئی دہلی ۱۸ اگست۔ کل اسمبلی میں سوالات کے وقفہ میں مسٹر ... نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ جاپان کی ... آمد صرف ابتدائی نوعیت کا تھی اس لئے ابھی تک ہندوستان اور جاپان میں باہمی تجارت کی بابت کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ ہندوستان کو جاپان سے جس مال کی ضرورت ہے اور جو جاپان کو مال فراہم کر سکتا ہے اس کی فہرست اس مشن کے حوالہ کر دی گئی تھی۔

گوپال سوامی آئینگر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ مارچ ۱۹۴۸ء سے مسلمان کافی تعداد میں ... ہیں۔ حکومت ہند اس کو ایک طرف ... کی اجازت نہیں دے سکتی۔ اس سلسلہ میں بار بار ہم پاکستان سرکار سے کوئی سمجھوتہ کرنے کی کوشش کرتے رہے لیکن ناکامی کی وجہ سے ہمیں پرمٹ سسٹم جاری کرنا پڑا۔ آپ نے بتایا کہ پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق اپریل سے جون ۱۹۴۸ء تک ... ہزار مسلمان پاکستان سے ہندوستان لوٹ آئے ہیں۔ لاہور میں ہندوستانی ڈپٹی ہائی کمشنر نے ... مسلمانوں کو پرمٹ دئے ہیں۔

کراچی میں روزانہ ... مسلمانوں کو ہندوستان آنے کے پرمٹ دئے جا رہے ہیں۔ ... اپنے مکانوں اور جائیدادوں میں آباد ہونا چاہتے ہیں۔ ... صوبائی حکومتوں کو بھیج دی گئی ہیں ... فیصلہ بھی حکومتیں کر سکتی ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں بتایا گیا کہ ... کے لئے کھلا رکھنے کے لئے انتظام کیا جا رہا ہے۔ ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے بتایا کہ اس جگہ پر جہاں گاندھی جی کو گولی ماری گئی تھی۔ میموریل بنانے کا کوئی خیال نہیں۔ البتہ اس جگہ ایک ایسی نشانی رکھی جائے گی جس سے کہ ظاہر ہو کہ یہاں گاندھی جی کو گولی ماری گئی تھی۔

مسٹر سکسینہ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ مختلف صوبوں اور ریاستوں نے مغربی پاکستان سے آئے ہوئے ۳۲ لاکھ شرنارتھیوں کو بسانے کا فیصلہ کیا ہے۔ تقسیم حسب ذیل ہوگی۔ بمبئی ۲ لاکھ، یو۔ پی اور سی۔ پی ۲ لاکھ، ... یونین ... دہلی اور سوراشٹر ایک ایک لاکھ، ... اجمیر، جودھ پور اور ... مشرقی پنجاب اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں نے ۱۳ لاکھ شرنارتھیوں کو بسانے کا فیصلہ کیا ہے۔

آج ہند پارلیمنٹ میں مرکزی گورنمنٹ کی توجہ مشرقی پنجاب کے اس پولیس نوٹ کی طرف مبذول کرائی گئی جس میں جنرل موہن سنگھ پر الزام لگایا گیا ہے کہ انہوں نے اپنی پرائیویٹ فوج سے گورنمنٹ کا تختہ الٹنے کی سازش کی تھی۔

پنڈت نہرو نے جواب دیا کہ اس معاملے میں مشرقی پنجاب گورنمنٹ نے ہند سرکار سے کوئی مشورہ نہ کیا۔ گورنمنٹ ہند نے پہلے ہی اس امر کا اعلان کیا ہے کہ کسی پرائیویٹ فوج کا وجود برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تمام صوبوں کو اس بارے میں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں پرائیویٹ فوجیں برداشت نہ کریں۔ پوربی پنجاب گورنمنٹ نے سرکاری طور پر نیشنل والنٹیر کور کی تنظیم کی ہے اس بارے میں جنرل موہن سنگھ کو دعوت دی گئی کہ وہ اس تنظیم میں حصہ لیں اور خاص طور پر نیشنل والنٹیر کی تنظیم کے لئے ان کے لئے چند ضلع مقرر کئے گئے۔ کوئی خلیج حائل ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس میں ڈیفنس منسٹری کی مداخلت تھی۔ ایک دو بار مرکزی گورنمنٹ کو مطلع کیا گیا کہ دیس سیوک سینا کو توڑ کر اسے مشروط طور پر نیشنل والنٹیر کور میں شامل ہونے کی بات چیت ہو رہی ہے۔ مرکزی گورنمنٹ کو زیادہ دلچسپی اس امر سے تھی کہ ایسی تنظیم کو توڑ دیا جائے جس کے بعد میں پرائیویٹ فوج بننے کا احتمال ہو۔

مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے ہند پارلیمنٹ میں مسٹر ... کے سوال کے جواب میں بتایا کہ اغوا شدہ عورتوں کی واپسی میں پاکستان کے حکام تعاون نہیں کر رہے۔ اس بات کی شکایت کی گئی ہے۔ ابھی ایک ہفتہ ہوا کہ پاکستان حکومت کو ایک تار دیا گیا تھا جس میں اس امر کی شکایت کی گئی تھی کہ پاکستان کے افسران اغوا شدہ عورتوں کی برآمدگی میں امداد نہیں کر رہے مگر اس کا تا حال ابھی تک کوئی جواب نہیں ملا۔ ہندوستان سے جس قدر مسلمان عورتیں واپس پاکستان بھیجی گئی ہیں اس سے بہت کم عورتیں پاکستان سے ہندوستان پہنچی ہیں۔ ہند سرکار نے پاکستان سرکار کو دھمکی بھی دی تھی کہ اگر پاکستان سرکار کے افسران اسی طرح عدم تعاون کرتے رہینگے تو پاکستان میں ہندوستان کی طرف سے عورتوں کو واپس لانے کا جو اشخاص کام کر رہے ہیں انہیں واپس بلا لیا جائیگا۔ لیکن ہندوستان میں مسلمان عورتوں کی تلاش کا کام بدستور جاری رہیگا۔

مسٹر آئینگر نے مزید سوال کے جواب میں یہ بھی بتایا کہ سابقہ چار ماہ میں ہندوستان سے ... مسلمان عورتیں برآمد کی گئی ہیں اور اس کے مقابلہ میں ... پنجاب صوبہ سرحد اور بہاولپور سے صرف ۱۲۰۲ غیر مسلم عورتیں برآمد کی گئی ہیں۔

ہند سرکار نے پاکستان کو فہرست بھیجی تھی کہ پاکستان سے ۳۳۰۰۰ ہندو سکھ اغوا شدہ عورتیں برآمد کرنی ہیں اسی طرح جن مسلمان عورتوں کو ہندوستان سے بھجوانا تھا۔ ان کی تعداد پاکستان کی فہرست کے مطابق ۲۱ ہزار ہے۔

جنوبی کوریا میں جمہوریت کا قیام

سیول ۱۸ اگست۔ کوریا کے امریکہ کے زیر قبضہ علاقہ میں جمہوریت قائم کر دی گئی۔ اس موقعہ پر پچاس ہزار مسلح پولیس والے گورنر کے مقابلہ کے لئے تیار کھڑے تھے۔ جنرل میک آرتھر اور ڈاکٹر ... اس کے بعد جنرل میک آرتھر ... کمیشن کے صدر ڈاکٹر ... نے تقریر کی۔ ... نیشنل اسمبلی کے انتخابات ۹ ستمبر سے شروع ...

بمبئی کارپوریشن کی کانگریس پارٹی

مسٹر نریمان صدر منتخب ہو گئے

بمبئی ۱۸ اگست۔ مسٹر کے ایف نریمان جو بمبئی کارپوریشن کی کانگریسی پارٹی کے ممبر ہیں مسٹر پاٹل کے بجائے کانگریس پارٹی کے لیڈر منتخب کئے گئے۔ مسٹر پاٹل نے پانچ سال تک صدر رہنے کے بعد استعفیٰ دیا ہے۔ پارٹی کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر نریمان نے کہا کہ گذشتہ دس سال سے وہ کئی امور کی بنا پر اپنے فرائض کو ٹھیک سے ادا نہیں کر سکے ہیں۔ گاندھی جی کی ارتھی کے موقعہ پر انہوں نے کانگریس کی خدمت کا جو عہد کیا تھا اس کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر نریمان نے اپنے موجودہ انتخاب کو اس عہد کو پورا کرنے کی طرف ایک قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے صوبہ میں حکومت مضبوط بنانے کی ہر ممکن کوشش کریں گا۔

تباہ کن جہازوں کی خریداری

پاکستانی سفیر کا اعلان

واشنگٹن ۱۸ اگست۔ ... پاکستانی سفارت خانے کی طرف سے بتایا گیا کہ پاکستان کی بحری فوج کے لئے برطانیہ سے دو تباہ کن جہازوں کی بات چیت تقریباً طے ہو چکی ہے اور اس بات کی توقع ہے کہ سال کے آخر تک ان جہازوں پر پاکستانی علم لہرانے لگے گا۔

پاکستان کا جنرل ہیڈ کوارٹر

کراچی ۱۶ اگست۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستانی فوجوں کا جنرل ہیڈ کوارٹر راولپنڈی سے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

کل شہزادی ... سعودی عرب کے شہزادہ عبداللہ اور ... مسٹر بیون نے پاکستان ... گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اس کے ... سے دیر تک بات چیت کی۔

خیریت مطلوب ہے

شمشاد علی صاحب ولد سید علی صاحب قوم سید ... دہلی میں رہتے تھے اللہ کا عرصہ ... ہے کچھ پتہ نہیں ہے۔ لہٰذا جن حضرات کو ان کا پتہ معلوم ہو وہ دفتر ... صدر بازار میں آکر ... اطلاع دیں ... اسرار الحق ... صدر بازار دہلی۔

جب ایمانداری مشکوک ہو جائے تو عہدہ پر قائم نہیں رہنا چاہیے

ہند پارلیمنٹ میں شن مکھم چیٹی کی وضاحت

نئی دہلی ۱۸ اگست۔ مسٹر آر۔ کے شن مکھم چیٹی نے جن کا استعفیٰ منظور کر لیا گیا ہے۔ کل پارلیمنٹ میں ان وجوہات پر روشنی ڈالی جن کی بنا پر وہ استعفیٰ دینے پر مجبور ہوئے۔ آپ نے کہا کہ اگرچہ ان خطوط میں جو آج صبح شائع ہوئے ہیں۔ استعفیٰ کی پوری وجوہ بتا دی گئی ہیں لیکن یہ ایک پارلیمانی طریقہ ہے کہ وہ اپنے استعفیٰ کی وضاحت ایوان کے روبرو کریں۔

مسٹر چیٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ میں نے محسوس کیا کہ ہمارے ملک کی خود مختاری اور پارلیمانی حکومت کی روشنی میں ہمیں سرکاری کام کاج میں ایمانداری کا بلند ترین معیار رکھنا چاہیے۔ ہمارے لئے دوسرے درجہ کا معیار بھی کافی نہیں ہوگا۔ ہمارا معیار اول درجے کا ہونا چاہیے۔ اور اگرچہ ایک وزیر کے طرز عمل کی صفائی میں دلیلیں دی جا سکتی ہیں اور ایمانداری ثابت کی جا سکتی ہے تاہم اگر لوگوں کے ذہن میں جو شاید اصطلاحی امور کو سمجھنے کی صلاحیت نہ رکھتے ہوں شبہ پیدا ہوا ہے تو اس وزیر کو ہرگز اپنے عہدے پر نہیں رہنا چاہیے۔ ان حالات میں میں نے وزیر اعظم سے مجھے میری ذمہ داریوں سے سبکدوش کرنے کی درخواست کی۔

وزیر اعظم پنڈت نہرو نے معاملے کو ختم کرتے ہوئے کہا کہ میرے آنریبل دوست اور ساتھی کے مکمل اور صاف بیان کے بعد مجھے اس معاملے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں رہی۔ یہ سوال مختلف طریقوں سے اس ایوان اور حکومت کے سامنے رہا ہے اور آخر میں جہاں تک انکم ٹیکس تحقیقاتی کمیشن کے سامنے پیش کردہ معاملات کو واپس لینے کا تعلق ہے۔ ہم نے بعض فیصلے کئے جو ایوان کو معلوم ہیں اور جو ترمیمی قانون ادا ایوان کی خواہشات کے عین مطابق ہی ہیں چنانچہ اب اس معاملے کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ اب یہ معاملہ ختم ہو گیا ہے۔

ماناوادر اور مانگرول کا انتظام

حکومت ہند کا نیا آرڈی ننس

نئی دہلی ۱۸ اگست۔ مانگرول اور ماناوادر کے انتظام اور املاک کے آرڈی ننس کے نام سے حکومت ہند نے ایک نیا آرڈی ننس جاری کیا ہے جس کی رو سے ان ریاستوں کی بعض املاک کا انتظام کے لئے ان کے منیجروں کے سپرد کر دی گئی ہیں۔ اس پر فوراً عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔

ماسکو میں مالوٹوف کی بات چیت

لندن ۱۸ اگست۔ ماسکو کے باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ آئندہ چند روز کے اندر اندر مسیو مولوٹوف وزیر خارجہ روس، مغربی طاقتوں کے سفیروں کو ساتویں کانفرنس کا موقعہ دیں گے۔ یہ کانفرنس شاید جمعرات کے دن ہوگی۔ لیکن لندن کے سرکاری حلقوں کا خیال ہے کہ اس مرتبہ یہ سفیر براہ راست مارشل اسٹالن سے بات چیت کریں گے۔ ... برطانوی سفارت خانے میں اس کی رپورٹ تیار کی جا رہی ہے۔ ... برلن کی ناکہ بندی کے معاملہ میں کی جا رہی ہے۔

لاہور میں مزید ایک ہزار مکانات گرنے کا خطرہ

خطرناک علاقوں سے باشندوں کو نکالنے کا کام تیزی سے جاری ہے

لاہور ۱۸ اگست۔ لاہور کے خطرناک علاقوں سے باشندوں کو نکالنے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ لاہور کے عوام نے بھی جو کسی وقت اپنے مکانات کو خالی کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ اب حکام کے ساتھ تعاون کرنے کی اہمیت کو سمجھ لیا ہے۔

کل لاہور کارپوریشن اور امپروومنٹ ٹرسٹ کے کارکنوں نے پولیس کی امداد سے ان لوگوں کے ... بارش پر پہرہ داری کیا۔ مسٹر ظفر الاحسن نے خود ان بستیوں کی نگرانی کی۔ اس بات کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ جلد ہی مزید مکان گر جائیں گے۔ بعض لوگوں کے اندازہ کے مطابق ایک ہزار مکان گرنے کا اندیشہ ہے۔

... نے اس سلسلہ میں سرکاری حکام سے تعاون شروع کر دیا۔ جو لوگ مکانات خالی کرنے پر راضی نہ ہوں گے۔ ان سے زبردستی مکانات خالی کرائے جائیں گے۔ ... تین ہزار سے زائد افراد کو خطرناک مکانوں سے نکال کر ان کو جلد پر پہنچا دیا تھا۔ ابھی اس سلسلہ میں بہت سا کام باقی ہے۔ ...

کے بنائے ہوئے کیمپوں میں مقیم ہیں۔ بعض لوگوں نے بادشاہی مسجد میں پناہ لی ہے۔ پناہ گزینوں کے لئے جو خستے مکانات خالی کئے گئے ہیں۔ وہ بھی ایسے لوگوں کو پناہ دینے کے کام کے حوالے کر دیئے گئے ہیں۔ اسکولوں اور کالجوں کی عمارتوں میں بھی ایسے لوگوں کو پناہ دی جا رہی ہے۔ جن علاقوں میں جگہ زیادہ ہے وہاں بھی ایسے پناہ گزین لے جائے جائیں گے اور خالی مکانات پر حکام زبردستی قبضہ کریں گے۔ ... ایک اطلاع مظہر ہے کہ ... بارشوں کی کثرت سے مکان گرنے سے بارہ آدمی مارے گئے اور چھ زخمی ہوئے۔ مزید بارہ سو مکانات گرنے کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے۔

مسلمانوں کی چھوڑی ہوئی جائیداد کے کس طرح حصے بخرے کئے گئے

وزیر اعظم مشرقی پنجاب کی پریس کانفرنس

جالندھر ۱۶ اگست۔ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے کل ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ ... ۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء تک تمام زمینیں شرنارتھیوں کو الاٹ کر دی جائیں گی۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ ۳۲۸۲۹۶۹ ایکڑ مزروعہ زمین میں سے جو مشرقی پنجاب کے مسلمان چھوڑ گئے ہیں ۲۸۹۶۰۷۵ ایکڑ زمین عارضی طور پر شرنارتھیوں کو الاٹ کی جا چکی ہے وزیر اعظم نے یہ بھی بتایا کہ ۲۲۱۰۲۵ خاندان جن کے افراد کی تعداد ... ہے۔ دیہی علاقوں میں آباد کئے جا چکے ہیں ان شرنارتھیوں کو کیمپوں سے ... روپیہ تقاوی کی حیثیت سے ... بیلوں کی خرید کے لئے ... قرضہ کی حیثیت سے دیا گیا۔

شہری آبادی کے متعلق وزیر اعظم نے کہا کہ ۱۳۹۳۵ مکانات مسلمان خالی چھوڑ گئے تھے ان میں سے ... شرنارتھیوں کو الاٹ کر دئیے گئے اور ... ہزار مکانات کو نقصان پہنچا۔ نقصان پہنچنے والے مکانات میں سے ... مکانات کی مرمت ہو چکی تھی۔ وزیر اعظم نے یہ بھی بتایا کہ شرنارتھیوں نے چار لاکھ مکانات پر ناجائز طور پر قبضہ کیا۔

مسلمانوں کی دوکانیں

ڈاکٹر بھارگو نے یہ بھی بتایا کہ مسلمان ۱۹۰۵۸۲ دوکانیں چھوڑ گئے تھے۔ جن میں سے ۱۶۸۸۳ الاٹ کی جا چکی ہیں۔ مسلمان ۹۹۰ فیکٹریاں اور ورکشاپ چھوڑ گئے تھے۔ ان میں ۷۷۰ کو دوبارہ چلا دیا گیا اور باقی ۲۲۰ ... مشینری نہ ہونے کی وجہ سے چوری ہو گئے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی بتایا کہ ... قرضہ کے طور پر ... دیا گیا ہے۔

ہند میں اناج کی مزید کمیابی اور مہنگائی کا خطرہ

بے موقع بارشوں سے فصل خریف کو شدید نقصان پہنچا

نئی دہلی ۱۸ اگست۔ اناج کی قیمتوں میں کمی کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی تھی کہ حالیہ بارشوں کی وجہ سے ہند کی غذائی مشکلات میں خریف کی فصلوں کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ یو۔ پی میں خریف کی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا ہے اور بیس لاکھ ٹن اناج بالکل ضائع ہو گیا ہے۔

مشرقی پنجاب میں بھی ایسا ہی شدید نقصان پہنچا ہے لیکن ابھی صحیح اعداد و شمار معلوم نہیں ہو سکے ہیں بلکہ ... نے چاول سپلائی کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن سندھ میں سیلاب آ جانے کی وجہ سے اب ان کی سپلائی کا بھی کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ برما اور ملایا میں گڑبڑ ہونے سے بھی ہند کی غذائی حالت پر اثر پڑنے کا خطرہ ہے کیونکہ ان ممالک سے جتنا چاول آنا تھا وہ نہ آ سکے گا۔ عام طور پر اس سال اگست ...

اور دکھن کے درمیان میں برما اور ملایا سے ہندوستان میں ایک لاکھ پچاس ہزار ٹن چاول برآمد کئے جانے کا خیال تھا ... ہیں مرکز کا ذخیرہ ... اناج کی غیر معمولی زائد قیمتوں کا ... گیا تھا فصلوں کو حال ہی میں جو نقصان پہنچا ہے اس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ... مزید اناج کا مطالبہ کرنا پڑے گا۔

مہاتما جی کے قتل کا مقدمہ التوا

دہلی ۱۸ اگست۔ گاندھی جی کے مقدمہ قتل کی سماعت عدالت میں ... کے لئے ملتوی کر دی گئی۔ کیونکہ ملزم ... اور ... کی طبیعت علیل تھی۔

ڈھلون کی حالت خطرناک

جالندھر ۱۸ اگست۔ کرنل ڈھلون جنہوں نے جنرل موہن سنگھ کے خلاف حکومت مشرقی پنجاب کے الزام لگانے پر بطور احتجاج برت رکھ چھوڑا ہے اب ان کی حالت خطرناک بیان کی جاتی ہے چنانچہ اظہار ہمدردی کے طور پر کل جالندھر میں ہڑتال کی گئی۔

سیلاب زدوں کے لئے

پاکستان کی طرف سے دس لاکھ کی امداد

کراچی ۱۸ اگست۔ حکومت پاکستان نے سندھ کے سیلاب زدہ لوگوں کی امداد کے لئے دس لاکھ روپیہ کی رقم منظور کی ہے۔ اتوار کے دن پاکستان کے وزیر خوراک، زراعت اور صحت پیرزادہ عبدالستار اور مسٹر محمد امین قریشی ڈائرکٹر صوبائی ملکی نے حیثیت میں سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے وزیر اعظم سندھ اور وزیر پی۔ ڈبلیو۔ ڈی سندھ اور حکومت کے دوسرے سرکاری افسروں سے ملاقات کی۔

حکومت ہند کا احتجاج

صفحہ اول کا کالم دوسرے آگے

کی ذمہ داری ہے کہ حکومت ہند نے کشمیر سے حملہ آوروں کو نکالنے کا تہیہ کیا۔ پاکستان فوج کے برطانوی افسروں اور ہندوستانی فوج کے برطانوی افسروں کے درمیان ملاقاتیں ... اس ... ہے کہ ... کشمیر میں کسی ... سے ... حملہ آوروں کو کشمیر سے باہر نکالنے کی غرض سے ... اس حالت میں ... ہندوستان کی فوج کے ... ہونے ... تھے۔ ... ایسا کیا نہیں گیا۔

اس کے برعکس پاکستانی سپاہی ہندوستانی فوج کے خلاف جنگ کرنے کی غرض سے کشمیر بھیجے گئے اور پاکستانی افسروں نے ہندوستان کے خلاف بغیر اعلان جنگ میں حصہ لینے کی ذمہ داری اٹھائی ہے۔

آسٹریلیا سے مزید گندم کی آمد

سڈنی ۱۸ اگست۔ آسٹریلیا نے ہندوستان کو سال گذشتہ کی فصل سے ۲۰ لاکھ ۲۰ ہزار ... گندم دینے کا فیصلہ کر لیا ہے گذشتہ دسمبر میں آسٹریلیا ... حکومت ہند ... فروخت کرنے کا معاہدہ ... سب کی قیمت ... ہے۔

> مضامین اور خبریں
> کاغذ کے ایک طرف لکھ کر ارسال فرمائیں
> تاکہ شائع ہونے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے
> منیجر

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

سالانہ! قیمت تیس روپے
ششماہی سولہ روپے
سہ ماہی ۸ آٹھ روپیہ آٹھ آنے
(منیجر)

فون نمبر ۵۸۵۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی ... (؟)

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۱۵ شوال المکرم ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۱ر اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۷۷ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

کشمیر میں لڑائی بند ہونیوالی ہے؟ حکومت ہند آج شام تک جواب دیدیگی

پاکستان کی طرف سے بھی آج کسی وقت جواب مل جائیگا

نئی دہلی ۱۹ر اگست۔ اقوام متحدہ کے کمیشن نے کشمیر میں لڑائی بند کرنے کے جو تجویز پیش کی ہے حکومت ہند اس پر پوری سنجیدگی کے ساتھ غور و خوض کر رہی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ہند کا بینہ کمیشن کو اپنے فیصلے سے آج شام تک مطلع کر دے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ کل کابینہ نے اپنے جلسہ میں کمیشن کو دیے جانے والے جواب کے مسودہ پر غور و خوض کیا۔ پاکستان کی طرف سے بھی کمیشن کے صدر ڈاکٹر لوزاڈا کو آج شام تک جواب موصول ہونے کی توقع ہے۔

... دشمن ہوٹزر (دو سو) قسم کی توپیں لے گیا ہے ایک معتبر اطلاع کے مطابق یہ توپیں ... علاقہ میں ہر ذریعہ ہوائی جہاز پاکستان سے بھیجی ہیں یہ امر قابل ذکر ہے کہ چھمب ہوتے ہوئے گریز کی وادی میں بھی اسی قسم کی توپیں دشمن کو پہنچی ہیں سکردو کے ...

باقی صفحہ ۳ پر

دشمن طیارہ شکن توپیں استعمال کر رہا ہے

سری نگر کی آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ گذشتہ اتوار کو جبکہ ہندستانی توپیں خاموش تھیں مگر باوقار طریقہ پر آزادی کی پہلی سالگرہ منا رہی تھیں حادثات جنگ پر دشمن کو ہر علاقہ میں سخت نقصان اٹھانا پڑ رہا تھا۔

اسکردو کا علاقہ ... اس علاقہ میں اب اہم باتیں دیکھنے میں آئی ...

گذشتہ ... ہندوستانی ... نقصان ... دشمن ... آدمی ہلاک ہو گئے ہیں۔

گذشتہ ... دریائے جہلم کے ... کنارے ... کے شمال ... جہاں ایک ہندوستانی گشتی دستہ ... دشمن نے ہمارے آدمیوں کو ... ہندوستانی توپچیوں نے بھی فوراً کارروائی کی ... نشانے لگائے جس کے نتیجہ میں اس کے بیس آدمی ہلاک ہو گئے۔ دشمن نے زبردست دفاع کیا ... پچاس سے ...

چھمب کے جنوب میں ہندوستانی توپچیوں نے دشمن کے ... گولہ باری کی جس کے نتیجہ میں اسے سخت نقصان اٹھانا پڑا ... ہندوستانی ہوائی جہاز ... طیارہ شکن توپوں سے گولہ باری ... ہمارے ایک طیارہ پر توپ سے بہت گولہ باری ہوئی۔ لیکن طیارہ اپنا مشن پورا کر کے سلامتی کے ساتھ اپنے اڈہ پر واپس آگیا۔

ٹیتھوال کا علاقہ: ۱۹ر اگست کو ٹیتھوال کے علاقہ میں دشمن کی کافی سرگرمی دیکھنے میں آئی اور اس نے ... کے جنوب میں ہمارے مورچوں پر زبردست گولہ باری کی ... توپوں سے دو سو گولے پھینکے لیکن ہندوستانی سپاہی اپنے مورچوں پر ڈٹے رہے۔ دشمن کو جواب دیا گیا اور آخر میں اس کی گولہ باری سرد پڑ گئی۔

دشمن سکردو میں محصور ریاستی فوج پر غالب آگیا
ریاستی فوج آٹھ ماہ تک مقابلہ کرتی رہی

نئی دہلی ۱۸ر اگست۔ وزارت دفاع کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ بلتستان اضلاع کے مقام اسکردو میں ریاست کی جو معمولی فوج محصور تھی اس کا ۱۴ر اگست سے فوجی ہیڈ کوارٹر سے نامہ و پیام کا سلسلہ ٹوٹ گیا ہے۔ فوج دو سو سپاہیوں پر مشتمل تھی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ دشمن نے آٹھ ماہ کے طویل محاصرہ کے بعد اسکردو کے قلعہ کو جہاں یہ فوج محصور تھی دبوچ لیا ہے۔ بلتستان اضلاع ... سے سو میل شمال مشرق میں دریائے سندھ پر واقع ہے۔

اسکردو کے قلعہ میں ریاستی فوج کے سپاہی اتنے مہینوں بڑی بہادری سے اور انتہائی طور پر مشکل حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے اس قلعے کی حفاظت کرتے رہے ان کے ساتھ دو سو حفاظتی شہری پناہ گزیں بھی شامل تھے۔ دشمن نے نومبر میں اس علاقہ پر حملہ کر کے اس قلعہ کو محصور کر لیا تھا اتنے مہینے یہ بہادر سپاہی بلا کمک اور اکثر اوقات بھوکے پیاسے رہ کر دشمن کا مقابلہ کرتے رہے جو ان کے مقابلہ میں کئی گنا زیادہ اور جدید ہتھیاروں سے مسلح تھا سردیوں کے طویل مہینوں میں اس علاقے سے ہوائی راستے سے تعلق پیدا کرنا ناممکن تھا بری راستے سے بھی کٹھن دشواریاں مشکلات برداشت کرنے کے بعد تعلق قائم ہو جاتا تھا۔ بہار میں چند ایک بار ہندوستانی ہوائی جہازوں نے جان جوکھوں سے کام لے کر معمولی سامان و اسلحہ گرایا۔ ان قلیل التعداد بہادر فوجیوں نے جس بہادری سے اس قلعہ کو آٹھ مہینے تک ... اور نامکمل حالات میں حفاظت کی وہ جنگ کشمیر کا ایک شاندار باب ہے۔ اب پہلے دلوں دشمن نے زبردست حملے کئے اور جدید ترین اسلحہ سے مسلح ہو کر ... اس قلعے پر حملے کئے لیکن دشمن اب تک ناکام رہا۔ آخر وہ یہاں مارٹر توپیں لایا اور اس قلعے کو فنا کرنا سر کر سکا۔

کشمیر کمیشن جمعہ کو دہلی پہونچ جائیگا

کراچی ۱۹ر اگست۔ ڈاکٹر لوزاڈا صدر کشمیر کمیشن اور ایم سیری اس کمیشن کے ایک ممبر آج کراچی سے نئی دہلی نہیں پہنچیں گے معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے کل لڑائی بند کرنے کی تجویز کی بابت حکومت پاکستان کے افسروں سے ملاقات کی۔ پاکستان کے نمائندوں نے بعض تجاویز کی بابت کچھ توضیحات طلب کی تھیں۔ اب معلوم ہوا ہے کہ یہ لوگ جمعہ کو دہلی پہونچیں گے۔ اور اپنے ساتھ ان تجویزوں کی بابت پاکستان کا جواب لیکر آئیں گے۔

نظام نے شولاپور کے نزدیک اپنی فوجیں جمع کرنی شروع کردیں

شولاپور ۱۸ر اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت نظام بارسی ریلوے پر واقع ریلوے اسٹیشن شیدری پر دوبارہ قبضہ کرنے کے لئے اس کے چاروں طرف بہت بڑی تعداد میں فوجیں جمع کر رہی ہے۔ اسٹیشن پر قبضہ کرنے کی غرض سے نظام فوج کا ایک حملہ ہو بھی چکا ہے۔ لیکن اسے ناکام بنا دیا گیا ہے یاد رہے کہ شیدری پر ہندوستانی فوجوں نے حال ہی میں قبضہ کیا تھا مزید معلوم ہوا ہے کہ نظام سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ چونکہ ہندوستان نے اپنی فوجیں احتجاج کے باوجود حیدرآباد کے علاقہ سے نہیں ہٹائیں۔ لہذا ان کے خلاف فوجی کارروائی کر کے انہیں حیدرآباد سے باہر نکال دیا جائے۔ چنانچہ شیدری پر حملہ کرنے کی تیاریاں اسی سلسلہ کی کڑی ہیں۔ نظام حکومت کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حال ہی میں شہزادہ برار نے یورپ کی سیاحت کے ارادے سے ... کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ لیکن انہیں حالات کے پیش نظر اپنے عہدہ پر برقرار رہنے پر آمادہ کر لیا گیا ہے۔

یہ بھی پتہ چلا ہے کہ شہزادہ ... حکومت کی ... جانے سے روک لیے گئے۔ انہیں جانے کی اجازت دے دی جائے۔

باغیوں کے خلاف بری فوجوں کی کارروائی
برمی فضائی فوج کو حصہ لینا پڑا

رنگون ۱۸ر اگست۔ ایک سرکاری کمیونک کے مطابق برما کی سرکاری فوجوں نے آج رنگون کے شمال مغرب میں باغیوں کے خلاف زبردست کارروائی کی۔ انہوں نے رنگون کے شمال مغرب میں جیو نامی ایک بہت بڑے شہر پر قبضہ کر لیا۔ تین باغیوں کو ہلاک کر دیا۔ اور چالیس باغی پکڑ لئے۔ سرکاری فوجوں کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا۔ رنگون کے شمال مغرب میں ۱۲ میل کے فاصلہ پر ... کے مقام پر باغیوں کے ایک قافلہ پر برما کی فضائی فوج نے بمباری کی اور باغیوں کو شدید نقصان پہنچا۔

نئی دہلی میونسپل کمیٹی کا نیا صدر

نئی دہلی ۱۹ر اگست۔ مسٹر شانتی لال آہوجہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دہلی کو نئی دہلی میونسپل کمیٹی کا صدر مقرر کیا گیا ہے۔ وہ اپنے موجودہ عہدہ پر بھی برقرار رہیں گے۔

تل ابیب میں روسی سفیر
یہودیوں کا اظہار مسرت

تل ابیب ۱۸ر اگست۔ کل یہودی مجمعوں نے روسی سفارتخانہ کے ہونے پر اس کے استقبال میں تالیاں بجائیں۔ یہ اس وقت کا ذکر ہے کہ جب روسی سفارت مشن کے صدر یار شوف اسرائیل کے وزیر خارجہ بن گوریون کے سامنے اپنے سفارتی کاغذات پیش کرنے روانہ ہوئے۔ جب اس مشن کے ارکان اپنی موٹروں میں سے اتر کر روانہ ہوئے تو روس اور اسرائیل کا ترانہ گایا گیا۔ یہودی نمائندے نے صدر حکومت اسرائیل کو امید دلائی کہ اسرائیل کے قیام کو ان کی حکومت خوش آمدید کہتی ہے۔

برطانیہ سے طیاروں کی خریداری

ناسمہ ۱۹ر اگست۔ حکومت برطانیہ سے پاکستان نے سامان لانے اور لے جانے کے لئے دو طیارے خریدے ہیں۔ ایک طیارہ میں جواب تک کراچی پہونچ چکا ہے ... تین ٹن سامان لیجانے کی گنجائش ہے۔ دوسرا طیارہ اس ماہ کے آخر تک پہونچ جائیگا۔

برما میں کمیونسٹوں کی شورش خطرناک صورت اختیار کر رہی ہے
ہند سے فوجی امداد کی درخواست کی جائیگی

لندن ۱۸ر اگست۔ برما کے سرکاری حلقوں سے نزدیکی تعلق رکھنے والے ایک شخص نے بتایا کہ بیرونی امداد کے بغیر کمیونسٹوں کی بڑھتی ہوئی شورش کو دبانے میں حکومت برما ناکام رہے گی۔ اس ترجمان نے بتایا کہ برما کی حالت جیسی عام طور پر تصور کی جاتی ہے اس سے کہیں زیادہ خراب ہے کمیونسٹ باغیوں کو کچلنے کے لئے حکومت اب تک جو کچھ کرتی رہی ہے اس سے زیادہ سخت اقدام کی ضرورت ہے۔ کمیونسٹ باغیوں میں برما کے بعض فوجی دماغ بھی شامل ہیں اس ذریعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ تربیت یافتہ ہندی کمیونسٹ برمی باغیوں کی رہنمائی کر رہے ہیں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ان کمیونسٹوں کو ہند کی کمیونسٹ پارٹی کی طرف سے ہدایات دی جا رہی ہیں۔ اس آدمی نے اس بات کا بھی امکان ظاہر کیا کہ برطانیہ کے برمی سفیر نئی دہلی جائیں گے۔ حکومت برما اور برما میں مقیم ہندوستانیوں کے مشترکہ مفاد کے تحت ہند سے فوجی امداد حاصل کرنے کی کوشش کریں گے برما میں ہندوستانیوں کو لوٹ جو ہے ... سمجھا جاتا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت برطانیہ نے برما کو ہر قسم کی فوجی امداد دینے سے انکار کر دیا ہے یہ امداد سابق برمی وزیر خارجہ نے اپنے حالیہ دورہ لندن میں برطانیہ کی کابینہ سے طلب کی تھی۔

متعدد سرخ پوش لیڈر افغانستان پہنچ گئے
پشاور میں دو ہزار سے زائد سرخ پوشوں کی گرفتاری

پشاور ۱۸ر اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ پشاور میں دو ہزار سے زیادہ سرخ پوش گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ پشاور، چارسدہ اور ... میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے۔

انبالہ ۱۹ر اگست۔ اخبار "ٹریبیون" کے نامہ نگار مقیم پشاور نے اطلاع دی ہے کہ سرحدی پولیس نے ۱۲ر اگست کو چارسدہ میں سرخ پوشوں کی ریلی پر جو فائرنگ کی تھی۔ اس کے نتیجہ میں تین سو سرخ پوش ہلاک اور تقریباً ۴۰۰ ... زخمی ہوئے۔ نامہ نگار کا بیان ہے کہ ریلی کو منتشر کرنے کے لئے پولیس نے دستی بم بھی استعمال کئے اس واقعہ کی نوعیت معلوم نہیں ہو سکی جس کی وجہ سے پولیس نے گولی چلائی۔ چارسدہ سرخ پوش تحریک کا مرکز ہے۔

اس ہفتہ کے اوائل میں ... سرخ پوش ... کے درمیان ... سرخ پوشوں کے ... علاقوں ... افغانستان میں پہنچ گئے ہیں ... سرخ پوش لیڈر ... جو ... بیان ہی کی ... اسکی ... ہیں ...

آگرہ میں مکمل امن ہے، کرفیو کے اوقات میں کمی
افواہ پھیلانے والے گرفتار کئے جا رہے ہیں

آگرہ ۱۸ر اگست۔ اس وقت آگرہ میں مکمل امن ہے۔ گزشتہ شب افواہیں اور خوف و ہراس پھیلانے سے کچھ بے چینی پیدا ہو گئی تھی لیکن پولیس نے اعتماد بحال کر دیا۔ حالات پر قابو پا لیا گیا ہے اور حکام مستقل مزاجی سے اقدامات کر رہے ہیں۔

کرفیو کے اوقات کی تعداد ۱۰ بجے شب ... جاتی ہے کرفیو اب ۱۰ بجے صبح سے ... شام تک کے لئے ہٹا لیا گیا۔ ایک آدمی ... کئی آدمیوں کو افواہیں پھیلانے کے الزام میں جن میں ایک پولیس کا آدمی بھی شامل ہے گرفتار کیا گیا ہے۔ ... علاقوں سے پولیس کو امداد بھیج دی گئی ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ آگرہ نے ایکسپریس لوٹنے میں بتایا کہ کسی حادثہ کی اطلاع نہیں ملی۔ ایک اطلاع کے مطابق قاضی پورہ گھٹیا ماموں بھانجہ اور دبلی ... کو نذر آتش کر دیئے جانے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ آدھی رات کو اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر عیدگاہ سے ایک خبر موصول ہونے پر کہ سگنل کے پاس ایک لاش پڑی ہے پولیس فوراً ہوشیار ہو گئی اور اس لاش کو برآمد کیا جو ایک گدھے کی لاش تھی۔

جودھپور میں یوم آزادی
ذنگ کا ندرپی این مہرہ کی تقریر

جودھپور ۱۸ر اگست۔ یوم آزادی کی تقریب پر ہوائی بیڑے کے ہوائی جہازوں نے ... اسکول ... پر سیکڑوں ... گرائے ... پرچم لہرانے کی رسم ادا کی۔ جودھپور ریاستی فوج کے ...

باقی صفحہ ۸ پر

عربوں نے یہودیوں کا حملہ ناکام بنا دیا
یہودی سیکڑوں لاشیں میدان میں چھوڑ کر بھاگ گئے

لندن ۱۸ر اگست۔ گذشتہ شب بیت المقدس میں شدید جنگ کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ عربوں کے اعلان کے مطابق ان لڑائیوں میں کئی سو یہودی مارے گئے۔

واقعات ایڈیٹر کے مقام پر یہودیوں کے ایک ناکام حملے کے دوران میں پیش آئے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ عرب نے حفاظتی انتظامات کو بہت سخت کر رہا ہے۔ عرب لیجن کی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ شکست خوردہ یہودی فوجوں نے بہت کافی لاشیں چھوڑیں ... اس بات پر زور دیا کہ یہودیوں نے برطانوی ہائی کمشنر کی سابقہ رہائش گاہ پر قبضہ کر لیا جو اس وقت ریڈ کراس کا مرکز ہے۔ نیز یہودیوں نے کہا کہ عرب توپیں اس پر بمباری کر رہی تھیں۔

تل ابیب: اقوام متحدہ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ... اقوام متحدہ کی ایک جیپ کار پر گولی چلائی گئی جیپ ایک یہودی قافلہ کی حفاظت میں بیت المقدس کی جانب جا رہی تھی۔ اسی قافلہ کو روک لیا گیا لیکن اس کو کوئی نقصان نہیں ہوا۔ کچھ گاڑیاں اپنے سفر پر روانہ ہو گئیں۔

عمان میں ایک سرکاری اعلان میں کہا گیا کہ مشرق اردن اور عراق کی فوجیں ایک ہی کمانڈ کے ماتحت کر دی جائیں گی۔ شامی حکومت نے زمانہ جنگ کی تجارتی پالیسی پر عمل شروع کر دیا ہے اور کئی چیزوں کو غیر ضروری قرار دے کر ان کی درآمد بند کر دی ہے۔

حیفہ میں سائپرس ایوبر کو جو اطلاع موصول ہوئی ہے اس کے مطابق قاہرہ اور دمشق میں بعض علاقوں پر ہوائی جہازوں کی پرواز کی ممانعت کی جا رہی ہے۔

ہانگ کانگ ۱۹ر اگست۔ جنوب مغربی چین میں دو ماہ کی خاموشی کے بعد زبردست چینی کمیونسٹ فوجوں نے چین کی سرکاری فوجوں پر شدید اور مسلسل حملے شروع کر دئیے۔ صوبائی صدر مقام چنگ ... ان حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ... کے شمال میں زبردست جنگ جاری ہے۔ یہاں گھرے ہوئے کمیونسٹ دستوں نے ... راستہ بنانے اور نکل بھاگنے کی کوشش کی۔ چینی حکومت کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ جنوب مغربی ... سرکاری فوجوں کے لئے زبردست امداد پہنچ رہی ہے ... اور ہونان کے صوبجات کی سرحدوں پر رہنے والے ... چینی فوجوں نے کارروائی شروع کر دی ہے۔

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۱ اگست ۱۹۴۸ء

زبان اور کلچر کا مباحثہ

یوپی اسمبلی کے اسپیکر اور یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن نے جبلپور کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔

"انڈین یونین میں جداگانہ تہذیب اور علیحدہ زبان کے متعلق کوئی گفتگو نہیں ہونی چاہیے یہاں ان لوگوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں جو کسی خصوص فرقہ کے لئے علیحدہ زبان اور علیحدہ تہذیب کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اگر ایسے لوگوں نے اپنے نقطۂ خیال میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں کی اور ہندیونین سے غیر مشروط وفاداری کا اظہار نہ کیا تو انہیں ہندوستان چھوڑ دینا پڑے گا۔ مذہب اور کلچر دو مختلف چیزیں ہیں، ہوسکتا ہے کہ مذہب اور زبان غیر ملکی ہوں مگر تہذیب پر انکا کوئی اثر نہ ہونا چاہیے کیونکہ تہذیب ہمیشہ مقامی ہوتی ہے اور مقامی حالات اسے نشو و نما دیتے ہیں، چین، جاپان اور دوسرے ممالک میں بھی مسلمان ہیں مگر انہوں نے کبھی علیحدہ زبان اور تہذیب کا مطالبہ نہیں کیا۔ اگر مسلمان ہندیونین میں رہنا چاہتے ہیں جو ایک غیر مذہبی اسٹیٹ ہے تو انہیں ہندی کو قومی زبان کی حیثیت سے اور ناگری کو قومی رسم الخط کی حیثیت سے تسلیم کرنا پڑیگا انہیں چاہیے کہ وہ عرب اور پاکستان کی طرف دیکھنا چھوڑ دیں اور ہندوستان کی تہذیب کو اپنی تہذیب قرار دیں۔"

(ہندوستان ٹائمز ۱۶ اگست ۱۹۴۸ء)

ٹنڈن جی کی خوبی یہ ہے کہ صاف گو ہیں ان آنکھوں میں لحاظ، نہ عقل میں احتیاط، نہ دل میں نفاق، منہ میں جو آتا ہے کہہ ڈالتے ہیں، چنانچہ کیا خوب فرمایا کہ مسلمان ہندی کو قومی زبان کی حیثیت سے اور ناگری کو رسم الخط کی حیثیت سے تسلیم کرکے ہی ہندیونین میں رہ سکتے ہیں! مگر معلوم ہے کہ مہاتما گاندھی ہندی اور اردو رسم الخط میں ہندوستانی زبان کے حامی تھے اور آپ ہی نے سب سے پہلے حکومت یوپی کی ہندی نوازی کے خلاف آواز بلند کی تھی!

بدقسمتی سے ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو بھی زبان کے بارے میں گاندھی جی کے ہم خیال ہیں۔ پارلیمنٹ کے گذشتہ اجلاس میں آپ نے فرمایا تھا کہ ہم نے ابھی تک رسم الخط کے معاملہ میں کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے، البتہ مہاتما گاندھی ناگری اور اردو رسم الخط کے حامی تھے اور میں بھی اسی کا مؤید ہوں۔ یہ حال ہی میں مدراس کی ایک تقریر میں آپ نے فرمایا کہ ہندی زبان اور رسم الخط کے بارے میں ہند پارلیمنٹ کے اندر گاندھی جی کے خیال کی تائید کرونگا! اب کیا ٹنڈن جی یہ چاہتے ہیں کہ پنڈت جواہر لال نہرو بھی ہندیونین سے رخصت ہوجائیں؟ ان کی خواہش یہ ہے کہ کانگریس کے [illegible]

مرتبہ بنیادی حقوق کو بھی پاکستان بھیجدینا چاہیے کیونکہ اس میں اقلیتوں کے کلچر، زبان، مذہب، رسوم کی حفاظت کا وعدہ کیا گیا ہے اور جب اقلیتوں کی کوئی زبان اور کلچر ہی نہ ہو تو حفاظت کس چیز کی ہوگی!

یہ صحیح ہے کہ چین، جاپان اور دوسرے ممالک کے مسلمانوں کا کلچر اور زبان علیحدہ نہیں ہے لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ ان ممالک کے غیر مسلموں نے مسلمانوں کو کبھی اچھوت نہیں سمجھا اور نہ نسل پرستی کے محدود دائرہ میں رہکر انکا اقتصادی بائیکاٹ کیا اور ان کے سایہ سے بچنے کی کوشش کی! دوسرے ممالک کا نام لیتے ہوئے [illegible]

ٹنڈن جی کو ذرا اپنے گریبان میں بھی منہ ڈال لینا چاہیے بالکل صحیح ہے کہ چین اور جاپان کے مسلمانوں کی زبان مشترک ہے یعنی وہی زبان جو وہاں ہر جگہ بولی اور سمجھی جاتی ہے اور جو وہیں کی پیداوار ہے اسیطرح یہاں کی مشترک زبان ہندوستانی ہے جو ہر جگہ بولی اور سمجھی جاتی ہے اور جس کی حمایت گاندھی جی نے فرمائی مسلمانوں نے نہ چین اور جاپان کی مشترک زبان سے انحراف کیا اور نہ یہاں کی مشترک زبان سے، انحراف تو وہ لوگ کر رہے ہیں جو ایک نئی زبان عوام کے منہ میں ڈالنا چاہتے ہیں اور جسے ہندو بھی نہیں سمجھتے اور جنہیں مجبور ہوکر پاکستان ریڈیو سے کان لگانا پڑتا ہے!

یہ شوشہ بھی کسی دانشمندی سے خالی اور موجودہ قوم پرستی کی پیداوار ہے کہ مسلمان عرب کی طرف نہ دیکھیں! روس کے مسلمان عربی افکار و تہذیب سے مستفید ہوئے مگر ان کی قوم پرستی میں فرق نہیں آیا، انڈونیشیا کے سات کروڑ مسلمان عربی لٹریچر، عربی کلچر اور عرب کے روحانی اور اخلاقی انقلاب کے سانچوں میں ڈھلے مگر وطن کے لحاظ ہالینڈ کا مقابلہ کرنے سے انہیں کوئی چیز نہ روک سکی، پھر یہاں کے مسلمانوں کے متعلق یہ کیوں فرض کرلیا گیا ہے کہ چونکہ وہ عرب کی طرف دیکھتے ہیں اس لئے غدار ہیں اور انہیں اپنے وطن سے کوئی محبت نہیں ہوسکتی؟

کیا ٹنڈن جی کہہ سکتے ہیں کہ ان کی قوم نے عرب کی طرف دیکھ کر اپنی تہذیب کا سراپا نہیں بدلا؟ یہ عالمگیر انسانی اخوت کا تصور، یہ انسانی مساوات کا پیغام، یہ اعلیٰ اور ادنیٰ کی تفریق کو مٹانے کی مہم، یہ بیواؤں کی شادی، اور عورتوں کو وراثت کے حقوق، یہ طلاق کے ذریعہ مظلوم عورتوں کی گلو خلاصی، آپ کہاں سے لائے؟ کیا یہ عربی اور اسلامی تہذیب کا صدقہ نہیں ہے کہ اس نے غیر شعوری طور پر ہندو سوسائٹی کی کایا پلٹ دی اور انکے خیالات کا رخ بدل ڈالا؟ اور ہندو معاشرہ کی خرابیوں کو دور کرنے کی راہ نکالی؟

ٹنڈن جی حد سے زیادہ آگے نہ بڑھیں، اور آزادی کے گھمنڈ میں غیر منطقی باتیں منہ سے نہ نکالیں ورنہ ایسے خیالات کا ایک ہی نتیجہ نکلے گا کہ فرقہ واریت کو شہ ملے گی، اکثریت میں اپنے متعلق غلط پندار پیدا ہوگا اور ملک کی آزادی عوام کے لئے ایک مصیبت بنکر رہ جائیگی!

پاکستانی صحافت

یہ بات بہت ہی رنجدہ ہے کہ پاکستان کے اخبارات میں ہندوستان اور ہندی مسلمانوں کے متعلق بے سروپا اور بے بنیاد خبریں شائع ہورہی ہیں اور اکثر خبروں میں مبالغہ آرائی سے کام لیا جارہا ہے۔ اگر یہ صحیح ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات کو خوشگوار ہونا چاہیے [illegible]

[illegible] فیصلہ کا مقصد بھی یہی تھا کہ جانبین کے اخبارات ایک دوسرے کے خلاف غلط فہمی پھیلانے سے باز رہیں گے کیا اچھا ہو کہ ہند اور پاکستان کے اخبارات اپنے فرض کو پہچانیں اور اپنی قابلیتوں کو ایک دوسرے کی بہتری اور بھلائی کے لئے استعمال کریں۔

ذہنی آزادی

[illegible]

آوازیں جشن یوم آزادی کے سلسلے میں

حضرت جگر مرادآبادی

حضرت جگر مرادآبادی کی یہ نظم آزادی نمبر کے لئے لکھی گئی تھی لیکن افسوس کہ وقت پر موصول نہ ہونے کی بناء پر آزادی نمبر میں شائع نہ ہوسکی۔ (مدیر)

چمن کے مالی اگر بنالیں موافق اپنا شعار اب بھی
چمن میں آسکتی ہے پلٹ کر، چمن سے روٹھی بہار اب بھی

ہر ایک میں [illegible] بھی طرب نما درخت ہیں سایہ دار اب بھی
مگر وہ انسان کہ جس کے چھونے سے جل چکے ہیں برگ و بار اب بھی

انہیں خبر کیا نصیب ہے ان کی انہیں میں ہیں فتنہ کار اب بھی
مگر وہ ہیں قت و مصلحت کو قدیم و تازہ شکار اب بھی

گرچہ آزادی وطن کو گذر چکا ایک سال کامل
مگر خود اہل وطن کے ہاتھوں فضا ہے ناسازگار اب بھی

[illegible]

یہ جشن آزادی وطن ہے [illegible] کہ جشن و سرخوشی سہیں
یہی جو سادہ سے قہقہے ہیں، یہی جو چھلکے ہوئے تبسم
گرانیں اس طرف وہ ارزاں، ادھر یہ افلاس و تنگدستی
یہ شہوتوں کی یہ سازشوں کی، یہ نفع اندوزیوں کی لعنت
[illegible] انقلاب دیکھے، ہزار ہا تجربوں سے گذرے
انہیں کے حلقوں سے خود انہیں کی مخالفت عام ہورہی ہے
کبھی بھی پوری نہ ہوسکے گی مسرت آزادیوں کی حاصل
وسیع مسلک، رفیع فطرت، خلوص نیت، خلوص ایماں
خلوص نیت سے صرف اپنی ہی زندگی پر کریں توجہ
کبھی کبھی غور کرتے رہئے اجگر کا مصرعہ یہ پڑھتے رہئے
جگر کہ سب زندگی محبت نہیں ہے اس کو کسی سے آزار

[illegible]

ہندوستان کا یوم آزادی

تہنیتی پیغامات کا سلسلہ جاری ہے

نئی دہلی ۱۹ اگست۔ ہز ایکسیلنسی گورنر جنرل کو یوم آزادی کی تقریب پر مندرجہ ذیل پیغامات موصول ہوئے ہیں۔

صدر جمہوریہ شام کا پیغام

ہندوستان کی آزادی کی پہلی سالگرہ کے موقعہ پر میں آپ کو آپ کی شخصیت اور ہندوستان کے نیک لوگوں کو اپنی طرف سے مبارکباد اور نیک خواہشات بھیجنے میں خوشی محسوس کرتا ہوں۔

نیپال کے وزیر اعظم کا پیغام

آپ کی آزادی کی پہلی سالگرہ کی تقریب پر میں حضور کو اور ہندوستان کی حکومت اور عوام کو حکومت نیپال اور اپنی طرف سے نیک خواہشات بھیجتا ہوں [illegible]

[illegible]

صدر جمہوریہ انڈونیشیا

[illegible]

وزیر اعظم برطانیہ

[illegible]

وزیر اعظم کینیڈا

[illegible]

وزیر اعظم اٹلی

[illegible]

سفیر ایران

[illegible]

وزیر اعظم برما

[illegible]

سفیر افغانستان

[illegible]

اڈیٹر کے نام خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مسلمانوں کی اصلاح

[illegible]

رام پور اسمبلی کے افتتاح پر نواب رامپور کی تقریر

پنڈت جواہر لال نہرو اور سردار پٹیل کے پیغامات پڑھکر سنائے گئے

رام پور ۱۰ اگست۔ رام پور کی نئی لیجسلیٹو اسمبلی کی رسم افتتاح کل نواب صاحب رام پور نے ادا کی اس موقعہ پر ریاست کے معززین ایک بڑی تعداد میں موجود تھے نواب صاحب رام پور نے اپنی افتتاحی تقریر میں فرمایا ۱۹ اگست کی تاریخ ... رام پور میں ایک تاریخی حیثیت ... کی سرپرستی میں رام پور کے عوام کے ہاتھ میں سونپ دیا گیا۔

نواب صاحب نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اس مبارک موقعہ پر مناسب ہوگا کہ ہر شخص اپنے دل سے ... اور عام رام پور کی خدمت کا ... جو درحقیقت انڈین یونین کی خدمت ہے۔ ...

بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ رام پور موجودہ دنیا کو اس بارے میں سبق دے سکتا ہے نواب صاحب نے فرمایا کہ یہ ایوان دستور ساز اسمبلی اور قانون ساز اسمبلی دونوں کے فرائض انجام دے گا ... نے مختلف کاموں میں اسمبلی کی کامیابی کی دعا کی اور اس بات کی اُمید ظاہر کی کہ اسمبلی ریاست کے عوام کی بہترین خدمت انجام دے گی۔

اسمبلی کے اسپیکر مسٹر اسلم خاں نے نواب صاحب کا شکریہ ادا کیا اور پنڈت نہرو وزیر اعظم ہند اور سردار پٹیل کے پیغامات پڑھ کر سنائے پنڈت نہرو نے اپنے پیغام میں کہا۔ مجھے معلوم تھا کہ ۱۸ اگست کو رام پور کی منتخب اسمبلی کا افتتاح ہو رہا ہے اس اسمبلی اور اس کے وزیروں کے کاموں کا اندازہ کچھ عرصہ کے بعد لگایا جائے گا لیکن یہ بڑی اچھی بات ہے کہ ریاست میں ذمہ دار حکومت کے آغاز میں عوام کا تعاون حاصل ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ یہ نئی اسمبلی ریاست کے عوام کی بھلائی کے کام کرے گی۔

...

مسٹر منظور ... نے اسمبلی میں ایک تحریک پیش کی جس میں نواب کا شکریہ ادا کیا گیا اور ریاست کو انڈین یونین کے ایک حصہ کی حیثیت سے باقی رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔ اسپیکر نے بھی اس قرار داد کی حمایت کی اور یہ متفقہ طور پر منظور کی گئی۔

نواب صاحب نے فرقہ وارانہ یکانگت اور اتحاد کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ان کو اس پر زور دینے کی ضرورت نہیں کیونکہ خدا کے فضل سے رام پور ہر اس بات میں ... خدا کا فضل رہا ہے ...

وزیر آباد کے بارہ دیہات کا نام و نشان مٹ گیا

بہت سے دیہات اور قصبے جزیروں میں تبدیل ہوگئے سیلاب کی تفصیلات

لاہور ۱۸ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ لاہور لالہ موسیٰ سیلاب زدہ علاقہ کا دورہ ... جن کی تفصیلات حسب ذیل ہیں۔

ایک اخبار نامہ نگار لکھتا ہے کہ لاہور سے میری موٹر روانہ ہوئی تو مطلع صاف تھا سورج چمک رہا تھا لیکن کبھی کبھی آسمان پر بادل کے ٹکڑے شوخ و شریر بچوں کی طرح اِدھر اُدھر بھاگ رہے تھے۔ دریائے راوی کا پانی ... خرابی سے بہہ رہا تھا لیکن بتدریج اس میں اضافہ ہو رہا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بارشوں کی شدت سے راوی بھی متاثر ہو رہا ہے۔ اور اس کا پانی اپنے کناروں سے نکل کر ارد گرد کی زمینوں اور دیہات میں پھیل جانے کے لئے بیتاب ہے راوی کے پل کو عبور کیا تو مد نظر سڑک کے نواحی کھیتوں میں پانی ٹھاٹھیں مارتا ہوا دکھائی دیا۔ موٹر آہستہ آہستہ جا رہی تھی۔ گوجرانوالہ کی سڑک پر دور تک تا حد نظر پانی کی لہریں نواحی آراضیات ...

پی۔ ڈبلیو۔ ڈی کے انجینئر اور ملٹری گجرات کے ارکان پر عائد ہوتی ہے جنھوں نے بند کو درست نہ کیا۔ اگر بند کی بروقت مرمت کی جاتی تو گجرات اور اس کے دیہات سیلاب کی نذر ہونے سے بچ جاتے۔ گجرات شہر میں زبردست گھبراہٹ پھیلی ہوئی ہے اور بارشیں ابھی تک ہو رہی ہیں جن کی وجہ سے برساتی ندی نالوں میں سیلاب آگیا ہے۔ بھمبر ندی طوفان مچاتی ہوئی درجنوں دیہات کو اپنی لپیٹ میں ... کر میلوں کے رقبہ میں تباہی مچا رہی ہے۔ گجرات اور لالہ موسیٰ کے درمیان آمد و رفت بند ہے کیونکہ سڑک کئی مقامات سے سیلاب میں بہہ گئی ہے لالہ موسیٰ ہر چہار طرف سے پانی میں گھر گیا ہے لالہ موسیٰ میں کئی مکانات گر گئے ہیں بھمبر میں طغیانی کی وجہ سے فصلوں کا نقصان ہوا ہے چارہ نایاب ہو گیا ہے دیہات بہہ گئے ہیں۔ صورت حالات انتہائی نازک ...

وزیر آباد اور سیالکوٹ

دریائے چناب اور نالہ پلکھوہ میں طغیانی کی وجہ سے وزیر آباد اور سیالکوٹ کے درمیان ٹریفک قطعی طور پر بند ہوگئی ہے اور پہاڑی اور برساتی ندی نالوں سے ارد گرد کے درجنوں دیہات کو پیوند زمین کر رہا ہے۔ سیکڑوں مویشی اور درجنوں آدمی ہلاک ہوگئے ہیں۔ سیلاب کے برق رَو پانی میں ہم نے ایک نوجوان کو بھینس کی دُم تھامے ہوئے آتے دیکھا۔ لیکن جب اُسے نکالنے کی کوشش کی گئی تو وہ مر چکا تھا۔ وزیر آباد کے بارہ دیہات کا نشان تک مٹ گیا ہے۔ وزیر آباد سے ہم گجرات کو روانہ ہوئے تو راستہ میں معلوم ہوا کہ چناب کے پانی نے زبردست تباہی مچا رکھی ہے۔ اس وقت بیسیوں دیہات زیر آب ہیں۔ ہزاروں آدمی بے خانماں ہو گئے ہیں۔ اور کئی عمارتیں خالی ہو چکی ہیں۔ فصلیں قطعی طور پر تباہ ہو گئی ہیں۔ موٹر پر گجرات تک پہنچنا محال ہو گیا۔ گجرات کے گلی کوچوں اور بازاروں میں چناب کا پانی ٹھاٹھیں مار رہا ہے موٹروں کا اڈہ اور تھانہ کی عمارت تباہ ہو گئے۔ کچہریوں میں پانی ندی کی طرح بہتا ہوا بہہ رہا ہے اور شہر کا مشرقی حصہ مکمل طور پر زیر آب ہے مقامی لوگوں سے ... معلوم ہوا کہ گجرات میں اس تباہی کی ...

حاجیوں کا اسٹیمر علوی حجاز نہیں جائے گا

بمبئی میں جمع ہونے والے حجاج میں بے چینی

بمبئی ۱۸ اگست۔ حاجیوں کو لیجانے والے اسٹیمر ... حاجیوں میں سخت بے چینی پھیل گئی ہے۔ ... حاجیوں سے پوری طرح بھرے ہوئے ہیں۔ ... اسٹیمر نہیں ... کے مطابق جہاز جانے کا اعلان کیا تھا ... اس امر کی سخت ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ حکومت اس طرف جلد توجہ کرے ...

کمیونسٹوں کی طرف سے

سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

لکھنؤ (میرٹھ) ۱۴ اگست۔ کل یہاں مقامی کمیونسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مزدوروں کے علاوہ کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔ جلسہ میں یہ آزادی دھوکا ہے۔ جھوٹی ہے۔ جھوٹی آزادی کے نعرے لگائے جا رہے تھے۔ کامریڈ ... نے جلسے کے صدر کی حیثیت سے اپنی تقریر میں ملک کے موجودہ حالات پر روشنی ڈالی اور کہا کہ آج جبکہ مزدوروں کی حالت ایسی ہو چلی ہے کہ ...

...

ہندوستان کا یوم آزادی

اور ہند کے مابین جو دوستانہ تعلقات کئی صدیوں سے چلے آتے تھے وہ اور زیادہ مضبوط ہو گئے ہیں ... وہ بلاشبہ ترقی و خوش حالی کو برقرار رکھنے اور ہماری مشکل سے حاصل کی ہوئی آزادی کی دائمی نگرانی اور چوکسی رکھنے کے لئے ہم دونوں کی امداد کریں گے۔

برمی سفیر کا پیغام

برمی سفیر کے پیغام کے الفاظ یہ ہیں:

میں آپ کو یہ درخواست کرنے کا موقع حاصل کرتا ہوں کہ آزادی ہند کی پہلی سالگرہ پر آپ میرا انتہائی دلی مبارکباد قبول کیجئے ...

...

آپ نے لطور سفیر برما میں بھیجی ہے۔ بہت زیادہ خوشی محسوس کرتے ہیں۔"

برما کے ہندوستانی محتاط رہیں

یوم آزادی پر ہندی سفیر ڈاکٹر رؤف کا پیغام

نئی دہلی ۱۸ اگست۔ یوم آزادی کی تقریب کے لئے ہندوستانی سفیر ڈاکٹر رؤف کی طرف سے ۱۵ اگست کی شام کو رنگون ریڈیو سے حسب ذیل پیغام نشر کیا گیا۔

ہندوستان کو آزاد ہوئے آج پورا ایک برس ہو گیا ہے۔ ہماری آزادی کی تاریخ میں یہ پہلی مدت ہے۔ حصول آزادی کے لئے ہمیں جو مصائب جھیلنے پڑے اور جو قربانیاں دینی پڑیں اس دن ان کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ سالہا سال کے غیر ملکی اقتدار کی وجہ سے ہندوستانی قوم میں جو زہر داخل ہو گیا تھا ابھی پوری طرح خارج نہیں ہوا ہے۔ اس سال کے دوران میں ہمیں اپنے محبوب رہنما گاندھی کی عظیم ترین قربانی دینی پڑی وہ کسی طرح بھلائی نہیں جا سکتی۔ ہندوستان کے اندر اور ہندوستان کے باہر ہمیں بھاری مشکلات کا سامنا ہے اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے ہمیں مسائل کو قوی تر کرنا ہو گا۔ پنجاب کی المناک روداد آج بھی ہمیں یاد ہے۔

درحقیقت ... مسائل حل کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ ملکوں کے مسائل آسانی سے حل نہیں ہوا کرتے۔ بعض لوگ ...

رفاقت کے جذبات کو فوقیت دیں گے۔

برما میں رہنے والے ہندوستانیوں سے مجھے کہنا ہے کہ مصیبت کے ایک ایسے دور میں جبکہ تمام دنیا پریشان ہے انھیں ہندوستان کی روایات کو ملحوظ رکھتے ہوئے حق کی راہ پر ثابت قدم رہنا چاہئے۔ برما کے معاملوں میں ہندوستانیوں یا کسی اور ملک کے باشندوں کی دخل اندازی سے برما میں رہنے والے ہندوستانیوں کو چنداں فائدہ نہیں ہو سکتا۔ امن اور قانون کی برقراری کے لئے ہمیں افسران متعلقہ سے تعاون کرنا چاہئے۔ اگر کوئی ہندوستانی شریعت کے بنیادی قواعد کی خلاف ورزی کرے گا تو وہ برما میں رہنے والے ہندوستانیوں ...

...

پنجاب سے اغوا شدگان کی برآمد

...

اسی کی ریاستوں سے ۱۴۵۷ مسلمان عورتیں اور بچے برآمد کئے گئے مغربی پنجاب سے جو غیر مسلم عورتیں اور بچے اسی مدت میں برآمد کئے گئے ان کی تعداد ... ہے قبل جو عورتیں اور بچے برآمد کئے گئے ان کا اعداد و شمار کا پتہ نہیں کیونکہ اس تاریخ سے قبل اس قسم کی کوئی اسکیم ...

جمعیۃ علماء کے دفتر کا افتتاح

قصاب پورہ میں جلسہ

دہلی ۱۸ اگست۔ جمعہ کے روز ... بجے قصاب پورہ متصل بڑی مسجد علاقہ کے مسلمانوں کا ایک بڑا اجتماع ہوا جس میں مولانا عبد الماجد صاحب اور مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی تقریریں فرمائیں ...

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

اردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر سید انیس الرحمٰن!

قیمت سالانہ

چھ روپے ... فی پرچہ آٹھ آنے

نمونہ کیلئے ... کے ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے

خوشخبری

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجرا

ہمارے استفسار پر ملک کے ہر گوشہ سے ہفتہ وار الجمعیۃ کے اجرار کی نہایت پرتپاک طریقہ پر تائید کی گئی ہے **لہٰذا** ہم حق تعالیٰ کی توفیق و امداد کے بھروسہ پر ہمدردان الجمعیۃ کی خواہش کے احترام میں اعلان کرتے ہیں کہ جونہی

خریداران اور ایجنٹ صاحبان

کی طرف سے مناسب تعداد میں ہمارے پاس فرمائشیں پہونچ جائیں گی ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت شروع کر دیجائے گی ہماری خواہش ہے کہ **ستمبر کے پہلے ہفتہ میں** ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجرار ہو جائے لیکن ہماری اس خواہش کے پورا ہونے کا انحصار مناسب تعداد میں فرمائشیں موصول ہو جانے پر ہے، لہٰذا **ایجنٹ صاحبان** بلا تاخیر اپنی مطلوبہ تعداد سے مطلع فرمائیں **خریدار صاحبان** فرمائش ارسال فرمانے میں تاخیر نہ فرمائیں

ہفتہ وار الجمعیۃ ہر اتوار کو ۲۰×۳۰ سائز کے ۴۰ صفحات پر خوشنما اور رنگین ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوگا، قیمت سالانہ بارہ روپے ششماہی چھ روپے آٹھ آنے فی پرچہ ۴؎

(عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی)

ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی

(مجربیہ وزیر آباد۔ پنجاب)

شائقین ہومیوپیتھی اور خریداران ادویات و کتب ہومیوپیتھی خصوصاً اور دیگر پبلک عموماً نوٹ کریں کہ

(۱) ہومیوپیتھک ہسپتال مستعدی کے ساتھ ... سے پبلک کا خدمت گذار ہے جو دہلی میں منتقل کیا گیا ہے

(۲) ڈاکٹر ... پال صاحب ساہی ایم۔ بی۔ بی۔ ایس اور لیڈی ڈاکٹر سوشیلا صاحبہ ساہی، ایل۔ ایس ایم ایف، انچارج ہسپتال ہذا ایلوپیتھی کے ساتھ ہومیوپیتھی کے بھی ماہر ہیں۔

چنانچہ مایۂ ناز ہومیوپیتھی پوچھیے ... ڈاکٹر دولت سنگھ صاحب مصنف کی ہومیوپیتھک نظر ثانی اور اضافہ جدید کردہ کتب ہومیوپیتھی زیر طبع ہے جو عنقریب پبلک کو میسر ہو سکیگی۔

(۳) ہومیوپیتھک یا ایلوپیتھک جس طریقہ علاج سے مناسب ہوتا ہے، مریض کا علاج کیا جاتا ہے، غربا سے وقت مطب میں فیس معاف۔

منیجر وزیر آبادی ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی کمرہ بنگس بازار اچھتلی قبر

اتحادی اقوام میں سیلون کی شمولیت کا مسئلہ

چین کی تجویز کے خلاف روس نے ویٹو کا حق استعمال کیا

لیک سکیس ۱۸؍ اگست۔ چین کی اس تجویز کو کہ سیلون کو اتحادی اقوام کا رکن بنایا جائے ناکام بنانے کے لئے روس کی طرف سے پھر ویٹو کا استعمال کیا گیا۔ یوکرائن نے بھی اس تجویز کی مخالفت میں روس کا ساتھ دیا۔ اس سے پہلے روس کی یہ تجویز کہ اتحادی اقوام میں سیلون کے داخلہ کا سوال ملتوی کر دیا جائے منظور نہ ہو سکی۔ صرف روس اور یوکرائن نے اس تجویز کی حمایت کی باقی سب ممبر غیر جانبدار رہے۔ روس اور یوکرائن کے نمائندوں نے اتحادی اقوام میں سیلون کے داخلے کی اس وجہ سے حمایت نہیں کی کہ ان کو اس بات کا یقین تھا کہ سیلون کو حقیقی آزادی نہیں ملی بلکہ جھوٹی اور نام نہاد آزادی ملی ہے۔

ہندوستان اور سوئٹزرلینڈ میں دوستی کے معاہدہ کی تفصیلات

۱۸؍ اگست کو ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت نہرو اور سوئٹزرلینڈ کے وزیر ڈاکٹر آرمین رہیکر سفیر خصوصی نے اپنی حکومتوں کی طرف سے ہندوستان اور سوئٹزرلینڈ میں دوستی قائم رکھنے کے معاہدہ پر دستخط کئے۔ یہ معاہدہ دونوں ملکوں میں دائمی امن اور اٹل دوستی کا مظہر ہے۔ سیاسی اور قنصلی اشخاص کے آزادانہ تبادلہ کی مراعات تسلیم کی گئی ہیں۔

[illegible]

... "حمایت یافتہ غیر ممالک" کی دفعہ کے سلسلہ میں ہندوستان سوئٹزرلینڈ کو وہ مراعات نہیں دیگا جو ری پبلک آف برما اور سلطنت نیپال کو اب دیجاتی ہیں یا بعد میں دی جائیں گی۔

[illegible] ... مراعات دیتا ہے۔ (۳) دونوں ملکوں کے باشندوں اور سوداگروں کے سامان، درآمد، برآمد اور اشیاء کی نقل و حرکت کے لئے بھی وہی سلوک ہوگا جو حمایت یافتہ غیر ممالک کے درمیان ہوتا ہے۔ ہمسایہ ممالک کی سرحدی ...

پارلیمنٹ میں سوالات

ہند سے آٹھ لاکھ مسلمان ہجرت کر کے حیدرآباد چلے گئے

دہلی کے قریب مکانات تیار کرنے والا ایک کارخانہ قائم ہو گیا

بنے بنائے مکانات کی فیکٹری

وزیر صحت کی طرف سے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی نے بیان کیا کہ بنے بنائے مکانات مینوفیکچر کرنے کے لئے ایک فیکٹری قائم کی جا رہی ہے جو کہ غالباً دہلی کے نزدیک ہوگی۔ اس فیکٹری کو فوراً جاری کرنے کے لئے تمام انتظامات کر لئے گئے ہیں۔ مجوزہ فیکٹری ۵ ہزار مکانات سالانہ تیار کرے گی۔ ہر مکان کی قیمت اڑھائی ہزار روپے ہوگی۔ ان مکانوں میں ۹×۱۰ فٹ کے دو کمرے، ایک برآمدہ اور ایک کچن ہوگا۔ فیکٹری پر کل بیس لاکھ روپے خرچ آئے گا ... [illegible]

نئی دہلی ۱۸؍ اگست آج ہند پارلیمنٹ میں وزیر بحالیات شری مہاویر تیاگی نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بیان کیا کہ اس وقت انکم ٹیکس کی تفتیش کرنے والے کمیشن کے سپرد دس مقدمات کے ... کر لئے ہیں ... [illegible] ... کا انکشاف کرنا مفاد عامہ کے منافی ہوگا۔

تفتیش کے سلسلہ میں ... [illegible] ... مقدمات ۱۸؍ اگست کے آخر تک کمیشن کے سپرد کئے جا سکتے ہیں۔

حیدرآباد جانے والے مسلمان

سردار پٹیل نے حسب سوالات کا ... جواب دیتے ہوئے ... [illegible] ... تقریباً ۸ لاکھ مسلمان ...

[illegible]

وزیر تعلیم مولانا آزاد نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت نے ہندی ساہتیہ سمیلن الہ آباد کو دہلی میں ایک بلڈنگ تعمیر کرنے کے لئے ۵ لاکھ روپے گرانٹ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ ہندی ساہتیہ سمیلن کو چالیس ہزار روپیہ سالانہ گرانٹ دینے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

مولانا حسرت موہانی کا سوال

... سردار پٹیل نے جواب دیا کہ ... [illegible]

یو پی اسمبلی کا موسم خزاں کا اجلاس ۱۸؍ اکتوبر سے شروع ہوگا

ایوان بالا کی ۷ خالی نشستوں کے انتخابات بھی اکتوبر میں ہونگے

لکھنؤ ۱۸؍ اگست۔ کابینہ کے ایک جلسہ کے بعد یہاں یہ فیصلہ کیا گیا کہ یو پی اسمبلی کا موسم خزاں کا اجلاس ۱۸؍ اکتوبر سے یہاں شروع کیا جائے۔ کابینہ نے اس بات کا بھی فیصلہ کیا کہ ایوان اعلیٰ کی ۷ نشستوں کا انتخاب اکتوبر کے پہلے ہفتے میں منتخب کیا جائے۔ یہ نشستیں ۲۲ نومبر کو خالی ہو جائیں گی۔ ان کے لئے نامزدگی کے کاغذات دوسرے ہفتے میں لئے جائیں گے۔ ... [illegible] ... ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جو مختلف محکموں کے ... [illegible]

مردم شماری کے متعلق سردار پٹیل کا بل منظور ہو گیا

قومیت کے خانہ کو نکالنے سے متعلق ترمیم کی نامنظوری

نئی دہلی ۱۸؍ اگست۔ [illegible]

[illegible]

... اس ترمیم کے محرک ... کا وجود ہے۔

سردار صاحب نے کہا کہ اگر ایوان قومیت کے سلسلہ میں تمام باتوں پر پابندی لگانا چاہتا ہے تو ممبران کو باقاعدہ ایک قرارداد ایوان کے سامنے لانی چاہئے۔ اس جواب کے بعد ترمیم کے محرک نے اپنی ترمیم واپس لے لی۔ اس کے بعد اجلاس جمعہ کے لئے ملتوی ہو گیا۔ رکشا بندھن کی بنا پر آج اسمبلی کا اجلاس نہیں ہوگا۔

ٹرانسپورٹ ممبر کا بل

اس سے قبل ایوان نے وزیر ٹرانسپورٹ کا بل چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔ اس بل کا مقصد ریلوے ... [illegible]

... کو ... کی اجازت ... [illegible]

وزیر قانون نے بتایا کہ یہ بات حکومت کے نوٹس میں لائی گئی ہے کہ پاکستان سے جو شرنارتھی ہند آئے ہیں انہیں ہند کی عدالتوں میں اپنے دعوے پیش کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ... [illegible]

... کو ... کی ... ہوئی ہے ... ترمیم ... [illegible] ... ۲۰؍ اگست پر ملتوی کر دی گئی۔

... ڈاکٹر امبیدکر کا ... بل منظور کر لیا۔ ڈاکٹر امبیدکر نے ... کا ... پیش کیا۔ آپ نے اس بل کے مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ ... عیسائی عورتوں نے دوران جنگ میں غیر ملکیوں کے ساتھ شادیاں کی تھیں جو اب اس ملک سے جا چکے ہیں انہوں نے ان سے بے وفائی کی ہے بدقسمتی سے قانون طلاق میں ایسی کوئی دفعہ موجود نہیں جس سے ان عورتوں کو طلاق دی جا سکے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس قانون کی رو سے طلاق کی درخواست دینے والے خاوند اور بیوی کا ہند میں موجود ہونا لازمی ہے اس بل کی رو سے ان عورتوں کو خاوند کی غیر موجودگی میں بھی عدالتوں سے طلاق حاصل کرنے کی اجازت مل جائے گی پارلیمنٹ نے بل منظور کر لیا ... [illegible] ... نے جواب دیا کہ اس بل کا اس سوال سے کوئی تعلق نہیں۔ ایک عورت بھی ہو سکتی ہے اور دس لاکھ بھی۔

مارشل اسٹالن سے ملاقات کی آخری کوشش کی جائے

برطانوی سفیر مسٹر فرینک رابرٹس کو برطانوی حکومت کی ہدایت

لندن ۱۸؍ اگست۔ برطانیہ نے ماسکو میں اپنے خصوصی نمائندہ مسٹر فرینک رابرٹس کو ہدایت کی ہے کہ وہ مارشل اسٹالن سے ملاقات کی آخری مرتبہ اور کوشش کریں۔ یہ ملاقات شاید اس ہفتہ کے آخر میں عمل میں آئے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مغربی طاقتوں کے نمائندوں اور ایم مولوٹوف کی گفت و شنید میں گذشتہ ... پیدا ہو گیا تھا۔ اگر مارشل اسٹالن سے بات چیت کے بعد بھی جرمنی کے بارے میں چاروں حکومتوں کی کانفرنس طلب کرنے کا فیصلہ نہ ہو سکا تو موجودہ گفت و شنید ختم کر دی جائے گی اور مسٹر رابرٹس کو واپس بلا لیا جائے گا۔

... کیا جائے گا۔ امریکی سفیر مسٹر لوئس ڈگلس نے آج وزارت خارجہ کے جرمنی امور سے متعلقہ ... سے ملاقات کی ... [illegible] ... کانفرنس جلد طلب کئے جانے کی توقع ہے۔ آج تیسری مرتبہ ... کانفرنس میں مسٹر مارشل نے ماسکو گفت و شنید پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا۔

واشنگٹن کے باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ اس ہفتہ کے آخر تک بات چیت ختم ہو جائے گی نتیجہ یہ ہے کہ واقعات امید افزا ہیں۔

ماسکو کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ کریملن میں چاروں طاقتوں کے سفیروں اور ایم مولوٹوف کی کانفرنس کی بابت یہ توقع ہے کہ جمعہ کو ہوگی بڑی حد تک آخری اور فیصلہ کن کانفرنس ہوگی۔ امریکی سفیر اور برطانوی سفیر خصوصی آج فرانس کے سفیر کے بنگلے پر گئے اور فرانسیسی سفیر سے کچھ دیر تک بات چیت کی۔ لیکن آج مسٹر مولوٹوف سے کسی ملاقات کی امید نہیں ہے۔

لندن میں ابھی تک یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ یہ گفت و شنید کامیاب ثابت ہوگی۔ بعض اخباری اطلاعات کے بالکل برعکس، ماسکو گفت و شنید کے ناکام رہنے کی صورت میں ان حکومتوں نے ابتک اپنا طریق کار متعین نہیں کیا۔ ... اب تک اس بات کا فیصلہ نہیں ہوا کہ کیا برلن کی ناکہ بندی کے مسئلہ کو اقوام متحدہ میں پیش ...

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل

بمبئی کے وزیر داخلہ شہادت دینگے

بمبئی ۱۸؍ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ بمبئی کے وزیر داخلہ مسٹر مرارجی ڈیسائی عنقریب مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں گواہی دیں گے۔ ... وزیر کی حیثیت سے ... کے سامنے بیان دے سکتے ہیں لیکن معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے شہادت کے لئے رضاکارانہ طور پر اپنے آپ کو دہلی آنے کے لئے پیش کر دیا ہے۔

بڑودہ کا جھگڑا

بمبئی ۱۸؍ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ بڑودہ کے جھگڑے کو اب نئی دہلی میں خود سردار پٹیل کی رہنمائی میں اس ہفتے کے آخر میں طے کیا جائے گا مہاراجہ بڑودہ سردار پٹیل سے ملنے کے لئے دہلی پہونچنے والے ہیں۔ ڈاکٹر جیوراج مہتہ وزیر اعظم بڑودہ بھی دہلی آ رہے ہیں۔ وہ بمبئی میں دو بار مہاراجہ سے ملے۔ مسٹر منشی ایجنٹ جنرل ہند مقیم حیدرآباد بھی مہاراجہ کو دوستانہ مشورہ دے چکے ہیں۔ دہلی میں بات چیت ختم کرنے کے بعد مہاراجہ بڑودہ ریاست میں مکمل ذمہ دار حکومت کا اعلان کریں گے اور عارضی حکومت وزیر اعظم کے مشورہ کے مطابق قائم کریں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ سمجھوتہ کسی حد تک ہو چکا ہے۔

ایم رینا ڈ کیلئے خصوصی اختیارات

پیرس ۱۸؍ اگست۔ فرانس کی نیشنل اسمبلی میں گذشتہ شب اس بل کی دوسری خواندگی ہوئی جس کے ذریعہ فرانسیسی وزیر خزانہ ایم رینا ڈ کو فرانس میں معاشی اصلاح کے لئے خصوصی اختیارات دیئے جائیں گے۔

برطانیہ کی بہترین فوجیں ملایا کو

لندن ۱۸؍ اگست۔ گذشتہ شب برطانیہ کے وزیر جنگ نے اعلان کیا کہ برطانوی حکومت برطانیہ کے بہترین سپاہی ملایا والوں میں امن کی بحالی کے لئے ملایا بھیج رہی ہے۔ ... [illegible] ... بھی برطانوی فوجیں ملایا کو روانہ ہو چکی ہیں۔

یورپ کی پارلیمنٹ بنانے کا مسئلہ

مغربی حکومتوں کو فرانس کی دعوت

پیرس ۱۸؍ اگست۔ فرانس نے آج انتخاب کا فیصلہ کر لیا کہ یورپ کی ایک پارلیمنٹ بنانے کے سلسلہ پر گفت و شنید میں شرکت کرنے کے لئے پانچوں مغربی حکومتوں کے نمائندوں کو طلب کیا جائے۔ فرانس نے برطانیہ، ہالینڈ، بلجیم اور لکسمبرگ سے درخواست کی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ... اس سلسلہ کی ایک ابتدائی کانفرنس میں شرکت کریں۔

سندھ کا سیلاب اور زیادہ خطرناک صورت اختیار کر رہا ہے

سکھر ۱۸؍ اگست۔ مغربی پنجاب سے موصول شدہ اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ بارش کی کثرت کی وجہ سے وہاں کے تمام دریاؤں میں زبردست سیلاب آ رہا ہے۔ ڈیرہ غازی خاں کے ضلع میں موضع ... کے ... دریا کی سطح برابر بلند ہو رہی ہے۔ دیہاتیوں ... خالی کرا دیا گیا ہے۔ امدادی پارٹیاں سیلاب میں پھنسے ہوئے لوگوں کی مدد کر رہی ہیں۔ کئی مقامات پر ریل کی پٹڑیوں اور سڑکوں کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔ چناب اور جہلم کی سطح برابر بلند ہو رہی ہے اور فصلوں اور مکانوں کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔ انجینیروں کے اندازے کے مطابق جب ان دریاؤں کا پانی دریائے سندھ میں داخل ہوگا تو سندھ میں سیلاب کا خطرہ اور زیادہ شدید ہو جائیگا۔

... مکعب فٹ پانی گزرتا تھا۔ اس سال یہ مقدار ایک لاکھ تک بڑھ جانے کا خطرہ ہے۔ سکھر بیراج کے قریب پانی کی سطح سمندر سے بلندی کا اندازہ تقریباً ۲ سو فٹ لگایا جاتا ہے۔ دریا کی تہہ سے پانی کی سطح ... فٹ بلند ہے۔ آج تک پانی کی سطح کی بلندی کا یہ ریکارڈ ہے۔

ان دریاؤں کے سیلاب کے پانی سے جو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ آج تک اس علاقہ میں دریا کی سطح اتنی بلند نہیں ہوئی ہے۔ سندھ میں ۱۹۴۲ء میں جو سیلاب آیا تھا اس میں دریائے سندھ میں ایک سکنڈ میں صرف ...

سندھ میں ہندوؤں کے مفاد کا تحفظ کیا جائے گا

کراچی ۱۸؍ اگست۔ آج سندھی ہندوؤں کا ایک وفد وزیر اعظم سندھ سے ملا۔ وزیر اعظم نے وفد کو یقین دلایا کہ پاکستان گورنمنٹ میں ہندوؤں کے مفاد کی عزت کی جائے گی۔ اور جو ہندو واپس آ کر یہاں آباد ہونا چاہتے ہیں انہیں ہر قسم کی سہولیات بہم پہنچائی جائیں گی۔

راجستھان میں شرنارتھیوں کا شہر

پرتاب نگر کیلئے حکومت ہند قرضہ دے گی

نئی دہلی ۱۸؍ اگست۔ حکومت ہند نے راجستھان یونین کو ۲۲ لاکھ روپیہ قرضہ دیا ہے۔ جو پرتاپ نگر کے نام کا شہر بسانے پر خرچ کیا جائے گا۔ اس میں تین ہزار مکان بنائے جائیں گے اور ۲۰۰۰ ... شرنارتھیوں کو بسایا جائیگا ... [illegible]

شروع ہو چکا ہے۔ اور تین سو مکان تقریباً مکمل ہو چکے ہیں حکومت ہند کے محکمہ بحالیات کو امید ہے کہ یہ سکیم جلد از جلد سر انجام پائے گی اور وہ سوسائٹی کو تمام ضروری سامان اور سہولتیں مہیا کرے گا۔

کشمیر کمیشن کی دہلی کے لئے روانگی ملتوی

کراچی ۱۸؍ اگست۔ ڈاکٹر لارنسو چیرمین کشمیر کمیشن اور ان کے ساتھیوں نے آج نئی دہلی کے لئے اپنی روانگی ملتوی کر دی۔ پتہ چلا ہے کہ کمیشن آج پاکستانی نمائندوں سے کراچی میں شکل تجاویز پر تبادلہ خیالات کرے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے چند ایک امور کی وضاحت طلب کی ہے۔ آج کے جلسہ کے بعد کمیشن اپنی روانگی کی تاریخ کا فیصلہ کرے گا۔

برطانیہ اور مصر کے تعلقات پر مصری اخبارات کی رائے زنی

قاہرہ ۱۸؍ اگست۔ برطانیہ اور مصر کے تعلقات کا مسئلہ مصری اخباروں میں از سر نو زیر بحث آ گیا ہے اور برطانوی منسٹر مسٹر چیپ مین اینڈریوز اور وزیر خارجہ مصر کی ملاقات کو اس سلسلہ میں بہت اہمیت دی جا رہی ہے۔ تمام اخباروں نے اس ملاقات کا حال نمایاں طور سے جلی عنوانات کے ساتھ شائع کیا ہے اس ملاقات میں نائب وزیر خارجہ مصر شریک تھے گفت و شنید ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔

مسٹر ... نے اس افواہ کی تردید کر دی ہے کہ مسٹر ... [illegible]

صفحہ اول کالم تین سے آگے

علاقہ میں بھی ان توپوں کی موجودگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان نے اب کشمیر میں اپنے ہوائی جہاز بھی استعمال کرنے شروع کر دیئے ہیں ان توپوں سے ہوائی جہازوں پر گولہ باری کی جاتی ہے۔

صفحہ اول کالم ۶ سے آگے

[illegible]

دس ہزار روپے کی رقم ہوائی فوج کے امدادی فنڈ کے لئے دی ہے مہاراجہ جودھپور ... [illegible]

گورنر جنرل میسور میں

میسور ۱۸؍ اگست۔ گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ آج ... ہوائی اڈہ پر پہونچ گئے۔ مہاراجہ میسور نے ان کا استقبال کیا۔ گورنر جنرل نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور پھر مہاراجہ کے ساتھ ... محل تشریف لے گئے شام کو مہاراجہ نے ایک گارڈن پارٹی دی جس میں دوسرے مہمان شریک ...

ضرورت ہے

دفتر اخبار الجمعیۃ کی ٹائپ مشین کی صفائی وغیرہ کرانے کے لیے صفائی کرنے والوں کی ضرورت ہے۔ دفتر میں تشریف لا کر معلومات حاصل کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۲۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے — جلد ۳۰ — دہلی یوم یکشنبہ ۱۶ شوال المکرم ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲۲ اگست ۱۹۴۸ء — نمبر ۱۷۸ — فی پرچہ ۱ بذریعہ ہوائی جہاز ۲

سالانہ قیمت تیس روپے
ششماہی سولہ روپیہ
سہ ماہی آٹھ روپیہ آٹھ آنے

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

یروشلم کی حالت قابو سے باہر ہو گئی۔ کاؤنٹ برناڈوٹ نے مجلس تحفظ کو مطلع کر دیا

مجلس تحفظ کی طرف سے متحارب فریقین کو نئی ہدایتیں

جو پارٹی صلح کی خلاف ورزی کریگی اس کے خلاف مقدمہ چلے گا

لیک سکسیس ۲۰ اگست۔ کل رات مجلس تحفظ کے خصوصی اجلاس میں فلسطین کے مسئلہ پر غور و خوض کیا گیا۔ ...

بین الاقوامی مشاہدین

آگرہ کی لوٹ میں رکھشا دل کے والنٹیروں نے حصہ لیا

حکومت لوٹ مار کی تحقیقات کریگی۔ کرفیو کی خلاف ورزی میں گرفتاریاں

ہندوستان اور پاکستان کے مابین قیدیوں کے تبادلہ کے متعلق سمجھوتہ

کراچی ۲۰ اگست۔ حکومت ہند اور حکومت پاکستان کے نمائندوں کے مابین قیدیوں کے تبادلہ کے بارے میں قطعی طور پر سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ شہری جائیداد کے بارے میں بھی ایک مشترکہ ادارہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ ادارہ شہری املاک کے تبادلہ، مجوزہ ولادت کے کاغذات کی تیاری اور تمام منقولہ جائیداد کے منتقل کرنے کا کام کرے گا۔

چین میں ہنگامی صورت حالات کا اعلان کر دیا جائیگا

مارشل چیانگ کائی شک تمام اختیارات سنبھال لینگے

پورٹ حج کمیٹی بمبئی کا ضروری اعلان

زائرین بیت اللہ غور سے پڑھیں

اقوام متحدہ سے نظام حیدرآباد کی درخواست بے ضابطہ ہے

اقوام متحدہ میں حیدرآباد کا مسئلہ کیوں پیش کیا گیا

وزیر اعظم حیدرآباد کا مکتوب پنڈت نہرو کے نام

ہندوستان کے "جارحانہ" رویہ کی شکایت اور ہندوستانی فوج پر الزامات

حیدرآباد دکن ۲۰ اگست۔ حکومت نظام نے گذشتہ شام ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ...

حکومت جنوبی افریقہ کا نیا بل انسانی حقوق پر چھاپہ ہے

نئی دہلی کے سیاسی حلقوں کی قیاس آرائیاں

نئی دہلی ۲۰ اگست۔ نئی دہلی کے سیاسی حلقوں میں نظام کے اس فیصلہ کو جو انہوں نے حیدرآباد کے مسئلہ کو اقوام متحدہ میں لے جانے کے متعلق کیا ہے غیر قانونی سمجھا جا رہا ہے ...

رنگون کے جنوب مغرب میں باغیوں نے دو شہروں پر قبضہ کر لیا

مقابلہ کے لئے رنگون میں امدادی فوج کی بھرتی ہونے لگی

کشمیر کمیشن کے ممبروں سے پاکستانی نمائندوں کی ملاقات

کراچی ۲۰ اگست۔ سر ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان نے کل مسٹر محمد علی سیکرٹری جنرل اور مسٹر محمد ایوب کی معیت میں کشمیر کمیشن کے صدر ڈاکٹر لوزانو اور دوسرے ممبروں سے ملاقات کی۔ ...

کشمیر کمیشن کا فوجی مشن

"آزاد کشمیر" کے فوجی افسروں سے ملاقات

بم کا ایک نیا استعمال

عراق اور برطانیہ کے مابین فلسطین کے مسئلہ پر بات چیت ہوئی تھی

جنرل نوری السعید پاشا کا انکشاف۔ برطانیہ کا انکار

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۲ اگست سنہ ۱۹۴۸ء

انڈو پاکستان لیگ

ہند اور پاکستان کی بھلائی اس میں ہے کہ وہ ایک دوسرے کا بھلا چاہیں اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوں کیونکہ دونوں کی خیر سگالی سے دونوں کے مفاد محفوظ رہ سکتے ہیں اور دونوں کی بدگمانی اور بدخواہی دونوں کو نقصان پہونچا سکتی ہے۔ قدرتی طور پر پاکستان کے مسلمانوں کو ہند کے مسلمانوں سے ہمدردی ہونی چاہیئے مگر ہمدردی کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنے پڑوسیوں کے ساتھ ہمدردی کریں اپنے غیر مسلم بھائیوں سے پیار و محبت اور انصاف سے پیش آئیں اور کوئی حرکت ایسی نہ کریں جس کی بنا پر ہند کے مسلمانوں پر آنچ آتی ہو اور حکومت ہند انہیں مشکوک سمجھنے لگے۔ مثلاً ان کا یہ مشورہ ہمارے لئے یقیناً مفید ہوگا کہ ہم یہاں کی مختلف قوموں کے ساتھ ہم آہنگ اور دمساز بن کر وطن کی تعمیر میں حصہ لیں اور اپنی قسمت کو اپنے محبوب وطن کے ساتھ وابستہ کر دیں، لیکن اگر پاکستان کا کوئی لیڈر یہ کہے۔ جیسا کہ ... نے کہا ہے۔ کہ ہندوستان کے مسلمان وقت ضرورت پر ہمارا ساتھ دیں گے یا ہم آڑے وقت میں ان کے کام آئیں گے تو یہ ہمارے حق میں خیر خواہی نہیں بدخواہی ہوگی اور اس بات کا اعلان ہوگا کہ ہم پاکستان کے نقشہ کالم اگر ... جاسوس اور غدار ہیں اور ہم یہاں رہ کر بیرونی طاقت کے لئے زمین ہموار کر رہے ہیں۔ اب دیکھئے کہ یہ کس قسم کی ہمدردی کا معاملہ ...

فرائض انجام دے رہے ہیں، مسلمان غدار اور باغی ہیں اور حکومت ہند کے نظام کو تہ و بالا کرنا چاہتے ہیں، اخبارات اور فرقہ پرست لیڈروں کی طرف سے مسلمانوں سے وفاداری کا مطالبہ شروع کر دیا جاتا ہے، اور شکلا جیسے وزیر صاف صاف کہہ دیتے ہیں کہ مسلمانوں کی وفاداری پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا!

ہم پوچھتے ہیں کہ کیا واقعی یہاں کے مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی کا یہی طریقہ ہے؟ کیا وہ اپنے بے محل جوش سے یہاں کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی تباہی کا سامان نہیں کر رہے؟ کیا پاکستان کے لئے زیبا ہے کہ وہ مرتوں کو ذلت اور رسید کرے اور انہیں نئی نئی مصیبتوں کے جال میں پھنسائے؟

ہمیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ پاکستان کے بیدار مغز اور دور اندیش جرائد نے بھی انڈو پاکستان لیگ کی اس حرکت پر سخت احتجاج کیا ہے اور اسے مسلمانان ہند کے لئے ایک فتنہ قرار دیا ہے، چنانچہ لاہور کا معاصر "لیوز" اپنے اداریہ میں "ایک نیا فتنہ" کے عنوان سے لکھتا ہے

"اسلام لیگ کے ارکان لاہور کے حصار عافیت میں بیٹھے ہندوستان کے مسلمانوں کے نام نقشے اور پمفلٹ بھیج رہے ہیں انہیں اسلام لیگ میں شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے اور اس سلسلہ میں یہاں تک ...

[illegible]

عدل و امن کا پیغام

(سید اسحاق ایم اے، ایل ایل بی (علیگ))

یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اب شریف انسانی گروہ کی حیثیت سے آپ کے بھی کچھ فرائض ہیں تجارتی لین دین اور بچوں کی پرورش کے علاوہ آپ پر یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ آپ دنیا میں حق اور مساوات (برابری) کا کوئی ایسا نظام قائم کریں جہاں گورے کو کالے پر، سفید کو سیاہ پر اور امیر کو غریب پر کوئی فضیلت اور امتیاز نہ ہو بلکہ ...

[illegible]

اڈیٹر کے نام — خطوط

اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے

رویت ہلال کا اعلان

[illegible]

آزادی اور ہمارا فرض

[illegible]

مراد آباد میں یوم آزادی
آچاریہ جگل کشور کی تقریر!

[illegible]

یوم آزادی کے موقع پر
بیگم صاحبہ رام پور کی تقریر

یاستھامپور ۱۹ اگست ۔ ریاست رام پور میں جشن یوم آزادی آج سہ پہر کو خورشید گرلز ہائی اسکول میں بڑے اہتمام سے منایا گیا۔ ہز ہائی نس بیگم صاحبہ نے حسب ذیل تقریر ارشاد فرمائی ۔ میرے لئے انتہائی خوشی کا باعث ہے کہ میں آج سب کے ساتھ یوم آزادی ہند کی پہلی سالگرہ منانے کی خوشی میں شریک ہوں ۔ ملک کو سالہا سال کے انتظار، آرزو اور کوشش کے بعد سال گذشتہ ۱۵ اگست کے دن ہندستان آزاد ہو گیا ۔ اس آزادی کی بدولت اپنی قسمت کے بنانے اور دنیا کی آزاد قوموں میں مناسب جگہ حاصل کرنے کے قابل ہو گیا۔

جن لوگوں نے اس مقصد کے لئے قربانیاں کی ہیں وہ تمام عزت اور عظمت کے مستحق ہیں ۔ ان سب میں وہ ایک معزز نام ہے جو سب سے نمایاں طور پر ممتاز نظر آتا ہے ۔ ۔ ۔ ہم سب کے لئے قابل افسوس ہے ۔ افسوس کہ وہ اب ہم میں موجود نہیں ۔ ۔ ۔ ہندستان کے ہر فرد کو ۔ ۔ ۔

"ہندستان زندہ باد ۔ جے ہند"

انڈونیشیا کی آزادی کی سالگرہ
کراچی میں ظفر اللہ خاں کی تقریر

کراچی ۱۹ اگست ۔ جمہوریہ انڈونیشیا کی آزادی کی تیسری سالگرہ کے سلسلہ میں یہاں ایک بھاری جلسہ منعقد ہوا جس میں پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خاں نے تقریر کرتے ہوئے کہا ۔ وہ زمانہ گزر گیا جب دنیا میں کوئی ملک اور کوئی قوم کسی دوسرے ملک اور دوسری قوم پر اپنا اقتدار قائم رکھ سکتی تھی ۔ گذشتہ سال برطانیہ نے ہند کے لوگوں کو جو اختیارات منتقل کئے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے موصوف نے کہا کہ برطانیہ کا یہ عمل ایک جرأت مندانہ قدم تھا ۔ آپ نے کہا کہ تمام نوآبادیاتی طاقتوں کو برطانیہ کے نقش قدم پر چلنا چاہئے اور اپنے ماتحت لوگوں کی آزادی کو تسلیم کرنا چاہئے ۔ تقریر جاری رکھتے ہوئے آپ نے کہا کہ پاکستان کا انڈونیشیا کے ساتھ مذہبی اور تمدنی رشتہ ہے انڈونیشیا میں ۹۲ فیصدی مسلمان آباد ہیں ۔

فلسطین کے عرب اور یہودی پناہ گزینوں کو حکومت ہند کی طرف سے ایک لاکھ کی امداد
کاؤنٹ برناڈوٹ کے نام پنڈت جواہر لال نہرو کا تار

نئی دہلی ۱۹ اگست ۔ حکومت ہند کی وزارت امور خارجہ اور تعلقات دولت مشترکہ کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ فلسطین میں اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کی اپیل پر حکومت ہند نے فلسطین میں عرب اور یہودی مہاجرین کی امداد کے لئے ایک لاکھ روپیہ دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ ایک تار کے ذریعہ کاؤنٹ برناڈوٹ کو اس فیصلہ سے آگاہ کرتے ہوئے پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا ہے " مجھے آپ کا ۱۲ اگست کا تار موصول ہوا ہے جس میں ہماری توجہ فلسطین میں عرب اور یہودی مہاجرین کی ناگفتہ بہ حالت کی جانب مبذول کرائی گئی ہے ۔ ہم اس انسانی بربادی کا صحیح اندازہ لگا سکتے ہیں کیونکہ پچھلے سال ہماری حکومت کو ساٹھ لاکھ مہاجرین کو امداد دینے اور بحال کرنے کے بہت بڑے مسئلہ ۔ ۔ ۔

کاؤنٹ نے کہا تھا : فلسطین میں ثالث کی حیثیت سے مجھے یقین ہو چکا ہے کہ مصالحانہ گفت و شنید کسی وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس سے بہت بڑی انسانی بربادی کے مختلف پہلوؤں کا حل تلاش نہیں کیا جاتا جو کہ یہودیوں کے علاقوں سے ۳۰۰۰۰۰ خانماں برباد عرب مہاجرین اور ۔ ۔ ۔ یہودی مہاجرین کی زندگی پر اثر انداز ہو رہے ہیں ۔ ان کی حالت مایوس کن ہے ۔ ۳۰ فیصدی پانچ برس سے کم عمر کے بچے ہیں ۔ ۔ ۔

عدل وامن کا پیغام
بقیہ صفحہ ۔۔۔ سے آگے

ایڈیٹر کے نام خطوط
صفحہ ۔۔۔ سے آگے

. . . و ۔ کرنے کا موقع نہ ملیگا ۔ اس صورت میں ہم خواہ کتنی ہی خوشیاں منائیں ۔ فی الواقع ہم اپنے ملک کے سچے خیر خواہ نہ ہونگے ۔ ہم کو امتیازی اور سچائی کے ساتھ یہ سوچنا ہے کہ اگر ہم اپنے ملک کی عزت اور اس کی بڑائی کے حقیقی خواہشمند ہیں ۔ تو ہمارا اس وقت کیا فرض ہے

عبید الرحمن
مظفر نگر ۔ ۔ ۔

ٹونک میں جشن آزادی کی تقریبات

۱۵ اگست کو ٹونک میں مختلف جلسوں اور اداروں کی طرف سے ہندو مسلمانوں نے مشترکہ طور پر آزادی ہند کی پہلی سالگرہ کا جشن منایا ۔ سرکاری عمارات پر جھنڈے لہرائے گئے ۔ شہر میں سوشلسٹ پارٹی، کانگریس کمیٹی اور انجمن اساتذہ ٹونک کی طرف سے مختلف اوقات میں جلسے ہوئے ۔

۱۴ اور ۱۵ اگست کی درمیانی شب میں ایک عام مشاعرہ ہوا جس کی صدارت مولوی حکیم سید ۔ ۔ ۔ صاحب برکاتی نے فرمائی ۔

۱۵ اگست کو صبح ۶ بجے سے جلوس نکلنا شروع ہوا اور مختلف بازاروں میں گشت کرتا ہوا ضلع کانگریس کے دفتر میں پہنچا ۔ وہاں پرچم کشائی کی رسم ادا کی گئی ۔ مدرسہ العلوم میں یوم آزادی کی تقریب پر درس کی تعطیل کی گئی ۔ اور جشن آزادی منایا گیا ۔ اسی تاریخ کو ۵ بجے ۔ ۔ ۔ میں کانگریس کی طرف سے ایک جلسہ ہوا جس میں وکیل سید رحمان علی صاحب، وکیل حبیب الرحمن صاحب، ڈاکٹر ایل ۔ وی ۔ حیدرا صاحب ۔ ۔ ۔ صاحب سکینہ صدر کانگریس اور دیگر ہندو مسلمان لیڈروں نے آزادی اور اتحاد ۔ ۔ ۔ پرستی پر موثر تقریر فرمائی ۔ جلسہ میں جمعیۃ علماء ٹونک کے اراکین نے بھی گرم جوشی کے ساتھ حصہ لیا ۔

یوم آزادی کی ان تمام تقریبات کے انتظام ڈاکٹر ایل ۔ وی ۔ حیدرا صاحب نے بڑی خوش اسلوبی اور دلچسپی سے انجام دئے ۔

چین میں کمیونسٹوں کی فاتحانہ پیشقدمی
برطانوی اخبار بوکھلا اٹھا

لندن ۱۹ اگست ۔ چین میں کمیونسٹوں کی پیشقدمی سے برطانوی حلقوں میں کتنی بے چینی پھیل رہی ہے ۔ اس کا اندازہ اس مضمون سے ہو سکتا ہے جو اخبار مانچسٹر گارڈین کی ۱۴ اگست کی اشاعت میں چھپا ہے ۔ یہ اخبار لکھتا ہے ۔ اگر کمیونسٹ چین میں فتح مند ہوتے تو ہندوستان اور ۔ ۔ ۔

پتہ مطلوب ہے

کشمیر کے مختلف محاذوں پر گولہ باری
طیارہ شکن اور کلدار توپوں کا استعمال

نئی دہلی ۱۹ اگست ۔ کشمیر کی جنگ کے بارے میں حکومت ہند کی وفاعی وزارت نے حسب ذیل کمیونکے جاری کیا ہے ۔ جموں اور کشمیر کے تمام محاذوں پر دشمن کی ۔ ۔ ۔ اور ہوائی بمباری جاری ہے ۔ ۔ ۔

۔ ۔ ۔

جامعہ اسلامیہ مظاہر علوم سہارنپور

مراسلات و اطلاعات

فیروز آباد میں جشن آزادی

پشاور میں مسلح ڈاکہ

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز آپ کو کسی جگہ سے نہیں مل سکتا البتہ ہم آپ کو بہت ہی سستے نرخوں پر دے سکتے ہیں جو کروڑوں گز کے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ امریکن سفید سلکی پیراشوٹ نفیس ۔ ۔ ۔ والی (جس میں پوری ۔۔۔ گز ۔ ۔ ۔) بغیر جوڑ کے بعد ریشمی ڈوری قیمت -/12 روپے فی پیراشوٹ ۔ ۔ ۔ پیکنگ مفت محصول ڈاک 1/11/- تین پیراشوٹ یعنی پوری 36 گز رعایتی قیمت 33/- محصول ڈاک 3/15 ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ 36 گز ۔ ۔ ۔ 30/15/- میں ۔ ۔ ۔

اصلی مال ملنے کا پتہ ۔ امریکن ٹریڈنگ ایجنسی
ریشمی کپڑے کے مشہور سوداگر ۔ پی بکس نمبر 75 امرتسر

دس خصوصیتوں والی
خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں ۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے ۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی مع ۔ ۔ ۔ تفسیری جملات
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت ۔
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں ۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبد الرحمن صفوری)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبد القادر)
(۸) تفسیر ابن کثیر روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول ۔
(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری و باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے ۔
(۱۰) خط خوشنما، صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے، ہدیہ مجلد جرمی کلکتہ کی جلد سات روپیہ چار آنے معجزنما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپیہ، ہدیہ مجلد دس روپے ۔

پتہ
مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

تپدق اور پرانے بخارات جبری

مریضو! اب بھی سمجھو اور فوراً جبری کا استعمال کرکے دس روز میں ہی کرشمہ دیکھو ورنہ پھر بڑی مشکل ہوگی اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ۔ ہندوستان کے کونے کونے نے یہ مان لیا ہے کہ اس خوفناک مرض سے جان بچانے والی اگر کوئی دوائی ہے تو یقیناً جبری ہے جب ہی لوگوں نے اس کا نام ایشور شکتی (خدائی طاقت) رکھ دیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ قیمت اس طرح پر ہے جبری اسپیشل نمبرا ۔ ۔ ۔ مکمل چالیس روز کا کورس ۔ ۔ ۔ روپے ۔ ۔ ۔

جبری جگادھری کا نیا ہے ۔
رائے صاحب کے ایل شرما ایس نیڈ منیجرز (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P.

دھوپ اور نظر کے چشمے
فریم، گلاس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے ہمارے ہاں ہول سیل اور ریٹیل نرخ پر کفایت سے ملتا ہے ۔
چاندنا اوپٹیکل کمپنی
حویلی حسام الدین حیدر بلیماران چاندنی چوک دہلی

آپ کے گھر میں خوشحالی ہو

۔ ۔ ۔ ڈی ۔ بی ۔ اینڈ کو کسول مراد آباد (یو پی)

غریب ۔ ۔ ۔ کے ہر مرض کا مفت علاج
۔ ۔ ۔ حکیم محمد عبد ۔ ۔ ۔ قریشی ۔ ۔ ۔ دہلی

یہودی نازیوں سے بھی زیادہ وحشی ہیں

عرب لیجن کے انگریز کمانڈر گلپ پاشا کا بیان

لندن ... عرب لیجن کے انگریز کمانڈر انچیف بریگیڈیر گلپ پاشا نے "ڈیلی میل" میں ایک مضمون میں کہا ہے کہ یہودی ... یہودیوں کی ایک مظلوم قوم سمجھتے آئے ہیں ... فلسطین میں یہودیوں کی ... بریگیڈیر گلپ پاشا نے کہا ہے کہ ... ۳۰ برس سے یہودی فلسطین میں اقلیت میں ہیں ... برطانوی انتداب کے خاتمہ پر یہودیوں نے ایک لاکھ مسلح سپاہی میدان میں اتارلئے۔ جنگ کے دوران میں ... فوجوں سے اسلحہ اور ہتھیاروں کی بہت بڑی تعداد خرید لی گئی یا "مستعار" لی گئی تھی۔ اور اسے پوشیدہ زمین دوز قلعوں میں چھپا دیا گیا تھا۔

آمرانہ احوال

فلسطین میں یہودیوں کی اکثریت جرمن پولش یا ...

کرنل حبیب الرحمٰن صاحب کی دہلی کے نوجوانوں سے اپیل

دہلی ۲۰ راگست۔ کرنل حبیب الرحمٰن صاحب ... دہلی کے نوجوانوں سے ... اپیل کی ہے ... ایک عام رواج ہے کہ ہر ملک میں اندرونی انتظامات کو ... کے لئے پولس کا محکمہ کام کرتا ہے لیکن آزاد ممالک میں ایک ایسی جماعت بھی منظم کی جاتی ہے جو کسی وقت ضرورت پولس کا ہاتھ بٹائے۔

اب ہندوستان بھی آزاد ہے۔ اور اس کے دارالسلطنت "دہلی" میں ایس پی او کے دستے تیار کئے گئے ہیں جن کو اب "ہوم گارڈ" کہا جاتا ہے۔

ہوم گارڈ کا مقصد ایک بہت بلند اور پاکیزہ مقصد ہوتا ہے ... رضاکارانہ ... اپنے ملک کے لئے جان نثاری کا جذبہ پیدا ہو ... اس جذبہ کی تربیت کی جائے ...

دہلی میں اس بلند مقصد کیلئے معززین شہر پر مشتمل ایک بورڈ قائم کیا گیا ہے۔ جو اب تک ایک ہزار سے زیادہ ہوم گارڈ بھرتی کر چکا ہے ... بڑی خوشی کا مقام ہے ...

پاکستان میں صنعتوں کی ترقی

وزیر صنعت پاکستان کی تقریر

...

مفرور گرفتار

...

زیادہ فائدہ اٹھا کر حب الوطنی کا ثبوت دیں گے۔" (نامہ نگار)

... لیکن کامیاب نہ ہوسکا۔ (ا ۔ پ)

چین میں ہنگامی دستوری حالات

(صفحہ اول سے آگے)

... ہنگامی حالات کے اعلان سے وزارت میں تبدیلیوں کا راستہ بھی صاف ہو جائیگا ... بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ موجودہ ... مسائل صرف اسی صورت میں کامیابی کے ساتھ حل ہوسکتے ہیں کہ ... اختیارات سنبھال لے ... خیال کیا جاتا ہے کہ ... لیڈروں کو تمام واقعات سے آگاہ کر دیا گیا ہے جنہوں نے اس اقدام کی منظوری دے دی ہے۔

دن دہاڑے ڈاکہ

دہلی ۱۵ راگست۔ ... منڈی ... میں ... سنسنی پھیل گئی۔ جب کچھ آدمیوں نے ایک عورت کے گلے کا ایک زیور زبردستی اتار لیا اور اس کے خاوند کو شدید طور پر زخمی کر دیا۔ واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ کچھ آدمی ... کے گھر گئے اور اس کے خاوند کو آواز دی۔ عورت نے کہا کہ وہ بازار گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صندوق کی چابی دو۔ عورت نے کہا کہ چابی خاوند کے پاس ہے۔ اس پر ان آدمیوں نے عورت کو برا بھلا کہا اور ایک نے اس کی ہنسلی ... کے قریب ... اتنے میں عورت کا خاوند بھی آگیا۔ اور انہوں نے اس پر ... حملہ کیا اور اسے زخمی کر کے بھاگ گئے۔

دلی ہوم گارڈ کی پریڈ

دہلی ۲۰ راگست۔ ... ہوم گارڈ ... رضاکاروں کی پریڈ ہوگی۔ ہر رضاکار کا فرض ہے کہ وہ وقت مقررہ پر پریڈ پر پہنچے۔

کمانڈر سلیمان اور کرنل حبیب الرحمٰن رضاکاروں کا معائنہ بھی کریں گے۔

دریائے جمنا میں شدید طغیانی کا خطرہ پیدا ہوگیا

حکام نے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرلیں۔ لوگوں میں خوف وہراس

دہلی ۲۰ راگست۔ دریائے جمنا میں طغیانی کا زور بڑھ رہا ہے ... نظر آتا ہے۔ دریا میں پانی لمحہ بہ لمحہ بڑھ رہا ہے اور کناروں پر ... لوگ بڑے پریشان ... ہیں۔

... گزشتہ سال پانی بڑھنے ... پہنچ گیا تھا اور لوگوں کو سخت نقصان اٹھانا پڑا ...

... ہزاروں آدمی دریا کی طغیانی کا نظارہ دیکھنے کے لئے موجود تھے۔

مسلمان ہندی اور ہندوستانی

آپ اردو یا ہندی ... کا مشورہ

...

جمہوریہ ترکیہ میں ایک تیسری سیاسی پارٹی قائم ہوگئی

صدر کے اختیارات میں کمی اور انتخابی قوانین میں تبدیلیاں کی جائیں

لندن ۲۰ راگست ... ترکی کی حکومت ایک آمرانہ حکومت سے جمہوریت کی طرف جارہی ہے ترکی کے ... اکثریت کی پارٹی اور حزب مخالف میں انتخابی قوانین کے بارے میں ... تیسری پارٹی کے قیام کے بارے میں ... انتخابی قوانین کے بارے میں گزشتہ ... ماہ سے ... جاری ہے اس کا مقصد یہ تھا کہ انتخاب کے موجودہ طریقہ میں کچھ تبدیلیاں کی جائیں اور رائے شماری ... پبلک کی موجودگی میں عمل میں آئے۔ ترکی کی جمہوری پارٹی نے فرانس اور دوسرے ممالک کے رواج کے مطابق اس پر زور دیا کہ حکام ... انتخاب کی نگرانی کریں ...

موجودہ بین الاقوامی کشیدگی ترکی کو ایک زبردست فوج تیار رکھنے پر مجبور کرتی ہے ...

یروشلم کی حالت

...

یہودیوں کیلئے جنگی طیاروں کی آمد

مجلس تحفظ میں تشویش کا اظہار

لیک سکسس ... اطلاع دی ... مجلس تحفظ ... یہودیوں کے خلاف ... اجازت طلب کی ہے ...

فلسطین کے مسئلہ پر بات چیت

(صفحہ اول کالم ... سے آگے)

...

پنڈت نہرو کے نام خط

(صفحہ اول کالم ... سے آگے)

...

ڈھاکہ میں پاکستان نیشنل کانگریس کا قیام

کانگریس کے اغراض و مقاصد اور عہدداروں کے ناموں کا اعلان

ڈھاکہ ۱۹ راگست۔ آج مشرقی بنگال کے کانگریسی کارکنوں کی کنونشن کے ... ڈیلیگیٹوں نے باضابطہ طور پر مشرقی پاکستان میں پاکستان نیشنل کانگریس بنانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے اغراض و مقاصد ...

اور دوسری کسی سیاسی پارٹی کا ممبر نہیں ہوگا جس کا پروگرام اور دستور اساسی مختلف ہو ... مسٹر بسنت کمار داس نے اصلی ریزولیوشن پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے کانگریسی ...

... کو ۲۵ لاکھ کا قرضہ

پشاور ۱۸ راگست۔ پاکستان کی مرکزی حکومت نے ترقی کی جدید اسکیموں کے لئے صوبہ سرحد کی حکومت کو ۲۵ لاکھ روپیہ قرض دینا منظور کر لیا ہے۔ (اے پی)

دہرہ دون

میں روزنامہ اخبار الجمعیۃ دہلی

مولانا حلیم احمد صاحب ناظم جمعیۃ علما

۳۵ ڈسپنسری روڈ سے طلب فرمائیں

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

سالانہ قیمت تیس روپے
ششماہی سولہ روپے
ماہی آٹھ روپے آٹھ آنے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۷ شوال المکرم ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲۳ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۷۹ | فی پرچہ ۱ آنہ بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

اقوام متحدہ میں حیدرآباد کی درخواست شام کی طرف سے پیش کیجائیگی؟

درخواست کے ساتھ تمام دستاویزات کی نقلیں منسلک ہونگی

حیدرآباد ... اگست۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے خلاف حیدرآباد کا معاملہ اقوام متحدہ میں شام کی طرف سے پیش کیا جائیگا ... یہ درخواست کل شام پیش کردی گئی ہوگی لیکن ابھی لیک سکسس سے اس کی تصدیق نہیں ہوئی ہے ... اقوام متحدہ کو حیدرآباد کی طرف سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔

ولیعہد رامپور کے ہاں خوشی
فرزند ارجمند کی ولادت

رامپور ... اگست۔ ریاست رامپور کے ولی عہد نواب ... علی خاں کے ہاں آج فرزند ارجمند کی ولادت ہوئی۔ ریاست کی طرف سے ۲۱ توپوں کی سلامی دی گئی۔ پوری ریاست میں بڑے شادیانے بج رہے ہیں۔ نواب صاحب رامپور نے فیصلہ کیا ہے کہ اس موقعہ پر ... ہوگی وہ ... امداد میں دیدی جائے گی۔

بٹاویا ... اگست۔ اتحادی اقوام کے ... جمہوریہ انڈونیشیا کی یہ تجویز منظور کرلی کہ جوگجاکارتا کے نزدیک ڈچ اور انڈونیشی حکومت کی تین ہفتہ کی ایک کانفرنس ہو۔ ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ اگر طیارہ مل سکے تو یہ کانفرنس کل سے شروع ہو جائیگی۔ ہالینڈ کی طیارہ رانی کی روزانہ سروس جو بٹاویا اور جوگجاکارتا کے مابین روزانہ آیا جایا کرتی تھی اب موقوف ہو چکی ہے۔

اطالوی نو آبادیوں کا مستقبل

لندن ... اگست۔ چاروں بڑی حکومتوں کے وزرائے خارجہ کے نائبوں کی جو کانفرنس سابقہ اطالوی نو آبادیوں کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے یہاں منعقد ہوئی تھی وہ یہاں ایک فیصلہ کن مرحلہ پر پہنچ گئی ہے ... ہفتہ یہ اپنا کام ختم کردے گی ... خارجہ کی کونسل میں پیش کرنے کے لئے سفارشات مرتب کررہے ہیں۔ یہاں خفیہ طور سے ... باخبر حلقوں کا بیان ہے کہ ابھی تک کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکا۔

ضلع مری پر نامعلوم طیارہ کی بمباری
حکومت پاکستان کا احتجاج

لاہور ... اگست۔ ... کہا جاتا ہے کہ وہ امرتسر کے جنوب مشرق ... میل کے فاصلہ پر ایک مقام پر کیا گیا۔ پھر بم برسائے گئے۔ اس حملہ میں جانی اور مالی نقصان کی تفصیل ابھی معلوم نہیں ہوئی۔ حکومت ہند سے زبردست احتجاج کیا ہے اور ان کے جواب کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ اسی وقت پاکستان کے فضائی بیڑہ کا کوئی جہاز پرواز نہیں کر رہا تھا۔

برما میں مارشل لا جاری کردیا گیا
کمیونسٹوں اور باغیوں کے خلاف پورے طور سے کاروائی کی جائے گی

رنگون ... اگست ... رنگون کے قریب ... کے مقام پر باغیوں سے ایک تصادم ہوا تھا ... موجود ہے کیونکہ باغی قریب ہی موجود ہیں۔

یہ اطلاع غلط ہے کہ میں نے کبھی کشمیر کو تقسیم کرنے کی تجویز پیش کی

شیخ عبداللہ وزیراعظم کشمیر کی طرف سے سخت تردید

نئی دہلی ... اگست۔ حال میں لاہور کے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ میں ایک خبر شائع ہوئی تھی جس میں درج تھا کہ شیخ عبداللہ نے کشمیر کی تقسیم کی تجویز پیش کی ہے ... قطعاً لغو اور بیہودہ ہے ...

شیخ عبداللہ نے کہا: کشمیری عوام کو یہ ... فیصلہ کرنے کا موقع ملنا چاہئے کہ ... پاکستان کے ساتھ الحاق ... کشمیر پر حملہ آوروں کی چڑھائی ... پاکستانی فوج کی شمولیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کشمیر کو ...

انہوں نے کہا کہ گو پاکستان کے اخبارات میں کشمیر کے بارے میں بہت سی غلط ... خبریں شائع ہوتی رہتی ہیں لیکن ان کے بارے میں ... بہتان ... کی مثال نہیں ملتی۔

جب شیخ عبداللہ سے یہ سوال کیا گیا کہ اقوام متحدہ کے ... کشمیر کے مسئلہ کے منصفانہ حل کی کوئی امید ہے تو انہوں نے جواب دیا ... جلنے والے قدم ... بخش ہوں۔

روس اپنا سفیر واپس بلالے۔ امریکی سفیر کا مطالبہ

واشنگٹن ۲۰ اگست۔ امریکہ نے روسی سفیر کی واپسی کے مطالبہ کے سلسلہ میں ایک سخت امریکی نوٹ کریملین روانہ کیا ... روسی سفیر سے جلد از جلد امریکہ سے چلے جانے کا مطالبہ کیا گیا ہے ... روسی حکومت کو امریکہ کا مطالبہ تسلیم کرنا پڑیگا ... ایک روسی عورت مسز اوکسانا کوسنکینا کو زبردستی اپنے ... امریکہ میں اس بات کا اعلان کردیا ... موجود ہے۔ روسی قوانین کے ماتحت ...

سونے کے متعلق افواہ
ریزرو بینک کی طرف سے تردید

بمبئی ۲۰ اگست۔ ریزرو بینک آف انڈیا نے ان افواہوں کی تردید کی ہے کہ سونے کا کرنسی ... بنایا جارہا ہے اور اب وہ سرکاری سکہ نہیں رہے گا۔ ان افواہوں کی وجہ سے لوگوں نے بڑی مقدار میں سونا خریدنا شروع کردیا تھا اور اس کی وجہ سے کافی بے چینی پیدا ہو گئی تھی۔

روسی فوجیں برلن کے برطانوی خطہ میں داخل ہوگئیں

برلن ۲۰ اگست۔ امریکہ کی ایک سرکاری اطلاع کے مطابق برلن کے روسی خطہ کی روسی فوج اور ... پولیس ... برلن کے برطانوی خطہ میں داخل ہوگئیں ... روسی فوج نے ... گرفتار کیا ہے ... آج صبح مغربی حکومتوں کے سفیروں نے آپس میں بات چیت کی ... انہوں نے مارشل اسٹالن سے ملنے کی درخواست کی یا نہیں۔

عربوں اور یہودیوں کو انتباہ

لیک سکسس ۲۱ اگست۔ اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ کی طرف سے عرب اور اسرائیلی حکومتوں پر ایک نوٹس تعمیل کیا گیا ہے جس میں دونوں حکومتوں کو متنبہ کیا گیا ہے کہ فلسطین میں عارضی صلح کی کسی خلاف ورزی کو برداشت نہیں کیا جائے گا ... کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے غیر منتقل دستوں کو ... صلح ... سے باز رکھیں۔

... اقوام متحدہ ... منشور کی دفعہ ... تسلیم شدہ ...

مسٹر رضوی بھی کمیونزم کا خطرہ محسوس کرنے لگے

حیدرآباد دکن ۲۰ اگست۔ اتحاد المسلمین کے لیڈر سید قاسم رضوی نے یہاں ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ... حیدرآباد کے ... انہوں نے کہا حکومت ہند حیدرآباد پر حملہ کرنے ... حیدرآباد کے مسئلہ کو حل کرنے کے طریقے سے یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ امریکہ یا روس میں کون فتح مند ہوگا۔

مسٹر رضوی نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ حیدرآباد میں مسلمانوں کے تسلط کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی زندگیاں قربان کردیں۔ انہوں نے کہا ہندوستان کی ہرگز خواہش نہیں کہ وہ اپنے پڑوسیوں سے دوستانہ تعلقات قائم رکھے اور حکومت ہند نے حیدرآباد کے ساتھ مستقل طور پر کبھی معاہدہ نہیں کرنا چاہا۔

مسٹر رضوی نے کہا ہندوستان ... اور یہ جنگ ... حیدرآباد کے ...

ترکی میں خوفناک زلزلہ

انقرہ ۲۰ اگست۔ مغربی اناطولیہ میں سخت زلزلہ سے سخت نقصان ہوا ہے۔ جنوب مغربی کردستان میں اناتولیہ کے ضلع میں خاص نقصان پہنچا ہے۔ ضلع میں کئی مکان گر گئے۔ لیکن ابتک کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

مسٹر جناح کی بابت افواہیں

نئی دہلی ... اگست ...

مجلس تحفظ کے نام یہودیوں کا مکتوب

لیک سکسس ۲۱ اگست۔ یہودیوں کی طرف سے مجلس تحفظ کے نام ایک مکتوب موصول ہوا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ...

... قائم کرنے ... یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ زیکوسلوواکیہ نے پاکستان کو ملکی انجینئرنگ کی مشینیں دینے کے لئے کہا ہے اس میں کان کنی، چھپائی، ... سازی، کوئلہ توڑنے اور کیمیاوی چیزیں بنانے کے کارخانے شامل ہیں۔

پاکستان میں صنعتوں کا اجراء

کراچی ... اگست۔ معلوم ہوا ہے ...

... ستمبر سے ہند اور پاکستان میں قیدیوں کا تبادلہ شروع ہوجائیگا

کراچی ۲۱ اگست۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مغویہ عورتوں کی بحالی کے لئے جو ادارہ قائم کیا گیا ہے ... پاکستان کی طرف سے خواجہ شہاب الدین اور مسٹر ...

رجسٹرڈ ڈی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت تیس روپے
ششماہی سولہ روپے
ماہی آٹھ روپے آٹھ آنے

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۰ شوال المکرم ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲۳ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۷۹ | فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

اقوام متحدہ میں حیدرآباد کی درخواست شام کی طرف سے پیش کیجائیگی؟

درخواست کے ساتھ تمام دستاویزات کی نقلیں منسلک ہونگی

ولیعہد رام پور کے ہاں خوشی فرزند ارجمند کی ولادت

اطالوی نو آبادیوں کا مستقبل

برما میں مارشل لا جاری کر دیا گیا

کمیونسٹوں اور باغیوں کے خلاف پورے طور سے کاروائی کی جائے گی

ضلع مری پر نامعلوم طیارہ کی بمباری

حکومت پاکستان کا احتجاج

یہ اطلاع غلط ہے کہ میں نے کبھی کشمیر کو تقسیم کرنے کی تجویز پیش کی

شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر کی طرف سے سخت تردید

روس اپنا سفیر واپس بلالے۔ امریکی سفیر کا مطالبہ

سور وپے کے متعلق افواہ

ریزرو بینک کی طرف سے تردید

عربوں اور یہودیوں کو انتباہ

روسی فوجیں برلن کے برطانوی خطہ میں داخل ہو گئیں

مسٹر رضوی بھی کمیونزم کا خطرہ محسوس کرنے لگے

۹ ستمبر سے ہند اور پاکستان میں قیدیوں کا تبادلہ شروع ہو جائیگا

ترکی میں خوفناک زلزلہ

مسٹر جناح کی بابت افواہیں

مجلس تحفظ کے نام یہودیوں کا مکتوب

پاکستان میں صنعتوں کا اجراء

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۳ اگست ۱۹۴۸ء

روس اور مغربی طاقتیں

برلن میں مغربی اور مشرقی یورپ کا تنازعہ انتہا کو پہونچ گیا اور اتحادی اور روسی طاقتوں میں مفاہمت کی کوئی امید نہ رہی تو اتحادیوں نے یہی مناسب سمجھا کہ اسکو ...ا اور براہ راست مارشل اسٹالن سے ملاقات کرکے تصفیہ کی کوئی راہ نکالیں، چنانچہ پچھلے ہفتوں سے برلن کی بحث کا مرکز ماسکو منتقل ہوگیا ہے جہاں اتحادی نمایندے سے چار دفعہ مارشل اسٹالین اور وزیر خارجہ مسٹر مولوٹوف سے ملاقات کی، اور اب پانچویں بار ملاقات کا انتظام ہو رہا ہے، نہیں کہا جاسکتا کہ گفتگو کن نقاط پر ہوئی اور اس کا کیا نتیجہ نکلا کیونکہ اس بارے میں انتہائی رازداری سے کام لیا جا رہا ہے، مگر ایک بات بالکل ظاہر ہے وہ یہ کہ امریکہ، برطانیہ اور فرانس نہ جنگ کرنے اور روس کے مقابلہ پر آنے کے لئے تیار نہیں ہیں، وہ خواہ زبان سے کچھ کہیں مگر دل سے یہی چاہتے ہیں کہ جنگ کی بلا ٹلے اور دوسری جنگ کے بعد تیسری جنگ کی نوبت نہ آئے، روس کو دھمکیاں بہت دی گئیں اور یہ باور کرانے کی کوشش کی گئی کہ اتحادی جنگ کے لئے بالکل تیار ہیں مگر روس کا ... جواہرلعل ان دھمکیوں میں نہیں آیا اور کسی مسئلہ پر بھی جھکنے اور نرم پڑنے کی نوبت نہ آنے دی، روس کی اس قائم مزاجی اور صلابت کا نتیجہ یہ ہوا کہ برلن کی مغربی طاقتیں کشاں کشاں ماسکو پہونچیں اور روسی مدبروں سے ملاقات کرنے اور انہیں ہموار کرنے پر مجبور ہوئیں۔

برلن کا قضیہ ابھی کافی الجھا ہوا تھا کہ ڈینوب کا قضیہ تعطل کے بعد ہی طرح حشر اوں پر آ پڑا، اتحادی برلن کے تنازعہ سے بہت پریشان تھے کہ ڈینوب کے سوال سے وہ اور مضطرب ہو گئے، یہ دریا مشرقی یورپ میں بہتا ہے اور اس کے سواحل پر وہ ملک آباد ہیں جو روس کے زیر اثر اور اس کی اقتدار کی ... میں ہیں، روس چاہتا ہے کہ اس دریا میں وہ کسی غیر ملک کی مداخلت برداشت نہیں کر سکتا، روس نے ڈینوب کانفرنس میں اسی تجویز پر زور دیا ہے کہ اس کا کنٹرول صرف ساحلی حکومتوں تک محدود رہے اور اس میں کسی مغربی ملک کو کوئی بیڑا استعمال کرنے کی اجازت نہ ہو دوسرے ملک کے صرف تجارتی جہاز گزر سکتے ہیں مگر جنگی جہازوں کا استعمال صرف ساحلی حکومتوں تک ہی محدود رہے گا!

مغربی طاقتیں روس کی اس روش سے بہت پریشان ہیں، ان کی بحث اور دلیل کا مدار ۱۹۲۱ء کا معاہدہ ہے جس کی رو سے انہیں ڈینوب کے کنٹرول کمیشن میں نمایندگی کا حق مل گیا تھا مگر روس کہتا ہے اور اس کا کہنا حق بجانب بھی ہے کہ انہی مغربی طاقتوں نے جنگ سے قبل بعض غیر متعلق ملکوں کو کنٹرول کمیشن میں شامل کیا اور جنگ کے دوران میں بعض متعلق حکومتوں کو خارج کر دیا تھا، گویا اتحادیوں نے اپنے اختیار تمیزی کا غلط استعمال کرکے خود اس معاہدہ کو ختم کر دیا ہے اور جس معاہدہ کو وہ خود ختم کر چکے ہیں اس سے استدلال کرنے کا انہیں کوئی حق نہیں! روسی مدبرین کی یہ بات بڑی وزن دار ہے اور اتحادیوں کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں ہے، اب اتحادی سوچتے ہونگے کہ ان کی غلطی سے حریف نے کتنا بڑا فائدہ اٹھایا، بہتر ہی ہوتا اگر وہ یہ غلطی نہ کرتے!

روس اس وقت اتحادیوں کی لغزشوں سے بڑا فائدہ اٹھا رہا ہے، اس نے ہر غلطی کی فہرست تیار کرکے اس پر اپنے صغریٰ کبریٰ کی بنیاد قائم کر دی ہے وہ ہر دلیل کے جواب میں ان ہی کی غلطیوں کو ان کے سامنے پیش کر دیتا ہے گویا صاف صاف کہہ رہا ہے کہ صیاد اپنے دام میں خود آگیا ہے اور اسے اپنی غلطیوں کا خمیازہ بھگتنا چاہیئے۔

چونکہ ڈینوب کانفرنس میں اکثریت روس کے حامیوں کی ہے، اس لئے توقع یہ ہے کہ وہ برطانیہ اور فرانس کو کنٹرول کمیشن سے خارج کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ اور صرف برلن کا قضیہ رہ جائے گا جس کا حل یا تو مفاہمت سے ہوگا یا تلوار سے جو قبل اس کے تیسری جنگ کا بگل بجے اتحادیوں نے یہی ضروری سمجھا ہے کہ ماسکو میں پہونچ کر اسٹالن کے نادیہ نگاہ پر اثر ڈالیں اور مالوتوف کو بحث و مباحثہ میں ہرا کر اپنے کیس کو تقویت پہونچائیں۔

غرض مشرقی اور مغربی یورپ کا تصادم جس کا مرکز برلن ہے بہت ہی افسوسناک ہے اور اس سلسلہ میں جو کانفرنسیں منعقد ہو رہی ہیں وہ اگر ایک طرف مصالحت کا مقدمہ ہو سکتی ہیں تو دوسری طرف جنگ کا پیش خیمہ بھی ثابت ہو سکتی ہیں۔

روس اور افغانستان

ماسکو ریڈیو نے افغانستان پر الزام لگایا ہے کہ وہ اپنی روسی حکومت سے ... روس ... کو نظر انداز کرکے آہستہ آہستہ اینگلو امریکن گروپ کی طرف مائل ہو رہا ہے، چونکہ اس الزام کے متعلق حضرات کو افغانستان ہی خوب سمجھ سکتا تھا اس لئے وہاں کے اخبارات کو اندیشہ ہو گیا ہے کہ کہیں روس افغانستان کے شمالی صوبوں افغانی ترکستان اور بدخشان کے ساتھ دلچسپی لینا شروع کر دے اور ان پر قبضہ کرنے کے لئے کوئی طرح نہ ڈال دے، چونکہ ان صوبوں پر روس کی نگاہیں ہیں اس لئے اس نے بطور تمہید افغانستان پر الزام عائد کرنے شروع کر دیئے ہیں، لیکن افغانستان کے اخبارات اور مجلسیں پہلے ہی ... ہیں روس کے الزام کی تردید کر دی ہے، مگر روس جو کام کرنا چاہتا ہے اس کے لئے صرف تردید کافی نہیں بلکہ کچھ اور باتوں کی بھی ضرورت ہے!

نظام اتحادی اسمبلی میں

حکومت نظام نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ ہندوستان و حیدرآباد کے جھگڑے کو مجلس متحدہ اقوام میں پیش کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے! ہو سکتا ہے کہ دنیا کی ... کوئی ملک نظام کی ... تائید کرنے پر آمادہ ہو جائیں جو حیدرآباد کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں لیکن سوال تو یہ ہے کہ کیا مجلس متحدہ اقوام اس جھگڑے کا کوئی حل پیش کر سکے گی، کشمیر، جنوبی افریقہ، انڈونیشیا اور فلسطین کا حشر سب کے سامنے ہے کہ جو اس کی بارگاہ میں گیا معلق ہی رہا، آیا حکومت ہند نے وہاں جا کر بہت کچھ پا لیا کہ حیدرآباد کو بھی وہاں جانے کی سوجھی! صرف یہ ہوگا کہ معاملہ درمیان میں لٹکا دیا جائے گا اور ہند اور حیدرآباد دونوں جھولتے رہیں گے۔

دہلی کے حلقوں کا یہ کہنا کہ حیدرآباد قانونی طور پر مجلس متحدہ اقوام کو مخاطب کرنے کا مجاز نہیں، کوئی خاص وزن نہیں رکھتا، وقت اور حالات میں قانونی موشگافیاں دھری رہ جاتی ہیں اور کام کرنے والے کام کر جاتے ہیں، بہرحال حیدرآباد کا یہ اقدام دل بہلانے کے لئے خاصہ دلچسپ ہے اور ساتھ ہی مضحکہ خیز اور حیرت انگیز بھی۔

سندھ کے ہندو

دنیا میں ہمارے لئے اس سے بڑھ کر کوئی مرغوب اور دلچسپ خبر نہیں ہو سکتی کہ پاکستان میں غیر مسلموں کے لئے اطمینان اور سکون کی فضا پیدا ہو رہی ہے۔ اور حکومت پاکستان ان کے لئے سب کچھ کرنے کے لئے آمادہ ہے، سندھی ہندوؤں کے ایک وفد کو وزیر اعظم سندھ نے یقین دلایا کہ ان کی حکومت ہندوؤں کے حقوق ...

انتشارات

... خان غازی کابلی

فلک نے ہے گرچہ پیس ڈالا مگر ہے اپنا وقار اب بھی
نگاہ دشمن میں اپنی ہستی کھٹکتی ہے مثل خار اب بھی
مصیبتوں میں گھرا ہوا ہوں، جدا عزیزوں سے ہو گیا ہوں
مری نگاہوں میں پھر رہا ہے مگر وہ روئے نگار اب بھی
نگاہ جن کی بدل چکی ہے جو دشمن جاں بنے ہوئے ہیں
ہماری یہ سادگی تو دیکھو کہ ان سے کرتے ہیں پیار اب بھی
کوئی مناتا ہے جشن شادی، کوئی ہے مست شراب الفت
مگر ہے ... میں گولیوں سے ہمارا سینہ فگار اب بھی
نہ سمجھو تم اس کو فقط کالم، تمہارا عاشق ہے خان غازی
مروت اب بھی ہے اس کا شیوہ وفا ہے اس کا شعار اب بھی

حاجیوں کیلئے اطلاعات و ہدایات

پورٹ حج کمیٹی بمبئی ۱۹۴۸ء

[illegible]

استطاعت حج

[illegible]

اخراجات

[illegible]

نقدی کی برآمد

[illegible]

روانگی کی بندرگاہ اور سہولت آسانیاں

[illegible]

اشیائے خوردنی کی برآمد

[illegible]

شکایات

[illegible]

مختلف اشیاء کی برآمد

[illegible]

حاجیوں کو مندرجہ ذیل اشیاء لیجانے کی خاص طور پر اجازت دیجاتی ہے

[illegible]

کپڑے کی فراہمی اور برآمد

[illegible]

سامان کا معائنہ

[illegible]

ذاتی اسباب

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

(ادارہ کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

آخر کیا ارادے ہیں؟

مکرم ایڈیٹر صاحب، السلام علیکم

[illegible]

حافظ محمد اسحاق سہارنپور ... اگست

[illegible]

معلم کا انتخاب

[illegible]

ہندستانی حاجیوں کیلئے سفارش شدہ معلمین کی فہرست

[illegible]

(باقی صفحہ ... پر)

دیوبند میں جشن آزادی

جشن آزادی کے سلسلہ میں انجمن امداد الاسلام و الاخوان لائبریری دیوبند کی طرف سے ایک جلسہ کیا گیا جس کی صدارت جناب قاری جلیل الرحمن صاحب عثمانی نے فرمائی۔ جلسہ میں انجمن و الاخوان لائبریری کے ممبران و معززین شہر شامل ہوئے۔ نظم و تقریروں کے بعد متفقہ طور سے ایک تجویز پاس کی گئی جس میں ...

سہارنپور میں ۱۵ اگست

اجمیر میں یوم آزادی

(نامہ نگار الجمعیۃ)

سرخپوشوں پر مشین اور برین گنوں سے گولیاں چلائی گئیں

مراسلات و اطلاعات

مدرسہ حسینیہ اسلامیہ کا افتتاح

جھوٹے فقیر

کرنا سانڈی کا زبردست سیلاب

بلدوانی جمعیۃ علماء کا جلسہ

بھاٹ پاڑہ میں جمعیۃ علماء کا جلسہ

AMICO TONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا

امیکو ٹانک

ناطاقتی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو طلا

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ



دی مغل لائن لمیٹڈ

ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز راں کمپنی

حج سروس

حکومت ہند کی ہدایات کے مطابق ایس ایس علوی جو ۲۳ اگست کو جدہ روانہ ہونے والا تھا اس کی روانگی بند کر دی گئی ہے اس نقصان کی تلافی کیلئے آیندہ بمبئی سے جو جہاز روانہ ہونگے ان میں ...

حاجیوں کو لے جانے والا اگلا جہاز

ایس ایس جہانگیر وزن ۳۵۶۶ ٹن

۳۰ اگست ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول	۱۰۷۵ روپے
عرشہ	۳۰۵ - ۸ - روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ، کامران کی فیس جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۷ روپے آٹھ آنے ہوتی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بینک اسٹریٹ بمبئی

ناظرین الجمعیۃ ذرا غور سے پڑھیں

جناب بی پی کھرے ٹکٹ کلکٹر ریلوے اسٹیشن آگرہ سٹی کا دل ہلانے والا خط

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو! اب بھی سمجھو

رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رئیس اینڈ بینکرز (۲) جگادھری مشرقی پنجاب

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

اردو کا واحد سیاسی ماہنامہ

نئی زندگی!

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی رجسٹرڈ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص کوڑھ سنبھری کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سینکڑوں کی تعداد میں صحتیاب ہو چکے ہیں اسکا اثر اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ ...

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیشی

۲۵ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

نظام حیدرآباد کے الزامات کی حکومت ہند کی طرف سے تردید
سینیدری اور بیلاسنگی پر ہندوستانی فوج کا قبضہ نہیں ہے

نئی دہلی ۱۷ راگست ۔ حکومت ہند کے محکمہ دفاع کے ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ہندوستانی فوج نے سینیدری کے ریلوے اسٹیشن اور بیلاسنگی پر قبضہ نہیں کیا ہے ۔ جیسا کہ نظام کے ۱۹ رجولائی کے پریس نوٹ میں الزام لگایا گیا ہے اس پریس نوٹ میں حیدرآباد کے وزیر اعظم نے حیدرآباد کے علاقوں پر ہندوستانی فوج کے حملوں کا ذکر کیا تھا ۔

۲۴ رجولائی ۱۹۴۸ء سے حیدرآباد کی سرحد سے کل چار ایسے حادثات کی اطلاع ملی ہے جن میں ہندی فوج ملوث ہے البتہ سنیدیونین کی پولیس اور رضاکاروں کے درمیان بہت سے تصادم ہوتے رہتے ہیں جن کی اطلاعات اخبارات میں شائع ہوتی رہتی ہے ۔

۲۸ رجولائی کو خود رضاکاروں نے انڈین یونین کی پولیس پر جو سینیدری کے اسٹیشن کی حفاظت کر رہی تھی حملہ کیا یہ حملہ رات کو ۹ بجکر چالیس منٹ پر کیا گیا ۔

ہندی پولیس کو اپنے بچاؤ میں کارروائی کرنی پڑی اس لڑائی میں چھ رضاکار مارے گئے ۔ اور ہماری یونین پولیس نے چونکہ فوجی امداد کے لئے اپیل کی تھی اس لئے ایک سپاہی دستہ کو سینیدری بھیجا گیا ۔ ہماری فوج نے رات سینیدری کے اسٹیشن پر گزاری اور ۳۱ رجولائی کی صبح کو واپس پارسی کے اسٹیشن لوٹ آئے ۔

۱۵ راگست ہندوستانی فوج کا ایک چھوٹا سا دستہ نرولاپور کے جنوب مغرب میں حسب معمول گشت کر رہا ہے اور وہ یہ بھی یاد رکھا جا رہا تھا کہ اس پران رضاکاروں نے بلاسنگی کے گاؤں میں پہلے سے تیار کردہ مورچوں سے گولیاں چلائیں ۔ اس پر ہندوستانی فوج نے کارروائی کر کے اس گاؤں کو رضاکاروں سے صاف کر دیا اس لڑائی میں ۵ رضاکار مارے گئے اور ہندی فوج کے دو سپاہی زخمی ہوئے کچھ ہتھیار اور گولہ بارود پر بھی قبضہ کیا گیا ۔

ہندوستانی فوج ۱۵ راور ۱۶ راگست کی درمیانی شب اس گاؤں میں لڑائی کے بعد اپنے گشت پر واپس چلی گئی ہے اس لئے سینیدری اور بلاسنگی پر ہماری فوج کے قبضہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

تاریخ میں ہند اور حیدرآباد کی فوج کے نمائندوں نے موقع کا معائنہ کرتے ہوئے زخمیوں سے بات چیت کرنے کے بعد جو مشترکہ رپورٹ پیش کی ہے اس سے یہ بات پوری طرح واضح ہو گئی ہے کہ رضاکاروں نے تاریخ میں پہلے سے تیار کردہ مورچوں سے ہماری اس فوج پر حملہ کیا جو نرولاپور سے بارسی جا رہی تھی ہماری فوج کے سپاہی جو سکھ تھے دور سے نظر آ رہے تھے اور ان کے بارے میں کوئی غلط فہمی نہیں ہو سکتی تھی ۔ ہماری فوج نے فوج کو فوری کارروائی کرکے تاریخ کو رضاکاروں سے صاف کر دیا اس گاؤں کو دفاع کیلئے پوری طرح تیار کیا گیا تھا اور سڑک کے دوسری طرف خندقیں کھودی ہوئی تھیں ۔ اس کے علاوہ مکانات میں سوراخ بھی کئے ہوئے تھے ۔ قافلوں اور گشتی دستوں اور سولجرین ٹریفک کی سلامتی کی غرض سے ہماری فوج کے لئے تاریخ پر قبضہ کرنا لازمی ہو گیا اس قبضہ کی ضرورت رضاکاروں کی جانب سے ہماری فوج پر جو اپنے معمولی فرائض سر انجام دے رہی تھی بلا وجہ حملہ کی وجہ سے پیش آئی ۔

ہندی پارلیمنٹ میں سوالات

کشمیر میں پاکستانی فوج کے تازہ حملے ۔ اسرائیلی حکومت کو تسلیم کرنیکا مسئلہ
پاکستان سے آنیوالے مسلمان اور ہند و پاکستان کے مابین قیدیوں کا تبادلہ

نئی دہلی ۱۶ راگست کل پنڈت جواہر لال نہرو نے ہند پارلیمنٹ میں مسٹر انتھاسایالم کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ اگرچہ ہندوستانی فوجوں نے کشمیر میں کوئی تازہ حملہ کرنے کا احتراز کیا ہے لیکن پاکستان نے ایک نیا حملہ کیا ہے تازہ ترین شہادتوں کے مطابق کشمیر میں پاکستان کی فوجیں کشمیر میں لڑ رہی ہیں ۔ جکوٹھی اور اوری کے علاقہ میں ان کا حملہ بہت سخت تھا وزیر اعظم نے کہا کہ جھیر صرف اسی محاذ پر نہیں بلکہ دوسرے علاقوں میں دور دور تک پہاڑ دل پر پھیلی ہوئی ہیں ۔ پاکستان نے قبائلیوں اور دوسرے حملہ آوروں کو جس میں کشمیر کے شہری بھی شامل ہیں اپنے علاقہ میں سے گزرنے اپنے اڈوں کو استعمال کرنے کی اجازت دی ہے اس نے حملہ آوروں کو فوجی سامان ، ٹرانسپورٹ اور اور پٹرول سپلائی کیا ہے اور پاکستانی فوج کے افسروں نے حملہ آوروں کو تربیت دینے اور ان کی رہنمائی کرنے کا کام کیا ہے ۔

مسٹر آمینگر ۔ کیا حکومت نے پاکستان سے اس بارے میں احتجاج کیا ہے ۔

پنڈت نہرو ۔ اس سلسلہ میں کافی خط و کتابت ہوئی ہے ۔

پنڈت مترا نے سوال کیا کہ کیا یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کا ہوائی بیڑہ بھی جنگ میں حصہ لے رہا ہے

پنڈت نہرو ۔ یہ ایسے معاملے ہیں جن پر اس ایوان میں بحث کرنا مناسب نہیں ۔

مسٹر تیاگی ۔ کیا اس حقیقت کے پیش نظر کہ پاکستان نے ہندوستان کے خلاف جنگ چھیڑ رکھی ہے ... [illegible]

مسٹر سکسینہ وزیر بحالیات نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ۵۵ لاکھ آدمیوں میں سے جو مغربی پاکستان سے ہندوستان آئے ہیں تقریباً ۲۰ لاکھ ابھی تک بے روزگار ہیں حکومت تمام شرنارتھیوں کے روزگار کا انتظام کر رہی ہے اور اس کے بہت جلد اندازہ لگایا جائے گا ۔

ہندوستان آنے والے مسلمان

مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے مسٹر سیٹھ گوبند داس کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جو مسلمان پاکستان سے ہندوستان آ رہے ہیں انہیں ہند میں مستقل طور پر بود و باش اختیار کرنے کیلئے پرمٹ لینا ہوگا ۔ مسٹر آئینگر نے کہا کہ مستقل پرمٹ صرف اس وقت جاری کئے جا سکیں گے جبکہ اس کا پاکستان سے آنے والے مسلمانوں کے بسانے پر کوئی اثر نہ پڑتا ہو ۔ اگر کوئی مسلمان پاکستان سے ہندوستان آتا ہے تو یہ محض اتفاقی واقعہ ہے ۔ مسٹر آئینگر نے بتایا کہ پاکستان کے وزیر امداد و بحالی کے دیئے ہوئے اعداد کے مطابق اپریل سے جون تک صرف بیرو کے راستہ سے ۲۵ ہزار مسلمان ہندوستان واپس آگئے ۔

۱۹ رجولائی سے ۱۱ راگست تک دہلی ہائی کمشنر مقیم لاہور نے کل ۲۰۹۹ عارضی پرمٹ جاری کئے ۔ ہائی کمشنر مقیم کراچی نے اطلاع دی ہے کہ کراچی میں عام طور پر ۳۰۰ پرمٹ روزانہ جاری کئے جا رہے ہیں ۔

قیدیوں کا تبادلہ

مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ قیدیوں کا تبادلہ اپریل ۱۹۴۸ء کے پہلے ہفتے میں شروع ہوا تھا لیکن ایک فاضل گاڑی جانے کے بعد پاکستان نے یہ تبادلہ روک لیا ... [illegible]

مسٹر گوپال سوامی آئینگر : جہاں تک مجھے معلوم ہے ہند اور پاکستان کے درمیان ڈبل لائن نہیں بلکہ ایک ہی لائن ہے (قہقہہ) مسٹر آئینگر نے بتایا کہ مغربی پنجاب اور صوبہ سرحد سے جو قیدی ہندوستان آئے ہیں ان کی تعداد آٹھ سو اور نو سو کے درمیان ہے ۔

اسرائیلی حکومت

وزیر اعظم نے مسٹر ایچ ۔ وی ۔ کامتھ کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ وسط جون میں اسرائیلی حکومت کے وزیر خارجہ کی طرف سے ایک تار موصول ہوا تھا جس میں اسرائیلی حکومت کو تسلیم کر لینے کی درخواست کی گئی تھی لیکن حکومت ہند نے اس سوال پر غور و خوض ملتوی رکھنے کا فیصلہ کیا ۔ دوسرے ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے اس سوال کو کیوں معرض التوا میں ڈال دیا گیا وزیر اعظم نے کہا کہ عام طور پر جب کوئی نئی حکومت قائم ہوتی ہے تو اسے تسلیم کرنے سے قبل اس کے اچھی طرح جمنے کا انتظار کیا جاتا ہے ۔ مجھے اس بات کا علم ہے کہ بعض بڑی حکومتوں نے اسرائیلی حکومت کو تسلیم کر لیا ہے ۔

بیگم اعزاز رسول نے دریافت کیا کہ کیا وزیر اعظم اس بات کو اپنے ذہن میں رکھیں گے کہ ہند یونین میں بڑی کثیر تعداد میں ایسے لوگ رہتے ہیں جن کے جذبات اسرائیلی حکومت تسلیم کرتے وقت سامنے رکھنا ضروری ہیں ۔

وزیر اعظم : بلاشبہ کسی خاص مسئلے کے متعلق حکومت کو تمام حقائق اپنے سامنے رکھنے پڑتے ہیں ۔

مسٹر تیاگی : کیا حکومت کو اس بات کا علم ہے کہ مصر میں ہندوستانی سفیر نے ایک پبلک جلسہ میں اعلان کیا کہ حکومت ہند کی ہمدردیاں عربوں کے ساتھ ہیں ۔

وزیر اعظم : ہندوستانی سفیر نے جو کچھ کہا ہے اسے آنریبل ممبر نے نہیں کہا ۔ ہندوستانی سفیر نے کہا تھا کہ ماضی میں اور اس وقت بھی بہت بڑی حد تک ہندوستانی عوام اور حکومت کی ہمدردیاں عربوں کے ساتھ ہیں ۔ اس کا فلسطین کی لڑائی سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ فلسطین کی لڑائی کے مسئلہ سے علیحدہ ہو کر ہندوستان کی ہمدردیاں یہودیوں کے ساتھ بھی ہیں کیونکہ ان پر بہت مظالم ہوئے ہیں ۔ فلسطین کے مسئلہ کے پیش نظر حکومت کو اپنی کوئی رائے قائم کرنے سے قبل معاملہ کے ہر پہلو پر غور کرنا پڑتا ہے ۔

ٹیلی فون کا کارخانہ

وزیر مواصلات مسٹر رفیع احمد قدوائی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ٹیلی فون فیکٹری جو بنگلور میں قائم کی جا رہی ہے تمام نے ۵ یا ۶ ماہ کے اندر اندر اپنا کام شروع کر دیگی ۔ یہ ٹیلی فون انگلستان سے درآمد ہونے والے پرزوں سے تیار ہونگے ۔ تمام سامان ہندوستان ہی میں تیار ہونے میں تین سے ۵ پانچ سال کی مدت درکار ہوگی ۔

علامہ مشرقی کا ایک نیا فتنہ
مسلمانوں کو ہوشیار رہنا چاہئے

دہلی ۱۹ راگست سبحان اللہ حضرت مولانا ... صاحب نے علامہ مشرقی کی نام نہاد الہدیٰ پاکستان لیگ پر حسب ذیل بیان دیا ہے ۔

علامہ مشرقی جیسی کی علمی قابلیت اور داعی صلاحیت سے ہندو اور یوگانہ سب اچھی طرح واقف ہیں اور پچھلے دنوں خاکساری تحریک کا بانی مبانی اور مرشد ہو چکا ہے اور جس طرح خاکساری تحریک کی ناکامی اور نامرادی کے بعد اس تحریک کو ختم کئے بغیر ... کی ناکامی تحریک چند مہینہ کا بار ... مسلمانوں کی ذمہ داری ہے اسی دوران فتنہ نے از سر نو ایک تحریک کے شروع کرنے کا اعلان کیا ہے ۔

اس نئی و بے معنی تحریک کا نام الہدیٰ پاکستان اسلام لیگ ہے اس تحریک کا تعارف کرنے کی غرض سے جو بروپیگنڈا کیا جا رہا ہے اور لٹریچر ہند اور پاکستان میں مختلف مسلمانوں کو بھیجا جا رہا ہے وہ لغایت سوقیانہ اور دھوکہ ہے اور بار اعتبار ہے کہ یہ تحریک ہندوستان و پاکستان دونوں ملکوں کے لئے سخت مضر اور تباہ کن ہے نہیں کہا جا سکتا کہ پاکستان اس تحریک کو کس نظر سے دیکھے گا اور وہ اس تحریک کو دبانے کیلئے کیا طریقہ اختیار کرے گا ۔

البتہ انڈین یونین کے مسلمانوں کو اس فتنے سے آگاہ ہونا ضروری ہے کہ وہ مشرقی کی نئی چال سے ہوشیار رہیں اور وہ الہدیٰ پاکستان اسلام لیگ کے ہرگز ہرگز ممبر نہ بنیں اور ڈاک سے جو لٹریچر ان کو موصول ہو وہ اسے اپنے علاقے کی جمعیۃ علماء ہند کے پاس بھیج دیں اور ڈاک سے موصول شدہ تمام پوسٹر اور اشتہارات اپنے گھر میں نہ رکھیں ... [illegible]

مہاتما گاندھی کا مقدمۂ قتل

[illegible]

... پستول پھر لیا ۔ مالی نے بتایا کہ گرفتاری کے ہی گاندھی جی کی طرف بڑھا اور اپنے گھٹنے کے جوڑوں کے ہاتھ میں تھا حملہ آور کے سر پر دو ضربات لگائی اس کے بعد پولیس والوں اور ایک فوجی کے ساتھ ہیں نے حملہ آور کو پکڑ لیا ۔ اور اس کے ہاتھ سے پستول چھین لیا ۔ بمبئی کے ایک تاجر مسٹر ... پر مزید جرح ہوئی ۔

سیلاب کا پانی سندھ کے اور علاقوں میں بھی پھیل گیا

کراچی ۱۶ راگست ۔ سکھر کے تعلقہ میں چیتیاہ کے مقام پر بند میں جو شگاف پڑ گیا تھا ابھی اس کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ۔ سیلاب کا پانی گڑھی یاسین کے تعلقہ میں بھی پھیل گیا ہے ۔ سندھ کنال میں پانی بڑھ رہا ہے ۔ مغرب میں گوٹھ اور کھوڑے کے دیہات کے چاروں طرف پانی بھر گیا ہے ۔ اور شہر میں بھی پانی داخل ہو گیا ہے ۔ کلکٹر اور سپرنٹنڈنٹ پولیس موقع پر پہنچ گئے ہیں اور امدادی کام جاری ہے ۔ ... کے مقام پر بند میں جو شگاف پڑا ہے شمال مغربی نہر میں شگاف پڑ جانے سے اس علاقہ کی حالت اور خراب ہو گئی ہے ۔ ان شگافوں کا پانی ... تک پہنچ گیا ہے ۔ اب یہ پانی لاڑکانہ اور جیکب آباد ریلوے لائن کے قریب پہنچ گیا ہے ۔ اب تک لاڑکانہ ضلع میں ۲۰ ہزار ایکڑ زمین زیر آب ہو چکی ہے ۔ ۶۸ دیہات پر اس کا اثر پڑا ہے اور چھ ہزار اشخاص کو اب تک ... گیا ہے ۔ ضلع نوابشاہ میں مورو تعلقہ میں بھی شگاف پڑا ہے وہ زیادہ خطرناک نہیں اور اس پر جلد ہی قابو پا لیا جائے گا ۔ وہاں کی فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ہے ۔

صدر میونسپلٹی کا دورہ

دہلی ۲۰ راگست ۔ ... کے روز دہلی میونسپلٹی کے صدر ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ اور سینئر وائس پریزیڈنٹ مسٹر ہلال احمد زبیری نے میونسپل انجینئر سکریٹری اور کمیٹی کے دوسرے افسران کے ہمراہ مٹیا محل ، بازار چتلی قبر ، دہلی دروازہ ، جنگل اور چاندنی محل کا گشت کیا ۔

مسٹر مرار جی نے بتایا کہ یہ اطلاع ملنے پر میں نے محکمہ سراغرسانی کے افسر مسٹر نگر والا کو بلوا بھیجا۔ لیکن وہ کسی دوسری جگہ مصروف تھے اور انہیں پہنچنے کی فرصت نہ ہوئی۔ میں اسی رات کو احمد آباد جا رہا تھا اور میں نے افسر کو ریلوے اسٹیشن پر ملنے کی ہدایت کی۔ ریلوے اسٹیشن پر میں نے مسٹر نگر والا کو سارا حال سنایا اور ضروری کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

مسٹر ڈیسائی نے بتایا کہ میں نے ان کو تین ہدایتیں دیں۔ اول کرکرے کو گرفتار کر لیا جائے دوسرے ساورکر کے مکان اور نقل و حرکت کی نگرانی کی جائے سوم سازش میں حصہ لینے والے دوسرے اشخاص کا پتہ لگایا جائے۔ اگلے روز صبح احمد آباد پہنچ کر میں نے سردار پٹیل سے ملاقات کی اور انہیں پروفیسر جین کے بیان اور اپنی کارروائی سے آگاہ کیا۔

ابھی ڈیسائی کا بیان ختم نہیں ہوا تھا کہ عدالت کل تک کے لئے ملتوی ہو گئی۔

قاسم رضوی حیدر آباد کی غیر مسلم اکثریت کو مطمئن کریں

مولانا عبدالحمید اعظمی مرکزی جمعیۃ علماء کا بیان

بھاگلپور ۳ راگست۔ مولانا عبدالحمید صاحب اعظمی رکن مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند نے مسئلہ حیدر آباد کے متعلق پریس کو ایک بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقسیم ہندوستان کی برطانوی اسکیم کی بدولت ہمارے سامنے جو نئی نئی مشکلیں پیدا ہو گئی ہیں ان میں اس وقت ریاست حیدر آباد میں ذمہ دار حکومت کے قیام اور ہند یونین میں اس کے باضابطہ الحاق کا معاملہ اتنا پیچیدہ اور نازک ہو گیا ہے کہ اب حکومت ہند کے لئے ممکن نہیں کہ وہ واقعات کی طرف سے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور حیدر آباد کو اپنی شرائط پر الحاق کے لئے مجبور نہ کرے۔ ہند کی دستور ساز اسمبلی یہ اعلان کر چکی ہے کہ یہاں کا نظام حکومت جمہوری ہوگا جس میں بلا لحاظ فرقہ اور مذہب تمام باشندگان ملک کو سارے ہند کی کا پورا پورا حق ہوگا۔ اس حالت میں ہند یونین کے حدود میں کسی ایسی ریاست کا وجود جس کا نظام حکومت عوام اور ملک کا ترجمان نہ ہو کیونکر باقی رہ سکتا ہے۔ جہاں تک حیدر آباد میں موجودہ نظام حکومت کی جگہ ایک ایسی جمہوری حکومت کے قیام کا تعلق ہے جو سچ مچ ہیاں کے تمام مسلم و غیر مسلم باشندوں کی نمائندہ حکومت کہی جا سکے۔ ایمانداری کے ساتھ کسی کو اختلاف نہیں ہونا چاہئے۔ کیا نظام کو معلوم نہیں کہ اب شخصی شاہی نظام کے سفید آثار ملک میں باقی نہیں رہے جن کی بدولت ریاستی پبلک کے صحیح جذبات سے کھیل کھیلا کرتی تھیں۔

معاملہ کا یہ رخ کتنا عجیب اور حیرتناک ہے کہ حیدر آباد میں انجمن اتحاد المسلمین کے صدر مسٹر سید قاسم رضوی کی اشتعال انگیز اور نفرت انگیز تقریریں بلا روک ٹوک جاری ہیں اور نظام صاحب ہیں کہ ایسے بے لگام اور مفسد قسم کے لیڈروں کی تنبیہ تک نہیں کرتے۔ قاسم رضوی کو دعویٰ ہے کہ وہ ہند یونین کے مسلمانوں کو اپنی مجبوری سے ہمدردی کا یقین دلانے میں کامیاب ہو جائیں گے کیا ان کو معلوم ہے کہ ہندوستان کے اکثر مسلمان پاکستان کے سلسلہ میں ایسے لیڈروں سے کافی نقصان اٹھا چکے ہیں اب تو انہیں مولانا آزاد اور مولانا مدنی جیسے پاک باز اور مخلص لیڈروں کی رہنمائی پر بھروسہ ہے۔ اگر مسٹر رضوی ہند یونین کے ۳۱ فیصدی مسلمانوں کے واقعی خیر خواہ ہیں تو ان کو چاہئے کہ وہ سب سے پہلے حیدر آباد کی غیر مسلم اکثریت کو مطمئن کر دیں اور اپنی اور اپنے تمام رضاکاروں کی کوششیں ان کے جائز حقوق اور مطالبات کو پورا کرنے میں صرف کر دیں ورنہ ہندوستان کا مسلمان یہ سمجھے گا کہ ملک کو تباہ و برباد کرنے کے لئے میر جعفر و میر صادق نے حیدر آباد میں دوبارہ جنم لیا ہے۔

عبدالحمید اعظمی ممبر کونسل آل انڈیا جمعیۃ علماء ہند و انچارج شعبہ تبلیغ جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور۔ بھاگلپور (بہار)

ملایا کی حکومت کی پالیسی کے خلاف ٹرانسوال انڈین کانگریس کا سخت احتجاج

جوہانسبرگ ۲۳ راگست۔ یہاں ایک جلسہ میں ٹرانسوال انڈین کانگریس کے جلسے میں جنوبی افریقہ کی حکومت کی پالیسی پر جہاں تک کہ اس کا ہندوستانیوں سے تعلق ہے سخت ناراضگی کا اظہار کیا گیا۔ یہ مزید ذکر ہے کہ ہندوستانیوں کو رائے دہندگی کا حق دیا جائے ملایا کی حکومت ایسی پالیسی لے رہی ہے۔

ڈاکٹر یوسف دادو نے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جب سے ملایا حکومت قائم ہے۔ اسی وقت سے سیاسی حالت بہت بگڑ چکی ہے۔ ڈاکٹر دادو نے اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ تجویز جو میں پیرس کے اندر جلسہ میں ہوا اجلاس ہو رہا ہے اس میں ہندوستانی وفد کی قیادت پنڈت جواہر لال نہرو کو کرنی چاہئے۔ یاد رہے اس اسمبلی میں جنوبی افریقہ کا معاملہ پیش ہو رہا ہے۔

چین میں سرکاری فوجوں کی پیشقدمی

نانکنگ ۲۳ راگست۔ نیم سرکاری ذرائع سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ چین کی گورنمنٹ فوجوں نے تائنگ کے ان علاقوں میں اب کمیونسٹوں کے قبضے میں ہیں ہر یالی کے مقام تسوان پر حملہ کرنے کے لئے تیاریاں کر رہی ہیں۔ تسوان ریلوے کا ایک مرکز ہے۔ اس علاقہ میں مرکزی حکومت کی فوجیں جنرل چن ای کی کمان میں شانگ زی سے جنوب مغرب شانتنگ میں داخل ہونے کی کوشش کر رہی ہیں۔

سرکاری فوجوں نے گذشتہ ہفتوں میں لانگ ہائی کی طرف کچھ علاقے پر قبضہ کر لیا ہے۔ [illegible] شمال اور جنوب میں اپنی پوزیشن مضبوط کر رہی ہیں۔ حکومت کی فوجیں بھی بہت بڑے علاقوں میں جمع ہو رہی ہیں جو ہو کی شمالی حد مزید آگے بڑھ رہی ہے۔

(۴) نقشہ جس کی سرخی شمالی ہند میں سکھ کی تقسیم ملی ہے۔ (۵) اور یہ نقشہ جس کے ذریعہ اخبارات شائع کیا گیا تھا جن میں تمام پاکستان کے لفظ جغرافیائی لحاظ سے کمپایا گیا تھا۔ اور یہ نقشہ اخبارات کی کثیر تعداد میں موجود تھا۔ (۵) اور یہ نقشہ اخبارات کی کثیر تعداد میں موجود تھا۔

(۶) ایک سید مبلغ ہے ۳ اور انگریز دار جناب جمیل خاں صاحب و جناب علی خاں صاحب مدرسہ دینیہ کے قوم مسائل ہیں اور پاکستان بننے کے قبل کا ہمارا اعلان کرنے ہے۔ یہ رقم نومبر ۱۹۴۶ء میں آئی ہے۔

(۷) کارڈ آمدہ از کراچی۔ (۸) ایک اپیل کا مسودہ جس میں بحرین کے ایک تاجر کا پتہ درج تھا۔

(۹) پوسٹ کارڈ آمدہ از حیدر آباد (مولانا احمد صاحب غازی پوری کا) ارسال کردہ پرانا خط۔

چین میں نئی کرنسی

آج سے جاری ہو گئی

شنگھائی ۲۳ راگست۔ حکومت چین نے ملک کا نیا کرنسی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے سونے کی جو نئی یوان کرنسی جاری کرنے کا فیصلہ کیا تھا وہ آج سے جاری ہو گئی ہے۔ تازہ اطلاع ہے کہ ملک میں پیرے نئے نوٹوں کا اجراء شروع ہو گیا۔ مرکزی کنٹرول قائم رکھنے اور کرنسی اور دوسری اقتصادی حالات سے متعلق احکامات کو پورا کرنے کے لئے حکومت نے چین کو جنوبی وسطی اور شمالی تین حلقوں میں تقسیم کر دیا ہے اور ہر ایک حلقہ کا ایک الگ افسر مقرر کر دیا ہے۔

برائے آگاہی عوام

یکم جولائی ۱۹۴۸ء سے مندرجہ ذیل اوقاف پر دفعہ ۲۵ (۵) دلی مسلم وقف ایکٹ ۱۹۴۳ء کا اطلاق ہو گیا ہے کیونکہ اوقاف مذکورہ کی کمیٹیوں کے ممبران وقف ناموں کی شرائط کے خلاف عمل کرتے تھے۔ یا انہیں نے انتظام سے کوئی تعلق نہ رکھا اور جائیداد موقوفہ کو کسمپرسی کی حالت میں چھوڑ دیا ان حالات میں جائیداد ہائے موقوفہ کو شدید نقصان پہنچنے کا اندیشہ تھا چنانچہ اس خیال کے ماتحت دفعہ ۲۵ کا نفاذ جملہ اوقاف کی انتظامیہ کمیٹیوں پر لازمی ہو گیا۔

۱۔ وقف مسماۃ وزیر النساء بیگم و مسماۃ اشرف النساء بیگم واقع شیش محل دہلی۔

۲۔ وقف قریشی مسجد کشمیری گیٹ دہلی۔

۳۔ وقف مسجد سامنے والی تیلی واڑہ دہلی۔

۴۔ وقف جائداد احمد شاہ۔ گلی احمد شاہ۔ حویلی اعظم خاں دہلی۔

شوکت علی صابری

ناظر اوقاف۔ دریا گنج دہلی

ضروری اطلاع

دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند دہلی سے جو حضرات خط و کتابت کریں وہ اپنا پتہ صاف اور مفصل تحریر کیا کریں ورنہ جواب کا انتظار نہ کریں۔

سکریٹری۔ دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند دہلی

ایک قوم پرور مسلمان لیڈر جیل میں

غازی پور ۱۸ راگست۔ مولانا ابوالحسن صاحب مہتمم مدرسہ دینیہ غازی پور ممبر ضلع کانگریس کمیٹی وائس پریزیڈنٹ منڈل و صدر جمعیۃ علماء ضلع غازی پور ممبر ضلع کانگریس کمیٹی وائس پریزیڈنٹ منڈل و صدر جمعیۃ علماء ضلع غازی پور کے مکان و مدرسہ نیز مدرسہ کی ۱۲ راگست ۱۹۴۸ء کو ۹ بجے دن اچانک تلاشی شروع ہوئی۔ یہ تلاشی چار گھنٹہ تک جاری رہی تلاشی میں اسلحہ کی قسم کی کوئی چیز برآمد نہیں ہوئی تلاشی کے بعد پولیس کو صرف چند کاغذات ہی ملے جنہیں وہ ہمراہ لے گئی ان کاغذات کی فہرست حسب ذیل ہے۔

(۱) بل ۱۹۴۸ء آمدہ از کتب خانہ انجمن حمایت الاسلام لاہور مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۴۷ء۔ واضح ہو کہ ۳ سال سے مدرسہ دینیہ کے لئے انجمن حمایت اسلام لاہور سے کتابیں منگائی جاتی ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد کوئی کتاب نہیں آئی۔

(۲) رسید چندہ مدرسہ دینیہ تربیت القرآن لاہور و امداد مدرسہ دینیہ کے لئے ڈھاکہ سے چندہ آیا تھا اور بواسطہ رجسٹرڈ ممبر مدرسہ دینیہ کے نام موصول ہوا تھا۔

(۳) رسید مدرسہ دینیہ ۱۹۴۷ء و ۱۹۴۸ء مدرسہ دینیہ کے وصول کردہ چندہ کی رسید ہے۔ احمد جیلانی و منشی مولوی ممتاز احمد صاحب ڈسٹرکٹ کونسل مدرسہ دینیہ کے حیدر آباد سے دو کئی سال سے وہاں مقیم ہیں) بعد خطوط بھیجے ہوئے مندرج ہیں۔ مولوی صاحب موصوف اور ان کا پورا خاندان حضرت مولانا حسین احمد مدنی کا سچا اور پکا کانگریسی ہے۔

پہلی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ اس کانفرنس میں اخبار کی قوانین کی بابت مقرر کردہ تحقیقاتی کمیٹی سفارشات کی بابت ایک قرار داد منظور کی گئی نیز حکومت ہند سے مطالبہ کیا گیا کہ اخبارات کے متعلق قوانین کا معیار بلند کر کے دوسرے ممالک کے قوانین کے برابر لایا جائے۔

کانپور میں اخبار نویسوں کا جلسہ

کانپور ۲۳ راگست۔ یہاں سب کو اور خصوصاً اخبار نویسوں کو ان قوانین کی زبردست مخالفت کرنی چاہئے جو شہری آزادی اور شہریت کے حقوق پر اثر انداز ہوں۔ یہ الفاظ مسٹر آچاریہ نریندر دیو کے ہیں جو انہوں نے کانپور کے ضلع کے اخبار نویسوں کی

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن مولانا حفظ الرحمن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصے کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ۴ حصہ دوم مجلد ۴ حصہ سوم مجلد ۴ حصہ چہارم مجلد چھ روپے آٹھ آنے (۶)

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں حضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے ایک جا جمع کر دیئے گئے۔ قیمت مجلد ۲

خلافت بنی اُمیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں زبان نہایت سادہ اور سہل ہے قیمت تین روپے بارہ آنے (۳)

جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ اول جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات۔ قیمت ۳ آنہ (۳)

جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ دوم جمعیۃ علماء ہند کی ۲۵ سالہ تجاویز کا مجموعہ۔ قیمت ۱ روپیہ

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے جھنڈے پر فاضلانہ اور اسلامی روشنی میں تبصرہ۔ قیمت ۲

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اردو ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت زیادہ مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے (۱)

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے۔ قیمت حصہ اول ۴ حصہ دوم ۴

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے۔ یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے درس میں شامل ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸)

جنگ بدر۔ کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزار جنگی کفار پر فتح پائی۔ قیمت صرف ۸

نوٹ:۔ مبلغ ۵ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں ہم رسالے ۱۔ پاکستان کیا ہے ۲۔ لیگ کیا ہے ۳۔ مسٹر جناح کا پراسرار معمہ ۴۔ شریعت بل اور لیگ ۵۔ اربعین۔ اسلامی تعلیم کا مرقع

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

ریشمی کپڑا ایک روپے گز

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز آپ کو کسی طرح نہیں مل سکتا۔ البتہ ہم آپ کو بازار سے بہت ہی سستے نرخوں پر دے سکتے ہیں جو کہ کوڑیوں کے بھاؤ پڑے گا۔ امریکن سفید سلکی پیراشوٹ یعنی پوری چھتری بندہ ۱۲ کلی والا جس میں پوری ۱۲ کلی (ٹکڑے) بغیر جوڑ کے ہمعہ ریشمی ڈوری قیمت دس روپیہ فی پیراشوٹ (پوری چھتری)، پیکنگ مفت محصول ڈاک ۱۱/۱ اکٹھے تین منگوانے پر محصول ڈاک تین روپیہ چندرہ آنہ آئے گا۔ آج ہی آرڈر دے کر فائدہ اٹھایئے۔ یہ مال دوسرے ریشمی سلکی کپڑوں کی نسبت نہایت عمدہ او۔ بارعایت سے پہلے اس کی قیمت بہت زیادہ تھی، مگر اب اسٹاک ختم کرنے کے لئے یہ رعایتی تھوک بھاؤ ہے تین پیراشوٹ محصول ڈاک سمیت آپ کو گھر بیٹھے ۱۲/۹۹ میں ملیگا، ضرور منگوا لیں، فوراً منگوا لیں ورنہ اسٹاک ختم ہو جانے پر آپ کو پچھتانا پڑیگا، کیونکہ مزید مال امریکہ سے نہیں آ رہا ہے۔ آرڈر دیتے وقت اپنا نام و پورا پتہ صاف اور خوشخط لکھیں۔

امریکن ٹریڈنگ ایجنسی (اے ڈی)

ریشمی کپڑے کے مشہور سوداگر پی بی ۴۵ امرت سر

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں

۱ اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔

۲ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی مع توضیحی عبارات۔

۳ حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔

۴ تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔

۵ ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)

۶ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)

۷ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)

۸ تفسیر ابن کثیر روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔

۹ جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شرح و بسط سے ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔

۱۰ خط خوشنما صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد سات روپے چار آنے معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والا ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپیہ ہدیہ مجلد دس روپے۔

پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

ہند پارلیمنٹ میں وزیر محنت کے بل پر بحث

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ مزدوروں کی حالت بہتر بنانے کے لئے فیکٹری ایکٹ میں ترمیم کرنے کے لئے جو قدم اٹھایا ہے کل ممبران پارلیمنٹ پوری طرح متفق تھے لیکن اس بات میں اختلاف تھا کہ جو قدم اٹھایا جا رہا ہے وہ مزدوروں کی حالت اتنی بہتر بنانے کا جتنی کہ توقع کی جا رہی ہے۔

وزیر محنت کے بل پر چار گھنٹہ تک بحث و مباحثہ ہوا تھا اس لئے کہ یہ مسئلہ اپنے اندر ایک انسانی پہلو لئے ہوا تھا۔ اس اقدام سے تین لاکھ پچاس ہزار مزدوروں کو فائدہ پہنچے گا اور اس سے فیکٹریوں کے مزدوروں کو اطمینان حاصل ہو سکے گا۔ [illegible]

ہند اور پاکستان میں قیدیوں کا تبادلہ

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

[illegible]

حیدرآباد کی بابت کسی پریشانی کی ضرورت نہیں

مدراس میں گورنر جنرل کا استقبال اور ان کی تقریر

مدراس ۲۲ اگست۔ ہند کے گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ نے یہاں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد کے متعلق کسی تشویش کی ضرورت نہیں۔ حیدرآباد کا مسئلہ حل کرنے کے لئے حکومت ہند کے امکان میں جو کچھ ہے وہ اس سے دریغ نہ کرے گی۔

مسٹر راجگوپال آچاریہ نے سیاسی لقاء راجہ جی ہال میں آل انڈیا ویمن کانفرنس کے پیش کردہ ایڈریس کے جواب میں تامل میں تقریر کرتے ہوئے کہا آپ نے فرمایا خوف اور شبہ نے حیدرآباد کے [illegible]

وزیر اعظم برما کا پیغام

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

[illegible]

کلکتہ پولیس کے پاہیوں کا برت

ضرورت ہے

۱۔ ایک ایسے مترجم کی جو انگریزی سے شگفتہ اور سلیس اردو میں بے تکلف ترجمہ کر سکے۔

۲۔ دو خوش قلم کاتبوں کی جو اخباری کام کا تجربہ رکھتے ہوں درخواست کے ساتھ مطبوعہ اور غیر مطبوعہ تحریروں کے نمونے منسلک کریں۔

۳۔ ایک چپراسی کی جو دفتری کام سے بھی واقف ہو اور سائیکل کی سواری جانتا ہو۔

تفصیلات ذیل کے پتہ پر خود ملیں یا بذریعہ خط و کتابت معلوم کریں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

کٹ لی کی رسم ادا کرتے ہوئے آپ نے ایک تقریر کی اور گاندھی جی کے اصولوں پر چلنے کی اپیل کی۔

مدراس کارپوریشن کے ایڈریس کے علاوہ تقریباً پچاس میونسپلٹیوں اور دوسرے اداروں کی طرف سے راجہ جی کو سپاسنامے پیش کئے گئے۔

مراد آباد

میں اخبار الجمعیۃ دہلی مولانا محمد شفیق احمد صاحب [illegible] دفتر جمعیۃ علماء چوک بازار سے طلب فرمائیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

خوش خبری

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجرا

ہمارے استفسار پر ملک کے ہر گوشہ سے ہفتہ وار الجمعیۃ کے اجرا کی نہایت پر تپاک طریقہ پر تائید کی گئی ہے۔ لہذا ہم حق تعالیٰ کی توفیق و امداد کے بھروسہ پر ہمدردان الجمعیۃ کی خواہش کے احترام میں اعلان کرتے ہیں کہ جونہی

خریداران اور ایجنٹ صاحبان

کی طرف سے مناسب تعداد میں ہمارے پاس فرمائشیں پہنچ جائیں گی ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت شروع کر دی جائے گی ہماری خواہش ہے کہ ستمبر کے پہلے ہفتہ میں ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجرا ہو جائے۔ لیکن ہماری اس خواہش کے پورا ہونے کا انحصار مناسب تعداد میں فرمائشیں موصول ہو جانے پر ہے۔ لہذا ایجنٹ صاحبان بلا تاخیر اپنی مطلوبہ تعداد سے مطلع فرمائیں۔

خریدار صاحبان فرمائش ارسال فرمانے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

ہفتہ وار الجمعیۃ ہر اتوار کو ۲۰×۳۰/۴ سائز کے ۲۰ صفحات پر خوشنما اور رنگین ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوگا

قیمت سالانہ بارہ روپے۔ ششماہی چھ روپے آٹھ آنے فی پرچہ ۴ ر

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

اردو کسی خاص فرقہ کی ملکیت نہیں بلکہ ہر فرقہ کی ملکیت ہے

اگر سیاسی شعبدہ بازی سے اسے نقصان پہنچا تو یہ ایک زبردست سانحہ ہوگا

(پنڈت برجموہن کیفی)

کراچی ۲۳ اگست۔ پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی نے اردو کے ادیبوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ دونوں ملکوں کے ہمدردان اردو کے درمیان تعلقات کو استوار کریں۔ انہوں نے کہا کہ اردو برصغیر ہند کی عام فہم زبان ہے اس کو مذہب اور سیاست سے بلند رکھنا چاہئے یہ واقعہ کہ اردو غیر ملکی نہیں ہے اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ کسی خاص فرقہ کی زبان نہیں ہے۔ اردو نے سلطنت میں بھی فروغ پایا ہے۔ جب مسلمانوں کا اقتدار ختم ہو گیا تھا اور اس زبان کے شعرا اور ادبا میں ہر فرقہ کے افراد شامل ہیں۔

[illegible]

لاہور کے دو آزاد خیال اخبارات

حکومت نے اشاعت پر پابندی لگا دی

لاہور ۲۴ اگست۔ مغربی پنجاب کی حکومت نے چھ ماہ کے لئے روزنامہ تسنیم اور سفینہ کورٹی کی اشاعت پر پابندی لگا دی ہے۔ یہ پابندی پنجاب سیفٹی ایکٹ کے ماتحت لگائی گئی ہے اس سلسلہ میں مغربی پنجاب کی حکومت کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اس علاقہ کے بعض اخبارات میں ریاست کے خلاف پروپیگنڈا [illegible]

وزیر اعظم برطانیہ کے مشورے

[illegible]

مسٹر جناح روبہ صحت ہیں

کراچی ۲۴ اگست۔ قائداعظم جناح گورنر جنرل پاکستان کی صحت اطمینان بخش ہے۔ اور توقع ہے کہ وہ ہفتہ عشرہ میں کراچی واپس آجائیں گے۔

اطلاعات پر سختی کے ساتھ باز پرس کی جائے گی۔ اخبارات کے ایڈیٹروں سے پھر ایک مرتبہ درخواست کی جاتی ہے کہ سرکاری افسروں کے خلاف ان کے نمائندے یا دوسرے لوگ جو اطلاعات بھیجیں ان کی تحقیق کر لیں۔

کشمیر میں تازہ دم فوجیں بھیجی جانے کا انتظام ہو رہا ہے

ہند پارلیمنٹ میں وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ کا بیان

نئی دہلی۔ وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ نے آج ہند پارلیمنٹ میں بتایا کہ ۱۵ اگست سے پہلے اور بعد میں ملک کے مختلف حصوں میں وقتاً فوقتاً ہتھیار برآمد کئے جاتے رہے ہیں۔ حکومت کو ان جگہوں کا علم تھا۔ جہاں امریکی اور برطانوی فوجیں ہتھیار [illegible] لیکن اس مرحلے پر ایک عام سروے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

لیکن اگر ایوان ایسا چاہتا ہو تو حکومت اس قسم کی تجویز پر غور کرے گی۔

ڈاکٹر پٹا بھی سیتارامیہ کے سوال کے جواب میں کہ آیا حکومت کو معلوم ہے کہ ۱۵ اگست سے پہلے ۱۵۰۰ [illegible]

[illegible]

حیدرآباد کی تلاشیاں

[illegible]

دہلی میں جرائم

[illegible]

بھیک مانگنا

[illegible]

بجٹ کس کا ہے؟

[illegible]

بہار پولیس کے لیڈر کا مرن برت

پٹنہ ۲۴ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پنڈت راما نند تیواری بہار کی پولیس اور جیل خانہ میں کام کرنے والوں کی انجمن کے صدر نے جو اس وقت بانکی پور جیل میں قید ہیں مرن برت رکھنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس برت کو ایک ہفتہ گذر چکا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ برت حکومت بہار کے ان الزامات کے خلاف بطور احتجاج رکھا گیا ہے جو اس نے بہار پولیس کی گذشتہ ہڑتال میں مسٹر تیواری پر لگائے تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر تیواری پر موجودہ حکومت کے خلاف سازش کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔

کلکتہ ۲۴ اگست۔ ایک مقامی اخبار کی اطلاع کے مطابق [illegible] کو عارضی طور سے بند کر دیا گیا۔

اختلافات ختم کر دو

کرنل حبیب الرحمن کی اپیل

دہلی ۲۴ اگست۔ کرنل حبیب الرحمن نے جو برلا ریڈیو سے براڈکاسٹ کیا کرتے تھے۔ انہوں نے عوام سے تمام اختلافات دور کرنے کی اپیل کی ہے اور کہا ہے کہ ہم اپنے مقاصد میں صرف اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب متحد و متفق ہو کر آگے بڑھیں۔

کرنل صاحب نے موجودہ سیاسی حالات کا ذکر [illegible]

دہلی میں امدادی کام

[illegible]

کارکنان جمعیۃ علماء ہند کی میٹنگ

[illegible]

پاکستانی وفد کی رہنمائی

اقوام متحدہ میں سر ظفر اللہ خاں کریں گے

کراچی ۲۴ اگست۔ سر محمد ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان اس وفد کی رہنمائی کریں گے جو پیرس میں ہونے والی اقوام متحدہ کی اسمبلی میں شریک ہوگا۔ نمائندوں متبادل نمائندوں اور مشیروں کے انتخاب پر غور و خوض ہو رہا ہے عنقریب ان کے ناموں کا اعلان کر دیا جائے گا۔ اس امر کا امکان ہے کہ بیگم شائستہ اکرام اللہ جو مشرقی بنگال سے پاکستان کی مجلس دستور ساز کی ممبر ہیں وفد کی ایک ممبر ہوں گی۔

[illegible]

دارالسلطنت

۲۴ اگست

آل انڈیا مشاعرہ

[illegible]

جمعیۃ علماء قصاب پورہ کا افتتاح

[illegible]

پولیس نے مکانات گرا دیئے

[illegible]

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

سالانہ قیمت تیس روپے — جلد ۳۰ — دہلی یوم جمعہ ۲۱ شوال المکرم ۱۳۶۶ھ ہجری مطابق ۲۷ اگست ۱۹۴۷ء — نمبر ۱۵۲ — فی پرچہ ۱ر بذریعہ ہوائی جہاز ۲ر

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

سالانہ قیمت تیس روپے — ششماہی سولہ روپے — سہ ماہی آٹھ روپے آٹھ آنے

افراط زر اور قیمتوں میں اضافہ کے خلاف حکومت ہند کی جد و جہد

ماہرین اقتصادیات کی کمیٹی کی رپورٹ پر غور و خوض

از سر نو کنٹرول عائد کرنے کا وقت آگیا

دہلی ۲۵ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند بہت جلد محکماتی افسروں اور صوبائی حکومتوں سے ... پر گفتگو کرنے والی ہے جو اس کمیٹی کی طرف سے پیش کی گئی ہیں جو قیمتوں میں اضافہ پر رپورٹ پیش کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی۔ یہ کمیٹی ماہرین اقتصادیات پر مشتمل ہے۔ [illegible]

پونچھ کے مورچہ پر دشمن کی توپوں کو خاموش کر دیا گیا

حملہ آوروں کی آگے بڑھنے کی ناکام کوشش۔ ہندی طیاروں کی اڑان

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ ... [illegible]

ہندی ایجنٹ جنرل کا دفتر

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ نئی دہلی میں موصول شدہ اطلاعات کے مطابق حیدرآباد میں ہندوستانی ایجنٹ جنرل کا دفتر حکومت ہند کے ایک مقبوضہ قلعہ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

افغانستان کی آزادی کا تیرھواں سالانہ جشن

کابل میں چراغاں اور دوسری رسموں کی ادائیگی

پشاور ۲۳ اگست۔ آج افغانستان کی آزادی کا جشن شروع ہو گیا۔ افغانستان کے تمام حصوں سے ہزاروں اشخاص کابل میں جمع ہیں ... [illegible]

حیدرآباد کے لیڈروں کی گرفتاری

[illegible]

کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس

[illegible]

حیدرآباد ایجنٹ جنرل کی طلبی

[illegible]

مشرقی پنجاب اسمبلی کا اجلاس

شملہ ۲۴ اگست۔ مشرقی پنجاب اسمبلی کا اگلا اجلاس ... [illegible]

نظام نے براہ راست اپنا معاملہ اقوام متحدہ میں پیش کر دیا

[illegible]

لاہور میں پناہ گزینوں کی زبردست بغاوت

پولیس اور فوج سے تصادم کئی ہلاک و مجروح

لاہور ۲۴ اگست۔ پولیس نے کل صبح ... [illegible]

کلکتہ میں ٹرام کے ڈپو پر دستی بم پھینکے گئے

پبلک اور کمپنی کے ملازمین کے جھگڑے میں سولہ آدمی زخمی ہوئے

[illegible]

ملایا کی بغاوت طاقت پکڑتی جا رہی ہے

[illegible]

مسلمانوں سے ضروری گذارش

[illegible]

الجمعیۃ چھ صفحات پر شائع ہوا کریگا

[illegible]

کحل بقائی — دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان بقاوالوں کی مایۂ ناز ایجاد آنکھوں کی تمام شکایات کیلئے اکسیر اور تندرست آنکھوں کا محافظ ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ — دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۷ اگست ۱۹۴۷ء

سلامتی کا راستہ

ہندوستان اور پاکستان کی ان دو مملکتوں کو پیدا ہوئے عرصہ ہی کتنا ہوا ہے کہ وہ زور آزمائی کے لیے خم ٹھونکنے لگیں اور آپس کی تلخیوں میں دلچسپی لیکر وقت ضائع کریں۔ کے آمد و کے پیر شدی، دونوں کو آزاد ہوئے صرف ایک سال ہی تو ہوا ہے اور یہ ایک سال جن مشکلات میں گذرا ہے وہ بھی سب پر عیاں ہے۔ اس نوزائدگی کا تقاضہ یہ ہونا چاہیے تھا کہ وہ پرانی باتوں کو بھول جاتے، ایک دوسرے کی خطاؤں کو معاف کرتے بچھڑے ہوئے بھائیوں کی طرح گلے ملتے اور یقین دلاتے کہ وہ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہیں، ایک دوسرے کی بھلائی چاہتے ہیں اور تعاون کے بغیر کوئی قدم اٹھانا نہیں چاہتے، مکان کے حصے بخرے ہوگئے مگر مکینوں کو تقسیم نہ ہونا چاہیے، سنگ و خشت کی عمارت کے لئے انسانی رشتہ کو توڑ دینا حدود میں فرق ڈالنا، دانائی سے بعید ہے، اب تو ضرورت اسبات کی ہے کہ دونوں حکومتیں پچھلی باتوں پر خاک ڈالکر اپنی برائی بھلائی کو سوچیں اور اپنی شان کے شایاں ایک دوسرے کے ساتھ سلوک کریں

اس وقت دنیا بہت بے چین ہے، دوسری جنگ نے ملکوں پر ضرب لگائی تھی مگر اس کے نتائج نے ریڑھ کی ہڈیوں تک کو چور چور کر ڈالا ہے امریکہ الگ پریشان ہے، برطانیہ اپنی ادھیڑ بن میں لگا ہوا ہے روس کسی اور ہی تدبیر میں ہے، بھلا ہندوستان اور پاکستان کی کیا حیثیت کہ بین الاقوامی بحران کا رخ بدل سکیں اور آنے والے سیلاب سے اپنا دامن بچالیں چین کی سیاسی اور معاشی حالت لب دم ہے اور خانہ جنگی نے حلیہ تک بگاڑ دیا ہے، ملایا کا جوان ہلال بھی جست میں کہیں سے کہیں پہونچ گیا ہے، اور کیمونزم اور امپیریلزم کے سینگ پوری طاقت سے ابھر آئے ہیں، یہ ما کی نزاکت بھی روز بروز نازک تر ہوتی جارہی ہے اور اس کا ہندوستان پر اثر پڑنا لازمی ہے، چھوڑیے انڈونیشیا اور فلسطین کو اور نظر انداز کیجیے مشرقی اور مغربی یورپ کی کشاکش کو یہ ملایا، برما اور چین کا سرخ خطرہ ہی ہند و پاکستان کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے، ان حالات میں کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ ہند اور پاکستان اپنے مشترک مفاد کی خاطر اپنے اختلافات کو بھول جائیں اور ایک بڑی تباہی سے بچنے کے لئے، چھوٹی چھوٹی باتوں کو قربان کردیں؟ یہ ٹھیک ہے کہ کشمیر اور حیدرآباد کا معاملہ مصالحت کی راہ میں بہت بڑی روک ہے لیکن یہ بھی سچ ہے کہ اس روک کو تفاہم کی اسپرٹ ہی میں دور کیا جاسکتا ہے فوجی طاقت سے کسی مسئلہ کا حل نہ پاکستان کے لئے مفید ہو سکتا ہے نہ ہندوستان کے لئے، اسطرح تو اختلافات کی خلیج اور زیادہ وسیع ہوگی اور جنگ کا ایک دروازہ کھلنے کے بعد تباہی کے بہت سے دروازے کھلتے چلے جائیں گے!

جہاں تک ہند اور پاکستان کے اختلافات کا تعلق ہے اس میں ہمارے لئے سب سے بڑی تشویش یہ ہے کہ عوام کی ذہنیت روز بروز خراب ہوتی جارہی ہے اور اب حالت یہ پیدا ہوگئی ہے کہ یہ اختلافات ہمارے معاشرہ کا جزو بنتے جارہے ہیں۔ ہمیں مصالحت سے اتنی خوشی نہیں ہوتی جتنی مخالفت سے ہوتی ہے، ہند اور پاکستان کی جنگ کا تصور ہمارے اندر تاسف اور رنج کی کوئی کیفیت پیدا نہیں کرتا بلکہ چھپی خواہش یہ ہوتی ہے کہ ٹکر ہو اور ہم اسکا تماشہ دیکھیں انتقام کے جذبہ میں انسان اندھا ہوجاتا ہے اور اس کا جی یہی چاہتا ہے کہ دشمن سے دو دو ہاتھ ہوں، دلوں کا بخار نکلے اور ایک دفعہ زور کا رن پڑے، نتائج کی کچھ خبر نہیں ہے کہ اگر حالات نے پلٹا کھایا تو خدا معلوم ہم پر کیا گذرے اور ہماری خواہش ہم پر ہی الٹ جائے! اگر عوام کا یہ مذاق پختہ ہوگیا اور جنگجو طبیعتوں کو جنگ سے لطف آنے لگا تو یہ ذہنیت ہمارے تعمیری کاموں کے لئے بہت ہی خطرناک ثابت ہوگی اور ہمیں اس قابل نہ چھوڑے گی کہ مستقبل کا دامن تھام لیں اور داخلی امن کے سہارے ہم خارجی امور پر سکون کے ساتھ غور کرسکیں افسوس ہے کہ اخبارات کا مذاق بھی اسی رنگ کا ہے وہ عوام کا مذاق بگاڑ رہے اور ان میں جنگ سے لطف اندوز ہونے کا چسکہ پیدا کر رہے ہیں، حالانکہ کلکتہ کی انٹر ڈومینین کانفرنس میں یہ بات طے ہوچکی ہے کہ

(۱) اخبارات ایک دوسری مملکت کے خلاف پروپیگنڈا سے باز رہیں۔

(۲) ایسی مبالغہ آمیز خبروں کی اشاعت سے پرہیز کریں جن سے کسی فرقہ کے جذبات مشتعل ہونے کا اندیشہ ہو۔

(۳) ایسے مضامین شائع کرنے سے احتراز کریں جن میں دونوں مملکتوں کے درمیان جنگ کی ترغیب دی گئی ہو یا جنگ ہونا ضروری قرار دیا گیا ہو۔

ایک زندہ ملک کے زندہ اخبارات کا فرض ہے کہ وہ اپنی حکومت کے فیصلوں پر عمل کریں اور یہ دیکھیں کہ ان پر کہاں تک عمل ہو رہا ہے لیکن جو اخبارات خود ہی حمام میں ننگے ہوجائیں اور دو ملکوں کے اختلافات سے ناجائز فائدہ اٹھاکر عوام کے مذاق کو بگاڑیں ان سے بھلائی کی کوئی امید نہیں ہوسکتی، وہ تو اپنے بے لگام قلم کے ذریعہ اسبات کا ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ ان میں رہنمائی کی کوئی قابلیت نہیں وہ توڑنا تو جانتے ہیں جوڑنا نہیں جانتے، عوام کے پیچھے تو چل سکتے ہیں انہیں اپنے پیچھے نہیں چلا سکتے، اگر خدانخواستہ آیندہ ہند اور پاکستان کے تعلقات نے ناگوار شکل اختیار کی تو اس کی ذمہ داری سے یہ اخبارات اپنے آپ کو نہیں بچاسکیں گے اور اس جرم کے لئے وہ یقیناً قابل تعزیر قرار پائیں گے۔

امریکہ کے حبشی

سر بفلک عمارتوں والا امریکہ، ایٹم بم والا امریکہ، حقوق انسانی کا علمبردار امریکہ اور منشور اوقیانوس کا مرتب امریکہ! نام ہی سے دلوں پر ہیبت طاری ہوجاتی ہے! وہ کونسی مادی ترقی ہے جس کی کلید اس کے قبضہ میں نہ ہو! مگر افسوس اخلاق اور روحانیت سے خالی امریکہ آج تک انسان نہ بن سکا، وہ سفید اور کالی، دو دنیاؤں کا قائل ہے، اس کے نزدیک سفیدوں اور کالوں کے خدا جدا جدا ہیں! جنوبی امریکہ کے مشہور انسان نما حبشی لیڈر ڈاکٹر [illegible] نے امریکن باشندوں کو متنبہ کیا ہے کہ جنوبی امریکہ سفید فاموں اور حبشیوں کی مساوات کو کبھی برداشت نہیں کریگا نسلی برتری کا یہ جنون تصور انسانیت کی جڑ دن کو [illegible] انسان انسان کو دشمن سمجھنے لگے۔

اب تک باز نہیں آیا!

جب تک مادیت اور روحانیت کے امتزاج سے کوئی صالح تمدن پیدا نہ ہوگا انسان کی انانیت کبھی ختم نہ ہوگی، اسلام بہت پہلے انسانی مساوات کا نقارہ بجا چکا ہے، اب انسانوں کا فرض ہے کہ انسانیت کی خاطر انسانیت کو بلند کرنے کے لئے اپنا فرض پہچانیں اور سفید قوموں کی نسلی دیوار کا ہر نقش مٹادیں۔

پریس کی آزادی

انڈین پریس لاز انکوائری کمیٹی نے شفارش کی تھی کہ حکومت وہ تمام قوانین منسوخ کردے جو پریس کی آزادی پر اثر انداز ہوتے ہیں، اس سفارش کا خیر مقدم کرتے ہوئے کانپور جرنلسٹ یونین نے صحیفہ نگاروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ان تمام قوانین کا سختی

میرا وطن

(جناب حفیظ الرحمن صاحب واصف دہلوی)

کہاں سے آئے اس غربت کدے میں ترجمان میرا
کہ اک چشم تحیر ہے زباں میری بیاں میرا

کھلا تھا اُن پہ جب راز محبت ناگہاں میرا
وہی تھا ایک لمحہ حاصل عمر رواں میرا

وہ کیونکر اور کس سے پوچھتے اجزا مکاں میرا
کہ اک نازک سی نسبت کے سوا کیا ہے نشاں میرا

نہ کوئی سن سکا تھا بھید بھی افسانۂ دل کی
نہ نکلا آج تک دنیا میں کوئی رازداں میرا

کتاب دل میں کچھ سطروں کو دہرانا ہی پڑتا ہے
کہ رنگ آیۂ غم ہے سرشک خوں چکاں میرا

پھر آہ فسردہ کیا ہے اپنی شوق سامانی
حضور ساقی کوثر یہی ہے ارمغاں میرا

نسیم صبح کے جھونکے سے سینہ چاک ہے جس کا
نہیں وہ غنچۂ کم ظرف قلب رازداں میرا

سنا ہے گلشن ہستی میں پھر فصل بہار آئی
یہاں اب تک وہی دل ہے وہی سوز نہاں میرا

بس اک نخل تمنا ہی نہیں موسم گل ہے
یہی ہے سیرگہ میری یہی ہے گلستاں میرا

ابھی کچھ اور باقی ہیں ورق افسانۂ غم کے
کہ سرخی شفق ہے وقفۂ عرض فغاں میرا

غزل ایک اور پڑھ واصف کہ دل کو کچھ قرار آئے
زہے ساعت کہ آج آزاد ہے ہندوستاں میرا

زمیں میری زماں میرا نظام آسماں میرا
جو ہے عزم و یقیں دل میں تو ہے سارا جہاں میرا

بہت کچھ کرچکا طاغوت پورب امتحاں میرا
دبا لیکن نہ باطل سے کبھی عزم جواں میرا

بہا کر لے گیا آخر شہنشاہی کی لعنت کو
کسی صورت نہ رو کا جا سکا سیل رواں میرا

یہ رشتہ اے فلک تجھ سے نہ ٹوٹا ہے نہ ٹوٹیگا
کہیں ہندوستاں کا اور ہے ہندوستاں میرا

یہ مرجھائے ہوئے پودے یہ کچھ بکھرے ہوئے تنکے
یہی میرا وطن ہے ہاں یہی ہے آشیاں میرا

چمن کی وسعت رنگیں میں گو اب خاک اڑتی ہے
مگر اے ہم سخن پھر بھی یہیں ہے آشیاں میرا

ابھی کس نے ہو کیا میری وفا کو آزماؤ گے
یہاں مدت سے گردوں لے رہا ہے امتحاں میرا

کہاں ہو آہ اے کشتگان عزم آزادی
تمہارے خون سے رنگیں ہے قرطاس بیاں میرا

نہ نکلا فرقہ بندی اور غریبی کی نحوست سے
بھنور سے بچ کے دلدل میں پھنسا ہندوستاں میرا

نہ بڑھ حد ادب سے دور ہو اے دیو نومیدی
کہ تیری دسترس سے دور تر ہے آستاں میرا

نہ نکلی آج تک تعبیر گو خواب محبت کی
مگر اے دوست جائیگا نہ سودا رائگاں میرا

ترے نغموں میں واصف آج کیوں اتنی حرارت ہے
لہو بن کر نہ بہہ جائے یہ قلب ناتواں میرا

خوراک کا مسئلہ اور اس کا حل

(از [illegible] صاحب کسان)

[illegible]

پیداوار بڑھانا

[illegible]

مراسلات و اطلاعات

جمعیۃ علماء ضلع مونگیر کی سرگرمیاں

مونگیر بذریعہ ڈاک، جمعیۃ علماء ضلع مونگیر کی جنرل کونسل کا اجلاس [illegible] ضلع [illegible] کی صدارت میں [illegible]

مولانا نور اللہ صاحب ناظم صوبائی جمعیۃ علماء [illegible] مولانا احمد سعید صاحب [illegible] ممبر کونسل آل انڈیا جمعیۃ علماء، مولانا قاری [illegible] صاحب [illegible]

جمعیۃ علماء چیت گنج کا جلسہ

بنارس بذریعہ ڈاک، جمعیۃ علماء چیت گنج کا [illegible] اس میں چند تجویزیں پاس ہوئیں سب سے زیادہ زور اس پر دیا گیا کہ اخبار الجمعیۃ جو جمعیۃ علماء ہند کا ترجمان ہے مسلم نیشنلسٹ اداروں کے اتحاد و اتفاق کا داعی ہے اس کی خریداری کو فروغ دیا جائے اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں اس اخبار کے خریدار بنانے کی کوشش کی جائے [illegible] لکھتا ہے۔ یہ تجویز متفقہ طور پر پاس ہوئی۔

بھرے چورا میں جمعیۃ علماء کا قیام

بھرے چورا بذریعہ ڈاک، حضرت مولانا ابوالخالق احمد صاحب قاسمی اور جناب حکیم [illegible] اللہ صاحب [illegible] پر مشتمل ضلع جمعیۃ علماء [illegible] کا وفد کی آمد [illegible] ہوئی۔ باشندگان موضع نے خیر مقدم کیا [illegible] میں جلسہ ہوا مولانا موصوف نے ۲ گھنٹے تک پر مغز اور اثر انگیز تقریر کی۔ ہندو مسلم اتحاد اور ہندوستان کی موجودہ حالت پر مکمل بحث کی۔ اس کے بعد حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ صدر محمد کمال صاحب، نائب صدر محمد شعبان صاحب، [illegible] عبدالقیوم صاحب، نائب سکریٹری حبیب اللہ صاحب، خزانچی محمد جان صاحب، رکن ضلع جمعیۃ علماء [illegible]

[illegible]

صوبہ جمعیۃ علماء یوپی کی شاخوں کے نام

[illegible]

جشن آزادی

بارہ بنکی، جامع مسجد [illegible] کی صدارت میں [illegible] اسکول کے ہال میں [illegible] جشن آزادی کی خوشی میں ایک مشاعرہ ہوا [illegible]

۱۵ اگست کو موضع [illegible] نہایت دھوم دھام سے منایا گیا [illegible] شام کے چار بجے [illegible] کانگریس کا جلسہ قریب کے موضع [illegible] نہایت عمدہ تقریر فرمائی۔

سال گذشتہ کی طرح امسال بھی [illegible] کی جانب سے یوم آزادی بڑی دھوم دھام سے منایا گیا۔ محلہ قصاب خانہ میں جھنڈیاں لگائی گئیں [illegible] اور اس پر ترنگا جھنڈا لگایا گیا۔

رام پور میں ۱۵ اگست کو جمعیۃ علماء [illegible] کی طرف سے مسجد [illegible] میں جشن آزادی کا ایک جلسہ منعقد ہوا جسمیں مختلف حضرات نے تقریریں کیں [illegible] صدر جلسہ نے جلسہ کا افتتاح کیا تھا آپ نے اپنی تقریر میں آزادی سے پہلے اور بعد کے واقعات پر روشنی ڈالی۔

۱۵ اگست کو اسلامیہ اینگلو ہندوستانی اسکول [illegible] کی طرف سے شاندار طریقہ پر جشن آزادی منایا گیا۔ صبح [illegible] بجے طلبائے اسکول نے ایک جلوس [illegible] استادوں کی زیر نگرانی شہر کے تمام بڑے بڑے بازاروں اور محلوں میں نعرہ ہائے آزادی لگاتے ہوئے گشت کیا [illegible] بجے اسکول کی طرف سے [illegible] صاحب رئیس دیوبند کی صدارت میں جلسہ منعقد ہوا۔ [illegible] صاحب مدرس اسکول ہذا نے تاریخ آزادی پر مختصر مگر جامع الفاظ میں تبصرہ کرتے ہوئے اتحاد قومی کو ملک کی تعمیر کی شرط اول ثابت کیا۔ اس موقعہ پر بچوں کو مختلف انعامات بھی دئے گئے۔

انجمن اصلاح القوم مراد آباد کی طرف سے ۱۵ اگست کو جشن آزادی کے سلسلے میں جھنڈا سلامی اور ایک عظیم الشان جلسہ کیا گیا۔ [illegible]

[illegible]

سنبھل میں یوم آزادی

[illegible]

پانچ صد روپے انعام

[illegible]

مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل میں مسٹر ڈلیبائی کی مزید شہادت

وزیر داخلہ بمبئی کے اہم انکشافات

کب گرفتار کیا گیا۔

مسٹر منگلے کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میں کانگریسی ہوں۔ میں سردار پٹیل، پنڈت جواہر لال نہرو، ڈاکٹر امبیڈکر، مسٹر نیوگی اور مسٹر این وی گیڈگل کو جانتا ہوں۔ میں سنٹرل حکومت سے کبھی کسی مشورے کے سلسلے میں بات چیت کرنے دہلی نہیں آیا۔ میں بعض کانفرنس اور آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں شمولیت کی غرض سے دہلی آیا ہوں۔ اگر مجھے اسٹیٹ کے معاملے میں مشورے کی ضرورت ہوتی ہے تو میں مرکزی حکومت کے بعض ممبروں سے خط و کتابت کے ذریعہ کر لیتا ہوں۔ میں سیاسی حالات سے واقعات کے متعلق واقفیت رکھتا ہوں۔ میں نے اخبارات میں پڑھا کہ مہاتما گاندھی نے ... جنوری کو مرن برت رکھا۔ میں مہاتما گاندھی جی کی عزت کرتا ہوں۔ میں ہمیشہ ان کی نیکی کا خواہش مند تھا۔ میں نے ان کے برت کے متعلق کوئی تحقیقات نہیں کی۔ اور نہ ہی میں نے اس کی ضرورت محسوس کی۔ میں نے یہ بھی اخبارات میں پڑھا کہ حکومت ہندنے ...

ضلع دیوریا میں جمعیۃ العلماء کا قیام

... ذوق و شوق سے لبیک کہتا ہے۔ ... اس ضلع کی لیگ ختم ہو چکی ہے اور مسلمان اپنے نفع و نقصان کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ ایک مبلغ مولوی ابو الاخلاق احمد صاحب بھی جمعیۃ کی طرف سے مقرر ہیں جو ضلع میں گاؤں گاؤں پہونچ کر تبلیغ و ممبر سازی کے فرائض انجام دے رہے ہیں اور جمعیۃ کی تنظیم تیزی سے ترقی کر رہی ہے اور اراکین جمعیۃ کے حالیہ دورے میں ذیل کے مقامات پر شاخیں قائم ہو گئی ہیں۔ ... اور اخبار الجمعیۃ کی ایجنسی بھی دیوریا میں قائم ہو گئی ہے۔

خوراک کا مسئلہ اور اس کا حل

(صفحہ ... سے آگے)

... کیا جاوے۔ اسی پر زیادہ ذمہ داری سے عمل کیا جاوے

فوراً محفوظ رکھنا

... جاری اور جو موجود ہیں ان کے ذریعہ ... علاقے میں بھیجی جاوے۔

خوراک کو بازار میں لانا

... سے مشورہ کیا جاوے۔ ... نمائندہ مشورہ کرتے ہیں۔ جب دونوں کے مشورے سے قیمتیں مقرر ہوتی ہیں لیکن کسان غریب جو سال بھر میں ایک فصل پیدا کرتا ہے اس کے مشورہ کی گورنمنٹ ضرورت نہیں سمجھتی۔ گورنمنٹ کا ہر پرزہ جیسے پٹواری، تحصیل دار، کلکٹر خود ہی کسانوں کے نمائندے بن کر اس کی قیمت کا فیصلہ کر دیتے ہیں۔ ...

... جس طرح گورنمنٹ ہم سے دس من گندم زبردستی لے کر ایک سو روپے کا نوٹ دینا چاہتی ہے۔ اسی طرح ہم بھی گورنمنٹ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسے ڈپو ہوں جہاں سے ہم ایک بوتل تیل لے کر ... پیسے دیں۔ اگر گورنمنٹ نے ان تجاویز ...

دار السلطنت

۲۳ اگست ۱۹۴۸ء

ڈاکوؤں کا گروہ گرفتار

تین آدمی جن کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ دہلی میں بجلی کے سامان کی تمام چوریوں کے لئے ذمہ دار ہیں ان کو نئی دہلی پولیس نے کل گرفتار کر لیا۔ بجلی کے میٹر، موٹریں، پنکھے اور دوسرا سامان ان کے قبضہ سے برآمد کیا گیا۔ اس گروہ کے دو آدمی ابھی تک مفرور ہیں اور ایک تیسرا آدمی چوری کے ایک اور مقدمہ کے سلسلہ میں سزا کاٹ رہا ہے۔ پارلیمنٹ اسٹریٹ تھانہ کے مسٹر دیوان چند جب وہ کل ایک چوری کے سلسلہ میں تفتیش کر رہے تھے تو انہوں نے اس گروہ کے سردار کو گرفتار کر لیا۔ اس پر پولیس نے اس شخص کی مدد سے شہر میں کئی اور مقامات پر چھاپہ مارا اور گروہ کے دوسرے آدمیوں کو گرفتار کر لیا۔

جمنا کا سیلاب

جمنا کی سطح کی بلندی میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ ریلوے آفیسر کی اطلاع کے مطابق بڑے سیلاب کا خطرہ نہیں ہے۔ ... کے علاقہ سے دہلی میں دودھ اور سبزی لانے والوں کے لئے کشتیوں کا انتظام کر لیا گیا۔

ایک شخص کی گرفتاری

مردان کا ایک شخص عبد الرشید جو کچھ عرصہ سے دہلی میں مقیم تھا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ ... دہلی سے نکل جانے کے لئے کہا گیا تھا۔ ... پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ... کے ماتحت عمل میں آئی ہے۔

پنچایت گھر کا افتتاح

... پنچایت گھر کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر خوراک مسٹر ... رام داس ... ذمہ دارانہ طرز اختیار کریں۔ اس موقعہ پر ... نے بھی تقریر کی۔ چودھری سورن سنگھ وزیر خوراک کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا۔

مشاورتی کونسل کے لئے نامزدگی

صوبائی کانگریس کمیٹی نے اپنے ایک جلسہ میں چیف کمشنر کی مشاورتی کونسل کی نشست کے لئے مسٹر ہلال احمد زبیری کا نام تجویز کیا ہے۔ یہ نشست مسٹر عبد الرحمن کے پاکستان چلے جانے سے خالی ہوئی تھی۔

کار سے حادثہ

... ایک آدمی ... کو فوراً اسپتال پہنچا دیا گیا اور کہا جاتا ہے کہ اس کے بعد سے اب تک ہوش نہیں آیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

خیریت مطلوب ہے

جناب حاجی محمد یونس صاحب ... آگرہ و جناب حاجی محمد یوسف صاحب و جناب حاجی عبد الرحیم ... اپنی مع متعلقین و احباب کی خیریت سے مطلع کریں۔ قاری احمد سعید مدرس جامعہ رحمانیہ مدنپورہ بنارس۔

... سال بعد ہم کو غلہ نہ منگانا پڑے گا۔

پارٹی بازی فرقہ پرستی اور تنگ نظری کو ختم کر دو

دیوریا میں ڈاکٹر سید محمود کی تقریر

دیوریا بذریعہ ڈاک ... اگست ۱۹۴۸ء کو ڈاکٹر سید محمود صاحب وزیر صوبہ بہار دیوریا تشریف لائے تھے ... دیوریا کے بعض سوالات پر ڈاکٹر صاحب نے حسب ذیل خیالات کا اظہار فرمایا۔

مسلمان آج پراگندہ دل، پریشان حال اور خائف ہیں۔ ... خود غرضوں نے مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت کو گمراہ ... کروڑوں مسلمانوں کو ... حیدرآباد کا وزیر اعظم ہندوستان کے مسلمانوں کو ... پر حملہ کرے گا تو اس کو کئی سال مصیبت میں مبتلا ہونا پڑے گا۔ کاش ... خلوص دل نے مسلمانوں کو یہ مشورہ دے کر ... مسلمان زبان درازی ترک کر کے ... مسلمان سچے خدا پر بھروسہ کر کے اصول اسلام ...

... احکام شریعت پر عمل کر کے کسی کو اپنا ... (۲) ... کی رہنمائی قبول کرے۔ (۳) پارٹی بندی، فرقہ پرستی، تنگ نظری اور ... (۴) ... اللہ تعالے کو مسلمانوں کی ... نام ... شایان شان مقام پر کھڑا نظر آئے گا۔

مہاراجہ کشمیر کو گدی سے ہٹا دیا جائے۔ شیخ عبد اللہ کا مطالبہ

نئی دہلی ۲۳ اگست۔ ذی پریس کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبد اللہ نے ایک بار پھر مہاراجہ کشمیر کی تخت سے فوری دستبرداری کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے حکومت ہند پر زور دیا ہے کہ اگر کشمیر میں کوئی استصواب رائے کرانا ہے تو انہیں فوراً گدی سے دستبردار ہونا پڑے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ شیخ عبد اللہ نے بیان کیا ہے کہ اگر مہاراجہ نے گدی نہ چھوڑی تو کشمیر کے عوام پر ایک ہند مہاراجہ کی موجودگی سے برا اثر پڑے گا۔ اور انہیں شک ہوگا کہ کیا کشمیر میں عوامی حکومت قائم ہے۔

انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ہندو راجہ کی موجودگی سے پورا پورا فائدہ اٹھائے گا۔ شیخ عبد اللہ کے بیان کے مطابق کشمیر کے مہاراجہ عوام کا خون چوستے رہے ہیں۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ موجودہ مہاراجہ قبائلی حملہ آوروں کی چڑھائی کے وقت سری نگر سے بھاگ کر عوام میں بے حد غیر مقبول ہو گئے ہیں اور ان کی موجودگی استصواب رائے پر برا اثر ڈال سکتی ہے۔

ہندوستان واپس آنے والے ہندوؤں کو دکانیں اور مکان واپس ملیں گے

کراچی ... اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت سندھ نے ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو حکم دیا ہے کہ جو سندھی واپس آکر آباد ہونا چاہیں انہیں ... اور جہاں تک ممکن ہو ان لوگوں کو ان کے مکانات اور دکانیں واپس دی جائیں۔

بچوں کا اغوا

کل فیض بازار اور بازار سیتا رام سے آٹھ بچے اغوا کر لئے گئے ان میں سب سے بڑے بچے کی عمر ۱۳ سال تھی۔ مشرقی پنجاب کی سی آئی ڈی کی اطلاعات کے مطابق گزشتہ چند ماہ سے مشرقی پنجاب کی ریاستوں اور دہلی اور پنجاب کی سرحد پر سے بچے اغوا کئے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ان اغوا شدہ بچوں کو بھیک مانگنے اور جرائم کرنے کی تربیت دی جاتی ہے۔ اس ماہ پولیس نے ایک ... اغوا کرنے والوں کو گرفتار کر لیا ہے نیز بچوں کو برآمد کرنے کے لئے ریلوں میں اسپیشل اسٹاف مقرر کیا جا رہا ہے۔

اسلحہ کی ناجائز برآمد

... اسلحہ خانہ کے ... خانہ سے ناجائز اسلحہ کی برآمد کے سلسلہ میں گرفتار کئے گئے ہیں ... عدالت میں پیش کئے گئے۔ مسٹر ... کی درخواست ضمانت نامنظور کر دی گئی۔ اس سلسلہ میں جو سات آدمی گرفتار ہوئے تھے ان میں سے ایک شخص ضمانت پر رہا کیا جا چکا ہے۔ آج عدالت ... دوسری درخواست ضمانت پر غور کرے گی۔

تپدق اور پرانے بخارات

T.B.

JABRI जबरी JABRI جبری

تپدق کی مشہور عالم دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ

(۱) جناب ... (۲) ... (۳) ... کہ اس موذی مرض سے مریض کی جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ صرف جبری ہی ہے ... طاقت ہے پھر ہم نے ... آزمائش کے لئے دس روز کا نمونہ بھی رکھدیا ہے ... خدا کا نام لے کر ایک بار آزمائش کریں۔

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو اب بھی سمجھو

ورنہ پھر وہی مثل ہوگی کہ اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ... (JABRI JAGADHRI) کا ... نمبر ۲ ... بذریعہ منی آرڈر روانہ کریں تاکہ فوراً روانہ کر دیا جائے۔

راٹپھا صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز ... نمبر ۲۵ جگادھری مشرقی پنجاب

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجرا

ہمارے استفسار پر ملک کے ہر گوشہ سے ہفتہ وار الجمعیۃ کے اجرا کی نہایت پرجوش تائید کی گئی ہے لہٰذا ہم حق تعالیٰ کی توفیق و امداد کے بھروسہ پر ہمدردان الجمعیۃ کی خواہش کے احترام میں اعلان کرتے ہیں کہ جوں ہی

خریداران اور ایجنٹ صاحبان

کی طرف سے مناسب تعداد میں ہمارے پاس فرمائشیں پہونچ جائیں گی ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت شروع کر دی جائے گی۔ ہماری خواہش ہے کہ

ستمبر کے پہلے ہفتہ میں

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجرا ہو جائے لیکن ہماری اس خواہش کے پورا ہونے کا انحصار مناسب تعداد میں فرمائشیں موصول ہو جانے پر ہے لہٰذا

ایجنٹ صاحبان بلا تاخیر اپنی مطلوبہ تعداد سے مطلع فرمائیں۔

خریدار صاحبان فرمائش ارسال فرمانے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

ہفتہ وار الجمعیۃ ہر اتوار کو ۳۰×۲۰ سائز کے ۲۰ صفحات پر خوشنما اور رنگین ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوگا۔ قیمت سالانہ بارہ روپے، ششماہی چھ روپے، آٹھ آنے فی پرچہ ہے۔

(محمد الوحید صدیقی جنرل منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی)

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

اردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر ...... سید انیس الرحمن

قیمت سالانہ

چھ روپے .... فی پرچہ آٹھ آنے

نمونہ کیلئے ... کے ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے!

غربا کی آنکھوں کے ہر مرض کا مفت علاج

مردوں، عورتوں کے پوشیدہ امراض کا نیز دمہ کھانسی بواسیر ذیابیطس کا حکمی علاج، مرض نیا ہو یا پرانا انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ دواخانہ حکیم محمد حبیب الرحمن قریشی کلکتہ والے ... پہاڑی راجان دہلی

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی رجسٹرڈ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص کوڑھ سنبھوی کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے ابتک سیکڑوں کی تعداد میں کامل صحتیاب ہو چکے ہیں اس کا اثر اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے چار چھ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارسی نمبر ۶ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

طلسم اعظم!

... شاہی روشنی ... طلسم ... صرف ۵/۴ ...

... مہرولی (دہلی)

کپڑے کے ملوں کو قومی ملکیت میں نہیں لیا جائیگا

اسمبلی میں وزیر صنعت و حرفت ڈاکٹر مکرجی کا بیان

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی وزیر صنعت و حرفت ... [illegible]

[illegible]

چینی کی اونچی قیمتیں

[illegible] ... کے اسباب کا حکومت کو علم ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ یو پی اور بہار کے کسانوں کو ...

دودھ کی اسکیم

[illegible]

یادگاری ٹکٹ

مسٹر رفیع احمد قدوائی وزیر مواصلات نے بتایا کہ مہاتما گاندھی کے یادگاری ٹکٹ سوئٹزرلینڈ میں چھپوائے گئے۔ اور ان پر ۹۶۱۵۳ روپیہ اور چودہ آنہ خرچ آیا۔

ہند و قانون بل پر طوفان شور و شر

کانگریس پارٹی کے سامنے ایک نیا مسئلہ

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگریس پارٹی میں ہندو قانون بل پر سخت اختلاف پیدا ہوگیا ہے ... [illegible]

[illegible]

دہلی میں پناہ گزین برابر آرہے ہیں

(نامہ نگار الجمعیتہ)

دہلی ۲۸ اگست۔ [illegible]

[illegible]

پرمٹ سسٹم پر غور کرنے کیلئے ایک دو بین المملکتی کانفرنس

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ معلوم ہوا ہے ... [illegible]

[illegible] ... پرمٹ سسٹم کا مسئلہ زیر بحث آ رہا ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ پاکستان کی طرف سے یہ دھمکی دی گئی ہے کہ اگر اس سسٹم کو ختم نہ کیا گیا تو وہ بھی مشرقی اور مغربی پاکستان میں آنے والے لوگوں کے لئے پرمٹ کا طریقہ جاری کر دے گا۔

نظام کا معاملہ

[illegible] ... اقوام متحدہ کے حلقوں کا خیال ہے کہ جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ... [illegible]

پاکستانی پٹ سن ہندوستان کو

کراچی ۲۸ اگست۔ [illegible]

بنارس ہندو یونیورسٹی اپنا نام بدلنے کے لئے تیار نہیں

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ [illegible]

پنڈت نہرو ترکی جائیں گے

استنبول ۲۸ اگست۔ [illegible]

... ہندوستانی سفیر نے دعویٰ کیا کہ ایشیا میں تہذیب کے دو ستون ہیں۔ مغرب میں ترکی اور مشرق میں ہندوستان۔ اس سلسلہ میں میں کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے دونوں ممالک کی سرحدیں مشترک ہیں۔ آپ کے پڑوسی ہمارے ہمسایہ ہیں۔ ہم ترکی جیسے بڑے اور طاقتور ملک سے دوستی چاہتے ہیں۔ جب ہمارے ہاتھ پاؤں بندھے ہوئے تھے، ہم نے ترکی کی امداد کی اگرچہ وہ امداد ایک چھوٹے پیمانہ پر ہی تھی۔ اب جبکہ ہم نے آزادی حاصل کرلی ہے یہ قدرتی امر ہے کہ ہم ایک دوسرے کی اچھی طرح مدد کر سکتے ہیں۔

کرشنا مینن ہند نہیں آرہے

لندن ۲۸ اگست۔ چند دن پہلے ایک اخباری اطلاع میں بتایا گیا تھا کہ مسٹر مینن ہندی ہائی کمشنر مقیم انگلستان جمعہ کے دن ضروری مشورہ کرنے کے لئے ہند جا رہے ہیں۔ اب ہائی کمشنر کے دفتر سے اس خبر کی تردید ہوگئی ہے۔ ایک ترجمان نے بتایا کہ مسٹر مینن انگلستان میں ہی رہیں گے۔

حیدرآباد کا جھگڑا امن عالم کے لئے خطرہ ہے

نظام کا مجلس تحفظ کے صدر کے نام خط

لیک سکسس ۲۸ اگست۔ یہاں ایک خط شائع ہوا ہے جس میں حیدرآباد نے مجلس اقوام متحدہ سے درخواست کی ہے کہ وہ اس کے اور انڈین یونین کے جھگڑے میں مداخلت کرے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ یہ جھگڑا حیدرآباد کے انڈین یونین میں شامل ہونے کے متعلق ہے۔

نظام نے مجلس تحفظ کے صدر کو ایک خط لکھا ہے کہ انڈین یونین حیدرآباد کے وجود کو ختم کر دینا چاہتی ہے اور اگر یہی صورت حال جاری رہی تو بین الاقوامی امن کو سخت خطرہ لاحق ہو جائے گا۔ خط میں حیدرآباد کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ حیدرآباد اپنے حق کو استعمال کرکے اس معاملہ کو پیرس میں منعقد ہونے والی جنرل اسمبلی کے سامنے پیش کرے گا۔ جنرل اسمبلی کا اجلاس اگلے مہینے ہو رہا ہے۔

منشور اقوام متحدہ کی دفعہ ۳۵ (۲) کے ماتحت ہر وہ ... [illegible]

[illegible] ... حکومت حیدرآباد اس شکایت کے سلسلہ میں ضروری مواد فراہم کر رہی ہے اور جلد ہی مجلس تحفظ کے سامنے ... [illegible] ... کی توجہ دلاتے ہیں۔

جرمنی کے متعلق روس اور مغربی طاقتوں میں سمجھوتہ ہو گیا

مارشل اسٹالن کی طرف سے بعض نئی تجویزیں!!

ماسکو ۲۸ اگست۔ گذشتہ رات مارشل اسٹالن نے مغربی طاقتوں کے قاصدوں کو پھر شرف ملاقات بخشا۔ اس ملاقات کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس سے جرمنی کے متعلق چار طاقتوں کی مجوزہ گفت و شنید کا رخ بالکل بدل گیا ہے۔

مسٹر ... سے ملاقات کی کوشش کریں گے۔ [illegible]

... ایم ڈگلاس سے ملاقات کی۔ واشنگٹن میں امریکہ کے ریاستی محکمہ کی طرف سے اس اطلاع کی تصدیق کی گئی ہے کہ ماسکو میں جرمنی کے متعلق جو گفت و شنید ہو رہی ہے وہ جاری رہے گی۔

امریکہ کے ریاستی محکمہ کے ایک نئے نمائندہ مسٹر میک ڈرموٹ نے ایک بیان میں کہا کہ گذشتہ رات کو کریملن میں جو اجلاس ہوا تھا اس کی پوری رپورٹ موصول ہو چکی ہے۔ کوئی دوسری تاریخ مقرر نہیں ہوئی ہے کہ کریملن کی گفت و شنید ... سرکاری حکام میں امید کی ایک لہر دوڑ گئی ہے۔

لندن میں سرکاری حلقوں سے یہ خبر دی گئی ہے کہ اس ملاقات میں مارشل اسٹالن نے بعض نئے خیالات پیش کئے ہیں اور بعض نئی تجویزیں رکھی ہیں۔

خیال تھا کہ مغربی طاقتیں مارشل اسٹالن ... [illegible] ... قرار پائے گا۔ جواب ... مغربی قاصد اس پر غور کریں گے اور پھر مارشل اسٹالن ...

جمنا کی طغیانی

دہلی ۲۵ اگست۔ یہ توقع تھی کہ منگل کے دن جمنا کا پانی اور چڑھ جائے گا۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ پانی کم ہوا ہے ... جمنا پل پر پانی سطح سمندر سے ... فٹ اونچا ہے۔ دیہاتی ابھی تک پانی سے گھرے ہوئے مقامات میں ہیں۔ بہت سے مویشی شہر دلی اور دہلی چھاؤنی پہنچ گئے ہیں۔ دریا کے وسط میں ایک تیز دھارا کی وجہ سے کشتی چلانا بہت مشکل ہو رہا ہے۔ گاندھی نگر اور دہلی شاہدرہ سڑک کو ملانے والی سڑک پر ریگ کے تھیلے ڈال دیئے گئے ہیں۔

کشمیر کے معاملہ پر ہند اور پاکستان کے درمیان تصفیہ کا کوئی امکان نہیں

برطانیہ کے اخبار لندن ٹائمز کی رائے

لندن ۲۸ اگست۔ لندن ٹائمز نے آج اپنے مقالہ میں لکھا کہ کشمیر کے تنازعہ کے متعلق ہند و پاکستان کا سمجھوتہ ناممکن ہے کیونکہ حیدرآباد اور ہند کے درمیان تعلقات کی صورت حال بگڑ رہی ہے اور پاکستان حیدرآباد کے مسلم حکمران کے ساتھ ہمدردی رکھتا ہے۔ پاکستان جانتا ہے کہ وہ براہ راست نظام کی امداد نہیں کر سکتا۔ لیکن اگر کشمیر کے معاملے سے ہند کو فرصت نصیب ہو جائے تو نظام کی پوزیشن کمزور ہو جائے گی۔

اخبار مذکور نے مزید لکھا ہے کہ اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری نے اپنی سالانہ رپورٹ میں اس بات کا خاص ذکر کیا کہ اگر فلسطین اور انڈونیشیا میں اقوام متحدہ کی ایک کمیشن کا دخل ہوتا تو یہ مسائل حل ہو سکتے تھے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ فلسطین اور انڈونیشیا کے تجربات کشمیر کمیشن کی سرگرمیوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہوں گے۔ کمیشن اب التوائے جنگ کی تجویز پیش کرے گا جس کے بعد مکمل خاتمہ جنگ کی کوشش کی جائے گی اور کشمیر کے لوگوں ...

مغویہ عورتوں کے سلسلہ میں حکومت ہند کا پریس نوٹ

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اغوا شدہ عورتوں کی برآمدگی کے سلسلہ میں غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ یہ کام منظم طور پر ہو رہا ہے۔ مشرقی اور مغربی پنجاب میں برآمدگی کا کام پولیس کے سپرد ہے۔ برآمد شدہ عورتوں کو ایک کیمپ میں رکھا جاتا ہے ... کیمپ ممنوعہ اضلاع کے سوا مغربی پنجاب کے ہر ضلع میں ہیں۔

ہمارے سوشل ورکر عورتوں کے رشتہ داروں سے حالات معلوم کرکے مغربی پنجاب کی پولیس کو بتاتے ہیں کہ اضلاع سے عورتوں کو لاہور کے مرکزی کیمپ میں جمع کیا جاتا ہے جہاں سے انہیں ہندوستان لایا جاتا ہے۔ کام کی دیکھ بھال کے لئے ایک اسپیشل ... [illegible] ... پاکستان میں کام کر رہی ہیں اس کے دستے کیمپوں کی حفاظت اور ... کا کام کرتے تھے اسی طرح پاکستان کے فوجیوں کے ذمہ بھی حفاظت وغیرہ کا کام تھا۔ ... پولیس نے کشمیر کے سرحدی اضلاع میں پاکستان حکومت نے ہمارے فوجیوں اور سوشل ورکروں کو وہاں جانے کی اجازت دی۔ پاکستانی پولیس اب اسکارٹ کا کام کر رہی ہے۔ اب تک برآمدگی کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

ماہ	ہندوستان	پاکستان
ماہ جنوری	۱۶۴۴	۲۰۰۰
فروری	۱۲۹۷	۱۴۰۲
مارچ	۱۷۷۱	۱۰۰۱
اپریل	۲۲۲۶	۳۹۹
مئی	۹۴۰	۴۴۳
جون	۸۱۸	۲۲۰
جولائی	۷۸۴	۱۳۱
اگست	۲۳۶	۴۷
میزان کل	۹۶۵۹	۵۵۵۶

وزیراعظم کشمیر بخشی غلام محمد کا بیان

دہلی ۲۸ اگست۔ ریاست جموں و کشمیر کے نائب وزیراعظم غلام محمد بخشی صاحب سری نگر واپس تشریف لے گئے۔ ہوائی اڈے پر بہت زیادہ ہجوم ان کو الوداع کہنے کے واسطے آیا ہوا تھا۔ ان میں پنڈت دوارکا ناتھ کاچرو، پنڈت جواہر لال نہرو کے پرائیویٹ سکریٹری، کرنل حبیب الرحمن، برلن ریڈیو اسپیکر، خواجہ احسان اللہ اور فاروق وغیرہ صاحبان شامل ہیں۔ چلتے وقت کرنل حبیب الرحمن صاحب نے بخشی صاحب سے جب سوال کیا کہ آپ کی تقسیم کشمیر کے بارے میں کیا رائے ہے تو اس پر بخشی صاحب نے ارشاد فرمایا یہ جھوٹ اور لغو پروپیگنڈہ ہے۔ ہم کشمیر کو کبھی تقسیم نہیں ہونے دیں گے۔

مہاتما گاندھی کا مقدمہ

صفحہ ۱ سے آگے

لنچ کے بعد کی کارروائی

مسٹر ڈانگے نے گواہ پر جس طور پر جرح جاری رکھی۔ ایک سوال کے جواب میں بیان کیا کہ میں نے مجسٹریٹ کے نام کا انکشاف اس لئے نہیں کیا کہ اس کے نام کا انکشاف ذکر نے سے کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہیں تھا اور نہ اس کی جان کا بھی خطرہ تھا۔ میں نے بارہ دلی میں اور بمبئی میں ۱۹۴۶ء میں مہاتما جی کی پرارتھنا سبھا میں شمولیت کی۔ بمبئی میں مہاتما جی بڑلا ہاؤس میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ گیتا نے شلوک اور قرآن کی آیتیں بھی سبھا میں پڑھی جاتی تھیں۔

ایک اور سوال کے جواب میں گواہ نے کہا کہ مجھے یاد نہیں کہ اس نے بیان دینے سے پہلے مسٹر جے پرکاش نارائن کو یہ کہانی سنانے کی کوشش کی۔ مجھے معلوم نہیں کہ پولیس میں کوئی ابتدائی رپورٹ دی گئی تھی جہاں تک مجھے یاد ہے۔ اپنے کرکرے وغیرہ ملزمان کے خلاف بمبئی میں کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا۔ گوڈسے کے وکیل کی جرح پر مسٹر اوک وکیل ناتھورام گوڈسے کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ مجھے یاد ہے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس اپریل ۱۹۴۲ء میں ہوا تھا۔ میں اس میٹنگ میں بھی شامل تھا۔ مجھے یاد نہیں کہ اس اجلاس میں مسٹر راجگوپال آچاریہ گورنر جنرل ہند نے ہندوستان کی تقسیم کا ریزولیوشن پیش کیا تھا۔ گواہ پر جرح جاری تھی کہ عدالت کل پر ملتوی ہو گئی۔

قرولباغ میں گرفتاریاں

کل جب پولیس نے ... کے تین مکانوں اور دو شیلوں پر چھاپہ مارا تو گیارہ اشخاص گرفتار کر لئے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ انہیں بلا اجازت مکان بنانے کے لئے جا رہی تھیں۔ کل پولیس نے قرولباغ میں ایک اور شخص ... سنگھ کو بھی گرفتار کر لیا۔

دلی ہوم گارڈ کی پریڈ

دہلی ۲۸ اگست۔ اطلاع ملی ہے کہ دلی ہوم گارڈ کے رضاکاروں کی کل بروز جمعرات پھر ایک پریڈ ہوگی۔ تمام رضاکاروں کو چاہیے کہ وہ کل بروز جمعرات صبح چھ بجے بارہ کھمبا روڈ پر پہنچ جائیں۔ وقت کی پابندی ضروری اور لازمی ہے۔

ٹیلیگراف کے تار کی چوری

[illegible] ... سرہند کا تار چرایا گیا۔ اس کے نتیجے میں کل دہلی اور ... کے درمیان تاروں کی آمد و رفت میں سخت دقتیں پیش آئیں۔ لیکن ابھی تک کسی قسم کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں (منیجر)

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ تیس روپے (للعہ) ششماہی سولہ روپے (۱۶) سہ ماہی آٹھ روپے آٹھ آنے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۰۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۲۲ شوال المکرم ۱۳۶۶ھ ہجری مطابق ۳۰ اگست ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۵۳ | فی پرچہ ۲ ذریعہ ہوائی جہاز ۳

عربوں اور یہودیوں میں صلح کی کوئی گفت و شنید نہیں ہو رہی ہے

اخبارات کی خبروں کی یہودیوں اور عربوں کی طرف سے تردید

عربوں نے بیت المقدس سے ایک لاکھ یہودیوں کو نکالنے کا عزم کر لیا

تل ابیب ۲۶ اگست۔ حکومت اسرائیل کی طرف سے امریکہ کے اخبارات اور ریڈیو کی اس اطلاع کی تردید کی گئی ہے کہ یہودیوں اور عربوں میں کسی غیر ملک کے دارالسلطنت میں صلح کی گفت و شنید ہو رہی ہے۔

بیت المقدس میں کہا گیا ہے کہ صلح کی سخت خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں۔ یہودیوں نے زید کے اس حصہ میں ایک بندرگاہ پر قبضہ کر لیا ہے اور وہ اس قبضہ کو چھوڑنے کو تیار نہیں ہیں۔

عمان میں معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ عرب فوجوں کی کمان گلب پاشا کریں گے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے۔ ایک عراقی کمانڈر ان فوجوں کی کمان کریں گے۔ یہودیوں کی دہشت پسند جماعت کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ گلاب پاشا نے برطانوی محکمہ خارجہ کو یہ تجویز پیش کی ہے کہ ترکی سے یہ گفت و شنید کی جائے کہ عربوں کو یہودیوں کے خلاف جنگ جاری رکھنے میں عربوں کو اسلحہ پہنچانے کے لئے امداد کی جائے۔

[illegible]

امریکہ میں روس نے تمام سفارت خانے بند کر دئیے

امریکہ کے روسی کونسل جنرل کے اخراج پر سوویٹ حکومت کا اقدام

لندن ۲۵ اگست۔ روسی حکومت نے ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ساتھ آج اپنے سفارتی تعلقات منقطع کرنے۔ نیو یارک اور سان فرانسسکو میں روسی سفارت خانے بند کر دئیے گئے۔ یہ اقدام امریکہ کے روسی کونسل جنرل کے اخراج پر اٹھایا گیا ہے۔

حکومت روس نے ولادی واسٹک میں امریکی سفارت خانہ کو حکم دیا ہے کہ اپنی سرگرمیاں فوراً بند کر دے۔ روسی حکومت کی طرف سے امریکہ کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ لینن گراڈ میں امریکن سفارت خانہ کھولنے کے سمجھوتہ کو اب کار آمد نہ سمجھا جائے۔ واشنگٹن میں امریکہ کے ایک افسر نے کہا کہ سفارت خانہ بند ہونے سے امریکہ کی نسبت روس کو زیادہ نقصان پہونچیگا۔ ماسکو سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ نے آخرد و روسیوں کے اغوا کو تسلیم کر لیا ہے۔ اس خبر کے جواب میں کہ مسٹر کوشکینا جیسے مسٹر سمارن اور ان کی بیوی بچوں کے ساتھ امریکہ میں پناہ دی گئی تھی اس نے امریکہ سفیر اور ان کے اسٹاف پر اس بات کا الزام لگایا ہے کہ اسے قید کی طرح رکھا گیا۔ روسی بیان میں کہا گیا کہ چونکہ مسٹر کوشکینا اس وقت ہسپتال میں ہے اور اس کے اور روسی سفیر کے درمیان آزادانہ خط و کتابت کی اجازت نہیں ہے اس لئے اس سے منسوب شدہ بیانات کو قابل اعتماد نہیں سمجھا جا سکتا۔ [illegible] اس لوٹ میں مسٹر کوشکینا اور مسٹر سمارن سے آزادانہ اور بلا روک ٹوک مل سکنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔

گاندھی جی کے قتل کی ذمہ دار بدی کی طاقتیں پھر ابھر رہی ہیں

الہ آباد ۲۶ اگست۔ ملک میں امن کے لئے ہند اور پاکستان کا ایک ہونا ضروری ہے۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے الہ آباد یونیورسٹی یونین کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے یہ الفاظ کہے۔ آپ نے مزید کہا کہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ ٹریڈ یونین کو مضبوط بنایا جائے۔ آپ نے رشوت وغیرہ کو ختم کرنے کی بھی اپیل کی۔ آپ نے کہا بدی کی وہ طاقتیں اب پھر ابھر رہی ہیں جو گاندھی جی کے قتل کی ذمہ دار ہیں۔ آپ نے ناگری رسم الخط میں ہندوستانی کو قومی زبان بنانے کی سفارش کی۔ آپ نے بلدیات بہار کی اس تجویز کی حمایت کی کہ لسانی صوبہ جات کا مسئلہ دس سال تک کے لئے ملتوی کر دیا جائے۔ ریلوے ملازمین کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ وہ ایسی حرکتیں نہ کریں جن سے ملک کو مشکلات پیش آئیں۔

باغیوں کے خلاف برمی بحری بیڑہ کی سرگرمیاں

رنگون ۲۵ اگست۔ برما کی بحری فوج نے آج دریائے اراواڈی کے ڈیلٹا میں کارروائی شروع کر دی۔ برما کی زمینی فوجوں نے بھی وسطی برما میں باغیوں کے خلاف اپنی جد و جہد کو تیز کر دیا ہے۔

زین یار جنگ کی نظام سے ملاقات

حیدرآباد ۲۶ اگست۔ نظام کے سابق ایجنٹ جنرل نواب زین یار جنگ نے نظام سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات [illegible] توقع ہے کہ نواب زین یار جنگ اور ایجنٹ جنرل مسٹر منوی جلد ہی دہلی واپس جائیں گے۔

کیا انگریز افسروں کی نگرانی میں پاکستان جنگی تیاریاں کر رہا ہے؟

بڑے بڑے شہروں میں فوجی تربیت لازمی قرار دیدی گئی

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ حال ہی میں جو لوگ مغربی پاکستان سے واپس آئے ہیں ان کا عام خیال ہے کہ وہاں لڑائی کی تیاریاں بہت بڑے پیمانے پر ہو رہی ہیں۔ برطانوی افسر پاکستانی جوانوں کی فوجی تربیت کا انتظام کر رہے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمام ملک میں جنگی تیاریاں جاری ہیں یہ باتیں کسی شخص کی نظر سے بھی مخفی نہیں ہیں۔

مغربی پنجاب کے ایک ایڈوکیٹ نے جو ابھی دہلی میں آ گیا ہے اور مغربی پاکستان میں پندرہ روزہ قیام کے بعد ابھی واپس ہوا ہے کہا کہ مغربی پنجاب اور سرحد کے بڑے شہروں میں فوجی تعلیم لازمی قرار دیدی گئی ہے۔ [illegible] بہت بڑی تعداد میں فوجی تربیت حاصل کر رہی ہے۔

کی بھرتی بھی زور و شور سے جاری ہے۔ لاہور کی حالت کا ذکر کرتے ہوئے اس شخص نے بتایا کہ [illegible] خرید و فروخت بالکل بند ہو جاتی ہے۔ [illegible] طلب کرنی پڑی جس کو مال روڈ کے اہم ناکوں پر متعین کر دیا گیا ہے۔ اس بات کا بھی امکانات کیا گیا ہے کہ لاہور میں پاکستان کے قیام کی سالگرہ کے سلسلہ میں ایک ڈرامہ کے موقعہ پر ایک تصویر دکھائی گئی جس میں مسٹر جناح کو دہلی کے لال قلعہ پر جھنڈا لہراتے ہوئے دکھایا گیا۔ (انڈین نیوز کرانیکل)

تجارتی معاملات میں کوئی امتیازی سلوک نہ کرو

پاکستان کی شکایت پر تجارتی کانفرنس کے صدر کا رولنگ

جنیوا ۲۶ اگست۔ مسٹر اس۔ اے حسن جو پاکستان کے ڈیلی گیٹ ہیں ان کی درخواست پر ۲۳ قوموں کی ٹیرف اور ٹریڈ کانفرنس کے چیرمین مسٹر ولگریس نے رولنگ دیا کہ محصولات اور تجارت کے متعلق گذشتہ سال کے معاہدہ میں جو پارٹیاں شریک تھیں وہ داخلی ٹیکسوں کے بارے میں ایک دوسرے کے خلاف امتیازی سلوک نہیں کریں گی۔

مسٹر حسن نے کانفرنس میں احتجاج کیا تھا کہ حکومت ہند نے پاکستان جانے والی بعض ضروری اشیاء پر ایکسائز ڈیوٹی لگا دی ہے حالانکہ یہی چیزیں دوسرے ممالک کو بغیر کسی ڈیوٹی کے جاتی ہیں۔ [illegible]

اپنی اپیل پیش کرتے ہوئے مسٹر حسن نے یہ بھی کہا کہ ہندوستان کے امتیازی سلوک کی بنا پر چونکہ ہندوستان سے آنے والی خام پیداوار کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں اس لئے ان کارخانہ داروں کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہو گئی جو پاکستان میں اپنے کارخانہ جاری کرنا چاہتے تھے۔ ہندوستان کے نمائندہ مسٹر بی۔ این۔ آدرکر نے کہا کہ وہ چیرمین کے اس رولنگ سے اختلاف کریں گے تاوقتیکہ انہیں اپنی حکومت کی طرف سے کوئی ہدایت نہ ملے۔

کمیونسٹوں کو کچلنے کے لئے برطانیہ اور سیام میں نیا معاہدہ

برطانوی فوجیں تعاقب کرتی ہوئی سیامی سرحد میں داخل ہو سکتی ہیں

بنکاک ۲۶ اگست۔ ملایا میں متعین برطانوی فوج اور پولیس کے دستے ملایا سے بھاگنے والے کمیونسٹوں کا پیچھا کرتے ہوئے سیام کی سرحد میں داخل ہو سکتے ہیں۔ حکومت سیام اور ملایا کے حکام کے درمیان ایک نیا سمجھوتہ ہوا ہے جس کی رو سے برطانوی فوجوں کو یہ حق حاصل ہو گیا ہے کہ وہ کمیونسٹوں کی تحریک دہشت پسندی کو کچلنے کے لئے سیامی سرحد میں کارروائی کر سکتی ہیں۔

سیام کے پولیس، فوج اور شہری حکام کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ برطانوی فوج کو پوری پوری امداد دیں۔ حکومت سیام نے برطانوی حکام کو یہ اجازت دیدی ہے کہ وہ مشرقی ساحل کے بندرگاہ سنگورہ پر ایک ریڈیو اسٹیشن کھول سکتے ہیں اور اس کو جاری کر سکتے ہیں۔ سنگورہ ملایا کی سرحد سے ... میل شمال میں ہے اور کیڈا کی سرحد سے ۵۸ میل مشرق میں ہے۔

حکومت برطانیہ نے حکومت سیام سے درخواست کی ہے کہ وہ اس تمام سرحد کو بند کر دے جو ملایا سے ملتی ہے تاکہ کمیونسٹوں کے خلاف کارروائی کرنے میں سہولت پیدا ہو جائے۔ [illegible] حکومت سیام کے عطا کردہ سفر کے اجازت نامے [illegible]

اسی ہزار ایکڑ میں فصلیں تباہ

سندھ کے سیلاب سے زبردست نقصان

کراچی ۲۶ اگست۔ کل شب کراچی میں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ سندھ کے سیلاب کا دو سو مربع میل کا رقبہ متاثر ہوا ہے۔ [illegible] فصلیں پانی کی نذر ہو گئیں۔ [illegible] اور اگر دریائے سندھ کا پانی جلدی نہیں اترا تو حالات اتنے ہی خراب ہو جائیں گے جتنے کہ ۱۹۴۲ء کے سیلاب میں تھے۔ [illegible]

حادثہ آگرہ کے مظلومین کی دادرسی کیلئے کام شروع ہو گیا

حضرت مولانا حفظ الرحمان اور مولانا حبیب الرحمان لدھیانوی آگرہ جا رہے ہیں

دہلی ۲۶ اگست۔ آگرہ کے حادثہ کی اطلاع ملتے ہی جمعیۃ علماء ہند کا وفد سرکردگی جناب مولوی عبد الغنی صاحب ڈار [illegible] حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی آگرہ پہونچ رہے ہیں۔ (وحید قاسمی ۲۵ اگست)

[illegible]

ہند اور پاکستان کے سرحدی جھگڑے

دونوں ملکوں میں ایک کانفرنس ہونیوالی ہے

دہلی ۲۶ اگست۔ خیال ہے کہ جلد ہی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان سرحدی جھگڑوں کے متعلق ایک کانفرنس منعقد ہونے والی ہے۔ مغربی بنگال اور مشرقی پاکستان اور مشرقی پاکستان اور آسام کے سرحدی جھگڑے ابھی تک جاری ہیں۔ آسام اور مشرقی پاکستان کے پٹھاریہ کے جنگل کے مسئلہ کو ایک حد بندی کمیشن کے سپرد کر دیا گیا تھا لیکن یہ کمیشن کوئی فیصلہ نہیں کر سکا۔ کمیشن کے ممبران اپنی اپنی حکومتوں کو رپورٹ ارسال کر چکے ہیں۔

کشمیر کمیشن پھر کراچی جا رہا ہے

دہلی ۲۶ اگست۔ کشمیر کمیشن کے سکریٹریٹ کی طرف سے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ ہفتہ کے دن کراچی جا کر حکومت پاکستان سے مزید گفت و شنید کرے۔ یہ گفتگو ان تجاویز پر ہوگی جو کمیشن نے کشمیر میں جنگ بند کرنے کے معاملہ میں حکومت ہند اور حکومت پاکستان کے سامنے رکھی ہیں۔ ممبروں نے حکومت ہند کے حکام سے تفصیلی گفت و شنید کی۔ جمعہ تک کمیشن فریم کورٹ ہاؤس میں اپنے اجلاس جاری رکھیگا۔ بدھ کے دن شام کو ایک اجلاس ہوا تھا۔ جمعرات کے دن بھی صبح کو اجلاس ہوا۔

مہاراجہ بڑودہ ذمہ دار حکومت دینے کو تیار ہو گئے

سردار پٹیل اور مہاراجہ کے درمیان اہم سمجھوتہ

دہلی ۲۶ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند اور مہاراجہ بڑودہ میں ایک سمجھوتہ ہو گیا ہے اور مہاراجہ اس امر پر راضی ہو گئے ہیں کہ ریاست میں ذمہ دار حکومت قائم کر دی جائے۔

ریاستی محکمہ کے ایک کمیونکے میں بتلایا گیا ہے کہ مہاراجہ بڑودہ کو سردار پٹیل نے دہلی بلایا تھا۔ یہ مجلس اس سلسلہ میں ہوئی تھی کہ مہاراجہ نے اپنے جنوری ۱۹۴۸ء کے اعلان کے مطابق ریاست میں ابھی تک آئینی اصلاحات نافذ نہیں کیں اور بعض مالی معاملات پر ریاستی دھارا سبھا نے بھی سخت اعتراضات کئے تھے۔ اس موقع پر بڑودہ کے دیوان اور ریاستی پرجا منڈل کے لیڈر بھی دہلی میں موجود تھے اور طرفین اس امر پر راضی ہو گئے ہیں کہ اس معاملہ کے متعلق سردار پٹیل جو فیصلہ کریں گے وہ دونوں کے لئے قابل قبول ہوگا۔

یہ محسوس کر لیا گیا ہے کہ دھارا سبھا کی نئی تجویز نے ایک نئی صورت حال پیدا کر دی ہے اور ان کے حل کے لئے ریاست میں آئینی اصلاحات کی ضرورت ہے اور مہاراجہ ریاستی محکمہ کے مشورہ سے اس امر پر راضی ہو گئے ہیں کہ ریاست میں فوری ذمہ دار حکومت قائم کر دی جائے وہ اس امر پر بھی راضی ہو گئے ہیں کہ ایک ریاستی کونسل قائم کر دی جائے جو مہارانی دیوان اور وزیر قانون پر مشتمل ہو۔ یہ کونسل مہاراجہ کی عدم موجودگی کے زمانہ میں حکومت کے تمام اختیارات استعمال کرے گی۔

مالی معاملات کے متعلق مہاراجہ اس پر راضی ہو گئے ہیں کہ ریاستی خزانہ سے جو رقم لی گئی ہے اس کو واپس کر دینگے اور ریاستی خزانہ کے حسابات کی جانچ ریاستی ... کریں نیز مہاراجہ اس فیصلہ کو تسلیم کرنے کو تیار ہو گئے جو اس معاملہ میں سردار پٹیل کریں۔

مہاراجہ کے ذاتی مصارف کا سوال بھی سردار پٹیل کے فیصلہ پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ [illegible] مہاراجہ کو جو رقم دی جائے گی وہ اس میں طرح چاہیں گے صرف کریں گے۔ ان کے بچوں کے مفاد کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

حکومت ہند خوش ہے کہ اس گفت و شنید میں مہاراجہ نے پورے تعاون سے کام لیا اور اب یہ ممکن ہو گیا ہے کہ ان مشکلات پر قابو حاصل کر لیا جائے۔

یہ توقع ہے کہ بڑودہ کے عوام اس سلسلہ میں اپنے نئے فرائض کو انجام دیں گے اور موجودہ صورت حال جو مہاراجہ اور ان کی رعایا کے درمیان تعلقات کو بہتر بنا دے گی۔

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۸ اگست ۱۹۴۸ء

سنو اور عمل کرو

ہندوستان کے گورنر جنرل ہز ایکسیلینسی چکرورتی راجگوپال آچاریہ نے ترا وندرم میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا

"میں آپ کے سامنے ایک بات پیش کرتا ہوں، آپ لوگ نفرت دور کر دیں۔ اور ان حوادث کو بھی فراموش کر دیں جن سے نفرت پیدا ہوتی ہے دہلی اور دوسرے مقامات کے لوگوں سے میں نے یہی کہا ہے کہ وہ حالیہ افسوسناک واقعات کو بھول جائیں اور انہیں حرف غلط کی طرح مٹا ڈالیں۔"

نفرت دور کرنے کے بعد انسان کو سوچنے سمجھنے کا موقع ملے گا، اسے اپنی برائی بھلائی نظر آئے گی اور وہ دوسروں کی نسبت بھی صحیح رائے قائم کرنے پر مجبور ہوگا، چنانچہ ہز ایکسیلینسی نے نفرت کو دور کرنے کی درخواست کے بعد اس بات کو ذہن نشین کرنے کی کوشش کی کہ

"ہمیں آزاد ہندوستان میں صرف ایک بات یاد رکھنی چاہیے، وہ یہ کہ ہم ایک دوسرے کو شناخت کرنے میں غلطی نہ کریں ہمیں جاہلانہ اور تعصبات پر غلبہ حاصل کرکے ایک دوسرے سے محبت کرنی چاہیے ایک دوسرے کے متعلق غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو اگر تم اپنے گاؤں، اپنے شہر اور اپنے قصبہ کو خوشحال اور اپنے ماحول کو مسرت ...

نفرت اور تعصب باہمی بد گمانی کے درمیان میں حائل رہی اور وطن کے باشندے قریب ہونے کے باوجود ایک دوسرے سے دور ہی رہے، نتیجہ یہ کہ ہم نے بدگمانیوں کی سزا بھگتی اور کروڑوں انسانوں کا مستقبل تاریک بنا کر چھوڑا۔

"اگر تم دوسروں سے محبت کرو گے تو وہ بھی تم سے محبت کریں گے اور تمہیں خبر بھی نہیں ہوگی کہ کون محبت کر رہا ہے" یہ الفاظ گویا ہیں ہماری خوشگوار اور مطمئن زندگی کا نصاب ہیں۔ اس گر کو سمجھنے کے بعد مشکلات کے بادل چھٹتے چلے جائیں گے اور تعصب کی آگ ہمارے لئے گلزار ابراہیم بن جائے گی۔

ہندوستان کی اقلیت اور اکثریت دونوں کو راجہ جی کی نصیحت کو حرز جاں بنا لینا چاہیے، اقلیت ہمیشہ اکثریت کا منہ تکتی ہے، اور اس کا طرز عمل ہمیشہ اکثریت کے طرز عمل پر موقوف ہوتا ہے، اگر ملک کی اکثریت رواداری، انصاف، دلداری اور حسن سلوک کا کچھ بھی ثبوت پیش کرے تو اقلیت اپنی آنکھوں کو فرش راہ بنا دے گی اور احسان کا جواب احسان سے دے گی اگر تم اکثریت کے فرد ہو تو تمہارا فرض ہے کہ اقلیت کی ہمت افزائی کرو، اسے دلاسا دو، اس کے دل کا کانٹا نکالو اور اس کی بدگمانیوں کو دور کرکے یہ باور کراؤ کہ اس کی عزت تمہاری عزت اور اس کی ذلت تمہاری ذلت ہے، اگر اکثریت دانا اور ہوشمند ہے تو وہ اقلیتوں میں احساس کمتری پیدا کرنے کی کبھی غلطی نہ کرے گی، جہاں یہ چیز پیدا ہوئی سمجھ لو ...

[illegible]

بخاری کی یادیں

الجمعیۃ کے تازہ پرچہ میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری مدظلہ کا ایک درد انگیز مکتوب نظر سے گذرا طبیعت کے خلاف حالات کی مجبوریاں انہیں غم و الم کی گذشتہ تاریخ کو بھلا کر کن کن نئے مقامات درد و کرب کی سیر کرائیں گی۔ اس کا علم اللہ کو ہے۔ میں بظاہر ان سے اکثر دور رہا لیکن دل کی نزدیکی آج بھی ہے جو پہلے تھی خط پڑھ کر بے ساختہ آنکھوں سے آنسو نکل پڑے آنکھوں کا دامن اس وقت بھی تر ہے۔ وارفتہ دل کی کیفیات کو محسوس کیا زبان پر یہ چند اشعار آ گئے۔ الجمعیۃ ہی کی وساطت سے شاہ صاحب تک پہنچانا چاہتا ہوں میرا اپنا بھی یہی حال ہے۔ نہ قاصد نہ صبا ہے نہ مرغ نامہ بر ہے۔ کسے زنبیل ثانی بدنصیب۔ (انور صابری)

آتا ہے بہت محرم اسرار وفا یاد
ہے جس کی کہانی ہمہ افتاد در افتاد

برباد محبت ہے ہر اک حال میں برباد
بے کیف عنایت ہو کہ بیداد پہ بیداد

باہر بھی قفس سے نہیں چین اہل چمن کو
مصروف نوازش ہے ابھی فطرت صیاد

زخمی ہے جگر ہونٹ ہیں مجبور تبسم
پابند کے پابند ہیں آزاد کے آزاد

تقدیر سے رہنے کو ملا گھر بھی تو ایسا
جس کے در و دیوار سے بیزار ہے بنیاد

نالوں میں ہو پیدا کشش و جذب اثر کیوں
سینوں میں نہیں دلولۂ طبع جنوں زاد

دنیا میں تباہی کے سوا کچھ نہیں انور
شاید "عمل خیر" کی محشر میں ملے داد

کانگریس اور مسائل حاضرہ

شاہ معین الدین احمد ندوی

[illegible]

موتمر اہلحدیث پاکستان و ہند

جنوبی ہند کے مشہور اخبار "مسلمان" سے معلوم ہوا ہے کہ ملتان کے بعض اہلحدیث حضرات نے توحید و سنت کی اشاعت، عام مسلمانوں کی مذہبی اصلاح اور جماعت اہلحدیث کی ترقی کے لئے جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی (پاکستانی) کی قیادت میں مذکورہ بالا نام کی ایک انجمن قائم کی ہے۔ اور جس میں ہندوستان کے اہلحدیث حضرات کو بھی شامل کرکے ان سے اس کا ممبر بننے کی استدعا کی ہے۔

میں جناب کے موقر اخبار کی معرفت اس کے اعلان کی اجازت چاہتا ہوں کہ ہندوستان کی جماعت اہلحدیث کو پاکستان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اب ہندوستان و پاکستان دونوں علیحدہ علیحدہ ملک ہیں۔ ہم ہندوستانی اہلحدیثوں کو اپنے ہی ملک ہندوستان سے تعلق ہے اور رہیگا۔

اخوت دینی کے لحاظ سے عام تعلق تو تمام دنیائے اسلام سے ہے بالکل اسی طرح جس طرح کہ انسان ہونے کے لحاظ سے عام تعلق تمام دنیائے انسان سے ہے۔ ہندوستان کی جماعت اہلحدیث حضرت مولانا محمد ابو القاسم صاحب سیف بنارسی کی قیادت میں توحید و سنت کی اشاعت، عام مسلمانوں کی مذہبی اصلاح اور جماعت اہلحدیث کی ترقی کا کام کر رہی ہے اور ہندوستان کی جماعت اہلحدیث کی مذہبی انجمن آل انڈیا اہلحدیث کانفرنس دہلی میں موجود ہے۔ جس کے جائنٹ سکریٹری محترم حاجی حمید اللہ صاحب سوداگر صدر بازار دہلی ہیں اور کانفرنس اپنا کام کر رہی ہے۔ جماعت کی معاشی و اقتصادی حالت درست ہو جانے پر کانفرنس کا کام اور تیز کر دیا جائے گا۔ پاکستان کے اہلحدیثوں کے لئے اپنے ...

[illegible]

رانچی میں سلسلہ تفسیر

[illegible]

سیلز ٹیکس سے استثنےٰ کا مطالبہ

[illegible]

ہندی کے خلاف مظاہرہ

[illegible]

مراد آباد میں طوفان باد و باراں

[illegible]

فیکٹری بل کی دوسری خواندگی

[illegible]

لندن کے ہسپتال میں وزیر اعظم کا مفت علاج

[illegible]

کراچی ریڈیو سے گیتا کا پاٹھ

[illegible]

کوثر و تسنیم پر پابندی

[illegible]

دارالسلطنت

۲۴ اگست ۱۹۴۸ء

ضلع کانگرس کا جلسہ

کا اجلاس ۲۲ اگست کو اس کے دفتر واقع ... میں ہوا جس میں سال آئندہ کے لئے حسب ذیل عہدیدار چنے گئے۔ صدر ... نائب صدر ... ناظم ... خزانچی ...

خوشخبری

دہلی ۲۲ اگست۔ طلبہ عربیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدرسہ امینیہ اسلامیہ عربیہ کا افتتاح ہو گیا ہے ... طالب علم بھی داخل ہو رہے ہیں ... جملہ طلبہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں داخل ہو کر مدرسہ ... کا مستقل انتظام کر دیا جائے گا۔ ضیاء الحق ...

اخبارات پر پابندی

حادثات میں اضافہ

دفتر شکایات

غلط اطلاع

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ

پیدائش اور اموات

قتل کا مقدمہ

ناداروں کی ضمانت کی طلبی

بچوں کیساتھ ساتھ بوڑھوں کی شادی پر بھی پابندی لگائی جائیگی

شاردا ایکٹ میں ترمیمی بل چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ آج ہندوستانی پارلیمنٹ نے غیر سرکاری بلوں پر بحث کرتے ہوئے ان تین بلوں پر بھی غور کیا جن کا مقصد شادی بیاہ کی روک تھام کے ایکٹ ۱۹۲۹ء میں ترمیم کرنا تھا۔ ترمیم کے محرک پنڈت ٹھاکر داس بھارگو تھے۔ پہلے بل کے ذریعہ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی کی عمر میں اضافہ کرنا تھا۔ بل میں تجویز تھی کہ لڑکوں کی عمر ۱۸ برس سے بڑھا کر ۲۱ برس اور لڑکیوں کی عمر ۱۴ سے ۱۶ برس کر دی جائے۔

ایک اور کلاز کے ذریعہ قرار دیا گیا تھا کہ ۱۸ برس سے کم عمر والی لڑکیوں کو بہت عمر رسیدہ شادی شدہ ۴۵ برس سے زیادہ عمر والے مرد کے ساتھ شادی سے بچایا جائے۔ باقی بلوں کے ذریعہ اس قانون کے تحت جرائم کی سزاؤں کی میعاد مقرر کرنا تھا ...

الور بھرت پور اور ضلع گوڑگانوہ کے میواتیوں کو بسانے کی مہم

زمین کی ملکیت کے بارے میں خانہ پری کیلئے فارم کی اشاعت

دہلی ۲۸ اگست۔ ۲۵ جولائی ۱۹۴۸ء کو حکومت ہند میواتیوں کو بسانے کا اعلان کر چکی ہے۔ ایک سرکاری کمیٹی بسانے کے سلسلہ میں بڑی تیزی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ جس نے ضلع گوڑگانوہ میں مقیم الور بھرت پور کے میواتی مسلمانوں کی مردم شماری کرائی ہے۔ لیکن جو میواتی مسلمان دہلی، یوپی، جے پور، بھوپال وغیرہ میں منتشر ہو گئے ہیں۔ مندرجہ ذیل نقشہ جس کا نمونہ دیا جا رہا ہے اس کی خانہ پری کر کے مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء تک ضرور مندرجہ ذیل پتوں پر آ جانے چاہئیں۔ کیونکہ ۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو تمام نقشہ جات کی دیکھ بھال اور پڑتال ہوگی۔

فارم جانکاری بابت مسلمانان میو ریاست الور و بھرت پور ... ضلع گوڑگانوہ کے رہنے والے ہیں اور اپنی زمین اور مکان پر ان کا قبضہ نہیں۔

نام ... ولدیت ... عمر ...

پتہ سابقہ گاؤں ... تحصیل ... ریاست یا ضلع

آپ بسوہ دار تھے یا مزارع ...

تفصیل زر ملکیت ... بسوہ داری ...

... بسوہ داری ...

... فیروز ...

اس پتہ پر تمام نقشہ جات ارسال کئے جائیں

۱۔ مسٹر ... دفتر سنٹرل ریلیف کمیٹی ... نوح ضلع گوڑگانوہ ... مشرقی پنجاب

یا اس پتہ پر

(۲) صدر دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان بلیماراں ...

عرب افسر نے تردید کر دی

نیویارک ۲۵ اگست۔ حکومت اسرائیل کے وزیر خارجہ کا ایک بیان اخبارات میں چھپا ہے جس میں اعلان کیا گیا ہے کہ عربوں سے صلح کی بات چیت کا آغاز ہو گیا ہے مگر لبنان اور شام کے افسروں کا بیان ہے کہ اس میں کوئی صداقت نہیں ... عرب لیگ کے جنرل سکریٹری نے بھی اس خبر کو غلط بتایا ہے۔

ہندوکوڈ بل کے التوا کیخلاف عورتوں کی انجمن کا اجتماع

دہلی ۲۵ اگست۔ آل انڈیا ویمن کانفرنس نے ایک پریس نوٹ میں ان کوششوں کی پرزور مذمت کی جس کے ذریعہ ہندو کوڈ بل کو آئندہ جنرل انتخابات کے بعد تک ملتوی کیا جا رہا ہے۔ پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر ایسا کیا گیا تو حکومت دنیا کے سامنے اپنی ساکھ کھو بیٹھے گی ...

تلاش گمشدہ

عبدالمنان خاں ابن محمد ...

تلاش گمشدہ

میرا داماد عبدالکریم ولد محمد عمر عید کے تیسرے روز سے دس بجے سے گم ہے۔ تھانے چوکیوں وغیرہ میں تلاش کیا لیکن نہیں ملا۔ میرے ہمراہ گھر کا سامان نقدی ایک چھپا کلی طلائی فروخت کرنے گیا تھا راستہ میں سے گم ہے اور سامان اس کے پاس ہے جو صاحب اس کا پتہ دیں گے ان کو دس روپیہ بطور انعام دیئے جائیں گے۔ خبر لڑکے کا اطلاع دہندہ مستری عبدالرشید معمار ولد محمد یامین مرحوم پتہ چتلی قبر چھپہ موم گران۔

سکردو میں ہندی فوجوں نے کیوں ہتھیار ڈالے

دشمن کے حملوں سے پناہ گزینوں کی زندگی خطرہ میں تھی

سری نگر ۲۵ اگست۔ مندرجہ ذیل حالات سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ سکردو میں جموں و کشمیر کی ریاستی فوج نے انتہائی مشکل میں بھی اپنے علم ... کو قریباً چھ ماہ تک ... پناہ گزینوں کے ساتھ ... جان بچانے کیلئے دشمن کے آگے ہتھیار ڈال دیئے۔

سکردو سری نگر سے ... میل شمال مشرق میں بلتستان میں واقع ہے اور یہ فوج ہماری دشمن کے مقابلہ پر ... از دس ماہ سے لڑتی ہوئی تھی۔ اس مقام پر پہنچنا قدرے ناممکن ہے۔ موسم کی خرابی کی وجہ سے ہوائی جہاز ...

دشمن نے زیادہ تعداد میں فیصلہ کن حملہ کیا۔ یہاں پر آمدہ تازہ ترین اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ ہماری فوجوں کے افسر کی ... لفٹیننٹ کرنل ... نے یہ دیکھ کر آخری دم تک لڑائی سے ... ۲۵۰ پناہ گزینوں کی زندگی ختم ہو جائے گی ہتھیار ڈال دیئے اور اس طرح پناہ لینے والوں کی جان بچالی۔

مرادآباد (بذریعہ ڈاک) آزادی کی خوشی میں مرادآباد میں محلہ ... میں زنانہ جلسہ ہوا۔ صدر صاحبہ نے ایک تقریر میں آزادی کی جدوجہد اور اس کے بعد کے واقعات پر روشنی ڈالی۔ اس جلسہ میں آزادی کے بعد کے واقعات کے بارے میں ایک ریزولیوشن بھی پاس کیا گیا۔

آئس فیکٹری کی ضرورت ہے

(۱) ہمیں دہلی میں ایک آئس فیکٹری کی ضرورت ہے جو صاحب فروخت کرنا چاہیں وہ ذیل کے پتہ پر اطلاع دیں یا خود ملیں۔

(۲) حیدرآباد، کراچی، شکارپور (سندھ) میں دہلی کے جو صاحبان جائداد کا تبادلہ کرنا چاہیں وہ بھی اس پتہ پر گفتگو کریں۔

پتہ

ٹہل رام لکھمی چند سندھی، معرفت لالہ سردار ... شوگر مرچنٹ بازار نیا بانس دہلی

ٹہل رام لکھمی چند سندھی، ... بلڈنگ ... روڈ ... بمبئی ۲۱

دھوپ اور نظر کے چشمے

... چاندنا اوپٹیکل کمپنی ... چاندنی چوک دہلی

امریکہ میں جدید خفیہ ہتھیاروں کا تجربہ

دو صد روپے کے انعامات

انعامی جبری معمہ نمبر ۱

رائے صاحب ایل شرما اینڈ سنز ریس اینڈ بیکرز (۲۵) جگادھری (E. P.)

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

۱ اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
۲ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحبؒ مع توضیحی عبارات۔
۳ حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
۴ تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
۵ ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
۶ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
۷ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
۸ تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول
۹ جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
۱۰ خط خوشنما، صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ...

ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے ... ہدیہ مجلد ... معجز نما حمائل شریف ...

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

ہومیوپیتھک ہسپتال کمرہ بنگش بازار چتلی قبر دہلی

ہومیوپیتھک ... مردانہ زیر نگرانی ڈاکٹر ... ایم بی بی ایس زنانہ زیر نگرانی ڈاکٹر ... ایل ایس ایم ایف

ہومیوپیتھک ... بایوکیمک ادویات و مجربات و کتب ہومیوپیتھی معہ کتب ذیل

جائے علاج

جائے فرنگی

۱۔ پریکٹس آف میڈیسن اردو۔ حصہ اول
۲۔ حصہ دوم
۳۔ گلدستہ معلومات ہومیوپیتھی
۴۔ پلیگ اور اس کا علاج
۵۔ امراض معدہ و معقد
۶۔ امراض مخصوصہ مردان و زنان و آلات بول

مصنفہ ڈاکٹر دولت سنگھ صاحب

زیر طبع ایک ہفتہ تک قابل فروخت آرڈر ابھی تاکہ مایوسی نہ ہو

گوڈسے کے وکیل نے سیاسی سوالات دریافت کرنا شروع کر دیئے

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں مسٹر ڈیسائی پر مزید جرح

لال قلعہ ۲۰ راگست ۔ بمبئی کے وزیر داخلہ مسٹر مرارجی ڈیسائی پر لال قلعہ کی عدالت خصوصی میں آج بھی جرح جاری رہی ۔ ناتھو رام گوڈسے کے وکیل مسٹر اوک نے اپنی جرح جاری رکھتے ہوئے دریافت کیا کہ کیا انہیں معلوم ہے کہ مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن نے آل انڈیا کانگریس کمیٹی میں ملک کی تقسیم کے متعلق برطانیہ کی اسکیم منظور کرنے کی مخالفت کی تھی۔

مسٹر ڈیسائی ۔ مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن آل انڈیا کانگریس کمیٹی میں موجود تھے میرا خیال ہے کہ انہوں نے ۳ رجون کی تجویز کو منظور کرنے کی مخالفت کی اور اپنا ایک اعتراض نوٹ کرایا۔

سوال ۔ کیا انہوں نے اس رائے کا اظہار کیا کہ یہ تجویز کانگریس کے ان اعلانات کے خلاف ہے جو وقتاً فوقتاً کئے جاتے رہے ہیں۔

جواب ۔ مجھے یاد نہیں کہ انہوں نے اس قسم کی رائے کا اظہار کیا ہے۔

سوال ۔ کیا کانگریس پر اس قسم کی نکتہ چینی کی گئی کہ تقسیم سے فرقہ وارانہ مسئلہ حل نہیں ہوگا بلکہ اس سے مستقل طور پر دونوں فرقوں کے مابین تلخی پیدا ہو جائے گی۔

جواب ۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ تجویز متفقہ طور پر منظور کی گئی ۔ گواہ نے مزید کہا کہ وہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ آیا ۱۵۷ ممبروں نے اس کے حق میں اور ۲۹ نے اس کے خلاف ووٹ دیئے ۔ متعدد سوشلسٹوں نے ووٹ نہیں دیا ۔ لیکن کچھ سوشلسٹوں نے ووٹ دیئے۔

سوال ۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ گاندھی جی اس اجلاس کے ابتداء میں موجود تھے جو اسی اجلاس کے اختتام میں موجود نہ تھے لیکن بعد کو وہ آئے اور تقریر کی۔

سوال ۔ کیا مہاتما گاندھی نے قرار داد کی حمایت کی ۔ جواب ۔ میرا خیال ہے انہوں نے اس کی حمایت کی۔

اس مرحلہ پر وکیل استغاثہ مسٹر دفتری نے ان سوالات کی قانونی نوعیت کے متعلق سوال کیا ۔ ایک سوال کے جواب میں مسٹر ڈیسائی نے کہا کہ انہیں اس بات کا علم نہیں کہ کانگریس کمیٹی نے یہ کہا کہ کلکتہ ، نواکھالی اور پنجاب میں جو مظالم ہوئے ہیں ان حالات میں بھی مرکزی حکومت کنٹرول نہ کر سکی اور ملک کی تقسیم کے بعد حالات اور بھی خراب ہو جائیں گے۔

حق خود اختیاری

سوال ۔ منگل کے دن آپ نے کہا تھا کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی صوبوں کی خود اختیاری کے متعلق قرار داد منظور کی تھی ۔ جواب ۔ اگست ۱۹۴۲ء میں صوبوں کی خود اختیاری کے متعلق آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے کوئی الگ قرار داد منظور نہیں کی۔

سوال ۔ کیا آپ اس سے انکار کرتے ہیں کہ ستمبر ۱۹۴۵ء تک کانگریس کی سرکاری پالیسی یہ تھی کہ کانگریس کسی ایسی تجویز پر رضامند نہیں ہو سکتی جس کا مقصد ملک کے کسی حصہ کو انڈین یونین سے الگ کیا جائے۔

مسٹر اوک ۔ یہی وہ حالات ہیں جن کے نتیجے میں بعد کے واقعات اور ۳۰ رجنوری کا واقعہ ہوا۔

جج ۔ تو پھر صاف کہیئے کہ آپ کے موکل اور بمبئی گورنمنٹ کے ہوم ڈیپارٹمنٹ کے درمیان جو کچھ پیش آیا اس کے نتیجے میں دہلی میں ۳۰ رجنوری کا واقعہ ہوا۔

مسٹر اوک کی مزید جرح کا جواب دیتے ہوئے مسٹر ڈیسائی نے کہا کہ ملزم ناتھو رام گوڈسے سے ضمانت اس بنا پر طلب کی گئی کہ وہ نفرت کا پرچار کرتا تھا اور مسلمانوں کے خلاف تشدد کی ترغیب دیتا تھا ۔ مسٹر ڈیسائی نے بتایا کہ تمام اخبارات کی ضبط شدہ ضمانتیں ۱۵ راگست کو اس اپیل کے ساتھ واپس کر دی گئیں کہ وہ آئندہ احتیاط سے کام لیں۔

مسٹر اوک کے سوال پر کہ آیا ارگنائزر سے ضمانت طلب کرتے وقت پریس مشاورتی کمیٹی سے مشورہ لیا گیا تھا مسٹر ڈیسائی نے کہا کہ یہ ان دو کیسوں میں سے تھا جن پر مشاورتی کمیٹی سے غلطی سے مشورہ نہیں لیا گیا ۔ مسٹر اوک نے اعتراض کیا کہ وکیل صفائی کی بیشتر جرح کا تعلق ایک سیاسی مسئلے سے معلوم ہوتی ہے ...

پریس کے اوپر کنٹرول

مسٹر اوک نے پریس پر پابندیوں کے متعلق سوالات کئے اور جب مسٹر دفتری نے اعتراض پر جج نے دریافت کیا کہ اس سوال سے آپ کے موکل کا کیا تعلق ہے تو انہوں نے کہا میرا موکل ان پابندیوں کا مارا ہوا ہے۔

اس موقع پر ملزم ناتھو رام گوڈسے نے کھڑے ہو کر کہا کہ جبر و استبداد کی اس تاریخ سے میرا براہ راست تعلق ہے ۔ میں نے اس سلسلے میں کٹھن کے ہوم ممبر کے ساتھ کئی ملاقاتیں کیں ۔ اور مجھے نواکھالی اور پنجاب کے مظالم شائع کرنے پر کئی ہزار روپیہ ادا کرنا ہوا۔

جج (مسٹر اوک سے) آپ ان امور کو ریکارڈ پر کیوں لانا چاہتے ہیں؟

مسٹر اوک کی جرح ختم ہونے پر مسٹر ڈیسائی نے مسٹر دفتری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ہوم ڈیپارٹمنٹ کے سکریٹری کی وساطت سے کرکرے کو گرفتار کرنے کا حکم ۳۰ رجنوری کے ۱۰ یا ۱۲ روز بعد دیا تھا ۔ اس حکم کا تعلق پروفیسر جین کے بیان سے نہیں تھا بلکہ احمد نگر کے ایک دوسرے معاملے سے تھا۔

طالب علم کا بیان

آج کا دوسرا گواہ ایک اٹھارہ سالہ طالب علم مگن جوشی تھا جس نے اپنے بیان میں بتایا کہ اس کا باپ شیواجی پرنٹنگ پریس کا مالک ہے ۔ وہ آپٹے اور کرکرے سے واقف ہے ۔ گواہ نے عدالت میں دونوں کو پہچان لیا ۔ گواہ نے ناتھو رام گوڈسے کو بھی پہچان لیا ۔ اور بتایا کہ گوپال گوڈسے ۲۵ رجنوری کو شام کے ۶ بجے اس کے گھر آیا تھا اس کے ساتھ ایک ٹرنک تھا ۔ اس وقت کرکرے مکان پر موجود تھا ۔ اسی روز رات کو ۹ بجے ناتھو رام گوڈسے اور نارائن آپٹے بھی گوپال گوڈسے کے ساتھ آئے ۔ آپٹے اور ناتھو رام گوڈسے اپنے چہرہ چھپانے کی کوشش کرتے تھے ۔ وہ ۲۷ رفروری تک اس کے مکان پر ٹھہرے ۔ اور صرف دو دن باہر رہے۔

صفائی کے وکیلوں کی جرح کے بعد عدالت کل تک کے لئے ملتوی ہو گئی۔

ہندستانی پارلیمنٹ میں سوالات و جوابات :۔۔۔۔

دس لاکھ غیر مسلم کسان بہاولپور واپس چلے گئے

پاکستان میں اسوقت غیر مسلموں کی تعداد سوا کروڑ کے قریب ہے

ہندستان کے وزیر تجارت مسٹر کے ۔ سی نیوگی نے بدھ کے دن ہند پارلیمنٹ میں بتایا کہ مصر کی حکومت جوٹ ، پاٹ ، کمبل وغیرہ کے بدلے اپنی روئی کی سپلائی کے سلسلہ میں بات چیت کرنے کے لئے رضامند ہو گئی ہے اور حکومت ہند اپنا ایک وفد قاہرہ بھیجے گی جس پر ۳۵۰۰۰ روپیہ خرچ آئے گا۔

وزیر تجارت نے یہ بھی بتایا کہ تین ایسی جہازی کمپنیوں کی تجویز ہے جو انڈین کمپنی ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوں اور ان کا سرمایہ منظور شدہ دس کروڑ روپیہ ہو ۔ ضمنی سوالات کے جوابات میں آپ نے بتایا کہ یہ تین کمپنیاں سندھیا اسٹیم نیوی گیشن کمپنی ، اسٹیم نیوی گیشن کمپنی اور بھارت لائن لمیٹڈ ہیں ۔ ان کمپنیوں میں زیادہ سے زیادہ حصے حکومت کے ہوں گے ۔ انہیں سے پہلی کمپنی ۱۹۴۸ء کے ختم سے قبل ہی رجسٹرڈ ہو جائے گی۔

تخمینہ لگایا گیا ہے کہ مغربی پاکستان سے ہندوستان میں تقریباً ۵۵ لاکھ شرنارتھی آئے ۔ ان میں سے ۲۸ لاکھ کو دوبارہ بسا دیا گیا ، ۲۷ لاکھ کو ابھی بسانا باقی ہے۔

مسٹر سکسینہ نے جو بیان پیش کیا اس کے مطابق مختلف صوبوں سے آنے والے غیر مسلم شرنارتھیوں کی تفصیل یہ ہے کہ مغربی پنجاب ۴۲۹۵۰۰۰ ۔ صوبہ سرحد اور اس کے ملحقہ ریاستیں ۲۷۸۰۰۰ ۔ صوبہ سندھ ۱۱۲۶۰۰۰ ، بہاولپور ۱۵۹۰۰۰ اور مشرقی بنگال ۱۱۰۰۰۰۰ اور بلوچستان سے آنے والے غیر مسلموں کی تعداد کا صحیح اندازہ نہیں کیا گیا ہے۔

۱۰۱۷ غیر مسلم بذریعہ ہوائی جہاز کرایہ پر لائے گئے۔

پاکستان میں غیر مسلم

پاکستان کے مختلف صوبوں میں جو غیر مسلم ہیں ۔ ان کا اندازہ یہ ہے ۔ مغربی پنجاب ۴۰۰۰ ۔ صوبہ سرحد پانچ ہزار ، سندھ دو لاکھ ۸۸ ہزار ، بلوچستان ۷۵ ہزار ، مشرقی بنگال ایک کروڑ دس لاکھ اور بہاولپور ۱۲ ہزار ۔ ہندوستان میں رہنے والے مسلمانوں کی تعداد چار کروڑ ہے۔

کتنے مسلمان گئے

پنڈت ٹھاکر داس بھارگو کو جواب دیتے ہوئے مسٹر سکسینہ نے کہا کہ جو مسلمان ہنگاموں کے دوران میں ہندوستان چھوڑ کر پاکستان گئے ان کا اندازہ ۵۷ لاکھ ۲۸ ہزار ہے۔

پنڈت لال گیا ۔ ... کے جواب میں ... غیر مسلم ... پاکستان گئے اور مسلمان پاکستان سے ہندستان آئے ان کی تعداد کتنی ہے۔

مسٹر سکسینہ ۔ تقریباً دو ہزار سکھ واپس ...

بہاولپور ... کو غیر مسلم ... وزیر ... پاکستان کے ... کے مطابق ... مسلمان پاکستان سے ہندستان ... کو پاکستان کو نکالنے میں حکومت ... کروڑ روپیہ خرچ ہوا ہے۔

ہندستانی سفیر

مسٹر آصف علی ... کو امریکہ میں ہندستان کے پہلے سفیر مقرر ... پنڈت جواہر لال نہرو نے جواب دیا کہ یہ ٹھیک نہیں ہے۔

دہلی ۲۶ راگست ۔ ... ہے کہ ... ۲۴ گھنٹہ میں ... مظہر ہے کہ ... مکعب فٹ ... مکعب فٹ ... نی سکنڈ تھا ۔ آج جمنا کے پل پر پانی کی سطح سمندر سے ۶۷۱ ۹ فٹ بلند تھی۔

مقامی حکام مسلسل دیکھ بھال کر رہے ہیں ۔ ایک افسر کو دریا میں ... کو خبردار کرنے اور ان کے انخلاء کا انتظام کرنے کے لئے مقرر کر دیا گیا ہے۔

فہرست رائے دہندگان

ڈاکٹر امبیڈکر نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ... آرڈر کے ماتحت فہرست رائے دہندگان کی تیاری کے متعلق تمام صوبائی اور ریاستی حکومتوں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں ... مستقل طور پر بود و باش اختیار کرنا چاہتے ہیں۔

میووں کی آبادکاری

گیانی گرمکھ سنگھ مسافر کے سوال کے جواب میں وزیر بحالیات ... کہا کہ ... اپنے گھروں کو واپس جانا چاہتے ہیں ۔ میووں کو دوبارہ بسانے کی اسکیم بنانے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے ۔ جو آئندہ چند ہفتوں میں ... پیش کر دے گی ۔ رپورٹ موصول ہونے پر حکومت مناسب کارروائی کرے گی۔

ہندو قانون بل کا جھگڑا

مخالفین اور حامیین میں سخت کش مکش

نئی دہلی ۲۰ راگست ۔ ہندو قانون بل کے سلسلہ میں ایک بہت ہی دلچسپ واقعہ ہوا یعنی ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر کانگریس نے ان لوگوں کی حمایت شروع کر دی جو بل کے مخالف ہیں اور جو کہتے ہیں کہ اس بل پر موجودہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں غور نہ کیا جائے ۔ ان لوگوں کو جو بل کے حامی ہیں اور جو چاہتے ہیں کہ اسی اجلاس میں بل پر بحث ہو اس سے سخت تعجب ہوا ۔ ان لوگوں کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر راجندر پرشاد بل کو ملتوی کر کے جانب داری سے کام لے رہے ہیں۔

یہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ صدر کانگریس کے لئے یہ مناسب نہیں تھا کہ وہ ایسے الجھے ہوئے اور مختلف فیہ مسائل میں کسی فریق کی طرفداری کرتے ۔ ایوان کی تمام ممبر عورتیں اس پر بہت برہم ہیں وہ تہیہ کر چکی ہیں کہ بل کے مخالفین کو شکست دے کر رہیں گی ایک فرمانے لگیں ۔ ہم پورا تہیہ کر چکے ہیں ۔ دوسری بولیں ہم سالہا سال سے اس کے لئے جد و جہد کر رہے ہیں ۔ تیسری ممبر نے کہا کہ مردوں کے لئے یہ بہت ہی نامناسب ہے کہ عورتوں کو اقتصادی مساوات عطا نہ کریں ۔ جب کہ نئے دستور حکومت میں مساوات کو تسلیم کر لیا گیا ہے۔

بل کے مخالف اب متحد ہو گئے ہیں اور انہوں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کے اس اجلاس میں اس پر بحث نہیں ہونے دیں گے ۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ بل ہندوؤں ، سکھوں ، جینیوں ، بدھوں اور تمام قبیلوں کے لئے ایک ہی قانون رائج کرنا چاہتا ہے ۔ اس قسم کے قوانین زراعتی زمین پر عائد نہیں ہو سکتے ۔ زراعتی زمین کا مسئلہ صوبوں کا ذاتی مسئلہ ہے جس پر مرکز کی طرف سے کوئی ایسی پابندی عائد نہیں ہو سکتی ہے ۔ نتیجہ یہ نکلے گا کہ اگر صوبائی حکومتوں نے بھی مرکز کی طرح قوانین نافذ نہیں کئے تو ہندوؤں کی وراثت کا مسئلہ سخت نازک ہو جائے گا ۔ اور بیک وقت دو قسم کے قانون ہوں گے ۔ تخمینی ٹھیک چند ... کا کہنا ہے کہ یہ سب جھگڑے ختم ہو جائیں گے ۔ اگر اس بل کو نئے دستور حکومت کے نفاذ تک ملتوی کر دیا جائے۔

ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ جس وقت یہ بل تیار کیا گیا تھا اس وقت صرف برطانوی ہند کے باشندوں کی رائے معلوم کی گئی ۔ اب ضرورت ہے کہ ریاستوں اور ریاستی یونینوں کے عوام کی بھی رائے معلوم کی جائے۔

دار السلام ۲۶ راگست ۔ آغا خاں کل رات جنگل سے نکل کر گئے جہاں وہ تندرستی کے لئے ٹھہرے ہوئے تھے ۔ ان کو سخت زکام وغیرہ کی شکایت ہو گئی ہے ۔ وہ جو ... کلب کے میدان میں گئے جہاں ... دیکھنے کے لئے ... مریدوں سے کچھ باتیں کیں اور واپس آگئے ... نہیں اترے۔

ہند اور پاکستان میں پناہ گزینوں کی جائداد کے متعلق سمجھوتہ

حکومتیں جلد ہی ان پر عملی اقدام شروع کر دینگی

دہلی ۲۶ راگست ۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت ہند اور حکومت پاکستان کے درمیان پناہ گزینوں کی جائداد منقولہ کے ترسیل اور فروخت وغیرہ کے متعلق سمجھوتہ ہو گیا ہے۔

سمجھوتہ کے مطابق ایک مشترکہ گورنمنٹ ایجنسی قائم کی جائے گی جس کا کام جائداد کی ترسیل کے لئے انتظام کرنا اور لوٹس کی حفاظت ہو گا اس کے علاوہ ایجنسی کا یہ کام بھی ہو گا کہ دونوں ملکوں میں پناہ گزینوں کی جائداد منقولہ کے لئے جو سمجھوتہ ہوا ہے اس کو عملی جامہ پہنایا جائے ۔ ایک اسا ادارہ قائم کیا جائے جو ریل یا سڑک کے ذریعہ نقل و حرکت کی آسانیاں بہم پہنچائے یہ ادارہ اپنے ذاتی ٹرک چلائے گا ۔ اور اگر ضرورت ہوئی تو یہ ادارہ اپنی ذاتی مال گاڑیاں بھی چلائے گا۔

اس سلسلہ میں پناہ گزینوں کی شکایات سننا اور ان کی تلافی بھی اس ادارہ کا کام ہو گا سمجھوتہ مندرجہ ذیل علاقوں کے متعلق ہوا ہے پاکستان مغربی پنجاب ، صوبہ سرحد ، بلوچستان ، سیلو ... اور خیرپور ، سرحدی صوبہ اور بلوچستان کی وہ ریاستیں جو پاکستان میں شامل ہو گئی ہیں۔

مشرقی پنجاب ۔ دہلی ۔ مشرقی پنجاب کی تمام ریاستیں ۔ بیکانیر ، اجمیر وارڈ ... پٹیالہ یونین ... یونین ... بھرت پور ، دولپور اور یوپی کے مغربی اضلاع جن میں میرٹھ ، سہارنپور ، مظفر نگر اور دہرہ دون شامل ہیں۔

مندرجہ بالا اداروں کی تشکیل کے بعد یہ تفصیلات شائع کر دی جائیں گی کہ پناہ گزین کس طریقہ سے درخواستیں دیں۔

ماسکو میں مغربی طاقتوں کے نمائندوں میں اہم مشورے

روس اور امریکہ کے تعلقات کی خرابی کا اثر جرمنی پر نہیں پڑیگا

ماسکو ۲۶ راگست ۔ آج ماسکو میں برطانوی نمائندے نے امریکن نمائندے سے صلاح مشورے کئے یہ نہیں معلوم کہ بات چیت کیا ہوئی ۔ شبہ اس کا امکان ہے کہ اب کب یہ نمائندے باہمی طور پر بات چیت کریں گے تینوں مغربی قاصد وقتی ... کے دن کریملین میں مارشل اسٹالن سے ملاقات کی تھی مبصرین کا کہنا ہے کہ مارشل اسٹالن سے گفت و شنید کا یہ نتیجہ نکلا کہ حالات بہتر ہو گئے ہیں اور جرمنی کے مستقبل کے متعلق جاروں طاقتوں میں صلاح و مشورہ کے زیادہ امکانات پیدا ہو گئے تینوں قاصدوں کو مارشل اسٹالن کا ایک خط ملا ہے یہ نہیں معلوم کہ اس خط میں کیا لکھا ہے ۔ لیکن خیال ہے کہ روس کی طرف سے ... ظاہر کی گئی ہے کہ روس جرمنی کے متعلق تمام جھگڑوں کا پرامن حل چاہتا ہے باخبر سیاسی حلقوں کی رائے ہے کہ امریکہ میں روسی سفارت خانہ کے بند کر دینے سے ماسکو کی اس گفت و شنید پر کوئی اثر مرتب نہیں ہو گا یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ جرمنی کے متعلق موجودہ گفت و شنید ... ہے امریکہ میں روسی سفارت خانے کا خاتمہ ... کو تو ضرور ظاہر کرتا ہے جو روس اور امریکہ کے ...

دی مغل لائن لمیٹڈ

(ہندستان کی سب سے پرانی جہازراں کمپنی)

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کے لئے امسال ایک اور جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اسلامی ۔۔۔۔۔۔ ۵۸۷۹ ٹن

۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

درجہ اول ۔۔۔۔۔۔ -/۱۰۷۵ روپے

عرشہ ۔۔۔۔۔۔ ۳۰۵/۸ روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دی جائے گی ۔

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس ، جدّہ پر صفائی کے محصول اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۷۳ روپے ۸ آنہ ہوتی ہے ۔

زائرین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں انکی جگہ کا اندراج نہ ہو جائے ۔ اور کمپنی کی طرف سے انکو بمبئی پہنچنے کی ہدایت نہ دیدی جائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دی جا چکی ہے ۔

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

الجمعیۃ چھ صفحات پر شائع ہوا کریگا

عرصہ سے ہم محسوس کر رہے ہیں کہ اپنے ناظرین کرام کے سامنے تفصیلی خبریں اور مضامین پیش کرنے کے لئے اخبار کم از کم چھ صفحات پر شائع ہو لیکن حالات کی ناساعدت کی بنا پر ہم آج تک اس تخیل کو عملی جامہ نہ پہنا سکے ۔ خدا کا شکر ہے کہ آج ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ الجمعیۃ کو چھ صفحات پر شائع کر کے ناظرین الجمعیۃ کے اس مطالبہ کو پورا کر سکیں جو عرصہ سے وہ کر رہے ہیں ۔ چھ صفحات میں نہ صرف تفصیلی خبریں دی جا سکیں گی ۔ بلکہ وہ اہم مضامین بھی شائع ہو سکیں گے ۔ جو جگہ کی قلت کی بنا پر اشاعت پذیر ہونے سے رہ جاتے ہیں ۔ ناظرین اور ایجنٹ صاحبان مطلع رہیں کہ یکم ستمبر کے پرچے سے الجمعیۃ چھ صفحات پر شائع ہوا کریگا ۔ اور اس کی قیمت ۲ پیسہ رہے گی ۔

عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر

Kelso

WONDERFUL TUBERCULOSIS

تپ دق کا کامیاب علاج

کیلسو

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

یدُ اللّٰہِ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

سالانہ قیمت تیس روپے — ششماہی سولہ روپے — سہ ماہی آٹھ روپیہ آٹھ آنہ

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

سالانہ قیمت تیس روپے | جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۳ شوال المکرم ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۲۹ اگست ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۸۴ | فی پرچہ ۲ ، بذریعہ ہوائی جہاز ۲

مفتی اعظم فلسطین کی کمان میں عربوں کی خفیہ فوج میدان میں آنیوالی ہے

الحاج امین الحسینی عنقریب فلسطین میں داخل ہو جائینگے

بیت المقدس میں پھر لڑائی شروع ہوگئی مصری فوجوں کی پیشقدمی

لندن ۲۸ اگست۔ بیروت کی آمدہ اطلاعات مظہر ہیں مفتی اعظم فلسطین الحاج امین الحسینی کی قیادت میں عربوں کی ایک خفیہ فوج ارض مقدس کے لئے لڑائی شروع کرنے والی ہے جو فلسطین کے بیس ہزار جانبازوں پر مشتمل ہے ... توقع کی جاتی ہے کہ بہت جلد مفتی اعظم فلسطین میں جہاں سے انہیں ۱۹۳۷ء کی فلسطین جنگ کے دوران میں جلا وطن کر دیا گیا تھا داخل ہوں گے۔ اور اس فوج کی سرگرمیوں کی رہنمائی کریں گے۔ معلوم ہوا ہے عرب لیگ نے اس فوج کے لئے عرب ریاستوں کی مستقل فوجوں کی اس رپورٹ کے بعد اپنی منظوری دیدی ہے کہ صیہونیت کا قلع قمع کرنے کے لئے فلسطین کے جانباز ہی ایک مؤثر ہتھیار ثابت ہو سکتے ہیں۔

بیت المقدس میں جنگ

دریں اثناء اسرائیل فوج کے ہیڈکوارٹر کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ بیت المقدس میں مدد کی صبح کو پھر لڑائی شروع ہو گئی جبکہ مصری فوجوں نے گورنمنٹ ہاؤس ... کی کوشش کی۔

... بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی فوجوں نے ... زبردست فائرنگ کر کے مصری فوجوں کو واپس دھکیل دیا ...

... کل رات یہودی جنرل ... اسرائیل کے ... کی کوشش کی ... یہودیوں کے ہاتھوں شکست ... واپس کر دیا گیا۔

فورٹ لاڈرڈیل فلوریڈا کے ایک پیغام میں کہا گیا ہے کہ امریکہ کے محکمہ کسٹم کے افسران نے ... قسم کے چار لیار طیارے روک لئے ہیں۔ یہ طیارے اسرائیل جا رہے تھے۔ ... لیکن ابھی تک اس سلسلہ میں کسی شخص کو گرفتار نہیں کیا گیا ہے۔ ان طیاروں کو بغیر لائسنس کے برآمد کیا جا رہا تھا۔

یہودیوں کی طرف سے یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ عرب بار بار صلح کے معاہدہ کی خلاف ورزی کر رہے ہیں اور اقوام متحدہ کے مشاہدین عربوں کی حمایت میں ان کی خلاف ورزیوں کو نظرانداز کر رہے ہیں۔

ہندستانی ہوائی جہازوں کے حملے

حکومت پاکستان کو تشویش ہونے لگی

کراچی ۲۸ اگست۔ حکومت پاکستان کے ایک نمائندے نے ایک بیان میں کہا کہ حکومت ہند کی طرف سے ... حملہ کا جو جواب موصول ہوا حکومت پاکستان اس پر غور کر رہی ہے۔ منگل کے دن کی اطلاع ہے کہ ہندستان کے ہوائی جہازوں نے گلگت پر پھر حملہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ ۱۴ بم گرائے گئے۔ ایک بم ہسپتال کے زنانہ وارڈ پر گرا جس سے ایک حصہ ہلاک ہوگیا۔ ابھی تک صحیح طور پر نہیں معلوم ہو سکا کہ اس سے کتنے لوگوں کو نقصان پہنچا ہے لیکن یہ اندازہ کیا جاتا ہے کہ کئی آدمی زخمی اور سخت زخمی ہوئے۔ مالی نقصان بھی کافی ہوا ہے۔ یہ اطلاع ہے کہ سرحدی گاؤں کے رہنے والے ہندو اور سکھ اپنے گھر چھوڑ کر چلے گئے ہیں ... اس کا نتیجہ ہے کہ پاکستان سرحد پر ہندستانی ہوائی جہازوں نے حملہ کیا۔

شاہ ایران واپس آرہے ہیں

روم ۲۷ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ شاہ ایران برطانیہ، فرانس اور اطالیہ کے دورے کے بعد اب بدھ کے روز جزیرہ قبرص کو بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہوگئے ہیں۔ ... واپس تہران آرہے ہیں۔

ناگ پور ۲۶ اگست۔ پروفیسر ... جن کے برت کا کل سترہواں دن تھا۔ پرسوں صبح وار دھا روانہ ہو رہے ہیں۔ تاکہ مسٹر راجگوپال اچاریہ سے ملاقات کریں جو کل صبح سیوا گرام آشرم پہونچ رہے ہیں۔

پنڈت پنت مرکزی کابینہ میں؟

الٰہ آباد ۲۸ اگست۔ یہاں یہ افواہ ہے کہ پنڈت پنت وزیر اعظم یوپی مرکزی کابینہ میں شامل ہوں گے۔ مسٹر چیٹی کے استعفے کی وجہ سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ پنڈت پنت وزیر خزانہ کا عہدہ سنبھالیں گے۔

گلگت کے ریڈیو اسٹیشن پر ہمارے ہوائی جہازوں کا حملہ

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ اس سال میں دوسری مرتبہ ہندستانی ہوائی جہازوں نے گلگت ... بمباری ... کی۔ ... کیونکہ اس میں دنیا کے سب سے اونچے پہاڑ ... چوٹیاں ... بادلوں سے ڈھکی ہوئی تھی۔

ان مخالف حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے ہمارے دو ہوا باز منزل مقصود تک پہنچ ہی گئے۔ اس کے بعد سب خوش نظر آرہے تھے ہوا باز ... ہوائی جہازوں میں کیمپوں کے علاوہ تمام دوسری ضروری چیزیں موجود تھیں انہوں نے خاص طور پر ریڈیو اسٹیشن کو اپنا نشانہ بنایا۔ حملہ کے بعد سخت گہرے سیاہ بادل اٹھتے ہوئے دکھائی دیئے جس کا مطلب یہ ہے کہ حملہ کامیاب رہا۔ اس پریس کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ دشمن کی چوکیوں پر بھی حملہ کیا گیا ... ہوائی جہازوں نے ... کوٹلی اور بھمبر کے علاوہ ... چوکیوں پر بھی حملے کئے۔

پاکستان کے لئے بیس لاکھ ڈالر

پائپ لائن کی فروخت کا حصول

کراچی ۲۶ اگست۔ حکومت پاکستان نے میکسیکو کی ایک فرم کو مشرقی بنگال ... میل لمبی پائپ لائن لے جانے کی اجازت دے کر بیس لاکھ ڈالر کمانے ہیں یہ لائن ... ہے اس کا وزن دس ہزار ٹن ہے ... اگلے ستمبر کے پہلے ہفتہ سے ... شروع ہو جائے گا ... میکسیکو کی فرم نے ... اور اس کمپنی نے یہ لائن امریکہ کی حکومت کے ... زمانہ جنگ میں ... کے لئے بنائی گئی تھی۔

مدراس اسمبلی میں نکاح کے متعلق بل

مدراس ۲۲ اگست۔ آج غیر سرکاری کارروائی کے دوران میں الیان نے ہندوؤں میں دو شوہر یا بیویاں رکھنے کی ممانعت کے بل کی دوسری خواندگی پیش کی۔ اسی بل کو مسٹر کالیسوراؤ نے پیش کیا ہے اور اس کے ذریعہ چھوڑ کر چلے جانے، برا سلوک کرنے اور تبدیل مذہب کی صورت میں طلاق کا حق دیا گیا ہے۔ بحث کے دوران میں اس مطلب کی ترمیم بھی پیش ہوکر منظور ہوئی کہ طلاق کے مقدموں کی سماعت بند کمرے میں ہوا کرے۔ اسمبلی تین ستمبر تک ملتوی ہو گئی۔ اسمبلی کے اگلے غیر سرکاری دن میں یہ بل منظور ہو کر قانون کی شکل اختیار کر لیگا۔

بالا بار ہل پر مسٹر جناح کا بنگلہ

حکومت بمبئی قبضہ کرلے گی

بمبئی ۲۸ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ بمبئی میں مالا بار ہل پر مسٹر جناح کا جو بنگلہ موجود ہے ... کے بعد ... اور مسٹر جناح کا تاریخی ملاقات ہوئی تھی اس پر حکومت بمبئی قبضہ کرے گی اور کسی دوسرے شخص کو رہنے کے لئے دیدے گی۔

یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ اس بارہ میں مسٹر جناح کی رضامندی حاصل کر لی گئی ہے۔

کلکتہ میں نظام کے محل پر سرکاری قبضہ

کلکتہ ۲۶ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت مغربی بنگال نے سرکاری دفاتر اور اعلیٰ افسروں کی رہائش کے لئے کلکتہ میں نظام کے محل ... پر قبضہ کر لیا ہے اور اس قانون کے تحت ... نظام کی جائداد کے انتظامات ... ٹرسٹیوں کی تشکیل کر لی گئی ہے۔

یہ محل ... ہے اور ... ہزار روپیہ ... گذشتہ جنگ میں بھی ... مرکزی حکومت نے اسے سرکاری استعمال کے لئے حاصل کیا تھا۔

ہندو شریعت بل پر غور و خوض

کانگریس پارلیمنٹری پارٹی کا اہم اجلاس

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ آج کانگریس پارلیمنٹری پارٹی کے اجلاس میں ہندو شریعت بل پر دو گھنٹہ تک بحث و مباحثہ ہوتا رہا اور آخر میں پنڈت نہرو نے بل کی حمایت میں ایک زبردست مدلل تقریر کی۔ اس تقریر کا ایک دلچسپ نتیجہ یہ نکلا کہ مخالفین کا بالاتفاق اور متفقہ طور پر یہ طے کر لیا کہ موجودہ پارلیمنٹ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس بل پر غور و خوض کر کے کوئی فیصلہ صادر کرے اس کے بعد پارٹی نے ایک تجویز منظور کی کہ موجودہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں اس بل پر غور کیا جائے جیسا کہ منتخبہ کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں تجویز کیا ہے۔ اس کے بعد بجٹ اجلاس میں ہر دفعہ پر تفصیلی بحث ہو۔ اجلاس مذکور میں تمام ممتاز ممبران شریک تھے۔ سردار پٹیل، پنڈت نہرو، ڈاکٹر امبیدکر، شیام پرشاد مکرجی، مسٹر گیڈگل، مولانا آزاد، راجکماری امرت کور، مسٹر موہن لال سکسینہ، مسٹر جگجیون رام وغیرہ شریک تھے۔

قیدیوں کے تبادلہ کے انتظامات

لاہور ۲۸ اگست۔ حال ہی بین الملکتی کانفرنس میں قیدیوں کے تبادلہ کی بابت جو سمجھوتہ ہوا تھا اس کے ماتحت مغربی پنجاب سے قیدیوں کو ہند لانے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ مغربی پنجاب سے قیدیوں کی منتقلی ستمبر کے دوسرے ہفتے میں شروع ہو جائیگی۔

کراچی ۲۷ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ سندھ کے سابق وزیر اعظم مسٹر کھوڑو حکومت سندھ کی مقرر کردہ عدالت کے خلاف پریوی کونسل سے اپیل کریں گے۔

ملایا میں کمیونسٹوں کی بغاوت نازک صورت حال اختیار کر گئی

حکومت برطانیہ ملایا کی فوج میں انگلستان سے کمک بھیج رہی ہے

سنگاپور ۲۷ اگست۔ برطانیہ سے ۲۰۰ آدمیوں کو فوج میں بھرتی کر کے ملایا بھیجا جا رہا ہے حالانکہ وہاں کی فلسطین سے بھی ہوائی فوج کو امداد حاصل ہو سکے جو کمیونسٹ گوریلا لڑاکوں کے خلاف مصروف پیکار ہے۔

آج نئے مقابلوں کی اطلاع موصول ہوئی۔ حکومت کی طرف سے مزید اسلحہ فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ حکومت کے ایک نمائندے نے بتایا کہ اسپیشل کانسٹبلان ایک لاکھ ۵۵ ہزار کانسٹبلوں کو جن کو مقامی طور پر بھرتی کیا گیا ہے۔ تربیت دیئے ... اور ان کی اس جنگ میں جو کمیونسٹوں کے خلاف لڑی جا رہی ہے مدد دیں گے۔ ٹین کی کانوں اور ربڑ کے باغوں کی حفاظت کرنے والے کانسٹبلوں کے لئے مزید اسلحہ اور گولہ بارود کی ضرورت ہے۔

(بقیہ صفحہ ۲ کالم اول پر)

کابینہ کیلئے حفاظتی دستہ

دہلی ۲۸ اگست۔ یوپی پراونشل آرمڈ کانسٹبلری کا ... آدمیوں پر مشتمل ایک دستہ دہلی لایا گیا ہے معلوم ہوا ہے یہ سپاہی کابینہ کے وزیروں اور دوسرے سرکاری افسروں کی حفاظت کے فرائض انجام دیں گے۔ موجودہ حفاظتی دستہ کو سبکدوش کر دیا جائیگا۔ معلوم ہوا ہے کہ دہلی کے انسپکٹر جنرل پولیس چودھری ... نے کل اس دستہ کا معائنہ کیا۔

جلد از جلد فوجی مشیر مقرر کیا جائے

کشمیر کمیشن کی اقوام متحدہ سے مکرر درخواست

دہلی ۲۷ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ کشمیر کمیشن کے ممبروں نے اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری مسٹر ٹریگو لی کو ایک تار بھیجا ہے جس میں اس امر کی سخت ضرورت بتائی گئی ہے کہ ایک فوجی مشیر مقرر کر دیا جائے۔ درخواست میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سکریٹری کو اس کے لئے تیار ہو جانا چاہئے کہ ... مطالبہ کیا جائے ... ۳۰ اگست کو بھی اقوام متحدہ سے درخواست کی تھی۔

ان مشاہدین میں سے ... فوجی افسر اور ۲۰ جونیئر فوجی افسر ہوں گے ان میں سے دو دو کی جماعتیں بنائی جائیں گی۔

کمیشن نے یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ دو ... کا ایک وفد ... حیدرآباد کی ریاست کا اقتصادی اور سیاسی جائزہ لیں۔ ۳۰ اگست اسی وفد کے روانہ کرنے کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ ان کے ہمراہ کمیشن کے سکریٹریٹ کے بعض ممبران بھی ہوں گے ... دس بجے کمیشن کا پھر اجلاس منعقد ہوگا۔

اتحادی اقوام کی اسمبلی میں پاکستانی وفد

کراچی ۲۸ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ... اقوام متحدہ کے اجلاس میں پاکستانی وفد ... مشرقی بنگال، ... کے معاشیات کے ... اسپیکر ... حکیم محمد احسن کراچی کے ... میں شامل ہوں گے۔

مغربی طاقتوں کے خلاف برلن میں کمیونسٹوں کے زبردست مظاہرے

شہر کے ہال پر حملہ۔ کھڑکیاں وغیرہ توڑ دی گئیں

لندن ۲۷ اگست۔ کمیونسٹوں کی رہنمائی میں مظاہرین کی ایک بہت بڑی تعداد نے جن کے پاس ... تھیں شہر ہال پر چڑھائی کر دی۔ یہ لوگ شہر کے موجودہ نظم کے خلاف مظاہرہ کر رہے تھے۔ کیونکہ حکام شہر مغربی طاقتوں کی طرف مائل ہیں۔

... کر رہے ہیں۔ برلن کے روسی علاقہ میں مظاہرین نے شہر کے ہال کی کھڑکیاں وغیرہ توڑ ڈالیں۔ ... مظاہرین کی حرکات کو بہت پسند کیا اور تالیاں بجائیں اور بین الاقوامی ترانے گائے۔ چونکہ ... کا اندیشہ تھا اس لئے شہر کی اسمبلی کا اجلاس منعقد ہونے کا ... مظاہرین نے ایک وفد شہر کے قائم مقام میئر کے پاس ... اور سال گرکے یہ مطالبہ کیا ہے کہ ... کے جمہوری پروگرام کو منسوخ کرایا جائے ... قائم مقام میئر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ شہر کے حکام مظاہروں کے باوجود اپنے عہدوں پر ... رہیں گے۔ کیونکہ ان کو سوشل ڈیموکریٹ اکثریت حاصل ہے۔

کمیونسٹوں کے اس مظاہرے کے جواب میں ... حلقہ میں ایک مظاہرہ برلن کے ان باشندوں کی طرف سے ہوا جو مغربی طاقتوں کی طرف مائل ہیں اور روسیوں کے خلاف ہیں۔ یہ مظاہرین پبلک اسکوائر میں جمع ہوگئے جہاں لاؤڈ اسپیکر نصب کئے گئے تھے۔

ماسکو میں اس وقت تینوں مغربی نمائندے ... ملاقات کی تیاریاں کر رہے ہیں اور یہ توقع کی جا رہی ہے کہ اس ملاقات کے بعد جرمنی کی سندی جنگ ختم ہو جائے گی۔

لندن کے باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ مارشل اسٹالن اور مغربی نمائندوں کی پیرکی ملاقات میں عام طور پر سمجھوتہ ہو چکا تھا اب دوسری ملاقات کا صرف یہ مقصد ہے کہ تفصیلات اور طریق کار پر بھی گفت و شنید ہو جائے اور یہ قضیہ ختم ہو جائے۔ پیر کے دن کی ملاقات میں برلن کی کرنسی کی اصلاح کے متعلق باہمی اتفاق رائے ہوگیا تھا اگر یہ دوسری ملاقات بھی کامیاب رہی تو توقع ہے کہ چاروں مغربی طاقتیں اپنے فوجی گورنروں کو ہدایت دیں گی کہ موقع پر گفت و شنید شروع کر دی جائے۔ کل شام کو برطانوی کابینہ کا ایک مخصوص اجلاس ماسکو گفت و شنید پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا تھا۔ مسٹر بیون نے ان کی صدارت کی تھی۔ مسٹر بیون نے اجلاس سے قبل وزیر اعظم برطانیہ مسٹر ایٹلی سے ہسپتال میں بھی ملاقات کی تھی مسٹر ایٹلی ہسپتال میں ہیں جہاں ان کا ...

ہند اور حیدرآباد کی سرحد پر دو گھنٹہ تک فائرنگ

بیزواڑہ ۲۸ اگست۔ آج کرشنا اور پالم میں تقریباً دو گھنٹہ تک حیدرآباد اور انڈین یونین کی پولیس نے ایک دوسرے پر گولیاں چلائیں کرشنا اور پالم کرشنا میں حیدرآباد کی سرحد پر انڈین یونین کے علاقہ میں ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔ ابھی کسی قسم کے اتلاف جان کی اطلاع نہیں ملی کہا جاتا ہے کہ نظام کی پولیس نے نظام کے علاقہ میں واقع ایک گاؤں سے فائرنگ شروع کی جس کا انڈین یونین کی پولیس نے جواب دیا۔ شمالی حلقہ کا انسپکٹر جنرل پولیس جائے واردات کو روانہ ہو گیا ہے۔

دہلی میں گندگی کی ذمہ داری عوام پر ہے ہیلتھ افسر کا بیان

دہلی ۲۸ اگست۔ دہلی میونسپلٹی کے ہیلتھ افسر مسٹر ماتھر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ "دہلی کی صفائی کی حالت کو بہتر بنانا اس وقت تک مشکل ہے۔ جب تک کہ عوام میونسپلٹی کے ساتھ تعاون نہ کریں"۔ انہوں نے کہا کہ جب بارہ لاکھ آدمی شہر کو گندہ کرنے میں لگے ہوئے ہوں تو آپ ڈھائی ہزار بھنگیوں سے یہ توقع نہیں کر سکتے کہ وہ اس برائی کو دور کر سکیں گے۔

(باقی صفحہ ۳ پر)

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۹ راگست ۱۹۴۸ء

اے فلسطین!

برطانیہ نے فلسطین کے عربوں کو جس طرح دھوکا دیا ہے اسے ایک ذرا سی نظر دیکھنے کی ضرورت ہے اور اب وہ امریکہ کو درمیان میں لاکر تماشہ دیکھ رہا ہے، کوئی مانے یا نہ مانے فلسطین کی موجودہ صورت حال کا ذمہ دار برطانیہ ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے برطانیہ کی سوچی سمجھی تجویز کے مطابق ہو رہا ہے اور اس چالاکی سے ہو رہا ہے کہ عربوں کو اس سازش کا احساس تک نہیں وہ اب بھی یہ سمجھ رہے ہیں کہ اسرائیلی حکومت کے بنانے میں صرف امریکہ کا ہاتھ ہے اور روس رقابت اور مسابقت کی وجہ سے یہود کا ساتھ دے رہا ہے حالانکہ تقسیم کا نقشہ، موجودہ آویزش کا خاکہ اور اسرائیلی حکومت کے قیام کی تمہید میں ابتدا سے برطانیہ ہی کا ہاتھ رہا ہے اور اب بھی جو کچھ ہو رہا ہے وہ اسی کی مین منشا کے مطابق ہے، گو برطانیہ نے اسرائیلی حکومت کو سرکاری طور پر تسلیم نہیں کیا مگر اس کا تسلیم نہ کرنا بھی یہود کی حمایت ہے وہ اسی پردہ میں عربوں کو فریب دے رہا ہے، اندرونی اشارے کچھ ہیں اور باہر کی گفتگو میں کچھ اور نتیجہ یہ کہ عرب اس فریب میں مبتلا ہو کر نہ اپنی فوجی طاقت کا اندازہ لگا سکتے ہیں اور نہ فلسطین کی جنگ کے نتائج و مضمرات کا ادراک کر سکتے ہیں۔

یہود کی کوشش اب یہ ہے کہ پورے شہر بیت المقدس پر قبضہ کر لیں تاکہ شرق اردن کے پایہ تخت عمان سے اس کا رشتہ منقطع ہو جائے اور عربوں کو بیرونی عربوں کی موثر امداد بہم نہ پہنچ سکے، اس وقت بیت المقدس کے نئے حصہ پر یہود کا قبضہ ہے اور پرانے پر عربوں کا، ارادہ یہ ہے کہ یہود اس پرانے حصہ پر بھی قابض ہو جائیں اور آئندہ اقدام کے لئے ایک نئی راہ پیدا کر لیں، عرب شروع ہی سے کہتے تھے کہ یہودی ساحلی علاقوں پر قانع نہیں رہیں گے اور اندرون ملک پر چھاپہ مارنے کے لئے جنگ کو طول دیں گے، چنانچہ اب نام نہاد اسرائیلی حکومت کے نام نہاد وزیر اعظم نے عربوں کے اس اندیشے کو حق بجانب ثابت کر دیا ہے اس نے صاف صاف کہدیا ہے کہ متحدہ اقوام نے فلسطین کی جو تقسیم کی ہے ضروری نہیں کہ اس کے حدود برقرار رہیں اور اسرائیلی حکومت انہیں ماننے پر مجبور ہو۔ اس کا مطلب یہ کہ فلسطین کے تقسیم شدہ نقشہ میں جو حصہ یہود کو دیا گیا وہ اس میں اپنی سلطنت قائم کر کے سارے فلسطین پر قبضہ جمانے کی کوشش کریں گے، اور پھر شرق اردن شام اور ملحقہ عربی علاقوں کو ہضم کرنے کی تدبیر عمل میں لائیں گے۔

یہود کی خوش قسمتی یہ ہے کہ امریکہ ان کی پشت پر ہے روس ان کا پشتیبان ہے، مشرقی یورپ کی ہر طاقت ان کی معاون ہے، اور باہر کے سرمایہ دار یہودی ان کی بے پناہ امداد کر رہے ہیں، اسی کے ساتھ فلسطین کے یہود میں اتحاد و ہم آہنگی ہے اور وہ اس قدر مضبوط ہیں کہ باہر کی کوئی طاقت ان کی صفوں میں انتشار پیدا نہیں کر سکتی۔

لیکن عربوں کا حال اس سے بالکل مختلف ہے امریکہ اور روس ان کے مخالف ہیں برطانیہ غیر جانبدار رہ کر ان کی جڑیں کاٹ رہا ہے، ان کی فوجی پوزیشن افسوسناک حد تک کمزور ہے، جدید اسلحہ سے ان کے میگزین خالی ہیں اور ان کے ہوائی جہاز اور توپیں برطانی کارخانوں میں مقفل پڑے ہیں اس کے ساتھ ان میں نہ اتحاد اور ہم آہنگی ہے نہ سرمایہ کی افراط، صرف اللہ کے بھروسہ پر اور عربی روایات کے سہارے مقابلہ پر ڈٹے ہوئے دست غیب کے انتظار میں وقت ضائع کر رہے ہیں فلسطین کی پہلی عارضی صلح سے یہود کو بے حد فائدہ پہنچا وہ سپاہی، اسلحہ اور ہر قسم کی بیرونی امداد سے مالا مال ہو گئے اور انہوں نے اپنی تمام کمزوریاں دور کیں دوسری عارضی صلح تو یقیناً ان کے حق میں فتح مبین ثابت ہوئی اور اس قدر مضبوط ہو گئے کہ مجلس متحدہ اقوام کی تجاویز تک کو نظر انداز کر دیا، اس کے مقرر کردہ ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کو بھی وہ خاطر میں نہیں لاتے اور اب تو انہوں نے صاف صاف کہدیا ہے کہ سلامتی کونسل کا کوئی فیصلہ ان پر اثر انداز نہیں ہوگا، اور وہ اپنی قوت کے بل بوتے پر فلسطین کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

عربوں کے لئے سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ جن عربوں کو یہودی علاقوں سے نکالا گیا ہے انکی تعداد تین لاکھ ہے، اور عرب علاقوں کے جو یہودی نکالے گئے ہیں ان کی تعداد کل ۶۵ ہزار ہے یہود نے تو اپنے آدمیوں کو عربوں کی جگہ آسانی سے آباد کر دیا لیکن تین لاکھ عربوں کے لئے پناہ کی کوئی جگہ نہیں رہی، عربوں میں اتنی سکت نہیں کہ اتنی بڑی تعداد کو از سر نو آباد کر سکے اس کی کفالت کر سکیں اور اقتصادی بحران پیدا نہ ہونے دیں اسی بنیاد پر کاؤنٹ برناڈوٹ نے امریکی وزارت خارجہ کو مطلع کیا ہے کہ عرب پناہ گزینوں کے مسئلہ نے مشرق وسطی کو ایک زبردست بربادی سے دوچار کر دیا ہے اور اس کی وجہ سے بیت المقدس کی جنگی صورت حال بھی قابو سے باہر ہوتی جا رہی ہے غرض فلسطین کے حالات عربوں کے لئے ناسازگار ہیں اب سوال یہ نہیں رہا کہ ارض مقدس کی تقسیم ہو یا نہ ہو، بلکہ سوال یہ پیدا ہو گیا ہے کہ فلسطین کے عرب حصہ کو یہود کی دستبرد سے کس طرح بچایا جائے اور اس کے بعد شرق اردن کو بچانے کی تدبیر کیا ہو؟

صفایا

چور بازاری اور ذخیرہ اندوزی سارے ملک کو تباہ کر رہی ہے مگر دنیا کے اس سب سے بڑے جرم کا ارتکاب ہر جگہ ہو رہا ہے، حکومتوں کے پاس فوج اور پولیس ہے اس کے باوجود اس جرم کا انسداد نہیں ہو سکا، یورپ بھی اسی بیماری میں مبتلا ہے اور وہاں کے مدبر بھی اس کے سامنے ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو گئے ہیں، اس ناکامی کی وجہ یہ ہے کہ اس جرم کو حکام کا اشتراک اور تعاون حاصل ہے اس مصیبت نے فروغ ہی حکام کے بل بوتے پر پایا ہے اور اس کا انسداد بھی اسی وقت ہوگا جب حکام کو توبہ کی توفیق نصیب ہوگی۔

... کا قبضہ ہے چند گھنٹوں میں بلیک مارکیٹ اور ذخیرہ اندوزی کی وبا سے پاک کر دیا گیا، ... ادھر جرائم کی شہ رگ کٹ گئی گویا روس کیلئے کوئی بات ناممکن نہیں، ... آجائے اسے روس کے حوالہ کر دو، چند ہی گھنٹوں میں اس کا نشان تک مٹ جائے گا۔

روس کے ہاتھ میں خدائی نہیں ہے، صرف یہ ہے کہ حکام بیدار اور مخلص ہیں قانون سخت اور سزا عبرتناک ہے، ارادوں میں پختگی اور عمل میں حرکت ہے! جب تک حکومت اور حکام ہم فکر اور ہم آہنگ نہ ہوں، لاقانونیت اور جرائم کا انسداد نہیں ہو سکتا! یہاں حکام کی رشوتیں ہیں اور چور بازاروں کے حوصلے، حکومت کچھ چاہتی ہے اور ہوتا کچھ اور ہے۔ اور یہاں صورت حال یہ ...

پاکستان بہ خان بادشاہ

اب کہاں وہ فصل گل میں لطف آغوش چمن
بجھ چکا ہے تند جھونکوں سے چراغ انجمن
ڈالی ڈالی پر تصرف کا زمانہ اب نہیں
دیدۂ امروز میں ہے اشک مرگ آرزو
چھن گئی آزادی رنگینی دور حیات
آشیاں کے ساتھ تھا کیف و سکون آشیاں

لمحہ لمحہ زندگی کا ہے پابند محن
صبح عشرت پر ہے شام نامرادی خندہ زن
دل شکن ہے پتے پتے کی جبین پر شکن
خواب بے تعبیر بن کر رہ گیا خواب کہن
خارزاروں میں ہیں قید دام غم گل پیرہن
فرصت گفتن ہی باقی ہے نہ جائے دم زدن

نے بخاموشی نہ با فریاد باید زیستن
در قفس با مرضی صیاد باید زیستن

پانچویں کالم ہوتے ہیں حکومت کے یہ دیسی نجات دہندہ

انجمن اتحاد و ترقی کے جلسہ میں پنڈت شکل اور پنڈت سندر لال کی تقریریں

[illegible]

پنڈت سندر لال کی تقریر

[illegible]

دنیا کے دو حصے

[illegible]

غلام بنانے کی چال

[illegible]

جشن آزادی

بمبئی بذریعہ ڈاک ۔ جشن آزادی ... ۱۵ راگست ... ایک جلسہ عام زیر صدارت ... صاحب منعقد ہوا۔

صدر جلسہ اور جناب حافظ محمد ... میونسپل کمشنر مرادآباد نے ... پر تقریریں کیں ... کی اپیل کی گئی ... ایسوسی ایشن بنائی گئی ...

۱۵ راگست کو جشن آزادی منایا گیا ... مساجد میں دعا کی گئی، شام کو ... ایک جلسہ ... صاحب صدر، اور منشی نعمت حسین کے علاوہ دیگر حضرات نے تقاریر کیں۔

بچوں کی تمباکو نوشی
مدراس اسمبلی میں امتناعی بل

مدراس ۲۳ راگست ... مدراس اسمبلی میں ایک ... کے سوال پر وزیر ... نے کہا صوبہ میں بچوں کی سگرٹ نوشی روکنے کے لئے حکومت ایک مسودہ قانون پر غور کر رہی ہے ... کیا پان چبانا بھی ممنوع قرار دیا جائے گا ... دیا کہ اس بل میں پان چبانے کا کوئی ذکر نہیں

سوال: کیا کوئی ایسی تجویز بھی زیر غور ہے جس کے ماتحت بچوں کو تمباکو نوشی کرنا بھی ممنوع قرار دیا جائے گا جواب ... نہیں

ہمیں لڑانے کیلئے اسلحہ کی تیاری

[illegible]

اسلحہ کہاں سے آئے

[illegible]

فرقہ پرستی کو ختم کرو

[illegible]

دار السلطنت
(۲۷ راگست)

کپڑے کا راشن دہلی کے پارچہ فروشوں نے دہلی کے چیف کمشنر سے درخواست کی ہے کہ کپڑے کے جزوی راشن کی بجائے مکمل راشن کیا جائے ... دہلی کی یہ حیثیت برقرار رکھی جائے ... اضلاع مشرقی پنجاب ... ریاستوں ... ہو چکا۔

دہلی میں گرفتاریاں اس ماہ میں ... حکومت ہند کے خلاف سرگرمیوں کے الزام میں گرفتار کئے گئے ہیں۔ گرفتار شدگان میں بعض ایسے مسلمان بھی شامل ہیں جو پاکستان سے ہندی ہائی کمشنر کے دفتر سے پرمٹ لیکر آئے تھے۔

بجلی کے سامان کا چور

[illegible]

حکومت ہند کی نئی اسکیم

[illegible]

مقدمۂ قتل کا فیصلہ

[illegible]

عورتوں نے کانسٹبل کی مرمت کر دی

[illegible]

گمشدہ کی تلاش

[illegible]

آپکے یہاں شادی ہے؟

[illegible]

ڈی۔ بی اینڈ کو کنٹرول مراد آباد

اسمبلی میں سوالات:

حیدرآباد کو اسلحہ کی فراہمی۔ ممالک خارجہ میں ٹیکنیکل تعلیم
رضاکاروں کے حملے۔ جرمن انجنیئر کو ملک سے نکل جانیکا حکم
اخبارات کے خلاف کارروائی

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ نائب وزیر اعظم سردار پٹیل نے آج دستور ساز اسمبلی میں سوالات کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت کے پاس اس قسم کی کوئی اطلاع نہیں ہے کہ کوئی یورپین ملک حیدرآباد کو کراچی کے راستے بذریعہ ہوائی جہاز ہتھیار اور گولہ بارود بہم پہنچا رہا ہے۔ سردار پٹیل نے کہا کہ حیدرآباد کو ہتھیار سپلائی کرنے کے معاملے میں بعض غیر ملکی اپنی انفرادی حیثیت میں ملوث ہو سکتے ہیں لیکن حکومت کو معلوم نہیں آیا کوئی یورپین حکومت بھی اس کام میں شریک ہے۔ حکومت کو یہ بھی معلوم نہیں آیا مسٹر سڈنی کاٹن کے ہوائی جہازوں کے علاوہ اور کوئی غیر ملکی جہاز ہتھیار سپلائی کرنے کے کام میں لائے گئے ہیں۔ سردار پٹیل نے ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت کو معلوم ہے کہ ہوائی جہاز ہتھیار اور گولہ بارود وغیرہ کراچی سے حیدرآباد کو روانہ ہو رہے ہیں۔ لیکن یہ معلوم نہیں کہ ہتھیار کس ملک سے آتے ہیں۔ پاکستان گورنمنٹ سے احتجاج کرنے کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا ...

اور دیگر تعمیر کرنے والے مشہور ماہر انجنیئر مسٹر اینڈ لیوس رب کے بارے میں پوچھا کہ کیا ان کو اور ان کی بیوی کو ملک سے نکل جانے کا حکم دیا گیا ہے اور کیا بڑودہ کی پریوی کونسل کے حکم کی خلاف ورزی کر کے مسٹر رب اور ان کی بیوی کو حکومت بڑودہ نے حکومت ہند کے احکام کے ماتحت گرفتار نہیں کیا۔ مسٹر رب حکومت بڑودہ کے ٹیکنیکل معاملات کے مشیر ہیں۔ سردار پٹیل نے جواب دیا کہ مسٹر لیوس رب نام کا ایک غیر ملکی اور اس کی بیوی کو ملک سے نکال دیئے جانے کا حکم دیا گیا ہے۔ بڑودہ کی پریوی کونسل کے امتناعی حکم پر عمل درآمد سے قبل ہی بڑودہ ہائی کورٹ کے ایک حکم کی رو سے مسٹر رب اور ان کی بیوی کو حکومت ہند کے حوالے کر دیئے گئے۔

اس پر مسٹر کامتھ نے پوچھا کیا یہ درست ہے کہ مسٹر رب نے بڑودہ میں ہوائی جہاز بنانے کی ایک فیکٹری تیار کی ... بہت جلد کلاسٹر تیار کرنے ... ہندستان میں ...

گیانی گورمکھ سنگھ مسافر نے پوچھا کیا وزیر داخلہ بتائیں گے کہ کلکتہ کے بین الملکی معاہدہ کی خلاف ورزی کے سلسلے میں کن کن اخبارات کے خلاف کارروائی کی گئی۔ سردار پٹیل نے جواب دیا کہ صرف دو اخبارات کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ یہ مغربی بنگال کے بنگالی زبان کے ہفتہ وار اخبار ... اور ... کے ہندی ہفت روزہ اخبار ...

... آزاد نے ... بیرونی ممالک میں ہندوستانی طلباء کی ٹیکنیکل تعلیم بابت حکومت ہند کی پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ... کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق حکومت ہند اس پر غور کر رہی ہے اور عنقریب کوئی فیصلہ ہو جائے گا۔

رضاکاروں کے حملے مسٹر کامتھ کے سی پی اور برار کے علاقے میں رضاکاروں اور حیدرآباد کے شرپسند عناصر کے حملوں اور جان و مالی نقصان ہوا اس کی بابت ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا حکومت ہند کی معلومات کے مطابق سی۔ پی اور برار کے علاقوں میں ... حملے ہوئے جن میں ... آدمی ہلاک ہوئے اور ... زخمی ہوئے۔ ان حملوں میں ایک لاکھ کا مالی نقصان ہوا۔ اس پر مسٹر کامتھ نے پوچھا کیا کسی موقعہ پر ہماری پولیس نے حیدرآبادی سرحد میں حملہ آوروں کا پیچھا کیا۔ سردار پٹیل نے جواب دیا ہاں ... ان کا پیچھا کیا جاتا ہے۔

مولانا حسرت موہانی نے سوال کیا کیا یہ صحیح ہے کہ رضاکار ہندوستانی حملہ آوروں کا تعاقب کرتے ہوئے ہندوستانی علاقے میں داخل ہو جاتے ہیں۔ سردار پٹیل نے کہا کہ ایسا ... ہمارے علم میں نہیں آیا ہوگا۔ سردار پٹیل نے ایک دوسرے سوال کے جواب میں بتایا کہ حیدرآباد کے خلاف جو تدابیر اختیار کی گئی ہیں ان کا مقصد اس ناکہ بندی ... حکومت نے صرف یہ کیا ہے کہ ہتھیار وغیرہ حیدرآباد میں داخل نہ ہو سکیں۔ مسٹر کامتھ نے ہوائی جہازوں کا نقشہ بنانے والے ...

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل:

بمبئی کے ٹیکسی ڈرائیور کی شہادت

لال قلعہ ۲۶ اگست۔ آج مسٹر آتما چرن اسپیشل جج جو ناتھورام گوڈسے اور سات دوسرے ملزمین کے خلاف مقدمہ کی سماعت کر رہے ہیں ان کی عدالت میں استغاثہ کے مزید چار گواہ پیش کئے گئے۔

آتما رام شانتا رام کوتیان نے جو بمبئی میں ٹیکسی چلاتا ہے ناتھورام گوڈسے۔ آپٹے۔ شنکر اور بڈگے کو شناخت کر لیا اور کہا کہ ۱۷ جنوری ۱۹۴۸ء کو ان لوگوں نے اس کی ٹیکسی میں سفر کیا۔ گواہ نے کہا کہ انہوں نے مجھ سے ... چلنے کے لئے کہا۔ اور جب ... پہونچا تو مجھے لال باغ چلنے کے لئے کہا گیا۔

ناتھورام گوڈسے کے وکیل مسٹر وی۔ وی۔ اوک کی جرح پر کوتیان نے کہا کہ وہ گذشتہ بارہ سال سے ٹیکسی چلا رہا ہے۔

مسٹر اوک۔ تمہیں کیسے یاد ہے کہ تم ان لوگوں کو اپنی گاڑی میں ۱۷ جنوری کو لے گئے۔

جواب۔ میرے مالک اور پولیس نے مجھ سے ۹ فروری کو اس بارے میں دریافت کیا تھا اور میں نے ... ڈائری دیکھ کر جواب دیا تھا۔ اس لئے مجھے یاد ہے۔

مسٹر اوک۔ کیا ۹ فروری کو ان ملزموں میں سے کسی کو تمہیں دکھایا گیا۔ جواب۔ جی نہیں۔

سوال۔ ... ملزموں کو تمہیں ان لوگوں سے ... ۱۸ / ۵۵ ... ملے۔ جواب جی ہاں۔

شنکر کے وکیل کی جرح

شنکر کے وکیل مسٹر ... کی جرح پر گواہ نے کہا کہ ... جب میری گاڑی ... پر رکی تو شنکر وہاں اترا اور دو دوسرے آدمیوں کے ساتھ آیا۔ ... شنکر گاڑی سے اترا اور دوسری سواریوں کو ... ساتھ لایا۔

مسٹر انعام اللہ کی جرح پر گواہ نے کہا کہ آخری ...

اور جب ... لال قلعہ گیا تو میں ... روز ... میں ... بمبئی پولیس ... کے دفتر کے قریب گاڑی کی جگہ سے شنکر اور بڈگے کو گاڑی میں سوار ہوتے ...

سوال۔ تم کتنے عرصے سے گاندھی کیمپ میں رہتے ہو۔ جج۔ کیا آپ گواہ سے سیاسی سوالات کرنا چاہتے ہیں (قہقہہ)

مسٹر انعام اللہ۔ جی نہیں جناب۔

گواہ۔ میں پندرہ سال سے گاندھی کیمپ اور راشٹریا ... ہوں۔ گواہ نے مزید بتایا کہ میں نے مختلف جگہوں کے نام جہاں جہاں میں گیا نوٹ نہیں کیا ... اپنی ڈائری میں ان سواریوں کی تعداد بھی نہیں لکھتا جو میں اپنی ٹیکسی میں لے جاتا ہوں۔

بمبئی کے ایم ایل اے کی گواہی

گنپت ... گجرات جو بمبئی اسمبلی میں ... ممبر ہیں اور جو عدالت میں پیش ہونے والے دوسرے گواہ تھے۔ انہوں نے وعدہ معاف گواہ بڈگے کو شناخت کیا ...

... کا جرح کے بعد دفتر ... کے ختم ہونے سے ... وقت ... سماعت ...

حکومت مشرقی بنگال نے جہاز اور پولیس کو نظر بند کر دیا

حکومت مغربی بنگال کی طرف سے احتجاج اور رہائی کا مطالبہ

کلکتہ ۲۸ اگست۔ حکومت مغربی بنگال کے اعلان میں بتایا گیا ہے کہ مغربی بنگال کی ایک پولیس پارٹی کو ... کے مقام پر مشرقی بنگال پولیس نے غیر قانونی طور پر نظر بند کر لیا ہے۔ مغربی بنگال نے حکومت مشرقی بنگال سے زبردست احتجاج کیا ہے اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ مغربی بنگال کی طرف سے اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ضلع مرشدآباد میں مغربی بنگال کی ایک پولیس ... خشکی پر جا نہ سکی اور باوجود کوشش کے پانی پر روانی جا سکی۔ اس ... پولیس گارڈ مقرر کی گئی ... ایک جہاز ... کے پانی میں اتارنے کے لئے بھیجا گیا ... ۲۲ اگست کو لال گولا پہنچا اور ... کے مقابل جہاز کو وصل کرکے اسے جانے کے ... روانہ ہونے کی ہدایت کی۔ ایک پولیس پارٹی جو ایک ہیڈ کانسٹیبل اور بارہ کانسٹیبلوں پر مشتمل تھی ... کی غرض سے ڈیوٹی بدلنے کے لئے جا رہی تھی ... کشتی کی بجائے جہاز کے ذریعہ ہی سفر کر ... لال گولا کا ایک کسٹم افسر بھی ساتھ لیا ... کے کنارے ... پہنچا تو ایک پاکستانی پولیس کشتی نے ... اور آدا کو ... چلنے کا حکم دیا۔

... اے پولیس پارٹی سمیت ... گیا جہاں مشرقی بنگال پولیس نے پولیس پارٹی کو غیر مسلح کر دیا۔ ... پولیس پارٹی کو نظر بند کر دیا ... مغربی بنگال کی حکومت نے پولیس پارٹی اور جہاز کو نظر بند کرنے کے خلاف زبردست احتجاج کیا ہے اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔

روزنامہ الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنایئے

ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی مجربہ وزیرآباد پنجاب

ہسپتال ہذا کے سیکڑوں مجربات ہزارہا ڈاکٹروں نے لاکھوں مریضوں پر گذشتہ تیس سال میں آزما چکے ہیں ان میں سے چند ایک خاص الخاص کا ذکر درج ذیل ہے جس کی تقریباً ہر گھر میں ضرورت رہتی ہے۔

الفنٹ پوڈر سفوف برائے اطفال شیرخوار۔ اچھے روز روز کمزور رہتا ہو۔ ہاضمہ میں نقص ہو، دست آتے ہوں نیز دانت نکلنے کی وجہ سے جو تکالیف ہوتی ہیں وہ اس دوائی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔ بچہ ... دانت آسانی سے نکالتا ہے اور باقاعدہ استعمال سے تر و تازہ موٹا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۲ روپے علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی دو ماہ کے لئے کافی ہے۔

ہومیوپیتھک مصفی خون ... پھنسیاں۔ خارش تر و خشک۔ چنبل۔ داد ... بدن کو دھوپ میں چکنا۔ جسم پر چنبل ... جانا۔ جسم میں جلن ہونا۔ غرض کہ تمام جسم کے جملہ ... امراض ہیں۔ ... کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ فی شیشی ... روپے علاوہ محصول ڈاک۔ ایک شیشی میں ... خوراکیں ہوتی ہیں۔

ہیمو کم رجسٹرڈ اکسیر بواسیر خونی و بادی چند ہی خوراک کے استعمال سے خون آنا رک جاتا ہے اور مریض روبصحت ہونا شروع ہو جاتا ہے متواتر استعمال سے صحت کلی ہو جاتی ہے قیمت فی شیشی چار علاوہ محصول ڈاک۔ ایک شیشی میں ۲۵ خوراکیں ہوتی ہیں۔

اکسیر تپدق و ورم جگر ورم طحال و ورم جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی دو روپے مرسلہ علاوہ محصول ڈاک۔ ایک شیشی میں ... خوراکیں ہوتی ہیں۔

جوہر برہمی حافظہ بڑھانے میں لاثانی ہے گرد و تی عورت کے لئے اس کا استعمال بہت مفید ہے اس کے استعمال سے اولاد تندرست و عقلمند پیدا ہوتی ہے یہ جوہر اعلیٰ درجہ کا مصفی خون بھی ہے مفرح ہے جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے ہر ایک مرد، عورت، بچے، بوڑھے جوان، چھوٹے بڑے تندرست اور بیمار کو استعمال کرکے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ قیمت فی شیشی دو روپے علاوہ محصول ایک شیشی میں ... خوراکیں ہوتی ہیں۔

مقوی رحم عورتوں کے تمام امراض مخصوصہ مثلاً لیکوریا، جریان الرحم و کثرت حیض کے لئے بہترین دوائی ہے آلات تولیدی بہت ڈھیلے ڈھالے ہوں۔ رحم کمزور ہو اور حمل قبول نہ کرتا ہو یا اسقاط حمل ہو جاتا ہو۔ اس کے لئے ایک مقدس دوائی ہے جو اسقاط حمل سے یقیناً نجات بخش کر حمل کو برقرار رکھتی ہے قیمت فی شیشی ۵ روپے علاوہ محصول ڈاک۔ ایک شیشی میں ... خوراکیں ہوتی ہیں۔

نوٹ۔ ہومیوپیتھک کتب، ڈائی لیوشنز، بائیوکیمک ادویات سب ارزاں قیمت پر مل سکتی ہیں۔

ہومیوپیتھک ہسپتال کمرہ بنگش بازار چتلی قبر دہلی

ایجنٹوں کی ضرورت

ہمارے خود بخود فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول اور ان کے کارتوسوں کی فروخت کے لئے محنتی ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے لائسنس کی ضرورت نہیں ۳ روپے بھیج کر نمونہ پستول اور شرائط ایجنسی کے لئے لکھیئے۔

امریکن کارپوریشن سوتر گنج کانپور

تپدق اور پرانے بخارات جبری

مریضو! اب بھی سمجھو اور فوراً جبری کا استعمال کرکے دس روز میں ہی کرشمہ دیکھو ورنہ پھر وہی مثل ہوگی۔ اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چگ گئیں چڑیاں کھیت۔ ہندوستان کے کونے کونے نے یہ مان لیا ہے کہ اس خوفناک مرض سے جان بچانے والی اگر کوئی دوائی ہے تو بلاشبہ جبری ہے جب ہی لوگوں نے اس کا نام الشیور شکتی و خدائی طاقت رکھ دیا ہے سب طرف سے مایوس مریضو! ایک بار آزمائش کرکے دیکھو۔ قیمت اس طرح پر ہے جبری اسپیشل نمبر ا امیروں کے لئے جس میں ساتھ ساتھ طاقت بڑھانے کے لئے قیمتی کشتہ جات سونا۔ موتی۔ ابرک وغیرہ بھی ہوتے ہیں مکمل چالیس روز کا کورس ۵۰ روپے جبری نمبر ۲ جس میں قیمتی جڑی بوٹیاں ہیں مکمل کورس بیس روپے دس دن کے لئے صرف ۶ روپے محصول ڈاک الگ ہے۔ آرڈر میں حوالہ اخبار ۱ یا ۲ ضرور دیں تار وغیرہ کے لئے صرف جبری جگادھری (Jabri Jagadhari) کافی ہے۔

رائے صاحب ایل شرما میں اینڈ بینکرز (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P.

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے
اردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر سید انیس الرحمن
قیمت سالانہ
چھ روپے ...... فی پرچہ آٹھ آنہ
نمونہ کیلئے ... کے ٹکٹ
منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے۔

ایجنٹوں کی ضرورت

ہماری نہایت عمدہ بال کاٹنے کی مشین کی فروخت کے لئے محنتی ایجنٹوں اور دکانداروں کی ہر شہر اور قصبہ میں فوراً ضرورت ہے شرائط ایجنسی اور نمونہ جات آج ہی طلب کریں۔

امریکن کارپوریشن کانپور

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجراء

ہمارے استفسار پر ملک کے ہر گوشہ سے ہفتہ وار الجمعیۃ کے اجراء کی نہایت پرتپاک طریقہ پر تائید کی گئی ہے **لہذا ہم** حق تعالیٰ کی توفیق و امداد کے بھروسہ پر ہمدردان الجمعیۃ کی خواہش کے احترام میں اعلان کرتے ہیں کہ جوں ہی

خریداران اور ایجنٹ صاحبان

کی طرف سے مناسب تعداد میں ہمارے پاس فرمائشیں پہونچ جائیں گی، ہفتہ وار الجمعیۃ کی اشاعت شروع کر دی جائے گی۔ ہماری خواہش ہے کہ

ستمبر کے پہلے ہفتہ میں

ہفتہ وار الجمعیۃ کا اجراء ہو جائے، لیکن ہماری اس خواہش کے پورا ہونے کا انحصار مناسب تعداد میں فرمائشیں موصول ہو جانے پر ہے لہذا

ایجنٹ صاحبان بلاتاخیر اپنی مطلوبہ تعداد سے مطلع فرمائیں۔

خریدار صاحبان فرمائش ارسال فرمانے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

ہفتہ وار الجمعیۃ ہر اتوار کو $\frac{20 \times 30}{4}$ سائز کے ۲۰ صفحات پر خوشنما اور رنگین ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوگا۔ قیمت سالانہ بارہ روپے، ششماہی چھ روپے آٹھ آنے فی پرچہ ۴؍

(عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی)

ریشمی کپڑا ایک روپے گز

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز آپ کو کسی جگہ نہیں مل سکتا البتہ ہم آپ کو بازار سے بہت ہی سستے نرخوں پر دے سکتے ہیں چونکہ کوڑیوں کے بھاؤ پڑے گا۔ امریکن سفید سلکی پیراسوٹ یعنی پوری چھتری بارہ ۱۲ کلی والا جس میں پوری ۱۲ کلی ہیں) بغیر جوڑ کے بمعہ ریشمی ڈوری قیمت دس روپیہ فی پیراسوٹ۔ (پوری چھتری) پیکنگ مفت محصول ڈاک وغیرہ ۱/۱۲ اکٹھے تین منگوانے پر محصول ڈاک تین روپیہ پندرہ آنہ آئے گا۔ آج ہی آرڈر دے کر فائدہ اٹھایئے یہ مال دوسرے ریشمی سلکی کپڑوں کی نسبت نہایت عمدہ اور یہ رعایت ہے پہلے اس کی قیمت بہت زیادہ تھی، مگر اب اسٹاک ختم کرنے کے لئے یہ رعایتی تھوک بھاؤ ہے، تین پیراسوٹ محصول ڈاک سمیت آپ کو گھر بیٹھے ۳۳/- میں ملیگا، ضرور منگوالیں، فوراً منگوالیں ورنہ اسٹاک ختم ہونے پر آپ کو پچھتانا پڑے گا کیونکہ مزید مال امریکہ سے نہیں آرہا ہے۔ آرڈر دیتے وقت اپنا نام و پورا پتہ صاف اور خوشخط لکھیں

امریکن ٹریڈنگ ایجنسی (اے، ڈی)
ریشمی کپڑے کے مشہور سوداگر، پی بی ۱۲۵ امرتسر

ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی

مجربہ وزیرآباد پنجاب

شائقین ہومیوپیتھی و خریداران ادویات و کتب ہومیوپیتھی خصوصاً اور دیگر پبلک عموماً نوٹ فرمالیں کہ

(۱) ہومیوپیتھک ہسپتال مستعدی کے ساتھ ۱۹... سے پبلک کی خدمت گذار ہے جو دہلی میں منتقل کیا گیا ہے

(۲) ڈاکٹر ... لال صاحب ساہنی ایم بی۔ بی ایس اور لیڈی ڈاکٹر سو شیلا صاحبہ ساہنی ایل ایس ایم ... انچارج ہسپتال ہذا ایلوپیتھی کے ساتھ ہومیوپیتھی کے بھی ماہر ہیں۔

(۳) ... بہت ... ہومیوپیتھی ... ڈاکٹر دولت سنگھ صاحب مصنف کی ہومیوپیتھک ... نظر ثانی اور اضافہ ... شدہ کتب ہومیوپیتھی زیر طبع ہے، جو عنقریب پبلک کو میسر ہو سکیں گی۔

(۴) ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک جس طریقہ علاج سے مناسب ہوتا ہے، مریض کا علاج کیا جاتا ہے غرباء ... معاف۔

مجربہ وزیرآبادی ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی کمرہ بنگش بازار چتلی قبر دہلی

ملایا میں کمیونسٹوں کی بغاوت

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

حکومت کو ایک ذریعہ سے اطلاع ملی ہے کہ کمیونسٹ اور دوسرے اسلحہ فراہم کر دیئے تھے۔ آسٹریلیا سے امریکہ کے بنے ہوئے ... ملایا بھیجے گئے ہیں۔ اور ملایا کی فوج ان کی جانچ کر رہی ہے۔

اسمبلی میں کارخانہ بل پر بحث

۴ گھنٹے میں ۴۴ دفعات کی منظوری

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ آج ہندوستان پارلیمنٹ میں فیکٹری بل پر غور ...

اکالی سکھوں کا فرقہ واریت پر اصرار

حکومت ہند کی پالیسی پر کڑی نکتہ چینی

پاکستانی جہاز روکنے پر

حکومت پاکستان کی طرف سے احتجاج

پٹ سن کی تجارت ممنوع

گورنر مغربی بنگال کا آرڈی نینس

ٹیکہ پر اعتقاد کرنیوالے احمق ہیں

امریکی ڈاکٹر کو برنارڈ شا کا خط

سابق شہنشاہ ویٹ نام عوام کے حامی بن گئے

پھر بادشاہ بننے کے خواب کو پورا کرنا چاہتے ہیں

مغربی پنجاب میں گندم پر کنٹرول قائم رہے گا

لیکن پہلی ستمبر سے قیمت اور کم کر دی جائیگی

برلن میں کمیونسٹوں کے مظاہرے

مجلس تحفظ کی خالی نشستیں

ہندوستان کے ممبر ہونے کا امکان

کانگریسی گاندھی جی کے نقش قدم پر چلیں

ناگپور میں کانگریسی کارکنوں کے اجتماع میں گورنر جنرل کی تقریر

ہیلتھ آفیسر کا بیان

پاکستان میں بغاوت کے آثار پیدا ہونے لگے

سرحد و سوات پر فائرنگ سے پٹھانوں میں غم و غصہ کی لہر

مشرقی پنجاب یونین میں نگراں حکومت کا قیام

راج پرمکھ کی عوام سے تعاون کی اپیل!

لوہے کی بلیک مارکیٹ

نظام حیدرآباد کو تار

ملایا کی صورت حالات پر غور

برطانوی کابینہ کا اجلاس

امروہہ میں الجمعیۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

زر وی پی — وصول ہوتے ہی اخبار جاری کردیا جاتا ہے۔ اکثر حضرات وی پی وصول فرمانے میں تقاضا شروع کر دیتے ہیں حالانکہ ... [illegible]

سالانہ قیمت تیس روپے — ششماہی سولہ روپے — سہ ماہی آٹھ روپیہ آٹھ آنہ

فون نمبر ۵۰۵۵ — تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

جلد ۳۰ — دہلی یوم دوشنبہ ۲۴ شوال المکرم ۱۳۶۶ھ ہجری مطابق ۳۰ اگست ۱۹۴۷ء — نمبر ۱۵۵ — قیمت فی پرچہ چھ پیسے — بذریعہ ہوائی جہاز دو آنہ

فلسطین کے حالات پھر تشویشناک ہو گئے بیت المقدس کا بجلی گھر اڑا دیا گیا

اقوام متحدہ کے مشاہدین نے حالات کی ابتری کی اطلاع کاؤنسل کو دیدی

عرب صلح کے لئے یہودیوں سے براہ راست گفت و شنید کر سکتے ہیں

لندن ۲۸ اگست۔ آج عمان سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ گزشتہ رات بیت المقدس کا بجلی گھر ... متحدہ کے صلح کمیشن کی نگرانی میں ... یہودیوں کی طرف سے الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ یہ حرکت عرب کی ہے ... [illegible]

اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کے ... معلوم ہوا ہے کہ اقوام متحدہ کے مشاہدین کی طرف سے یہ اطلاع دی گئی ہے کہ فلسطین کے حالات ... [illegible]

عربوں کی زندگی بچانے اور ان کے جائز حقوق حاصل کرنے ... [illegible]

آج کشمیر کمیشن کا وفد کشمیر روانہ ہو جائے گا

کمیشن خود جا کر پاکستان سے گفت و شنید کرے گا

نئی دہلی ۲۸ اگست۔ کشمیر کمیشن کا ایک وفد آج ... کشمیر جا کر وہاں کے سیاسی اور اقتصادی حالات کا جائزہ لے گا۔ اس سلسلہ میں صرف شہری حکام اور نیشنل کانفرنس کے لیڈروں سے ملاقات کرے گا ... ہندوستان کا خیال ہے کہ کشمیر میں عام پرامن حالات پیدا ہو جائیں ... [illegible]

کمیشن نے اپنے وفد کو فوری طور پر کشمیر روانہ کیا ہے۔ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ اقوام متحدہ کی تجویز ... جس میں کشمیر کمیشن کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ فوری جھگڑے والے علاقوں میں پہنچ جائے۔ کمیشن آٹھ ہفتہ سے ہندوستان میں ٹھیرا ہوا ہے اور ابھی تک کشمیر نہیں جا سکا ہے۔ اس کے کام کی نزاکت کا اندازہ ہوتا ہے۔ لطف یہ ہے کہ کوئی ملک یعنی نہ ہندوستان نہ پاکستان اپنے اس دعوی سے ہٹنے یا اس میں تبدیلی کرنے کو تیار نہیں ہے۔ جو اس نے مجلس تحفظ کے سامنے پیش کئے ہیں۔

آج کمیشن پاکستان جا رہا ہے اس کا مقصد ان اعتراضات پر حکومت پاکستان سے گفت و شنید کرنا ہے جو حکومت پاکستان کی طرف سے کمیشن جنگ بند کرنے کی تجویز پر کئے گئے ہیں۔ سب کمیشن میں مسٹر ہربنیاڈ سیمپر، مسٹر گراخی، مسٹر جے ویلز، لے آدم، مسٹر آر انشر، حج کا مبیل، مسٹر لی کرئی زامن، مسٹر اسپرٹ فاکس، مسٹر رچرڈ سی من ہیں۔ اور دو ممبر کمیشن کے سکریٹریٹ سے لئے گئے ہیں۔

انگریزی ہوائی جہازوں کی سیام کے ایک گاؤں پر بمباری

بنکاک ۲۸ اگست۔ سیام کی سرحد کے حکام ... [illegible]

کانگریس کے اجلاس کی تاریخ مقرر ہو گئی

دہلی ۲۸ اگست۔ جمعرات کے دن کانگریس سکریٹریٹ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ آل انڈیا کانگریس کا سالانہ اجلاس ... دسمبر کے دوسرے ہفتہ میں منعقد ہوگا۔ کانگریس کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کمیٹی اجلاس اور مجلس عاملہ کے اجلاس کی مندرجہ ذیل تاریخیں مقرر کی ہیں ... [illegible]

برما میں کمیونسٹوں کیخلاف کارروائی

عوام سے فوج میں بھرتی ہونیکی اپیل

رنگون ۲۸ اگست۔ آج ایک برمی اخبار ... میں برما کے سابق وزیر خارجہ کی طرف سے ایک اپیل شائع ہوئی ہے ... باغیوں کے خلاف کارروائی کے لئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں فوج میں بھرتی ہوں ... [illegible]

نظام حیدر آباد کا گورنر جنرل کے نام خط

حیدرآباد ۲۸ اگست ... [illegible]

یہودی کمانڈر کا الزام

آج بیت المقدس ... یہودی کمانڈر ... [illegible]

حیدر آباد پولیس سے مقابلہ

بیزواڑہ ۲۸ اگست۔ نظام پولیس اور ہندوستانی پولیس ... [illegible]

مہاراجہ بڑودہ بمبئی میں

بمبئی ۲۸ اگست۔ مہاراجہ بڑودہ ... [illegible]

ملایا میں کمیونسٹوں کی گرفتاری پر ایک لاکھ پینتیس ہزار ڈالر کا انعام

کمیونسٹوں کی لغاوت میں تیزی حکومت ملایا کی سخت پریشانی

کوالالمپور ۲۸ اگست۔ حکومت ملایا کی طرف سے شہر کی عمارتوں پر ایک نوٹس چسپاں کیا گیا ہے ... کی گرفتاری پر ایک لاکھ میں ہزار ڈالر کا انعام مقرر کیا گیا۔ ... [illegible]

اگر عارضی صلح نومبر تک قائم رہی تو امریکہ کی طرف سے یہودیوں کی امداد کم ہو جائے گی

موجودہ خاموشی سے عرب پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں

عرب حلقوں کی قیاس آرائیاں

قاہرہ ۲۸ اگست۔ ارض مقدس میں عارضی صلح ... [illegible]

گولا بارود کے کارخانے

... [illegible]

پاکستان میں شدید ہنگامی حالات کا اعلان کر دیا گیا

پناہ گزینوں کی آمد و رفت سے اقتصادی زندگی کو خطرہ

کراچی ۲۸ اگست۔ گورنر جنرل پاکستان نے پاکستان سے آنے جانے والوں کی کثرت کی بنا پر ہنگامی صورت حالات کا اعلان کر دیا ... [illegible]

ٹیتھوال کے علاقے میں دشمن کی گولہ باری تیز ہو گئی

سری نگر ۲۸ اگست ... [illegible]

(باقی صفحہ ۳ کالم ۲۰ پر)

جاورہ ریاست بھی ختم

اندور ۲۸ اگست۔ جاورہ جو وسط ہند کی ایک مسلم ریاست ہے وہاں کے شہزادہ عثمان ... [illegible]

حب نعمت — ہر قسم کی جنسی کمزوریوں کو دور کر کے طاقتور بنانے کی حیرت انگیز دوا ہے — ۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ — دواخانہ آبقائی چتلی قبر دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی
۳۰ اگست ۱۹۴۸ء

انجمن اتحاد و ترقی

انجمن اتحاد و ترقی ملک کے اہم ترین مقاصد کی تکمیل کے لئے گذشتہ ماہ دسمبر میں حضرت امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد کی رہنمائی میں قایم ہوئی تھی افسوس ہے کہ حالات نے کچھ ایسا رنگ اختیار کیا اور ملک کچھ ایسے معاملات میں الجھا کہ انجمن کے ارکان کو اپنے فرائض ادا کرنے کی مہلت ہی نہ ملی اور نہ اس قومی ادارہ کا دائرہ عمل وسیع ہو سکا۔ وقت کا تقاضہ تھا کہ انجمن اتحاد و ترقی میدان میں نکل کر حالات کا رخ بدلے۔ کام کرنے والوں سے کام لے۔ کام نہ کرنے والوں کو حرکت و عمل سے مضطرب بنائے، بھٹکتے ہوئے دماغوں کو قرار بخشے اور فرقہ پرستی کے رجحانات پر قابو حاصل کر کے اصول پرستی کے جذبات کو فروغ دے مگر حالات کی رفتار نے کچھ ایسا انداز اختیار کیا کہ انجمن کے کارپردازوں کو اقدام و عمل کے لئے کوئی راہ نہ مل سکی اور انہیں اپنے سفر کا آغاز کر کے دو ہی قدم پر رک جانا پڑا۔ اب ہم نے سنا اور بڑی مسرت کے ساتھ سنا کہ انجمن اتحاد و ترقی کی شاخ (یو۔ پی) کا ایک اہم اجلاس حال ہی میں لکھنؤ میں زیر صدارت جناب پنڈت سندر لال جی منعقد ہوا جس میں تعمیری مقاصد کے پیش نظر بہت سی اہم تجاویز منظور ہوئیں اور وعدہ کیا گیا کہ اس کام کو جاری رکھا جائے گا، اور کام کی رفتار کو تیز بنایا جائے گا۔

اس اجلاس میں بہت سی تجاویز منظور ہوئی ہیں، پہلی تجویز کے پہلے جزو میں بتایا گیا ہے کہ مجلس زیادہ عرصہ تک ان فرقہ وارانہ رجحانات کو خاموشی کے ساتھ نہیں دیکھ سکتی جو ابھی تک ملک کی فضا کو خراب کر رہے ہیں۔ اس دعوے کے ثبوت میں واقعات کو پیش کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ مسلم لیگ اور ہندو مہاسبھا جیسی فرقہ وار جماعتوں کو کسی نہ کسی شکل میں قایم رکھنے کے لئے فرقہ پرستوں کو اب بھی اصرار ہے اور وہ کبھی جنتا پارٹی، کبھی عوامی پارٹی اور کبھی نیشنل پارٹی کے ناموں سے اپنے آپ کو شہرت دیتے رہتے ہیں۔

ہندو مہاسبھا کو اصرار ہے کہ وہ اپنی شان کیساتھ قایم رہے اور لفظ "ہندو" کو ہندوستانی کا مرادف قرار دے، حالانکہ ہندوستان کی پارلیمنٹ اپنی ایک [illegible]

... سے دوسری فرقہ وار جماعتوں کے جماؤ اور قرار کو شہ ملے گی اور فرقہ پرستی کا یہ تسلسل ایک دوسرے کی ضد میں برابر قایم رہے گا۔

دوسری تجویز کشمیر اور حیدرآباد کے بارے میں منظور کی گئی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ وقت کے نازک ترین مسائل ہیں جن پر اظہار خیال اتحاد و ترقی کے لئے ضروری تھا، اس تجویز میں مسلمانان ہند کی رہنمائی بہت ہی محتاط اور بچے تلے انداز میں کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ

(۱) حیدرآباد کے نام نہاد ہمدردوں کا یہ پروپیگنڈا قطعی طور پر بے بنیاد ہے کہ انڈین یونین کے مسلمان غیر وفادار اور حیدرآباد کے جاسوس ہیں

(۲) اقلیت کے ان دشمنوں کا پروپیگنڈا بھی غلط ہے جو گوشۂ عافیت میں بیٹھے ہوئے ہندیونین کے مسلمانوں کو حیدرآباد کا حامی اور آزاد کشمیر کا ہمدرد قرار دے رہے ہیں۔

(۳) ہند اور پاکستان کے اس غلط پروپیگنڈہ سے متاثر ہو کر ہند کے مسلمانوں کی جو اندھا دھند گرفتاریاں اور تلاشیاں عمل میں آرہی ہیں وہ بھی بنائے فاسد علی الفاسد کی مصداق ہیں اور بے قصور مسلمانوں کو مشتبہ سمجھنا ان کی وفاداری پر شک کرنا انہیں جاسوس قرار دیکر ذلیل کرنا کسی فہیم الحس اور دانشمند کا کام نہیں ہو سکتا۔

اس تجویز میں مسلمانوں کے سامنے ایک ایسا عملی پروگرام پیش کیا گیا ہے جس پر عمل کرنے کے بعد ان کی وفاداری اور حب الوطنی پر کوئی شبہ نہیں ہو سکیگا

ایک تیسری تجویز میں مسلمانوں کو بتایا گیا ہے کہ آزادی کے حصول میں ان کی قربانیوں کا بہت بڑا حصہ ہے، اس لئے آزادی کی حفاظت میں بھی انہیں سب سے زیادہ قربانی کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ اور انہیں کثرت کے ساتھ فوجی اور نیم فوجی تنظیمات میں حصہ لینا چاہیئے،

ہمارے خیال میں مسلمانوں کی جاسوسی اور غیر وفاداری کا پروپیگنڈا محض اس لئے کیا گیا ہے کہ فوجی اداروں کے دروازے ان پر بند کر دیئے [illegible]

سوویٹ روس اور متحدہ اقوام

ایک انگریز کے خیالات

یو۔ این۔ او کے کام کی تاریخ بہت مایوس کن ہے۔ خیال تھا کہ یہ بین الاقوامی ادارہ لیگ آف نیشنز سے زیادہ موثر ثابت ہو گا مگر یہ امید پوری ہوتی نظر نہیں آتی۔ روس نے قدم قدم پر اس کے راستے میں روڑے اٹکائے ہیں۔ آج متحدہ اقوام ہی ہماری واحد امیدگاہ ہے۔ جس کی مدد سے ہم دنیا میں امن قائم کر سکتے ہیں۔ اگر روس نے اپنے طرز عمل کو نہ بدلا اور اشتراک عمل سے کام نہ لیا تو عالمی امن ٹوٹ پھوٹ کر رہ جائے گا۔

سکریٹری جنرل اقوام متحدہ مسٹر ٹرگوے لی کی سالانہ رپورٹ جو انہوں نے یو۔ این۔ او کی جنرل اسمبلی کے سامنے پیش کی ہے ایک بہت مردہ اور بے رونق سی دستاویز ہے۔ گذشتہ بارہ ماہ کے ریکارڈ نے ظاہر کر دیا کہ یو۔ این۔ او کی راہ میں دو کیمپوں کے اختلافات قدم قدم پر رکاوٹ ثابت ہوئے ہیں۔ [illegible]

یو۔ این۔ او کی ترقی اور بقا کے لئے صرف ایک امید باقی ہے۔ مسٹر ٹرگوے لی نے جرمنی کی اہمیت کا ذکر کیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ ادارہ متحدہ اقوام کو با اثر بنانے میں جرمنی کے مسئلہ کو بہت اہمیت حاصل ہے لیکن جرمنی کی صورت حال [illegible] ... کسی گذشتہ سالوں کی طرح یہ سوچنا جاری رکھا کہ اس وقت جھگڑا اس کے لئے مفید ہے اور تنازعہ لازمی ہے تو یو۔ این۔ او کا یہ سال بھی تیسرے سال کی طرح امیدوں اور آرزوں کا مدفن ہو کر رہ جائے گا۔

پاکستان حکومت کا سفاکانہ طرز عمل

جامع مسجد میں تقریریں

۲۷ اگست جمعہ کو دہلی کی شاہی مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ نماز جمعہ کے بعد حضرت مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی صدارت میں منعقد ہوا تلاوت قرآن کریم کے بعد صاحب صدر نے سرخ پوش تحریک پر روشنی ڈالی اور فرمایا ... سرخ پوش لوگوں کی قربانیوں [illegible]

مہاجرین کی مشکلات کا حل یہ ہے کہ انہیں واپس بلا لیا جائے

پرمٹ کے مسئلہ پر سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب کا تحریری بیان

دہلی ۲۸ اگست۔ مہاجرین صرف اپنے وطن میں عزت اور چین کی زندگی بسر کر سکتے ہیں ... حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا ایک بیان ... [illegible]

آخر میں مولانا نے فرمایا "ہم دونوں حکومتوں کے ارباب حل و عقد کو یقین دلاتے ہیں کہ اگر انہوں نے ایک دفعہ ہمت کر کے باہمی تعاون اور فیر سگالی سے مہاجرین کی واپسی کے مسئلہ کو طے کر لیا تو نہ پرمٹ کی بحث باقی رہے گی اور نہ پاسپورٹ کا تصفیہ ہوگا اور دونوں حکومتوں کے باہمی تعلقات نہایت خوشگوار اور پایدار بنیادوں پر قائم ہو جائیں گے اور پاکستان اور ہندوستان کے باشندے نہایت آرام اور اطمینان کے ساتھ امن کی زندگی بسر کریں گے۔ ہماری آخری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالے دونوں حکومتوں کے نمائندوں کو صحیح سمجھ عطا فرمائے اور ان کی صحیح رہنمائی فرمائے تاکہ ہندوستان ایک دفعہ پھر امن و سلامتی کا گہوارہ بن جائے اور باہمی تلخیاں اور رنجشیاں دور ہو جائیں۔

الٰہ آباد میں عیسائی چرچوں کی کانفرنس

ہندوستان اور پاکستان کے حالات کا ذکر

[illegible]

حیدرآباد کو غیر مشروط طور پر ہندیونین میں شامل ہو جانا چاہیئے

کالی کٹ ۲۷ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ملا بار ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کی ایک میٹنگ میں ... [illegible] ... کہ حیدرآباد کے متعلق حکومت ہند جو بھی اقدام کرے گی مسلم لیگ دلی طور پر اس کا ساتھ دے گی۔ نیز قومی ترقی کے سلسلے میں مسلم لیگ نہ صرف ہند یونین بلکہ یونین میں کسی بھی دوسری سیاسی پارٹی سے مکمل تعاون کرے گی۔ ایک اور ریزولیوشن میں ملا بار مسلم لیگ کے بعض سابقہ ریزولیوشن کو مالا بار کے مسلمانوں کے مفاد کے خلاف قرار دیا گیا اور ڈسٹرکٹ مسلم لیگ سے اس ریزولیوشن کو واپس لینے کے لئے کہا گیا۔

اسپین کے تخت کے دعویدار کی جنرل فرانکو سے ملاقات

سان سیباسٹین ۳۰ اگست معلوم ہوا ہے کہ اس ہفتہ جنرل فرانکو ... [illegible]

روزنامہ وقت لاہور سے شائع ہوگا

[illegible]

سمجھوتے

[illegible]

رام پور میں بارش اور سیلاب کی تباہ کاریاں

مکانات گرنے سے تین آدمی مر گئے

رام پور ۲۶ اگست۔ حالیہ زبردست بارشوں کی وجہ سے رام پور شہر اور ریاست کے دیہی علاقہ میں بہت سے مکانات گر گئے۔ زبردست جانی اور مالی نقصان ہوا۔ نواب صاحب رام پور نے اپنی نگرانی میں امدادی کام کروائی کار میں تمام تحصیلوں کا دورہ کیا۔ حکومت اور میونسپل بورڈ نے امدادی کاموں کے لئے ۵ ہزار روپے منظور کئے۔ رام پور سے کیما جانے والی سڑک کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔ رام پور اور بلاسپور کے درمیان تمام آمد و رفت بند ہو گئی ہے۔ رام پور سے بریلی جانے والی سڑک خراب ہو گئی ہے۔ شہر کے سیلاب زدہ علاقہ میں ایک شخص کی ڈوبنے سے ہلاکت واقع ہوئی ہے۔ مکانات گرنے سے تین آدمی مر گئے ہیں۔

ترکی فلسطین کے معاملہ میں عربوں کی امداد کرے گا

استنبول ۲۶ اگست۔ استنبول کے اخبار "وطن" نے اپنے ایک مقالہ میں اس بات پر زور دیا ہے کہ ترکی کی حکومت کو فلسطین کے معاملہ میں عربوں کی امداد کرنی چاہیے۔ اس اخبار نے تجویز کیا ہے کہ یہودیوں کو [illegible] کامیاب رہا ہے۔ اس لئے فلسطین میں ایک ایسی وحدانی حکومت قائم کرنی چاہیے جو یہودیوں اور عربوں دونوں پر مشتمل ہو۔

شرق اردن، عراق اور مصر کے صدر جنرل نوری السعید عمان میں شرق اردن کے شاہ عبداللہ سے ملاقات کرنے کے بعد استنبول پہنچ گئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ صدر جمہوریہ ترکی جنرل عصمت انونو اور حکومت کے دوسرے ارکان کے ساتھ مل کر فلسطین کی صورت حال پر تبادلہ خیالات کریں گے اور ان خطرات پر زور دیتے ہوئے جو یہودی حکومت کے قیام سے سارے مشرق وسطیٰ کو لاحق ہو گئے ہیں، ترکی سے عربوں کی امداد کرنے کی درخواست کریں گے۔ پچھلے چند دنوں سے ترکی کے اخبارات اور مبصرین عربوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کر رہے ہیں۔

منٹگمری میں مہاجرین کیمپ کی سخت نگرانی

کیمپ سے آنے جانے پر سخت پابندیاں لگا دی گئیں

[illegible] غروب ہونے کے بعد کیمپ سے باہر نہ جائے۔ صورت حال پرسکون ہے۔ لیکن کسی بھی لمحہ بھڑک اٹھنے کا امکان باقی ہے۔

ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ چار پناہ گزین میر جو واقعہ کی آزادانہ تحقیقات کے لئے منٹگمری گئے تھے وہ غیر جانبدارانہ طور پر کام کر رہے ہیں۔

راجگمر پناہ گزینوں نے جن میں بہت سے سابق فوجی بھی شامل ہیں کہا ہے کہ وہ پاکستان فوج میں اپنے راجگمر بھائیوں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور انہیں ضلع وار بنیادوں پر آبادکاری کی اسکیم کا حامی بنانے کی کوشش کریں گے۔ وہ اپنے لیڈر راؤ خورشید علی خاں کو رہا کرنے کی کوشش بھی کر رہا ہے۔ اس سے قبل پاکستانی فوج نے فوجیوں کے کنبوں کو بسانے کا انتظام کیا تھا اور اسی میزان افسر کے بیان کے مطابق ایسے سات ہزار راجگمر خاندان کو بسایا جا چکا ہے۔

پروفیسر بھنسالی نے برت کھول دیا

[illegible] ۲۶ اگست۔ آج صبح ۱۱ بجکر ۱۰ منٹ پر پروفیسر بھنسالی نے اپنا برت کھول لیا۔ برت کھولنے کے لئے انہیں سی پی کے گورنر مسٹر منگل داس پکوا سانے موسمبی کا ایک گلاس پیش کیا۔

اس سے قبل پروفیسر بھنسالی کو ہند کے گورنر جنرل مسٹر سی راجگوپال آچاریہ کا ایک پیغام موصول ہوا تھا جس میں ان سے برت کھول دینے کی اپیل کی گئی تھی۔

Kelso
WONDERS
TUBERCULOSIS

تپ دق کا کامیاب علاج
کیلسو

امارت اسلامیہ

ہندستانی سرکاری زبان بنائی جائے

جمعیۃ علماء بہار کا جلسہ اور اہم تجاویز

مونگیر۔ بذریعہ ڈاک۔ مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا اجلاس ۲۲ اگست کو زیر صدارت مولانا عبد [illegible] صاحب رحمانی ۲ بجے دن سے شروع ہو کر اگلے دن شام کو ختم ہوا۔ صوبہ کے نمائندگان اور اراکین منتظمہ کی تعداد میں شریک اجلاس ہوئے اور سبھوں نے نہایت گرمجوشی کے ساتھ جمعیۃ علماء ہند کے دستور جدید کی روشنی میں صوبہ کا نیا دستور مرتب کیا اور جمعیۃ کے دائرہ کو وسیع اور مضبوط کرنے کا عزم مصمم کر کے اٹھے اور حسب ذیل تجاویز بالاتفاق منظور ہوئیں۔

پہلی تجویز میں حضرت مولانا خیر الدین صاحب گیاوی اور حضرت مولانا عبدالوہاب صاحب [illegible] کی وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور دعائے مغفرت کی گئی۔

دوسری تجویز میں کہا گیا کہ اب جبکہ جمعیۃ علماء کا دائرہ عمل مذہبی، تمدنی اور تعلیمی معاملات تک محدود ہے اور ہندستان کے سیاسی حالات کا اقتضاء ہے کہ تمام فرقہ وارانہ جماعتیں ختم کر دی جائیں جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا یہ اجلاس مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ کسی ایسی جماعت سے تعلق نہ رکھیں جس کی بنیاد فرقہ پرستی پر ہو اور ملک کی غیر فرقہ وارانہ خالص سیاسی جماعت میں شریک ہو کر سیاسی امور میں حصہ لیں۔

تیسری تجویز میں حکومت بہار کے عدالتوں سے اردو زبان اور اردو رسم الخط کو الگ کرنے کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ اور حکومت سے درخواست کی گئی کہ ہندستانی کو سرکاری زبان بنایا جائے جو دونوں رسم الخطوں میں لکھی جائے۔

چوتھا ریزولیوشن ابتدائی تعلیم کے ساتھ ساتھ مذہبی تعلیم کی اہمیت کے بارے میں تھا جس میں جمعیۃ کی شاخوں سے اس بات کی اپیل بھی کی گئی تھی کہ مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے لئے زیادہ سے زیادہ جد و جہد کریں۔ پانچویں تجویز اوقاف کے بارے میں تھی۔ باقی [illegible] مذہبی تعلیم کے سلسلے میں حکومت سے [illegible] جمعیۃ علماء کی اہمیت و ضرورت پر ہال اور [illegible] کے بارے میں تھیں۔

جمعیۃ علماء ضلع نینی تال

پلیعاتی (بذریعہ ڈاک) مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء تحریر فرماتے ہیں کہ مورخہ ۲۰ اگست کا ملتوی شدہ جلسہ [illegible] کو بمقام دفتر ضلع [illegible]

سیلون کے ایک گاؤں پر بندروں کا حملہ

دیہاتیوں کی وزیر زراعت سے فریاد

کولمبو ۲۵ اگست۔ سیلون کے جنوبی صوبہ کے ایک گاؤں "تیرا پالا گا" کے باشندوں نے سیلون کے وزیر زراعت کو بندروں کے خلاف درخواست دی ہے۔ درخواست دہندگان نے شکایت کی ہے کہ بندروں کے حملے سے سخت نقصان پہنچا ہے۔ فصلیں اور باغات بالکل تباہ ہو گئے ہیں۔ انہوں نے پولیس کی پناہ اور مفسد بندروں کی گرفتاری کی بھی اپیل کی ہے۔ سیلون وزیر زراعت نے ابھی تک کوئی اقدام نہیں کیا ہے۔ کسی کو مارنا بدھ مذہب کے اصولوں کے خلاف ہے اور سیلون کے یہ دیہاتی بندروں کو مارنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

دودھ کی پیداوار میں اضافہ

پینی سیلین کا استعمال

لندن ۲۶ اگست۔ نیوزی لینڈ ڈیری بورڈ اور [illegible] مل کر اس وسیع پیمانہ پر تجربہ کر رہے ہیں کہ مویشیوں کی ان بیماریوں کا جن سے ان کے دودھ میں کمی واقع ہو جاتی ہے کس طرح سے علاج کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے برطانیہ سے پینی سیلین کی بڑی مقدار بذریعہ ہوائی جہاز نیوزی لینڈ منگوائی جا رہی ہے۔

امروہہ میں مشاعرہ

امروہہ بذریعہ ڈاک یوم آزادی کی یاد میں لائبریری میں جشن آزادی منایا گیا۔ لائبریری کو خوب سجایا گیا سہ پہر کو معززین کو دعوت چائے دی گئی۔ رات کو [illegible] کے مکان پر مشاعرہ ہوا۔ مشاعرہ میں شرکت کرنے والوں میں حضرت جگر اور دوسرے نامور شعراء کا نام قابل ذکر ہے۔

ضلع میرٹھ میں یوم آزادی

اورنگ آباد (میرٹھ) بذریعہ ڈاک۔ یہاں جشن آزادی دھوم دھام سے منایا گیا۔ قومی جھنڈے کو سلامی دینے کے علاوہ باشندوں نے اپنے گھروں پر بھی جھنڈے لگائے۔ سالار پور میں صبح بچوں نے کھیل کود کا مظاہرہ اور جوانوں نے پٹے وغیرہ کے کرتب دکھائے۔ موضع سالار پور میں بھی جھنڈے کو سلامی دی گئی اور لوگوں نے تقریریں اور نظمیں پڑھیں۔ اورنگ آباد کے مسلمانوں نے بچوں کو کھانا کھلایا۔ رات کو چراغاں کیا گیا۔ [illegible] کی طرف سے جلسہ ہوا جس میں قاضی سعید الرحمن کے ایک جامع تقریر کی۔ مولانا حبیب الرحمن جنگ کشمیر حیدر آباد اور ریاست حاضرہ پر متفقہ قراردادیں بھی پاس کی گئیں۔

جمعیۃ بلند والی میں منعقد ہو گا ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے امید کہ جملہ ارکان ضلع جمعیۃ اجلاس میں شرکت فرمائیں گے۔

آئس فیکٹری کی ضرورت ہے

(۱) ہمیں دہلی میں ایک آئس فیکٹری کی ضرورت ہے جو صاحب فروخت کرنا چاہیں وہ ذیل کے پتہ پر اطلاع دیں یا خود ملیں۔
(۲) حیدر آباد سندھ کراچی۔ لیٹر ریلوے سندھ میں دہلی کے جو صاحبان جائداد کا تبادلہ کرنا چاہیں وہ بھی اس پتہ پر گفتگو کریں۔

ٹھیل رام لکھمی چند سندھی
معرفت لالہ سرداری مل کندن لال
گوکل چند باؤلی بانس دہلی

ٹھیل رام لکھمی چند سندھی
اسسٹنٹ یارڈ کرو پلاٹ نمبر ۳۱۸
لنکنگ روڈ کھار بمبئی ۲

اتنی بوڑھی عورت کہ عمر بھی یاد نہیں

لندن ۲۶ اگست۔ برطانیہ کی ایک بوڑھی عورت مس ایمیلیا کو اپنی عمر بھی یاد نہیں ہے کہ وہ ۱۱۰، ۱۱۵ یا ۱۱۷ سال کی ہے وہ صرف یہ جانتی ہے کہ وہ ولیم چہارم کے عہد میں لندن کے شہر میں پیدا ہوئی تھی۔ ۱۹۱۸ء میں پنشن کمیٹی نے تسلیم کر لیا تھا کہ اس کی عمر ۸۰ سال سے زیادہ ہے اور اسے پنشن منظور کر دی گئی تھی۔ اس نے اپنی بیشتر زندگی کا حصہ انگلینڈ میں گذارا ہے۔ اس وقت اس کی صحت بہت اچھی ہے اور [illegible] اگست کو اس نے اپنا یوم ولادت منایا ہے۔

امن و اتحاد پر تقریریں

جمعیۃ علماء [illegible] کے ماتحت بازار لال کنواں اور [illegible] میں ۲۵ اور ۲۶ اگست کو دو جلسے منعقد ہوئے جس میں مولانا عبد الماجد صاحب اور مولانا اخلاق حسین قاسمی نے تقریریں فرمائیں۔ آپ نے لوگوں سے اپیل کی کہ کانگریس کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کریں اور ہندوستان کی عزت و آزادی کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے ہر وقت تیار رہیں۔ جمعیۃ علماء کی جدید ممبر سازی کے لئے بھی لوگوں کو تیار کیا گیا۔ (سکریٹری)

شملہ میں ہڑتال

شملہ ۲۶ اگست۔ صوبہ سرحد کے ایک کانگریسی ڈاکٹر [illegible] پر پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ کے سلسلے میں [illegible] شملہ میں ایک گرفتاریاں ہوئی ہیں۔ شہر میں تمام اہل حرفہ نے مکمل ہڑتال کی۔ [illegible] شملہ میں مسلم لیگ نے ایک ریزولیوشن کے ذریعہ انصاف کی خاطر حکومت سے فوری کارروائی کرنے کی درخواست کی۔ اس کمیٹی نے حکومت سے یہ بھی درخواست کی ہے کہ سندھ اور صوبہ سرحد کے تمام قیدیوں کو شملہ منتقل کیا جائے۔

دردانگیز واقعہ

مرحوم [illegible] جمعیۃ علماء امروہہ کے سرگرم کارکن جناب صدیق احمد صاحب آفریدی ۲۵ اگست کو انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی بیماری میں [illegible] اللہ کریم جنت عطا فرمائے۔ آمین

دی مغل لائن لمیٹڈ

(ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز راں کمپنی)

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کیلئے امسال ایک اور جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اسلامی ــــــ ۵۸۷۹ ٹن

۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

درجہ اوّل ــــــ ۱۰۷۵/- روپے
عرشہ ــــــ ۳۰۵/۸ روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دی جائے گی، ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۷ روپے آٹھ آنے ہوتی ہے زائرین کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں انکی جگہ کا اندراج نہ ہو جائے، اور کمپنی کیطرف سے انکو بمبئی پہنچنے کی ہدایت دیدی جائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دیجا چکی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

دو صدر روپے کے انعامات

حل بھیجنے کی آخری تاریخ ۱۰ ستمبر ۴۸ء ــ نتیجہ ۱۹ ستمبر کو اسی پرچہ میں شائع ہوگا

(۱) پہلا انعام۔ بالکل صحیح حل والے کو مبلغ ۷۵ روپے نقد یا سپیشل جبری نمبر ۱ پورا کورس مفت جو مطلوب ہو
(۲) دوسرا انعام۔ ایک غلطی والوں کو پانچ انعام مبلغ بیس روپے والے یا جبری نمبر ۲ پورا کورس مفت
(۳) تیسرا انعام۔ سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو مبلغ پندرہ روپے نقد
(۴) چوتھا انعام۔ سب سے پہلے حل بھیجنے والے کو مبلغ دس روپے

انعامی جبری معمہ نمبر ۱



دائیں سے بائیں:
(۱) ... ہوا چلنے سے کئی درخت گر جاتے ہیں
(۳) تپدق کی مشہور عالم دوا
(۴) انسانی جسم کا ایک حصہ (۵) ایک ہندو دیا جسے ہمیشہ جدائی اور مصیبتوں کا سامنا رہا (۶) بے نظر
(۷) بعض نے حادثہ بلیک ہول کو لغو اور جھوٹا ثابت کیا ہے (۱۱) فساد اور جھگڑے کی جڑ (۱۳) گھوڑے کے جسم کا حصہ (۱۴) کسی آدمی کو اس کا غلام نہیں بننا چاہیے۔

اوپر سے نیچے:
(۱) اس موذی مرض سے ہزاروں ہندوستانی لقمہ اجل بنتے ہیں
(۲) ہندستان کی ایک بڑی ندی جو کئی اور چالیس کروڑ انسانوں کا سہارا ہے (۳) پنجاب کا ایک دریا
(۴) ہند کے ایک مہینے کا وزن تقریباً
(۵) قبر
(۶) وہ شہر جو ہم بڑی طاقتوں کے درمیان جنگ کا باعث بن رہا ہے
(۸) [illegible] اپنے زمانے کا مشہور کوی
(۹) ہندستان کا ایک محکمہ

شرائط۔ (۱) فیس داخلہ فی حل ۸ ہوگی جو منی آرڈر یا ٹکٹ کی صورت میں بھیجنی لازمی ہے حل کسی بھی سادہ اور صاف کاغذ پر بھیج سکتے ہیں (۲) ایک سے زیادہ حلوں کے واسطے مزید ۸ فیس ادا کرنی ہوگی (۳) حل کی آخری تاریخ ۱۰ ستمبر ۴۸ء ہے اس سے اگلی تاریخ کو ملنے والے حل مقابلہ میں شامل نہ کئے جائیں گے (۴) خانہ پری اور بھیجنے والے کا پتہ صاف ہونا چاہیے (۵) صحیح حل وہی تصور ہوگا جو ہمارے سر بمہر حل سے حرف بحرف خانہ بخانہ ملے گا (۶) معمہ کی کردانی کے مطابق انعامات کی رقم گھٹائی بڑھائی جا سکتی ہے (۷) ایک سے زیادہ حل بھیجنے کی صورت میں قرعہ اندازی سے کام لیا جائے گا باقی سب حلوں کے ایک سے زیادہ ہونے کی صورت میں رقم انعامات مساوی طور پر بانٹ دی جائے گی (۸) منیجر جبری معمہ کا فیصلہ قطعی و آخری اور قانونی ہوگا

بنام صاحب جی ایل شرما اینڈ سنز پریس اینڈ بینکرز (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب E.P.)

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتی ہیں۔

1. اسکی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
2. ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب مع توضیحی عبارات
3. حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
4. تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
5. ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
6. فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
7. موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
8. تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
9. جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی مزید تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
10. خط خوشنما، صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنہ ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد سات روپیہ چار آنہ۔ معجزنما حمائل شریف مولوی نذیر محمد دہلوی ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپیہ، ہدیہ مجلد دس روپیہ۔

پتہ: مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

دارالسلطنت

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی واپسی

نئی دہلی میونسپلٹی

جنم اشٹمی

خالی بوتلوں کی برآمد پر پابندی

بددیانتی اور رشوت ستانی ختم کئے بغیر افراط زر کو ختم نہیں کیا جا سکتا

کلکتہ میں مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

کلکتہ ۲۸ اگست۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نارائن نے آج سینیٹ ہال میں ماہرین اقتصادیات کی سہ روزہ کانفرنس کا افتتاح کیا جو افراط زر کے سوال پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوئی ہے۔ مسٹر جے پرکاش نے اس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان ایشیا اور افریقہ بلکہ تمام دنیا کے امن کے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔

مسٹر جے پرکاش نے افراط زر کے سوال کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نہ صرف ہندوستان بلکہ سارے ایشیا کی آنکھیں آج دہلی کی طرف لگی ہوئی ہیں۔ سوشلسٹ لیڈر نے رشوت اور بددیانتی کے خلاف مہم شروع کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جب تک ایڈمنسٹریشن میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاتی کہ اس وقت تک رشوت و بددیانتی کو جڑ سے اکھاڑا جا سکے، حکومت کا کوئی کام پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا۔ آپ نے کہا کہ بددیانتی وہ عجیب و غریب چیز ہے جو ہمیں ورثہ میں ملی ہے۔ یہ وہ سسٹم تھا کہ جو محض ملک میں امن و امان قائم کرنے کے لئے وجود میں لایا گیا تھا۔

رشوت اور بددیانتی دور کرنے کے لئے مسٹر جے پرکاش نے تجویز کیا کہ (۱) ایک نیا اقتصادی سروس کا محکمہ قائم کیا جائے جس میں نئے طریقوں سے لوگوں کو تربیت دی جائے (۲) ایڈمنسٹریشن میں رشوت کو ختم کرنے کے لئے عبرتناک سزا کا قانون بنایا جائے۔

(۳) بددیانتی کے تمام واقعات کی تحقیقات کے لئے سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ایک جج کا خصوصی محکمہ قائم کیا جائے گا۔

(۴) سکریٹریٹ میں رشوت ستانی کے واقعات کی تحقیقات کے لئے خفیہ محکمہ قائم کیا جائے۔

(۵) تمام سرکاری ملازمین کی منقولہ اور غیر منقولہ جائدادوں کا ڈکلیریشن لیا جائے اور ان کا ہر سال ریویو ہونا چاہئے۔

آپ نے اس بات پر زور دیا کہ مرکز، دل اور نہ کوئی اور چیز افراط زر کے خلاف کامیاب ہو سکتی ہے تاوقتیکہ یہ بددیانتی ختم نہ کی جائے۔ مسٹر جے پرکاش نے کہا کہ سارے ملک کی موجودہ مشکلات کا حل اخلاقی بلندی ہے۔ ہر قسم کے تکلفات ختم ہونے چاہئیں اور اخراجات میں زبردست کمی کی جانی چاہئے اور پابندی گورنر جنرل سے لے کر مل کے مزدور تک سب پر ہونی چاہئے۔ آج جب کہ لاکھوں بھوکے مر رہے ہیں تو چند لوگوں کو عیش و عشرت کرنے نہیں دیا جا سکتا۔

آپ نے کہا کہ بڑے بڑے بیوپاری نہ تو حکومت سے تعاون کر رہے ہیں بلکہ بلیک مارکیٹنگ کر رہے ہیں کیونکہ ان کو بہتر شرح منافع کی توقع ہے۔ بڑے بڑے سرمایہ دار جو ترقی اور پیداوار کے ذمہ دار ہیں ٹھیک فرض ادا نہیں کر رہے ہیں۔

روسی علاقہ سے چلے جانے کی دھمکی

برلن اسمبلی کے صدر کا روسی کمانڈر کو خط

برلن ۲۸ اگست۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹے میں شہر برلن کی اسمبلی پر کمیونسٹوں نے دوسری مرتبہ حملہ کیا۔ یہ حملہ اس بنا پر ہوا تھا کہ اسمبلی روس کے خلاف مغربی طاقتوں کی حمایت کر رہی ہے۔

اسمبلی کی طرف سے یہ دھمکی دی گئی ہے کہ اگر آج رات آٹھ بجے تک (مقامی وقت) اسمبلی کی حفاظت کی ذمہ داری نہیں لی تو اسمبلی روسی علاقہ سے دوسرے علاقہ میں منتقل ہو جائے گی۔ اسمبلی کے صدر نے روسی کمانڈنٹ کو ایک خط میں لکھا ہے کہ اسمبلی کے علاقہ میں مظاہرے اور پبلک جلسے ممنوع قرار دیئے جائیں۔ برطانوی حکام کی طرف سے اس کی تصدیق تو ہو گئی ہے کہ خط بھیجا گیا ہے لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ برطانوی جنرل...

کرنسی پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے مختلف ٹیکس لگانے کی تجویز

نئی دہلی میں سہ روزہ کانفرنس ہو رہی ہے

جنگ کشمیر

نگراں حکومت کے خلاف

پٹیالہ کے کانگریسیوں کا احتجاج

برطانیہ کو کوئلہ کی برآمد

زمانہ ما قبل جنگ کے برابر ہوگی

کپڑا کنٹرول مل کی میعاد میں اضافہ

ہوم گارڈ کی بھرتی

کشمیر میں پاکستانی فوج نہیں لڑ رہی؟

کشمیر کی نام نہاد آزاد حکومت کے صدر کی تردید

لاہور ۲۸ اگست۔ کشمیر کی نام نہاد آزاد حکومت کے صدر ابراہیم دو دن روز کے لئے لاہور آئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے اس اطلاع کی تردید کی ہے کہ کشمیر میں پاکستانی فوجیں لڑ رہی ہیں۔

انہوں نے کہا کشمیر میں کوئی پاکستانی فوج نہیں۔ اگر پاکستانی فوج ہماری حمایت میں ہوتی تو ہم بہت عرصہ قبل سرینگر فتح کر چکے ہوتے۔ ہمیں اس سے بحث نہیں کہ کشمیر کے قبضے کے متعلق پاکستان کا رویہ کیا ہوتا ہے لیکن یہ یقینی ہے کہ کشمیر کی آزاد حکومت کبھی تقسیم کشمیر پر راضی نہیں ہو سکتی۔ ہم اپنی دفاع کو اس وقت تک جاری رکھیں گے جب تک اقوام متحدہ کے کمیشن کی تجویز ایسی نہ ہو جو ہمارے لئے قابل قبول ہو۔ ہم فوجیں کشمیر کے الجھے ہوئے مسئلہ کا پر امن طریقہ سے حل چاہتی ہیں اور جب تک کشمیر کمیشن موجود ہے وہ کوئی جارحانہ کارروائی نہیں کریں گی اور حالات کو ابتر نہیں ہونے دیں گی۔

سردار ابراہیم نے اپنے بیان پر زور دیتے ہوئے کہا کشمیری عوام کی رائے کی عزت کی جانی چاہئے اور اگر کشمیر میں استصواب رائے ہو تو کمیشن کی نگرانی میں ہو اور سرینگر اور جموں سے ہندوستانی فوجوں کو واپس بلا لیا جائے۔

انہیں معلوم ہے کہ کشمیر کے مستقبل کا کیا رویہ ہوگا۔ لیکن یہ امر یقینی ہے کہ کسی وقت تک آزاد گورنمنٹ جنگ جاری رکھے گی جب تک کہ ... آزاد حکومت کے لئے قابل قبول ہو۔

انہوں نے کہا کہ میں ... کہ کشمیر کمیشن حکومت ہندوستان سے کوئی بھی سمجھوتہ کرے وہ آزاد حکومت کے لئے اس وقت تک قابل قبول نہ ہوگا جب تک کہ آزاد گورنمنٹ سے اس میں رائے نہ لی جائے۔ ہم نے ... جنگ بندی کے متعلق ... لیا گیا ہے۔

آخر میں سردار ابراہیم نے کہا کہ کشمیر کے مسئلہ کا ایک حل یہ ہے کہ منصفانہ اور صحیح استصواب رائے ہو ... حل نکلے تو ہم دونوں کے لئے تیار ہیں۔

پنڈت پنت کی مرکزی کابینہ میں شمولیت

یوپی کے باخبر حلقوں کا اظہار خیال

لکھنؤ ۲۸ اگست۔ بظاہر تو دہلی کی اس خبر میں کوئی صداقت نہیں معلوم ہوتی کہ ... حکومت ہند میں وزیر داخلہ بنائے جائیں گے لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مرکزی حکومت میں پنڈت پنت اعلیٰ درجہ کے وزیر ہو سکتے ہیں۔ اس وقت بھی یوپی میں انہوں نے یہ کام سنبھال رکھا ہے۔ وزیر اعظم کی حیثیت سے ان کی قابلیت مسلم ہے اور ان کے یوپی سے ہٹائے جانے سے کانگریس کے اندرونی گروپوں کا توازن بگڑ جانے کا خطرہ ہے۔ ابھی تک یوپی میں اس قسم کی کوئی خبر موصول نہیں ہوئی کہ پنڈت پنت مرکز چلے جائیں گے۔ جب پنڈت پنت سے اس خبر کی بابت پوچھا گیا تو انہوں نے ہنستے ہوئے کہا کہ میں تو ... کوئی تیاری نہیں کر رہا۔

یوپی کے زراعتی بورڈ کا جلسہ

لکھنؤ ۲۸ اگست۔ یوپی کے حال ہی میں قائم شدہ زراعتی بورڈ کا جلسہ ۳۰ اگست کو ہوگا۔ مسٹر شیر واقی وزیر زراعت جلسہ کی صدارت کریں گے۔ صدر کے انتخاب کے علاوہ بورڈ زراعت کے بارے میں تحقیقات اور ترقی کے بارے میں غور کریں گے۔

کرنال میں گیارہ ڈاکو گرفتار

لدھیانہ ۲۸ اگست۔ خطرناک ڈاکوؤں کا ایک گروہ جو پٹیالہ، نابھہ، جیند، مالیرکوٹلہ اور ضلع انبالہ میں ڈاکے ڈال رہا تھا کرنال میں ختم کر دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ان ڈاکوؤں میں اکثر لوگ برین گنوں سے مسلح تھے۔ یہ گروہ ڈاکہ، قتل و غارت اور لوٹ مار کے بیسیوں جرم کر چکا ہے۔ کرنال پولیس نے اس گروہ کے گیارہ افراد کو جن میں ایک عورت بھی ہے گرفتار کر لیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس گروہ کا سرغنہ ابراہیم اپنے ۲۲ ساتھیوں کے ساتھ ابھی مفرور ہے۔

جودھپور میں پانچ ہزار شرنارتھی

جودھپور ۲۸ اگست۔ حکومت جودھپور نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ ان شرنارتھیوں میں سے جنہیں سندھ کے علاوہ کیمپ سے لایا گیا ہے پانچ ہزار کو ریاست کے اندر بسائے گی۔

برما میں تھاراوادی علاقہ میں امن قائم ہو گیا

باغیوں کی سرگرمیاں روک دی گئیں

رنگون ۲۸ اگست۔ ضلع تھراوادی میں باغیوں اور برما کی فوجوں میں دو جگہ زبردست تصادم ہوا ... ہوئے اور ان کے ۸۸ آدمی گرفتار ہوئے۔ اس کے علاوہ حکومت کی فوجوں نے ۶۵ رائفل، ۱۴ اسٹین گن اور ایک ریوالور برآمد کیا ... کمیونسٹ لیڈر اور ۱۰ باغی ہلاک ہوئے۔

سندھ میں سیلاب کی رفتار

عبدالقیوم خاں کو نیا اعزاز

جوناگڑھ کے مسلم افسران

دلی ہوم گارڈ کے رضاکاروں کی پریڈ

ٹکٹ چیکروں کی گرفتاری پر حکومت نظام کا احتجاج

حیدرآباد دکن۔ حکومت حیدرآباد نے حکومت ہند سے نظام اسٹیٹ ریلوے کے ان ٹکٹ چیکروں کی گرفتاری پر احتجاج کیا ہے جنہیں ... لائن پر ... سے گرفتار کر لیا۔ اس سلسلہ میں حکومت نظام ... کیا ہے کہ ... ملازمت سے تعلقات رکھنے والے افراد کو اس طریقہ پر گرفتار کیا گیا ... ضروری ... کا علم نہیں ہو پایا۔

ڈھاکہ میں پاکستان کے وزیروں کی کانفرنس

پشاور ۲۸ اگست۔ پاکستان کے صوبوں کے وزرائے اعظم اور چیف سکریٹریوں کی ایک کانفرنس اگلے ماہ ڈھاکہ میں منعقد ہونے والی ہے جس میں مشترکہ انتظامی معاملات پر غور کیا جائے گا۔ اب تک اس کانفرنس کی تاریخ کا اعلان نہیں کیا گیا۔ لیکن صوبہ سرحد کے متعلق اس کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ ... ڈھاکہ اپنا دورہ ... اس موقعہ سے فائدہ اٹھانے کے لئے ... مشرقی بنگال کے مختلف ... علاقوں میں ... پنجاب اور سرحد کے وزرائے اعظم ... کریں گے۔

حیدرآباد کے غیر ملکی وظائف

حیدرآباد (دکن) ۲۸ اگست۔ حکومت نظام کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت نظام نے ان تمام طالب علموں کو جنہیں غیر ممالک کے لئے وظائف دیئے گئے ہیں ...

آسٹریلیا اور پاکستان کا معاہدہ

مسٹر شعیب اللہ خاں کی تجہیز و تکفین

پانی سے بجلی پیدا کی جائیگی

پاکستان میں کارخانے کھلیں گے

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۶ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ چالیس روپے — ششماہی بیس روپے — سہ ماہی گیارہ روپے

اضافہ: الجمعیۃ ... قیمت میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ ایجنٹ حضرات نوٹ کریں (منیجر)

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۰۵۵

بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۷ شوال المکرم ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۸۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

یوپی میں دریائے گنگا اور رام گنگا کی زبردست تباہ کاریاں

کانپور اور اناؤ کے تین سو دیہات پانی سے بھرے ہوئے ہیں

دس ہزار سے زائد اشخاص خانماں برباد

لکھنؤ ... مقام میں دریائے گنگا اور دریائے رام گنگا کے سیلاب سے ... مراد آباد، بریلی، بنارس، بلیا، سیتاپور، اور اناؤ کے اضلاع میں ...

(باقی صفحہ ۶ کالم ۵ کے نیچے)

پیرس ۳۱ اگست۔ فرانس کی ریڈیکل پارٹی کے لیڈر موسیو رابرٹ شومن حکومت بنانے کی بار بار کوشش کر رہے ہیں۔ خیال ہے کہ وہ آج کسی وقت اپنی حکومت کے ممبروں کے نام پیش کر دیں گے۔

ملایا میں ایک اور یورپین منیجر کو ہلاک کر دیا گیا

کمیونسٹوں کی شورش کی بڑھتی ہوئی رفتار

سنگاپور ... اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ... ایک چینی ... نے ایک یورپین منیجر ... کے ایک کانسٹیبل ... کو گولی مار کر ہلاک کر دیا ... سے ہلاک کیا گیا ہے۔

انہیں باغیوں نے اس کے بعد ایک تھانہ پر حملہ کر کے ایک پولیس کانسٹیبل کو ہلاک اور ایک کو زخمی کر دیا۔ باغیوں نے پہلے تو درختوں کو گرا کر سڑکیں بند کر دیا۔ اس کے بعد ... اور تھانہ پر حملہ کر دیا۔ ... دہشت پسند ہلاک ہوئے ایک زخمی ہوا لیکن ... آپ کو ہلاک کر لیا۔

گوکل اشٹمی کے موقع پر ضلع کولابہ میں فساد

۵۴ اشخاص ہلاک ۔ ۲۲ اشخاص گرفتار

بمبئی ۳۰ اگست ... گوکل اشٹمی کے موقع پر ... میں فساد ہو گیا ... پولیس نے ہجوم ... گولی چلائی ... اور حالات پر اب قابو پا لیا گیا ہے۔ زخمیوں کا ہسپتال میں علاج ہو رہا ہے۔ مسلح پولیس ... میں گشت کر رہی ہے ... شام کے سات بجے سے صبح کے سات بجے تک کرفیو لگا دیا گیا ہے ... ریاست جنجیرہ کا حصہ تھا۔ اور اب ریاست جنجیرہ ضلع کولابہ میں ضم ہو گئی ہے۔

محاذ کشمیر:

دشمن وہی چالیں چلنے لگا جو جاپانیوں نے برما کے جنگلوں میں چلی تھیں

ہندی فوجوں کے آمدورفت کے راستے کاٹنے کی کوشش ناکام کر دی گئی

سری نگر ۳۱ اگست۔ سری نگر سے جو تازہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوا ہے کہ ... علاقہ میں دشمن وہی چالیں چل کر جو برما کے جنگلوں میں جاپانیوں نے چلی تھیں ... سلسلہ مواصلات کو کاٹ کر ہماری صفوں کے عقب میں پہنچنے کی کوشش کی لیکن ہندوستانی فوجوں نے ان کی کوششوں کو ناکام بنا دیا اور دشمن کو بہت کچھ جانی نقصان اٹھانا پڑا ... دشمن رسوں کا پل بنانے کی کوشش کر رہا تھا ... کی کوشش کی یہ پارٹیاں پوری طرح مسلح تھیں ... شمال مشرق ...

... ہماری فوجوں نے فوراً اقدام کیا ... دشمن کی جان فروش پارٹیوں کو ایک لمحہ کا بھی موقع نہ دیا جائے۔ اس علاقہ کا نالہ دشمن کی چالوں کے لئے بہت موزوں تھا اور اس مقصد کے لئے وہ اسے ہی استعمال کر رہا تھا ... لیکن ہماری فوجوں نے ان طریقوں پر عمل کرتے ہوئے ...

جاری رہی اور گذشتہ ۴ گھنٹوں کے اندر اندر اس علاقہ میں ہندوستانی فوجوں نے اپنی توپوں ... دشمن کے دو سپاہیوں کو ہلاک اور ... کو مجروح کر دیا۔

وزارت دفاع کے ... اعلان میں کہا گیا ہے کہ ... اگست کو ختم ہونے ... گھنٹوں میں ...

زوجی لا کے علاقہ میں ہماری فوجوں نے دشمن کے ایک دستہ سے مقابلہ کیا اور اس کو جانی نقصان پہنچایا ... اور دراس کے علاقہ میں ... پر دشمن کے ایک ... کو منتشر کر دیا گیا۔ اس علاقہ میں دشمن نے ہمارے ... مورچوں پر ... گولے پھینکے ... علاقوں ... کی جانب

... علاقہ کو صاف کرنے کے لئے قدم اٹھایا اور دشمن کی چھ پارٹیوں سے ہمارا سابقہ پڑا ... آخر وقت تک مقابلہ کیا ... سامنے اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ تھا کہ وہ دشمن کی ان پارٹیوں کا قطعی طور پر صفایا کر دے۔ ... اوڑی کے محاذ پر دونوں طرف سے گولہ باری ...

مجلس تحفظ نے مسئلہ کشمیر پر بحث کرنے سے انکار کر دیا

مسئلہ فلسطین پر بھی بحث نہیں ہوئی ۔ اجلاس ملتوی ہو گیا

لیک سکسس ۔ ۳۱ اگست۔ گذشتہ شب مجلس تحفظ نے کشمیر میں پاکستان اور ہندوستان کے تنازعہ پر بحث کرنے کی تجویز مسترد کر دی۔ صرف دو ممبروں نے اس تنازعہ پر بحث کے حق میں رائے دی اور باقی نو ممبروں نے کوئی رائے ہی نہیں دی۔

اور نہ فلسطین کا کوئی پر غور و خوض کرنے کے لئے ایک ہنگامی اجلاس کی ضرورت پیش آئے۔

مجلس نے اپنا عارضی ایجنڈا مرتب نہ کرنے کا فیصلہ ... مسٹر وارن آسٹن (امریکہ) نے مجلس کو یاد دلایا کہ جب ...

لئے موسیو جیکب ملک (روس) کے ان فرائض کو خراج تحسین ادا کیا جو انہوں نے ایک ماہ تک صدر کی حیثیت سے انجام دیئے۔ پھر ملک نے کونسل کا اس "بڑی امداد" کے لئے شکریہ ادا کیا جو ان کے زمانہ صدارت میں ممبروں کی طرف سے انہیں دی گئی اس کے بعد مجلس کا اجلاس ملتوی ہو گیا۔

شام کے نمائندے فارس الخوری نے ہنگامی اجلاس کے انعقاد پر اعتراض کیا اور کہا کہ کشمیر کا معاملہ کشمیر کمیشن خود حل کر سکتا ہے۔ فلسطین کے متعلق انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ... اس درخواست پر جو اس نے ایک فوجی مشیر اور ... صلح کے مشاہدہ کے لئے کی ہے۔ اور فلسطین میں عارضی صلح کے نفاذ کے سلسلہ میں تعزیری اقدام پر غور و خوض کیا جائے۔ یہ اجلاس ایک "ہنگامی اجلاس" کی حیثیت سے بلایا گیا تھا۔ لیکن امریکہ، برطانیہ اور شام کے ... دلائل دے ... پر فیصلہ کیا کہ نہ تو کشمیر کا مسئلہ ...

عربوں اور یہودیوں نے ابھی تک بے تعلق علاقے سے اپنی فوجیں نہیں ہٹائیں

کاؤنٹ برنادوٹ مشورے کیلئے پیرس جا رہے ہیں

یروشلم ۔ ۳۱ اگست۔ یروشلم میں ریڈ کراس کے قریب ... اقوام متحدہ ... کیا گیا ہے اس کے مطابق عربوں اور یہودیوں سے ہٹ جانے کی جو درخواست کی گئی تھی اس کا ابھی تک کسی ... معمول نہیں ہوا ہے حالانکہ فیصلہ کے مطابق عربوں اور یہودیوں کی فوجیں اس علاقہ سے کل دوپہر تک ہٹ جانی چاہئے تھیں۔

بمبئی ۳۱ اگست۔ بمبئی کی خفیہ پولیس نے کل ... کی خفیہ تجارت کرنے والی ایک ٹولی کے چار ممبروں کو گرفتار کر کے شہر میں سنسنی پھیلا دی ہے ان چاروں کے نام (۱) شیخ عبدالرشید (۲) ... (۳) ... اور ... لال پریم جی ہیں

یہودیوں پر الزام ... کا الزام لگایا ہے کہ وہ عارضی صلح کی خلاف ورزی کر رہے ہیں ... یروشلم میں اقوام متحدہ کے مشاہد پر گولی چلائی۔

اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برنادوٹ ... اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل مسٹر ٹریگولی سے بات چیت کرنے کے لئے آج استاک ہالم سے بذریعہ ہوائی جہاز پیرس جا رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کے حیدرآبادی وفد کے ناموں کا اعلان

وفد ستمبر کے دوسرے ہفتہ میں پیرس روانہ ہو جائے گا

حیدرآباد ۳۰ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ نواب معین نواز جنگ جو حیدرآباد کے وزیر خارجہ ہیں اس نمائندہ وفد کی صدارت کریں گے جو اقوام متحدہ میں حیدرآباد کا مسئلہ پیش کرنے پیرس جا رہا ہے ... ہفتہ میں پیرس روانہ ہو جائے گا ... وزیر مواصلات ... وزیر تعلیم اور مسٹر شام سندر صدر حیدرآباد ... ہیں

معلوم ہوا ہے کہ ... حکومت ہند کے جواب کا منتظر ہے ... حیدرآباد کے وفد کو پیرس کی روانگی کے سلسلہ میں ضروری آسانیاں مہیا کرنے کی درخواست کی تھی۔

لندن ۳۰ اگست۔ لندن کی خفیہ پولیس نے آج برطانیہ کی مشہور ہستیوں کے خلاف غیر ملکی دہشت پسندوں کی سرگرمیوں کے سلسلے میں اپنی انتہائی رازدارانہ تحقیقات اور زیادہ سختی کے ساتھ شروع کر دی ... اسکاٹ لینڈ یارڈ کے اسپیشل برانچ کے افسر کر رہے ہیں۔ اسکاٹ لینڈ یارڈ اس سلسلہ میں ... باقی ...

ماری پور کے حادثہ کی تحقیقات

کراچی ... اگست۔ پاکستان کی وزارت داخلہ نے ماری پور ہوائی اڈہ کے حادثہ کی تحقیقات کے لئے آرڈر دیا ہے ... مسٹر ایس زیڈ احمد کراچی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ... کے مقرر ہوئے ہیں ... پاکستانی فضائی بیڑہ کی ... کراچی کے اخبارات کی ... اس حادثہ کی تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔

سیلاب ... کانپور ... زیر آب ... اور ہزاروں ... کا ... سیلاب ...

کان پور کے پاور ہاؤس کو خطرہ

... دوسری جگہوں پر منتقل کئے جا رہے ہیں ... پانی کے نالے ... ان کے راستے سے شہر میں گنگا کا پانی داخل ہو رہا ہے ... اسی وجہ سے پانی میں ڈوب گئی ہیں۔

تین سو دیہات زیر آب

کانپور اور اناؤ کے اضلاع میں تین سو دیہات زیر ...

ریڈیم پلز — دل، دماغ، معدہ، جگر اور گردوں کو طاقت پہنچا کر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں — عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں — ۴۰ گولیوں کی قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ — دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲ ستمبر ۱۹۴۸ء

انسانیت کی تعمیرِ نو

یہ بات وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ رہنمائی کا فرض وہی شخص انجام دے سکتا ہے جو انسانی نفسیات اور مزاج کا شناسا ہو اور جذبات کی کیفیت کا پورا عالم ہو، جو شخص اس کوچہ سے نابلد ہے وہ انسانی بھیڑ کے آگے تو چل سکتا ہے قوموں کو اپنے پیچھے نہیں چلا سکتا، ہر قائد کے لئے ضروری ہے کہ وہ انسانی فطرت، فطرت کے مظاہر اور ان کے تقاضوں سے باخبر ہو اور قوموں کے مزاج اور جذبات کے اتار چڑھاؤ کا ریکارڈ محفوظ رکھ سکے، جب انسان کا مخصوص سیرت اختیار کر کسی خاص نظام سے ہم آہنگ میں وابستگی ہے تو اس کا درجہ فردی سیرت سے بالکل مختلف ہوتا ہے، اب ایک رہنما کا نام یہ ہے کہ اس اجتماعی مزاج کا رنگ شناخت کرے اور اس کی شدت اور شدت سے اجتماعی کردار کا پتہ لگائے جب تک کسی رہنما کی انگلیاں نفسیات کی نبض پر نہ ہوں وہ اجتماعی اقدام و عمل، اجتماعی ذہنیت کو اعتدال پر لانے کے لئے حالات سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا اور اس کی یہ کمزوری، قوم کی کمزوری میں اضافہ کا موجب تو ہو سکتی ہے، اسے دور کرنے میں موثر نہیں ہو سکتی۔

ہندوستان کے گورنر جنرل راجگوپال آچاریہ ہمارے خیال میں انسانی نفسیات کا کافی تجربہ رکھتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ان کی باتوں میں وزن اور ان کے مشوروں میں مغز ہوتا ہے، وہ جب عوام سے مخاطب ہوتے ہیں تو صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کی نگاہ انسانی ذہنیت کی گہرائی میں اتر چکی ہے اور وہ ان صلاحیتوں کو بیدار کرنا چاہتے ہیں جو ہماری کامیاب زندگی کا بہترین سرمایہ ہیں، آپ نے ناگپور میں تعلیم کے مقاصد و نتائج پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا

"خواندگی، تعلیم نہیں ہے اور نہ تعلیم کا نام خواندگی ہے، قدیم زمانہ میں ہمارے بزرگوں نے کتابی تعلیم نہیں دی بلکہ منہ کے الفاظ سے فلسفہ علم کے گُر سکھائے، مشکل الفاظ میں اپنے خیالات کو بند کرنا ایسا ہی ہے کہ کسی تانبے میں سونے کی ڈلیاں بند کر دی جائیں، ہمیں آسان اور مقبول عام زبان میں لکھنا اور بولنا چاہئے، مگر ہماری اصلی زبان جسے ساری دنیا سمجھتی ہے ہمارا اچھا اور بلند کردار ہے، یہی دنیا کی بہتر زبان ہے، اسی کے ذریعہ ہم کائنات سے اپنا تعلق قائم کر سکتے ہیں۔"

گورنر جنرل نے جس بات کو سمجھانا چاہا ہے وہ صرف یہ ہے کہ کالجوں اور یونیورسٹیوں کی تعلیم نے ہمیں لکھنا پڑھنا تو سکھا دیا مگر ہمارے اندر اعلیٰ کردار کی کوئی صلاحیت پیدا نہیں کی، ہم نے مختلف زبانوں پر عبور حاصل کر لیا مگر اس زبان سے محروم ہی رہے جو ہمارے بلند کیریکٹر اور بلند اخلاق، پاکیزگی اور صداقت کی ترجمان ہے، ہم نے کالجوں میں سب کچھ حاصل کرنے کے بعد اپنا سب کچھ کھو دیا اور کتابی تعلیم یہ بھی نہ بتا سکی کہ انسانیت کے حدود کیا ہیں اور زندگی کن مقاصد کو لے کر نمودار ہوئی ہے۔

گذشتہ ایک سال کی ابتری اور خونریزی کے بعد ہمیں جو سب سے بڑا تجربہ حاصل ہوا وہ یہ کہ موجودہ زمانہ کا تعلیم یافتہ نوجوان، دنیا کا سب سے بڑا حیوان ہے، اس نے اپنی حرکتوں سے گنواروں، مجرموں اور باقیوں نا تہذیب یافتہ جاہلوں، سب کو مات کر دیا، نفرت اور تعصب کا پتلا اگر دیکھنا ہو تو کالجوں کی اس مخلوق کو دیکھو جو صورت و شکل سے بھولی اور مہذب معلوم ہوتی ہے اور جس کی گفتگو فلسفہ کی عقدہ کشائی کرتی ہے، ان روشن خیال اور تعلیم یافتہ نوجوانوں نے سرکاری دفتروں کو فرقہ پرستی کا گیس پلانٹ بنا رکھا ہے، دنیا کا وہ کونسا جرم ہے جس میں ان کا حصہ نہ ہو، جہاں یہ لوگ مل کر بیٹھیں گے ایسا معلوم ہوگا کہ دنیا کے جرائم پیشہ سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو گئے ہیں، الیگ سے بھڑکی فساد کی آگ برسانے والے یہی تعلیم یافتہ تھے جنہوں نے اسکولوں میں کتابی تعلیم حاصل کی تھی اور جنہیں قیادت اور شہرت کا ہیضہ میدان میں نکال کر لایا تھا، گنواروں اور نیم وحشی انسانوں نے جو مظالم پوری ایک صدی میں بھی نہ ڈھائے تھے وہ دور جدید کے اس مہذب طبقہ نے صرف آٹھ روز میں ڈھا کر دکھا دیئے، پھر ہندوستان کے فرقہ پرستوں، مہاسبھائیوں اور بی۔ اے اور ایم۔ اے قسم کے [illegible] بیرسٹروں اور پروفیسروں نے جو نفرت انگیز کارنامے انجام دیئے وہ صرف ان کی کتابی تعلیم اور لکھنے پڑھنے کا ہی صدقہ تھا، گذشتہ ایک سال میں جو کچھ ہوا سکا سہرا صرف تعلیم یافتہ بدمستوں کے سر بندھنا چاہئے، غریب دیہاتی اور گنوار کو یہ سلیقہ کہاں کہ وہ ایک منظم سازش کے تحت نہرو گورنمنٹ کا تختہ الٹنے کے لئے فرقہ پرستی کی آگ بھڑکائے اور دنیا کے مہاپرش مہاتما گاندھی کی جان لے۔

گورنر جنرل کے ان الفاظ پر پھر غور کرو "دنیا کی بہترین اور مقبول عام زبان ہمارا بلند کردار ہے۔" کیا اس کردار کی کوئی جھلک آپ کو کتابی کیڑوں میں نظر آئے گی؟ ان کتابوں نے ہمیں بے رحمی، شقاوت، حرامکاری، اغوار، قتل، فرقہ پرستی، تعصب، دشمنی، فرومائیگی، سفلہ خوئی، خوب سکھائی، لیکن گورنر جنرل ایسے تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتے ہیں جن کا کردار بلند، جن کا اخلاق پاکیزہ، جن کا دل صاف اور دماغ ہموار ہو، اور جو رحم و ہمدردی، عفت و پاکدامنی، وسعت نظر اور حوصلہ مندی، محبت اور سچائی، انصاف و رواداری کا مرقع ہوں اور جن کا بلند کیریکٹر دنیا کی گردنوں کو احترام کے لئے جھکا دے، اگر کسی حکومت کو اپنی کاربرآری کے لئے ایسے کردار کے نوجوان مل جائیں تو نہ صرف حکومت ہی کا بیڑا پار ہو جائے بلکہ انسان کی قسمت بھی جاگ اٹھے اور ہماری سرزمین مسرت، خوشحالی، اطمینان و سکون کا گہوارہ بن جائے۔

کمیونزم سے خطرہ

اس وقت چین ملایا اور برما کو کمیونزم کا خطرہ [illegible]

کا بہتر اور آسان علاج یہ ہے کہ انقلاب آنے سے قبل مزدوروں، کسانوں اور غریب لوگوں کے کم سے کم مطالبات پر ہمدردی کے ساتھ غور کیا جائے اور انہیں مطمئن کرنے کی سبیل نکالی جائے، سرمایہ پرستوں [illegible]

اچھی باتیں!

وقل۔ تا۔ مبینا (پ ۱۵ ع ۶)

میرے بندوں سے کہدو کہ وہ اچھی بات منہ سے نکالیں، بلاشبہ شیطان ان کی تاک میں بیٹھا ہے اور وہ انسان کا کھلا دشمن ہے۔

بات وہ ہونی چاہیئے جو دل میں اترتی چلی جائے گفتگو ایسی ہونی چاہیئے کہ دشمن بھی دوست بن جائے تم گالی کا جواب گالی دے کر اپنا دل ٹھنڈا کر سکتے ہو مگر دوسرے کی اصلاح نہیں کر سکتے اگر تمہارا مقصد دوسروں کی بھلائی ہے تو دلوں پر قبضہ کرو اور محبت اور میٹھی باتوں سے اخلاق کے مریض کو شفا بخشو بہت آسان ہے کہ سختی کا جواب سختی سے دے دو اور خوش ہو جاؤ کہ منہ توڑ جواب دیدیا، مگر یہ تمہاری ..... شکست ہے، یہ تمہاری بے مائیگی ہے، یہ تمہاری کم ظرفی ہے تمہاری شان اسی میں ہے کہ بری بات سنو اور اپنی اچھی بات سے اس برائی کو مٹاؤ۔ شیطان تاک میں بیٹھا رہتا ہے بری بات نکلتے ہی اسے آگ لگانے کا موقعہ مل جاتا ہے، اگر تم اپنی زبان کو قابو میں رکھو میٹھی باتوں سے دلوں پر قبضہ جماؤ تو تمہیں [illegible] کی تسخیر کا راز معلوم ہو سکتا ہے، جو مذہب زبان کی تلخی [illegible] برداشت نہیں کرتا وہ ہاتھ سے نقصان پہونچانے کو کس طرح گوارا کر سکتا ہے (۱۶)

مصر کے صحرائی بنجروں میں طریقہ آبپاشی کی تجاویز

[illegible]

غیر آباد نخلستانی

[illegible]

انڈوپاکستان

[illegible]

سیر و سیاحت

[illegible]

اڈیٹر کے نام خطوط

"سلامتی کا راستہ"

[illegible]

"دعوت عمل"

[illegible]

صبحِ کاذب!

ابو الاسرار حزیؔ اٹاوی

ـــــ نام نہاد اسلامی حکومت کا خواب اور اس کی تعبیر دیکھئے ـــــ

جس دم اسٹیشن پہ ہوتا ہے مسافر کا ورود
ناگہاں سنتا ہے ہر سو شور تسبیح و درود

اب کراچی کی نہ پوچھ ہے مدینہ علم کا
ہر دوکاں میں ہر مکاں میں ہے خزینہ علم کا

کوئی بھی غافل نہیں شرع و قرآن سے
بچہ بچہ باخبر ہے مذہبی ارکان سے

بادہ خواری ہو رہی ہے دولتِ عرفان کی
زیرِ نگرانی عثمانی و بشیر ۔۔۔ کی

ہر گلی کوچے سے آتی ہے صدا قرآن کی
آسماں تک جا رہی ہے روشنی ایمان کی

قائدِ اعظم کا مکرہ کیا ہے بقعہ نور کا
آنکھ کو ہوتا ہے دھوکا جیسے کوہِ طور کا

ہو رہی ہے روز و شب پابندی صوم و صلوٰۃ
بٹ رہی ہے وقت سے پہلے غریبوں کو زکوٰۃ

داڑھیاں چہرے پہ سجتے دینداری عیاں
خضر صورت عابد و عارف ہیں سارے مسلماں

جس سڑک کو دیکھئے ہے مستقل راہِ نجات
چلتے پھرتے رکنِ دیں ہیں رہروانِ نیک ذات

جو دعا مانگو یہاں فوراً ہی ہوتی ہے قبول
شہر میں رہتا ہے ہر دم اس کی رحمت کا نزول

رابعہ کی مات کرتی ہیں بہشتی تتلیاں
اللہ اللہ کر رہی ہیں پارکوں میں بیبیاں

دفتروں میں شرع کے احکام جاری ہوگئے
جتنے مسٹر تھے امام اعظم تمہاری ہوگئے

مخبرِ صادق کی خبریں نشر ہوتی ہیں سدا
باعثِ ذکرِ خدا ہے ریڈیو کی ہر صدا

آہ! پاکستان فقط اک خواب اک افسانہ تھا
اور مسلم اس کے پیچھے رات دن دیوانہ تھا

سرزمینِ پاک پر شیطان غالب ہے ہنوز
آفتاب دیں کہاں ہے؟ صبحِ کاذب ہے ہنوز

منی پور کے باغی لیڈر رواہی ہو کی گرفتاری پر زبردست مظاہرے

مشتعل ہجوم دیر تک گولیاں چلاتا رہا۔ فوج بلانی پڑی

بہاولپور میں امتناعِ شراب

بہاولپور ۲۹ اگست۔ حکومت بہاولپور نے ریاست میں مکمل امتناع شراب نوشی کا فیصلہ کر لیا ہے اور اس غرض سے نشیلی اشیاء کا بنانا، تیار کرنا، قبضہ میں رکھنا، برآمد، درآمد، فروخت اور استعمال قانوناً ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔

وان موک ہالینڈ جا رہے ہیں

شام میں جبریہ بھرتی

مسٹر جناح کی صحت ٹھیک ہے

مسٹر غلام محمد وزیر مالیات کا بیان

کراچی ۳۰ اگست۔ پاکستان کے وزیر مالیات مسٹر غلام محمد پچھلے ہفتہ کوئٹہ سے واپس کراچی تشریف لائے۔ آپ پاکستان کے گورنر جنرل مسٹر محمد علی جناح سے مہاجرین کی امداد سے متعلق معاملات کے سلسلہ میں بات چیت کرنے کوئٹہ گئے تھے۔ کوئٹہ سے واپسی پر آپ نے نمائندہ ایسوسی ایٹڈ پریس کے ایک بیان میں کہا کہ غیر ملکی اخبارات میں اس مطلب کی خبر شائع ہوئی ہے کہ مسٹر جناح بہت سخت بیمار ہیں وہ خبریں بالکل غلط ہیں۔ آپ نے مزید کہا کہ میں نے کوئٹہ میں مسٹر جناح سے طویل بات چیت کی ان کی صحت بالکل ٹھیک ہے۔

کشمیر کمیشن اور ظفر اللہ خاں

کراچی ۳۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ آج ۳۰ اگست کو کشمیر کمیشن کے ممبروں نے پاکستان کے وزیر خارجہ مسٹر ظفر اللہ خاں سے ملاقات کی۔

سکم میں پاکستان ریڈیو پر پابندی

مہاجرین نے سکندر آباد میں

ہندوستانی عمارت پر قبضہ کر لیا

ہندوستانی وفد کی رہنمائی اور نہرو

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

لدھیانہ کے مزدوروں کی بھوک ہڑتال

ہرکین وزیر کے آنے سے مندر ناپاک ہو گیا

ریاست جاورہ میں ماتم

جمعیۃ علماء کا قیام

ہندوستان میں غذائی درآمد میں کمی

نئی دہلی ۳۰ اگست۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ہندوستان کی غذائی حالت پر ان تین باتوں کا برا اثر پڑے گا۔

۱۔ برما میں گڑبڑ
۲۔ پاکستان میں سیلاب
۳۔ ہندوستان کے بعض حصوں میں سخت بارش

پاکستان اور چین میں سفارتی تعلقات

امرتسر کانگریس کے نئے صدر

دارالسلطنت

جمعہ ۳۱ اگست ۱۹۴۸ء

لاش برآمد ہوئی

ٹرک سے حادثہ

پنچایت گھر کا افتتاح

مہاراجہ کشمیر کا عطیہ

دو سیر افیم برآمد

پریڈ گراؤنڈ میں دوکانیں

سزائے قید

ونوبا بھاوے کی تقریر

پالن پور میں یوم آزادی

پالن پور۔ بلدیو ٹوک، یہاں ۱۵ اگست کو شایان شان طریقہ پر یوم آزادی منایا گیا۔ شام کو ساڑھے چھ بجے میدان مانک چوک میں زیر صدارت لالہ کاکا احمد آبادی ایک زبردست جلسہ ہوا جس میں مولانا محمد عیسیٰ خان صاحب ان میمبر یونین ہندوستانی ڈویژن جو آزادی کی راہ میں کرنی پڑی جد و جہد آزادی میں جمعیۃ علماء اور مسلمانوں کے کارناموں اور عظیم قربانیوں کا حال سنانے کے بعد آپ نے گاندھی جی کی ذات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

مراد آباد میں ۹۱۰ مکان گر گئے

مراد آباد ۳۰ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ہفتہ کی سخت بارش سے یہاں ۹۱۰ مکانات گر گئے۔ مراد آباد کے نواحی علاقہ کا ٹھ گھر میں مکانات گرنے سے پانچ آدمی مرے اور نو زخمی ہوئے۔ بہت سے مکانوں کی مرمت نہ کرائی جا سکی اس بات کا بھی خطرہ ہے کہ اگر جلد مرمت کے لئے ضروری سامان نہ مہیا کیا گیا تو مزید مکانات گر جائیں گے۔

رضاکاروں اور ہندوستانی فوج میں تصادم

ہندوستانی فوج حیدر آباد کے علاقہ میں گھس گئی

نئی دہلی ۳۰ اگست۔ سرکاری اعلان مظہر ہے کہ ۲۸ اگست کو ہندوستانی فوج اور رضاکاروں میں ایک تصادم کے نتیجہ کے طور پر رضاکار ہلاک ہوئے۔ یہ واقعہ ریاست بیجاپور کے ایک ہندوستانی گاؤں میں ہوا۔ ہندوستانی فوج نے ایک رضاکار کو قیدی بنا لیا۔ اور اس کے قبضہ سے بہت سا لوٹا کا مال جس میں سونے چاندی کے زیورات بھی شامل ہیں برآمد کیا گیا۔

مسٹر چرچل ہندوستان آکر ہند اور حیدر آباد میں سمجھوتہ کرائینگے!

حکومت برطانیہ حکومت ہند سے بات چیت کر رہی ہے؟

نئی دہلی ۳۰ اگست۔ حیدر آباد سے ربط رکھنے والے حلقوں کے مطابق یہ انکشاف کیا گیا ہے کہ برطانیہ کے اپوزیشن لیڈر مسٹر چرچل عنقریب ہندوستان آ رہے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر چرچل کے اس دورہ کا تعلق نظام حیدر آباد کے ۔۔۔

یو پی میں سیلاب زدگان کی امداد

حکومت کے فوری امدادی اقدامات

ہمیں غلط فہمیوں کا شکار نہ ہونا چاہیے بلکہ ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے

مسلم یتیم خانہ کا سنگِ بنیاد رکھنے پر گورنر جنرل کی تقریر

مدراس، ۳۰ راگست۔ صبح کے ساڑھے ۸ بجے ہندو یونین کے گورنر جنرل مسٹر سی راج گوپال آچاریہ انجمن حمایت الاسلام اور مدراس کی جدید عمارت کا سنگِ بنیاد رکھنے کے لئے تشریف لائے۔

جناب ڈاکٹر اشرف صاحب، جناب ڈاکٹر سید لطف اللہ صاحب اور جناب ابراہیم صاحب نے راجہ جی کا استقبال کیا اور ہزاروں کے اجتماع نے راجہ جی کو خوش آمدید کہا۔

گورنر جنرل کی صدارت میں مولانا عبدالرزاق صاحب نے تلاوتِ قرآن کریم کی اور جلسہ کی کارروائی کا آغاز کیا۔ انجمن کے رکن نے مولانا محمد صدیقی کی نظم پڑھی۔ سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب سے فارغ ہو کر راجہ جی کی خدمت میں ایڈریس دیا گیا اس کے جواب میں راجہ جی نے مندرجہ ذیل تقریر کی۔

جس طرح کہ میرے دوست نے استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خوبیوں کی کوئی حد نہیں اسی طرح میری بھی یہ خواہش ہے کہ ...

ہو جائیں ہمیں اس عمارت کے سنگِ بنیاد کی تقریب کرتے ہوئے بہت خوش ہونا چاہیے۔ مجھے اس کی تعمیر سے حقیقی لگاؤ ہے۔ انسان کو زندگی میں تکالیف سے سامنا کرنا پڑتا ہے ہم نے ابھی دیکھا کہ جب میں سنگِ بنیاد کو نصب کر رہا تھا ... بہت جلد ختم ہو جائیں گی اس یتیم خانے کے بانیوں کو میری یہی نصیحت ہے کہ وہ صبر اور استقلال سے کام لیں ... حکومت مدراس سے یہ شکایت ہے کہ اس نے اس یتیم خانہ کی گرانٹ منظور نہیں کی حکومت اپنی مصروفیات اور تکالیف سے مجبور تھی وہ شاید فی الوقت آپ کی ضروریات کو پورا نہیں کر سکتی لیکن آپ صبر کیجئے۔ وہ دن جلد آنے والا ہے جب کہ یہ حکومت گرانٹ سو دو سو دلا کر دے گی لہٰذا صبر سے فائدہ اٹھائیے خدا کی مرضی اسی میں ہے آپ کی راہ کی رکاوٹیں آپ کے ارادہ کو اور مستحکم بنائیں ...

یہ میرے نیچے ہیں خدا کرے یہ پھولے پھلے پروان چڑھیں۔ مجھے آپ لوگوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیے جو آپ نے میرے پرانے تعلقات کو دہرانے کا موقع دیا۔

ہند پارلیمنٹ میں انکم ٹیکس کا ترمیمی بل منظور کر لیا گیا

انکم ٹیکس کے افسروں کی بد دیانتی کے مسئلہ پر بحث

نئی دہلی، ۳۰ راگست۔ ہندوستانی پارلیمنٹ میں آج اس امر پر اتفاق رائے ہو گیا کہ ان لوگوں کے خلاف سخت تعزیری کارروائی کی جائے جو حکومت کا ٹیکس ادا نہ کر کے حکومت کو سالانہ کروڑوں روپیہ کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ انکم ٹیکس ... بل کو پیش کرتے ہوئے وزیر خزانہ مسٹر نیوگی نے بتایا کہ اس بل میں وہ تمام سفارشات شامل ہیں جو انکم ٹیکس کی تفتیش کمیشن نے کی ہیں۔ مجوزہ بل در اصل ... کمیشن کے تیار کردہ مسودہ پر ہی مشتمل ہے ... کمیٹی نے مجوزہ بل کو ... منظور کر لیا ہے اور بالکل معمولی ترمیم کی ہیں۔ ان حالات لازمی ہے کہ ہاؤس اس بل کو بلا ترمیم جلد از جلد منظور کر دے۔ مسٹر نذیر الدین احمد نے وزیر خزانہ کی تحریک کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ ٹیکس چوروں کی تعداد بھاری ہے۔ لہٰذا بل کو کسی بھاری ترمیم کے بغیر جلد از جلد پاس کیا جائے۔

ایک تجویز یہ پیش ہوئی کہ ٹیکس ادا نہ کرنے والوں کو ۲۰ ہزار کی رقم کا استثنا دیا جائے۔ لیکن وزیر مال نے اس کی سخت مخالفت کی۔ نیز سرکاری افسران کی ... کو بھی نہایت ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا اور کہا کہ یہ پالیسی ... نہیں دیتی۔

یہ بحث ... گھنٹے تک جاری رہی اور آخر میں حکومت اور ملک کے مفاد کے لئے اپیل کی گئی۔

وزیر خزانہ نے بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ... انکم ٹیکس کمیشن کی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار کرے۔ آپ نے ہاؤس کو یقین دلایا کہ اس بل کو صرف حکومت کے مالیات کی حفاظت ہی کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ ہاؤس نے بل پر غور کی تحریک کو منظور کر لیا اس کے بعد بل کی دوسری خواندگی شروع ہوئی۔ وزیر خزانہ نے شری ... کی طرف سے پیش کردہ ایک ترمیم منظور کر لی ہے ... پروفیسر شاہ نے بھی ایک ترمیم پیش کی ... مسٹر ... ڈاکٹر ... نے اس بل کی تیسری خواندگی کے دوران بحث پر ... منظور کر لیا گیا۔

اس بل کی رو سے کمشنر کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ انکم ٹیکس افسر کے ... میں ضروری تبدیلی اور ترمیم کر سکتا ہے۔ ایک انکم ٹیکس افسر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹیکس ادا کرنے کے ... آٹھ سال کے ... حکومت کو اس سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ احتیاطات کی ... اس بات کا بھی خدشہ ہے کہ ... اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کریں گے۔ ... کی حفاظت کا پورا بندوبست کیا جائے ... آٹھ سال تک ... چلاتے رہنا ... ہے۔

گورنر جنرل کی تنخواہ۔ پاکستان میں غیر مسلم قیدیوں کی حالت

نہر کے پانی پر جھگڑا۔ برما میں ہندوستانیوں کی حالت

ہند پارلیمنٹ میں سوالات:-

نئی دہلی، ۳۰ راگست۔ ہند پارلیمنٹ میں مسٹر این وی گیڈگل وزیر امور عامہ معدنیات و برقیات نے مسٹر ... کو بتایا کہ گزشتہ ۲۰ جولائی کو مشرقی پنجاب کے دو وزیر اور حکومت ہند کے چار افسران ... ایک وزیر ... کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے لاہور گئے یہ کانفرنس نہر کے پانی کے بارے میں جو تنازعہ پیدا ہو گیا تھا اس پر بات چیت کرنے کے لئے ہوئی تھی۔ کانفرنس چار گھنٹوں کے بحث و مباحثہ کے بعد ملتوی ہو گئی تاکہ نمائندے اپنی اپنی حکومتوں سے بات چیت کر سکیں۔

مسٹر کامتھ نے سوال کیا کہ گورنر جنرل کی موجودہ تنخواہ اور دیگر مصارف کیا ہیں؟

پنڈت جواہر لال نہرو نے جواب میں حسب ذیل اعداد و شمار پیش کئے۔

تنخواہ	۲۰۹۰ روپے	ماہانہ
مصارف کا الاؤنس	۳۷۵۰	〃
کونٹریکٹ الاؤنس	۲۹۱۶۶	〃
سفر خرچ اور موٹر کار	۵۲۵۰	〃
عملے کے اخراجات	۵۱۵۰۰	〃

سوال۔ کیا حکومت گورنر جنرل کی تنخواہوں اور الاؤنسوں میں اس طرح تخفیف کا ارادہ رکھتی ہے جیسا کہ اس نے وزیروں کے معاملہ میں کیا ہے۔

پنڈت نہرو۔ یقیناً حکومت کا ارادہ ہے کہ وہ تمام غیر ضروری مصارف میں کمی کر دے۔ لیکن اس کا ... کے اخراجات ... گورنر جنرل وزیروں کے ... گورنر جنرل اسٹیٹ کے سربراہ ہیں اور انھیں ایک خاص قسم کا اعزاز ... ہماری ... ہند وستان کا انتظام ...

سوامی ایینگر نے بتایا کہ ہمیں پاکستانی جیلوں کے متعلق شکایات موصول ہوئی ہیں اور ہم اس سلسلہ میں حکومت پاکستان کے ساتھ ... ڈپٹی کمشنر لاہور کی معرفت بات چیت کرتے رہے ہیں۔ ایک اطلاع میں بتایا گیا تھا کہ لاہور سنٹرل جیل کے قیدیوں نے بدسلوکی کے خلاف بطور پروٹسٹ بھوک ہڑتال کر دی تھی۔ ہمارے پروٹسٹ پر حکومت پاکستان نے ہمیں بتایا کہ یہ اطلاع درست نہیں۔ ... ملتان سنٹرل جیل میں غیر مسلم قیدیوں کی حالت خراب ہو گئی ہے۔ ہم نے فوراً ڈپٹی ہائی کمشنر کو لاہور میں مغربی پنجاب کی حکومت کے پاس ضروری کارروائی کے لئے لکھا۔ ...

کیا جوانوں نے جنرل لوک ہارٹ کمانڈر انچیف ہند کے نام قبائلیوں کے حصہ کے متعلق لکھا تھا۔

پنڈت کنزرو نے یہ دریافت کیا کہ اس خط کی تفصیل کب اور کس کے ذریعہ ڈیفنس کمیٹی کے پاس پہنچائی گئی تھی۔ وزیر اعظم کو اس خط کی تفصیل کا کب پتہ لگ گیا؟ کیا یہ تفصیل مجلس تحفظ ...

قیدی واپس نہیں آ سکتے

نہرو پلان

گورنر صوبہ سرحد کا خط

ویلفیئر افسران

مسٹر جگجیون رام نے سیٹھ گووند داس کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ اب تک ۴۴ اشخاص کو سلطنت متحدہ میں لیبر ویلفیئر افسران کی حیثیت سے تربیت دی جا چکی ہے اور ۹۸ لیبر ویلفیئر کلکتہ یونیورسٹی میں تعلیم پا رہے ہیں۔

ایک اور سوال کے جواب میں ... کہا کہ صنعتی کمیٹی کی دوسری میٹنگ میں یہ فیصلہ کر دیا گیا ... میں ۱۲ سال سے کم عمر کے بچوں کو ملازم نہیں رکھا جائے گا۔

جاپان کی مشینری

مسٹر کے سی نیوگی وزیر تجارت نے بتایا کہ جاپان نے ... کی مشینری ہندوستان کو دی ہے اس مشینری کی قیمت ادا اس رقم میں سے وضع کی جائے گی جو ہندوستان کا جاپان کی طرف واجب ہے اور جو رقم باقی بچے گی اسے ... کے مطابق ادا کیا جائے گا۔

شرنارتھیوں کیلئے مکانات

مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات نے بتایا کہ ... ان لوگوں کی فہرست تیار کر لی ہے جنہیں مکانات الاٹ کئے جائیں گے اور فہرست میں ... کے لوگ ہیں۔

مسٹر سکسینہ نے مزید بتایا کہ مغربی پاکستان سے آنے والے شرنارتھیوں کو ترضہ دینے کے سوال پر غور ہو رہا ہے۔

پاکستان میں قیدی

گیانی گورمکھ سنگھ نے سوال کیا کہ کیا حکومت کو اس بات کا علم ہے کہ پاکستان میں غیر مسلم قیدیوں کو خوراک، کپڑوں اور دیگر ضروریات زندگی کے معاملات میں بہت تنگ کیا جاتا ہے۔ مسٹر گوپال ...

برار پر نظام کے طیاروں کی پرواز

ناگپور، ۳۰ راگست۔ یہاں یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ برار میں ریول گاؤں راجہ پر ۲۵ راگست کو دو ہوائی جہاز جو نظام کے خیال کئے جاتے ہیں اڑتے ہوئے دکھائی دئے۔ انہیں ایک گاؤں کے اوپر بہت نیچے ہو کر غوطہ لگایا۔

دو لاشیں برآمد

آگرہ، ۳۰ راگست۔ ... کے قریب ہفتہ کو جو دو لاشیں ملی تھیں اب تک ان کی بابت کوئی تفصیل معلوم نہ ہو سکی۔ ایک لاش ریلوے لائن کے قریب پائی گئی تھی۔ اور دوسری قریب کے ایک کھیت میں۔ پولیس نے دونوں لاشوں پر قبضہ کر لیا۔

جہاز دہلی کی آمد

دہلی، ۳۱ راگست۔ ہندوستانی کروزر جہاز دہلی جس کا نام پہلے اچلیز تھا۔ عدن کو روانہ ہو گیا ہے وہ بمبئی آ رہا ہے۔

”سندھی ہندوؤں کی ہجرت کیلئے انکے لیڈر ذمہ دار ہیں“

کراچی میں ہندوؤں کے مجمع میں مسٹر سری پرکاش کی تقریر

کراچی، ۳۰ راگست۔ پاکستان میں متعینہ ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر سری پرکاش نے ان ہندوؤں کے جلسہ میں تقریر کی جو ہندوستان جانے کے ... سندھ کے ہندو لیڈروں کو بہت برا کہا انہوں نے کہا سندھ کے ہندو لیڈر ہندوؤں کو ایسے وقت میں چھوڑ کر چلے گئے جبکہ زبردست اور ہوشیار لیڈروں کی موجودگی ... میں اعتماد کی فضا پیدا ہو سکتی تھی انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ اگر ہندو لیڈر سندھ سے نہ گئے ہوتے تو سندھ سے کبھی بھی ہجرت نہ کرتے۔ انہوں نے کہا موجودہ حالات میں جب سندھی ہندوؤں کا کوئی لیڈر نہیں ... نہیں چلتے کہ ہندوؤں کو سندھ میں ٹھہرنے کا مشورہ دیں۔

... پنڈت نہرو نے ہندوستان کے ... حکومت ہند کی طرف سے ... کے بارے میں کوئی فیصلہ کریں۔

... ہندوستانی ڈیلی گیشن ... پہنچائی گئی تھی ... پنڈت جواہر لال نہرو ... تمام حقائق ۱۲ راگست کو ... کمیٹی کی میٹنگ ... آخری ہفتے میں ... حالت پر غور کرنے کے لئے روانہ ہوا تھا۔ ...

نائب اسپیکر کے عہدہ کا اجراء

ہند پارلیمنٹ میں نئی تجویزیں

دہلی، ۳۰ راگست۔ آج کے پارلیمنٹ کے اجلاس میں ان قوانین میں ... ترمیم ... نائب اسپیکر ... کا عہدہ ...

برما کی صورتِ حالات

... برما کے ... ہندوستانیوں ... کے خلاف کوئی جذبہ نہیں پایا جاتا اور اسی لئے برما میں رہنے والے ہندوستانی کوئی تشویش محسوس نہیں کر رہے ہیں۔ اس لئے اس وقت ہندوستانیوں کے انخلاء کے سلسلہ میں فوجی انتظامات کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

لالہ راج کنور نے اس سوال کے جواب میں کہ کیا حکومت ...

نئے وزیر خزانہ

دہلی، ۳۰ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر جان متھائی کی جگہ ... وزیر خزانہ مقرر ہوں گے۔ دستور ساز اسمبلی کے ایک ممبر مسٹر ... کا نام کو وزیر ریلوے مقرر کیا جائے گا۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابلِ قدر کتابیں

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانحیات کے ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے۔ اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول للعہ، حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد ... حصہ چہارم مجلد چھ روپیہ آٹھ آنے۔

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے۔ جس میں آنحضور کے تمام حالاتِ زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ قیمت ایک روپیہ بارہ آنے۔

خلافتِ راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں قیمت مجلد ...

خلافتِ بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور سہل ہے قیمت صرف تین روپیہ بارہ آنے۔

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ حصہ اول، جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنہ۔

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ حصہ دوم، ... جمعیۃ علماء ہند کی تیس سالہ تجاویز کا مجموعہ قیمت ... دو روپیہ چار آنہ۔

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے جھنڈے ... فاضلانہ اور اسلامی روشنی میں تبصرہ، قیمت تین آنہ۔

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اور اس کا اردو ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت زیادہ مفید ہے۔ اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ۔

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے۔ قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ... حصہ سوم ...

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے درس میں شامل ہے قیمت صرف آٹھ آنے۔

جنگِ بدر کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کفاروں پر فتح پائی قیمت صرف آٹھ آنے۔

اربعین:- اسلامی تعلیم کا مرقع قیمت بارہ آنہ

نوٹ:- مبلغ پانچ روپیہ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں چھ رسالے (نمبر۱) پاکستان کیا ہے (نمبر۲) لیگ کیا ہے (نمبر۳) مسٹر جناح کا پر اسرار معمہ (نمبر۴) شریعت بل اور لیگ (نمبر۵) ہیر پھیر اور لیگ (نمبر۶) لیگ کی غلطیاں مفت پیش کئے جائیں گے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

Kelso
WONDERFUL
TUBERCULOSIS

تپِ دق کا کامیاب علاج

کیلسو

۳۰ جنوری کے افسوسناک واقعہ کے چشم دید واقعات
گاندھی جی کے سکھ خادم کا عدالت میں بیان

جس دن بم پھٹا

آخری برت

عدالت کا فیصلہ

اس بارے میں وکیل ... کے بیانات سننے کہ گاندھی جی نے گواہ کو برت شروع کرنے کے جو اسباب بتلائے تھے۔ ان کو گواہی میں پیش کیا جا سکتا ہے کہ نہیں وکیل صفائی مسٹر ... بحث کرتے ہوئے کلکتہ ہائی کورٹ کے ایک فیصلہ کا ذکر کیا اور کہا۔ گاندھی جی نے برت شروع کرنے کے جو اسباب گواہ کو بتائے تھے عدالت ان کو گواہی میں پیش کیا جا سکتا ہے عدالت نے مسٹر ... کی بحث سننے کے بعد فیصلہ کیا کہ گاندھی جی نے گواہ کو برت شروع کرنے کے بعد میں جو باتیں بتائی تھیں ان کو شہادت میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔

مسٹر ... کے کہنے پر گواہ کی یادداشت اچھی نہیں ہے گواہ نے اعتراض کیا کہ وکیل کو اس کی یادداشت کے بارے میں اس قسم کی رائے پاس کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ جج نے مزید بحث کی اجازت نہیں دی۔

دوسرے گواہ کا بیان

آج کے دوسرے گواہ مسٹر ... نے جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ... کے دفتر میں ...

ایڈیٹر کے نام خطوط

لیک سکسس سے واپسی پر شیخ عبداللہ کی عزام پاشا سے ملاقات کا قصہ
جموں اور کشمیر کی حکومت کی طرف سے پاکستانی اخباروں کی تردید

نئی دہلی۔ ۳۰ اگست۔ جموں اور کشمیر کی حکومت کا ایک پریس نوٹ ... ہے کہ پاکستانی اخباروں میں شائع شدہ ... خبر کی طرف حکومت کو توجہ دلائی گئی ہے جس میں بتایا گیا تھا کہ لیک سکسس سے شیخ عبداللہ کی واپسی کے موقعہ پر ... اور عرب لیگ کے جنرل سکریٹری عزام پاشا کے بھائی عبدالوہاب عزام کی ایک ملاقات ہوئی۔

... کے باعث صرف ان کے بھائی سے ہوائی اڈہ پر ملاقات ہو سکی۔ اس موقعہ پر شیخ عبداللہ نے ڈاکٹر عبدالوہاب کو ہند کے نقطۂ نظر سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے واقعات کے اس رخ سے بے خبر رکھے جانے پر سخت تعجب کا اظہار کیا۔ پاکستانی اخباروں نے ڈاکٹر عبدالوہاب کے جن الفاظ کا ذکر کیا ہے وہ ڈاکٹر عبدالوہاب نے نہیں کہے ... دوستانہ طریقہ پر بات چیت ہوئی۔

ہند کے نام پیغام تشکر

نئی دہلی ۳۰ اگست۔ اقوام متحدہ کی طرف سے فلسطین میں مفاہمت کرانے والے نمائندہ کاؤنٹ برنا ڈوٹ کی طرف سے مندرجہ ذیل پیغام پنڈت جواہر لال کو موصول ہوا ہے۔

فلسطین اور اس کے ہمسایہ ممالک میں ... کی امداد کے لئے میں نے جو اپیل کی تھی اس کے جواب میں جس سرعت اور فراخدلی سے ہند سرکار نے امداد کی ہے اس کے لئے میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں خصوصاً یہ جانتے ہوئے کہ ایسے وقت میں آپ کی حکومت کو بھی اسی قسم کا مسئلہ درپیش ہے۔ آپ کے اس اقدام کا میں اور بھی زیادہ کے ساتھ اعتراف کرتا ہوں (اے پی آئی)

میعاد میں اضافہ کا مطالبہ

... حکومت ہند نے میو ... کو ... کا اعلان کر دیا اور ... پر کرنے کے لئے ایک فارم بھی شائع ہو گیا اس فارم کو پر کرنے کے لئے جو مدت دیا گیا ہے وہ بہت کم ہے نہ تو اس مختصر سی چند روزہ مدت میں جس کا اعلان ہوا میوات میں بسنے والے میو اور غیر مسلمانوں کو اس خبر کا علم ہو سکتا ہے اور نہ ان کے لئے مقررہ فارم پر کرکے اتنی جلدی بھیجنا ممکن ہے میوات کے رہنے والے مسلمان اس وقت انڈین یونین کے مختلف علاقوں میں ہیں اس لئے درخواست ہے کہ مقررہ فارم کو پر کرنے کے لئے ... بھیجنے کی مدت میں یکم اکتوبر تک کا اضافہ کیا جائے۔

... کے بیان دیتے ہوئے ... ہے کہ ... گوڈسے ... مارچ ... سے ... کا پرنٹر اور پبلشر ہے ... پرنٹر اور پبلشر اور ... پریس کا کیپر ہے ... ضمانتیں ضبط کر لی گئیں گواہ نے ... ہزار روپے کی دونوں ضمانتیں ... گواہ نے ... پر جرح نہیں کی۔ آج کے تیسرے گواہ ... کے بیان کے بعد عدالت کل ... ملتوی ہو گئی۔

ریاستہائے اڑیسہ کا ادغام

لوہے اور فولاد کے پرمٹ
تفصیل کا اعلان

نئی دہلی ۳۰ اگست حال ہی میں ... اعلان ہوا تھا کہ لوہے اور فولاد کے رجسٹرڈ تاجروں کو ... کی حد بندی کے تحت ... پرمٹ ... کی اجازت ... ہوگی ...

ولایتی ساخت	...
ملکی ساخت	...
...	...
... کی ہلکی دار	...

خام کپاس کی برآمد پر پابندیاں

بلیا میں یوم آزادی

ریشمی کپڑا ایک روپے گز

ریشمی کپڑا ایک روپیہ گز آپ کو کسی جگہ نہیں مل سکتا، البتہ ہم آپکو بازار سے بہت ہی سستے نرخوں پر دے سکتے ہیں جو کہ کوڑیوں کے بھاؤ پڑے گا۔ امریکن سفید سلکی پیراشوٹ یعنی پوری چھتری بارہ ۱۲ کلی والا (جس میں پوری ۱۲ کلی ہیں)، بغیر جوڑ کے بعد ریشمی ڈوری قیمت دس روپیہ فی پیراشوٹ۔ (پوری چھتری) پیکنگ مفت محصولڈاک وغیرہ -/۱۱/۱ اکٹھے تین منگوانے پر محصولڈاک تین روپیہ ... آئے گا، آج ہی آرڈر دے کر فائدہ اٹھایئے، یہ مال دوسرے ریشمی سلکی کپڑوں کی نسبت نہایت عمدہ اور بارعایت ہے پہلے اس کی قیمت بہت زیادہ تھی اگر اب اسٹاک ختم کرنے کے لئے یہ رعایتی تھوک بھاؤ ہے، تین پیراشوٹ محصولڈاک سمیت آپ کو گھر بیٹھے ۳۳/- میں ملیگا ... منگوالیں ورنہ اسٹاک ختم ہونے پر پچھتانا پڑے گا۔ کیونکہ مزید مال امریکہ سے نہیں آ رہا ہے ... نام و پورا پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمایئں۔

امریکن ٹریڈنگ ایجنسی (اے، ڈی)

ریشمی کپڑے کے مشہور سوداگر، پی بی ۱۴۷ امرتسر

ایجنٹوں کی ضرورت

ہمارے خود بخود ۶ فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول اور اس کے کارتوس کی فروخت کے لئے محنتی ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے لائسنس کی ضرورت نہیں آج ہی نمونہ پستول اور شرائط ایجنسی کے لئے لکھیے

امریکن کارپوریشن سوتر گنج کانپور

اردو کے ذریعہ خود ہندی سیکھ لیجئے

ہندی ماسٹر ۶/ اور سنی اردو لغت ... کتابوں کے ذریعہ خود ہندی سیکھ کر دفتر کچہری وغیرہ میں کام کیجئے۔ مشق کے لئے ہندی میں اسلامی کتابیں موجود ہیں۔ ہر شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

مینجر اسلامی ساہتیہ سدن۔ رام نگر بنارس سٹیٹ

راج گھاٹ پر شری ونوبا بھاوے کی تقریر

کرشن لکشمن کی بیھوا کرتا ہے اس کے جیسا ہی ...

محنت و مشقت کا احساس کیا تھا اور اس کا یہ معنی ... خزانہ ہمارے لئے چھوڑ دیا ...

... سب سے بڑی چیز گیان یوگ ہے۔ کرم یوگ ہے یا بھگتی یوگ ...

ہے اس نے ہمیں یقین دلایا ہے کہ وہی دولت ہے جہاں بھگوان اور بھگت اکٹھے ہوتے ہیں وہیں فتح ہے وہیں پکی نیتی ہے اور وہیں سب کچھ ہے میری آپ سے پرارتھنا ہے آپ بھگوت گیتا کا مطالعہ کریں اور اس میں سے جتنا سمجھ میں آوے اس پر عمل کریں۔ یقیناً بھلائی ہوگی۔

نویں ملاقات میں بھی برلن کی بابت کوئی سمجھوتہ نہ ہو سکا

مغربی ممالک کے سفیر مسٹر مولوٹوف سے پھر ملاقات کریں گے

ماسکو۔ ۳۰ راگست۔ تینوں مغربی طاقتوں کے ایلچیوں نے آج پھر روس کے وزیر خارجہ مالوٹوف سے ملاقات کی یہ ملاقات دو گھنٹہ اور دس منٹ تک جاری رہی ... سفیر واپس آئے تو امریکی ایلچی جنرل بیڈل اسمتھ نے کہا آج چار بڑی طاقتوں کی خفیہ گفت و شنید کے بارے میں ... جو کیونکہ جاری ہوتے والا تصادہ جاری نہیں کیا جائے گا۔

... دیں کہ کونسل ہاؤس کے سامنے کیونسٹ مظاہرہ ہیں کریں گے کونسل ہال سوویٹ علاقہ میں واقع ہے کل صبح ۱۱ بجے اگر دو شرائط کی تکمیل نہ ہونے کی صورت میں اجلاس ... کر دیا جائے گا۔

مشرقی پنجاب میں پناہ گزین زمینداروں کو بسانے کی زبردست سکیم

ایک ملاقات میں صوبہ کے گورنر سر چندولال کا انکشاف

شملہ ۔ ۳۰ راگست۔ سر چندولال ترویدی گورنر مشرقی پنجاب نے دو گھنٹہ کی ملاقات میں ...

... غذائی کی کو دور کرنے کے لئے حتی الامکان کوشش کریں گے ہز ایکسیلینسی نے فرمایا کہ آئندہ موسم کے لئے فصلوں کا اندازہ ...

... تمام حلقوں کے باہمی تعاون مرکزی حکومت کی امداد اور عوام کے اشتراک سے مشرقی پنجاب کا صوبہ ہندوستان میں سب سے زیادہ خوش حال ہو جائے گا۔

انڈونیشیا اور ہالینڈ کی گفتگو بلا کسی نتیجہ پر پہنچے ختم ہو گئی

جمہوری حکومت اپنا مسئلہ پھر مجلس تحفظ میں پیش کرے گی

ہیگ ۳۰ راگست۔ ہالینڈ اور انڈونیشیا کے درمیان ... بات چیت ہو رہی تھی وہ بلا کسی نتیجہ پر پہنچے ختم ہو گئی ...

شنید کریں گے انڈونیشیا کے موجودہ جمود کی بابت اپنی رپورٹ میں گورنر جنرل جمہوریہ انڈونیشیا کے علاوہ دوسرے علاقوں کے نمائندوں کے دوستانہ تعاون کا ذکر کریں گے۔ لیکن ان نمائندوں نے کہدیا ہے کہ ان کو تو کی تمام شرائط سے اتفاق نہیں ہے جمہوریہ انڈونیشیا نے ابھی تک سمجھوتہ پر کوئی تبصرہ نہیں کیا لیکن اس بات کو بڑی اہمیت دی جا رہی ہے کہ انہوں نے اب تک اس بل کو نا منظور بھی نہیں کیا ہے۔

علیحدہ سکھ صوبہ بنایا گیا تو گوردوارہ پربندھک کمیٹی ستیہ گرہ کریگی

"مشرقی پنجاب کی سرکاری زبان پنجابی ہونی چاہیے"

لدھیانہ میں جتھیدار اودھم سنگھ کی تقریر

لدھیانہ ۔ ۳۰ راگست۔ جتھے دار اودھم سنگھ ناگوکے صدر شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے ہفتہ کی شب کو یہاں ایک عام جلسے میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ گوردوارہ پربندھک کمیٹی تمام ملک میں ستیہ گرہ شروع کر دے گی اگر سکھوں کے لئے ایک علیحدہ صوبے کا مطالبہ منظور کیا گیا

بین الملکی لڑائی کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر ناگوکے نے کہا کہ پاکستان جنگ کے مجنونانہ طریقے پر تیاریاں کر رہا ہے وہ کسی وقت بھی اعلان جنگ کر سکتا ہے انہوں نے پنجابیوں سے اپیل کی کہ اپنے سرحدی صوبے کے دفاع کے لئے تیار رہیں۔

انہوں نے کہا اس بات کی ضرورت ہے کہ ملک کی مخالف جماعتوں میں اس وقت اتحاد ہونا چاہیے ہم حملہ آور کے خلاف اس طرح متحد رہنا چاہیے جیسے دشمن کے مقابلے میں ایک آدمی۔ آخر میں انہوں نے ...

لاپتہ بہنوں کی تلاش

مندرجہ ذیل عورتیں جو دہلی بہاڑ گنج کی رہنے والی ہیں تقریباً ایک سال سے لاپتہ ہیں۔

(۱) مسماۃ ... بیگم زوجہ یار مشتاق احمد صاحب

(۲) نفیس بیگم دختر ... عمر ۳۰ سال

(۳) امین بیگم ... ۲۵ سال

(۴) گلشن آرا بیگم ... ۱۴ سال

(۵) ...

... اگر کسی صاحب کو ان میں سے کسی کے متعلق کچھ علم ہو تو براہ کرم مطلع فرما کر ایک بڑی اخلاقی خدمت انجام دیں۔ (سید انیس الحسن دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی)

برما میں صورت حال اور زیادہ نازک ہو گئی

پروم میں کیمونسٹوں نے اپنی علیحدہ حکومت قائم کر لی

رنگون ۳۱ راگست:۔ برما کے صدر نے ایک ہنگامی آرڈی نینس کے ذریعہ ان لوگوں کو جو برمی فوجوں کی نقل و حرکت کے متعلق اطلاعات حاصل کرنا چاہیں سزائے موت یا سزائے عمری مقرر کی ہے یہ آرڈی نینس ان فوجوں کے متعلق ہے جو باغیوں کی سرکوبی میں مصروف ہے۔

رنگون سے ۱۶۰ میل شمال مغرب میں برمی فوجوں نے تھیا میو پر قبضہ کر لیا ہے یہ مقام باغیوں کے ہاتھ میں ...

پھر واپس آ سکتے ہیں۔

رنگون کے جنوب ہنتھا وادی ضلع اور منگون کے علاقے ...

... گئی ہے اس کو پروم کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ پروم میں کیمونسٹ باغیوں کا قلع قمع کر دیا جائے کہا جاتا ہے کہ پروم میں کیمونسٹوں نے اپنی علیحدہ حکومت قائم کر لی ہے

... قبضہ کر لیا ہے لیکن آج رات کیمونسٹوں کے اس کی تصدیق نہیں ہو سکی ... کہا گیا ہے کہ تھیا میو میں امن ہو چکا ہے اس لئے برطانوی لوگ جو یہاں سے چلے گئے ہیں ...

ملک میں کرنسی کے پھیلاؤ کو کس طرح روکا جا سکتا ہے

کارخانہ داروں نے اپنی تجاویز پیش کر دیں

دہلی ۳۰ راگست۔ حکومت ہند ماہرین صنعت بینکروں اور ماہرین اقتصادیات وغیرہ سے ملک کی اقتصادی حالات پر گفت و شنید کر رہی ہے ... گفتگو میں مختلف فرقوں اور مختلف مفاد کے لوگوں کی طرف سے جو تجویز پیش ہوئی ... اپنے فیصلہ کا اعلان کرے گی۔

کھیل کی خبریں

مصری پیراک کا کارنامہ

ڈوور ۔ ۳۰ راگست حسن الرحیم ان چار مصری پیراکوں میں سے ایک ہے جنہوں نے انگلش چینل کو تیر کر پار کرنا شروع کیا تھا۔ کل صبح وہ کیپ ارپس نز سے روانہ ہو کر سنٹ گرٹ کی خلیج میں سمندر اترے یہ خلیج ڈوور کے عین شمال میں ہے۔ انگلش چینل کو انہوں نے تیرہ گھنٹے اور اٹھائیس منٹ میں پار کر لیا۔ ان کے باقی تین ساتھیوں میں سے ایک نے سات گھنٹہ تک تیرنے کے بعد ہار مان لی۔ اور باقی دو ابھی تک تیر رہے ہیں۔

موٹروں کی دوڑ

ایبی ۔ فرانس ۔ ۳۰ راگست۔ یہاں موٹروں کی موٹر کے مقابلے میں ایک اطالوی لیوئیگی دلوریسی اول رہا۔ ۱۰۴ میل فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے اپنی کار چلائی موٹر دوڑانے والے فرانسیسی دوم اور سوم رہے۔

ٹانٹن ۔ ۳۰ راگست آج آسٹریلیا کی ٹیم سومرسٹ سے کرکٹ کا میچ ایک اننگز اور ۳۷۴ رن سے جیت گئی۔ آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں ۵۶۰ رن بنائے اور اس کے صرف ۵ کھلاڑی کھیلے سومرسٹ کی ٹیم پہلی اننگز میں ۱۱۵ اور دوسری اننگز میں صرف ۷۱ رن بنا سکی۔

امدادی اقدامات

یہ اقدامات دریا کے کنارے آدمیوں کے غیر ضروری اجتماع کو روکنے کے لئے کئے گئے ہیں تاکہ امدادی پارٹیوں کے کام میں رکاوٹ نہ ہو۔ وزیر مال نے کہا کہ حکومت سیلاب زدگان کی فوری امداد کے لئے ہر قسم کے احکام جاری کر دیئے گئے ہیں مختلف اضلاع میں لوگوں کی امداد پر جو رقم صرف ہوئی ہے وہ ۵ لاکھ سے تجاوز ہے۔

بنارس یونیورسٹی کا نام نہیں بدلا جائیگا

بنارس ۳۱ راگست۔ یہاں یونیورسٹی کے حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے اس سابقہ فیصلہ کو بدل دیا ہے کہ بنارس ہندو یونیورسٹی کے نام سے لفظ ہندو کو الگ کر دیا جائے۔ جو لوگ نام میں کسی تبدیلی کے حامی تھے جب انہیں نئی دہلی سے پنڈت مالویہ کا اس مطلب کا خط ملا تو انہوں نے اطمینان کا سانس لیا۔

... بھی حاجی حمید اللہ صاحب تک ہی محدود ہو کر رہ گئی ہے ہمیں یاد ہے اس نے مسلم لیگ میں شرکت کا ریزولیشن پاس کر کے نہ صرف سیاسی غلطی کی بلکہ اپنی موت کو دعوت دی تھی۔ کانفرنس کی طرف سے نہ کوئی میٹنگ ہو سکی نہ عام انتخابات ہوئے نہ کوئی جماعتی پروگرام بروئے کار لایا گیا۔ اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ حاجی حمید اللہ صاحب خود اس کا ٹھیکیدار سمجھ کر اس کو کالعدم کر چکے ہیں۔ خدا کرے یہ جماعتی صورت اختیار کرے

ارادت حسین ۔ سعید احمد رشیم والا ۔ علی احمد خاں

بیا محلہ پل بنگش دہلی ۔ باغ بیری والا دہلی ۔ باڑہ ہندو راؤ دہلی

یوپی میں سیلاب

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

پارٹیاں دوسرے ضلعوں میں سیلاب زدہ علاقوں کا گشت کر رہی ہیں۔ کانپور کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت دریا کے چار فرلانگ تک کے علاقہ میں چار یا چار سے زیادہ آدمیوں کا اجتماع ممنوع قرار دے دیا ...

... پاکستانی کی قیادت میں جو انجمن پاکستان میں قائم کی گئی ہے اس میں ہندوستان کے اہل حدیث حضرات کو بھی اپنے ہیں شامل کر لیا گیا ہے اس کے متعلق جماعت اہل حدیث ہندوستان کی طرف سے مولانا ابو مسعود صاحب قمر بنارسی نے اخبار الجمعیۃ میں جو بیان شائع کرایا ہے ہم لوگ اس کی حرف بحرف تائید کرتے ہیں ... اور پاکستانی اہل حدیث کو اپنے ملک عزیز کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہماری استدعا ہے ...

ان میں تو شک نہیں کہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس ...

دہلی

اعلان ... مکان نمبر ۱۴۹۳ ... ملتانی ڈھاندہ پہاڑ گنج میں مولوی ... صاحب رہتے تھے گزشتہ ستمبر ۱۹۴۷ء کے ہنگامہ میں وہ سامان وغیرہ بھرا ہوا مکان چھوڑ کر صرف اپنی جان بچا کر خالی ہاتھ نکلے تھے چنانچہ ان کے ذمہ ایک ماہ کا کرایہ ... ہے۔ اس لئے ... انہوں نے ہمارے پاس بھیجدیا ہے ... ساجزادے ... دفتر جمعیۃ علماء سے وصول کر لیں۔

پھر دہی پاکستانی جاسوس پکا ہوا

بہرائچ ۳۰ راگست۔ پولیس نے ضلع بہرائچ میں چھاپے مار کر چھپایا ہوا ناجائز اسلحہ اور ہندو یونین کے خلاف لٹریچر برآمد کیا ہے بلا لائسنس ہتھیار، ریڈیو ٹرانسمیٹر اور سلیپ تک سلیٹ، رضا کاروں کی بھرتی کے فارم پاکستان کا لٹریچر اور پمفلٹ پکڑے گئے ہیں۔ ابھی تک اس سلسلہ میں تیس مسلمان گرفتار کر لئے گئے ہیں مزید گرفتاریوں کی توقع ہے

موتمر اہلحدیث پاکستان و ہند

دہلی ۔۔ (ناظم) مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

الجمعیۃ

روزنامہ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ چالیس روپے — ششماہی بیس روپے — سہ ماہی گیارہ روپے

اضافہ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۵۵۵

فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعہ ۲۰ شوال المکرم ۱۳۶۶ ہجری مطابق ۳ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۸۸ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

برلن کی ناکہ بندی ختم ہونے کی امید پیدا ہوگئی

برلن میں چاروں فوجی گورنروں کی ملاقات
کرنسی اور ناکہ بندی پر اہم گفت و شنید

برلن یکم ستمبر۔ برلن کے چاروں فوجی گورنروں کی ۴۵ منٹ تک ملاقات ہوئی۔ اور وہ خوش خوش ... جدا ہوئے گفتگو کرنسی اور ناکہ بندی کے متعلق ہوتی رہی۔ امریکی فوجی گورنمنٹ کی طرف سے اعلان کیا گیا ... ان چاروں گورنروں کی ملاقات پھر ہوگی اور یہ ملاقات اوسی عمارت میں ہوگی جو اتحادیوں کے قبضہ میں ہے۔

امریکہ کے فوجی گورنر سے پوچھا گیا کہ کیا یہ ملاقات امید افزا ہے۔ تو آپ نے جواب دیا کہ اس کا انحصار اس پر ہے جو نقطہ امید افزا کہہ سکتے ہیں۔ ان چاروں گورنروں کی آخری ملاقات دو ماہ قبل ہوئی تھی۔ جبکہ تینوں مغربی گورنر ... سے ملنے گئے تھے۔ اور انہوں نے برلن کی ناکہ بندی کو ہٹانے کا مطالبہ کیا تھا۔ ماسکو گفتگو پر اس وقت تک کسی کمیونک کی توقع نہیں ہے۔ جب تک کہ چاروں گورنر اپنی ملاقات کی پوری رپورٹ اپنی اپنی حکومتوں کو ارسال نہ کردیں۔ غالباً یہ رپورٹ اس ہفتہ کے آخر تک بھیجدی جائیں گی۔

ماسکو معتبر مغربی حکومتوں کے حلقوں کا کہنا ہے کہ ماسکو گفت و شنید ابھی کچھ عرصہ اور جاری رہیگی۔ ... حلقوں کا کہنا ہے کہ تینوں مغربی طاقتوں کے درمیان معاملات متنازعہ پر کوئی خاص اختلاف نہیں۔

ڈاکٹر امیر شریف الدین
کمیونسٹ پارٹی میں شامل ہوگئے

بٹاویہ یکم ستمبر۔ انڈونیشیا کی خبر رساں ایجنسی نے اعلان کیا ہے کہ انڈونیشین ریپبلکن سوشلسٹ پارٹی نے جس کے قائد سابق وزیر اعظم امیر شریف الدین ہیں، فیصلہ کیا ہے کہ وہ ریپبلکن کمیونسٹ پارٹی میں مدغم ہوجائے گی۔ اس ایجنسی نے یہ بھی انکشاف کیا ہے کہ ڈاکٹر شریف الدین نے اپنی پارٹی کے مدغم ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ۱۹۳۵ء سے خفیہ طور پر کمیونسٹ پارٹی کے ممبر رہے ہیں۔

ہالستانی معاہدہ کی خلاف ورزی کر رہے ہیں
جمہوریہ انڈونیشیا کا اعلامیہ

بٹاویہ۔ ۱۳ اگست۔ جمہوریہ انڈونیشیا کے ایک اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ بٹاویہ سے جمہوریہ انڈونیشیا کے ... متعلق ہالستانیوں کے ارادے کو حکومت عارضی صلح کے سمجھوتے اور رینولے کے معاہدے کی سنگین خلاف ورزی تصور کرتی ہے۔

یہ اعلامیہ جمہوریہ کے وفد نے جاری کیا ہے جو اقوام متحدہ کی مصالحتی کمیٹی کے زیر اہتمام ہالستانیوں سے سیاسی سمجھوتہ کے لئے گفت و شنید کر رہا ہے۔

اس اعلامیہ میں مزید کہا گیا ہے کہ حکومت جمہوریہ ... بغیر تشکیل یافتہ عارضی فیڈرل حکومت کے اس حق کو تسلیم نہیں کرتی کہ وہ ہالستانیوں کے مقبوضہ علاقوں میں جمہوریہ کے دفاتر یا افسران سے متعلقہ امور پر کوئی فیصلہ کرے اور اس پر عمل کرے۔

بٹاویہ میں جمہوریہ کے دفاتر کی موجودگی ہالستانیوں کی اجازت پر مبنی نہیں بلکہ وہ بٹاویہ پر ہالستانی فوجوں کے قبضہ سے پیشتر تسلیم شدہ حقوق پر مبنی ہے۔

بٹاویہ میں ایک ڈچ ترجمان نے بتایا کہ جمہوریہ کے حکام نے اعلان کیا ہے کہ وہ ان دو ڈچ ... کی حفاظت کی ضمانت نہیں دے سکتے جو آج جمہوریہ کے دار الحکومت جاگجاکارتا میں گفت و شنید کے دوران میں استعمال ہونے والی موٹروں وغیرہ کی نگرانی کے لئے جاگجاکارتا جارہے تھے۔

رینولے کے معاہدے پر گزشتہ ۱۷ جنوری کو امریکہ کے سمندری جہاز رینولے پر دستخط ہوئے تھے۔ اس معاہدے کی رو سے جمہوریہ اور ہالستانیوں کے درمیان عارضی صلح ہوئی تھی اور اسی وقت ہی فریقین نے ایک معاہدہ پر دستخط کئے تھے جس کے ماتحت سیاسی گفت و شنید کی بنیاد کے طور پر ۱۲ اصول طے ہوئے تھے۔

پردوم پر حکومت کا قبضہ ہونے والا ہے
برما کے سرکاری حلقوں کی قیاس آرائی

رنگون۔ یکم ستمبر۔ ایک سرکاری نمائندے نے رائٹر کے نامہ نگار کو بتایا کہ پردوم پر جلد ہی حکومت کی فوجوں کا قبضہ ہونے والا ہے۔ پردوم پر اس وقت کمیونسٹ باغیوں کا قبضہ ہے۔ حکومت برما کے ایک کمیونک میں بھی جو گزشتہ رات شائع ہوا ہے کہا گیا ہے کہ منڈالے کے شمال مغرب میں باغیوں اور حکومت کی فوجوں میں مڈبھیڑ ہوئی اور ۱۰ باغی ہلاک ہوئے۔ لیکن اس کمیونک میں پردوم کا کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔

(باقی پونے میں)

لکھنؤ اور کانپور کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت بند

...

حیدرآباد اپنا معاملہ اقوام متحدہ کے سامنے پیش نہیں کرسکتا
مجلس تحفظ کے بعض ممبران کا سردار پٹیل کی رائے سے اتفاق

... مجلس تحفظ کے ان بعض ممبروں کی رائے کے مطابق جو یہاں رہ گئے ہیں حیدرآباد کے ... اقوام متحدہ کے سامنے پیش کیا ہے زیادہ تر ممبر جا چکے ہیں ... اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کرنا ہے۔

... حیدرآباد کی پوزیشن ... اور اس کا معاملہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مجلس تحفظ میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔ ممبروں کے خیال میں حیدرآباد کا معاملہ ایسا ہی ہے جیسے امریکہ کی ایک ریاست فیڈرل حکومت کے خلاف ... دائر کردے۔

... وزیر اعظم ہندوستان ... حیدرآباد نے اپنے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے ... معاہدہ کی خلاف ورزی ... ہندوستان کے درمیان ... ہوا ہے۔

... حیدرآباد کے امور خارجہ ... ہند کے ہاتھ میں ہیں اس وقت ...

گوڈسے نے اپنے بیان کی تیاری شروع کردی
ستمبر کے تیسرے ہفتے تک بیان مکمل ہوجائے گا

... گوڈسے نے اپنا بیان قلم بند کرنا شروع ... اس بیان کی تیاری میں ... معلوم ہوا ہے ... بیان مکمل ہوجائے گا ... ستمبر کے تیسرے ہفتے ...

ہند اور پاکستان کی سرحدوں پر تصادم کا مسئلہ
وزیر اعظم اور گورنر مشرقی پنجاب اہم مذاکرات کے لئے دہلی میں

... مشرقی پنجاب کے گورنر مسٹر چندولال ترویدی ... وزیر اعظم ... اہم مذاکرات ... ہند اور پاکستان کی سرحد پر واقع ہونے والی ... پاکستان کی ... سرحد ... ڈاکٹر ... مشرقی پنجاب کی حکومت کی سفارشات ...

ضلع کولابہ کا فساد

کل کے الجمعیۃ میں بمبئی کی ایک خبر شائع ہوئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ کل آٹھویں کے موقع پر شری وردھان میں فساد ہوگیا۔ یہ مقام ضلع کولابہ میں ہے اس فساد میں ۱۵ اشخاص ہلاک نہیں ہوئے جیسا کہ خبر میں لکھا گیا ہے۔ بلکہ صرف مجروح ہوئے ہیں۔ ناظرین کرام تصحیح فرمالیں۔ (مدیر)

... صدارت ... صاحب ... سکریٹری ... صاحب ...

یوپی میں سیلاب کی تباہ کاریاں
۲۰ ہزار آدمی بے گھر ہوگئے

...

ڈاکٹر ملان گفت و شنید کیلئے تیار ہیں

...

مغربی پنجاب میں ۳۷۰ گاؤں سیلاب کی نذر
۱۵ ہزار مکانات بہہ گئے

لاہور یکم ستمبر ... مغربی پنجاب ... ۳۷۰ گاؤں سیلاب کی نذر ہوگئے ... مکانات سیلاب ... اور ربیع کی فصل ... نقصان ... آدمیوں کے ہلاک ہونے کی خبر ملی ہے۔

اتحادی اقوام کے دفاتر میں ہندستانیوں کو اعلیٰ عہدے دیئے جائیں
مسٹر ٹریگوے لی ہندستانی نمائندہ کا مطالبہ

لیک سکسیس ... اگست معلوم ہوا ہے کہ اتحادی اقوام کے جنرل سکریٹری مسٹر ٹریگوے لی اتحادی اقوام کے دفاتر میں ہندستانیوں کی نمائندگی پر غور کریں ... ڈاکٹر ... اقوام متحدہ میں ہند کے مستقل نمائندہ ... اتحادی اقوام کے دفاتر میں صرف ۲۴ ہندستانی ملازم ہیں ... ڈاکٹر ... کے بیان کے مطابق اتحادی اقوام کی ملازمتوں میں ہند کو اب جس تناسب سے ... نمائندگی حاصل ہے ... مسٹری پر ڈاکٹر ... نے زور دیا ہے کہ وہ اس بارہ میں ہند کے مطالبہ کو پورا کریں۔

محاذ کشمیر:

دشمن کے ایک بہت بڑے حملہ کو پسپا کردیا گیا
حملہ میں پاکستان کی باقاعدہ فوجیں بھی شامل تھیں

نئی دہلی ... اگست۔ آج وزارت دفاع کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ ... دشمن ... دشمن کی ایک بٹالین نے ... پر حملہ کیا ... دشمن کے پاس ... توپیں ... دشمن نے ... پسپا کردیا۔

دشمن کے ... سپاہی ہلاک اور مجروح ہوئے۔

جھانگر کے جنوب مغرب میں ہمارے توپ خانے نے دشمن کی ۲۵ پونڈ والی توپ کا منہ بند کردیا۔ اس توپ نے ہماری چوکیوں پر ... گولے پھینکے تھے۔

نوشہرہ راجوری کے علاقہ میں ہمارے توپ خانے نے دشمن کے ... دستوں سے مؤثر ... اکھنور کے جنوب مغرب میں ایک مسلح دستے نے ... دیہاتوں پر حملہ کرنے کی کوشش کی ...

... دشمن ... پاکستان کی فوج کے باقاعدہ ... سپاہی اس حملہ میں شریک تھے۔

... دشمن کو بھاری جانی نقصان پہنچایا۔

(باقی صفحہ ۷ پر)

کحل بقائی — دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان بقاوالوں کی مایۂ ناز ایجاد۔ آنکھوں کی تمام شکایات کے لئے اکسیر اور تندرست آنکھوں کا محافظ۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ بقائی دواخانہ چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۳ ستمبر ۱۹۴۸ء

گرانی اور افراطِ زر

گرانی اور اشیاء کی مہنگائی اپنی حد کو پہونچ چکی ہے۔ قبل از جنگ کی قیمتوں کا مقابلہ موجودہ قیمتوں کے ساتھ کیجئے زمین و آسمان کا فرق نظر آئے گا۔ آج روپے کی قیمت کہیں تین آنہ کہیں دو آنے اور کہیں ایک آنہ رہ گئی ہے۔ روپیہ چلتا دکھائی دیتا ہے مگر آتی دکھائی نہیں دیتی۔ اس صورت حال پر قابو پانے اور گرانی دور کرنے کے لئے حکومت انتہائی کوشش کر رہی ہے اور اس نے اقتصادیات کے ماہرین، اہل صنعت بنکوں کے ڈائرکٹروں اور مزدوروں کے نمائندوں سے گفت و شنید کر کے عزم کر لیا ہے کہ وہ گرانی کو دور کرے گی اور کرنسی کے پھیلاؤ کو روکے گی چنانچہ اس نے بینکروں اور اقتصادیات کے ماہروں سے مشورہ کیا ہے اور اب دہلی میں اہل صنعت کی کانفرنس اسی مقصد کے لئے منعقد ہو رہی ہے۔ روز بھی اس بارے میں اپنے مشوروں سے حکومت کی امداد کریں۔

اس سلسلہ میں سب سے پہلا مسئلہ افراط زر کی روک تھام کا ہے۔ اگر عام لوگ نہیں جانتے کہ پیسے کی افراط سے گرانی کو کیا تعلق ہے اور اس کی روک تھام سے گرانی کا انسداد کس طرح ہو سکتا ہے۔ افراط زر یا روپے پیسے کی زیادتی کا مفہوم یہ ہے کہ جب پیسہ زیادہ بڑھ جاتا ہے اور اس کے پھیلاؤ اور گردش پر قابو نہیں رہتا تو چیزوں کی مانگ ان کی پیداوار سے بڑھ جاتی ہے۔ چیزوں کی مانگ اس وقت زیادہ ہوتی ہے جب پیسہ زیادہ ہوتا ہے اور چونکہ پیداوار محدود ہوتی ہے اس لئے ایک چیز کو منہ مانگے داموں خریدتے ہیں، چیزیں کم، خریدار زیادہ، نتیجہ یہ کہ قیمتیں بڑھتی چلی جاتی ہیں۔ قیمتیں جس قدر زیادہ بڑھیں گی، سکہ کی قیمت اسی نسبت سے گھٹتی چلی جائے گی۔ حکومت چاہتی ہے کہ روپے پیسے کی گردش پیداوار سے بڑھنے نہ پائے، جب پیسہ کم ہوگا تو چیزوں کی مانگ خود بخود کم ہو جائے گی، اور جب مانگ کم ہوگی تو اشیاء کی قیمتیں بھی گرنی شروع ہو جائیں گی۔ اگر سب لوگوں کے پاس ضرورت سے زیادہ روپیہ ہوتو ہر شخص ایک پاؤ انگور کے بجائے ایک سیر لینے کی خواہش کرے گا اور چونکہ انگور کی مقدار اور پیداوار محدود ہے اس لئے ہر شخص یہی چاہے گا کہ انگور خواہ کتنا ہی گراں ہو کر مل جائے۔ چنانچہ انگور کی قیمت بڑھتی چلی جائے گی اور مانگ کم نہ ہوگی، لیکن اگر لوگوں کی جیب میں روپیہ کی چوتھائی مقدار رہ جائے تو ان میں سے اکثر تو انگور خریدنے پر آمادہ ہی نہ ہوں گے، اور جو خریدنا چاہیں گے وہ ضرورت سے بھی کم خریدیں گے اور جب مانگ پیداوار کے مطابق ہو جائے گی تو انگور کی قیمت بھی گر کر اعتدال پر آ جائے گی اور اسی کا نام ہے اشیاء کی گرانی کو دور کرنا اور مانگ کو پیداوار تک محدود کرنا!

سطور بالا سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ گرانی کا سب سے بڑا سبب زر کی افراط ہے، اسی افراط زر نے جرمنی کی اقتصادی حالت کو بد سے بدتر بنایا اور اسی نے چین کی معاشیات کو تہ و بالا کیا۔ اگر ہندوستان میں زر کی گردش کو نہ روکا گیا تو گرانی ناقابل برداشت [illegible]

ہو جائے گا۔

معاشیات کے ماہرین کی کمیٹی نے قبل از جنگ کی قیمتوں کو معیار قرار دے کر تجویز کیا ہے کہ (۱) پیسے کی جبری بچت کی جائے اور اس کے پھیلاؤ کو روکا جائے۔

(۲) حکومت عوام سے قرض لے اور زر کو اپنے قبضہ میں کر کے اس کی مقدار گھٹائے۔

(۳) عوام پر زیادہ سے زیادہ ٹیکس عائد کئے جائیں اور اس طرح عوام کا زائد پیسہ حکومت اپنے خزانے میں جمع کرے۔

(۴) اشیاء پر دوبارہ کنٹرول ہو، ان تجاویز پر عمل کرنے کے بعد خرید و فروخت میں کام آنے والے سکہ کی مقدار خود بخود کم ہو جائے گی اور اس کی کمی کے ساتھ چیزوں کی قیمتیں بھی گر جائیں گی۔

کلکتہ کے اقتصادی کنونشن میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے افراط زر کی روک تھام کے لئے چھ نکات کا ایک منصوبہ تیار کیا ہے یعنی

(۱) حکومت کوئی ایسا بجٹ نہ بنائے جس میں نقصان دکھایا گیا ہو۔

(۲) کرنسی نوٹ کا اجراء محدود تعداد میں ہو۔

(۳) نوٹ عوام کی نقد ضرورت کے مطابق جاری کئے جائیں۔

(۴) جو کرنسی نوٹ ضرورت سے زیادہ عوام کے پاس ہیں ان پر حکومت قبضہ کر کے ان کا سود ادا کرے۔

(۵) عوام کو مجبور کیا جائے کہ وہ پیسے کی بچت کریں اور اس کی گردش کو روکیں۔

(۶) ضروری اشیاء پر کنٹرول ہو اور ان کی تقسیم راشن کے طریقہ پر ہو۔

سرمایہ دار طبقہ پیداوار کی کمی اور نقل و حمل کی دشواریوں کو گرانی کا سبب قرار دیتے ہوئے اس کا علاج یہ بتاتا ہے کہ حکومت کم معاوضہ کے ساتھ مزدوروں کو زیادہ کام کرنے پر مجبور کرے، ہڑتال کو جرم قرار دے اور کارخانہ داروں کو حمل و نقل کی سہولتیں بہم پہونچائے۔

دہلی میں اہل صنعت کی جو کانفرنس ہو رہی ہے اس میں ایک یادداشت کے ذریعہ حکومت کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ زائد کرنسی کی مقدار کو واپس لے اور اس کی گردش کو روکے، خصوصاً دیہاتی علاقوں کی کرنسی کو، اور اس کی صورت یہ ہے کہ مصنوعی اشیاء کو دیہات میں پھیلا دیا جائے تاکہ دیہاتی لوگ انہیں خریدیں اور ان کی زائد کرنسی نکل کر قبضہ سے نکل آئے! ہمارے خیال میں ماہرین اقتصادیات اور اہل صنعت کے متضاد مشوروں سے حکومت کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتی کیونکہ جو دار لوگ موجودہ گرانی کے لئے ذمہ دار ہیں وہ گرانی کو دور کرنے کا کوئی موثر علاج نہیں بتا سکتے، یہی وجہ ہے کہ ان تجاویز میں ذخیرہ اندوزی کو ختم کرنے کی تجویز کسی نے پیش نہیں کی، حالانکہ اشیاء کی گرانی میں اس کو بہت بڑا دخل ہے، بہرحال اشیاء کی گرانی کو دور کرنے کی جدوجہد بہت ضروری ہے اور ملک کو اس کی کامیابی کا شدت کے ساتھ انتظار ہے۔

انگریز اور سوڈان

[illegible]

اچھی باتیں!

(سورہ ... وکیلا ... ۶۵ع)

خدا کو تمہارے حالات کا پورا علم ہے، وہ چاہے تو تم پر رحم کرے چاہے تو عذاب نازل کر دے اور اے پیغمبر! ہم نے آپ کو ان لوگوں پر وکیل بنا کر نہیں بھیجا۔

خدا سے کوئی بات پوشیدہ نہیں، اس کے علم میں انسانی کردار کا پورا ریکارڈ محفوظ رہتا ہے وہ جانتا ہے کہ انسان کی معصیت کوشیوں اور شرارتوں کا کیا حال ہے۔ اس کے باوجود وہ گرفت کرنے میں جلدی نہیں کرتا۔ اگر گرفت نہ کرے تو یہ اس کی رحمت ہے۔ اگر سزا دے تو یہ اس کا عدل ہے۔ انسان خدا کی رحمت سے ناجائز فائدہ اٹھا کر معصیتوں میں مبتلا رہتا ہے بلکہ گمان کرنے لگتا ہے کہ کوئی خدا نہیں اگر ہوتا تو ضرور سزا دیتا مگر جب قانون الٰہی کے تحت عذاب کا وقت آجاتا ہے اور انسان پر گریز کی تمام راہیں بند ہو جاتی ہیں تو چلا اٹھتا ہے کہ ہائے مارا، برباد ہوا، بن آئی مارا گیا۔ حالانکہ وقت آنے کے بعد واویلا فضول ہے۔

زہر کھانے کا نتیجہ اس کے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ انسان موت کا ذائقہ چکھے پیغمبروں کا کام تبلیغ و ہدایت ہے، جبر اور زبردستی نہیں ہے۔ کیونکہ قلب کی تبدیلی ایمان اور ایقان کے ذریعہ عمل میں آتی ہے اور ایمان زبردستی پیدا نہیں کیا جا سکتا!

برما کی صورتِ حال

از او۔ ایم۔ گرین

اس میں کوئی شک نہیں کہ برما کی صورت حال آج ... ملک برما کو دیا گیا تھا ۵ کروڑ پونڈ قرضہ معاف کر دیا گیا۔ [illegible]

ارکان میں بغاوت

[illegible]

کمیونسٹ

[illegible]

روس کے ساتھ تعلقات

[illegible]

مسز پنڈت ہندوستان روانہ ہوگئیں

[illegible]

مکمل آزادی

[illegible]

پیپلز والنٹیر آرگنائزیشن

[illegible]

پرمٹ سسٹم

[illegible]

سیر و سیاحت

سیاح کے قلم سے

شاعر بے بدل حضرت رنجور رامپوری کی ایک نظم ہماری اشاعت کے لئے موصول ہوئی ہے چونکہ نظم مذکور کئی لحاظ سے نہایت دلچسپ ہے اس لئے اس کی لطف اندوزی سے ناظرین کو محروم رکھنا ظلم ہوگا ۔۔۔ نظم کا عنوان اس طرح لکھا ہوا ہے۔

سید محمد شاہ
رنجور رامپوری

اس عنوان سے خیال پیدا ہوا کہ سید محمد شاہ کوئی بزرگ ہیں جن کی تعریف میں حضرت رنجور رامپوری نے کوئی قصیدہ فرمایا ہے لیکن نظم کو دیکھ کر معلوم ہوا کہ وہ قصیدہ نہیں بلکہ اس میں وطن سے اظہار محبت کیا گیا ہے۔ اسید محمد شاہ درحقیقت حضرت رنجور کا نام نامی اسم گرامی ہے اور نظم کا عنوان نہیں ۔۔۔ بہرحال غزل یا نظم کا پہلا شعر ملاحظہ ہو

ہند ہے ہم ہیں اور ہند ہمارا ہے وطن
اور بزرگوں کا ہمیشہ سے یہاں ہے مسکن

شعر کو پڑھتے ہی ہم پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوگئی اور ہم نے عالم خیال میں دیکھا کہ عالم بالا میں غالب اور ذوق کی روحیں بھی پھڑکنے لگی ہیں ۔۔۔ اپنے وطن سے محبت کا اظہار اس سے زیادہ سادہ اور شیریں الفاظ میں ہو بھی کس طرح سکتا تھا۔ اپنے شعر میں شاعر نے ہند سے محبت کا دعویٰ ہی نہیں کیا بلکہ اس کا ثبوت بھی دیا یعنی یہ کہ ہمارے بزرگوں کا یہ مسکن رہا ہے۔

دوسرا شعر ملاحظہ ہو

سرزمین ہند ہی پیدا ہوئے مر جائیں گے
چھوٹ سکتا نہیں ہم سے وطن کا دامن

پہلے مصرعہ کی سلاست اور روانی کی اگر آپ داد نہ دیں تو اس سے بڑا اور کون ستم ہو سکتا ہے۔ زندگی کا افسانہ کس قدر مختصر الفاظ میں ادا کر دیا گیا ہے۔ پیدا ہونا زندگی کا آغاز ہے اور مرنا انجام اور انہی دو لفظوں سے زندگی گھری ہوئی ہے۔ اور اس حقیقت کو شاعر نے نہایت فلسفیانہ انداز میں بیان کر دیا ۔۔۔ دوسرا مصرعہ ہے کہ آپ کو مصرعہ پڑھ کر ہنسی آجائے اور دوسرے مصرعہ پر آپ قہقہہ لگا دیں مگر یہ تو آپ کی جلد بازی [illegible]

کی دلیل ہوگی اس لئے یہ شاعر کا کمال تصور ہے۔

جہاں تک تیسرے مصرعہ کا تعلق ہے آپ اس کو شاعر کا کمال کہہ سکتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے

صدیاں گذر رہی ہیں اسی ملک میں ہم کو
ہیں شہادت کے لئے لاکھوں ہمارے مدفن

یعنی اس کو چھوڑ دیجئے کہ جان ہند قطب بنا دہلی جیسی یادگاریں موجود ہیں محبت کی ضرورت ہے تو قبرستان بہار کر وطن دیکھ لیجئے شاعر کا یہ خیال کس قدر اچھا ہے کہ ایک ملک پر ایک قوم کے رہنے کا ثبوت صرف مدفنوں سے مل سکتا ہے۔ کہئے اب بھی آپ پر وہاں کیفیت طاری ہوئی یا نہیں!

چوتھا شعر آپ ہی نظیر ہے۔ اس کے دشمنوں کی جو تعریف ہمارے اس شاعر نے کی ہے وہ تو [illegible] کو کہئے ہیں الہام اسی کا نام الہامی شاعری ہے۔ خدا کی دین ہے ہر کسی کو نصیب نہیں ہوتی ارشاد ہوتا ہے

ہند میں رہتے ہوئے غیر کی تعریف کریں
صاف ظاہر ہے وہ کم بخت ہیں اس کے دشمن

شعر میں کم بخت کا لفظ جس طرح نشست ہو گیا ہے اس کی مثال آپ کو فن ملیح آبادی کی پختہ شاعری میں نہیں مل سکتی جن کو الفاظ کے استعمال اور ان کو چسپاں کرنے میں یدطولیٰ حاصل ہے۔ ہائے کم بخت ۔ کم بخت .....

اب مقطع بھی سن لیجئے

ارض ہند ہی کریں کم ہے وطن پر رنجور
ہے آباد الٰہی یہ ہمارا گلشن

چونکہ اپنا گلشن قائم رہنا چاہیے یہ ہوش آیا ہے جو اب تک نہیں معلوم نہ تھی ۔ واہ پیجئے آپ رنجور صاحب کو کہ انہوں نے آپ کو روشنی دکھائی۔

اللہ کرے زور قلم اور زیادہ

شہزادی مارگریٹ

[illegible]

ہندستان کی ناکہ بندی کی وجہ سے حیدرآباد کی آمدنی میں کمی ہو گئی

اسمبلی میں بجٹ پیش کرتے ہوئے نواب معین نواز جنگ کی تقریر
سوا تین کروڑ کے خسارہ کو پورا کرنے کیلئے نئے ٹیکس لگائے جائینگے

اس سلسلہ میں حکومت حیدرآباد جو اقدامات اختیار کرنے والی ہے انہیں کنٹرولوں کے نفاذ کا مسئلہ بھی شامل ہے۔ آپ نے عوام سے اپیل کی کہ لوگوں کو کفایت شعاری سے کام لینا چاہئے اور جو کچھ بچے حکومت کو دیدیا جائے۔ ... ٹیکس کی وصولیابی میں کچھ رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے کیونکہ تربیت یافتہ اشخاص کی کمی ہے۔

خوراک کی صورت حالات

خوراک کی صورت حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا ... حالات خراب ہو گئی تھی اس پر زبردست کوششوں کے باوجود ابھی تک قابو نہیں پایا جا سکا ہے اور اس لئے زرعی پیداوار میں اضافہ نہیں ہوا ہے اب تک حیدرآباد چاول اور گیہوں کی درآمد کرتا رہا ہے ... سال گذشتہ کے بجٹ میں باہر سے غلہ منگانے کے لئے ایک کروڑ روپیہ رکھا گیا تھا اور اس سال بھی اس مقصد کے لئے ... لاکھ روپیہ رکھا گیا ہے۔

محفوظ سرمایہ

حکومت کے محفوظ سرمایہ سے متعلق بتاتے ہوئے وزیر مالیات نے کہا کہ ترمیم شدہ تخمینہ کے مطابق ... کے سال رواں کے اختتام پر کا ملکی کرنسی کا محفوظ سرمایہ ... لاکھ روپیہ ہوگا ... حکومت پاکستان کے پاس ... کی شکل میں محفوظ ہے۔

آپ نے کہا کہ چونکہ سال رواں میں کوئی تازہ قرضہ ... حکومت کو اپنے اخراجات پورے کرنے کے لئے ... کروڑ کی ہندستانی ہنڈیاں فروخت کرنا پڑیں۔

سرمایہ کا باہر جانا

وزیر مالیات نے کہا کہ ریاستیں سے دس کروڑ ...

ناکہ بندی کا مقابلہ

...

مسٹر سہروردی سے اپنی شہریت کے اعلان کا مطالبہ

کراچی ۲۱ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بنگال کے سابق وزیر اعظم اور پاکستان کے ... اسمبلی کے رکن مسٹر ایچ ایس سہروردی سے ... کہ وہ اس بات کی وضاحت کریں ...

کراچی کا پراسرار اسلحہ خانہ

کراچی ۳۰ اگست۔ پاکستان کے وزیر صنعت مسٹر فضل الرحمن نے یہاں ... کا معائنہ کیا جس میں اسلحہ سازی کی ایک فیکٹری بھی شامل ہے ...

کراچی یکم ستمبر۔ کل کشمیر کمیشن کے ممبروں نے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں سے ملاقات کی اور تین گھنٹہ تک گفت و شنید کی ...

سوشلسٹ پارٹی ہی تخریبی سرگرمیوں کی رہنمائی کر رہی ہے

حیدرآباد کے متعلق سوشلسٹ پارٹی کا بلیٹن

سیتاپور (ڈاک) سوشلسٹ پارٹی ریاست حیدرآباد کا ایک نیوز بلیٹن مظہر ہے کہ گذشتہ بارہ ماہ میں ... حکومت اور نظام کے شاہی غنڈے رضاکاروں کے ظلم و ستم کے باوجود ریاست حیدرآباد کے عوام نے ... اگست کو یوم آزادی منایا ...

اخبار نویسوں کو پاکستانی وزیر کا مشورہ

کراچی ۳۰ اگست ... پاکستان کے وزیر ... مسٹر فضل الرحمن نے کہا ...

دہلی کے ایک نواحی گاؤں پر پولیس کا چھاپہ

رائفلیں سٹین گنیں اور بندوقیں برآمد کی گئیں

نئی دہلی ۳۰ اگست ...

لاپتہ بہنوں کی تلاش

(۱) مسماۃ صغریٰ خاتون دختر سراج الدین زوجہ محمود دین (۲) مسماۃ رحمت زوجہ چھوٹے خاں ... (۳) مسماۃ جنت دختر ... (۴) مسماۃ چاندنی ...

اطلاع دیں ... مستحق ...

جامعہ نائٹ اسکول کا ضروری اعلان

...

کالکا میل کے قتل کا مقدمہ

لدھیانہ ۳۰ اگست۔ ... کالکا میل میں ... کے قتل کا مقدمہ لدھیانہ کے اول درجہ کے مجسٹریٹ کی عدالت میں شروع ہوا ملزم کو مزید ایک ہفتہ کے لئے حوالات پولیس کر دیا گیا۔

شرنارتھی کانداروں کی گرفتاری

...

اٹھارہ ماہ کی قید سخت

کنگسوے کیمپ کے ایک پناہ گزیں ... کو اپنی بیوی کو زدوکوب کرنے کے الزام میں اٹھارہ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

دار السلطنت کی بقیہ خبریں صفحہ ۴ پر ملاحظہ فرمائیے

پاکستان میں مصری سفیر

قاہرہ یکم ستمبر۔ مصری کابینہ کے ایک سابق ممبر کو حکومت مصر کی طرف سے پاکستان میں سفیر مقرر کیا گیا ہے۔

کانگرس فرقہ پرستی اور راجواڑہ شاہی سے نہیں ڈرتی

لدھیانہ ضلع کانگرس کے انتخاب کے موقع پر تقریریں

مولوی عبد الغنی کا لدھیانہ میں تپاک خیر مقدم

لدھیانہ ۳۱ اگست۔ ۲۹ اگست کو ضلع کانگرس کمیٹی کے سالانہ انتخاب کے بعد صدر منتخب ہونے پر ... نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ میں ہمیشہ ہی عہدوں سے دور بھاگتا رہا ہوں۔ لیکن اس دفعہ میں صدارت کے لئے کھڑا ہو گیا کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ لدھیانہ کی کانگرس میں ایسے عناصر داخل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ...

ملک کے حالات کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ آج کانگرس کو ایک طرف سے فرقہ پرستی اور دوسری طرف سے ... سے مقابلہ کرنا پڑا ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ باہر کا کوئی خطرہ چاہے وہ فرقہ پرستوں کی طرف سے ہو یا راجواڑوں سے کانگرس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا ...

راجہ بلاسپور کو ریاست کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کرنا عوام کو بغاوت کی دعوت دینا ہے

شملہ ۳۱ اگست (ڈاک) ڈاکٹر وائی ایس پارمر صدر ہماچل پراونشل کانگرس کمیٹی نے ایک بیان میں راجہ بلاسپور کے ریاست کو مدغم کرنے کے سمجھوتہ پر دستخط کرنے پر اظہار خوشنودی کرتے ہوئے کہا ہے کہ راجہ صاحب کو مرکزی حکومت کی طرف سے ریاست کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا جانا قطعی نامناسب ہے اور اس طرح وہ اپنی خامیوں کو چھپانے کی کوشش کریگا۔ ... اگر یہ انتظام عارضی ہے تو بہتر ورنہ ... تو عوام علانیہ بغاوت کر دیں گے ... کانگرس کمیٹی کو ریاست میں کام کرنے کی اجازت دی جائے ...

کشمیر کمیشن کی ایک پارٹی سری نگر میں

سری نگر یکم اگست۔ کشمیر کمیشن کا سب کمیشن آج ...

سٹر غلام محمد بخشی نائب وزیر اعظم کشمیر نے مذکورہ بالا پارٹی کا استقبال کیا اور ان کو چشمہ شاہی محل میں پہنچا دیا گیا جہاں وہ سرکاری مہمان ہیں۔

ڈاکٹر بینیز بستر مرگ پر

پراگ یکم ستمبر۔ چیکوسلواکیہ کے سابق صدر ڈاکٹر بینیز کی حالت بہت نازک ہو گئی ہے۔ سرکاری بلیٹن میں کہا گیا ہے کہ وہ کل صبح سے بے ہوش ہیں اور یہ امید نہیں کہ وہ ہوش میں آ سکیں۔

مہاتما گاندھی کا مقدمہ:-

گوپال گوڈسے نے گواہ کے پاس ریوالور کارتوس رکھوائے تھے
پونا کی انجنیرنگ کمپنی کے منیجر کی شہادت

دہلی ۱۴ ستمبر آج لال قلعہ کا ندھی جی کے قتل کے مقدمہ میں اورایام انجنیرنگ ورکس لمیٹیڈ کے منیجر پانڈورنگ ... نے گواہی دیتے ہوئے گوپال گوڈسے کو پہچان لیا اور کہا کہ گاندھی جی کے قتل سے آٹھ دن قبل گوپال گوڈسے نے اس کے پاس ایک ریوالور اور کچھ کارتوس رکھوائے تھے ... [illegible]

روڈ کے قریب پھینکا ہے تب مجھے اور کالے کو کار میں اس روڈ پر لے جایا گیا تب کالے نے وہ جگہ بتائی جہاں اس نے ریوالور پھینکا تھا۔ تلاش کرنے پر وہ ریوالور ... ۹- فروری کو پولیس نے میرا بیان قلمبند کیا۔ وہاں ملزمان کے کٹہرے سے گوپال گوڈسے کو شناخت کیا گوپال گوڈسے کے وکیل مسٹر انامدار کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ جو آدمی گوپال گوڈسے کو کار میں لائے تھے۔ وہ پولیس کے تھے۔ یہ ۹ فروری کا واقعہ ہے۔ فرگوسن کالج روڈ سے ریوالور کی تلاش کے بعد مجھے حراست میں لے لیا گیا۔ میں پھر بے گھر واپس نہیں گیا۔ کالے کو بھی حراست میں لے لیا گیا تھا جس وقت گوپال گوڈسے وہاں آئے ... [illegible]

”گورنر جنرل نے عدالت کی توہین کی ہے“
مہاتما گاندھی کے مقدمہ میں ماخوذ ایک ملزم کی درخواست

لال قلعہ دہلی ۱۴ ستمبر ... ملزم مدن لال ... نے ... گورنر جنرل ... کے خلاف الزام لگایا کہ انہوں نے ... ستمبر کو ... مہاتما گاندھی کے قتل کا ذکر کرکے توہین عدالت کی ہے ... [illegible]

گورنر جنرل کی تقریر ... [illegible]

اختر ہاشمی صاحب کی جانب سے ضروری اعلان

... [illegible]

اسلحہ برآمد ہوئے

... [illegible]

دی مغل لائن لمیٹڈ
ہندوستان کی سب سے پرانی جہازراں کمپنی

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کیساتھ حاجیوں کے لئے امسال ایک اور جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اسلامی ۵۰۷۹ ٹن

۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

درجہ اول ۱۰۷۵/۰/۰ روپے

عرشہ ۳۰۵/۸/۰ روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دی جائے گی، ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس، جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۲۳، روپے آٹھ آنے ہوتی ہے۔

زائرین کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں انکی جگہ کا اندراج نہ ہوجائے، اور کمپنی کیطرف سے ان کو بمبئی پہونچنے کی ہدایت دیدیجائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دیجا چکی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ

دار السلطنت

مفرور باپ بیٹوں کی گرفتاری

پنڈت ... ممبر صوبہ دہلی کانگریس کمیٹی انچارج ... دیہات معہ اپنے بیٹے ... کے سردار ... کی عدالت میں برائے ضمانت پیش ہوئے زیر دفعہ ۳۰۷ ضمانت نہ ہونے پر دونوں باپ بیٹے کو پولیس علاقہ ... نے اپنی حراست میں لے لیا۔ ان کے خلاف پچھلے دنوں ایک مقامی ... ملکیت ... سنگھ کو پیٹنے، اس کی وردی پھاڑنے اور نقدی چھیننے کا الزام ہے پولیس نے ان کے خلاف زیر دفعہ ۳۰۷، ۳۲۵، ۳۹۲ و ۳۹۲ پر چالان کرکے وارنٹ گرفتاری جاری کئے تھے۔ جس پر دونوں مفرور ہوگئے تھے۔ دریں حالات ان کے مکان پر اس امر کا نوٹس بھی چسپاں کیا گیا کہ عدالت میں تین دن کے اندر اندر حاضر نہ ہونے پر تمام جائداد ضبط کرلی جائے گی۔ پھر دو ممبروں نے اپنے آپ کو کل عدالت کے روبرو پیش کردیا۔ اس سلسلہ میں آج قرول باغ پولیس اسٹیشن پر لوگوں کا ایک عظیم ہجوم دیکھنے میں آیا۔

گورنر مشرقی پنجاب کی آمد

مسٹر چندو لال ترویدی گورنر مشرقی پنجاب کل دہلی پہنچ گئے۔ اس وقت گورنمنٹ ہاؤس میں گورنر جنرل کے مہمان کی حیثیت سے مقیم ہیں۔

پانچ سال قید سخت

مسٹر ... لال ... ایڈیشنل سشن جج دہلی نے شاہی سبزی منڈی کے ایک ساکن نامی مدن لال کو اپنے ایک دوست کو قتل کرنے کی کوشش کے جرم میں پانچ سال قید سخت کی سزا دی۔ استغاثہ نے کہا کہ ملزم کے دوست گوبند رام نے اس کے پاس کچھ طلائی زیورات رکھائے تھے لیکن مدن لال نے وریج سنگھ نامی ایک شخص سے سازباز کی اور ۲۵ مارچ کو گوبند رام کو ... ہوگئے۔ جہاں اس کے پیٹ میں چاقو گھونپ دیا گیا لیکن وہ مرنے سے بچ گیا۔ وریج سنگھ ابھی تک مفرور ہے۔

چھ اشخاص گرفتار

فیض بازار پولیس نے کرایہ داروں کی دوبارہ ... میں ... کے سلسلہ میں چھ اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتاریاں پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۳ کے مطابق عمل میں آئی ہیں۔

شراب کی دکانیں بند کی جائینگی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے گھر میں ایکسائز ایڈوائزری کمیٹی کا جلسہ ہوا جس میں گنجان آبادی میں واقع شراب کی بعض دکانوں کو بند کرنے اور بعض دکانوں کو دور کے علاقوں میں منتقل کرنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔

اسلحہ کی فروخت کا مقدمہ

مسٹر الیف ... بلارڈ ... پر جی۔ ایچ کیو کے اسلحہ کے عجائب خانہ کے ہتھیار فروخت کرنے کا الزام ہے۔ کل نئی دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے پیش کئے گئے۔ مزید ایک ہفتہ کے لئے ان کو پولیس کے حوالہ کر دیا گیا۔

لوہار کو سزا

ناگلوئی کے قریب کے موضع ... کا ایک لوہار کو ہتھیار بنانے اور ان کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے جرم میں آج میاں ... سنگھ مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت دونوں جرموں میں چھ چھ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ ملزم کی دکان سے ایک دیسی بندوق ایک پستول اور ایک نامکمل بندوق کے حصے ...

غربا کی آنکھوں کے ہر مرض کا مفت علاج

ہر روز ... آنکھوں کے پوشیدہ امراض کا ... دوا خانہ حکیم محمد حبیب الرحمن قریشی ... دہلی

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے
اُردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر: سید انیس الرحمن

قیمت سالانہ

چھ روپے ... فی پرچہ آٹھ آنے

نمونہ کے لئے آٹھ آنے کے ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے

دو تین سال گذرے ... اس اخبار کے ... ہندو راشٹر پرکاش لمیٹڈ شروع کی ہے وہ اس کے حصے فروخت کرنے جاتے ہیں۔ لیکن اس موقع پر وہ حصے فروخت نہیں کرتے۔ بلکہ انہیں کچھ پرنٹنگ میٹریل بمبئی سے خریدنا ہے۔ اس لئے انہیں ... روپیہ کی ضرورت ہے۔ وہ روپیہ نقد مانگتے تھے میں نے کہا کہ میں اتنا ... نہیں کرسکوں گا۔ لیکن میں انہیں ... روپیہ بطور قرض دے سکوں گا۔ دونوں مان گئے۔ ... گواہ نے ناتھو رام گوڈسے اور آپٹے کو شناخت کیا۔ ... گواہ بڈگے کو بھی عدالت میں لایا گیا۔ ... بیان جاری تھا کہ عدالت لنچ کے لئے ملتوی ہوئی۔

لنچ کے بعد کی کاروائی

مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ میں لنچ کے بعد مسٹر کالے نے ... اپنی جرح جاری رکھی۔ گواہ نے بیان کیا کہ میں نے اخبار ... میں مہاتما گاندھی کی ... کی طرف سے ۱۹۴۸ء میں ... کی خبر پڑھی ... مسٹر ... کے ایک سوال کے جواب میں گواہ نے کہا کہ مہاتما جی کا قتل جمعہ کو ہوا۔ اس روز مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ ناتھو رام گوڈسے مہاتما جی کا قاتل ہے۔

ایک اور گواہ کا بیان

رام چندر ... نے بیان کیا کہ میں ... کا رہنے والا ہوں میں ٹیلیگراف آفس میں کام کرتا ہوں۔ میں بڈگے کو جانتا ہوں ... ہندو مہاسبھا کے لئے چندہ لینے آیا تھا ... مسٹر ... کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میں ہندو راشٹر یہ نہیں پڑھتا۔

ایک اور گواہ کا بیان

گوبند ... کالے نے بیان کیا کہ میں بمبئی یونیورسٹی کا بی۔ اے ... ہوں ... جنوری ۱۹۱۹ء میں ... آفس میں کام کرتا تھا میں پانڈو رنگ ... کو جانتا ہوں ۳۱ جنوری ۱۹۴۸ء کو مہاتما جی کا قتل ہوا تھا۔ میں اس کے گھر گیا وہاں اس کے ساتھ مہاتما گاندھی کے قتل کے سلسلے میں بات چیت ہوئی میں جانتا تھا کہ گوڈسے کا مہاتما جی کے قتل سے تعلق ہے گوڈسے گھبرایا ہوا تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ میرے پاس ریوالور ہے میں نے اسے مشورہ دیا کہ اسے پھینک دینا چاہیے میں نے اس سے یہ دریافت کیا کہ اس نے ریوالور کہاں سے لیا ہے میں نے ریوالور پھینکنا منظور کرلیا ... اس میں ایک ریوالور اور ... کارتوس تھے میں نے ... فروری کو پھینک دیا۔ ... دوسرے دن پولیس میرے گھر آئی ...

کیا میں نے اس کو کہا کہ میں نے ریوالور پھینک دیا ہے۔ پولیس کے کہنے پر میں انہیں وہاں لے گیا۔ جہاں میں نے ریوالور پھینکا تھا۔ مجھے پولیس کار میں لے جایا گیا میں نے پولیس کے ساتھ مل کر ریوالور کی تلاش کی ... پولیس کار میں گوڈسے اور پولیس کے علاوہ ایک اور شخص بھی تھا۔ گواہ نے گوپال گوڈسے کو شناخت کیا ... گاندھی کا قتل ہوگیا ہے ... مہاتما جی کا قاتل ہے ... لیکن کارتوس میں نے دیکھے ... پولیس کی آمد سے پہلے پھینکے تھے۔ میں نے پولیس کو وہ جگہ بھی دکھائی لیکن پولیس نے کارتوس کی تلاش نہ کی۔ گواہ کا بیان ختم ہوگیا۔ اور عدالت کل پر ملتوی ہوگئی۔

ایک شخص کی ہلاکت

دہلی کا ... پوسٹ آفس کے قریب دو ... ایک شخص ... ہلاک ہوگیا۔

پارلیمنٹ نے ہندو کوڈ بل آئندہ اجلاس تک ملتوی کر دیا

متعدد دوسرے بل منظور کر لئے گئے

نئی دہلی ۳۱ اگست۔ آج بدھ پارلیمنٹ نے ہندو کوڈ بل پر غور ختم کرنا منظور کیا۔ یہ اقدام کانگریس پارٹی کے اس فیصلہ کے مطابق ہے کہ یہ بل جب سیشن تک معرض التوا میں رکھا جائے۔ ہاؤس نے جہازیوں کے متعلق ترمیمی بل اور کلکتہ کی امپیریل لائبریری کا نام بدل کر نیشنل پبلک لائبریری رکھنے کا بل پاس کر دیا۔ علاوہ ازیں پبلک سیکیورٹی ایکٹ دہلی کو ترمیمی بل اور کارخانوں اور صنعتوں کے کام کو باقاعدہ بنانے اور ترقی دینے کے بل کو بھی منظور کر لیا۔ ڈاکٹر امبیدکر کی اس تحریک کو ہندو کوڈ بل پر غور کیا جائے۔ سٹر ... ... نے اعتراض کیا کہ چونکہ کمیٹی کی رپورٹ سے ... نکل آئی ہے اس لئے کہا گیا کہ سیلیکٹ کمیٹی نے اس بل پر جو کہ ایک سپرد کیا گیا ... غور کرنے کی بجائے ایک ایسے مسودہ پر غور کیا ہے جو زیر غور ہے۔

سلکٹ کمیٹی نے مرتب کیا تھا۔ سلیکٹ کمیٹی کے چند ممبران نے جن میں ڈاکٹر پٹرجی اور ... کرشن شرما اور پنڈت ٹھاکر داس بھارگو بھی شامل ہیں۔ سٹر نذیر الدین احمد کے دلائل کی مخالفت کی۔ وزیر قانون ڈاکٹر امبیدکر نے ایوان کو یقین دلایا کہ حکومت اس لنگر یکو قبول نہیں کرے گی۔ اگر ایوان کا اجلاس پر غور کرنے کو تیار نہیں ہے تو اسے مزید یقین دلایا کہ حکومت اس بل کو موجودہ اسمبلی کے ٹوٹ جانے سے پہلے پہلے پاس کرانے کا ارادہ رکھتی ہے اور یہ بل اگلے سیشن میں غور کیا جائے گا۔ بل پر غور کرنے کے لئے کافی وقت دیا جائے گا۔ اور اگر وقت کافی نہ ہوا تو بل کو پاس کرنے کے لئے اسمبلی کا ایک اور اجلاس بلانے پر بھی غور کیا جائیگا۔ اسپیکر نے کہا کہ مسٹر نذیر الدین احمد کے اعتراض پر مزید غور ضروری ہے۔ لہذا بل پر غور ملتوی کر دیا جائے۔ ایوان نے سپیکر کی یہ تحریک منظور کر لی۔

سردار پٹیل نے بمبئی پبلک سیفٹی ایکٹ میں دہلی کے لئے ترمیمی بل کے مقصد پر روشنی ڈالتے ہوئے بتلایا کہ اس کا مقصد گاندھی جی کے مقدمہ قتل کی سماعت کرنے والے اسپیشل جج کو دوبارہ گواہ کو معاف کرنے کا اختیار دینا ہے۔ اس سلسلہ میں پہلے جاری کردہ آرڈیننس ۳۱ دسمبر ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والا ہے۔ آج پارلیمنٹ میں چار نئے بل پیش کئے گئے۔ ایک بل سردار پٹیل نے پیش کیا جس کا مقصد حکومت کو نامناسب فلموں کو چھوٹی عمر کے اشخاص کو دکھائے جانے کی مخالفت کا اختیار دینا ہے۔ دوسرا بل ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی نے پیش کیا جس کا مقصد کپڑے اور سوت پر کنٹرول کی مشینری کو کارگر کرنا ہے۔ ڈاکٹر ... نے دو بل پیش کئے۔ ان میں سے ایک کا مقصد ایک درجن سفیروں کو تحفظ بہم پہنچانا ہے۔ اور دوسرے کا مقصد شرف کی ان مراعات کو مؤثر بنانا ہے۔ جو کہ حکومت ہند نے بین الاقوامی کانفرنسوں میں دیگر ممالک کو دینے منظور کئے ہیں۔

ڈاکٹر تاراچند ناگپور میں

ناگپور ۳۱ اگست۔ حکومت کے ایجوکیشن سکریٹری ڈاکٹر تاراچند کل نئی دہلی سے یہاں پہنچ گئے۔ انہوں نے صوبہ کی ... اسکاؤٹ ایسوسی ایشنوں سے بات چیت کی۔ خیال ہے کہ وہ سی پی کی تعلیمی حالت کا بھی دیکھ بھال کریں گے۔

خانقاہ کی نگران اعلیٰ کی تردید

دہلی ۱۳ اگست۔ مری میں لیسما سیسی اور مریم کی خانقاہ کی مدر سپیریر نے پاکستان کے اس الزام کی تردید کی ہے کہ ۱۴ اور ۱۵ اگست کی درمیانی شب کو ہندوستانی ہوائی بیڑے نے خانقاہ پر بم گرائے۔

لاہور کے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ مورخہ ۲۴ اگست میں مدر سپیریر کی ایک چٹھی شائع ہوئی ہے جس میں وہ لکھتی ہیں کہ آپ کا اخبار مورخہ ۲۱ اگست ملا۔ ہم آپ کی توجہ مندرجہ ذیل حقائق کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں۔

(۱) مری میں پنڈی پوائنٹ یا اس کے قرب وجوار میں جہاں یہ خانقاہ واقع ہے کہیں بھی کوئی بم نہیں گرا۔

(۲) دوم پرانے قبرستان میں جو پنڈی پوائنٹ سے کئی میل کے فاصلہ پر واقع ہے بم گرے تھے جن سے چند قبروں کو معمولی سا نقصان پہونچا۔

(۳) پنڈی پوائنٹ کے گرد ونواح میں کوئی قبرستان نہیں ہے نہ ہی اس علاقہ میں کوئی فوجی عمارت ہے۔ اس لئے یہ بیان کہ ایک فوجی عمارت پر مشین گنوں سے گولیاں چلائی گئیں قطعاً بے بنیاد ہے۔

(۴) اخبارات کے خاص نامہ نگاروں کو چاہیئے کہ اخبارات کو اپنی رپورٹیں بھیجنے سے پہلے واقعات کی صداقت معلوم کر لیں۔ اس قسم کی خبروں سے بچوں کے والدین کو بے حد پریشانی ہوتی ہے۔ اور غیر ضروری خوف وہراس پھیلتا ہے۔

ایڈیٹر سول اینڈ ملٹری گزٹ نے مدر سپیریر کی مندرجہ بالا چٹھی شائع کرتے ہوئے اس کے ساتھ اپنی طرف سے مندرجہ ذیل رائے شائع کی ہے۔ مذکورہ خبر سرکاری اطلاع کی بنا پر شائع کی گئی تھی۔

ساڑھے تین ہزار سے زائد قیدی رہا

مدراس ۳۱ اگست۔ حکومت مدراس نے ۳۵۱۵ غیر سیاسی قیدیوں کو رہا کر دیا ہے یہ سب قیدی یوم آزادی پر چھوٹ رعایت دی گئی تھی اس کے سلسلہ میں رہا کئے گئے ہیں۔

ہیضہ سے ۱۴۰۰ اموات

شملہ ۳۱ اگست۔ اس سال کے شروع سے اب تک مشرقی پنجاب میں ہیضہ کے ۲۹۰۰ حملے ہوئے۔ ان میں سے ۱۴۰۰ آدمی ہیضہ سے مر گئے۔ اسی مدت میں ۲۱۹۵ ... آدمیوں کے ہیضہ کا ٹیکہ لگایا گیا۔

لکھنؤ کی خبریں

لکھنؤ ۳۰ اگست۔ پولیس نے ... ایک شخص ہیرا سنگھ بہاری کو گرفتار کیا ہے۔ ملزم کے قبضہ سے ۴۰ عدد ریلوے کے ٹکٹ استعمال شدہ برآمد ہوئے ہیں۔ اور ایک بھالا بھی اس کے قبضہ میں تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ملزم شراب کے نشہ میں تھا اور بعض طبقے کے لیڈران کو گالیاں دے رہا تھا جب اسے پولیس نے گرفتار کرنا چاہا تو اس نے اور شدید ہنگامہ برپا کر دیا بمشکل اسے گرفتار کر کے حوالات تک پہونچایا گیا۔ اس کے ہنگاموں کی وجہ سے پولیس اسٹیشن قیصر باغ کے قریب ہزاروں آدمیوں کا مجمع ہو گیا تھا۔

ایک ہفتہ میں ہیضہ کے ۱۰ بیمار

لکھنؤ ۳۰ اگست۔ حکومت یوپی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ۲۱ اگست ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ۱۷۱ افراد ہیضہ میں مبتلا ہوئے اور ۲۰۸ ہلاک ہوئے جب کہ گذشتہ ہفتہ میں ۴۴۰ افراد کے مبتلا اور ۳۵۰ کے ہلاک ہونے کی اطلاع ملی تھی۔ پچھلے تین برسوں کے اس ہفتہ میں اوسطاً ۲۵۱ افراد مبتلا اور ۱۲۰۹ فوت ہوئے تھے۔ بیماری کو مزید پھیلنے سے روکنے کے لئے زبردست اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں زائد مقدار دوائیں جراثیم مارنے والی دوائیں اور نقد امداد دی گئی۔

گذشتہ ہفتہ کے مقابلے میں چیچک میں ۲۰۱۵ افراد مبتلا اور ۲۷ فوت ہوئے تھے اس ہفتہ میں ۱۳۹ افراد مبتلا ہوئے اور ۹ فوت ہوئے۔ ٹیکے اور دوبارہ ٹیکے لگانے کا کام بدستور جاری ہے۔ صوبہ طاعون سے بدستور محفوظ رہا۔

آبکاری کی آمدنی میں کمی

لکھنؤ ۳۱ اگست۔ وزیر آبکاری چودھری گردھاری لال نے بتایا کہ گذشتہ سال کے برعکس اس سال ان اضلاع کی آبکاری کی آمدنی گھٹ رہی ہے جن میں شراب بندی جاری ہے۔

لکھنؤ میونسپلٹی کے ۲ ملازم برطرف

لکھنؤ ۳۱ اگست۔ لکھنؤ میونسپل بورڈ میں سے ہندی نہ جاننے والے اشخاص کو علیحدہ کیا جا رہا ہے۔ ۲۵، ۲۶ اور ۲۷ کو ہندی کے تین امتحانات منعقد ہوئے جن میں میونسپلٹی کے ۳۰۰ ملازمین نے شرکت کی۔ ان میں ۲۷ ملازم جو مطلوبہ نمبر حاصل کرنے میں ناکام رہے علیحدہ کر دئیے گئے۔

سبکدوش طبی ملازمین

لکھنؤ ۳۱ اگست۔ حکومت ہند نے یہ طے کیا ہے کہ وہ مختلف نوع کے سبکدوش طبی ملازمین کو بھی ... ... دوسرے سبکدوش فوجیوں کی طرح صنعت وتربیت کی آسانیاں فراہم کرے گی بشرطیکہ سبکدوش طبی ملازمین تربیتی اسکیم کی شرائط پوری کریں۔

یوپی میں ۱۲۸ سرکاری ملازموں کو نکالا گیا

لکھنؤ ۳۱ اگست۔ ایک سرکاری ترجمان نے بتلایا کہ حکومت یوپی اس وقت ۱۲۸ سرکاری ملازموں کے خلاف کارروائی کر رہی ہے جن میں سے گیارہ گزیٹڈ افسر ہیں اس نے بتایا کہ ان میں سے ۵۸ کے خلاف مقدمہ چلایا جا رہا ہے اور ۱۴ کا غذات ایڈمنسٹریٹو ٹریبونل کے سامنے پیش کر لئے گئے ہیں ۵۲ کے خلاف دفتری اقدام کیا جا رہا ہے ۵۸ کے خلاف ابھی تحقیقات جاری ہے گذشتہ دو سالوں میں ۳۷۵ واقعات کی تحقیقات کی گئی ہے ان میں سے ۲۵ کو سزا دی گئی ہے۔ ۲۰ کے خلاف دفتری طور پر اقدام کیا گیا ہے یوپی میں کمیونسٹ کارکنوں کے متعلق اس ترجمان نے بتایا کہ ان کی گرفتاری سے خلاف قاعدہ اور غیر قانونی ہڑتالیں بند ہو گئی ہیں۔

مسلم پیشہ ور فیڈریشن

لکھنؤ ۳۰ اگست۔ مسلم پیشہ ور فیڈریشن کے سکریٹری چودھری عبدالرحمن صاحب مطلع کرتے ہیں کہ ۱۵ ستمبر تک مسلم پیشہ ور برادریاں اپنی تجویزیں سبحان نگر گلی چیو والی کے پتہ پر روانہ کریں۔

سلطان المدارس میں داخلہ

لکھنؤ ۲۹ اگست۔ پرنسپل صاحب سلطان المدارس اطلاع دیتے ہیں کہ ۱۲ اگست ۱۹۴۸ء کو مدرسہ اور دفاتر کھل گئے ہیں آکر تعلیم شروع ہو گئی امتحانات الٰہ آباد کے لئے یکم اکتوبر ۱۹۴۸ء تک ۹۹ حاضری ضروری ہوتی ہے لہذا طلباء کو چاہیئے کہ جلد از جلد حاضر ہوں

وظائف وغیرہ کا انتظام بھی شروع سال میں ہوتا ہے اس لئے غیر مستطیع طلباء کی درخواستیں جلد از جلد آجانا چاہیئے طلباء کے لئے دارالاقامہ ہے جس کی کوئی فیس نہیں لی جاتی ہے جس کے ساتھ دوسری رعایتیں دی جاتی ہیں فارم درخواست داخلہ ومراعات حسب طلب روانہ کئے جاتے ہیں۔

نئی میونسپلٹیوں کا قیام

لکھنؤ ۲۸ اگست۔ صوبائی حکومت چونکہ حسب ذیل ٹاؤن ایریاؤں کو میونسپلٹیوں میں تبدیل کرنے اور راج پور (ضلع ڈیرہ دون) اور سید پور (ضلع بنارس) ٹاؤن ایریاؤں کو علی الترتیب ڈیرہ دون اور بنارس میں مدغم کر دینے کا ارادہ رکھتی ہے اس لئے اب ان انتخابات کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی جو ۲۴ تا ۲۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو ہونے والے تھے چنانچہ انتخابات کے سلسلہ میں ان ٹاؤن ایریاؤں میں تمام کارروائی بند کر دینے کے لئے احکام جاری کر دئیے ہیں۔

(۱) منگلور ضلع سہارنپور (۲) گنگوہ (۳) تھانہ بھون (۴) شاملی ضلع مظفر نگر (۵) سردھنا ضلع میرٹھ (۶) جہانگیر آباد ضلع بلند شہر (۷) فرید پور ضلع بریلی (۸) بہیڑی (۹) رگھبر پور (۱۰) لہروا ضلع سیتا پور۔

مدراس میں ہندی کی تعلیم کے خلاف پکٹنگ

مدراس ۳۰ اگست۔ ہندی کے خلاف پکٹنگ کرنے والے کل گیارہ آدمی اور گرفتار ہوئے گرفتار شدگان میں ایک عورت بھی ہے شہر میں ایک اسکول کے سامنے کچھ دیر پکٹنگ کرنے کے بعد ایک جلوس کی شکل میں شہر کا گشت شروع کیا۔ پولیس نے ان کو لاری میں بٹھا کر شہر کی حدود سے باہر لے جا چھوڑ دیا ہے۔

مدراس کی بسوں میں زنانہ کنڈکٹر

مدراس ۳۰ اگست۔ مدراس شہر میں چلنے والی بسوں میں زنانہ کنڈکٹر مقرر کئے جائیں گے مدراس کے وزیر ٹرانسپورٹ مسٹر گوپال ریڈی نے اس مرو ... ... کہ وہ ... شہر کی زنانہ انجمنوں کے نمائندوں کی ... کی ایک کانفرنس ہوگی جس میں زنانہ کنڈکٹر کی تنخواہ وغیرہ کا فیصلہ کیا جائے گا۔

اجتماعی جرمانہ کی رقم وصول

بنارس ۳۰ اگست۔ ایک ہزار روپیہ کا اجتماعی جرمانہ جو ... ضلع جونپور ... پولیس کے ایک گروہ پر حملے کے سلسلہ میں عائد کیا گیا تھا وصول کر لیا گیا تھا ... میں ملوث ... ابھی تک لاپتہ ہیں۔

پناہ گزیں کیمپ بند کر دیا جائیگا

جبل پور ۳۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت سی پی وبرار نے فیصلہ کیا ہے کہ بیرہی کا پناہ گزیں کیمپ بند کر دیا جائے۔ اور وہاں کے سندھی پناہ گزین جبل پور ... منتقل کر دیا جائے کٹنی میں پہلے سے ۲۰ ہزار سندھی پناہ گزیں موجود ہیں۔

اندور میڈیکل کالج میں ہڑتال

اندور ۳۱ اگست۔ ... میڈیکل کالج اندور کے نچلے درجے کے دو سو آدمیوں نے آج کام بند کر دیا کیونکہ حکام نے ان کے مطالبات نامنظور کر دئیے تھے ان اشخاص کے مطالبات تنخواہوں میں اضافہ سے تعلق رکھتے ہیں کالج کے اسٹاف کے ممبروں نے مریضوں کے وارڈوں میں صفائی کی اور دوسرے کام انجام دئیے۔

مصباح المدارس

لکھنؤ ۲۹ اگست۔ ... اسکول مصباح المدارس میں عنقریب ایک ہندی کا درجہ کھلنے والا ہے مدرسہ میں اب تک محض دینیات اور اردو کی تعلیم ہوتی تھی بچوں کا داخلہ ابھی جاری ہے اور غریب بچوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہو۔

گنگوہ میں یوم آزادی

گنگوہ۔ بذریعہ ڈاک۔ یہاں ۱۵ اگست بڑی شان وشوکت کے ساتھ منایا گیا، تمام بازاروں کو پوری طرح سے آراستہ کیا گیا تھا۔ دکانوں ودکانوں پر ترنگے جھنڈے لہرا رہے تھے بازاروں میں لیڈروں کے نام پر گیٹ بنائے گئے مسجدوں میں دعائیں مانگی گئیں صبح پر بھات پھیری سوال شہر کے گلی کوچوں میں گھومے ۸ بجے ... بیٹھے میں ... حامد حسن صدر نشاں کانگریس نے جھنڈا لہرایا اور ایک مختصر تقریر کی۔ پولیس پریڈ رکھشا دل مقامی اسکولوں کے اسکاؤٹ کے سلامی دی سرکاری عمارتوں پر جھنڈے لہرائے گئے اور ... نصب کرائے گئے ۳ بجے شام کو جلوس نکالا گیا جس میں پولیس، گھوڑے سوار رکھشا دل اور کانگریس کے اسکاؤٹوں کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ شامل تھے نوجوانوں نے پٹے کے کھیل بھی دکھائے جلوس نے شہر کا گشت کیا۔

جلوس کے بعد زیر صدارت ... حامد حسن صاحب صدر ... جلسہ ہوا جس میں پنڈت ... صاحب اور ... نے تقریریں کی اور ... بابو ... صاحب صدر کی تقریر کے بعد جلسہ ختم ہوا پھر غریبوں کو دان دیا گیا ... ہائی اسکول میں زیر صدارت ہیڈ ماسٹر صاحب ... ہوا ... لڑکوں نے کھیل وغیرہ دکھلائے جن کو انعامات تقسیم کئے گئے۔

درسی کتب کیلئے اخباری کاغذ

دہلی ۳۰ اگست۔ وزارت صنعت وسپلائی کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ اسکولوں اور کالجوں کی درسی کتابوں کے لئے چھاپے والے کاغذ کی موجودہ قلت کے پیش نظر حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ اکتوبر سے دسمبر تک کے وسط کے اخباری کاغذ کی تھوڑی سی مقدار ان کتب پبلشروں اور پبلشروں کو دی جائے۔ یہ کاغذ صرف ان درسی کتابوں کے لئے ہی استعمال کیا جا سکے گا جو صوبائی یا ریاستی حکومتوں یا مسلمہ یونیورسٹیوں سے منظور شدہ ہوں۔

نیوز پرنٹ کنٹرول (نمبر ۳) آرڈر ۱۹۴۸ء کی دفعہ (۵) کے تحت اجازت ناموں کے لئے درخواستیں سادے کاغذ پر دی جا سکتی ہیں جن میں طبع ہونے والی کتاب یا کتب کی تعداد، سائز اور کتاب یا کتب کے صفحات درج ہوں اور جو متعلقہ صوبائی یا ریاستی حکومت کے پاس ... ستمبر سے پہلے ... جانچ پڑتال کے بعد صوبائی یا ریاستی حکومتیں ان درخواستوں کو نیوز پرنٹ افسر شملہ کو بھیج دیں گی جو اجازت ناموں کے اجرا کا مجاز ہوگا۔

جبلپور میں ہنگامی صورت حالات

جبلپور ۳۰ اگست۔ حکومت سی پی وبرار نے نقض امن کے اندیشہ سے جبلپور کے تمام ضلع میں ہنگامی حالات کا اعلان کر دیا ہے اور فنڈ ایکٹ بھی نافذ کر رہا ہے۔

دوصد روپے کے انعامات

حل بھیجنے کی آخری تاریخ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

نتیجہ ۱۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو اسی پرچہ میں شائع ہوگا

(۱) پہلا انعام بالکل صحیح حل والے کو مبلغ ۷۵ روپے نقد یا اسپیشل جبری کا پورا کورس مفت جو مطلوب ہو (۲) ایک غلطی والے کو پانچ انعام ہیمہ بھیجنے والے یا جبری کا پورا کورس مفت (۳) تیسرا انعام۔ سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو مبلغ ... روپے نقد (۴) چوتھا انعام سب سے پہلے حل بھیجنے والے کو

انعامی جبری معمہ نمبر ۱



دائیں سے بائیں کو:

(۱) ... جو اچلنے سے کئی ... کر جاتے ہیں (۳) ... کی (۴) انسانی جسم (۵) ایک ہندو طلبہ ... جدائی اور مصیبتوں کا ساتھ ... (۶) بے نظیر (۷) ... حادثہ بلیک ہول کو ... ثابت کیا ہے (۸) فساد اور جھگڑے کی جڑ (۹) انکوٹھے کے جسم کا ایک حصہ (۱۰) ... اس کا غلام نہیں بننا چاہئے

اوپر سے نیچے:

(۱) اس موذی اور سنگدل مرض ... ہزاروں ہندوستانی لقمہ اجل ہو رہے ہیں (۲) ہندوستان کی ایک ریاست ہے اور ... کروڑ انسانوں کا سہارا ہے (۳) پنجاب کا ایک دریا (۴) ہند کے ایک صوبے کا وزیر اعظم (۵) ... (۶) وہ شہر جو چار بڑی طاقتوں کے درمیان جنگ کا باعث بن رہا ہے (۷) اپنے زمانہ کا مشہور ومعروف ... (۸) ہندوستان کا ایک ...

نوٹ: (۱) فیس داخلہ فی حل ۸ آنہ ہوگی جو منی آرڈر یا ٹکٹ کی صورت میں آنی لازمی ہے حل کسی بھی سادہ اور صاف کاغذ پر بھیج سکتے ہیں (۲) ایک سے زیادہ حلوں کیواسطے مزید ۸ آنہ فی حل ادا کرنا ہوگا (۳) حل کی آخری تاریخ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء ہے اس کے بعد آنے والے حل مقابلے میں شامل نہ کئے جائیں گے (۴) حل بھیجنے والے کا پتہ صاف ہونا چاہیئے (۵) صحیح حل وہی تصور ہوگا جو ہمارے سربمہر حل سے حرف بحرف ملے گا (۶) معمہ کی آمدنی کے مطابق انعامات کی رقم گھٹائی بڑھائی جا سکتی ہے (۷) ایک سے زیادہ حل بھیجنے کی صورت میں قرعہ اندازی سے کام لیا جائیگا یا سب حلوں کے ایک سے زیادہ ہونے کی صورت میں رقم انعامات مساوی بانٹ دی جائے گی (۸) منیجر جبری کا فیصلہ قطعی واحد اور قانوناً جائز تصور ہوگا۔

رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رئیس اینڈ بینکرز ۲۵ جگادھری E.P.

تپدق اور پرانے بخارات

जबरी جبری JABRI T.B.

تپدق کی مشہور عالم دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ

(۱) جناب ... صاحب ... موضع ... ضلع ... (۲) جناب ناگیشور صاحب ... اسکول منڈ گاؤں ... (۳) ... موضع کٹیا ڈاکخانہ ... (۴) مسٹر رام کھیلاون ... رام بھیکو رام ... (۵) جناب لیلا دھر کاری ... ضلع نینی تال (۶) جناب ... ٹاؤن مارکیٹ ناگپور (۷) جناب ... موضع ... ضلع ہزاری باغ (۸) سردار ... ضلع فیروز پور وغیرہ وغیرہ ہزارہا صاحبان کا یہی فیصلہ ہے کہ اس موذی مرض سے مریض کی جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ صرف جبری ہی ہے اور ان صاحبان کے پتہ جات بالکل ٹھیک ہیں اور کوئی بات پوشیدہ نہیں آپ جس سے بھی چاہیں دریافت کر کے تسلی کر سکتے ہیں ان کے علاوہ ... کا نمونہ آپ ان ہی کالموں میں دیکھ سکتے ہیں جبری کے بارے میں ہندوستان کے کونے کونے سے عوام کا یہی فیصلہ ہے کہ درحقیقت جبری دوا نہیں بلکہ تپدق کے مریضوں کی جان بچانے کے لئے خدائی طاقت ہے جس نے آزمائش کے لئے دس روز کا نمونہ بھی رکھ دیا ہے تاکہ تسلی ہو سکے۔ اگر آپ ... ... مایوس ہو چکے ہیں تو خدا کا نام لے کر ایک بار آزمائش کریں۔

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو اب بھی سمجھو

ورنہ وہی مثل ہوگی کہ اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ اس کے لئے فوراً آرڈر دے کر مریض کی جان بچائیں سینکڑوں حکیم ڈاکٹر وید صاحبان اپنے مریضوں پر استعمال کر کے نام پیدا کر رہے ہیں اور بذریعہ تار کے آرڈر دیتے ہیں تار کے لئے ہمارا پتہ جبری JABRI JAGADHARI کافی ہے اگر تار دس لوہا لوہا ہے تو قیمت اس طرح ہے جبری اسپیشل نمبر (۱) امیروں کے لئے جس میں ساتھ ساتھ طاقت بڑھانے کے لئے قیمتی کشتہ جات سونا موتی ابرک فولاد وغیرہ بھی شامل ہے مکمل چالیس روز کا کورس ۷۵ روپے نمونہ دس روز کے لئے ... روپے جبری (۲) جس میں قیمتی جڑی بوٹیاں ہیں سب امیر وغریب ہی استعمال کر سکتے ہیں مکمل کورس ... روپے نمونہ دس روز ... روپے محصول وغیرہ الگ ہے ... معہ حوالہ اخبار ضرور تحریر کریں بارسل جلد حاصل کرنا ہو تو قیمت بذریعہ منی آرڈر ... تاکہ فوراً روانہ کر دیا جائے۔

رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رئیس اینڈ بینکرز ۲۵ جگادھری مشرقی پنجاب E.P.

دس خصوصیتوں والی خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے۔ اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور ومعروف مصحف سے کی گئی ہے

(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا اشرف علیؒ معہ توضیح عبارات

(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔

(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔

(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)

(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانویؒ)

(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)

(۸) تفسیر ابن کثیر، المعالی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند ومعتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔

(۹) جن آیت سے مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل۔ قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔

(۱۰) خط خوشنما۔ جلد۔ روشن تقطیع نہایت موزوں ۲۲×۳۱/۸ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپیہ چار آنہ ہدیہ مجلد کپڑے کی کلکتہ کی جلد ساتھ روپے چار آنہ

معجزہ نما حمائل شریف مولوی نذیر احمد والی ہدیہ غیر مجلد دس روپے ...

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

دہلی کی گندگی دور کرنے کے لئے اقدامات۔ فوجیوں کو تمغہ جات دئے جائیں گے۔ جرائم پیشہ قبیلے ہندستان کی مشرقی سرحد پر دفاعی انتظامات

نئی دہلی یکم ستمبر۔ کل ہند پارلیمنٹ میں راجکماری امرت کور وزیر صحت نے مسٹر کامتھ کے اس سوال کے جواب میں کہا کہ حکومت کو اس بات کا علم ہے کہ دہلی کی صفائی کی حالت خراب ہے اسے درست کرنے کیلئے ضروری اقدامات کئے گئے ہیں۔

انہوں نے بتلایا کہ دونوں میونسپلٹیوں نے نئے صفائی کے اسٹاف میں اضافہ کر دیا ہے اور کوڑا کرکٹ اٹھانے والی لاریاں بھی بڑھائی ہیں۔ آپ نے اس امر کا بھی انکشاف کیا کہ میونسپلٹیوں نے تین ہزار سے زیادہ اشتہارات ان اشتہارات کے لئے تیار کرائے ہیں جو پیشاب پر سودا فروخت کرتے ہیں۔

ضمنی سوالات پر راجکماری نے بتایا کہ دہلی میں گندگی کی وجہ عوام کی کم سمجھی اور ملازموں کے ساتھ عدم تعاون کا نتیجہ ہے۔

اسٹین گنیں پکڑی گئیں

وزیر داخلہ سردار پٹیل نے مسٹر کامتھ کے سوال کے جواب میں کہا کہ پچھلے دنوں دہلی میں ایک شخص نند سنگھ کی دوکان سے اسٹین گنیں پکڑی گئیں۔ اس سلسلہ میں آٹھ اشخاص کو ہندستانی قانون اسلحہ کی دفعہ ۲۰ کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔ اور ان کے خلاف تحقیقات جاری ہے۔ وزیر دفاع مسٹر بلدیو سنگھ نے کہا کہ مسٹر ایچ ایف بلارڈ جو جنرل ہیڈ کوارٹر میں سلحہ خانہ کا انچارج تھا۔ اسے اسلحہ ایکٹ کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔ ملک راج حولدار کو بھی اسی سلسلہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔ مقدمہ کی تحقیقات ہو رہی ہے۔

ایک اور سوال پر وزیر دفاع نے مزید بیان کیا کہ اختتام جنگ کے بعد جن لوگوں کو سبکدوش کر دیا گیا تھا، انہیں دوبارہ ملازمت میں لے لیا گیا ہے۔ لیکن ان کی صحیح تعداد ابھی حاصل نہیں ہو سکی ہے۔ مختلف سروسوں سے جن لوگوں کو سبکدوش کیا گیا تھا ان کی تعداد ۱۳ لاکھ ۰۰ ہزار تھی۔

تمغہ جات

وزیر دفاع نے بتایا کہ ابھی تک کشمیر میں بہادری دکھانے پر کسی کو کوئی اعزاز یا تمغہ نہیں دیا گیا ہے۔ لیکن کمانڈر انچیف کی طرف سے بہت سے افسروں اور سپاہیوں کو سفارشی کارڈ جاری کئے ہیں۔ اس بات پر غور ہو رہا ہے کہ بہادری کے لئے پرانے طریقے اور ویر چکر کے تمغات دئے جائیں۔ جونہی یہ معاملہ طے ہو جائے گا یہ تمغہ جات دئے جائیں گے۔

ریڈیو

مسٹر ایل سابو کے ایک سوال کے جواب میں سردار پٹیل وزیر نشریات نے بتایا کہ ہند یونین کے تمام حصوں کی خبریں آل انڈیا ریڈیو کے خبروں کے بلیٹن میں شامل کی جاتی ہیں۔

سروس میں آل انڈیا نیوز بلیٹن مختلف زبانوں میں روزانہ ۳۳ بار خبریں نشر کرتا ہے۔ اور یہ خبریں پانچ منٹ سے پندرہ منٹ تک نشر کی جاتی ہیں۔

ریاستی وزیروں کی تنخواہیں

اب وزیر اعظم نے ایک بیان میں بتایا کہ مدھیہ بھارتی یونین کے وزیر اعظم اور دوسرے وزیروں کو ایک ہزار روپے ماہانہ تنخواہ دی جاتی ہے۔ ساز و سامان سے آراستہ مکان مفت اور موٹر کار اس کے علاوہ ہے۔ وزیر اعظم کو مصارف الاؤنس کے طور پر ۳۰۰ روپے زائد دئے جاتے ہیں۔

میسور یونین کے وزیر اعظم اور دوسرے وزیروں کو ۷۵۰ روپے ماہانہ تنخواہ مکان اور موٹر کار ملتی ہے۔ سوراشٹر یونین کے وزیر اعظم اور دوسرے وزراء کو ۵۰۰ روپے ماہانہ تنخواہ، مکان کرایہ اور کار یا ۲۰۰ روپے ماہانہ الاؤنس دیا جاتا ہے۔

راجستھان یونین کے وزیر اعظم اور دوسرے وزیروں کو ۵۰۰ روپے ماہانہ مکان اور موٹر کار اور ونڈھیا چل پردیش یونین کے وزیر اعظم اور دوسرے وزیروں کو ۵۰۰ روپے ماہانہ ۱۵۰ روپے الاؤنس اور ۱۰۰ روپے کرایہ مکان دیا جاتا ہے۔

حیدرآباد میں ہوائی اڈے

وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ نے بتایا کہ جنگ کے دوران میں حیدرآباد میں ۸ ہوائی اڈے بنائے گئے تھے۔ حکیم پیٹ کا ہوائی اڈہ حکومت ہند کی ملکیت ہے اور دوسرے نظام گورنمنٹ کے ہیں حکیم پیٹ کے ہوائی اڈے کا نظام اور کنٹرول نظام گورنمنٹ کو دے دیا گیا تھا۔ لیکن حکومت ہند کی ایک مشاہدہ گاہ موجود ہے اور عمارتوں کا انتظام بھی حکومت ہند کے خرچ پر ہوتا ہے۔ اس ہوائی اڈے کو ہند کے خلاف استعمال ہونے سے روکنے کے لئے بشرط ضرورت مناسب کارروائی کی جائے گی۔

مشرقی سرحدوں کا تحفظ

وزیر دفاع نے ایوان کو مطلع کیا کہ ہندوستان کی مشرقی سرحد پر تحفظات کے انتظامات مکمل ہو گئے ہیں۔ جنوب سے منی پور جانے والی سڑک اور لیڈو سے لیکیاپانی اور آسام میں اس سے آگے جانے والی سڑکیں فوجی سڑکیں نہیں ہیں۔

جرائم پیشہ قبیلے

سیٹھ گوبند داس کے سوال کے جواب میں سردار پٹیل نے ایوان کو مطلع کیا کہ حکومت اس درجہ بندی کو ختم کرنے کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے اور اس سلسلہ میں صوبائی حکومتیں اس کے خلاف ہیں۔

حیدرآباد کے خلاف جلد ہی کارروائی کی جائیگی

سردار پٹیل نے ایوان کو یقین دلا دیا

دہلی یکم ستمبر۔ سردار پٹیل نائب وزیر اعظم ہند نے منگل کے دن دوران بحث میں بتایا کہ چونکہ حیدرآباد نے ہندستان سے سمجھوتہ کی متعدد مرتبہ خلاف ورزی کی ہے اس لئے حکومت ان کے خلاف مناسب اقدام کرنے والی ہے۔ آپ نے کہا کہ حکومت ہند اس اقدام پر غور و خوض کر رہی ہے۔ نظام نے اپنے معاملہ کو اقوام متحدہ کے سامنے پیش کر کے بلاشبہ معاہدہ کی خلاف ورزی کی ہے۔

مسٹر ایچ وی کامتھ کے ایک سوال کے جواب میں پنڈت نہرو وزیر اعظم نے کہا کہ کشمیر اور حیدرآباد کے معاملہ پر ایوان میں بحث ملک کے مفاد کے خلاف ہوگی وزیر اعظم نے یہ امید ظاہر کی کہ ایوان کے ملتوی ہونے سے قبل حکومت ان معاملات پر اپنی رائے کا اظہار کر دیگی۔

پروفیسر رنگا نے سوال کیا کہ کیا حکومت اپنے اور حیدرآباد کے تعلقات پر کوئی بیان دے گی۔ اور کیا بتائیگی کہ حیدرآباد سے آنے والے پناہ گزینوں کے متعلق حکومت کیا طریق کار سوچ رہی ہے۔

سردار پٹیل نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اس مسئلہ پر پوری توجہ دے رہی ہے۔

ایک اور سوال کے جواب میں نائب وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت ہند کی طرف سے بادشاہ کا ایک خط نظام کو بھیجا گیا ہے۔ اس کے علاوہ نظام کو کوئی دوسری چیز نہیں بھیجی گئی۔

مسٹر ... نے سوال کیا کہ کیا حکومت ہند حیدرآبادی وفد کو اقوام متحدہ کے پاس جانے میں سہولتیں دے گی؟ جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ ہم ضرور سہولتیں دیں گے اور اگر ہمارے زمیندار امریکہ جانا چاہیں تو ان کو بھی سہولتیں دی جائیں گی (قہقہہ)

حکیم پیٹ کا ہوائی اڈہ

سردار بلدیو سنگھ نے ایک سوال کا تحریری جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہر ممکن کوشش اس امر کی کی جائے گی کہ حیدرآباد حکیم پیٹ ہوائی اڈہ کو ہندوستان کے خلاف استعمال نہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے زمانہ میں حیدرآباد میں ۸ ہوائی اڈے تعمیر کئے گئے تھے۔ حکیم پیٹ کا ہوائی اڈہ حکومت ہند کی ملکیت میں تھا۔ بقیہ ہوائی اڈے حکومت نظام کی ملکیت ہیں۔ حکیم پیٹ کے ہوائی اڈہ کا انتظام

حکومت حیدرآباد کو سپرد کر دیا گیا ہے۔ لیکن اب بھی وہاں حکومت ہند کا میٹرولوجیکل اسٹیشن ہے۔ اور ہوائی اڈہ کی عمارتیں حکومت ہند کے قبضہ میں ہیں۔

مسٹر کامتھ نے حکومت کو یاد دلایا کہ حکومت نے اجلاس کے پہلے دن یہ وعدہ کیا تھا کہ کشمیر اور حیدرآباد پر بحث کے لئے ایک دن مخصوص کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے اس بحث کی سخت ضرورت ہے۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ مجھے اس قسم کے کسی وعدہ کا علم نہیں۔ میں خود بھی ابھی پورے طور پر نہیں سمجھ سکا ہوں کہ فوجی اور متعلقہ معاملات پر ایوان میں بحث کہاں تک ملک کے مفاد میں ہے۔

پنڈت کنزرو نے کہا کہ کیا صرف فوجی معاملات ہیں؟ اور کیا سیاسی معاملات نہیں۔ اور فوجی معاملات پر بحث کیوں نامناسب ہے؟

پنڈت نہرو نے کہا کہ یہ معاملہ آئینی ہے۔

پنڈت کنزرو نے حکومت کشمیر کے متعلق بیان پر جو تنقید کی ہے وہ لاعلمی کا نتیجہ ہے

اسپیکر نے کہا کہ مجھے ایوان کے لیڈر کی اس رائے سے اتفاق ہے کہ موجودہ نازک حالات میں ایسے معاملات پر بحث مناسب نہیں بہتر طریقہ یہ ہے کہ خاموشی اختیار کی جائے حکومت کی امداد کی جائے۔ ایک ممبر نے تجویز کیا کہ اگر ضرورت ہو تو خفیہ جلاس میں اس مسئلہ پر بحث کی جائے۔

پنڈت کنزرو نے کہا ...

وزیر اعظم کیوں ایک بحث کے سوال کو ختم کئے دیتے ہیں اس پر اسپیکر نے کہا کہ وہ صرف عارضی طور پر اس کا التوا چاہتے ہیں بحث کسی دوسرے مناسب وقت پر ہو سکتی ہے۔ مسٹر شیوہ ان نے کہا کہ ہر وقت یہی کہدیا جاتا ہے کہ فوجی معاملات میں ایوان کو اس بحث کا حق حاصل ہے اور حکومت کو ممبران کی رائے سے واقف ہونا چاہئے ہم وزیروں پر اعتماد رکھتے ہیں لیکن وزیر ہمارے لیڈر ہیں اور ان کو اس حیثیت سے وہ سننا چاہئے جو ہم کہنا چاہتے ہیں۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ مجھے کسی بحث کو التوا میں ڈالنے کا حق نہیں اس کا فیصلہ اسپیکر اور ایوان ہی کر سکتا ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ میں اپنا فیصلہ پہلے ہی سنا چکا ہوں

ہندوستان میں شراب بندی نہ کی جائے

افراط زر کو روکنے کے لئے سرمایہ داروں کی تجویز

نئی دہلی یکم ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ملک کے بڑے بڑے سرمایہ داروں اور صنعت کاروں نے حکومت کے سامنے یہ تجویز پیش کی ہے کہ حکومت انسداد شراب نوشی کی اسکیم کو ختم کر دے کیونکہ شراب بند کر دینے سے حکومت کے ذرائع آمدنی میں کمی ہو جائے گی اور آمدنی کے خرچ کا ایک ذریعہ بند ہو جائے گا۔ اور یہ دونوں چیزیں افراط زر کو روکنے کے لئے بہت ضروری ہیں ان کا کہنا ہے کہ اگر مکمل شراب بندی کر دی گئی تو مختلف حکومتوں کو ۳۲ کروڑ روپیہ کا نقصان رہیگا اس آمدنی کے نقصان کے علاوہ اس اسکیم کو نافذ کرنے کے لئے حکومتوں کو بہت مصارف کرنے پڑیں گے۔

ایکسائز سے جو آمدنی ہوئی ہے اس کا اندازہ مندرجہ ذیل اعداد و شمار سے کیا جا سکتا ہے۔ مدراس ۳ کروڑ ۰۴ لاکھ بمبئی ۶ کروڑ ۰۷ لاکھ مدھیہ پردیش ۲ کروڑ ۲۵ لاکھ آسام ۵۶ لاکھ یوپی ۷ کروڑ ۳ لاکھ اڑیسہ ۸۵ لاکھ مشرقی پنجاب دو کروڑ ۱۲ لاکھ اڑیسہ ایک کروڑ ۰۵ لاکھ مغربی بنگال ۸۵ لاکھ اس آمدنی کو پورا کرنے کے لئے یہ تجویز کی گئی ہے کہ سیل ٹیکس کو بڑھا دیا جائے۔ لیکن اس طرح کل ۳۲ کروڑ روپیہ کی آمدنی کا اندازہ کیا گیا ہے ماہرین اقتصادیات اور سرمایہ داروں کی نظر میں سیل ٹیکس کا مانگنا نامناسب ہے۔ نہ یہ مناسب ہے کہ سیل ٹیکس کو اس قدر بڑھا دیا جائے کہ اس سے آمدنی کا وہ نقصان پورا ہو سکے جو شراب بندی سے ہوتا ہے۔ یہ سرمایہ دار کہتے ہیں کہ یہ سوال بھی ہے کہ اگر اس ۳۲ کروڑ کی رقم کو چھوڑ دیا جائے کیا اس کو تاکہ وہ بینکوں میں کام آسکے۔ جو افراط زر کو روکنے کے لئے ضروری ...

پاکستان جانے والوں پر پابندی

پرمٹ سسٹم جاری کیا جائے گا

کراچی یکم ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ستمبر کے وسط میں ہندوستان سے پاکستان جانے والوں کے لئے حکومت پاکستان پرمٹ سسٹم جاری کر دیگی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے ہائی کمشنر متعینہ دہلی کو اس قسم کے پرمٹ جاری کرنے کا اختیار دیا جائے گا مشرقی پاکستان جانے والوں کے لئے پرمٹ جاری کرنے کا انتظام کلکتہ میں کیا جائے گا۔

پاکستان کا اقوام متحدہ سے غلہ کا مطالبہ

پاکستانی وفد جلد ہی واشنگٹن جانے والا ہے

کراچی یکم ستمبر۔ مغربی پنجاب اور سندھ میں شدید سیلاب کی وجہ سے اندیشہ کیا جا رہا ہے کہ پاکستان میں غذا کی سخت کمی ہو جائیگی۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے وزیر خوراک اس ماہ کے آخر میں واشنگٹن ایک وفد بھیجنے پر غور کر رہے ہیں تاکہ اقوام متحدہ کی غذائی کمیٹی سے پاکستان کو غذائی امداد دینے کی درخواست کی جائے۔

پاکستان اقوام متحدہ سے چاول خاص طور پر حاصل کرنا چاہتا ہے۔ مغربی پنجاب سے ۴ لاکھ پناہ گزینوں کو دوسرے علاقوں میں بسانے میں حکومت کے پاس ۴ ہزار ٹن غلہ بچ جائیگا لیکن یہ غلہ ابھی انہیں پناہ گزینوں کو دینا ہوگا۔ جبکہ وہ دوسرے علاقوں میں آباد ہو جائیں گے غذا کی یہ کمی حیدرآباد بلوچستان اور شامل ہونے والی ریاستوں سے اس لئے پوری نہیں ہو سکتی کہ وہاں بھی غذا کی سخت کمی محسوس کی جا رہی ہے۔ اور جبکہ وہاں مغربی پنجاب کے پناہ گزینوں کو آباد کیا جا رہا ہے تو وہ مزید غلہ کا بھی مطالبہ کریں گے۔ سمجھوتہ کے مطابق پاکستان ہندوستان کو بھی کافی غلہ دے گا۔ حکومت پاکستان سندھ کے اندرونی علاقوں میں غلہ کا بیج آئندہ فصل کے لئے بھیج رہی ہے۔

پاکستان سے روئی کی برآمد

کراچی کے تاجروں کی شکایت

کراچی ۳۱ اگست۔ پاکستان کے روئی کے تاجروں کی انجمن نے حکومت پاکستان کو ایک درخواست دی ہے جس میں پاکستان کی روئی کی تجارت سے غیر مسلم کمپنیوں کے ناجائز فائدہ حاصل کرنے پر احتجاج کیا ہے ان میں سے بہت سی کمپنیوں نے اپنے دفاتر ہندوستان منتقل کر لئے ہیں۔ لیکن ان کی شاخیں پاکستان میں قائم ہیں اور وہ پاکستان کی روئی کی برآمد اس طرح عمل میں لاتے ہیں کہ پاکستان کی اعلیٰ درجہ کی روئی ہند میں بہت کم قیمت پر فروخت ہوتی ہے اس درخواست میں کہا گیا ہے کہ اس طرح معمولی منافع پر اپنے ہمدرد تاجروں کے ہاتھ روئی فروخت کرنے سے یہ کمپنیاں بہت بڑی آمدنی سے محروم کر دیتی ہیں اور ہندوستانی تاجروں کو وہ منافع حاصل کرنے دیتی ہیں جو پاکستان کے باشندوں کو ملنا چاہیئے۔

اس ایسوسی ایشن نے سفارش کی ہے کہ ہندوستان کو روئی برآمد کرنے کا اجازت نامہ صرف پاکستان کے باشندوں کو دیا جائے۔ اور ہندوستان کو جانے والی روئی کا کوٹہ کراچی میں ہر ماہ جتنی روئی آتی ہے اس کے مطابق مقرر کیا جائے۔ اور اگر ہندوستانی تاجر مقررہ وقت میں پاکستان سے اپنی روئی نہ لے جائیں تو کوٹہ ختم کر دیا جائے۔

اس درخواست میں حکومت پاکستان سے یہ بھی خواہش کی گئی ہے کہ فروخت ہونے سے قبل روئی ہند نہ بھیجی جائے۔ اس ایسوسی ایشن نے ہندوستان سے آنیوالی روئی کپڑے پر سے کنٹرول ہٹایا جائے تاکہ پاکستانی تاجر ہند اور پاکستان کے کپڑے اور روئی کے تبادلہ کے معاہدے سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکیں۔

غذائی کمی کو دور کرنیکی تدبیریں

کراچی میں کیک اور پیسٹریاں بند

کراچی یکم ستمبر۔ مغربی پنجاب اور سندھ میں سیلاب کی وجہ سے سخت کمی واقع ہو گئی ہے۔ کراچی کے حکام اس کمی کو دور کرنے کے لئے ضروری اقدام کر رہے ہیں۔ کل سے کراچی کے بازاروں میں کیک اور پیسٹریاں غائب ہو جائیں گی کیونکہ حکومت نے گیہوں کی بنائی ہوئی اشیا کی فروخت کی ممانعت کر دی ہے۔ میدہ اور سوجی کی سپلائی بھی بند کر دی جائے گی۔ کیونکہ آٹا دافعین کو کہنا ہے کہ ڈھائی چھٹانک کر دیا جائے گا ...کراچی کا ماہواری گیہوں کا کوٹہ ساڑھے ... سیر فی ہے

محاذ کشمیر

بقیہ صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

لئے اسے منتشر کر دیا۔ یہ گروہ برین گنوں سے مسلح تھا اور ہمارے گشتی دستے کے جیلنج کرنے پر پاکستانی علاقہ میں واپس بھاگ گیا۔

رہبیر سنگھ پورہ کے جنوب میں دشمن کے ایک دوسرے دستے نے ہمارے گشتی دستے کی مزاحمت کی۔ دشمن کا ایک سپاہی قیدی بنا لیا گیا۔

اڑی کے جنوب مغرب میں ہمارے ایک گشتی دستے کا تصادم دشمن کے ۲۰۰ سپاہیوں سے ہوا۔ دشمن فولادی خول اور سبز رنگ کی وردیوں میں ملبوس اور ۳ انچ اور ۱۲ انچ کے مارٹروں، مشین گنوں، رائفلوں اور بموں سے مسلح تھا۔ دشمن کے سپاہیوں کو سخت جانی نقصان ہوا کیونکہ ۲ ہلاک اور ۲۰ مجروح) تتر بتر کر دیا گیا۔

دریائے سندھ کی طغیانی میں کمی

کراچی یکم ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ دریائے سندھ کا سیلاب کم ہونا شروع ہو گیا ہے اور سوائے کوٹری کے مقام کے پانی تمام جگہوں پر کم ہو گیا ہے پانی کے کم ہونے سے سرکاری حلقوں میں یہ امید کی جا رہی ہے کہ ۱۹۴۲ء کے سیلاب کے مقابلہ اس مرتبہ نقصان کم ہوگا کل شام تک کوئی ایسی اطلاع نہیں آئی کہ ضلع دادو میں پانی داخل ہو گیا ہے لیکن یہ اندیشہ ضرور کیا جا رہا ہے کہ ضلع کا ایک حصہ ضرور غرق ہو جائے گا۔

سیلاب کا پانی شاہداد کوٹ سے گذر گیا ہے اور یہاں سے ایک نہر میں جا رہا ہے جو جھیل تک جاتی ہے وہاں سے پھر یہ پانی سندھ میں آجائے گا کوئٹہ جانے والی ریلوے لائن سیلاب کے باعث بند ہو گئی تھی اب پھر جلد ہی جاری ہو جائے گی۔

عازمین حج بیت اللہ کے متعلق

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا بیان

دہلی یکم ستمبر۔ حضرت مولانا حفظ الرحمان صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل اعلان جاری کیا ہے

صوبہ بمبئی کے صدر اور سکریٹری صاحبان کے مسلسل تار اور خطوط آ رہے ہیں کہ بمبئی میں حجاج کی بہت بڑی تعداد جمع ہے اور جہازوں کے نہ ملنے کے باعث وہ بہت زیادہ پریشان ہیں۔

حکومت ہند کی حج کمیٹی نے اپنی میٹنگ مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۴۸ء میں عازمین حج بیت اللہ کی شکایات اور ان کی پریشانیوں پر غور کیا۔ کمیٹی کے سامنے حکومت کی وہ مشکلات اور رکاوٹیں بھی تھیں جن کی بنا پر وہ علوی جہاز کی روانگی کو منسوخ کرنے پر مجبور ہوئی۔ اور حجاج کی پریشانیاں اس کے پیش نظر تھیں۔

جہاں تک علوی جہاز کی روانگی کی منسوخی کا تعلق ہے حکومت نے اس کی تلافی کے لئے یہ صورت تجویز کی ہے کہ جانے والے جہازوں میں ۸ افٹ کی بجائے ۶ افٹ فی کس تجویز کر دی ہے۔ اس تجویز سے مزید دو ہزار حجاج کی گنجائش نکل آتی ہے۔

علوی جہاز میں صرف پندرہ سو حاجی سفر کر سکتے تھے۔ لیکن اس تجویز سے مزید پانسو مسلمانوں کو زیارت کو سعادت حج نصیب ہو جائے گی۔

اس موقع پر اس حقیقت کا اظہار ضروری ہے کہ اندازہ سے زیادہ حجاج کے سفر کے باعث یہ دشواری پیدا ہو گئی ہے۔ گذشتہ سال پورے ہندوستان سے ۲۱ ہزار حجاج گئے تھے تقسیم ہند کے بعد جبکہ مسلمانوں کی زیادہ تعداد پاکستانی علاقہ میں ہے یہ قیاس بجا تھا کہ انڈین یونین سے تقریباً دس ہزار حجاج سفر کریں گے تاہم حکومت نے احتیاطی طور پر تقریباً چودہ ہزار حجاج کا انتظام کر دیا تھا۔ لیکن اس اندازہ کے برخلاف اب تک تقریباً سترہ ہزار حجاج بمبئی پہنچے ہیں اور تقریباً ۳ ہزار حجاج اور بھی روانگی حج کے لئے آمادہ و منتظر ہیں۔

جس کے معنے یہ ہیں کہ اس سال ۱۶ ہزار سے زائد حاجی انڈین یونین سے حج بیت اللہ کے لئے سفر کر رہے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ ناگہانی صورت کمیٹی کے لئے بھی پریشانی کا باعث ہے اور حکومت کے لئے بھی لیکن یہ ضرور ہے کہ اس سے حکومت کو انڈین یونین سے سفر حج کرنیوالوں کے بارے میں ایک صحیح اندازہ ہو گیا ہے اور آئندہ سال یہ پریشانی پیش نہ آئے گی اور حکومت آئندہ اور بھی وسیع پیمانہ پر حاجیوں کے لئے بندوبست کرے گی۔

کمیٹی نے یہ بھی طے کیا ہے کہ جلد ہی مولانا محمد میاں صاحب فاروقی الہ آبادی، مسٹر موہن لال گوتم اور بیگم اعزاز رسول ممبران حج کمیٹی بمبئی جا کر حجاج کی حالت کا معائنہ کریں اور ان کی پریشانیوں کا انسداد کریں ساتھ ہی کمیٹی نے یہ بھی طے کر دیا ہے کہ اس سال کلکتہ سے کوئی جہاز حاجیوں کے لئے نہیں جائے گا اس لئے وہ حضرات جو اسی انتظار میں اب تک کلکتہ ٹھیرے ہوئے ہیں ان کو فوراً بمبئی پہونچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کلکتہ سے حجاج کے لئے کوئی جہاز روانہ نہیں ہوگا۔

مانڈلے میں گاندھی جی کی استھیاں بہانے کی رسم

رنگون ۱۴ اگست۔ بروز جمعرات مانڈلے میں دریائے اراوتی اور چنٹے کے سنگم پر گاندھی جی کی استھیاں بہائی جائیں گی۔ آل برما انڈین کانگریس کی مانڈلے برانچ کا ایک وفد صدر مسٹر سنت سنگھ کی قیادت میں آج صبح بذریعہ ہوائی جہاز رنگون سے روانہ ہوگیا۔ استھیاں تین دن تک ایک پنڈال میں پبلک کے درشنوں کے لئے رکھی جائیں گی اور اس کے بعد سنگم پر بہادی جائیں گی۔

یونیورسٹیوں میں بھی دیسی زبانوں میں تعلیم دی جائیگی

عبوری دور میں انگریزی کو لازمی رکھنے کا فیصلہ

دہلی یکم ستمبر۔ حکومت ہند کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ حکومت ہند نے ذریعہ تعلیم پر غور کرنے کے لئے جو کمیٹی مقرر کی تھی اس کی سفارشیں منظور کر لی ہیں۔ ان سفارشات پر فوری طور سے عمل درآمد شروع ہو جائیگا۔ ذریعہ تعلیم پر غور کرنے والی کمیٹی تعلیم کے مشاورتی بورڈ کی سفارش کے مطابق قائم کی گئی تھی۔ یہ جلسہ جنوری ۱۹۴۸ء میں ہوا تھا۔ اور وزیر تعلیم نے جو کانفرنس منعقد کی تھی اس نے بھی اس کی سفارشات کی تائید کی تھی۔ یہ کمیٹی تمام یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں پر مشتمل تھی چند ماہرین تعلیم بھی اس میں شامل تھے۔ اسی کانفرنس کا دہلی میں یکم اور ۲ مئی کو ڈاکٹر تاراچند کی صدارت میں اجلاس ہوا تھا۔

اس کمیٹی کی سفارشات پر غور کرنے کے بعد وزارت تعلیم نے صوبائی حکومتوں اور یونیورسٹیوں سے درخواست کی ہے کہ یونیورسٹیوں میں ذریعہ تعلیم کی حیثیت سے انگریزی کو رفتہ رفتہ ختم کر دیا جائے۔ اور اس کی جگہ صوبہ یا ریاست یا علاقہ کی زبان کو ذریعہ تعلیم اور امتحان کی زبان کی حیثیت سے اختیار کر لیا جائے۔ یونیورسٹیوں سے اس بات کی بھی درخواست کی گئی ہے کہ وہ فیڈرل زبان میں ڈگری کے پہلے سال میں ایک جبری امتحان کا انتظام کریں اور سب لڑکوں کے لئے فیڈرل زبان کی تعلیم کا بھی انتظام کریں۔ فیڈرل زبان اور اس کے رسم خط کی بابت حکومت دستور ساز اسمبلی کے فیصلہ کی منتظر ہے۔

کمیٹی کی ہدایات کے پیش نظر حکومت نے یونیورسٹیوں سے اس امر کی بھی درخواست کی ہے کہ عبوری دور میں انگریزی کو لازمی زبان کی حیثیت سے باقی رکھا جائے۔ درسی کتابیں سائنس کی اصطلاحوں کی بابت کمیٹی نے جو سفارشات کی ہیں ان پر وزارت تعلیم دوسری وزارتوں کے مشورہ کے ساتھ غور کر رہی ہے۔ مختلف یونیورسٹی

کونسی مسائل کے حل کے لئے مزید اختیارات دینے کا مسئلہ انٹر یونیورسٹی بورڈ کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ بورڈ کی سفارشات کے بعد حکومت ہند کوئی فیصلہ کریگی۔

روزنامہ الجمعیۃ
میں
اشتہار دے کر اپنی تجارت کو
کامیاب بنائیے

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

سالانہ قیمت چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

بہترین طریقہ صرف یہی ہے کہ آپ بذریعہ منی آرڈر قیمت بھیجکر اپنے نام پر اخبار الجمعیۃ جاری کرائیں

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۴۱

بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ ۲/۸ | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۲۹ر شوال المکرم ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۴ر ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۸۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

کمیونسٹوں نے شمالی چین میں اپنی علیحدہ حکومت قائم کرلی

امریکی سرمایہ داروں کو چین سے نکال دیا جائیگا

چیانگ کائی شیک کی حکومت کو ختم کردینے کا ارادہ

سان فرانسسکو ۔ ۱ر ستمبر ۔ کل چینی کمیونسٹوں نے صدر چیانگ کائی شیک کی حکومت کے مقابلے میں شمالی چین کے اندر کمیونسٹ حکومت کے قیام کا اعلان کردیا۔ ...

مشرقی پنجاب کو مسلح کیا جائے

جتھیدار اودھم سنگھ کا مطالبہ

آزادی سے ہندستان کو کچھ نہ ملا

سرت چندر بوس کا اظہار خیال

برمی فوجوں نے پروم کا محاصرہ کرلیا

قبائلیوں کو ہموار کرنے کے لئے ایک کمیشن کا تقرر

رنگون ۲ر ستمبر ۔ ...

آٹھ سو قیدی مغربی پنجاب کو ہندوستان بھیج جائیں گے

لاہور یکم ستمبر ۔ ...

مغربی جرمنی کے لئے نئے دستور حکومت پر غور و خوض

گیارہ ریاستوں کے وزیر اعظموں کا بان میں اجتماع

بان ۲ر ستمبر ۔ ...

الہ آباد میں سیلاب میں زیادتی

الہ آباد ۲ر ستمبر ۔ ...

کانپور میں سیلاب میں کمی

کانپور ۲ر ستمبر ۔ ...

برطانیہ پر بحرین میں بودھ اور ہندوستانی لبھانے کا الزام

گندم کی بین الاقوامی کونسل سے حکومت ایران کا احتجاج

لندن یکم ستمبر ۔ ...

دہلی میں امن ہے

دہلی ۲ر ستمبر ۔ ...

(نامہ نگار خصوصی)

کشمیر کمیشن کی شیخ عبداللہ سے ملاقات

سری نگر ۲ر ستمبر ۔ ...

اودے پور میں تانگہ والوں کی ہڑتال

پولیس کے اٹھارہ کانسٹبل مجروح

اودے پور ۔ یکم ستمبر ۔ ...

سیامی فوجیں کمیونسٹوں کے خلاف میدان میں

ملایا اور سیام کی سرحد پر حالات تشویشناک ہوگئے

بنکاک ۔ ۲ر ستمبر ۔ ...

چین میں کمیونسٹوں کا ایک اہم مقام پر قبضہ

چینی فوجیں فویانگ پر قبضہ کرنے کی کوشش کررہی ہیں

نانکنگ ۲ر ستمبر ۔ ...

کشمیر میں تنسیخ زمینداری کی تجویز

سری نگر ۲ر ستمبر ۔ ...

حب نعمت ہر قسم کی جنسی کمزوریوں کو دور کرکے طاقتور بنانے کی حیرت انگیز دوا ہے ۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۴ر ستمبر ۱۹۴۸ء

اپنے آپکو سنبھالو

انسان کی حالت پر غور کیجئے، اس کے مقصد کا کھوج لگائیے، اس کے کردار کو دیکھئے، مایوسی کے سوا آپ کو کچھ بھی حاصل نہ ہوگا، کائنات کو اس کی ذات سے بہت کچھ امیدیں تھیں مگر نتیجہ میں یہ ساری امیدیں ناامیدیوں سے بدل گئیں، کائنات کا یہ جوہر جسے انسان کہا جاتا ہے دنیا کے لئے کچھ مفید ثابت نہ ہوا خود انسان کو انسان سے ڈر لگتا ہے خود انسان اپنے آپ سے گھبراگیا ہے، جدھر دیکھو خونخواروں کے گلے پھرتے نظر آئیں گے جسے دیکھو خود غرض اور خود نمائی کی چلتی پھرتی تصویر معلوم ہوگا، کیسی انسانیت کیسے انسانی اوصاف سانپوں کو سانپوں سے امن ہے، شیروں کو شیروں سے پناہ ہے مگر انسان کو انسان کی امان نہیں، اس کی باتوں سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ انسان ہے مگر کرتوتوں سے نرا حیوان ... بل ہم اضل ثابت ہوتا ہے، اسے دنیا کی ہر چیز سے انس اور محبت ہے مگر دو چیزیں ایسی ہیں جنکو وہ انتہائی نفرت و حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ امن و سلامتی سے نفرت اور سچائی اور راستبازی سے عداوت، اس نے قسم کھالی ہے کہ چین سے نہیں بیٹھے گا اور دوسروں کو فساد کی دلدل میں پھنسائیگا سچائی سے کوئی رشتہ نہیں رکھے گا اور جھوٹ کو بنانے ... کر دنیا کو گمراہ کرے گا، اخلاقی دنیا کی ...

شرم سے گردنیں ان کے آگے جھک جانی چاہئیں۔

ہم نے انسانیت کا یہ نقطہ ہندوستان اور پاکستان کے لئے پیش کیا ہے۔ ہندوستان پاکستان سے جدا نہیں، پاکستان ہندوستان سے الگ نہیں، نام دو ہیں مگر حقیقت ایک ہے، رام داس اور عبداللہ کی انسانیت نہ کبھی تقسیم ہوئی ہے نہ ہوگی دونوں ایک ہی رہیں گے اور ایک ہی مفاد میں حصہ لیں گے، حکومتیں اگر گمراہ ہو جائیں تو عوام انہیں راہ راست پر لا سکتے ہیں، اگر عوام کا ضمیر بگڑ جائے تو حکومتیں اسے درست کر سکتی ہیں جہاں عوام اور حکومت ایک ہی حمام میں ننگے ہوں اور دونوں کا مزاج اعتدال سے گر جائے وہاں بتائیے اصلاح حال کی کیا شکل باقی رہ سکتی ہے؟ پاکستان کی حکومت کا دل ہندوستان کی طرف سے صاف نہیں ہندوستان کا پندار پاکستان کے لئے خوشگوار نہیں مگر مصیبت پر مصیبت یہ ہے کہ پاکستان کے باشندے بھی پاکستانی ذہنیت میں رنگے ہوئے ہیں اور ہندوستان کے باشندے بھی ہندوستانی ماحول سے متاثر۔ پاکستان کے اخبارات جلے ہوئے ہیں کہ ہندوستان نے حیدرآباد پر ... ہوجائے اور ہندوستان کے اخبارات تیار کھڑے ہیں کہ پاکستان سے دو دو ہاتھ ہونے ہیں ... [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

(وَلَقَدْ ... ۲۔ (پ ۱۵ ع ۵)

ہم نے اس قرآن میں (ہر چیز) کا بار بار ذکر کیا ہے تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں مگر (نصیحت پذیری تو کجا) ان میں اعراض و نفور زیادہ ہی بڑھتا گیا۔

قرآن سراسر نصیحت ہے وہ انسان کو اس کے اعمال کے قدرتی نتائج سے آگاہ کرتا ہے اس کی غفلت پر متنبہ فرماتا ہے اور سنت اللہ (لاآف نیچر) کی طرف متوجہ کر کے اسے فطری اور اخلاقی قوانین کی اطاعت پر ابھارتا ہے۔ لیکن انسان کی سرکشیوں اور غفلتوں کا یہ حال ہے کہ وہ نصیحت سے دور بھاگتا اور اپنی کمزوریوں کو چھپانا چاہتا ہے حالانکہ آنکھیں بند کر لینے سے دنیا کے مظاہر معدوم نہیں ہو جاتے غفلتوں میں مبتلا رہنے سے اعمال کے نتائج سے پیچھا نہیں چھوٹ سکتا۔ لیکن جب انسان کو اعراض غفلت، بے عملی اور بدعملی کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے تو اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جاتی ہیں اور سوچنے لگتا ہے کہ وہ کس جرم میں پکڑا گیا؟ حالانکہ اس کا وجود سراپا جرم اور معصیت ہے ... کی انتہا یہ ہے کہ عذاب الٰہی کا مزہ چکھنے کے بعد بھی ... نہیں ہوتا۔ بلکہ بھولا بن کر یہی سوال کرتا ہے کہ اس کی بربادی کا سبب کیا ہے؟

مظلوم پٹھانوں کی ایک آخری التجا

[illegible]

سیر و سیاحت

[illegible]

باغی کون ہے؟

[illegible]

گھریلو معاملہ

[illegible]

ہندستان میں موٹروں اور ہوائی اور بحری جہازوں کی تیاری

ہند میں پٹ سن کی پیداوار بڑھانے کی کوششیں

پارلیمنٹ میں سوالات

دہلی ۔ ۱ ستمبر ۔ کل ہند پارلیمنٹ میں سوالات کے وقفہ میں وزیر صنعت و رسد ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی نے بتایا کہ حکومت ہند ہندستان میں بیاکا کارخانہ قائم کرنے کی بابت غور کر رہی ہے جس میں بجلی کا بھاری سامان بنایا جا سکے۔ اس وقت اس مقصد کے لئے بعض غیر ملکی کمپنیوں سے بات چیت جاری ہے۔

ہوا بازوں کی ٹریننگ

بحری جہازوں کی تیاری

سرکاری کارخانے

طیاروں کی تیاری

بمبئی کی گودیوں میں بھیڑ بھاڑ

ڈاکٹر متھائی نے مسٹر کامتھ کے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ بمبئی بندرگاہ کی گودیوں میں مال بہت جمع ہو چکا ہے ...

حیدرآباد نے ایک کروڑ ۲۵ لاکھ روپے کا فاضل سامان خریدا

پارلیمنٹ میں ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی کا انکشاف

نئی دہلی ۔ یکم ستمبر ۔ کل ہند پارلیمنٹ میں ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ... حکومت ہند نے خرید لیا تھا۔ ... ۳۲ ہزار ٹن کا سٹور ہمارے حوالے کیا تھا۔ اس کی مالیت کے ... نظام سرکار کو فروخت کیا گیا تھا۔

علاقائی فوج میں بتدریج اضافہ کیا جائیگا

ہند پارلیمنٹ میں وزیر دفاع کے بل کی منظوری

نئی دہلی ۔ یکم ستمبر ۔ آج ہند پارلیمنٹ نے انڈین آرمی ایکٹ ۱۹۱۱ء میں ترمیم کا بل بغیر کسی رد و بدل کے پاس کر دیا ...

ہندستان کو ہمسایوں سے دوستانہ تعلقات رکھنا چاہیں

ایک امریکی اخبار نویس کا ہندستان کو مشورہ

... ڈاکٹر بینیز کی حالت سخت تشویشناک ہے

چیچک پھیلانے والے جادوگر!

پولیس میں رپورٹ کار روائی

مشرقی پنجاب کے دار السلطنت کی تعمیر کے انتظامات

امریکی اور برطانوی انجینیروں کی امداد حاصل کیجائے گی

شملہ ۔ یکم ستمبر ۔ پنجاب کی نئی راجدھانی کے متعلق کیبنٹ کی سب کمیٹی نے اپنے حال ہی کے اجلاس میں کئی اہم فیصلے کئے ہیں ...

بم پھٹنے سے بچہ مجروح

اطالوی نوآبادیات کے لئے چار بڑوں کا فیصلہ

وزرائے خارجہ کے سامنے سفارشات پیش کر دی گئیں

آغاخاں کی روانگی

دار السلام ۔ یکم ستمبر ۔ کل آغاخاں اور ان کی بیگم یہاں سے بذریعہ طیارہ یوگنڈا میں مقام کمپالا کو روانہ ہو گئے کمپالا میں وہ دو تین روز مقیم رہیں گے ... اور سوئٹزرلینڈ روانہ ہو جائیں گے ۔ آغاخاں کی صحت اس وقت بہت بہتر ہے۔ انہوں نے اڈہ پر جمع ہونے والے اپنے بہت سے پیروؤں کو خدا حافظ کہا ۔ اسمٰعیلی مسلمان اب تک ان کی آمد کی خوشیاں منا رہے ہیں۔

لکھنؤ میں جزوی راشن

دہلی میں کپڑے کا مکمل راشن

راجہ جی کی کارپرنگباری

کشمیر کمیشن کی ظفراللہ خاں سے ملاقات

جنوبی افریقہ کو کارخانوں میں نسلی امتیاز

یوپی میں ایک اخبار پر پابندی

تیل کی سپلائی

پٹ سن کی پیداوار

گوڈسے اور اس کے ساتھیوں کا مقدمہ

استغاثہ کے مزید گواہوں کی شہادتیں

دہلی ۲ ستمبر۔ کل مہاتما جی کے قتل کے مقدمہ کے سلسلہ میں مسٹر آتما چرن اسپیشل جج کی عدالت میں ... ہوٹل ... کا بیان ... سے بیان کیا ...

سی پی کے طلباء کو فوجی ٹریننگ

حیدرآباد کو اسلحہ کی ناجائز برآمد

حکومت ہند کے انسدادی اقدامات

دفاعی فوجوں کو مضبوط بنایا جائے

ایک اور گواہ کا بیان

بمبئی میں غلے کے جہاز پہنچے

ایک مصری جہاز بھی چاول لایا

سیلون کی شہریت کا بل

دارالسلطنت

گورنر آسام کی آمد

دہلی ۳ ستمبر۔ آسام کے گورنر سر اکبر حیدری اور لیڈی حیدری کل بذریعہ طیارہ دہلی پہنچ گئے۔ وہ گورنمنٹ ہاؤس میں گورنر جنرل کے مہمان کی حیثیت سے قیام کریں گے۔

سی او ڈی کے ملازموں کی ہڑتال

دہلی ۳ ستمبر۔ سی او ڈی کے چھ ہزار ملازموں میں سے ساٹھ فی صدی نے کل ایک گھنٹہ کے لئے دھرنا مار کر بیٹھے کی ہڑتال کر دی۔ ملازموں کا خاص مطالبہ یہ ہے کہ ملازموں کی تخفیف نہ کی جائے۔

مسٹر رندھاوا ابھی نہیں جائیں گے

دہلی ۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر رندھاوا جو اپنے عہدہ کا چارج ۳ ستمبر کو سہارنپور کے مسٹر راجیشور دیال کو دینے والے تھے ابھی ... تک اپنے موجودہ عہدہ پر کام کرتے رہیں گے۔

دستی بم ملے

دہلی ۳ ستمبر۔ ... روڈ میں ایک مقدمہ کی صفائی کرتے وقت ایک نوکر کو چھت میں چھپائے ہوئے چار دستی بم ملے ... ساخت کے تھے بموں کی برآمدگی کے موقعہ پر ... اس حصہ میں جو نوکر رہتا تھا اس نے بموں کے متعلق ... کی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بم کچھ عرصہ سے وہاں چھپائے ہوئے تھے۔

سزا یا جرمانہ

دہلی ۳ ستمبر۔ نئی دہلی کے آنریری مجسٹریٹ نے منگل کے روز تین عورتوں اور چار مردوں کو سزائے جرمانہ دی۔ ان پر ایک سپاہی کو زدوکوب کرنے کا الزام تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ان عورتوں نے جن کے نام راوا رانی، سرلا دیوی اور ویلا کماری ہیں انہوں نے اس کانسٹبل کو ... سے مار ... ان کے ساتھی مردوں میں سے ہر ایک کو سو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی ان عورتوں کو ... روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ یہ واقعہ ۲۶ اگست کو پیش آیا تھا۔

ریلوں میں چوریاں

ایک گروہ کی گرفتاری

دہلی ۳ ستمبر۔ پولیس نے ایک ایسے گروہ کو گرفتار کیا ہے جس کے متعلق یہ خیال ہے کہ چلتی گاڑی سے بجلی کی اور دوسری قسم کی چیزیں نکالتا تھا۔ تقریباً پچاس کیس بجلی کے پنکھوں، بلب اور دوسری چیزوں کے فرسٹ اور سیکنڈ کلاس ڈبوں سے نکالنے کے اب تک ریلوے پولیس کے پاس ... ہو چکے ہیں۔

کل پولیس نے پہاڑ گنج کی ایک دوکان پر چھاپا مارا اور چوری کی بہت سی چیزیں برآمد کیں اس سلسلہ میں بہت سی گرفتاریاں عمل میں آئی ہیں۔

سونے کی قیمت میں ناجائز اضافہ

نئی دہلی ۳ ستمبر۔ یہ اطلاع کہ اصلی قیمت کے نوٹ بند ہو جائیں گے بالکل بے بنیاد ہے اور اس افواہ ...

تارپین فیکٹری میں آتشزدگی

دہلی میں پناہ گزین بیوپاریوں کی گرفتاریاں

۱۵۰ بیوپاریوں کی گرفتاریاں اور مقدمے

دہلی ۔ یکم ستمبر۔ آج دوسرے روز ... کل ۱۵۰ ... بیوپاری گرفتار کئے گئے ...

آسٹریلیا میں وفاقی پیشبندیاں

پٹرول جمع کیا جا رہا ہے

کانبرا یکم ستمبر۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم مسٹر چفلے نے بتایا کہ ...

پٹیالہ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

کتابوں کی ضبطی!

سرحد میں خان بادشاہ کی صحت کے متعلق افواہیں

کیا انہیں زہر دے کر ہلاک کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

قدیم باشندوں کو ووٹ کا حق

وزیر اعظم آسٹریلیا کا اعلان

وزیر صحت یوپی کی تقریر

مدراس کانگریسی ایم ایل اے مستعفی

ضلع بنارس کے کئی دیہات کو خطرہ

یونان میں سرکاری فوجوں کی کامیابی

گوریلا دستوں کے مورچوں پر بمباری

شملہ کالکا لائن ٹھیک ہو گئی

پٹنہ میں بھی گنگا کی سطح بلند ہو گئی

پاکستانی سفیر ایران کے دربار میں

بمبئی میں زائرین حرم کی ناگفتہ بہ اور افسوسناک حالت

چھ ہزار سے زائد انسان انتہائی کس مپرسی کی حالت میں پڑے ہیں

بمبئی یکم ستمبر (ڈاک) بمبئی کے مختلف مسافر خانوں میں اس وقت جو مسلمان حج کے خیال سے آکر پڑے ہوئے ہیں ان کی تعداد چھ ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ کرانٹ مارکٹ کے مسافر خانہ میں جامع مسجد کے مسافر خانہ میں ... اور قیصر باغ کے ہال میں ... افراد جن میں عورتیں بھی ہیں اور بہت سے ... اس کی موجودہ پریشانیوں کا سبب یہ ہے کہ ان لوگوں کو روانگی ... جہازوں کی قلت ہے ... لوگ حج کی نیت سے بمبئی تشریف لے آئے ہیں ان میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو بغیر اطلاع دئیے ہوئے اور جہازی کمپنیوں سے کسی قسم کی ہدایات حاصل کئے بغیر بمبئی آگئے ہیں۔ ان تین مسافر خانوں کے علاوہ معلوم ہوا ہے کہ اور بھی بہت سے لوگ شہر میں ...

سنا ہے کہ بعض لوگ چار چار سو روپیہ منافع لے کر ٹکٹ فروخت کر رہے ہیں جس سے زائرین میں سخت بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔

ایس ایس "علوی" کی واپسی

حاجیوں کا ایک جہاز ایس ایس "علوی" جو بمبئی سے ۳۰ اگست کو روانہ ہونے والا تھا اس کو چار دن پہلے غیر متوقع طریقہ پر واپس کیا گیا اور ان کی روانگی منسوخ کر دی گئی۔ افسوس کی بات ہے کہ اس کی جگہ پر دوسرا جہاز نہیں دیا گیا ہے اور زائرین حرم کی موجودہ کثرت کا دراصل سبب یہی جہاز کی منسوخی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ سندھیا کمپنی کا جہاز ایس ایس "انگلستان" بالکل تیار ہے اگر سندھیا کمپنی اس جہاز کا انتظام کرے اور حکومت ہند اس کی روانگی کی اجازت دیدے تو حاجیوں کی مصیبت ایک بڑی حد تک ختم ہو جائے۔

اگر انگلستان کا انتظام نہیں ہو سکتا تو پھر آرٹی کا جہاز شیر لاجو کافی بڑا ہے اور انگلستان کے مقابلے میں دوگنی تعداد اس میں روانہ کی جا سکتی ہے ...

غلط فہمی کا شکار

...

بدسلوکی کی شکائتیں

بعض زائرین حرم نے بدسلوکی کی بھی شکائتیں کی ہیں ...

مسافر خانوں کی حالت

مسافر خانوں کا دورہ کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ وہاں صفائی کا خاطر خواہ انتظام نہیں ہے اور بہت گندہ حالت میں ہیں جگہ جگہ پرنالیوں میں گندہ پانی بھرا ہوا ہے۔ باورچی خانے بھی بہت گندہ حالت میں ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ ان مسافر خانوں میں ہیں ٹرسٹی صاحبان کا فرض ہے کہ وہ جھاڑو دینے والوں اور بھنگیوں کا معقول انتظام کریں اور چوبیس گھنٹے ان کی صفائی ہوتی رہے تاکہ یہ مصیبت زدہ لوگ کسی ناگہانی وبا کا شکار نہ ہو جائیں اور شہر میں کوئی بیماری پھوٹ جانے کا سبب نہ بنیں۔

میسور میں غلہ کی شدید قلت

...

ہندی سائنسدان کو انعام

...

وندھیا پردیش کی کابینہ میں توسیع

...

یوپی میں شکر سازی

کانپور یکم ستمبر ۳۱ جولائی کو ختم ہونے والے پندرہ دن میں یوپی میں شکر کے کارخانوں میں ۲۲۰۳ ٹن شکر بنائی گئی۔

مظلوم پٹھانوں کی آخری التجا

(صفحہ ۲ سے آگے)

انہیں علم ہے ہماری قابل رحم حالت کا فسانہ ابھی ... انسانیت کا خون اتنا سستا ہو چکا ہے۔

پاکستان نے صرف سوبئے بابڑہ میں چھ سو نہتے خدائی خدمت گاروں پر قتل عام کیا ... سو اور چار سو آدمی شہید ہوگئے ہیں جن میں ۲۵ عورتیں بھی تھیں جو پاکستانی فوج اور پولیس کے خونخوار درندوں کو قرآن لئے ہوئے اس قتل عام سے منع کر رہی تھیں اس کے علاوہ پانچسو اور چھ سو کے درمیان خدائی خدمتگار زخمی ہیں۔ اس قتل عام میں پاکستانی فوج نے نئے زمانے کے تمام ہتھیار ... استعمال کئے۔ محترم معاصر "پرتاب" کو گلہ ہے کہ ہمارے ساتھ کانگریس نے ہمدردی نہیں کی اور ہندوستان کے مسلمان ... ترکی کے لئے تو آوازیں اٹھاتے ہیں۔ ہمارے لئے ... گونگے ہوگئے ہیں۔ ... ہندوستان کے تیس کروڑ ہندو، سکھ اور مسلمان، کانگریس، جمعیت العلماء، سوشلسٹ، مسلم لیگ سے ہمیں کوئی توقع نہیں ... ہم ... کہتے رہے اور اسلامی اخوت کا گیت گانے والے پاکستانیوں نے بھی تو ہمارے لئے کوئی آواز نہیں اٹھائی ...

... کو برطانوی حکومت بھی اس کے پیچھے پڑی ہوئی ہے لیکن ہم دنیا کی تمام قوموں کو اب ببانگ دہل بتا دینا چاہتے ہیں کہ پاکستان کے ساتھ ہمارا رشتہ اب ختم ہو چکا۔ خون کا ایک ... ہماشنان دریا اور مقدوم شہیدوں کے لاشوں ...

امریکہ کے صدر کا انتخاب

صنعتی انجمن نے ٹرومین کا نام تجویز کر دیا

واشنگٹن یکم ستمبر: صنعتی انجمنوں کی مجلس منتظمہ نے جو امریکہ میں مزدوروں کی انجمنوں کے دو بڑے گروہوں میں سے ایک ہے امریکہ کے صدر کے انتخاب کے لئے صدر ٹرومین کا نام تجویز کر دیا ہے۔ ٹرومین کے حق میں ۳۵ اور ان کی مخالفت میں ۱۲ ووٹ آئے۔

کشمیر میں جنگ بند کرنے کیلئے حکومت آزاد کشمیر کی شرائط

لاہور یکم ستمبر: چودھری غلام عباس صدر آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس نے یہاں ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر کشمیر کمیشن کی جنگ بند کرنے کی تجویزیں انصاف اور ... مبنی ہوئیں تو آزاد کشمیر حکومت نہ صرف ان کو تسلیم کرے گی بلکہ ان کو کامیاب بنانے کی پوری پوری کوشش کرے گی لیکن اگر کمیشن نے ان اصولوں سے بے اعتنائی برتی تو آزاد کشمیر حکومت کبھی اس حکم پر عملدرآمد نہ کرے گی انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر جنگ بند کرنے کی شرائط ... اور قابل تسلیم نہ ہوئیں تو آزاد کشمیر حکومت ... کو تسلیم کرنے کی پروا نہ کرے گی۔

...

کاش! تاریخ اس نامور ہستی اور اس بڑے قوم کو اس نام سے ... جو معاصر "پرتاب" ... دیا ہے

(احسان ناشناس، شہباز خاں)

سیلاب سے مکئی کی فصل بہ گئی

بھاگلپور یکم ستمبر: سہرسہ کے ذیلی ضلع میں سخت سیلاب آجانے کی وجہ سے مکئی کی تمام فصل بہ گئی ہے ... دیگر علاقوں میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے دھان کی فصل ... ہوگئی ہے بھاگلپور کی غذائی حالت بہت ... ہوگئی ہے ... گیہوں کی قیمتیں ... بڑھ رہی ہیں اس وقت چاول اور گندم ۳۸ روپے سے ۴۲ روپے من تک فروخت ہو رہا ہے لیکن حکام کا خیال ہے کہ سہرسہ میں چاول اکبر ... ہے اور اگر مزید سیلاب نہ آئے یا آخر فصل میں بارش ہو گئی تو سہرسہ میں چاول کی بھی فصل ہونے کا امکان ہے۔

مغربی تبت میں تاجروں پر ڈاکوؤں کا حملہ

کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا

... مغربی تبت میں ... بیوپاریوں کی ایک جماعت پر ڈاکوؤں نے حملہ کیا ... اس کے متعلق اخباروں میں غلط اور مسخ شدہ خبریں شائع ہوئی ہیں ... اصل واقعات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں ...

... تین دن کے اندر ہی گروہ کے سردار کو گرفتار کر لیا گیا اور اسے تاکلا کوٹ پہنچا دیا گیا۔ تاجروں کا کوئی مالی نقصان نہیں ہوا اور نہ ہی ان کا کوئی آدمی ہلاک یا زخمی ...

گنگا کی سطح بلند ہونے کا خطرہ

کماؤں کی پہاڑیوں میں سخت بارش

لکھنؤ یکم ستمبر: یوپی کے وزیر مال ٹھاکر حکم سنگھ نے کہا کہ کانپور میں اب گنگا کی سطح بلند نہیں ہو رہی ہے ... ٹھاکر حکم سنگھ کانپور کے سیلاب زدہ علاقوں ... دیہات سیلاب کی وجہ سے ادھر ادھر کے علاقے سے کٹ گئے ہیں ابھی تک کسی نقصان جان کی اطلاع نہیں ملی۔ ابھی مالی نقصان کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا لیکن اس علاقہ میں کسانوں کو سخت نقصان پہنچا ہے کماؤں کی پہاڑیوں میں مزید بارش ہونے کی وجہ سے گنگا کی سطح بلند ہونے کا خطرہ ہے ...

سندھ کے پانی کی سطح گر رہی ہے

کراچی یکم ستمبر: ... سندھ کے پانی کی سطح ... گر رہی ہے ...

بڑودہ ایگزیکٹو کونسل کے ممبر مستعفی

بڑودہ یکم ستمبر: ... ریاست میں ... بحران ... کے نتیجہ میں موجودہ کونسل کے تین ممبروں نے استعفیٰ دیدیا ہے۔ مہاراجہ نے ان سے ... وزارت بننے تک ... کام کریں۔

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

اردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر ... سید شمس الرحمن

قیمت سالانہ

چھ روپے ... فی پرچہ آٹھ آنے

نمونہ کیلئے ... ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

نماز سیکھنے کا سب سے آسان قاعدہ

امداد الصلوٰۃ جس کو اکابرین امت نے بہت پسند فرمایا ہے۔ خصوصاً حضرت محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند نے۔ اس قاعدہ سے بہت کم ساتھ آن پڑھ آدمی بھی تمام نمازوں کے قاعدے سیکھ لیتا ہے قیمت ۳ تاجروں کے لئے خاص رعایت۔

حافظ عظیم الدین نواب والی مسجد قصاب پورہ دہلی

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول مجلد ... حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد پانچ روپیہ حصہ چہارم مجلد چھ روپے آٹھ آنے ...

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفاء راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں۔ قیمت مجلد ...

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور سہل ہے۔ قیمت صرف تین روپیہ بارہ آنے

جمعیۃ علماء کیا ہے (حصہ اول) جمعیۃ علماء کی اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت ...

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ دوم) ... تجاویز کا مجموعہ قیمت ...

اسلامی پرچم ... اسلامی ... میں تبصرہ قیمت تین آنہ

نور الاصباح ... علماء کے لئے بہت زیادہ مفید ہے ... فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ ...

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے۔ قیمت حصہ اول ۸ حصہ دوم ... حصہ سوم ۸

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے درس میں شامل ہے قیمت آٹھ آنے

جنگ بدر کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کفار پر فتح پائی قیمت صرف ۸

اربعین: اسلامی تعلیم کا مرقع قیمت ۱۲

نوٹ: مبلغ پانچ روپیہ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں چھ رسالے نمبر ۱ پاکستان کیا ہے ۲ لیگ کیا ہے ۳ مسٹر جناح کا پراسرار معمہ ۴ شریعت بل اور لیگ ۵ سول میرج اور لیگ ۶ لیگ کی غلطیاں مفت پیش کئے جائیں گے

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

ہر قسم کے موسمی بخار اور ملیریا کے لئے

AMIGO'S FEVER CURE

امیکو فیور کیور

جلد اثر کرنے والی بہت مجرب اور اکسیر دوا ہے

یہ دوا ہر قسم کے موسمی بخار، جاڑا، بخار، ملیریا، انفلوئنزا کا بخار، نزلہ، سردی کا بخار اور طحال، تلی بڑھ جانا وغیرہ سب کے لئے بہت مفید ہے پہلی ہی خوراک میں اپنا اثر دکھاتی ہے۔ بچے۔ بوڑھے۔ جوان سب استعمال کر سکتے ہیں۔ قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے (۲/۸) تین شیشیاں سات روپے معہ محصول ڈاک علاوہ۔ ہر قسم کے علاج کے لئے مفید ادویات کی فہرست مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ ۷۳ انڈیا

Kelso
WONDERFUL
TUBERCULOSIS

تپ دق کا کامیاب علاج

کیلسو

اکسیر **دندان**

... ثابت ہو چکا ہے خصوصاً پائیوریا ... دانتوں میں درد ... دانت ہلتے ہوں دانتوں سے خون اور پیپ آتی ہو ... دانتوں کو موتی کی مانند سفید کرتا ہے۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب ... استعمال کرنے کے بعد فرماتے ہیں یہ منجن اپنی سرعت تاثیر میں بے نظیر ہے قیمت ... علاوہ محصول۔

ملنے کا پتہ: ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

نئی دہلی کے پناہ گزیں بیوپاری

حکومت ہند ان کی جگہوں سے ہٹا رہی ہے

دہلی ۶ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ نئی دہلی سے تمام ان پناہ گزینوں کو جو شہر کی سڑکوں پر دکانیں لگا کر بیٹھ گئے ہیں ہٹا دیا جائے گا۔ نئی دہلی میونسپلٹی نے چیف کمشنر کو ایک رپورٹ پیش کی ہے جس میں ان تمام دکانوں اور دکانوں کو ہٹا دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے تاکہ کناٹ پلیس میں جو بھیڑ بھاڑ ہو رہی ہے وہ دور ہو جائے۔ اس سے نہ صرف مقام کی خوبصورتی بلکہ صفائی کو بھی سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔ نئی دہلی میونسپلٹی کے اندازہ کے مطابق اس قسم کی عارضی دکانوں کی تعداد ۵۰۰ ہے۔ میونسپلٹی کے عہدیداران روزانہ گشت لگا رہے ہیں تاکہ نئی دکانیں نہ بنائی جائیں۔ اگرچہ ان لوگوں کو ہٹانے کا کام شروع نہیں ہوا ہے پھر بھی پولیس رات کے وقت گشت لگا کر بعض دکانوں اور اسٹالوں کو جو اضافی ہیں توڑ پھوڑ دیتی ہے۔ نئی دہلی میونسپلٹی نے کناٹ پلیس اور دوسرے مقامات پر ۲۷۵ نئے اسٹال بنا دیئے ہیں۔ ان میں سے بہت سے اسٹال کا سرپرست ہو گئے ہیں لیکن ابھی تک کچھ خالی بھی پڑے ہوئے ہیں۔ پناہ گزیں جو اپنے مقامات سے ہٹنا نہیں چاہتے ان کی وجہ یہ ہے کہ وہاں ان کا کاروبار بہت ہوتا ہے۔ ان کے نمائندوں کا کہنا ہے کہ نئے اسٹال مناسب نہیں ہیں۔ اول تو یہ بہت چھوٹے ہیں۔ دوسرے یہ کہ جہاں یہ اسٹال بنائے گئے ہیں وہ جگہیں مناسب نہیں ہیں۔ ان نمائندوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے کیتھیے درخواست کی تھی کہ جگہوں کے انتخاب کے وقت ان سے مشورہ لیا جائے لیکن کمیٹی نے ان سے کوئی مشورہ نہیں لیا۔ ان پناہ گزیں بیوپاریوں کا کہنا ہے کہ اگر حکومت نے ہمیں اپنی جگہوں سے ہٹا دیا اور ہمیں دوسری جگہیں نہیں دیں تو ہم بیروزگار ہو جائیں گے۔ حکومت نے جو نئے اسٹال بنائے ہیں وہ تمام پناہ گزینوں کے لئے کافی نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ ان کی تعداد بہت تھوڑی سی ہے۔

لاپتہ بہنوں کی تلاش

(۱) تمیز النساء دختر عنایت اللہ صاحب جو پہاڑ گنج دہلی میں بڑی مسجد کے قریب رہتی تھیں۔

(۲) سعیدہ بیگم جو گوڑ ضلع رہتک میں ایک شادی میں شرکت کے لئے گئی تھیں۔

(۳) طاہرہ بیگم

(۴) آمنہ خاتون دختر عبدالحق صاحب۔ ...

(۵) اختری بیگم بنت عبدالحسن ...

(۶) ...

... جمعیۃ علماء ہند۔ دہلی

کپورتھلہ کا نیا ایڈمنسٹریٹر

کپورتھلہ ۶ستمبر۔ سردار ... کپورتھلہ کے ایڈمنسٹریٹر مقرر ہوئے ہیں۔ اس سال کے آغاز میں نابھہ کے ایگزیکٹو افسر مقرر ہونے سے پہلے آپ ریاست دھول پور میں ملازم تھے۔ ... ترقی کر کے چیف جسٹس دھول پور اور پولیٹیکل منسٹر کے منصب تک پہنچے۔

مولانا عبدالغنی صاحب ڈار کی تقریر

کل ۸ستمبر ۱۹۴۸ء بروز جمعہ ۷ بجے شام دفتر احرار قصاب پورہ میں کارکنان احرار کا ایک جلسہ منعقد ہوگا جس میں حضرت مولانا عبدالغنی صاحب صدر آل انڈیا مجلس احرار کارکنان سے خطاب فرمائیں گے۔ نیز بابائے احرار حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی، چودھری عبدالستار صاحب سالار اعظم احرار دہلی، مولانا امداد صابری، شیخ محمد احمد صاحب سالار عنایت علی صاحب، مولوی یقین الدین صاحب وغیرہ مشہور کارکنان بھی شرکت فرما رہے ہیں۔

احرار خدام خلق کا اعلان

دہلی یکم ستمبر چودھری عبدالستار صاحب سیکرٹری احرار خدام خلق دہلی ... گم شدہ بچوں کی اطلاع فوراً دفتر احرار خدام خلق ... بازار جامع مسجد ... میں ... اطلاع فوراً پولیس کو بھی دے دی جاتی ہے لیکن اس کے باوجود ... بچوں کے والدین ... جس کی وجہ سے دفتر کو ... جو بچے ... ان کو نہایت حفاظت اور ... رکھا جاتا ہے ... اور یہ خدمت ہمیشہ ... انجام دیتی ... سیکرٹری

مسماۃ مجیدہ دختر امراؤ علیخان کے اقارب توجہ کریں

برما کے رہنے والے امراؤ علیخان کی بیٹی مسماۃ مجیدہ جو کلکتہ میں رہتی تھی۔ اگر اس کے اقارب کہیں موجود ہوں تو ہمیں اطلاع دیں۔

سید انیس الحسن دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

کانگرس پارٹی کا جلسہ

نئی دہلی یکم ستمبر۔ پارلیمنٹ کی کانگرس پارٹی کا ایک عام جلسہ کل دس بجے کونسل ہاؤس نئی دہلی کے کمرہ نمبر ۶۳ میں منعقد ہوگا۔

کھیل کی خبریں:۔

پاکستان کی مخالفت

کراچی یکم ستمبر۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری نے ایسی اسکیم کی مخالفت ... اس تجویز ... کہ کرکٹ بورڈ پاکستان کے ساتھ تعلقات قائم کرکے ہند اور پاکستان کے کھلاڑی ایک ٹیم کی حیثیت سے کرکٹ کے بین الاقوامی مقابلوں میں حصہ لیں اظہار رائے کرتے ہوئے کہا کہ ہم کبھی اس تجویز سے اتفاق رائے نہیں کر سکتے۔

ہندی ٹیم جیت گئی

برمنگھم یکم ستمبر۔ ہند کی اولمپک فٹ بال ٹیم نے ... کی فٹ بال ٹیم کو ایک گول سے ہرا دیا۔ ... گول بھی نہ کر سکی۔

کرکٹ کا مقابلہ!

ہیسٹنگس یکم ستمبر۔ یہاں کی آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیم نے جنوبی انگلستان کی ٹیم کے خلاف کھیلتے ہوئے چار سو تین رن بنائے اور اس کے صرف تین کھلاڑی آؤٹ ہوئے ... نے ۱۲۶ اور ... نے ۱۰۵ رن بنائے ہیں۔ ابھی کھیل جاری ہے۔

گاندھی جی کے مقدمہ میں وکلاء دفاع پر مصارف

دہلی ۶ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کے مقدمہ میں دفاع کی طرف سے اس وقت تک ۳۰ ہزار کی رقم صرف ہو چکی ہے جس میں ۲ ہزار روپیہ ریل کا کرایہ اور دو ہزار وکیلوں کے کمرے وغیرہ کے مصارف بھی شامل ہیں۔ ملزمان کے دفاع میں ۱۱ وکیل ہیں۔ مسٹر ... کو حکومت کی طرف سے مقرر کیا گیا ہے۔ اور مسٹر پی۔ ایل انعامدار کو ڈاکٹر پرچورے نے مقرر کیا ہے۔ دوسرے مسٹر ایل بی بھوپتکر۔ مسٹر کے ایل بھوپتکر مسٹر جناکا ... خدمات انجام دے رہے ہیں۔ بقیہ

... کا یہ عرض ہے کہ ... گمشدہ ... آکر لے جاسکیں تو ... دفتر ... مشکور ...

یورپ کی ایک حکومت بنانے کے لئے دس نکات پر مشتمل پروگرام

باہمی اختلافات رفع کرنے کے لئے اعلیٰ عدالت قائم کی جائیگی

انٹرلیکن یکم ستمبر۔ دس نکات پر مشتمل ایک پروگرام آج یورپ کی پارلیمنٹری کانگرس کے سامنے پیش کیا جائیگا۔ کانگرس کا اجلاس آج شروع ہوا ہے۔ اس کانگرس کا مقصد یہ ہے کہ تمام یورپ کو ایک مرکزی حکومت کے ماتحت متحد کر دیا جائے۔

یہ پروگرام برطانوی پارلیمنٹ کے لیبر ممبر مسٹر ... کے پیش کر رہے ہیں۔ ان دس نکات میں کہا گیا ہے کہ یورپ کے وہ تمام ممالک جن کو مارشل پلان کے تحت مدد مل رہی ہے اپنی ایک حکومت بنا لیں اور حکومت روس اور باقی دوسرے یورپی ممالک کی شرکت کے لئے دروازہ کھلا چھوڑ دیں۔ یہ بھی تجویز کی گئی ہے کہ سنٹرل پارلیمنٹ میں ہر ملک کے مساوی نمائندے شامل ہوں اور ایوان نمائندگان کے ممبروں کی تعداد کی منظوری یہ اسمبلی دے اور امن و انتظام اور تمام یونین کے لئے اہم حکومت کا انتظام کرے۔ اختلافات کو رفع کرنے کے لئے ایک اعلیٰ عدالت انصاف کے قیام کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ یورپ کی حکومت میں شامل ہونے والے ممالک میں تجارت کی آزادی ہوگی۔ اس پارلیمنٹ کو ان کے ممالک کے سمندر پار مقبوضات کے لئے بھی قانون بنانے کا حق ہوگا۔

ہندستانیوں کے مقابلے کیلئے تیار رہو جاؤ

ڈاکٹر ملان کا نعرہ جنگ

کیپ ٹاؤن ۲ستمبر۔ کل ڈاکٹر ملان وزیراعظم جنوبی افریقہ نے یونین اسمبلی کے اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کینیا میں ایشیائی خصوصاً ہندستانیوں کے داخلہ کے باعث یورپین آبادی خوف زدہ ہے۔ افریقہ باشندگان افریقہ کے واسطے مخصوص ہو جانا چاہئے۔ ان کو ایشیائی خطرہ سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ ایشیائی لوگوں کی آمد نے صرف ان علاقوں کے لئے مشکلات پیدا کر دی ہیں جہاں یہ لوگ آباد ہیں بلکہ تمام براعظم افریقہ کو ایک خطرہ درپیش ہے۔ سوال یہ ہے کہ اب ایک بیان افریقی ہیں اور ... کرنے کی ضرورت نہیں ہے جس کی رو سے براعظم افریقہ کو بیرونی لوگوں کی مداخلت سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بڑودہ کی نئی کابینہ کا اعلان

بڑودہ ۲ستمبر۔ حکومت بڑودہ کے ایک اعلان میں کہا گیا ہے۔ نئی اصلاحات کے ماتحت ڈاکٹر جوراج مہتا وزیراعظم بڑودہ نے عبوری حکومت کے لئے جو نام پیش کئے تھے جن کو مہاراجہ نے منظور کر لیا ہے۔ محکمات کی تقسیم کا بعد میں اعلان ... ۴ستمبر کو ایک دربار خاص ہوگا جس میں یہ نئے عبوری وزیر اپنے عہدوں کا حلف لینگے۔

ہٹلر کا مشیر اقتصادیات ڈاکٹر شخت بری ہوگیا

نورمبرگ کی عدالت نے دس سال کی سزا منسوخ کر دی

اسٹٹگارٹ ۲ستمبر۔ اسٹٹگارٹ کے ڈی نازی فکیشن کورٹ نے ڈاکٹر شخت کی اپیل پر دس سال کی سزا منسوخ کر دی۔ واضح ہو کہ ڈاکٹر شخت ریخس بنک کا سابق صدر اور ہٹلر کا اقتصادی مشیر تھا۔ عوام نے اس فیصلہ پر اظہار مسرت کیا۔ اس کی سماعت دلنبرگ میں نظربندوں کے کیمپ کے اندر ہوئی تھی۔ عدالت نے حکم دیا کہ مقدمہ کے مصارف حکومت برداشت کرے۔

ڈاکٹر شخت کی اپیل کی سماعت ایک ماہ تک ہوتی رہی۔ ممتاز جرمنوں اور سابق وزارت خارجہ جرمنی کے افسروں کے بیانات سے معلوم ہوا کہ ڈاکٹر شخت ہٹلر کا سخت مخالف سمجھا جاتا تھا۔ ڈاکٹر شخت نے اپنی اپیل میں کہا کہ میں ہمیشہ ہٹلر کی پالیسی کو جو تیزی سے جنگ کی طرف جا رہی تھی۔ ایک حد کے اندر رکھنے کی کوشش کرتا تھا۔

ڈاکٹر گرہارڈ اسکولنیگ نے بحیثیت صدر جج فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر شخت نازی نہ تھا اور وہ صرف ایک آدمی کی وجہ سے ... تعلق رکھتا تھا۔ اور وہ خود اس کی پارٹی تھی۔ وہ ادھم کے واقعہ کے بعد جولائی ۱۹۴۴ء میں اس وقت کی حکومت کا مخالف ہو گیا اور ہٹلر کو ہٹانے کی متعدد ناکام سازشوں میں حصہ لیا۔

تبلیغی جلسہ

مورخہ ۱۰ستمبر ۱۹۴۸ء یوم جمعہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں انجمن تبلیغ الاسلام فلاح الاولیاء کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان تبلیغی جلسہ ہوگا جس میں تبلیغ کی اہمیت پر مولانا مولوی محمد احمد صابری مولانا شبیر حسین صاحب میرٹھی مولوی محمد فضل صاحب دہلوی تقاریر فرمائیں گے۔ لاؤڈ اسپیکر کا انتظام ہوگا۔ مسلمانان دہلی شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔ اور عند اللہ ماجور ہوں۔

نوٹ:۔ یہ جلسہ صرف تبلیغی ہے اس کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔

(قطب الدین سکریٹری انجمن ہذا دہلی)

ہندوبرما کی سرحدوں پر چوکیاں مستحکم کردی گئیں

گوہاٹی ۲ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ برما سے ناپسندیدہ اشخاص کے داخلہ ہندستان کو روکنے کے لئے برما اور ہندوستان کی سرحد پر چوکیاں مستحکم کر دی گئی ہیں۔

پاکستانی جہاز کے عملہ کے ساتھ برا سلوک نہیں کیا گیا

کلکتہ ۲ستمبر۔ ۲۵ اگست کو کلکتہ میں جس پاکستانی جہاز کے عملہ کو زیر حراست کر لیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ برا سلوک نہیں کیا گیا بلکہ اسے کلاس کے قیدیوں میں رکھا گیا ہے اس عملہ کو ایک دن میں دو دفعہ کھانا دیا جاتا تھا۔

دہلی سے ڈچ سفیر کی نشری تقریر

دہلی ۶ستمبر۔ ڈچ سفیر مقیم ہند نے ۳۱ اگست کو ملکہ ہالینڈ کی سالگرہ کی تقریب میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں ہندستان میں ہالینڈ کا پہلا سفیر ہوں۔ ۱۶۶۲ء میں پرنس آف اورنج نے ڈاکٹر فان ایڈرچم کو ہندوستان میں سفیر مقرر کر کے بھیجا تھا جو اگست ۱۶۶۲ء میں اورنگ زیب کے دربار میں ... ہوا تھا۔

پانچ مسٹروی ... مسٹر ایم ... ایچ ایم ... مسٹر ... کی فیس دس ہزار روپیہ ماہانہ ہے۔

دفاع کی طرف سے وکیلوں کے قیام اور خوراک پر ڈیڑھ ہزار روپیہ ماہوار اور ... ڈیڑھ ہزار روپیہ ماہوار صرف ہوتے ہیں ... کل مصارف ۲ ہزار روپیہ ماہوار صرف ہوتے ہیں۔

مہاسبھا دفاع کمیٹی نے جو فنڈ اس مقصد کے لئے کھولا ہے اس میں چالیس ہزار روپیہ جمع ہو چکا ہے اور دس ہزار مزید کی مقدمہ ختم ہونے سے قبل جمع ہو جانے کی امید ہے۔

لاہور میں فاطمہ جناح میڈیکل کالج

کراچی ۲ستمبر۔ مجلس ترقیات نے فیصلہ کیا ہے کہ لاہور میں فاطمہ جناح میڈیکل کالج قائم کیا جائے اور اس کے ساتھ ایک زنانہ شفاخانہ اس مقصد کے لئے مرکزی حکومت ۱۹۴۸ء میں ... ہزار روپیہ دے گی۔

بیت المقدس کے چاروں طرف

غیر مقبوضہ علاقہ قائم کرنے کی تجویز

دمشق ۶ستمبر۔ اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برنادوٹ کے اسٹاف کے سب سے بڑے عہدیدار نے ایک بیان میں کہا کہ کاؤنٹ نے مجھے ہدایت دی ہے کہ میں بیت المقدس میں امن قائم کرنے کی ہر ممکن کوشش کروں ورنہ اس معاملہ کو مجلس تحفظ کے سپرد کر دیا جائے گا۔

میں نے اس سلسلہ میں قاہرہ اور تل ابیب کا دورہ کیا ہے۔ اور یہودی اور مصری اس پر راضی ہو گئے ہیں کہ بیت المقدس سے فوجیں ہٹا لیں اور شہر کے چاروں طرف ایک غیر مقبوضہ علاقہ قائم کر دیں۔ لیکن ابھی تک کچھ نہیں ہوا۔ بیت المقدس میں یہودیوں اور عربوں کے خط ایک دوسرے سے مل گئے ہیں۔ اور غیر مقبوضہ علاقہ قائم کرنے کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔

انتقادات

سعد اللہ نور الدین صاحب بہاری نے دہلی میں صابن سازی کا ایک کارخانہ قائم کیا ہے جس میں بہترین قسم کے صابن بنائے جاتے ہیں۔ ہمیں آپ کے کارخانے کا صابن بغرض ریویو موصول ہوا ہے جو سن لائٹ سوپ کی طرح کپڑوں کو صاف کرنے میں بہت ہی مفید ہے۔ اس صابن میں کسی قسم کی ملاوٹ نہیں ہے اور دوسرے صابنوں سے نسبتاً سستا بھی ہے۔ چونکہ اس صابن میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو اعلیٰ قسم کے صابن میں ہونی چاہئیں اس لئے ہم ناظرین کرام سے اس کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں۔ قیمت نہایت مناسب۔ پتہ: ... فیکٹری خاص گنج ... مالک محمد سعد اللہ نور الدین صاحب بہاری سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

امرکا فیصلہ ریاستی پولیس براہ راست کرتی ہے۔ مہاراجہ نے وعدہ کیا کہ ریاستی حکام ان امور پر غور کریں گے۔

دوسرا مسئلہ باشندگان افریقہ کا قومی مفاد ہے جس افریقہ کو خطرہ درپیش ہے کہ باشندگان افریقہ کو اس خطرہ سے محفوظ رکھے۔

وزیراعظم نے مزید کہا کہ میں لندن کی ہونے والی وزرائے اعظم کی کانفرنس میں شرکت نہ کر سکوں گا۔ کیونکہ اس میں میری پارٹی کو معمولی اکثریت حاصل ہے میں اتحادی اسمبلی میں شرکت کے لئے پیرس جاؤں گا۔ ممکن ہے کہ مجھے جنوبی افریقہ جانا پڑے۔

اغوا شدہ عورتوں کی بازیابی کا مسئلہ

کراچی ۲ستمبر۔ پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر میجر جنرل عبدالرحمن نے مہاراجہ پٹیالہ سے ایک ملاقات میں کہا کہ گذشتہ مئی میں پٹیالہ اغوا شدہ عورتوں کی بازیابی کے لئے جو فیصلے ہوئے تھے۔ ان میں سے بعض پر عمل نہیں کیا گیا۔ بازیافتہ مسلم لڑکیوں کو اب تک واپس نہیں کیا گیا۔ بازیافتہ لڑکیوں کو کیمپوں میں ۴۸ گھنٹے سے زیادہ دیر تک رکھا جاتا ہے۔

دی مغل لائن لمیٹڈ

(ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز راں کمپنی)

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کیلئے امسال پہلے جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اکبر ۴۰۴۳ ٹن

۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

بمبئی تا جدہ واپسی

درجہ اول ۱۰۷۵/- روپے

عرشہ ۳۰۵/۸ روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دی جائے گی۔ ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس جدہ پر صفائی کے محصول اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۲۳ روپے ۲ آنے ہوتی ہے۔ زائرین کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں ان کی جگہ کا اندراج نہ ہو جائے اور کمپنی کی طرف سے انکو بمبئی پہنچنے کی ہدایت نہ دی جائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دی جا چکی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بینک اسٹریٹ بمبئی

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷

بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

روزنامہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۰۵۵

جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۵ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۹۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

اکسیر دنداں

[illegible]

بلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

بھارت منجن

دانتوں کے تمام امراض کا واحد علاج ہے!

پائیوریا، مسوڑھوں کی سوجن، درد، خون، پیپ کو بند کرکے زخم کو بھر دیتا ہے۔ اس کا روزانہ استعمال ... دانتوں کو چمکدار ... منہ کی بدبو دور کرتا ہے

بھارت کیمیکل ورکس دہلی

آخری طور پر عربوں اور یہودیوں نے بیت المقدس میں جنگ بند کرنا منظور کرلیا

اقوام متحدہ کے نمائندوں کی کوششیں کامیاب ہوگئیں

شہر کے غیر مقبوضہ علاقہ میں توسیع کر دی جائیگی

[illegible]

امریکی فوجوں میں بھرتی

[illegible]

صوبہ سرحد میں لڑائی کی تیاریاں

[illegible]

پرومے کے محاصرے میں مزید فوج ارسال کردی گئی

حکومت باغیوں سے مرعوب نہیں ہوئی - وزیر اعظم برما کا اعلان

[illegible]

ڈاکٹر قریشی کو اہم عہدہ

[illegible]

پونچھ کے علاقے میں دشمن کے ایک مورچہ کو تباہ کر دیا گیا

[illegible]

ٹاؤن ہال کے سامنے شرنارتھیوں کا مظاہرہ اور جلوس

پولیس کا لاٹھی چارج اور اشک آور گیس کا استعمال

[illegible]

پولیس کی طرف سے ہوائی فائر

[illegible]

رانچی کے ایک گاؤں میں اسلحہ برآمد

[illegible]

برما میں بغاوت فرو کرنے کیلئے حکومت ہند امداد دیگی؟

گورکھا فوجوں کے چار بٹالین رنگون بھیجے جائینگے

[illegible]

کشمیر میں جنگ ختم نہ ہوئی تو روس مداخلت کریگا؟

کشمیر کی سرحد پر روسی فوجوں کو تیار رہنے کا حکم؟

[illegible]

(آفتاب)

حکومت ہند کو ریلوے ملازمین کا الٹی میٹم

[illegible]

لندن میں دولت مشترکہ کے وزرائے اعظموں کی پہلی اہم کانفرنس

ہندوستان، پاکستان اور لنکا کے وزرائے اعظم بھی شریک ہونگے

[illegible]

برلن کے چاروں فوجی گورنروں کی ملاقات

برلن اور جرمنی کے متعلق معاملات پر غور

[illegible]

وزیر خارجہ چین ماسکو جائینگے

چینی روسی تعلقات پر غور کرینگے

[illegible]

کرواڑ گوا سرحد پر ہتھیاروں کی ناجائز درآمد

[illegible]

نہانے اور کپڑا دھونے کی خالص اور بہترین صابون کا کارخانہ جاری ہوگیا ہے۔ تھوک مال کیلئے (مولانا) نور الدین بہاری فیاض گنج باڑہ ہندو راؤ دہلی سے خط و کتابت کریں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۵ ستمبر ۱۹۴۷ء

ایک نیا فتنہ!

ہندوستان میں ملک کی تقسیم کے نتیجہ میں ایک کروڑ سے زیادہ آبادی کا تبادلہ دنیا کا ایک عظیم ترین حادثہ ہے ایک کروڑ انسانوں کا گھر سے بے گھر ہونا اور تباہ و برباد ہونے کے بعد در در کی ٹھوکریں کھانا کوئی ایسا تماشہ نہیں ہے کہ اسے خاموشی سے دیکھا جائے یہ وہ قیامت ہے جس نے ہندوستان اور پاکستان کی بنیاد میں ہلا ڈالی ہیں

... ہیں اور ان کے شہری اور مذہبی حقوق قطعی محفوظ ہیں، البتہ بعض اشرار چاہتے ہیں کہ سرمایہ دار ہندوؤں کو نکال کر ہند اور پاکستان کے لئے ایک نو خلفشار پیدا کیا جائے اور ہندوستانی مسلمانوں کو مجبور کیا جائے کہ وہ ہند کی جغرافیائی حدود سے باہر ہو جائیں

کلکتہ میں انٹر ڈومینین کانفرنس کے فیصلوں کے بعد ہندوستان گئے ہائی کمشنر اور بنگال کے ہندو ...

اچھی باتیں

وقل ربّ ... زھوقا۔ (پ ۱۵ ع ۹)

تم اس طرح پکارو، اے ہمارے رب ہمیں سچائی کی راہ میں داخل کر اور سچائی کے ساتھ نکلنے کی راہ بتا اور اپنی جناب سے ہماری یاوری فرما، اور یہ بھی کہہ کہ حق آیا اور باطل فرار ہوا، اور باطل تو فرار ہی ہونے کے لئے ہے۔

اسلام نے سچائی کا جو فانوس روشن کیا ہے وہ کسیوقت بھی بجھنے نہیں پاتا وہ ایک مسلمان کی فطرت کو سچائی کے رنگ میں رنگ دینا چاہتا ہے اس لئے اس کے اندر یہ طلب پیدا ہوتی ہے کہ راستی اس کا اوڑھنا بچھونا ہو، وہ سچائی کی راہ سے داخل ہو اور سچائی کی راہ سے نکلے، اور اس کی سیرت (کیرکٹر) راستی کے سانچے میں پڑکر راستی بن جائے ایک مسلمان کی پکار یہ ہونی چاہیئے کہ حق کا کلمہ بلند ہو، اور انسان حق کی خاطر جیئے اور حق کی خاطر مرے باطل اور ناراستی سے مسلمان کا جوڑ نہیں مل سکتا، کیونکہ باطل جھاگ کی مانند غائب ہونے والا ہے اور اسے کسیوقت بھی قرار نہیں، پس مسلمان اپنی زندگی کا مشن اچھی طرح سمجھ لے کہ وہ حق کا ساتھی اور باطل کا دشمن ہے، حق جہاں بھی ہو مسلمان کی اپنی متاع ہے، باطل اگر گھر میں بھی ہو تو اس کے لئے اجنبی ہے دنیا باطل کی پیروی کرے مگر مسلمان اپنی سمت بدلکر حق اور راستی کی راہ پر گامزن رہے، حق کو فتح ہے اور باطل کے لئے شکست اور نامرادی!

جشن ہند

منکل منکل جنوں کی فریبگاہ سے نکل
خرد کو راہبر بنا خرد کے ساتھ ساتھ چل

سنبھل سنبھل کے تو اٹھا ہر ایک سختی گراں
ہر ایک سختی گراں کو تو اٹھا سنبھل سنبھل

سنا نوید جانفزا مٹا دلوں سے ابتری
فضائے ہند کو بدل کھلا دلوں کے تو کنول

وطن ہو پھر ترا وطن سے کیا عزیز تر
وطن پہ زندگی لٹا وطن کی زندگی بدل

گزر دلا ورانہ دشت بغض و کیں سے اسطرح
تمام خار بغض و کیں کو پائے امن سے کچل

مٹا سو درنج و غم جلا چراغ عیش و تو
بلند جس سے نام ہو کر اختیار وہ عمل

سکوں کی جستجو نہ کر سکوں پیام مرگ ہے
بشکل موج ہو رواں قیام کر نہ ایک پل

ہر ایک ذرہ وطن کو بخشدے تو روشنی
ہر ایک ذرہ وطن کو مہر و ماہ سے بدل

مٹا تمام دل سے تفرقے تو کچھ خوشی ملے
رہے یہی جو تفرقے خوشی نہ آج ہے نہ کل

مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ

جمعیۃ علمائے ہند کو بدنام کرنیکی سازش

تقسیم ہند کے بعد دلی سے اردو ... سے

سیر و سیاحت

ایڈیٹر کے نام خط

ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

سازشیں

مکرمی۔ جناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ دہلی۔ سلام مسنون ...

باقی صفحہ ۵ پر

پارلیمنٹ میں سوالات
ہندوستان کی خارجی اور داخلی پالیسی پر روسی اخبارات کے حملے
پناہ گزینوں کی چھوڑی ہوئی جائداد کا مشترکہ انتظام

نئی دہلی ۳ ستمبر۔ آج پارلیمنٹ میں سوالات کے وقفہ میں مسٹر نیوگی نے مسٹر صدر حوا کے جواب میں بتایا کہ ملک میں منشا نیز کافی مقدار میں موجود ہے۔ جس پر بات مشتبہ ہے کہ برآمد پر پابندی لگانے سے ملک میں اس کی پیداوار بڑھ جائے گی۔ لیکن حکومت نے اس کی برآمد پر کنٹرول کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے تاکہ ملک کی آئندہ ضروریات کے لئے اس قیمتی شے کو محفوظ رکھا جا سکے۔

کشمیری کی درآمد

بے خانماں لوگ

بزم سخن دہلی کا افتتاح

ڈاکٹر بینش کی حالت خراب ہو گئی

پراگ ۱۲ ستمبر۔ پراگ کی اطلاع ہے کہ چیکوسلواکیہ کے سابق صدر ڈاکٹر بینش کی حالت لمحہ بہ لمحہ خراب ہوتی جا رہی ہے۔ اور ان کی طاقت گرتی جا رہی ہے۔ سابق صدر گذشتہ ۴۸ گھنٹہ سے بے ہوش پڑے ہیں اور ان کے دونوں پاؤں مفلوج ہو چکے ہیں۔

چار مہاجر ایم۔ ایل۔ اے کوئٹہ کو

لاہور ۲ ستمبر: کل چار مہاجر ایم۔ ایل اے صوفی عبد المجید چوہدری علی اکبر، شیخ صادق حسن اور میاں باغ علی مسٹر جناح سے ملاقات کرنے کے لئے کوئٹہ روانہ ہو گئے۔ جن کے سامنے وہ مہاجرین کی آباد کاری کے متعلق مہاجر ممبران اسمبلی کا نظریہ پیش کریں گے۔

نماز سیکھنے کا سب سے آسان قاعدہ

امداد الصلوٰۃ جس کو اکابرین امت نے بہت پسند فرمایا ہے خصوصاً حضرت محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند نے اس قاعدے سے بہت آسانی کے ساتھ ان پڑھ آدمی بھی تمام نماز معہ قاعدے سیکھ لیتا ہے قیمت ۳ ۔ تاجروں کے لئے خاص رعایت

حافظ عظیم الدین نواب والی مسجد قصاب پورہ دہلی

حیدرآباد سے سمجھوتہ منسوخ کر دیا جائے گا
موجودہ حالات میں سمجھوتہ جاری نہیں رکھا جا سکتا

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ دہلی کے سرکاری حلقوں سے جو اطلاعات ملی ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ہند حیدرآباد سے جوں کا توں سمجھوتے کو منسوخ کرنے پر غور کر رہی ہے اس کی وجہ یہ بتائی جا رہی ہے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر اور ان خلاف ورزیوں کے پیش نظر جو حکومت حیدرآباد کی طرف سے بار بار وقوع پذیر ہوتی ہیں حکومت ہند کے لئے اس سمجھوتہ کو جاری رکھنا مشکل کیا بلکہ ناممکن ہو گیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں حکومت ہند کی طرف سے جو کمیٹی مقرر کی گئی ہے اس کی طرف سے بھی یہی سفارش کی جانے والی ہے کہ حیدرآباد کے ساتھ جوں کا توں سمجھوتہ توڑ دیا جائے۔

ریزرو بینک کو قومی ملکیت بنانے کے بل کی پہلی خواندگی منظور
قیدیوں کے تبادلے کے سلسلہ میں خان برادران کو ہندوستان منگوانے کا مطالبہ
اسمبلی کے جلسہ کی پوری کارروائی

تبادلہ

ریزرو بینک کا بل

دشمن نمبر دو

ہندوستان میں کمیونسٹوں کی انقلابی تیاریاں
خفیہ دستاویزات ہاتھ لگ گئیں

مزدوروں کو گمراہ کیا جا رہا ہے

مزدوروں کو قتل و غارت کے لئے اکسایا جا رہا ہے؟

عوام سے تعاون کی اپیل

مزدوروں کو ہتھیار بہم پہونچائے جا رہے ہیں

کمیونسٹوں کے خلاف سخت اقدام کی تجویز

حکومت کو تحقیق و تفتیش سے معلوم ہوا ہے کہ اگر فوری اقدام نہ کیا گیا تو اس امر کا اندیشہ ہے کہ اجتماعی لوٹ مار اور انتشار کی شروع ہو جائے گی جس کا مقصد موجودہ حکومت کا تختہ الٹنا ہوگا۔

ایک جاپانی مجرم کو چالیس سال کی سزا
چار امریکنوں کو ہلاک کرنے کا الزام !!

ٹوکیو ۱۳ ستمبر۔ ایک جاپانی ملاح یوشیو کو یوکوہاما کے امریکن فوجی کمیشن نے چار امریکی جنگی قیدیوں کو سخت بے رحمی سے اذیت پہنچا کر ہلاک کرنے کے جرم میں چالیس سال کی قید با مشقت کی سزا دی ہے یہ سزا دوران مقدمہ سے شمار کی جائے گی۔

مسلمان ہند یونین کے وفادار شہری بن کر رہیں
سورت میں مسٹر عبد القیوم انصاری کی تقریر

سورت۔ ۱۲ ستمبر۔ وو بار ہی سنگھ کے زیر اہتمام ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے بہار کے وزیر صنعت اور آل انڈیا مومن کانفرنس کے صدر مسٹر عبد القیوم انصاری نے کہا کہ فرقہ پرستوں اور ... ملک کو سیاسی صلح کی بھی ضرورت ہے۔ مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے مسٹر انصاری نے کہا کہ جو مسلمان پاکستان کا خوشنما تصور لے کر یہاں سے گئے ... پاکستان کے بانی اور ... کی تصویری کے علمبردار کہتے تھے کہ پاکستان ایک جنت ہوگا۔ جہاں دودھ اور شہد کی نہریں بہیں گی۔ اس کے برعکس حالت یہ ہے کہ اپنا سب کچھ کھو کر مسلمان وہاں پہنچا تو آج مکان اور ... مسلم لیگ نے مومن کانفرنس پر مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کا الزام لگایا تھا لیگیوں نے نہ صرف مسلمانوں کے ٹکڑے کر دئے۔ بلکہ ملک کو تباہی کے گڑھے میں دھکیل دیا ہے ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو اب بھی سمجھنا چاہئے کہ وہ ہند یونین کے باشندے ہیں ورنہ انہیں یہاں سے چلے جانا چاہئے۔ مجھے امید ہے کہ مسلمان اپنی پچھلی غلطیوں کو بھول کر ہندوؤں کے ساتھ دوستی اور وفاداری سے رہیں گے۔

ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی مجربہ وزیر آباد پنجاب

ہسپتال ہذا کے سیکڑوں مجربات ہزارہا ڈاکٹروں نے لاکھوں مریضوں پر گذشتہ ۔ سال میں آزما چکے ہیں ان میں سے چند ایک خاص الخاص کا ذکر درج ذیل ہے جس کی قدر ہر گھر میں ضرورت ہے۔

انفنٹ پوڈر سفوف برائے اطفال شیرخوار

بچہ رون رون کرتا رہتا ہو ہاضمہ میں نقص ہو۔ دست آتے ہوں نیز دانت نکلنے کی وجہ سے جو تکلیف ہوتی ہیں وہ اس دوائی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں بچہ دانت آسانی سے نکالتا ہے اور باقاعدہ استعمال سے تندرست ہو جاتا ہے قیمت فی شیشی ۲ روپیہ علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی دو ماہ کے لئے کافی ہے۔

ہومیوپیتھک مصفی خون جلی پھوڑے پھنسیاں

خارش، ذو نشک، چنبل، داد، چہرہ بدن کا دھوب میں جلنا۔ جسم پر چتے پڑ جانا۔ جسم میں جلن ہونا مرض کے علاوہ جسم کے پھٹنے کی بیماریاں ہیں یہ سب کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے قیمت فی شیشی ۳ روپے علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی میں بچاس خوراکیں ہوتی ہیں۔

ہیمو گلوبن اکسیر ہو اسیر خونی بادی جنہیں خون کے استعمال سے خون آنا رک جاتا ہے اور مریض روبصحت ہونا شروع ہو جاتا ہے متواتر استعمال سے صحت کلی ہو جاتی ہے قیمت فی شیشی علاوہ محصول ڈاک

اکسیر تپدق و ورم جگر ورم طحال و ورم جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی علاوہ محصول ڈاک

جوہر ہاضمہ

مقوی رحم

ہومیوپیتھک ہسپتال کمرہ بنگش بازار جلی قبر دہلی

پارلیمنٹ میں سوالات

ہندوستان کی خارجی اور داخلی پالیسی پر روسی اخبارات کے حملے

پناہ گزینوں کی چھوڑی ہوئی جائداد کا مشترکہ انتظام

نئی دہلی ۴ ستمبر۔ آج پارلیمنٹ میں سوالات کے وقفہ میں مسٹر نیوگی نے مسٹر سدھوا کے جواب میں بتایا کہ ملک میں مشکانیز کافی مقدار میں موجود ہے۔ لیکن یہ بات مشتبہ ہے کہ برآمد پر پابندی لگانے سے ملک میں فولاد کی پیداوار بڑھ جائے گی۔ لیکن حکومت نے اس کی برآمد پر کنٹرول کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے تاکہ ملک کی آئندہ ضروریات کے لئے اس کو محفوظ کیا جا سکے۔

مشنیری کی درآمد

بے خانماں لوگ

مسٹر سکسینہ وزیر بحالیات نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ مغربی پاکستان سے آئے ہوئے وکیلوں کو بسانے کے انتظامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا۔ بے گھر وکیلوں کو حکومت ہند کی مختلف وزارتوں کے دفتروں میں ملازم رکھا گیا ہے۔ ۸۰ وکیلوں کو اسسٹنٹ کا کام کرنے کی تربیت دی جا رہی ہے۔

بزم سخن دہلی کا افتتاح

اس بزم کا افتتاحی جلسہ ۵ ستمبر ۱۹۴۸ء بروز اتوار ... شام منعقد ہونے والا ہے ...

ڈاکٹر بینیش کی حالت خراب ہو گئی

پراگ ۴ ستمبر۔ پراگ کی اطلاع ہے کہ چیکوسلواکیہ کے سابق صدر ڈاکٹر بینیش کی حالت لمحہ بلمحہ خراب ہوتی جا رہی ہے۔ اور ان کی طاقت گرتی جا رہی ہے۔ سابق صدر گذشتہ ۴۸ گھنٹہ سے بے ہوش پڑے ہیں اور ان کے دونوں پاؤں مفلوج ہو چکے ہیں۔

چار مہاجر ایم۔ ایل۔ اے کوئٹہ کو

لاہور ۴ ستمبر۔ کل چار مہاجر ایم۔ ایل۔ اے صوفی عبد المجید چوہدری علی اکبر، شیخ صادق حسن اور میاں باغ علی مسٹر جناح سے ملاقات کرنے کے لئے کوئٹہ روانہ ہو گئے۔ جن کے سامنے وہ مہاجرین کی آبادکاری کے متعلق مہاجر ممبران اسمبلی کا نظریہ پیش کریں گے۔

نماز سیکھنے کا سب سے آسان قاعدہ

امداد الصلوٰۃ جس کو اکابرین امت نے بہت پسند فرمایا ہے خصوصاً حضرت محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند نے اس قاعدے سے بہت آسانی کے ساتھ اَن پڑھ آدمی بھی تمام نماز بغیر استاد کے سیکھ لیتا ہے قیمت ۳ تاجروں کے لئے خاص رعایت

حیدرآباد سے سمجھوتہ منسوخ کر دیا جائے گا

موجودہ حالات میں سمجھوتہ جاری نہیں رکھا جا سکتا

نئی دہلی ۴ ستمبر۔ دہلی کے سرکاری حلقوں سے جو اطلاعات ملی ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ہند حیدرآباد سے جوں کا توں سمجھوتے کو منسوخ کرنے پر غور کر رہی ہے اس کی وجہ یہ بتائی جا رہی ہے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر اور ان خلاف ورزیوں کے پیش نظر جو حکومت حیدرآباد کی طرف سے بار بار وقوع پذیر ہو رہی ہیں حکومت ہند کے لئے اس سمجھوتہ کو جاری رکھنا مشکل بلکہ ناممکن ہو گیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں حکومت ہند کی طرف سے جو کمیٹی مقرر کی گئی ہے اس کی طرف سے بھی یہی سفارش کی جانے والی ہے کہ حیدرآباد کے ساتھ جوں کا توں سمجھوتہ توڑ دیا جائے۔

ریزرو بینک کو قومی ملکیت بنانے کے بل کی پہلی خواندگی منظور

قیدیوں کے تبادلے کے سلسلہ میں خان برادران کو ہندوستان منگوانے کا مطالبہ

اسمبلی کے جلسہ کی پوری کارروائی

۴ ستمبر۔ پارلیمنٹ نے اس بل کی پہلی خواندگی منظور کی جس کے ماتحت ریزرو بینک کو قومی ملکیت بنایا جائے گا۔ مسٹر نیوگی جنہوں نے یہ بل پیش کیا تھا انہوں نے کہا حکومت کی خواہش ہے کہ یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے اس بل پر عمل درآمد شروع ہو جائے۔ ایوان نے قیدیوں کے تبادلہ کا بل بھی منظور کیا۔

تاریخ تبادلہ

معاہدہ کے مطابق شماری تعداد کے اضافہ کے تبادلہ کی شرط نہیں رکھی گئی ہے پاکستان نے تمام ہندو سکھ قیدیوں کو بھیجنا منظور کر لیا ہے اسی طرح معاہدہ میں جن ہندوستانی علاقوں کو شامل کیا گیا ہے وہاں کے سارے قیدی پاکستان بھیجے جائیں گے چاہے ہندو سکھ قیدیوں کی تعداد زیادہ ہی ہو ہم ان سب کو ہندوستان لانے پر مصر ہوں گے۔ پہلے طے پایا کہ تبادلہ ۱۹ ستمبر کو ہو لیکن ابھی دونوں ڈومینینوں میں فہرستیں تیار ہو رہی ہیں لیکن تبادلہ کی تاریخ کا جلد ہی اعلان ہوگا۔ ہاؤس نے بل کو زیر غور لانے کی تحریک پاس کر دی۔

دو نئے بل

وزیر کارخانہ جات ڈاکٹر مکرجی نے پیٹنٹوں کی شرائط کا بل پیش کیا۔

موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات نے پناہ گزینوں کو بسانے کے لئے جلد از جلد زمین حاصل کرنے کا بل پیش کیا۔ گورنمنٹ اس کے تحت کم سے کم نوٹس دے کر اور مناسب قیمت پر کسی بھی خطہ زمین پر قبضہ کر سکتی ہے۔ اس مقصد کے لئے ایک آرڈیننس جاری کر دیا گیا ہے۔ یہ بل اس کی آئینی صورت ہوگی۔

ریزرو بینک کا بل

اس کے بعد مسٹر نیوگی وزیر خزانہ نے ریزرو بینک کے پرائیوٹ حصص کو سرکاری ملکیت قرار دینے کا بل مزید غور کے لئے پیش کیا انہوں نے کہا کہ ریزرو بینک کا نیا نظام یکم جنوری کو شروع ہوگا۔ گذشتہ اجلاس میں حصہ داروں کو معاوضہ دینے کا اعلان کیا گیا تھا وہ جاری ہے۔ اب چونکہ پاکستان نے اپنا الگ سرکاری بینک کھول لیا ہے۔ اس لئے ہم توقع سے پہلے ہی ریزرو بینک کو کلی قومی ملکیت بنا رہے ہیں۔ ریزرو بینک کا پہلے ہی سرکار سے ڈائریکٹ تعلق ہے اس تعلق کو قانونی طور پر ٹھوس بنانے کے لئے یہ بل پیش کیا گیا۔

... بینک کے آئین میں لفظ سٹرلنگ کی جگہ غیر ملکی شرح تبادلہ ... کے الفاظ استعمال ہوں گے۔ چونکہ ہندوستان بین الاقوامی مالی فنڈ کا ممبر ہے اس لئے بینک کسی بھی ملک کی کفالتیں رکھ سکے گا محض اسٹرلنگ سکیورٹیاں ہی نہیں اس بل کو خاص وجوہات کی بنا پر سلیکٹ کمیٹی کے سپرد نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ میں خود کچھ ترمیم پیش کروں گا۔

دشمن نمبر ۲

ہندوستان میں کمیونسٹوں کی انقلابی تیاریاں

خفیہ دستاویزات ہاتھ لگ گئیں

شملہ ۴ ستمبر۔ حکومت ... نے اس واقعہ پر سخت تشویش ظاہر کی ہے کہ ... مرکوز مزدوروں کی صورت حال ... ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ کمیونسٹ پارٹی نے مزدوروں کو جو خفیہ ہدایات دی ہیں وہ حکومت کے ہاتھ آ گئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی نے وسیع پیمانہ پر زرعی اور صنعتی انقلاب کے لئے ایک تفصیلی اسکیم مرتب کر لی ہے۔

مزدوروں کو گمراہ کیا جا رہا ہے

مزدوروں کو قتل و غارت کے لئے اکسایا جا رہا ہے

مزدوروں کو ہتھیار بم پہنچائے جا رہے ہیں

عوام سے تعاون کی اپیل

حکومت عوام سے تعاون اور امداد کی اپیل کرتے ہوئے مزدوروں کو مشورہ دیتی ہے کہ صورت حالات پر ٹھنڈے دل ... سے غور کریں اور ... جوش و خروش سے کام لیں۔ بہرحال حکومت تشدد کو روکنے کے ... ضروری اقدامات کا پہلے سے کر چکی ہے۔

کمیونسٹوں کے خلاف سخت اقدام کی تجویز

حکومت کو تحقیق و تفتیش سے معلوم ہوا ہے کہ اگر فوری اقدام نہ کیا گیا تو اس امر کا اندیشہ ہے کہ اجتماعی لوٹ مار اور افسری ... ہو جائے گی جس کا مقصد موجودہ حکومت کا تختہ الٹنا ہوگا۔

ایک جاپانی مجرم کو چالیس سال کی سزا

چار امریکنوں کو ہلاک کرنے کا الزام !!

ٹوکیو ۴ ستمبر۔ ایک جاپانی ملاح یوشیو کو ہو کو ہاما کے امریکن فوجی کمیشن نے چار امریکی جنگی قیدیوں کو سخت بے رحمی سے ایذا پہنچا کر ہلاک کرنے کے جرم میں چالیس سال کی قید با مشقت کی سزا دی گئی ہے یہ سزا دوران مقدمہ سے شمار کی جائے گی۔

مسلمان ہند یونین کے وفادار شہری بن کر رہیں

سورت میں مسٹر عبد القیوم انصاری کی تقریر

لاہور یکم ستمبر۔ ضلع شاہ پور کے صدر مقام سرگودھا سے جو اطلاعات کل لاہور پہنچی ہیں ان سے پایا جاتا ہے کہ شاہ پور، بھلوال اور خوشاب کی تحصیلیں مکمل طور پر سیلاب زدہ ہو چکی ہیں اس ضلع میں جن مکانوں کو نقصان پہنچا ہے ان کا شمار [illegible] ہزار سے زیادہ ہے ۔۔۔ ایکڑ سے زیادہ علاقہ زیر آب ہے اس میں سے ایک لاکھ ایکڑ زمین ایسی بھی ہے جس میں ربیع کی فصل کاشت ہونیوالی تھی چارہ کی فصل کو بے اندازہ نقصان پہونچا ہے خیال کیا جاتا ہے کہ ایک لاکھ من چارہ ضائع ہو چکا ہے سارے ضلع میں اس جانیں ضائع ہوئی ہیں۔ سیلاب کا زور رفتہ رفتہ کم ہو رہا ہے اور حکام اپنی کوششوں کو امدادی تدابیر پر مرکوز کر رہے ہیں۔ حکومت کی خواہش یہ ہے کہ جن لوگوں کو نقصان پہنچا ہے انہیں اس قابل بنا دیا جائے کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں چنانچہ تقاوی عمارتی سامان کے لئے روپیہ اور چارہ کی بہم رسانی کے انتظامات ہو رہے ہیں۔ حکام ضلع کے ہر گاؤں کے نقصان کا اندازہ لگا رہے ہیں مفصل رپورٹیں بہت جلد تیار ہو جائیں گی افسران کی رپورٹ یہ ہے کہ کماد کی فصل کو نسبتاً بہت کم نقصان پہنچا ہے۔

ملایا میں فوج اور پولیس نے ۲۰۰ مشتبہ آدمیوں کو گرفتار کر لیا

پنانگ کے محفوظ جزیرہ میں بھی دہشت پسندی کا آغاز

کوالالمپور۔ ۳ ستمبر ملایا فیڈریشن کے طول و عرض میں گوریلوں کے خلاف پولیس اور فوج کے مشترکہ حملے اور کارروائیوں کے باعث ۲۰۰ مشتبہ لوگ گرفتار ہوئے۔ ۴۰ چینی ہارسنگ نامی گاؤں سے گرفتار کئے گئے ان پر تانگ پولیس اسٹیشن پر حملہ کرنے کا الزام ہے جس میں سٹر میں پہرہ دار ہے کہ وہ یہاں کی ٹین کی کان کے منیجر تھے کے قریب کے علاقہ میں ایک چینی گولی لگنے سے مارا گیا اور ایک گرفتار کر لئے گئے۔ ان میں سے ایک مشہور دہشت پسند بیان کیا جاتا ہے۔ پولیس اور فوج نے کل ۱۸۰ افسروں کے علاوہ میں ۱۸۰ اشخاص کو تحقیقات کے لئے گرفتار کر لیا۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹے میں قتل کے دوسرے واقعہ کی اطلاع جزیرہ پنانگ سے ملی ہے۔

چینی ڈاکٹر کا لرزہ خیز قتل

ایک معصوم چند دن کے صدر مقام سے دس میل کے فاصلہ پر ایک چینی مسافر ساں بین ایک کو ایک ریسٹوران میں گولی مار کر ہلاک کر دیا ایک چینی ڈاکٹر کی لاش پنانگ کے جزیرہ سے ملی ہے اس کا نام ہونگ چانگ کیک ہے یہ فیڈرل لیجسلیٹو کونسل کے انتخاب شدہ ممبر تھے۔ پنانگ میں قتل کی پہلی واردات تھی۔

[illegible]

ہٹلر کی محبوبہ کی ڈائری

برلن ۔ ۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ہٹلر کی محبوبہ ایوا براؤن کی ڈائری ایک انگریزی رسالہ "دی اینڈ" جلد ہی شائع کرنیوالا ہے۔ یہ ڈائری جرمن زبان میں شائع ہو چکی ہے۔

مدراس کابینہ میں نازک صورت حال

ایک ناخوشگوار واقعہ کا نتیجہ

مدراس۔ ۳ ستمبر۔ مدراس کابینہ میں ایک ناخوشگوار واقعہ کی وجہ سے صورت حال نازک ہو گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب گورنر جنرل مدراس پہونچنے والے تھے تو وزرا وغیرہ ان کے استقبال کو گئے تھے۔ استقبال کرنے والوں میں تامل ناڈ کانگریس کے صدر مسٹر کامراج بھی تھے لیکن چونکہ ان کا نام گورنر جنرل سے تعارف کرنے والوں میں نہیں تھا اس سے ایک پولیس آفیسر نے ان کو پہلی صف میں نہیں بیٹھنے دیا۔ اس کے بعد جب گورنر جنرل کے لئے ہار آیا اس وقت بھی پولیس افسر نے اجازت نہیں دی۔ ساحل پر کانگریس صدر اور دوسرے ممبران اکٹھے ہوئے تھے۔ اور کانگریس کی فوراً میٹنگ طلب کی گئی۔ اور وزیر اعظم سے اس ناخوشگوار واقعہ پر جواب طلب کیا گیا۔ لیکن وزیر اعظم کوئی مطمئن کن جواب نہیں دے سکے اس میٹنگ میں اس واقعہ کی مذمت کی اور ایک تجویز پاس ہوگئی اب اس کو عام اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔

حکومت مغربی پنجاب نے پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت آئندہ پاکستان اسلام لیگ شیر وز پور روڈ لاہور کی طرف سے یا اس کے کسی ممبر کی طرف سے کوئی خط مضمون یا کوئی اور مسودہ چھاپنا یا بانٹنا غیر قانونی قرار دے دیا ہے۔ اس امتناعی حکم کے بعد لاہور میں سی آئی ڈی نے بائیس آدمیوں کی خانہ تلاشی کی تھی جن کے متعلق یہ خیال تھا کہ وہ آئندہ پاکستان اسلام لیگ کے سرگرم رکن ہیں تلاشیوں سے بہت سا ممنوعہ لٹریچر برآمد ہوا تھا۔

چیتے نے چار دیہاتی گھائل کر دیئے

مدراس ۳ ستمبر۔ مدراس کی ایک بستی کے چار دیہاتی ہسپتال میں داخل کئے گئے ہیں۔ انہیں ایک چیتے نے بری طرح گھائل کر دیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کل بھی ایک بستی میں ایک چیتے کو دیکھا۔ یہ چار دیہاتی اکٹھے ہو گئے۔ ایک کے پاس بندوق تھی۔ اس نے گولی چلائی۔ جس پر چیتا اشتعال کر حملہ آور ہوا۔ پڑا اسے دوسرے دیہاتیوں کو بری طرح گھائل کر کے بھاگ نکلا پچھلے دو ہفتہ میں اس کے ارد گرد اس قسم کی وارداتیں کی اطلاعیں موصول ہوئی ہیں۔

مسٹر دیوداس گاندھی کو بطور گواہ پیش کیا جائے

اسپیشل عدالت میں گوڈسے کے وکیل مسٹر اوک کی درخواست

لال قلعہ دہلی۔ ۳ ستمبر۔ آج مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ میں نتھو رام گوڈسے کے وکیل مسٹر اوک نے عدالت میں ایک درخواست پیش کی۔ جس میں اپیل کی گئی کہ مسٹر دیوداس گاندھی کو گواہ کی حیثیت سے طلب کیا جائے۔ [illegible] جنہیں یہ خیالی کا نوٹس ملا۔ استغاثہ کی طرف سے یہ ثابت کرنے کے لئے پیش نہیں ہو جاتے کہ انہوں نے پولیس کو بیکار تو دیا ہے مسٹر اوک نے عدالت سے یہ بھی درخواست کی کہ وہ استغاثہ سے دریافت کرے کہ آیا وہ مسٹر دیوداس گاندھی کو گواہ کے طور پر پیش کرنے کا ارادہ رکھتا ہے یا نہیں اگر نہیں تو ان کو گواہ کے طور پر پیش کرے۔ ورنہ خالی کارتوس کی کہانی تسلیم نہ کی جائے۔ درخواست میں مزید کہا گیا کہ سردار گوربچن سنگھ جی نے خالی کارتوس پیش کیا ہے اس کا بیان [illegible]

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

اردو کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر ۔۔۔۔۔۔۔۔ سید انیس الرحمٰن

قیمت سالانہ چھ روپے

فی پرچہ آٹھ آنے

نمونہ کیلئے ۸ آنے کے ٹکٹ

منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

نماز سیکھنے کا سب سے آسان قاعدہ

[illegible] حضرت محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے ۔۔ اس قاعدہ سے بہت آسانی کے ساتھ ان پڑھ آدمی بھی تمام نمازوں کے قاعدہ ۔۔۔ قیمت ۔۔ [illegible] دہلی

اذن عمل

از محمد حسین ندیم مراد آبادی

میری جان وفا دے اذن میدان عمل مجھ کو
محبت تیری اک بارگراں ہے آج کل مجھ کو

میں شاعر ہوں وطن کے نام کچھ پیغام دینے دے
گھٹا جاتا ہے دم تازہ فضا میں سانس لینے دے

مجھے دہرانے دے افسانہ خاقان اکبر کو
ابھی گذرا نہیں ایسا زمانہ رامچندر کو

مجھے یہ پوچھ لینے دے وطن کے رہنے والوں سے
یہی امید تھی کیا اس چمن کے رہنے والوں سے

یہی رسم و رواج ملک و ملت تھا بجا کہنا
یہی انسانیت کا دور تھا پہلے بھی کیا کہنا

ملا جو جس جگہ لوٹا کھسوٹا اور مارا ہے
اسی کا نام ملت ہے یہی کیا بھائی چارا ہے

سمجھ رکھنا اگر آپس میں نشتر بن کے کھٹکو گے
زمانہ بھیک بھی تم کو نہ دے گا سر کو پٹکو گے

تم اپنی زندگی میں لطف آزادی نہ دیکھو گے
کہ صدیوں تک وطن کی خانہ آبادی نہ دیکھو گے

بھلا دو تلخیاں دور جہالت کو بدل ڈالو
وطن کی خستہ و غمناک حالت کو بدل ڈالو

کرو وہ کام کہ ہندوستان کا بول بالا ہو
بلند اقبال ہو قومی نشاں کا بول بالا ہو

قایم شدہ ۱۹۲۴ء

پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ دہلی

ٹیلیفون ۵۰۷۱ — تار کا پتہ کلوریم دہلی

کی تیار کردہ

سینکڑوں شہرہ آفاق ادویات میں سے چند مجرب المجرب ادویات جو اپنی غیر فانی شہرت کے لحاظ سے ہندوستان و ممالک غیر سے خراج تحسین حاصل کر رہی ہیں آپ پر واضح ہو کہ کمپنی ہذا صرف انہی دواؤں میں شہرت رکھتی ہے جو خبر بہترین ہیں [illegible]

پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ — آنکھوں کی تمام بیماریوں کو شفا دینے کے لئے اکسیر اعظم ۔۔۔ کے لاعلاج مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ خالص ہندوستانی جڑی بوٹیوں اور بہت قیمتی ادویات کا مرکب ہے قیمتیں: پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ اسپیشل پوٹینسی بارہ روپے بارہ آنے نارمل پوٹینسی بڑی پانچ روپیہ چار آنہ چھوٹی شیشی دو روپے بارہ آنے۔

مفصل معلومات کے لئے پرل کلوریم کا تذکرہ مفت طلب کریں

پرل کمپونڈ ٹانک پلز رجسٹرڈ — انسانی تمام پوشیدہ کمزوریوں کا خاتمہ کر کے از سر نو جوانی بحال کرنے کے لئے ۔۔۔ قیمت بڑی شیشی چھ روپے آٹھ آنے چھوٹی شیشی ۔۔۔

پرل کمپونڈ ۔۔۔ رجسٹرڈ — ۔۔۔ قیمت مکمل کورس دس روپے نمونہ کی شیشی تین روپے

پرل کمپونڈ بواسیری رجسٹرڈ — بواسیر خونی ہو یا بادی جڑ سے اکھیڑ دیتی ہے ۔۔۔ قیمت مکمل کورس پانچ روپیہ۔ نمونہ صرف ایک روپیہ

پرل کمپونڈ ۔۔۔ رجسٹرڈ — کانوں کے تمام امراض اور بہرہ پن کے لئے تریاق ہے ۔۔۔ قیمت فی شیشی ۔۔۔

پرل کمپونڈ ۔۔۔ رجسٹرڈ — مردانہ ۔۔۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے

پرل کمپونڈ لیکوریا رجسٹرڈ — عورتوں کو لیکوریا سیلان الرحم کو دور کرنے کے لئے دنیا میں اس سے بہتر اور کوئی دوا نہیں ۔۔۔ قیمت مکمل کورس پچیس روپے نمونہ دس روپے

پرل کمپونڈ منظور رجسٹرڈ — عورتوں کا حیض ماہواری خون ۔۔۔ قیمت مکمل کورس ۔۔۔

(نوٹ) ہر چہ ترکیب استعمال ہر دوا کے ہمراہ ہوگا۔ محصول ڈاک و خرچ پیکنگ علاوہ۔

مریضان چشم و دیگر امراض حکیم حاذق ڈاکٹر ۔۔۔ صاحب مالک پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ کے ۔۔۔ فہرست ادویات مفت طلب کریں

اپنے شہر کے ڈاکٹری دوا فروشوں سے طلب کریں یا براہ راست ہیڈ آفس سے منگوائیں

منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ کارونیشن بلڈنگ L-L-۸ تھبوری چاندنی چوک دہلی

افغانستان کے لوگ صرف تجارت کیلئے ہندوستان آتے ہیں

افغانی قونصل جنرل متعینہ بمبئی کا بیان

بمبئی یکم ستمبر۔ دولت افغانستان کے قونصل جنرل متعینہ بمبئی نے بنارس کی ان اطلاعات پر تنقید کی ہے جو اخبارات میں چھپ چکی ہے اور جس میں کہا گیا ہے کہ افغانی رعایا کے بعض افراد کی سرگرمیاں ملکی مصلحتوں کے خلاف ہیں۔ قونصل صاحب کا بیان ہے کہ یہ افغان ہندوستان محض تجارت کی غرض سے آتے ہیں۔ انہوں نے کسی سیاسی تحریک میں حصہ نہیں لیا اور کسی سیاسی جماعت میں شامل نہیں ہوئے۔ انہوں نے خود را ذاتی ۔۔۔ ہندوستان کے تعلق رکھنے والے کسی سیاسی مسئلہ پر کچھ بحث نہیں کی ۔۔۔ ہندوستان کا سفر کرتے ہیں اور اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں کہ دونوں ملکوں یعنی افغانستان اور ہندوستان کے درمیان دوستانہ تعلقات قائم رہیں اور اس میں دونوں ملکوں افغانستان اور ہندوستان کا بھلا اسی میں ہے کہ ان کے درمیان مضبوط دوستی استوار ہو۔

فرانس میں مسٹر شومان کابینہ بنا رہے ہیں

سوشلسٹ وزارت میں شامل نہیں ہوں گے

پیرس ۳ ستمبر۔ مسٹر شومان نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کے بعد کل رات اس کا اعلان کر دیا کہ وہ بغیر سوشلسٹ لیڈروں کے کابینہ بنائیں گے۔ سوشلسٹوں نے مسٹر شومان سے تعاون کرنے سے انکار کیا ہے کیونکہ وہ سوشلسٹوں کی تنخواہوں میں اضافہ کے پروگرام سے متفق نہیں ۔۔۔ اشتعمال کے مزدوروں نے ۴۸ گھنٹہ کی ہڑتال کر دی ۔۔۔ پیرس کا بازار ۔۔۔ کل شام ۔۔۔ گذشتہ ۲۴ گھنٹے میں شمالی فرانس کے ۲۰ ہزار مزدوروں نے ۔۔۔ ہڑتال کی ہے۔

تسلیم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ جس شخص کو کا ۔۔۔ وہ خود موجود ہے۔

مسٹر ۔۔۔ نے درخواست کی ضمانت کرتے ہوئے کہا کہ عدالت استغاثہ کو مجبور نہیں کر سکتی کہ وہ کسی خاص شخص کو پیش کرے لیکن عدالت اس بات کی مجاز ہے ۔۔۔ عدالت نے اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔

ہند پارلیمنٹ کا نیا ڈپٹی اسپیکر

نئی دہلی ۔ ۳ ستمبر کل صبح ہند پارلیمنٹ کے اجلاس میں مسٹر اننتا سیانم آئنگر ہند پارلیمنٹ کے ڈپٹی اسپیکر منتخب ہو

ان کا نام مسٹر ۔۔۔ نے تجویز کیا اور تائید مسٹر ۔۔۔ نے کی۔

مسٹر ۔۔۔ کے وزیر بننے کے بعد مسٹر آئنگر ہند پارلیمنٹ میں کانگریس پارٹی کے سکریٹری ۔۔۔ منتخب ہونے کے بعد اسپیکر اور ہاؤس کے لیڈر ۔۔۔ نے مسٹر آئنگر کو مبارکباد پیش کی۔

گاندھی میموریل فنڈ

نئی دہلی ۳ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ اس وقت تک گاندھی میموریل فنڈ کے لئے کل ایک کروڑ روپیہ فراہم ہو چکا ہے چندہ چیک دینے والوں نے فنڈ میں ۔۔ کروڑ روپیہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔

دی مغل لائن لمیٹڈ

ہندوستان کی سب سے پرانی جہازراں کمپنی

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کیلئے امسال ایک جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اکبر ۴۰۴۳ ٹن

۲ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

بمبئی تا جدہ و اپسی

درجہ اول ۔ ۱۰۷۵/- روپے

عرشہ ۳۰۵/۸ روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دی جائے گی۔ ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس، جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۰ روپے آٹھ آنے ہوتی ہے زائرین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تا وقتیکہ جہاز میں انکی جگہ کا اندراج نہ ہو جائے، اور کمپنی کیطرف سے انکو بمبئی پہنچنے کی ہدایت نہ دیدی جائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دی جا چکی ہے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

وزیر اعظم بہار کو گرفتار کرنے کا منصوبہ

جگدیپ نرائین اسسٹنٹ سب انسپکٹر کا عدالت میں بیان

پٹنہ ۴ ستمبر۔ بہار پولیس کے سپاہیوں نے حکومت کے خلاف بغاوت کر دی تھی ان باغی سپاہیوں پر مقدمہ چل رہا ہے ایک سب انسپکٹر جگدیپ نرائین نے عدالت میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ باغیوں کے لیڈر رما نند ترداری نے یہ اسکیم بنائی تھی کہ وزیر اعظم بہار کو گرفتار کر لیا جائے گا ... ترداری ایک ٹرک میں گرام خانہ میں آیا اور سپاہیوں کو ہڑتال کرنے کے لئے آمادہ کرتے ہوئے کہا کہ تم ہڑتال کر دو میں وزیر اعظم کو گرفتار کرنے جا رہا ہوں ... اب اس کی حالت تشویشناک ہو گئی ہے۔

ظفر اللہ خاں بین الاقوامی عدالت میں

پاکستان ایک خیر سگالی مشن انڈونیشیا بھیج رہا ہے

ڈاکٹر بنبش کا انتقال ہوگیا

برلن کے فوجی گورنروں کی اہم ملاقات

روسی حلقوں کو کامیابی کی اُمید

برلن ۴ ستمبر۔ برلن کے چاروں فوجی گورنر کل شام کو چوتھی مرتبہ ملے۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ شاید یہ آخری ملاقات ہوگی۔ لیکن برطانوی اور سیاسی حلقوں کا یہ گمان نہیں بلکہ وہ سمجھتے ہیں کہ مزید ملاقاتوں کا امکان ہے۔ برلن کے روسی حلقوں کا خیال ہے کہ یہ گفت و شنید کامیاب رہے گی۔ ماسکو میں امریکی اور برطانوی نمائندوں نے چاروں فوجی گورنروں کی ملاقات کی رپورٹ پر غور کیا۔

ستیہ گرہ کے سلسلے میں مزید ۶۵ شرنارتھی گرفتار کر لئے گئے

دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی شرنارتھیوں کو تنبیہ

دہلی ۴ ستمبر۔ شرنارتھی ستیہ گرہیوں کے مظاہرہ اور ہڑتال آج بھی جاری رہی۔ ستیہ گرہ کے سلسلہ میں گذشتہ ...

پنچایتی ناکام کوشش

... دکانوں کے لئے پرمٹ بھی دیئے جائیں گے۔ بعض فسادی ان میں جھوٹی پیپلاز رہے ہیں اور ان کو اپنے مقصد کے لئے استعمال کر رہے ہیں پناہ گزینوں کو ان کے فائدہ کے لئے تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ فوراً اپنے آپ کو ایسے گروہ سے الگ کر لیں ... احکام کی خلاف ورزی کریں گے۔ ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

... کے ایک تجویز کے مطابق رضاکاروں کی بھرتی زور شور سے جاری ہے۔ کل شہر میں پناہ گزینوں اور دوسری مختلف انجمنوں کی طرف سے اجتماعی جلسے کئے گئے۔ موری گیٹ کے ایک جلسہ میں دہلی ہیڈ پنچایت کی سخت مذمت کی۔ سبزی منڈی میں بھی ایک جلسہ میں ... رپورٹ لیوشن ...

کشمیر کا ذیلی کمیشن بارہ مولا کے محاذ پر

سری نگر ۴ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ آج کشمیر کا ذیلی کمیشن بارہ مولا کے محاذ کا معائنہ کریگا۔ ذیلی کمیشن نے وزیر مال ... سے ... کے متعلق گفتگو کی۔ اعلان کردہ زرعی اور زمینی اصلاحات بتائی گئیں جو ریاستی حکومت نے جاری کی ہیں۔ کمیشن نے تجارتی معاملات پر بھی گفتگو کی۔

لکھنؤ بنچ آف ہائی کورٹ کے ممبروں کی حیثیت سے لکھنؤ میں باری باری ... کورٹ کے چیف جسٹس کی یہ تجویز منظور کرلی ہے کہ وہ ...

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

۱۔ اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
۲۔ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی رحمۃ اللہ مع توضیحی عبارات
۳۔ حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
۴۔ تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
۵۔ ہر صورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمٰن صفوری)
۶۔ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
۷۔ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
۸۔ تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
۹۔ جن آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک مقدمہ بھی ہے۔
۱۰۔ خط خوشنما۔ صاف، روشن۔ تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپیہ بارہ آنے مجلد مع کلکتہ کی جلد، روپیہ ۶ آنے۔ معجزہ نما حمائل شریف۔ مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد دس روپے

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

جھنگڑ کے علاقہ میں حملہ آوروں کی پناہ گاہیں تباہ کر دی گئیں

پونچھ کے علاقوں میں ہندوستانی طیاروں کی بمباری

محاذ کشمیر ۔۔۔

نئی دہلی ۴ ستمبر۔ حکومت ہند کی وزارت دفاع کا اعلان مظہر ہے کہ آج جموں و کشمیر کے محاذوں پر کوئی خاص قابل ذکر بات نہیں ہوئی۔ اوڑی کے شمال مغرب میں دشمن نے ہمارے مورچوں پر گولہ باری کی۔ لیکن ہماری توپوں نے دشمن کی بڑی توپوں کو خاموش کر دیا۔ اب پتہ چلا ہے کہ گریز کے محاذ پر ۳۰ اگست کو ہندوستانی فوجوں کا دشمن کی فوجوں سے تصادم ہوا جس میں ۵۰ حملہ آور ہلاک ہوئے۔ ہماری فوجوں نے دشمن کے کئی دستوں کو جو اسکے مشرق اور مغرب میں نقل و حرکت کر رہے تھے کامیابی سے منتشر کر دیا اور دوسرے دن جو دشمن نے ہمارے اگلے مورچوں پر گولہ باری کی۔ ہماری توپوں نے دشمن کی توپوں کو ناکام کر دیا۔

جھنگڑ کے جنوب مغرب میں ہماری فوجوں نے دشمن کے خفیہ فوجی ٹھکانوں کو جہاز پر ... تباہ کر دیا ...

آگرہ شہر اکو سیلاب کا خطرہ

محاذ کشمیر

لداخ کی وادی میں

پاکستانی فوج

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہار شنبہ ۳ ذیقعدہ ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۸ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۹۲ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

پنڈت جواہر لال نہرو کل کشمیر کے متعلق بیان دیں گے

پاکستان کشمیر کمیشن کو اپنا جواب دینے سے گریز کر رہا ہے

پارلیمنٹ کے بیان کے بعد حکومت ہند کا بیان چھاپ دیا جائیگا

... توقع کی جا رہی ہے کہ کشمیر اور حیدرآباد کے متعلق وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کل کوئی بیان دیں گے۔

سیام میں بھی کمیونسٹوں کی سرگرمیاں شروع ہو گئیں

جموں میں بیس بریگیڈ کا قیام

راجپوتانہ میں سیوک سنگھیوں کی سرگرمیاں پھر تیز ہو گئیں

اجمیر کانگریس کے سکریٹری کا بیان

فلپائن میں آتش فشاں پہاڑ پھٹنے سے کئی گاؤں تباہ ہو گئے

پندرہ اشخاص ہلاک پچاس ہزار خاندان برباد

برطانوی دولت مشترکہ سے آئر کی حکومت کا قطع تعلق

ڈیل کے اجلاس میں علیحدگی کا بل پیش کیا جائے گا

ملایا کی بغاوت کو دبانے کیلئے برطانوی فوج بھیجدی گئی

ناجائز اسلحہ رکھنے کی سزا پھانسی

بیت المقدس کے ریڈ کراس کے علاقے سے یہودی اور عرب فوجوں کا انخلا

اوڑی کے محاذ پر انگریز افسر پاکستان کی طرف سے لڑ رہے ہیں

کشمیر پر قبضہ کرنے کے لئے پاکستان کی زبردست جد و جہد

ایک جنگی قیدی کے ذریعے سنسنی خیز انکشافات

برما کی صورت حال زیادہ سے زیادہ نازک ہو گئی

برطانوی لوگوں کی حفاظت کیلئے برطانوی فوج بھیجی جا رہی ہے

سنگاپور ۷ ستمبر: سنگاپور میں غیر سرکاری طور پر کہا جا رہا ہے کہ اگر برما کی حالت زیادہ خراب ہو گئی تو برطانوی لوگوں اور برطانوی مفاد کی حفاظت کے لئے رنگون برطانوی فوج ارسال کر دی جائے گی۔ برما سے ڈھائی ہزار برطانوی لوگوں کے انخلاء کی اسکیم مکمل کی جا چکی ہے۔ یہ اعلان کیا گیا ہے کہ برطانیہ کے بحر الکاہل کے بیڑہ کا ایک جہاز لندن نامی سنگاپور وقت سے پہلے ہی پہنچ چکا ہے کیونکہ ملایا اور برما میں سخت گڑبڑ ہو رہی ہے۔ برما سے جو اطلاعات رنگون پہنچ رہی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کی ... وقت جبار نباوتوں کی پھوٹ نکلنے کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے اور یہ بھی مشکوک ہے کہ وزیر اعظم تھاکن نو کو ان نباوتوں کے فرو کرنے میں عوام کی تائید حاصل ہو گی کیونکہ ... کے فوائد نے برما کے دوسرے اہم بندرگاہ مولمین پر قابض ہو گئے ہیں اور رنگون کے مشرق میں ... کے ریلوے اسٹیشن پر بھی انہوں نے قبضہ کر لیا ہے ...

اخبار فروش ایجنٹ گرفتار کئے جا سکتے ہیں

دہلی ۷ ستمبر: معلوم ہوا ہے۔ پریس افسر کی طرف سے پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ ایسے اخبار فروش گرفتار کر لیا جائے جو اخبار فروخت کرتے وقت قابل اعتراض اور اشتعال انگیز آوازیں لگائے۔

بیان کیا جاتا ہے۔ بعض اخبار فروخت کرنے والے ایجنٹ ابھی تک قابل اعتراض آوازیں لگاتے ہیں اور اس اشتعال انگیزی کو روکنے کے لئے پریس افسر نے یہ قدم اٹھایا ہے۔

ہندی فوج نے حملہ کر دیا

حکومت حیدرآباد کا کمیونک

۷ ستمبر کو قیدیوں کا تبادلہ

نہانے اور کپڑا دھونے کے خالص اور بہترین صابون کا کارخانہ جاری ہو گیا ہے تھوک مال کے لئے (مولانا) نورالدین بہاری فیاض گنج باڑہ ہندو راؤ دہلی سے خط و کتابت کریں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
ستمبر ۱۹۴۸ء

اچھی باتیں!

ولا تطع من اغفلنا قلبہ عن ذکرنا واتبع ہواہ وکان امرہ فرطا (پ ۱۵ ع ۱۶)
ان لوگوں کے پیچھے نہ لگو جن کے دلوں پر ہمارے ذکر سے غفلت طاری ہو گئی اور جنہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی شروع کر دی اور ان کے کاموں میں کوئی اعتدال باقی نہ رہا

خدا فراموشی تمام گناہوں کی جڑ ہے، جو لوگ خدا سے غافل ہو چکے ہیں انکے پیچھے پڑنا اور ان کی پیروی پر فخر کرنا ہلاکت اور بربادی کی نشانی ہے۔ جو لوگ خدا سے بے نیاز ہو چکے ہیں ہمیں بھی ان سے بے نیاز ہو جانا چاہیئے اگر ہم ان کی پیروی کریں گے تو بجز گمراہی کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

اسلام چاہتا ہے کہ مسلمان ارشاد الٰہی پر اپنی ہر خواہش کو قربان کر دیں جو شخص اپنی خواہش کو معبود بناتا اور اسکی پیروی کرتا ہے وہ نفس پر کبھی کنٹرول نہیں کر سکتا خواہش کا بندہ ہمیشہ اپنی خود غرضی مطلب پرست اور ظالم ہوگا اور اپنے وجود سے ہمیشہ سوسائٹی کو نقصان پہونچائے گا۔ پس ہر شخص کو چاہیئے کہ خدا کے تصور کو تازہ رکھے اور خواہشات سے بچکر اصول کی پیروی کرے تاکہ نظام کی پیروی سے قومی سیرت کو پختگی اور اجتماعی ہیئت کو تقویت پہونچے اور ہمارے وجود سے دنیا فائدہ اٹھائے۔

احوال و کوائف

ہیں، خود پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے اپنے صوبہ کی ایک مثال پیش کرتے ہوئے کہا کہ چاول کے ایک بڑے تاجر کے خلاف رپورٹ کی گئی مگر وہ صاف بچ گیا اور ایک دوسرے شخص کو چند دیا سلائیاں زیادہ قیمت پر فروخت کرنے کے جرم میں گرفتار کر لیا گیا! گرفتار ان لوگوں کو کیا جاتا ہے جو حکام کا منہ نہیں بھر سکتے اور جو بھر سکتے ہیں ان کے لئے کوئی آنچ نہیں، چور بازاری کو موت کی سزا دو، رشوت خور حکام کو گولی سے اڑا دو اور چشم پوشی کرنے والے سی آئی ڈی کو پھانسی پر چڑھا دو مشکل کسی نہ کسی حد تک حل ہو ہی جائیگی۔

سر ظفر اللہ خاں

یہ اطلاع حیرت انگیز ہے کہ پاکستان کے جنرل گورنر نے سر ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ حکومت پاکستان کو بین الاقوامی عدالت کی ججی کے لئے امیدوار منتخب کیا ہے، ہیگ کی بین الاقوامی عدالت میں ججی کی پانچ نشستیں خالی ہوئی ہیں، اگر سر موصوف کامیاب ہو گئے تو آپ اس کرسی پر رونق افروز ہونگے اور فیڈرل کورٹ کی روایات تازہ کر کے دکھائینگے پاکستان سے اختلافات کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ بین الاقوامی سیاست میں سر ظفر اللہ خاں کا ایک خاص مرتبہ ہے اور پاکستان میں انکا کوئی ثانی نہیں ہے، اگر آپ نے ہیگ کی بین الاقوامی عدالت کو اپنی خدمات سپرد کر دیں تو خطرہ ہے کہ کہیں پاکستان کی سیاست یتیم بن کر نہ رہ جائے۔

ڈان کا داخلہ

حکومت ہند نے پاکستان کے متعدد اخبارات کے داخلہ پر پابندی لگا دی اب روزنامہ ڈان کا داخلہ بھی ممنوع قرار دیدیا، جہاں تک ڈان کی پالیسی کا تعلق ہے ظاہر ہے کہ وہ مصالحانہ نہیں ہے اور ایک اخبار کیا پاکستان کے اکثر اخبارات کا یہی حال ہے کہ بے پرکی اڑانے اور رائی کا پہاڑ اور پہاڑ کی رائی بنانے ...

سوال اور جواب

ہند پارلیمنٹ میں سردار پٹیل نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا ...

چور بازاری

پتہ کی بات

جنوبی افریقہ

سیاست امروز

ملایا کی بغاوت

سونے کی خرید

نئے جال اور پرانے شکاری

جنگلات کے تحفظ کے بغیر زراعتی اور صنعتی ترقی کی مسدود ہو جانیکا احتمال
نئے حالات میں سابقہ غیر مربوط پالیسی کو بدلنے کی ضرورت

گذشتہ سے پیوستہ

سابقہ پالیسی جس کا اعلان نصف صدی پہلے کیا گیا تھا اب نا قابل العمل ہو چکی ہے کیونکہ اس عرصہ کے دوران میں نہایت اہم آئینی، سیاسی اور اقتصادی تبدیلیاں رونما ہو چکی ہیں، ملک کی تقسیم کا ملک کی اقتصادیات پر بھی اثر انداز ہونا لازمی ہے۔ اور اس لئے آئندہ پالیسی ...

اور سیلابوں کی ریت کا تالابوں میں جم جانا نباتات کی کم موجودگی کی وجہ سے دریاؤں کا تحفظ۔
(۲) زراعت اور جنگلات کی ترقی پہلو بہ پہلو لیکن زراعت کے لئے جنگلات کی زمین کا استعمال اور نتیجہ اراضیات کا گھٹا دینا بعض کیا لکڑی اور چارہ کی قلت ...

زائرین حرم کی فوری توجہ کے لئے

ایڈیٹر کے نام خط

مویشیوں کی چرائی اور چارہ

تجربہ زار بنانا

دریائے گنگا اور جمنا کے سیلاب نے آج تک کا ریکارڈ توڑ دیا

اس وقت یوپی کے ایک درجن دریاؤں میں باڑھ آئی ہوئی ہے
بنارس کے شہر میں پانی داخل ہونے لگا فصلوں کو سخت نقصان

لکھنؤ ۷ ستمبر۔ یوپی میں ایک درجن سے زیادہ دریاؤں میں سیلاب آگیا ہے اور سینکڑوں میل کا زرخیز علاقہ پانی میں ڈوب گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ سیلاب موجودہ انسانی یادداشت میں سب سے بڑا ہے۔ ... لکھنؤ میں یوپی میں مسلسل اور سخت بارش ہوئی ... تیار نہیں تھے۔

اندازہ ہے کہ تقریباً ... نقصان ہوا ہے۔ البتہ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے ... کشتیوں کا انتظام کر لیا ہے۔

جب احتیاطی تدابیر کے متعلق سوال کیا گیا تو معلوم ہوا کہ حکام تیاریوں میں مصروف ہیں اور کشتیاں بھیجنے کا پروگرام ...

متھرا کو سیلاب سے خطرہ نہیں ہے

نئی دہلی ۷ ستمبر۔ بعض اخبارات میں خبر چھپی ہے کہ دریائے جمنا کے سیلاب سے متھرا کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ متھرا کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مسٹر ... نے کل بتایا کہ اس وقت تک متھرا ضلع کو کوئی خطرہ نہیں ہے اور شہر کو کوئی اندیشہ نہیں ہے۔ البتہ کھادر کے علاقوں کو سخت بارش کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے ... مال کا کوئی نقصان نہیں ہوا ...

ایک سرکاری بیان کے مطابق یوپی کے کسی سیلاب زدہ علاقے سے جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ سیلاب زدہ علاقوں ...

دہلی کے شرنارتھی دوکانداروں کا مسئلہ
مہاراجہ پٹیالہ بیچ بچاؤ کرائیں گے

نئی دہلی ۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ پٹیالہ نے شرنارتھی تاجروں کی شکایتیں رفع کرانے کے لئے اپنی خدمات پیش کر دی ہیں ... اسمبلی میں ایک سوال کے جواب میں سردار پٹیل نے واقعات کی تفصیل بیان کی ...

بنارس میں سیلاب کا پانی

بنارس ۷ ستمبر۔ دریائے گنگا کی سطح آب کے ۲ فٹ بلند ہونے کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے۔ حکام کو اطلاع ملی ہے ...

شرنارتھیوں کے لئے
یوپی میں سینما ہاؤس

الہ آباد ۷ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے صوبہ کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو حکم دیا ہے ... ان سینما ہاؤسوں کو شرنارتھیوں کے لئے حاصل کر لیا جائے ...

یونان کے باغیوں کی امداد
نامعلوم طیارے اسلحہ پھینک گئے

ایتھنز ۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ... نامعلوم ہوائی جہاز یونانی گوریلا سپاہیوں کے لئے اسلحہ پھینک گئے ...

متھرا

... کی آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ جمنا کے سیلاب ... فصلوں کو نقصان پہنچا ہے ...

شمالی یوپی میں شدید بارش

الموڑہ ۶ ستمبر۔ ایک تازہ اطلاع کے مطابق ضلع الموڑہ کے ایک گاؤں میں متواتر بارش کے سبب تین مکانات گر جانے سے ۲ عورتیں، ایک بچہ اور ایک درجن سے زیادہ مویشی دب کر مر گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ ۲۴ اگست سے بھوالی بھیر ہول موٹر روڈ پر متعدد مقامات پر شگاف پڑ جانے سے ہلدوانی سے غذائی اشیاء، چاول اور چینی وغیرہ کی آمد و رفت تاحال بند ہو گیا ہے۔ نینی تال کی ایک خبر میں بتایا گیا ہے کہ وہاں دریائے کوسی میں طغیانی آنے سے فصلوں کو نقصان پہنچا ہے اور کئی جگہ قابل کاشت زمین پانی کی زد میں آگئی ہے۔

برمی باغیوں کا دو شہروں پر قبضہ

رنگون ۶ ستمبر۔ برمی حکومت نے پیرم کے علاقہ میں باغیوں کے خلاف جو کارروائی شروع کی تھی ... باغیوں کے دو شہروں پر قبضہ کر لینے سے اس کی اہمیت کم ہو گئی ... امن ہے۔

تنگ نظری چھوڑ کر گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلو
سوشلسٹ لیڈر کی دو ملکتوں سے پر زور اپیل!

لیکن حق و صداقت پسندوں نے ہر ظلم اور بے انصافی کے خلاف صدا بلند کی خواہ وہ اپنوں سے ہوا ہو یا غیروں سے ... تنگ نظری چھوڑ کر گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلیں ...

خواہ کچھ ہو جائے ہم آزادی کو ہاتھ سے نہ دیں گے
حیدرآباد اسمبلی میں میر لائق علی کی بے بنیاد باتیں

حیدرآباد ۷ ستمبر۔ حیدرآباد کے وزیر اعظم میر لائق علی نے آج حیدرآباد اسمبلی میں ... تقریر کرتے ہوئے ...

لکھنؤ میونسپل بورڈ کا صدر مستعفی

لکھنؤ ۶ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ لکھنؤ میونسپل بورڈ کے صدر مسٹر ... نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے ...

دنیا کے گرد چکر لگانیوالی عورت
دہلی سے الہ آباد کو پرواز

نئی دہلی ۶ ستمبر۔ ایک انگریز لیڈی مسز ... جو ہوائی جہاز کے ذریعہ تمام دنیا کے گرد ایک چکر لگا رہی ہیں ...

بڑودہ جیل کے قیدیوں کی رہائی

بڑودہ ۶ ستمبر۔ ریاست بڑودہ میں اصلاحات کے نفاذ کے وقت ... بعض قیدیوں کو جیل سے خلاصی دی گئی ...

دہلی سے جانے والے زائرین بیت اللہ فوری طور پر توجہ کریں

جو حضرات دہلی سے حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے جا رہے ہیں ... جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں پیش فرمائیں ...

جو حضرات حج کے لئے تشریف لے جا چکے ہیں ان کے دوسرے رشتہ دار جلد از جلد ... کے فارم دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان ... میں پہنچا دیں۔

(انچارج شعبۂ نشر و اشاعت جمعیۃ علماء ہند)

مارشل چیانگ کائی شیک کے سابق دست راست کی پر اسرار موت

ماسکو ۷ ستمبر۔ روسی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ ... مارشل فینگ یو سیانگ جو اپنی بیٹی کے ہمراہ روسی جہاز پر ... ہلاک ہو گئے ...

کوئی سرکاری ملازم کانگریس کی کسی منتخب شدہ کمیٹی کا ممبر نہیں بن سکتا
آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں تنظیمی معاملات پر بحث

نئی دہلی ۵ ستمبر۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس آج صبح ... بجے سردار پٹیل کی جائے رہائش پر ڈاکٹر راجندر پرشاد کی صدارت میں شروع ہوا ... پنڈت نہرو، مولانا آزاد، مسٹر رفیع احمد قدوائی ...

... معلوم ہوا ہے کہ ورکنگ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ کوئی سرکاری ملازم کانگریس کی کسی انتخابی کمیٹی کا ممبر نہیں رہ سکتا ...

مغربی پنجاب کی اقتصادی حالت نازک ہو گئی
مالیات کا کنٹرول مرکزی حکومت نے اپنے ہاتھ میں لے لیا

کراچی ۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی پنجاب میں اقتصادی بحران کے باعث پاکستان کی مرکزی حکومت نے مغربی پنجاب کی مالیات کو خود سنبھال لیا ہے ...

تین چیزیں خریدیئے

(۱) ... (۲) بجلی کا پنکھا ... (۳) یونانی دواخانہ ...

پتہ: مشرقی دواخانہ ...

لائسنس سے ہتھیار رکھنے والوں کو بھی تنبیہ

کانپور ۷ ستمبر۔ حکومت یوپی نے ہتھیار رکھنے والے تمام لائسنس داروں کو تنبیہ کی ہے کہ وہ اپنے ہتھیاروں کو حفاظت سے رکھیں ... سخت بازپرس کی جائے گی اور لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا۔

تیج گڑھ

... خطرناک ... سخت نقصان پہنچا ...

یوپی مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا جلسہ

بدایوں ۶ ستمبر (ڈاک) پراونشل مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی مجلس عاملہ کا ایک جلسہ بتاریخ ... ستمبر بوقت ۲ بجے دن بمقام بدایوں زیر صدارت خان بہادر مولوی سید آل علی صاحب نقوی ایم اے ریٹائرڈ انسپکٹر آف مدارس اسکولس یو۔پی منعقد ہوا۔ لکھنؤ سے سید عبدالواحد صاحب ایم۔ایل۔اے آنریری سکریٹری۔ علی گڑھ سے سید الطاف علی صاحب بی اے بریلوی و سید محمد احسن صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار مسلم یونیورسٹی، بریلی سے مولوی عبدالرؤف صاحب۔ آنولہ سے شیخ رسول احمد صاحب تشریف لائے تھے (۱) روداد جلسہ سابقہ منعقدہ ۲۶ جولائی ۱۹۴۹ء پڑھی گئی اور توثیق کی گئی (۲) ممبران مجلس عاملہ کی خالی جگہوں کے انتخاب کے سلسلہ میں سید الطاف علی صاحب بی۔اے بریلوی ممبر مجلس عاملہ منتخب کئے گئے (۳) کافی غور و بحث کے بعد قرار پایا کہ کانفرنس کا دفتر بدایوں میں بدستور سابق رہے گا (۴) کانفرنس کا سالانہ جلسہ بجنور میں کیا جانا تجویز ہوا اور مشورہ یہ تجویز ہوا کہ سید الطاف علی صاحب مولوی عبدالرؤف صاحب اور مولوی احمد الدین صاحب جوائنٹ سکریٹری بجنور تشریف لے جاکر وہاں کے مقامی ذی اثر صاحبان سے ملکر اپنی رپورٹ بابت انتظامات و کامیابی جلسہ کانفرنس کی مجلس عاملہ میں جو آخر ماہ ستمبر تک منعقد ہو جانا چاہئے پیش کریں کانفرنس کی جانب سے سنٹرل سنی وقف بورڈ کے لئے کثرت آرا سے مولوی احمد الدین صاحب نظامی جوائنٹ سکریٹری اور سید محمد احسن صاحب اسسٹنٹ رجسٹرار مسلم یونیورسٹی ممبر منتخب ہوئے۔

بنارس یونیورسٹی کا کنووکیشن

بنارس ۶ ستمبر۔ ہند کے گورنر جنرل مسٹر راج گوپال اچاریہ کی بابت معلوم ہوا ہے کہ وہ ۲۳ دسمبر کو بنارس ہندو یونیورسٹی کا کنووکیشن ایڈریس دیں گے۔

لکھنؤ کالج کا پرنسپل گرفتار

لکھنؤ ۶ ستمبر۔ ایک مقامی مجسٹریٹ کالج کا پرنسپل اور دوسرے پانچ اشخاص کو راشٹریہ سیوک سنگھ (ایک فرقہ وارانہ جماعت) کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ گرفتار شدہ لوگوں کے مکانات کی تلاشی بھی لی گئی لیکن کوئی خاص چیز برآمد نہیں ہوئی البتہ ایک شخص کے یہاں سے قابل اعتراض لٹریچر پولیس کے ہاتھ لگا۔

مدراس میں جمعیۃ علماء کا قیام

مدراس (بذریعہ ڈاک) تازہ انقلاب کے بعد آزاد مسلم کانفرنس لکھنؤ کے فیصلہ کے مطابق علماء مدراس نے اپنے ایک اجتماع میں جو انڈین یونین میں مسلمانوں کے مستقبل ان کی مذہبی تعلیمی تہذیبی اور اخلاقی نگرانی اور نگہداشت اور ان کی حفاظت و رہنمائی کے مسائل پر غور و خوض کرنے کے لئے ۲۸ اگست ۱۹۴۹ء کو منعقد ہوا تھا جمعیۃ علماء ہند کے استقلال مسلمانوں کے لئے اس کی مسلسل پر خلوص اور بے مثل خدمات اس کے جمہوریت اور خدا شناس قربانیوں کو سراہا اور جمعیۃ علماء صوبہ مدراس قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا اور جمعیۃ مدراس کی اس جمعیۃ کے لئے ذیل کے عہدہ دار ۱۹ اراکین منتخب کئے گئے۔

حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحب مدرس مدرسہ محمدی صدر
مولانا غلام پاشا صاحب بی اے نائب صدر
جناب مولانا نذیر علی خان صاحب قصوری ،،
جناب شاہ محی الدین صاحب بیا بانی بی اے ،،
جناب سید ضیاء الدین صاحب مدرسہ محمد یہ نائب صدر
مولانا عبدالرزاق صاحب قاسمی جنرل سکریٹری
حکیم ڈاکٹر محمد عبدالشکور صاحب اسسٹنٹ ،،
مولانا محمد عبداللہ صاحب
[illegible]
مولانا ... صاحب خازن
[illegible]
مولانا ... صاحب ... شاق
... صاحب ... ایڈمنسٹر
[illegible]

ہندوستان کے دستور اساسی کا ہندی مسودہ
پریس کانفرنس میں ترجمہ کمیٹی کا بیان!

نئی دہلی ۶ ستمبر۔ کل نئی دہلی میں ہند کے مجوزہ دستور کا ہندی کا سرکاری ترجمہ شائع کر دیا گیا ہے یہ ترجمہ جو ۲۹۸ صفحات پر مشتمل ہے صدر کی نامزد کردہ ایک کمیٹی نے تیار کیا ہے اس کمیٹی میں سی پی اسمبلی کے اسپیکر مسٹر جے ایس گپتا، ڈاکٹر رگھو ویرا، پنڈت ہری بھاؤ اوپادھیایا اور ڈاکٹر لکشمن شامل ہیں۔ ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے اس کمیٹی کے صدر مسٹر گپتا نے کہا کہ یہ ترجمہ اس طرح سے بنایا گیا کہ آئندہ ہند کے انگریزی کے دستور اساسی کی جگہ لے سکے۔ انہوں نے کہا ہندی اور ہندوستانی میں جھگڑے کی کوئی وجہ نہیں۔ ہندوستانی صرف بول چال کی زبان ہے اس کی اپنی کوئی گرامر نہیں اور معیاری قسم کی ہندوستانی کا کہیں کوئی وجود نہیں۔

ڈاکٹر رگھو ویرا نے کہا کہ ہندی ترجمہ تیار کرتے وقت انہوں نے شمالی اور جنوبی ہندوستان کی دیگر زبانوں کو نظر انداز نہیں کیا۔ اس کمیٹی نے دستور اساسی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے چند ہزار نئی اصطلاحات بنائی ہیں اور ان کو معیاری قرار دیا ہے ڈاکٹر رگھو ویرا نے کہا کہ ہندوستان بھر کی زبانوں میں مشترک اصطلاحات پیدا کرنے کے لئے اور طریقہ سنسکرت کے الفاظ کے علاوہ یہ کام الیا ہے کمیٹی نے بڑی احتیاط کے ساتھ ہندوستانی مطالبہ پر غور کیا ہے جس میں سنسکرت، فارسی، اور عربی الفاظ بھرے ہوئے ہیں۔

سیاسی اعتبار سے ہم دیکھتے ہیں کہ مشرقی پنجاب کے مشرق یا جنوب میں ہندوستانی کسی صوبہ کی زبان نہیں لیکن سب سے بڑھکر یہ کہ ہم کو ہندی، ملایالم، بنگالی تلگو، گجراتی، اڑیا، مرہٹی، اور آسامی زبان میں زیادہ سے زیادہ مشترک الفاظ تلاش کرنے تھے اور ہندوستانی سے یہ کام نہیں چل سکتا۔ وہ زیادہ سے زیادہ اردو کی مدد کر سکتی ہے اور بس۔

دہلی میں اکتوبر میں جب دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ہوگا تو معلوم ہوا ہے کہ اس وقت ایک قرارداد پیش کی جائے گی جس میں اس بات کی تجویز کی جائے گی۔ کہ انگریزی کے ساتھ دستور اساسی کا یہ ہندی ترجمہ بھی منظور کر لیا جائے دو زبانوں میں دستور اساسی کو منظور کرنے سے دونوں ترجموں کو قانونی حیثیت حاصل ہو جائے گی اور آگے چل کر انگریزی مسودہ کی جگہ ہندی مسودہ کو دی جا سکے گی۔

مدراس اور سوراشٹر میں معمول سے کم بارش ہوئی
بارش اور فصلوں کی صورت حال پر وزارت خوراک کا کمیونک

دہلی ۶ ستمبر۔ وزارت زراعت کا ایک کمیونک مظہر ہے کہ جنوب مشرقی مدراس میں جون کے شروع سے ۵ اگست تک معمول سے کم بارش ہوئی ہے۔ سوراشٹر میں بارش بہت ہی کم ہوئی ہے۔ یعنی جتنی بارش ہونا ہے اس کی تقریباً ۱/۲ ہوئی ہے۔ وسطی ہند میں بھی معمول سے کم بارش ہوئی ہے۔ اس وقت چاول کی کاشت کے لئے کافی بارش کی ضرورت ہے۔ جنوب مشرقی مدراس، مدراس کے ساحل کا بڑا حصہ اور بہار کے علاوہ چاول اگلنے کے علاقوں میں بارش کافی ہوئی ہے گو کہ کرنال ضلع امرتسر (مشرقی پنجاب میں) اور حیدرآباد کے اضلاع پربھنی و بیدر میں بارش کی کثرت سے فصلوں کو کافی نقصان ہوا ہے۔ دہلی میں بارش کی کثرت سے خریف کی فصلوں کو کافی نقصان ہوا ہے۔ ہوشنگ آباد اور سی پی اور بہار کے بعض اضلاع میں بھی فصلوں کو نقصان ہوا ہے جہاں تک بیرونی ممالک کا تعلق ہے پاکستان میں ابھی متعین مشرقی بنگال اور سندھ کے علاوہ ہر جگہ معمول سے زائد بارش ہوئی۔ سندھ میں معمول سے کم اور مشرقی بنگال میں معمول کے مطابق بارش ہوئی۔ لیکن زائد بارش سے بوئی ہوئی فصلوں کو خفیف نقصان پہنچا ہے لیکن دیر میں بوئی ہوئی فصلوں کو فائدہ ہوا ہے۔

سیٹھ ڈالمیا نے بہت کچھ سیکھ لیا

کوکس ۔ ستمبر۔ ہندوستانی سرمایہ دار اور کارخانہ دار سیٹھ رام کرشن ڈالمیا نے جو اخلاقی احیائی اسمبلی میں اس کے بانی ڈاکٹر فرینک بکمین سے ملنے گئے تھے۔ بیان کیا ہے کہ وہ ہندوستان اور مشرقی بعید میں اخلاقی احیاء کا پیغام لے کر جائیں گے۔ سیٹھ جی نے کہا کہ انسانیت کے لئے اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہے سیٹھ نے کہا میں نے اس اسمبلی سے بہت کچھ سیکھ لیا ہے۔

سیٹھ جی نے کہا مجھے یقین ہے کہ اگر دنیا ڈاکٹر بکمین کے اصول پر چلے ... اصول ... آپ ... سیٹھ ڈالمیا جن کے ساتھ ان کی بیوی ...

نوآبادیات میں اتحادی اقوام کا اقتدار بڑھانے کی تجویز
برطانیہ، امریکہ، فرانس وغیرہ سخت مخالفت کریں گے

جنیوا ۶ ستمبر۔ برطانیہ، بلجیم، امریکہ، فرانس، آسٹریلیا، ڈنمارک، ہالینڈ اور نیوزی لینڈ کی بابت کہا جاتا ہے کہ اپنے نوآبادیاتی مقبوضات میں اتحادی اقوام کا اثر بڑھانے کے خلاف وہ مشترکہ کارروائی کریں گے یہ تجویزیں جن کی بابت کل کے اخبارات میں ایک مختصر خبر شائع ہو چکی ہے کل ہندی نمائندہ غیر آزاد علاقوں کی بابت اتحادی اقوام کی کمیٹی میں پیش کر دئے تھے۔

معلوم ہوا ہے کہ برطانوی وفد جس کے صدر برطانوی دفتر نوآبادیات کے اسسٹنٹ سکریٹری مسٹر ... کر رہے ہیں۔ ان تجویزوں کی سختی سے مخالفت کریگا۔ اس کمیٹی میں آٹھ ایسی حکومتوں کے ساتھ جن کے قبضہ میں نوآبادیات ہیں روس، ہند، چین، مصر، ڈومینیکن، کولمبیا، کیوبا اور ... کی حکومتیں بھی شامل ہیں۔ دفتر نوآبادیات کے ایک میمورنڈم میں برطانیہ کا نقطۂ نظر کمیٹی کے جلسہ کے آغاز سے پہلے پیش کیا جا چکا ہے کہ اتحادی اقوام کو جس طرح ایک ممبر ریاست کے داخلی معاملات میں مداخلت کرنے کا حق نہیں۔ اسی طرح وہ ایک نوآبادی کے معاملات میں بھی مداخلت نہیں کر سکتی۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اس موقعہ پر جو کانفرنس ہوگی برطانیہ اس میں ان ترقیوں کا حال بیان کرے گا جو لڑائی کے خاتمہ کے بعد سے نوآبادیاتی علاقوں میں عمل میں آئی ہیں۔

برطانیہ کی طرف سے اتحادی اقوام کے نوآبادیاتی معاملات میں مداخلت کی زبردست مخالفت کی جائے گی۔ البتہ برطانیہ نوآبادیات کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کریگا۔ بلجیم جس کے مقبوضہ علاقے بلجین کانگو کے ساتھ ... کمیٹی میں بلجیم کے نمائندہ ... بھی یہی طریقہ اختیار کریں گے باقی چھ حکومتیں بھی ان تجویزوں کی سخت مخالفت کریں گی۔

خیال ہے کہ ہند کی ان تجویزوں کی روس، چین اور شاید مصر حمایت کرے۔

... دوسرے کوئی ... پہنچ گئے ہیں جہاں سے آپ ورلڈ فیڈرل گورنمنٹ کانگریس میں شرکت ... کے بعد لندن جائیں گے۔

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے
اردو کا واحد سیاسی رسالہ
نئی زندگی
ایڈیٹر ...... سید انیس الرحمن
قیمت سالانہ
چھ روپے
فی پرچہ آٹھ آنے
نمونہ کیلئے ۸ کے ٹکٹ
منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے

مضامین
اور خبریں کاغذ کے صرف ایک طرف نہایت صاف اور خوشخط لکھکر ارسال فرمائیے "الجمعیۃ"

کوٹہ ضلع دیوریا میں جمعیۃ کا قیام

ضلع جمعیۃ علماء دیوریا کا تنظیمی وفد مشتمل جناب مولانا ابوالاخلاق احمد صاحب قاسمی و حافظ عبدالرحیم صاحب ... ۲۶ اگست ۱۹۴۹ء کو موضع کوٹہ ضلع دیوریا پہونچا۔ بعد نماز مغرب شیخ دوست محمد صاحب ... کی صدارت میں عام اجلاس میں ہندو مسلمان دونوں شریک ہوئے مولانا موصوف نے ... اس کے بعد باتفاق رائے جمعیۃ علماء کی کمیٹی کی ... بنائی گئی ... صدر شیخ مفتی میاں۔ ناظم شیخ امیر اللہ صاحب ... نائب ناظم شیخ دوست محمد صاحب ... خزانچی ... ممبران ... [illegible]

چودھری خلیق الزماں لاہور میں

لاہور ۶ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے آرگنائزر چودھری خلیق الزماں کل صبح ساڑھے نو بجے بذریعہ ہوائی جہاز لاہور واپس آجائیں گے۔

اس بات کی توقع کی جا رہی ہے کہ وہ ڈھمیں کا ... فنگمری میں مہاجرین پر گولی برسانے کا علیحدہ واقعہ حکومت مغربی پنجاب کے سامنے پیش کریں گے۔

کشمیر کمیشن کی ملاقات

کراچی ۶ ستمبر۔ کشمیر کمیشن نے آزاد کشمیر حکومت کے نمائندوں سے پہلی بار ملاقات کی جو ۱/۲ ۱ گھنٹہ تک جاری رہی۔ اس جلسہ میں آزاد کشمیر کی طرف سے مسٹر غلام عباس مسٹر ابراہیم شامل ہوئے اس ممبران سے پہلے ممبران کمیشن نے آپس میں صلاح مشورے کئے کل کشمیر کمیشن کے ممبران حکومت پاکستان کے ممبروں سے ملاقات کریں گے۔

احمد آباد ۶ ستمبر۔ سیشن جج نے دو بلوائیوں اور ایک پولیس والے کو تین تین سال کی قید با مشقت کی سزا تجویز کی ہے ان لوگوں پر سکہ ڈھالنے کے جرم میں یہ مقدمہ چلایا جا رہا ہے پولیس نے اس سلسلہ میں چار اشخاص کو گرفتار کیا۔ ایک کو بری کر دیا گیا ہے۔

ہندو مہاسبھا کا سٹڈی سرکل

نئی دہلی ۶ ستمبر۔ آج ہندو مہاسبھا بھون میں ہندو مہاسبھا کا ہفتہ واری سٹڈی سرکل ہوا جس میں ... کے قریب مہاسبھائی ورکروں نے شرکت کی۔ آشوتوش لاہری نے ہندو مہاسبھا کی نئی قرارداد پر روشنی ڈالی جس کا مقصد ہندو مہاسبھا کے دروازے ہر فرقہ پر کھولنا ہے آپ نے بتایا کہ ہندوستان رہنے والے لوگوں کا قومی نام ہندو ہے اور وہ شخص جو ہندوستان کو "ماتری بھومی" سمجھتا ہے۔ اور جو ہندوستان کی سنسکرتی سبھیتا، تاریخ اور قومی بزرگوں کو اپناتا ہے وہ ہندو ہے چاہے اس کا مذہبی عقیدہ کچھ بھی کیوں نہ ہو۔ آپ نے کہا کہ مسلمانوں کو اس ... نیشن میں شامل ہونے کیلئے اسکی سنسکرتی سبھیتا، تاریخ روایات اور زبان کو سویکار کرنا پڑے گا۔

دہلی میں گاندھی جی کا جنم دن

نئی دہلی ۶ ستمبر۔ ۲ اکتوبر کو دہلی میں حسب معمول مہاتما گاندھی کا جنم دن منایا جائے گا۔

اس سلسلہ میں صوبائی کانگریس کمیٹی نے ۲۶ ستمبر سے ۲ اکتوبر تک گاندھی جینتی منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ہفتہ کے دوران میں راج گھاٹ پر خاص پرارتھنا ہوگی اور شہر کے مختلف حصوں میں جلسے کئے جائیں گے۔

امید ہے کہ پنڈت نہرو، مولانا آزاد، ڈاکٹر راجندر پرشاد ان جلسوں میں تقریر کریں گے۔

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی سرگرمیاں

دہلی ۶ ستمبر۔ ۴ ستمبر ۱۹۴۹ء کو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ کا اجلاس ہوا جس میں بہ تجویز ... عید الاضحیٰ کے موقع پر جمعیۃ علماء دہلی کے انتظامات کے لئے مندرجہ ذیل ارکان پر مشتمل ایک سب کمیٹی بنائی گئی اور اس کا داعی مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی کو مقرر کیا گیا۔

اسمائے گرامی ارکان سب کمیٹی

(۱) حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب (۲) حاجی حافظ محمد عثمان صاحب گنگوہی (۳) حافظ محمد نذیر صاحب قریشی (۴) شیخ عبدالحق صاحب پراچہ دہلی (۵) نواب حسین صاحب قریشی (۶) چودھری صدرالدین صاحب (۷) مولوی محمد رفیق صاحب دہلوی داعی۔

مشرقی بنگال میں خوراک کی کمی
مزید گیارہ شہروں میں راشننگ

ڈھاکہ ۶ ستمبر۔ مشرقی بنگال ... خوراک کی کمی ... گیارہ شہروں میں راشننگ ... [illegible]

ٹریڈ یونین لیڈر کا انتباہ

کلکتہ ۶ ستمبر۔ ... ٹریڈ یونین کانگریس کے قائم مقام صدر ... نے کہا کہ ... حکومت کی ... بلکہ ایک سیاسی بحران کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ٹریڈ یونین لیڈر نے ایک پریس کانفرنس میں حکومت پر اینگلو امریکن پالیسی کی تابعداری کرنے کا الزام لگایا اور مطالبہ کیا کہ بیداوار اور تقسیم پر حکومت کا کنٹرول ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو تقسیم اور منافع تقسیم کرنے کی دلیرانہ پالیسی پر عمل کرنا چاہئے اور منافع کم ہونا چاہئے کہ عوام کی حالت اور زیادہ خراب نہیں ہونے دی جائے گی انہوں نے اظہار افسوس کیا کہ حکومت عوام پر بھروسہ کرنے کی بجائے سرمایہ داروں کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور اس طرح اپنے آپ کو ایک مالی بحران میں پھنسا رہی ہے۔

اسٹور کیپر کی گرفتاری

دہلی ۶ ستمبر۔ ... اسٹور کیپر ... گرفتار ... [illegible] ... کہا جاتا ہے کہ انہوں نے یہ رقم ... کے ایک حصہ کے طور پر وصول کی تھی۔

کارکنان احرار کا جلسہ

گذشتہ جمعہ کو دفتر احرار ... تمام ذمہ دار کارکنان کا اجتماع زیر صدارت حاجی فخرالدین صاحب منعقد ہوا۔ بابائے احرار حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی اور مولانا محمد ... صاحب سرا کل انڈیا کانگریس کمیٹی بھی شریک تھے۔

مولانا ... صاحب نے ہند مسلم اتحاد پر ... تقریر فرمائی۔ ... اجلاس کے بعد ... نے تمام ... کارکنان کو بیک جانے کی ہدایت دی۔

(سکریٹری)

مسز پنڈت نئی دہلی پہونچ گئیں

نئی دہلی ۶ ستمبر۔ ماسکو میں ہند کی سفیر مسز وجے لکشمی پنڈت آج بذریعہ ہوائی جہاز بمبئی سے نئی دہلی پہونچ گئیں جہاں ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور ان کے خاندان کے دوسرے افراد نے پالم کے ہوائی اڈہ پر آپ کا استقبال کیا۔

ہندوستانی نوٹ پاکستان میں ۳۰ جون تک قبول کئے جائیں گے

کراچی ۶ ستمبر۔ حکومت پاکستان کے ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ہندوستانی نوٹ ۳۰ ستمبر تک پاکستان میں قانونی سکے کی حیثیت رکھتے ہیں۔

نوٹ میں مزید بتلایا گیا ہے کہ کچھ لوگ ۳۰ ستمبر کی تاریخ سے پہلے ہی ہندوستانی نوٹوں کو لینے سے انکار کرتے ہیں یا اپنی کم قیمت پر قبول کرتے ہیں۔ یہ چیز خود عوام کے مفاد کے لئے نقصان دہ ہے۔ ہندوستانی نوٹ ۳۰ ستمبر تک سکہ رائج ہے۔ اور اس کے بعد بھی اپنی اصل قیمت پر اسٹیٹ بنک آف پاکستان، سرکاری خزانوں اور امپیریل بنک آف انڈیا کی شاخ پاکستان میں ۳۰ جون ۱۹۵۰ء تک بھنائے جا سکیں گے اور عوام کی تکلیف کو مد نظر رکھتے ہوئے ہندوستانی نوٹوں کو بھنانے کیلئے دوسرے بنکوں میں بھی انتظام کیا جا سکتا ہے۔

صروح کامنی آرڈر

صروح ضلع سورت سے ... روپے کا منی آرڈر جمعیۃ علماء ہند میں موصول ہوا ہے لیکن کوپن پر نام اور پتہ نہیں ہے۔ اس لئے باکرم اپنے نام اور پتے سے مطلع کریں تاکہ رسید ان کی خدمت میں بھیجی جائے۔

ناظم دفتر جمعیۃ علماء ہند

ہومیوپیتھک ہسپتال دہلی مجربہ وزیر آباد پنجاب

ہسپتال ہذا کے سینکڑوں مجربات ہزارہا ڈاکٹروں نے لاکھوں مریضوں پر گزشتہ دس سال میں آزما چکے ہیں ان میں سے چند ایک خاص الخاص کا ذکر درج ذیل ہے جسکی تقریباً ہر گھر میں ضرورت رہتی ہے۔

انفنٹ پوڈر سفوف برائے اطفال شیر خوار بچہ روں روں کرتا رہتا ہو ہاضمہ میں نقص ہو دست آتے ہوں نیز دانت نکلنے کی وجہ سے جو تکالیف ہوتی ہیں وہ اس دوائی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں بچہ دانت آسانی سے نکالتا ہے اور باقاعدہ استعمال سے توانا موٹا ہو جاتا ہے قیمت فی شیشی ۲ روپے علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی دو ماہ کے لئے کافی ہے

ہومیوپیتھک مصفی خون اکثر پھوڑے پھنسیاں تر و خشک۔ چنبل۔ داد، بدن کا داغ دھبے میں چھینا جسم پر جا بجا خارش ہو جانا۔ جسم میں جلن غرض کہ جلد اور خون کے جتنے بھی امراض ہیں یہ سب کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ فی شیشی ۲ روپے علاوہ محصول ڈاک۔ ایک شیشی میں پچاس خوراکیں ہوتی ہیں۔

ہیموکم رجسٹرڈ اکسیر لو اسیر خونی، بادی چند ہی خوراک کے استعمال سے خون آنا رک جاتا ہے اور مریض روبہ صحت ہونا شروع ہو جاتا ہے متواتر استعمال سے صحت کلی ہو جاتی ہے قیمت فی شیشی ۲ روپے علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی میں ۲۵ خوراکیں ہوتی ہیں

اکسیر تپدق و ورم جگر ورم الحال و ورم جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی میں ۲۵ خوراکیں ہوتی ہیں۔

جوہر برہمی حافظہ بڑھانے میں لاثانی ہے گرب وتی عورت کے لئے اس کا استعمال بہت مفید ہے اس کے استعمال سے اولاد تندرست و عقل مند پیدا ہوتی ہے یہ جوہر اعلیٰ درجہ کا مصفی خون بھی ہے۔ مفرح ہے جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے ہر ایک مرد و عورت۔ بچے، بوڑھے جوان، چھوٹے، بڑے تندرست اور بیمار کو استعمال کر کے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ قیمت فی شیشی دو روپے علاوہ محصول ایک شیشی میں ۵۰ خوراکیں ہوتی ہیں

مقوی رحم عورتوں کے تمام امراض مخصوصہ۔ مثلاً لیکوریا۔ جریان الرحم و کثرت خون کے لئے بہترین دوائی ہے آلات تولیدی سبب ڈھیلے ڈھالے ہوں۔ رحم قبول ورحمل قبول نہ کرتا ہو یا اسقاط حمل ہو جاتا ہو اس کے لئے ایک خاص دوائی ہے جو اسقاط حمل سے یقیناً نجات دلاکر حمل کو برقرار رکھتی ہے قیمت فی شیشی ۵ روپے علاوہ محصول ڈاک ایک شیشی میں ۵۰ خوراکیں ہوتی ہیں

نوٹ:۔ ہومیوپیتھک۔ کتب، ڈائی۔ لیوشنز، بائیو کیمک ادویات سب ارزاں قیمت پر مل سکتی ہیں۔

ہومیوپیتھک ہسپتال کمرہ بنگش۔ بازار چتلی قبر دہلی

کانگریس کی رکنیت سے استعفیٰ

[illegible] ستمبر۔ مہابیر پرشاد اسکریٹری کانگریس کمیٹی ۵ دہلی نے کانگریس کی رکنیت اور عہدہ کانگریس کی کمیٹی سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ استعفے کے اسباب بیان کرتے ہوئے آپ نے کہا کانگریس اب وہ نہیں رہی جو پہلے تھی۔ کانگریس میں رشوت، سفارش کا اب رواج ہے ... آزادی ... کانگریس کمیٹیاں جماعت کی حیثیت سے کام نہیں کر رہی۔

آپ نے کہا کہ کانگریس ان سب باتوں کو روکنے کی کوشش نہیں کرتی اس لئے میں مستعفی ہوتا ہوں۔

مل مالکان کا حکومت بمبئی کو کورا جواب

آٹھ سال کا حساب نہیں دیا جائیگا

بمبئی [illegible] معلوم ہوا ہے کہ ... مل مالکان نے انکم ٹیکس ... کے اپنے سالانہ نقصان و ٹیکس کے حسابات دینے سے انکار کر دیا ہے۔ ... حکومت ... ہی دیا گیا ہے ... کہ وہ آٹھ سال کا حساب ... حساب دے سکتے ہیں۔

حکومت کو شبہ ہے کہ مل مالکان نے ... کیا ہے اور وہ کروڑوں روپے کا انکم ٹیکس ...

مدراس اسمبلی میں

تنسیخ زمینداری بل پیش ہوگیا

مدراس ۵ ستمبر۔ ... تنسیخ زمینداری ... سلیکٹ کمیٹی نے ترمیم ... کے پاس بھیج دیا تھا کل مدراس اسمبلی میں پیش کر دیا ہے۔

[illegible]

بمبئی میں ٹائیفائڈ کی وبا

اگست میں ۹۴ آدمی ہلاک

بمبئی [illegible] ... ٹائیفائڈ کا مرض وبائی شکل اختیار کر گیا ہے ... آدمی اس مرض میں ہلاک ہوئے ... اگست میں ... آدمی ہلاک ہوئے ... ظاہر ہوتا ہے ... ٹیکے لگانے کا کام جاری ہے۔

ثالثی کا بین الاقوامی کورٹ

ظفر اللہ کا نام پیش کر دیا گیا

ہیگ ۵ ستمبر۔ پاکستان کی طرف سے پاکستان کے ... سر محمد ظفر اللہ کا نام ثالثی کے بین الاقوامی کورٹ کی ممبری کیلئے پیش کیا گیا ہے۔ اس عدالت میں اس وقت ... نشستیں خالی ہیں۔

بین الاقوامی کورٹ کے ... سال کے لئے ... منتخب کئے جاتے ہیں۔ اس وقت ... کی مدت ختم ہو چکی ہے ... مسٹر ... (کناڈا) مسٹر ... (یوگوسلاویا) مسٹر ... (برازیل) ... جن کا آخری انتخاب جنرل اسمبلی کرتی ہے

سیٹھ جی اور نوکروں کی گرفتاری

بمبئی ... دو درجن سے زیادہ افراد کو کھانا کھلانے کے حکم کی خلاف ورزی دیکھ کر پولیس نے ایک مرہٹہ تاجر ... اور اس کے ... کو گرفتار کر لیا ہے معلوم ہوا ہے کہ اس نے ایک ضیافت میں ۵ درجن افراد کو مدعو کیا تھا۔

دہلی ... جمعیۃ علماء کے عام ممبر بڑی کثرت سے ... اطلاعات ... (نامہ نگار)



ایسے حالات موجود نہیں اس لئے ان حقائق کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

ہر صوبہ اراضیات کے کٹاؤ اور طغیانی کی روک تھام کی ضرورت سے اچھی طرح واقف ہے۔ اور ایک حد تک المقدور اس کے لئے مناسب اقدامات کرے گا لیکن زراعتی زمین کا تحفظ قومی مسئلہ ہے اور اسے صوبائی نظریہ سے حل نہیں کیا جا سکتا ہو زمانہ دریاؤں کے کنٹرول کے متعلق عظیم اسکیموں کا ہے۔ اور مرکزی حکومت ہی مالی اور سرمایہ کے درمیان رابطہ قائم کر سکتی ہے۔

مرکزی حکومت کی ذمہ داریاں مختصر طور پر حسب ذیل ہیں:

الف:۔ زراعتی زمین کے تحفظ اور استعمال کی تجاویز میں رابطہ قائم کرنے کا انتظام۔

ب:۔ بڑے دریاؤں کے کناروں کی بہتری کی اسکیموں کیلئے سرمایہ کی جزوی یا کلی فراہمی۔

ج:۔ صوبجات کی صلاح و مشورہ سے جنگلات کی پیداوار اور معاشی لکڑی کے متعلق تجاویز کی ترتیب۔

جنگلات کی اہمیت اور ضرورت کے علم کے باوجود زراعتی زمین کے تحفظ اور جنگلات کی اہمیت میں ربط نہیں پایا جاتا۔ اس لئے عوام کو ان نظریوں سے آگاہ کرنا ضروری ہے تاکہ انہیں ان کی اہمیت اور سرکاری کارروائی کا جائزہ معلوم ہو سکے۔ کیونکہ جمہوری ملک میں اگر عوام اپنے واجبات اور ذمہ داریوں کا احساس نہ کریں تو تعاون کا حصول بھی مشکل ہے۔ اور پالیسی چاہے کتنی ہی محنت اور احتیاط سے کیوں نہ مرتب کی جائے اس کو عملی جامہ پہنانے میں کئی مشکلات سے دوچار ہونا پڑے گا۔

مولانا ابوالوفا مراد آباد میں!

مراد آباد ۳ ستمبر۔ مراد آباد میں مولانا ابوالوفا صاحب جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ مراد آباد تشریف لائے۔ آپ نے جمعیۃ علماء صوبہ کے دفتر کا معائنہ فرمایا۔ دفتر کے کام کی درستگی اور خوش اسلوبی پر مسرت کا اظہار فرما کر مناسب ہدایات دیں۔ یہاں سے آپ ایک جلسہ میں شرکت کرنے کے لئے ... تشریف لے گئے ہیں۔ (نامہ نگار)

جمعیۃ علماء کی ممبر سازی

صوبہ متحدہ میں جمعیۃ علماء کی ممبر سازی کی مہم شروع ...

جنگلات کا انتظام

ہندوستان میں بہت عرصہ پہلے اس امر کو تسلیم کر لیا تھا کہ ترقی کے لئے جنگلات کا انتظام ترقی یافتہ ممالک کے اصولوں پر ہونا چاہئے جس کے نتیجہ کے طور پر کھوج اور درختوں کی پرورش میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ ۸۰ فی صدی سرکاری جنگلات کا انتظام عملی تجاویز کے مطابق باقاعدہ طور پر کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ اعلیٰ نگرانی اور کافی سرمایہ کی ضرورت ہے کیونکہ جنگلات کی پالیسی طویل میعاد پر مبنی ہے۔ سرمایہ کی قلت کی وجہ سے جنگلات کو پہلے ہی بہت نقصان پہنچ چکا ہے۔ اقتصادی بحران قدرتی ہیں لیکن جنگلات کی صورت میں ان کے اثرات کا دور رس ہونا لازمی ہے۔ جنہیں دور کرنا ضروری ہے۔

مرکزی حکومت کی طرف سے رابطہ کا قیام

ظاہر ہے کہ قوم کی بہبودی اور جنگلات کے درمیان گہرا تعلق ہے۔ مقامی حالات کے مختلف ہونے کے باوجود صوبوں میں جنگلات کے انتظامات کے مقاصد و اغراض یکساں ہیں۔ اس لئے ہمہ گیر قومی پالیسی کا ہونا ضروری ہے۔

ہندوستان صنعت کے لحاظ سے بہت ترقی کرے گا اور وہ ترقی یافتہ صنعتی ممالک کی صف میں اپنی موزوں جگہ حاصل کر سکے گا۔ اس لئے پیداوار اور ذرائع کے استعمال میں رابطہ کا قیام ضروری ہے اگر جنگلات کی مناسب تقسیم، جنگلات کی پیداوار کی مانگ اور صنعتی ارتقا کے مواقع ہر جگہ یکساں میسر ہوتے تو اس رابطہ کی چنداں ضرورت نہیں تھی۔ لیکن چونکہ

جنگلات کا تحفظ

صفحہ ۳ سے آگے

کہ اس سوال کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

محکمہ جنگلات کو علم ہے کہ جنگلات کے بارے میں زراعت پیشہ قوم کا تعاون کس قدر ضروری ہے لیکن مویشی چرانے کی کوئی حد ہونی چاہئے جو جنگلات کی ترقی پر اثر انداز نہ ہو اس لئے مویشی چرانے کی پالیسی مندرجہ ذیل امور پر مبنی ہونی چاہئے۔

(۱) جنگلات کی پیداوار کے مطابق مویشیوں کی چرائی۔

(ب) ہل چلانے اور دودھ دینے والے جانوروں سے ترجیحی سلوک۔

(ج) ضروری مویشیوں کی سستی یا رعایتی نرخوں اور غیر ضروری مویشیوں کی تجارتی نرخوں پر چرائی۔

زراعت

کئی صوبوں میں زراعتی زمین کا رد و بدل نہایت اہم ہے۔ پرانی روایات کے مطابق قدیمی باشندے پہاڑی علاقوں میں نباتات کی بربادی کا موجب ہوتے ہیں۔ اور بالآخر زمین بنجر ہو جاتی ہے اور مٹی بہہ جاتی ہے جنگلات کا اس مسئلے سے گہرا تعلق ہے۔ کیونکہ ایسی زمین جنگلات کی زمین ہوتی ہے۔ اور یہ لوگ بھی جنگلات میں بود و باش رکھتے ہیں۔ کئی صوبوں میں اس کے انسداد کی کوششیں کی جا رہی ہیں لیکن اس کے لئے طویل المیعاد پالیسی کی ضرورت ہے۔ جو انقلابی ہونے کی بجائے اصلاح پذیر ہونی چاہئے۔

تپدق اور پرانے بخارات جبری

مریضو! اب بھی سمجھو اور فوراً جبری کا استعمال کرو ... ورنہ پھر وہی مثل ہوگی اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت ... جان بچانے والی اگر کوئی دوائی ہے تو یقیناً جبری ہے ... اس کا نام لیتوور (تپدق کی دوائی) رکھ دیا ہے ... جبری اسپیشل نمبر ... [illegible]

رائے صاحب ... ایل ... بنڈ بلڈنگ ۵۵ جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P.

کپڑے پر ناجائز نفع کمانیوالوں کو سزائے قید دیجائیگی

ہند پارلیمان نے کپڑے کا ترمیمی بل منظور کر لیا

نئی دہلی ۵ ستمبر۔ ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی وزیر صنعت و سپلائی نے کل پارلیمنٹ کے اجلاس میں ... حکومت ہند کا مقصد کپڑے کی پالیسی کو کامیاب بنانا ہے ... بلیک مارکیٹ اور نفع اندوزی جیسی شرمناک ... کے انسداد کا تہیہ کر لیا ہے۔ ... کنٹرول آرڈر کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ... سزائے قید ... کا اختیار دیا ہے۔

[illegible]

ارونا ہال میں تقریر

دہلی ۶ ستمبر۔ ... لٹریری کلب کے زیر اہتمام کل ... ستمبر کو شام کے ساڑھے ... بجے ارونا ہال اردو بازار مقابل جامع مسجد دہلی میں پروفیسر ... اندرا گاندھی ... کے اسباب پر ایک تقریر کریں گے۔

جمعیۃ علماء ہند کی کارکن ضلع رہتک میں

ضلع رہتک کے کچھ مواضعات میں اب تک ... مسلمان عورتیں اور بچے موجود ہیں۔ جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے ... محمد تقی اور مولانا ... ان کی بازیابی کے لئے رہتک ... گئے ہوئے تھے ... دہلی واپس آ گئے۔ (نامہ نگار)

انتخاب جمعیۃ شاہپور ضلع دیوریا

شاہپور ... اگست ... احمد صاحب ناظم ... کارکن ضلع جمعیۃ علماء دیوریا کا ورود مسعود شاہپور میں ہوا۔ بعد نماز جمعہ مولانا موصوف نے اتحاد اور ... پر تقریر کی اس کے بعد انتخاب ذیل میں آیا۔

صدر۔ شیخ ... صاحب نائب صدر ڈاکٹر محمد الیاس صاحب ناظم محمد اسمٰعیل خان صاحب۔ نائب ناظم ... صاحب ... محمد حنیف صاحب ... محمد اسمٰعیل خاں صاحب ... جمیل حسین صاحب ... عظیم اللہ خاں ... صاحب ... اصغر علی ... صاحب ... علی حسن صاحب ... سردار صاحب۔

سوراج کے دفتر کی تلاشی

کلکتہ ... ستمبر ... بنگالی روزنامہ سوراج کے دفتر کی ... تلاشی ... [illegible]

[illegible] ... عارضی اختیارات ... کا ذکر کیا ... ڈاکٹر مکرجی نے ... حکومت ... کی تمام ... کو ... منظور ...

جلسہ سیرت پاک

... ستمبر ... جلسہ سیرت ... مسلمانان دہلی سے اپیل ہے کہ ... زیادہ سے زیادہ شرکت کر کے ثواب دارین حاصل کریں۔ ... مولانا ... صاحب ... مولانا محمد عثمان ... مولانا ... صاحب ... قاضی ... کا انتظام ...

انڈمان کے جنگلات

کلکتہ ... ستمبر ... حکومت بنگال کی حکومت نے ... انڈمان کے جنگلات ... تقسیم کے بعد ... پاکستان ... [illegible]

پاکستان جانے والے لوگوں کی مال و اسباب بیچنے پر پابندی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ علی گڈھ کا امتناعی حکم

علی گڈھ ۷ ستمبر۔ [illegible] ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible] پاکستان [illegible] حیدرآباد کا عزم رکھتا ہو [illegible] ضلع علی گڈھ [illegible]

دوسرا حکم [illegible] پاکستان جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ [illegible]

لڑکیاں ڈپٹی کمشنر بنیں گی

الہ آباد ۷ ستمبر: صنف نازک کی اس جائز شکایات کے پیش نظر کہ انتظامی معاملات میں بھی مساوی حصہ دیا جائے، حکومت یو۔پی نے بطور از الجنسی پابندی دور کر دی [illegible]

[illegible] دیا ہے کہ امتحان کی تاریخیں اکتوبر کے بجائے نومبر میں رکھی جائیں۔ لیکن ابھی تک یہ نہیں معلوم ہو سکا ہے کہ کمیشن نے کتنی جگہیں لڑکیوں کے لئے مخصوص کی ہیں۔

کولمبو ۵ ستمبر۔ سیلون کی سینٹ میں تقریر کرتے ہوئے [illegible] اقوام متحدہ میں سیلون کی درخواست [illegible] جو مخالفانہ رویہ اختیار کیا تھا اس پر تنقید [illegible]

پنڈت نہرو ملک کو نقصان پہنچا رہے ہیں
ماسٹر تارا سنگھ کا تازہ ارشاد

جالندھر ۷ ستمبر۔ [illegible] کے صدر ماسٹر تارا سنگھ نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں ہندوؤں کا دشمن نہیں ہوں لیکن میں کانگریس کی اس پالیسی کا سخت مخالف ہوں جو اس نے سکھوں کو ختم کرنے کے سلسلہ میں اختیار کر رکھی ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ پنڈت نہرو ملک کو زبردست نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اور وہ اس طرح کہ وہ ایسے ملک [illegible] کو ہندوستانی قوم ہی کا ایک جز سمجھتے ہیں۔

[illegible] ہے کہ ملک کی تقسیم کو [illegible] کیا جائے اور [illegible] کو آزاد کر دیا جائے۔ [illegible] متوازی انتخابات ہوں گے حکومت کی تشکیل کی جائے گی۔ [illegible] عدالت کا انتخاب عمل میں آئے گا۔

کمیل کی خبریں:-

ہندی ٹیم کو الوداع

لندن ۷ ستمبر۔ ہند کی اولمپک ہاکی ٹیم کے کھلاڑی پرسوں ایوسٹن اسٹیشن سے لیورپول روانہ ہو گئے۔ اب وہ لیورپول سے ہندوستان روانہ ہو جائیں گے۔ کشن لال جو اس ٹیم کا کپتان ہے اس نے کہا کہ ہم نے یہاں خوب لطف اٹھایا اور یہ [illegible] ہم کو ہمیشہ یاد رہے گا۔ ہندوستانی اور برطانوی کھلاڑیوں کی بہت بڑی تعداد نے ان کو الوداع کہا۔ ہندی ہاکی ٹیم کے منیجر مسٹر گپتا نے کھلاڑیوں کی آسائش کے لئے انڈین جمخانہ کا شکریہ ادا کیا۔ جوابی تقریر میں مسٹر [illegible] سکریٹری انڈین جمخانہ نے امید ظاہر کی کہ اگلے اولمپک میں بھی ہندی ٹیم کامیاب ہو گی۔ روانگی سے پہلے ان کے گلوں میں ہار ڈالے گئے۔ اور انگریز لڑکیوں نے کھلاڑیوں سے [illegible]

جینوا میں ہاکی کا مقابلہ

جینوا ۷ ستمبر۔ کل پاکستان کی اولمپک ہاکی کی ٹیم نے جینوا کی منتخب ٹیم کو ۷ گولوں سے ہرا دیا۔

اولمپک کی رنگین فلم

لندن ۷ ستمبر۔ لندن میں چودھویں اولمپک کھیلوں کی رنگین فلم تیار کی گئی ہے یہ ۱۲½ ہزار فٹ لمبی ہے۔ اس فلم کو بہت زیادہ پسند کیا گیا ہے۔ مختلف ممالک میں اس کے دکھانے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں [illegible] کی حکومت نے بھی اس کی ایک کاپی خریدی ہے۔

برودہ کے دیوان پر محکمے لاد دیئے گئے

سرکاری طور پر وزیروں کا اعلان

برودہ ۷ ستمبر۔ ریاست برودہ میں اصلاحات کے نفاذ کے بعد [illegible] کونسل کے اراکین کو محکمات دیئے گئے ہیں [illegible] سرکاری طور پر اس طرح اعلان کیا گیا ہے۔ [illegible]

[illegible] محکمات حسب ذیل [illegible] دیئے گئے ہیں۔

[illegible]

چین کے صوبہ ہونان میں کمیونسٹوں کی پیش قدمی

حکومت کی فوجیں دفاعی انتظامات میں مصروف ہیں

نانکنگ ۷ ستمبر۔ صوبہ ہونان کے [illegible] کمیونسٹوں نے حکومتی فوجوں کی پوزیشنوں پر حملہ کر دیا ہے [illegible] ایک اہم ریلوے اسٹیشن [illegible] پر قبضہ کر لیا ہے۔ [illegible] کے مشرق میں کمیونسٹوں نے اہم [illegible] مرکز [illegible] پر حملہ شروع کر دیا ہے۔ [illegible] ۳۵ میل مشرق میں ہے۔ نیم سرکاری حلقوں کا کہنا ہے کہ کمیونسٹ [illegible] جانا چاہتے ہیں۔ کیونکہ وہ اپنی کمیونسٹ حکومت کا [illegible] علاقہ بنانا چاہتے ہیں۔

کیانگ [illegible] اور مرکزی اور مغربی شانٹنگ [illegible] لڑائی کا اندیشہ کیا جا رہا ہے۔ کیانگ [illegible] حکومتی فوجیں خود حملہ کرنے والی ہیں اور شانٹنگ میں صرف [illegible] ۵۵ ہزار انعام دیا جائے گا۔ یہاں کے صوبائی دارالسلطنت [illegible] کے قریب کمیونسٹوں نے اپنی بہت بڑی فوج جمع کر لی ہے۔ [illegible] کے ایک اخبار نے لکھا ہے کہ حکومت نے [illegible] کی حفاظت کے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔

ایک شرنارتھی کا من برت

جالندھر ۷ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک [illegible] سنگھ [illegible] کے ڈپٹی کمشنر [illegible] کے دفتر کے سامنے دھرنا مار کر بیٹھ گیا۔ اس نے عہد کیا ہے کہ جب تک [illegible] کی جائیداد [illegible] شرنارتھی [illegible] ہے وہ کھانا نہ کھائے گا۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں برطانوی وفد

مسٹر بیون وفد کی رہنمائی کریں گے

لندن ۷ ستمبر۔ پیرس میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس ۲۱ ستمبر کو شروع ہو رہا ہے برطانوی وفد کی رہنمائی مسٹر بیون وزیر خارجہ کریں گے۔ لیکن خیال ہے کہ کام کی زیادتی کی وجہ سے وہ افتتاح کے دو [illegible] بعد یہ کام وزیر مملکت مسٹر میک نیل کے سپرد کر دیں گے۔ وفد کے دوسرے ممبران اٹارنی جنرل سر ہارٹلے شاکراس۔ فنانس سکریٹری مسٹر [illegible] اور [illegible] ہوں گے جو اقوام متحدہ میں مستقل برطانوی نمائندے ہیں۔

صدر ٹرومین کو امید ہے کہ روس سے سمجھوتہ ہو جائے گا

ایک پریس کانفرنس میں پر معنی اشارات

واشنگٹن ۷ ستمبر۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومین [illegible] روس سے سمجھوتہ کا امکان [illegible] پریس کانفرنس [illegible]

[illegible] وقت آئے گا تو آپ لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ میری بیوی [illegible] نامہ نگاروں [illegible] دلی خواہش ہے کہ دنیا میں امن قائم ہو جائے۔ مجھے یقین ہے کہ ایسا ہی ہو کر رہے گا۔

جن الفاظ میں اور جس انداز سے صدر ٹرومین نے یہ الفاظ ادا کئے۔ اس سے یہ سمجھا جانے لگا ہے کہ برلن اور جہاں تک کہ جرمنی کے معاملہ کے علاوہ بھی مغربی طاقتوں اور روس میں ایسا سمجھوتہ ہو جائے گا جو دنیا میں امن قائم رکھنے کی ضمانت ہو گا۔ مسٹر ٹرومین نے نامہ نگاروں کے سوالات کے جوابات میں [illegible]

ہیضہ (یعنی) کالرا سے بچو!

آج کل ملک میں ہیضہ یعنی کالرا کی وبا پھیلی ہوئی ہے۔ چاروں طرف یہ موذی مرض نظر آ رہا ہے۔ اس مرض سے محفوظ رہنے کے لئے

AMICO DRAP

امیکو ڈراپ ـــــ ہر گھر میں رکھیں

ہیضہ یعنی کالرا کے لئے یہ بہت کامیاب دوا ہے۔ مرض کی ابتدائی حالت میں دو تین ہی خوراکوں میں مرض کی شکایت جاتی رہتی ہے۔ یہ دوا قاطع جراثیم ہے۔ وبائی زمانہ میں تندرست آدمی بھی چند قطرے استعمال کرتا رہے تو مرض سے محفوظ رہتا ہے۔

امیکو ڈراپ جادو اثر دوا ہے اس کے فوائد حیرت انگیز ہیں۔ اس دوا کا ایک ایک قطرہ آب حیات ہے ذیل کے امراض میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے:-

(۱) موسمی اور وبائی امراض (۲) ہیضہ یعنی کالرا (۳) شکمی امراض (۴) ہاضمہ کا نقص (۵) پیٹ پھولنا (۶) کھٹی ڈکاریں آنا (۷) پیچش و مروڑ (۸) ضعف معدہ (۹) کھانا ہضم نہ ہونا (۱۰) دستوں کا ہونا (۱۱) سینہ (چھاتی) جلنا (۱۲) دردسر (۱۳) درد شکم (۱۴) درد گردہ (۱۵) جمائی دردوں وغیرہ کے لئے تیر بہدف دوا ہے۔

ہر گھر میں　سفر میں　امیکو ڈراپ　رہنا چاہئے

قیمت: بڑی شیشی دو روپیہ بارہ آنہ۔ تین شیشیاں سات روپیہ بارہ آنہ۔ علاوہ محصول

نصف شیشی ایک روپیہ بارہ آنہ　" 　"　پانچ روپیہ

چوتھائی شیشی ایک روپیہ　"　"　دو روپیہ بارہ آنہ

ہر قسم کے علاج کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

این اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ، کلکتہ ۱، انڈیا

بازار کی ہفتہ واری رپورٹ:-

غلہ کی قیمتوں میں کمی کا کوئی امکان نہیں ہے

سونے چاندی کے بھاؤ میں اتار چڑھاؤ

ہاپوڑ [illegible] سے اس ہفتے غلہ کا بازار [illegible] کے خلاف حکومت کے سخت [illegible] لیکن مستقبل قریب میں اس امر کا امکان نہیں کہ قیمتوں میں کچھ کمی ہو جائے [illegible]

سونا چاندی کا بازار۔ [illegible]

[illegible]

قیمتیں۔ ہاپوڑ میں غلہ کی موجودہ قیمتیں [illegible]

[illegible]

مرکزی حکومت نے اپنے اس فیصلہ کا اعلان کیا ہے [illegible]

دنیا بھر کا فضائی سفر

[illegible] ستمبر۔ مسز [illegible] برطانوی خاتون [illegible] دنیا بھر کے گرد پرواز کر رہی ہے [illegible]

برطانوی دولت مشترکہ سے ہندوستان کے آئندہ تعلقات

پارلیمنٹ کی کانگریس پارٹی کا غور و خوض

دہلی ۷ ستمبر۔ پارلیمنٹ کی کانگریس پارٹی کے ایک اجلاس میں جس کی صدارت پنڈت نہرو نے کی۔ عام طور پر یہ تسلیم کیا گیا کہ ہندوستان کو ایک آزاد اور جمہوری ملک رہنا چاہئے لیکن [illegible] برطانوی دولت مشترکہ کے ممبروں سے دوستانہ تعلقات قائم رہیں۔

پنڈت نہرو دولت مشترکہ کے وزرائے اعظم کی کانفرنس میں شریک ہونے جا رہے ہیں اس لئے یہ مناسب خیال کیا گیا کہ دوسرے ملکوں سے تعلقات کے متعلق کانگریسی ممبروں کی رائے معلوم ہو جائے۔

اس اجلاس میں برطانیہ اور دوسرے ملکوں سے دوستانہ تعلقات پر عملی پہلو سے نظر ڈالی گئی اور بحث ہوئی۔ [illegible] نے تمام دنیا کی سیاست پر ایک تبصرہ کرتے ہوئے بتایا کہ انڈین دستور ساز اسمبلی کی تجویز کو نظر میں رکھتے ہوئے ہندوستان کو کیا طریق کار اختیار کرنا چاہئے۔

کانگریس پارٹی کے تمام ممبروں کی رائے یہ ہے کہ [illegible] ہندوستان کے جدید دستور کے مسودہ میں ظاہر کیا ہے۔ ہندوستان کو ایک آزاد جمہوری حکومت ہونی چاہئے لیکن کوئی ملک بالکل علیحدہ نہیں رہ سکتا اور نہ علیحدگی کی پالیسی پر عمل کر سکتا ہے۔

کوریا کی قومی اسمبلی کا افتتاح

امریکن کوریا کے نمائندے بھی شریک ہوئے

ماسکو ۷ ستمبر۔ روسی خبر رساں ایجنسی تاس کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ کوریا کی سپریم قومی اسمبلی کا اجلاس کوریا کے روسی علاقہ میں ہو رہا ہے۔ جو نمائندے شامل ہو رہے ہیں ان میں امریکن علاقہ کی نمائندگی کرنے والے [illegible] افراد بھی شامل ہیں۔ اجلاس کا افتتاح [illegible] نے کیا [illegible]

[illegible]

امرتسر میں خوف و ہراس پھیلنے کی افواہیں غلط ہیں

امرتسر ۷ ستمبر۔ امرتسر کو فرقہ وارانہ فسادات سے سب سے زیادہ نقصان پہنچا ہے اور جیسا کہ [illegible] کے بعد سے یہ ہندوستان کی شمال مغربی سرحد بھی بن گیا ہے۔ تقسیم ہند کے بعد سے یہاں بار بار [illegible] خوف کا [illegible] رہا ہے۔ عام طور پر پیسہ والوں کے طرز عمل سے حالات کا اندازہ لگاتے ہیں۔ تاجر [illegible] روپیہ کی قدر کرتے ہیں۔ جہاں روپیہ ملتا ہے وہ وہیں جا کر رہنے لگتے ہیں۔ امرتسر پہلے ایک تجارتی مرکز تھا اس لئے یہاں کے بہت سے باشندوں کو مغربی پاکستان کی تجارتی منڈیاں ہاتھ سے نکل جانے پر وہاں رہنا بیکار معلوم ہوا ہے۔ [illegible] یہاں کی تجارت اور صنعت کو سخت نقصان پہنچا ہے۔ [illegible] کی دشواریوں سے اور کئی دوسری مشکلات کی بنا پر ان کا امرتسر میں رہنا مشکل ہو گیا ہے۔ [illegible] شہر کی طرف [illegible] امرتسر واپس آ گئے ہیں۔ کیونکہ ان کو وہاں معاشی صورت حالات کی بہتری نظر نہیں آئی [illegible] مقامی تاجر بہت پریشان ہیں اور حکومت کو برا بھلا کہتے ہیں۔ [illegible] ان سب باتوں کی وجہ سے شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ [illegible] آدمی ایسے رہ گئے ہیں جن کے پاس موٹریں ہیں۔

برلن کی ناکہ بندی ختم ہونے کا وقت آگیا

برلن ۷ ستمبر۔ کوئلہ کی گاڑیاں انجن لگی ہوئی برطانوی علاقہ کے چھوٹے سے اسٹیشن پر جو برلن جانے والی لائن پر واقع ہے کھڑی ہوئی ہیں۔ ریلوے ملازمین سب اپنی ڈیوٹی پر حاضر تھے۔ وہ جرمنی کے دارالسلطنت سے ہری روشنی کا انتظار کر رہے تھیں۔ گذشتہ ناکہ بندی کو گیارہ ہفتہ سے زیادہ ہو گئے ہیں [illegible] ناکہ بندی کے ختم ہونے کی امید پیدا ہو گئی ہے۔

اس سلسلہ میں جو گفت و شنید ہو رہی ہے وہ کامیابی کی حد تک پہنچ گئی۔ مذکورہ بالا برطانوی علاقہ کے اسٹیشن کے ریلوے حکام نے اس کامیابی کی توقع کی اطلاع کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ برلن اور مغربی علاقوں کے درمیان جلد ہی آمد و رفت جاری ہو جائے گی۔ (باقی پلٹ میں)

ضرورت

جامع مسجد کلاں سہارنپور کے لئے ایک مولوی صاحب سند یافتہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور یا دارالعلوم دیوبند کی جو بامحاورہ ترجمہ قرآن مجید [illegible] بعد نماز فجر و مسائل نماز بعد نماز عصر اور وعظ بعد نماز جمعہ [illegible] ہونا ضروری ہے۔ عمر ۴۰ سال سے کم نہ ہو۔ پنج وقتی نماز جامع مسجد میں پڑھنی ہو گی [illegible] ترقی دی جائے گی۔ تنخواہ [illegible] — قاضی محمد ظفر احمد خان متولی جامع مسجد کلاں سہارنپور

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۸۵۵

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

سالانہ قیمت چالیس روپے ششماہی بیس روپے سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۴ ذیقعدہ ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۹ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۹۳ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ ...

رہائشی مکان کی ضرورت ہے

ایک شریف، ملنسار اور تعلیم یافتہ عیسائی خاندان کیلئے دہلی کے کسی اچھے علاقہ میں کشادہ مکان یا کوٹھی کی ضرورت ہے۔ کرایہ معقول پیش کیا جاوے گا۔

خ معرفت روزانہ اخبار الجمعیۃ دہلی

کشمیر میں ابھی لڑائی بند نہیں ہوگی۔ کشمیر کمیشن کا اعلان

پاکستان نے کمیشن کی تجاویز کو غیر مشروط طور پر تسلیم نہیں کیا

جنگ بند کرنے کے مسئلے پر ہند اور پاکستان سے گفت و شنید جاری رہے گی

جنوبی بیت المقدس میں عربوں کی گولہ باری

کاؤنٹ برنا ڈوٹ عرب لیڈروں سے گفتگو کرنے اسکندریہ روانہ ہوگئے

ریڈ کراس کے علاقے

نوشہرہ کے مغرب میں ۲۵ قبائلی ہلاک

ہماری فوجوں سے مقابلہ۔ دشمن پسپا

انسانی یادداشت میں یو۔ پی میں سب سے بڑا سیلاب

فصلوں اور مویشیوں کو بے اندازہ نقصان، بنارس شہر میں پانی ہی پانی

پاکستان کے خلاف لڑنا افغانستان کی خلاف ورزی کے مترادف ہے

افغانی علماء نے وزیرستان میں پہونچکر پروپیگنڈہ کرنا شروع کیا

برما میں ہر طرف سے بغاوت پھوٹ پڑی۔ رنگون کا شہر خطرے میں

کرین قبیلے کے سپاہیوں کا پام پر قبضہ

کیا ہندوستان برطانوی دولت مشترکہ میں شامل رہے گا؟

کانگریس پارٹی دولت مشترکہ سے علیحدہ ہونے کے حق میں

کحل بقائی

دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان

بقاوالوں کی مایہ ناز ایجاد۔ آنکھوں کی تمام شکایات کے لئے اکسیر اور تندرست آنکھوں کا محافظ ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ

دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۹ ستمبر ۱۹۴۸ء

زبان کا مسئلہ اور جمعیۃ علماء

ہم زبان کے مسئلہ میں عرض کر چکے ہیں کہ ہندی کے ساتھ اردو زبان اور اردو رسم الخط کی ترقی ملک کی ایک مشترک اور غیر فرقہ وارانہ خدمت ہے اور مختلف قوموں کے اشتراک اور ہمدردی سے ہی ملک کی عام اور مقبول زبان کا تحفظ کیا جا سکتا ہے ہم اس بات کے قائل نہیں کہ ابتدائی مدارس اور جونیر ہائی اسکولوں میں اردو زبان کو اختیاری مضمون کی حیثیت دینے سے اس کا تحفظ ہو جائے گا، کیونکہ اس طرح اس کی عمومی حیثیت قائم نہیں رہتی اور وہ صرف مسلمانوں کے ساتھ مخصوص ہو کر رہ جاتی ہے، اردو کی اختیاری حیثیت کا مطلب تو یہ ہے کہ اسے صرف مسلمان پڑھیں اور سکھیں اور دوسری قومیں ہندی پر زور لگائیں اور اسی میں مہارت پیدا کر کے سرکاری ملازم بنیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ مشترک زبان کی ذمہ داری بھی مشترک ہو اور مسلمان کوئی ایسی روش اختیار نہ کریں جس سے اردو زبان صرف ان کی زبان بن کر رہ جائے اور چونکہ صوبائی حکومتوں کے فیصلہ کے بعد اس صورت حال کا پیدا ہونا ضروری ہے اس لئے ہندوستان کے ادیبوں، لسانیات کے ماہروں، شاعروں، اخبار نویسوں اور ہندو مسلم اتحاد کے حامیوں کا فرض ہے کہ وہ ابھی سے اس پر قابو پانے اور اس کی سیکولر حیثیت مقرر کرنے کے لئے کوشش کریں اور ملک کی مشترک زبان کی اہمیت پر حرف نہ آنے دیں!

اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند نے پچھلے دور میں جو مساعی انجام دی ہیں انہیں یہاں نظر و پیش نظر رکھنا چاہیے یہ ظاہر ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کا دائرہ عمل فرقہ وارانہ سیاست کے دائرہ سے بالکل الگ رہا ہے اس نے اپنی سرفروشانہ کوششوں سے کانگریس کی ہر عملی تحریک کو کامیاب بنایا اور نازک سے نازک اوقات میں اس کا ساتھ دیا اور اس کا ساتھ دینے کی کوشش کی ۔۔۔ تھی کہ اسے ہندو جماعت کی حیثیت سے ۔۔۔ اور یاد کرائے کہ مسلمانوں کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں مگر جمعیۃ علماء ہند نے اپنی شرکت سے دانشمندی سے اس منصوبہ کو خاک میں ملایا اور یہ ثابت کر دیا کہ ہندوستان کے مسلمان جنگ آزادی میں اس کے ساتھ شریک ہیں اور نہ صرف شریک بلکہ بہت سے علماؤں نے اپنے خون سے اس کی بنیادوں کو سینچا ہے اور جمعیۃ علماء نے قید و بند کے مصائب جھیل کر اس کی رگوں میں زندگی کا گرم خون دوڑایا، جمعیۃ علماء ہند ہمیشہ کانگریس کے مسلک کی پابند رہی ہے اس لئے اس نے ۔۔۔۔ زبان کے معاملہ میں بھی وہی مسلک اختیار کیا جو کانگریس کا بنیادی اور عمومی مسلک ہے، کانگریس نے اپنے بنیادی حقوق میں آخری اور قطعی بات طے کر دی ہے کہ اقلیتوں کی زبان رسم الخط اور ان کا تحفظ رہیگا اور اکثریت کے دباؤ سے انکی حفاظت کی جائے گی، ان حقوق اور اصول کا تحفظ ان قوم پرور مسلمانوں کی مساعی کا رہین منت ہے جو کانگریس میں شامل رہے اور کانگریس کے اندر اپنے حقوق کیلئے لڑے ان حضرات کی کوششوں کا آج تک یہ اثر ہے کہ آل انڈیا کانگریس کے اجلاس بمبئی منعقدہ اپریل ۱۹۴۸ء میں جب اردو اور ہندی کے متعلق تجویز پیش ہوئی تو اکثریت اردو کی مخالف اور ہندی کی مؤید تھی مگر جمعیۃ علماء کے زبردست دلائل نے حالات کا رخ بدل دیا اور صدر کانگریس بابو راجندر پرشاد مجبور ہو گئے کہ اصل تجویز کو ملتوی کر کے ارکان کو مزید غور و فکر کا موقعہ دیں اور اس راہ میں کوئی عاملانہ قدم نہ اٹھائیں ستمبر ۱۹۴۷ء میں جب کہ ہندوستان فسادات کی لپیٹ میں تھا یہ مسئلہ یوپی اسمبلی میں پیش ہوا، دو قومی نظریہ ایجاد کرنے والے اور مسلم لیگ کا پرچم بلند کرنے والے مسلمانوں کو احمق بنانے والے لیگی ممبروں نے چپ سادھ لی مگر یہی جمعیۃ علماء تھی جس کی شاخ یوپی نے تمام یوپی کے اندر اپنے سرکلر جاری کئے اور اس کے مطابق تمام صوبے میں احتجاجی جلسے منعقد ہوئے، تجاویز پاس ہوئیں اور یہ قرار دادیں ... صوبائی حکومت، کانگریس کمیٹیوں اور کانگریسی لیڈروں کے پاس ارسال کی گئیں! فسادات کے زمانہ میں جمعیۃ علماء ہند کے یہی ارکان تھے جو مہاتما گاندھی کے پاس دوڑ دوڑ کے پھرتے تھے اور انہیں تمام حالات سے باخبر رکھتے تھے، چنانچہ جب دہلی میں کچھ سکون ہوا تو مہاتما جی نے ان بزرگوں سے کہنا شروع کیا کہ اب میں آپ کو نہیں چھوڑوں گا کیونکہ مجھے آپ سے اردو کے سلسلہ میں بہت کام لینا ہے۔

علاوہ ازیں جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم سے بھی ملک کی مشترک زبان کی حمایت میں متعدد بار آواز بلند ہو چکی ہے، بمبئی کے اجلاس میں اسکی طرف سے ایک وفد مرتب کیا گیا تھا تاکہ وہ وزیر تعلیم یوپی اور وزیر اعظم یوپی سے ملاقات کر کے زبان کے مسئلہ کی وضاحت کرے، غرض جمعیۃ علماء ہند اردو کے مسئلہ سے غافل نہیں ہے کیونکہ کانگریس کا بنیادی حقوق اور اس کی مشتہرہ پالیسی اس کے ساتھ ہے اور اسے یقین ہے کہ جب فرقہ وارانہ بحران کی شدت کم ہو گی اور حالات معمول پر آئیں گے تو کانگریس اور کانگریسی حکومت اپنے فیصلہ سے انحراف نہیں کریگی اور ملک کی مشترک زبان کے بارے میں پوری احتیاط کے ساتھ اور اپنی شان کے شایان قدم اٹھائے گی۔

ایک نئی سازش

ناظرین کرام ۵ ستمبر کے ۔۔۔ میں اس خط کا اقتباس ۔۔۔ ہونگے جو دہلی سے مئو کے بعض ۔۔۔ مسلمانوں کو موصول ہوا ہے، اس خط میں عجیب قسم کی شرارت کی گئی ہے، مئو کے وہ مسلمان جنہوں نے جمعیۃ علماء اور کانگریس کا ساتھ دیا انہیں اس خط میں لکھا گیا ہے کہ تمہارے بہت سے خطوط موصول ہوئے ۔۔۔ جو ہتھیار ۔۔۔ تھا اس کے ہتھیار خرید ۔۔۔ کی کوشش کریں اور اپنا ۔۔۔ آپ کے ۔۔۔ اس خط کی نقل بھیجکر ہم ۔۔۔ ہیں کہ ہم اس شرارت کا سد باب ۔۔۔ کے جواب میں صرف اتنا عرض کریں گے کہ مسلمانوں کو گرفتار کرانے اور انہیں غیر وفادار اور جاسوس ثابت کرنے کے لئے کوئی خفیہ جماعت منظم سازش کر رہی ہے، ممکن ہے اور لوگوں کو بھی اس قسم کے خطوط موصول ہوئے ہوں اور انہوں نے گھبرا کر انہیں ضائع کر دیا ہو، مگر ہمارا مشورہ یہ ہے کہ جس مسلمان کو اس قسم کا خط موصول ہو وہ فوراً قریب کے تھانہ میں اس کی رپورٹ کرے اور خط کو بجنسہ پولیس کے حوالہ کر دے، ہم نہیں کہہ سکتے کہ کس قدر مسلمان اس سازش کا شکار ہو چکے ہیں اور آیندہ یہ سازش کیا شکل اختیار کرے، اس لئے مسلمانوں کو بہت ہوشیار رہنا چاہیے، ہم حکام سے بھی عرض کریں گے کہ وہ اس سازش کا پتہ لگائیں اور مسلمانوں کی گرفتاری میں احتیاط سے کام لیں بعض جگہ ایک اور طرز کی سازش چل رہی ہے، پولیس کو خفیہ طریقہ پر اطلاع دیجاتی ہے کہ فلاں مسلمان حیدرآباد کا جاسوس ہے اور فلاں مسلمان ہتھیار جمع کر رہا

اچھی باتیں!

ان الذین ۔۔۔ تا ۔۔۔ عملاً (پ ۱۶ ع ۱۶)

جو لوگ ایمان کی دولت حاصل کر کے حسن عمل کا ثبوت دیں گے تو ہم بھی ان کے نتائج کو ضائع نہیں کرینگے۔

یاد رکھئے اعمال کے نتائج کبھی ضائع نہیں ہوتے اور کبھی کسی کام کا الٹا نتیجہ نہیں نکلتا، یہ قانون فطرت کے خلاف ہے کہ انسان کے عمل میں حسن ہو، افادیت ہو، مگر نتیجہ اس کا برا نکلے، اچھا عمل اچھا نتیجہ پیدا کرے گا اور اچھی قوم کو اچھا پھل ملیگا، اگر مسلمان برباد اور ذلیل ہیں تو وہ خارجی اسباب کے ساتھ داخلی اسباب پر بھی غور کریں اور سوچیں کہ ان کی یہ حالت کیوں ہوئی! خدا کے فیصلے بدلا نہیں کرتے خدا کے قانون میں تبدیلی نہیں ہوا کرتی اگر گندم سے گندم پیدا ہوتا ہے اور جو سے جو تو کوئی وجہ نہیں کہ اچھے اعمال سے اچھا نتیجہ پیدا نہ ہو! آج مسلمان پر خدا کا عذاب نازل ہوا ہے مگر اس کی بدمستی اور غفلت کی سرشاری میں کوئی فرق نہیں آیا وہی فریب وہی دغا وہی دغابازی وہی دلآزاری وہی غنڈہ پن وہی رندی اور بدکرداری اگر وہ اپنی وضع کے پابند ہیں تو خدا کا قانون بھی اٹل ہے اور صرف اسلام کا نام لینے اور مذہب کے پردہ میں اسلام کی بیخ کنی کرنے سے بگڑے ہوئے حالات کبھی نہیں بدل سکتے!۔

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل:

ریلوے افسروں کی شہادتیں

دہلی ۶ ستمبر آج لال قلعہ دہلی میں مسٹر آتما چرن سپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں کرکرے کے وکیل مسٹر ڈانگے نے یہ درخواست پیش کی کہ استغاثہ کے گواہ رمن لال ڈلیا بائی اسحاق سی تو مرتبہ ۳ ستمبر کو کاغذات کی کاربن کاپیاں پیش کی ہیں جنہیں نا قابل پذیرائی قرار دے کر ان گواہوں کی زبانی شہادت سے کاٹ دیا جائے یہ کاغذات سر چند کا ٹکٹوں کی پرچی اور لفٹننٹ روڈ اسٹیشنوں میں جمع کئے گئے ٹکٹوں کے رجسٹر ہیں درخواست دہندہ نے کہا ہے کہ یہ رجسٹر کاربن کاپی ہونے کی وجہ سے ثانوی شہادت کا درجہ رکھتا ہے کیونکہ یہ پہلے پنسل سے لکھی گئی تھی۔ سرکاری استغاثہ نے وہ کاغذات پیش نہیں کئے اس کے علاوہ مسٹر ڈلیا بائی نے جو رجسٹر پیش کیا ہے وہ جائز تحویل سے پیش نہیں کیا گیا۔

اس کے بعد عدالت میں استغاثہ کے گواہ مسٹر ناتھو لال اگروال اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر بی بی اینڈ سی آئی ریلوے اجمیر کی گواہی ہوئی گواہ نے عدالت میں بیان کیا کہ دادر سے دلے پارلے تک کا تیسرے درجے کا ٹکٹ نمبر ۵۸۹۱ جو اس سال ۳۰ جنوری کو ۱۲ بجے دوپہر سے ۷ بجے شام تک بیچا گیا ہوا دکھایا گیا ہے۔

گواہ نے مزید بتایا کہ اس کے محکمہ کا ایک یہ کام بی بی اینڈ سی آئی ریلوے کے تمام اسٹیشنوں پر ٹکٹوں کی فروخت کی تفصیلات وصول کرنا ہے۔ تمام اسٹیشنوں کو جمع شدہ ٹکٹوں کی روزانہ تفصیلات اور ٹکٹوں کی فروختگی کی ماہواری تفصیلات بھیجنی پڑتی ہیں۔ ہر ایک اسٹیشن پر جمع شدہ ٹکٹوں اور غائب شدہ ٹکٹوں کا ایک ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔ ڈپلیکیٹ کاپی مجھے رمسٹرا گروال کو بھیج دی جاتی ہے۔ ہر درجہ کے ٹکٹوں اور ہر اسٹیشنوں کے لئے جو ٹکٹ جاری ہوتے ہیں۔ ان پر ۰۰۰۰ سے ۹۹۹۹ تک نمبر لگائے جاتے ہیں۔ ولے پارلے ریلوے اسٹیشن پر ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو جو ٹکٹ جمع ہوئے ان کی روزانہ رپورٹ (جو عدالت میں موجود ہے) میرے دفتر میں موصول ہوئی۔ غائب شدہ ٹکٹوں کے نمبر رپورٹ کے آخری کالم میں درج کئے جاتے ہیں۔

گواہ نے بتایا کہ رپورٹ میں دادر سے دلے پارلے تک تیسرے درجے کا ٹکٹ نمبر ۵۸۹۱ ۱۲۰ بجے دوپہر اور ۷ بجے شام کے درمیانی جمع شدہ دکھلایا گیا ہے۔ ایک ہی سلسلہ اور ایک ہی نمبر کا اسی اسٹیشن کے لئے دوسرا ٹکٹ اسی دن جاری ہونا ناممکن ہے۔ جب تک اسی دن ۲۴ گھنٹوں میں ایک لاکھ ٹکٹ جاری نہ ہو جائیں۔

بمبئی کے نواحی اسٹیشنوں سے دوسرے اسٹیشن کے لئے بہت سے ٹکٹ دیئے جاتے ہیں۔ اس لئے انہیں جمع نہیں کیا جاتا۔ اکاؤنٹس انسپکٹر اسٹیشنوں پر کچھ عرصہ کے بعد جا کر ٹکٹوں کے اکٹھا کرنے کے کام کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

گواہ پر استغاثہ کے وکیل نے جرح کی۔ مسٹر ڈانگے کی جرح کا جواب دیتے ہوئے گواہ نے کہا کہ میرے ماتحت بہت سے کلرک ہیں۔ جو ٹکٹوں کا کام کرتے ہیں۔ گواہ نے بتایا کہ بمبئی پولیس کے ڈپٹی کمشنر نے مجھے اطلاع دی کہ میں نے اس مقدمے کے بارے میں گواہی دینی ہے۔ اور جو کاغذات میں ضروری سمجھوں ساتھ لے لوں۔ میں نے اپنے کلرک سے ٹکٹ اسٹیٹمنٹ وغیرہ منگوائی۔

بعد ازاں گواہ پر مسٹر ڈانگے نے جرح شروع کی گواہ نے بیان کیا کہ میں ہیڈ ۔۔۔ دادر کے ٹریفک اکاؤنٹس کے دفتر میں کام کرتا ہوں جس اسٹیشن کے لئے ٹکٹ جاری ہوتے ہیں۔ وہاں تقریباً ۵ فی صدی ٹکٹ گم ہو جاتے ہیں۔

(باقی صفحہ ۴ پر)

ہے اخبار کہ پولیس آدم ملتی ہے نہ تا دیب کیا مسلمانوں کو پریشان کرنا شروع کر دیتی ہے، امروہہ میں تو بعض اخبار نے مسلم خواتین کی نسبت بھی پولیس کو گمراہ کرنے کی کوشش کی چنانچہ وہاں کے مسلمانوں نے بھی ہم کو اس غیبی گولہ کی اطلاع دیکر اپنے ۔۔۔ کا اظہار کیا ہے، پولیس افسروں کو چاہیے ۔۔۔ اطلاعات پر مسلمانوں کی عزت پر ہاتھ نہ ڈالیں ۔۔۔ خطوط کے بارے میں محتاط رہیں اور اس فتنہ ۔۔۔ کے لئے مسلمانوں کا ہاتھ بٹائیں۔

دروغ بافیاں

اخبارات میں ایک خبر شائع ہوئی تھی کہ انسپکٹر جنرل پولیس بہار کے دفتر سے ایک ٹرانسمیٹر سخت پہرہ کے باوجود چوری ہو گیا اور وہ سکریٹ کے ایک مسلمان ملازم کے پاس سے جو پاکستان جانے والا تھا برآمد ہوا، اول تو حکومت ان فساد پرور اور فرقہ پرست اخبارات کی دروغ بافیوں پر کوئی توجہ نہیں دیتی اگر دیتی بھی ہے تو صرف اس قدر کہ فلاں خبر بے بنیاد ہے، چنانچہ اس خبر کے متعلق حکومت بہار نے اعلان کیا کہ ٹرانسمیٹر چوری تو ضرور ہوا مگر اس کے نزدیک پہرہ کا کوئی انتظام نہ تھا، یہ خبر کہ یہ آلہ پاکستان لیجاتے ہوئے پکڑا گیا بے بنیاد ہے!

مگر یہ تو اخبارات کو دودھ پلا پلا کر موٹا کرنا ہوا حکومت کیوں ان فساد پرور اخبارات کو سزا نہیں دیتی! کیا اب مسلمان کی عزت کی کوئی قیمت نہیں رہی!

سیر و سیاحت

سیاح کے قلم سے

ہمیں مسٹر گپتا اور جی وی ایس لپا اسپیکر بمبئی اسمبلی نے ایک ہی فقرہ میں زبان کا مسئلہ حل کر دیا، آپ فرماتے ہیں ہندی اور ہندوستانی کی بحث میں کچھ فائدہ نہیں۔ ہندوستانی زبان تو صرف بولی جانے والی زبان ہے اور ہندی اس کی اپنی گرامر ہی نہیں۔

بہار شاد فرمایا ہندوستانی زبان صرف بولی جانے والی زبان ہے غالباً اسی لئے یہ ہندوستانی بولی اور سمجھی جاتی ہے اور جبھی مسٹر ٹنڈن جیسے ہندی زبان کے عاشق جب بولتے ہیں تو بڑی کاوش سے، اور وہ بھی ٹھیٹ ہندوستانی میں۔ کیونکہ جانتے ہیں ہندی صرف لکھنے کی زبان ہے بولنے اور سمجھنے کی نہیں۔

سنا ہے کچھ دن ہوئے ایک صاحب ایک ضروری شکایت کے ازالہ کے لئے سردار پٹیل کے پاس تشریف لے گئے۔ اگرچہ اردو ادب کے ماہر تھے اور بہت اچھی ہندوستانی بول سکتے تھے لیکن اس خیال سے کہ ریڈیو کے وزیر ہیں ٹھیٹ سنسکرت نما ہندی میں بولنے لگے۔ اب سردار پٹیل تھے کہ ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم۔ ایک لفظ پلے نہ پڑا آخر مجبور ہو کر فرمانے لگے بھائی ایسی زبان میں بولو جسے میں سمجھ لوں۔ انہوں نے دست بستہ عرض کی حضور میں تو آپ جیسے ریڈیو کی ریڈیائی زبان بول رہا ہوں۔ سردار صاحب لاجواب ۔۔۔

اگر اس وقت سردار صاحب کو مسٹر گپتا کے ۔۔۔ بچارے کے سمجھنے کو علم ہو جاتا تو وہ ٹھیٹ جانتے کہ زبان اور رعایت ۔۔۔ کی زبان میں کہتے ۔۔۔ چونکہ خبریں اور دوسرا اعلام نشر ہونے ۔۔۔ تحریر میں آ جاتا ہے اس لئے زبان ۔۔۔ آتی ہے لوگ نہیں سمجھتے اگر ایسا ۔۔۔ ہو جاتا ہے ۔۔۔ بولنے کی زبان ہی ہے ۔۔۔ جیسے کہ ۔۔۔ جب تک آل انڈیا ریڈیو کی زبان کو سنتا کہنے کا اہم گرامر موجود ہے اور جو صرف لکھنے اور کسی چیز کو سمجھنے میں لانے کی زبان ہے۔

مگر ہم سے پوچھو تو آل انڈیا ریڈیو کی ضرورت ہی یوں ہی معاملہ چلے دیا جائے تاکہ زمانہ ہے لوگ ریڈیو پروگرام اور خبریں سمجھنے لگیں گے تو خواہ مخواہ ہم ہٹے ہوں گے۔ جب تک کہ ملی ہیں ذہب اچھا ہے ہمیں ملک کی بنیاد سنت اور اعتماد پر ہوا ہے کسی پروپیگنڈہ کی ضرورت بھی نہیں اس کی آواز تو دراصل اس کے دل کی آواز؟ اور یہ دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے

کیا فرماتے ہیں جناب ہندی پرچار کہ ابھی ٹک پیش ہیں کہتے کہ ہندوستانی زبان ریڈیو کی کام نہ چلنے ۔۔۔ ملک کے ۔۔۔ بولی جانے والی نہیں سہارا خیال ہے آپ لوگ کے خلاف دھونی کیوں نہ رمایا جائے۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

"امن یا جنگ"

مکرمی۔ آزادی کے بعد سے آثار اچھے نہیں۔ جبکہ کل تو ہند عوام کے تعمیری کاموں پر اپنی توجہ مبذول کرنی چاہیے تھی یہ کشمیر میں پاکستان سے لڑنے پر مجبور ہو گئی ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ دونوں ملکوں میں یورپ کے ہتھیار بنانے اور فروخت کرنے والے تاجروں کے لئے بہت وسیع میدان پیدا ہو گیا ہے۔ یورپ کے اسلحہ ساز ہم کو ایک دوسرے کی گردن کاٹنے کے لئے اسلحہ فراہم کر رہے ہیں۔ آجکل پاکستان کا ملاقہ امریکہ اور اس کے ساتھیوں کے لئے ایک بہت بڑا خزانہ ہے۔ برلن کا جمود دن بدن زیادہ سنگین ہوتا جا رہا ہے لوگ کہتے ہیں کہ امریکہ اور روس میں جنگ چھڑنے والی ہے اس امر کی تہہ میں یہ راز پوشیدہ ہے کہ یہ جنگ نسلی جنگ ہوگی۔ سمجھوتہ کا کوئی امکان نہیں لڑائی ہو کر رہے گی۔ لڑائی کی صورت میں امریکہ کی خواہش ہے کہ شمال مغربی سرحدی صوبہ کو روس کے خلاف بطور ایک مرکز کے استعمال کرے۔ ہو سکتا ہے کہ امریکہ نے پاکستان اور حیدرآباد کو مدد کی پیشکش کی ہو۔ بشرطیکہ پاکستان امریکی سپاہیوں کو شمال مغربی سرحد کو بطور مرکز کے استعمال کرنے دے روس پر حملہ کرنے دے۔ حالیہ واقعات سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے۔ پاکستان کشمیر میں ایسے آلات حرب استعمال کر رہا ہے۔ جن کو وہ بڑی قیمت دے کر بھی نہیں خرید سکتا۔ یقیناً یہ سامان بڑی طاقتوں نے فراہم کیا ہوگا۔ ہو سکتا ہے کہ پاکستان نے سرحدی صوبہ امریکہ کے حوالے کرنے کا وعدہ کر لیا ہو تاکہ وہاں روس کے خلاف مرکز بنایا جا سکے اور اس پیشکش کے بدلے میں امریکہ نے بڑے بڑے وعدے کئے ہوں۔

واقعات کی رفتار بہت بری ہے۔ خان بادشاہ خاں کی گرفتاری ایک عظیم جدوجہد کا پیش خیمہ معلوم ہوتی ہے۔ بادشاہ خاں اس بات کے لئے کبھی تیار نہ ہوئے کہ ان کے صوبہ کو مرکز بنایا جائے وہ اس کے لئے اپنی جان کی بھی پرواہ نہ کرتے وہ پاکستان میں لڑائی روک سکتے تھے۔ اگر انڈین یونین پاکستان اور حیدرآباد کے ساتھ دوستانہ برتاؤ کرتی تو پاکستان اس امریکہ کے لئے اتنی جلدی تیار نہ ہو جاتا۔ فرقہ وارانہ فسادات کشمیر کی جنگ حیدرآباد کا مسئلہ یہ سب ایسے واقعات ہیں جو پاکستان کو ۔۔۔ سرمایہ داروں کے پنجہ میں پھنسنے پر مجبور کر رہے ہیں۔ اور ہند یونین اپنا ملک کمیونسٹوں کے حوالہ کر رہی ہے۔ کشمیر اور حیدرآباد میں انڈین یونین کی فتح ناممکن ہے کیونکہ یورپ کا سرمایہ ان دونوں کی پشت پر ہے۔

اگر ہند یونین نے حیدرآباد کے خلاف جنگ شروع

کی صیہانکہ لیڈر مینوں کی خواہش ہے تاکہ وہ ہمارے اختلاف سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں یا کشمیر میں جنگ جاری رکھی تو یہ امریکہ یا روس کی عملی امداد کے بغیر کچھ نہ کر سکیں گی۔ جنگ کے جاری رکھنے سے یا نئی لڑائی شروع کرنے سے عوام کی اقتصادی حالت پر بہت اثر پڑیگا۔ مختلف طبقوں کے اختلافات خطرناک حد تک بڑھ جائیں گے۔ کہا جاتا ہے کہ فسادات کشمیر اب قائم ہو جائیگی پارلیمنٹ حکومت۔ ہندیونین میں ہوگوں کی معاشی حالت اتنی خراب ہے کہ جب تک حکومت ہند تعمیری کام شروع کر کے عوام کا معیار بلند نہ کرے اس بات کا خطرہ ہے کہ کمیونسٹ ایک دن ضرور ملک پر غالب آ جائیں گے اب جنگ جاری رکھنے یا شروع کرنے کا خیال ترک کر دینا چاہیے اور ہندی عوام کو فیصلہ کرنا چاہیے اگر وہ امن اور کشمیر کے حق میں فیصلہ دیں تو یہ ان کی بھلائی کے لئے ہوگا۔ اگر امن قائم کر دیا گیا تو جمہوریت زندہ رہے گی۔ ڈکٹیٹری صرف اس صورت میں قائم ہو سکے گی کہ لڑائی ہو بعض لوگ فرقہ وارانہ جنون پیدا کر کے عوام کی ترقی روکنا چاہتے ہیں اگر ہندوستان امن کا ماحول کرے تو پاکستان کو بھی سرحدی صوبہ کی پیشکش کو واپس لینا ہوگا کیونکہ پاکستان اور حیدرآباد کو یورپ سے ناجائز اسلحہ پہنچانے والوں کی امداد کی ضرورت نہ ہوگی اگر سرحدی صوبہ میں جنگ ہوئی تو ہندوستان پر اس کا برا اثر پڑے گا۔ اگر ہند جنگ سے نجات حاصل کرے تو ملک تباہی سے بچ جائے گا بلکہ ملک کی داخلی اور خارجی پالیسی میں اہم تبدیلیاں ہوں گی آئیے ہم خود بھی زندہ رہیں اور دوسروں کو بھی زندہ رہنے دیں وقت کی اہم ضرورت یہ ہے کہ سرمایہ داری اور کمیونزم میں سمجھوتہ ہو جائے کیا ہندی عوام اور ہندی لیڈر ایسے آپ ان اہم امور کا اہل ثابت کریں گے۔

ہندوستان کا المحدیث بے خبر نہیں

خیالی ہے آج ہندوستان کی ساری جماعتیں اپنے تعمیری امور میں مشغول ہیں، ہر فرد کے دل میں ملک کے انتقالی منصوبوں کی طرف بلند بالا تر سیلان و رجحان پیدا ہو چکا ہے۔ ہر شخص کی نظر ایک حسین و دائم انقلاب مستقبل کے لئے بیقرار ہے ایسے وقت میں المحدیث ہند کا بھی ایک معیاری پروگرام ہے جس سے وطن کے کاخ و کوئی خواہش نگاہیں ترس رہی ہیں۔ لیکن اخباروں کے ذریعہ یہ معلوم کر کے بہت افسوس ہوا کہ پاکستان کے بعض شیعہ بانہ کٹ ۔۔۔

(باقی صفحہ ۴ پر)

کشمیر میں جنگ بند کرنے کیلئے اقوام متحدہ کے کمیشن کی تجاویز

کشمیر میں آزادانہ رائے دہی کا یقین دلایا گیا

پاکستان قبائلیوں اور پاکستانیوں کو واپس بلانے میں اپنا پورا اثر استعمال کریگا

نئی دہلی ۔ستمبر۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن نے کشمیر میں جنگ بند کرنے کے متعلق حکومت ہندوستان و حکومت پاکستان کے روبرو جو تجاویز رکھی ہیں وہ اب اخبارات میں شائع کرنے کے لئے دیدی گئی ہیں ان کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

حصہ اول

جنگ بند کرنیکا حکم

دوسرا حصہ

تیسرا حصہ

اقوام متحدہ کو عالمی پارلیمان میں تبدیل کرنے کی تحریک

ووٹ کا معیار ملک کے باشندوں کی تعداد سے قائم کیا جائیگا

پٹیالہ کانگرسی لیڈر گرفتار

بمبئی کی مسلم لیگ سیاسیات سے کنارہ کش ہوگئی

راجستھان ہائی کورٹ کا چیف جسٹس

کاٹھیاواڑ میں بارش کی قلت

قحط کی صورت پیدا ہوگئی

تبلیغی اجتماع

پناہ گزینوں کے لئے گرم کپڑے

جالندھر میں کپڑے کی تقسیم

ہندو مسلم اتحاد کے روح پرور نظارے

دنیا پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں

ادبی سوسائٹی کا قیام

ونوبا بھاوے کی تقریر

سردار پٹیل پٹھانکوٹ کانفرنس میں

مغربی پنجاب مالی اعتبار سے دیوالیہ نہیں ہوا

گورنر سر فرانسس موڈی کی طرف سے اخباری اطلاعات کی تردید

جنوبی افریقہ میں پھر ستیہ گرہ شروع ہوگیا

بالآخر فرانس میں نئی وزارت بن گئی

سوشلسٹوں نے مسٹر شومان سے تعاون کرلیا

حکومت صوبہ سرحد کی مذمت

بہاولپور میں یوم آزادی

جنتا پارٹی نیا انتخاب لڑے

حکیم مشتاق احمد صاحب کا مطالبہ

ڈاکٹر ... کا ماتم

مشرقی پاکستان میں سرحدی ملیشیا

ادیٹر کے نام خطوط

[illegible]

ہند پارلیمنٹ

شرنارتھیوں کو بسانے کیلئے حکومت ہند کا نیا اقدام

حکومت معاوضہ دے کر زمینوں پر قبضہ کرے گی

نئی دہلی ۔ ۲ ستمبر ۔ آج ہند پارلیمنٹ نے وزیر بحالیات مسٹر موہن لال سکسینہ کا بل پاس کر دیا ہے جس کا مقصد شرنارتھیوں کو بسانے کے لئے دہلی اور اجمیر میرواڑہ میں زمینیں حاصل کرنا ہے۔ بحث شروع ہونے سے پہلے ڈپٹی سکریٹری اننت سیانم آینگر نے جو کرسی صدارت پر تھے ۔ ہاؤس سے درخواست کی کہ پارلیمنٹ کے ایک سابق ممبر اشد موہن پودار کی موت پر اظہار افسوس کے لئے اجلاس میں کھڑے [illegible]

پروفیسر شبن لال سکسینہ نے کہا کہ [illegible] ... نا ممکن ہوگا دوسرے صوبوں کے لئے بھی اسی قسم کا قدم اٹھانا چاہئے ۔ دہلی میں اس سے شرنارتھیوں کا جم غفیر ہے کہ انہیں ہند کے دوسرے حصص میں مناسب طور سے نہیں بسایا گیا۔

مسٹر [illegible] بالی نے کہا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ دہلی کے سوا سب صوبوں نے شرنارتھیوں کو بسانے سے انکار کر دیا۔ مدراس نے بہت سے شرنارتھیوں کو بسانے کی پیشکش کی تھی لیکن شرنارتھی وہاں جانے اور بسنے کے لئے تیار نہیں۔

وزیر بحالیات کا جواب

بحث کا جواب دیتے ہوئے مسٹر موہن لال سکسینہ نے کہا کہ حکومت نے ہر شرنارتھی کو بسانے اور کام پر لگانے کی ذمہ داری لی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے یہ ذمہ داری بھی لی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو شہر کے رہنے والے شہر ہی میں بسیں۔

اس شکایت کا کہ تمام صوبے پناہ گیروں کو بسانے کے لئے تیار نہیں مسٹر سکسینہ نے کہا کہ بھاولپور جیسی ریاست سے آنے والے لوگ شرنارتھی ہیں انہیں حاصل نہیں کر سکے اس لئے کہ صوبائی حکومت نے یہ اعتراض کیا کہ وہ پنجابی نہیں ہیں۔ اس کے بعد لوگ اس بات کی شکایت کیسے کر سکتے ہیں کہ یوپی نے بھی ان کے لئے دروازے بند کر دئے۔

میں اس خیال کی حمایت نہیں کر سکتا کہ تمام دوکاندار اور تمام وکلا ایک ہی پیشہ اختیار کریں۔ یہ اگر دولت پیدا کرنے والے لوگ نہیں ہیں تو یہ پیشے کبھی ترقی نہیں کر سکتے۔ جن لوگوں نے ہندوستان سے ہجرت کی ہے وہ عام طور پر کاریگر تھے جنہیں دولت پیدا کرنے والا کہا جا سکتا ہے حکومت کے پاس جو روپیہ ہے اس میں سے یہ ممکن نہیں ہے۔

[illegible] کو قرضہ دیا جا سکے۔ ... کو آپریٹو سوسائٹیاں قائم کر لی جائیں اور ان ہی کی معرفت قرضہ دیا جائے۔

پٹیالہ میں ۸ ہزار مکان خالی ہیں

مسٹر سکسینہ نے بتایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ مشرقی پنجاب کے شہروں میں ضرورت سے زیادہ لوگ آ گئے ہیں لیکن مثال کے طور پر میری اطلاع یہ ہے کہ صرف پٹیالہ شہر میں آٹھ ہزار وہ مکانات خالی پڑے ہیں جنہیں مسلمان چھوڑ کر گئے تھے۔

آپ نے کہا کہ کوئی حکومت یا کوئی وزارت ان کی اس وقت تک مدد نہیں کر سکتی جب وہ خود ہی اپنی مدد نہ کریں۔ ایوان مسٹر دیش بندھو گپتا کی یہ ترمیم منظور کر لی کہ اس بل کے تحت جو زمین حاصل کی جائے اس کی بازار کی قیمت دی جائے یا ۴۰ فیصدی کے اضافہ سے وہ قیمت دی جائے جو یکم ستمبر ۱۹۳۹ء کی تھی۔

آراضیات کی ترقی!

ایک مختصر سی بحث کے بعد وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام کا وہ بل بھی منظور کر لیا گیا جس کا مقصد دہلی اور اجمیر ماروار کے صوبوں میں آراضیات کی ترقی [illegible]

بڑی طاقتیں جنگ نہیں چاہتیں

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کا قیاس

اوسلو ۔ ۲ ستمبر ۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل ایم ٹرگوی نے جو آج کل یہاں ہیں اپنی ایک نشری تقریر میں اپنا یہ خیال ظاہر کیا کہ کوئی بڑی طاقت نہ تو جنگ کی خواہاں ہے اور نہ اس کے لئے تیاری کر رہی ہے۔ ایم ٹرگوی نے رخصت پر آئے ہوئے ہیں اور اب چھٹیاں گذارنے میں مصروف ہیں۔ تقریر کے دوران میں آپ نے یہ کہا کہ بین الاقوامی حالات نازک ضرور ہیں لیکن اس قدر نہیں جتنا مبالغہ آمیزیوں کے ساتھ بیان کئے جاتے ہیں۔ اقوام متحدہ ایسی طاقت ہے جس نے تمام دنیا کو ایک جگہ کر دیا ہے۔

گاندھی جی کا مقدمۂ قتل

صفحہ ۲ سے آگے

دوسرے گواہ کا بیان

[illegible] بیان میں بتایا کہ ٹکٹ ... دادر کے لئے جاری کیا گیا ۔ اگر ٹکٹ ... تھانہ سے دادر کے لئے جاری کیا گیا ۔ دادر کے اسٹیشن ماسٹر کے ... اس سے برآمد ہوئے تھے ۔ وکیل استغاثہ نے ... ٹکٹ ... اور ... جو آپٹے اور کرکرے کے پاس سے برآمد ہوئے ۔ صفائی کی طرف سے یہ ثابت کرنے کیلئے استعمال کئے جا سکتے ہیں کہ آپٹے اور کرکرے ... دہلی میں نہیں تھے بلکہ بمبئی کے مضافات میں سفر کر رہے تھے استغاثہ ثابت کرنا چاہتا تھا کہ آپٹے اور کرکرے ... کو دہلی میں موجود تھے ۔ گواہ نے عدالت میں ایک رجسٹر پیش کیا اور کہا کہ بیچ کئے جانے والے ٹکٹوں کا اندراج اس رجسٹر میں روزانہ ۱، ۲ اور شب کو ۱۰ بجے ہوتا ہے ۔

آپٹے کے وکیل مسٹر بنرجی کی جرح پر گواہ نے کہا کہ جو ٹکٹ گم تھے وہ رجسٹر کے اندر دکھائے گئے ہیں ۔

گواہ نے کہا کہ وہ فروری کو جو ٹکٹ جمع کئے گئے ۔ ان کی تعداد ... تھی اور گم ہونے والے ٹکٹوں کی تعداد ... تھی ۔

مسٹر [illegible] : ۱۳ جنوری کو ٹکٹ شمار کرنے کے بعد تم نے کیا کیا ۔

جواب : مجھے معلوم نہیں ۔

اعتراض جائز قرار دے دیا

عدالت نے مسٹر [illegible] کے اعتراض کو جائز قرار دے دیا اور مسٹر جے ۔ پی ۔ قدوسانی جو تھانہ ریلوے اسٹیشن کا ٹکٹ کلکٹر تھا ۔ اس کی شہادت ناجائز قرار دی ۔

[illegible] نے اعتراض کیا کہ گواہ کی شہادت غیر متعلق ہے کیونکہ میرا موکل آپٹے ... کو استغاثہ کے مطابق بمبئی میں موجود تھا اس لئے گواہ کی شہادت کو قلمبند نہ کیا جائے ۔

مسٹر دفتری ملزم کی تلاشی سے جو چیزیں برآمد ہوئی ہیں ان میں ٹکٹ بھی شامل ہیں کچھ ٹکٹ استغاثہ کی طرف سے پیش کئے گئے ہیں اور بعض صفائی کی طرف سے اس لئے مجھے یہ ثابت کرنا ہے کہ یہ ٹکٹ ملزم نے خرید کئے ہیں ۔

وکلاء میں زبردست جرح

مسٹر دفتری بحث کر رہے تھے کہ مسٹر [illegible] نے بولنے کی کوشش کی ۔ مسٹر دفتری نے کہا کہ مسٹر [illegible] کو قانونی طور پر بولنے کا حق نہیں جبکہ میں بحث کر رہا ہوں اس پر مسٹر [illegible] ... [illegible]

ایک اور گواہ کا بیان

[illegible]

سہارنپور کی خبریں

نامہ نگار الجمعیۃ

کانسٹبل کو پیٹ دیا

۳ ستمبر ۔ کل شام تین چار بجے کے قریب چوک فوارے کے قریب بہت سے شرنارتھیوں نے ایک پولیس کے کانسٹبل کو پیٹ دیا ۔ واقعہ یوں ہوا کہ ایک کانسٹبل کا جو کہ سادہ کپڑوں میں ملبوس تھا کسی شرنارتھی دوکاندار سے کپڑا خریدتے ہوئے کچھ جھگڑا ہو گیا جس پر قریب ہی بیٹھے ہوئے شرنارتھی کانسٹبل پر بری طرح ٹوٹ پڑے حتی کہ اس کے کپڑے بھی پھاڑ دیئے کانسٹبل نے کوتوالی جا کر خبر کی وہاں سے کوتوال صاحب مع چند کانسٹبلوں کے آئے اور کئی حملہ آور شرنارتھیوں کو پکڑ کر کوتوالی لے گئے اس پر بہت سے شرنارتھی کوتوالی گئے اور اپنے ساتھیوں کی رہائی کا مطالبہ کرنے لگے اس افواہ سے تمام بازار میں گڑبڑی پھیل گئی ۔

دو چور پکڑے گئے

کل رات نو بجے کے قریب اناج کی پرانی منڈی سے دو چور پکڑے گئے ۔ سنا ہے یہ دونوں چور ریلوے مال گودام سے بنولوں کی بوریاں اور ایسی قسم کی دوسری چیزیں چرا کر لایا کرتے تھے اور پرانی منڈی کے ایک لالہ جی کو سستے داموں فروخت کیا کرتے تھے ۔ کل رات اتفاقاً ان کا سودا نہیں بنا بس پھر کیا تھا لالہ جی برافروختہ ہو گئے ۔ اور لگے شور مچانے چور چور پکڑو دوڑو ۔ شور سنکر آناً فاناً پچاسوں آدمی اکٹھے ہو گئے پولیس کو بلایا گیا اور چور گرفتار ہو گئے سنا ہے کہ لالہ جی نے اپنا غصہ اتارنے کے لئے چوروں کی کچھ تواضع بھی کی ۔

حیرت انگیز چوری

چند روز ہوئے اسلامیہ انٹر کالج میں بھی چوری ہو گئی ۔ چند کلاسوں کے تالے توڑ کر کچھ جزوی سامان ... کیا اور کالج کی مسجد کا نل جو کہ مدت سے ... تھا اس کی چھت توڑ کر زمین میں سے نکال لیا کیونکہ بغیر چھت کو توڑے نل کی نلی نہیں نکل سکتی تھی ، سنا ہے کہ نل کی نلی ۲۰ فٹ لمبی تھی اور یہ کام ہر ایک آدمی کے بس کا بھی نہیں جب تک کہ ایک ہوشیار مستری اور کئی مزدور نہ ہوں اور پھر اتنی بڑی چیز کا اس طرح چوری ہو جانا کسی کو خبر تک نہ ہو حیرت انگیز ہے ۔

فساد کرانے کی ناپاک کوشش

قصبہ رائے پور ضلع سہارنپور سے اطلاع آئی ہے کہ وہاں ایک ہندو مسجد میں آیا اور کہا کہ میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں ۔ امام صاحب اور دیگر مسلمانوں نے اچھی طرح تسلی کرنے کے بعد اسے مسلمان کر لیا تھوڑی دیر کے بعد اسی بدبخت شخص نے بازار میں جا کر شور مچا دیا کہ مجھے مسلمانوں نے زبردستی مسلمان کر لیا ۔ اور میں بڑی مشکل سے بھاگ کر آیا ہوں اس سے ہندوؤں میں اشتعال پیدا ہو گیا اور قریب تھا کہ کوئی ناخوشگوار حادثہ پیش آ جائے کہ کچھ سمجھدار کانگریسی ہندوؤں نے اس معاملہ کی اچھی طرح تحقیق کی جس کے بعد اس شخص کی مکاری کا علم ہوا اور اسے حوالہ پولیس کر دیا گیا ۔

بڑودہ کی نئی حکومت کا اولین کارنامہ

قومی خدمات انجام دینے والوں کو انعام

بڑودہ ۔ ۳ ستمبر ۔ [illegible] بڑودہ میں اصلاحات کے سلسلہ میں ... حکومت کا ... [illegible]

[illegible]

ایک لیگی کا استعفیٰ

بمبئی ۔ [illegible] ... مسلم لیگ ... [illegible] ... اپنا استعفیٰ مسلم لیگ کے صدر اور سکریٹری کے پاس روانہ کر دیا ۔

بمبئی ۔ ۲ ستمبر ۔ مضافات بمبئی کی انجمن بہبودی [illegible] ... حکومت اپنے خرچ سے اچھوتوں کی ایک کالونی قائم کرے اور ان میں اچھوتوں کے لئے مکان تعمیر کر دے ۔

[illegible]

عدالت میں زبردست تعجب

[illegible]

سردار پٹیل کو معلوم ہو کہ میں دب جانے والا شخص نہیں ہوں

نائب وزیر اعظم کے انتباہ پر ماسٹر تارا سنگھ کی دھمکی

امرتسر ۔ ۳ ستمبر ۔ اکالی لیڈر ماسٹر تارا سنگھ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سردار پٹیل نے کسی اخباری اطلاع کی بنا پر مجھ پر ... [illegible] ... میں سردار پٹیل سے کہہ دینا چاہتا ہوں کہ میں دب جانے والا شخص نہیں ہوں ۔ اگر میں ... [illegible] ... شرنارتھیوں کی بحالی کا کام ... [illegible] ... آخر میں سردار پٹیل سے اپیل کی کہ وہ شرنارتھیوں کے متعلق زیادہ ... رویہ اختیار کریں گے ۔

روغن اکسیر دماغ ۔ اکسیر دنداں

دونوں ... شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ نے عرصہ تک استعمال فرمانے کے بعد یہ رائے ظاہر فرمائی ہے کہ

(۱) دماغ کے لئے ہمیشہ روغن استعمال کئے مگر جس خصوص انداز کا یہ روغن ہے میرے استعمال میں نہیں آیا ۔

(۲) اسی طرح یہ منجن اپنی سرعت تاثیر میں بے نظیر ہے ۔ خصوصاً مرض پائیوریا سے نجات دینا اس کا لازمی اثر ہے ۔

مجھے امید ہے کہ دماغ اور دانتوں کے مریض ان سے بہت زیادہ فائدہ حاصل کریں گے ۔

اکسیر دماغ فی شیشی ایک روپیہ چودہ آنے اکسیر دنداں فی شیشی ۹ آنے علاوہ محصول ڈاک

ہلال فارمیسی ۔ دیوبند ۔ ضلع سہارنپور

ایجنٹوں کی ضرورت

ہمارے خود بخود ۶ فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول اور اس کے کارتوس کی فروخت کے لئے محنتی ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے لائسنس کی ضرورت نہیں آج ہی نمونہ پستول اور شرائط ایجنسی کے لئے لکھیے

امریکن کارپوریشن سوترگنج کانپور

خط و کتابت کرتے وقت پتہ صاف اور خوشخط لکھئے ۔

اطلاع

مسمی بشیر احمد کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اپنی واچ ... [illegible] ... اگر آج سے ... [illegible]

برما فوجوں کا ۵۰۰ باغیوں سے مقابلہ

حکومت کی کامیابی ۳۲ باغی ہلاک

رنگون ۷ ستمبر۔ حکومت برما کے ایک اعلان میں بتلایا گیا ہے کہ دریائے رنگون کے اوپری علاقوں میں تھتا ماین کے مقام پر حکومت کی فوجوں اور ۵۰۰ باغیوں میں زبردست مقابلہ ہوا جس میں ۳۲ باغی ہلاک ہوئے۔ رنگون اور پرم کے درمیان تھاراوادی کے علاقہ میں ... ۲۰۰ مربع میل کے حصہ پر باغیوں نے قبضہ کر لیا ہے۔

کیرنگ ... یہ نہیں بتایا گیا کہ پروگرام کی کیا حالت ہے ... کہ کرین نیشنل کے لوگوں نے وہاں حالات پر قابو پا لیا ہے۔

ہندوستان اور پاکستان سرحد پر بالکل امن ہے

فوجی تیاریوں اور کشیدگی کی اطلاعات بے بنیاد ہیں

... ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ... ڈپٹی کمشنر ہندوستان و پاکستان کی سرحد پر ایک مقام پر باہمی تعلقات کو استوار کرنے اور باہمی ... کے متعلق جھگڑا طے کرنے کے متعلق ایک دوسرے سے ملے۔ یہ ملاقات ... کے مقام پر ... ہوئی۔ اس کے بعد دونوں نے ساتھ کھانا کھایا۔ یہ ملاقات بہت دوستانہ ہوئی اور اس سے ظاہر ہوا کہ دونوں ملکوں کی سرحد پر ... میں دوستانہ تعلقات قائم ہیں۔ ... جنگی تیاریوں وغیرہ کی بہت سی بے بنیاد اطلاعات شائع ہوئی ہیں ... سرحد کے متعلق بہت سی تشویشناک اطلاعات ... علامت نہیں جس سے یہ ظاہر ہو سکے کہ فوجی تیاریاں ہو رہی ہیں ... اپنے کاروبار میں مصروف ہیں اور کسی قسم کی کشمکش نہیں پائی جاتی۔

قومی وزارت نے سرخ پوشوں پر مظالم کر کے اپنی فسطائیت کا ثبوت دیا ہے

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا بیان

دہلی ۵ ستمبر۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے اپنے ایک بیان میں صوبہ سرحد کے اندر سرخ پوشوں پر قومی وزارت کے مظالم کی سخت مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ قومی وزارت نے ان خادمان وطن کو مشق ستم بنا کر اپنی فسطائی ذہنیت کا ثبوت فراہم کیا ہے۔ آپ نے مسلمانان پاکستان کے اہل شعور سے اس امر کا بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ سرخ پوشوں کی حمایت میں صدائے احتجاج بلند کریں۔ حضرت مولانا کا پورا بیان ذیل میں ہے:-

صوبہ سرحد میں خدائی خدمتگاروں اور سرخ پوشوں کے ساتھ جو برتاؤ ہوا وہ اگر صحیح حالات پر مبنی ہے تو سخت قابل افسوس اور لائق مذمت ہے۔ خدائی خدمتگار قوم کے سچے خادم اور ملک کے مخلص سپاہی ہیں۔ جنگ آزادی میں انہوں نے جس طرح بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور ... قربانیاں دیں اسے دنیا کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ قومی وزارت نے ان خادمان وطن کو مشق ستم بنا کر اپنی فسطائی ذہنیت کا ثبوت فراہم کیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ خود پاکستان کا انصاف پسند طبقہ اسے نفرت کی نگاہ سے دیکھے گا۔ میں مسلمانان پاکستان کے اہل شعور سے مطالبہ کروں گا کہ وہ سرخ پوشوں کی حمایت میں صدائے احتجاج بلند کریں اور قومی وزارت کو آگاہ کریں کہ اسلام کے نام پر ان کی یہ فسطائیت برداشت نہیں کی جائے گی۔

... کے کم از کم سو ابتدائی ممبر ہوں۔ سو سے کم ممبروں پر جمعیۃ قائم نہیں کی جا سکتی۔ اگر کسی نے ایسا کر لیا تو وہ جمعیۃ جمعیۃ نہیں سمجھی جائے گی اور اس کو ضلع میں نمائندگی اور الحاق کا کوئی حق نہ ہوگا۔

جس طرح میعاد کے بعد فارم پر کر کے کوئی شخص ممبر نہیں بن سکتا اسی طرح کوئی مقامی جمعیۃ میعاد کے بعد جمعیۃ تصور نہیں کی جا سکتی اور اس کو کوئی نمائندگی نہیں مل سکتی۔ اس ...

ممبر سازی اور انتخاب کا وقت پر ہونا بہت ضروری ہے پھر چونکہ ضلع جمعیۃ کا انتخاب مقامی اور ابتدائی جمعیتوں پر منحصر ہے اس لئے اس کا باقاعدہ ہونا اور بھی ضروری ہے۔ امید ہے صوبہ متحدہ کے تمام نظما اس پر پوری توجہ صرف کریں گے۔

(شفیق امروہوی)

(خادم جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ)

یہودیوں کی نام نہاد حکومت دیوالیہ ہو گئی

دس کروڑ ڈالر نہ ملے تو ستمبر میں ختم ہو جائے گی

... ستمبر۔ ایک امریکی اخبار ... نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ فلسطین میں یہودیوں کی حکومت اسرائیل اقتصادی مشکلات کے باعث آئندہ تین یا چار ہفتہ میں ختم ہو جائے گی۔ اس کے بچاؤ کی دو ہی صورتیں ہیں کہ ... امپورٹ ایکسپورٹ بینک ... دس کروڑ ڈالر قرضہ دے یا عارضی صلح ختم ہو جائے۔

ماتحت جمعیتوں کو ضروری ہدایت

... یاد رہے کہ جو لوگ ۱۹۴۸ء کی ممبر سازی کے ... ۱۵ جنوری ۱۹۴۸ء تو ... کر دی گئی تھی۔ لہذا جنوری ۱۹۴۸ء تک بننے والے ممبر گزشتہ سال کے ممبر شمار کئے جائیں گے۔ اور وہ نئے انتخابات میں کوئی حصہ نہ لے سکیں گے۔ ... انتخابات میں صرف وہی حضرات حصہ لے سکیں گے جو اس سال اپریل ۱۹۴۸ء سے نومبر ۱۹۴۸ء تک جمعیۃ علما کے فارم رکنیت پر دستخط کر چکے ہوں گے۔ اور یہی ممبر ... لے سکیں گے۔

نیز ہر مقامی جمعیۃ علماء کے لئے ضروری ہے کہ اس ...

... جمعیتوں کی ممبر سازی ماہ نومبر تک مکمل کر لیں۔ نومبر کے آخر تک مقامی جمعیتوں کا انتخاب ہو جانا چاہئے اور اس انتخاب کے نتائج ... فارم رکنیت دسمبر کے پہلے ہفتہ میں ضلع جمعیۃ کے پاس پہنچ جانا چاہئیں۔

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں وہ خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

1. اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف نسخہ سے کی گئی ہے۔
2. ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب مع توضیحی عبارات۔
3. حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
4. تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
5. ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبد الرحمٰن صفوری)
6. فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
7. موضح القرآن (حضرت شاہ عبد القادر)
8. تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
9. جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل۔ قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔
10. خط خوشنما، صاف، روشن، تقطیع نہایت موزوں ... ہدیہ غیر مجلد صرف ... ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد سات روپیہ چار آنہ۔ معجز نما حمائل شریف ... ہدیہ غیر مجلد آٹھ روپیہ، ہدیہ مجلد دس روپیہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

پانچ ہزار روپے کے نقد انعامات تقسیم کر دیئے گئے

آسان اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۸ ماڈل ٹاؤن (لاہور) کا شاندار نتیجہ

... اگست تک آسان اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۸ کے جو حل تم کو وصول ہوئے اور جن پر قواعد معمہ کی پابندی کی گئی تھی شامل مقابلہ کئے گئے۔ پہلا انعام مبلغ ۳ ہزار روپے بالکل صحیح حل بھیجنے پر مسٹر عبد الرزاق ... کراچی کو دیا گیا۔ ایک غلطی والے ۲۳ حل نکلے جن پر دوسرا انعام ۱۲ سو روپے ... روپے فی حل تقسیم کیا گیا (۱) ... (۲) اے حمید لائل پور (۳) ... (۴) محمد رفیق شاہ کراچی (۵) ظہور احمد دہلی (۶) ایم جمال الدین ... (۸) ... (۹) ... ملتان (۱۰) شوکت حسین رام پور (۱۱) ... (۱۳) ... (۱۴) ... نصیر الدین ... (۱۵) ... (۱۸) الطاف صدیقی کراچی (۱۹) ... (۲۱) ... بمبئی (۲۲) محمد طفیل بمبئی۔ دو غلطی والے دس حل نکلے ہیں ان پر تیسرا انعام ۵ سو روپے ... فی حل تقسیم کیا گیا۔ چوتھا انعام ایک سو پچاس روپے سب سے زیادہ حل بھیجنے پر ... کو دیا گیا۔ سب کو انعامات بھیج دیئے گئے ہیں۔ صحیح حل اور بورڈ درج ہے آسان اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۸ کا مکمل نتیجہ ... یکم ستمبر میں دیکھیں۔

۱	ا	ا	ن	ج	ی	ر
۲	ب	ز			ا	ر
۳	ب	ا	س		ی	
۴	ت	ق	ی		ر	
۵	ب	ر	ث			
۶	ف	ا	د			
۷	و	ا	م			
۸	ک	ف	ن			
۹	ا	د	ن			

دو صد روپے کے انعامات

نوٹ:- کئی اخبارات میں پریس کی غلطی سے ... اعتراض کیا اس لئے مجبوراً میعاد داخلہ وغیرہ بڑھا دینا پڑی۔

(۱) پہلا انعام:- بالکل صحیح حل بھیجنے والے کو مبلغ ... روپیہ نقد ... مفت جو کبھی مطلوب ہو۔

(۲) دوسرا انعام:- ایک غلطی کرنے والوں کو ... (۳) تیسرا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو مبلغ ... (۴) چوتھا انعام سب سے پہلے حل بھیجنے والے کو دس روپیہ نقد۔

انعامی جبری معمہ

شرائط:- (۱) فیس داخلہ فی حل ۸ ... (۲) ایک حل سے زیادہ حلوں کے واسطے ... (۵) صحیح حل وہی تصور ہوگا جو ہمارے سر بمہر حل سے ... (۶) معمہ کی آمدنی کے مطابق انعامات کی رقم گھٹائی بڑھائی جا سکتی ہے ... منیجر جبری معمہ کا فیصلہ قطعی و اطمینان ...

رائے صاحب ایل شرما اینڈ سنز ریسلز اینڈ بینکرز (۲۵) جگادھری E.P.

الجمعیۃ بک ڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن مولفہ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بیش بہا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد ... حصہ چہارم مجلد ۲ روپے ...

نبی عربی ... صلی اللہ علیہ وسلم ... تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کی اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپے بارہ آنے

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے لکھ کر جمع کر دیئے گئے ہیں قیمت مجلد ...

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں زبان نہایت سادہ اور سہل ہے۔ قیمت ۳ روپے بارہ آنے (۱۲/۳)

جمعیۃ علما کیا ہے حصہ اول جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنے (۶/)

جمعیۃ علما کیا ہے حصہ دوم معہ تقریر جمعیۃ علماء ہند کی بیس سالہ تجاویز کا مجموعہ قیمت دو روپے چار آنے

اسلامی پرچم جمعیۃ علما ہند کے جھنڈے پر فاضلانہ اور اسلامی روشنی میں تبصرہ۔ قیمت تین آنے (۳/)

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اردو کا ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ...

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علما ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے قیمت حصہ اول ۸/ حصہ دوم ... حصہ سوم ...

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے کورس میں شامل ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸/)

جنگ بلقان:- کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کافروں پر فتح پائی قیمت صرف ۸/

اربعین:- اسلامی تعلیم کا مرقع قیمت ۱۲/

نوٹ:- مبلغ پانچ روپے یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں چھ رسالے نمبر (۱) پاکستان کیا ہے (۲) لیگ کیا ہے (۳) مسٹر جناح کا پر اسرار معمہ (۴) شریعت بل اور لیگ (۵) سول میرج اور لیگ (۶) لیگ کی غلطیاں مفت پیش کی جائیں گی۔ ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

سرمہ مقوی بصر ابتدائی نزول الماء کو روکنے، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے، پلکوں کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ/۱)

سرمہ اصلاح چشم دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے بارہا آزمودہ ہے قیمت فی شیشی تین ماشہ تین روپے (صہ)

سفوف مجامعی جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو خرابی صحت کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہیں نہایت مجرب ہے بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے قیمت چالیس خوراک دس روپے (عہ) فی خوراک چار آنے (۴/)

حب سمنی آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے آزمودہ ہے قیمت مکمل خوراک سات روپے (عہ)

**حب ... ** ہاضمہ، ریح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنے (۸/۲)

حب شیر ملیشن بچوں کے امراض جگر، ڈبہ، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے قیمت فی شیشی دس گولیاں دو روپے (۲)

سفوف سلطانی سیلان الرحم کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے ہزاروں پر آزمائی جا چکی ہے قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے (عہ) ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور یوپی

پانچ ہزار ۵۰۰۰ روپیہ کے

نقد انعامات

داخلہ کی آخری تاریخ ۲۵ ستمبر ۱۹۴۸ء

پہلا انعام (صحیح حل) تین ہزار روپیہ
دوسرا انعام (ایک غلطی) گیارہ سو روپیہ
تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپیہ
چوتھا انعام (سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو) دو سو روپیہ

۱	ا	ا			ل	ر
۲	ت		ر		ی	ر
۳	ج		ا			ت
۴			ا		ر	ت
۵	ف	ر		ت		
۶	م	ر	ی			
۷		ر	ش			
۸	ح		ا			
۹	م	ر				

داخلہ:- پہلا حل ایک روپیہ ... فیس داخلہ بذریعہ منی آرڈر ... پوسٹل آرڈر ... ضرور بھیجئے۔

... صحیح حل وہی ہوگا جو ہمارے سر بمہر حل سے ... ہوگا صحیح حل اور مکمل نتیجہ ... ماڈل ...

آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۰، ماڈل ٹاؤن لاہور

ا لیبٹی سنٹرل ہوٹل ... انارکلی لاہور کی معرفت شائع ہو

جے پور کی سردی و بارش ۔ کانگریس سیشن کی تاریخ میں تبدیلی

ریاستوں میں کانگریس تنظیم جاری رکھنے کا مسئلہ کل پیش ہوگا

مدورا میں فساد ہوگیا

گاندھی جینتی

سی پی کے وزیر اعظم کی تقریر

ناگپور ۶ ستمبر۔ کل سی پی کے وزیر اعظم پنڈت ... نے ... ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ہندوستان کے مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے ... دو قوموں کی تھیوری اور مسٹر جناح کو بھول جانا چاہئے۔

پاکستان کے جدید نوٹ لندن میں چھپ رہے ہیں

کراچی ۶ ستمبر۔ لندن میں پاکستان کے ایک اور دو روپے کے نوٹ چھپ رہے ہیں۔ ایک روپے کے نوٹ کا رنگ ... اور دو روپے کے نوٹ کا رنگ سبز ہوگا ... نوٹوں پر ... کی تصویریں ہیں ... لاہور کی بادشاہی مسجد، جہانگیر کے قلعہ کی تصویریں ہیں ... حکومت پاکستان کی منظوری باقی ہے ... دسمبر سے تمام نوٹ چلنے لگیں گے۔

یوپی میں سب سے بڑا سیلاب

صفحہ اول کالم ۴ سے آگے

آگرہ میں جمنا کا پانی ... فٹ تک پہنچ گیا ہے آگرہ، اٹاوہ، فتح پور والی سڑک ٹوٹ گئی ہے اور آمد و رفت بالکل بند ہوگئی ہے سڑک کا ... گھاٹ کا پل پانی میں ڈوبا ہوا ہے اور آمد و رفت بالکل بند ہے ... پل کو سخت نقصان پہنچ گیا ہے ... ہوئی دیکھی گئیں۔

کشمیر کمیشن کا اعلان

صفحہ اول کالم ۴ سے آگے

ہندوستان کا جواب

پاکستان کا جواب

۱۰ ستمبر کے بعد مغربی پنجاب سے پناہ گزینوں کا انخلا شروع ہو جائے گا

لاہور ... ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی پنجاب سے پناہ گزینوں کا انخلا ۱۰ ستمبر سے شروع ہو جائے گا ...

پاکستان کی یقین دہانیوں کے باوجود

سندھ سے ہندوؤں کا انخلا جاری ہے

کراچی ... ستمبر۔ حکومت پاکستان اور حکومت سندھ ... کے باوجود سندھ کے ہندو ... چھوڑ رہے ہیں ...

دہلی کے شرنارتھی دکانداروں کا ستیہ گرہ ختم ہوگیا

پریس کانفرنس میں بیوپار منڈل کے صدر کا اعلان

دہلی ... ستمبر۔ دہلی میں شرنارتھی دکانداروں کی ایک ہفتہ کا ستیہ گرہ ... مقامی حکام اور ... بیوپار منڈل ... ختم ہوگیا ... ستیہ گرہی جو گرفتار کئے گئے تھے ... جیل سے رہا کر دیے گئے۔

غلط خیال

راجستھانی وزیر کا انتباہ

فرسٹ کلاس ختم

برطانوی یہودی کے خلاف مقدمہ

کراچی کے مقابلہ میں ایک نئے بندرگاہ کی تعمیر

نئی دہلی ۷ ستمبر۔ کل ہند کابینہ نے اس بات کا فیصلہ کر دیا کہ کانڈلہ (KANDLA) کو کراچی کے مقابلہ اہم بندرگاہ میں تبدیل کر دیا جائے۔ یہ مقام کاٹھیاواڑ میں واقع ہے ...

اطالیہ میں زبردست طوفان باد

اسی آدمی ہلاک ہوگئے

روم ۷ ستمبر۔ شمالی اطالیہ میں ایک زبردست ہوا کے طوفان سے ۸۰ آدمی ہلاک ہوگئے ہوا اب بھی طوفانی شکل میں چل رہی ہے ... نقصان پہنچا ہے اس کا اندازہ کئی لاکھ پونڈ کیا جا رہا ہے ...

افغانی علماء کا پروپگنڈہ

بقیہ صفحہ ایک کالم ۶

برما میں قیام امن

برما کے کمیونسٹوں کو کلکتہ سے ہدایات پہنچ رہی ہیں؟

کمیشن کے چیرمین کا جواب

رات کا دورہ

ہندوستان اور برطانیہ

صفحہ اول کالم ۶ سے آگے

ہند پارلیمنٹ

صفحہ ۱ سے آگے

سلک کی صنعت

لگان داری ریکارڈ بل!

دلیش سیوک سینا

جنرل سکریٹری کا استعفے

امرتسر ... ستمبر۔ دلیش سیوک سینا کے جنرل سکریٹری ... نے اپنے اس عہدہ سے استعفے دے دیا ہے۔

ماسٹر تارا سنگھ سکھستان کیلئے خفیہ کوشش کر رہے ہیں

اکالی لیڈر پر ایک مقامی معاصر کی کڑی نکتہ چینی

ایک چوکیدار کا قتل

غلہ بچانے کے لئے جان کی بھی پرواہ نہیں کی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یدُ اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے ۔ جلد ۳۰ ۔ دہلی یوم جمعہ ۵ ذیقعدہ سنہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۴۸ع ۔ نمبر ۱۹۴ ۔ بذریعہ ہوائی جہاز ڈاک فی آنہ ۲

سالانہ قیمت
چالیس روپے ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

اکسیر دندان
دانتوں کے ہر مرض کیلئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے ... قیمت فی شیشی ۹ علاوہ محصول ۔ ملنے کا پتہ
ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

بیت المقدس میں یہودی اور عربوں میں پھر جھڑپیں شروع ہو گئیں

عربوں اور یہودیوں کا ایک دوسرے پر الزام

مستقل امن قائم کرنے کیلئے کاؤنٹ برناڈوٹ کی دوڑ دھوپ

بیت المقدس ۸ ستمبر۔ جب سے بیت المقدس میں عارضی صلح شروع ہوئی ہے اس وقت سے لے کر اس وقت تک سب سے بڑی لڑائی یہودیوں اور عربوں میں کل صبح شروع ہو گئی جبکہ دونوں نے ایک دوسرے کی چوکیوں پر زبردست گولہ باری کی۔ شرق اردن کے دار السلطنت عمان میں عرب لیجن کے ایک ترجمان نے کہا کہ زینبور پہاڑ جافہ دروازے پر عربوں کی پوزیشنوں پر گولہ باری کر کے یہودیوں نے صلح کی خلاف ورزی کی ہے ایک عرب سپاہی ہلاک اور ایک زخمی ہوا دو عربوں کے بے قاعدہ فوجی بھی زخمی ہوئے۔

اقوام متحدہ کی سرحدی پارٹی

کشمیر کے دورہ پر

سری نگر ۸ ستمبر۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کا نمائندہ تحقیقاتی وفد کل وادی کشمیر کے جنوبی علاقوں کا دورہ کرنے گیا۔ وفد نے ۱۵۰ میل کے لمبے چوڑے علاقہ کا معائنہ کر کے وہاں کے سیاسی اور اقتصادی حالات کا جائزہ لیا۔ اننت ناگ ضلع میں ممبران وفد نے کوآپریٹو سوسائٹیوں اور فروختگی کے اسٹوروں کا جو وہاں غلہ جمع کرنے اور اس کی تقسیم کرنے کی خاطر ترتیب دئے گئے ہیں معائنہ کیا۔ وفد نے وادی کشمیر اور اننت ناگ کے علاوہ دوسرے دیہی گاؤں کا بھی دورہ کیا۔

تشویشناک واقعات کے قریب

"ہو سکتا ہے ہم اس ملک میں بعض تشویشناک واقعات کے قریب ہوں ...... ان کے بارہ میں ہم نے اپنے رفقاء سے آپس میں تبادلۂ خیالات کیا ہے بلکہ ہم نے اپنے مشیروں سے بھی مشورہ حاصل کیا ہے ہم نے تمام نتائج و عواقب پر بھی غور و خوض کیا ہے ...... اور اس کے بعد ہی یہ قدم اٹھایا ہے اور ہم ہر نتائج پر پہنچے ہیں" یہ ہیں وہ الفاظ جو پنڈت جواہر لعل نہرو نے منگل کے دن ہندوستان پارلیمنٹ میں حیدرآباد کے متعلق ایک بیان دیتے ہوئے کہے۔

پنڈت نہرو کے حیدرآباد اور کشمیر پر بیانات کی پوری تفصیل صفحہ ۳ پر ملاحظہ کیجئے

حیدرآباد کی سرحد پر ہندوستانی اور ریاستی فوجوں میں جھڑپیں

حکومت ہند کے وزارت دفاع کا ایک کمیونکے

دہلی ۸ ستمبر۔ وزارت دفاع کے ایک کمیونکے میں کہا گیا ہے کہ مقامی انڈین یونین پولیس کی ... رضاکاروں نے سلسل فائرنگ کیا ... اس پر ہماری فوجوں نے حملہ کیا ... پانچ میل تک رضاکاروں کا تعاقب کیا اس تعاقب کے دوران میں کئی مرتبہ رضاکاروں اور انڈین یونین کے سپاہیوں نے ایک دوسرے پر فائرنگ کیا ...

حیدرآباد اور کشمیر کے متعلق پنڈت نہرو کے بیان کا خیر مقدم

پارلیمنٹری حلقوں میں اظہار اطمینان اور وزیر اعظم کی تائید

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کے حلقے پنڈت نہرو کے حیدرآباد والے بیان سے بہت خوش ہیں ... خیال ہے کہ ہندوستان کا سکندرآباد میں فوج رکھنے کا مطالبہ ... بالکل مطابق ہے۔

اس امر کی بھی زور دیا جا رہا ہے کہ سکندرآباد میں مقیم ہندوستانی فوج کے ذریعہ حیدرآباد کو انڈین یونین میں شامل ... ہندوستان کا داخلی امن بھی خطرہ میں پڑ گیا ہے ... رضاکاروں کی جماعت توڑ دی جائے ...

سیلاب کے پانی نے بنارس کو چاروں طرف سے گھیر لیا

بنارس ۸ ستمبر۔ دریائے گنگا کے پانی کی سطح ایک فٹ اور بلند ہو گئی ہے۔ سیلاب کے پانی نے شہر کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہے اور مزید سڑکیں زیر آب ہو گئی ہیں۔

باقی صفحہ ۶ کالم ۳ پر

آنے جانے کیلئے پرمٹ سسٹم پاکستان نے بھی جاری کر دیا

کراچی ۸ ستمبر۔ آئندہ ہندوستان سے پاکستان آنے والے ... پرمٹ فرض قرار دیا جائے۔

برما میں نئی حکومت کا امکان

ہندوستان کے برمی سفیر وزیر خارجہ ہونگے

رنگون ۸ ستمبر۔ حکومت کے قریبی حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ اس ہفتہ برما میں نئی کابینہ بنائی جائے گی ...

بنارس کے قریب ریل گاڑی کو حادثہ

کثیر جانی و مالی نقصان

پانی میں اور زیادتی

پروم میں باغیوں کی حالت نازک ہو گئی

کرین قبیلہ اور حکومت برما میں سمجھوتہ

رنگون ۸ ستمبر۔ کل رات کے حکومت کے کمیونکے میں بتایا گیا ہے کہ پروم میں باغی گھر گئے ہیں اور ان کی حالت نازک ہو گئی ہے۔ حکومت کی فوجیں جو پروم کے خلاف فوجی کارروائی کر رہی ہیں ان کی پوزیشن تھاراوادی علاقہ میں بہت مضبوط ہے یہ علاقہ ۳۰ میل جنوب کی طرف ہے۔ بہت سے فوجی باغیوں نے اطاعت بھی قبول کر لی ہے۔

افسروں کے خلاف فوری تحقیقات

گاندھی جی کی راکھ بہادی گئی

انڈین پارلیمنٹ کا سب سے زیادہ اہم اجلاس

ممبران کی شہرت اور وقار میں زیادتی

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کا یہ مختصر اجلاس اگرچہ بعض سرکاری امور کے لئے منعقد ہوا تھا لیکن ... اس قدر زیادہ کام کرنا مناسب نہیں۔

(باقی صفحہ ۶ کالم ۲)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

ورلڈ کانگریس آف چرچز

سنٹرڈم میں ورلڈ کانگریس آف چرچز کا اجلاس حال ہی میں منعقد ہوا ہے جس میں دنیا کے عیسائی پیشواؤں نے بین الاقوامی حالات کا جائزہ لیتے ہوئے تیسری عالمی جنگ کے امکان پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور خدا سے دعا کی ہے کہ وہ انسانوں کو جنگ و پیکار کی تباہیوں سے بچائے اور انہیں انصاف اور محبت سے زندگی بسر کرنے کی توفیق دے۔

اس کانگریس کے ذریعہ دنیا کو جو پیغام دیا گیا ہے اس میں کہا گیا ہے کہ

"بعض قومیں خوش ہیں کہ آزادی ملی، بعض قوموں کو رنج ہے کہ انہیں آزادی نہیں ملی، بعض قومیں تقسیم کا ذائقہ چکھ رہی ہیں جدھر دیکھو خوف ہی خوف اور ہراس ہی ہراس نظر آئے گا۔ کروڑوں انسان بھوکے ہیں، لاکھوں انسان خانہ برباد اور بے وطن ہیں اور لاکھوں انسان ناامیدی کا شکار ہیں خدا کا فیصلہ نافذ ہوا اور ہم نے اسے قبول کیا کیونکہ دنیا کی مجرمانہ حرکتوں میں ہمارا بھی حصہ ہے، ہم نے خدا کے کلام کو اپنے اقتصادی، قومی اور نسلی مفاد کے لئے استعمال کیا ہے اور ہم ایسے ہوگئے ہیں کہ جنگ سے خوف تو کھاتے ہیں مگر اس سے نفرت نہیں کرتے ..... ہمیں ظلم اور بے رحمی اور نسلی امتیاز کا مقابلہ کرنا چاہیے، ہمیں پسماندوں، قیدیوں اور پناہ گزینوں کا ساتھ دینا چاہیے، خدا سے دعا کرنی چاہیے کہ ہمیں ان لوگوں کی رفاقت ملے جو انصاف، امن اور محبت کے لئے کام کرتے ہیں اور جو انسانیت کی خاطر ہر قسم کے مصائب جھیلنے کے لئے تیار ہیں!"

یورپ کو اپنی مسیحیت پر اب بھی فخر ہے کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کرما اب بھی دلوں پر حکومت کر رہے ہیں، شاہ انگلستان کو اب بھی حامی دین مسیحی کے لقب سے پکارا جاتا ہے، انگلستان کے شاہی دستور میں اب بھی یہ دفعہ موجود ہے کہ انگلستان کا بادشاہ لب بھی چرچ آف انگلینڈ کے مسیحی اور قطری اور خیری روحانی کی کوششوں برابر حصہ لیتے ہیں اس کے باوجود یورپ کی مسیحیت نے اصولوں کو فراموش کر رکھا ہے ...

کا مسلک ترک کرکے امپیریلزم کو اپنا مذہب قرار دے لیا ہے۔ حضرت مسیح کی تعلیم تھی کہ ظالم کا مقابلہ مت کرو، مگر یورپ نے مظلوم کو نشانہ کرنے کا پیشہ اختیار کر رکھا ہے۔ انجیل مقدس کی ہدایت تھی کہ جو ...

... روسو ایک کروڑ انسانوں کو زندہ جلا دیا اور علم و حکمت کو قابل تعزیر جرم قرار دیکر علماء و حکماء کے لئے شکنجے تیار کئے گئے۔ مگر جب چرچ اور اسٹیٹ کی جدائی عمل میں آئی تو جس راستہ سے کلیسا کو باہر نکالا گیا اسی دروازہ سے اسٹیٹ کو داخل ہونے کا موقعہ ملا اور حکومتوں کے حصہ میں وہ تمام باقیات سیئات آئے جنہیں چرچ اپنے دائرہ میں چھوڑ کر رخصت ہوا تھا! گویا یورپ میں استبداد، غلامی، لوٹ کھسوٹ، قتل و غارتگری کی ابتدا مذہب کے نام سے ہوئی اور حکومتوں کو یہ تمام اثاثہ ورثہ میں ملا ان حالات میں جنگ اور بے رحمی، غلامی اور استبداد کے خلاف مذہبی پیشواؤں کا احتجاج اور جنگ کے امکانات کو ختم کرنے کے لئے دعائیں کیا اثر پیدا کر سکتی ہیں؟ اگر کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کلیسا جنگ کو ختم کرنا چاہتی ہے تو اس کا علاج احساس و روحانی دعائیں نہیں ہوسکتیں، اس کا علاج یہ ہے کہ مغرب کے امپیریلزم کو ہمیشہ کے لئے غیر مسلح کر دیا جائے اور وہ ایک بین الاقوامی پارلیمنٹ کے سامنے جوابدہ ہو، اگر ورلڈ کانگریس آف چرچز اتنا بھی نہیں کر سکتی تو یقین رکھیے کہ خالی دعاؤں سے ایٹم بم میں کبھی کیڑے نہیں پڑیں گے۔

شرمناک الزام

مصر کے ایک مشہور اخبار نویس عبدالقادر مازنی کا ایک بیان پاکستانی اخبارات میں شائع ہوا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو اسلام دشمنی ... ہمیں حیرت ہے کہ مصر ...

ہم ہر طرح سے ثابت و ہاں اسلام دشمنی کا پرچار یہاں مسلم نوازی کا نوحہ! پاکستان کے اخبارات خوب سمجھ لیں کہ وہ اپنی حرکتوں سے ہندی مسلمان کے لئے کانٹے بو رہے ہیں۔ پنڈت جواہر لال نہرو جیسے جمہوریت کے پرجوش علمبردار متحدہ قومیت کی بے لوث ترجمان اور فرقہ پرستی کے سب سے بڑے دشمن کو اسلام دشمنی کے لئے مشہور کرنا کوئی اچھا نتیجہ پیدا نہیں کرے گا اگر وہ یاد رکھیں ... پنڈت جی کی بین الاقوامی شخصیت جھوٹے پروپیگنڈہ کے باوجود بے داغ شہرت کی سرمایہ دار رہے گی اور ان کی بے مثال رواداری اور انصاف پر وہی پر خاک اڑانے والے کبھی کامیاب نہ ہوں گے۔

جنگ نہیں ہوگی

اچھی باتیں!

المال والبنون زینۃ الحیوٰۃ الدنیا (پ ۱۵ ع ۱۸)

مال و منال اور اولاد دنیاوی زندگی کی زینت ہیں لیکن جو چیز اللہ کے نزدیک باقی رہنے والی ہے اور جس پر اجر مرتب ہونے والا ہے وہ نیکی اور بھلائی ہے۔

مال و دولت کی فراوانی اولاد و احفاد کی کثرت چند روز کا دل بہلاوا ہے جب وقت آتا ہے تو انسان کو یہ تمام چیزیں چھوڑنی پڑتی ہیں کیسا ہی بڑے سے بڑا انسان ہو اس کا انجام قبر کا ایک گوشہ یا خاک کی ایک چٹکی ہے، خوب مزے اڑا لو، خوب سمیٹ کر لو، خوب خوش ہو لو، مگر وقت آنے والا ہے کہ منہ پھاڑ کر ایڑیاں رگڑ کر چلتے ہوئے اور اس عدالت میں حاضر کئے جاؤ گے جس میں اعمال کا احتساب ہوگا اور یہاں پوچھا جائے گا کہ اگر کچھ ہے تو حاضر کرو۔

بقا کی دولت تو صرف بھلائی اور نیکی کو حاصل ہوگی باقی رہنا چاہتے ہو تو باقی رہنے والی زادراہ کا انتظام کرو اور ایسے کام کر جاؤ جو آڑے وقت میں کام آئیں۔ دنیا کی زندگی اور اس کے عیش پر بہک جانا اور نیکی اور بھلائی سے منہ موڑنا ایک ایسی محرومی ہے جس کی تلافی کبھی نہیں ہو سکتی۔

۱۴۶۶

کیا ہندوستان برطانوی دولت مشترکہ سے علیحدہ ہوجائیگا؟

(از اشرف بھوپالی)

ہندوستان کے سامنے اس وقت ایک بہت اہم سوال ہے اور وہ یہ کہ آیا ہندوستان کو برطانوی دولت مشترکہ میں شریک رہنا چاہیے۔ یا اسے تاج برطانیہ سے اپنے ہر قسم کے تعلق کو قطع کر لینا چاہیے۔ ہندوستان کے مدبر حکومت کے افراد اور پارلیمنٹ کی کانگریس پارٹی کے ممبر اس سوال پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں۔

ہندوستان برطانوی دولت مشترکہ میں کیوں شریک ہوا؟ اس کا جواب آسان ہے جس وقت ہندوستان کو آزادی عطا ہوئی اور ملک کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا یعنی ہندوستان اور پاکستان میں اس وقت ہندوستان کیا بلکہ پاکستان کے لئے بھی اس کے سوا کوئی اور چارہ کار نہیں تھا کہ وہ برطانوی دولت مشترکہ میں شریک ہوجائے۔ خواہ یہ شرکت عارضی ہی کیوں نہ ہو اس سے ہندوستان اور پاکستان کو ایک ضروری استحکام حاصل ہو گیا جو کسی ملک میں آزاد حکومت بننے کے وقت نہایت ہی ضروری ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں دونوں نئے ملکوں کو وہ امداد بھی اور دولت مشترکہ کے دوسرے ملکوں سے حاصل ہوگئی۔ جو ان کی تعمیر اور ان کے استحکام کے لئے ضروری ہے۔

... توجہ دے رہے ہیں۔

ہندوستان اور برطانوی دولت مشترکہ کے باہمی تعلقات پر نظر ثانی کرتے ہوئے ہمیں ایک بہت ہی اہم مسئلہ سے دو چار ہونا پڑتا ہے جو یہ ہے کہ آیا ہندوستان کو دولت مشترکہ میں شامل رہنا چاہیے یا نہیں؟ اس سوال کے جواب کی بنیاد مندرجہ ذیل امور پر ہے۔

۱۔ دنیا کا سیاسی اعتبار سے دو گروہوں یعنی (۱) اینگلو امریکن اور (۲) روسی گروپ میں تقسیم ہو جانا۔

۲۔ ایشیا کے بیشتر ممالک میں کمیونسٹوں کا بڑھتا ہوا اقتدار اور اینگلو امریکی اقتدار کو ختم کرنے کی زبردست جدوجہد۔

۳۔ مجلس تحفظ میں بالخصوص کشمیر کے مسئلہ پر برطانیہ کا ہندوستان کے ساتھ مخالفانہ رویہ۔

۴۔ جنوبی افریقہ میں دولت مشترکہ کا ممبر ہوتے ہوئے بھی ہندوستانیوں کے ساتھ توہین اور حقارت آمیز برتاؤ۔

۵۔ آئندہ ہونے والی جنگ میں ہندوستان کا غیر جانبداری کا اعلان اور اس کی یہ پالیسی۔

سیر و سیاحت

آج کل جاپان میں ناک سدھار کی تحریک بڑے زوروں پر ہے ... جاپانیوں کی بڑی عزت تھی گویا ایشیا کی ناک تھے لیکن یہ ناک کٹ گئی اب ... ہیں تاکہ پھر سے پہلی سی عزت حاصل ہو جائے

جاپانی نقالی کرنے میں مشہور ہیں۔ معمولی کھلونے سے لے کر ... بنا کر رکھ دیا۔ خوب سے خوب آدمی کو ... اصلی نہیں تو نقلی ضرور تھا۔ اسی طرح اب وہ اپنی چپٹی ناک کو عمل جراحی سے سیدھی ناک میں تبدیل کرکے نقلی یورپین یا امریکن بننے کی کوشش کر رہے ہیں تو اس میں تعجب کی کون سی بات ہے۔

... جاپانی بھی ناپسند ... عمل جراحی کے ذریعہ اپنی ناک کی وضاحت اور سر کو قائم کرنا چاہتے ہیں چپٹی ناک سیدھی ناک ہو جائے گی اور سیدھی ناک گویا ان کے مہذب ہونے کی علامت ہے۔

آخر یہ بار برایں ہمت مردانہ تو

اس وقت جاپانیوں کی چپٹی ناک کو سیدھا کرنے والے ڈاکٹروں کی تعداد بہت کم ہے۔ ٹوکیو میں تین، اوساکا میں دو اور ...

ناک کے سلسلہ میں صرف مرد ہی نہیں عورتیں بھی ہیں ... امریکن طرز کی ناک ... جاپانی عورتیں ... یہ بات ... کہ قسمت نے انہیں ... اپنی ناک ... کوشش ... اس میں آسانی ...

اڈیٹر کے نام ← خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

اسکولوں میں اردو

مکرمی۔ الجمعیۃ کی اشاعت مورخہ ۲ ماہ رواں میں آپ کا اداریہ نوٹ بعنوان "تعلیم اور مادری زبان" پڑھا جس میں کہا گیا ہے کہ:

"حکومت یوپی نے بھی اس اصول کو تسلیم کر لیا ہے اور وزیراعظم نے مسٹر ... کو لکھا ہے کہ ابتدائی تعلیم کے علاوہ جونیئر اور سینئر اسکولوں میں بھی جو طالب علم چاہے گا اردو زبان لے سکے گا۔"

... صفحات کرتا ہوں ... تمام سرکاری اور نیم سرکاری ... جاری کر دئیے جس کی روشنی میں ... کے سرپرستوں کے خواہش کے مطابق اردو کی تعلیم کا انتظام کیا جائے ... کو اردو زبان میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت ...

مزار باقی باللہ

[illegible]

ہند پارلیمنٹ میں کشمیر اور حیدرآباد کے متعلق پنڈت نہرو کے بیانات کی تفصیل

ہندوستان اپنے صحیح راستہ پر قائم ہے
لیکن پاکستان کے مقدمہ کی بنیاد مکر و فریب پر رکھی گئی

[illegible]

کشمیر کی کہانی

[illegible]

فضول الزام بازی

[illegible]

وزیر اعظم پاکستان کا دورہ

[illegible]

گاندھی جی کے قتل کا مقدمہ:
پنچ نامہ کی تیاری کے بارے میں مزید گواہوں کی شہادتیں

[illegible]

گوڈسے کی گرفتاری

[illegible]

مسٹر ایس وی سوروے کی شہادت

[illegible]

ہندوستان کا اخلاقی معیار

[illegible]

(باقی صفحہ ۔۔ کالم ۔۔ پر)

رضاکاروں کی فوج فوراً توڑ دو
نظام حیدرآباد کو الٹی میٹم ۔ سکندرآباد میں ہندی فوج رہے گی

[illegible]

کشمیر کے بارے میں پنڈت نہرو کا بیان

بنیادی حقائق

میرٹھ میں جزوی راشن جاری ہو گیا مگر راشن کارڈ اور دوکانوں کا پتہ نہیں

میرٹھ ۸ ستمبر۔ شہر میں جزوی راشن شروع ہوئے اگرچہ ایک ہفتہ گذر چکا ہے۔ لیکن بیشتر آبادی ابھی تک راشن کارڈوں سے محروم ہے۔

دودھ کی جانچ کرنیوالا سستا آلہ

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ انڈین ڈیری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

نغمۂ آزادی

از نظم عثمانی دیوبندی

دن ہیں آزادی کے اب عشرت کے ساماں کیجیے
ڈالی ڈالی کو چمن کی گل بداماں کیجیے

جوہر ہستی ہے جو آزاد قوموں کے لیے
اپنے چہروں سے وہی شوکت نمایاں کیجیے

رہ نہ جائے دل کے گوشوں میں کبھی کوئی فساد
ربط باہم کے لئے پھر عہد و پیماں کیجیے

قوم پرور طاقتوں کو تیز کرنے کے لئے
دشمنوں کی سازشوں کا راز عریاں کیجیے

جس سے ہو دنیا میں روشن نام بھارت ورش کا
پھر مہیا اس طرح کا ساز و ساماں کیجیے

فرقہ بندوں کو نہ ملنے پائے دنیا میں اماں
ان پہ دنیا کی زمیں کو تنگ داماں کیجیے

اے ترنم چھیڑ کر نغمات آزادی کی دھن
آج محفل میں ہر ایک شے کو غزل خواں کیجیے

شیخ عبداللہ کو اپنی کامیابی کا یقین

مغربی پنجاب میں شراب بندی
کابینہ کے ہنگامی اجلاس میں فیصلہ

لاہور ۸ ستمبر۔ مغربی پنجاب کی کابینہ نے ایک ہنگامی اجلاس میں طے کیا کہ شراب بندی ... ڈاکٹر شراب پینے کا مشورہ دے ... کی اجازت ہوگی۔

فلم ایکٹر صادق کا مبینہ قتل

نظام حیدرآباد کو الٹی میٹم

دریائے ستلج سے مغربی پنجاب کی نہر کو پانی نہ پہنچنے کا خطرہ
خواجہ فضل الرحمن اور اعلیٰ افسروں نے نہری علاقوں کا دورہ کر لیا

مہاراجہ بھاؤنگر مدراس کے گورنر بن گئے
آخری انگریز گورنر بھی رخصت

کشمیر پنجاب اور سرحد میں زلزلہ

گورنر جنرل ہند کا پیغام

کشمیر کمیشن کی تجاویز

پیر کنتھی کے علاقہ میں رات بھر جنگ جاری رہی
ہندی طیاروں نے دشمن کے سامان حرب کے ذخائر تباہ کر دیئے

دہلی ۸ ستمبر۔ وزارت دفاع کا ایک اعلامیہ ظاہر ہے کہ پیر کی شب کو تمام رات کی مزید جنگ کے بعد ہماری فوجوں نے پکوتھی کے علاقہ میں پیر کنتھی کے جنوب میں دشمن کا ایک حملہ ناکام بنا دیا۔

ہند یونین میں جمعیۃ علماء کے کم از کم پندرہ لاکھ ممبر بنانے کا اہم کام
ناظم جمعیۃ علماء کی طرف سے صدر و ناظم صاحبان جمعیۃ کو ضروری ہدایتیں

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف و خوش خط تحریر فرمائیں

کاٹھیاوار۔ کچھ کے ساحل پر بڑی بندرگاہ
کنڈلہ میں بندرگاہ بنائی جائے گی

نئی دہلی ۹ ستمبر۔ مغربی ساحل پر ایک بڑی بندرگاہ کی تعمیر کے سوال پر غور کرنے کے لئے جو کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس کی رپورٹ شائع ہو گئی ہے۔ کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں کاٹھیاواڑ سے کچھ تک کے ساحل پر ایک بڑی بندرگاہ کی تعمیر ضروری اور اہم قرار دیتے ہوئے خلیج کچھ میں کنڈلہ کے مقام پر ایک بڑی بندرگاہ بنانے کی سفارش کی ہے۔ کمیٹی کا کہنا ہے کہ کنڈلہ میں ایک قدرتی بندرگاہ مل گئی ہے جہاں تیزی کے ساتھ گودیاں وغیرہ تعمیر کی جا سکتی ہیں اور تجارت کی توسیع کے لحاظ سے اس کو ترقی دی جا سکتی ہے۔ جغرافیائی حیثیت سے یہ جگہ کراچی کا بہترین بدل ہے۔ [illegible]

میں بارہ ۳۰ فٹ گہرائی رہتی ہے۔ یہاں کھاڑی کے مہرے پر کچھ عرصہ ہوا ایک روک بن گئی ہے۔ مغربی ساحل پر زمین گہرے پانی سے دو تین فٹ نیچے ہے اور اسے بنانے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ اس کی جغرافیائی حیثیت بہترین ہے اور اندرونی علاقے ضروریات پوری کرنے کے لئے یہ کراچی کا بہترین بدل ہے۔ کنڈلہ سے دہلی ۶۵۶ میل دور ہے اور کراچی سے دہلی کا فاصلہ ۸۰۳ میل ہے۔ اس طرح حیدرآباد کراچی ۳۷۳ میل اور کنڈلہ سے ۸۸ میل کے فاصلہ پر ہے۔ کمیٹی نے یہ تجویز کی ہے کہ کنڈلہ سے ایک ریلوے لائن بچھائی جائیں ایک بڑودہ لائن جس سے کنڈلہ ایک کا فاصلہ ۳۰ میل ہوگا اور لاگت تقریباً ... روپیہ ہوگی۔ [illegible]

کوئی قابل قدر بندرگاہ ... کافی مقدار میں پہنچ سکے گا۔ ہم رسالہ آپ کے متعلق کمیٹی نے پورے طور پر چھان بین کی اور تمام متعلقہ امور پر غور کیا۔ چنانچہ کمیٹی کی رائے میں شہر ... کنڈلہ ایک کنڈلہ کے شہر ... کافی مقدار میں پہنچ سکے گا۔

ساحلی علاقہ کی سرو ے

[illegible]

کنڈلہ کا انتخاب

[illegible]

تین ہزار سو زائد عازمین بیت اللہ کو بمبئی سے ڈینل مرام واپس آنا ہوگا
کسی فاضل جہاز کے جانیکا کوئی امکان نہیں پورٹ حج کمیٹی کا اعلان

دہلی ۹ ستمبر۔ مسٹر ... افسر پورٹ حج کمیٹی بمبئی حسب ذیل اطلاع برائے اشاعت بھیجی ہے۔ فاضل جہازوں کے بھیجے کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ اس لئے تقریباً تین ہزار یا اس سے بھی زیادہ عازمین حج کو جنہوں نے خود کو رجسٹر نہیں کرایا تھا اور بمبئی میں آگئے ہیں نا امید اپنے گھروں کو لوٹنا پڑے گا۔

حج کے سفر کا ارادہ کرنے والوں کو اب مطلع کیا جاتا ہے کہ جنہوں نے جہازراں کمپنیوں کے ہاں پہلے سے اپنی نشست کو رجسٹر نہیں کرایا ہے اور جنہیں کمپنیوں نے بھیجنے کے لئے مدعو نہیں کیا ہے ان کو سفر کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مسافرخانہ میں بھی قیام کے لئے گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے کسی صاحب کو اس تاریخ سے پہلے بمبئی پہنچنا چاہئے جس کو وہ جانے والے ہیں۔ ... اپنے ہمراہ اپنے عزیزوں اور دوستوں کو لانا چاہئے۔ ایس ایس اکبر جو ۹ ستمبر کو بمبئی سے روانہ ہونے والا تھا ۲۰ ستمبر تک کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔

کیا ہندوستان دولت مشترکہ سے الگ ہو جائے گا

صفحہ ۲ سے آگے

کو دو کر نا مستقل ہو رہا ہے۔

بظاہر تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ برطانوی کیبنٹ کی جارحانہ سرگرمیوں کا نتیجہ ہے لیکن اگر حقیقت پر نظر ڈالی جائے تو صاف نظر آتا ہے کہ اب ایشیا میں ... [illegible]

فرق بڑھا جائے جیسا کہ وہ فرق توہین اور حقارت کی حد تک پہنچ چکا تو ہندوستان نے اس فرق کو مٹانے اور جنوبی افریقہ کے اس طرز عمل کو جبل ... اصولی اور اخلاقی حدود میں لانے کی جس قدر کوششیں کیں وہ ناکام رہیں یہاں تک کہ حکومت ... [illegible]

[illegible]

میواتیوں کی اطلاع کیلئے

ریاست ہائے الور و بھرت پور و ضلع گوڑگانوہ کے ان مسلمانوں کے لئے جو ہندوستان میں ٹھہرے ہوئے ہیں لیکن اپنے مکانات و زمین پر قابض نہیں ہیں اور جنہوں نے اپنے فارم ہاکاری اب تک بھر کر نہیں بھیجے ہیں وہ مہربانی کر کے اپنے فارم جلد سے جلد میرے پاس بھیج دیں ابھی موقعہ ہے۔

نیاز مند سلیم بھائی سنٹرل ریلیف کمیٹی۔ میوات برانچ نوح۔ ضلع گوڑگانوہ

بقیہ کالم ۶

کے ذریعہ حکومت کو توجہ دلاتا ہے۔ کہ حکومت اس کا جلد سے جلد کمیشن اس میں فوراً کام کرنے کی ضرورت ہے ... مقرر کرنا اور اس کے فیصلوں کا انتظار کرنا پبلک کی طاقت سے باہر ہو گیا ہے صرف فلڈ کا انتظام ہو جائے تو عوام کچھ تو مطمئن ہو جائیں بہت پریشانی میں لوگ مبتلا ہیں جس کا اندازہ کرنا مشکل ہے زیادہ کیا عرض کروں۔

(عبدالرحمن عثمانی ناظم جمعیۃ العلماء امروہہ)

نئی دہلی ۷ ستمبر حکومت مشرقی پنجاب کے محکمہ اغوا کی اطلاع کے مطابق ۲۷ اگست اور ۳۱ اگست کے درمیان مشرقی پنجاب اور اسکی ریاستوں میں سے ۱۳۹ مسلم عورتیں اور بچے برآمد کئے گئے ہیں۔ اسی عرصہ میں ... [illegible]

غربا کی آنکھوں

[illegible]

امراض کا بہترین و مقطر لویل ہے کالی کا شافی علاج مرض نیا ہو یا پرانا انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

دواخانہ حکیم محمد حبیب الرحمن قریشی کلکتہ والے

چیلی قبر اندرون بجانگ بہادری راجان دہلی

ایڈیٹر کے نام خطوط

صفحہ ۲ سے آگے

[illegible]

بہرائچ میں سیلاب

[illegible]

امروہہ میں ...

[illegible]

[illegible]

دی مغل لائن لمیٹڈ

ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز ران کمپنی

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کیساتھ حاجیوں کیلئے امسال یک اور جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اکبر ۔۔۔۔۔ ۴۰۴۳ ٹن

۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

بمبئی تا جدہ و واپسی

درجہ اول ۔۔۔۔۔ ۱۰۷۵/-/- روپے

عرشہ ۔۔۔۔۔ ۳۰۵/۸/- روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دی جائے گی، ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس، جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جنکی مجموعی رقم ۳۷ روپے آٹھ آنے ہوتی ہے زائرین کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں انکی جگہ کا اندراج نہ ہو جائے اور کمپنی کی طرف سے انکو بمبئی پہونچنے کی ہدایت نہ دیجائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دیجا چکی ہے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

AMICO COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

ہر قسم کی کھانسی و امراض سینہ کے لئے

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے۔ پیدا ہونے کے بچوں سے لے کر بوڑھوں تک سب کے لئے یکساں مفید ہے ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی، کالی کھانسی خشک ہو یا تر، نزلہ زکام کی کھانسی گلے کا بیٹھ جانا، خون تھوکنا، ابتدائی دق و سل کی کھانسی، دمہ سانس پھولنا، نمونیہ انفلوئنزا کی کھانسی، امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے لئے بہت مفید اور کامیاب ہے۔

اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے مدتوں کی پرانی کھانسی کو آرام ہو جائیگا

قیمت:- فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنہ تین شیشیاں چار روپیہ چار آنہ علاوہ محصول ڈاک مزید معلومات اور دیگر امراض کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ:- سول ایجنٹس۔ این اینڈ اسمعیل لمیٹڈ (انگریزی دواخانہ) نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

آزادی کا واحد سیاسی رسالہ

نئی زندگی

ایڈیٹر سید انیس الرحمن

قیمت سالانہ

... روپے ... فی پرچہ ... آنے

نمونہ کیلئے ... آنہ کے ٹکٹ ... رسالہ نئی زندگی الہ آباد

دار السلطنت

۸ ستمبر ۱۹۴۸ء

کیمپ کمانڈنٹ کو سزا

کیمپ کمانڈنٹ مسٹر کے ایس جوہر کو کل ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت نے تین ماہ کی قید بامشقت اور ۵۰۰ روپیہ جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا۔ مسٹر جوہر کے خلاف یہ الزام تھا کہ انھوں نے ایک کام پر جھوٹ بول کر حکومت کو دھوکا دینے کی کوشش کی۔

حکومت کا روپیہ خرد برد کرنے کے ایک دوسرے مقدمہ میں ان کو ایک سال قید سخت اور ۱۰۰۰ روپیہ جرمانہ کی سزا بھی تجویز کی گئی ہے۔

درخواست ضمانت نامنظور

دہلی ۸ ستمبر۔ کل مسٹر ایس اے گپتہ کی عدالت میں مسٹر بلراج کی طرف سے پھر ضمانت کی درخواست پیش ہوئی۔ سرکاری وکیل مسٹر رائے زادہ نے درخواست کی مخالفت کی۔ جج نے ضمانت منظور کرنے سے انکار کر دیا لیکن یہ کہا کہ ملزم سے بہتر کلاس کے قیدی کا سا سلوک کیا جائے۔ مسٹر بلراج پر دہلی کے ایک جنرل اسٹور کے قبضہ کی دھمکی دینے کا الزام ہے۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی علالت

دہلی ۸ ستمبر۔ علالت کی وجہ سے ڈاکٹر راجندر پرشاد نے بدھ اور جمعرات کا پروگرام ملتوی کر دیا ہے۔

دہلی میں زبردست بارش

ایک دن میں ۱۰.۶ انچ سے زیادہ پانی پڑا

دہلی ۸ ستمبر۔ دہلی میں آج بھی صبح سے گیارہ بجے تک بارش ہوتی رہی۔ اس وقت دوپہر کے بعد گرم بارش بند ہے لیکن آسمان پر گہرا ابر چھایا ہے اور مزید بارش کا امکان ہے۔ کل صبح ۸ بجے سے شام کے ۵ بجے تک ۱۰.۶ انچ سے زیادہ بارش ہوئی۔ دہلی میں ۴۴ سال پہلے ایک دن میں سات انچ بارش ہوئی تھی اس کے بعد یہ پہلا موقعہ ہے کہ کل ۱۰.۶ انچ سے زیادہ بارش ہوئی۔ سڑکوں پر بہت سی جگہ پانی بھر گیا اور بسوں وغیرہ کا چلانا مشکل ہو گیا۔ دہلی کا درجہ حرارت سخت گر گیا ہے۔ ایک ہفتہ گیا تھا لیکن کل بجا ایک بارش کے بعد کم تک گر گیا۔

انڈین پارلیمنٹ کا اجلاس

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

ہوتا تھا اس اجلاس میں سب سے اہم معاملات حیدرآباد کشمیر اور سرحدی کے ہیں۔ ان معاملات پر پنڈت نہرو کے بیانات ایک نہایت ہی اہم اخلاقی سوال لئے ہوئے ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وزیراعظم کو ان معاملات کے متعلق تحریری بیانات دینا چاہیئے تھا تاکہ ان کے الفاظ اور خیالات کو بہتر طور پر سمجھا جا سکتا۔ بہت سے لوگوں نے پنڈت نہرو کی تقریروں کی بہت تعریف کی ہے۔ ان الفاظ کا استعمال اور تقریر کی روانی کی خاص طور پر تعریف کی گئی ہے۔ انہوں نے جس صفائی اور سادگی سے حیدرآباد اور کشمیر کے متعلق بیانات دیئے ہیں اس سے ان کی عزت بڑھ گئی ہے۔ اور یہی وجہ ان کی ہردلعزیزی کی ہے۔

سردار پٹیل طویل بیماری کے بعد بھی بالکل درست تھے اور ان کے جوش میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی تھی۔ جس وقت انہوں نے یہ اعلان کیا کہ دہلی میں کسی قسم کا فساد نہیں ہو سکتا تو ایوان میں بہت زور سے تالیاں بجائی گئیں۔ حیدرآباد کے متعلق ان کے بیان کو بہت خاموشی سے سنا گیا۔

اس اجلاس کی ایک خاص بات یہ تھی کہ اس میں زیادہ تر صرف چند ممبروں نے حصہ لیا۔ اور بقیہ ممبران زیادہ تر خاموش رہے۔ دوران بحث میں ایک مرتبہ اسپیکر نے کہا کہ جو لوگ حامی ہیں وہ ہاں کہیں۔ لیکن کوئی جواب نہیں آیا۔ اسپیکر کو اپنے الفاظ دہرانے پڑے۔ جب جواب ملا۔ لیکن اجلاس سوائے سوالات کے وقت کوئی دلچسپی نہیں تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ کوئی حزب مخالف نہیں کہ بحث کو دلچسپ بنا دے۔ اور ایسی کوئی علامت موجود نہیں کہ کوئی جماعت مخالف بن سکے۔ اس میں شک نہیں کہ بعض لوگ حکومت پر تنقید کرتے لیکن کسی منظم مخالفت بننے کی تمام امیدیں بے کار ہیں۔

برما کے بجٹ میں دس کروڑ روپیہ کا خسارہ

رنگون ۸ ستمبر۔ کل برما کی وزیر خزانہ مسٹر بولن ٹن نے پارلیمنٹ کو جو بجٹ پیش کیا اس میں برما کے بجٹ میں دس کروڑ روپیہ کا خسارہ رہے گا۔ تخمینی آمدنی ۵۲ کروڑ ہے اور مصارف ۶۲ کروڑ۔ ۱۰ لاکھ کے محاصل میں ہو رہے منافع کا محصول بھی شامل ہے جو ۱۶ فیصدی ہو گا۔ ایک لاکھ روپیہ سالانہ یا اس سے زیادہ کی آمدنی پر لگایا جائے گا۔ انکم ٹیکس میں کوئی اضافہ نہیں ہو گا کیونکہ وہ پہلے سے ہی بہت زیادہ ہے۔

ہندوستانی ہائی کمشنر لندن سے دہلی آ رہے ہیں

اگلے ہفتہ وزیراعظم ہند سے ملاقات کی توقع

دہلی ۸ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر وی کے کرشنا مینن جو لندن میں حکومت ہند کی طرف سے ہائی کمشنر متعین ہیں۔ اگلے ہفتے نئی دہلی آ کر وزیراعظم ہند پنڈت جواہر لعل نہرو سے ملاقات کریں گے۔ ایک اطلاع کے مطابق مسٹر مینن آج لندن سے روانہ ہوئے ہیں۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ لندن و وزیراعظم کے درمیان نئی دہلی میں انڈیا ہاؤس کے چند امور اور لندن میں اکتوبر کے مہینہ میں ہونے والی وزراء اعظم کانفرنس [illegible] اہمیت دی جا رہی ہے۔ بعض حلقوں کے خیال میں مسٹر مینن کا دہلی جانا اس لئے ضروری ہو گیا ہے کہ انڈین نیشنل کانگرس اور حکومت ہند کے سامنے اس وقت برطانوی دولت مشترکہ سے علیحدہ ہونے کا اہم مسئلہ ہے اور ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ لندن سے اس مسئلہ کے ہر پہلو پر تبادلہ خیال کرنا ضروری امر ہے۔ علاوہ ازیں ہندوستان کے اندر چند ایسے مسائل پیدا ہو گئے ہیں جن کی وجہ سے روس و برطانیہ میں متعینہ ہندوستانی سفیر و ہائی کمشنر سے حکومت ہند تبادلہ خیال کرنا چاہتی ہے۔

برلن کے سٹی ہال کا محاصرہ جاری ہے

مغربی علاقوں کے کمانڈروں کی کانفرنس

برلن ۸ ستمبر۔ برطانیہ، فرانس اور امریکہ افسر روابط اور اخبارات کے جو نمائندے برلن کے سٹی اسمبلی میں ۲۴ گھنٹے سے محصور تھے۔ آج ان کو روسیوں نے جانے کی اجازت دیدی ہے مگر یہ کہا کہ وہ لوٹ کر نہیں آ سکتے۔

یہ اور مغربی علاقہ کی پولیس کے ۲۰ کانسٹیبل کل سے اس ہال میں محصور تھے۔ مغربی علاقہ کے پولیس کو سادہ کپڑے میں پولیس اشخاص نے گرفتار کیا تھا۔ جو مظاہرہ کو ختم کرنے کے لئے آئے تھے۔ روسی پولیس کے سامنے کے دروازہ پر اور عقبی حصہ پر پہرہ دیتی رہی۔ تینوں مغربی علاقوں کے کمانڈروں نے آج صبح امریکن علاقہ میں ایک خاص کانفرنس میں حصہ لیا۔ ایک امریکی افسر نے جرمن نائب مئیر پر الزام لگایا کہ جب روسی علاقہ میں مغربی علاقہ کی پولیس کی حفاظت کی جا رہی تھی تو ان کو کیوں تعینات کیا گیا۔

برلن کے کمیونسٹ لیڈر نے اخبارات کو بتایا کہ سوشلسٹ پارٹی شہر کا علیحدہ انتظام کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

مغربی حصوں کی پولیس کے صدر نے آج بیس گرفتار شدہ سپاہیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔

فرانس کی نئی حکومت بھی کشمکش کے عالم میں

پیرس ۸ ستمبر۔ وزارت شومین کی نئی حکومت کو کل پھر ایک مصیبت کا سامنا کرنا پڑا جب کہ نیشنل اسمبلی کے اجلاس میں ایک تحریک پیش کی گئی۔ حکومت کے حق میں صرف ۲۸۹ ووٹ آئے اور مخالفت میں ۲۹۵۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وزارت شومان کی حکومت کو لوگوں کا اعتماد حاصل نہیں ہے۔

فلسطین کے پناہ گزینوں کا مسئلہ

کاؤنٹ اور عزام میں عام سمجھوتہ

قاہرہ ۸ ستمبر۔ فلسطین میں اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ اور عرب لیگ کے جنرل سکریٹری عزام پاشا کے درمیان کل رات تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کی گفتگو کے بعد فلسطین کے پناہ گزینوں کے مسئلہ کے بارے میں ایک سمجھوتہ ہو گیا۔ یہ املاک سکریٹری جنرل نے عرب لیگ پولیٹکل کمیٹی کی دوسری میٹنگ جس میں خود کاؤنٹ برناڈوٹ بھی شریک ہو رہے ہیں۔ شروع ہونے کے قبل کیا۔

حکومت ہند کو حیدرآباد کے انتظام میں مداخلت کا کوئی حق نہیں!

ریاست حیدرآباد کے نائب وزیراعظم پنگل ریڈی کا بیان

حیدرآباد دکن ۸ ستمبر۔ کل حیدرآباد کی قانون ساز اسمبلی میں بیان دیتے ہوئے مسٹر پنگلے وینکٹا رامن ریڈی نے پنڈت نہرو کے بیان کا جواب دیا:-

مسٹر پنگلے وینکٹا رامن ریڈی ایوان کے لیڈر اور نائب وزیراعظم ہیں انہوں نے حکومت ہند کی طرف سے جواب دیتے ہوئے کہا "حکومت ہند کو معاہدہ جاریہ کی شرائط کے ماتحت ریاست حیدرآباد کے انتظامی امور میں مداخلت کرنے کا کوئی حق نہیں اور معاہدہ جاریہ کے مطابق حکومت ہند کو سکندرآباد میں فوج تعینات کرنے کا کوئی حق بھی نہیں ہے۔"

سلسلہ بیان جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا میں اس بات کو واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر حکومت ہند نے معاہدہ جاریہ کی اہم ترین شرط کی خلاف ورزی کی اور کسی صورت میں بھی جارحانہ اقدام کیا تو اس کے نتائج کی ذمہ داری حکومت ہند ہی پر ہو گی۔

ماڑواڑیوں میں پردہ کا خاکہ

سانبھر لیک ۸ ستمبر۔ راجپوتانہ کا دورہ کرتے ہوئے مسز ستیہ رتن چند کرا ور ان کی بری یہاں پہنچے۔ ان کے دورہ کا مقصد یہ ہے کہ ماڑواڑیوں سے پردے کے مضر رواج کو ختم کیا جائے اس جلسہ میں ایک تجویز بھی اس سلسلہ میں پاس کی۔

آگرہ میں میونسپل انتخاب

آگرہ ۔ بذریعہ ڈاک ۔ معلوم ہوا ہے کہ آگرہ میونسپل بورڈ کے انتخابات ۲۹ مئی کے ابتدا میں شروع ہو جائیں گے۔ انتخابی فہرستیں تیار کی جا رہی ہیں۔

اناج لانے کے لئے اسپیشل ٹرینیں

دہلی ۸ ستمبر۔ ہند میں اگلے چند ماہ میں بیرونی ممالک سے غلہ کی بہت بڑی مقدار لائے جانے کی وجہ سے ریلوں کی روانگی کے لئے اور بندرگاہوں سے اناج کی کمی والے علاقوں میں غلہ پہنچانے کے لئے خاص پروگرام بنائے جا رہے ہیں۔ چار لاکھ اسی ہزار ٹن غلہ کے جانے کے لئے ۱۲۰ ٹرینیں چلائی جائیں گی۔ بمبئی سے ہر روز تین اسپیشل ٹرینیں چلا کریں گی اور کلکتہ سے ہر روز ایک اسپیشل ٹرین چلا کرے گی یہ سلسلہ ایک ماہ تک جاری رہے گا۔

ڈاک و تار کے ملازمین کی یونین کا سہ روزہ سیشن ختم

مطالبات و ہڑتال کے بارے میں سپریم کونسل کے اہم فیصلے

دہلی ۸ ستمبر۔ ڈاک و تار کے ملازمین کی یونین کی سپریم کونسل کا سیشن جو دہلی میں پچھلے تین دن سے جاری تھا آج ختم ہو گیا۔ کونسل نے طے کیا کہ اس بارے میں دیگر یونینوں کی رائے شماری ہو گی کہ اگر حکومت نے تکمیل الدت مطالبات نہ تسلیم کئے تو ڈائرکٹ ایکشن بصورت اقدام کیا جائے گا۔ کونسل کو کہنا ہے کہ اخراجات زندگی بے معمولی طور پر بڑھ گئے ہیں لیکن حکومت نے جنگی الاؤنس میں اضافہ نہیں کیا۔ مزید برآں حکومت نے بے خوف کہ سرگرم کارکنوں کو برخاست کر دیا یا انہیں خوفزدہ کر کے ان کو تبدیل کر دیا ہے۔

یونین کے مطالبات میں حسب ذیل امور بھی شامل ہیں جنگی الاؤنس کی شرح میں اضافہ، تخفیف کئے ہوئے آدمیوں کی بحالی، عارضی اسٹاف کو مستقل اور کلرکوں کی بے قاعدگی کی روک تھام کے لئے اسپیشل کمیٹی کا قیام۔

کونسل نے مختلف یونینوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مطالبات منوانے کے لئے ایک متحدہ محاذ عمل بنائیں۔ کونسل نے یہ بھی تجویز کیا کہ اگر ان سب کا ایک مشترکہ انجمن بن جاتی ہے تو اس کے بعد مستقبل کے لئے ایک لائحہ عمل تیار کیا جانا چاہئیے۔ اور اگر اس سال نومبر سے پہلے کوئی ایسا ادارہ نہ بن سکے تو ڈاک و تار کے ملازمین کی یونین ہی دسمبر کے آخر ہفتہ میں ہڑتال شروع کرنے کے بارے میں رائے ملازمین معلوم کرے۔

یوپی میں سیلاب

باقی صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

خطرناک علاقوں سے لوگوں کا انخلا جاری ہے۔ یوپی ڈیلیوا شاکا دے متعلقہ حکام سیلاب کی صورت حالات پر بڑی نظر رکھ رہے ہیں۔

کشتیوں پر پچاس ٹرک گاڑیاں اور پولیس گاڑیوں والوں کو نکالنے اور انہیں خوراک پہنچانے میں مشغول ہیں۔ اور کچھ علاقہ اناؤ ضلع کے سیلاب زدہ علاقوں میں کشتیوں کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

سڑک ٹوٹنے کی وجہ سے کانپور، فتح گڑھ اور کانپور رائے بریلی ٹریفک بند ہو گیا ہے۔ لکھنؤ کی طرف جانے والی سڑک پر بھی کٹاؤ پیدا ہو گئی ہے۔

قحط کا چکر!

ہمارا ایک نامہ نگار رقمطراز ہے کہ یو۔پی کے پورے مشرقی علاقہ میں قحط سالی کا زبردست خطرہ پیدا ہو گیا ہے کیونکہ گنگا کی طغیانی نے تمام فصلیں تباہ کر دی ہیں اور ابھی تک طغیانی کم ہونے کا کوئی امکان نظر نہیں آ رہا ہے دیہاتی علاقوں میں اور بنارس، غازی پور، مرزاپور جیسے شہروں کی حالت بیان سے باہر ہے سب سے زیادہ سیلاب زدہ ضلع بلیہ ہے اس کا نصف حصہ سیلاب کا شکار ہے وہاں کے لوگ درختوں اور مچانوں پر چڑھے ہوئے ہیں سرکاری اور غیر سرکاری طور پر سیلاب زدہ لوگوں کی جو امداد کی گئی ہے وہ ناکافی ثابت ہوئی ہے ہمارے نامہ نگار نے جس نے کہ سیلاب زدہ علاقہ کا دورہ کیا بہت ہی رقت انگیز مناظر دیکھے۔ اس کا بیان ہے کہ خاندان برباد لوگ پناہ ڈھونڈنے میں سرگرداں ہیں اور کھلے میدانوں میں سڑک پر پڑے ہوئے ہیں

گنگا اور جمنا کا پانی

یونائیٹڈ پریس کی اطلاع مظہر ہے کہ دریائے گنگا کا پانی ایسا معلوم ہوتا ہے اترنے لگا ہے لیکن جمنا پورے زوروں پر ہے۔ اندازہ ہے کہ دونوں دریاؤں کے دونوں طرف کم سے کم چار سو مربع میل رقبہ کو نقصان پہنچا ہے۔

گورنر کا دورہ

شریمتی سروجنی نائیڈو گورنر یوپی نے اناؤ اور کانپور کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کیا اور متعدد سرکاری امدادی مرکزوں کو دیکھا۔

پٹنہ میں دریائے گنگا کا پانی

پٹنہ کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ گذشتہ ۲۴ گھنٹے کے اندر وہاں ۱۰.۲ انچ پانی چڑھ گیا ہے۔

سیلاب کی وجہ سے نقصان کا اندازہ

کراچی ۸ ستمبر۔ کراچی کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ریشمانی سندھ میں دریائے سندھ کے سیلاب کی وجہ سے موسم کپاس کی ایک کروڑ روپے کی آمدنی کا نقصان ہو گا۔ سکھر بیراج کی بند میں ۵۰ فٹ کا شگاف پڑ گیا تھا۔ اس کو بند کر دیا گیا ہے لیکن پانی تفصیل وار درمیان [illegible] اندیشہ کیا جا رہا ہے کہ یہ پانی [illegible] اور بدین کے اضلاع میں پھیل کر فصلوں کو تباہ کر دے گا۔ [illegible] میں ایک لاکھ ۴۵ ہزار ایکڑ زمین [illegible] ہو گئی۔ ایک کروڑ روپے کے نقصان کا اندازہ ہے۔

یوپی کا فاضل بجٹ

ایک کروڑ چونتیس لاکھ کی بچت

لکھنؤ ۸ ستمبر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یوپی کا [illegible] کے بجٹ میں ایک کروڑ ۳۴ لاکھ سے [illegible] روپے کی بچت ہو گی۔ بدھ گذشتہ میں بجٹ پیش کرتے ہوئے متعلقہ وزیر نے ۳۴ لاکھ روپے کے خسارہ کا اندیشہ ظاہر کیا تھا۔ بجٹ کا بڑا حصہ مال گذاری کے محفوظ فنڈ میں منتقل کر دیا جائے گا۔ ۱۰ کروڑ روپے [illegible] ۱۲ کروڑ روپے جمع ہیں۔ بجٹ کا ایک حصہ ترقی کی اسکیموں پر صرف [illegible]

حیدرآباد کی سرحد پر جھڑپیں

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

ایک اور حملہ

بعد کو حیدرآبادی فوج کا ایک اور دستہ کھمت کی طرف سے آیا۔ یہ مقام کوڈار سے ۳ میل شمال مغرب میں ہے اس دستہ نے ہندوستانی فوج پر فائرنگ کی اور ہندوستانی فوج نے بھی جوابی حملہ کیا جس سے بعض لوگ زخمی یا ہلاک ہوئے۔ یہ یقین کیا جاتا ہے کہ ان تمام مواقع پر حملہ رضاکاروں، ریاستی پولیس اور ریاستی فوج کی طرف سے شروع ہوا۔ سب سے پہلے فورونکی چوکی پر حملہ ہوا۔ ہماری ایک چھوٹی ٹکڑی رضاکاروں کے تعاقب میں مصروف تھی۔ ہماری فوجوں نے سرحدی پولیس کی درخواست پر کارروائی کی اور ۳ افراد کو ہلاک و زخمی کیا اور بہت سا گولہ بارود قبضہ میں کر لیا۔ ان سرحدی علاقوں میں گذشتہ چند روز سے رضاکار دیہاتی باشندوں کو خوف زدہ کر رہے ہیں۔ موجودہ حالات کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ننوکالا کے ہندوستانی باشندوں کی حفاظت کی جائے۔ یہ مقام حیدرآبادی سرحد میں دس میل اندر واقع ہے۔ چنانچہ یہاں فوجوں کو متعین کر دیا گیا ہے۔ تمام سپاہی جو کل کی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے تھے ہندوستانی سرحد میں اپنی چوکیوں پر واپس آ گئے ہیں۔

کوڈار میں مندرجہ ذیل گرفتار کئے گئے ہیں۔ ایک افسر میجر۔ چار جونیئر کمیشنڈ آفیسر۔ اور ۹۰ دوسرے سپاہی یہ سب حیدرآباد لانسر کے ہیں۔ ہماری فوجوں نے ریاستی فوجوں کے گرفتار شدہ زخمیوں کو طبی امداد دی۔

۵ ستمبر کو حکومت نظام نے جو پریس نوٹ شائع کیا ہے اس میں کہا گیا ہے کہ ہندوستانی فوجوں نے ننگان کے گاؤں کو گھیر لیا۔ یہ گاؤں حیدرآباد اور بمبئی کی سرحد پر ضلع بانکوڑہ میں لاہنگل سے گیارہ میل شمال مغرب میں ہے۔ اس اطلاع میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ اس علاقہ میں کوئی ہندوستانی فوج متعین نہیں۔

کشمیر میں انگریز افسروں کی موجودگی

حکومت پاکستان کی طرف سے تردید

کراچی ۸ ستمبر۔ حکومت پاکستان کی وزارت دفاع نے کل اپنے ایک پریس نوٹ میں ہندوستان کی ایک معتبر خبررساں ایجنسی ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کی اس خبر کی تردید کی ہے کہ کشمیر میں لڑنے والی پاکستانی فوجوں میں برطانوی افسر بھی موجود ہیں۔ یہ اطلاع ایک پاکستانی سپاہی سے جسے ہندوستانی فوجوں نے قیدی بنا لیا تھا سے حاصل کی گئی ہے۔ نوٹ میں آگے چل کر بتایا گیا ہے کہ یہ الزام بے سود اور بے بنیاد ہے پاکستانی فوج کا کوئی انگریز افسر کشمیر میں کہیں بھی نہیں لڑ رہا ہے اور جن افسروں کے نام بتائے گئے ہیں وہ محض فرضی ہیں اس نام کے افسر پاکستانی فوج میں موجود نہیں ہیں۔

کیا سابق جج وکالت کر سکتے ہیں

الہ آباد ۸ ستمبر۔ کیا الہ آباد ہائی کورٹ کا ایک ریٹائرڈ جج بحیثیت ایک وکیل کام شروع کر سکتا ہے۔ [illegible]

کشمیر کے معاملہ پر پنڈت نہرو کا بیان

(صفحہ اول کالم ۱ سے آگے)

لئے کہ اگر ہندوستان کچھ شرطیں پیش کرتا تب پاکستان بھی کچھ شرطیں پیش کرتا تو کیا چیز منظور کی جاتی اور اسے کون منظور کرتا۔

اگر منظور شدہ ہو تو وہ منظوری ہی نہیں اس لئے پاکستان گورنمنٹ نے جو کچھ کہا ہے وہ نامنظور کرنے کے مترادف ہے اب یہ فیصلہ کرنا کشمیر کمیشن کا کام ہے کہ وہ کیا کریں گے۔ اس بارے میں ان کو کچھ مشورہ دینا ہمارا کام نہیں ہے اس طرح واقعات نے عجیب و غریب صورت اختیار کر لیا ہے ایک حملہ آور ملک یا قوم نے جنگ بند کرنے کی تجویز ماننے سے انکار کر دیا ہے یا ایسی شرائط پیش کی ہیں جو نامنظور کرنے کے برابر ہیں اس سبب سے خطرناک بین الاقوامی حالات پیدا ہونے کے نتائج محدود طور پر ان لوگوں پر بھی عائد ہوتے ہیں جو کشمیر میں ہند کے خلاف لڑ رہے ہیں وہ پاکستانی باشندے ہیں وہ نہ صرف جارحانہ جنگ میں حصہ لے رہے ہیں بلکہ متحارب اقوام کی جنگ بند کرنے کی تجویز کے باوجود حصہ لے رہے ہیں ان کی حالت قابل غور ہے۔

پنڈت نہرو نے کہا۔ کشمیر کی تاریکی جنگ جاری ہے گزشتہ دس ماہ کے واقعات تباہی بربادی خونریزی کے واقعات سے بھرے پڑے ہیں لیکن ہم سپاہیوں اور حکومت ہند کے لئے یہ وقت بڑی ہی قربانیوں اور امتحانات کا زمانہ تھا لیکن کبھی ہمارے دل میں یہ خیال نہ آیا کہ ہم غلطی پر ہیں اور کشمیر کے سلسلہ میں ہمارا کوئی اقدام غلطی پر مبنی۔ . . . ہے ہم پورے تیور سے۔ حوصلہ اور اعتماد کے ساتھ اس جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پنڈت نہرو نے کہا۔ کشمیر کمیشن سے بات چیت کے دوران میں حکومت ہند نے ہر معاملے پر کشمیر کی حکومت سے مشورہ لیا ہے اور اس کو باخبر کیا ہے موجودہ حالات میں یہ ناگزیر ہے کہ وہ ایک دوسرے کے مشورے کے ساتھ ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھیں اس اصول پر عمل کرتے ہوئے فوجی اور دوسرے سیاسی لائنوں پر ان کی جدوجہد جاری رہے گی پنڈت نہرو کو یقین کامل ہے کہ وہ صحیح راہ پر قائم رہے اور انہوں نے جدوجہد جاری رکھی تب وہ کامیاب ہو جائیں گے دنیا لیاں اکولی ملک جس کے کیس کی بنا جھوٹ اور فریب پر ہو کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا دنیا لیاں۔ اس موقعہ پر مسٹر تیاگی نے پوچھا کیا ہم کشمیر میں جو کشمیر کی طرف سے لڑ رہے ہیں کیا برطانوی افسر بھی شامل ہیں۔ اس کا پنڈت نہرو نے اثبات میں جواب دیا۔

مشرقی پنجاب میں جزوی راشن

امرتسر ۸ ستمبر۔ ولیس سیوک بورڈ نے ایک ریزولیوشن میں حکومت ہند سے اپیل کی ہے کہ وہ کشمیر اور حیدرآباد کے بارے میں زیادہ سخت رویہ اختیار کرے۔ ایک دوسرے ریزولیوشن میں غلہ کی روز بروز بڑھتی ہوئی قیمتوں پر اظہار تشویش کیا گیا اور جزوی راشن پر اظہار مذمت کیا گیا اور سستے اناج کی دکانیں کھولنے کا مطالبہ کیا گیا۔

جاسوسی کے الزام میں

ایک لڑکی گرفتار کر لی گئی

لاہور ۸ ستمبر۔ پاکستان کے فوجی حکام نے ایک سکھ لڑکی کو جو ہندوستان کی حمایت میں جاسوسی کرتے ہوئے گرفتار کر لیا ہے۔ وہ جہلم، لاہور، کراچی اور راولپنڈی جایا کرتی تھی جب اس سے سوال کیا گیا تو اس نے اقرار کیا کہ وہ پاکستان کے فوجی افسروں سے ملتی تھی۔

حیدرآباد کے وفد کو

آسانیاں نہیں دی جائینگی

بمبئی ۸ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے حیدرآباد کے وفد کو جو پیرس میں ہونے والے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۵۵۵

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

رجسٹرڈ نمبر ۹۰

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۶ ذیقعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۹۵ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

اکسیر دنداں

دانتوں کے ہر مرض کے لئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے خصوصاً پائیریا کے لئے مجرب ... دانتوں کو موتی کے مانند سفید کرتا ہے۔

ہلال فارمیسی دیوبند
ضلع سہارن پور

نظام نے ابھی تک ہندستان کے الٹی میٹم کا جواب نہیں دیا

حکومت ہند کے اقدام سے حیدرآباد اور ہندستان میں تشویش کی لہر

حیدرآباد سے یورپین باشندوں کو نکالنے کا بندوبست کر دیا گیا

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ ہندستانی حکومت نے نظام سے مطالبہ کیا تھا کہ رضاکاروں کی جماعت کو توڑ دیا جائے اور ہندستانی ... کی آسانیاں دی جائیں۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت نظام کی طرف سے اس وقت تک کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔

...

ان لوگوں کو حیدرآباد سے ... بھیجا جائے گا۔ انتظامات ۵۰ آدمیوں ... کے لئے کئے گئے ہیں جن میں ... اور ... آسٹریلین ہیں۔ برطانوی باشندے حیدرآباد میں زیادہ مشنری ٹیچر اور ریلوے ملازمین ہیں۔ ان میں تقریباً ایک سو عورتیں اور بچے بھی ہیں۔

مجلس تحفظ کا اجلاس

... میں اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری مسٹر ٹرگوے لی نے یہ امید ظاہر کی تھی کہ اس ہفتہ میں شاید مجلس تحفظ کا جلسہ ہو۔

نظام کے وفد کے ممبر خفیہ طور پر پرواز کریں گے

لندن ۹ ستمبر۔ حیدرآباد کی ایک اطلاع ... یہ وفد حکومت ہند کی پابندی اور گرفتاری کے خوف سے ہوائی جہاز کے ذریعے کراچی پہنچے گا اور وہاں سے پیرس کے لئے روانہ ہو جائے گا۔ (گلوب)

بیت المقدس میں یہودیوں نے پھر جنگ کے شعلے بھڑکا دیئے

اقوام متحدہ اور کاؤنٹ برنا ڈوٹ کو صورت حال سے تشویش

... اور بین الاقوامی قانون اور اصولوں کے خلاف ...

دریائے گنگا کا پانی اور چڑھ گیا، شہر بنارس سخت خطرے میں

تین سڑکوں کے علاوہ سب راستوں پر پانی ہی پانی

شہر کے نالے بند ہو گئے۔ بیماری پھیلنے کا زبردست اندیشہ

... (باقی صفحہ ... کالم ...)

حیدرآباد کے پاکستان سے الحاق کی تردید

... حیدرآباد یا پاکستان سے الحاق کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

کشمیر کمیشن کی تجاویز سے پاکستان کے سیاسی حلقوں میں مایوسی

کمیشن معاملہ کی نوعیت سمجھنے سے قاصر رہا

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ انگریزی روزنامہ اسٹیٹسمین کا نامہ نگار مقیم کراچی رقمطراز ہے کہ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کی تجاویز پر اگرچہ سرکاری طور پر کوئی سرکاری تبصرہ شائع نہیں کیا گیا۔ تاہم ان تجاویز سے وہاں کے سیاسی حلقوں میں ناامیدی چھا گئی اور وہ انہیں یکطرفہ بتا رہے ہیں۔

...

تیسرا جزو

...

اظہار افسوس

...

فرانس میں مرکزی حکومت کی عدم موجودگی سے ملک میں سیاسی بحران

تاجر اور سرمایہ دار ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں اشیاء کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ

حکومت پر کمیونسٹوں کے غلبے کا اندیشہ

...

برلن کی ناکہ بندی کو ختم کرنے کی آخری کوشش

مغربی نمائندے پھر مارشل اسٹالن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں

... (باقی صفحہ ... کالم ...)

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء

آپ ہمارے لئے کیا کرسکتے ہیں؟

معاصر "آزاد" لاہور نے "ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمان" کے عنوان سے ایک ہمدردانہ افتتاحیہ سپرد قلم کیا ہے۔ جس میں محترم نے ہم ہندی مسلمانوں کی مظلومی، بے چارگی اور کسمپرسی پر اپنے انسانی اور اسلامی جذبات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستانی مسلمانوں سے پوچھا ہے کہ بتاؤ تم اپنے ہندی بھائیوں کے لئے کیا کرنا چاہتے ہو! جہاں تک ہندی مسلمان سے ہمدردی کا تعلق ہے اس کے لئے ہم معاصر محترم کی خدمت میں ہدیۂ شکر و امتنان پیش کرتے ہیں لیکن جہاں تک واقعات اور اس کے پس منظر کا تعلق ہے ہم چاہتے ہیں کہ نہایت صفائی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کردیں اور اپنے پاکستانی بھائیوں کو بتادیں کہ ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمان کیا چاہتے ہیں اور ان کے تحفظ کی صحیح، موثر اور معقول شکل کیا ہے؟

اس حقیقت سے شاید معاصر کو بھی انکار نہ ہوگا کہ ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کے مصائب کا ذمہ دار پاکستان ہے اور اس نے جان بوجھ کر انہیں تباہی کے غار میں دھکیلا ہے، لیگی لیڈروں ...

مسلمانان ہند کی کوئی خدمت بھی کرتا ہے یا نہیں؟

ہم معاصر "آزاد" سے پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ کیا معاصر اس "پہلے گروہ" کی خدمات سے بے خبر ہے؟ کیا وہ حق اور سچائی کے ساتھ بتا سکتا ہے کہ اسے صرف اتنی ہی خبر ہے کہ اس گروہ نے مسلمانوں کی کوئی خدمت کی یا نہیں؟ تجاہل عارفانہ کے لئے مواقع ہوتے ہیں مگر یہ تو اس کے مظاہرہ کا کوئی موقعہ نہ تھا! افسوس انسان کی بے ضمیری اور ناانصافی پر کہ وہ جان بوجھ کر اپنے آپ کو نادان بناتا ہے اور زبان کو مجبور کرتا ہے کہ دل کے اعتراف پر خاموش رہے، اور ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی زندگی کا کریڈٹ کسی اور کو دے۔

یہ معتوب گروہ جو ابھی ہندوستان میں موجود ہے اور آئندہ بھی رہے گا جمعیۃ علماء اور اس کے کلمہ گو ہیں ... اگر اس کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ندامت محسوس ہوتی ہے تو اس کا اقرار تو ان حضرات سے کرایا جا سکتا ہے جو مسلم لیگی ہیں ...

ان حقائق کے بعد کہنا یہ ہے کہ خدا کے لئے ہمیں جان بوجھ کر مصیبت میں ڈالنے والے اب ہمیں بخشیں اور ہماری فکر میں دبلے نہ ہوں۔ اب تک انہوں نے پاکستان میں بیٹھ کر جو کچھ کیا ہے وہ ہمارے لئے ...

...

اچھی باتیں!

(وضع الکتاب۔ تا۔ احدا (پ ۱۵ ع ۱۸)

جب اعمالنامہ سامنے رکھا جائیگا تو مجرمین اس میں اپنے کرتوتوں کو دیکھ کر سہم جائیں گے اور کہیں گے کہ اس میں تو چھوٹی موٹی ساری باتیں ہی درج ہیں اور ہم نے جو کچھ کیا ہے وہ سب ہمارے سامنے کھلا ہوا ہے اور (جہاں تک خدا کا تعلق ہے) تمہارا رب کبھی کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

انسان سمجھتا ہے کہ مرنے کے ساتھ انسان کا کردار بھی مرجائیگا اور اس سے کوئی بازپرس نہ ہوگی مگر واقعہ یہ ہے کہ انسان کا عمل زندہ رہتا ہے اور چھوٹی سے چھوٹی بات بھی محفوظ رہتی ہے اور اس کا یقین اس وقت آئے گا جب دوسری زندگی میں اعمال کے قدرتی نتائج متشکل ہوکر سامنے آئیں گے اور انسان اپنے کردار کا ریکارڈ خود آنکھوں سے دیکھ لے گا اور چونکہ دنیا میں مشاہدہ کے بعد انسان سراسیمہ ہوجائیگا کہ میں نے ... اعمال کا ریکارڈ تو بالکل محفوظ ہے پس یہاں دو باتیں سمجھائیں اول یہ کہ انسان اپنے آپ کو اعمال کا ذمہ دار سمجھے اور دوم یہ کہ خدا کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ انسان کو جو کچھ پہونچتا ہے وہ اسکے اپنے ہاتھوں کی کمائی ہوتی ہے اور اچھائی برائی اپنا نتیجہ ظاہر کئے بغیر نہیں رہتی۔

سیر و سیاحت

...

مسئلہ فلسطین کا پس منظر

عرب لیجن کے کمانڈر گلب پاشا کے قلم سے

میجر جنرل جے بی گلب، سی ایم جی، ڈی ایس او، او بی ای، ایم سی، انگریز کمانڈر عرب لیجن نے مندرجہ ذیل تفصیل میں جو انہوں نے ایک برطانوی جریدہ کے لئے لکھا ہے عربوں کے کیس کو پیش کیا ہے۔ — ادارہ

انکشاف موقف

...

پہلی جنگ عظیم کے اختتام پر برطانوی حکومت نے عربوں سے دو متضاد معاہدے کئے ایک معاہدہ میں دمشق کے متصل علاقہ کو چھوڑ کر تمام عرب ریاستوں میں عرب حکومتوں کے قیام میں امداد دینے کا وعدہ کیا گیا تھا ...

ہماری مشکلات

...

افراط اسلحہ

...

کمیشن اور کشمیر!

...

میرے لئے یہ ناممکن ہے کہ تمام سیاسی ذمہ داریاں اپنے ہاتھ میں لے لوں

بدلے ہوئے حالات میں نظام حیدرآباد کی مجبوری

گورنر جنرل ہند اور نظام حیدرآباد کے مابین خط و کتابت کی پوری تفصیل

حیدرآباد ۱۰ ستمبر۔ گذشتہ ۵ ستمبر کو نظام حیدرآباد نے گورنر جنرل ہندوستان کے نام جو تار ارسال کیا اس میں کہا گیا کہ جیسا کہ گورنر جنرل نے تجویز کیا ہے سیاسی صورت حالات کی پوری ذمہ داری اپنے ہاتھ میں لینا ان کے لئے ناممکن ہے۔ نظام نے مزید کہا کہ اس ذمہ داری میں وہ صرف اپنی حکومت ہی کے ساتھ شامل ہیں۔

خط و کتابت

ذیل میں وہ خط و کتابت درج ہے جو گورنر جنرل اور نظام کے مابین ہوئی۔ حیدرآباد کے نائب وزیر اعظم مسٹر پنگل و نکٹا رام ریڈی نے یہ خط و کتابت کل حیدرآباد اسمبلی میں پڑھ کر سنائی۔

تار مورخہ ۲۳ راگست

جو نظام کی طرف سے گورنر جنرل کے نام بھیجا گیا

میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ہز مجسٹی شاہ برطانیہ کی جانب سے … پیغام ارسال کیا ہے … میں آپ کو پھر یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد اپنی وفاداری سے ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے … میں ہمیشہ اس کوشش کا خیر مقدم کروں گا … کی کوشش کی جائے گی۔

نظام کا دوسرا تار

… مہربانی فرما کر اس کے لئے میری طرف سے شکریہ قبول کیجئے۔ اس کی وجہ سے میرا یقین پختہ ہو جاتا ہے کہ آپ کی ذاتی کوششوں کی وجہ سے دونوں حکومتوں کے درمیان ایک پُرامن اور باعزت سمجھوتہ ہو جائے گا۔ اور میں اس کی بڑی قدر کروں گا۔

گورنر جنرل کا مکتوب

مورخہ ۳۱ راگست ۱۹۴۸ء

میں اعلیٰ حضرت کا آپ کے تار کے لئے شکریہ ادا کرتا ہوں … مجھے آپ کو یہ یقین دلانے کی ضرورت نہیں کہ میں ہمیشہ ہر جھگڑے کے پُرامن طور پر تصفیہ کو پسند کرتا ہوں … لیکن میں پُرامن تصفیہ کے لئے کوشش کرنے میں کسی قسم کا پس و پیش نہیں کروں گا۔ …

اجازت دیجئے کہ اپنے علاقہ میں ہندوستانی فوجوں کو رہنے کی اجازت دینا خارج از بحث ہے اور اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا میری کابینہ نے میری رعایا کی جان و مال کی حفاظت کرنے کے پوری طرح قابل ہیں اور وہ صورت حال سے عہدہ برآ ہونے کی پوری طاقت رکھتے ہیں۔

جہاں تک آپ کی اس تجویز کا تعلق ہے کہ میں سیاسی صورت حال کو پوری طرح اپنے ہاتھ میں لے لوں اور اپنی حکومت کو نظرانداز کر دوں۔ مجھے افسوس ہے کہ بدلے ہوئے حالات میں میرے لئے یہ ممکن نہیں کہ میں اپنی حکومت کو چھوڑ کر تمام ذمہ داری اپنے اوپر لے لوں۔ …

مجھے بھی اسی طرح صاف نظر آ رہا ہو گا کہ اس صورت حال کو جاری رہنے کی اجازت دینا تباہی کا باعث ہو گا موجودہ بھی ہوئی حالات میں یہ ضروری ہے کہ ہند اور حیدرآباد کے باہمی مفادات کے درمیان کوئی تصادم نہ ہو۔ …

مسلح غنڈوں کا حملہ

پٹیالہ ۸ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ ۲ مسلح غنڈوں نے پرجا منڈل کے دفتر واقع … پر حملہ کیا … قومی جھنڈے کو پھاڑ دیا … پولیس نے مداخلت سے انکار کر دیا۔ آخر صدر کانفرنس نے بھوک ہڑتال کر دیا۔

پولیس کے راشن میں اضافہ

لکھنؤ ۹ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ حکومت یو۔پی نے یہ تجویز منظور کر لی ہے کہ پولیس والوں کو زائد راشن دیا جائے … پولیس والے کچھ عرصے سے حکومت سے دوگنے راشن کا مطالبہ کر رہے تھے۔

سرحد حیدرآباد کے دیہاتوں پر مسلح رضاکاروں کے حملے

ہندوستانی مسلح پولیس کی جوابی کارروائی سے حملہ آوروں کی ہلاکت

بیزواڑہ ۸ ستمبر۔ یہاں جو اطلاعات پہنچی ہیں ان کے مطابق … رضاکاروں نے … ہند یونین کے ایک گاؤں … پر حملہ کیا …

سیلاب کی تباہ کاریاں

…

جے پور میں کانگرس کا اجلاس

مجلس استقبالیہ کا جلسہ

…

حیدرآباد سے جنگ ناگزیر

سابق دیوان ٹراونکور کا بیان

احمدآباد ۸ ستمبر۔ ریاست ٹراونکور کے سابق دیوان سر سی۔ پی راما سوامی آئر نے جو کل یہاں وارد ہوئے تھے۔ ایک ملاقات کے دوران میں بتایا کہ حیدرآباد سے جنگ ناگزیر ہے۔ صرف وقت کا انتظار ہے۔ تاہم بہت سی مشکلات ہیں۔ ایک یہ ہے کہ حیدرآباد میں ہندوؤں کی تعداد بہت زیادہ ہے اور ریاست کے خلاف جو بھی کارروائی کی جائے گی۔ اس کا اثر ہندوؤں پر پڑے گا۔ …

لائبریری روڈ کی زبون حالی

… یہاں غلاظت کا انبار روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ اگر رفع حاجت کے لئے بیت الخلاء وغیرہ بنوا دئے جائیں تو گندگی ختم ہو جائے۔ اور اردگرد کی آب و ہوا بھی بہتر ہو جائے۔

نظام کی مخالفت نہ کرو مسٹر اٹیلی کو دھمکی

مسٹر چرچل نظام کی امداد کے لئے میدان میں آ گئے؟

بمبئی ۸ ستمبر بلٹز نے اطلاع دی ہے کہ برطانوی ٹوری پارٹی کے لیڈر مسٹر ونسٹن چرچل نے ہندوستان کی نئی آزاد سٹیٹ کے خلاف بین الاقوامی طور پر طوفانی مہم جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ … انہوں نے وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی کو ایک ذاتی خط لکھا ہے۔ جس میں انہیں دھمکی دی ہے کہ اگر برطانیہ نے اقوام متحدہ کی طرف سے نظام کی اپیل منظور کرنے کے خلاف ویٹو کا استعمال کیا تو پارلیمنٹ میں مسٹر اٹیلی کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پیش کیا جائے گا۔

تین سال قید سخت کی سزا

…

علامتی ہڑتال نہیں ہوگی

کانپور ۸ ستمبر۔ آل انڈیا آرڈیننس ایمپلائز ایسوسی ایشن نے فیصلہ کیا ہے کہ اب علامتی ہڑتال نہ کی جائے اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایسوسی ایشن کو اس امر کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ حکومت ان کے مطالبہ پر غور کر رہی ہے۔

ملایا میں مسلح دہشت انگیزوں کا ایک گاؤں پر حملہ

سنگاپور ۸ ستمبر آج جوہور کے باہر کے شمال میں مسلح چینی دہشت انگیزوں نے ایک باغیچہ پر حملہ کر کے کئی مکانات کو خاکستر کر دیا۔ پولیس نے آج ان پر گولی چلا دی تو ایک دہشت انگیز زخمی ہو گیا۔ … ۵ مسلح چینیوں نے دھاوا کیا۔ ان حملہ آوروں کی ایک پارٹی نے … مقامی لیڈر کو قتل کر دیا اور دوسرے لوگوں کو گھائل کر دیا دوسری پارٹی نے پولیس سٹیشن پر گولی چلا دی پولیس کے ساتھ بندوقوں کی دس منٹ کی لڑائی میں ایک دہشت انگیز ہلاک ہوا۔

پاکستان پر کشمیر میں فوجیں بھیجنے پر کوئی پابندی نہیں ہے

وزیر خارجہ مسٹر ظفر اللہ خاں کا بیان

کراچی ۸ ستمبر۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں نے آج ایک پریس کانفرنس میں کشمیر کے متعلق حکومت پاکستان کے رویہ کی وضاحت کی۔ آپ نے کہا کہ حکومت پاکستان پر کوئی بین الاقوامی یا دیگر ایسی پابندی نہیں کہ پاکستان اپنی فوجیں کشمیر نہیں بھیج سکتا۔ آپ نے مزید کہا کہ جب مجلس تحفظ کے اجلاس کے موقع پر جبکہ کشمیر کا معاملہ زیر بحث تھا۔ پاکستان کی فوجیں کشمیر میں نہیں تھیں۔ اس لئے اس وقت یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا کہ پاکستان کی فوجیں کشمیر میں ہیں۔ … موسم گرما میں ہندوستانی فوجوں کا حملہ کامیاب ہو جاتا تو پاکستان کے لئے خطرہ پیدا ہو جاتا۔ … اگر ایسا نہ کیا جاتا تو لاکھوں کشمیری نقل مکانی کر کے پاکستان جاتے … ہم نے ایسا قدم نہ اٹھایا اور صرف امید ختم ہونے پر ہم نے دفاعی تدابیر اختیار کیں۔

ہاپوڑ میں سونے کا بھاؤ

۱۰۰ روپیہ فی تولہ تک گر گیا

ہاپوڑ ۸ ستمبر۔ گورنمنٹ نے جب سے چاندی کی قیمتوں کو روکنے کے لئے ماہرین اقتصادیات اور دیگر صنعت کاروں کی سفارشیں طلب کی ہیں تب سے سونے چاندی کے نرخ گرنے شروع ہو گئے ہیں۔ … کھلا اس وقت سونے کا نرخ ایک سو تین روپیہ بارہ آنہ تھا۔

بھوک ہڑتال ختم

غازی آباد ۸ ستمبر۔ …

ابھی جاگیرداری ختم نہیں کی جائیگی

وزیر اعظم جودھپور کا اعلان

جودھپور ۸ ستمبر۔ کل جودھپور کے وزیر اعظم مسٹر جے نرائن ویاس نے کہا کہ میرے جاگیردار دوستوں کے دلوں میں یہ خطرہ ہے کہ شاید کانگرسی جاگیرداری کے خاتمہ کے لئے کوششیں کریں۔ اس بارے میں ہمارے نقطہ نظر کچھ بھی کیوں نہ ہو …

رنگون میں نئی کابینہ کا قیام عنقریب عمل میں آئے گا

حکومت کرین قبیلے کے لوگوں کو خوش کرنے کی کوشش کر رہی ہے

رنگون ۹ ستمبر۔ نامہ نگار خصوصی رقمطراز ہے کہ اس وقت رنگون کے سکریٹریٹ بلڈنگ میں پارلیمنٹ کے جو خفیہ جلسے ہو رہے ہیں ان کے بعد برما میں ایک نئی کابینہ کے قیام کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

رات کے وقت کرفیو کے نفاذ سے شہر کی حالت کافی سدھر گئی۔ اس کے علاوہ ۱۳ اگست … سے وہ خطرہ جاتا رہا ہے جو شہر کو پیدا ہو گیا تھا۔ اب یہ خیال نہیں کیا جا رہا ہے کہ انگریز یا دوسرے غیر ملکی باشندوں کو شہر سے نکالا جائے گا لیکن ابھی تک دریائے رنگون کے پار معمولی حادثات رونما ہو رہے ہیں۔

حکومت کے سامنے … کرین کو خوش کرنا … رنگون کی دوسری بندرگاہ … پر قبضہ کر لیا ہے … علاقوں میں امن و امان قائم کیا جائے اور ریل اور سڑک کے راستے کھولے جائیں تاکہ کسان چاول کو بندرگاہ تک لا سکیں۔

سوم۔ بجٹ کو متوازن کیا جائے۔ …

گذشتہ تین ہفتوں سے رنگون کی تجارت بالکل معطل ہے …

امریکہ کا غلہ ہندوستان کو

واشنگٹن ۸ ستمبر۔ امریکہ کے محکمہ خوراک نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کے غلہ کی پیداوار کا چوتھائی حصہ باہر بھیجا جائیگا جس کی مقدار ساڑھے چودہ کروڑ ٹن سے زیادہ ہوتی ہے اس میں سے ہندوستان کو ایک لاکھ ۲۶ ہزار ٹن گیہوں اور ۲۴ ہزار ٹن آٹا اور ۳ لاکھ ۲۴ ہزار ٹن دوسرا غلہ ملے گا۔

ہر قسم کی خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھیں

گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کی کارروائی

راجہ جی کی تقریر کی بابت مسٹر بنرجی نے اعتراض واپس لیا

جس سے مظاہرہ کیا شامل نہیں تھا۔ میں ۲ بجے کے بعد حسب ہدایت کے مجھے ۔ میں بھی اس کے ساتھ تھا۔ قرآن میں لہری نہیں لگاتا تھا کیونکہ مجھے ۲ بجے ہی کی ہدایت کی تھی۔

مسٹر ... کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میں خود کیا کرتا ہوں اور ... ہما۔ میری ماڈرن طریقہ کی دکان ہے ... خاص مسٹر ... کے ہدایات بھی دیتے ہیں۔

ایک اور گواہ کا بیان

...

گواہ نے کہا کہ جب مسٹر ناگرولا مجھے لے گئے تو میں ... تھا ... ایک اور پنچ لیا گیا کار میں پانچ آدمی بیٹھے ... میں ناگرولا سے کوئی بات چیت نہیں کی۔ سی۔ آئی۔ ڈی دفتر میں دوسری منزل میں چلے گئے تیسرے پنچ کے بعد میں بلا یا گیا تھا۔ اپنے ... سوالات کے وقت مسٹر ناگرولا وہاں موجود تھے۔

مجھے یاد نہیں کہ وہاں کوئی اور پولیس افسر بھی موجود تھا۔ وہاں کمرہ میں صرف ایک ٹرنک تھا۔ میں نے دوسرے ٹرنکوں کا خیال نہیں کیا۔ آپٹے نے چابیاں اپنی پتلون کی بائیں جیب سے نکالی تھیں۔ جب آپٹے نے ٹرنک سے پتلون نکالی تو میں نے اس میں دوسری چیز نہیں دیکھیں وہ ادھر سے ہی پتلون اٹھا لایا۔ جس کمرہ میں آپٹے بیٹھا تھا وہ انسپکٹر مسلح رائج آفس تھا۔ مسٹر ... کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میں نے مسٹر ناگرولا سے یہ نہیں پوچھا کہ وہ یہ سوال خود کیوں نہیں کرتا۔ مسٹر کور ... انسپکٹر پولیس نے مسٹر ناگرولا کے مشورہ سے پنچ نامہ مرتب کیا۔ گواہ نے عدالت میں مسٹر کور ... کی طرف اشارہ کیا۔ مسٹر انعام دار کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ نہیں کمرہ دکھایا گیا تھا۔ کمرہ کے باہر انسپکٹر مسلح آفس لکھا تھا میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ آپٹے اس وقت کس کی حراست میں تھا۔ جس وقت پنچ نامہ لکھا گیا۔ تو آپٹے کو اس کمرہ میں نہیں لایا گیا۔ میرے سامنے اسے پنچ نامہ کی نقل بھی نہیں بھیجی گئی۔ گواہ کا بیان ختم ہوگیا اور عدالت کل پر ملتوی ہوگئی۔

جے پور اسمبلی کی میعاد میں توسیع

جے پور ۹ ستمبر۔ جے پور کی موجودہ اسمبلی کی میعاد میں ۸ ستمبر سے ایک سال کا اضافہ کردیا گیا ہے۔

کمیونسٹوں کی بھوک ہڑتال

آگرہ۔ بذریعہ ڈاک سرجیت کور، اخلاق محمد اور ... کمار نامی تین کمیونسٹ جن کے خلاف مقدمہ چل رہا ہے ان کی بابت معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے مرکزی جیل میں ... سے بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ سرجیت کور آل انڈیا ... کی آگرہ کی شاخ کی سیکرٹری ہیں۔

سیلی بستی میں مظاہرہ

...

شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب

از ... صدیقی ...

اے اسیر مالٹا اے رہبر ہندوستاں — حامی دین نبی اسلام کی روح رواں
حریت پرور عمل آموز میر کارواں — کعبۂ احرار ملت تیرا سنگ آستاں
تو نے دی ہے سہم شکستن لشکر اوہام کو
ناز تیری شخصیت پر ملت اسلام کو

ہر قدم تیرا مسلماں کے لئے راہ نجات — ہر نظر تیری زمانے کو نوید صد حیات
اے کہ تو ہے علم و احساس و عمل کی کائنات — ہے نمونہ حریت کی تیری ذات ذی صفات
اے حسین احمد اثر تجھ میں حسینی نام کا
مدعا ایثار و قربانی ترے پیغام کا

کفرزار ہند میں اسلام کا رہبر ہے تو — آسمان ہند کا گویا مہ انور ہے تو
رونق مسجد ہے تو آرائش منبر ہے تو — جس سے آئینہ ہے شان عزم وہ جوہر ہے تو
ہند کو عزم و حمیت کا سبق تو نے دیا
دین حق کو جلوۂ سامانی کا حق تو نے دیا

اے مجاہد تو ہے ہر قوم و وطن کا خیرخواہ — تیرے عزم و جہد پر تاریخ ملت ہے گواہ
خواہش دل ... دیکھ کے تجھ کو ... — بزدلی تیری نظر میں جرم محکومی گناہ
زندگی تیری عمل کا راز ہے اپنے لئے
اے حسین احمد تو وجہ ناز ہے اپنے لئے

اسلحہ ساز فیکٹری برآمد ہوئی

مستری پستول بناتے ہوئے پکڑا گیا

فیروزپور ۸ ستمبر۔ ... کی ایک فیکٹری کا پتہ چلنے سے سنسنی پھیل گئی۔ مقامی ورکشاپ کے ملازم جمعدار ... کے مکان پر چھاپہ مار کر پولیس نے فیکٹری کا سراغ لگایا۔ چھاپہ مارنے کے موقعہ پر ایک مستری ۱۲ بور کا پستول تیار کرتے ہوئے پکڑا گیا۔ تلاشی کے دوران میں پولیس نے تیار شدہ مال اور ... سامان کی بہت بڑی مقدار برآمد کی۔ ... کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس فیکٹری میں ... سے اسلحہ سازی جاری تھی۔ سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔

گورمکھ سنگھ مسافر کی تقریر

جالندھر ۹ ستمبر۔ گیانی گورمکھ سنگھ مسافر صدر صوبہ کانگریس نے یہاں ایک تقریر کرتے ہوئے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ سیاسی زندگی میں فرقہ واریت کو دخل دیا جا رہا ہے۔ آپ نے کانگریس کے اصولوں پر چلنے کی پرزور اپیل کی۔

سرکاری ملازمتوں میں سکھوں کا حصہ

گیانی امراؤ سنگھ کا بیان

امرتسر ۸ ستمبر۔ ایک اخبار کے مضمون کے جواب میں شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کی طرف سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ مشرقی پنجاب کے سکھ نہ تو کوئی نوبیں بنا رہے ہیں اور نہ ہی صوبہ میں غالب پوزیشن حاصل کرنے کے لئے دوسری تیاریاں کر رہے ہیں۔ پربندھک کمیٹی کے سیکرٹری گیانی امراؤ سنگھ نے اس مضمون کے لکھنے والے سے کہا ہے کہ وہ اپنے الزامات کا ثبوت مہیا کرے۔ انہوں نے کہا کہ اس مضمون سے دہلی اور جنوبی ہند کی ہندو آبادی سکھوں کے خلاف ہو جائے گی۔ ایسی ہی شر انگیز تحریروں کا نتیجہ ہے کہ سی پی یو پی اور دوسرے علاقوں میں سکھوں کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کیا جاتا۔ آپ نے کہا سرکاری ملازمتوں میں سکھوں کو نمائندگی نہیں دی جا رہی۔ انہوں نے کہا ریاست کو خوشحال بنانے کے لئے اقلیتوں کا تعاون حاصل کرنا ضروری ہے۔

مشرقی پنجاب میں دفاعی انتظامات

ایک پاکستانی اخبار کا "انکشاف"!

لاہور ۸ ستمبر۔ لاہور کا اینگلو انڈین اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ ... کے ذمہ دار ... کے حوالے سے ...

والے ایک شخص کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب میں دریائے بیاس پر ایک ایک میل کا فاصلہ دے کر ریلوں کے پانچ پل یا تو ... گئے ہیں۔

اطلاع ہے کہ اس تعمیر کے ساتھ ساتھ جالندھر اور ہوشیارپور کی سرحدوں کے ساتھ خندقیں ... کنکریٹ کے مورچے اور ہوائی حملوں سے بچنے کی پناہ گاہیں بنائی جا رہی ہیں اور ساری سرحد پر اس قسم کا دفاعی انتظامات کا ایک جال بچھایا جا رہا ہے۔

جالندھر کی بھاری قلعہ بندی کی جا رہی ہے اور جالندھر اور اس کے مضافات کے گرد بھاری طیارہ شکن توپیں لگادی گئی ہیں۔ بیان کیا گیا ہے کہ اے آر پی کے محکمہ کی تیزی سے توسیع کی جا رہی ہے۔ سرحدی علاقوں کے قریب تمام نوجوانوں کو فوجی تربیت دی جا رہی ہے۔ ہنگامی حالات کی صورت میں ہوائی بچاؤ کے لئے عملی تربیت دینے کی غرض سے نقلی ہوائی حملوں کی مشق کی جاتی ہے اور ان سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ فوجی مشق اور نقل و حرکت بھی جاری ہے اور فیروزپور ضلع میں بھاری توپ خانہ اور مشینی دستوں کی نقل و حرکت عمل میں لائی جا رہی ہے۔ مغربی کے ایک سرحدی افسر نے بیان کیا ہے کہ کچھ عرصہ سے سرحد کے دوسری طرف اس فوجی نقل و حرکت میں اضافہ ہوگیا ہے۔

مسٹر کھوڑو کے خلاف مقدمہ

تعمیرات عامہ کے انجینئر کی شہادت

کراچی ۸ ستمبر۔ حکومت سندھ کے چیف انجینئر اور سیکرٹری محکمہ تعمیرات عامہ مسٹر غلام مصطفیٰ نے مسٹر کھوڑو کے مقدمہ کے سلسلہ میں مسٹر کھوڑو کے خلاف بد انتظامی وغیرہ کے بارے میں گواہی دی ان کے گواہی دینے سے پہلے مسٹر عطا اشرف سید ڈپٹی سیکرٹری وزارت تجارت حکومت پاکستان پر جرح ہوئی۔

مسٹر مصطفیٰ نے کہا کہ ۱۹۴۶ء میں مسٹر کھوڑو سندھ کے محکمہ تعمیرات کے وزیر بن گئے اور وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد بھی انہوں نے اس محکمہ کو سنبھالے رکھا۔ محکمہ تعمیرات کے ایک کلرک عبدالقادر حاجی خان کو ۱۹۴۲ء میں معطل کر دیا گیا تھا اور سپرنٹنڈنگ انجینئر نے اس کو برخواست کر دیا۔ چیف انجینئر نے بھی اس کی اپیل کو نامنظور کر دیا تھا پہلے تو وزیر محکمہ تعمیرات نے انجینئر کے فیصلہ سے اتفاق کیا لیکن پھر انہوں نے اپنا خیال بدل دیا۔ اور عبدالقادر حاجی خان کو بحال رکھا لیکن گورنر سندھ سر موڈی کی مداخلت پر اس کا کیس پبلک سروس کمیشن کے حوالے کر دیا گیا۔ مسٹر کھوڑو نے تجویز کی تھی کہ اس کلرک کو اس کی ملازمت پر پھر مقرر کر دیا جائے۔ لیکن مسٹر ہدایت اللہ جو اس وقت وزیر اعظم تھے اور سر موڈی نے یہ بات ٹالی ایک برخواست شدہ انجینئر کو پھر ملازم رکھنے کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر مصطفیٰ نے کہا کہ مسٹر رمضان علی کو ۱۹۴۲ء میں برطرف کر دیا گیا تھا۔ اس نے مسٹر ... فرضی نام سے ... ضلع میں مسٹر کھوڑو کی سفارش پر ملازمت حاصل کرلی۔

اقتصادی ماہرین کی رپورٹ پر غور

نئی دہلی ۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ افراط زر کی روک تھام کے لئے اقتصادی ماہرین کا ... اور کانگریس پارلیمنٹری پارٹی نے جو سفارشات پیش کی ہیں ان پر محکمہ جاتی چھان بین کا کام پورا ہو چکا ہے ... وزارتی نقطہ نظر سے محکمہ جاتی رپورٹ کی روشنی میں غور و خوض ہوگا۔ خیال ہے کہ اس بارے میں حکومت کے فیصلہ کا اعلان غالباً اس ہفتہ نہیں ہو سکے گا۔

لیکن غذائی اشیاء اور اجناس پر از سر نو کنٹرول عائد کرنے وغیرہ کے متعلق کچھ اعلانات ... ہو جائیں گے۔

ہائی کورٹ کا فیصلہ!

جے پور ۸ ستمبر۔ جے پور ہائی کورٹ نے تمام ماتحت عدالتوں کو حکم دیا ہے کہ عدالتی کارروائی ہندی میں ہوں۔ فیصلے بھی ہندی میں دیوناگری رسم الخط میں ...

کانگریس کی چھ نئی صوبائی کمیٹیاں قائم کی جائیں گی

نئی تنظیم کے متعلق کانگریس ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا ... اجلاس آج ختم ہوگیا۔ آج کا اجلاس ... کی صدارت سردار پٹیل نے کی۔ صدر کانگریس ... پنڈت جواہر لال نہرو کی وجہ سے اجلاس میں تشریف نہ لاسکے۔ ورکنگ کمیٹی نے حسب ذیل نئی پراونشل کانگریس کمیٹیوں کے قیام کا فیصلہ کیا۔

۱۔ راجپوتانہ پراونشل کانگریس کمیٹی جس میں راجستھان ... جے پور، جودھپور، بیکانیر اور جیسلمیر شامل ہوں گے۔
۲۔ مدھیہ بھارت جس میں گوالیار ... شامل ہوں گے۔ ...

...

مشرقی پنجاب میں کپڑے کی قیمتوں و تقسیم پر کنٹرول

شملہ ۸ ستمبر۔ مشرقی پنجاب کی حکومت نے ۵ اکتوبر سے صوبہ میں کپڑے کی قیمتوں اور اس کی تقسیم پر دوبارہ کنٹرول کرنے کا اعلان کر دیا۔ حکومت نے کپڑے کے تمام بیوپاریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ لائسنسوں کے لئے درخواستیں دیں۔ ۵ اکتوبر کے بعد کسی ایسے ڈیلر کو کپڑا فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی جس کے پاس لائسنس نہ ہو۔ ہول سیل و پرچون کے لائسنسوں کی درخواستوں کے فارم ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کے دفاتر سے مل سکیں گے۔ یہ درخواستیں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کے ذریعہ ۱۵ ستمبر تک حکومت کو ملنی چاہئیں۔ صرف ان ڈیلروں کی درخواستوں پر غور ہوگا جن کے پاس ۱۹۴۵ء یا ۱۹۴۶ء کے لائسنس ہیں اور جو ۱۹۴۷ء میں یہ کام کرتے تھے۔ مغربی پنجاب سے آئے ہوئے کلاتھ ڈیلر بھی لائسنس کے لئے درخواستیں دے سکیں گے۔

نئی دہلی میں صوبائی وزراء خوراک کی اہم کانفرنس

وزیر خوراک ہند نے کانفرنس کا افتتاح کیا!

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ صوبجات کے خوراک اور زراعت کے وزیروں کی کانفرنس آج صبح یہاں شروع ہوئی۔ حکومت ہند کے وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام نے کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ زرعی پیداوار کے بڑھانے کی سکیمیں تیار کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم ملک کی موجودہ زرعی صورت حالات کے متعلق صحیح اعداد و شمار فراہم کریں۔

اس سلسلہ میں ہمیں دیہات کی غیر سرکاری ایجنسیوں کی خدمات کا بھی پورا فائدہ اٹھانا چاہئے اور انہیں اس کام کے لئے قلیل ترین عرصہ میں تربیت دینی چاہئے۔

پیداوار بڑھانے کی مہم کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے بتایا کہ گذشتہ سال دو کروڑ کی منظور شدہ رقم میں سے حکومت ہند نے ایک کروڑ ۲۳ لاکھ روپیہ خوراک کی پیداوار میں اضافہ پر صرف کیا صوبائی سرکاروں نے بھی غالباً اتنی ... ہی رقم خرچ کی جب تک زراعت کے کام کے لئے ہمارے پاس مزید رقبہ اور مشینی طاقت نہ ہو ہند کو اپنی ضروریات پورا کرنے کے لئے بیرونی ممالک سے خوراک درآمد کرنے کی ضرورت لاحق رہے گی۔ وزیر خوراک کی تقریر کے بعد پیداوار بڑھانے کے لئے آئندہ سیشن کی سکیموں پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی۔ تین اور کمیٹیاں قائم کی گئیں جن کی رپورٹ پر بعد میں غور کیا جائے گا۔

محکمہ انسداد بددیانتی نے چھ ماہ میں ۲۰۶ سے زائد مقدمات کی تفتیش کی

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ مرکزی حکومت کے محکمہ انسداد بددیانتی نے گذشتہ یکم فروری سے ۳۱ جولائی تک ... مقدمات کی تفتیش کی۔ ان میں سے ۲۰۰ مقدمات بذریعہ ریل ناجائز طور پر ... لاکھ روپیہ کی مالیت کا کپڑا پاکستان بھیجنے کے سلسلہ میں تھے۔ بھاری تعداد میں مشرقی بنگال کو ناجائز طور پر کپڑا بھیجنے کی سازش میں پکڑی گئی۔ ... بددیانتی کے کل مقدمات ۲۳۱ تھے سرکاری ملازمین کے خلاف کل ۱۰۸ مقدمات میں سے ۵۴ گزیٹڈ افسروں کے خلاف تھے۔ متعدد مقدمات میں جرمانہ کی سزائیں ... کل سات لاکھ روپیہ وصول کیا جو کہ محکمہ انسداد بددیانتی کے ... کے منظور کردہ ۱ لاکھ ۵۰ ہزار روپیہ کو پورا کرنے کے لئے تقریباً کافی ہے۔ دہلی اسپیشل پولیس کے انسپکٹر جنرل نے اپنے تبصرہ میں کہا کہ پاکستان سے آمدہ شرنارتھی پاکستانیوں سے کپڑے اسلحہ و بارود وغیرہ کی ناجائز تجارت ہے۔ خوب کار ... میں شرنارتھی افسر برآمد شدہ عورتوں اور لڑکیوں کو فروخت کر رہے ہیں۔

میونسپلٹی کا سینیٹری انسپکٹر معطل

دہلی ... ستمبر۔ دہلی میونسپلٹی نے محکمہ صحت کے ایک سینیٹری انسپکٹر مسٹر ... چند کو صدر کمیٹی نے رشوت لینے کے الزام میں معطل کر دیا ہے۔ ... کے سپرنٹنڈنٹ ... کانگریس کمیٹی ... ایک ... پر مشتمل ایک پارٹی نے گذشتہ ... چھاپہ مارا اور ... نوٹس ... تحقیقات سے معلوم ہوا کہ اس نے ... روپے رشوت قبول کی تھی۔

مسئلہ فلسطین کا پس منظر

صفحہ ۲ سے آگے

اکثر عرب باشندے اپنے خان و مان سے جلا وطن ہو گئے لیکن اقوام متحدہ میں اس پر ذرا بھی ناپسندیدگی کا اظہار نہیں کیا گیا۔ وہ لوگ جنہوں نے ایک وحشی کے خوف کے آگے بے سہارا پناہ گزینوں کو بھاگتے دیکھا ہے۔ خواہ ایسا واقعہ یروشلم میں پیش آیا ہو یا فرانس میں یا مشرقی فلسطین میں صرف وہی اس بات کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس قسم کے واقعات کا قرب و جوار کے عرب ممالک پر کتنا گہرا اثر پڑا۔ ایسے موقع پر اعلان بالفور کے یہ الفاظ دہرانا کتنا بڑا طنز ہے کہ "یہ واضح طور پر سمجھا جاتا ہے کہ ایسی کوئی بات نہیں کی جائے گی جس سے فلسطین کے موجودہ غیر یہودی فرقوں کے شہری یا مذہبی حقوق پر اثر پڑے"۔

ترابت کے آخری چند دنوں میں بیت المقدس کے لئے ایک عارضی سمجھوتہ کر لیا گیا۔ یہ زیادہ تر برطانوی ہائی کمشنر (سرالن کننگھم) کی کوششوں کا نتیجہ تھا۔ ترابت کے خاتمہ کے بعد ہلال احمر کمیٹی نے اس بات کی کوشش کی کہ عارضی ...

تھا، باشندے اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے تھے اور یہودی فوجیں پرانے شہر پر حملہ کر رہی تھیں جس میں مسجد اقصیٰ، مرقد مقدس اور قبۃ الصخرہ اور دوسرے مقدس مقامات ہیں۔ اب یروشلم کی عارضی صلح کو قائم رکھنے کی امیدیں لاحاصل تھیں اور اس میں بھی کوئی شبہ نہیں ہو سکتا کہ اگر باقاعدہ فوجوں کی مداخلت میں ذرا بھی دیر ہو جاتی تو یہودی تمام بیت المقدس پر قبضہ کر لیتے۔

اس وقت میں موقعہ پر عرب لیجن کو عیسائیوں اور مسلمانوں کے مقدس مقامات کو یہودیوں سے بچانے کا حکم دیا گیا لیکن ان گلیوں اور سڑکوں پر لڑنے کے بعد وہ ایسا کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ ان کا کام صرف مدافعانہ تھا یعنی مقدس مقامات اور جدید یروشلم کا جو عرب حصہ باقی رہ گیا ہے اس کو یہودیوں کے ہاتھ سے بچائے رکھنا۔

خوفناک پروپیگنڈا

عربوں کے پاس پروپیگنڈا کے ذریعہ نہیں ہیں اور ان کے ...

... کی حکومت نے کوشش کی کہ کسی طرح عارضی صلح کو قائم رکھا جائے ... تمام عرب علاقہ فتح کر لیں

... اس معاملہ میں آزاد چھوڑ دیئے گئے کہ وہ اپنے مستقبل کی بابت خود طے کر لیں جس کی نے عرب لیجن کا استقبال کرتے ہیں، وکیلادہ اس پر شبہ نہیں کر سکتا۔ وہ رضا کارانہ طور پر اس کی آمد کی خواہش رکھتے تھے۔

روسی علاقہ میں ابھی مغربی پولیس کے سپاہی گھرے ہوئے ہیں

برلن کے برطانوی حلقہ میں چاروں گورنروں کی ساتویں ملاقات

برلن ۸ ستمبر۔ آج برلن کے چاروں فوجی گورنروں جنرل سر برین رابرٹسن برطانیہ، جنرل لے امریکہ، مارشل سکولوسکی اور جنرل کوئنگ کی ساتویں ملاقات ہوئی جس میں برلن اور جرمنی کے متعلق باہمی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ مغربی علاقہ کے ۲۰ پولیس کے سپاہی اب بھی برلن شہر کے ہال میں گھرے ہوئے ہیں ان کو روسی سپاہیوں نے گھیر رکھا ہے۔ کمیونسٹوں نے ...

کہا جاتا ہے کہ مغربی علاقہ کے پولیس کے صدر نے مطالبہ کیا ہے کہ جب ۲۰ پولیس کے سپاہیوں کو گرفتار کیا گیا تھا اور ان کو ہتھکڑیاں پہنا کر بھیجا گیا تھا ان کو فوراً رہا کر دیا جائے۔ انہوں نے خط میں لکھا ہے کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ میرے محکمہ کے بعض سپاہی اور بعض شہریوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ میرا مطالبہ ہے کہ ان کو فوراً رہا کر دیا جائے۔ اور کل ایک صبح ...

... ہے کہ برلن کی ناکہ بندی ختم کر دی جائے ... روس کرنسی اور تجارتی سمجھوتوں کو واپس لینے کو تیار ہو جائے۔

... اس کی اچھی طرح تلاشی لی جاتی ہے اور کاغذات کو خوب دیکھا ...

برخلاف اس کے عرب لیگ تقسیم کے فیصلہ کو نامنظور کر چکی تھی۔ اور تمام فلسطین کے لئے آزاد غیر منقسم حکومت کی طالب تھی۔ اگرچہ یہ تسلیم ہو چکا ہوتا تو ۱۵ مئی کو فلسطین کے عرب علاقوں میں عرب لیجن کا داخلہ بلاشک ایک جارحانہ اقدام ہوتا۔ لیکن اقوام متحدہ کی انجمن نے اس نظریہ کو تسلیم نہ کیا۔

اس طرح ایک بے معنی بات پیدا ہو جاتی ہے اگر تقسیم اس کا حل تھا جیسا کہ اقوام متحدہ کی انجمن اور یہود کہتے ہیں تو اس طرح عرب لیجن اپنے اقدام میں حق بجانب تھا اور اس کو عرب علاقوں کے باشندوں کی درخواست پر ان علاقوں میں داخل ہو جانا چاہئے۔ کارروائی ہرگز نہیں تب بھی اقوام متحدہ اور یہودی بھی اس کو جارحانہ اقدام کے نام سے پکارتے ہیں جو ہرگز صحیح نہیں اور اگر عربوں کا یہ فیصلہ قبول کر لیا جاتا تو اس وقت عرب حملے کے مرتکب ضرور ہو سکتے تھے۔ اگرچہ فلسطین کا مسئلہ انتہائی پیچیدہ اور چکردار ہے۔ تاہم اس بارے میں یہ ثابت کرنے کیلئے بہت کچھ کہا جا چکا ہے سیکورٹی کونسل کے عربوں کی ۱۵ مئی کو فلسطین میں اقدام پر حملہ کی فرد جرم عائد کر دینا قریباً ناعاقبت اندیشی ہے۔

اٹاوہ کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

یو۔پی لیجسلیٹو کونسل کا ضمنی انتخاب

یو۔پی لیجسلیٹو کونسل کے ضمنی انتخاب کے لئے مسلم حلقہ سے لالہ شاردا بہاری (کانگریس)، رئیس و زمیندار جسونت نگر امیدوار ہیں۔ ... کو بال وکیل ... بیگم حبیب امیدوار ہیں جن کے مقابلہ پر ... غالباً آپ بلا مقابلہ منتخب ہو جائیں گے۔

ٹاؤن ایریا کمیٹی کا انتخاب

ضلع کی پانچوں ٹاؤن ایریا کمیٹی کے حلقوں میں کانگریس امیدواروں کا مقابلہ ... امیدوار کر رہے ہیں مقابلہ ہر جگہ سخت ہے ... چھچھوندا اور جسونت نگر بہت اہم مقام ہیں ... ٹاؤن ایریا میں کانگریس ٹکٹ پر محمد حسین آزاد ... بلا مقابلہ کامیاب ہو چکے ہیں۔

سوشلسٹ پارٹی کی سرگرمیاں

...

یو۔پی پراونشل موٹر یونین

...

جنرل کونسل کی میٹنگ بلا رہے ہیں جس میں یونین کی از سر نو تنظیم پر غور ہوگا۔ صوبہ کا ... رہے گا۔

ایم ایل اے کے خلاف مقدمہ

لکھنؤ، ۸ ستمبر۔ دھوکہ دہی اور جھوٹے سرٹیفکٹوں پر دستخط کرنے کے الزام میں ... اور ... نامی ایم ایل اے حضرات کے خلاف جو مقدمہ دائر کیا گیا ہے ... کی عدالت میں سماعت ہوئی۔ ان پر الزام لگایا گیا ہے کہ ... سفر خرچ وصول کرنے کی بجائے انہوں نے دھوکہ سے ۱۳۵ روپے ... وصول کئے۔

پاکستان میں صوبہ جات کا خاتمہ

مرکزی حکومت غور کر رہی ہے

کراچی بذریعہ ڈاک ۸ ستمبر۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان ملک کے آئین میں صوبوں کی حیثیت کے متعلق سخت مزاحمت کر رہی ہے ... کیا ہے اس کے بعد پاکستان کے ... مستقبل کے متعلق بڑی بحث ہو رہی ہے۔

سرکاری وغیرہ سرکاری لوگوں کا نقطہ نظر یہ ہے کہ صوبوں کو ختم کر دیا جائے گا۔ پاکستان کے قیام کے بعد ہی ... صوبے مشرقی بنگال کے باقی تمام صوبوں میں کوئی نہ کوئی جھگڑا ہوتا رہا ہے صوبہ سرحد میں کانگریسی لیڈر ۱۵ اگست کے بعد بھی وزیر اعظم کے عہدہ پر برقرار رہے اور مسلم لیگی وزارت کو جگہ دینے کے لئے انہیں برطرف کر دیا گیا ... سرحد میں خان عبدالغفار خان اور ان کے سرخ پوشوں کی تحریکی سرگرمیاں جاری ہیں ... پنجاب میں بھی بڑے بڑے مسائل پیدا ہو گئے ...

بریلی میں گرفتاریاں

...

ضلع کانگریس کمیٹی میٹنگ

ضلع کانگریس کمیٹی ... تمام ممبروں کو ... اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ ... ستمبر ۱۹۴۸ء بروز جمعرات بوقت ۸ بجے شب دفتر ضلع کانگریس کمیٹی ... میں ... صوبہ کانگریس کمیٹی کے سکریٹری ...

مہاراجہ بھاونگر کا سیاہ جھنڈیوں سے استقبال

مدراس ۸ ستمبر۔ ایک تازہ ترین اطلاع کے مطابق کل مدراس میں نئے گورنر مہاراجہ بھاونگر کی آمد کے موقعہ پر بہت سے آدمیوں نے ان کا سیاہ جھنڈیوں سے استقبال کیا۔

مہاراجہ اپنے نئے عہدہ کا حلف اٹھانے کے لئے جا رہے تھے کہ مظاہرین نے شور مچانا شروع کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں ۲ مظاہرین کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ مظاہرین ... کے خلاف ... پالیسی کو برا کہا۔

شریمتی وجے لکشمی پنڈت وزارت خارجہ سے مشورہ کر رہی ہیں

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ ہندوستانی سفیر متعینہ ماسکو شریمتی وجے لکشمی پنڈت جو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے پیرس میں ہونے والے اجلاس میں ہندوستانی وفد کی لیڈر ہوں گی۔ ان دنوں نئی دہلی میں وزارت خارجہ کے ساتھ مشورہ میں مصروف ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ آپ ۱۷ ستمبر تک پیرس پہونچ جائیں گی۔

دہلی ۸ ستمبر۔ ۲ ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں دہلی میں کل ۵۰۹ بچے پیدا ہوئے اور ۱۲۰ اموات ہوئیں۔

شرنارتھیوں کیلئے الگ بستی

جے پور ۸ ستمبر۔ حکومت جے پور نے تھوڑا میل کے فاصلہ پر شرنارتھیوں کو بسانے کے لئے ایک اسکیم منظور کر لی ہے۔ اس بستی میں تیس ہزار شرنارتھی رہ سکیں گے اس پر پچاس لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی جڑی بوٹی ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص کوڑھ سفیدی کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سینکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہو چکے ہیں۔ اس کا اثر ایک ہفتہ میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے چار سے چھ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے

ڈاکٹر قادری عزیز الرحمٰن درویشی فارمیسی نمبر ۱۳ بولائی دت اسٹریٹ لاہور

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس، اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہمارے ہاں ہول سیل ریٹ پر کفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین حیدر، چاندنی چوک دہلی

دو صد روپے کے انعامات

نوٹ:۔ کئی اخبارات میں پریس کی غلطی سے معمہ غلط شائع ہوا جس پر کئی صاحبان نے اعتراض کیا اس لئے مجبوراً میعاد داخلہ وغیرہ بڑھا دینا پڑی۔

(۱) پہلا انعام: بالکل صحیح حل بھیجنے والے کو مبلغ پچھتر روپے نقد یا جبری ... مفت جو بھی مطلوب ہو (۲) دوسرا انعام: ایک غلطی کرنے والے کو ایک صد روپیہ پانچ انعام ... (۳) تیسرا انعام ... زیادہ حل بھیجنے والے کو مبلغ پندرہ روپیہ نقد (۴) چوتھا انعام ...

انعامی جبری معمہ ۵



شرائط: (۱) فیس داخلہ فی حل ۸ آنہ ہو گی جو منی آرڈر یا ٹکٹ کی صورت میں ادا کی لازمی ہے ... حل کسی بھی سادہ اور صاف کاغذ پر بھیجے جا سکتے ہیں ... حل کی آخری تاریخ ... کا فیصلہ قطعی اور ناطق ہوگا ...

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

(۱) اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
(۲) ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی معہ توضیحی عبارات۔
(۳) حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
(۴) تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
(۵) ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمٰن صفوری)
(۶) فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
(۷) موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
(۸) تفسیر ابن کثیر روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
(۹) جس آیت سے جو مسئلے نکلے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ بھی ہے۔

خط خوشنما، صاف، روشن، لکھائی نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپیہ چار آنہ ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد سات روپیہ چار آنہ معہ حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد دس روپے

پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

ہر قسم کے موسمی بخار اور ملیریا کے لئے

AMIGO'S FAVER CURE

امیگو فیور کیور

جلد اثر کرنے والی بہت مجرب اور اکسیر دوا ہے

یہ دوا ہر قسم کے موسمی بخار، جاڑا، بخار، ملیریا، انفلوئنزا کا بخار، نزلہ سردی کا بخار، اور طحال، تلی بڑھ جانا وغیرہ سب کے لئے بہت مفید ہے پہلی ہی خوراک میں اپنا اثر دکھاتی ہے بچے، بوڑھے، جوان سب استعمال کر سکتے ہیں قیمت فی شیشی ایک روپے آٹھ آنے، درجن تین شیشیاں سات روپے چار آنہ محصول ڈاک علاوہ۔ ہر قسم کے علاج کے لئے مفید ادویات کی فہرست مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ ۱ انڈیا

چین میں کمیونسٹوں کو پنڈاریوں کی طرح گھیر کر مار ڈالنے کا منصوبہ

سرکاری فوجوں نے ماسکیٹو بمبار طیارے استعمال کرنا شروع کر دئیے

کمیونسٹ اپنے انتظامی، فوجی، تعلیمی عملوں کو تیزی سے منتقل کر رہے ہیں

نیا منصوبہ

محاصرہ

کمیونسٹوں کا توڑ

فتح شیانگ

اوڑی کے محاذ پر دشمن پیچھے ہٹ گیا

ٹیتھوال کے مغرب میں حملہ آوروں نے ۲۵ پونڈ کے گولے پھینکے

دو بدو لڑائی

برلن کی ناکہ بندی

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

ویٹ کی ٹریڈ یونین کانگریس پر کمیونسٹوں کا غلبہ ہے

کانگریس کے صدر فیڈریشن کو توڑ دینا چاہتے ہیں

دو طرفہ ٹریفک کھولنے کیلئے ایک بین المملکتی کانفرنس

کانفرنس کا کوئی نتیجہ نکلنے تک پرمٹ سسٹم جاری رہے گا

نئی دہلی ۹ ستمبر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت پاکستان نے زبانی طور پر حکومت ہند کی اس تجویز کی تصدیق کردی ہے کہ پناہ گیروں کے ایک مملکت سے دوسری مملکت میں واپس جانے کے سوال پر غور کرنے کے لئے قریب اور بین المملکتی کانفرنس کا انعقاد عمل میں لایا جائے۔ اس سوال پر غور کرنے کے لئے شرط یہ ہوگی کہ دونوں طرف سے راستہ کھولا جائے گا

یو پی کونسل کے لئے کانگریس نے اپنے امیدوار نامزد کر دئیے

۱۵ ستمبر کو کاغذات نامزدگی داخل کئے جائینگے

مسلم نشستیں

یو۔ پی میں حکومت کے روپے کا ناجائز استعمال

ملازموں کے اسراف بیجا کو روکنے کیلئے کمیٹی کا تقرر

کشمیر میں سخت زلزلہ

مہاراجہ کشمیر نے ریاستی فوج کا انتظام ہندوستان کے سپرد کر دیا

کشمیر میں حملہ آوروں کا دباؤ بڑھتا جا رہا ہے۔ مہاراجہ کا اعلان

جموں ۹ ستمبر۔ کشمیر کے مہاراجہ نے ریاستی فوجوں کے تمام افسروں اور سپاہیوں سے ایک حکم میں اپیل کی ہے۔ کہ وہ ہندوستانی فوجوں سے پورا پورا تعاون کریں اور ہندوستانی افسروں کے احکام کی تعمیل کریں۔

آئرلینڈ برطانیہ سے اپنے رہے سہے تعلقات بھی ختم کر دیگا

آئرش وزیر اعظم مسٹر کاسٹیلو کا اعلان

جنرل اسمبلی میں شریک ہونیوالا ہندوستانی وفد

انڈونیشیا امریکہ سے قرض لے گا

وزیر خزانہ کی امریکہ کو روانگی

کوئی برطانوی افسر کشمیر میں نہیں لڑ رہا

پاکستان کی طرف سے تردید

دستور ساز اسمبلی کا آئندہ اجلاس

حب نعمت ہر قسم کی جنسی کمزوریوں کو دور کرکے طاقتور بنانے کی حیرت انگیز دوا ہے ۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ دواخانہ بقائی چیلی قبر دہلی

رجسٹرڈ ڈی — نمبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ پچیس روپے، ششماہی تیرہ روپے، سہ ماہی سات روپے

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ، ۲۶ ذیقعدہ ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۹۴۸ع | نمبر ۱۹۶ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

پاکستان اپنی فوجیں کشمیر بھیجنے میں حق بجانب ہے سر ظفر اللہ کا عذر گناہ

"پاکستانی فوجیں صرف مئی میں کشمیر بھیجی گئیں"

"اگر فوجیں نہ بھیجی جاتیں تو صورت حال خطرناک ہوجاتی"

کراچی ۱۰ ستمبر۔ کل کراچی میں کشمیر کمیشن کی جنگ بندی کی تجویز کے سلسلہ میں ایک پریس کانفرنس میں جس بیان کو پڑھا گیا اس میں سر ظفر اللہ خاں نے کہا کہ کشمیر میں پاکستانی فوج بھیجنے کے سلسلہ میں پاکستان ... [illegible] ... پاکستانی فوجیں بعض دفاعی مقامات پر بھیجی گئی ہیں ... پاکستانی سرحدی فوجوں میں تصادم ہوجاتا۔ پاکستان جنگ نہیں چاہتا لیکن جب ... پاکستان نے وہاں اپنی فوجیں بھیج دیں ... [illegible]

نظام کو حکومت ہند سے از سر نو بات چیت شروع کرنا چاہیے

نواب رامپور کے احساسات

(نامہ نگار خصوصی)

رامپور ۱۰ ستمبر۔ ہز ہائی نس نواب سر رضا علی خاں والی ریاست رامپور نے ایک ... کے دوران میں نظام حیدرآباد کو نواب بھوپال کے ... سالی استقلال اختیارات سے قبل جو نے نظام کو ... نا عاقبت اندیشانہ پالیسی کا نتیجہ ... [illegible]

ہز ہائی نس نے بیان میں کہا ہے کہ رامپور نے انڈین یونین میں شامل ہونے سے قبل والیان ریاست کو ایک خاص پیغام میں اعلیٰحضرت نظام سے مخلصانہ درخواست کی کہ حیدرآباد چونکہ سب سے بڑی اور ترقی یافتہ ریاست ہے اس لیے انڈین یونین میں شرکت کی دعوت حاصل کرنے میں اسے سب سے آگے رہنا چاہیے۔

برطانوی تاج کی وفاداری

اعلیٰحضرت کو یاد دلایا گیا کہ ہندوستان کے آزاد ہونے کے ... [illegible]

زبردست خونریزی شروع ہوجائیگی

سر ظفر اللہ کے خدشات

کراچی ۱۰ ستمبر۔ ... اقوام متحدہ میں حکومت پاکستان کے نمائندے سر محمد ظفر اللہ خاں نے کہا کہ آج کل ہندوستان حیدرآباد کو کھلی ... دھمکیاں دے رہا ہے ... [illegible]

چار طاقتوں کی کانفرنس

پیرس ۱۰ ستمبر۔ پیرس میں معلوم ہوا ہے کہ ہفتہ کے دن اطالوی نوآبادیوں کے مسئلہ پر چار طاقتوں کی ایک اہم کانفرنس پیرس میں منعقد ہوگی۔

کشمیر کمیشن واپس دہلی میں

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ ہندوستان اور پاکستان کے لیے اقوام متحدہ کا کمیشن آج قریباً ہفتے کے قیام کے بعد کراچی سے واپس دہلی آگیا۔ کمیشن کے پریذیڈنٹ مسٹر جوزف کوربل ... ۱۱ ستمبر آج شام کو پنڈت جواہر لال نہرو سے ملیں گے ... [illegible]

برلن میں روسیوں کے خلاف ڈھائی لاکھ جرمنوں کا مظاہرہ

دو من چلوں نے روسی جھنڈے کو اتار کر پھاڑ ڈالا

برلن ۱۰ ستمبر۔ برطانوی سیکٹر میں تقریباً ڈھائی لاکھ جرمنوں نے روسیوں کے خلاف مظاہرہ کیا اور روسی جھنڈے کو اتار کر پھاڑ ڈالا ... روسی فوجیوں نے مجمع پر گولیاں چلائیں۔ جرمن ذرائع سے جو اطلاعات ملی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ دو مظاہرین برطانوی علاقہ کی طرف سے برانڈن برگ دروازہ پر چڑھ گئے اور اس روسی جھنڈے کو پھاڑ ڈالا جو روسی علاقہ کی سرحد پر لگا ہوا تھا۔

... تین گولیاں چلائی گئیں۔ اس کے بعد اس واقعہ کے ذمہ دار سپاہیوں کے نام معلوم کرلئے گئے ... برطانوی حکام کو مطلع کردیا جائیگا۔ اس کے بعد دروازہ پر ایک نیا سرخ جھنڈا لہرا دیا گیا۔

... جب یہ روسی علاقے میں واپس آرہی تھی تو ایک بندوقچی نے مجمع پر گولیاں چلائیں۔ دوسرے روسی سپاہی نے بھی گولیاں چلائیں۔ جہاں تک معلوم ہوسکا ہے ایک بڈھے جرمن کے پاؤں میں ایک گولی لگی اس کو ہسپتال لیجایا گیا۔

یوپی کے چار ہزار دیہات پانی میں ڈوب گئے سیلاب کی خوفناک تباہ کاریاں

غازی پور میں سینکڑوں مکانات گر گئے

بعض سڑکوں پر بارہ فٹ پانی۔ بہار کو بھی خطرہ پیدا ہوگیا

لکھنؤ ۱۰ ستمبر۔ یوپی کے سیلاب نے انتہائی خوفناک شکل اختیار کرلی ہے۔ اس صوبہ کے ادھر جو آفت اور مصیبت آئی ہے ... صوبہ کی زرخیز زمین کا ہزاروں مربع میل علاقہ تباہ ہوچکا ہے پورب کے ... میں سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔ ۴ ہزار سے زائد دیہات غرق آب ... نشان بالکل ہی مٹ گیا ہے۔

سیلاب کی نوعیت

ایسے صوبے میں کچھ اس طرح بڑھے بنارس ضلع کی دو تحصیلوں چندولی اور صدر کے علی الترتیب ۴۰ فیصدی اور ۲۰ فیصدی حصہ کو سیلاب سے نقصان پہنچا ہے غازی پور کی تین تحصیلوں کو ۲۵ فیصدی نقصان پہونچا ہے سب سے زیادہ نقصان امالیہ کو پہونچا ہے جہاں کا ۸۰ فیصدی علاقہ زیر آب ہے بلیا کی صدر تحصیل کو ۹۰ فیصدی نقصان ہوا ہے۔

بنارس سے اسٹیٹسمین کا نامہ نگار رقمطراز ہے کہ بنارس کے قدیم مندروں عمارتوں کو جو گنگا کے کنارے پر واقع ہیں ان کو سخت خطرہ ہوگیا ہے کہ صحن کے اندر بھی پانی گھس گیا ہے اور بہت سی عمارتیں بیٹھ رہی ہیں ... ریلوے اور دوسرے علاقوں کی سڑکیں زیر آب ہیں اور کئی مقامات پر انہیں شگاف پڑ گئے ہیں ... علاقہ میں سڑکوں پر کشتیاں چل رہی ہیں۔ زنانہ کالج کا ... [illegible]

ہزاروں دیہات ہیں۔ پانی میں ڈوبا ہوا ہے ... [illegible]

غازی پور

... انتی دیر میں بہت سے مکانات گر گئے۔ غازی پور میں کل پانی کی سطح ۱۹۱۲ کا ریکارڈ توڑ کر تین فٹ اونچی تھی ... [illegible]

ملایا میں دہشت پسندی برابر جاری ہے

ربڑ کے ایک علاقہ پر دہشت پسندوں کا حملہ

سنگاپور ۱۰ ستمبر۔ دہشت پسندوں نے آج سنگاپور کے شمالی ایسٹ علاقہ میں ایک ربڑ کے قطعہ پر حملہ کیا ... [illegible] ... خیال ہے کہ اس کو ہلاک کردیا گیا۔

پردم پر حکومت برما کی فوجوں نے قبضہ کرلیا

باغیوں کی طاقت کو ایک زبردست ضرب

رنگون ۱۰ ستمبر۔ حکومت برما کے ایک کمیونکے میں اعلان کیا گیا ہے کہ حکومتی فوجوں نے رنگون کے شمال مغرب میں ... اور اہم ریلوے مرکز پردم پر کل دوپہر کو قبضہ کرلیا۔ پردم ... باغیوں پر ایک زبردست ضرب ہے کیونکہ سب سے بڑا شہر تھا جس پر ان کا قبضہ تھا اور یہاں انہوں نے اپنا زبردست انتظام کر رکھا تھا۔

۴ اگست کو پردم پر باغیوں کا قبضہ ہوا تھا اور حکومت نے اپنی تمام تر توجہ اس مرکز پر لگا دی تھی۔ اب جبکہ حکومت کا اس پر قبضہ ہوگیا ہے تو حکومت کو یہ آسانی ہوگئی ہے کہ وسطی برما میں فوجیں بھیج سکتی ہے۔ اس قبضہ سے محاذوں پر فوجوں کی نقل و حرکت بھی آسان ہوگئی ہے۔

پردم سے ۲۵ میل شمال میں ایک مقام ... پر حکومت اور باغیوں کی فوجوں میں تصادم ہوا جس میں ... باغی ہلاک ہوئے۔ رنگون اور ... کے درمیان ... سے بھی باغیوں اور حکومت کی فوجوں کے درمیان تصادم کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ اسی طرح ... دو مقامات سے بھی اس قسم کے تصادم کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

مکمل فہرست

ان دو کالونیوں کی جن پر

دہلی کے کسٹوڈین نے قبضہ کرلیا ہے

اور جو

دہلی کے کسی دوسرے اخبار میں شائع نہیں ہوئی

صفحہ ۳ پر ملاحظہ کیجئے

نہانے اور کپڑا دھونے کے خالص اور بہترین صابون کا کارخانہ جاری ہوگیا ہے تھوک مال کے لئے (مولانا) نور الدین بہاری فیاض گنج باڑہ ہندو راؤ دہلی سے خط و کتابت کریں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۲ ستمبر ۱۹۴۸ء

آؤ ایک بات سنو!

ہمارے پاس اطراف ہند سے جو خطوط اور اطلاعات موصول ہوتی ہیں ان سے ہمیں مسلمانان ہند کی قلبی اور ذہنی کیفیات کا پتہ چلتا رہتا ہے اور ہم آسانی سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس وقت مسلمان کیا چاہتے ہیں، ان کی مشکلات کیا ہیں، ان کی شکایات کی نوعیت کیا ہے اور انہیں اپنے مستقبل سے کس حد تک لگاؤ باقی رہ گیا ہے۔ ہم حیران ہیں کہ ان خطوط کا کیا جواب دیں اور ان حقائق کو مسلمانوں کے دلوں میں کس طرح اتاریں جنہیں نظر انداز کرکے وہ زندگی کے دوڑ سے پرے ہٹ گئے ہیں، تاہم ہماری کوشش ہوگی کہ... دستور العمل کے طور پر چند اصولی باتوں کی طرف اشارہ کردیں اور اس کی تفصیلات کو ناظرین کرام کے اختیار تمیزی پر چھوڑ دیں۔

اس سلسلہ میں سب سے پہلی بات یہ ہے کہ مسلمانوں میں فسادات کے بعد بہت بڑی حد تک احساس کمتری پیدا ہوگیا ہے اور وہ اپنے آپ کو دوسروں سے فرد تر سمجھنے لگے ہیں، یہ احساس کمتری، نفسیات کی اصطلاح ہے اور اسے آج کل کثرت کے ساتھ بے محل استعمال کیا جارہا ہے، مگر اس سے ہماری مراد صرف اسی قدر ہے کہ انسان غیر شعوری طور پر دوسروں کے مقابلہ پر اپنے آپ کو کمزور، بے بس، بے یار و مددگار، فرو تر، حقیر اور مظلوم سمجھے اور اس حد تک اپنے نام اپنی قومیت اور اپنی خصوصیات سے جھینپ اور شرم سی طاری ہوجائے۔ آج کل ہندوستان کے مسلمانوں پر اس مرض کا شدید حملہ ہے اور وہ اپنے آپ کو اپنے وطن میں بے بس اور لاچار پاتے ہیں، یہ صحیح ہے کہ یہ احساس اور ندامت، ماحول کی پیداوار ہے اور اکثریت کی تیز نگاہوں نے اقلیتوں کو خوف زدہ کرکے اس مرض کو ترقی دی ہے لیکن سارا قصور دوسروں کے سر تھوپ دینا بھی مناسب نہیں ہے، اس میں خود مسلمانوں کا اپنا قصور ہے اور علاج کی پہلی شرط یہ ہے کہ ہم ایمانداری کے ساتھ اس قصور کا اعتراف کریں اور عزم کریں کہ ماحول کی مخلوق نہیں بلکہ ماحول کے خالق بنیں گے اور اپنی استقامت سے حالات کا رخ بدلنے میں اپنی بہترین صلاحیتوں کو کام میں لائیں گے۔

آپ یاد رکھئے، ہم اپنے وطن اور اپنے ملک کی جس نسبت کے ساتھ تعلق رکھنے کی کوشش کریں گے اسی نسبت سے ہمارے اندر کمتری اور فروتری کا احساس پیدا ہوگا۔ ہم اپنے اندر یہ احساس پیدا کرکے اس بات کا ثبوت مہیا کررہے ہیں کہ ہمیں اپنے ملک اپنے وطن اور اپنی شہریت اور سیاست سے بہت کم تعلق رہ گیا ہے اور ہم اپنے وطن کو دوسروں کا وطن سمجھنے لگے ہیں یہ دوسروں کا احسان ہے کہ ہم ہندوستان میں طفیلیوں کے طریق پر زندگی بسر کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیئے گئے ہیں ورنہ ہمارا کوئی حق نہیں کہ یہاں رہیں اور یہاں کے ذرائع اور وسائل سے بہرہ اندوز ہوں۔ اسی تصور کے بعد انسان کا ذلیل ہونا اور اپنے آپ کو کمزور اور لاچار سمجھنا لازمی ہے کیونکہ جب آپ کسی چیز کو استعمال کرتے وقت یہ سمجھیں گے کہ اس چیز پر آپ کا کوئی حق نہیں تو دل میں قدرتاً دھڑکن سی پیدا ہوگی اور ضمیر کی ملامت سے رہا سہا حوصلہ بھی پست ہوجائیگا اگر اس حالت میں کسی نے ٹوک دیا اور ہماری توہین کی تو ہم اسے یہ کہہ کر گوارا کرلیں گے کہ کبھی قصور تو اپنا ہے کہ ہم نے غیر کی چیز کو ہاتھ لگایا اور اپنے حق کو وہاں استعمال کیا جہاں ہمارا کوئی حق نہ تھا! لیکن اگر کسی چیز کو اپنی سمجھیں گے تو اس کے استعمال میں آپ کو کسی قسم کی جھجک محسوس نہ ہوگی اور آپ کا انشراح صدر آپ کی عظمت کا ضامن ہوگا اور اس کے لئے ادنے سے ادنے ذلت کا گوارا کرنا بھی ناممکن ہوجائیگا۔

آپ کا اپنے آپ کو کمزور، بے بس، بے یار و مددگار سمجھنا اور ہر ذلت اور توہین کو برداشت کرنا تو اس بات کی غمازی کررہا ہے کہ آپ خود کو اجنبی سمجھ کر اپنے شہری اور وطنی حقوق سے دستبردار ہوچکے ہیں اور جس ملک میں آپ رہتے ہیں اسے اپنا نہیں بلکہ غیر کا ملک سمجھتے ہیں، سوچئے کیا اس کا نام غداری نہیں! کیا اس کا نتیجہ ذلت اور رسوائی نہیں! اس احساس کے بعد اکثریت کی بدسلوکی اور حکام کی فرقہ داریت یقیناً سونے پر سہاگہ کا کام دے گی اور آپ بات بات سے خوف، ہراس، مایوسی اور کمزوری پیدا کرلیں گے، اور یہی چاہیں گے کہ یہاں سے گھڑی کی چوتھائی میں نکل جائیں اور پاکستان میں جاکر پناہ لیں! لیکن اگر آپ اپنی عظمت کی قیمت لگا کر اور اپنی اخلاقی توانائی کو کام میں لاکر یہ تصور جمالیں کہ ملک ہمارا ہے، ہمیں یہاں رہنے کا پورا حق حاصل ہے۔ ہندی ہونے کی حیثیت سے ہماری شہری اور سیاسی ذمہ داریاں ابھی اتنی ہی ہیں جتنی دوسروں کی تو آپ کا حوصلہ اور یقین بڑی سے بڑی مصیبت کو بھی خاطر میں نہ لائے گا۔ اور آپ میں استقامت کی ایک ایسی طاقت پیدا کردے گا جو ہر کمزوری میں آپ کا ساتھ دے گی اور آپ کو میل کا ایل بڑھانے کی عادت سے نجات دلا دے گی! یہ مانا کہ اکثریت کی نگاہیں ٹیڑھی ہیں، حالات ناسازگار ہیں، ہندو قوم کی تنگ نظری نے فضا کو مسموم بنا رکھا ہے اور ہمیں اجنبی بنانے کے لئے پورا زور لگایا جارہا ہے، اگر ہماری قومی سیرت میں اتنی لچک اور ہمارے اسلامی مزاج میں اتنی گنجائش تو ہونی چاہیئے کہ بیرونی دباؤ کو برداشت کرے اور اسے پرکاہ کے برابر بھی وقعت نہ دے! دوسروں کا سلوک ہمیشہ ہمارے ظرف کے مطابق ہوگا، اگر ہم چھوٹی موٹی کا پیڑ بن کر اپنی قابل رحم حالت کا مظاہرہ کرتے پھریں گے تو لومڑیوں کو بھی ہمارا پیچھا کرنے کی جرأت ہوگی اور رحم کرنے والے بھی ہم پر رحم نہ کریں گے۔ لیکن اگر ہماری قومی ہیئت بنیان مرصوص بن کر اپنی سلامتی کا لوہا منوائے اور ہماری کسی حرکت سے یہ معلوم نہ ہو کہ اب گرے اور گرے، تو یقین جانئے بداندیشوں کو خود اپنی فکر پڑ جائے گی اور تجربہ انہیں اپنی حرکتوں پر نظر ثانی کرنے پر مجبور کردے گا۔

قوموں کی زندگی کبھی کسی کے اچھے برے سلوک پر موقوف نہیں ہوتی اس کا انحصار قوموں کی جوہریت پر ہوتا ہے۔ اگر وہ زندہ رہنے کی شرائط کو پورا کرسکتی ہیں تو وہ یقیناً زندہ رہیں گی اور درمیان کی ساری مشکلات کو قابو میں لے آئیں گی، اگر ان کا یہ جوہر فنا ہوچکا ہے اور تنازع للبقاء کے میدان سے ان کے قدم اکھڑ چکے ہیں تو یقین رکھو ان کے لئے رحم و کرم اور سہارے کا انجکشن بیکار ہے اور جس خطرہ کو وہ محسوس کرتی ہیں وہ ضرور سامنے آکر رہیگا!

غرض کمتری کا احساس یا اپنے آپ کو کمزور اور بے بس سمجھنے کا تصور ملک کے ساتھ کھلی غداری ہے اور غداروں کا حشر یہی ہونا چاہیئے کہ خوف و ہراس ان پر مسلط رہے اور مخالف طاقتیں ان پر عرصۂ حیات تنگ کردیں! یہی ہو رہا ہے کہ آخر ملک کی اکثریت کا بھی تو کچھ فرض ہونا چاہیئے سو اس کے متعلق ہم کل کی فرصت میں بحث کریں گے!

فلسطین

فلسطین میں کیا ہو رہا ہے اور آئندہ کیا ہوگا؟ سب کو معلوم ہے کہ روس اور امریکہ کی رقابت نے [illegible] کو سکون تاپایا ہے [illegible] اور اس کا نتیجہ ان بے گناہ عربوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے جنہیں کبھی بھی ہم اور امپیریلزم کی کشمکش سے دور کا واسطہ بھی نہ تھا! اب وہاں یہ ہو رہا ہے کہ یہودی عارضی صلح کی کوئی پرواہ نہیں کرتے، دیہات کے عربوں کا قتل عام جاری ہے، مکانات کو مسمار کیا جارہا ہے اور آئندہ

اچھی باتیں!

ولقد صرفنا... تا... جدلاً (پ ۱۵ ع ۲۰)

ہم نے اس قرآن میں تمام انسانوں کو سمجھانے کے لئے بار بار مثالوں سے کام لیا ہے لیکن انسان اکثر باتوں میں جھگڑالو واقع ہوا ہے۔

قرآن تمام انسانوں کو سمجھانے کے لئے آیا ہے اور سمجھانے کی بات یہ ہے کہ انسان کی زندگی کا ایک مقصد ہے اور اسے اس کے اعمال کے لئے ذمہ دار بنایا گیا ہے اگر یہ بات ذہن نشین ہوجائے تو پھر انسان کی زندگی کا ایک مقصد قرار پاسکتا ہے اور وہ اس کے حصول کے لئے جدوجہد کرسکتا ہے۔ یہ تصور کہ اس کے اعمال سے باز پرس ہوگی اور نیکی اور بھلائی کے نتائج بھی مختلف ہوں گے۔ اخلاقی زندگی کی بنیاد ہے۔ اور اخلاقی زندگی سے ہی دنیا کا نظام قائم رہ سکتا ہے۔ اتنی صاف اور واضح بات نے باوجود انسان کا گمراہ دماغ اسے نہیں سمجھتا اور سمجھانے پر الٹے جھگڑنے کیلئے آمادہ ہوجاتا ہے قرآن نے یہاں وہ بات کہدی ہے جسے نفسیات کے ماہر ہزار تجربوں کے بعد کہتے ہیں یعنی انسان صاف اور سیدھی بات کبھی نہیں مانتا اور یہی اس کی تباہی کا اصلی روگ ہے۔

یورپ میں اچھی فصل کی توقع
چاول کی کاشت میں ہند اور پاکستان کا اول نمبر

سارے یورپ میں عام طور پر خوراک کی فصل بہت اچھی ہونے کی توقع کی جارہی ہے۔ امریکہ کے محکمہ زراعت نے جو اعداد و شمار جمع کئے ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ سوویٹ یونین کے سوائے باقی سارے یورپ میں خوردنی اجناس کی پیداوار کے بارے میں جو اندازے اس سال کے شروع میں لگائے گئے تھے ان کے صحیح ثابت ہونے کے امکانات ابھی تک موجود ہیں۔ ایک مہینہ پہلے پیشنگوئی کی گئی تھی کہ اس برس روس کے سوائے باقی سارے یورپ میں ۱۹۴۸ء کی ۱۰۵۰۲۴۴ لاکھ بشل خوردنی اناج پیدا ہوگا توقع ہے کہ پیداوار اس اندازے پر پوری اترے گی۔ ۱۹۴۷ء میں سارے یورپ کی پیداوار ۱۰۱۵۰ لاکھ بشل تھی اور جنگ سے پہلے ۱۰۵۸۸ لاکھ بشل تھی۔ خاص طور پر یہ امید کی جاتی ہے کہ گذشتہ ایک برس کی پیداوار کے مقابلہ میں اس برس گندم اور دوسرے گندم کی فصل بہت ہی زیادہ ہوگی۔ گندم کی بہترین فصلیں ابھی یورپ میں نظر آرہی ہیں۔ فرانس میں ۸۰ فیصدی زیادہ گندم پیدا ہونے کی توقع ہے۔ اٹلی۔ سٹینیوا اور بلقانی ممالک میں فصلیں پچھلے برس کی بہ نسبت بہت اچھی ہیں۔ مغربی یورپ میں بھی فصلوں کی حالت اچھی ہے مغربی جرمنی میں بھی گندم اور جو کی فصلیں اچھی ہیں پینے اور جو کی فصلیں بھی عمدہ ہیں۔ انگلیں پولینڈ، سوئٹزرلینڈ اور ڈنمارک میں ہر جگہ مجموعی طور پر خوردنی اناج کی فصلیں بہت اچھی ہیں۔ روس میں ہر قسم کے اناج کی فصلیں بدستور سابق اچھی ہیں۔ لیکن پچھلے برس سے زیادہ پیداوار کی توقع نہیں کی جاتی ہے۔

ہند اور پاکستان میں چاول کی کاشت

چاول کی کاشت کے لحاظ سے ہند اور پاکستان دنیا بھر میں اول درجہ پر ہیں۔ لیکن مجموعی پیداوار کے لحاظ سے چین سے دوسرے درجہ پر ہیں۔ ڈاکٹر جے۔ نارمن الفرس نے حال ہی میں امریکن محکمہ زراعت کے لئے دنیا بھر کا دورہ کیا ہے۔ آپ نے ہند اور پاکستان کے بارے میں مذکورہ بالا خیال کی تصدیق کی ہے۔

جنگ سے پہلے ہند چاول کی درآمد و برآمد تجارت دونوں ہی کرتا تھا۔ اس کی سالانہ درآمد کی اوسط تقریباً ۔۔۔۔۔ ۱۷ ٹن تھی۔ موجودہ ہند سرکار نے ایک پنجسالہ پروگرام جاری کیا ہے جس کے ذریعہ وہ خوردنی اجناس کی پیداوار میں دس فیصدی اضافہ کرنا چاہتی ہے لیکن اس عرصہ میں اس کی آبادی میں اغلباً چار کروڑ کا اضافہ ہوجائے گا۔ اس لئے یہ ظاہر ہے کہ دنیا کی چاول کی تجارت میں ہند بدستور ایک اہم عنصر رہے گا۔ لیکن وہ اغلباً جنگ سے پہلے کے سالوں سے زیادہ درآمد ہرگز نہ کریگا اگر قیمتوں کا موجودہ معیار قائم رہے تو ہند کی درآمد قبل از جنگ کے زمانہ سے بھی کم ہوجائے گی۔ اس طرح اگر ہند کی غیر ملکی سکہ تبادلہ کی حالت زیادہ خراب ہوجائے۔ یا اگر ہند میں پے درپے چاول کی فصلیں اچھی ہوتی رہیں۔ تو ہند کی درآمد مقدار کم ہوجائے گی۔

پاکستان چاول کی پیداوار کے لحاظ سے بہت جلد اپنی ضروریات خود پیدا کرنے کے قابل ہوجائیگا

آسٹریلیا سے گندم کی برآمد

اس برس ۳۱ اگست تک آسٹریلیا سے کل ۱۰۵۰۰۰۰۰ بشل گندم برآمد کی گئی ہے۔ اس قدر برآمد آسٹریلیا نے آج تک کبھی نہیں کی ہے۔ قیاس اغلب ہے کہ قریباً ۱۲۰۰۰۰۰۰ بشل گندم نئی فصل کے اترنے پر آسٹریلیا کے پاس بچ رہے گی۔

برما میں موجودہ واقعات کی وجہ سے یہ غیر اغلب ہے کہ وہ اس برس کا برآمد کوٹا یعنی ۔۔۔۔۔ ۱۵ ٹن چاول باہر بھیج سکے گا۔ دوسری خوردنی اجناس کے بارے میں بھی یہی پوزیشن ہے۔ برما سے خوراک کی زیادہ مقدار ہند کو بھیجی جاتی ہے۔ خیال ہے کہ برما کے موجودہ مالی سال کے بجٹ میں کافی بڑا خسارہ ہوگا۔

(باقی صفحہ ۳ پر)

جنگ کے لئے زبردست تیاریاں کیجارہی ہیں یہودی کہتے ہیں کہ عربوں نے حملے کئے اور عارضی صلح کی خلاف ورزی کی دونوں طرف سے یہی کھیل ہوتا رہیگا اور متحدہ اقوام کے مقرر کردہ ثالث ہوائی جہازوں میں اڑتے اور جنگ کو طول دینے کے اسباب پیدا کرتے رہیں گے امریکہ کو یہودیوں سے ووٹ لینے ہیں اس وقت تک تو یقیناً عربوں کو کچلا جائے گا، مگر جب یہ مہم ختم ہو [illegible] اور یہودی ووٹ استعمال ہوچکیں گے اس وقت دیکھئے امریکہ کی روش کیا رہتی ہے، فی الحال فلسطین امن سے محروم ہے اور امریکہ اور روس کی بازی نے اس کے مستقبل کو مشکوک بنا رکھا ہے۔

حکومت اور پریس

آل انڈیا نیوز ایڈیٹرز کانفرنس کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس میں ہوم منسٹر سردار پٹیل نے پریس کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ مجھے پریس کی آزادی، ذمہ داری اور حقوق کا اعتراف ہے، حکومت کے لئے یہ کوئی خوشی نہیں کہ وہ پریس کی راہ میں مشکلات پیدا کرے لیکن میں پریس سے یہ ضرور چاہتا ہوں کہ وہ اپنے دائرہ میں سیاسی، سماجی اور اقتصادی نزاکتوں کا ادراک کرے اور حکومت کی طرف اپنی خیرسگالی اور تعاون کا ہاتھ بڑھائے۔

بلاشبہ حکومت اور پریس میں تعاون کی سخت ضرورت ہے، پریس کا کام یہ ہے کہ وہ حکومت کے ہاتھ مضبوط کرے اور حکومت کا کام یہ ہے کہ وہ پریس کی آزادی کا احترام کرکے اسے زیادہ سے زیادہ خدمت کا موقع دے!

سیر و سیاحت

[illegible] کے قلم سے

[illegible] یہ اس وقت شملہ [illegible] پاکستان [illegible] سپاہی [illegible] رہے ہیں ان میں [illegible] ایک دوسرے کو خوب جانتے پہچانتے ہیں۔ [illegible] کسی وقت ایک ہی گریبان سے تعلق رکھتے تھے [illegible] کے ساتھی تھے [illegible] قسمت کی بات ہے [illegible] آج ایک دوسرے سے برسرپیکار ہیں [illegible] دونوں ایک دوسرے کے خلاف [illegible] لیکن ایک چیز ان میں [illegible] بھی مشترک ہے [illegible] چائے [illegible] ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں [illegible] یاد آجاتا ہے چنانچہ اطلاع ہے کہ ایک پہاڑی پر جب ان سپاہیوں نے ایک دوسرے کو دیکھا [illegible] ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ بھائی چائے کا وقت [illegible] لڑنے کے مقابلہ میں چائے پینے کو زیادہ [illegible] ہے۔ چائے پینے سے انکار کون کرسکتا تھا [illegible] میدان جنگ کے [illegible] جو چائے کو اپنی زندگی سمجھتے ہیں — چنانچہ چائے پینے لگی — اور [illegible] مقصد [illegible] سے [illegible] کر لیا۔

[illegible] اچھی طرح یاد ہے [illegible] کوئی [illegible] پہلے چائے کا کوئی نام بھی نہ جانتا تھا [illegible] حضرات [illegible] شائق تھے [illegible] چائے پیدا [illegible] جواب [illegible] ریت اور تعصبات [illegible] کوئی زمانہ [illegible] ایک [illegible] لگے — لیکن [illegible] رنگ آسمان [illegible] آج لوگوں کو چائے کا ایسا چسکا لگا ہے کہ ہر قدم پر ہوٹل تشریف موجود ہیں — جنگ [illegible] موسم کے ماحول میں چائے کے بغیر گذارہ نہیں ہے۔

چائے پینے والوں کی کئی قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو صرف سردی کے دنوں کی طرح ایک خاص موسم میں پینے لگتے ہیں۔ ان کا خیال ہے چائے سے [illegible] پیدا کرتی ہے اس لئے نسخہ سمجھ کر جاڑوں میں پیتے ہیں۔ دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو بے تکلف ہر موسم میں [illegible] کسی طلب سے نہیں بلکہ [illegible] فیشن کے [illegible] چائے نوشی درست [illegible] سمجھ کر [illegible] اس لئے بھی پیتے ہیں کہ اس [illegible]

پھر دو اور [illegible] ان کے حکم میں چائے جاتی ہے ورنہ انہیں [illegible] کہانی میں چائے کی [illegible] ہے اب باری [illegible] اب تم میں سے وہ [illegible] آگے ہیں جو اپنی کم بولی سی پیالی میں [illegible] کم سے کم آدھ پاؤ پتی ڈال کر پھر [illegible] کرتے ہیں جہاں میں چائے دار نہیں جانتا۔ میں تو اس بیان سے کہ صرف مبتلا سمجھ کر چپ ہوں۔

تیسری قسم ان لوگوں کی ہے جو چائے کے دھتی کہلاتے ہیں کہ جس کے بغیر ان کا قدم اٹھ سکتا ہے اور نہ قلم اپنی جگہ سے ہل سکتا ہے۔ [illegible] ایسے حضرات بھی [illegible] ہیں [illegible] چائے ضرور پیتے ہیں [illegible] کر کے [illegible] ۔۔۔ وہ چائے کے قرض لینے میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتے۔

اسی طرح [illegible] صاحب کہ [illegible] چاہئیں کا [illegible] نہیں کہتے ہیں اس سے دماغ کے جوڑ کھل جاتے ہیں اور پھر وہ اس تیزی سے چلتا ہے جیسے سرپٹ گھوڑا — اور اس کے ساتھ پھر قلم بھی بھاگنے لگتا ہے۔

کشمیر [illegible] چائے [illegible] سپاہی بھی غالباً اسی تیسری قسم سے تعلق رکھتے ہیں کہ چائے کے بغیر ان کا کوئی قدم نہیں اٹھ سکتا — اور توپ و تفنگ کے دہانے [illegible] چلتی ہے۔

[illegible] کہ چائے نقصان دہ ہے کیونکہ [illegible] نقصان [illegible] ہے [illegible] — مگر یہ [illegible] کیا کم ہے کہ اس میں دوستی پیدا کرنے کا عنصر بھی ہے — خوش قسمتی ہیں وہ سپاہی جو لڑتے لڑتے بھی اپنی چائے [illegible] دوستی کر بیٹھے اور لڑنے والے [illegible] کو دوستی پیدا کرنے کا آسان راستہ بتا دیا — ہمارا خیال ہے اگر کشمیر کمیشن بھی اس راہ پر چلنے کے بجائے دونوں متحارب فریقین کو بلا کر محاذ کشمیر کے سپاہیوں کی پالیسی پر عمل کرنے یعنی کہ ایک کمیٹی پر چائے پانی کا انتظام کرے تو ایک روز میں مسئلہ کشمیر حل ہوجائے اور روز روز کے جھگڑے ختم ہوجائیں۔

ایڈیٹر کے نام ← خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

دعوت عمل

ایڈیٹر صاحب۔ محترم تسلیم! الجمعیۃ اور ملک کے دوسرے مشہور جرائد کے مطالعے کے بعد مجھے اندازہ ہوا ہے کہ مسلمانوں کی ایک خاصی تعداد اپنی ذہنی کوفت کو خواہ وہ حکام کے غیر منصفانہ برتاؤ کا نتیجہ ہو یا حکومتوں کی اردو کشی وغیرہ پالیسی کا، اخبارات کے صفحات میں شائع کراتی ہے۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ ان کے شکوہ و شکایات کم و بیش حق بجانب اور واقعی ہوتے ہیں لیکن کیا میں ان سے دریافت کرسکتا ہوں کہ ان کے اس طور پر بڑبڑانے سے کیا حاصل ہے۔ کیا ان کے خطوط و مضامین کی اشاعت کے بعد تمام شکایات رفع کردی جاتی ہیں یا ذمہ دار افسران اور حکومت کے کرتا دھرتاؤں کی یک جنبش کا یا پلٹ ہوجاتی ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر یہ دماغ سوزی کس شوق کی تکمیل کے لئے کی جاتی ہے۔

میرے خیال میں شاکیان کو چاہیئے کہ وہ شکایات کرنے سے پہلے اس کی نوعیت پر غور کریں۔ عام طور پر وہ دو قسم کی ہوگی۔ ذاتی یا اجتماعی۔ اگر ذاتی قسم کی ہے تو اپنے گرد کے نیک و با اختیار لوگوں سے مل کر معاملہ فہمی کرلیں۔ اخبارات کے ذریعہ ڈھول پیٹنے کی کیا ضرورت ہے اس سے تو شاکی کے مخالف کی ایک طرح کی تشہیر ہوتی ہے اور دوسرے بھی اس کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اگر شکوہ اجتماعی قسم کا ہے تو اس کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ متعلقہ آئینی حدود کے اندر تحریک ازالۂ شکایت کرے اور اس کے غیر ضروری بات نہ کرنے والے اور لائق کچھ نمائندے حکومت کے ارباب و اختیار کے سامنے جاکر اپنا کیس پیش کریں حتی کہ خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہو۔ اگر آپ اجازت دیں تو یہ صفحات کچھ لکھنا چاہتا ہوں کہ [illegible] احتجاج کرنے سے کام نہیں۔

ملک کے ترقی پسند اخبارات چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ آج ہندوستان میں فرقہ وارانہ سیاست کی گنجائش نہیں لیکن ہمارے مولوی کی سمجھ میں خاک نہیں آتا۔ نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ موجودہ برائیوں کے ذمہ دار عوام ہی ہیں اور یہ برائیاں حکومت کے بعد وہ جس کے بیں [illegible] گہرائی عوام کے دماغ کو ٹھکانے لگا سکتی ہے اس لئے میں آپ کے اخبار کی وساطت سے ملک اور امن پسند لوگوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خود داری کا دامن نہ چھوڑیں اور خود ہی اپنی شکایات کے ازالہ کی راہ نکالیں۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

دہلی ۷ ستمبر ۴۸ء — طرزی [illegible]

ریل گاڑیوں کا غلط استعمال

مکرمی ایڈیٹر صاحب تسلیم

میں آپ کے موقر روزنامہ کے توسل سے ہماری حکومتوں اور ذمہ دار افسروں کی توجہ اس واقعہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں آج کل ریل گاڑیاں سیاسی پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کی جارہی ہیں۔ ٹرینوں میں سفر کرنے والے بعض حضرات تو محض تفریح کے لئے نعروں پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں اور بعض کا منشاء دراصل پروپیگنڈا کرنا ہوتا ہے۔ کیا یہ چیز افسوسناک اور ایک آزاد ملک کی شان کے منافی نہیں ہے کہ اس کے کچھ شہری ملک کی فضا میں خوشگواری پیدا کرنے کے بجائے وحشت اور اشتعال پھیلائیں جس طرح [illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

گاندھی جی کے مقدمہ قتل کی کارروائی

اسپیشل کورٹ میں گوالیار کی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی شہادت

دہلی ۹ ستمبر۔ آج گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ میں مسٹر آتما چرن اسپیشل جج کی عدالت میں جہاں گوالیار کی شہادت ہوئی۔ گوڈسے کے کمرہ کی تلاشی کے موقعہ پر اس شخص نے پہنچ کے فرائض انجام دیئے تھے۔

مسٹر سدا شیو نے ناتھو رام گوڈسے کو پہچان لیا اور کہا کہ وہ دتاتریہ نرائن صاحب جلد جلد میں رہتا ہے۔ یہ عمارت سدا شیو پیٹھ پونا میں واقع ہے تلاشی کے دوران میں گوڈسے کے کمرے سے سیاہ رنگ کا کچھ چھپا ہوا تھا۔

اس نے بیان کیا کہ ۳۱ جنوری کو اس مکان کی تلاشی لی گئی جس میں ناتھو رام گوڈسے رہتا تھا۔ دوسری چیزوں کے علاوہ ایک خط ایک پیکٹ اور ہولسٹر کوئی برآمد ہوئی تھی۔ یہ بلڈنگ ... ایک کمرہ ... گوڈسے کو اچھی طرح جانتا ہوں ...

کی کارروائی نامکمل رہی۔

ملزم فرار

جن چالیس آدمیوں کی گرفتاری کے وارنٹ جاری ہوئے تھے ان میں گنگا دھر ... اور سوریہ دیو شرما بھی شامل تھے ... پولیس ان کی تلاش کرتی رہی ...

گاندھی جی کے قتل کے سلسلہ میں دہلی میں مقدمہ درج کیا گیا ...

پنچ کے بعد کارروائی

ڈاکٹر پرچورے کے وکیل ...

ہندو مہاسبھا کا مظاہرہ

وکیل صفائی کا اعتراض

اب بھی

انعام اللہ خاں ناصر

ہوا کے دوش پہ ہے راہ کا غبار اب بھی
تلا ہے سفلہ نوازی پہ روزگار اب بھی

وفا کی بو ہے مشام چمن پہ بار اب بھی
ہماری خاک سے پھولوں کو ہے غبار اب بھی

روش سے لالہ و گل کی ہے داغدار اب بھی
مگر بہار کو کہتے ہیں ہم بہار اب بھی

ستم ظریف خزاں کہہ رہی ہے ہنس ہنس کر
نظر نظر ہو تو ہر باغ میں بہار اب بھی

نمک ہے خندۂ گل میں سرشک شبنم میں
ہوئے بہار نہیں سب کو سازگار اب بھی

نئی بہار میں پھولوں کا امتیاز ہے کیا
کہ زر پہ ناز و نزاکت کا ہے مدار اب بھی

جو ناتواں تھے وہ دب دب کے پائمال ہوئے
جو داغدار تھے وہ دل ہیں داغدار اب بھی

بدل گیا ہے بہت گرچہ بندوبست چمن
منائی جاتی ہے گلچیں کی یادگار اب بھی

گلوں سے ہو نہ سکا غم غلط عنادل کا
مآل باغ پہ شبنم ہے اشکبار اب بھی

یورپ میں اچھی فصل کی توقع

(صفحہ ۲ سے آگے)

معلوم ہوا ہے کہ ارجن ٹائنا کے سابقہ حالیہ ...

پاکستان میں خوراک کی قلت

پاکستان میں احتیاطی تدابیر

ہند کے زراعتی وزیروں کی کانفرنس

اگر دشمن لڑنا چاہتے ہیں تو کھلم کھلا میدان میں آجائیں

صدر راجستھان جنرل برون کا چیلنج

جودھ پور ۹ ستمبر۔ جنرل جیوان ڈونگو برون صدر راجستھان نے اپنی تقریر میں اپنے سیاسی مخالفین کو متنبہ کیا کہ میرا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا ہے طاقت کا جواب دے رہی ہے اگر مجھ کو مخالفین کو سزائے موت کا حکم سنانا پڑا تو میری آواز میں ذرا سی بھی لرزش نہ ہوگی ...

اب میں سمجھ ... ان حضرات کو سمجھ ہو جانا چاہئے کہ لوگ ان دروغ بافیوں اور بہتان تراشیوں سے تنگ آ چکے ہیں ... پھانسی پر چڑھانے کا حکم دیتے وقت میری آواز بالکل نہیں کانپے گی۔

کلکتہ میں ہڑتال

پندرہ آدمی گرفتار

حیدرآباد سے غیر ملکیوں کا انخلا شروع ہونے والا ہے

تخلیہ کنندگان کو لانے کے لئے یارک طیاروں کا انتظام کرایا گیا

دہلی ۹ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد میں جو برطانوی آسٹریلین کناڈین اور امریکی باشندے مقیم ہیں ان کو فوری طور پر ... سے نکال لیا جائے گا۔ اس بارے میں کچھ عرصہ پہلے ہی انتظامات کر لئے گئے تھے اب ان کو ...

جاگیرداری سسٹم

جودھپور میں ابھی ختم نہیں ہوگا

کشمیر کمیشن کے ممبر

ریشم کی فیکٹری میں

مہاراجہ دربھنگہ کا نیا اعزاز

حیدرآباد کی سرحد پر اہم سڑکیں

کراچی کو کشمیر کمیشن کی روانگی

شاہجہاں پور کا مقدمہ

سیام کے ناظم امور کی تقریر

ہند میں خوراک کی درآمد

۲۶ اگست ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ہند میں پہنچے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

گندم	۳۴۶۵۰۰ ٹن
آٹا	۴۱۳۰۰ ٹن

یکم جنوری ۱۹۴۸ء سے لے کر اب تک اناج کی کل درآمد حسب ذیل ہے۔

گندم	۷۲۰۹۰۰ ٹن
آٹا	۱۲۵۶۵۰ ″
مکی	۲۸۳۰۰۰ ″
باجری	۱۰۹۰۰ ″
جو	۱۴۶۰۰۰ ″
میلو	۸۷۰۰۰ ″
سیمولین	۱۳۰۰ ″
چاول	۶۹۰۰۰ ″

تلاش گمشدگان

برائے اطلاع عام

یہ مکمل فہرست اب تک دہلی کے کسی اور اخبار میں شائع نہیں ہوئی

[illegible] ایک نوٹیفکیشن مورخہ ۳ اگست ۱۹۴۸ء حکومت ہند کے ایک غیر معمولی گزٹ میں شائع ہوا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ مہاجرین کی خالی جائیداد کے کسٹوڈین دہلی [illegible] مشرقی پنجاب [illegible] ایکٹ XIV [illegible] سیکشن ۶ کے تحت حسب ذیل مکانوں اور دکانوں کا قبضہ لے لیا ہے۔

دکانوں کی فہرست

نمبر سلسلہ	نمبر دکان	جائے وقوع	ملکیت	کرایہ داری	ملکیت و کرایہ داری
۸۵۷	ایکسلسیر سینما	لال کنواں حوض قاضی، دریا گنج	-	-	دونوں
۸۵۸	۱۳۰۳/۸	مین بازار سبزی منڈی	-	ک	-
۸۵۹	۱۲۷۸۶-۸۷	سرنیا کٹاں پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۶۰	۴۷۴۳	گلی [illegible] پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۶۱	۱۳۲۷-۲۸	عبدالرحمن روڈ، قرول باغ	-	ک	-
۸۶۲	۵۳۰۲	مین بازار پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۶۳	۵۲۷۵	مین بازار پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۶۴	۵۸۹	مین بازار پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۶۵	۸۶۳	مین بازار سبزی منڈی	-	ک	-
۸۶۶	۲۰۷۸	کوچہ شاہ گنی [illegible] دریا گنج	-	ک	-
۸۶۷	۷۱/۲۲۳۹ x	اجمل خاں روڈ قرول باغ	-	ک	-
۸۶۸		دو دکان متصل فیض بازار دریا گنج [illegible]	-	ک	-
۸۶۹	۱۷	فیض بازار دریا گنج	-	ک	-
۸۷۰	دوسرا گیراج	۳ فیض بازار دریا گنج	-	ک	-
۸۷۱	۱/۶۵۵۵ x	دریا گنج	-	ک	-
۸۷۲	۴۵۳۳	بالمقابل فیض بازار دریا گنج	-	ک	-
۸۷۳	۴۵۳۸	دریا گنج	-	ک	-
۸۷۴	۳	نزد دہلی دروازہ دریا گنج	-	ک	-
۸۷۵	۳۰	متصل مسجد دہلی دروازہ	-	ک	-
۸۷۶	۶	فیض بازار دہلی دروازہ دریا گنج	-	ک	-
۸۷۷	۴۰۴۳	نزد صدر بازار	-	ک	-
۸۷۸	۱۳/۱۳۳-۳	مشرقی چوک [illegible]	-	ک	-
۸۷۹	۵۰۳۸	پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۸۰	۵۲۵۵	پھوٹا روڈ صدر بازار	-	ک	-
۸۸۱	۵۹۳۶	مین بازار پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۸۲	۶۵۰۰	پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۸۳	۵۹۳۹	مین بازار پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۸۴	۲۵۳۲	اجمیری گیٹ بازار	-	ک	-
۸۸۵	۲۲۹۵	اجمیری گیٹ بازار	-	ک	-
۸۸۶	۴۷۵	صدر بازار	-	ک	-
۸۸۷	۵۲۴۳	گلی موچی پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۸۸	۵۲۵۰	گلی موچی پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۸۹	۱۵۲۶	مین بازار پہاڑ گنج	-	ک	-
۸۹۰	۱۵۰۹/۱۵۱۱	مین بازار پہاڑ گنج	ک	-	-
۸۹۱	[illegible]	گلی موچی پہاڑ گنج	ک	-	-
۸۹۲	۱۳۳۴	مین بازار پہاڑ گنج	ک	-	-
۸۹۳	۵۵۴۵	پہاڑی دھیرج صدر بازار	ک	-	-
۸۹۴	۲۲۵۴	مین بازار پہاڑ گنج	ک	-	-
۸۹۵	۱۰۸۱	گلی حاجی عبدالسلیم صدر بازار	ک	-	-
۸۹۶	۳۲۳۵	شورا کوٹھی سبزی منڈی	ک	-	-
۸۹۷	x	بازار اجمیری گیٹ دریا گنج [illegible]	ک	-	-
۸۹۸	x	بازار اجمیری گیٹ دریا گنج [illegible]	ک	-	-
۸۹۹	۱/۴۸۹۳ x	فیض بازار دریا گنج	ک	-	-
۹۰۰	x	اجمیری گیٹ دریا گنج [illegible]	ک	-	-
۹۰۱	x	اجمیری گیٹ دریا گنج [illegible]	ک	-	-
۹۰۲	x	اجمیری گیٹ دریا گنج [illegible]	ک	-	-
۹۰۳	x	دریا گنج [illegible]	ک	-	-
۹۰۴	[illegible]	فیض بازار دریا گنج	-	ک	-
۹۰۵	[illegible]	〃	-	ک	-
۹۰۶	[illegible]	صدر بازار	-	ک	-
۹۰۷	۳۰۷	〃	-	ک	-
۹۰۸	[illegible]	کوچہ دکھنی رائے دریا گنج	-	ک	-
۹۰۹	[illegible]	اورینٹل روڈ قرول باغ	-	ک	-
۹۱۰	[illegible]	〃 〃 〃	م		
۹۱۱	[illegible]	〃 〃 〃	م		
۹۱۲	[illegible]	〃 〃 〃	م		
۹۱۳	[illegible]	〃 〃 〃	م		
[illegible]	〃 〃	〃 〃 〃	م		
[illegible]	〃 〃	〃 〃 〃	م		

نمبر سلسلہ	نمبر دکان	جائے وقوع	ملکیت	کرایہ داری	ملکیت و کرایہ داری
۹۱۶	〃 〃	〃 〃 〃	م	-	-
۹۱۷	〃 〃	〃 〃 〃	م	-	-
۹۱۸	[illegible]	بالمقابل [illegible] پہاڑ گنج	م	-	-
۹۱۹	۷/۵۳	اورینٹل روڈ قرول باغ	م	-	-
۹۲۰	۶۷۲۶	روشن آرا روڈ سبزی منڈی	م	-	-
۹۲۱	۶۴۲۸	〃 〃 〃	م	-	-
۹۲۲	۶۴۲۹	〃 〃 〃	م	-	-
۹۲۳	۶۶۳۰	〃 〃 〃	م	-	-
۹۲۴	۳۳۰۵-۱۱	تیا بہرام خاں، دریا گنج	م	-	-
۹۲۵	۶۱۰۴	روشن آرا روڈ، سبزی منڈی	م	-	-
۹۲۶	۳۶۶۳	[illegible] سبزی منڈی	م	-	-
۹۲۷	۱۲۲۵۷	چوک ملتانی ڈھانڈہ پہاڑ گنج	م	-	-
۹۲۸	[illegible]	[illegible] سبزی منڈی	م	-	-
۹۲۹	۸۰۵/۲	اورینٹل روڈ، قرول باغ	م	-	-
۹۳۰	۴	فیض بازار، دریا گنج	م	-	-
۹۳۱	۲۳/۲۵۹۶	اور ۴ سبزی منڈی	م	-	-
۹۳۲	[illegible] نمبر ۲۲۵۵	اجمیری گیٹ دریا گنج	م	-	-
۹۳۳	[illegible]	دریا گنج	م	-	-
۹۳۴	نمبر ۱۸۰۶	فیض بازار دریا گنج	م	-	-
۹۳۵	[illegible]	اجمیری گیٹ دریا گنج	-	-	-
۹۳۶	نمبر ۶۷۶	چاندنی چوک	-	-	دونوں
۹۳۷		کشمیر [illegible] کمپنی اور [illegible] لیدر [illegible] کمپنی کے درمیان والی دکان	-	-	دونوں
۹۳۸	نمبر ۱۰۱۸	عبدالرحمن روڈ قرول باغ	-	-	دونوں
۹۳۹	نمبر ۸/۱۶۲۹	〃 〃	-	-	دونوں
۹۴۰	[illegible]	اورینٹل روڈ قرول باغ	-	-	دونوں
۹۴۱	نمبر ۱۱ [illegible]	〃 〃	-	-	دونوں
۹۴۲	نمبر ۳۴۵۱	[illegible] بلڈنگ سبزی منڈی	-	-	دونوں
۹۴۳	نمبر ۳۵۴۳	مین بازار 〃 〃	-	-	دونوں
۹۴۴	۳۴۵۲	〃 〃 〃	-	-	دونوں
۹۴۵	۵۱۸	بالمقابل گلی کمہاران پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۴۶	۵۴۳۴	گلی نمبر ۱۲ ملتانی ڈھانڈہ 〃	-	-	〃
۹۴۷	۴۰۲۰	نزد پنجابی اسلامیہ ہائی اسکول قلاب [illegible]	-	-	〃
۹۴۸	۱۶۰۴	بلڈنگ تراشان 〃	-	-	〃
۹۴۹	۵۴۲۲	مین بازار پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۵۰	۱۴/۸/۴۵۰-۵۲	قرول باغ	-	-	〃
۹۵۱	۵۵۲۸	روشن آرا روڈ سبزی منڈی	-	-	〃
۹۵۲	۲۶/۴	کناٹ پلیس نئی دہلی	-	-	〃
۹۵۳	۲۲۷۵	سبزی منڈی	-	-	〃
۹۵۴	۸۹۹۴	روشن آرا روڈ سبزی منڈی	-	-	〃
۹۵۵	۲۰۷۵	کوچہ دکھنی سرائے دریا گنج	-	-	〃
۹۵۶	دکان متصل [illegible]	بازار سیتا رام	-	-	〃
۹۵۷	دکان نمبر ۲۰-ایم ایم [illegible]	سوہن گنج سبزی منڈی	-	-	〃
۹۵۸	۸۰/۲ ، ۱۲۸۴۹	[illegible] محلہ ملتانی ڈھانڈہ پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۵۹	دکان [illegible] ۸۰۱/۱	اورینٹل روڈ قرول باغ	-	-	〃
۹۶۰	۸۰۲	اورینٹل روڈ قرول باغ	-	-	〃
۹۶۱	۸۰۵	〃 〃	-	-	〃
۹۶۲	۸۰۵/۱	〃 〃	-	-	〃
۹۶۳	۸۰۶	〃 〃	-	-	〃
۹۶۴	۴۲۸	چاوڑی بازار	-	-	〃
۹۶۵	۶۵۲۴/۸	مین بازار پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۶۶	۶۰۹	〃	-	-	〃
۹۶۷	۲۵۲۲	اجمیری گیٹ	-	-	〃
۹۶۸	۱۴	مین بازار پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۶۹	۱۵۰۴	〃 〃	-	-	〃
۹۷۰	۱/۲۶۴	جالندھر روڈ قرول باغ	-	-	〃
۹۷۱	دکان ملکیت مسجد [illegible]	کالی مسجد فیض بازار دریا گنج	-	-	〃
۹۷۲	XII/۲۳۱۶	چندراول روڈ سوہن گنج سبزی منڈی	-	-	〃
۹۷۳	۳۶۹۴	مین بازار سبزی منڈی	-	-	〃
۹۷۴	۲۵۵۸	اجمیری گیٹ	-	-	〃
۹۷۵	XI/۴۸۵۰	فیض بازار دریا گنج	-	-	〃
۹۷۶	دکان نزد دکن ہوٹل	اجمیری گیٹ	-	-	〃
۹۷۷	دکان ملکیت ۲۵۲۲	〃	-	-	〃
۹۷۸	XI/۴۸۰۸	فیض بازار دریا گنج	-	-	〃
۹۷۹	۱۵۴۲	مین بازار	-	-	〃
۹۸۰	۱۵۴۰	[illegible]	-	-	〃
۹۸۱	۱۵۴۱	〃	-	-	〃
۹۸۲	۲۱۴۳	مین بازار پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۸۳	۲۱۴۴	〃 〃	-	-	〃
۹۸۴	۲۱۴۲	〃 〃	-	-	〃
۹۸۵	۱/۲۶۵	جالندھر روڈ قرول باغ	-	-	〃
۹۸۶	۱/۲۶۳	〃 〃	-	-	〃
۹۸۷	۱۳	ایم ایم ایچ بلڈنگ پہاڑ گنج	-	-	〃
۹۸۸	۶	〃	-	-	〃
۹۸۹	۲۸۱	چاندنی چوک	-	-	〃
۹۹۰	۵ جی بلاک	کناٹ سرکس نئی دہلی	ک	-	〃
۹۹۱	۱۸۹	چاندنی چوک	〃	-	〃
۹۹۲	دکان نمبر ۴ D-K	〃	〃	-	〃
۹۹۳	۸-۴۲	〃	〃	-	〃
۹۹۴	۳۳-آئی ایف ۶۹۰	لیڈی ہارڈنگ روڈ	〃	-	〃
۹۹۵	دکان نمبر ۲۳ آئی-ایف ۶۹۱	〃	〃	-	〃
۹۹۶	۵ جی بلاک	کناٹ سرکس نئی دہلی	〃	-	〃
۹۹۷	۱۰ جی بلاک	〃	〃	-	〃

سرکاری افسروں کی تقرری تبادلہ اور رخصت کے اعلانات

حکومت یوپی کے سرکاری گزٹ کا ترجمہ

لکھنؤ ۹ ستمبر۔ حکومت یوپی کے ۴ ستمبر کے گزٹ میں آفیسروں کی تقرری تبادلہ وغیرہ کے بارے میں یہ اعلانات شائع ہوئے ہیں۔

مسٹر عزیز الدین خاں [illegible] فیض آباد [illegible] کو ۱۲ اور [illegible] کی رخصت [illegible] پر مسٹر [illegible] دی گئی ہے [illegible]

[illegible]

مسٹر سی ۔ ایس ۔ تریویدی [illegible]

تقرریاں

[illegible] کو ای ۔ آئی ۔ آر پر اسپیشل [illegible] مقرر کیا جاتا ہے ان کا ہیڈ کوارٹر لکھنؤ ہوگا۔

مسٹر و جیا پائی [illegible]

تبادلہ اور تنزل

[illegible]

سابقہ اعلانات کی تنسیخ

[illegible]

حیدرآباد نے ابھی تک ہندوستانی مطالبہ کا کوئی جواب نہیں دیا

ہندوستانی مطالبہ کو مسترد کر دینے کے علاوہ کوئی جواب کی توقع نہیں

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ آج شام کے ۶ بجے تک حیدرآباد کی طرف سے ہندوستان کے ان مطالبات کا کوئی جواب موصول نہیں ہوا کہ رضاکاروں کی جماعت کو توڑ دیا جائے اور سکندرآباد میں ہندوستان کی فوجوں کی [illegible] سہولت دی جائے۔ [illegible] ہوگیا ہے کہ کونسل کے دن [illegible] ریاستی محکمہ کی طرف سے ان مطالبات کا ایک خط [illegible] حیدرآباد [illegible] کے نام تھا۔

دہلی میں حیدرآباد کے حلقوں کا خیال ہے کہ اس کی کوئی وجہ نہیں کہ حیدرآباد کا جواب اس جواب سے مختلف ہو جو نظام نے گورنر جنرل کو دیا ہے۔ حیدرآباد کے نائب وزیراعظم مسٹر ریڈی نے مجلس قانون ساز میں بیان دیتے ہوئے حیدرآباد کی پالیسی کی وضاحت کر دی ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ جوں کے تحت سمجھوتہ کے ماتحت ہندوستان کو حق نہیں کہ وہ سکندرآباد کوئی فوج بھیجے۔

معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کا ابھی یہی خیال ہے [illegible] کا جواب بھی وہی ہوگا جو مسٹر ریڈی کا بیان ہے۔

ڈیرہ دون کے قریب اناج کی کمیابی

ڈیرہ دون ۸ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کے لوگ غلہ کی قلت کی وجہ سے درختوں کی چھال کھا کر گذر کر رہے ہیں۔ [illegible] کے علاقوں میں غذائی صورت حالات پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے انہوں نے اس خطرہ کا اظہار کیا ہے کہ اگر جلد ہی امداد کا انتظام نہ کیا جائے گا تو خوفناک [illegible]

تمام اسلامی ممالک کا ایک مضبوط بلاک بنانیکی تجویز

جلد ہی کراچی میں ایک کانفرنس ہونیوالی ہے

لاہور ۱۰ ستمبر۔ پاکستان اس تجویز پر غور کر رہا ہے کہ کراچی میں اسلامی ممالک اور خاص طور پر مشرق وسطیٰ کے ممالک کی ایک کانفرنس منعقد کی جائے۔ اگر حکومت پاکستان نے یہ تجویز منظور کر لی تو اس کانگریس کا انعقاد جلد ہوگا۔ اس تجویز کا مقصد یہ ہے کہ اسلامی ممالک کے تمام ذرائع کو ملا کر ایک اسلامی بلاک بنا دیا جائے۔ یہ اقتصادی طور پر خود کفیل ہوگا۔

اس کے بعد دفاعی انتظامات کو مکمل کر لیا جائے گا چین اور برما کو اس کانگریس میں شامل کیا جائے گا اپنے ابتدائی مراحل میں یہ کانگریس اس ایشیائی عوامی کانفرنس کی طرح ہوگی جس کو پنڈت نہرو نے دہلی میں منعقد کیا تھا تجویز ابھی اپنے ابتدائی مراحل میں ہے لیکن یہ معلوم ہوگیا ہے کہ پاکستان کے بڑے بڑے کارخانہ دار اسلامی ممالک میں صنعتی لحاظ کو اس طرح ترتیب دیں گے کہ خام مال بہ آسانی ایک ملک سے دوسرے ملک میں بھیجا جا سکے۔ علاوہ ازیں صنعتی مال کا تبادلہ بھی بہ آسانی ہو سکے۔ اسلامی ملک کے ممالک کے ذرائع صنعتی ترقی کے لئے بہت اچھے ہیں۔ پاکستان، پٹ سن، سوت اور گیہوں سپلائی کرے گا۔ اور معاوضہ میں بنا ہوا مال لیگا خاص طور پر کپڑا کیونکہ پاکستان کو کپڑے کی بہت سخت ضرورت ہے۔

اسلامی ممالک میں باہمی اتحاد کرنے اور خود کفیل ہونے کی سخت خواہش موجود ہے اور وہ اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ مضبوط بنا دینا چاہتے ہیں نیز یہ ممالک ایک دوسرے سے تہذیبی اور اقتصادی تعلقات بھی استوار کرنا چاہتے ہیں۔

ہندی ریلوے کیلئے امریکہ اور برطانیہ سے ۹۶۳ انجنوں کا سودا

سفر یورپ سے واپسی پر چیف کمشنر ریلویز کا بیان!

نئی دہلی ۹ ستمبر۔ ہندوستان کے سب بڑے ریلوے چیف کمشنر نے آج یہاں اخبارات کے نمائندوں کو بتایا کہ ۱۹۵۰ء کے آخر تک اس بات کی امید ہے کہ برطانیہ امریکہ کناڈا اور فرانس سے ۹۶۳ نئے ریلوے انجن آجائیں گے۔ [illegible] کے علاوہ ۱۰۰ ریلوے انجن اور آجانے کی امید ہے اس کی بابت بھی جلد ہی آرڈر دیدئے جائیں گے۔

مسٹر [illegible] نے ہندی ریلوں میں ریلوے انجنوں کی موجودہ حالت بیان کی اور ان کے سبب اور امریکہ کے سفر سے انجنوں کے جلد بہم ہونے میں جو کامیابی ہوئی ہے اس کا بھی ذکر کیا۔ اگرچہ بعض انتخاب ساخت انجنوں کے بارے کے لحاظ سے مسرت محسوس ہوئی تھی۔ لیکن انھوں نے کہا کہ ان سب انجنوں کی آجانے کے بعد بھی حالت اتنی اطمینان بخش نہیں ہوگی جتنی جنگ سے قبل تھی۔

آپ نے بتایا کہ اس سال کے آغاز میں ہندی ریلوں کے ۱۸۰۰ انجن کثرت استعمال سے خراب ہوچکے ہیں۔ اور عام حالت قاعدے کے مطابق ان کو بیکار قرار دیا جاچکا ہے ۱۹۵۰ء تک قریب ۲۰۰ انجن اپنی عمر طبعی کے تمام سال گزار چکے ہوں گے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ زمانہ قبل از جنگ کے مقابلہ میں اس وقت ہندی ریلوں میں نئے انجنوں کا استعمال فرض سمجھنے کے باوجود ۔۔ ۱۳ انجن کی کمی ہوگی اس کے مقابلہ میں ۱۹۳۶ء کی نسبت اب مال و مسافروں کی آمد و رفت بہت بڑھ گئی ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ موجودہ انجنوں کو زیادہ اور مناسب استعمال سے صورت حالات پر قابو پالیا جائے گا۔ وہ اس بارے میں پرامید تھے کہ سامان کے حمل و نقل میں اس وقت ...

ایڈیٹر کے نام خطوط

صفحہ ۲ سے آگے

پانی، آگ وغیرہ کو قدرت نے اپنی تمام مخلوق کے لئے عام کیا ہے اور ان کو راحت کا ذریعہ بنایا ہے اسی طرح حکومت بھی اپنے شہریوں کے آرام کے لئے ریلوں ہوائی جہازوں اور دوسرے انتظامات کو چلاتی ہے لیکن ایک مخصوص طبقہ حکومت کی رعایت سے ناجائز فائدہ اٹھاتا ہے اور ستائیس کرکے عوام کو پریشان کرتا ہے امید ہے کہ حکومت کے متعلقہ افسران اس بارے میں پوری تحقیقات کریں گے اور خطا کاروں کو عبرتناک سزائیں دلائیں گے۔ فقط

شفقت علی کانپور ۸ ستمبر

گرانی اور اس کا سدّباب

حکومت ہند نے افراط زر کو روکنے اور اشیاء کی روز افزوں قیمتوں کو گرانے کے لئے بعض اقدامات کئے ہیں اور ماہرین کی ایک کمیٹی بھی بٹھادی ہے جو ان کے اسباب و علل پر غور کرکے نسخہ مرض تجویز کرے گی جہاں تک اس کے نسخہ کا تعلق ہے سو حکومت کے بہترین عقلیں اور ذکی افراد کے دماغوں میں بہترین تجاویز ہوں گی مگر ایک حقیر رائے میری بھی اس ضمن میں ...

دہلی میں عجائب خانہ قائم کرنے کی تجویز

دہلی میونسپلٹی کے اجلاس کی کارروائی

دہلی ۹ ستمبر۔ دہلی میونسپل کمیٹی نے آج کے اجلاس میں ایک سب کمیٹی مقرر کی جو دہلی میں ایک عجائب خانہ قائم کرنے کے مسئلہ پر سوچ بچار کرے گی۔ مسٹر اگروال کے اس تجویز کو پیش کرنے پر کمیٹی میں بہت پرزور مباحثہ ہوا۔ انھوں نے کہا کہ کمیٹی دہلی میں ایک ایسا عجائب خانہ قائم کرنے پر غور کرے جو اس کے شایان شان ہو۔ اس میں ہر قسم کی تصویریں نمائش کی چیزیں اور دوسرے سامان ہوں۔ جس میں دہلی کی صنعت و حرفت کے نمونے اور دہلی کی تاریخ وغیرہ دکھائی جاسکے۔

مسٹر ایس ایم عبداللہ نے کہا اس بارے میں کوئی قدم کمیٹی کے لئے ممکن نہیں۔ دوسرے موقعہ پر یہ اقدام کرسکتی ہے کہ اس بارے میں حکام سے سفارش کردے۔

بابا گرمکھ سنگھ نے تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ سنا گیا ہے کہ مرکزی حکومت مہاتما گاندھی جی کی خواہش کے مطابق گورنمنٹ ہاؤس کو ایک بڑے پیمانہ پر عجائب خانہ بنارہی ہے اور وہاں پر جو تصاویر اس وقت لگی ہوئی ہیں وہ اتار دی جائیں گی اور ان کی جگہ جنگ آزادی کی تصاویر لگائی جائیں گی۔

خان بہادر ایس ایم عبداللہ نے فرمایا کہ کمیٹی کو چاہیے کہ وہ حکومت سے سفارش کرے کہ دہلی شہر میں ایک بڑے پیمانے پر ہال انڈیا عجائب گھر بنایا جائے جس میں نہ صرف دہلی کے بہادروں کی ہی تصاویر رکھی جائیں۔ بلکہ تمام ہندوستان کے بہادروں کی تصاویر ہوں۔

لالہ نیاز رام گپتا نے کہا بعض سفارش کرنے سے معاملہ کھٹائی میں پڑجائے گا۔ ہمیں کچھ قدم اٹھانا چاہیے۔

لالہ بھگوان جین نے کہا کہ میونسپل کمیٹی اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ وہ اس قسم کا عجائب گھر بنا سکے کیونکہ اس پر کئی لاکھ روپیہ خرچ آئے گا۔ لہذا کمیٹی کو صرف حکومت سے سفارش کرنی چاہیے۔

چودھری [illegible] اللہ نے کہا کہ دہلی میں عجائب گھر کا ہونا نہایت اہم ہے یہ عجائب گھر آل انڈیا ہونا چاہیے۔ جو صرف مرکزی حکومت ہی بنا سکتی ہے۔ لہذا میونسپل کمیٹی کو چاہیے کہ وہ ایک سب کمیٹی بنائے جو ایک اسکیم تیار کرے اور مقامی حکومت کو پیش کردے۔ آپ نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کو اس عجائب گھر کی تعمیر میں امداد دینی چاہیے۔

سردار سنگھ دھوبیا نے تجویز کی حمایت کی اور مزید کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ ایک بڑا گھر بھی بنانا چاہیے۔ اور جس طرح مغربی ممالک میں چھوٹے چھوٹے بچوں کو عجائب گھر میں جاتے ہیں۔ جہاں پر ان کو سبق دیا جاتا ہے اسی طرح ہندوستان میں بچوں کو اس قسم کی تعلیم دی جانی چاہیے۔

لالہ ڈپٹی مل جین نے فرمایا کہ عجائب گھر ضرور بنانا چاہیے۔ کیونکہ یہ تعلیم کا ایک جزو ہے۔

مسٹر ہاشم نے کہا کہ سب معاملہ ایک سب کمیٹی کے سپرد کرنے کی تجویز کی مسٹر ہلال احمد زبیری نے کہا۔ کہ جنگ کے بعد میونسپل کمیٹی کی مالی حالت بہت خراب ہوگئی لہذا کمیٹی مقرر کی جائے جو حکومت کو اس امر کی سفارش کرے۔

نکتہ چینی کا جواب دیتے ہوئے مسٹر رام نواس اگروال نے کہا کہ میرا مقصد یہ ہے اس اصول کو مان لیا جائے کہ عجائب خانہ کبھی نہ کبھی بنایا جائے۔ آپ نے مزید کہا کہ جہاں تک یہ سوال ہے کہ یہ کام میونسپلٹی کا ہے یا نہیں میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ کام میونسپلٹی کا ہے۔ کیونکہ یہ تعلیم کا ایک جزو ہے۔ آخر میں آپ نے کمیٹی بنانے کی تجویز منظور کی۔

عالمی حکومت کے قیام تک ہماری نظریں اقوام متحدہ کی طرف ہونی چاہئیں

یورپ میں انٹر پارلیمنٹری یونین کے اجلاس میں صدر پاکستان اسمبلی کا مشورہ

روم ۹ ستمبر۔ پاکستان اسمبلی کے صدر مسٹر تمیز الدین خاں نے کل یہاں انٹر پارلیمنٹری یونین کے اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ تمام دنیا کے لئے ایک حکومت کا خیال قائم ہوچکا ہے۔ مگر انسانی دنیا اس کو حاصل کرنے کے لئے تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ ہم سب کو مل کر اس کے لئے سنجیدگی اور ایمانداری سے کام کریں اور اگر ہم نے ابھی سے اسی انٹر پارلیمنٹری یونین کے اندر اس کو شروع کردیا کہ اگلے سال تک وہ چیز کرچکے تھے۔ جو تھوڑی سی مدت تک دنیا کی قوموں کیلئے قابل قبول ہوگی۔

جب تک ہم اپنی منزل مقصود پر نہ پہونچ جائیں اس وقت تک اقوام متحدہ ہی ہمارے خیالات کی آماجگاہ رہنا چاہیے۔ اگرچہ اقوام متحدہ کے پیش کردہ بعض مسائل کے حل سے بہت زیادہ بے اطمینانی کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ مسٹر تمیز الدین خاں نے بین الاقوامی مالی امداد کے نظام کی حمایت میں اکیلا دل اور بسیط تقریر کی۔

بانتہ نہیں ہیں۔ ان پر حکومت کرنے کا طریقہ مستقل پالیسی والا ہرگز نہیں ہونا چاہیے جو کسی ملک کو کسی وجہ سے بد مستقل حکومت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

بین الاقوامی تعلقات کی اصولی بنیاد ایک دوسرے کا لحاظ اور باہمی تعاون ہونا چاہیے۔

مسٹر دلیا کرنے مستقبل میں ایک نئے جمہوری علم کی ترقی کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے اپنی تقریر ختم کی۔ اور کہا کہ حکومت اور پارلیمنٹ میں بہترین قسم کے آدمیوں کی رسائی ہونی چاہیے۔

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر کریں

بین الاقوامی تعلقات کی صحیح بنیاد

مراسلات واطلاعات

ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں

اسلامی مدرسہ کا قیام

رحمان پور ضلع بھاگلپور سے ... صاحب مدرسہ ... فرماتے ہیں کہ ۲۰ رجب ۱۹۴۸ء بروز ... رحمان پور (نور نگر بھاگلپور) میں بعض اشتیاق و طلب کے پیش نظر زیر سرپرستی الحاج حضرت مولانا سید شاہ ... صاحب سجادہ نشین خانقاہ رحمانی مونگیر ایک مدرسہ کی بنیاد ڈالی گئی۔ خداوند کریم کے فضل سے ... کی فیوض و برکات سے اس تھوڑی سی مدت میں مدرسہ کی حالت امید افزا بنا ڈالی ہے۔

مولوی محی الدین صاحب سکری روز بھٹی ... کے سالانہ اس میں حصہ لیا ہے اور ... زمین مبلغ ... ۳۵ روپیہ میں خرید کردی ہے جناب محمد حنیف صاحب ... عبدالرشید صاحب ... کے ... ذکر ہیں ان صاحبوں نے بھی اپنے حسن عقیدت سے ... اللہ تعالیٰ ان صاحبان کو اس کے صلے میں اجر عظیم عطا فرمائے آمین

وفات حسرت آیات

بتاریخ ۸ ستمبر ۱۹۴۸ء بوقت ... جوالا پور کے مشہور ٹھیکیدار جناب شیخ حاجی رحیم علی صاحب انصاری چند روز کی علالت کے بعد انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نہایت رحم دل ... نیک نفس اور سادہ مزاج انسان تھے۔ جنازہ کے ہمراہ تقریباً ڈیڑھ ہزار آدمی ...

ویٹ نام میں جنگی حالات

طیاروں کی پرواز کی ممانعت

دہلی نرخ

صرافہ

تیل

کرانہ

غلہ (منڈی)

بمبئی صرافہ

پیرس جانیوالے انتظامی کمیشن

کرپلانی نینی تال میں

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے

نئی زندگی

ایڈیٹر سید انیس الرحمٰن

منیجر ماہنامہ نئی زندگی الہ آباد

طلسم اعظم

سادھو آشرم مہرولی دہلی

ایجنٹوں کی ضرورت

امریکن کارپوریشن سوتر گنج کانپور

ایجنٹوں کی ضرورت

ہماری نہایت عمدہ بال کاٹنے کی مشین کی فروخت کیلئے محنتی ایجنٹوں اور دکانداروں کی ہر شہر اور قصبہ میں فوراً ضرورت ہے۔ شرائط ایجنسی اور نمونہ جات آج ہی طلب کریں۔

امریکن کارپوریشن کانپور

غرباء کی آنکھوں کے ہر مرض کا مفت علاج مردوں عورتوں

حکیم محمد حبیب الرحمٰن قریشی کلکتہ

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا

امیکوٹانک AMICO TANIK

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضاء رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکو طلاء

ملنے کا پتہ:۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ، انگریزی دواخانہ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

تپ دق اور پرانے بخارات جبری

رائے صاحب ایل شرما سینس اینڈ مینیجرز (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P.

آپکے یہاں شادی ہو

وزیر اعظم گلاٹے ہندی مسلمانوں سے ایک اور مطالبہ کردیا
تبدیل شدہ حالات کے سانچے میں ڈھلنے کا مخلصانہ مشورہ

حیدرآباد سے یورپینوں کو نکالنے کا فوری حکم دیدیا گیا
آج ان تمام لوگوں کو حیدرآباد سے مدراس پہنچا دیا جائے گا

پٹیالہ یونین کی غیر نمائندہ نگراں حکومت کے خلاف مظاہرے
راج پرمکھ کے خلاف اپنی پارٹیاں قائم کرنے کا الزام

کوئی اور یکن اس کا غالب اکثریت میں کانگریس کا شامل ہونا ضروری ہے۔ صدر یونین کانگریس مسٹر ... کانگریس کے پرامن جلسہ پر غنڈوں کے حملوں کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک ہفتہ ہوا پٹیالہ میں کانگریس کے ایک جلسہ پر اکالیوں، جاگیرداروں اور ان کے ممبروں نے مسلح غنڈوں سے حملہ کیا ...

تحریک کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کے اس دور میں مطلق العنان حکومت کسی شکل میں زندہ نہیں رہ سکتی۔ ممبر ... جنرل سکریٹری یونین کانگریس نے کہا کہ جس حکومت کو عوام کا اعتماد حاصل نہ ہو اس کو حکومت کرنے کا کوئی حق نہیں۔ عوام کی تمام امیدیں خاک میں مل گئی ہیں جب یونین کے قیام کے بعد بھی ایک غیر مقبول نگراں حکومت مسلط کر دی گئی۔

دارالسلطنت

صدر کانگریس کو آرام کرنے کا مشورہ

مشاورتی کونسل کے نئے ممبر

امداد باہمی کی انجمنیں

دہلی ۱۰ ستمبر۔ دہلی میں شرنارتھیوں میں امداد باہمی کی سوسائٹیاں بنانے کے لئے جو کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس کا ایک جلسہ چیف کمشنر کی صدارت میں ہوا۔ ۲۲۴ انجمنوں کو اب تک ۲ لاکھ ۳۱۲ ہزار ۲۰۰ روپے قرض دیئے جا چکے ہیں۔

ایک کلینر کا مقدمہ

دہلی ۱۰ ستمبر۔ دلکڈان ایرپورٹ میں ملازم ایک کلینر کو جس کا نام برندا بن ہے ایک طیارہ میں سے ایک ضروری پرزہ نکال لینے کے الزام میں نئی دہلی کے اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔

پولیس نے چھاپہ مارا!

دہلی ۱۰ ستمبر۔ دیوان رام سروپ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ کی سرکردگی میں پولیس نے مفتی بازار اور حوض قاضی کے علاقہ میں دو کمپنیوں کے دفتروں پر چھاپے مارے اور ان کو مقفل کر دیا۔ اس سلسلہ میں تین آدمی بھی گرفتار کر لئے گئے۔ درآمد اور برآمد کے اجازت ناموں کی فروخت کے سلسلہ میں یہ چھاپے مارے گئے۔

ایک بھینسے کی خاطر جھگڑا

دہلی ۱۰ ستمبر۔ کل ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت میں شوچرن، کشن لال اور گوبند کا مقدمہ پیش ہوا۔ یہ شاہدرہ کے نزدیک ایک گاؤں کے رہنے والے ہیں۔ استغاثہ کے واقعات اس طرح بتائے جاتے ہیں کہ کچھ نامی ایک شخص نے اپنا بھینسا کسی شخص کے ہاتھ فروخت کیا۔ ملزمین نے اس کو اس بات سے منع کیا۔ اس پر جھگڑا شروع ہو گیا اور ملزمین نے کچھ کو لاٹھی سے ضرب پہنچائی۔ اسی دوران میں رام چرن بھی کچھ کو بچانے آ گیا۔ اس پر اسے بھی پیٹا گیا۔ اپنی ضربات سے وہ مر گیا۔ آج استغاثہ کی شہادتیں ہوئیں۔ اس کے بعد مقدمہ ملتوی ہو گیا۔

ٹیلیگراف اور ٹیلیفون کے تار کی چوری
حکومت کو ڈھائی لاکھ روپے کا نقصان

نئی دہلی ۹ ستمبر۔ گذشتہ دو سال میں تار اور ٹیلیفون کے کھمبوں سے ڈھائی لاکھ روپے کا تار چرایا گیا۔ صرف بہار، مغربی بنگال، اڑیسہ اور مدراس میں گذشتہ چار ماہ میں ... کے کئی واقعات ہوئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جب کبھی ٹیلیفون کی ٹرنک لائن اس طرح تار کاٹے جانے سے خراب ہوتی ہے تو اس کے ٹھیک کئے جانے میں چند گھنٹے صرف ہوتے ہیں۔ اس ہفتہ میں تقریباً ۱۵ ہزار تار نہیں بھیجے جا سکے۔ اس کے علاوہ گاڑی کی ڈوریوں کے ٹکڑے اور مردہ سانپ بھی تاروں کی ترسیل میں رکاوٹ کا سبب ہوتے ہیں۔ تاروں کی چوری کو روکنے کے لئے جو انتظامات کئے جاتے ہیں وہ عارضی ثابت ہوتے ہیں۔

کشمیر کمیشن کا اجلاس

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ کشمیر کمیشن کے ممبر کل دہلی آ گئے ہیں۔ آج ایک کانفرنس فرید کوٹ ہاؤس میں منعقد کر رہے ہیں۔ وہ ہندوستانی حکومت کے نمائندوں سے مل کر ان کو مطلع کریں گے کہ پاکستان کو جنگ بند کرنے کی تجویز قبول کرنے کی طرف مائل کرنے کی کوششوں کا کیا نتیجہ نکلا۔

... اگر ضرورت ہوئی تو زیادہ سے زیادہ حیدرآباد سے مدراس تک پرواز میں ڈیڑھ گھنٹہ سے کم وقت صرف ہوگا۔ ہائی کمشنر کے اسٹاف کے ایک شخص نے فرمایا کہ چند ملٹنوں سے حیدرآباد میں ان لوگوں کی دیکھ بھال کے لئے موجود ہیں اور وہ ان لوگوں کو جمع کر کے نکالنے کے انتظامات کر رہے ہیں۔ دس برطانوی باشندے ریاست کی فوج میں ملازم ہیں۔ ان کا بھی معاملہ ہے وہ چاہیں تو ملازمت پر رہ سکتے ہیں اور چاہیں تو حیدرآباد سے جا سکتے ہیں۔ زیادہ تر ... صنعت کار اور ریلوے کے کام میں بعض لوگ سرحد کے قریب رہتے ہیں اور اگر ضرورت ہوئی تو انڈین یونین کی سرحد میں آ جائیں گے۔ ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کی ایک اطلاع میں کہا گیا ہے کہ نئی دہلی کی امریکی سفارت کی طرف سے ایک امریکی ہوائی جہاز امریکی باشندوں کو نکالنے کے لئے روانہ کر دیا گیا ہے۔ ہندوستان کے ایجنٹ جنرل مسٹر منشی نے ان لوگوں کو کافی سہولتیں دیں اور انڈین جنگ نے ہندوستانی روپیہ تبادلہ میں دیا۔

نواب رام پور کے احساسات
(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

نظریہ تبدیل نہ ہوا — ایک سوال کے جواب میں ہز ہائینس نواب رام پور نے کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر انتہائی رنج اور تکلیف ہوئی کہ حیدرآباد اور ہندوستان کے درمیانی اختلافات کو دور کرنے کے لئے ہندوستان کے فیاضانہ اور قابل قدر رویہ کے باوجود اعلیحضرت کا نظریہ تبدیل نہ ہوا اور یہ ان لوگوں کے غیر مدبرانہ اور ناعاقبت اندیشانہ مشورہ کا نتیجہ تھا جو اس وقت حیدرآباد کی قسمت پر مسلط تھے۔

متوقع تباہی — قابل افسوس پر تحمل کے مظاہرہ کے بعد ہندوستان کے وزیر اعظم کو حیدرآباد کے بارے میں اپنی پالیسی کا اعلان کرنا ہی پڑا۔ اور اب ہر شخص اندازہ لگا سکتا ہے کہ اس کا کیا حشر ہوگا۔ نظام خود کو اور ریاست کو ... نہیں رد کر سکیں گے جو موجودہ نامناسب اور ... کے جاری رہنے کے نتیجہ پر آنے والی ہے۔

ہز ہائینس نواب صاحب نے ... کہا کہ ان کو نیک صلاح دی جائے اور حیدرآباد وفاداری اور عقیدت کا اظہار کرتا ہے جو اس کے حق میں بھی مفید ہوتا اور ہندوستان کی طاقت میں بھی اضافہ ہوتا۔ مگر افسوس ... نظام کے تمام ہمی خواہوں اور عقیدت مندوں کی امیدیں ختم ہو گئیں۔

آخری مشورہ — ہز ہائینس نواب رام پور نے کہا کہ اگر اعلیحضرت اعلیٰ اس وقت بھی صورت حال پر از سر نو غور کریں اور اپنے اور ریاست حیدرآباد کے مفاد کے لئے حیدرآباد کی قسمت انڈین یونین کے ساتھ وابستہ کر لینے کا فیصلہ کریں تو وہ خود کو اور اہلیان حیدرآباد کو آئندہ کی کشمکش اور مصیبتوں سے بچا سکتے ہیں۔ ... اعلیحضرت نظام حیدرآباد کے بارے میں اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ فوراً گورنر جنرل ہند، وزیر اعظم ہندوستان اور وزیر ریاست ہائے سردار پٹیل سے گفتگو کریں اور ان کے مشورہ سے اتفاق کریں۔

حیدرآباد کے وفد کو سفر کی آسانیاں
حکومت ہند کا تشریحی بیان

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ وزارت ریاست ہائے ہند کی طرف سے ایک اعلان جاری کیا گیا ہے جس میں حیدرآباد کے اس وفد کو سفر کی آسانیاں دینے کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے جو بمبئی اور کراچی کے راستہ اقوام متحدہ کے روبرو اپنا معاملہ پیش کرنے کے لئے جا رہا ہے۔

اعلان میں کہا گیا ہے ... اگست کو نظام کے ایجنٹ جنرل نے حکومت ہند سے درخواست کی کہ ... ایک ڈکوٹا ہوائی جہاز کو ... سفر کرنے کی اجازت دے نیز ہندوستان کے اندر سفر کرنے کی آسانیاں فراہم کرے۔ جواب میں حکومت ہند نے اس امر پر روشنی ڈالی کہ حکومت ہند کی یہ رائے ہے کہ حیدرآباد کا معاملہ ہندوستان کا گھریلو معاملہ ہے ...

اس لئے وفد کو کوئی خاص سہولتیں نہیں دی جائیں گی۔ اس کے ساتھ ہی ایجنٹ جنرل کو نظام حکومت تک یہ اطلاع پہنچانے کے لئے کہا گیا کہ ہندوستان کے علاقہ میں وفد کے ممبروں کو سفر کرنے کی وہی آسانیاں حاصل ہوں گی جو سفر کرنے والے لوگوں کو حاصل ہیں۔ اگر پاسپورٹ کا مطالبہ کیا گیا تو درخواست کرنے پر وہ بھی مہیا کر دیئے جائیں گے۔ حکومت ہند کا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ وفد کے سفر کی راہ میں کوئی رکاوٹ قائم کرے۔

۱۹۵۰ء میں پہلا ہندوستانی ریلوے انجن تیار ہوگا

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ ہندوستان میں بنا ہوا ریلوے لائن کا پہلا انجن ۱۹۵۰ء میں لائن پر آ جائے گا۔ یہ انکشاف مسٹر کے سی باجلے ... نے ہندوستانی ریلوں کی حالت بتاتے ہوئے ایک پریس کانفرنس کے دوران میں کیا۔

یہ انجن سرکاری ورکشاپ میں تیار ہوگا جو مغربی بنگال میں قائم کیا جا رہا ہے اور اندازہ ہے کہ اس پر ۱۴ کروڑ روپیہ خرچ آئیگا ... اور اس کے بعد مکمل انجن تیار ہونے لگیں گے۔ ... سال میں ... تیار ہوں گے۔

... چیدہ آدمیوں کا ایک گروپ ممالک غیر میں انجن بنانے کے ورکشاپ قائم کرنے کی تربیت کے لئے بھیجا جا رہا ہے۔ یہ گروپ بروقت واپس آ جائیگا۔ اور جس میں ہمارے ورکشاپ ... تربیت ...

... فرانس، سلجیم، سوئٹزرلینڈ، زیکوسلاوکیہ، ہنگری، ہالینڈ اور امریکہ کا دورہ کر کے واپس آئے ہیں ... ۱۹۶۲ انجن ... حاصل کرنے کا ... لے آئے ہیں۔

فرانس میں مخلوط وزارت بنانے کا امکان
سوشلسٹ مسٹر کوئی سے تعاون کرنے کو تیار ہیں

پیرس ۱۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ۶۳ سالہ ریڈیکل ڈپٹی مسٹر کوئی نے جمہوریہ فرانس کو گذشتہ رات مطلع کر دیا کہ وہ وزارت بنانے کو تیار ہیں۔ ... پارلیمنٹ کے سوشلسٹ گروپ نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ ... شامل ہوں گے۔ بعض اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ کمیونسٹ لوگ ... مسٹر کوئی کے لئے وزارت بنانے کا موقع نکل آیا۔

... مسائل حل کرنے کے لئے مسٹر کوئی نے اعلان کیا ہے کہ وہ مختلف پارٹیوں سے تعاون کرنے کو تیار ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ علیحدگی کرنے سے کوئی نتیجہ نہیں نکلیگا۔ تین ٹریڈ یونینوں نے ایک متفقہ طور پر ایک تجویز پاس کی ہے جس میں یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ مزدوروں کو یکم ستمبر سے ۳۰۰۰ فرانک کا بونس دیا جائے۔ یہ رقم تین پونڈ دس شلنگ کے برابر ہوتی ہے۔

... ممبروں نے مسٹر کوئی کو مطلع کر دیا ہے کہ وہ ... مخلوط وزارت میں شامل ہونے کو تیار ہیں ... انتخابی سسٹم کی اصلاح کر دی جائے ... انتخابات حسب معمول ہوں ... سوشلسٹ ... مطالبات کے مخالف ہیں ...

کیا ہندوستان مجلس تحفظ کا ممبر منتخب ہو جائیگا؟

... ستمبر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شام کی جگہ ہندوستان کو مجلس تحفظ کا ممبر منتخب کرنے کا سوال اٹھایا جائیگا۔ شام کی میعاد ختم ہو چکی ہے۔ اب اس جگہ کے لئے دوسرا انتخاب ہوگا۔ ... ہندوستان نے خود اپنے آپ کو انتخاب سے علیحدہ کر لیا تھا ... اور توقع ہے کہ اس سال اس واقعہ کا ضرور اثر مرتب ہو۔ ... ہندوستان کے انتخاب کے خلاف ایک صورت حال موجود ہے ... ان میں ہندوستان کی حیثیت ایک فریق کی ہے یعنی کشمیر اور انڈونیشیا کے مسائل۔ ... ہندوستان کے انتخاب میں ایک امر رکاوٹ پیدا ہو جائیگا ... وزیر اعظم پنڈت نہرو اور مسٹر وجے لکشمی پنڈت کی موجودگی ...

... کے بارے میں جو بیانات دیئے تھے مرتب ... ان کے بہت تعریف کی ... اس بات کی امید ظاہر کرتے ہیں کہ بھارت کی سرد مہری ...

نہرو کی تقریر

ہندوستان، امریکہ، روس، کینڈا اور فرانس سے انجن خریدے گا

نئی دہلی ۹ ستمبر۔ چیف کمشنر آف ریلوے مسٹر کے سی باجلے نے آج ایک کانفرنس میں کہا ہندوستان، امریکہ، روس، کینڈا اور فرانس سے ۴۹۳ انجن منگوائے گا۔ ... ۱۹۵۰ء کے آخر تک منگوا لئے جائیں گے۔ ... جلد آرڈر دیئے جائیں گے۔ مسٹر باجلے نے جہاں اس بات پر اطمینان کیا کہ ہندوستان میں انجن عنقریب پہنچ جائیں گے وہاں انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ ان انجنوں کی درآمد کے باوجود ہندوستانی ریلوں کی حالت معمول پر نہ آ سکے گی جیسی کہ جنگ سے پہلے تھی۔ آپ نے کہا کہ اس سال کے شروع میں ہندوستانی ریلوں کے ... انجن فرسودہ ہو گئے تھے۔ ... اور بیکار قرار دے دیا گیا ... ۱۹۵۰ء تک ... مزید انجن چالیس سال پرانے ہو جائیں گے۔ ریل کے انجنوں سے ... کام لیا جاتا ہے۔ لہٰذا انجنوں کو چالو کرنے کے باوجود ہندوستانی ... ریلوں پر مسافروں کی تعداد اس سال میں اضافہ ہو گیا ہے۔ بہرحال چیف کمشنر نے خیال ظاہر کیا کہ انجنوں کو زیادہ سے زیادہ استعمال کر کے صورت حال پر قابو پا لیا جائے گا۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ یورپ اور امریکہ کے دورے میں انہوں نے محسوس کیا کہ تمام ریلوے انجنوں کی ہندوستان کو ضرورت ہے۔ وہ بہت مہنگے ہیں۔

سر ظفر اللہ کا عذر گناہ
(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

ہوئے کہا کہ ان کی حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ کشمیر کا مسئلہ عوام کی مرضی سے طے کیا جائے اور جوں ہی امن ہو جائے گا ہندوستانی فوجیں واپس بلا لی جائیں گی اور ریاست میں ایک استصواب رائے عامہ ہوگا۔

ظفر اللہ خاں نے اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے کہا کہ دو چیزیں بالکل صاف نہیں۔ شمولیت کا سوال حل کرنے کا ... ہے اور یہ کہ کشمیر عوام کی رائے ... ہونا چاہئے۔ ... ہندوستان ... یہ دعوے کرتا ہے کہ وہ عوام کی مرضی کے مطابق کام کرتا ہے۔ ... بہرحال اس کا کوئی ... مہاراجہ دارالسلطنت سے بھاگ گیا ...

دبا دیا گیا۔ مہاراجہ کی فوجوں نے آتش زنی، لوٹ مار اور قتل عام شروع کر دیا۔ ان واقعات سے حکومت ہند نے بھی انکار نہیں کیا۔ شیخ عبد اللہ نے ... کو ایک نامہ نگار سے ملاقات کے دوران میں اس کا اقرار کیا کہ پونچھ کے سابق فوجیوں کی بہت بڑی تعداد نے اپنے بال بچوں کو مغربی پنجاب بھیج دیا اور خود کشمیر پر مہاراجہ کے ظلم و ستم کے خلاف جنگ کرنے کے لئے ...

شیخ عبد اللہ کی حمایت

... کے بعد پنڈت نہرو نے شیخ عبد اللہ کی حمایت میں کشمیر کے ... انہوں نے کشمیر کی ... سوال پیدا ہوتا ہے ...

پاکستان کی تجویز

شمولیت کا سوال

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر: محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: 6841 — تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قیمت فی پرچہ دو آنے — جلد ۳۰ — دہلی یوم دوشنبہ ۸ ذی قعدہ ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۱۳ ستمبر ۱۹۴۸ء — نمبر ۱۹۷ — بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

اکسیر دندان

دانتوں کے ہر مرض کے لئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے ... دانتوں کو موتی کی مانند سفید کرتا ہے ...
ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

بہترین طریقہ صرف یہی ہے کہ آپ بذریعہ منی آرڈر قیمت بھیج کر اپنے نام پر اخبار الجمعیۃ جاری کرالیں (منیجر)

نظام کی گورنر جنرل سے امداد کی درخواست! گورنر جنرل کا کورا جواب

معاملات کو طے کرنے کا طریقہ صرف میرا مشورہ قبول کرنا ہے
مشورہ قبول نہ کرنے کی صورت میں حالات بہت بدتر ہو جائیں گے

دہلی ۱۱ ستمبر۔ نظام کے ایک تار کے جواب میں مسٹر راج گوپال آچاریہ گورنر جنرل ہندوستان نے نظام کو پھر مشورہ دیا ہے کہ وہ رضاکاروں کی جماعت توڑ دیں اور سکندر آباد میں ہندوستانی فوجوں کو قیام کرنے میں سہولتیں دیں تاکہ حیدرآباد کے عوام میں خوف و ہراس اور جان و مال وغیرہ کے عدم تحفظ کا کوئی احساس باقی نہ رہے۔ نظام اور گورنر جنرل کے درمیان مندرجہ ذیل خط و کتابت ہوئی:

نظام کا تار گورنر جنرل کے نام مورخہ ۹ ستمبر

... ستمبر کے تار کے حوالہ سے میں پھر آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اپنی حکومت پر اپنے اثرات کو کام میں لاکر ... کے عوام کی خدمت کر سکیں ... باہمی تعلقات میں ناخوشگوار صورت حال کو پیدا نہیں ہونے دیں گے۔

گورنر جنرل کا جواب مورخہ ۱۰ ستمبر

میں یور اگزالٹیڈ ہائی نس کے مورخہ ۹ ستمبر کے تار کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس میں مجھ سے درخواست کی ہے کہ میں اپنے ذاتی اثرات کام میں لاکر تعلقات کی ایک خوشگوار فضا پیدا کروں اور اس طرح ہم اور آپ دونوں ہندوستان اور حیدرآباد کے عوام کی خدمت کما حقہ ادا کریں۔ میں نے اپنے ۱۸ اگست والے تار میں یور اگزالٹیڈ ہائی نس کو یاد دلایا تھا کہ موجودہ حالات کی سب سے زیادہ ناخوشگوار صورت یہ ہے کہ ... عوام میں خوف اور عدم تحفظ کا احساس پیدا ہو گیا ہے۔ اسی تار میں میں نے یور اگزالٹیڈ ہائی نس سے درخواست کی تھی کہ آپ فوراً اس سلسلہ میں عملی اقدام کریں۔ میں نے یہ تجویز کیا تھا کہ آپ رضاکاروں کی جماعت کو خلاف قانون قرار دیں اور سکندر آباد میں ہندوستانی فوجوں کے قیام کی سہولت بہم پہنچائیں تاکہ حیدرآباد کے عوام اور بیرونی لوگوں میں جان و مال کی عدم حفاظت کا احساس باقی نہ رہے اور اس طرح دوستانہ تعلقات کی بنیاد پڑ جائے۔ میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اس کے سوا حفاظت اور اعتماد پیدا کرنے کا دوسرا طریقہ نہیں۔ لیکن اب معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اس کا یہ مفہوم سمجھا کہ میرا مشورہ آپ کی حکومت کو نقصان پہنچانے کے لئے تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ یور اگزالٹیڈ ہائی نس نے میرا مفہوم نہیں سمجھا۔

... حیدرآباد میں کوئی قوت ... یا عدم حفاظت کا احساس موجود ہے۔ آپ نے یہ بھی لکھا ہے کہ ہندوستانی فوجوں کے حیدرآباد میں داخل ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ...

(باقی صفحہ ۷ کالم ۲ پر)

روسی بحری بیڑہ کی نقل و حرکت

کوپن ہیگن ۱۰ ستمبر۔ بورن ہالم کے ڈچ جزیرے کے باشندوں نے روسی جنگی جہازوں کو مشرق کی طرف جاتے دیکھا۔ یہ جہاز ہالینڈ کے مقبوضہ سمندر کے باہر تھے اس سے پہلے روسی طیاروں کے دستوں نے جزیرہ بورن ہالم کا چکر لگایا۔ اس جزیرہ کے جنوب میں روس کے مقبوضہ جرمنی کی آبی سرحد ہے۔ روسیوں نے ۱۹۴۶ء میں ایک سال کے قبضہ کے بعد اس جزیرہ کو خالی کر دیا تھا۔

کلکتہ پورٹ ٹرسٹ کے جلسہ میں ایک افواہ سے اشتعال

پولیس انسپکٹر پر ریوالور سے حملہ، ۱۵ اشخاص کی گرفتاری

کلکتہ ۱۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ تھانہ ... کے انچارج پولیس انسپکٹر مسٹر ... پورٹ ٹرسٹ مزدوروں کی انجمن کا ایک جلسہ ... ریوالور سے حملہ کر دیا گیا جس سے انسپکٹر پولیس شدید زخمی ہو گیا ہے۔

واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ پورٹ ٹرسٹ انجمن کے جلسہ میں یہ افواہ پھیل گئی کہ ایک مزدور لیڈر کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے جس سے مجمع کے اندر اشتعال پیدا ہو گیا۔ اسی عالم میں کچھ آدمیوں نے بڑھ کر قریب کھڑی ہوئی لاری کو گھیر لیا اس میں انسپکٹر مذکور تھا اس کا ریوالور چھین لیا گیا اور انسپکٹر پر اسی ریوالور سے حملہ کر دیا۔ مزید پولیس موقع پر پہنچ گئی اور اس سلسلہ میں ۱۵ آدمیوں کو گرفتار کر لیا۔ مسٹر سرکار کو فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا لیکن ان کی حالت مایوس کن بتائی جاتی ہے۔ بندرگاہ کے افسران کی اطلاع کے مطابق ہڑتال کے نوٹس کے باوجود ۹۰ فیصدی ملازم گودیوں اور ... میں آئے اور حسب معمول کام کیا۔ جس سے ہڑتال کا کوئی خاص اثر نہیں پڑا۔

بمبئی کے ہوائی اڈہ پر عرب کے قبضہ سے
بائیس ہزار روپیہ کا سونا برآمد

بمبئی ۱۱ ستمبر۔ ایک اطلاع کے مطابق ایک عرب کو پرسوں صبح بمبئی کے ہوائی اڈہ پر گرفتار کر لیا گیا کہا جاتا ہے کہ اس کے قبضہ سے ۲۰۰ تولہ جس کی قیمت اسوقت تقریباً ۲۲ ہزار روپیہ ہے۔ برآمد ہوا ہے۔ یہ شخص بصرہ سے بذریعہ ہوائی جہاز بمبئی کے ہوائی اڈہ سانتا کروز پر اترا تھا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس نے سونے کے موٹے موٹے ورق بنوا کر انہیں کتابوں کے اوراق میں چھپایا تھا۔

افریقہ کی نوآبادیات کی کانفرنس

لندن ۱۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ افریقہ کی نوآبادیات کی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے پانچ ہندی نمائندے افریقہ کی نوآبادیات کی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے لندن آ پہنچے۔ یہ کانفرنس ۱۴ ستمبر کو ہوگی۔ ابھی تک اس کانفرنس کا ایجنڈا نہیں بنایا گیا۔

قیدیوں کا تبادلہ ملتوی

نئی دہلی ۱۱ ستمبر۔ ہندوستان ٹائمز کا نامہ نگار فیروزپور سے اطلاع دیتا ہے کہ ہند و پاکستان کے درمیان قیدیوں کا تبادلہ جو کہ ۹ ستمبر سے شروع ہونے والا تھا کچھ وقت کے لئے ملتوی ہو گیا ہے۔ سرکاری حلقوں سے تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ تبادلہ کے لئے کسی دوسری تاریخ کا اعلان جلد ہی کر دیا جائے گا۔ تاہم فیروزپور کی بڑی جیل میں خیمے لگائے جا رہے ہیں اور وہاں اسوقت تک ۵ مسلمان قیدی بھی پہنچ گئے ہیں۔ یہ قیدی ریاست پٹیالہ کے ہیں۔

پاکستان کا پرمٹ سسٹم

کراچی ۱۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان یونین کے باشندوں کا پاکستان میں داخلہ کو منضبط کرنے کے پرمٹ سسٹم کی تفصیلات تیار کر لی گئی ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آئندہ دس روز کے اندر اندر اس پر عملدرآمد شروع ہو جائیگا۔

کراچی ۱۱ ستمبر۔ آئندہ ماہ کے اندر پاکستان کا ایک تجارتی مشن مشرق بعید جائیگا۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ مشرق بعید اور پاکستان کے مابین تجارت اور دوستی بڑھے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس مشن کے لیڈر ڈاکٹر نذیر احمد سکریٹری بورڈ ترقیات یا مسٹر عبدالقادر جوائنٹ سکریٹری وزارت مالیات ہوں گے۔

صدر ٹرومین نے نظام حیدرآباد کی درخواست مسترد کر دی
ہندوستان امریکہ سے مداخلت کی درخواست نہیں کرے گا

واشنگٹن ۱۱ ستمبر۔ ذمہ دارانہ طور پر معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان صدر ٹرومین سے اس امر کی درخواست نہیں کرے گا کہ وہ حیدرآباد کے ساتھ اس کا تنازعہ طے کرانے کے لئے اپنے اچھے اثر کو کام میں لائیں۔

اس سے قبل یہ اعلان کیا گیا تھا کہ نظام حیدرآباد نے صدر ٹرومین سے مداخلت کی درخواست کی ہے لیکن مسٹر ٹرومین نے اس بنیاد پر بیچ میں پڑنے سے انکار کر دیا کہ دونوں پارٹیوں کو اس قسم کی درخواست کرنی چاہئے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ہندوستان اپنے اس فیصلہ پر قائم رہیگا کہ حیدرآباد کا مسئلہ اس کا گھریلو معاملہ ہے اور بتایا جاتا ہے کہ صدر ٹرومین نے اس نظریہ کو تسلیم کر لیا ہے۔ ہندوستانی افسروں کا کہنا ہے کہ ہند اور حیدرآباد کے معاملہ میں امریکہ کی مداخلت بالکل اس طرح ہے کہ امریکہ کی کوئی ریاست امریکی وفاقی حکومت کے خلاف اپنے تنازعہ میں کسی غیر ملک کی مداخلت کے لئے درخواست کرے۔

امریکہ میں ہند کے سفیر مسٹر آصف علی نے صدر ٹرومین سے حیدرآباد کی درخواست کے متعلق تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا۔

حیدرآباد سے انگریزوں اور امریکنوں کا انخلا شروع ہو گیا
برطانوی ہائی کمشنر کی اسکیم کے تحت انخلا عمل میں آ رہا ہے

مدراس ۱۱ ستمبر۔ تقریباً ساٹھ اشخاص جن میں زیادہ تر انگریز تھے۔ کل شام تک حیدرآباد سے مدراس لائے جا چکے تھے ان کو نکالنے کے لئے یارک ہوائی جہاز استعمال کئے گئے ... ان لوگوں کا انخلا ابھی جاری رہیگا۔

کچھ لوگ بذریعہ ٹرین بھی ریاست سے چلے گئے ہیں ریاست حیدرآباد سے ان لوگوں کا انخلا برطانوی ہائی کمشنر کی اسکیم کے تحت عمل میں آ رہا ہے اور اس میں انگریز امریکن، کناڈین اور آسٹریلیا باشندے شامل ہیں۔ ...

والوں کا پہلا دستہ جن میں نو عورتیں، پانچ بچے اور تین مرد شامل تھے کل ... مدراس پہنچے ... [illegible]

حکومت ہند نے سکندر آباد میں فوجیں رکھنے کا تہیہ کر لیا ہے

اگر مزاحمت ہوئی تو سکندر آباد پر قبضہ کر لیا جائیگا
پنڈت نہرو کا پریس کانفرنس میں اعلان

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے ایک پریس کانفرنس میں جس میں نامہ نگار کثیر تعداد میں شریک ہوئے تھے کہا کہ نظام خواہ سکندرآباد میں فوجیں رکھنے کی اجازت دیں یا نہ دیں، حکومت ہند نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ اپنی فوجیں واپس سکندر آباد میں بھیجے گی۔ آپ نے بتایا کہ اس وقت حیدرآباد میں ہندوستانی فوج نہیں ہے۔

پنڈت نہرو نے پارلیمنٹ میں جو بیان دیا ہے کہ حکومت ہند نے نظام سے رضاکاروں کی جماعت توڑنے اور ہندوستانی فوج کو سکندرآباد میں قیام کرنے دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

کل آپ نے پریس کانفرنس میں جو کچھ کہا وہ درحقیقت پارلیمنٹ کے اس بیان میں ایک اضافہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

سوال: اگر نظام نے اپنی رضامندی نہیں دی تو کیا کیا جائے گا۔

پنڈت نہرو: ہم اپنی فوجیں حیدرآباد میں داخل کریں گے اور بڑے افسوس کے ساتھ سکندرآباد پر قبضہ کر لیں گے۔ پنڈت نہرو نے کہا کہ فوجی اقدام کا فیصلہ کرتے وقت حکومت ہند نے اس سوال کے تمام پہلوؤں پر غور کر لیا ہے اور ریاست کے اندر یا باہر فرقہ وارانہ فساد کے نتائج پر بھی غور کر لیا ہے لیکن اب وہ وقت آگیا ہے کہ تھوڑی سی تاخیر ان نتائج کا باعث ہو سکتی ہے جن سے حکومت ہند بچنا چاہتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس وقت یہی مناسب ہے کہ ہم حیدرآباد کے مسئلہ کو بالکل غیر فرقہ وارانہ نقطۂ نظر سے دیکھیں اور باقی ملک میں امن و امان برقرار رکھیں۔ گذشتہ چند ہفتوں میں پہلے سب سے زیادہ اسی بات سے دکھ پہنچا کہ ریاست میں بدامنی اور دہشت انگیزی پھیلی ہوئی ہے لیکن بعض اوقات اخبارات میں واقعات کو مبالغہ انگیزی سے بیان کیا جاتا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ حالات بہت نازک ہو چکے ہیں اور بد سے بدتر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ ایک مسلمان ایڈیٹر کو ہلاک کر دیا گیا اور دوسرے مسلمان کے ہاتھ کاٹ ڈالے گئے۔ حیدرآباد میں بربریت پھیلتی جا رہی ہے۔ ایک جاگیردارانہ مطلق العنان نظام حکومت میں قدیم اخلاقی معیار اور تہذیب کا ایک امتزاج ہوتا ہے لیکن اس معیار سے ذرا نیچے دیکھو تو حالات بالکل بدلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں لیکن ایک جمہوری نظام میں برائیاں تو بہت ہوتی ہیں لیکن یہ انتہا پسندی نہیں ہوتی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان کے کسی سیاسی اقدام کا فیصلہ بنیادی طور پر سیاسی تو نہیں لیکن سیاسی وجوہ بھی بہت اہم ہیں لیکن اصل وجہ یہ ہے کہ ریاستی حدود میں حالات بگڑتے چلے جا رہے ہیں اور اس سے نہ صرف تمام جنوبی ہندوستان متاثر ہو رہا ہے بلکہ کسی نہ کسی حد تک بقیہ ملک پر بھی اثر پڑ رہا ہے۔

فطرتاً ہندوستان کوئی کام ایسا نہیں کرنا چاہتا جس سے فرقہ وارانہ کشمکش پیدا ہو جائے۔ جب ... کے سوال کو جہاں تک ممکن ہو سکا بالکل غیر فرقہ وارانہ بنیادوں پر سمجھایا ہے جو اس سوال کے فرقہ وارانہ پہلو پر زور دیتا ہے۔ وہ ملک کو نقصان پہنچاتا ہے۔ ہم کسی فرقہ وارانہ فتنہ انگیزی کو برداشت نہیں کریں گے خواہ وہ کسی طرف سے شروع ہو۔

سوال: نظام کا کیا ہوگا۔

جواب: کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ ہندوستان یہ چاہتا ہے کہ وہاں کے عوام اپنے نظام حکومت کا خود فیصلہ کریں۔

پنڈت نہرو نے حیدرآباد سے برطانوی اور دوسرے یورپین ممالک کے باشندوں کے انخلا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ انخلا اس لئے ہو رہا ہے کہ حالات زیادہ نہ بگڑ جائیں۔ حیدرآباد میں زیادہ تر یورپین مشنریوں کے لوگ ہیں اور ان کی خاصی تعداد نے ہر خطرہ کے باوجود وہیں قیام کا ارادہ کیا ہے جو قابل ستائش ہے کسی کو ریاست سے جانے پر مجبور نہیں کیا جا رہا بلکہ جو لوگ خود جانا چاہتے ہیں۔ ان کو آسانیاں دی جا رہی ہیں۔

متھوال میں دشمن کی سرگرمیوں میں اضافہ

دہلی ۱۱ ستمبر۔ وزارت دفاع کا ایک اعلان مظہر ہے کہ متھوال کے علاقے میں دشمن نے دو پونڈ گولہ پھینکنے والی توپیں، ۷۵ ایم ایم اور ۳ انچ دہانے کی توپوں کا زیادہ کثرت سے استعمال شروع کر دیا ہے۔ متھوال میں ایک تصادم کے دوران میں دشمن کے تین آدمی کام آئے اور ۹ زخمی ہوئے ۷ ستمبر کو ہمارے ہیڈ کوارٹر میں ذریعہ ... اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ دشمن کے ۱۳۰ آدمی مارے گئے۔ جموں میں پاکستان کی سرحد کے قریب حملہ آوروں کے ایک گروہ نے مویشی لے جانے کی کوشش کی مگر مویشی چھین لئے اور وہ بھاگ گئے۔ دوسرے محاذوں سے صرف گولہ باری کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

ریڈیم پلز — دل، دماغ، معدہ، جگر، اور گردوں کو طاقت پہونچا کر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں، عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں۔ چالیس گولیوں کی قیمت ۲ — دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۳ستمبر ۱۹۴۸ء

تصویر کا دوسرا رُخ

کل کی اشاعت میں ہم ہندی مسلمانوں کی پریشانی مایوسی اور احساس کمتری کے اسباب پر روشنی ڈال چکے ہیں آج کی اشاعت میں ہم ہندوستان کی اکثریت سے خطاب کرنا چاہتے ہیں اور یاد دلانا چاہتے ہیں کہ اسکا فرض کیا ہے اور اسے اقلیتوں کو مطمئن کرنے کے لئے کیا قدم اٹھانا چاہیئے۔

اقلیتیں دنیا کے اور حصوں میں بھی بستی ہیں اور وہاں اس مسئلہ کو نہایت خاموشی کے ساتھ حل بھی کر لیا گیا ہے صرف بلقان میں اقلیتوں کا سوال زور شور سے اٹھا مگر جلد ہی ختم کر دیا گیا، مصر کی قبطی اقلیت کو انگریزوں نے شہ دے کر ابھارا مگر مصر کی اکثریت نے یہ سازش ناکام بنا دی، مرحوم سعد زغلول پاشا نے ... فیصدی اقلیت کو جب ... فیصدی حقوق ...

کیا ہوا اور تعمیر کے نقشہ میں کونسا رنگ بھرے گا کیونکہ اقلیتوں کو مطمئن کرنے میں اکثریت ہی کا فائدہ ہے۔ اکثریت چین سے نہیں رہ سکتی اگر اقلیتوں کو چین نصیب نہ ہو، وہ اکثریت کب تک زندہ رہ سکے گی جس کی بغل میں ساڑھے چار کروڑ کی اقلیت کڑھتی رہے، جس کے چہرہ پر اداسی اور دل پر ہراس طاری ہو، جو اپنے آپ کو اپنے وطن میں بے وطن سمجھے، جو اکثریت کے مقابلہ میں اپنے آپ کو کمزور، لاچار، بے بس اور فرد تر محسوس کرے اور جس کے ہاتھ سے مستقبل کا دامن چھوٹنے لگے، جس اقلیت کو یہ پتہ لگ جائے اکثریت اسے پنپنے نہیں دے گی اور الزام تراشی ... کرا دو پرانے مردے اکھاڑ کر اسکے قدم نہیں جمنے دے گی تو اس کا دل پھٹ جائے گا اور اسکے اثرات اکثریت کی معاشی اور سیاسی زندگی پر مرتب ہونگے اور یہ پھوڑا اکثریت کے قلب و جگر میں رستا رہیگا یہ بات خود اکثریت کے سوچنے کی تھی مگر اظہار واقعہ کے طور پر خود ہم ہی کو بتانا پڑتا ہے ...

اچھی باتیں

ومن اظلم ... (پ ۱۵ ع ۲۰)

اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جسے اس کے رب کی نشانیاں یاد کرائی جاتی ہیں مگر وہ ان سے اعراض کرتا ہے اور یہ بھول جاتا ہے کہ اس کے ہاتھوں نے آگے کے لئے کیا بھیجا ہے ہم نے ایسے لوگوں کے دلوں پر (ان کی بد اعمالیوں کے باعث) پردہ ڈال دیا ہے جس سے ان کی سمجھ بوجھ ماری گئی ہے اور انکے کانوں میں بھی پردہ حائل کر دیا ہے۔ ان کی حالت ایسی ہو گئی ہے کہ اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو اس کی طرف کبھی نہیں آئیں گے۔

افراد کو ہر سال اور قوموں کو سو پچاس سال میں آزمائش کے شکنجوں میں کسا جاتا ہے۔ لاکھوں ہلاک ہوتے ہیں لاکھوں کی جڑیں اکھڑ جاتی ہیں اور لاکھوں کو چلتا پھرتا مردہ بنا دیا جاتا ہے مگر ریلا نکلتے ہی انسان پھر اپنے مقام پر آجاتا ہے اور آزمائش سے کوئی عبرت حاصل نہیں کرتا۔ اور جب حال یہ ہو جائے تو پھر کسی بڑے عذاب کا انتظار کرنا چاہیے کیونکہ قدرت بار بار ڈھیل نہیں دیا کرتی۔

نوجوانانِ وطن کے نام وقت کا پیغام

از ــ محشر ــ صادقی ــ اعظم گڈھی

نظام گردش کون و مکاں بدل ڈالو
جلال و رنگ رخ آسماں بدل ڈالو

فضا میں سرخ ہوتی جاتی ہیں زمانے کی
یہ جنگ وفتنہ و شر کا سماں بدل ڈالو

ہجوم حادثہ انقلاب سے پہلے
مزاج وفطرت پیر و جواں بدل ڈالو

نظام اور مرتب کرو چمن کے لئے
سکوں نہیں ہے تو پھر آشیاں بدل ڈالو

ہلا دو قصر امارت مٹا دو نقش فریب
اٹھو اٹھو روش حکمراں بدل ڈالو

بچا سکے نہ چمن کو جو برق و طوفاں سے
تو لاؤ اور کوئی باغباں بدل ڈالو

ہٹا دو ابر کو اب آفتاب کے رخ سے
سیاہ قسمت ہندوستاں بدل ڈالو

تلاش منزل مقصود ہے اگر تم کو
مسافرو! روش کارواں بدل ڈالو

کسی غریب کو راحت نہیں ہے اے محشر
یہ دور قحط، یہ دور جہاں بدل ڈالو

تمام ممالک کو افراط زر کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے

چڑھتی ہوئی قیمتیں دنیا بھر کی پریشانی کا باعث ہیں

(از مسٹر گارڈن کالر)

افراط زر کے اثرات

سیر و سیاحت

تجارتی خلا

غلہ کی قیمتیں

سفید اور کالے

خسارہ

صدر ٹرومین مسٹر مارشل کی حمایت میں

برلن میں امریکی حقوق کی حفاظت کا اعلان

واشنگٹن ۱۱ ستمبر۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومین نے آج اعلان کیا کہ امریکہ برلن میں اپنے حقوق پر برابر قائم رہے گا۔ انہوں نے برلن کی نازک صورت حال پر پریس کانفرنس میں ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ مسٹر مارشل نے کل جو بیان دیا ہے کہ برلن کے حالات پر پوری نگرانی رکھی جا رہی ہے۔ میں اس کی پوری حمایت کرتا ہوں۔

صدر نے کہا کہ ہم برلن میں اپنے حقوق پر اڑے رہیں گے۔ ہم باہمی گفت و شنید کر کے اس مسئلہ کو حل کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں [illegible] ہم کسی دباؤ کے تحت گفت و شنید نہیں کر سکتے [illegible] سے ہمارا مقصد صرف امن حاصل کرنا ہے۔ صدر کے اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ برلن کے [illegible] جاری رہیگی۔

پاکستان سے آئے ہوئے ملازمین کا بمبئی میں مظاہرہ

بمبئی ۱۱ ستمبر۔ آج یہاں پر پاکستان سے واپس آئے ہوئے ملازمین نے واپس آنے کے بعد دوبارہ ملازمت دلانے کے لئے مظاہرہ کیا۔ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ نے ان کو بتایا کہ ان کے پاس کوئی ملازمت نہیں ہے کیونکہ تمام جگہیں پاکستان سے آنے والے شرنارتھیوں سے پر ہو چکی ہیں۔ اس پر مظاہرین نے جو تقریباً سو تھے اور جن کا دعویٰ ہے کہ وہ جی۔ آئی۔ پی ریلوے کے سابق ملازم ہیں یہ فیصلہ کیا کہ وہ چیف ٹریفک سے ملیں گے اور وہاں سے چلے گئے۔

امرتسر میں کانگریس کے جلسہ میں ماسٹر تارا سنگھ کے حمایتوں کیطرف سے ہلڑ بازی

مار پیٹ اور ہاتھاپائی تک نوبت پہنچ گئی

امرتسر ۱۱ ستمبر۔ کانگریس کمیٹی امرتسر کی طرف سے کل رات چوک فوارہ میں کامریڈ منگل سین کی صدارت میں پبلک جلسہ منعقد ہوا۔ کانگریس کے جلسوں میں ماسٹر تارا سنگھ کے حامیوں کی طرف سے متواتر گڑبڑ پیدا کی جا رہی ہے اور گذشتہ دو جلسوں کی طرح اس کے جلسہ میں بھی زبردست شور و شر پیدا کیا گیا۔ جلسہ میں تقریریں ہوئیں۔ ان میں حیدر آباد کے متعلق پنڈت جواہر [illegible]

[illegible]

مشرقی بنگال کی کابینہ میں تبدیلیاں

ڈھاکہ [illegible] ستمبر۔ [illegible]

ہمارے قیدیوں کو رہا کر دو

حکومت نظام کا حکومت ہند سے مطالبہ

[illegible]

دالوں اور چنوں کی درآمد

لائسنس کی پابندیاں واپس لی گئیں

[illegible]

طلباء کی بھوک ہڑتال ختم

[illegible]

مغربی پنجاب میں انتقاع شراب

[illegible]

بعض اخبارات پر پابندی

[illegible]

جالندھر کے سکھوں کا سرغنہ گرفتار

پولیس کے تعاقب کے بعد ہاتھ آیا

[illegible]

فیروزپور میں قیدیوں کا تبادلہ

[illegible]

چین میں جنرل ہوشنگ کی فوجوں کی فاتحانہ پیشقدمی

منچوریا کے صدر مقام پر کمیونسٹوں کا دباؤ بڑھ رہا ہے

نانکن ۱۱ ستمبر۔ چین کی خانہ جنگی کی حالت کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کے طرفدار ذرائع نے کل ایک خبر میں بتایا ہے کہ سرکاری فوجوں نے تاننگ پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے۔

ناظرین انقلاب کو یاد ہوگا کہ مذکورہ مقام شمالی مغربی ہونان میں واقع ہے اور سرخ فوجیوں کا مرکز ہے۔ [illegible] اہم ہے جس کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ حکومت چین کی فوجیں اور باغی کمیونسٹوں کے دستے اس شہر پر سر دھڑ کی بازی لگا رہے ہیں۔ گذشتہ پندرہ دن کے اندر چار دفعہ اس شہر کی قسمت بدلی ہے۔ اور اس کی کوشش میں [illegible] کی طرف سے بڑھنے والی سرکاری فوجیں شان [illegible] کو لینے میں کامیاب ہوئیں۔ اطلاعات میں مزید بتایا گیا ہے کہ دست بدست لڑائی میں تقریباً تمام کمیونسٹ جن کی تعداد چند سو ہوگی مارے جا چکے ہیں۔

[illegible]

منچوریا کے صدر مقام کو خطرہ

[illegible]

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کا اہم اجلاس

۲۲ ستمبر کو دہلی میں ہوگا

[illegible]

محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

توجہ کیجئے

[illegible] کیا گیا ہے۔ یہ تعلیم مفت ہوگی۔ جلد توجہ کیجئے اور اپنے بچوں کو داخل کرا کر موقع سے فائدہ اٹھایئے۔

اسکول میں بچیوں کی تعلیم کا بھی بندوبست ہے

"ادارہ" [illegible] اسکول

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی جیسٹرڈ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص کوڑھ [illegible] کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض سے ابتک سیکڑوں کی تعداد میں صحتیاب ہو چکے ہیں اسکا اثر اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے چار سے چھ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمٰن درویشی فارمیسی
نمبر ۶ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

امپیریل لائبریری کلکتہ کا نیا نام

[illegible]

دارالسلطنت

۱۱ ستمبر

قلی کا دردناک قتل

دہلی ۱۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ نئی دہلی کے اسٹیشن پر جمعرات کی شب کو ایک ریلوے قلی کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ اب تک قاتل کا پتہ نہیں چلا۔

کوئلے کے کوٹے میں اضافہ

[illegible]

دالوں کی درآمد

[illegible]

مقدمہ ملتوی

[illegible]

مرکزی حکومت کو دفاتر کی منتقلی

[illegible]

آچاریہ ونوبا بھاوے کی تقریر

[illegible]

نئے ڈپٹی کمشنر نے کام سنبھال لیا

[illegible]

برلن کی تازہ صورت حالات سے باشندوں میں بے چینی بڑھ رہی ہے

وزیر خارجہ برطانیہ نے کابینہ کے روبرو اپنی رپورٹ پیش کر دی

لندن ۱۱ ستمبر۔ [illegible] کابینہ کا جلسہ منعقد کیا [illegible] وزیر اعظم مسٹر ایٹلی ہسپتال سے خاص طور پر آئے۔ [illegible]

[illegible]

اطلاعات مظہر ہیں کہ برلن کی تازہ صورت حال سے لوگوں میں بے چینی اور گھبراہٹ بڑھ رہی ہے۔

ہندوستان سے بہت سے افراد کی پاکستان واپس جانے کی خواہش

سندھ کے وزیر نے اقلیتوں کو تحفظ کا یقین دلا دیا

حیدرآباد سندھ ۱۰ ستمبر۔ ٹائمز آف انڈیا کے نامہ نگار خصوصی کی ایک اطلاع کے مطابق پاکستان میں اقلیتوں کی [illegible] کے نائب صدر مسٹر [illegible] بہت سے خاندان جو خوف و ہراس کے تحت پاکستان [illegible] کر ہندوستان چلے گئے تھے۔ اب اپنے آبائی گھروں کو واپس آنے کی خواہش مند ہیں۔

[illegible]

ہندوستان سے اپیل

[illegible]

تذبذب ختم ہونا چاہئے

[illegible] نہ صرف جائز حقوق دینا چاہتی ہے بلکہ وہ ان کے ساتھ فیاضانہ برتاؤ کرے گی۔ اور اگر آپ نے ہندوستان ہی جانے کا عزم کر لیا ہے جیسا کہ آپ سے پیشتر اور لوگ ہماری مزاحمت کے باوجود اسے پورا کر چکے ہیں تو ہم کس طرح ہمارے لئے آپ کی خدمت کرنے کا موقع مل سکیگا۔

حیدرآباد پر حملہ

ایک ہفتہ کے اندر اندر ہو جائے گا

[illegible] اندر ہندوستانی فوجیں ریاست حیدرآباد کی حد میں داخل ہو جائیں گی [illegible] ہے کہ ایک دو دن کے اندر اندر نظام گورنمنٹ کی طرف سے کوئی جواب حکومت ہند کو پہنچ جائے گا

دو صد ۲۰۰ روپے کے انعامات

نوٹ: کئی اخبارات میں پریس کی غلطی سے معمہ غلط شائع ہوا جس پر کئی صاحبان نے اعتراض کیا اسلئے مجبوراً معمہ دوبارہ دینا پڑا۔

(۱) **پہلا انعام**: بالکل صحیح حل بھیجنے والے کو مبلغ [illegible] جو کبھی مطلوب ہو (۲) **دوسرا انعام**: ایک غلطی کرنے والوں کو [illegible] (۳) **تیسرا انعام** [illegible] (۴) **چوتھا انعام**: سب سے پہلے حل بھیجنے والے کو دس روپیہ نقد۔

انعامی جبری معمہ

[illegible]

شرائط [illegible]

[illegible]

مہاتما گاندھی کا مقدمۂ قتل
پونا کے ایک ڈاکٹر اور بمبئی کے ٹیلیفون انسپکٹر کی شہادت

دہلی ۱۰ ستمبر۔ آج مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل میں سرپرشوتم داموودر گوکھلے کی شہادت ہوئی۔ مسٹر گوکھلے پونا کے ایک ڈاکٹر ہیں گواہ نے کہا مجھے یاد ہے کہ ۱۰ اپریل ۱۹۴۸ء کو مجھے چھاؤنی پولیس سٹیشن پونا میں طلب کیا گیا تھا وہاں نگر والا اور دیگر پولیس افسر موجود تھے۔ مسٹر نوڈ بکھے نے ایک کتاب پیش کی جس کے ایک سوٹ کا بھی ذکر تھا۔ ایک پنچ نامہ تیار کر لیا۔ جس پر میں نے دستخط کئے۔

گواہ نے عدالت میں سوٹ کو شناخت کیا۔ اس کے بعد عدالت میں استغاثہ کے دوسرے گواہ بالکرشن انامدار کی گواہی شروع ہوئی۔ مسٹر انامدار نے گواہی دیتے ہوئے کہا کہ ۱۰ اپریل ۱۹۴۸ء کو جب میں آنند آشرم کے پاس سے گزر رہا تھا تو پولیس نے مجھے بلایا اور کہا کہ ایک مکان کی خانہ تلاشی ہونے والی ہے۔ آشرم کے پاس ہی آپٹے کا مکان ہے جس میں آپٹے اس کی بیوی اور بچے رہتے تھے جس وقت مکان میں تلاشی شروع ہوئی تو اس وقت تک مکان میں ایک عورت اور ایک بچی موجود تھی۔ مکان سے ایک تولیہ ایک چٹھی برآمد کی گئی جس کو پولیس نے سربمہر کیا۔ برآمد شدہ چیزوں کا ایک پنچ نامہ تیار کیا گیا جس پر میں نے دستخط کئے۔

آسٹریلیا میں گولف کرتا ہوں۔ میں فروری اور مارچ ۱۹۴۸ء میں بھی یہاں یہی کام کرتا تھا۔

آپٹے کے لئے تار

مجھے ایک تار کی تحقیقات کے لئے کہا گیا تھا یہ تار ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء کو مسٹر بیاس کی معرفت بک ہوا جو آپٹے کو بھیجا گیا۔ یہ بمبئی سنٹرل ٹیلیفون سے جاری ہوا اور پونا بھیجا گیا۔ میں نے یہ تار چیف ٹیلیفون سے برآمد ہوا ہے بمبئی ۱۰ اپریل ۱۹۴۸ء کو چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ کے حکم کے مطابق پولیس کے حوالے کر دیا۔ گواہ پر صفائی کی طرف سے جرح نہ کی گئی۔ مسٹر گجانن بالکرشن بامنکر کو شہادت کے لئے بلایا گیا۔

عدالت نے مسٹر دفتری سے دریافت کیا کہ سارا کیا ہے پولیس نے کئی فائیلوں کے ذیل مقدمہ میں لے لئے ہیں لیکن دیکھا ہیں صرف چند چٹھیاں شامل ہیں۔ ان کے لئے وقت ضائع کیا جائے۔ صرف ان چٹھیوں کے متعلق گواہ سے دریافت کر لیا جائے۔

مسٹر بنگلے نے کہا کہ گواہ کی شہادت قابلِ اعتراض نہیں ہے۔ مسٹر دفتری نے کہا کہ ان خطوط سے ساورکر کے آپٹے سے تعلقات کا پتہ چلتا ہے۔ یہ خط و کتابت ۔۔۔

عدالت نے اس اعتراض کو مان لیا اور استغاثہ کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ دستاویزات وکلاء صفائی کو پیش کرے۔ ۔۔۔ مقدمہ پیر تک ملتوی ہوا۔ ۔۔۔ سماعت کے بعد کی اجازت دی جائے۔

> **اختر شیرانی انتقال فرما گئے**
>
> لاہور ۱۰ ستمبر۔ اردو کے مشہور شاعر اختر شیرانی شاعرِ رومان آج جگر کی بیماری میں اس دنیائے فانی سے راہی ملکِ عدم ہوئے۔ اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ آپ کی عمر ۴۴ سال کی تھی۔ دنیائے ادب میں آپ کی موت پر رنج و غم کے بادل طاری ہیں۔

آزاد لائبریری امروہہ
حضرت مجاہدِ ملت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی اپیل

قوم کی ذہنی تربیت کے لئے ایک اچھی اور سنجیدہ لائبریری کا وجود ریڑھ کی ہڈی کا حکم رکھتا ہے "آزاد لائبریری سابق مسلم اردو لائبریری امروہہ" کے اغراض و مقاصد پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کے کارکن وقت کی طرف داعیوں کا بہتر شعور رکھتے ہیں۔ ایسے ایک "معیاری ریڈنگ روم" کو چلانے کی صلاحیت موجود ہو۔ بریں حالت "آزاد لائبریری امروہہ" محلہ کوٹ بھی خواہانِ ملت کی توجہ خصوصی کی مستحق ہے۔ ہم اس مفید لائبریری کی کامیابی کے لئے دعا کرتے ہیں۔

محمد حفظ الرحمٰن کان اللہ لہٗ۔ عتیق الرحمٰن عثمانی ناظم ندوۃ المصنفین دہلی

یوپی میں غلہ کی گرانی حد کو پہنچ گئی
فصل خریف کو نقصان

ہاپوڑ ۱۰ ستمبر۔ تازہ ترین اطلاع کے مطابق غلہ کی قیمتیں تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ حالیہ سیلاب سے خریف کی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

منڈیوں میں غلہ کا ذخیرہ بہت کم ہے مزید برآں حکومت کی راشن کی دکانوں کے کھولنے کی تجویز کی کامیابی غیر یقینی ہے آج کے کھلتے بازار کا بھاؤ یہ ہے۔ گندم ۲۲ روپیہ سے ۲۳ روپیہ تک۔ نخود ۱۸ روپیہ ۔۔۔ [illegible]

نظام کے باڈی گارڈ کے ایک دستہ پر مبینہ حملہ
حیدرآباد اسمبلی میں وزیر خارجہ
معین نواز جنگ کا بیان

حیدرآباد ۹ ستمبر آج حیدرآباد کی اسمبلی میں وزیر خارجہ نواب معین نواز جنگ نے بتایا کہ نظام کے باڈی گارڈ کے آٹھ نوجوان زخمی ہوئے اور ایک لاری جل گئی۔ یہ اس وقت کا ذکر ہے جب لاریوں میں بیٹھے ہوئے گھوڑ سواروں اور ٹرکوں میں بیٹھے ہوئے سپاہیوں کا باڈی گارڈ کے ایک دستہ سے تصادم ہوا۔ یہ واقعہ کوودار کے مقام پر پیش آیا جہاں ہندی سپاہیوں نے حملہ کیا تھا۔

نواب صاحب نے کہا کہ اس بارہ میں بہت کم معلومات حاصل ہوئی ہیں کیونکہ ہماری تمام فوج گرفتار کر لی گئی لیکن کوودخیگی اور پولیس کے اشخاص کی اطلاعات کے مطابق حیدرآباد کے جو سپاہی گرفتار کئے گئے وہ کیمپ میں ورزش کر رہے تھے کہ اس دوران میں ہندی فوجوں نے کیمپ کا محاصرہ کر لیا۔ کہا جاتا ہے کہ دو ٹینک مریال گوڈا ۔۔۔ کے لئے مریال گوڈا

میں بھی فوجی افسروں اور آدمیوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ اسی اطلاع میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ان حالات کے دوران میں دو طیاروں نے کوودار پر پرواز بھی کی۔ حملہ کی تفصیل بتاتے ہوئے نواب معین نواز جنگ نے کہا جب کوودار ہندی فوج کے حملہ کی اطلاع ملی تو نظام کے باڈی گارڈ کے جو سپاہی خمام میں موجود تھے ان کو واقعات سے مطلع کرنے کے لئے کوودار روانہ کر دیا گیا۔ لیکن کوودار کی طرف سے کچھ دور جانے کے بعد ان پر ہندی فوجوں نے آتش باری شروع کر دی۔ نواب معین نواز جنگ نے کہا کہ یہ اطلاعات کہ ہماری فوجوں نے بھی آتش باری کی غلط ہے کیونکہ خمام سے موصول شدہ ایک اطلاع کے مطابق ہمارے فوجی دستوں کے پاس صرف سلیح کاربین تھیں جن کے لئے ہمارے پاس گولہ بارود نہیں ہے۔

جھنگڑ میں ہندی توپخانے کی آتشباری
دشمن کے چھ سپاہی ہلاک و مجروح

دہلی ۱۰ ستمبر۔ وزارت دفاع کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ جھنگڑ کے علاقہ میں دشمن نے ہمارے ہراول دستے کو پسپا کرنے کی کوشش کی جسے ناکام بنا دیا گیا اس موقع پر دشمن نے ۳ انچ کے دہانے کی توپ سے ۸۰ ایم گولے پھینکے اس کا ہمارے فوجی دستوں نے جواب دیا۔ دشمن کا ایک سپاہی مارا گیا اور ۵ زخمی ہوئے اوپوچھ کے علاقہ میں ہمارے مورچوں پر دشمن کی غیر موثر بمباری جاری رہی۔ اڑی کے علاقہ سے دشمن کا چھوڑا ہوا پروپیگنڈا کا سامان برآمد ہوا۔ دوسرے علاقہ میں بھی دونوں طرف سے گولہ باری ہوتی رہی ہندی ہوائی بیڑے کے طیاروں نے دیکھ بھال کے لئے پروازیں کیں اور دشمن کے مورچوں پر بمباری کی۔

کشمیر کو خود مختاری کا فیصلہ کرنے کا موقع دیا جائے
حکومت کشمیر کے ایک ترجمان کا بیان

نیویارک ۱۰ ستمبر۔ اخبار "نیویارک ٹائمز" کے نامہ نگار کے بیان کے مطابق کشمیر گورنمنٹ کے ایک سرکاری ترجمان نے اس کے ساتھ ایک ملاقات میں مطالبہ کیا کہ مجوزہ استصواب رائے میں کشمیریوں کو نہ صرف ہندوستان اور پاکستان میں سے کسی ایک کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کرنے کا موقع دیا جائے بلکہ ایک تیسرا اختیاری راستہ یعنی کشمیر کی خود مختاری کا فیصلہ کرنے کا موقع دیا جانا چاہئے۔ اس تجویز کے مطابق کشمیر کو ایشیا کا سوئٹزرلینڈ بنا دیا جائے گا اور دونوں مملکتیں اس کی ایک جہتی کی ضمانت دیں گی۔ خود مختاری کی تجویز میں دونوں مملکتوں کے ساتھ دوستانہ تجارتی اور دفاعی تعلقات لازمی حیثیت رکھتے ہیں۔

نامہ نگار کے بیان کے مطابق ترجمان نے سوویٹ یونین کی سرحد سے کشمیر کی قربت کو ایک بین الاقوامی سوال کی اہمیت دینے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ اس علاقہ میں کشمیر کی سرحد ناقابل عبور پہاڑوں پر مشتمل ہے ترجمان نے کہا کہ کشمیر نے روس کے سوائے ہر قوم سے واقفیت پیدا کی ہے۔

استصواب رائے کی شرائط کی فہرست پیش کرتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ استصواب رائے کے دوران میں بیرونی دباؤ کے خلاف تحفظ کے طور پر اقوام متحدہ کے کمیشن کو ریاست میں ترقیاتی نافذ کر دینا چاہئے۔

کشمیر کے بارے میں کمیشن کی تجاویز
آزاد کشمیر کی حکومت نے نامنظور کر دیں

کراچی ۹ ستمبر "آزاد کشمیر" کے افسر اعلیٰ چودھری غلام عباس اور سردار محمد ابراہیم صدر آزاد کشمیر گورنمنٹ نے بیان کیا ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ اقوام متحدہ کے ہند پاکستان کمیشن کی لڑائی بند کرانے کی تجویز اپنی موجودہ صورت میں آزاد کشمیر کے عوام کے لئے قطعی طور پر ناقابل قبول ہیں۔ اسی بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم کشمیر کے مسئلہ کے معززانہ اور منصفانہ سمجھوتہ کا خوش آمدید کہیں گے۔ لیکن اگر صرف ثالثی امور کی خاطر ہمارے حقوق کو قربان کیا جائے گا تو آزاد کشمیر کے سوا اور کوئی چارہ نہ ہوگا کہ اپنی جدوجہد کو اس وقت جاری رکھیں کہ ہماری کوششیں کامیاب نہ ہو جائیں۔

ہمارے فوجی اسیر واپس کر دیجئے
ہند سے حکومت نظام کا مطالبہ

حیدرآباد ۱۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت حیدرآباد نے حکومت ہند سے حیدرآبادی فوج کے ان نوجوانوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے جن کو ہندوستانی فوج کے حملہ کے دوران میں گرفتار کر لیا گیا تھا اور جو اب بھی غیر قانونی طور پر قید ہیں۔ ۔۔۔ حیدرآباد کی فوج نے پہلے گولی چلائی۔ اس پریس نوٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر آئندہ بھی اس قسم کے حملے ہوئے تو حکومت حیدرآباد ان کے نتائج کے لئے ذمہ دار نہ ہوگی۔ کوودار کے حملہ کے نتیجہ میں جو جانی نقصانات ہوئے اس کے اعداد و شمار دیتے ہوئے اس پریس نوٹ میں کہا گیا کہ ہندی فوج سلیح گاڑیوں اور اسلحہ اور وائرلیس سیٹ کمائی اور کوودار کے فوجی کیمپ کو تباہ کر کے چلی گئی۔

نظام کی پولیس چوکی تباہ
دو ہزار اشخاص کا بموں وغیرہ سے حملہ

حیدرآباد ۱۰ ستمبر حکومت حیدرآباد کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ضلع اکولہ کے ۔۔۔ دو ہزار حملہ آوروں نے ہندوستانی پولیس کے تعاون سے ۳۰ اگست کی رات کو حیدرآباد کے گاؤں ۔۔۔ کی پولیس چوکی پر حملہ کیا۔ ان حملہ آوروں نے دستی بموں سے پولیس چوکی تباہ کر دی۔ مگر ریاستی پولیس کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ ہندوستانی علاقہ کے حملہ آوروں نے ۲۴ ، ۲۷ اگست کی رات کو ریاستی گاؤں ۔۔۔ پر حملہ کیا ۔۔۔ پولیس چوکی پر بھی حملہ ہوا۔

مدراس میں حیدرآباد کے حامی افسر

مدراس ۹ ستمبر۔ آج مدراس اسمبلی میں انڈین نیشنل کانگریس کے ایک ممبر کے جواب میں ایوان کے لیڈر مسٹر پرکاسم نے کہا کہ مدراس میں حیدرآباد کے حامی افسروں کی موجودگی کی خبر صحیح ہے انہوں نے کہا کہ اس بارہ میں حکومت جو اقدامات کر رہی ہے ان کی تفصیل کا بتانا مفاد میں نہیں ہے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ریاست کے خلاف سرگرمیوں کو روکنے کے لئے ہر قسم کے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

موٹروں اور ٹیکسیوں پر سرکاری قبضہ
حکومت حیدرآباد کا اہم اقدام

حیدرآباد ۱۰ ستمبر۔ حکومت حیدرآباد کے ایک اعلان کی رو سے ۱۵ ستمبر سے تمام ٹیکسیاں بسیں وغیرہ حکومت کے قبضہ میں آجائیں گی۔

اعلان میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے ان گاڑیوں کو سرکاری کام کے لئے کرایہ پر لیا جا رہا ہے اور جو گاڑیاں ۔۔۔ گی ان کو پٹرول نہیں دیا جائے گا۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدام اس لئے کیا گیا ہے کہ ۔۔۔ ان گاڑیوں کا مقابلہ پٹرول کی کمی سے نہیں کیا جا سکتا۔

بیزواڈہ کے راستے سوئی ٹم پر حملہ کرنے کے منصوبے!
قاسم رضوی اور دیگر رضاکار لیڈروں میں مشورے ہو رہے ہیں

احمد آباد ۱۰ ستمبر۔ گجراتی اخبار "وندے ماترم" کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ انجمن اتحاد المسلمین کے صدر سید قاسم رضوی اور حکومت نظام کے نمائندے یامین زبیری عبدالرحیم ۔۔۔ حال ہی میں اورنگ آباد اور جالنہ کے سرحدی علاقوں کا دورہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس دورہ کے دوران میں انہوں نے ۔۔۔ علاقہ کی فوجی چھاؤنیوں کو مستقل طور پر قائم رکھا جائے۔ رضاکار تحریک کے ایک سرکردہ لیڈر کے مکان پر قاسم رضوی اور ان کے ساتھیوں سے مسلسل چند گھنٹے نہایت خفیہ طریقے پر باہم گفت و شنید کی۔ جس میں ۔۔۔ کے مسئلہ پر غور کیا گیا خیال کیا جاتا ہے کہ ۔۔۔ حیدرآباد کی موجودہ صورت حال پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ نامہ نگار کا کہنا ہے کہ حیدرآباد کے مسئلہ پر حکومت ہند کی خاموشی کو ۔۔۔ اور اس کا ۔۔۔ کھلا گیا ہے۔ اور معلوم ہوا ہے کہ ان لوگوں نے بیزواڈہ کے راستے ۔۔۔ پر حملہ کرنے کی ایک خفیہ اسکیم مرتب کر لی ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ ۔۔۔ کی تبدیلیوں کے سلسلہ میں رضاکاروں اور نظام کے فوجیوں کو ضروری ہدایات دینے کے لئے ۔۔۔ ہو رہے ہیں۔

> **گمشدہ عزیزوں کی تلاش**

۹ ستمبر ۱۹۴۷ء کو باول ریلوے اسٹیشن پر اسپیشل ٹرین ڈر شفیت ۔۔۔ بے گناہوں کا قتل عام کیا گیا تھا۔ اسی ٹرین میں میرے خاندان کے ۔۔۔ جن کا ابھی تک پتہ نہیں لگا ۔۔۔ [illegible]

۱۰۔ خورشید علی ولد سید بشیر علی قوم سید سکونت باول عمر ۱۳ سال
۱۱۔ اقبال احمد ولد سید بشیر علی قوم سید سکونت باول عمر ۱۱ سال
۱۲۔ سید کبیر علی عرف کبی ولد نامعلوم قوم سید سکونت باول عمر ۱۳ سال۔ سید ارشد علی الدین کا داماد

اوپر لکھے ہوئے ناموں میں سے جن صاحب کو جس کا پتہ لگے بذریعہ تار یا چٹھی اس پتہ پر فوراً اطلاع فرمائیں۔ ممنون و مشکور ہوں گا۔ سید شبیر حسین اختر اوری درگاہ قدم رسول بیرون ۔۔۔ دروازہ ۔۔۔

اغواشدہ عورتوں کی برآمد کے سلسلہ میں پولیس کی تنظیم کر دی گئی
مشرقی و مغربی پنجاب کی حکومتوں کا فیصلہ!

شملہ ۱۰ ستمبر۔ ہند اور پاکستان میں اغوا شدہ عورتوں اور بچوں کو برآمد کرنے کے لئے مشرقی و مغربی پنجاب کی پولیس دونوں صوبوں میں تعینات تھی ان کی تعداد میں کمی کر دی گئی ہے ۔۔۔ صرف پچاس رہ گئی ہے ۔۔۔ اس وقت مغربی پنجاب میں سات سو پولیس کے افراد ہیں ۔۔۔ اس تبدیلی کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اب دونوں صوبوں میں پولیس کی سرگرمیاں بہت کم ہو گئی ہیں اور ان کی موجودگی زیادہ موثر ثابت نہیں ہو رہی۔

> **دہلی ——— نرخ**

غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی تیل مارکیٹ

[illegible]

شیر مارکیٹ

[illegible]

قدیم حکمران خاندان کے فرد نے اپنی فوجی خدمات پیش کر دیں

ناگپور ۱۰ ستمبر۔ راجہ پرتاپ سنگھ راؤ بھونسلے جو ناگپور کے قدیم حکمران خاندان بھونسلے سے تعلق رکھتے ہیں اور جو کانگریس کے ٹکٹ پر صوبائی اسمبلی کے ممبر منتخب کئے گئے تھے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میں اپنے خاندان کی قدیم روایات کو قائم رکھتے ہوئے حیدرآباد میں حکومت ہند کی طرف سے فوجی خدمات پیش کرتا ہوں۔ راجہ بھونسلے صاحب نے تمام نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ صوبائی ہوم گارڈز میں اور فوجی دستوں میں بھرتی ہوں تاکہ حیدرآباد میں جلد از جلد امن کی حکومت قائم ہو سکے۔

مولانا ابوالحسن صاحب کی رہائی

فارس گنج پورنیہ (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا ابوالحسن صاحب صدر جمعیۃ علماء و وائس پریزیڈنٹ کانگریس کمیٹی ۔۔۔ کی گرفتاری پر قوم پرور حلقوں میں کافی اضطراب و بے چینی بڑھ گئی تھی۔ ضلع سے لے کر مرکزی جمعیۃ علماء تک نے احتجاجی نوٹ لکھے۔ کانگریسی حلقوں نے بھی مولانا موصوف کے متعلق حکومت کو متوجہ کیا۔

خدا کا شکر ہے کہ حکومت نے اپنی غلط کاری کو محسوس کرتے ہوئے ۴ ستمبر کو مولانا موصوف کو رہا کر دیا۔ مولانا ایک سلسلہ میں ایک بیان جاری کرنے والے ہیں ہم قومی حکومت کی اس فرض شناسی پر اظہار مسرت کرتے ہیں اور مخلصانہ درخواست کرتے ہیں کہ دوسرے قوم پرور مسلمان جو جیلوں میں بند ہیں بلا تحقیق حال ان کو بھی رہا کر دیا جائے۔ محمد اسلم قاسمی ۔۔۔

ٹونک میں انجمن اتحاد و ترقی کا قیام

صدر جمعیۃ علماء ٹونک اور کانگریس ایڈہاک کمیٹی ٹونک کی مشترکہ مساعی

ٹونک - (بذریعہ ڈاک) ٹونک میں راجستھان یونین کے بعد سے سیاسی تغیرات کی بنا پر مسلمانوں میں ایک عام بے چینی اور پریشانی پھیلی ہوئی ہے۔ انقلاب کی وجہ سے اتفاق سے مسلمانوں ہی پر پڑی کیونکہ ریاستوں کی ملازمتوں میں مسلمان ہی زیادہ تھے۔ تخفیفیں ہوئیں۔ ہندی رائج کر دی گئی۔ ٹونک کے افسران کا تبادلہ کر دیا گیا، ملازمین بحالی کی امیدیں ختم ہو گئیں، ان تمام حالات سے عام مسلمان ایک دم گھبرا گئے اور ترک وطن پر آمادہ ہو گئے۔

مسلمانوں کی اس عام بے چینی کو دور کرنے کے لئے جناب حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی صدر جمعیۃ علماء ٹونک اور صاحبزادہ مصطفیٰ علی خاں صاحب نائب صدر ایڈہاک کمیٹی ٹونک نے دو جلسے منعقد کئے پہلا جلسہ ۲۰ ستمبر کو ہوا جس میں شہر کے تمام عمائدین نے شرکت کی اور کھلے دل سے خیالات کا اظہار کیا گیا۔

دوسرا جلسہ دوسرا جلسہ ہو رخہ ۴ ستمبر ۱۹۴۸ء کو کانگریس کمیٹی کے دفتر میں زیر صدارت جناب سید حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی صدر جمعیۃ علماء ٹونک منعقد ہوا۔ جس میں جناب ڈاکٹر صاحب سیکرٹری، جناب منشی لالہ رام صاحب سکسینہ، پنڈت ہری نواس جی، جگدیش پرشاد وکیل، بنارسی لال جی اور سروپ جی وغیرہ نے بڑی پر خلوص تقریریں کیں۔ اور کہا کہ ٹونک میں ہم ہندو مسلمان بھائی چھ پشت سے انتہائی میل ملاپ اور اتفاق و اتحاد سے رہتے چلے آ رہے ہیں۔ یہاں ڈیڑھ سو سال تک نواب امیر خاں کے خاندان کی حکومت رہی، نواب صاحبان کے دور حکومت میں ہم اطمینان و راحت سے زندگی بسر کرتے رہے ہیں۔ ان کی نظروں میں ہندو اور مسلمان ایک تھے۔ یہیں کسی قسم کی کوئی کشاکش پیدا نہیں ہوئی، اور ٹونک میں ہندو مسلم تفریق پیدا نہیں ہوئی، ماضی قریب میں جبکہ تمام ہندوستان میں فساد کی آگ بھڑک رہی تھی صرف ہمارا یہ ٹونک ہی ایسا مقام تھا جو اس کی لپیٹ سے محفوظ رہا۔ یہیں آج تک یہاں کبھی کوئی فساد نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہماری خدا سے یہی دعا ہے کہ جس طرح اب تک ہم ہندو مسلمان میل ملاپ سے رہتے چلے آئے ہیں اسی طرح رہیں۔ ہم مسلمانوں کے ان کا ساتھ چھوڑنے سے رنجیدہ ہیں ہم ابھی تک انہیں اپنا محافظ جانتے ہیں۔ ہم ہندو اکثر دکاندار اور تجارت پیشہ ہیں۔ ہمارا کاروبار لین دین مسلمانوں سے چل رہا ہے۔ مگر مسلمان بے روزگار ہو گئے ہیں۔ اور ٹونک سے ترک سکونت کرتے ہیں تو اس کا اثر ہماری تجارت پر بھی پڑتا ہے۔ ہم ہر طرح یقین دلاتے ہیں کہ ہمارے دلوں میں آپ کی جانب سے کوئی شکایت نہیں مسلمانوں کی بے روزگاری دور کرنے میں اور ان کی تکالیف میں ہم ان کے شریک کار ہیں۔ ہندو لیڈروں کے جواب میں صاحبزادہ خلیل الرحمن خاں صاحب کھڑے ہوئے اور موصوف نے اپنے بھائیوں کے عمدہ خیالات اور خیر سگالی کے جذبات کا شکریہ ادا کیا۔ موصوف نے بیان کیا کہ خدا نخواستہ مسلمانوں کو اپنے ہندو بھائیوں سے کوئی بے اعتمادی اور خوف نہیں ہے بلکہ ان کی شکایات کا رخ حکومت کی تبدیلی سے پیدا شدہ حالات کی جانب ہے۔ صاحبزادہ مصطفیٰ علی خاں نے اور ڈاکٹر پی ڈی چندرا صاحب نے ان تجاویز پر روشنی ڈالی۔ جو کانگریس کمیٹی کی جانب سے اوپر بھیجی گئی ہیں پبلک لیڈروں میں باہمی اتحاد نہیں اگر ہم سب متحد ہو کر کسی اسکیم کو اٹھاتے ہیں تو ناممکن ہے کہ حکومت اس کو مسترد کر دے۔

انجمن اتحاد و ترقی کا فیصلہ آخر میں مولانا محمد حبیب اللہ خاں صاحب فیاضی نے تجویز پیش کی کہ کانگریس ایڈہاک کمیٹی کو جس کے ممبران میں قوت پہنچانے کے لئے ہندو مسلمانوں کی ایک متحدہ جماعت بنائی جائے جس کا کام ہندو مسلم اتحاد اور ٹونک کی ترقی کی تجاویز سوچنا ہو چنانچہ مولانا نے ہندو مسلمانوں کے پندرہ نام پیش کئے جو جلسہ میں موجود تھے اس جماعت کا نام حسب تجویز منشی صاحب انجمن اتحاد و ترقی رکھا گیا اور منشی لالہ رام نرائن صاحب کو صدر صاحبزادہ حامد رشید خاں صاحب کو سیکرٹری مقرر کیا گیا۔ (نامہ نگار)

مراسلات و اطلاعات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جمعیت علماء ضلع مونگیر کی سرگرمیاں

جمولی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ضلع مونگیر کا ایک وفد دورہ کرتے ہوئے جمولی پہونچا۔ ۵ ستمبر کو جمعیۃ علماء اور مسار کے زیر اہتمام مولوی عبدالرزاق صاحب کے دولت کدہ پر ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں مسلمانان اور مسار کے علاوہ پورہ اور قصبہ سکندر وغیرہ کے مسلمانان بھی کثیر تعداد میں شریک تھے۔ سب سے پہلے وفد کے قدیم رکن مولانا قاری عبدالرب صاحب نے تلاوت قرآن مجید کرنے کے بعد اپنے قومی ترانوں اور نظموں اور تقریروں سے مجمع کو محظوظ فرمایا۔ اس کے بعد وفد کے دوسرے رکن مولانا حکیم سید محمد صاحب نے مسلمانوں سے خوف و ہراس دور کر کے ان کی اخلاقی اور ایمانی درستگی کے سلسلہ میں قرآنی احکام کی روشنی میں پر مغز اور دلنشین تقریر فرمائی۔ [illegible]

[illegible]

ایک خبر کی تردید

نئی دہلی ۱۱ ستمبر۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ کی توجہ دہلی کے روزانہ اردو اخبار بندے ماترم کے ایڈیشن میں شائع شدہ آرٹیکل زیر عنوان "سردار بلدیو سنگھ کی طرف سے جنرل موہن سنگھ کو بدنام کرنے کی سازش کا انکشاف" کی طرف دلائی گئی ہے۔

اس آرٹیکل میں ایک خط کا ذکر کیا گیا ہے جو سردار بلدیو سنگھ کی طرف سے ۲۰ جولائی کو سردار [illegible] ہوم منسٹر پورلی پنجاب کو لکھا گیا بتایا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ خط فرضی ہے۔ وزیر نے اس قسم کی کوئی تحریر کسی کو بھی نہیں کی۔

حجاج کیلئے ایک مصرف خیر

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مدینہ طیبہ میں بقیع شریف کے راستہ میں حفظ قرآن مجید اور بچوں کی دینیات کی تعلیم کے لئے ایک عالی خاندان نوجوان عالم سید عبدالرحمن صاحب نے ایک عرصہ سے مدرسۃ التہذیب کے نام سے ایک ابتدائی مدرسہ قائم کر رکھا ہے جو محض اہل خیر کی اعانت اور اپنے بلند ہمت بانی کے شوق و ہمت سے چل رہا ہے۔ اہل علم جانتے ہیں کہ کسی ملک میں اس وقت تک تعلیم عام نہیں ہوتی اور اس کی علمی و اخلاقی سطح بلند نہیں ہو سکتی جب تک اس ملک میں بکثرت ایسے ادارے اور مدارس نہ ہوں۔ جو سرکاری امداد سے مستغنی ہو کر محض اہل خیر کی ہمت افزائی اور معلمین کے ایثار اور خدمت کے بل بوتے پر چلتے ہوں۔ اس مدرسہ سے توقع ہے کہ مدینہ طیبہ [illegible]

[illegible]

احمد آباد میں ایک جلسہ

[illegible] جلسہ [illegible] مسجد میں ہوا [illegible] کی دعوت دی گئی کہ وہ جمعیت العلماء کو تقویت پہنچائیں جمعیۃ کی غرض و غایت سمجھائی گئی جلسہ پر امن طریقہ پر بعد ساڑھے دس بجے ختم کیا گیا۔

ایک نوجوان کی مرمت کر دی

[illegible] ایک شخص کو ایک تازیانہ جو [illegible] لوگوں نے خوب مارا۔ واقعہ اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ

ایک نوجوان [illegible]

[illegible]

مراسلہ

کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط لکھ کر ارسال فرمائیے

تین مسلمانوں کو سزا

[illegible] تین اشخاص کو پاکستان کا پروپیگنڈا کرنے کے الزام میں [illegible]

[illegible]

دعائے صحت

[illegible] مولانا [illegible] دعا صحت فرمائیں۔

سید خلیل الرحمن ہاشمی

بلدیو سنگھ نے موہن سنگھ کیخلاف کوئی خط نہیں لکھا

سرکاری طور پر بندے ماترم کی ایک خبر کی تردید

نئی دہلی ۱۱ ستمبر۔ (خبر دیر سے موصول ہوئی) حکومت ہند کی وزارت دفاع کے جاری کردہ ایک اعلان میں مقامی اخبار بندے ماترم کی ایک خبر کو غلط بتایا گیا ہے۔ پریس نوٹ کا پورا متن حسب ذیل ہے وزیر دفاع آنریبل سردار بلدیو سنگھ کی توجہ ایک مضمون کی طرف دلائی گئی ہے جو دہلی کے ایک اردو اخبار بندے ماترم کے ایڈیشن میں سردار بلدیو سنگھ کی طرف سے جنرل موہن سنگھ کو بدنام کرنے کی سازش کا انکشاف کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔ یہ خبر حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ اس مضمون میں لکھا گیا ہے کہ وزیر موصوف نے ۲۰ جولائی کو ایک خط حکومت مشرقی پنجاب کے وزیر داخلہ آنریبل سردار سورن سنگھ کو لکھا تھا۔ اس خط کی بات بالکل بناوٹی اور فرضی ہے۔ سردار بلدیو سنگھ نے اس سلسلہ میں کسی کو کوئی خط نہیں لکھا۔

دس خصوصیتوں والی
خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

۱ اس کی تصحیح مولانا احمد علی محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے
۲ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی مع توضیحی عبارات۔
۳ حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
۴ تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
۵ ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری۔
۶ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
۷ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
۸ تفسیر ابن کثیر روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی
۹ آیتوں کی شان نزول۔
۱۰ جن آیتوں سے مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل۔ قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک بصیرت افروز مقدمہ لکھا ہے۔

خط خوشنما، صاف اور جلی تقطیع نہایت موزوں ۲۲×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپیہ چار آنہ ہدیہ مجلد چرمی کلکتہ کی جلد ساخت ہدیہ چار آنہ مسجد و حمائل شریف مولوی نور محمد الٰہی ہدیہ مجلد دس روپے دہلی

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن از حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت سے حصے کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبر اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول عہ حصہ دوم مجلد عہ حصہ سوم مجلد پانچ روپے حصہ چہارم عہ

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں قیمت مجلد ۳ روپے

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں زبان نہایت سادہ اور سہل ہے۔ قیمت تین روپے بارہ آنے (مجلد)

جمعیۃ علماء کیا ہے (حصہ اول) جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنے (۶)

جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ دوم مختصر جمعیۃ علماء ہند کی تیس سالہ کارگزار کا مجموعہ قیمت دو روپیہ چار آنے

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کا منشور فاضلانہ اور اسلامی نقطۂ نظر سے تبصرہ قیمت تین آنے (۳)

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اردو ترجمہ و شرح جو عربی کے ابتدائی طلبا کے لئے بہترین کتاب ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت عہ

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دارالعلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے قیمت حصہ اول حصہ دوم حصہ سوم

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بچوں کے ہر نصاب میں قیمت صرف آٹھ آنے (۸)

اربعین: اسلامی تعلیم کا مرقع قیمت ۱۲

جنت کا راستہ [illegible] قیمت صرف ۸

نوٹ: ہیلنگ پالکس جو [illegible] صاحبان کی خدمت میں چھ روپے بھیجنے والے حضرات [illegible] لیگ کی پالیسیاں مفت بھیجی جائیں گی۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی



دی مغل لائن لمیٹڈ

ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز ران کمپنی

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کیلئے امسال یک طرفہ جہاز کا اعلان کرتی ہے

ایس ایس اکبر ۱۰،۴۴۳ ٹن
۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

ایس ایس خسرو ۱۰،۴۴۳ ٹن
۲۳ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ معہ خوراک

بمبئی تا جدہ واپسی

درجہ اول ۱۰۷۵/-/- روپے

عرشہ ۳۰۵/۸/- روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فٹ جگہ دیجائے گی، ان کرایوں میں قرنطینہ، کامران کی فیس، جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جنکی مجموعی رقم ۳۳ روپے آٹھ آنے ہوتی ہے زائرین کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں ان کی جگہ کا اندراج نہ ہو جائے اور کمپنی کیطرف سے انکو بمبئی پہونچنے کی ہدایت نہ دیجائے کیونکہ جہاز میں جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دیجا چکی ہے۔

ٹرنر مارلین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

یوپی میں سیلاب نہیں بلکہ خوفناک طوفان آیا ہے

ہزاروں دیہات اور لاکھوں انسانوں کی المناک تباہی

گنگا اور جمنا کا پانی اترنے کا نام ہی نہیں لیتا

لکھنؤ ۱۲ ستمبر یوپی میں دریائے گنگا کی وادی میں سیلاب زیادہ خطرناک صورت اختیار کرتا چلا جارہا ہے۔ اور بنارس غازی پور اور بلیا کے اضلاع کی صحیح صورت حال کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔

کل بنارس کے مقام پر پانی کی سطح ... کم ہو گئی تھی۔ لیکن آج پھر ... بڑھ گئی۔ جس سے بنارس اور ضلع میں مزید علاقے ڈوب گئے۔ غازی پور اور بلیا میں بھی پانی بڑھتا چلا جارہا ہے اور اسی لئے وہاں امدادی کام زیادہ سے زیادہ مشکل ہوتا چلا جارہا ہے۔

الہ آباد پر دریائے گنگا کا پانی ایک فٹ اور جمنا کا پانی ڈیڑھ فٹ کم ہو گیا ہے الہ آباد میں پانی کم ہو نیکا اثر غازی پور بنارس اور بلیا پر بھی پڑیگا۔ شہر بلیا سیلاب کا زبردست مقابلہ کر رہا ہے۔ اور چونکہ دریائے گنگا کا پانی زیادہ وسیع رقبہ پر پھیل گیا ہے اس لئے اس کی تمام طاقت بلیا میں نہیں رہی۔ یوپی میں سیلاب کی تباہ کاریوں کا کچھ اندازہ اس واقعہ سے کیا جاسکتا ہے کہ صوبہ کا مشرقی نصف حصہ تقریباً ڈھائی ہزار مربع میل پانی میں ڈوب چکا ہے ...

سیلاب زدہ علاقوں میں ہیضہ وغیرہ کے ٹیکے عام طور پر لگائے جا رہے ہیں ...

وزیراعظم کا دورہ

کل پنڈت پنت وزیراعظم صوبہ یوپی دہلی سے واپس آ گئے ...

... ان علاقوں کو دیکھا جہاں سیلاب آیا ہوا ہے ... مرزا پور کو کوئی قابل ذکر نقصان نہیں ہوا ... وزیراعظم دورہ کے دوران میں الہ آباد، غازی پور، بنارس ... انہوں نے کہا کہ ... افسران کو حکم دیدیا ہے کہ سیلاب سے بے خانماں ہونے والے لوگوں کو از سر نو آباد کیا جائے ...

سیلاب نے صوبہ کے دوسرے ضلعوں میں بھی خطرناک صورت اختیار کرلی ہے۔ خاص طور پر مراد آباد، بریلی، لکھیم پور، کھیری، سیتا پور، بستی اور گورکھپور ... فصل خریف کو بے انتہا نقصان پہنچا ہے ...

طوفان آیا ہے

اطالوی نو آبادیات کا مسئلہ

لندن ۱۲ ستمبر برطانیہ ... کا جواب ... اطالوی نو آبادیات کے مسئلہ پر ... آج برطانیہ ... وزراء خارجہ کی کونسل کا جلد طلب کیا جانا ... ان ہونا چاہیے۔

یونیورسٹیوں میں ذریعہ تعلیم

مسٹر منشی کا نقطۂ نظر

حیدرآباد (دکن) ۱۲ ستمبر حیدرآباد میں ہندی ریجنٹ جنرل مسٹر منشی نے یونیورسٹی میں ذریعہ تعلیم کے بابت کہا کہ انگریزی کی جگہ کسی صوبائی زبان کے فوری رواج دینے سے تبادلہ خیالات میں زبردست رکاوٹ پیدا ہو جائے گی۔ آپ نے کچھ عرصہ تک انگریزی کو ذریعہ تعلیم کی حیثیت سے باقی رکھنے کی سفارش کی۔

روس کے ساتھ تجارت بڑھائی جائے

برطانوی ٹریڈ یونین کانگرس کا مطالبہ

مارگیٹ ۱۲ ستمبر برطانوی ٹریڈ یونین کانگرس جو برطانیہ کے ... مزدوروں کی نمائندہ ہے ... آج برطانیہ سے اپیل کی کہ روس کے ساتھ تجارت کو ترقی دی جائے ... مشینوں کے بدلے لکڑی درآمد کی جائے ... مکان بنانے میں آسانی ہوگی۔

نئے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس

دہلی ۱۲ ستمبر ... پولیس کمشنر ... نئی دہلی میں پولیس ... مقرر کیا ہے ... کی جگہ ... مقرر کیا گیا ہے۔

بجلی کم خرچ کیجئے

دہلی ۱۲ ستمبر حکومت نے عوام سے اپیل کی ہے کہ بجلی کم خرچ کریں۔ بتایا کہ بجلی کے خرچ میں ... اضافہ ہوتا جارہا ہے ... بجلی گھروں کی مرمت وغیرہ کا کوئی امکان نہیں ... کمپنی کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اگر پبلک نے ... پر عمل نہ کیا تو بجلی ...

وزرائے خوراک کی کانفرنس

دہلی ۱۲ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ غذائی مسائل کی اہمیت اور ان کی بابت فوری ... ضرورت کے پیش نظر ... کانفرنس ... ستمبر کو منعقد کی جائے ... اس کانفرنس میں تمام ریاستوں، صوبوں اور یونینوں کے وزرائے خوراک شرکت کریں گے۔

کرشنا مینن دہلی میں

نئی دہلی ۱۲ ستمبر مسٹر وی کے کرشنا مینن جو لندن میں ہند کے ہائی کمشنر ہیں ... ہوائی جہاز کل یہاں پہنچ گئے ہیں۔ آپ وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو سے مشورہ کرنے آئے ہیں۔

کوڈر کے حادثے کے متعلق نواب معین نواز جنگ کا حیدرآباد اسمبلی میں بیان

وزیر خارجہ نے ابھی کارروائیوں کی تفصیل نہیں بتائی

حیدرآباد دکن ۱۲ ستمبر حیدرآباد کے وزیر خارجہ نواب معین نواز جنگ نے کوڈر کے حادثہ کے متعلق ... بیان ... حکومت صورت حال کے تقاضوں کے مطابق کارروائی کر رہی ہے۔ لیکن ... کا انکشاف نہیں کیا جا سکتا۔

نواب معین نواز جنگ نے کوڈر کے واقعہ کے متعلق ... معلومات ... ہندوستانی ... الزام ... ہندوستانی علاقہ میں ...

امرتسر میں جعلی نوٹ بنانے والا گروہ گرفتار کرلیا گیا

امرتسر ۱۲ ستمبر پولیس امرتسر نے جعلی نوٹ بنانے والے ایک گروہ کا سراغ لگایا ہے۔ گروہ کا ایک ممبر ... سنگھ گرفتار کر لیا گیا۔ اس کی نشاندہی پر پولیس نے دو اور اشخاص کو حراست میں لے لیا۔ اور تحقیقات جاری ہے۔ پتہ چلا ہے کہ یہ گروہ ... میں پھیلا ہوا ہے۔ اس نے جگہ جگہ اپنے ایجنٹ رکھے ہوئے ہیں۔ جو جعلی نوٹ مارکیٹ میں چلاتے ہیں۔ ان کے پاس ... نوٹ بنانے والی مشینیں اور دیگر سامان ہے۔ اس گروہ نے ہزاروں جعلی نوٹ بنائے۔ نوٹ بنانے کے لئے ... ریاستوں کو مرکز بنایا ہوا ہے۔ ملزمان کا ریمانڈ لے لیا گیا ہے۔ اس کی نشاندہی پر ہندوستان کے طول و عرض میں گرفتاریوں کی توقع ہے۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

پروم کے ارد گرد دیگر مقامات پر حکومت کا قبضہ

برما میں کمیونسٹ باغیوں کا زور ٹوٹنے لگا

حیدرآباد سے انگریزوں کا نکلنا

ہندوستان ٹائمز کے نامہ نگار کو سندھ سے چلے جانے کا حکم

کراچی ۱۲ ستمبر سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ ...

نیپال اور اقوام متحدہ کی رکنیت

پاکستانی ہائی کمشنر کی عصرانہ میں شرکت

ہالستانیوں کا الٹی میٹم

گاندھی جینتی

تعلیم کی درخواست

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

فراش خانہ پر شارعی سہاگ سبھا

پچاس سرکاری ملازمین گرفتار

لورپول میں احتجاجی مظاہرہ!

Kelso

کیلسو

ضرورت

... قاضی محمد ظفر احمد خاں متولی جامع مسجد کلاں سہارنپور

امتحان پاس کرنے کیلئے ...

طلسم اعظم

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷

سالانہ قیمت
چالیس روپے ۔ ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ ۔ "الجمعیۃ" دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۸۵۵

روغن اکسیر دماغ
واکسیر دنداں
روزوں اکسیر کی نسبت شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ... [illegible]
ہلال فارمیسی ۔ دیوبند ضلع سہارنپور ۔ یو۔ پی

فی پرچہ دو آنے ۔ | جلد ۳۱ | دہلی یوم چہارشنبہ ۱۰ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۵ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۹۰ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

ہندوستانی فوجیں آج صبح چار بجے ریاست حیدرآباد میں داخل ہوگئیں

ہندوستانی اور حیدرآباد کی فوجوں میں جھڑپیں شروع ہوگئیں

جنرل راجندر سنگھ ہندی فوجوں کی کمان کر رہے ہیں

نئی دہلی ۱۳ ستمبر ۔ وزارت دفاع کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت حیدرآباد نے حکومت ہند کا یہ مطالبہ مسترد کر دیا ہے کہ رضاکاروں کی جماعت توڑ دی جائے اور ریاست کے اندر امن و امان قائم کرنے کے لئے ہندوستانی فوجوں کو سکندرآباد لوٹنے کی اجازت دی جائے اس لئے آج صبح ۴ بجے ہندوستانی فوجیں ریاست کی سرحد پار کرکے اندر داخل ہوگئی ہیں۔

حیدرآباد میں بلیک آوٹ

حیدرآباد دکن ۱۳ ستمبر ۔ کل حیدرآباد ریڈیو کے ایک اعلان میں ریاست کے لوگوں کو یہ بتاتے ہوئے کہ [illegible] وقت نازک حالات پیدا ہو سکتے ہیں کہا گیا ہے کہ اگر ہوائی حملہ [illegible] تو انہیں [illegible] اعلان میں بتایا گیا ہے کہ بلیک آوٹ [illegible] فوری طور پر [illegible] ہیں۔

تمام دنیا میں قائد اعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان کا ماتم

کراچی میں تعزیتی پیغامات کی بھرمار ۔ وزیر اعظم اور مس جناح کے ساتھ اظہار ہمدردی

کراچی ۔ ۱۳ ستمبر ۔ قائد اعظم جناح کی وفات پر تمام دنیا کی طرف سے وزیر اعظم پاکستان اور مس فاطمہ جناح کے نام تعزیتی پیغامات موصول ہو رہے ہیں [illegible] گورنر جنرل ہندستان کے پیغامات کے علاوہ جن دوسرے لیڈروں کی طرف سے پیغامات موصول ہوئے ہیں انہیں وزیر اعظم حیدرآباد میر لائق علی، گورنر مشرقی بنگال [illegible] سر چندریگر سفیر پاکستان، افغانستان، آزاد کشمیر کی حکومت کے صدر [illegible] کے پیغامات شامل ہیں ۔ قائد اعظم جناح کی موت کی خبر نہ صرف پاکستان اور ہندستان میں بلکہ پوری دنیا میں نہایت رنج و غم کے ساتھ سنی گئی۔

مسٹر چندریگر

مسٹر چندریگر جو افغانستان میں پاکستان کے سفیر ہیں انہوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائد اعظم بلاشک و شبہ دنیا میں اس عہد کی سب سے بڑی ہستی تھے ۔ یہ مرحوم کی ذات تھی کہ انہوں نے بکھرے ہوئے اور تقسیم شدہ مسلمانوں کو مسلم لیگ کے جھنڈے کے نیچے جمع کر لیا اور وہ اپنے اٹل عزم اور رہنمائی سے پاک قیادت کی بدولت پاکستان حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے ان کی موت نے حقیقت میں پاکستان کو بالکل یتیم بنا دیا ہے۔ اس نازک موقعہ پر قائد اعظم کے اعمال اور اقوال لوگوں کے لئے ایک نمونہ رہیں گے ۔ خدا کرے کہ ان کی روح کو آرام و سکون میسر آئے۔

لیاقت علی خاں ہی اب ایک ہستی ہیں جو قائد اعظم کے بتائے ہوئے راستہ پر چل کر قوم کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔ خدا انہیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی طاقت دے۔

سردار محمد ابراہیم

[illegible]

ڈھاکہ میں غائبانہ نماز

[illegible]

وزیر اعظم حیدرآباد

[illegible]

کانپور میں جھنڈے سرنگوں رہے

[illegible]

خواجہ ناظم الدین

[illegible]

نواب زین یار جنگ کا بیان

[illegible]

شیخ عبداللہ کا پیغام

ریاست جموں اور کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ نے بھی مسٹر جناح کی وفات پر اپنی طرف سے اور کشمیر کی حکومت اور لوگوں کی طرف سے پیغام تعزیت مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان کے نام بھیجا ہے ۔ [illegible]

(باقی صفحہ ۴ کالم ۴ پر)

جھنگڑ و پونچھ کے محاذوں پر ہندوستانی طیاروں کے حملے

نئی دہلی ۱۳ ستمبر ۔ وزارت دفاع کا ایک اعلان مظہر ہے کہ ہندوستانی ہوائی جہازوں نے پونچھ اور جھنگڑ کے محاذوں پر دشمن کی توپوں [illegible] ہمارے توپخانے [illegible] دشمن کے [illegible] ہلاک [illegible] ان توپوں کے علاوہ [illegible] دیگر محاذوں پر طرفین کی گولہ باری اور فوجیوں کی سرگرمیاں جاری رہیں۔

پاکستان کو مضبوط بنانے کا کام جاری رہے

قائد اعظم کی وفات پر لیاقت علی خان کی تقریر

کراچی ۱۳ ستمبر ۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر جناح کی وفات پر ایک پیغام میں کہا ۔ خدا کی مرضی یہ تھی کہ ہم سے ہمارے قائد اعظم کو ایسے موقع پر چھین لے جب کہ ہم ان کی سب سے زیادہ ضرورت تھی ۔ [illegible] پاکستان کی خدمت کے لئے وقف کرنے کا از سر نو عہد کرنا چاہئے ۔

[illegible]

خواجہ ناظم الدین قائد اعظم کے جانشین مقرر کر دیئے گئے

طویل بحث و تمحیص کے بعد پاکستانی کابینہ کا فیصلہ

کراچی ۱۳ ستمبر ۔ مشرقی بنگال کے وزیر اعظم خواجہ ناظم الدین کو مسٹر جناح کی جگہ پاکستان کا گورنر جنرل چن لیا گیا ہے یہ فیصلہ کابینہ کے طویل اجلاس میں انتہائی غور و خوض اور بحث کے بعد طے کیا گیا ہے ۔ خواجہ ناظم الدین کل شام ۵ بجے گورنر جنرل کے خاص ہوائی جہاز میں کراچی پہونچے [illegible]

خواجہ ناظم الدین جو ۱۹۴۳ء میں قحط بنگال کے وقت پورے بنگال کے وزیر اعظم تھے ان کی عمر ۵۰ سال ہے ۔ علی گڈھ اور کیمبرج یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد [illegible] مشرقی بنگال کے وزیر اعظم منتخب ہوگئے ۔

راجہ جی کا تعزیتی پیغام

ہندوستان کے گورنر جنرل مسٹر سی۔ راجگوپال اچاریہ نے مس فاطمہ جناح کے نام حسب ذیل پیغام بھیجا ہے ۔ [illegible]

(کالم ۱ سے آگے)

[illegible]

نہانے اور کپڑا دھونے کے خالص اور بہترین صابون کا کارخانہ جاری ہوگیا ہے تھوک مال کیلئے مولانا نورالدین بہاری فیاض گنج بارہ ہندوراؤ دہلی سے خط و کتابت کریں

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۵ ستمبر ۱۹۴۸ء

افسوس!

اطراف عالم میں یہ خبر انتہائی افسوس اور رنج کے ساتھ سنی گئی کہ مسٹر محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان گیارہ ستمبر ۱۹۴۸ء کی شب کو ساڑھے دس بجے حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے کراچی میں انتقال کر گئے اناللہ وانا الیہ راجعون ہم اس حادثہ جانکاہ سے پاکستان کے باشندوں کے حزن وملال کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ عین وقت پر اپنے ایک بہت بڑے لیڈر کی سرپرستی سے محروم ہو گئے اور ان کی توقعات کو ناقابل تلافی نقصان پہونچا۔ موت کا ایک وقت مقرر ہے اور ہر نفس اس کا ذائقہ چکھنے پر مجبور ہے وہ جب آتی ہے تو چھوٹے بڑے اور اچھے برے کو نہیں دیکھتی اور سب کو ایک ہی دروازہ سے نکال کر دم لیتی ہے، فقیر کی جھونپڑی اور بادشاہ کا محل، حکماء کے خلوت کدے اور جہلا کی عشرت گاہیں، زاہدوں کے گوشے اور فاسقوں کے میلے کوئی بھی موت کی دسترس سے باہر نہیں۔ اس کی رسائی ہر جگہ ہے اور وہ وقت پر اپنا کام کر جاتی ہے۔ مہاتما گاندھی دنیا کے بہت بڑے انسان تھے مگر ساعت مقررہ سے آگے نہ بڑھ سکے، مسٹر محمد علی جناح بھی اپنے وقت کے بڑے انسانوں میں سے تھے مگر وقت نے سانس لینے کی مزید مہلت نہ لینے دی۔ ان بڑے لوگوں کی جدائی سے ہمیں اگر سبق ملتا ہے تو یہی کہ ؎

زندگانی ما ہم جاودانی نیست

مسٹر محمد علی جناح اپنی سیاسی زندگی میں جو مقام رکھتے تھے اور جن مقاصد کو لے کر وہ آگے بڑھے اس سے گزشتہ دس سال میں نیشنلسٹ مسلمانوں کو شدید اور بنیادی اختلاف رہا اور انہوں نے ان کے نظریات کو ہمیشہ جماعتی اور ملکی زندگی کے لئے خطرناک سمجھا جس کے افسوسناک نتائج بھی پیش آ کر رہے، تاہم آج جب کہ وہ ہمارے درمیان سے رخصت ہو گئے، ان کے ساتھ ذاتی اختلاف بھی ختم ہو گیا ہے کیونکہ اختلافات کی منزل یہی مادی دنیا ہے، یہاں سے گذرنے کے بعد تو فیصلہ کی منزل آ جاتی ہے، واللہ یحکم بینھم فیما کانوا فیہ یختلفون۔ ہمارا فرض ہے کہ آج ہم گذرنے والے کی اچانک وفات پر اپنی تعزیت پیش کریں اور ان کے رفقاء اور اعزہ، خصوصاً ان کی ہمشیرہ مس فاطمہ اور پاکستانی لیڈروں کی خدمت میں اپنے قلبی تاثرات کا ہدیہ گذاریں، دعا ہے کہ خدائے تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور متعلقین کے قلب حزیں پر صبر جمیل کا القاء فرمائے۔ آمین۔

اچھی باتیں!

وربک الغفور ذو الرحمۃ (پ۱۵ ع ۲۰)

تمہارا پروردگار تو خطا پوش اور رحیم ہے۔ اگر وہ لوگوں کے کرتوتوں کا مواخذہ شروع کر دے تو مہلت دیے بغیر انہیں عذاب کی گرفت میں لے لے۔ لیکن گرفت کے لئے ایک وقت مقرر کر دیا گیا ہے اور جب وقت آئے گا تو وہ اسے روک نہیں سکیں گے۔

خدا کی رحمتیں اور بخشائشیں ذرہ ذرہ سے عیاں ہیں، اس کی خطا پوشی کا یہ حال ہے کہ ہر قسم کے گناہ ہوتے ہیں ہر قسم کی حرکتیں ہوتی ہیں مگر گنہگاروں کی گرفت نہیں ہوتی گنہگاروں کو بھی روٹی ملتی ہے، مجرم بھی ہواؤں بارشوں اور سورج کی روشنی سے مستفید ہوتے ہیں۔ مگر نادان سمجھتا ہے کہ مجرمین کو اپنے کرتوتوں کے لئے چھٹی مل گئی ہے یہ نہیں سمجھتا کہ خدا مہلت دے رہا ہے اگر وہ مہلت نہ دے تو کون انسان ہے جو عذاب الٰہی سے بچ سکے۔ مہلت اس لئے ملتی ہے کہ انسان اپنے کئے پر پچھتائے مگر وہ اور زیادہ اکڑتا ہے اور بالآخر ذلت کی موت مارا جاتا ہے پس ہمیں چاہیے کہ مہلت سے فائدہ اٹھائیں اور وقت سے پہلے اپنی اصلاح کریں

پولٹیکل غزل

از خان غازی کابلی

روح ہٹلو کی قسم جو ملک کے غدار ہیں
ان سے لڑنے کے لئے ہم ہر طرح تیار ہیں

دوستوں کے دوست ہم یاروں کے یار غار ہیں
ملک کے دشمن جو ہیں ان کے لئے تلوار ہیں

چرچلوں کی دوستی ان کو بچا سکتی نہیں
جو دکن میں آج ہم سے برسر پیکار ہیں

کیوں گلے کا ہار بنتے ہیں یہ مار آستین
یہ کسی کے کب ہوئے اپنی غرض کے یار ہیں

پوچھتے ہیں یہ کب جاؤ گے پاکستان کو
آپ کیا ہم سے "نصیب دشمناں" بیزار ہیں

خان غازی جاتے ہیں کیوں جانب باغ قرول
لڑکے آئے ہیں کسی سے بھاگ بیزار ہیں

(بحوالہ شاعر)

قائد اعظم کی وفات حسرت آیات پر مس فاطمہ جناح کو

اکابرین جمعیۃ العلماء ہند کا تعزیتی برقیہ

دہلی ۱۲ ستمبر۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا احمد سعید نائب صدر جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا حفظ الرحمن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا محمد میاں [illegible] مسٹر محمد علی جناح کی ہمشیرہ مس فاطمہ جناح [illegible] گورنر جنرل پاکستان کی وفات [illegible] تعزیتی پیغام [illegible]

[illegible]

چالیس دن تک مسٹر جناح کا ماتم منایا جائے گا

اہم مسائل پر غور کرنے کے لئے کابینہ کا طویل اجلاس

کراچی ۱۲ ستمبر۔ قائد اعظم محمد علی جناح کے انتقال سے [illegible] پاکستان [illegible]

پاکستان کے گورنر جنرل کا پہلا سرکاری جھنڈا بلند ہونے کے ٹھیک ایک سال بعد [illegible] جھنڈا [illegible] ایک سرکاری اعلان کے مطابق [illegible] چالیس دن تک مسٹر جناح کا ماتم منایا جائے گا اور جھنڈے سرنگوں رہیں گے۔

مسٹر جناح کی وفات کے بعد [illegible] کابینہ کا ہنگامی جلسہ منعقد کیا گیا، یہ جلسہ رات کے چار بجے تک جاری رہا۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اس جلسہ میں مسٹر جناح کا جنازہ اٹھائے جانے اور سرکاری ماتم وغیرہ کی بابت فیصلے کئے گئے۔ اس وقت کراچی میں سرکاری جھنڈے [illegible]

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اخلاق یا مشین پیمان

جناب ایڈیٹر صاحب الجمعیۃ دہلی

میں ایک مسلمان [illegible] مجھ کو [illegible] کہ متعدد مقامات کو جانے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے [illegible]

[illegible]

مہا ساجد پٹیالہ کی حکومت کو ختم کیا جائے

بھٹنڈہ کے کسانوں کا مطالبہ

بھٹنڈہ ۱۳ ستمبر۔ کل ضلع بھٹنڈہ کے کسانوں [illegible] جلوس [illegible] کسان حکومت کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے [illegible] پٹیالہ اور مشرقی پنجاب [illegible] حکومت کو فوراً ختم کئے جانے کا مطالبہ کیا۔

بلسگرہ میں جمعیۃ علماء کا قیام

بلسگرہ ضلع [illegible] ستمبر [illegible] جمعیۃ علماء [illegible] کا ایک عام جلسہ [illegible] حضرت مولانا ظہیر الدین صاحب [illegible]

[illegible]

قائد اعظم کے آخری لمحات

کراچی ۱۲ ستمبر۔ دار السلطنت سے تقریباً دو ماہ تک باہر رہنے کے بعد کل شام کو ۴ بجے قائد اعظم محمد علی جناح اپنے ذاتی ڈاکوٹا ہوائی جہاز میں کراچی آئے تھے کراچی سے ۴ جولائی کو کوئٹہ اور کوئٹہ سے ۴ جولائی کو زیارت گئے تھے۔ باغ چھوڑنے کے بعد ان کو انفلوئنزا ہو گیا لیکن بعد میں حالت بہتر ہو گئی۔ اس کے بعد بخاری کا حملہ ہوا۔ ۱۸ اگست کو وہ کوئٹہ واپس آ گئے۔ کل انھوں نے کراچی لوٹنے کا فیصلہ کیا۔ ۱۳ اگست اور ۱۱ ستمبر کے درمیان کبھی ان کی حالت بہتر ہو جاتی اور کبھی خراب ہو جاتی۔ لیکن وہ واجبی ضروری سرکاری کاموں کو برابر کرتے رہے۔ سفتہ کو شام کے ۴ بجے ان کا طیارہ کراچی میں ماڑی پور کے ہوائی اڈہ پر پہونچا۔ گورنر جنرل کے محل میں پہونچنے پر ان کی حالت زیادہ خراب ہو گئی۔ رات کے ۱۰ بجکر ۲۵ منٹ پر ان کی حرکت قلب بند ہو گئی۔ قائد اعظم جناح کے آخری لمحات میں ان کی بہن فاطمہ جناح تین ڈاکٹر اور کچھ ذاتی ملازم ان کے پاس تھے۔ وزیر اعظم لیاقت علی خاں اور ان کی بیگم اور ان کے فوراً بعد جرنل سکریٹری [illegible]

[illegible]

سنگھیوں نے نہ صرف حکومت سے اپنی جماعت کو جائز قرار دینے کا مطالبہ کیا ہے بلکہ یہ چال بھی چلنی شروع کر دی ہے کہ جو قوم پرست ملازمین فرقہ پرست قرار دیا اور جسے دیکھا کہ وہ سنگھیوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھتا ہے اس کی نسبت مشہور کر دیا کہ وہ مفسد ہے، واقعی چال تو بہت دلچسپ ہے کہ قومی لیڈروں کو قتل کرنے کا پروگرام بنانے والے ان ہی لوگوں پر ہاتھ صاف کرنے لگے جو ان کی تاک میں رہتے ہیں اور ان کی سرگرمیوں کو کامیاب نہیں ہونے دیتے، ہوشیار چور بھاگتے بھاگتے خود بھی پکارنے لگتا ہے کہ "پکڑو پکڑو، چور بھاگا جا رہا ہے" تاکہ پکڑنے والے اسے چور نہ سمجھیں اور وہ تعاقب سے بچ کر صاف نکل جائے! کیا حکومت فرقہ پرستوں کی ان چالوں کو بیکار بنانے میں لائے گی؟ اور ان کی سرگرمیوں کو پوری سرگرمی سے روکنے کی کوشش کرے گی؟

اچاریہ کرپلانی کی سہانی امید

[illegible]

خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستانی فوج کو سکندر آباد میں قیام کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، بحث و مباحثہ کا میدان تو بہت وسیع ہے، ہم صرف اتنا جانتے ہیں کہ حکومت نظام بہت بڑی غلطی کر رہی ہے، بہت بڑا اصرار ہی ہے ٹیڑھی راہ کبھی منزل مقصود تک نہیں پہونچا سکتی۔ سیدھی راہ ایک ہے اور وہ یہ کہ حیدرآباد اپنے مفاد کی خاطر ہند یونین میں شامل ہو جائے اور امن چین سے زندگی گزارے، اگر اس پر کوئی مصیبت نازل ہوئی تو چرچل امداد کے لئے نہیں آئیں گے انڈین یونین ہی اپنی ہے اور اپنوں کی بات مان لینا دانائی کی علامت ہے۔

نئی چال

پارلیمنٹری سکریٹری حکومت یو پی منسٹر گوبند سہائے نے حال ہی میں اس امر کا انکشاف [illegible]

[illegible]

ہندو مہاسبھا

جس طرح یو پی اسلم لیگ مختلف ناموں کے پردہ میں زندہ رہنا چاہتی ہے اور اپنا نام کبھی جنتا [illegible]

[illegible]

معنی ہیں چور، غلام، کالا، رہزن، چھاپہ مار، خونی وغیرہ! مگر ہندو مہاسبھا ہندو کی نئی تعریف کرکے دوسروں کو بھی ہندو بنا لینا چاہتی ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اگر ہندو وہ ہے جو ہندوستان کو اپنا وطن سمجھے تو پھر موجودہ ہندوؤں کو ان کی مذہبی حیثیت ظاہر کرنے کے لئے کس نام سے پکارا جائے گا؟

حکومت کو چاہیے کہ ان مار آستینوں کی ... قلابازیوں سے دھوکہ نہ کھائے اور فرقہ پرستوں کو خواہ جنتا پارٹی کے نام پر میدان میں آئیں یا ہندو بننے "ہندوستانی" کا جامہ پہن کر ہندو سبھا کا چکر لگائیں، کبھی سرسبز نہ ہونے دے اور ان کی سیاسی سرگرمیوں کی بیخ کنی کے لئے انہیں خلاف قانون قرار دیدے، اگر اس نے حالات کا غلط اندازہ لگا کر اپنی گرفت ڈھیلی کر دی تو اس کے نتائج کی وہ خود ذمہ دار ہوگی!

نظام کا جواب

حکومت ہند نے حکومت نظام کو لکھا تھا کہ چونکہ حیدرآباد میں فساد اور بدامنی کا دور دورہ ہے اس لئے ہماری فوجوں کے لئے سکندرآباد [illegible]

[illegible]

حکومتِ نظام حقائق کو صحیح طور پر سمجھنا نہیں چاہتی

حکومت ہند مناسب کارروائی کرنے میں اپنے آپ کو آزاد سمجھتی ہے

وزیر اعظم حیدر آباد اور حکومت ہند کے مابین خط و کتابت شائع ہو گئی

حکومت ہند یہ سمجھنے پر مجبور ہے کہ حکومت حیدر آباد حقائق کو صحیح طور پر سمجھنے، رضاکاروں اور دوسری جماعتوں کو توڑنے اور ہندوستانی فوجوں کے سکندر آباد میں تعینات کئے جانے کے لئے تیار نہیں ہے حالانکہ ہمارے خیال میں صرف اسی طرح حیدر آباد کے اندر امن قائم ہو سکتا ہے۔"

یہ ہیں وہ الفاظ جو مسٹر دی۔ پی مینن سکریٹری محکمہ ریاست ہائے ہند نے میر لائق علی وزیر اعظم حیدر آباد کے نام ایک مکتوب میں لکھے ہیں۔

مسٹر مینن نے مزید کہا ہے کہ ایسی حالت میں حکومت ہند ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ہر ضروری اقدام کرنے کے لئے اپنے کو آزاد خیال کرتی ہے جو نتائج پیدا ہوں گے۔ لازمی طور پر ان سب کی ذمہ داری حکومت حیدر آباد پر ہی ہوگی۔

حسب ذیل خط و کتابت جو حکومت ہند اور وزیر اعظم حیدر آباد کے درمیان ہوئی ہے اخبارات میں شائع کرنے کے لئے دے دی گئی ہے۔

خط نمبر (۱) مسٹر وی۔ پی مینن سکریٹری وزارت محکمہ ریاست ہائے ہند کی طرف سے میر لائق علی کے نام۔

ریاست میں امن و امان کی حالت کے بارے میں ہند یونین پریس میں کیا جا رہا ہے۔ اعلیٰ حضرت کو ایک ایسے مطالبے کا حوالہ دیا جا رہا ہے جو ہرگز حق بجانب نہیں اور معاہدہ جاریہ کی صریح خلاف ورزی ہے۔ رضاکار تحریک سرحد پر سے ہمارے علاقوں پر ہونے والے حملوں اور ہند یونین کی جانب سے مسلسل خطرے کے احساس کے نتیجے میں پیدا ہوئی ہے جو ہند یونین اور حیدر آباد میں سمجھوتے ہو جانے کے تحت سرحدی واقعات کا خاتمہ ہو جائے ختم ہو جائے گی لیکن اس قسم کے سمجھوتہ کی عدم موجودگی میں نظام گورنمنٹ تحریک کے خلاف کسی قسم کی کارروائی کرنا حق بجانب نہیں سمجھتی۔

حکومت نظام محسوس کرتی ہے کہ ...

... سے تیار کردہ منصوبوں کے مطابق حیدر آبادی علاقوں پر چڑھائی کر رہی ہے۔

حکومت حیدر آباد کو سکندر آباد میں ہندوستانی فوج تعینات کرنے کے مطالبے پر تعجب ہے کیونکہ میں نے اپنے ۵ اپریل ۱۹۴۸ء کے خط میں واضح کر دیا تھا کہ ہندوستان اور حیدر آباد میں کوئی معاہدہ جاریہ ہوتا یا نہ ہوتا ہندوستانی فوج کو ۵ اگست ۱۹۴۸ء تک سکندر آباد خالی کر دینا تھا کیونکہ اس تاریخ کو وہ تمام معاہدہ ختم ہو گئے جن کی رو سے فوج تعینات کی گئی تھی۔ حکومت ہند نے اس پوزیشن کا صحیح اندازہ لگاتے ہوئے اپنی فوج ہٹالی۔ ہندوستان اور حیدر آباد کے موجودہ تعلقات نومبر ۱۹۴۷ء کے معاہدہ جاریہ پر مبنی ہیں جس میں صاف طور پر برقرار رکھا گیا ہے کہ حکومت ہند کو حیدر آباد کے نظم و نسق میں مداخلت کرنے یا حیدر آباد کے علاقہ میں فوج تعینات کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

نظام گورنمنٹ نے بیرونی عناصر کی تخریبی سرگرمیوں کے باوجود ریاست میں امن و قانون برقرار رکھا ہے اور وہ اپنے آپ کو صورت حال کا مقابلہ کرنے کے پوری طرح قابل سمجھتی ہے چنانچہ حیدر آباد گورنمنٹ ہند یونین کی جانب سے کسی بھی جارحانہ اقدام کو نہ صرف معاہدہ جاریہ کی خلاف ورزی سمجھے گی بلکہ حیدر آباد کی علاقائی یکجہتی اور بالادستی کے سراسر خلاف قانون قرار دے گی۔ حکومت حیدر آباد کی مخلصانہ امید ہے کہ حکومت ہند اس قسم کا اقدام کرنے سے باز رہے گی۔ کیونکہ اس سے سنگین نتائج پیدا ہونا یقینی ہیں اور حیدر آباد کے اندر اور باہر فرقہ وارانہ صورت حال انتہا درجے خراب ہو جائے گی۔

آپ کا مخلص: میر لائق علی

خط نمبر ۳ (دی۔ پی مینن کی طرف سے میر لائق علی کے نام)

نئی دہلی ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

ڈیر میر لائق علی

آپ کے ۱۰ ستمبر کے خط سے ظاہر ہوتا ہے کہ نظام گورنمنٹ حقائق کو ان کی اصلی شکل میں دیکھنا نہیں چاہتی ورنہ آپ کے خط میں اس قسم کے بیانات کا کوئی مطلب نہیں ہے۔

(۱) کہ رضاکاروں کی تحریک ہندوستانی علاقے سے حیدر آباد پر حملوں اور ہند یونین کی جانب سے مسلسل خطرے کے نتیجہ میں شروع ہوئی ہے۔

... ان افعال نے ریاست میں وسیع پیمانے پر افراتفری کا راج پھیل گیا ہے اور ہند یونین سے فوجی علاقوں میں بڑی گڑبڑ پھیل گئی ہے۔ حیدر آباد میں رضاکاروں کی سرگرمیاں ہندوستان کے فرقہ وارانہ امن کے لئے ایک خطرہ ہیں۔ صورت حال سے ثابت ہوتا ہے کہ نظام گورنمنٹ اس خشونت دار نہ نزاع کو ختم کرنے کا نہ ارادہ رکھتی ہے اور نہ طاقت اور حالات اس قدر نازک صورت حال اختیار کر گئے ہیں کہ رضاکاروں کی تنظیم اور اس کی تند اور وحشیانہ مہم کو ختم کرنے کے لئے فوری اقدام لازمی ہو گیا ہے۔

گورنر جنرل کا خط

ہز اکسلینسی گورنر جنرل ہند نے نظام کے نام اپنے خط مورخہ ۱۰ اگست میں تجویز کیا تھا کہ ریاست میں امن و امان بحال کرنے میں مدد دینے کے لئے سکندر آباد میں فوج تعینات کی جائے اور نظام نے اس تجویز کو اس بنا پر نامنظور کر دیا کہ ریاست کے اندر حالات معمول پر ہیں حکومت ہند اس نظریہ کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں۔ کیونکہ یہ تمام معلومہ حقائق کے خلاف ہیں حقیقت یہ ہے کہ اس وقت جب کہ یہ سطور لکھی جا رہی ہیں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ہندوستان کے خلاف حیدر آباد ... حکومت ہند ایک مرتبہ پھر حکومت حیدر آباد سے سنجیدگی کے ساتھ درخواست کرتی ہے کہ رضاکاروں کو فوراً منتشر کر دیا جائے اور ہندوستانی فوج کی اتنی تعداد کو جو ریاست میں امن و امان قائم رکھنے کے لئے کافی ہو سکندر آباد پہونچنے کی سہولتیں دی جائیں۔ حکومت ہند کی انتہائی امید ہے کہ حیدر آباد کی حکومت ان مطالبات کی فوری تعمیل کرنے کے قابل ہوگی۔ آپ کا مخلص

دی۔ پی مینن

خط نمبر ۲ (میر لائق علی کی طرف سے مسٹر دی۔ پی مینن کے نام)

حیدر آباد (دکن) ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

عزیز مسٹر مینن ...

یہ خبر بے بنیاد ہے کہ عرب ممالک حیدر آباد کی امداد کریں گے

مصر میں ہند کے سفیر ڈاکٹر سید حسین کا بیان!

قاہرہ ۱۳ ستمبر۔ مصر میں ہند کے سفیر ڈاکٹر سید حسین نے ایک بیان میں ان خبروں کو بے بنیاد بتایا ہے کہ ہند حیدر آباد تنازعہ میں عرب ممالک ہند یونین کے خلاف حیدر آباد کی حمایت کریں گے۔

ڈاکٹر سید حسین نے ایک نامہ نگار کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ گذشتہ چند ہفتوں سے یہ دیکھنے میں آ رہا ہے کہ قاہرہ اور اس کے قرب و جوار کے عرب ممالک کے روزناموں میں حیدر آباد کے حق میں زبردست پروپیگنڈہ ہو رہا ہے ...

حیدر آباد ایک اسلامی حکومت ہے ...

مغربی طاقتوں نے روس کو دھمکی دے دی

"برلن کے معاملہ پر گفت و شنید ختم کر دی جائے گی"

...

دی مغل لائن لمیٹڈ

ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز راں کمپنی

حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کیلئے امسال حسب ذیل جہازوں کا اعلان کرتی ہے

ایس۔ ایس۔ اکبر ———— ۴۰۴۳ ٹن
۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا۔

ایس۔ ایس۔ خسرو ———— ۴۰۴۳ ٹن
۲۳ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

ایس۔ ایس۔ جہانگیر ———— ۳۵۶۶ ٹن
۲۶ ستمبر کو بمبئی سے روانہ ہوگا

جہاز کا کرایہ مع خوراک

بمبئی تا جدہ واپسی

درجہ اول ———— ۱۰۷۵/- روپے
عرشہ ———— ۳۰۵/۸ روپے

اس جہاز میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فیٹ جگہ دی جائیگی۔ ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس۔ جدہ پر صفائی کے محصول اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۷۳ روپیہ آٹھ آنے ہوتی ہے۔

زائرین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہاز میں ان کی جگہ اندراج نہ ہو جائے اور کمپنی کی طرف سے انکو بمبئی پہنچنے کی ہدایت نہ دے دی جائے کیونکہ جہازوں میں جتنی جگہ تھی۔ وہ حاجیوں کو دیجا چکی ہے۔

ٹرنر مارسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

نظام کی طرف سے بین الاقوامی عدالت میں درخواست پیش کر دی گئی

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر لی کا اعلان

پیرس ۱۱ ستمبر۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگولی نے ۱۰ ستمبر کے ایک خط کی طرف سلامتی کونسل کی توجہ دلائی ہے جو حیدر آباد گورنمنٹ کی جانب سے موصول ہوا ہے اور جس میں درخواست کی گئی ہے کہ ہندوستان کے ساتھ اس کے تنازعہ کو بین الاقوامی عدالت میں پیش کیا جائے۔

اقوام متحدہ کے ایک اعلان میں اس امر کا انکشاف کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ چونکہ سکریٹری جنرل فیصلہ نہیں کرتے، آیا ضابطہ ... کے تحت انہیں اس خط کو گشت کرانا چاہیئے

اس لئے وہ اس کی طرف سلامتی کونسل کو توجہ دلاتے ہیں جو جیسی کارروائی مناسب سمجھے کرے گی۔

حیدر آباد گورنمنٹ کے سکریٹری جنرل مسٹر ظہیر احمد نے سکریٹری جنرل اقوام متحدہ مسٹر لی کے نام اپنے خط میں لکھا ہے کہ میری حکومت نے بین الاقوامی عدالت کے فیصلہ کی پابندی کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ بین الاقوامی انصاف کے کاز سے حیدر آباد کی وابستگی ثابت ہو جائے نیز ان دشواریوں میں جو ملوث ہند اور میری حکومت کے درمیان اٹھ کھڑی ہوئی۔

صوبہ بمبئی کی چھ سو میل لمبی سرحد پر پولیس متعین کر دی گئی

وزیر اعظم اور وزیر داخلہ بھی سرحدی اضلاع کے دورہ پر

بمبئی ۱۳ ستمبر۔ حکومت بمبئی نے ریاست حیدر آباد سے متصل تمام اضلاع میں اور تمام شہروں میں احتیاطی انتظامات کرلئے ہیں۔ ریاست کی چھ سو میل لمبی سرحد پر اسپیشل پولیس کی بہت بڑی تعداد متعین کر دی گئی ہے تاکہ ... کے حملوں کو روکا اور ان کا جواب دیا جا سکے۔ اس بات کا بھی انتظام کیا گیا ہے کہ جہاں بھی پولیس کی امداد کے لئے فوج کی ضرورت ہو فوراً وہاں روانہ کی جا سکے ...

خیال ہے کہ صوبہ بھر میں اسلحہ فروشی کی جتنی دوکانیں تھیں سب کو سربمہر کر دیا گیا ہے ضلعوں اور تعلقوں میں پولیس کی جمعیت میں اضافہ کر دیا گیا ہے فساد زدہ مقامات پر بھیجنے کے لئے مزید پولیس کا بھی انتظام کر لیا ہے حکام کو اس امر کی ہدایتیں دیدی گئی ہیں کہ امن میں خلل ڈالنے والی سرگرمیوں کو روکنے کے لئے سخت ترین کارروائی کریں ...

وزیر اعظم بمبئی مسٹر کھیر اور وزیر داخلہ مسٹر مرارجی ڈیسائی نے حال ہی میں سرحدی اضلاع کا دورہ کیا اور ان انتظامات کا معائنہ کیا۔

ہند میں قومی خدمت کا آرڈی نینس جاری کر دیا گیا

سابق فوجی ملازم کو کسی وقت بھی طلب کیا جا سکتا ہے

نئی دہلی ۱۲ ستمبر۔ گورنر جنرل نے آج ایک آرڈی نینس جاری کیا ہے جس کی رو سے سابق فوجی ملازمین کو ضرورت پڑنے پر ملازمت کے لئے طلب کیا جا سکیگا۔ اس کے اہم نکات یہ ہیں

ہر سابق فوجی ملازم کو قومی خدمت کے لئے بلایا جا سکیگا بشرطیکہ وہ بلائے جانے کے موقعہ پر حکومت ہند کے کسی دفتر میں شامل یا صوبجاتی یا کسی ریاست کے دفتر میں ملازم نہ ہو۔ وہ سابق فوجی ملازم جو اپنا پانچواں سال پورا کر چکے ہوں۔ ایک خاص دفعہ کے ذریعہ ان کو اس قانون سے مستثنیٰ قرار دیدیا گیا ہے۔ ہر وہ شخص جو عارضی ملازمت میں ہو اس کو قومی خدمت کے لئے روکا جا سکیگا۔ قومی خدمت سے ہندوستان کی فوجوں میں یا ...

... دستوں میں کام کرنا یا شہری ملازمتیں شامل ہیں۔ جن ملازم رکھنے والوں کے پاس سے ایسے ملازم جا کر فوج میں بھرتی ہوں گے قومی خدمت سے واپسی پر انہیں ان کو ویسی ہی ملازمت دینی ہوگی جس پر وہ خدمت پر جانے سے پہلے متعین تھے۔ جو لوگ اس قانون پر عملدرآمد کرنے سے گریز کریں گے ان کو چھ ماہ قید یا ایک ہزار روپیہ جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جا سکیگی۔

حیدر آباد کے معاملہ کا کسی فرقہ وارانہ معاملہ سے کوئی تعلق نہیں

ہندو مسلم اتحاد کے لئے مسٹر ٹنڈن صدر یو پی کانگریس کی اپیل

دہلی ۱۳ ستمبر۔ گذشتہ کل شام گاندھی گراؤنڈ میں مسٹر پی۔ ڈی ٹنڈن صدر یو پی کانگریس کمیٹی نے ایک جلسہ میں جو ادبی کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام منعقد ہوا تھا۔ تقریر کرتے ہوئے اپیل کی کہ وہ ملک کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار رہیں۔

آپ نے کہا۔ امتحان کا وقت آ گیا ہے اور اب ہر ہندوستانی شہری کا فرض ہے کہ وہ اپنی خدمات حکومت کے سپرد کر دے۔ آپ نے کہا کہ حیدر آباد کی صورت حالات بہت سنجیدہ ہو گئی ہے لیکن لوگوں کو چاہیئے کہ وہ ہر قیمت پر فرقہ وارانہ دوستی قائم رکھیں اگر وہ فرقہ پرستی کے شکار ہوئے تو وہ حکومت کے ہاتھ کمزور کریں گے ... حیدر آباد کے معاملہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

کشمیر کے بارے میں مسٹر ٹنڈن نے کہا کہ یہ حیدر آباد کے معاملہ سے بھی زیادہ مشکل ہے ابھی مجھے یقین نہیں ہے کہ یہ معاملہ حل ہو جائے۔ حکومت ہند کی طرف سے اقوام متحدہ کے کمیشن کے سامنے جو حقائق رکھے ہیں ان سے یقینی طور پر کمیشن متاثر ہوا ہے ...

(باقی صفحہ پر)

معمار پاکستان ـــــ قائد اعظم محمد علی جناح

جناح ہال

مسٹر جناح کے لارڈ ولنگڈن کی الوداعی تقریب کی شدت کے ساتھ مخالفت کی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بمبئی کے کانگریسی بھون کو "جناح ہال" بنا دیا گیا۔

۱۹۱۶ء میں جب کہ مسٹر جناح کی قانونی قابلیت کا ڈنکا بج رہا تھا۔ انہوں نے بال گنگا دھر تلک اور مسٹر بارسین کے خلاف بغاوت کے مقدمہ کی وکالت کی۔ یہ قانونی قابلیت کا بہترین نمونہ تھا مسٹر جناح ۱۹۱۶ء میں مسلم لیگ کے ترجمان تھے اس زمانہ میں لکھنؤ میں ایک پیکٹ ہوا جس پر مسٹر جناح نے لیگ کے نمائندہ کی حیثیت سے دستخط کئے یہ پیکٹ ۱۹۲۱ء کے آئین میں داخل کر لیا گیا۔

اتفاق ایسا ہوا کہ جب مہاتما گاندھی کے کانگریس میں داخل ہوتے ہی مسٹر جناح کانگریس سے الگ ہو گئے مسٹر جناح کی علیحدگی کی کئی وجوہات تھیں۔ مثلاً

مہاتما گاندھی جی کی عدم تعاون سے وہ متفق نہ تھے مسٹر جناح نے عدم تعاون کی تحریک کی مخالفت میں کسی تقریریں کیں اور فیصلہ کر لیا کہ وہ کانگریس سے علیحدہ ہو جائیں بالآخر مسٹر جناح ہندوستان کی سیاست سے تنگ آ کر انہوں نے انگلستان جا کر پارلیمنٹ کے ذریعہ ہندوستان کی آزادی کی لڑائی لڑنے کا ارادہ کیا چنانچہ وہ انگلستان چلے گئے اور کافی عرصہ وہاں مقیم رہے

۱۹۳۵ء کا ایکٹ

جب ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کا مسودہ تیار ہوا تو مسٹر جناح نے اس کے فیڈرل حصہ کی پرزور مخالفت کی۔ لیکن اس مخالفت کی بنا یہ تھی کہ مسٹر جناح اسے غیر معمولی اختیارات اور ...

قائد اعظم کی وفات پر دنیا بھر میں افسوس کیا گیا

مسٹر جناح کو خراج تحسین اور پاکستان کو تعزیتی پیغامات

لندن ۱۲ ستمبر: قائد اعظم کی وفات کا اعلان ہوتے ہی دنیا بھر سے تعزیتی پیغامات موصول ہونے شروع ہو گئے۔ ... کئی ممالک کے جھنڈے سرنگوں کر دیئے گئے۔ شاہ برطانیہ نے مس فاطمہ جناح کو مندرجہ ذیل تعزیتی پیغام ...

سیلون سے پیام تعزیت

وزیر اعظم سیلون کا پیام

امریکہ سے پیام تعزیت

ڈاکٹر سید حسین کا پیام

ڈاکٹر سید حسین نے کہا کہ مجھے اس واقعہ کے علم ہونے پر بڑا افسوس ہوا ان کے اور ہمارے ۲۵ سال تک دوستانہ تعلقات رہے۔ یہاں تک ہندوستان کی تقسیم کے مسئلے نے ہم کو جدا کر دیا۔ میں پاکستان سے اظہار تعزیت کرتا ہوں۔

ہائی کمشنر پاکستان کا بیان

برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر مسٹر حبیب ابراہیم رحمت اللہ نے کہا کہ "ملت" اپنے عظیم اور محبوب لیڈر اور بانی پاکستان کو بڑے سے بڑا جو خراج عقیدت پیش کر سکتی ہے وہ یہ ہے کہ ہم پاکستان کی اس خلوص اور عقیدت سے خدمت کریں جس کا وہ ایک زبردست نمونہ تھے

کراچی میں برمی سفیر یو۔ پی کمن نے پاکستان کے وزیر خارجہ مسٹر ظفر اللہ کو یہ پیغام دیا برما کی حکومت اور عوام کی طرف سے اس المناک موقعہ پر آپ کو اور حکومت پاکستان کو اور پاکستان کے عوام کو اپنے قلبی تاثرات اور رنج و اندوہ کا یقین دلاتے ہیں اپنے قیادت میں انہوں نے پاکستان کو عظمت کے راستہ پر ڈال دیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ جو لوگ اب زمام اقتدار سنبھالیں گے وہ بھی انہیں جذبات سے کام کریں گے آپکے اس المناک سانحہ میں ہم بھی آپ کے شریک ہیں

برما میں ماتم

قرار داد پاکستان

وزیر ہند

کیبنٹ مشن

لیگ کی وزارتیں

دوسری جنگ عالمگیر

لارڈ ماؤنٹ بیٹن ہندوستان کے پہلے گورنر جنرل ... اور قائد اعظم جناح پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بننے کا بھی اعلان ہو گیا تقسیم کے انتظامات ہونے لگے، لیگ نے پاکستان کا دارالسلطنت کراچی منتخب کیا مسٹر جناح ۷ اگست کو دہلی کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہہ کر کراچی چلے گئے۔ ۱۴ اگست کو ہندوستان کے آخری وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے شہنشاہ برطانیہ کے نمائندہ کی حیثیت سے ... اختیارات منتقل کئے اور ماؤنٹ بیٹن ... دہلی واپس آ گئے ... قائد اعظم جناح نے گورنر جنرل پاکستان کی حیثیت سے عہدہ کا حلف لیا ... جناح کی عمر کے ... سال پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا ...

مسٹر جناح کی وفات کا سرکاری اعلان

کراچی ۱۲ ستمبر حکومت پاکستان کا ایک اعلان ... قائد اعظم کی وفات کا اعلان کرتے ہیں ...

حیدر آباد کے لئے عنقریب نیا آئین تیار ہو گا

ڈاکٹر شوکت اللہ انصاری انقرہ کو

... کا مدرسہ

پاکستان اور ہندوستان کے درمیان اختلاف کی دیوار بنائی جائے

ایک پاکستانی اخبار کی دلچسپ تجویز

لاہور ۱۴ ستمبر۔ خلافت پاکستان گروپ کے ہفت روزہ آرگن خلافت پاکستان نے یہ دلچسپ تجویز پیش کی ہے کہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان سگفرڈ لائن اور ماژینو لائن کی طرح ایک اختلاف کی دیوار کھڑی کی جائے۔

ہندوستان سے ہر قسم کے تعلقات منقطع کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے مقالہ نگار نے لکھا ہے۔ کراچی سے لے کر کشمیر تک ایک خندق ہو جس کی چوڑائی ہو۔ ایک مٹی کی کچی دیوار جو پانچ فٹ چوڑی اور ۲۰ فٹ ...

مسٹر لنڈن کی اپیل

صفحہ ۳ سے آگے

عزام پاشا کا بیان

سہارنپور کی خبریں

پاؤں کٹ گیا

سہارنپور ... کے قریب جو گاڑی دہلی سے آتی ہے اس میں ایک شخص کا پاؤں کٹ گیا۔ واقعہ اس طرح ہوا کہ گاڑی ابھی اچھی طرح رکنے نہ پائی تھی کہ ایک مسافر نے گاڑی میں سے اترنے کی کوشش کی، نتیجہ میں اس کا پاؤں پھسل گیا۔ اور وہ گاڑی کے نیچے جا پڑا جہاں اس کا پاؤں کٹ گیا۔ زخمی کو فوراً اسپتال پہونچا دیا گیا۔

بارش کی کثرت

(نامہ نگار الجمعیۃ)

یوپی کی جیلوں میں اصلاحات کا نفاذ

قیدیوں کی تعلیم کے لئے زبردست انتظامات

لکھنؤ ... ستمبر۔ حکومت یوپی صوبہ کی جیلوں میں تعلیمی اسکیم ... کرنے کی تیاریاں کر رہی ہے۔ یہ اسکیم اپنی قسم کی پہلی اسکیم ہے۔ تمام جیلوں میں مختلف درجات کھولے جائیں گے ... تعلیم دی جائے گی ... اردو ... شائع کیا جائے گا ... قیدیوں کو ... کوئی ... ضرورت نہیں۔

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے
اردو کا ... سیاسی رسالہ
نئی زندگی
پڑھا کیجئے
ایڈیٹر سید انیس الرحمٰن
قیمت سالانہ ...
... نمونہ کے لئے ... آنہ کے ٹکٹ بھیجئے
مینیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد
... قوم کو ضرورت ہے

تعلیمی سب کمیٹی جمعیۃ علماء ہند کا اجلاس

جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس بمبئی میں تعلیمی مسئلہ سے متعلق جو تین تجاویز ... پاس ہوئی تھیں ان کے بارے میں تعلیمی سب کمیٹی نے اپنے اجلاس میں منعقدہ دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء میں ان تجاویز پر غور کیا۔

تجویز نمبر ۱ کا مفاد یہ تھا کہ ہندوستان میں بنیادی لازمی تعلیم کا جو مبارک قدم عنقریب اٹھایا جانے والا ہے اس میں بچوں کے لئے مذہبی تعلیم کی کیا شکل ہوگی۔

اس کے بارے میں سب کمیٹی نے دو تین عملی شکلیں تجویز کی ہیں اور ان کے قابل عمل ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں حضرت مولانا آزاد وزیر تعلیم حکومت ہند اور مسٹر سمپورنانند وزیر تعلیم حکومت یوپی سے گفت و شنید کیا جائے گی۔

تجویز نمبر ۲ کا حاصل یہ تھا کہ صوبہ یوپی میں ابتدائی اور انتہائی تعلیم میں اردو زبان کو جو ترجیح دی جا رہی ہے وہ قابل توجہ ہے۔ اور کانگریس کے بنیادی اصول اور جمہوریت کے لسانی نقطہ نظر کے خلاف ہے۔ سب کمیٹی نے طے کیا ہے کہ اس سلسلہ میں حکومت یوپی کے وزیر اعظم اور وزیر تعلیم سے گفت و شنید کر کے یہ کوشش کی جائے کہ اردو ہندی دونوں کو ہندوستانی زبان کی حیثیت میں ... رسم الخط میں کے ساتھ ... کلاس تک لازمی مضمون قرار دیا جائے۔ دونوں محترم وزراء سے اس گفت و شنید کے لئے سب کمیٹی نے ایک وفد بھی منتخب کیا ہے۔

تجویز نمبر ۳ کا حاصل یہ تھا کہ مدارس عربیہ دینیہ میں نصاب تعلیم، طریقہ تعلیم، امتحانات اور طلبہ کے داخلہ و اخراج کے بارے میں جو بدنظمی اور بے ترتیبی ہے اور دینی تعلیم پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے اس کی اصلاح و تنظیم کے لئے مشہور مدارس عربیہ کے ذمہ دار حضرات سے گفت و شنید کر کے ایک مرکزی کمیٹی کی تشکیل کی جائے جو ان امور کی نگرانی کرے۔

اسی سلسلہ میں سب کمیٹی کے اجلاس نے طے کیا ہے کہ سردست مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی متعلقہ حضرات سے خط و کتابت کریں اور ان کی تجاویز، خاکے نیز ان مشکلات کی تفصیل جو ان کی راہ میں حائل ہیں بہم پہنچائیں۔ اس کے بعد ... ایک بڑا اجتماع کر کے مناسب طریقہ ... مرکز کی صحیح تشکیل کی جائے۔

مولانا قاضی سجاد حسین صاحب صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتحپوری دہلی اور مولانا ضیاء الحق صاحب نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی ...

اس خط و کتابت کے سلسلہ میں مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کے معاون و شریک کار ہوں گے۔

جن حضرات نے اس جلسہ میں شرکت کی تھی ان کے نام یہ ہیں: مولانا احمد سعید صاحب، مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی، مولانا ابوالحسن علی صاحب ندوی شیخ التفسیر ندوۃ العلماء، مولانا سعید احمد صاحب اکبرآبادی، مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی، مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، مولانا محمد میاں صاحب ناظم، مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی، مولانا سجاد حسین صاحب، مولانا سید محمد جعفری صاحب، مولانا ضیاء الحق صاحب دہلوی، مولانا منظور احمد صاحب نعمانی، مولانا شفیق الرحمٰن صاحب قدوائی۔

حیدرآباد میں تمام اہم ناکوں پر فوج متعین کر دی گئی

ریاستی فوج اور ٹینکوں کی شہر حیدرآباد کے جنوب کو روانگی

حیدرآباد ۱۰ ستمبر۔ حیدرآبادی فوجوں کی نقل و حرکت شروع ہو گئی ہے ... میں فوجیں اور آرمرڈ کاریں شہر سے باہر جنوب کی طرف جاتی ہوئی دیکھی گئیں۔ حیدرآباد کی فضا اگرچہ خوف کا پہرہ پڑا ہوا ہے لیکن ... فوج کے حلقوں کی اطلاعات کے مطابق گذشتہ ہفتہ سے فوجیں پوری طرح مسلح ہیں۔

حکومت حیدرآباد کے ہندی حکومت کے سکندرآباد میں فوجیں متعین کرنے کے معاہدہ کو نامنظور کر دیا ہے۔ حیدرآباد کے فوجی افسروں کا کہنا ہے کہ ہر حملہ کا مقابلہ کیا جائے گا۔ اس نے کہا ریاست میں داخلی امن قائم رکھنے کے لئے ہر قسم کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ ہر جگہ پولیس کے پکیٹ ... بجلی وغیرہ کے ... پر فوج متعین کر دی گئی ہے۔ دیگر مقامات پر بھی داخلی ہزیمتی کے مقابلہ کے لئے فوج تیار کھڑی ہے۔

اس سے قبل کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ حکومت ہند کو حیدرآباد کے جواب سے مطلع کر دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے چونکہ حیدرآباد نے اس جواب میں حکومت ... کی سکندرآباد میں فوجیں رکھنے کی تجویز کو اس بناء پر منظور نہیں کیا کہ یہ معاہدہ جاریہ کی خلاف ورزی ہے۔ اور اس سے حیدرآباد کی علاقائی سالمیت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ دہلی میں صورت حالات کی نزاکت کا اور خصوصاً "حیدرآباد اور کراچی دوروں" کی وجہ سے پیدا شدہ خطرناک صورت حالات کا پورا پورا احساس کیا جا رہا ہے۔

باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ دوسری ڈومینین کے اس معاملہ میں دلچسپی لینے کی وجہ سے یہ مسئلہ اور زیادہ الجھ گیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اگلے تین چار ہفتے دونوں ڈومینینوں کے لئے بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ ملک کو معاشی بحران اور دوسرے مسائل درپیش ہیں۔ وہاں نے اور اہم واقعات کے امکان کے پیش نظر بالکل مانند ہو گئے ہیں۔ پنڈت نہرو نے اپنی پارلیمنٹ کی تقریر میں ان واقعات کی طرف اشارہ بھی کیا تھا۔ حیدرآباد کے مسئلہ میں پاکستانی لیڈروں کی گہری دلچسپی سے باخبر حلقوں میں بڑی دلچسپی پیدا ہو گئی ہے۔

حکومت سندھ ہندوؤں کو روکنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

تمام سرکاری ملازمین کو انتباہ۔ امتیازی سلوک کی سخت سزا

کراچی ۱۰ ستمبر۔ اس ہفتہ ... ہزار سے زائد ہندو اور سندھ ... ہندوستان چلے آئے۔ ہائی کمشنر نے ان ہندوؤں کو لانے کے لئے ۳ جہاز حاصل کئے ہیں۔ ایس ایس علوی کل پونے چار بجے ان سندھیوں کو لے کر روانہ ہو گیا۔ ایک ہزار مزید ایس ایس ہیرا دلی سے آج آ جائیں گے اور ۳ ہزار پیر کے دن ایس ایس کمپالا سے آ جائیں گے۔

جو لوگ علوی جہاز سے روانہ ہوئے بندرگاہ پہ ان کی بہت معمولی تلاشی لی اور اس طرح سندھ چھوڑ کر جانے والوں کو کسی پرمٹ لی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ سرکاری نامہ نگار ... اس وقت نقل مکانی کنندگان کا کیمپ بنا ہوا ہے جہاں تقریباً ۳ ہزار آدمی جمع ہیں۔ ایک ہزار ہندو سندھ کے مختلف حصوں سے کراچی جمع ہو رہے ہیں۔ ... کیمپ میں ۳ ہزار آدمی صرف حیدرآباد سندھ کے رہنے والے ہیں حیدرآباد سندھ تقریباً اس وقت ہندوؤں سے خالی ہو چکا ہے اور اب شہر میں ہندوؤں کی تعداد سو سے زیادہ نہیں ہے جنہوں نے ابھی تک پاکستان چھوڑنے کا ارادہ نہیں کیا ہے۔ ایک ہزار ... کیمپ میں پڑاؤ ڈالے ہوئے ہیں جو کراچی جانے کا انتظار کر رہے ہیں۔

سندھ سے ہندوؤں کی ہجرت اس سال کے شروع میں ہوئی تھی لیکن جب ان میں اعتماد ہو گیا تو اس ہجرت میں کافی کمی ہو گئی۔ مگر اب پھر ان لوگوں نے بڑی تعداد میں سندھ چھوڑنا شروع کر دیا ہے۔ فرقہ وارانہ اور سیاسی صورت حالات کے علاوہ اس بار ان کی ہجرت کی بڑی وجہ وہ سیلاب ہے جو سندھ میں آیا ہے۔ اب جبکہ سیلاب میں ان لوگوں کا بہت کچھ نقصان ہوا ہے انہوں نے سیلاب کے اترنے کے بعد اپنے مکانات کی از سر نو تعمیر کے مقابلہ میں ہندوستان ہجرت کر جانے کو ترجیح دی ہے۔ اس کے علاوہ ہو سکتا ہے کہ کشمیر کے متعلق غیر یقینی حالات اور یہ خوف کہ کہیں بین الملکی تعلقات خراب نہ ہو جائیں ان کی موجودہ ہجرت کی بڑی وجہ ہے۔

حکومت سندھ کی کوشش

دریں اثناء حکومت سندھ اس ہجرت کو روکنے کی ہر ممکن کوشش عمل میں لا رہی ہے۔ جمعہ کی شب کو ایک کمیونک میں حکومت سندھ نے تمام سرکاری ملازمین کو آگاہ کیا ہے کہ وہ کسی ہندو سے کوئی امتیازی سلوک نہ کریں اور ان کی حفاظت کرنے میں کسی حالت میں اپنے فرض سے غافل نہ ہوں۔ اس حکم کی خلاف ورزی کرنے والے کو عبرتناک اور نہایت سخت سزائیں دی جائیں گی۔"

باغیوں نے قبضہ کر لیا

رنگون ۱۰ ستمبر۔ برما کی ایک گشتی ساحلی کشتی "... " آج گم ہو گئی۔ اس واقعہ کی تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔ لیکن اسبات کا یقین کیا جاتا ہے کہ اس پر باغیوں نے قبضہ کر لیا۔ رنگون کی اطلاع مظہر ہے کہ ... پیگو، ٹونگو، پروم، ... اور ... میں مارشل لاء لگا دیا گیا۔

فسادات میں گم شدہ بھائیوں بہنوں کی تلاش

مسماۃ رقیہ زوجہ مولوی عبدالرزاق صاحب
ولی اللہ ... لطف اللہ پسران عبداللطیف
زیب النساء بنت مولوی عبدالرزاق صاحب
عزیزہ زوجہ حافظ بشیر الدین
نفیسی زوجہ عبدالحمید ... عبدالرشید
شریف احمد، سعید احمد، رشیدہ زوجہ نظام الدین
اقبال بنت نظام الدین

مذکورہ بالا اشخاص جن میں ... بچے نارنول پٹیالہ میں رہتے تھے اور مولانا عبدالرزاق صاحب کے خاندان سے متعلق تھے۔

(۱) اصغری بیگم بنت عبدالرحیم ساکن نابھہ ...
(۲) مسماۃ ... دختر یقین الدین زوجہ ... خاں عمر ۲۰ سال (۳) بسم النساء ... دختر ... خاں عمر ۱۲ سال (۴) ... عمر ۶ سال
(۵) اقبال احمد ولد ... عمر ۳ سال
(۶) اختری زوجہ شجاع الدین عمر ۱۸ سال
(۷) بسم اللہ زوجہ شبیر خاں عمر ۴۰ سال
(۸) ظہور زوجہ عبدالرحیم عمر ۴۰ سال

یہ سب ساکن محلہ اسلام پورہ نارنول پٹیالہ کے رہنے والے ہیں۔

(۹) رقیہ خاتون دختر عبدالستار عمر ۱۰ سال
(۱۰) رابعہ دختر عبدالستار عمر ۱۳ سال
(۱۱) آمنہ دختر ... عمر ۱۴ سال

یہ سب نارنول ریاست پٹیالہ کے باشندے ہیں۔

مذکورہ بالا تمام مرد، عورتیں اور بچے پچھلے فسادات کے زمانہ میں اپنے گھروں سے بے وطن ہو گئے۔ اور آج تک لاپتہ ہیں۔ ان کے اقارب ان کی گمشدگی سے انتہائی پریشان ہیں۔ اگر کوئی صاحب ان میں سے کسی کے متعلق بھی کچھ معلومات رکھتے ہوں تو فوراً مجھے مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ ان کے اقارب کو اطلاع کر سکوں۔

سید انیس الحسن دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

حیدرآبادی فوج کے انگریز افسر

حیدرآباد ... ستمبر۔ حکومت حیدرآباد کے ... پر حکومت ہند سے جنگ چھڑ جانے پر انگریزوں کو فوجی ملازمت سے ... جیسا کہ حیدرآبادی فوج میں بعض انگریز افسروں نے ... [illegible]

حیدرآباد کے خلاف حکومت کا ساتھ دو

اشوک مہتہ کی مزدوروں سے اپیل

بمبئی ۱۲ ستمبر۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر اشوک مہتہ نے کل مزدوروں سے اپیل کی کہ اب جبکہ حکومت نے حیدرآباد کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے وہ ہڑتالیں چھوڑ کر اپنی حب الوطنی کا اظہار کریں۔ پچھلے دنوں کے واقعات ... حکومت حیدرآباد کے خلاف جلد ہی فوجی کارروائی کرے گی۔ قومی ہنگامی حالات کے دوران میں مزدوروں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کوشش میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ڈالیں اور جمہوریت کی فوجوں کی ... اپنی ... کو برقرار رکھیں۔

حیدرآبادی وفد کراچی میں

کراچی ۱۲ ستمبر۔ ... اقوام کی جنرل اسمبلی میں ریاست حیدرآباد کا جو وفد جا رہا ہے وہ کل ... کراچی پہونچ گیا۔ حیدرآباد کے وزیر خارجہ ... نواب معین نواز جنگ اس وفد کے لیڈر ہیں۔ اس وفد کے سکریٹری ... ہیں۔ وفد آج صبح لندن روانہ ہونے والا تھا۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

قسم کے ... سامان متعلقہ چشمہائے ہمارے ہاں ... سستے نرخ پر کفایت ملتا ہے۔

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین، بلیماران، چاندنی چوک دہلی

غرباء کی آنکھوں کے ہر مرض کا مفت علاج

... پوشیدہ امراض کا نیز دمہ کھانسی بواسیر ... کا حکیمی علاج ... دواخانہ حکیم محمد حبیب الرحمٰن قریشی کلکتہ والے جنگلی قبرا مندوں پھاٹک ... دہلی

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

۱ اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
۲ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی مع توضیحی عبارات
۳ حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
۴ تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
۵ ہر صورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمٰن صفوری)
۶ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
۷ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
۸ تفسیر ابن کثیر، معالم، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
۹ جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری و باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک مقدمہ بھی ہے۔
۱۰ خط خوشنما، صاف، روشن تقطیع نہایت موزوں ۲۶×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے مجلد چری کلکتہ کی جلد سات روپے چار آنہ معجز نما حمائل شریف ... غیر مجلد دس روپے ...

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

تپدق اور پرانے بخارات جبری

مریضو! اب بھی سمجھو اور فوراً جبری کا استعمال کر کے دس روز میں ہی کرشمہ دیکھو ...

[illegible]

رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ بینکرز (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب) E.P.

سرمہ مقوی بصر ... قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنے
سرمہ اصلاح چشم ... قیمت فی شیشی تین ماشے تین روپے
سفوف شجاعی ... قیمت چالیس خوراک دس روپے
حب شمسی ... قیمت کل خوراک سات روپے
حب مسیحی ... قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنے
حب شیر بیشن ... قیمت فی شیشی دس گولیاں دو روپے
سفوف سلطانی ... قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور یوپی

ہیضہ (یعنی) کالرا سے بچو

آج کل ملک میں ہیضہ (یعنی کالرا) کی وبا پھیلی ہوئی ہے۔ چاروں طرف یہ موذی مرض نظر آ رہا ہے۔ اس مرض سے محفوظ رہنے کے لئے

امیکو ڈراپ ہر گھر میں رکھیں

ہیضہ یعنی کالرا کے لئے یہ بہت کامیاب دوا ہے مرض کی ابتدائی حالت میں دو تین ہی خوراکوں میں مرض کی شکایت جاتی رہتی ہے۔ یہ دوا قاطع جراثیم ہے۔ وبائی زمانہ میں تندرست آدمی بھی چند قطرے استعمال کرتا ہے تو مرض سے محفوظ رہتا ہے۔

امیکو ڈراپ جادو اثر دوا ہے اس کے فوائد حیرت انگیز ہیں۔ اس دوا کا ایک ایک قطرہ آب حیات ہے ذیل کے امراض میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے:

(۱) موسمی اور وبائی امراض (۲) ہیضہ یعنی کالرا (۳) شکمی امراض (۴) ہاضمہ کا فتور (۵) پیٹ پھولنا (۶) کھٹی ڈکاریں آنا (۷) پیچش و مروڑ (۸) ضعف معدہ (۹) کھانا ہضم نہ ہونا (۱۰) دستوں کا ہونا (۱۱) سینہ (چھاتی) جلنا (۱۲) درد سر (۱۳) درد شکم (۱۴) درد گردہ (۱۵) جسمانی دردوں وغیرہ کے لئے تیر بہدف دوا ہے۔

ہر گھر میں، سفر میں امیکو ڈراپ رہنا چاہئے

قیمت ... تین شیشیاں سات روپے بارہ آنہ علاوہ محصول
... بارہ آنہ ... پانچ روپیہ
... ایک روپیہ ... دو روپیہ بارہ آنہ

ہر قسم کے علاج کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ... اسٹریٹ کلکتہ ۱ انڈیا

کراچی کے میدان نمائش میں قائد اعظم سپرد خاک کر دیئے گئے

تدفین کے وقت ہوائی جہازوں نے سلامی دی اور پھول برسائے

قائد اعظم کے بغیر کراچی شہر رنج والم کی گھٹا میں منگل کے دن ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی ہوگی

کراچی ۔ ۱۳ ستمبر ۔ قائد اعظم محمد علی جناح کل شام ۶ بجکر ۲۴ منٹ پر فوجی اعزازات کے ساتھ سپرد خاک کر دیئے گئے ۔ حکومت نے چالیس روز تک "قومی ماتم" منانے کا حکم دیا ہے ۔ تقریباً چھ لاکھ آدمیوں، عورتوں اور بچوں نے جنازے میں شرکت کی ۔

لوگوں کے دل امنڈے آ رہے تھے اور ہزاروں لوگ دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے ۔ قائد اعظم کی تدفین کا اس قدر رقت انگیز منظر تھا کہ اسے بیان نہیں کیا جا سکتا ۔ جم غفیر پر سناٹا سا چھا گیا جب کسی نے یہ چلا کر کہا "ہائے یتیم قوم بانی و معمار پاکستان کو آخری نذرانہ عقیدت پیش کر رہی ہے" ۔

سہ پہر کے تین بجے گورنر جنرل ہاؤس کے صدر دروازے سے مرحوم ہز ایکسیلنسی قائد اعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان کا جنازہ اٹھایا گیا ۔ تین میل تک انسانوں کے سر ہی سر نظر آتے تھے ۔ جنازہ بصد احترام وکٹوریہ روڈ، ایلفنسٹن روڈ اور گارڈن روڈ سے آہستہ آہستہ گزرتا ہوا بندر روڈ کے میدان نمائش میں جہاں کہ ایک جامع مسجد بنانے کی تجویز ہے ۔ پہنچ گیا ۔ تمام راستہ میں دونوں طرف بحری فوج کے آدمی بازوؤں پر سیاہ پٹی قطار بنائے ہوئے تھے ۔

جنازہ کے جلوس کے سب سے آگے تین پولیس افسر موٹر سائیکل پر چل رہے تھے ان کے پیچھے مسلح پولیس کا ایک دستہ اس کے پیچھے ۔ پاکستان کی بحری، بری اور ہوائی فوج کے دستے چل رہے تھے ۔

محافظ دستہ

شاہی پاکستان ہوائی فوج میں سے زیادہ انگریز شامل تھے اور اس کے بعد گورنر جنرل کا محافظ دستہ توپ گاڑی جس میں قائد اعظم کی نعش رکھی ہوئی تھی کے ساتھ چل رہا تھا ۔ گاڑی کے دونوں طرف جسے بحری فوج کے آدمی کھینچ رہے تھے ۔ ایک ہی بیٹے کے دو رشتہ دار چل رہے تھے ۔

جنازہ کے پیچھے قائد اعظم جناح کی ہمشیرہ مس فاطمہ جناح ایک کار میں تھیں ۔ وہ فرط غم سے خاموش تھیں ۔

مس فاطمہ جناح کی کار کے پیچھے بحری، بری اور ہوائی فوجوں کے کمانڈر انچیف، غیر ممالک کے سفراء اور دوسرے سول اور فوجی بڑے بڑے افسر تھے ۔ ان کے بعد

پیدل فوج کا ایک دستہ تھا اس دستے کے پیچھے پولیس اسکاؤٹس، پولیس اور مختلف جماعتوں کے رضاکاروں کے دستے جا رہے تھے ۔ اظہار ماتم کے لئے ان کے ہاتھوں میں سیاہ پرچم لہرا رہے تھے ۔ ان کے بعد لوگوں کا بے پناہ ہجوم جو قائد اعظم کے آخری دیدار کا متمنی تھا چل رہا تھا ۔ اگرچہ ہر احتیاط قائم رکھی جا رہی تھی ۔ اس کے باوجود کبھی کبھی پولیس اور بحری فوجیوں کی لائن ٹوٹ جاتی تھی ۔ راستہ بھر لوگ والہانہ انداز میں "اللہ اکبر" "قائد اعظم زندہ باد" اور "پاکستان پائندہ باد" کے نعرے لگا رہے تھے ۔ غرض چاروں طرف ایک ہوک سی اٹھتی دکھائی دیتی تھی ۔

نمائش کے میدان میں

شام کے پہلے پانچ بجے تک جنازہ کا جلوس نمائش کے میدان میں پہنچ گیا ۔ ٹھیک پانچ بجے مولانا شبیر احمد عثمانی نماز جنازہ پڑھانے آگے بڑھے ۔ بے شمار معتقدین اس تاریخی نماز میں شرکت کی ۔ اس کے بعد جنازہ مدفن کی طرف لیجایا گیا ۔

ہوائی جہازوں کی سلامی

سفید کفن آہستہ آہستہ نیچے اتارا جا رہا تھا ۔ پاکستان کی ہوائی فوج کے چھ ہوائی جہاز پرواز کر رہے تھے ۔ اب انہوں نے فضائی آسمانی سے جنازہ کی طرف آ کر قائد اعظم کو سلامی دی اور جنازہ کے دفن ہونے تک پھولوں کی بارش کرتے رہے ۔ چھ بجکر چوبیس منٹ پر مرحوم قائد اعظم کو آغوش لحد میں رکھ کر دفن کر دیا گیا ۔

قبر پر ہزاروں آدمیوں نے پڑھ پڑھ کر پھول ڈالے ۔ رات گئے تک لوگ بے پناہ غم اپنے دلوں میں لئے ہوئے گھروں کو لوٹے ۔

کراچی کی حالت

تمام شہر کراچی پر وحشت برستی رہی ۔ کاروبار بالکل بند تھا ۔ سڑکوں پر ٹرام، ٹیکسی، گھوڑا اور اونٹ گاڑیوں اور سائیکلوں کی آمد و رفت نام کو نہ تھی ۔

فاتحہ خوانی

ایک اطلاع میں کہا گیا ہے کہ ایصال ثواب کے لئے منگل کے دن صبح ۸ بجے اور ۱۰ بجے کے درمیان تمام پاکستان اور دنیا کے دوسرے مقامات پر فاتحہ خوانی ہوگی ۔

ہندوستان میں جھنڈے سرنگوں کر دیئے گئے

گورنر جنرل پاکستان کی موت پر اظہار غم

بمبئی ۱۳ ستمبر ۔ کل شام ون بمبئی میں مسٹر جناح کے احترام میں جھنڈے سرنگوں رہے ۔ بمبئی میں مسٹر جناح کی وفات کی خبر بڑے افسوس کے ساتھ سنی گئی ۔ بمبئی کے بعض اخبارات نے مسٹر جناح کی سیاسی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے اخبارات میں کالی پٹیوں کے ساتھ مسٹر جناح کے انتقال کی خبر شائع ہوئی ۔ مسلم یادگار ہاؤس پر سرکاری جھنڈا سرنگوں کر دیا گیا ۔

پونہ ۔ مسٹر کھیر نے پونہ میں قائد اعظم کی رحلت کے بارے میں ایک بیان دیا ۔ مسٹر کھیر کے قائد اعظم سے گہرے ذاتی تعلقات تھے ۔ انہوں نے ایک تعزیتی پیغام بھی بھیجا ۔ پونہ میں بھی تمام جھنڈے سرنگوں کر دیئے گئے ۔ مہاراشٹر کانگریس نے مسٹر جناح کی وفات پر ایک ریزولیوشن بھی پاس کیا ۔ بڑودہ میں بھی جھنڈے سرنگوں کر دیئے گئے ۔

کلکتہ ۔ کلکتہ میں مساجد میں نماز مغرب کے بعد قائد اعظم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی ۔ کلکتہ کی عمارتوں اور پبلک عمارتوں پر جھنڈے سرنگوں کر دیئے گئے ۔

علی گڑھ ۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ بند کر دی گئی ۔

عمارتوں کے پرچم سرنگوں کر دیئے گئے ۔ سب سے پہلے گورنمنٹ ہاؤس پر گورنر جنرل کا پرچم سرنگوں کیا گیا ۔ شام کو حکومت ہند کی طرف سے پالیسی معمولی گزٹ جاری کیا گیا ۔ حکومت ہند نے قائد اعظم جناح گورنر جنرل پاکستان کی وفات کی خبر بڑے رنج کے ساتھ سنی ۔ ان کی یاد کے احترام میں اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ آج تمام سرکاری عمارتوں پر جھنڈے سرنگوں کر دیئے جائیں ۔

گورنر جنرل کے سکریٹری مسٹر شاستری کل شام ہائی کمشنر پاکستان کے دفتر میں مسٹر جناح کی تعزیت کے لئے گئے ۔ مسٹر جناح کے احترام میں گورنر جنرل نے سفیروں کو جو دعوت دی تھی وہ ملتوی کر دی گئی ۔ ملک کے سفراء نے ہائی کمشنر پاکستان کے دفتر جا کر اظہار تعزیت کیا ۔

مسٹر ماؤنٹ لنکر کا پیغام

دہلی میں ماتم

دہلی ۱۳ ستمبر ۔ کل صبح قائد اعظم محمد علی جناح معمار پاکستان کی وفات کی خبر جس کسی نے سنی اسے سخت صدمہ ہوا ۔

گم شدہ کی تلاش

مسٹر گیبن کا بیان

تعزیتی پیغامات

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

سے زیادہ تھی ۔

گورنر مشرقی پنجاب کا پیغام

سر چندولال ترویدی نے سندھ میں پاکستان کا ڈپٹی ہائی کمشنر کو مشرقی پنجاب حکومت اور اپنی طرف سے ہمدردی کا پیغام دیا ہے اور کہا ہے کہ قائد اعظم کی موت سے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔

نور الامین کا اپیل

اقوام متحدہ کی کانفرنس میں پاکستانی ڈیلی گیشن کے نائب لیڈر مسٹر نور الامین نے آج صبح ڈھاکہ سے بذریعہ ہوائی جہاز کراچی روانہ ہونے سے پیشتر کہا کہ قائد اعظم کی موت کی خبر ایک زبردست صدمہ ہے ۔ پاکستان نیشنل کانگریس کے صدر مسٹر سرش چندر داس گپتا نے کہا ہے کہ قائد اعظم کی اچانک موت قوم کے لئے بھاری صدمہ ہے ۔

سردار عبد الرب نشتر نے کہا کہ مسٹر جناح کے معاصرین میں ایک سب سے بڑی شخصیت اور مسلمانوں میں موجودہ زمانہ کی سب سے بڑی شخصیت ہونے کی وجہ سے ہم اس لحاظ سے بڑے خوش قسمت ہیں کہ ہم کو اپنی تاریخ کے نازک دور میں ان جیسا رہنما ملا ۔ اگرچہ ان کا جسم اس وقت ہمارے درمیان نہیں ہے ۔ لیکن ان کی روح ہم کو ہمیشہ پاکستان کی مخلصانہ خدمت کی دعوت دیتی رہے گی ۔ مسٹر عبد العلیم غزنوی نے کہا قائد اعظم کی وفات سے پاکستان بلا سرپرست ہو گیا ہے ۔ اسلامی دنیا نے اپنی حیات تو کھو دی کھو دیا ہے ۔ اور دنیا ایک مفکر سیاست داں سے محروم ہو گئی ہے ۔ روزولٹ کی موت کی طرح یہ بڑی دردناک موت ہے ۔ ایک ایسے آدمی کی حیثیت سے جو دنیا بھر کے کروڑوں آدمیوں کی امیدوں کا مرکز تھا ۔ ان کی موت سے ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ۔

مسٹر عبد الرحیم صدیقی ہندوستان یونین لیجسلیٹو اسمبلی کے سابق ممبر نے کہا کہ پاکستان کی بابت ہندوستانی خواہ کوئی کچھ ہی سوچے ۔ وہ آج مسٹر جناح کی عزت میں بڑے احترام کے ساتھ عقیدت کا اظہار کرے گا ۔ وہ بہت بڑے محب وطن اور بہت بڑے آدمی تھے ۔

مسٹر بھوپنکر کا پیغام

مشرقی بنگال ۔ مشرقی بنگال اسمبلی میں حزب مخالف کے لیڈر مسٹر بسنت کمار داس نے کہا پاکستان اور ہندوستان کے ہر آدمی کو اس حادثہ سے سخت صدمہ ہوگا ۔ معمار پاکستان کی وفات ناقابل تلافی نقصان ہے ۔

مولانا اکرم خاں سابق صدر بنگال مسلم لیگ نے کہا ۔ قائد اعظم کی وفات ایک ناقابل بیان المیہ ہے یہ دنیائے اسلام کو سخت صدمہ ہوگا ۔ قائد اعظم کی وفات صرف ایک قومی نقصان ہی نہیں بلکہ ہر ایک کا ذاتی نقصان بھی ہے ۔

مسٹر حسین بھائی لال جی صدر آل پارٹیز شیعہ کانفرنس نے کہا ۔ مجھے مسٹر جناح کی موت سے سخت صدمہ ہوا وہ میرے فرقہ سے تعلق

سری پرکاش کا پیام

پاکستان میں ہندوستان کے ہائی کمشنر مسٹر سری پرکاش نے ایک تعزیتی پیغام میں کہا ۔ ہماری تاریخ کے اس نازک دور میں قائد اعظم کی رحلت سے ایک زبردست شخصیت ہمارے درمیان سے اٹھ گئی ہے ۔ دنیا اور زیادہ غریب ہو گئی ہے موت کے بعد یہ اختلافات ختم ہو جاتے ہیں اس حادثہ سے

ڈاکٹر لوہیا نے فرمایا اس دنیا کی باتیں مرگ الم انگیز ہیں ۔ وہ قومی نظریہ اس کے مصنف کی آنکھیں کھول دیں اور اس کا برا انجام ہوا ۔ اس سے لاکھوں ہندو و مسلمانوں کو سخت تکلیفیں برداشت کرنی پڑیں ۔

نر نیدر دیو سوشلسٹ لیڈر نے فرمایا مسٹر جناح کی وفات سے پاکستان کو سخت نقصان پہنچا ۔ مجھے پاکستان کے عوام سے ہمدردی ہے ۔

لاہور ۔ ۱۳ ستمبر ۔ مسٹر جناح کی اچانک وفات سے لاہور میں پاکستانی لیڈروں اور عوام کو سخت صدمہ ہوا ۔ جنگل کی آگ کی طرح یہ خبر مشہور ہو گئی ۔ اور اخبارات اور خبر رساں ایجنسیوں کے دفاتر میں خبر کی تحقیق کے لئے ٹیلیفون کا تانتا بندھ گیا ۔ گورنر مغربی پنجاب اور ان کی لڑکی نے مس فاطمہ جناح کو تعزیتی پیغام روانہ کئے ۔ لاہور میں مقیم امریکہ کے سفیر اور برطانیہ اور ہندوستان کے ہائی کمشنروں نے گورنر کے پاس جا کر اظہار تعزیت کیا ۔

ہڑتال

صبح کو نکلنے والے اخبارات نے کالے بارڈروں کے ساتھ قائد اعظم کے انتقال کی خبر کو جلی حرفوں میں چھاپا اور وہ صبح کو دو گھنٹے لیٹ نکلے ۔

پورے مغربی پنجاب میں کل بھی ہڑتال رہی اور آج بھی ہڑتال ہے ۔ شاہی مسجد اور دوسری مساجد میں قائد اعظم کی نماز غائبانہ پڑھی گئی اور لاکھوں کی تعداد میں لوگوں نے حصہ لیا ۔

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھئے

حیدرآباد کی فوجوں نے اپنے دفاعی مورچے سنبھال لئے

ہندوستانی فوج کسی وقت بھی حملہ کر سکتی ہے

ہندی فوجیں صرف حکم کی منتظر کھڑی ہیں

پونہ ۱۳ ستمبر ۔ حکومت نظام کی طرف سے حکومت ہند کے اس مطالبہ کو کہ ہندی فوجیں سکندرآباد میں تعینات کی جائیں ۔ مسترد کئے جانے کے بعد یہاں یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ اب پوری طرح تیاریاں ہو چکی ہیں اور صرف اس بات کا انتظار ہے کہ کب ہندی فوجوں کو کوچ کا حکم ملتا ہے ۔ سرحدی علاقوں میں کافی تشویش پائی جاتی ہے اور وہاں کے باشندے اس بات کے منتظر ہیں کہ دیکھئے کب کارروائی شروع ہوتی ہے ۔

شہر کی خبریں مظہر ہیں کہ نظام کی فوجوں نے سرحد کے تقریباً میل اندر اپنے دفاعی مورچے سنبھال لئے ہیں ۔ یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ بعض علاقوں میں حیدرآبادی فوجیں اپنے مورچوں سے ہٹ گئی ہیں ۔ انہوں نے سرحد کے تین میل اندر سنبھال رکھے ہیں ۔ حیدرآباد میں فوجوں کی نقل و حرکت دیکھی جا رہی ہے ۔ اور فوجوں سے بھری ہوئی گاڑیاں مسلح رضاکاروں کے ساتھ جنوب کی جانب شہر سے باہر جاتی ہوئی دیکھی گئی ہیں ۔ اگرچہ حیدرآباد کی فوجی تیاریوں کے بارے میں قطعی طور پر رازداری سے کام لیا جا رہا ہے لیکن اسٹیٹ آرمی کے حلقوں سے پتہ چلا ہے کہ کچھ عرصہ سے فوجوں کی پوری طرح تیاریاں عمل میں لائی جا رہی ہیں ۔ پولیس کے دستوں کی تعداد ہر جگہ دگنی کر دی گئی ہے اور فوجی دستوں کو ضروری مقامات کی حفاظت کے لئے بھیج دیا گیا ہے ۔ اور بہت سی فوج ان لوگوں کو دبانے کے لئے تیار کھڑی ہے جو حیدرآباد شہر اور دیگر مقامات پر گڑبڑی پیدا کر سکتے ہیں ۔

انڈو پاکستان یونٹی فرنٹ کے ممبر نے سفر ملتوی کر دیا

لندن ۱۳ ستمبر ۔ مسٹر معین الحق منیجنگ کمیٹی انڈو پاکستان یونٹی فرنٹ و سوبھاش سوسائٹی لندن جو بذریعہ ہوائی جہاز ہندوستان روانہ ہونے والے تھے انہوں نے قائد اعظم مسٹر جناح کی وفات کی بنا پر اپنی روانگی ملتوی کر دی ۔ پاکستان لیگ کی طرف سے مجھے یہ کام سونپا گیا تھا کہ میں خان عبد الغفار خاں کی رہائی کے لئے گورنر جنرل کے روبرو درخواست پیش کروں اس طرح سوبھاش سوسائٹی کی طرف سے مشرقی اور مغربی بنگال کے اتحاد کے لئے مسٹر ناظم الدین کے سامنے درخواست پیش کرنے کا کام سپرد کیا گیا تھا ۔ مسٹر حق نے کہا کہ اب میں دونوں جانشینوں کی امید رکھتے ہوئے نئی ہدایات لینے کے سلسلہ میں ملاقات کر رہا ہوں توقع ہے کہ دو ہفتہ بعد ہندوستان چل دوں گا ۔

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر تجارت کو فروغ دیجئے

"منیجر"

ملک کا مشہور و معروف ناگ مارکہ خضاب جو چند منٹ میں بڈھے کو نوجوان بنا دیتا ہے ہر جگہ ملتا ہے ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت! سالانہ چالیس روپے — ششماہی بیس روپے — سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۱ ذی قعدہ ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۱۶ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۱۹ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

روغن اکسیر دماغ

ہلال فارمیسی دیوبند

حیدرآباد میں ہندوستانی فوجیں سب موچوں پر آگے بڑھ رہی ہیں

حیدرآباد کے عوام ہندی فوجوں کا شاندار استقبال کر رہے ہیں

نظام کی فوجوں میں گھبراہٹ پھیلنے لگی

صبر و تحمل کا ثبوت دو

ناگپور ۱۴ ستمبر۔ پنڈت ڈی پی مصرا وزیر داخلہ حکومت سی پی نے ایک پریس کانفرنس میں اخبار والوں سے اپیل کی کہ وہ انتہائی صبر و تحمل کا ثبوت دیں اور حیدرآباد کے متعلق صرف وہی خبریں چھاپیں جو اس سلسلہ میں حکومت ہند کی وزارت دفاع کی طرف سے جاری کی جائیں۔

انہوں نے کہا اس نازک موقعہ پر ایسی کوئی بات نہ کہنی چاہیے کہ جس سے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر فرقہ وارانہ ہنگاموں کو تقویت پہونچے۔ پنڈت مصرا نے اخبارات کے ایک طبقہ کو سخت تنبیہ کی کہ اگر انہوں نے اپنی غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا تو حکومت ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور انہیں سزا ملے گی۔



ورنگل میں فوجی ٹھکانوں پر ہمارے طیاروں کی کامیاب بمباری

رضاکار جان بچانے کے لئے درختوں پر چڑھ گئے

(باقی صفحہ ۲ کالم اول پر)

فلسطین میں عرب لیگ کی اپنی فوج موجود ہے

اسکندریہ ۱۳ ستمبر۔ عرب لیگ کے سکریٹری جنرل عبدالرحمان عزام پاشا نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ فلسطین میں عرب لیگ کی اپنی فوج موجود ہے۔ اس فوج میں یوگوسلاویہ، سوڈان، مراکش، یمن اور فلسطین کے باشندے شامل ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ فوج مصری فوج کے علاوہ کسی دوسری عرب فوج سے کم درجہ کی نہیں ہے جب وقت آئیگا تو یہی آزادی کی فوج فلسطین کی فوج ہوگی۔

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا تعزیتی پیغام

یروشلم میں یہودیوں کی بمباری

پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتاریاں شروع ہو گئیں

سورت میں بمبئی اسمبلی کے ایک ممبر کو پکڑ لیا گیا جبل پور میں سو گرفتار

سورت ۱۴ ستمبر۔ ضلع سورت میں تمام مشتبہ اشخاص کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ گرفتاریوں کی یہ مہم گذشتہ شب کے وقت شروع ہوئی۔ مسٹر عبدالقادر جو بمبئی اسمبلی کے ایک ممبر ہیں، انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ ... اب تک بیس اشخاص کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔

جبل پور میں ایک سو مسلمان گرفتار

احمد آباد

احمد آباد ۱۴ ستمبر۔ ۱۴۹ اشخاص جن میں بارہ مسلم لیگی شامل ہیں پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کرلئے گئے۔

وزیر اعظم پاکستان نے ریاستوں کا محکمہ اپنے ہاتھ میں لے لیا

کراچی ۱۴ ستمبر۔ گذشتہ شب حکومت پاکستان کے گزٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ پاکستان کا ریاستی محکمہ اور سرحدی علاقوں کا انتظام ۱۴ ستمبر سے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں ...

دس مسلم لیگی گرفتار

بروچ میں گرفتاریاں

پنڈت جواہر لال نہرو کا عزم بمبئی

اڑیسہ نے مکمل تعاون کا یقین دلایا

خواجہ ناظم الدین آج اپنے عہدہ کا حلف اٹھائیں گے

پاکستان کی طرف سے سرکاری طور پر اعلان کر دیا گیا

کراچی ۱۴ ستمبر آج دس بجکر دس منٹ پر سرکاری طور پر اعلان کر دیا گیا کہ خواجہ ناظم الدین پاکستان کے گورنر جنرل مقرر کئے گئے ہیں۔

مدراس کا اجلاس

اودھ ترہت ریلوے پر دو سواری گاڑیوں کا خوفناک تصادم

اٹھ اشخاص ہلاک و مجروح ہو گئے

کحل بقائی — دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان بقاوالوں کی مایہ ناز ایجاد۔ آنکھوں کی تمام شکایات کے لئے اکسیر اور تندرست آنکھوں کا محافظ ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ — دواخانہ بقائی حبلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۶ ستمبر ۱۹۴۸ء

الفاظ کا فتنہ!

انگلستان کے مشہور ادیب، جارج برنارڈ شا کو عام لوگ ناول نویس کی حیثیت سے جانتے ہیں حالانکہ آپ بہت بڑے سیاسی مفکر، بہت بڑے مورخ اور الٰہیات کے بہت بڑے ماہر بھی ہیں، آپ کا کمال یہ ہے کہ انسانی فطرت کا نقشہ چند الفاظ میں کھینچ دیتے ہیں، اگر کوئی چاہے تو ان چند الفاظ سے ایک بڑی کتاب مرتب کر سکتا ہے اور ان کے مفہوم کو دور تک پھیلا سکتا ہے۔ حال میں آپ نے نزاع لفظی پر چند لطیف اشارات کئے ہیں، چونکہ اس کا ہماری روزانہ زندگی سے گہرا تعلق ہے اس لئے اس کی تشریح میں کچھ کہنا نامناسب نہ ہوگا۔ جارج برنارڈ شا نے علمیات (EPISTEMOLOGY) کے ایک گوشہ کی تشریح کرتے ہوئے بالکل بجا کہا کہ آج کل نزاع و اختلاف کا بہت بڑا سبب سیاسی اصطلاحات کا غلط استعمال ہے، ایک شخص ایک علمی اصطلاح استعمال کرتا ہے مگر یہ نہیں بتاتا کہ اس کے نزدیک اس کا مفہوم کیا ہے اور وہ کن معنوں میں اس کا استعمال کر رہا ہے۔ سننے والا اسی لفظ کو کسی اور معنے میں لے لیتا ہے اور دل و دماغ میں جو کچھ ہوتا ہے وہ الفاظ کے پیچ میں گم ہو جاتا ہے اور غلط فہمی اور نزاع لفظی کی بنیاد پڑ جاتی ہے، حالانکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ جب کوئی شخص بحث و تنقید کے دوران میں ...

مراد کیا ہے، انگلستان بھی کہتا ہے کہ وہ جمہوریت کا علمبردار ہے مگر کوئی تشریح نہیں کرتا کہ بولتے وقت اس کے ذہن میں اس کا کیا مفہوم ہوتا ہے لفظ جمہوریت ہر جگہ موجود ہے اور ہر سلطنت اسکی مدعی مگر روس، امریکہ کی جمہوریت نہیں مانتا اور امریکہ روس کی جمہوریت پر خاک اڑاتا ہے۔ یہی حال فرقہ پرستی اور فرقہ پرست کا ہے بڑے سے بڑا فرقہ پرست بھی دوسرے کو فرقہ پرستی کا طعنہ دے کر بدنام کرے گا، کیونکہ اس نے فرقہ پرستی کا جو مفہوم متعین کیا ہے وہ صرف اپنے خیالات کی مخالفت ہے، یعنی وہ خود فرقہ پرست ہونے کے باوجود دوسروں کو اس لئے فرقہ پرست قرار دیتا ہے کہ اس نے اس لفظ کا ایک خاص مفہوم متعین کر رکھا ہے اور نہیں بتاتا کہ اس لفظ سے اس کی مراد کیا ہے، نتیجہ یہ کہ فرقہ پرستی کے شور میں پتہ ہی نہیں چلتا کہ فرقہ پرستی ہے کیا بلا! اور حقیقی مفہوم کے لحاظ سے اس کا اطلاق کن لوگوں پر ہونا چاہیئے!

بقول برنارڈ شا، ایک کذاب اور لالچی شخص کو بھی جھوٹ بولنے کے لئے ایک خاص زبان ایجاد کرنی پڑتی ہے مگر ایک سچے انسان کے لئے ناممکن ہوتا ہے کہ وہ اپنا مطلب غلط فہمی کے بغیر ادا کر سکے ...

اچھی باتیں

وتلک القریٰ ... موعداً (پ ۱۵ ع ۲۰)

اور (دیکھو) یہ بستیاں اپنے ظلم و ستم کی بنا پر ہلاک کر دی گئیں اور ہم نے ان کی ہلاکت کے لئے ایک خاص وقت مقرر کر رکھا تھا۔

قرآن بار بار کہتا ہے کہ انسانوں کی اجتماعی ہلاکت جو انقلاب کی شکل میں نمودار ہوتی ہے وہ اعمال ہی کا نتیجہ ہوتا ہے قومیں ظلم کرتی ہیں، ایک پر ایک ستم توڑنے لگتا ہے تو قدرت کچھ ایسے اسباب پیدا کر دیتی ہے کہ دونوں طرف کے ظالم آپس میں گتھم گتھا ہو جاتے ہیں اور ایک کے ہاتھ سے دوسرے کو سزا دلواتی ہے اگر انسان انصاف سچائی اور محبت کا سلوک کرے تو قدرت ایسے اسباب ہی پیدا نہیں کرے گی کہ انسان انسان کا خون بہائے اور ایک قوم دوسری قوم کی بیخ کنی پر آمادہ ہو جائے۔ پس جب تک انسان کا ظلم باقی رہے گا اور قوموں کی نفسیات نہیں بدلیں گی عذاب الٰہی کا قانون بھی جاری رہے گا انسان اپنا کام کرے قدرت اپنا کام کرتی رہے گی۔

گورنر جنرل کا جانشین

... کیونکہ ... میں اخلاقی اصول کچھ زیادہ موثر نہیں ہوتے اور طاقت کا جواب طاقت ہی سے دینا زیادہ مناسب ہوتا ہے۔

قائد اعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان کی جانشینی کے سلسلہ میں یہ افواہ گرم ہے کہ آپ کی جگہ خواجہ ناظم الدین گورنر مشرقی بنگال کو مقرر کیا جائے گا۔ اگر یہ خبر صحیح ہے تو بلاشبہ حیرت انگیز ہے کیونکہ عام خیال یہ تھا کہ گورنر فرانسس موودی، مس فاطمہ جناح، سر ظفر اللہ خاں، مسٹر لیاقت علیخاں میں سے کسی کو یہ منصب عطا کیا جائے گا، یہ تصور بھی نہ تھا کہ خواجہ ناظم الدین کے نام قرعہ فال نکلیگا اور وہ ایک ہی جست میں گورنر جنرل شپ کے منصب پر جلوہ افروز ہو جائیں گے! غالباً اس غیر متوقع تقرر سے ان افواہوں کا ازالہ مقصود ہے کہ مغربی پاکستان میں اس منصب کے لئے سخت رسہ کشی ہوگی اور اس طرح پاکستان اندرونی خلفشار میں مبتلا ہو جائے گا، اس تقرر سے کم از کم یہ بات ثابت کر دی گئی کہ پاکستان کے ارباب کار کو عہدوں کی ہوس نہیں ہے اور بڑے سے بڑے منصب پر خوشی کے ساتھ ... شخص کو سرفراز ...

ہندوستانی اخبارات کا قائد اعظم کو خراج عقیدت

مسٹر جناح کی وفات

ایک بڑا آدمی چل بسا

دوستانہ پیشکش

مسٹر جناح ارادے کے پکے تھے

ناقابل تلافی نقصان

خطرناک قابلیت

مسٹر جناح نے پاکستان بنوایا

نیا آرڈیننس

ملک کے اندر ہنگامی صورت حالات کا اعلان کر دیا گیا — حیدر آبادی فوج کے سخت مقابلہ کے باوجود ہندی فوج کی شاندار پیشقدمی

گورنر جنرل ہند کا ہنگامی اعلان

مزید آرڈی نینس جاری کئے جانیوالے ہیں

نئی دہلی ۔ ۱۴ ار ستمبر ہز ایکسیلینسی گورنر جنرل نے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی دفعہ ۱۰۲ کے تحت "ملک کے اندر ہنگامی صورت حالات" کا اعلان کر دیا ہے ۔ ان کا اعلان یہ ہے ۔

"میں چکرورتی راجگوپال آچاری گورنر جنرل ہند سمجھتا ہوں کہ ہندستان کی سلامتی کو اندرونی فسادات سے فوری خطرہ لاحق ہو گیا ہے ۔ چنانچہ میں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی دفعہ ۱۰۲ کے تحت فرمان ہذا کے ذریعہ اعلان کرتا ہوں کہ ایک ہنگامی حالت پیدا ہو گئی ہے جس میں ہندستان کی سلامتی اندرونی بدامنی سے خطرہ میں پڑ گئی ہے ۔"

گورنر جنرل کے اس اعلان سے یہ مطلب لیا جاتا ہے ۔ کہ یہ ایک احتیاطی اقدام ہے ۔ جس کے ذریعہ حکومت ہند حیدر آباد اور اس سے پیدا شدہ صورت حالات پر قابو پا لے گی ۔

اس امر کی تشریح کی گئی ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی دفعہ ۱۰۲ کے تحت دو قسم کی ہنگامی صورت حالات کا اعلان کیا جا سکتا ہے ایک زمانہ جنگ کے وقت اور ایک اس وقت جبکہ اندرونی طور پر ہنگامہ پیدا ہو ۔ موجودہ اعلان میں جنگ کا کوئی ذکر نہیں ہے بلکہ وہ اس لئے جاری کیا گیا ہے کہ ایک ایسی ہنگامی صورت حالات پیدا ہو گئی ہے جس سے ہندوستان کی سلامتی کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے ۔"

اس اعلان کے تحت گورنر جنرل کو صوبائی معاملات میں بھی اختیارات حاصل ہو گئے ہیں ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اہم معاملات کے سلسلہ میں آج بعض آرڈی نینس جاری کئے جائینگے ۔

ڈاکٹر دادو کے پاسپورٹ کی ضبطی

اقوام متحدہ مداخلت نہیں کرے گی

پیرس ۱۴ ار ستمبر ۔ آج اقوام متحدہ کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ اب جبکہ جنوبی افریقہ کی حکومت نے ڈاکٹر دادو اور ڈاکٹر نائیکار کو پیرس آنے سے روک دیا ہے ۔ اقوام متحدہ اس معاملہ میں مداخلت سے معذور ہے ۔ کیونکہ اصحاب اقوام متحدہ کے ڈیلی گیٹ نہیں ہیں ۔

نشنل انڈین آرگنائزیشن کی اگزیکٹو کمیٹی نے اس سلسلہ میں اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل اور برطانیہ ، ہند اور پاکستان کے بڑے وزیروں اور امریکہ فرانس کے پردھانوں اور ۵۱ اقوام کے ڈیلی گیشنوں کے لیڈروں کو پروٹسٹ کا ریزولیوشن بھیجا ہے ۔

حکومت ہند نے ایک مستحسن اقدام کیا ہے

حیدر آباد کے خلاف کارروائی پر دہلی کے مسلم لیڈروں کا بیان

دہلی ۱۴ ار ستمبر دہلی کے ۵ مسلم لیڈروں نے جن میں حضرت مولانا احمد سعید ، میر مشتاق احمد سکریٹری نیشنلسٹ پارٹی اور حال احمد زبیری وائس پریذیڈنٹ دہلی شامل ہیں ایک مشترکہ بیان میں نظام کے خلاف ہند [illegible] کی فوجی کارروائی کا خیر مقدم کیا ۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت ہند نے حیدر آباد کے مظلوم عوام کو رضاکاروں کی بربریت سے بچانے کے لئے مستحسن اقدام کیا ہے

امن قائم رکھنے کیلئے حکومت سے تعاون کرو

وزیر اعظم یوپی پنڈت پنتھ کی عوام سے اپیل

لکھنؤ ۱۴ ار ستمبر ۔ آج یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گوبند بلبھ پنت نے صوبہ کے اخبارات اور عوام سے اپیل کی وہ امن برقرار رکھنے کے کام میں حکومت کے ساتھ دلی تعاون کریں ۔ انہوں نے کہا کہ حیدر آباد کا مسئلہ ایک خالص سیاسی مسئلہ ہے اور اسے ہرگز فرقہ وارانہ مسئلہ نہیں ایک خالص سیاسی مسئلہ ہے اور اسے ہرگز فرقہ وارانہ مسئلہ نہیں سمجھنا چاہیئے ۔

کونسل ہاؤس میں اخبار والوں کے نمائندوں اور پریس کی ... کمیٹی کے سامنے تقریر کرتے ہوئے آپ نے کہا حیدر آباد کا مسئلہ خالص سیاسی مسئلہ ہے اور ہندوستانی فوج کا داخلہ کی ضرورت اس لئے پیش آئی تاکہ حیدر آباد کے عوام کے جمہوری حقوق کو بلند کیا جا سکے اور انہیں رضاکاروں کے مظالم سے بچایا جا سکے ۔

میں چاہتا ہوں کہ لوگ اس اقدامات حیدر آباد کے مسئلہ کو اسی زاویہ سے دیکھیں ۔ ہماری ایک جمہوری حکومت ہے اور جہاں تمام شہریوں ہندوؤں مسلمانوں سکھوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں وہ لوگ جو حیدر آباد کے مسئلہ کو فرقہ وارانہ مسئلہ سمجھتے ہیں ۔ وہ اپنے ملک سے غداری کرتے ہیں اور اس کا نہ غداری کرتے ہیں ۔ اور جس کی سربلندی کے لئے ہندوستانی فوجیں حیدر آباد میں داخل ہوئی ہیں ۔

انہوں نے کہا کہ تمام لوگ امن و امان برقرار رکھ کر اور مذہب اعتقادات پات کی تمیز کے بغیر دوستانہ تعلقات بڑھا کر حکومت کی اور اپنی مدد کر سکتے ہیں ۔

حکومت کے مفاد کے خلاف ہر کارروائی سے حکام کو سختی کے ساتھ نمٹنا ہو گا اور اپنے ہاتھ میں قانون لینے والوں کو سخت سزا دی جائے گی ۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو ایک جرم کا ارتکاب کرتے ہیں اور حکومت کے کام میں رکاوٹ ڈالتے ہیں مخالف کی خلاف ورزی قانون شکنی اور لاقانونیت کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے تو مجرم کو سزا دینا حکومت کا فرض ہے ۔

[illegible] امن قائم رکھنے کے ... کی امداد کا خواہش رکھنے والوں کو متنبہ کیا کہ حکومت ان کے خلاف سخت اقدام کرے گی ۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس موقع پر اخبارات خود فیصلہ کریں گے کہ انہیں اس موقعہ پر کیا رویہ اختیار کرنا چاہیئے ۔

برطانوی پارلیمنٹ میں شاہ جارج کی تقریر

لندن ۱۴ ار ستمبر آج ملک معظم نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ میری دولت مشترکہ ملایا میں امن و امان قائم کرنے اور تشدد کو دبانے کا تہیہ کر لیا ہے جس نے اس جزیرہ نما کے امن و امان میں خلل ڈال رکھا ہے ۔ پولیس کی تعداد بڑھا دی گئی ہے ۔ اور یہاں سے مزید فوج بھیجی گئی ہے بادشاہ کی تقریر ایوان امرا میں لارڈ چانسلر اور ایوان عام میں اسپیکر نے پڑھ کر سنائی ۔ اس تقریر میں بادشاہ نے واضح کیا تھا کہ حکومت برطانیہ نے پچھلے سال حکومت ہندوستان اور حکومت پاکستان سے مالی معاہدات کر لئے ہیں ۔ کل کا اجلاس خصوصی ایک سرکاری بل پر غور کرنے کے لئے طلب کیا گیا ہے ۔ بل کا مقصد ایوان امرا کے اس اختیار کو کم کرنا ہے جو اسے ایوان عام کے منظور کردہ قانون کو کھٹائی میں ڈال دینے کے متعلق حاصل ہے

بمبئی میں شناختی پریڈوں کی تفصیلات

(گاندھی جی کا مقدمہ قتل)

چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ بمبئی کی شہادت

دہلی ۱۴ ار ستمبر آج مسٹر آتما چرن اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں مسٹر اودکار ایچ براؤن چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ بمبئی نے شہادت دی ۔ مسٹر براؤن نے کہا انہوں نے گاندھی جی کے مقدمہ قتل کے سلسلہ میں گیارہ شناختی پریڈیں کرائیں پہلی پریڈ ۲۱ فروری کو دوسری ۶ مارچ کو تیسری ۱۶ مارچ کو چوتھی ۲۲ مارچ کو پانچویں اور چھٹی ۲۴ مارچ کو ساتویں اور آٹھویں ۲۰ مارچ کو نویں ۲۱ مارچ کو دسویں ۶ اپریل کو اور آخری پریڈ ۹ اپریل کو ہوئی ۔

میں نے ملزمان کو بتا دیا کہ ان کے مفاد کو مد نظر رکھا جائے گا ۔ میں نے ایک آنریری مجسٹریٹ کو ہدایت کی کہ وہ پولیس سے ملزمان کا چارج لے اور انہیں شناخت پریڈ کے لئے میرے پاس بغیر کسی پولیس افسر کی نگرانی میں لائے ۔ وہ انہیں لایا تب سے ان ایام میں ملزمان کو اپنے چیمبر کے قریب ایک کمرہ میں رکھا اور ایک اور آنریری مجسٹریٹ کی ڈیوٹی لگائی اور اسے ہدایت کی کہ کسی آدمی کو آنے اور ملزمان سے ملنے کی اجازت نہ دی جائے ۔

شناختی پریڈ کے انتظامات

میں نے میمبر کے برآمدہ میں چولہ پر ملزمان کو دوسرے آدمیوں کے ساتھ مل جل کر بیٹھنے کے لئے کہا کہ میں نے انہیں کپڑے بدلنے کا بھی موقعہ دیا میں نے انہیں یہ بھی کہہ دیا کہ وہ اپنی سیٹیں بھی بدل سکتے ہیں اس کے بعد میں ان کو ایک اور آنریری مجسٹریٹ کے چارج میں چھوڑ کر اپنے چیمبر میں گیا اور ایک ایک شناخت کنندہ گواہ کو اپنے ساتھ لایا ۔ میں نے تب گواہوں سے کہا کہ وہ ان ملزمان کی شناخت کریں جن کو انہوں نے دیکھا ہے یا جانتے ہیں جب گواہ ملزمان کی شناخت کر چکتا تب میں اسے اپنے چیمبر میں واپس کرہ میں بھیج دیتا تھا وہاں بھی ایک آنریری مجسٹریٹ کی ڈیوٹی لگائی گئی تھی پریڈ کے موقعہ پر کوئی پولیس والا وہاں موجود نہ تھا ۔ گواہ نے مزید بیان کیا کہ جو تین پریڈیں الگ الگ نوٹس کی مرتب کرنے کے بعد انہیں منتقل کر دیا ۔ میں نے جو دوسرے آدمی شناخت پریڈ میں کئے تھے وہ ملزمان کی شکلوں سے ملتے جلتے تھے ۔ وہ صاف گواہ داڑھی والا کبڈ گے بھی ان میں شامل تھا اس لئے بھی دو داڑھی والے آدمی بھی شناخت پریڈ میں شامل کرنے پڑے یہی طریقہ ان تمام گیارہ پریڈوں میں استعمال کیا گیا ۔

اس کے بعد گواہ نے مختلف شناخت پریڈوں کی تفصیل بیان کیں

پیچ کے بعد کی کارروائی

مسٹر او کے ویکس ناتھورام گوڈسے کی جرح کے جواب میں کہا کہ شناخت پریڈ کے دوران ناتھورام گوڈسے اور آپٹے نے ایک دفعہ یہ شکایت کی تھی کہ انہیں ایسی جگہ رکھا گیا ہے جہاں انہیں دیکھا جا سکتا ہے ایک دفعہ انہوں نے یہ شکایت بھی کی تھی دہلی میں بعض گواہوں کو انہیں دیکھنے کا موقعہ دیا گیا ان دونوں ملزمان نے مجھے نوٹ نیچ نامہ میں نوٹ کئے جانے کے لئے درخواست کی تھی لیکن میں نے انہیں مشورہ دیا تھا کہ وہ یہ شکایت سماعت کنندہ عدالت میں رکھ سکتے ہیں ۔ نیچ کا مرقعہ ہے میں اس وقت نیچ نامہ لکھ رہا تھا ۔ انہوں نے کھانے کی جگہ بتائی تھی اور کہا تھا کہ اس وقت وہاں ایک مجسٹریٹ بھی بیٹھا تھا جبکہ انہیں تین چار گواہوں کو دکھایا گیا تھا ان کی طرف سے میمو نڈم مرتب کئے جانے کی بھی درخواست کی تھی ۔ یہ درست ہے کہ ایک دفعہ ایک پولیس افسر گواہوں کو وہاں ملزمان کو دکھلانے کے لئے لایا تھا ۔ وہ پنجابی پولیس افسر تھا میں نے اسے وہاں سے نکال دیا ۔ ملزمان کو اس واقعہ کا علم نہیں ہو سکتا تھا کیونکہ انہوں نے اس پولیس افسر کو نہیں دیکھا تھا ۔ ... میں خود شناخت کنندہ کو بلانے گیا تھا ۔ اور واپسی پر میں نے اس پولیس افسر کو دیکھا ۔ ریمانڈ کے بعد ملزمان پولیس کی حراست میں تھے یہ معلوم نہیں کہ انہیں کہاں رکھا گیا تھا یہ درست ہے کہ ایک دفعہ ناتھورام گوڈسے اور آپٹے نے شکایت کی تھی کہ انہیں قانونی مشورے کی ضرورت ہے اور پولیس نے انہیں اس معاملہ میں امداد کرنے سے انکار کر دیا ہے ۔ میں نے پولیس افسر کو ہدایت کر دی تھی کہ وہ ملزمان کو قانونی مشورہ کا موقع دیں گے اور اس حکم کی تکمیل ہو گئی تھی ۔ کیونکہ میں نے ریمانڈ کے وقت ملزمان سے دریافت کر لیا تھا اور اس کی تصدیق ہو گئی تھی ۔

ساورکر کی شکایت

گواہ نے مزید کہا کہ ۴ مئی ۱۹۴۸ء کو ساورکر کی طرف سے ایک وکیل پیش ہوا ۔ جس نے ضمانت کے لئے درخواست دی ۔ اس کا اندراج ریکارڈ میں موجود ہے مجھے یہ یاد ہے کہ ایک یا دو بار ... ملزمان کی طرف سے ایک وکیل پیش ہوتا تھا لیکن مجھے نام قطعی یاد نہیں مسٹر ... وکیل ساورکر ... دوسرے ملزمان کی طرف سے پیش ہوتے ۔

آخری ریمانڈ پر میں نے مقدمہ ... کا حکم دے دیا ساورکر کا مقدمہ باقی ملزمان سے الگ تھا میں نے ساورکر اور ... کے علاوہ باقی ملزمان کو دہلی منتقل کئے جانے کا حکم دیا تھا ناتھورام گوڈسے اور آپٹے کی شکایت جیل حکام کے متعلق تھی یہ شکایت صرف ... مجھے یاد نہیں کہ شکایت ان کی کسی پہلی بار ... ریمانڈ کے موقع کی گئی ۔

مجسٹریٹ کے متعلق شکایت

مجھے ناتھورام گوڈسے اور ایک مجسٹریٹ کے متعلق شکایت کی تھی کہ اس کے سامنے گواہوں کو ملزمان دکھائے گئے لیکن مجھے یاد نہیں کہ اس کا نام بھی بتایا گیا تھا لیکن کشن چند مجسٹریٹ کا نام نہیں لیا گیا ۔ میں شکایت کو سب ملزمان کی طرف سے تصور کرتا ہوں میں اپٹے کو ان کا ترجمان سمجھتا ہوں ۔ اس لئے کرکرے نے بھی شکایت کی ہے مسٹر بینرجی کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ مدن لال کو ۹ ۔ فروری کو میری عدالت میں پہلی بار ریمانڈ کے لئے پیش کیا گیا تھا لیکن پولیس کی رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ۲۰ جنوری کو گرفتار ہوا ریمانڈ کی درخواست سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس سے پہلے بھی کسی مجسٹریٹ سے ریمانڈ حاصل کیا گیا ہے ۔

میں نے پولیس حکام سے دریافت کیا تھا کہ ایسا مقدمہ کی سماعت دہلی میں ہو گی ۔ پہلے ریمانڈ دہلی سے حاصل کئے گئے میں نے مدن لال کے سلسلہ میں ۹ ریمانڈ دیئے ۔

زیر دفعہ ... سٹی پولیس ایکٹ مجھے اختیار ہے کہ میں ۱۴ دن کے لئے ملزم کا ریمانڈ پولیس کو دیدوں اور حتی بار چاہوں دیدوں ۔ میں نے ناراین ... اور آگرہ کا بیان قلم بند کیا ہے ۔

مسٹر من راج مہتہ آف لاہور کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ یہ درست ہے کہ شنکر کے متعلق بتایا گیا تھا کہ وہ تلنگو ہی جانتا ہے شنکر نے اپنے لباس کو بیان تک تبدیل کیا کہ وہ مسلمان سی معلوم دیتا تھا ناتھورام گوڈسے نے اپنا لباس تبدیل نہیں کیا یہ درست ہے کہ صرف ایک شنکر ہی تھا جو جناح کیپ شناخت کے وقت پہنے تھا ۔ لیکن ٹوپی اس نے اپنی نہیں پہنی ۔ مسٹر بھوپٹکر کے ایک سوال کے جواب میں گواہ نے کہا کہ ساورکر نے ایک دفعہ شکایت کی تھی کہ تمام ملزموں کو ایک کمرے میں بند کیا گیا تھا اس سلسلہ میں ساورکر نے درخواست بھی دی تھی ۔

مجھے یاد ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے مجھے بیان دیا تھا اس نے انگریزی میں بیان دیا ۔ اس نے اسے پڑھ کر دستخط کئے ۔ میں نے اس کا حرف بحرف بیان قلمبند نہیں کیا ۔ مسٹر شنا نیا بانی ہو ... انسپکٹر کا بیان بھی میں نے قلم بند کیا تھا ۔

گواہ نے مسٹر دفتری کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ شنکر نے جناح کیپ شناخت پریڈ کے لئے کچھ دیر کے لئے مانگ لی تھی ۔ لیکن بعد ازاں واپس کر دی ۔ گواہ کا بیان ختم ہو گیا اور سماعت کل پر ملتوی ہو گیا ہے ۔

برطانوی اخبارات

لندن ۔ ۱۴ ار ستمبر کل شام کو نکلنے والے برطانوی اخبارات نے حیدر آباد میں ہندوستانی فوجوں کے داخلہ کی خبر صفحہ اول پر جلی عنوانات سے شائع کی ۔

متعدد شہروں پر قبضہ کر لیا گیا

جنوبی کمان کے ہیڈ کوارٹر کا اعلان

پونا ۔ ۱۴ ار ستمبر ۔ ہندستانی جنوبی کمان کے ہیڈ کوارٹر سے جو تازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ریاست حیدر آباد کے نظم و نسق کو مستحکم کرنے کے لئے حکومت ہند نے جو پولیس کارروائی کی ہے وہ بہت کامیاب رہی جوں جوں ہمارے فوجی دستے آگے بڑھ رہے ہیں ریاستی فوجوں اور رضاکاروں میں انتشار پیدا ہو رہا ہے ۔

کہیں بھی شدید مزاحمت کی گئی ۔

تلجاپور پر قبضہ ہو گیا ہے اور جالنہ پر جہاں کہ ہندستانی فوجیں دستے آرہی ہیں ... سے بڑھ رہی ہیں ۔ بیلی قدم سے ورنگل آباد کے بری علاقے کے ... کے مکانات ہو گئے ہیں اور منتظر ہے ... زبردست ساننے سے آگر شلے والی ہیں ۔

ریاست حیدر آباد کے جنوبی سرحد پر جانے والے در رایچور ضلع میں کے گبرگہ ... مقام پر قبضہ ہو جانے سے جنوبی اور جنوب مشرقی رسد کا سلسلہ پوری طور پر ہماری فوجوں کے قبضہ میں آ گیا ہے شاہی ہندستانی فضائیہ کے ہوائی جہاز بھی پولیس کارروائی میں حصہ لے رہے ہیں ۔ ... طرف سے ریاستی فوجوں کے مورچوں پر بمباری کی گئی ہے حیدر آباد کی طرف سے کسی قسم کی فضائی مزاحمت کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے ۔

حیدر آباد روڈ پر شولاپور کی جانب سے بڑھنے والے دستوں کی زبردست مزاحمت کی گئی ۔

ضلع بیدر میں کہ سکندر آباد کے شمال مغرب میں ہماری علاقہ ... رضاکاروں کا مضبوط گڑھ ہے وہاں ... پر قبضہ کر لیا گیا ہے ... تعجب خیز مرتبہ ہوا ہے ۔

اس اقدام کی وجہ سے ... کی ۸۰ میل ... کی طرف بڑھ رہے ہیں ... بادشاہ ... ۱۴ ... حاصل ہوئی اور ... پر قبضہ کر لیا گیا ۔ ... دوران میں توپ خانہ اور ہوائی جہازوں نے ... ادا کیا ۔

سخت مقابلہ

جن شہروں پر ... قبضہ ہو گیا ہے ان میں ... شولاپور میں ایک تاریخی مقام ... ۸ میل ... ۱۵ میل ... ریلوے اسٹیشن ... تقریباً ۲ میل ... پر قبضہ ...

بلا امتیاز مذہب و ملت حیدر آباد کے تمام امن پسندوں کی حفاظت کی جائیگی

جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ انچیف کا فرمان امروز

نئی دہلی ۱۳ ار ستمبر جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ لفٹیننٹ جنرل بہادر مہاراج راجندر سنگھ جی نے اپنی کمان کے سب سپاہیوں اور افسروں کے نام فرمان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ حیدر آباد میں سب فرقوں کے امن پسند دہشت زدہ ہیں اور لاچاری کی زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ آپ ہماری حکومت کی ہدایت کے مطابق فرقہ مذہب اور عقیدہ کے امتیاز کے بغیر تمام امن پسند لوگوں کی حفاظت کیجئے گا ۔

مسٹر راجندر سنگھ جی نے فوج کے نام جو فرمان امروز جاری کیا ہے اس کا پورا مضمون حسب ذیل ہے ۔

ریاست حیدر آباد میں جس کے فرمان روا ہز اگزالٹڈ ہائی نس نظام ہیں ۔ گڑ بڑ پھیلی ہوئی ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کی حکومت کا کوئی اختیار باقی نہیں رہا اور وہاں ایسی گڑ بڑ پھیلی ہوئی ہے جو پہلے کبھی دیکھنے میں نہیں آئی ۔

ریاست حیدر آباد میں سب فرقوں کے لوگ دہشت زدہ ہیں اور لاچاری کی زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ یہ مشکلات ایک غیر حیدر آبادی قاسم رضوی کے جنونی پیروؤں کی وجہ سے پیدا ہوئی ہیں ۔ اس شخص کو حیدر آباد کے فرماں روا کا مفاد عزیز نہیں ہے ۔ اس کے پیروؤں کو ریاست کی پولیس مدد پہنچا رہی ہے اور یہ لوگ اپنے ہی علاقہ میں قتل آتش زنی لوٹ مار اور اغوا سے مطمئن نہیں ہیں ۔ اور انہوں نے اپنے حلقہ عمل کو سرحد پار ہندیونین کے علاقے میں بھی وسعت دی ہے ۔

ہماری جمہوری حکومت نے گذشتہ چھ ماہ سے بھی زیادہ عرصہ میں ہر امن کوشش کی اور سمجھانے بجھانے کا ہر طریقہ استعمال کیا تاکہ ہز اگزالٹڈ ہائی نس نظام اور ان کے مشیر سمجھ سکیں کہ انسانیت کے اصولوں کی وعدوں اور معاہدوں کی یہ خلاف ورزی اب مزید برداشت نہیں کی جا سکتی لیکن امن پسندانہ درخواستوں کی شنوائی نہیں ہوئی ۔

ہماری سیدھی سادی اور فیاضانہ اور صابرانہ کوششوں کو ہماری کمزوری سمجھا گیا اور زیادہ مظالم کئے گئے ۔ اس لئے ہماری حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ریاست حیدر آباد میں امن اور سلامتی قائم کی جائے یہ کام میری کمان کی فوجوں کو کرنا ہے ۔

امن و امان قائم کرنے کے لئے ابتدائی اقدام کے طور پر اور اپنے فرض کی بجا آوری کے لئے ہماری حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ حیدر آباد کے قرب و جوار میں سکندر آباد اور ترمل گھری اور بولارم میں ہند کی مملوکہ بارکوں میں ہندوستانی فوج رکھی جائے ۔ اس لئے آپ حیدر آباد کے علاقہ میں ریاست کی امن پسند آبادی کے لئے پھر سے امن اور خوشحالی قائم کریں گے ۔ ان تمام سپاہیوں سے جو آپ کے ہمراہ ہیں ... ہر مزاحمت کو کچل دیجئے ۔ آپ ہماری حکومت کے مطابق مذہب فرقے اور عقیدے کے امتیاز کے بغیر امن پسند لوگوں کی حفاظت کریں گے ۔

مجھے یقین ہے کہ آپ اپنی بہادری اور انسانی اخلاق اور برتاؤ سے ہندوستانی فوج کی شاندار روایات اور شہرت کو قائم رکھیں گے اور اس طرح ہماری حکومت کے وقار کو اور اپنے سپاہیوں کی ساکھ دنیا کی نظروں میں بڑھائیں گے ۔

گڑ بڑ اور دکھ کو جلد سے جلد دور کرنے کے مقصد کی معقولیت پر پوری طرح اعتماد کرتے ہوئے بڑھو آگے بڑھو

خدا آپ کے ساتھ ہو اور آپ کو بامراد اور کامران کرے ۔

بمبئی میں سائرن لگا دیئے گئے

بمبئی ۱۴ ار ستمبر ۔ بمبئی میں بعض مقامات پر سائرن لگا دیئے گئے ہیں تاکہ ضرورت پڑنے پر ہوم گارڈ کو ڈیوٹی پر بلایا جا سکے ۔ چونکہ ہوم گارڈ شہر کے مختلف حصوں میں پھیلے ہوئے ہیں اور انہیں تھوڑے سے وقت کے نوٹس پر طلب کرنا مشکل ہے اس لئے مذکورہ بالا طریقہ اختیار کرنا ضروری سمجھا گیا ہے ۔

ہوم گارڈ کو مطلع کر دیا گیا ہے کہ وہ ہیڈ کوارٹر کی ہدایات کے بموجب اپنے پولیس اسٹیشنوں میں اطلاع دیں عوام کو مطلع کیا گیا ہے کہ سائرن کا مقصد صرف ہوم گارڈ کو مطلع کرنا ہے اور کوئی مقصد نہیں ۔

ضلع گوڑگاؤں میں میوؤں کی حالت اور خراب ہو گئی

سب لوگ فاقہ کشی کی زندگی گذار رہے ہیں

اس وقت ضلع گوڑگانواں میں جو میو بستے ہوئے ہیں ان کے حالات کو دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ کس طرح یہ بے گھر اشخاص اپنا وقت پورا کر رہے ہیں۔ ایک مشکل انسان کی عقل و فہم بھی ان اہم مشکلات کو تسلیم کرنے پر مجبور ہے جن میں یہ خانہ بدوش مبتلا ہیں۔ ان کی مشکلات پوشیدہ نہیں ہیں ... [illegible]

ان چند مشکلات جو درپیش ہیں یہ ہیں: ۱۔ چونکہ پوری قوم زراعت پیشہ ہے سامان کاشتکاری برباد ہو چکا ہے۔ بغیر امداد کے کاشتکاری کرنے کی طاقت ختم ہو چکی ہے۔ ... ۲۔ روزگار اس علاقہ میں بالکل نہیں ہے جس سے کہ محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پال سکے۔ ۳۔ اناج کی گرانی بڑھتی جا رہی ہے اور اس کے لئے بڑی مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ۴۔ اس سال اس علاقہ میں فصل ساونی بہت کم تر کاشت ہوئی ہے۔ وہ بھی نہایت خراب حالت میں ہے۔ جس سے بھوک اور بیکاری میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ ۵۔ بھیرے بانے جانے کا انتظار۔ ... [illegible]

(سفید خاں دھرنیکا میوات)

پٹنہ میں بیس ہزار آدمی خانماں برباد ہو گئے

پٹنہ ۱۳ ستمبر۔ دریائے گنگا کی طغیانی سے علاقہ ... بیس ہزار آدمی بے گھر ہو گئے ... [illegible]

حیدرآباد اور ہندوستان کے درمیان تار و ٹیلیفون کا سلسلہ ٹوٹ گیا

نظام فوج نے سکندرآباد کے ہندوستانی ایکسچینج کے دفتر پر قبضہ کر لیا

بمبئی ۱۳ ستمبر۔ آج حیدرآباد ہندوستان سے مکمل طور پر کٹ گیا۔ جب کہ حیدرآباد حکام نے ہندوستانی تار و ٹیلیفون ... [illegible] ... سکندرآباد کے ٹیلیگراف آفس کو سر بمہر کر دیا ... [illegible]

ریل گاڑیاں بھی بند

بمبئی ... جی۔ آئی۔ پی کے ہیڈکوارٹر ... [illegible] ... حیدرآباد جانے والی ڈاک بھی منسوخ کر دی گئی ہے۔

دارالسلطنت

جواریوں کی سزا یابی

دہلی ۱۳ ستمبر۔ چار اشخاص جو ... روڈ پر ... کی شب کو جوا کھیلتے ہوئے گرفتار کئے گئے۔ ان پر دہلی کے ریذیڈنٹ مجسٹریٹ نے بیس بیس روپے جرمانہ کیا۔

باعزت بری

دہلی ۱۳ ستمبر۔ ... نامی ایک ڈرائیور کے قتل کے الزام میں مقدمہ چل رہا تھا۔ ان کو دہلی کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے باعزت طور پر بری کر دیا۔

ایک ڈرائیور گرفتار

دہلی ۱۳ ستمبر۔ ایک موٹر ڈرائیور جو ... مقدمہ قتل کے سلسلہ میں ملزم ہے۔ اس کی بابت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ پٹرول فروخت کرتا ہوا گرفتار ہوا ہے ... [illegible]

تغلق روڈ پر جھگڑا

دہلی ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ تغلق روڈ کے نزدیک ... [illegible] ... پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

موٹر ڈرائیور کو سزا

دہلی ۱۳ ستمبر۔ ... نامی ایک موٹر ڈرائیور کو ... مجسٹریٹ درجہ اول نے چھ ماہ قید سخت کی سزا دی۔ ملزم کے بے احتیاطی سے موٹر چلانے کی وجہ سے گیان ... نام کا ایک دس سالہ لڑکا ... کے نیچے آ کر مارا گیا تھا۔

دہلی میں حادثات

دہلی ۱۳ ستمبر۔ ... دہلی میں چار حادثات پیش آئے ان میں دو آدمی مارے گئے اور چھ زخمی ہوئے۔ ایک آدمی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ایک ٹرک سے ٹکرا کر گرا اور مارا گیا۔ ... [illegible]

دہلی کانگریس کا جلسہ

قومی ترانہ پر غور

دہلی ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ قومی ترانہ کے مسئلہ پر دہلی کانگریس میں سخت اختلاف رائے پیدا ہو گیا ہے۔ جب قومی ترانہ کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ایگزیکٹو کا اجلاس ہوا تو بعض رکنوں نے جن گن من کی حمایت کی اور بعض لوگوں نے بندے ماترم کی۔ لیکن ابھی تک کوئی فیصلہ نہ ہو سکا۔

نوکر روپیہ لیکر بھاگ گیا

دہلی ۱۳ ستمبر۔ چاندنی چوک کے ... اس کی آہنی سیف سے چھ ہزار روپے نکال کر بھاگ گیا۔ ... [illegible]

چار سال قید سخت کی سزا

دہلی ۱۳ ستمبر۔ ... نامی ایک ملزم جس پر ڈاکہ اور قتل کی کوشش کرنے کے الزام میں مقدمہ چل رہا تھا اس کو ایڈیشنل جج دہلی نے چار سال قید سخت کی سزا دی۔ ... [illegible]

گارڈن پارٹی

... [illegible]

حیدرآباد کی حمایت میں وزیراعظم پاکستان کی کوٹھی کے سامنے مظاہرے

حیدرآباد انجمن کا پاکستانیوں کو اکسانے کا مذموم اقدام

کراچی ۱۳ ستمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ کل رات تقریباً پچاس ہزار آدمیوں کے ایک اجتماع نے پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی خاں کی کوٹھی پر پہنچ کر دو گھنٹے تک مظاہرہ کیا اور وزیراعظم سے مطالبہ کیا کہ وہ حیدرآباد کو ہندوستان کے اچانک حملے سے بچانے کے لئے فوری کارروائی کریں۔

مظاہرین جب وزیراعظم کی کوٹھی کے گرد جمع ہو گئے تو انہوں نے "حیدرآباد زندہ باد" کے نعرے لگا کر شور برپا کر دیا۔ ... راستہ بند رہا۔ مظاہرین اپنے چار نمائندوں کا صبر و استقلال کے ساتھ انتظار دیکھتے رہے جنہیں وزیراعظم نے بات چیت کرنے کے لئے بلایا تھا۔ جس وقت یہ چاروں وزیراعظم کی کوٹھی سے باہر آئے تو مظاہرین نے "پاکستان زندہ باد" اور "حیدرآباد زندہ باد" کے نعرے لگا کر ان کا استقبال کیا۔

سندھ صوبائی مسلم لیگ کے آرگنائزر مسٹر یوسف ہارون نے جو اس بات چیت میں شریک تھے مسٹر لیاقت علی خاں ...

کی جانب سے مظاہرین کو یقین دلایا کہ حکومت پاکستان حالات سے پوری طرح با خبر ہے ... لیکن حکومت اس نازک مسئلہ کے بارے میں جو کچھ سوچ رہی ہے اسے ظاہر کرنا پبلک مفاد کے خلاف ہے۔

اس یقین دہانی کے بعد وزیراعظم اور ان کے رفقاء کار عوام کے جذبات سے باخبر ہو گئے ہیں۔ مظاہرین منتشر ہو گئے ہیں۔

"حیدرآباد ویلفیئر ایسوسی ایشن" نے اس مظاہرہ کو ترتیب دیا تھا۔ ایسوسی ایشن قبل ازیں ایک جلسہ عام کے اندر ہندوستان کے خلاف حیدرآباد کے اقدام کی حمایت کر چکی ہے۔

حیدرآباد کا معاملہ فرقہ وارانہ نوعیت نہیں رکھتا

شیر کشمیر شیخ عبداللہ کا بیان

سری نگر ۱۳ ستمبر۔ شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ نے آج ایک بیان دیتے ہوئے حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کے داخلہ کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی لڑائی ترقی پسند اور جمہوری اصولوں اور رجعت پسند نظریوں کے مابین ہو رہی ہے۔ حیدرآباد میں ظلم کے خاتمہ سے ہندیں ہر جگہ اور بالخصوص کشمیر میں بھی مظالم کا خاتمہ ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد کا معاملہ فرقہ وارانہ نوعیت کا نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دنیا بھر کے ترقی پسند عنصر کی نیک خواہشات ہندوستانی فوجوں کے ساتھ ہیں۔

آخر میں انہوں نے کہا کہ ہندی فوجوں کو دوسری بار یہ موقعہ ملا ہے کہ وہ ریاستی عوام کو بربریت اور ظلم سے نجات دلائیں۔

سی۔ پی میں بعض مسلمانوں کو حفاظتی حراست میں لیا جائیگا

وزیراعظم سی۔ پی کی امن رکھنے کے لئے اپیل

ناگپور ۱۳ ستمبر۔ آج سی۔ پی کے وزیراعظم مسٹر شکلا نے ایک بیان میں صوبہ کے شہریوں سے امن و امان کو برقرار رکھنے اور حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کے داخلہ سے مشتعل نہ ہونے کی اپیل کی ہے۔

انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے ہر امکانی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے وہ تمام انتظامات کر لئے ہیں جو انسانی طور پر ممکن ہیں۔ اگر کوئی اکا دکا واقعہ ہو جائے تو لوگوں کو دہشت زدہ نہ ہو جانا چاہیے۔ انہوں نے مسلمانوں سے خاص طور پر اپیل کی کہ وہ ہر ممکن صورت حالات کا سامنا کرنے کے لئے اپنے ہندو بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں۔ احتیاطی تدابیر کے طور پر ان میں سے کچھ کو حفاظت کے سلسلہ میں لینا ضروری ہو گا اور مسلمانوں کو اس قسم کے کسی اقدام کا غلط مطلب نہ لینا چاہیے۔

انہوں نے ... سے بھی امن و امان برقرار رکھنے اور فرقہ وارانہ ... کرنے کے لئے خاص طور پر اپیل کی۔

کانگریس کا شعبہ محنت

دہلی ۱۳ ستمبر۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے ایک شعبہ محنت قائم کیا ہے تاکہ ان تمام کانگریسیوں کے کاموں میں باہمی ارتباط پیدا کیا جا سکے جو صوبہ جات اور دوسرے مختلف علاقوں میں مزدوروں کی بھلائی کے کاموں میں مصروف ہیں۔

فلیگ ڈے کی تیاریاں

دہلی ۱۳ ستمبر۔ خیال ہے کہ پنڈت نہرو اور سردار بلدیو سنگھ وزیر دفاع عوام سے اپیل کریں گے کہ سابق فوجیوں اور ان کے خاندان کے لوگوں کی امداد کے لئے چندہ دیں۔ یہ بھی طے پا گیا ہے کہ ہر سال یکم اکتوبر کو فلیگ ڈے منایا جائے۔ امید کی جاتی ہے کہ فلیگ ڈے کو ہر سال منایا جایا کرے گا۔ نئی دہلی اور صوبجات میں ضروری انتظامات اور چندے جمع کرنے کے لئے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

امروہہ میں غلہ کی گرانی و عوام کی پریشانی

جمعیۃ العلماء امروہہ کا عظیم الشان جلسہ

امروہہ ... ستمبر گذشتہ ... جمعیۃ العلماء امروہہ کی جانب سے ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت مولوی محمد ... صاحب ... منعقد ہوا ... حکیم فضل الحسن صاحب ناظم جمعیۃ العلماء ... نے حسب ذیل ریزولیوشن پیش کیا ... [illegible]

... ناظم جمعیۃ علماء امروہہ نے کہا کہ ... غریب عوام ... غلہ کی گرانی کے ساتھ ساتھ بارش کی کمی ... [illegible]

... جمعیۃ علماء امروہہ کا یہ جلسہ غلہ کی بڑھتی ہوئی گرانی اور اس کے ساتھ ساتھ دیگر اشیاء کی گرانی کو تشویش کی نظر سے دیکھتا ہے ... [illegible]

نظام کی حمایت مطلق العنانیت کی حمایت ہے

کلکتہ کے سرکردہ مسلمانوں کا مشترکہ بیان

کلکتہ ۱۳ ستمبر۔ مغربی بنگال کے ۸ سرکردہ مسلم لیڈروں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حیدرآباد کا مسئلہ ہندوستان کا خانگی معاملہ ہے اور اس معاملہ میں کوئی بیرونی مداخلت برداشت نہیں کی جا سکتی۔ نظام کی حمایت مطلق العنانی کی حمایت اور لاکھوں بے سہارا عوام کو رضاکاروں کے حوالے کرنے کے مترادف ہو گی۔ موجودہ جمہوری دور میں یہ چیز جائز نہیں قرار دی جا سکتی۔ اس بیان کے دستخط کنندگان نے تمام ہندوستانیوں بالخصوص مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہند سرکار کی پوری حمایت کریں اور ہر طرح سے اس کا ہاتھ بٹائیں۔ اپیل پر جمعیۃ علماء ہند کلکتہ کے صدر مولانا محمد زمان صدیقی حسن، کلکتہ کے سابق میئر سید بدرالدجیٰ ایم۔ ایل۔ اے اور پروفیسر عبدالرحیم نے دستخط کئے ہیں۔

حیدرآباد کا شہری انتظام سنبھالنے کے انتظامات

ملحقہ صوبوں سے افسروں کو ہنگامی ڈیوٹی پر تعینات کیا جائیگا

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کے اپنے مقصد میں کامیاب ہو جانے کے بعد جو چیف سول ایڈمنسٹریٹر چارج لے گا اس کے نام کا کل اعلان کر دیا جائے گا۔

چونکہ حیدرآباد کے اس فیصلہ سے کہ وہ ہندوستان کے ساتھ اپنی فوجی قوت کا مظاہرہ کرے گا ریاست کے اندر امن و قانون کا تعطل ہو گیا تھا اس لئے حکومت ہند کو کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑے گا چنانچہ جیسے ہی فوجی حالات اجازت دیں گے آزاد شدہ علاقوں کا انتظام سنبھال لیا جائے گا۔ صورت حالات اس سے اور بھی پیچیدہ ہے کہ ریاست کے اندر سب کچھ رضاکاروں کے ہاتھ میں ہے اس لئے یہ ممکن ہو گا کہ موجودہ افسروں کو بھی ان کی ذمہ داری کی پوسٹ پر قائم رکھا جائے اس لئے یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ جونہی فوجی صورت حالات مستحکم ہو جائیگی حکومت ہند حیدرآباد کے اندر ہنگامی مواقع کی انجام دہی کے لئے ملحقہ صوبوں سے افسروں کو تعینات کرے گی۔

ریاست حیدرآباد کے انگریز افسر فوجی ملازمتوں سے مستعفی ہو گئے

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ گذشتہ شب معلوم ہوا کہ حیدرآباد ریاستی فوج کے انگریز افسران نے ملازمتوں سے استعفے دے دیے ہیں۔ حالانکہ برطانوی ہائی کمشنر متعینہ نئی دہلی کے حلقوں سے اس کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ ان کی یہ اطلاع ہے کہ افسروں نے بہار سے اس مشورہ کر مانا چاہیے کہ ہندوستان اور حیدرآباد کے درمیان ... تعلقات ختم ہونے کی صورت میں ... [illegible]

پچاس روپے انعام

میری ایک پوٹلی ۱۱ ستمبر کو تقریباً دو بجے دن کے فتحپوری یا کھاری باؤلی میں کہیں گر گئی ہے یا تانگہ میں رہ گئی ہے۔ اس پوٹلی میں میرے کچھ تالے، اسٹرخان رسیدیں، ایک پاس بک، رجسٹر حساب اور کچھ مختلف کاغذات وغیرہ تھے۔

جو صاحب یہ پوٹلی مجھ کو یا کسی پولیس اسٹیشن میں پہنچا دیں گے انہیں شکریہ کے ساتھ پچاس روپیہ نقد بطور انعام دیئے جائیں گے۔

جان محمد نقی گلی طوطہ میدہ۔ پھاٹک حبش خاں دہلی

سردار پٹیل بمبئی نہیں جائیں گے

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ سردار پٹیل ڈپٹی پرائم منسٹر کے عنقریب بمبئی جانے کا کوئی خیال نہیں۔ ان کے لئے وہاں ان کی رہائش کے لئے کوئی انتظام نہیں ہو رہا ہے۔

اپنی قوم کے بڑے لیڈر تھے

قائد اعظم کو کرپس کا خراج عقیدت

لندن ۱۳ ستمبر۔ سر اسٹیفورڈ کرپس نے ایک بیان ... قائد اعظم ... [illegible]

برص و کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی رجسٹرڈ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص و کوڑھ کیلئے جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سینکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہو چکے ہیں سکا اثر ایک ہی روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے چار سے چھ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی نمبر ۵ بدلائی دت اسٹریٹ لاہور

حیدرآباد کے لوگوں کے نام فوجی کمانڈر کا فرمان

ہم دوستانہ مشن پر آئے ہیں اور سب کا تعاون چاہتے ہیں

دہلی ۱۴ ستمبر۔ ہندی فوج کے کمانڈر نے حیدرآباد کے عوام کے نام مندرجہ ذیل اعلان جاری کیا ہے۔

کئی مہینوں سے رضاکار ریاست حیدرآباد اور اس کے ملحقہ صوبوں کے نواحی علاقوں میں تمام امن پسند لوگوں کو دہشت زدہ کرتے رہے ہیں۔ حیدرآباد سرکار کو متعدد بار درخواست کی گئی کہ رضاکاروں کو خلاف قانون قرار دیا جائے لیکن اس کا کبھی کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا گیا۔ قتل، غارت، عورتوں کی عصمت دری، آتشزنی اور لوٹ مار کے واقعات کی رفتار دن بدن بڑھتی رہی۔ ...

مراسلات و اطلاعات

الجمعیۃ کی اشاعت بڑھائی جائے

ناظم جمعیۃ علماء فیروزآباد کی اپیل

فیروزآباد (نمائندہ الجمعیۃ) حاجی محمد ابوسعید ناظم جمعیۃ علماء فیروزآباد نے اپنے ایک بیان میں عام مسلمانوں سے عموماً اور جمعیۃ کے کارکنوں سے خصوصاً الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے کی اپیل کی ہے۔ آپ نے کہا کہ اگر خادمان جمعیۃ اپنا فرض محسوس کریں تو ایک ایک ترجمان الجمعیۃ ... ۔

تلاش لاپتہ

... دہلی لاہور پولیس چوکی ماڈل ٹاؤن میں سردار علی شاہ سب انسپکٹر کے یہاں چلے گئے تھے جہاں سے ان کا خط آیا تھا کہ میں بہاولپور منڈی جارہا ہوں۔ اس کے بعد سے ان کا کچھ پتہ نہیں چلا کہاں ہیں۔ تمام گھر والے پریشان ہیں جہاں ہوں اپنے پتہ سے اطلاع دیں یا اور کسی صاحب کو معلوم ہو تو وہ براہ مہربانی ان کا پتہ دیں۔ فقط

صوفی عبدالرحمن قصبہ کلانور ضلع ...

جمعیۃ علماء دلدار نگر کی سرگرمیاں

دلدار نگر (غازی پور) دریائے گنگا کے سیلاب آنے کی وجہ سے نشیبی دور دور کے علاقوں کو نقصان پہونچا ہے اور جان و مال کی تباہ کاریاں ہوئی ہیں لیکن غازی پور اور اس کے موضعات میں شدید قسم کے نقصانات ہوئے ہیں۔ بڑھتے ہوئے سیلاب کو دیکھتے ہوئے جمعیۃ علماء دلدار نگر نے پانچ اصحاب پر مشتمل ایک امدادی کمیٹی قائم کی جن کی غرض یہ تھی کہ سیلاب زدہ علاقہ کا دورہ کریں ...

ایجنٹوں کی ضرورت

ہمارے خود بخود ۶ فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول اور اس کے کارتوس کی فروخت کے لئے محنتی ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے لائسنس کی ضرورت نہیں آج ہی نمونہ پستول اور شرائط ایجنسی کے لئے لکھیے

امریکن کارپوریشن سنتوگنج کانپور

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریض نوٹ کر لو

(اب چوکے تو پھر سال بھر تک پچھتاؤ گے)

ہندوستانی اخبارات کا قائد اعظم کو خراج عقیدت

(سلسلہ صفحہ ۴)

مضبوط ارادہ کا انسان

متحدہ ہندوستان میں مسٹر جناح سے زیادہ مضبوط ارادہ اور زیادہ سخت آدمی آج تک پیدا نہیں کیا۔ ان کی پالیسی کے متعلق ہم کچھ بھی کہیں، اس بات سے کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا کہ مسٹر جناح نے اپنے ...

... لئے اپنی منزل بنا لی وہاں وہ پہونچ کر رہے۔ ان کے بعد اب پاکستان کا کیا بنے گا ہندوستان اور پاکستان کے کیا تعلقات ہوں گے اور ان تعلقات کا کیا نتیجہ ہوگا۔ ان سب باتوں کا جواب صرف وہ طاقت دے سکتی ہے جسے سب کچھ معلوم ہے۔ اور جس کے ہاتھ میں انسان محض ایک کھلونا ہے۔

(روزنامہ ملاپ دہلی)

طاقت کا سرچشمہ

دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح کی موت کا افسوس کسی کو نہ ہوگا۔ جناح صاحب کے متعلق آپ کچھ بھی کہیں لیکن ایک بات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ ... ۔

... تو آخری عمر میں یہ کہہ رہے تھے کہ وہ کھوٹا سکہ ہیں جو چالو نہیں۔ لیکن اس کے باوجود گاندھی جی ہندوستانی قوم کے دلوں کے مالک تھے مین اسی طرح پاکستان میں بھی جناح صاحب کو گالیاں دینے والے موجود ہیں لیکن یہ بات ...

بلا مبالغہ کہی جا سکتی ہے کہ پاکستان اگر کسی ایک شخص کا قبضہ تھا تو وہ جناح صاحب ... صوبہ سرحد، مغربی پنجاب، سندھ ... (بندے ماترم)

کامیاب سیاست دان

پاکستان ڈومینین کے سب سے پہلے گورنر جنرل ہز ایکسیلنسی قائد اعظم محمد علی جناح کی اچانک وفات سے ایک ایسی شخصیت دنیا سے اٹھ گئی جسے تاریخ ایک عرصہ دراز تک یاد رکھے گی۔

اس طرح مسٹر جناح کی زندگی ایک آزاد منش ... قوم پرور، اور کانگرسی سیاست دان کی ...

... ہمیں اس اچانک حادثہ پر پاکستان کے ساتھ دلی ہمدردی ہے مسٹر جناح آج ہمارے درمیان نہیں ہیں اس لئے وہ تمام خالفتیں جو ان کی زندگی میں تھیں ان کے ساتھ ختم ہو گئیں۔ اب تو صرف ایک ہی خواہش ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ قدرت کی آئندہ اسکیم میں جو کچھ بھی ہے وہ ایسا ہو کہ ہندوستان اور پاکستان دونوں ڈومینین اس سے فائدہ اٹھا سکیں اور ماضی کی تلخ وہ ناخوشگوار یادگاریں مستقبل کے بہتر تعلقات کے باعث محو ہو جائیں۔ (انصاری)

ہند کے پہلے جنگی بحری جہاز "دہلی" کا شاندار استقبال

بمبئی میں عظیم الشان تیاریاں، وزیر اعظم اور وزیر دفاع بھی شرکت کریں گے

گذشتہ جولائی ... کو امیر البحر سر ... نے حکومت برطانیہ کی طرف سے ... جہاز دہلی ... کے حوالے کر دیا تھا ...

... جنگ میں طاقتور اور مضبوط ایک مشہور یونانی جہاز ... چاندی کا ایک مجسمہ جس کے سب سے پہلے افسروں نے نصب کیا تھا ...

... دہلی کی آمد پر اس کے استقبال کے لئے ایک شاندار پروگرام مرتب کیا گیا ہے جس میں ہند کے وزیر اعظم ... وزیر اعظم اور دیگر سرکردہ شخصیات ...

بنگلور میں پولیس کی ہڑتال

صورت حال میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

بنگلور ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت میسور نے بنگلور سول اسٹیشن کے علاقہ کی پولیس کے ... سپاہیوں کو ... ان لوگوں نے ... ہڑتال کر دی تھی لیکن اب تک ہڑتال کی صورت حالات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور کوئی ہڑتالی سپاہی ڈیوٹی پر واپس نہیں آیا۔

وزیر ... نے آج ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ... افسوس کی بات ہے ...

احباب کو اطلاع

ملک کی تقسیم کے بعد احباب بھی منتشر ہو گئے نہ معلوم کہاں کہاں کس کس حالت میں ہیں۔ ... مدرسہ ... چاندنی چوک دہلی ... وہاں میری رہائش نہیں ہے اس لئے احباب کرام ذیل کے پتہ پر خط و کتابت کریں۔ عبدالسلام ... مدرس مدرسہ ریاض العلوم مچھلی والان اردو بازار متصل جامع مسجد دہلی۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ اول) جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنے ...

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ دوم) ... قیمت ...

اسلامی پریس ...

نور الاصباح ...

تاریخ اسلام ...

ہمارے پیغمبر ... مدارس کے درس میں داخل ہے قیمت صرف ۸/ ... اربعین۔ اسلامی تعلیم کا مرقع ہے قیمت ...

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے۔ اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد ... حصہ چہارم مجلد ...

نبی عربی ...

خلافت راشدہ ...

خلافت بنی امیہ ... زبان نہایت سادہ اور سہل ہے، قیمت صرف تین روپیہ بارہ آنہ ...

جنگ بلقان کس طرح صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کفار پر فتح پائی قیمت صرف ۸/

نوٹ:۔ مبلغ پانچ روپیہ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں یہ رسالے نذرانہ پاکستان کیا ہے ... لیگ کیا ہے ... مسٹر جناح کا ... لیگ کی غلطیاں۔ مفت پیش کئے جائیں گے۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

سمن بنام مدعا علیہ بنا بر حاضری اصالتاً بغرض انفصال مقدمہ

(آرڈر ۵ قاعدہ ۲۰)

بعدالت خفیفہ ... مقام ... مقدمہ نمبر ۵۵۵ بابت ۱۹۴۸ء

حافظ محمد اسحاق ولد محمد ابراہیم ... ساکن ... محلہ ... مدعی

بنام سیٹھ اللہ ... مدعا علیہ

... حاضر نہ ہوں گے تو مقدمہ بلا حاضری آپ کے مسموع اور منفصل ہوگا۔

بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ... ماہ ستمبر ۱۹۴۸ء جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم بخط انگریزی (مہر عدالت)

خط و کتابت کرتے وقت اپنے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

حیدرآباد کے لوگوں کے نام فوجی کمانڈر کا فرمان

ہم دوستانہ مشن پر آئے ہیں اور سب کا تعاون چاہتے ہیں

دہلی ۱۳ ستمبر۔ ہندی فوج کے کمانڈر نے حیدرآباد کے عوام کے نام مندرجہ ذیل اعلان جاری کیا ہے۔

کئی مہینوں سے رضاکار ریاست حیدرآباد اور یونین کے اس سے ملحقہ صوبوں کے نواحی علاقوں کے پرامن مسلمانوں کو دہشت زدہ کرتے رہے ہیں۔ حیدرآباد سرکار کو متعدد بار درخواست کی گئی کہ رضاکاروں کو خلاف قانون قرار دیا جائے لیکن اس کا کبھی کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا گیا۔ قتل و غارت، عورتوں کی عصمت دری، آتشزنی اور لوٹ مار کے واقعات کی رفتار دن بدن بڑھتی رہی اور نوبت یہاں تک آ پہونچی کہ رضاکاروں کا حکم نہ ماننے والے تمام شہریوں کی عزت جان و مال غیر محفوظ ہوگئی۔ اس کے ساتھ ہی نواحی صوبوں کے امن پسند شہریوں کے لئے بھی خطرہ پیدا ہوگیا تھا۔ ہند سرکار ایسی صورت حالات کو اور زیادہ عرصہ تک ہرگز برداشت نہیں کرسکتی جس سے ہند یونین کے عین وسط میں واقع ایک ریاست کے انتشار کا اور انارکی کا مرکز اور منبع بن جانے کا اندیشہ ہوگیا ہو۔

اس صورت حال کا خاتمہ کرنے ریاست کے اندر امن و امان بحال کرنے اور گرد و نواح کے ہندوستانی علاقوں میں اطمینان کی فضا پیدا کرنے کے لئے میری ...

...

مراسلات و اطلاعات

الجمعیۃ کی اشاعت بڑھائی جائے

ناظم جمعیۃ علماء فیروزآباد کی اپیل

فیروزآباد (بذریعہ ڈاک) حاجی محمد ابراہیم سعید ناظم جمعیۃ علماء فیروزآباد اپنے ایک بیان میں مسلمانوں سے عموماً اور جمعیۃ کے کارکنوں سے خصوصاً الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے کی اپیل کی ہے۔ آپ نے لکھا کہ اگر خادمان جمعیۃ اپنا فرض محسوس کریں تو ایک ترجمان جمعیۃ کی اس کمی کو پورا کرسکتے ہیں۔ ضلع کے بعض ایسے ہیں کہ جن میں جمعیۃ کے مخلص آدمی موجود ہیں لیکن ان کے ضلع بھر میں الجمعیۃ کی ایک کاپی بھی نہیں پہنچتی قصبہ فیروزآباد میں الجمعیۃ کی ۲۵ کاپیاں ... کاپیاں آرہی ہیں اور مزید اضافہ کی کوشش جاری ہے۔

تلاش لاپتہ

...

جمعیۃ علماء دلدار نگر کی ... مساعی

...

اس امر کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ جمعیۃ علماء ایک ایسا امدادی فنڈ قائم کرے جس سے عوام خانماں برباد کی کچھ مدد کی جاسکے۔ (نامہ نگار)

ایجنٹوں کی ضرورت

ہمارے خود بخود ۶ فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول اور اسکے کارتوس کی فروخت کے لئے محنتی ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے لائسنس کی ضرورت نہیں آج ہی نمونہ پستول اور شرائط ایجنسی کے لئے لکھیے

امریکن کارپوریشن ستو گنج کانپور

...

کی خوشحالی اور تسکین ہی سندھ کے لوگوں کی تسکین ہے۔ جغرافیہ اور تاریخ کے حقائق کی نظر سے بھی آپ کے اور ان کے مفاد ایک ہیں آپ کو بہت جلد ہی خوف سے نجات اور ترقی کے لئے آزادی حاصل ہوگی۔ (رائٹر)

واشنگٹن (جارجیا امریکہ) ۱۳ ستمبر ... ۲۲ سالہ ... جانسن ... کو کل ایک حبشی کو قتل کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ اس حبشی کا نام "ایسیا نکسن" ہے اس کے چھ بچے بھی ہیں قتل کا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ نکسن نے گذشتہ ہفتہ کے انتخاب میں ووٹ دینے پر اصرار کیا جانسن کا بھائی بھی اعانت قتل کے جرم میں گرفتار کیا گیا اور ۵ ہزار پونڈ کی ضمانت پر رہا کیا گیا۔

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریض نوٹ کرلو

(اب چوکے تو پھر سال بھر تک پچھتاؤگے)

بارسال کی طرح اس سال بھی ہماری ... دمہ (چترکوٹ بوٹی) ... ہزار ... بلا لحاظ مذہب و ملت ... (مرد و زنانہ) ... کھلانے سے ہمیشہ کے لئے ...

... جگادھری (مشرقی پنجاب)

ہند کے پہلے جنگی بحری جہاز "دہلی" کا شاندار استقبال

بمبئی میں عظیم الشان تیاریاں، پرائم منسٹر اور وزیر دفاع بھی شرکت کریں گے

گذشتہ ۳۰ جولائی ۱۹۴۸ء ... حکومت برطانیہ کی طرف سے ... جہاز ... "دہلی" ...

...

ساتھ ہی ۱۴ ستمبر کو دہلی کی آمد پر اس کے استقبال کے لئے ایک شاندار پروگرام مرتب کیا گیا ہے جس میں ہند کے وزیر اعظم وزیر ... اور دیگر سرکردہ شامل ہوں گے

بنگلور میں پولیس کی ہڑتال

صورت حال میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

...

احباب کو اطلاع

ملک کی تقسیم کے بعد احباب بھی منقسم ہوگئے نہ معلوم کون کہاں کس حالت میں ہیں ...

... احباب کرام ... سے خط و کتابت کریں۔ عبدالسلام ... مدرس مدرسہ ریاض العلوم ... دالان ... اردو بازار متصل جامع مسجد دہلی۔

ہندوستانی اخبارات کا قائد اعظم کو خراج عقیدت

(صفحہ ۴ سے آگے)

بلامبالغہ کہی جاسکتی ہے کہ پاکستانی عوام کے دلوں پر اگر کسی ایک شخص کا قبضہ تھا تو وہ جناح صاحب ... جناح صاحب کے لئے یہ ممکن تھا کہ وہ کراچی ... صوبہ سرحد، مغربی پنجاب، سندھ اور مشرقی پاکستان ... جاتے ... (ہندوستان ٹائمز)

کامیاب سیاست داں

پاکستان ڈومینین کے سب سے پہلے گورنر جنرل ہز ایکسیلنسی قائد اعظم محمد علی جناح کی اچانک وفات سے ایک ایسی شخصیت دنیا سے اٹھ گئی ہے جو تاریخ ایک عرصہ دراز تک یاد رکھے گی۔

اس وقت مسٹر جناح کی زندگی ایک آزاد خیال ... قوم پرور ... کانگرسی سیاست داں کی ...

...

مسٹر جناح کی وفات پاکستان کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے رسمی طور پر نہیں بلکہ حقیقی طور پر آج پاکستان میں اور کوئی شخصیت ایسی نہیں ہے جو کسی درجہ میں بھی ان کا بدل ہوسکے کیونکہ انہوں نے اس طویل مدت میں مختلف پارٹیوں اور گروہوں کو ایک مقصد پر متفق رکھنے میں کمال حاصل کیا تھا کسی دوسری شخصیت میں یہ صلاحیت نظر نہیں آتی پاک کے پاس لائق آدمیوں کی کمی نہیں ہے مگر مسٹر جناح کا صحیح جانشین انہیں کوئی دوسرا نہیں مل سکتا۔

... پاکستان کے ساتھ دلی ہمدردی ہے مسٹر جناح آج ہمارے درمیان نہیں ... ان کے ساتھ ختم ہوگئی۔ اب تو صرف ایک ہی خواہش ہوسکتی ہے اور وہ یہ کہ قدرت کی آئندہ اسکیم میں جو کچھ بھی ہے وہ ایسا ہو کہ ہندوستان اور پاکستان دونوں ڈومینین اس سے فائدہ اٹھاسکیں اور ماضی کی تلخ و ناخوشگوار یادگاریں مستقل کے لئے نقصان کے باعث نہ ہوجائیں۔ (انصاری)

مضبوط ارادہ کا انسان

متحدہ ہندوستان نے مسٹر جناح سے زیادہ مضبوط ارادہ اور زیادہ سخت آدمی آج تک پیدا نہیں کیا۔ ان کی پالیسی کے متعلق تم کچھ بھی کہو۔ اس بات سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا کہ مسٹر جناح نے اپنے سامنے جو نصب العین رکھا اس پر شان کے ساتھ قائم رہتے مخالفتوں کے طوفان نکتہ چینی کی آندھیاں، ناموافق حالات ... کوئی بھی انہیں ان ... سے ہلا نہیں سکا ...

... (روزنامہ ملاپ دہلی)

طاقت کا سرچشمہ

دنیا کی سب سے بڑی ... سلطنت کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح کی موت کا افسوس کس کو نہ ہوگا ...

...

سمن بنام مدعا علیہ بنا بر حاضری اصالتاً بغرض انفصال مقدمہ

(آرڈر ۵ - قاعدہ ۳)

بعدالت خفیفہ جج ... مقام ... ضلع ...

مقدمہ نمبر ۵۵۵ بابت ۱۹۴۸ء

حافظ محمد اسحاق ولد محمد ابراہیم قوم شیخ ساکن ... محلہ ... مدعی

بنام سیت اللہ مستری عثمان ولد سیت اللہ مذکور ... روڈ ... مدعا علیہ

ہرگاہ مدعی نے آپ کے نام ایک نالش بابت قیمت ... دائر کی ہے لہذا آپ کو حکم دیا جاتا ہے کہ آپ بتاریخ اٹھائیس ماہ ۲۸ ستمبر ۱۹۴۸ء بوقت ۱۰ بجے ... بذات خود یا ... حاضر ہوکر ... جواب دہی ... اور آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر بروز مذکور آپ حاضر نہ ہوں گے تو مقدمہ بغیر حاضری آپ کے مسموع اور فیصل ہوگا۔

بثبت میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ ... ماہ ستمبر ۱۹۴۸ء جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم بخط انگریزی (مہر عدالت)

خط و کتابت کرتے وقت اپنے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ حصہ اول الجمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنے

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ حصہ دوم جمعیۃ علماء ہند کی ... قیمت ...

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے ... خلافت اور اسلامی ... قیمت تین آنے

نور الاصباح یعنی ... ترجمہ ... ابتدائی طلبا کے لئے بہت نہایت مفید ... کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ...

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید ... ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے ... قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ... حصہ سوم ...

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا ... کی تالیف ہے ... مدارس کے درس میں ... قیمت صرف ...

اربعین ... اسلامی تعلیم کا مرقع ...

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے۔ یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبر اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کردیا گیا ہے اس کے چار حصہ ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ... حصہ سوم ... حصہ چہارم ...

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضرت صلعم کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ ...

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے لکھ کر جمع کردیئے گئے ہیں۔ قیمت مجلد ...

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور سہل ہے۔ قیمت صرف تین روپیہ بارہ آنہ ...

جنگ بلقان ... ۱۹۱۳ ... مسلمانوں نے ... کفاروں پر فتح پائی قیمت صرف ۸

نوٹ:- مبلغ پانچ روپیہ یا اس سے زیادہ کی کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں ... پاکستان کیا ہے ... لیگ کیا ہے ... مسٹر جناح کا ... لیگ کی غلطیاں ... مفت پیش کئے جاتے ہیں۔

ملنے کا پتہ

مینیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

نئی دہلی میں قصر نظام پر ہندوستانی فوج کا پہرہ

حیدرآبادی ایجنٹ جنرل کو نظر بند کر دیا گیا

نئی دہلی ۱۴ ستمبر۔ کل شام ہندوستانی فوجی پولیس نے نئی دہلی میں نظام پیلس پر پہنچ کر حیدرآباد کے ریاستی محافظ فوجی دستے کو غیر مسلح کر دیا۔ نظام کے ایجنٹ جنرل مسٹر ایس ایم اے رضوی اور ان کے تمام اسٹاف کو محل ہی میں رہنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ ریاستی محافظ دستے کو بارک میں نظر بند کر دیا گیا ہے اور اب نظام پیلس پر ہندوستانی فوجی پولیس پہرہ دے رہی ہے۔

کہا گیا ہے کہ نظام کی حکومت نے ہندوستانی ایجنٹ جنرل کو حیدرآباد میں نظر بند کر دینے اور ہندوستانی محافظ دستے کو غیر مسلح کئے جانے کی خبر پاکر یہ اقدام کیا ہے۔

حیدرآباد میں ہندوستانی ایجنٹ جنرل کو نظر بند کر دیا گیا

نئی دہلی ۱۴ ستمبر۔ حکومت ہند کی وزارت خارجہ کی اطلاع کے مطابق ہندوستانی ایجنٹ جنرل متعینہ حیدرآباد مسٹر کے ایم منشی کو حکومت نظام نے نظر بند کر دیا ہے۔ مسٹر منشی کو نظر بند کر دیا گیا ہے۔ [illegible] ان کی سرکاری رہائش گاہ دکن ہاؤس سے نظام کے گرین لینڈ گیسٹ ہاؤس مہمان خانہ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ہندوستانی ایجنٹ جنرل کے محافظ دستے کو بھی غیر مسلح کر کے حراست میں لے لیا گیا ہے۔

در تکل پر فوجی ٹھکانوں پر بمباری
(صفحہ اول کالم سے آگے)

رضاکاروں کی گرفتاری

جب ہندی فوج شہر کے قریب پہنچی تو انھوں نے چاروں طرف پیل کر اس کو گھیر لیا۔ یہ شہر رضاکاروں کی سرگرمیوں کی وجہ سے بالکل خالی پڑا تھا۔ رضاکاروں کا بیشتر حصہ خندقوں میں چھپے ہوئے تھے۔ جو گولیاں چلا رہے تھے۔ شہر کی ہر گلی کوچے اور مکان میں ہر پیچے کی جگہ کی تلاشی لیتے ہوئے پولیس پارٹی پہنچی [illegible]۔ چند گھنٹے اور ہندوستانی چند گولیاں اور کچھ خانہ ساز اسلحہ، چھریاں اور کلہاڑے بھی شامل تھے۔ [illegible] ریلوے اسٹیشن پر ہندوستانی جھنڈا لہرا دیا گیا۔ اس شہر پر قبضہ کے بعد پیش قدمی کرنے والی پولیس نے نظام کی اس ریل پر قبضہ کر لیا جو اس وقت روانہ ہونے والی تھی۔ اور [illegible] کی طرف روانہ ہو گیا [illegible] رضاکاروں کو گرفتار کرنے کے لئے کئی مقامات پر کئی رضاکار مارے گئے اور کچھ رضاکار [illegible] گئے۔ [illegible] پر قبضہ کیا گیا جب ایک [illegible]۔

[illegible] ہندی پولیس ہندی فوج سے مل گئی جو [illegible] کو فتح کرنے کے بعد آگے بڑھی [illegible] میل مغرب سے [illegible] رضاکاروں کو [illegible] ہوئے روانہ ہوا۔ گیارہ رضاکار مارے گئے [illegible] زخمی ہوئے اور گرفتار کر لئے گئے۔ اس دستے نے رضاکاروں کے پاس سے ہتھیار برآمد کئے [illegible] بہت معمولی مزاحمت کے بعد پونا کا [illegible] صبح سویرے آٹھ بجے [illegible] یہاں سے ہندی فوجوں نے [illegible] پر قبضہ کر لیا۔ یہاں ہندی فوجوں کا شدید مقابلہ ہوا [illegible] علاقہ میں اسپیشل پولیس کی کارروائی [illegible] کے رستے [illegible] ریاست کی [illegible] رضاکاروں کو گرفتار کیا اور اسلحہ اور گولہ بارود کے ذخیروں پر قبضہ کر لیا۔

لاہور اب بھی غم کے دریا میں ڈوبا ہوا ہے

مغربی پنجاب کے وزراء نے تلقین صبر کی مہم جاری کر دی

لاہور ۱۴ ستمبر۔ انگریزی روزنامہ سول اینڈ ملٹری گزٹ کا نامہ نگار رقم طراز ہے کہ قائداعظم کی اچانک موت سے جو صدمہ ہوا ہے اس کے اثرات ہنوز موجود ہیں۔ لاہور میں اب بھی ماتم کیا جا رہا ہے اور رنج و غم کی گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں دکانیں بند ہیں سڑکوں پر ہو کا عالم ہے۔ تمام جلسے آئندہ مسئول پر ہیں کاروبار بالکل بند ہیں۔

پرسوں ۴ بجے بڑے اجتماع کے اندر اور تھوڑی تھوڑی تعداد میں بیسیوں جگہ نماز و دعائیہ محفلیں کی گئیں جلسوں میں مغربی پنجاب کے وزراء خود جا جا کر پاکستان کے عوام کو صبر کرنے اور موجودہ مشکلات کا مقابلہ کرنے کی تلقین کر رہے ہیں تمام سڑکوں پر آمد و رفت کمل طور پر بند ہے۔

ایک بہت بڑا جلسہ کل شام یونیورسٹی گراؤنڈ میں ہوا جس میں مغربی پنجاب کے وزراء اور سرکاری عہدہ کے لوگ بھی آئے۔ خان افتخار حسین آف ممدوٹ وزیراعظم مغربی پنجاب نے اجتماع کو خطاب کرتے ہوئے اپیل قائداعظم کے نقش قدم پر گامزن رہنے کی ہدایت فرمائی۔

پرسوں شام تمام عیسائی کلیساؤں میں خاص دعائیہ محفلیں منعقد کی گئیں۔ عیسائیوں کی سب سے زیادہ تعداد رومن کیتھولک گرجا میں جمع ہوئی۔ لاہور کے لشپ ڈاکٹر مارکیل رو گسٹ نے کہا کہ اقلیتوں کے ہاتھ سے ان کا سب سے بڑا مخلص جاتا رہا۔ قائداعظم جناح پاکستان کے شہریوں کے باپ تھے لاہور چھاؤنی میں بھی ایک تعزیتی فوجی پریڈ ہوئی۔

جنوبی کمان کا اعلان
(بقیہ صفحہ ۳)

حیدرآباد کے اندرون میں داخل ہو کر ہو کارروائی کرنے سے حکومت ہند کا حقیقی منشا یہ ہے کہ ریاست کو رضاکاروں کی دہشت انگیزیوں سے نجات ملے اور وہاں امن و نظم بحال ہو اس لئے یہ توقع کی جا رہی ہے کہ جن علاقوں کو ہندوستانی دستے اپنے قبضہ میں لیتے رہیں گے وہاں ان ہاتھوں امن و نظم بحال کیا جاتا رہے گا۔

حیدرآباد کی باقاعدہ اور بے قاعدہ فوج کے بارے میں صحیح اعداد و شمار تو معلوم نہیں ہیں لیکن یہ سمجھا جاتا ہے کہ معاہدہ جاریہ کے مطابق حیدرآباد کو جتنی فوج اور پولیس رکھنے کا حق حاصل ہے وہ اس سے کہیں زیادہ ہے خیال کیا جاتا ہے کہ ہر قسم کے مسلح اشخاص کی تعداد چالیس ہزار ہوگی۔

ریاستی فوجوں میں ابتری

ریاست کے مرکز کے چاروں طرف ایک فولادی حلقہ قائم کر دیا گیا ہے جو دن بدن تنگ ہوتا جائے گا اور ہندوستانی فوجیں سکندرآباد کو جانے والے راستوں پر دو دو آگے بڑھ گئی ہیں حیدرآباد کی فوجیں پیچھے ہٹتے ہوئے ایک چھوٹے علاقہ میں جمع ہو جائیں گی۔ غیر سرکاری طور سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیچھے ہٹنے والی ریاستی فوجوں میں کافی ابتری پھیل گئی ہے اب تک صرف ایک دو مقامات پر سخت قسم کی مزاحمت کی گئی ہے جب ہندی فوجیں ریاست کے اندر پھیل جائیں گی تو مزاحمت کرنے والی ٹولیوں کا اچھی طرح پتہ چل جائے گا اور ان کا صفایا کر دیا جائے گا۔

حیدرآباد میں امن قائم کرنے کے لئے جو کارروائی شروع کی گئی ہے اس میں ان کی کامیابیوں پر سب طرف سے اظہار اطمینان کیا گیا۔ نئی دہلی سے وزارت دفاع کا ایک کمیونک مظہر ہے کہ حیدرآباد سے رضاکاروں کو منتشر کرنے اور قیام امن کے لئے سکندرآباد میں ہندی فوجیں رکھنے کے مطالبہ کو نامنظور کرنے کی وجہ سے آج صبح ۴ بجے ہندی فوجیں حیدرآباد کی سرحد میں داخل ہو گئیں۔ ہندوستانی فوجیں لفٹنٹ جنرل مہاراج سنگھ جی کی کمان میں ہیں انھوں نے آج صبح اخبار نمائندوں کو بتایا کہ اب تک جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ سب کام ٹھیک ہو رہا ہے۔ اگرچہ ہم کو مزاحمت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیکن ہم نے اچھی خاصی پیش قدمی کر لی ہے انہوں نے بتایا کہ مزاحمت کی کیفیت کے پیش نظر ہندی فوجوں میں گھوڑے سوار، توپ خانہ اور دوسری طرح کے دستہ شامل ہیں انہوں نے کہا یہ پولیس کارروائی ہے تاکہ حیدرآباد میں امن قائم کیا جا سکے جنوبی کمانڈر کی طرف سے ۵ بجے مندرجہ ذیل کمیونک جاری کیا گیا

حکومت ہند کی ہدایات کے مطابق آج صبح ہندی فوجیں قیام امن کے لئے حیدرآباد کی سرحدوں میں داخل ہو گئیں تازہ اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر جگہ قابل اطمینان پیش قدمی کی گئی ہے ضلع اورنگ آباد میں ریاستی فوجوں میں [illegible] کے مقام پر جہاں جالنہ جانے والا راستہ حیدرآباد کی سرحد میں داخل ہوتا ہے۔ ایک جھڑپ ہوئی حیدرآباد کی فوجوں کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا گیا۔ ہماری فوجوں نے زبردست جانی نقصان پہنچایا اور بہت سے سپاہیوں کو قیدی بنا لیا۔

حیدرآباد نے اپنا معاملہ اقوام متحدہ میں پیش کر دیا

مجلس تحفظ سے جلد از جلد غور کرنے کی درخواست

لندن ۱۳ ستمبر۔ حیدرآباد کی وزارت خارجہ کے جنرل سکریٹری مسٹر ظہیر احمد نے آج اتحادی اقوام کو بذریعہ تار اطلاع دی کہ اب حیدرآباد پر حملہ کیا جا رہا ہے۔ اور مزید تاخیر سے انتہائی خطرناک صورت حالات اور زیادہ خطرناک ہو جائے گی۔

گزشتہ دنوں میں اتحادی اقوام کو ظہیر احمد کا یہ دھمکا تار ملا تھا جو اگست کے شروع میں نظام کے خصوصی سفیر کی حیثیت سے لندن بھیجے گئے ہیں۔ یہ تار اتحادی اقوام کے جنرل سکریٹری مسٹر ٹرگوے لی کو بھیجے گئے ہیں۔ دوسرے تار میں کہا گیا تھا کہ "کل کے تار کے حوالے سے عرض ہے کہ مجلس تحفظ کے اجلاس کی تاریخ سے فوراً مطلع کیجئے۔

ہمارے ملک پر حملہ شروع ہو گیا ہے۔ اور حیدرآباد کے کئی علاقوں میں لڑائی شروع ہو گئی ہے۔ مزید تاخیر سے انتہائی خراب صورت حالات اور زیادہ خراب ہو جائیگی

پہلی درخواست

پیرس کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ حکومت حیدرآباد نے اتحادی اقوام کی مجلس تحفظ سے درخواست کی ہے کہ "فوری حملے کی تیاری کے پیش نظر" ہند کے خلاف اس کی درخواست پر فوراً غور کیا جائے۔ یہ درخواست جو بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کے فوجی کارروائی شروع کرنے سے پہلے مجلس تحفظ میں پہنچ گئی تھی۔ مجلس تحفظ کے ممبروں کو بھیج دی گئی۔ مسٹر لی نے مندرجہ ذیل نوٹ کے ساتھ اس درخواست کو ممبروں میں گشت کے لئے بھیجدیا۔"

سکریٹری جنرل اس خط کے گشت کرانے کا فیصلہ نہ کر سکنے کی وجہ سے اس خط کو مجلس تحفظ کی توجہ کے لئے اس کے ممبروں کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ وہ جو ضروری اقدام کرنا چاہیں کریں جنرل اسمبلی کے لئے حیدرآبادی وفد جو براہ لندن پیرس روانہ ہو چکا ہے اس سے [illegible] ہے۔ دائرۂ اقوام متحدہ کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ ایک اہم امر یہ ہے کہ اگر حکومت ہند نے مجلس تحفظ کے اختیار اعتماد کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تو مجلس تحفظ مشکل میں پڑ جائے گی۔ ابھی اس کی بابت کچھ کہنا مشکل ہے کہ اگر یہ مسئلہ اقوام متحدہ کے سامنے آیا تو مجلس تحفظ کیا رویہ اختیار کرے گی۔ لیکن شاید ایسا ہو کہ لڑائی بند کرنے کی ایک زبردست تحریک پیش کی جائے اور ایک ثالثی کمیٹی مقرر کر دی جائے۔

لیکن اس بات پر بھی اظہار افسوس کیا جا رہا ہے کہ نظام جیسے محافظوں نے حکومت ہند کو کارروائی شروع کرنے کا موقع کیوں دیا۔ نظام کا یہ خطرہ کہ ہند یونین سے الحاق کے بعد ان کی ریاست کو ختم کر دیا جائے گا حالیہ واقعات سے غلط ثابت ہوتا ہے۔ نواب بھوپال جو ایک مسلم حکمران ہیں۔ ہند یونین سے الحاق کے بعد بھی داخلی طور پر پہلے طرح آزاد ہیں اور اسی طرح دوسری ریاستیں بھی ہیں

دہلی میں خبر کس طرح سنی گئی

جس وقت دہلی میں یہ خبر سنی گئی کہ ہندی فوجوں نے سکندرآباد کی طرف کوچ شروع کر دیا ہے جس کا کہ گزشتہ جمعہ کو وعدہ کیا گیا تھا تو سارے دن شہر میں بڑی بے تابی دیکھنے میں آئی۔ یہ خبر سب ہی فرقوں کے لوگوں نے اطمینان کے ساتھ سنی مسلمان بھی پورے طرح مطمئن تھے اور ان کے لیڈروں کی طرف سے ایک بیان جاری کیا گیا جس میں حکومت ہند کے اقدام کی پوری طرح حمایت کی گئی۔

شہر میں سکون

شہر میں تعلق طور پر سکون رہا سوائے اس کے کہ مختلف گروپس کو یہ گفتگو کرتے دیکھا گیا کہ حکومت ہند کی فوجی کارروائی کب ختم ہوگی۔ عوام میں اس بارے میں تعلق اظہار پایا جاتا تھا کہ اب ریاست حیدرآباد کو رضاکاروں کی زیادتیوں اور چیرہ دستیوں سے نجات مل جائے گی۔

پولیس دستے

مقامی حکام نے شہر کے مختلف ناکوں پر پولیس کے دستے متعین کر دیئے تھے۔ بعض علاقوں میں گھوڑ سوار پولیس سپاہیوں کو بھی دیکھا گیا۔ لیکن قانون کے ان محافظوں نے پورا دن سستی سے گزارا۔

شام کو جب یہ خبر موصول ہوئی کہ ہندی فوجیں ریاست حیدرآباد میں آگے بڑھ گئی ہیں تو لوگوں کی دلچسپیاں اور بڑھ گئیں۔ نئی دہلی میں نظام کے محل پر جو حیدرآبادی فوجیں پہرہ دے رہی تھیں انھیں غیر مسلح کر کے ان کی جگہ ہندوستانی فوج تعینات کر دی گئی۔ یہ اقدام اس خبر کے بعد کیا گیا کہ حیدرآباد میں ہندوستان کے ایجنٹ جنرل مسٹر کے ایم منشی اور ان کے اسٹاف کے ممبروں کو حیدرآباد کے کسی مہمان خانہ میں پہونچا دیا گیا ہے۔

رضوی کے چلے جانے کی کوشش

دوپہر کے وقت غالباً نظام حکومت کے حکم کی تعمیل میں مسٹر رضوی حیدرآباد جانے کے لئے ہوائی اڈہ پر گئے۔ لیکن حکومت ہند کی طرف سے اجازت نہیں دی گئی۔ اس کے بعد مسٹر رضوی سابق ایجنٹ جنرل نواب معین نواز جنگ کے ہمراہ مسٹر وی پی مینن سے ملے اور ان سے کہا گیا کہ چونکہ ابھی تک مسٹر منشی حیدرآباد میں ہیں اس لئے وہ بھی دہلی میں ہی رہیں۔

کچھ دیر بعد دہلی کے مقامی حکام نے نظام کے محل کے حیدرآبادی سپاہیوں کو غیر مسلح کر دیا اور ان کی جگہ ہندوستانی مسلح سپاہی تعینات کر دیئے گئے۔

حیدرآباد کے سپاہی پہلے ہتھیار دینے کے لئے رضا مند نہیں تھے لیکن ایجنٹ جنرل کی ہدایت پر انھوں نے اپنے ہتھیار دیدیئے۔

اس کے بعد محل کی نقدی سے لی گئی اور پہرہ دار بعد کو فوجی بارکوں میں پہونچا دیا گیا۔ مسٹر رضوی اور اسٹاف کے دیگر آدمی محل ہی میں رہ رہے ہیں۔

خواجہ ناظم الدین آج گورنر جنرل کا حلف اٹھالیں گے

مسٹر نورالامین مشرقی بنگال کے وزیراعظم بنیں گے

کراچی ۱۴ ستمبر۔ معتبر ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ خواجہ ناظم الدین جو پاکستان کے گورنر جنرل مقرر ہوئے ہیں آج اپنے عہدہ کا حلف اٹھائیں گے۔ لاہور کے چیف جسٹس مسٹر عبدالرشید اس رسم کو ادا کریں گے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی موجودہ کابینہ میں کوئی ردوبدل نہیں ہوگا۔

مسٹر نورالامین جو مشرقی بنگال کے وزیر اطلاعات و مسیح ہیں وہ مشرقی بنگال کے وزیراعظم بنائے جائیں گے یہ امر قابل ذکر ہے کہ پیرس میں ہونے والی جنرل اسمبلی میں شرکت کرنے کے لئے پاکستان کا جو وفد جا رہا ہے مسٹر نورالامین اس کے ایک ممبر تھے اگر وہ وزیراعظم بنائے گئے تو وہ پیرس اسمبلی میں شرکت نہ کر سکیں گے اس وقت وہ کراچی میں ہیں۔

ماسکو میں مغربی طاقتوں کے سفیروں کا باہمی مشورہ

برلن کے معاملہ پر اسٹالن سے ایک اور ملاقات ہو رہی ہے

ماسکو ۱۴ ستمبر۔ مغربی طاقتوں کے ۳ سفیر جو گزشتہ ۳۱ جولائی سے برلن کے بارے میں سوویٹ لیڈروں سے بات چیت کر رہے ہیں وہ کل ماسکو کے امریکن سفارت خانہ میں جمع ہوئے [illegible] جب کہ جن میں پھر ملاقات کرنے میں ان کا کیا رویہ ہونا چاہئے تینوں سفیروں کو اپنی اپنی حکومتوں کی طرف سے ہدایات موصول ہوئی ہیں کہا جاتا ہے کہ وہ ان پر غور کر رہے ہیں تینوں سفیروں نے برلن کی مغربی [illegible] کے فوجی گورنروں کی رپورٹ پر غور کیا۔ یہ خیال ہے کہ آج کسی وقت کریملن میں جائیں گے اور اسٹالن سے ملاقات کریں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کے بارے میں [illegible] کے حالات میں اٹھایا جائے گا۔

مہم حیدرآباد کا ابتدائی مرحلہ طے ہو گیا

فوجی کمانڈروں کا اظہار اطمینان

پونا ۱۴ ستمبر۔ انگریزی روزنامہ اسٹیٹسمین کے نمائندہ خصوصی کا بیان ہے کہ حیدرآباد کی پولیس کارروائی کے بارے میں جو پہلا کمیونک شائع ہوا ہے اس سے دو خاص باتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ پہلی تو یہ کہ ہندوستانی فوجیں حیدرآباد کی سرحد میں داخل ہو گئی ہیں اور ریاست کو حلقہ میں لے لیا ہے۔ ان میں خاص طور پر مسلح دستے میجر جنرل جے این چودھری کی کمان میں شولاپور کی طرف سے بڑھ رہے ہیں۔ ایک اور فوج اگرچہ وہ پہلی سے تعداد میں کم ہے بیز واڑہ سے سکندرآباد کی طرف پیش قدمی کر رہی ہے۔ اور جنوبی حصہ پر شمال مشرق سے ضلع ادھر ادیلاباد میں، شمال مغرب سے عادل آباد کے علاقہ میں اور جنوبی سرحد پر دریائے تنگ بھدرا کے متوازی مارچ کر دی ہیں۔

دوسری چیز یہ ظاہر ہوتی ہے کہ ہندوستانی فوجوں نے ابتدائی کامیابی حاصل کر لی ہے۔ اور انہوں نے اہم پلوں اور مقامات پر قبضہ کر لیا ہے اس سے ان کو رسل و رسائل کی لائن قائم کرنے میں آسانی ہو گئی ہے۔

مرجودہ تجربات سے محاذات حیدرآباد کے کمانڈر خاص طور پر مطمئن ہیں۔

برطانی پارلیمنٹ میں چرچل پارٹی حیدرآباد کا مسئلہ اٹھائے گی

لندن ۱۴ ستمبر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ برطانی پارلیمنٹ میں اس فیصلہ کے آخر میں جبکہ تخت شاہی سے دیئے جانے والے ایڈریس پر بحث ہوگی۔ حزب مخالف کی طرف سے حیدرآباد کے اندر ہندوستانی فوجوں کے داخلہ کا سوال اٹھایا جائے گا۔ توقع کی جاتی ہے کہ سرکاری ترجمان اپنی اس پالیسی پر بدستور قائم رہیں گے کہ حیدرآباد کے تنازعہ میں برطانیہ کو دخل دینے کا کوئی حق نہیں ہے۔

سوشلسٹ حکومت کے ساتھ ہیں

مسٹر جے پرکاش نرائن کا بیان

پٹنہ ۱۴ ستمبر۔ مسٹر جے پرکاش نرائن سوشلسٹ لیڈر نے ایک بیان دیا ہے جس میں انہوں نے حکومت ہند کو یقین دلایا ہے کہ سوشلسٹ پارٹی ہندوستان کے ہر معاملہ میں پوری طرح حکومت ہند کے ساتھ ہے۔ حکومت ہند حیدرآباد کے خلاف جو بھی قدم اٹھائیگی سوشلسٹ پارٹی اس میں اس کا پوری طرح ساتھ دے گی۔

کمیونسٹوں کو سزا

پٹنہ ۱۴ ستمبر۔ پانچ کمیونسٹوں کو مقامی مجسٹریٹ [illegible] کی عدالت سے ایک سال قید سخت کی سزا دی گئی ہے ان پر الزام تھا کہ انہوں نے ایک گاؤں پر زبردستی قبضہ کر لیا اور وہاں اپنی عدالت قائم کر کے [illegible]۔

مسلمان پوری طرح وفادار رہیں

سر محمد عثمان کا بیان

مدراس ۱۴ ستمبر۔ سر محمد عثمان سابق ہوم ممبر حکومت ہند نے آج ایک بیان دیا ہے کہ موجودہ صورت حالات کی تمام تر ذمہ داری نظام اور ان کی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ آپ نے کہا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو تعلق طور پر وفادار رہنا چاہئے اور حکومت ہند کے ساتھ پوری طرح تعاون کرنا چاہئے۔

ہم کو ان تمام لڑائیوں میں بہت معمولی نقصان پہنچا۔ زخمی کمانڈر نے تمام سپاہیوں کو ان کی کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ نظام کے فوجی افسر [illegible] جو سرحد پر بھیجے گئے تھے اور جو ہلاک ہو گئے [illegible] کو [illegible] کے لئے لے جایا گیا۔ حکومت ہند نے دھوں سے کرزل تک کی نظام ریلوے [illegible] کر لیا ہے۔

کرزل ریلوے اسٹیشن کو [illegible] کر دیا گیا ہے۔ [illegible] اور گنتاکل کے درمیان ریلوے کی آمد و رفت بند کر دی گئی ہے۔ [illegible] صرف بلاری تک چل رہی ہے۔

سکندرآباد میں [illegible] ٹیلیفون ایکسچینج پر حیدرآباد کی فوج نے قبضہ کر لیا اور اس کو بند کر دیا۔ اس طرح سکندرآباد اور حیدرآباد میں مواصلات کا سلسلہ بند ہو گیا۔

آج سے شولاپور میں شام سے صبح تک کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ پانچ سے زائد اشخاص کے اجتماع پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ سات اشخاص شب میں گرفتار کر لئے گئے

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند حیدرآباد کے ان مقبوضہ علاقوں کا انتظام سنبھالنے کے لئے پورا انتظام کر رہی ہے اور ان سی پی سے کچھ افسر انتظام سنبھالنے کے لئے بھیجے جا رہے ہیں۔

اورنگ آباد میں باقی کالم بہت معمولی مزاحمت کے بعد آگے بڑھتے چلے گئے۔ ضلع عادل آباد میں ملیار شاہ کا پل آج صبح ہندی فوجوں کے قبضے میں آگیا۔ بہت معمولی مزاحمت کی گئی۔ کچھ جانی نقصان پہنچایا گیا۔ ضلع بیدر میں ہمارے سرحدی محافظ دستوں نے [illegible] اور [illegible] کے دیہات پر قبضہ کر لیا۔ پونا کالو سے حملہ کرنے والی فوجوں کو سری پور پر سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا اور کچھ نقصان جان پہنچایا گیا۔ ایک اور فوجی دستہ بیز واڑہ سرحدی پت روڈ پر کرشنا گانگ پہونچ گیا۔ دریائے تنگ بھدرا پر کرنول سپیت کے ریلوے اسٹیشنوں پر ہندی فوجوں نے قبضہ کر لیا۔ گداگ سپیت ریلوے لائن پر ہندی فوجوں کا قبضہ ہو گیا ہے۔ شولاپور میں شولاپور حیدرآباد روڈ پر بڑھتا ہوا ایک دستہ نلدرگ پہونچا جہاں اس کا سخت مقابلہ کیا گیا۔ سخت جدوجہد کے بعد یہاں کے پل اور شہر پر قبضہ کر لیا گیا سخت نقصان پہونچا گیا اور ابھی پیش قدمی جاری ہے۔

مدراس یونین کے علاقوں بارسی اور رحم کنڈ میں ہندی فوجیں متعین کر دی گئی ہیں۔ یہاں سے بھی لڑائی کی اطلاعات ملی۔ ملکاپور کو آج ۱۱ بجے ہندی فوجوں نے آزاد کر لیا۔ ہمارے طیاروں نے دن بھر فوجی ٹھکانوں پر گولہ باری کی۔

حکومت ہند کے اقدام پر دہلی میں اظہار اطمینان

شہر میں پوری طرح امن و سکون ہے

(نامہ نگار الجمعیۃ)

نئی دہلی ۱۴ ستمبر۔ حیدرآباد کے خلاف فوجی کارروائی شروع ہونے پر دارالسلطنت میں اطمینان کی لہر دوڑ گئی۔ جون میں گفت و شنید کے خاتمہ کے بعد سے پبلک یہ سمجھنے لگی تھی کہ اب فوجی کارروائی ناگزیر ہو گئی ہے۔ اور یہ کہ یہ اقدام جتنی جلدی کیا جائے وہ سب کے لئے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ حیدرآباد کا معاملہ ایک ایسی مثال ہے جس میں پبلک کے جذبات اور رائے سرکاری نقطہ نظر سے بہت آگے تھی۔ اس بارہ میں حکومت ہند کو مختلف فرقوں کی تائید اور اعتماد بھی حاصل ہے۔ پبلک کے اعتماد اور تائید کا ایک بڑا سبب وہ طرز عمل بھی ہے جو حکومت نے حیدرآباد سے گفت و شنید میں اختیار کیا۔ اسی دوران میں چار مرتبہ گفت و شنید شروع ہوئی۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے گفت و شنید کے ان تمام مواقع پر حکومت ہند کی طرف سے حصہ لیا۔ اس مسئلہ کے پرامن تصفیہ کے لئے انہوں نے بار بار کوشش کی۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس تمام دوران میں نظام یہ سمجھتے رہے کہ ہندوستان جو کشمیر میں الجھا ہوا ہے۔ جنوب میں نہیں لڑ سکتا۔

ان کو یہ بھی غلط امید تھی کہ بیرون ہند کے دوست ان کی مدد کریں گے۔ انہوں نے ہند کے اس رویہ سے کہ وہ ریاست حیدرآباد اور ہند یونین میں فرقہ وارانہ فسادات سے بچنا چاہتا ہے۔ فائدہ اٹھانا چاہا۔ حکومت ہند کی پرامن تصفیہ کی خواہش سے بھی غلط فائدہ اٹھایا۔

ہوتا ہے ظاہر ہے۔ اگرچہ لسانی صوبہ بنانے کے لئے ریاست حیدرآباد کے علاقوں کو متصلہ صوبوں میں ضم کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

حکومت ہند کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اس کی جغرافیائی سالمیت برقرار رکھا جائے اگرچہ ہند کے ان سکوت اور خاموشی کو توڑنے پر اطمینان کا اظہار کیا جا رہا ہے

اب اس ریاست اور شاہی خاندان کا جو حشر [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی

نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعہ ۱۲ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۷ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۰ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

دہلی بمبئی کی بندرگاہ میں

بمبئی ۱۵ ستمبر۔ آج صبح ... جگہ ... سندوستان کی کروزر دہلی کی بندرگاہ میں پہنچ گیا ... بجے کے قریب پنڈت جواہر لال وزیر اعظم اور سردار بلدیو سنگھ وزیر دفاع جہاز پر ... گئے۔ ان کا جہاز کے کمانڈر کی طرف سے استقبال کیا گیا۔ پنڈت نہرو نے جواب میں ایک تقریر کی اور ... روشنی ڈالی۔ دہلی جہاز کی لمبائی ۵۵۵ فیٹ ... اور چوڑائی ۵۵ فیٹ ... اس میں دو ... اور ... نصب ہیں ... کو چھوڑ کر باقی افسر ہندوستانی ہیں۔

زوجیلا کے علاقہ میں جھڑپیں

دہلی ۱۵ ستمبر۔ وزارت دفاع کا ایک کمیونک مظہر ہے کہ کچھ جھڑپیں ... زوجیلا اور ... کے مورچے پر ہندوستانی ہوائی جہازوں نے راکٹ بم گرائے ... ہمارے ہراول دستوں نے زوجیلا کے جنوب مغرب میں دشمنوں کی ایک پارٹی پر ... حملہ کر دیا اور ... کو زبردست نقصان پہنچایا۔ دشمن کے اس گروہ میں ... آدمی تھے۔ ان میں سے پچاس زخمی ہوئے اور ... مارے گئے۔ دشمن کی باقی جمعیت ... دوسرے مورچوں پر کوئی قابل ذکر بات نہیں ہوئی۔

ریاست حیدرآباد کے دوسرے بڑے شہر اورنگ آباد پر ہندستانی فوجوں نے قبضہ کر لیا

ہندستانی فوجیں آندھی کی طرح آگے بڑھ رہی ہیں

کراچی ۱۴ ستمبر ... ایک لاکھ ... قرآن شریف ... قائد اعظم کی روح کو بخشا۔ اس رسم میں خواجہ ناظم الدین ... لیاقت علی خاں اور مسلم ممالک کے سفرا ... نے ... شرکت کی۔

چھ دن کے اندر سکندرآباد پر جھنڈا لہرا دیا جائیگا

جنوب میں ریاستی فوج کے جوابی حملے پسپا کر دیئے گئے

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ ایک سرکاری اطلاع کے مطابق اورنگ آباد پر ہندوستانی فوجوں نے قبضہ کر لیا ہے۔ اس سے قبل ہندوستانی کمانڈر نے حیدرآبادیوں سے ہتھیار ڈالنے کی درخواست کی تھی۔ چنانچہ شہر کے صوبہ دار نے غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال دیئے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اورنگ آباد ریاست حیدرآباد کا دوسرا بڑا شہر ہے۔ تازہ اطلاعات کے مطابق ہندوستانی فوجیں آندھی کی طرح آگے بڑھ رہی ہیں۔ شولاپور سکندرآباد روڈ پر پیش قدمی کرنے والے ہندوستانی فوجی دستوں نے ہومنا آباد کو بھی لے لیا ہے۔ یہ مقام راسور RAASUR سے ۱۰ میل شرق کی طرف ہے۔ جس پر کل ہی ہماری فوجوں کا قبضہ ہوا ہے۔

صرف چھ دن میں

اگرچہ ابھی تک سرکاری طور پر اس امر کا اظہار نہیں ہوا کہ ہندستانی فوجوں کو اپنا مقصد حاصل کرنے میں کتنا عرصہ لگے گا لیکن یقین کیا جاتا ہے کہ اب جبکہ ہماری فوجیں ... سور اور سوریہ پیٹ پر پہنچ چکی ہیں تو انہیں سکندرآباد پہنچنے میں چھ دن سے زیادہ نہیں لگنے چاہئیں۔ اس اندازے میں ریاستی فوجوں اور رضاکاروں کی وہ سخت مزاحمت بھی شامل ہے جس کا بیدر کے ضلع میں امکان ہے ...

... حیدرآباد کے علاقے میں ہندستانی فوجوں ... کے بعد جو سرکاری اعلان جاری کیا گیا اس میں صورت حالات کو اطمینان بخش بتایا گیا ہے ... دستہ ... کی طرف سے بڑھ رہا ہے ... پیش قدمی کی ہے ... لڑائی ... جاری ہے ... شاید ... تیز ہو گی ... سرکاری اعلان کے مطابق ... حیدرآباد کی مستقل فوجیں اور رضاکار مقابلہ کر رہے ہیں۔ اس علاقے میں آگے بڑھ جانے والے ہندستانی دستے ... ہندستانی دستوں کے درمیان ...

دہلی میں اہم ناکوں پر مسلح پولیس متعین کر دی گئی

حکام کی مدد کے لئے ہوم گارڈ کو بھی طلب کر لیا گیا

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ مقامی حکام نے دہلی میں حفاظتی انتظامات کو اور سخت کر دیا ہے۔ مسلح پکٹ اہم ناکوں پر متعین کر دیئے گئے ہیں اور فوج بھی تیار کھڑی ہے۔ ٹاؤن ہال میں کنٹرول روم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ کل صوبائی مسلح کار پولیس نے مارچ پاسٹ بھی کیا۔ یہ مارچ پاسٹ لال قلعہ سے شروع ہوا اور شہر کے بڑے بڑے بازاروں سے فوجیں گزر کر ... کے نام فرسٹ کلاس مجسٹریٹ شہر میں حفظ امن کے لئے مختلف مقامات پر متعین کر دیئے گئے ہیں۔ انسپکٹر جنرل پولیس اور ڈپٹی کمشنر ... نے آج تمام شہر کا دورہ کیا اور تمام انتظامات کا معائنہ کیا۔ انسپکٹر جنرل پولیس نے کہا ہم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ شہر میں کچھ گڑبڑ نہ ہونے دیں گے۔

دہلی اور مغربی پولیس کو خاص احکام دیدیئے گئے ہیں۔ ہوم گارڈ کو شہری اور فوجی حکام کی امداد کے لئے طلب کر لیا گیا ہے۔ صوبائی کانگرس کمیٹی کے ایک ہنگامی جلسہ میں یہ طے پایا کہ کانگرس سیوا دل کی طاقت میں اضافہ کر دیا جائے۔ کانگرسی کارکنوں سے امن کی کمیٹیاں بنانے کے لئے کہا گیا ... کانگرس کمیٹی نے حکومت کو پورے تعاون کا یقین دلایا اور عوام سے اس نازک وقت ...

... کی اپیل

رنگون ۱۰ ستمبر۔ حکومت برما نے کل ایک ... میں اظہار کیا ہے کہ حکومت کے حامیوں نے ... رنگون کے ... کو ایک مقابلہ میں ... ہلاک ... زبردست تلاشی کے بعد پولیس نے ... گرفتار کر لیا ہے۔

سید ... حیدرآباد کے دار السلطنت سے ... ہے صرف ڈیڑھ سو میل کا فاصلہ رہ گیا ہے ...

(باقی صفحہ ۶ کالم ... پر)

دریائے گنگا کا پانی پٹنہ شہر میں داخل ہونے لگا

آرہ ضلع کے دو سَو دیہات میں پانی بھرا ہوا ہے

پٹنہ ۱۴ ستمبر۔ دریائے گنگا کا پانی پٹنہ شہر میں داخل ہو گیا ہے اور ... کے بالمقابل دینا پور روڈ پر بہہ رہا ہے۔ بہار کے مغربی علاقے کے سپرنٹنڈنٹ انجینئر کی اطلاعات ... ہے کہ مغرب میں دینا پور ... روڈ بھی پانی میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اس سڑک پر ٹریفک بند ہو گیا ہے۔

مشرق میں ... روڈ گذشتہ ۲۴ گھنٹے سے پانی میں ڈوبی ہوئی ہے ... ہو گیا ہے۔

گذشتہ ۲۴ گھنٹے کے اندر دریا کا پانی مزید ۲۷۷ انچ بڑھ گیا ہے۔

پٹنہ کے مغرب میں ... دیہات زیر آب ہیں ... بہت سے گاؤں سیلاب کی لپیٹ میں آ گئے ہیں۔ شہر کے مشرقی حصہ میں سیلاب داخل ہو ... ہے۔

امدادی کارروائیاں

... کی معیت میں سیلاب زدہ دیہات کا معائنہ کیا ... امداد کے ... ایک سو ... محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ... امدادی کام ... دیہات سے تقریباً ... آدمیوں کو ... لوگوں کو ... اسکولوں اور دھرم شالاؤں میں ٹھہرایا گیا ہے ...

حیدرآباد کو سلامتی کونسل کو کسی قسم کی درخواست کا استحقاق نہیں

پیرس میں ہندستانی سفارت خانہ کے ترجمان کا بیان

پیرس ۱۵ ستمبر۔ آج یہاں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا جلسہ ہو رہا ہے۔ ہندستانی سفارت خانہ کے ایک ترجمان نے کل رات یہاں ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ سلامتی کونسل میں حیدرآباد کو اپنا معاملہ پیش کرنے کا کوئی قانونی حق نہیں ہے۔ اس لئے کہ وہ کوئی آزاد حکومت ہے جس کے ... نہ اس کا آزاد ملکوں سے کوئی براہ راست تعلق ہے اور جب تک ... کونسل حیدرآباد کی درخواست ایجنڈے میں شامل نہ کرے۔ اس پر کوئی غور و خوض کرنا غیر ضروری ہے۔

حیدرآبادی وفد کل شام پیرس میں پہنچ گیا ہے اس کے قریبی ترجمان نے کہا ہے کہ اس کا حق آزادی تسلیم شدہ ہے۔

کراچی میں نئے گورنر جنرل کے حلف اٹھانے کی رسم

رسومات میں انتہائی سادگی اور سنجیدگی کا لحاظ رکھا گیا

کراچی ۱۵ ستمبر۔ مشرقی پاکستان کے وزیر اعظم خواجہ سر ناظم الدین نے کل ... قائم مقام گورنر جنرل پاکستان کی حیثیت سے اپنے نئے عہدہ کا حلف اٹھایا۔ قائد اعظم کے سانحہ ارتحال کے باعث حلف اٹھانے کی رسم انتہائی سادگی اور خاموشی کے ساتھ ادا کی گئی۔

حفاظتی ... میں جہاں کہ یہ رسم ادا کی گئی سکتہ کا عالم تھا۔ گورنر جنرل کی سنہری کرسی کے دونوں طرف پاکستان کابینہ کے ارکان بیٹھے تھے۔ ہال کے ایک جانب ... اور کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی کے ممبران رسوم کے مطابق اپنا لباس زیب تن کئے ہوئے تھے۔ دوسری طرف سندھ کے وزراء اور سول اور ملٹری کے اعلیٰ افسران بیٹھے تھے۔

سر ناظم الدین سفید شیروانی اور سیاہ جناح کیپ پہنے ہوئے ٹھیک ۴ بجے شام ہال میں داخل ہوئے۔ مسٹر محمد علی سکریٹری جنرل نے ہز میجسٹی شاہ جارج ششم کا دستخط شدہ منشور پڑھ کر سنایا۔

... خدا کو حاضر و ناظر جان کر اقرار کرتا ہوں کہ پاکستان کے آئین کا پابند رہوں گا اور ہز میجسٹی کے جو پاکستان کے گورنر جنرل کے عہدہ پر ... شاہ جارج ششم ... کے جانشینوں اور وارثوں کا وفادار رہوں گا۔

(صفحہ ۶ کالم اول پر)

مشرقی پاکستان کے نئے وزیر اعظم

کراچی سے ڈھاکہ واپس

ڈھاکہ ۱۵ ستمبر۔ مشرقی پاکستان کے وزیر ... مسٹر نور الامین کل شام کراچی سے ڈھاکہ واپس آ گئے۔ مسٹر ... پاکستان ... کی ... اسمبلی میں شرکت کے لئے پیرس جا رہے تھے لیکن خواجہ ناظم الدین کی جگہ ... مشرقی پاکستان کا وزیر اعظم ... آپ کو اپنا سفر ملتوی کرنا پڑا ...

کراچی ۱۵ ستمبر۔ مصری سفیر ... نے ... قائد اعظم کی قبر پر آج پھول چڑھائے ... مصر سے واپس آئے ہیں ... اس سے قبل ہزاروں آدمیوں ... قائد اعظم کی قبر پر قرآن خوانی کی۔



۲۰ سال کا مشہور و معروف ناگ مارکہ خضاب چند منٹ میں بڈھے کو نوجوان بنا دیتا ہے ہر جگہ ملتا ہے ناگ ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
۱۷ ستمبر ۱۹۴۸ء

سائنس اور اسکے اثرات

برانے تن میں برطانیہ کی توسیع سائنس کانگریس کا ایک سو دسواں اجلاس منعقد ہو رہا ہے جس میں دنیا کے وہ سائنسداں جنہوں نے مشرق و مغرب خط استوا اور جنوب و شمال کا طول و عرض ایک کر ڈالا ہے اور جنہوں نے زمین پر چلنے والے انسان کو پانی پر چلنے اور ہوا میں اڑنے کا فن سکھایا ہے جمع ہو کر سائنس کی ترقی، سائنس کی افادیت اور جدید معلومات پر بہتر مقالے پڑھیں گے اور دنیا کو بتائیں گے کہ اس پر سائنس کے کیا کیا احسانات ہیں اور آیندہ اس کے صدقہ میں کیسا کیسا کرشمے ظہور میں آنے والے ہیں!

جہاں تک سائنس کا تعلق ہے اس نے ستو سال کے اندر بہت کچھ ترقی کی ہے لیکن جہاں تک انسان کا تعلق ہے اس نے کوئی ترقی نہیں کی بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ اس نے پانے کی بجائے کھویا اور لینے کی بجائے دیا ہے تو بیجا نہ ہوگا، ہندوستان کے ایک مشہور شاعر نے انگلستان کے ایک فلسفی سے کیا ہی خوب کہا تھا کہ "آپ لوگوں نے مچھلی کی طرح پانی پر دوڑنا اور پرندوں کی طرح ہوا میں اڑنا سیکھا مگر افسوس زمین پر چلنے کا گر معلوم نہ کر سکے"، انسان زمین پر چلنا بھول گیا، یہ اس کا اصلی نقصان ہے، ہوا میں اڑنا سیکھ گیا، یہ اس کی نقلی اور ہوائی زندگی ہے انسان نے اگر کوئی کمال حاصل نہیں کیا، البتہ سائنس اپنے معراج کمال پر پہونچ گئی، اور یہ اسی کا کمال تھا کہ ہیروشیما جیسا عظیم الشان شہر دنیا کے نقشہ سے بالکل صاف ہو گیا اور آسمان کی پرواز زمین کی بربادی پر ختم ہوئی۔

سائنس بہت جامر عوب کن نام ہے، ہم گھر میں بیٹھے اور ڈیڑھ گھنٹہ کا راستہ آٹھ منٹ میں طے کر لیا، بٹن دبایا اور سارا محل بجلی کے قمقموں سے جگمگا اٹھا، اور پنکھے حرکت میں آ گئے، چوتھی منزل پر جانا ہوا اور لفٹ کو حرکت دیدی باریک تار کو چھیڑا اور پورا کارخانہ چل نکلا اور مشینیں اپنا کام انجام دینے لگیں، لیکن سائنس نے یہ نہیں بتایا کہ آلات اور مشینوں کے ذریعہ وقت کی جو بچت ہوتی ہے اس کا صحیح مصرف کیا ہے، آپ موٹر میں بیٹھے اور ایک گھنٹہ کا راستہ دس منٹ میں طے کر لیا اب جو یہ پچاس منٹ کی بچت ہوئی، اس کا مصرف کیا ہے! جب تک سائنس اس عقدہ کو حل کرے اور یہ نہ بتائے کہ وقت کی بچت اس مقصد کے لئے ہے، اس وقت تک اس کی افادیت کا دعویٰ بڑا دعویٰ ہی ہوگا، اور یہ خیال غلط ہے کہ سائنس نے ایک انسان کا کام سو انسانوں سے لے لیا اور وقت بچا کر اسکی بجولی ہنسوں اور سیکنڈوں سے بھر دی۔

ہمارے خیال میں سائنس معترت رساں نہیں بلکہ سائنسداں دنیا کے لئے عذاب بن گئے ہیں، اس مخلوق نے سب سے بڑی غلطی یہ کی کہ اعلیٰ سے اعلیٰ چیزیں ایجاد کر کے انہیں حکومتوں کے ہاتھ فروخت کر ڈالا اور جس ایجاد کو وہ خود ہی استعمال کر کے دنیا کو فائدہ پہونچا سکتے تھے اسے نااہلوں اور خود غرضوں کے ہاتھ میں دیدیا، آج ریڈیو حکومتوں کی زبان ہے، سینما حکومتوں کا پروپیگنڈا ہے، پریس حکومتوں کا غلام ہے، بم اور جوہری کرہ حکومتوں کی باندی ہے، زہریلی گیس حکومتوں کا انتقام ہے، ہر چیز پر حکومتوں کا قبضہ، ہر ایجاد حکومتوں کے حوالہ، اگر بچے کے ہاتھ میں دیا سلائی دیکر کسی خیر کی توقع نہیں کر سکتے! کاش سائنس والوں کو اتنی عقل ہوتی کہ بڑوں کے استعمال کی چیز بچوں کے ہاتھ میں نہ دینی چاہیئے۔

حال ہی میں بوڈاپسٹ کی بین الاقوامی طبی کانفرنس میں حیاتیات کے ماہر پروفیسر ہالڈین نے تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ "امریکہ میں بعض ڈاکٹر اور سائنسداں جراثیمی لڑائی کی تیاریاں کر رہے ہیں، اگر یہ صحیح ہے تو میں کہوں گا کہ امریکہ کے یہ ڈاکٹر اچھے محب وطن تو ہو سکتے ہیں مگر اچھے انسان نہیں ہو سکتے وہ انسانیت کے اتنے ہی بڑے دشمن ہیں جتنے کہ نازی ڈاکٹر تھے"!

یہ مہلک جراثیم کس لئے تیار کئے جا رہے ہیں اس لئے کہ انسان کا پیٹ بھرے، بیماریوں کا انسداد ہو، جہالت اور تعصب کی جڑ کٹے، جنگ و پیکار اور خونریزی کم اپنی موت مر جائے، نہیں بلکہ اسلئے کہ آن کی آن میں وہ لاکھوں انسان ہمیشہ کی نیند سو جائیں جنہیں خدا کی بیشمار مخلوق نے بڑی مشکل سے پالا ہے اور جن کی پرورش ساری کائنات نے مل کر کی ہے۔

برانے تن میں توسیع کانگریس کا جو اجلاس ہو رہا ہے اس میں شامل ہونے والے سائنسدانوں کا فرض صرف یہ نہیں ہے کہ کسی نئے سیارہ پر مقالہ پڑھ دیا، یا مقادیر عنصری (کوانٹم تھیوری) اور الیکٹرو میگنیٹک تھیوری پر جدید تجربات کا اضافہ کر دیا بلکہ انکا فرض یہ ہے کہ وہ سائنس کو حکومتوں کی اجارہ داری سے نکالیں اور اسے انسانیت کی خدمت کے لئے مخصوص کر دیں مگر یہ نہیں ہوگا جب تک سائنس اخلاقی اقدار کا قائل نہ ہو جائے اور اعمال کی ذمہ داری کسی برتر ہستی کا تصور پیدا نہ کرے خدا کو نظر انداز کرنے کے بعد اگر دیانت بھی ہوگا تو سائنس اسے بھی گیس میں تبدیل کئے بغیر نہ رہیگی۔

حیدرآباد!

افسوس! حیدرآباد میں وہی ہوا جس کا اندیشہ تھا اور حکومت ہند کو قیام امن کے لئے مداخلت پر مجبور ہونا پڑا۔ ہندوستان کے مدبرین ابتدا ہی سے سمجھاتے رہے کہ حیدرآباد کیلئے ہند یونین میں شامل ہونا ہی مناسب ہے مگر مفسدوں کی طفل رہی اور تکلفین کو بے ایمان اور دشمن قرار دیا گیا، دنیا کی کونسی حکومت ہے جو قاسم رضوی کی غیر قانونی حرکات کو برداشت کرے گی اور بغل کے پھوڑے کو رستے اور متعفن ہونے کا موقعہ دے گی۔ لال قلعہ پر آصفی جھنڈا لہرانے کا خواب الیسا تھا جس کی معکوس تعبیر نہ نکلے گی اگر وہ ملک کی غیرت حرکت میں نہ آتی ...... کا مجبور ہے کہ اپنا انجام دیکھے اور اپنے ساتھ دوسروں کو بھی لے ڈوبے!

بات صاف تھی کہ حیدرآباد ہند یونین میں شمولیت اختیار کرے اور اپنے حدود میں ذمہ دار حکومت قائم کرے، مگر دماغ پر بہت سوا تھا اور انگریز کا اشارہ کام کر رہا تھا، مگر انجام کیا ہوا وہی جس سے آگاہ کیا جا رہا تھا اور جس کے نتائج پہلے سے سامنے تھے، اب اگر حکومت ہند مداخلت پر مجبور ہوئی تو اس کا یہ اقدام قدرتی تھا اگر وہ ایسا نہ کرتی تو جمہوریت کی بارگاہ میں مجرم قرار پاتی اور اس کے نتائج بہت ہی بھیانک شکل میں ظاہر ہوتے۔ ہمیں خوشی ہے کہ حکومت ہند کے اقدام کو پورے ملک کی تائید حاصل ہے اور توقع ہے کہ اعتماد کی یہ روح بہتر نتائج کی حامل ہوگی۔

مبارک اقدام

حکومت سندھ نے اپنے سرکاری ملازمین کو آگاہ کیا ہے کہ وہ اقلیتوں کے ساتھ بہتر اور فیاضانہ سلوک کریں اور ان میں اعتماد پیدا کر کے ان کی جان و مال کی حفاظت کا ذمہ لیں اگر سرکاری افسروں یا ملازموں اور عوام نے اقلیتوں کے متعلق اپنے فرائض انجام نہ دیے تو انہیں عبرت انگیز سزا دی جائے گی۔

اقدام بہت مبارک ہے بشرطیکہ خلوص کے ساتھ اس کا عملی ثبوت بھی مہیا ہو تا رہے اور اقلیتیں خود محسوس کریں کہ انہیں اب کوئی خطرہ نہیں! پاکستان کو ہندوستان کے مسلمانوں کی بہت فکر ہے، لیکن اگر وہ ہماری بھلائی چاہتا ہے تو اقلیتوں کے ساتھ بہتر اور عادلانہ سلوک کرے اور ہماری اتنی بات مان لے کہ خانماں برباد شرنارتھیوں کو واپسی کا اذن عام دیدے اور ان کے نمایندوں کو وزارت میں لے کر ایک نئی فضا اور نیا ماحول پیدا کرے! ہماری اخلاقی امداد کا ایک یہی طریقہ ہے باقی تمام باتیں فضول ہیں!

اچھی باتیں!

قال امامن ظلم فسوف نعذبہ ثم یرد الی ربہ فیعذبہ عذابا نکرا۔ (پ ۱۶ ع ۲۱)

جو شخص ظلم کرے گا تو ہم اسے عنقریب عذاب میں مبتلا کریں گے اور پھر اس کے رب کی طرف لوٹا دینگے جو انہیں نہایت ہی سخت سزا دے گا۔

یعنی ظلم اور فساد کی سزا انسان کو اس دنیا میں ملجاتی ہے اور باقی حساب چکانے کے لئے آخرت کا عذاب ہے جہاں ظالموں کے اعمال متشکل ہو کر سامنے آئیں گے اور وہ نہیں لپٹ کر انکے گلے کا ہار بن جائیں گے قومی اور اجتماعی فساد کو قدرت کبھی برداشت نہیں کرتی اس کے نتائج اسی دنیا میں ظاہر ہو کر رہتے ہیں اور اس کی سزا افراد اور قوم دونوں کو ملتی ہے، جو قوم ٹھوکر لگنے کے بعد سنبھل جائے تو اس کی بقا کا سامان ہو جاتا ہے اگر وہ اصلاح نہیں کرتی تو قدرت اس کا آخری فیصلہ کرنے کے لئے ویسے ہی اسباب بھی مہیا کر دے گی۔

عازمین حج بیت اللہ کو سہولتیں بہم پہونچانے کیلئے
اکابرین جمعیت علماء ہند کی انتھک کوششیں

دہلی ۱۵ ستمبر۔ گذشتہ چند سالوں میں چونکہ یورپ کی عظیم الشان جنگ کے باعث بحری سفر چند سال مخدوش رہا اور پھر بحری جہازوں کی بہم رسانی کا مسئلہ مشکل ہو گیا تھا اس لئے حکومت ہند نے عازمین حج بیت اللہ پر کنٹرول اور پابندی عائد کر کے ان کی تعداد محدود کر دی تھی۔ آزاد ہندوستان کی حکومت نے بھی پہلا سال یہی کنٹرول کی پابندی شامل کی۔

گذشتہ سال پورے ہندوستان سے ۲۲ اور ۲۳ ہزار کے درمیان شائقین زیارت حجاز گئے تھے لیکن تقسیم ہند کے بعد جب کہ مسلمانوں کی اکثریت پاکستان میں ہے یہ اندازہ کیا گیا کہ ہندوستان سے تقریباً ۱۱ ہزار حجاج سفر کریں گے لیکن حکومت ہند نے احتیاطاً ۱۴ ہزار حجاج کے لئے انتظامات کر دیے۔ مگر بروقت یہ اندازہ صحیح ثابت نہیں ہوا اور ہندوستان سے بمبئی سے تقریباً سولہ ہزار حاجی بمبئی پہونچ گئے۔ جن میں تقریباً تین ہزار حاجی ایسے ہیں کہ انہیں اب تک نہ ٹکٹ مل سکا ہے نہ رجسٹر تفتیش نہ جانے کی کوئی امید۔

یہ ناگہانی صورت حال حکومت کے لئے بھی پریشانی کا باعث ہوئی اور حجاج کیلئے بھی۔

سب سے بڑی پریشانی یہ تھی کہ تین ساڑھے تین ہزار کے قریب حجاج ایسے بمبئی میں پڑے ہیں جن کے لئے بحری سفر کا کوئی انتظام نہیں ہو سکا۔ حکومت جس قدر جہاز مہیا کر سکتی تھی۔ حجاج کی تعداد ان کی وسعت سے بہت بڑھ گئی۔

حجاج کی بڑھتی ہوئی پریشانی کو دیکھ کر شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند اور مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی معیت میں آنریبل پنڈت جواہرلال نہرو وزیر اعظم ہند سے ملے اور انہیں گفتگو میں زور دیا کہ یا تو حجاج کے لئے ایک جہاز مزید مہیا کیا جائے یا کم از کم جا بجا جہازوں میں سے کسی ایک جہاز کو دوبارہ تجدید یا جائے۔ وزیر اعظم نے فرمایا کہ اس سلسلہ میں مشکلات حائل ہیں۔ اس کے متعلق چونکہ کل معلومات متعلقہ سکریٹریوں کو ہیں اس لئے مولانا محمد میاں صاحب متعلقہ سکریٹری سے مل کر گفت و شنید کریں وہ ممکن مدد دیں گے۔ اگلے روز مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء سکریٹری فارن ڈیپارٹمنٹ سے ملے لیکن گفتگو کے بعد نتیجہ یہی نکلا کہ حکومت کے لئے کسی مزید جہاز کا انتظام ناممکن ہے اس کے دو روز بعد حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی کا ایک خط لے کر پھر ایک وفد آنریبل وزیر اعظم سے ملا۔ اس وفد میں مولانا محمد میاں صاحب فاروقی اور مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی شریک تھے حضرت مولانا مدنی نے اپنے خط میں اپنی پہلی ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے اور اس گفتگو کا نتیجہ بتاتے ہوئے جو مولانا محمد میاں صاحب اور سکریٹری متعلقہ کے درمیان اس سلسلہ میں ہوئی تھی آنریبل پنڈت نہرو سے مزید مدد دینے کی درخواست کی تھی کہ ان حجاج کے لئے جنہیں اب تک ٹکٹ نہیں مل سکا ہے کسی نہ کسی طرح کوئی راہ نکالی جائے۔

آنریبل پنڈت نہرو نے وفد کو بتلایا کہ وہ متعلقہ سکریٹریوں سے مل کر ایماء دیں گے کہ اس کی کوئی سبیل نکالی جائے اور وفد کو بھی سکریٹری مذکور سے مل لینا چاہیئے۔

ادھر مولانا محمد میاں صاحب فاروقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند و رکن سنٹرل حج کمیٹی حکومت ہند کو بمبئی حج پورٹ کمیٹی اور حجاج کے حالات دیکھنے کے لئے بمبئی بھیجا گیا تھا جو وہاں کی پیچیدہ صورت حال کو دیکھ کر ۹ ستمبر کو دفعتہً بمبئی سے دہلی واپس آ گئے اور آنریبل وزیر اعظم اور فارن ڈیپارٹمنٹ کے دوسرے ذمہ داروں سے دو دن تک گفت و شنید میں مصروف رہے۔ بمبئی کی بندرگاہ پر تقریباً ساڑھے تین ہزار حجاج ایسے پہونچ چکے ہیں کہ اب تک ان کے جانے کا کوئی بندوبست نہیں ہو سکا ہے، مولانا محمد میاں صاحب فاروقی نے یہ تمام صورت حال ذمہ داران حکومت کو بتلائی لیکن چونکہ بر اعظم میں موجودہ سیاسی خلفشار اور گڑبڑ کی وجہ سے بر اعظم ہند وستانیوں کو بحری جہازوں سے ہندوستان لانے کا سوال بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے نیز ہندوستان اور پاکستان کا درمیانی راستہ سیلاب کے باعث مسدود ہو جانے کے باعث مسدود ہو جانے کی وجہ سے اچانک ساٹھ ہزار کے قریب پناہ گزینوں کو بذریعہ جہاز ہندوستان لانے کا سوال پیدا ہو گیا ہے ان مشکلات کے باعث اب تک کسی جہاز کے حاصل کرنے میں کامیابی نہیں ہوئی۔

مولانا محمد میاں صاحب فاروقی مزید جد و جہد کے لئے پھر بمبئی روانہ ہو گئے ہیں۔

اب تک آٹھ ہزار کے قریب حاجی روانہ ہو چکے ہیں مزید جس قدر حاجی جا سکیں گے ان کی تفصیل یہ ہے۔

(۱) اکبر	جہازی	۱۳۶۷	۲۰ ستمبر کو روانہ ہوگا	
(۲) خسرو		۱۳۶۷	۲۲	
(۳) جہانگیر		۹۹۹	۲	
(۴) اسلامی		۱۶۱۴	۲۵	
(۵) محمدی		۱۵۷۳	۲۹	
یعنی کل	۶۹۲۰ حاجی اور جا سکیں گے۔			

سیر و سیاحت
نیا نے کے نشتر سے

ابھی کل پرسوں الجمعیۃ میں نوجوانان وطن کے نام "وقت کا پیغام" کے نام سے محشر صاحب کی ایک نظم شایع ہوئی تھی۔ اس میں ایک دو شعر موجودہ برائیوں کو دور کرنے کے متعلق تھے مثلاً

ہلا دو قصر امارت کا نقش خراب
بگاڑ دو روش حکمران بدل ڈالو

ہمارا خیال تھا محشر صاحب نے یہ نظم بزرگان دین کی اس تحریک سے متاثر ہو کر کہی ہے جو انہوں نے الہ آباد میں کی تھی اور جس میں وہ افسروں کی رشوت ستانی، انکی بیجا اقربا پروری اور دوسری برائیوں کا رونا رو رہے تھے اور رونے لگے تھے اور اپنے جوش میں یہاں تک کہہ گئے تھے کہ اگر مجھے ایسا معلوم ہوتا تو میں اس آزادی کے مقابلہ میں غلامی ہی کو ترجیح دیتا۔

مگر اب معلوم ہوا محشر صاحب نے یہ نظم شملہ کی سردی سے متاثر ہو کر نہیں بلکہ ان سنیکڑوں آدمیوں کا رونا دیکھ کر کہی جو حیدرآباد میں رضاکاروں کی چیرہ دستیوں کا نشانہ بنے ہیں چنانچہ انہوں نے اپنے اس شعر میں کہا ہے۔

نظام اور مرتب کرو چمن کے لئے
سکوں نہیں تو پھر آشیاں بدل ڈالو

ایک لطیف اشارہ کیا ہے کہ وطن کے نوجوانوں کو اس نازک موقعہ پر کیا کرنا چاہیئے۔ اور کس طرح موجودہ نظام کی جگہ دوسرا نظام بدل کر ریاست کے اندر امن و سکون قائم کر دینا چاہیئے

ریاست کے اندر رضاکاروں کے مظالم سے ......

طوفان اور نظام دکن کی مجبوری کر ساتھ محشر صاحب نے ایک اور شعر میں ضبط کیا ہے۔ بچا سکے نہ جسے ہم وہ طوفان سے آزاد اور گرکی بادبان بدل ڈالو

محشر صاحب کو مطلق نہیں رہنا چاہئے کہ نتیجہ اچھا نکلا بھگا دیا ہے۔ اور نوجوانان وطن کے نام انہوں نے جو پیغام دیا تھا اسے انہوں نے بخوشی قبول کر لیا ہے۔

تازہ خبر ہے کہ ایک ماہ سے رضاکار ہندی ترجمے کو دیکھا تو وہ مخنت پر چڑھ گئے۔ یہ جنوں کی آندھی چھپ چھپ کر اپنی اندھا دھند کے جوہر دکھانے لگے۔ ظفر مندی کی گود مخت پر چڑھا جاتے ہیں۔ نعرہ کے وقت ہر ادمی ایسا ہی کرتا ہے۔

تین ہی بیٹے عقلمندوں کے ذہن میں یہ بھی بات ہے کہ پانی سے بھرے ہوئے تالاب میں آگ لگے کا تماشا دیکھنے آیا تھا تو انہوں نے مچھلیوں کو درختوں پر چڑھا دیا تھا آج اگر ریاست کے اندر طوفان برپا کرنے والے افواج ہند کے طوفان سے ڈر کر درختوں پر چڑھ گئے ہیں تو اس میں تعجب کی کون سی بات ہے۔

یہ بھی سب تا ہم رضاکار اپنے ... سے نظر بند کر کے کہیں غیر معینہ جگہ بیٹھے ہیں۔ کیا لال قلعہ کی اس کرنی میں سکونت اختیار کرنے کے لئے انہوں نے نیزہ ..... کی تیاریوں میں مصروف تھیں جہاں وہ اپنا جھنڈا لہرانے کے خواب دیکھا کرتے تھے۔ اگر ایسا ہے تو دہلی والوں کو ابھی سے ان کا خیر مقدم کرنے کے لئے تیار ہو جانا چاہیئے

برطانوی پارلیمنٹری طرز حکومت پر سرسری نظر
(از لنسٹ ایٹ کنس)

دنیا کا سب سے پرانا طرز حکومت

برطانوی طرز حکومت دنیا میں سب سے پرانا ہے یہی وجہ ہے کہ برطانوی پارلیمنٹ کو دنیا کی پارلیمنٹوں کی ماں کہا جاتا ہے۔ یہ طرز حکومت اب دنیا کے گوشے گوشے میں پھیل رہا ہے۔ برطانیہ دنیا میں سب سے پہلا ملک تھا جس نے شخصی حکومت کا خاتمہ کیا اور پارلیمنٹری طرز حکومت کی بنیاد ڈالی۔ ایک زمانہ تھا جب برطانیہ کا بادشاہ تمام اختیارات کا مالک تھا اور وہ ان کو اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرتا تھا۔ وہ اصلی معنوں میں ملک کا حاکم تھا اس کا ایک لفظ قانون کا کام دیتا تھا۔ اب تمام اختیارات بادشاہ کے ہاتھ سے نکل کر کیبنٹ اور پارلیمنٹ کے ہاتھ میں آ گئے ہیں

وزارت کا انتخاب

پارلیمنٹری طرز حکومت میں ایوان عام کی اکثریت والی پارٹی میں سے وزارت کا چناؤ ہوتا ہے پارٹی کا لیڈر وزیر اعظم کے عہدہ پر مقرر کیا جاتا ہے۔ وزیر اعظم اپنی مرضی کے مطابق دوسرے وزیروں کا انتخاب کرتا ہے۔ اگر وزارت کے خلاف عدم اعتماد کے ووٹ پاس ہو جائیں تو وزیر اعظم عام انتخاب کر سکتا ہے اگر عام انتخابات میں اس کی پارٹی کو شکست حاصل ہو تو اس کی حکومت کو استعفےٰ دینا پڑتا ہے۔ اس کے بعد وہ تاج کو نئے وزیر اعظم کے انتخابات کے متعلق مشورہ دیتا ہے۔

وزیر اعظم کی سرکاری رہائش گاہ ۱۰ ڈاؤننگ اسٹریٹ ہے۔ اس کے دروازہ پر پیتل کی ایک پلیٹ لگی ہوئی ہے جس میں فرسٹ لارڈ آف ٹریژری کے الفاظ کندہ ہیں یہ وزیر اعظم کا سرکاری لقب ہے۔ "وزیر اعظم" کا لقب ایک جدید اختراع ہے

ایوان امرا اور وزیر اعظم

زمانہ گذشتہ میں ایوان امرا کا رکن بھی برطانیہ کا وزیر اعظم بن سکتا تھا۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض وزرائے اعظم جو ایوان امرا سے لئے گئے تھے بہت کامیاب ثابت ہوئے اور انہوں نے ملک کی سیاسی زندگی پر اپنی مہر ثبت کی۔ لیکن اب یہ سوچنا بھی غلطی ہے کہ ایوان امرا کا ممبر بھی وزیر اعظم بھی بن سکتا ہے۔ ایوان عام یہ کبھی بھی برداشت نہیں کر سکتا کہ دوسرے ایوان کا ممبر جس پر وہ پوری طرح کنٹرول نہ کر سکے اور جس کو وہ مکمل طور پر اپنے ڈسپلن میں نہ رکھ سکے برطانیہ کا وزیر اعظم ہو۔

ایوان عام کا لیڈر

اس وقت مسٹر ایٹلی برطانیہ کے وزیر اعظم ہیں اور مسٹر موریسن نائب وزیر اعظم۔ کیبنٹ ممبر کی حیثیت سے مسٹر ہربرٹ موریسن کا سب سے بڑا کام یہ ہے کہ وہ ایوان عام کے لیڈر ہیں۔ ایوان عام میں ان کو بہت کام کرنا پڑتا ہے۔ ایوان کے سامنے حکومت جو بل پیش کرتی ہے ان کو کامیابی کے ساتھ پر بیجانے کی ذمہ داری ان کے کندھوں پر ہوتی ہے کچھ سال پہلے عام طور پر وزیر اعظم ہی ایوان عام کا لیڈر ہوتا تھا۔ اور یہ بات تھی بھی مناسب کیونکہ پارلیمنٹری طرز حکومت میں یہ لازمی ہے کہ حکومت کو اور خاص کر وزیر اعظم کو ایوان عام کا اعتماد حاصل ہو۔ اگر وزیر اعظم اپنی حکومت کو برسر اقتدار رکھنا چاہتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایوان عام کے ممبروں کی رہنمائی کرے اور ان کا اعتماد حاصل کرے۔

لیکن چند سالوں سے حکومت کے کام میں اتنا اضافہ ہو گیا ہے کہ ایک آدمی دو عہدے نہیں سنبھال سکتا۔ وزیر اعظم کو اپنے دفتر اور کیبنٹ کے جلسوں میں اتنا کام کرنا پڑتا ہے کہ وہ ایوان عام کی بحثوں میں پوری طرح حصہ نہیں لے سکتا۔

اب یہ ایک مستقل رواج ہو گیا ہے کہ کیبنٹ کا سینئر وزیر ایوان عام کا لیڈر ہو۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ وزیر اعظم ایوان عام کی بحثوں میں بالکل حصہ نہیں لیتا ضروری بحثوں کے وقت وزیر اعظم کی ایوان عام میں موجودگی نہایت لازمی ہے یہی موقع ہوتا ہے جب وزیر اعظم ملک کے سیاسی رحجانات کا اندازہ لگا سکتا ہے اور اپنی پالیسی کو ان کے مطابق ڈھال سکتا ہے۔ حکومت اور مخالف پارٹی کی سیاسی جھڑپیں ایسے موقعوں پر بہت دلچسپ اور اہم ہوتی ہیں۔

(باقی صفحہ ۵ پر)

گاندھی جی کے قتل کا مقدمہ: بمبئی میں ساورکر کے مکان سے اہم فائلوں کی برآمدگی

پنچ اور سردار دسوندھا سنگھ کی شہادت

دہلی ۱۵ ستمبر۔ آج لال قلعہ میں ناتھورام گوڈسے اور اس کے سات ساتھیوں کے مقدمہ کے سلسلہ میں پنچ کی شہادت ہوئی جو ساورکر کے مکان سے خفیہ پر فائلیں برآمد ہوتے وقت موجود تھا۔

کچھ دن پہلے اس گواہ کی شہادت ملتوی ہو گئی تھی تاکہ استغاثہ کے وکیل ان فائلوں کو ترتیب دے سکیں جو ال کو عدالت میں پیش کرتے ہیں شہادت شروع ہونے سے پہلے ساورکر کے وکیل مسٹر بھوپٹکر نے کہا اگرچہ استغاثہ نے ان کو فہرست دیدی ہے لیکن ابھی ان کے موکل کو فائل دیکھنے کا موقع نہیں ملا جب تک کہ فائل نہ دیکھے وہ گواہ پر جرح نہ کر سکیگا۔ جب یہ جلسہ کچھ عرصہ کے لئے ملتوی کر دیا گیا مسٹر ساورکر اپنے وکیل کے ساتھ ان فائلوں کا مطالعہ کر سکیں اس سے قبل مدن لال کے وکیل مسٹر بنرجی

ایک اور گواہ کا بیان

سردار دسوندھا سنگھ انسپکٹر پولیس نے بیان کیا کہ میں پہلے پنجاب پولیس میں تھا۔ میں جنوری ۱۹۴۸ء میں انسپکٹر انچارج تھانہ تغلق روڈ تھا۔ میں ۲۰ جنوری کو گشت کرتا ہوا برلا ہاؤس میں گیا۔ ۵ بجے کا وقت تھا۔ برلا ہاؤس کے میں گیٹ پر پہنچا تھا۔ میں وہاں ہی کھڑا ہو گیا۔ میں کار میں گیا تھا۔ وہاں میں نے مدن لال کو دیکھا یہ گرفتار تھا اور خیمہ میں موجود تھا مسٹر ساہنی مجسٹریٹ بھی وہاں موجود تھا اس نے مجھے اپنا ...

میں بھیج دیں۔ اور مقدمہ رجسٹر کیا گیا۔ میں مدن لال کو بم پھٹنے کی جگہ پر لے گیا۔ وہاں بہت سی اینٹیں اکھڑی پڑی تھیں اور دیوار میں کافی گہرا گڑھا ہو گیا تھا۔ میں نے گڑھا ناپ لیا تھا۔ یہ گڑھا ۳ فٹ دو انچ چوڑا اور ایک فٹ سات انچ گہرا تھا۔ اس وقت دن کی روشنی کافی تھی۔ میں مدن لال کو برلا ہاؤس میں لے گیا اور اسے افسر بالا کے حوالے کر دیا تھا۔ انھوں نے اسے پوچھ گچھ کی اور میں نے مختلف گواہوں کے بیانات قلمبند کئے ۹ اور ۱۰ بجے کے قریب برلا ہاؤس میں تمام کام ختم کر کے میں اور سردار جسونت سنگھ مدن لال کو لے کر پارلیمنٹ تھانہ میں پہنچ گئے۔ اسی رات مدن لال کے کہنے کے مطابق ہم مرینہ ہوٹل میں گئے۔ مدن لال نے بتایا تھا کہ میرے دو ساتھی وہاں ہیں۔ مدن لال ہمارے ساتھ تھا۔ ہم نے منیجر سے بات چیت کی اور وہاں سے ہم ہندو مہا سبھا بھون نئی دہلی میں گئے۔ ابھی گواہ کا بیان جاری تھا کہ سماعت کل کے لئے ملتوی ہو گئی۔

بم کی برآمدگی

پنچ کے بعد کی کارروائی

مسٹر ڈانگے کی جرح

ملک بھر میں مشتبہ اشخاص کی گرفتاریاں اور مشکوک مقامات پر چھاپے

سرحدی ضلعوں اور شہروں میں حفاظتی انتظامات

شہر بمبئی میں ہوم گارڈ بھی طلب کر لیا گیا

دہلی ۱۵ ستمبر۔ حیدر آباد میں حکومت ہند کی پولیس کارروائی کے نقطۂ عروج پر پہنچنے کے ساتھ ساتھ تمام ... میں عموماً اور سرحدی شہروں میں خصوصاً زبردست احتیاطی اقدام کئے جا رہے ہیں۔

مدراس

احمد آباد

پچاس آدمی جن میں مسٹر اے ایس شیخ ایم ایل اے بمبئی بھی شامل ہیں کل حفاظتی تدابیر کے ماتحت گرفتار کرلئے گئے۔

کولہاپور

واردھا

کانپور

ناگپور

پونہ

سورت

... کے لئے پانچ یا پانچ سے زائد اشخاص کا ایک جگہ ہونا ممنوع قرار دیدیا ہے اس کے علاوہ دیگر ۳ مقامات پر بھی ایسے ہی احکام نافذ کردیئے گئے ہیں۔ ہتھیار لے کر چلنے کی بھی ممانعت کردی گئی ہے مشتبہ لوگوں کی گرفتاری بھی شروع ہو گئی ہے ... گرفتار شدگان ہیں۔

... کے صوبائی پولیس کی مدد کر رہے ہیں۔ ۵ہزار قیدیوں کو سابرمتی جیل میں لا کر رکھا گیا ہے۔

پونہ

کل پونہ میں پندرہ اور مسلمان گرفتار کرلئے گئے اب کل گرفتار شدگان کی تعداد ۵۰ تک پہنچ گئی ہے۔

سویٹ کوریا کا آئندہ پروگرام

ماسکو ۱۴ ستمبر۔ روسی مقبوضہ شمالی کوریا کے لئے وزیر اعظم کم ال سنگ نے سپریم نیشنل اسمبلی کے حکومت کی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ کوریا کے تمام باشندوں کو ایک قوم کی حیثیت سے متحد کرنے کے لئے کوریا سے غیر ملکی فوجوں کا انخلا پہلا لازمی قدم ہے کوریا کی گورنمنٹ غیر ملکی فوجوں کے انخلا کے بارے میں سویٹ گورنمنٹ کی تجویز کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرے گی ... جنوبی کوریا ... زرعی اصلاحات، ملوں کو قومی ملکیت بنانے ... قوانین ... کا وعدہ کیا۔

دہلی میں فلموں کے ایک گودام میں آتشزدگی

تین گھنٹہ کی جدوجہد کے بعد بھی آگ نہ بجھائی جاسکی

دہلی ... ستمبر۔ ... فلموں کے گودام میں آگ لگ جانے سے پانچ آدمی ہلاک ہو گئے۔ فائر بریگیڈ کے ... آگ ... رات کے ساڑھے گیارہ بجے ... آگ بجھانے میں کامیابی نہیں ہوئی۔ ... مالی نقصان کا صحیح اندازہ نہیں لگایا جا سکا لیکن خیال ہے کہ بہت کافی نقصان ہوا ہے۔

ریل کے حادثہ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ۴۳ تک پہنچ گئی

۲۵ آدمی مجروح ہوئے۔ جنرل منیجر ریلوے کا اظہار ہمدردی

کلکتہ ... ستمبر۔ ... کے درمیان ... ریل گاڑیوں کی ٹکر کا جو حادثہ ہوا تھا اس کے بارے میں جو تازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان کے مطابق ۴۳ اشخاص اس وقت ہلاک ہو چکے ہیں ۱۴ سخت مجروح ہوئے ہیں اور ۱۰ کو معمولی ضربیں آئی ہیں۔

اودھ ریلوے ... کے ... اسپیشل کے ذریعہ ... ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ اودھ ریلوے کے جنرل منیجر نے سول حکام اور ... کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اودھ ریلوے کے منیجر مسٹر ... نے اپنے ... میں جو ... پور میں اودھ ریلوے کے ... سپرنٹنڈنٹ کے نام بھیجا ہوا ہے ... براہ کرم سول ... مقامی کانگریس اور ... حکام کے نام جنہوں نے ... ریل کے افسوسناک حادثہ میں مجروح ہونے والے لوگوں کی امداد پہنچائی۔ شکریہ کا پیغام پہنچا دیجئے ان لوگوں تک بھی میرا ہمدردانہ پیغام پہنچا دیجئے ...

حادثے میں مجروح ہونے والے ... کے عزیز واقارب ... ہلاک ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ مختلف ہسپتالوں میں جو مریض پڑے ہوئے ہیں ان کی بہت جلد صحت یابی کی ... میں ان کے ... کے ساتھ اپنی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔

ارض مقدس میں پہلی یہودی عدالت

بیت المقدس ... ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ارض مقدس میں ۲ ہزار سال کے بعد یہودیوں کو عدالت ... قائم کرنے کا موقعہ ملا ہے۔ اسرائیلی ہائی کورٹ کے ... اپنے عہدے کا حلف اٹھا چکے ہیں ...

کشمیر میں جنگ شروع کرکے پاکستان نے غلطی کی ہے

برطانوی اخبار نیو اسٹیٹسمین کا تبصرہ

لندن ... ستمبر۔ حقیقت کہ پاکستان کی فوجیں کشمیر میں لڑ رہی ہیں مدت ہوئی ساری دنیا کو معلوم ہو گئی ہیں مگر سرکاری طور پر تسلیم کرنے سے صورت حال اور نازک ہو گئی ہے۔ بہ الفاظ لندن کے اخبار نیو اسٹیٹسمین اینڈ نیشن نے اپنے افتتاحیہ میں لکھے ہیں جس کا عنوان ہے "وہ لوکا دیا ہی برسر جنگ ہے" ...

اخبار نے لکھا ہے کہ ہمارے ... کے لئے پاکستان کی تمام معاملہ میں مداخلت اس کو مجرم قرار دینے کے مترادف ہے ... اس تمام عرصہ میں ...

نظام کی ہٹ دھرمی انہیں لے ڈوبی بیگم اعزاز رسول کا بیان

دہلی ۱۴ ستمبر۔ ہند پارلیمنٹ کی سرکردہ ممبر بیگم اعزاز رسول نے آج ایک بیان دیتے ہوئے حیدرآباد میں ہند سرکار کی کارروائی کا خیر مقدم کیا۔ انھوں نے کہا کہ نظام کی ہٹ دھرمی اور ناسمجھ مشیروں کی وجہ سے موجودہ پالیسی خودکشی کے مترادف تھی اور وہاں رضاکار شاہی کی بدولت عوام پر جو مظالم ہو رہے تھے۔ اس کے پیش نظر حکومت ہند کو مجبوراً اپنی فوجیں ریاست میں بھیجنی پڑی ہیں۔ حکومت ہند نے ہر طرح سے نظام حکومت کو ڈھیل دی اور پرامن سمجھوتہ کے لئے ضرورت سے زیادہ وقت دیا مگر وہ اپنی خودکشی کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ میں تمام مسلمانوں کی طرف سے حکومت ہند کو اپنے تعاون کا یقین دلاتی ہوں اور عوام سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ پرامن رہ کر ہوم فرنٹ کو مضبوط بنائیں۔ مغربی بنگال کی مومن کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا آج ایک خاص اجلاس کلکتہ میں ہوا۔ جس میں ایک قرارداد کے ذریعے حیدرآباد کے خلاف حکومت ہند کی کارروائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے حکومت ہند سرکار کو ہر امداد و تعاون کا یقین دلایا گیا۔ قرارداد میں نظام شاہی اور رضاکار راج کی مذموم سرگرمیوں کی مذمت کرتے ہوئے حکومت ہند کی کارروائی کو مناسب اور معقول قرار دیا گیا۔

سوشلسٹ پارٹی کی طرف سے پیشکش

حیدرآباد ایکشن کمیٹی کا ہنگامی اجلاس

بمبئی ۱۵ ستمبر۔ یونائیٹڈ پریس کی اطلاع سے ظاہر ہوتا ہے کہ سوشلسٹ پارٹی اس بات پر غور کر رہی ہے کہ کس طرح سے حیدرآباد کے خلاف ہند سرکار کی فوجی کارروائی میں مدد کرے۔ مگر ملیح محاذ مضبوط بنانے کے علاوہ سوشلسٹ پارٹی ... بھی اپنی خدمات پیش کرنا چاہتی ہے۔ اس سلسلہ میں ۱۷ ستمبر کو حیدرآباد ایکشن کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس بمبئی میں بلایا گیا ہے۔ اس اجلاس میں پارٹی اپنا پلان مکمل کرے گی۔

سینگ کی کنگھیاں

حافظ عبدالرحیم بشیرالدین انصاری

سوداگر کنگھی

سرائے ترین ضلع مراد آباد ... کا

خط و کتابت کرتے وقت اپنے چیٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

دو صد روپے کے انعامات

حل بھیجنے کی آخری تاریخ ۲۵ ستمبر ۱۹۴۸ء

نتیجہ ... اکتوبر ۱۹۴۸ء کے ... پیپر میں شائع ہوگا

(نوٹ) کئی اخبارات میں پریس کی غلطی سے ... شائع ہوا جس پر کئی صاحبان نے اعتراض کیا ... اس لئے مجبوراً ... تغیر ...

(۱) پہلا انعام:- بالکل صحیح حل بھیجنے والے کو ... روپیہ نقد ... (۲) دوسرا انعام:- ایک غلطی ... (۳) تیسرا انعام ... (۴) چوتھا انعام ... سب سے پہلے ... بھیجنے والے کو ... روپیہ نقد۔

انعامی جبری معمہ



شرائط ...

رابطہ صاحب ایل شرما اینڈ سنز ... ۲۵ ... جگادھری (ER)

نظام کو تخت سے اتارنے کیلئے تیز رفتاری سے کام کرنیکی ضرورت ہے

سوشلسٹ لیڈر بیگم آصف علی کا مطالبہ

صبر و ضبط سے کام لو

وزیر اعظم مغربی پنجاب کی اپیل

ریویو و تبصرہ

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ حکومت ہند کی وزارت تجارت کے شعبہ اشاعت نے ہندوستان اور جاپان کی تجارت کے موضوع پر ایک کتاب چھاپی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ جنگ سے قبل دونوں ممالک میں کس طرح تجارت ہوتی تھی اور موجودہ حالت میں اسے کس طرح فروغ دیا جا سکتا ہے۔ کتاب کا نام "جاپان سے تجارت کیلئے رہنما" رکھا گیا ہے۔ اس کے شروع میں جاپان میں کھادی صنعتوں کی دستیابی کے موضوع پر رائے زنی کی گئی ہے۔ اس کے ان قواعد و ضوابط کی تفصیل دی گئی ہے جن کا اطلاق جاپان میں جانے والے تاجروں پر ہوتا ہے اس کے ساتھ ہی پچھلے برس جو ہندوستان کا تجارتی وفد جاپان گیا تھا اس کی کارگذاری کی رپورٹ کا خلاصہ دیا گیا ہے۔ اس کتاب میں عام طور پر استعمال ہونے والے تجارتی جاپانی الفاظ بھی درج ہیں۔ جو جاپان سے تجارت کرنے والوں کے لئے مفید ہیں۔

علاوہ ازیں اس کتاب میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ جاپان کی غیر ملکی تجارت اب جاپان میں اتحادی طاقتوں کے سپریم کمانڈر جنرل میک آرتھر کے ماتحت ہے۔ اور

قائد اعظم جناح

حیدرآباد سے امریکنوں کا انخلاء

موسم اور فصل پر طائرانہ نظر

جون کے آغاز سے یکم ستمبر تک مجموعی طور پر مغربی راجپوتانہ اور جنوبی مشرقی مدراس میں معمول سے کم بارش ہوئی۔ سوراشٹر میں بہت کم بارش ہوئی۔ یکم ستمبر ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے ہفتہ میں مغربی بنگال کے دامن ہمالیہ بہار، مشرقی پنجاب، مغربی راجپوتانہ، گجرات، بمبئی، دکن، شمالی حیدرآباد اور مدراس کے شمالی ساحل میں بارش کم ہوئی۔ لیکن اس کمی سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ وسط اگست میں ان علاقوں میں کافی بارش ہو چکی ہے۔ اس وقت تک چاول کے پودوں کو اکھاڑ کر کھیتوں میں لگانے کا کام سب جگہ ختم ہو گیا۔ بعض علاقوں میں مثلاً یوپی، سی پی، بمبئی اور مشرقی پنجاب میں وسط اگست تک جوار اگائی گئی۔ اور اب وہ پکنے شروع ہو گئے ہیں۔ فصلوں کے حق میں آئندہ کے چند ہفتے فیصلہ کن ہوں گے۔ اب بارش کی ضرورت ہے خواہ اگست کے مقابلہ میں تھوڑی ہی ہو۔

مدراس میں ہندی کے خلاف مظاہرہ

ہندو شاستری کی گرفتاری

دو بچوں کا اغوا

دہلی ۱۵ ستمبر۔ دو بچوں کی بابت جن کی عمر گیارہ اور تیرہ سال بتائی جاتی ہے کہا جاتا ہے کہ ان کو سبزی منڈی اور پہاڑ گنج سے اغوا کر لیا گیا۔

گوالوں کو سزا

دہلی ۱۵ ستمبر۔ دہلی میونسپلٹی نے اس ہفتہ ۳۲ گوالوں کے خلاف غیر خالص دودھ فروخت کرنے کے الزام میں مقدمہ چلایا۔ ان پر سات روپے سے لیکر ۱۵۰ روپے تک جرمانہ کیا گیا۔

فصیل کو گرانے کی تجویز

دہلی ۱۵ ستمبر۔ شہر کی صفائی کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے لوکل اڈوائزری کمیٹی کے سکریٹری نے تجویز کی ہے کہ کشمیری گیٹ اور موری دروازہ کے درمیان کی فصیل گرا دی جائے اور فصیل کا ملبہ قریب کے نالے کو بھرنے میں استعمال کیا جائے۔ اس طرح جو جگہ نکلے گی اس پر مکانات وغیرہ بنائے جا سکیں گے۔ دہلی میونسپلٹی اس بات کے خلاف ہے کہ اس زمین پر جو فصیل گرانے سے خالی ہوگی مکانات بنائے جائیں۔

پیدائش و اموات

دہلی ۱۵ ستمبر۔ دہلی میونسپلٹی کے رجسٹروں میں ۱۱ ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ۶۶۳ پیدائشیں اور ۱۸۲ اموات کا اندراج کرایا گیا۔

راولپنڈی کو روانگی

یوپی کے سیلاب زدہ علاقے

پچاس ہزار ٹن غلہ کی ضرورت ہے

ہند اور لبنان کے سفارتی تعلقات

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ حکومت ہند وزارت خارجہ کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں ممالک کے باہمی فائدے اور دوستانہ رشتوں کو مضبوط بنانے کے لئے دونوں کی حکومتوں نے سفارتی تعلقات قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

دارالسلطنت

آرڈیننس ڈپو کے ملازمین

حیدرآباد کے خلاف اقدام

میونسپلٹی کے متوقع سکریٹری

ٹیلیفون کے تار چوری

کانگریس کے دفتر میں قائد اعظم کا ماتم

ایک شخص گرفتار

تنخواہوں میں اضافہ کرو

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن

جمعیۃ علماء کیا ہے؟

اسلامی پیغام

نبی عربی

نور الاصباح

خلافت راشدہ

تاریخ اسلام

خلافت بنی امیہ

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپیہ کے نقد انعامات

داخلہ کی آخری تاریخ ۲۵ ستمبر ۱۹۴۸ء

پہلا انعام (صحیح حل) تین ہزار روپے
دوسرا انعام (ایک غلطی) گیارہ سو روپے
تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپے

معمہ حل کرنے کا طریقہ

۱	ا			ا	س
۲	ت		ر	ی	ر
۳	ج		ز		ث
۴			ا	ر	ت
۵	ف	ر		ت	[redacted]
۶	م	ر	ی		[redacted]
۷			ز	س	[redacted]
۸	ح		ن	[redacted]	[redacted]
۹	م	ر		[redacted]	[redacted]

آسان اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۱ اردو ڈی، ماڈل ٹاؤن لاہور

اطلاع عام ضروری

پانچ ہزار روپیہ کے نقد انعامات تقسیم کر دیئے گئے

حیدرآباد اور بھوپال میں نامعلوم طیاروں کی آمد و رفت

بھوپال کے ناظم اطلاعات نے تردید کردی

بھوپال ۱۵ ستمبر۔ حکومت بھوپال کے پبلک ریلیشنز آفیسر ان اطلاعات کو پروپیگنڈہ سے تعبیر کیا ہے جو بھوپال میں نامعلوم طیاروں کی آمد و رفت کی بابت شائع ہوئی ہیں ... کا ہوائی اڈہ ہے۔

بعض اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ گذشتہ دو ماہ سے بھوپال اور فاکا بیدار کے درمیان نامعلوم طیاروں کی آمدورفت ہو رہی ہے۔ ان اخبارات میں ان طیاروں کی آمد و رفت کا وقت بھی بتایا گیا اور کہا گیا کہ موسم کی خرابی کے باوجود رات کے اندھیرے میں یہ جہاز اترتے ہیں۔

اس پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ اطلاعات پروپیگنڈہ کی ایک لمبی زنجیر کے حلقے ہیں۔ جو ریاست کے دشمنوں کی طرف سے کیا جا رہا ہے۔ اور جس کا مقصد صرف یہ ہے کہ کسی نہ کسی طرح ریاست کو بدنام کیا جائے۔

اپنے مقصد میں بار بار ناکام رہنے کے بعد ریاست کے ان دشمنوں نے ملک کے فائدے کو نظر انداز کر دیا ہے اور نائب وزیر اعظم سردار پٹیل کی اس نصیحت کو کہ حکمرانوں کے ساتھ تعاون کیا جائے اپنے پیروں سے روند ڈالا ہے۔

اس قسم کی بے ہودہ اور احمقانہ کوششوں سے کوئی فائدہ نہیں بلکہ ہندوستانی حکومتوں کی مشکلات بڑھ جاتی ہیں جن کی توجہ اس وقت زیادہ اہم مسائل کی طرف لگی ہوئی ہے۔ شاید یہ کہنا ضروری نہ ہوگا کہ بھوپال میں اس وقت ذمہ دارانہ حکومت قائم ہے جو عوام کے بہترین مفاد کو خوب سمجھتی ہے۔

چین میں اور بھی زیادہ سخت لڑائی ہونیوالی ہے

نانکنگ ۱۴ ستمبر۔ سرکاری طور پر جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ... کمیونسٹوں کے خلاف ... جنرل چانگ کائی شیک ... اور گرد ۲ لاکھ کمیونسٹ اکٹھے ہو رہے ہیں۔

لکھنؤ میں ماتمی فضا

لکھنؤ ۱۲ ستمبر۔ قائداعظم جناح کے انتقال کی خبر یہاں انتہائی غم کے عالم میں سنی گئی ... پرچم آدھے مستول پر کر دیا گیا ... نے گورنر جنرل پاکستان کے سانحہ انتقال کی خبر سن کر بہت افسوس کیا اور کہا کہ آزادی کے ... کے بعد ہندستان اور پاکستان نے ایک ... لیڈروں کو ہاتھ سے دیدیا۔

مسٹر اعزاز رسول سابق سکریٹری یوپی مسلم لیگ نے کہا۔ مسٹر جناح ہمارے قائد تھے ... وفاداریاں ان کے ساتھ نہ تھیں ... پاکستان میں انکی موجودگی بے حد ضروری تھی۔

ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کی تقریر

شملہ ۱۲ ستمبر ... گوپی چند بھارگو ... جالندھر ... زیادہ سود دیں ہیں۔

سرحدی تجارت بند ہوگئی

امرتسر ۱۳ ستمبر۔ مسٹر جناح کے سانحہ انتقال پر پاکستان کے طول و عرض میں جو ماتم ہو رہا ہے اس کے ... ہندوستان کی سرحدی تجارت ... گل ... میں کوئی بھی مسلمان تجارت کیلئے نہ آیا ... غیر مسلم تاجروں کو ... ناکام ہونا پڑا۔

یہودی علاقوں پر بمباری

بیت المقدس ۱۳ ستمبر۔ یہودی حلقوں سے ... رات یہ خبر دی گئی ہے کہ کل بیت المقدس کے یہودی ... پر عربوں کی بمباری سے پانچ آدمی جن میں ایک باپ اور اس کے دو بچے بھی شامل ہیں ہلاک ہوئے۔ مزید کہا گیا ہے کہ بڑی اور چھوٹی توپوں سے جو بمباری کی گئی ہے وہ ۱۸ جولائی کو دوسری عارضی صلح کے بعد سے اب تک سب سے زیادہ خوفناک تھی۔ مسلسل سہ پہر تک عرب توپوں نے گولے برسائے۔ توپوں کی گولہ باری کا رخ زیادہ تر شہر کے یہودی علاقوں کے شمال کی طرف تھا کتنے آدمی مجروح ہوئے اس کا اندازہ کل رات تک نہیں ہو سکا۔ یہودیوں کے کیمپ میں کہا گیا ہے کہ یہودی توپوں نے عربوں کے حملہ کا جواب دیا اور عربوں کی ... پوزیشن پر سامنے سے نشانے لگے۔

ٹونک میں حضرت اختر شیرانی کا ماتم

ٹونک بذریعہ ڈاک ۱۰ ستمبر کی شام کو ۵ بجے مدرسۃ العلوم خلیلیہ ٹونک کی عمارت میں ٹونک کے مایۂ ناز اردو کے نامور ادیب اور مشہور شاعر حضرت اختر شیرانی کی لاہور میں اچانک وفات پر ٹونک کے ارباب علم و ادب کا ایک تعزیتی جلسہ منعقد ہوا جس کی صدارت استاذ الشعراء حضرت جام نے فرمائی۔

ابو الوفا خان مولانا محمد حبیب الرحمٰن خاں صاحب فضائلی نے تقریباً نصف گھنٹہ تک اختر صاحب کی تعلیمی زندگی شاعری کے آغاز ان کے ذاتی اخلاق اور روحانی کلام پر بڑے دلچسپ انداز میں تقریر فرمائی۔

ٹونک کے لیے پروفیسر جناب عبید اللہ صاحب قدسی نے اختر صاحب کی رومانی نظم "او دیس سے آنیوالے بتا!" پر تبصرہ کرتے ہوئے ٹونک کے ارباب ادب سے اپیل کی کہ وہ حضرت اختر کی شاعری کی ان خصوصیات پر جن کا ہمارے تعلق ٹونک سے ہے نظر ڈالیں۔

حضرت واثق ٹونکی اردو میں "ہمارا اختر" کے عنوان سے اور حضرت قبلہ صولت نے فارسی میں ایک بہترین نظم پڑھی۔ ٹونک کے مشہور تاریخ گو شاعر حافظ حبیب اللہ صاحب ابھر اور منشی عبدالبصیر صاحب بصیر نے تاریخی قطعات پڑھے۔

آخر میں تجویز تعزیت منظور کی گئی اور فاتحہ خوانی کے بعد اختر صاحب مرحوم کی نظم "او دیس سے آنیوالے بتا" پر جلسہ برخاست ہوا۔

فال بخشش ہے کہ یہ دار علوم اسلام
آج ماتم کدۂ اختر شیرانی ہے

مدرسہ صدیقیہ گڈھی دولت

گڈھی دولت قصبہ کاندھلہ میں عرصہ سات ماہ سے ایک مذہبی اور تعلیمی درسگاہ مدرسہ صدیقیہ کے نام سے مدرسہ کاشف العلوم کے مولانا محمد یوسف صاحب کی سرپرستی میں قائم ہے اس وقت مدرسہ مذکور میں قرآن مجید، حفظ و ناظرہ پرائمری اسکول کی تعلیم کا انتظام ہے سات ماہ کی قلیل مدت میں تعلیمی نتائج حاصل ہوئے ہیں وہ بڑے امید افزا ہیں مدرسہ میں اس وقت اسّی طلبہ زیر تعلیم ہیں ان میں سے زیادہ تعداد غریب طلبہ کی ہے جن کے اخراجات کا مدرسہ پوری طرح متحمل نہیں ہو سکتا بیرونی طلباء کے لئے مدرسہ میں قیام و طعام کا انتظام بھی ہے مدرسین کی تنخواہیں اور مدرسہ کے دوسرے اخراجات ان کے علاوہ ہیں۔ یہ سب اخراجات کچھ زیادہ تو نہیں لیکن اتنے ضرور ہیں کہ آس پاس کے غریب دہقانی مسلم آبادی اس کی متحمل نہیں ہو سکتی اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ مدرسہ کی جب استطاعت امداد فرمایئے۔ ہمیں امید ہے کہ اس صدقہ جاریہ میں کسی توقف کو راہ نہ دی جائیگی ترسیل زر کا پتہ۔ مہتمم مدرسہ صدیقیہ گڈھی دولت قصبہ کاندھلہ ضلع مظفرنگر۔ یو۔پی

تعزیتی میٹنگ

لکھنؤ ۱۳ ستمبر۔ انجمن ترقی عربی کے زیر اہتمام ایک تعزیتی جلسہ زیر صدارت مولانا امیر حسن نورانی منعقد ہوا۔ جس میں سید علی زینبی سابق لیکچرر لکھنؤ یونیورسٹی کے انتقال پر اظہار رنج و افسوس کیا گیا۔

انتخاب عہدیداران تکمیل الطب یونین

تاریخ ۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کو حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب کثرت آراء سے عمل میں لایا گیا۔ اور حسب ذیل عہدیداروں کا انتخاب ہوا۔

نائب صدر جناب عبداللطیف خاں صاحب بجنوری متعلم ... سکریٹری جناب عبدالسلام صاحب اسلم کانپوری متعلم ... جوائنٹ سکریٹری جناب محمد یوسف صاحب بجنوری متعلم ... فنانس سکریٹری جناب ... الحسن صاحب غازیپوری متعلم ...

دیوریا کے اسکولوں سے اردو کا خاتمہ

ضلع جمعیۃ علماء کا بیان

دیوریا بذریعہ ڈاک جب سے حکومت یوپی نے ہندی کو صوبائی زبان بنا کر اسکولوں میں اس کی تعلیم لازمی قرار دی ہے اور پڑھنے والے طلباء کو اردو کی تعلیم سے قانوناً روک دیا گیا ہے اس وقت چھٹے درجہ تک اردو کی تعلیم کا کہیں نام و نشان نہیں ملتا۔ اب تک جو بچے اردو پڑھتے رہے تھے اب ان کو نئے سرے سے کا کھا پڑھنا پڑ رہا ہے۔

چھٹے درجہ میں انگریزی، فارسی، سنسکرت، عربی اور اردو میں سے ایک زبان پڑھنے کی اجازت ہے لیکن بچے اسکولوں میں داخل ہی ہوتے ہیں کہ انگریزی پڑھتے ہیں اور اب ظاہر ہے کہ انگریزی کیچھ ... اردو کون پڑھے گا علاوہ ازیں اگر چند بچے اردو پڑھنا چاہیں تو یہ کہدیا جاتا ہے کہ چند بچوں کے لیے اردو کا انتظام نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ ازیں بچوں کو اردو، فارسی، اور عربی زبانیں ساتھ پڑھنے کی اجازت بھی نہیں دی جاتی جبکہ حکومت اس کی اجازت دے چکی ہے مثال کے طور پر گورنمنٹ ہائی اسکول دیوریا کا ذکر کیا جا سکتا ہے نیز عربی کلاسوں کا حشر بھی نہایت الم انگیز ہے اس پر طرہ کلکٹر صاحب ضلع دیوریا کا حکم ہے جس کی رو سے انہوں نے عرائض نویسوں کے تجدید لائسنس کے وقت ہندی کا امتحان دینا لازمی قرار دیا ہے کیونکہ وہ اردو میں عرائض لکھتے رہے ہیں۔

اٹاوہ کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

قصبہ اوریا کے ۱۸۵۷ء میں شہید ہونے والوں کی یادگار میں شہید نامی اخبار نکلنے والا ہے نیز کہ یہاں کے باشندوں سے ہرجرمانہ وصول کیا تھا واپس کر دیا گیا ہے ... روپیہ سے زنانہ ہسپتال کھولا جائیگا جس کے انتظام کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے۔

صوبہ یوپی بیوپار منڈل کے فیصلہ کے مطابق سیلز ٹیکس کے خلاف سارے ضلع میں ناکمل ہڑتال رہی ... کی طرف سے کوئی جلسہ نہیں ہوا۔

۹ اور ۱۰ ستمبر کو یوپی کے دو مشہور لیڈروں کی آمد سے شہر کی سیاسی فضا میں ایک بار پھر تازگی پیدا ہوئی راجہ مہندر پرتاپ سنگھ اور مسٹری صادق علی جنرل سکریٹری صوبہ یوپی ایک سیوک سنگھ کی تقریروں کو عوام نے نہایت انہماک اور بڑی تعداد میں سنا۔ راجہ مہندر پرتاپ نے ... جو بہت پسند کی گئیں۔

ضلع کے مشہور سوشلسٹ رہنما کامریڈ ارجن سنگھ کو ... سوشلسٹوں کے پولیس نے دفعہ ۱۰۹ توڑنے کے سلسلہ میں گرفتار کر لیا ... ماہ جان کو بلا مشروط رہا بھی کر دیا گیا ... سوشلسٹوں کی ایک جماعت اپنی پالیسی کا پروپیگنڈہ کرنے ... اور سبھا پر کوئی پابندی نہ لگا کر ان لوگوں کو گرفتار کریں سارے ضلع میں اناج کا بھاؤ دن بدن چڑھتا جا رہا ہے گیہوں ایک سیر کا فروخت ہو رہا ہے عوام میں گرانی سے بہت پریشانی ہے مگر حکام ضلع ہاتھ پر ہاتھ دھرے خاموش ہیں۔ شہر کا تاڑ ... وزیر سول سپلائی سے خط و کتابت کر رہی ہے وزیر موصوف سے ایک وفد بھی ملاقات کر چکا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر چند بھان گپتا وزیر سول سپلائی ستمبر کے آخری ہفتہ میں اٹاوہ آکر ضلع کی غذائی حالت کا جائزہ لیں گے۔

فسادات کے زمانہ میں گمشدگان کی فہرست

مسماۃ جمیلہ خاتون دختر محمد امین اہلیہ محمد صدیق مرحوم عمر ۱۸ سال۔ محمد عمر عرف محمد نسیم عمر تقریباً ۲۲ سال، فاطمہ خاتون عمر تقریباً ۱۳ سال، محمد حسین عمر ۹ سال، ... عمر ۷ سال، ... خاطمہ، اور نسیم فاطمہ، دو چھوٹی بچیاں۔

یہ تمام خاندان روشن آرا روڈ دہلی میں چین گنج کے قریب رہتے تھے۔

اسماۃ شمسی دختر سید احمد زوجہ محمد خلیل عمر ۱۸ سال، بتول خاتون دختر محمد خلیل عمر ۱۲ سال۔

حسین میاں پسر " " ۹ سال

یہ خاندان بھی دہلی روشن آرا روڈ سبزی منڈی میں رہتا تھا۔

نسیم خاتون عمر گیارہ سال، نعیم خاتون عمر ۶ سال محمد ذکی عمر نو سال، محمد رضی عمر ۷ سال۔

یہ چاروں بچے بھٹنڈہ سے لاپتہ ہیں۔

مذکورہ بالا تمام مرد، عورتیں اور بچے پچھلے فسادات کے زمانہ میں لاپتہ ہو گئے جو صاحب بھی ان میں سے کسی کے متعلق کچھ معلومات رکھتے ہوں براہ کرم فوراً مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ ان کے اقارب کو اطلاع دیجا سکے۔

(سید انیس الحسن دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی)

ڈاکٹر حامد حسین میرٹھی کہاں ہیں؟

ڈاکٹر حامد حسین صاحب میرٹھی جو محلہ چوڑیوالان دہلی میں رہتے تھے ایک سال ہو گیا کہ ان کی اور ان کے گھر والوں کی کوئی خبر نہیں ملی ہے آج کل وہ کہاں ہیں حافظ محمد حیات صاحب دیوبندی ان کی خیریت اور موجودہ پتے کے متلاشی ہیں۔

ڈاکٹر صاحب اور ان کے گھر والے جہاں کہیں ہوں براہ کرم مجھے خط لکھیں تاکہ میں پرسندگان احوال تک ان کی اطلاع پہونچا دوں!

"سید انیس الحسن" دفتر ... ہند دہلی

اخبار "مزدور" کا اجراء

...

مراسلات و اطلاعات

جمعیۃ علماء ڈابھیل کا انتخاب

ڈابھیل بذریعہ ڈاک ۸ ستمبر کو انجمن خادم المسلمین کے ... حضرت علامہ محمد یوسف البنوری کی صدارت میں اساتذہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کی اہتمام سے جمعیۃ علماء ڈابھیل کا جلسہ ہوا تلاوت قرآن شریف اور نظم خوانی کے بعد مولانا اسلام الحق صاحب اعظمی۔ مولانا قاضی اطہر مبارکپوری اور مولانا شمس الدین ... جمعیۃ علماء پر روشنی ڈالی۔ صدر جلسہ مولانا یوسف البنوری کی تقریر بہت پسند کی گئی۔ جلسہ میں جمعیۃ علماء ڈابھیل کا انتخاب بھی عمل میں آیا۔

صدر مولانا محمد یوسف صاحب البنوری ... نائب صدر مولانا ... ناظم ... ارکان مجلس منتظمہ کے رکن منتخب کئے گئے۔

ضروری اعلان

جنوری ۱۹۴۹ء سے جامع اردو آگرہ کا دفتر آگرہ سے منتقل ہو کر علیگڑھ آگیا ہے جہاں بافضلہ تعالیٰ اس کا کام پوری سرگرمی سے شروع کر دیا گیا ہے اس سال ... درخواست ... طلب فرمائیں۔ جامعہ کے نصاب کی فروختگی کا انتظام ... کیا گیا ہے لہذا مکمل نصاب کا فولڈر ... طلب کیا جائے

(رجسٹرار جامعہ اردو)

دیوریا میں مولانا ابوالاخلاق کی تقریر

دیوریا بذریعہ ڈاک ... ستمبر ۱۹۴۸ء کو جمعہ کی نماز میں مولانا ابوالاخلاق احمد صاحب ... نے تقریر کی ... جمعیۃ علماء ... مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ جمعیۃ علماء کے قائد ... مولانا آزاد صاحب پر اعتماد کریں ... حکومت کے ہاتھوں کو مضبوط بنائے اور ان سے اشتراک عمل کیجئے۔

برطانوی پارلیمنٹری

صفحہ ۲ سے آگے

نائب وزیر اعظم

مسٹر اٹیلی کی غیر حاضری میں مسٹر موریسن کو نائب وزیر اعظم کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اصل میں ان کا سرکاری لقب "لارڈ پریذیڈنٹ آف دی کونسل" ہے برطانیہ کی سیاسی زندگی میں نائب وزیر اعظم کا لقب بالکل نیا ہے۔ یہ لقب سب سے پہلے مسٹر اٹیلی کے لئے استعمال کیا گیا تھا ... مسٹر چرچل ... جنگ ... سب سے بڑے رکن تھے ... نائب وزیر اعظم ... کا لقب ... برطانیہ میں ... ہے۔

مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ قوم کی کشتی کو سلامتی سے پار کرنے کی ذمہ داری وزیر اعظم کے کندھوں پر ہے نائب وزیر اعظم کا تقرر کیا جانا یہ ظاہر نہیں کرتا کہ وزیر اعظم ... کم ہو گئی ہے۔

وزیر خارجہ

آئین کے مطابق وزیر خارجہ کی غیر حاضری میں وزیر اعظم ہی قائم مقام وزیر خارجہ بن سکتے ہیں ...

دس خصوصیتوں والی
خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے بے مثل ہے۔ اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

۱ اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے
۲ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی معہ توضیحی عبارات۔
۳ حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
۴ تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
۵ ہر سورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمٰن صفوری)
۶ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
۷ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
۸ تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
۹ جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل، قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری آداب کے متعلق شروع میں ایک مقدمہ بھی ہے۔
۱۰ خط خوشنما صاف، روشن تقطیع نہایت موزوں ... مجلد جرمی کالکتہ کی جلد سات روپیہ ... غیر مجلد دس روپیہ ... ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

AMICO COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

کھانسی اور امراض سینہ کی ہر قسم کیلئے

کھانسی کی بے مثل دوا ہے، لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ حکیموں، ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے پیدا ہوئے بچوں سے لیکر بڈھوں تک سب کیلئے یکساں مفید ہے ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی، کالی کھانسی، خشک ہو یا تر، نزلہ و زکام کی کھانسی، گلے کا بیٹھ جانا، خون تھوکنا، ابتدائی دق، سل کی کھانسی، دمہ، سانس پھولنا، نمونیہ، انفلوئنزا کی کھانسی، امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے لئے بہت مفید اور کامیاب ہے۔

اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے ...

ملنے کا پتہ: سول ایجنٹس۔ ... لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ... کوٹولا اسٹریٹ کلکتہ

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کے لئے
اردو کا واحد سیاسی رسالہ
نئی زندگی
پڑھا کیجئے
ایڈیٹر سید انیس الرحمٰن
قیمت سالانہ
چھ روپے ... فی پرچہ آٹھ آنے
نمونہ کے لئے آٹھ آنے کے ٹکٹ
منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد

وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے

واقعات حیدرآباد سے پیدا شدہ حالات میں اپنا فرض ادا کیجئے
باشندگان یوپی سے وزیر اعظم پنڈت پنت کی اپیل

لکھنؤ ۸ ستمبر۔ اخبارات کی مشاورتی کمیٹی کے سالانہ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم یوپی نے اخبارات اور صوبہ کے باشندوں سے اپیل کی کہ وہ موقع کے مناسب ہمت کر دکھائیں۔ اور حیدرآباد کے واقعات سے صورت حالات پیدا ہوئی ہے اس میں اپنا فرض ادا کریں۔ [illegible]

نظام کے ایجنٹ جنرل کو حراست میں رکھنے کی خبر کی تردید
مسٹر منشی کو ہندوستان پہنچانے کا بندوبست کیا جا رہا ہے

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی ریاستی وزارت کے سکریٹری مسٹر وی پی مینن نے حیدرآبادی ایجنٹ جنرل نعیمہ نئی دہلی مسٹر ایس ایم ... کو حراست میں نہیں رکھا گیا ہے۔ دہلی میں آپ کی نقل و حرکت پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ مسٹر رضوی نظام ہیں ... اپنے اسٹاف کے ہمراہ مقیم ہیں۔ [illegible]

حیدرآبادی ایجنٹ جنرل نے ایک ملاقات کے دوران میں اخبارات کی اس خبر کی تردید کی کہ انہیں پیر کے دن ہوائی ... [illegible]

قصاب پورہ میں مشاعرہ

[illegible]

فرانس کی نئی کابینہ پر اظہار اعتماد

[illegible]

بمبئی اسمبلی کا اجلاس مسٹر جناح کی تعزیت میں ملتوی ہو گیا

بمبئی ۱۳ ستمبر۔ آج بمبئی میونسپل کارپوریشن کا اجلاس بغیر کسی کارروائی کے پاکستان کے گورنر جنرل مسٹر محمد علی جناح کی تعزیت میں ملتوی ہو گیا۔ [illegible]

آسام اسمبلی بھی ملتوی ہو گئی

شیلانگ ۱۴ ستمبر۔ کل آسام اسمبلی کا اجلاس جو کل منعقد ہوا تھا۔ نئے ممبروں کے حلف اٹھانے کی رسم کے بعد بغیر کسی کارروائی کے مسٹر جناح گورنر جنرل کی وفات پر اظہار تعزیت کے لئے ملتوی ہو گیا۔

اسپیکر نے ایک تعزیتی رزولیوشن پیش کیا جو اتفاق رائے سے منظور ہوا۔ اسپیکر اور پارٹی لیڈروں نے مسٹر جناح کو خراج عقیدت پیش کیا۔

سی پی اور مدراس اسمبلی

ناگپور ۱۴ ستمبر۔ کل سی پی اسمبلی میں مسٹر جناح کی وفات پر اظہار تعزیت کیا گیا اور اجلاس ملتوی ہو گیا۔ پانچ منٹ کے لئے مدراس اسمبلی کا اجلاس بھی ملتوی ہوا ہاؤس کے لیڈر مسٹر او پی رامامورتی ایڈیٹر نے مسٹر جناح کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔

مسٹر ... نے کانگریس پارٹی نے ایک تعزیتی رزولیوشن پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے سیاسی اور غیر سیاسی اختلافات خواہ کچھ بھی ہوں مرحوم ایک قابل وکیل صف اول کے سیاست داں اور سیاسی لیڈر تھے۔ اگرچہ اس شہر میں پیدا نہیں ہوئے تھے۔ مگر بمبئی وہ شہر ہے جہاں انہوں نے پبلک زندگی میں شہرت حاصل کی۔ مسٹر معین الدین حارث ... ایڈیٹر روزنامہ ... نے تائید کی۔

میٹنگ نے میئر کو یہ اختیار دیدیا کہ وہ حکومت بمبئی کی معرفت پاکستان کے وزیر اعظم اور مسٹر جناح کے خاندان کو پیغام تعزیت بھیج دیں۔

بہار اسمبلی ملتوی ہو گئی

رانچی میں ... مسٹر جناح کی تعزیت میں بہار اسمبلی [illegible]

حیدرآباد کے معاملہ میں عرب لیگ نے ثالثی کی پیشکش نہیں کی
عرب ممالک میں ہندوستان کے سفیر ڈاکٹر سید حسین کا بیان

قاہرہ ۱۳ ستمبر۔ مصر میں ہندوستانی سفیر ڈاکٹر سید حسین نے اس خبر کی تردید کی ہے کہ عرب ممالک نے ہند اور حیدرآباد کے درمیان جھگڑے کا فیصلہ کرانے کے لئے ثالثانہ پیشکش کی ہے۔ ڈاکٹر سید حسین حال ہی میں اسکندریہ کے مقام پر عرب لیڈروں سے بات چیت کر کے آئے ہیں۔

ریاض الصلح نے یہ کہا تھا کہ عرب لیگ کی ریاستوں نے ... ہے۔ یا ایسی کوئی تجویز پیش کی ہے۔

یہاں کے عرب اخبارات نے حیدرآباد کی خبروں کو کافی جگہ دی ہے۔ اور بعض نے اپنے اداریوں میں مطالبہ کیا ہے کہ عرب لیگ کو اس معاملہ میں فوراً مداخلت کرنی چاہئے۔

آپ نے کہا کہ مجھے اس ملاقات سے خوشی محسوس ہوئی ہے۔ کیونکہ پوزیشن اچھی طرح سے واضح ہو گئی ہے۔ اور نتیجہ کے طور پر ہم اس نازک دور میں ایک دوسرے کی امداد کر سکتے ہیں۔ آپ نے مزید بتایا کہ پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد کے دورہ مصر کے متعلق مصر کے بعض اخباروں نے جو خبریں شائع کی ہیں۔ وہ گمراہ کن ہیں۔ آپ نے اس خبر کی بھی تردید کی کہ لبنان کے وزیر اعظم ایم ...

نظام شاہی کو ختم کرنے کیلئے پولیس اقدام پر خلیق الزماں چراغ پا ہو گئے
وزیر اعظم پاکستان سے حکومت کی پالیسی واضح کرنے کا مطالبہ

کراچی ۱۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے آرگنائزر چودھری خلیق الزماں نے وزیر اعظم پاکستان سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ وہ حیدرآباد کے خلاف حکومت ہند کے "پولیس اقدام" کے بارے میں حکومت پاکستان کی پالیسی کو واضح کریں۔

چودھری خلیق الزماں نے وزیر اعظم پاکستان کو مشورہ دیا ہے کہ اس مسئلہ کے تمام اہم موضوعات پر حکومت پاکستان کو پاکستان مسلم لیگ سے تبادلہ خیال کرنا چاہئے۔ چودھری خلیق الزماں نے پاکستان مسلم لیگ کے آرگنائزر کی حیثیت سے لیگ کی صوبائی اور ضلع وار شاخوں کو حکم دیا ہے کہ وہ مسلم لیگ نیشنل گارڈ کی تعداد میں اضافہ کریں۔ کراچی ڈھاکہ اور چاٹگام میں سے ہر ایک کو پانچ ہزار اور لاہور کو سات ہزار اور پشاور و راولپنڈی اور سلہٹ میں سے ہر ایک کو تین ہزار نیشنل گارڈز بھرتی کرنے کا حکم ملا ہے۔ یہ فرمائش کی گئی ہے کہ نئے رنگروٹوں کو ہوائی حملہ سے بچاؤ کی تدابیر میں جن کو کہ حکومت اختیار کر سکتی ہے استعمال کیا جائے گا۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے دوسرے فرائض میں مردم شماری کرنا اور ہنگامی حالات میں ہر شہر اور قصبہ میں انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے ڈسپلن کا شعور پیدا کرنا ہو گا۔ رنگروٹوں کی وردی خاکی یا سیاہی مائل رنگ کی ہوگی اور وہ بازو پر سبز پٹیاں لگائیں گے۔ انہیں ہفتہ میں کم از کم ایک مرتبہ تین گھنٹہ کے لئے قواعد کرائی جائے گی۔ (اسٹیٹسمین)

هو رہا ہے۔ برہام پور بھاتا نہ کے مواضعات ... ادوان۔ چاندہ۔ بہاریہ۔ اور ... کی حالت ...

فقدان جان کی کوئی اطلاع نہیں ملی

... کے نمائندہ کو بتایا کہ اس وقت تک نقصان جان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

سون ندی میں طغیانی

سون ندی کی طغیانی سے پٹنہ کو خطرہ پیش آ سکتا ہے لیکن تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ ندی کی سطح قائم ہو چکی ہے۔ آرہ کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ دریائے گنگا کا پانی آرہ کے بعض حصوں میں داخل ہو گیا ہے۔ اور اس سے بہت سے گاؤں لپیٹ میں آ گئے ہیں۔ مواشی فصلوں اور املاک منقولہ کو سخت نقصانات پہنچے ہیں۔ کشتیاں امدادی کام میں مصروف ہیں۔

الہ آباد کے قریب گنگا جمنا کی طغیانی کم ہو گئی

الہ آباد کے قریب گنگا اور جمنا کی سطح نیچی ہوتی جا رہی ہے۔ گذشتہ ۱۲ گھنٹہ میں کوئی بارش نہیں ہوئی موسم بہتر ہو چلا ہے۔ لیکن اس اثنا میں سیلاب شہر کے بعض حصوں میں داخل ہو گیا اور متعدد خام مکانات گر رہے ہیں۔ شہر میں بارہ امدادی مراکز قائم کر دئے گئے ہیں۔

(صفحہ اول کالم ۶ سے آگے)
آرہ شہر میں سیلاب

[illegible] گرجا ... شہر کے کئی محلوں میں داخل ہو گیا ... کے تقریباً ... بہت پانی میں ڈوب گئے ہیں۔ جان و مال اور مویشیوں کے نقصان کی زبردست اطلاع ملی ہے۔ شاہ آباد سے بھی تشویشناک اطلاعات موصول [illegible]

حیدرآباد کے معاملہ پر
ہند اور پاکستان کے مابین نوٹوں کا مبادلہ

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ مقامی روزنامہ "اسٹیٹسمین" کا خصوصی نامہ نگار رقم طراز ہے کہ حیدرآباد کے بارے میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان خط و کتابت شروع ہو گئی ہے۔

جمعرات کے دن پاکستان نے بذریعہ تار ہندوستان کو ایک مراسلہ بھیجا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ حیدرآباد کے خلاف کسی قسم کے فوجی اقدام سے ... [illegible]

امتحان
پاس کرنے کیلئے
[illegible]

مغربی پنجاب میں
دفاعی کمیٹی کا قیام

لاہور ۱۴ ستمبر۔ حکومت مغربی پنجاب نے خان ... وزیر اعظم مسٹر ... کی سرکردگی میں ایک صوبائی مرکزی دفاعی کمیٹی قائم کی ہے جس کا کام عوام الناس کو جنگی حالات کے مقابلہ کے لئے تیار کرنا ہے۔ صوبائی کمیٹی یہ طے کرے گی کہ ضلع وار کمیٹیاں کس نوعیت پر قائم ہوں۔ لیکن یہ کمیٹیاں ... غیر سرکاری قسم کی ہوں گی۔ حکومت کا منشا ہے کہ صوبائی اور ڈسٹرکٹ کمیٹیوں کو انتہائی ایمانداری اور جرأت سے کام کرنا چاہئے۔ نیز انہیں عوام سے پورا تعاون حاصل کرنا چاہئے۔ آج صوبائی کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے۔ (اسٹیٹسمین)

مسٹر سری پرکاش کی رہائش گاہ پر مظاہرے

کراچی ۱۴ ستمبر۔ پیر کی شب کو ہمدردان حیدرآباد کا ایک مجمع ... جو کہ ہندوستانی ہائی کمشنر برائے پاکستان مسٹر سری پرکاش کی ... کو پہنچا۔ مظاہرین نے محل کے سامنے حیدرآباد سے فوجیں واپس بلاؤ اور حیدرآباد زندہ باد کے نعرے لگائے۔ مسٹر سری پرکاش نے مظاہرین میں سے دو نمائندوں کو محل کے اندر بلایا۔ اور ان کو یقین دلایا کہ میں آپ کے جذبات سے اپنی حکومت کو مطلع کر دوں گا۔ اس یقین دہانی کے بعد مظاہرین پر امن طریقے سے منتشر ہو گئے۔

حیدرآباد میں فتوحات
(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

اور شمال مشرق اور جنوب میں ہندوستانی فوجوں کی پیش قدمی جاری ہے۔ دولت آباد اور ... پر ہندوستانی فوجوں نے قبضہ کر لیا ہے جو ایک اہم ریلوے جنکشن ہے اور اس پر ہندوستانی فوجوں کا قبضہ ہے۔ ... اورنگ آباد کا ضلع حیدرآباد سے کٹ گیا ہے۔ شمال مشرق سے جو فوجیں صوبہ متوسط کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ وہ اورنگ آباد کی طرف بڑھنے والی فوجوں سے عنقریب مل جائیں گی۔

مغربی علاقہ میں

مغربی علاقہ میں ہندوستانی فوجیں اب ایک ایسے مقام پر پہونچ گئی ہیں جہاں سے وہ رضاکاروں کے ایک مضبوط گڑھ بیدر کے خلاف کارروائیاں کر سکتی ہیں۔ یہاں ایک اہم ہوائی میدان بھی ہے جسے حال ہی میں اسلحہ جات کی ناجائز درآمد کے لئے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ بارسی کے علاقہ میں عثمان آباد اور تلجاپور پر قبضہ کر لیا گیا ہے۔ گذشتہ رات تک حیدرآباد کا یہ دعویٰ تھا کہ ابھی اس پر اسی کا قبضہ ہے۔

جنوب میں

دریائے تنگ بھدرا کے ساتھ ساتھ ہندوستانی فوج کی سرگرمیاں صرف ان پلوں وغیرہ کو مضبوط کرنے تک محدود رہیں جنہیں اول روز کی پیش قدمی میں قبضہ کیا گیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ اس علاقے میں اور دوسرے علاقہ کے پلوں کو حیدرآبادی فوجوں نے ڈائنامیٹ سے اڑانے کا انتظام کر لیا تھا کہ ہندوستانی فوج اس تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکیں۔ یہ تو ابھی نہیں معلوم ہوا کہ اس علاقہ میں حیدرآباد کی فوجیں کس دقت کے ساتھ مقابلہ کر رہی ہیں لیکن گرفتار شدہ قیدیوں سے معلوم ہوا ہے کہ نظام کی فوجوں کا حوصلہ بہت کچھ گر چکا ہے۔

جوابی حملے

بالکل جنوب اور جنوب مغرب میں جوابی حملہ ناکام بنا دیا گیا۔ کرنول اور تنگ بھدرا کے اہم ریلوے پل محفوظ ہو گئے ہیں۔ بہادر شاہ کا اہم پل جو ریاست کی شمال مشرقی سرحد پر واقع ہے ہندی فوجوں کے ناگہانی حملہ کی وجہ سے بالکل درست حالت میں ہمارے قبضہ میں آ گیا۔ ریاستی فوجوں نے پل کے نیچے ڈائنامیٹ ... [illegible]

اس بات کا اعلان کرتے ہوئے کہ ہندی فوجیں حیدرآباد میں داخل ہو گئی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ریاست میں بڑھتی ہوئی دہشت انگیزی اور لاقانونیت کی وجہ سے حکومت ہند اس اقدام پر مجبور ہو گئی ہے۔ [illegible]

غیر ذمہ دار عناصر کو تنبیہ

[illegible]

اخبارات کے سے اپیل

[illegible]

پیرس ۱۵ ستمبر۔ مجلس تحفظ کے ... صدر نے کل ... مجلس تحفظ کا اجلاس طلب کیا ہے اس میں حلیجہ ایجنڈے میں ہند کے خلاف حیدرآباد کی شکایت بھی شامل ...

کراچی میں نئے گورنر جنرل کے حلف اٹھانے کی رسم
(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

گورنر جنرل نے یہ اقرار کرتے ہوئے ... جنرل ... [illegible]

دی مغل لائن لمیٹڈ
ہندوستان کی سب سے پرانی جہاز راں کمپنی
حج سروس

مغل لائن بڑی مسرت کے ساتھ حاجیوں کیلئے امسال مزید جہازوں کا اعلان کرتی ہے

ایس۔ ایس۔ اکبر ۴۳۰۴۳ ٹن — ۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

ایس۔ ایس۔ خسرو ۳۰۴۰۳ ٹن — ۲۲ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا۔

ایس۔ ایس۔ جہانگیر ۳۵۶۶ ٹن — ۲۴ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

ایس۔ ایس۔ اسلامی ۵۸۷۹ ٹن — ۲۸ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

ایس۔ ایس۔ محمدی ۷۰۲۶ ٹن — ۲۹ ستمبر ۱۹۴۸ء کو بمبئی سے روانہ ہوگا

اس کے بعد امسال زائرین کو لے کر اور کوئی جہاز نہیں جائے گا۔

جہاز کا کرایہ معہ خوراک
بمبئی تا جدہ واپسی

درجہ اول ۷۵۰/- روپے
عرشہ ۳۰۵/۸ روپے

ان جہازوں میں ہر مسافر کو ۱۶ مربع فیٹ جگہ دی جائیگی۔ ان کرایوں میں قرنطینہ۔ کامران کی فیس۔ جدہ پر صفائی کے محاصل اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں جن کی مجموعی رقم ۳۷ روپے ۸ آنہ ہوتی ہے۔ زائرین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بندرگاہ پر نہ آئیں تاوقتیکہ جہازوں میں انکی جگہ کا اندراج نہ ہو جاوے اور کمپنی سے انکو بمبئی پہنچنے کی ہدایت نہ دیدی جاوے کیونکہ جہازوں پر جتنی جگہ تھی وہ حاجیوں کو دی جا چکی ہے۔

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۱۳ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۸ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۱۶ | نمبر

روغن اکسیر دماغ

سالانہ چالیس روپے

میجر جنرل چودھری کی کمان میں بڑھنے والی فوجوں کی سکندرآباد کی طرف زبردست یلغار

اورنگ آباد میں پسپا ہوتے وقت ریاستی فوجوں نے ہوائی اڈہ کو تباہ کردیا

ریاستی فوجوں نے دھڑادھڑ ہتھیار ڈالنے شروع کردیئے

ریاست کی مشین گنوں اور توپوں پر ہندی فوجوں کا قبضہ

امریکہ صورت حالات پر غور کر رہا ہے

مسٹر مارشل کا بیان

پاکستانی وفد روانہ ہو گیا

حیدرآباد کے حالات پر برطانوی پارلیمنٹ میں بحث

وزیر خارجہ کا بیان اور حزب مخالف کی نکتہ چینی

لندن ۱۶ ستمبر۔ حکومت برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون نے گذشتہ شب دارالعوام میں حیدرآباد ...

بہار میں سیلاب کی تباہ کاریاں

چار سو دیہات زیر آب

اکابرین جمعیۃ نے حکومت کے اقدام کو جائز قرار دیدیا

نظام کا غیر مدبرانہ طرز عمل ہندوستانی فوجوں کی پیش قدمی کا موجب ہوا

دہلی ۱۶ ستمبر۔ اکابرین جمعیۃ علماء ہند نے پریس کو ایک بیان دیتے ہوئے ...

مشرقی پاکستان کے نئے وزیر اعظم

مسٹر نورالامین نے حلف اٹھالیا

مسٹر ایڈن کا بیان

بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

قیمت سالانہ چالیس روپے، ششماہی بیس روپے، سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۱۳ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۸ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۰۱ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنے

روغن اکسیر دماغ

ہلال فارمیسی دیوبند

میجر جنرل چودھری کی کمان میں بڑھنے والی فوجوں کی سکندرآباد کی طرف زبردست یلغار

اورنگ آباد میں پسپا ہوتے وقت ریاستی فوجوں نے ہوائی اڈہ کو تباہ کر دیا

ریاستی فوجوں نے دھڑا دھڑ ہتھیار ڈالنے شروع کر دیئے

ریاست کی مشین گنوں اور توپوں پر ہندی فوجوں کا قبضہ

نئی دہلی ۔ ۱۶ ستمبر ۔ ریاست حیدرآباد کے مختلف محاذوں سے اب تک جو خبریں آئی ہیں وہ بہت امید افزا ہیں اور ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ حیدرآباد کے فوجی مرکز سکندرآباد میں داخل ہونے کے لئے ہندستانی فوجوں کو بہت کم وقت لگے گا۔

امریکہ صورت حالات پر غور کر رہا ہے

مسٹر مارشل کا بیان

پاکستانی وفد روانہ ہو گیا

پبلک سیفٹی آرڈیننس ہندستان میں نافذ کر دیا گیا

حیدرآباد کے حالات پر برطانوی پارلیمنٹ میں بحث

وزیر خارجہ کا بیان اور حزب مخالف کی نکتہ چینی

بہار میں سیلاب کی تباہ کاریاں

چار سو دیہات زیر آب

پل پر قبضہ

اکابرین جمعیۃ نے حکومت کے اقدام کو جائز قرار دیا

نظام کا غیر مدبرانہ طرز عمل ہندستانی فوجوں کی پیش قدمی کا موجب بنا

مشرقی پاکستان کے نئے وزیر اعظم

مسٹر نور الامین نے حلف اٹھا لیا

حیدرآباد کا مسئلہ سیکورٹی کونسل کے زیر بحث آنے کے قابل ہے

مسٹر ایڈن کا بیان

بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

رجسٹرڈ ڈی ۹

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۰۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم شنبہ ۱۳ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۱۸ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۰۱ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

روغن اکسیر دماغ

بلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

میجر جنرل ردوا کی کمان میں بڑھنے والی فوجوں کی سکندر آباد کی طرف زبردست یلغار

اورنگ آباد میں پسپا ہوتے وقت ریاستی فوجوں نے ہوائی اڈہ کو تباہ کر دیا

ریاستی فوجوں نے دھڑا دھڑ ہتھیار ڈالنے شروع کر دیئے

ریاست کی مشین گنوں اور توپوں پر ہندی فوجوں کا قبضہ

نئی دہلی ۔ ۱۶ ستمبر ۔ ریاست حیدرآباد کے مختلف محاذوں سے اب تک جو خبریں آئی ہیں وہ بہت امید افزا ہیں اور ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ حیدرآباد کے فوجی مرکز سکندر آباد میں داخل ہونے کے لئے ہندستانی فوجوں کو بہت کم وقت لگے گا۔

اورنگ آباد جو ریاست حیدرآباد کا دوسرے نمبر کا شہر ہے اب مکمل طور پر ہندستانی فوجوں کے قبضہ میں ہے۔ کل جب اس شہر پر ہماری فوجوں کا قبضہ ہوا تو ریاستی دستوں نے ہوائی اڈہ کو بہت زبردست نقصان پہنچا دیا۔ اب اس اڈہ کو ٹھیک کیا جا رہا ہے۔

پل پر قبضہ

[illegible]

امریکہ صورت حالات پر غور کر رہا ہے

مسٹر مارشل کا بیان

[illegible]

پاکستانی وفد روانہ ہو گیا

[illegible]

پبلک سیفٹی آرڈیننس

ہندستان میں نافذ کر دیا گیا

[illegible]

حیدرآباد کے حالات پر برطانوی پارلیمنٹ میں بحث

وزیر خارجہ کا بیان اور حزب مخالف کی نکتہ چینی

لندن ۔ ۱۶ ستمبر ۔ حکومت برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون نے ... [illegible]

بہار میں سیلاب کی تباہ کاریاں

چار سو دیہات زیر آب

[illegible]

اکابرین جمعیۃ نے حکومت کے اقدام کو جائز قرار دیدیا

نظام کا غیر مدبرانہ طرز عمل ہندوستانی فوجوں کی پیشقدمی کا موجب بنا

دہلی ۱۶ ستمبر ۔ اکابرین جمعیۃ علماء ہند نے پریس کو ایک بیان دیتے ہوئے ... [illegible]

مسٹر ایڈن کا بیان

[illegible]

مشرقی پاکستان کے نئے وزیر اعظم

مسٹر نور الامین نے حلف اٹھالیا

ڈھاکہ ۔ ۱۶ ستمبر ۔ [illegible]

کیا حیدرآباد کا مسئلہ سیکورٹی کونسل کے زیر بحث آنے کے قابل ہے

پیرس میں کونسل کے ممبروں کا اس سوال پر غور و خوض

[illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۸ ستمبر ۱۹۴۸ء

ہوشیار۔ خبردار!

چونکہ حکومت نے حالات سے مجبور ہو کر حیدرآباد میں پیش قدمی شروع کر دی ہے اور ہندی فوجیں ریاست کے اندر دور تک پہنچ چکی ہیں، اس لئے ہم ہندوستان کے باشندوں کو چند ضروری امور کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتے ہیں۔ حکومت ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے بار بار کہا ہے کہ حیدرآباد کا معاملہ ...

اخبارات سے اپیل کی ہے کہ وہ اس وقت اپنے تحمل اور تدبر کا ثبوت دیں اور حیدرآباد کے متعلق صرف وہی خبریں چھاپیں جو انہیں وزارت دفاع کی طرف سے موصول ہوں! اگر مرکزی حکومت ہی اخبارات کے لئے یہ پابندی لگا دے تو ہمیں توقع ہے کہ فرقہ پرست اخبارات کے ...

... ہو جائے گا! حکومت ہند چاہتی ہے کہ ہر معروف کو اس کا جواب دے اور واقعات پیش کر کے پوچھ کہ اگر کسی کی نکسیر بھی پھوٹی ہو تو بتاؤ؟

مگر حکومت یہ جواب اسی وقت دے سکیگی ... ہندوستان کے باشندے اپنی ذمہ داری کے شعور میں اضافہ کریں اور امن قائم رکھنے میں اپنے تعاون کا ثبوت دیں۔

اسی سلسلہ میں یہاں مشہور خبر رساں ایجنسی ایسوسی ایٹڈ پریس کی فرقہ پرورانہ شر انگیزی کا تذکرہ بھی بے محل نہ ہوگا۔ اس ایجنسی نے حیدرآباد کے مسئلہ کو فرقہ وار رنگ دینے کے لئے لکھا ہے کہ حیدرآباد میں فوجی کارروائی ٹھیک اسی وقت شروع ہوئی جب اسی تاریخ کو یعنی ۱۳ ستمبر ۱۹۴۸ء کو شیواجی اول باجی راؤ نے اپنی خود مختاری کا اعلان کر کے نظام کے اقتدار میں ایک کامیاب مزاحمت کی تھی ...

[illegible]

شاندار کامیابی

[illegible]

حلف وفاداری

[illegible]

اچھی باتیں

وَاِنَّ اللّٰہَ ... مستقیم (پ ۱۶ ع ۵)

میرا اور تم سب کا رب، اللہ ہے، (اور جب یہ بات ہے تو) ہم سب کو اسی کی عبادت کرنی چاہئے، تمام راستوں میں صرف یہی ایک سیدھا راستہ ہے۔

اسلام تمام انسانوں کو اصولی دعوت دیتا ہے کہ جب ہم سب کا پروردگار صرف اللہ ہے (چاہے تم خواہ کسی نام سے پکارو) تو ہمارا سلوک اور طرز عمل بھی یکساں ہونا چاہئے اور اس ایک دربار میں جھکنا چاہئے جو ہم سب کی مشترک دہلیز ہے سیدھا راستہ تو یہ ہے باقی جھگڑا پیدا کرنے کے لئے بہت سے راستے ہیں۔ اگر ہم سب کا ایک بالاتر ہستی پر اتفاق ہو جائے اور ہم اس حقیقت کو ذہن نشین کر لیں کہ ایک خدا کی مخلوق بھی ایک ہے اور اس کی تقسیم کرنا منشاء الٰہی کے خلاف ہے تو ہم آج وحدۃ انسانی کی بنیادوں پر اپنے تمام مسائل حل کر سکتے ہیں اور اعلیٰ و ادنیٰ، کالے اور گورے، امیر و غریب کا امتیاز ختم ہو سکتا ہے۔

جمعیۃ علماء کے رکن بن کر مستقبل کو روشن بنایئے

مسلمانوں سے ناظم مدراس جمعیۃ العلماء کی اہم اپیل

[illegible]

قائد اعظم جناح کی موت پر

انگریزی اخباروں کے تبصرے اور پیغامات

[illegible]

قائد اعظم سے بھی بڑھ کر

[illegible]

پراسرار خاموشی؟

[illegible]

نیوز کرانیکل

[illegible]

ٹرومین کا پیغام

[illegible]

مارشل کا پیغام

[illegible]

پبلک سیفٹی آرڈیننس

[illegible]

اسلامی مکاتب اور دینی عربی مدارس کے متعلق ایک اہم التماس

[illegible]

حیدرآباد کی مہم بہت جلد سر کر لی جائے گی

بمبئی کے تین لاکھ کے اجتماع میں پنڈت نہرو کا اعلان

بمبئی ۱۷ ستمبر۔ کل پنڈت جواہر لال نہرو نے تین لاکھ کے ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ حیدرآباد کی مہم بہت جلد سر کر لی جائے گی۔ پنڈت جی نے کہا۔ کہ اس میں شبہ نہیں کہ ہماری فوجیں تمام محاذوں پر پیش قدمی کر رہی ہیں اور یہ ہندوستان کی مسلح طاقت کا ثبوت ہے۔ لیکن یہی کافی نہیں کہ ہم محض فوجی طور پر مضبوط ہوں بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ ہمارا ضمیر صاف ہو۔

پنڈت جی نے مزید فرمایا کہ ہندوستان اپنی امن پسندانہ روایات پر قائم رہتے ہوئے آج تک حیدرآباد سے دوستانہ تعلقات قائم رکھنے کا خواہاں ہے لیکن بدقسمتی سے حیدرآباد میں جو عناصر برسر اقتدار ہیں ان کا رویہ ہمارے مفاد کے خلاف ہے اور انہوں نے تمام امن پسندانہ کوششوں کو ناکام بنا دیا ہے۔ ہم ایک امن پسند شخص ہیں۔ حکومت کو اپنی مرضی کے خلاف حیدرآباد کے معاملہ میں پولیس ایکشن لینا پڑا۔ آپ نے اتحاد اور فرقہ واری کے خلاف مضبوط محاذ بنانے کی اپیل کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ ہندوستانیوں کو ایشیا کی موجودہ صورت حالات سے سبق حاصل کرنا چاہیئے جہاں کہ دنیا کی پرانی ان ممالک کی تعمیری ترقی کو بالکل روک دیا ہے۔

پنڈت جی کی تقریر کے دوران کئی مرتبہ زبردست بارش ہوئی۔ لیکن پنڈت جی نے اپنی تقریر کو جاری رکھا۔ آپ نے فرمایا کہ ہم نے حیدرآباد کے خلاف قدم ملک کی متحدہ آواز کے مطابق اٹھایا۔ ہندوستان میں نے ۲ جنگ گاندھی جی کی قیادت میں عدم تشدد کو اپنا عقیدہ بنانے رکھنے کسی ملک سے بر سر پیکار نہیں ہوئے لیکن حیدرآباد کے مفسدہ پردازوں نے ہمیں امن کی غرض سے یہیں قدم اٹھانے پر مجبور کر دیا۔

کشمیر کا مسئلہ

مسئلہ کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے پنڈت جی نے فرمایا کہ تمام سوال اب متحدہ اقوام کے کمیشن کے زیر غور ہے۔ اس سلسلہ میں اب سب سے بڑا سوال پاکستان کے رویہ کے متعلق ہے۔ آزاد ہندوستان یہ کیسے گوارا کر سکتا ہے کہ اس کے کسی حصہ میں کوئی غیر ملکی فوج آ کر اس کی آزادی کو چیلنج کرے۔

ہمارا سب سے پہلا مقصد اپنی حاصل کردہ آزادی کی بنیادوں کو مضبوط بنانا اور بیرونی حملوں کے خلاف آخر دم تک لڑنا ہے۔ کشمیر میں آج دشمن ہماری طاقت کو چیلنج کر رہا ہے اور ہمیں اس کا مستحکم ارادہ اور مضبوط استقلال سے مقابلہ کرنا ہے۔

پنڈت جی نے فرمایا کہ یہ وقت زبان کی بنا پر صوبوں کی حد بندی اور اس حق کے مطالبوں کے لئے مناسب نہیں۔ ایسے مطالبات قوم کو کمزور کر رہے ہیں۔ یہ آزادی کس کام کی ہے۔ اگر ہمارے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے اور ہر جماعت اپنے لئے ایک ایک ٹکڑا استعمال کرے۔ اس کا لازمی انجام یہ ہوگا کہ ہم اپنی آزادی کھو بیٹھیں گے۔

آپ نے مزید کہا کہ بعض حلقوں میں اس مسئلہ کو فرقہ وارانہ رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حکومت اقلیتوں کو حفاظت کی پوری پوری گارنٹی دے چکی ہے اگر مختلف جماعتیں ہر مسئلہ کو فرقہ وارانہ زاویہ نگاہ سے دیکھنے لگیں تو ہمارے مسائل اور بھی پیچیدہ ہو جائیں گے۔ آخر میں پنڈت جی نے کہا کہ مجھے اپنے ملک کے شاندار مستقبل پر پورا پورا اعتماد ہے۔ لیکن اس کے لئے ہمیں اپنے مشکل مسائل کو حل کرنا چاہیئے۔ یہ مسائل محض باہمی تعاون اور عوام کی حمایت ہی سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

حیدرآباد میں ہندی فوجوں کے داخلہ پر

چرچل پارٹی کے اخبارات کی نکتہ چینی

لندن ۱۴ ستمبر۔ لندن ٹائمز نے حکومت ہند کے حیدرآباد پر حملہ کرنے کے سلسلہ میں شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایشیا میں امن کو زبردست خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ مانچسٹر گارڈین نے تجویز کیا ہے کہ متحدہ اقوام کو شمولیت کے سوال پر استصواب رائے عامہ اپنی زیر نگرانی حاصل کرنی چاہیئے۔ ڈیلی میل نے حکومت ہند کو مشورہ دیا ہے کہ اپنی فوجوں کو اب بھی واپس بلا لے۔ ڈیلی ٹیلیگراف نے کہا۔ کہ اس حملے سے ہند نے ایسی طاقتوں کو میدان میں لا کھڑا کیا ہے۔ جن پر سے قابو پانا مشکل ہو جائے گا۔ ڈیلی میل نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ یہ جنگ عالمگیر جنگ کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ امریکن اخبارات نے بھی جلی عنوانوں سے حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کے داخلہ کی خبر شائع کرتے ہوئے اس پر اداریئے لکھے ہیں۔ ٹائمز نے اسے ہند کے لئے ایک افسوسناک باب کا آغاز قرار دیا ہے۔ جہاں اس نے ہند کو کسی حد تک حق بجانب قرار دیا ہے۔ وہاں حیدرآباد کے نقطہ نگاہ کی بھی حمایت کی ہے۔ ٹائمز نے لکھا ہے کہ اس سے ہند اور پاکستان میں لڑائی کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔

اورنگ آباد کی تاریخی اہمیت

اورنگ آباد جس پر آج ہندی فوجوں نے قبضہ کر لیا ہے۔ حیدرآباد کے حکمرانوں کا سابق پایہ تخت ہے۔ یہ شہر پونا سے ۱۳۸ میل کے فاصلہ پر دریائے کادم پر واقع ہے۔ اس شہر کو ۱۶۱۰ء میں ملک عنبر نامی سردار نے قائم کیا تھا جو ایک حبشی غلام سے ترقی کر کے فوج کے سپہ سالار کے مقام تک پہنچ گیا تھا اور جسے دربار میں بڑا اثر و رسوخ حاصل تھا۔ بعد میں یہ جگہ جنوبی ہند میں مغل فرمانرواؤں کی فتوحات کا مرکز بن گئی تھی۔

دکن کی صوبیداری کے زمانہ میں اورنگ زیب نے اسی شہر کو اپنا صدر مقام بنایا ہوا تھا۔ اور یہ نام اسی کا رکھا ہوا ہے۔ اس جگہ اورنگ زیب نے اپنی بیگم کا ایک مقبرہ بنوایا جو تاج محل کے نمونہ کا ہے۔ اورنگ زیب خود انہیں بھی اسی جگہ دفن کیا گیا۔

یہ شہر ایک بڑی اہم فوجی چھاؤنی ہے۔ اس کے علاوہ دو بیسویں صدی کے غاروں کے لئے بھی مشہور ہے۔ اجنتا کے مشہور غار اورنگ آباد کے ضلع میں واقع ہیں۔

امرتسر کے شہریوں کا فیصلہ

امرتسر ۱۳ ستمبر۔ امرتسر کے ہزاروں شہریوں نے جلیانوالہ باغ میں ایک جلسہ میں اس عزم کا اظہار کیا گیا۔ کہ وہ ہر حملہ کا مقابلہ کریں گے۔ ڈاکٹر ستیہ پال سابق صدر صوبہ کانگریس، سردار اشیر سنگھ مجیٹھیا سابق وزیر ...

حیدرآباد میں ہندستانی فوج کے کمانڈر اعلیٰ قابلیتوں کے مالک ہیں

پونا ۱۶ ستمبر۔ کل یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ شولاپور کے محاذ سے سکندرآباد کی طرف بڑھنے والے محافظ دستوں کی کمان میجر جنرل چودھری کر رہے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ حیدرآباد میں داخل ہونے والے تمام دستوں میں جنرل چودھری کی زیر کمان فوج نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ حیدرآباد میں اور محاذوں پر جو کمانڈر ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ میجر جنرل اے رودرا آپ مدراس کی سرحد کی طرف سے پیش قدمی کر رہے ہیں۔ میجر جنرل ڈی۔ ایس برار آپ بھی کے علاقہ یعنی ننگولا پور کے شمال سے بڑھ رہے ہیں۔

ہند اور بیرون ہند کی غذائی حالت پر تبصرہ

غیر ممالک سے اناج کی درآمد

مشرقی بنگال میں خوراک کی کمی۔ کھانڈ کے اسٹاک

مشرقی پنجاب میں کیک اور مٹھائیاں بنانے پر پابندی

فصلوں کا نقصان صنعتی علاقوں کے راشن کا اضافہ

نئی دہلی ۱۷ ستمبر۔ حکومت کی وزارت خوراک نے اس ہفتہ کا جو خوراک کا میمورنڈم شائع کیا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ اکتوبر اور دسمبر میں امریکہ سے کل ... ٹن اناج کی بہم رسانی ہو سکے گی ... اور گندم کا آٹا ہے ...

روس میں گندم کی فصل کے بارے میں ماسکو سے جو اطلاعات آئی ہیں ان کے مطابق اس مرتبہ کاشت اور پیداوار کا اندازہ ۱۹۴۷ء سے بہت زیادہ ہے قریباً ۲۷ لاکھ ایکڑ زیادہ اراضی میں گندم کی کاشت کی گئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ روس اور یوکرائن زمانہ جنگ کی تباہی و بربادی سے مکمل طور پر سنبھل چکے ہیں۔

مشرقی بنگال میں خوراک کی کمی کے مقابلہ میں ...

غیر ممالک سے درآمد

۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران میں ہندو پاکستان میں اناج کی مندرجہ ذیل مقدار موصول ہوئی۔

گندم	۸۳۰۰ ٹن
آٹا	۲۷۰۰
چاول	۲۶۰۰

یکم جنوری ۱۹۴۸ء سے لے کر اب تک ملک کی کل درآمد حسب ذیل ہوئی۔

گندم	۷۲۹۲۰۰ ٹن
آٹا	۱۲۸۴۰۰
چاول	۶۹۲۶۰۰
مکئی	۲۴۳۰۰
باجرہ	۱۰۹۰۰
جو	۱۴۶۰۰۰
میلو	۸۷۰۰۰
سویابین	۱۲۰۰

ہند سرکار نے دالوں کو جن میں چنے بھی شامل ہیں درآمد کرنے کے لئے عام لائسنس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

کھانڈ کے بند اسٹاک

گنا پیلنے کا موسم شروع ہونے سے پہلے پہلے کھانڈ کے باقی ماندہ اسٹاک کو نکال میں نے کے لئے پر غور کرنے کے لئے ۶ ستمبر کو لکھنؤ میں حکومت ہند صوبائی حکومتوں۔ ریلوے اور انڈین شوگر سنڈیکیٹ کے نمائندوں کی ایک مشترکہ کانفرنس ہوئی۔ متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ کھانڈ کے ریلوں پر لادنے کا کام تیز کر دیا جائے ...

کشمیر کمیشن کی میٹنگ

سری نگر ۱۷ ستمبر۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کے اراکین کی ایک میٹنگ کل سہ پہر سری نگر میں منعقد ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیشن نے اس رپورٹ پر بحث کی جو سری نگر پہنچ کر کمیشن کے کچھ ممبروں نے پہلے ہی مرتب کی تھی۔

حکومت ہند کے اقدام کی تعریف

لکھنؤ کے ایک ایڈیٹر کا بیان

لکھنؤ ۱۵ ستمبر۔ ہندستانی فوجوں کے ریاست حیدرآباد میں داخلہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے آل انڈیا مسلم مجلس کے جنرل سکریٹری اور اخبار حقیقت کے ایڈیٹر مسٹر رضوان اللہ صدیقی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہمیں اس خبر کو سن کر بہت اطمینان ہوا ہے کہ حکومت ہند نے ریاست حیدرآباد کی رعایا کی حفاظت کے لئے ضروری قدم اٹھایا ہے ... قاسم رضوی اور رضاکاروں نے جو ظلم کئے ہیں انہیں چھپانے کے لئے باہر کے مسلمانوں کی اسلامی اخوت کے نام پر ہمدردی حاصل کی جا رہی ہے ... حکومت ہند نے ان مظالم کا خاتمہ کرنے کے لئے جو اقدام کیا ہے اس کی تعریف کی جانی چاہیئے ...

متحد ہو کر حکومت کی مدد کرو

سر عبدالحلیم غزنوی کا بیان

کلکتہ ۱۶ ستمبر۔ ہندستانی آئین ساز اسمبلی کے ممبر سر عبدالحلیم غزنوی نے ایک بیان میں کہا کہ جونہی ہندستانی فوجیں حیدرآباد میں داخل ہوئی ہیں۔ اس وقت ہر طبقہ کے ہندستانیوں کا فرض بالکل صاف ہے اور وہ یہ ... سر عبدالحلیم نے کہا کہ ہماری حکومت کا کام درست ہے ... میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

لکھنؤ کے وکیلوں کا مطالبہ

لکھنؤ ۱۶ ستمبر۔ لکھنؤ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نے کل ایک قرارداد میں حکومت ہند سے اس بات کے لئے ...

ایک شخص کی گرفتاری

دہلی ۱۵ ستمبر۔ رکالات نامی ایک شخص کو تیس ہزاری میں بلا لائسنس شراب فروخت کرنے کے الزام میں پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ بعد میں پولیس نے اس کے مکان کی تلاشی لی۔ شراب کی کئی بوتلیں برآمد ہوئیں۔

حکومت ہند کی پوری طرح مدد کرو

ہند مسلم لیگ کے صدر مسٹر محمد اسمٰعیل کی اپیل

مدراس ۱۶ ستمبر۔ ہندوستان کی مسلم لیگ کے صدر مسٹر محمد اسمٰعیل نے اپنے ایک بیان میں ہندوستانی مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ وفادار شہری کی حیثیت سے حکومت ہند کے اس اقدام کی حمایت کریں۔ جو اس نے حیدرآباد کے خلاف اٹھایا ہے۔

مسٹر اسمٰعیل نے ان حالات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جن کے تحت حکومت ہند کو یہ قدم اٹھانے کے لئے مجبور ہونا پڑا ہے۔ اس موقع پر ہندوستان کے مسلمانوں کا فرض کیا ہے وہ بالکل ظاہر ہے وہ اپنے دوسرے ہم وطنوں کے ساتھ حکومت کے اس اقدام کی حمایت کر رہے ہیں ...

کوئی بڑا طوفان اٹھنے والا ہے؟

ہندوستان سے آسام کے کٹ جانے کا خطرہ

شیلانگ ۱۴ ستمبر۔ آسام کے وزیر اعظم نے کل آسام اسمبلی میں پبلک سیفٹی بل پیش کرتے ہوئے کشمیر اور حیدرآباد کا ذکر کیا اور کہا کشمیر میں جو اطلاعات ہیں ان کے پیش نظر ہم ایک بڑے طوفان کے دہانے پر ہیں ... آسام میں کیونسٹ سرگرمیوں کا ذکر کیا۔ وزیر اعظم کی تحریک بحث کے بعد پاس ہو گئی۔

حیدرآباد کی لڑائی سے گوا کی حالت خراب

بکتر بند گاڑیاں بلائی گئیں۔ کئی اشخاص کو گولی مار دی گئی

حیدرآباد میں ہندوستانی فوج عمدگی کیساتھ آگے بڑھ رہی ہے

جنوبی کمان کے افسر اعلیٰ جنرل راجندر سنگھ کا بیان

امریکہ ابھی حیدرآباد میں کسی مداخلت کے خلاف ہے

اقوام متحدہ کی بحث کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا

نیویارک ۱۶ ستمبر۔ حیدرآباد کے معاملہ میں ...

ماسٹر تارا سنگھ نے خدمات پیش کر دیں

باقی صفحہ ۸ کالم ۳ پر

لوہے اور فولاد کی بچت کیلئے ہندی انجنیروں کی اہم تجویز

ریلوے لائنوں اور پلوں کی تعمیر میں کنکریٹ کا استعمال

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ وسٹا انڈین ریلوے بورڈ نے نئی دہلی میں انجنیروں کی ایک مجلس میں ریلوے کی سول انجنیرنگ [illegible] کفایت شعاری کے موضوع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ انجنیرنگ کے کاموں میں استعمال ہونے والے سامان کی قلت اور اس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے یہ ضروری ہو گیا ہے [illegible]

لکڑی کے پتّری تیار کی جاتی تھیں ہے لکڑی اور لوہے کی کافی بچت کی جا سکتی ہے۔ لیکن اس منصوبہ کے ڈیزائن تیار کرنے پر کافی محنت اور دماغ سوزی کرنی پڑتی ہے۔ [illegible]

[illegible]

اور سی آئی کے ...... ۴۲۰۰۰ کل میزان ...... ۳۵۰۰۰۰ آئندہ کئی برسوں تک ان میں سے کسی بھی درجہ کے سلیپروں میں کوئی اضافہ ہونے کی توقع نہیں ہے سب جو ہلی سلیپروں کی بجائے کنکریٹ کے سلیپر استعمال کرنے کی تجویز ہے۔

آپ نے ان تجربات کا ذکر کیا جو شکور بستی میں کئے جا رہے ہیں۔ اس جگہ مختلف قسم کے ریلوے پٹڑیوں پر لائن سے [illegible] ہوتی ریل گاڑی کے پہیوں کے اثرات کا مطالعہ کیا جاتا ہے انجنیروں نے یہ دریافت کیا ہے کہ موجودہ طرز کی ریلوے پٹڑیوں کی بجائے اگر سخت قسم کے لوہے کے ڈھالے نصب

دار السلطنت

۱۷ اشخاص کی ہلاکت

دہلی ۱۶ ستمبر۔ چاندنی چوک میں ایک فلم کمپنی کے گودام میں آگ لگنے کی جو خبر کل شائع ہوئی تھی اب معلوم ہوا ہے کہ اس میں دو آدمی اور ہلاک ہو گئے ہیں اور [illegible] ہلاک شدگان کی کل تعداد ۱۷ تک پہنچ گئی ہے۔ کل چیف کمشنر مسٹر شنکر پرشاد اور دوسرے افسروں نے اس جگہ کا معائنہ کیا۔

جیب کترے گرفتار

دہلی ۱۶ ستمبر۔ کل سی آئی ڈی نے ۵ جیب کتروں کو گرفتار کیا۔ صدر بازار میں ایک چلتی ٹریم میں بھی دو جیب کترے پکڑے گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ان میں سے ایک شخص نے ایک مسافر کی جیب سے بٹوہ نکالا اور اس کو اپنے ساتھی کو دینا چاہا کہ اسے مسافروں نے دیکھ لیا۔ اور پکڑ لیا اور بعد میں ان دونوں کو پولیس کے حوالہ کر دیا گیا۔

ایک لاش ملی

دہلی ۱۶ ستمبر۔ کل دہلی اور شاہدرہ کے درمیانی جنگل میں ایک نوجوان آدمی کی لاش ملی۔ ایک چرواہے نے جو اسی علاقہ میں اپنے مویشی چرا رہا تھا پولیس کو مطلع کر دیا۔ پولیس لاش کو اٹھا لے گئی۔ لاش کا پوسٹ مارٹم کیا جا رہا ہے۔ ابھی تک لاش کو شناخت نہیں کیا جا سکا۔

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ

دہلی ۱۶ ستمبر۔ مسٹر بلارڈ کے مقدمہ کے سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ پولیس کو مزید ایک ہفتہ کا ریمانڈ دے دیا گیا۔ جنرل ہیڈ کوارٹرز کے اسلحہ خانہ کے بے اسر [illegible] کمانڈنگ کو ہتھیار چرائے جانے کے سلسلہ میں ۱۹ اگست کو گرفتار کیا گیا تھا۔

صدر کانگریس کا انتخاب

دہلی ۱۶ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے۔ کہ آل انڈیا کانگریس کے صدر کے انتخاب کے کاغذات نامزدگی بھیجے جانے کی آخری تاریخ ۱۴ اکتوبر مقرر کی گئی ہے۔ ۱۵ اکتوبر تک نام واپس لئے جا سکیں گے ۲۴ اکتوبر سے آل انڈیا کانگریس کا جو اجلاس ہو گا اس میں صدر کا انتخاب ہو گا۔

پھاٹک نمک میں گرفتاری

دہلی ۱۶ ستمبر بیان کیا جاتا ہے کہ پھاٹک نمک سے ہلالی نام کے ایک آدمی کو ناجائز افیون رکھنے کے سلسلہ میں پولیس نے گرفتار کر لیا۔

پٹرول چور گرفتار

دہلی ۱۶ ستمبر ایچ بلاک کے سامنے ایک شخص جس کا نام قدرتی ہے ایک کار سے پٹرول چراتا ہوا گرفتار ہوا۔

اسکولوں میں فوجی تربیت

دہلی ۱۶ ستمبر۔ دہلی کے اسکولوں میں نیشنل کیڈٹ کور کی اسکیم رائج کر دی گئی ہے اس کی رو سے ۱۴ سال سے زائد عمر کے بچوں کو فوجی تربیت دی جائے گی ایک اطلاع یہ ہے اسکولوں میں فوجی تربیت کا انتظام ہو چکا ہے۔

پنکھوں کی چوری

دہلی ۱۶ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ پی ڈبلیو ڈی کے ایک الکٹریشین ساد ھو سنگھ کو اس لئے پیٹا گیا کہ اس نے ایک برقی پنکھا لے جانے والوں کو روکنا چاہا ساد ھو سنگھ کو شبہ تھا کہ پنکھا پی ڈبلیو ڈی کی ملکیت ہے۔

زیورات کی چوری

دہلی ۱۶ ستمبر۔ ایک چوتھا ہزار بجے کے تین ہزار روپے کے زیورات چرائے کے ایک عجیب واقعہ کی اطلاع ملی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک شخص تین ہزار روپے کے زیورات لے کر ڈاکخانہ گیا تاکہ ان کو باہر بھیج سکے یہ زیورات ایک ڈبے میں رکھے ہوئے تھے وہاں ایک بچے نے اس شخص سے کہا کہ تمہاری کچھ چیز گر گئی ہے۔ جونہی وہ شخص مڑا یہ بچہ زیورات کا بکس لے کر بھاگ گیا اور تلاش کے جانے پر اس کا پتہ نہ چلا۔

دو اشخاص کی گرفتاری

دہلی ۱۶ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ دو پاکستانی جن کے نام سید ارتضیٰ حسین اور رحمن ہیں بنگلور ہوائی اڈہ پر اس الزام میں گرفتار کر لئے گئے کہ وہ مدت مقررہ سے زیادہ ہند میں ٹھہرے تھے ان کی پرمٹ کی میعاد ختم ہو گئی تھی۔

[illegible] کے پارسل بنائے گئے ہیں جو پارسل ہی میں نے تھانہ سے تعلق آباد کے تھانہ کے مال خانہ میں جمع کرا دیا مورخہ [illegible] کو میں مہر بند ہوٹل گیا اور کمرہ کا ریکارڈ قبضہ میں لیا۔ میں نے اسی دن نارائن سنگھ کو بعد کا بیان قلم بند کیا۔

جمعیۃ علماء کانپور کا اظہار ہمدردی

کانپور ۱۵ ستمبر۔ صدر جمعیۃ علماء کانپور قاری [illegible] صاحب نے فرمایا کہ جمعیۃ علماء کانپور حکومت ہند کے اس اقدام کو قابل تعریف سمجھتی ہے جو اس نے حیدرآباد کے خلاف کیا ہے۔ نیز حکومت کو اپنے پورے تعاون اور ہمدردی کا یقین دلاتی ہے اور ہندی فوجوں کی کامیابی کی دعا کرتی ہے۔

برطانیہ سے امداد کی بھیک

لندن ۱۶ ستمبر۔ حیدرآباد کے وزیر خارجہ نواب معین نواز جنگ نے بتایا کہ اگر ہم کو برطانوی سپاہیوں کی امداد مل سکی تو ہم اسے ضرور قبول کریں گے اگر ہندوستانیوں کا حملہ کسی اور طرح نہ روکا جا سکا تو اس کے مقابلے کے لئے حیدرآباد ہر قسم کے اسلحہ خریدے گا جن میں طیارہ بھی شامل ہوں گے۔

یوپی کونسل کے انتخابات

کانگریس کی نامزدگیاں منظور

لکھنؤ ۱۵ ستمبر۔ سنٹرل پارلیمنٹری بورڈ نے مسٹر دیشمکھ پرشاد اور مسٹر روپ نرائن کی درخواستیں جو انہوں نے ڈاکٹر آر یو سنگھ اور رائے ناتھ بالی کی نامزدگی کے خلاف دی تھیں۔ نامنظور کر دی ہیں۔ ان درخواستوں کے مسترد کرنے کا مطلب یہ ہے کہ سنٹرل پارلیمنٹری بورڈ نے یوپی کانگریس کی وہ تمام نامزدگیاں منظور کر لی ہیں جو انہوں نے یوپی کونسل کے انتخابات کے لئے کی تھیں۔

امریکہ میں قیاس آرائیاں
صفحہ ۳ کالم ۴ سے آگے

کمزور استعماریت کے خلاف جن طریقوں کو کامیابی کے ساتھ استعمال کیا گیا تھا۔ وہ قومی افکار اور اصلاحات میں ناکام رہنے کیونکہ اس معاملہ میں وقت کی بہت زیادہ قیمت ہے اور سست رفتاری سے اس تشدد سے بھی زیادہ خطرناک نتائج پیدا ہو سکتے ہیں جو فقط قانونی عذرات کو دبانے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

بین الاقوامی نقطۂ نظر

بین الاقوامی نقطۂ نظر سے امریکن مناہدین محسوس کرتے ہیں کہ حیدرآباد کا مسئلہ حل کرنے کے لئے یہ وقت بہت مناسب ہے کیونکہ ان کے خیال میں ایسے موقع پر جب کہ امریکہ کو روس کی ٹھنڈی لڑائی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہندوستان اپنی الجھنوں سے آزاد ہو کر مشرق و مغرب میں اپنا پارٹ ادا کر سکے گا۔

اس لئے واشنگٹن قطعی طور پر حیدرآباد کے اندر امریکہ یا برطانیہ کی مداخلت کے بالکل خلاف ہے تاوقتیکہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان لڑائی شروع نہ ہو جائے۔

لیکن اس قسم کے سخت خطرہ کا یہاں اندیشہ نہیں کیا جا رہا۔ ایک طرف وہ لوگ [illegible] ...... یہ امید کر رہے ہیں۔ کہ حیدرآباد کے خلاف نئی دہلی کا فوجی اقدام جلد ختم ہو جائیگا۔ اور بجائے اس کے کہ اس کا ہندو مسلم تعلقات پر برا اثر پڑے یہ مسئلہ کو حل کر دے گا۔ اور دوسری طرف یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ پاکستان جو اقتصادی طور پر کمزور ہے اور قائد اعظم جناح کی موت سے سخت صدمہ اور نقصان پہنچا ہے حیدرآباد اور کشمیر کی لڑائیوں کو براہ راست ہندوستان [illegible] میں تبدیل کر کے اپنی [illegible]

[illegible] بین الاقوامی امن [illegible] کے سلسلہ [illegible] ہے۔

گمشدہ کی تلاش

ایک پانچ سالہ لڑکی جس کا نام [illegible] [illegible]

کمیشن کے ذریعے زخمی گواہ کا بیان لیا جائے

اسپیشل کورٹ میں استغاثہ کے بڑے وکیل کی درخواست

دہلی ۱۶ ستمبر۔ استغاثہ کے بڑے وکیل مسٹر دفتری نے آج مسٹر آتما چرن کی عدالت میں ایک درخواست دی کہ حکومت بمبئی کو لکھا جائے کہ وہ گوالیار وغیرہ کے ماہر مسٹر داتے ایس پر اپیشی کا بیان وغیرہ لے۔ اس درخواست میں کہا گیا ہے کہ مسٹر پر اپیشی مقدمہ کے سلسلہ میں ایک اہم گواہ ہیں [illegible]

سے پہلے میں نے ۲۰ جنوری کو بم پھٹنے کے سلسلہ میں جانتا تھا کا بیان قلمبند نہیں کیا۔ گاندھی جی کی پرارتھنا کے دوران برلا ہاؤس میں سپرنٹنڈنٹ پولیس کی روایات کے مطابق انتظام کرتا تھا۔ وہاں ایک کانسٹبل اور ۱۰ سپاہی وہاں موجود رہتے تھے [illegible]

[illegible]

مغربی پاکستان سے ہند آنے کے پرمٹوں کی اجرا کے قوانین

اجازت ناموں کے بارے حکومت ہند کا نیا آرڈی نینس

نئی دہلی ۱۶ ستمبر۔ مغربی پاکستان سے پناہ گزینوں کی آمد کو روکنے کے آرڈی نینس کی دفعہ [illegible] کی رو سے مرکزی حکومت کو جو اختیارات حاصل ہیں، ان کے ماتحت مغربی پاکستان اور ہند کے درمیان پرمٹ کے سلسلہ میں ہند [illegible] کا نفاذ کیا گیا ہے

اب پرمٹ نئی قسم کا ہوا کرے گا اور عارضی سفر کا پرمٹ (۲) آباد کاری یا مستقل رہائش کا پرمٹ (۳) آمد و رفت کے مستقل پرمٹ (۴)، ہر پرمٹ کی تین نقلیں ہوں گی ان پر مشین سے نمبر ڈالے جائیں گے، پہلی کاپی پرمٹ جاری کرنے والے افسروں کے پاس رہے گی دوسری کاپی اس

[illegible] کے پولیس افسر کو بھیجی جائے گی جہاں پاکستان سے آنے والا جانا چاہتا ہے اور تیسری نقل درخواست دہندہ کے پاس رہے گی۔ پرمٹ ہند کے ہائی کمشنر کراچی یا ڈپٹی کمشنر لاہور کے دفتر سے ملیں گے سرکاری افسروں اور ان تاجروں کو جو بازار ہند اور پاکستان آتے جاتے رہتے

(باقی صفحہ [illegible] پر)

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان نوٹ کر لیں

ہفتہ وار الجمعیۃ کا پہلا پرچہ ۱۰ اکتوبر کو شائع ہو جائے گا۔ اور اس کے بعد مسلسل ہر اتوار کو شائع ہوتا رہے گا۔

ایجنٹ صاحبان جتنے پرچے طلب کرنا چاہیں بحساب تین روپیہ فی پرچہ زر پیشگی فوراً ارسال فرما دیں۔ اخبار صرف اُن ایجنٹوں کا بھیجا جائیگا۔ جن کی پیشگی رقم دفتر کو وصول ہو گئی ہوگی۔

خریدار صاحبان۔ قیمت ارسال کرنے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

سالانہ قیمت بارہ روپے ششماہی چھ روپے آٹھ آنے۔ قیمت ہمیشہ بذریعہ منی آرڈر بھیجئے۔ وی پی نہ طلب کیجئے۔

مشتہرین نوٹ فرمالیں کہ تاریخ اشاعت سے ایک ہفتہ قبل جو اشتہارات وصول ہو جائیں گے وہی شریک اشاعت ہو سکیں گے۔ عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر

ہر قسم کے موسمی بخار اور ملیریا کے لئے

امیکو فیور میکسچر

AMICO'S FEVER MIXTURE

جلد اثر کرنے والی بہت مجرب اور اکسیر دوا ہے

یہ دوا ہر قسم کے موسمی بخار، جاڑا بخار، ملیریا بخار، انفلوئنزا، نزلہ سردی کا بخار اور طحال، تلی بڑھ جانا وغیرہ اور باری سے بخار کے لئے بہت مفید ہے پہلی ہی خوراک میں اپنا اثر دکھاتی ہے۔ بچے، بوڑھے، جوان سب استعمال کر سکتے ہیں۔

قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنہ (۲/۸)
تین شیشیاں سات روپے (۷)
علاوہ محصول ڈاک

ہر قسم کے علاج کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

۹ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

ہنگامی حالات کے پیش نظر اہالیان رامپور سے فضا صحیح رکھنے کی فہمائش

ہزہائی نیس نواب نے فرمان جاری کر دیا

رام پور ۱۵ ستمبر (ڈاک) ہز ہائی نیس سر رضا علی خاں والی ریاست رام پور نے ایک فرمان جاری کیا ہے جس میں ریاست کے باشندگان کو فہمائش کی گئی ہے کہ وہ موجودہ حالات میں بھی رام پور کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے صحیح فضا قائم رکھیں اور مفسدانہ حرکات اور غلط و جھوٹی افواہیں پھیلانے سے باز رہیں فرمان کا پورا متن حسب ذیل ہے۔

ہمیں ابھی معلوم ہوا ہے کہ جیسا پہلے سے خیال تھا انڈین یونین کے فوجی دستوں نے حیدرآباد کی حدود میں آج صبح ہی مارچ کر دیا ہے یہ فوجی دستے تین طرف سے بڑھ رہے ہیں اور انھیں مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔ جنرل آفیسر کمانڈنگ علاقہ جنوبی کی حالیہ خبروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ تینوں جانب قابل اطمینان کامیابی ہو رہی ہے ...

ان کا تدارک ہندسرکار اشد ضروری خیال کرتی ہے۔ جیسا کہ ہماری محبوب رعایا کو معلوم ہے رامپور کی یہ بہت ہی ممتاز روایت ہے کہ یہاں ہندو مسلمانوں میں یک جہتی اور یگانگت کے تعلقات ہمیشہ سے استوار رہے ہیں۔ اور اس روایت کے لئے ہمارے بہادر اپنی جان تک بھی قربان کرنے کے لئے تیار رہا ہے۔ اور خدا کے فضل سے تیار رہے گا ہمیں پوری امید ہے کہ اس نازک گھڑی میں یہ اعلیٰ روایت برقرار رہے گی۔

ہم پبلک کے لیڈروں اور ریاست کے ممتاز اصحاب سے پوری امید رکھتے ہیں کہ وہ ہماری اور ہماری گورنمنٹ کی ہرامکانی امداد کریں گے۔ تاکہ ساری ریاست میں مکمل امن و امان اور باہمی اتحاد کی فضا قائم رہے ...

... محض ہماری رعایا کی بہتری ہی کے لئے ہوں گے ہمیں یقین ہے کہ ہماری تمام رعایا ہمارے اور ہماری حکومت کے ساتھ پورے تعاون اور اشتراک عمل سے کام لے گی۔

... بلکہ حکومت ہند کے مفتوحہ علاقوں میں بھی امن و امان برقرار رکھنے کے لئے ہندسرکار کو یہ کارروائی کرنا ناگزیر ہو گئی ہے۔ حیدرآبادیوں پر جو خوف و ہراس طاری ہے اور غریب بے گناہوں پر جو وحشیانہ مظالم ہو رہے ہیں۔

برطانیہ نے حیدرآباد کو اقوام متحدہ میں اپیل سے نہیں روکا

حیدرآباد کے بارے میں برطانیہ کی سرکاری پالیسی کا اظہار

لنڈن ۱۵ ستمبر۔ گذشتہ شب دارالعوام میں مسئلہ حیدرآباد پر بحث کی گئی۔ حزب اختلاف کے لیڈر لارڈ سالسبری نے حیدرآباد کے حالیہ افسوسناک واقعات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ہر شخص نے صدمہ کی طرح ایک شدید صدمہ کے ساتھ سنیں۔ نظام اس ملک کے پرانے اور وفادار دوست ہیں اور ہم ... دیا ہے اب ہم دیکھتے ہیں کہ ہند اب ایک پرامن پڑوسی کے علاقوں پر مسلح حملہ کر رہا ہے یہ بڑا افسوسناک واقعہ ہے انہوں نے کہا کیا حکومت نے اس پر احتجاج کیا ہے، اور کیا حکومت نے مجلس تحفظ میں نظام کی درخواست کی حمایت کی ہے۔ لارڈ ایڈیسن نے لارڈ پرپوسیل میں حیدرآباد کے افسوسناک واقعات کی طرف کہا اور کہا برطانیہ صورت حالات پر اظہار تاسف کرتا ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے بہانہ روک دیا ہے ...

موجود ہیں کیونکہ ریاست کے بیرونی تعلقات حکومت ہند کے سپرد ہیں اس لئے برطانوی حکومت مداخلت کی تجویز پر عمل نہیں کرسکتی۔

لارڈ ایڈیسن نے کہا بہرحال اگر برطانوی حکومت نے ثالثی کے لئے اپنی خدمات پیش کیں تو ان کی کامیابی کی اس وقت تک کوئی امید نہیں جب تک دونوں پارٹیاں اس پر متفق نہ ہوں ایک دو ہفتے ہوئے حیدرآباد نے یہ مسئلہ اقوام متحدہ میں پیش کر دیا ہے اور اب اس امر کی درخواست کی ہے کہ اس پر جلد از جلد غور کرے اب یہ فیصلہ کرنا کونسل کا کام ہے، کہ وہ کیا کرے لارڈ ایڈیسن نے کہا میں بڑی خوشی کے ساتھ ان خبروں کی مذمت کرتا ہوں کہ برطانوی حکومت نے حیدرآباد کی اپیل کو مجلس تحفظ میں جانے سے روکنے کے لئے اقدامات کئے ہیں۔

لارڈ ایڈیسن نے کہا کہ اگر نظام کی خواہش ہے کہ مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ہو تو برطانوی حکومت کے لئے ایک یا دوسری حکومت کی طرف داری کرنے کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوگا، یہ تو صرف وہ کارروائی کرے گی جو مجلس تحفظ کے ایک ممبر کا فرض ہونا چاہیے۔ لیکن یہ دیکھنا کہ اس معاملہ میں پوری طرح ... مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لئے اپنی انتہائی کوشش کرے لارڈ ایڈیسن نے جواب دیا کہ حکومت بھی اس بارے میں اتنی ہی پریشان ہے جتنا کہ لارڈ سالسبری اور اسے امید ہے کہ سمجھوتہ ہو جائے گا۔

برطانوی دولت مشترکہ کے وزرائے اعظم کی خفیہ کانفرنس

مسٹر اٹیلی کی قیام گاہ سے سرکاری اعلان

لنڈن ۱۵ ستمبر ۱۹۴۸ء پرسوں نمبر ۱۰ ڈاؤننگ اسٹریٹ سے مندرجہ ذیل بیان جاری کیا گیا ہے۔ "وزیر اعظم برطانیہ نے ۲۸ جون گذشتہ کو پارلیمنٹ میں یہ اعلان کیا تھا کہ دولت مشترکہ کے مختلف ممالک کے وزرائے اعظم کی ایک کانفرنس ۱۱ اکتوبر میں منعقد کی جائے گی جس میں مشترکہ مفاد کے عام مسائل پر سوچ بچار کیا جائے گا۔ اب یہ میٹنگ ۱۱ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو لنڈن میں منعقد ہوگی۔ توقع ہے کہ دولت مشترکہ کے بہت سے وزرائے اعظم اس میں شامل ہوسکیں گے۔

مسٹر چیفلے۔ جو لوگ گذشتہ جولائی میں ہی یہاں ہو کر گئے ہیں۔ اتنی جلد ہم آسٹریلیا سے واپس نہ آسکیں گے اس لئے آسٹریلیا کی نمائندگی ڈاکٹر ایوٹ کریں گے۔ ڈاکٹر ملان بھی جنوبی افریقہ میں اپنے اندرونی ... زیر غور ہوگی جس میں دولت مشترکہ کے بڑے وزیروں کے مابین مشترکہ مفاد سے تعلق رکھنے والے معاملات پر خفیہ بات چیت اور تبادلہ خیالات کیا جائے گا ایسے مذاکرات پر رسمی فیصلے کرنا کوئی رواج نہیں۔

روزانہ الجمعیۃ کی اشاعت میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیجئے۔

مرکزی حکومت کا صوبجات کو عطیہ

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ مرکزی وزارت زراعت نے مغربی پنجاب سرکار کو ۱۲۰۰۴۰ روپیہ کی رقم امدادی رقم دی ہے۔ یہ رقم صوبے میں زیادہ خوراک پیدا کرنے کی مہم کے سلسلے میں ... ہم اس ایگریکلچر سلیف تقسیم کرکے ...

مراسلات

مدرسہ حسینیہ اسلامیہ کا افتتاح

جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس بمبئی کے پروگرام کے مطابق حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی یادگار کے طور پر مسلمان بچوں کی دینی و دنیاوی تعلیم کے لئے موضع لاڈل پالس تحصیل ... ضلع ... میں خدا کے بھروسے اور علاقہ کے مسلمانوں کی اخلاقی امید پر مدرسہ حسینیہ اسلامیہ کا افتتاح کر دیا گیا ہے جس میں بچوں کو قرآن کریم و دینیات کے علاوہ اردو اور ہندی کی درجہ چہارم تک کی بنیادی تعلیم دی جائے گی۔

نیز بروز جمعہ ... اگست کو اسی موضع لاڈل پالس پرگنہ ... کا جلسہ بعد نماز جمعہ ایک اجتماع ہوا جس میں جمیعۃ علماء کا انتخاب عمل میں آیا ...

تعزیت

... فیضیاب رہا ہے اور آپ علماء اہل سنت کا بڑا حلقہ ہو دامن علمی سے وابستہ ہے مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ بجز سوائے صبر کے کوئی چارہ نہیں یہی ارشاد سرکار ابد قرار ہے۔

دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مولانا کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کی تربت پاک کو انوار رحمت سے پر نور فرمائے پسماندگان اعزا و جمیع اہل سنت کو صبر و جمیل مرحمت فرمائے۔ آمین

محمد ابوالمسلم سکریٹری انجمن

نئی بنیادوں پر طبی کالج کا قیام

لکھنؤ ۱۶ ستمبر۔ آیورویدک طریقہ علاج کی توسیع اور اسے سائنٹفک بنیاد پر ترقی دینے کے سلسلہ میں لکھنؤ میں ایک آیورویدک کالج کے قیام کی تجویز زیر غور ہے یہ کالج ہر قسم کے سامان سے آراستہ ہوگا اور اس کے لئے سارے ہندوستان سے اساتذہ بلائے جائیں گے معلوم ہوا ہے کہ یہ کالج لکھنؤ یونیورسٹی کے زیر اہتمام کام کرے گا۔

وزیر صحت مسٹر سی پی گپتا ۱۶ ستمبر کو دہلی جا رہے ہیں جہاں وہ دہلی بھیجت کے آیورویدک کالج کا معائنہ کریں گے اور یہ فیصلہ کریں گے کہ وہ کیا اقدامات کئے جائیں جن سے اس کالج کو ترقی ہو۔

لکھنؤ جیل میں ڈرامہ!

اور وزیر اعظم کی شرکت

لکھنؤ ۱۶ ستمبر۔ ایک ڈرامہ قیدی کی ... قیدی کی زبانی ...

گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ پر

چار لاکھ روپیہ خرچ ہو چکے

نئی دہلی ۱۵ ستمبر حکومت ہند اس وقت تک مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ پر چار لاکھ روپیہ خرچ کر چکی ہے ...

... سرکاری خزانہ سے برداشت کر رہی ہے۔ مقدمہ کا فیصلہ ہونے کے بعد مقامی حکومت ہند سے خرچے میں حصہ بٹانے کے متعلق بات چیت کرے گی۔

نئے چیف کمشنر دہلی کو عصرانہ

عالی جناب شری شنکر پرشاد جی صاحب چیف کمشنر صوبہ دہلی کو حسب دستور قدیم حضرت پیر ضامن نظامی صاحب سجادہ نشین بارگاہ حضرت نظام الدین اولیا نے ۱۶ ستمبر کو شام کے ۵ بجے مشائخ منزل میں ایک پارٹی دی جس میں انسپکٹر جنرل پولیس سپرنٹنڈنٹ پولیس ڈائریکٹر جنرل آف ہیلتھ۔ بابا کھڑک سنگھ صاحب حضرت مولانا احمد سعید صاحب ... صاحب۔ خان بہادر منظور علی صاحب ... صاحب و دیگر افسران و ہندو مسلم سکھ معززین شہر نے شرکت کی۔ پیر صاحب نے ایڈریس دیا جس کے جواب میں چیف کمشنر صاحب نے ... اظہار تشکر فرمایا۔

عبدالرحیم قوال دہلی کو بزم خسرو کے ... پیرزادہ سید محمد فاضل نظامی کی دل ربائی ... پیر صاحب نے مشائخ منزل میں محبوب ماگی کا خطاب دیا تھا اور موقع پر اس کا بھی اعلان کیا گیا۔ صاحب بہادر موصوف نے محبوب ماگی کا گانا سنا اور اس کے گانے کی بہت تعریف کی۔

سید اسلام الدین نظامی ...

علی راجپور میں جمعیۃ علماء کا قیام

مہو چھاؤنی ۱۵ ستمبر ... صاحب صدر جمعیۃ علماء مہو یہاں کے تشریف لے جانے کے موقعہ پر جمعیۃ علماء کی علی راجپور میں شاخ قائم کی گئی۔ حلقہ کے تمام مسلمانوں نے ذوق و شوق سے حصہ لیا ... عمل میں آیا (۱) قاضی شہر جناب سید ... صاحب (۲) جناب مولوی حافظ محمد علی خاں صاحب نائب صدر (۳) منشی نصیر الدین صاحب ناظم ... (۴) ... نائب ناظم (۵) منشی غلام رسول صاحب خازن نیز آٹھ حضرات مجلس منتظمہ کے ممبر منتخب کئے گئے۔

رامپور میں شراب برآمد

دو اشخاص کی گرفتاری

رام پور ۱۵ ستمبر (ڈاک) ... میں دو بجے انسپکٹر آبکاری رام ... اسسٹنٹ ...

سکریٹری جنرل عرب لیگ کی تردید

قاہرہ ۱۵ ستمبر۔ عرب لیگ کے جنرل سکریٹری عزام پاشا نے کل بتایا کہ عرب ریاستوں نے حیفہ کے معاہدہ ... کے لئے اپنی خدمات پیش نہیں کیں آپ نے کہا عرب ریاستوں کو امید تھی کہ اس مسئلہ کا پرامن فیصلہ ہو جائے لیکن بدقسمتی حالات نے ناخوشگوار صورت اختیار کر لی ہے۔

عزام پاشا نے اس خبر کی بھی تردید کی کہ حکومت عراق ... نے اس بارہ میں کچھ کہا۔ آپ نے کہا عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی نے اس قسم کا کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

پنشن خوار شرنارتھی فوجیوں کو مژدہ

میعاد ادائیگی میں توسیع

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ حکومت ہند کی وزارت دفاع کے ایک اعلان کے مطابق شرنارتھی فوجیوں کی ادائیگی پنشن میں ادائیگی بڑھا دی گئی ہے۔ اعلان میں بتایا گیا ہے پنشن خوار فوجی پاکستان میں جو اپنی رقم چھوڑ آئے ہیں ہندوستان میں ان کی عارضی ادائیگی کی میعاد کو ۳۰ ستمبر ۱۹۴۸ء تک بڑھا دیا گیا ہے۔ پنشنوں کے حساب کتاب پاکستان سے ہندوستان تبدیل ہو جانے پر پوری ادائیگی ہو سکے گی۔ حسب ذیل دو درجوں میں کسی ایک سے تعلق رکھنے والے پنشن خواروں کو چاہیئے کہ وہ اپنے شناختی تفصیلات، نمونے کے دستخط اور کسی مجسٹریٹ یا گزیٹیڈ افسر سے تصدیق شدہ اپنے انگوٹھوں اور انگلیوں کے نشانات کنٹرولر آف ملٹری اکاؤنٹس اینڈ پنشن الہ آباد کو بھیج دیں۔ ہر متعلقہ شخص کے لئے یہ ضروری ہے (۱) نان گزیٹیڈ شہری پنشن خوار جنہیں ڈیفنس سروسز کے تخمینہ سے ملتی تھی۔ ان کے کتنے سوائے خطاب یافتوں کے۔

(۲) افسروں کے کتنے سوائے خطاب یافتہ افراد کے۔

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کیس اور سب سامان متعلقہ چشمہ ہائے ہمارے ہاں ہول سیل اور ریٹیل نرخ پر کفایت ملتا ہے

چاندنا اوپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین بلیماران چاندنی چوک دہلی

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

۱ اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
۲ ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی مع توضیحی عبارات
۳ حدیثوں سے سورتوں اور بہت سی آیتوں کی فضیلت۔
۴ تمام سورتوں، اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
۵ ہر صورت کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
۶ فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
۷ موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
۸ تفسیر ابن کثیر روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
۹ جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک مقدمہ بھی ہے۔
۱۰ خط خوشنما۔ صاف، روشن تقطیع ... غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے مجلد جرمی کلکتہ کی جلد سات روپے ... معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدایت غیر مجلد دس روپے ...

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

Kelso

Tuberculosis

حب دق کا کامیاب علاج

کیلسو

سرمہ مقوی بصر

ابتدائی نزول الماء، کورہ کُنے، دھلکہ، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے ڈوروں کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنے

سرمہ اصلاح چشم

دھند، جالا۔ پھولا کے لئے اکسیر ہے بارہا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشے تین روپے

سفوف شجاعی

جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو جزابی ضعف کی وجہ سے ناکارہ ہوگئے ہیں نہایت مجرب ہے بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ قیمت چالیس خوراک دس روپے، فی خوراک چار آنے

حب شمسی

آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے آزمودہ ہے۔ قیمت مکمل خوراک سات روپے

حب مسیحی

ہاضمہ ریح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنے

حب شیر مکیشن

بچوں کے امراض جگر، کھانسی، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ قیمت فی شیشی دس گولیاں دو روپے

سفوف سلطانی

سیلان الرحم کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے ہزاروں کو آزمائی جا چکی ہے قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب و الجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور۔ یوپی

بین الاقوامی صورت حالات بہت کم حوصلہ افزا ہے

امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر جارج مارشل کا بیان

واشنگٹن ۱۵ ستمبر۔ امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر مارشل نے کل ایک کانفرنس میں کہا کہ بین الاقوامی صورت حالات بہت کم حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

برما کی نئی وزارت

وزراء اور ان کے محکموں کا اعلان

اخباری نمائندوں کی شکایت

جنگ حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کی پیشقدمی

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

کوراپیٹ پر قبضہ

ہندوستانی فوجوں نے جو مغرب میں ... کی طرف سے اور مشرق میں ... کی طرف سے بڑھ رہی ہیں انہوں نے گذشتہ ۲۴ گھنٹے کے اندر ... میل کی پیشقدمی کی ہے۔

شمال مغربی علاقہ

نظام کی فضائی طاقت

جنوب میں

گوریلا لڑائی

جنوبی کمانڈ کا کمیونک

برطانوی پارلیمنٹ میں بحث

مسٹر دفتری کی کمیشن مقرر کرنے کی درخواست نامنظور

اقوام متحدہ میں اطالوی نوآبادیات کی قسمت کا فیصلہ ہوگا

چاروں بڑی طاقتیں کسی نتیجہ پر نہ پہنچ سکیں

پیرس ۱۴ ستمبر۔ آج صبح چاروں بڑی طاقتیں ... اطالوی نوآبادیات کے مسئلہ پر اتفاق رائے نہ ہو سکا ... اب یہ سمجھا جاتا ہے کہ اقوام متحدہ ہی ان کا فیصلہ کرے گی۔

گنگا اور جمنا کا پانی اتر گیا

بمباریوں کی روک تھام کے انتظامات

الہ آباد میں مصیبت زدوں کی امداد

حیدرآباد مجلس اقوام کے فیصلہ کی پابندی کریگا

لندن میں حیدرآباد کے وزیر خارجہ کا بیان

لندن ۱۵ ستمبر۔ نواب معین نواز جنگ بہادر وزیر خارجہ حکومت حیدرآباد نے لندن پہنچکر بتایا کہ مجلس تحفظ جو بھی فیصلہ کرے ان کے ملک کو وہ فیصلہ منظور ہوگا۔ انھوں نے کہا "اس سے اخلاقی طور پر ہمارا مقدمہ اور زیادہ مضبوط ہو جاتا ہے"۔ انھوں نے کہا حیدرآباد پر حکومت ہند کی کارروائی اتحادی اقوام کے چارٹر کے خلاف ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ حکومت ہند نے ایسا کیا ہے۔ جب جونا گڑھ پاکستان میں شامل ہو چکا تھا۔ اس نے جونا گڑھ کو بھی اسی طرح ہتھیا لیا۔ نواب معین نواز جنگ نے کہا ... حیدرآباد ایک آزاد اور خود مختار ریاست ہے ... انھوں نے کہا ہم یہاں ہند کے حملہ کے خلاف دنیا کے ضمیر سے اپیل کرنے آئے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ مجلس تحفظ حملہ کو روکنے کے لئے فوری اقدام کریگی۔

حکومت کا نیا آرڈیننس

ہالستانی گورنر جنرل ڈاکٹر فان موک کو تبدیل کردیا جائیگا

انڈونیزیہ میں بھی کمیونسٹوں کو باغی قرار دے دیا گیا

لندن ۱۶ ستمبر۔ ہالستانی حکومت نے کل ایک حکم جاری کیا ہے جس میں انڈونیزیہ میں کمیونسٹوں کی سرگرمیوں کو خلاف قانون قرار دے دیا گیا ہے ...

آج ٹرین سروس شروع ہوجائیگی

بیزواڑہ ۱۶ ستمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ ریاست حیدرآباد کے اندر جتنے علاقہ پر ہندوستانی فوجوں نے قبضہ کیا ہے بیزواڑہ سے وہاں تک ٹرین سروس آج سے شروع ہو جائے گی۔ ... ۴۵ میل ہے۔

جوتش کے حساب سے تیار کی گئی ساٹ دھات کی انگوٹھیاں

ان انگوٹھیوں میں بہت سی خوبیاں ہیں ...

حکیم محمد اسمٰعیل پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں طبع کرا کر دفتر اخبار الجمعیۃ سے شائع کیا

... نعمت ہر قسم کی جنسی کمزوریوں کو دور کر کے طاقتور بنانے کی حیرت انگیز دوا ہے ۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ۔ دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ چالیس روپے، ششماہی بیس روپے، سہ ماہی گیارہ روپے

ممالک غیر سے سالانہ پچاس روپے، ششماہی پچیس روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۴ ذی قعدہ ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۱۹ ستمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۰۲ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

ہندستانی فوجیں سکندرآباد سے صرف چالیس میل دور رہ گئیں

ظہیرآباد پر قبضہ کرنے کے بعد زبردست پیشقدمی

ریاستی فوجوں نے سڑکوں پر بارودی سرنگیں بچھانا شروع کردیں

ٹیلیگراف کے انتظامات

جنوبی کمانڈ کا کمیونک

فضائی بیڑہ کی سرگرمیاں

بیان کیا جاتا ہے کہ ہماری فوجیں اس مقام پر مقابلے بہت بڑی تعداد میں جمع ہو رہی ہیں ... کے باوجود ۳۰ میل پیشقدمی کی۔ ہمارے فضائی بیڑہ نے بری فوجوں کی خوب مدد کی۔ دشمن کی ... فوجیں ہمارے بڑھتے ہوئے ٹینکوں اور لاریوں سے ...

بیدر کا انخلا

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ہند اور حیدرآباد کے نمائندوں کی تقریریں

عارضی ایجنڈہ منظور، پیر کے دن پھر اجلاس ہوگا

صدارتی فیصلہ

(باقی صفحہ ۶ کالم اول پر)

سرحد میں خدائی خدمتگاروں کی انجمن خلاف قانون قرار دیدی گئی

پشاور، ۱۷ ستمبر۔ حکومت صوبہ سرحد نے پبلک سیفٹی آرڈیننس کے تحت سرخپوشوں کی جماعت کو خلاف قانون قرار دیدیا ہے اور صوبہ دار ... میں خان عبدالغفار کے آشرم ... بھی حکومت نے بحق سرکار ضبط کرلیا ... اداروں سے قابل اعتراض افعال کا ارتکاب کرانے کی پالیسی پر عامل تھی اس نے پبلک سیفٹی آرڈیننس کے تحت خلاف قانون قرار دیا جاتا ہے۔

ہندی فوج کے محفوظ افسر

مدراس ہیڈکوارٹر نے پتہ طلب کرلئے

مدراس ۱۶ ستمبر۔ علاقہ مدراس کے ہیڈکوارٹر سے شائع شدہ ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ہندی فوج کے تمام محفوظ افسر جو مدراس اور ملحقہ ریاستوں میں مقیم ہیں علاقہ مدراس کے ہیڈکوارٹر کو ۳۱ اکتوبر تک اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ ۳۰ ستمبر تک اپنے موجودہ پتہ سے مطلع نہ کریں گے ان کو محفوظ فوجی افسروں کی فہرست سے کاٹ دیا جائے گا۔ یہ حکم صرف ہندی فوج کے افسروں پر اطلاق ہوتا ہے۔

فوجیں پیچھے ہٹ گئیں

بمبئی ۱۷ ستمبر۔ دکن ریڈیو کا ایک نشریہ جو یہاں موصول ہوا اس میں بتایا گیا کہ بیدر کے علاقہ سے نظام کی فوجیں اپنی فوجی حکمت عملی کے مطابق پیچھے ہٹ گئی ہیں۔ بیدر کا علاقہ رضاکاروں کی سرگرمیوں کا مرکز سمجھا جاتا ہے۔

ریاست بیکانیر کو گڑبڑ کا علاقہ قرار دیدیا گیا

بیکانیر، ۱۷ ستمبر۔ مہاراجہ بیکانیر نے تمام ریاست بیکانیر کو گڑبڑ کا علاقہ قرار دیدیا ہے۔ یہ اقدام ۱۹۴۸ء کے بیکانیر ہنگامی پاور ایکٹ کی دفعہ ۳ کے ماتحت کیا گیا ہے۔ ریاست حیدرآباد میں حکومت ہند کی پولیس کارروائی سے ہنگامی صورت حالات پیدا ہوگئی ہے۔

ہوائی جہازوں میں بیٹھنے کو آدمی نہیں ملتا

ہنگامی حالات کا ہوائی لائن پر اثر

لاہور، ۱۷ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی حفاظتی تدابیر کو سخت کر دینے کی وجہ سے انڈین نیشنل ایرویز اور پاکستان ایرویز کے جہاز اور خاص طور پر دہلی جانے والے جہاز تقریباً روزانہ کافی خالی جا رہے ہیں ... حالات کے پیش نظر ... پاکستان ایرویز دونوں ہی کی یہ کوشش ہے کہ ... سامان ہی لاد دیا جائے ...

نہانے اور کپڑا دھونے کے خالص اور بہترین صابون کا کارخانہ جاری ہوگیا ہے تھوک مال کے لئے مولانا نورالدین بہاری فیاض گنج باڑہ ہندو راؤ دہلی سے خط و کتابت کریں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۹ ستمبر ۱۹۴۸ء

جنگ اور امن

کشمیر اور حیدرآباد کی جنگیں آپ کے سامنے ہیں اور ان کی حیثیت ایک تصادم اور مزاحمت کی سی ہے لیکن ان کو نام جنگ ہی کا دیا جائے گا کیونکہ دونوں میدانوں میں فوجیں لڑ رہی ہیں اور جنگی اسلحہ کام میں لائے جا رہے ہیں، البتہ ہم ان کی نوعیت کو سمجھنے کے لئے انہیں مقامی جھڑپوں سے یاد کر سکتے ہیں۔

ان مقامی اور بے حیثیت جنگوں سے صرف نظر کرکے آپ اس جنگ کا تصور کیجئے جو ابھی عالم امکان میں ہے اور خارج میں ابھی اس کا کوئی وجود نہیں ہے پہلی جنگ کے بعد دوسری جنگ ہوئی اور دوسری جنگ کے بعد تیسری جنگ کی تیاریاں ہو رہی ہیں اور جنگ کرنے والے اس کا ڈھول زور شور سے پیٹ رہے ہیں بلکہ بعض لوگ تو ایسے ہیں جنکا پیشہ ہی جنگ کا پروپیگنڈا اور تیسری عالمی جنگ کا اشتہار ہے، لیکن ہمیں سب کچھ سننے کے بعد وہی جگہ یہ تو سوچنا چاہئے کہ کیا واقعی تیسری عالمی جنگ عالم امکان سے عالم وجود میں آنے والی ہے اور کچھ حالات ایسے پیدا ہو گئے ہیں کہ اسکا برپا ہونا ضروری ہو گیا ہے؟

اس امکانی جنگ کے حریفوں میں ایک طرف تو روس ہے یعنی کمیونزم کا فلسفہ اور بالشویک نظام کی حربی قوت اور دوسری طرف برطانیہ امریکہ اور مغربی یورپ کی وہ طاقتیں جنہیں مارشل پلان کی رشوت دیکر روس کے مقابلہ کے لئے تیار کیا گیا ہے، یعنی امپیریلزم کا فلسفہ زر اور جمہوری نظام کی سیطرانہ قوت! اول الذکر فلسفہ بڑوں کو چھوٹا اور زرداروں کو بے زر کرنے پر مبنی ہے ثانی الذکر فلسفہ معاشی ناانصافی اور دولت کی غیر عادلانہ تقسیم کے اصول پر قایم ہے، دونوں کی نفرت مزاحمت اور تصادم کے لئے یقینی ہے اور دونوں کے ہاتھ ایک دوسرے پر دراز ہونے کے لئے حرکت میں ہیں غریب، امیروں کو گرا کر اپنا انتقام لینا چاہتے ہیں اور امیر غربا کا خون چوس کر غریبوں کی تحریک پر شبخون مارنے کے لئے تیار ہیں، اگر ان میں تصادم کی نوبت آجائے تو کوئی حیرت کی بات نہیں، اب نہیں تو آیندہ یہ تصادم ضرور ہوگا اور امیر و غریب کا یہ امتیاز زیادہ عرصہ تک قایم نہ رہے گا۔

بہر حال دیکھنا یہ ہے کہ آیا تیسری عالمگیر جنگ کے لئے فی الحال کوئی تیار ہے؟ اگر ہے تو اسکے وقوع کا امکان کہاں تک ہے اگر نہیں تو جنگ کا شور کیوں ہو رہا ہے، اور دنیا کے امن وچین کو تباہ کرنے کے لئے جنگ کی باتیں منہ سے کیوں نکالی جا رہی ہیں؟

جہانتک روس کا تعلق ہے وہ پہلی جنگ کی تباہیوں کے بعد مشکل ہی سے کسی تیسری جنگ اور دعوت دے گا، وہ تو ابھی اسی کوشش میں ہے کہ تلافی مافات کی کوئی شکل نکالے اور تعمیری کاموں کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دے گو وہ چاہتا ہی ہے کہ بالشویک اصولوں پر سرمایہ دار ممالک میں انقلاب رونما ہو اور اس کی تجارت وہاں پنپ جائے گی مگر یہ نہیں چاہتا کہ وہ خود براہ راست کسی عالمی جنگ میں حصہ لے اور اپنے آپ کو مشکلات کے حوالے کر دے برلن میں، روس کی ناکہ بندی اور اتحادیوں کا مقابلہ اس کی پالیسی کا سب سے کڑا جزو ہے لیکن اس کے معنی یہ نہیں کہ ناکہ بندی کے دائرہ کو وسیع کرکے کسی زبردست جنگ کو دعوت دے اور کوئی ایسا کام کر گزرے جو اس کے قابو سے باہر ہو۔

مقابل کے حریفوں میں برطانیہ بھی جنگ کا خواہشمند نہیں ہے، پہلی جنگ نے اس کا اقتصادی شیرازہ اس حد تک منتشر کر دیا ہے کہ اگر اسے مہلت کے دس پندرہ سال نہ ملے تو اس کا تباہ ہونا یقینی ہے، انگریز اپنی سیرت کے اعتبار سے اقوام عالم میں بہت فائق ہیں، نظم، تدبر، خورد احتیاط، مآل اندیشی، رواداری ان کا قومی خاصہ ہے اس لئے اس وقت ان پر جو کچھ گذر رہی ہے اسے وہ بڑے صبر اور تحمل سے برداشت کر رہے ہیں اور ساتھ ہی تیسری جنگ کی ہولناکیوں سے بھی غافل اور بے پروا نہیں ہیں، ان حالات میں مشکل ہی سے کہا جا سکتا ہے کہ انگریز جنگ کرانے کے لئے تیار ہیں یا وہ اس کی کوئی خواہش رکھتے ہیں۔

البتہ روس کے حریف طاقتوں میں امریکہ ہی ایک ایسا حریف ہے جو جنگ کا اصول بیچنے میں سب سے آگے ہے اور دنیا کو باور کرا رہا ہے کہ جنگ ضرور ہو کر رہے گی اور بغیر جنگ کے روس کے نفوذ کو روکا نہیں جا سکے گا، اگر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ یہ سب کچھ صدارت کے انتخاب کے لئے ہے جو نومبر میں ہونے والا ہے اور جسکے امیدوار اپنی کامیابی اسی میں سمجھتے ہیں کہ جنگ کا صور پھونکیں اور روس کو ہوا بنا کر اور اسکے مقابلہ کا عزم دکھا کر امریکہ کے ووٹروں پر اپنا اثر ڈالیں امید تو یہ ہے کہ نومبر کے بعد جنگ انتخابی بحران کی شدت ختم ہوگی اور صدارت کا آخری فیصلہ ہو جائے گا تو جنگ کے شور میں بھی وہ تندی نہ رہے گا جو اس وقت دکھائی دے رہا ہے یعنی تیسری عالمی جنگ کے متعلق قطعی فیصلہ امریکی انتخاب کے بعد ہی ہو سکے گا اور اس وقت معلوم ہوگا کہ آیا جنگ واقعی ہوگی یا یہ محض انتخابی سٹنٹ ہو جسے روس کے پردہ میں کامیاب بنانے کے لئے کھڑا کیا گیا ہے!

امید ہے کہ حکومت ہند اور مسلم ریاستوں میں تعلقات کا قیام روز بروز مستحکم ہوتا جائے گا اور انکا اتحاد ایشیائی بلاک کے لئے پیش خیمہ ثابت ہوگا!

ہند اور لبنان

یہ خوشی کی بات ہے کہ مسلم ممالک سے حکومت ہند کے سیاسی تعلقات روز بروز گہرے اور مضبوط ہوتے جا رہے ہیں اور فریقین نے ایک دوسرے کو سمجھنا شروع کر دیا ہے، مصر، ترکی اور دوسرے مسلم ممالک سے ڈپلومیٹک تعلقات پہلے ہی قایم ہو چکے ہیں اور سفرا کا مبادلہ بھی عمل میں آ چکا ہے اب ایک اطلاع کے مطابق حکومت لبنان اور حکومت ہند میں بھی سیاسی تعلقات قایم [illegible] ہو گیا ہے اور عنقریب دونوں [illegible] میں آنے والا ہے! جغرافیائی [illegible] ستان اور مشرق وسطی میں [illegible] ہے ہندوستان کی ترقی اور خوشحالی [illegible] تعاون اور اشتراک پر ہے

افسوس کی بات

دہلی کے ایک عام جلسہ میں [illegible] جی نے اپنی عادت کے مطابق پھر گرما گرم تقریر فرمائی۔ اس کے متعلق بعض حضرات نے ہمیں مطلع کیا ہے کہ یہ تقریر اس قدر زہریلی، اشتعال انگیز اور فرقہ پرستانہ تھی کہ ہندو اخبارات بھی اسے شائع کرنے کی جرأت نہ کر سکے، آپ نے اسلامی شعائر اور اسلامی تہذیب کا دل کھول کر مذاق اڑایا اور قدیم تہذیب کی محاسن شماری پر سارا زور صرف کیا۔ جن حضرات نے [illegible] جی کی تقریر سنی ہے انہیں بلا استثناء اکثریت کے طرز عمل سے مایوسی

عازمین حج توجہ کریں
مولانا محمد الفاروقی کا بیان

بمبئی ۱۶ ستمبر (آئی) تعلیم کا حوالہ دیتے ہوئے حضرت مولانا محمد الفاروقی صاحب نے بتایا کہ گذشتہ سال تقسیم میں ہندوستان اور پاکستان کے حاجیوں کی تعداد ۲۰ ہزار وہ [illegible] سے قبل کے ہر سال کی تعداد بھی اس [illegible] کی روشنی میں یہ خیال قایم کیا گیا تھا کہ پاکستانی [illegible] کے علاوہ ہندوستان کے حاجی دس گیارہ ہزار سے زیادہ نہ بڑھیں گے اور انہی کا انتظام کرنا ہے اگرچہ گورنمنٹ نے احتیاطی تدابیر کے تحت چار پانچ اب تک سات ہزار سے زائد آگئے اور سات ہزار کے لئے کا اب انتظام ہے جب ملک کی تعداد یہاں ہے حاجیوں کی پندرہ ہزار تک پہونچ گئی ہے۔ یہ تعداد تخمینے سے زیادہ ہے عام طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ انڈیا یونین کے حاجیوں کی پوری تعداد گذشتہ حالات کے تخمینہ کی بنا پر امسال جا سکیں گی اور کسی کو محروم نہیں ہونا پڑے گا مگر اتفاقی طور پر حج کی تعداد امسال خلاف توقع بڑھ گئی اور جب میں ۱۶ ستمبر کو یہاں پہونچا، تو مجھے معلوم کرکے بہت تکلیف ہوئی کہ تین ہزار سے زائد بمبئی میں حاجی پڑے ہوئے ہیں جن کے پاس ٹکٹ ہے اور ان کی آئندہ ان کی جگہ کا کوئی انتظام ہو سکتا ہے جہاز ان کمپنیوں سے تاکام باتیں کرنے کے بعد حکومت ہند سے باتیں کرنے کے لئے دہلی گیا وہاں یہ معلوم ہوا کہ ۴ ہزار سے زاید غیر مسلم یا ملازمین کراچی میں جمع ہو گئے ہیں جنہیں ہندوستان ہائی کمشنر نے حکومت ہند کو یہ اطلاع دی ہے کہ اگر وہ جلد از جلد وہاں سے منتقل نہ کئے گئے تو غیر معمولی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اسی لئے گورنمنٹ نے دو جہاز ان کے منتقل کرنے کے لئے مخصوص کر لئے ہیں ہندوستان میں صورت حالات پیش آرہی ہیں ان کو سمجھتے ہوئے حکومت یہ جہاز نہیں چھوڑ سکتی اور موجودہ حالات کی بنا پر میری درخواست ہے کہ جن حجاج کے پاس ان کمپنیوں کی کوئی اطلاع نہیں پہونچی ہے وہ ہرگز بمبئی آنے کی تکلیف گوارا نہ فرمائیں ورنہ پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوگا۔

دہلی ۱۶ ستمبر آج شام دہلی میونسپل کمیٹی کی ہفتہ واری میٹنگ میں ایجنڈا پر بحث سے پہلے میونسپل پریسیڈنٹ مسٹر جلال احمد نے میر عثمان علی خاں کی موت پر ماتمی ریزولیوشن پیش کیا۔ ممبران کمیٹی نے دو منٹ خاموشی اختیار کی اور کھڑے ہو کر ریزولیوشن پاس کر دیا۔

بھلی بھلی، مگر یہ قدرتی بات ہے کہ جن لوگوں کی فطری ساخت سے [illegible] پیدا کرکے جیتا انسانیت کو رسوا کیا [illegible] طاقت کا بیجا استعمال کریں اور دوسروں کی کمزوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھائیں، اس وقت مسلمانوں کا کام یہی ہے کہ سب کچھ سنتے رہیں اور کان دھرتے رہیں یہ قدرت کا کرشمہ ہے کہ انہیں سب کچھ [illegible] اور سنانے والے وہ لوگ ہیں جن کا قومی [illegible] کوئی صدق محفوظ نہیں ہے۔ اگر ہندوستان ایک سیکولر اور جمہوری اسٹیٹ ہے تو حکومت کو اس پر سوچنا چاہئے کہ عام جلسوں میں صرف مسلمانوں کو مخاطب کرکے ملی کس سلسلے کے مستحق کیا ہیں!

اچھی باتیں!

وانذرھم یوم الحسرۃ... (القرآن)

حسرت اور ندامت کے دن سے (ان) لوگوں کو بیدار اور ہوشیار کرو کہ اسی روز ہر معاملے کا فیصلہ کر دیا جائیگا یہ لوگ ابھی تک غفلت میں ہیں اور اس حقیقت پر یقین ہی نہیں رکھتے۔

وقت سے پہلے ہمیں بتا دیا گیا کہ ہر عمل کا ایک نتیجہ ضرور ظاہر ہوگا اور [illegible] کے اس فیصلہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی مگر ہماری غفلتوں نے اس طرف متوجہ ہی نہیں ہونے دیا اور سرکشی میں آگے ہی قدم رکھتے رہے تاآنکہ فیصلہ کی فیصلہ کن ساعت قریب آ پہونچی۔ اور ہماری آنکھیں کھلیں کہ آن کی آن میں کیا سے کیا ہو گیا۔

کس کو گمان تھا کہ ایک ہی رات میں اپنی شان شوکت کو خیرباد کہدینا پڑے گا اور ہندو مسلمان ایک دوسرے کے ہاتھوں سزا پائیں گے، مگر جب تباہی کی صبح نمودار ہوئی تو ہمیں یقین آیا مگر وقت نکل چکا تھا اور غفلت نے فرار کی تمام راہیں مسدود کر رکھی تھیں!

حیدرآباد دکن

(از محترم جناب منشی عبدالقدیر صاحب)

دکن کا کاف بعض اوقات مشدد اور غیر مشدد دونوں طرح بولا جاتا ہے دکن سونٹ ہے اور زبان سے مراد ہے جو دہاں بولی جاتی ہے۔ زیادہ صحیح دکن اور دکھنی ہیں۔ دکن یعنی جنوبی ہندوستان۔ ایک ایسے مرقعے کا نام ہے جس میں تقریباً سارا احاطہ مدراس، کچھ حصہ احاطہ بمبئی، اجمید [illegible]، میسور، کورگ اور ریاست حیدرآباد شامل ہیں۔

حیدرآباد ایک انقلابستان۔ دوسرا [illegible] تیسرا اہتمام ریاست میں مشہور شہر ہے، نقد حیدر آباد کی میں ہے۔

ہندوستان میں چھوٹی بڑی ۵۶۲ ریاستیں تھیں جن میں رقبہ کے لحاظ سے سب سے بڑی کشمیر و جموں (۸۴۴۰۰) حیدرآباد دکن (۸۲۳۰۰) اور قلات (۵۳۰۰۰) مربع میل ہے۔ ریاست کا صحیح رقبہ ۸۲۶۹۸ مربع میل ہے۔

آبادی کے اعتبار سے حیدرآباد دکن سب سے بڑی ہے ۱۹۴۱ء میں ۱۶۳۳۸۵۳۴ کی نفوس تھی ۱۹۴۱ء میں ۱۶۳۳۸۵۳۴ نفوس تھے جن میں ۸۳۴۷۷۵۵ مرد تھے اور ۷۹۹۱۷۵۹ عورتیں تھیں۔ دوسرے درجہ پر میسور اور تیسرے

پر شرادنکور ہے۔ دولت کے اعتبار سے بھی حیدرآباد دکن جنوبی ریاست ہے اس میں ۴ فیصدی ہندو آبادی ہے اور اسی تناسب سے ریاست جموں و کشمیر میں مسلمان آبادی ہے ریاست کی نصف آبادی زراعت پیشہ ہے۔

اگر ملک ہندوستان کو تھوڑی دیر کے لئے ایک ہندو منزل تصور کر لیا جائے اور جنوبی خطے کو اس کا صحن قرار دیا جائے تو ریاست صحن کے بیچوں بیچ اس طرح واقع ہے کہ کم سے کم دیت کے اس کا کوئی دروازہ نہیں ہے سطح مرتفع کے اعتبار سے اس صحن میں ایک چبوترے سے مناسبت دیجا سکتی ہے جو کہیں کہیں سے ہوا دار باغ بھی بتا سکتے ہیں اور ان اعتبارات سے اس کا تمام تر تعلق ہندو منزل والوں سے ہونا لازمی ہے اور کہا تعلق ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے پہلے تھا کہ ہندوستانی سیاست میں کوئی بھی دخل ایسا نہیں ہے جس کی کے ایما سے پیشتر جڑا جائے۔ ساری سیاست جس سے صحن کے طرفوں اور سمتوں پر مشتمل ہے اور یہی جل گرنے میں پوشیدہ ہے۔ حدود اربعہ مختصر ایہ ہے۔ احاطہ بمبئی شمال مغرب



کشمیر کے کئی محاذوں پر ہندوستانی توپخانہ کی شدید گولہ باری

حملہ آوروں کی کئی دو سار توپیں تباہ کر دی گئیں

سری نگر۔ لیہہ کے محاذ سے ایسوسی ایٹیڈ پریس کا خاص نامہ نگار لکھتا ہے کہ نیرا کی وادی میں دشمن ہماری فوجوں کے اگلے مورچوں پر کئی روز سے حملے کرنے کی تیاریوں میں تھا۔ آج ہندوستانی فوجوں نے اسے زبردست شکست دی جب نے دشمن کے حوصلے پست کر دئیے ہیں۔ [illegible] ہمارے اگلے مورچوں پر حملہ کیا۔ لیکن ہماری فوجوں نے انہیں گھیر لیا [illegible] نقصان اٹھا [illegible] دشمن کے پاس اشخاص ہلاک اور زخمی ہوئے [illegible] ہماری فوجوں کی گشتی سرگرمیاں جاری ہیں۔

ارڈی کے علاوہ میں ہندوستانی توپخانے نے دشمن پر گولہ باری کر کے اسے [illegible] دشمن کے بیس آدمی ہلاک ہوئے اور دشمن کی دو سار توپوں پر ہماری توپوں نے شدید گولہ باری کی۔ [illegible] علاقہ میں ہندوستانی اڑنے کے ہوائی جہازوں نے دشمن کے توپوں کے مورچوں پر گولیاں برسائیں۔

میں بھی اس توپخانے نے دشمن کی ایک پارٹی کو گھیر لیا۔ اور دولان پارٹیوں کو شدید جانی نقصان پہنچایا۔

اوڑی سے دس میل جنوب مغرب میں ہندوستانی گشتی دستوں نے تین پاکستانی [illegible] کل کی شام جب دشمن کے کئی اشخاص ہلاک [illegible]

ٹیٹوال کے علاقہ میں ہماری مشین گنوں نے دریائے کشن گنگا کے ساتھ ساتھ جانے کی کوشش کرتے ہوئے دشمن پر گولیاں برسائیں اور کافی نقصان پہنچایا۔

[illegible] جاری ہے ہمارے ہوائی جہازوں نے [illegible] ایسوسی ایٹیڈ پریس کے نامہ نگار کی اطلاع ہے کہ آج [illegible]

بہار میں ضلع مونگھیر کے پچاس ہزار اشخاص خانماں برباد ہوگئے

مونگھیر میں پانی بھر گیا۔ بہت سے دیہات خطرہ میں

پٹنہ ۱۶ ستمبر۔ مونگھیر سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ وہاں دریائے گنگا کا سیلاب خوفناک صورت اختیار کر گیا ہے اور تمام گردونواح [illegible] ضلع مونگھیر کا وسیع رقبہ زیر آب ہو چکا ہے جس کی وجہ سے پچاس ہزار کے قریب گھر [illegible] مونگھیر شہر کا کچھ حصہ بھی اس وقت زیر آب ہے [illegible] سیلاب کی لپیٹ میں آ گئے۔ تاہم ابھی تک کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ کشتیوں کی سروس معطل ہو گئی ہے۔ اور امداد کے کام میں [illegible] آمدہ اطلاعات مظہر ہیں [illegible] زیر آب [illegible]

ڈوبا ہوا ہے۔ ضلع بھاگلپور میں مونگھیر روڈ زیر آب [illegible] ضلع شاہ آباد میں ڈیڑھ سو کے قریب دیہات کو نقصان پہنچا ہے۔ لوگوں کو خطرناک جگہوں سے نکالنے کا کام جاری ہے۔ [illegible] آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ گنگا اور اس کے معاونوں میں سیلاب کی وجہ سے بہت سے دیہات کے زیر آب ہو جانے کا فوری خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔

ہندوستان دو اور جنگی جہاز برطانیہ سے خرید رہا ہے

ایک پریس کانفرنس میں بحری بیڑہ کے کمانڈر انچیف کا انکشاف

بمبئی ۱۶ ستمبر۔ ہندوستانی بحری بیڑہ کے کمانڈر انچیف نائب امیر البحر [illegible] نے آج ایک پریس کانفرنس میں انکشاف کیا کہ ہندوستان کروزر "دہلی" کے علاوہ تین جنگی جہاز بھی برطانیہ سے خرید رہا ہے [illegible]

کے ساحل کی حفاظت ایک عظیم مسئلہ ہے جس کو محض ایک زبردست بحری [illegible] حل کیا جا سکتا ہے جو دشمن کو ساحل کے پہنچنے [illegible]

[illegible] زیر غور ہے ایک ٹینک بردار جہاز بھی تعمیر کیا جا رہا ہے جو فوج اور بھاری جنگی سامان ساحلوں پر لے جا سکتا ہے آپ نے بتایا کہ [illegible] کشتیوں کے بغیر کوئی بحری بیڑہ مکمل نہیں کہلا سکتا۔ لہٰذا ہم اپنی بحری قوت میں یہ اضافہ بھی جلد کر دیں گے۔

آپ نے مزید کہا کہ [illegible] ہندوستان کی بحری قوت جو ابھی تک محض اپنے ساحل کی حفاظت کے لئے مختصر سی قوت تھی اب ایک زبردست طاقت بن رہی ہے۔ جو ہند کے بحری رسل و رسائل کی حفاظت کرنے میں اہم پارٹ ادا کرے گی۔ ایڈمرل پیری نے کہا کہ ہند [illegible]

اسٹریلوی کمیونسٹ روس کا ساتھ دینگے

برسبین ۱۶ ستمبر۔ کوینزلینڈ کمیونسٹ پارٹی کے لیڈر مسٹر جی بنر نے کل کھلے بندوں اعلان کیا کہ اگر روس کا ساتھ دیں گے۔

ایک سوال کے جواب میں اس نے کہا کہ اگر آسٹریلیا والے اور برطانوی سامراج کی جنگ میں شامل ہوا تو ہم جنگ کی مخالفت کریں گے اور روس کی حمایت میں لڑائی کریں گے۔

ڈھاکہ میں مظاہرہ

ڈھاکہ ۱۶ ستمبر۔ حکومت ہند نے حیدرآباد کے خلاف جو اقدام کیا ہے۔ اس کے خلاف کل حیدرآباد میں زبردست مظاہرے کئے گئے۔ طلباء نے ایک جلوس نکالا جس نے شہر کی بڑی سڑکوں کا گشت کیا اور حکومت ہند کے اقدام کی مذمت میں نعرے لگائے۔

روزنامہ الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

ہندوستان اقوام متحدہ سے الگ ہوجائے

مہاراجہ محمود آباد کا ہند کو مشورہ

لکھنؤ ۱۶ ستمبر۔ راجہ امیر احمد خاں آف محمود آباد نے جو کہ یوپی اسمبلی میں مسلم لیگ پارٹی کے ممبر ہیں ایک بیان میں حیدرآباد کے خلاف ہند کی پولیس کارروائی کا سوال کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہند کی فوج کی برق رفتار پیش قدمی ہند کے مسلمانوں کے لئے [illegible] حکومت ہند کے ساتھ ہیں [illegible] اقوام متحدہ کو حیدرآباد کے معاملے میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں [illegible] حکومت کا فرض ہے کہ وہ اقوام متحدہ کو خیرباد کہہ دے [illegible] نظام کو [illegible] کی اجازت دے [illegible] ریاست کی راجدھانی کا تحفظ [illegible]

وزیراعظم کیخلاف مقدمہ کیلئے مہاراجہ کی اجازت ضروری ہے

رام چندر کاک کے مقدمہ میں وکیل صفائی کی بحث

سری نگر ۱۶ ستمبر۔ کشمیر کے سابق وزیراعظم پنڈت رام چندر کاک کے خلاف مقدمہ میں [illegible] اس نے سیشن جج [illegible] مہاراجہ [illegible] وزیروں کے خلاف مقدمہ چلانے کے لئے مہاراجہ کی اجازت ضروری ہے [illegible] پنڈت رام چندر کاک کے خلاف [illegible] اپنی اطلاع کے لئے چاہتے ہیں۔

تین ہزار من لوہا برآمد

دہلی ۱۶ ستمبر۔ دہلی کی انفورسمنٹ پولیس نے صدر بازار اور حوض قاضی کے علاقہ سے تین ہزار من لوہا برآمد کیا ہے۔ پانچ مرتبہ [illegible] پولیس نے لوہا فروشوں کی کئی دکانوں [illegible] کو گرفتار بھی کر لیا گیا۔ ضبط شدہ لوہے کی قیمت کا اندازہ ایک لاکھ ۵۰ ہزار تک کیا جاتا ہے۔

دار السلطنت

موٹر کے نیچے آن کر دا گیا

دہلی ۱۶ ستمبر۔ [illegible] روڈ پر سبزی منڈی کلاں کے نزدیک ایک ہندو ساله [illegible] موٹر کے نیچے آن کر دا گیا [illegible] ایک ملازم بھی ایک کار سے سخت زخمی ہوا۔ اسے ہسپتال پہنچایا گیا۔

صدر بازار میں ایک شخص کی ہلاکت

دہلی ۱۶ ستمبر۔ آج صدر بازار کے علاقہ میں ایک شخص کو ہلاک کر دیا گیا۔ واقعات اس طرح بتلائے جاتے ہیں کہ ہدایت اللہ نامی ایک شخص نے جمال الدین نامی ایک شخص سے کچھ سامان خریدا لیکن قیمت پر جھگڑا ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس پر جمال الدین نے ایک فولادی اسلحہ اٹھائی اور ہدایت اللہ کے سینے میں گھونپ دیا ہے اس نے بھاگ نکلنے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہو سکا اور کچھ لوگوں نے پکڑ لیا۔ ہدایت اللہ فوراً مر گیا۔ پولیس نے جمال الدین کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

فلموں کے گودام میں آتشزدگی

دہلی ۱۶ ستمبر۔ چاندنی چوک میں امپیریل بینک کے پیچھے فلموں کے گودام میں جو آگ لگی تھی اس بارے میں مزید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ یہ آگ ڈال منڈا اور نرنجن نام کمپنی کے فلموں کے گودام میں آگ لگی اور ان کی آگ میں اس قدر پھیلی کہ سیول ملانگ چاندنی چوک سے کنٹرول میں پہنچ گئی آگ میں دو کمپنیوں کے ۹ افراد جل گئے اور بہت سے اشخاص جھلس گئے۔ نقصان کا اندازہ لاکھوں روپیہ لگایا جاتا ہے جل کر مرنے والوں میں سے ہریندو بنک کا ایک بابو دیوی رتن اس کی بیوی اور دو بچوں کے علاوہ چاندنی چوک کا ایک لکھی زرفش بنواری لال اس کی بیوی اور تین بچے شامل ہیں ان عمارتوں کے کئی کاروباری اصحاب کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ جگلن پرشاد وائنڈ سنز اور جیرہ فلم سروس کو بھی ہزاروں روپیہ کا نقصان پہنچا ہے۔ علاوہ چاند کمپنیوں کی حالت بھی نازک بتائی جاتی ہے۔

ملزم رہا کر دیا گیا

نئی دہلی ۱۶ ستمبر۔ بہیرا لال نامی ایک شخص جسے دہلی چھاؤنی کی پولیس نے میجر بی ایل طوبرا کے قتل کے سلسلہ میں گرفتار کیا تھا۔

مسٹر کشن چند اسپیشل مجسٹریٹ نئی دہلی نے آج اس کی رہائی کا حکم دیدیا۔ پولیس ملزم کے خلاف جو الزامات لگائے تھے وہ ثابت نہ کئے جا سکے۔ استغاثہ نے بتایا کہ بہیرا لال کو میجر طوبرا آرمی اسپتال کے انچارج کے قتل کے سلسلہ میں شبہ میں گرفتار کیا گیا تھا۔

پائدان پر سفر کرنے والے

دہلی ۱۶ ستمبر۔ دہلی ریلوے پولیس نے ریلوں کے پائدانوں پر سفر کرنے والے ۱۸ آدمیوں کو منگل کو سزا دی۔ دہلی کرنال لائن پر چالیس آدمیوں کو اسی جرم میں سزا دی گئی۔ اب تک پائدانوں پر سفر کرنے والے ۵ سو اشخاص کو سزا دی جا چکی ہے۔

صوبہ مزدور پنچایت کا اجلاس

دہلی ۱۶ ستمبر۔ صوبہ مزدور پنچایت کی ۱۲ ستمبر ڈویژنل کانفرنس کا اجلاس ۱۹ ستمبر کو منعقد ہوگا جس میں ایسے ذرائع پر غور کیا جائے گا جن کے ذریعہ مزدور طبقہ موجودہ بحران کے وقت ہند سرکار کی کوشش امداد کر سکے۔

حیدرآباد پر ہندوستان کا حملہ!

مولانا فقیہ الدین رکن جمعیۃ علماء ہند کا بیان

دہلی ۱۶ ستمبر۔ مولانا فقیہ الدین رکن جمعیۃ علماء ہند نے حیدرآباد پر انڈین یونین کے فوج کشی پر حسب ذیل بیان دیا ہے۔

حیدرآباد اور ہند یونین کی گفت و شنید ایک طویل عرصہ تک جاری رہی [illegible] گفتگو سے مصالحت کی ناکامی کا نتیجہ ایک بھیانک شکل میں [illegible] اور ہند یونین کو حیدرآباد پر لشکر کشی کرنے کے لئے مجبور ہونا پڑا۔ چونکہ ہند یونین کا یہ اقدام جمہوریت اور عوام کی آزادی کے لئے ہے اس لئے مجھے یقین ہے کہ تمام مسلمان ہند یونین کے اس اقدام کو پسند کریں گے اور ہند یونین کو ہر طرح ساتھ دیکر [illegible] (نامہ نگار)

آپ کے غم میں میں بھی برابر کا شریک ہوں

مولانا عثمانی کو راجہ جی کا تعزیتی تار

کراچی ۱۶ ستمبر۔ مولانا شبیر احمد عثمانی کو جنہوں نے کراچی میں قائداعظم کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ گورنر جنرل مسٹر راج گوپال اچاریہ نے حسب ذیل تعزیتی تار بھیجا تھا۔

"جس وقت آپ قائداعظم کی نماز جنازہ پڑھا رہے ہوں گے اب خدا کے ہاں پہنچ گئے ہیں اس وقت براہ کرم میرا یہ ذاتی پیغام قبول کیجئے کہ اگرچہ میں اس وقت کے ہمراہ نہیں ہوں لیکن میں آپ کی دعاؤں اور آپ کے عوام کے غم میں شریک ہوں۔ خدا ہم سب پر رحم کرے اور ہماری نہ مٹنے والی نیکیوں کو اس قابل بنائے کہ ہم تمام برائیوں اور لڑائیوں پر غالب آئیں اور ہم پاکستان اور ہندوستان دونوں کی قوموں کے مشترک مقصد کے حاصل کرنے میں کامیاب ہوں۔"

مولانا شبیر احمد عثمانی نے اس کا یہ جواب دیا: "مجھے افسوس ہے کہ آپ کا تار ٹھیک وقت پر موصول نہ ہو سکا تا کہ نماز جنازہ کے اجتماع میں پڑھا جاتا۔ قائداعظم کی افسوسناک رحلت پر آپ کی صدق دلانہ ہمدردی کا شکریہ۔ میں آپ کی دعاؤں کا [illegible] مجھے حضرت مآب کی دعاؤں اور حقیقت پسندی سے بڑی بڑی امیدیں ہیں۔ آپ کے ہمراہ ہم بھی اس لئے دست بدعا ہوں کہ [illegible] دونوں کو اس قابل بنائے کہ وہ اپنے باہمی تعلقات سے ایک ایسا منصفانہ اور پسندیدہ نظام قائم کریں جو ہر نوع انسانی کے سیاسی، معاشی، اخلاقی اور مذہبی بہتری کا اطمینان دے دیا جائے۔"

کانگریسیوں کے خلاف انضباطی کارروائی

لکھنؤ ۱۶ ستمبر۔ ۶۵ کانگریسی جنہوں نے [illegible] اور صوبائی اسمبلی کے گذشتہ انتخابات میں کانگریس نامزدوں کی مخالفت کی تھی ان کو دو سال کے لئے کانگریس سے نکال دیا گیا۔ یہ اقدام یوپی کانگریس کی انضباطی کمیٹی نے کیا ہے جن لوگوں نے بعد میں معافی مانگ لی ان کو چھ ماہ کے لئے کانگریس میں عہدہ دار بننے سے روک دیا گیا ہے۔ جن کانگریسیوں کے خلاف اقدام کیا گیا ہے ان کی تعداد ۲۳۳ تک پہنچتی ہے۔

گھی کی درجہ بندی کے مسائل

نئی دہلی میں ایک اہم کانفرنس

نئی دہلی ۱۷ ستمبر۔ ایگ مارک گھی گریڈنگ اسکیم کا جائزہ لینے اور اصلاح کی تدابیر وضع کرنے کے لئے ۱۸ ستمبر کو نئی دہلی میں صوبائی اور ریاستی حکومتوں اور گھی کی تجارت کے نمائندوں کی ایک دو روزہ کانفرنس ہوگی، ہند کے وزیر زراعت مسٹر جے رام داس دولت رام اس کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

حکومت ہند کے ایگریکلچرل مارکٹنگ ایڈوائزر کے تحت متذکرہ اسکیم پر ۱۹۳۸ء سے عمل ہو رہا ہے، اس اسکیم کی رو سے منڈی میں بکنے والے گھی کی ہر طرح سے جانچ کی جاتی ہے اور خاص ہدایات کے بموجب اس پر نشان لگائے جاتے ہیں اندازہ ہے کہ ہر سال قریباً ڈھائی لاکھ من گھی قیمتی ۵ کروڑ روپیہ کی درجہ بندی ہوتی ہے اور فروخت کے لئے کارخانہ داروں کی انجمن امداد باہمی کی طرز کی تنظیم ملاوٹ اور اس کی آسان جانچ کے مسائل پر بھی غور ہوگا۔ گھی تیار کرنے والے علاقوں میں اسکیم کے اجراء کی ضرورت اور جہاں یہ اسکیم رائج ہے وہاں درجہ بندی کے کام کو توسیع دینے کے مسائل پر بھی غور و خوض ہوگا۔

برمی سفیر کا اظہار تشکر

ہندوستان سے جاتے ہوئے دل بھر آیا

نئی دہلی ۱۵ ستمبر۔ برما کی کابینہ میں شامل ہونے کے لئے برمی سفیر ہز ایکسیلنسی یو ون نے ہندوستان سے روانگی کے وقت ہند کے گورنر جنرل کے نام حسب ذیل خط بھیجا ہے۔

"یور ایکسیلنسی برما یونین کی حکومت کی نئی کابینہ میں شامل ہونے کے لئے میں ہندوستان سے روانہ ہو رہا ہوں ہندوستان سے اپنے مختصر قیام کے دوران میں مجھے یور ایکسیلنسی اور آپ کے ملک کے باشندوں سے نہایت خوشگوار میل جول رکھنے کا موقعہ ملا۔ آج جدا ہوتے ہوئے میرا دل بھر آتا ہے لیکن مادر وطن کو جو میری ضرورت پڑی ہے اس کے ماتحت مجھے جانا ہی ہے ہندوستان سے جاتے ہوئے مجھے اس سلوک کے بارے میں کمال اطمینان کا اظہار کرنا ہے جو یور ایکسیلنسی اور آپ کی حکومت نے مجھ سے روا رکھا۔ آپ نے ہمارے ہر معاملہ میں دست تعاون بڑھایا۔ یور ایکسیلنسی اور آپ کی حکومت نے ہمارے لئے جو کچھ کیا اس کے لئے میں تہ دل سے آپ کا شکر گذار ہوں۔ میں آپ کی اور آپ کی حکومت کی مروت اور پرخلوص تعاون کو کبھی نہ بھولوں گا۔ بلکہ یور ایکسیلنسی اور آپ کے ملک والوں کے ساتھ جو وقت میں نے گزارا ہے وہ میرے لئے زندگی کا مسرور ترین عرصہ رہے گا۔"

عیسائیوں کی طرف سے حمایت

مدراس ۱۶ ستمبر۔ حیدرآباد کی انڈین کرسچین ایسوسی ایشن کی کمیٹی آف ایکشن نے حیدرآباد کے خلاف ہند سرکار کی فوجی کارروائی کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک قرارداد کے ذریعہ یہ کہا گیا کہ نظام نے عوام کے جمہوری اصولوں کے خلاف عمل کر کے خود لڑائی کا راستہ اختیار کیا اور اس نے ایک ظالم حکمران ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ نظام عوام کا دشمن ہے۔ اس کے لئے مستقبل کے حیدرآباد میں کوئی جگہ نہیں۔ اس کو تخت و تاج سے محروم کیا جائے اور وہاں حکومت قائم کی جائے۔

علاقہ صدر میں جمعیۃ علماء کا قیام

ترکی (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد قاسم صاحب [illegible] ناشر جمعیۃ علماء صوبہ بہار اپنے دورہ کے سلسلہ میں ترکی تشریف لائے آپ نے جمعیۃ علماء کی تنظیم کی اہمیت اور ضرورت کو بتایا اور فرمایا کہ اگر مسلمان اپنے مذہب کلچر، تمدن، اور معاشرتی زندگی برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ مسلمان جلد اٹھ کھڑا ہو اور اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی صلاحیت پیدا کرے اپنی تنظیم کرے پورے ضلع میں تحصیل اور سرکل کمیٹیاں جمعیۃ علماء کی قائم کی جائیں اور مسلمانوں کو چاہیئے کہ جمعیت کے تحت مکاتب قائم کر کے مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ بنیادی تعلیم حاصل کر کے اپنی بیداری اور اولوالعزمی کا ثبوت دیں۔

آپ کی تقریر سے مجمع بہت متاثر ہوا، ممبر سازی میں عوام نے پر جوش حصہ لیا۔ ممبر سازی کے بعد مقامی کمیٹی کا قیام عمل میں آیا، اور مندرجہ ذیل عہدہ داروں کا انتخاب ہوا۔

غلیم اللہ صاحب۔ رئیس ترکی صدر
بنو خاں صاحب نائب صدر
مولوی مجیب الرحمن صاحب۔ ناظم
حافظ عبدالعزیز صاحب نائب ناظم
طاہر صاحب۔ خازن

(مجیب الرحمن ناظم جمعیۃ علماء ترکی صدر)

بغیر ہاتھ کی عورت کے تعجب خیز کارنامے

بنارس ۱۶ ستمبر۔ ایک ادھیڑ عمر کی عورت جس کے دونوں ہاتھ بریدہ ہیں تمام کام اپنے پیروں کی مدد سے کرتی ہے اس کو آل انڈیا سودیشی نمائش جو بنارس میں لگایا گیا ہے اور اس کی نمائش ہو رہی ہے اس کے دونوں پر فقط گوشت کا ایک ایک لوتھڑا باز و اور ہاتھ کے بجائے ہیں مگر وہ اپنے تمام پیروں اور پنجوں کی مدد سے انجام دے لیتی ہے وہ قینچی پکڑتی ہے کپڑے قطع کر لیتی ہے اور اسے سیتی بھی ہے اور سوئی میں دھاگہ بھی پروتی ہے گیس کا اسٹو روشن کرتی ہے اور آخر میں یہ کہ چپاتیاں پکا لیتی ہے اور اس کے کام میں صفائی واقع ایسی ہے کہ آدمی دیکھ کر ششدر رہ جائے اس نمائش کا اہتمام جونپور کانگریس کمیٹی نے کیا ہے۔

انجمن ترقی عربی کا تعزیتی جلسہ

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) "انجمن ترقی عربی" کا ایک غیر معمولی تعزیتی جلسہ زیر صدارت نعیم احمد صاحب ہوا۔

جلسہ میں قائداعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان کی قبل از وقت وفات پر رنج و ملال کا اظہار کیا گیا۔ ان کی وفات کو دنیائے اسلام اور خاص کر پاکستان کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کریں گی۔

دہلی نرخ

بازار صرافہ

سونا پانسہ [illegible] چاندی [illegible]

غلہ مارکیٹ

نمک کھیوڑہ [illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

ہاپوڑ ۱۶ ستمبر [illegible]

یوپی میں ہیضہ سے اموات

کانپور ۱۵ ستمبر۔ اس ہفتہ کے یوپی گزٹ کی اطلاع کے مطابق ۲۸ اگست کو ختم ہونے والے ہفتہ میں یوپی میں ہیضہ سے ۱۴۲۸ اموات ہوئیں ۵۰۰ اشخاص پر ہیضہ کا حملہ ہوا۔ یوپی میں پلیگ سے ۳ آدمی مرے اور ۱۳ آدمیوں پر پلیگ کا حملہ ہوا چیچک کا چھ آدمیوں پر حملہ ہوا ہے۔

مدراس میں ہندی کیخلاف ایجی ٹیشن

باون اشخاص کی گرفتاری

مدراس ۱۶ ستمبر۔ [illegible] رضاکار ہندی کے خلاف ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں گرفتار کئے گئے [illegible] ختم کر دیا تھا۔ گرفتار شدہ [illegible] اسکولوں پر پکٹنگ کرنے کے سلسلہ میں عمل میں آئی ہیں۔

نئی دہلی کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کی شہادت

گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کی مزید کارروائی

…اور ان تمام چیزوں کا پارسل بنایا۔ اس وقت جمع شدہ گواہ اور وہاں کا نمبردار موجود تھا۔ اس کے بعد میں اس کمرہ میں گیا۔ جہاں مہاتما جی کی لاش پڑی تھی۔ میں نے مہاتما جی کی لاش پر زخموں کو دیکھا اور ان کی رپورٹ مرتب کی…

کشمیر میں بھی ہندی فوجوں کی کامیابیاں جاری ہیں

لیہ کے ایک مورچہ پر پچاس دشمن مارے گئے

یو۔پی کونسل کے ضمنی انتخابات

الہ آباد ۱۲ ستمبر۔ یو۔ پی کونسل کے ان حلقوں میں جن کی نشستیں معیاد پوری ہو جانے سے خالی ہو گئی ہیں۔ کل کاغذات نامزدگی داخل کر دیئے گئے… دیہی حلقوں سے کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے ہیں… کانگریس… ۲۲ ستمبر کو مسٹر جگناتھ داس کانگریس اور نواب اسلم احمد مسلم لیگ… کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے… دوبارہ انتخاب شروع کر رہے ہیں… ہے دونوں امیدوار کونسل کے موجودہ ممبر ہیں۔

الہ آباد میں جبری ٹیکے

الہ آباد ۱۲ ستمبر۔ گنگا اور جمنا کا پانی اب تیزی کے ساتھ کم ہوتا جا رہا ہے۔ لوکل بورڈوں کی جانب سے بیماریوں کی روک تھام کے لئے کوششیں ہو رہی ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے لازمی طور پر ٹیکہ لگانے کا حکم دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت جاری کر دیا ہے۔

آگرہ میں کمیونسٹوں کی بھوک ہڑتال

آگرہ ۱۴ ستمبر۔ سات کمیونسٹ جنہیں… آزاد بھی شامل ہیں۔ انہوں نے آگرہ کی سنٹرل جیل میں بھوک ہڑتال کر دی ہے۔ ایک اور کمیونسٹ… کو جیل کے حکام نے ضمانت پر رہا کر دیا ہے۔

… بنارس ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ گنگا ماتا کی خفگی کو دور کرنے کے لئے مہاراجہ بنارس گذشتہ ۵ دن سے برت رکھ رہے ہیں۔

مہاراجہ کا ارادہ ایک عظیم الشان اور یوجا کرنا ہے جس میں ہزاروں برہمنوں کو کھانا کھلایا جائے گا۔

برطانوی افسروں کا استعفے

دلی ۱۵ ستمبر۔ حیدرآباد کی فوجوں میں جو برطانوی افسر موجود تھے۔ اور جن کی تعداد دس یا بارہ بتائی جاتی ہے انہوں نے حالیہ فوجی اقدامات شروع ہونے سے پہلے ہی استعفے دیدیا ہے۔ یہ اطلاع برطانوی ہائی کمشنر کے نزدیکی حلقوں سے معلوم ہوئی ہے۔ یہ تمام برطانوی افسر اس وقت شہری لباس میں ہیں حیدرآباد کے قریبیا… گذشتہ ہفتہ جو… مدراس پہنچ گئے تھے۔

پاکستان اور لبنان کے تعلقات

کراچی ۱۶ ستمبر۔ لبنان اور پاکستان کی حکومتوں کے درمیانی تعلقات کو استوار رکھنے کے لئے دونوں ملکوں کی حکومتوں نے ایک دوسرے کے ہاں سفراء کا تبادلہ منظور کر لیا ہے۔ یہ اعلان کل حکومت پاکستان کی وزارت امور خارجہ نے ایک پریس کمیونک میں شائع کر دیا ہے۔

اودے پور میں ۵ قیدی ہلاک

اودے پور ۱۴ ستمبر۔ … جمعرات کو پولیس کی گولی چلنے سے سات قیدی ہلاک اور… زخمی ہوئے… قیدیوں نے جیل سے بھاگ نکلنے کی کوشش کی… سرکار کی طرف سے جو اعلان جاری کیا گیا ہے…

نسلی امتیاز کی پالیسی ختم کرو

لندن میں مقیم ہندستانی طلباء کے مظاہرے

لندن ۱۶ ستمبر۔ آج لندن میں مقیم ہندستانی طلباء نے جن میں لڑکیاں بھی شامل تھیں۔ جنوبی افریقہ ہاؤس ٹرافلگر سکوائر کے سامنے جنوبی افریقہ میں نسلی امتیاز کے خلاف مظاہرہ کیا… طلباء کے ہاتھوں میں پلے کارڈ تھے… نسلی امتیاز کی پالیسی ختم کرو…

چھ اشخاص گرفتار

نئی دہلی ۱۶ ستمبر۔ نئی دہلی پولیس نے چھ آدمیوں کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے… خلاف ورزی کرنے کے سلسلہ میں گرفتار کر لیا۔

گرفتاریاں

احمد آباد میں

احمد آباد ۱۶ ستمبر۔ ضلع احمد آباد میں چار مسلم لیگیوں کو تحفظ عامہ ایکٹ کے ماتحت گرفتار کرنے کے بعد سابرمتی سنٹرل جیل بھیج دیا گیا ہے۔

مدورا میں

مدورا ۱۶ ستمبر۔ مدورا پولیس نے کل حفظ ماتقدم کے بطور ۲۵ مسلمانوں کو گرفتار کر لیا ہے۔

کلپ ترو
… ساد ھن آشرم مہرولی (دہلی)

فینسی لیور سلوچ قیمت نصف پر

… پتہ۔ منیجر ہندستان واچ ہاؤس نئی دہلی

سینگ کی کنگھیاں
حافظ عبدالرحیم بشیر الدین انصاری
سوداگر کنگھی
سرائے ترین ضلع مراد آباد سے طلب کیجئے

ایجنٹوں کی ضرورت
ہمارے خود بخود ۶ فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول… کیلئے محنتی ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے…
امریکن کارپوریشن … کانپور

تجارتی ڈائرکٹری
… رسالہ روزگار کا شاندار ڈائرکٹری نمبر چھپ گیا ہے…
رسالہ روزگار ۵ نئی دہلی


امتحان پاس کرنے کیلئے اٹھارہ گھنٹے کام کیجئے

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کے لئے
اردو کا واحد سیاسی رسالہ
نئی زندگی
پڑھا کیجئے
ایڈیٹر سید انیس الرحمن
قیمت سالانہ
چھ روپے … فی پرچہ آٹھ آنے
نمونہ کے لئے آٹھ آنہ کے ٹکٹ
منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد
وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے


امریکن ماڈل ریوالور
… علی گڑھ

آپ کے یہاں شادی ہے
… ڈی۔ پی اینڈ کو کسرول مراد آباد یوپی

ایجنٹوں کی ضرورت
ہماری نہایت عمدہ بال کاٹنے کی مشین کی فروخت کے لئے…
امریکن کارپوریشن کانپور

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں میں جوانی پیدا کرنیوالی
امیکوٹانک AMICOTONIC
طاقت کی بہترین دوا ہے
ناطاقتی خون کی کمی لاغری جسم۔ کمزوری دل و دماغ۔ اعضائے رئیسہ اور قوت باہ کے لئے اکسیر ہے
امیکوٹانک
امیکوطلا
… ملنے کا پتہ۔ امین اینڈ سنز … کلکتہ

میں ہے۔ شمال مشرق میں صوبہ جات وسط ہند اور
جنوب مشرق میں احاطہ مدراس ہے۔ تفصیلی طور پر
ریاست ہند یونین کے اضلاع خاندیش، بلدانہ، اکولہ،
ایوتمل، چاندہ، گوداوری، کرشنا، گنٹور، کرنول،
بلاری، دھارواڑ، بیجاپور، شولاپور، احمد نگر اور
ناسک سے محصور ہے۔

دریائے گوداوری اور اس کی معاون پین گنگا
شمال مشرقی سرحد بناتی ہے اور دریائے کرشنا اور اس
کی معاون تنگ بھدرا جنوبی سرحد۔ اورنگ آباد،
پربھنی، عادل آباد، بیڑ، ناندیڑ، کریم نگر، ورنگل،
نلگنڈہ، محبوب نگر، رائچور، گلبرگہ، نظام آباد اور
بیدر اس کے اضلاع ہیں۔

موسم سال کے بیشتر حصے میں خوشگوار رہتا ہے
خاص کر ستمبر سے اکتوبر سے آخر فروری تک بارش کم
ہوتی ہے۔ گرمی چند دن زور دکھاتی ہے۔ جنگلات کے
بھرے خوشنما اور عام سرسبز و شاداب اور سبزہ زار ہے۔
ہر قسم کا اناج پیدا ہوتا ہے۔ کچھ زمین غیر مزروعہ بھی
ہے۔ میدانوں میں کھیتی باڑی اچھی ہے۔ پانی کی
فراوانی ہے۔ کوئلہ، تانبہ، لوہا، سونا اور ہیرے کی کانیں
ہیں۔ مگر ان سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جاتا۔
سکہ اور سٹامپ اور ریل ریاست کی اپنی ہے۔ ریاستی
روپیہ ہند یونین کے روپے سے قدرے کم ہے۔ سو روپے
کے ۱۱۶ عثمانی روپے ہوتے ہیں۔ نظام سٹیٹ ریلوے
سے جی آئی پی آر اور مدراس سدرن مرہٹہ ریلوے
ملتی ہیں۔

دریائے گوداوری مغربی گھاٹوں سے نکلتا ہے
اس کا منبع بحیرہ عرب کے ساحل سے پچاس میل اندر
کو ہے۔ یہ مشرق کو بہتا ہے اور مشرقی گھاٹوں
میں سے ہوتا ہوا خلیج بنگال میں ایک نشاط و ڈیلٹے
کی شکل میں گرتا ہے۔ ۹۰۰ میل لمبا ہے۔ اس میں سمندر
کے راستے سے جہاز رانی نہیں ہو سکتی اس نے گرنے تک
ہی پربت سے پہاڑ کر کاٹ ہیں۔ وادنا۔ منجیرا
پیاسیتا۔ پن گنگا۔ وار دھا اس کی معاون ہیں۔
دوسرا دریا کرشنا اور اس کی معاون تنگ بھدرا یا
تنگ بھدرا ہے۔ موسی ندی بھی اسی کی معاون
ہے۔ اس نے ۱۹۰۸ء میں زبردست تباہی مچائی تھی۔
کروڑوں روپے کا نقصان اور ہزاروں انسان
غرقاب ہوگئے تھے۔ پندرہ انچ بارش ۳۶ گھنٹوں
میں ہوئی تھی جس کے باعث اتنی زبردست طغیانی آئی
کہ پلوں کے اوپر بارہ بارہ فٹ پانی چڑھ گیا اور
ان کو بہا لے گیا۔

حیدرآباد شہر کی میونسپلٹی کے علاوہ ریاست
میں ۱۶ ڈسٹرکٹ بورڈ اور ۱۰۸ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ بورڈ
ہیں۔ ایک چیف جسٹس اور اس کے ماتحت ۱۲ جج ہیں
پانچ سیشن جج اور تین سو دیگر فوجداری و دیوانی
کے مجسٹریٹ ہیں۔ سات سال پہلے ۹۶۲۶ فوجداری
اور ۵۲۲۳ دیوانی مقدمات دائر ہوئے تھے
۵۰ ہزار چھوٹے بڑے سکول اور کالج ہیں۔ اور
ان میں تقریباً پانچ لاکھ طلباء تعلیم پاتے ہیں۔
سات آٹھ آرٹ کالج ہیں جن میں سے ایک عورتوں
کا ہے اور چھوٹے بڑے مل اور کارخانے سات سو
کے قریب ہیں۔

انگریزوں کی طرف سے ایک ریذیڈنٹ رہتا
تھا۔ اب ایجنٹ جنرل کا نام دیا گیا ہے (دونوں
نظر بند)

نظام سٹیٹ ریلوے منماڑ سے شروع ہوتی
ہے جو ہند یونین میں ہے وہاں سے براہ دولت آباد
جالنہ، پربھنی، ناندیڑ، نظام آباد ہوتی ہوئی سکندرآباد
چھاؤنی تک جاتی ہے۔ وہاں سے ایک شاخ ورنگل
ہوتی ہوئی بیزواڑہ سے دوسری ملتی اور تیسری
شاخ گولکنڈہ سے وادی ہوتی ہوئی وادی سے
دو شاخہ ہو جاتی ہے۔ ایک شاخ شمال میں شولاپور
اور دوسری جنوب میں کرنل سے جا ملتی ہے۔ ایک
شاخ پورنہ سے ہنگولی تک ہے اور ایک شاخ عثمان آباد
ہوتی ہوئی لاتور پر ختم ہوتی ہے۔ یہ سارا سلسلہ ریل
کم و بیش ایک ہزار میل ہے۔

دہلی سے مدراس جانے کے لئے چھوٹے سے چھوٹا
راستہ ریاست میں سے ہے۔

پکی پکی شاہراہیں بنیادہ ہیں غالباً اتنی کسی دوسری



ریاست میں نہیں ہیں۔

ریاست چار ڈویژنوں میں منقسم ہے۔ اورنگ آباد
گلبرگہ۔ ورنگل اور گلشن آباد۔

سیاحوں کے لئے قابل دید قدیم و جدید بہت
سے مقام ہیں۔ آثار قدیمہ بھی دنیا جہان سے
نرالے ہیں۔ ریاست کا خطہ زمین اپنی نوعیت
اور خوشنمائی میں بہت سی خصوصیات کا حامل ہے۔
دنیا کی پیدائش کے محققین کا یہ نظریہ ہے کہ یہ
خطہ کنیڈا سے بہت پہلے پانی میں سے باہر ہوا۔
اس کے علاوہ حیدرآباد کے چاروں طرف
پہاڑیاں ہیں۔ ان کے پتھر بہت سخت اور خاص
اشکال کے ہیں۔ ان کے گوشوں کی جگہ صرف گولائی
ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے بڑے گول گول
پتھر ایک دوسرے پر اوپر رکھے ہوئے ہیں۔ اور
ان کے سرے ایک دوسرے وابستہ ہیں۔ اور
پتھروں کے بڑے حصے ایک دوسرے سے علیحدہ
ہیں اور اس قسم کے شق ہونے سے دور دور تک دراڑ
یا درزیں اور کھوہیں یا غار بن گئے ہیں جن میں
انسان دور دور تک جا سکتا ہے۔ اور بیٹھ اٹھ
کیا زندگی بسر کر سکتا ہے۔

ان پہاڑیوں میں ایک پہاڑی کا نام میر محمود
کی پہاڑی ہے۔ میر محمود صاحب قطب شاہی زمانہ
میں نجف (عراق) سے آئے تھے۔ آپ نے ۱۰۱۱ھ
میں وفات پائی اور وہیں ان کا مزار ہے۔ اس پر
ایک بڑا گنبد ہے۔ یہ پہاڑی میر عالم تالاب کے
پاس واقع ہے۔ اس تالاب کے چاروں طرف پہاڑیاں
اور ان کی تلہٹی میں امراء کے مکان اور فلک نما بھی
قریب ہی ہے۔ تھوڑے سے فاصلہ پر کوہ قائم یا بارہ امام
کی پہاڑی ہے اس میں ایک چشمہ بھی ہے۔

موسی ندی شہر کی آبادی میں سے ہو کر گزرتی
ہے اس کے کنارے کنارے دس دس پندرہ پندرہ
گز تک مسلسل چمن بندی ہے۔ کیاریوں کی مختلف
شکلیں ہیں۔ اور نہایت تفریحی مقام ہے کہیں کہیں
فوارے اور مینار ہیں جو خوشنمائی کو دوبالا کرتے ہیں
موسی ندی کی طغیانی کے بعد نظام سرکار نے آئندہ
طغیانی کا سدباب اس طرح کر دیا ہے کہ دو ڈھائی
میل لمبا بند تیار کیا ہے۔ اور اس بند کے ذریعہ
پہاڑیوں میں ایک وسیع تالاب بنا دیا ہے۔ جو فن
انجینئری کا بہترین نمونہ ہے اس میں پانی گزرنے کے
لئے لوہے کے بڑے بڑے پھاٹک اور چرخیاں لگائی
ہیں اور اس کے ذریعہ پانی کا رخ مختلف جوانب
کو پھیر دیا ہے۔ جا بجا پانی کے جھرنے بھی بنائے ہیں۔
اور انجن لگا کر شہر میں یہیں سے پانی بھی پہنچایا
جاتا ہے۔

حیدرآباد میں پانی روزمرہ کی ضرورت اور
آبپاشی کے پیش نظر جگہ جگہ بڑے بڑے تالاب بنا دیئے
ہیں۔ بعض تالاب کا رقبہ میلوں ہے۔ ایسے تالابوں
کو وہاں کے لوگ ساگر کہتے ہیں۔ حسین ساگر حیدرآباد
اور سکندرآباد کے درمیان ہے ایک پل بھی ہے جس پر
بہت چوڑی سڑک ہے۔ سڑک پر چوڑے چوڑے چبوترے
ہیں اور ہر چبوترے پر ایک ایک درخت ہے۔ ان چبوتروں
پر لوگ تفریح کرتے ہیں اور بیٹھتے بھی ہیں۔ پانچ میل کے
فاصلہ پر گولکنڈہ میں شاہان قطب شاہی کے قلعہ کے
نیچے مقبرے ہیں۔ ان کے احاطوں میں چمن بندی ہے
مقبرے گنبد دار ہیں۔ ریاست میں یہ طرز تعمیر
پسندیدہ ہے۔ یہ مقبرے سولہویں صدی عیسوی کے ہیں۔
مگر قطب شاہی خاندان کے آخری تاجدار ابو الحسن
تانا شاہ کا مزار دولت آباد میں ہے جو بحالت قیدی
مرا تھا۔

عثمانیہ یونیورسٹی بھی اپنی آپ نظیر ہے۔ یہ
۱۹۱۸ء میں قائم کی گئی تھی اور یہ ہندوستان کی
پہلی یونیورسٹی ہے جس میں ہر علم و فن کی اردو میں
تعلیم دی جاتی ہے۔

ہائی کورٹ کی بھی اعلیٰ اور وسیع عمارت ہے اور
اس میں چمن بندی اور لائبریری قابل دید ہے اس
کی عمارت میں ایک جانب کچھ خم بنایا جاتا ہے۔ اور یہ
خم ایک مندر کے باعث ہے۔

چار مینار بہت بڑی عمارت ہے جو چوک پر واقع
ہے اس کے نیچے سے چار سڑکیں نکلتی ہیں۔ حیدرآبادی
سکہ اور ڈاک کے ٹکٹوں پر اس کی تصویر ہے۔ یہ عمارت
۱۸۶ فٹ اونچی اور ہر جانب سے ۱۰۰ فٹ چوڑی ہے
۱۵۹۱ء میں تعمیر ہوئی۔ نظام کا چو محلہ محل اس کے
جنوب میں اور یہ خود موسی ندی کے جنوبی کنارے پر ہے
عثمان ساگر، میر عالم، فلک نما، مکہ مسجد، عجائب گھر
چڑیا گھر، حمایت ساگر، باغ عامہ وغیرہ قابل دید ہیں
حیدرآباد شہر کے گرد فصیل سنگین ہے اور اس میں
تیرہ دروازے ہیں۔ یہ ۱۵۸۹ء میں آباد کیا گیا تھا۔
اس کی آبادی دس بارہ لاکھ ہے۔

دولت آباد کا قلعہ مخروطی شکل کی پہاڑی پر جو
۰۰۸ فٹ کی بلندی پر بنا ہے اس کے چاروں
طرف ۴۰ سے ۱۲۰ فٹ کا مصنوعی خندق کا پشتہ
ہے۔ یہ ایلورا سے چند میل پر واقع ہے۔ اورنگ آباد
سے جاتے ہی سنا ہے ۱۰ میل ہے۔ انگریزی عہد میں
سکندر آباد کی چھاؤنی سب سے بڑی تھی جو انگریزوں
نے ہندوستان چھوڑتے وقت خالی کر دی اور نظام
کو دے دی۔

ایلورا کے غار بھی عجائبات میں سے ہیں اس کے
سنگین مندر پہاڑوں اور غاروں میں کھود کر بنائے گئے
ہیں۔ ان سے نہ صرف سنگ تراشی کے کمال عیاں ہیں۔
بلکہ اس وقت کی تہذیب و تمدن مصوری اور صنم پرستی
اور صنعت کاری کا پتہ چلتا ہے۔ انسان عجیب و بوقلموں
پتھر میں تراشیدہ بتوں کو دیکھتا ہے۔ تو دنگ رہ
جاتا ہے۔ ایلورا اورنگ آباد سے ۱۴ میل ہے پختہ
سڑک جاتی ہے اسی طرح اجنٹا سڑک جاتی ہے اور
یہ ۴۵ میل ہے۔ ایلورا میں بدھ مت کے بارہ
مندر، برہمنوں کے ۱۷ مندر اور جینیوں کے پانچ مندر
ہیں سب سے خوشنما کیلاس ہے یہ پہاڑ سے الگ
ایک اونچے احاطہ پر جو ۲۷۶ فٹ لمبا اور ۱۵۴
فٹ چوڑا ہے۔ احاطہ کے تینوں طرف دیوار سو فٹ اونچی
ہے۔ اور ان میں دیو پیکر ہاتھی شیر اور عفریت صفت
شکلیں بنی ہیں۔ جو ایک دوسرے کے شانہ بشانہ ہیں۔
یہ شمال سے جنوب کو سوا میل تک پھیلے ہوئے ہیں۔
دوسرے درجہ پر بدھ مت والوں کا مندر ہے۔
جو چھوٹا ہے اس کو وشوا کرما کا مندر کہتے ہیں اس
کی چھت پر چلنے کی راہ ہے۔ اجنٹا کے غاروں میں
مصوری اور صنعت کاری دو ہزار سال کی ہے۔
جنگل خوشنما اور سرسبز ہے اس میں ۲۹ مندر اور خانقاہیں
بنی ہیں۔ اتنا پتہ چلتا ہے کہ یہ ۲۲۱ ق م میں راجہ
اشوک کی وفات کے بعد بنائے گئے۔ ان سے قدیم
بود و باش کے طریقے، لباس رکھنے کو دستکار اور
تفریحات کا اندازہ ہوتا ہے ان کو دیکھنے کے لئے
جلگاؤں اسٹیشن سے جاتے ہیں۔ راستہ میں پختہ عمدہ
سڑک ہے ۳۴ میل کا فاصلہ ہے۔ اورنگ آباد سے
جانے میں ۵۵ میل کا سفر طے کرنا پڑتا ہے۔

اسی طرح اوندھا (پربھنی) میں ناگناتھ کا مندر
ورنگل میں ہزار ستون مندر، ہنگی دراسجور میں
مہادیو مندر، نظام آباد میں دچپلی کا ڈسٹرکٹ مندر
قابل دید ہیں۔ اور سب مندروں کو جاگیریں ملی ہوئی
ہیں۔ اور جو آثار قدیمہ میں ہیں۔ ان کی دیکھ بھال
رہتی ہے۔

گلبرگہ کی جامع مسجد ۳۸۰۱۶ مربع فٹ ہے۔
دولت آباد کا چاند مینار ۲۱۰ فٹ بلند اور ۷۰ فٹ
محیط ہے۔ بیدر میں مدرسہ محمد گاواں فن تعمیر کے بہترین
نمونے ہیں۔ اورنگ آباد میں بی بی کا مقبرہ (زوجہ
شاہ موسومہ رابعہ درانی) تاج محل آگرہ کے
نمونہ کا ہے۔ مغلیہ فن تعمیر کا یہ بہترین نمونہ ہے۔

اورنگ آباد سے ۱۰ میل پر قدیم بادشاہوں
اور درویشوں کا قبرستان ہے اور اسی میں اورنگ
زیب عالمگیر کی قبر سنگ مرمر کی جالیوں سے محیط ہے
گولکنڈہ کے فاصلہ پر قدیم ترین قلعہ بھونگیر ہے۔
بیدر سطح سمندر سے ۲۳۰۹ فٹ کی بلندی پر اور
حیدرآباد سے ۸۲ میل پر واقع ہے۔ اس میں بہمنی
خاندان کے مزارات دیکھنے کے لائق ہیں۔ ان کے
علاوہ ہر ضلع میں مقبرے، مسجدیں اور مندر و قلعے
ایسے ہیں۔ جو سیاح کی دلچسپی کو پورا کرتے ہیں اور
حامل تاریخ قدیم ہیں۔

ریاست کے انتظام کے لئے ایک ایگزیکٹو کونسل
ہے اور دوسری لیجسلیٹو ۲۴ ممبران پر علاوہ صدر
مشتمل ہے۔ ان میں ۱۲ سرکاری اور ۹ غیر سرکاری اور
۳ مخصوص ممبر۔ مگر اقتدار اعلیٰ نظام کے ہاتھ میں ہے

ریاست کی نہایت مختصر تاریخ یہ ہے زمانہ
قبل مسیح اس پر اندھرا کے راجہ راج کرتے رہے پھر
چلا کیا خاندان قابض رہا۔ پھر راشٹر کوٹا کے راجہ
حکمراں رہے۔ علاقہ کم و بیش ہوتا رہا۔ آخر میں یدوا
خاندان والے برسر اقتدار رہے۔ ۱۲۹۴ء میں
علاؤ الدین خلجی نے اسے فتح کیا۔ پھر بہمنی اور قطب
شاہی کے سلطان حکمران رہے۔ ۱۶۸۷ء میں مغلوں
کے قبضے میں آیا۔ ۱۷۱۳ء میں میر قمر الدین علی خاں
گورنر یا صوبیدار ہوا جسے نظام الملک کا لقب دیا
گیا۔ موجودہ نظام کا مورث اعلیٰ نواب آصف جاہ
بہادر تھا جو اورنگ زیب عالمگیر کی فوج میں جرنیل
تھا۔ عالمگیر کے بعد یہ بادشاہ بن بیٹھا۔

ریاست پر شمالی ہند کا راجہ اشوک بھی راج کر چکا
ہے۔ اور اس کے یہاں بدھ مت کو خوب پھیلایا تقریباً
ڈھائی سو برس تک یہ ریاست انگریزوں اور فرانسیسیوں
کی سیاست سازشوں اور جنگوں کی جولانگاہ رہی ہے۔ اور
۱۷۹۲ء اور ۱۷۹۹ء میں ٹیپو سلطان سے بھی دو جنگیں
ہوئیں۔ ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کا کھلا ساتھ دیا تھا۔

جنگ عظیم ثانی تک ریاست نے انگریزوں کی ہر موقع پر
مالی اور جانی خدمت کی۔ نظام "یار وفادار سلطنت
انگلشیہ" رہے۔

موجودہ نظام ہز اگزالٹڈ ہائینس میر عثمان علی خان
بہادر بن محبوب علی خان بہادر ہیں۔ آپ ۶ اپریل ۱۸۸۶ء
میں پیدا ہوئے اور ۲۹ اگست ۱۹۱۱ء کو مسند
حکومت پر بیٹھے۔ آپ نے قدیم دستور دیوان کے عہدہ
کی لو باس اور خود ہی پانچ سال تک وزیر اعظم رہے۔
۱۹۱۹ء میں آٹھ ممبران کی ایگزیکٹو کونسل بنائی اور
صیغے تقسیم کر دیئے۔ کسی کے پاس ایک کسی کے پاس
دو رکھے۔

جنگ عظیم اول میں آپ نے جنگ کے مصارف کو
ترکی کے خلاف انگریزوں کی حمایت میں بھرتی ہونے
کا مشورہ دیا بلکہ ہی اور فوج اور سامان سے مدد دی۔
[illegible]
[illegible] اور انگریزی افواج میں لفٹننٹ جنرل کا عہدہ
دیا گیا۔

آپ دولت میں قارون ہیں شاعر ہیں۔ ہندوستان
کے جملہ راجہ مہاراجوں اور نوابوں سے زیادہ سوجھ بوجھ
رکھتے ہیں۔ دنیا کے مالدار ترین لوگوں میں سے ہیں لوگوں
کا خیال ہے کہ [illegible] کے مالک ہیں۔ آپ کے پاس
صرف جو جواہرات ہیں ان کی قیمت کا اندازہ تین کروڑ
پونڈ لگایا جاتا ہے۔

اے کاش! انگریزوں کے چلے جانے کے بعد آپ
ہند یونین کو محض انگریزوں کے بھیجے ہوئے اور جانے انگریزوں
کے دیار وفادار رہے نہیں سمجھتے تو آج اس خونریز حرکت
کی نوبت نہ آتی۔ اور زوال نعمت وجاہ نہ ہوتا۔

مولانا شاہد فاخری کو صدمہ

الہ آباد (بذریعہ ڈاک) تمام ملک میں یہ خبر انتہائی رنج
و ملال کے عالم میں سنی جائے گی۔ کہ حضرت اللہ کی ایک مجاہدہ
و جمعیۃ علماء یوپی کے صدر حضرت مولانا فاخری کی والدہ
محترمہ ۱۰ روز علیل رہ کر ۹ ستمبر کو انتقال فرما گئیں۔ انا للہ
و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ نہایت متقی و تہجد گذار تھیں۔
مولانا شاہد فاخری کے والد ماجد حضرت مولانا فاخری مرحوم
کے ۱۹۲۱ء میں گھر کی تلاشی انگریزی حکومت نے اس
جرم میں لی کہ مولانا انگریزی حکومت کے خلاف سازش
کر رہے ہیں۔ اور انگریزوں کے خلاف تحریک آزادی میں
حصہ لے رہے ہیں۔ تو آپ کے گھر والوں کو سخت ترین
مصائب کا سامنا کرنا پڑا اس وقت محترمہ نے نہایت
عزم و استقلال اور خندہ پیشانی سے مصائب کا مقابلہ کیا
آنجہانی موتی لال نہرو آنریبل پنڈت جواہر لال نہرو مسز
وجیا لکشمی پنڈت نے جب مسلم خواتین میں کانگریس کی نشر و
اشاعت کا سلسلہ شروع کیا۔ تو تمام جلسے محترمہ کی زیر صدارت
ہوتے تھے۔ ۱۹۲۱ء میں شیخ الہند مولانا محمود الحسن اور
گاندھی جی خانقاہ فاخریہ میں تشریف لائے اور مرحومہ کو
ان کے مجاہدانہ کارناموں اور مصائب برداشت کرنے
پر مبارکباد دی۔ تحریک خلافت میں آپ نے اپنے خاندان
کے ہزاروں روپے کے ولایتی کپڑوں کو آگ لگائی۔ تحریک
نمک سازی میں سرکار نے جب جلوس نکالے تو آپ
نے دعائیں خانقاہ سے کیں۔ غرضیکہ ملک کی آزادی کی جد
و جہد میں مرحومہ نہایت پیش پیش رہیں۔ اور مولانا فاخر
رحمۃ اللہ علیہ و مولانا شاہد میاں صاحب صدر صوبہ
جمعیۃ علماء یوپی کی قربانیوں اور ملک کی آزادی کی کوششوں
میں محترمہ کی نہایت امداد رہی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اعلیٰ
مراتب عطا فرمائیں۔

کشمیر جانے والوں کو پرمٹ

۱۵ ستمبر ۱۹۴۸ء کے بعد پٹھانکوٹ میں کشمیر جانے والوں
کو پرمٹ جاری کرنے والے دفتر سے کشمیر جانے کے
لئے پرمٹ جاری نہیں کئے جائیں گے۔ لیکن یہ دفتر کشمیر
میں جاری کئے گئے پرمٹوں کو واپسی سفر کے لئے جائز
قرار دینے کا کام کرتا رہے گا۔ ۱۵ ستمبر سے کشمیر میں داخل
ہونے کے لئے پرمٹ یا اجازت نامے حاصل کرنے کے لئے
تمام درخواستیں کشمیر پرمٹ سیکشن وزارت دفاع نئی دہلی
کے نام بھیجی جائیں۔ کیونکہ آئندہ اب ایسے اجازت
نامے جاری کرنے کے لئے یہی ایک دفتر ہوگا۔

نمک کی بلیک مارکیٹ

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) یوپی کی پبلک نے نمک کی چور
بازاری اور ذخیرہ اندوزی کے مسئلے میں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مسلمانوں کی طرف سے حکومت ہند کے اقدام کی حمایت پر سردار پٹیل کا اظہار اطمینان

حیدرآباد میں لڑنے والی ہندی فوجوں کو نائب وزیر اعظم کی مبارکباد

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے گزشتہ شب ایک بیان میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کو اس بات کے لئے مبارکباد دی ہے کہ انہوں نے حیدرآباد کے خلاف حکومت کے اقدام کا بڑی گرم جوشی اور اتفاق سے خیر مقدم کیا۔

سردار پٹیل نے کہا۔ ہندوستان کی فوجیں ہماری تعریف کی مستحق ہیں کہ انہوں نے نہایت مختصر ...

غیر مسلموں دونوں نے حیدرآباد کے خلاف حکومت کے اقدام کا جس گرم جوشی اور متفقہ طور پر خیر مقدم کیا ہے ...

مشرقی پنجاب صوبہ کانگریس کے خلاف تحقیقات

جالندھر ۱۷ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کانگریس ...

اپنی حکمت عملی کے مطابق ریاستی فوجوں کی پسپائی

سکندرآباد میں سخت مقاومت کا امکان رضاکاروں کے حوصلے پست ہیں

سلامتی کونسل کی کاروائی

صفحہ اول کا بقیہ

اورنگ آباد کے لئے کلکٹر کا تقرر

ناسک ۲۰ ستمبر۔ مسٹر ایل جی راج واڈے کی بابت معلوم ہوا ہے کہ وہ اورنگ آباد کے کلکٹر مقرر ہوئے ہیں۔

برطانیہ ہندوستان پر اثر ڈالے پارلیمنٹ میں مسٹر بٹلر کا مطالبہ

لندن ۱۷ ستمبر۔ مسٹر آر۔اے۔ بٹلر (کنزرویٹو) نے کل پارلیمنٹ میں بادشاہ کی تقریر پر بحث کے دوران میں کہا کہ ہم سب سٹیفورڈ کرپس کسی دوسرے کے مقابلہ میں زیادہ ... برطانوی حکومت بھی ہندوستان کی حکومت پر اثر رکھتی ہے۔ وہ ہیں نے میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں۔ کہ موجودہ خوفناک صورت حالات کو ختم کرنے کے لئے ہندوستان پر اثر ڈالنا حکومت برطانیہ کی بڑی ذمہ داری ہے۔ مسٹر بٹلر نے مزید کہا کیا یہ وقت ایسا نہیں ہے کہ دولت مشترکہ کا کوئی ایسا ادارہ قائم کیا جائے جو اس قسم کے تنازعات کو ختم کر سکے جن سے کہ مجموعی طور پر دولت مشترکہ کی بنیاد ہل گئی ہے۔ میں یہ تجویز اپنی ذمہ داری پر پیش کرتا ہوں۔ لیکن مجھے مضبوط حمایت حاصل ہے۔

جاگیرداروں نے زمین چھین لی

اجین ۱۶ ستمبر۔ ملوہ اور مدھیہ بھارت کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں کاشتکاروں سے جاگیرداروں اور زمینداروں نے ہزاروں بیگھہ زمین چھین لی ہے۔ سینکڑوں کسان جو برسوں سے ان زمینوں پر کام کر رہے تھے اب مزدور بنکر رہ گئے ہیں اس سلسلہ میں حکومت کی توجہ دلائی گئی ہے۔

ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ کی میٹنگ

دہلی ۱۶ ستمبر کل شام ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ کی ایک میٹنگ دفتر کمیٹی میں منعقد ہوئی جس کی صدارت مولانا رفیق احمد صاحب ...

رہنمائی کی۔

میٹنگ نے دوسری ضروری کاموں کے علاوہ حیدرآباد میں ہندیونین کے حالیہ اقدام کے متعلق بالاتفاق ایک تجویز پاس کی ہے۔

تجویز میں کہا گیا ہے کہ حیدرآباد میں فرقہ پرست عناصر کی کارروائیوں پر عرصے سے ... حکومت ہند نے حکومت حیدرآباد کو ہر چند اس طرف توجہ دلائی لیکن ان کی مدد کا نتیجہ کچھ نہ نکلا۔

آخر کار مجبور ہو کر حکومت ہند کو آخری صورت اختیار کرنی پڑی تاکہ شرارت پسندی کو ختم کیا جائے کانگریس کمیٹی ڈسٹرکٹ دہلی کے تمام ارکان حکومت ہند کے اس اقدام کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اس کی تائید و حمایت کرتے ہیں اور ساتھ ہی ملک کی تمام جماعتوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس موقعہ پر امن و امان کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں۔

(پروپیگنڈہ سکریٹری)

معاہدہ جاریہ

اتحادی اقوام خطرہ میں ہے

گھریلو معاملہ

تحقیقات کا مطالبہ

چینی نمائندہ

نواب معین نواز جنگ

جوانی کو ایکدم واپس لے آنے والی تین چیزیں

اکسیر رجسٹرڈ — موتی، مونگا، سلاجیت، فولاد اور وہ تمام بوٹیاں جس میں شامل ہیں ... جریان کیلئے سو فیصدی مفید ... قیمت فی شیشی ۸/۸

جیون رجسٹرڈ — رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو واپس لے آتی ہے ...

طلاء مسیحی — اس کو لگاتے ہی ... رگوں اور پٹھوں میں جان آ جاتی ہے ... جو بھی خرابیاں پیدا ہو گئی ہوں سب ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں

نوٹ: اس کے لگانے سے نہ چھالے پڑتے ہیں۔ نہ زخم ہوتا ہے ... قیمت فی شیشی ...

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷
قیمت سالانہ
چالیس روپے ۔ ششماہی بیس روپے
سہ ماہی : گیارہ روپے
ممالک غیر سے سالانہ
پچاس روپے ۔ ششماہی
پچیس ۲۵ روپے
تار کا پتہ : الجمعیۃ دہلی
قائم شدہ ۱۹۲۵ء
فون نمبر ۵۸۵۵
قیمت فی پرچہ دو آنے ۔ جلد ۳۰ ۔ دہلی یوم دوشنبہ ۱۵ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲۰ ستمبر ۱۹ء ۔ نمبر ۲۰۳ ۔ بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

روغن اکسیر دماغ
بلال قادری دیوبند ضلع سہارنپور

ہندستانی فوجیں سکندر آباد میں داخل ہو گئیں

حیدر آباد کی فوجوں نے باقاعدہ طور پر ہتھیار ڈال دیئے

لڑائی ختم ہونے پر حیدر آباد کے فوجی افسروں کا اظہار مسرت

نئی دہلی ۱۹ ستمبر ۔ آج ہندوستانی فوجیں سکندر آباد میں داخل ہو گئیں ۔ حیدر آباد ریڈیو کی اطلاع کے مطابق آج بارہ بجے ہندوستان کے بکتر بند دستے کے کمانڈر میجر جنرل جے این چودھری کے سامنے باقاعدہ طور پر ہتھیار ڈال دیئے ۔

جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ لفٹنٹ جنرل مہاراج سنگھ جی آج صبح بذریعہ ہوائی جہاز ریاست حیدر آباد کے فوجی مرکز سکندر آباد کے لئے روانہ ہوئے جہاں آپ نے بیزواڑہ کی طرف سے بڑھنے والی میجر جنرل جے این چودھری کی زیر کمان فوجوں کو ان کی شاندار کامیابی پر مبارکباد دی ۔

جب سکندر آباد میں ہندوستانی اخباروں کے نمائندے پہنچے ۔ لوگوں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا ۔ اور ان کو پھولوں کے ہار پہنائے ۔ سکندر آباد سے جو اطلاعات ملی ہیں ان سے معلوم ہوا ہے کہ ہندی فوجوں کی پیش قدمی سے بہت کم جانی و مالی نقصان ہوا ۔

حیدر آباد میں پولیس کارروائی کا ڈرامائی خاتمہ

جنگ بند ہونے سے قبل ریاست میں ہندی فوجوں کی پوزیشن

مجلس تحفظ کا ہنگامی جلسہ

حیدر آباد میں ہندستانی فوجوں کا شاندار خیر مقدم

سول انتظامات برقرار رہیں گے ۔ ہندی کمانڈر کا اظہار خوشنودی

کاؤنٹ برناڈوٹ کے قتل پر دنیا کی طرف سے ہمدردی کے پیغامات

بہار لیجسلیٹو کونسل کے صدر

رانچی ۱۷ ستمبر ۔ مسٹر شیام پرشاد سنہا نے آج بہار لیجسلیٹو کونسل کے صدر مقرر کئے گئے ۔

مجھے امید ہے حکومت ہند کسی انتقامی کارروائی کی اجازت نہیں دیگی

حیدر آباد میں ہندستان کی فتح کے بعد حضرت مولانا حفظ الرحمن کا بیان

مسلمانوں کی فوج میں بھرتی ہونیکی اپیل

چاندہ ضلع میں غنڈہ ایکٹ

میرٹھ کے دو سرکردہ مسلمان گرفتار

سلہٹ کا متنازعہ علاقہ

سرکاری نقشہ کا معائنہ

نظام حیدر آباد نے جنگ بند کرنے کا حکم دے دیا

ہندی کابینہ لڑائی بند کرنے کی تجاویز پر غور کر رہی ہے

مزید جہازوں کا انتظام نہیں ہوسکتا حج کمیٹی کا اعلان

بمبئی ۱۸ ستمبر ۔ پورٹ حج کمیٹی کا ایک اعلان منظر ہے کہ اب اس بات کا فیصلہ ہو گیا ہے کہ حاجیوں کو لیجانے کے لئے مزید جہازوں کا انتظام نہیں کیا جاسکتا اور یہ کہ جن لوگوں نے پہلے اپنے نام رجسٹر نہیں کرائے ان کو ناکام واپس ہونا ہوگا ۔ اس لئے ان تمام لوگوں کو جو زیارت بیت اللہ شریف کا ارادہ رکھتے ہیں مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر ان کے سفر کا اندراج نہیں کیا گیا یا جن کو ابھی جہاز راں کمپنیوں کی طرف سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی تو وہ بمبئی آنے کی ہرگز تکلیف نہ کریں ورنہ ان کو مایوس ہو کر لوٹ جانا ہوگا ۔

پاکستان اور جاپان کے درمیان تجارتی گفت و شنید

فلسطین کی عارضی صلح کسی وقت بھی ختم ہوسکتی ہے

ریڈ ہیم پلز
دل، دماغ، معدہ، جگر، اور گردوں کو طاقت پہونچا کر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں، عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں
چالیس گولیوں کی قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ
دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

بین الاقوامی امن

آیندہ امن پسندوں کی عالمی کانفرنس شانتی نکیتن (بنگال) میں منعقد ہوگی یعنی اس کانفرنس میں ان لوگوں کا اجتماع ہوگا جو جنگ و پیکار کے خلاف ہیں اور دنیا میں آپس کے تعاون سے امن و امان قایم کرنا چاہتے ہیں، ان امن پسندوں نے پہلی جنگ کو روکنے کی کوشش کی مگر جنگ ہوئی اور دہ خود جابجا پس قرار دیکر گرفتار کر لئے گئے، انہوں نے دوسری عالمی جنگ کو روکنا چاہا اور عدم تشدد کا درس ساری دنیا میں دیتے پھرے مگر ان کی مساعی کے علی الرغم جنگ ہوئی اور خوب ہوئی، اب ان کی کوشش یہ ہے کہ تیسری جنگ کے امکانات ختم ہو جائیں اور عدم تشدد، صلح و سلامتی، تعاون و تفاہم کے ذریعہ بین الاقوامی معاملات کا تصفیہ ہو، غرضیکہ امن پسند مقدور بھر قیام امن کے لئے کوشش کر رہے ہیں، اور تیس سال سے ان کی پکار یہ ہے کہ امن اور عدم تشدد سے بہتر کوئی چیز نہیں، مگر افسوس یہ ہے کہ دنیا جنگ کو تو قبول کرتی ہے امن کو قبول نہیں کرتی، نفرت اور دشمنی کو تو دعوت دیتی ہے، محبت اور انصاف کو منہ نہیں لگاتی مگر امن پسندوں کا فرض تو یہی ہے کہ اپنا کام کئے جائیں، شاید انسانیت کو شرم آئے، شاید خون کے پیاسے اپنی حرکات پر نادم ہوں!

دنیا کا وہ کون انسان ہے جو امن پر جنگ کو ترجیح دے گا؟ کس کی خواہش ہے کہ امن قایم نہ ہو اور خدا کی مخلوق جنگ اور خانہ جنگی کی مصیبت میں مبتلا رہے؟ مگر سوال یہی ہے کہ اس خواہش کے باوجود امن کیوں قایم نہیں ہوتا؟ اس سوال کا جواب بڑے غور و فکر کا محتاج ہے انسان نے اپنی تباہی کے سامان اسقدر جمع کر لئے ہیں کہ جب تک انہیں چھانٹ کر کے بعد دیگرے ایک ایک کا مداوا نہ کیا جائے، خالی امن اور امن پسندی کی خواہش سے کچھ نہیں ہو سکتا، آج دنیا کی تمام قوموں کی قسمتیں ایک دوسرے سے وابستہ ہیں سیاسیات کو معاشیات سے تمدن کو اخلاق سے اور مذہب کو معاشرت سے جدا نہیں کیا جا سکتا حربی کارخانے ہماری تجارت کا جزو بن چکے ہیں ہماری مسابقت میں اقتصادیات کا ذہن بڑھا ہوا ہے، ہماری حکمرانی کا جذبہ وطن اور قوم پرستی کے تاروں سے گندھا ہوا ہے ایک چیز کو چھوڑتے ہیں تو دوسری چیز دامن گیر ہو جاتی ہے، دوسری کو پکڑتے ہیں تو اول اور آخر تمام چیزیں ساتھ ہی ساتھ کھنچی چلی آتی ہیں، آپ ہزار امن امن پکاریں مگر مشینی عہد کی ضروریات جنگ کو دعوت دینے سے باز نہیں آئیں گی، مشین کی حرکت خود جنگ کا تقاضہ کرتی ہے دور نہ جائیے، فلسطین کی مثال سامنے ہے امریکہ میں صدارت کا الیکشن جیتنے کے لئے ارض مقدس کے ہزاروں انسانوں کا خون بہا دیا گیا اور ابھی نہیں معلوم اس صدارت کی دیوی پر خون کی کتنی مقدار بھینٹ چڑھائی جائے گی!

سیاسیات میں بہت سی باتیں فیشن میں داخل ہو چکی ہیں، امن پسندی کی تحریک بھی ایک فیشن سے زیادہ نہیں، سال دو سال میں کسی جگہ جمع ہو کر کاغذی کارروائی عمل میں لے آئے چند ریزولیوشن پاس کر دئے، چند مضامین میں جنگ کی برائیوں اور ہولناکیوں کا نقشہ کھینچ دیا۔

اور شور مچایا گیا کہ جنگ کے خلاف اور امن کی حمایت میں فلاں جگہ کانفرنس ہوئی اور مشاہیر عالم نے باتفاق رائے عالمی امن کے چارٹر پر دستخط کر دیئے: پہلے جنگ کرنے والوں کو آمادہ کرو کہ وہ نہ صرف جنگ کو ترک کر دیں بلکہ قیام امن اور بسط عدل کے لئے موثر تدابیر اختیار کریں حربی کارخانوں کے مالکوں کو راضی کرو کہ وہ اسلحہ تیار کرنے کے بجائے پیداوار کو بڑھانے کے لئے مشینوں کا استعمال کریں، اقتصادی مسابقت کے کچھ اصول طے ہوں، قوم پرستی اور جغرافیائی انصاف پر نظر ثانی ہو، انتخابات کے سیلاب میں کوئی مضبوط بند لگے اور پروپیگنڈا کی نوعیت بدلے پھر ہر ملک ہر صوبہ، ہر ضلع، ہر تحصیل اور ہر شہر اور محلہ کے لوگوں سے جنگ نہ کرنے اور جنگ میں امداد نہ دینے کا عہد لیا جائے، اور مزدوروں اور سپاہیوں کو مارشل اسپرٹ کے دھوکے سے نکالا جائے، اس کے بعد توقع ہو سکتی ہے کہ امن پسندی کی تحریک کامیاب اور عدم تشدد کے اصول کو مقبولیت حاصل ہوگی!

دور جدید میں مہاتما گاندھی سے بڑھ کر عدم تشدد کا مبلغ کون ہو سکتا ہے؟ یہ آپ ہی کی صدا کو فخر حاصل ہے کہ دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہونچ گئی اور مہاتما گاندھی اور عدم تشدد ایک حقیقت کے دو نام ہو گئے۔ مگر واقعہ یہ ہے جو ہر شخص کے مشاہدہ میں ہے کہ مہاتما جی عملی طور پر اپنے مشن میں کامیاب نہ ہو سکے اور پچاس سال کی سرگرم کوششوں کے بعد آپ کے مقصد کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا جس قوم کو آپنے عدم تشدد کے لئے تیار کیا تھا اس کے ایک فرد نے آپ کو تشدد کا نشانہ بنایا اور بالآخر تشدد کے ذریعہ عدم تشدد کا خاتمہ ہوا!

ہمارے خیال میں عالمی امن کے قیام کیلئے ضروری ہے کہ (۱) ایک بین الاقوامی پارلیمنٹ کا قیام عمل میں آئے۔ (۲) اسکے ارکان کے انتخاب میں حکمرانوں کو کسی قسم کا دخل نہ ہو اور صرف دنیا کے عوام ہی اپنے اپنے ملک کے نمائندوں کو منتخب کر لیں۔

(۳) دنیا کی ہر حکومت کو غیر مسلح کر کے اسکی بحری، بری، فوجی اور فضائی طاقت اور حربی کارخانے پارلیمنٹ کے حوالہ کر دیے جائیں۔ حکومتوں کو صرف داخلی نظم و نسق قایم رکھنے کے لئے پولیس کی ایک معینہ تعداد رکھنے کی اجازت ہو

(۴) یہ بین الاقوامی حکومت یا پارلیمنٹ ہی جنگ و امن کا فیصلہ کرے اور مملکتوں کے نزاعی امور کا تصفیہ بھی اسی کی عدالت سے ہو۔

(۵) دنیا کی ہر حکومت اس پارلیمنٹ کے سامنے اپنے اعمال کی جوابدہ ہو اور عوام کو حق دیا جائے کہ وہ اپنی حکومت کے مظالم کے خلاف بین الاقوامی عدالت میں استغاثہ دائر کر سکیں اور وہ اس مقدمہ کی سماعت کر کے مظلوموں کی دادرسی کرے جب تک حکومتوں کے تفعیلات محدود نہیں کئے جائیں گے اور راعی اور رعایا کو ایک سطح پر نہیں لایا جائے گا امن پسندی کی کوئی تحریک اور عدم تشدد کا کوئی وعظ عالمی امن کا ضامن نہیں ہو سکتا۔

مذموم حرکت

[illegible] نے بار بار کہا ہے کہ حیدرآباد [illegible] کوئی تعلق نہیں صوبائی [illegible] کو فرقہ واریت سے بالاتر [illegible]

اچھی باتیں

فخلف۔ تا۔ شیئا۔ (پ ۱۶ع ۷)

ان کے بعد ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نمازیں ضائع کر دیں اور شہوات کے پیچھے پڑ گئے اور اسکا نتیجہ گمراہی اور تباہی کی شکل میں ظاہر ہوا، ہاں جو لوگ رجوع کر لیں اور علم صحیح اور عمل صالح کے ساتھ اپنی زندگی کو سنواریں تو وہ جنت میں داخل کئے جائیں گے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا۔

اسلام نے خداترسی کی جن بنیادوں پر مسلمانوں کا کیرکٹر بنایا تھا جب تک وہ مضبوط رہا دنیا ان کے قدم چومتی رہی اور ہر جگہ ان کی سطوت نے اپنے کرشمے دکھائے لیکن بعد میں آنے والوں نے اس روح کو فراموش کر دیا حتی کہ خدا سے تعلق بھی قایم نہ رہا اور آئمہ کفر و ضلالت کی نقالی میں لگ گئے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی ہوا اکھڑ گئی۔ ان کی شان خاک میں ملی ان کی طاقت سلب ہوئی اور قیادت کے منصب سے محروم کر دیئے گئے اب بھی شان رفتہ کو حاصل کرنے کا وقت ہے اور ایمان کی پختگی اور عمل کی شائستگی پھر انہیں عہد ماضی کی طرف لوٹا سکتی ہے علم صحیح (ایمان) اور اعمال صالح (قوت عمل) کی طاقت سے ہم پھر اپنی رگوں میں نیا خون پیدا کر سکتے ہیں لیکن جو لوگ تقدیر و توکل کو تعطل عمل کے لئے استعمال کریں اور امام مہدی پر تکیہ لگا کر بیٹھ جائیں انکا حشر وہی ہوگا جو اب ہو رہا ہے۔

حیدرآباد کے مسلمانوں کی دلجوئی کیجائے
مولنا بہاری کی حکومت ہند سے اپیل

دہلی ۱۷ ستمبر۔ حکومت ہند نے بڑے صبر و تحمل کے بعد اور مجبور ہو کر حیدرآباد کی اس وقت کی غیر آئینی حکومت کے ظلم و ستم سے وہاں کے باشندوں کو بچانے کے لئے فوجی اقدام کیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ہر وہ شخص جو ان دسکوں کا خواہش مند ہے حکومت ہند کے اس اقدام کو اس وجہ سے کی حمایت تصور کرے گا، ظلم ہر حال ظلم ہے، جس کو کسی حال میں بھی برداشت نہیں کیا جا سکتا یہ ہیں وہ الفاظ جو مولنا نورالدین بہاری رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند نے ایک بیان کے دوران میں کہے۔ بیان کو جاری رکھتے ہوئے مولنا موصوف نے فرمایا پاکستان کی حکومت اور لیگی ارکان نے اس اقدام کو فرقہ وارانہ رنگ دینے کی کوشش کی ہے اور ان کی یہ خواہش ہے کہ ہندوستان کے مسلمان اسی رنگ میں اس کو دیکھیں مگر ہندوستان کے مسلمان لیگ کی حماقت آمیز پالیسی کا شکار ہو کر اس کے نتائج بدر دیکھ چکے ہیں اب وہ کسی حال میں بھی لیگ یا پاکستان کے ارباب حل و عقد کے جھانسے میں نہیں آ سکتے ہندوستان کے مسلمان اس حقیقت کو خوب سمجھتے ہیں کہ حیدرآباد کی بجرانی حکومت کے خلاف اقدام حیدرآباد کی مسلم قوم کے خلاف کوئی اقدام نہیں ہے کیونکہ حکومت ہند نے ہر ممکن طریقے سے حکومت حیدرآباد کو متوجہ کیا کہ حیدرآباد رضاکاران

انجمن اتحاد المسلمین کی غنڈہ گردی کو ختم کر کے ایک ذمہ دار اور پر امن حکومت بنائے اور انڈین یونین کا ایک رفیق ہو جائے۔ مگر دنیا جانتی ہے کہ حیدرآباد نے ہر دفعہ مختلف حیلے حوالوں سے اس سے انکار کیا جس کے بعد حکومت ہند کے لئے سوا اس اقدام کے اور کوئی چارہ کار نہ تھا۔ اگر حکومت ہند یہ اقدام نہ کرتی تو یقیناً وہ جمہوری دنیا کے سامنے مجرم ہوتی۔

ساتھ ہی میں حکومت ہند کو بھی خصوصیت سے متوجہ کرتا ہوں کہ اس کا یہ اقدام صرف رضاکار اور فوجی طبقہ کے خلاف تک ہی محدود رہے گا اور حیدرآباد کی بے پناہ مسلم آبادی کی زیادہ سے زیادہ دلجوئی کی جائیگی تا کہ رضاکاروں کے غلط پروپگنڈہ کا جھوٹ دنیا کے سامنے روشن ہو جائے۔

اشاروں میں حیدرآباد کے مسئلہ کو فرقہ وار قرار دینے اور اپنی برتری ظاہر کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ اسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا نے حیدرآباد کے [illegible] کا جوڑ شیواجی کے حملہ سے لگا کر فرقہ پرستی کی طرف ایک لطیف اشارہ کیا تھا، اب دہلی کے ایک معاصر نے۔ جو اکثریت کا ترجمان ہے۔ اپنے افتتاحیہ میں اپنے چور کو ظاہر کرنے کا فخر اس طرح حاصل کیا ہے۔

"اورنگ زیب کے اورنگ آباد پر قبضہ کرنے کے بعد ہندوستانی قومیں تابڑ توڑ آگے بڑھ رہی ہیں"

گویا دل مچل رہا ہے کہ حیدرآباد پر شیفتگی فرقہ وار رنگ اختیار کرے اور دلوں کا بغض و عناد کسی نہ کسی انداز میں ظاہر ہو جائے اور صاف لفظوں میں نہیں لطیف انداز میں اقلیتوں کو بتا دیا جائے کہ آج اورنگ زیب بھی ہمارے قبضہ میں ہے۔ ہم حکومت سے اپیل کریں گے کہ وہ فرقہ واریت سے پرہیز کریں اور حیدرآباد کے معاملہ پر ہندو مسلم کا سایہ بھی نہ پڑنے دیں!

قرار دیکر عوام سے پر امن رہنے کی اپیل کی ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ پورے ہندوستان میں سکون رہا اور کسی ایک فرد کی بھی نکسیر پھوٹنے نہیں پائی، تاہم ہندوستان میں ایسے عناصر موجود ہیں جن کے دلوں میں فرقہ واریت کا سودا پک رہا ہے اور وہ کسی نہ کسی رنگ میں صاف طور پر نہیں اشاروں ہی

لکھنؤ کے سوشلسٹ اخبار کی زیدہ دہنی

سوشلسٹ پارٹی کے ہفتہ وار اخبار "انقلاب" کے ۱۲ ستمبر کے پرچے میں جس قسم کی یاوہ گوئی اور دریدہ دہنی سے کام لیا گیا ہے وہ ایسا شرمناک فعل ہے کہ ہر معمولی سے معمولی اخلاق والا انسان بھی خواہ وہ کسی مذہب و ملت سے تعلق رکھتا ہو اس سے انتہا درجہ کی نفرت و کراہیت کا اظہار کرے گا قائد اعظم کی وفات حسرت آیات پر شری راجگوپال اچاری پنڈت جواہرلال نہرو، مسٹر سرت چندر بوس، بابا سہائی لیڈر مسٹر بھوپت کور اور خود سوشلسٹ پارٹی کے لیڈر آچاریہ نریندر دیو نے اظہار ہمدردی کیا لیکن اس لوکل اخبار کے ایڈیٹر نے جس قسم کی کمینگی سے کام لیا ہے اس کی نظیر ملنا مشکل ہے موت و فوت کا سلسلہ تو دنیا میں ہر انسان کے [illegible] لگا ہوا ہے اور وفات طبعی سے کسی کو مفر نہیں کسی کی موت پر خوش ہونا اور اس کو اور اس کے پسماندگان کو گالیاں دینا اور طرح طرح کی جھوٹی خبریں اڑانا یہ ان انسانوں کا کام ہوتا ہے جن کے یہاں خوف خدا کا تو خانہ خیر خالی ہوتا ہی ہے انسانیت کا شائبہ بھی پایا نہیں جاتا۔ اخبار انقلاب کے نام نہاد مسلمان ایڈیٹر نے نہ صرف یہ بہت بڑا اخلاقی جرم کیا ہے کہ مرحوم قائد اعظم اور مملکت پاکستان کی سفل سربرآوردہ ہستیوں کو گالیاں دی ہیں اور محض فرضی اور من گھڑت خبریں اڑائی ہیں، بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر اس کا یہ جرم ہے کہ اس نے حضرت کریم صلعم او صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بھی ہتک کی ہے جو انقلاب موخرہ ۱۲ ستمبر کی حسب ذیل عبارت سے ظاہر ہے "پاکستان کی نام نہاد اسلامی مملکت کے تخت اعلی پر سرفراز ہونے کے لئے وہاں بالکل ایسی ہی کیفیت پیدا ہوئی ہے جیسی پیغمبر محمد کی موت کے بعد خلافت حاصل کرنے کے لئے قیامت مچ گئی تھی۔"

اس عبارت میں سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ رسول کریم صلعم کا نام بہت بے ادبی سے لیا گیا ہے۔

ہند یونین میں جمیعۃ علماء کے کم از کم پندرہ لاکھ ممبر بنانے کا اہم کام
ناظم جمیعۃ علماء کی طرف سے صدر و ناظم صاحبان جمیعۃ کو ضروری ہدایتیں

دہلی ۱۸ ستمبر۔ حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمیعۃ علماء ہند نے صدر و ناظم صاحبان جمیعۃ علماء کے نام حسب ذیل مراسلہ جاری فرمایا ہے۔

دستور اساسی جمیعۃ علماء ہند کی دفعہ (۵۲) کے بموجب ابتدائی ممبری کی آخری تاریخ [illegible] ستمبر شروع ہو چکا ہے اور اس کی آخری تاریخیں بورا ستمبر ماہ میں بھی باقی نہیں ہے

اس تھوڑے وقت میں ہند یونین میں کم از کم پندرہ لاکھ ابتدائی ممبر بنانے کا اہم کام صرف اس صورت سے انجام پا سکتا ہے کہ جمیعۃ سے تعلق رکھنے والا ہر شخص ہمہ تن اس خدمت کی طرف متوجہ ہو جائے اور ہر ایک ہر ممکن کوشش کرے کہ اس مدت میں یہ مہم سر ہو سکے۔

آج جبکہ ہندوستان سابق نظام کے [illegible] منہدم ہو کے [illegible] نیا رنگ روپ اختیار کر رہا ہے مسلمانوں کا منتشر شیرازہ اس طرح مجتمع ہو سکتا ہے کہ وہ اپنی مذہب و ثقافت کو اسی طرح محفوظ رکھ سکتے ہیں کہ وہ جمیعۃ علماء کے زیادہ سے زیادہ ممبر بن کر اس کے نظام کو وسیع اور اس کی آواز کو طاقتور بنائیں۔ [illegible] جماعت ہے جو اسی ادارہ کی اہمیت اور استقلال کی عظیم تاریخ اپنی پشت پر رکھتی ہے۔ اور آزادی اور ترقی ملک کی جد و جہد میں انڈین نیشنل کانگریس کے دوش بدوش کام کرتی رہی ہے۔ اس کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے ہمارا فرض ہے کہ

(۱) جہاں جمیعۃ علماء قائم ہے وہاں چار آنے والے ممبر زیادہ سے زیادہ بنائیں۔

(۲) جہاں جمیعۃ علماء قائم نہیں وہاں جلد از جلد جمیعۃ علماء قائم کریں۔

(۳) جمیعۃ علماء قائم کر کے [illegible] ممبر بنانے والے بنائے جائیں۔ جمیعۃ ابتدائی [illegible] انتخاب کریں [illegible] ان کا انتخاب کریں۔

(۴) ہر جمیعۃ علماء کے دفتر میں ابتدائی ممبران کا ایک رجسٹر ہو جس میں ممبران کے اسماء گرامی [illegible] اور ممبریت کی تاریخ درج ہوگی۔

(۵) فارم ممبری اسی طرح جمیعۃ علماء کی طلب کے سپاہی میں [illegible] کا حساب صاف رکھا جائے۔ وصول شدہ فارم اور ان کا حساب باضابطہ رکھا جائے۔

(۶) مقامی جمیعۃ علماء پر لازم ہوگا کہ فیس ممبری کا [illegible] کا ایک تہائی بالا جمیعۃ کو ادا کرے [illegible] جمیعۃ علماء ضلع کو۔ [illegible] کا ایک ثلث ادا کرے گی اور جمیعۃ علماء صوبہ پر لازم ہوگا کہ وہ فیس ممبری کی آمدنی کا ایک تہائی حصہ مرکز کو ادا کرے۔

(۷) صدر دفتر مرکزی جمیعۃ علماء نے فارم ممبری کافی تعداد میں چھپوا لئے ہیں۔ صوبائی جمعیتیں حسب ضرورت طلب کر سکتی ہیں مگر ان کی قیمت ادا کرنی ہوگی۔

چار ہزار فارم ممبری کی قیمت پندرہ روپے ہوگی۔ محصول ڈاک صرف [illegible] اس کے علاوہ ہوگا۔

(دستخط) مولانا محمد میاں ناظم جمیعۃ علماء ہند دہلی۔

ہند کی فصلوں کے تخمینہ کے بارے میں وزارت زراعت کا پریس نوٹ
زیر کاشت رقبہ میں کمی پیداوار میں ۱۳ فی صدی کا اضافہ

نئی دہلی ۱۸ ستمبر حکومت ہند کی وزارت زراعت کے ایک پریس نوٹ میں اس سال کی گیہوں اور تل کی فصلوں کا تخمینہ بتایا گیا ہے۔ یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ زیر کاشت رقبہ میں کمی ہو گئی ہے۔ لیکن پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ پریس نوٹ کا پورا متن حسب ذیل ہے۔

وزارت زراعت کے شعبہ اقتصادیات کے بیان کردہ اعداد و شمار کے مطابق ہند یونین میں ۴۸-۱۹۴۷ء کی گندم اور تل کی فصلوں کا اوسط اور پیداوار کا تخمینہ نیچے دیا ہوا ہے۔ یہ تخمینہ گندم کی فصل کے بارے میں آخری پیشین گوئی اور تل کی فصل کی حتمی پیشین گوئی کے عین مطابق ہیں۔ لیکن یہ دونوں پیشینگوئیاں وقت پر شائع نہ کی جا سکیں کیونکہ مختلف علاقوں سے وقت پر اطلاعات موصول نہ ہو سکی تھیں

گندم

رقبہ زیر کاشت ۰۰۰، ۲۰۲۰ ایکڑ ہے۔ اور پیداوار ۰۰۰، ۳۴۲۶ ٹن سال ۴۷-۱۹۴۶ء میں رقبہ زیر کاشت ۰۰۰، ۳۴۳۵ ایکڑ تھا۔ اور پیداوار ۰۰۰، ۴۶۷ ٹن تھی اس سے رقبہ زیر کاشت میں تو ۲ فی صدی کی کمی ظاہر ہوتی ہے لیکن پیداوار میں ۲ء۷ فی صدی کا اضافہ۔

ان تخمینوں میں بمبئی کی ریاستوں کے گروپ میں سے بعض چھوٹی ریاستوں کے اعداد و شمار شامل نہیں ہیں جن کے بارے میں پیشینگوئی کے اعداد و شمار موصول نہیں ہوئے ہیں ان ریاستوں میں اندازاً ۰۰۰، ۱۹ ایکڑ زمین گندم کی کاشت کی گئی ہے۔

تل (مجموعی)

رقبہ زیر کاشت ۰۰۰، ۱۰۴ ۳۴ ایکڑ اور پیداوار ۰۰۰، ۳۳۳ ٹن ہے ۴۷-۱۹۴۶ء میں رقبہ ۰۰۰، ۳۴ [illegible] ایکڑ اور پیداوار ۰۰۰، ۳۴۳ ٹن تھی۔ رقبہ زیر کاشت میں ۰۶ ء ۷ فی صدی کی کمی اور پیداوار میں ۳ فی صدی کا اضافہ ہوا۔

رقبہ زیر کاشت میں زیادہ کمی سی۔ پی برار اور پی پنجاب۔ گوالیار وسطی ہند کی ریاستوں اور حیدرآباد میں ہوئی جس کی وجہ سے گیہوں کی کمی اور فصل ذ [illegible] کے رقبہ جات میں اضافہ بیان کی گئی ہے۔ پیداوار میں زیادہ تر اضافہ یو۔ پی بمبئی۔ سی پی برار اور وسط ہند کی ریاستوں میں ہوا۔

گرانی اور نیشکر

مکرمی ایڈیٹر صاحب: سلام مسنون سطور ذیل برائے اشاعت ارسال ہیں۔

جب سے ہندوستان میں شکر کے ملوں کا اجرا ہوا اور بیرون ممالک میں اس کی فروخت سے کثیر آمدنی ہوئی ہوں وقت سے کاشتکاروں نے اس کی کاشت کی طرف بہت زیادہ توجہ دی ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ حکومت بھی اس کی حوصلہ افزائی کرتی رہی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نیشکر کی کاشت نہایت وسیع پیمانہ پر ہو رہی ہے اور گندم کی کاشت روبہ تنزل ہے۔ اگر آپ میرے تجربہ کے مطابق۔ ایسٹ انڈین ریلوے پر سفر کریں۔ اور اپنی نظروں کو باہر کی طرف مرکوز رکھیں تو اس سے صوبہ کے مغرب سے مشرق اور جنوب تک نیشکر نظر آئے گی اور گندم کی کاشت کم تعداد میں۔

آج کل گندم کی قلت اور گرانی نے ہر شخص حتی کہ حکومت کو ہراساں کر دیا ہے اور اس کے اسباب و علل پر غور ہو رہا ہے اگر بنیادی سبب کو تلاش کر کے مرض پر عمل جراحی کیا گیا تو عجب نہ، کے دور ہونے کا قوی امکان ہے

دوسری بات یہ کہ آپ کے لئے موت کا لفظ استعمال کیا ہے جو ایک عام انسان کے لئے بھی مناسب نہیں ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ اس عبارت کے آخری الفاظ میں صحابہ کرام کی کھلم کھلا ہتک کی گئی ہے۔ (عبدالعزیز لکھنؤ)

ورنہ پھر وہ کسی دوسری شکل میں حد آور ہو جائے گا لہذا میری ناچیز صلاح ماہرین خوراک کی خدمت میں یہ ہے کہ نیشکر کی کاشت کو اتنا محدود کر [illegible] جتنی کے ملک کو اس کی احتیاج ہے اور برآمد کو بالکل بند کر دیا جائے [illegible] کاشتکاروں کو [illegible] جائے کہ وہ صرف آتنی نیشکر کاشت کریں [illegible] کہ وہ کولھو میں پیل سکیں [illegible]

لوگوں کی صحت دیکھتے کے [illegible] یہ [illegible] سوکھی کہ طبی نقطہ نظر سے ملوں کی [illegible] اور تو انائی کے لئے مضر ہے، خارش کی زیادتی [illegible] شدت ہیضہ اور قبض، بدن پر پھنسیاں [illegible] ہونا انہی حضرت کا انعام ہے [illegible] ہے کہ لوگ اس کا مصفی [illegible] ہیں تیز گندم کی قلت پیدا وار کی وجہ سے یہ [illegible] اس صورت میں تین فائدے متصور ہیں۔

(۱) گندم کی قلت کثرت میں تبدیل ہو جائے گی

(۲) ملک کے باشندوں کی صحت کو جو گھن لگ رہا ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

(۳) جانوروں کو بھوسہ وافر مقدار میں میسا ہو [illegible] میں ترقی ہوگی اور گھی، دودھ [illegible] اور ملک کی دولت میں بیحد اضافہ ہو جائے گا۔

خاوند سے عقیدت

[illegible] کے مقام [illegible] میں ایک عورت

روزنامہ الجمعیۃ دہلی ۲۳ ستمبر ۱۹۴۸ء

برطانوی پارلیمنٹ میں حکومت ہند کے رویہ کی حمایت

پارلیمنٹ میں لیبر ممبر مسٹر ریجنالڈ کی تقریر

لندن ۱۶ ستمبر۔ پارلیمنٹ میں مسٹر ریجنالڈ سورنسن نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے مسٹر سینفورڈ کرپس کا ذکر کیا۔ ممبر ہندوستان پر اپنا رسوخ کامیابی سے استعمال نہیں کرسکتا۔ کیا مسٹر سینفورڈ کرپس ہندوستان کو جو دوسری طرح چاہتے ہیں، وہ نہیں دیکھ رہے۔

کرنل ڈیاس نے ڈوائلن دی قدامت پسند نے کہا کہ ہندوستان نے اپنی شرطوں کے سوا کسی دوسری شرط پر حیدرآباد سے سمجھوتہ کرنے کی کوشش نہیں کی۔ ہندوستان کا رویہ ہٹلر کی طرح ہے۔ ہندوستان میں جو جانی نقصان ہوا اس کی ذمہ داری برطانیہ اور اس کے خاندانے پر ہے۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن پوری بیٹھنے کے کمانڈر کی حیثیت سے بہت قابل تھے اگر وہ وہاں بھی رہتے تو ایک بہت بڑے انسان ثابت ہوتے لیکن گورنر جنرل کی حیثیت سے وہ ہندو کی طرف جھکے ہوئے تھے۔

آپ نے کہا کہ برٹش گورنمنٹ صاف لفظوں میں یقین دلائے کہ وہ لڑائی بند کرانے کے لئے حیدرآباد گورنمنٹ کی حمایت کرے گی۔

مسٹر ولسن نے کہا کہ کرنل ڈوئلن کی تقریر سے مجھے معلوم ہوا ہے انہوں نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے متعلق جو کچھ کہا ہے وہ بہت افسوسناک ہے۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی خدمات نہایت قابل تعریف ہیں اس طرح حملہ کرنا شرمناک ہے۔ حیدرآباد کے متعلق وزیر خارجہ نے جو کچھ کہا ہے وہ کافی اور درست ہے۔

ہندوستانی پوزیشن درست ہے

لیبر ممبر مسٹر ریجنالڈ پیجٹ نے کہا کہ ہاؤس کو ہندوستان کی پوزیشن کو درست تسلیم کرنا چاہئے۔ ... نظام اپنی الگ خارجہ پالیسی چلانا چاہتا ہے ... حیدرآباد کی پوزیشن درست ہے۔

[illegible]

میں ہند کے ساتھ دوستی کا نیا باب شروع کرنا چاہتا ہوں

حیدرآباد ریڈیو پر نظام کا اپنی رعایا کے نام پیغام

حیدرآباد ۱۸ ستمبر۔ گذشتہ شب حیدرآباد ریڈیو پر نظام حیدرآباد نے اپنی ریڈیائی تقریر میں کہا کہ ریاست کے اندر امن اور انتظام قائم ہونے کے بعد حکومت ہند کے ساتھ ایسا سمجھوتہ کرنا ممکن ہوگا جس کے بعد ریاست کے لوگ ہندوستان کے لوگوں کے ساتھ محبت کے ساتھ رہ سکیں گے۔ ان کی پوری تقریر ذیل میں درج ہے۔

نظام کی براڈکاسٹ تقریر حسب ذیل ہے:-

میری محبوب رعایا!

مجھے آپ لوگوں کو یہ معلوم کرتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ میں نے آج ہند کے گورنر جنرل ہز ایکسلنسی راج گوپال آچاریہ کو حسب ذیل پیغام بھیجا ہے:

"میری حکومت نے اپنا استعفیٰ پیش کر دیا ہے اور مجھ سے درخواست کی ہے کہ میں سیاسی صورت حال اپنے ہاتھ میں لے لوں۔ اس کے جواب میں میں نے انہیں بتایا کہ مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ ایسا پہلے کیوں نہیں کیا گیا اور یہ کہ اس نازک موقع پر میرے لئے کچھ کرنا مشکل ہے بہر حال میں نے اپنی فوجوں کو جنگ بند کرنے کا حکم دے دیا ہے اور میں نے رضاکاروں پر پابندی لگانے اور ہندوستانی فوج کو بولارم اور سکندرآباد پر قبضہ کرنے کا بھی حکم دے دیا ہے۔ اس کے علاوہ جب تک کہ میں ایک نیا وزیر اعظم مقرر کروں اور جب تک کہ مجھے ایک نئی وزارت بنانے کا موقع ملے میں حسب ذیل اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کرتا ہوں۔

ہز ہائی نس پرنس آف برار کمانڈر انچیف

میجر جنرل العیدروس، کمانڈر

نواب زین یار جنگ، کمشنر آف پولیس

مسٹر راما چاری، سابق وزیر

مسٹر ابوالحسن سید علی سابق صدر اتحاد المسلمین

مسٹر پنا لال

میں مواصلات کے قائم مقام ... نواب زین یار جنگ اور دیوان بہادر آراوامو آئینگر کو بھی بلا رہا ہوں اور ان سے اس صورت حال پر مشورہ کروں گا۔ جو وزارت کے استعفے اور موجودہ تعطل کی وجہ سے پیدا ہو گئی ہے۔

میں نے اسٹیٹ کانگریس کے پریذیڈنٹ سوامی رامانند تیرتھ کی رہائی کے بھی احکام جاری کرنے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ وہ اس بحران میں حیدرآباد کی امداد کریں گے۔ میں نے اسٹیٹ پیپلز کانگریس کی مرکزی مجلس عمل کے ارکان کی گرفتاریوں کے وارنٹ بھی منسوخ کر دئیے ہیں۔

میں نے اپنے دوست ہند کے ایجنٹ جنرل مسٹر کے ایم منشی سے بھی مشورہ کیا ہے۔ میں ان کی اس امداد کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو انہوں نے اس موقع پر مجھے دی۔

میری تمام محبوب رعایا سے ذات اور عقیدہ کی تمیز کے بغیر سکون اور صبر قائم رکھنے کی اپیل کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ حیدرآباد میں امن و قانون بحال ہونے کے بعد ہند سے کوئی سمجھوتہ کرنا مشکل نہ ہوگا۔ جس کے مطابق میری رعایا میں کی بہبودی ہی میری خوشی کا باعث ہوتی ہے ہند کے باقی عوام کے ساتھ امن اور رفاقت کی زندگی بسر کر سکے۔

میں نے اپنی پرانی وزارت کے اپنے ان نمائندوں کو بھی جو حیدرآباد کی طرف سے مجلس اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں گئے ہوئے ہیں یہ حکم دیا ہے کہ وہ اس معاملہ کی پیروی نہ کریں کیونکہ میں ہند کے ساتھ دوستی کا ایک نیا باب شروع کر رہا ہوں۔

میں رعایا کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میں خانوادہ آصف جاہی کی بہترین روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ذات پات اور عقیدہ کی تمیز کے بغیر اپنی رعایا کی خبر گیری کرتا رہوں گا۔"

میر لائق علی کی تقریر

میر لائق علی وزیر اعظم حیدرآباد نے ریڈیو پر اعلان کیا کہ ان کی وزارت نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اور آج نئی وزارت بنائی جائے گی۔ پوری تقریر جو بذریعہ براڈکاسٹ کی گئی ہے حسب ذیل ہے:-

گذشتہ پانچ یوم کی تاریخ کو ہمیں بھلایا جا سکتا ہم نے محسوس کر لیا ہے کہ ہم اپنی آخری حد تک پہنچ گئے ہیں۔ آج صبح سویرے کابینہ نے فیصلہ کیا کہ اب انڈین یونین کی بہت بڑی قوت اسلحہ اور ہوائی جہازوں کے مقابلہ کا مزید مقابلہ کر کے انسانی خون بہانے کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔

ان تمام مصالح کو ملحوظ رکھتے ہوئے وزراء کی کونسل نے استعفیٰ دے دیا ہے اور اپنی ذمہ داری کو فرماں روا کے ذی وقار ہاتھوں میں دینے کا فیصلہ کر لیا۔ یہ ماجرا درخواست اعلیٰ حضرت میں وصول ہوئی لیکن نظام نے اسے قبول کر لیا اور ریاست کی تمام ذمہ داری اپنے ہاتھ میں لے لیتے اور ایک نئی کابینہ کو تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یہ کابینہ کل سے کام شروع کر دے گی۔

نظام نے ہند کے گورنر جنرل کے نام بھی ایک پیغام بھیجا ہے جس میں انہیں مطلع کیا گیا ہے کہ انہوں نے حکومت کی پوری ذمہ داری اپنے ہاتھ میں لے لی ہے۔ انہوں نے یہ بھی حکم دیا ہے کہ آج شام کے ۵ بجے سے حیدرآباد کی فوج جنگ بند کر دے گی۔

حکومت ہند کو اس امر سے بھی مطلع کر دیا گیا ہے کہ ہندوستانی فوج بغیر کسی مزاحمت کے سکندرآباد پہنچ سکتی ہے۔ اور یہ کہ رضاکاروں کی جماعت پر پابندی لگا دی جائے گی۔

اس موقعہ پر مجھے یہ بیان کر کے مسرت ہوتی ہے کہ پچھلے پانچ یوم کے عرصہ میں کہ جبکہ کل ریاست پر پورا کنٹرول رہا اور ایک بھی فرقہ وارانہ بلوا یا کسی اور قسم کا واقعہ نہیں ہوا۔ ہر شخص نے بے مثال نیک نیتی اور رواداری کا مظاہرہ کیا۔ مجھے امید ہے اور میری دعا ہے کہ یہ باہمی اعتقاد اور احترام جاری رہے گا۔

آخر میں ہر مرد اور عورت سے اپیل کروں گا کہ وہ نظم و ضبط کی جرأت اور ضبط سے سامنا کریں اور کوئی ایسی بات نہ کریں جس سے ہمارے اخلاق اور کردار پر دھبہ آئے۔ خدا آپ کی مدد کرے۔

پنڈت نہرو تقریر نشر کریں گے

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کل رات کو ۸ بجے تقریر نشر کریں گے جو آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں سے نشر کیا جائے گا۔

نہرو کی طرف سے دلائے گئے اطمینان کو دہراتے ہوئے کہا کہ ہندوستان ایک غیر فرقہ وارانہ ملک ہے جس میں مذہب یا مسلک کا کوئی امتیاز نہیں۔ ہندوستان اس اصول پر قائم رہنے کی پوری کوشش کرے گا اور ہر انسان کو بلا لحاظ مذہب و ملت مساوی حقوق حاصل ہوں گے۔ اس ضمن میں کسی ہندو یا مسلمان کو کوئی خوف نہ ہونا چاہئے۔ آپ نے حیدرآباد کے عوام کو تلقین کی کہ خوف و ہراس کو دور کر دیں۔ آپ نے اعلان کیا کہ ہند کی فوج بطور دوست شہر میں داخل ہو رہی ہے لیکن آپ نے انتباہ کیا کہ امن شکنی کی کوئی کوشش برداشت نہ کی جائے گی۔ آپ نے یقین دلایا کہ کسی پرامن شہری کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچائی جائے گی۔ ہندوستان کی فوج حیدرآباد کی ہی فوج ہے جو آپ کی دوست کے طور پر ۱۲ ماہ کے خوف سے نجات دلانے آئی ہے۔ آپ نے ہندو مسلمانوں سے اپیل کی کہ باہم محبت اور اتحاد سے رہیں اور حیدرآباد کو ہندوستان کا قابل تقلید حصہ بنانے کی کوشش کریں۔

خدا و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھئے

آزاد ہند فوج کے آدمیوں کو بھرتی ہونے کی سہولتیں دیدی گئیں

ان سے سابق نوجوان کا سا سلوک کیا جائیگا حکومت ہند کا اعلان

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ سابق آزاد ہند فوج کے آدمیوں کو اب ہندوستانی فوج میں بھرتی کیا جا سکتا ہے۔ ... پنشن بحال کر دی جائے گی ... آزاد ہند فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے وہ لوگ ہندوستانی فوج میں افسر تھے ... ان سے وہی سلوک کیا جائے گا جو سابق آزاد ہند فوجیوں کے ساتھ ... ہندوستانی فوج میں بھرتی کئے جانے کا سوال پر غور کیا جا سکتا ہے۔

کلکتہ میں سٹین گنوں، رائفلوں کے کارتوس اور دیگر اسلحہ پکڑا گیا

کلکتہ ۱۸ ستمبر۔ کلکتہ سٹی پولیس کمشنر کا بیان ہے کہ سابقہ ہفتہ میں پولیس نے بھاری مقدار میں اسلحہ ۱۲ مقامات پر چھاپے مارے ... گرفتاریاں کی گئیں۔ مرکزی ڈسٹرکٹ پولیس نے سٹین گنوں کے کارتوس ... اس کے علاوہ چار اینٹی ٹینک ... رائفلوں کے کارتوس ... جو کہ گرفتار کئے گئے ...

خطوں اور تاروں پر سنسر لگا دیا گیا

غیر معمولی گزٹ میں اعلان

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ حکومت ہند نے بیلک سیفٹی آرڈیننس کی دفعہ کے مطابق ... اختیارات ... حکومت کو خطوں اور تاروں کو سنسر کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ ... ٹیلیفون اور ٹیلیگرام پر قبضہ کر سکتی ہے۔ ... ضرورت کے وقت حکومت کو حق حاصل ہے کہ ... گھروں کے ذریعہ خط بھیجنے کی بجائے زبانی ... ہوائی جہازوں پر کنٹرول کر لیا جائے گا۔

حیدرآباد ریڈیو سے لائق علی کی تقریر

پنڈت جواہر لال نہرو سے فیاضی کی اپیل

کراچی ۱۸ ستمبر۔ گذشتہ شب حیدرآباد ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے میر لائق علی نے پنڈت نہرو سے درخواست کی کہ وہ لڑائی بند کرنے کا حکم دیدیں۔ میر لائق علی نے کہا ہندی فوجوں کے ہتھیاروں اور سامان حرب کی برتری اور اعلیٰ کی وجہ سے ہندی فوجیں حیدرآباد پر غالب آ جائیں گی۔ انہوں نے کہا آج بھی حیدرآباد و ہندوستان کے خلاف کوئی برائی نہیں رکھتا۔ میر لائق علی کی اپیل کے الفاظ یہ ہیں۔

پیارے پنڈت نہرو! آپ نے ہندوستان کی امن پسندانہ روایات کا ذکر کرتے ہوئے جو تقریر کی اس سے میں بہت متاثر ہوا ہوں۔ ... اس بات کا اظہار کرتا ہوں کہ حیدرآباد کے لوگوں مردوں اور عورتوں کی اکثریت ... لڑائی جاری رکھنے کا ارادہ مضبوط کر رہے ہیں۔

میر لائق علی نے کہا کہ سکندرآباد میں ہندوستانی فوجیں رکھنے کا مطالبہ ہماری خودداری پر ضرب لگانے کے مترادف ہے۔ بلاشبہ ہندوستانی فوجیں تعداد اور ہتھیاروں کے غلبہ کی وجہ سے جلد یا بدیر کامیاب ہو جائیں گی لیکن اس سے حیدرآباد کے لاکھوں باشندوں کے دلوں میں کشیدگی اور نفرت کا ایک ایسا جذبہ پیدا ہو جائے گا جو نسلوں تک قائم رہے گا۔

تقریر جاری رکھتے ہوئے میر لائق علی نے کہا کہ ... ہمارے دلوں میں ہندوستان سے کوئی کدورت نہیں اور ہم دوستوں کی طرح رہنے کی خواہش رکھتے ہیں۔

ان حالات میں اگر آپ جرأت سے کام لیں تو مجھے یقین ہے کہ آپ فوراً لڑائی بند کرنے کا حکم دے کر ہندوستان اور ہم میں فیاضانہ مفاہمت کر سکتے ہیں۔ اور اس طرح ہمارے دلوں کو جیت کر تمام دنیا پر احسان کر سکتے ہیں۔ اس طرح سے آپ برادرانہ دوستی کے اچھے جذبات پیدا کریں گے جو نسلوں تک قائم رہیں گے۔

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ میری درخواست پر فیاضی سے جواب دیں تو حیدرآباد صدق دلی سے آپ کا ممنون ہوگا۔

اختر شیرانی کا ماتم

دہلی ۱۸ ستمبر۔ ... اختر شیرانی ... ایک ادبی جلسہ ... اختر شیرانی کی وفات پر ... تعزیتی قرارداد ... منظور کی گئی۔

> ## لکھنؤ میں جمعیۃ علماء کی سب کمیٹیوں کی میٹنگ
>
> جمعیۃ علماء ہند نے اپنے سالانہ اجلاس میں جو تجویز منظور کی تھی اس کے ذریعہ دو سب کمیٹیاں منتخب کی تھیں۔
>
> ایک سب کمیٹی اوقاف کے تحفظ اور ان کے لئے مسودہ قانون مرتب کرنے کے لئے منتخب کی گئی تھی اور دوسری سب کمیٹی مسودہ تفاسیر مرتب کرنے کے لئے۔
>
> ان دونوں کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس ۳ ستمبر سے ۵ اکتوبر تک دفتر انجمن اتحاد و ترقی دین لکھنؤ میں ہوگا۔
>
> ارکین محترم کی خدمت میں دعوت نامے ارسال کر دئیے گئے ہیں۔
>
> (ناظم نشرو اشاعت جمعیۃ علماء)

ہند اور پاکستان کی سرحد پر امن ہے

شملہ ۱۸ ستمبر۔ مشرقی پنجاب میں ہندوستان و پاکستان کی سرحد پر تمام حالات معمول کے مطابق ہیں حیدرآباد میں فوجی کارروائی کرنے سے سرحدی علاقوں پر ... کسی واقعہ کی اطلاع نہیں ... لیکن احتیاط ... انتظامات کو زیادہ بہتر کر دیا گیا ہے ... ہراس نہیں ہے ... اس شخص نے بتایا کہ سرحدی علاقوں کے لوگ ... اپنے روزمرہ کے کاروبار میں ...

صوبہ سندھ کے سنگھی لیڈر کو عمر قید

کراچی ۱۸ ستمبر۔ صوبہ سندھ کے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے ۱۲ سالہ صدر لیڈر مسٹر کھانچند گوپال داس اور سنگھی ورکر بدرانی کو جو کہ شکارپور کالونی بم کیس و ملزم ہیں سے دو ہیں عمر قید کی سزا دی گئی ہے علاوہ ازیں خانچند پر ۵۰ ہزار روپیہ اور نند بدرانی پر ۲۰ ہزار روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے آج سپیشل ٹریبونل کے جج مسٹر منشی رحیم نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا ان تمام ملزمان کے خلاف حکومت پاکستان کو طاقت کے زور سے تختہ الٹنے اور تاج کے خلاف جنگ کرنے کا الزام تھا۔

ہندی کمانڈر انچیف کا نظام حیدرآباد کو الٹی میٹم

انسانیت کی خاطر اور خونریزی روکنے کیلئے جنگ بند کردو

وہ اپیل جو کارگر ہوئی

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ حیدرآباد ریڈیو کے اس اعلان سے کہ نظام نے اپنی فوجوں کو ہتھیار ڈالنے کا حکم دے دیا ہے۔ ہندوستانی فوجوں کے کمانڈر انچیف جنرل راجندر سنگھ جی نے ریاست حیدرآباد کی فوجوں کے کمانڈر انچیف جنرل العیدروس کے نام حسب ذیل الٹی میٹم بھیجا تھا۔ "آپ نے یہ احساس کر لیا ہوگا کہ ... حالات پیدا ہو گئے ہیں ... کیونکہ آپ کی فوج اب مزید مزاحمت کرے گی۔ تو اس کا نتیجہ اس کے سوا کچھ نہیں نکل سکتا۔ کہ بلا ضرورت جانی نقصان ہو۔ رضاکاروں اور دوسرے مخالفانہ عناصر نے جہاں کہیں ہماری فوجوں کو مزاحمت پیش کی۔ انہیں منتشر اور غیر مسلح کر دیا گیا۔ میری فوجیں اب ایسے مقامات پر پہنچ چکی ہیں کہ وہ کئی سمتوں سے حیدرآباد میں داخل ہو سکتی ہیں۔ اس لئے میں آپ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ انسانیت کی خاطر اور بلا ضرورت اتلاف جان کو روکنے کے لئے ہتھیار ڈال دیں۔"

حکومت ہند کو چاہیئے کہ گوآ پر فوراً قبضہ کر لے

گوآ کانگریس کمیٹی کے سکرٹری کا مطالبہ

بمبئی ۱۸ ستمبر۔ نیشنل کانگریس گوآ بمبئی کے سکرٹری مسٹر جارج وزیر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہند گورنمنٹ ... گوآ کے حالات ... ظلم و تشدد کا خاتمہ کر دے۔

آپ نے کہا کہ ... اطلاعات ... گوآ کے سرحدی علاقوں ... گرفتار ... گاندھی جی ... پنڈت نہرو ... حکومت ہند کو چاہئے کہ وہ ... گوآ کے بھائی اور بہنوں کی ... حکومت ... کی رسی ہے۔

مسٹر ... نے کہا کہ گوآ ہمیشہ ہندوستان کا حصہ رہا ہے اور کسی حالت میں بھی ایک غیر ملکی طاقہ کا تسلط نہیں رہ سکتا۔

آپ نے آخر میں حکومت ہند اور ہندوستان کے لوگوں کو یقین دلایا کہ گوآ کے لوگ اس ہنگامی حالت میں پوری طرح ہندوستان کے ساتھ ہیں۔

۲۱ اشخاص محراب گرنے سے ہلاک

بمبئی ۱۸ ستمبر۔ بمبئی میں سینٹ کروز کے مقام پر ایک حادثہ ہوا ۲۱ اشخاص ہلاک ہو گئے بیان کیا جاتا ہے کہ ایک ہزار اشخاص گرد اپنا جلوس دیکھ رہے تھے جب کہ سینٹ کی ایک محراب جس پر کہ ... آدمی بیٹھے تھے دھڑام سے نیچے آ گری اور ۲۱ اشخاص اس محراب کے نیچے آ کر ہلاک ہو گئے پولیس اور فائر بریگیڈ نے ابھی تک ... لاشیں نکالی ہیں اور ابھی ... اشخاص کا پتہ نہیں چلا۔

ہندستان کی فوج حیدرآباد ہی کی فوج ہے

حیدرآباد ریڈیو پر مسٹر کے ایم منشی کی تقریر

حیدرآباد ۱۸ ستمبر۔ کل حیدرآباد ریڈیو پر مسٹر کے ایم منشی جو حیدرآباد میں ہند کے ایجنٹ جنرل ہیں انہوں نے تقریر کرتے ہوئے یقین دلایا کہ ہندستان کی فوج نہ صرف ہندوستان بلکہ حیدرآباد کی فوج بھی ہے۔ جو حیدرآباد کے لوگوں کو ان کی مصیبتوں سے نجات دلانے آئی ہے۔ جن میں وہ گذشتہ بارہ ماہ سے پھنسے ہوئے ہیں۔

مسٹر منشی کی براڈکاسٹ تقریر

مسٹر منشی جنہوں نے نظام کے زیر صدر تقریر کی کہا کہ کل مجھے نظام سے ملاقات کرنے کا موقعہ ملا۔ ... میں نے پولیس ایکشن کی غرض و غایت اور مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ اس کا مقصد حیدرآباد میں محض امن و ضبط کا قیام ہے۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہوتی ہے کہ نظام نے اس کارروائی کو پسندیدگی ... اور آج صبح انہوں نے ... بند کرنے کا حکم جاری کر دیا۔

مسٹر منشی نے بتایا کہ میں نے نظام کا پیغام گورنر جنرل ہند کو پہنچا دیا ہے۔ ... جنرل ... مسٹر ... کو ... کے ساتھ ... اور دیگر افسران سے ...

ابھی ربط حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ... کے متعلق نظام کی ہدایات کی اطلاع نہیں دی ... امید ہے کہ ہم کل صبح حیدرآباد سے ... جا کر ہندستانی فوجوں کا خیر مقدم کریں گے اور میجر جنرل العیدروس اور نواب زین یار جنگ ... ہمراہ ہوں گے۔

حیدرآباد کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے مسٹر منشی نے کہا کہ ... ہندی عوام کے ساتھ ... ہیں ہم سب ایک قوم ہیں۔ دنیا کی کوئی طاقت ہمیں الگ نہیں رکھ سکتی۔ نظام کے ... آپ لوگوں کو ... ساتھ ... رہنا ہے۔ ... پنڈت ...

سر ... بہادر سپرو کا اظہار مسرت

[illegible]

ہندوستانی کابینہ کا نظام حیدرآباد کی صلح کی درخواست پر غور

اتحاد المسلمین کے عہدیداروں اور رضاکاروں کے روپوش ہو جانے کا اندیشہ

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ حیدرآباد کی حالت میں اچانک جو تغیر واقع ہوا ہے اس پر غور کرنے کے لئے گزشتہ شام نئی دہلی میں ہندوستانی کابینہ کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ کابینہ کے وزراء اس بارے میں متفق الرائے تھے کہ نظام کی پیش کردہ تجاویز پر نہایت ذمہ داری و احتیاط کے ساتھ غور و خوض ہونا چاہیے۔

ریاست کے حالات میں حالیہ تغیر کا حکومت ہند پر جو آخری رد عمل ہے وہ ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا ہے۔ حیدرآباد کی طرف سے ہندوستانی فوجوں کی جو مزاحمت کی جا رہی تھی۔ اس کا یکایک اور اس قدر جلد ختم ہو جانا ایک تعجب خیز بات ہے۔

ہندوستان کی جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف نے حیدرآباد کی کمانڈران چیف سے ... کا مطالبہ ... اپنی فوجوں کو لڑائی بند کر دینے کا حکم دو ... خیال کی جا رہی تھی۔

مزید براں نظام کی کابینہ کے بارے میں اعلان بھی حکومت ہند کے خیال میں بہتر نہیں۔

نظام نے حیدرآباد ریڈیو پر جو تجاویز یا فیصلے نشر کئے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ حکومت ہند ان کو پورے طور پر تسلیم کرے۔ نظام کے نشر کئے ہوئے ... غور

کرنا شروع ہو گیا ہے۔

رضاکاروں کی روپوشی

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کل صبح یا پرسوں شام حیدرآباد کی ریاستی فوجوں کے کمانڈر جنرل ایل ایڈروس نے رضاکاروں کے نام ایک پیغام نشر کیا تھا اس پیغام میں ان سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی وردی اور بیج اتار کر رکھ دیں اس سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ رضاکار غالباً روپوش ہو جائیں گے اور حکومت ہند کا پولیس ایکشن ... فوت ہو جائے گا۔

پتہ چلا ہے کہ حکومت ہند نے ریاست کے اندر انتظامی مشینری کے بہتر چلانے کے لئے مکمل انتظامات کر لئے ہیں۔ ان میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے کہ ریاست کے باشندوں کی روزانہ زندگی میں کم از کم خلل واقع ہو۔

دارالعوام میں حیدرآباد کے مسئلہ پر بحث

برطانیہ نے اس معاملہ میں مداخلت نہ کرکے اچھا کیا

لندن ۱۷ ستمبر۔ لیبر ممبر ... نے آج برطانوی پارلیمنٹ میں حیدرآباد کے مسئلہ میں حزب مخالف کے ... پر سخت تنقید کی انہوں نے کہا برطانوی حکومت نے اس جھگڑے میں مداخلت نہ کرکے صحیح راستہ اختیار کیا ہے۔ اس بحث کے دوران میں بادشاہ کی تقریر پر بولتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو کچھ بھی ہے وہ قابل مذمت ہے لیکن آج حیدرآباد کی صورت حالات برطانوی حکومت کی امداد کی نہیں ہے انہوں نے پوچھا کہ معاہدہ جاریہ کی خلاف ورزی کیلئے کون ذمہ دار ہے انہوں نے کہا ابھی تک واقعات کا علم نہیں ہوا۔ اس لئے حکومت سے اس بات کی کیوں توقع کی جاتی ہے کہ ایک یا دوسری پارٹی کو برا اور غلط قرار دے۔ یہ سمجھا جائے یہ معاملہ اتحادی اقوام میں پیش کیا جانا چاہیے جو خود ہی نوری تصفیہ کے لئے ... کریگی۔

کنزرویٹو ممبر مسٹر لانگڈن نے کہا کہ حیدرآباد کے بارے میں حکومت برطانیہ کے منفی طرز عمل میں پہلے حکومت ہند کو اپنی کارروائی جاری رکھنے میں شہ ملی انہوں نے اپنے عزم کا اظہار کیا کہ برطانوی حکومت کے ایک واضح اور قوی بیان سے جنگ بند ہو جاتی انہوں نے کہا کسی بھی لیبرل نے اس جنگی طرز عمل کے خلاف صدائے احتجاج بلند نہیں کی۔ مسٹر ... صدر بورڈ آف ٹریڈ نے کہا کہ وہ ... کے معاشی حالات تک اپنا بیان محدود رکھیں گے۔

کنزرویٹو ممبر کرنل گومے ڈنکن نے کہا کیا وہ مسٹر ولسن حیدرآباد کے بارے میں کچھ کہیں گے جس نے ہتھیار ڈال دئے ہیں اس پر مسٹر ولسن نے جواب دیا کہ معاشی معاملات کے بارے میں کل جہاں بحث ختم ہوئی تھی وہ اس کے بعد سے شروع کریں گے حزب مخالف کی تجویز کہ حکومت ملک کے روز افزوں داخلی اور خارجی مصائب کے حل میں ناکام رہی ہے ۱۹۶ کے مقابلہ میں ۳۲۲ ووٹوں سے ناکام رہی اور شاہ برطانیہ کی تقریر پر ان کے شکریہ کی تجویز متفقہ طور پر منظور ہو گئی۔

اقوام متحدہ کا جنرل سکریٹری اینگلو امریکی سامراج کا پٹھو ہے

سوویٹ روس کے کمیونسٹ اخبار پراودا کا الزام ....!

ماسکو ۱۷ ستمبر۔ سوویٹ کمیونسٹ اخبار پراودا نے ایک چار کالمی مقالے میں اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل ایم ٹرائگو ے لی کو اینگلو امریکن بلاک کا آلہ کار اور وفادار خادم کہا جو اس اخبار کی رائے میں اقوام متحدہ کی جڑ کھود رہا ہے۔

مقالہ نویس ایم ڈاکوروف نے لکھا ہے کہ ایم لی نے ۳۰ جون کو ختم ہونے والے سال پر اپنی رپورٹ میں اینگلو امریکن بلاک کے ان تمام اقدامات کی حمایت کی ہے جن کے ذریعہ اقوام متحدہ کے قانون کی خلاف ورزی کی گئی ہے اور اقوام متحدہ کے مقاصد کے بالکل برعکس کام بجز کرتے ہیں مقالہ نویس نے کہا ہے کہ اس امر کا ثبوت رپورٹ کے ان حصوں سے ملتا ہے۔ جن کا تعلق یونان اکوریا انڈونیشیا اور فلسطین کے معاملات سے ہے۔

فلسطین کے بارے میں ایم لی کی رپورٹ خاص طور پر غلط ہے کیونکہ اس میں اینگلو امریکن بلاک کا ذکر ہی نہیں کیا گیا جو تقسیم فلسطین کے فیصلہ کو عملی جامہ پہنانے میں ہر ممکن طریقہ سے رکاوٹ ڈال رہا ہے اور فلسطین میں جارحانہ کارروائی کو ختم کرنے کی بجائے اس کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے۔

فسادات کے زمانے میں گمشدہ بھائیوں اور بہنوں کی تلاش

جمیلہ دختر عبدالحکیم زوجہ محمد احمد ساکن ... ضلع ... سماۃ جنت دختر بھیا۔

سماۃ شفیقہ خاتون دختر نواب بیگ اور اس کی دو بچیاں نسیم ۴ سال۔ انیس ۱۰ سالہ

سماۃ منوری دختر عبدالرشید۔ عمر ۱۴ سال۔ ساکن ... نعیم خاتون عمر ۵ سال۔ شمیم خاتون عمر ۵ سال۔ دختران شیخ مفتاح الدین صاحب ساکن قرولباغ دہلی۔

مریم دختر کالا۔ عمر ۲۸ سال ساکن گنور ضلع رہتک

بوندہ دختر رحمت الله عمر ۲۰ سال

عبدالوحید ولد رحمت الله عمر ۹ سال

شمیم دختر شمس عمر ۸ سال

نسیم دختر شمس عمر ۵ سال

سعید احمد پسر عبدالمجید انصاری سماۃ بلقیس زوجہ سعید احمد عمر ۴۸ سال۔ سعیدہ دختر سعید احمد عمر ۱۲ سال زیب النساء دختر سعید احمد عمر ۹ سال۔ محمد کمال ولد سعید احمد عمر ۵ سال۔ یہ سب لوگ روشن آرا روڈ دہلی پر رہتے تھے۔

مذکورہ بالا تمام لوگ پچھلے فسادات کے زمانہ میں اپنے گھروں سے بے گھر ہو گئے اور آج تک لاپتہ ہیں۔ انکی گمشدگی کے باعث ہر عزیز رشتہ دار انتہائی بے چین ہے۔ اگر کوئی صاحب ان لوگوں میں سے کسی کے متعلق کچھ معلومات رکھتے ہوں یا کسی کا پتہ جانتے ہوں تو براہ کرم حسب ذیل پتہ پر مطلع فرمائیں تاکہ ان کے اقارب کو اطلاع ...

دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

ظفر اللہ لندن میں

لندن ۱۸ ستمبر۔ سر محمد ظفر اللہ پاکستان کے وزیر خارجہ آج صبح کراچی سے لندن پہنچ گئے۔ اتوار کو وہ پیرس روانہ ہو جائیں گے۔ تاکہ اتحادی اقوام کی جنرل اسمبلی میں شرکت کر سکیں۔

خط و کتابت پر ابھی سنسر نہیں لگا

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ وزارت دفاع کے ایک ترجمان نے بتایا کہ حکومت ہند نے ابھی ڈاک اور تار پر سنسر نہیں لگایا ہے کل غیر معمولی گزٹ میں جو قانون شائع ہوئے تھے اس میں حکومت ہند کو اختیار دیا گیا ہے۔ جب ملک کی حفاظت کو خطرہ ہو تو وہ ان قوانین سے فائدہ اٹھائے۔ قوانین ملک میں ہنگامی صورت حالات کے اعلان کا منطقی نتیجہ ہیں۔

دارالسلطنت

لاہوری گیٹ پر ڈاکہ

دہلی ۱۸ ستمبر۔ دہلی کے ایک تاجر کے مکان میں جو لاہوری گیٹ میں ہے کل ... ڈاکہ پڑا ... ایک گروہ ستر ہزار روپیہ کا نقدی ... ہو گیا۔

میونسپلٹی کے نئے سکریٹری

دہلی ۱۸ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پہلی اپنے ... دہلی میونسپل کمیٹی نے ... کا تقرر کیا ... کو دہلی میونسپلٹی کا ... مقرر کیا ہے۔

ہوم گارڈ کا مارچ

دہلی ۱۸ ستمبر۔ گزشتہ چند دن سے ہوم گارڈ شہر میں مارچ کر رہے ہیں۔ آج بھی شام کے ... لال قلعہ کے دروازے سے ان کا مارچ شروع ہوگا۔

کار میں آگ لگا دی

دہلی ۱۸ ستمبر۔ لودی کالونی میں ایک مکان کی پشت پر کھڑی ہوئی ایک موٹر کو آگ لگا دی۔ ابھی تک آگ لگانے کا سبب معلوم نہیں ہوا۔ اور نہ یہ معلوم ہوا ہے کہ آگ کس نے لگائی۔

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت اس ماہ کے آخر میں ختم ہو جائیگی

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت اس ماہ کے آخر میں ختم ہو جائیگی اور فیصلہ کا اعلان اکتوبر کے آخر میں کیا جائے گا استغاثہ کی طرف سے اب کسی غیر ضروری گواہ پیش نہ ہوں گے اور صرف چند گواہوں کو ہی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ مقدمہ کے خاتمہ پر ملزمان کو لال قلعہ سے سنٹرل جیل دہلی میں منتقل کیا جائے گا۔

کانگریس کے نئے صدر کا انتخاب تاریخوں کا تعین کر دیا گیا

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے ... کے سلسلہ میں ... کانگریس کمیٹی ... آخری تاریخ ... کی صورت میں کانگریس کے نئے آئین کے مطابق ... گیٹ صدر کے انتخاب کے لئے ڈیلی گیٹوں کا اپنے اپنے صوبجات میں اجلاس ہوگا۔ اس اجلاس کے لئے عارضی طور پر ۲۴ اکتوبر کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔

آزاد پارک میں جلسہ

دہلی ۱۸ ستمبر۔ ... آزاد پارک ... ۵ بجے شام کو ایک جلسہ ہوگا۔ ... مولانا احمد سعید ... صدارت کریں گے ... تقریر کریں گے۔

شام ۱۸ ستمبر۔ ... سکرٹری اعلان ... حکومت ... مطالبہ ...

استحکام حکومت

آپ کے موقر جریدہ کے ذریعہ مسلمانان ہندوستان اور ... خدمت میں ...

عزیزی اسلام علیکم۔ ... آپ کی ...

(ا۔ ب۔ مرزا)

دس خصوصیتوں والی

خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کی وجہ سے بے مثل ہے اسمیں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں۔

1 اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور معروف مصحف سے کی گئی ہے۔
2 ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی رح معہ توضیحی عبارات
3 حدیثوں سے سورتوں اور بہت سی آیتوں کی فضیلت۔
4 تمام سورتوں، اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
5 ہر سورۃ کے متعلق تعبیر خواب (حضرت مولانا عبدالرحمٰن صفوری)
6 فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
7 موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
8 تفسیر ابن کثیر، روح المعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
9 جس آیت سے جو مسئلے نکلتے ہیں ان کی ضروری تفصیل قرآن مجید کی تلاوت کے ظاہری اور باطنی آداب کے متعلق شروع میں ایک مقدمہ بھی ہے۔
10 خط خوشنما، صاف، روشن تقطیع نہایت موزوں ۲۳×۳۱ ہدیہ غیر مجلد صرف پانچ روپے چار آنے مجلد جرمی کلکتہ کی جلد سات روپے چار آنے معجز نما حمائل شریف مولوی نور محمد والی ہدیہ غیر مجلد دس روپے (۱۰)

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

تپ دق کا کامیاب علاج

کیلسو

فینسی لیور سٹواچ نصف قیمت پر



نیو ڈیزائن بہترین کوالٹی خوشنما شیپ صحیح وقت دینے والی جو ہلدار مشین گارنٹی دس سال اس گھڑی کی قیمت پچیس روپے تھی جشن آزادی کی خوشی میں بے نظیر تحفہ عوام کو صرف ۱۲ روپے ۸ آنے میں دینے کا فیصلہ کیا ہے اس موقع پر دیگر گھڑیوں کی قیمتوں میں بھی زبردست کمی کی گئی ہے۔ ... ڈاک معاف۔ ...

منیجر ہندوستان واچ ہاؤس ... دہلی

جوتش کے حساب سے تیار کی ہوئی

سات دھات کی انگوٹھیاں

ان انگوٹھیوں میں بہت سی خوبیاں ہیں مثلاً روزگار۔ بیماری۔ امتحان۔ مقدمہ میں کامیابی ... اپنی مرضی کے مطابق ہر کام منصوبہ ... تیار کی گئی ہیں ایکبار منگوا کر مزید فائدہ اٹھائیے۔

نوٹ:۔ کام نہ ہونے پر قیمت ایک سال تک واپسی کی گارنٹی۔ قیمت انگوٹھی سوا چھ روپے ...

ملنے کا پتہ

سوامی جوتشی حلقہ نمبر ۴ علیگڑھ

حیدرآباد میں کانگریسی کارکنان منظر عام پر آنے لگے

بمبئی ۱۸ ستمبر۔ ہندوستانی فوجوں کی کامیابی کے بعد حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس کے وہ کارکن جو روپوش ہو گئے تھے پھر منظر عام پر آنے لگے ہیں ...

یہ زمانہ ہم سب خوشیاں

...

مغربی بنگال اسمبلی میں مسرت کی لہر

... حیدرآباد کے ہتھیار ڈالنے کی خوشی میں ...

روس یہودی سٹیٹ کے ذریعہ مشرق وسطیٰ پر غلبہ پانا چاہتا ہے

عرب لیجن کے کمانڈر گلب پاشا کا بیان

لندن ۱۸ ستمبر۔ شرق اردن کی عرب فوج کے کمانڈر بریگیڈیر جنرل گلب پاشا نے ... مشرق کو واپس جانے سے پیشتر ایک بیان میں بتایا کہ روس حکومت اسرائیل کی مدد کر رہا ہے تاکہ یہودی طاقت کے ذریعہ فلسطین پر قبضہ کر سکیں ... یہودی امریکہ سے مالی امداد حاصل کر کے روس سے ہتھیار خرید رہے ہیں ... اگر یہودی کامیاب ہو گئے تو روس یہودی سٹیٹ کے ذریعہ مشرق وسطیٰ پر غلبہ پانے کی اسی طرح کوشش کرے گا ... برطانیہ اور امریکہ کو اپنے مشرق وسطیٰ کے مفاد کی دیکھ بھال کرنی چاہیے اگر انجمن بین الاقوام مشرق وسطیٰ کے دو چھوٹے ممالک کے درمیان امن قائم نہیں کر سکتی تو وہ کیا کر سکتی ہے۔

حیدرآباد میں جنگ بند ہونے پر لندن میں اظہار اطمینان

لندن ۱۸ ستمبر۔ رائٹر کا سیاسی نامہ نگار رقمطراز ہے کہ یہاں پارلیمنٹری اور سیاسی حلقوں میں بالعموم اس خبر پر گہرے اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ نظام نے اپنی فوجوں کو لڑائی بند کر دینے کا حکم دے دیا ہے برطانوی حکومت ... اپنے نمائندوں کی سرکاری رپورٹ کی منتظر ہے ... اب اس امر کا کوئی امکان نہیں ہے کہ برطانوی پارلیمنٹ کے اندر اس کے موجودہ اجلاس میں حیدرآباد کے متعلق کوئی سوال اٹھایا جائے گا۔

اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد

میاں ممتاز دولتانہ بھی شریک کئے گئے

کراچی ۱۸ ستمبر۔ پیرس میں ۲۱ ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس ہو رہا ہے اس میں شریک ہونے والے پاکستان کے ڈیلی گیشن میں میاں ممتاز دولتانہ سابق وزیر مالیات مغربی پنجاب کو بھی شامل کر لیا ہے۔ وہ اگلے ہفتہ پیرس روانہ ہو جائیں گے۔

پاکستانی ڈیلی گیشن میں مشرقی پاکستان سے بھی ایک اور ممبر کا اضافہ کیا جائے گا۔

پنڈت نہرو کا راجندر سنگھ جی کو پیغام مبارکباد

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ وزیر اعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو نے جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ انچیف لفٹیننٹ جنرل راجندر سنگھ جی کو ایک پیغام مبارکباد دیا ہے۔ ... میں اور حکومت ہند کی طرف سے میں آپ کو اور آپ کے ... افسروں اور فوجوں کو آپ کی شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتا ہوں۔

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرمائیے

(منیجر)

انڈین یونین کے مسودہ دستور (۴) مرکز اور ریاستوں (موجودہ صوبوں) کی قانون ساز مجالس

یونین سے متعلق اہم معاملات

- ملک کا بچاؤ
- اٹمی قوت
- پاسپورٹ
- درآمد برآمد کی چنگی
- ڈاکخانہ، ریڈیو، ٹیلیفون، بنک اور بیمہ
- یونین کا سرکاری قرضہ
- کرنسی اور سکہ
- سپریم کورٹ
- غیر ممالک سے معاہدے
- اشاک ایکسچینج
- اسٹامپ اور عدالتی ٹکٹ
- آبکاری



ریاستوں (صوبوں) کا دائرہ اختیارات

- امن و امان
- عدالتیں
- پولیس
- جیل خانے
- لائبریری اور عجائب گھر
- ریاستی چناؤ
- پبلک صحت اور صفائی
- پیدائش اور موت کا اندراج
- تعلیم
- سڑکیں اور پل
- آبی راستے
- آبپاشی
- پانی کی فراہمی
- زرعی تعلیم و تحقیقات
- اشیاء کا محصول
- زرعی آمدنی کا ٹیکس
- جنگلات
- صنعتی ترقی
- کھانے اور دوسری چیزوں میں ملاوٹ
- لگان اور مالگذاری
- قمار بازی اور تفریح
- اعداد و شمار جمع کرنا
- جائدادیں (ریاست کے اندر)

متوازی فہرست

- شادی طلاق ننھے بچے
- غیر زرعی معاہدے
- ثالثی
- پیشے
- دوائیں
- صنعتی جھگڑے
- ضابطہ فوجداری و دیوانی
- نابالغ کو ولی بنانا
- اخبارات کتابیں
- دیوالیہ پن کا فیصلہ
- پاگلوں کا بندوبست
- مزدوروں کی فلاح
- سنیما فلم
- معاشی اور سماجی منصوبہ بندی
- جائداد کی منتقلی
- ٹرسٹ (اوقاف)
- چھاپے خانے
- غیر عدالتی اسٹامپ کے محصول
- بجلی
- اندرونی آبی راستوں پر جہاز رانی
- اعداد و شمار

ورلڈ فیڈریشن

ملک کی صف اول کے رہنما اور جلیل القدر عالم راجہ مہندر پرتاپ عالمگیر فیڈریشن کے نظریہ کی جس تیزی سے اشاعت کر رہے ہیں وہ قابل ستائش ہے آپ کی نگرانی میں ورلڈ فیڈریشن کانگریس ۱۹۲۹ء سے کام کر رہی ہے آپ نے ہندوستان سے باہر رہ کر مختلف نقطۂ خیال کے سیاست دانوں اور فلاسفروں سے ملاقاتیں کی ہیں اور ... نے اگر راجہ صاحب کی ہمت افزائی نہیں کی تو ان کی کوششوں کو سراہا ضرور ہے ایک جگہ آپ نے عالمگیر نظام کی آواز کو اس طرح پیش کیا ہے "ہم دیکھتے ہیں ہمارے بدن کے تمام اعضاء مل کر اس کے مفاد کے لئے کام کرتے ہیں اسی طرح انسانوں کے تمام طبقوں کو چاہیئے کہ وہ انسانیت کی ترقی کے لئے کام کریں اور یہ تبھی ممکن ہے جب کہ لوگ ایک جھنڈے تلے جمع ہو کر کام کریں۔"

راجہ مہندر پرتاپ سنگھ کا یہ خیال یوں بھی بہار کی ہے کہ وہ انسانیت کی بھلائی کے لئے مذہب کو ضرور قرار دیتے ہیں ایک مرتبہ اپنے Love Centre میں راجہ صاحب نے نماز عید منعقد کرائی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے اپنی تقریر میں کہا۔ "Religion will save the World."

اس نماز میں سب نے بلا امتیاز فرقہ و مذہب و ملت شرکت کی اور خدا کی جناب میں دعا مانگی۔ اب آپ تمام دنیا کے مذاہب کی ایک کانفرنس برندابن (یو۔پی) میں ۲۰، ۲۱ و ۲۲ مارچ کو منعقد کر رہے ہیں جس میں عالمی مساوات بھائی چارہ اور دنیا کے مصائب کے علاج پر غور و خوض ہو گا۔ عالمگیر اخوت کی اشاعت کے لئے آپ نے ایک سہ ماہی پرچہ ورلڈ فیڈریشن کے نام سے برندابن سے جاری کر رکھا ہے...

(جمہور نگار)

حکومت یوپی اور پریس

...

(طرزی بی اے)

کپاس اور پٹ سن کی پیداوار بڑھنے کے امکانات
پٹ سن کی پیداوار میں پانچ لاکھ گانٹھ کا اضافہ

نئی دہلی، ۱۸ ستمبر۔ ملک کی تقسیم کے بعد ہندوستان میں کپاس اور پٹ سن کی پیداوار بڑھ جانے کے امکانات کیسے ہیں۔ زراعتی ریسرچ کی انڈین کونسل کے نائب صدر سردار داتار سنگھ سے یہ سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ زمین کے کسی بڑے حصہ پر اناج کی بجائے کپاس اور پٹ سن کی کاشت ممکن نہیں۔ کپاس کی کیفیت تو یہ ہے کہ اچھے بیج کے ساتھ ساتھ ایسے کھیت کی ضرورت ہے جہاں مونگ پھلی اور دیگر پھلی دار فصلیں باری باری بوئی جائیں اور پٹ سن کی کیفیت یہ ہے کہ دو فصلی طریقے ایسی بنجر زمین کو کام میں لایا جائے جو اناج کے لئے فائدہ مند ہو۔

کپاس

ہندوستان کی موجودہ ۴۲ لاکھ گانٹھ کی سالانہ کھپت کے مقابلہ میں ملک میں ۴۸-۱۹۴۷ء میں ۲۶ لاکھ گانٹھوں کی پیداوار ہوئی۔ بقایا ضرورت کے سلسلہ میں عمدہ کپاس کی ۷ لاکھ گانٹھیں پہلے کی طرح مصر، سوڈان اور برٹش ایسٹ افریقہ سے آئیں اور ۹ لاکھ گانٹھیں پاکستان سے حاصل کی گئیں۔ کہا جاتا ہے کہ کپاس کی کچھ اقسام ہمیشہ ہی باہر سے منگوانی پڑیں گی کیونکہ ہندوستان میں ان کی پیداوار نہیں ہو سکتی۔ صوبجات متوسط کی حکومت کے تعاون سے ... میں مہنگی قیمتوں کی وجہ سے ہندوستان میں کپاس کے خسارے سے پانچ لاکھ گانٹھیں گھٹانا ممکن ہو جائے گا۔

چھوٹے ریشہ کی کپاس کے سلسلہ میں ہندوستان اپنی ضرورت تو خود پوری کر سکتا ہے لیکن درمیانی اور لمبے ریشہ کی کپاس کی اقسام کے لئے یہ دوسرے ملکوں کا محتاج ہے ... کاٹن کمیٹی ملک میں کپاس کی کمی کو دور کرنے کے لئے ممکن اقدام کر رہی ہے ... ۳۲-۱۹۳۳ء کے دوران میں ... ۲۴ فیصدی ہو گیا۔ لیکن اس علاقہ کے ... سندھ میں تھا۔

پٹ سن

ہندوستان کی ... لاکھ گانٹھوں کی سالانہ کھپت کے مقابلہ میں ... لاکھ گانٹھ پٹ سن کی پیداوار ... آسام اور اڑیسہ ... پاکستان ...

جمعیۃ علماء کی ممبرسازی
ضلع ۳ سے رسیدات حاصل کیجئے

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے اعلان کے مطابق جمعیۃ علماء کے ضلع نمبر ۳ کی ممبرسازی شروع ہو گئی ہے۔ ضلع ۳ ... سے شروع ہو کر ... پر ختم ہوتا ہے۔ ... باقاعدہ تنظیم اور ممبرسازی کے لئے جلسوں کا پروگرام بنانے کی خاطر ضلع کی مجلس منتظمہ کا جلسہ بہت جلد ہوگا۔ جو حضرات فوراً کام شروع کرنا چاہیں وہ ضلع ۳ کے دفتر واقع بازار ... سے رسیدات حاصل کر سکتے ہیں۔ فی الحال دفتر سے رسیدات حاصل کرنے کا وقت صبح ۸ بجے سے ۱۰ بجے تک ہے۔

(محمد یاسین سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع ۳)

نظام نے مصیبت خود بلائی ہے
اخبار مارننگ نیوز کا تبصرہ

کلکتہ ۱۸ ستمبر (ڈاک) حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کے داخلہ پر کلکتہ کے مشہور مسلم لیگی انگریزی روزنامہ "مارننگ نیوز" نے لکھا۔ حکومت ہند کے معقول مطالبہ کو بار بار رد کر کے نظام نے یہ مصیبت خود بلائی ہے۔ لائق علی اور قاسم رضوی متعصب گروہ کی قیادت کر رہے ہیں جسے اپنے مفاد اور لوگوں کے مفاد کا بھی خیال نہیں رہا ہے۔ بیسویں صدی کے لوگوں کی ایسے لوگوں کی کوئی ہمدردی نہیں ہو سکتی جو اس جمہوریت اور ترقی کے زمانہ میں ازمنہ وسطی کی راہ پر چل رہے ہیں۔

حیدرآباد میں داخل ہونے والی فوجیں ہمارے قوم کے ہر عنصر کی دعائیں ساتھ لے گئی ہیں۔ ...

گاندھی جینتی کا پروگرام

...

ہو گی جس میں گاندھی جینتی کے پروگرام کو کامیاب بنانے کی تدابیر پر خاص طور سے غور کیا جائے گا۔ اس میٹنگ میں صوبہ کانگریس کمیٹی دہلی کے بھی ممبر ... اور حضرات تشریف لا کر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ اول) جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت ۶ آنے

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ دوم) جمعیۃ علماء ہند کی تیس سالہ تجاویز کا مجموعہ قیمت دو روپے

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے ... کی روشنی میں تبصرہ قیمت ...

نور الاصباح یعنی نور الایضاح اردو ترجمہ اور شرح ... عربی کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت مفید ... فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ...

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے ... قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ...

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے ...

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے، یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرت اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ... حصہ سوم مجلد ... حصہ چہارم مجلد ...

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں قیمت مجلد ...

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں۔ زبان نہایت سادہ اور سہل ہے ...

ملنے کا پتہ
منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج
درویشی رجسٹرڈ — ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے برص کوڑھ سنبہری کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سینکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہو چکے ہیں اسکا اثر اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے چار سے چھ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے
ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی ۲۳ بولائی دت اسٹریٹ لاہور

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے
اردو کا ... سیاسی رسالہ
نئی زندگی
ایڈیٹر سہیل ... الرحمن
قیمت سالانہ
... روپے — فی پرچہ آٹھ آنے
نمونہ کیلئے ... کے ٹکٹ
منیجر رسالہ نئی زندگی الہ آباد
وہ رسالہ جس کی قوم کو ضرورت ہے

روزنامہ الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

وزیر اعظم کے ہاں مبارکبادی کے پیغامات کی بھرمار

حیدرآباد میں جنگ بند ہونے سے ملک کے طول و عرض میں مسرت کی لہر

ہیں۔ کیونکہ عام طور پر یہ خیال پایا جاتا ہے کہ میر عثمان علی کے نظام حکومت میں ... برداشت نہیں کیا جاتا ... ایک شخص کو تو یہ کہتے سنا گیا کہ نظام نے اپنے ... کام سے کر اپنے تخت اور تاج کو بچا لیا۔ سول اور فوجی افسروں اور مختلف ایجنٹوں نے وزیر اعظم پنڈت نہرو اور جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف لفٹننٹ جنرل راجندر سنگھ کو مبارکبادی کے پیغامات بھیجے۔ ایک شخص نے ... اپنی خوشی کا ان الفاظ میں اظہار کیا کہ رضاکاروں کی گڑبڑ سے ریل کا سفر ناممکن ہو گیا تھا۔ اس سے نجات ملی

رام پور

شہر میں اس خبر پر اظہار مسرت کیا گیا کہ نظام حیدرآباد نے اپنی فوجوں کو لڑائی بند کرنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں اور حکومت ہند سے صلح کی درخواست کی ہے۔ ہز ہائینس نواب سر رضا علی خاں نے اپنی خوشی کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔ صبح کا بھولا اگر شام کو واپس آ جائے تو اسے بھولا ہوا نہ سمجھو۔

اخبارات کا تبصرہ

آج صبح بمبئی کے اخبارات نے کل شام کی حیدرآباد میں جنگ بند ہونے کی خبر کو صفحہ اول پر جلی موٹی سرخیوں اور نمایاں طور پر شائع کیا۔ سب اخبارات کے افتتاحی مقالے جنرل راجندر سنگھ جی کی زیر کمان ہندوستانی مسلح افواج کی تعریف میں لکھے ہوئے ہیں۔ فری پریس جرنل اور نیشنل اسٹینڈرڈ نے نظام کو معزول کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ٹائمز آف انڈیا نے حیدرآباد میں کامیابی پر تبصرہ کرتے ہوئے اپنے افتتاحیہ کے اندر لکھا ہے حکومت ہند کو چاہیئے کہ وہ حیدرآباد کے اہم مسائل کو اتنی خاموشی اور نرمی کے ساتھ حل کرے جتنا کہ نئی صورت حالات کو موثر طور پر قائم کرنے کے لئے ضروری ہے۔

ان اطلاعات کا جو غیر ملکی نامہ نگاروں نے باہر بھیجیں ان سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سید قاسم رضوی کچھ عرصہ بے یقینیاں گھماتے رہے ہیں کہ مسٹر جناح کی طرح میر ابھی کوئی جانشین نہیں ہے۔

بمبئی کرانیکل کے خیال میں نظام کو میر انداز فرقہ پرستوں کے خلاف ایک اور مہم ... مزید لکھا ہے کہ اپنے تین نئے مشیروں ... سے حیدرآباد ترقی کے راستہ پر گامزن ہو ...

کلکتہ

یہاں کے انگریزی روزنامہ امرت بازار پتریکا نے ہندوستان کے مشن کی کامیابی پر تبصرہ کیا ہے اخبار مذکور نے لکھا ہے کہ بالآخر دور وسطی کی دو صد سالا ...

برلن میں ناکہ بندی کو اور زیادہ سخت کر دیا جائیگا

مغربی علاقوں میں پھلوں اور سبزیوں کی فروخت بھی ممنوع ہو جائیگی

برلن ۱۸ ستمبر۔ برلن کے کیمونسٹ حلقوں نے بتایا کہ روسی معاشی ناکہ بندی کو اور زیادہ سخت کر دیا جائے گا۔ پھل اور سبزیاں جو روسی علاقہ میں شامل نہیں ہیں روسی علاقہ سے مغربی علاقوں میں ان کی آمد بھی بند کر دی جائے گی۔

اب تک روس کے علاقوں کے کسان کو فصل پھل اور سبزیاں کھلے بازار میں فروخت کرنے کا حق تھا اور ان کی اچھی خاصی تعداد مغربی علاقوں میں پہنچ جاتی تھی۔ ان ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ تازہ غذا کی فراہمی روک دینے سے روسیوں کو امید ہے کہ مغربی برلن کے رہنے والوں کو معلوم ہو جائے گا کہ ہوائی جہازوں سے جو سامان لایا جا رہا ہے وہ بہت کم ہے۔

برلن کی اتحادی پارلیمنٹ نے آج شب کو ایک قرارداد منظور کی جس میں برلن کے اتحاد کے نئے زور دیا گیا۔

کرنل ہولے برلن کے امریکن کمانڈنٹ نے آج میجر جنرل کوٹی کوف روسی کمانڈنٹ کو بتایا کہ گرفتار کئے ... روسیوں کی پابندی کا اثر بھی عوام کو پہلی ... نے کہا کہ ... اور روسی ناکہ بندی ختم کرنے ... کوئلہ اور خوراک کی گاڑیاں واپس کر دیں گے ... کے جواب میں ... اس سامان کی واپسی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

حق بہ حق دار رسید

مولانا بشیر احمد بلا مقابلہ کامیاب

میرٹھ ۱۸ ستمبر۔ یوپی کونسل کی نشست جو ... کو نواب اسلم احمد (مسلم لیگ) کی مدت ممبری ختم ہونے کے بعد خالی ہوئی تھی کانگریس کے قبضہ میں آ گئی ہے۔ بعد کے روز نواب اسلم احمد نے آزاد امیدوار کی حیثیت سے اور مولانا بشیر احمد ممبر مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند نے کانگریس کے ٹکٹ پر اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے۔ چونکہ نواب اسلم احمد صاحب نے اپنا نام واپس لے لیا۔ اس لئے بلا مقابلہ مولانا بشیر احمد صاحب کی کامیابی کا اعلان کر دیا جائے گا۔

عام نشست کے لئے بھی حال ہی میں انتخاب ہوا تھا اور مسٹر ... نامزد کیٹ (کانگریس) جو پہلے بھی ممبر تھے دوبارہ منتخب کئے گئے۔

نئے برمی سفیر

نئی دہلی ۱۸ ستمبر۔ ... برائے ہند نے پرسوں برمی سفارت خانے کا چارج لے لیا۔ برمی سفیر ... واپس رنگون گئے ہیں۔ جہاں انہیں نئی کابینہ میں وزیر خارجہ بنایا جائے گا۔

ہند اور پاکستان میں امن کیلئے مسٹر منڈل کی اپیل

کراچی ۱۸ ستمبر۔ ... مسٹر جے این منڈل جو پاکستان کے وزیر قانون ہیں آج انہوں نے حیدرآباد کے مسئلہ پر اپنا اظہار خیال کرتے ہوئے کہا یہ وقت ایسا نہیں ہے کہ دو نو آزاد ہمسایہ مملکتیں پاکستان اور ہندوستان ایسے جذبات پیدا کریں جو انسانیت کو مصیبت میں پھنسانے والی ہوں۔ آپ نے کہا۔ ہر حالت میں فرقہ وارانہ امن و آشتی کو دونوں مملکتوں میں قائم رکھنا چاہیئے۔

یوپی اسمبلی کا اجلاس

لکھنؤ ۱۸ ستمبر۔ یوپی اسمبلی کا اجلاس آئندہ ۱۸ اکتوبر سے شروع ہو رہا ہے۔

یروشلم ۱۸ ستمبر۔ یروشلم ڈسٹرکٹ کورٹ کے ان تین ججوں میں سے جو دو انگریزوں پر جاسوسی کے الزام میں مقدمہ کی سماعت کر رہے ہیں ایک جج صبح کے اجلاس کے وقت مر گیا۔ اس جج کی عمر ۴۶ سال تھی اور اس کا نام ڈاکٹر گا ڈاسٹلز تھا۔

سابق وزیر اعظم کشمیر کا مقدمہ

عدالت کے اختیارات کے متعلق فیصلے

سری نگر ۱۸ ستمبر۔ دو روز تک فریقین کے بیانات سننے کے بعد اسپیشل مجسٹریٹ میرانند رینا نے یہ رولنگ دیا ہے کہ انہیں کشمیر کے سابق وزیر اعظم پنڈت رام چندر کاک کے خلاف مقدمات سننے کا حق حاصل ہے۔

صفائی کے وکیل نے یہ اعتراض اٹھایا تھا کہ ہز ہائینس کی منظوری کے بغیر سابق وزیر اعظم کے خلاف مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا کیونکہ انہیں غلط طور پر عدالت کے سامنے پیش کیا ہے۔

آمرانہ حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ اب حیدرآباد کے عوام اپنی تاریخ کے ایک نئے باب میں داخل ہو رہے ہیں۔

ایک اور اخبار ہندوستان اسٹینڈرڈ نے لکھا ہے کہ اب بالادستی کا خاتمہ ہو گیا ہے اور آزادی کی منزل آ گئی ہے۔ اس کا سہرا ہندوستانی فوج کے سر ہے۔

مارننگ نیوز نے پہلے صفحہ پر موٹے موٹے الفاظ میں حیدرآباد کی خبر کو شائع کیا ہے اور حکومت ہند کی فوجوں کی شاندار کامیابی پر اظہار مسرت کیا ہے۔

لاہور کی اقلیتوں کے متعلق افواہوں کی تردید!

لاہور ۱۸ ستمبر۔ مسافروں کے بیان کردہ ان خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ جب سے ہندوستان نے حیدرآباد کے اندر اپنا پولیس ایکشن شروع کیا ہے لاہور میں اقلیتوں کی پوزیشن خراب ہو گئی ہے یہ کہانیاں بھی صحیح نہیں ہیں کہ شہر کے اندر واقعات ہوئے ہیں اور جن علاقوں میں ہندوؤں کی دوکانیں ہیں وہاں ... پولیس کا پہرہ بٹھا دیا گیا ہے۔ (اسٹیٹسمین)

فلسطین کے لئے عرب حکومت

بیروت ۱۸ ستمبر۔ عرب ہائی کمیٹی کے ایک پیغام کے مطابق آئندہ ۴۸ گھنٹوں کے اندر اندر فلسطین میں عربوں کی حکومت قائم کر دی جائے گی۔ اس حکومت کا صدر مقام غالباً نابلس یا غازہ میں ہوگا۔

اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ قتل کر دیئے گئے

فلسطین میں دہشت پسند یہودی گروہ کی سرگرمیاں

کل شب فلسطین میں ... اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا ... بیت المقدس ... کاؤنٹ ... یہودیوں کی ... جماعت "اسٹرن گینگ" سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایک آدمی نے کاؤنٹ برناڈوٹ ... فائر کیا۔ اس موقعہ پر اتحادی اقوام کا ایک افسر کرنل سیروٹ بھی ہلاک ہوا۔

جنرل الادروس کو الٹی میٹم سے وزارت دفاع کا کمیونک

دہلی ۱۸ ستمبر۔ کل نو بجے شب وزارت دفاع سے ایک کمیونک شائع ہوا اس کا مضمون یہ ہے "آج ڈیڑھ بجے دوپہر کو لفٹننٹ جنرل راجندر سنگھ جی جنرل آفیسر کمانڈنگ انچیف جنوبی کمانڈ نے حیدرآبادی فوجوں کے کمانڈر جنرل ال ادروس کو ایک الٹی میٹم دیا جس میں مزاحمت جاری رکھنے کے نتیجہ ہونے کا ذکر کیا گیا۔ اس الٹی میٹم میں کہا گیا تھا کہ آپ کی فوجوں کی مزید مزاحمت کا نتیجہ خونخوار جانی نقصان کے سوا اور کچھ نہ ہوگا۔ نظام نے لڑائی بند کرنے کا حکم دیدیا ہے اور فوج اس حکم پر عملدرآمد کر رہی ہے لیکن رسل و رسائل کی خرابی کی وجہ سے اب تک حیدرآباد کے کمانڈر انچیف کی طرف سے سرکاری اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ آج شب ہماری فوجیں سکندرآباد کی طرف بڑھ رہی ہیں۔"

یروشلم کی حالت غیر اطمینان بخش

... شب یروشلم ... کاؤنٹ برناڈوٹ کی ہلاکت سے قبل گزشتہ شب یروشلم کی ... حالات کو غیر اطمینان بخش بتایا ... فریقین کی ... جنگ بندی کی جو خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں ان کا سبب مجھے معلوم نہیں۔

دو لاکھ آدمی بے خانماں ہوگئے بائیس ہزار مکانات گرگئے

ضلع الہ آباد میں گنگا جمنی سیلاب کی تباہ کاریاں

الہ آباد ۱۸ ستمبر۔ الہ آباد ضلع میں گنگا و جمنا کے حالیہ سیلاب کی تباہ کاریوں کا جو اندازہ لگایا گیا ہے اس کے مطابق ۸۵ گاؤں بالکل غرقاب ہو گئے ہیں اور ۱۱۰ کو جزوی طور پر نقصان پہنچا۔ دیہات میں تقریباً بیس ہزار کچے مکانات اور شہر الہ آباد میں ۲ ہزار مکانات زمین پر آ گرے۔

سیلاب زدہ علاقوں سے ایک لاکھ پچیس ہزار آدمیوں کو نکال کر محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا۔ ان میں سے ... ۸۵ دیہات کے ہیں جو بالکل غرق ہو گئے ہیں۔ جانی نقصان ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ شہر میں تقریباً ایک ... اور دیہاتی علاقوں میں تقریباً ... امدادی مرکز قائم کئے گئے ہیں۔ سیلاب زدہ علاقوں میں ... قرار دیدیا گیا ہے۔

جنگ بند کرنے کا حکم

(۱۰ نمبر اول کالم ملاحظہ کیجئے)

اب تک یہ اظہار نہیں ہوا۔ اس بات کی کوئی علامت نہیں کہ حکومت ہند نظام کی تجاویز کو یا فیصلہ کو پورے طور پر قبول کر لیگی۔ اس وقت نظام کی ان تجاویز پر ہر پہلو سے غور کیا جا رہا ہے۔

ہندی کابینہ کا ایک ہنگامی جلسہ جمعہ کی شام کو منعقد ہوا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں حیدرآباد کی تازہ ترین صورت حالات پر ...

غور کیا گیا۔ اس بات پر اتفاق رائے تھا کہ نظام کی تجاویز پر ہر پہلو سے غور کیا جائے۔

جنگ بند کرنے کی تجویز

کہا جاتا ہے کہ جنرل آفیسر کمانڈنگ جنوبی کمانڈ نے نظام سے ہتھیار ڈالنے کا جو مطالبہ کیا تھا اور نظام نے جنگ بند کرنے کی جو تجویز پیش کی ہے وہ "ایک دوسرے سے مختلف ہیں" کو پورا نہیں کرتا۔

معلوم ہوا ہے کہ جمعہ کے روز صبح یا جمعرات کے دن شام کو حیدرآباد کی ریاستی فوجوں کے کمانڈر میجر جنرل الادروس نے بعض رضاکاروں کو ایک ریڈیو کے ذریعہ پیغام بھیجا کہ وہ اپنی وردیاں اتار دیں۔ اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ پوشیدہ ہو جائیں اور اس طرح حکومت ہند کے پولیس کارروائی کے مقصد کو ناکام بنا دیں۔ اس بات کی امید نہیں ہے کہ حکومت ہند اس امر کو پسند کرے۔

اتحادی اقوام کی مجلس تحفظ کی کارروائی کی بابت اس بات کو دلچسپی کے ساتھ دیکھا جا رہا ہے کہ نظام نے اپنے نمائندے سے درخواست کی ہے کہ وہ مقدمہ کی پیروی نہ کریں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ امر بعض ایسی پارٹیوں کے لئے بڑی مایوسی کا باعث ہوگا جنہوں نے حیدرآباد کے مسئلہ پر سخت تشویش کا اظہار کیا تھا۔

(اس خبر سے متعلقہ نشری بیانات صفحہ ۳ پر ملاحظہ کیجئے)

شاہ جارج اور وزیر اعظم برطانیہ کے نام نظام کے خطوط

حملہ روکنے کے لئے فوری کارروائی کی درخواست کی گئی تھی

کراچی ۱۸ ستمبر۔ نظام حیدرآباد نے پیر کے دن جب کہ ہندوستانی فوجیں حیدرآباد میں داخل ہوئیں شاہ جارج کے نام ایک مکتوب ارسال کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ "ہوائی جہاز آج صبح سے متعدد مقامات پر بمباری کر رہے ہیں"۔

تار میں کہا گیا ہے "مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یور میجسٹی کو اطلاع دینی پڑ رہی ہے کہ ہند یونین کی فوجوں نے حیدرآباد میں چاروں طرف سے پیش قدمی شروع کر دی ہے۔ اور ان کے ہوائی جہاز صبح سے متعدد مقامات پر بمباری کر رہے ہیں"

وزیر اعظم کے نام

میں نے ایک تار آپ کے وزیر اعظم کے نام بھی ارسال کیا ہے ...

دہلی نرخ

غلہ مارکیٹ

چنا	۱۴/۴	اڑد	۱۹/- - ۲۰/-
دال چنا	۱۶/- - ۱۸/-	مونگ	۱۹/- - ۲۲/-
مسور	۱۵/۸	نہلہ دکنی	۱۴/۸
مٹر	۱۵/- - ۱۷/-	نہلہ پاکستان	۱۶/۸
نمک کھیوڑہ	۵/۴	گھی درجہ اول	۴۴/-
کھل سرسوں	۹/۴		

بازار صرافہ

چاندی ۹۹۹	۱۶۲/-	سونا پاسہ	۱۱۵/۸
۹۹۶	۱۶۲/-	وعدہ	۱۱۵/۴
تیزابی	۱۶۷/-	روا	۱۱۴/۸
وعدہ	۱۶۱/۴	گنی	۸۶/۸
گدی	۱۶۲/-	سکہ	۱۵۶/-

ہاپوڑ منڈی

انت چودس کی تعطیل کے باعث بازار بند رہا۔

بازار صرافہ بمبئی

کھلا بازار چاندی حاضر	۱۶۸/-	چاندی وعدہ	۱۶۲/۵
سونا حاضر	۱۱۶/-	سونا وعدہ کا کاروبار نہیں ہوا	
ساورن	۹۹/۳		

رجسٹرڈ ڈی ۹۷ نمبر — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

روزنامہ الجمعیۃ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ: چالیس روپے، ششماہی بیس روپے، سہ ماہی گیارہ روپے۔ ممالک غیر سے سالانہ پچاس روپے، ششماہی پچیس روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم سہ شنبہ ۱۶ ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹ء | نمبر ۲۰۴ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

روغن اکسیر دماغ

وکیلوں، ججوں، پروفیسروں، ایڈیٹروں، مصروف طالب علموں کے لئے بے نظیر تحفہ۔ جو دماغی محنت کرتے ہیں ... دماغ کی تمام کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ ...

ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

ریاست حیدرآباد میں نظم و نسق کے تمام انتظامات مکمل ہو گئے

رضاکاروں کے خلاف ابھی مہم جاری رہیگی

بہت سے رضاکاروں نے اپنے ہتھیار کمیونسٹوں کو دیدیئے

سکندرآباد ۲۰ ستمبر۔ اب جبکہ ہندیونین کی فوجیں اپنی بارکوں میں پہونچ گئی ہیں اور رضاکاروں کے سردار اعلیٰ سید قاسم رضوی گرفتار کرلئے گئے ہیں۔ ریاست کے اندر نظم و نسق کے قیام کا مسئلہ زیربحث ہے ایک چیف ایڈمنسٹریٹر، ایڈیشنل چیف ایڈمنسٹریٹر اور سول کلکٹروں کی امداد سے عارضی طور پر حیدرآباد کے نظم و نسق کو چلائیں گے۔ یہ تمام تقرریاں حکومت ہند کرے گی مسٹر ڈی ایس باگلے چیف ایڈمنسٹریٹر اور مسٹر ڈی آر پردھان جو حکومت بمبئی کے ایک افسر ہیں ایڈیشنل چیف ایڈمنسٹریٹر مقرر کئے گئے ہیں۔

رضاکاروں کے خلاف مہم

یہاں اس امر پر روشنی ڈالی گئی ہے کہ گمشدہ چند رضاکار رضاکاروں کے خلاف مہم جاری ہے ... کی اور ان کا صفایا کیا جائیگا۔ کیونکہ تقریباً ۲ ہزار رضاکاروں کے علاوہ جو ہلاک یا مجروح یا گرفتار ہوئے ہیں رضاکاروں کی چند ٹولیاں ابھی تک سرگرم ہیں۔ یہ ہیں کمیونسٹوں کی قسم کی افواہیں سرگرم ہیں کہ تین اضلاع، نلگنڈہ اور ورنگل میں کمیونسٹوں کا دورہ ہے رضاکاروں نے وہاں پہنچ کر اپنے ہتھیار کمیونسٹوں کے حوالے کردیئے ہیں۔

مدراس ۲۰ ستمبر۔ مسٹر ڈی جی جو ... پوسٹ ماسٹر جنرل کے عہدہ ... صاحب رامچند ... سے ریٹائر ہو کر ... چارج لے لیا ہے۔

جہاں تک پولیس انتظام کا تعلق ہے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے ... جنرل پولیس مقرر کیا ... اسپکٹر جنرل پولیس ... کا عہدہ ... سپرنٹنڈنٹ ہوگئے ... جنرل میڈیکل سروس مقرر کیا گیا ہے ... سے ایک ماہر انجینئر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

کانگریسیوں کی رہائی

... اعلان کیا ہے کہ حیدرآباد اسٹیٹ کے تمام کانگریسی لیڈروں کو رہا کردیا گیا ہے اور عنقریب ان کی ایک کانفرنس بلائی جائے گی جس میں مستقبل کے متعلق کوئی فیصلہ کیا جائے گا حیدرآباد کے مستقبل کا فیصلہ حیدرآباد کے لوگوں کی آزادانہ رائے شماری سے ہوگا۔

نواب معین یار جنگ جو شہزادہ برار کے گھر کی دیکھ بھال کرتے تھے گرفتار ہو گئے ہیں۔ انھیں نے شہزادہ برار کی طرف سے تقریر کرتے ہوئے ناجائز ... ریاست کے اندر نئے تقررات کا آغاز ہوا ہے وہ عوام کی خوش اعتقادی کا ایک امتحان ہے۔ مدت سے اس کی خواہش تھی۔ لیکن بدقسمتی سے ان کے اجراء میں دیر لگ گئی۔ امید ہے کہ بنیاد پر حیدرآباد اور ہندوستان کے درمیان صلح و آشتی کی راہ ہموار ہو سکے گا۔

نوجی ... نظم و نسق نے اختیارات اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد چار ... امن و انتظام کے کام کو سنبھال لیا ہے ریاست کے ہر شعبہ کی توجہ اس طرف لگی ہوئی ہے۔ اس اہم کام میں امداد دینے کے لئے حیدرآباد کی فوجیں ہندوستانی فوجوں کی مدد کررہی ہیں۔ حیدرآباد کے سول حکام کی بھی اس سلسلہ میں امداد حاصل کی جائے گی۔

حیدرآباد میں ہندوستانی منتظمین کو اہم مسائل کا سامنا

پولس، فوج اور مال کے محکمات میں اہم تبدیلیاں

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ حکومت ہند کی طرف سے حیدرآباد میں امن و امان قائم کرنے کے لئے جن منتظمین کو بھیجا جا رہا ہے۔ ان کے سامنے بعض نہایت اہم اور پیچیدہ مسائل ہیں۔ حیدرآباد میں ۱۶ اضلاع، ۱۰۵ تعلقے اور ۲۲۵۸۰ گاؤں ہیں۔ ریاست کا رقبہ ۸۲۶۹۸ مربع میل ہے جس میں سے ... ہزار مربع میل کا علاقہ نظام کی ذاتی جائداد ہے۔ جس کی آمدنی ... کروڑ روپیہ ہے۔ اس کے علاوہ نظام ریاستی آمدنی میں سے ۵۰ لاکھ روپیہ سالانہ وصول کرتے ہیں۔ ریاست کی سرکاری زبان اردو ہے۔ ریلوے بجلی کے محکمات کے علاوہ تمام سرکاری کاروبار اردو میں ہی ہوتا ہے۔ پٹواری گاؤں کا ریکارڈ مقامی زبانوں میں رکھتے ہیں۔ ریاست کے ۸ ضلعوں میں تیلگو، پانچ ضلعوں میں مرہٹی اور تین ضلعوں میں کرناٹکی زبان بولی جاتی ہے۔ سوائے ابتدائی جماعتوں کے ذریعہ تعلیم اردو ہے۔

سرکاری اندازوں کے مطابق شہری ملازمتوں میں ... فی صدی اور پولس اور فوجی ملازمتوں میں ۹۵ فی صدی مسلمان ہیں۔ گذشتہ چند ماہ میں مدراس، سی پی اور بہار سے ۵ لاکھ مہاجرین حیدرآباد پہنچ گئے ہیں۔ گذشتہ دس سال میں ۱۵ ہزار عرب قبائلی ... کو چاؤش کہتے ہیں اور ... ہزار عرب پٹھان اور دیگر حیدرآباد پہنچ چکے ہیں۔ ... فوج اور مال کے محکمات میں اہم تبدیلیاں کی جائینگی ریاست سے در آمد و برآمد میں خاصی ہوتی ہے اور گذشتہ پانچ سال میں ۳۰ کروڑ روپیہ کی درآمد و برآمد ہوئی۔

حیدرآباد کا غذائی مسئلہ بھی اہم ہے۔ جہاں چاول اور گیہوں کی کمی ہے۔ لیکن تیل کے بیج اور دالوں کی بچت ہے۔ دریائے گوداوری اور کرشنا کے میدانی علاقے نہایت زرخیز ہیں۔ انڈین یونین کے مقابلہ میں ریاست حیدرآباد کے علاقے کم آبادی کے علاقے ہیں اور ان کم آباد علاقوں میں ... صوبوں کے لوگوں کو آباد کیا جا سکتا ہے۔

انڈونیشیا میں گوریلا جنگ کا امکان

بٹاویہ ۲۰ ستمبر۔ بٹاویہ میں یقین کیا جا رہا ہے کہ کمیونسٹ جمہوری حکومت کے خلاف گوریلا جنگ شروع کرنے کی تیاریاں کررہے ہیں۔ ایک ریڈیو اسٹیشن جو کمیونسٹوں کے کنٹرول میں ہے ... کو کاروائی پر عمل کرنے کی ترغیب دے رہا ہے۔ اس ریڈیو نے رات کے کرفیو کا اعلان کیا اور مزدوروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ... کا ہاتھ بٹائیں۔ لوٹ مار کرنے والوں کو بھی تنبیہ کی گئی ہے۔

نظام کو تخت سے نہیں اتارا جائے گا

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ نئی دہلی میں یہ خیال عام ہے کہ سوشلسٹ پارٹی کا یہ مطالبہ کہ نظام کو تخت سے اتار دیا جائے حکومت ہند کے حلقوں میں پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا جا رہا ہے لیکن یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ نظام کو ہند یونین میں ... ہوگا اور ان کی حیثیت دوسرے ہندی نوابوں اور راجاؤں کی سی ہوگی وہ اپنی ریاست کے صرف آئینی حکمراں رہیں گے اگرچہ ان کے ذاتی خزانہ کو تصرف میں نہیں لایا جائے گا۔ لیکن ریاستی خزانہ سے ان کو ایک مقررہ رقم سے زائد رقم لینے کا حق حاصل نہ ہوگا۔

مصری کابینہ کا اجلاس

قاہرہ ۲۰ ستمبر۔ مصر کے وزیر اعظم نقراشی پاشا نے آج مصری کابینہ کا اجلاس طلب کیا جس میں تمام صورت حالات پر غور و خوض کیا گیا۔ یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ عرب لیگ کا خصوصی اجلاس طلب کیا جائیگا۔

ریلوں کی ٹکر سے ۹ اشخاص کی ہلاکت

... ۱۹ ستمبر۔ ... ریلوے اسٹیشن پر دو ٹرینوں کے باہمی تصادم میں ۹ اشخاص ہلاک ہوگئے اور ۲۰ زخمی ہوئے۔ امدادی ٹرینیں اور ڈاکٹری امداد ... زخمیوں کو ہسپتال میں پہونچا دیا گیا۔

اقوام متحدہ نے کاؤنٹ برناڈوٹ کے قتل کی پوری روئداد طلب کر لی

بیت المقدس میں کرفیو اور دہشت پسندوں کی گرفتاریاں

لندن ۲۰ ستمبر۔ بیت المقدس سے آمدہ تازہ اطلاعات کے مطابق وہاں پر کرفیو آرڈر کا نفاذ کردیا گیا ہے اور ہوائی اڈوں پر پہرا لگا دیا گیا ہے۔

یہودیوں کی نام نہاد حکومت کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ کاؤنٹ برناڈوٹ کے قتل کے واقعہ کے متعلق اسرائیلی پولیس چھان بین کررہی ہے اور مشتبہ لوگوں کو گرفتار کرلیا ہے تل ابیب اور دوسرے مقامات سے بھی چند آدمیوں کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ کاؤنٹ برناڈوٹ کے چیف آف اسٹاف ... کے نامزد جانشین جنرل ... اسٹرم کے تحقیقاتی احکامات کے ساتھ اسرائیلی حکومت بھی تحقیقاتی احکامات جاری کرچکی ہے۔ ... اقوام متحدہ نے کاؤنٹ کے قتل کی پوری روئداد طلب کی ہے۔

جنرل ... اسٹرم نے آج سے اقوام متحدہ کے ثالث کے طور پر کام شروع کردیا ہے۔ یہ خبر جنیوا میں اقوام متحدہ کے حلقوں سے معلوم ہوئی ہے۔ فلسطین کمیشن کے سکریٹریٹ کے انچارج بریگیڈیر ... نے ایک خبر میں اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کو مطلع کیا ہے۔ کہ کار میں جس جگہ کاؤنٹ بیٹھے تھے، ہیں نے وہاں دس چھرے اور ... بندوق کی گولیوں کے سوراخ گنے ہیں۔

جنرل ... اسٹرم کاؤنٹ کی لاش لے کر سویڈن جائیں گے۔ اس کے بعد اقوام متحدہ کی اسمبلی میں شرکت کے لئے روانہ ہوں گے۔

آنجہانی کاؤنٹ برناڈوٹ کے ایک ساتھی نے اس حادثہ قتل کو اس طرح بیان کیا ہے ... کہ جیپ کار جو کہ آدمیوں سے بھری ہوئی تھی سامنے سے ...

(باقی صفحہ ۶ کالم ۵ پر)

قصر نظام کے پہرہ دار

سکندرآباد ۲۰ ستمبر۔ میجر جنرل چودھری جو حیدرآباد ریاست کے فوجی گورنر مقرر کئے گئے ہیں۔ انہوں نے گذشتہ شب ان اطلاعات کی تردید کی کہ نظام کے ذاتی پہرہ دار ... کے ... پر بھیجے ہیں ... جنرل چودھری نے کہا کہ ہمارا ارادہ ہے کہ ... نظام کا بھی احترام کیا جائے گا۔ جیسے کہ وہ اسٹیٹ کے سربراہ ...

کشمیر میں حملہ آوروں کا حشر بھی رضاکاروں جیسا ہوگا

حیدرآباد کی فتح پر وزیر اعظم شیخ عبداللہ کا بیان

سری نگر ۲۰ ستمبر۔ یہ اعلان کرتے ہوئے کہ حیدرآباد میں ہند کی فوجوں کے جس تیزی کے ساتھ کامیابی ہوئی ہے اس سے ہر ہندوستانی کو خوشی حاصل ہوئی ہے۔ کشمیر کے وزیر اعظم شیخ عبداللہ نے کہا۔ اب نہ صرف قاسم رضوی اور ان کے رضاکاروں کے ... کا خاتمہ ہوگیا ہے بلکہ وہ جاگیرداری نظام بھی باقی نہیں رہا ہے جو ہندوستان میں سب سے پہلے رائج ہوا ہے ان لوگوں کے لئے سخت انتباہ ہے جو عوام کے جمہوری حقوق کو پامال کرکے اپنی مطلق العنانیت کو نافذ کرنا چاہتے تھے۔

شیخ صاحب نے کہا ہم کشمیری ... یہ موقع خاص طور پر خوشی منانے کے قابل ہے۔ ... آج پاکستان کے ... ہوئے رضاکاروں کا حیدرآباد میں صفایا ہو گیا ہے تو ل یقیناً کشمیر میں بھی حملہ آوروں کا ... یہی حشر ہوگا۔ دونوں علاقوں میں ہندوستانی فوجوں نے آزادی دلانے والی طاقت کی حیثیت سے کام کیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ جس طرح اس فوج نے حیدرآباد میں فتح حاصل کی ہے وہ کشمیر کے حملہ آوروں پر بھی فتح حاصل کرے گی۔ شیخ عبداللہ نے بیان کیا کہ مجھے خوشی ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں نے حیدرآباد کے معاملہ میں حکومت ہند کے اقدام کی حمایت کی ہندوستان کے مسلمانوں کو سمجھنا چاہیے کہ حیدرآباد کی یہ فتح ان کی اپنی فتح ہے آزادی کی طرح جمہوریت بھی ناقابل تقسیم ہے اور اگر کسی جگہ جمہوریت پسندوں کو فتح حاصل ہوتی ہے تو لازمی طور پر دوسری جگہ کے جمہوری پسندوں کی بھی فتح ہے۔

اسلحہ فراہم کرنیوالوں کی گرفتاری کیلئے سنگاپور پولیس کی دوڑ دھوپ

ہالستانی افسران زمین دوز ہتھیاروں کی فکر میں پڑ گئے

سنگاپور ۲۰ ستمبر۔ دو روز کے اندر ... جزائر ملایا میں پوشیدہ ... سنگاپور پولیس نے اپنا جال پھیلا کر کل سات مشتبہ ... آدمیوں کو گرفتار کرلیا۔ اس خبر کا اعلان کل رات کیا گیا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ پولیس رات ایک کشتی کے پیچھے ... ایک کشتی ... ارن ... اس کے قریب آکر لنگر انداز ہوئی جس کے متعلق یہ خیال کیا تھا کہ اس کے ذریعہ ملایا کو ہتھیار پہنچائے جا رہے ہیں۔ ... پولیس کی کشتی کے پاس ... پولیس نے مرتضٰے ... کو گرفتار کرلیا۔

ایک اور کشتی میں تین سنگاپوری انگریز تھے۔ انہیں ... سے وہاں لنگر انداز ہونے کے لئے بلایا گیا۔ اور انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ تین امریکن، ایک فلپائنی اور تین انگریزوں پر ہتھیار چوری سے پہنچانے کے جرم میں مقدمہ چلایا جائیگا۔ مقدمہ کی سماعت ... ہوگی۔ سنگاپور پولیس نے کل کچھ اور آدمیوں کو جن میں ایک یورپین بھی شامل ہے گرفتار کیا۔ جمعہ کے دن ایک شخص پکڑا جا چکا تھا۔ ہالستانی افسران جزیروں کے اندر گم ہو کر ... ہتھیاروں کو ڈھونڈ رہے ہیں۔ ... ہتھیاروں کی تلاش کیا جا رہا ہے ... ہزار فوجوں ... شامل ہیں اور ... کسی مقام پر چھپا رکھی ہیں۔

ساٹھ باغیوں نے ہتھیار ڈالدیئے

رنگون ۲۰ ستمبر۔ حکومت برما کا ایک اعلان مظہر ہے کہ ... رضاکار رسید ہی ... ساٹھ باغیوں نے ... وزیر اعظم تھاکن نو کی مخالفت کررہے تھے۔ آج حکومت کی فوجوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے ... لڑائی کے دوران میں ... باغی مارے گئے ... رضاکار جماعت کے ایک گروہ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری پالیسی کمیونسٹوں کے مشورہ سے مرتب کی جائے۔

گورنر یوپی دورہ پر

بنارس ۱۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ہز ایکسیلنسی مسز سروجنی نائیڈو گورنر ... بنارس پہنچ گئی ہیں اور سیلاب زدہ علاقہ کا دورہ کررہی ہیں۔

کحل بقائی — دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان بقاوالوں کی نایاب ایجاد — آنکھوں کی تمام شکایات کے لئے اکسیر اور آنکھوں کا محافظ ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ — دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۲ ستمبر ۱۹۴۸ء

سقوط حیدر آباد

ایک طویل داستان کو کسی بزرگ نے یوں بیان کیا تھا کہ "آپ نے داشت، رگم شد، بازیافت" آج ہم حیدر آباد کی فوجی داستان کو اس طرح بیان کر سکتے ہیں کہ رضا کاروں نے اس ریاست کو ہندوستان میں شامل ہونے سے روکا، حکومت نے لا اینڈ آرڈر کی خاطر اس میں مداخلت کی۔ اور نظام نے لڑنے والوں کو ہتھیار ڈالنے کا حکم دیا اور حکومت ہند نے اس پر قبضہ کر کے اس کی زمام اپنے ہاتھ میں لے لی۔ اس فوجی کارروائی کے پس منظر سے صرف نظر کیجئے۔ اور آگے کے واقعات کو پیش نظر رکھ کر فوجی کارروائی کے بعد حیدر آباد نے سلامتی کونسل میں فریاد کی۔ کونسل نے اس مسئلہ پر غور کرنا منظور کر لیا تھا کہ نظام کا آرڈر جاری ہوا کہ حیدر آباد کی طرف سے لڑنے والے ہتھیار ڈال دیں۔ اور ہندوستان کی فوجوں کو ریاست کے ہوائی اڈوں اور فوجی ناکوں پر قبضہ کر لینے دیں کیونکہ وہ حکومت ہند سے آبرومندانہ مصالحت کیلئے سلسلہ جنبانی کرنا چاہتے ہیں۔ اس حکم پر فوری عمل کیا گیا۔ اور ہندی فوجیں تھوڑے دنوں میں ملک میں داخل ہو کر اس داستان کو اختتام تک پہونچا دیا جو ایک مدت سے کانوں کیلئے بار بنی ہوئی تھی۔ حیدر آباد کی اس کھلی شکست کے بعد سلامتی کونسل کو مقدمہ کی سماعت کا کوئی حق ہی نہیں رہتا تھا نظام نے اپنے نمائندوں کو ہدایت کر دی کہ وہ اپنا مقدمہ واپس لے لیں۔ اور وہ واپس چلے آئیں! اس کے بعد رضا کاروں کی گرفتاریاں شروع ہو گئی ہیں۔ بہت سے اشخاص کو حراست میں لیا جا رہا ہے۔ ریاست کو فوجی گورنری میں دیدیا گیا ہے۔ جنرل چودھری کو گورنر بنا دیا گیا ہے۔ میر لائق علی کی وزارت نظر بند کر دی گئی ہے۔ ہر قسم کے ہتھیاروں کی حوالگی کا حکم نافذ کر دیا گیا ہے۔ حالات پر قابو پانے کیلئے کرنل آروڑا کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔ سید قاسم رضوی کی گرفتاری کی خبر بھی آ گئی ہے......

...... اور فوجی کارروائی کے ختم ہو جانے پر ہندی افواج کی ہر چہار اطراف سے واپسی شروع ہو گئی ہے۔ گورنر جنرل ہند، وزیر اعظم، سردار پٹیل، اور سیکڑوں شخصیتوں کی طرف سے ہندی فوجوں کو خراج تحسین ادا کیا جا رہا ہے۔

اس کے علاوہ پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی نشری تقریر میں حیدر آباد کے مستقبل سے بہت کچھ کہدیا ہے اور یہ بات صاف کر دی ہے کہ حیدر آباد میں ان لوگوں کی اور کس طرح کی حکومت ہوگی! ہم اس گم کردہ بازیافت کے بعد حکومت ہند کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے اس کی خدمت میں عرض کریں گے کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی مخلصانہ اور آل انڈیا اپیل کی طرف توجہ کرے۔ اس اپیل میں حکومت ہند کی پالیسی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی گئی ہے کہ اس کا یہ اقدام صرف پولیس کارروائی تک محدود رہے گا۔ وہ حکومت ہند ملک کی رواداری اور فیاضی کی شاندار روایات قائم کرتے ہوئے ریاست میں کسی انتقامی کارروائی کی اجازت نہ دے گی۔ اور ریاست میں تمام معاملات فرقہ واریت سے بلند ہو کر انجام پائیں گے! یہ اپیل بڑی اہم ہے۔ اور دوررس نتائج کی حامل، کیونکہ ریاست میں انتقامی کارروائی سے کوئی بہتر نتیجہ پیدا نہ ہوگا۔

ہمیں خوشی ہے کہ نظام کی عرب فوج اس جنگ سے الگ رہی اور نظام کے ہوائی جہازوں نے بھی اس میں کوئی حصہ نہ لیا۔ صرف رضا کاروں کی بھیڑ مقابلہ پر آئی اور اس نے اپنا انجام بد دیکھا۔ مگر جیسا کہ وزیر اعظم نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ اس شاندار فتح کے بعد ہمیں اپنے دماغی توازن کو برقرار رکھنا چاہیئے۔ اور اس سے کوئی ایسا کام لینا چاہیئے جو بین الاقوامی دنیا کیلئے مفید ہو۔ حیدر آباد! قاسم رضوی! بار بار کہا گیا کہ نظام ہندیونین میں شامل ہو جائے۔ ورنہ اس کا انجام اچھا نہ ہوگا۔ مگر کہا گیا کہ ہندوستان کے پرشوہ دیکھنے والے مسلمان بے ایمان ہیں۔ انھیں حق ہی کیا ہے کہ ہمارے معاملات میں دخل دیں؟ لال قلعہ پر آصفی ہی جھنڈا لہرایا جائے گا۔ اور رضا کار یلغار کرتے ہوئے دہلی تک پہونچیں گے۔ پاکستان بھی خوش اور چرچل بھی مسرور مگر انجام! کیا اس کے بعد بھی مخلص مسلمانوں کی اصابت رائے سے انکار کیا جائے گا؟

اچھی باتیں!

ویزید اللہ۔ تا۔ مرداً (پ ۱۶ ع ۹)
جو لوگ اصلاح و ہدایت قبول کر لیتے ہیں ہم انھیں اپنی طرف سے مزید ہدایت کی توفیق دیتے ہیں۔ تمہارے رب کے پاس جو چیز باقی رہنے والی ہے وہ تمہارا نیک کردار ہے۔ جس کا تمہیں اچھا بدلہ اور بہتر صلہ ملے گا۔

انسان اگر راہ حق پر استوار ہو جائے تو قدرت خود اسے کامیاب بنانے کا ذمہ لیتی ہے اور انسان کا خلوص اسے اور آگے بڑھاتا ہے، تم خدا کی طرف آؤ، ناکام نہیں رہوگے۔ تم نیک کرداری سے اپنی جگہ پیدا کرو، خدا ترقی اور نجات کی راہیں خود کشادہ کر دے گا، کچھ تو پلہ میں ہونا چاہئے کہ اس کا نتیجہ نکلے، اگر کردار کی پونجی ضائع ہو گئی اور بدعملی نے ہماری صلاحیتیں سلب کر لیں تو عملی دنیا میں ہماری کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ انسان دولت و حشمت سے باقی رہتا ہے اس کی بقا، اس کے حسن عمل پر موقوف ہے۔ نیک کرداری خود بقا کی ضامن ہے اور ضروری ہے کہ اس کے بہتر نتائج ظاہر ہوں۔

ہندوستانی اکاڈیمی سے اُردو کے اخراج کا سوال

مسٹر سمپورنانند اور مسٹر انصاری کے درمیان بحث

گذشتہ ہفتہ ہندوستانی اکاڈیمی الہ آباد کے نئے اور سابق ممبروں کا ایک وفد وزیر تعلیم مسٹر سمپورنانند سے اس سلسلہ میں ملا کہ ہندوستانی اکاڈیمی کے دائرہ عمل سے اردو زبان کو خارج کرنے کی اس تجویز پر جو اکاڈیمی کی حالیہ اجلاس میں منظور کی ہے تبادلہ خیال کرے اس وفد میں جو مسٹر حیات اللہ انصاری کی قیادت میں وزیر تعلیم سے ملا حسب ذیل حضرات شریک تھے۔

پنڈت کشن پرشاد کول، پروفیسر سید حسن رضوی، پروفیسر آل احمد سرور، مولانا نیاز فتح پوری، پنڈت آنند نرائن ملا اور پروفیسر حامد اللہ افسر میرٹھی

۲۲ اگست کو ہندوستانی اکاڈیمی کے جلسہ میں حکومت کی یہ تجویز پیش کی گئی تھی کہ اب جبکہ ہندی صوبہ کی زبان ہو چکی ہے ہندوستانی اکاڈیمی کے دائرہ عمل کو ہندی تک محدود کر دیا جائے۔

وفد کے ترجمان مسٹر حیات اللہ انصاری نے وزیر تعلیم کے سامنے اس تجویز پر اظہار خیال کرتے ہوئے اپنی اس تقریر کا حوالہ دیا، جو انہوں نے اکاڈیمی کے حالیہ جلسہ میں تجویز زیر بحث پر ترمیم پیش کرتے ہوئے کی تھی۔

انہوں نے کہا تھا کہ "یہ صحیح ہے کہ ہندی صوبہ کی راج بھاشا ہو گئی ہے مگر اس سے اردو کی اہمیت کم نہیں ہوتی جہاں تک کانگریس اور کانگریس کی مرکزی اور صوبائی حکومتوں کا تعلق ہے انہوں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ وہ اردو زبان کی ترقی نہیں چاہتی۔

زبان ہے بلکہ یہ اقلیت غیر فرقہ وارانہ اقلیت ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ہندوستان بھر میں اردو کے جو بڑے بڑے اخبارات نکلتے ہیں وہ ایک کے علاوہ سب ہندوؤں کے ہیں اس کے علاوہ اردو زبان کی ترقی میں ہندوؤں کا اتنا ہی ہاتھ ہے جتنا دوسرے فرقوں کا اس لئے اس "لسانی" اقلیت کو فرقہ وارانہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔

ہندوستان کی تقسیم سے کہا جاتا ہے کہ ملک کی "لسانی" پالیسی پر اثر پڑا ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے حیات اللہ انصاری نے کہا تھا کہ "میرے ہاتھ میں اکاڈیمی کا دستور ہے اس پر یو۔ پی لکھا ہوا تھا۔ ملک کی تقسیم کا یو۔ پی پر کیا اثر پڑا ہے جس سے صوبہ کی لسانی پالیسی میں تبدیلی ضروری ہو۔ نہ تو یو۔ پی کا کوئی حصہ پاکستان میں شامل ہو گیا ہے نہ اس کی آبادی میں کوئی ایسی تبدیلی ہوئی ہے اور جو تبدیلی ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ چند لاکھ سکھ اور پنجابی ہندو یہاں آ گئے ہیں جو اردو زبان ہی لکھتے اور پڑھتے ہیں۔

نیز ملک کی تقسیم سے جو نقصان ہوا ہے اور جو لاکھوں انسان مارے گئے ان سے کہیں زیادہ بری بات کلچر کی تقسیم ہے جس کے لئے ہندوستانی اکاڈیمی کو مجبور کیا جا رہا ہے اس وقت تو اردو زبان ہندی ادب کا دل دیکھنا چاہتی ہے کہ وہ کتنا بڑا ہے کیا وہ اپنی ایک بہن کو جینے کا بھی موقع نہیں دے سکتی۔

مسٹر انصاری نے وزیر تعلیم سے کہا: میں ایک قومی سیوک کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ اردو ادب ایک قومی ...

سیاست امروز

کاؤنٹ برناڈوٹ کا قتل

فلسطین میں اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ جب یروشلم کے یہودی علاقہ میں داخل ہو رہے تھے تو انہیں قتل کر دیا گیا۔ ... اس حرکت سے پوری دنیا ... کاؤنٹ موصوف جو شاہ سویڈن کے بھانجے تھے امن و آشتی کے کام کر رہے تھے گویا ایک اہم فرض انجام دے رہے تھے ... کی اہمیت کا تو موجودہ جنگی دنیا میں سب کو اعتراف کرنا حاصل ہوتا ہے۔ امن و آشتی کے دیوتا مہاتما گاندھی کی موت پر جا کر شاہ نے کہا تھا کہ اس دنیا میں وہ زیادہ تنہا ہیں ایک اور گمشدہ ہے۔ یہ الفاظ کاؤنٹ برناڈوٹ پر بھی صادق آتے ہیں۔ وہ یہودی جو امریکہ اور دوسرے ملکوں سے آ کر ارض مقدس کو ایک مرکز ... بنانے اور پورے فلسطین کو تسلیم کرانے ... ہیں کاؤنٹ کے امن مشن کو ... دیکھ سکے۔

اسرائیلی حکومت اگرچہ ... دہشت پسند یہودیوں کو گرفتار کر کے اپنے آپ پر معصوم ظاہر کرنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن وہ ایک مہذب حکومت کی ہستی کے الزام سے اپنے آپ کو بری الذمہ نہیں کر سکتی۔ تمام صورت حالات پر غور کرنے کیلئے سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس طلب کر لیا گیا ہے لیکن چونکہ سلامتی کونسل یہودیوں کے گرگوں پر مشتمل ہے اس سے کچھ زیادہ امید نہیں کہ وہ اسرائیل کے خلاف کوئی قدم اٹھانے کی جرأت کرے گی۔ حالانکہ کاؤنٹ موصوف کے قتل کے بعد یہ ضروری ہو گیا ہے کہ اسرائیل کے خلاف کوئی ٹھوس اور عملی قدم اٹھایا جائے ...

خیر مقدم کیا جائے گا۔

حیدر آباد کا نیا نظم و نسق

حکومت ہند حیدر آباد کے نظم و نسق کا معاملہ بنیادی پالیسی کے مطابق بدل رہی ہے۔ ریاست کے سول اضلاع میں نئے کلکٹروں کے علاوہ پولیس اور دیگر محکمہ جات کے کلیدی عہدوں پر بھی نئے ہندوستانی افسروں کا تقرر ہوا ہے۔ یہ زبردست تبدیلی بعض طبقوں پر ... ہو سکتا ہے کہ گراں گذرے لیکن اگر ...

... جو فرد کو ہندوستانی ہی سمجھتے ہیں لیکن ......

سیاسی حلقوں کا عام خیال ہے کہ نظم و نسق کے انتظام میں اگر خود حیدر آباد کے تجربہ کار افسروں ہی کی خدمات سے فائدہ اٹھایا جائے تو زیادہ بہتر ہے اس صورت میں بآسانی عوام کا اعتماد حاصل کر سکے گا۔ ... ریاست کی بدنظمی ...

بدقسمت برما

...

سنسر

...

تنقید و تبصرہ

حمید اردو مختصر نویسی

...

اخبارات کا جرم

لاہور کا ... مغربی پاکستان ... لکھتا ہے ...

کاؤنٹ برناڈوٹ

مجلس متحدہ اقوام کے مقرر کردہ ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ ...

مشرق وسطی اور روس

...

لیبیا کی آزادی

...

حیدرآباد میں پولیس کارروائی کے سوا کوئی اور چارہ نہ تھا
ہندی مسلمانوں کی وفاداری پر مولانا آزاد کا اظہار تحسین

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ حضرت مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم حکومت ہند نے اخبارات کو ایک بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ ... کے مسلمانوں کو اس روّیہ کے لئے مبارکباد دی جو انہوں نے حیدرآباد کے بارے میں اختیار کیا ہے انہوں نے کہا کہ ... ملک کے باہر گہرا اثر ہوا ہے اور اس سے ظاہر ہوگیا ہے کہ ہندوستان ... حیدرآباد میں حکومت ہند نے جو کارروائی کی اس کا ذکر کرتے ہوئے مولانا آزاد نے کہا کہ ... اس طرز عمل کے اختیار کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہ گیا تھا۔ حضرت مولانا آزاد کے بیان کا پورا متن یہ ہے۔

گذشتہ جون سیشن میں میں نے حیدرآباد کے بارے میں ایک بیان دیا تھا۔ اس بیان میں میں نے اتحاد المسلمین کے لیڈروں کو تنبیہ کی تھی کہ اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستانی مسلمان ان کی فرقہ وارانہ سرگرمیوں میں ان کی حمایت کریں گے تو سخت غلطی میں ہیں میں نے اس وقت کہا تھا کہ ہندوستانی مسلمان حکومت کے رویہ کی صدق دل سے حمایت کرتے ہیں گذشتہ ہفتہ کے واقعات نے میرے خیالات کی تصدیق ہوگئی ہے اور اسی پروپیگنڈہ کا پردہ چاک ہوگیا ہے جو بعض خود غرض پارٹیوں نے حیدرآباد میں کیا تھا ... اور دنیا کو دھوکا دینے والے ان گمراہ اشخاص نے صرف اپنے آپ کو دھوکا دیا۔

مجھے یقین ہے کہ انڈین یونین کے لئے اس طرز عمل کے اختیار کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہ گیا تھا۔ اگر اس بات کے امکانات ہوتے کہ گفت و شنید سے مسئلہ حل ہو جائے تو میں پہلا آدمی ہوتا جو کارروائی کے التوا پر زور دیتا۔ لیکن مجھے واقعات کی روشنی سے یقین ہوگیا تھا کہ حیدرآباد کے ذمہ دار افراد سے بات چیت کرنے کے لئے تیار نہیں ... ان کی کوتاہ اندیشی سے ایسی صورت پیدا ہوگئی تھی ... حیدرآباد اور باہر کے لوگوں کے لئے بہتر تھا۔

میں تمام ہندوستانی مسلمانوں کو اس طرز عمل پر مبارکباد دیتا ہوں جو انہوں نے اختیار کیا ہے ... اور یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ ہندوستان میں ان کا مستقبل محفوظ ہے ... حیدرآباد کے ایجنٹ کام کر رہے تھے ... اگر حیدرآباد میں حکومت ہند نے کارروائی شروع کی تو اندرون یونین اور باہر کے علاقوں میں اس کے خوفناک نتائج رونما ہوں گے۔ حیدرآباد کی جنگی تیاریوں اور اس کے پاس موجودہ اسلحہ کی بابت مبالغہ آمیز اطلاعات مشہور تھیں ...

حیدرآباد کی کارروائی سے دنیا پر ہندوستانی فوجوں کی تنظیم اور قابلیت بھی آشکار ہوگئی ہے۔ حیدرآباد کی سرحدوں میں داخل ہونے کے بعد ... انہوں نے آبادی کا احترام کیا ... جبکہ حیدرآباد میں ہندی فوجوں کی کارروائی کے خلاف ... اور اب بھی ...

ہندی فوجیں ... اگر کسی بات نے ... حیدرآباد کے واقعات ... ہندوستانی مسلمان ... حکومت ان کے ... فراموش نہیں کیا جائے گا۔

اقوام متحدہ میں حیدرآباد کا دعوےٰ

پیرس ۱۹ ستمبر۔ اقوام متحدہ کی سرکاری اطلاعات کے مطابق حیدرآباد کے اس فیصلہ سے کہ وہ ہندوستان کے بارے میں اپنی شکایات واپس لیتا ہے اقوام متحدہ کے ایجنڈے سے یہ مسئلہ خود بخود الگ ہو جاتا ہے۔ اگرچہ اقوام متحدہ کو نئی حکومت نظام کی طرف سے اس بارے میں ابھی تک کوئی سرکاری خط وصول نہیں ہوا کہ وہ اپنا دعویٰ واپس لیتی ہے اور سیکرٹری جنرل کو مجلس تحفظ کا اجلاس ہونے والا ہے یہاں پر یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اگر ہندوستان نے خلاف دعوی واپس بھی لے لیا تب بھی اگر اقوام متحدہ فیصلہ کرے تو یہ مسئلہ اس کے ایجنڈے میں موجود رہے گا۔

قاسم رضوی کی گرفتاری

سکندرآباد ۱۹ ستمبر۔ ایک فوجی ترجمان نے کل کے ایک اعلان میں بتایا کہ مجلس اتحاد المسلمین کے صدر سید قاسم رضوی کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

حیدرآباد ریاستی فوجی کے کمانڈر انچیف میجر جنرل العدروس نے ہندوستان کی جنوبی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف لفٹنٹ جنرل راجندر سنگھ جی کے بیان پہنچنے پر مطلع کیا کہ حیدرآباد کے نئے فوجی گورنر میجر جنرل جے۔ این چودھری کے جاری کردہ حکم کے تحت سید قاسم رضوی کو پکڑ لیا ہے۔

حیدرآباد کی مالیات
جانچ پڑتال کی جائے گی

سکندرآباد ۱۹ ستمبر یقین کیا جاتا ہے کہ حیدرآباد کے چیف سول ایڈمنسٹریٹر مسٹر ڈی۔ایس باگلے کو فوری طور پر جو کام درپیش ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ ریاست کی مالیات کی اچھی طرح جانچ پڑتال کی جائے۔ نظام گورنمنٹ کے مالی سیکریٹری مسٹر ایم۔ اے۔ کے پٹیل نے ... بیرون ریاست طویل رخصت پر رہنے کے بعد کل سے دوبارہ کام شروع کردیا۔ انہوں نے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ لائق علی کی وزارت نے غیر ملکوں سے ہتھیار اور گولہ بارود خریدنے اور پروپیگنڈہ کرنے میں ریاست کا روپیہ بیدردی سے خرچ کیا ہے۔ ان اخراجات کو "خفیہ فنڈ" کہا جاتا تھا۔

مسٹر پٹیل نے بتایا کہ ان اخراجات کی وسعت کی جانچ پڑتال کی جاری ہے۔ ریاست کے اثاثہ کو منجمد کرنے کا حکم جاری کرکے حکومت ہند نے حیدرآبادی عوام پر بڑی مہربانی کی تھی۔ کیونکہ اس طرح حیدرآباد کے وسائل کا ایک بڑا حصہ لائق علی وزارت کی دستبرد سے بچ گیا۔

لندن ریڈیو کے پروپیگنڈے کیخلاف
ناگپور میں دس ہزار مظاہرین کا جلوس

ناگپور ۱۹ ستمبر۔ تمام جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ۱۰ ہزار سے زیادہ شخصوں نے کل رات یہاں زبردست مظاہرہ کیا اور حیدرآباد کے متعلق بی بی سی کے ہندوستان دشمن پروپیگنڈے کے خلاف احتجاج میں شہر کے بڑے بازاروں میں سے مارچ کیا۔ جلوس جو ایک میل لمبا اور جس کے ہاتھوں میں ... تھے ... شہر کے کاروباری مرکز مہدوارہ سے روانہ ہوا۔ ناگپور پولیس نے مظاہرے میں کوئی مداخلت نہیں کی۔ مظاہرین نے برطانوی سیاستدانوں پر دوستانہ ڈپلومیسی کا الزام لگایا۔ اور حکومت ہند کو عوام کی کامل اور غیر مشروط حمایت کا یقین دلایا۔

جلوس کی رہنمائی کرنے والے ۵۰ اشخاص سیاہ لباس میں ملبوس تھے۔ مظاہرین نے "بی بی سی کے ناپاک اور جھوٹے پروپیگنڈے کے خلاف احتجاج" میں نعرے لگائے۔ اور مطالبہ کیا کہ اس سلسلے کا فوراً خاتمہ ہونا چاہئے۔ مظاہرین میں ناگپور کانگریس کے سرکردہ کانگریسی لیڈر اور دوسری سیاسی پارٹیوں کے ممبر شامل ...

... ہزار رضاکار ہلاک

سکندرآباد ۲۰ ستمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے ...

حیدرآباد ریڈیو سے سوامی رامانند تیرتھ کی تقریر
عوام کی بالادستی کا بول بالا ہوگیا۔ اب وہی اپنے مستقبل کا فیصلہ کریں گے

حیدرآباد ۲۱ ستمبر۔ صدر حیدرآباد کانگریس سوامی رامانند تیرتھ نے حیدرآباد ریڈیو پر براڈکاسٹ کرتے ہوئے کہا کہ اب ہندوستان کی آزادی مکمل ہوگئی۔ کیونکہ حیدرآباد کے عوام کو نجات مل گئی ہے۔ عوام کی بالادستی کا بول بالا ہوگیا ہے اور اب حیدرآباد کے عوام ہی اپنے مستقبل کا فیصلہ کریں گے۔

گذشتہ چودہ ماہ سے ایک بہادر قوم اپنے جمہوری اصولوں کو حاصل کرنے اور اصلاً ہندوستان کے ساتھ یکجہتی کرنے کے لئے جدوجہد کر رہی ہے۔ ... حکومت کے ... ناقابل بیان تکلیف اٹھانا پڑی ہے۔ ہم نے تمام آمرانہ قوتوں کا مقابلہ کیا اور ...

ویہاتی آبادی ہماری جدوجہد کا ستون تھی رہی شہید قوم شعیب اللہ خاں کو سلام کرتا ہوں

ہندوستان کے ... جنرل ... حیدرآباد کے عوام کے لئے طاقت کا ستون ثابت ہوئے ہیں اور آج کا تمام حیدرآباد کے باشندہ کی حیثیت سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ...

ہندوستان کی فوجیں ریاست کے ایک سرے سے دوسرے تک حیدرآباد کا نظم و نسق چلانا ہے اس کے لئے تعمیری سیاسی فہم و تدبر کی ضرورت ہے۔

اب حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس کے کام کو دوبارہ اقتدار پر لانا ہے الیکشن کمیٹی کے ممبران جنہوں نے اتنی قابلیت کے ساتھ جدوجہد کی رہنمائی کی ہے ... منعقد کرے گی۔

مجھے بھروسہ ہے کہ فوجی حکومت تمام سیاسی اسیروں کی فوری رہائی کے احکام جاری کرے گی۔

مجھے توقع ہے کہ ہر کانگریسی فوجی حکام کے ساتھ تعاون کرے گا اور نہ صرف اپنے ہتھیار ان کے حوالے کر دیگا بلکہ اس بات کا بھی خیال رکھے گا کہ علاقہ کے تمام ہتھیار بھی ان کے حوالے کر دیئے جائیں۔

ہندوستانی عوام کے لئے اپنے دلی جذبات کے ساتھ ... میں ... آج سے ہماری قسمت ہندوستان سے وابستہ ہوگئی ہے میں ان کو تعمیر پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کے حق میں اپنے احساسات ممنونیت کا اظہار کرنا چاہتا ہوں ... آزادی ... قربان ... اپنے جذبات کا اظہار کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔

حیدرآباد کے طلباء نے ... آزادی کی ... ایک شاندار باب کا اضافہ کیا ہے ... وکیلوں کا کردار بھی ...

پہاڑی وادیوں میں رضاکار اب بھی سرگرمی دکھا رہے ہیں
جنرل راجندر سنگھ کا ایک پریس کانفرنس میں بیان

سکندرآباد ۱۹ ستمبر۔ لفٹنٹ جنرل راجندر سنگھ جی جنرل آفیسر کمانڈنگ سدرن کمان نے آج اخباری نمائندوں کو بتایا کہ حیدرآباد میں ہندوستانی پولیس کارروائی کے وقت جو محاذوں پر پانچ بٹالین لڑتی رہی ہیں۔ ... سجال نہیں ہو سکتا ... کہ تمام ریاستی فوجوں نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں تو قع ہے کہ بہت جلد ہی امن قائم ہو جائے گا۔ رضاکاروں کے گروہ ابھی ایک پہاڑی علاقے ... کے اندر ... رضاکاروں کی سرگرمیاں ... ناکام رہے۔ رضاکاروں نے شولاپور حیدرآباد روڈ پر بیدر کے قریب ... جنرل نے یہ بھی بتایا کہ نظام کی فوج میں کوئی برطانوی افسر نہیں لڑا۔ ... جب کہ کارروائی شروع ہوئی۔ ایک برطانوی ... سوز شولاپور بھاگ جانے کی کوشش میں گرفتار کیا گیا۔ ... کیونکہ یہ لوگ حیدرآباد کی فوج میں شامل نہیں ہیں ان کے ساتھ معمولی قیدیوں کا سا سلوک کیا جائے گا۔ جنرل موصوف نے کہا کہ قاسم رضوی کی ریاست میں ... ابھی تک زیر غور ہے کہ قاسم رضوی کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے۔

جب سوال کیا گیا کہ نظام کے مستقبل کا کیا ہوگا تو آپ نے جواب دیا کہ یہ اونچی سیاست کی بات ہے اور اس کا فوج کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

نظام ایک سکالر ہیں اور ہم کو ان کا دل سے احترام کرنا چاہئے ... ہر ایک کو ... شہر میں فرقہ وارانہ ... کل شام جب ہندوستانی فوجیں سکندرآباد میں داخل ہوئیں ہیں کوئی واقعہ نہیں ہوا۔

ایسے وقت کی روک تھام کے لئے حیدرآباد اور سکندرآباد میں شام سے صبح تک کرفیو لگایا جا رہا ہے۔

آج شام کے پانچ بجے جنرل راجندر سنگھ جی نظام کے شاہی محل پر ہمدردانہ ملاقات کے لئے گئے۔ نظام سے ملاقات کے بعد آپ پونا روانہ ہوگئے۔

انتقام نہیں لیں گے لیکن مجرموں کو سزا ملے گی
پونہ میں وزیر گیڈگل کی تقریر

پونہ ۱۹ ستمبر: حکومت ہند کے وزیر مسٹر گیڈگل نے یہاں ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند نے حیدرآباد کے خلاف جو کارروائی کی ہے اس کے لئے اسے مجبور کیا گیا تھا اس نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جس کے لئے گورنمنٹ کو یا ہندوستانیوں کو شرمسار ہونا پڑے حکومت ہند نہ صرف فتح پر قائم رہے گی بلکہ گفت و شنید کے دوران میں نظام کو پیش کی گئی ... کو ہم منصب اعلیٰ انتقام لینا نہیں چاہتی ہے لیکن مجرموں کو ضرور سزا ملنی چاہیے ان کا ... ہندوستانی فوجوں کو خراج تحسین ادا کیا۔

مدراس میں لوہے کی کانیں

مدراس ۱۹ ستمبر آج مدراس اسمبلی میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے صنعت کے وزیر مسٹر سیتا رام انوری نے کہا کہ ہندوستان کے محکمہ جغرافیائی سروے نے جو تحقیقات کی ہے اُن سے انکشاف ہوا ہے کہ مدراس پریذیڈنسی نزد جرا لی کے اضلاع سیلم اور کرنول میں لوہے کی کانیں موجود ہیں۔ کچے لوہے کے ذخیروں کا اندازہ حسب ذیل ہے۔ علاقہ نزد جرا لی ۶۵۰۰۰۰ ... ٹن علاقہ کرنول ... ٹن۔

مندرجہ بالا علاقوں میں جو کچے لوہے کا مواد ملا ہے اس میں نزد جرالی کے لوہے میں خالص ۳۵ فی صدی لوہا پایا جاتا ہے۔ علاقہ کرنول کے کچے لوہے میں خالص لوہا ۳۸ سے ۶۶ فی صدی ہے کنسٹرڈ کے کچے لوہے میں ۴۲ سے ۶۲ فی صدی خالص لوہا ہے۔ حکومت مدراس نے حکومت ہند سے کہا ہے کہ مدراس میں کچے لوہے کی پیداوار میں ترقی کے لئے انتظامات کئے جائیں اور جنوبی ہندوستان میں اس مقصد کے لئے فولاد کا ایک کارخانہ کھولنا چاہئے۔

نئے گورنر کے ملاقاتی

نئے ہندوستانی فوجی گورنر کے عہدہ سنبھال لینے کے ۲۴ گھنٹہ بعد کل صبح گورنر کی میز ملاقاتی کارڈوں سے بھری ہوئی تھی۔ جو لوگ ملاقات کے متمنی تھے ان میں نیابتی حکومت کے افسران، جاگیردار، رؤسا اور شعراء اور ریاستی کانگریس کے عہدہ داران شامل ہیں۔ میجر جنرل چودھری ایک ایک کو بلاتے جاتے تھے اور ان سے مزاج پرسی اور ضروری باتیں کرتے جاتے تھے۔ بات چیت کا سلسلہ اس وقت ذرا رک جاتا تھا۔ جب کہ نظام یہیں یا جنرل العدروس کی ٹیلیفون کال آجاتی تھی۔ آج کل میجر جنرل چودھری دنیا کے سب سے زیادہ مشغول آدمیوں میں سے نظر آتے ہیں۔

بلا مقابلہ کامیابی

اٹاوہ ۱۹ ستمبر۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں بیگم حبیب اللہ ... مسلم نشست یوپی کونسل کے نامزدگی پرچہ کے وقت موجود نہ ہونے پر کانگریسی حلقہ میں نہایت تعجب کا اظہار کیا جا رہا ہے کیونکہ زاہد علی خاں رنواب نیشنل نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ اور بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بیگم حبیب کا نام ووٹر لسٹ ہی میں نہ تھا۔ پھر بھی کانگریس پارلیمانی بورڈ نے بیگم موصوفہ کو اپنا امیدوار کیسے چن لیا۔

(نامہ نگار)

سرینگر میں کشمیر کمیشن کا اجلاس

سرینگر ۱۹ ستمبر۔ اتحادی ہند کشمیر کمیشن کا ایک اجلاس آج یہاں منعقد ہوا جس میں راولپنڈی اور سرینگر کا دورہ کرنے والی دونوں پارٹیوں کے کام پر بحث کی گئی۔

نظام گورنمنٹ کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس نے ہندوستانی فوج کا استقبال کرنے کے لئے اورنگ آباد ہی رہ گیا تھا۔ ہندوستانی فوج کے فرزجل پر سرسالار اعلیٰ جس وقت ہندوستانی فوج شہر میں داخل ہوئی آبادی کا ایک طبقہ بدحال تھا لیکن جب وہ ہندوستانیوں کے زیادہ قریب آئے تو انہیں معلوم ہوا کہ وہ کوئی قبضہ کرنے والی فوج نہیں ہے بلکہ خود ان کی فوج ہے اور عوام کو پرامن زندگی بسر کرنے میں مدد دینے کے لئے آئی ہے۔

اورنگ آباد کا ریڈیو سٹیشن درست حالت میں پایا گیا اور اب آل انڈیا ریڈیو کے اورنگ آباد اسٹیشن کے طور پر کام کر رہا ہے۔ نظام کی فوج نے پسپا ہونے سے پہلے اورنگ آباد کے ہوائی اڈہ کو سخت نقصان پہنچایا تھا۔ لیکن ہندوستانی سفر میناکی فوج نے مقامی لوگوں کی مدد سے اڈہ کو بہت جلد درست حالت میں سنبھال کر دیا اور اب اس ہوائی اڈہ پر ہندوستانی ڈکوٹا ہوائی جہاز آ رہے ہیں۔

مقامی لوگوں نے جنہوں نے فوج کی مدد کی اجرت لینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ انہوں نے یہ کام اپنے ملک اور اپنی فوج کی خاطر کیا ہے۔

ریاستی افواج

حیدرآباد کی ریاستی فوجیں اگرچہ ابھی تک ریاستی کمانڈر انچیف جنرل العدروس کے تحت میں ہیں۔ لیکن حقیقت میں وہ ہندوستانی فوجی گورنر کے کنٹرول میں ہیں۔ ان کے مستقبل کا کوئی آخری فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ لیکن اتنا کہا جا سکتا ہے کہ ایک بڑی تعداد کو نکال دیا جائے گا۔ اور ریاستی فوج میں صرف چند ہزار آدمی رہنے دیئے جائیں گے اس لئے کہ پچھلے دنوں نظام نے مقررہ تعداد سے زیادہ لوگ بھرتی کر لئے تھے۔

حیدرآباد کے مستقبل پر غور کرنے کیلئے نئی دہلی میں اہم کانفرنس
مسٹر منشی نے طبی ہدایات کے ماتحت اپنی روانگی ملتوی کردی

حیدرآباد ۲۰ ستمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کے نامہ نگار خصوصی کا کہنا ہے کہ نئی دہلی میں ۲۳ ستمبر کو پنڈت نہرو وزیراعظم ہند، سردار ولبھ بھائی پٹیل نائب وزیراعظم و وزیر ریاستہائے اور مسٹر کے ایم منشی ہندوستانی ایجنٹ جنرل متعینہ حیدرآباد کے درمیان ایک اہم کانفرنس ہوگی جس میں حیدرآباد کی آئندہ انتظامی مشینری اور نظام کی آئندہ حیثیت کے بارے میں غور و خوض کیا جائیگا۔ لفٹنٹ جنرل راجندر سنگھ جی جنرل آفیسر کمانڈنگ انچیف جنوبی کمان بھی جنہوں نے حیدرآباد کی حالیہ پولیس کارروائی کی نگرانی کی تھی اس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

نئی دہلی پہنچنے کی غرض سے مسٹر منشی آج بمبئی روانہ ہونے والے تھے۔ لیکن طبی ہدایات کے پیش نظر انہوں نے اپنی روانگی کو ملتوی کر دیا ہے۔ اور غالباً کل وہ سکندرآباد سے روانہ ہوسکیں گے اور ایک دن بمبئی میں قیام کرنے کے بعد جمعرات کے دن نئی دہلی کے لئے روانہ ہوں گے اور حیدرآباد کانفرنس میں شریک ہوسکیں گے۔

ریاست حیدرآباد کے دارالسلطنت اور دوسرے شہروں میں حالات اعتدال پر آگئے
ریلوں اور ڈاک کا سلسلہ از سر نو جاری ہوگیا۔ چودھری حسب رضا کی شدید مصروفیت

سکندرآباد ۲۰ ستمبر ریاستی دارالسلطنت حیدرآباد میں ہندستانی فوج کے اول دستہ کے داخل ہونے کے بعد ۲۴ گھنٹوں سے بھی کم کے اندر حالت اس قدر اعتدال پر آگئی کہ ایک اجنبی شخص بھی اسے محسوس کر لیتا ہے۔

حیدرآباد میں عارضی نئی حکومت قائم ہوئی ہے موجودہ حکومت نظام اور انکے مشاورتی کونسل پر مشتمل ہے اور ریاست فوجی گورنر میجر جنرل جے این چودھری کی نگرانی میں کام کر رہی ہے۔

کل صبح جنرل چودھری نے اپنا ہیڈکوارٹر "نیاک روگیسٹ ہاؤس" سے ریذیڈنسی کی عمارت میں منتقل کرایا۔ جہاں کہ سابقہ حکومت نے ہندوستانی ایجنٹ جنرل مسٹر کے ایم منشی کو رہنے کی اجازت نہیں دی تھی اور ہندوستانی ایجنٹ جنرل نے دکن ہاؤس میں کام شروع کر دیا تھا۔

سکندرآباد چھاؤنی میں نظام کی فوجیں بارکیں خالی کر رہی ہیں اور انکی جگہ پر پہلی ہندستانی فوج کو رکھا جا رہا ہے ہندستانی فوجی سکندرآباد میں ... کے بعد آئے ہیں ... نظام نے ہندوستانی فوج کی سکندرآباد ... کی درخواست کو مسترد کر دیا تھا ... میں تعلقات میں کشیدگی رہی۔

ریاست کے ہوائی اڈے تا حال فوجوں کی نگرانی میں ہیں۔ شاہی ہندستانی فضائیہ کی روزانہ سروس بیانے کے لئے جاری ہے۔ لیکن عوام کے لئے ہوائی جہاز کے ذریعہ سفر اسی وقت ممکن ہوگا جبکہ پٹرول وغیرہ کا بندوبست ہو جائیگا جس کی کہ ریاست میں زبردست کمی ہے۔ موٹر ... کمیاب ہے۔ اسی باعث موٹر کاروں کا سفر عام نہیں ہوا ہے۔

شہر کے اہم ناکوں پر ہندوستانی فوجی دستے متعین ہیں لیکن ریاستی پولیس معمول کے مطابق اپنے فرائض کی انجام دہی میں مشغول ہیں۔ تجارت کا سلسلہ جاری ہے لیکن تمام دکانیں نہیں کھلی ہیں۔

ہر طرف عمارتوں اور سواری گاڑیوں پر ترنگے جھنڈے دکھائی دیتے ہیں اور "جے ہند" کو سلام کے طور پر بہت خصوصیت حاصل ہو رہی ہے۔

حیدرآباد شہر اور چھاؤنی میں سکون ہے۔ اگرچہ پرسوں ایک خفیف سا ہنگامہ ہو گیا تھا لیکن یہ ہندوستانی فوجوں کے حیدرآباد میں داخل ہونے سے قبل ہو چکا تھا۔

اورنگ آباد کی حالت

اورنگ آباد ۱۹ ستمبر ہندستانی فوج کے ایک نگراں نے بیان کیا کہ اورنگ آباد میں دیوانی اور فوجداری عدالتیں دوبارہ کھل گئی ہیں۔ اور عوامی سروسیں معتدل طور پر کام کر رہی ہیں جس سے شہر کی زندگی معتدل ہے ہندستانی فوج کی آمد پر مقامی کمشنر نے شہر اس کے حوالے کر دیا تھا۔ کاروباری ادارے اور تاجر لوگ اپنے روزمرہ کے کام کاج میں لگے ہوئے ہیں۔

منماڑ اور اورنگ آباد کے درمیان ٹرین سروس کے دوبارہ جاری ہو جانے سے حیدرآباد اسٹیٹ کا یہ حصہ ہندیونین کے ساتھ براہ راست مل گیا ہے۔

رسل و رسائل

ٹیلیفون اور تار کا سلسلہ از سر نو جاری ہوگیا ہے۔ البتہ جن لائنوں کو رضاکاروں نے نقصان پہنچایا تھا انہیں درست کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح جہاں ریلوے لائن درست ہے۔ وہاں گاڑیوں کی آمد و رفت جاری کرنے کے انتظامات جاری ہوگئے ہیں اور توقع کی جا رہی ہے کہ بہت جلد ٹرین سروس معمول پر آجائے گی۔ گلبرگہ میں ... وہ ایک راستہ خراب ہوگیا ہے۔

ہند اور اقوام متحدہ —— چودھری اکبر خاں

یہ چند ماہ ہوئے جب چودھری اکبر خاں ... دہلی کا ... ہے جس کا سلسلہ کئی ...
... چودھری صاحب کسی ...
... آل انڈیا نیشنل کانگریس کی لندن برانچ کے صدر ... آپ لندن کے ایک ... ماہواری پرچہ "مزدور" کے مدیر اعلیٰ ہیں۔ ...

... ہندی سرکار ... کشمیر ... حکومت پاکستان کو ملزم گردانتے ... گورنمنٹ ... پٹھان لیڈروں کی ... کانون کے سراسر خلاف ہے۔

مراسلات و اطلاعات

عرس کا اعلان

محمد سناء الدین عرف حاجی میاں صاحب متولی درگاہ حضرت شاہ محمد عبدالصمد ...

بچوں کی تعلیم کا بہترین موقع

امروہہ میں صفائی کی ناگفتہ بہ حالت

... بیماری پھیلنے کا خطرہ ہے۔

جمعیۃ علماء کے ممبر بنئے

بدوانی ... مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع نینی تال تحریر فرماتے ہیں جبکہ ہندوستان آزاد ہو چکا ہے اور نیا روپ اختیار کر رہا ہے تو ہندوستان کے مسلمانوں کی رہنمائی کے لئے کسی مذہبی جماعت کی ضرورت ہے لہٰذا مذہبی رہنمائی اور اقتصادی تعلیمی حالات کو درست کرنے کے لئے سوائے جمعیۃ علماء ہند کے کوئی اور جماعت نہیں ہے مرکزی اور صوبائی جمعیۃ علماء کی ہدایت کے مطابق جمعیۃ کی عام ممبر سازی شروع ہو گئی ہے اس لئے مسلمانان ضلع نینی تال سے مخلصانہ اپیل کرتا ہوں کہ جمعیۃ کے زیادہ سے زیادہ عام ممبر بن کر جماعت کو مستحکم و مضبوط بنائیں۔ نیز ضلع کی ماتحت جمعیتوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ہر مقام پر عام ممبر ... فارم ضلع جمعیۃ کے دفتر ... منگا کر ...

اٹاوہ میں تلاشیاں

جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا جلسہ

مونگیر ... جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی مجلس عاملہ کا جلسہ ... چمپارن ... جمعیۃ علماء کا صوبائی اجلاس منعقد کیا جائے ... مجلس استقبالیہ ... حضرت مولانا ... حضرت مولانا احمد سعید صاحب ... عبدالحلیم صدیقی صاحب ... کی شرکت کی توقع ہے۔

حکومت مغربی پنجاب کے الزام کی تردید

نئی دہلی ۱۹ ستمبر۔ ایک ذمہ دار ترجمان نے آج اس الزام سے انکار کیا جو مغربی پنجاب کے ایک پریس نوٹ میں لگایا گیا ہے کہ ہندوستانی فوجوں نے ہندوستانی ...

مشرقی پنجاب میں کمیونسٹوں کے وارنٹ

مسلم شستوں کی تخصیص

مغربی بنگال اسمبلی میں بحث

... ممبر ... واک آؤٹ کر گئے۔ کیونکہ ان کی رائے میں اسپیکر انہیں بولنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ مسٹر ... بسو نے اپنی ایک تحریک پر بحث کا جواب دینا چاہتے تھے۔ جس میں سودے کو شائع کرنے کی تجویز تھی۔ لیکن اسپیکر نے فیصلہ کیا کہ جوابی تقریر کی کوئی ضرورت نہیں ہے اس پر دونوں کمیونسٹ ممبر واک آؤٹ کر گئے۔

معاونین کرام

دفتر الجمعیۃ کو خطوط لکھتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ تاکہ خط و کتابت ... تاخیر نہ ہو۔

(منیجر)

دار السلطنت

ضلع کانگریس کمیٹی کا اعلان

دہلی ۱۹ ستمبر ضلع کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ نے پبلک کی امداد و تکالیف کو دور کرنے کا کام شروع کیا ہے جہاں ہر شخص بلا امتیاز مذہب و ملت اپنی شکایات و تکالیف درج کرا سکتا ہے کانگریس ان شکایات کو دور کروانے کی ہر ممکن کوشش کرے گی ضلع کانگریس کمیٹی کا دفتر کشمیری گیٹ بڑے بازار میں واقع ہے جو کہ ۹ بجے صبح سے ۱۲ بجے اور ۶ بجے سے ۹ بجے شام تک کھلا رہتا ہے ضلع کانگریس کمیٹی کا حلقہ پھوٹا دروازہ، موری گیٹ، ...

جمعیۃ کی ممبر سازی

راجہ جی کی شرکت

جمعیۃ علماء ضلع ... میں سالانہ ممبر سازی کا کام

... آپ نے سالانہ ممبر سازی کے سلسلہ میں تعاون کی اپیل کرتے ہوئے فرمایا کہ اس وقت دہلی میں سب سے بڑی مسلم آبادی ہمارے ہی ضلع میں ہے۔ گزشتہ سال اگرچہ آپ نے تین ہزار ممبر بنا کر سابقہ سالوں کا ریکارڈ ختم کر دیا۔ مگر پھر بھی آبادی کے لحاظ سے یہ تعداد بہت ہی کم ہے۔ کارکن حضرات اگر ذرا رفتار تیز کر دیتے تو ... ممبر بنا لینے کوئی بڑی بات نہ تھی۔ بہرحال امسال آپ ابھی سے جدوجہد شروع کر دیں تو میں امید کرتا ہوں کہ آپ ... سے زائد ممبر بنا لیں گے۔ اس کے بعد صاحب صدر نے کارکنوں کو خانہ پری کے سلسلہ میں ... ضروری ہدایات دیں اور اجتماع بخیر و خوبی ساڑھے دس بجے ختم ہوا۔

(محمد ادریس آفس سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۳)

... بدوش بلکہ پیش پیش حصہ لیا۔ اور ہلا لومۃ لائم کس طرح اعلاء کلمۃ الحق کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اب حالات بدل چکے ہیں۔ ملک آزاد ہو گیا۔ بدلتے ہوئے حالات کا ہم کو بھی ساتھ دینا ہے۔ اسی لئے جمعیۃ علماء نے اپنی پالیسی بدل دی یعنی سیاسیات سے دستبردار ہو گئی۔ اور یہ میدان انڈین نیشنل کانگریس کے لئے چھوڑ دیا۔ گو بظاہر اس طرح جمعیۃ علماء کا دائرہ عمل کم ہو گیا۔ مگر فی الحقیقت اس کی ذمہ داریاں بڑھ گئیں ہمارے کاندھوں پر مسلمانوں کی مذہبی، تعلیمی، سماجی، معاشرتی ذمہ داریاں آ پڑی ہیں جن کا اٹھانا سہل نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ وقت کی نزاکت کو آپ حضرات محسوس کریں اور جمعیۃ علماء کے ساتھ پوری طرح تعاون کریں۔ اس کے کرتا دھرتا وہ مخلص حضرات ہیں جو کسی وقت اور کسی حالت میں آپ کو دھوکہ نہیں دے سکتے اور آج تو وقت خود آپ کو سب کچھ بتا چکا ہے۔ میرے کہنے کی ...

انڈونیشیا کی حکومت پر قبضہ کیلئے کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

عوام سے تعاون کے لئے صدر جمہوریہ انڈونیشیا کی اپیل

بٹاویا۔ ۱۹ ستمبر۔ ڈاکٹر سوئیکارنو صدر جمہوریہ انڈونیشیا نے جمہوریہ انڈونیشیا کے کمیونسٹ باغیوں ... ایک نشری تقریر میں انہوں نے کہا ... کو چاہئے ... جو کوئی اس کے ساتھ شامل ہو گا وہ ملک کے ساتھ غداری کرے گا۔

الٰہ آباد یونیورسٹی کا جلسہ تقسیم اسناد

سردار پٹیل طلباء کو خطاب کریں گے

دل کی دل ہی میں رہ گئی

فیض آباد جمعیۃ العلماء کا برقیہ مبارکباد

فیض آباد ۱۹ ستمبر۔ جمعیۃ العلماء فیض آباد نے ... ہز ... حکومت کی حیدرآباد میں شاندار کامیابی پر برقیہ مبارکباد ارسال کیا ہے۔

ڈاکو ۵۰ ہزار روپیہ لے گئے

... مغربی بنگال ... گنج ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک گاڑی میں ڈاکہ ڈال کر ۵۰ ہزار روپیہ لوٹ لے گئے ... اپنے تجارتی ادارے کی برانچ کو لے جا رہے تھے ان پر اچانک حملہ کر دیا گیا۔ ایک ... ہلاک ہو گیا ... اور روپیہ لے کر بھاگ گئے۔

جوانی کو ایک دم واپس لانے والی

تین چیزیں

طلاء مسیحی اس کو لگاتے ہی مردہ رگوں اور پٹھوں میں جان آ جاتی ہے اور بچپن کی غلطیوں سے جو بھی خرابیاں پیدا ہو گئی ہوں سب ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی تین روپے (۳)

نوٹ: ...

تصلیق

ملنے کا پتہ

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

تیندق اور پرانے بخارات جبری

... جگادھری ضلع انبالہ مشرقی پنجاب

امتحان پاس کرنے کیلئے ...

روزنامہ الجمعیۃ دہلی 5 ۲۲ ستمبر ۱۹۴۸ء

خوف اور شبہہ کو دور کرکے امن کے کام میں ہمارا ہاتھ بٹایئے

مسئلہ حیدرآباد پر تقریر میں پنڈت نہرو کی پاکستان سے اپیل

دہلی ۱۰ ستمبر کل شب ۸ بجے پنڈت نہرو نے آل انڈیا ریڈیو سے حیدرآباد کے بارے میں تقریر کی۔ آپ کی یہ تقریر تقریباً ۱۵ منٹ تک جاری رہی۔ پنڈت نہرو نے فرمایا

ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ ایک بڑی قوم ہماری کامیابی کے موقع پر اپنا توازن نہیں کھو بیٹھتی ہے۔

ہم صاف طور پر کہہ چکے ہیں کہ حیدرآباد کے مستقبل کا فیصلہ اس کے عوام کی خواہشات کے مطابق کیا جائیگا ہم اس اعلان پر قائم رہیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ مستقبل ہند کے ساتھ گہرے تعلقات اور وابستگی ہوگا۔ تاریخ جغرافیہ اور تمدنی روایات اس حقیقت کی شاہد ہیں فی الحال حیدرآباد ایک فوجی کمانڈر کے چارج میں ہوگا کیونکہ عام حالات کی بحالی سے قبل بہت کچھ کرنا ہے ہم نے اسے ہدایت کردی ہے کہ وہ ریاست کے شہروں اور دیہات کے عوام کی روزمرہ کی زندگی میں کم سے کم دخل دے اور اسے حسب معمول جاری رہنے دے۔

طبیہ کالج دہلی

طبیہ کالج دہلی تعطیل کلاں کے بعد ۱۶ ستمبر ۱۹۴۸ء سے گلی قاسم جان محلہ بلیماران میں کھل گیا ہے اور باقاعدہ تعلیم شروع ہوگئی ہے۔ دہلی کا یہ حصہ ہر طرح محفوظ ہے اور فسادات کے زمانہ میں بھی محفوظ رہا۔ جن طلباء کی تعلیم نامکمل رہ گئی ہے یا جو نئے طلباء داخل ہونا چاہیں وہ فوراً طبیہ کالج پوسٹ بکس نمبر ۳۲ دہلی کے پتہ پر خط و کتابت کریں۔

ہمایوں کیمپ میں پناہ گزیں

دہلی ۲۰ ستمبر اس وقت پندرہ مقامی اسکولوں میں جو تین ہزار پناہ گزیں مقیم ہیں معلوم ہوا ہے کہ ان کو ہفتہ کے اندر اندر ہمایوں کے مقبرہ کے کیمپ میں بھیجدیا جائیگا ان کی رہائش وغیرہ کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

لیہہ میں ہندوستانی فوج کی شاندار کامیابی

گھبراہٹ میں دشمن مورچے چھوڑ کر بھاگ نکلا

سری نگر ۱۰ ستمبر چار دن پہلے ہندوستانی سپاہیوں نے دشمن کے سپاہیوں کے محاصرہ کا جواب کوشش کی۔ اس موقع پر ... کے مقام پر ہندوستانی فوج کے حفاظتی دستوں نے دشمن کے تمام توپچیوں کو ہلاک کر دیا ... کے مغرب میں ہے۔ یہ توپچی پاکستان کی فوجوں سے تعلق رکھتے تھے ...

ان موقعوں پر ... اس کی ایک توپ کو بھی برباد کر دیا گیا ... ہمارے فوجی دستوں نے پیچھے سے دشمن کے سپاہیوں پر حملہ کر دیا۔ دشمن اس وقت بے خبر تھا۔ دشمن کی فوجوں کے کمانڈر نے گھبرا کر پیچھے ہٹنے کا حکم دیا اور اس کی فوجیں تیز رفتاری سے بھاگ گئیں۔

... کی باقاعدہ فوج کے سپاہی شامل ہیں۔ اس فوج کے تمام افسر پاکستان سے تعلق رکھنے والے اور پیام بھیجے والے پاکستانی فوجوں کے سپاہی بتائے جاتے ہیں۔

سری نگر پہنچنے والے پناہ گزینوں کے چشم دید بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ کارگل کا شہر تباہ ہو چکا ہے ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ آزاد کشمیر حکومت کا نام ہی نام ہے۔ تمام ضروری احکامات موصول ہوتے ہیں ... پاکستانی فوجوں کا صدر مقام ہے۔

پناہ گزینوں کا بیان

پناہ گزین جو دشمن کے علاقہ سے بھاگ آئے ہیں ان کا بیان ہے کہ حملہ آوروں کے پاس کپڑے اور اناج کی کمی ہے انہوں نے غریب کسانوں سے زبردستی اناج وغیرہ چھیننا شروع کر دیا ہے۔ زبردستی ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ عوام اور کشمیری حکومت کے ملازم جو وہاں رہ گئے ہیں ان سے زبردستی کام لیا جاتا ہے ... میں جبری بھرتی جاری کر دی گئی ہے ہر نوجوان سے اٹھارہ اور پینتیس سال کی درمیانی عمر کا شخص فوج میں شامل کیا جا رہا ہے۔

... ہیں۔ گریز کے علاقہ میں گریز کے شمال اور جنوب میں ہمارے فوجی دستے جارحانہ گشت میں مصروف ہیں اور دشمن کو خوب نقصان پہنچا رہے ہیں۔

فلمی گوداموں کی منتقلی

دہلی ۲۰ ستمبر حال ہی میں چاندنی چوک میں فلموں کے گودام میں جو آگ لگی تھی اور جس کے نتیجہ میں سات آدمی ہلاک ہوگئے تھے ...

... گزشتہ ہفتے جب مسٹر شنکر پرشاد نے اس علاقہ کا معائنہ کیا جہاں آگ لگی تھی تو ان کو بتایا گیا کہ پہلے بھی کئی مرتبہ یہاں آگ لگ چکی ہے۔

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی مظفر نگر میں

مظفر نگر ۱۸ ستمبر حضرت شیخ الاسلام مدظلہ ... کی ٹرین سے دیوبند سے تشریف لائے اسٹیشن پر عمائدین جمعیۃ علماء بشمول مولانا محمد ... صاحب ایم ایل اے اور شری کیشو گپتا ایم ایل اے نے استقبال کیا۔ مولانا مدظلہ ۲ بجے قصبہ ... تشریف لے گئے اور وہاں ایک عام جلسہ میں تقریر فرمائی اور کانگریسی امیدوار کے لئے اپیل کی۔ رات کو حضرت مدظلہ مظفر نگر تشریف لے آئے اور مولانا حکیم محمود ... صاحب کے مکان پر قیام فرمایا۔ ۱۹ ستمبر صبح حضرت مدظلہ قصبہ ... تشریف لے گئے اور وہاں ۱۰ بجے ایک عام جلسہ میں تقریر فرمائی۔ ۴ بجے شام حضرت نے قصبہ ... میں ایک عام جلسہ میں تقریر فرمائی اور اسی وقت شب کے ۸ بجے قصبہ ... میں حضرت مدظلہ کی تقریر ہوئی۔ یہ جلسے ٹاؤن ایریا کے الیکشن کے سلسلہ میں منعقد کرائے گئے تھے۔ حضرت مدظلہ شب کو ۱۱ بجے جائے قیام پر واپس تشریف لائے اور ۲۰ ستمبر کو حضرت صبح ۸ بجے کی ٹرین سے مراجعت فرما کر دیوبند ہوگئے۔ جلسوں میں حاضری بہت کافی تھی اور سب جلسے کامیاب ہوئے۔ اُمید ہے کہ اس ضلع میں ٹاؤن ایریا کے الیکشن میں کانگریس کے امیدوار ... کامیاب ہونگے۔

نئی دہلی ۱۸ ستمبر ... حکومت ہند کا ایک اعلان شائع ہوا جس میں بتایا گیا کہ حیدرآباد کے ساتھ ڈاک و تار کا سلسلہ پھر شروع ہوگیا ہے حیدرآباد کے خلاف فوجی کارروائی شروع ہونے کے دوران میں یہ سلسلہ موقوف ہوگیا تھا۔

آزادی کی یادگار میں شاہی تمغے فوجی ملازمین کو عطا کئے جائینگے

نئی دہلی ۱۸ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ ہند کی آزادی کی یادگار میں شاہ برطانیہ نے شاہی فرمان مورخہ ۲۱ جولائی ۱۹۴۸ء کے ذریعہ ... "تمغہ آزادی ہند" منظور فرمایا ہے تاکہ ہندوستان کی مسلح افواج کے افراد اس تاریخی واقعہ کی یادگار میں اسے زیب تن کر سکیں۔

یہ تمغہ گول اور ... کی دھاتوں سے بنا ہوا ہوگا۔ اس کے سامنے والی طرف شاہی تاج اور ... شاہ برطانیہ ... اور دوسری طرف ستارہ ... کے ستون پر ... "آزادی ہند ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء" کے الفاظ کندہ ہوں گے۔ حسب ذیل افراد اسے زیب تن کر کے اصل تصویر رکھ سکیں گے۔

(۱) تمام وہ ہندوستانی مرد اور عورتیں جو ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان کی مسلح افواج کی کسی شاخ میں ملازم تھے۔

(۲) ریاستی حکمراں

(۳) ان ریاستوں کی افواج کے افراد جو یکم جنوری ۱۹۴۸ء تک ہندیونین میں شامل ہوگئی تھیں۔

(۴) برطانوی افسران اور بحری یا ہوائی بیڑے کے افراد ... جو یکم جنوری ۱۹۴۸ء کو ہندوستان کی مسلح افواج میں ملازم تھے۔

آزادی ہند میڈل کی عطا کے جانے کے متعلق ... کے گئے ہیں۔

بھوپال ... بھوپال کی پولیس نے جرم ... کی تفتیش کے سلسلہ میں اس سال ایک ... کیا ... کی حالت میں ... جہاں عورتیں ... تھیں ... کر لیا ہے۔

ہیضہ (یعنی) کالرا سے بچو

آج کل ملک میں ہیضہ (یعنی) کالرا کی وبا پھیلی ہوئی ہے چاروں طرف یہ موذی مرض نظر آرہا ہے۔ اس مرض سے محفوظ رہنے کیلئے

امیکو ڈراپ ——— ہر گھر میں رکھیں

ہیضہ یعنی کالرا کے لئے بہت کامیاب دوا ہے مرض کی ابتدائی حالت میں دو دو منٹ بعد ... میں مرض کی شکایت جاتی رہتی ہے ... بھی چند قطرے استعمال کرنے سے مرض سے محفوظ رہتا ہے۔

امیکو ڈراپ جادو اثر دوا ہے ... اس دوا کا ایک ایک قطرہ آب حیات ... حکم رکھتا ہے۔

(۱) موسمی اور وبائی امراض (۲) ہیضہ یعنی کالرا (۳) قلبی امراض (۴) ... (۵) پیٹ پھولنا (۶) کھٹی ڈکاریں آنا (۷) ... (۸) ضعف معدہ (۹) کھانا ہضم نہ ہونا (۱۰) دستوں کا ہونا (۱۱) سینہ ... (۱۲) درد سر (۱۳) ... (۱۴) درد گردہ (۱۵) ... وغیرہ کے لئے ... دوا ہے۔

ہر گھر میں | سفر میں | امیکو ڈراپ | رہنا چاہیے

قیمت بڑی شیشی ... علاوہ محصول

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹیڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ ۱ (انڈیا)

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان نوٹ کرلیں

ہفتہ وار الجمعیۃ کا پہلا پرچہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو شائع ہوجائیگا اور اس کے بعد مسلسل ہر اتوار کو شائع ہوتا رہے گا۔

ایجنٹ صاحبان جتنے پرچے طلب کرنا چاہیں بحساب تین روپیہ فی پرچہ زر پیشگی فوراً ارسال فرمادیں۔ اخبار صرف اُن ایجنٹوں کو بھیجا جائے گا جن کی پیشگی رقم دفتر کو وصول ہوگئی ہوگی۔

خریدار صاحبان:۔ قیمت ارسال کرنے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

سالانہ قیمت:۔ بارہ روپے۔ ششماھی چھ روپے آٹھ آنے۔ قیمت ہمیشہ بذریعہ منی آرڈر بھیجئے۔ وی۔ پی نہ طلب کیجئے۔

مشتھرین نوٹ فرمالیں کہ تاریخ اشاعت سے ایک ہفتہ قبل جو اشتہارات وصول ہوجائیں گے وہی شریک اشاعت ہوسکیں گے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر

دھوپ اور نظر کے چشمے

فریم کمانیں اور سامان متعلقہ چشمہ ہمارے ہاں ... نہایت ... ملتا ہے۔

چاندنا اپٹیکل کمپنی

حویلی حسام الدین ... چاندنی چوک دہلی

جوتش کے حساب سے تیار کی ہوئی

سات دھات کی انگوٹھیاں

انگوٹھیوں میں بہت سی خوبیاں ہیں مثلاً بیروزگاری، بیماری، امتحان، مقدمہ میں کامیابی، دشمنوں کے مقابلہ میں فتح ... آپ کی مرضی کے مطابق ہر کام ضرور ہوگا کیونکہ یہ انگوٹھیاں جوتش کے حساب سے ... حال ہی میں تیار کرائی گئی ہیں ...

نوٹ ... قیمت انگوٹھی ...

ملنے کا پتہ

سوامی جوتشی حلقہ نمبر ۲۸ علیگڈھ

الجمعیۃ بک ڈپو کی قابل قدر کتابیں

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بیش بہا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد ... پانچ روپے حصہ چہارم ...

نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنے

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفاء راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دئے گئے ہیں قیمت مجلد ...

خلافت بنی اُمیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے جس میں بنی امیہ کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے جمع کئے گئے ہیں زبان نہایت سادہ اور سلیس ہے قیمت صرف ۲ روپے بارہ آنے

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ حصہ اول۔ جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات۔ قیمت ۳ آنہ

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ حصہ دوم مع تتمہ ... علماء ہند کی ... تجاویز کا مجموعہ قیمت دو روپے چار آنے

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے جھنڈے پر فاضلانہ اور اسلامی ... میں تبصرہ۔ قیمت ۳ آنے

نور الاصباح یعنی نور الایضاح کا اردو ترجمہ اور شرح جو عربی کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت زیادہ مفید ہے اور ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بڑا ذخیرہ قیمت ...

تاریخ اسلام حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مشہور تصنیف ہے جو دار العلوم دیوبند میں داخل نصاب ہے قیمت حصہ اول ... حصہ دوم ... حصہ سوم ...

ہمارے پیغمبر حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب کی تالیف ہے یہ کتاب بھی اسلامی مدارس کے درس میں شامل ہے۔ قیمت ...

جنگ بدر ... صرف ۳۱۳ مسلمانوں نے ہزاروں کفار وں پر فتح پائی قیمت صرف ...

اربعین اسلامی تعلیم کا ... قیمت صرف ...

نوٹ:۔ ... کتابیں خریدنے والے صاحبان کی خدمت میں ... رسالے ... پاکستان کیا ہے ... مفت ... کئے جائیں گے۔

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

حیدرآباد کی اطاعت پر پاکستانی اخبارات کا تبصرہ
مجلس تحفظ اور ہندوستان دونوں پر الزامات

کراچی ۲۰ ستمبر۔ حیدرآباد کے ہتھیار ڈالنے پر پاکستانی اخبارات میں سخت تنقیدی تبصرے شائع ہوئے ہیں۔ اخبار ڈان نے مجلس تحفظ پر الزام عائد کیا ہے کہ حیدرآباد کے موت و حیات کے نازک موقع پر مجلس تحفظ فضول بحث مباحثہ میں وقت ضائع کر رہی تھی۔ حیدرآباد کو حملہ آوروں کی زیادہ طاقت کی وجہ سے مغلوب ہونا پڑا۔ نظام کو اطاعت کرنا اور فوجوں کو ہتھیار ڈالنے کا حکم دینے پر مجبور ہونا پڑا۔ اخبار مذکور نے ہندوستان پر یہ الزام لگایا ہے کہ اس نے تلوار کے زور سے حیدرآباد کو مطیع کیا ہے اور اب جو حکومت بنائی جائے گی وہ عوام کی نمائندہ حکومت نہیں ہوگی۔ ڈان نے مجلس تحفظ سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد کے مسئلہ کو ہرگز نظر انداز نہ کیا جائے اور اگر مجلس تحفظ نے ایسا کیا تو پاکستان کو اس پر کوئی اعتماد و یقین باقی نہ رہے گا۔

قائداعظم کے انتقال پر رامپور اسمبلی کی تعزیتی قرارداد
حکومت ہند کو پیغام مبارکبادی۔ وضع قوانین کمیٹی کا قیام

رامپور ۲۰ ستمبر۔ رامپور ریاست کی نئی اسمبلی کے پہلے سیشن کا پہلا اجلاس کل شروع ہوا۔ رسمی افتتاح کے بعد اسمبلی نے قائداعظم جناح گورنر جنرل پاکستان کے انتقال پر تعزیتی قرارداد منظور کی۔

دوسری قراردادیں بھی منظور کی گئیں۔ ایک کے ذریعہ حیدرآباد اور کشمیر میں حکومت ہند کے پولیس و فوجی اقدام کی حمایت کی گئی اور دوسری کے ذریعہ حکومت ہند کے وزیراعظم اور یونین کے فوجیوں کو ہندوستان کی شاندار فتح حاصل کرنے پر مبارکبادی دی گئی۔

اسمبلی کے قواعد و ضوابط وضع کرنے کے لئے حسب ذیل اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی کا قیام بھی عمل میں لایا گیا۔ کرنل بشیر حسین زیدی وزیراعظم رامپور، مسٹر عزیز احمد خاں قانونی مشیر، مسٹر فریدالدین خاں وکیل، مسٹر سلامت اللہ وکیل، مسٹر رادھے شیام وکیل، پنڈت کشور دت اور مسٹر وید پرکاش بھٹناگر۔ کرنل زیدی اس کمیٹی کے چیئرمین اور مسٹر [illegible] کنوینر مقرر کئے گئے۔

فوجی گورنر کی اطاعت کیلئے حیدرآبادیوں سے نظام کی اپیل
جنرل چودھری نے حیدرآباد ریڈیو پر نظام کا فرمان پڑھ کر سنایا

حیدرآباد ۲۰ ستمبر۔ ہز اگزالٹڈ ہائینس نظام نے کل ایک فرمان جاری کیا ہے جس میں [illegible] کو بلا چون و چرا اطاعت کرنے اور انتظامی معاملات میں ان کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ جنرل چودھری نے گذشتہ شب حیدرآباد ریڈیو سے یہ فرمان سنایا۔ انہوں نے ان لوگوں کو سخت تنبیہ کی جو اب بھی [illegible] آمادہ ہیں۔ انہوں نے کہا ایسے لوگ خواہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتے ہوں ان کے خلاف سخت اقدام کیا جائے گا۔ انہوں نے عوام کو اس بات کا بھی یقین دلایا کہ معمولی حالات پیدا کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔

دہشت پسند یہودیوں کے خلاف ہنگامی قوانین
مشتبہ لوگوں کی گرفتاریاں اور تلاشیاں ہو رہی ہیں

تل ابیب ۲۰ ستمبر۔ یہودی دہشت پسندوں کی سرگرمیوں کو ختم کرنے کے لئے جو ہنگامی قوانین بنائے گئے ہیں ان پر اسرائیلی کابینہ نے منظوری دیدی ہے۔ امید ہے چوبیس گھنٹہ کے اندر ان قوانین کا اعلان ہو جائے گا۔ اسرائیلی فوج کی پولیس نے یروشلم کے ایک علاقہ میں اسٹرن گروہ کے ہیڈکوارٹروں پر چھاپہ مارا اور اس گروہ کے بیسوں آدمیوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار شدگان میں دس سال تک کے لڑکے اور لڑکیاں شامل تھیں۔ پورے اسرائیلی علاقہ میں جو لوگ [illegible] میں گرفتار کئے گئے ان کی تعداد دو سو [illegible] اسرائیلی حکومت کے ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ [illegible]

جن سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکے کہ ان کے بعد اس قسم کی حرکتوں کی ہمت شکنی ہوگی۔

[illegible]

بذریعہ ہوائی جہاز حیفہ بھیجی جانے کے بجائے جیسا کہ پہلے اعلان کیا گیا تھا ایمبولینس کار کے ذریعے پہنچائی گئیں۔ جنرل لنڈ اسٹروم نے یروشلم میں کہا کہ بیت المقدس میں بدستور عارضی صلح ہے اور اس کی نگرانی اسی طرح جاری ہے جس طرح کاؤنٹ برناڈوٹ کے قتل سے قبل جاری تھی۔ اقوام متحدہ کے تمام مبصرین پہلے کی طرح اپنی جگہوں پر ہیں۔

مسٹر منشی ایجنٹ جنرل کا مستقبل
حیدرآباد میں قیاس آرائیاں

سکندرآباد ۲۰ ستمبر۔ مسٹر منشی جو حیدرآباد میں ہند کے ایجنٹ جنرل تھے ان کے مستقبل کے قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں۔ جب تک حالات معمول پر واپس نہ آ جائیں اس وقت تک ریاست کا کنٹرول فوجی گورنر کے ہاتھ میں چلے جانے سے ایجنٹ جنرل کی وہ اہمیت نہیں رہی ہے جو ان کے دفتر کی ہونی چاہئے۔ اس امر میں شبہ ہے کہ مسٹر منشی بدستور ایک ایسی پوزیشن میں رہیں گے جس میں رہتے ہوئے ان کے لئے کام کرنے کے میدان نہیں لیکن ایک خیال یہ بھی ہے کہ حیدرآباد کے اسٹیٹ منسٹری مسٹر منشی کے مشوروں سے برابر فائدہ اٹھائے گی اور اس کے لئے وہ کسی نہ کسی صورت میں حیدرآباد ہی میں رہیں گے۔

کراچی ۲۰ ستمبر۔ حکومت پاکستان نے ایک غیر معمولی گزٹ میں اعلان کیا ہے کہ پاکستان نیشنل گارڈ کا ہر شخص بوقت ضرورت پاکستان کی فوج میں شامل کیا جا سکے گا۔ یہ حکم [illegible] ماہ کے لئے ہوا کریگی۔

ضروری اعلان

عوام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ۲۰ [illegible] ستمبر ۱۹۴۸ء بروز [illegible] کو حضرت مستان شاہ کابلی چشتی کا عرس [illegible]

مغربی پنجاب کی غذائی حالت

کراچی ۲۰ ستمبر۔ مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی نے کل سہ پہر کراچی میں پاکستان کے وزیر غذا پیرزادہ عبدالستار سے ملاقات کی۔ وزیر غذا نے گورنر مغربی پنجاب سے صوبہ کی غذائی پوزیشن اور سیلاب کی وجہ سے فصلوں کے برباد ہو جانے کے حالات معلوم کئے۔ ایک گھنٹہ تک گفتگو جاری رہی۔

روسی وزیر خارجہ کے جواب پر غور

لندن ۲۰ ستمبر۔ برطانیہ، فرانس اور امریکہ آج بھی روس کے وزیر خارجہ کے جواب پر غور کر رہے ہیں کہ آیا اس جواب کے بعد برلن کے مسئلہ پر چاروں حکومتوں کی گفت و شنید کو جاری رکھا جا سکتا ہے یا نہیں۔ تینوں ملکوں پر مشتمل مجلس قائمہ کا دن بھر اجلاس ہوتا رہا۔

رضاکاروں کی منتقلی

بیدر ۲۰ ستمبر۔ حیدرآباد میں رضاکاروں کی گرفتاریاں جاری ہیں اور انہیں گرفتار کرکے دوسرے مقامات پر بھیجا جا رہا ہے۔ کل ۲۲ رضاکار مدراس سے لائے گئے اور ۷۰ رضاکار مدراس بھیجے جا رہے ہیں۔

چیف کمشنر کے دفتر میں تخفیف

[illegible]

برما کے وزیر خارجہ کا انتقال
قاتلانہ حملے سے جانبر نہ ہوسکے

رنگون ۲۰ ستمبر۔ برما کے وزیر خارجہ مسٹر [illegible] رنگون جنرل ہسپتال میں اپنے زخموں کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ ان کا انتقال دستی بم کے حملے کے ۴۸ گھنٹہ بعد [illegible] رنگون میں جھنڈے نصف مستول پر لہرا دئیے گئے [illegible] گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ [illegible] ان کی بیوی لندن سے واپس آ رہی ہیں۔

حکومت کے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ رنگون کے قریب [illegible] پارٹی کے ساٹھ آدمیوں نے حکومتی فوجوں سے ایک مقابلہ کے بعد ہتھیار ڈال دئیے۔ [illegible]

یو تن تُت کی موت پر تمام دنیا سے پیغامات تعزیت موصول ہوئے ہیں۔

نواب کا اظہار خوشنودی

[illegible]

انہوں نے کامل وفاداری اور باہمی تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔

حیدرآباد میں پولیس کاروائی کی کامیابی پر اظہار شکرگذاری
اتوار کو عبادت گاہوں میں شکرانہ ادا کرنے کیلئے راجہ جی کی اپیل

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ ہز ایکسیلنسی مسٹر راج گوپال آچاریہ گورنر جنرل ہندوستان نے عوام سے اپیل کی ہے کہ خواہ وہ کسی فرقہ اور مذہب سے تعلق رکھتے ہوں، ۲۶ ستمبر کو شکریہ کا قومی دن منائیں اور مسجدوں، مندروں، گرجوں اور دوسری عبادت گاہوں میں اپنے اپنے رسم کے مطابق دعاؤں کا انتظام کریں، تاکہ اس موقعہ پر ہم سب خدا کے شکرگذار ہونے کا اظہار ہو سکے۔ اور ہم خدا سے اس بات کی مدد چاہیں کہ وہ ہمارے دلوں کے اتحاد کو جس پر قوم کی مسرت اور خوشحالی کا دارومدار ہے زیادہ مستحکم بنا لیں۔

آپ نے کہا ”ملک بھر میں حیدرآباد کے خلاف ہماری کامیابی پر امن و اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے۔ ہم کو خدا کا شکر کرنا چاہئے کہ خطروں اور آفتوں کے اس دور میں ملک کے طول و عرض میں امن رہا اور ہم اتنی کم تکلیفیں برداشت کر کے اور اتنا کم خون بہا کر اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے۔“

مزید قیدیوں کی آمد

مدراس ۱۹ ستمبر۔ ۵۰ قیدیوں [illegible] لڑائی کے دوران میں گرفتار کیا گیا تھا۔ پولیس کی حفاظت میں آج مدراس [illegible]

پاکستان میں قومی فوجی دستے

کراچی ۲۰ ستمبر۔ پاکستان ریاستی مسلم لیگ کے جنرل سکریٹری مسٹر محمود نے کل پریس کو ایک بیان دیتے ہوئے پاکستان کے ریاستی باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قومی فوجی دستے تیار کریں جن کا مقصد صرف اپنا تحفظ اور ریاستوں کے اندر نظم و نسق کو برقرار رکھنا ہوگا۔

مسٹر محمود نے ریاستی افسروں سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس کام میں کافی مدد دیں اور رضاکار دستے جن کی اس وقت بیحد ضرورت ہے اور جن کی موجودگی ڈومینین کی یکجہتی کے لئے لازمی ہے بنانے میں سہولتیں بہم پہنچائیں۔

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

آ گئی۔ جیپ کے چوراہے پر متعینہ یہودی فوج نے روک لیا۔ ایک آدمی جیپ سے اتر کر بھاگا۔ اس نے کاؤنٹ کی کار کی کھلی ہوئی کھڑکی میں ٹامی گن رکھ کر نشانہ لگا دیا جس سے کاؤنٹ برناڈوٹ اور کرنل سیروٹ گھائل ہو گئے۔ کرنل سیروٹ اپنی سیٹ سے میری طرف کو گر پڑے۔ وہ مر چکے تھے۔ کاؤنٹ برناڈوٹ بھی آگے کو گرنے لگے مجھے یہ معلوم ہوا کہ وہ آ لیٹنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پھر میں نے پوچھا کیا آپ کے گولی لگ گئی ہے۔ انہوں نے سر ہلا دیا اور اس کے بعد وہ پیچھے کو گر پڑے۔

قائداعظم کی یادگار تعمیر کی جائیگی
قائمقام گورنر جنرل پاکستان کا اعلان

کراچی ۲۰ ستمبر۔ خواجہ ناظم الدین قائمقام گورنر جنرل نے آج ایک بیان میں بتایا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی یادگار قائم کی جائے گی [illegible]

[illegible] جنرل پاکستان اور گورنر جنرل کے پرائیویٹ سکریٹری پرنسپل ہوں گے۔ یہ لوگ بالترتیب اس کمیٹی کے صدر، نائب صدر، خزانچی اور سکریٹری ہوں گے۔ صوبہ جات میں جو کمیٹیاں قائم کی جائیں گی، گورنر ان کے صدر اور وزراء اعظم نائب صدر ہوں گے۔

اشرف بھوپالی کو صدمہ

[illegible]

مسئلہ حیدرآباد کے تصفیہ پر لوگوں کے خیالات

لاہور ۲۰ ستمبر۔ پاکستان کو حیدرآباد کی امداد پر مجبور کرنے کے لئے پر زور شور سے مظاہرے ہو رہے تھے اس بات کی خبر آئی کہ نظام نے حکومت کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے ہیں اور اس کے اصلی مطالبات منظور کر لئے ہیں۔ اس خبر سے لوگوں کو سخت صدمہ ہوا اور بہت سے تو اس خبر کا یقین بھی نہ کر سکے۔ اس خبر کے شائع ہونے سے پہلے ہزاروں طالب علم یونیورسٹی کے میدان میں جمع ہوئے اور انہوں نے حیدرآباد کے معاملے میں پاکستان کی کمزور پالیسی پر احتجاج کیا اور سڑکوں پر جلوس نکالے اور نعرے لگائے۔

اس خبر سے بے خبر کہ حیدرآباد نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں انہوں نے گورنمنٹ ہاؤس اور برطانوی ہائی کمشنر لاہور کے مکانوں پر مظاہرہ کیا۔ واپسی پر ان کو یہ خبر سنائی گئی اور وہ منتشر ہو گئے۔ اس خبر پر بڑے تعجب کا اظہار کیا۔ لیکن کسی قسم کا خوف و ہراس نہیں پھیلا۔ یہاں بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ حیدرآباد کے خاتمے کے بعد کشمیر میں حکومت ہند [illegible]

بزم سخن دہلی کا افتتاح

کل قیام جان دہلی میں کالے صاحب کا احاطہ ادبی حیثیت سے دہلی کی تاریخ میں بہت نمایاں جگہ [illegible] حضرت کالے صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی روحانی اعتبار سے مرجع خاص و عام تھی [illegible] ادبی حیثیت سے بھی ایک مرکزی مرتبہ کی حامل تھی اور حضرت بہادر شاہ ظفر اور مرزا غالب جیسے بزرگ حضرت کی ادبی مجلسوں میں شریک ہوا کرتے تھے۔

[illegible]

اکابر کا اظہار خوشنودی (?)

[illegible]

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے
(منیجر)

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ
چالیس روپے، ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے
ممالک غیر سے سالانہ
پچاس روپے ششماہی پچیس روپے

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر آپ اپنی تجارت اور کاروبار کو یقیناً کامیاب بنا سکتے ہیں

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم چہارشنبہ ۱۷ ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹ء | نمبر ۲۰۵ | بذریعہ ہوائی جہاز اڈہ بانی آنہ

حیدرآباد کے مسئلہ پر اب بھی مجلس تحفظ میں بحث ہو گی

ریاستی وفد کی درخواست پر بحث چند روز کیلیے ملتوی کر دی گئی

اقوام متحدہ کو ابھی تک یہاں کے حالات سرکاری طور پر نہیں معلوم ہوئے

پیرس ۲۱ ستمبر۔ اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ میں حیدرآبادی وفد کے لیڈر اور ریاستی وزارت خارجہ کے سکریٹری مسٹر ظہیر احمد نے ایک بیان میں کہا کہ چونکہ حکومت حیدرآباد کی طرف سے کوئی تازہ ہدایت موصول نہیں ہوئی ہیں اس لئے اس معاملہ کو فی الحال چند روز کے لئے ملتوی کر دیا جائے۔ مجلس تحفظ نے حکومت برطانیہ کے مشورہ پر حیدرآباد کے معاملے پر بحث کو چند روز کے لئے ملتوی کر دیا ہے۔

مسٹر ظہیر احمد نے اپنے بیان میں کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نظام نے فوجوں کو جنگ بند کرنے کا حکم دیدیا ہے اور انڈین یونین کی فوجیں ریاست میں داخل ہو گئی ہیں۔ ہندوستانی نمائندہ مسٹر راما سوامی مدالیار نے کہا کہ حیدرآبادی وفد کو یقین دلانے کی کوشش کی کہ نظام نے اس شکایت کو واپس لینے کا حکم دیا ہے اور یہ حکم انڈین یونین کے کسی دباؤ سے نہیں دیا گیا ہے۔ لیکن میری کوششیں بیکار گئیں۔ انہوں نے کہا کہ نظام نے یہ حکم ریاست میں ہماری فوجوں کے داخلے سے پہلے ہی دیدیا تھا۔ نیز یہ کہ ہماری فوجیں نظام کی دعوت پر شہر حیدرآباد میں داخل ہوئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سوائے چند جگہوں کے جہاں اب بھی رضاکار سرگرمیاں دکھلا رہے ہیں۔ ریاست میں امن قائم ہو چکا ہے۔ ریاست کے مستقبل کے متعلق انہوں نے کہا کہ وہاں کے عوام خود ہی اس کا فیصلہ کریں گے۔

مجلس تحفظ کے اجلاس کے شروع ہونے پر صدر نے کہا کہ مجھے ریاست کے حالات کی کوئی سرکاری اطلاع نہیں ملی ہے اس لئے ریاستی وفد کو اس سلسلہ میں ایک بیان دینا چاہئے۔ اس پر مسٹر ظہیر احمد نے کہا مجھے نظام کی طرف سے براہ راست کوئی ہدایت موصول نہیں ہوئی۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نظام نے ہتھیار ڈالنے کا حکم دیدیا ہے۔ اور انڈین یونین کی فوجیں ریاست میں داخل ہو گئی ہیں۔ اس لئے میں مجلس سے درخواست کرتا ہوں کہ اس معاملہ پر بحث چند روز کے لئے ملتوی کر دی جائے۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد پر حملے سے کوئی فرقہ وارانہ گڑبڑ شروع نہیں ہوئی۔ اور مجھے امید ہے کہ ہندوستانی حکام ... کے طریقے سے آئندہ تمام تلخیاں اور ناخوشگواریاں دور ہو جائیں گی۔ حیدرآبادی وفد نے امید ظاہر کی کہ ایسے نازک موقع پر جہاں باکرامت حل تلاش ہو جائے گا، جو انڈین یونین، حیدرآباد اور اقوام متحدہ کے مفاد کے حق میں ہو گا۔

ہندوستانی وفد کے نمائندے سر رامسوامی مدالیار نے کہا کہ نظام کے حکم کے متعلق حیدرآبادی وفد کو یقین دلانے کی میری تمام کوششیں رائیگاں گئیں۔ حکومت ہند کی طرف سے مجھے ایک پیغام حیدرآبادی وفد کو پہنچانے کے لئے موصول ہوا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ میں انہیں حکم دیتا ہوں کہ تم مجلس تحفظ سے اپنے مقدمہ کو واپس لے لو۔ سر رامسوامی مدالیار نے کہا کہ اس ...

(باقی صفحہ ۶ کالم اول پر)

کوریہ میں امریکی فوجیں رہیں گی!

واشنگٹن ۲۱ ستمبر۔ امریکہ کے دفتر خارجہ نے اس امر کی وضاحت کی ہے کہ امریکہ کوریہ سے اس وقت تک اپنی فوجیں نہیں ہٹائے گا جب تک اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اس سوال پر غور و خوض ختم کرے۔

ہتھیار فوج کے حوالہ کر دو

سوشلسٹوں کو مسز ارونا کی اپیل

بمبئی ۲۱ ستمبر۔ بیگم آصف علی صدر حیدرآباد کمیٹی سوشلسٹ پارٹی نے ریاست اور ریاست کے باہر کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے اپنے ہتھیار اپنے اپنے علاقوں میں ہندوستانی فوج کے ذمہ دار افسروں کے حوالے کر دیں۔

سکندرآباد میں فلیگ مارچ

سکندرآباد ۲۱ ستمبر۔ کل سکندرآباد میں ہندی فوج کے دستے ایک فلیگ مارچ کریں گے۔ فلیگ مارچ کل ۲۲ ستمبر کی صبح کو ہو گی۔

اورنگ آباد اور حیدرآباد کے ریڈیو اسٹیشن

ہندی فوجوں نے قبضہ کر لیا

سکندرآباد ۲۱ ستمبر۔ حکومت ہند نے ریاستی انتظامات کی از سر نو ترتیب کے سلسلہ میں جو پہلا قدم اٹھایا ہے وہ یہ ہے کہ اورنگ آباد اور حیدرآباد کے ریڈیو اسٹیشنوں پر قبضہ کر لیا ہے اور اورنگ آباد کی تسخیر کے فوراً بعد آل انڈیا ریڈیو کے کچھ آدمی وہاں چارج لینے کے لئے بھیجدیئے گئے۔ اسی طرح جونہی ہندی فوجیں حیدرآباد میں داخل ہوئیں وہاں کے ریڈیو اسٹیشن کا انتظام بھی ہاتھ میں لے لیا گیا۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت ہند ریڈیو اسٹیشن اور پروپیگنڈے کو بہت اہمیت دیتی ہے اس لئے سب سے پہلے ان اسٹیشنوں پر قبضہ کرنا ضروری خیال کیا گیا۔ دونوں ریڈیو اسٹیشنوں کے ٹرانسمیٹر کمزور ضرور ہیں لیکن ریاستی باشندوں کی بہت بڑی تعداد سنتی ہے۔ بیگم پیٹ کا ہوائی اڈہ کام کے ناقابل ہو چکا ہے۔

اراکان میں باغیوں اور حکومتی فوجوں میں سخت خونریز جنگ

یو ٹن ٹٹ کے قتل کے سلسلہ میں سات افراد کی گرفتاری

رنگون ۲۱ ستمبر۔ رنگون میں ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ مغربی برما اراکان میں باغیوں اور حکومت کی فوجوں کے ایک زبردست تصادم میں ... باغی ہلاک ہوئے۔ اراودی ڈیلٹا کے ایک اہم شہر بوگالے پر حکومت کا پھر قبضہ ہو گیا ہے یہاں ... باغی ہلاک ہوئے۔ ضلع ... میں باغیوں کی تلاش اور گرفتاریاں جاری ہیں۔ گذشتہ رات رنگون سے دریا پار کے تیل کے ذخیرہ پر باغیوں کا حملہ ہوا جس میں دو سپاہی ہلاک ہوئے۔ اطلاع میں یہ بتایا گیا ہے کہ باغیوں کی ایک بہت بڑی تعداد ہلاک ہوئی۔

برما کے پہلے وزیر خارجہ یو ٹن ٹٹ کے قتل کے مقدمہ میں اس وقت تک ۷ افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ وزیر مرحوم پر دستی بم سے حملہ کیا گیا تھا جس سے وہ سخت زخمی ہو گئے تھے۔ ہسپتال میں ان کا انتقال ہو گیا۔

آج برما پارلیمنٹ میں اس سانحہ پر اظہار رنج و ملال کیا گیا۔ وزیر اعظم اور دوسرے وزراء نے مرحوم کو خراج تحسین ادا کیا اور اسپیکر سے درخواست کی کہ وہ ان کے تعزیتی پیغام کو مرحوم کی بیوہ تک پہنچا دیں۔

فلسطین کے متعلق اقوام متحدہ کے ثالث کی آخری رپورٹ

پیرس میں شائع کر دی گئی

پیرس ۲۱ ستمبر۔ کاؤنٹ فوک برناڈوٹ کی آخری رپورٹ میں جو کل شائع کر دی گئی فلسطین کے لئے امن کا فارمولا جو عرب اور یہود دونوں کو قابل قبول ہو وضع کرنے میں اپنی ناکامی کا اقبال کیا ہے۔ لیکن یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اس مرحلہ پر اقوام متحدہ کے کسی مستقل اقدام کی طاقت کے بل بوتے پر مخالفت نہیں کی جائے گی۔

رپورٹ میں گذشتہ جمعہ کو پیرس بھیجی گئی لیکن ساتھ ہی یہ خبر بھی پہنچی کہ کاؤنٹ برناڈوٹ کا یہودی دہشت پسندوں نے قتل کر دیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ارض مقدس میں موجودہ عارضی صلح کو مستقل امن میں تبدیل کیا جائے یا کم از کم دونوں طرف کی مسلح فوجوں میں تخفیف کرائی جائے۔

رپورٹ میں تمہید کے بطور سات بنیادی باتوں کو پیش کیا گیا ہے کہ امن کو بحال کرنے اور اس کو برقرار رکھنے کے لئے ہر ممکن تدابیر اختیار کی جائیں۔ اسرائیل ریاست کی حدود کا تعین باہمی سمجھوتے سے کیا جائے اور اگر سمجھوتہ ممکن نہ ہو تو اقوام متحدہ یہ تعین کرے۔ خانماں برباد لوگوں کو ان کے گھروں کو واپس کیا جائے اور ان کے حقوق کا تعین کیا جائے۔ بیت المقدس کی حیثیت کو مخصوص کر دیا جائے اور حدود انسانی حقوق کے بارے میں بین الاقوامی ضمانت دی جائے۔

تصفیہ کی تجاویز

تصفیہ کے بارے میں کاؤنٹ نے تحریر کیا ہے عرب اور یہودی علاقوں کے درمیان سرحد یا تو اقوام متحدہ یا کوئی سرحدی کمیشن قائم کرے۔ ... کو ایک کھلا ہوا بندرگاہ اور لیدہ کو کھلا ہوا ہوائی اڈہ قرار دیا جائے گا۔ بیت المقدس کو اقوام متحدہ کی نگرانی میں دیا جائے جو وہاں مقدس مقامات کی حفاظت اور ہر خاص و عام کے بلا روک ٹوک آنے کی ذمہ دار ہو۔ اقوام متحدہ کو ایک خصوصی صلح کمیشن بھی قائم کرنا چاہیے۔

یہودی اسٹیٹ کے باہر کا جو علاقہ ہے اس کے انتظام کی ذمہ داری عرب ریاستوں پر چھوڑ دی جائے جو فلسطین کے عربوں کے مشورے سے اس کے متعلق فیصلہ کریں گی۔ لیکن ایسے اسباب ہیں جو فلسطین کے عرب علاقہ کو شرق اردن کے ساتھ الحاق پر مجبور کرتے ہیں۔

یہودی علاقہ میں عرب پناہ گزینوں کی واپسی کے حق کی تصدیق اقوام متحدہ کو کرنی ہوگی جو لوگ واپس نہیں آرہے ہیں ان کی جائداد وغیرہ کے معاوضہ کی نگرانی اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کو کرنی چاہئے۔

اہم فیصلوں کی ضرورت

کاؤنٹ برناڈوٹ نے کہا میرے خیال میں ثالثی کی کوششوں میں ایک ایسا نازک موقع آپہنچا ہے جبکہ جنرل اسمبلی کو اہم فیصلے کرنے ہوں گے۔

فلسطین کی صورت حالات کے بنیادی حقائق کے متعلق کاؤنٹ برناڈوٹ نے کہا ہے ...

ہجرت

کشمیر کمیشن کے ممبر

نئی دہلی ۲۱ ستمبر۔ کشمیر کمیشن کے ممبر ... سے پیرس کے لئے روانہ ہو جائیں گے جہاں وہ ...

کمیونسٹوں نے انڈونیشیا میں ڈچ حکومت قائم کر لی

صوبہ جاوا اور مادیون پر کمیونسٹوں کا قبضہ

بٹاویہ ۲۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ انڈونیشیا کے کمیونسٹوں نے صوبہ جاوا اور شہر مادیون پر تین گھنٹوں میں قبضہ کر کے وہاں کمیونسٹ حکومت قائم کر لی ہے۔ مادیون کے ریڈیو سے اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت ہالینڈ کے درجہ نو آبادیات دینے کے اعلان سے چند گھنٹے قبل کمیونسٹوں کا قبضہ ہو گیا تھا۔

کمیونسٹوں کی بغاوت کا مقابلہ کرنے کے لئے جمہوری حکومت کے صدر کو تین ماہ کے لئے ہنگامی اختیارات تفویض کر دیئے گئے۔ جاوا کے دوسرے اہم شہر سرا کارتا میں کمیونسٹوں کی بغاوت کو فرو کرنے کے لئے صدر جمہوریہ کو ہنگامی اختیارات دیدیئے گئے تھے۔ یہاں کے نوجوانوں کی لیگ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ خونریزی اور خانہ جنگی سے گریز کریں۔

ہوئے کہا کہ وزیر اعظم متی لپ حکومت سے واپس بلانے کی سازباز کر رہے تھے۔ وزیر اعظم نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کمیونسٹوں کی بغاوت کے آثار پہلے سے موجود تھے۔ انہوں نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ ایک پارلیمنٹری کابینہ مقرر کی جائے جس میں ان کی اکثریت ہو ... ریڈیو سے اعلان ہوا ہے کہ مسلم مجلس پارٹی اور جمہوری پارٹی ...

مادیون میں مزدوروں اور کسانوں کی ایک کمیٹی بنا دی گئی ہے جس کے ہاتھ میں شہر کا انتظام دیدیا گیا ہے۔ اس کمیٹی نے جمہوری حکومت پر غداری کا الزام عائد کرتے ...

سیلون میں مقیم ہندوستانیوں کے حقوق کا مسئلہ

حکومت ہند اور سیلون کی گفت و شنید آخری مرحلہ پر

کولمبو ۲۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ سیلون اور ہند میں سیلون میں مقیم ہندیوں کے حقوق کے بارے میں جو بات چیت ہو رہی ہے۔ اب وہ آخری منزل تک پہنچ گئی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ سیلون کے ہندی باشندوں کے شہری حقوق کا بل سیلون کی پارلیمنٹ میں نومبر کے آخری ہفتہ میں پیش کر دیا جائے گا۔ اس بل کے ماتحت درخواست کرنے پر ان شادی شدہ ہندوستانیوں کو ۳۱ دسمبر سنہ ۴۶ء سے سات سال پہلے اور ان غیر شادی شدہ ہندوستانیوں کو جو دس سال پہلے سے سیلون میں مقیم ہیں۔ سیلون کی شہریت کے حقوق دیئے جائیں گے۔ لیکن یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بعض اصولی باتوں پر ہند اور سیلون کے درمیان ابھی سمجھوتہ ہونا باقی ہے۔ انہیں سے ایک امر یہ ہے جس پر حکومت اس بات پر زور دے رہی ہے کہ جب کسی ہندوستانی کو سیلون کی شہریت کے حقوق دیئے جائیں تو ان کے اور سیلون کے دیگر باشندوں کے درمیان کسی قسم کا فرق نہ ہونا چاہئے۔

کمیونسٹوں کے قراول دستے رنگون سے چند میل رہ گئے

کرین قبیلہ کی بغاوت بھی بڑھ رہی ہے۔ انسین پر قبضہ کر لیا

لندن ۲۰ ستمبر۔ باغیوں کے دو اگلے دستوں نے گذشتہ شب رنگون کو خطرہ پیدا کر دیا جہاں ... حکومت برما کے عارضی انتظامات کی پناہ میں اپنی کارروائی جاری رکھے ہوئے ... مشرق سے کمیونسٹ فوجیں بڑھتی ہوئی سیریم تک پہنچ گئی ہیں جو رنگون سے چند ہی میل کے فاصلہ پر ہے اور تیل کی صنعت کا اہم مرکز ہے۔ شمال میں کمیونسٹوں کے مخالف کرین قبیلوں نے خود اپنی آزادی کے لئے لڑ رہے ہیں انسین پر قبضہ کر لیا ہے۔ ان کے اگلے دستے رنگون کے قریب پہنچ گئے ہیں۔ سرکاری کیمپ میں بتایا گیا ہے کہ ... فوجوں نے ...

(باقی صفحہ ۶ کالم ۴ پر)

سرمہ نور جس کی خوبیوں سے ناظرین الجمعیۃ عرصہ سے واقف ہیں یہ سرمہ آنکھ کی تمام بیماریوں خصوصاً ککرے اور ابتدائی نزول الماء کے لئے اکسیر ہے قیمت فی تولہ چار روپے ۶ ماشہ کی شیشی ۱۲ ایک روپیہ جن کے خریدار کو محصول معاف۔ مولانا نور الدین بہاری۔ محلہ فیاض گنج باڑہ ہندو راؤ دہلی سے طلب کریں

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۲۳ ستمبر ۱۹۴۸ء

نسلی امتیاز کے صنم خانے

آج انسان کا ضمیر اور تدبر نسلی اور قبائلی امتیاز کو تسلیم کرنے سے انکار کرتا ہے۔ انسانی حقوق کے کسی خانہ میں اس کا کوئی نمونہ موجود نہیں۔ انسان کی حس اخلاق اس کا ادراک کرنے سے معذور ہے۔

ہم صراحتاً اس امتیاز و تفریق کی مذمت کی گئی ہے!
اس وقت اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس پیرس میں منعقد ہو رہا ہے جس میں شاید جنوبی افریقہ کی اس حماقت کا ذکر بھی آئے لیکن جنوبی افریقہ کی فرعونیت اور فتنہ انگیزی اس حد تک پہونچ گئی ہے کہ نسلی ...

... اب دنیا میں پریشان پھرتے ہیں!

پاکستان کا رد عمل

پاکستانی باشندوں کو نظام حیدرآباد کے ہتھیار ڈالدینے سے جو رنج ہوا وہ ایک قدرتی بات تھی۔ وزیراعظم کی موجودگی میں ایک بڑے مجمع کا یہ مطالبہ کرنا کہ "اب پاکستان کی پالیسی کیا ہوگی" ظاہر کرتا ہے کہ حیدرآباد کے انقلاب سے ان کے دل پر کتنا اثر ہوا۔ وزیراعظم پاکستان نے ان مظاہرین کو جو کچھ جواب دیا اس سے قطع نظر ہم اس بارے میں پاکستان کے تمام باشندوں کو وزیراعظم ہند کی اس اپیل پر غور کرنے کی دعوت دیں گے جس میں انہوں نے پاکستان کے لوگوں سے ڈر اور شبہ کو اپنے دلوں سے نکالنے اور ترقی و خوشحالی کے لئے ہندوستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کی درخواست کی ہے۔ ملک بلاشبہ دو حصوں میں بٹ گیا لیکن مسٹر راجگوپال اچاریہ کے الفاظ میں ملک کی اقتصادیات اور معاشیات ابھی تک نہیں بٹی ہیں اور انہیں بانٹا بھی نہیں جا سکتا۔ کیا اب وقت نہیں ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے لوگ ایک دوسرے کو دوست سمجھ کر ان دشمنان وطن کے منصوبوں کو خاک میں ملا دیں جو دو ہمسایہ ممالک کو آپس میں لڑا کر ایشیا کی طاقت کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔

... میں ان کے متعلق بہت اچھی رائے قائم ہو گئی ہے اور یہ امر یقینی ہو گیا ہے کہ اب ہندوستان میں ان کا مستقبل بہت شاندار رہے گا، ہندوستان کا ماحول ان افواہوں سے خراب ہو گیا تھا کہ ہندوستان میں حیدرآباد کے جاسوس کام کر رہے ہیں۔"

مسلمان خوب سمجھ لیں کہ مولانا آزاد حکومت کی زبان میں بول رہے ہیں وہ جو کچھ فرما رہے ہیں وہ حکومت کی بات ہے اور اس میں جو امید ظاہر کی گئی ہے اس کی تکمیل کی ذمہ داری خود حکومت نے اپنے سر لی ہے!

تسلی بخش اعلان

حضرت مولانا آزاد نے اپنے بیان میں یہ بھی فرمایا کہ "تمام دنیا کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ حکومت ہند جو بھی فیصلہ کرے گی وہ انصاف، سچائی اور معقولیت پر مبنی ہوگا۔ ہندوستان کے کونہ کونہ کی ہر مسلم سیاسی پارٹی کی جانب سے اس کامیابی پر مبارکباد کے پیغام موصول ہو رہے ہیں، حکومت ہند نے اس احساس کی داد دی ہے اور اب یقین دلاتی ہے کہ انہوں نے جس وفاداری کا ثبوت دیا ہے حکومت ہند اس کو نہیں بھولے گی۔"

گویا حیدرآباد میں حکومت کی پیشقدمی سے یہ بات روز روشن سے زیادہ روشن ہو گئی کہ ہندوستان کا مسلمان ...

اچھی باتیں

ربنا الذی ... ھدٰی (پ ۱۶ ع ۱۱)

ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو جامہ وجود بخشا اور اس کے بعد اس پر ہدایت کی راہیں کھول دیں۔

انسان اور اس کے علاوہ ہر چیز کا وجود خدا کی بخشش ہے، ہمارا کوئی حق نہ تھا کہ ہمیں وجود عطا فرمایا جاتا، نہ ہم نے کبھی کوئی خواہش کی تھی کہ ہمیں عالم ہستی میں بھیجا جائے، صرف خدا کی بخشش اور عنایت ہے کہ اس نے ہمیں وجود بخشا اور نہ صرف وجود بلکہ وجود کو باقی رکھنے کے لئے جو اسباب ہیں انہیں استعمال کرنے کی صلاحیت بھی دی اور ہماری فطرت میں حفاظت ذات کا جذبہ پیدا کر کے ہمیں کائنات سے مستفید ہونے کا موقع دیا۔ پس وجود اور بقا کے لئے عالم اسباب سے استفادہ ضروری ہے اور زندگی کے لئے ان راہوں پر چلنا ناگزیر جو منزل مقصود کا پتہ دیتی ہیں۔

ملک کی تعمیر کے لئے جمعیۃ علماء کو مضبوط کیجئے

(سکریٹری جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی)

... قومی تعمیر اور سماجی اصلاحات کا یہ اہم ترین پروگرام ہے جو صرف جمعیۃ علماء ہند کی نگرانی اور قیادت میں ہی پورا ہو سکتا ہے اور اس طرح ہم اپنی زندگی حاصل کر سکتے ہیں۔

پس ہمارا فرض ہے کہ ہم اس مقصد کیلئے جمعیۃ علماء کو ہر طرح سے مضبوط کریں۔ اپنے ضلع اور اپنے علاقہ کی جمعیۃ علماء کے ابتدائی رکن بن کر اس کے معاونین و ہمدردان کے حلقہ کو وسیع کریں۔ اصحاب خیر اپنے مالی تعاون سے خدمت قومی کا فرض ادا کریں۔ جمعیۃ علماء کے موقر ترجمان اخبار الجمعیۃ کی اشاعت بڑھائیں، ہر پڑھا لکھا مسلمان اس کا مستقل خریدار بنے۔ کوئی محلہ اور کوئی بستی ایسی نہ ہو جہاں اخبار الجمعیۃ کے پڑھنے والے بکثرت موجود نہ ہوں۔

... یہ فیصلہ تمام مسلمانان ہند کا متفقہ فیصلہ تھا جو پوری بصیرت اور صاف دلی کے ساتھ کیا گیا تھا۔

جہاں تک سیاسی زندگی کا تعلق ہے ہمیں مطمئن رہنا چاہئے کہ کانگریس اپنے مشہورہ اعلانات کے مطابق ہماری صحیح رہنمائی کرے گی لیکن چونکہ ہمیں آزاد ہندوستان میں اپنی مذہبی زندگی کے قالب میں اسلام کی روح پیدا کرنی ہے ...

سیر و سیاحت

...

کرشنا پرشاد کی روانگی حیدرآباد

نئی دہلی ۲۰ ستمبر: مسٹر کرشنا پرشاد ڈائرکٹر جنرل پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف آج بذریعہ طیارہ حیدرآباد روانہ ہو گئے تاکہ ہند اور حیدرآباد میں خبررسانی کے انتظامات درست کئے جا سکیں۔

گوڑگاؤں میں جمعیۃ کی ممبرسازی

جمعیۃ علماء جو مسلمانان ہند کی صحیح رہنمائی کا شرف حاصل ہے کی ممبرسازی کا کام یکم ستمبر ۴۸ء سے ضلع ہذا میں جاری ہے اس لئے ہر مسلمان بالغ کو چاہئے کہ ان ایام میں جلد از جلد ممبر بنے اور فارم جمعیۃ نوح سے حاصل کرے۔

ناظم جمعیۃ علماء ضلع گوڑگاؤں واقع نوح

ہند کیخلاف حیدرآباد کی شکایت
نظام کا خط لندن روانہ کر دیا گیا

نئی دہلی ۲۰ ستمبر: معلوم ہوا ہے کہ نواب معین نواز جنگ صدر حیدرآبادی وفد کو بھیجنے کے لئے حکومت حیدرآباد کی طرف سے مسٹر غلطی کی معرفت جو خط موصول ہوا تھا وہ نواب معین نواز جنگ کو روانہ کر دیا گیا ہے۔ امید ہے کہ اب جب حیدرآباد کی شکایت پر غور کرنے کے لئے مجلس تحفظ کا اجلاس ہوگا تو معین نواز جنگ رسمی طور پر اس درخواست کی واپسی کی تحریک کریں گے۔

جوگجاکرتا میں دو سو گرفتاریاں

بٹاویا ۲۰ ستمبر: جمہوریہ انڈونیشیا کی خبریں دینے والی ایجنسی نے بتایا ہے کہ آج جمہوریہ کی پولیس نے جوگجاکرتا میں کمیونسٹوں کے ہیڈکوارٹر پر چھاپہ مارا اور دو سو کمیونسٹوں کو گرفتار کر لیا۔ یہ گرفتاریاں جوگجاکرتا اور بٹاویا میں کمیونسٹوں کی حکومت کرنے کی خبر کی بنا پر عمل میں آئیں۔ ... ابھی تک اس حکومت کے خلاف ہالینڈ کی فوجوں نے کوئی اقدام نہیں کیا، لیکن فوجی کمانڈر مشورہ کر رہا ہے۔

یورپی ممالک اور چین کو امریکی امداد

واشنگٹن ۲۰ ستمبر: معاشی تعاون کے اعلان کے ماتحت غیر ممالک کی امداد کے سلسلہ میں ... ۵۳۳ ۴۲ ۹ ۲۳۹ ڈالر قرض کے طور پر ...

گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ میں سرکاری وکیل کی درخواست
مزید گواہوں کے بیانات اور اشیاء کی شناخت

دہلی ۲۰ ستمبر: آج مسٹری آتما چرن اسپیشل جج کی عدالت میں جہاں مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ کی مزید سماعت شروع ہوئی۔

... کی پیشبندی کے طور پر محافظ گارڈ تعینات کر دیا گیا تھا، تحقیقات کے دوران میں احمد نگر نہیں گیا۔

بعد ازاں گواہ پر مسٹر بنرجی نے جرح شروع کی، جرح کا جواب دیتے ہوئے گواہ نے بتایا کہ لالہ رتن سنگھ، سیدی سٹی مجسٹریٹ دہلی نے مدن لال کو سول لائن پولیس تھانہ سے بمبئی بھیجنے کا حکم دیا تھا ... اس کے بارے میں کوئی درخواست نہیں کی تھی بلکہ میرے ایک ماتحت نے اس سلسلہ میں مجسٹریٹ سے درخواست کی تھی۔

گواہ بال کرشن کھنہ نے بیان کیا کہ میں گوالیار امپیریل بینک میں ہیڈ کلرک ہوں، میں ۲۴ سال سے امپیریل بینک آف انڈیا کی ملازمت میں ہوں، یہ درست ہے کہ مسٹر آر۔ جی۔ اٹھلی نے ۲۰ فروری کو ایک لفافہ بینک میں جمع کرایا تھا، اور یہ لفافہ ۶ اپریل کو واپس لے گیا۔ ان دونوں تاریخوں کے درمیان اس لفافہ کو واپس نہیں لیا گیا۔ اس لفافہ کے اندراج رجسٹر میں موجود ہیں۔ مسٹر انٹھے کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ بمبئی گورنمنٹ کا گوالیار بینک میں کوئی ذکر نہ تھا ...

حساب فہمی سے مسٹر انعامدار کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میرے خیال میں گوالیار کی ریاستی بینک میں کوئی لاکر نہیں رکھتے۔ مسٹر نامدیو نیا پانا گوڈسے نے کہا کہ میں گزشتہ ۱۴ سال سے پونا میں رہتا ہوں اور وہاں میونسپلٹی میں بطور کلرک کام کرتا ہوں۔

(باقی صفحہ ۴ پر)

... ہم اس بات کو کبھی نہیں بھولیں گے کہ حکومت ہند مسلمانوں کی وفاداری کو نہیں بھولے گی ...

حیدر آباد کی فوجیں قیام امن میں ہندی فوجوں کی مدد کر رہی ہیں

ہندی فوجوں کا مقابلہ صرف رضاکاروں نے کیا تھا

ایک ملاقات میں فوجی گورنر جنرل چودھری کا انکشاف

قاسم رضوی کو لال قلعہ میں لایا جا رہا ہے

[illegible]

صرف رضاکار لڑے

نئی دہلی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ جب ہندوستانی فوجیں بحالیٔ امن کے لئے ریاست کے اندر داخل ہوئیں تو صرف رضاکاروں نے مقابلہ کیا ... جدید قسم کے ہتھیاروں سے مسلح تھے ... توپیں اور خود رو ہتھیار بھی شامل تھے۔

پتہ چلا ہے کہ حیدر آباد کی فوجیں مزاحمت کے خلاف تھیں ... رضاکاروں سے اختلاف رائے ہو گیا تھا ... جنگ میں وہ ہندوستانی فوج کے سامنے پسپا ہوتی رہیں۔

رضاکار فولادی ٹوپیاں پہنے ... شدید مزاحمت کرتے رہے ... [illegible]

شام سے صبح تک کرفیو

[illegible]

بلاس پور میں وفاداری کا ثبوت

غیر وفادار کے لئے ریاست میں کوئی جگہ نہیں

بلاس پور ۲۰ ستمبر۔ کل ریاست بلاس پور کے مسلمانوں کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی ... [illegible]

دار السلطنت

ایک شخص کی گرفتاری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ایک نوجوان آدمی ... سول لائنز میں ایک ہوٹل کے نزدیک ... گرفتار کر لیا گیا۔ بعد میں اسے پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

چار اشخاص کی گرفتاری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ چار مسلمان جو پاکستان میں ... کے دفتر سے ... زیادہ ... پر ولنگڈن ہوائی اڈہ پر گرفتار کر لئے گئے۔

گوالوں کی گرفتاری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ دودھ اور کم یا فروخت کرنے کے الزام میں دس روپے سے سو روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔

ٹیلیگراف کے تار کی چوری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ٹیلیگراف کے تار کی چوری کی ایک اور واردات ... سول لائنز دہلی ... کے کھمبوں سے ۶۰۰ فٹ تار چرا لیا گیا۔

دو مزدوروں کی گرفتاری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ دو مزدور ... سیمنٹ کی بوریاں ... گرفتار ہوئے۔

جعل سازی کا شبہ

دہلی ۲۱ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پنجاب نیشنل بینک کے صدر دفتر کی طرف سے پولیس کو اطلاع ملی ہے کہ ان کے حساب کے رجسٹروں میں بعض اندراج جعل سازی سے کئے گئے ہیں ... [illegible]

جواریوں کی گرفتاری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ... سے جو سی جواری گرفتار ہوئے تھے ان کو کل ایک مقامی مجسٹریٹ نے ... کی سزا دی دی۔

مسٹر ماؤلنکر کی آمد

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ہند پارلیمنٹ کے اسپیکر مسٹر ماؤلنکر ... احمد آباد سے دہلی پہنچ گئے۔

پانچ سال قید سخت کی سزا

دہلی ۲۱ ستمبر۔ عبد الخالق کو دیوان شانتی لال ... نے جیب کاٹنے کے جرم میں ۵ سال قید سخت کی سزا دی ... [illegible]

ایمپلائمنٹ ایکسچینج کی کارگذاری

نئی دہلی ۲۱ ستمبر۔ ماہ اگست میں ... اشخاص کو ایمپلائمنٹ ایکسچینج نے ملازمت دلوائی ... [illegible]

بلا ٹکٹ سفر کرنے والے

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ریلوے پولیس نے گزشتہ چار دن میں ... آدمیوں کو بلا ٹکٹ سفر کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے ... [illegible]

چھ ماہ قید سخت کی سزا

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ... ایک قابل اعتراض اشتہار شائع کرنے کے جرم میں ... فاروقی پریس کے مالک محمد فاروقی کو ... ۶ ماہ قید سخت اور ۲۰۰ روپیہ جرمانہ اور عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مزید دو ماہ قید سخت کی سزا دی۔

حیدر آباد ہاؤس کے سامنے گرفتاری

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ایک آدمی جس کی بابت خیال کیا جاتا ہے کہ وہ حیدر آباد کا باشندہ ہے ... حیدر آباد ہاؤس کے سامنے گرفتار کیا گیا۔ اس کی گرفتاری کا سبب نہیں بتایا ... [illegible]

بیوپاریوں کا احتجاج

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ... [illegible]

کھٹوں کے مالکوں کے خلاف مقدمہ

دہلی ۲۱ ستمبر۔ ... اینٹوں کے بھٹوں کے ... مالکوں کے خلاف ... مقدمہ چلایا جا رہا ہے ... [illegible]

چوری کے متعدد واقعات

دہلی ۲۱ ستمبر۔ گزشتہ دو دن میں دہلی کے کئی علاقوں سے چوری کی وارداتوں کی پولیس کو اطلاع دی گئی ہے ... [illegible]

اموات و پیدائش

... ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں دہلی میں اموات و پیدائش کی حسب ذیل شرح رہی

پیدائش ۵۲۶ اموات ۲۲۹

[illegible]

مسٹر کھرو کا مقدمہ ۳۰ ستمبر تک ملتوی

استغاثہ کی شہادتیں ختم ہو گئیں

کراچی ۲۰ ستمبر۔ ... کی کارروائی ۳۰ ستمبر تک ملتوی کر دی۔ [illegible]

جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع ... کی اپیل

جناب حافظ ... صاحب جنرل سکریٹری نے حسب ذیل بیان دیا ہے ... [illegible]

طبیہ کالج دہلی

طبیہ کالج دہلی تعطیل کلاں کے بعد ۱۶ ستمبر ۱۹۴۸ء سے گلی قاسم جان بلیماران میں کھل گیا ہے اور باقاعدہ تعلیم شروع ہو گئی ہے دہلی کا یہ حصہ ہر طرح محفوظ ہے اور فسادات کے زمانہ میں بھی محفوظ رہا جن طلباء کی تعلیم غیر مکمل رہ گئی ہے یا جو نئے طلباء داخل ہونا چاہیں وہ فوراً طبیہ کالج پوسٹ بکس نمبر ۲۰ دہلی پتہ پر درخواست کریں۔

یو پی لیجسلیٹو کونسل کے ضمنی انتخاب

[illegible]

فالتو روپیہ ضبط کیا جائے گا

نئی دہلی ۲۱ ستمبر۔ حکومت ہند عنقریب انسداد افراط زر کے سلسلہ میں اپنے فیصلوں کا اعلان کرے گی۔ ان اقدامات میں ضروری اشیاء اور خوراک پر کنٹرول اور تنخواہ داروں اور دوسرے لوگوں کے فالتو روپیہ کی ضبطی بھی شامل ہے۔

پاکستان دو ماہ میں نہیں تو چھ ماہ میں ختم ہو جائے گا

ماسٹر تارا سنگھ کی جلیانوالہ باغ میں تقریر

[illegible]

حکومت ہند نے نظام اسٹیٹ ریلوے کا انتظام بھی سنبھال لیا

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ ... [illegible]

مسٹر منشی کو بخار چڑھ گیا

[illegible]

لاجپت رائے مارکیٹ کا افتتاح

دہلی ۲۱ ستمبر۔ دہلی میونسپلٹی کے ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے ۲۵ ستمبر کو لاجپت رائے مارکیٹ کا افتتاح ... [illegible]

... کے محاذ پر ہندی فوج کا اچانک حملہ

وزارت دفاع کا اعلان!

[illegible]

فلسطین میں اس ہفتہ کے اندر نئی عرب حکومت کا قیام

عرب رضاکار دستے نئی حکومت کی فوج ہوں گے، عزام پاشا کا اعلان

لندن ۲۱ ستمبر۔ ٹائمس کے نامہ نگار نے قاہرہ سے خبر دی ہے کہ فلسطین میں عرب حکومت کے قیام کے لئے تمام ... تیار ہو چکے ہیں اور اس بات کی توقع کی جا رہی ہے کہ اس ہفتہ کے اندر کابینہ کے اعلان کا اعلان کر دیا جائے گا ... [illegible] ... دیں گی جو کچھ سال گزرنے کے بعد قسطوں میں ادا کیا جائے گا۔

ہمارا سب سے پہلا کام امن و انتظام قائم کرنا ہے

حیدرآباد کے مستقبل کے متعلق سردار پٹیل کا بیان

اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ "ہمارا سب سے پہلا کام حیدرآباد میں امن و انتظام قائم کرنا ہے" نائب وزیر اعظم سردار پٹیل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جب تک عام حالات بحال نہیں ہو جاتے، اس وقت تک نظم و نسق میں صرف وہ ضروری تبدیلیاں کی جائیں گی جن کا ریاست میں امن و قانون کی صورت حال سے تعلق ہو۔

سردار پٹیل کا پورا بیان حسب ذیل ہے۔

"قریب اور دور سے دوستوں اور بہی خواہوں نے مجھے اس سلسلہ میں بہت سی تجاویز بھیجی ہیں کہ حیدرآباد کے مسئلہ کو کس طرح حل کیا جائے اور یہ کہ وہاں کی حکومت کی نئے سرے سے تنظیم کی جائے اور اس میں انقلابی تبدیلیاں کی جائیں۔ میں انہیں مطلع کر دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے سامنے سب سے پہلا کام امن و قانون کی بحالی کرنا ہے، جب تک عام حالات بحال نہیں ہو جاتے، اس وقت تک نظم و نسق میں صرف وہ ضروری تبدیلیاں کی جائیں گی جن کا ریاست میں امن و قانون کی صورت حال سے تعلق ہو۔

"ہمارا اصل کام یعنی حیدرآباد میں تعمیر اور عام سرگرمیاں صرف اسی وقت شروع ہو سکتا ہے، جب حیدرآباد میں عوام اور سرکاری ملازمین کے دماغ کو عام حالات کی بحالی سے تعمیری راہ پر ڈال دیا جائے۔

مجھے امید ہے کہ موجودہ عارضی دور میں عوام ہمارے ساتھ تعاون کریں گے اور عام حالات تک کے درمیانی دور کو برداشت کریں گے۔

فی الحال ہر شخص کو اس بات سے مطمئن ہو جانا چاہیے کہ حیدرآباد کے مستقبل کا فیصلہ عوام کی مرضی سے کیا جائے گا۔"

مغربی طاقتوں نے اپنے سفیروں کو واپس بلا لیا

برلن کے معاملے پر روس کے ساتھ بات چیت ٹوٹ گئی

پیرس ۲۰ ستمبر۔ ماسکو میں مغربی اتحادیوں کے ایلچیوں کی طرف سے روس سے سمجھوتہ کی گفت و شنید قطعی طور پر ناکام ثابت ہو چکی ہے۔ اتحادی ایلچیوں کو سات ہفتوں کے طویل عرصہ کے بعد اب ماسکو سے واپس بلا لیا گیا ہے کیونکہ اتحادی حکام کو اب مولوٹوف کے رویہ سے سمجھوتہ کی کوئی امید نہیں رہی۔ اور مارشل اسٹالن نے بھی جو امید دلائی تھی، جھوٹی ثابت ہوئی ہے۔ چنانچہ آج بعد دوپہر پیرس میں امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے وزراء خارجہ کی ایک اہم کانفرنس ہو رہی ہے، جس میں برلن کے حل پر ماسکو کی بات چیت کی ناکامی کی روشنی میں غور کیا جائے گا۔

اس سلسلہ میں آج صبح برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون نے فرانس کے بدیشی منسٹر مسٹر شومن سے ایک گھنٹہ تک غیر رسمی بات چیت کی۔ کل مغربی اتحادی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں سب سے پہلے برلن کا جھگڑا ہی پیش کریں گے۔

مشرقی پنجاب کی سرحد پر پاکستانی فوجوں کا اجتماع

فیروزپور ۲۰ ستمبر۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ قصور والے ایک گاؤں میں پاکستانی سپاہی مصروف عمل رہے۔ فیروزپور صدر پولیس اسٹیشن کے دیوان ولایتی رام وہاں گئے اور ایک شخص قاسم کو جو فیروزپور کا رہنے والا ہے گرفتار کیا۔ [illegible] معلوم ہوا کہ مغربی پنجاب کی حکومت قصور میں ایک نیا ہوائی اڈہ تعمیر کر رہی ہے اور ہزاروں پاکستانی فوجیں سرحد پر بڑی تعداد میں جمع ہو رہی ہیں۔ [illegible] حکومت پاکستان نے نوجوان [illegible] کو بند کر دیا ہے اور تمام [illegible] اپنے فوجیوں کو واپس طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے [illegible] تیار کرنے کا حکم دے دیا ہے۔

صدر دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس

دہلی ۲۱ ستمبر۔ جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۲۲ ستمبر کو شروع ہو رہا ہے۔ اس اجلاس میں شرکت کیلئے حضرت مولانا عبدالاحد صاحب رحمانی بہار سے حضرت مولانا شاہد میاں فاخری الٰہ آباد سے حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی لکھنؤ سے بحیثیت دفتر جمعیۃ علماء ہند (دہلی) میں تشریف لے آئے ہیں۔

روس کے نائب وزیر خارجہ پیرس میں

دنیا میں امن قائم کرنے کا دعوے

پیرس ۲۱ ستمبر۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے روسی وفد کے لیڈر اور روس کے نائب وزیر خارجہ مسٹر وائے شنسکی پیرس پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے ایک نامہ نگار کو بتایا کہ وہ امن قائم کرنے میں اقوام متحدہ کی امداد کریں گے۔ مسٹر وائے شنسکی نے کہا کہ وہ ابھی ناامید نہیں ہوئے ہیں۔

گاندھی جی کے مقدمہ قتل کے ملزمان کی بیویاں مبارکباد بھیجنے کی خواہش

ملزمان کی بیویاں مقدمہ کی کارروائی دیکھنے کیلئے آگئیں

دہلی ۲۱ ستمبر۔ دو دن کے التوا کے بعد آج پھر مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ کی سماعت مسٹر آتما چرن اسپیشل جج لال قلعہ کے اجلاس میں شروع ہوئی۔ سماعت شروع ہونے سے پہلے مسٹر بنگلے وکیل آپٹے نے عدالت سے درخواست کی کہ [illegible] آپٹے اور مدن لال کی طرف سے ایک درخواست عدالت میں دیئے جانے کے لئے پولیس کی معرفت دی گئی ہے وہ درخواست مجھے دیکھنے کا موقعہ دیا جائے۔ عدالت: یہ درخواست تا حال میرے پاس نہیں آئی۔ عدالت میں آنے پر دکھا دیا جائے گا۔

مسٹر بنگلے۔ وہ عدالت میں کیوں نہیں آئی۔ [illegible] ضابطہ عدالت میں آئے گی۔ مسٹر بنگلے نے درخواست دکھائے جانے پر زور دیا جس پر مسٹر [illegible] نے وہ درخواست منگوا کر [illegible] کر دی۔ اس درخواست میں ملزمان [illegible] اظہار کیا گیا ہے کہ انہیں [illegible] کے جلسے پر پنڈت جواہرلال [illegible] ارسال کرنے کی اجازت [illegible]

السی اجازت شاید جیف کمشنر کا کام ہے۔ [illegible] گر کرے اور گوپال گوڈسے کی بیویاں بھی عدالت میں مقدمہ کی کارروائی دیکھنے کے لئے موجود تھیں۔

گاندھی جی کے قتل کا مقدمہ

(صفحہ ۲ کے آگے)

[illegible]

آزادیٔ گلشن

(بسمل دہلوی)

ذیل میں جناب بسمل دہلوی کی وہ نظم ہدیۂ ناظرین ہے، جو ہمیں حافظ رحمت الٰہی صاحب سرپرست بزم سخن اماطہ کالے صاحب کی وساطت سے موصول ہوئی ہے۔ بسمل صاحب نے اس نظم میں جس خوبصورتی سے آزادی کا نقشہ کھینچا ہے وہ قابل داد ہے۔ حال ہی میں جب وزیر اعظم پنڈت جواہرلال نہرو نے اس نظم کو سنا تو بہت کچھ محظوظ ہوئے۔ چیف کمشنر دہلی نے بھی اس نظم کی سماعت فرمائی اور اسے بہت پسند کیا۔ توقع ہے ہمارے ناظرین کرام بھی اسے پسند فرمائیں گے۔ (مدیر)

عزت افزائے وطن صبا تقدیر وطن
تیرا ہر عزم ہے آئینہ تعمیر وطن
تیرے ایثار سے آزاد ہوا دیس بھارت
تیرے اقدام نے الٹی ہے نقاب ظلمات
یاد ہے وہ عہد کہ جب کتوں سے تھے ہم غلام
رکھے بیٹھے تھے تبسم کو ترستے تھے غلام
ڈیڑھ سو سال کے بعد آئی ہے آسائش گھڑی
ٹوٹ کر گر گئی پیروں سے سلاسل کی کڑی

شکر صد شکر ہوئیں مشکلیں آسان ہم پر

لیکن اک عرض کروں گر نہ ہو بار خاطر
بار خاطر ہو تو ہے گردن بسمل حاضر
حریت آئی ہے ہنگام پریشاں لیکر
خون میں غرق ہوئی میت انساں لیکر
صرصر آفت طغیانی وحشت کیا تھا
آتش ظلم و ہوائے سر نکبت کیا تھا
برق آفات چمن سوز کو ہمراہ لئے
اختلافات وطن سوز کو ہمراہ لئے
ہند کے ٹکڑے کراتی ہوئی جھنجلاتی ہوئی
ہند کو خون کے سیلاب میں نہلاتی ہوئی

اور کیا تبصرہ ہو ہند کی آزادی پر

تاہم آزاد تو ہے اپنا پیغ صدر
اب نہ افرنگ ہے باقی نہ نظام افرنگ
اور اس سعی میں شامل ہیں تو تدبیر و عمل
وہ بھی آزادی گلشن کیلئے تھے بیکل

ساز اشعار پہ نغمات وطن گاتے تھے

لیکن اب خاک نہیں پرسش ارباب سخن
قابل دید ہے بیگانگی اہل چمن
قید سے نکلے تو بدلا ہوا گلشن دیکھا
قید کے رنگ میں انداز نشیمن دیکھا
اب نہ پرواز کی طاقت ہے نہ گفتار کی ہے
ایک امید فقط مرگ زباں کار کی ہے

یا کچھ امید ترے لطف کی باقی ہے ابھی
ایک تو میکدہ ہند میں ساقی ہے ابھی

[illegible]

گھی اور دودھ میں ملاوٹ کرنیوالے ملک اور قوم کے دشمن ہیں

معیار صحت کو معمول پر لانے کے لئے حکومتیں سخت کارروائی کریں

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ کل یہاں حکومت ہند کے وزیر غذا مسٹر جے رام داس دولت رام نے گھی کی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

وزیر غذا نے اپنی افتتاحی تقریر میں کہا کہ جب تک ہندوستان کے لوگوں کو خالص دودھ اور اصلی گھی میسر نہیں ہوگا یہاں کی عام صحت اچھی نہیں ہوگی۔

آپ نے کہا کہ دودھ اور گھی ہمارے ملک کی غذا کا خاص جزو ہے لیکن یہاں دن بدن اس کا ملنا مشکل ہو رہا ہے۔ لوگ دودھ میں بھی ملاوٹ کرتے ہیں اور گھی میں بھی۔ میرا خیال ہے کہ دودھ اور گھی میں ملاوٹ کرنے والے ملک اور سوسائٹی کے مجرم ہیں۔ اب حکومت کی یہ کوشش ہے کہ عوام کو گھی اور دودھ اعلیٰ قسم کا میسر ہو۔

وزیر خوراک نے دودھ کی پیداوار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے ملک میں صرف اتنا دودھ ہوتا ہے کہ ہر شخص کے حصہ میں روزانہ پانچ چھ اونس آ سکتا ہے جبکہ ولایت میں اس سے دس گنا وہاں کے لوگوں کے حصہ میں آتا ہے۔

معیار و قسم

وزیر خوراک نے کہا کہ ہمارے اس دنیا کے [illegible]

[illegible]

جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے ملک کی گائیں اوسطاً صرف ڈیڑھ پونڈ دودھ دیتی ہیں جبکہ ولایت میں ہر گائے [illegible] پونڈ دودھ دیتی ہے۔ اس سے آپ کو بخوبی واضح ہو گیا ہوگا کہ ہمارے ہاں کی حالت کس قدر ردی ہے۔ اگر پاکستانی علاقوں کو الگ کر دیا جائے تب بھی دودھ، گھی کا اوسط بہت ہی [illegible] موجودہ ہندوستان میں اوسطاً ایک آدمی کو [illegible] اونس گھی ایک ماہ میں دستیاب ہوتا ہے۔

وزیر خوراک نے صوبائی حکومتوں کو مشورہ دیا کہ وہ عوام کی صحت کا معیار بلند کرنے کے لئے گھی، دودھ کے خالص خرید و فروخت کا ذمہ داری ہیں کیونکہ سخت کارروائی اور پابندی کے بغیر اصلاح کا امکان نظر نہیں آتا۔

مسٹر جے رام داس دولت رام نے کہا مجھے یقین ہے کہ کانفرنس ان تمام امور پر غور کرنے کی جو ان کوششوں کو ناکامیاب بناتی ہیں۔ اور جو تجاویز [illegible] ان کو شیلائی چارٹوں میں کامیاب بناتی ہیں۔ [illegible]

[illegible] کو پہنچ جائے۔

مسٹر جے رام داس دولت رام کی افتتاحی تقریر کے بعد الگ الگ گھی کی کانفرنس کمیٹیوں میں مختلف موضوعات پر غور کرینگی۔

[illegible] جا رہی ہے۔ بنا بریں حکومت نے گھی کے مسئلہ کو [illegible] سمجھ کر لیا ہے اور اب وہ پوری کوشش سے اس کی اصلاح کرے گی۔

وزیر خوراک نے کہا کہ ملک کے [illegible] شمار کا [illegible]

پیرس میں ۵۸ ملکوں کے نمائندے

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس

پیرس ۲۱ ستمبر۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے ۵۸ ملکوں کے نمائندے پیرس پہنچ چکے ہیں۔ ان میں برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون اور امریکی وزیر خارجہ مسٹر مارشل بھی ہیں۔ اسمبلی کے سامنے جو اہم معاملات پیش ہو رہے ہیں۔ فلسطین کا معاملہ جو کاؤنٹ برناڈوٹ کے قتل سے اور زیادہ الجھ گیا ہے جرمنی اور آزاد [illegible] کا مسئلہ۔ [illegible] بڑی طاقتوں کے نامنظور [illegible]

"الجمعیۃ" روزانہ دہلی کے

ایجنٹ صاحبان نوٹ کرلیں

ہفتہ وار "الجمعیۃ" کا پہلا پرچہ ۱۰ اکتوبر کو شائع ہو جائیگا

اور اس کے بعد مسلسل ہر اتوار کو شائع ہوتا رہے گا

ایجنٹ صاحبان جتنے پرچے طلب کرنا چاہیں بحساب تین روپیہ فی پرچہ زر پیشگی فوراً ارسال فرماویں۔ اخبار صرف اُن ایجنٹوں کو بھیجا جائے گا جنکی پیشگی رقم دفتر کو وصول ہو گئی ہوگی۔

خریدار صاحبان۔ قیمت ارسال کرنے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

سالانہ قیمت بارہ روپے۔ ششماہی چھ روپے آٹھ آنے۔ قیمت ہمیشہ بذریعہ منی آرڈر بھیجیے۔ وی۔ پی نہ طلب کیجیے۔

مشتہرین نوٹ فرمالیں کہ تاریخ اشاعت سے ایک ہفتہ قبل جو اشتہارات وصول ہو جائیں گے وہی شریک اشاعت ہو سکیں گے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر

اس نے مجھے ایک بنڈل لے جانے کے لئے کہا میں وہاں سے بنڈل اٹھا کر . . . . . .

لے گیا۔ میں نے اسے مندر میں اپنے گھر کے نزدیک رکھدیا۔ پھر میں میرے گھر پر آیا۔ آمدار کبرات ان کے ساتھ تھا۔ میں نے اس [illegible]

[illegible]

کشمیر میں سرمائی حملہ کیلئے دشمن کی تیاریاں

تلغ میں فوجیں اور سامان جنگ جمع کیا جارہا ہے

سری نگر ۲۰ ستمبر گذشتہ پندرہ دن میں پاکستان کی طرف سے محاذ جنگ پر زیادہ سرگرمیاں نہ دکھانے کا سبب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ محاذ جنگ کے پیچھے سرمائی حملہ کے لئے اپنی فوجی طاقت کو منظم کرنے میں مصروف ہیں خیال کیا جاتا ہے کہ ان کا سب سے بڑا اجتماع بالتک کے علاقہ میں ہو رہا ہے ... یہاں کے شہر میں زیادہ تر مار ے جاچکے ہیں۔ یا بھاگ کر قریبی جنگلوں میں چلے گئے ہیں۔ ... [illegible]

اتفاق ہی ہے اس علاقہ میں دشمن کے پاس کی پیداوار ... ہیں پیسفر نہا اور توبخانہ کے لوگ جو یہاں موجود ہیں پاک فوجوں سے تعلق رکھتے ہیں کہا جاتا ہے کہ روسی علاقہ میں دشمن کے پاس کپڑے اور اناج کی کمی ہے متعلق آبادی سے زبردستی غلہ چھین لیا گیا ہے۔ (یونائیٹڈ پریس)

باشندگان متھرا کا حکومت سے تعاون

متھرا ۲۰ ستمبر ... یہاں باشندگان متھرا کا ایک جلسہ بروز جمعہ ... منعقد ہوا جس میں ... سوسائٹی کی ضرورت اور اس کے نظام کو ... جلسہ نے جو ہندو مسلمان اور دیگر طبقوں پر مشتمل تھے ہر دو قرارداد کی پرزور تائید کرتے ہوئے انہیں منظور کیا۔

روسیوں نے شمالی کوریا سے فوجیں نکالنے کا فیصلہ کرلیا

انخلا کا کام یکم جنوری ۱۹۴۹ء تک مکمل ہوجائیگا

ماسکو ۱۹ ستمبر۔ آج ماسکو ریڈیو نے اعلان کیا کہ روسی حکومت کوریا سے اپنی فوجیں واپس بلالیگی۔ روسی وزراء کے جاری کردہ ایک بیان میں جسے ماسکو ریڈیو نے نشر کیا ہے۔ یہ بتایا گیا ہے۔ کہ مسلح افواج کی وزارت کو ہدایت کی گئی ہے۔ کہ شمالی کوریا سے ... دوسرے نصف سے امریکن فوجوں کا انخلا شروع کرادیں اور یہ انخلا یکم جنوری ۱۹۴۹ء تک مکمل ہو جانا چاہئے۔ اس بیان میں کہا گیا ہے کہ کوریا سے امریکی اور روسی فوجوں کے ایک ساتھ انخلا کی کوریا کی حکومت کی درخواست کو حکومت روس نے روس کے سپریم کورٹ کے حوالہ کردیا ہے۔ روس نے شمالی کوریا سے اپنی فوجیں نکالنی شروع کردی ہیں اور اس بات کی امید ظاہر کی ہے کہ امریکی حکومت بھی جنوبی کوریا سے فوجیں نکالے گی۔

ستمبر ۱۹۴۷ء میں روسی حکومت نے امریکہ سے تجویز کی کہ روسی اور امریکی فوجیں بیک وقت کوریا سے نکال لی جائیں۔ روسی اور امریکی فوجیں ۱۹۴۵ء میں جاپان کے ہتھیار ڈالنے پر کوریا میں داخل ہوئی تھیں شمالی کوریا جو روسی قبضہ میں ہے۔ اس کا رقبہ تقریباً پچاس ہزار مربع میل ہے۔ آبادی اسی لاکھ کے قریب ہے۔ کوریا کا زیادہ صنعتی علاقہ شمالی کوریا میں واقع ہے۔ جنوبی امریکی علاقہ ۳۲ ہزار مربع میل ہے۔ آبادی ... یہ علاقہ زراعتی ہے۔ جاپان کے شکست پر اتحادیوں نے کوریا میں پانچ سال بعد آزاد جمہوری حکومت قائم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ... کی تھی اسی موقعہ پر متحدہ کوریا کے لئے ایک حکومت بھی قائم کی گئی تھی۔

مسلمانان بالپور حکومت کیلئے وقف ہیں

بالپور ... مسلمانان بالپور کا ایک جلسہ ... ستمبر کو منعقد کیا گیا۔ یہ جلسہ تقریباً ہزار نفوس پر مشتمل تھا۔ اس موقعہ پر جو تقاریر کی گئیں ان میں حکومت ہند کے ہاتھ مضبوط کرنے پر زور دیا گیا آخر میں ایک قرارداد بھی منظور کی گئی ... [illegible]

بکری ٹیکس ایکٹ

[illegible]

بازاروں کے نرخ

بازار صرافہ دہلی

چاندی ۹۹۹ تیاری	۱۶۳-۲-۲	چاندی ۹۹۲ تیلا	۱۶۳-۱۱
چاندی تیزابی	۱۶۳-۴	چاندی وعدہ	۱۵۹-۲-۵
سکہ	۱۵۴-۸	چاندی گدی	۱۶۲
سونا تیار	۱۱۳-۱۴	سونا وعدہ	۱۱۲
گنی	۸۰		

دہلی بیناری مارکیٹ

[illegible]

دہلی کرانہ مارکیٹ

[illegible]

کھلا بمبئی صرافہ

[illegible]

بازار صرافہ ہاپوڑ

[illegible]

منڈی ڈبوالی

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر

سید عید احمد ... مطلع فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کو اپنے مذہب سے صحیح واقفیت حاصل کرنے کی جس قدر ضرورت ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے اور مذہب اسلام کی تعلیم کا حصول قرآن شریف کے سمجھنے پر موقوف ہے۔ ... مسجد میں قرآن شریف کے ترجمے کا انتظام تھا لیکن بعض ناگزیر حالات کی بنا پر کچھ عرصے سے یہ سلسلہ بند ہوگیا اب ۲۲ ستمبر سے ... ترجمہ کا دوبارہ اجرا ہو رہا ہے ... زعیم الشبان مولانا مفتی محمد ... قرآن پاک کا ترجمہ بیان کریں گے ... حضرت مولانا احمد سعید صاحب ... اور مولانا ... تفسیر قرآن ... صاحب قرآن کی تفسیر بیان کریں گے۔ ہم تمام مسلمانوں سے امید کرتے ہیں ... [illegible]

لکھنؤ میونسپلٹی اور حکومت کی امداد

لکھنؤ ۱۹ ستمبر ... [illegible] ... لاکھ روپے کی دو نقد امداد منظور کیں۔ شہر لکھنؤ کی جو سڑکیں یعنی دالان روڈ، کوپر روڈ، ... ہیوٹ روڈ، ... کی دوبارہ تعمیر ہوگئی ہے ... قریب تیار ہیں اور باقی دو سڑکوں پر سامان ... کردیا جائے گا۔

دہلی ۲۰ ستمبر ... معلوم ہوا ہے کہ مسٹر وی پی مینن سکریٹری وزارت ریاست اور مسٹر ... آج مسٹر ... جنرل راجندر سنگھ جی سے مشورہ کے لئے حیدرآباد روانہ ہوگئے۔

مشرقی اور مغربی بنگال میں سیلاب

گذشتہ ... ستمبر کو گنگا کے سیلاب کی وجہ سے مشرقی اور مغربی بنگال میں کئی دیہات بہہ گئے ہیں مشرقی پاکستان سے ... اطلاعات ... میں کہا گیا ہے کہ یہاں سیلاب آنے کی وجہ سے کئی گاؤں بہہ گئے ہیں۔ اس علاقہ میں ... کی مزید اطلاعات اب تک موصول نہیں ہوئیں مغربی بنگال کے ... ضلع ... کے کئی دیہات کے بہہ جانے اور فصلوں کے تباہ ہوجانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

جمعیۃ علماء ہلدوانی کا جلسہ

ہلدوانی ... جمعیۃ علماء ... [illegible]

نئی دہلی میں سرکاری پاخانے

نئی دہلی ۲۰ ستمبر معلوم ہوا ہے کہ ... [illegible] ... ٹیلیفون کا انتظام کیا جائے گا ... ٹیلیفون بوتھ قائم کرنے کا خیال ہے۔

فینسی لیور رسٹ واچ نصف قیمت پر

... [illegible] ... منیجر ہندوستان واچ ہاؤس دہلی

ایجنٹوں کی ضرورت

ہمارے خود بخود فائر کرنے والے امریکن ماڈل پستول اور اس کے کارتوس کی فروخت کے لئے ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے لائسنس کی ضرورت نہیں آج ہی نمونہ پستول اور شرائط کے لئے لکھئے

امریکن کارپوریشن ... گنج کانپور

امریکن ماڈل ریوالور



... [illegible] ... ملنے کا پتہ: رائل اینڈ کو نمبر ۴ علیگڑھ

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی جنتر ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہی برص کوڑھ اور سنبھری کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے اب تک سینکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہوچکے ہیں اس کا اثر کیلئے یقینی قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے ہم سے چھ ماہ میں مکمل صحت ہوجاتی ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ آنا ضروری ہے

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی قاسمی

۱۲ بولائی دت اسٹریٹ لاہور

دس خصوصیتوں والی خوشنما حمائل شریف مترجم

یہ حمائل شریف اپنی خوبیوں اور خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس میں دس خصوصیتیں ایسی ہیں جو مجموعی اعتبار سے کسی دوسری حمائل شریف یا قرآن مجید میں نہیں پائی جاتیں

1. اس کی تصحیح مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کے مشہور و معروف نسخہ سے کی گئی ہے۔
2. ترجمہ زیر متن حضرت مولانا شاہ اشرف علی صاحب معہ توضیحی عبارات
3. حدیثوں سے سورتوں اور آیتوں کی فضیلت۔
4. تمام سورتوں اور بہت سی آیتوں کی خاصیتیں۔
5. ہر سورت کے متعلق ... (حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری)
6. فوائد القرآن (حضرت تھانوی)
7. موضح القرآن (حضرت شاہ عبدالقادر)
8. تفسیر ابن کثیر بدالمعانی، خازن، لباب النقول وغیرہ مستند و معتبر کتابوں سے بہت سی آیتوں کی شان نزول۔
9. [illegible]
10. [illegible]

ملنے کا پتہ

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

زمیندارو! سونا بناؤ

اپنی زمین میں عام اجناس کی بجائے پھل اور سبزیاں کاشت کرکے ... زیادہ آمدنی پیدا کریں

پھلوں کی کاشت باغ لگانے ... ۵۰۰ صفحات مجلد قیمت ساڑھے پانچ روپے 5/8

سبزیاں ترکاریاں ... ۲۷۲ صفحات ساڑھے تین روپیہ

ڈیری فارم کھولیں ... دودھ، مکھن، گھی، کریم ... کی تجارت ...

مرغی خانہ ... مرغیاں اور انڈوں سے دولت کمانے ...

رسالہ روزگار قطب روڈ ۵ نئی دہلی

دمہ اور پرانی کھانسی کے مریضو! نوٹ کرلو

اب چوکے تو پھر سال بھر تک پچھتاؤ گے

پارسال کی طرح سے اس سال بھی ہماری مشہور عالم ... ہر مذہب وملت ہر قوم کے بھائیوں کو مفت تقسیم ہونگے ... کسی کو بھی نہیں بھیجی جاتی ہے۔

پتہ: رائے صاحب کے ایل شرما۔ رئیس آشرم (۲۵) جگادھری (مشرقی پنجاب)

سرمہ مقوی بصر

... آنکھ کی خارش پلکوں کے گرنے ... کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔

سرمہ اصلاح چشم

... بارہا آزمودہ ہے۔

سفوف شجاعی

... احتلام ... کیلئے مجرب ہے۔

حب شمسی

...

حب مسیحی

...

حب شیریں

...

سفوف سلطانی

...

صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور یوپی

نظام کے تھیار ڈالنے پر اظہار افسوس و ملامت

مشرقی بنگال میں حیدرآباد کی شکست کا ردعمل

ڈھاکہ ۲۱ ستمبر۔ نظام کے تھیار ڈال دینے سے مشرقی بنگال میں سخت ناپسندیدگی کا اظہار کیا جا رہا ہے اور عام طور پر کہا جا رہا ہے کہ نظام اور حکومت ہند کے درمیان پہلے سے طے کر لیا گیا تھا کہ جب ہندوستانی فوجیں ریاست میں داخل ہوں گی تو ہتھیار ڈال دیئے جائیں گے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ ایسے موقع پر جبکہ دنیا کی قوموں نے حیدرآباد کے مسئلہ پر توجہ دینا شروع کی تھی نظام کا ہتھیار ڈالنا سخت باعث افسوس ہے۔

اسوارو ڈیپٹ میں رضاکاروں کی مزاحمت جاری ہے

پریس ٹرسٹ آف انڈیا اور رائٹر میں معاہدہ ہو گیا

ایسوسی ایٹڈ پریس کا انتظام ہندوستانیوں کے حوالہ کر دیا جائیگا

لندن ۲۱ ستمبر۔ رائٹر اور انڈیا اینڈ ایسٹرن نیوز پیپر سوسائٹی کے درمیان جو سمجھوتہ ہو گیا ہے وہ دنیا بھر میں خبروں کی ترسیل کے سلسلہ میں ایک اہم واقعہ ہے۔ ہندوستانی اخباروں نے اپنی علیحدہ نیوز ایجنسی پریس ٹرسٹ آف انڈیا لمیٹڈ بنائی ہے یہ ہندوستان کی قومی نیوز ایجنسی ہوگی۔ تمام اخبارات اس کے حصہ دار ہوں گے اور اس سے کوئی نفع نہ حاصل کیا جائیگا۔ اس کا دستور تقریباً رائٹر کے دستور جیسا ہوگا۔ اس معاہدہ کے بارے میں دونوں پارٹیوں نے ایک اعلان کیا ہے۔

معاہد پارٹیاں اعلان کرتی ہیں کہ وہ صداقت پر مبنی خبریں پہونچائیں گی۔ سب خبریں ایک جگہ جمع کی جائیں گی اور صرف اخباری اہمیت کی بنا پر ان کا انتخاب کیا جائے گا۔

حبشہ کو ہندوستان کی طرف سے خیرسگالی مشن

نئی دہلی ۲۱ ستمبر۔ ہندوستان سے ایک خیرسگالی مشن جمعہ کے دن حبشہ جا رہا ہے اس مشن کے لیڈر سردار سنت سنگھ ہوں گے مشن کا مقصد ہندوستان اور حبشہ کے درمیان دوستانہ تعلقات قائم کرنا ہے۔ سردار صاحب نے ایک دعوت میں کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان بہت سی باتیں مشترک ہیں دونوں کو حال ہی میں آزادی ملی ہے دونوں کی تاریخ قدیم ہے اور دونوں کے اقتصادی مسائل یکساں ہیں۔

حیدرآباد کا مسئلہ

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

چڑھتی ہوئی قیمتوں کو روکنے کے لئے پیداوار بڑھائی جائے

کارخانہ داروں سے ڈاکٹر مکرجی وزیر صنعت کی اپیل

دہلی ۲۱ ستمبر۔ کل نئی دہلی میں آل انڈیا مان فیکچررس آرگنائزیشن کے تیسرے سالانہ اجلاس کا افتتاح کرتے ہوئے ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی وزیر صنعت و رسد نے ملک میں بڑھتی ہوئی قیمتوں اور معاشی مشکلات کو روکنے کے لئے زیادہ سے زیادہ پیداوار کی اہمیت پر زور دیا۔

آپ نے بتایا کہ حکومت صنعتوں کی مشاورتی کمیٹیاں مقرر کر رہی ہے اس میں مختلف صنعتوں کی نمائندگی ہوگی۔ یہ کمیٹیاں ہر مسئلہ پر غور کر سکیں گی۔ سب سے پہلے کہا صوبائی حکومتوں سے کہا جائے گا کہ وہ ہر صوبہ میں صوبائی کونسلیں قائم کریں اس طرح صنعتوں کی حالت بہتر ہو جائے گی۔ حکومت گھریلو صنعتوں کا تحفظ کرے گی۔ آپ نے بتایا کہ صنعتوں کی بابت حکومت کی پالیسی کا گزشتہ اپریل میں اعلان کیا گیا تھا۔ حکومت تمام کلیدی صنعتوں کو مکمل تحفظ دے گی۔ آپ نے یقین دلایا کہ حکومت صنعتوں کا تحفظ کرے گی اور ان کو پیداوار کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا چاہیے۔

آپ نے کارخانہ داروں سے اس بات کی بھی اپیل کی کہ وہ صنعتی ریسرچ کا انتظام کریں۔

شرق الہند کی جنگ آزادی میں جن شرق الہندی شخصیتوں نے نمایاں حصہ لیا اور ولندیزی گورنمنٹ کے چھکے چھڑا دیئے ان میں ڈاکٹر عبدالرحیم سوکارنو، ڈاکٹر حتی وزیر اعظم، ڈاکٹر سلطان شہریار سابق وزیر اعظم حال لیڈر سوشلسٹ پارٹی، اور ڈاکٹر شریف الدین، سابق سوشلسٹ وزیر اعظم خاص طور پر قابل ذکر ہیں، ڈاکٹر سوکارنو ری پبلکن گورنمنٹ کے پریزیڈنٹ ہیں اور ڈاکٹر حتی وزیر اعظم، ڈاکٹر شہریار سوشلسٹ پارٹی کے لیڈر ہیں اور شریف الدین نے سوشلسٹ پارٹی سے الگ ہو کر اور کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت اختیار کر کے ری پبلکن پارٹی کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا ہے اور جاوا میں سوویٹ ری پبلک قایم کر کے اور مادیون کو مرکز بنا کر اس کے وزیر اعظم بن گئے ہیں۔

افسوس ہے کہ جن سات کروڑ انسانوں کے ملک کو اب تک ڈچ گورنمنٹ کی غلامی سے نجات نہیں ملی اب ان کے لیڈروں میں پھوٹ پڑ گئی اور ایسے بھی ایسی جس پر ڈچوں کا قابو چل سکتا ہے اور ڈچ ری پبلکن گورنمنٹ اسے دبانے میں کامیاب ہو سکتی ہے، بلکہ ڈچ گورنمنٹ کو اس پھوٹ کی وجہ سے مزید مداخلت کا موقعہ حاصل ہو گیا ہے چنانچہ ملکہ جولیانا نے کہدیا ہے کہ ڈچ گورنمنٹ انڈونیشیا کو اپنی زیادہ سے زیادہ فوجی طاقت سے مضبوط بنائے گی اور کمیونسٹوں کے مقابلہ پر ری پبلکن گورنمنٹ کا ساتھ دے گی! اس امداد اور تعاون کا جو کچھ بھی مطلب ہے شرق الہندی لیڈروں سے بہتر اور کون سمجھ سکتا ہے! چنانچہ ڈاکٹر حتی نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس سے اعلان کیا ہے کہ ہمیں ولندیزی امداد کی قطعاً ضرورت نہیں، مادیون میں کمیونسٹوں کی بغاوت ان کے ملک کا گھریلو معاملہ ہے جسے وہ اپنی طاقت سے ہی دبانے کی کوشش کریں گے۔

اب ذرا چین کی طرف آیئے، وہاں بھی شمال کے علاقوں میں کمیونسٹوں نے اپنی حکومت قایم کر لی ہے اور وہ روز بروز مستحکم ہوتے جا رہے ہیں، اگر مارشل چیانگ کائی شیک کو اب بھی ہوش نہ آیا اور انہوں نے ترقی پسندوں سے کوئی معاملہ نہ کیا تو یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ چین کمیونسٹوں کے زیر اثر آ جائے گا اور مشرق بعید و قریب کے ممالک اس کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکیں گے۔

ملایا بھی آج کل ایک نئے دور سے گزر رہا ہے اور کمیونسٹ پارٹی نے اپنے انقلاب کو کامیاب بنانے کے لئے پورا زور لگا رکھا ہے، اگر انگریزی فوج کی بروقت مداخلت سے سیلاب روک دیا گیا ہے مگر قرائن بتا رہے ہیں کہ یہ تحریک پھر زور پکڑے گی اور مذہبی اور زرداری کی اس جنگ کا نتیجہ کچھ نہ کچھ ضرور نکلے گا۔

برما کی سیاست میں بھی خوب برا چل رہا ہے کمیونسٹوں نے اتنا زور باندھا ہے کہ تھاکن نو کی گورنمنٹ اپنی بنیادوں سے ہل گئی ہے، یہ باغی بڑھتے بڑھتے رنگون تک کے قریب پہونچ گئے ہیں، ساتھ ہی ساتھ تعلیم یافتہ کیرن کی فوجیں بھی قایم شدہ حکومت کے لئے خطرناک ثابت ہو رہی ہیں اور کمیونسٹوں کی طرح وہ بھی اقدام اور پیشقدمی میں کامیابی حاصل کر رہی ہیں۔ برما کی یہ اشتراکی بغاوت اس لئے بھی اہم ہے کہ ہندوستان پڑوس میں ہے اور یہ ناممکن ہے کہ برما میں انقلاب آئے اور ہندوستان متاثر نہ ہو!

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ سرمایہ داری اور شہنشاہیت پسندی اسقدر سخت جان ہے کہ مرتی مرجائے مگر غریب طبقہ سے مصالحت کے لئے تیار نہیں لیکن کمیونزم نے بھی ایسا پیچھا کیا ہے کہ جان بخشی کی کوئی آس باقی نہیں رہی، ہم اصولاً کمیونزم کے شدید مخالف ہیں لیکن مصیبت یہ ہے کہ خالی مخالفت سے یہ بلا ٹلنے والی نہیں، اس کا علاج صرف یہ ہے کہ سرمایہ کی منصفانہ تقسیم کے ذریعہ ایک معتدل ہمہ گیر اور فطری نظام کا خاکہ تیار کیا جائے اور اسے زیر عمل لانے کی مہم فوراً شروع کر دی جائے۔ ورنہ نتیجہ ظاہر ہے کہ غریب، امیری گردن پر سوار ہو گا اور انقلاب کی طاقت خود ایک نظام تیار کر کے عوام کے گلے منڈھ دے گی۔

ریڈیائی زبان

اگر زبان اس لئے ہے کہ انسان اپنا مطلب دوسروں کو سمجھا سکے تو کہا جا سکتا ہے کہ آل انڈیا ریڈیو کی زبان اس مقصد کو پورا کرنے سے قاصر ہے کیونکہ اسے سننے والے نہیں سمجھتے کہ کیا ارشاد ہو رہا ہے اور ان مہمل الفاظ کا مطلب کیا ہے، بہرحال اس کے کارپرداز اس خرابی کو دور کر کے انہوں نے مہمل گوئی میں اور ترقی شروع کر دی ہے، اب دشمن کی جگہ شترو اور خبر کی جگہ سماچار کو دیدی گئی ہے گویا دشمن اور خبر بھی ایسے [illegible] ساتھ تعصب و چھوت چھات ہونی [illegible] اس سلسلہ میں [illegible] کا مطلب [illegible] جانا [illegible] چاہیے لیکن

افسوس کہ چھوت چھات کا متعدی مرض زبان کو بھی لگا دیا گیا ہے، چیزوں کی چھوت چھات ہے جو پانی سے گزر کر زبان تک پہونچ گئی ہے، ہمارا اصلاح صرف یہ ہے کہ صاف بولو آسانی سے سمجھو، اور زبان کی قدرتی رفتار میں کوئی روک نہ لگاؤ۔

دھمکی

جنوبی افریقہ کی حکومت نے کیا خوب رنگ دی ہے کہ اگر یو، این جنرل اسمبلی میں ہندوستان کی یہ سفارش منظور کر لی گئی کہ جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے معاملہ پر بحث کیجائے تو اس کے وفد کو سوچنا پڑے گا کہ وہ اس بحث میں کس حد تک حصہ لے سکتا ہے! اسوقت جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کو اچھوت قرار دیا گیا ہے ہندوستان چاہتا ہے کہ اس انسانیت سوز حرکت پر متحدہ اقوام میں صدائے احتجاج بلند کرے مگر افریقہ کی سفید حکومت کو یہ گوارا نہیں کہ بین الاقوامی ادارہ میں اس کے تعصب کا بھانڈا پھوٹے اور وہ انسانیت کی نگاہ میں ذلیل ہو! جنوبی افریقہ ..... ہندوستانیوں کے معاملہ پر کوئی بحث کرنا نہیں چاہتا، کیونکہ بقول امیر ترین مسٹر اسمٹس یہ اس کا گھریلو معاملہ ہے! یہ گھریلو معاملہ، عجیب فساد کی جڑ ہے اپنے گھروں میں انسانوں کو ذبح کرتے رہو، مظلوموں پر چلنا پھرنا تک حرام کر دو۔ فوجی کارروائی کر کے پوری قوم کو تباہ کر ڈالو مگر دنیا کو اُف کرنے کی بھی اجازت نہیں کیونکہ انکا یہ گھریلو معاملہ ہے! ہمیں امید ہے کہ ہندوستان اس معاملہ کو پیش کر کے متحدہ اقوام کو مجبور کر دے گا کہ وہ جنوبی افریقہ کے کالے قوانین پر خط تنسیخ کھینچ دے۔

اچھی باتیں!

وھذا ذکر مبارک انزلناہ افانتم لہ منکرون (پ ۱۷ ع ۴)

ہم نے اس مبارک ذکر کو نصیحت کے لئے نازل کیا ہے کیا تم اس کا انکار کرتے رہوگے؟

قرآن ایک نعمت ہے ایک ذکر ہے، اور ذکر وہ ہے جس کی یاد عملی زندگی میں تازہ ہوتی رہے اور اس کے سانچے میں ہماری سیرت ڈھل جائے اور ذکر بھی کیسا! مبارک، جو اس لئے نازل ہوا ہے کہ ہمیں تمام اقوام میں عمل کے ذریعہ مبارک بنائے اور ساری دنیا ہمارے بہتر کردار پر ہدیہ تبریک پیش کرے۔ قرآن کہتا ہے کہ ایسے مبارک ذکر سے انکار کوئی معنی نہیں رکھتا اور انکار یہ ہے کہ ہماری عملی زندگی اس کے خلاف ہو، ہمارا کردار اس کی نفی کرے، ہماری زندگی میں اس کی کوئی جھلک نظر نہ آئے آج قرآن کی شاہراہ پر چل کر دیکھو اپنے عمل سے اسلام پر شہادت دو دلوں کی محبوبیت تمہیں حاصل ہو جائے گی اور تمہاری راستباز زندگی سینوں میں آپ گنجایش نکال لیگی جو قوم اس مبارک ذکر کو ماننے والی ہو ناممکن ہے کہ دنیا اس کی افادیت سے انکار کرے اور اسے اپنا پیشوا نہ مانے!

جن من گن ← قومی ترانہ

(ابوالہاشم طرزی بی اے اعلیٰ قابل)

(۱)

اہم رسومات کی وابستگی کے وقت یورپ میں قومی گیت گائے جاتے ہیں۔ دنیا کے ہر ملک اپنا قومی گیت رکھتے ہیں۔ ہندوستان کے نوجوان جب یورپی ممالک میں حصول تعلیم کے لئے گئے تو انہیں ان ممالک کی رسومات میں شرکت کرنے کا موقعہ ملا۔ کھیل و تفریح کے جلسوں، جشن کے موقعوں اور قومی تیوہاروں میں ان کے یورپین دوست انہیں مدعو کیا کرتے تھے۔ ہندوستانی طلبا کو جلد ہی احساس ہو گیا۔ کہ آزاد ممالک ایسے موقعوں پر اپنے قومی گیت گاتے ہیں۔ ولایت کے جلسے جلوسوں میں مسلسل شرکت کرنے کا یہ قدرتی نتیجہ نکلا کہ ان کے دماغوں میں یہ سوال چکر لگانے لگا کہ کیا ہندوستان کا بھی کوئی قومی گیت ہے بدنصیبی سے ہندوستان کو ایسی توفیق ہی نہ ہوئی تھی۔ کہ وہ اپنا کوئی گیت یا ترانہ بنا سکتا۔

ہندوستانی طلبا کی اکثریت برطانیہ میں تعلیم جاری رکھنا پسند کرتی تھی۔ برطانیہ کے طول و عرض میں ..... God Save the King (یا رب رہے سلامت فرمانروا ہمارا) جشن اور قومی خوشی کے موقعہ پر قومی ترانہ کے طور پر رائج ہے۔ آزاد خیال لوگوں کی غیرت نے کبھی یہ گوارا نہ کیا کہ وہ برطانی گیت کو اپنائے "ضرورت ایجاد کی ماں ہے" اسکے پیش نظر کچھ لوگوں نے مختلف قومی گیت تجویز کئے۔ لیکن مذہبی اختلافات کی بنا پر وہ کسی ایک قومی گیت پر متفق نہ ہو سکے۔ اور یہ معاملہ کھٹائی میں پڑ گیا۔

حقیقی واقعہ یوں ہے کہ ایک مرتبہ چند ایک ہندوستانی سویڈن کے دارالسلطنت اسٹاک ہالم میں ہاکی کھیلنے گئے۔ کھیل کے اختتام پر سویڈن والوں نے ہندوستانی کھلاڑیوں کو چند کلمات تحسین پیش کیں۔ اور اس کے بعد انہیں ایک شاندار ضیافت میں مدعو کیا۔ اس موقعہ پر ہندوستانیوں سے مطالبہ کیا گیا۔ کہ وہ اپنے ملک کا قومی گیت گائیں۔ دراصل یہاں کا کوئی ترانہ ہی نہ تھا ہندوستانی ایک دوسرے کی بغلیں جھانکنے لگے اور شرمندگی سے بچنے کے لئے کسی نے اشاروں سے بندے ماترم تجویز کیا۔ دوسرے نے اس سے اعتراض کیا ایک نے اقبال کا ترانہ گانے کی صلاح دی۔ سب کھلاڑی اس پر بھی متفق نہ ہو سکے۔ یہاں کانا پھوسی ہو رہی تھی۔ کہ گھڑی نے گھنٹہ بجا کر سب کو چونکا دیا۔ یہ کارروائی شروع ہونے کا وقت تھا۔ ہندوستانی کھلاڑی پسینہ پسینہ پونچھتے ہوئے ایک لائن میں کھڑے ہو گئے اب سوال یہ تھا کہ کیا گایا جائے۔ بالآخر ایک نے بآواز بلند اور انتہائی جذبات کے ساتھ یہ گیت شروع کر دیا۔

"بی بی بینگن کی ری تو تو پانی میں کی رانی"

سب کورس میں گانے لگے۔ اس کی [illegible] پڑی۔ اور اس طرح ہندوستانیوں نے اپنی جان چھڑائی بچا رہے سویڈن والوں کو کیا معلوم کہ ان کا واقعی کوئی ترانہ ہے "یا رب رہے سلامت" کی وہاں کوئی وقعت نہ تھی جو وہ اس کا مظاہرہ کرتے۔

یہ تو تھا ہنگامی واقعہ۔ اس کے بعد سنجیدہ حضرات اس کی طرف توجہ دیتے رہے۔ کہ ہندوستان کے لئے ایسا گیت بنایا جائے جو قومی گیت کی ضرورت کو پورا کر دے برلن ان خیالات کا مرکز رہا۔ دوسری جنگ عالمگیر سے پہلے جرمنی میں ہندوستانیوں کی خاصی تعداد تھی۔ برلن میں تمام ہندوستانیوں نے مل کر ایک اعلیٰ سوسائٹی قایم کر لی۔ اس سوسائٹی نے پیرس، لندن اور کیمبرج میں مقیم ہندوستانیوں سے مل کر رابطہ پیدا کیا۔ اور ان سے قومی گیت کے بارے میں تبادلہ خیال کیا یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ کوئی تقریب یا کوئی قومی تیوہار ایسا نہ تھا جو برلن میں نہ منایا جاتا ہو اور ہفتہ وار جلسے نہ ہوتے ہوں۔ اگرچہ ان تقاریب میں اقبال کا ترانہ بھی گایا گیا لیکن عام طور پر بندے ماترم پر اکتفا کیا گیا۔ اور اسے قومی گیت کے لئے استعمال کیا گیا۔

پھر بھی نکتہ رس اور دور بین نظریں اس سے مطمئن نہیں تھیں وہ محسوس کرتے تھے۔ کہ بندے ماترم میں وہ صلاحیتیں نہیں ہیں جو ایک قومی گیت کے لئے درکار ہیں۔ اس لئے متفکر نظریں اس کام چلاؤ گیت کا بدل تلاش کرنے میں لگ گئیں۔

(بقیہ آئندہ)

پولیس کے حفاظتی دستے

لاہور ۲۴ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی پنجاب کی پولیس نے لاہور کے ہندو شہریوں کو مطلع کر دیا ہے۔ جب کبھی ان کو پولیس کے حفاظتی دستوں کی ضرورت ہو وہ پولیس کے حکام سے ایسی امداد طلب کر سکتے ہیں۔

سیر و سیاحت

(سیلانی کے قلم سے)

کل ہم نے اس بات کی طرف اشارہ کیا تھا کہ اگر نام نہاد سرکار ہم جیسے سرپھروں کے ہاتھوں میں ہوتی تو حیدرآباد کے ساتھ ساتھ ہم اکھنڈ پاکستان کی طرف بھی کوچ کر دیتے۔ آج یہ دیکھ کر ہم بہت خوش ہوئے کہ ہمارے ایک بھائی بند نے ہمارے اس خیال کی تائید کر دی۔ صرف تائید ہی نہیں بلکہ میدان جنگ کا پورا نقشہ بھی کھینچا ہے اور بتایا ہے کہ اگر ہندوستان کے ہوائی جہاز ایک طرف سے لاہور پر آگ برسانے لگیں اور دوسری طرف پاکستان کے فوجی ہیڈکوارٹر راولپنڈی پر بمباری شروع کر دیں تو پاکستان کی کمر ٹوٹنے میں دیر نہیں لگے گی۔

اس عسکری داؤ پیچ کے بعد وہ کون ہندوستانی ہے جو ہماری اور ہمارے جنگی نیدروں کی داد نہیں دے گا۔ لوگ کہا کرتے ہیں کہ ان اردو اخبار نویسوں کو اخبار نویسی بھی نہیں آتی لیکن اب انہیں معلوم ہونا چاہیے ہم اخبار نویسی چھوڑ جنگی ماہر بھی ہیں۔ حیدرآباد کا میدان دیکھ کر اگر کوئی ماہر جنگ نہیں بن سکتا تو وہ کچھ نہیں ہے۔

پنڈت نہرو کہتے ہیں کہ پاکستان کے لوگوں کو اپنے دل سے ڈر اور خوف نکال دینا چاہیے اور ترقی اور خوشحالی کی راہ میں ان سے تعاون کرنا چاہیے۔ یہ بڑے پتے کی باتیں ہیں لیکن پنڈت جی نہیں سمجھے کہ خیال میں کسی کی کمزوری اور فائدہ اٹھانا شانِ بہادری کے خلاف ہے۔ ہٹلر نے اس سے فائدہ اٹھایا ہم عروج پر پہنچ گیا۔ تب اس کا نام تاریخ میں نام حق اور رہتی دنیا تک رہے گا۔ ہم بھی تاریخ میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ بڑے اگر یہ بات سمجھ لیں تو بس ایک بیڑا پار ہو جائے۔

پنڈت نہرو اگر بات مانیں تو صرف چار گھنٹہ کی خدمت دیدیں۔ جنرل مومن کہتے ہیں حیدرآباد کو ختم کرنے میں تو چار دن ہی لیے ہیں لاہور چار گھنٹوں میں ختم ہو جائے گا۔ اور جنرل موہن شنکر کی لیاقت پر جنرلوں جنگی ماہر بھی ہو گیا دو گھنٹہ ہی زیادہ ہیں۔ رہے باقی شہر تو بس یوں سمجھو وہ اورنگ آباد کی طرح جھولی میں ایسے آ گریں گے جیسے کہ پکا ہوا سیب۔ اور اس کے بعد پاکستان کے ساتھ ساتھ ہمارے چار گھنٹہ بھی ختم آپ جانیں اور آپ کا کام۔ آپ کام سنبھالیں اور ہم اپنا اخبار۔ اخبار اس لئے کہ اس کے بغیر ہم اپنے "کلنامے" کو دنیا کے سامنے نہیں اچھال سکتے۔ ہمیں جھوٹ بولنے اور جھوٹ بلانے میں مزہ آتا ہے۔

خطوط ← اڈیٹر کے نام

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

یاراں فراموش کردند عشق!

مکرمی اڈیٹر صاحب السلام علیکم

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ عام مسلمانوں کی حالت اس وقت زار و نحیف ہے اور زندگی کی عجیب کشمکش میں مبتلا ہیں۔ نہ تو ان کی اقتصادی حالت ہی ٹھیک ہے اور نہ سماجی حالت درست ہے۔ اور پھر اگر ہم نظر دوڑائے تو معلوم ہوگا کہ ان کے بیوی بچوں پر تن ڈھکنے کو کپڑے بھی مشکل ہیں۔ غرض کہ انہیں ایک پر آشوب دور سے گذرنا پڑ رہا ہے مگر حیف کہ مسلمان کے دل پر اس تباہی اور زبوں حالی کا کوئی اثر نہیں ہوا وہ پہلے فرسودہ رسموں کا شکار ہیں بجائے اس کے کہ اپنی حالت کو درست کرتا وہ مشاعروں اور عرس کی ترتیب دیتا پھرتا ہے۔ دہلی میں شاید ہی کوئی دن ایسا جاتا ہو جس میں ایک یا دو مجلس مشاعرہ اور عرس نہ منعقد ہو جاتی ہوں اور یاران طریقت ان نیک کاموں میں افراط سے شریک نہ ہوتے ہیں۔ اس بے حسی کے قربان جایئے جس کو دیکھو اشعار گھڑنے میں معروف ہے اور جب دو چار کی اپنی اپنی کتیا تیار ہو گئی تو جھٹ ایک مشاعرہ کا اعلان کر دیا۔ کوئی معزز آدمی صدارت کرنے کے لئے مل گیا تو خوب ہوا ورنہ اس فریضہ کی ادائیگی یوں ہی کر لی۔ یہی حال عرس کا ہے۔ کسی مسلمان کی قبر کا پتہ چلا لیا پیچھے پیر صاحب بھی موجود، سجادہ نشین بھی حاضر اور قوالوں کی خدمات بھی حاصل۔ مسلمانوں کو شرمانا چاہیے کہ یہ وقت اور بیکاری کے مشغلے۔

یہاں یہ بتا دینا مبالغہ نہ ہوگا کہ جس ملک یا قوم میں حشرات الارض کی طرح شعراء پیدا ہونے لگیں اس کی تباہی یقینی ہو جاتی ہے۔ شاید دہلی کی تباہی بھی شعراء حضرات کی مرہون ہوئی تھی۔ زیادہ کیا عرض کیا جائے۔

ایک غم زدہ

مسلمانوں کو اس سے تعلیمی امداد اور عدل و انصاف کے بالکل خلاف نہیں۔

ہمیں بیحد خوشی ہوئی کہ بالآخر ملکت ہند کے بیدار مغز وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی توجہ و عنایت سے ہماری حکومت ہند نے اس بحال کرنے کا عزم صمیم کر کے اپنی ذہنی ریاست میں داخل کر دیں۔ ..... جنہوں نے سخت مزاحمت و عام کشت و خون کے بغیر ہی تین چار روز میں ریاست کے حصہ دار اہم مقامات اپنے کنٹرول میں لے لئے اور خدا کا شکر ہے کہ والی ریاست حیدرآباد نے بھی بر وقت متنبہ ہو کر پانچویں دن اپنی فوجوں کو جنگ بند کر دینے کا فرمان صادر کر دیا اور امن بحال رکھنے نیز ریاست کے مقصد و شہری مناظر کی سرکوبی کی غرض سے سکندرآباد میں ہندوستانی فوجوں کے قیام پر رضامند ہو گئے اسی طرح دونوں طرف کے عوام پھر ایک خوفناک جنگ کی تباہ کاریوں سے بال بال بچ گئے۔

نظام صاحب کے موجودہ رویہ کے پیش نظر توی امید ہے کہ جلد از جلد وہاں کے حالات سازگار ہو جائیں گے اور انڈین یونین میں باعزت شرکت کے بعد ریاست اور اس کے عوام کو نظم و نسق میں پوری آزادی حاصل رہے گی؟

بدر الحسن خاں (ندوی) ڈیلیگیٹ یوپی ڈسٹرکٹ بورڈ ایمپلائیز [illegible] جمعیۃ العلماء، پارلی ضلع فتحپور ۲۰ ستمبر

"انجمن ترقی اردو"

مکرمی تسلیم۔ آپ کے اخبار کے ذریعہ سکریٹری صاحب انجمن ترقی اردو کی توجہ مندرجہ ذیل اہم امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ ماہ فروری ۱۹۴۸ء میں انجمن ترقی کے امتحانات مختلف مراکز میں ہوئے تھے جس کا نتیجہ ماہ جون میں ہی مشتہر ہو چکا ہے۔ اسی کا سرٹیفکٹ (سندات) کامیاب امیدواروں کو ہنوز عطا نہیں کئے گئے ہیں۔ مرکز متھرا کے واقف اردو امتحان کے کامیاب امیدوار سکریٹری انجمن ترقی اردو متھرا سے متواتر تقاضے کرتے ہیں اور صدر دفتر جواب تک نہیں ملا لہٰذا سکریٹری صاحب جلد از جلد سندات عنایت فرمانے کی سعی کریں۔ سکریٹری انجمن ترقی اردو متھرا

مسلمان اہلکار

محترمی السلام علیکم

آپ کا مضمون مسلمان اہلکار [illegible]

پولیس کارروائی

کراچی۔ محترم شعیب اللہ خاں مدیر روزنامہ امروز حیدرآباد کی شہادت کے بعد یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ ریاست حیدرآباد دکن کی جنگ کوئی مذہبی و فرقہ وارانہ جنگ نہیں ہو سکتی اور اس کا تعلق محض سیاسی، معاشی و اقتصادی امور اور نظام سلطنت سے ہے۔ چنانچہ رضاکاروں کے دباؤ اور بیرونی طاقتوں کے اشارہ پر حکومت نظام مختلف اس پر ایسی پالیسی برت رہی تھیں جو بین الاقوامی قانون اخلاق اور شریعت

دارالسلطنت

۲۶ ستمبر ۱۹۴۸ء

آٹھ اشخاص کو سزا

دہلی ۲۴ ستمبر۔ گذشتہ چند دنوں میں راشن کے متعلق احکام کی خلاف ورزی کے سلسلے میں آٹھ اشخاص کو سزائیں دی گئیں۔ دو آدمیوں کو راشن کارڈوں کو غلط استعمال کرنے کے جرم میں دو ہفتہ قید سخت اور پچاس روپیہ جرمانے کی سزا دی گئی۔ باقی لوگوں کو تیس روپیہ سے سو روپیہ تک جرمانہ کی سزا دی گئی۔

طلباء کی امداد کی کمیٹی

دہلی ۲۴ ستمبر۔ دہلی میں پناہ گزین طلباء کو امداد دینے کے لئے جو مالی مشکلات کی بنا پر اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔ مسٹر ... کنوینر ہیں۔ اس کا دفتر ... روڈ قائم ہوا ہے۔

بیوی کو قتل کرنیکی کوشش

دہلی ۲۴ ستمبر۔ کہا جاتا ہے کہ صدر بازار کے رہنے والے ایک شخص ... نے اپنی بیوی کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ ... کی بیوی نے پولیس میں جو رپورٹ درج کرائی ہے اس میں بتایا کہ آپس میں لڑائی ہونے پر ... نے اس کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ ... طلبا اور اپنی بیوی کا گلا گھونٹنے لگا۔ لیکن وہ ایک معمولی سے زخم کے ساتھ بچ نکلی۔ ... دہلی پولیس ...

پرتگالی ہند کے سیاسی قیدیوں کو پرتگالی افریقہ میں جلاوطن کر رہی ہے

بمبئی ۲۴ ستمبر۔ نیشنل کانگریس گوا کی سیکرٹری کے ذریعہ سے پتہ چلا ہے کہ مشہور قوم پرست لیڈر مسٹر ... جنہیں ۱۹۴۶ء میں فوجی مقدمہ کے بعد ... کی سزا دی گئی تھی اب پرتگالی افریقہ میں جلاوطن کر دیا گیا ہے۔ ان کو بھی وہاں کی آب و ہوا موافق نہیں آئی۔ پتہ لگا ہے کہ ... حکومت گوا تمام سیاسی قیدیوں کو پرتگالی افریقہ منتقل کرنے کا ارادہ کر رہی ہے۔ ... اخباروں کا داخلہ بند کر دیا گیا ہے ... کے خلاف اور پاکستان اور گوا کے حق میں غلط پروپیگنڈا کرتے ہیں ان کے خلاف جوابی کارروائی کی جائے۔

مشرقی پاکستان کی سرحدی تنازعات

ڈھاکہ میں سروے کانفرنس

ڈھاکہ ۲۴ ستمبر۔ مشرقی پاکستان سکرٹریٹ میں جمعہ کے دن ایک کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے اجلاس میں جو ایک گھنٹہ تک جاری رہا ... قائم مقام ڈائرکٹر جنرل ... سروے پاکستان، چیف سکریٹری اور صوبائی محکمہ مال گذاری کے چند اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی و مغربی بنگال کی ... میل لمبی سرحدی لائن کا تعین کرنے کے بارے میں ابتدائی بندوبست کانفرنس کے زیر غور آیا۔ ... معلوم ہوا ہے کہ آئندہ دن کے سرحدی جھگڑوں سے بچنے کے لئے جلد از جلد سرحدوں پر زور دیا گیا۔ ... کے دن کراچی سے ڈھاکہ پہنچے تھے۔

جمعیۃ علماء ضلع سبزی منڈی بارہ ہندو راؤ دہلی کا افتتاح

۲۴ ستمبر ۱۹۴۸ء جمعہ کے دن پانچ بجے سہ پہر کو شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب قبلہ مدظلہ العالی اپنے دست مبارک سے جمعیۃ علماء ضلع سبزی منڈی بارہ ہندو راؤ دہلی کا افتتاح فرمائیں گے، جس میں دیگر اکابرین ملت بھی شرکت فرما ہوں گے۔ جمیع مسلمانان دہلی سے استدعا ہے کہ وہ حضرت ممدوح کے ارشادات عالیہ سے بہرہ مند ہونے کا موقع نکال کر اس تقریب سعید میں شرکت فرمائیں۔

نیازمند: شیخ علاؤالدین داعی عارضی کمیٹی جمعیۃ علماء ضلع سبزی منڈی بارہ ہندو راؤ دہلی

پنڈت نہرو کا اظہار مسرت

مدراس ۲۴ ستمبر۔ وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے بھی مسٹر کستوری سری نواسن صدر پریس ٹرسٹ کو مبارکباد کا ایک پیغام بھیجا ہے اور اسے آزادی کی طرف ایک قدم قرار دیتے ہوئے اس بات کی امید ظاہر کی کہ انصاف اور صداقت کے اعلیٰ مفاد کی خدمت کریں گے۔

ہندوستانی وفد لندن روانہ ہوگیا

کراچی ۲۴ ستمبر۔ لندن میں ہونے والی ۱۰ اکتوبر کی نوآبادیاتی پارلیمنٹری کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے ہندوستانی وفد جمعرات کے دن بذریعہ طیارہ دہلی سے کراچی پہنچا۔ کراچی کے ہوائی اڈہ پر ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ کراچی کے نمائندوں اور پاکستان کا ... اسمبلی کے ممبروں نے ہندوستانی وفد کا شاندار استقبال کیا۔ ہندوستانی وفد آج لندن روانہ ہو رہا ہے۔

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر (۱۰)

ہندوستان کے گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ کے حکم کے مطابق ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۱۰ نے بھی اپنے علاقہ میں "شکریہ کا دن" منانا طے کیا ہے۔ ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۱۰ کے تمام رہنے والے ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی اور دوسرے طبقوں کے باشندوں سے مخلصانہ اپیل کی ہے کہ وہ ۲۶ ستمبر ۱۹۴۸ء بروز اتوار کو سب لوگ مسجدوں، مندروں، گوردواروں، گرجوں اور دیگر عبادت گاہوں میں اپنے اپنے عقیدوں کے مطابق ہندوستان میں اور حیدرآباد میں انڈین یونین کی پرامن کامیابی پر شکرانہ ادا کریں اور دعا کریں کہ ... کے دلوں کو جوڑ دے کیونکہ اس پر ہی آئندہ ہندوستان کی ترقی اور خوشحالی کا دارومدار ہے۔

ٹراونکور یونیورسٹی کے امتحانات ملتوی

ٹری وینڈرم ۲۴ ستمبر۔ ٹراونکور یونیورسٹی کے امتحانات کا بائیکاٹ کرنے پر حکومت نے اعلان کیا ہے کہ امتحانات کو ملتوی کیا جا رہا ہے۔

کپڑے پر کنٹرول کی اسکیم پر غور

بمبئی ۲۴ ستمبر۔ آج بمبئی میں صوبائی اور ریاستی وزرائے اعظم کی کانفرنس کے اجلاس میں حکومت ہند کی اعلان کردہ کپڑے پر کنٹرول کی اسکیم پر بحث ہوگی۔ ... کپڑے کی قیمتوں کو مقرر کرنے کا سوال بھی زیر غور ہوگا۔ ... صنعت حکومت ہند کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ ... یہ کانفرنس مختلف صوبوں اور ریاستوں کے لئے کپڑے کا کوٹہ مقرر کرے گی۔ ... حکومت کی طرف سے پہلے ہی سے کچھ قیمتیں مقرر ... ہیں۔

بجلی کمپنی کے خلاف شکایات

دہلی ۲۴ ستمبر۔ بجلی استعمال کرنے والوں کی ایسوسی ایشن نے ایک گشتی مراسلہ میں لوگوں سے درخواست کی ہے کہ بجلی کمپنیوں میں جو ضمانت جمع کرانا پڑتا ہے اس کے خلاف احتجاج کریں نیز اپنی شکایات سے تحریری طور پر ایسوسی ایشن کے دفتر کو مطلع کریں جو سکان نمبر ۹۸۱ نائی واڑہ چاوڑی بازار میں واقع ہے۔

ایک ہریجن کو پیٹ دیا

نئی دہلی ۲۴ ستمبر۔ ... نامی ایک ہریجن نے جو لودی کالونی میں رہتا ہے نئی دہلی کے اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں رپورٹ درج کرائی ہے۔ گذشتہ بدھ کو بعض آدمیوں نے اسے اور اس کی بیوی کو لاٹھیوں سے خوب مارا۔ اس نے الزام لگایا کہ اس نے ... تھانہ میں اس واقعہ کی اطلاع دی۔ مگر انہوں نے کوئی کارروائی نہیں کی۔

ایک عورت کی لاش ملی

دہلی ۲۴ ستمبر۔ ... میں ایک کنوئیں سے ایک عورت کی لاش ملی ہے۔ لاش کو دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ عورت کسی اچھے خاصے کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتی تھی۔

مکان دار کی گرفتاری

دہلی ۲۴ ستمبر۔ ... پگڑی لینے کے الزام میں ایک مکان دار کو ... گرفتار کر لیا گیا ہے ...

روپیہ لیکر بھاگ گیا

دہلی ۲۴ ستمبر۔ سپرنٹنڈنٹ تعلیم کے دفتر کے ایک کلرک ... کی بابت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ۱۵۰۰ روپیہ لے کر فرار ہوگیا۔ یہ روپیہ اس کو دوائیں خریدنے کے لئے دیے گئے تھے۔

ایک دوکاندار کی حرمت گردی

دہلی ۲۴ ستمبر۔ ... کے ایک دوکاندار نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ چند آدمی اس کی دوکان پر بیٹریاں خریدنے آئے اور انہوں نے سودا خرید کر ... چاہی جب اس نے ... پولیس نے ... الزام میں ... گرفتار کر لیا ہے۔

حادثات کے انسداد کی تدابیر

...

پاکستان میں غلہ پر کنٹرول جاری رکھے گا

کراچی ۲۴ ستمبر۔ ایک تازہ پریس نوٹ کے مطابق پاکستان میں غلہ پر کنٹرول جاری رہے گا۔ گذشتہ اپریل میں پاکستان میں اقتصادی کنٹرول کے سوال پر غور کیا گیا تھا۔ اور حکومت پاکستان نے تدریجی کنٹرول کی پالیسی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اگرچہ غلہ کا کنٹرول جاری رکھنا منظور کیا گیا تھا۔ لیکن یہ بھی تجویز پیش کی گئی کہ ہر فصل کے بعد غذائی حالت پر غور کیا جائے۔ اب حکومت نے موجودہ فصل ربیع کی روشنی میں جو کہ حالیہ سیلاب کے باعث تباہ ہو گئی ہے پالیسی پر غور و خوض کیا اور یہ طے کر دیا ہے کہ غلہ پر کنٹرول قائم رہے۔

اقلیتوں کے ساتھ فیاضانہ سلوک

مشرقی پاکستان کی پالیسی کی وضاحت

ڈھاکہ ۲۴ ستمبر۔ مشرقی پاکستان کے نئے وزیراعظم مسٹر نورالامین نے عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی بار ... براڈکاسٹ کی جس میں انہوں نے ہندوستان اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات کی خواہش ظاہر کی اور کہا کہ ہندوستان سے دوستانہ تعلقات برقرار رہیں اور ہمیں امید ہے کہ ہندوستان بھی ایسی ہی خواہش رکھے گا۔ اقلیتوں کے بارے میں وزیراعظم نے کہا کہ صوبائی اور مرکزی حکومتوں کی فیاضانہ پالیسی کو میں جاری رکھوں گا۔ پاکستان کے ساتھ ... وفاداری اور خلوص خود ... کے حقوق اور مفاد کی نگہداشت کرتے رہیں گے۔

کوئی مسلمان جائداد فروخت نہیں کرسکتا

آگرہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا حکم

آگرہ ۲۴ ستمبر۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت حکم جاری کیا ہے۔ جو آگرہ شہر کے علاوہ سارے ضلع پر نافذ ہوگا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ مسلمانوں کی طرف سے بلا اجازت منقولہ اور غیر منقولہ جائداد کے اندھا دھند انتقال سے پبلک میں بے چینی اور خوف و ہراس پھیل رہا ہے اس سے آئندہ کوئی مسلمان ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ آگرہ کی اجازت کے بغیر اپنی جائداد بذریعہ رہن، فروختگی یا اور کسی طریقے سے کسی کے نام منتقل نہیں کرسکتا۔

مدراس میں جمعیۃ علماء کا قیام

جنوبی ہند کی ہندی میں نئی روح

مدراس ... جنوبی ہند ... کے مسلمانوں کا ایک اہم اجتماع زیر صدارت جناب مولانا سید عبدالرؤف پاشا صاحب منعقد ہوا جس میں مسلمانوں کے مستقبل اور ان کی مذہبی، تعلیمی، تہذیبی اور اخلاقی زندگی اور ان کی تجارت وغیرہ کے اہم مسائل پر غور و خوض کر کے ... اس کے بعد ... جمعیۃ علماء کے قیام کی ضرورت پر ... مدراس میں جمعیۃ علماء کا قیام عمل میں آیا۔ اور ذیل کے عہدیداران منتخب کئے گئے۔

مولانا ... صاحب ... مدرس مدرسہ ... صدر، مولانا سید رؤف پاشا صاحب نائب صدر، مولانا سید احمد حسین صاحب ... نائب صدر، مولوی ... حسین صاحب ... نائب صدر، جناب سید شاہ ... الدین صاحب ... صاحب۔

مولانا ... صاحب ... دیوبند ... صاحب بخاری ایم اے ایل ٹی، مولانا محمد حسین ... مولوی عبدالقدوس صاحب ... جناب سید شاہ محمد صاحب، جناب حکیم محمد اسماعیل صاحب۔

پریس ٹرسٹ آف انڈیا کا قیام

نائب وزیراعظم کا اظہار مسرت

مدراس ۲۴ ستمبر۔ نائب وزیراعظم سردار پٹیل نے پریس ٹرسٹ آف انڈیا کو اس کے صدر مسٹر کستوری سری نواسن کے ذریعہ رائٹر کے ساتھ معاہدہ ہو جانے پر مبارکباد کا پیغام بھیجا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ آزاد ملک کے لئے آزاد پریس کا ہونا اشد ضروری ہے تاکہ ہم دنیا کے ملکی واقعات سے باخبر رہ سکے۔ رائٹر کے ساتھ معاہدہ ہو جانے سے ہمارے لئے یہ آسانیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ آخر میں آپ نے رائٹر اور پریس ٹرسٹ کو کامیابی کے ساتھ سمجھوتہ ہونے پر مبارکباد دی اور یہ امید ظاہر کی کہ پریس ٹرسٹ ہندوستان کی آزادی اور خودمختاری کے کاز کو آگے بڑھائے گا اور سچی خبروں کی اشاعت کریگا۔

باہمی کشیدگی ختم کر دو

دہلی ۲۴ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ کشمیر کمیشن نے اپنی ... کے ذریعہ حکومت پاکستان اور حکومت ہند سے باہمی کشیدگی کم کرنے کی اپیل کی ہے۔ ... کمیشن نے اپنے ... تجویز کے الفاظ حسب ذیل ہیں۔ کشمیر کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ ... صورت حال پر ... حکومت ہند اور حکومت پاکستان سے اپیل کرے ... دونوں حکومتیں اپنے ... کے لئے پوری کوشش کریں گی ... کیا ہے کہ وہ جلد سے جلد سمجھوتہ چاہتے ہیں۔

یہودی لیڈر کی مخالفت

... ۲۴ ستمبر۔ ... کی ... کے ... اسرائیلی نمائندہ ... سخت مخالفت کی ... سوال ہے ... وہاں آنے جانے کی آزادی کا فائدہ ... کیونکہ ہم اپنی محنت اور قابلیت سے ... سکتے ہیں۔ اور وہ ہمیشہ ہمارے ہاتھوں میں رہے گا۔

اقوام متحدہ کے کمیشن کی اپیل

کراچی ۲۴ ستمبر۔ اقوام متحدہ کے ہند و پاکستان کے کمیشن نے اپنے ۲۲ ویں جلسہ میں جو ۱۱ ستمبر کو پیرس کے سرکاری ... ہوا تھا یہ قرارداد منظور کی تھی ... ہند اور پاکستان کے لئے اقوام متحدہ کا کمیشن ... کشمیر کے بارے میں جو موجودہ ... کمیشن کی مدد ... اس بات کے لئے اپنی انتہائی کوشش کریں ... کے لئے سیاسی ماحول ہموار ہو جائے جس کی بابت دونوں حکومتیں ... کا اظہار کر چکی ہیں۔

اطلاع

عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جائداد موقوفہ مدرسہ حسین بخش واقع ... دہلی ... ۵ (۵) ۳۳ ، دہلی مسلم وقف ایکٹ ... کمیٹی نے اس کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور متولیان مدرسہ ہذا کو حسب دفعہ ۲۵ (۵) کی رو سے یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ ... میں کسی قسم کی مداخلت کرسکیں۔ عوام کو چاہئے کہ جائداد مذکورہ بالا کے متعلق تمام معاملات اور کرایہ داری وغیرہ کا معاملہ دفتر مجلس اوقاف دہلی سے کریں۔ اگر وہ ... معاملہ کریں گے تو اس کے نتائج کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔

شوکت علی عباسی
ناظم ... مجلس اوقاف دہلی

بوڑھے اور کمزور بھی شادی کر سکتے ہیں — جوانی کا بیمہ

منترول

یہ ایک ایسی تیر بہدف بے خطا دوا ہے جو کمین کی غلط کاریوں کی وجہ سے آئی ہوئی تمام اندرونی کمزوریوں کو جڑ سے نیست و نابود کر کے قوت باہ کے کمزور سے کمزور انسان کو بھی قوت مردمی اور جوش سے بھر دیتی ہے۔

منترول

ایک سائنٹفک کیمیاوی مرکب ہے جو حلق سے اترتے ہی اپنا اثر دکھانا شروع کر دیتی ہے بڑھاپے میں جوانی کی طاقت اور بے پناہ قوت پیدا کرتی ہے معدہ جگر اور قوت ہاضمہ کو مضبوط کرتی ہے۔ قیمت ... دن کے لئے صرف ... علاوہ محصول ڈاک

پتہ: منترول فارمیسی نزد ... مرادآباد (یوپی)

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں میں جوانی پیدا کرنیوالی

امیکوٹانک AMICO TONIC

طاقت کی بہترین دوا ہے

ناطاقتی۔ خون کی کمی۔ لاغری جسم۔ کمزوری دل و دماغ، اعضائے رئیسہ اور قوت باہ کے لئے اکسیر ہے ... یہ دوا اپنے ملک میں بہت شہرت اور مقبولیت حاصل کر چکی ہے۔ ...

امیکوٹانک ...

امیکو طلا ...

ملنے کا پتہ: امیکو ... لمیٹڈ ... دہلی

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر رجسٹرڈ — موتی، مونگا، سلاجیت، فولاد اور دیگر قیمتی بوٹیاں شامل ہیں جو لیکوریا (سیلان) اور جریان کے لئے سو فیصدی مفید ہیں ... قیمت فی شیشی ...

جیون رجسٹرڈ — رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزاء ہیں۔ قیمت فی شیشی ...

طلا مسیحی — اس کو لگاتے ہی مردہ رگوں اور پٹھوں میں جان آ جاتی ہے اور عضو کی ساری خرابیاں ایک دم جاتی رہتی ہیں ...

صدیقی دواخانہ ... دہلی

حیدرآباد کے مستقبل کا فیصلہ پنڈت نہرو اور پٹیل کا غور و خوض

ریاست میں ایک نگران حکومت قائم کیجائیگی

ہندوستانی کابینہ کی خواہش ہے کہ یہ کام جہاں تک جلد ہو سکے پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے ...

اغوا شدہ عورتوں کی بازیابی

کراچی ۲۳ ستمبر۔ حکومت پاکستان اغوا شدہ عورتوں کے بارے میں ...

میسور میں غذا اور پارچہ پر کنٹرول

وزیر اعظم قحط نہیں ہونے دیں گے

آگرہ یونیورسٹی کی سینٹ کی کینیت

میرٹھ کالج سے پروفیسر سود کا انتخاب

میرٹھ ۲۴ ستمبر: آگرہ یونیورسٹی کے ممتاز ترین کالج میرٹھ کالج میرٹھ سے یونیورسٹی کی سینٹ کے لئے ایک ممبر کے انتخاب کے لئے رائے شماری کی گئی ...

بعض اضلاع میں رضاکار ابھی تک مقابلہ کر رہے ہیں

تین رضاکار اسٹین گنوں کے ساتھ حراست سے نکل بھاگے

رضاکاروں کا حملہ

حیدرآبادی وفد پیرس سے پُراسرار طور پر غائب ہوگیا

عین اجلاس کے روز حاضر ہونے کے امکانات

ایران سے حجاج کی روانگی

طہران ۲۲ ستمبر۔ ایران اور سعودی عرب میں از سر نو سفارتی تعلقات قائم ہونے کے بعد آج حاجیوں کا پہلا دستہ یہاں سے مکہ معظمہ روانہ ہوگیا ...

حیدرآباد نے ہندوستان کی تجاویز کو کیوں نظر انداز کیا

ریاست کے موجودہ واقعہ کا سیاسی پس منظر

حیدرآباد کا جوا

جنوبی افریقہ کی اسمبلی میں "میمی" بل کی دوسری خواندگی منظور ہوگئی

بل کو چیدہ کمیٹی کے سپرد کرنے کی تحریک منظور نہ ہوسکی

آخر یہ جلدی کیوں؟

وقت آئے گا کہ سکھ پنتھ کا جھنڈا لال قلعہ پر لہرائیگا

رضوی کے بعد تارا سنگھ بولنے لگے

وزیر بلا قلمدان کے عہد کا خاتمہ

جوناگڑھ میں خوراک کی کمی

اوڑی کے قریب میں حملہ آوروں کے قافلے منتشر کردیئے گئے

گریز کے علاقہ میں حملہ آوروں سے جھڑپیں ۲۸ حملہ آور ہلاک ہوئے

میں رضاکاروں کے پھندے میں پھنس گیا تھا

نظام حیدرآباد کی ریڈیو پر تقریر

حیدرآباد میں پولیس ایکشن کی کامیابی پر حکومت کو مبارکباد

لیاقت علی خاں کی تقریر پر الیس ایم عبداللہ کا اظہارِ مسرت

دہلی ۲۳ ستمبر۔ ریاست حیدرآباد میں حکومت ہند اور ہندوستانی فوجوں کو جو شاندار اور نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے، اس پر آج دہلی میونسپل کمیٹی کی ہفتہ وار میٹنگ میں جو ... کی صدارت میں منعقد ہوئی گورنمنٹ اور حیدرآباد میں لڑنے والی ہندوستانی فوجوں کے ... جنرل کو ... مبارکباد دی گئی۔ ... نظام حیدرآباد کو گدی سے اتار دیا جائے اور ریاست کو تقسیم کر کے پاس والے ہندوستانی صوبوں میں ملا دیا جائے۔ ...

خان بہادر الیس ایم عبداللہ نے کہا کہ حکومت ہند نے جو کارروائی کی ہے وہ بالکل ٹھیک ہے۔ حیدرآباد کے متعلق اخباروں نے جو بڑھا چڑھا کر خبریں دی تھیں کہ اس نے بہ تیاری کر لی ہے، وہ بالکل غلط ثابت ہوئیں۔ آپ نے پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی کے اس بیان پر کہ پاکستان ہندوستان کے ساتھ نزدیکی تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے اور پاکستان والوں کے اختلافات دور ہو جائیں اور ہم پھر ایک ہو جائیں۔ کیونکہ آخر ہم ہیں تو ایک ہی۔

حکیم خلیل الرحمٰن نے فرمایا کہ اگر حکومت ہند صبر اور استقلال سے کام نہ لیتی تو بہت نقصان ہوتا۔ ...

صدر صوبہ کانگریس کمیٹی دہلی مسٹر رادھا رمن کی یہ درخواست کہ دہلی میونسپل کمیٹی اپنے خرچ سے دہلی کالج کے سامنے اجمیری گیٹ کے باہر ... بورڈ مستقل طور سے لگائے ... منظور کر لی ہے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ نئی دہلی میونسپل کمیٹی نے بھی تین مقامات پر ایسے بورڈ لگانے منظور کر لئے ہیں۔

ہانگ کانگ میں ربڑ اور تیل کے ذخیروں میں خوفناک آتشزدگی

۱۲۵ آدمی ہلاک اور ۶۶ شدید زخمی

ہانگ کانگ ۲۳ ستمبر۔ ہانگ کانگ کے ... گنجان علاقہ میں ایک عمارت میں آگ لگنے سے کم از کم ۱۲۵ آدمی ہلاک اور ۶۶ آدمی زخمی ہوئے۔ اس عمارت کی پہلی منزل میں ایک بڑی دکان باقی تین منزلوں میں تقریباً تین ہزار چینی رہتے تھے۔ ... کے پیپوں میں ایک دھماکہ ہونے سے آگ لگی ... ربڑ اور فلموں کے ذخیرہ میں بھی لگ گئی۔

آگ لگنے سے زینہ گر گیا ... تک قابو پایا جا سکا جب تک کہ ۲۵ لاکھ ٹین تیل جل گیا ... بہت بڑی مقدار بھی جل کر راکھ ہو گئی۔ ...

الہ آباد ہائی کورٹ نے یو۔پی کے چار مسلمانوں کو رہا کر دیا

الہ آباد ۲۳ ستمبر۔ فیاض علی اسسٹنٹ ڈائرکٹر محکمہ صنعت و حرفت (حکومت یوپی)، منظور علی کانپور تاجر، اولادی صندوق اور بنارس کے دو سوداگر سید علی کبیر و صفدر حسین خاں کی گرفتاری کو خلاف قانون سمجھتے ہوئے الہ آباد ہائی کورٹ کے جج آنریبل مسٹر جسٹس بندیسی پرشاد نے ان کی رہائی کا حکم دیا۔

فاضل جج نے بتایا کہ چاروں ملزمین کے متعلق قابل اطمینان ثبوت نہیں پہونچ سکا کہ وہ حکومت کے خلاف سرگرمیوں میں مصروف تھے۔ سید علی کبیر کے مقدمہ میں اظہار کیا گیا ہے کہ وہ ہندیونین کے خلاف پروپیگنڈہ کر رہے تھے اور اس کے ذریعہ مسلمانوں کو برانگیختہ کر کے امن عامہ کو خراب کرنا چاہتے تھے ... فاضل جج نے کہا کہ یہ تمام باتیں تحفظ عامہ ایکٹ یو۔پی کے منشاء کے صریحاً خلاف ہیں اس لئے ان کی نظر بندی خلاف قانون ہے۔ یہی مقدمہ صفدر حسین خاں کا ہے، فیاض علی کے خلاف یہ کہا گیا ہے کہ وہ مسلمان سرکاری ملازمین کو یہ بتا رہے تھے کہ ان کی ہمدردیاں حکومت ہند کے ساتھ ہرگز وابستہ نہیں ہو سکتیں بلکہ وہ حیدرآباد کی اسلامی حکومت کے ساتھ ہیں اور انہیں حیدرآباد کی حمایت کرنا چاہئے۔ یہ ایکٹ کے منشاء کو پورا نہیں کرتیں ...

منظور خاں کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ... کی درمیانی شب کو حیدرآباد کا ریڈیو سن رہے تھے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا فیصلہ ... کیا اس لئے حکم کے نفاذ سے دو دن پہلے کسی کو گرفتار کر لینا خلاف قانون ہے۔

ہندوستانی طالبعلموں کو باہر بھیجا جائے

بنگلور ۲۳ ستمبر۔ سر ڈٹس آف انڈیا سوسائٹی کے ایک ممبر مسٹر گوپال ... نے کہا ہے کہ ہندوستانی طالبعلموں کو صرف اسی حالت میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے غیر ملکوں میں بھیجا جائے جب کسی خاص طور سے سند میں انہیں باہر بھیجنا ضروری ہو۔ امریکی یونیورسٹیوں میں ہندوستانی طلباء کو رہائش کا مناسب انتظام نہ ہونے اور دوسری سہولتیں مہیا نہ ہونے کے باعث مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے طالبعلموں کو باہر بھیجنے کی بجائے ہندوستانی یونیورسٹیوں کو پروفیسروں اور سائنسدانوں کو ہندوستان بلانا چاہیئے۔ تاکہ طالبعلم یہاں ہی ان کے لیکچروں سے مستفید ہو سکیں۔

روم اور تل ابیب کے درمیان ہوائی آمد و رفت بند

بیروت ۲۳ ستمبر۔ حکومت لبنان کی مصدقہ اطلاع پر اٹلی کی حکومت نے روم اور تل ابیب کے درمیان ہوائی آمد و رفت بند کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

ڈاکٹر ملایا پیرس پہونچ گئے

پیرس ۲۳ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر ملایا ہندی سفارتخانہ کے ناظم امور کا چارج لینے کے لئے یہاں پہونچ گئے۔ موجودہ ناظم امور مغربی یورپ میں ہند کے تمام تجارتی کمشنروں کے افسر ہوں گے ان کا مرتبہ سفیر کا ہوگا۔ اور ان کا صدر مقام پیرس ہی رہے گا۔

کشمیر کمیشن کے ممبر کی تقریر

کراچی ۲۳ ستمبر۔ کشمیر کمیشن کی سیکرٹریٹ نے اس بات کی تردید کر دی ہے کہ کمیشن کے ایک ممبر نے سری نگر میں ایک دعوت کے موقعہ پر جام صحت پیا تھا یہ بات بھی غلط ہے کہ کمیشن کے کسی ممبر نے وہاں تقریر کی تھی۔

ہندوستان اور پاکستان میں قیدیوں کا تبادلہ

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ ایک وزارت ہند کا ایک افسر کراچی گیا ہے تاکہ قیدیوں کے تبادلہ کے متعلق آخری انتظامات کو مکمل کر لیا جائے۔ ہندوستان سلمان قیدیوں کی فہرست بھیج دی ہے پاکستان نے وعدہ کیا ہے کہ ۳۰ ستمبر تک ایسی ہی فہرست ارسال کر دے گا۔ قیدیوں کا یہ تبادلہ فیروز پور چوکی ... ہوگا یہاں ۹۰۰ مسلمان قیدی ... اور ... سو غیر مسلم قیدی ... جائیں گے ... پاکستان کی ... اور غیر مسلم قیدی ہندوستان کی ... جرائم میں ان کو چھوڑ دیا جائے گا۔

برطانیہ سے کوئلے کی برآمد

لندن ۲۳ ستمبر۔ برطانوی نیشنل کول بورڈ کے چیرمین نے یہ کہا ہے کہ اگر اس سال برطانیہ سے ایک کروڑ پچاس لاکھ اور ایک کروڑ ساٹھ لاکھ ٹن کے درمیان کوئلہ دوسرے ملکوں کو نہ بھیجا گیا تو انہیں مایوسی ہوگی۔

نظام کی حکومت ختم کرنے کی تجویز

بمبئی ۲۳ ستمبر۔ بہار اسٹیٹ کانفرنس کی جنرل ... کے چیرمین ڈاکٹر جی ... نے ایک ... وزیر اعظم ہند کے نام ارسال کیا ہے جس میں نظام کی حکومت کو ختم کرنے اور ریاست کو ... میں ملا لینے کی تجویز پیش کی ہے۔

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی ممبر سازی کے متعلق اہم اعلان

دہلی میں گذشتہ انقلابی فسادات کے بعد مسلمانان دہلی صرف دہلی کے ایک مختصر سے حصہ میں آباد ہو گئے ہیں اس لئے پیش نظر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے اپنے نظم کو از سر نو قائم کرنے کے بعد صوبہ دہلی کو آٹھ اضلاع میں تقسیم کیا ہے جس کا اعلان بھی کیا جا چکا ہے ان آٹھ اضلاع میں ممبر سازی کے کام کو چلانے کے لئے ہر ضلع میں حسب ذیل حضرات پر مشتمل ایک ایک کمیٹی بنائی ہے اور ہر کمیٹی کے کنوینر کو ممبر سازی کی کاپیاں بھیج دی گئی ہیں اور ممبر سازی کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ امید ہے مسلمانان دہلی پورا تعاون کریں گے۔

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۱
سابق ضلع ۲، ۳، ۴، ۵
(۱) مولانا رفیق احمد صاحب (۲) مسٹر عبداللہ انصاری صاحب (۳) ... (۴) محمد صدیق صاحب ... (۵) حافظ ... (۶) حاجی محمد ... (۷) محمد اسلام صاحب کنوینر

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۲
سابق ضلع ۸
(۱) مولانا فقیہ الدین صاحب (۲) شیخ نور احمد صاحب سوداگر (۳) حافظ محمد زکریا صاحب (۴) حاجی ... (۵) نور احمد صاحب عباسی (۶) شیخ محمد احمد صاحب ایم اے (۷) مسٹر خورشید علی صاحب گوڑ کنوینر

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۳
سابق ضلع ۶، ۷
سابق جمعیۃ علماء ضلع ۷ کے عہدہ داران وارکان ہی کو مقرر کیا گیا۔

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۴
سابق ضلع ۹، ۱۰

سابق جمعیۃ علماء ضلع ۱۰ کے عہدہ داران وارکان ہی کو مقرر کیا گیا

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۵
سابق ضلع ۱
(۱) مولانا محمد سعید صاحب دہلوی (۲) مولانا محمد میاں ہاشمی صاحب (۳) شیخ رفیع الدین صاحب (۴) عبدالستار صاحب (۵) حکیم عبدالشکور صاحب (۶) حکیم عبدالحفیظ صاحب (۷) مولانا عبداللطیف صاحب کنوینر

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۶
سابق ضلع ۱۱
(۱) حکیم عبدالجلیل صاحب (۲) حکیم خلیل الرحمٰن صاحب (۳) حکیم عزیز الرحمٰن صاحب (۴) حافظ عبدالمجید صاحب (۵) ... (۶) حاجی ... (۷) حکیم محمد اسماعیل صاحب کنوینر

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۷
(۱) حافظ محمد علی صاحب (۲) ... (۳) حافظ محمد منیر صاحب (۴) سید صابر علی صاحب (۵) ... حسین صاحب قریشی (۶) محمد الیاس صاحب ... (۷) شیخ علاؤالدین صاحب کنوینر

جمعیۃ علماء موجودہ ضلع ۸
(۱) عبداللطیف صاحب ... (۲) ... (۳) مولوی ... (۴) مولوی محمد میاں صاحب نظامی (۵) ... (۶) نور محمد صاحب ... (۷) حکیم ... صاحب

ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی مکتب جامع مسجد دہلی

فلسطین کے متعلق کاؤنٹ برناڈوٹ کی تجویز قبول کر لی جائیگی

پیرس ۲۳ ستمبر۔ مرحوم کاؤنٹ برناڈوٹ نے مسئلہ فلسطین کو حل کرنے کے لئے سب سے آخر جو اسکیم پیش کی تھی برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون نے اس کی پوری پوری حمایت کی ہے اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا رہا ہے کہ اقوام متحدہ کی اسمبلی اس ہے ... اسکیم منظور کر لے گی اس اسکیم میں یہ سفارش کی گئی ہے کہ نیگو کا تمام علاقہ عربوں کو اور گلیلی کا تمام علاقہ یہودیوں کو دیا جائے یروشلم کو بین الاقوامی شہر قرار دیا جائے اور فلسطین کا جو علاقہ عربوں کے حصہ میں آئے اسے مشرق اردن میں شامل کر دیا جائے۔ برطانیہ اور امریکہ دونوں نے اس سکیم کی حمایت کر دی ہے اور روس اور فرانس غالباً اس کی حمایت کریں گے۔ اس لئے اس سکیم کو منظور کرنے کے لئے دو تہائی اکثریت حاصل ہو جائے گی۔

حیدرآباد کے چھ ہزار سیاسی قیدی رہا کر دئے گئے

حیدرآباد ۲۳ ستمبر۔ ... کا بیان ہے کہ جب سے فوجی گورنر نے حیدرآباد کا انتظام سنبھالا ہے ... ہزار سیاسی قیدی رہا کئے جا چکے ہیں اب صرف ۱۲۵۰ سیاسی قیدی رہا ہونے باقی ہیں۔ حیدرآباد ڈیفنس ایکٹ کے ماتحت گرفتار شدہ ... منتظر ہیں۔ حکومت ہند کی خواہش ہے کہ حیدرآباد میں فوجی حکومت کم سے کم عرصہ رہے۔ ... اور کمیونسٹ غنڈے پکڑے جائیں گے۔ فوجی حکومت ختم کر دی جائیگی۔

ٹریونڈرم میں لاٹھی چارج

ٹریونڈرم ۲۳ ستمبر۔ طلباء کا ایک جلوس ... شام ... کے احاطہ میں ... کے لئے پولیس نے نرم لاٹھی چارج کیا ... زخمی ہو گئے ایک درجن سے کچھ زیادہ طلباء ... گرفتار ... کر لیا۔

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مصر اور ہندوستان کے درمیان تجارتی معاہدہ کی بات چیت جلد ہی شروع ہو جائے گی۔ اس وقت دونوں ملکوں کے درمیان معمولی پیمانہ پر تجارت ہوتی ہے ہندوستان مصر کو جوٹ سے بنی ہوئی اشیاء اور تیلوں کے بیج بھیجتا ہے اور مصر سے کپاس اور کچھ اشیاء خوردنی منگواتا ہے۔

برطانیہ کی فوجی پالیسی

اہم اعلان کی توقع

لندن ۲۳ ستمبر۔ لارڈ ہال نے بتایا کہ توقع ہے کہ فوجوں کی بابت کل دارالامراء میں سرکاری پالیسی میں ایک اہم تبدیلی کا اعلان کیا جائیگا لارڈ ہال نے کہا یہ تجویز ہے کہ ایک نیا جنرل سٹاف بنایا جائے جو سابقہ تجربہ رکھنے والے ایسے ... پر مشتمل ہو جو اپنی خدمات رضا کارانہ طور پر پیش کر دیں یہ لوگ ہنگامی صورت حالات پیدا ہونے پر فوراً طلب کئے جائیں گے۔

ڈاکٹر بھابھا کو وائس چانسلری کا عہدہ

مدراس ۲۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ دنیا کے مشہور ہندوستانی سائنس داں ڈاکٹر سر سی وی رامن کو ... یونیورسٹی کی وائس چانسلری پیش کی گئی ہے۔

ڈاکٹر رامن ان تین ہندوستانیوں میں ہیں جن کو انکی حیرت انگیز تحقیقات کے سلسلہ میں نوبل پرائز ملے ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ ڈاکٹر سر رابندر ناتھ ٹیگور، ڈاکٹر سر رونلڈ راس اور ڈاکٹر سر رامن۔

ڈاکٹر رامن اس وقت سائنس انسٹی ٹیوٹ بنگلور کے نگراں کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔

حاجیوں کیلئے تین جہازوں کا اعلان

بمبئی ۲۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے ایک اسٹیمر جو کہ اپنے پاس رکھا تھا واپس کر دیا ہے۔ یہ اسٹیمر ایک ایسی کمپنی سے لیا گیا تھا جو جدہ اور بمبئی کے درمیان جہاز چلاتی ہے اس لئے خیال کیا جاتا ہے کہ اگلے مہینے تین جہاز جدہ روانہ ہونگے۔ یہ جہاز ۲۷، ۲۸ اور ۲۹ ستمبر کو روانہ ہونگے اور ان مسافروں کو لے جائینگے جو ۲۲ ستمبر سے پہلے ہی بمبئی پہونچ جائیں۔

نواب رامپور کی اپیل

رامپور ۲۳ ستمبر۔ اپنے ایک فرمان میں ہز ہائنس نواب رامپور نے کہا ہے کہ رامپور ریاست میں ہمیشہ اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ رعایا کے مذہبی جذبات کا احترام کیا جائے اور ہر شخص کو اس کے مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لئے تمام سہولتیں پہونچائی جائیں۔ ریاست کے مختلف فرقوں کے لوگوں کے درمیان دوستانہ تعلقات رہے ہیں اور اب ان کی خواہش کے مطابق ریاست کے اندر پوری ذمہ دارانہ حکومت قائم ہو گئی ہے بنیادی حقوق کے بارے میں جو پابندیاں پہلے عائد تھیں اس فرمان کے ذریعہ وہ ختم کر دی گئی ہیں۔ ہز ہائنس نواب رامپور نے ریاست کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہر قسم کے جھگڑے کو ... مسجدوں، مندروں اور دیگر مقامات پر ... میں حکومت ہند کی پولیس ایکشن کی کامیابی پر خدا کا شکر ادا کریں۔

خواجہ ناظم الدین کو صدر ٹرومان کا پیغام مبارکباد

کراچی ۲۳ ستمبر۔ خواجہ ناظم الدین کے گورنر جنرل پاکستان مقرر ہونے پر دنیا کے ہر حصہ سے پیغامات مبارکباد موصول ہو رہے ہیں۔ ... ہائی کمشنر مسٹر ہنری ... کے پیغام کے جواب میں ہز ایکسیلنسی نے کہا ہے کہ میں ہندوستان اور پاکستان میں دوستانہ تعلقات قائم رکھنے کی پوری کوشش کروں گا۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آئندہ ایام میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان آپ کو دوستی اور خیر سگالی کا یقین دلایا جاتا ہے ہز ایکسیلنسی نے جواب میں کہا ہے کہ میں پوری کوشش کرونگا کہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی پوری کوشش کروں گا۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

(مضمون ... سے آگے)

... زندہ قوم ... ایک بار پھر ... کیفیت طاری کر رہا ہے ... ثابت ہو۔

... ملازمین کے ... کی وجہ سے ... حقیقت یہ ہے کہ مسلمان ... مسلمان کو طرح طرح کی ... ہمیں اسلامی ... بنا پر ... مسلمان ہونے کی وجہ سے ... برداشت کرایا جاتا ہے کیونکہ ... حکومت کی ... اگر ... تو یہ ... مسلمان ... ملازمت ... براہ کرم آپ ... کوشش کریں کہ مسلمان ... زیادہ ... تعداد میں ... فائدہ کی ... کی ... آتی ہے ... رہی ہے۔ (۱) ... الدین دہلی ۲۳ ستمبر)

عرب پناہ گزیں

دمشق ۲۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ماہ شام میں عرب پناہ گزینوں کو ریلیف پہونچانے کے لئے ۹۶۰۰۰ لیرا شام کا ... خرچ کئے گئے۔

تبت کا تجارتی مشن ہندوستان آئیگا

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ تبت سے ایک تجارتی وفد گذشتہ ماہ دسمبر میں معلوم کرنے کے لئے ... روانہ ہوا تھا کہ دنیا کی کون کون سی منڈیوں میں تبت سے چمڑا اون اور کھالیں بھیجی جا سکتی ہیں آج کل یہ وفد برطانیہ میں ہے معلوم ہوا ہے کہ یہ وفد ماہ اکتوبر کے وسط میں نئی دہلی پہونچیگا۔ تبت کی حکومت مختلف ملکوں کے ساتھ براہ راست تجارتی تعلقات قائم کرنے کے سوال پر غور کر رہی ہے۔ ہندوستان میں قیام کے دوران میں یہ وفد ... مرکز کا دورہ کرے گا۔

سرمہ مقوی البصر

ابتدائی نزول الماء کو روکنے، دھند، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے اور ان کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنہ

سرمہ اصلاح چشم

دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے، بارہا کا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ (تین روپیہ) ہے۔

سفوف شجاعی

جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو خرابی صحت کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہیں۔ نہایت مجرب بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ قیمت چالیس خوراک دس روپیہ (۱۰) فی خوراک چار آنہ

حب شمسی

آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے آزمودہ ہے قیمت مکمل خوراک سات روپیہ (۷)

حب مسیحی

ہاضمہ، ریاح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپے آٹھ آنے (۲/۸)

حب شیر مینشن

بچوں کے امراض جگر، ڈبہ، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ قیمت فی شیشی دس گولی دو روپیہ (۲)

سفوف سلطانی

سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے (۱۵)

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور (یو۔پی)

آپ کے یہاں شادی ہے؟

تو ہماری خدمات حاصل کیجئے دیسی دستکاری کا بہترین نمونہ یعنی چلانے کا سٹ جس میں ۳ عدد پیتل کے پیالے اور ۳ عدد چمچہ چاندی کی چمکدار پالش ۴ عدد پتیل کے بنے ہوئے صرف ۱۲ روپے میں محصول ڈاک ۳ روپے۔ ڈرائنگ ۱۶ روپے در خرچہ ۳ روپے ۸ کراماتی پتیل کا کٹورہ جس پر آیۃ کرسی نقش ہے جس میں پانی پینا برکت کا سبب اور بیماریوں کے لئے شفا ہے صرف ۳ روپے میں خرچہ ڈاک بارہ آنہ پتہ ذیل سے طلب فرمائیں

ڈی بی اینڈ کو کسرول مراد آباد

پاکستان کے اہم دفاعی انتظامات

وزیر داخلہ پاکستان کا پریس کانفرنس میں بیان

نئی حکومت ہند مسلمانوں کا تعاون

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

رنگون پولیس نے ایک امریکن گرفتار کرلیا

برطانیہ میں جواہرات کی غیر قانونی درآمد

مشرقی پنجاب سول سروس کا امتحان

مسٹر منشی بمبئی پہنچ گئے

جان متھائی کے زیر فنانس ہونے سے سیاسی حلقوں میں اطمینان کی لہر

صدر ہماچل کانگریس کا پیغام

مسٹر سکسینہ کی امرتسر میں مصروفیت

نجیب جیفہ، اللد اور بیت المقدس ہمارے پاس ہیں

یہودیوں کی نامزد ریاست کے ترجمان کی خوش خیالی

تل ابیب ۲۴ ستمبر۔ اسرائیلی حکومت کے ایک ترجمان نے آنجہانی کاؤنٹ فوک برنا ڈوٹ کی اقلیتی رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہودی اس تجویز کی سخت مخالفت کریں گے کہ فلسطین کے جنوب نجیب کے علاقہ کو یہودی ریاست سے علیحدہ کر دیا جائے۔ اگر یہودی ریاست نے ۲۹ نومبر ۴۷ء کے تقسیم فلسطین کی سرحدی لوازمات کو جائز قرار دے دیا تھا۔ تاہم اس وقت سے اب تک جو حالات ظہور پذیر ہوئے ہیں ان کی روشنی میں چند تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔

پاکستان کو ایک دن ملنا پڑے گا

پٹنہ میں ڈاکٹر سید محمود کی تقریر

زخمی سپاہیوں کا معائنہ

وزیر اعظم سی پی کامتی ہسپتال میں

مسٹر چھپٹی کی گواہی

حیدرآباد کے متعلق

آل انڈیا اورنٹیل کانفرنس

امریکہ میں سفیر ہند کی تقریر

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

کشمیر کے معاملہ میں مداخلت

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

جمہوری فوجوں کی پیش قدمی

مسٹر شریف الدین کی تقریر

مرزا اسمٰعیل مدراس میں

قرارداد جمعیتہ علماء

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

جبری تعلیم

آگرہ کا فساد

جمعیتہ کی تنظیم

جنرل راجندر سنگھ کیلئے سونے کا تمغہ

یہودی فلسطین میں عارضی صلح کی خلاف ورزی کر رہے ہیں

ہفتہ وار جلسے

ضلع کانگریس کمیٹی ۔۔۔ نے ایک سب کمیٹی ۔۔۔ کے نام ۲۸ راگست کو بنائی تھی جس نے ۱۵ ستمبر کی اپنی میٹنگ میں لوگوں سے رابطہ اور تعلقات قائم رکھنے اور بلا امتیاز مذہب و ملت زیادہ سے زیادہ ان کی خدمت کرنے کے پیش نظر عام جلسوں کا حسب ذیل جلسوں کا پروگرام مرتب کیا ہے۔

۲۵ ستمبر ۹ بجے ۔۔۔

۲ اکتوبر ۔۔۔

پناہ گزین حیدرآباد واپس جارہے ہیں

بنگلور ۲۴ ستمبر۔ حیدرآباد سے آئے ہوئے پناہ گزین اب واپس جانے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ گذشتہ چند ماہ میں ۲۰۰ کے قریب پناہ گزین حیدرآباد سے بھاگ کر بنگلور آگئے تھے اور حکومت میسور نے ان کی دیکھ بھال کے لئے ایک کمیٹی مقرر کردی تھی۔ اب حکومت ان کو واپس بھیجنے کا انتظام کر رہی ہے۔

میسور امدادی کمیٹی کی طرف سے واپس ہونے والے پناہ گزینوں کو ایک پارٹی بھی دی گئی۔

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ
چالیس روپے، ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے
ممالک غیر سے سالانہ
پچاس روپے، ششماہی پچیس روپے

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۰۵۵

روغن اکسیر دماغ ۔ اکسیر دنداں

بلال فارمیسی دیوبند سہارنپور

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم دوشنبہ ۲۱ ذی قعدہ ۱۳۶۶ ہجری مطابق ۲۰ ستمبر ۱۹۴۷ء | نمبر ۲۰۹ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

دنیا میں ایک مرتبہ اور آگ اور خون کی ہولی کھیلنے کے عزائم

برطانیہ کی جنگی تیاریاں بحری ہوائی اور بری فوج میں غیر معمولی اضافہ

سامراجی طاقتوں کا روس کیخلاف زبردست محاذ بنانیکا ارادہ

جدید اسلحہ

(باقی صفحہ ۔ کالم ...)

برلن میں روسی ہوائی جہازوں کی فائرنگ

امریکی افسروں کا حکومت روس سے احتجاج

نظام کی نماز جمعہ میں شرکت

مجلس تحفظ نے حیدرآباد کے مسئلے کو ابھی ختم نہیں کیا

آئندہ ہفتہ اس مسئلے پر بحث و مباحثہ ہوگا

ارجنٹائن کے نمائندے کا حکومت ہند کے طرز عمل پر اعتراض

جرمن جنرلوں پر مقدمہ

پاکستان میں داخلہ پر پابندی، نئے گورنر جنرل کا پہلا آرڈیننس

قانون کی خلاف ورزی پر ایک سال کی قید یا ایک ہزار روپیہ جرمانہ

کراچی ۱۹ ستمبر۔ پاکستان کے قائم مقام گورنر جنرل خواجہ سر ناظم الدین نے ایک ہنگامی قانون جاری کیا ہے جس کے تحت ہندوستان سے پاکستان آنے والے اشخاص کے داخلہ پر کنٹرول رہے گا۔

ہنگامی قانون کو پاکستان (کنٹرول آف اینٹری) آرڈیننس ۱۹۴۷ء کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس آرڈیننس کا اطلاق تمام پاکستان پر ہوگا اور یہ ان علاقوں اور ان تاریخوں میں نافذ العمل رہیگا جن کا مرکزی حکومت پاکستان سرکاری گزٹ میں وقتاً فوقتاً اعلان کر سکتی ہے۔

پاکستان کے قائم مقام گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے جب سے عہدہ سنبھالا ہے یہ پہلا آرڈیننس ہے جو انہوں نے جاری کیا ہے۔

اہم اعلان

ٹرلوینڈرم میں طلباء کی شورش

بنگلور کے پولیس سپاہیوں کی ہڑتال

وزیر اعظم میسور کا بیان

جنوبی افریقہ کے مسئلے پر بحث ملتوی کر دی گئی

چین میں کمیونسٹوں کی کامیابی

بحری بیڑہ

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں مسز پنڈت کی افتتاحی تقریر

مسائل حاضرہ پر مدبرانہ تبصرہ اور عالمی امن کی اپیل

خالص اور بہترین صابون
تھوک مال کے لئے مولانا نور الدین بہاری
کا کارخانہ جاری ہوگیا ہے
فیاض گنج بارہ ہندو راؤ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۷ ستمبر ۱۹۴۸ء

امن پسندی اور خیرسگالی

اپنے قیام سے لے کر اب تک اسی پالیسی پر عمل کیا ہے، ہم دنیا کے ہر ملک سے دوستانہ تعلقات قائم رکھنا چاہتے ہیں، خصوصاً ہندوستان سے جس کے ساتھ ہمارے قریبی تعلقات ہیں، لیکن ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی محض ہماری خواہش سے دوستانہ تعلقات قایم نہیں ہو سکتے اگر ہندوستان کے وزیراعظم وہی چاہتے ہیں جو انہوں نے اپنی نشری تقریر میں کہا ہے تو میں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ پاکستان اپنی دوستی کا ہاتھ بڑھا چکا ہے۔

اگر یہ خواہش سچے اور مخلصانہ جذبات کی مظہر ہے تو ہم وزیراعظم پاکستان سے عرض کریں گے کہ وہ اپنی ... میں مسئلہ کشمیر کو طے کرنے کی تدبیریں اور وہاں استصواب رائے کی خاطر فوراً جنگ بند کرویں، کیونکہ ہمارے خیال میں صرف یہی ایک مسئلہ ہے جس کے فیصلہ کے بعد ان کی نیک خواہش کی تکمیل ہو سکتی ہے۔

وزیراعظم پاکستان نے حیدرآباد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ہمیشہ یہی خواہش کی کہ طاقت کے بغیر ہند اور حیدرآباد میں سمجھوتہ ہو جائے ...

اچھی باتیں!

وجعلناھم ۔ تا ۔ عابدین ۔ (پ ۱۷ ع ۵)

ہم نے ان صالح لوگوں کو امام اور ہادی بنایا، اسلئے کہ وہ ہمارے حکموں سے ہدایت حاصل کرتے تھے اور ہم نے انہیں اچھے کاموں کی ہدایت کی، نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا اور یہ سب لوگ ہماری ہی عبادت کرنے والے تھے

قیادت کا منصب دنیا میں اشرف اور برتر منصب ہے امام بنانے کے معنے یہ ہیں کہ جب انسان خدا کے قانون کا وفادار بنجاتا ہے تو اسے طاقت امانت سچائی انصاف، محبت، مساوات کے اوصاف عطا کئے جاتے ہیں اور وہ خدا کی مخلوق کو اپنے پیچھے چلاکر ایک صالح تمدن اور نظام زندگی کی بنیاد ڈالتا ہے اور تمام نزاعات کا عدل کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے۔

فرمایا کہ خدا کے حکم سے فیضیاب ہوکر ہی انسان امامت کا مرتبہ حاصل کرسکتا ہے، اور امام کا پہلا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کو حسن عمل کی دعوت دے، نماز اور زکوٰۃ کا نظام قایم کرے۔ تاکہ مالی اور جانی قربانیوں سے انسان صحیح معنی میں انسان بنجائے۔ اس امانت کا وعدہ مسلمانوں سے کیا گیا ہے جب شرائط پوری کردی جائیں گی، خدا کا وعدہ بھی پورا ہو جائے گا۔

جن گن من ← قومی ترانہ

از ابوالہاشم طرزی بی اے اعلیٰ قابل

(۲)

سیر و سیاحت

اڈیٹر کے نام ← خطوط

شراب بندی

میواتیوں کی حالت زار

مسلمانوں کیلئے

بچوں کی تربیت

حکومت ہند نے غذائی اجناس پر کنٹرول عائد کرنے کا فیصلہ کر دیا

ایک پریس کانفرنس میں وزیر خوراک کا اعلان

کرنسی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے دوسرا اہم اقدام

نئی دہلی ۲۴ ستمبر۔ حکومت ہند نے پورے ہندوستان میں غذائی اجناس کی قیمتوں، ان کے حصول اور تقسیم پر دوبارہ کنٹرول کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تجویز یہ ہے کہ اکتوبر کے آخر تک اجارہ داری، حصول اور ... کی پوزیشن ہو جائے ...

اس فیصلہ کا اعلان کرتے ہوئے وزیر خوراک مسٹر ... نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ غذائی اجناس پر کنٹرول کا فیصلہ موجودہ اقتصادی صورت حالات پر قابو پانے اور ... کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ ... کنٹرول دوسرا اقدام ہے ...

... جہاں تک چینی کا تعلق ہے وزیر خوراک نے کہا کہ اس کا معاملہ ابھی زیر غور ہے لیکن حکومت نے دالوں پر کسی قسم کا کنٹرول نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

... اناج حاصل کرنے کا کام ... لیکن تمام صوبائی حکومتیں ان قیمتوں کا اعلان کریں گی جن قیمتوں پر کہ صوبائی حکومتیں اناج حاصل کرنے کا حق رکھتی ہیں ...

حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ اناج حاصل کرنے کی قیمتوں کو ... مناسب قیمتوں پر ... اناج پیدا کرنے والے اور اناج کھپت کرنے والوں کے ساتھ پورا پورا انصاف ہو۔ حکومت ایسا بندوبست کرے گی جس سے کہ اناج پیدا کرنے والوں کو کپڑا، لوہا، مٹی کا تیل اور سیمنٹ وغیرہ مہیا ہو سکے گا۔

راشن کی قیمتیں

راشن کے اناج کی قیمتیں اسی حساب سے مقرر کی جائیں گی جن قیمتوں پر کہ اناج حاصل کیا جائے گا۔ اناج حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کے لئے مرکزی حکومت صوبائی حکومتوں کو ... قیمتوں کے علاوہ بونس بھی دے گی ...

... ذخیرہ کرنے والوں، ... اشخاص جو کہ سرکاری خوراک پلان کو نقصان پہنچائیں گے کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی ...

اناج حاصل کرنے کی قیمتیں صوبائی حکومتیں ... مرکزی حکومت کے ساتھ مشورہ کر کے ... فصلی سال کے شروع سے قیمتیں مقرر کی جائیں گی۔

وزیر خوراک نے یہ بھی بتایا کہ یہ قیمتیں موجودہ قیمتوں سے کس قدر کم ہوں گی لیکن ان قیمتوں کو اس وقت گھٹانے کا کام جاری رہے گا جب تک کہ قیمتیں مناسب مقام پر نہیں پہنچ جاتیں۔

دہلی ۲۲ ستمبر۔ دہلی کے ڈپٹی کمشنر نے دہلی میں نئے سینما بنانے پر پابندی لگا دی ہے۔ جن لوگوں کو لائسنس دیئے گئے تھے ان سے ... لائسنس واپس لے لئے جائیں گے ... کے اندر اندر کھیل ... دکھانے دیئے جائیں گے۔

الجمعیۃ بکڈپو کی قابل قدر کتابیں

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ اول) جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات قیمت چھ آنہ (۶)

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ (حصہ دوم) جمعیۃ علماء کی تجاویز کا مجموعہ قیمت ... چار آنہ

اسلامی پرچم جمعیۃ علماء ہند کے ... اسلامی ... روشنی میں تبصرہ قیمت تین آنہ (۳)

نور الایضاح یعنی نور الایضاح اردو ترجمہ و تشریح ... کے ابتدائی طلباء کے لئے بہت زیادہ مفید ہے ہر مسلمان کے لئے فقہی مسائل کا بہت بڑا ذخیرہ ہے قیمت ایک روپیہ ...

تاریخ اسلام ...

قصص القرآن حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تصنیف ہے، یہ کتاب انبیاء علیہم السلام کی سوانح حیات کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے بہت بڑے حصہ کی مستند تفسیر بھی ہے اس کتاب میں عبرتوں اور نصیحتوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کر دیا گیا ہے اس کے چار حصے ہیں قیمت حصہ اول ... حصہ دوم مجلد ... حصہ سوم مجلد پانچ روپیہ حصہ چہارم مجلد ...

نبی عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ تاریخ ملت کا پہلا حصہ ہے جس میں آنحضور کے تمام حالات زندگی کو اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ۔

خلافت راشدہ یہ تاریخ ملت کا دوسرا حصہ ہے جس میں خلفائے راشدین کے تمام حالات و واقعات مستند تاریخوں سے یکجا جمع کر دیئے گئے ہیں ...

خلافت بنی امیہ یہ تاریخ ملت کا تیسرا حصہ ہے ...

ہمارے پیغمبر ...

جنگ بلاد ... ...

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

لیبیا کی جنگ آزادی

(صفحہ ... سے آگے)

... حاصل کرنے پہنچے ہیں اور اگر ... اس ... کی سرزمین میں کبھی امن قائم نہ رہ سکے گا۔ چونکہ لیبیا عرب دنیا کا ایک حصہ ہے اس لئے عرب لیگ اس مسئلہ میں خاص دلچسپی لے رہی ہے ...

... کو خلاف قانون قرار دیجئے

جنرل اسمبلی میں روسی نمائندہ کی تقریر

...

فیروزآباد میں گاندھی ہفتہ کی شاندار تیاریاں

...



لاہور کے ایک بڑے اجتماع میں وزیر اعظم پاکستان کی تقریر

عوام کو ملک کے دفاع میں حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کا مشورہ

لاہور ... مسٹر جناح کے انتقال کے بعد مسٹر لیاقت علی خاں، وزیر اعظم پاکستان نے لاہور میں ... کے سامنے اپنی پہلی اور اہم تقریر کی۔

... ہندوستان کے ساتھ ... حکومت کی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ہم امن چاہتے ہیں لیکن ہر قیمت پر نہیں۔

... اور تنظیم ... ممتاز ہے۔

... نظام کے بنیادی اصول ہیں۔ پاکستان کا بنیادی خیال ... مسلمانوں کو ایک علیحدہ مقام حاصل ہو جائے ... اور وہ اس ... دنیا میں امن و سلامتی ... پیغام کا تجربہ کر سکیں اور اس کو دنیا کو سنا سکیں ... اسلام نے ۱۳ سو سال قبل دیا تھا۔

اسلامی روایات

لیکن میں اس امر کو واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم اپنی امن و سلامتی کی ... خواہش کے ساتھ ساتھ یہ عزم بھی رکھتے ہیں کہ ہم اپنے ملک کی پوری طرح حفاظت کریں گے۔ ... اسلامی روایات مجھے یہ نہیں سکھاتیں ... ایک گال پر طمانچہ مارا جائے تو دوسرا بھی پیش کر دیا جائے ... میں قوم سے ... کہ وہ ... کبھی بھی اس خیال کو اپنے ... میں داخل نہ ہونے دیں کہ پاکستان ختم ہو سکتا ہے۔

... دشمن کا ہتھیار ... ایک سال قبل ... آپ کے سامنے تقریر کی تھی ... اس وقت پاکستان ...

... کرکے اپنے آپ کو مطمئن کر لیجئے ... اور ... کہ آپ نے اپنا فرض ادا کر دیا۔

افسران

حکومت کے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ میں آپ کی خدمات کی تعریف کرتا ہوں۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ آپ سے اپیل بھی کرتا ہوں کہ آپ اپنی کوششوں میں اضافہ کریں۔ بعض لوگ پاکستان کو ذاتی ترقی کی جگہ سمجھتے ہیں لیکن اب انہیں پاکستان کو ملک اور قوم کی خدمت کی جگہ سمجھنا چاہئے۔

تاجر

تاجروں کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت بلیک مارکیٹ کو نظر انداز نہیں کر سکتی اور تنبیہ کی کہ جو لوگ اس جرم میں گرفتار ہوں گے ان کے ساتھ سخت برتاؤ کیا جائے گا۔

جامع مسجد کا جلسہ

صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

اس نے ہمیں جو راستہ دکھایا ہے۔ وہ امن و سلامتی اور باہمی اعتماد کا ہے ہم دراصل اس راستہ سے بھٹک گئے تھے۔ اور یہ سمجھ رہے تھے کہ ہم اپنے دشمنوں سے لڑ رہے ہیں۔ حالانکہ ہم اپنے آپ سے لڑ رہے تھے۔ اور اپنی تباہی کا باعث ہو رہے تھے ...

دور افتادہ علاقوں میں بھی حالات اعتدال پر آ رہے ہیں

حکومت حیدر آباد نے تمام ملازموں کو لوٹ آنے کا حکم دیدیا ہے

سکندر آباد ... ستمبر ... اور ... مسلمان ... کی طرف سے اپیل کی گئی ہے ...

... میں حالت ابھی تسلی بخش نہیں ہوئی ہے لیکن وہاں حالات بحال کرنے کے لئے ان ... روانہ کی جا رہی ہیں۔ تمام ریاستی ملازموں سے کہا گیا ہے کہ وہ فوراً اپنی ملازمتوں پر آ جائیں ... کا انتظام بھی کیا جا رہا ہے۔

دشمن کے خواب جھوٹے ثابت ہوئے

لکھنؤ ۲۶ ستمبر۔ آج یہاں یوم اظہار تشکر کی تقریب پر ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم یو۔پی پنڈت پنت نے فرمایا کہ حیدر آباد میں کامیابی نے ملک بھر میں خوشگوار اثر پیدا کیا ہے اور ... دوسرے اشخاص کے خواب جھوٹے ثابت ہوئے ہیں۔

وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی درگاہ حضرت خواجہ قطب صاحب میں حاضری

یوم تشکر اور دعا میں شرکت

حضرت خواجہ ... صاحب نے قرآن مجید کی وہ آیات پڑھ کر سنائیں ... اللہ رسول اور حکومت ... اطاعت ... اور یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ... کو ملک دیتا ہے ... پنڈت جی نے نہایت عقیدت اور احترام کے ساتھ تبرک لیا اور نوش فرمایا۔

... جی کو ... اور درگاہ کے لاکھوں عقیدت مندوں کی طرف سے حکومت کی وفاداری اور ... کا یقین دلایا۔

(نامہ نگار ...)

... عقیدت کے ساتھ ... حضرت خواجہ صاحب کے مزار کی طرف متوجہ ہو کر دعا اور اظہار تشکر میں اطمینان کے ساتھ شرکت کی۔

خدا کا شکر ادا کیا کہ یہ معاملہ ختم ہو گیا اور ہندوستان کے طول و عرض میں ایک ... خوشگوار واقعہ رونما نہیں ہوا۔

راجہ جی

حضرت مولانا کی تقریر کے بعد مولانا حفظ الرحمن صاحب نے اعلان فرمایا کہ چونکہ گورنر جنرل ہندوستانی نہیں بول سکتے اس لئے وہ انگریزی میں تقریر فرمائیں گے اور اس کا ترجمہ بھی آپ کو ساتھ ساتھ سنایا جائے گا چنانچہ راجہ جی کی تقریر شروع ہوئی ایک جملہ راجہ جی ادا فرماتے اس کے بعد اس کا ترجمہ پیش کیا جاتا لیکن مترجم صاحب نے ترجمہ کرنے میں بعض خاص غلطیاں کر دیں اس لئے حضرت مولانا ابو الکلام آزاد نے ترجمہ کی ذمہ داری خود لے لی اور آپ راجہ جی کی تقریر کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی سناتے رہے۔

راجہ جی گاندھی جی کے صحیح پیرو ہیں اور آپ کی نظر مذہبی معاملات میں اسی قدر پاکیزہ ہے جتنی کہ گاندھی جی کی تھی۔ اس باعث آپ کی تقریر کے وہ حصے جن میں مذہبی رنگ ... طور پر جھلکتا تھا بہت اہم اور نمایاں تھے۔ تقریر شروع ہی میں آپ نے فرمایا کہ ...

معین نواز جنگ کے نام نظام کا خط

پیرس ۲۶ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ نظام نے حیدر آباد کے سابق وزیر خارجہ معین نواز جنگ کو اپنے ہاتھ سے ایک خط لکھا ہے جس میں مجلس تحفظ کے حیدر آبادی وفد کو واپس ہونے اور مجلس تحفظ سے اپنا مقدمہ واپس لینے کے لئے کہا جاتا ہے کہ یہ خط معین نواز جنگ کو منگل سے پہلے مل جائے گا۔ منگل کو مجلس تحفظ کا جلسہ ہوگا جس میں حیدر آباد کے معاملہ پر غور کیا جائے گا۔ اگر یہ خط پہونچ گیا تو غالباً مجلس اس بات کا فیصلہ کرے گی۔ کہ حیدر آباد کا مقدمہ ... اس دوران میں نواب معین نواز جنگ نے مجلس تحفظ کے صدر ... سے ملاقات کی۔

برما میں کمیونسٹوں کی پسپائی

رنگون ۲۷ ستمبر۔ حکومت کے ... کیا گیا ہے کہ حکومتی فوجوں نے کمیونسٹوں کے قلعہ منکا لی پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے ... مقام ... کے شمال میں ... باغی قتل ... علاقہ میں کمیونسٹوں نے ...

پرمٹ سسٹم کی مشکلات میں آسانیاں

پاکستان جانے اور آنے والوں کو ضروری اطلاع

(... صاحب ... جمعیۃ علماء ...)

... پرمٹ اور سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں ... اور ... آسانیاں ... ضرورت ... کوشش ...

... مشکلات ... پاکستان ... پرمٹ سسٹم ...

... کو خدا کے واسطے ان کے لئے مشکلات نہ پیدا کرو۔ ... اپنی احمقانہ تدبیروں ... استعمال کرو اور ہم کو ہماری حالت پر چھوڑ دو ... خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں اور ہم کو اسی کا سہارا ...

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

جنرل چودھری کا عزم دہلی

نئی دہلی ... ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستانی فوجی گورنر متعینہ حیدر آباد میجر جنرل جے این چودھری ... منگل کے دن بذریعہ ہوائی جہاز یہاں آئیں گے ... حیدر آباد کے نئے چیف سول ایڈمنسٹریٹر بھی ... کے ہمراہ ہوں گے۔

میجر جنرل چودھری، ریاست حیدر آباد کی موجودہ ... کے بارے میں ... حکومت ہند کو تفصیلات ... اور ... کانگریس کے لیڈر ... حکومت ہند ... ہے کہ فوجی گورنر جنرل حکومت ہند سے ... کرنے کے بعد سکندر آباد واپس ہو جائیں گے۔

جودھپور کی کونسل میں نیا وزیر

جودھپور ۲۰ ستمبر ...

پیم ڈائی ...

روزانہ الجمعیۃ اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب کیجیے

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

شکریہ

[illegible]

فون نمبر ۱۰۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳ | دہلی پنجشنبہ ۲۵ ذی قعدہ ۱۳۶۶ ہجری مطابق یکم اکتوبر ۱۹۴۷ء | نمبر ۲۱۲ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنے

حیدرآباد سے ہندوستانی فوجیں واپس بلائی جائیں

مجلس تحفظ میں ارجنٹینا کے نمائندے کا عجیب و غریب مطالبہ

ہندوستانی نمائندہ کا ریاست کے حامیوں کو مدلل و مسکت جواب

پیرس ۔ ۳۰ ستمبر ۔ کل جب اقوام متحدہ میں حیدرآباد کا مسئلہ پیش ہوا ارجنٹینا کے نمائندے نے مجلس تحفظ سے مطالبہ کیا کہ ہندوستان سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ اپنی فوجیں حیدرآباد سے ہٹالے اور ریاست کی آزادی کو برقرار رکھا جائے ۔ ممبر مذکور نے کہا کہ مجلس تحفظ نے چارٹر کی دفعہ ۲۴ کے ماتحت جو ذمہ داری عائد ہوتی ہے اسے ہرگز نہیں کیا جا سکتا ۔

[illegible]

جنرل اسمبلی کا اجلاس میں جنوبی افریقہ کے مقابلہ میں ہندوستان کی فتح

افریقی نمائندہ کے احتجاج کے باوجود ہند کی شکایت ایجنڈے میں

[illegible]

قوام السلطنۃ بری ہوگئے

[illegible]

مغل سرائے کے نزدیک حادثہ

فائرمین کی ہلاکت

[illegible]

پانچ جاپانیوں کی بھوک ہڑتال

[illegible]

فرانس میں جاپانی قیدیوں کو کامیابی

[illegible]

مسٹر بیون کی تقریر سے

عرب حلقوں کو مایوسی

[illegible]

وزیر خارجہ برما کی لاش نذر آتش کردی گئی

آخری خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے رنگون کی سڑکوں پر ہجوم

رنگون ۔ ۲۹ ستمبر ۔ کل رنگون میں مقتول وزیر خارجہ اُن ٹن کی لاش جلانے کے لئے لیجائی گئی ۔ تمام شہر میں غم و الم کی گھٹا چھائی ہوئی تھی ۔ تجارت ، دوکانیں ، اور آمدورفت تقریباً بند تھے ۔

[illegible]

مجلس تحفظ کا آئندہ صدر

پیرس ۲۹ ستمبر ۔ [illegible] ایک ماہ تک صدارت کے فرائض انجام دیگا ۔ [illegible] کی طرف سے نمائندگی کریں گے لیکن امریکی حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ امریکہ کی طرف سے جارج مارشل مجلس تحفظ میں نمائندگی کریں گے ۔

احرار لیڈر شیخ حسام الدین گرفتار

لاہور ۲۸ ستمبر ۔ معلوم ہوا ہے کہ مشہور احرار لیڈر اور مغربی پنجاب موٹر ٹرانسپورٹ یونین کے صدر شیخ حسام الدین آج پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۳ کے ماتحت گرفتار کرلئے گئے ۔ ان پر الزام لگایا ہے کہ وہ مملکت کے تحفظ کے خلاف سرگرمیوں میں حصہ لے رہے تھے ۔

کیا ابراہیم رحمت اللہ کی جائداد ضبط کرلی جائیگی؟

روپیہ کی منتقلی کے بارے میں حکومت ضروری کارروائی کر رہی ہے

نئی دہلی ۔ ۲۹ ستمبر ۔ [illegible]

ملان کے ہاتھوں جنوبی افریقہ کی مٹی پلید ہو رہی ہے

سینٹ کے ارکان کی ایشیائی بل پر شدید نکتہ چینی

[illegible]

مغربی پنجاب میں

کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

لاہور ۔ ۲۹ ستمبر ۔ مغربی پنجاب کی پولیس نے کمیونسٹوں کے خلاف مہم شروع کردی ہے ۔ چار سرکردہ کمیونسٹ کامریڈ فیروز الدین منصور ، آفس سکریٹری کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان ، مرزا ابراہیم صدر پاکستان ٹریڈ یونین فیڈریشن ، این ۔ ڈبلیو ۔ آر ورکرز یونین اور کامریڈ ایرک سپرین کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا گیا ہے اور لاہور کے قلعہ میں رکھا گیا ہے ۔ راولپنڈی کے ایک سرکردہ کمیونسٹ لیڈر حیدر کو بھی گرفتار کرلیا گیا ۔ ان سب کے خلاف الزام یہ ہے کہ وہ پانچویں کالم کی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور ہند اور پاکستان کا دوبارہ الحاق چاہتے ہیں ۔

اگر ہم استقلال ، صبر اور عزم صمیم کی اپنی موجودہ پالیسی پر ڈٹے رہیں تو آپ کے لئے جنگ کا مقابلہ کرنے کی نوبت آنا ضروری نہیں ۔

امریکہ اور روس کے درمیانی تعلقات نازک مرحلے پر پہنچ گئے؟

[illegible]

اٹلی سے مہاجرین کی روانگی

[illegible]

دہشت پسندوں کا حملہ

[illegible]

لیڈ ریم پلز دل ، دماغ ، معدہ ، جگر اور گردوں کو طاقت پہنچاکر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
یکم اکتوبر سنہ ۱۹۴۸ء

جنگ نہیں ہوگی؟

ذرا سوچئے، جنگ کا تصور کس قدر بھیانک اور اضطراب انگیز ہوتا ہے، انسان کے مقابلہ پر انسان قوم کے مقابلہ پر قوم، ملک کے مقابلہ پر ملک [illegible] دیکھا کہ اس مقابلہ کا کوئی بہتر نتیجہ نکلا ہو اور کسی نے جنگ کے بعد کچھ حاصل کر لیا ہو، جنگ کا نتیجہ... بربادی، خونریزی، رسوائی، جلا وطنی، یتیمی، بیوگی اور صعوبتیں ہی نکلیں، یہ بات الگ ہے کہ فاتح قوم اپنی طور پر خوش ہوئے کہ اس کی جیت ہوئی اور انجام کار اس کا بول بالا رہا لیکن مجموعی حیثیت سے تباہی ہر فریق کے حصہ میں آتی ہے اور غالب اپنے مغلوب سے کچھ اچھا نہیں رہتا۔

اگر آج انسان کو جنگ کے تصور سے نجات مل جائے اور اس کی زندگی سے خوف و ہراس کا عنصر نکال لیا جائے تو یہ انسانیت کی بہت بڑی فتح ہوگی ذہنی کلفتوں اور جسمانی بیچارگیوں نے انسانوں کی صلاحیتوں کو معطل اور مسلوب کر رکھا ہے اور وہ تعمیری نقشے جو انسانی تمدن کے لئے ضروری ہیں بیکار پڑے ہوئے انسان کی ستم ظریفیوں کا ماتم کر رہے ہیں! انسان کو مطمئن کر دو اور اسے یقین دلا دو کہ وہ اپنے مستقبل کا امین ہے، دنیا خود بخود سنورتی چلی جائے گی اور جس چیز کا نام انسانیت ہے ہم پہلی بار اس سے روشناس ہو سکیں گے اس عہد اضطراب میں جب کہیں سے امن و سلامتی کی صدا سنائی دیتی ہے اور یہ آواز کانوں میں پڑتی ہے کہ جنگ نہیں ہوگی یا دس پانچ سال تصادم کا کوئی امکان نہیں تو دل خوشی کے مارے بلیوں اچھلنے لگتا ہے اور کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سکون اور طمانیت کی روح واپس آنے لگی ہے اور خون کا مارا دل اپنی جگہ ٹھہر گیا ہے۔

برطانیہ کے وزیر جنگ مسٹر شنویل نے لندن کی تقریر میں کہا ہے کہ، فی الحال جنگ کا کوئی خطرہ نہیں ہے، البتہ ہم امن کی خاطر اپنی دفاعی پوزیشن کو مضبوط بنانے سے غافل نہیں رہ سکتے! فیلڈ مارشل لارڈ منٹگمری نے اپنے گہرے تجربہ کی بنا پر کہا ہے کہ دو دس سال تک اور جاپان دو سال تک جنگ کرنے کے قابل نہ ہو سکیں گے۔

ممکن ہے کہ ایسا ہی ہو، مگر ہم تو یہ سننا چاہتے ہیں کہ ان بڑی طاقتوں نے جنگ کا خیال ہی ترک کر دیا ہے اور وہ جنگ پر امن کو اور منافرت پر محبت کو ترجیح دینے لگی ہیں!

روسی نمائندہ نے مجلس متحدہ اقوام میں تخفیف اسلحہ کے لئے ایک قرارداد پیش کی ہے جس میں برطانیہ، امریکہ، روس، فرانس اور چین سے سفارش کی ہے کہ وہ ایک سال کے اندر اپنی بحری، بری اور فضائی طاقت میں ایک تہائی کی تخفیف عمل میں لائیں اور جوہری بم پر کنٹرول کرنے کے لئے ایک بین الاقوامی ادارہ کو تشکیل دیں غالباً تخفیف اسلحہ کی یہ تحریک ساتویں مرتبہ پیش کی گئی ہے ۱۹۳۳ء سے اب تک چھ دفعہ یہ تحریک اٹھی جس کا نتیجہ دوسری جنگ کی شکل میں ظاہر ہوا، انسان کا ارادہ کیا کچھ نہیں کر سکتا، مگر افسوس وہ جوہری بم تو ایجاد کرتا ہے مگر بندوق کی گولی پر کنٹرول نہیں کرتا، اس نے گیسوں کو تو قابو میں کیا مگر جذبات کو قابو میں نہ لا سکا، وہ جنگ اسلحہ کرتا ہے کہ اسے اپنے اوپر قابو حاصل نہیں جنگی ہتھیار اسے اکساتے ہیں کہ اپنے کمالات کا تماشہ دیکھے اور دوسروں کی قبر پر اپنا محل بنائے اگر جاندار انسان بے جان مشینوں کے قبضہ میں نہ آتا تو وہ اپنے ضمیر سے بغاوت نہ کرتا اور اس کے اندر جنگ کے بجائے امن کی خواہش کار فرما ہوتی مگر مشینی عہد کی تباہ کن ایجادیں اسے خونریزی اور تباہی کے لئے مجبور کرتی ہیں اور وہ بے جان مشینوں کے ہاتھ میں کھلونے کی طرح کھیل رہا ہے۔

ہمارے لئے یہ اطلاع کچھ زیادہ خوش آئند نہیں کہ دس سال تک جنگ نہ ہوگی، بوڑھے تو مر جائیں گے مگر ان کی نسلوں کے لئے دس سال بعد پھر وہی جنگ اور تباہی، وہی بم اور ہوائی حملے! جب تک مہلک ہتھیاروں کی ایجاد اور صنعت کو ختم کر کے، ضمیر، ایمان، انسانیت اور تعمیری احساس کو بیدار نہ کیا جائے گا، ہمارے سروں سے جنگ کا خطرہ نہ ٹل سکیگا اور اب نہیں تو دس سال بعد یہ مصیبت پھر سامنے آکھڑی ہوگی!

تشدد کا غلبہ

معلوم ہوا ہے کہ امریکہ کی سیاسی جماعتوں میں ۷۰ جماعتیں کمیونسٹ ہیں چندرہ جماعتیں [illegible] ہیں چندرہ ادارے [illegible] ہیں اور بچاوا اداروں کی بنیاد تباہ کن تحریکات پر ہے امریکہ کے اٹارنی جنرل نے بتایا کہ یہ پانچوں گروپ حکومت پر طاقت کے زور سے غلبہ حاصل کرنا چاہتے ہیں! ان اعداد و شمار سے امریکہ کے تشدد پسند رجحانات کا اندازہ ہو سکتا ہے، ہر جماعت تشدد اور طاقت کے زور سے حکومت کے دروبست پر غالب ہونا چاہتی ہے، اگر اس جماعت بندی کے سلسلہ میں یہ بھی معلوم ہو جاتا کہ امریکہ میں امن پسند جنگ کے مخالفوں کی تعداد کتنی ہے تو ہمیں مستقبل کا اندازہ لگانے میں آسانی ہو جاتی، یہ بات ظاہر ہے کہ امن کے مقابلہ میں فساد کی قوتیں زبردست ہیں اور امن پسندوں سے [illegible] ... [illegible] ...

گاندھی جینتی

گاندھی جینتی، مہاتما گاندھی کے اصولوں کی یاد دہانی ہے جس کا مظاہرہ ملک میں جوش و خروش کے ساتھ ہوا ہے مگر ہمیں امید نہیں کہ گاندھی جی کے نام سے سچائی، عدم تشدد اور محبت کا بول بالا ہو سکے گا اور ان اصولوں پر سر دھننے والے انہیں اپنی زندگی کا دستور العمل بنا سکیں گے، انسان کی فطرت بھی عجیب ہے وہ سچائی، امن اور محبت کے سامنے سر تو جھکاتی ہے مگر کردار میں ظاہر ہونے کے لئے تیار نہیں ہوتی، گاندھی جی عدم تشدد اور سچائی کے علمبردار تھے اور ان کا کردار اسی سانچہ میں بلکہ تیار ہوا تھا مگر جہاں تک دوسروں کا تعلق ہے افسوس ہے کہ آپ اپنے مشن میں کامیاب نہ ہو سکے، غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے مشن کو دلوں نے تو قبول کیا مگر دماغ متاثر نہ ہو سکے یا پھر کوئی ایسی بنیادی خرابی رہ گئی جس کی موجودگی ناکامی کا باعث بنی۔ اب یہ کام آپ کے جانشینوں کا ہے کہ گاندھی جی کے مشن کو پورا کریں اور... امن پسندوں اور راستبازوں کی ایک ایسی نو آبادی قائم کریں جس کا امتیازی وصف سچائی اور عدم تشدد ہو اور جو دنیا کو انسانیت کے نام پر امن و محبت کی دعوت دے سکیں۔

اچھی باتیں

ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثہا عبادی الصالحون (پ ۱۷ ع ۷)

ہم نے ان تمام باتوں کی یاد دہانی کے بعد زبور میں اسی بات کو واضح کر دیا ہے کہ زمین کی وراثت صرف صالحین کو ملے گی۔

ایک صالحین تو وہ ہیں جو خدا پرستی میں عمر گذارتے ہیں اور تزکیہ نفس میں منہمک رہتے ہیں ایک وہ ہیں جن میں کسی نظام کو چلانے اور اس کے لئے اسباب فراہم کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے پہلا گروہ روحانی مملکت کا فرزند ہے، دوسرا گروہ سیاسی اور مادی مملکت کا حکمراں ہے، گھر کا نظام درست نہیں ہوتا اگر سرپرست میں صلاحیت موجود نہ ہو مملکتوں کا نظام صلاحیت اور قابلیت کے بغیر کس طرح چل سکتا ہے! پس زمین کی وراثت، استحقاق اور صلاحیتوں پر موقوف ہے۔ اگر ایک خدا پرست گروہ میں سب کچھ ہے مگر حکمرانی کی صلاحیت نہیں ہے تو قدرت اسے اس کے دائرہ سے باہر نہیں نکلنے دے گی دوسرا گروہ جس کے پاس ایمان کی کوئی روشنی نہیں لیکن اس میں نظام سیاست کو چلانے کی اہلیت ہے تو قدرت اس سے وہی کام لے گی جس کا وہ اہل ہے۔ اگر صرف ایمان کسی شخص کو انجینیر، وکیل اور ڈاکٹر نہیں بنا سکتا تو یہ گمان کیوں کر لیا گیا ہے کہ اسے اس کی بدولت خلافت اور تمکین فی الارض بھی حاصل ہو جائے گی؟

مولوی احمد شاہ

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا ایک دلیر ہیرو

از رتن لال بنسل۔ ایم۔ اے

۱۸۵۷ء کی ہندوستان کی آزادی کی لڑائی کی بابت اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ یہ لڑائی صرف ان راجاؤں نوابوں اور زمینداروں کی بغاوت تھی جن کی جائداد یا وظیفے کمپنی کی سرکار نے ضبط کر لئے تھے اس لئے عوام کا اس لڑائی میں کوئی خاص حصہ نہیں تھا۔

کسی حد تک یہ بات ٹھیک بھی ہے لیکن اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس زمانہ میں بھی ہندوستان میں کچھ ایسے دور اندیش دیش بھگت موجود تھے جنہوں نے اس کمزوری کو بھانپ لیا تھا عوام سے پوری مدد لینے کی کوشش کی تھی۔ ایسے دور اندیش دیش بھگت لیڈروں میں ایک خاص نام مولوی احمد شاہ کا ہے۔

مولوی احمد شاہ فیض آباد ضلع کے ایک بڑے زمیندار تھے لیکن زمینداروں کی عیش پرستی ان کو چھو بھی نہیں گئی تھی۔ اپنے اچھے چال چلن اور سیاسی و مذہبی معلومات کے لئے وہ علاقہ بھر میں مشہور تھے اور راجاؤں والیانوں کے محلوں سے لیکر کسانوں کی معمولی جھونپڑیوں تک میں ان کا نام بڑی عزت سے لیا جاتا تھا۔

مولوی احمد شاہ نہ تو صرف مذہبی کتابوں میں ہی ڈوبے رہنے والے مولوی تھے اور نہ رعایا سے ٹیکس وصول کر کے اس پر گلچھرے اڑانے والے زمیندار ملک کی سیاست سے بھی ان کو گہری دلچسپی تھی اور ان کو اس بات سے بڑا دکھ ہوتا تھا کہ انگریزوں کی طاقت ہندوستان میں دھیرے دھیرے بڑھتی چلی جا رہی ہے اور کچھ اپنے ہی بھائی اپنے اس ملک کو غلام بنانے میں انگریزوں کی مدد کر رہے ہیں وہ جب تک اپنے اس خیال کو ظاہر بھی کیا کرتے تھے لیکن اس زمانہ میں عام جنتا کو سیاست سے کوئی دلچسپی نہیں تھی اور راجاؤں، نوابوں کو ایسی باتیں سننے سے بھی ڈر لگتا تھا۔

لیکن ۱۸۵۶ء میں جب لارڈ ڈلہوزی نے بنا بہت بے شرمی کے ساتھ اودھ کے علاقہ کو کمپنی کے قبضہ میں لے لیا اور نواب واجد علی شاہ کو قید کر کے کلکتہ بھیج دیا گیا تو مولوی احمد شاہ اسے برداشت نہیں کر سکے، انہوں نے سمجھ لیا کہ اس طرح ایک ایک کر کے ہر ایک نواب اور راجہ کے ساتھ اسی طرح کا برتاؤ ہوگا اور ملک انگریزوں کے زیر نگیں ہو جائے گا اس کے ساتھ ہی مولوی صاحب نے یہ بھی محسوس کیا کہ آزادی کی لڑائی تب تک کامیاب نہیں ہو سکے گی جب تک کہ اس ملک کی پوری جنتا اس میں حصہ نہ لے اسی لئے نہ تو انہوں نے راجاؤں اور نوابوں کی ڈیوڑھیوں کے چکر لگائے اور نہ دلی الہی جماعت کے نیتاؤں کی طرح صرف مسلمان جنتا تک ہی اپنے پرچار کو محدود رکھا مولوی احمد شاہ نے ہندو و مسلمانوں میں ایک ساتھ دیش کی آزادی کے نام پر انگریزوں کے خلاف ہتھیار اٹھانے کا پرچار شروع کر دیا ۱۸۵۷ء کی آزادی کی لڑائی کے دوسرے نیتاؤں اور مولوی احمد شاہ میں یہی خاص فرق ہے جو ان کو کچھ زیادہ عزت کا حقدار بنا دیتا ہے کاش کچھ اور نیتا مولوی احمد شاہ کا ساتھ دیتے تو شاید ۱۸۵۷ء کی لڑائی اس طرح سے اور اتنی جلدی ناکامیاب نہیں ہوتی۔

لکھنؤ سے آگرہ تک کے دورے

مولوی احمد شاہ کے پرچار کا ڈھنگ یہ تھا کہ وہ لکھنؤ سے آگرہ تک علاقہ میں برابر دورے کرتے رہتے تھے اور دس دس ہزار آدمیوں کا مجمع ان کی تقریر سننے کے لئے اکٹھا ہوتا تھا۔ مولوی احمد شاہ ان کو بتلاتے تھے کہ انگریز کس طرح اس ملک میں بڑھتے جا رہے ہیں اور اگر پورا ملک ان کے قبضہ میں چلا گیا تو اس کا نتیجہ عام جنتا کے لئے کیا ہوگا اس طرح یہ تقریریں صد فیصدی سیاسی تقریریں ہوتی تھیں اور مولوی احمد شاہ کی زبان میں کچھ ایسا جادو تھا کہ کئی کئی گھنٹے تک ہزاروں آدمی بت بنے ہوئے ان کی تقریریں سنتے رہتے تھے اور ملک کی بے بسی پر آنسو بہاتے رہتے تھے اس زمانہ میں مولوی احمد شاہ شاید پہلے آدمی تھے جنہوں نے اپنے خیالات کی تبلیغ کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا تھا۔

اسی زمانہ میں مولوی احمد شاہ نے بہت سی چھوٹی چھوٹی کتابیں بھی لکھیں جو پڑھے لکھے حلقہ میں بڑی تعداد میں بانٹی گئی ان کتابوں میں بھی یہی بات تھی جو مولوی صاحب کی تقریروں میں ہوتی تھی اس طرح ہزاروں لاکھوں دلوں کے دل میں مولوی احمد شاہ نے دیش بھگتی کا سچا جذبہ پیدا کر دیا۔

اس زمانہ میں انگریزوں کے مخبروں کا جال صرف راجاؤں، نوابوں کے راج درباروں اور محلوں تک ہی محدود تھا، اس لئے مولوی احمد شاہ کا یہ کھلا پرچار بھی کچھ مہینوں تک ان کی نظر میں نہ آ سکا، لیکن جب آگ زیادہ بڑھی اور اس کی لپٹیں انگریزوں کو بھی لگنے لگیں تو انہوں نے مولوی احمد شاہ کو گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ اودھ کی پولیس نے انگریزوں کا یہ حکم ماننے سے انکار کر دیا اس پر فوج بھیجی گئی اور مولوی صاحب گرفتار کر لئے گئے اس کے ساتھ ہی فوراً مولوی صاحب پر مقدمہ بھی چلایا گیا اور ان کو پھانسی کی سزا سنا دی گئی پھانسی کی تاریخ تک کے لئے مولوی صاحب کو فیض آباد جیل میں بند کر دیا گیا۔

گرفتاری اور پھانسی کی سزا

مولوی احمد شاہ کی گرفتاری اور ان کی پھانسی کی سزا کی خبر جنتا کو جیسے ہی ملی ویسے ہی علاقہ بھر میں آگ سی لگ گئی، فیض آباد شہر میں اس وقت دو پیدل پلٹن کچھ سوار اور کچھ توپخانہ تھا جو اس وقت تک انگریز کا پوری طرح وفادار تھا لیکن مولوی احمد شاہ کی گرفتاری کی خبر پاتے ہی وہ دیش کے وفادار ہو گئے اور مولوی احمد شاہ ہندوؤں کو بھی کتنے پیارے تھے اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ مولوی صاحب کی گرفتاری کے خلاف سب سے پہلے ہتھیار اٹھانے والا ایک ہندو صوبہ دار دلیپ سنگھ تھا جس نے فیض آباد کے تمام انگریز افسروں کو قید کر لیا۔ اور فیض آباد کی آزادی کا اعلان کر دیا۔

اس کے بعد ہندوستانی سپاہیوں اور جنتا کی ایک بڑی بھیڑ جیلخانے پر پہنچی اور اس نے دیوار توڑ کر مولوی احمد شاہ کو باہر نکال لیا۔ مولوی صاحب کی بیڑیاں کاٹ ڈالی گئیں، عوام اور سپاہیوں نے ان کو اپنا نیتا چن کر ان ہی کی ماتحتی میں کام کرنے کا فیصلہ کیا اس طرح فیض آباد کے علاقہ کی باگ ڈور پوری طرح مولوی صاحب کے ہاتھ میں آگئی۔

اس وقت مولوی صاحب نے جو پہلا کام کیا اس سے نہ صرف مولوی صاحب کا بلکہ پورے ہندوستان کا سر اونچا ہوتا ہے یہ کام تھا انگریز افسروں، اور ان کے بال بچوں کو پوری حفاظت کے ساتھ فیض آباد سے روانہ کرنا یہ انگریز کشتیوں کے ذریعہ فیض آباد سے روانہ کئے گئے اور راستہ کے لئے ان کو کافی رسد بھی دے دی گئی، جو لوگ مغربی پنجاب کے ہندوؤں پر ہونے والے ظلموں کا بدلہ مشرقی پنجاب کے مسلمانوں سے لینا جائز بتاتے ہیں اور مشرقی پنجاب کے مسلمانوں پر ہونے والے ظلموں کا بدلہ مغربی پنجاب کے ہندوؤں سے لینا ٹھیک سمجھتے ہیں ان کو مولوی احمد شاہ کے اس کارنامہ کو آنکھ کھول کر پڑھنا چاہیئے جنہوں نے انگریزوں کی بھی حفاظت کی جو ان کو پھانسی کے تختہ پر بھیج چکے تھے۔ انگریزوں کے ساتھ ٹھیک یہی برتاؤ مولوی احمد شاہ کے دوسرے ساتھیوں یعنی شاہ گنج کے تعلقہ دار راجہ مان سنگھ سالونی کے زمیندار سردار رستم شاہ اور کالا کے راجہ ہنومنت سنگھ نے بھی کیا۔ انگریزوں کو فیض آباد سے نکال دینے کے بعد ۹ جون ۱۸۵۷ء کو یہ اعلان کر دیا گیا کہ فیض آباد کے علاقہ سے کمپنی کی حکومت ختم ہو چکی ہے اور اب وہ واجد علی شاہ کی حکومت میں ہے اس کے ساتھ ہی پورے علاقہ کا ایسا انتظام بھی کر دیا گیا جس سے گنڈے اور شرارتی لوگ جرائم پیشہ ہی موقعوں کی تلاش میں رہتے [illegible]

سیر و سیاحت

سیاحت کے کنارے

لیگ گردی کے زمانہ میں مولانا آزاد کو نعروں سے نوازے جاتے تھے جہاں لیگی نوخیزوں نے اور نہ نہایت طریقے استعمال کئے وہاں ایک یہ بھی پروپیگنڈہ بھی تھا کہ مولانا آزاد انگریزی نہیں جانتے — یہ [illegible] اور مسلمانوں کی قیادت کے نااہل — حالانکہ انسان بھی انگریزی [illegible] کے باوجود [illegible] جس میں [illegible] کو مغربی خاتنیں [illegible] ہیں۔

مگر مولانا آزاد انسان نہیں لیکن کہ وہ انگریزی جانتے ہیں ان کی انگریزی دانی کا حال [illegible] تو اس وقت معلوم ہوا جب لکھنؤ کانفرنس کے موقع پر انہوں نے [illegible] کو ان کی انگریزی کی تقریر کے دوران میں ٹوکا۔ قصہ یہ ہوا کہ [illegible] جناح صاحب — جن کے متعلق انہیں فخر ہے کہ وہ ان کی برادری سے تعلق رکھتے تھے — کی پیروی کرتے ہوئے کسی تجویز پر انگریزی میں بولے اور یار اپنا [illegible] کئے اور با شاید اس غلط فہمی میں کہ آزاد صاحب انگریزی سے ناواقف ہیں موضوع سے ہٹ

کر تقریر کرنے لگے۔ مولانا آزاد نے ٹوک دیا۔ اور [illegible] صاحب [illegible] ہو کر رہ گئے۔

مولانا کی انگریزی کا دوسرا امتحان اس وقت ہوا جب انہوں نے جامع مسجد میں گورنر جنرل کی تقریر کے دوران میں [illegible] انجام [illegible] جنہیں کل تک [illegible] کیا تھا۔ [illegible] ایک مولانا کی زبان سے انگریزی کا ترجمہ اور وہ بھی سلاست و روانی کے ساتھ — بڑے تعجب کی بات تھی۔

ایک صاحب بولے افسوس کہ ہمیں مولانا کی انگریزی دانی کا علم نہ تھا جی ہاں پہلے علم نہ ہوا بلکہ اس وقت علم ہوا جب انگریز [illegible] کا جنازہ بھی نکلنے والا ہے۔ مگر اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت — اپنے ان ہمدردوں کو — جو حماقت کو مسلمانوں کو بے وقوف بناتے رہے اور جب وقت پڑا تو "کوئی نہیں" کے مصداق اپنے ہم نو چکر پھرے کہ چراغ لے کر ڈھونڈنے سے بھی کہیں ان کی شکل نظر نہیں آتی۔

قائد اعظم کا وصیت نامہ

کراچی ۲۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ قائد اعظم نے اپنا وصیت نامہ جو مئی ۱۹۳۹ء میں مرتب کیا تھا۔ اور جس میں انہوں نے [illegible] ملک کو تقسیم کے جانے کے بارے میں ہدایات دی تھیں وصیت نامہ کے مطابق ان کی [illegible] املاک کا بیشتر حصہ قوم کو ملا ہے خصوصاً پاکستان اور ہندوستان کے متعدد قومی تعلیمی اداروں کو بہت کچھ ملا ہے۔ ان اداروں میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اینگلو عربک کالج دہلی۔ بمبئی کا ایک کالج اسلامیہ کالج پشاور اور سندھ مدرسہ کراچی بھی شامل ہے۔

اور جن لوگوں کو وصیت نامہ کے مطابق میراث ملی ہے ان میں ان کی بہن مس جناح ان کی دختر مسز وادیا اور بعض دیگر رشتہ دار شامل ہیں۔

وصیت نامہ کو عمل جامہ پہنانے والے لوگوں میں مسٹر لیاقت علی خان، مس فاطمہ جناح اور مسٹر جانے والا شامل ہیں مسٹر جانے والا بمبئی میں ایک وکیل ہیں جو قائد اعظم کے حلیف اور دوست تھے۔ (اے پی آئی)

میرٹھ میں یوم تشکر

میرٹھ ۲۹ ستمبر۔ ۲۹ ستمبر کو مسجد مولوی [illegible] خان بہادر شیخ وحید الدین صاحب میں سب احباب نے ہندوستان میں امن و سکون رہنے پر خدا تعالیٰ کا شکر ادا کیا اس کے علاوہ میرٹھ میں کئی اور جگہ بھی جلسے ہوئے۔ [illegible] میں بھی جلسہ شکر منعقد ہوا جس میں شمیم الدین و جناب شیخ وحید الدین صاحب نے خاص دلچسپی لی اور بہت سی مقامات پر گورنر جنرل کے فرمان کے مطابق اظہار تشکر کیا گیا۔ ریاست [illegible] ضلع علی گڑھ میں بھی بعد نماز جمعہ شکرانہ ادا کیا گیا جس اجتماع میں مسلمانوں کے علاوہ ہندو صاحبان بھی شریک تھے۔

صدر بازار میرٹھ میں مسجد مدرسہ اشاعۃ الاسلام میں بھی شکرانہ ادا کیا گیا حکیم محمد حنیف خان صاحب صدر جلسہ تھے۔

علی گڑھ میں مدرسہ انجمن تعلیم الاسلام والے تکیہ جامع مسجد میں بھی یوم تشکر منایا گیا جناب مفتی احمد وادی نے ایک تقریر بھی کی۔

سر ظفر اللہ خاں کی تقریر پر اعتراض

پیرس ۲۹ ستمبر۔ سر ظفر اللہ خاں نے جو تقریر کی تھی اس میں ہندوستان پر حیدرآباد پر حملہ کرنے کا الزام لگایا گیا ہے ہندوستانی حلقوں میں اس تقریر پر یہ کہا جا رہا ہے کہ سر ظفر اللہ نے حالات کو بالکل غلط پیش کیا ہے سر ظفر اللہ خاں نے یہ کہا ہے کہ کونسل حیدرآباد میں اپنے مندوب بھیجے ہندوستان پر یہ بھی الزام لگایا ہے کہ حیدرآباد کے لوگوں کو باہر بھیجنے پر پابندیاں لگا دی ہیں ہندوستانی ڈپلومیٹ اس تقریر کا جواب دے کر [illegible] اس تقریر کا مسئلہ [illegible] ... [illegible]

گوریز پر دوبارہ قبضہ کرنے کیلئے دشمن کی کوشش ناکام ہوگئی

تین گھنٹے کی جنگ کے بعد ہندی فوجوں نے حملہ آوروں کو بھگا دیا

سری نگر ۳۰ ستمبر۔ چند دن قبل دشمن نے گوریز کے شمال مشرق میں دوبارہ قبضہ کرنے کی غرض سے ایک بھرپور حملہ کیا جس کا ہندوستانی فوجوں نے منہ توڑ جواب دیا۔ اطلاعات مظہر ہیں کہ دشمن نے ہماری فوجوں کو پیشان کرنے کے لئے ایک طرف سے ہماری ہراول چوکیوں پر دست بدست گولہ باری کی اور دوسری طرف سے دشمن کی فوجوں نے پیش قدمی شروع کر دی ہماری فوجوں نے مناسب وقت پر بھانپ لیا اور فوراً اسے جا لیا دشمن ۳ گھنٹے کی لڑائی کے بعد پیچھے ہٹ گیا اور اسے بھاری نقصان ہوا۔ ہماری تمام فوجیں صحیح سلامت اپنی چوکیوں پر ... [illegible] ... دشمن اپنی فوجوں کی نئی صف بندی کر رہا ہے تاکہ وہ اس پر قبضہ کیا جائے اب تک اس نے اس غرض سے چار حملے کئے جو ناکام ثابت ہوئے ہیں۔

ریڈیو کی ترقی کیلئے آٹھ سالہ پروگرام

بمبئی ۳۰ ستمبر۔ لاکھوں میں وسیع پیمانے پر ریڈیو سننے کی عادت ڈالنے کے لئے حکومت ہند نے آل انڈیا ریڈیو کی ترقی کے لئے ایک آٹھ سالہ اسکیم تیار کی ہے ڈیولپمنٹ بورڈ اور مرکزی اسمبلی کی اسٹینڈنگ فائنس کمیٹی نے یہ منظور کر لی ہے اور اس اسکیم پر فوراً عمل شروع کیا جائے گا۔ اس اسکیم کے مطابق نئے براڈ کاسٹنگ سنٹر قائم کیا جائیں گے۔ مدراس اور کلکتہ میں سٹوڈیو بلڈنگ تعمیر کر دی جائیں گی اور موجودہ براڈ کاسٹنگ سنٹروں میں اسٹوڈیو کی مزید سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس اسکیم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کل ۰۰۰,۰۰,۳۶,۲۷ روپے خرچ ہوں گے پہلے ڈال نے کو معمیں بزواڑہ۔ کالی کٹ۔ دھرواڑ اور احمد آباد میں بھی نئے براڈ کاسٹنگ اسٹیشن قائم کئے جائیں گے پہلے ۵ سالوں میں اس اسکیم پر ۰۰۰,۰۱,۳۰ روپے خرچ ہوں گے۔

گومتی میں پانی کی سطح بلند ہو گئی

یو۔پی کابینہ کا اجلاس

لکھنؤ ۲۹ ستمبر دریائے گومتی جس کے کنارے لکھنؤ آباد ہے اس کے پانی کی سطح سالانہ سے پانچ زیادہ ہو گئی ہے اتوار کی شام کو اس کے پانی کی سطح سمندر سے ۴ء ۳۹۵ فٹ بلند تھی اور اگلے دن سویرے ۳۹۸ء ۳ ... [illegible] ... اونچے پر پایا گیا، لکھنؤ اور ملیح آباد کی تحصیلوں کے سیلاب زدہ دیہات کی خبر گیری کے لئے آٹھ کشتیاں بھیجی گئی ہیں۔ پرسوں صوبہ جات متحدہ آگرہ و اودھ (یو۔پی) کی کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم پنڈت گوبند بلبھ پنت کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ دوران اجلاس میں حالیہ سیلاب کے باعث پریشان حال لوگوں کو امداد دینے کی تجویز پر غور و خوض ہوتا رہا۔ اور خانماں برباد وں کو پھر سے بسانے کا مسئلہ زیر بحث آیا۔

گوریز کی وادی ... [illegible] ... ہماری فوجوں ... [illegible] ... کئی ہزار آدمی دیکھے۔

حیدر آباد میں اخبار کے دفتر پر چھاپہ

سکندر آباد ۳۰ ستمبر۔ کل پولیس نے ایک مقامی اخبار کے ایڈیٹر کو حراست میں لے لیا۔ اس کے قبضہ سے نواب معین نواز جنگ کے نام لکھے ہوئے کچھ خطوط برآمد ہوئے۔ پولیس نے ایک مقامی اخبار کے دفتر پر بھی چھاپہ مارا۔ یہ اخبار لائق علی وزارت کا حامی تھا۔

مزید سیاسی اسیروں کی رہائی

گوہاٹی ۳۰ ستمبر۔ کوچ بہار ... [illegible] ... سیاسی اسیر رہا ہو چکے ہیں۔ ... [illegible] ... سکریٹری حیدر آباد ... کانگریس بھی شامل ہیں۔ ... [illegible]

مجلس تحفظ میں حیدر آباد کے مسئلہ پر بحث

(بقیہ صفحہ اول)

کہا۔ یہ صحیح ہے کہ بعض افسران کو الگ کر دیا گیا ہے لیکن یہ وہ افسران ہیں جن کا رضاکاروں سے تعلق ثابت ہو چکا تھا اگر امن قائم کرنا تھا تو کیا ایسے لوگوں کو کم از کم عارضی طور پر ہی ہٹانے کی ضرورت نہیں تھی۔

مجھے اس وقت ایک بہت اہم اطلاع مجلس کو دینا ہے۔ ۲۰ ستمبر کو ولسٹ منسٹر بینک سے ایک دوسری حکومت کے افسران اعلیٰ کو حیدر آبادی روپے کی ایک بہت بڑی مقدار منتقل کر دی انتقال عمل حیدر آباد کے ایک بڑے افسر کے حکم پر ہوا ہے جو اس وقت پیرس میں موجود ہے۔

اگر نظام نے اپنے نمائندوں کے حق نمائندگی کو منسوخ کر دیا تو مسٹر کو کوئی تعجب کی بات نہیں کیونکہ ان نمائندوں کی نمائندگی مشکوک ہے۔

استصواب

سر راما سوامی نے کہا کہ ہندوستان نے حیدر آباد میں استصواب رائے عامہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہندوستان نے اپنے آپ کو اس کا پابند بنایا ہے کہ حیدر آباد کے عوام اپنی رائے سے اپنے مستقبل کا فیصلہ کریں گے۔ ... [illegible] ... کہ ہندوستان نے وعدہ ہے استصواب ... [illegible] ... سر مدلیار نے ... اگست کا لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے ایک خط کا حوالہ دیا جس میں گورنر جنرل نے کہا تھا کہ ہندوستان استصواب رائے کے فیصلہ کا پابند ہوگا۔

سر مدلیار نے کہا کہ اب نظام گذشتہ ۱۳ ماہ ... [illegible]

بحث کی ابتداء میں ان احکام پر غور کیا گیا جو نظام کی طرف سے موصول ہوئے ہیں اور جن کی رو سے حیدر آبادی وفد کو معطل قرار دیا گیا ہے۔

شامی نمائندے فارس بے خوری نے کہا کہ مجلس تحفظ ان حالات سے لاعلم ہے جن کے تحت یہ احکام جاری کئے گئے ہیں۔ مجلس کے صدر سر الیگزینڈر کیڈوگن نے یہ تجویز کیا کہ کونسل کو چاہئے کہ وہ ہندوستان اور حیدر آباد کے نمائندوں کو اس بحث میں حصہ لینے کے لئے مدعو کرے جو ان احکام کے مصدقہ یا غیر مصدقہ ہونے کے متعلق کی جائے۔ ارجنٹائن کے نمائندے نے کہا کہ نظام اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ وہ آزادانہ احکام پر دستخط کر سکیں۔

اصل سوال

نواب معین نواز جنگ نے کہا کہ بحث صرف میرے وفد کی سرکاری تصدیق تک ہی محدود نہیں رہ سکتی کیونکہ بغیر پورے مسئلہ پر بحث ہوئے اس مسئلہ کا فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ اصل سوال تو یہ ہے کہ جب وقت نظام نے ان احکام پر دستخط کئے تو کیا وہ آزاد تھے! صورت حال یہ ہے کہ ایک ملک نے اپنا ایک وفد اقوام متحدہ بھیجا۔ اس دوران میں اس ملک پر حملہ ہوا اور وہ مفتوح ہو گیا۔ اور وفد بھیجنے کے احکام واپس لے لئے گئے۔ اس لئے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا مجلس تحفظ اس صورت حال پر کسی قسم کا مباحثہ کر سکتا ہے یا۔

سر راما سوامی نے کہا کہ حیدر آباد کے نمائندے کا یہ کہنا کہ غیر معمولی ... [illegible] ... ہوا ہے ... [illegible]

سر الیگزینڈر کیڈوگن نے فرانس کی تائید سے کہا کہ حیدر آبادی وفد کی تصدیق کے لئے فریقین کے نمائندوں کو مدعو کیا جائے اس کے بعد سر مدلیار اور نواب معین نواز جنگ بحث کے لئے کونسل کی میز پر بیٹھ گئے۔ سر مدلیار نے ان دستاویزات میں سے جو حیدر آبادی وفد نے اپنی شہادت میں پیش کی تھیں دو دستاویزیں بھی ذکر کیا جن سے یہ ثابت ہوتا تھا کہ جس وقت ......

حیدر آباد کی طرف سے شکایت پیش کی گئی تھی اس وقت نظام آزاد نہیں تھے۔ پہلی دستاویز تو نظام کے نام لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا ایک خط تھا جس میں اس امر کا یقین دلایا گیا تھا کہ اگر تحریک معاہدہ ہو جاتا تو ہندوستان اور حیدر آباد کے تعلقات بہتر ہو جاتے۔ دوسری دستاویز لارڈ ماؤنٹ بیٹن اور وزیر اعظم حیدر آباد کے درمیان ملاقات کا نوٹ تھے یہ ملاقات ۸ جون کو ہوئی تھی اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے صاف طور پر بتا دیا تھا کہ نومبر کے واقعہ سے حکومت ہند کو حیدر آباد کے نظم و نسق پر اعتماد نہیں رہا۔

غنڈہ گردی

سر راما سوامی نے کہا کہ نومبر کے واقعہ کے وقت نظام آزاد نہیں رہے تھے۔ بلکہ وہ غنڈوں کی ایک مختصر جماعت کے ہاتھوں بے بس ہو چکے تھے۔ آج وہ پھر آزاد ہو گئے ہیں کہ وہ اپنے خاندان۔ اپنی ریاست اور اپنی رعایا کے مفاد کے مطابق کام کریں۔

حیدر آبادی وفد کے اس الزام کا کہ ریاستی خبروں کو باہر نہیں آنے دیا جاتا۔ جواب دیتے ہوئے سر مدلیار نے کہا کہ آج صبح میں نے پنڈت نہرو کو فون کیا ہے کہ وہ اس امر کی اطلاع دی کہ ریاستی خبروں پر سنسر عائد ہے تو انہوں نے کہا کہ بیسیوں جرنلسٹ اس وقت حیدر آباد میں موجود ہیں۔ سر مدلیار نے اس امر کا اعتراف کیا کہ ان چار پانچ دنوں میں جب کہ ہندوستانی فوج بڑھ رہی تھی خبروں پر سنسر لگانا ضروری تھا لیکن ۱۸ ستمبر سے سنسر ہٹا دیا گیا ہے سر مدلیار نے کہا کہ ریڈیو نگاروں کا ایک ذخیرہ موجود تھا جس میں سے اصول ... [illegible] ... حالات تیزی سے معمول پر آتے جا رہے ہیں ... [illegible]

ہندوستان میں فرانس اور پرتگال کی نو آبادیاں ختم کیجائیں

کانگریس کے محکمہ امور خارجہ کے سکریٹری کا بیان

نئی دہلی ۲۸ ستمبر۔ آل انڈیا کانگریس کے محکمہ امور خارجہ کے سکریٹری ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے ایک بیان میں یہ کہا کہ ہندوستان میں غیر ملکی نو آبادیوں کے ساتھ آئندہ تعلقات کا فیصلہ کیا جائے تو یہ نو آبادیاں ملک کے امن کے لئے خطرناک ثابت ہوں گی۔

آپ نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ ہندوستان میں فرانسیسی اور پرتگالی نو آبادیوں کو جلد از جلد ختم کیا جائے۔ ان کے مستقبل کا فیصلہ جلد ہو جانا چاہئے۔ آپ نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ یہ مسئلہ امن طریقہ سے جلد ہی حل ہو جائے گا۔ اگر ان نو آبادیوں کو موجودہ شکل میں قائم رہنے کی اجازت دی گئی تو مستقبل قریب میں یہ ہندوستان کے امن کے لئے خطرے کا باعث بن جائیں گی۔ ... [illegible] ... ہو لہٰذا پانچ فرانسیسی نو آبادیوں میں ... [illegible] ... کے بعد عام نمائندوں کی پانڈیچری میں ... [illegible] ... میں لوگوں کی رائے معلوم کرنے کی تاریخ اور متعلقہ ... [illegible] ... کیا جائے گا اس میٹنگ میں جو فیصلہ کیا جائیگا فرانسیسی نو آبادیوں کے گورنر کو بھیجا جائیگا۔ گورنر حکومت فرانس کے ساتھ مشورہ کرنے کے بعد لوگوں کی رائے لینے کی تاریخ کا اعلان کریگا استصواب رائے کے دوران میں حکومت ہند ... [illegible] ... بھی تمام نو آبادیوں میں موجود ہوں گے۔ فرانسیسی رعایا کے ایک نمائندے نے بتایا ہو کہ حکومت فرانس نے بار بار یہ اعلان کیا ہو کہ فرانسیسی نو آبادیوں کے باشندوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کی آزادی ہو۔ حکومت فرانس اس بات کے لئے ہر ممکن کوشش کریگی کہ لوگوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے آزادی سے رائے دینے کا موقع مل سکے۔ نمائندہ مذکور نے مزید کہا ہو کہ اس سلسلے میں غیر جانبدارانہ فضا پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

چین میں سرکاری فوجوں کو خطرہ

لندن ۳۰ ستمبر۔ چین میں ہم کی جنگ کے بعد ... [illegible] ... کا یہ ان ... [illegible] ... سرکاری فوجی پوزیشن اور بھی خطرناک ہو گئی ہے چینی سمر اس پوزیشن کو سمجھ رہے ہیں نہیں دیکھ سکتے۔

شمال میں سرکاری فوجوں کے ... [illegible] ... ہو گیا ہے اگر کمیونسٹوں کو سپلائی ... [illegible] ... ہو گی۔ اس سے مرکزی اور شمالی چین کی سرکاری فوجیں ... [illegible] ... میں منقسم ہو جائیں گی۔ ... [illegible] ... سرکاری فوجوں کے متعلق تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ فوجی نقطہ نظر سے سینان پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جانے کے نتیجہ نقصان پہنچا ہے اس کے علاوہ حکومت کے وقار کو بھی زبردست دھکا لگا ہے اس بات کو خاص طور پر محسوس کیا جا رہا ہے کہ ایک فوجی کمانڈر ... [illegible] ... کے ساتھ جا ملا ہے۔

امریکہ میں ہوائی فوج میں بھرتی

واشنگٹن ۳۰ ستمبر۔ آج ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا کہ امریکی فضائیہ میں ... [illegible] ... اشخاص کی ضرورت ہے جن بھرتی کرنے ... [illegible] ... اشخاص بھرتی ہونے کے ... [illegible] ... اور کوئی بھرتی نہیں کی جائیگی۔

روس اقوام متحدہ سے الگ نہیں ہوگا

مسٹر ولیشنسکی کا بیان

لندن ۳۰ ستمبر۔ لندن کے اخبار ڈیلی ہیرلڈ میں آج مسٹر ولیشنسکی کا ایک بیان شائع ہوا کہ روس اقوام متحدہ سے الگ نہیں ہوگا۔ مسٹر ولیشنسکی پیرس میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں روس کے نمائندے ہیں۔ اس اخبار نے لکھا ہے کہ مسٹر ولیشنسکی یہ بیان روسی سفارت خانے ... [illegible] ... کے نامہ نگار ... [illegible] ... طور پر دیا تھا مسٹر ولیشنسکی نے اسکو انگریزی میں بتایا کہ ہم اقوام متحدہ سے الگ نہیں ہوں گے۔ ہم اس میں شامل رہیں گے اور دنیا کی دوسری اقوام کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

مشرقی ہندوستان میں طغیانی رد عمل

بہت سے بنگالی بے گھر ہو گئے

پٹنہ ۲۹ ستمبر۔ دریائے گنگا کے معاون ندی ... [illegible] ... اور سیلاب آنے سے ضلع دربھنگہ میں تقریباً ... مواضعات کو نقصان پہنچا اور ... مربع میل زمین زیر آب ... اندازہ ہے۔ تقریباً ڈیڑھ لاکھ ... [illegible] ... نقصان اٹھانا پڑا۔ کلکتہ سے آمدہ خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ دریائے گنگا، بھاگیرتی، جلانگی اور ... مغربی بنگال کے ضلع مرشد آباد میں طغیانی پر ہیں ... [illegible] ... بہت سے حصے سیلاب کی نذر ہو گئے ہیں۔ بہت سے بنگالی بے گھر ہو گئے ہیں اور بہت سے خطرہ میں ہیں۔ لوگ سیلاب سے نکل کر قریبی مکانوں میں پناہ لیتے دیکھے گئے ہیں سیلاب زدہ علاقوں کی امداد کا کام جاری ہے۔ پھر بھی یہاں تشویش پیدا ہو رہی ہے۔

پیرس سے قبل برلن کے جھگڑے کی سماعت نہ ہوسکیگی

مغربی طاقتوں کا اطلاعی خط آج مسٹر لی کو مل جائے گا

پیرس ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ، فرانس اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کی طرف سے ... [illegible] ... برلن کا مسئلہ مجلس تحفظ کے سپرد کیا گیا ہے۔ لیکن یہ مقدمہ شاید اگلی پیر سے قبل پیش نہ ہو سکے۔ ... [illegible] ... ان کی تیاری برابر جاری رہی۔ لیکن مسٹر ٹریگوے لی کو جو مسئلہ کے بارے میں خط بھیجا گیا ہے شاید وہ آج ان تک پہنچ جائے۔ ... [illegible] ... ہنگامی مسئلہ تصور کئے جانے کا کوئی امکان نہیں۔ ... [illegible] ... مندوبین ہوں گے۔ لیکن شاید افتتاحی اجلاس کی صدارت مسٹر ... کریں۔ اگر مجلس تحفظ نے برلن کے مسئلہ پر سوچ بچار شروع کر دیا تو شاید ڈاکٹر ... سے جلسہ کی صدارت کی درخواست کی جائے کل شب سرکاری طور پر اس بات کا اعلان کیا گیا کہ تینوں بڑی طاقتوں کی طرف سے مسٹر ٹریگوے لی کو برلن کا معاملہ اقوام متحدہ میں پیش کرنے کے لئے جو نوٹ بھیجا جا رہا ہے وہ آج تین بجے دن تک پہنچا دیا جائے گا۔

میرٹھ میں وزراء کی دعوت

میرٹھ ... آنریبل وزیر ریاست پنڈت کیشو دیو مالویہ اور آنریبل وزیر زراعت مسٹر ... احمد شیروانی نے حکیم سید محمد الیاس صاحب ... کی دعوت پر شرکت کی۔ اس پارٹی میں تقریباً پچاس افراد شریک تھے۔ جن میں میرٹھ کے عہدہ دار اور میرٹھ کانگریس کے اہل افراد نیز ایم۔ ایل۔ اے صاحبان بھی شامل تھے۔ ... [illegible] ... ممبر ضلع کانگریس کمیٹی مسٹر ... پرکاش صدر ... کانگریس اور ... انعام اللہ خاں ممبر صوبہ کانگریس نے مہمانوں کو ... [illegible]

کانگریس کے اجلاس میں نمائش بھی ہوگی

بمبئی ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ جے پور میں انڈین نیشنل کانگریس کے سالانہ اجلاس کے موقع پر ہندوستان مزدور سیوک سنگھ اور انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے زیر اہتمام لیبر نمائش کا انتظام کیا جائے گا۔ اس نمائش میں اشتہاروں کے ذریعہ اس بات پر زور دیا جائے گا کہ دوسرے ملکوں کے مقابلہ پر ہندوستانی مزدوروں کی حالت کو کس حد تک بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ ان اشتہاروں میں ضروری امداد و شمار بھی دیئے جائیں گے۔

اعلیٰ عہدہ دار کی نظر بندی

سکندر آباد ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست حیدر آباد کے بنک کے ڈپٹی منیجر خاں بہادر ... [illegible] ... وقت اپنے مکان میں اسیر ہیں۔ ... [illegible] ... کو مسٹر ... [illegible] ... حیدر آباد کے بنک کے عہدہ ... [illegible] ... فائننس سکریٹری تھے۔

حیدر آباد کے فوجی گورنر کی پنڈت نہرو اور سردار پٹیل سے ملاقات

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ حیدر آباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری اور مسٹر ڈی سی باکلے چیف سول ایڈمنسٹریٹر نے کل وزیر اعظم پنڈت نہرو صاحب و وزیر اعظم سردار پٹیل سے ملاقات کی نیز ریاستی وزارت کے سکریٹری مسٹر وی پی مینن سے طویل گفتگو کی فوجی گورنر اور سول ایڈمنسٹریٹر بذریعہ ہوائی جہاز حیدر آباد سے پرسوں نئی دہلی آئے تھے۔ ملاقات کا سلسلہ آج بھی جاری رہے گا پتہ چلا ہے کہ دونوں افسروں کے نئی دہلی آنے کا مقصد حکومت ہند کو ریاست کے موجودہ سیاسی و انتظامی حالات سے پورے طور پر باخبر کرنا ... ریاست کے نظم و نسق کی بحالی، رضاکاروں کے خاتمہ اور میر لائق علی کی وزارت کے ... [illegible] ... کے بارے میں حکومت ہند کی ہدایات حاصل کرنا ہے میجر جنرل چودھری اور مسٹر باکلے آج شام کو حیدر آباد واپس ہو جائیں گے۔

چودھری حیدر آباد کے فوجی گورنر آج صبح حیدر آباد سے دہلی پہنچ گئے۔ آپ حکومت ہند سے حیدر آباد کے انتظامی معاملات کے بارے میں صلاح و مشورہ کریں گے آپ یہاں کمانڈر انچیف کے ہاں کی حیثیت سے رہیں گے مسٹر باکلے حیدر آباد کے چیف ایڈمنسٹریٹر بھی آپ کے ہمراہ ہیں۔

سکندر آباد ۳۰ ستمبر۔ سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ پرائیویٹ شخصوں کے پاس آتشیں اسلحہ ایک ماہ کی مدت ... فوج کے حوالے کئے جا چکے ہیں۔ ... [illegible] ... اس کے علاوہ ... تلواریں اور دوسرے اسلحہ اس کے علاوہ ہیں۔ فوجی گورنر نے اسلحہ کی واپسی کی مدت میں مزید ایک ہفتہ کا اضافہ کر دیا ہے۔

حیدر آباد میں کوئی سنسر نہیں

حکومت ہند کی طرف سے ظفر اللہ کی تردید

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ حکومت ہند کے ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ سر ظفر اللہ خاں نے ۲۸ ستمبر کو جنرل اسمبلی کے سامنے تقریر کرتے ہوئے بتایا تھا کہ ... [illegible] ... حیدر آباد میں سخت ترین سنسر ... [illegible] ... حکومت ہند ... [illegible] ... پریس پر کوئی سنسر نہیں ... [illegible]

میجر جنرل چودھری دہلی پہنچ گئے

... [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت
اپنے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

ضروری نوٹ

جن ایجنٹ صاحبان نے باوجود یاد دہانی کے ابھی تک بلوں کی ادائیگی نہیں فرمائی یا جن کے ذمہ ضمانت کی رقم باقی ہے وہ جلد سے جلد کل مطالبہ ادا کر دیں ورنہ ان کی ایجنسیاں بند کر دی جائیں گی۔ اور دوسرے ایجنٹ صاحبان کو دیدی جائیں گی۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

ضروری اطلاع

بعض آدمی موجودہ ایجنٹوں کو نقصان پہونچانے کے لئے فرضی خط لکھ دیتے ہیں اس لئے تمام ایجنٹ صاحبان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے مخصوص دستخط ایک صاف کاغذ پر کر کے دفتر میں بھیجدیں تاکہ ایجنسی کے متعلق کوئی خاص کاروائی عمل میں آئے تو دستخط ملا لئے جایا کریں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

یہ منی آرڈر کس نے بھیجا ہے؟

۲۵ ستمبر کو مبلغ چالیس روپے کا منی آرڈر وصول ہوا جس کی کوپن پر بھیجنے والے صاحب نے اپنا نام اور پتہ تحریر نہیں کیا ہے۔ اور نہ یہ لکھا ہے کہ روپے کس مد میں بھیجے گئے ہیں۔ جن صاحب کا یہ منی آرڈر ہو براہ کرم اپنے پتہ اور دیگر تفصیلات سے فوراً مطلع فرمائیں۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

ضرورت

مفید عام اسکول کے لئے ایک مدد گار کی ضرورت ہے اور ایک ایسے انگریزی داں کی ضرورت ہے جو انگریزی زبان کے علاوہ انگریزی گرامر پر بھی حاوی ہوں۔ ۹ بجے سے ۱۰ بجے تک مفید عام اسکول باڑہ ہندو راؤ ... [illegible] ... میں تشریف لا کر معاملہ طے کریں۔

مہتمم

دارالسلطنت

۲۹ ستمبر ۱۹۴۷ء

جمنا میں ڈوب گیا

دہلی پولی ٹیکنک کا ایک چوبیس سالہ طالب علم جمنا میں ڈوب کر مر گیا۔ واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ وہ اپنے بعض دوستوں کے ساتھ دریا کی سیر اور کشتی رانی کے لئے گیا۔ سیر کے دوران میں اس نے کشتی سے پانی کو چھونا چاہا کہ وہ پھسل گیا اور دریا میں گرتے ہی وہ فوراً ڈوب گیا۔ ابھی تک لاش برآمد نہیں ہوئی۔

دو جیب کتروں کو سزا

ایک ۵۴ سالہ شخص ... کو ... مجسٹریٹ نے دو روپے ... کے جرم میں ایک سال قید سخت کی سزا دی۔ ملزم کو ۱۹۳۱ء میں بھی اس جرم میں سزا مل چکی ہے۔ دوسرا ... نامی ایک شخص کو جو پہلے ۹ سال قید میں گذار چکا ہے جیب کترنے کے جرم میں ۲ سال قید سخت کی سزا دی گئی۔

افیم ملی

دہرام پورہ میں پولیس نے تین اشخاص کو گرفتار کیا ہے ان کے پاس سے ... تولہ افیم برآمد ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ افیم کی ناجائز تجارت کرتے تھے۔

پناہ گزین کیمپوں میں گاندھی جینتی

کل دہلی میں پناہ گزینوں کے مختلف کیمپوں میں گاندھی جینتی منائی گئی۔ اجتماعی پرارتھنائیں ہوئیں، چرخہ چلایا اور گاندھی جی کی زندگی پر تقریریں کی گئیں۔

ایک ڈرائیور کو سزا

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مسٹر ... لال ... نے ایک فوجی لاری کے ڈرائیور کو آج ایک سال قید سخت کی سزا دی۔ کہا جاتا ہے کہ ملزم نے اپنی گاڑی کو ایک بس سے لڑا دیا تھا جس سے ... سنگھ نامی ایک شخص کو شدید ضربات آئیں۔

چیف کمشنر کی مشاورتی کمیٹی کا جلسہ

نئے ممبروں نے حلف اٹھایا

۲۹ ستمبر۔ کل چیف کمشنر دہلی کی ایڈوائزری کمیٹی کا ایک اجلاس چیف کمشنر کے دفتر میں منعقد ہوا جو تین گھنٹے تک جاری رہا۔ کمیٹی کے نئے ممبر ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ اور ... نے حلف وفاداری اٹھایا۔ چیف کمشنر مسٹر ... نے ممبروں کو یقین دلایا کہ وہ ممبروں کی تجویزوں کو پوری طرح عمل میں لانے کی کوشش کریں گے۔ ... نے چیف کمشنر صاحب کو یقین دلایا کہ وہ ان سے پورا تعاون کریں گے۔ میٹنگ میں گورنر جنرل پاکستان قائد اعظم جناح کی میت پر ایک ماتمی ریزولیشن کے ذریعہ اظہار افسوس کیا گیا اور ایک دوسرے ریزولیشن میں حیدرآباد میں ہندوستانی فوجوں کی کامیاب پولیس کارروائی پر حکومت کو مبارکباد دی اور ہندوستانی فوجوں کی بہادری کا اعتراف کیا۔ کمیٹی کا آئندہ اجلاس ۹ اکتوبر کو منعقد ہوگا۔

ہر قسم کا بجلی کا سامان

... الیکٹرک اسٹور ... صادق ... بازار ... دہلی سے طلب کریں۔

محمد حیات الدین

عزیزم وہاب الدین فیروز آبادی

تمہارے بلا اطلاع گھر سے چلے جانے کی وجہ سے تمام گھر والے سخت پریشان ہیں۔ تمہاری والدہ ... بہت زیادہ پریشان ہیں۔ تم جہاں کہیں بھی ہو اس اعلان کو دیکھتے ہی فوراً گھر آ جاؤ۔ ... آنا ... سے کوئی باز پرس نہ ہوگی۔

وہاب الدین ولد شہاب الدین ... رنگ گندمی ... عمر ... ۲۹ ستمبر ... سے غائب ہے ... جو صاحب ان کی خدمت میں اطلاع فرما ... اخراجات سفر وغیرہ ... پیشگی ... شہاب الدین ... فیروز آباد ضلع آگرہ

گاندھی میلہ

دہلی میونسپلٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ ۲ اکتوبر کو گاندھی جی کے یوم پیدائش کے موقعہ پر ایک میلہ منعقد کیا جائے۔ یہ میلہ کمپنی باغ میں نمائش کے میدان میں ہوگا اور ہر خیال کے لوگوں کو اس میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ روشنی اور سجاوٹ کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ پبلک ایڈریس سسٹم نصب کیا جائے گا۔ شام کو گاندھی جی کی تقریریں سنائی جائیں گی اور پیارے ... کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے۔ میونسپلٹی نے ہر خیال کے لوگوں اور مسلم جماعتوں سے اس میلہ میں شرکت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔ اس بارے میں سیکرٹری میونسپل کمیٹی سے ضروری معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

چوری کا واقعہ

نواب گنج میں گذشتہ شب ایک مکان کا تالا توڑ کر چور داخل ہوئے اور ہر چیز کا سامان لے کر بھاگ گئے۔ کہا جاتا ہے کہ کل نقصان ۲۲۰۰ روپیہ کا ہوا۔

پولیس نے بازار ... چاندنی چوک سے ... رام نامی ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ یہ چوری کے زیورات فروخت کر رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ زیورات ایک ... کے یہاں سے چوری کئے گئے ہیں جہاں یہ ملازم تھا۔

دو ہزار اینٹیں چرالیں

دہلی کے قریب ایک گاؤں کے ... پر الزام لگایا گیا ہے کہ اس نے ہزار سرکاری اینٹیں چرالیں۔ اینٹیں ... بھٹے سے چرائی گئیں۔

پہاڑ گنج کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ... کا ایک سوداگر ... اس ... سے ... دہلی آیا تھا۔ اس کے تین ہزار روپے چرائے گئے۔ یہ اس وقت کا ذکر ہے جب وہ پہاڑ گنج میں سواری ... رہا تھا۔

کانگریس سب کمیٹی کا جلسہ عام

پروگرام کے مطابق کانگریس کمیٹی ... کی ... سب کمیٹی کا پہلا جلسہ ۵ ستمبر کو ... بجے شب ... جس کی صدارت مولانا محمد ... صاحب دہلوی ... صدر کانگریس کمیٹی نے فرمائی۔ آپ نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ کانگریس آپ کی مصیبت اور مشکلات سے واقف ہے اور ان کے دور کرنے کے لئے انتہائی کوششیں کر رہی ہے۔ ... صدر کی تقریر کے بعد مولانا عبد الماجد صاحب ... حضرت ... آصف علی ... مسٹری رام سروپ جی، ... واحد ... اور مولانا اخلاق صاحب کی تقریریں ہوئیں۔ مولانا عبد الماجد صاحب نے ایک طویل اور بصیرت افروز تقریر میں بتایا کہ انگریز نے ہندو مسلمانوں کو لڑانے کی کوشش کی۔ آپ نے فرمایا ہم کو انگریز کی اس چال سے باخبر رہنا چاہیے۔ آخر میں مولانا محمد ... صدر جلسہ نے لوگوں کو آئندہ کا پروگرام بتایا اور باشندگان ... کا شکریہ ادا کیا۔

سزائے موت

پریتم سنگھ اور جوگندر سنگھ نامی دو اشخاص کو کل ... ایڈیشنل سیشن جج دہلی نے سزائے موت دی۔ ان پر الزام تھا کہ انہوں نے ... کو جان سے مار ڈالا۔ ... شخص ... کی بیوی سے ... مذاق ... شروع کر دیا تھا۔

نائب وزیر مواصلات

دہرہ دون ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر ... کو ... نائب وزیر مواصلات بنایا جائے گا۔

حکومت ہند کو سال کے آخر میں ڈھائی ارب کا خسارہ رہیگا

خسارہ پورا کرنے کے لئے نئے ٹیکس لگائے جائیں گے؟

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ توقع ہے کہ حکومت ہند کرنسی کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لئے اپنی تجاویز اسی ہفتہ میں مرتب کر لے گی۔ اقتصادی ماہرین، کارخانہ داروں اور لیڈروں کی رپورٹوں پر پہلے سے غور کیا جا رہا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر خرچ موجودہ رفتار سے بڑھتا رہا تو سال کے آخر میں ڈھائی ارب روپیہ خسارہ رہے گا۔ اس لئے حکومت کے سامنے خاص مسئلہ یہ ہے کہ کرنسی کا مزید پھیلاؤ کیسے روکا جائے۔ اس مقصد کے لئے ایک تجویز یہ ہے کہ ایسی اسکیموں پر عمل ملتوی کیا جائے جن سے ... ہونے کی امید ہو۔ سوشل سروس کے خرچ میں تخفیف کی جائے ... اس سلسلہ میں صوبائی گرانٹوں کو بھی کم کیا جائے گا۔ اس طرح ... پچاس کروڑ روپیہ بچ جائے گا۔ باقی کو پورا کرنے کے لئے نئے ٹیکس لگانے اور بڑھانے کی تجاویز زیر غور ہیں۔ کرنسی کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لئے ایک تجویز یہ ہے کہ لازمی بچت کی اسکیم نافذ کی جائے جس کے مطابق زیادہ آمدنی والوں کو اپنی آمدنی کا کچھ حصہ جمع کرانا ہوگا۔

سمپورنا نند کا میرٹھ کالج میں ورود

گاندھی جی کی تصویر کی نقاب کشائی

میرٹھ ۲۹ ستمبر۔ حکومت یوپی کے وزیر تعلیمات مسٹر سمپورنا نند نے پیر کے دن میرٹھ کالج میں گاندھی جی کی تصویر کی نقاب کشائی کی۔ آپ نے کالج کے ان طلباء کی عسکری قواعد کا بھی معائنہ کیا جنہیں لازمی فوجی تربیتی منصوبہ کے تحت تربیت دی جا رہی ہے۔ اس موقعہ پر مسٹر سمپورنا نند نے ایک تقریر بھی کی جس میں انہوں نے بتایا کہ چونکہ ہندوستان امن پسند ملک ہے پھر بھی اسے ہر خطرہ کا خواہ وہ اندرونی ہو یا بیرونی مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہونا چاہیے۔

وزیر تعلیمات مسٹر سمپورنا نند نے ایک جلسہ عام کو بھی خطاب کیا۔ آپ نے کہا کہ ہندوستان جنوبی ایشیا کی سب سے طاقتور قوم ہے اور بین الاقوامی امور میں اسے اہم پارٹ ادا کرنا ہے۔ اس سے قبل وزیر تعلیمات نے مودی سائنس کامرس کالج کا افتتاح کیا اور ایک جگہ مزدوروں کو خطاب کیا۔

۲ اکتوبر کو عام تعطیل

نئی دہلی۔ ۲۹ ستمبر مرکزی حکومت کے ایک تازہ اعلان کے مطابق ۲ اکتوبر کو تمام ہندوستان میں عام تعطیل رہے گی۔ اس دن گاندھی جی کا یوم پیدائش منایا جائے گا۔

دو نئے وزیروں کا تقرر

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ ایک کمیونک میں اعلان کیا گیا ہے کہ آئین ساز اسمبلی کے دو ممبر مسٹر ... اور مسٹر خورشید لال وزارت میں لئے گئے ہیں۔ ... ریلوے اور آمد و رفت کے وزیر کے کام میں ہاتھ بٹائیں گے اور مسٹر خورشید لال محکمہ ڈاک خانہ جات وغیرہ کے وزیر کا۔ دونوں وزیر یکم اکتوبر سے اپنے عہدوں کا چارج لیں گے۔

رضا کار امن پسند شہریوں کیلئے ہوا تھے

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ ایک فوجی ممبر نے بیان دیتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد میں رضا کار امن پسند شہریوں کے لئے ہوا بنے ہوئے تھے ... نے دیہات کے شہریوں کی زبردست لوٹ کھسوٹ کی۔ ریاست کا نظم و نسق ... اور اہم ساہیوں پر رضا کاروں کے ایجنٹ مامور تھے۔ وہ حکم کھلا طور پر آزاد مسلم ریاست کے قیام کا اعلان کیا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ حیدرآباد کو ... پاکستان ... جہاں بھی رضا کاروں کی کسی نے مخالفت کی اس کو انہوں نے بہت تیزی کے ساتھ کچل کر رکھ ڈالا۔

نظام کے وزیر اعظم ... لائق علی مسٹر قاسم رضوی کے ہاتھ میں کٹھ پتلی تھے ... رضوی کی انجمن کو تقویت پہنچانے میں کوئی کسر باقی نہیں اٹھا رکھی تھی ... انجمن اتنی طاقت پکڑ گئی کہ نظام کی حیثیت بھی ایک قیدی کی سی ہو گئی ... اتحاد المسلمین کے خلاف ... وزیر اعظم ... کی ... پروا نہ کی گئی اور رضا کاروں کے مظالم کسی سے چھپے ہوئے نہیں تھے ان کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ (...)

ٹیلیفون بنانے والی فیکٹری

دیکھا رہی ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ شیخ عبد اللہ وزیر اعظم کشمیر بھی دہلی آئے ہوئے ہیں۔

بنگلور ۲۹ ستمبر۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی وزیر مواصلات حکومت ہند یکم اکتوبر کو ٹیلیفون تیار کرنے والی فیکٹری کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ یہ فیکٹری بنگلور سے ... میل کے فاصلہ پر واقع ہوگی۔ مستقل عمارت کی تعمیر سے قبل فیکٹری کا کام عارضی ورکشاپ میں شروع ہوگا۔ توقع ہے کہ نومبر سے کام شروع ہو جائے گا۔

"مجھے کچھ نہیں کہنا"

لندن ۳۰ ستمبر۔ لندن میں پاکستان کے ہائی کمشنر مسٹر رحمت اللہ سے جب ہندوستان سے آنے والی اطلاعات کے مطابق پوچھا گیا کہ ریاست حیدرآباد کے حساب میں سے ... لندن کے ایک بنک میں ... کے حساب میں منتقل کر دئے گئے ہیں تو انہوں نے کہا کہ "مجھے کچھ نہیں کہنا"۔

حیدرآباد میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

احتیاطی اقدامات اختیار کرلئے گئے

سکندرآباد ۲۹ ستمبر۔ ورنگل اور نالگونڈہ سے جہاں کمیونسٹوں کا پہلے ہی اقتدار تھا ان کی مزید سرگرمیوں کی اطلاع موصول ہوئی ہے لیکن فوجی حکام صورت حال پر قابو پانے کے لئے پوری طرح تیار ہیں۔ احتیاطی اقدامات بھی اختیار کرلئے گئے ہیں اور یقین ہے کہ ہندوستانی فوجیں عنقریب ان اضلاع میں پہنچ جائیں گی۔

پولیس کی امداد مدراس سے پہنچ گئی ہے جس کا کام یہ ہوگا کہ ... اضلاع میں گشت کرے۔

پنڈت نہرو کا دورہ کشمیر

سری نگر ... ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو یکم اکتوبر کو کشمیر کا دورہ کریں گے اور دوسرے دن واپس دہلی آجائیں گے ... پنڈت نہرو کے اس دورہ کو سیاسی حلقوں میں کافی اہمیت ...

ہند اور پاکستان کے مابین تجارتی کنٹرول کے قاعدے نرم کردیئے گئے

دونوں مملکتوں کے مابین ایک اور معاہدہ!

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حکومت ہند و حکومت پاکستان کے مابین بعض اشیاء کی تجارت کے بارے میں کنٹرول کے قاعدوں کے نرم کرنے سے متعلق ایک معاہدہ ہو گیا ہے ... کے نام درج ذیل ہیں۔

... سامان جو مہاجرین اپنے ہمراہ ... لے جائیں ... گھریلو سامان ... سائیکل، گراموفون، ریڈیو ... سلائی کی مشینیں، ڈاکٹری کا سامان ... مویشی ... سرٹیفکیٹ ... بنیان ... مہاجرین ... اشیاء کا اسٹاک ... حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

— سرسلطان احمد ... ڈاکٹر تارا چند سیکریٹری وزارت تعلیمات نے میرٹھ کالج کی تقریب ... کا افتتاح کرتے ہوئے تاریخ کے مطالعہ کی اہمیت پر زور دیا ... تاریخ کے مطالعہ کا مطلب ... ڈاکٹر تارا چند نے ... انسائیکلوپیڈیا ... کی تشکیل ... کا مقصد ... بتایا۔

— جبل پور ... ستمبر۔ سولہ سترہ سال کی ایک لڑکی کی لاش جبل پور ... اسٹیشن پر ایک فولادی ٹرنک میں برآمد ہوئی۔ اس ٹرنک کے مالک کا پتہ نہیں لگ سکا۔ لاش جبل پور ... سے برآمد ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ لڑکی کو رسی سے پھندا ڈال کر ہلاک کیا گیا تھا۔ لاش تازہ بتائی جاتی ہے اور کسی قسم کے زخم کے نشان نہیں تھے۔

برما میں باغیوں نے دو اسٹیشنوں کو آگ لگادی

رنگون ۲۹ ستمبر۔ حکومت برما نے اعلان کیا ہے کہ باغیوں نے رنگون ... کی برانچ ریلوے لائن پر دو اسٹیشنوں کو آگ لگا دی ہے اور ایک پل کو بھی ... اس علاقہ میں فوجوں اور باغیوں میں ... گھنٹے تک جنگ ہوئی ... باغی ہلاک ہوئے ... باغی ... ہلاک ہوئے ... اور ... پولیس کے ... سے ... باغیوں ... حکومت نے ... پابندی عائد کر دی ہے۔

نسلی امتیاز کیخلاف انڈیا لیگ کی مہم

لندن میں عنقریب کانفرنس بلائی جائیگی

لندن ۲۹ ستمبر۔ برطانیہ میں مقیم ہندوستانیوں کو یہ یقین ہو چکا ہے کہ جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے خلاف ... انڈیا لیگ کی ... جنوبی افریقہ کی حکومت کو ... دوسرے ہندوستانیوں کے ساتھ ... اقوام متحدہ کی انجمن میں پیش کرنے کے لئے ... انڈیا لیگ ایک کانفرنس بلانے ... اقوام متحدہ کی انجمن میں پیش ... برطانیہ کی مختلف انجمنوں نے اس سلسلہ میں پوری امداد کا وعدہ کیا ہے۔ کانفرنس دوسری نو آبادیات میں آباد ہندوستانیوں کے متعلق بھی غور کرے گی۔

انڈیا لیگ کا خیال ہے کہ کانفرنس بلا کر جلد ... سوال پر ... اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

اس کانفرنس کو کامیاب بنانے میں پارلیمنٹ کے مختلف ممبر سرگرم حصہ لیں گے ... پارلیمنٹ نے بھی اس سلسلہ میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

انجمن طبیہ یوپی کی مجلس منتظمہ کا اجلاس

حکومت یوپی سے اہم مطالبات

لکھنؤ ... انجمن طبیہ یوپی کی مجلس منتظمہ کا اجلاس جناب حکیم عبد المجید صاحب ... کی صدارت میں ... آیورویدک اور یونانی ... کے حقوق ... یونانی سسٹم کی ... کمیٹی ... کے سلسلہ میں ... ایک وفد کی ترتیب ... کے نقطہ نظر پیش کرے گا۔

حکیم سید مشتاق احمد صاحب ... کی تحریک پر ... کیا گیا کہ اس سال انجمن طبیہ یوپی کا سالانہ اجلاس ... کیا جائے گا ... اجلاس ... امید کی جاتی ہے کہ یہ اجلاس اکتوبر کے آخر میں ہوگا۔

ہنگری میں نازک صورت حالات

جنیوا ۲۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ہنگری میں صورت حالات کشیدہ ہو گئی ہے۔ لوگوں کی مخالفت سے گھبرا کر ہنگری کی حکومت سختی پر اتر آئی ہے۔ حکومت کے خلاف سازش کرنے کے الزام میں تقریباً ایک سو اشخاص کو روزانہ گرفتار کیا جا رہا ہے۔

"الجمعیۃ" کے ایجنٹ صاحبان نوٹ کرلیں

ہفتہ وار الجمعیۃ کا پہلا پرچہ ۱۳ اکتوبر کو شائع ہو جائیگا

اور

اس کے بعد مسلسل ہر اتوار کو شائع ہوتا رہے گا

ایجنٹ صاحبان جتنے پرچے طلب کرنا چاہیں بحساب تین روپیہ فی پرچہ زر پیشگی فوراً ارسال فرما دیں۔ اخبار صرف ان ایجنٹوں کو بھیجا جائے گا جن کی پیشگی رقوم دفتر کو وصول ہو گئی ہوگی۔

خریداران صاحبان قیمت ارسال کرنے میں تاخیر نہ فرمائیں۔

سالانہ قیمت ۸ روپے ششماہی چار روپے آٹھ آنے قیمت ہمیشہ بذریعہ منی آرڈر بھیجئے۔ وی پی نہ طلب کیجئے۔

مشتہرین نوٹ فرمالیں کہ تاریخ اشاعت سے ایک ہفتہ قبل جو اشتہارات وصول ہو جائیں گے وہی شریک اشاعت ہو سکیں گے۔

عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر

AMICO COUGH SYROP

امیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا ہے، لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے ... ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے ... بچوں سے لیکر بڈھوں تک سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی، کالی کھانسی، خشک ہو یا تر ... سانس پھولنا، نمونیہ، انفلوئنزا کی کھانسی، امراض سینہ ... ابتدائی دق و سل کی کھانسی ... کے لئے بہت مفید اور کامیاب ہے۔

اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے۔ مدتوں کی پرانی کھانسی کے مریض اچھے ہو گئے ہیں۔ قیمت فی شیشی ... محصول ڈاک ... مزید معلومات و دیگر امراض کیلئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ: سول ایجنسی ... اینڈ ... لمیٹڈ (انگریزی دواخانہ) نمبر ۸ ... اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

بمبئی میں — وجے گاؤں کی مانعت — کیمیکل کونسل — کا — افتتاح
پاکستان میں — خوراک کی کمی — میسور — میں — غذائی — کنٹرول
یوپی — میں — آلو — پیدا — کرنے — کا — مقابلہ — مہاراجہ کشمیر — کا — دورہ

۲۸۳۰۰۰ جوار باجرہ ۱۱۲۰۰ ... ۱۲۷ ... ۱۰۴۹۰ ... ۱۲۰۰

بہار: آبپاشی کے لئے چھوٹے نالے وغیرہ تیار کرنے کے واسطے حکومت صوبہ بہار کاشتکاروں کی امداد کریگی۔ حکومت ہند نے اس مقصد کے لئے صوبائی حکومت کو ... لاکھ روپیہ عطا کیا ہے تاکہ ... اصل خرچ کا نصف کاشتکاروں کو بطور امداد دینے کے قابل ہو سکے۔

بمبئی: صوبائی حکومت نے ایک حکم کے ذریعہ بیلوں، اسانڈوں اور بھینسوں جو نسل کشی یا بار برداری کے کاموں کے قابل ہوں اور بچھڑوں کو ذبح کرنا ممنوع قرار دیدیا ہے اس کے علاوہ دودھ دینے والی یا بچے پیدا کرنے والی گایوں، بھینسوں ...

مہاراجہ ... کشمیر ... کے شہر ... دورہ ... آپ نے ... دوران میں ...

مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی مزید سماعت

پنچ کے بیانات پر جرح
لنچ کے بعد کی کارروائی

لنچ کے بعد مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی مزید سماعت ہوئی مزید جرح کے دوران میں مسٹر بڈگی نے کہا کہ اسے بمبئی میں سی۔ آئی۔ ڈی کے دفتر میں رکھا گیا تھا۔ بمبئی کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس مسٹر نگروالا اسپیشل برانچ (۱) اور (۲) کے انچارج ہیں ... کمرے میں رکھا گیا۔ جنوری ۱۹۴۸ء سے ... انسپکٹر کا منتظم تھے۔ ... اگست ... فوٹو ... لینے کے لئے لیجایا ...

... اسپیشل کورٹ کے سامنے مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی مزید سماعت ہوئی ... شہادت جاری ...

فلیگ ڈے کو کامیاب بنایئے اور فوجیوں کی امداد کیلئے چندہ دیجئے

پنڈت نہرو اور سردار بلدیو سنگھ کی مشترکہ اپیل

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ سابق فوجیوں اور ان کے کنبوں کی امداد کے لئے یکم اکتوبر کو فلیگ ڈے منایا جا رہا ہے۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ نے اپیل کی ہے کہ وہ ... فیاضی کا ثبوت دیں۔

پنڈت نہرو اور سردار بلدیو سنگھ کی مشترکہ اپیل حسب ذیل ہے۔

حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ یکم اکتوبر کو فلیگ ڈے منایا جائے۔ سابق فوجیوں اور ان کے کنبوں کے لئے اس دن ملک بھر میں چندہ اکٹھا کیا جائے گا تاکہ ان کی بحالی کا کام آسان ہو جائے۔ چندہ کی کل رقم اکٹھی ہوگی اس کا ایک حصہ ... کام کرنے والوں کی ... صرف کیا جائیگا۔

... گذشتہ برس آزادی حاصل کرنے ... افواج پر ذمہ داریوں کا ایک بھاری بوجھ آ پڑا ... ایک ایسے وقت پر جبکہ ان افواج کی از سر نو تنظیم ... ملک کے کچھ حصوں میں فسادات ... ہوگئے جن کی وجہ سے لاکھوں کو گھر بار چھوڑ کر ... آنا پڑا اور ہجرت کرنے والے لوگوں کی تنظیم کا کام ایک انتہائی مشکل کام تھا ...

ہماری ڈیفنس فورسز نے ہمت اور حوصلہ کا ... نہیں چھوڑا اور بجا طور پر ملک کے باشندوں کی شکرگزاری حاصل کی۔ انہیں ایک منظم فوج کی طرح کام کرنا ہے جو سارے ہندوستان کی نمائندہ ہو کسی ایک گروہ یا صوبہ کی۔ ...

پانچ اور دانی برائے فروخت

... معرفت الجمعیۃ دہلی

بچوں کی امداد کے لئے انجمن اقوام متحدہ کی اپیل

ہندوستانی کمیٹی کی چندہ کے لئے درخواست

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ انجمن اقوام متحدہ نے "اقوام متحدہ کی بچوں کے لئے اپیل" کے موضوع پر ایک اسکیم مرتب کی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ ... چندہ جمع کرنا ہوگا جو کہ مذہب و ملت قومیت یا سیاسی عقائد کا خیال کئے بغیر بچوں، نوجوانوں ... حاملہ عورتوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے خرچ کیا جائے گا۔

قومی کمیٹی

اس اسکیم کے خیر اندیش مقصد ... بین الاقوامی نوعیت کے پیش نظر ہندوستان سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ بھی اس امدادی اسکیم میں حصہ لے۔ ... کرنے کے لئے ایک قومی کمیٹی کی تشکیل کی گئی ہے جس کی صدر آنریبل راجکماری امرت کور ... آنریری سکریٹری ... آنریری خزانچی ...

ایس سی ... مسز ... شریمتی ... سرلا بہن ... شریمتی اندرا نہرو گاندھی ... شری ... بیگم کلثوم سیانی ... شریمتی ... کالے ... شریمتی کملا دیوی چٹوپادھیائے ... مسز ... مسٹر ... شریمتی ...

برما چھوڑ آنیوالے سرکاری ملازمین

۳۰ نومبر تک تنخواہ کا مطالبہ کر سکتے ہیں

نئی دہلی ۲۸ ستمبر۔ حکومت ہند کی وزارت امور خارجہ و تعلقات دولت مشترکہ کے ایک تازہ پریس نوٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ برما چھوڑنے والے سرکاری ملازمین تنخواہوں وغیرہ کے کلیم ۳۰ نومبر تک داخل کر سکتے ہیں۔

پریس نوٹ کا پورا متن حسب ذیل ہے۔

حکومت برما نے فیصلہ کیا ہے کہ برما چھوڑنے والے سرکاری ملازمین اس سے پہلے کی تنخواہ، الاؤنس چھٹیوں کی تنخواہ جس میں فالتو چھٹیوں کی تنخواہ بھی شامل ہے۔ وغیرہ کے بارے میں حکومت برما کے تمام سرکاری محکموں کے کلیم داخل کرنے کی آخری تاریخ ۳۰ نومبر ۱۹۴۸ء مقرر کر دی جائے لیکن یہ احکام دفتر جنگ ... افواج پر لاگو نہیں ہوتے کیونکہ ان کے لئے الگ احکام موجود ہیں۔ تمام متعلقہ اشخاص کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ۳۰ نومبر ۱۹۴۸ء کے بعد کوئی نیا کلیم داخل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ ... فیصلہ ... پر ان احکام کا کوئی اثر نہیں پڑتا ہے۔

مسٹر بیون کی تقریر کا رد عمل

پیرس ۲۸ ستمبر۔ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون نے روس کے ساتھ جھگڑے کے متعلق جو تقریر کی ہے ہندوستانی حلقوں میں اسے "ایک زبردست تقریر" قرار دیا جا رہا ہے۔ مسٹر بیون نے اپنی تقریر میں یہ کہا ہے کہ روس کی پالیسی کی بنیاد عدم تعاون کی اسپرٹ پر رکھی گئی ہے۔ اگر اتحادی اسمبلی کی سیاسی کمیٹی ابھی تک کامیاب نہیں ...

... نے مسٹر بیون کی تقریر کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ مسٹر بیون نے اس تقریر میں ان تمام مسائل کو واضح طور پر پیش کر دیا ہے جو مغربی یورپ کو پھر سے اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے راستے میں رکاوٹ پیدا کر رہے ہیں۔

دہلی ۲۰ ستمبر ... ہاؤس میں نئی دہلی میں مسٹر ... سابق ... کے خلاف تحقیقات شروع ہوئی۔ حکومت کی طرف سے تحقیقات کے لئے رائے بہادر ... مقرر ہوئے ... ماتحت افسروں پر ... الزامات لگائے گئے ہیں۔ ... نے الزام سے انکار کیا۔ ... وکیل سرکار نے عدالت میں ... صفائی کی طرف سے ... پیش ہو رہے ہیں۔

شرح اموات

بچوں اور حاملہ عورتوں کی ... ہندوستان میں ... شرح اموات ... ہندوستان کی ... ایک سال ...

کمیٹی کی اپیل

ہندوستان کی قومی کمیٹی نے تمام افراد اور انجمنوں سے اپیل کی ہے کہ ... ضروری فرض ... مشترکہ ... کوشش ...

نمبران کی فہرست

ہندوستانی قومی کمیٹی کے ممبران کی فہرست حسب ذیل ہے ...

جوانی کو ایکدم واپس لانیوالی تین چیزیں

اکسیر (رجسٹرڈ) موتی، مونگا، سلاجیت، فولاد اور تمام جڑی بوٹیاں اس میں شامل ہیں جو لیکوریا (سیلان) اور جریان کے لئے سو فیصدی مفید ہیں ... بیماریوں کیلئے اکسیر دنیا کی سب سے بڑی کامیاب ... قیمت فی شیشی ...

جیون (رجسٹرڈ) رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے سونا، مشک، عنبر و قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں، قیمت فی شیشی ... پندرہ روپے

طلاء مسیحی اس کو لگاتے ہی مردہ رگوں اور پٹھوں میں جان آجاتی ہے ... کی ساری خرابیاں ایکدم جاتی رہتی ہیں۔ اسکے لگانے سے نہ چھالے پڑتے ہیں ... قیمت فی شیشی ...

تصدیق جیون ...

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

سرمہ مقوی بصر ابتدائی نزول الماء کو روکنے، دھلکہ، آنکھ کی خارش، پلکوں کے گرنے، دانوں کے موٹے ہونے کی اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ)

سرمہ اصلاح چشم دھند، جالا، پھولا کے لئے اکسیر ہے بارہا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ تین روپے (سے)

سفوف شجاعی جریان، سرعت انزال، بکثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے جو خرابی صحت کی وجہ سے ناکارہ ہو گئے ہیں نہایت مجرب ہے بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ قیمت چالیس خوراک دس روپے (عنہ) فی خوراک چار آنے (ہم)

حب شمسی آتشک خواہ پرانی ہو یا نئی ایک ہفتہ میں ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے آزمودہ ہے۔ قیمت مکمل خوراک سات روپیہ (عہ)

حب مسیحی ہاضمہ، ریح، بواسیر، دردشکم، نفخ، امراض جگر کے لئے اکسیر ہے قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپیہ آٹھ آنے (عہ)

حب شیر میٹن بچوں کے امراض جگر، ڈبہ، دانت نکلنے کے لئے مفید ہے قیمت فی شیشی دس گولیاں دو روپے (عہ)

سفوف سلطانی سیلان الرحم کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے ہزاروں پر آزمائی جا چکی ہے۔ قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے ...

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحت ... ضلع بجنور



تپ دق کا کامیاب علاج
کیلسو (رجسٹرڈ)

حیدرآبادی وفد کو پاکستانی ڈیلیگیٹ کی شہ

معین نواز کی سلامتی کونسل سے شاہدین مقرر کرنے کی درخواست

پیرس ۲۹ ستمبر۔ اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کے اس سہ پہر کے اجلاس میں جب حیدرآباد کے مسئلہ پر غور جاری تھا حیدرآبادی وفد کے لیڈر نواب معین نواز جنگ کی طرف سے ایک خط پیش کیا گیا۔ اس خط میں نظام حیدرآباد کی اس ہدایت کا کہیں بھی تذکرہ نہیں ہے کہ سیکیورٹی کونسل سے حیدرآباد کے مقدمہ کو واپس لے لیا جائے۔

حضرت مولانا لقاء اللہ کی آمد

حضرت مولانا لقاء اللہ صاحب عثمانی پانی پتی ... دہلی میں مقیم ہیں ... تعلیم القرآن محلہ چوڑی والان گلی میں ہے ... (نامہ نگار)

مغربی پنجاب میں نیا ٹیکس

لاہور ۲۹ ستمبر۔ صوبہ میں مالی بحران کی افواہوں کے باوجود مغربی پنجاب کے وزیر خزانہ کو اس بات کی امید ہے کہ پنجاب کا اگلا بجٹ متوازن ہوگا۔

مسٹر ... سے حکومت کو جو نقصان ہوگا نہ صرف اس کی تلافی ہوگی بلکہ صوبائی حکومت کی آمدنی میں مزید اضافہ ہوگا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس مقصد کے لئے مغربی پنجاب کے کارخانوں سے جو روئی برآمد ہوگی اس پر فی ... ۲۰ روپے سے ۳۰ روپے تک کا ٹیکس لگایا جائے گا۔

”کشمیر کے مناسب حل کی بغیر ہندوپاکستان کے دوستانہ تعلقات ناممکن ہیں“

پشاور کے ایک جلسہ میں وزیراعظم پاکستان کی تقریر

پشاور ۲۹ ستمبر کل پشاور میں ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں نے کہا کہ ہندوستان اور پاکستان میں اس وقت تک دوستانہ تعلقات قائم نہیں ہو سکتے جب تک کہ کشمیر کے مسئلہ کا قابل اطمینان اور منصفانہ فیصلہ نہ ہو جائے۔

انہوں نے پنڈت نہرو کے اس بیان کا خیر مقدم کیا کہ وہ پاکستان سے دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتے ہیں لیکن انہوں نے کہا کہ پنڈت نہرو کو اپنے وعدے کی تصدیق نہیں بلکہ عمل سے تائید کرنی چاہئے۔ ہم بھی ہندوستان سے دوستانہ تعلقات رکھنے کے خواہش مند ہیں۔ لیکن یہ دوستی اس وقت تک قائم نہیں ہو سکتی جب تک کہ کشمیر کے مسئلہ کا منصفانہ اور قابل اطمینان فیصلہ نہ ہو جائے۔

... معاملہ کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ اگر ہم اس معاملہ کو سیاسی کمیٹی کے سپرد کر رہا ہے اور سیاسی کمیٹی اس پر بھی غور کرے گی کہ آیا اسمبلی کو اس معاملہ پر غور کرنے کا حق حاصل ہے یا نہیں تو ہم دوسرے لئے پر زور نہیں دیں۔

ہندوستانی جواب

ہندوستانی نمائندے سر بی۔ این۔ راؤ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ جنوبی افریقہ کے نمائندے کا ...

ہندوستان کی فتح

صفحہ اول کالم ۵ سے آگے

اقوام متحدہ کو کوئی اختیار نہیں اگر اس حدود سے تجاوز کیا جائے گا تو اسمبلی کے فیصلوں کی کوئی قانونی حیثیت باقی نہیں رہے گی۔

جواب الجواب

... اس کے بعد صدر نے اعلان کیا کہ اب کوئی تقریر کرنے والا نہیں ہے اور کسی نمائندے نے یہ تجویز نہیں کیا کہ اس معاملہ کو ایجنڈے میں شامل نہ کیا جائے اس لئے یہ معاملہ ایجنڈے میں شامل رہے گا۔

ہندوستان میں بھی طوائف الملکی پھیل جانے کا خطرہ پیدا ہوگیا

جنوب مشرقی ایشیا کے واقعات پر مغربی بنگال کے وزیر داخلہ کی تشویش

کمیونسٹوں اور دہشت پسندوں کو کچلنے کیلئے قانون کی منظوری

کلکتہ ۲۹ ستمبر۔ ... مغربی بنگال کے وزیر داخلہ مسٹر کرن شنکر رائے نے کل مغربی بنگال اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے کہا ... کی طرف بڑھ رہا ہے اور اس پر قابو پانے کے لئے سخت اقدامات کی ضرورت ہے۔

... ہرگز اجازت نہیں دیں گے کہ اقلیت اکثریت کو پریشان اور تنگ کرے۔

ہمین الاقوامی بلان

اتحادی اقوام کو انڈونیشیا میں مداخلت کا حق نہیں

انڈونیشیا کے تشویشناک واقعات سے ڈچ حکومت کو بے چینی

پیرس ۳۰ ستمبر۔ ... ڈچ حکومت کے سفیر ... آج اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کو بتایا کہ ... اس بات کو تسلیم نہیں کرے گا کہ اقوام متحدہ کو انڈونیشیا کے معاملہ میں مداخلت کا حق ہے۔ انہوں نے کہا ... اس طرز عمل کو برقرار رکھنے کی سخت ضرورت ہے ... ایسے حالات پیدا کر دیں جو وہاں پر ایک انتہا پسند حکومت کے قیام کا باعث ہوں۔ انہوں نے کہا اس قسم کی حکومت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم اس علاقہ کو جو آزادی دینا چاہتے ہیں وہ شدید قسم کی غلامی میں مبتلا ہو جائیں گے۔

بحکم مسٹر ... احمد رضا صاحب بہادر الوونسی جج سہارنپور

بعدالت سول جج درجہ دوم سہارنپور

مقدمہ ۵ التوائی سنہ ۱۹۴۸ء

سیتو ... قوم ... ساکن سہارنپور محلہ ... متصل مکان ... مدعی

بنام فتح محمد خاں قوم ... ساکن سہارنپور محلہ ... حال مقیم پاکستان۔

ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ عنوان میں سیتو سائل نے درخواست التوائی اس عدالت میں پیش کی ہے جس کی سماعت کے لئے یکم اکتوبر ۱۹۴۸ء مقرر ہوئی ہے اور سائل نے اپنی درخواست میں آپ کا نام بطور ... کے دکھلایا ہے۔ لہٰذا بذریعہ نوٹس ہذا آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ تاریخ مقررہ پر ... ۱۰ بجے دن کے اس عدالت میں حاضر ہو کر پیروی مناسب عمل میں لائیں۔ بصورت غیر حاضری کے آپ کے مقابلہ میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لا کر مقدمہ فیصل کیا جاوے گا۔

آج بتاریخ ... ستمبر ۱۹۴۸ء میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

(مہر عدالت و دستخط) (منصرم)



عید مبارک کا رعایتی اعلان

بٹن کی برابر سٹواچ

نہایت ہی خوبصورت اور ... دیدہ زیب ... بیحد پائیدار ... سال ہا سال تک خراب نہ ہونے والی ... مشین ... سال اصل قیمت پچاس روپیہ، حسب معمول عید مبارک کے موقعہ پر کمپنی یہ تحفہ صرف پچیس روپیہ میں پیش کر رہی ہے۔ اس تحفہ کو دیکھ کر آپ بیحد محظوظ ہوں گے ... آج ہی آرڈر لکھیں ...

میواتیوں کے ایک وفد کی شیر کشمیر شیخ عبداللہ سے ملاقات

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ کل شام ساڑھے پانچ بجے کشمیر ہاؤس میں میواتیوں کے ایک وفد نے شیخ عبداللہ وزیراعظم کشمیر سے ملاقات کی۔ الور، بھرت پور اور گڑگاؤں کے میواتیوں کی مشکلات اور پریشانیوں سے مطلع کیا۔ شیخ صاحب نے کافی دیر تک بڑے غور کے ساتھ وفد کی باتیں سنیں اور میواتیوں کی ہر ممکن مدد کرنے کا یقین دلایا۔ ممبران وفد نے شیخ صاحب سے میوات کا دورہ کرنے کی درخواست کی جس پر انہوں نے فرمایا مجھے میواتیوں کے ساتھ بڑی ہمدردی ہے میں میوات ضرور چلنے کو تیار ہوں۔ مگر اس وقت میں معذور ہوں پھر کسی دوسرے وقت چلوں گا۔ شیخ صاحب بہت خوش و خرم نظر آتے تھے اور جلسے کی نسبت اس دفعہ پُرامید تھے۔ وفد میں الور کی طرف سے مولوی محمد ابراہیم خاں اور بھرت پور کی طرف سے چودھری محمد سعید احمد خاں صاحبان شریک تھے۔ (نامہ نگار)

پاکستان اور اقلیتوں کی حفاظت

خواجہ شہاب الدین کی یقین دہانی

حیدرآباد سندھ ۲۹ ستمبر۔ پاکستان کے وزیر اطلاعات و پناہ گزین مسٹر شہاب الدین نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان خواہ کچھ کرے پاکستان کو اپنی اقلیتوں کی حفاظت کرنی چاہئے۔ اقلیتوں کو حکومت کا وفادار رہنا چاہئے اور حکومت سے تعاون کرنا چاہئے۔ اقلیتوں کو صرف الفاظ بلکہ عمل سے اپنی وفاداری کا یقین دلانا چاہئے اور ان کو حکومت کی طرف سے پورا حفاظت کا یقین دلایا جاتا ہے ... محسوس کر لینا چاہئے کہ حکومت پاکستان غیر ملکی حکومت نہیں بلکہ ان کی اپنی حکومت ہے اور انہیں اس کے ساتھ پورا پورا تعاون کرنا چاہئے۔

۱۸۵۷ء میں ضبط شدہ زمین کی واپسی

... حکومت یو۔پی اس مسئلہ پر غور کر رہی ہے کہ ... ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں جن لوگوں کی جائداد حکومت انگریزی نے ضبط کی تھی ... جائداد واپس کی جائے ... حکومت اس معاملہ پر غور کر رہی ہے۔

اجمیر میں ڈیزل آئل کی کمی

اجمیر ۳۰ ستمبر۔ اجمیر میں ڈیزل آئل کی سخت کمی ... بجلی کی سپلائی ... حکام نے ... انتظام کر رہے ہیں۔

چیکوسلواکیہ کے نمائندہ کا اظہار مسرت

... چیکوسلواکیہ کے وزیر خارجہ ... اس تجویز پر ... اظہار مسرت کیا ...

آل انڈیا پیپر کانفرنس

... معلوم ہوا ہے کہ آل انڈیا پیپر ...

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

قیمت سالانہ
چالیس روپے ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے
ممالک غیر سے سالانہ
پچاس روپے
ششماہی پچیس روپے

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعہ ۲۵ ذی قعدہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۲ اکتوبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۱۳ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈھائی آنہ

سلامتی کونسل کا ایجنڈہ مکمل

ہم تم سے تمہاری حکومت سے اور تمہاری پالیسی سے خائف ہیں

جنرل اسمبلی میں بلجیم کے نمائندے کا روسی نمائندے سے سنسنی خیز خطاب

روس پر بڑوں کا دھوکا کرنا جائز مقاصد حاصل کرنے کا الزام

کمیونسٹوں نے صوبہ سوئی یان کے دار السلطنت پر حملہ کر دیا

شہر کے جنوب میں زبردست لڑائی کمیونسٹوں کی پیش قدمی رک گئی

حیدرآبادی فوجوں کی پیشکش

شیر کشمیر کی تقریر

فوجی افسروں کی خصوصیات

جنرل کری اپا کا خطاب

ہندوستان کی زراعت کا جائزہ

یوپی میں رہائی کا حکم

برطانیہ میں تیز رفتار طیارے

برلن کے معاملے کو امریکہ برطانیہ اور فرانس نے اقوام متحدہ میں پیش کر دیا

روس پر بدنیتی اور ناجائز مقاصد حاصل کرنے کا شدید الزام

تینوں طاقتوں کا جنرل سکریٹری کو متحدہ نوٹ

فرانس میں عام ہڑتال کا خطرہ

جاپان کی وزارت ٹوٹ جانے کا خطرہ

کابینہ کے ممبروں پر رشوت لینے کا الزام

ریاست کرین کے صدر مقام پر کرین فوج نے قبضہ کر لیا

برمی باغیوں کے خلاف حکومت کی کاروائی میں شدت

قاسم رضوی سگریٹ اور چائے

کیا روس اپنی فوجیں جرمنی سے نکال لے گا؟

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲ر اکتوبر ۱۹۴۷ء

برلن اور ماسکو

برلن میں روس کے ساتھ تین طاقتوں کی اگر دنیا کے امن وامان کے لئے ایک بہت بڑا خطرہ بن گئی ہے، ماسکو میں اس مسئلہ پر بار بار مذاکرات ہوئے، متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی میں خوب بحثیں ہوئیں اور ایک دوسرے پر خوب الزام لگائے گئے، ہفتہ کے روز روسی نمائندہ نے اتحادیوں کے عزائم کی پردہ دری کی، پیر کے روز مسٹر بیون نے اس کا جواب دیکر دنیا کو آگاہ کر دیا کہ اگر دنیا کو ایک اور ایٹمی جنگ کا مقابلہ کرنا پڑا تو اس کی ذمہ داری صرف روس پر ہوگی جو ایٹم بم پر کنٹرول کرنے میں تعاون سے انکار کر رہا ہے۔ مسٹر بیون نے روس کو اطمینان دلاتے ہوئے اس پر فوجی تیاریوں کا الزام لگایا اور برسر اجلاس بولے

"روس کے خلاف کوئی سرد جنگ جاری نہیں ہے، اگر روس کو خطرہ ہے کہ ہم سب ملکر اس پر حملہ کر دیں گے تو ہم اطمینان دلاتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوگا۔ روس، دنیا کو غیر مسلح کرنا چاہتا ہے مگر خود اپنی فوجی تیاریوں کو راز میں رکھنے کی کوشش کر رہا ہے"

مسٹر بیون نے بالکل صفائی سے کہدیا ہے کہ وہ اب کیک اور مکھن کے بجائے گولہ بارود جمع کریں گے، دنیا کے بہت سے حصوں میں جمہوری نظام پر مقامی کمیونسٹ جماعتوں کے ذریعہ حملے کئے جا رہے ہیں، عوام اور افراد کے حقوق کو قتل کیا جا رہا ہے یہ ہماری پوزیشن واقعی ہے، ماسکو سے جو ٹھنڈی جنگ لڑی جا رہی ہے ہم اس کا نشانہ ہیں، اب ہم مجبور ہیں کہ تعمیری کاموں کو چھوڑ کر اپنے وسائل کا ایک حصہ گولہ بارود کی تیاری پر صرف کریں۔

اس سوال و جواب سے صاف ظاہر ہے کہ برلن کے آتش فشاں پہاڑ سے جنگ کا لاوا ابلنے ہی والا ہے اور اتحادی تیار بیٹھے ہیں کہ روسی توپوں کا جواب ایٹم بم سے دیں اور جس مقام پر جنگ ختم ہوئی تھی وہیں سے تیسری جنگ کا آغاز ہو، اگر آثار و قرائن سے مستقبل کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے تو ہم آسانی سے فیصلہ کر سکتے ہیں کہ مستقبل قریب میں تیسری جنگ شروع ہو گی۔

ہمارے خیال میں آیندہ جنگ کا انحصار اس کے اندازہ پر ہے اگر روس نے ایٹم بم کا راز معلوم کر لیا ہے یا اس نے بھی یہ جوہری بم ایجاد کر لئے ہیں تو وہ یقیناً جنگ کو دعوت دے گا، لیکن اگر وہ اس ایجاد پر قابو حاصل نہیں کر سکا اور نہ اسے اس کا توڑ معلوم ہے تو وہ ہرگز جنگ کی دعوت نہیں دے گا اور باتوں ہی باتوں میں کام نکالنے کی کوشش کرے گا۔ وہ چاہتا ہے کہ لڑائی کے بغیر ہی معاملہ کو انتہا تک پہونچا دے اور یہ معلوم کرلے کہ اتحادی کس حد تک جنگ کرنے پر آمادہ ہیں، اور کونسی حرکت انہیں جنگ کے لئے بے قابو کر سکتی ہے! دوسری طرف اتحادی بھی جنگ نہیں چاہتے، وہ بھی دھمکیوں سے کام نکالنے کی آرزو رکھتے ہیں، لیکن انہیں اطمینان بھی ہے کہ اگر جنگ کا مرحلہ پیش آیا تو ان کے پاس ایٹم بم کی طاقت ہے جس سے وہ روس کے عزائم کو خاک میں ملا سکتے ہیں، روس اتنا احمق نہیں ہے کہ خود تو ایٹم بم سے تہی دامن ہو لیکن ایسی جنگ سے نبرد آزما ہونے کے لئے میدان میں نکل آئے، اگر اس نے ایٹم بم کا راز معلوم کر لیا ہے تو جنگ کے امکان میں شبہ نہیں ہو سکتا، اگر یہ راز اس کے لئے راز ہی ہے تو وہ مشکل ہی سے جنگ کو دعوت دے گا۔

بلاشبہ برلن کا اختلاف اس وقت دنیا کا سب سے بڑا اختلاف ہے، اور جب تک یہ اختلاف دور نہ ہوگا، دنیا کے امن وامان کے لئے کوئی گارنٹی نہیں دیجا سکتی فرض کرو اگر جنگ ہو کے رہی تو ہندوستان کا کیا فرض ہوگا؟ پاکستان کیا کرے گا؟ کیا ہم نے اس پہلو پر بھی نظر ڈالی ہے؟

ہندوستان کی شکایت

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جنوبی افریقہ کے لیڈر مسٹر ایرک لو نے یہ مطالبہ کیا کہ جنوبی افریقہ کے خلاف ہندوستان کی شکایت کو ایجنڈے سے نکال دیا جائے کیونکہ یہ معاملہ ہمارے گھر کا اندرونی معاملہ ہے جس میں کسی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

ہندوستان کی شکایت یہ ہے کہ وہاں کالوں اور گوروں میں نسلی امتیاز برتا جا رہا ہے اور افریقہ کے ہندوستانی باشندوں کو ان شہری، سیاسی اور سماجی حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے جن پر ان کا پیدائشی حق ہے، مسٹر ایرک نے ان الزامات کے جواب میں جو طول طویل تقریر کی ہے وہ انکار جرم سے زیادہ اقرار جرم کی مظہر ہے، آپ نے جنوبی افریقہ کی سفید گورنمنٹ کے جرائم کو حق بجانب ثابت کرنے کے لئے کیا خوب فرمایا ہے کہ میں ایسے بہت سے ملکوں کی مثال دے سکتا ہوں جن میں سے بعض تو اسمبلی کے ممبر بھی ہیں کہ وہاں عام انتخاب محض کاغذ پر ہی ہے ایسے ممالک بھی ہیں جہاں یہ حق محض نام کو استعمال کرایا جاتا ہے، امریکہ میں حبشی کو لیجیا کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے وہاں تقریباً دس لاکھ ایسے اشخاص ہیں

جن کو ووٹ دینے کا حق حاصل نہیں ہے

افریقہ کی منطق

اگر واقعی بعض ممالک ایسے بھی ہیں جہاں بعض قوموں کو رنگ یا نسل کی بنا پر حق رائے دہی سے محروم کر دیا گیا ہے تو اس کے معنے یہ ہیں کہ جنوبی افریقہ کے لئے یہ گناہ ایک نظیر بن جائے اور اس جرم کو دیکھ کر افریقہ کے سفید باشندے بھی جرائم پیشہ بن بیٹھیں جرم بہرحال جرم ہے خواہ اس کا ارتکاب امریکہ میں ہو یا افریقہ میں، اور مرتکب خواہ کالے ہوں یا گورے، سوال یہ ہے کہ کیا ایک مقام کا جرم دوسرے مقام کے لئے نظیر بن سکتا ہے، کیا حبش کے لئے لنچنگ (کالوں کا قتل) اس لئے جائز ہو کہ امریکہ میں اس کا عام رواج ہے؟ حیرت ہے کہ ظلم کو مٹانے کی کوشش نہیں کیجاتی الٹا اسے نظیر بنا کر اپنے مظالم کے لئے آڑ بنایا جا رہا ہے، کیا سفید قوموں کی تہذیب کا یہی نچوڑ ہے کہ کالوں کے قانون الگ اور سفیدوں کے قانون جدا، کالے حق رائے دہی سے محروم اور گوروں کے لئے ہر چیز روا! ہندوستان کی شکایت حق ہے اور جنوبی افریقہ بین الاقوامی عدالت میں مجرم، اگر متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی اس جرم کو نہیں مٹاتی تو وہ مجرم ہے؟ اور ہندوستان کا کام صرف یہ ہے کہ اسے اس کے جرم سے آگاہ کر دے!

اچھی باتیں

وما ۔ تا ۔ للعالمین (پ ۱۷ ع ۷)
ہم نے آپ کو (اے محمد صلعم) سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

خداتعالےٰ رب العالمین ہے یعنی تمام جہانوں کا پروردگار، ہر مخلوق کا مربی قرآن لیکون للعالمین نذیرا ہے یعنی تمام جہانوں کو ہوشیار کرنے والا صاحب قرآن تمام جہانوں کے لئے رحمت و رافت ہیں خدا کی سب سے بڑی صفت رحمت کا ظہور آپ ہی کی ذات مبارک کے ذریعہ ہوا ہے اور آپ اسلئے رحمۃ للعالمین ہیں کہ آپ کے پیرو بھی تمام انسانوں کے لئے رحمت بنیں اور دنیا کی زحمتوں سے انہیں نجات دلائیں مسلمان اسی لئے اپنے مقام سے گرے کہ وہ رحمت کے بجائے زحمت بن گئے اور اپنی حرکتوں سے اسلام کی راہ میں روک لگادی۔

جن گن من ← قومی ترانہ

شبھ سکھ چین کی برکھا برسے بھارت بھاگ ہے جاگا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، دراوڑ، اتکل، بنگا
چنچل ساگر، وندھ، ہمالیہ، نیلا، جمنا، گنگا
تیرے نت گن گائیں، تجھ سے جیون پائیں
سب تن پائے آشا
سورج بن کر جگ میں چمکے، بھارت نام سبھاگا
جے ہو، جے ہو، جے ہو، جے جے جے، جے ہو
بھارت نام سبھاگا
سب کے دل میں پریت لبھائے تیری میٹھی بانی
ہر مذہب کے رہنے والے ہر مذہب کے پرانی
سب بھید اور فرق مٹا کے سب گود میں تیری آکے
گوندھیں پریم کی مالا
سورج بن کر جگ میں چمکے، بھارت نام سبھاگا
جے ہو، جے ہو، جے ہو، جے جے جے، جے ہو
بھارت نام سبھاگا
صبح سویرے پنکھ پکھیرو تیرے ہی گن گائیں
باس بھری بھرپور ہوائیں جیون میں رت لائیں
سب مل کر ہند پکارے جے آزاد ہند کے نعرے
پیارا دیش ہمارا!

مولوی احمد شاہ
۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا ایک دلیر ہیرو

(قسط نمبر ۲)

فوجی قابلیت

اس کے بعد جب لکھنؤ پر انگریزوں نے پھر قبضہ کر لیا تو مولوی احمد شاہ اچھے ہزاروں سپاہیوں کے ساتھ لکھنؤ میں جا کر جم گئے، شہر کے اندر نومبر ۱۸۵۷ء سے کر مارچ ۱۸۵۸ء تک آزادی کی لڑائی برابر جاری رہی اور مولوی محمد احمد شاہ برابر اس میں حصہ لیتے رہے، مارچ ۱۸۵۸ء کو جب کیمپل کی فوج، گورکھوں کی فوج اور پوربی حصہ سے آنیوالی انگریزی فوج نے لکھنؤ پر ایک ساتھ چڑھائی کی تھی اس وقت بھی مولوی احمد شاہ لکھنؤ کے فوجی کمانڈروں میں ایک ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ فوج کو کمان کرنے کی ان کی قابلیت بہت بڑھی چڑھی تھی اس کا ذکر کرتے ہوئے انگریز مصنف "ہوگ" نے لکھا ہے:۔

"فیض آباد کا مولوی احمد شاہ ایسا آدمی تھا جو ہمت اور قابلیت دونوں کے لحاظ سے ایک بڑی تحریک کو چلانے اور ایک بڑی فوج کی کمان سنبھالنے کے قابل تھا۔"

لیکن ان دنوں بھی دلی کی طرح لکھنؤ میں بھی ہندوستانی لیڈروں میں آپس کی پھوٹ اور جلن پیدا ہو گئی تھی۔ بجائے قابلیت کے اونچے خاندان اور اونچی حیثیت کو ترجیح دی جاتی تھی اور ایسے ہی لوگوں کے ہاتھوں میں فوج کی کمان رہتی تھی۔

یہ پھوٹ اور جلن اتنی بڑھ گئی تھی کہ ایک بار لکھنؤ کی بیگم نے مولوی احمد شاہ کو گرفتار تک کر لیا لیکن جب فوج اور خلقت کی طرف سے غصہ کا اظہار ہوا تو مولوی صاحب چھوڑ دیئے گئے۔ اس سے مولوی صاحب کے دل کو دھکا تو لگا پر وہ دیش کی ضرورت کو سمجھتے ہوئے الگ نہ ہوئے اور برابر لڑائیوں میں حصہ لیتے رہے، جتنی بار ہندوستانی سینا نے عالم باغ پر حملہ کیا مولوی احمد شاہ گھوڑے یا ہاتھی کے اوپر سوار ہمیشہ سب سے آگے لڑتے ہوئے دیکھے جاتے تھے۔

زخمی شیر

۱۵ جنوری ۱۸۵۸ء کو مولوی احمد شاہ کے ایک ہاتھ میں گولی لگی قریب ایک مہینہ تک وہ اسی وجہ سے چارپائی پر پڑے رہے۔ لیکن ۱۵ فروری کو وہ پھر میدان میں آ کر جم گئے اور زخمی شیر کی طرح لڑے۔ لیکن اپنے لوگوں میں ہی سینکڑوں غدار پیدا ہو چکے تھے نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹ مارچ کو لکھنؤ پوری طرح انگریزوں کے ہاتھوں میں آگیا۔ اور مولوی احمد شاہ، نواب برجیس قدر اور بیگم حضرت محل کے ساتھ شہر سے نکل گئے۔

مولوی احمد شاہ کے دل میں لکھنؤ چھوڑنے کا بڑا رنج ہوا اس لئے تھوڑے سے ساتھیوں کو لیکر ایک بار پھر مولوی صاحب لکھنؤ پہنچے اور سعادت گنج محلہ میں اپنا مورچہ جما دیا اس وقت مولوی صاحب کے پاس صرف دو توپیں تھیں پھر بھی وہ دیر تک انگریزوں کی بہت بڑی فوج کا جم کر مقابلہ کرتے رہے لیکن آخر میں ان کو ہٹنا پڑا۔ انگریزی فوج نے دور تک مولوی صاحب کا پیچھا کیا، لیکن وہ ان کو نہیں پا سکی۔ مولوی صاحب پھر صاف نکل گئے۔

اس کے بعد انہوں نے لکھنؤ کے ۵۰ میل کے اندر اندر انگریزوں کے خلاف برابر لڑائی جاری رکھی کچھ دن بعد وہ نانا صاحب کے ساتھ بریلی جا پہنچے، کچھ ہی دنوں میں دلی اور اودھ کے کچھ لیڈر اور اودھ کی بیگم حضرت محل بھی بریلی جا پہنچیں۔ یہ خبر سنتے ہی سر کالن کیمپل اپنی فوج کے ساتھ بریلی جا پہنچا۔ لیڈروں نے فیصلہ کیا کہ بریلی سے نکل کر اور روہیلکھنڈ میں چاروں طرف پھیل کر انگریزوں کے خلاف لڑائی جاری رکھی جائے۔ اس فیصلہ کے مطابق مولوی صاحب نے بریلی سے نکلکر شاہجہانپور پر دھاوا کیا اور کچھ ہی دیر میں اس پر قبضہ کر لیا کیمپل پھر اپنی فوج کے ساتھ شاہجہانپور پہنچا اور ایک بار تو ایسا معلوم ہونے لگا کہ اس بار مولوی صاحب انگریزوں کے پھندے سے نہیں بچ سکیں گے لیکن مولوی صاحب کو گھرا ہوا دیکھ کر روہیلکھنڈ کے سبھی انقلابی لیڈر نانا صاحب، بیگم حضرت محل، شہزادہ فیروز شاہ اور سلطان شاہ وغیرہ اپنی اپنی فوجیں لیکر شاہجہانپور پہنچ گئے اور مولوی صاحب کو نکال کر لائے۔ یہ بات ثابت کرتی ہے کہ مولوی صاحب ان کی نظر میں کیا حیثیت رکھتے تھے۔

قتل

لیکن گھر کے غداروں سے کون بچ سکتا ہے مولوی صاحب جب دوبارہ اودھ پہنچے اور انگریزوں کے خلاف تنظیم کرنے لگے تو پوائیں نام کی ایک چھوٹی سی ریاست کے راجہ جگن ناتھ سنگھ نے مولوی صاحب کو اپنے یہاں بلایا اور جب مولوی صاحب وہاں گئے تو راجہ کے ایک بھائی نے دھوکہ دیکر ان کو گولی مار دی، راجہ جگن ناتھ سنگھ نے فوراً مولوی صاحب کا سر کاٹ کر پاس کے انگریز کیمپ میں پہنچا دیا جس کے بدلے میں اس کو بہت روپیہ انگریزوں سے انعام میں ملا۔ اس طرح ۵ جون ۱۸۵۸ء کو آزادی کی لڑائی کا ایک سچا محب وطن بہت جانباز سپاہی جاتا رہا یعنی بھارت مارا گیا اور اس کی موت نے دوسروں کو بھی بالکل پست ہمت کر دیا۔

مولوی احمد شاہ کے بارے میں مشہور مورخ مالیسن نے اپنی کتاب "انڈین میوٹنی" میں ہندوستان کا غدر کی پہلی جلد صفحہ ۴۲۳ میں لکھا ہے۔

"مولوی بڑا عجیب آدمی تھا۔ کمانڈر کی حیثیت سے اس کی قابلیت کے غدر میں بہت سے ثبوت ملتے ہیں، کوئی بھی دوسرا آدمی یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ میں نے سر کالن کیمپل کو میدان میں دو بار ہرایا ہے اگر ایسے انسان کو جس کے وطن کی آزادی بے انصافی کے ساتھ چھین لی گئی ہو اور جو پھر سے اس کو آزاد کرنے کی کوشش کرے اور اس کے لئے جنگ کرے محب وطن کہا جا سکتا ہے تو اس میں ذرہ بھر بھی شک نہیں ہے کہ مولوی احمد شاہ سچا محب وطن تھا اس نے کسی کو چال سے قتل کر کے اپنی بہادری کو بٹہ نہیں لگایا نہ ہی اس نے بے قصور لوگوں کو اس نے کبھی قتل نہیں کیا اور نہ ستایا۔ اس نے مردانہ وار ان کے ساتھ اور ڈٹ کر کھلے میدان میں ان غیر ملکیوں کے ساتھ جنگ کی جنہوں نے اس کا ملک چھین لیا تھا اور ہر ملک کے بہادر اور سچے لوگوں کو مولوی احمد شاہ کا نام عزت کے ساتھ لینا چاہیے۔"

سیر و سیاحت

سیاح کے قلم سے

سیٹھ ڈالمیا کہتے ہیں ملک میں جتنی اس کی ضرورت سے زیادہ ہے دودھ کی بھی افراط ہے اتنی کہ نہریں بہہ رہی ہیں اور گھی بھی کم نہیں لیں یوں کہئے کہ لوگوں کی خدمت کا ہر سامان موجود ہے۔ اور علاؤ الدین خلجی کے زمانہ کا مزہ آ رہا ہے کہ ایک کا ۔۔۔ کر نکلو اور گھر بھر کا پیٹ بھر لو۔

وزیر خوراک (جے رام داس دولت رام) ناخواہ مخواہ غم میں گھلے جا رہے تھے کہ ملک کی تندرستیاں خراب ہو رہی ہیں انہیں گھی دودھ نہیں ملتا اور دوسری غذائیں نہیں ملتیں سیٹھ ڈالمیا نے ان کی ساری مشکلیں دور کر دیں اور سارا معاملہ چٹکیوں میں ایسے حل کر دیا جیسے کہ وہ تھا ہی نہیں

لوگوں کو تعجب ہے کہ ایسا آدمی وزیر خوراک کے عہدہ پر کیوں نہ پہونچ گیا جسے یہ بھی معلوم نہیں کہ ملک میں دودھ گھی کی کثرت ہے۔ وہ ۔۔۔ کیوں دیکھے کہاں ہے؟ جو اپنی مٹھی میں گویا ساری دنیا کی واحد حکومت لئے پھر رہا ہے اور وہ ہے آج کل ڈالمیا جی ساری دنیا کے لئے ایک حکومت قائم کرنے کے مشغلہ میں مصروف ہیں) معلوم ہوتا ہے جیسے رام داس جی (الحروف کی طرح گھر سے دفتر اور دفتر سے گھر کے چکر میں پھنسے ہوئے ہیں اس لئے وہ ہندوستان جنت نشان کی دودھ کی نہروں سے واقف نہیں رہتے اگر وہ اپنی کرسی کے دھندے سے نکل کر ذرا باہر کی دنیا دیکھیں تو انہیں معلوم ہو جائے کہ سیٹھ جی کی بات کس طرح ۳۲ تولہ پاؤ رتی سچی اترتی ہے ہر شخص ایسا رستم زماں نظر آئے گا جیسے کہ وہ ابھی ابھی زبسکو پہلوان کو چت کر آ رہا ہو۔

سینٹ جی کے ان عزیز افراد مدت سے ان کی عالمی وفاقی حکومت کا پرچار کرتے چلے آ رہے ہیں اب ان کے نام سے کبھی دودھ کی نہریں بہہ سکتا ہیں کب خزانہ ان پر آ سکتے ہیں اور کب سیٹھ جی وزیر خوراک اور ان کے شیدیوں کو میدان "خوراک" میں شکست دیتے ہیں۔

بادشاہ خیر، سکھیوں نے کمیونسٹوں کے خلاف میدان میں آنے کی پیشکش کی ہے۔ حیدرآباد میں بھی وہ کچھ خدمت کرنا چاہتے تھے۔ لیکن سمجھ نہیں ان کی طرف سے حکومت نے کیوں چپ سادھ رکھی ہے۔ حالانکہ ملک کے طول و عرض میں انھوں نے جو کارنامے نمایاں انجام دئے ہیں ان کو سامنے رکھکر انہیں ضرور خدمت کا موقع دینا چاہئے اور اب جبکہ اچھے اچھے کانگریسی ان کی "حب الوطنی" سے مطمئن ہو گئے ہیں تو کیا حرج ہے انہیں اپنے اعتماد میں لے لیا جائے۔

ایک مرتبہ مہاشے کرشن نے لکھا تھا اگر حکومت میرے ہاتھ میں ہو تو سب سکھیوں کو فوج میں بھرتی کرلوں۔ لیکن حکومت کو یہ حال ہے کہ فوج میں بھرتی تو الگ رہی انہیں مفت میں موقع نہیں لگاتی۔ حالانکہ ان میں معمولی سپاہ ہے کہ سکھ پرے پابندی اسلام انہیں ہر ہندو راج کے خواب کو جامہ عمل پہنانے کا موقع دیا جائے تاکہ وہ اپنی علم بھائی کمیونسٹوں سے صاف کرسکیں اور پہلے ہند کو ایسا 'پوتر' بنا دیں جیسا کہ اور ادر بھرت پہ۔

مہاراجہ کشمیر اب سلطنت نہیں کر سکتے وہ صرف آئینی سردار کی حیثیت سے رہ سکتے ہیں

ایک پریس کانفرنس میں شیر کشمیر شیخ عبداللہ کا اعلان
رجعت پسندوں اور افواہ پھیلانے والوں کو سخت تنبیہ

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ کشمیر ہندوستان کا ایک حصہ ہے اور رہے گا۔ آپ نے کہا کہ کشمیر میں ایک مذہبی حکومت کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے کیونکہ پوری کشمیری قوم ایک قوم کے نظریہ پر یقین رکھتی ہے۔ شیخ عبداللہ نے کہا کہ کچھ بھی کیوں نہ ہو جائے کشمیر ہندوستان سے بے وفائی نہیں کریگا اور پاکستان کے لئے کشمیر میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔

نندی دیتے گئے رواج کو مٹانے ... کی کاشت ... اسی طرح ... کی کوشش کی گئی۔

ہندوستان کی ناکامی ... رجعت پسند عناصر کے خلاف سخت ... کشمیر کے ... کشمیریوں کی ... قوم پرست ...

سیاسی صاحب نے مہاراجہ کشمیر، ہندوستان کو پاکستان کے ساتھ ... پارٹیاں کر رہی ہیں۔ یہ لوگ خواہ وہ کشمیر کے اہل یا ہندوستان کے کسی حصہ سے تعلق رکھتے ہوں غدار ہیں اور ہندوستان کی آزادی کے دشمن۔

مہاراجہ کشمیر کی پوزیشن

شیخ عبداللہ نے جب کشمیر میں مہاراجہ کی پوزیشن پر بحث کی تو بہت سخت نظر آتے تھے۔ آپ نے کہا مہاراجہ اب سلطنت نہیں کر سکتے اور اگر انھوں نے کوئی طاقت اپنے ہاتھ میں رکھنے کی کوشش کی تو جھگڑا جاری رہے گا۔ کشمیر کے عوام انھیں صرف اسی وقت منظور کریں گے جب کہ وہ ایک خالص آئینی سردار کی حیثیت سے رہیں گے۔

ریاست کی فوج کا ذکر کرتے ہوئے شیخ عبداللہ نے کہا کہ جس وقت ہندوستانی فوج کشمیر پہونچی تو اس نے ... کی سرگرمیوں کا اپنے ہاتھ میں کنٹرول لے لیا لیکن ... مہاراجہ کے تحت تھی۔ ... مہاراجہ جیسے اب یہ پوزیشن منظور کرلی ہے۔

جنگ کی حالت تسلی بخش ہے

پریس کانفرنس سے جو نتیجہ مرتب ہوا وہ یہ ہے کہ کشمیر میں سیاسی حالات بڑی حد تک قابل اطمینان ہیں ... فوجی دستوں میں جوش بڑھا ہوا ہے اور وہ عوام کے ساتھ دوستانہ برتاؤ کر رہے ہیں۔ شیخ عبداللہ جس وقت ... کی اونچائی کے پہاڑوں کی جنگ کا تذکرہ کرتے تھے تو وہ اپنے مضمون میں ... نظر آتے تھے ... وہ شکست خوردہ کان پہ امنت ... جس وقت ... ہندوستان والو کو شریک کرنا چاہتے ہیں ... فتح مبین کا یقین دلاتے ہیں۔ اب صرف ایک اختیار مہاراجہ کو ہے اور وہ ہے نام نہاد ریاستی محکمہ جات کا کنٹرول۔ شیخ عبداللہ نے مسکراتے ہوئے کہا کہ اگر ریاست کے کسی مہمان خانہ میں وہ کسی اخبار والے کو ٹھہرانا چاہیں تو غالباً وہ یہ بھی نہ کر سکے گا۔ وزیر اعظم کشمیر نے پہلے کی طرح اس دفعہ بھی حاضرین کو نہ صرف مطمئن کیا بلکہ ہر سوال کے جواب میں اپنی غیر رسمی اور معقول باتوں سے محظوظ کیا۔ اپنی بات ختم کرنے کے بعد جو تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہی انہوں نے مزید ایک گھنٹہ تک سوالات کے جواب دیئے اور شاید وہ پے در پے سوالات کا جواب دیتے چلے جاتے اگر انہیں نائب وزیر اعظم کی طلب کردہ ایک میٹنگ میں جانا نہ پڑتا۔

شر انگیز دلیل

یہ شر انگیز دلیل استعمال کی گئی اس وقت ... جب کشمیر نے کسی بڑی ... ہندوستان میں شمولیت اختیار کی ... کے وقت تمام ہندو مسلمان اور سکھ ... پاکستان سے آنے والے حملہ آوروں کے خلاف لڑے۔ آج صورت حالات اب کہ بہتر ہے۔

افواہ مجوزہ کمیشن سے میں نے کہا تھا کہ میں کشمیر کے ہر شہری کی وفاداری حاصل ہونے کا دعوی نہیں کرتا لیکن مجھے یقین ہے کہ مجھے اکثریت کی حمایت حاصل ہے اور اس لئے میں استصواب رائے سے خائف نہیں رہوں گا۔

دوسرا گروپ

شیخ صاحب نے کہا کہ دوسرا گروپ ان لوگوں کا ہے جو کشمیر میں انقلابی اور معاشی تبدیلیاں نہیں چاہتے۔ ان کی خواہش ہے کہ زمیندار جاگیردارانہ نظام کا جھگڑا باقی رہے۔ اسی لئے وہ حکومت کشمیر پر فرقہ پرستی کے الزامات لگا رہے ہیں ... اور شکست خوردگی کا احساس پھیلا رہے ہیں۔

آپ نے کہا کہ صرف فوجی فتح ہی سے مسئلہ حل نہیں ہو سکے گا بلکہ ہمارا مقصد کشمیر کے عوام کو حکمراں طبقہ کی طویل غلامی اور لوٹ کھسوٹ سے نجات دلانا ہے جب تک یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا کشمیر کو حقیقی آزادی حاصل نہیں ہو سکتی۔

شیخ صاحب نے کہا کہ گذشتہ سترہ سال سے چند لوگوں کی لوٹ کھسوٹ کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں اور وہ اس اقتصادی پروگرام کے نفاذ کے لئے فوجی فتح کا انتظار نہیں کر سکتے۔

ہماری اقتصادی پالیسی یہ ہے کہ کشمیر کی زمین ایک اس کی کاشت کرنے والے میں خواہ وہ کسی فرقہ سے ہوں ہر شخص کے لئے کام کرنا ضروری ہے اور ہر آدمی کو کشمیر میں ... جگہ ملنی چاہئے۔ انہوں نے کہا اس پروگرام کے عملی نفاذ کے لئے جاگیرداری اور وظیفے دینے کے رواج کو ختم کر دیا گیا ہے۔ ان ... کا مقصد کسی فرقہ یا ملت کے مفاد کو نقصان پہنچانا نہیں ہے بلکہ اپنے پروگرام پر خلوص کے ساتھ عمل کرنا ہے کشمیر میں ... زیادہ جاگیردار مسلمان ہیں ... اور ایک ... غیر مسلم ہیں ... زمین کے مالک ... کاشتکار کو ... ہماری پالیسی یہ ہے کہ کسی ایسے آدمی کو زمین کی پیداوار ... حصہ دار ... کا حق حاصل نہیں ... کشمیر کے ... مسلمان ... اس طرح ... اقلیتوں کو نقصان نہیں ... جاگیرداری سسٹم کو ختم ...

گیارہ ارب ڈالر کی واپسی
روس سے امریکہ کا مطالبہ

واشنگٹن ۳۰ ستمبر۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے حکومت روس کو ایک نیا نوٹ بھیجا ہے جس میں مطالبہ کیا ہے کہ زمانہ جنگ میں روس کو گیارہ ارب ڈالر کی جو امداد دی گئی تھی حکومت روس اس کی وہ رقم ادا کر دے۔ گذشتہ شب ایک افسر نے بتایا کہ یہ نوٹ دو ہفتہ ہوئے روسی سفیر مسٹر پانیوشکن کی معرفت روانہ کیا گیا ہے۔ لیکن پہلے یہ سب خبریں خفیہ رکھی گئیں تاکہ برلن کے مسئلہ پر روس سے جو انتہائی نازک مذاکرات ہو رہے تھے ان میں کوئی گڑبڑ پیدا نہ ہو جائے۔

بولنے والی روشنی

لندن ۲۰ ستمبر۔ رچمنڈ (سرے) میں ٹریفک پر کنٹرول کرنے کے لئے "بولنے والی روشنی" کا انتظام کیا گیا ہے۔ جب کوئی موٹر وغیرہ چوک سے پار گذرتی ہے تو اس روشنی سے یہ آواز آتی ہے "تم ابھی پار نہیں جا سکتے" جب موٹر کھڑی ہو جاتی ہے تو پھر آواز آتی ہے "دائیں دیکھو بائیں دیکھو" اب تم پار جا سکتے ہو۔ جب موٹر پار جانے لگتی ہے تو اس روشنی سے یہ آواز آتی ہے "شکریہ"۔

بمبئی ایڈیٹرز کانفرنس کا انعقاد

بمبئی ۳۰ ستمبر۔ آل انڈیا نیوز ایڈیٹرز کانفرنس بمبئی و صوبہ بمبئی کا ایک اجلاس بمبئی یونین آف جرنلسٹس کے دفتر واقع ہارنبی روڈ بمبئی میں ۴ اکتوبر کو شام کے ۵ بجے منعقد ہوگا کانفرنس کے ایجنڈے میں انتظامی مجلس کا انتخاب شامل ... کی از سرنو تشکیل اور دوسرے معاملات جن کی صدر اجازت دیں گے شامل ہیں۔

قیدیوں کے نام نشر کو جائینگے

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ آل انڈیا ریڈیو سے مغربی پنجاب اور بلوچستان کے ان ہندو اور سکھ قیدیوں کے نام نشر کئے جائیں گے جن کا ہندوستان کے معاہدہ کے مطابق تبادلہ عمل میں آئے گا۔ یہ نام ہر روز ... ۵ بجے ... ۲۶ ... ۴۱ ... ۲۵۵۳۳ ... ۱۶/۸۹ میٹر پر ۳ اکتوبر کے سوا ہر روز نشر کئے جائیں گے۔

پاکستان کو پٹرول کی ناجائز برآمد

انبالہ ۳۰ ستمبر۔ مشرقی پنجاب کی پولیس اب ایسے آدمی کی تلاش میں ہے جو مبینہ طور پر پاکستان کو پٹرول بھیجتا ہے۔ پولیس نے کسٹوڈین کے اشتراک سے ... ایک ریلوے ویگن کی تلاشی لی جس میں مغربی پنجاب بھیجا جا رہا تھا۔ ... ۲۷ گیلن پٹرول ... کلکتہ ... ویگن ... جمع ... جو بھی ...

لندن ۲۹ ستمبر۔ لندن میں متعین روسی سفیر مسٹر زروبن کل پیرس روانہ ہو گئے ... یہاں سے آپ ماسکو جائیں گے۔ ایک انٹرویو کے دوران میں آپ سے یہ دریافت کیا گیا کہ کیا ماسکو کو آپ کی روانگی کوئی خاص اہمیت رکھتی ہے اس کے جواب میں آپ نے ... کہا کہ میں چھٹی پر جا رہا ہوں۔

نظام کی ۶ ہزار بے قاعدہ فوج کے عرب سپاہیوں کو غیر مسلح کر دیا گیا
۲ ہزار پٹھان بھی گرفتار سب کو ان کے گھر واپس بھیجا جائے گا

سکندرآباد ۲۹ ستمبر۔ فوج اور پولیس نے حیدرآباد میں کے سات ہزار بے قاعدہ عرب فوجیوں کو غیر مسلح کر دیا ہے اب انہیں ان کے گھروں کو واپس بھیجنے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ ان عربوں کو سرکاری خزانہ اور دوسری ... جاتا تھا۔ ان عربوں نے اپنے ہتھیار خود ہی ... کے علاوہ ریاست کے مختلف حصوں سے تقریباً ... کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اور بیان کیا گیا ہے کہ ... کا ارادہ یہ ہے کہ انہیں سرحدی صوبے میں ان کے گھروں کو واپس بھیجا جائے سوائے ایسے اشخاص ... کیا جائے کہ وہ حیدرآباد ہی میں پیدا ہوئے تھے۔ سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ ہتھیار حوالے کرنے کے حکم کے نتیجے میں گذشتہ ایک ہفتے میں ریاست بھر میں ... ایک لاکھ سے زیادہ ہتھیار جمع ہو گئے ہیں۔ تلواروں اور چھروں کی تعداد اس کے علاوہ ... ہتھیار حوالے کرنے کی میعاد میں مزید ایک ہفتے کی توسیع کر دی ہے۔

شیخ عبداللہ اور ان کے ساتھیوں کو قتل کرنیکی سازش

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ بمبئی کے ہفتہ وار "بلٹز" کے نامہ نگار خصوصی نے ... پاکستان نے اپنے ایجنٹوں کے ذریعے کشمیر ... شیخ عبداللہ اور ان کے ساتھیوں کو ہلاک کرنے ... اور انار کی پھیلانے کی سازش ... جا رہے ہیں۔ اس وقت ... پاکستان نے ... ریاست کے اندر موجود اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ ... ناکام رہی۔ حالانکہ پاکستانی ایجنٹوں ... کے لئے بھاری رقوم ... خرچ کی گئیں۔

اقوام متحدہ میں بلجیم کے وزیر خارجہ کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

آسٹریلیا کے نمائندے نے کہا کہ میں اقوام متحدہ کی ممبری کے لئے ... آئرلینڈ، فن لینڈ، پرتگال، ٹرانس اردن اور لنکا کی درخواستیں پیش کروں گا ... حکومت بالکل جمہوری اور پرامن ہے لیکن روس نے اس کی رکنیت کو نامنظور کر دیا ... آسٹریا اور جاپان سے معاہدے ... اور ... کر سکتی ... فائدہ ... طاقتوں نے ... نفع حاصل کرنے میں ... امداد کی ان معاملات میں شامل نہیں ... اس وقت تک ہم طور ...

یوکرین کے وزیر خارجہ نے اپنی تقریر میں کہا کہ مسٹر بیون اور مسٹر اسپاک کے ... یوکرین اور ... کے نمائندوں نے مسٹر بیون اور مسٹر اسپاک کی تقریروں کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ روس کی اس تجویز کو قبول کر لیا جائے کہ بڑی طاقتوں کی فوجوں میں ایک تہائی کمی کر دی جائے۔ یوکرین کے نمائندے نے کہا کہ اس تجویز ... ہیں ... اور تمام دنیا کا معیار زندگی بلند ہو جائیگا ... نمائندہ ... مسٹر بیون نے اس ... پرانی ... مغربی یونین کی تشکیل روس کے خلاف نہیں ہوئی ہے ... بلجیم کے وزیر خارجہ ... ممالک ...

... تیل کے چشموں ... وہ بڑی طاقتوں کی باہمی جنگ ... ملکوں کے معاملات میں ... کو نکالا جا رہا ہے۔ ... یوگو سلاویہ کے نمائندے نے ... تقریروں سے ... کے درمیان ... چھوٹی طاقتوں کی ... وہ دوسرے ملکوں اور خاص طور پر روس سے سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ مسٹر بیون کا یہ کہنا کہ مشرقی ملکوں کو مارشل پلان قبول کرنے سے منع کر دیا گیا ہے غلط ہے۔ یوگوسلاویہ کو کسی نے اس کے طریق کار کے متعلق کوئی ہدایت نہیں دی۔ اس نے یہ فیصلہ خود کیا ہے اور اسے یقین ہے کہ مارشل پلان ایک آزاد ملک کے لئے ناقابل قبول ہے۔

چلی کے سفیر نے کہا کہ ایک طاقت نے بغیر کسی مناسب اور معقول وجہ و دلیل کے اپنے حق نامنظوری کو استعمال کیا۔ چلی نے فلسطین میں مداخلت پر باہمی سمجھوتہ کے طریقوں اور کوریا میں اقوام متحدہ کی سرگرمیوں کی حمایت کی تھی۔

بولیویا کے نمائندے نے کہا کہ حق نامنظوری کو غلط استعمال کیا گیا۔ ہسپانیہ اور اطالیہ کو اقوام متحدہ کی رکنیت میں شامل کیا جائے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ ہسپانیہ کو امن عالم کو کوئی خطرہ نہیں۔ بلکہ یہ خطرہ تو کسی اور ہی ...

... پیدا کر دیں۔

ڈاکٹر ایوٹ چیرمین نے اسمبلی کو آئندہ کے لئے ملتوی کر دیا اور تاریخ بعد میں مقرر ہوگی۔

ہند کی تاریخی دستاویزات کا کمیشن

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ حکومت ہند کی وزارت تعلیمات کے ایک پریس نوٹ کی اطلاع کے مطابق حکومت ہند نے نیپال دربار لائبریری کے لائبریرین پروفیسر ... پانڈے اور رنگون یونیورسٹی کے شعبہ تواریخ کے پروفیسر ڈبلیو ایس ڈیسائی کو ہند کی تاریخی دستاویزات کے کمیٹی کے ممبران نیپال اور برما کی حکومتوں کے نمائندوں کی حیثیت سے مقرر کیا ہے۔ ہر دو اصحاب ... ۱۹۵۲ء تک اس عہدہ پر فائز رہیں گے۔

> ## یکم اکتوبر کو فلیگ ڈے منایئے
> ### اور
> ## فوجیوں کی امداد کیلئے آپ سے جو کچھ ہو سکے کیجیے
> ### یاد رکھیئے
> ### ایک ایک فوجی اور اس کے خاندان کی خوشی سے آپکی خوشی وابستہ ہے

لائق علی کابینہ نے ۲۸ کروڑ ہنڈیاں فروخت کر دیں
مالی ماہرین کی کمیٹی حیدرآباد کی مالیات کی جانچ کر رہی ہے

سکندرآباد ۳۰ ستمبر۔ ریاست حیدرآباد کا شہری انتظام کا محکمہ ریاست کے مالی معاملات کی درستی پر سب سے زیادہ توجہ کر رہا ہے جنہیں لائق علی کابینہ نے بہت ابتر حالت میں چھوڑا تھا۔ اس ریاست نے ہند یونین سے دشمنی کی بنا پر اور فوجی تیاریوں کے لئے بے دریغ روپیہ صرف کیا۔ لائق علی کابینہ نے ریاست کے محفوظ خزانہ سے اس مقصد کے لئے ۲۸ کروڑ روپیہ کی ہنڈیاں پاکستان کو دیدی گئیں۔ مسٹر پرہلان مالی ماہرین کی ایک ٹیم کی مدد سے جو ریاست حیدرآباد کی مالی حالت سے بخوبی واقف ہیں۔ ریاست کی مالیات کی جانچ کر رہے ہیں۔ اس میں خاص طور پر سابقہ بجٹ کا خیال رکھا جا رہا ہے جس میں حیدرآباد کو تین کروڑ کا خسارہ ہوا تھا۔ ریاست حیدرآباد میں گذشتہ بیس سال میں یہ خسارہ کا پہلا بجٹ تھا۔ جانچ پڑتال کا یہ کام پندرہ دن میں ختم ہو جائیگا۔ مالی حالت کی جانچ کے سلسلہ میں ریاست بھر میں پہلے ریاستی خزانوں وغیرہ کا حساب دیکھا جا رہا ہے۔ حیدرآباد کے ایجنٹ جنرلوں نے ممالک خارجہ میں جو روپیہ صرف کیا ہے اس کی بھی دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔

مادیون میں کمیونسٹوں نے زمین کی تقسیم شروع کر دی
جمہوری فوجوں کی سست رفتاری پر بٹاویا میں تشویش

بٹاویا ۳۰ ستمبر۔ جوگ جاکارتا ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ جمہوریہ انڈونیشیا کی فوجیں مادیون میں شرق کی طرف سے ... کی ہیں۔ ... ہے جس علاقہ کا ... والی تین فوجوں کا ... ہو گیا ہے۔ مادیون جمہوریہ انڈونیشیا کے کمیونسٹوں کا صدر مقام ہے یہاں کے مبصرین کو اس بات پر بڑی تشویش ہو رہی ہے کہ جمہوری فوجوں کی پیش قدمی کی رفتار بہت سست ہے۔ اطلاعات میں بتایا گیا ہے۔ مادیون پر کمیونسٹوں کا اقتدار ... زمین کی جدید تقسیم شروع کر دی ہے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ جمہوری فوجوں کی پیش قدمی کی رفتار ... کی وجہ سے ... سست مادیون پر مغرب کی طرف سے ... ہوئے ہیں۔ ان کی بابت جمہوریہ انڈونیشیا کی وزارت ... اعلان کیا ہے کہ ... کے راستوں کے ... پہونچ گئے ہیں جگہ مادیون سے پندرہ میل کے فاصلہ پر ہے۔ ... دوسری اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ گلستان میں جو مادیون سے ۱۵ میل پرے ہے وہاں بھی سخت جنگ جاری ہے۔ مادیون کے شمال میں ... کے جیل خانہ پر ایک مسلح دستہ نے حملہ کیا۔ قیدیوں کو چھڑا لیا اور جیل خانہ کے اسٹاف کو اپنے ہمراہ لے گئے۔

واشنگٹن ۳۰ ستمبر۔ امریکہ کے اعلیٰ عہدیداروں نے آج انکشاف کیا کہ اگلے سال جب امریکن کانگریس کا اجلاس ہوگا تو اس میں مغربی یورپ کی فوجی امداد کے لئے ایک پلان پیش کریں گے۔ موجودہ اندازہ کے مطابق یہ پلان دسمبر کے وسط تک تیار ہو جائے گا۔ اور صدر کے پیغام میں امریکن کانگریس کے اجلاس میں پیش کر دیا جائیگا ابھی یہ طے نہیں ہوا کہ اس پروگرام پر کتنا صرف ہوگا لیکن ۱۱ ارب سے تین ارب ڈالر کے خرچ کا اندازہ ہے۔

کتائی کا مقابلہ

نئی دہلی ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم اور ۲ اکتوبر کو پریڈ گراؤنڈ میں کتائی کا مقابلہ ہوگا۔ یہ مقابلہ ... بجے تک رہے گا اس میں پبلک بھی حصہ لے گی۔ جو لوگ اس مقابلہ میں حصہ لینا چاہیں وہ چرخہ اور ضروری سامان لے کر آئیں۔

دارالسلطنت

۳۰ ستمبر ۱۹۴۸ء

گاندھی جینتی کا پروگرام

موٹر سے ٹکر

فرول باغ میں ایک موٹر سائیکل اور موٹر کی ٹکر ہو نے سے موٹر سائیکل چلانے والا اور اس کا ساتھی مجروح ہوا۔

بے ٹکٹ سفر کرنے والے گرفتار

قرآنخانہ میں علم و عرفان کی بارش

مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی مزید سماعت

گاندھی جینتی کی تقریب

مسز راجیشوری نہرو کی تقریر

امریکہ میں لڑائی کے دوران میں روس نے جاسوسوں کا جال بچھا دیا

امریکہ سے ایٹم بم کی معلومات کی چوری پر ایک کمیٹی کا بیان

یوپی میں سیلاب زدہ علاقے

حکومت کا امدادی منصوبہ

سی پی اسمبلی کی خالی نشست

سوشلسٹ اور کانگریس امیدواروں میں مقابلہ

ضلع بھڑوچ میں خشک سالی

کھڑی فصلیں سوکھ گئیں

ہماچل پردیش کی مشاورتی مجلس

ہماچل کانگریس کمیٹی کو تسلیم کر لیا گیا

ہند اور روس کا غذائی معاہدہ

ہند کے خلاف پروپیگنڈا

پچاس ہزار برس قبل کا انسان!

جزائر ڈوڈیکانیز میں ہڈیاں ملیں!

مارشل ٹیٹو کی حکومت

آل انڈیا پوسٹمین کانفرنس

کپڑے چور کو سزا

دودھ کی فراہمی

پل ٹوٹ گیا

روس کی پالیسی پر جیم کمانڈر کی نکتہ چینی

دھوکہ دہی کی ناکام کوشش

چاندنی چوک میں ایک بنک کے ساتھ دھوکہ کر کے ایک ہزار روپے وصول کرنے کی کوشش کلرک کی ہوشیاری سے ناکام بنادی گئی۔ کہا جاتا ہے کہ کلرک کو دستخط پر شبہ ہوا جس پر اس نے اپنے ساتھی سے مشورہ کیا اور قبل اس کے کہ وہ کوئی کارروائی کرے دھوکہ باز بھاگ گیا۔

راشن کارڈوں کا اندراج

عرس

جملہ شائقین و عقیدتمندوں کی خدمت میں التماس ہے ...

نیاز مند — سید نیاز علی و سید محمد صدیق

خادمان درگاہ چراغ دہلی

چور پکڑا گیا

ایک ہزار روپے لیکر بھاگ گیا

نقاب پوش ڈاکوؤں کی سرگرمیاں

"الجمعیۃ" کے ایجنٹ صاحبان نوٹ کر لیں

"ہفتہ وار الجمعیۃ" کا پہلا پرچہ ۳۱ ؍ اکتوبر کو شائع ہو جائیگا

اور

اس کے بعد مسلسل ہر اتوار کو شائع ہوتا رہیگا

ایجنٹ صاحبان جتنے پرچے طلب کرنا چاہیں بحساب تین روپیہ فی پرچہ زر پیشگی فوراً ارسال فرمادیں۔ اخبار صرف اُن ایجنٹوں کو بھیجا جائے گا جن کی پیشگی رقم دفتر کو وصول ہو گئی ہوگی۔

حب مسیحی ہاضمہ، ریح البواسیر، درد شکم، نفخ اور امراض جگر کے لئے اکسیر ہے قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپیہ آٹھ آنہ (ع۲)

حب شیر مشن بچوں کے امراض، جگر، ڈبہ، دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے، قیمت فی شیشی دس گولیاں دو روپے (ع۲)

سفوف سلطانی سیلان الرحم کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے ہزاروں مرتبہ آزمائی جا چکی ہے، قیمت چالیس خوراک پندرہ روپے۔ ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور

رام لیلا گراؤنڈ میں پنڈت نہرو کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

حیدر آباد کو سوئٹزر لینڈ اور آسٹریا سے مشابہت دینا غلطی ہے

لندن میں حیدر آباد کے بارے میں ہند کے نقطۂ نظر کا اظہار

لندن ۱۴ اکتوبر۔ لندن میں حیدرآباد کے بارے میں ہند کا نقطۂ نظر کے عنوان سے ایک پمفلٹ شائع ہوا ہے۔ ... ایک آزاد ریاست ہو ایک دوسری ریاست ہے چاروں طرف سے گھری ہوئی ہے ...

کہا گیا ہے کہ ہند میں جمہوری حکومت ہے اور حیدرآباد میں اس وقت فرقہ پرست لیڈروں کا دور دورہ ہے دونوں باتیں ساتھ ساتھ نہیں رہ سکتیں ان میں سے ایک کا ختم ہونا ضروری ہے۔

... حیدرآباد کے حکمران کبھی دوسروں کی امداد کے بغیر اپنی سلطنت قائم رکھ سکے ہیں کا جواب ... حیدرآباد کی آزادی کو تسلیم نہیں کر سکتا کیونکہ اب حیدرآباد ہند کے داخلی امن و امان اور معاشی حالت کے لئے ایک خطرہ ہو ...

ہندوستان کے مختلف حصوں میں گاندھی جینتی

(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

تصویر کی نقاب کشائی

حیدر آباد کے متعلق مجلس تحفظ کے ممبروں کے رویہ میں تبدیلی

ارجنٹائن کے نمائندے نے ہندوستانی نمائندے سے معافی مانگی

پیرس ۱۴ اکتوبر۔ غالباً پیر کے دن مجلس تحفظ کے سامنے حیدرآباد کا مسئلہ پیش ہوگا اور توقع ہے کہ زیادہ تر ممبروں کے طرز عمل میں ایک خاص تبدیلی ہو جائیگی۔ اس مرتبہ ممبران ہندوستان کی حمایت کریں گے اور معاملہ بغیر مزید بحث کے طے ہو جائیگا۔

اس وقت تک چین نے ہندوستان کی حمایت کی ہے لیکن اب کناڈا اور ہندوستان کا خاص مخالف ارجنٹائنا بھی ہندوستان کی حمایت کریگا۔ ارجنٹائنا کے طرز عمل میں یہ خاص تبدیلی اس امر سے ہوئی ہے کہ اس کے وفد کے ممبران میں اس مسئلہ پر اختلاف رائے پیدا ہو گیا ہے۔

... ان باتوں کو پسند نہیں کیا جو نمائندے نے ہندوستان کے خلاف کہیں۔ نمائندے نے حیدرآباد اور حبشہ کا مقابلہ کیا۔ اس کو بھی ناپسند کیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ ارجنٹائنا کے وزیر خارجہ نے مسٹر ...

ریل گاڑیوں کے پنکھوں کی چوری چور پکڑ لیا گیا

انبالہ ۱۳ اکتوبر۔ ایسٹ پنجاب ریلوے ڈی۔ آئی۔ آر کی گاڑیوں اور اسٹیشنوں سے گزشتہ فسادات کے اندر جو بجلی کے پنکھے چوری ہو گئے تھے، ریلوے پولیس نے ان کا سراغ لگا لیا ہے، پولیس نے دہلی میں ایک مشتبہ شخص کو گرفتار کیا دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ اس نے سینکڑوں کی تعداد میں پنکھے جاکر فروخت کر ڈالے۔ پانچ ایسے آدمیوں کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے جن کے ہاتھ پنکھے فروخت کئے گئے ان پانچ حضرات میں ایک سینما کے مالک، ایک کباڑی اور ایک گورنمنٹ سروس کا گزیٹیڈ افسر بھی ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

علی گڑھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر

علی گڑھ ۱۳ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ نواب محمد اسماعیل وائس چانسلر علی گڑھ یونیورسٹی نے اپنی خرابی صحت کی بنا پر اپنے عہدہ سے سبکدوش ہونے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ اگر وہ مستعفی ہوئے تو یقین کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر سید محمود ان کی جگہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر مقرر کئے جائیں گے۔

فلسطین میں صورت حال نازک

(صفحہ اول کالم ... سے آگے)

نگراں مستعفی ہو رہے ہیں

افریقہ کے نمائندوں کی کانفرنس

وزیر نوآبادیات کریچ جونز کی تقریر

لندن ۱۳ اکتوبر۔ لندن میں افریقی نمائندوں کی کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر کریچ جونز برطانوی وزیر نوآبادیات نے کہا کہ برطانیہ افریقہ کی نوآبادیات پر اقوام متحدہ کے اثر و رسوخ بڑھانے کی مخالفت کریگا۔ ...

آسٹریلیا کی پارلیمنٹ میں کشیدگی

عدم اعتماد کی تحریک!

درزیوں کی ضرورت

ہم کو سلائی کا کام کرانے کیلئے درزیوں کی ضرورت ہے۔ پتہ ذیل پر تشریف لاکر یا بذریعہ خط و کتابت بات چیت کریں۔

جلیبدرا اینڈ کمپنی ۱۱۹۶/A

چھتہ پرتاب سنگھ کناری بازار (دریبہ کلاں) دہلی

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھایئے

...صرف یہ کہنا کہ انہوں نے ہندوستان کو آزادی دلائی آن کے کارناموں کو کم کر کے دکھانا ہے انہوں نے ہندوستانیوں کو وقار عطا کیا۔ انکے دلوں میں اعتماد پیدا کیا اور مظلوم عوام کے دلوں میں امید کی کرن پیدا کی ...

جگ جیون رام کی تقریر

مشہور ڈی ... میں گاندھی جی کی تصویر کی نقاب کشائی کرتے ہوئے لیبر منسٹر مسٹر جگ جیون رام ... نے کہا کہ ہندوستان میں عوام کی عادت ہو گئی ہے کہ وہ بڑے لیڈروں کی پوجا کرتے ہیں۔ حالانکہ انہیں ان کی تعلیمات پر عمل کرنا چاہئے ... اچھا طریقہ یہ ہے کہ ان کے اصولوں کی پیروی کی جائے اور ان کی تعلیمات کو عمل جامہ پہنایا جائے۔ اگر گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلا جائے تو بہت سی غلطیوں اور مصیبتوں سے نجات مل جائے ...

فنڈ کی اپیل

مسٹر جگ جیون رام نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہم اس سال گاندھی جینتی منا رہے ہیں ...

رجسٹرڈ نمبر ۹۷

سالانہ قیمت! چالیس روپے، ششماہی بیس روپے، سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

روزنامہ الجمعیۃ اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب کیجئے

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم بدھ ۲ ذی الحجہ ۱۳۶۷ھ ہجری مطابق ۶ اکتوبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۲۶ | بذریعہ ہوائی جہاز ایک آنہ

پاکستانی اپنے دل سے ہندوستان کی طرف سے حملہ کا خوف دور کریں

ہندوستان پاکستان یا دنیا کے کسی ملک پر حملہ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا

نئی دہلی میں گاندھی جینتی کے موقع پر پنڈت نہرو کا مکرر اعلان

نئی دہلی ۔ ۴ر اکتوبر ۔ نئی دہلی میں گاندھی جینتی کے سلسلے میں ایک تقریب میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے حکومت ہند کی خارجہ پالیسی کا اعادہ کرتے ہوئے ہندوستان کی نیک نیتی کو غیر مبہم ... فرمایا۔

چین کی نئی تربیت یافتہ فوج حرکت میں آگئی

وسطی چین میں کمیونسٹوں کے زبردست حملہ کا خطرہ

صوبہ کا انتشار حیدرآباد کو وسیع کرتا تھا

سکندرآباد میں قابل اعتراض لٹریچر کی برآمدگی

برطانوی پارلیمنٹ کا ایک ممبر پاکستان میں

حیدرآباد میں نیا بجٹ

دشمن نے گریز پر حملے کی تیاریاں شروع کردیں

ہندوستانی توپوں اور طیاروں کی گولہ باری !!

ہند اور جرمنی کی تجارت کے اچھے امکانات

وزارت تجارت کے وفد نے اپنی رپورٹ پیش کردی

سردار پٹیل نائب وزیر اعظم کی زبان سے بھی پاکستان کو دوستی کی یقین دہانی

پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان سے وفاداری کا اعلان

قومی پالیسی کے تمام پہلوؤں پر ایک ماہرانہ تبصرہ

نئی دہلی ۴ر اکتوبر ۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے دہلی کے باشندوں کے ایک ... کا جواب دیتے ہوئے ... پالیسی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی ... آپ نے اس کی تائید کی کہ پنڈت نہرو نے پاکستان کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا ... اور اس پر اظہار افسوس کیا کہ پاکستان کی طرف سے اس کا مناسب جواب نہیں ملا

پاکستان سے تعلقات

امداد باہمی کی انجمنیں

اقوام متحدہ کی اسمبلی میں مشرق قریب اور مشرق وسطی کی مشترکہ پالیسی

افغانستان اور پاکستان بھی گفت وشنید میں حصہ لے رہے ہیں

پیرس ۴ر اکتوبر ۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں مشرق قریب اور مشرق وسطیٰ سے شرکت کرنے والے مندوبین ... مشترکہ پالیسی متعین کرنے پر غور کر رہے ہیں ...

گورنر جنرل مراکو پیرس میں

ریڈیم پلز دل، دماغ، معدہ، جگر اور گردوں کو طاقت پہنچا کر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں، عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں

دواخانہ بقائی بازار چتلی قبر دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۴ اکتوبر ۱۹۴۸ء

ہندوستان کا نیا دَور

حیدرآباد میں حکومت کے کامیاب اقدام پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھنؤ کی ایک تقریر میں پنڈت پنت وزیر اعظم نے فرمایا

"مسلمانوں کی طرف سے جو غلط فہمی اور بے اعتباری پیدا ہو گئی تھی وہ اب دور ہو گئی ہے اور مسلمانوں نے اپنی پاکیزگی سے ثابت کر دیا ہے کہ اب ان سے وفاداری کے مزید ثبوت یا مطالبہ کی ضرورت نہیں ہے۔"

بہتر تو یہ تھا کہ مسلمانوں سے یہ مطالبہ پہلے بھی نہ کیا جاتا کیونکہ یہ مطالبہ غیر قانونی، غیر منطقی اور غیر ضروری تھا، صرف اتنی بات کافی تھی کہ ہر غدار کو ثبوت کے بعد وہی سزا دی جائے گی جو کسی بڑے سے بڑے باغی کو دی جاتی ہے، مگر خیر یہ بھی ایک عجیب دور تھا جو اپنی برائی بھلائی کے ساتھ ختم ہوا، لیکن اب تو سمجھ لینا چاہیے کہ ہندوستان میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے اور اسے شاندار بنانا اور اس کے ساتھ مطابقت پیدا کرنا ہر ہندوستانی ہر شہری اور ہر محب وطن کا فرض ہے، اگر شکوک اور بدگمانیوں کے بادل چھٹ گئے ہیں اور اعتماد اور تعاون کی بادِ صبا چلنے لگی ہے تو پہلا سب سے پہلا کام یہ ہے کہ گذشتہ تلخیوں اور کوتاہیوں کو یکسر بھلا دیں، دل درد مند اور زبان ماتم سرا کو قابو میں رکھیں اور برتری اور کہتری کے احساسات کو خیر باد کہہ تعمیر کے نقشوں میں اپنا رنگ بھرنے کے لئے تیار ہو جائیں اور کچھ ایسے کام کرکے دکھائیں جن سے تلافی مافات کا حق ادا ہو جائے۔

ہمیں ہندوستان اور پاکستان کے معاملات کو اپنی جگہ چھوڑ دینا چاہیے، وقت کے تقاضوں کے ساتھ ہمیں خود معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے فرائض کیا ہیں اور ایک ہندوستانی کی حیثیت سے ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ ایسے وقت میں ہر ہندوستانی ہندوستان کی بہتری کے لئے سوچے گا اور ضرورت کے مطابق اپنی رفتار کا رخ متعین کرے گا، اس وقت تو ہمیں ہندوستان کی سرزمین کو گلزار اور شاداب بنانا ہے اور مختلف طبقات کو ایک سطح پر لاکر ایسے حالات پیدا کرنے ہیں جن میں ہم اپنی بقاء، ترقی، خوشحالی ہم آہنگی اور قومی تنظیم کے لئے کچھ کر سکیں اور اپنے آپ کو ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کے قابل بنائیں!

ہر قوم میں اچھے برے سب ہی قسم کے لوگ ہوتے ہیں، کوئی قوم مجموعی حیثیت سے نہ اچھی ہوتی ہے نہ بری، نہ تو مسلمانوں ہی میں سب فرشتے ہیں نہ ہندوؤں میں سب جاپرش اور دیوتا ہیں دونوں میں کچھ برے ہیں تو کچھ اچھے بھی ہیں، جو برے ہیں ہم ان کی برائیوں کو اپنی بھلائی سے دور کریں اور ان کی وجہ سے کسی قوم کو برا نہ سمجھیں جو لوگ بھلے اور اچھے ہیں ہم ان کا تعاون حاصل کریں، انہیں آگے لیکر بڑھیں اور ان کے ذریعہ برائی کی طاقتوں کو زیر کرنے کی کوشش کریں، برے انسان اپنی موت آپ مر جاتے ہیں اور بھلے انسان سیدوں کا سہارا بن کر زندگی کا راستہ صاف کرتے اور برائیوں کو بھلائیوں سے بدل دیتے ہیں، ہمیں مسلمانوں سے کس بات کی توقع رکھنی چاہیے؟ انہوں نے موجودہ انقلاب میں بہت سی ٹھوکریں کھائی ہیں، بڑی سزائیں بھگتی ہیں، بڑا نقصان اٹھایا ہے، اب دانشمندی کا تقاضہ یہ ہے کہ گذشتہ غلطیوں اور کوتاہیوں کا اعادہ نہ ہو اور ہم جلدی اور بدحواسی میں کوئی ایسی حرکت نہ کر بیٹھیں کہ رہی سہی زندگی بھی ختم ہو جائے، ہمیں اپنی متاع گمشدہ کو واپس لانا ہے، اپنی ساکھ کو پھر سے قائم کرنا ہے اور اپنی افادیت اور نفع بخشی کا ثبوت از سر نو بہم پہونچانا ہے! لیکن اس کا راستہ وہی ہے جس کی طرف جمعیۃ علماء ہند دعوت دیتی رہی ہے یعنی اپنے ملک کی خدمت کرکے اپنی حکومت کو مضبوط بنا کر اور اپنے اہل وطن کے ساتھ متحد اور ہم آہنگ ہو کر اپنے ساتھ وفاداری کرنا اور اپنے آپ کو اچھا انسان اچھا مسلمان، اچھا ہندوستانی اور اچھا شہری بنانا!

پنڈت پنت نے تو کہہ ہی دیا ہے کہ اب مسلمانوں کی جان بخشی ہو جانی چاہیے مگر مسلمانوں کی جان بخشی نہیں ہو گی جب تک کہ وہ اپنے اعلیٰ کردار سے اپنے خیر الامم ہونے کا ثبوت بہم نہ کر دیں اور اسلام کی ان بخشی ہوئی طاقتوں سے کام نہ لیں جو ان کی عظمت کا سرچشمہ، ان کے جبروت کا مصدر اور ان کی زندگی کا منبع ہیں،

اب مسلمانوں کو زندہ رکھنے والی چیز ان کے اخلاق ہیں، اپنی زندگی کو شائستہ، اپنے نظریات کو بلند اور اپنے کیرکٹر کو مضبوط بناؤ، دنیا خود تمہارا احترام کرے گی ہندوستان خود تمہیں اپنی آنکھوں پر بٹھائے گا اور اس کے باشندے خود تمہیں اپنے ہاتھوں پر لیں گے۔

ہم دوسروں کی نسبت بھی دو حرفی بات کہنا چاہتے ہیں اور حکومت کو مخاطب کرکے یہ کہنے کی جسارت کرتے ہیں کہ ابھی تک اکثریت نے اپنی ... ذمہ داریوں کے احساس کا کچھ اچھا مظاہرہ نہیں کیا ہے، اور اس کی وجہ اکثریت کے اخبارات کی دلآزار منتقمانہ اور توہین آمیز روش ہے، نظم اور نثر میں مقالات اور مضامین میں مسلمانوں کے اندر احساس کمتری پیدا کرنے کی دانستہ کوشش کی جا رہی ہے قاسم رضوی کیا ہاتھ لگ گیا کہ تمام داڑھیوں پر ہاتھ صاف ہونے لگا، اردو اور ہندی اخبارات کی جاہلانہ غلط نویسی سے گزار کر انگریزی اخبارات تک میں احساس برتری کا ایک سلسلہ نظر آئے گا، دہلی کے ایک انگریزی ہفتہ وار جریدہ نے اسلامی تاریخ اور مسلم سلاطین کا کھلے بندوں مذاق اڑایا ہے اور پوری کوشش کی ہے کہ مسلمانوں کی پوزیشن ایک طفل بن کر رہ جائے اور وہ ابھی سے ہر بری سے بری بات کو سننے کی مشق بہم پہونچا لیں۔

ہماری یہ جائز شکایت خیر خواہی اور نیک نیتی پر مبنی ہے اور حکومت کو اسلئے توجہ دلائی ہے کہ وہ منافرت کے اسباب سے باخبر ہے اور فرقہ واریت کے زہر کو پھیلنے سے روکنے! ہم اسے قابل کہاں کہ اکثریت کو اسکا فرض یاد دلائیں خود اکثریت اور اس کے ذمہ دار افراد ہی فیصلہ کریں کہ اس نازک دور میں ان کے فرائض کیا ہیں اور ان میں دوسروں کو مطمئن کرنے کی صلاحیت کس حد تک موجود ہے۔

پرانا غدار!

عربوں نے تمام فلسطین میں عرب گورنمنٹ قائم کی ہے اور وزراء کے ناموں کا اعلان کیا ضروری تھا کہ اسرائیلی سلطنت کے مقابلہ پر ایک زبردست عرب حکومت کا قیام عمل میں آئے اور اسے مستحکم کرنے اور بین الاقوامی دنیا میں منظور کرانے کی جدوجہد کی جائے، لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ برطانیہ اور امریکہ کا مہرہ شاہ عبداللہ جس کی گردن پر عرب ممالک کی غلامی کا بار ہے اور جس کے باپ نے پہلی دفعہ عرب کو برطانیہ کے ہاتھ فروخت کیا تھا اس دفعہ بھی کوئی کھیل کھیلنا چاہتا ہے، چاہیے تو یہ تھا کہ شاہ عبداللہ فلسطین کی عرب حکومت کے لئے دست و بازو بنتا اس نے عرب گورنمنٹ کی مخالفت شروع کر دی اور جب اس نئی حکومت کے وزیر خارجہ جمال [illegible] اس کے پاس مشورہ کرنے کے لئے گئے تو اس نے ان کو نظر بند کر دیا، اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ عرب لیگ کے کسی فیصلہ کا پابند نہیں ہے اور اب کی دفعہ اسے فلسطین کو یہود کے ہاتھ فروخت کرنے کا [illegible] کر لیا ہے اس کے بعد کیا امید ہے کہ فلسطین کی عرب گورنمنٹ کو دوسرے ممالک تسلیم کریں گے اور شاہ عبداللہ اس راہ میں روڑے اٹکا کر عرب ممالک کو ذلیل نہیں کرے گا؟ اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے اس کے بعد یہود کو کیا [illegible] دوسروں کا شکوہ بے سود، [illegible] شاہ عبداللہ کی طرف سے کوئی افسوسناک حرکت عمل میں آنے والی ہے۔

اچھی باتیں

لن ینال اللہ لحومہا ولا دماؤہا ولٰکن ینالہ التقویٰ منکم (پ ۱۷ ع ۱۳)

قربانی کا گوشت اور خون خدا کے پاس نہیں پہونچتا، اس کی جناب میں تو صرف تمہارے اخلاص اور پرہیزگاری کو باریابی حاصل ہوتی ہے۔

قربانی دراصل نفس کی قربانی ہے، یعنی نفس کی خواہشات کو خدا کی مرضی پر قربان کر دینا اور سچائی، انصاف کو اپنے ہر مفاد پر مقدم رکھنا، جانوروں کی قربانی اسی نفس کی قربانی کا عملی ثبوت ہے ورنہ خدا کو خون اور گوشت سے کوئی دلچسپی نہیں وہ تو یہ دیکھتا ہے کہ جس بندے نے جانور کی قربانی کی ہے وہ اپنے نفس کی قربانی پر کہاں تک آمادہ ہوا؟ اگر ہم نے قربانی تو کی مگر نفس کو موٹا کرتے رہے اور تقویٰ کی روح پیدا نہ کر سکے جو ہمارے اخلاقی نظام کو مربوط کرتی اور معرفت ذات کی راہ کھولتی ہے تو ایسی قربانی بے سود ہے، قربانی وہی ہے جو انسان کو حق اور راستی پر قربان ہونا سکھائے اور جو جانی اور مالی ایثار کا سبق دے، جو قربانی اس مقصد سے خالی ہوگی وہ انسان کو رسم پرست تو بنا سکتی ہے، حق پرست نہیں بنا سکے گی!

"بھارت کے مسلمانوں کو غلامی کی طرف نہ کھینچا جائے"

غلاموں کی کثرت کمزوری پیدا کرتی ہے ایک قوم پرست ہندو کا بیان

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) ایک قوم پرست شہری مسٹر ضیصر سنگھ چودھری نے حال ہی میں حسب ذیل بیان برغرض اشاعت ارسال کیا ہے۔

۱۹ ستمبر ۱۹۴۸ء کو مراد آباد میں کمشنر صاحب روہیلکھنڈ تشریف لائے تھے اور ڈاک بنگلہ پر انھوں نے یہاں کے ہندو ایم ایل اے صاحبان اور ڈپٹی لیپ [illegible] اور ڈسٹرکٹ بورڈ چیرمین سے ملاقات کرلی چاہی چنانچہ بابو رام سرن صاحب دیش بھگت ایم ایل اے صدر کانگریس کمیٹی مراد آباد اور پنڈت شنکر دت صاحب ایم ایل اے اور میں خود بحیثیت ضلع چیرمین وکاس بورڈ مراد آباد ان سے ملاقات کرنے گئے، بات چیت کے دوران میں بابو رام سرن صاحب صدر شہر کانگریس کمیٹی نے اپنے خیالات کا ان الفاظ میں اظہار فرمایا کہ آجکل نیشلسٹ مسلمان فرقہ پرست ہو گئے ہیں اور لیگی خیال کے مسلمان ہمارے ساتھ آ رہے ہیں اور تعاون کر رہے ہیں اور اپنے اس دعوے پر کہ نیشنلسٹ مسلمان فرقہ پرست ہو گئے ہیں یہ دلیل پیش کی کہ گاؤ کشی کے روکنے میں لیگی مسلمانوں نے ہمارا ساتھ دیا اور تائید کی اور نیشلسٹ مسلمانوں نے ہماری مخالفت کی ہے۔ بابو رام سرن کے اس نظریہ پر مجھے ایک دھکا سا لگا اور بہت دکھ ہوا، میں نے انتہائی غور و فکر کے بعد سوچا کہ کیا یہ واقعی سچ ہے کہ نیشلسٹ مسلمان فرقہ پرست ہو گیا اور اگر ہے تو اس کی وجہ کیا ہے، تب میرے خیال میں دو وجہ آئیں، اول یہ کہ لیگی خیال کا مسلمان کیوں نزدیک آتا ہوا نظر آتا ہے اور دوسرے یہ کہ نیشنلسٹ مسلمان کیوں فرقہ پرست نظر آتا ہے۔ اول کا جواب، لیگی خیال کا مسلمان ملک کے بٹوارہ کے بعد گھبرا گیا ہے اور یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کے پیروں کے نیچے کی زمین کھسک رہی ہے اور وہ اپنے آپ کو ناامید پاتا ہے کیونکہ اس کے لیڈر تو پاکستان بھاگ گئے ہیں یا ان میں لیڈری کرنے کا دم ہی نہیں رہا ہے اسی وجہ سے وہ اپنے آپ کو بے بس سا خیال کرتے ہیں ایسی صورت میں لیگی خیال والا مسلمان اپنے اوپر سے ... شک و شبہ کو دور کرنے کے لئے کوشش کرتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ یہاں کی حکومت کی نظر میں وفادار ثابت ہو اس دھن میں وہ ڈر کی وجہ سے ایسے کام بھی کرنے پر تیار ہو گیا ہے جن کو اس سے قبل وہ کبھی بھی تیار نہیں ہو سکتا تھا۔ اور ادھر ذرا بھی فرقہ وارانہ خیال کا رکھنے والا کانگریسی ہندو اس کی کمزوری سے فائدہ اٹھاتا ہے ڈراتا ہے دباتا ہے اور ذرا سی حکم عدولی کی بنا پر اس کو جیل تک میں بند کرا دیتا ہے اس بدخیالی سے تنگ آکر وہ ادھر ادھر سرگرداں رہتا ہے اور کانگریس کے دروازہ کو اپنے اوپر بند پاتا ہے اور اگر کسی دوسری سیاسی جماعت میں شریک بھی ہو جائے تب بھی اس پر شک و شبہ کیا جاتا ہے ان سب وجہوں سے وہ مسلمان ہر وہ کام کرنے پر اتر آتا ہے جن سے حاکموں کی نگاہ میں وفادار ثابت ہو اور اس سے حاکم بہت خوش ہوں۔

نیشلسٹ مسلمان کیوں فرقہ پرست نظر آتا ہے نیشلسٹ مسلمان وہ مسلمان ہے جس نے گذشتہ زمانہ میں نیشنلسٹ ہونے کے جرم میں اپنی داڑھیاں نچوائیں، اور پگڑیوں کو اچھلوایا اور مسلمانوں سے اپنے آپ کو کافر کہلوایا اور ہمارے ساتھ وہ جیل میں بھی گئے ہیں اور پوری جنگ آزادی میں ہر قسم کی قربانیاں دی ہیں ہم اس کو خوب جانتے ہیں اور وہ بھی ہماری نس نس سے واقف ہے اسی لئے وہ لیگی مسلمان کی طرح اپنے گھٹنوں کو نہیں ٹیکنا چاہتا اور آج بھی پہلے کی طرح سیدھا کھڑا رہنا چاہتا ہے، حال یہ ہوتا ہے کہ وہ پہلے سے ہی فرقہ وارانہ خیال کا رہا ہو اور اسی وجہ سے وہ سیدھا سیدھا کانگریس میں داخل نہ ہوا اور دوسری جماعتوں کے ذریعہ وہ کانگریس میں آیا ہو اگر یہ بات مان کر چلا جائے تب اس کے اس نظریہ کو پہلے ہی کیوں ڈھیل دی اور برداشت کیا اور آج اتنا ہی نظریہ کیوں ہم سے برداشت نہیں ہو سکتا وجہ ہمارے دلوں میں چھپی ہے اگر اس کو ٹٹول کر ہم دیکھیں تو محسوس کریں گے کہ ہم خود کسی نہ کسی حد تک فرقہ پرست ہو گئے ہیں اور یہی وہ نظریہ ہے جو آج نیشنلسٹ مسلمان کو فرقہ پرست کہلواتا ہے یہی خیالات میں نے کمشنر صاحب کے سامنے رکھے تھے۔ اب میری نیشلسٹ مسلمانوں سے یہی گذارش ہے کہ بالفرض اگر ان کے اندر آج فرقہ پرستی بڑھتی جا رہی ہے تو اس کو روکیں کیونکہ آج کی دنیا میں فرقہ پرستی کے نتائج کو کوئی روک نہیں سکتا اور ہندو کانگریسیوں کا ان پر غلط الزام ہے تو وہ نیشلسٹ مسلمان یہ ذمہ کرتے ہیں لیگی خیال کے مسلمانوں نے جو بھی کیا ہو مگر نیشلسٹ مسلمان ہمارے ساتھ ملک کی آزادی کو لیکر

باقی صفحہ ۶ پر

کشمیر جنت نظیر

محل وقوع

براعظم ایشیا میں ایک مختصر سا خطہ زمین ہے جسے ہندوستان کا شمالی مغربی حصہ کہا جاتا ہے کوہ ہمالیہ کا شمال مغربی حصہ ہے شمال میں روسی ترکستان اور چین، مغرب اور جنوب مغرب میں پاکستان، شمال مغرب میں افغانستان اور جنوب میں ہندوستان ہے۔



برطانیہ وفرانس کے عوام متوقع جنگ کو سامنے دیکھ رہے ہیں

کل مجلس تحفظ میں برلن کا مقدمہ شروع ہو جائے گا

لیہ دشمن کی زد سے بالکل محفوظ ہے

جنرل تھمایا کا بیان

نسل کشی پر ہند کا نقطہ نظر

ایک برطانوی افسر ہلاک کر دیا گیا

ملایا میں دہشت پسندوں کا حملہ

بیت المقدس میں امریکی مشاہدوں پر حملہ

ایک طیارے کا ہوائی جہاز کا تعاقب

برلن میں روسی ہوائی جہاز کی جرأت

ہندوستان دنیا میں ہر جگہ نسلی امتیاز کے خلاف جنگ کریگا

اقوام متحدہ کے ہندوستانی وفد کی لیڈر مسز پنڈت کا اعلان

شرق اردن کے شاہ عبداللہ نے جمال حسینی کو نظر بند کر لیا

عرب ممالک کا اتحاد خطرہ میں لبنانی وزیر خارجہ کا عبداللہ کے نام مکتوب

یونان میں گوریلوں کا صفایا

مسٹر سیمور نانند ہاپوڑ میں

وزارت صنعت ورسد میں ڈاکہ ڈالنے والوں کا پتہ چل گیا

پانچ ہزار روپیہ برآمد۔ تین ٹیکسی ڈرائیور گرفتار کر لئے گئے

مسٹر کھرو کا مقدمہ

گاندھی نگر کا سنگ بنیاد رکھنے کی رسم

پولینڈ میں بحرانی کیفیت

باغیوں کے دو گاؤں جلا دیئے گئے

حکومت برما کا ایک کمیونکے

کرپس اخلاقی قوت کی حمایت میں

لندن میں گاندھی میموریل نمائش

کشمیر میں فتح حاصل کرنے کیلئے ہندوستان میں قیام امن ضروری ہے

شیخ عبداللہ کا ضیافتی گفتگو کے دوران میں بیان

کشمیر میں زخمی ہونے والے سپاہی

گورنمنٹ ہاؤس میں چائے کی دعوت

حیدرآباد کیلئے ایک کروڑ روپیہ

۴ مہینہ کمیونسٹ گرفتار

یو۔پی کے میونسپل بورڈوں کے بارے میں تحقیقات

مشرقی جاوا میں کمیونسٹوں کو شکست

حکومتی فوجوں نے تمام مقامات واپس لے لئے

ہندوستانی رقاص کا عزم یورپ

برطانیہ میں طیارچیوں کی بھرتی

فلسطینی پناہ گزیں

عرب حکومت کے قیام پر ناخوش

اولن اسٹیڈیم میں ہاکی کا تاریخی میچ

اولمپک ہاکی ٹیم نے دہلی ٹیم کو ایک گول سے ہرا دیا

نئی دہلی ۳ اکتوبر۔ اولمپک ہاکی ٹیم اور دہلی ہاکی ایسوسی ایشن کی منتخب ٹیم کا میچ کل بروز جمعہ کے دن شام کے پانچ بجے ارون اسٹیڈیم میں شروع ہوا۔ ایک لاکھ آدمیوں پر مشتمل تھا۔

ڈھیلا پڑ گیا۔ واقعہ یہ ہے کہ کوئی ایسا گیٹ نہ تھا جو ...

میچ کا آغاز گورنر جنرل کے بینڈ سے شروع ہوا ... بعد ازاں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کا تعارف کرایا گیا۔ کھیل شروع ہونے پر دہلی ٹیم نے انتہائی جانفشانی دکھائی ...

اور دنیا میں اضافہ ... دھیان چند کی پھرتی میں مزاحم ہوئیں ... ناتواں نے خوب کیا۔ اولمپک ٹیم کو لوہے کے چنے چبانے پڑے۔ اولمپک ٹیم بھی دنیا کا چکر دکھا کر ہاری تھی۔ آل حق کھیل کے پہلے نصف حصہ میں فریقین برابر رہے۔ اور دوسرے نصف حصہ میں اولمپک ٹیم ایک گول سے جیت گئی۔ اولمپک ٹیم کی طرف سے لطیف بہت لطیف پیرایہ میں کھیلا۔ ... لال اور ... سنگھ نے بھی میدان میں اپنے جوہر دکھلائے۔ میچ ... پر ختم ہوا۔

اس تاریخی میچ کو دیکھنے کے لئے گورنر جنرل ہند، حکومت ہند کے وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ وزیر صحت راج کماری امرت کور، فوج اور پولیس کے اعلیٰ عہدیداران اور برطانوی جرنیل جو ہندوستانی فوج میں شامل ہیں اور غیر ممالک کے سفراء وافسران آئے۔

شکریہ کی رسم پر عام جلسہ

میرٹھ ... ایک مجمع ... ۲۲ ستمبر ۱۹۴۸ء بروز اتوار بوقت صبح ... عام جلسہ بصدارت مولوی رفیق احمد صاحب منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد جناب قاضی سیف الدین صاحب ممبر جمعیۃ العلماء ... نے تقریر فرمائی کہ آج کا دن ہمارے لئے شکریہ کا ہے ...

آئرلینڈ برطانیہ سے علیحدہ ہو جائیگا

مسٹر کاسٹیلو وزیراعظم کا بیان

۳ اکتوبر۔ آئرلینڈ کے وزیراعظم مسٹر کاسٹیلو کناڈا کے دورے سے واپس آگئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ۱۹۳۶ء کے بیرونی تعلقات قانون کو منسوخ کرنے کا بل آئرلینڈ کی پارلیمنٹ کے اجلاس میں پیش ہونے والا ہے۔ اس طرح سے برطانیہ سے آخری رشتہ بھی منقطع ہو جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ کہا جاتا ہے کہ بادشاہ مشترکہ اشتراک کی نشانی ہے لیکن اب اس کی ضرورت نہیں کیونکہ برطانیہ سے جمہوری بنیادوں پر بہتر اشتراک ہو سکتا ہے۔

حیدرآباد ۳ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان سے بعض ضروری اشیاء حیدرآباد کو جا رہی ہیں ان اشیاء کی کمی کا باعث یہ نہیں کہ حکومت ہند نے اس کی ناکہ بندی کر دی تھی بلکہ سابق وزارت نے جو جنگ کے راستہ پر چل رہی تھی ان اشیاء کا ذخیرہ کر رکھا تھا۔ ایک اور اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ایک ... ہوائی جہاز میں ایک کروڑ روپیہ کے ہندوستانی نوٹ بھیجے گئے ہیں۔

ڈاکٹر وزیمن نے برطانوی پاسپورٹ واپس کر دیا

... ۳ اکتوبر۔ ڈاکٹر وزیمن جو حکومت اسرائیل کے صدر مقرر ہو چکے ہیں۔ انھوں نے ... برطانوی پاسپورٹ ... واپس کر دیا۔ ...

ریاستوں کی مالی حالت پر غور

... ریاستوں کی مالیات کے بارے میں رپورٹ پیش کرے گی ...

کتے کو کاٹ لیا

... ۳ اکتوبر۔ سلیمان نامی ایک گوالے نے ... عدالت میں اس نے بیان دیا تھا کہ جس وقت کتے نے مجھ پر حملہ کیا تو میں اپنے تحفظ کے لئے ایسا کرنے پر مجبور ہوا۔ ... کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے کتے کو کاٹ کھانے کا حق نہیں رکھتا۔ ... عدالت نے سلیمان کو ... دن کی قید ... کی سزا تجویز کی۔

چین کو مارشل پلان کے ماتحت امداد

واشنگٹن ۳ اکتوبر۔ اقتصادی اشتراک کی مجلس انتظامیہ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ مارشل پلان کے ماتحت چین کو ۵۴۹۰۰۰۰ ڈالر کی امداد ملیگی۔ اس میں معدنیات، ادویات، اون، سوت اور خوراک شامل ہیں۔ مارشل پلان کے تحت تمام ممالک کو ۱۹۵۲۰۰ ... ڈالر کی امداد دی جائے گی۔

مسٹر لیاقت علی خاں کی لندن کو روانگی

کراچی ۳ اکتوبر۔ لندن میں ہونے والی وزرائے اعظم کی دولت مشترکہ کی کانفرنس میں شرکت کے لئے پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی خاں ... اکتوبر کو لندن روانہ ہوں گے۔ بیگم لیاقت علی خاں آپ کے ہمراہ ہوں گی۔

وزیراعظم پاکستان کے ہمراہ حکومت پاکستان کے سیکرٹری جنرل مسٹر محمد علی، مسٹر اے حمید پرائیویٹ سیکرٹری، مسٹر اے ... نقوی جائنٹ سیکرٹری وزارت دفاع، مسٹر ... احمد، مسٹر اے کے قریشی پبلک ریلیشنز آفیسر بھی ہوں گے۔

جنوبی افریقہ کی پروپیگنڈا سروس

جوہانسبرگ ۳ اکتوبر۔ پریٹوریا کی اطلاع ہے کہ سال رواں کے آخر سے پیشتر حکومت جنوبی افریقہ ایک انفارمیشن سروس جاری کرے گی جو تین زبانوں انگریزی، فرانسیسی اور ڈچ میں حکومت کے سیاسی خیالات کا پروپیگنڈا کرے گی۔ اس سروس پر ... ہزار پونڈ سالانہ خرچ کئے جائیں گے۔

حبت پسندوں کا ساتھ دو

ماسٹر تارا سنگھ کا سکھوں کو انتباہ

... شرنارتھیوں کی مصیبت میں بے پناہ اضافہ کر دے گی۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو جتھیدار ادھم سنگھ نے ... ڈسٹرکٹ پولیٹیکل کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے کہے۔

جتھیدار ادھم سنگھ نے ... کی مذمت کی جو شہیدوں اور سکھوں کے درمیان اختلافات پیدا کرنے کے لئے کی جا رہی ہیں۔

... مشرقی پنجاب کے وزیر مالیات سردار پرتاپ سنگھ کیرون نے اپنی تقریر میں ہندوستانی فوجوں کو مبارکباد دی ... عوام سے اپیل کی ... فوجوں کے خاندانوں کی امداد ... اور ... مقامی لیڈروں نے بھی کانفرنس کو خطاب کیا۔

حیدرآباد کے لئے الیکشن کمشنر

نئی دہلی ۳ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ... سابق ... ریاست میسور نے الیکشن کمشنر ... حیدرآباد کے عہدہ کو قبول کر لیا ہے۔ ... الیکشن ...

جاپان اور پاکستان

تجارتی گفت و شنید کامیاب

... ۳ اکتوبر۔ پاکستانی وفد ... پاکستان اور جاپان کے درمیان تجارتی معاہدہ ... جاپان پاکستان کو ... سامان ...

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

قربانی اور ایثار ... اسلام کے ... جن لوگوں نے اسلام کے احکامات پر عمل کیا وہ آج بھی زندہ ہیں ... اپنی دولت کا بہترین مصرف ...

مسلمانوں کا روشن مستقبل

...

تصانیف سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب

دوزخ کا کھٹکا

تقاریر

رسول اللہ

پردہ کی باتیں

امت کی مائیں

ہفت سورہ

مضامین سعید

قرآن مجید کے پارے

نیا کتاب گھر جامع مسجد دہلی

ہیضہ (یعنی) کالرا سے بچو

آج کل ملک میں ہیضہ یعنی کالرا کی وبا پھیلی ہوئی ہے چاروں طرف یہ موذی مرض نظر آ رہا ہے۔ اس مرض سے محفوظ رہنے کیلئے

امیکو ڈراپ AMICO'S DROPS ہر گھر میں رکھیں

ہیضہ یعنی کالرا کے لئے یہ بہت کامیاب دوا ہے مرض کی ابتدائی حالت میں دو تین ہی خوراکوں میں مرض کی شکایت جاتی رہتی ہے یہ دوا قاطع جراثیم ہے ... تندرست آدمی بھی چند قطرے استعمال کرتا رہے تو مرض سے محفوظ رہتا ہے۔

امیکو ڈراپ جادو اثر دوا ہے۔ اس کے فوائد حیرت انگیز ہیں اس دوا کا ایک قطرہ آب حیات ہے ... اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

(۱) ... (۲) ہیضہ یعنی کالرا (۳) ... (۴) ... (۵) ... پیٹ پھولنا (۶) ... (۷) ... (۸) ضعف معدہ (۹) ... (۱۰) دستوں کا ہونا (۱۱) سینہ و جہانی جلنا (۱۲) درد سر (۱۳) ... (۱۴) ... (۱۵) جسمانی دردوں وغیرہ کے لئے تیر بہدف دوا ہے۔

ہر گھر میں، سفر میں امیکو ڈراپ رہنا چاہئے

قیمت بڑی شیشی دو روپیہ بارہ آنہ تین شیشیاں ... علاوہ محصول۔

نصف شیشی ایک روپیہ بارہ آنہ ... پانچ روپیہ

چوتھائی شیشی ایک روپیہ ... دو روپیہ بارہ آنے

ہر قسم کے علاج کے لئے فہرست اور ہدایات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

ایلن اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

امتحان پاس کرنے کیلئے ... اٹھارہ گھنٹے کام کیجئے

دواخانہ مجلس الاطباء ... دہلی

امتیاز علی صاحب توجہ کریں

... امتیاز علی ... کی ... دہلی ...

سرمہ مقوی بصر

... آنکھ کی خارش پلکوں ... اصلاح کرنے کے لئے بے نظیر ہے۔

سرمہ اصلاح چشم

... اکسیر ہے بارہا آزمودہ ہے۔ قیمت فی شیشی تین ماشہ تین روپے

سفوف شجاعی

... کثرت احتلام اور ایسے اشخاص کے لئے ... ناکارہ ہو گئے ہیں نہایت مجرب ہے ... قیمت چالیس خوراک دس روپیہ ... فی خوراک چار آنے

حب شمسی

... قیمت ... سات روپیہ

حب مسیحی

... امراض جگر کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی چالیس گولیاں دو روپیہ آٹھ آنے

حب شیرینش

بچوں کے امراض ... دانت نکلنے کے لئے بے حد مفید ہے قیمت فی شیشی دس گولیاں دو روپیہ

سفوف سلطانی

سیلان الرحم کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے ہزاروں پر آزمائی جا چکی ہے۔ قیمت چالیس خوراک پندرہ روپیہ

ملنے کا پتہ

حکیم صلاح الدین فاضل الطب والجراحۃ سیوہارہ ضلع بجنور

نامردی، سستی، کمزوری

جریان، احتلام ... کھانسی عورتوں کے پوشیدہ امراض کا شرطیہ علاج ... آنکھوں کا علاج مفت۔ دواخانہ حکیم محمد حبیب الرحمٰن قریشی کلکتہ والے ... پہاڑی راجان دہلی

دھوپ اور نظر کے چشمے

... چاندنا اوپٹیکل کمپنی ... چاندنی چوک دہلی

تپدق، جبری

دور کرنے بخارات

... جبری کا استعمال کرکے دس روز میں ہی کرشمہ دیکھو ... ہندوستان کے کونے کونے نے مان لیا ہے ...

... (۲۵) جگا دھری مشرقی پنجاب

ہند اور جرمنی کے درمیان تجارت کے روشن امکانات

تاجروں کے لئے مفید معلومات، تجارتی وفد کی رپورٹ

نئی دہلی ۳۰ اکتوبر۔ ہندوستان کا تجارتی وفد جو حال ہی میں ... کے ماتحت حکومت ہند کی سرپرستی میں جرمنی گیا تھا۔ اس نے برطانیہ اور امریکہ کے مقبوضہ جرمنی کے حکام سے بات چیت کی جس کے نتیجہ کے طور پر انہوں نے بیان کیا کہ ہند اور جرمنی کے درمیان تجارت میں اضافہ ہونے کے امکانات ہیں ... مستقبل قریب میں وہ جنگ سے پہلے ... پہنچ جائے گی اور غالباً ... سال کے عرصہ میں جرمنی میں ہندوستانی تجارتی کمشنر کے تقرر کی ضرورت پیش آجائے گی۔

شہادات سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ اگرچہ جرمنی جنگ سے قبل دور کے مقابلہ میں اس وقت بہت کم مال تیار کرسکتا ہے لیکن چونکہ مال کے آرڈر ابھی تک نہیں پہنچے اس لئے مقابلتاً وہ جلدی مال جہاز کرسکتا ہے اگر ہندوستان کی فوری ضروریات کے مطابق ہم مشینوں وغیرہ کے آرڈر دے دیں تو دوسرے ممالک کی نسبت جرمنی سے زیادہ جلدی مال حاصل کیا جاسکتا ہے۔

البتہ جرمنی کو برآمد کے سلسلہ میں ...

مالی انتظامات

... چنانچہ درآمد کی صورت میں کچھ ... منعتی سامان اور مشینوں پر زور دیا گیا ہے۔

ٹیکنیکل اشخاص

...

درآمد اور برآمد کی ایجنسی کے فرائض

موجودہ صورت میں امریکہ اور برطانیہ کی حکومتوں نے طے شدہ معاہدہ کے مطابق درآمد اور برآمد کی مشترکہ ...

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھائیے

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر رجسٹرڈ — موتی، مونگا، سلاجیت، فولاد وغیرہ تمام قیمتی بوٹیاں اس میں شامل ہیں جو لیکوریا (سیلان الرحم) اور جریان کے لئے سو فیصدی مفید ہیں ... کیلئے اکسیر دنیا کی سب سے بڑی کامیاب دوا ہے قیمت فی شیشی ...

جیون رجسٹرڈ — رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو ایکدم واپس لاتی ہے سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزاء ہیں قیمت فی شیشی ... پندرہ روپیہ۔

مسیحی طلاء — اس کو لگاتے ہی مردہ رگوں اور پٹھوں میں جان آجاتی ہے اور عضو کی ساری خرابیاں ایکدم جاتی رہتی ہیں، اس کے لگانے سے نہ چھالے پڑتے ہیں ...

تصدیق — جیون اور ... (دستخط)

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

موسم

...

راستے

...

بھارت کے مسلمان

...

وادی کشمیر

...



حیدرآباد کو غیر مذہبی جمہوری ریاست بنایا جائے گا

پریس کانفرنس میں سوامی رامانند تیرتھ کی یقین دہانی

حیدرآباد (دکن) ۱۴ اکتوبر۔ حیدرآباد ریاستی کانگریس کے صدر سوامی رامانند تیرتھ نے کل بیان ایک پریس کانفرنس میں اپنے سابقہ اتفاق ... حیدرآباد میں ایک غیر مذہبی جمہوری نظام قائم کرنا ہے ... کسی ایسی سانچے میں ڈھالا جائیگا۔ اس کا فیصلہ عوام کی مرضی پر ہوگا۔

اگر ریاستی کانگریس کی ... تو آپ دیکھ لیں گے کہ حیدرآباد ایک غیر مذہبی ... ترقی پسند ... آجائیگا۔

[illegible]

نازی پھر سر اٹھانے لگے!

[illegible]

تین جرمن نکل بھاگے

[illegible]

آگرہ میں رام لیلا کا جلوس

[illegible]

ایک لڑکے کی جدت

[illegible]

مسئلہ کشمیر کے باامن تصفیہ کی امید

[illegible]

معجزہ؟

[illegible]

پتے کی بات

[illegible]

انگلینڈ میں ہوائی پناہ گاہوں کا انہدام ملتوی کر دیا گیا

[illegible]

ہند پاکستان کی سرحد

۲۷ آدمی گرفتار

[illegible]

پاکستان کیلئے وائسرے کا سامان

ڈیڑھ کروڑ روپے کا آرڈر

[illegible]

برما میں سابق انگریز افسروں کی موجودگی

رنگون ۱۴ اکتوبر۔ برما کے ایک سرکاری ... کیا ہے کہ ... برطانوی افسر جنوبی برما میں ... میں موجود ہیں اور کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں ...

[illegible]

کشمیر میں غلہ کی کمی نہیں ہوگی

حکومت نے بیس ہزار ٹن غلہ دیا

[illegible]

یو۔پی میں تپ دق

[illegible]

ڈاکٹر داؤدی کی فتح

[illegible]

عرب موروں پر یہودیوں کا حملہ

[illegible]

انجمن تنظیم القریش صوبہ دہلی

[illegible]

سپورنانند کا دورہ

ہاپوڑ میں مختلف پروگرام

[illegible]

کرناٹک چیمبر آف کامرس کی تجویز

حیدرآباد کا لسانی بنیاد دن ٹوٹے

[illegible]

ایک نوجوان عورت کی لاش کی برآمدگی

[illegible]

لکھنؤ اور قماربازی

[illegible]

سردار پٹیل کی تقریر

(صفحہ اول کالم ... سے آگے)

سردار پٹیل نے کہا کہ ہندوستان کی طرف سے پاکستان کو دوستی ... کراچی میں ... ہے ...

[illegible]

حیدرآباد

[illegible]

افسوسناک غلط فہمی

[illegible]

اقتصادی بدحالی

[illegible]

وزیر اعظم کی تعریف

[illegible]

ریاستوں کا ذکر

[illegible]

کشمیر جنت نظیر

[illegible]

نمبر ۹۷ — رجسٹرڈ ڈی

سالانہ قیمت چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

روزانہ الجمعیۃ اپنے شہر کے ایجنٹ سے طلب کیجئے

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعرات ۳ ذی الحجہ ۱۳۶۷ ہجری مطابق ۷ اکتوبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۱۰ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

برلن کی ناکہ بندی کا پروپیگنڈا محض غلط ہے

مجلس تحفظ کو برلن کے معاملے پر بحث کرنے کا حق نہیں

مجلس تحفظ کے اجلاس میں روسی نمائندہ کا مغربی طاقتوں کو جواب

پیرس ۶ اکتوبر۔ روس کے نائب وزیر خارجہ مسٹر وائی شنسکی نے مجلس تحفظ کو صاف طور پر بتلایا کہ اس کو برلن کے معاملے پر بحث کرنے کا کوئی اختیار نہیں کیونکہ وہاں کوئی ناکہ بندی نہیں۔

باقی صفحہ ۶ کالم ۵ پر

پورے ہندوستان میں سب فرقوں کی باہمی تعلقات دوستانہ ہونا ضروری ہیں

امن اتحاد کے سہارے ہی فوج اپنی صحیح خدمات انجام دے سکتی ہے۔ جنرل راجندر سنگھ

پاکستان کی طرف سے

۱۵ اکتوبر سے پرمٹ سسٹم

کراچی ۱۵ اکتوبر۔ حکومت پاکستان نے طے کر دیا ہے کہ ۱۵ اکتوبر سے ہندوستان سے مغربی پاکستان میں آنے والے لوگوں کے لئے پرمٹ سسٹم کا نفاذ کر دیا گیا ہے اس بارے میں ایک پریس نوٹ کے ذریعہ اعلان کر دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ حال ہی میں گورنر جنرل پاکستان نے ایک ہنگامی قانون نافذ کیا تھا جس میں پرمٹ سسٹم کا اعلان کر دیا گیا تھا۔ ہنگامی قانون میں مرکزی حکومت کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ جب تاریخ مناسب سمجھے پرمٹ سسٹم جاری کر سکتی ہے۔

انخلاء کا خیال ترک کیجئے

ہندمسلمانوں کو ڈاکٹر کاٹجو کی نصیحت

شاہ عبداللہ نے فلسطین کی عرب حکومت کو توڑنے کا مطالبہ کر دیا

عمان ۶ اکتوبر۔ معلوم ہوا کہ شاہ عبداللہ نے فلسطین کی عرب حکومت کو توڑنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔

مشرقی پاکستان سے کثیر تعداد میں لوگوں کا انخلا

حکومت مغربی بنگال نے امداد بند کرنے کا اعلان کر دیا

شیخ غلام حسین ہدایت اللہ سپرد خاک کر دیئے گئے

کراچی ۱۳ اکتوبر۔ آج صبح عیدگاہ کے میدان میں شیخ غلام حسین ہدایت اللہ پورے اعزاز و احترام کے ساتھ سپرد خاک کر دیئے گئے۔

سیام کی خاموش بغاوت

”صرف امریکہ ایٹم بم کا اجارہ دار نہیں“

یوکرین کے نمائندہ کی طرف سے روس کی حمایت

سرمہ نور جسکی خوبیوں سے ناظرین الجمعیۃ عرصہ سے واقف ہیں یہ سرمہ آنکھ کی تمام بیماریوں خصوصاً ککرا اور ابتدائی نزول الماء کے لئے اکسیر ہے قیمت فی تولہ چار روپے ۶ ماشہ کی شیشی دو روپیہ ایک جن کے خریدار کو محصول معاف مولانا نورالدین بہاری محلہ قبابیگنج باڑہ ہندو راؤ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۷ اکتوبر ۱۹۴۷ء

اٹیم بم اور بین الاقوامی کنٹرول

ایٹم بم کی ذات شریف اب کسی تعارف کی محتاج نہیں رہی ہے، دنیا کا بچہ بچہ اس کے نام اور کام سے بخوبی واقف ہو چکا ہے، یہ وہی بم ہے جو جاپان کی جیوت پر بجلی بن کر گرا جس نے جاپانی عساکر کی روح آن کی آن میں قبض کر لی جس نے جاپان کے دو مشہور اور گنجان شہروں کو دیکھتے ہی دیکھتے...

اور خود مختارانہ ہو بلکہ سلامتی کونسل کی نگرانی میں اپنے فرائض انجام دے۔

چینی نمائندہ نے کہا چین کا مطالبہ بھی یہ ہے کہ ایٹم بم بالکل تباہ کر دیئے جائیں اور ان کی صنعت بین الاقوامی جرم قرار پائے، شام کے نمائندہ فارس الخوری نے کہا جنرل میکناٹن...

سیر و سیاحت

اچھی باتیں

ان اللہ ۔۔۔ کفور (پ ۔ ع ۱۲)

اللہ تعالیٰ مومنوں کی طرف سے خود مدافعت کرتا ہے، بلا شبہ وہ کفران نعمت کرنے والے خائن لوگوں کو پسند نہیں کرتا۔

کفران نعمت یہ ہے کہ ہم خدا کی بخشی ہوئی طاقتوں سے کام نہ لیں اور مقصد برآری کے لئے کوئی دوسری راہ اختیار کریں۔ اگر ہم اپنی آنکھ، کان، زبان، عقل کو معطل کر دیں گے اور اپنی صلاحیتوں سے کام نہیں لیں گے تو یہ کفران نعمت ہوگا اگر ہم ان قویٰ کا غلط استعمال کریں گے تو یہ خیانت ہوگی، کسی مظلوم کی امداد نہ کرنا اور ہمدردی کے جذبہ کو معطل کر دینا کفران نعمت ہے کسی ظالم کی اعانت کرنا اور اپنی طاقت کا غلط استعمال کرنا خیانت ہے جو لوگ کفران نعمت اور خیانت کے مرتکب ہونگے خدا کی مدد ان سے اٹھ جائے گی اور وہ اپنے کئے کی سزا پائیں گے لیکن جو لوگ اپنے قویٰ اپنے حواس اور اپنی قابلیتوں کو کام میں لائیں گے اور ان کا صحیح اور برمحل استعمال کریں گے خدا انہیں مدافعت اور حفاظت کی طاقت بخشے گا اور مصیبت کے وقت ان کی نصرت فرمائے گا یہ مطلب نہیں کہ سست اور کاہلوں کے کام بھی خدا ہی انجام دے دیگا اور بے عمل قوم کو بیٹھے بٹھائے مفت کی نصرت حاصل ہو جائے گی!

اور اپنے گریبان میں منہ ڈالنے سے شرمائیں گاندھی جی میں سب سے بڑی خوبی یہی تھی کہ وہ... دوسروں کی آنکھ کا تنکا دیکھنے سے پہلے اپنی آنکھ کے شہتیر کو شہتیر کہنے سے کبھی نہ جھجکتے تھے۔

داؤں میں پچاس اشخاص کو ہلاک اور سات کو زخمی کیا جا چکا ہے اس اطلاع میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر یہودی دہشت پسندوں سے اقوام متحدہ کے ارکان کو نقصان پہونچا تو اس کی ذمہ دار یہودی حکومت ہوگی۔

بو علی سینا کی یادگاریں

قاہرہ ۵ اکتوبر: عرب لیگ کے ثقافتی بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ تمام عرب ممالک میں شیخ الرئیس بو علی سینا کی یادگاریں قائم کی جائیں۔

وارد ھا میں غنڈہ ایکٹ کا نفاذ

ناگپور ۴ اکتوبر ... کے ذریعہ ضلع وارد ھا ... نافذ کر دیا ہے۔

نقشہ ریاست جموں و کشمیر

کشیدہ مولانا عبد الصمد صاحب

... کہ اتحادی قوموں میں یہود کی خرمستیوں کا خود ہی کوئی مداوا کریں گی تو یہ ان کی بھول ہے، اسکا علاج تو خود ان ہی کو کرنا ہوگا اگر نہیں کر سکتے تو ان کی خاطر قدرت کے فیصلوں میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی!

ہندوستان کا اعلان حق

مسز وجے لکشمی پنڈت نے متحدہ اقوام کے اجلاس میں جنوبی افریقہ کی نسلی پالیسی پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان نہ صرف جنوبی افریقہ کے نسلی امتیاز کے خلاف بلکہ دنیا کی ہر نسل پرستی کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھے گا! اگر یہ اسی وقت ممکن ہوگا کہ ہندوستان ہر قسم کے امتیازات سے بالاتر ہو کر محض انسانیت کو بنیاد کار قرار دے اور تمام نوع انسانی کو رشتۂ وحدت میں منسلک کرنے کا عزم کرے اس مقصد کے لئے جغرافیائی حد بندیاں، محدود قوم پرستی اور قبائلی امتیازات کو قربان کرنا پڑے گا، اگر ہمیں جنوبی افریقہ کی نسل پرستی سے اتفاق نہیں تو اس کا علاج گھر سے شروع کرنا چاہیئے کیونکہ ہندوستان کی چھوت چھات، ذات پات اور اونچ نیچ اور نسلی برتری کے تصورات اور عملی مظاہر اسقدر مشہور ہو چکے ہیں کہ اب انہیں چھپانا قطعی ناممکن ہے، اگر جنوبی افریقہ سے پہلا مطالبہ یہ ہے کہ وہ نسلی امتیازات کی بنیادیں مسمار کر دے تو اس کام کو ہمیں اپنے گھر سے شروع کرنا چاہیئے اور ہمیں کبھی ... چاہیئے کہ اپنے گھر کی طرف سے آنکھیں بند کریں۔

خطرناک بیماری

حیدرآباد کے چار صوبہ دار معطل کر دیئے گئے

ریاست کی جدید تنظیم کا کام جاری ہے

حیدرآباد ۴ر اکتوبر۔ ریاست حیدرآباد کے چار صوبوں اورنگ آباد، عثمان آباد، گلبرگہ اور ورنگل کے صوبہ داروں کو آج اپنے اختیارات کے استعمال سے محروم کر دیا گیا۔ فوجی گورنر کے حکم سے ایسا کیا گیا ہے۔ بعض تعلقداروں اور تحصیلداروں کی بابت معلوم ہوا ہے کہ ان کو بھی معطل کر دیا گیا ہے۔ معطلی کا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں بہت سے گورنمنٹ داروں کی دہشت پسندی سے نہ بچا سکے ... اس لئے حکومت ہند ان سب کو اپنے ہاتھ میں لینے کا انتظام کر رہی ہے۔

سکندرآباد کی بارکوں میں ہندی فوجیں مقرر کر دی گئی ہیں اور بیرونی ممالک سے نظام کے ایجنٹوں کو واپس بلایا جا رہا ہے۔ خبر رسانی کے تمام ذرائع کو بھی نئے سرے سے منظم کیا جا رہا ہے۔ حکومت ہند نے ریاست کے ٹیلیفون اور تار گھروں کا انتظام سنبھال لیا ہے ... [illegible]

ریلوں کی جدید تنظیم

[illegible]

ایڈمنسٹریٹر کا اعلان

چیف سول ایڈمنسٹریٹر کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حیدرآباد اور ہندوستان کے درمیان ڈاک اور تار کے ذرائع آمد و رفت ... بحال کر دیئے گئے ہیں ... [illegible]

وزارت کا اعلان

نئی دہلی ۔ ریاستی امور کی وزارت کا اعلان ... [illegible]

ٹریونڈرم کے طلبار کا احتجاج

ٹریونڈرم ۔ ۵ر اکتوبر۔ ایک تازہ اطلاع کے مطابق انجینئرنگ کالج کے طلبار نے کلاسوں میں حاضری ... [illegible]

برطانیہ قرض لے رہا ہے

واشنگٹن ۔ ۴ر اکتوبر۔ ... [illegible]

نادرعلی بینڈ فیکٹری میرٹھ

مزدوروں نے ہڑتال کا نوٹس دیدیا

میرٹھ (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ نادر علی بینڈ فیکٹری کے مزدوروں کو اس وقت بھی جبکہ انتہائی گرانی ہے بہت کم تنخواہیں مل رہی ہیں۔ مزدوروں کی بہت بڑی تعداد ایسی ہے جنہیں ۱۲ روپیہ دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت کے بہت سے قاعدے بھی بالائے طاق رکھ دیئے گئے ہیں جو مزدوروں کے فائدے کے لئے بنائے گئے ہیں ... [illegible]

(۱) ... (۲) ... (۳) کم سے کم تنخواہ ۳۵ روپیہ ماہوار کی جائے (۴) سال بھر میں دو ماہ کا بونس دیا جائے (۵) گورنمنٹ کی منظور شدہ چھٹیاں دی جائیں (۶) فیکٹری میں چوٹ لگنے پر فیکٹری کی طرف سے ... (۷) ... (۸) یونین کو تسلیم کیا جائے۔

کانگریس کی آئندہ صدارت

چھ امیدواروں کے نام پیش کئے گئے

نئی دہلی ۴ر اکتوبر۔ کانگریس کے جنرل سکرٹری آچاریہ جگل کشور نے حسب ذیل پریس نوٹ جاری کیا ہے کہ "انڈین نیشنل کانگریس کے آئندہ اجلاس کی صدارت کے لئے باضابطہ طور پر ... ڈیلیگیٹوں کی حمایت کے ساتھ حسب ذیل نام موصول ہوئے ہیں۔

(۱) ڈاکٹر راجندر پرشاد (۲) ڈاکٹر پٹابھی ستیارامیا (۳) آچاریہ جے۔ بی کرپلانی (۴) ڈاکٹر پی۔ سی گھوش (۵) پنڈت پرشوتم داس ٹنڈن (۶) مسٹر شنکر راؤ دیو۔

نامزدگیوں کی واپسی کے لئے درخواستیں ۱۵ر اکتوبر تک آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے پاس پہنچ جانی چاہئیں۔

سیوہارہ میں یوم شکر

بجنور (بذریعہ ڈاک) ۲۶ ستمبر ... قصبہ سیوہارہ کی شاہی مسجد میں بوقت ۵ بجے یوم تشکر منایا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا گیا کہ اس نے ہندوستان میں امن و امان قائم رکھا اور اپنی حکومت کو حیدرآباد میں کامیابی ہوئی۔ باہمی اتحاد و اتفاق کے لئے بھی دعا کی گئی۔

نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس

بنگلور ۔ ۴ر اکتوبر۔ کپڑا اور کھانڈ تیار کرنے والے اور کچھ دوسرے کارخانوں کے دس ہزار مزدور انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس میں شامل ہو چکے ہیں۔ یہ جماعت ہندو ... کے مزدوروں کی سب سے بڑی نمائندہ جماعت بتائی جاتی ہے۔

میاں وہاب الدین

جن کی نسبت اخبار الجمعیۃ مورخہ ۲۰ ستمبر ... (مرحوم وہاب الدین فیروزآبادی) کے نام سے تلاش کی غرض سے اطلاع شائع کی گئی تھی۔ مکان پر پہنچ گئے ہیں۔ ... شہاب الدین ... محلہ حاجی پورہ۔ فیروزآباد۔ ضلع آگرہ۔

سکھی جمہوریت کے دشمن ہیں ان کے ساتھ نرمی نہ کی جائے

سوشلسٹ لیڈر مسٹر اشوک مہتہ کا سخت انتباہ

بمبئی ۴ر اکتوبر۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر اشوک مہتہ نے اخبارات کے نام حسب ذیل بیان جاری کیا ہے۔

گورنر جنرل، وزیر اعظم اور نائب وزیر اعظم نے کہا ہے کہ حیدرآباد کے مسئلہ کی کامیابی سے حل ہو جانے کے بعد اب ہند میں فرقہ وارانہ فسادات کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہا۔ مذہبی جمہوری پسند کرنے والے تمام اشخاص کے لئے یقیناً وہاں حوصلہ افزا ہے لیکن اس خوشگوار ماحول سے فائدہ اٹھا کر فرقہ پرستوں کو غیر قانونی شکل اختیار کرنے کا موقع نہیں دینا چاہئے۔

ہمیں معلوم ہے کہ ماسٹر تارا سنگھ پر عائد کردہ پابندیوں کو دور کرانے کے لئے جوڑ توڑ کر رہی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ گاندھی جی کے قتل کے ذمہ دار نہیں۔ اس جرم کے بارے میں ان کی ذمہ داری کم ہی کیوں نہ ہو، لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ وہ غیر مذہبی جمہوریت کی دشمن رہی ہے اور اب بھی ہے۔

اگر ماسٹر تارا سنگھ قانونی شکل اختیار کرنے کے لئے سول نافرمانی کی دھمکی دیتی ہے تو ہم حکومت کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ اگر اس نے تارا سنگھ سے پابندیاں اٹھا کر افسوسناک نرمی اور کمزوری کا اظہار کیا تو کروڑوں شریف اور مہذب ہندوستانی اس کی مخالفت کریں گے۔

مسٹر سری پرکاش کا عزم کلکتہ

نئی دہلی ۵ر اکتوبر۔ ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ کراچی مسٹر سری پرکاش جو ۴ر اکتوبر کو کراچی سے یہاں آئے تھے، آج بنارس روانہ ہو رہے ہیں۔ ایک دو روز قیام کرنے کے بعد وہ بنارس سے کلکتہ جائیں گے۔ مسٹر سری پرکاش نے پرسوں شام گورنر جنرل ہند کے ہاں ڈنر نوش کیا۔

مسٹر رندھاوا کا نیا عہدہ

نئی دہلی ۵ر اکتوبر۔ مسٹر ایم۔ ایس۔ رندھاوا آئی۔ سی۔ ایس۔ سابق ڈپٹی کمشنر دہلی کی خدمات حکومت مشرقی پنجاب کے سپرد کرنے کا جو حکم نافذ کیا گیا تھا، اسے منسوخ کر دیا گیا ہے۔ خیال ہے کہ آپ کو کہیں ڈیویلپمنٹ افسر مقرر کیا گیا ہے۔ مسٹر رندھاوا ... ستمبر سے ڈیڑھ ماہ کی رخصت پر ہیں۔

کوچین پرجا منڈل کے نئے صدر

ترچور ۵ر اکتوبر۔ کوچین کے ایک قوم پرست لیڈر مسٹر نیل کنٹھا آیر کو متفقہ طور پر ریاست کوچین کے پرجا منڈل صدر منتخب کر لیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر نیل کنٹھا عنقریب ... کمیٹی کی تشکیل کرنے والے ہیں۔

مشرق وسطیٰ کا بلاک

ایران اس کا ممبر نہیں ہے

پیرس ۵ر اکتوبر۔ پیرس میں ایک ایرانی ترجمان نے ان اطلاعات کی تردید کی کہ ایران اقوام متحدہ میں مشرق قریب اور مشرق وسطیٰ کے بلاک کا ممبر بن گیا ہے۔ اس نے کہا کہ ایران کسی بلاک کا ممبر نہیں ہے۔

بقرعید جمعرات کی ہوگی

کل بروز پیر بقرعید کا چاند دیکھا گیا۔ چونکہ چاند ۲۹ تاریخ کا تھا اس لئے باریک تھا۔ انشاء اللہ اب جمعرات کے دن دہلی میں عید ہوگی۔

پاکستانی اخبارات غلط خبریں شائع کرتے ہیں

حکومت ہند کا پریس نوٹ

نئی دہلی ۴ر اکتوبر۔ حکومت ہند نے اپنے ایک پریس نوٹ میں ۱۸ اپریل کی بین المملکتی کانفرنس کا ذکر کیا ہے جس میں یہ قرار پایا تھا کہ چونکہ دونوں مملکتوں کے درمیان بہتر تعلقات کے لئے اخبارات اور پریس کا تعاون ضروری ہے، اس لئے دونوں مملکتوں کے اخبارات جہاں تک ممکن ہوگا ایک دوسری مملکت کے خلاف پروپیگنڈا کرنے سے احتراز کریں گے۔

اس فیصلہ کی پابندی کرنے کے لئے حکومت ہند نے نہ صرف صوبائی حکومتوں کو لکھا بلکہ اخبارات پر بھی اس بات کے لئے زور دیا کہ وہ دوسری مملکت پر پروپیگنڈہ نہ کریں اور نہ مبالغہ آمیز خبریں چھاپیں۔ آل انڈیا نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس کا بھی اس معاملہ میں تعاون حاصل کیا گیا۔ اور اس نے ۱۸ مئی کو معاہدہ کی دفعات کو پورا کرنے کے لئے اپنے ممبران سے مکمل تعاون کی اپیل کی۔

لیکن اس کے مقابلہ میں پاکستان پریس (اردو انگریزی) پاکستان میں مسلمانوں کے خیالات کو زہر آلود کرنے کی منظم کوشش میں مصروف ہے۔ نیز وہ اس کوشش میں بھی ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو غلط اطلاع دے کر ہندوستان کے مسلمانوں کو بھی گمراہ کرے۔ اس مقصد کے لئے اس نے ہر قسم کی لغو کہانیاں گھڑنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ اور حکومت پاکستان نے ان لغو کہانیوں کی اشاعت کو روکنے کے لئے معاہدہ کے مطابق کوئی قدم نہیں اٹھایا ... [illegible]

(یہ) معاہدہ کے خلاف ہے۔ ایسی خبریں شائع کی جا رہی ہیں جو بالکل جھوٹی اور لغو ہیں۔ مثلاً جامع مسجد اور ... کے نزدیک خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں۔ یہ خبر کراچی کے مسلمان اخبار میں ۲۲ر اگست کو اور یہی خبر کراچی انجام میں ۲۵ر اگست کو شائع ہوئی۔ (باقی صفحہ ۸ پر)

ہوائی حملہ سے بچاؤ کی تربیتی مراکز

ملتان ۔ ۵ر اکتوبر۔ شہری تحفظ، ہوائی تحفظ اور ابتدائی طبی امداد کی تربیت دینے کے لئے ملتان میں تین تربیتی مرکز کھولے گئے ہیں۔ انسپکٹر پولیس ملتان کو ان مراکز کا افسر مقرر کیا گیا ہے۔ اس وقت تقریباً ایک ہزار آدمی زیر تربیت ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اگلے چند ہفتوں کے اندر ہی یہ تعداد دو چند اور سہ چند کر دی جائے گی۔ شہری تحفظ اور ہوائی تحفظ کی باقاعدہ جماعتوں کے علاوہ مقامی لیگی لیڈر شہر اور دیہی علاقوں میں روزانہ جلسے منعقد کر کے تقریریں کر رہے ہیں۔

کوپن منی آرڈر

پتہ پورا صاف اور صحیح لکھیں ... [illegible]

لائق علی وزارت سے ہندوستانی ایڈمنسٹریشن کو ترکہ میں کیا ملا

ریاستی فوج کو کم کرنے کا پیچیدہ مسئلہ اور کبارڈیوں کی بحالی کا سامان

حیدرآباد ۴ر اکتوبر۔ میجر جنرل ... [illegible] ... ریاست کے نظم و نسق اور جلد از جلد ... کے بارے میں گفت و شنید جاری ہے۔

مشاہدین کا خیال ہے کہ حیدرآبادی فوج ... حالت پر لائی جا سکتی جس پر لائق علی کی حکومت نے ... ان انتظامات کے ماتحت وقتاً فوقتاً ہندوستانی فوجی افسر حیدرآباد ریاست کی فوج کا معائنہ کرتے تھے۔

(۲) ریاست کی فوجی طاقت کا تعین (۳) ان کی حقیقی ضروریات کے مطابق حکومت ہند کی ... [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

بلوز مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

راشن بندی کے انتظامات میں ترمیم

نئی دہلی ۔ ۵ر اکتوبر۔ ... [illegible] ... نئی دہلی میں وزیر خوراک مسٹر جیرام داس دولت رام کی صدارت میں ہو رہی ہے۔

یہ کانفرنس اس امر پر غور کر رہی ہے کہ گذشتہ تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے اناج کی راشن بندی کے انتظامات میں کیا کیا ترمیم کی جائے اور راشن کی دوکانوں میں مناسب قسم کے اناج کی سپلائی یقینی کرنے کے لئے کون سے ضروری اقدامات کئے جائیں۔

علاوہ ازیں دہلی میں اناج کے بیوپاریوں کے لئے لائسنس رکھنے کا مسئلہ کانفرنس کے زیر غور ہے۔

لیگی لیڈر کی مبارکباد

الٰہ آباد ۵ر اکتوبر۔ الٰہ آباد ہائی کورٹ کے ایک مشہور وکیل آل انڈیا مسلم لیگ کے سرگرم کارکن اور یوپی اسمبلی کی موجودہ جنتا پارٹی کے لیڈر مسٹر ظہیر لاری نے حکومت ہند کو اس کی حیدرآباد میں پولیس اقدام کی کامیابی پر حسب ذیل پیغام بھیجا ہے۔

"حیدرآباد کے پولیس اقدام کے بہت جلد اور کامیابی کے ساتھ ختم ہو جانے پر مودبانہ مبارکباد۔ خدا کرے کہ کشمیر میں بھی اسی طرح کامیابی ہو۔"

طنزیہ گانا بجانا ممنوع

احمدآباد (بذریعہ ڈاک) بمبئی ڈسٹرکٹ پولیس ایکٹ کے ماتحت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک حکم جاری کیا ہے، جس کی رو سے پبلک کی سات پر طنزیہ گانا بجانا ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے سب ڈویژنل مجسٹریٹ کی اجازت سے گانا بجایا جا سکتا ہے۔ جس چیز کے گانے کی اجازت ہوگی وہ گایا بجایا جا سکتا ہے۔

سر مرزا اسمٰعیل کو ڈگری

نئی دہلی ۔ ۴ر اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ میسور یونیورسٹی نے کانوکیشن کے موقع پر سر مرزا اسمٰعیل کو ڈاکٹر آف لاز کی ڈگری دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کانووکیشن ۲۵ر اکتوبر کو ہوگی۔ (اگرچہ)

سر مرزا اسمٰعیل سکندرآباد کو

سکندرآباد ۔ ۴ر اکتوبر۔ یہاں جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان کے مطابق سر مرزا اسمٰعیل سابق وزیر اعظم حیدرآباد ... پہنچ رہے ہیں۔

نواب چھتاری کی سردار پٹیل سے ملاقات

نئی دہلی ۔ ۴ر اکتوبر۔ نواب چھتاری نے حال ہی میں نظام کے کہنے پر سردار پٹیل سے ملاقات کی۔ نواب چھتاری حیدرآباد کے وزیر اعظم رہ چکے ہیں۔

برما شیل کے ملازموں کا مطالبہ

برما شیل کے ملازموں کی یونین کی مجلس عاملہ نے ... جلسہ میں ایک ریزولیوشن کے ذریعہ اپنے مہنگائی الاؤنس ... کا مطالبہ کیا ... [illegible]

جیپ اور کار کی ٹکر

پیر کے دن دوپہر کے بعد ... ایک جیپ اور ایک کار کی ٹکر ہو گئی ... زخمی ہوا۔

وزارت رسد میں ڈاکہ

خالی کیش بکس مل گیا

نئی دہلی ۔ ۴ر اکتوبر۔ مسلح پولیس کی گشتی ٹولیاں وزارت رسد میں ڈاکہ پڑنے کے سلسلہ میں ... انہیں ایک کیاری میں ... کے قریب ایک نالے سے خالی کیش بکس مل گیا ہے۔ انہوں نے اس فرضی نمبر پلیٹ کا بھی پتہ چلا لیا ہے جو ڈاکوؤں نے استعمال کی تھی۔ ہزارہ سنگھ جو اس ڈاکہ کا بانی تھا، اب تک اس کا سراغ نہیں مل سکا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اسی دن دہلی سے فرار ہو گیا جس دن ڈاکہ پڑا تھا۔ اس کے شریکوں اور ساتھیوں کو بھی ابھی کا پتہ معلوم نہیں۔ چوری شدہ رقم میں سے پولیس ... برآمد کر لئے ہیں۔

فرانسیسی وزیر خارجہ کے ساتھ مسٹر بیون کی ملاقات

پیرس ۔ ۴ر اکتوبر۔ ... نے درخواست کی ہے کہ مغربی ملکوں کی یونین ... مسٹر بیون نے اس سلسلہ میں فرانس کے وزیر خارجہ ... سے بات چیت کی۔ اس بات چیت کو صیغہ راز میں رکھا گیا ہے۔ (کوب)

دار السلطنت

کلرک بھاگ گیا

[illegible]

افیم برآمد ہوئی

[illegible]

مسجدیں خالی کرا دی گئیں

[illegible]

بیلا روڈ پر ایک لاش ملی

[illegible]

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

[illegible]

مسٹر موہن لال سکسینہ کی روانگی

[illegible]

گاندھی جی کا مقدمہ قتل: انسپکٹر سی۔ آئی۔ ڈی پر جرح

